اُردو لغت

(تاریخی اصول پر)

جلد چہارم

(پڑ تا تحریراً)

ترقی اُردو بورڈ کراچی

اُردو لغت

(تاریخی اصُول پر)

جِلد چہارم

(پَڑ تا تحرِیراً)

ترقی اُردُو بورڈ کراچی

جملہ حقوق مع تلخیص بحق ترقی اردو بورڈ کراچی محفوظ ہیں

سال اشاعت ۱۹۸۲ء

ناشر ... ... ترقی اُردو بورڈ ، کراچی

پریس ... ... محیط اُردو پریس ، کراچی

	تعداد	قیمت
آرٹ پیپر ایڈیشن	۱۰۰	پانچ سو روپے
معیاری ایڈیشن	۲۱۰۰	تین سو روپے
عوامی ایڈیشن	۱۰۰۰	دو سو روپے

پریس کاپی

ڈاکٹر ابواللیث صدیقی ۔ مدیر اعلیٰ

معاونین مدیر اعلیٰ :

۱. عابدہ ریاست رضوی

۲. فرحت فاطمہ رضوی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ جلد چہارم

اللہ تبارک و تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اردو لغت کی جلد چہارم کی طباعت کی تکمیل ہو کر آپ کے سامنے پیش کرنے کی توفیق ہوئی ، جیسا کہ جلد سوم کے دیباچہ میں عرض کیا جا چکا ہے جلد اول و دوم کی ضخامت مل کر مجوزہ ایک ہزار صفحہ فی جلد کے تخمینہ سے بہت بڑھ گئی اور جلد سوم ملا کر تقریباً چار جلدوں کا مواد اس میں شامل ہو گیا ، اس لئے جلد سوم کی طباعت کے وقت صفحات کی تعداد کو ایک ہزار تک محدود رکھنے کی تجویز پر جلد چہارم میں بھی عمل کیا گیا اگلی جلد کی طباعت شروع ہو چکی ہے .

لغت کی ترتیب و تدوین ، طباعت و اشاعت میں جملہ اراکین نے اپنی اپنی بضاعت کے مطابق محنت اور خلوص سے کام لیا ۔ بورڈ کے ایک فیصلہ کے مطابق آئندہ ہر جلد میں کارکنوں کے نام شامل کرنے کی بجائے صرف پریس کاپی تیار کرنے والے کا نام درج کرنا طے ہوا چنانچہ اسی فیصلہ پر عمل ہوا ہے .

اس سال بورڈ کو تین سانحوں سے گزرنا پڑا ، بورڈ کے صدر جناب محمد ہادی حسن صاحب اور اساسی رکن پیر حسام الدین راشدی اور عملۂ لغت کے کامل القادری صاحب کا انتقال ہو گیا ۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے ، بورڈ کے نئے ضابطے کے تحت اب مرکزی وزیر تعلیم مجلس اعلیٰ کے چیرمین اور جناب محمد اظفر صاحب صدر مقرر ہوئے اور نئی مجلس اعلیٰ کی تشکیل ہوئی امید ہے کہ نئی مجلس اعلیٰ اور مجلس انتظامی ترقی اردو بورڈ کے لیے جس کا نام اب اردو ڈکشنری بورڈ ہو گیا ہے فال نیک ثابت ہو گی .

ابو اللیث صدیقی

تلخیصات و اشارات

اعراب و حرکات :

فت	=	فتحہ (جیسے : «لَب» کے «ل» کا فتحہ) .
فت مج	=	فتحۂ مجہول (جیسے : «زہر» کی «ز» کا فتحہ) .
کس	=	کسرہ (جیسے : «دِل» کی «د» کا کسرہ) .
کس مج	=	کسرۂ مجہول (جیسے : «اہتمام» کے «الف» اور «ت» کا کسرہ) .
ضم	=	ضمہ (جیسے : «کُل» کے «ک» کا ضمہ) .
ضم مج	=	ضمۂ مجہول (جیسے : «عُہدہ» کے «ع» کا ضمہ) .
سک	=	سکون (جیسے : «سبز» کی «ب» کا سکون) .
شد	=	تشدید (جیسے : «ڈبّا» کی «ب» کی تشدید) .
تن	=	تنوین (جیسے : «فوراً یا» ابّاعن جدٍ «کی «ر» اور «ب» «د» کی تنوین) .
مخ	=	مخلوط (جیسے : «کیوں» کا «ک ی») .
غنہ	=	نون غنہ (جیسے : «جَنْگل» کا «نون») .
مغ	=	نون مغنونہ (جیسے : «مَنْگایا» کا «ن») .
معد	=	واو معدولہ (جیسے : «خورشید» کا «و») .
لف	=	الف ملفوف (جیسے : «آنہ» (لا حقے) کا «ا») .
غم ا	=	غیر ملفوظ الف (جیسے : «بالکل» کا «ا») .
غم ا ل	=	غیر ملفوظ الف اور لام (جیسے : «اہل الرائے» میں «الر» کا «ال») .
غم و	=	غیر ملفوظ واو (جیسے : «اوس» (= آس) کا «و») .
غم ی	=	غیر ملفوظ یے (جیسے : «ایدھر» (= ادھر) کی «ی») .
خف	=	خفیفہ (فتحہ ، کسرہ ، ضمہ کی ہلکی آواز ظاہر کرنے کے لیے) .

قواعد :

ج	=	جمع عربی .
جج	=	جمع الجمع عربی .
مج	=	مجہول .
مع	=	معروف .
امذ	=	اسم مذکر .
امث	=	اسم مؤنث .
صف	=	صفت .
مذ	=	مذکر .
مث	=	مؤنث .
م ف	=	متعلق فعل .
ف ل	=	فعل لازم .
ف م	=	فعل متعدی .
ف مر	=	فعل مرکب .

زبانیں :

ا	=	اردو .
انگ	=	انگریزی .
اوستا	=	اوستائی .
بنگ	=	بنگلہ .
پ	=	پراکرت .
پا	=	پالی .
پر	=	پرتگالی .
پن	=	پنجابی .
تر	=	ترکی .
س	=	سنسکرت .
سر	=	سریانی .
ع	=	عربی .
عبر	=	عبرانی .
ف	=	فارسی .
فر	=	فرانسیسی .
گج	=	گجراتی .
لاط	=	لاطینی .
ہ	=	ہندی .
یو	=	یونانی .

متفرق :

افعال	=	افعال .
د	=	دیوان .
رک	=	رجوع کیجیے .
عو	=	عوام .
عور	=	عورات .
ف	=	فعل .
ق	=	قلمی .
قب	=	مقابلہ کیجیے .
ک	=	کلیات .
ہندو	=	ہنود کی بول چال .

Asiatic Transl. Urdu (Hall) Library

اوقاف و رموز و علامات

(الف) سکتہ Comma (،) :

۱. اعراب ملفوظی میں ایک حرف کا اعراب درج کیے جانے کے بعد .
۲. قواعد میں لفظ کی قواعدی حیثیت درج کرنے کے بعد تذکیر و تانیث کے اندراج سے پہلے .
۳. تشریح میں لفظ کے معنی درج کرکے ان کا مترادف لکھنے سے پہلے .
۴. مثال کے سلسلے میں کتاب یا مصنف کا نام درج کرنے کے بعد .
۵. اخبارات و رسائل سے اخذ کی ہوئی مثالوں میں جائے اشاعت اور جلد نمبر کے بعد اور شمارہ نمبر سے پہلے .
۶. اشتقاق میں لفظ اور اس کی قواعدی حیثیت کے درمیان .

(ب) وقفہ Semicolon (؛) :

۱. اعراب ملفوظی میں متبادل اعراب درج کرنے سے پہلے .
۲. قواعدی حیثیت درج کرنے کے بعد ، لفظ کی متبادل شکل کے اندراج سے پہلے .
۳. ایک قواعدی حیثیت درج کرنے کے بعد دوسری قواعدی حیثیت درج کرنے سے پہلے (مثلاً : اسم مذکر لکھنے کے بعد ، جمع لکھنے سے پہلے) .
۴. تشریح میں کسی شق کے وہ معنی درج کرنے سے پہلے جن میں اور سابق معنی میں نازک سا فرق ہو ، یا جو پہلے معنی سے مختلف ہوں .
۵. اشتقاق میں ایک زبان سے لفظ کا تعلق ظاہر کرنے کے بعد ، دوسری زبان سے اس کا تعلق درج کرنے سے پہلے .
۶. ایک ہی معنی کی تشریح میں ایک کا حوالہ درج کرنے کے بعد ، دوسری کتاب کا حوالہ درج کرنے سے پہلے .

(ج) رابطہ Colon (:) :

۱. تفصیل ، اقتباس ، مثال یا بیان سے پہلے .
۲. مثال کے حوالے میں صفحہ نمبر سے پہلے جب کہ وہ کسی ایسی کتاب یا رسالے سے ماخوذ ہو جو دو یا زائد مجلدات پر مشتمل ہو (جیسے : کلیات اکبر ، ۲ : ۲۷) .

حاشیہ : یہاں مترادف سے ، تقریباً ، مترادف مراد ہے ، کیونکہ کوئی لفظ دوسرے لفظ کا کلیۃً مترادف نہیں ہوتا .

(د) ختمہ Full Stop (.) :

اس کے محل پر ڈیش کی جگہ نقطہ استعمال کیا گیا ہے .

(ہ) سوالیہ Note of interrogation (؟) :

سوالیہ یا مشتبہ اور تحقیق طلب مقامات پر ، جیسا کہ عموماً جدید رسم تحریر میں رائج ہے (اس کا کھلا ہوا حصہ یا منہ دریافت طلب بات کی جانب رکھا گیا ہے .

(ر) قوسین یعنی ہلالی بریکٹ Bracket (small) ( ) :

۱. لغت کے اندراج کے بعد اعراب ملفوظی کے لیے .
۲. لفظ کی قدامت ظاہر کرنے کے لیے .
۳. ان مقامات پر جہاں تشریح کے درمیان مزید وضاحت کے لیے کوئی بات درج کی گئی ہے .
۴. مرکب فقروں اور کہاوتوں کے درمیان کوئی متبادل صورت ظاہر کرنے کے لیے (سیدھے خط کے بعد) .
۵. اصطلاحی الفاظ کی تشریح میں حسب ضرورت مخصوص علم یا فن وغیرہ کا نام ظاہر کرنے کے لیے .
۶. لگے بندھے فقرات یا امثال وغیرہ میں اس کلمے کے اندراج کے لیے جسے کچھ لوگ بولتے ہیں اور کچھ نہیں بولتے (جیسے : ایک دم (میں) ہزار دم) .
۷. اشتقاق میں لغت کا مادہ درج کرنے کے لیے .
۸. اشتقاق میں برائے اندراج علامت تسویہ و کلمۂ مساوی .
۹. اشتقاق میں مادہ وغیرہ کے معنی درج کرنے کے لیے .
۱۰. کسی کتاب یا تصنیف کے قلمی ہونے کے اظہار کے لیے .

(ز) عمودی Bracket (large) [ ] :

اشتقاق اور اس کے متعلقات درج کرنے کے لیے .

(ح) سیدھا خط Dash (—) :

۱. تحتی الفاظ میں بنیادی لفظ کی جگہ شروع میں .

۲. جملے یا فقرے کے درمیان ہلال بریکٹ میں کسی ایسے لفظ کے اندراج کے ساتھ جو مذکورہ کلمے کا متبادل ہو (جیسے : تاج نہ جانوں (— نہ جانے) آنگن ٹیڑھا) .

۳. تحتی لفظ کے اعراب ملفوظی سے پہلے .

(ط) آڑا خط Oblique (/) :

۱. لغت مفرد کے اندراج کے بعد اس کا ، اور لغت مرکب کے بعد اس کے کلمۂ آخر یا چند کلمات کا متبادل لفظ درج کرنے کے لیے (جیسے : سَخُن / سُخَن یا اصل پر آنا / جانا) .

۲. اعراب کے ہلالی بریکٹ میں متبادل لفظ کے اعراب ملفوظی سے پہلے .

۳. تشریح یا اشتقاق میں متبادل کلمے کی تشریح یا اشتقاق درج کرنے سے پہلے .

۴. جس کتاب کی جلد ، دو یا زائد حصوں پر مشتمل ہے اس کے جلد نمبر اور حصہ نمبر کے درمیان .

(ی) اقتباسیہ (، ،) :

۱. عبارت یا لفظ کے شروع میں ایک سیدھا اور آخر میں ایک الٹا واو اخذ واقتباس وامتیاز کی علامت .

۲. اخبار و رسائل کی مثالوں میں ان کے نام کے ساتھ .

(ک) ماخوذیہ Derived from (< یا >) :

'ماخوذ از' کے معنی میں ، مراد یہ کہ ایک سرے کی طرف لکھے ہوئے لفظ یا زبان وغیرہ سے دو سروں کی طرف لکھا ہوا لفظ وغیرہ ماخوذ ہے .

(ل) متبادلہ Alternate (~) .

یہ بات ظاہر کرنے کے لیے کہ اس کے بعد لکھا ہوا لفظ یا فقرہ اصل لفظ کی متبادل صورت ہے .

(م) علامت تجزیہ Plus (+) :

اندراج اشتقاق میں یہ ظاہر کرنے کے لیے کہ اصل لفظ علامت تجزیہ کے سابق و لاحق سے مرکب ہے (جیسے : ذات الجنب ، ذات + ال + جنب) .

(ن) علامت تسویہ Equal to (=) :

عموماً ہلالی بریکٹ میں ، مراد یہ کہ اس کے بعد کا کلمہ سابق کلمے کا مساوی یا مترادف ہے (جیسے : لگاو (= تعلق ، یا نسبت) .

(س) تین نقطے Three dots (. . .) :

۱. لاحقوں کے اندراج میں لاحقے سے پہلے .

۲. امثلہ و اسناد میں غیر ضروری عبارت کے حذف کی علامت .

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

پ

(مسلسل)

پڑ

پڑ (فت پ) .

پڑنا (رک) کا مادہ (تراکیب میں بطور جزو اول مستعمل) .

— جانا ف م .

۱. **لیٹ جانا ، پسر جانا ، دراز ہو جانا .**

بوڑھا چیختے چیختے آرام کرسی پر پڑ گیا .

۱۹۵۲ افشاں ، ۱۰

۲. **بیمار ہو جانا ، پچھڑ جانا .**

ایک صالحہ کے پڑ جانے سے سارا گھر بے چین ہو گیا .

۱۸۹۵ حیات صالحہ ، ۲۶

۳. **گر پڑنا .**

مغ بچہ آگ گرا دیتا ہے مستانوں پر

بجلی پڑ جائے الٰہی کہیں میخانوں پر

۱۸۶۱ کلیات اختر ، ۳۸۴

۴. **پھنس جانا ، مبتلا ہو جانا ، مشغول ہو جانا .**

شرط ہے اک بار پڑ جانا تمہارے عشق میں

اس طلسم غم سے امید رہائی پھر کہاں

۱۹۱۸ کلیات حسرت موہانی ، ۱۳۳

۵. **مصیبت آجانا ، آفت نازل ہونا .**

ایک آفت سے تو مر مر کے ہوا تھا جینا

پڑ گئی اور یہ کیسی مرے اللہ نئی

۱۷۹۸ سوز ، میر محمدی (ہنر مندان اودھ ، ۴۱)

۶. **زمین مزروعہ کا بے کاشت رہ جانا** (نوراللغات ، ۲ : ۹۰) .

۷. **مشہور ہو جانا .**

پڑ چلنا

اب تو کن ہی نام پڑ گیا ہے .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۹۰

۸. **ہوا کا گر جانا ، ہوا بہت کم ہو جانا** (نوراللغات ، ۲ : ۹۰) .

۹. **آواز کا بیٹھ جانا** (نوراللغات ، ۲ : ۹۰) .

۱۰. **اچانک کسی چیز کی ضرب لگنا .**

عدو کرتا بھلا استادگی کیا سامنے میرے

اگر پڑ جاتی اس پر ایک میری لات، پڑ جاتا

۱۸۵۴؟ کلیات ظفر ، ۳ : ۷

۱۱. **پیدا ہو جانا .**

جوئیں پڑ جانا . . . وہ (مرغیاں) جہاں بیٹ کرتی ہیں وہیں بیٹھتی بھی ہیں ، وہاں جوئیں کثرت سے پیدا ہو جاتی ہیں .

؟ مرغی خانہ ، سید احمد علی ، ۱۹

— جائے پٹکی فقرہ .

(عورتوں کا کوسنا) خدا کا قہر نازل ہو (محاورات نسواں ، ۵۶ ؛ محاورات ہند ، ۵۰) .

— جائیں پتھر فقرہ .

رک : پڑ جائے پٹکی (محاورات ہند ، ۵۰) .

— چلنا ف م .

دب جانا ؛ ہونے لگنا .

ساونت بھی کمزور سے اب پڑ چلے اے دوست

سرمایہ کی دنیا میں علمدار بڑھیں گے

۱۹۵۹ گل نغمہ ، فراق ، ۲۸۳

— رہنا ف م .

رات بھر کے لیے یا تھوڑی مدت کے لیے کہیں قیام یا آرام کرنا ، لیٹنا ، سوجانا .

رات کو کہیں پڑ رہتا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۶۴

گلشن کا ہوش اہل جنوں کو بھلا کہاں
صحرا میں پڑ رہے تو بسر رات ہو گئی

۱۹۶۸ قمر جلالوی ، رشک قمر ، ۱۵۲

— لی (کذا) پیا تورے بس جننے چاہے تننے گھس فقرہ .

حلیم بیوی خاوند سے کہتی ہے کہ میں تمہارے بس میں ہوں جیسا چاہے برتاؤ کر (جامع اللغات ، ۲ : ۸۳) .

— مرگی لینا محاورہ (قدیم) .

ایک جگہ پڑ رہنا .

جو شخص کہ اپنی جھوپڑی میں پڑ مرگی لیتا ہے .

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت ، ۱۱۶)

— مرنا ف م .

۱. مر کر ہٹنا ، مرتے دم تک ساتھ نہ چھوڑنا (نور اللغات ، ۲ : ۹۰) .

۲. بڑے بڑے جان دے دینا ، نامردی یا بزدلی کے ساتھ مر جانا .

یوں پڑ مرنا کچھ خوب نہیں
یہ مردی کا اسلوب نہیں

۱۷۷۱ بہشت بہشت ، ۱ : ۱۴

— نہ مرے لڑ مرے کہاوت .

جاہل جھگڑالو کی نسبت کہتے ہیں ، بے شغلی سے بیکاری بہتر ہے (نجم الامثال ، ۱۲۵) .

— نہ موئے لڑ موئے کہاوت .

تنگ آمد بجنگ آمد .

گرانی اور افلاس دو پڑ نہ موئے لڑ موئے ،، پر مجبور کرے گا۔

۱۹۲۵ واودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۰ ، ۱۴ : ۳

پڑا (۱) (نت پ) مث : پڑی .

(الف) صف ؛ م ف .

۱. جہاں تہاں ، ہر جگہ ؛ عام .

خالص تین سیر کا گھی جو اب قیامت تک نہیں مل سکتا ، کھلے بندوں پڑا بکتا تھا .

۱۹۳۰ آغا شاعر قزلباش ، خمارستان ، ۱۷۳

۲.(i) اپنی جگہ ، اپنے حال میں یا مقام پر ، اپنی جگہ رکھا یا پڑا ہوا .

کارخانہ . . . پڑا خراب ہو رہا تھا اور پرزوں میں زنگ لگ رہا تھا .

۱۸۸۷ جان عالم ، ۳۷

میں لحد سے اٹھ کے جانے کا نہیں
مجھ کو کیا چیخا کرے محشر پڑا

۱۹۳۲ ریاض رضوان ، ۱ : ۱۳

(ii) لیٹا ہوا ، چار پائی وغیرہ پر دراز .

آدمی غفلت میں پڑے سوتے ہیں .

۱۹۱۰ سی پارۂ دل ، ۵۶

(iii) (حالت کس مپرسی میں) ٹھہرا ہوا ، کسی جگہ قیام کیا ہوا .

پڑا اس شہر میں بے یار افسوس
نہ میرا یاں کوئی غمخوار افسوس

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۱۰۹

(ب) صف .

۱. جو زیادہ کار آمد نہ ہو ، معمولی ، ادنیٰ ، جو کام میں نہ لایا گیا ہو ؛ بیکار ، زائد .

کیا جنوں کی زندگی بے پیرہن بے کار ہے
دے بھی دو ٹکڑا جو ہو کوئی پرانا ہی پڑا

۱۹۲۵ شوق قدوائی ، د ، ۲۳

۲. کھڑا کی ضد ، لنبا لنبا لیٹا ہوا .

ایک پڑی لکیر (—) تجویز کرتے ہیں ، چاہے یائے مجہول سمیت لکھنا ہو یا اس کے بغیر .

۱۹۶۶ ' اردو ادب ، ۱ ، ۶۳

۳. زمین جس میں زراعت نہ ہوئی ہو ، غیر مزروعہ (زمین) ؛ غیر آباد ، ویران (پلیٹس) .

۴. جس کا کوئی مالک نہو ؛ بے روزگار ؛ سست ، کاہل (پلیٹس) .

(ج) م ف .

۱. بغیر روک ٹوک ، مسلسل .

پڑی آب جو ہر طرف کو بہے
کریں قمریاں سرو پر چہچہے

۱۷۸۴ سحر البیان ، ۳۹

چشم پرخوں سے بہا کرتا ہے اک نالا پڑا
آہ کس نا آشنا سے تھا ہمیں پالا پڑا

۱۹۰۰ کلیات حسرت ، ۲۸۶

۲۔ خیر ، نہ سہی ، خواہ ۔

اگر بعض اسلامی احکام مثلاً جمعہ عیدین اور اذان اور کاو کشی وغیرہ سے یہ لوگ تعرض نہیں کرتے ہیں تو پڑے نہ کریں مگر ان احکام کی اصل الاصول ان کے نزدیک بالکل ہیچ اور ضائع ہیں ۔

فتاوی عزیزی ، ۱۶ ؟

سننے والوں نے کہا کہ ارے میاں تک سے تک تو نہ ملا، اس نے کہا پڑا نہ ملو ، بوجھوں تو مرے گا ۔

نشاط عمر ، ۲۳۳ ۱۹۱۱

[پڑنا (رک) سے]

— پانا محاورہ ۔

بے محنت و مشقت یا راہ چلتے کسی چیز کا حاصل ہو جانا مفت کسی چیز کا ہاتھ لگنا ۔

کہتے ہو نہ دیں گے ہم دل اگر پڑا پایا
دل کہاں کہ گم کیجے ہم نے مدعا پایا

غالب ، د ، ۱۴۲ ۱۸۶۹

ہو گیا یقین مجھ کو تم نے دل مرا پایا
اس طرح پہ ہنستے ہو جیسے کچھ پڑا پایا

دیوان حبیب ، ۱۵ ۱۹۰۰

— پھرنا محاورہ ۔

اس طرح سے گھومتے پھرنا کہ کچھ مدت کہیں قیام کرنا اور کچھ مدت کہیں اور ، بے کار ادھر ادھر گھومنا ، مارا مارا پھرنا ۔

بے مغز خالی بھوا اونچہ پر پڑا پھرتا پھر پھر ۔

سب رس ، ۷۱ ۱۶۳۵

پڑی پھرتی ہیں کئی لیلی و شیریں ہر جا
پر کوئی ہائے یہاں مجنوں و فرہاد نہیں

دیوان زادہ حاتم ، ۶۵ ۱۷۴۲

تمہاری بھو بیٹیاں ہاتھ سے ہاتھ ملاتی ، کندھے سے کندھا رگڑتی کھلے خزانے زیارت کے بہانے پڑی پھرتی ہیں ۔

ہدایت المومنین ، ۱۲ ۱۸۱۷

دیس بدیس شوہروں کے ساتھ پڑی پھرتی ہیں ۔

انشائے بشیر ، ۴ ۱۹۳۴

۲۔ برابر گھومنا ، پھرنا ۔

وہی صورت میری آنکھوں میں آٹھ پہر پڑی پھرتی ہے ۔

اخلاق ہندی ، ۷۵ ۱۸۰۳

— چکّر (— فت چ ، شد ک بفت) امذ ۔

عرض بلد ، بڑی لکیر (جامع اللغات ، ۲ : ۸۲) ۔

[پڑا + چکر (رک)]

— رہنا محاورہ ۔

پڑا رہنا ، سارے دن سونا ، بیماری یا غم کی وجہ سے دراز رہنا ؛ بے یار و مددگار ، غریب یا بے سہارا ہونا (پلیٹس) ۔

— سڑنا محاورہ ۔

۱۔ کسی جگہ کسمپرسی کی حالت میں رہنا ۔

جو کہیں مر گئی ہوتی ، ہمیشہ اسی عذاب میں پڑی سڑا کرتی ۔

صبح زندگی ، ۲۱۶ ۱۹۰۸

۲۔ پیچھے رہ جانا ۔

دنیا ترقی کر رہی ہے اور ہم قعر مذلت میں پڑے سڑ رہے ہیں ۔

انشائے بشیر ، ۲۲۵ ۱۹۲۴

— شہتیر کھڑا تختہ مقولہ ۔

(دونوں) طاقت میں یکساں ہوتے ہیں (محاورات ہند، ۵۶) ۔

— کھیت (— ی مج) امذ ۔

مسطح کھلا میدان ، سطح ، القی سطح (جامع اللغات ، ۲ : ۸۳ ؛ پلیٹس) ۔

[پڑا + کھیت (رک)]

— گرا (— کس ک) صف ۔

بیمار ، مضمحل ، معذور ؛ بے حقیقت ، ناچیز ، حقیر (اس کی جگہ گرا پڑا زیادہ مستعمل ہے) ۔

لازم پڑی ہے کسل دلی کو فتادگی
بیمار عشق رہتا ہے اکثر پڑا گرا

میر ، ک ، ۵۶۵ ۱۸۱۰

جہاں کسی کو پڑا گرا پاتا ہوں اس کی مدد کرتا ہوں ۔

تذکرۃ الاولیا ، ۲۰۵ ۱۹۲۴

[پڑا + گرا ، گرنا (رک) سے]

— ملنا محاورہ ۔

رک : پڑا پانا ۔

ہو دل کی آگ سرد یہ تھا اجر اشک غم
جو کچھ ملا خدا سے یہ گویا پڑا ملا

آرزو لکھنوی ، صحیفہ الہام ، ۷ ۱۹۵۱

— ہونا محاورہ ۔

مجبوراً کہیں رہنا ، مجبوری کی حالت میں گزارنا ۔

دائم پڑا ہوا ترے در پر نہیں ہوں میں
خاک ایسی زندگی پہ کہ پتھر نہیں ہوں میں

غالب ، د ، ۱۹۰ ۱۸۶۷

پڑا (۲) (فت پ) امذ ؛ ~ پاڑا ، پڑوا ، پڈا .

بھینس کا نر بچہ (پلیٹس ؛ نورالغات ، ۲ : ۸۹) .

[ہ : पड़ा پڑا]

پڑا (۳) (فت پ) امذ .

کھیت کی حد ، مینڈھ یا باڑ (پلیٹس) .

[ہ : पड़ा پڑا]

پُڑا (۱) (ضم پ) امذ .

۱. وہ کاغذ جس میں معمولی مقدار کی کوئی خشک چیز رکھ کر باندھی گئی ہو ، کاغذ کی پوٹلی ، بڑی پڑیا .

پڑا ۔ کاغذے کہ چیزے دراں نہادہ پیچند مثل قرنفل و الاچی وغیرہ .

۱۷۵۱ نوادر الالفاظ ، ۱۱۵

لونڈے سے کہا فلاں خانے میں جو پڑا رکھا ہے ان کو لا کر دے دے .

۱۸۹۳ لکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۳۸۶

پنساری مرچوں کا پڑا کس میں باندھے .

۱۹۷۱ اردو کی آخری کتاب ، ۴۸

۲. ڈھول یا طبلے کا خشک چمڑا (نورالغات ، ۲ : ۸۹) .

۳. بطور جزو دوم ، رک : سُہاگ پڑا .

[س : پُٹ + ک : पुट + क]

پُڑا (۲) (ضم پ) امذ .

چوتڑ ، پٹھا (پلیٹس) .

[ہ : पुड़ा پُڑا]

پڑا پڑ (فت پ ، پ) م ف .

۱. جوتیاں یا تھپڑ پڑنے کی آواز .

آو دیکھا نہ تاو ، پڑا پڑ کی صدا آنے لگی .

۱۸۹۲ طلسم ہوش ربا ، ۲ : ۲۳۰

گت بنی غیر کی دربان کے ہاتھوں بیشک
کوئے جاناں سے پڑا پڑ کی صدا آتی ہے

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۸۰

۲. مینھ برسنے یا اولے گرنے کی آواز ؛ گھوڑے کے دلکی چلنے میں ٹاپوں کی آواز (نورالغات ، ۲ : ۸۹) .

۳. متواتر ضرب پڑنے کی آواز (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۱) .

[حکایت الصوت]

پڑاخا (فت پ) امذ .

رک : پٹاخا (نورالغات ، ۲ : ۸۹) .

انار پڑاخے اور پتہ پھول چھوٹنے لگے قلعہ میں آگ لگانی ، عالم روشن ہو گیا .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۹۵۳

پڑاخے دار (فت پ) صف .

رک : پڑاقے دار .

ہم . . . دو پٹھ یا پڑاخے دار گوٹ کی باریک دلائی اوڑھے روشوں میں بے حجاب گھوما کرتے تھے .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۵۶۰

پڑاشی (فت پ) امث .

ڈھاک کا پڑ (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۱) .

[س : پڑاشی पढाशी]

پڑاق (فت پ) امث .

پٹاخے ، بندوق کی آواز ، کسی چیز کے زور سے گرنے یا ٹوٹنے یا تھپڑ مارنے کی آواز (ماخوذ : نورالغات ، ۲ : ۸۹ ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۳) .

[حکایت الصوت]

— پڑاق (— فت پ) م ف .

پڑاق (رک) کی تکرار ، تیز زبانی کے ساتھ ، جلدی جلدی ، تڑ تڑ .

بولے ہنومان بھی تڑاق تڑاق اس کو اتر دیے پڑاق پڑاق

۱۹۲۱ سیتا رام ، ۸۷

— سے م ف .

زور سے آواز کے ساتھ .

او ہو ہو ہو — وہ پڑاق سے ٹھلیا ٹوٹ گئی .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۵۱

چوتھی نے پڑاق سے آم کھینچ مارا .

۱۹۱۱ قصہ مہر افروز ، ۶۲

پڑاقا (فت پ) امذ .

۱. ایک قسم کی آتشبازی جس کے چھوٹتے وقت آواز ہوتی ہے ، پٹاخا .

بارود کا پڑاقا چھوٹا .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، حاجی بغلول ، ۵۱

۲. بندوق کی ٹوپی ، تمنچے کی ٹوپی ، بندوق یا رائفل کا گھوڑا (نورالغات ، ۲ : ۹۰) .

موج ہوا کے ہاتھوں میں کرچیں آہی ہوئی
غنچوں کی رنلیں لیس پڑاقے چڑھے ہوئے
؟ سحر (نوراللغات ، ۲ : ۹۰)

۳. ہٹاخے کی آواز ؛ کوڑے وغیرہ کی آواز (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۱) .

[پڑاق (رک) + ا : ا ، لاحقۂ اسمیت]

پڑاقے دار (فت پ) صف .

مختلف رنگوں کا (عموماً گوٹ کی صفت) .

ریشمی پاجامے کے ساتھ تم نے ایک پڑاقے دار گوٹ کی دلائی کا بھی وعدہ کیا تھا .

۱۹۱۶ اتالیق بی بی ، ۳۵

[پڑاقے، پڑاقا (رک) کی محرفہ شکل + ف: دار، داشتن (= رکھنا) سے]

پڑاقے کی گوٹ (فت پ ، و مج) اسث .

طرح طرح کی یا مختلف رنگوں کی گوٹ ، چٹا پٹی کی گوٹ ، پٹا پٹی کی گوٹ .

گرٹ لہنگا پڑاقے کی باتھ بھر چوڑی گوٹ ، گوٹ پر آٹھ آٹھ بیلیں اس پر تاج بنے ہوئے .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۲ : ۳۲۷

لال سبز چوڑی چوڑی پڑاقے کی گوٹ لگی ہوتی ہے .

۱۹۵۹ محمد علی ردولوی ، گناہ کا خوف ، ۱۵

پڑاکری (فت پ ، سک ک) اسث ؛ ~ پراکڑی ، پڑاکڑی .

بھسن کی پتلی پتلی چٹ پٹی اور کراری تلی ہوئی ٹکیا یا ٹکیاں جو دیوالی کے تہوار پر عام طور پر بنائی جاتی ہیں ، پپڑی .

کسی دوکان پر شیرینی ، خرمہ ، پڑاکری ، لوزیات . . . جس کی تعریف لکھنے سے زبان قلم کی بند ہوتی ہے .

۱۸۵۱ بہاردانش ، ولایت علی ، ۱۳۴

[غالباً پوربی کڑھائی کی عوامی شکل]

پڑانا (۱) (فت پ) ف م (قدیم) .

۱. پڑنا (رک) کا متعدی ؛ ڈالنا .

تن کی زمین میں جیو کا بیج پڑایا ہوں .

۱۳۲۱ بندہ نواز ، معراج العاشقین ، ۲

۲. لٹانا ، آرام دلانا ؛ سلادینا ؛ گرادینا ، تھپڑ یا مکا مار کر گرادینا ؛ اکھٹا کرنا ، چننا (پھل وغیرہ) (پلیٹس ؛ جامع اللغات ۲ : ۸۳) .

۳. گرانا ، جھکانا ، دوسرے کو گرانے میں مدد دینا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۱) .

پڑانا (۲) (فت پ) ف م .

بھاڑنے کا کام دوسرے سے کرانا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۱) .

[ہ : پڑانا पढ़ाना]

پڑاو (فت پ) اسذ .

۱. (i) **کسی مسافر قافلے یا لشکر وغیرہ کے اترنے اور وقتی طور پر ٹھہرنے کی جگہ ، منزل .**

وہ کہے گا میں درزی نہیں ہوں مگر یقین نہ کرنا اور اپنے ساتھ پڑاو پر لے جانا اور جو کچھ سلوانا ہو سلوالینا .

۱۹۳۳ فراق دہلوی ، لال قلعہ کی ایک جھلک ، ۶۱

(ii) **وہ جگہ جہاں فوج کا میدان جنگ سے کچھ دور ہٹ کر قیام ہو ، لشکرگاہ ، فوجی کیمپ .**

خواہ میدان جنگ میں ہوں یا پڑاو پر ایک لمحے کے لیے بھی پیاری شکل کو نہ بھول سکا .

۱۸۸۶ درگیش نندنی ، ۷۲

طلسم کشا اکیلا رہ جانے کا افراسیاب پڑاو لوٹ لے گا .

۱۹۰۱ قمر (احمد حسین) ، طلسم ہوش ربا ، ۷ : ۵۲۳

۲. قیام ، ٹھہراو (پلیٹس) .

۳. **ایک منزل سے دوسری منزل تک کی مسافت یا فاصلہ.**

اس موسم میں سپاہی مقام بدلتے ہیں ، ایک پڑاو روز چلتے ہیں .

۱۸۶۹ اردو کی پہلی کتاب ، آزاد ، ۲ : ۷۱

[ہ : پڑاو पड़ाव]

— پڑنا محاورہ .

پڑاو ڈالنا (رک) کا لازم .

قدم قدم پر اقامت گاہیں تھیں جہاں پچاس ہزار اونٹوں کا پڑاو پڑتا .

۱۹۲۳ طاہرہ ، شرر ، ۱۲۲

— ڈالنا محاورہ .

(لشکر قافلہ یا کسی شخص کا ساز و سامان کے ساتھ) وقتی طور پر ٹھہرنا ، قیام کرنا ، خیمہ زن ہونا .

سامنے جو میدان ہے اس میں پڑاو ڈالا ہے .

۱۸۹۶ فاورا فلورنڈا ، ۳۱۳

سواروں کی فوج نے مہتاب باغ میں پڑاو ڈالا تھا .

۱۹۲۶ نذر کی صبح و شام ، ۷۶

— کرنا محاورہ .

رک : پڑاو ڈالنا .

پڑا (۲) (فت پ) امذ ؛ ~ پاڑا ، پڑوا ، پڈا .

بھینس کا نر بچّہ (پلیٹس ؛ نورالغات ، ۲ : ۸۹) .

[٥ : پڑا पड़ा]

پڑا (۳) (فت پ) امذ .

کھیت کی حد ، مینڈھ یا باڑ (پلیٹس) .

[٥ : پڑا पड़ा]

پُڑا (۱) (ضم پ) امذ .

۱. وہ کاغذ جس میں معمولی مقدار کی کوئی خشک چیز رکھ کر باندھی گئی ہو ، کاغذ کی پوٹلی ، بڑی پڑیا .

پڑا ۔ کاغذے کہ چیزے دراں نہادہ پیچند مثل قرنفل و الاچی وغیرہ .

۱۷۵۱ نوادر الالفاظ ، ۱۱۵

لونڈے سے کہا فلاں خانے میں جو پڑا رکھا ہے ان کو لا کر دے دے .

۱۸۹۳ لکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۳۸۶

پنساری مرچوں کا پڑا کس میں باندھے .

۱۹۷۱ اردو کی آخری کتاب ، ۴۸

۲. ڈھول یا طبلے کا خشک چمڑا (نورالغات ، ۲ : ۸۹) .

۳. بطور جزو دوم ، رک : سُہاگ پڑا .

[س : پُٹ + کَ : पुट + क]

پُڑا (۲) (ضم پ) امذ .

چوتڑ ، پٹھا (پلیٹس) .

[٥ : پُڑا पुड़ा]

پڑا پڑ (فت پ ، پ) م ف .

۱. جوتیاں یا تھپڑ پڑنے کی آواز .

آو دیکھا نہ تاو ، پڑا پڑ کی صدا آنے لگی .

۱۸۹۲ طلسم ہوش ربا ، ۲ : ۲۳۰

گت بنی غیر کی دربان کے ہاتھوں بیشک
کوئے جاناں سے پڑا پڑ کی صدا آتی ہے

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۸۰

۲. مُنھ برسنے یا اولے گرنے کی آواز ؛ گھوڑے کے دلکی چلنے میں ٹاپوں کی آواز (نورالغات ، ۲ : ۸۹) .

۳. متواتر ضرب پڑنے کی آواز (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۱) .

[حکایت الصوت]

پڑاخا (فت پ) امذ .

رک : پٹاخا (نورالغات ، ۲ : ۸۹) .

انار پڑاخے اور پتہ پھول چھوٹنے لگے قلعہ میں آگ لگانی ، عالم روشن ہو گیا .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۹۵۳

پڑاخے دار (فت پ) صف .

رک : پڑاقے دار .

ہم . . . دوپٹہ یا پڑاخے دار گوٹ کی باریک دلائی اوڑھے روشوں میں بے حجاب گھوما کرتے تھے .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۵۶۰

پڑاشی (فت پ) امث .

ڈھاک کا پڑ (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۱) .

[س : پڑاشی पड़ाशी]

پڑاق (فت پ) امث .

پٹاخے ، بندوق کی آواز ، کسی چیز کے زور سے گرنے یا ٹوٹنے یا تھپڑ مارنے کی آواز (ماخوذ : نورالغات ، ۲ : ۸۹ ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۳) .

[حکایت الصوت]

— پڑاق (— فت پ) م ف .

پڑاق (رک) کی تکرار ، تیز زبانی کے ساتھ ، جلدی جلدی ، تڑ تڑ .

بولے ہنومان بھی تڑاق تڑاق اس کو اتر دیے پڑاق پڑاق

۱۹۲۱ سیتا رام ، ۸۷

— سے م ف .

زور سے آواز کے ساتھ .

او ہو ہو ہو — وہ پڑاق سے ٹھلیا ٹوٹ گئی .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۵۱

چوتھی نے پڑاق سے آم کھینچ مارا .

۱۹۱۱ قصہ مہر افروز ، ۶۲

پڑاقا (فت پ) امذ .

۱. ایک قسم کی آتشبازی جس کے چھوٹتے وقت آواز ہوتی ہے ، پٹاخا .

بارود کا پڑاقا چھوٹا .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، حاجی بغلول ، ۵۱

۲. بندوق کی ٹوپی ، تمنچے کی ٹوپی ، بندوق یا رائفل کا گھوڑا (نورالغات ، ۲ : ۹۰) .

موج ہوا کے ہاتھوں میں کرچیں آپی ہوئی
غنچوں کی رنلیں لیس پڑاقے چڑھے ہوئے
؟ سحر (نوراللغات ، ۲ : ۹۰)

۳. پٹاخے کی آواز ؛ کوڑے وغیرہ کی آواز (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۱) .

[پڑاق (رک) + ا : ا ، لاحقۂ اسمیت]

پڑاقے دار (فت پ) صف .

مختلف رنگوں کا (عموماً گوٹ کی صفت) .

ریشمی پاجامے کے ساتھ تم نے ایک پڑاقے دار گوٹ کی دلائی کا بھی وعدہ کیا تھا .

۱۹۱۶ اتالیق بی بی ، ۳۵

[پڑاقے ، پڑاقا (رک) کی محرفہ شکل + ف: دار، داشتن (= رکھنا) سے]

پڑاقے کی گوٹ (فت پ ، و مج) اسث .

طرح طرح کی یا مختلف رنگوں کی گوٹ ، چٹا پٹی کی گوٹ ، پٹا پٹی کی گوٹ .

گوٹ لہنگا پڑاقے کی ہاتھ بھر چوڑی گوٹ ، گوٹ پر آٹھ آٹھ بیلیں اس پر تاج بنے ہوئے .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۲ : ۳۲۷

لال سبز چوڑی چوڑی پڑاقے کی گوٹ لگی ہوتی ہے .

۱۹۵۹ محمد علی ردولوی ، گناہ کا خوف ، ۱۵

پڑاکری (فت پ ، ک ک) اسث ؛ ~ پراکڑی ، پڑاکڑی .

ہیسن کی پتلی پتلی چٹ پٹی اور کراری تلی ہوئی ٹکیا یا ٹکیاں جو دیوالی کے تہوار پر عام طور پر بنائی جاتی ہیں ، پپڑی .

کسی دوکان پر شیرینی ، خرمہ ، پڑاکری ، لوزیات . . . جس کی تعریف لکھنے سے زبان قلم کی بند ہوتی ہے .

۱۸۵۱ بہاردانش ، ولایت علی ، ۱۳۳

[غالباً ہوری کڑھائی کی عوامی شکل]

پڑانا (۱) (فت پ) ف م (قدیم) .

۱. پڑنا (رک) کا متعدی ؛ ڈالنا .

تن کی زمین میں جیو کا بیج پڑایا ہوں .

۱۴۲۱ بندہ نواز ، معراج العاشقین ، ۲

۲. لٹانا ، آرام دلانا ؛ سلادینا ؛ گرادینا ، تھپڑ یا مکا مار کر گرادینا ؛ اکھٹا کرنا ، چننا (پھل وغیرہ) (پلیٹس ؛ جامع اللغات ۲ : ۸۳) .

۳. گرانا ، جھکانا ، دوسرے کو گرانے میں مدد دینا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۱) .

پڑانا (۲) (فت پ) ف م .

پھاڑنے کا کام دوسرے سے کرانا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۱) .

[०: पड़ाना पड़ाना]

پڑاو (فت پ) اسذ .

۱. (i) **کسی مسافر قافلے یا لشکر وغیرہ کے اترنے اور وقتی طور پر ٹھہرنے کی جگہ ، منزل .**

وہ کہے گا میں درزی نہیں ہوں مگر یتین نہ کرنا اور اپنے ساتھ پڑاو پر لے جانا اور جو کچھ سلوانا ہو سلوالینا .

۱۹۳۳ فراق دہلوی ، لال قلعہ کی ایک جھلک ، ۶۱

(ii) **وہ جگہ جہاں فوج کا میدان جنگ سے کچھ دور ہٹ کر قیام ہو ، لشکرگاہ ، فوجی کیمپ .**

خواہ میدان جنگ میں ہوں یا پڑاو پر ایک لمحے کے لیے بھی پیاری شکل کو نہ بھول سکا .

۱۸۸۶ درگیش نندنی ، ۷۲

طلسم کشا اکیلا رہ جانے کا افراسیاب پڑاو لوٹ لے گا .

۱۹۰۱ قمر (احمد حسین) ، طلسم ہوش ربا ، ۷ : ۵۲۳

۲. قیام ، ٹھہراو (پلیٹس) .

۳. **ایک منزل سے دوسری منزل تک کی مسافت یا فاصلہ.**

اس موسم میں سپاہی مقام بدلتے ہیں ، ایک پڑاو روز چلتے ہیں .

۱۸۶۹ اردو کی پہلی کتاب ، آزاد ، ۲ : ۷۱

[०: पड़ाव पड़ाव]

— پڑنا محاورہ .

پڑاو ڈالنا (رک) کا لازم .

قدم قدم پر اقامت گاہیں تھیں جہاں پچاس ہزار اونٹوں کا پڑاو پڑتا .

۱۹۲۳ طاہرہ ، شرر ، ۱۲۲

— ڈالنا محاورہ .

(لشکر ، قافلہ یا کسی شخص کا ساز و سامان کے ساتھ) وقتی طور پر ٹھہرنا ، قیام کرنا ، خیمہ زن ہونا .

سامنے جو میدان ہے اس میں پڑاو ڈالا ہے .

۱۸۹۶ فاورا فلورنڈا ، ۳۱۳

سواروں کی فوج نے مہتاب باغ میں پڑاو ڈالا تھا .

۱۹۲۶ شذر کی صبح و شام ، ۷۶

— کرنا محاورہ .

رک : پڑاو ڈالنا .

یہاں سے مکہ تک دس پڑاو کرنے پڑتے ہیں .
۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۲۰۱
ایک اور شہر کی طرف پہنچے ، قافلے نے پڑاو کیا .
۱۹۴۶ شیرانی ، مقالات ، ۵۴

— مارنا محاورہ .

۱. لشکر کی قیام گاہ یا قافلے پر چھاپا مارنا ، قافلے یا لشکر کو لوٹنا ؛ قتل کرنا (نوراللغات ، ۲ : ۹۰ ؛ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۱) .
۲. مفت کا مال یا کوئی اور بڑی چیز حاصل کرنا یا چھاپا مارنا .
اس بڑھیا نے پڑاو مارا ، اب شہنشاہ کی ساس کہلائے گی .
۱۸۹۲ طلسم ہوش ربا ، ۶ : ۱۲۳۸
ان کے ہزار دو ہزار روپے بگڑوادیے اب کی بڑا پڑاو مارا .
۱۹۳۱ رسوا ، اختری بیگم ، ۲۶۳
۳ . کار نمایاں انجام دینا ، بڑا کام کرنا .
انگلستان کے مزدوروں نے اپنے نزدیک پڑاو مارا تھا .
۱۹۲۳ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۹ ، ۵ : ۶

— پڑنا محاورہ .
پڑاو کرنا (رک) کا لازم .
جنگل میں پڑاو تھا اور میں شکار کو گیا تھا .
۱۹۱۴ دربار حرام پور ، ۱ : ۲۹

پڑاوا (۱) (فت پ) امذ (قدیم) .
علاج ، تدارک ، مداوا ، اعتدال پر لانا .
دکھیا دل سو ، دکھی ہوسٹ سہاوا
کرے تھی درد سو ، غم کا پڑاوا
۱۲۶۵ پھول بن ، ۷۶
[० : پڑاوا पड़ावा]

پڑاوا (۲) (فت پ) امث .
رک : پڑا (۱) معنی نمبر ۳ ، افتادہ زمین .
جو سنہائی زمین کی قسم ہے جس پر کچھ محصول نہیں لگتا ان کے نام حسب ذیل ہیں : . . . : ڈھرا ، سیر ، پڑاوا . . . چین .
۱۸۴۶ کھیت کرم ، ۱۲

پڑآ (فت پ ، ضم ڑ) امذ .
اوکھ (ایکھ) کا کھیت (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۱) .
[مقامی]

پڑبال (فت پ ، سک ڑ) امذ .
رک : پربال .
کہیں گے کسے چشم میں راست رو
حریف کج آنکھوں میں پڑبال ہے
۱۷۹۲ قائم ، د (ق) ، ۱۸۵
پڑبال کو اسی ڈوری میں داخل کرکے تھوڑا تھوڑا کھینچیں حتیٰ کہ یہ بال باہر نکل آئے .
۱۹۳۶ ترجمہ شرح اسباب ، ۲ : ۵۳

پڑپتر (ضم پ ، فت ڑ ، پ ، شدت بفت) ~ پڑپترم .
گڑمار کا نام (خزائن الادویہ ، ۷ : ۱۹۷) .
[پڑ (مقامی) + پتر (رک)]

پڑپڑ (فت پ ، سک ڑ ، فت پ) .
(الف) امث .
۱. گھوڑوں کی ٹاپوں کی آواز ، پڑاپڑ .
کہیں گھوڑوں کی وہ پڑپڑ
کہیں سازوں کی وہ کھڑ کھڑ
۱۸۷۲ کلیات قدر ، ۷۱
۲. رباح خارج ہونے کی آواز .
زبس بار ریاضت سے وہ پڑ پڑ باد دیتے ہیں
۱۸۳۲ چرکین ، د ، ۱۵
۳. بوندیں گرنے کی آواز (نوراللغات ، ۲ : ۹۰) .
(ب) م ف .
جلدی جلدی ، تیزی کے ساتھ ، تڑ پڑ .
خواجہ عمرو آکر بیٹھے پڑ پڑ باتیں کرنے لگے .
۱۸۹۲ طلسم ہوش ربا ، ۶ : ۹۹۹
[حکایت الصوت]

پڑپڑ (کس پ ، سک ڑ ، کس پ) امث .
دست آنے کی آواز (ماخوذ : فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۱) .
[حکایت الصوت]

پڑ پڑانا (فت پ ، سک ڑ ، فت پ) ف ل .
۱. یا وہ گوئی کرنا ، بکواس کرنا ، بکنا (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۱) .
۲. چرپرانا ، زبان میں مرچیں لگنا ، زبان میں کسی چیز کی تیزی سی ہو کر چھالے پڑ جانا .
مصادر کی مثالیں ذیل میں درج کی جاتی ہیں . . . پڑ پڑانا (زبان میں مرچیں لگنا) .
۱۹۲۱ وضع اصطلاحات ، ۱۴۷
[० : پڑ پڑانا पड़पड़ाना]

پڑ پڑانا (کس پ ، سک ڑ ، کس پ) ف ل .

پڑ پڑ کرنا ؛ دستوں کی آواز نکلنا ؛ بلبل کا بھاگتے وقت بولنا (ماخوذ : فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۱) ، دستوں کا آنا (وضع اصطلاحات ، ۱۴۷) .

[رک : پڑپڑ]

پڑ پڑاہٹ (فت پ ، سک ڑ ، فت پ ، ہ) اسث .

پڑ پڑانے کا احساس ، چڑ پڑاہٹ (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۰) .

[ہ : पड़पड़ाहट]

پڑ پڑوں کرنا (کس پ ، سک ڑ ، کس پ ، و مج ، فت ک) ف مر .

بلبل کا بھاگتے وقت بولنا ، پٹ پٹوں کرنا (ماخوذ : فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۱) .

[مقامی]

پڑ پوتا (فت پ ، سک ڑ ، و مج) امذ ؛ اسث : پڑپوتی .

رک : پر پوتا .

یہ خلیفہ عبدالرحمٰن الناصر کے پڑ پوتے تھے .

۱۹۳۵ عبرت نامہ اندلس ، ۶۱۲

پڑت (۱) (فت پ ، ڑ) صف ، مث .

ایسی زمین جسے جوتا اور بویا نہ گیا ہو ، غیر مزروعہ ، افتادہ زمین .

زمین کو چارہ کے واسطے پڑت رہنے دے .

۱۸۹۱ کسانی کی پہلی کتاب ، ۳ : ۳۹

رعایا کا جوش اور نشاط کار کم ہوجاتا ہے ، زمین پڑت رہ جاتی ہے .

۱۹۰۳ مقدمہ ابن خلدون (ترجمہ) ، ۲ : ۱۹۰

[پڑا (۱) (رک) سے]

پڑت (۲) (فت پ ، ڑ) امذ .

رک : پرت .

تپ کی شدت ہووے تو اکثر رحم کا اور پروار لفافہ جو پیٹ کے پردے کا پڑت ہے سو اس میں لہو کا جوش ہوتا ہے .

۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۱۸۶

پڑت (۳) (فت پ ، ڑ) اسث .

لاگت ، اصل قیمت ؛ نرخ ، شرح ؛ میزان (پلیٹس ؛ نوراللغات ، ۲ : ۹۰) .

[پڑ ، پڑنا (رک) سے + س : تِ fi لاحقۂ کیفیت]

— پڑنا محاورہ .

اصل اخراجات کا وصول ہوجانا ، اصل لاگت کے بقدر رقم حاصل ہونا .

میز کو ان داموں فروخت کرنے میں پڑت نہیں پڑتی .

۱۹۴۳ اصطلاحات پیشہ وراں ، ۷ : ۳۸

— پھیلانا محاورہ .

کسی چیز کی کل قیمت خرید یا لاگت کو اس کے تمام اجزا پر پھیلا کر ایک جزو کی قیمت یا لاگت کا اندازہ کرنا ، قیمت خرید کا ہر چیز پر برابر حساب لگانا ؛ کسی چیز کی لاگت یا قیمت خرید ان حصہ داروں پر تقسیم کرکے جن پر واجب‌الادا ہے یہ اندازہ لگانا کہ ہر ایک کے حصے میں کتنی رقم آئی ؛ کسی مال کی تیاری کے اخراجات کا تفصیلی حساب لگانا ، کل لاگت کی میزان ملانا ، حساب لگانا (ماخوذ : پلیٹس ؛ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۰ ؛ ا پ و ، ۷ : ۳۸) .

— پھیلنا محاورہ .

پڑت پھیلانا (رک) کا لازم (ماخوذ : فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۱) .

— دیکھنا محاورہ .

رک : پڑت پھیلانا (ا پ و ، ۷ : ۳۸) .

— کھاتا امذ .

کسی تجارتی مال کی تیاری کے یا خرید کے مصارف کے اندراج کا رجسٹر (ا پ و ، ۷ : ۳۸) .

[پڑت + کھاتا (رک)]

— لگانا محاورہ .

رک : پڑت پھیلانا (ا پ و ، ۷ : ۳۸) .

پڑتا (۱) (فت پ ، سک ڑ) امذ ؛ ~ پڑتہ ، پرتا .

کسی چیز کی لاگت قیمت خرید یا قیمت تیاری (جو حساب لگانے کے بعد مال کے کسی ایک جزو یا خریداروں اور مالکوں میں سے کسی ایک فرد پر عائد ہوتی ہو) ، پڑت ؛ حصہ رسدی ، شرح ، لگان ، مالگزاری کی شرح جو ہر بیگھے پر بھلائی جائے .

شرح در بندی کی بموجب پڑتہ سراسری فی بیگھہ کی ہے .

۱۸۴۷ مسل بندوبست (دیباچہ) ، ۳

[ہ : पड़ता پڑتا]

— بٹھانا محاورہ .

حساب لگانا ، اندازہ کرنا ، رک : پڑتا پھیلانا (مہذب‌اللغات ، ۳ : ۷۰) .

— بیٹھنا محاورہ .

پڑتا بٹھانا (رک) کا لازم .

فی بٹالین ایک ہزار سپاہیوں کا پڑتا بیٹھتا ہے .

۱۹۱۵ فلسفۂ اجتماع ، ۲۳۳

— پڑنا محاورہ .

۱. رک : پڑت پڑنا ؛ حصے میں آنا ؛ آمدنی کا تخمینہ لگنا ، قیمت یا آمدنی کا اندازہ ہونا ؛ آمدنی ہونا .

ان چار بروں کا سالانہ پڑتا ڈیڑھ سو روپئے فی درخت پڑتا ہے .

۱۹۵۴ اپنی موج میں ، ۴۸

۲. (ٹھگی) واردات کی کوئی چیز پہچانی جانا (مصطلاحات ٹھگی ، ۷۳) .

— پھیلانا محاورہ .

۱. اس بات کا حساب یا اندازہ لگانا کہ فی بیگھا لگان کتنا پڑتا ہے (پلیٹس) .

۲. کسی چیز کے سب اجزا یا حصہ داروں پر کل قیمت یا لاگت کو پھیلا کر یہ اندازہ لگانا کہ ایک جزو کی کیا قیمت ہے یا ایک حصہ‌دار کے حصے میں کتنی رقم آتی ہے .

خرید کی قیمت کا ہر چیز پر پڑتا پھیلانا .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۹۰

۳. اوسط نکالنا .

پڑتا پھیلانے یعنی اوسط نکالنے کی ترکیب ملک کی آبادی جاننے کے لیے بہت اچھی ہے .

۱۸۵۹ جام جہاں نما ، ۱ : ۲۲

— ڈالنا محاورہ .

رک : پڑت پھیلانا ، حصہ رسدی تقسیم کرنا ، اوسط نکالنا .

بس پڑتہ ڈالنے سے معلوم ہوا کہ بحساب اوسط فی چار سو باشندوں میں صرف ایک لڑکا پڑتا ہے .

۱۸۵۱ کوائف تعلیم ، ۱۰۵

— کھانا محاورہ .

کسی چیز کی قیمت فروخت کا اندازہ اس طرح لگانا کہ کم از کم کوئی نقصان نہ ہو یا لاگت اور کچھ نفع نکل آنا (ماخوذ : شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۷۸) .

— مال گزاری (— ضم گ) امذ .

مال گزاری کی وہ رقم جس کی شرح مقرر کی جا سکے (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۳) .

[پڑتا + مال گذاری (رک)]

— متوسط (— ضم م ، فت ت ، و ، شد س بکس) امذ .

اوسط شرح (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۳) .

[پڑتا + متوسط (رک)]

پڑتا (۲) (فت پ ، سک ڑ) صف ؛ مذ (قدیم) .

رک : پڑھنا .

پڑتا طوطا جس دکھیا کا اڑ جائے یوں قفس کو توڑ
یاد کر اس کی باتوں کو وہ مرے نہ کیوں سر کو پھوڑ

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲ : ۲۵۶

پڑتال (فت پ ، سک ڑ) امث .

۱. رک : پرتال .

مارا عراق کو تو عربی بھی ڈر گیا
پڑتال ہے نند کی بہو کان دھر ذرا

۱۸۷۲ عبیر ہندی ، ۶۵

لکھن پور میں آج حاکم پرگنہ کی پڑتال تھی .

۱۹۲۱ گوشۂ عافیت ، ۱ : ۵

کرنل ناڈ کے بیانات کی بھی پڑتال ضروری ہے .

۱۹۳۹ افسانۂ پدمنی ، ۷۴

۲. نظر ثانی ، ترمیم ، اصلاح ؛ مقابلہ ، مطابقت ؛ دوبارہ گنتی یا شمار ، ناپ ، تول ؛ مار ، زد و کوب (جامع اللغات ، ۲ : ۸۳ ، فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۱) .

۳. گانو یا نہر کے پٹواری کے ذریعہ کھیتوں کی ایک خصوصی جانچ (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۷۸) .

اف : کرنا .

— پڑنا محاورہ .

مسلسل جوتے پڑنا ، برابر پٹنا ، سزا ملنا (ماخوذ : فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۱ ، جامع اللغات ، ۲ : ۸۳) .

— چوکی (— و لین) امث .

(فوج) وہ جگہ جہاں چھاؤنی میں داخل ہونے والے شخص یا مال وغیرہ کی جانچ اور تفتیش ہو ، چیک پوسٹ (انگریزی اردو فوجی فرہنگ ، ۲۱) .

[پڑتال + چوکی (رک)]

— کرنا محاورہ .

حساب کی تنقیح کرنا ، حساب ملانا ؛ کسی معیار سے پرکھنا ، نظر ثانی کرنا ؛ ناپ تول وغیرہ کو دوبارہ جانچنا (ماخوذ : پلیٹس) .

پڑتالنا ف م .

رک : پرتالنا (ا پ و ، ۷ : ۳۸) .

پڑتب (فت پ ، سک ڑ ، فت ت) صف (قدیم) .

روشن ، تابدار .

سندر پن ہے کلی گوری کنڈل ہریک چھوٹی سوانٹ
بدھی پڑتب زری کاغذ سطر بندی کیا جدول

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۱۱۸

[مقاسی]

پڑتل (فت پ ، سک ڑ ، فت ت) امذ .

رک : پرتل (۱) (پلیٹس) .

پڑتلا (فت پ ، سک ڑ ، فت ت) امذ ؛ ~ پڑتلہ .

رک : پرتلا .

خلعت اور شمشیر مرحمت کی اور سلطنت کا پڑتلہ اس کے گلے میں موافق عادت بادشاہوں کے ڈالا .

۱۸۴۷ ترجمہ ابوالفدا ، ۲ : ۲۷۵

پہلو میں ایک ایسی تلوار لٹکی تھی جس کا پڑتلا کمدار مخمل کا تھا .

۱۸۸۸ سوانح عمری امیر علی ٹھگ ، ۲۴۰

پڑتہ (فت پ ، سک ڑ ، فت ت) امذ .

رک : پڑتا (۱) .

پڑتی (فت پ ، سک ڑ) صف ؛ است ؛ ~ پرتی .

۱. افتادہ یا غیر مزروعہ زمین ؛ وہ مزروعہ اراضی جو کچھ عرصے کے لیے بے کار چھوڑ دی جائے تاکہ اس میں قوت پیدا ہو .

ایک برسوا زمین پڑتی رہے گی .

۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۷۶

۲. خرچ کے مقابلے میں پیداوار کم ہونے کی وجہ سے خالی چھوڑی ہوئی زمین (ماخوذ : ا پ و ، ۶ : ۳۶) .

[س : पतित]

— **پڑنا** محاورہ .

۱. زمین کا بنجر ہونا ، اکارت ہوجانا یا پیداوار کے قابل نہ رہنا .

ملک ویران ہوجاوے زمین پڑتی پڑے اور محصول پیدا نہ ہو

۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۷۶

زمین کو اس کے مرے (یعنی پڑتی پڑے) پیچھے از سر نو زندہ کردیا .

۱۸۹۸ ترجمہ قرآن مجید ، نذیر احمد ، ۴۳۶

۲. درختوں وغیرہ کا بے ثمر ہوجانا ، اوجڑ جانا .

تابیر (کھجور کی شاخ یا گابھا مادہ کھجور پر ڈالنا) کو منع فرمادیا سارا مدینہ پڑتی پڑ گیا .

۱۹۰۲ الحقوق و الفرائض ، ۲ : ۲۱

— **جدید** (— فت ج ، ی مع) امث .

وہ اراضی جو ایک دو فصل تک اکارت رکھی جائے (ا پ و ، ۶ : ۳۶) .

[پڑتی + جدید (رک)]

— **قدیم** (— فت ق ، ی مع) امث .

وہ اراضی جو بہت عرصے سے اکارت ہو اور اس میں اچھی فصل پیدا ہونے کی امید نہ رہے ؛ وہ کھیت جو موسم سرما میں ربیع کی فصل کے بعد سے خالی رہے اور دوسری آنے والی فصل ربیع کے لیے اچھی طرح تیار کیا جائے (ا پ و ، ۶ : ۳۶) .

[پڑتی + قدیم (رک)]

پڑچون (فت پ ، سک ڑ ، و مع) امذ .

رک : پرچون (پلیٹس) .

پڑچھٹی (فت پ ، سک ڑ ، فت چھ) امث .

رک : پرچھتی .

دوپہر کی دھوپ پور پڑچھٹی کی چھاؤں کے سریکی عمر کا بھروسا نہ کرنا .

۱۷۵۶ دکھنی انوار سہیلی ، ۲۶۴

پڑخچے (فت پ ، ڑ ، سک خ) امذ ، ج .

رک : پرخچے .

اگر ایک ایک چپت لگائیں تو بھی پتا نہ لگے کھوپڑی کے پڑخچے اڑجائیں .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۳ : ۶۸۰

دونوں کے کپڑوں کی دھجیاں اڑ گئیں ، انگرکھے پڑخچے پڑخچے .

۱۹۲۹ داودہ پنج ، لکھنؤ ، ۱۴ ، ۸ : ۵

پڑدا (فت پ ، ڑ ، شد د) امذ (قدیم) .

رک : پردہ (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۷۹) .

پڑدادا (فت پ ، سک ڑ) امذ ؛ است : پڑدادی .

رک : پردادا .

ہاشم سو پڑدادے سمجھ دادے ولد عبدالمناف

۱۷۸۱ چار کرسی ، ۶۴

لوگوں کو دادا پڑدادا سگڑ دادا سے اوپر کے نام معلوم نہیں رہتے .

۱۹۰۷ اسہات الامہ ، ۳۳

پڑدار (فت پ ، سک ڑ) صف ؛ امذ .

سنہری چھڑی رکھنے والا چوبدار ، عصا بردار (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۷۹) .

[س : پرتِ ہار प्रतिहार یا مقامی]

پڑدلا (فت پ ، سک ڑ ، فت د) امذ (قدیم) ؛ ~ پڑدلہ .

رک : پرتلا .

ہوا پڑدلہ کہکشاں شان کا حمائل کیا ڈھال سرطان کا

۱۶۶۵ علی نامہ ، ۲۷۰

پڑڑا (فت پ ، سک ڑ) امذ (قدیم) .

ترازو کا پلّا ، پلڑا (رک) .

ترازو کے دو پڑڑے ہیں .

۱۶۶۷ شمائل الاتقیا (دکنی اردو کی لغت ، ۱۱۶)

پڑساد (فت پ ، سک ڑ) امذ .

گونج ، صدائے بازگشت (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۰) .

[س : پرتِ شبد प्रतिशब्द]

پڑقچے (فت پ ، ڑ ، سک ق) امذ ؛ ج .

رک : پڑخچے .

میں تو خدا کی قسم دشمن پر مشرقی تلواریں ایسی برساؤں گا کہ اس کے دماغ کی ہڈیوں کے پڑقچے اڑ جائیں گے .

۱۹۱۵ نیرنگ فصاحت (ترجمہ نہج البلاغہ) ، ۵۳

پڑک/پڑکا (کس پ ، فت ڑ/سک ڑ) امذ/امث .

چھوٹا بھوڑا ، پھنسی (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۹۸) .

[س : پڈک/पिड्क पिड्का]

پڑکانا (کس پ ، سک ڑ) ف م .

چڑھانا ، پریشان کرنا ، جھنجھلاہٹ پیدا کرنا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۹۸) .

[ص : پڑکنا पिड्कना]

پڑکنا (کس پ ، فت ڑ ، سک ک) ف ل .

جوش میں آنا ، جھنجھلانا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۹۸) .

[ص : پنکنا पिनकना]

پڑکی (کس پ ، سک ڑ) امث .

۱. رک : پڑک .

۲. رک : پینڈکی (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۹۸) .

پڑکیا (کس پ ، سک ڑ ، کس ک) امث .

ایک قسم کا پکوان ، گھجیا (شبد ساگر ، ۶ : ۳۲۴۵) .

دلالہ نے بہت طرح کے پکوان تیار کرائے ، موتی چور کے لڈو اور کھردرا باندھا ، مٹھے کی پڑکیاں جلیبی اور پاپڑ باندھے .

۱۹۷۵ سہ ماہی ، اردو ، کراچی ، ۵۱ ، ۱ : ۱۷۰

[ص : پھوکیا / پڑکیا पिच्किया/पिड्किया]

پڑگنا (کس پ ، سک ڑ ، فت گ) امذ .

رک : پرگنہ (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۹۸) .

پڑلا (فت پ ، سک ڑ) امذ ؛ ~ پڑلہ .

پلڑا ، پلّا (رک) .

عمرو نے دیکھا کہ ایک دو پڑلہ چھپر پڑا ہے .

۱۹۰۰ طلسم خیال سکندری ، ۲ : ۴۹

پڑم (۱) (فت پ ، ڑ) امذ ؛ ~ پرم .

ایک قسم کا موٹا سوتی کپڑا جو اکثر خیمے وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے .

تجے بینے پڑم ہور ٹاٹ بس تجے گھونگڑے اوڑنے کی ہوس

۱۶۳۵ مینا ستونتی (ق) ، ۲۲

[مقامی]

پڑم (۲) (فت پ ، ڑ) امذ .

لکڑی کے لٹھوں کا ٹھاٹر جو کشتی کا کام دے نیز شہتیروں یا لٹھوں کی قطار جو پانی کے بہاؤ پر چھوڑ دی جائے تا کہ بہاؤ کے ساتھ مقام مقصود پر پہنچ جائے (ا پ و ، ۵ : ۱۷۰) .

[مقامی]

پڑمڑا (فت پ ، سک ڑ ، فت م) صف ؛ مث : پڑمڑی .

نادان ، بیوقوف .

من اے پڑمڑی بات گم ہو بڑائی
یکایک نہ ٹٹ اس سوں نا کر بُرائی
۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۳۰

[؟]

پڑنا (۱) (فت پ ، سک ڑ) ف ل .

۱.(i) بلا ارادہ کسی چیز کا اوپر سے نیچے آ کر ٹک جانا ، گرنا ، آسمان فضا یا کسی بلندی سے نازل ہونا .

دل تیر کھا اڑیا ، جھگڑے میں گھوڑے ہر تی پڑیا .
۱۶۳۵ سب رس ، ۲۵۹

گویا بجلی تھی کہ چمک گئی اور عاشق کے دل پر پڑی .
۱۷۴۶ قصہ مہر افروز و دلبر ، ۴۵

ابرو و مژگاں سے ظالم نے اشارے پھر کیے
آج پھر دل پر کئی خنجر پڑے
۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۱۹۴

خود بخود گرنے کو ہے پکے ہوئے پھل کی طرح
دیکھیے پڑتا ہے آخر کس کی جھولی میں فرنگ
۱۹۳۵ بال جبریل ، ۲۲۱

(ii) ٹپکنا ، برسنا (پانی وغیرہ کے ساتھ) .

نین سوں رکت کے رتن یوں پڑے
کہ جیوں شمع سوں لال پھولاں جھڑے
۱۶۳۵؟ مینا ستونتی (قدیم اردو ، ۱ : ۱۶۰)

بیلوں میں سے . . . پھول نہیں جھڑتے گویا آنسو پڑتے ہیں.
۱۷۴۶؟ قصہ مہر افروز و دلبر ، ۴

جا سکے آج مرے گھر سے نہ وہ برق جمال
پانی اس طرح کا اے چرخ ستمگار پڑے
۱۸۵۸ امانت ، د ، ۱۱۰

۲. لیٹنا (سونے وغیرہ کے لیے) ، آرام کرنا ، سونا ، دراز ہونا .

ان کے خراٹوں سے فوجدار صاحب کبھی کبھی گھبرا اٹھتے تھے ، یہ جو پڑے تو تڑکا کر دیا .
۱۸۹۲ خدائی فوجدار ، ۱ : ۴۸

کھڑے اور بیٹھے اور پڑے خدا کو یاد کرتے ہیں .
۱۸۹۵ ترجمہ قرآن مجید ، نذیر احمد ، ۱۱۸

جہاں دو گھنٹے تک ہم سب پڑے خراٹے لیتے رہے .
۱۹۳۴ سوانح عمری و سفرنامہ حیدر ، ۱۵۶

۳. مبتلا ہونا (میں کے ساتھ) ، شامل یا شریک ہونا .

کیا جانے کیا گنہ کی تھی اول زمانے ، جو یوں آ کر پڑی اس عذاب میانے .
۱۶۳۵ سب رس ، ۲۳۴

چھٹتا نہیں ہے ہاتھ سے کیوں ان کے آئینہ
کیا اپنے عشق خوبی صورت میں پڑ گئے
۱۸۵۶ کلیات ظفر ، ۴ : ۱۹۹

میں اس سے پہلے کبھی اس بحث میں نہیں پڑا .
۱۹۳۷ خطبات عبدالحق ، ۱۱۱

۴.(i) فکر ہونا .

اور حاتم کو اپنے جانے کی پڑ رہی تھی .
۱۸۰۱ آرائش محفل ، حیدری ، ۱۸۳

رند خراب حال کو زاہد نہ چھیڑ تو
تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو
۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۱۵۲

مجھے تو اپنی عزت کی پڑی ہے .
۱۹۳۵ آغا حشر ، اسیر حرص ، ۲۲

۵. شوق ہونا ، امنگ ہونا ، دھن ہونا .

اس نے جل کاس کر اس سے کہا تجھے دل لگی اور ٹھٹول کی پڑی ہے .
۱۹۳۷ قصص الامثال ، ۲۹۴

۶. لیٹنا (بے مقصد یا کسی مجبوری کی حالت میں) ، بیکار یا بے مشغلہ ہونا .

باد صبا ہے اور نہ ہدہد نامہ بر کا ہے
گھر میں پڑے ہوئے در و دیوار دیکھئے
۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۲۳۴

پڑے گنگناتے تھے لالہ قرنجن
نہ آنکھوں میں انجن نہ دانتوں میں منجن
۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۲ : ۸۶

۷. ہونا ، واقع ہونا ، ہو جانا .

جب حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے دنیا سے کوچ کیا ، شور و فغان مدینے میں ایسا پڑا کہ آسمان رویا اور زمین لرزی .
۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۷۱

طبیب کے علاج اور دوا پینے کی احتیاج ان کو نہیں پڑتی .
۱۸۷۳ مطلع العجائب ، ۲۷۵

اگر بٹیوں کی طرف کنّی ہے تو خبر ور نہ سیون باریک پڑتی جائے گی .
۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۶۳

۸. جفتی کھانا (چوپایوں کے لیے) (نوراللغات ، ۲ : ۹۱).

۹. خالی ہونا ، بیکار ہونا ، غیرآباد ہونا (عمارت وغیرہ کے ساتھ) .

کئی مکان پڑے ہیں .
۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۲

مکان تو عرصے سے ایسے ہی پڑا ہے ، کوئی اس میں آباد نہیں ہوا .
۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۹۰

۱۰. مجبوری ہونا ، ضرورت ہونا .
ناؤں تی اثر چڑیا ، نیں تو چپ ہلاک ہونا کسے کیا پڑیا .
۱۶۳۵ سب رس ، ۳۷
انہیں کیا پڑی ہے جو تلوار دھوئیں
لہو لال تھا اور دھبا ہے کالا
۱۹۳۸ سریلی بانسری ، ۲۴
آخر تمہیں کیا پڑی تھی کہ نمائش کے لئے ایک عدد بیوی رکھ لی .
۱۹۵۴ شاید کہ بہار آئی ، ۴۷
۱۱. واقع ہونا ، نازل ہونا (کسی مصیبت آفت مشکل وغیرہ کا) ، بیتنا ، گزرنا .
پرت پنت لے کچ کرے گا یہاں
سہوں گا جو منج پر پڑے گا یہاں
۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۶۹
ایسی پڑی ہے کچھ کہ اٹھے حوصلے کے پانو
جی بیٹھ ہی گیا ہے کہاں تک اٹھائے دل
۱۸۷۷ کلیات قلق میرٹھی ، ۹۴
لڑائی میں کیا جانے کیسی پڑے
لڑے یا نہ اپنا مقدر لڑے
۱۹۳۲ بے نظیر شاہ ، کلام بے نظیر ، ۲۶۷
۱۲. (i) رکھا جانا (بنیاد وغیرہ کا) .
ہوں وہ بنیاد کہ پڑتے ہی مٹا نام و نشاں
میں وہ افتاد نہیں ہوں کہ سنبھل جاؤں گا
۱۸۷۳ کلیات قدر ، ۱۱۳
برس کے اندر ہی ساس بہو کے مخالف ہو گئیں اور اس کی بنیاد اس طرح پڑی کہ احسان علی اپنی خوبصورت اور سمجھ دار بیوی کی قدر و محبت کرنے لگا .
۱۹۳۵ دکھ بھری کہانی ، ۵
(ii) رکھا جانا (قدم وغیرہ کا) .
پاؤں پیچھے نہ ہمارا کبھی زنہار پڑے
کوئے قاتل میں جو تلوار پہ تلوار پڑے
۱۸۵۸ امانت ، د ، ۱۱۰
وہ کالج سے چل کر گھر جاتا ہے اس کے قدم پڑتے ہیں لیکن اسے کچھ معلوم نہیں کہ کہاں جا رہا ہے .
۱۹۳۳ مرحوم دہلی کالج ، ۱۵۸
۱۳. وار ہونا ، لگنا .
حال دل لکھ کر جو بھیجا اس بت سفاک کو
پرزے نامے کے اڑے چھرے کبوتر پر پڑے
۱۸۵۴ غنچۂ آرزو ، ۱۴۹
باہر نکلتے ہیں تو لکڑیاں پڑتی ہیں اور گھر میں رہتے ہیں تو پتھر آتے ہیں .
۱۹۲۹ آمنہ کا لال ، ۱۱۲

۱۴. داخل ہونا ، گرنا .
پڑی ہور ہوئی غیب چشمے بھتر
چلیا شاہزادہ بھی گھوڑا اتر
۱۶۸۲ مثنوی رضوان شاہ و روح افزا ، ۱۷
اوس کی موت کی گندھک کی کان تپ رہی ہے اب میرے اس خون سے اس میں چنگاریاں پڑیں گی .
۱۹۰۱ عشق و عاشقی کا گنجینہ ، ۶۶
۱۵. جانا ، پہنچنا ، رسائی ہونا ، توجہ ہونا (عموماً ، میں ، یا ، پر ، کے ساتھ) .
جو اس سے آگے بڑھے گا بیابان مور میں پڑے گا ہلاک ہو جائے گا ، کچھ ہاتھ نہ آئے گا .
۱۸۷۳ مطلع العجائب ، ۱۷۸
کیا یہ واقعات آپ کے کانوں میں پڑتے ہیں .
۱۹۴۳ حیات شبلی ، ۵۵۸
۱۶. غیر شرعی طور پر کسی کے ہاں بیوی کی حیثیت سے رہنا ، داشتہ ہونا (بالعموم گھر کے ساتھ) .
جب وہ نادان عدو کے گھر میں پڑا
داغ اک داغ کے جگر میں پڑا
۱۸۹۲ مہتاب داغ ، ۳۴
۱۷. پلنا ، حملہ آور ہونا ، ہلّا بولنا .
کہتی ہے ، جا گدھا ہو جا ! یہ گدھا ہو گیا ، پھر لکڑی لے کے جو پڑتی ہے سو مارتے مارتے باہر کر دیا .
۱۷۴۶ قصہ مہر افروز و دلبر ، ۱۴۳
تین سے اٹھارہ خانہ زاد غلاموں کو لیا اور بانیاس تک ان کا تعاقب کیا ، تب وہ اور اس کے خادم سب کٹی غول ہوئے اور ان پر پڑے .
۱۸۲۲ موسیٰ کی توریت مقدس ، ۴۴
۱۸. باقی رہنا یا ہونا ، چھوٹے ہوئے رہنا ، بہت بچا ہوا رہنا .
ابھی بہت سا آٹا پکانا پڑا ہے .
۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۵۲
ابھی بہت کام پڑا ہے .
۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۹۱
وقت اچھا بھی آئے گا ناصر غم نہ کر زندگی پڑی ہے ابھی
۱۹۷۲ دیوان ناصر کاظمی ، ۳۵
۱۹. ڈلنا ، قائم ہونا ، بننا ، (جھولا وغیرہ کے ساتھ) لٹکنا .
بیچ چھت میں جھولا پڑا ہوا .
۱۸۵۷ مینا بازار اردو ، ورق ۳۶
ہاتھی پر بانات کی جھول . . . ماتھے پر فولاد کی ڈھال ، سونے کے پھول اس میں جڑے ہوئے ، پڑی ہوئی ہے .
۱۸۸۵ بزم آخر ، ۲۵

بخت بلبل کے میں صدقے فصل گل آئی نہیں
پڑ گیا صحن چمن میں جھوپڑا صیاد کا

۱۹۰۷ دفتر خیال ، تسلیم ، ۳۳

۲۰ (i) (کسی چیز کی قیمت وغیرہ کا) اوسط آنا ، لاگت آنا .

فرخ تین روپے فی ہزار پڑا .

۱۹۳۴ مٹی کا کام ، ۵۴

(ii) جمع ہوجانا ، پورا ہوجانا ، (کسی چیز کا استعمال کے لیے) لایا جانا .

بھائی اقبال کو ٹال پر بھیجا تھا کہ ایندھن اکھٹا پڑجائے.

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۹۰

۲۱ ہونا ، ثابت ہونا ، نتیجہ نکلنا .

کسی کتاب کا ترجمہ کرنے میں یہ طرز تحریر بجائے مفید ہونے کے الٹا مضر پڑتا ہے .

۱۹۱۸ روح الاجتماع ، ۳

۲۲ درج ہونا ، لکھا جانا (کھاتے خط یا کتاب وغیرہ کے ساتھ) .

کھاتے میں نام پڑنا .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۹۱

۲۳ محتاج ہونا، دست نگر ہونا (بالعموم 'روٹی یا روٹیوں پر' کے ساتھ) .

کسی کی روٹیوں پر پڑنا .

۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۱

سسرال کی روٹیوں پر پڑا ہے .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۹۱

۲۴ (کسی مرکب کے حصے یا جزو کے طور پر) شامل ہونا ، ڈلنا ، ملنا ، ڈالا جانا .

(زمرد) اگر معجون میں پڑے دل کو فرحت دے .

۱۸۷۳ مطلع العجائب ، ۲۸۷

۲۵ حلول کرنا .

روح یا جان پڑنا .

۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۱

۲۶ ہیدا ہوجانا ، نمودار ہوجانا .

شوق سے مجھ وطن آوارہ کو ایذا پہنچا
آبلے پاؤں میں تیرے لئے اے خار پڑے

۱۸۵۸ امانت ، د ، ۱۱۰

اب تو بالی میں دودھ پڑگیا ہے .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۹۱

۲۷ (حصے میں) آنا ، ملنا .

غلام سرور دیں ہوں میں اکبر
یہ جنت میرے حصے میں پڑی ہے

۱۸۹۶ تجلیات عشق ، ۳۳۶

سالن تو الگ رہا روکھے آٹے کے پھنکے اور سوکھی روٹی کے ٹکڑے پڑ جائیں تو بہت .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۲۸

۲۸ قیام کرنا ، ٹھہرنا ، رکنا ، انتظار کرنا ؛ تقاضہ کرنا .

جواب خط کے لئے کیوں پڑا ہے او قاصد
کسی کو اس بت کافر نے خط لکھا بھی ہے

۱۸۲۴ مصحفی ، انتخاب رامپور ، ۱۲۰

ذرا خیال کیجئے بارات دروازے پر پڑی ہوئی ہے .

۱۹۳۶ پریم چند ، واردات ، ۱۷

۲۹ مقدمے کا بغیر کسی کارروائی کے ملتوی رہنا ، (کسی کام یا فیصلے کا) معطل رہنا .

برس دن سے مقدمہ پڑا ہے فیصل نہیں ہوتا .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۹۱

۳۰ راہ میں واقع ہونا ، راستے میں وارد یا حائل ہونا .

اثنائے راہ میں ایک ویرانہ گاؤں پڑا .

۱۸۹۴ اردو کی چوتھی کتاب ، اسمٰعیل میرٹھی ، ۱۳

ایک تاریک ڈیوڑھی سے گزرنے کے بعد مولانا کے مکان کا دروازہ پڑتا تھا .

۱۹۷۱ ہمارے عہد کا ادب اور ادیب ، ۹۱

۳۱ ہوا جانا ، چھوڑا جانا .

کھیتوں میں ابھی تک بیج نہیں پڑا ہے .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۹۱

۳۲ یافت ہونا ، آمد ہونا ، پانا ، حاصل ہونا ، ہاتھ آنا .

قلعے کی تنخواہیں تو تھوڑی تھیں ، مگر اوپر سے انعام و اکرام ملا کر بہت کچھ پڑتا تھا .

۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۲۰۵

مول بیاج دے کر چھٹ جانے کا تو تمہیں مفت پڑا .

۱۹۱۱ قصہ مہر افروز ، ۷۶

۳۳ دکھائی دینا ، نظر آنا ، معلوم ہونا (عموماً 'سے' کے ساتھ) .

شاید میں نے ان کو کہیں دیکھا ہے ظاہرا صورت آشنا سے پڑتے ہیں .

۱۸۰۱ آرائش محفل ، حیدری ، ۱۵

۳۴ آویزاں ہونا ، لٹکنا ، ڈلنا .

ناتوانی کی بھی حد ہوگئی اے غیرت گل
پھولے دم اپنا جو گردن میں کبھی ہار پڑے

۱۸۵۸ امانت ، د ، ۱۱۰

اور زیور سادگی کو بار تھا کان میں آویزہ گوہر پڑا

۱۹۳۲ ریاض رضوان ، ۱۱

۳۵۔ تھکنا، عاجز ہونا، ہارنا (فرہنگ آصفیہ، ۱ : ۵۲۱)۔

۳۶۔ پھنسنا، گھرنا۔

بھنور ہے کہ جہاں من عاشق کا پڑتا ہے سو نہیں نکلتا۔

۱۷۴۶ قصہ مہر افروز و دلبر، ۳۸

دل سے جاتا ہی نہیں ابرو و مژگاں کا خیال
پڑ گئے تیروں میں ہم گھر گئے تلواروں میں

۱۹۳۲ ریاض رضوان، ۲۰۲

۳۷۔ ضامن ہونا، قدم درمیان دینا، دخل دینا۔

تمہاری بات میں پڑے سو گرہ سے بھرے۔

۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ، ۱ : ۵۲۲

۳۸۔ خمیازہ بھگتنا، اثر ہونا، وارد ہونا (کسی فعل بد وغیرہ کا) (عموماً 'پر' کے ساتھ)۔

اس کو ملتا ہے جو کمایا اور اس پر پڑتا ہے جو کیا۔

۱۷۹۰ ترجمۂ قرآن مجید، شاہ عبدالقادر، ۲۴

اگر وہ جھوٹھا ہوگا تو اس پر پڑے گا اس کا جھوٹھ، اور تم کو کچھ ضرر نہیں اور اگر وہ سچا ہوگا تو تم پر پڑے گا۔

۱۸۴۵ احوال الانبیا، ۱ : ۴۹۱

بری تدبیر کرنے والے ہی پر پڑتی ہے۔

۱۸۹۷ البرامکہ، ۱۱۲

۳۹۔ روانہ ہونا، چلنا (راستہ، سڑک وغیرہ کے ساتھ)۔

وہ بھی اسی طرح بے سمجھے بوجھے ایک عام راستے پر پڑ لیا اور کچھ نظر نہیں آتا کہ ہم کہاں جا رہے ہیں۔

۱۹۰۹ مقالات شبلی، ۳ : ۱۵۲

۴۰۔ طاری ہونا، چھا جانا۔

سڑک پر سناٹا پڑ گیا اور چاروں طرف اندھیرا چھا گیا۔

۱۸۸۹ سوانح عمری امیر علی ٹھگ، ۱۶۸

ان کا تو کھیل ہو گیا اور مرے جی پہ آ بنی
سنتے ہی نام پڑ گئی سارے بدن میں سنسنی

۱۹۲۵ عالم خیال، ۱۳

۴۱۔ بیمار ہونا، ماندہ ہونا۔

گذرتا دل میں خیال اس کی زلف کا
پریشاں ہو اسی تھے یوں پڑیا ہوں

۱۶۷۸ غواصی، ک، ۱۳۱

اوپر تلے تینوں بچے پڑ گئے، مسعود خاصی اچھی طرح کھیلتا پھر رہا تھا، ماں کی شکل دیکھتے ہی جو بخار چڑھا تو اٹھنا مشکل ہو گیا۔

۱۸۹۵ حیات صالحہ، ۵۰

۴۲۔ (بے احتیاطی بے روائی سے یا بے محل) رکھا جانا، دھرا جانا۔

مہری نگاہ شوق پڑی خوش ہوئے یہ بت
اک چیز مفت مل گئی ان کو پڑی ہوئی

۱۹۲۱ اکبر، ک، ۳ : ۳۵۴

۴۳۔ (زمین کا) افتادہ غیر مزروعہ یا بنجر ہونا (ماخوذ: نوراللغات، ۲ : ۹۰)۔

۴۴۔ آنا، درپیش ہونا، پیش آنا۔

آہی کیا اسے کیا علاج، جیسا پڑے ویسا سوسے باج۔

۱۶۴۵ سب رس، ۴

رہ عشق میں اس کے گھبرا نہ او دل
کڑی سے کڑی آگے منزل پڑے گی

۱۸۳۲ دیوان رند، ۱ : ۱۴۹

۴۵۔ (صورت عادت فطرت یا خصلت میں کسی کے) مشابہ ہونا، مثل ہونا (عموماً پر کے ساتھ)۔

حوروں کی شکل پر ہیں نہ آدم کی شان پر
یہ بت پڑے ہیں اور کسی خاندان پر

۱۸۷۲ عاشق لکھنوی، فیض نشان، ۸۵

دل کی خو بو کچھ نہیں اے طفل اشک
کچھ نہیں معلوم تو کس پر پڑا

۱۹۳۳ ریاض رضوان، ۱۲

۴۶۔ دخل دینا، دخیل ہونا، شریک ہونا (عموماً میں کے ساتھ)۔

خضر کے مقام کو اٹپڑنا تو اس بات میں پڑنا۔

۱۶۳۵ سب رس، ۱۱

رخ پر نور سے لڑتی ہیں نگاہیں سب کی
فیصلہ کرتا ہے خود بیچ میں پڑ کر سہرا

۱۸۹۱ عاقل، د، ۱۳۳

سیاسی امور میں غور کرنے اور عملی تحریکوں میں پڑنے سے ان کا نقطۂ نظر بدل گیا۔

۱۹۳۵ چند ہم عصر، ۳۳۰

۴۷۔ طبیعت کے مناسب ہونا، مفید ہونا۔

یہ دوا نہیں پڑتی۔

۱۹۲۶ نوراللغات، ۲ : ۹۰

۴۸۔ پھنسنا، رک: گرہ پڑنا (ماخوذ: نوراللغات، ۲ : ۹۱)۔

۴۹۔ اثر پہنچنا، رک: دباؤ پڑنا، مار پڑنا (ماخوذ: نوراللغات، ۲ : ۹۱)۔

۵۰۔ (i) بطور فعل معاون (مجبوری ضرورت وغیرہ کے موقع پر مصدر کے ساتھ)۔

ملاتا ہے ایسا معما شناس
جو پھرنا پڑے پوچھنا کس کے پاس

۱۶۵۷ گلشن عشق، ۱۱۲

جانا پڑا رقیب کے در پر ہزار بار
اے کاش جانتا نہ ترے رہگذر کو میں

۱۸۶۹ غالب، د، ۱۹۰

کہتے کیا ہیں ان کو کہنا پڑا ہے کہ مذہب سے الگ آدمی جانور سے بدتر ہے۔

۱۹۰۸ صبح زندگی، ۸۷

(ii) بطور فعل معاون (کسی فعل کے اچانک اتفاقیہ واقع ہونے کے موقع پر) .

اس کے ہاتھ میں سے سوں ہڈ نکل کر پڑیا ، او خربوزے بیچ ہوا .

۱۴۲۱ شکار نامہ ، خواجہ بندہ نواز (شہباز فروری ۶۲ع)

مکینہ پڑتی ایسی بھوٹ جانوں پڑیا آسماں توٹ

۱۵۰۳ نوسر ہار (اردو ادب، ۲ ، ستمبر ۱۹۵۷ء ، ۶۴)

دل ہل گیا جو وصل میں کھٹکا ذرا ہوا
یہ ڈر ہوا کہ چونک نہ مرغ سحر پڑے

۱۸۷۲ نظام ، ک ، ۳۷۲

ٹھوکر مجھے لگا کے جو نکلا وہ ناز سے
اتنی خوشی ہوئی کہ مرا دل اچھل پڑا

۱۹۲۵ شوق قدوائی ، د ، ۶

[س : پتنی पतनीय]

پڑنا (۲) (ف پ ، سک ڑ) ف م (قدیم) .

رک : پڑھنا .

پڑا میں نے رسالہ فارسی میں
کیا میں نے بیان ہندی زبان میں

۱۵۹۱ گل و صنوبر (ق) ، عاجز ، ۶

بے کس و ناکس ہوں میں کس سے کروں پیرت کی بات
میرے روں روں خط کوں پڑتا ہے تمارا دل دبیر

۱۶۱۲ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۲۱

تجھ زلف کا بستار لکھا آج ولی نے
اس سحر کے طومار کوں پڑ کون سکے گا

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۲۳

اے سننا ہور پڑنا منفعت ہے
جناب حق سیں اس کوں مغفرت ہے

۱۸۳۰؟ نورنامہ (ق) ، احمد ، ۱۷

پڑنہار (۱) (ف پ ، ڑ ، سک ن) صف مذ (قدیم) ؛ ~ پڑنہارا .

پڑھنے والا .

ہوس ہوئے اکلا پڑنہار کوں نہ ہوئے کدورت لکھن ہار کوں

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۲۸۳

[ا : پڑن = پڑھن ، پڑھنا (رک) سے + ہار ، لاحقۂ صفت]

پڑنہار (۲) (ف پ ، ڑ ، سک ن) صف مذ (قدیم) .

پڑ رہنے والا ، لیٹے رہنے والا ، (مجازاً) سست ، کاہل ،

رک : پڑنہارا (۱) .

تو ہر صبح اوپر ہلاتا نکل پڑن ہار تھا تس نظارے میں جل

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۵۶

[ا : پڑن ، پڑنا (رک) سے + ہار ، لاحقۂ صفت]

پڑنہارا (۱) (ف پ ، ڑ ، سک ن) صف مذ (قدیم) .

(مجازاً) حملہ کرنے والا .

ہمت کہیا جوکوئی مرد ہے وو لڑنہاراچہ ہے ، دشمن پر جا کر پڑنہاراچہ ہے .

۱۶۳۵ سب رس ، ۲۶۳

[ا : پڑن ، پڑنا (رک) سے + ہارا ، لاحقۂ صفت]

پڑنہارا (۲) (ف پ ، ڑ ، سک ن) صف مذ (قدیم) .

رک : پڑنہار (۱) .

کوئی ہے پڑنہارا علم اوس پر کرے باری مدد

۱۶۳۵ تحفۃ المومنین ، ۲۲

پڑوا (۱) (ف پ ، سک ڑ) امذ .

۱. رک : پتوار (ا پ و ، ۵ : ۱۶۸) .

۲.(i) گھاٹ پر رہنے والی وہ ناو جو مسافروں کو پار لے جاتی ہے (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۰ ؛ انگلش اینڈ ہندوستانی ٹیکنیکل ٹرمز ، ۱۰) .

(ii) بجرا (انگلش اینڈ ہندوستانی ٹیکنیکل ٹرمز ، ۹۹۱) .

[۰ : پڑوا पढ़वा]

پڑوا (۲) (ف پ ، سک ڑ) امذ .

چاند کے اجالے یا اندھیری پاکھ کی پہلی تاریخ ، اول دوم پاکھ کی پہلی تاریخ ، دوج سے پہلے کا دن (فرہنگ آصفیہ، ۱: ۵۲۲) .

[۰ : پڑوا पढ़वा]

ــ گمن (ــ سفر) نہ کیجئے جو سرب سونے کی ہو کہاوت.

قمری مہینے کی پہلی تاریخ کو سفر نہیں کرنا چاہیے چاہے سونا ہی ملتا ہو (جامع اللغات ، ۲ : ۸۳) .

[پڑوا + گمن (رک)]

پڑوا (۳) (ف پ ، سک ڑ) امذ .

بھینس کا نر بچہ ، کٹڑا .

بھینسا . . . نر بچہ کو پڑوا اور کٹڑا اور مادہ بچہ کو پڑیا اور پریا اور جوان . . . کہتے ہیں .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۳۵

[س : پرتھک पृथक]

پڑوا (ف پ ، ضم ڑ) اسث .

زمین کی ایک قسم جس کی مٹی بھوری ، بھربھری اور ریتلی ہوتی ہے اور جس میں ریت اور چکنی مٹی ملی ہوئی ہوتی ہے

(ماخوذ : کھیت کرم ، ۷) .

ایسی زمین کو ملک میں روسلی اور . . . پڑوا کہتے ہیں .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۴۱

[٠ : پڑوا पड़वा یا مقامی]

پڑوانا (فت پ ، سک ڑ) ف م .

ڈلوانا ، گروانا ، پڑنے کا کام دوسرے سے کرانا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸) .

[ا : پڑنا (رک) کا تعدیہ]

پڑوانا (کس پ ، سک ڑ) ف م .

دبوانا ؛ نچوڑنا ؛ بھینچنا ؛ پسنا ؛ کچلنا (پلیٹس) .

[٠ : پڑوانا पड़वाना]

پڑوایا (فت پ ، سک ڑ) امذ .

لکڑی کے چھوٹے چھوٹے گول یا چوکور ٹکڑے جو پلنگ چوپرکھٹ وغیرہ کے پایوں کے نیچے رکھے جاتے ہیں .

یہ بھی دیکھا ہے کہ دن بھر پڑوائے انگنائی میں پڑے رہے .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۱۴

[٠ : پڑوایا पड़वाया]

پڑوتا (فت پ ، و لین) امذ .

پوتے کا بیٹا .

کہا نفس زکیہ جس کو سرور پڑوتا تھا حسن کا اے برادر

۱۷۹۱ بہشت بہشت ، ۷ : ۱۴۴

اس کے پوتے پڑوتے . . . زندہ تھے .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۳ : ۵۰

پھر پکارتا ہے کہ دولھا کے باوا کو پوتے پڑوتے کھلانے نصیب ہوں .

۱۹۰۵ رسوم دہلی ، سید احمد ، ۸۰

[پڑپوتا (رک) کی تخفیف]

پڑوتی (فت پ ، ڑ) امث .

افتادہ یا بنجر (زمین) ، وہ کھیت جس میں کبھی کبھی کاشت ہو .

دوسری قسم کی زمین جس کا نام پڑوتی تھا ، ہمیشہ کاشت نہ ہوتی تھی .

۱۸۵۸ اسباب بغاوت ہند ، ۳۸

[رک : پڑوا]

پڑوج (فت پ ، سک ڑ ، فت و) امذ .

ایک قسم کا باجا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۰) .

[دیسی]

پڑو چولھے (— بھاڑ) میں فقرہ .

غصے کے عالم میں یا چڑ کر بے روانی ظاہر کرنے کے موقع پر عورتیں بولتی ہیں جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ہمیں کوئی مطلب یا واسطہ نہیں یا اس میں ہمارا کوئی نقصان یا فائدہ نہیں (ماخوذ : محاورات ہند ، ۴۹) .

پڑودی (فت پ ، و مج) امث .

آنت کی اندرونی سطح پر کی باریک جھلی جس میں ورم ہو جانے سے ایک قسم کا زہریلا بخار ہو جاتا ہے (اپ و ، ۷ : ۱۱۹) .

[ف : پر + رود + ی غالبا]

پڑوس (فت پ ، و مج نیز لین) امذ .

ہمسایگی ، قرب و جوار ، قریب ، آس پاس کی جگہ .

حضرت موسیٰ کی ماں نے کہا کہ پڑوس میں ایک شخص نے آج بکری ذبح کی ہے اس کا گوشت لا اور ایک ہانڈی میں رکھ .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۳۶۳

جس کے راستے پانی بہ نسبت پڑوس کی راہوں کے زیادہ آسانی سے بہتا ہے .

۱۹۶۳ تجزیۂ نفس ، ۳۵۲

[س : پرتِ + وات प्रति + वात]

— چھوڑ پیٹ کرے کہاوت .

بدمعاش آدمی کے متعلق کہتے ہیں چونکہ اسے ہمسائے اچھی طرح جانتے ہیں وہ اس سے دوستی پیدا نہیں کرتے تو اسے دور کے لوگوں سے دوستی پیدا کرنی پڑتی ہے (جامع اللغات ، ۲ : ۸۴) .

— کرنا محاورہ .

پڑوس میں بسنا ، ہمسایہ ہونا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۸۱) .

— والا صف مذ ؛ مث : پڑوس والی .

ہمسایہ ، قرب و جوار میں رہنے والا ، دیوار بہ دیوار بسنے والا .

پڑوس والوں سیتی اچھا سلوک کرنا .

۱۶۷۰ صراط المستقیم ، عماد ، ۱۱

کیا نکھر کے آئی ہیں سب پڑوس والیاں
اور میں نصیب کو دے رہی ہوں گالیاں

۱۹۲۵ عالم خیال ، ۴

[پڑوس + والا (رک)]

پڑوسا (فت پ ، و مج نیز لین) امذ .

ہمسایگی ، (مجازاً) سہارا .

بحری نہ سنگ او ر کا پڑوسا ہر یک وادی کو بس ہے ہادی

بحری ، ک ، ۲۰۷ ۱۷۱۷

[پڑوس + ا ، زائد]

پڑوسن (فت پ ، و مج نیز لین ، فت س) امث .

پڑوسی (رک) کی تانیث : ہمسایے کی بیوی ؛ گھر کے نزدیک رہنے والی عورت ، برابر کے مکان والی ، ہمسائی .

اکیلا گھر ہے کونے میں کسی کا نیں گزر اکثر
پڑوسن جواب دیتی نیں انگن میں سیں پکارے پر

ہاشمی ، د ، ۷۸ ۱۶۹۷

پھر جو پڑوسن سے کرتا زنا
زناہ دس برابر اونہا مار کھا

آخر گشت (ق) ، ۱۶۰ ۱۷۶۹

وہ اماں اٹھیں شاید آئیں ادھر
چلو ٹل گئیں ہی پڑوسن کے گھر

قاسم اور زہرہ ، ۴۳ ۱۹۱۰

ــ کے (گھر) مینہ برسے گا تو اپنی بھی اولتی (اولتیاں) ٹپکے گی/ٹپکیں گی کہاوت .

ایک دوسرے سے نفع پہنچتا ہے یا کسی عزیز رشتہ دار کے مالدار ہو جانے سے نفع ہو ہی جاتا ہے (نجم الامثال ، ۱۲۵) ؛ غیروں کے فائدے سے کچھ اپنا بھی فائدہ ہو ہی جائے گا (گنجینۂ اقوال و امثال ، ۷۳) ، غیروں کا بہت فائدہ ہوگا تو کچھ نہ کچھ تھوڑا بہت ہم کو بھی ہوگا (محاورات ہند ، ۵۴) .

پڑوسی (فت پ ، و مج نیز لین) امذ .

ہمسایہ ، پڑوس میں رہنے والا ، دیوار بہ دیوار رہنے والا .

ہو پڑوسی اونے یک مکاں
واں کیا ہُنے کے تئیں اپنا ٹھکاں

ریاض غوثیہ ، ۷۵ ۱۷۷۳

ہم ٹھیرے دیوار بیچ ان کے پڑوسی .

فسانۂ مبتلا ، ۴۳ ۱۸۸۵

آج تمہارا ایک پڑوسی آ کر کہتا ہے کہ ،، وہ بیچارہ بڈھا فقیر رات کو مر گیا،، تم کو اس بیان کے باور کرنے میں کوئی تامل نہیں ہوتا .

سیرۃ النبی ، ۳ : ۱۱۵ ۱۹۲۳

[پرتِ + واسی प्रति + वासी]

ــ کا بُرامت چا ہو فقرہ .

ہمسائے کو نقصان نہیں پہنچانا چاہیے (جامع اللغات ، ۲ : ۸۴) .

ــ کے مینہ برسے گا تو ہمارے بھی پھوار آرہے گی کہاوت .

رک : پڑوسن کے مینہ برسے گا تو اپنی بھی اولتی ٹپکے گی (خزینۃ الامثال ، ۵۴) .

پڑوی (فت پ ، سک ڑ) امث .

ایک قسم کی ایکھ .

اکھاڑی تین قسم کی ہوتی ہے ایک پڑوی اس کی زمین بھادوں میں واساڑھ میں باہن کرتے ہیں .

کھیت کرم ، ۳۲ ۱۸۴۶

[؟]

پڑی (۱) (فت پ) امث .

۱. مصیبت ، غم ؛ افتاد ، حادثہ .

مرض ہوتا ، علاج کرتی ، دکھ ہوتا دوا پیتی ، لگی کا علاج کیا اور پڑی کی دوا کیسی .

گرداب حیات ، ۱۰۶ ۱۹۳۶

۲. فکر ، چنتا .

رند خراب حال کو زاہد نہ چھیڑ تو
تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو

ذوق ، د ، ۱۵۲ ۱۸۵۴

[پڑنا (رک) سے]

پڑی (۲) (فت پ) صف ، مث .

پڑا (رک) کی تانیث ؛ شمالی ہند کی بعض بولیوں کا لہجے کی وجہ سے نام (کھڑی کے بالمقابل) .

اردو قطب الدین ایبک کے دہلی کے تخت نشینی کے زمانے میں برج ، قنوجی ، بندیلی ، وغیرہ بولیوں سے امتیاز حاصل کرکے پختہ اور آزاد بول چال کی زبان کا درجہ حاصل کرچکی تھی اور اس امتیاز کے بعد اہل علم نے اسے کھڑی بولی کا نام دیا اور دوسری ہمسر بولیوں کو ، پڑی ، کے نام سے موسوم کیا .

، سہ ماہی اردو ، ۴۲ ، ۲ : ۱۱۶ ۱۹۶۶

ــ بولی (ــ و مج) امث .

شمالی ہند کی بعض بولیوں کا لہجے کی وجہ سے نام (کھڑی بولی کے بالمقابل ، رک : پڑی (۲) .

کھڑی بولی . . . فارسی کے زیر اثر پیدا ہوئی جس کا لہجہ . . . پڑی بولیوں سے مختلف ہے .

امیر خسرو ، صفدر آہ ، ۴۷ ۱۹۶۶

— کرنا ف م .

قیام کرنا ، ٹھہرنا ، پڑاؤ کرنا .

وو منزل کے منزل کیے تھے پڑی
تن ہلکا کیے تھے اتر یک گھڑی

جنگ نامہ سیوک ، ۳۸ ۱۶۸۱

— کے گواہ (— فت گ) امذ ؛ ج .

وہ گواہ جو کسی خاص مقدمۂ اراضی کی بابت گواہی دیں یہ نمبردار ، ذیلدار ، کھیوٹ دار ہوتے ہیں جو اراضی متنازعہ فیہ کے قریب رہتے ہیں (جامع اللغات ، ۲ : ۸۳) .

— لکیر (— فت ل ، ی مع) امث .

۱. انگریزی ڈیش (Desh) کا ترجمہ جو وقفہ یا جملۂ معترضہ ظاہر کرنے یا چھوٹے ہوئے حروف کی نشاندہی کرنے ، سیدھا خط (ماخوذ : انگلش اردو ڈکشنری ، عبدالحق) .

۲. (ہندی موسیقی) کومل سر یا ملایم سر کی علامت ، اردو میں ملایم زبر اور ملایم پیش کی علامت (ماخوذ : اردو ادب، ۱ : ۶۴ ، ۱۹۶۶) .

[پڑی + لکیر (رک)]

— پڑی آواز (— و مع) امث .

بیٹھی ہوئی آواز ، وہ آواز جو گلے سے صاف صاف نہ نکلے (نوراللغات ، ۲ : ۹۳) .

— ہے مقولہ .

دُھن ہے ، خواہش ہے .

میں سسکتا ہون پڑی ہے تمھیں گھر جانے کی
بیٹھ جاتے مرا مردہ تو اٹھائے جاتے

امانت ، د ، ۱۲۲ ۱۸۵۸

کیوں آپ کو خلوت میں لڑائی کی پڑی ہے
ملنے کی گھڑی ہے کہ یہ لڑنے کی گھڑی ہے

سفینۂ نوح ، ۱۸۶ ۱۹۰۳

پڑی (کس پ) امث .

رک : پیڑھی (بیٹھنے کی) .

یوسن بات مینانے پاواں پڑی
دیتی بیٹھنے اپنی بیسک پڑی

مینا ستونتی ، ۱۳۳ ۱۶۳۵ ؟

پُڑی (۱) (ضم پ) امث .

پُڑا (رک) کی تصغیر ؛ پڑیا ، کاغذ کی بندھی ہوئی چھوٹی پوٹلی .

پڑی . . . کاغذے کہ چیزے درآں نہادہ بیچند مثل قرنفل والاچی وغیرہ .

نوادرالالفاظ ، ۱۱۵ ۱۷۵۱

حضرت کا معمول تھا کہ کاغذ میں روپیہ ، اٹھنیاں بطور پڑی باندھ چھوڑا کرتے تھے .

تحقیقات چشتی ، ۲۱ ۱۸۶۴

پُڑی (۲) (ضم پ) امث .

پُڑا (۱) معنی نمبر ۲ (رک) کی تصغیر ، طبلے ڈھول اور اسی قسم کے باجوں کے منھ کا منڈھا ہوا چمڑا .

کھال یا پڑی کے بیچ میں کوئی تین انچ قطر کا سیاہ رنگ کا مسالہ ربڑ کی طرح لٹکا ہوتا ہے .

ہماری موسیقی ، ۱۰۸ ۱۹۶۱

پُڑی (۳) (ضم پ) امث .

کان کے بالمقابل چہرے کی ہڈی ، کنپٹی .

ڈرتے ڈرتے آگے بڑھا اور ڈھیلے ہاتھ سے آقا کے بائیں کلّے کی پڑی پر تھاپ لگادی .

'اودھ پنچ' لکھنؤ ، ۱۲ ، ۶ : ۹ ۱۹۲۷

[س : پُری]

پڑے (فت پ) صف ، م ف .

پڑا (رک) کی جمع یا معرفہ حالت (مرکبات میں مستعمل) .

— بھاڑ چولھے میں فقرہ .

ختم ہو جائے ، دور ہو جائے ، مٹ جائے ، برباد ہو جائے (غصہ میں کہتے ہیں) .

تمھیں جیتے جی مار رکھا ہے اس نے
پڑے بھاڑ چولھے میں یہ وضعداری

رسالہ ، مخزن ، مئی ، ۶۰ ۱۹۰۸

— پڑے (— فت پ)صف .

۱. مجبور ، بے بس .

اٹھنا ہمارا گر کے کھلاڑی کے ہاتھ سے
منہ تاکتے ہیں پاسے کی صورت پڑے پڑے

نسیم دہلوی ، د ، ۴۵ ۱۸۶۵

۲. بیکار ، بے مقصد .

دن بھر یونہی پڑے پڑے گزر گیا .

سفر نامۂ ہندوستان ، حسن نظامی ، ۸ ۱۹۰۷

ــ پڑے چار پائی سے لگ جانا محاورہ .

بیماری کی وجہ سے لیٹے لیٹے اٹھنے کے قابل نہ رہنا (جامع اللغات ، ۲ : ۸۳) .

ــ جھول رہے ہیں کہاوت .

جب کوئی بات درمیانی حالت میں پڑی ہو اور ایک طرف نہ ہوتی ہو تو عاجز ہو کر یہ کہتے ہیں ، بیچ یا اُدھر میں لٹکے ہوئے ہیں .

جیتے ہیں نہ مرتے ہیں پڑے جھول رہے ہیں
کھوارۂ جنباں ہیں ادھر کے نہ ادھر کے
شاد ، د ، ۱۲۰ ۱۸۹۹

ــ ڈبکیاں کھا رہے ہیں کہاوت .

مصیبتیں جھیل رہے ہیں (جامع اللغات ، ۲ : ۸۳) .

پڑیا (۱) (ف ت پ ، سک ڑ) امث .

پربا (رک) کا بدلا ہوا تلفظ ، خوبصورت ، پری جیسی .

اگر جو ایسی بات ہے تو ہمارا بھی یہاں ٹھکانا نہیں یار لوگ بھی سائے کی طرح اپنی پڑیا کے ساتھ ہوں گے .
سجاد حسین ، طرح دار لونڈی ، ۶۷ ۱۹۱۵

پڑیا (۲) (ف ت پ ، سک ڑ) امث ؛ ــ پڈھیا ، پڑھیا .

پڑوا (رک) کی تانیث ، کٹیا ، بھینس یا گائے کا مادہ بچہ .

جب چالیس (گائے یا بھینس) ہوں تو ایک مسنہ یعنی دو برس کی پڑیا یا پڑوا حساب لگا کر دو .
نورالہدایہ ، ۱ : ۱۷۸ ۱۸۶۷

میری گائے کی پڑھیا تین سال عمر کی تقریباً اچھی خاصی گائے تھی .
قطب یار جنگ ، شکار ، ۲ : ۳۲۷ ۱۹۳۲

پڑیا (کس پ ، ڑ) امث .

پیڑا (رک) کی تصغیر ، چاول کا گندھا ہوا آٹا جو لمبوترے پیڑے کی شکل کا بنا کر ادھن میں چھوڑ دیا جاتا ہے اور اُبل جانے پر کھایا جاتا ہے ، لمبوترے اور گول شکل کی ستو کی بنی ہوئی پنڈیا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۹۸) .

[س : पिण्डिका کا پنڈکا]

پڑیا (ضم پ ، سک ڑ) امث .

رک : پڑی (۱) .

جلا اپلوں میں اس کو خوب تو پیس
بنا کر اس کی پڑیاں ایک چالیس
فرسنامہ رنگین (ق) ، ۲۰ ۱۷۹۵

وصف لعل لب کو لکھ کر کیوں لفافہ کرتے ہیں
باندھتا بھی ہے کوئی کاغذ کی پڑیا میں چراغ
میر ، ک ، ۱۳۰ ۱۸۱۰

میں نے کوچبان سے لے کر کاغذ کے پرزے میں ایک روپیہ رکھ پڑیا بنا اردلیوں کو دکھا کر نیچے پھینک دیا .
ابن الوقت ، ۸۱ ۱۸۸۸

۲. شکر وغیرہ کی پڑیاں جو عام طور پر نذر نیاز میں استعمال ہوتی ہیں ، رک : پڑیاں معنی (۲) .

پیر دیدار کا کونڈا مانیے ہی ترت پھرت کی پڑیا .
طلسم ہوشربا ، ۵ : ۸۴۹ ۱۸۹۱

۳. مجموعہ ، ہوٹ .

اس مقام پر ممکن ہے کہ ہر حرف کا مخرج لکھ کر پاس اور دور کا فرق دکھاؤں مگر نہیں چاہتا کہ کتاب کو مشکلات کی پڑیا بنا کر طبیعتوں کو بد مزہ کروں .
سخندان فارس ، ۱ : ۵۰ ۱۸۸۷

۴. (مجازاً) پسی ہوئی دوا ، دوا یا کوئی سفوف جو پڑیا میں بندھا ہو .

کیا کہیں ہم کو مطب میں بھی یہ نسخہ نہ ملا
پوچھیے وصل کی پڑیا کوئی عطاروں سے
کلیات اختر ، ۶۶۱ ۱۸۶۱

اس میں کیا ہے لیکن عجب طلسماتی پڑیا ہے جہاں رکھی جائے ، وہیں ایک طرح کا سوز . . . پیدا کر دیتی ہے .
سی پارۂ دل ، ۳ ۱۹۱۶

۵. (کاغذ میں بندھا ہوا) رنگ .

اور ناک کو دیکھ جاڑے سے کیسی لال ہوگئی ہے؟ جیسے کسی نے پڑیا مل دی ہو .
اتالیق بی بی ، ۲۳ ۱۹۱۶

۶. سیندور وغیرہ کی ہوٹ جو شادی وغیرہ کے موقع پر استعمال ہوتی ہے (جامع اللغات ، ۲ : ۸۵) .

[س : पुट + इका کا پُٹ + اِکا]

ــ کا لٹھا (ــ ف ت ل ، شد ٹھ) امذ .

ایک قسم کا باریک لٹھا جس کا تھان کاغذ میں لپیٹ کر بکتا تھا (نوراللغات ، ۲ : ۹۳ ؛ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۲) .

ــ میں آتا ہے کہاوت .

ارزاں شے جو مہنگی ہو جاوے اس موقع پر بولتے ہیں مثلاً جو گھڑی میں آتی ہو وہ لفافوں میں ملنے لگے جیسے گندم نخود وغیرہ (ماخوذ : محاورات ہند ، ۵۰) .

پڑیال (فت پ ، سک ڑ) امث .

(ٹھگی) تیتر کی آواز کا شگون ، کرلی ٹھگوں کی اصطلاح میں تیتر کی آواز جس سے ٹھگ شگون لیتے ہیں ان کے خیال میں گھر سے نکلتے وقت رات کو تیتر کا اور دن کو گیدڑ کا بولنا نہایت منحوس ہوتا ہے (ا پ و ، ۸ : ۱۷۶) .

[مقامی]

پڑیاں (ضم پ ، سک ڑ) امث ، ج .

۱. پڑیا (رک) کی جمع .

اوپر تلے چار پڑیاں اس نے اپنے سامنے پلائیں .

توبۃ النصوح ، ۱۶ ۱۸۷۷

۲. نیاز کی شیرینی جو کاغذوں میں لپٹی ہو ، یہ پڑیاں دو قسم کی ہوتی ہیں : (بیگمات قلعہ) ایک تو یہ کہ شیرینی پر چہل بی بی کے نام کی نیاز یا فاتحہ دلا کر بانٹ دیتی ہیں ، دوسرے سیندور اور عبیر کی پڑیاں جو پریوں یا چہل بی بی کے نام پر فاتحہ کی بجائے ہوا میں اڑا دیتی ہیں (ماخوذ : فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۲ ؛ نوراللغات ، ۲ : ۹۳) .

سیندور اور عبیر کی پڑیاں ان کے نام پر اڑا دیتے ہیں .

دریائے لطافت ، ۱۰۱ ۱۸۰۸

— اڑانا/چھوڑنا محاورہ (عو) .

ایک قسم کی منت ، چہل بی بی یا پریوں کی نیاز دلوا کر عبیر اور سیندور کی پڑیاں شام کے وقت ہوا میں اڑانا .

شرطی اڑاؤں پڑیاں اور دوں کھڑا میں دونا
گر اب کے مجھ سے مل جائے اے پیر مری باجی

رنگین (دیوان رنگین و انشا) ، ۵۵ ۱۸۳۵

پڑیانا (فت پ ، کس ڑ) ف م .

بھینس کا بھینسے سے جفتی کرانا ، بھینسانا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۱) .

[ہ : پڑیانا पड़ियाना]

پڑیل (فت پ ، سک ڑ ، فت ی) .

(الف) صف مذ .

پڑ رہنے والا ، وہ شخص جو ہر وقت اور ہر جگہ لیٹا رہے ؛ چلنے پھرنے سے مجبور ، احدی ، سست ، کاہل (ماخوذ : نوراللغات ، ۲ : ۹۳) .

(ب) امث .

کوڑا کرکٹ ، الا بلا ، فضول اشیا (جامع اللغات ، ۲ : ۸۵) .

[س : पतिता + ل ؟ पतिता + ल]

پڑیں پتھر فقرہ .

(عو) کسی کام کے بگڑنے یا بات کے نا پسند ہونے پر عورتیں غصے میں بولتی ہیں (محاورات ہند ، ۴۶) .

پڑیں پٹاک فقرہ .

(عو) کسی کام یا چیز کے بگڑنے پر عورتیں غصے میں بولتی ہیں (محاورات ہند ، ۵۱) .

پڑھ (فت پ) .

پڑھنا (رک) کا مادہ جو اکثر موالع پر بطور سابقہ یا خود کسی سابقے یا لاحقے کے ساتھ استعمال ہوتا ہے اور پڑھنا عام حاصل کرنا تعلیم پانا وغیرہ کے معنی دیتا ہے ، رک : پڑھ پتھر وغیرہ .

[س : पठित : पठ्त]

— **پتھر** (— فت پ ، شد تھ بہ ت) صف .

جاہل ، اجڈ ، کند ذہن .

ان لوگوں کی طرح پڑھ پتھر نہ ہوجائیں جن کو ان سے پہلے کتاب دی گئی تھی .

ترجمہ قرآن مجید ، نذیر احمد ، ۸۶۲ ۱۸۹۵

[پڑھ + پتھر (رک)]

— **پتھر لکھ روڑا** (— لہڑا) بھلے ، اینٹیں باندھ کچھری گئے کہاوت .

پوری کوشش کے باوجود علم سے بے بہرہ رہے (دریائے لطافت ، ۷۸) ؛ وہ بیوقوف اور جاہل جو عالمانہ وضع رکھے یہ مثل اس پر صادق آتی ہے (نجم الامثال ، ۱۲۵) .

— **پتھر ہوا/ہوئے** کہاوت .

(عو) نہ کچھ پڑھا نہ کچھ سیکھا جاہل کا جاہل رہا/رہے (نوراللغات ، ۲ : ۹۲ ؛ محاورات ہند ، ۴۶) .

— **پڑھا آنا** محاورہ .

بیدلی سے پڑھ کر آ جانا ، (ٹالنے یا نبھانے کے لیے) بادل ناخواستہ پڑھ کر آ جانا .

بپاس خاطر ذی مرتبت علی ضامن
مشاعرے میں گیا اور پڑھ پڑھا آیا

ظریف لکھنوی ، دیوانجی ، ۲ : ۱۷۵ ۱۹۳۷

— **پڑھ کر (کے) کھلانا** محاورہ .

کوئی اسم یا دعا وغیرہ کسی چیز پر دم کر کے کسی خاص مقصد کے پیش نظر کسی کو کھلا دینا .

گلوریاں تو بہت سی کھلائیں پڑھ پڑھ کر
بلاؤ پانی میں دو چار گھول کر تعویذ

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۵۷

کیونکر نہ باغیوں سے لگاوٹ کرے وہ گل
پڑھ پڑھ کے روز پھول کھلاتے ہیں پان میں

۱۸۵۸ امانت (مہذب اللغات ، ۳ : ۷۲)

— پڑھ کے پھونکنا محاورہ .

دفع مرض یا دفع بلا کے لیے کوئی دعا یا اسم وغیرہ پڑھ کر کسی پر دم کرنا .

مرے حال زبوں پر ہائے کس کس کو نہ رحم آیا
اجل نے بھی تو کچھ پڑھ پڑھ کے پھونکا جان پھونکا

۱۹۰۵ داغ (مہذب اللغات ، ۳ : ۷۱)

— کر دم کرنا محاورہ .

آیت یا افسوں پڑھ کر پھونک مارنا (جامع اللغات ، ۲ : ۸۴) .

— کے بخشنا محاورہ .

ایصال ثواب کے لیے کلام پاک یا کسی سورۃ کی تلاوت کرنا .

سونپا تمہیں خدا کو چلے ہم تو نا مراد
کچھ پڑھ کے بخشنا جو کبھی یاد آئیں ہم

۱۹۰۵ داغ ، یاد گار داغ ، ۳۳

— کے پھونکنا محاورہ .

رک : پڑھ پڑھ کے پھونکنا .

تندرستی ہوئی اس کو جو ترے آتے ہی
اپنے بیمار پہ کیا پڑھ کے مسیحا پھونکا

۱۸۳۳ دیوان رند ، ۱ : ۲۸

کچھ پڑھ کے بھی پھونکے گا جو ناری تو جلے گا
اعجاز ہیں ان پر کوئی افسوں نہ چلے گا

۱۸۷۳ انیس ، مراثی ، ۱ : ۱۳۰

— گن کر (— ضم گ ، فت ک) م ف .

قابل و ماہر ہو کر .

اور اس طرح دستگاہ اس علم میں پیدا کی ، آخر وہاں سے پڑھ گن کر پلٹا .

۱۸۲۴ سیر عشرت ، ۷۹

پڑھا (فت پ) صف مذ .

۱. پڑھا ہوا ، خواندہ ، علم سیکھا ہوا ، پڑھا لکھا ، تعلیم یافتہ .

جو آپ علم ہو اسے کیا علم چاہیے
مشہور یہ خبر ہے پیمبر پڑھے نہیں

۱۸۷۵ آئینۂ ناظرین ، ۱۲۶

دیا ہے آج یہ پیر مغاں نے حکم رندوں میں
شراب اس کو ملے گی جو خط ساغر پڑھا ہوگا

۱۹۲۴ ثمرۂ فصاحت ، ۲۶

۲. پڑھنا (رک) کی ماضی ، مرکبات میں بطور صفت بھی مستعمل (ماخوذ : جامع اللغات ، ۲ : ۸۴) .

[پڑھنا (رک) سے]

— بھلا یا مرا کہاوت .

شریف جاہل کا مرنا بھلا ہے (محاورات بند ، ۴۹) .

— (ہوا) جن (— (ضم ہ) کس ج) امذ .

وہ جن جو ہر علم و فن سے واقف ہونے کے باعث کسی سیانے کے قابو میں نہ آئے ، چالاک شریر اور ہوشیار جن .

میں وہ دیوانہ ہوں بھاگے پڑھا جن دیکھ کے مجھ کو
مرے آگے فتیلہ کب جلا دست پری خواں میں

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۱۰۰

اب آگے آگے یہ شخص اور پیچھے پیچھے وہ مردہ ، شہر میں دونوں داخل ہوئے گویا پڑھا جن سر چڑھا تھا .

۱۸۷۳ عقل و شعور ، ۴۷

بادشاہ نے بہت سا سیانے بلائے مگر وہ بھی پڑھا جن تھا کسی کا عمل و افسوں اس پر نہ چلا .

۱۹۳۷ قصص الامثال ، ۲۵۸

۲. (i) (مجازاً) چالاک ، ہوشیار ، شریر ، چلتا پرزہ آدمی .

خوشامدی سب پڑھے ہوئے جن تھے انہوں نے اپنا تاریخی تجربہ ذہن نشین کیا .

۱۸۸۴ قصص الہند ، ۲ : ۸۹

مدعی یہ نہ چلے گا کبھی فقرہ میرا
وہ پڑھا جن ہے نہ آئے گا میرے قابو میں

۱۹۰۵ داغ ، یاد گار داغ ، ۱۵۷

۳. فتنہ پرداز ، خرانٹ .

یہ پڑھا جن ہے چرخ پرتزویر
اس کا سایہ کوئی اترتا ہے

؟ نکہت (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۴۰۴)

[پڑھا + جن (رک)]

— جن چڑھا کہاوت .

تعلیم یافتہ آدمی بہت ہوشیار ہوتا ہے (جامع اللغات ، ۲ : ۸۴) .

— جن ہے کہاوت .

ہر بات سمجھتا ہے (دریائے لطافت ، ۸۴) .

— دینا ف م .

۱. سکھا دینا ، ورغلا دینا ، بہکا دینا .

لام کاف اب جو تو لگا کہنے
تجھ کو ایسا پڑھا دیا کس نے

معروف ، د ، ۱۳۰ ۱۸۲۶

۲. علم سکھا دینا ، درس دینا ، تعلیم دینا .

ناز و غمزے سے تو نہ تھا آگاہ
چار دن میں پڑھا دیا کس نے

دیوان رند ، ۱ : ۱۹۵ ۱۸۳۲

سبق ایسا پڑھا دیا تو نے
دل سے سب کچھ بھلا دیا تو نے

گلزار داغ ، ۲۷۹ ۱۸۷۸

۳. چغلی کھا کر ہرافروختہ کر دینا ، بدظن کر دینا .

ناسے کو میرے دیکھ کے اس نے جلا دیا
شاید مری طرف سے کسی نے پڑھا دیا

رونق سخن ، ۲۸ ۱۸۸۹

— رکھنا ف م .

۱. بہکانا ، ورغلانا .

خط تو میں لکھتا ہوں لیکن یہ مجھے رہتا ہے ڈر
کوئی دشمن کچھ نہ پہلے سے پڑھا رکھے تمہیں

کلیات ظفر ، ۲ : ۶۶ ۱۸۴۹

۲. تعلیم دینا ، سکھا دینا .

حسن کو جور سے بیگانہ نہ سمجھو کہ اسے
یہ سبق عشق نے پہلے ہی پڑھا رکھا ہے

حسرت ، ک ، ۳۰ ۱۹۵۱

— کر چھوڑ دینا محاورہ .

چلتا کر دینا ، جھانسے میں نہ آنا ، چالاک کو بھی دھوکا دے دینا ، بہت زیادہ ہوشیار ہونا (ایسے موقع پر بولتے ہیں جب مقابل کو حقیر ٹھہرانا ہو) .

ددا میں نے تجھ جیسی بہت رزالی ، ایسی تیسی بہت بنا کر چھوڑ دی ہیں پڑھا کر چھوڑ دی ہیں .

راقم ، عقد ثریا ، ۴۵ ۱۹۰۱

— گنا (— ضم گ) صف مذ .

پڑھا لکھا ، فاضل ، بہت قابل ، جس نے تعلیم کے بعد مزید مطالعے سے اپنی قابلیت میں اضافہ کیا ہو .

یہ روشنی طبع بلا ہو لگی تجھے
اے کاش اظفری تو نہ ہوتا پڑھا گنا

اظفری ، د ، ۲۴ ۱۸۱۸

جہاں سنا یہی سنا مرد ہے پڑھا گنا .

راقم ، عقد ثریا ، ۱۲ ۱۹۰۱

[پڑھا + گنا ، گننا (رک) سے]

— لکھا (— کس ل) صف مذ .

خواندہ ، تعلیم یافتہ ، جاہل اور ان پڑھ کی ضد .

جس کا شمار پڑھے لکھوں میں ہے .

فسانۂ مبتلا ، ۵ ۱۸۸۵

ان میں سے جو پاس آتا جب تب ہوتا وہ پڑھا لکھا مہذب

جگ بیتی ، ۳۴ ۱۹۳۶

[پڑھا + لکھا ، لکھنا (رک) سے]

— لکھا جاہل (— کس ل ، ہ) صف .

وہ شخص جو تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود جاہلوں کی سی باتیں کرے ، بیوقوف ، کودن .

پئے ترک مے مجھ سے کہتا ہے واعظ
پڑھا لکھا دنیا میں جاہل یہی ہے

دفتر خیال ، تسلیم ، ۱۴۷ ۱۹۰۷

[پڑھا لکھا (رک) + جاہل (رک)]

— ہوا (— ضم ہ) صف مذ .

وہ شے جس پر کوئی آیت ، دعا یا منتر پڑھا گیا ہو یا عمل کیا گیا ہو .

کہیں سے پھونکا ہوا پانی آتا ہے ، کوئی پڑھا ہوا گڑ لاتا ہے .

فسانۂ دل فریب ، ۳۰ ۱۸۹۰

میاں میں نہ مانوں گی ، عطر پڑھا ہوا تھا .

رسوا ، اختری بیگم ، ۲۵۲ ۱۹۳۱

[پڑھنا (رک) سے]

— پے فقرہ .

بڑا چالاک ہے (فرہنگ اثر ، ۲ : ۲۳۸) .

پڑھاکو (فت پ ، و مع) صف .

بہت پڑھنے والا ، جو پڑھتے نہ تھکے (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۲) .

[پڑھنا (رک) سے]

پڑھانا (ف ت پ) ف م .

۱. **علم سکھانا ، سبق دینا ، تعلیم دینا .**

کتب تھے جو درسی پڑھے وہ تمام
پڑھایا گیا صبح سے تا بہ شام

۱۸۷۳ محامد خاتم النبیین ، ۱

۲. **کسی چیز کا مطالعہ کرانا .**

دیکھ کر بد دماغیاں ان کی نامہ بر خط مرا پڑھا نہ سکا

۱۸۶۵ نسیم دہلوی ، د ، ۶۱

چھوڑا پڑھا کے میں بھی ہوں کتنا فریبیا
نام اور کا لکھا جو اسے خط رقم کیا

۱۹۲۵ شوق قدوائی ، د ، ۵۱

۳. **سمجھانا ، بتانا ، آگاہ کرنا .**

پڑھایا اس کو بھتیرا کہ مت لا راز دل منہ پر
یہ طفل اشک کو دیکھا تو ناقابل ہے کیا جانے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۳۳۷

۴. **تربیت دینا ؛ کسی جانور کو بولنا سکھانا .**

آدمیت اور شے ہے علم ہے کچھ اور چیز
کتنا طوطے کو پڑھایا پر وہ حیواں ہی رہا

۱۸۵۳ ذوق ، د ، ۷۷

طوطے کو پڑھانا امیر زادیوں کا خاص مشغلہ ہے .

۱۹۵۶ آگ کا دریا ، ۸۶

۵. **ورغلانا ، سکھانا ، اکسانا ، بہکانا ، برگشتہ کرنا .**

کبھی خط بھی نہ لکھ بھیجا پڑھایا آپ کو کس نے
کہ القط دوستی انشا سے ایسی یک قلم کیجے

۱۸۱۸ انشا ، کلام ، ۲۰۷

اس فتنی نے کچھ ایسے کان بھرے اور ایسا پڑھایا کہ ساتھ لے جا کر ٹلی .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۹۷

[پڑھنا (رک) سے]

پڑھائی (ف ت پ) اسث .

۱. **پڑھنے یا پڑھانے کا کام ، تعلیم ، تدریس .**

مدرسہ . . . نے بہت کچھ ترقی کی ہے جو امید سے بہت زیادہ ہے ، بی - اے کلاس تک اس میں پڑھائی ہوتی ہے .

۱۸۸۳ مکمل مجموعہ لکچرز و اسپیچز ، ۲۰۲

وقت آنے پر پڑھائی میں ان سے مدد لیں گے .

۱۹۵۶ آشفتہ بیانی میری ، ۲۸

۲. **پڑھنے کا عمل ، خواندگی ، مطالعہ .**

بخوبی سمجھ میں آسکتا ہے کہ اس ناجنس خط نے اردو پڑھائی کو کس درجہ مشکل کر دیا ہے .

۱۸۹۷ تمدن عرب ، دیباچہ ، ۶۲

۳. **نصاب تعلیم ، درسی کتب .**

مبتدی طالب علموں کی پڑھائی میں ایسے دلچسپ مضامین ہونے چاہئیں جن کے پڑھنے اور مطالعہ کرنے میں ان کا جی لگے .

۱۹۱۴ حالی ، مکاتیب حالی ، ۲۱

۴. **تعلیم و تدریس کی اجرت ، فیس ، مکتب کی فیس ، علم سکھانے کی اجرت** (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۲ ؛ پلیٹس) .

۵. **پڑھانے کا طریقہ ، طریقۂ تعلیم و تدریس** (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۲ ؛ پلیٹس) .

[پڑھنا (رک) سے]

پڑھت (ف ت پ ، ڑھ) اسث .

پڑھنے کا عمل یا انداز (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۱) .

[پڑھنا (رک) سے]

پڑھتا (ف ت پ ، سک ڑھ) صف مذ ؛ ~ پڑتا (قدیم) .

پڑھنا (رک) کا اسم حالیہ جو بطور سابقہ تراکیب میں استعمال ہوتا ہے .

— طوطا (— و مج) امذ ؛ ~ پڑتا طوطا .

سکھایا ہوا طوطا ، وہ طوطا جو آدمی کی طرح بولتا ہو .

پڑتا (پڑھتا) طوطا جس دکھیا کا اڑ جاوے یوں قفس کو توڑ
یاد کر اس کی باتوں کو وہ مرے نہ کیونکر سر کو پھوڑ

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲ : ۲۵۶

[پڑھتا + طوطا (رک)]

پڑھ تم تی تو مر تم تی ، نا پڑھ تم تی تو مر تم تی کہاوت.

عالم ہو یا جاہل موت ہر ایک کے لیے ہے (نجم الامثال ، ۱۲۵) .

پڑھلی (کس پ ، ضم ڑھ) اسث .

پیڑھی (بیٹھنے کی) (جامع اللغات ، ۲ : ۸۳ ؛ پلیٹس) .

[س : پیٹھ + ل] [पीठ + ल:]

پڑھن (ف ت پ ، ڑھ) .

(الف) ف م .

پڑھنا (رک) کی قدیم صورت .

لگی ہوئی پڑھن کلمہ شہادت
ہوئے یہ ست گلوں کی یوں ارادت

۱۸۰۰؟ معجزہ نبوی ، ۵

(ب) اسث .

پڑھنے کا عمل ، پڑھائی ؛ پڑھنے کا انداز (پلیٹس ؛ نور اللغات ، ۲ : ۹۲) .

— ہار صف مذ .
پڑھنے والا ، مطالعہ کرنے والا .
پڑھن ہار قرآن کا ہو مدام
مجھے یاد سا توں سو قرأت تمام
۱۸۵۲ قصہ قاضی و چور ، ۹۳
[ا : پڑھن + ہار ، لاحقۂ صفت]

پڑھن (فت پ ، کس ڑھ) امث .
شاہ ماہی ، مچھلی کی ایک قسم جو تازہ پانی اور کھاری پانی دونوں میں پائی جاتی ہے خاص طور پر خاکستری رنگ کی پڑھن جس پر روپہلی دھاریاں ہوتی ہیں منھ چھوٹا ہوتا ہے ننھے ننھے دانت ہوتے ہیں اسی کی دوسری قسم جو سرخی مائل ہوتی ہے اس پر سنہری دھاریاں ہوتی ہیں دو لمبے گل مچھے ہوتے ہیں ماہی سرخ ، انگ : Mullet ، لاط : Mullus .
پڑھن تو ناچے ہیں مینڈک ملار گاتے ہیں
۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۲۴۸
مظلوم سبھی منہ کھولے دعائیں دے رہی ہے ، کوئی پڑھن ہو انسے تو میری ہو .
۱۹۲۵ داودہ پنج ، لکھنؤ ، ۱ ، ۲۶ : ۹
[ہ : پڑھن पढ़िन]

پڑھنا (فت پ ، سک ڑھ) ف م .
۱. (بلند یا آہستہ) زبان سے (اپنا یا کسی اور کا کلام منظوم یا منثور) ادا کرنا ؛ تلاوت کرنا .
میں نے بادب تمام اور بصدق تام ، فاتحہ پڑھ ، سرہانے طرف بیٹھ مناقب شروع کیا .
۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۳۹
پڑھوں شہادت اکبر جو بزم ماتم میں
جگر کے پار ہو مصرع ہر اک سناں کی طرح
۱۸۷۵ سونس ، مراثی ، ۲ : ۹۰
مکہ کی عورتوں نے اس لڑائی میں بڑا حصہ لیا جنگ بدر کے مقتولوں پر مرثیہ پڑھتی تھیں اور لڑائی سے منہ موڑنے والوں پر تبرا بولتی تھیں .
۱۹۲۴ مجمدہ کی سرکار ، ۸۳
۲. تعلیم پانا ، علم سیکھنا .
یہ بی اے پاس کرچکا ہے اور ابھی پڑھ رہا ہے .
۱۸۹۹ رویائے صادقہ ، ۵۴
۳. جاننا ، واقف ہونا .
چپ رہیے یہ لحاظ و ادب ہم پڑھے نہیں
پیچھے کو کیا ہٹیں قدم آگے بڑھے نہیں
۱۸۹۲ شعور (نوراللغات ، ۲ : ۹۲)
میں نے صاحب تاج شوہر کے صفحۂ دل کی تحریر کا کچھ حصہ پڑھ لیا ہے .
۱۹۲۵ مینا بازار ، شرر ، ۱۳
۴. سیکھنا ، حاصل کرنا .
زیادہ علم عورتوں کو پڑھنا ضرور نہیں .
۱۸۶۸ مرآۃ العروس (دیباچہ) ، ۳۲
ہوا کے رخ پر ڈھلکنا سرے سے پڑھا ہی نہیں .
۱۹۲۹ داودہ پنج ، لکھنؤ ، ۱۴ ، ۲۷ : ۳
۵. بولنا (پرند وغیرہ کا سیکھنے کے بعد نقل اتارنا یا کسی ہوئی بات کو دہرانا) ، زبان سے کسی کی بولی نکالنا .
کہیں ہوڑھے طوطے بھی قرآن پڑھا کرتے ہیں .
۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۵
۶. جادو ٹونا کرنا ، منتر پھونکنا ، دم کرنا .
کیونکر نہ باغیوں سے لگاوٹ کرے وہ گل
پڑھ پڑھ کے روز پھول کھلائے ہیں پان میں
۱۸۵۸ امانت (نوراللغات ، ۲ : ۹۲)
۷. دیکھنا ، مطالعہ کرنا .
کہا شہ نے ہاتھوں کی پڑھ کر لکیریں
تو ماتم کرے گی سکینہ ہمارا
۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۱۶ : ۱۹
عالموں کو ضرور عطا کیا جائے تاکہ وہ پڑھیں اور وعظ کہہ سکیں .
۱۹۳۰ اردو گلستان ، ۹۶
۸. سبق لینا (نوراللغات ، ۲ : ۹۲) .
۹. ورد کرنا ، بار بار رٹنا .
ترے بیمار کو آتی نہیں موت
پڑھے جائے کوئی یٰسیں کہاں تک
۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۱۱۸
استغفار بہت پڑھا کرو .
۱۹۱۴ بہشتی زیور ، ۷ : ۳
[س : پٹنی पट्नीय]

— پڑھانا محاورہ .
سکھانا ؛ تربیت دینا ، تعلیم حاصل کرانا .
حقیقت یہ ہے قرآن مجید آیا تھا دنیا میں
عمل کرنے کی نیت سے فقط پڑھنے پڑھانے کو
۱۹۲۴ انشائے بشیر ، ۳۰۸

— لکھنا . ف مر .
تعلیم پانا .

سید صادق شروع سے اپنے پڑھنے لکھنے میں لگے رہے۔
۱۸۹۹ رویائے صادقہ ، ۷۱

اس مظلوم کے پڑھنے لکھنے کے دن تھے ، منہ اندھیرے اٹھ کر جاتا اور آٹھ بجے رات کے آتا۔
۱۹۳۶ گرداب حیات ، ۲۷

— وڑھنا ف مر۔

رک : پڑھنا۔

لوح ہاتھ میں لے کر غور سے لگے دیکھنے پڑھا وڑھا کیا خاک جاتا ہاں سمجھ گئے کہ قدیم مصری طرز کی تحویر ہے۔
۱۹۰۵ کایا پلٹ ، ۲۳

[پڑھنا + وڑھنا (؟)]

پڑھنا (۲) (فت پ ، سک ڑ ھ) امذ۔

رک : پڑھنا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۲)۔

پڑھنا (فت پ ، کس ڑ ھ) امذ۔

ایک قسم کی بغیر سہرے کی مچھلی جو تالاب اور سمندر سبھی جگہوں میں پائی جاتی ہے یہ تمام دوسری مچھلیوں سے سخت جان اور ڈیل ڈول والی ہوتی ہے کسی کسی پڑھنے کا وزن دومن سے زیادہ ہوتا ہے یہ گوشت خور ہے اور مچھلیوں کے علاوہ چھوٹے چھوٹے جانوروں کو بھی نگل لیا کرتی ہے اس کے سارے جسم کے گوشت میں باریک باریک کانٹے ہوتے ہیں جنھیں دانت کہتے ہیں طب میں اس کو فساد خون و صفرا وغیرہ پیدا کرنے والی بتایا گیا ہے ، رک : پڑھن (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۲)۔

[س : पाठीन]

پڑھنت (فت پ ، ڑ ھ ، سک ن) است۔

۱۔ پڑھنے کا عمل یا انداز ؛ مسلسل پڑھنے کا عمل ، ورد ؛ برابر پڑھنا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۱)۔

۲۔ عمل ، جادو ، منتر ، افسون۔

سحر صولت کے سامنے تیرے
سامری بھول جائے اپنی پڑھنت
۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲۹۵

ساحروں میں سحر جگانے کی گرم بازاری رہی پڑھنت زبانوں پر جاری رہی۔
۱۸۹۰ طلسم ہوش ربا ، ۴ : ۱۹۸

ان مداریوں اور بھان متی کے تماشوں کو یہ سمجھنا کہ کسی منتر اور پڑھنت کے زور سے ہوتے ہیں حماقت ہے۔
۱۹۰۶ مخزن ، اکتوبر ، ۴۹

[پڑھنا (رک) سے]

— پڑھنا محاورہ۔

جادو کرنا ، عمل کرنا ، کسی منتر وغیرہ کا ورد کرنا ، جادو وغیرہ کا عمل کرنا۔

لگا جھوم کر کرنی پڑھنے پڑھنت
بنا تھا کوئی سامری کا مہنت
۱۸۹۰ طلسم ہوش ربا ، ۴ : ۶۴۲

کیا جانے کیا پڑھنت پڑھی نامہ بر نے آج
اس بت کو دو ہی باتوں میں تسخیر کرلیا
۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۳۰

— پڑھوانا محاورہ۔

جادو کرانا۔

سوتے میں سکندر سلطان کی ایک لٹ کتروا منگوائی اور اس پر پڑھنت پڑھوائی۔
۱۹۳۳ عزمی ، انجام عیش ، ۴۳

— کرنا محاورہ۔

جادو کرنا ، منتر پھونکنا ، عمل کرنا۔

بھگمر پر بیٹھ ، بھبھوت اپنے منہ کو مل کچھ کچھ پڑھنت کرتا ہوا باو کے گھوڑے کی پیٹھ لاگا۔
۱۸۰۳ رانی کیتکی ، ۲۳

پڑھنتا (فت پ ، ڑ ھ ، سک ن) صف۔

پڑھنے والا ، پاٹھ کرنے والا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۱)۔

[پڑھنا (رک) سے]

پڑھنی (فت پ ، سک ڑ ھ) امذ۔

ایک قسم کا دھان (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۲)۔

[مقامی]

پڑھنی اڑی (فت پ ، سک ڑ ھ ، ضم ا) است۔

کسرت میں ایک قسم کی مشق جس میں آدمی ٹیلا یا کوئی دوسری اونچی چیز اچھل کر پھاند جاتا ہے اس مشق کے دو طریقے ہیں ایک میں سامنے کی طرف اور دوسرے میں پیچھے کی طرف اچھلتے ہیں اچھلنے والوں کی مشق کے مطابق ٹیلا ایک دو یا تین ہاتھ تک اونچا ہوتا ہے (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۲)۔

[پڑھنی ؟ + اڑی उड़ी ? पढ़नी]

پڑھنے بٹھانا محاورہ۔

پڑھنے بیٹھنا (رک) کا متعدی ؛ بسم اللہ کی تقریب کرنا ، پڑھنے کی ابتدا کرنا ، تعلیم دلانا شروع کرنا (نوراللغات ، ۲ : ۹۲)۔

پڑھنے بیٹھنا محاورہ .

تعلیم شروع کرنا ، پڑھائی کی ابتدا کرنا ، مدرسے میں داخل ہونا (نوراللغات ، ۲ : ۹۲) .

پڑھو تو پڑھو نہیں پنجرا خالی کرو کہاوت .

مجہول سست یا کام چور ملازم سے کہتے ہیں کہ چستی سے کام کرو تو خیر ورنہ چلے جاؤ (یہ کہاوت طوطے کے پڑھنے سے مستعار ہے) (نوراللغات ، ۲ : ۹۲) .

پڑھو میاں مٹھو جگ جگ جی پیر نبی جی حق اللہ پاک ذات اللہ فقرہ .

مسلمان عورتیں یہ کلمات عموماً طوطے کو سکھاتی ہیں (جامع اللغات ، ۲ : ۸۴) .

پڑھوانا (فت پ ، سک ڑھ) ف م .

پڑھنا (رک) کا متعدی .

۱. تعلیم دلوانا .

بیٹی کو پڑھائیں یا نہ پڑھائیں پر بیٹے کو ضرور پڑھواتے ہیں .

۱۸۷۴ مجالس النسا ، ۱ : ۳

۲. زبان سے ادا کروانا .

اکثر اشعار پر داد دیتے اور پھر پڑھواتے .

۱۹۲۵ مینا بازار ، شرر ، ۵

۳. جادو کروانا ، منتر وغیرہ کا دم کروانا .

یہ سیخ لوہے کی جادوگروں سے پڑھواکر اپنے پاس رکھ چھوڑی تھی .

۱۸۰۱ آرائش محفل ، حیدری ، ۶۳

۴. کلمات ایجاب و قبول منھ سے نکلوانا (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۲) .

پڑھوائی (فت پ ، سک ڑھ) اسف .

پڑھنے کی اجرت ، رک : پڑھائی .

استغفراللہ ، پڑھوائی دینے کے واسطے ہمارا کیا منھ ہے ، بسم اللہ کی مٹھائی ہے .

۱۸۶۸ مرأۃ العروس ، ۱۹۷

ان باکمال بزرگوں کے لیے محال تھا کہ کوئی امیر سا امیر پڑھوائی کے نام سے کچھ دے یا ٹھیکہ پٹہ کیا جائے .

۱۹۱۸ پیمبران سخن ، ۵۹

پڑھوں میں اَن پڑھ جیسا بگلوں (ـ اَن پڑھا جیسے ہنسوں) میں کوّا کہاوت .

علما کی محفل میں جاہل کی کچھ عزت نہیں ، جاہل عالموں سے عزت نہیں پاتا ، عالموں میں بے علم نکو ہوتا ہے (محاورات ہند ، ۵۵ ؛ نجم الامثال ، ۱۲۵ ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۴) .

پڑھونی (فت پ ، و لین) اسث .

رک : پڑھائی (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۲) .

[پڑھا (رک) سے]

پڑھویا (فت پ ، سک ڑھ ، فت و ، شد ی) اسذ .

پڑھنے والا ، طالب علم (شبد ساگر ، ۶ ، ۲۷۸۲) .

[پڑھنا (رک) سے]

پڑھئی (کس پ ، فت ڑھ) اسث .

رک: پیڑھی، چھوٹا پیڑھا یا پاٹا. کوئی بھی پیڑھی یا پٹل کی طرح کا استعمال ہونے والا پٹلا، تختہ وغیرہ نیز وہ ڈھانچہ جس پر کوئی چیز رکھی جا سکے (لٹکن ، گھیرا وغیرہ) (شبد ساگر، ۶ : ۲۹۹۸).

پڑھی (فت پ) صف .

پڑھا (رک) کی تانیث مرکبات میں مستعمل .

ـــ چھُری (ـــ ضم چھ) اسث .

وہ چھری جس پر ذبح کی تکبیر دم کی ہو ، اس سے ذبح کرتے وقت تکبیر پڑھنا ضروری نہیں سمجھتے اور بغیر تکبیر پڑھے ذبح کرنا جائز خیال کرتے ہیں ؛ (مجازاً) ایسی چھری جس کے استعمال میں کوئی رکاوٹ یا اندیشہ نہ ہو .

عیاں ہے جنبش ابرو سے ذبح کی نیت
پڑھی چھری سے کسے دیکھیے حلال کریں

۱۸۵۲ کلیات منیر ، ۲ : ۴۵۷

[پڑھی + چُھری (رک)]

ـــ فارسی اور بیچا تیل کہاوت .

مرتبہ یا قابلیت کے مطابق کام نہ کرنا .

شیخ جی نے کہا ، پڑھی فارسی اور بیچا تیل ، بات بات پر تو جناب فارسی فرماتے ہیں اور دو سطریں نہیں بنتی .

۱۹۵۴ پیر نابالغ ، ۴۳

ــ گُنی (ــ ضم گ) امث .

پڑھا گنا (رک) کی تانیث .

خدا رکھو تم تو دست و قلم پڑھی گنی ، معنی مسئلے سے واقف ہو .

انشائے ہادی لنسا ، ۷۱ ۱۸۷۴

ــ نہ قضا کی کہاوت .

(مراداً) بے نمازی ہے (ماخوذ : نوراللغات ، ۲ : ۹۳) .

پڑھی (کس پ) امث .

ماچیہ (چھوٹی پیڑھی) رک : پیڑھی (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۹۸) .

ــ پانی امث .

مہمان یا آنے والے کے لیے بیٹھنے کا پاٹا اور ہاتھ منہ دھونے کے لیے پانی ، پیڑھی اور پانی (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۹۸) .

[پڑھی + پانی (رک)]

پڑھے (فت پ ، سک ڑ) صف .

پڑھا (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت ، اکثر تراکیب میں مستعمل .

میر انیس کی مرثیہ خوانی مشرق منبر سے طلوع ہونے لگی تھی ، جب کوئی آکر تعریف کرتا کہ آج فلاں مجلس میں کیا خوب پڑھے ہیں . . . تو انہیں خوش نہ آتا تھا .

آب حیات ، ۳۸۵ ۱۸۸۰

ــ بھی مریں ، بن پڑھے بھی مریں ، دانتا کلکل کیوں کریں کہاوت .

آخر سب کو موت ہے پھر مشقت کیوں کریں یا اس کام سے رستگاری نہیں تو تدبیر ہی کیا (محاورات ہند ، ۵۳) .

ــ پڑھائے (ــ فت پ) صف .

غیر محقق ، غیر معتبر ، ایسی چیز جس کی حقیقت معلوم نہ کی گئی ہو .

الفاظ پرست حضرات صفائی اور ڈھیٹ پن سے اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات کے متعلق پڑھے پڑھائے اور سنے سنائے الفاظ دہراتے ہیں .

عظمت ، مضامین عظمت ، ۵۳ ۱۹۲۷

[پڑھنا (رک) سے]

ــ تو ہیں پر گُنیں نہیں کہاوت .

تعلیم تو حاصل کر لی ہے مگر تجربہ نہیں (جامع اللغات ، ۲ : ۸۴) .

ــ جن کو شیشے میں اُتارنا محاورہ .

کسی انتہائی ہوشیار اور چالاک آدمی کو بس میں کرلینا .

کیا واعظ کو محو دختر رز لاکھ افسوں سے
پڑھے جن کو مرے ساقی نے شیشے میں اتارا ہے

دفتر فصاحت ، ۱۹۸ ۱۸۵۳

ــ طوطا پڑھے مینا ، کہیں پٹھان (ــ سپاہی) کا پوت بھی پڑھا ہے کہاوت .

نوجیوں یا اعلیٰ خاندان کی اولاد کے نہ پڑھنے پر طنز ہے (جامع اللغات ، ۲ : ۸۳) .

ــ کو پڑھانا محاورہ .

تجربہ کار کو کچھ بتانا ، ہوشیار کو کچھ سکھانا .

انہیں کوئی کیا سکھاوے گا ، پڑھوں کو کیا پڑھاوے گا
وہ اپنے چاہنے والوں کو آپ ہی جان جاتے ہیں

تراب ، ک ، ۱۳۳ ۱۸۵۸

ــ کے آگے ٹوکرا ڈالا اُس نے کہا مجھے اپلوں کے لیے بھیجا کہاوت .

عقلمند کو اشارہ کافی ہے (جامع اللغات ، ۲ : ۸۵) .

ــ کے پاس بیٹھئے دونا لابھ کہاوت .

عالموں کی صحبت میں بہت فائدہ ہوتا ہے (جامع اللغات ، ۲ : ۸۵) .

ــ گھر کی پڑھی بلی کہاوت .

صحبت کا اتنا اثر ہوتا ہے کہ برے بھی اچھوں کی صحبت میں اچھے ہو جاتے ہیں (محاورات ہند ، ۵۵) ؛ اچھوں کے اچھے اور مکاروں کے مکار ہوتے ہیں (نجم الامثال ، ۱۲۵) .

ــ نہ لکھے نام محمد فاضل/بدیا دھر کہاوت .

جو جانتا کچھ نہ ہو اور جتاتا بہت کچھ ہو ؛ کم علم تعلی کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں ؛ نیز ایسا شخص جو اپنے پیشے میں تو مشہور ہو مگر اس کام کا سلیقہ اس میں نہ ہو .

(نوراللغات ، ۲ ، ۹۳ ؛ دریائے لطافت ، ۷۴)

اجی وہ کیا جانتے ہیں ، پڑھے نہ لکھے نام محمد فاضل .

قصص الامثال ، ۲۶۷ ۱۹۳۷

ــ ہوئے چاول (ــ و مع ، فت و) امذ .

وہ چاول جن پر کوئی عمل کیا گیا ہو یا جادو منتر پڑھ کر پھونکا گیا ہو (عموماً چوری معلوم کرنے کے لیے یا محبت و عداوت کے لیے یہ عمل کیا جاتا ہے) .

محلسرا کی چھوٹی ڈیوڑھی میں پتلا گڑوا دیا ، پڑھے ہوئے چاول چھپر کھٹ کے نیچے رکھوائے .

۱۹۳۴ عزمی ، انجام عیش ، ۴۴

پڑھیا (فت پ ، سک ڑھ) امث ؛ ــ پڑھیا .

رک : پڑیا (۲) .

یہ گائے جو شیر نے ہلاک کی سہ سالہ پڑھیا تھی .

۱۹۳۲ قطب یار جنگ ، شکار ، ۲ : ۱۳۰

ــ مول لی بھینس گھتونا کہاوت .

تھوڑے نفع کے ساتھ بڑا نقصان ہو جانے کے موقع پر مستعمل (خزینۂ الامثال ، ۵۳) .

پڑھیا (فت پ ، ی لین) امذ .

پڑھنے والا ، پڑھو یا ، پانک (شبد سا گر ، ۶ : ۲۷۸۲) .

[پڑھنا (رک) سے]

پڑھیا (فت پ ، ی لین بشد) امذ .

پڑھنے والا ، مطالعہ کرنے والا ، خواندہ ؛ وہ جو پڑھ سکے .

کوئی ایسا پڑھیا بہم نہ پہنچا کہ تمام وید کو راجہ کے سامنے پڑھتا .

۱۸۳۶ تاریخ کشمیر (ماہنامہ 'کتاب' اپریل ۱۹۷۶ء ، ۵)

[پڑھنا (رک) سے]

پڑھیں فارسی بیچیں تیل یہ دیکھو قدرت (قسمت) کے کھیل کہاوت .

کسی علم و ہنر کی قدر نہ ہو یا کسی کو قابلیت ، اہلیت یا صلاحیت کے مطابق کام نہ ملے تو اس کے متعلق یہ کہاوت کہی جاتی ہے یا کسی صاحب عزت کو ذلیل کام کرتے دیکھ کر یا کسی شریف آدمی سے بیجا حرکت سرزد ہونے پر بولتے ہیں ، مراد یہ ہے کہ نالائق ہوگیا یا بد قسمت ہے .

پڑھیں فارسی بیچیں تیل یہ دیکھو قسمت کے کھیل

۱۸۹۳ لکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۳۲۵

پڑھیو بیٹا وہی (پڑھیے بھیا سوہی) جا میں بنڈیا کھدر بدر (کھد بد) ہوئی کہاوت .

وہ علم پڑھو جس میں کچھ دنیا کا نفع ہو یا جو حصول معاش کا ذریعہ ہو (نجم الامثال ، ۱۲۵ ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۵)

... پڑ (فت پ) لاحقہ .

مرکبات میں بطور جزو دوم استعمال ہوتا ہے اور پکانے والے کے معنی دیتا ہے .

اور اس قسم کا کھانا امرا کو کھلانا خاص پز کا کام نہیں .

۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۲۵۱

[ف]

پزاوہ (فت پ ، و) امذ ، ــ پجاوا ، پژاوہ ، پژاوہ ، پجاوہ .

اینٹیں وغیرہ پکانے کا پرانے ڈھنگ کا بھٹا .

پزاوے والوں کو اینٹوں کی دادنی دی تھی وہ نہیں پٹی .

۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۱۸

پزاوے کے اطراف کوئی محیط دیوار نہیں ہوتی .

۱۹۴۸ اشیائے تعمیر ، ۳۶

[ف]

ــ چڑھنا محاورہ .

پزاوے میں اینٹوں کی تہیں اور گھاس پھوس یا ایندھن کی تہیں جم کر آگ لگنا .

ٹھیکیدار کام میں مشغول ہوگیا ، اینٹوں کا پزاوہ چڑھ گیا ... پزاووں کی آنچ تیز ہوگئی اینٹوں کا کھنگڑ بن کر رہ گیا .

۱۹۳۳ فراق دہلوی ، مضامین ، ۱۵۱

پزاوے (فت پ) امذ .

پزاوہ (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت (ترکیبات میں مستعمل) .

ــ کا پزاوہ کھنگڑ ہو جانا محاورہ .

۱. کسی کام کا بالکل بگڑ جانا ، سب کا خراب ہو جانا .

اودھ پنچ کی صلاح ہے کہ اس میں پھونک پھونک کر قدم رکھنا چاہیے ذرا سی بے پروائی سے آوا کیا پزاوے کا پزاوا کھنگڑ ہو جائے گا .

؟ 'اودھ پنچ' (نوراللغات ، ۲ : ۹۳)

۲. ہر ایک کا بد چلن ہو جانا (جامع اللغات ، ۲ : ۸۵) .

ـــ کا گدھا (ـــ فت گ) امذ.

(مجازاً) کسی کی توقیر و تذلیل کے اظہار کے لیے مستعمل، کم حیثیت آدمی، ذلیل و بے وقعت شخص (پہلے زمانے میں پزاووں سے اینٹیں ڈھونے کا کام گدھے سے لیا جاتا تھا).

یہ تاجر زادہ جو نظر کردہ بنا ہے کس پزاوے کا گدھا اور کون سے مزبلے کا کتا ہے.

؟ ۱۸۷۹ بوستان خیال، ۶ : ۳۲۷

پزایہ (فت پ، ی) امذ.

رک : پزاوہ.

دیونی معلوم ہوئی نہ تالاب، یہ معلوم ہوا کہ پزایہ سے اینٹیں نکال لی گئی ہیں.

۱۹۰۸ آفتاب شجاعت، ۱، ۵ : ۹۵

ـــ چُننا (ـــ ضم چ، سک ن) ف مر.

اینٹیں پکانے کے لیے بھٹے میں اینٹوں کی قطار تیار کرنا.

جس وقت دو تین اینٹیں تیار ہو جائیں اس وقت پزایہ چننا چاہیے.

۱۸۴۵ ترجمہ مجمع الفنون، ۲۵۳

ـــ کا خر (ـــ فت خ) امذ.

رک : پزاوے کا گدھا.

بیان کرتے ہیں اکثر اس طرح پر
کہ میرٹھ کے پزایہ کا ہے یہ خر

۱۸۶۶ تیغ فقیر بر گردن شریر، ۸۱

پزشک (کس پ، ز، سک ش) امذ.

طبیب، حکیم، جراح (اسٹین گاس؛ فرہنگ آنند راج، ۲ : ۹۱۸).

[ف]

پزوہش (فت پ، و مج، کس ہ) امث.

تلاش، جستجو، پوچھ گچھ.

مہابت خاں نے اس کی پزوہش میں اس بیچارہ پر ایسی تعذیب کی کہ وہ جان سے گیا.

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان، ۵ : ۸۹۶

[ف]

پزیرا (فت پ، ی مع) صف؛ ~ پذیرا.

مقبول، منظور.

حضور میری عرض کو پزیرا اور منظور فرماویں.

۱۸۸۳ کوچک باختر، ۶

میری مخالفت میں گواہی اتنی وافر مقدار میں ہے کہ اگر میں انکار کروں تو بھی پزیرا نہیں ہو سکتا.

۱۹۲۰ لخت جگر، ۲ : ۵۹

[ف]

پزیرائی (فت پ، ی مع) امث.

۱. قبولیت، منظوری (نوراللغات، ۲ : ۹۴).

۲. استقبال، آؤ بھگت.

اس کا کسی طریقے سے پتہ لگائیے، لیلے کے گھر جا کر دریافت کرے؟ مگر وہاں تو اس کی پزیرائی خاص طور پر ممنوع ہے.

۱۹۳۰ سجاد حیدر یلدرم، خیالستان، ۱۶۱

[ف]

پزیرفتگاری (فت پ، ی مع، ضم ر، سک ف، فت ت) امث؛ ~ پذیرفتگاری.

استقبال، آؤ بھگت.

ہم پیشہ لوگوں نے بڑی گرما گرمی سے ہماری پزیرفتگاری کی اور ہم کو ہماری کامیابی پر بہت اخلاق کے ساتھ مبارک باد دی.

؟ سوانح عمری مولانا آزاد، ۱۰ : ۹۲

[ف]

پزاوہ (فت پ، و) امذ.

رک : پزاوہ.

مہاراجہ شیر سنگھ کو اطلاع ہوئی، وہ یلغار (؟) لاہور میں آکر قریب پزاوہ بدھو جہاں چھاؤنی فوج خالصہ تھی خیمہ زن ہوا.

۱۸۶۴ تحقیقات چشتی، ۱۷۲

پکلانی کے کھیت جہاں بعد میں پزاوے بن گئے تھے سب اکرم علی خاں کی ملکیت تھے.

۱۹۷۵ مہ ماہی و العلم، کراچی، جنوری - مارچ، ۱۱۰

پژمان (فت نیز کس یا ضم پ، سک ژ) صف.

افسردہ، بے رونق، غمگین، رنجور.

چراغ رہگزراں کو سلام کہتے ہیں
وہ نور دیدۂ بے خواب مات پژمان

۱۹۷۳ ماہنامہ 'تحریریں' لاہور، اگست، ۱۲

[ف]

پژمردگی (فت پ، سک ژ، ضم م، سک ر، فت د) امث.

کملاہٹ، افسردگی، رنجیدگی.

او پژمردگی کارواں کی دیکھیا
بہوت زاری اس بیکساں کی دیکھیا
۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۶۱

ہوئی بہت خاطر پر آزردگی
کہ جس طرح گل پاوے پژمردگی
۱۷۹۰ جنگ نامہ دو جوڑا ، ۳

واقعے کی رو سے حرارت اور پھولوں کی پژمردگی کے درمیان کوئی علت و معلول کا تعلق نہیں .
۱۹۲۵ فلسفیانہ مضامین ، ۲۸

[ف]

پژمردہ ۔۸۵۸ (فت پ ، سک ژ ، ضم م ، سک ر ، فت د) امث .

کملایا ہوا ، مرجھایا ہوا ؛ افسردہ ، رنجیدہ .

خلق آزردہ ہوا ، دل پژمردہ ہوا .
۱۶۳۵ سب رس ، ۲۷

بال پریشاں طبعت اداس چہرہ پژمردہ دل افسردہ پاس آکر لگی رونے .
۱۸۸۴ تذکرہ غوثیہ ، ۱۲۰

وہ کوشش کر رہی تھی کہ میں پژمردہ نہ معلوم ہوں .
۱۹۳۶ راشدالخیری ، تربیت نسواں ، ۴

[ف]

ـــ خاطر (ـــ کس ط) صف .

رک : پژمردہ دل (مہذب اللغات ، ۳ : ۴۷) .

[پژمردہ + خاطر (رک)]

ـــ خاطری (ـــ کس ط) امث .

پژمردہ خاطر (رک) کا اسم کیفیت .

وطن چھوڑتے وقت اہل وطن سے پژمردہ خاطری کے عالم میں کہنے لگا نامہ و پیام سے یاد کرتے رہنا .
۱۹۲۳ مضامین شرر ، ۱ : ۱۳۴

[پژمردہ خاطر (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ـــ دل (ـــ کس د) صف .

جس کا دل افسردہ ہو ، اداس ، رنجیدہ ، مغموم .

کہو کس سبب سے ہو پژمردہ دل
تمہارا مگر غم سے ہے آب و گل
۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۴

[پژمردہ + دل (رک)]

ـــ ـــ پژوہ (ـــ ـــ کس پ ، و مج) لاحقہ .

مرکبات میں بطور جزو دوم بمعنی : جستجو کرنے والا ، تلاش و تفحص کرنے والا ، طالب ، استعمال ہوتا ہے .

ہر چند اس نے اس سیارے کا نام جارجم سیڈوس رکھا ہے یعنی جارجم کا تارا کہ جارجم نام اس وقت کے بادشاہ دانش پژوہ کا تھا اس . . . حکیم نے . . . اسی کے اسم سے موسوم کیا .
۱۸۳۷ ستہ شمسیہ ، ۲ : ۱۳۵

شنا سند گان حقیقت پژوہ ، جب اپنی مجلس نشاط کو قائم کریں اور قدرے دل کو مسرور کرکے عیش و عشرت حاصل کریں .
۱۹۳۹ آئین اکبری (ترجمہ) ، ۲ : ۳۷۷

[ف]

پژوہش (کس پ ، و مج ، کس ہ) امث .

جستجو ، تلاش ، تفحص ، تجسس .

اس کو حکم ہوا کہ پھر جاکر وہ افغانوں کی پژوہش میں کوشش کرے .
۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۵۵۵

[ف]

پژوہی (کس پ ، و مج) امث .

پژوہ (رک) کا اسم کیفیت .

پایا شناسی ہی پیرایہ سعادت پژوہی . . . ہے .
۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۷۹۴

تاریخ پڑھنے کا مقصد حرف گیری اور نقائص پژوہی ہرگز نہیں .
۱۹۷۳ مقام عدالت ، ۵

[ف]

پژہ (فت پ ، ژ) امذ .

پشتہ ، ٹیلا ، ناہموار زمین ، ٹیلوں کی زمین .

درحقیقت سچی عزت ایک قدرتی چشمہ کے موافق ہوتی ہے ، جسے کوئی خس و خاشاک روک نہیں سکتا اور ایک روشن آفتاب کی مانند ہوتی ہے جس کی نورانی شعاعوں کو کوئی پژہ بند نہیں کر سکتا .
۱۹۴۷ اصلاح حال ، ۳۷

[ف]

پس (۱) (فت پ) .

(الف) م ف .

۱. بعد .

کدیں پیش کدیں پس کدیں رس کدیں بکس .
۱۶۳۵ سب رس ، ۲۶۵

پس از فنا بھی ہے اندھی ہوائے یار میں روح
بجائے موج ہوا ہے مرے غبار میں روح
۱۸۵۴ غنچۂ آرزو ، ۵۰

سپاہی تو ان کے بھی ایسے ہی تھے جیسے کہ بہت سے پیش رفتہ آئندہ اور پس آئندہ سپہ سالاروں کے ، لیکن کام ان سے وہ وہ لیے گئے کہ دنیا آج تک مداح اور حیران ہے .
۱۹۱۷ عالم المعیشت ، ۲۶۸

۰۲. پیچھے ، عقب میں .

اے گریہ پس قافلہ دل نام ہے اک یار
یہ خستہ بھی نبھ جائے جو یکدم پہ توقف
۱۷۹۵ قائم ، د ، ۷۵

شمع تھی یا ماہ تھا یا تو پس چلمن کہ رات
روشنی کچھ ہم نے اے غرفہ نشیں دیکھی تو تھی
۱۸۵۴ کلیات ظفر ، ۳ : ۱۴۲

ختم ہو جائے گا لیکن امتحاں کا دور بھی
ہیں پس نُہ پردۂ گردوں ابھی دور اور بھی
۱۹۲۳ بانگ درا ، ۲۵۸

۰۳. تب ، تو ، اُس وقت .

عرض کیا یہ خیال محال ہرگز میرے دل سوں نہیں ، اور اگر تحقیق ہے پس حکم ہوئے کہ دونوں ہاتھ میرے کاٹیں .
۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۸۱

حلقہ آغوش سے اس طفل نے جب کی گریز
تیر میں سمجھا پس اس کے قامت کوتاہ کو
۱۸۱۶ دیوان ناسخ ، ۱ : ۸۵

اس نے نامے کو سونگھا کہ خوشبو کیسی ہے پس سونگھتے ہی بیہوش ہوا .
۱۸۸۳ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۲۰۳

۰۴. کلام سابق کا نتیجہ بیان کرنے کے موقع پر ، مترادف : لہذا ، اس لیے ، نتیجہ یہ کہ ، خلاصۂ کلام یہ کہ ، آخر کار وغیرہ .

پس کیا نفا کہ تجھ تھیں نانوں نشانیں کچھ نہیں
۱۵۰۳ نو سرہار (اردو ادب ، ۶ ، ۲ : ۵۰)

پس یہاں کے رہنے میں اپنے سر کٹاؤ گے
اس سے جاؤنا بہتر ، یا نصیب و یا قسمت
۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۱۳۸

پس ان کی جمع کا یہ طریق ہے .
۱۸۵۶ فوائد الصبیان ، ۱۲

پس اگر اس شعر کو مصنف کا تسلیم کیا جائے تو کل مثنوی کا راز فاش ہو جاتا ہے .
۱۹۳۹ افسانۂ پدمنی ، ۲۵

۰۵. مترادف : چاہیے کہ ، ضروری ہے کہ .

فرمایا حضرت نے کہ جب وضو کرے تو پس کی کر .
۱۸۶۷ نورالہدایہ ، ۱ : ۳۵

۰۶. علاوہ ازیں (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۳) .

(ب) امذ .

پچھلا حصہ ، پچھا (کسی لباس وغیرہ کا) .

زیر جامہ . . . چند چیز سے مرکب ہوتا ہے ، پس و پیش اور پردہ اور تریز کہ جس کو ہندی میں کلی کہتے ہیں .
۱۸۴۵ مجمع الفنون (ترجمہ) ، ۲۱۲

(ج) صف (قدیم) .

پست ، حقیر .

پڑاتج دین کا کس ہے دوجے دین سب ہوئے پس ہے
تری انگشت کے کس تیں چندر دو کہنا کر آیا ہے
۱۶۷۲ شاہی ، ک ، ۲۵

[ف]

ــ اِحتراق کس اضا (— کس ا ، سک ح ، کس ت) امذ .

(انجینرنگ) قوت کے پھیلاؤ کے درمیان آہستہ احتراق کی کیفیت .

یہ مظہر ''پس احتراق'' کہلاتا ہے .
۱۹۴۸ حرارتی انجنوں کا نظریہ ، ۴۹۳

ــ اَزاں کہ مَن نَہ مانم بچہ کار خواہی آمد فارسی مقولہ اردو میں مستعمل .

شدت انتظار میں کہتے ہیں کہ جب ہم مرگئے تو تمہارے آنے کا کیا فائدہ .

وہ سن کر یہ کہتی کہ میں چراغ سحری ہوں یقین ہے کہ تا صبح جل کر بزم جہاں سے سفری ہوں ، پس ازاں کہ من نہ مانم بچہ کار خواہی آمد .
۱۸۲۴ فسانۂ عجائب (نوراللغات ، ۲ : ۹۴)

ــ از صد سال ایں معنی محقق شد بخاقانی فارسی شعر اردو میں بطور کہاوت مستعمل .
کہ بورانی ست بادنجان و بادنجان بورانی

طنزاً اس موقع پر مستعمل ہے جب کوئی شخص ایسی بات کہے جو اور سب کو معلوم ہو ، نیز اس موقعہ پر جبکہ مدت کے بعد کوئی شخص مسلّمہ امر کو مان لے (نوراللغات ، ۲ : ۹۴) .

ــ اُفتادہ (— ضم ا ، سک ف ، فت د) صف .

پامال ، پچھڑا ہوا ، پس ماندہ .

حالی اور اکبر جیسے ادبی اور قومی مصلحین نے اس پس افتادہ صنف سخن کو اصلاحی و تعمیری موضوعات شعری کے لئے شعوری طور پر منتخب کرلیا .
۱۹۶۲ اردو رباعی ، ۱۴۱

[پس + افتادہ (رک)]

ـــ افگندہ (ـــ فت ا ، سک ف ، فت گ ، سک ن ، فت د) امذ .

۱. پرندوں کی بیٹ ، جانور کا فضلہ (نوراللغات ، ۲ : ۹۴) .

۲. جوڑا یا جمع کیا ہوا مال (نوراللغات ، ۲ : ۹۴) .

[پس + افگندہ (رک)]

ـــ انداز (ـــ فت ا ، سک ن) امذ .

وہ مال یا روپیہ جو آمدنی میں سے خرچ کرنے کے بعد بچایا جائے ، جمع کیا ہوا یا خرچ سے بچایا ہوا سرمایہ ، مال ، اندوختہ .

بچانا ان کے نزدیک پسندیدہ و قابل جواز ہے بشرطیکہ بچانے والا پس انداز کو بخیال پرورش و پرداخت اپنے قبایل یا کسی اور کام کے جمع کرے .

۱۹۶۸ رسالہ سیاست مدن ، ۹۱

[پس + انداز (رک)]

ـــ انداز کرنا محاورہ .

۱. موجود آمدنی میں سے اتنا خرچ کرنا کہ کچھ بچتا ہو ، سرمایے کو خرچ کرتے وقت اس میں سے کچھ نہ کچھ بچانا .

یہ بات خیر خواہی اور عقل سے بعید ہے کہ . . . بادشاہی خزانے میں کچھ پس انداز نہ کریں .

۱۸۰۳ اخلاق ہندی ، ۷۰

اس موقع اور آمدنی کو غنیمت سمجھیے اور کچھ پیچھے کے لیے بھی پس انداز کیجیے .

۱۹۲۴ انشائے بشیر ، ۱۷۰

۲. نظر انداز کرنا ، غیر ضروری سمجھ کر پیچھے ڈال رکھنا ، سر دست ذکر وغیرہ کو ترک کرنا ، چھوڑنا .

کیوں لے کے وہ قاصد سے پس انداز ہیں کرتے
خط کو مرے دیکھ ایک نظر کیوں نہیں لیتے

۱۸۵۶ کلیات ظفر ، ۴ : ۲۱۹

دربار کو پس انداز کر کے . . . ہم اس ضروری واقعہ کا تذکرہ کرتے ہیں .

۱۹۰۳ چراغ دھلی ، ۴۵۰

ـــ انداز ہونا محاورہ .

پس انداز کرنا (رک) کا لازم .

میرے حساب سے شاید ہی آپ کو کچھ پس انداز ہو .

۱۹۱۰ انقلاب لکھنو ، حامد حسن ، ۱۳

ـــ اندازی (ـــ فت ا ، سک ن) امث .

اندوختگی ؛ مال جمع کرنا ، آمدنی میں سے خرچ کے وقت کچھ بچانا ، بچت .

ان کے پاس اکثر پیٹ بھرنے کے لئے پیسے نہیں ہوتے ، پس اندازی کی قوت نہیں ہوتی .

۱۹۵۹ گھریلو صنعتیں ، ۳۴

[پس + اندازی (رک)]

ـــ بار صف .

(تجربی فعلیات) عضلی عصبی تجہیز کا ایک عمل جس میں عضلہ سکڑنا شروع ہو کر کھنچ جاتا ہے .

ایسی حالت میں عضلہ کو پس بار (after loaded) کہتے ہیں .

۱۹۴۱ تجربی فعلیات ، ۵۰

[پس + بار (رک)]

ـــ باری صف .

پس بار (رک) سے متعلق .

پس باری بیج .

۱۹۴۱ تجربی فعلیات ، ۵۰

[پس بار (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

ـــ پا صف ؛ ~ پسپا .

پیچھے ہٹا ہوا ، شکست خوردہ ، زبر ، مقابلے میں پچھڑا ہوا ، پیچھے رہا ہو .

وولعیں پس پا ہو بھاگیا تب شتاب
سامنے سے ٹل گیا کھو آب و تاب

۱۷۵۴ ریاض غوثیہ ، ۱۱۴

اس صوبے کے سکنا . . . بہت عرصے کے بعد علوم یورپ کے حاصل کرنے کی طرف مائل ہوئے اس واسطے اہل بنگال کے مقابلے میں پس پا معلوم ہوتے ہیں .

۱۸۹۷ کاشف الحقائق ، ۴۴۶

[پس + پا (رک)]

ـــ پا کرنا محاورہ .

مغلوب کرنا ، شکست دینا ، بھگا دینا ، حریف کو پیچھے ہٹا دینا .

ان نبرد آزماؤں اور تجربہ کاروں کو جنھوں نے بڑے بڑے محاربے کیے تھے پس پا کیا .

۱۸۷۳ فسانۂ معقول ، ۱۹۶

موڑے علی نے لوہے کے پنجے کڑے کڑے
پس پا کیے عرب کے بہادر بڑے بڑے

۱۹۱۲ شمیم ، بیاض (ق) ، ۱۷

— پا ہونا محاورہ .

پس پا کرنا (رک) کا لازم .

سلیمان کے لشکر کو شکست ہوئی ، حریف پس پا ہوئے .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۵۰

درآمد کا نتیجہ یہ ہوا کہ ملکی صنعت و حرفت پھر پس پا ہونی شروع ہوئی .

۱۹۱۷ علم المعیشت ، ۵۶۹

— پا کس اضا ، م ف .

اُلٹے پانو ، پیچھے کی طرف .

والدہ کے خالی تخت کی طرف منہ کئے ہوئے پس پا پھر ڈیوڑھی سے باہر نکلتا ہے .

۱۸۴۸ تاریخ ممالک چین ، ۱ : ۱۲۰

— پائی/پائیت (—/کس ء ، فت ی) اسث .

شکست خوردگی ، ہار ، ہزیمت ؛ پیچھے ہٹنے کی حالت و کیفیت .

جنرل خود گولہ باری کی زد میں آ گیا ، اور اس نے فوری پس پائی کا حکم دیا .

۱۹۲۵ غدر کی صبح و شام ، ۱۱۶

ذہنوں پر پسپائیت کی دھند کے دبیز پردے پڑ رہے ہیں .

۱۹۶۴ پاکستانی کلچر ، ۱۹

[پس پا (رک) + ی/ئیت ، لاحقۂ کیفیت]

— پردہ کس اضا (— فت پ ، سک ر ، فت د) م ف .

۱. پردے کے پیچھے ، آڑ میں ، نگاہوں سے اوجھل یا دور مقام میں .

نہ جانے پس پردہ بستا ہے کون
کہ یاں ہر دم اک شور خلخال ہے

۱۷۹۵ قائم ، د ، ۱۸۴

محو تدبیر ہیں ہم لیک خدا ہی جانے
کون سا گل ہے پس پردۂ تقدیر کھلا

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۱۳

جہاں پس پردہ لکھا ہے اس سے مراد یہ ہے کہ دور سے آواز آ رہی ہے .

۱۹۳۸ شکنتلا ، اختر حسین رائے پوری ، ۲۸

۲. چھپ کر .

کیا کیا چوٹیں لیتا ہوں اور کیا کیا خالی دیتا ہوں
دیکھنے والے پس پردہ سرکار نہیں تو کچھ بھی نہیں

۱۹۵۷ یاس و یگانہ ، گنجینہ ، ۵۴

— پُشت کس اضا (— ضم پ ، سک ش) م ف .

۱. غیبت میں ، پیٹھ پیچھے ، (متعلق شخص کی) عدم موجودگی میں .

کسی کو اس کے پس پشت برا کہنا ، عام اس سے کہ وہ برائی اس میں ہو یا نہ ہو .

۱۹۰۶ الحقوق والفرائض ، ۳ : ۷۰

۲. پیچھے ، عقب میں .

اچا یا دوہاتاں سوں او در زپیش
سٹیا دور او از پس پشت خویش

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۳۳۶

پس پشت تھے دست بستہ وزیر
چلا آگے وہ زیب تاج و سریر

۱۸۶۰؟ اثمیہ ، گلشن سخنوراں ، ۲۷

شمالاق و اسلاق پس پشت کھڑے ہوئے .

۱۹۰۴ داستان امیر حمزہ ، ۳ : ۱۵۴

[پس + پشت (رک)]

— پُشت پھینک دینا محاورہ .

رک : پس پشت ڈالنا .

افسوس خلف الرشید ہونہار نسلوں نے . . . اپنے سرور عالی مقام کو پس پشت پھینک دیا .

۱۸۹۳ بست سالہ عہد حکومت ، ۳۳۲

— پُشت ڈالنا محاورہ .

(کسی بات) سے بے پروائی کرنا ، نظرانداز کر دینا ، لائق التفات نہ سمجھنا ، ترک کر دینا ، توجہ نہ دینا .

انڈین نیشنل کانگریس کا رزولیوشن بھی پس پشت ڈال دیا .

۱۹۳۹ خطبات عبدالحق ، ۱۵۳

— پُشت کرنا محاورہ .

رک : پس پشت ڈالنا ؛ پیٹھ پیچھے رکھنا .

ڈونگر پیٹ پیچھیں و دریا ہے پیش
ڈونگر کوں کریں بھی پس پشت خویش

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۴۹۲

— پُشت کھڑا ہونا محاورہ .

(تعظیماً یا برائے حفاظت) پیچھے جا کر استادہ ہونا (ماخوذ: جامع اللغات ، ۲ : ۸۵) .

ــ تر (— فت ت) م ف ؛ ~ بستر .

بعد ازاں ، آخر میں ، پیچھے .

بستر رکھے گئے وہ سنگریزے باتوں ہمارے میں .

۱۸۵ ترجمہ عجائب القصص ، ۲ : ۳۱۱

[ف]

ــ جُوا (— ضم ج) امذ .

(حیوانیات) ممنّدک کے سینے پر پیچھے یا نیچے کی ہڈی کا ابھار ، ادنیٰ جوڑوان ابھار .

اور پیچھے ایک نیچے رخ کیا ہوا ادنیٰ جوڑوان ابھار یا پس جوا ابھار ہوتا ہے .

۱۹۴۹ ابتدائی حیوانیات ، ۳۴۳

[پس + جُوا (= جوڑ) (رک)]

ــ خوردہ (— و معد ، سک ر ، فت د) امذ .

۱. آگے کا بچا کھچا کھانا ، اُلش ، جھوٹا کھانا .

باقی وضو یا پیوے گا پس خوردہ یا زمزم اگر

۱۶۴۵ تحفۃ المومنین ، ۵۹

جو کچھ پس خوردہ رہا تھا ان خدمت گاروں نے کھایا .

۱۷۷۵ نوطرز مرصع ، ۲۶۶

دہقان نے دیکھا کہ شیر کا پس خوردہ پڑا ہے .

۱۸۳۴ بستان حکمت ، ۳۳۲

اس نے کہا میں اس کا پس خوردہ کھا لیتا ہوں .

۱۹۳۰ اردو گلستان ، ۴۵

۲. وہ کھانا جو کھلانے کے بعد بچ رہے جیسے دعوت ، شادی وغیرہ کا زائد کھانا .

ان سستے ہوٹلوں میں تقاریب کا پس خوردہ کھانا دوسرے دن انتہائی سستے داموں فروخت ہوتا ہے جو اکثر مضر صحت ہوتا ہے .

۱۹۸۱ ہماری صحت ، ۱۰۷

۳. (مجازاً) کوئی بھی بچی ہوئی یا چھوڑی ہوئی چیز وغیرہ .

بارے درجہ پس خوردہ خلافت ان کو نصیب ہوا .

۱۹۰۷ امہات الامہ ، ۱۰۷

[پس + خوردہ (رک)]

ــ خیمہ (— ی لین ، فت م) امذ .

فوج یا قافلے کا پچھلا حصّہ .

یا برہمی بزم کی فریاد و فغاں ہے
یا قافلۂ رفتہ کا پس خیمہ رواں ہے

۱۹۱۱ کلیات اسمٰعیل ، ۱۲۴

[پس + خیمہ (رک)]

ــ دالان امذ .

دالان کی پچھلی کوٹھ ، وہ دالان جس کے سامنے ایک دالان اور ہو ، پچھلا دالان .

پس دالان اور پیش دالان دونوں بھر گئے .

۱۹۶۲ ساقی ، جولائی ، ۵۷

[پس + دالان (رک)]

ــ دیوار کس اضا (— ی مع) م ف .

دیوار کے پیچھے ، (مجازاً) قریب ہی .

باہر ہے مصلحت سے یہ جتنا خروش ہے
آہستہ بات کر پس دیوار گوش ہے

۱۸۷۰ دیوان اسیر ، ۳ : ۳۸۵

[پس + دیوار (رک)]

ــ رو (— و لین) صف .

پیچھے چلنے والا ، پیرو .

پس رو احمد ہو کہ مرنا ہے کل
راہ ندیدہ کو بَلَد چاہئے

۱۷۹۵ قائم ، د ، ۱۳۷

[پس + رو (رک)]

ــ ریز (— ی مج) صف .

(نباتیات) مخصوص موسم میں جھڑ جانے والا (پتا وغیرہ) سدا بہار کی ضد .

پتا ، پس ریز (Deciduous) ہے یا سدا بہار .

۱۹۴۳ مبادی نباتیات ، ۲ : ۸۸۸

[پس + ف : ریز (رک)]

ــ ریز درخت (— ی مج ، فت د ، ر ، سک خ) امذ .

وہ درخت جس کے پتے مخصوص فصل میں یا سالانہ جھڑتے ہوں .

پس ریز درخت سرما کی سردی یا گرما کی خشک سالی کے لیے پتے جھڑ جاتے ہیں .

۱۹۴۳ مبادی نباتیات ، ۲ : ۶۹۲

[پس ریز (رک) + درخت (رک)]

ــ غیبت کس اضا (— ی لین ، فت ب) م ف .

رک : پس پشت معنی نمبر ۱ .

لوگاں پس غیبت کھڑے کھڑے دیتے گالیاں .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۵۴

میرے پس غیبت یہ کہتیں جسے تم سمجھے ہو اس نے کھانا نہیں پکایا .

۱۸۷۴ مجالس النسا ، ۱ : ۴۱

[پس + غیبت (رک)]

ــ فردا کس اضا (— فت ف ، سک ر) امذ .

۱. (آنے والی) برسوں ، آئندہ کل کے بعد کا دن .

بجر میں جس طور گزری یوں ہی گزرے جائے گی
دے کو امروز اور فردا کو پس فردا کہوں

۱۸۷۹ کلیات سالک ، ۹۸

عجب کیا وعدۂ فردا پس فردا پہ ٹل جائے
کوئی شام اور آجائے نہ شام بے سحر ہوکر

۱۹۵۷ یاس ویگانہ ، گنجینہ ، ۳۸

۲. (مجازاً) قیامت کے بعد .

خط شوق ان کو تو پہنچا میری دلجمعی نہیں
نامہ بر کہتا ہے آئے گا پس فردا جواب

۱۸۹۶ دیوان شرف ، ۸۶

[پس + فردا (رک)]

ــ قدمی (— فت ق ، د) امث .

پیچھے ہٹنا .

وہ پس قدمی کرتے کرتے اپنی پوزیشنوں کی حفاظتی سرنگوں کے قطعوں کے پیچھے آ گئے .

۱۹۷۳ پاکستان کا المیہ ، ۲۸۹

[پس + قدم (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ــ ماند کرنا محاورہ .

رک : پس انداز کرنا .

نیک معاش وہ ہے جو دس روپے کماتا ہے آٹھ روپے اٹھاتا ہے ، اور دو پس ماند کرتا ہے .

۱۹۲۳ اہل محلہ اور نا اہل پڑوسی ، ۳

ــ ماندگان (— مغ ، فت د) امذ ، ج .

پس ماندہ (رک) کی جمع ؛ مرنے والے کے ورثا ، آل اولاد ، لواحقین .

دیکھیے پس ماندگاں پر کیا بنے
ہم تو اپنی سی بہت کچھ کر چلے

۱۸۹۲ مہتاب داغ ، ۲۱۷

حضور نے قدم رنجہ فرما کر میت کو دیکھا اور پس ماندگان کی تسلی فرمائی .

۱۹۲۹ تذکرۂ کاملان رامپور ، ۵۳۴

ــ ماندگوں (— مغ ، و مج) امذ ، ج .

پس ماندہ معنی نمبر (الف) (رک) کی جمع .

اس کے پس ماندگوں یعنی اس کی اولاد اور اولاد کی اولاد میں تو اس کا خلیفہ ہو .

۱۹۰۶ الحقوق والفرائض ، ۲ : ۲۷۵

ــ ماندگی (— مغ ، فت د) امث .

پس ماندہ (رک) کا اسم کیفیت .

غیر ترقی یافتہ اور پس ماندہ ممالک کی پس ماندگی کا یہ ایک بڑا سبب ہے .

۱۹۵۹ گھریلو صنعتیں ، ۲۹

ــ ماندہ (— مغ ، فت د) .

(الف) امذ .

۱. پیچھے رہ جانے والا ؛ مرنے والے کی آل اولاد اور رشتہ دار .

نشہ ایک اور نے جمایا پس ماندہ کا پیش خیمہ آیا

۱۸۳۸ گلزار نسیم ، ۲

خدا آپ کو اور ان کے تمام پس ماندوں کو صبر جمیل عطا فرماوے .

۱۸۹۱ مکتوب سر سید ، ۵۸۷

۲. وارث .

اگر کوئی شخص مر جائے یا غائب ہو جائے اور اس کا پس ماندہ کوئی نہ ہو تو اس کے مال و اسباب کو تحت میں رکھے .

۱۸۹۶ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۴۳۷

مرزا نصراللہ بیگ کے پس ماندوں کی پرورش بھی کی جائے .

۱۹۳۷ فرحت ، مضامین ، ۴ : ۲۰۲

(ب) صف .

۱. پیچھے پڑا ہوا ، جو آگے بڑھنے والے سے پیچھے رہ گیا ہو ، تھکا ہوا .

اس کے پس ماندہ قافلے کو ایک ایک کر کے اپنے سامنے دنیا سے رخصت کیا ہے .

۱۹۰۰ مقالات حالی ، ۲ : ۱۷۳

۲. غیر ترقی یافتہ ، ترقی سے محروم ، جو تنزل کی حالت میں ہو .

میں خود اپنے وجود کو پس ماندہ سمجھتا ہوں .

۱۹۲۲ نقش فرنگ ، ۸

۳. (جانے والے یا بیشرو کا) بچا ہوا ، چھوڑا ہوا ، جو کسی شے یا اشیا وغیرہ میں سے بچ رہا ہو (یادگار یا ترکے وغیرہ کے طور پر) .

جب اس نے دار فانی سے رحلت کی پس ماندہ دولت میرے ہاتھ لگی .

۱۸۶۶ شبستان سرور ، ۱ : ۱۲۳

۴۔ بچا ہوا ، باقی ، جس کے بغیر سابق کی تکمیل نہ ہو (کام کے لیے مستعمل) ۔

فنون کو بخوبی معلوم ہے کہ عملوں میں سے کسی کا کام پس ماندہ نہیں ہے ۔

ابن الوقت ، ۲۱۷ ۱۸۸۸

نہ . . . کلکٹر کی رعایت سے استفادہ کیا اور نہ تحصیلداری کے کام کو پس ماندہ ہونے دیا ۔

حیات النذیر ، ۶۲ ۱۹۱۲

[پس + ماندہ (رک)]

ـ ماندہ خور (— مغ ، فت د ، و معد نیز مج) صف ۔

جھوٹا کھانے والا ، بچا کھچا کھانے والا ۔

جھٹک کے وہ تب ہاتھ بولی بزور
بڑے بانکے دلی کے پس ماندہ خور

نتیجہ رنڈی بازی ، ۶ ۱۹۰۲

[پس ماندہ (رک) + خور (رک)]

ـ مُردن/مَرگ کس اغا (—ضم م ، سک ر ، فت د/فت م ، سک ر) م ف ۔

مرنے کے بعد ، بعد مرگ ۔

شبنمی پراوس پڑتی ہے جو اپنی زیست میں
تو پس مردن لحد پر شامیانہ ہو چکا

الماس درخشاں ، ۹ ۱۸۷۰

تاثیر پس مرگ دکھائی ہے وفا نے
جو مجھ پہ ہنسا کرتے تھے روتے ہیں سرہانے

قمر جلالوی ، اوج قمر ، ۶۷ ۱۹۶۸

[پس + ف : مُردن (= مرنا) / مرگ (رک)]

ـ منظر (— فت م ، سک ن ، فت ظ) امذ ۔

۱۔ (تصویر وغیرہ میں) عقب میں نظر آنے والی زمین اور اشیا ، عقبی زمین یا منظر ۔

اس کو صاف سیاہ یا سفید پس منظر (back ground) پر رکھو ۔

عملی نباتیات ، ۱۷۱ ۱۹۳۸

۲۔ (مجازاً) وہ علم ، حالات و اسباب جو کسی بات یا واقعہ کو ظہور میں لانے کا باعث ہوں یا اسے سمجھنے میں مدد دیں ؛ کسی شخص کے خاندانی حالات ، تعلیم و تربیت اور تجربات وغیرہ بحیثیت مجموعی ۔

(ان لوگوں کا) ذہنی اور نفسیاتی پس منظر . . . یکساں تھا ۔

شیشے کے گھر ، ۴۱۰ ۱۹۵۷

[پس + منظر (رک)]

ـ مَنظَری (— فت م ، سک ن ، فت ظ) صف ۔

پس منظر (رک) سے متعلق ، پس منظر والا ۔

تحلیل نفسی کی وضع فن تنقید کے لئے نہیں ہوئی ہے لیکن دیگر پس منظری علوم میں اسکی اہمیت کم نہیں ہے ۔

تنقیدی نظریات ، ۱۶۸ ۱۹۶۵

[پس منظر (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

ـ نَوِشت (— فت ن ، کس و ، سک ش) اسث ۔

وہ عبارت جو خط لکھنے والا اپنے دستخط کے بعد لکھتا ہے ، عبارت مزید ۔

اس خط کی پس نوشت قابل غور ہے ۔

تعصبات ، ۹۲ ۱۹۷۳

[پس + نوشت (رک)]

ـ نوشَہ (— و مج ، فت ش) امذ ۔

سگریٹ کا وہ حصّہ جو پینے کے بعد بچ جائے ، ٹوٹا ۔

اب اس کے بعد جو کیفیت ہوتی ہے وہ ایسی ہی ہے جیسی کہ سگریٹ کے جاتے ہوئے '' پس نوشہ '' سے ہم آگ حاصل کرنے کی کوشش کریں ۔

مکالمات سائنس ، ۲۲۶ ۱۹۴۰

[پس + ف : نوشہ (رک)]

ـ نَومی اِیماء (— و لین ، ی مع) امذ ۔

ایماء کی ایک اور حیرت انگیز صورت وہ ہے جس میں معمول سے کہا جاتا ہے کہ پس تم شفایاب ہوگے یا یہ کہ بیداری کے بعد تمہاری تکلیف دور ہو چکی ہوگی اور واقعی بیداری کے بعد مریض وہی محسوس کرتا ہے جو اسے بتایا گیا تھا ۔ اس صورت حال کو پس نومی ایماء (Post hypnotic suggestion) کہتے ہیں (نفسیات اور ہماری زندگی ، ۴۲۶) ،

[پس + نوم (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت + ایماء (رک)]

ـ و پیش (— و مج ، ی مج) ۔

(الف) امذ ، نیز امث (شاذ)

۱۔ فکر ، اندیشہ ، دبدھا ، شش و پنج ، تامل ، غیر یقینی کیفیت ۔

سودے میں ترے دھیان نہیں سود و زیاں کا
مطلق جو پس و پیش ہو ارزاں و گراں کا

آتش ، ک ، ۵۱ ۱۸۳۶

بادشاہ کو تخت سے اتار دینے کے متعلق اب بھی وہ پس و پیش میں تھا ۔

نپولین اعظم ، ۳ : ۳۸۸ ۱۹۰۷

۲۔ اونچ نیچ ، برائی بھلائی ، انجام ، آگا پیچھا ، نشیب و فراز .

خالہ نے بہت کچھ لعنت ملامت کی اور پس و پیش سمجھایا.

۱۸۶۸ مرأۃ العروس ، ۵۹

تم نے کچھ پس و پیش نہ سوچا فوراً اقرار کر لیا .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۹۳

۳۔ لیت و لعل ، حیل حجت .

بدتر از مردہ تو فرقت نے بنایا اس کی
کیوں پس و پیش اب آنے میں قضا کرتی ہے

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۱۴۸

۴۔ (لباس کا) اگلا اور پچھلا حصہ .

چاک پیراہن یوسف نے نہ رکھا پس و پیش
کھل گیا پردہ تو چالاک زلیخا نکلی

۱۸۹۲ شعور (نوراللغات ، ۲ : ۹۵)

۵۔ آگا پیچھا ، تفاوت ، فرق .

اس وقت شیخ کی عمر ۱۸ یا ۲۰ برس کی ہوگی غلطی سے نقطے کا پس و پیش ہوا .

۱۸۸۷ سخندان فارس ، ۴۷

کیا مجال کہ ایک لمحے کا پس و پیش ہوجائے .

۱۹۰۶ الحقوق والفرائض ، ۱ : ۲

اف : کرنا ، ہونا .

(ب) م ف .

آس پاس ، ادھر اُدھر ، کسی خاص حد (زمان یا مکان) کے اندر ، کہیں نہ کہیں .

سنہ ۹۷۷ کے پس و پیش میں جزیہ اور چنگی کا محصول معاف کر دیا .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۱۳۲

[پس + و ، عطف + پیش (رک)]

— و پیش کَرنا محاورہ .

۱۔ رک : پس و پیش معنی (الف) نمبر ۱ .

ہمیشہ اس کے اظہار میں وہ پس و پیش کرتا تھا .

۱۹۰۷ تولین اعظم ، ۱ : ۶۲۰

۲۔ آگے کی چیز پیچھے اور پیچھے کی آگے رکھ دینا .

وہی مقرری باتیں ہیں ، کہیں ہم لفظوں کو پس و پیش کرتے ہیں ، کہیں ادل بدل کرتے ہیں .

۱۸۸۰ آب حیات ، ۸۴

— و پیش میں پڑنا محاورہ .

فکر مند ہونا .

کل شام شیل منی نے ان سے مقدمے کی بابت کہا تھا اور جبھی سے وہ بڑے پس و پیش میں پڑ گئے تھے .

۱۹۲۲ گوشۂ عافیت ، ۱ : ۲۶۶

پَس (۲) (فت پ) امذ .

مواد جو پھوڑے پھنسی سے نکلتا ہے ، پیپ (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۰۲) .

[Pus : انگ]

پَس (۳) (فت پ) امث ؛ امذ .

نوجوان بھینس یا بھینسا (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۵) .

[س : پَشُ पशु]

پَسا (۱) (فت پ) امذ .

خمال (قدیم اردو کی لغت ، ۶۹) .

[؟]

— دار امذ .

خمال دار (قدیم اردو کی لغت ، ۶۹) .

[پسا + دار (رک)]

پَسا (۲) (فت پ) امذ ؛ ~ پسا .

انجلی ، اس قدر جتنا دو ہاتھوں میں آسکے ، لپ (پلیٹس) .

[س : پرسْت प्रस्त]

پُسا (ضم پ) امذ .

رک : پُشا ، سورج (پلیٹس) .

پِساب (کس پ) امذ .

رک : پیشاب (پلیٹس) .

پِساچ/پِساچ (کس پ) امذ .

رک : پشاچ .

کر پایل چھن ، سامری کی مانے دیو پساچ
کپٹ دھر و بی جو کرے ، بگڑے اس کا کاج

۱۸۸۶ حباب کے ڈرامے ، ۳۷۷

پِساچی (کس پ) صف ؛ ~ پشاچی .

۱۔ شیطانی ، خونخوار ، وحشی ، رک : پشاچی .

ان آریاؤں کو ، جو صدیوں بعد برعظیم میں داخل ہوئے ، سدھیہ دیس کے قدیم آریاؤں نے پساچی یعنی خونخوار و وحشی کے نام سے پکارا .

۱۹۷۵ تاریخ ادب اردو ، ۱ : ۴

۲۔ پساچی اپ بھرنش (رک) سے منسوب یا اس سے متعلق۔
یہاں ایک ایسی کھچڑی زبان بولی جاتی تھی جو پساچی اثرات بھی رکھتی تھی اور شور سینی اثرات بھی۔
تاریخ ادب اردو، ۱ : ۸
۱۹۷۵

— آپ بھرنش (— فت ا، بھ، ر، سک ن) امث۔
اپ بھرنش (رک) زبان کی ایک قسم۔
جب علاقائی زبانوں کی آمیزش سے اپ بھرنش کی نشو و نما ہوئی تو کوئی پساچی اپ بھرنش کہلائی اور کوئی شور سینی اپ بھرنش کے نام سے موسوم ہوئی۔
تاریخ ادب اردو، ۱ : ۷
۱۹۷۵
[پساچی + اپ بھرنش (رک)]

پساچیں (فت پ، ی مع) امذ۔
باقی میوہ جو باغوں میں میوہ چننے کے بعد رہ جائے (وضع اصطلاحات، ۲۹)۔
[رک : پس (۱) + ا، اتصال + چیں (رک)]

پسادست (فت پ، د، سک س) امذ۔
قرض، ادھار۔
جنس دل ایسی مہنگی نہیں نقد بوسہ پر
کیوں عہد بیع بھر پسادست توڑیے
رشک، ک، ۲۱۳
۱۸۶۷
[ف : پس (۱) (رک) + ا، اتصال + دست (رک)]

پسار (فت پ) امذ۔
پسرنا (رک) سے اسم کیفیت، پھیلاؤ؛ وسعت، لمبائی اور چوڑائی؛ وضاحت یا نمائش، مایاجال (شبد ساگر، ۶ : ۲۹۰۳)۔

پسارا (فت پ) امذ (قدیم)۔
پھیلاؤ، فراخی، وسعت، پسارنا (رک) سے اسم کیفیت۔
جس نور تے یو نگار سارا پکڑیا ہے وجود یو پسارا
من لگن، ۹
۱۷۰۰
دنیا کا ہے عجب پسارا کہیں رووین کہیں بجے نقارہ
مورک سمجھاونی (ق)، ۵
۱۸۵۱
[س : پسار + کہ : प्रसार + क:]

— کرنا محاورہ۔
۱۔ رک : پسارنا۔
۲۔ ٹال مٹول کرنا، تاخیر کرنا، لیت و لعل کرنا؛ (کسی آسان معاملے میں) روڑے اٹکانا (پلیٹس؛ جامع اللغات، ۲ : ۸۶)۔

پسارنا (فت پ، سک ر) ف م۔
۱۔ پھیلانا، دراز کرنا (بیشتر ہاتھ پانو گود اور دامن وغیرہ کے ساتھ مستعمل)۔
کالا ہنسا نرسلا بسے سمندر تیر
پنکھ پسارے بکھ بڑے نرمل کرے سریر
درد رہے نہ پیڑ
شیخ شرف الدین یحیٰ منیری (مقالات شیرانی، ۱ : ۱۳۵)
۱۳۸۰
پڑیا پھول پر جب بھنور پنکھ پسار
چھپیا ترک زنگی کھڑا آشکار
شوقی، د، ۷۶
۱۵۶۴
مگر مولود ہے شہ کا عرش اوپر طبل گاجیے
مراداں پاؤنے سارے جگت ہاتاں پسارے ہیں
قلی قطب شاہ، ک، ۱ : ۳۵
۱۶۱۱
آنکھ ٹک کھول دید قدرت کر
پھر تو پانوں پسار سونا ہے
دیوان زادہ حاتم، ۲۲۳
۱۷۵۷
کتا چوکھٹ پر پانوں پسارے سوتا تھا۔
احوال الانبیا، ۱ : ۷۵۶
۱۸۴۵
شام ہوئی مت سو اب ٹانگ پسارے مالی
خواب راحت، ۱۶
۱۹۰۴
۲۔ کھولنا، پھاڑنا (منھ اور آنکھ وغیرہ کے ساتھ مستعمل)۔
جو ساعد ہوا نیند میں ہوشیار
لگیا دیکھنے تائیں انکھیاں پسار
سیف الملوک و بدیع الجمال، ۳۵
۱۶۲۵
گدھے نے اس کا کہنا نہ مانا اور منہ آسمان کی طرف پسار کر ملار بے تال گانے لگا۔
طوطا کہانی، ۷۳
۱۸۰۱
۳۔ (i) (قدیم) بکھیرنا۔
دونوں قلب لشکر سنوارے گئے زمیں پر جواہر پسارے گئے
خاور نامہ، ۳۷۸
۱۶۴۹
(ii) پُر کر دینا، بھر دینا، اس طرح پھیلانا یا بکھیرنا کہ جگہ پر ہو جائے۔
بولے حیدر ان کو توں مارو یہاں
لہوسوں زمیں سب پسارو یہاں
خاور نامہ، ۶۱۲
۱۶۴۹
۴۔ پسنجنا (پلیٹس)۔
۵۔ نمائش کرنا، ظاہر کرنا (پلیٹس)۔
[س : پرسرنی‌ین प्रसरणीय]

پَساری (ف ت پ) امذ ؛ ← پنساری .

۱. خوردہ فروش ، متفرق سامان (چھالیا کتھا وغیرہ اور ہر قسم کے مسالے خشک میوے نیز یونانی اور ویدک دوائیں) بیچنے والا ، کرانہ فروش .

ایک دوکان تھی پساری کی
اس نے ہم لوگوں سے بھی یاری کی

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰۰۶

۲. تِنی کا گھان ، بَسون ، پسیہی (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۰۳) .

[رک : پنساری]

پَساسو/پَساسوں (ف ت پ ، و مج) صف (قدیم) .

رک : پچاسوں .

پسا سوں برس شہ تو یوں راج کر

۱۶۰۳ ابراہیم نامہ (دکنی اردو کی لغت ، ۱۱۷)

پسا سو برس کی ہو اس کی حیات
سکندر کی دولت لگو اس کے ہات

۱۸۰۰ پنجۂ آفتاب (دکنی اردو کی لغت ، ۱۱۷)

پِسا کا مِینار (کس پ ، ی مع) امذ ؛ ← پیسا کا مینار .

ایک مشہور مینار جو اٹلی کے شہر پسا میں ہے جسے پسا ٹاور بھی کہتے ہیں یہ اپنے ٹیڑھے پن کی وجہ سے مشہور ہے . حالانکہ ہمیں یقین ہوتا ہے کہ عمارت سیدھی ہے ، پسا کا مینار نہیں .

۱۹۷۱ فوٹو گرافی ، ۸۹

[انگ : Pisa tower کا ترجمہ]

پِسان (کس پ) امذ .

کوئی بسی ہوئی چیز ؛ آنا ، سفوف (ہلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۵) .

[پسنا (رک) سے]

پِسانا (۱) (ف ت پ) ف م .

۱. کسی اُبلی ہوئی چیز کا پانی نکالنا یا نچوڑنا ، کسی چیز کو ابال کر اس کا زائد پانی گرانا .

چانول پسانے ، پلاؤ دم کرنا . . . یہ سب کام آپ کرتی .

۱۸۷۳ مجالس النسا ، ۱ : ۴۰

قیمے کو ابال کر پانی پسا لیں .

۱۹۳۲ مشرق مغربی کھانے ، ۸۸

۲. (دباغت) کھال کو پکانے اور کمانے کے لیے مسالے کے پانی میں بھگونا (ا پ و ، ۲ : ۲۱۳) .

۳. کھوٹ نکالنے کے لیے سونے کو تیزاب میں گلانا (ا پ و ، ۴ : ۳) .

[س : प्रस्तरणीय پرستر نی ین]

پَسانا (۲) (ف ت پ) ف ل .

خوش ہونا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۰۳) .

[س : प्रसन्न پرسنن]

پِسانا (کس پ) ف م .

رک : ہسنا جس کا یہ تعدیہ ہے .

اگر مہندی جو ایسیں نا پساوے
او سے کون پاؤں ہاتانکوں لگاوے

۱۶۶۵ پھول بن ، ۲۱

چنے اور جو مساوی جو بھناوے
اور اُن کا سوٹا اردادا پساوے

۱۷۹۵ فرس نامۂ رنگین ، ۱۱

پُسانا (ضم پ) ف ل .

پورا پڑنا ، بن پڑنا ؛ اچھا لگنا ، خوبصورت معلوم ہونا ، مناسب معلوم ہونا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۰۶) .

[ہ : پوسنا पोसना]

پَساو (ف ت پ) امذ .

۱. وہ پانی جو پسانے سے نکلے ، اُبلی ہوئی چیز کا بچا ہوا پانی ، سرجوش .

ایک جانب پلاؤ کے لیے یخنی توڑی جاتی ہے اور کہیں نور محل پلاؤ کا پساو ہو رہا ہے .

۱۸۹۲ خدائی فوجدار ، ۲ : ۶۳

پلاؤ کے پساو کے ساتھ ایک نہ دو کوئی دس بیس چاول نہ نکلے .

۱۹۲۹ داودہ پنج ، لکھنؤ ، ۱۴ : ۲۵ ، ۹

۲. (باورچی گری) چاول اُبالنے کا پانی (ا پ و ، ۳ : ۱۴۲) .

[س : प्रसादा پرسادہ]

ــ دینا محاورہ .

کسی چیز کا نتھرا ہوا پانی چھوڑ کنا یا ڈالنا (کھانے یا رنگ وغیرہ میں) .

کیا عجب مرچ کا خشکے میں دیا جائے پساؤ
عید کے روز پکایا گیا جب مرچ پلاؤ

۱۹۳۳ دیوانجی ، ۳ : ۴۳۹

— کرنا محاورہ .

ابالنے کے بعد زائد پانی نتھارنا یا نچوڑنا .

پساو کر کے ٹھنڈے پانی میں ڈال کر خشک کپڑے پر ڈال دیتے ہیں .

۱۹۴۷ شاہی دسترخوان ، ۲۵

پساوا (ف ت پ) امذ .

۱. تلچھٹ (بیشتر رنگ وغیرہ کی) .

شمہ اک اس کا ملا ہے تو گل اترائے ہیں
کچھ پساوا ہے جو یہ لال اڑا لائے ہیں

۱۸۹۳ ریاض شمیم ، ۱ : ۱۶۷

۲. (دباغت) کھال پسانے کے مسالے کا محلول (ا پ و ، ۲ : ۲۱۲) .

[پسانا (رک) سے]

پساون (ف ت پ ، و) امذ .

رک : پساو (نورالغات ، ۲ : ۹۵) .

پساؤ (کس پ) امذ .

پسنے کی حالت یا کیفیت .

پساؤ کی باریکی کا امتحان کرنے کے لئے سیمنٹ کو چھانا جاتا ہے .

۱۹۴۱ مضبوطی اشیا ، ۲ : ۹۲۴

[پسنا (رک) سے]

پسائی (ف ت پ) امذ ؛ ~ پسنی .

۱. (ہند) ایک قسم کا خود رو موٹا چاول جو بالعموم اتھلے تالابوں میں پیدا ہوتا ہے اور جس کو ہندو برت (روزے) میں استعمال کرتے ہیں (پلیٹس ؛ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۳) .

۲. ہستال نام کی گھاس جو تالابوں میں ہوتی ہے (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۰۳) .

[س : प्रसातिका]

پسائی (کس پ) امث .

۱. (آٹا وغیرہ) پیسنے کی مزدوری ؛ نیز پیسنے کا کام ، رگڑائی ، گھسائی (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۳) .

اس کی پسائی جس قدر محنت سے کی جائے تھوڑی ہے .

۱۹۰۶ نعمت خانہ ، ۱۰۷

۲. (مجازاً) سخت محنت (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۱۴) .

۳. پیسنے کا پیشہ (پلیٹس) .

[پسانا (رک) سے]

— والی امث .

پیسنے والی ، پسنہاری (جامع اللغات ، ۲ : ۸۶) .

[پسائی + والی (رک)]

پسایا جانا (ف ت پ) ف م .

رک : پسانا .

شریعت کے چاولوں کا پساو اسی میں پسایا جاتا ہے .

۱۹۲۴ 'اودھ پنچ' ، لکھنؤ ، ۹ ، ۳۹ : ۳

پسپا (ف ت پ ، سک س) صف .

رک : پس (۱) کا تحتی پس پا (نوراللغات ، ۲ : ۹۴) .

پس پس جانا محاورہ .

شرمندہ یا خجل ہونا .

آج پس پس گئی چمن میں حنا
لالہ رو تیرے دست رنگیں پر

۱۸۶۱ کلیات اختر ، ۳۶۷

پس پس کے رہ جانا ف م .

رک : پس جانا ، بہت زیادہ پس جانا .

گھوڑے کسے کسائے نہ کس کس کے رہ گئے
چیونٹی کی طرح مورچے پس پس کے رہ گئے

۱۹۱۲ شمیم ، بیاض (ق) ، ۱۷

پس پس کے سرمہ ہو جانا محاورہ .

کسی چیز کا اس طرح کچلا جانا کہ سرمے کی طرح باریک ہوجائے ، کچل کے یا دب کے بچی ہو جانا .

کتنے جواں سموں کے تلے آکے مر گئے
پس پس کے سرمہ ہو گئے ٹکرا کے مر گئے

۱۸۷۴ انیس (مہذب اللغات ، ۳ : ۷۶)

پسپو (ف ت پ ، سک س ، و مچ) امث .

بلدی (خزائن الادویہ ، ۷ : ۱۸۷) .

[؟]

پسپوت (ضم پ ، سک س ، و مع) امذ .

متبنّیٰ ، لے پالک (پایٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۶) .

[س : پُشپه پُتر पुष्पपुत्र]

پست (فت پ ، سک س) صف .

۱. نیچا ، نشیبی ، بالا کی ضد .

ہوائے تری خاک ہوئی سرفراز
ورنہیں یہ تھی پست اے بے نیاز

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۸

سمجھے ہے صاف طینت خاک اوج سرکشاں کا
پانی میں دیکھ رتبہ ہے پست آسماں کا

۱۸۳۰ شاہ نصیر ، چمنستان سخن ، ۱۹

یہ خدا کا فرض ہے کہ دنیا کی کوئی چیز جب سر اٹھائے تو اس کو پست کردے .

۱۹۱۴ سیرۃ النبی ، ۲ : ۱۸۹

۲. کم رتبہ ، کم حیثیت ؛ دنی ، بد اخلاق .

رتبۂ عالی سے اس کے آسماں بھی پست ہے
اے ظفر جو خاک پاہے فخر عالی جاہ کا

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۹

ہم نے کیا ہے رایت علم و ہنر بلند
آجائے اس کے سایے میں ہر پست ہر بلند

۱۹۱۹ کیفی ، کیف سخن ، ۱۱۳

۳. مغلوب ، زیر ، دبا ہوا .

مرد ہے تو آ سامنے کھول دست
مکر سوں نکو کر توں مرداں کوں پست

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۵۹۳

دب کے ہرگز نہ رکھ زباں کو بند
پست کرنے کو مدعی کے بلند

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۳۵۷

رحم کرنے والے کے ادب سے تمام آوازیں پست ہوگئیں .

۱۹۳۲ سیرۃالنبی ، ۳ : ۵۲۷

۴. تھکا ہوا ، خستہ ، درماندہ ، بے ہمت ، بے عمل .

مرض عشق مجدم نے کیا یہ مجھے پست
تن میں ہے طاقت برخاست نہ یارائے نشست

۱۸۷۳ محامد خاتم النبیین ، ۱۶۰

۵. برا ، خراب ، حقیر ، معیار سے گرا ہوا .

شعر نہایت پست اور عامیانہ ہو گئے ہیں .

۱۹۴۷ ادبی تبصرے ، عبدالحق ، ۱

۶. گھٹا ہوا ، کم ، گھٹیا (بیشتر مقابلے میں) .

حرارت بدنیہ ایک عرصے تک بدن کے اندر اعتدالی درجے سے پست رہتی ہے .

۱۹۳۳ بخاروں کا اصول علاج ، ۴۱

۷. دھیما (لہجے اور آواز وغیرہ کے لیے) .

دل ہے مرا غنی جو بظاہر ہوں تنگدست
مضمون تو بلند ہے لہجہ اگر ہے پست

۱۸۹۳ سجاد رائے پوری ، د (ق) ، ۴

اف : کرنا ، ہونا .

[ف]

ــ اَقوام (— فت ا ، سک ق) امث ؛ ج .

وہ قومیں جو بعض سماجوں میں نیچی سمجھی جاتی ہیں .

ان اعداد شمار سے پست اقوام کی آبادی معلوم نہیں ہوتی .

۱۹۴۴ مخزن علوم و فنون ، ۴

[پست + اقوام (رک)]

ــ بَختی (— فت ب ، سک خ) صف .

بد قسمتی ، بد نصیبی .

پست بختی نے مجھے محفوظ رکھا شکر ہے
ٹوٹ پڑتا آسماں سر پر جو رفعت مانگتا

۱۸۲۶ ریاض البحر ، ۴۳

[پست + بخت (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ــ پا کَرنا محاورہ .

رک : پس پا کرنا .

ہیہو . . . بڑے بڑے بہادروں کو پست پا کرتا تھا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۲۳

ــ پینے والا (— ی مع) امذ .

وہ جو چرس پینے میں پہلے دم لگائے .

دوسرا کہتا تھا کیا ہم کو پست پینے والا مقرر کیا ہے ، اس چلم کو تم سر کرو .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۱۴۴

[پست + پینے والا ، پینا (رک) سے]

ــ خَیال (— فت خ) صف .

عامیانہ خیالات رکھنے والا (آدمی) (فرہنگ آصفیہ، ۱: ۵۲۳).

[پست + خیال (رک)]

ــ ڈاٹ امث .

(عمارت) اینٹ پتھر وغیرہ کی بنائی ہوئی اڈّے کی قسم کی بے قاعدہ گولائی کی محراب جس کی گولائی بوجہ تنگی کے صحیح نہ ہو اور کسی قدر پھیلی ہوئی ہو (ا پ و ، ۱ : ۱۱۱) .

[پست + ڈاٹ (رک)]

ـ فطرت (ـ کس ف ، سک ط ، فت ر) صف .

۱. **بے وقوف ، کم عقل** (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۳) .
پست فطرت بندۂ زر معاملہ نا فہم اس کی پرستش کر کے
رواج کار میں اس کے سعی کرتے .
۱۸۹۶ تاریخ ہندوستان ، ۳ : ۳۷۰

۲. **بے حوصلہ ، بے ہمت .**
مت پست فطرتاں سوں مل اے سرو نازنیں
تجھ قد کا نام جگ میں ہے نام خدا بلند
۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۷۶
[پست + فطرت (رک)]

ـ فہم (ـ فت مج ف ، سک ہ) صف .

نا فہم ، نا سمجھنے والا ، کم سمجھ .
مومن اسی نے مجھ سے دی برتری کسی کو
جو پست فہم میرے اشعار تک نہ پہنچا
۱۸۵۱ مومن ، د ، ۴۲
[پست + فہم (رک)]

ـ قامت (ـ فت م) صف .

ٹھنگنا ، بونا .
آدمیت سے ہے بالا آدمی کا مرتبہ
پست ہمت یہ نہ ہووے پست قامت ہو تو ہو
۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۱۵۳
جب پیرس سے اس پست قامت نو خیز افسر . . . کا فوج کی کمان کے لیے تقرر ہوا تو دیگر سرداران فوج کو یہ سخت شاق گزرا .
۱۹۱۵ فلسفۂ اجتماع ، ۱۲۸
[پست + قامت (رک)]

ـ قد (ـ فت ق) صف .

کوتاہ قد ، ٹھنگنا .
ڈرتا ہوں میں کہ شیخ الجھ کر گرے نہ کہیں
یہ پست قد و ریش نہایت دراز ہے
۱۷۹۵ قائم ، د ، ۲۷
[پست + قد (رک)]

ـ قسمت (ـ کس ق ، سک س ، فت م) صف .

بد نصیب .
امیر اتنا جو ہوں میں پست قسمت وجہ ہے اس کی
بلندی بخت کے حصے کی بھی اشعار میں آئی
۱۹۰۰ امیر (مہذب اللغات ، ۳ : ۷۵)
[پست + قسمت (رک)]

ـ کرنا محاورہ .

۱. **نیچا دکھانا ، زیر کرنا ، (مجازاً) ذلیل کرنا .**
پست کر دے سرو کو اے طفل بڑھ کر قد ترا
طول دے جوش جوانی جامۂ کوتاہ کو
۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۱ : ۱۲۷

وہ کون سی چیز ہے جس نے مشرق کو اس درجہ پست کر دیا .
۱۹۷۶ اقبال شخصیت اور شاعری ، ۳۷

۲. **تھکا دینا ، شل یا ہلکان کرنا ، اٹھنے کا دم نہ چھوڑنا .**
آج ذرا سی بات پر اس نے . . . ایسا مارا کہ سارے بدن میں نیل پڑ گئے ، بالکل پست کر دیا .
۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۹۵

۳. **توڑنا ، معطل یا فسخ کر دینا (ارادہ و ہمت وغیرہ کے ساتھ) .**
تقدیر پر بھروسا کرنے کے عقیدے نے تمام ہمتیں اور ارادے پست کر دیے ہیں .
۱۹۰۱ حیات جاوید ، ۲ : ۱۰۶

ـ گردن (ـ فت گ ، سک ر ، فت د) صف .

جس کی گردن چھوٹی یا شانوں میں دھنسی ہوئی ہو .
گورخر . . . پست گردن ، دراز گوش قلہ یعنی صندلی رنگ .
۱۸۷۲ عطر مجموعہ ، ۱ : ۲۳۶
[پست + گردن (رک)]

ـ گردنا (ـ فت گ ، سک ر ، فت د) صف ؛ امذ .

سر نیوا ہڑا کر چلنے والا گھوڑا .
سرنگوں . . . یہ گھوڑے کا عیب ہے ، اس کو پست گردنا بھی کہتے ہیں .
۱۸۷۲ عطر مجموعہ ، ۱ : ۲۳۸
[پست گردن (رک) + ۱ : ۱ ، لاحقۂ صفت]

ـ نگاہ (ـ کس ن) صف .

جس کی نگاہ سطحی اور ادنیٰ باتوں تک محدود رہے ؛ عاجزی کرنے والا .
ہم پست نگاہوں کی نظر میں تو نظیر آہ
سب ارض و سما کی ہے گلستان تماشا
۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۱ : ۳
[پست + نگاہ (رک)]

پست و بلند (— و مج ، فت نیز ضم ب ، فت ل ، سک ن) امذ .

نشیب و فراز ؛ ادنیٰ و اعلیٰ ، (مجازاً) گرم و سرد ، کلفت و راحت ، برائی بھلائی .

اسفار بعید الاقطار کے پست و بلند و نشیب و فراز کو دیکھ کر ایک ہی مقام پر جمع ہوں .

۱۸۸۵ تہذیب الخصائل ، ۲ : ۴۳

عقل دقیقہ رس کا دوڑا سمند ہرسوں
روندا کیا جہاں کے پست و بلند ہرسوں

۱۹۱۰ سرور ، خمکدۂ سرور ، ۱۷

[پست + و ، عطف + بلند (رک)]

پست ہمت (— کس ہ ، شد م بفت) صف .

بزدل ، بے حوصلہ .

آدمیت سے ہے بالا آدمی کا مرتبہ
پست ہمت یہ نہ ہووے پست قامت ہو تو ہو

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۱۵۳

کسی رکاوٹ یا مزاحمت سے بد دل اور پست ہمت نہ ہونگے .

۱۹۴۷ ادبی تبصرے ، عبدالحق ، ۲۷

اسم کیفیت : پست ہمتی (جامع اللغات ، ۲ : ۸۶) .

[پست + ہمت (رک)]

پست ہونا محاورہ .

پست کرنا (رک) کا لازم .

سرکشی سبزۂ رہ کے لئے پامالی ہے
پست ہوگا جو چلے گا کوئی اونچا ہوکر

۱۸۷۶ سخن بے مثال ، ۳۸

قرآن کی برابری کرنے کے حوصلے بہت جلد پست ہوگئے .

۱۹۱۴ شبلی ، مقالات ، ۳ : ۳

پست (کس پ ، کس س) امذ .

آٹا ، (خصوصاً) بھنے ہوئے گیہوں جو یا چنوں کا آٹا ، سویق ، ستو (ماخوذ : فرہنگ آنند راج ، ۲ : ۹۲۲ ؛ مطلع العلوم ، ۱۹۳) .

[ف]

پُشت (۱) (ضم پ ، سک س) امذ .

۱. چھڑکنے ملنے لگانے لیپ کرنے یا پلستر کرنے کا عمل ؛ مٹی کے کھلونے بنانے کا طریقہ ؛ مسودہ کتاب ، پوتھی ، پستک ، مخطوطہ ؛ لکڑی مٹی کپڑے چمڑے یا لوہے وغیرہ سے چھیل چھال کر بنائی ہوئی چیز یا سامان ؛ بناوٹ ، کاری گری (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۶۹ ؛ پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۸) .

۲. ضائع ہونا ، گھٹنا ، کم ہونا (ٹرنر ، ۵ : ۴۷۰) .

[س : پُشت पुश्त]

پُشت (۲) (ضم پ ، سک س) امذ .

ڈاک ، پوسٹ (فرہنگ عامرہ) .

[ف < انگ : Post]

— خانہ (— فت ن) امذ .

ڈاک خانہ (مہذب اللغات ، ۳ : ۷۵) .

[پست + خانہ (رک)]

پِستا (کس پ ، سک س) امذ .

رک : پستہ (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۱۵) .

[ہ : > ف]

پُستا (ضم پ ، سک س) امذ .

۱. رک : پُست (۱) معنی نمبر ۲ (ٹرنر ، ۵ : ۴۷۱) .

۲. رک : پوتا (مٹی کا دیوتا) (ٹرنر ، ۵ : ۴۷۱) .

پُستارہ (ضم پ ، سک س ، فت ر) امذ .

رک : پُشتارہ .

پھر دیکھا وہی بد قسمت بڈھا لکڑیوں کا پستارہ باندھے چلا جاتا ہے .

۱۸۸۴ تذکرۂ غوثیہ ، ۲۱۳

پُستارے (ضم پ ، سک س) امذ ؛ ج .

رک : پشتارے .

اس جنگل میں ریت کے پستارے تھے .

۱۸۵۱ بہار دانش ، ولایت ، ۱۰۰

پستالوزی (فت پ ، سک س ، و مج) اسم علم ~ پیستالوزی .

سوئٹزر لینڈ کا ایک ماہر تعلیم Johann Heinrich Pastalozzi (۱۷۴۶ تا ۱۸۲۷) وہ تعلیم میں نفسیات کے استعمال اصول تعلم کو فطرت انسانی کے مطابق بنانے بچے کی شخصیت کو مضامین سے زیادہ اہمیت دینے اور بچے کی جسمانی ذہنی اور اخلاقی تعلیم کا قائل تھا اور وہ صنعتی تعلیم کو اسکول کے نصاب میں داخل کرنے والا غالباً پہلا شخص تھا (ماخوذ : اردو انسائیکلو پیڈیا ، ۳۹۶) .

،، پڑھنا ،، کی طرح لکھنا سکھانے کے بھی مختلف طریقے مروج ہیں ان میں مانٹسوری طریقہ ، پستالوزی کا طریقہ ترکیبی یا الف بائی طریقہ . . . . قابل ذکر ہیں .

۱۹۶۲ تدریس اردو ، ۱۴۳

[ا : > انگ : Pastalozzi]

پستان (کس پ ، سک س) امث ؛ امذ .

۱. **عورت کی چھاتی ، سینے کا اُبھار .**

چالیس روز قبل از ولادت پستان مادر میں دودھ مرحمت فرمایا .

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۲۳۸

حتیٰ کہ یہ مثل عورتوں کی پستان کے ہو جاتا ہے .

۱۹۴۷ جراحیات زہراوی ، ۹۵

۲. **جانور کا تھن .**

ہوگے خشک پستان آہو ز مشک
جو کھائے سنبل تر کوں یو خاک خشک

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۴۰۴

چارپاؤں کی پستان میں قوت دی ہے کہ اس کے سبب خون مستحیل ہو کر دودھ ہو جاتا ہے .

۱۸۱۰ اخوان الصفا ، ۱۱۴

[ف]

— میں ہڈی (— فت ہ ، شد ڈ) امث .

امید موہوم اور ناممکن بات (ماخوذ : نوراللغات ، ۲ : ۹۵ ؛ محاورات ہند ، ۴۷) .

پستانا (فت پ ، سک س) ف ل (قدیم) .

رک : پچھتانا .

جن لیا نا وہ بھی پستایا بہت
دل میں نا لینے کا غم کھایا بہت

۱۷۳۳ پنچھی نامہ ، ۸۸

پستانیہ (کس پ ، سک س ، ن ، فت ی) امذ .

دودھ پلانے والا جانور .

خود انسان بھی ایک پستانیہ یعنی دودھ پلانے والا حیوان ہے .

۱۹۴۲ حیوانیات ، ۳۷

[رک : پستان + ا : یہ ، لاحقۂ نسبت]

پستاوا (فت پ ، سک س) امذ .

رک : پچھتاوا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۰۵) .

پستائی (کس پ ، سک س) صف .

رک : پستنی .

چنپا ٹکا تھا جس کے گریباں کے اوپر
کُرتی وہ میری کیا ہوئی پستائی جمیلا

۱۸۱۴ قمر (تذکرۂ ریختی ، ۶۳)

پستر (فت پ ، سک س ، فت ت) م ف .

رک : پس (۱) کا تحتی ، پس تر .

پستر رکھے گئے وہ سنگریزے باتوں ہمارے میں .

۱۸۵۱ ترجمہ عجائب القصص ، ۲ : ۳۱۱

پسترلنگ (فت پ ، سک س ، فت ت ، سک ر ، کس ل ، غنہ) امذ .

چرچٹا (خزائن الادویہ ، ۷ : ۱۸۷) .

[مقامی]

پستک (ضم پ ، سک س ، فت ت) امث .

کتاب ، پوتھی ؛ گرنتھ ؛ مسودہ ، مخطوطہ .

پستک بنا پتر کے سب ریکاں دسے اکھر ہو سب
دیکلا دیا ہے بھیک کر پورے جگت کو تال کی

۱۶۷۲ شاہی ، ک ، ۱۵۵

راجہ بھوج کے عہد کی ناٹک پستکیں کہتی ہیں کہ ان عہدوں میں علمی ، کتابی اور درباری زبان تو سنسکرت تھی .

۱۸۸۰ آب حیات ، ۹

مذہبی اور قانونی پستکوں میں . . . سود پر روپیہ پیسہ دینا ایک معمولی کاروبار مانا گیا ہے .

۱۹۲۳ ہندوستان کی پولیٹیکل اکانومی ، ۱۶۷

[س : پستک पुस्तक]

— بھنڈار (— فت بھ ، سک ن) امذ .

کتب خانہ ؛ کتابوں کی دکان .

امین آباد کے پستک بھنڈار سے ہندی کا قاعدہ خرید لایا اور سب سے زیادہ ہونہار ثابت ہوا .

۱۹۵۹ آگ کا دریا ، ۳۲۹

[پستک + بھنڈار (رک)]

— گور (— و لین) امث .

ہندوؤں کی مذہبی کتاب .

راماین دو ہیں ، ایک بنام پستک گور مشہور ہے بنگالی اوس کو مانتے ہیں .

۱۸۵۸ وقائع رامچندر ، ۲

[پستک + گور (رک)]

پستکاگر (ضم پ ، سک س ، فت ت ، ک) امذ .

رک : پستکالیہ (پلیٹس) .

پستکالیہ (ضم پ ، سک س ، فت ت ، ل ، ی) امذ .

لائبریری ، کتب خانہ (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۷۰ ؛ پلیٹس) .

[س : پستکالیہ पुस्तकालय]

پُستکی (ضم پ ، سک س ، فت ت) امث .

رک : پُستک (پلیٹس ؛ نوراللغات ، ۲ : ۸۶) .

پِستن (کس پ ، سک س ، فت ت) امذ .

رک : پستن .

اس ڈھلے کو پستن کہتے ہیں .

۱۷۹۹ بحر حکمت ، ۱۸

[ا : > انگ : پستن (رک)]

پِستول (کس پ ، سک س ، و لین) امذ .

تپنچہ ، ریوالور ، ایک چھوٹا سا آتشیں اسلحہ (جو عموماً پیٹی میں سلے ہوئے چمڑے کے خول میں رکھا جاتا ہے پیٹی کو گلے میں اس طرح ڈالتے ہیں کہ وہ دہنے شانے پر سے نیچے گذرتی ہوئی بائیں جانب پہلو کے نیچے تک پہنچتی ہے جہاں اس کے سرے تپنچہ رکھنے کے خول میں سلے رہتے ہیں سونے پر پیٹی کا جو حصہ ہوتا ہے اس میں گولیاں رکھی جاتی ہیں ۔ بعض پستول اتنے چھوٹے ہوتے ہیں کہ انہیں آسانی سے جیب میں رکھ سکتے ہیں اکثر صرف پیٹی میں ہی لٹکاتے ہیں) .

کسی خانگی تنازعے میں پستول چل جانے پر تمام .. عیسائی اور ارمنی . . . بھاگ گئے .

۱۸۹۳ بست سالہ عہد حکومت ، ۲۸۶

آج میرے پاس پستول ہے جو ابھی ریپیرسل میں تھا .

۱۹۴۳ افسانے ، ۱۹۷

[ا : > انگ : Pistol]

ـــ بند (— فت ب ، سک ن) امذ .

پستول کا غلاف .

پیٹی پستول بند اور . . . یہ چیزیں کچھ وہ لٹکانے یا سنبھالے ہوئے نہ تھا یہ تو اس کی شخصیت کا جزو تھیں .

۱۹۵۸ انجان راہی ، ۱۴۱

[پستول + بند (رک)]

پستولیا (کس پ ، سک س ، و لین ، سک ل) امذ .

۱. پستول باندھنے والا (نورالغات ، ۲ : ۹۵) .

۲. وہ کپڑا جس پر سوسے کی شکل چھپی ہوتی ہے .

پچاس گز کے کھیر کا جامہ ، ایک پورا تھان پستولیے کا کمر سے بندھا .

۱۸۸۰ آب حیات ، ۲۰۵

۳. سوسے کی وضع کا اوڑھنے کا رومال ، نیز وہ رومال جو دلہن کے ہاتھوں میں مہندی لگانے کے بعد باندھ دیتے ہیں ، حنا بند (فرہنگ اثر ، ۲ : ۲۳۸) .

[پستول (رک) + یا ، لاحقۂ صفت]

پستویت (کس پ ، سک س ، فت ت ، کس و ، فت ی) امث .

نشاری حالت .

تپ دق کے جراثیم پستویت کی تپش پر ہلاک ہو جاتے ہیں .

۱۹۶۹ امراضی خرد حیانیات ، ۲۱۶

[انگ : پستن (رک) سے]

پستہ (فت پ ، سک س ، فت ت) صف .

نیچا ، (معمول سے زیادہ) کوتاہ (قامت اور قد وغیرہ کے ساتھ مستعمل) .

حضرت کا قد نہ پستہ نہ کشیدہ بلکہ میانہ تھا .

۱۹۲۶ حیات فرہاد ، ۱۲۱

[ف]

ـــ قامت/قد (— فت م/فت ق) صف .

رک : پست قامت ؛ پست قد .

سواحل بحر احمر کے قریب کے باشندے لاغر اندام اور پستہ قد ہوتے ہیں .

۱۸۷۰ خطبات احمدیہ ، ۵۲

شکل و صورت میں نہایت ہی حقیر و ذلیل اور پستہ قامت تھے .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۳ : ۱۴۵

[پستہ + قامت / قد (رک)]

پستہ (کس پ ، سک س ، فت ت) امذ .

۱. ایک میوے کا نام جس کا چھلکا بادامی اور مغز اودا ہرا کشمش کے برابر ہوتا ہے .

عقل تی رکھے ہر ایک کا نام ، نہیں تو کاں تھا صبح ہور شام ، شیشہ ہور جام ، پستہ بادام .

۱۶۳۵ سب رس ، ۲۵

دو تین سوں ترے ہے دو بادام کا سوال
سن یو سوال دل میں رہا پستہ لب عجیب

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۶۲

ہے زنخداں سے خجل سیب ٹو پستاں سے انار
منفعل چشم سے بادام تو پستہ دہنہ سے

۱۸۵۴ کلیات ظفر ، ۳ : ۱۷۹

چشم و لب بتاں سے بھی غافل نہ ہو جیے
تکمیل شوق پستہ و بادام کیجئے
۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۳۴۰

۲. چھوٹے قد کا کتّا (جامع اللغات ، ۲ : ۸۶) .

[ف]

ـــ دہن (ـــ فت د ، ہ) صف .

وہ عورت (یا مرد) جس کے ہونٹ پتلے اور باہم ملے رہتے ہوں ، (مراد) خوبصورت ہونٹوں والا یا والی ، (ہونٹوں پر سیاہی مائل رنگ جو پہلے مسی اور اب لپ اسٹک کا مرہون منت ہے اس کی دلکشی کی طرف اشارہ ہے) .

جو رہے دل کوں بستہ وو پستہ دہن
کلیاں دیکھ کر لے ادک خوار من
۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۸۹

خاتونان گلبدن اور کنیزان پستہ دہن کا ہجوم تھا .
۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۴۶

[پستہ + دہن (رک)]

ـــ لب (ـــ فت ل) صف .

رک : پستہ دہن .

اس پستہ لب کی چشم کی تعریف جب لکھوں
بادام کوں جلا کے سیاہی بناؤں گا
۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۸۹

لگتی ہے شیریں ہمیں اس پستہ لب کی بات چیت
اور ہے معلوم ہوتی تلخ سب کی بات چیت
؟۱۸۵۴ کلیات ظفر ، ۳ : ۲۶

[پستہ + لب (رک)]

ـــ مغزی (ـــ فت م ، سک غ) اسث .

مٹھائی جو پستے کے مغز پر شکر چڑھا کر بنائی جاتی ہے .

پٹھے کی مٹھائی ، پستہ مغزی . . . وغیرہ قرینے سے چنی گئیں .
۱۸۸۵ بزم آخر ، ۱۴

[پستہ + مغزی (رک)]

پستئی (کس پ ، سک س ، فت ت) صف .

پستے کے رنگ کا .

لباس پستئی کا گر کرے مول
کھسانا ہو کے پستہ موں رکھے کھول
۱۷۷۴ تصویر جاناں ، ۵۳

زیب ہم جنس کی ہم جنس سے ہے عالم میں
پستئی گوٹ بہت کھاتی ہے عنابی پر
۱۸۸۵ امانت ، د ، ۴۳

گلابی پوتھ کا پاجامہ اور پستئی جالی کا دوپٹا .
۱۹۶۲ معصومہ ، ۱۸۷

[پستہ (رک) + ئی ، لاحقۂ نسبت]

پستی (فت پ ، سک س) اسث .

۱. پست (رک) کی حالت و کیفیت ؛ نیچائی، اُتار ، نشیب .

نہ کھا غم توں زمانے کا ترا کام خدا سوں
ہر اک پستی منے تجکوں بلند نام دوے گا
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۹

راہ بہتر ہے رہ ہموار رہرو کے لیے
نہ بلندی ہے بہت اچھی نہ پستی خوب ہے
۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۲۶۴

جناں رگ سادہ پرستی ہر نفس میں انتہائی پستی
۱۹۲۷ تنظیم الحیات ، ۹۴

۲. ذلّت ، جہالت ، پسماندگی ، مقابلہ میں کمتر .

ہم معرّا ہو کے ان اوصاف سے پستی میں ہیں
دولت علم و عمل کھو کر تہیدستی میں ہیں
۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۵۰

۳. کمزوری ، ناتوانی ، پست ہمتی ، تھکن ، اضمحلال .

مرض کے اس درجہ میں ناتوانی جملہ علامات سے زیادہ ظاہر رہتی ہے اور پستی نہایت ہوتی ہے .
۱۸۶۰ نسخۂ عمل طب ، ۹

کثرت سے خون نکلے تو مریض کی ناتوانی اور پستی کا باعث ہوتا ہے .
۱۹۱۱ نشاط عمر ، ۱۰۴

۴. صحت کے غیر موزوں حالات سے پیدا شدہ ایک بیماری جس کا سبب عموماً قبض ہوتا ہے اس میں جسم اور دماغ سست و کاہل ہو جاتے ہیں ، گراوٹ .

مسلسل دیرپا قبض سے عام خرابی صحت کے ساتھ درد سر پستی وغیرہ پیدا ہو جاتی ہے .
۱۹۶۰ مبادی صحیات ، ۱۴۱

[پست (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

پُشتی (ضم پ ، سک س) اسذ ؛ اسث .

رک : پُشتی (پلیٹس) .

ـــ کا پشتارہ بننا محاورہ .

بہت زیادہ حمایت کرنا ، بڑا حمایتی ہونا .

میری اتنی سی بات کہنے پر جن کی پستی کا پشتارہ بن کے تو بولی ہے وہ بھی کان کھول کے سن لیں اور اپنا بوریا بدھنا سنبھالیں .

۱۹۰۰ خورشید بہو ، ۵۱

پستے (کس پ ، سک س) امذ .

پستہ (رک) کی جمع یا محرفہ شکل (مرکبات میں مستعمل) .

— بادام توڑنا محاورہ .

(مجازاً) غیر متعلق ، طول طویل گفتگو کرنا ، نرم گرم گفتگو کرنا .

بعد ازاں بادامی کے بارے میں اور بھی کچھ پستے بادام حضرت نے توڑے ہیں .

۱۹۳۵ ' اودھ پنچ ' لکھنؤ ، ۲ ، ۷ : ۳

— کا تیل (— ی مج) امذ .

پستہ (رک) سے نکالا ہوا روغن ، روغن پستہ ، دہن الفستق (بہ طبیعت کے لحاظ سے گرم ہے اور تری و خشکی میں معتدل) (خزائن الادویہ ، ۳ : ۶۴ و ۶۵) .

— کی برفی (— ف پ ، سک ر) اسث .

مٹھائی کی ایک قسم .

عمدہ قسم کی برفی جس میں کھوئے کے ساتھ بادام و پستہ و بالائی ملائی جائے اوس کو بادام کی برفی یا پستے کی برفی کہتے ہیں .

۱۹۳۰ جامع الفنون ، ۲ : ۷۸

پستیا (ف پ ، سک س ، کس ت) صف مذ .

رک : پست ہمت .

پستیا معلوم ہوتا ہے اس منہ پر جوانوں کو مہمان بلاتا ہے .

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۱۷۶

[رک : پست + یا ، لاحقۂ نسبت]

پسٹن (کس پ ، سک س ، ف ٹ) امذ ؛ اسث .

۱. (میکانیات) انجن وغیرہ میں وہ گول اندر سے کھوکھلا اوپر سے بند ڈبا نما پرزہ جو سلنڈر کے اندر خالی جگہ کو پُر کرتا ہے اور اوپر نیچے حرکت کرتا ہے (ماخوذ: پٹرول انجن، ۲۹) ، فشارہ ، متحرک ڈاٹ ، پھیلی ہوئی کیل .

پسٹن کسی معلومہ پریشر سے جو کہ اس پر ہووے اپنی رفتار کی نسبت سے طاقت پیدا کرے گی .

۱۹۰۶ پریکٹیکل انجینئرز ہینڈ بک ، ۲ : ۵۱۷

اس خلائی جہاز کے پسٹن میں سوراخ ہوگیا ہے .

۱۹۶۷ روز نامہ جنگ، کراچی ، ستمبر ، ۱۷

۲. (شعاعیہ) شارک مچھلی سے مشابہ سمندر کی بڑی مچھلیوں کے ایک خاندان رائیہ کی ایک قسم .

علاوہ شارک ، کیر اور پسٹن (Ray) وغیرہ کے جن کی روزمرہ استعمال میں کم اہمیت ہے تقریباً ۲۵ قسم کی مچھلیاں پائی جاتی ہیں .

۱۹۷۳ رسالہ جدید سائنس ، ۳

[Piston : انگ]

— پن (— کس پ) اسث .

(میکانیات) پسٹن کے پہلو کے سوراخ میں فٹ کی ہوئی پن جو کنکٹنگ راڈ اور پسٹن کو آپس میں منسلک کرتی ہے اور طاقت کی تندی کو پسٹن سے کنکٹنگ راڈ کو منتقل کرتی ہے (ماخوذ : پٹرول انجن ، ۱۱۹) .

[Piston pin : انگ]

— راڈ امذ .

(میکانیات) وہ دھات کا ڈنڈا جس سے پسٹن منسلک ہے اور جو پسٹن کے ساتھ اوپر نیچے حرکت کرتا ہے ، دستۂ فشارہ ، فشار گر .

ایر پمپ ورٹیکل مرین انجن کے لیے لیور سے کام کرتا ہے ... جو کہ پسٹن راڈ کے کراس ہیڈ سے جوڑا ہوتا ہے .

۱۹۰۶ پریکٹیکل انجینئرز ، ۲ : ۳۰۹

[Piston rod : انگ]

— رنگ (— کس ر ، غنہ) امذ .

(میکانیات) چوڑیوں جیسے دھات کے حلقے جو پسٹن پر چڑھائے جاتے ہیں تاکہ سلنڈر بور اور پسٹن کی درمیانی سطح سے ہوا خارج نہ ہو سکے اور چکنا کرنے کا تیل سلنڈر ہیڈ کی طرف نہ چڑھ سکے (ماخوذ : پٹرول انجن ، ۱۱۴) .

[Piston ring : انگ]

پس جانا (کس پ) ف ل .

رک : ہستا .

پسر (۱) (ف پ ، س) اسث .

(بیشتر چوری چھپے دوسرے کے کھیت یا جنگل میں) پچھلی رات ڈھوروں کی چرائی (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۳ ؛ پلیٹس) .

[س : پر سرا]

— چرانا محاورہ .

۱. رات کو ڈھور چرانا (پلیٹس) .

۲. چوری سے پچھلی رات کو غیر کے کھیت میں اپنے ڈھور چھوڑ دینا (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۳) .

پسر (۲) (فت پ ، س) امث .

(رفوگری) دنبالا، دمبالا، رفوگر کی سوئی کے ناکے میں پھانجوان ڈورے کا پڑا ہوا حلقہ جس میں ایسا تار ڈالا جاتا ہے جو سوئی کے ناکے میں الجھتا ہو یا ناکے میں نا آتا ہو ، ہودا (اپ و، ۲ : ۱۶۰) .

[مقامی]

پسر (۳) (فت پ ، س) امث .

رک : پسرنا جس کا یہ اسم کیفیت ہے اور معاون فعل وغیرہ کے ساتھ ترکیب میں مستعمل ہے .

— پڑنا ف م .

پھیلنا ، دراز ہوجانا .

اس کے نتھنے پھول گئے اور اس کے ہونٹ پسر پڑے .

۱۹۴۱ الف لیلہ و لیلہ ، ۲ : ۱۲

— جانا ف ل .

رک : پسرنا ۱ ، ۲ .

موت آگئی ، سو گئیں سب کی سب پسر گئیں ، شام ہی سے مر گئیں .

۱۹۰۱ راقم ، عقد ثریا ، ۷

دو دن کے زندگی کا وجود و قیام کیا
دنیا کسی کا گھر نہیں آئے پسر گئے

۱۹۲۴ دیوان بشیر ، ۱۰۳

اوں ہمیں گرمی جو لگتی ہے ، وہ اور پسر گئیں .

۱۹۶۰ معصومہ ، ۸۳

— رہنا ف م .

رک : پسرنا نمبر ۱ (ii) .

رہرو ہمیشہ چاہئیے باندھے کمر رہے
دنیا وطن نہیں ہے کہ آئے پسر رہے

۱۹۱۲ نذیر ، مجموعہ نظم بے نظیر ، ۱۶۷

— کی لینا محاورہ ؛ ~ پسڑ کی لینا .

بد عہدی کرنا ، اقرار سے پھر جانا .

دیکھو مجھ سے پسڑ کی نہ لینا .

۱۹۲۴ نورالغات ، ۲ : ۹۶

کہیں شریفوں کا یہ بھی دستور ہے کہ ہاریں تو دھاندلی اور پسر کی لیں .

۱۹۲۷ داودہ پنج ، لکھنؤ ، ۱۲ ، ۷ : ۳

پسر (فت پ ، شد س بفت) امذ .

جہاز کا وہ ملازم جو خلاصیوں وغیرہ کو تنخواہ اور رسد وغیرہ بانٹتا ہے ، جہاز کا خزانچی یا بھنڈاری (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۰۵) .

[انگ : Purser]

پسر (کس پ ، فت س) امذ .

بیٹا ، لڑکا ، (مجازاً) پوتا وغیرہ ، اولاد ، ذرّیت .

بزاں بولیا سر پال کوں اے پدر
توں پشت سیہ ہے و مہتر پسر

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۶۱۶

دیا جواب لعینوں نے ان کو یہ سن کر
پسر کسی کا مرا ہم میں اور کسی کا پدر

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲ : ۱۶۳

اک پسر اس کے بھی ہے رشک قمر
قید خانے میں ہوں یہ مہ گھر پر

۱۸۶۰ مثنوی بحر مختلف ، ۴

تو اے غریب چمار کے پسر خدا کی درگاہ میں سب برابر ہیں .

۱۹۱۲ انتخاب توحید ، ۷۰

[ف]

— اخیافی کس صف (— فت ا ، سک خ) امذ .

بیوی کا وہ بچہ جو اس کے پہلے خاوند سے ہو ، سوتیلا بیٹا ، گیلڑ (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۳) .

[پسر + اخیافی (رک)]

— آدم کس اخا (— فت د) امذ .

آدم کا بیٹا ، (مراد) آدمی ، انسان .

اے پسر آدم اعمال خیر بجالا .

۱۹۱۵ تیرنگ فصاحت ، ۲۵۶

[پسر + آدم (رک)]

— خواندہ کس صف (— و معد ، مغ ، فت د) امذ .

منھ بولا بیٹا ، متبنّی ، گود لیا ہوا لڑکا .

کیسی بے کسی میں غواص نے پسر خواندہ کیا .

۱۸۷۹ بوستان خیال ، ۶ : ۱۵

صاحب قرآن امیر تیمور گورگان کو آپ نے اپنا پسر خواندہ فرمایا .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، نشتر ، ۱

[پسر + خواندہ (رک)]

ـــ زادہ (— فت د) امذ .

ہوتا ، نبیرہ ، بیٹے کا لڑکا (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۳) .

[پسر + زادہ (رک)]

ـــ صُلبی کس صف (— ضم ص ، سک ل) امذ .

سگا بیٹا ، اپنے نطفے کا لڑکا (مہذب اللغات ، ۳ : ۷۶) .

[پسر + صلبی (رک)]

ـــ مُتبنّیٰ کس صف (— ضم م ، فت ت ، ب ، شد ن ، الف بشکل ی) امذ .

گود لیا ہوا لڑکا (جامع اللغات ، ۲ : ۸۶) .

[پسر + متبنّیٰ (رک)]

ـــ نُوح کس اضا (— و مع) امذ .

(لفظاً) نوح کا بیٹا ، (مجازاً) اولاد جو بروں کی صحبت میں بگڑ جائے .

اہل شہر ان سے شرافت کی توقع نہ رکھیں
پدر شہر نہیں ہیں ،،پسر نوح،، ہیں یہ

۱۹۵۴ قطعات رئیس امروہوی ، ۲ : ۵۷

[پسر + نوح (علم)]

ـــ نُوح بابدان بنشست

خاندانِ نبوتش گم شد فارسی شعر اردو میں کہاوت کے طور پر مستعمل .

حضرت نوح کا بیٹا بروں کی صحبت میں بیٹھا تو خاندان نبوت سے خارج ہو گیا ، (مراد) خراب صحبت میں اچھے سے اچھے بگڑ جاتے ہیں ، بری صحبت میں بیٹھنے کا انجام برا ہوتا ہے (نوراللغات ، ۲ : ۹۶ ؛ مہذب اللغات ، ۳ : ۷۶) .

پِسرائی (کس پ ، ضم س) امث .

سرکنڈے کا ایک چھوٹا ٹکڑا جس پر روئی لپیٹ کر ہونی بناتے ہیں (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۱۲) .

[متامی]

پسرنا (فت پ ، س ، سک ر) ف ل .

۱.(i) لیٹنا ، پڑنا ، (مجازاً) سونا .

بڑے ہو منہ لپیٹے ہار کر بوسہ نہیں دیتے
جواری جو بڑے ہوتے ہیں وہ یوں ہی پسرتے ہیں

۱۸۶۱ دیوان ناظم ، ۱۲۳

سوئی جاتے ہی سو گئی ، دنیا سے خفا ہو گئی ، پسرتے دیر نہ ہوئی .

۱۹۰۱ راقم ، عقد ثریا ، ۷۳

اس نے جواب دیا ، تو کیوں بیچ میں پسری ہے ، کہاں سے چایں .

۱۹۲۳ اہل محلہ اور نا اہل پڑوسی ، ۳۳

(ii) پھیلنا ، دراز ہونا ، بکھر جانا .

ابھال کے نمن آگ پسری وہاں
ہوئے دیو اس آگ میں سے عیاں

۱۶۳۹ خاور نامہ ، ۸۳۳

گھبے سو جاتے ہیں گہ سنسناتے گاہ تھراتے
ترے کوجے میں پاے رہروان کیا کیا پسرتے ہیں

۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۱۰۱۲

۲. اڑنا ، ہٹ یا ضد کرنا (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۳) .

[س : प्रसरणीय]

پسرو ہاں (فت پ ، سک س ، و لین) صف .

وسعت گیر ، پھیلنے والا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۰۲) .

[ہ : پسروہاں पसरोहाँ]

پسر ہٹا (فت پ ، س ، سک ر ، فت ہ ، شد ٹ) امذ .

وہ بازار جہاں پنساریوں کی دکانیں ہوں .

طبی اجزا خانہ (پسر ہٹا) اور میوہ فروش کی دکان برسرپیکار ہے .

۱۹۳۱ 'اودھ پنچ' لکھنؤ ، ۱۶ ، ۳۳ : ۱۰

[ہ : پساری (رک) + ہٹا (رک) पसारी + हट्टा]

پسری (فت پ ، سک س) امث .

رک : پسلی (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۰۲) .

پِسری (کس پ ، فت س) امث .

۱. بیٹا ہونے کی حالت یا تعلق .

نعت اگر نفس محمد کا کہوں آدم کے
پدری فانی و باقی پسری رہتی ہے

۱۸۰۹ شاہ کمال ، د ، ۲۵۷

۲. بچپن ، طفلی (جامع اللغات ، ۲ : ۸۶) .

[پِسَر (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

پسّڑ کی لینا محاورہ .

اقرار سے پھر جانا (عامی اردو لغت ، ۳۶۲ ؛ نوراللغات ، ۲ : ۹۶) .

پِسِس (کس پ ، س) اسث .

عام (مچھلیاں) اور ان کی جنس سے متعلق دوسرے حشرات .

جماعت پسس (Pisces) (یعنی مچھلیاں) . . . . ان میں کوئی پھیپڑا ، ایمنیان یا کلمیہ موجود نہیں ہوتا .

۱۹۴۹ ابتدائی حیوانیات ، ۴۴۷

[انگ : Pisces]

پسلا (فت پ ، س نیز سک س) امذ .

مینہ کی بوچھاڑ ، سخت بارش (جامع اللغات ، ۲ : ۸۷) .

[س : प्रसर + क:]

پِسلانا (کس پ ، سک س) ف م .

پِسنا (رک) کا متعدی المتعدی (جامع اللغات ، ۲ : ۸۷) .

پسلی (فت پ ، سک س) اسث .

۱. پہلو کی پڑیوں میں سے کوئی ہڈی (یہ ہڈیاں ریڑھ سے نکل کر دل جگر اور معدے کے اوپر تک چھائی ہوئی ہیں) ، پنجر .

قوت بدن کی جا کر ہڈی پسلی باقی رہ گئی تھی .

۱۸۰۲ گنج خوبی ، ۳۵

حضرت کو دیکھا کہ کھرے بوریے پر لیٹے ہوئے ہیں اور تیلیوں کے نشان پسلیوں پر نمایاں ہیں .

۱۸۹۵ لیکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۱۰۶

اگر یہ شرارت کرے گا یہاں
میں توڑوں گا خوب اسکی سب پسلیاں

۱۹۲۸ مرقع لیلیٰ مجنوں ، ۱۹۰

۲. ساز پر لگی ہوئی دھات یا کسی چیز کی پٹی .

سازندہ . . . . اس ساز کی پسلیاں چوڑی ہوتی ہیں .

۱۹۶۱ ہماری موسیقی ، ۱۰۵

۳. گار کی چوڑی پٹی .

گار کی بڑی مستطیلی دیوار نما پسلیاں جو اسی گار کی کئی میل طویل بڑی رگیں بناتی ہیں .

۱۹۳۱ خلاصہ طبقات الارض ہند ، ۸

[س : प्रश्नि + ली]

— پھڑک اُٹھنا/پھڑکنا محاورہ .

(کسی بات کی) خود بخود خبر ہو جانا ، (کسی شخص یا بات کا) حال بغیر کسی کے بتائے معلوم ہو جانا .

لاحق حال ہے مہجور کو رنج ایک نہ ایک
پسلی پھڑکی خفقاں کی جو ذرا دل ٹھہرا

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۶۰

آہٹ نہیں سنی کہ مجھے دور سے لیا
پسلی پھڑک اٹھی تھی مگر پاسبان کی

۱۸۹۲ مہتاب داغ ، ۲۳۵

خلوت میں بجز شمع ابھی کوئی نہیں
پروانوں کی شام ہی سے پسلی پھڑکی

۱۹۳۳ ترانہ ، یاس ، ۸۸

— چلنا محاورہ .

بچے کو مسان کی بیماری ہو جانا ، ٹھنڈک سے بچے کی پسلی میں درد اور تشنج ہونا ، ڈبے کا مرض ہونا .

ہندوستان میں پسلی چلنے کا عارضہ کہتے ہیں .

۱۸۸۲ کلیات علم طب ، ۲ : ۷۴۴

— دار کَلسی (— کس ک ، سک ل) اسث .

(اصطلاحاً) پتھر کی تہہ جو پسلی نما ہو .

خار سنگی تہیں جن میں خار سنگا کے متعدد انواع اور پسلی دار کلسی ، واقع ہوتے ہیں .

۱۹۳۱ خلاصہ طبقات الارض ہند ، ۵۶

[پسلی + دار (رک) + کلسی (رک)]

— کا آزار امذ .

رک : پسلی کا خال .

وہیں پیر مغاں شیشے کا منہ منہ سے ملاتا ہے
کسی لڑکے کو ہوتا ہے اگر آزار پسلی کا

۱۸۶۱ کلیات اختر ، ۱۶۰

— کا خَلَل (— فت خ ، ل) امذ .

پسلی چلنا (رک) کی بیماری .

کہنا لڑکے سے کہ بچے کو اڑھا کر لائے
دشمنوں کو کہیں پسلی کا خلل ہو جائے

۱۹۵۸ تار پیراہن ، ۱۹۵

— کا دُکھ (— ضم د) امذ .

مسان کی بیماری جو اکثر بچوں کو ہوجاتی ہے (فرہنگ آصفیہ ، ۲ : ۵۲۴) .

— کا عارضہ (— سک ر ، فت ض) امذ .

رک : پسلی کا دکھ (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۴) .

ــ لگنا محاورہ .

(قبالت) زمانۂ حمل میں پیٹ کے بچے کا پسلیوں سے ٹکر کھانا یا حمل کا ماں کی پسلیوں تک پہنچ جانا (اپ و ، ۷ : ۵۹) .

ــ مارنا محاورہ .

رک : پسلی چلنا .

کسی کی پسلی مارتی ہے ، کسی کی آنکھیں دکھتی ہیں .

۱۸۸۳ کوچک باختر ، ۶۷

ــ ہونا محاورہ .

رک : پسلی چلنا .

اللہ حافظ ہے بچے کی جان کا ، زکام اس کو ایک ہی دن کی ہوا میں ہوگیا ہے ، اب پسلی بھی ہوجائے گی .

۱۹۱۶ اقالیق بی بی ، ۲

پسلیاں نکل آنا محاورہ .

بہت دبلا ہوجانے سے پسلی کی ہڈیوں کا نمودار ہوجانا (نوراللغات ، ۲ : ۹۶) .

پسلیہ (فت پ ، سک س ، کس ل ، فت ی) امث .

ورید جو پسلی سے تعلق رکھتی ہو ؛ انگ : Casta .

کاسٹلی ورید (پسلیہ) (Costa) یہ بے شاخ ورید ساحلی کنارے کے ساتھ ساتھ چلتی ہے یہ حدبی ورید ہے .

۱۹۶۷ بنیادی حشریات ، ۴۴

[پسلی (رک) سے]

پسنا (کس پ ، سک س) ف ل .

۱. پتھر وغیرہ کی رگڑ سے سرمے کی طرح باریک ہوجانا ، ریزہ ریزہ ہوجانا ، آٹا ہوجانا .

چشم سیہ سجن کی گردش میں جبکہ دستی
بادام رشک میں تب چکی کے بیچ پستی

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۸۸

گر سرخ ڈورے دیکھ لے چشم کحیل کے
ہو سرمہ پس کے نخل عقیق یمن کی شاخ

۱۸۵۹ دفتر بے مثال ، ۶۳

۲. کچلا جانا ، دباؤ سے پچک جانا ، مسلا جانا .

بڑا سا ایک پتھر اٹھا کر . . . باغبان کے منہ پر دے مارا تو سر اس بیچارے کا پس گیا .

۱۸۰۲ خرد افروز ، ۱۰۳

فرانسسی جرنیل بیچارے بھگدڑ سے پسے جارہے تھے .

۱۹۶۱ سراج الدولہ (ترجمہ) ، ۸۵

۳. مر مٹنا ، فریفتہ ہونا .

کیونکر کوئی پسے نہ ادائیں تمہاری دیکھ
دلبر ہو نازنیں ہو طرحدار تم تو ہو

۱۸۷۶ اسیر اکبر آبادی ، د ، ۱۱۶

طوائفیں قاسم کا حسن و جمال دیکھ کر پس رہی ہیں .

۱۹۰۲ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۳ : ۴۴۳

۴. مصیبت میں آنا ، جنجال میں پھنسنا ، کلفت یا اذیت میں مبتلا ہونا ، تباہ ہونا .

مرتا نہیں ہوں کچھ میں اس سخت دل کے ہاتھوں
پستا ہوں آپ اپنے کم بخت دل کے ہاتھوں

۱۷۸۴ درد ، د ، ۵۵

موکلوں نے روکا ، اس خیال سے کہ شاید بے گناہ بھی پس نہ جائیں .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۱۷۲

۵. خجل یا شرمندہ ہونا .

ہوا . . . مجھ سے لگاوٹ کرتا تھا اور اب پسا جاتا ہے .

۱۸۷۷ طلسم گوہر بار ، ۴۲

[پیسنا (رک) کا لازم]

پسنجر (فت پ ، کس س ، سک ن ، فت ج) امذ .

۱. سواریاں لے جانے والی ریل گاڑی جو ہر اسٹیشن پر ٹھہرتی اور اکسپریس نیز میل کے مقابل ہلکی رفتار سے چلتی ہے ، مسافر گاڑی .

معاودت میں بھی بسبب بعض خصوصیات ذاتی کے پسنجر اختیار کرنا نہیں ہوسکتا .

۱۸۹۷ مکاتیب امیر ، ۳۴۹

پسنجر کی آمد رہی در کنار ہوا ڈاک گاڑی میں بھی انتشار

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۲ ، ۳ : ۴۵۲

جو گاڑی راولپنڈی کی طرف لارہی ہے فرنٹیر میل نہیں ، ایک معمولی پسنجر ہے .

۱۹۴۶ آگ ، ۱۲۷

۲. سواری یا مسافر (جو کسی گاڑی میں سوار ہو) .

اے خدا گنج کے پسنجر کیا سچ مچ موت کا ٹکٹ لیا ہے .

۱۹۱۰ خواب ہستی ، ۱۰۱

[انگ : Passenger]

ــ ٹرین (ــ کس ٹ ، ی مج) امث .

رک : پسنجر معنی نمبر ۱ ، مسافر گاڑی .

وزیرآباد میں نہایت بزدلانہ طریقہ پر ایک پسنجر ٹرین کو اپنا نشانہ بنایا ہے ۔

۱۹۶۶ ماہنامہ ساقی، کراچی ، ستمبر ، ۱۲۱

[انگ : Passenger train]

ــ گاڑی امث .

رک : پسنجر ٹرین .

آپ شام کی پسنجر گاڑی سے جائیں .

۱۹۴۷ ماہنامہ ساقی، کراچی ، جنوری ، ۶۹

[پسنجر + گاڑی (رک)]

پسند (فت پ ، س ، سک ن) .

(الف) صف .

جس کی طرف رغبت ہو ، مرغوب ، خواہش کے مطابق ، جو دل یا نگاہ کو اچھا یا بھلا لگے ، من بھاتا ، منظور نظر ، حسن ظاہر یا باطن کی بنا پر قابل ترجیح .

تجھے دیوں گا او جو منجھ ہو پسند
کرے رشک تیرے پو چرخ بلند

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۱۷۰

میں گرفتار ہوں تیرے مکھ پر
جنگ میں نہیں اور کچھ پسند مجھے

۱۷۱۳ فائز دہلوی ، د ، ۱۷۸

دل خانۂ خدا جو سنا تو یقین ہوا
وہ گھر بنا کہ ہو گیا معمار کی پسند

۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۲ : ۲۳۵

کسب حیات تو تری ہر ہر ادا سے ہے
مرنا پسند خاطر ارباب جاں نہیں

۱۹۲۵ نشاط روح ، ۱۲۰

(ب) امث .

۱. رغبت خاطر ، کسی بات یا چیز کی اچھائی اور خوبی محسوس کرنے کا ذوق .

نہ کہہ تو شیخ مجھے زہد سیکھ مستی چھوڑ
تری پسند جدا ہے مری پسند جدا

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۳

سچ کہہ بلند کس کی ہے اے خوبرو پسند
تجکو عدو پسند ہے مجکو ہے تو پسند

۱۹۰۰ امیر مینائی ، صنم خانۂ عشق ، ۷۳

۲. (مجازاً) ترجیح ، انتخاب (اچھا لگنے کی بنا پر) .

دولھا کی پسند تھی دلہن پر
تھا حصر جواب یاسمن پر

۱۸۸۷ ترانۂ شوق ، ۲۳

آپ کی پسند پر سب نے صاد کیا .

۱۹۲۶ نورالغات ، ۲ : ۹۶

[ف]

ــ آنا محاورہ .

مرغوب ہونا ، اچھا یا بھلا لگنا .

کیا پسند آئی اپنی جور کشی
چرخ کے انتخاب نے مارا

۱۸۵۱ مومن ، د ، ۲۷

ــ پڑنا محاورہ .

رک : پسند آنا .

ہوا چونکہ شہ پر یو ظاہر حوال
پڑیا نہیں پسند اس کسی کا جمال

۱۶۳۸ چندر بدن و مہیار ، ۹۵

امید ہے کہ امیر کبیر کے پسند پڑے اور ان کی نظر کیمیا اثر سے گزرے .

۱۸۰۲ خرد افروز ، ۳

ــ کرنا محاورہ .

کسی شے یا بات کو اس کے حسن کی بنا پر اچھا سمجھنا ، انتخاب یا اختیار کرنا ، اظہار رغبت کرنا .

جوہری نے کمالیت کی نظر سوں اس موتیاں کوں دیکھا ، بہوت پسند کیا .

۱۶۷۹؟ درالاسرار ، سلطان ثانی ، ۲

اے جامہ زیب سیر چمن کو گیا جو تو
گل نے قبا تو لالے نے دستار کی پسند

۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۲ : ۲۳۵

نگاہ شوق نے دیکھا جسے بنا خود ہیں
پسند جس کو کیا ہم نے خود پسند ہوا

۱۹۰۷ راسخ دہلوی ، د ، ۶۳

ــ ہونا محاورہ .

پسند کرنا (رک) کا لازم .

میں گرفتار ہوں ترے مکھ پر
جنگ میں نہیں اور کچھ پسند مجھے

۱۷۱۳ فائز دہلوی ، د ، ۱۷۸

پسند طبع ہوتا جو معشوقوں کو مرجانا
ہمیشہ روح کو عاشق کی مشتاق اجل پایا

۱۸۶۵ نسیم دہلوی ، د ، ۹۳

۔۔۔ پسند لاحقہ .

جزو ثانی کے طور پر تراکیب میں بمعنی مرغوب ، اچھا لگنے والا مستعمل ، جیسے دل پسند ، خود پسند ، عیش پسند و غیرہ .

گرو نانک کا مقصد حیات ہندو مسلم اتحاد تھا وہ دونی پسند نہ تھا .

۱۹۶۳ تمدن ہند پر اسلامی اثرات ، ۲۴

[رک : پسند]

پسندا (فت پ ، س ، سک ن) ، امذ .

۱. گوشت کا ادھ کٹا چھوٹا چپٹا پارچہ ، گوشت کا کچلا ہوا پارچہ .

ایک جانب کباب . . . پسندا . . . ایک طرف روٹیاں بصد آب تاب رکھیں .

۱۸۶۲ خط تقدیر ، ۶۸

۲. سیخ کے کباب کی ایک قسم (نوراللغات ، ۲ ، ۹۶) .

۳. ایک خاص طریقے سے مخصوص مصالحے لگا کر شامی کباب کی طرح تلے ہوئے گوشت کے کچلے ہوئے پارچے .

جب سرخ ہو جائے تو . . . کباب کو پلٹ دیں . . . دیگر جانور کے گوشت کے پسندے اسی ترکیب پر بن سکتے ہیں .

۱۹۴۷ شاہی دستر خوان ، ۹۳

[ف]

ـــ کباب (ـــ فت ک) امذ .

رک : پسندا معنی نمبر ۳ .

یہ بتیلی کے پسندا کباب ہوئے .

۱۹۴۷ شاہی دستر خوان ، ۹۳

[پسندا + کباب (رک)]

پسندے (فت پ ، س ، سک ن) امذ .

پسندا (رک) کی جمع یا محرفہ شکل .

شیرمال . . . پسندے . . . اور قسم قسم کے کھانے چن دیے گئے .

۱۸۶۶ انشائے بہار بیخزاں ، ۵۲

اگر ہماری بوٹی بوٹی کاٹ ڈالی جائے اور ہمارے پسندے بنائے جائیں تو بھی ہماری روح پر کوئی فتح نہیں پاسکتا .

۱۹۲۸ حیرت دہلوی ، مضامین ، ۳۳۰

ـــ (کے) کباب (ـــ فت ک) امذ .

سیخ کے وہ کباب جو گوشت کے پتلے کچلے ہوئے پارچے سے بنائے جاتے ہیں .

کہیں کبابی سیخ پسندے کے کباب . . . گرما گرم تلتے .

۱۹۲۳ اہل محلہ اور نا اہل پڑوسی ، ۴

آج شام کو کبابی کی دکان پر اسی کے پسندے کباب ہوں گے .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، حاجی بغلول ، ۱۸۴

پسندیدگی (فت پ ، س ، سک ن ، ی مع ، سک د) اسث .

پسندیدہ (رک) کا اسم کیفیت .

اس پر پسندیدگی حسن کی وجہ منکشف ہوتی گئی .

۱۸۸۵ فسانۂ مبتلا ، ۲۱

اطاعت کرنے والوں کے متعلق پسندیدگی کی جو صفت اس میں پائی جاتی ہے . . . بجنسہ وہ ان لوگوں کا بھی قیوم ہے جو اس کے نافرمان ہیں .

۱۹۵۶ مناظر احسن گیلانی ، عبقات ، ۲۷۲

[ف]

پسندیدہ (فت پ ، س ، سک ن ، ی مع ، فت د) صف .

مقبول ، مرغوب ، منتخب ، پسند کے قابل ، جو حسب دلخواہ ہو .

بھی دیساج ابوالمعجن نامدار دلیر ہور پسندیدۂ روزگار

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۴۵۷

اے رفیق پسندیدہ ، وقت بیٹھنے اور بولنے کا نہیں .

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۱۵۶

مدارس کی تعلیم اگر پسندیدہ ہے تو یہی کہ مختلف علوم اور متعدد فنون ایک ساتھ سکھائے ہیں .

۱۸۸۷ موعظۂ حسنہ ، ۸۴

[ف]

پسنگا/پسنگھا (فت پ ، س ، غنہ) امذ .

رک : پاسنگ (پلیٹس ، ۲۹۲) .

بنیے کا لونڈا بڑی بڑائی آئے دال میں چھٹانک سیر کی دھوکا دھڑی یا سیر آدھ سیر کا پسنگھا رکھے گا .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۹۶

[پاسنگ (رک) سے]

پسنہارا (کس پ ، فت س ، سک ن) ، امذ ؛ اسث : پسنہاری .

آٹا پیسنے کا پیشہ کرنے والا ، آٹا پیسنے والا .

ایڈیسن کے آباو اجداد ہالینڈ میں پسنہاروں کا کاروبار کیا کرتے تھے .

۱۹۳۸ کتاب العلم ، ۱۰۹

[ا : پسن ، پیسنا (رک) سے + ہارا ، لاحقۂ صفت]

پسنہاری (کس پ ، فت س ، سک ن) اسث .

پسنہارا (رک) کی تانیث .

ایک ادنیٰ پسنہاری کے دل سے پوچھو تو وہ بھی یہی چاہتی ہوگی .

۱۸۷۴ مجالس النساء ، ۱ : ۱۲

پہلے ان کو اچھی طرح سکھا لینا ، پھر پسنہاری کو تول کردینا .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۸۹

ــ کے پوت کو چنا لابھ کہاوت .

محتاج یا مفلس کو تھوڑا فائدہ بھی بہت ہے (ماخوذ : محاورات ہند ، ۱۴۸ ؛ نجم الامثال ، ۱۲۵) .

ــ ماں بھلی کہاوت .

امیر باپ سے غریب ماں اچھی ہوتی ہے .

بنو مثل یہ سچ ہے پسنہاری ماں بھلی
بہتر نہیں ہے ہو جو تونگر ہزار باپ

۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۲۳۰

پسنیا (کس پ ، فت س ، سک ن) امذ .

پسنے والا ، گھوٹنے چھاننے والا (بھنگ وغیرہ) .

لے بھائی پسنئے تو بھی دم لگالے نشہ جمالے .

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۶۰۵

[پسنا (رک) سے]

پسو (فت پ ، و مع) امذ .

رک : پشو ، سینگوں والے مویشی ، بیل بھینس وغیرہ .

ڈھول ، گنوار ، شدر ، پسو ، ناری یہ سب ٹارن کے ادھی کاری ؟

مشہور کہاوت (ا پ و ، ۵ : ۸۱)

ــ کا ستانا نرا پاپ کمانا کہاوت .

جانور کو تکلیف دینا سخت گناہ ہے (جامع اللغات ، ۲ : ۸۷) .

پسو (کس پ ، و مع) امذ (قدیم) .

ایک قدیم وزن یا سکہ .

رواجہ یک پسو خرمے کتیں لے
کرے اپنی نواسی کے حوالے

۱۷۹۱ بہشت بہشت ، ۷ : ۱۳۵

ایک شخص آکے اس میں کا اناج اپنے پسو سے لینے لگا میں نے اس کو پکڑ لیا .

۱۸۶۰ فیض الکریم ، ۱۹۴

[؟]

پسو (کس پ ، شد س ، و مع) امذ .

ایک قسم کا چھوٹا سا ہردار جانور جو سُرسُری سے مشابہ ہوتا اور اکثر مرطوب ملکوں یا برسات کے دنوں میں پیدا ہو کر آدمی کا خون پیتا ہے .

پوست مچھر . . . خون پسو .

۱۷۱۳ جعفر زٹلی ، ک ، ۲

مچھر ، ڈانس ، بھنگے . . . پسو غرض جتنے حیوان چھوٹے جسم کے کہ بازو سے اڑتے ہیں اور ایک سال سے زیادہ نہیں جیتے ، حاضر ہوئے .

۱۸۱۰ اخوان الصفا ، ۶۶

پسو اپنی خوراک کے لیے انسانوں کو ڈستے ہیں اور مرض کے جراثیم کو انسانی جسم میں داخل کر دیتے ہیں .

۱۹۷۰ گھریلو انسائکلو پیڈیا ، ۲۲۵

[ه : پسو पिस्सु]

پسوا (کس پ ، سک س) امث .

آتشی شیشہ ، بوتل کی شکل کا بڑے پیٹ کا کانچ کا ظرف جو تیزاب میں سونا پکانے کے کام آتا ہے (ا پ و ، ۴ : ۳) .

[مقامی]

ــ کرنا محاورہ .

(سنار) کھوٹ نکالنے کے لیے سونے کو تیزاب میں گلانا (ا پ و ، ۴ : ۳) .

پسواڑہ (فت پ ، سک س ، فت ڑ) امذ .

(ہند) پہلو ، کروٹ ، پاسا ، پکھوا (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۴) .

[رک : پس (۱) + واڑہ (رک)]

پسواڑھ (فت پ ، سک س) امذ .

پھیپھڑوں میں ورم اور بلغم پیدا ہونے کی بیماری ، نمونیہ یا ذات الجنب کی قسم کا مرض (ا پ و ، ۷ : ۱۲۰) .

[س : पार्श्व (= پسلی) + : اڑھ (= رکاوٹ) رک)]

پسوانا (کس پ ، سک س) ف م .

پسنا (رک) کا متعدی المتعدی .

اس سے شوخی حنا اس کو پسند آتی ہے
آپ پس پس کے ہزاروں کو یہ پسواتی ہے

شرف (نور اللغات ، ۲ : ۹۷) ؟

پسوائی (کس پ ، سک س) امث .

آٹا وغیرہ پسوانے کی اُجرت ، پسائی (نوراللغات ، ۲ : ۹۷) .

[پسوانا (رک) سے]

پسوٹا (فت پ ، و لین) امذ .

طمانچہ جس کی آواز نکلے .

کامنی نے اب ان کو پسوٹے لگانا شروع کیے .

۱۸۹۴ کامنی ، ۳۴۰

[؟]

پسوج (فت پ ، و مع) امث .

پہلی سلائی جس پر باریک سلائی کرتے ہیں ، لنگر ، جگہ چھوڑ چھوڑ کر ٹانکے بھرنے کا عمل تاکہ کپڑا ادھر اُدھر نہ ہو کچی سلائی ، ٹپا ڈالنے کا عمل ، کچا ٹانکا بھرنے کا عمل (ماخوذ : پلیٹس ؛ نوراللغات ، ۲ : ۹۷) .

[ه : پسوج पसज]

پسوجنا (فت پ ، و مع ، سک ج) ف م .

سینا ، سلائی کرنا ؛ کچی سلائی کرنا ، ٹپا ڈالنا .

ابھی ایک پائنچا پسوجنے کو باقی ہے .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۹۷

[ه : پسوجنا ۱ पसजन]

پسہی (فت پ ، س) امذ ؛ ~ پس ہی .

رک : پسائی نمبر ۲ (پلیٹس) .

[س : پرسا دِھکا प्रसाधिका]

پسی (فت پ) امث .

تاخر ، پس کا اسم کیفیت (پیشی بمعنی تقدم کی ضد) .

بادشاہ طرح طرح کی اجناس سے تلتا تھا . . . چیزوں سے تلنے میں پسی و پیشی اجناس کی قیمت پر موقوف تھا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۷۰۷

[پس (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

پسی (کس پ) امث .

(موسیقی) باریک ، گہلی ملی .

ہر پسی فقرے اور سر کے ہلکے پر الٰہی بخش پوربی کا جی نکلتا تھا .

۱۸۲۳ فسانۂ عجائب ، ۵۶

[؟]

— ہوئی تان (— و مج) امث .

گہلی ملی تان .

آواز کا یہ حال تھا جیسے آرگن بج رہا ہے ، پسی ہوئی تانیں نکلتی تھیں .

۱۹۰۰ شریف زادہ ، ۱۱۷

پسی (فت پ ، شد س ، ی مع) امذ .

شیشم کی جنس ، ایک قسم کا درخت ، بھکولی ، پیُوآ (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۰۵) .

[مقامی]

پسی ببُول (فت پ ، شد س ، ی مع ، فت ب ، و مع) امذ .

ایک قسم کا ہمالی ولائتی ببول جو جنگلی نہیں ہوتا بلکہ بونے اور لگانے سے ہوتا ہے (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۰۵) .

[ه : پسی ؟ पस्सी + ببول (رک)]

پسی (ضم پ) امث .

پلّی (پیار میں) .

اماں جان یہ پسی بھی جائیں گی کہیں کچلی گئیں تو مزا آجائے گا .

۱۹۷۰ غبار کارواں ، ۹۹

[انگ : Pussy]

پسیج (۱) (فت پ ، ی مع) .

(الف) امذ .

تیاری سفر (پلیٹس) .

(ب) صف .

تیار ، مستعد ، آمادۂ سفر (پلیٹس) .

[ف]

پسیج (۲) (فت پ ، ی مع) صف .

رطوبت ، نمی .

موسم برسات میں شکم محراب میں نمی یا پسیج نہ پہنچ سکے .

۱۹۴۷ رسالہ تعمیر عمارت ، ۶۹

[پسیجنا (رک) سے]

پسیج (فت پ ، ی مج) امذ .

رک : پسیج بمعنی گزر گاہ .

اوٹو گیس انجن کا سلنڈر شکل نمبر ۱۸ میں سکشن میں دکھلایا گیا ہے اور سلائیڈ اس پوزیشن میں دکھلایا گیا جبکہ یہ عنقریب پسیج A کے درمیان چارج کو سلنڈر میں جلانے کو ہے ۔

۱۹۰۶ پریکٹیکل انجینرز ، ۲ : ۱۰۶

[Passage : انگ]

پَسِیجنا (ف ت پ ، ی مع ، سک ج) ۔

(الف) ف ل ۔

۱۔ رطوبت یا نمی سے بھیگا ہوگا ہو جانا ، پسیو لانا ، پسینہ آنا ۔

اگر ٹھایا میں شربت ہوگا تو وہ پسیجے گی ۔

۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۷۰

بارش کی کثرت سے پکی چھتیں بھی پسیج رہی تھیں ۔

۱۹۲۳ اہل محلہ اور نااہل پڑوسی ، ۱۱

۲۔ (جسم کا) پسینہ لانا ، عرق میں تر ہوجانا ، عرق عرق ہونا ، پسینہ ٹپکنا ۔

قبیلہ لئی اوسے بھائی بھتیجے
لہو ڈالے ہر یک جان وو پسیجے

۱۷۳۷ طالب و موہنی ، ۳۵

اف اس طپش سے بن مینہ تن کب تلک پسیجے
اے کاش ابر آوے یارب فلک پسیجے

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۵۲

بدن تانبا تھا کسی طرح نہ پسیجا ۔

۱۹۲۹ وداع خاتون ، ۹

۳۔ (i) **نرم پڑنا ، پگھلنا ، اثر لینا ، متاثر ہونا ۔**

احوال مرا دیکھ بتاں سنگ پگھل جائے
ہر سنگ دلو تم نہ کسی طرح پسیجو

۱۷۸۵ حسرت (جعفر علی) ، ک ، ۳۸۱

وہ ہے پتھر پسیجتا ہی نہیں میں تو منت ہزار کرتا ہوں

۱۸۰۱ جوشش ، د ، ۱۰۲

لاکھ منت سماجت کی پر وہ شقی القلب کسی طرح نہ پسیجا ۔

۱۹۵۲ پیر نابالغ ، ۶۶

(ii) **(مجازاً) مہربان ہونا ، رحم یا ترس کھانا ۔**

خدا ہے بت پسیجے گا کبھی تو
بھرینگے جب تلک پتھر بھرآے

۱۸۷۰ الماس درخشاں ، ۲۹۹

بھاوج کی مصیبت پر تمہارا دل نہ پسیجا ۔

۱۹۲۰ بنت الوقت ، ۱۵

(iii) **راغب یا مائل ہونا ۔**

الٰہی یہ کیسے دل ہیں کہ یہ سب کچھ سن کر بھی اسلام پر نہیں پسیجتے ۔

۱۹۰۷ امہات الامہ ، ۲۸

(iv) **ڈھیلا پڑنا ، اڑ یا ضد سے ہٹنا ، آمادہ ہوجانا ۔**

مہرالنسا بھی آخر کو پسیج گئی اور سمجھ گئی کہ مسند شاہی پر کیوں خاک ڈالوں ۔

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۶ : ۷۵

ان کے دروازے کی زنجیر لگی ہو نہ کہیں
کچھ پسیجا تو ہے دربان بڑی مشکل سے

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۸۵

(v) **(مجازاً) کنجوس یا مالدار کا کچھ دینا ۔**

یہی مغز سے کوئی بات آتاریں تو ہماری قوم کے امیر پسیجیں ۔

۱۸۹۱ لیکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۲۵۲

۴۔ (جسم میں حرارت پیدا ہونے سے) کھلانا ، حرکت میں آنا ، جمود یا سکون دور ہونا ۔

جاڑے میں ہم اکیلے کیا ہی سکڑ رہے تھے
پر دیکھی اس پری کی جوں ہی جھلک پسیجے

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۵۲

فقط عزم صادق کے ہیں یہ نتیجے
کہ اختر مسلمان ریجھے پسیجے

۱۸۹۳ مجموعۂ نظم بے نظیر ، ۶۹

۵۔ کسی چیز (گوشت وغیرہ) کو آگ پر رکھا جائے تو وہ پہلے پانی چھوڑتا ہے جس سے پسیجنے کا عمل ہوتا ہے پھر پکتا ہے (پلیٹس) ۔

۶۔ کچا ٹانکا دینا ۔

(پیتل) کے بیرنگ (Bearing) یعنی سہاروں کو خرادنے کی غرض سے پسیجا جاتا ہے یعنی یہ کہ کچا ٹانکا دیا جاتا ہے ۔

۱۹۴۸ انجینری کارخانے کے چالیس عملی سبق ، ۷۵

[س : پر + سِوِد + स्विद्]

پَسِیجنی نَمَک (ف ت پ ، ی ، مع ، سک ج ، ف ت ن ، م) امذ ۔

نمک کی ایک قسم جس کو ہاتھ میں ملنے یا جسم سے لگانے سے رطوبت نمودار ہو جاتی ہے ، اکثر ورم اور سختی دور کرنے کے لیے یہ عمل کرتے ہیں ۔

ایک سفید قلمی پسیجنی نمک ، مزہ نمکین ، سرد کن ۔

۱۹۳۸ علم الادویہ ، ۱ : ۱۹۱

[پسیجنی ، پسیجنا (رک) سے + نمک (رک)]

پِسیرا (کس پ ، ی مج) امذ ۔

ایک قسم کا ہرن ، اس کے اوپر کا حصّہ بھورا اور نیچے کا کالا ہوتا ہے اونچائی ایک فٹ اور لمبائی دو فٹ ہوتی ہے جنوبی ہند میں پایا جاتا ہے (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۱۵) ۔

[مقامی]

پَسیری (ف ت پ ، ی مج) امث .

پانچ سیر کا ہاٹ یا پیمانہ ، دھڑی ، (مجازاً) بھاری مقدار .
اس کے سرکار دولت مدار میں زر و جواہر منوں و پسیریوں تولا جاتا تھا .

۱۸۴۷ حملات حیدری ، ۴۰

[پانچ سیری (رک) کی تخفیف]

پَسین (ف ت پ ، ی مع) صف .

۱. پس سے منسوب ، جو بعد میں یا پیچھے ہو ، موخر ، سب سے پیچھے کا ، بعد کا .
یعنی کہ یہ کلمہ اس کی جو پشت پہ ہے
ہے پشت پناہ ہر پسین و پیشیں کا

۱۷۸۵ حسرت (جعفر علی) ، ک ، ۱۰۷
فرمایا نہیں آتا کوئی زمانہ مگر وہ کہ زمانہ پسیں اس سے بدتر ہے .

۱۸۵۱ عجائب القصص (ترجمہ) ، ۳۳۱
ہو گرد رہ صف پسیں کیوں اس بزم میں خوار ہو تمہیں کیوں

۱۹۱۴ شبلی ، ک ، ۸

۲. قدیم (نورالغات ، ۲ : ۹۷) .
۳. بالکل نیا ، جدید ترین (پلیٹس) .

[ف]

پَسینا (ف ت پ ، ی مع) امذ ؛ ← پسینہ .

وہ نمی یا رطوبت جو بدن کے مسامات سے نکلتی ہے (عموماً گرمی کھمس محنت شرم ندامت انفعال یا خوف کی وجہ سے) .
رخ پر پسینا جسم میں رعشہ جبیں پہ چیں
پوچھا کدھر چلے تو یہ بولے کہیں نہیں

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۱ : ۵
حمام ایسا تعمیر کرائیں جس میں پسینہ نہ آئے کیونکہ وہ بدن میں تری و سردی پیدا کرتا ہے .

۱۹۳۶ ترجمہ شرح اسباب ، ۲ : ۳۵۵
[پرسونن + کہ : प्रस्विन्न + क]

— اَور لَہُو ایک کَرنا محاورہ .

رک : خون پسینا ایک کرنا جو زیادہ مستعمل ہے .
کیجیے تصنیف اور تالیف میں سعی بلیغ
اس میں ایک اپنا پسینہ اور لہو کر دیجیے

۱۸۹۳ دیوان حالی ، ۱۹

— آنا محاورہ .

(گرمی شرم خوف کمزوری یا اچانک تشویش کے باعث) مسامات سے پسینا نکلنا ، نہایت شرمندہ خائف یا پریشان ہونا .

پسینہ آ گیا جمشید کو مجھ مست کے آگے
گھڑے پانی کے لاکھوں پڑ گئے جام جہاں بیں پر

۱۸۵۴ دیوان اسیر ، ۱ : ۱۶۹
یلغار جادو نے جو ملکہ کو دیکھا پسینا آ گیا، قلب تھرا گیا .

۱۹۰۲ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۳ : ۳۰۶

— بَہانا محاورہ .

بہت محنت و مشقت کرنا ، نہایت کاوش کرنا .
بقا نے جواب میں شاگردی کا پسینہ بہت بہایا .

۱۸۹۸ آب حیات ، ۱۶۶
ہر اک سخت مضمون مجکو ہے پانی
پسینا بہا کر ملی یہ روانی

۱۹۱۲ شمیم ، بیاض (ق) ، ۳

— بھرنا محاورہ .

(کسی چیز کا) پسینے سے تر ہونا .
فصل گرمی کی ہے رکھنا نہ کمر میں قاصد
حرف مکتوب نہ مٹ جائیں پسینا بھر کر

۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۸۲

— ہر خُون بَہانا محاورہ .

رک : پسینے پر خون بہانا .
اس سرزمین ہند نے وہ حکمراں پیدا کئے ہیں جو رعیت کے پسینہ پر اپنا خون بہاتے تھے .

۱۹۱۲ شہید مغرب ، ۴۵

— پونچھنا ف مر ؛ محاورہ .

۱. جسم یا چہرے کا پسینہ کسی کپڑے سے خشک کرنا .
اس نے جیب سے سفید حاشیہ دار رومال نکالا اور چہرے کا پسینہ پونچھ کر پھر جیب میں رکھنے کے ساتھ ہی اپنی کرسی پر سنبھل بیٹھا .

۱۸۹۳ دلچسپ ، ۱ : ۱۲
شوہر نے اس کا سر اپنے زانو پر رکھ لیا اور رومال سے اس کا پسینہ پونچھنے لگا .

۱۹۱۳ انتخاب توحید ، ۴۱

۲. پشیمانی دور کرنا خجالت دور کرنا ، ندامت و شرمندگی دور کرنا .
نہ میں سمجھا نہ آپ آئے کہیں سے
پسینہ پونچھئے اپنی جبیں سے

۱۸۷۷ انور ، ۵ ، ۱۱۴

— ٹپکانا محاورہ .

انتہائی محنت اور توجہ سے کوئی کام کرنا ؛ جان چھڑکنا .

جدھر بادشاہ کا شوق دیکھتی ہے ادھر اپنا پسینا ٹپکاتی ہے .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۸۳

— جاری ہونا محاورہ .

رک : پسینا آنا .

حیا کے جب ہوا پردے پہ بھاری
پسینا تب ہوا سب تن سوں جاری

۱۸۳۰ نور نامہ ، (ق) ۲۰

— جھاڑنا محاورہ .

پسینے کے قطرے پوچھنا (انگلی وغیرہ سے) .

پسینا اپنے ماتھے کا نہیں جھاڑا ہے انگلی سے
یہ اوس بے قدر نے توڑا ہے سلک در مکنوں کو

۱۸۱۶ دیوان ناسخ ، ۱ : ۸۴

— چھوٹنا محاورہ .

(شرم خوف غصے یا کسی ناگہانی آفت سے) یکایک پسینے میں تر ہو جانا .

میں آہ گرم لگا کھینچنے تو پھر کیا کیا
پسینا اس کے رخ پر عتاب سے چھوٹا

۱۸۰۹ جرات (سرمایۂ زبان اردو ، ۸۹)

چکر آنے لگا ، پسینہ چھوٹ گیا ، لیکن سنبھلیں .

۱۹۴۴ صید و صیاد ، ۱۹۴

— سوکھنا محاورہ .

(لفظاً) پسینا خشک ہونا ، (مجازاً) بہت کم وقت یا فرصت میں کسی جگہ پہنچ کر دم لینا .

کیا جلد گیا سوے ارم دار فنا سے
سوکھا جو پسینہ بھی تو جنت کی ہوا سے

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۱ : ۹۵

— کھینچ لینا محاورہ .

جسم سے پسینا نکال دینا .

ادھر گرمی نے رک رک کر پسینہ کھینچ لیا .

۱۹۶۶ اردو نامہ ، کراچی ، ۲۴ : ۴۵

— گلاب ہونا محاورہ .

پسینے میں خوشبو ہونا ، محبوب کے پسینے کو عطر گلاب سمجھنا ؛ کسی نہ پسندیدہ چیز کو بھی اچھا سمجھنا ، عیب کو بھی خوبی خیال کیا جانا .

اب عطر بھی ملو تو تکلف کی بو کہاں
وہ دن ہوا ہوئے کہ پسینہ گلاب تھا

؟ جوہر فرخ آبادی (خمخانۂ جاوید ، ۲ : ۲۹۸)

— لانا محاورہ .

رک : پسینا نکالنا .

ہندوستان کے گھوڑے . . . . محنت کے وقت پسینا لاتے ہیں .

۱۸۷۲ رسالہ سالوتر ، ۱ : ۵۳

— مرنا محاورہ .

پسینا خشک ہونا .

گھوڑوں . . . کو پسینا مرنے کے بعد . . . پانی پلانا ضرور ہے .

۱۸۷۲ رسالہ سالوتر ، ۱ : ۶۹

— نکالنا محاورہ .

بدن سے پسینا خارج کرانا یا کرنا (علمی اردو لغت ، ۳۶۲) .

— نکلنا محاورہ .

بدن سے رطوبت خارج ہونا ، عرق خارج ہونا (علمی اردو لغت ، ۳۶۲) .

— ہرا ہونا محاورہ .

(بہ لوانی) پسینا خشک ہونا یا سوکھنا (مخزن المحاورات ، ۲۶۲) .

پسینوں (ف ت پ ، ی مع ، و مج) امذ ؛ ج .

پسینا (رک) کی جمع (مرکبات میں مستعمل) .

— پر پسینے آنا محاورہ .

بہت پسینا آنا ، مسلسل پسینا آئے چلا جانا (گرمی ، شرم یا خوف وغیرہ کے باعث) .

تپ غم شمع ساں ہوتی نہ تھی کم
اور آتے تھے پسینوں پر پسینے

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۵۱

پسینوں پر پسینے آرہے ہیں قیامت کے مہینے آرہے ہیں

۱۹۳۶ ہندوستانی بول چال ، ۳ : ۹۸

— میں ڈوبنا/نہانا محاورہ .

بہت پسینا آنا ، پسینے میں شرابور ہو جانا .

تری آنکھوں کی کیفیت چمن میں دیکھ کر نرگس
خجالت میں گئی ہے ڈوب شبنم کے پسینوں میں

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۳۷۶

پسینے (ف ت پ ، ی مع) امذ ؛ ج .

پسینا (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت (مرکبات میں مستعمل).

گوندھ کے گویا پتی گل کی وہ ترکیب بنائی ہے
رنگ بدن کا تب دیکھو جب چولی بھیگے پسینے میں

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۷۰۹

— آنا محاورہ .

رک : پسینا آنا .

حبابوں نے یوں اپنے تانے ہیں سینے
سمندر کو بھی آرہے ہیں پسینے

۱۹۳۹ برق و باراں ، ۶

— بہانا محاورہ .

رک : پسینا بہانا .

خان جہان اس ملک میں برسوں رہے ، تلواروں نے خون اور تدبیروں نے پسینے بہائے .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۲۱۷

— پر پسینے آنا محاورہ .

رک : پسینوں پر پسینے آنا ، (مجازاً) بہت شرمندہ ہونا .

بہت شرمندہ ہوں تھوڑی سی بی کر
پسینے پر پسینے آرہے ہیں

۱۹۰۳ دیوان جلال ، ۳ : ۱۰۰

— پر خون (لہو) بہانا/گرانا محاورہ .

عمل اور ایثار سے انتہائی محبت کا ثبوت دینا ، دوسرے کی ادنیٰ تکلیف دور کرنے کے لیے خود سخت تکلیف برداشت کرنا ، جان دینے میں بھی دریغ نہ کرنا (بیشتر حرف اضافت 'کے' بعد مستعمل) .

لہو بہائیں گے میرے پسینے پر اپنا
دل و جگر ہیں محبت میں آزمائے ہوئے

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۷۸

میں نے آج تک ہمیشہ آپ کے پسینے پر خون بہایا ہے .

۱۹۰۹ خوبصورت بلا ، ۲۶

— پسینے (— ف ت پ ، ی مع) م ف ؛ صف .

پسینے میں ڈوبا ہوا ، پسینے میں تر بتر (گرمی تھکن محنت شرم یا خوف وغیرہ کے باعث) .

یہ ذکر تھا کہ برق آپہنچا ، پسینے پسینے گھبرایا ہوا .

۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۶ : ۱۲۱

یہ حالت ہوئی داغ کا نام سن کر
پسینے پسینے وہ نازک بدن ہے

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۷۹

— پسینے کر دینا/کر ڈالنا محاورہ .

پسینے میں تر کر دینا ، بے حد تھکا دینا .

ایک ہاتھ سے مروج پسوایا جاتا ہے ... مروج بڑی مشکل سے باریک ہوتا اور دولھا کو پسینے پسینے کر دیتا ہے .

۱۹۰۵ رسوم دہلی ، سید احمد ، ۸۵

— پسینے ہوجانا محاورہ .

رک : پسینے میں شرابور ہو جانا ، پسینے میں ڈوب جانا (گرمی تھکن محنت شرم یا خوف وغیرہ کی وجہ سے) .

وہ رہوار بھی پسینے پسینے ہوگیا اور میری بھی جیبھ مارے پیاس کے چٹخنے لگی .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۹۵

اسے یہ پہلی مصیبت غیر مرد کی صورت دیکھنے کی پڑی تھی ، غیرت کے مارے پسینے پسینے ہوگئی .

۱۹۳۲ رسوا ، خورشید بہو ، ۹۸

— چھوٹنا/چھوٹنے لگنا محاورہ .

رک : پسینا چھوٹنا .

اس نے میرے گلے میں باہیں ڈال بوسے پر بوسہ لینا شروع کیا ، مجھے مارے شرم کے پسینے چھوٹ گئے .

۱۹۲۸ مضامین فرحت ، ۱ : ۵۵

ان کے میں دل ڈر بیٹھ گیا ، پسینے چھوٹنے لگے .

۱۹۶۲ معصومہ ، ۶۱

— کا پتلا (— ضم پ ، سک ت) امذ .

(ورزش) وہ نمی جو ڈنڈ پیلنے میں پورے جسم سے بصورت پسینہ نکل کر زمین پر گرتی اور آدمی کے قد کے مشابہ زمین کو تر کر دیتی ہے .

گرمیوں میں تھوڑی سی ورزش بھی کرو تو پسینے کا پتلا بن جاتا ہے .

۱۹۶۲ مہذب اللغات ، ۳ : ۷۹

ــ کی جگہ خون (ــ لہو) بہانا/گرانا محاورہ .

۱. رک : پسینے پر خون بہانا .

اے ہمارے پسینے کی جگہ خون گرانے والے عزیزو تم نے تو ہمارے بڑے بڑے ساتھ دیئے ہیں .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۱ : ۶۲

۲. بہت محنت کرنا ، کسی کام میں جان کھپانا .

تمہارے بزرگوں نے پسینے کی جگہ خون بہا کر اس ڈھلتی پھرتی چھاؤں کو قابو کیا تھا .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۲۳

ــ کی ندیاں بہا دینا محاورہ .

پسینے میں شرابور کر دینا .

ہوا بند ہے ، گھمس نے پسینے کی ندیاں بہا دی ہیں .

۱۹۲۹ طوفان اشک ، ۷۸

ــ کے ڈوب (ــ و مج) امذ ؛ ج .

اتنا پسینا کہ بہنے لگے ، ڈباؤ پسینا ، نیز مجازاً .

پڑ گئے لالے پھر تو جینے کے ڈوب پر ڈوب تھے پسینے کے

؟۱۸۷۱ شوق (مہذب اللغات ، ۳ : ۷۹)

ــ کے شرابے (ــ فت ش ، شد ر) امذ ؛ ج .

رک : پسینے کے ڈوب .

تراقے کی دھوپ تو نہیں مگر گھمس بلا کی ہے ، ہوا چلتی بھی ہے تو اوچھی اوچھی ، پسینے کے شرابے اور ہوا کے جھونکے بازی بد کے چلتے ہیں .

؟ 'اودھ پنچ' (نورالغات ، ۲ : ۹۸)

ــ میں ڈوبنا محاورہ .

پسینے پسینے ہونا (رک) .

پانی پانی جو دل تھا سینے میں
جسم ڈوبا تھا سب پسینے میں

۱۸۶۹ بہار عشق ، ۱۲

ــ میں شرابور ہونا محاورہ .

بہت پسینہ آنا ، پسینے میں ڈوبنا (علمی اردو لغت ، ۳۶۳) .

ــ میں لت پت ہونا محاورہ .

رک : پسینے میں ڈوبنا .

نیساں کہر افشانی سرکار جو دیکھے
لت پت ہو پسینے میں ندامت کے برابر

۱۸۸۱ منیر (مہذب اللغات ، ۳ : ۸۰)

ــ میں نہانا محاورہ .

اتنا پسینا آنا کہ جسم بالکل بھیگ جائے (گرمی شرم یا خوف وغیرہ کے باعث) .

کس طرح عشق میں جی کھول کے رونا ہے کوئی
میں پسینے میں نہایا جو ہوئیں تر پلکیں

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۱۶۱

دم وصال کچھ آیا جو ہے خیال ان کو
بدن ہے سرد پسینے میں ہیں نہائے ہوئے

۱۸۹۵ خزینہ خیال ، ۲۴۵

پسیو (فت پ ، ی مج) امذ ؛ ~ پسیوا ، پسیوہا .

۱. رک : پسیج ، وہ رطوبت جو پکنے میں سر پوش کے زیریں رخ پر قطروں کی صورت میں جمع ہو کر ٹپکتی ہے (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۴) .

۲. پسینا (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۴ ؛ پلیٹس) .

عطر و گلاب اور سمن یاسمیں مگر
شمہ ہے تجھ بدن کے معطر پسیو کا

۱۸۰۹ شاہ کمال ، د ، ۴

۳. پکتی ہوئی چیز کا وہ حصہ جو یہ دیکھنے کے لیے نکالیں کہ وہ پک گئی یا نہیں (پلیٹس) .

۴. وہ پانی جو چاولوں سے پک چکنے کے قریب نکال دیتے ہیں .

صافیوں کو پکڑے چاولوں کو پسیو دیتے ہیں پلاؤ کی بعض دیگیں دم پر لگی ہوئی ہیں .

۱۸۹۰ انتخاب طلسم ہوشربا ، ۳۵۵

اف : دینا ، کرنا ، نکالنا .

[س : प्रस्वेद : प्रस्वेद]

پسی ہوئی تان (کس پ) اسث .

گھلی ملی ہلکی تان .

آواز کا یہ حال تھا جیسے آرگن بج رہا ہے ، پسی ہوئی تانیں نکلتی تھیں .

۱۹۰۰ شریف زادہ ، ۱۱۷

پش (فت پ ، ضم ش) امذ .

رک : پشو (پلیٹس) .

پش (کس پ) صف .

گناہ سے نجات دلانے والا نیز ترغیب دینے والا بہروپی (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۱۲) .

[س : पिश : پش]

پِشاب (کس پ) امذ.

رک: پیشاب (پلیٹس).

پِشاچ (کس پ) امذ؛ ~ پشاچہ.

(لفظاً) گوشت خوار، (مجازاً) دیو، بھوت پریت، عفریت اور بد روحیں جو ویرانوں میں بسیرا کرتی ہیں اور کہا جاتا ہے کہ انسانوں کی کھوپڑی سے خون ہی لیتی ہیں، (مجازاً) بہت سخت دل اور کٹر انسان.

اگر . . . اپنے تئیں مست بنائے رکھے تو اس کو پشاچہ (بھوت) مزاج کہتے ہیں.

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان، ۵: ۶۶۲

وہ برہمن جو کسی کا سونا چرائے ہزار مرتبہ مکڑی سانپ، چھپکلی . . . اور خطرناک پشاچ کی صورتوں میں گذرے گا.

۱۹۱۳ تمدن ہند، ۲۴۳

نڈر ایسا کہ بھوت اور پشاچ کے وجود پر اسے عالمانہ شکوک تھے.

۱۹۳۶ پریم چند، پریم پچیسی، ۲: ۳۷

[س: پشاچ पिशाच]

پِشاچنی (کس پ، سک چ) امث.

پشاچ (رک) کی تانیث.

اچار روپی رات میں ترشنا روپی پشاچنی پھرتی ہے.

۱۸۹۰ جوگ بششٹھ (ترجمہ)، ۱: ۶۹

پِشاچی (کس پ) امث.

۱. رک: پشاچی معنی نمبر ۲.

پشتو اور بلوچی کو جدید ایرانی زبانوں کی حیثیت سے اور پشاچی خاندان کی کشمیری شنا، کافر اور چترالی وغیرہ کو ایرانی اور سنسکرت کی بگڑی ہوئی زبانوں کی حیثیت سے ہندوستان کے ایک بڑے علاقے میں استعمال کیا جارہا ہے.

۱۹۴۸ ہندوستانی لسانیات کا خاکہ، ۲۹

۲. رک: پشاچ جس کی یہ تانیث ہے (شبد ساگر، ۶: ۳۰۱۳)

۳. جٹا ماسی، (مجازاً) بالچھڑ.

پشاچی . . . سنسکرت میں بالچھڑ کو کہتے ہیں.

۱۹۳۶ خزائن الادویہ، ۷: ۱۸۷

[س: پشاچی पिशाची]

پِشارنا (فت پ، سک ر) ف م.

رک: پکھارنا (پلیٹس).

[ہ: पसारना پشارنا]

پَشان (فت پ) امذ.

رک: پاشان (ہندی اردو لغت، ۱۸۰؛ پلیٹس).

پَشانا (فت پ) ف ل.

بُودینا، سڑجانا (پلیٹس).

[ہ: पसाना پشانا]

پِشانی (کس پ) امث (قدیم).

رک: پیشانی.

بکھر رہے ہیں کنتل پشانی اپر
کہ بادل پڑے ٹوٹ پانی اپر

۱۶۰۹ قطب مشتری، ۹۶

پشانی پر رکھا جس وقت ٹیکا
رہا دل میں نہیں دل تب کسی کا

۱۸۹۷ عشق نامہ، فگار، ۱۰۸

ــ لکھنا محاورہ (قدیم).

مقدر یا قسمت میں کسی امر کا درج کیا جانا.

ازل کے قلم تھے پشانی لکھے
سدا اس کا ہو وہ اچھے تج بھرم

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ، ک، ۲: ۱۶۹

پَشاوَج (فت پ، و) امث.

رک: پکھاوج (پلیٹس).

پُش بٹن تہذیب (ضم پ، سک ش، فت ب، ٹ، سک ن، فت ت، سک ہ، ی مع) امث.

دور حاضر میں برق رفتاری اور خودکار آلات کے استعمال سے عموماً بٹن دباتے ہی گھنٹوں کا کام منٹوں میں ہوجاتا ہے.

ایک پوری عمارت پلک جھپکتے میں غائب پش بٹن تہذیب.

۱۹۸۰ جہان دیگر، ۳۰

[انگ: Push Button + تہذیب (رک)]

پُشپ ۸۵ (ضم پ، سک ش) امذ.

۱. پھول، گل.

پل میں پشپ کھلے باغوں میں پھول رہی پھوار
پل میں پاٹ گئی سب مایا سوکھ گئی سب ڈار

۱۹۱۵ آریہ سنگیت رامائن، ۲: ۲۳۰

۲. آنکھ کی ایک بیماری جس میں آنکھ پر کونے میں سفید داغ پڑ جاتے ہیں ، آنکھ کی پھُلّی ؛ لاط : Allugo (جامع اللغات ، ۲ : ۸۸ ؛ ہندی اردو لغت ، ۱۸۰) .

۳. پکھراج ، زبرجد (جامع اللغات ، ۲ : ۸۸) .

۴. (مجازاً) حیض (جامع اللغات ، ۲ : ۸۸ ؛ ہندی اردو لغت ، ۱۸۰) .

[س : پشپ पुष्प]

— آنجلی (— فت ا ، سک ن ، فت ج) ؛ ~ پشپانجلی .

دونوں ہاتھ ملا کر پھولوں کا گل‌دستہ یا پھول پیش کرنے کا عمل (پلیٹس) .

[پشپ + انجلی (رک)]

— آنجن (— فت ا ، سک ن ، فت ج) امذ ؛ ~ پشپانجن .

پیتل کا کشتہ یا پوڈر جو سرمے (یا ٹیکے) کے لیے کام میں آتا ہے نیز تانبے میں جست ڈال کر بنانے سے جو پھول اڑتا ہے اسے سفیدا کہتے ہیں .

پشپانجن . . . ایک دوا کا نام ہے جو آنکھ میں لگاتے ہیں اور وہ آنکھ کی پھلی کو اس طرح سے لیتی جیسے گرہن سورج کو لیتا ہے .

۱۹۲۶ خزائن‌الادویہ ، ۷ : ۱۸۷

[پشپ + انجن (رک)]

— بھُوشت (— و مع ، کس ش) صف ؛ امذ .

پھولوں سے سجا ہوا ؛ پھولوں سے آراستہ (پلیٹس) .

[پشپ + س : بھوشت भूषित (= آراستہ ، سجا ہوا)]

— پاتر (— سک ت) امذ .

گل دان ، پھول رکھنے کا ظرف یا برتن (پلیٹس) .

[پشپ + پاتر (رک)]

— پاتھ (— سک تھ) امذ .

حیض آنے کا راستہ ، اندام نہانی (پلیٹس) .

[پشپ + پاتھ (رک)]

— پھَل (— فت پھ) امذ .

پھل پھول ؛ جنس کیتھ یا کیت ؛ بگونیا ، لاط : Feronia eleephantum ؛ کدو ، گھیا ، پیٹھا ، لاط : Beni-ncasa cerifera (پلیٹس) .

[پشپ + پھل (رک)]

— چامَر (— فت م) امذ .

جنس الفتین ہندی ، مروا ، دونا ؛ پھولوں والا پودا ، لاط : Artemisia indica ؛ خوشبودار پودا جس کے پھول چونری نما گچھا بناتے ہیں ، جنس کیوڑا (اسی پودے سے عرق کیوڑا حاصل ہوتا ہے) ، لاط : Pandanus odoratissimus (پلیٹس) .

[پشپ + چامر (رک)]

— دامَن (— فت م) امذ .

پھولوں کا ہار ، مالا ، گجرا ، تسبیح ، مالا ، کنٹھا ؛ شعر کا وزن ، بحر کی ایک قسم (پلیٹس) .

[پشپ + دامن (رک)]

— راج امذ .

گلاب کا پھول (پلیٹس) .

[پشپ + راج (رک)]

— رَس (— فت ر) امذ .

پھولوں کا عرق ، پھولوں کے ذریعے حاصل شدہ شہد ، عسل (پلیٹس) .

[پشپ + رس (رک)]

— رَکْت (— فت ر ، سک ک) .

(الف) صف .

سرخ پھول جیسا ، سرخ رنگ میں رنگا ہوا (پلیٹس) .

(ب) امذ .

ایک جھاڑی ، جنس خبازی ، پٹوا ، لاط : Hibiscus phoeiceus (پلیٹس) .

[پشپ + رکت (رک)]

— روچَن (— و مج ، فت چ) امذ .

ایک پودا اور اس کی جڑ ، لاط : Mesua Roxburghii (پلیٹس) .

[پشپ + روچن (رک)]

— رینو (— ی مج) امذ .

پھولوں کی راکھ یا پوڈر ، زرگل کا کشتہ ، پراگ (پلیٹس) .

[پشپ + رینو (رک)]

— سار امذ .

رک : پشپ رس ، پھولوں کا رس یا شہد (پلیٹس) .

[پشپ + سار (رک)]

ـ سمے (ـ فت س) امذ .

بسنت رُت ، موسم بہار ، موسم گُل (پلیٹس) .

[پشپ + سمے (رک)]

ـ شونیا (ـ و مع ، کس ن) صف .

بہار یا موسم گل سے محروم پیڑ ، خزاں دیدہ درخت (پلیٹس) .

[پشپ + شونیا (رک)]

ـ کِٹ (ـ کس ک) امذ .

پھولوں کے کیڑے ، پھولوں میں رہنے والا کیڑا ، سیاہ رنگ والی شہد کی بڑی مکھی (پلیٹس) .

[پشپ + کٹ (رک)]

ـ کوشْ (ـ و مج) امذ .

کاسۂ گل ، پھولوں کا پیالہ یا پیالی (پلیٹس) .

[پشپ + کوش (رک)]

ـ کیٹو (ـ ی مج ، و مج) امذ .

رک : پشپانجن (پلیٹس) .

[پشپ + کیٹو (رک)]

ـ لاو امذ .

مالی ، باغبان (ہندی اردو لغت ، ۱۸۱) .

[پشپ + لاو (رک)]

ـ لَتا (ـ فت ل) امث .

میٹھا کدو (خزائن الادویہ ، ۷ ، ۱۸۸) .

[پشپ + لتا (رک)]

ـ ماس امذ .

پھولوں کا مہینہ ، موسم بہار کا ایک مہینہ یا بسنت کے دو مہینوں میں سے ایک (پلیٹس) .

[پشپ + ماس (رک)]

ـ واٹِکا/واٹی (ـ کس ٹ) امذ/امث ؛ ← پشپ واٹکا .

پھولوں کا باغ ، گلزار (پلیٹس) .

[پشپ + واٹکا/واٹی]

ـ وَت/وان/وَنْت (ـ فت و/فت و ، سک ن) صف .

رک : پشپ چامر ، پھولوں سے سجا ہوا ؛ پھولوں جیسا ، گلفام (پلیٹس) .

[پشپ + وان/وت/ونت (رک)]

ـ وَتی (ـ فت و) امث .

حائضہ (پلیٹس) .

[پشپ + وتی (رک)]

ـ ہِین (ـ ی مع) صف .

پھول سے محروم ، پھول نہ آنا (پلیٹس) .

[پشپ + ہین (رک)]

ـ ہِینا (ـ ی مع) امث .

۱. ایک ایسی عورت جس کی ماہواری بند ہو چکی ہو ؛ ایک عورت جو دوران حمل فوت ہو جائے ؛ بانجھ عورت (پلیٹس) .

۲. گولر کا درخت لاط : Ficus glomerata (پلیٹس).

[پشپ + ہنیا (رک)]

پُشپا کاسیس (ضم پ ، سک ش ، ی مع) امذ .

فولاد کا سبز رنگ کا سلفیٹ قدرے تحلیل شدہ حالت میں (پلیٹس) .

[رک : پشپ + کاسیس (رک)]

پُشپ پتر (ضم پ ، فت پ ، شد ت ہفت) امث .

پوجا پتر ، نذر و نیاز اور چڑھاوے کی چیزیں رکھنے کا برتن یا تھالی (ا پ و ، ۷ : ۱۵۴) .

[رک : پشپ + پتر (رک)]

پُشپک (ضم پ ، سک ش ، فت پ) امذ .

رک : پشپ ؛ پھول ، گُل ، آنکھ کی پُھلی ؛ کبیر کی رتھ ؛ کوبر کی خود کار گاڑی ؛ کنگن ؛ انگیٹھی ؛ لوہا ؛ کانسا (ہندی اردو لغت ، ۱۸۰ ؛ پلیٹس) .

[س : पुष्पक पुष्पक]

ـ بِمان/بِوان/وِمان (ـ کس ب/ کس و) امذ .

رتھ ، کبیر کی رتھ کا نام ، کوبر کی خود کار گاڑی .

اگر آپ کا جلدی پہنچنے کا ہی وچار ہے تو میرے پاس پشپک بوان بڑا تیز رفتار ہے .

۱۹۱۵ آریہ سنگیت راماین ، ۳ : ۵۱۵

[پشپ + بمان/بوان/ومان (رک)]

پشت (فت پ ، سک ش) امذ .

(لشکری) کھمبا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۰۱) .

[० : पशत पशत]

پِشت (کس پ ، ش) امذ .

۱. گوشت ، ماس (پلیٹس) .

۲. چھوٹا ٹکڑا یا حصّہ (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۱۳) .

[س : पिशित पिशित]

پُشت (ضم پ ، سک ش) .

(الف) امث ؛ امذ (قدیم) .

۱. جسم کا پچھلا حصّہ ، شانوں سے لے کر ریڑھ کی ہڈی کے آخری سرے تک ، پیٹھ .

ہوا گاو دم نے بھی پکڑی تھی دم
توں بولیگا کیتا فلک پشت خم

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۳۷۱

اس کی طرف پشت کر کے نہ بیٹھے .

۱۸۵۶ فوائد الصبیان ، ۳

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت پر جو مہر نبوت تھی ، ابھری ہوئی تھی .

۱۹۱۴ سیرۃ النبی ، ۲ : ۳۷۹

۲. پچھلا حصّہ یا رخ (کسی بھی چیز کا) .

رو سے نقاب کس کے اٹھا یہ کہ تا ہنوز
حیرت سے پشت آئنہ دیوار ساتھ ہے

۱۷۹۵ قائم ، د ، ۱۳۹

وہ . . . بخوبی تمام دریا کے اوپر شباشب سر افراز خان کی فوجوں کی پشت پر آرہا .

۱۸۰۳ حسن اختلاط ، ۷ الف

۳. سہارا ، مدد ، حمایت ، آسرا .

ابوالمعجن اسلام کوں پشت تھا
اسے بات سے چھوڑنا مفت تھا

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۶۱

قومیں . . . اپنے تمام لشکر کی پشت پر جمادات یا حیوانات کی ایک مضبوط پشت قائم کرتی ہیں .

۱۹۰۴ مقدمہ ابن خلدون ، ترجمہ ، ۲ : ۱۷۹

۴(i) شجرۂ نسب یا نسل کے سلسلے کی ہر کڑی دوسری کی نسبت سے (عالی ہو یا سافل) .

کسی کی اگلی پشت میں اگر کوئی غلام تھا . . . تو اس پر طعن کرتے ہیں .

۱۸۳۰ تقویۃ الایمان ، ۲۵۰

عدنان سے حضرت اسمٰعیل تک چالیس پشتوں کا فاصلہ ہے .

۱۹۱۱ سیرۃالنبی ، ۱ : ۱۵۱

(ii) (مجازاً) نسل ، صُلب .

زہے شرف جو محمد نبی کی سب اولاد
ظہور جگ میں ہوئی اس کے پشت میں تھے نکل

۱۶۷۸؟ غواصی ، ک ، ۶۵

بہت یوں تو ایران میں ہیں پہلوان
ولے پشت سے سام کی اک جوان

۱۸۱۰ شاہ نامہ ، منشی ، ۱۳۷

قصی اور ہاشم مناف اور شیبہ
رہا پشت میں جن کی یہ در یکتا

۱۹۲۹ آمنہ کا لال ، ۲۵

۵. غیبت ، پیچھے (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۴۰۹) .

۶. دیوار یا کسی عمارت کا اندرونی رخ .

دیوار یا کسی عمارت کے اندرونی رخ کو پشت کہتے ہیں .

۱۹۴۸ چنائی ، ۶

۷. گانڈو (جامع اللغات ، ۲ : ۸۸) .

[ف]

ــ بان صف .

رک : پشتی بان .

قادر تجھے مدد ہے کیا ڈراتا معظم
اور پشت بان کتے سو کرار ہے ہمارا

۱۶۸۶؟ دیوان معظم (ق) ، ۳۰۳

[پشت + بان (رک)]

ــ باندھنا محاورہ (قدیم) .

رک : کمر باندھنا .

شک نہیں ہوے دشت تیرا جوں بہشت
آزما گر جھوٹ ہے تو باند پشت

۱۷۵۴ ریاض غوثیہ ، ۲۴

ــ بانی است .

پشت پناہی ، حمایت ، مدد .

بہت دن نوح و ابراہیم کی یوں پشت بانی کی
کہ ان اصلاب پاکیزہ میں کی ہے جلوہ آرائی

۱۹۳۵ عزیز ، صحیفہ ولا ، ۶

[پشت بان (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ــ بدیوار (ــ بر دیوار) ہونا محاورہ .

حیران ہونا ، تصویر حیرت ہونا ، دم بخود ہونا .

دیکھنا تو آ کے از خود رفتگان کا حال ٹک
جا بجا سب پشت بر دیوار ہیں تصویر کے

۱۷۸۵ درد ، د ، ۸۱

پشت بر دیوار ہے تیرے حضور آئینہ محو تماشا ہو گیا

۱۸۷۰ الماس درخشاں ، ۴۱

جس را ہرو نے راہ میں دیکھا ترا جمال
آئینہ وار پشت بدیوار ہو گیا

۱۸۷۲ مراۃالغیب ، ۷۵

— بزمین (— فت ب ، ز ، ی مع) صف ؛ م ف .

(الف) صف .

چت ، (مجازاً) زبوں حالت میں گرایا ہوا ، اوندھا .

پھرتی سے تلوار اس کے یار کی گردن پر لگائی پشت بزمین ہوا .

۱۸۶۲ شبستان سرور ، ۱ : ۳۷

حاجی صاحب کا مرکز قائم نہ رہا ، ارارا دھڑیم ، پشت بزمین رسید ہوئے ، مگر خیریت گزری کہیں چوٹ نہ آئی .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، حاجی بغلول ، ۹

(ب) امذ .

(گنجفہ) پھینکا ہوا پتا جو (پھینکے جانے کے بعد) واپس نہیں اٹھایا جا سکتا (ماخوذ : نوراللغات ، ۲ : ۹۸) .

[پشت + ب (رک) + زمین (رک)]

— بندی (— فت پ ، سک ن) امث .

(چنائی) پشت معنی نمبر ۶ (رک) کی تعمیر کا عمل .

دیوار یا کسی عمارت کے اندرونی رخ کی ... تعمیر کو پشت بندی کہتے ہیں .

۱۹۳۸ رسالہ رڑکی چنائی ، ۲

[پشت + بندی (رک)]

— بہ پشت (— فت ب ، ضم پ ، سک ش) م ف .

نسلاً بعد نسلٍ ، ایک صُلب سے دوسرے صُلب میں مسلسل .

آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کا پیغمبروں کی پشت بہ پشت منتقل ہونا خدا دیکھ رہا تھا .

۱۹۲۳ سیرۃالنبی ، ۳ : ۶۷۷

[پشت + بہ (رک) + پشت)

— پا کس اضا ، امذ .

پیر کی پشت ، پیر کا اوپر کا حصّہ جہاں ٹانگ اور پانو ملتے ہیں .

عجب پشت پا صاف انگشت پا کف پا دکھاوے سرِ پشت پا

۱۷۸۳ مثنوی سحر البیان ، ۶۵

اونچی پشت پا کا وہی اثر ہوتا ہے جو ذرا دبے ہوئے پانو کا جن میں اونچی ایڑی کے جوتے ہوں .

۱۹۱۶ خانہ داری (معیشت) ، ۱

[پشت + پا (رک)]

— پا مارنا محاورہ .

(مجازاً) ٹھکرانا ، (حقیر جان کر) قبول نہ کرنا ، ترک کرنا ، رد کرنا .

پشت پا مارے ہے دنیا اور دین کو اے حسن
جا رہا ہے جب سے دل اپنا بتاں کے زیر پا

۱۷۸۶ میر حسن ، د ، ۶۶

پشت پا کیوں نہ وہ کونین کے اوپر مارے
دست قدرت سے ہوا پیکر انسان تیار

۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۷۶

— پانو (— فت پ ، مغ) امذ .

۱. رک : پشت پا (جامع اللغات ، ۲ : ۸۸) .

۲. ایک زخم یا دنبل جو پانو کے اوپر ہوتا ہے ، ٹھینٹھ (جامع اللغات ، ۲ : ۸۸) .

[پشت + پانو (رک)]

— پر لکھنا محاورہ .

مضمون خط کی تائید میں خط وغیرہ کی پچھلی طرف لکھنا ؛ خط پر پتہ لکھنا (جامع اللغات ، ۲ : ۸۸) .

— پر ہاتھ رکھنا محاورہ .

حمایت کرنا ، حامی و مدد گار ہونا .

حر یہ کہتا تھا دم جنگ کہ دل بڑھتا ہے
پشت پر ہاتھ مرے شیر خدا رکھتے ہیں

۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۱۶ : ۱۸۲

پشت پر ہاتھ یداللہ نے رکھا جس دم
پھر نہ منزل کی ہمیں فکر نہ کچھ خضر کا غم

۱۹۱۲ شمیم ، بیاض (ق) ، ۲۱

— پر ہونا محاورہ .

حمایتی اور مدد گار ہونا .

تہواروں اور متعدد خرافات پر چھٹی مناتے تھے اور مولوی اور پنڈت طلبا کی پشت پر ہوتے تھے .

۱۹۳۳ مرحوم دہلی کالج ، ۱۱۷

— پناہ (— فت پ) صف .

حمایتی ، حامی ، مددگار ، معاون ؛ حمایت ، مدد ، تعاون .

امیرِ والا تدبیر پشت پناہِ پیر و جوان دستگیرِ درماند گان و بیکساں .

۱۸۰۱ آرائش محفل ، حیدری ، ۲

اہل بیت غم کے پتلے بنے خانۂ رسول میں جمع تھے، جن کا والی، سر دھرا، جن کا پشت پناہ دنیا سے رخصت ہو گیا تھا۔

۱۹۱۶ محرم نامہ، ۱۱

اسم کیفیت: پشت پناہی۔

اسلامی عقائد کی پشت پناہی کی۔

۱۹۲۶ شرر، مضامین، ۳: ۱۴۲

[پشت + پناہ (رک)]

— پھِرانا محاورہ۔

رک: پُشت پھیرنا۔

اس نے خدا کی راہ میں ان لوگوں سے جہاد کیا جو خدا سے پشت پھرائے ہوئے تھے۔

۱۹۱۵ نیرنگ فصاحت، ۱۸۸

— پھیرنا محاورہ۔

۱۔ بے توجہی کرنا، عدم التفات برتنا، ہٹنا؛ بھاگ جانا۔

اردو کی جانب سے پشت پھیر کر... انگریزی تعلیم کی زنجیر تیار کرتے ہیں۔

۱۹۱۱ باقیات بجنوری، ۲۳

۲۔ (مقابلے سے) بھاگ جانا، منحرف ہو جانا۔

کیا وہ (کفار) کہتے ہیں کہ ہم سب ایک اور ایک دوسرے کے مددگار ہیں، یہ جتھا عنقریب توڑ دیا جائے گا اور وہ پشت پھیریں گے۔

۱۹۲۳ سیرۃالنبی، ۳: ۵۳۸

— تکیہ (— فت ت، سک ک، فت ی) امذ۔

گاؤ تکیہ، وہ تکیہ جس سے بیٹھ لگا کر بیٹھتے ہیں، (مجازاً) سہارا۔

مُؤیّد تیری شرع پاک ہے، تو خود مُؤیّد ہے
کہوں میں فضل حق کو پشت تکیہ تیری مسند کا

۱۸۷۲ مظہر عشق، ۴۸

[پشت + تکیہ (رک)]

— چُرانا محاورہ۔

(مجازاً) ڈر سے تھرّانا (جامع اللغات، ۲: ۸۸)۔

— خار امذ۔

۱۔ لوہے یا ہاتھی دانت وغیرہ کا پنجہ جو ایک باریک لمبے دستے کے سرے پر لگا ہوتا ہے اور کھجانے کے کام آتا ہے، کھریرا۔

کچھ سحر پڑھا کہ وہ پشت خار از خود سلکھ کی پیٹھ کھجانے لگا۔

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا، ۱: ۴۶۶

پھرتا تھا اس گلی میں عجب وضع سے ریاض
اک پشت خار ہاتھ میں اور سر منڈا ہوا

۱۹۳۲ ریاض رضوان، ۷

۲۔ سیہی، سیہہ (Porcupine) (انگلش اردو ڈکشنری، عبدالحق، ۸۹)۔

[پشت + خار (رک)]

— خَم (— فت خ) صف۔

(بڑھاپے کی وجہ سے) جس کی کمر جھک گئی ہو، جس کی پیٹھ خمیدہ ہو؛ کُبڑا۔

لحد کو چاہیے یوں پیر پشت خم دیکھے
سرا کو جیسے تھکا اونٹ دمبدم دیکھے

۱۸۵۴ ذوق، د، ۲۴۴

[پشت + خم (رک)]

— خَم کرنا محاورہ۔

جُھکنا، تعظیم کے لیے جُھکنا، جُھک کر سلام کرنا۔

پشت خم کرنا ادب سے سلام کرنے کی علامت ہے۔

۱۸۷۲ عطر مجموعہ، ۱: ۴۶

— دَر پُشت (— فت د، سک ر، ضم پ، سک ش) م ف۔

رک: پُشت بہ پُشت۔

شجرے سے حال گرو چیلا پشت در پشت کا معلوم ہو گا۔

۱۸۵۵؟ بھگت مال، ۷۳

موروثی یا آبائی قرضہ ... باپ سے بیٹے کو پشت در پشت... ترکے میں ملتا آرہا ہے۔

۱۹۴۰ معاشیات ہند، ۱: ۴۴۳

[پشت + در (رک) + پشت]

— دست کس اضا (— فت د، سک س) امث۔

ہاتھ کا وہ حصہ جو ہتھیلی کے پیچھے ہوتا ہے، کلائی کے گٹے سے انگلیوں کے گٹوں تک کا اوپری حصہ، کف دست کے مقابل۔

سو گیا تھا رات وہ رکھ کر جبیں پر پشت دست
مہر نے دیکھا اسے رکھ دی زمیں پر پشت دست

۱۸۲۴ مصحفی، انتخاب رام پور، ۷۴

[پشت + دست (رک)]

ــ دست کاٹنا محاورہ .

غصّے یا افسوس کی شدّت ظاہر کرنا .

دل دے کے اختیار میں خوبوں کے تو محب
اب کاٹتا ہے حیف سے مجبور پشت دست

۱۷۹۲ محب ، د ، ۱۱۵

بادشاہ رنجیدہ کبیدہ پشت دست کاٹتا ہوا بارگاہ میں آ کر بیٹھا.

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۸۵۲

میں پھر دریاے تحیر میں غرق ہوگیا اور ہر مرتبہ اپنی پشت دست دانتوں سے کاٹتا تھا .

۱۹۱۴ محل خانۂ شاہی ، ۶۹

ــ دست مارنا محاورہ .

رد کرنا ، ٹھکرانا .

ماریں ہیں ہم نگین سلیماں کو پشت دست
جب مٹ گیا نشان توگو نام رہ گیا

۱۸۹۵ قائم ، د ، ۱ : ۴

ــ دکھانا محاورہ .

(جنگ یا مقابلے سے) بھاگ جانا ، فرار ہو جانا ، (کسی کام سے) منھ موڑنا .

سب شان علی وقت زدو کشت دکھائی
نامردوں نے منہ پھیر دیئے پشت دکھائی

۱۸۷۵ سونس ، مراثی ، ۱ : ۲۸۲

تم لوگ پشت دکھا کر بھاگتے ہو .

۱۹۲۰ رہنماے قلعہ دہلی ، ۷۱

ــ دے بیٹھنا محاورہ .

رک : پشت دینا .

گھر سے کب اٹھتے ہیں اپنے وہ کہیں مثل نگیں
پشت دے بیٹھے ہیں جو اس خلق کے رو کی طرف

۱۸۳۸ نصیر ، چمنستان سخن ، ۹۱

ــ دینا محاورہ .

منھ پھیرنا ، (کسی جانب سے) توجہ ہٹانا ، نظر انداز کرنا یا چھوڑنا .

چھپے جواب آ کے اون کو درشت دینا
ہرجائیوں کی خو ہے پیچھو سیں پشت دینا

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۱۱۰

طرف عاروش کی سب نے پشت دے کر
لگے سب دیکھنے او ماہ انور

۱۸۳۰ نور نامہ (ق) ، احمد میاں سورتی ، ۴۵

ــ زمین سے لگانا محاورہ .

(کشتی وغیرہ میں) چت کرنا ، گرانا ، شکست دینا .

رستم نے فرمایا . . . جو کوئی ہماری پشت زمین سے لگائے ہم اس کی اطاعت قبول کریں .

۱۸۹۶ لعل نامہ ، ۱ : ۵۱۸

سوائے حضرت کے کسی نے میری پشت زمین سے نہیں لگائی .

۱۹۰۰ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۱ : ۸۴

ــ زمین سے لگنا محاورہ .

(مجازاً) آرام ملنا .

ڈر ہے یہی کہ ایسا نہ ہو بعد مرگ بھی
لگنے نہ دے زمیں سے دلِ بیقرار پشت

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۹۶

ــ سیدھی کرنا محاورہ .

تھک جانے کے بعد دم لینا ، آرام کرنا ، سستانا .

بارِ زمانہ پشت پر لے کر شتر کی طرح
سیدھی نہ کی فلک نے کبھی ایک بار پشت

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۹۵

ــ قدم کس اضا (— فت ق ، د) امث .

رک : پُشتِ پا (جامع اللغات ، ۲ : ۸۸) .

[پشت + قدم (رک)]

ــ قوی ہونا محاورہ .

مدد ملنے سے حوصلہ بڑھنا (جامع اللغات ، ۲ : ۸۸) .

ــ کرنا (— فت ک ، سک ر) ف م .

(کسی کی طرف) پیٹھ کرنا .

جو خلق کی طرف متوجہ ہیں پارسا
قبلہ کو پشت کرکے ادا کرتے ہیں نماز

۱۹۳۰ اردو گلستان ، ۸۳

ــ کفِ پا کس اضا (— فت ک ، کس ف) امث .

ہاتھ کا وہ حصّہ جو تلوے کے اوپر ہے ، پشت پا .

پشت کف پا ہے بس کہ پر نور
ہے روے پری کہ چہرۂ حور

۱۸۸۷ ترانۂ شوق ، ۱۴

[پشت + کف (رک) + پا (رک)]

ـــ کمان کس اضا (ـــ فت ک) امث .

رک : پُشت محراب .

کمان کا شکم اور پشت کمان کے حلقے کی اندرونی اور بیرونی حدود ہیں .

۱۹۴۱ تعمیروں کا نظریہ اور تجویز ، ۶۰۸

[پشت + کمان (رک)]

ـــ گرم (ـــ فت گ ، سک ر) صف، مث .

حمایت یافتہ ، جس کو کسی کا سہارا ہو ، جس کی پشتی پر کوئی طاقت ہو .

نہ ہو گر اس کے تہور سے پشت گرم بہار
کبھی نہ کر سکے فوج خزاں کا استیصال

۱۸۵۷ سحر (نواب علی) ، قصائد سحر ، ۱۷

[پشت + گرم (رک)]

ـــ گرمی (ـــ فت گ ، سک ر) امث .

حمایت ، مدد ، کمک ، اعانت ، پُشت پناہی .

ہمیں پشت گرمی ہے بس سام سے
ہم اس کے ہیں قوت سے آرام سے

۱۸۱۰ شاہ نامہ ، منشی ، ۱۱۴

سلطنت اسی طرح غیروں کی حمایت و پشت گرمی سے چلتی رہتی ہے .

۱۹۰۴ مقدمہ ابن خلدون (ترجمہ) ، ۲ : ۳۱

[پشت + گرم (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ـــ لب کس اضا (ـــ فت ل) امث .

ہونٹ کے اوپر کا حصّہ .

خط پشت لب سبزۂ نو بہار
ہیں چاہ زنخداں میں یوسف ہزار

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۲

[پشت + لب (رک)]

ـــ ماہی امث ؛ صف .

۱. **مچھلی کی پیٹھ ، (مجازاً) جس کی سطح ڈھلواں ہو.**

ایک افیونی . . . پیشاب کرنے کو جو بیٹھا تھا اتفاقاً وہ مکان پریشان پشت ماہی تھا .

۱۸۱۳ نو رتن ، ۱۷۸

۲. (کنایۃً) **رات** (فرہنگ آنند راج ، ۲ : ۹۳۱) .

[پشت + ماہی (رک)]

ـــ محراب کس اضا (ـــ کس مج م ، سک ح) امث .

(تعمیرات) کمان کی بالائی یا محدب طرف کو پشت محراب کہتے ہیں (رسالہ رڑکی چنائی ، ۹) .

[پشت + محراب (رک)]

ـــ نامہ (ـــ فت م) امذ .

نسب نامہ ، شجرۂ نسب .

دنیا میں کسی کی قدر و منزلت اس کے پشت نامہ پر نہیں ہوتی .

۱۹۴۶ انور ، ۲۳۲

[پشت + نامہ (رک)]

ـــ و پناہ (ـــ و مج ، فت پ) صف ؛ امث .

۱. **رک : پشت پناہ .**

اتھا میرے لشکر کوں پشت و پناہ
منجے کام کیا آئے تخت و کلاہ

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۴۷

ہر جبکہ قتل ہو گئے عباس نامور
پشت و پناہ خلق کی خم ہو گئی کمر

۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۲ : ۱۸۰

تم مسلمان ہو . . . جو فی الحال اسلام کی پشت و پناہ ہیں .

۱۹۰۵ شوقین ملکہ ، ۱۰

۲. **مدد ، حمایت ؛ وسیلہ ، ذریعہ** (فرہنگ آصفیہ، ۱ : ۵۲۴) .

[پشت + و ، عطف + پناہ (رک)]

ـــ ہا پشت (ـــ ضم پ ، سک ش) امث ؛ ~ پشتہا پشت .

کئی پیڑھیاں ، نسل در نسل ، دادا ، پردادا کا وقت یا زمانہ .

پشتہا پشت سے اس در کے زمیں گیر ہیں ہم
باپ دادا بھی ہوئے دفن میان نرمل

۱۸۸۴ قدر ، ک ، ۲۱

ہم کو بہت کچھ جد و جہد سے کوہ کنی کی اشد ضرورت ہے ، جس کے لیے سالہا سال بلکہ پشت ہا پشت کا زمانہ درکار ہے .

۱۹۱۲ افتتاحی ایڈریس ، ۳۴

[پشت + ف : ہا ، علامت جمع + پشت]

پشتا (فت پ ، سک ش) امذ .

(لشکری) کنارہ ، تٹ (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۰۱) .

اف : لگانا ، لگنا .

[ف : پشتہ (رک) سے]

پشتا (کس پ ، ش) امث .

ایک بودا ؛ بال‌چھڑ ، سنبل‌الطیب ، جٹا ماسی ، لاط : Nardostachys (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۸).

[س : पिशित पिशिता]

پشتا پشت (ضم پ ، سک ش ، ضم پ ، سک ش) صف .

رک : **پشت یا پشت** (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۶۴) .

پشتارا (ضم پ ، سک ش) امذ ؛ ~ پشتارہ .

۱. **بوجھا ، گٹھا ، بڑی گٹھڑی ، بڑا بنڈل ، بھاری وزن .**

ابولہب کی جورو . . . لکڑیاں جلانے کی جنگل سے توڑ کر خرما کے درخت کے پوست کی رسی سے پشتارا باندہ کر پیٹھ کے اوپر دھر کر لاتی تھی .

۱۷۷۱ تفسیر مرادیہ ، ۴۶۹

اس مال و متاع کا پشتارہ باندھ کر اپنے گھر لے آیا .

۱۸۰۱ آرائش محفل ، حیدری ، ۱۱۵

گئی دنیا تو پھر ہم دین کو اب کیوں لگا رکھیں
برا معلوم ہوتا ہے مسائل کا یہ پشتارا

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۴۶۹

۲. **اتنا بوجھ جو پشت پر لادا جاسکے** (پلیٹس) .

ایک لکڑہارا مصیبت کا مارا لکڑیوں کا پشتارا باندھ رہا ہے .

۱۹۳۰ اردو گلستان ، ۱۱۳

اف : باندھنا ، لگانا .

[ف]

پشتانا (ف پ ، سک ش) ف ل (قدیم) .

رک : **پچھتانا** (پلیٹس) .

اسی دھات اپنا جنم کھوئینگی
تو پشتا ہزاں گور میں سوئینگی

۱۶۳۵؟ مینا ستونتی (قدیم اردو ، ۱ : ۱۴۷)

پشتانہ (ضم پ ، سک ش) امذ .

پس منظر .

یہ کہنا درست نہیں کہ عشق ، سیاست اور مذہب میری نظموں کے ”موضوعات“ ہیں ۔ لیکن انہوں نے اکثر بیک گراؤنڈ یا پشتانے کا کام دیا ہے .

۱۹۶۹ لا = انسان ، ۲۲

[رک : پشت + انہ ، لاحقۂ نسبت]

پشتاوا (ف پ ، سک ش) امذ (قدیم) .

رک : **پچھتاوا** .

پھر اس بات پو شرم کھا کر دیدیاں سوں آنسو برسائے پور اساساں پشتاوے سوں بھرنے لگا .

۱۷۶۵ دکھنی انوارسہیلی ، ۱۷۵

پشتاول (ضم پ ، سک ش ، ف و) امث .

(فوج) عقبی جماعت .

پشتاول Rear party .

۱۹۵۶ انگلش اردو ملٹری گلاسری ، ۱۷۱

[پشت (رک) سے]

پشتپ سو (کس پ ، ش ، ت ، و مج) صف .

گوشت خور ، گوشت کو بہت رغبت سے کھانے والا (پلیٹس).

[پِشت (رک) + لاحقہ صفت ، تپ]

پُشتک (۱) (ضم پ ، سک ش ، ف ت) امث .

۱. **دولتی ، گھوڑے یا گدھے کا پچھلے پانو اُٹھا کر مارنے کا عمل .**

یعنی داہے نہ کانوں کو جب تک
دانت کاٹے نہ مارے وہ پشتک

۱۸۲۱ زینت الخیل ، ۱۲

وہ پیچھے کو ہٹتا ہے ، پشتک پھینکتا ہے اور گھوم پڑتا ہے .

۱۹۰۷ نپولین اعظم ، ۲ : ۸۴

یہ بچھیرا کبھی کبھی اصطبل کی تنہائی میں پشتک جھاڑتا رہا .

۱۹۳۰ خطوط محمد علی ردولوی (اردو نامہ ، ۲۷)

اف : پھینکنا ، جھاڑنا ، مارنا .

۲. (سالوتری) **گھوڑے کے سُم کے اوپر سے گامچی تک پچھلے پیروں کا ورم ، بالفاظ دیگر سم کے اوپر جہاں سے بال جمتے ہیں وہاں سے اوپر تک پچھلے پیروں کا پھول جانا (یہ عارضہ اگلے پیروں میں ہو تو اسے چکاول کہتے ہیں)** (ماخوذ : رسالہ سالوتر ، ۲ : ۲۳۰ ؛ زینت الخیل ، ۴۰) .

وہ پشتک ہے اسے مت جان تو کم
جو حق کہنے کا ہے سو کہہ چکے ہم

۱۷۹۵ فرہنگ رنگین ، ۶

۳. (کشتی) **ایک داؤ جو نیچے کے داؤوں میں شامل ہے جن کی تعداد سات کے قریب ہے** (ماخوذ : رستم زماں گاماں، ۱۹۵) .

۴. **پشت کا اسم مُصغّر ؛ گھوڑے کی کمر کا آخری یعنی کولہوں کے اوپر کا حصہ (جس کو گھوڑا شرارت یا عیبی ہونے کی وجہ سے سواری کے وقت اوپر کو اُچکا دیتا ہے** (ا پ و ، ۵ : ۱۰) ، بٹھا .

[ف]

— باز صف .

دولتی مارنے والا .

شریر اور پشتک باز گھوڑا کمزور سی رسی کی پچھاڑی کو توڑ ڈالتا ہے .

خیالات آزاد ، ۱۸۸ ۱۸۸۷

[پشتک + باز (رک)]

پُشتک (۲) (ضم پ ، سک ش ، فت ت) امث .

رک : پُستک .

ان کے کتب خانوں میں کیا اخلاق کی کتابیں اور راج نیت کی پشتکیں اور قوانین نہیں .

مرقع تہذیب ، ۳۱ ۱۸۸۰

پشتنگ (ضم پ ، سک ش ، فت ت ، غنہ) امذ .

پشتک مارنے والے گھوڑے کی دمچی میں پڑے ہوئے تسمے جن کے سرے جوتوں میں ڈال دیے جاتے ہیں جس کی وجہ سے گھوڑا پشتک نہیں مار سکتا ، مانک جوت (ا پ و ، ۵ : ۴۸) .

[پشت + تنگ (رک)]

پشتو (فت پ ، ضم ش ، سک ت ، فت و) امذ .

جانور کی حالت یا فطرت ، حیوانیت ، وحشی پن ، جانور کی حالت بلدان کے وقت (جامع اللغات ، ۲ : ۸۸ ؛ پلیٹس) .

[س : پشتو पशुत्व]

پشتو (فت پ سک ش ، و مج) امث .

۱. پٹھانوں کی زبان جو عموماً پاکستان کے سرحدی علاقے اور اس کے بالائی حصے نیز بلوچستان کے بعض علاقوں میں بولی جاتی ہے .

شیخ بولے کہ میاں یہ تو بتاؤ ہم سے
تم کو اس دیس میں پشتو کی ضرورت کیا تھی

اکبر ، ک ، ۲ ، ۳ : ۱۴۹ ۱۹۲۱

۲. (موسیقی ، طبلہ) امیر خسرو کی ایجاد کردہ ایک تال کا نام اس تال میں نقش و گل اور رباعی وغیرہ گاتے ہیں اس کا ٹھیکہ چھ حرف کا ہے دھن ، دھگ ، تہ ، نا ، نہ ، کے (ماخوذ : معدن الموسیقی ، ۱۹۴) .

غزل ، دھن جھنجھوٹی ، تال پشتو .

وقائع دلگور ، ۵ ۱۸۸۱

نمبر ۱۵ غزل ، دھن بھیرویں تال پشتو .

عشق فیروز لقا ، ۲۷ ۱۹۰۸

۳. ایک قسم کا رقص جو پشتو تال پر ناچا جاتا ہے .

جھولے تھا فرحت کا ہنڈولہ ہنڈول
پشتو ناچے تھا کمانچہ بال کھول

مثنوی بہاریہ ، ۹ ۱۸۳۷

[ف]

پشتوارہ (ضم پ ، سک ش ، ت ، فت ر) امذ .

رک : پشتارہ (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۸) .

[ف]

پشتولیا (کس پ ، سک ش ، ولین ، سک ل) امذ .

ایک قسم کا باریک کپڑا (نوراللغات ، ۲ : ۹۹) .

[؟]

پشتون (فت پ ، سک ش ، و مج) امذ .

رک : پختون .

مغلوں کی سلطنت میں رشید البیان وغیرہ فقہ کی کتابیں لکھی گئیں جو پشتون عورتیں تک پڑھتی ہیں .

سہ ماہی 'اردو' جنوری ، ۱۵۷ ۱۹۳۰

پشتہ (ضم پ ، سک ش ، فت ت) امذ .

۱. دیوار منڈیر کی جھوک روکنے کے لیے اس کی پشت سے ملا کر سلامی دار (ڈھالو) چنا ہوا پاکھا یا پایا یا چبوترہ نیز وہ ڈھالو چبوترہ سا جو دیوار اور فرش کے جوڑ پر اس غرض سے بناتے ہیں کہ پانی گر کر بہہ جائے اور بنیادوں میں جذب نہ ہو .

میری مٹی سے جو باندھے پشتۂ دیوار یار
ٹوکری اکسیر سے بھر دوں ابھی مزدور کی

ریاض البحر ، ۱۸۵ ۱۸۳۶

جب ایک پشتہ تیار ہو چکے تو ایک دو روز کے فاصلے سے مٹی کا لیوا اس پر چڑھایا جائے .

رسائل عمادالملک ، ۱۹۶ ۱۹۲۰

اف : باندھنا ، بندھنا .

۲. وہ دیوار یا بند یا مینڈ جو دریا وغیرہ کا پانی روکنے کے لیے بنا دیتے ہیں .

عجب پشتہ تھا اک اور گرد دریا
پریرو ایک تھی واں جلوا آرا

راگ مالا ، ۲۰ ۱۷۶۵

پشتے لگا دیئے تھے کنارے فرات کے
کشتوں سے بھر دیا تھا بیابان کربلا

کلیات راقم ، ۲۵۲ ۱۸۹۷

غدر کے طوفان نے ادب اردو کا پشتہ پھر توڑا ۔
۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۳ : ۱۹

اف : بنانا ، بننا ، لگانا ، لگنا ۔

۳۔ (مجازاً) چبوترا ، پلیٹ فارم ۔

لنگر گاہ تو بہت عمدہ ہے ، مگر مال اتارنے کے پشتے کم ہیں ۔
۱۹۱۳ تمدن ہند ، ۲۳

۴۔ (i) ڈھیر ، انبار (بیشتر بطور جمع مستعمل) ۔

انہیں باتوں سے دل کشتہ ہوا ہے
کہ جل کر خاک کا پشتہ ہوا ہے
۱۸۶۱ الف لیلہ نو منظوم ، شایان ، ۲ : ۶۳۴

کشتوں کے پشتے لگے ہیں لاشوں کے انبار ہیں
پانوں رکھنا کوچۂ قاتل میں مشکل ہو گیا
۱۸۹۳ مرقع زیبا ، ۲۳

(ii) پہاڑی ، ٹیلا (جامع اللغات ، ۲ : ۸۸) ۔

(iii) بنڈل ، پشتارہ ، بوجھ (پلیٹس) ۔

اف : لگانا ، لگنا ۔

۵۔ وہ چمڑا یا کپڑا جو کتاب کی جلد کی پشت پر چڑھاتے ہیں ، نیز کتاب کا پٹھا ؛ گتے کا کٹا ہوا ٹکڑا ۔

اخبار عربی کی فائل جو مجلد ہے لیتے آنا ، اس کے پشتہ پر ' نحلہ ' لکھا ہوا ہے ۔
۱۸۹۲ مکتوبات حالی ، ۲ : ۱۵۱

اف : چڑھانا ، چڑھنا ، لگانا ، لگنا ۔

۶۔ سہارا (پلیٹس) ۔

[ف]

ـــ بندی (ـــ فت ب ، سک ن) امث ۔

وہ دیوار یا بند جو دریا وغیرہ کا پانی روکنے کے لیے بنایا جائے اس کے بند بنانے کا کام ؛ دیوار کی حفاظت کے لیے خام یا پختہ سہارے یا ضامن کی تعمیر ۔

دیواروں کا چہرہ ترشے پتھر کا ہو اور پشتہ بندی گنڈ کی ہو ۔
۱۹۴۸ رسالہ رڑکی ، چنائی ، ۲۸

[پشتہ + بندی (رک)]

پشتی (ضم پ ، سک ش) امث ۔

۱۔ مدد ، حمایت ، سہارا ۔

تجھے مصطفی کی ہے پشتی بڑی مدد شاہ مردان تے ہر گھڑی
۱۶۶۵ علی نامہ ، ۲۶

یہ صورت بدون حلم کی مدد اور بردباری کی پشتی کے ہو نہیں سکتی ۔
۱۸۰۲ گنج خوبی ، ۶۵

میرا کوئی قوی دوست ہوتا تو ضرور میری پشتی کرتا ۔
۱۸۹۱ قصہ حاجی بابا ، ۵۰

خدمت میں قوم کی جسے کافر لقب ملا
پشتی میں پایا دین کی بے دین جس نے نام
۱۹۱۴ حالی ، کلیات نظم حالی ، ۴۸

اف : پانا ، کرنا ، ہونا ۔

۲۔ وہ لکڑی یا لوہا یا اینٹ وغیرہ جو حفاظت یا استحکام کے لیے کواڑ یا تخت یا صندوق یا عمارت کے کسی حصے وغیرہ کے بازو پر یا جوڑ کے نیچے خصوصاً عرض میں لگاتے ہیں ، ٹیک ، آڑ ۔

دیوار کے نیچے بازو پر کتنی بڑی پشتی بناتے ہیں ۔
۱۸۳۸ ستۂ شمسیہ ، ۳ : ۶۸

۳۔ گاؤ تکیہ (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۵) ۔

۴۔ (پنی سازی) چمڑے کی گدی جو ورق کوٹنے کی تھیلی کے اندر جھلیوں کی حفاظت کو اوپر نیچے رکھی جاتی ہے (اپ و ، ۳ : ۳۳) ۔

۵۔ کتاب کی جلد ، پٹھا (جامع اللغات ، ۲ : ۸۹) ۔

۶۔ چھوٹا کپڑا جو کمر تک ہو ، (مجازاً) قالین ۔

کمرے کی دیواروں پر پشتی لٹکے ہوتے ہیں جن پر شاہان ایران کی تصویریں ہوتی ہیں ۔
۱۹۳۲ مشرقی مغربی کھانے ، ۷۰

[ف]

ـــ بان

(الف) صف ۔

مدد گار ، حامی ، ساتھی ، معاون ، محافظ ۔

باقی تمام معالجات کو مدد گار اور پشتی بان سمجھتا ہے ۔
۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۱۹۳

بس اسی سوجھ بوجھ پر تو حضرت شرر کے پشتی بان مرے ہوئے ہیں ۔
۱۹۰۵ معرکۂ چکبست و شرر ، ۳۵۵

(ب) امذ ۔

۱۔ رک : پشتی معنی نمبر ۲ ۔

دوزخ کے دروازوں کو بند کر کے اس کے پیچھے بڑے بڑے آتشی شہتیر بطور پشتی بان لگا دو ۔
۱۹۱۲ علامات قیامت ، ۴۲

۲۔ رک : پشتہ معنی نمبر ۱ ، ۲ ۔

دریا کی دوسری طرف نزدیک ہی قلعے کی سنگین فصیل ، دیو پیکر پشتی بانوں سے مستحکم ۔
۱۹۵۶ آشفتہ بیانی میری ، ۱۶

[پشتی + بان ، لاحقۂ صفت]

ـــ بانی امث ۔

رک : پشتی معنی نمبر ۱ ۔

اس معاملے میں ہرنس بسمارک روس کی پشتی بانی کرتا ہے .
۱۸۸۹ حسن ، جنوری ، ۶۸

صاحبتران نعرہ کر کے لڑنے لگے ، مقبل پشتی بانی کر رہا ہے ، کبھی کسی پر تیر مارتا ہے ، کبھی تلوار لیکر پشت پر آتا ہے .
۱۹۰۱ طلسم نو خیز جمشیدی ، ۲ : ۶۸

[پشتی بان (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

— پر رہنا / ہونا محاورہ .

مدد ، حمایت یا تائید کرنا ، محافظ و مددگار ہونا .

پشتی پہ جب ہو شیر تو بے جا ہے پھر ہراس
رہنا نہ دور ان سے اہن کا اگر ہے پاس
۱۸۷۳ انیس ، مراثی ، ۱ : ۱۷۷

سانچ کو جب تک نہیں اے انجمن دنیا میں آنچ
تیری پشتی پر رہے تائید رب ذوالمنن
۱۹۰۳ کلیات نظم حالی ، ۲ : ۱۲۸

— جال امذ .

بیچ بنی جوڑی (رک) کے ہر کواڑ کی روکار پر خوشنمائی اور مضبوطی کے لیے لکڑی کی پٹیوں کا حاشیہ (ا پ و ، ۱ : ۳۰) .

[پشتی + جال (رک)]

— دینا محاورہ .

حمایت کرنا ، ہمت افزائی کرنا ، مدد دینا ، تقویت پہنچانا .

جا مالک کے پیٹ کوں نگہدار اچھ
اسی پشتی دینے نہیں یار اچھ
۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۴۵۰

دعوے کو سننے اور مدعا علیہ سے قسم لینے میں اوس بات کو پشتی دینی ہے جس کو ظاہر اور عادت جھٹلا وین .
۱۸۶۶ تہذیب الایمان (ترجمہ) ، ۳۶۸

— لینا محاورہ .

طرفداری کرنا ، تائید کرنا ، حمایت یا مدد کرنا .

بھولا اور پاک دامن سمجھ کر کیا کیا پشتی لیتی ہیں .
۱۸۶۶ جادۂ تسخیر ، ۲۱۹

ہمسائیاں ماں کی پشتی لیتیں ، بیٹی کو پرچک نہ دیتیں .
۱۹۲۸ پس پردہ ، ۱۵۴

— وان صف .

۱. رک : پشتی بان .

سخاوت بہت بڑی بست ہے کر جان ، سخاوت ہر دو جہاں کا پشتی وان .
۱۶۳۵ سب رس ، ۱۳۵

۲. دیسی کواڑ کا کمر پٹا ، یعنی کواڑ کے پچھلے رخ پر تختوں کے عرض میں مضبوطی کے لیے حسب ضرورت تھوڑے تھوڑے فاصلے پر جڑا ہوا ڈنڈا (ا پ و ، ۱ : ۳۰) .

اف : جڑنا ، ڈالنا ، لگانا .

پشتیر (ضم پ ، سک ش ، ی لین) امذ .

سوار .

سلطان چار گھوڑوں کی گاڑی میں جن پر پشتیر تھے مع شاہنشاہ بیگم کے سوار ہو کر یلدیز کوشک کو روانہ ہوئے .
۱۸۹۹ شہنشاہ جرمنی کا سفر قسطنطنیہ ، ۶

[ف]

پشتین (ضم پ ، سک ش ، ی لین) امث .

پشت در پشت ، پشت با پشت ، اسلاف یا آبا و اجداد ، پیڑھی در پیڑھی ، پرم پرا (ددھیال اور ننھیال دونوں طرف سے) .

ہمیں یہ مرتبہ پشتین سے چلا آیا
مرے پدر کو بھی حق نے یہ جام پلوایا
۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲ : ۱۴۲

ظلم و جفا میں شمر و عمر سے ہے تو سوا
پشتین سے ہے دشمن اولاد مصطفیٰ
۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۶ : ۹۵

[ف]

پشتینی (ضم پ ، سک ش ، ی لین) صف .

پیڑھیوں کا ، پوتڑوں کا ، کئی پشت کا ، موروثی ، قدیمی ، خاندانی .

خاندانی اور پشتینی عداوتیں جاتی رہیں .
۱۸۸۶ آیات بینات ، ۲ : ۷

اس کی حالت نواب بوچڑ یا راجا پنساری کی سی تھی جو پشتینی نوابوں اور راجاؤں کے جلسے میں آ گیا ہو .
۱۹۲۸ مضامین فرحت ، ۱ : ۱۰۹

[پشتین (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

پشٹ (کس پ ، سک ش) امذ .

کوئی سفوف ؛ آٹا ، بیسن ، ستو ، چون ، پسان (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۹) .

[س : پشٹ पिष्ट]

پشٹ (ضم پ ، سک ش) صف .

پروردہ ، پالا ہوا ؛ پرورش کیا ہوا ؛ بھرا ہوا ، موٹا ؛ مضبوط ، قوی ، طاقتور ؛ مقوی ، برانگیختہ کرنے والا ؛ مشہور ومعروف ؛ اونچی آواز (جامع اللغات ، ۲ : ۸۹ ؛ پلیٹس) .

بڑے تالاب سے میگھ پشٹ ہوتا ہے اور پھر جل برسا کر تالاب کو پشٹ کرتا ہے .

۱۸۹۰ ترجمہ جوگ بششٹھ ، ۱ : ۵۶

اف : کرنا ، ہونا .

[س : پُشٹ पुष्ट]

پُشٹ (ضم پ ، سک ش ، کس ٹ) امث .

اچھی طرح پلے ہوئے ہونے کی حالت ؛ مٹاپا ، فربہی ، تن و توش ؛ نشو و نما ، بڑھنا ، سرسبزی کی حالت ، ترقی ؛ پالنا ، پوسنا ؛ خوراک ، غذا ، قوت ؛ پرورش ، خبرگیری ، سہارا ؛ بشتی بند ؛ اعصابی بیماریوں کی ایک دوا ؛ مقوی یا شہوت انگیز دوائی (جامع اللغات ، ۲ : ۸۹) .

ان سب دھانوں کی پشٹ اور کمی پورا کرنے والا غلہ ہے .

۱۹۲۸ بھگوت گیتا اردو ، ۱۱۶

[س : پُشٹِ पुष्टि]

پِشٹپ (کس پ ، سک ش ، فت ٹ) امذ .

دنیا ، دنیا کا ایک حصہ ، عالم کی تقسیم (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۹) .

[س : پشپ पिष्पट]

پِشٹک (کس پ ، سک ش ، فت ٹ) امذ .

روٹی ، چپاتی ، پھلکا ، پوری ؛ آنکھ کی ایک بیماری جس میں پردۂ چشم دھندلا ہوجاتا ہے (جامع اللغات ، ۲ : ۸۹ ؛ پلیٹس) .

[س : پشٹک पिष्टक]

پُشٹکا (ضم پ ، سک ش ، کس ٹ) امث .

صدف ، سیپی (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۹) .

[س : پشٹکا पुष्टिका]

پَشچات (فت پ ، سک ش) م ف .

پیچھے ، پیچھے سے ، پیچھے کی طرف ؛ بعد ، بعد میں ، بعد ازاں : اس پر ، اس ، اس سبب سے ؛ مغرب کی طرف (جامع اللغات ، ۲ : ۸۹ ؛ پلیٹس) .

[س پشچات पश्चात]

ــ تاپ امذ .

افسوس ، پچھتاوا ، توبہ (گناہ کی ندامت کے موقع پر) .

جنگلوں میں سنیاسیوں کے آشرم اور پشچاتاپ کے لیے تپوبن تھے .

۱۹۲۵ ازمنۂ وسطیٰ ، عبداللہ یوسف علی ، ۴۱

ارجن ! تو اس وقت مہاپاپ کرتا ہے جو کشتری ہو کر اس قسم کا پشچاتاپ کرتا ہے .

۱۹۶۸ کف دریا ، ۱۶۸

[س : پشچات + تاپ पश्चात + ताप (= پچھتاوا (رک))]

پَشچم (فت پ ، سک ش ، کس چ) صف ؛ امذ .

پچھے ہونے والا ، پیچھے ، پچھلا ، سب سے آخیر کا ؛ آخری ، بعد کا ؛ مغرب کا ، مغربی ؛ پچھم ، مغرب ؛ غروب آفتاب (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۹) .

[س : پشچم पश्चिम]

ــ اُتپات (— ضم ا ، سک ت) امذ .

ایک آسن زمین پر بیٹھ کر بادھت آسن کی صورت کا نام (آسن پرکاش ، ۵۶) .

[پشچم + س : اُتپات उत्पात]

پَشچمی (فت پ ، سک ش ، کس چ) صف ؛ امذ .

پچھم کا ، مغربی ، پچھمی ؛ وہ شخص جو پچھم میں رہے (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۹) .

[پشچم + ی ، لاحقۂ نسبت]

پُشقاب (ضم پ ، سک ش) امث .

رک : پُشتاب .

سینوں کے و جڑاو و جوڑوں سے اور قاب و پشقاب ، پیالہ . . . سون تورہ بندی کرتے ہیں .

۱۷۴۶؟ قصہ مہر افروز و دلبر ، ۱۷۴

پَشک (فت پ ، سک نیز فت ش) امذ .

شبنم ، اوس .

کائنات جو اٹھارہ چیز ہے ، مثل ابر و باراں ، برف و ژالہ و میغ و شبنم و پشک و رعد و برق و صاعقہ .

۱۸۰۲ رسالہ کائنات جو ، ۲۸

[ف]

پُشک (ضم نیز کس پ ، سک ش) امذ ؛ ــ پشکل .

(اونٹ ، بھیڑ ، بکری ، ہرن ، چوہے وغیرہ کی) مینگنی .

سم سے ان کے خاک پا سرگیں و پشک
گر اڑے سمجھے عبیر و بید مشک

۱۷۷۳ رموزالعارفین ، ۱۲

ہرن حلال ہے سب مذہبوں میں اور پشک بھی اس کا . . . پاک ہے .

۱۸۴۵ مجمع الفنون (ترجمہ) ، ۷۶

بعد ازاں پشک شتر التقاط کرتے تھے .

۱۸۵۱ عجائب القصص (ترجمہ) ، ۲ : ۵۷۳

[ف]

پُشک (ضم پ ، سک ش) اسث .

رک ، پشتک (۱) معنی نمبر ۲ (ا پ و ، ۵ : ۹۷) .

پُشکا (فت پ ، ضم ش) اسث .

کوئی چھوٹا جانور (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۹) .

[س : پشکا पशका]

پُشکَر (ضم پ ، سک ش ، فت ک) اسذ .

۱. نیلا کنول، کنول، لا: Nelumbium speciosum or Nymphara nelumbo ؛ چمچی کا اگلا گہرا حصہ ؛ فن رقص ؛ تالاب ، جھیل ، چشمہ ؛ بدمستی ، خمار ، نشہ ؛ ایک حصہ ؛ لڑائی ، جنگ و جدل ؛ اتفاق ، ملاپ ، میل ، جوڑ ؛ پنجرا ، قفس ؛ کرۂ ہوائی ؛ آسمان ، چرخ ؛ تیر ؛ تلوار کا پھل ؛ تلوار کی نیام ؛ نقارہ ، دمامہ ؛ دمامے کا چمڑا ؛ ایک قسم کا سانپ ؛ ایک قسم کا بگلا (جامع اللغات ، ۲ : ۸۹ ؛ پلیٹس) .

۲. ایک قسم کے بادلوں کا نام جو قحط کی نشانی ہوتے ہیں (جامع اللغات ، ۲ : ۸۹ ؛ پلیٹس) ؛ ہندو پرانوں کے مطابق ایک قسم کے طوفانی بادل کا نام جو صرف قیامت کے وقت برستا ہے اور تمام دنیا کو تہ آب کر کے فنا کر دیتا ہے (ماخوذ : کمار سمبھو ، ۳۸) .

ٹکر آور تک و پشکر سے بھی لیتے ہیں یہ
تھان پر ان کو ٹھہرنے نہیں دیتے ہیں یہ

۱۹۰۵ کمار سمبھو ، ۳۸

۳. زمین کے سات بڑے حصوں میں سے ایک حصہ (جامع اللغات ، ۲ : ۸۹) .

۴. اجمیر کے علاقے میں ایک تیرتھ جسے آج کل پوکر کہتے ہیں ؛ نل کا بھائی جس کے پاس نل نے سلطنت ہار دی تھی ؛ بھرت جی کا بیٹا اور رامچندر جی کا بھتیجا جو گاندھاروں پر حکومت کرتا تھا (جامع اللغات ، ۲ : ۸۹) .

[س : پُشکر पुशकर]

ـــ دُویپ/دیپ (ـــ ضم د ، ی مع/ی مع) امذ .

رک : پشکر معنی نمبر ۳ .

پھر اس سے دونا پشکر دیپ ہے .

۱۸۹۰ جوگ بششٹھ (ترجمہ) ، ۱ : ۱۱۹

[پشکر + دویپ/دیپ (رک)]

ـــ مُول (ـــ و مع) امذ ؛ ~ پھکر مول ، پھوکر مول .

ایک درخت کی جڑ جس کے پتے کنول کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں یہ درخت کشمیر اور جگناتھ کی طرف پیدا ہوتا ہے پھول زرد رنگ چھوٹا سا اور پھل بڑے گوکھرو کی طرح مگر بے خار ہوتا ہے اس کی جڑ ریشہ دار تلخ و سیاہ رنگ ہوتی ہے ، دوسرے درجے میں گرم و خشک ، قسط کی ایک قسم ، پاتال کملنی کی جڑ ، (کشمیری) کانا کچھو (ماخوذ : خزائن الادویہ ، ۳ : ۱۰۵ و ۱۰۶ ؛ ایضاً ۷ : ۱۸۸) .

[پشکر + مُول (رک)]

ـــ میگھ (ـــ ی مج) امذ .

رک : پشکر معنی نمبر ۲ .

میرے دیکھتے دیکھتے پرلے کال کے پشکر میگھ گرجنے لگے اور موسل دھارا جل برسنے لگا .

۱۸۹۰ جوگ بششٹھ (ترجمہ) ، ۲ : ۴۴۷)

[پشکر + میگھ (رک)]

پُشکَرنی (ضم پ ، سک ش ، فت ک ، کس ر) امذ نیز اسث .

پتھنی ؛ چھوٹا تالاب ، تال ؛ کنولوں کی جماعت (ہندی اردو لغت ، ۱۸۱ ؛ پلیٹس) .

[س : پشکرنی पुष्करिणी]

پُشکَری (ضم پ ، سک ش ، فت ک) امذ .

ہاتھی، فیل؛ کنولوں کا جھنڈ (ہندی اردو لغت، ۱۸۱ ؛ پلیٹس).

[س : پشکری पुष्करी]

پِشکِل (کس پ ، سک ش ، کس ک) اسث .

رک : پُشک .

ویا سات اونٹ کی پشکل منگانا
ولے اس کو بتانا ہو جو دانا

۱۷۹۵ فرسنامۂ رنگین ، ۱۴

میں وہ مجنون زخود رفتہ ہوں نظروں میں مری
خال و رخسار پری ہے پشکل آہو نہیں

۱۸۳۲ چرکیں ، د ، ۳۶

[ف]

پُشکَل (ضم پ ، سک ش ، فت ک) .

(الف) صف .

بہت ، کئی ، بکثرت ، متعدد ؛ بھر پور ، بھرا ہوا ، پر ؛ اچھا ، عمدہ ، اعلیٰ ، بہترین ، نہایت اچھا ، افضل ، نفیس (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۹) .

(ب) امذ .

چار لقموں کے برابر دان ؛ چار مٹھی کے برابر ایک پیمانہ ؛ نقارہ ، ڈھول ، دمدمہ ؛ ضلع اجمیر میں ایک تہرتھ (رک : پشکر) (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۹) .

[س : पुष्कल پشکل]

پَش گَندھا (فت پ ، ضم ش ، فت گ ، سک ن) امذ .

جنگلی تلسی (خزائن الادویہ ، ۷ : ۱۸۸) .

[؟]

پَشگَندھکا (فت پ ، ضم ش ، فت گ ، سک ن ، کس دھ) امذ .

رک : پش گندھا (خزائن الادویہ ، ۷ : ۱۸۸) .

[؟]

پَشلَنگ (فت پ ، سک ش ، فت ل ، غنہ) امذ .

پیچھے رہ جانا ؛ کدال ؛ افراسیاب کا باپ (جامع اللغات ، ۲ : ۸۹) .

[ف]

پَشم (فت پ ، سک ش) .

(الف) امث ؛ امذ .

۱. **اون ، بال ، رواں .**

لباس فاخرہ تمہارے اکثر حیوانوں کی پشم ہوتے ہیں .

۱۸۱۰ اخوان الصفا ، ۱۲۱

یہ طوطا چشم ہے ، اس کے سفید پشم ہے .

۱۹۰۱ راقم ، عقد ثریا ، ۱۰۲

۲. **موئے زبار ، کالا بال ، جھانٹ .**

پشموں سے بھی زیادہ بے قدر ہونگے اک دن
گو کھاتے ہیں جو اپنی زلفیں سنوارتے ہیں

۱۸۳۲ چرکیں ، د ، ۳۸

اس کے بدن اور دل کو راحت ہونا اور پشم اور چڈوں کو خنکی پہنچانا .

۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۳۵

۳. **(مجازاً) ادنیٰ ، بےحقیقت ، بیکار ، حقیر شخص یا چیز .**

دیکھی ہم نے جو راہ چاوڑی کی
پشم ہے رہزنی تلاوڑی کی

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۳۷۸

کمل میں قناعت کے جو محظوظ ہیں منعم
وہ پشم سمجھتے ہیں دو شالا نہیں رکھتے

۱۸۷۰ الماس درخشاں ، ۲۱۳

۴. **(تیاری اون) نہایت باریک ملائم اور چھوٹے بال جو لمبے بالوں کے درمیان کھال کے اوپر بطور روئیں کے پیدا ہوتے ہیں اس کو اون سے علیحدہ کرکے اعلیٰ قسم کی شال اور کپڑا بننا کے کام میں لاتے ہیں ، تُس** (ا پ و ، ۲ : ۱۹) .

(ب) م ف .

ذرا بھر ، تھوڑا سا (بھی) ، کچھ بھی .

ہر چند عقلمند و دانشمند کوتوال نے تلاش بے قیاس کی لیکن پشم ان کے ہاتھ نہ آئی .

۱۸۱۴ نورتن ، ۵۲

[ف]

— **آکھاڑنا** محاورہ .

کسی قسم کا نقصان پہنچانا (نوراللغات ، ۲ : ۹۹) .

— **بافی** امث .

اونی کپڑا بُننا .

پھر آغاز واں پشم بافی ہوئی کہ پوشاک مردم کو کافی ہوئی

۱۸۱۰ شاہ نامہ ، منشی ، ۱۴

[پشم + بافی (رک)]

— **بَرابَر** (— فت ب ، ب) م ف .

بہت حقیر ، ناچیز ، نہایت بےقدر .

شال شاہی سے زیادہ ہے مجھے کملی فقیر
جانتا پشم برابر ہوں میں پشمینے کو

۱۸۷۸ سخن بے مثال ، ۸۳

[پشم + برابر (رک)]

— **پَر مارنا** محاورہ .

حقیر سمجھنا ، غرض اور واسطہ نہ رکھنا ، خاطر میں نہ لانا .

اے شہ گدا کے خرقۂ پشمیں کو کم نہ جان
مارے ہے پشم پر تری زریں کلاہ کو

۱۷۷۲ فغاں ، د (انتخاب) ، ۱۲۲

پشم پر ہم نے سب کا مارا لوٹ
سر نوشت اپنی ہے ہمارا لوٹ

۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۲۳۶

— **توڑنا** محاورہ .

رک : پشم اُکھاڑنا .

تو باتیں جو کرتی سبھی رانڈ کی
وہ کیا پشم توڑے مجھ ڈانڈ کی
۱۸۵۲ قصہ نازنین و خان والا شان (اردو کی قدیم منظوم داستانیں ، ۱ : ۱۶۷)

ــ ٹیڑھی نہ کر سکنا محاورہ .

رک : پشم نہ اکھاڑ سکنا (مہذب اللغات ، ۳ : ۸۲) .

ــ ٹیڑھی نہ ہونا محاورہ .

رک : پشم نہ اکھڑنا .

ہجوم فکر سے ہونٹوں پہ ہے جی
ہوئی ٹیڑھی نہ اصلا پشم اس کی
۱۸۶۲ طلسم شایان ، ۳۰۱

ــ جاننا محاورہ .

حقیر سمجھنا .

اس نارکوں میں جو خوب جانیا
زر تار کو پشم کر پچھانیا
۱۷۰۰ من لگن ، ۱۲۰

ــ سے م ف .

ٹھینگے سے ، جوتی کی نوک سے ، مترادف : ہوا کرے ، کچھ ہروا نہیں .

تونگروں کو مبارک ہو زینت دنیا
ہماری کملی تو ہے پشم سے جوشال نہیں
۱۸۴۳ دیوان رند ، ۲ : ۲۶۴

ــ کندہ کرنا محاورہ .

نقصان پہنچانا یا پہنچا سکنا .

طلسم نور افشاں کے مٹانے میں بڑی کوشش کی ، کیا پشم کندہ کرلی .
۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۷۶۳

ــ کندہ نہ کر سکنا محاورہ .

رک : پشم نہ اکھاڑ سکنا .

سالہا سال پہاڑوں سے سر ٹکرایا مگر پشم کندہ نہ کر سکے .
؟۱۸۸۳ کوچک باختر ، ۵۰۳

ــ کندہ نہ ہو سکنا/ہونا محاورہ .

کچھ نہ بگڑ سکنا ، ذرہ بھر نقصان نہ پہنچنا ، کچھ نہ ہو سکنا .

پشم بھی کندہ نہ ہوگی تیرے اعدا سے کبھی
اے فدا فضل خدا تیرے جو شامل حال ہے
۱۸۷۳ دیوان فدا ، ۳۲۹

ــ نہ اکھاڑ سکنا محاورہ .

ذرہ بھر نقصان نہ پہنچا سکنا ، کچھ نہ کر سکنا ، کچھ نہ بگاڑ سکنا .

سامری اور جمشید سر پٹکتے رہ جائیں گے ، پشم نہ اکھاڑ سکیں گے .
۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۳۶۷

ــ نہ اکھڑنا محاورہ .

کچھ نقصان نہ پہنچنا ، کچھ نہ ہو سکنا ، کچھ نہ بگڑنا .

او کھڑی سخن اوس کے کی نہیں پشم بھی تجھ سے
اور اپنے تئیں تو نے کیا خلق میں تشہیر
۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲ : ۳۵۳

ــ نہ اکھیڑ سکنا محاورہ .

رک : پشم نہ اکھاڑ سکنا .

میں خود موجود ہوں اور حکام صدر کا روشناس ، پشم نہیں اکھیڑ سکتا .
۱۸۶۹ غالب ، غالب کا روز نامچہ ، ۲۰

ــ نہ اوپاڑنا محاورہ (قدیم) .

رک : پشم نہ اکھیڑ سکنا .

مربٹہ جو آوے تو سوجھے پہاڑ
کہیں پشم تم نے نہ ڈالے اوپاڑ
۱۷۹۴ جنگ نامہ دو جوڑا ، ۴۷

ــ نہ سمجھنا محاورہ .

کچھ نہ سمجھنا ، نہایت حقیر و ناچیز جاننا (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۵) .

ــ ہڈی (ــ فت ہ ، شد ڈ) امث .

وہ ہڈی جو زہر ناک ہوتی ہے جس کے اوپر کی کھال پر پشمیں پھوٹتی ہیں .

اگر ویسی بیماری ہو تو ہرنی کو معمول کے موافق گھسا کر پشم ہڈی کے جوڑ تک پہنچانا .
۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۲۰

[پشم + ہڈی (رک)]

پشمک (فت پ ، سک ش ، فت م) اسث .

ایک قسم کی مٹھائی جو بالوں کے لچھے جیسی ہوتی ہے .

سکھی تونیہ کی شیرنی سو پشمک بال دستے ہیں
غلیفی دو ، سو باداساں ، نین کو تال دستے ہیں
نیازی بہمنی (اردو نامہ ، کراچی ، ۴۹ : ۱۰) ?

[ف]

پشملی (فت پ ، سک ش ، ضم م ، شد ل) صف .

بے حقیقت ، بے وقعت ، ادنیٰ ، حقیر (مہذب اللغات ، ۳ : ۸۲) .

[پشم (رک) کی تصغیر]

پشمنت (فت پ ، سک ش ، فت م ، ن) اسث (شاذ) .

پشم (رک) کی تصغیر .

وہ بھی روباہ جس کو ہو خار شت
سمجھے ہے شیر کو ہے کیا پشمنت
سودا ، ک ، ۲۹۶ ۱۷۸۰

پشموں کے مونڈے سے مُردہ نہیں بلکا ہوتا محاورہ .

ادنیٰ تسکین بڑی مصیبت کے وقت فضول ہے ، یا کثرت مصارف میں ادنیٰ کمی اور تخفیف سے ہورا نہیں پڑتا (نجم الامثال ۱۲۶) .

پشمی (فت پ ، سک ش) صف .

۱. رک : پشمین .

پشمی بو(ر) چرمی بدن کم تس بہ سجدہ مکروہ اہے
تحفۃ الموحدین ، ۶۱ ۱۶۳۵

منسوجات قطنی و پشمی .
مضامین محفوظ علی ، ۱۸۸ ۱۹۵۶

۲. دراز بال کتوں کی ایک قسم .

کتوں کی جوڑیاں شکاری ، تازی ، ترکی ، پشمی ، لوہی ، گرجی لیے ہوئے کھڑے ہیں .
گلزار چین ، ۵۱ ۱۸۰۳

پشمیا (فت پ ، سک ش ، کس م) امذ .

(تیاری اون) پشم یا اون کا بنا ہوا تاگا (اپ و ، ۲ : ۱۹) .

[پشم + ا : یا ، لاحقۂ صفت]

پشمین (فت پ ، سک ش ، ی مع) صف .

رک : پشمینا ، پشم (رک) سے منسوب ، اونی .

دو پشمین تکیہ اتھے وہ عجب
بی بی کوں دھیج ایتا دیتاج سب
وفات نامہ بی بی فاطمہ (ق) ، ۹ ۱۶۹۳

اے شہ گدا کے خرقۂ پشمین کے روبرو
کیا پشم وقر ہے تری زریں کلاہ کا
نغان ، د (انتخاب) ، ۷۲ ۱۷۷۲

جامۂ پشمیں پہنتا ہے جو تو پاک کر کینے سے تو سینے کو تو
چشمۂ فیض ، ۱۰ ۱۸۵۹

پشمینا (فت پ ، سک ش ، ی مع) امذ .

رک : پشمینہ .

کب دوشالہ چاہیے دشت جنوں کے واسطے
کیا یہ موے جسم عریاں ہیں جو پشمینا نہیں
دیوان ناسخ ، ۲ : ۱۱۴ ۱۸۳۱

پشمینہ (فت پ ، سک ش ، ی مع ، فت ن) امذ .

بھیڑ بکری اور دنبے نیز اونٹ کی گردن کے روئیں سے بنا ہوا ایک بہت نفیس قیمتی کپڑا پشمینہ کہلاتا ہے یہ بہت گرم ہوتا ہے .

پشمینہ طرح بہ طرح کا نہایت نفاست کے ساتھ بنا جاتا ہے .
آرائش محفل ، انسوس ، ۲۲۰ ۱۸۰۱

پہنتا ہے پشمینہ یک لخت کوئی
ٹھٹھرتا ہے جاڑے میں کم بخت کوئی
مجموعۂ نظم بے نظیر ، ۱۴۴ ۱۹۰۳

۲. اونی کپڑا نیز اونی شال ، چادر وغیرہ .

پشمینہ اور ریشمی کپڑے کا اور بھی خیال رکھنا چاہئے .
مجالس النساء ، ۱ ، ۸۶ ۱۸۷۴

گٹھریوں کی گٹھریاں پشمینہ کی شاگرد پیشہ اور سب عملہ کو تقسیم ہوتی تھیں .
بیگمات شاہان اودھ ، ۳۰ ۱۹۳۵

[ف]

ـــ خانہ (ـــ فت ن) امذ .

بڑے گھرانوں اور بادشاہوں کے یہاں وہ کمرہ جہاں اونی کپڑوں کو کیڑوں سے بچا کر بحفاظت موسم گرما میں رکھا جاتا ہے .

انہوں نے بادشاہ سے کہا پشمینہ خانہ نہیں دیکھا . . . .
کارپردازوں نے ایک مکان میں ستر لاکھ کا پشمینہ از قسم توشک لحاف ، فرش ، مسند تکیہ وغیرہ جمع کر دیا .
بیگمات اودھ ، ۱۵۲ ۱۹۵۶

[پشمینہ + خانہ (رک)]

پشن (ف ت پ ، ش) امذ .

۱. ایک جگہ کا نام جہاں تورانی سپہ سالار پیران ویسہ اور ایرانی سپہ سالار طوس گودرز کے درمیان جنگ ہوئی تھی .

مثل شطرنج اوسے بازیچہ کہ طفلاں ہے
رزم ریبد ہو و یا معرکۂ جنگ پشن

سحر (نواب علی) ، قصائد سحر ، ۶۰
۱۸۵۸

۲. توران کے بادشاہ افراسیاب کے باپ کا نام (پشنگ (رک) کا مخفف) .

دی ہے خدا نے نظم کی مجھ کو دلاوری
جرأت جو ہوتے لکھتے سخن کا پشن مجھے

دیوان ندا ، ۳۹۲
۱۸۷۳

صفدر ، ظفر زکاب ، تہمتن تن و جری
بچہ ہے گیو جن کے لئے کھیل ہے پشن

' ساقی ' کراچی ، ستمبر ، ۹۲
۱۹۶۶

[ف]

پشن (کس پ ، ضم ش ، فت ن) امذ .

زعفران اور تگر (خزائن الادویہ ، ۷ : ۱۸۸) .

[؟]

پشُن (کس پ ، ضم ش) صف ؛ امذ .

اطلاع دہندہ ، جاسوس ؛ دغا باز ، بے وفا ؛ بہتان باندھنے والا ، جھوٹ سچ لگانے والا ، چغلخور ، تہمتی ؛ سخت ، تند ، ظالم ، جفاکار ، سفاک ؛ شریر ، شرارتی ؛ بدذات ، کمینہ ، نیچ ، حقیر ، بدکار ؛ بیوقوف ، احمق ؛ خوشامد ، چاپلوسی ؛ روئی ؛ کوا ، زاغ (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۸۹) .

[س : पिशुन]

پشنگ (ف ت پ ، ش ، غنہ) امذ .

۱. توران کے بادشاہ افراسیاب کے باپ کا نام ، نیز افراسیاب کے ایک بیٹے کا نام جو شیدہ بھی کہلاتا تھا .

غار میں بھاگ کے ہو جائے نہاں پور پشنگ
گر پڑے خوف سے گہرا کے کنویں میں بیژن

سحر (نواب علی) ، قصائد سحر ، ۶۱
۱۸۵۸

۲. ایک لمبا لوہے کا آلہ جس سے معمار دیوار میں سوراخ کرتے ہیں ؛ ایک اونی کپڑا جس کے دونوں سروں پر لکڑیاں لگی ہوتی ہیں اور جس پر اینٹیں مٹی وغیرہ رکھ کر اوپر کھینچتے ہیں ؛ ظلم ، ستم ، سفا کی ؛ تکلیف ، درد ، مصیبت ؛ پانی نکالنا ؛ پسینہ ، عرق (جامع اللغات ، ۲ : ۸۹ ؛ پلیٹس) .

[ف]

پشنگ (کس پ ، فت ش ، غنہ) صف .

سرخی مائل ، سرخی مائل بھورا ، زردی مائل ، گندمی ، سانولا (جامع اللغات ، ۲ : ۹ ؛ پلیٹس) .

[س : पिशंग]

پشنگیاں (ف ت پ ، ش ، غنہ ، سک ک) امذ .

ایک قسم کا جال (قدیم اردو کی لغت ، ۶۵) .

[پشنگ (رک) سے]

پشو (ف ت پ ، و مع) امذ .

۱. چوپایہ ، ڈھور ، جانور .

گرو کی دیا سے . . . چولا چھوڑ کر پنچھی پشو بن جائے گا .

طلسم گوہر بار ، منیر ، ۱۳۹
۱۸۷۷

پشوؤں کو دیکھ کہ وہ مر کر بھی اپنی ہڈیوں سے ، مانس سے ، کھال سے ، بال سے پرو پکار کرتے ہیں .

پتنی پرتاپ ، ۱۰۳
۱۹۲۱

۲. (مجازاً) احمق آدمی ، بدھو ، بے وقوف (پلیٹس) .

[س : पशु]

پشواز (کس پ ، سک ش) امث .

انگرکھے کی وضع کا گھیر دار دامن کا لباس جس کا گھیر لہنگے کی طرح کا ہوتا ہے پرانے زمانے میں امرا و بیگمات لباس کے اوپر بطور برقع پہنا کرتے تھے اور جامہ، کے نام سے موسوم تھا . اب گانے والی عورتیں گانے ناچنے کے لیے پر تکلف جامہ پہنتی ہیں (ماخوذ : ا پ و ، ۲ : ۱۲۹) .

لے کے شفق کی اوڑھنی سیلا کرن کے تار کا
لیایا ہے بن پشواز کوں سورج ترا ہو کر ہجاز

ہاشمی ، د ، ۸۳
۱۶۰۷

ہر اک خوش لباسی میں ممتاز ہے
ٹنکی ہوئی کناری کی پشواز ہے

کلیات سراج ، ۳
۱۷۳۹

ہے رنگ ٹپکتا تری پشواز ہری سے
ہر واسطے پاٹوں کے لیے سبز ہری سے

شہید ، د ، ۱۳۵
۱۸۷۵

پشواز یا رنگا قبا ہی کی ایک مختلف طرز تھی .

۱۹۵۸ . ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی ایک جھلک ، ۳۱۹

[ف]

پِشَوری (کس پ ، و لین) امث .

لفظاً پشاور (رک) سے منسوب ؛ پشاور کی بنی ہوئی یا اس کی وضع کی جوتی .

ستاری نک پہ دھرے موچیوں کے ہو دنے
پشوری ہونے لگے سیف خانی سچ بنے
۱۷۸۲ حاتم (دو نایاب زمانہ بیاضیں ، ۳۳)

پشّہ (فت پ ، شد ش بفت) امذ .

۱. مچھر ، ڈانس .

منگیا دوست دشمن ہوتجہ سوں مدد
کیا پشۂ لنگ کوں نامزد
۱۶۳۵ قصہ بے نظیر ، ۲

اے نمک حراماں تم مجھ سے کیا لڑو گے ، دم بھر میں مثل پشہ و مگس تم کو ہلاک کر دوں گا .
۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۵۰۱

زبان پشہ سے نمرود کی روایت سن
دہان نیل سے فرعون کی حکایت سن
۱۹۳۳ نقوش مانی ، ۱۶۵

۲. ان دوگھنڈیوں میں سے ہر ایک جو تلوار کے پھل میں قبضے سے قریب ہوتی ہیں .

رو کے کوئی کیا باڑھ نہ تھی سیل فنا تھی
پشہ تھا وہ ظالم کہ لہو جس کی غذا تھی
۱۸۷۳ انیس ، مراثی ۲ : ۲۰۲

پشے کو اس کے صاحب جوہر سے پوچھیے
جوہر کی آب و تاب کو گوہر سے پوچھیے
۱۹۱۲ شمیم ، بیاض (ق) ، ۱۳

۳. (i) (مجازاً) بے حقیقت ، حقیر ، ذرۂ بے مقدار .

پشہ تھا گو جسیم و عریض و طویل تھا
نظروں میں اہل فن کی حقیر و ذلیل تھا
۱۸۹۳ سجاد رائے پوری ، د (ق) ، ۲۷

(ii) ذرہ بھر ، خفیف سا .

کیا مقدور غیر مرد کے نام کا پشہ بھی کہیں دکھائی دے جائے .
۱۸۸۵ بزم آخر ، ۵۷

[ف]

— چو ہر شد بزند پیل را کہاوت .

بہت کمزور جمع ہو کر زور آور پر غالب ہو جاتے ہیں ، اتفاق بڑی چیز ہے (محاورات ہند ، ۵۶) .

— سا امذ .

حقیر .

ایک روز ایسے پہاڑ پر گزرا کہ کوہ قاف بھی اس کے آگے ایک پشہ سا نظر آئے .
۱۸۰۳ گل بکاؤلی ، نہال چند ، ۵۳

— غال امذ .

دردار کا درخت (خزائن الادویہ ، ۷ : ۱۸۸) .

[پشہ + غال (رک)]

پِشی (کس پ) امث .

بالچھڑ (خزائن الادویہ ، ۷ : ۱۸۸) .

[س ؟]

پِشّی (کس پ ، شد ش) امث .

گود کے بچے کا پیشاب (بچوں کی زبان یا پیار میں) ، اش (نوراللغات ، ۲ : ۱۰۰) .

اف : کرانا ، کرنا .

[حکایت الصوت]

پِشیا (کس پ ، سک ش) امث .

بلّی ، رک : پسی (نوراللغات ، ۲ : ۱۰۰) .

پِشِیز (فت پ ، ی مع) امذ .

تانبے کا چھوٹا سکہ ، دمڑی یا ادھی ، فلس .

یہ خلافت دین کی ہے اے عزیز
جس منے حاصل نہ تھا کچھ اک پشیز
۱۷۳۳ پنچھی نامہ ، ۵

یہ سفلوں کا کام ہے کہ کسی عزیز کو ایک پشیز (دمڑی) دے کر اپنی شہرت چاہتے ہیں .
۱۸۹۱ مکارم الاخلاق ، ۳۰۹

یاں مری مونس ہے وہ جاں گراں قدر و عزیز
گنج ہفت اقلیم جس کے آگے نا قدر و پشیز
۱۹۲۲ زاہدہ خاتون ، فردوس تخیل ، ۱۵۳

[ف]

پشیمان (فت پ ، ی مج) صف .

۱. شرمندہ ، منفعل ، خجل .

جو اس دھات سوں بول اٹھیا او وزیر
پشیمان سرتے ہوا وہ فقیر
طوطی نامہ ، غواصی ، ۳۹
۱۶۲۹

یوں تجھ نزک خجل ہے نمک ہر جمال کا
روشن سحر کو دیکھ پشیماں ہے جیوں چراغ
ولی ، ک ، ۱۲۱
۱۷۰۷

یاں نہیں جلوۂ جاناں سے ذرا جا خالی
اشک آکر مری آنکھوں میں پشیماں ہونگے
نسیم دہلوی ، د ، ۲۱۲
۱۸۶۵

رات وہ غیر کے دھوکے میں عنایت ان کی
صبح پہچان کے مجکو وہ پشیماں ہونا
سنگ و خشت ، ۱۸
۱۹۳۲

اف : کرنا ، ہونا .

[ف]

پشیمانگی (فت پ ، ی مج ، سک ن) امث (قدیم) .

رک : پشیمانی .

پڑی بہار سو پھیر گھر کی نہ ہو
پشیمانگی سون کدھر کی نہ ہو
طوطی نامہ ، غواصی ، ۲۰۹
۱۶۳۹

[ا : > ف]

پشیمانی (فت پ ، ی مج) امث .

شرمندگی ، انفعال ، پچھتاوا ، افسوس ، حزن و ملال .

اب جم گاہ پشیمانی
نوسر ہار (اردو ادب ، علی گڑھ ، ۶ ، ۲ : ۷۳)
۱۵۰۳

گربہ نے کہا ، اگر آج نہ سنو گے تو فردا پشیمانی کھینچوگے .
بستان حکمت ، ۲۴۶
۱۸۳۸

سچ میں راحت ہے اور آسانی سچ سے ہوتی نہیں پشیمانی
کلیات اسمٰعیل ، ۶۴
۱۹۱۱

اف : اٹھانا ، کھینچنا ، ہونا .

[ف]

پطرس (فت پ ، سک ط ، فت ر) امذ .

شمعون ، حضرت عیسیٰ ؑ کا ایک حواری جو ماہی گیر تھا (رومن کیتھلک فرقے کے پیرو اسے پہلا پوپ شمار کرتے ہیں) .

تیری تعلیم نے ان کو بنایا گرگ مردم در
تجھے اے پوپ دیں پطرس نے بھیڑیں چرانے کو
بہارستان ، ۲۳۹
۱۹۳۱

[ف]

پف (فت پ) امذ .

۱. (پاؤڈر وغیرہ لگانے کی) روئیں دار گدی .

نقرئی پف سے ہوشیاری کا پوڈر لگایا جاتا ہے .
گلدستۂ پنج ، ۵۲
۱۹۱۵

لپ اسٹک اور آئینہ اور غازہ کا پف تینوں . . . و بٹی کیس میں رکھ دیے .
عزیز احمد ، رقص نا تمام ، ۳۶
۱۹۷۸

۲. اُبھار ، بالوں کا کیمیکل کی مدد سے ابھارا ہوا گچھا .

اس وقت بالوں میں پف بنائے جارہے ہیں .
قاضی جی ، ۳ : ۱۴
۱۹۶۳

[انگ : Puff]

پُف (ضم پ) امث ، امذ .

وہ ہوا جو منہ سے زور کے ساتھ نکلی جائے ، پھونک جو کسی چیز پر ماری جائے ، پھونک .

حال سے قال کا دم دعویٰ راستی کے چراغ کا پف ہے
شاہ کمال ، د ، ۲۳۹
۱۸۰۹

میرے نفس گرم کی پف میں ہے یہ تاثیر
گنگا مجھے روکے تو اسے دم میں سکھادوں
بہارستان ، ۵۵۷
۱۹۳۱

[ف]

ــ و پوزی (ــ و مج) امث .

شیخی ، ڈینگ .

اس پف و پوزی سے باز آ ، منہ کو لگام دے ، پیادہ ہو کے شہسواری کا نام نہ لے .
بوستان خیال ، ۶ : ۳۱۵
۱۸۷۹

[پُف + و ، عطف + پوزی (رک)]

پَک (فت پ ، سک ک) .

پکنا (رک) سے (مرکبات میں مستعمل) .

ــ ٹھوس (ــ و مج) صف .

پکا اور ٹھوس ، پکی عمر کا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۳۸) .

[مقامی]

ــ جانا ف مر .

جیت جانا ، باری پوری کر لینا .

جو سب سے پہلے بس کر یا چوٹین لگا کر دس کا نمبر پورا کر لے وہ پک جانا ہے . . . اور جو اخیر میں کچا رہ جاتا ہے وہ ہارا کہلاتا ہے .
کھیل بتیسی ، ۳۵
۱۹۲۸

ــ کر حلوا ہو جانا محاورہ .

فرتوت ہو جانا ، فرسودہ ہو جانا .

بڈھا جو پک کر حلوا ہو گیا تھا تڑ پڑا کر مر گیا .

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت ، ۱۱۸)

ــ مینیا (— ی مع ، سک ن) امذ .

پودوں کی بیماری جو تری کی کثرت سے ہوتی ہے ، اُس سے پودے کا ڈنٹھل اندر سے سرخ اور کھوکھلا ہو جاتا ہے اور پھر پتے اور بالیں سرخ سفوف سے بھر جاتی ہیں ، تری چھوہس ، رتوآ (ا پ و ، ۶ : ۷۲) .

[پک + انگ : مینیا Mania]

پِک (۱) (کس پ) امث (قدیم) .

پیک (رک) کی تخفیف .

گالاں کوں لال رنگ چھڑلا لال کے کھن ہوئے ہیں
کھا پان پک سب سٹے ہیں جس ٹھار چاند صاحب

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۴۲

ــ دان امذ (قدیم) ؛ ~ پگ دان .

رک : پیکدان (پلیٹس) .

پِک (۲) (کس پ) امذ .

کویل ، کوکلا ، لاط : Cuculus indicus (پلیٹس ؛ خزائن الادویہ ، ۷ : ۱۸۹) .

[س : پک पिक]

ــ اَکشا (— فت ا ، سک ک) امذ ؛ ~ پیکا کشا ، پیکا اکشا .

۱. کویل کی آنکھ ؛ ایک ترکاری ؛ خوشبو جو عام طور پر روچنی کہلاتی ہے (پلیٹس) .

۲. تال مکھانا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۹۲) .

[پک + اکشا (= آنکھ) (رک)]

ــ اَنگ (— غنہ) امذ .

ایک چھوٹا پرندہ جو عام طور پر چٹکیا کہلاتا ہے (پلیٹس) .

[پک + انگ (رک)]

ــ اَنند (— فت ا ، ن ، سک ن) امذ ؛ پیکانند .

کویل کی خوشی ؛ موسم بہار ، بسنت رت (پلیٹس ؛ (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۹۲) .

[پک + آنند (رک)]

ــ بَیانی/بَینی/وَیانی (— فت ب/ی لین/فت و) صف ؛ امث .

کویل جیسی آواز رکھنے والا ؛ کویل جیسی سریلی آواز رکھنے والی عورت (پلیٹس) .

[پک + ویانی لاحقۂ صفت]

ــ بندھو (— فت ب ، سک ن ، و مع) امذ .

کویل کا دوست ؛ آم کا درخت (پلیٹس) .

[پک + بندھو (= دوست) بند (رک)]

ــ پریا (— کس پ ، ر) امث .

بڑی جامن (ماخوذ : شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۹۲) .

[س : پک + پریا पिक + प्रिया]

پَکّ (کس پ ، شد ک بفت) امذ ؛ ~ پکا ، پکہ .

بیس برس کی عمر کا ہاتھی ، جوان ہاتھی (پلیٹس) .

[س : پک पिक्क]

پَکا (فت پ) سابقہ .

پکنا (رک) سے حالیہ نا تمام ، پکا ہوا ، تیار شدہ ، بنایا ہوا (پلیٹس) .

ــ پَکایا (— فت پ) صف .

تیار ، پک کر تیار ، رک : پکّا پکایا (پلیٹس) .

پَکّا (فت پ ، شد ک) صف ؛ م ف ؛ مث : پکی .

۱. آنچ یا آگ پر ہانڈی وغیرہ میں اتنا پکایا یا سینکا ہوا یا بھوبل وغیرہ میں بھونا ہوا یا تیل میں تلا ہوا کہ گل جائے یا کچاند دور ہو جائے ، پخت و پز کیا ہوا ، پختہ (کھانا وغیرہ) .

کہیں یہ روک ٹوک ہے کہ کڑھائی کا پکا نہ کھائے .

۱۸۷۳ مجالس النسا ، ۱ : ۶۵

اس سال میں پکا کھانا بہت زیادہ تقسیم ہوا .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۳۳

۲.(i) ہیڑ ہر یا پال میں (حرارت سے) نرمایا ہوا ، تیار ، رسیدہ (پھل وغیرہ) .

ہوائے تیغ سے یوں گر رہے تھے اہل دغل
شجر سے جیسے گریں بے گزند پکے پھل

۱۸۹۴ سجاد رائے پوری ، د (ق) ، ۱۴

او ہر نگاہ گئی تو پکّی پکّی نبولیاں دکھائی دیں .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۶۷

(ii) (حرارت سے) پودے کی نمی دور ہو کر دانہ خوشہ وغیرہ اتنا سوکھ جائے کہ پیسا جا سکے، کٹائی کے لیے تیار (فصل یا اناج کا دانہ وغیرہ) .

جب دانا پکا ہو جائے اور پودے بالکل پیلے پڑ جائیں تو انہیں کاٹ لینا چاہیے .

۱۹۳۶ ہندوستانی بول چال ، ۳ : ۳۰

۳. آوے یا بزاوے وغیرہ میں اتنی دیر تک آنچ کھایا ہوا کہ سرخ ہو جانے (مٹی کا برتن یا اینٹ وغیرہ) (پلیٹس) .

۴. پیایا ہوا ، جس میں بھاپ پڑ گئی ہو (پھوڑا وغیرہ) .

وہ دل کہ شام و سحر جیسے پکا پھوڑا تھا
وہ دل کہ جس سے ہمیشہ جگر فگار رہا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۲۱

یہ زخم بہت ہی نازک ہو گیا تھا اور پکے پھوڑے سے زیادہ اس میں تکلیف ہوتی تھی .

۱۹۳۵ چند ہمعصر ، ۵۲

۵. مستحکم ، مضبوط ، پائدار ، دیرپا ، اٹل ، جو متزلزل یا متغیر نہ ہو سکے .

کام میں اپنے عشق پکا ہے
ہاں یہ نیرنگ ساز پکا ہے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۹۲۴

۶. معتبر یا مستند .

محضر خوں پہ بھی ہو قاضی و مفتی کی مہر
کہ گواہی سے بہت ہوتا ہے پکا کاغذ

۱۸۳۹ اسیر اکبرآبادی ، د ، ۵۴

۷. قایم ، پابند .

جو شخص کسی گناہ سے توبہ کرے سات برس تک پکا رہے تو پھر کبھی اس سے وہ گناہ نہ ہوگا .

۱۸۶۵ مذاق العارفین ، ۴ : ۴۹

۸. کٹّر ، مذہبی عقائد کا سختی سے پابند .

قطب الدین خان پکا سنی تھا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۳۵۰

بعد ازاں . . . . بیاہ رچایا اور ایسا پکا عسیائی ثابت ہوا کہ . . . . ولی قرار دیا .

۱۹۷۹ گلگشت ، ۱۷

۹. انمٹ ، مستقل ، قائم رہنے والا ، دور نہ ہو سکنے والا (رنگ ، عشق وغیرہ) .

رنگ اترتا ہی نہیں عشق کا جب چڑھتا ہے
ہم نے دنیا میں اسی رنگ کو پکا دیکھا

۱۸۴۶ تجلیات عشق ، ۳۱

مغل جو کام کرتے تھے پکا کرتے تھے .

۱۹۴۶ آگ ، ۲۷۵

۱۰. تجربہ کار ، ہوشیار ، جہاں دیدہ ، گھاگ ، گرگ باراں دیدہ .

تمام دنیا میں نمودار اور پکا اور بادشاہ کا مقرب بھی .

۱۸۰۲ گنج خوبی ، ۸۴

۱۱. عیار ، کائیاں ، چالاک .

میں سمجھتا ہوں حسن اس شوخ کو
ایک پکّا ہے وہ کیا نادان ہے

۱۷۸۶ میر حسن ، د ، ۱۲۴

کوئی کہتی تھی یہ اوچکا ہے
کوئی کہتی تھی ایک پکا ہے

۱۸۰۳ رانی کیتکی ، ۷

بات مطلب کی کیا اڑاتے ہو
تم بھی بھولے نہیں ہو پکے ہو

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۶۳

۱۲. پکائی ہوئی اینٹ یا سیمنٹ کنکر پتھر وغیرہ سے بنایا ہوا مکان وغیرہ .

کتنے کنویں بیکار پڑے ہیں اور کتنے پکے محل ویران پڑے ہیں .

۱۸۹۵ ترجمہ قرآن ، نذیر ، ۵۳۹

اونچی اونچی حویلیاں اور پکی پکی محل سرائیں ٹیک اٹھیں .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۳۰۲

۱۳. کامل العیار ، خالص ، بے غش .

پکا سونا .

۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۵

ان پتروں میں سے ایک کو افسر آزمائش توڑتا ہے اگر تختی کے ٹوٹنے کی آواز نرم و ملائم ہوتی ہے تو سونا پکا سمجھا جاتا ہے .

۱۹۳۸ آئین اکبری ، ۱ : ۳۵

۱۴. پورا ، نہ کم نہ زیادہ ، معیاری (بیشتر وزن یا قیمت یا پیمائش کے لیے مستعمل) .

سبھی چین میں سکہ ان کا چلا کھرا سونا اور پکا رو پا چلا

۱۸۳۴ مثنوی اپورب کشن کنور ، ۵

پکا پان سیری تانبا ، ہاتھ پھسلا اور دھڑام سے گری .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۲۰۷

۱۵. جس کی طبیعت میں کوئی بات راسخ ہوگئی ہو اور چھوٹ نہ سکے، (کسی بات کا) بری طرح عادی، ماہر اور عادی .

وہ پکا جواری ہے ، ایک دن بھی نبھنی مشکل ہے .

۱۸۹۷ حیات صالحہ ، ۱۵۲

میں خود ایک پکا جواری ہوں جیسا کہ آپ کو معلوم ہو چکا ہے .

۱۹۲۳ خونی راز ، ۸۱

۱۶. کامل ، (اپنے کام میں) بر اعتبار سے مکمل ، ماہر فن .

فوجوں سے بڑھ چلے جوں پکا کوئی سپاہی
یوں خیال چھوٹ خط سیں مکھ پر پڑا نرالا

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۸

حکیمی کے فن میں اور جراحی کے کسب میں بڑا پکا ہے .

۱۸۲۳ سیر عشرت ، ۳۰

۱۷. پختہ کاری یا تجربے پر مبنی ، ہوشیاری یا دانائی سے تعلق رکھنے والا (خیال ، رائے یا بات وغیرہ) .

میں نظروں سے بھانپ گئی میرا وہ خیال برابر پکا ہوتا رہا .

۱۹۴۴ صید و صیاد ، ۲۶

[س : पक्का پکّا]

— آم امذ .

(مجازاً) سن رسیدہ شخص (جس کی زندگی کا نہ اعتبار ہو کہ کب ختم ہوجائے) .

میں پکا آم ہوں ، حیدرآباد میں کوئی صورت نکالیے کہ میرے بچے پڑھ جائیں .

۱۹۲۳ مکتوبات شاد ، ۱۴۴

[پکّا + آم (رک)]

— آم ٹپکنے کا ڈر کہاوت .

رک : پکے آم کے ٹپکنے کا ڈر (فرہنگ اثر ، ۱۳۹) .

— آنک (— مع) امذ .

(مہاجنی) اصل زر/شرح اور مدت کا حاصل ضرب جس پر سود واجب الوصول ہوتا ہو (تیس کچے آنکوں کا مجموعہ) .

زراصل اور مدت کے مہینوں کا حاصل ضرب ۳۰ کچے آنکوں کا ایک پکا آنک ہوتا ہے .

۱۹۱۵ مہاجنی حساب ، ۲۱

[پکّا + آنک (رک)]

— بال امذ .

وہ بال جو بڑھاپے کی وجہ سے سفید ہوگیا ہو .

پکے بالوں میں بھی خامی کا اثر ہے بال بال
آدمی خاطی ہے پروردہ ہے کچے شیر کا

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۱۰

اس تیل سے بال پکنا رک کر پکا بال کالا پیدا ہوتا ہے .

۱۹۳۵ دودھ بنج ، لکھنؤ ، ۲۰ ، ۲۴ ؛ ۲

[پکّا + بال (رک)]

— بیت/بید (— ی مع) امذ .

مشرقی ہمالہ کی بہترین بید (مصرف جنگلات ، ۳۲۶) .

بڑا بیت ، پکّا بیت ، ڈنگری بیت مشہور ہندوستانی بید ہیں .

۱۹۰۷ مصرف جنگلات ، ۱۶۷

[پکّا + بیت/بید (رک)]

— بیگہ/بیگھا (— ی مع ، فت گ) امذ .

(کاشتکاری) (حالیہ) پیمائش کے حساب سے ۳۰۲۵ مربع گز یا ۵/۸ ایکڑ کا قطعہ آراضی (ا پ و ، ۶ : ۳۶) .

[پکا + بیگہ/بیگھا (رک)]

— بھوت (— و مع) صف .

پورا سڑی ، بڑا غصے والا (نوراللغات ، ۲ : ۱۰۰) .

[پکّا + بھوت (رک)]

— پان امذ .

۱. وہ پان جو بیل میں پک گیا ہو ، بیل کا پکا اور زرد پان .

ماما نے کہا ! پکے پان تو پیسے کے دو آئے ، اور یہاں اللہ رکھے آدھی ڈھولی روز کا خرچ ہے .

۱۸۶۸ مراۃالعروس ، ۱۲۴

۲. (مجازاً) سن رسیدہ ، عمر طبعی کو پہنچا ہوا جس کی زندگی کا بھروسہ نہ ہو .

دور اندیشی کیوں نہ کیجیے ہوگئے ابا جان پکے پان

۱۸۷۲ عبیر ہندی ، ۶۶

جوانوں کا بھروسا نہیں اور ہم تو پکا پان ہیں .

۱۹۲۴ انشائے بشیر ، ۱۷۴

پختہ کار ، جہاں دیدہ ، کار آزمودہ ؛ بہت ضعیف اور کم زور .

دختر رز سے نبھے گی کس طرح
یہ جواں ہے ، شیخ پکّا پان ہے

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۷۹

[پکّا + پان (رک)]

— پان کھانسی نہ زکام کہاوت .

کچے پان یا خراب پکی ہوئی چیزوں سے بیمار ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے ، اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی بڑی عمر کی عورت کے ساتھ تعلق پیدا کرے یا زیادہ عمر کے معشوق پر عاشق ہو کیونکہ اس میں رقابت کا اندیشہ کم ہوتا ہے (جامع اللغات ، ۲ : ۹۱) .

— پانی اسذ .

اوٹایا ہوا پانی ؛ صحت بخش پانی (شہد ساگر ، ۶ : ۲۷۳۹).

[پکّا + پانی (رک)]

— پکایا (— فت پ) صف .

جو پک کر تیار ہو گیا ہو (کھانا پھل پھوڑا برتن وغیرہ) ، تکمیل کو پہنچا ہوا (کام) ، بے مشقت حاصل شدہ (چیز) .

چاہتے ہیں کہ کہیں سے پکا پکایا ہاتھ لگ جائے .

۱۸۹۳ مقالات حالی ، ۱ : ۱۷۵

بنا بنایا شربت اور پکا پکایا پلاؤ آسمان سے برسے گا .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۳۱

[پکا + ا : پکایا ، پکنا (رک) سے]

— پوڑھا (— و مع) صف ؛ مث : پکی پوڑھی .

مکمل طور پر طے شدہ (بات یا حالت) ، نہایت پختہ (معاملہ وغیرہ) ، بالکل تیار .

بڑی بیگم سے پکی پوڑھی کر کے جہاں آرا اور گیتی آرا پھر چھت پر آئیں .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۲ : ۳۷۳

ادھر تو جوالا سنگھ کو پٹی پڑھائی اور ادھر گاؤں کو پکا پوڑھا کر دیا .

۱۹۲۲ گوشۂ عافیت ، ۱ : ۲۹۳

اف : کرنا ، ہونا :

[پکّا + پوڑھا (رک)]

— پیسا (— ی مع) صف ؛ مث : پکی پیسی .

(مجازاً) تجربہ کار ، جہاں دیدہ ، چالاک ، جس کے تیور سے دانائی مکاری اور چالاکی ٹپکتی ہو ، بڑا ہوشیار .

پکا پیسا : پرلے درجے کا ہوشیار ، نہایت تجربہ کار ہے .

۱۸۸۶ مخزن المحاورات ، ۲۶۳

ہوری پکی پیسی تھیں ، جو ان کی باتیں سنتا دنگ رہ جاتا .

۱۹۴۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۲۲

[پکّا + پیسا (رک)]

— پھوڑا (— و مج) اسذ .

۱. (لفظاً) پھوٹنے کے لیے تیار پھوڑا ، مواد بھرا ہوا پھوڑا (نوراللغات ، ۲ : ۷) .

۲. (مجازاً) اتنا آزردہ اور غمگین کہ ذرا سی چھیڑ بھی برداشت نہ کر سکے (دل یا شخص وغیرہ) .

ایک ایک کا دل اسی آدمی کے ہاتھ سے پکا پھوڑا ہے .

۱۸۷۹ بوستان خیال ، ۶ : ۲۳۷

مصائب کی چوٹیں دل پر ایسی لگائی جائیں کہ دل پکا پھوڑا انتہائی صاحب احساس بن جائے .

۱۹۲۳ مضامین عظمت ، ۲ : ۳۱

[پکّا + پھوڑا (رک)]

— ٹانکا (— مع) اسذ .

(انجینیرنگ) دھات کی ویلڈنگ سے لگایا ہوا جوڑ .

پکے ٹانکے . . . سے مراد وہ طریقہ ہے جو کچے ٹانکے کی بہ‌نسبت دھاتوں کو زیادہ مضبوطی سے جوڑنے میں استعمال ہوتا ہے .

۱۹۴۸ انجینیری کارخانے کے عملی چالیس سبق ، ۷۶

[پکّا + ٹانکا (رک)]

— جن (— کس ج) اسذ .

پڑھا جن ، بڑا چالاک .

پھنسا جو مولوی کیا پڑھ کے جادو ماش مارا ہے
پری خانم نے پکے جن کو شیشے میں اتارا ہے

۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۲۰۹

[پکّا + جن (رک)]

— چٹھا (— کس چ ، شد ٹھ) اسذ .

سالانہ یا سہ سالہ حساب کی صحیح اور مفصل فرد ، پکّا کھاتا (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۶) .

[پکا + چٹھا (رک)]

— خط (— فت خ) اسذ .

وہ طریقۂ تحریر یا لکھت جو بہت دنوں کی مشق کے بعد کسی ایک طرز پر قائم ہوگئی ہو اور اس میں تبدیلی کا امکان نہ ہو ، پختہ خط (ا پ و ، ۴ : ۱۹۳) .

[پکا + خط (رک)]

— دوست (— و مج ، سک س) اسذ .

قابل اعتبار دوست .

ضحاک پہلے صاحب اشرط کا منصب رکھتا تھا اور امیر معاویہ کا بڑا پکا دوست تھا .

۱۹۱۰ عبرت نامۂ اندلس ، ۱۲۵

[پکا + دوست (رک)]

ــ رُوپا (ــ و مع) امذ.

خالص چاندی، خالص چاندی کا صحیح وزن و قیمت والا سکّہ.

سبھی چین میں سکہ ان کا چلا
کھرا سونا اور پکا روپا چلا

۱۸۴۳ مثنوی اپورب کشن کنور، ۵۰

[پکّا + روپا (رک)]

ــ قَیدی (ــ ی لین) امذ.

وہ ملزم جس کا فیصلہ ہوچکا ہو اور قید مقرر ہوچکی ہو.
جیلوں میں دو قسم کے قیدی پائے جاتے ہیں (۱) کچے قیدی (۲) پکے قیدی، کچے قیدی وہ جن کا فیصلہ تا حال نہیں ہوا.

۱۹۷۳ روزنامہ جنگ، کراچی، ۲۸ جنوری: ۵

[پکا + قیدی (رک)]

ــ کاغَذ (ــ فت غ) امذ.

اسٹامپ پر لکھی ہوئی دستاویز (بیشتر رجسٹری شدہ)، مستند اسٹامپ کا کاغذ، مصدقہ دستاویز.

محضر خوں پہ بھی ہو قاضی و مفتی کی مہر
کہ گواہی سے بہت ہوتا ہے پکا کاغذ

۱۸۳۹ اسیر اکبر آبادی، د، ۵۴

اس کا کاغذ تو پکا ہے.

۱۹۳۳ گھر گرہستی، ۱۲۰

[پکا + کاغذ (رک)]

ــ کام امذ.

اصلی سونے چاندی کے تار کے بنے ہوئے بیل بوٹے کا کام، اصلی کار چوبی کا کام (شید ساگر، ۶: ۲۷۵۰).

[پکا + کام (رک)]

ــ کَر دینا محاورہ.

(لٹھ گی) لاش کو خوب مضبوط گاڑنا (مصطلحات لٹھ گی، ۵۶).

ــ کَرنا محاورہ.

۱. (سبق کو) خوب رواں کرنا، ذہن نشین کرنا.
پہلے تو قرآن شریف کو پورا اور پکا کیا پھر اردو پڑھنا سیکھ لیا.

۱۹۲۰ لخت جگر، ۱: ۱۰۳

۲. (کسی کام کے لیے) مستعد اور تیار کرنا، ہمت بندھانا.

ہوا خوش ان کو پکا کرکے آیا
جہاں تھا وہ فروکش سب کو لایا

۱۸۶۱ الف لیلہ نو منظوم، ۲: ۳۶۸

۳. مضبوط کرنا، کڑا کرنا، سخت بنانا (دل وغیرہ).

تیرے بسمل کے تڑپنے میں ہے لطف
دل کو پکا کرکے قاتل دیکھنا

۱۹۰۵ داغ، یادگار داغ، ۱۴۲

ــ کُنواں (ــ ضم ک، مع) امذ.

پختہ کنواں، وہ کنواں جو سطح آب سے اوپر جگت تک اینٹوں سے تعمیر کیا گیا ہو (مہذب اللغات، ۲: ۸۵).

[پکا + کنواں (رک)]

ــ کھاتا امذ.

رک: **پکّا چٹھا** (فرہنگ آصفیہ، ۱: ۵۲۶).

[پکا + کھاتا (رک)]

ــ کھانا امذ.

(ہندو) پکوان (تیل یا گھی میں تلا ہوا)؛ اہل ہنود میں برادری کو جو کھانا دیا جاتا ہے اس کی دو قسمیں ہوتی ہیں کچا اور پکا، پکے میں پکوان اور مٹھائیاں شامل ہیں اور کچے میں روٹی چاول وغیرہ (ماخوذ: فرہنگ آصفیہ، ۱: ۵۲۶؛ مہذب اللغات، ۳: ۸۳).

[پکا + کھانا (رک)]

ــ گانا امذ.

(موسیقی) وہ گانا جو کسی اصلی اور بنیادی (شاستریہ) راگ یا راگنی کے مقررہ اصول و ضوابط کے مطابق گایا جائے، کلاسیکی موسیقی کے مطابق گانا.

جب کسی طوائف کو پکے گانے کا خیال آتا ہے تو ایسی دھرپت کی تان لگاتی ہے کہ آواز دھر پتال کو جاتی ہے.

۱۸۵۳ شرح اندر سبھا، ۸۰

کم سمجھ لوگوں نے معمولی گویوں سے غزلوں اور دادروں کی فرمائش کرکے اعلیٰ درجے کے پکے گانے کی قدر و منزلت گھٹا رکھی ہے.

۱۹۳۲ خطبات مشرانی، ۱: ۳۳۴

[پکا + گانا (رک)]

— گوکھرو (— و مج ، سک کھ ، و مع) امذ .

(گوٹا سازی) دھنک کو موڑکر چنے کے برابر پہل دار مخروطی شکل کی بنائی ہوئی گوٹے کی ایک قسم جو بغیر لاگ کے صرف دھنک سے بنائی جاتی ہے .

ٹھپہ ۔ گوکھرو ۔ کرن . . . پکا گوکھرو . . . ٹکی ہوئی .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۳۰

دس گز پکا گوکھرو بیس گز تونی کے ادھر ادھر کا .

۱۸۹۷ حیات صالحہ ، ۳۹

[پکا + گوکھرو (رک)]

— گھر (— فت گھ) امذ .

(لفظاً) مضبوط مکان ، پکّی حویلی، (مجازاً) جیل خانہ ، بڑا گھر .

کوئی بڑی فوجداری نہیں ہوئی تھی جس میں لچھمن شریک نہ ہوا ہو ، وہ دو مرتبہ اس سلسلے میں پکے گھر بھی ہو آیا تھا .

۱۹۵۶ ہمارا گاؤں ، ۷۶

[پکا + گھر (رک)]

— مکان (— فت م) امذ .

چونے گچ سے بنا ہوا پکّی اینٹوں کا مکان (جامع اللغات ، ۲ : ۹۱) .

[پکا + مکان (رک)]

— ملمع (— ضم م ، فت ل ، شد م بفت) امذ .

(ملمع کاری) دھات کے برتن پر سونے یا چاندی کی قلعی کرنے کا قدیم طریقہ جس میں برتن کی سطح پر سونے یا چاندی کا ورق چڑھا کر سطح کے ساتھ وصل کر دیا جاتا تھا اور اس پر جلا کر دی جاتی تھی (ا پ و ، ۳ : ۴۷) .

[پکا + ملمع (رک)]

— ناچ امذ .

کلاسیکی ناچ ؛ کسی مقررہ اصلی اور بنیادی (شاستریہ) تال سر کے مطابق رقص .

آپ ہندوستان کے پکے ناچ کے ماہر ہیں .

۱۹۴۳ آجکل ، دہلی ، ۱۵ جولائی ، ۲۱

[پکا + ناچ (رک)]

— وعدہ (— فت و ، سک ع ، فت د) امذ .

وہ بات قول یا عہد جس کے پورا ہونے کا کامل یقین ہو ، قابل اعتبار بات .

بلقیس زمانی ضرور مجھے اس کی خبر دے گی کیونکہ وہ مجھ سے پکا وعدہ کر گئی ہے .

۱۹۳۰ بیگموں کا دربار ، ۵

[پکا + وعدہ (رک)]

— ہتوڑا (— فت ہ ، و لین) امذ .

(سنگ تراشی) سخت قسم کے پتھر کی گڑھائی (گھڑائی) کا پکّے لوہے کے منھ کا ہتوڑا ، پک مُہرا (ا پ و ، ۱ : ۵۴) .

[پکا + ہتوڑا (رک)]

— ہونا محاورہ .

۱. تجربہ کار ہونا ، کار آزمودہ ہونا .

گھاٹ گھاٹ کا پانی پیا پکے ہو آئے .

۱۸۶۱ فسانۂ عبرت ، ۵۲

۲. معاملہ طے ہوجانا ، کام مضبوط ہوجانا (نوراللغات ، ۲ : ۱۰۱) .

— ہونا چاہے تو پکّے کے سنگ کھیل

کچّی سرسوں پیل کے کھلی ہوئی نہ تیل کہاوت .

اگر لئیق ہونا چاہو تو اچھی صحبت اختیار کرو (نجم الامثال، ۱۲۶) .

پُکا

(ضم پ) امذ .

سوراخ ، چھید ، روزن (قدیم اردو کی لغت ، ۶۹) .

[مقامی]

پِک اَپ

(کس پ ، سک ک ، فت ا) امث .

ٹرک کی وضع کی چھوٹی گاڑی جو عموماً سامان کے نقل و حمل کے لیے استعمال ہوتی ہے ، وین .

۳ ٹرکوں اور ایک پک اپ وین کی خرید .

۱۹۶۶ میزانیہ بلدیہ کراچی ، ۱۴۷

[انگ : Pick-up]

پَکّا اَت

(فت پ ، شد ک ، کس ا) امث .

مضبوطی ، پکا پن ، بے فکری ، پوڑھائی (شبد ساگر، ۶ : ۲۷۵۰).

[पक्काइत : ہ سے (رک)]

پُکار

(ضم پ) ؛ ~ پوکار (قدیم).

(الف)· امث ؛ امذ (قدیم و شاذ) .

۱. آواز ، بانگ ، صدا ، اونچی آواز .

کٹوروں کی جھنکار موتوف ، سودے والوں کی پکار بند .
۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۱۰

کویلوں کی کوک پر کھنچتا ہے دل
روح افزا ہے پپیہوں کی پکار
۱۹۲۷ شاد عظیم آبادی ، سروش ہستی ، ۷۱

۲.(i) غُل ، شور ، دھوم ، ہنگامہ .

نہ بانک نہ پکار ، بریکس توں بریکس سوں قول و قرار .
۱۶۳۵ سب رس ، ۳

کہ آئی ہے صحن چمن میں بہار
کرو بلبلو اب خوشی کی پکار
۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۸۶

یہی جو دھوم رہی اس کی مدح خوانی کی
اوٹھے گی چاروں طرف ایک واہ وا کی پکار
۱۸۸۳ قدر ، ک ، ۳۳

آپ نے نکل کر فرمایا کہ یہ کیا جہالت کی پکار ہے .
۱۹۳۲ سیرۃ النبی ، ۴ : ۳۳۴

(ii) فریاد ، دُہائی .

اے پیر پکار من ہمارا دیک آپنے گن نہ گن ہمارا
۱۷۰۰ من لگن ، ۱۸

مولا کے غم میں نوحہ کناں قلب زار ہے
نالے جو ہیں زباں پہ یہ دل کی پکار ہے
۱۸۹۳ سجاد رائے پوری ، د (ق) ، ۷

۳. بُلاوا ، طلب ، مانگ .

کیا ابر ہے چمن ہے ہوا ہے بہار ہے
ساقی پہنچ شتاب کہ تیری پکار ہے
۱۸۰۹ جرأت ، ک ، ۲۵۶

ملک میں سب طرف اسی مال کی پکار ہے .
۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۱۰۱

۴. مُنادی ، اعلان .

ڈیوڑھی پہ خادمان محل کی ہوئی پکار
آتے ہیں اب حضور خبردار ہوشیار
۱۸۷۳ انیس ، مراثی ، ۱ : ۳۴۷

بنوش بادہ و در عیش کوش و مستی کن
رباب و چنگ و دف و نے کی یہ پکار ہے آج
۱۹۲۸ سرتاج سخن ، ۶۷

۵. (قانون) مستغیث یا مدعا علیہ یا گواہوں میں سے کسی کی طلبی کے لیے صدا جو عدالت کے باہر لگائی جاتی ہے .

یار ابھی تک پکار نہیں ہوئی .
۱۸۸۷ جام سرشار ، ۳

کاغذ رجسٹرار صاحب کے ہاتھ میں پہنچا ہے ، چند ہی منٹ کے بعد پکار ہوئی .
۱۹۰۰ ذات شریف ، ۷۳

(ب) م ف .

بآواز بلند ، چیخ کر ، چلّا کر .

نظر میں پڑیا شاہ کی جب او مار
گلے لگ کے فرخ کے رویا پکار
۱۶۸۲ رضوان شاہ و روح افزا ، ۱۲۴

[پکارنا (رک) سے]

— اُٹھنا محاورہ .

۱. بے قابو ہو کر صدا بُلند کرنا .

منصور پکار اٹھا اناالحق تھا مست بہک کے گفتگو کی
۱۸۳۹ اسیر اکبر آبادی ، د ، ۴۵۶

۲. آواز دینا ، مضطرب ہو کر بے اختیار پکارنا .

ہلوں جا نزک میں اٹھوں گا ہوکار
کہ بجُتا ہے میں ہوں کہ پانی کے ٹھار
۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۱۲۲

— آنا محاورہ .

خبر کردینا ، آگاہ کردینا .

کٹی تڑپنے میں زندگانی نہ لی کسی نے خبر ہماری
یہ حال پہنچا کہ عرش تک بھی ہمارا نالہ پکار آیا
۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۳۹

جہاں میں نالہ سرشام یہ پکار آیا
شب فراق ہی سونا ہو جس کو سوجائے
۱۹۰۷ گل کدہ ، عزیز لکھنوی ، ۹۴

— بیٹھنا محاورہ .

رک : پکار اٹھنا معنی نمبر ۲ .

ہنس جو ان کی ملی سڑک پر تڑپ گئی اپنی جان مضطر
ہوئے یہ بے خود کہ نام لے کر بلا تامل پکار بیٹھے
۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۵۷

— پڑنا محاورہ .

۱. شہرت ہونا ، دھوم ہونا ؛ تلاش ہونا ، جستجو ہونا .

جب دشمن آموجود ہوا تو لوگوں میں پکار پڑی سب لڑائی کے لیے تیار ہوگئے .
۱۸۶۵ مذاق العارفین ، ۴ : ۵۳۱

آئیں بہت دنیا میں بہاریں عیش کی گھر گھر پڑیں پکاریں
۱۹۱۴ حالی ، بیوہ کی مناجات ، ۵

۲. آواز آنا ، بلایا جانا ، متوجہ کرنا .

پیچھے سے پکاریں پڑتی رہیں ، چلو آؤ ، تین روپے ہی سہی .
۱۹۳۷ قیامت ہمرکاب آئے ، ۴۵

— پُکار (کَر/کے) (— ضم پ ، (فت ک)) م ف .

علانیہ ، علی الاعلان ، بآواز بلند .

ہوائے شوق میں دیکھو تو عندلیب چمن
پڑھے ہے کیا سبق بوستاں پکار پکار

۱۸۷۹ عیش دہلوی ، د ، ۱۶

پنڈی جوتشی بھی . . . اپنے جوتش کے گنت سے بچار کر کے پکار پکار کے کہتے تھے کہ دہلی میں یہ دربار ہرگز نہیں ہو گا .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۳۸۲

ملک عادل کا ہمزاد اپنی شکستہ قبر پر بیٹھا ہوا اسی طرح پکار پکار کر دل سے باتیں کرتا تھا .

۱۹۳۲ اخوان الشیاطین ، ۱۲۴

— دینا ف م ؛ محاورہ .

۱. آگاہ کرنا ، اطلاع دینا ، خبر دینا .

سارے قافلے میں پکار دو کہ کل مقام ہے .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۵۵

پشے سے سیکھے شیوۂ مردانگی کوئی
جب قصد خوں کو آئے تو پہلے پکار دے

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۰۷

۲. اعلان کردینا ، خبردار کردینا ، بآواز بلند کہدینا ، مشہور کردینا .

اے ہمصفیرو مژدۂ فصل بہار دو
دن گئے خوشی کے چمن میں پکار دو

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۸۳

فرمایا کہ اے بلال پکاردے لوگوں کو کہ روزہ رکھیں .

۱۸۶۷ نورالہدایہ ، ۳ : ۱۹۶

۳. بلانا .

جز ہے کسی نہیں ہے شب ہجر ہم نشیں
کس سے کہوں کہ کوئی اجل کو پکار دے

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۲۵۵

— کَر/کے (— فت ک) م ف .

۱. کھلم کھلا ، زور سے ، علانیہ ، ڈنکے کی چوٹ .

پیر کے سامنے پکار کر بات نہ کرے .

۱۶۲۸ شرح تمہیدات ہمدانی (ترجمہ) ، ۴۶

پانی میں ڈوب ، آگ میں جل کر مرو پر ایک
عاشق نہ ہو پکار کے کہتا ہوں سب سنیں

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۷۲

شرماؤ گے سن کے جو گزری ہے رات کو
کہدوں گا میں پکار کے پردے کی بات کو

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۶۳

۲. (پہلے سے) آواز دے کے ، آگاہ کرکے ، اطلاع کرکے.

سینے پہ ایک پردہ نشین کی شبیہ ہے
آئیں جو قبر میں تو فرشتے پکار کے

۱۸۷۰ دیوان اسیر ، ۳ : ۳۰۸

۳. بالجہر ، بآواز بلند ، اونچی آواز سے .

نماز جمعہ اور عیدین اور نماز فجر اور عشا اور مغرب کی اول دو رکعتوں میں امام پکار کے پڑھے .

۱۸۶۷ نورالہدایہ ، ۱ : ۱۱۲

— لگانا محاورہ .

آواز دینا ، بلانا (بلند آواز سے) .

اس نے فرط شوق سے پکار لگائی .

۱۹۴۱ پیاری زمین ، ۲۵۹

— مچنا محاورہ .

دھوم ہونا ، شہرت ہونا ؛ شور و غل ہونا .

مچی رونے کی ایک بار پکار
دونوں کو لے چلے اٹھا کر کہار

۱۷۸۵ حسرت ، طوطی نامہ ، ۶۹

کشتوں کو چشم مست کے اس کی خبر ہے کیا
کس روز حشر ہوگا مچیگی پکار کب

۱۸۷۸ آغا ، د ، ۳۹

پُکارا (ضم پ) امذ .

۱. شہرت ، دھوم دھام ، چرچا ، اعلان .

یو کچ کچ خلق میں پکارا ہوا
یو شہرت پکڑ شہر سارا ہوا

۱۶۸۲ رضوان شاہ و روح افزا ، ۲۰

آج اس سیدا کی خوبی کا　　خیل پریوں میں کیا پکارا ہے

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۲۱۴

۲. ہلچل ، پکار ، شور .

جس دن تے تمن سات لگیا منرا ہمارا
اس دن تے پرت کا ہوا مج تن میں پکارا

۱۶۷۲ شاہی ، ک ، ۱۴۱

[پکارنا (رک) سے]

— پُکار (— ضم پ) امث .

شور و غل ، دھوم دھام ؛ چیخ پکار .

اب پکارا پکار ہونے لگی ، بھئی دولہا آرہا ہے جو چھپنے والی ہوں ہٹ جائیں .

۱۹۷۰ اردو نامہ، کراچی ، ۳۹ : ۸۹

اف : کرنا ، ہونا .

[پکارا + پکار (رک)]

ــ کرنا محاورہ .

شور مچانا ، شہرت دینا .

نزدیک جا کر کہیں سودہن سوکرم ہمن پر کرو پیاری
سنی سخن جب روٹھی تڑک کر کہی کروں گی ایتا پکارا

۱۷۷۲ شاہی ، ک ، ۱۲۹

اگر سچ مچ انگریزوں کی نیت بدلی ہوئی دیکھو جیسا کہ لوگ پکارا کر رہے ہیں .

۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۱۰۵

پکارِ سک (کس پ ، کس سچ ر ، سک س) امذ .

افسانے کی وہ قسم جس میں بدمعاشوں کے کرتوت بیان ہوتے ہیں (اصل میں اس قسم کے افسانوں یا مضمون کی ابتدا اسپین سے ہوئی جہاں ان افسانوں میں ہیرو ہمیشہ بدکردار انسان ہوتا تھا) .

سرشار کے « فسانۂ آزاد » کو پکار سک کہا جاسکتا ہے .

۱۹۶۸ نگاہ اور نقطے ، ۹۳

[انگ : Picaresque]

پُکار کَر (ضم پ ، سک ر ، فت ک) امذ .

ابیر .

ٹھگوں کی اصطلاح میں پکار کر ، ابیروں کو کہتے ہیں .

۱۸۳۶ مصطلحات ٹھگی ، ۵۶

[مقامی]

پُکارَن (ضم پ ، فت ر) ف م (قدیم) .

رک : پکارنا (ولگانا ، کے ساتھ) .

آپس میں اپنی آہ مارن لگی سنگھاتی کوں اپنے پکارن لگی

۱۶۳۸ چندر بدن و مہیار ، ۱۱۲

پُکارنا (ضم پ ، سک ر) ف م .

۱. آواز دینا ، بلانا ، بلند آواز سے کہنا .

زر گر پسرے چو ماہ پارا کچھ گھڑئیے سنوار بیٹے پکارا

۱۳۳۴ امیر خسرو (نکات الشعراء ، ۲)

کیتے وقت بعد از او عورت پکار
کیتی غلبلا ان بانکا مار

۱۶۷۹ قصۂ ابوشحمہ (عکسی) ، ۲۱

دوبارہ اس کے پکارنے پر اس نے کہا حضور ! میں دیر سے یہاں کھڑا ہوں .

۱۸۹۰ انتخاب طلسم ہوشربا ، ۳۰۱

غم و رنج و آفت میں خلقت تری
تجھی کو پکارے ہے رب العلیٰ

۱۹۱۱ نذر خدا ، مضطر خیرآبادی ، ۴۲

۲. کہنا ، بولنا ، بیان کرنا .

نہ کرے کوئی آشکارا یہ سہجیں سہیج پکارا

۱۵۸۲ کلمۃ الحقائق ، ۴۸

پکارتی ہے خموشی مری فغاں کی طرح
نگاہیں کہتی ہیں سب راز دل زباں کی طرح

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۸۲

۳. اعلان کرنا ، فریاد کرنا .

نہیں کسے قدرت جو اپڑے داد کوں غواص کی
ظلم تھے تج نار کے جتنا پکارے ہر طرف

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۱۲۴

یہ کہہ کر پکاری کہ یا خدا وندا تو اس موے سے بدلا لے کہ جس نے مجھ کو یوں خراب و خستہ کیا .

۱۸۹۰ انتخاب طلسم ہوشربا ، ۳۸

جتنے ہیں مرنے والے دیکھا نہ کوئی مرتا
ناحق پکارتے ہیں جھوٹے بشر کہ مارا

۱۹۲۱ گورکھ دھندا ، ۶۵

۴. صدا لگانا (بھیک مانگنے سودا بیچنے یا چوکیداری وغیرہ کے لیے) .

سودے والے پکار رہے ہیں .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۵۶

۵. پہلے سے آگاہ کرنا ، خبر کرنا .

بھی ہم سنتے ہیں کچھ پردہ نشینوں کی پکار
لے پکارے ہوئے بہتر نہیں آتا دل کا

۱۸۸۸ مضمونہائے دلکش ، ۲۸

۶. مسمّی یا موسوم کرنا ؛ شہرت دینا ، مشہور کرنا .

اس شہر کی خلقت نے میرا نام سگ پرست رکھا ہے اسی طرح پکارتے ہیں اور مشہور کیا ہے .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۲۶

سب لوگ ایک ملت یعنی مسلمان کے نام سے پکارے جاتے ہیں .

۱۹۱۴ شبلی ، مقالات ، ۵ : ۸

۷. رٹنا ، جپنا . ہر وقت کہتے رہنا .

وہ تمہارا نام پکارا کرتے ہیں .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۱۰۲

۸. عدالت کے چپراسی کا فریقین مقدمہ کو بلانا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۱) .

۹. خدا سے مدد مانگنا ، کسی دیوی یا دیوتا سے مدد مانگنا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۱) .

[س : بھوت کار फूतकार]

پکارے (ضم پ) م ف .

علی الاعلان ، ڈنکے کی چوٹ (کہنا کے ساتھ) .

کہسار پہ ہر سنگ یہ کہتا تھا پکارے
اے درد مقر ہوں ترے نالوں کے اثر کا

۱۷۸۳ درد ، د ، ۱۴

میں پکارے کہتا ہوں کہ مجکو خود اسلام کے جزو و کل احکام سے پوری پوری آگہی نہیں .

۱۹۰۷ اجتہاد ، ۳۲

[رک : پکارا]

— گلے (— فت گ) م ف .

رک : پکارے .

بہار اپنی مشرق سے دکھلا رہی ہوں
پکارے گلے صاف چلا رہی ہوں

۱۸۹۳ اردو کی تیسری کتاب ، اسماعیل ، ۱۱۸

[پکارے + گلے ، رک : گلا]

پکاس (کس پ) امذ .

سخت یا پتھریلی زمین کی کھدائی کا ایک اوزار جس میں لکڑی کے ہتے کے سرے پر ایک لمبا گاؤ دم لوہا جڑا ہوتا ہے ، اس کا وہ سرا جس سے کھدائی کرتے ہیں مقابل سرے کے سہ چند چہار چند لمبا ہوتا ہے ، کدال ، بھاوڑے کی طرح زمین کھودنے کا ایک آلہ .

عام لوگوں کو پکاس ، سبل ، کھرپی ، پھاوڑا ، یہ چار آلے بالکل کافی ہیں .

۱۹۰۱ ترکاری کی کاشت ، ۳

[مقامی]

پکانا (فت پ) ف م .

۱. (i) پکنا (رک) کا تعدیہ .

سو اسی رسی سوں باندھ کر پکانے کے واسطے لے کر چلے.

۱۴۳۱ بندہ نواز، شکار نامہ (شہباز، سکھر ، فروری ۱۹۶۳ع)

جو توشا پکا کر دینے شہ اپنے
چرا کھانے کوں لوگ اسے لی جیے

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۴۷

(ii) مجازاً اذیت یا تکلیف میں مبتلا کرنا .

وہی جی کا جلانا ہے پکانا ہے وہی دل کا
وہ اوسکی گرم بازاری جو آگے تھی سو اب بھی ہے

۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۱ : ۱۸۰

۲. خیالات کو کوئی شکل دینا ، سوچ کر تدبیر نکالنا .

انسان ہمیشہ اپنے دل و دماغ میں چند منصوبے یا چند رائیں پکاتا اور گھڑتا رہتا ہے .

۱۹۰۸ اساس الاخلاق ، ۵۷

۳. پھل وغیرہ کا قدرتی طور پر پیڑ پر یا پال دہا کر تیار کیا جانا .

زیتون انگور کوئی پھل ہو وہ کون ہے جو پکانے اس کو

۱۹۲۸ تنظیم الحیات ، ۲۱۹

۴. (بقال) پیدا کرنا ، مقدار پوری کرنا .

اس کو چار روپے کا گڑ پکادو یعنی پورا کردو .

۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۶

[پکنا (رک) سے]

— رینڈھنا ف م .

رک : پکانا (، رینڈھنا ، تابع) .

کہیے میں روز من بھر آٹا پکا رینڈھ کر رکھ دیا کروں .

۱۸۷۳ مجالس النسا ، ۱ : ۴۲

ایک تانبے کی پتیلی تھی ، اس میں پکتی رینڈھتی تھی .

۱۹۲۸ پس پردہ ، ۸۸

پکاؤ (فت پ ، سک و) امذ .

پکنے پر آیا ہوا ، پکا ہوا ، (مجازاً) پہنائی ہوئی چیزوں (پھوڑوں یا زخموں) کا پک جانا .

سینے کے زخم خام ہیں کیا کھائیں خون دل
اچھا نہ ہو پکاؤ تو لطف طعام کیا

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۴۲

[پکنا (رک) سے]

— پر آنا محاورہ .

زخم پھوڑے یا پھل وغیرہ کا پکنے یا تیاری کے قریب پہنچنا .

اب پھوڑا پکاؤ پر آ گیا ہے .

۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۶

پکاؤ (فت پ ، و مع) امذ .

۱. وہ زخم یا پھوڑا جو پک رہا ہو یا پکنے کے قریب ہو ، (زخم یا پھوڑا) پیپ پڑا ہوا ، پکا ہوا (فیلن ؛ فرہنگ اثر ، ۲۳۹) .

۲. پھل وغیرہ جو پکنے کے قریب ہو (پلیٹس) .

[پکنا (رک) سے]

پکائی (فت پ) امث .

۱. رک : ' پکوائی ' پکانے کی اجرت (نوراللغات ، ۲ : ۱۰۲) .

۲. پکانا (رک) سے اسم کیفیت .

پکائی کے لحاظ سے دنیا بھر میں بے مثال ہے .

۱۹۷۰ چاول : دستور کاشت ، ۳۴

۳۔ پختگی ، پکاپن (پلیٹس) ۔
۴۔ (جڑائی) کندن کو نگ کی بیٹھک کی ہاڑ کے کنارے کنارے جما کر آہنی سلائی سے مضبوط کرنے کا کام (اپ و ، ۴ : ۷۰) ۔
[پکانا ، پکنا (رک) سے]

پکائی تھی کھیر ہوگیا دلیا کہاوت ۔
کام بگڑ گیا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۰) ۔

پکائے سو کھائے نہیں کھائے کوئی اور کہاوت ۔
جو محبت کرے گا سو فائدہ اٹھائے گا (جامع اللغات، ۲: ۹۰) ۔

پکپان (ف ت پ ، سک ک) امذ ؛ ← پگ پان ۔
پانو کا زیور ، رک : پگ پان ۔
رانگ کانسی پیتل کا زیور انوٹ بچھوے . . پکپان ، بلے . . . چھین ، پچھلی یہ سب زیور میلے ۔
۱۹۲۳ اہل محلہ اور نا اہل پڑوسی ، ۲۷

پکپاون (ف ت پ ، سک ک ، ف ت و) امذ ۔
رک : پکپان ۔
زیورات عورت کے . . . پکپاون ۔
۱۸۴۸ توصیف زراعات ۲۵۲

پکپن/پکپنا (ف ت پ ، سک ک ، ف ت پ) امذ ۔
عقل اور سمجھ کی پختگی ، دانائی ، ہوشیاری ، پختہ کاری ۔
تم نے دیکھا ہوگا پکپن میر کا ہم کو تو آیا نظر وہ خام سہل
۱۸۱۰ میر ، ک ، ۴۴۳
بچپنے سے اس نے سیکھا پکپنا
بھولا بھولا ہو کے گھونا ہو گیا
۱۸۶۷ رشک ، د (ق) ، ۱۷
[پک ، پکنا (رک) سے + پن/پنا ، لاحقۂ کیفیت]

پکشول (ف ت پ ، سک ک ، کس ت ، و مع) امذ ۔
پیٹ کا شدید درد یا سوجن جو ہضمی وغیرہ کے سبب ہو ، پیٹ کا درد ، درد شکم ، قولنج (جامع اللغات ، ۲ : ۹۱ ؛ پلیٹس) ۔
[س : پکتشول पक्तिशूल]

پکٹ (۱) (کس پ ، کس مج ک) امذ ۔
نگہبان ، چوکیدار ، گارڈ ۔
ہم دونوں خزانے پر واپس آئے اور فی الفور پہرہ اور پکٹ قائم کیے ۔
۱۸۵۸ سرکشی ضلع بجنور ، ۱۴۳
یہ لوگ گھنے جنگل میں پڑاؤ ڈالے ہوئے تھے صرف ان کے پکٹ نظر آتے تھے ۔
۱۹۱۰ سپاہی سے صوبیدار ، ۱۹۴
[انگ : Picket]

پکٹ (۲) (کس پ ، کس مج ک) امذ ۔
(کھیل) دو بتی تاش کا ایک کھیل جو ۳۲ پتوں سے کھیلا جاتا ہے ۔
ان کی بڑی دلچسپی یہ تھی کہ سویرے پکٹ کھیلتے تھے ۔
۱۹۰۱ سیتا ، ۱ : ۱۶۲
[انگ : Piquet]

پکٹنگ (کس پ ، ک ، ٹ ، نون غنہ) امث ۔
رک : پکیٹنگ ۔
امریکی مشن کے سامنے پکٹنگ کرنے والے تیرہ امریکیوں کو گرفتار کر لیا گیا ۔
۱۹۶۶ روزنامہ جنگ ، کراچی ، ۳۰ ، ۱۸۰ : ۸
[انگ : Picketing]

پکچر (کس پ ، سک ک ، ف چ) امث ۔
تصویر ؛ سینما ، فلم ۔
زندگی نام ہے آرٹ کا ، فنون لطیفہ کا ، پکچر گیلری کا ، ڈراما کا ، سینما کا ۔
۱۹۳۷ انشائے ماجد ، ۲ : ۱۱۶
نئی پکچر آئی ہے ، آنسو بن گئے موتی ، وہ دیکھنے جائیں گے ۔
۱۹۷۱ فہمینہ ، ۸۸
اف : لگنا ، آنا ، جانا ، چلنا ، اترنا ، ہٹ کرنا ، ریلیز ہونا ۔
[انگ : Picture]

ــ لگنا محاورہ ۔
فلم کا سینما میں نمائش کے لیے پیش ہونا ، فلم دکھائی جانا ۔
ایک بہت اچھی پکچر لگی ہوئی تھی ، مجھ پر بڑا دباؤ ڈالا گیا کہ پاس لاؤں ۔
۱۹۴۲ کرنیں ، ۷۸

ــ گیلری (ــ ی لین ، سک ل) امث ۔
کسی عمارت میں تصاویر کی نمائش کا مخصوص گوشہ یا حصہ ۔

اندر پکچر گیلری میں یونیورسٹی کے نوجوان لڑکے لڑکیاں . . . دیکھتے پھر رہے ہیں .

۱۹۷۹ کلکشت ، ۶۷

[انگ : Picture-gallery]

— ہِٹ کَرنا محاورہ .

فلم کامیاب کرنا ، فلم کی نمائش کرکے ناظرین سے داد و تحسین لینا .

پکچر ہٹ کرنے کے لیے ہیرو ہیروئن کا ملاپ .

۱۹۶۶ روز نامہ ، جنگ ، کراچی ، ۳۰ ، ۱۸۲ : ۵

پِکْچَر یَسک (کس پ ، سک ک ، کس چ ، ی مج ، سک س) امذ.

دلکش ، دلفریب ، دل ربا ، خوبصورت ، خوشنما .

ایک تناور درخت کے نیچے ایک پکچر یسک سا چاء خانہ نظر آیا .

۱۹۷۹ کلکشت ، ۸۳

[انگ : Picturesque]

پَکْچِنتا (فت پ ، سک ک ، فت چ ، سک ن) امث .

ایک بوٹی جو زمین پر بچھی ہوتی ہے اس کے پتے میتھی کے پتوں سے کچھ مشابہ پھول چھوٹا رنگ طلائی اور پھلی پتلی اور مزہ ترش ہوتا ہے ، امبوتی ، اموتی (خزائن الادویہ ، ۲ : ۱۶۰) .

[مقامی]

پَکْچھَل (فت پ ، سک ک ، فت چھ) امذ .

(سالوتری) گھوڑے کی ایک قسم جس کے پورے جسم پر ایک ہی رنگ کے بال ہوں ، بگھمری .

بگھمری و پکچھل و سیہ خال ایک ہے .

۱۸۷۲ رسالہ سالوتر ، ۴۸

[مقامی]

پَکَر (کس پ ، فت ک) امث .

(زراعت ، ندافی ، معدنیات میں) چننے جمع کرنے یا الگ کرنے کا آلہ یا مشین .

پکر کو ایجاد ہوئے کوئی بہت عرصہ نہیں ہوا .

۱۹۶۶ جدید کاشتکاری ، ۹۷

[انگ : Picker]

پَکْرا (فت پ ، سک ک) امث .

مواسری (خزائن الادویہ ، ۷ : ۱۸۹) .

[مقامی]

پِکْرِک ایسِڈ (کس پ ، سک ک ، کس ر ، سک ک ، ی لین ، کس س) ؛ ~ پکرک ایسید .

ایک زرد رنگ کی تلخ شے جو رنگائی جراحی اور بارود وغیرہ میں کام آتی ہے ، پکرک تیزاب .

بکری کا دودھ بھی عمدہ ہے مگر اوس میں پکرک ایسڈ ہونے کے سبب ذرا بو آتی ہے .

۱۸۸۸ رسالہ غذا ، ۹۰

[انگ : Picric acid]

پُکَروانا (ضم پ ، فت ک ، سک ر) ف م .

،، پکارنا (رک) کا تعدیہ .

اس نے تمام شہروں میں پکروا دیا کہ جس کسی کو . . . ضرر پہنچا ہو حاضر ہو کے اپنا نقصان ثابت کرے .

۱۸۹۳ مفتوح فاتح ، ۲۶

اللہ کے نام کی بڑائی اتنی بار خود پکاری ، دوسروں سے پکروائی کہ خود ہی اللہ اکبر کا ایک مجسمہ بن کر رہ گئے .

۱۹۳۸ انشائے ماجد ، ۲ : ۳۱۲

پَکَریا (فت پ ، ک ، سک ر) امث ؛ امذ .

برگد سے ملتا جلتا ایک مشہور درخت جس کے پھل کھائے نہیں جاتے .

کسی نے کہہ دیا کہ ایک ولی پکریا کے نیچے بیٹھے یاد خدا کرتے ہیں .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد (مہذب اللغات ، ۳ : ۸۶)

[مقامی]

پَک ری ہنڈیا چھٹے چھ ماہے

جَم رے چُوتڑ بارہ ماسے کھاوت .

زور آور تھوڑے تھوڑے وقفے سے کوئی نہ کوئی فساد سازش یا اسی قسم کی کوئی حرکت کرتا رہتا ہے کہ جس سے اس کے برقرار یا موجود رہنے کی اہمیت اور ضرورت کو محسوس کیا جائے ، تسلط اور قبضہ قائم رکھنے کے لئے فساد کرانا اور لڑانا ضروری ہے .

پک ری ہنڈیا چھٹے چھ ماہے جم رے چوتڑ بارہ ماسے اس دعوے کی دلیل تو آبادیاں ہیں یہ مہمان زبردست مہمان ہیں اس لیے ان کا ٹھینگا میزبان کے سر پر رہتا ہے .

۱۹۳۱ 'اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۶ ، ۲۵ : ۳

پَکَڑ (فت پ ، ک) .

(الف) امث .

۱۔ کسی چیز کو مضبوطی کے ساتھ دبا لینے یا پکڑنے یا قبضے میں لے آنے کی کیفیت ، گرفت ، قبضہ .

اونٹ کی پکڑ کو اس کی پکڑ سے کیا نسبت .

۱۸۹۹ رویائے صادقہ ، ۸۱

۲۔ وابستگی ، تعلق خاطر .

ہر اک زلفاں کے دیکھے نہیں اٹکتا
اٹکتا ہوں جہاں دل کی پکڑ ہے

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۲۲۸

۳۔ اعتراض ، نکتہ چینی ، باز پرس .

بعض امور خلاف سررشتہ واقع ہونے کے سبب رئیسوں کو سخت پکڑ ہونے کی شکایت ہے .

۱۸۸۰ مرقع تہذیب ، ۱۳

۴۔ طلبی ، گرفتاری ، بلاوا (بیگار یا سزا کے طور پر) .

دنیا سوں میں بنے کی پکڑ .

۱۷۸۵ زنجیرہ شاہ سلطان حسینی ، ۳

۵۔ بحث ، مباحثہ ، حجت ، تکرار ، جھڑپ .

آج دو مولویوں میں پکڑ ہوگئی .

۱۹۲۶ نورالغات ، ۶ : ۱۰۲

۶۔ (پہلوانی) کشتی ، لڑنت ، دانو .

چل اکھاڑے میں ہم تو ڈنڈ پیلیں
اک پکڑ تیرے ساتھ ہم کھیلیں

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۲۸۸

جب تک سانس نہ بھول جائیں یہی ریل پیل رہے گی، دم لینے کے بعد ان کی پکڑ ہوگی .

۱۹۶۳ ساقی ، کراچی ، جولائی ، ۵۳

۷۔ مواخذہ ، خدا کے ہاں جواب دہی ، اعمال کا حساب .

اگر یہ بزرگوار واقع میں بد ہیں اور تم نے بد نہ جانا ، قیامت میں کچھ پکڑ نہ ہوگی .

۱۸۵۳ تقویٰ ، ۵

اب میں کوئی بات ایسی نہیں کرنے کی جس کی حشر میں پکڑ ہو .

۱۹۱۱ قصۂ مہر افروز ، ۸۱

۸۔ کسی راگ کا تعارفی سر جس پر اصلی تال کا انحصار ہو یا ٹھاٹھ کی اصل (شبد ساگر ، ۲ : ۲۷۳۸) .

۹۔ پکڑنے یا گرفت میں لینے کا آلہ یا کسی کل کا حصہ ؛ سنڈاسی .

ہمارے زمانہ کی توپوں کے بروج میں کئی قسم کی پکڑ ہوتی ہے بعض میں کھٹکا ہوتا ہے .

تفنگ یا فرہنگ ، ۱۹

اف : پکڑنا . کھیلنا ، لڑنا ، ہونا .

(ب) م ف (قدیم) .

۱۔ پکڑ کر .

پکڑ پیک گھوڑے کوں کاٹیا پچھاڑ
کباباں کیا سب وو ہیڑے کوں کاڑ

۱۶۰۹ ضمیمہ قطب مشتری ، ۲۲

۲۔ مترادف : سے (برائے ابتدا و آغاز) .

کہ سر حد پکڑ شاہ کے گھر تلک
سنا گود بھر بھر لیا دان جگ

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۱۰۳

[پکڑنا (رک) سے]

— بُلانا محاورہ .

زبردستی بلا لینا ، گرفتار کرا کے منگوا لینا .

. . . اس نے ذیا بیطس کا الزام لگا کر جرنیلی ہسپتال میں پکڑ بلایا .

۱۹۶۶ 'اردو نامہ ، کراچی، ۲۳ : ۴۲

— بندی (— فت ب ، سک ن) اسٹ .

دلیل ، ثبوت ، شہادت ، گواہی ، اعتراض ، نکتہ چینی .

اس بات کی کیا پکڑ بندی ہے .

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت ، ۱۱۸)

[پکڑ + بندی (رک)]

— پکڑنا محاورہ .

۱۔ گرفت میں لانے کی ہر ممکن کوشش کرنا ، پوری طرح گرفت میں لانا ؛ دانو مارنا یا لگانا .

وہ دونوں بیچ میں لڑ رہے تھے ، پکڑ پکڑ رہے تھے ، برابر کی جنگ ، ایک نولاد دوسرا پارچۂ سنگ .

۱۸۷۹ بوستان خیال ، ۶ : ۲۵۵

۲۔ (مجازاً) کسی امر پر اڑ جانا (جامع اللغات ، ۳ : ۹۳) .

— تختی (— فت ت ، سک خ) اسٹ .

شکنجے کے اوپر کا تختہ جو کسنے کے کام آتا ہے اس پر بیچ کسا رہتا ہے .

مستقل سر گیرا نصف انچی بولٹ ، دستی ڈھبری اور پکڑ تختی کے ذریعہ سے نشست کے مقام سے کسا ہوا ہوتا ہے .

۱۹۴۸ انجینیری کارخانے کے عملی چالیس سبق ، ۷۸

[پکڑ + تختی (رک)]

— جانا محاورہ .

گرفت میں آجانا ، پکڑا جانا ، گرفتار ہوجانا .

یہ جو شب کو پھرتے ہو چور ہو کوئی انشا تم بھی زور ہو
ابھی اس میں جو شور ہو تو یہ جانیے کہ پکڑ گئے

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۴۸

— دھکڑ (— فت دہ ، ک) اسث .

۱. گرفتاری ، جبریہ گرفتاری ، هشت مشت .

پکڑ دھکڑ شروع ہوئی ، تحقیقات ہونے لگی .

۱۸۸۵ فسانۂ مبتلا ، ۷۷

یہ شریف عورت ایسی پکڑ دھکڑ کی عادی کہاں تھی .

۱۹۴۶ معاشیات قومی ، ب

۲. ایک دوسرے کو پکڑنے یا مغلوب کرنے کی کوشش ؛ افراتفری .

اس پکڑ دھکڑ میں سانپ نے بھی اس کی انگلی پر منہ مارا .

۱۸۷۷ عجائب المخلوقات ، ۳۶۵

[پکڑ + دھکڑ ، دھکا (رک) سے]

— رکھنا محاورہ .

روک رکھنا ، جانے نہ دینا ، حراست میں رکھنا .

خدا سے بھی نہیں ڈرتے وہ بے ایمان ایسے ہیں
فرشتوں کو پکڑ رکھیں تیرے دربان ایسے ہیں

۱۹۰۵ داغ (مہذب اللغات ، ۳ : ۸۶) .

— لانا محاورہ .

۱. گرفتار کر کے لے آنا ، (چھپے ہوئے کو) نکال لانا ، قابو میں لے آنا (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۶) .

۲. مقابلے میں حریف کے برابر پہنچ جانا ، (سبق میں یا دوڑ میں) سبقت لے جانا ، (حریف کو) دانو پر لے آنا ، قابو میں لانا (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۶ ؛ نوراللغات ، ۲ : ۱۰۲) .

— لڑنا محاورہ .

کشتی لڑنا .

خم ٹھونک کر اس کی فہم و ادراک کے سامنے کھڑا ہو جائے تو پہلے ایک پکڑ لڑ لو .

۱۹۴۴ افسانچے ، ۱۴

— لنڈ گردھاری ، لٹیارہی نہ تھاری کہاوت .

اس شخص سے جس سے کوئی ہمدردی نہ ہو ایسے محل پر کہتے ہیں جب وہ کسی سخت خسارے میں پڑ گیا ہو (مہذب اللغات، ۳ : ۸۶) .

— مل جانا/ملنا محاورہ .

موقع مل جانا ، کسی بات کا ثبوت مل جانا ، کوئی قابل گرفت بات وغیرہ مل جانا .

پہلے تو وہ انکار کرتے رہے لیکن جب ان کے منہ سے خود ایک بات ایسی نکل گئی کہ سننے والے کو پکڑ مل گئی تو وہ خاموش ہو گئے اور پھر کوئی بحث نہیں کی .

۱۹۶۲ مہذب اللغات ، ۳ : ۸۷

پکڑا جانا (فت پ ، سک ک) ف م .

گرفتار ہو جانا ، گرفت میں آنا ، باز پرس کی جانا ، مواخذہ ہونا ، ہاتھ آنا .

اس کی ہر چند تلاش کی نہ ملی آج تمہارے ساتھ پکڑی گئی .

۱۸۴۵ حکایت سخن سنج ، ۷۳

پکڑا دینا ف م .

۱. گرفتار کرانا (نوراللغات ، ۲ : ۱۰۳) .

۲. رک : پکڑانا .

ایسی متزلزل حالت میں تنخواہ پر مجھے کون قرض پکڑائے دیتا ہے .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۱۰۳

پکڑا دھکڑی (فت پ ، سک ک ، فت دہ ، سک ک) اسث .

رک : پکڑ دھکڑ .

کئی دن تک پولیس خورشید کے گھر پر بیٹھی رہی اور آدمیوں کی پکڑا دھکڑی ہوئی .

۱۸۹۸ شاہد رعنا ، ۱۷۰

بڑی خرابی یہ تھی کہ رات کو نکلتی تو رستہ کا پتہ نہ تھا اور دن کو جاتی تو پکڑا دھکڑی ہو رہی تھی .

۱۹۳۲ بیلہ میں میلہ ، ۲۷

پکڑانا (فت پ ، سک ک) ف م .

۱. دینا ، بخشنا ، تھمانا ، حوالے کرنا ، دست بدست یا ہاتھوں ہاتھ دے دینا .

جب مٹھیاں بھر بھر کے روپے اور زیور ملے گا تو ہمیں پکڑا نہ دو گی ، تمہارے ہی کام آئے گا .

۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۱ : ۲۸

اس نے جو دو کارڈ ہمارے آدمی کو پکڑائے ہیں تو وہ اب گھر بھر کا دوست ہو گیا .

۱۹۰۴ راج دلاری ، ۵۵

۲. گرفت میں دینا ، حوالے کرنے کی کوشش کرنا، تھمانا ، حوالے کرنا .

سدا غریبوں کی امداد پر ہیں جو تیار
لیا سنبھال اسے جس نے ہاتھ پکڑایا

۱۸۹۳ دیوان حالی ، ۱۶۷

۳. گرفتار کرانا (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۶) .

[پکڑنا (رک) کا تعدیہ]

پکڑائی (ف ت پ ، سک ک) اسث .

(شاذ) پکڑ یا گرفت کا موقع .

راجا کی سواری کا گھوڑا چھوٹ گیا اور کسی طرح پکڑائی نہیں دیتا تھا .

۱۹۳۶ قدیم ہنر و ہنرمندان اودھ ، ۱۰۴

[پکڑنا (رک) سے]

پکڑنا (ف ت پ ، ک ، سک ڑ) ف م .

۱. تھامنا ، اٹھانا ، لینا ، ہاتھ وغیرہ کی گرفت میں لانا .

ہر میں خیال کے بھی کیونکر پکڑ سکے دل
نازک ہے جان سیتی تیرا بدن سمولا

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۱۰۲

ارادہ کرتے ہیں دل کے شکار کرنے کا
وہ جب کہ ہاتھ میں تیر و کمان پکڑتے ہیں

۱۸۵۴ کلیات ظفر ، ۳ : ۸۸

نہیں اٹھتا قدم در سے تمہارے کچھ تو باعث ہے
زمیں نے پاؤں پکڑے ہیں کہ پاؤں نے زمیں پکڑی

۱۹۳۲ بے نظیر ، کلام بے نظیر ، ۲۵

۲. لینا ، حاصل کرنا .

ان میں ایسی روائتیں بھی ہیں جن سے مخالفین اسلام نے سند پکڑی ہے .

۱۸۹۸ مضامین سرسید ، ۱۶۳

یہ دیکھ کر بھی وہ عبرت نہیں پکڑتے .

۱۹۲۷ شاد عظیم آبادی ، فکر بلیغ ، ۶۹

۳. رفیق بننا ، ساتھ دینا ، رفاقت کرنا ، ہاتھ آنا .

دولت تو انہیں پکڑتی ہے جو اس کے لیے اپنا دین اور ایمان سب کچھ نثار کرنے کو تیار ہیں .

۱۹۳۵ دودھ کی قیمت ، ۱۵۵

۴. گرفتار کرنا ، قابو میں لانا ، قید کرنا ، پھنسانا (جال وغیرہ میں) .

جسے اس نے پکڑا تھا عاشق سمجھ
بڑی خیر گزری وہ در بان نکلا

۱۸۲۳ مصحفی ، انتخاب رام پور ، ۱۴

سپاہی جب تک انہیں پکڑیں دھکڑیں بادشاہ سلامت نے انہیں پہچان لیا .

۱۹۳۰ عظیم بیگ (پھول ، ۴۰)

۵. عمل کے لیے نمونہ بنانا ، ثابت قدمی کے ساتھ پیروی کرنا ، اختیار کرنا .

لوگو میں نے تم میں دو چیزیں چھوڑی ہیں کہ جب تک ان کو پکڑے رہو گے ہر گز گمراہ نہ ہوگے .

۱۹۲۰ جویائے حق ، ۳ : ۴۲

۶. (i) کھوج لگانا ، نکالنا ، برآمد کرنا .

لکھا ہے خط کوئی میں نے کسے تمہارے بن
کہ مدعا کوئی کوئی نشان تو پکڑو

۱۸۵۶ کلیات ظفر ، ۳ : ۱۲۳

خدا خوش رکھے واعظ کو شراب الصالحین کیسی
کہ ہم نے اس کے پاس اکثر شراب آتشیں پکڑی

۱۹۳۲ بے نظیر ، کلام بے نظیر ، ۲۲۷

(ii) مرسل الیہ تک پہنچنے سے پہلے ہی مخالف یا رقیب کے قبضے میں پہنچ جانا یا پتہ چڑھ جانا .

تیرے کوچے میں گئے خط جب سنا پکڑے گئے
کچھ ترے یاروں کے دل اے دلربا پکڑے گئے

۱۸۵۶ کلیات ظفر ، ۳ : ۱۸۰

۷. کسی جگہ وقت چیز یا شخص وغیرہ تک پہنچنا ، وقت یا فاصلہ وغیرہ طے کرنا یا بتانا ، پالینا ، تھامنا .

اس قدر شوخی نہیں جو کوئی نظارہ کرے
شعلۂ گل کب پکڑ سکتا ہے دامان بہار

۱۷۹۸ سوز ، د ، ۱۲۱

جو ہوتے ہیں تری چشم سیاہ کے بیمار
وہ رات کاہیکو اے مری جاں پکڑتے ہیں

۱۸۵۴ کلیات ظفر ، ۳ : ۸۸

میں وہ مضطر کہ مجھے شام پکڑنی مشکل
واں ابھی شام کا وعدہ وہ ہی گویا نہ ہوا

۱۹۰۱ راقم ، ک ، ۲۴

۸. اختیار کرنا ، پیدا کرنا (اپنے میں کسی کیفیت یا صفت وغیرہ کا) .

جو میں بلبل ہو تیرے عشق کا گلزار پکڑا ہوں
ہوا خواہاں میں تیرے خوش ہوا کا ٹھار پکڑا ہوں

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۶۹

جو درخت صندل کے پیڑ کے پاس رہے تو وہ بھی خاصیت صندل کی پکڑتا ہے .

۱۸۰۳ اخلاق ہندی ، ۵

ایسی نیک بیوی جس کی ہوا لگنے سے آدمی انسانیت پکڑے.

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۲۰۰

۹۔ (کسی وصف میں اپنے حریف یا ساتھی کے) برابر ہو جانا، آ لینا۔
سبق میں پکڑنا۔
۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ، ۱: ۵۲۶
گھنٹہ بھر بعد میل ٹرین چھوٹے گی جو اکسپریس کو بینا کے جنکشن پر پکڑ لیتی ہے۔
۱۹۳۸ بحر تبسم، ۷۷

۱۰۔ غلبہ کرنا، مسلّط ہونا (کسی فکر پریشانی یا بیماری وغیرہ کا)۔
گٹھیا نے پکڑ لیا۔
۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ، ۱: ۵۲۶
پانی نے پکڑ لیا ہے، اب چلنا پھرنا دشوار ہے۔
۱۹۲۶ نوراللغات، ۲: ۱۰۳

۱۱۔ (کشتی) داؤ پر دھرنا، پیچ سے قابو میں لانا یا زیر کرنا (فرہنگ آصفیہ، ۱: ۵۲۶)، پکڑ (رک)۔

۱۲۔ کسی کو کچھ کرتے ہوئے کوئی خاص بات یاد آنے پر روکنا، ٹوکنا، بھول پر پکڑنا، کوئی طریقہ روش یا چال اختیار کرنا (شبد ساگر، ۶: ۲۷۳۸)۔

۱۳۔ بعض محاورات میں جزو ثانی کے طور پر مختلف معانی میں مستعمل، جیسے: کان پکڑنا، راستہ پکڑنا، جڑ پکڑنا، زبان پکڑنا، بیٹ پکڑنا جو اپنی اپنی جگہ درج ہیں۔
[س: پرکٹ شٹہ: प्रकट्ट]

پکڑو (ف پ، سک ک، و مع) امذ۔
(عوامی) بیگار میں پکڑ آنے والا، معمولی آدمی۔
کوئی ایسے ویسے بیگاری پکڑو تو تھے نہیں جو مصافحہ عاشق اور مسکراہٹ زدہ ہوتے، اس قطار کے بھی قد آور اور سربلندوں میں تھے۔
۱۹۷۱ 'سہ ماہی اردو'، ۳۷، ۳، ۴: ۶۰
[پکڑنا (رک) سے]

پکڑوانا (ف پ، ک، سک ڑ) ف م۔
پکڑنا (رک) کا تعدیہ۔
ایک مرتبہ ایک لونڈی نے باہر ڈیوڑھی میں سے آگ پکڑوادی تھی۔
۱۸۸۵ فسانۂ مبتلا، ۲۲۰

پکڑی (ف پ، سک ک) اسث؛ ← پگھڑی (قدیم)۔
پنکھڑی (رک) (قدیم اردو کی لغت، ۶۹)۔

پکسالو (ف پ، سک ک، و مع) امذ۔
بانس کی ایک قسم جو شمالی اور مشرقی بنگال آسام چٹاگانو اور برما میں ہوتا ہے پانی بھرنے کے لیے اس کے چونگے بنتے ہیں، یہ چھاتا بنانے کے کام بھی آتا ہے اس کی پتلی پھٹیوں سے ٹوکرے بھی بنتے ہیں (شبد ساگر، ۶: ۲۷۳۹)۔
[مقامی]

پکسنا (ف پ، ک، سک س) ف ل۔
خام یا نیم پختہ پھل اور میوے وغیرہ کا رکھے رکھے یا کسی اور وجہ سے ذائقے سے اُتر جانا۔
ہوا کے رک رہنے سے آدمی بیمار ہو جاتے ہیں... اور پھل پکس جاتے ہیں۔
۱۸۷۲ عطر مجموعہ، ۱: ۲۱۶
مارے غصے کے چہرہ پکسا ہوا شریفہ، آنکھیں پھٹی، لیجئے گرج کے بولے۔
۱۹۱۵ سجاد حسین، کایا پاٹ، ۶۴
[رک: پکسنا]

پکسینیا (ض پ، سک ک، ی مع، سک ن)۔ امذ۔
ایک قسم کی پھپوندی جو گیہوں جوار وغیرہ کے پودوں کو لاحق ہوتی ہے۔
پکسینیا (Puccinia) کا جال نسیجوں پر مشتمل ہوتا ہے۔
۱۹۳۸ عملی نباتیات، ۱۶۰
[انگ: Puccinia]

پکش (ف پ، سک ک) امذ۔

۱۔ پاکھ، مہینے کا ابتدائی یا آخر کا پندرواڑا۔
دن گذرتے ہیں، ہفتے پکش اور مہینے گذرتے ہیں سال ختم ہو جاتا ہے۔
۱۹۲۰ یوگ واشسٹ، ۷۳

۲۔ پنکھ (پرند کا) بازو، پر (ماخوذ: فرہنگ آصفیہ، ۱: ۵۲۶؛ پلیٹس)۔
۳۔ طاقت، بل (فرہنگ آصفیہ، ۱: ۵۲۶؛ پلیٹس)۔
۴۔ طرف، جانب، طرفداری، جانبداری (فرہنگ آصفیہ، ۱: ۵۲۶؛ پلیٹس)۔
۵۔ تیر کا پر (فرہنگ آصفیہ، ۱: ۵۲۶)۔
۶۔ تصدیق، رائے، فیصلہ (پلیٹس)۔
۷۔ حفاظت (پلیٹس)۔
۸۔ تائید (کسی بحث میں)، موافقت، جواب دعویٰ (پلیٹس)۔
۹۔ فوج، دستہ (پلیٹس)۔
[س: پکش: पक्ष]

ــ بات امذ .

طرفداری ، وکالت ، بحث مباحثے میں کسی کی طرف سے بولنا ، کسی گروہ یا پارٹی کی جانب داری (پلیٹس) .

[پکش + بات (رک)]

ــ لینا محاورہ .

طرفداری کرنا ، حمایت کرنا .

اس کے علاوہ برہمن ہوتے ہوئے بھی میں نے ہریجنوں کا پکش لیا .

۱۹۳۱ پابی ، ۴۹

پَکْشی (فت پ ، سک ک).

(الف) صف .

۱. پنکھ والا ، پنکھی ، پکھیرو ، پرند ، پنچھی . بازو والا (پرند) .

کویل ، طوطے ، مور کیا جانیں ، کتنی قسموں کے پکشی وہاں موجود تھے .

۱۹۲۰ یوگ واشسٹ ، ۲۳۲

پہلیاں بھی ہو چلیں گدری پکشی آنے ہیں تل تل کر

۱۹۲۷ سریلے بول ، ۱۱۸

۲. طرفدار ، مدد گار ، طرفداری کرنے والا ، سرپرست ، ساتھی ، وکالت کرنے والا (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۹۲) .

(ب) امذ .

تیر (جامع اللغات ، ۲ : ۹۲) .

[رک : پکش + ی ، لاحقۂ نسبت]

ــ راج امذ .

پرندوں کا راجہ ، مور ، شاہ پرند (پلیٹس) .

[پکش + راج (رک)]

ــ شالا/شالہ (ــ فت ل) امث .

گھونسلا ، پرندوں کا گھر ؛ چڑیا گھر ، چڑیا خانہ (پلیٹس) .

[پکشی + شالا/شالہ (رک)]

پَکْلا (فت پ ، سک ک) امذ .

ایک زخم جو پانو کی انگلیوں کے درمیان نمی کی وجہ سے ہوتا ہے (اکثر موسم برسات میں انگلیوں کے درمیان کی جگہ پک جاتی ہے جسے گائیاں بھرنا کہتے ہیں (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۹۲) .

[०: पकला पकला]

پَکْلی (۱) (فت پ ، سک ک) امث .

جالی جس میں بھوسہ یا چارہ باندھتے ہیں (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۹۲) .

[०: पकली पकली]

پَکْلی (۲) (فت پ ، سک ک) امث .

پکلا (رک) کی تانیث .

اگر جانور کا دانت ٹوٹ جاتا ہے یا پکلی پر زخم لگتا ہے اور جانور کاواک ہو کر بیکار ہو جاتا ہے تو ایک حصہ فوجدار کو ادا کرنا پڑتا ہے .

۱۹۳۸ آئین اکبری (ترجمہ) ، ۱ : ۲۴۷

پَکْنا (فت پ ، سک ک) ف ل .

۱. (کھانے وغیرہ کا) آنچ پر اتنی دیر رکھا رہنا کہ وہ گل جائے یا کچاند دور ہو جائے ، پخت و پز ہونا ، تلا جانا ، آنچ پر یا بھوبل میں بھونا جانا ، (پانی وغیرہ کا) جوش کھانا .

کہ تھا مرغ بریاں حضور نبی
پکا تھا نہایت لذیذ و طری

۱۸۳۴ مثنوی ناسخ ، ۶۹

نیم میں جھولا پڑا ہے پک رہی ہیں پوریاں
پڑ رہی ہے ہلکی ہلکی مست بھادوں کی پھوار

۱۹۳۶ نقش و نگار ، ۱۱۱

۲. (خام پھل یا میوے کا) درخت پر یا پال میں پختہ یا کھانے کے قابل ہو جانا .

سارے انگور کی بیلاں پہ پکے یوں خوشے
میٹھائی سیس کو انپڑے پڑے گر بھیں پہ پگل

۱۶۷۲ شاہی ، ک ، ۱۲۷

خاکساری ہے مآلِ پختگی شاخ سے ٹپکا جو میوہ پک گیا

۱۸۷۰ دیوان اسیر ، ۳ : ۴۰

۳. (اناج کے دانے یا فصل کا کٹائی کے لیے تیار ہو جانا .

شاید کہ اس کے کھیت میں . . . کچھ عرصے کے لیے اناج بڑھنے بھی لگے ، لیکن افسوس ہے کہ پک جانے سے پہلے ہی پالا اور سرد ہوا اس کو خراب اور برباد کر ڈالتی ہے .

۱۸۷۳ عقل و شعور ، ۲۴

گیہوں عام طور سے اپریل میں پک جاتا ہے ، مگر اکثر کسان مئی سے پہلے کٹائی نہیں کرتے .

۱۹۳۶ ہندوستانی بول چال ، ۳ : ۵۷

۴. (زخم یا پھوڑے کا) پیپانا ، مواد پڑنا ، پیپ کا قابل اخراج ہو جانا .

ذرا جلن محسوس ہوئی ، سمجھی گرمی دانہ پک گیا .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۲۰۹

۰۵۔ معاملے کا تکمیل کے مراحل سے گزر کر طے ہونے کی منزل تک پہنچنا ، چکنا ، طے ہونا (نوراللغات ، ۳ : ۱۰۳) ۔

۰۶۔ (مٹی کے برتن یا اینٹ وغیرہ کا) آوے یا بزاوے کی آنچ سے سرخ ہو جانا (نوراللغات ، ۲ : ۱۰۳) ۔

۰۷۔ (رائے وغیرہ کا) رفتہ رفتہ مصمم ہونا (خیال وغیرہ کا) راسخ ہونا ، قائم ہونا ، محکم ہونا ۔

نصیر کے یہاں مالکن . . . کا خطاب اندر ہی اندر دماغ میں پک رہا تھا ۔

۱۹۵۴ شاید کہ بہار آئی ، ۱۷

۰۸۔ (رنگ کا) پختہ ہو جانا (کہ پھر دھلائی میں نہ اترے) ؛ (مجازاً) (عمر کا) بلوغ کی حد کو پہنچنا ، پختہ کاری اور ہوشیاری آنا ۔

بستی کے شجر میں جو یہ چاہو کہ چمک جاؤ
کچے نہ رہو بلکہ کسی رنگ میں پک جاؤ

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۳۰۵

۰۹۔ (دل یا دماغ بھیجے جگر وغیرہ کا) سخت اذیت پانا ، جلنا ، بھننا (بیشتر کسی تکلیف دہ بات کے تواتر یا تسلسل سے) ۔

کرے تھا کام باورچی کا واعظ جب کبھی بکتا
کہ دل جلتا سخن سن سن کے اس کے اور جگر پکتا

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۲

خدا نے رسول عرب کو جو بھیجا
لگا پکنے کفار کے سر میں بھیجا

۱۸۹۶ لیکچروں کا مجموعہ ، ۲ : ۷۱

۱۰۔ (چونے کا پانی میں پڑنے سے کھد بدی سی آنے پر) گلنا اور نرم ہو جانا ؛ (بالوں کا) سفید ہو جانا (پلیٹس) ۔

۱۱۔ آہستہ آہستہ کسی کام کا جاری رہنا کھچڑی پکنا (رک) ۔

۱۲۔ چوسر میں گوٹوں کا سب گھروں کو پار کر کے اپنے گھر میں آ جانا ؛ قیمت ٹھہرنا ، معاملہ طے ہونا ، سودا پٹنا (شہد ساگر ، ۶ : ۲۷۴۹)

[س : پکو]

پکنا (کس پ ، سک ک) ف م (قدیم) ۔

فصل پیدا ہونا ، پیدا ہونا ۔

طرح طرح کے میوے پکتے ۔

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت ، ۱۱۸) ۔

[رک : پکنا]

پکنک (کس پ ، سک ک ، کس ن) اسف ۔

باہم چندہ کر کے یا مل جل کر بستی سے دور کسی مقام پر کھیل تفریح اور کھانے پینے کی تقریب یا تقریب منانے کا عمل ۔

اگلے دن اوکھلے نہر پر پک نک منانے کے انتظامات کیے گئے ۔

اف : منانا ۔

۱۹۶۷ یادوں کے چراغ ، ۲۰۳

[انگ : Picnic]

پکنی (مٹی) (فت پ ، سک ک (کس م ، شد ث)) صف ۔

پکنے والی ، وہ جسم وغیرہ جو چوٹ یا صدمے سے پکنے لگے اور اس میں پیپ پڑ جائے ۔

آزادی ! کان ہی نہ چھدوانا ، بڑا ہی دکھ ہوتا ہے ، اور تمہاری مٹی ہے پکنی ۔

۱۸۹۱ ایامی ، ۱۰

[پکنی ، پکنا (رک) سے + (مٹی) (رک)]

پکوا (فت پ ، سک ک) صف ۔

پختہ ، پکا ہوا ۔

ویدوں نے دو قسم کے کافور کا ذکر کیا ہے ایک پکوا (پختہ) اور دوسرا اپکوا (خام) جس سے مراد بھیم سینی کافور لی جاتی ہے ۔

۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، ۵ : ۳۴۲

[پکنا (رک) سے]

پکوان (فت پ ، سک ک) اسذ ۔

۰۱۔ گھی یا تیل میں تلا ہوا کھانا (پوری کچوری پھلکی وغیرہ) ، تلی ہوئی یا پکی ہوئی چیز ۔

دھرے پکوان ہر سو اور تلا دے
تلا دے گوشت کے بھی اور سادے

۱۷۸۶ میر حسن (دو نایاب زمانہ بیاضیں ، ۱۹)

ساری فوج صحرا اور کوہستان میں آتری ، کڑھاؤ چڑھ گئے ، پکوان پکنے لگے ۔

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۳۴۳

کل تم اپنی سہیلیوں کو بلوا لینا زہرہ اور ثریا بھی آئی ہوئی ہیں ، پکوان تلنا ۔

۱۹۳۹ شمع ، اے آر خاتون ، ۱۰۸

۰۲۔ کھانے کی چیزوں کی پخت و پز ، پکانا (رک) کا عمل ۔

ساگوان کی لکڑی . . . میں سے بہت دھواں نکلتا ہے اس لیے پکوان کے کام کی نہیں ۔

۱۹۰۷ مصرف جنگلات ، ۷۷

[س : पकवान پکوان]

— ہونی (— و مج) امث .

(تلن ہاری) غذا کی ضرورت کے لیے بعض خوراکی چیزوں کو تلنے کا عمل (ا پ و ، ۳ : ۱۷۳) .

[پکوان + ہونی (رک)]

— ہونیا (— و مج ، سک ن) صف .

تلن ہارا ، غذا کی چیزیں تلنے کا پیشہ کرنے والا (ا پ و ، ۳ : ۱۷۳) .

[پکوان + ہونیا (رک)]

— ہٹّا (— فت ہ ، شد ٹ) امذ .

مٹھائی بازار (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۵۰) .

[پکوان + ہٹّا (رک)]

پکوائی (فت پ ، سک ک) امث .

پکانے کی اُجرت .

ایک ٹکے میں آدھ سیر کا پراٹھا ترتراتا مع . . . پکوائی کے آ جاتا .

۱۹۲۳ اہل محلہ اور نا اہل پڑوسی ، ۳

[پکنا (رک) سے]

— دینا اور کچّی کھانا کہاوت .

اجرت دینے کے باوجود کام خراب ہونا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۰) .

پکوٹا (فت پ ، و لین) امذ (قدیم) ؛ ~ پکھوٹا .

پکھ (رک) کی تصغیر .

جان ہو کر پاک تن کی قید سے
عرش پر دل کے پکوٹوں سے اڑے

۱۸۲۸ باغ ارم ، ۲۰۴

پکوڑا (فت پ ، و لین) امذ .

رک : پکوڑا .

گوکا لوگوں نے نہ صرف مساجد کو بلکہ بعض جگہ دھرم شالوں اور پکوڑوں کو بھی مسمار کر ڈالا .

۱۹۴۳ مقالات گارساں دتاسی (ترجمہ) ، ۱ : ۲۷۵

پکوڑا (فت پ ، و لین) امذ ؛ مث : پکوڑی .

تلی ہوئی (بیشتر بیسن کی) بھولی ہوئی بڑی پھاکی ، بڑی پکوڑی ، (مجازاً) بھولا ہوا .

دمڑی میں منہ کو میٹھا تجھ کو ہمارے کرنا
دو تیل کے پکوڑے آگے ہمارے دھرنا

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۳۴۰

اگر ناک پکوڑا اور دانت کھرپے ہیں تو کوئی پرواہ نہیں .

۱۹۴۷ قیامت ہم رکاب آئے ، ۴۴

[س : پکو + وٹ + کہ : पकव + वट + क:]

پکوڑاں (فت پ ، و لین ، سک ڑ) صف .

پکوڑے سے مشابہ ، پکوڑے کی طرح پھولا ہوا ، گول اور موٹا .

ایک خاص ہئیت کا شخص تھا اس کی لنبی پکوڑاں ناک ، تیز تیز سیاہ آنکھیں .

۱۸۹۱ قصّہ حاجی بابا اصفہانی (ترجمہ) ، ۵۲

[پکوڑا (رک) سے]

پکوڑی (فت پ ، و لین) امث .

پکوڑا (رک) کی تصغیر .

ہاتھی میٹھی پکوڑی کھالے گا .

۱۹۶۳ تجزیۂ نفس ، ۲۹

پکوڑے بیچنا محاورہ .

پست اور ادنیٰ کام کرنا ، پیٹ پالنے کے لیے چھوٹا موٹا کاروبار کرنا .

وہ دن آنے کو ہے جب تم پکوڑے بیچتے ہو گے
مگر ہم بھر رہے ہونگے مسلمانوں سے جیلوں کو

۱۹۳۱ چمنستان ، ۱۲۱

پکوہ (فت پ ، سک ک ، فت و) صف .

پکا ؛ بضم شدہ ؛ سڑنے یا تلف ہونے کے قریب (جامع اللغات ، ۲ : ۹۲) .

[س : پکوہ पकव]

پکّہ (۱) (فت پ ، سک ک) امذ ~ پنکھا .

پنکھا .

یادکش . . . . لفظ پکہ .

۱۳۹۲ بحرالفضائل (سہ ماہی اردو ، جولائی ، ۶۷ : ۱۱۷)

باد بیزن بہندوی پکہ گویند .

۱۴۳۴ زفان گویا (سہ ماہی اردو ، جولائی ، ۶۷ : ۱۱۷)

[رک : پنکھا]

پکّہ (۲) (فت پ ، سک ک) امذ ؛ ~ پکھ .

رک : پکش (پلیٹس) .

پکّہ (فت پ ، شد ک بفت) امذ (قدیم) .

رک : پکّا (= پختہ) .

و بزبان اہل ہند پکہ پختہ راسیگویند .

۱۸۶۴ توزک جہانگیری (سر سید ایڈیشن) ، جشن دوم، ۴۷

پکّی (فت پ ، شد ک) .

(الف) صف .

پکا (رک) کی تانیث .

توبہ وہی پکی ہے کہ آدمی جو دل میں سوچے یا منہ سے کہے ویسا ہی کر دکھائے .

۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۵۷

خاص کا عکس نہیں تو یہ گویا اس بات کی پکی شناخت ہے کہ عام کا عکس بھی نہیں .

۱۹۰۸ مبادی الحکمۃ ، ۷۶

(ب) امث .

پوری ، کچوری ، مٹھائی وغیرہ کی دعوت (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۷) .

— اینٹ (— ی مع ، مغ) امث .

وہ اینٹ جو بزاوے میں پکائی گئی ہو .

اگر دوشنبہ کو مریدوں میں سے مر جائے . . . . تو کچا اناج اور پکی اینٹ اس کی گردن میں باندھ کر پانی میں ڈبو دیں .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۸۵۱

[پکی + اینٹ (رک)]

— بات امث .

۱. یقینی امر ، طے شدہ معاملہ ، تجربے استدلال یا دانائی وغیرہ کے معیار پر جانچا پرکھا ہوا مسئلہ .

استحقاق یا مطالبے کا خوف ہو تو بڑی پکی بات ہے .

۱۸۶۶ تہذیب الایمان (ترجمہ) ، ۴۳۲

ایسی پکی بات کہی ہے کہ مشکل سے کہیں اس کے خلاف نکلے تو نکلے .

۱۹۴۴ صید و صیاد ، ۱۸۷

۲. پکا پن ، چالاکی ، ہوشیاری .

صاحب کو صغیر سن میں سوائے کھیل اور ناچ گانے کے کب ایسی پکی باتوں کی تمیز اور حوصلہ تھا .

۱۸۵۸ تاریخ غزالہ ، ۲۹

[پکی + بات (رک)]

— بولی (— و مج) امث .

شہر والوں کا روزمرہ ، پکی زبان (ماخوذ : نوراللغات ، ۲ : ۱۰۴) .

[پکی + بولی (رک)]

— بیری تلے کے بیٹھنے والے کہاوت .

اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو بے محنت و مشقت اپنا پیٹ پالنے کا عادی ہو گیا ہو (مہذب اللغات ، ۳ : ۸۸) .

— بیری کے بیر کھانے والے ہیں کہاوت .

بغیر محنت و مشقت کے گزر کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں (ماخوذ : محاورات ہند ، ۴۸ ؛ نجم الامثال ، ۱۲۶) .

— پکائی (— فت پ) امث .

پکا پکایا (رک) کی تانیث .

تجھ کو میں پکی پکائی روٹیاں
بھیجتا ہوں ساتھ پانی کے یہاں

۱۷۷۳ رموز العارفین ، ۲۱

— پکائی کھانا محاورہ .

بے فکری سے گزراوقات کرنا ، بغیر محنت کے بسر کرنا .

یعنی روٹی کس سے کچھ پکوائیے
ہوئے تو پکی پکائی کھائیے

۱۸۱۴ ایجاد رنگین ، ۶۳

آپ ہی کا صدقہ ہے کہ ہم . . . . دونوں وقت پکی پکائی کھا رہے ہیں .

۱۹۱۰ لڑکیوں کی انشا ، ۵۵

— پکائی ہانڈی/ہنڈیا (— فت پ ، مغ/فت ہ ، مغ) امث .

(لفظاً) پکا ہوا تیار کھانا ، پکی پکائی یا تیار چیز جو بے مشقت مل جائے .

بنی بنائی سلطنت اور پکی پکائی ہانڈی اللہ تعالیٰ نے پٹھانوں کو دی .

۱۸۰۸ حسن اختلاط ، ورق ، ۴ الف

علامہ نذیر احمد . . . . کانفرنس کے سامنے پکی پکائی ہنڈیا پیش کرتے ہیں .

۱۹۰۶ افادات مہدی ، ۹۴

[پکی + پکائی (رک) + ہانڈی/ہنڈیا (رک)]

— پکّی (— فت پ ، شد ک) صف .

۱. پکی (رک) کی تاکید .

بڑی پکی پکی قسمیں کھا کر کہتے ہیں کہ ہم تو آپ کے ایسے فرماں بردار ہیں .

۱۸۹۵ ترجمہ قرآن ، نذیر ، ۵۷۱

اوپر نگاہ گئی تو پکی پکی نبولیاں دکھائی دیں .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۶۷

۲. بے رونق ، جس میں جاذبیت نہ ہو ، بھدی ، عمر رسیدہ .

ان کی صورتیں ہی کچھ دوسری طرح کی ہوتی ہیں ، پکی پکی ، بے ہنگم ، کرخت ، بد رنگ .

۱۸۹۹ رویائے صادقہ ، ۴۵

— پہلی (— فت پ ، سک ہ) اسٹ .

پرائمری اسکول کی پہلی جماعت سے قبل کا درجہ موجودہ کے جی نمبر دو کے برابر اس کے بعد درجۂ اول آتا ہے یعنی الف ب پھر اول .

حاجی عبدالرحمن سوداگر چرم کی نواسی کچی پاس کر کے پکی پہلی میں ہو گئی ہیں .

۱۹۷۳ روزنامہ 'جنگ' ۲۸ مئی : ۵

[پکّی + پہلی (رک)]

— پیداوار (— ی لین) اسٹ .

(زمینداری) فصل میں سے بیج اور لگان وغیرہ دینے کے بعد جو کچھ بچے (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۷) .

[پکّی + پیداوار (رک)]

— پیسی (— ی مع) اسٹ .

پکا پیسا (رک) کی تانیث .

بے دردی ، سختی بھتیری اور مہر و محبت تھوڑی سی جھوٹی عیاری ناک چڑھی ، بھولی بھالی ، پکی پیسی

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۱۴۰

پوری پکی پیسی تھیں ، جو ان کی باتیں سنتا دنگ رہ جاتا .

۱۹۴۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۲۲

— پہلی نہیں پھوڑتا کہاوت .

کچھ کام نہیں کرتا ہے ، بہت سست ہے (جامع اللغات ، ۲ : ۹۱) .

— ترکاری (— فت ت ، سک ر) اسٹ .

پھل ، میوے (پلیٹس) .

[پکّی + ترکاری (رک)]

— تول (— و مج) اسٹ .

۱. صحیح وزن والی تول جس میں کمی بیشی نہ ہو (جامع اللغات ، ۲ : ۹۱) .

وہ تلائی جو اسّی تولے کے سیر یا چالیس سیر کے من کے مطابق ہو .

اس وقت دیہات میں پکی تول سے ایک روپیہ کا ڈھائی سیر گیہوں مل رہا ہے .

۱۹۵۸ مہذب اللغات ، ۲ : ۸۹

[پکّی + تول (رک)]

— جڑائی (— فت ج) اسٹ .

(جڑائی و مینا کاری) زیور میں نگینے کو کندن سے جمانے کا عمل جس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ نگینے کو بیٹھک کے ساتھ جما کر اوپر کناروں پر کندن کی کور اس طرح بناتے ہیں کہ نگینہ زیور کے ساتھ ایک جان ہو جاتا ہے (ا پ و ، ۴ : ۷۱) .

[پکّی + جڑائی (رک)]

— چکن (— کس چ ، فت ک) اسٹ .

(بنائی) اُبھروان اور بانے سے علیحدہ کڑھی ہوئی بوٹی کی چکن (ا پ و ، ۲ : ۶۶) .

[پکی + چکن (رک)]

— چھتیسی (— فت چھ ، شد ت ، ی مع) صف .

تجربہ کار ، ہوشیار ، چالاک ، عقل مند (عورت) (بطور ذم) .

اگر بھولی بھالی نہ ہوتی ، پکی چھتیسی عورت کھیلی کھائی ہوتی تو ناز و غمزہ نہ جتاتی .

۱۸۹۰ انتخاب طلسم ہوشربا ، ۲۹۸

[پکی + چھتیسی (رک)]

— حویلی (— فت ح ، ی مج) اسٹ .

(مجازاً) جیل خانہ ، بڑا گھر .

لالہ جی پکی حویلی سے چھوٹتے تو قسم بھیا کی میونسپلٹی میں دوبارہ حلیہ لکھوانا پڑتا .

۱۹۵۴ اپنی موج میں ، ۴۳

[پکی + حویلی (رک)]

— رخصت (— ضم ر ، سک خ ، فت ص) اسٹ .

رخصت مکسوبہ ، رخصت استحقاقی ، وہ رخصت جو کسی شخص کو محکمے سے لینے کا حق حاصل ہو ، انگ: Privilege leave (انگلش اردو ملٹری گلاسری ، ۹۳) .

[پکی + رخصت (رک)]

— رَسوئی (— فت ر ، و مج) امث .

تلی ہوئی غذا (جسے چوکے کی ضرورت نہیں اور ہر جگہ بیٹھ کر کھائی جا سکتی ہے) .

لیکن دراصل عبارت آرائی کی ہزار دقتوں سے بچنے کے لیے بھی کبھی پکی رسوئی سے گزارا ہو جاتا ہے .

۱۹۰۸ مقامات ناصری ، ۲۸۰

[پکی + رسوئی (رک)]

— زَبان (— فت ز) امث .

رک : پکی بولی (نوراللغات ، ۲ : ۱۰۴) .

[پکی + زبان (رک)]

— زَمین (— فت ز ، ی مع) امث .

سخت یا پتھریلی زمین .

جس (زمین) میں پتھر زیادہ ہو اسے پکی زمین کہتے ہیں .

۱۹۱۶ علم زراعت ، ۴

[پکی + زمین (رک)]

— سِلائی (— کس س) امث .

(لباس) بخیے کی سلائی جو آسانی سے نہ اُدھڑ سکے .

کپڑے کو ہاتھ سے کچا کرنے کے بعد پکی سلائی مشین سے کی جاتی ہے .

۱۹۶۲ مہذب اللغات ، ۳ : ۸۹

[پکی + سلائی (رک)]

— عُمر (— ضم ع ، سک م) امث .

ایسی عمر جس میں انسان میں پختہ پن آ جائے ، (مجازاً) وہ جس کی عمر زیادہ ہو .

ایک بیٹا اور ایک بیٹی تو پکی عمر کے ہیں اور بیاہے جا چکے ہیں .

۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۵

پکی عمر کے آدمی ہیں .

۱۹۷۰ سفر نامۂ ہندوستان ، ۲۶

[پکی + عمر (رک)]

— فَجر (— فت ف ، سک ج) امث .

صبح صادق ، جس کے بعد صبح کی روشنی مسلسل بڑھتی ہی جاتی ہے .

ابھی نکی فجر تھی ، رات کا تیسرا پہر ختم ہو رہا تھا مگر پکی فجر نہ ہوئی تھی کہ خان زمان جاگ گیا .

۱۹۶۱ برف کے پھول ، ۶۰

[پکی + فجر (رک)]

— قَبر (— فت ق ، سک ب) امث .

اینٹ یا پتھر اور چونے وغیرہ سے تیار کی ہوئی قبر (ا پ و ، ۷ : ۱۳۹) .

[پکی + قبر (رک)]

— کَرنا محاورہ .

کسی بات یا معاملے کو پختہ طور پر طے کر لینا .

کل ہی چلی آؤ اور اپنے سامنے پکی کر آؤ .

۱۸۹۷؟ حیات صالحہ ، ۱۱۹

کبھی کبھی نکل آتی ہے جنس دل بھی خراب
بری نہ نکلے تو پکی ضرور کر لینا

۱۹۰۵ داغ ، مہتاب داغ ، ۳۸

— کَڑھت (— فت ک ، ڑھ) امث .

۱. (تزئین لباس) باریک ٹانکوں کی کڑھائی جو کپڑے کے ساتھ ایک جان ہو جائے اور ادھڑ نہ سکے (ا پ و ، ۲ : ۱۷۱) .

۲. کڑھت کی ایک قسم جو پتی کی کڑھت سے مشابہ ہے لیکن فرق اتنا ہوتا ہے کہ یہ کپڑے کے دونوں طرف ایک سی ہوتی ہے ، دوہری کڑھت (کڑھت کی قسمیں ، ۵) .

[پکی + کڑھت (رک)]

— کھال امث .

(دباغت) مسالا لگایا ہوا چمڑا جو سڑنے سے محفوظ ہو گیا ہو (ا پ و ، ۲ : ۲۱۲) .

[پکی + کھال (رک)]

— کھیتی (— ی مج) امث .

تیار فصل ، (مجازاً) کوئی معاملہ جو بالکل تکمیل کے قریب ہو (جامع اللغات ، ۲ : ۹۱) .

[پکی + کھیتی (رک)]

— گوٹ (— و مج) امث .

چوسر یا پچیسی کی وہ گوٹ جو اپنے گھر سے چل کے سب گھروں میں ہوتی ہوئی اس گھر میں پہنچ جائے جہاں کوئی گوٹ اسے پیٹ نہ سکے .

مہرہ اسی طرح داہنی جانب چالیں چلتا اور تمام بساط کی بیرونی قطاروں کو طے کرتا ہوا اور اپنے ضلع کی بائیں قطار میں آتا ہے اور اس قطار کے بھی تمام خانوں کو طے کر کے اپنے ضلع کی درمیانی قطار میں داخل ہوتا ہے اس حالت میں مہرہ کو پختہ (پکی گوٹ) کہتے ہیں .

۱۹۳۸ . آئین اکبری (ترجمہ) ، ۱ : ۳۶۴

[پکی + گوٹ (رک)]

ـــ مٹی (ـــ فت م ، شد ٹ) امث .

ایک قسم کی مٹی جو مضبوط پلاستر یا مجسمہ سازی وغیرہ میں استعمال ہوتی ہے .

پکی مٹی (Terra-cotta) بہت اچھی اگن روک شے ہے اور امریکہ میں کثرت سے استعمال ہوتی ہے .

۱۹۴۱ تعمیروں کا نظریہ اور تجویز ، ۲ : ۶۹۱

[پکی + مٹی (رک)]

ـــ نواڑی (ـــ کس ن) امث .

(تنبولی) چار پانچ مہینے کی عمر کا پان جو بیل میں پوری طرح پختہ ہو کر کرارا ہو جاتا ہے (ا پ و ، ۴ : ۱۲۰) .

[پکی + نواڑی (رک)]

ـــ نیند (ـــ ی مع ، مغ) امث .

گہری نیند ، ایسی نیند جو آسانی سے نہ ٹوٹے .

یہ خواب غفلت میں پکی نیند میں پاؤں پھیلا کے سوتے ہیں .

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، ۴ : ۱۱۶

[پکی + نیند (رک)]

ـــ ہڑ (ـــ فت ہ ، سک ڑ) امث .

(ہٹوا گری) ڈورے میں زیور کے حصے سے ملی ہوئی گاجر کی شکل کی بندش جس کا چوڑا رخ زیور سے ملا ہوا بنایا جاتا ہے جو تدریجی طور پر ڈھلوان ہوتا ہوا ڈورے کی سطح سے آملتا ہے ، گاجر نما ہڑ ، کچی ہڑ یا منڈی ہڑ کے بالمقابل (ا پ و ، ۴ : ۷۷) .

[پکی + ہڑ (رک)]

ـــ ہونا محاورہ .

پکی کرنا (رک) کا لازم .

محمد کامل کے ساتھ جو بات تھی پکی ہو گئی .

۱۸۶۸ مرآۃ العروس ، ۱۰۴

پکی (کس پ) امث .

مادہ کوئل (پلیٹس) .

[س : पिक पकी]

پکے (فت پ ، شد ک) صف .

پکا (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت ، تراکیب میں مستعمل .

ـــ آم کے ٹپکنے (ٹپکے) کا ڈر محاورہ .

بوڑھے آدمی کی موت کا ہر وقت خطرہ ، سن رسیدہ آدمی کی زندگی کا اعتبار نہیں (ماخوذ : نوراللغات ، ۲ : ۱۰۴ ؛ محاورات ہند ، ۴۸) .

ـــ پان کے دن ٹکیں گے کہاوت .

بوڑھے آدمی کی زندگی چند دن کی ہوتی ہے .

زمانۂ حیات مستعار کہلاتا ہے ، اور پھر بڈھوں کی زندگی کا کیا بھروسہ ، پکے پان کے دن ٹکیں گے .

۱۹۲۰ لخت جگر ، ۱ : ۲۶

پکیٹنگ (کس پ ، ی مج ، کس ٹ ، غنہ) امذ .

پہرہ دینا ، گشت کرنا ؛ ہڑتال کے زمانے میں آدمیوں کو کام سے روکنا ، دھرنا دینا .

خدایا بھیج دے جیل ان پکیٹنگ کرنے والوں کو
یہاں تو میکدے کا بیٹھنا اٹھنا ہی جاتا ہے

۱۹۴۲ سنگ و خشت ، ۳۴۳

[انگ : Picketing]

پکیڑ (فت پ ، ی مج) امث .

(نعلبندی) رک : پکڑ .

پکیڑ یا ٹھہراؤ حاصل کرنے کے لیے کسی بڑی بلندی کی ضرورت نہیں پڑتی .

۱۹۰۵ دستورالعمل نعلبندی ، ۱۰۴

[پکڑنا (رک) سے]

پکھ (فت پ ، سک کھ) امث (قدیم) ~ پکھ .

۱. رک : پکش .

اڑھنے کو نہ پکھ نہ پائے رفتار
ناجہت نہ رہ نہ منزل و یار

۱۸۷۳ جامع المظاہر ، ۱۱

۲. (نجوم) ایک نچھتر کا نام جس کی گرہ سنیچر (اور اس گرہ کی رسا انیس برس) ہے ، ہوس (سیر افلاک ، ۱۳۳) .

۳. پاکھا ؛ پندر واڑہ ، رک : پکھ (۲) (ماخوذ : فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۷ ؛ قدیم اردو کی لغت ، ۶۹) .

ـــ ڈنڈی (ـــ فت ڈ ، سک ن) امث .

رک : پگ ڈنڈی (ا پ و ، ۶ : ۳۶) .

دو نالوں یا جنگل کی پکھ ڈنڈیوں کے اتصال کی جگہ جو کسی قدر بلند ہو ، بہترین مقام ہے .

۱۹۳۲ قطب یار جنگ ، شکار ، ۲ : ۲۱۸

[پکھ + ڈنڈی (رک)]

ـــ نائٹ (ـــ کس مج ء) امث .

(کھٹ بنا) رک : ادوان (ا پ و ، ۱ : ۱۷۸) .

[پکھ + نائٹ (رک)]

پکّھا (فت پ ، شد کھ) امذ .

رک : پاکھا (نوراللغات ، ۲ : ۱۰۳) .

پکھاٹا (فت پ) امذ .

۱. بازو ، سرا ، کمان کی نوک یا کونا .

کمان کے پکھاٹے پڑدنے اس کی چھاتی پر بیٹھے .

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت ، ۱۱۸)

۲. پرندے کے بازو کی جڑ (پلیٹس) .

[س : پکش + پٹ + کہ : पक्ष + पट + क:]

پکھارنا (فت پ ، سک ر) ف م .

رک : پکھالنا (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۹۲) .

میں اس طرح ان کی خدمت کروں گی ان کی دھوتیاں دھوں گی ان کے پیر پکھاروں گی جیسے ان کی من چاہتی بہو کرتی .

۱۹۳۶ پریم چند ، پریم چالیسی ، ۱ : ۳۸

پکھاڑی (فت پ) اسث .

(تعمیر) قینچی کے علی القوائم سلاخ جس کے ذریعے چھت کی پوشش کو قینچی سے وصل کیا جاتا ہے (ماخوذ : تعمیروں کا نظریہ اور تجویز ، ۲ : ۷۰۸) .

نابدار آہنی پتر چوبی یا آہنی پکھاڑیوں پر بچھایا جاتا ہے .

۱۹۴۷ رسالہ تعمیر عمارت ، ۷۹

[پکھ (رک) سے]

پکھال (۱) (فت پ) اسث .

۱. پانی بھرنے کے لیے بیل گائے بھینس وغیرہ کی سالم کھال کا بنا ہوا تھیلا ، چمڑے کے تھیلوں کی جوڑی جس میں پانی بھر کر جو عموماً بیل کے دائیں بائیں لٹکا کر لے جاتے ہیں ، بڑی مشک .

خلق کا تشنگی سے ہے یہ حال
طفل کو مشک دو ، جوان کو پکھال

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲ : ۴۵

فرصت اک دم نہیں ملتی کہ وہ آرام کرے
دلو کو بھرتے ہی گذرے ہے سدا مشک و پکھال

۱۸۰۱ ؟ جوشش ، د ، ۲۴۵

خم کے خم پی گئے ہیں اک حضرت
پیٹ ہے یا پکھال چمڑے کی

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۷۸

۲. دھونکنی (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۵۴) .

[س : پیس + کھلہ : पयस + खल्ल:]

— پیٹا/پیٹو/پیٹیا (— ی مج/ی مج ، و مع/ی مج ، سک ٹ) صف مذ .

بڑے پیٹ والا ، بڑ پیٹو ، کھاؤ ، بہت کھانے والا ، اکال (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۷۶ ؛ نوراللغات ، ۲ : ۱۰۳) .

[پکھال + پیٹا/پیٹو/پیٹیا (رک)]

— کا لادنا اور ڈاک کا چلانا ایک سا کہاوت .

بہشتی کا اور ڈاک لے جانے کا کام دونوں جلدی ہونے چاہیں (جامع اللغات ، ۲ : ۹۲) .

پکھال (۲) (فت پ) امذ .

(لوہاری) صاف کیا ہوا سخت قسم کا لوہا ، اسپات (ا پ و ، ۸ : ۴) .

[پکھالنا (رک) سے]

پکھال (۳) (فت پ) امذ ~ پخال .

کیچڑ ، دلدل ، مٹی ، کوڑا کرکٹ ، خاروخس ، مابہ ؛ ہیچش ، مروڑا (پلیٹس) .

[س : پنک + الہ : पङ्क + आलः]

پکھالنا (فت پ ، سک ل) ف م ؛ ~ پکھارنا .

دھونا ، کھنگالنا ، صاف کرنا (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۹۲) .

[س : پرکشال نین प्रक्षालनीय]

پکھالی (فت پ) امذ .

پکھال میں پانی لے جانے والا ، سقا (پلیٹس) .

[رک : پکھال + ی ، لاحقۂ نسبت]

پکھالیا (فت پ ، سک ل) امذ .

رک : پکھالی .

دیا بھیج وو سر تفالیا کے تیں
ووسر جرم چرکیں پکھالیا کے تیں

۱۵۶۴ حسن شوقی ، د ، ۱۱۲

— پٹار (— کس پ) امذ .

رک : پکھال پیٹا .

اگر زیادہ کھاتا ہے تو کہیں گے کہ پکھالیا پٹار تو ہے .

۱۸۸۲ بوستان تہذیب (ترجمہ) ، ۶۳

[پکھالیا + پٹار (رک)]

پکھان (فت پ) امذ .

رک : پاشان (قدیم اردو کی لغت ، ۶۹ ؛ پلیٹس) .

— بید (— ی مج) امذ .

ایک بوٹی کا نام جس کی خاصیت ہے کہ پتھر کو ریزہ ریزہ کر دیتی ہے ، رک : پاشان بھید .

لہسن اور پکھان بید کے ساتھ بھی سنگ گزیدہ کو نافع ہے.

۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، ۶ : ۵۵۸

پکھانا (فت پ) امذ .

۱. کہاوت ، کتھا ، کہانی ، مثل ؛ نظم کی ایک قسم .

ایک اور چیز ہے جسے پکھانا کہتے ہیں یہ ایک قسم کا کبت ہے .

۱۸۵۴ تمہیدی خطبے ، ۱۱۳

۲. شعری بحر کی ایک قسم ؛ پتھر وغیرہ ، رک : پاشان (پلیٹس) .

پکھاوج (فت پ ، و) امث ؛ ~ پکھواج .

تال کا قدیم ساز ، جسے مردنگ کی ترقی یافتہ شکل کہا جاتا ہے مردنگ مٹی کی اور پکھاوج لکڑی کی ہوتی ہے یہ انگلیوں سے کم ہتھیلیوں سے زیادہ بجائی جاتی ہے پکھاوج بیچ میں سے کسی قدر اونچی اور سروں کی طرف گاودم ہوتی چلی جاتی ہے وضع قطع میں ڈھول سے مشابہ .

جتر سر منڈل ہور پکھاوج کماج
سہے تال و دستک بہ مردنگ ناج

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۹۶

پکھاوج اور دف لے کر گویا
بجا گاتی تھیں ریجھے تھا کنہیا

۱۷۵۹ راگ مالا ، ۴۱

خوشی سے گڑیا کا بیاہ رچایا تھا اور ڈھولک ، پکھاوج لیے ہوئے رت جگے کی تیاری کر رہی تھی .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۲۰

آنکھوں کے جھکاو میں ہے خلوت کی امنگ
سینے کے تناو میں پکھاوج کی ترنگ

۱۹۳۷ روپ ، ۱۳۱

[پکش (رک) سے]

پکھاوجی (فت پ ، سک و) صف .

پکھاوج بجانے والا .

ایک کی نظر جو شہزادے پر جا پڑی ، ساتھیوں سے کہنے لگی ، بکاولی کا پکھاوجی یہی ہے .

۱۸۰۳ گل بکاولی ، نہال چند ، ۶۹

ایسے ایسے ٹکڑے لگاتا کہ اچھے اچھے طبلچی اور پکھاوجی حیران ہو جاتے تھے .

۱۹۰۰ ذات شریف ، ۱۱۷

[پکھاوج (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

پکھر/پکھرا (ضم پ ، فت کھ/سک کھ) امذ .

تالاب ، پوکھرا (شبد ساگر ، ۶ : ۳۲۶) .

[س : پشکر पुष्कर]

پکھرا (فت پ ، سک کھ) امث .

سنکھیے کی اٹھارہ قسموں میں سے ایک .

سم الفار (۱۸) قسم کی ہے سنکھیا . . . . . پکھرا . . . . شیام سندر .

۱۹۰۶ اکسیرالاکسیر ، ۸

[مقامی]

پکھرا (فت پ ، ضم کھ) امذ .

رک : پکھوا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۸۴) .

پکھراج (۱) (ضم پ ، سک کھ) امذ .

ایک قسم کا بیش قیمت جواہر جس کا رنگ بیشتر زرد ، گاہے نیلا اور سبز مائل بہ سفیدی ہوتا ہے ، زہر جد ، یا قوت زرد ، ہاک و ہند میں اس کے مختلف رنگوں سے مختلف نام دیئے گئے ہیں . پھول گیندے کے پکھراج سے لالے کے لعل سے بن گئے .

۱۸۴۵ نغمۂ عندلیب ، ۲۲۴

وہ ہلتے ہیں زرد آم جو سامنے
لٹکتے ہیں پکھراج کے قمقمے

۱۹۳۲ بے نظیر ، کلام بے نظیر ، ۲۹۸

[س : پुष्य + राज : پشیہ + راجہ]

پکھراج (۲) (ضم پ ، سک کھ) امذ .

ایک چھوٹا پرند جو خوش آواز ہوتا ہے اور سکھانے سے مختلف بولیاں بولتا ہے (مہذب اللغات ، ۳ : ۸۸) .

[مقامی]

پکھروٹا (فت پ ، سک کھ ، واو) امذ .

۱. چاندی یا سونے کا ورق جو پان کے بیڑے یا دیگر آرائشی سامان وغیرہ پر لپیٹ دیتے ہیں .

کوئی ڈانک اور پہاڑ تلی کا اتار چڑھاؤ، ایسا دکھلائی نہ دے جس کی گود پکھروٹوں اور پھول پھلوں سے بھری بھتولی نہ ہو۔
۱۸۰۳ رانی کیتکی، ۴۸

۲۔ (مجازاً) چاندی سونے کا کام جو کپڑوں پر کیا جاتا ہے۔
خوب پکھروٹے سنہرے بن گئے انگیا کے پان
پرتو افگن چھاتیوں پر ہے جو ہر رخسار آج
۱۸۴۷ کلیات منیر، ۱ : ۱۱۱

[س : پکش + ر + پٹ + کہ : पक्ष + र + पट + क:]

پکھری (۱) (فت پ ، سک کھ) امث (قدیم) ؛ ~ پکھڑی .

پھول کی پتی ، رک : پکھڑی ، پنکھڑی .
پھول کی پکھری پہ جوں مارا ہے چنگل رنگ نے
دل نے توں پکڑا ہے تیرا دامن اے گل پیرہن
۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۲۱

پکھری (۲) (فت پ ، سک کھ) امث .

(کتائی) تاگے کی انٹی بنانے کے لیے انیرن کی پر ایک کھونٹی (ا پ و ، ۲ : ۱۲) .

[پکھ (رک) سے]

پکھوری (فت پ ، ضم کھ) امث .

رک : پکھڑی (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۵۴) .

پکھریت (فت پ ، سک کھ ، ی لین) امذ .

(ہاتھی یا گھوڑا وغیرہ) جس پر لوہے کی پاکھر پڑی ہو .
چھٹی قطار کے پچھوں دس ہزار گھڑنالیں اور ہاتھی اور گھوڑے تو پکھریت ہیں .
۱۷۴۶ قصہ مہر افروز و دلبر ، ۲۳۵

[پاکھر (رک) سے]

پکھڑی (فت پ ، سک کھ) امث .

پھول کی پتی ، پنکھڑی .
ہوائے محبت اس کی گل کی صورت میں پکھڑی پکھڑی ہو کے جھڑ جاوے .
۱۷۷۵ نو طرز مرصع ، ۱۳۴
سورج کے نکلنے پر سورج مکھی مکمل کھل آتا ہے اور پکھڑیوں کو پھیلاتا ہے .
۱۸۹۰ جوگ بشسٹھ (ترجمہ) ، ۱ : ۲۹

[پکش (رک) + ڑہ ، لاحقۂ نسبت]

پکھڑی (فت پ ، ضم کھ) امث .

پھول کی پتی ؛ کندھے کی ہڈی (پلیٹس) .

[رک : پکھڑی]

پکھنڈ (فت پ ، کھ ، سک ن) امذ .

رک : پاکھنڈ .
اس کو سیواجی کے پکھنڈ نہیں بھاتے تھے .
۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۸ : ۱۲۹
بیٹھے بٹھائے یہ سارا پکھنڈ کھڑا کروادیا .
۱۹۷۳ رنگ روتے ہیں ، ۸۵

اف : پھیلانا ، باندھنا ، چھانا .

پکھنڈی (فت پ ، کھ ، سک ن) صف .

رک : پاکھنڈی ، گنہ گار ، شریر ، جھگڑالو ، شرارتی .
جنم کا بھوگی آج جوگی ہو چلا مجھے ڈبو چلا ارے کس پکھنڈی نے جوگ سنگھایا ارے اسے کچھ رحم نہ آیا .
۱۹۲۲ طالب بنارسی ، مہاراجہ گوپی چند ، ۷۹

پکھوا (فت پ ، سک کھ) امذ .

۱۔ پہلو ، بغل ، گود .
سو پکھوے میں شہ دانی کے یوں اچھے
کچا موتی سینپی منے جیوں اچھے
۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۲۱
جگر پاروں کو اپنے سینے سے لگائے ، پکھووں میں چھپائے بڑے امن چین سے مگن بیٹھی تھی .
۱۹۲۰ لخت جگر ، ۱ : ۱۶۴

۲۔ (مجازاً) آسرا ، سہارا ، سرن ، پناہ .
خاوند مر گیا تو بھائی کا پکھوا لیا .
۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۷
بچے بھی سوتیلی ماں کے پکھوے سے کب لگیں گے .
۱۹۲۱ فغان اشرف ، ۸۱

۳۔ پاکھا (رک) کی تصغیر (پلیٹس) .
اف : لگنا ، لینا ('سے' کے ساتھ) .

[س : پکش + آ کہ : पक्ष + क:]

پکھوارا/پکھواڑا (فت پ ، سک کھ) امذ .

رک: پکش ، پندرہ دن، آدھا مہینہ (ہندی اردو لغت ، ۱۸۲۰) .

[پکھ (رک) + وارا / واڑا ، لاحقۂ نسبت]

پکھوائی (فت پ ، سک کھ) امث ؛ صف .

۱۔ (تعمیرات) بغلی ستون ، دالان کے پاکھوں سے ملا کر لگائے جانے والے ستون کا ادھا (اس کے پاکھے سے ملا رہنے والا رخ چپٹا اور روکاری رخ درمیانی ستون کا جوابی ہوتا ہے یعنی بناوٹ میں درمیانی ستون سے مشابہ) ، الین یا آلین (ا پ و ، ۱ : ۵۴) .

۲۔ کوڑی کی بغلی دیوار۔
دروازے کے پاکھے چنے جارہے ہیں ، کھڑکی کی پکھوائیاں تیار ہوگئیں ۔
۱۹۳۹ اصطلاحات پیشہ وراں ، ۱ : ۱۱۲

۳۔ چھپر کھپریل یا سائبان وغیرہ کا پاکھا یا پہلو۔
پکھوائی کے قریب ایک چوکی بچھی ہوئی ہے ۔
۱۹۴۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۴۶
[پاکھا ، پکھ (رک) + وائی ، لاحقۂ تصغیر و نسبت]

ــ ڈاٹ امث ۔
(تعمیرات) وہ ڈاٹ جو پاکھوں کے جوڑ پر چنائی کا کونا کاٹنے اور اس کی ترکیب بدلنے کے لیے لگائی جائے ۔
گنبد کی دیواروں کے کونوں پر گولائی پیدا کرنے کو مختلف قسم کی پکھوائی ڈاٹیں لگائی جاتی ہیں ۔
۱۹۳۹ اصطلاحات پیشہ وران ، ۱ : ۱۱۲
[پکھوائی + ڈاٹ (رک)]

ــ ستون (ــ ضم س ، و مع) امذ ۔
رک : پکھوائی (ا پ و ، ۱ : ۵۴) ۔
[پکھوائی + ستون (رک)]

پکھوتا (ف پ ، و لین) امذ ۔
رک : پکھوٹا ۔
وہ ایک تصویر تھی بلی سے مشابہ اس کا سر بلی کے سر کے مشابہ اور دم بلی سے مشابہ اس کو دو پکھوتے تھے ۔
۱۸۶۰ فیض الکریم ، ۱۸۱

پکھوٹا (ف پ ، و لین) امذ ۔
۱۔ رک : پکھاٹا ۔
ایک چڑیا کو لو ، اس کے پکھوٹے وہی کام دیتے ہیں جو ہمارے ہاتھ ۔
۱۹۲۱ شمع ہدایت ، ۳۰۲
۲۔ بازو کی سمت ، پہلو ؛ گوشۂ کمان (پلیٹس) ۔
۳۔ مچھلی کے سفنے اور بازو (جامع اللغات ، ۲ : ۹۲) ۔
۴۔ فرج کے اندرونی کناروں میں سے ہر ایک ۔
فرج کے انر وار کے ، دولب ، دانے کے غلاف سے لگے ہوئے پکھوٹوں کے سرے کے ڈھلے رہتے ہیں ۔
۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۱۸
[س : پکش + ٹ + کہ : पक्ष + पट + क]

پکھورا (ف پ ، و لین) امذ ۔
رک : پکھوڑا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۵۴) ۔

پکھوری (ف پ ، و لین) امث ۔
چرخے میں گراری نما لکڑیوں میں سے ہر ایک (جنھیں مونج کی رسیوں سے باندھا جاتا ہے) ۔
چرخا . . . بطور گراری کے چند لکڑیاں مونج کی رسی سے باندھتے ہیں ان کو پکھوری کہتے ہیں ۔
۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۵۷
[پاکھا ، پکھ (رک) سے]

پکھوڑا (ف پ ، و لین) امذ ۔
رک : پکھوڑی ، کاندھے کی ہڈی ، شانہ ، کاندھا (پلیٹس ؛ نورالغات ، ۲ : ۱۰۴) ۔

پکھی (ف پ ، شد کھ) امذ (قدیم) ۔
رک : پکشی ۔
سنگاریا جوبن کو بہار آ جواں
پکھی سب سنوار آئے یوں مہماں
۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۳۶

پکھیا (ف پ ، کس کھ) امذ ۔
جھگڑالو ، بکھیڑا مچانے والا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۵۴) ۔
[٥ : پکھ + ایا पख+इया]

پکھیرنا (ف پ ، ی مج) ف م ۔
رک : بکھیرنا (؟) ۔
دو کھنہ سٹے ہان پکھیر دو کھنہ ہو وے دہن دہانگیر
۱۵۰۳ نو سرہار (اردو ادب ، ۶ ، ۲ : ۷۸)

پکھیرو (ف پ ، ی مج) امذ ؛ ~ پنکھیرو ۔
طائر ، پرندہ ، پنچھی ۔
آڑتا ہے جو پکھیرو تو کہتا ہے اس سے یہ
جاوے بسنت خان بہادر کنے جو تو
۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۳۱۸
تمام جنگل کے پنچھی اور پکھیرو اس سے پناہ مانگتے ہیں ۔
۱۸۹۳ مقدمۂ شعر و شاعری ، ۱۰۱
دل ہمارا ہے اور تیری زلف اس پکھیرو کا یہ بسیرا ہے
۱۹۰۳ سفینۂ نوح ، ۲۰۱
[س : پکشالو पक्षालु]

Library
Anjuman Taraqqi Urdu (Hind)

پکھیری (فت پ ، ی مع) امذ .

رک : پکشی (شبد ساگر ، ٦ : ٢٧٥٣) .

پکھیلا (فت پ ، ی مج) امذ .

(ٹھگی) کاغذ (مصطلحات ٹھگی ، ٥٦) .

[پکھ (رک) + یلا ، لاحقۂ نسبت]

پکھیو (فت پ ، ی مج) امذ .

وہ کھانا جو بھینس یا گائے کو بچّہ دینے کے بعد چھ دن تک دیا جاتا ہے اس میں سونٹھ گڑ ہلدی مُنگریلا اور اُرد کا آٹا ہوتا ہے (شبد ساگر ، ٦ : ٢٧٥٣) .

[مقامی]

پگ (١) (فت پ) امذ ؛ ~ پک .

پانو ، پیر ، قدم ، گام .

ترے پگ کے تلوے تھے پانے شرف
پری حور پیکر سلام علیک

١٥٩١ رمزی (قدیم اردو مراثی ، ٦٢)

ایتا بڑا مراتب تب عرش کوں دیا حق
راکھیا علی کے پگ تل جب عرش اپ پشانی

١٦١١ قلی قطب شاہ ، ک ، ١ : ٨١

کھڑا ہے روشنی کے دم میں پگ پگ پر سوں جیوں جوگی
ترے قد سوں لگا ہے دھیان سرو جوئباری کا

١٧٠٧ ولی ، ک ، ٢٧

نیا پہ دھنش کی بیٹھ کے پھر تاروں کے پتھر پر پگ دھرتے
سنسار کی کالی رین اپنے من سپنوں سے جگ مگ کرتے

١٩٣٩ جوئے شیر ، ٢٧٥

[س : पदक : پدک]

— اُٹھانا محاورہ .

کسی کام کو چھوڑ دینا (جامع اللغات ، ٢ : ٩٣) .

— آگے پَت رہے اور پگ پاچھے پَت جائے کہاوت .

قدم آگے بڑھانے میں عزّت اور پسپا ہونے میں ذلّت ہے ، بابت عزّت پاتا ہے اور بے حوصلہ ذلیل ہوتا ہے .

پگ آگے پت رہے اور پگ پاچھے پت جائے ، جس مدد گار نے ہزار بلا سے بچاکے یہاں تک زندہ سالم پہنچایا ہے ، وہی وہاں سے بھی مظفر اور منصور آپ سے ملائے گا .

١٨٢٣ فسانۂ عجائب ، ٧٠

— بِن کٹّے نہ پنتھ کہاوت .

بغیر محنت کے کوئی کام سر انجام نہیں پاتا (جامع اللغات ، ٢ : ٩٣) .

— پالَت (— فت ل) امث .

(ہانک ہنوٹ) پیر کے گٹے کے اوپر کا حصّہ ، پنڈلی ، پگ پالت (ا پ و ، ٨ : ٤٥) .

[پگ + پالت (رک)]

— پان امذ .

پیر میں پہننے کا ایک زیور جسے پلانی یا گوڑسنگر بھی کہتے ہیں (شبد ساگر ، ٧ : ٢٧٥٥) .

[पग + पान : پگ + پان]

— پڑنا محاورہ (قدیم) .

رک : پانو پڑنا .

نبی کے صدقے خوش قطبا سکیاں کوں عشق کی باری
اگر ایسی ندیتا تو اونوں پگ پڑ مناتیاں کی

١٦١١ قلی قطب شاہ ، ک ، ٢ : ٢٣٥

— پوتر تیرتھ گون کر پوتر کچھ دان
مکھ پوتر جب ہوت ہے بھج لے سری بھگوان کہاوت .

پانو جاترا سے پوتر ہوتے ہیں ہاتھ دان سے اور منھ رام کا نام جپنے سے (جامع اللغات ، ٢ : ٩٣) .

— تلی (— فت ت) امث .

پانو کے نیچے کا حصّہ ، جوتے کا تلا (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ٢ : ٩٣) .

[پگ + تلی ، تلا (رک) سے]

— چنپی (— فت چ ، مغ ، ی مع) امث .

پیر دبانے کا عمل ، پیروں کی مالش (شبد ساگر ، ٦ : ٢٧٥٣) .

[پگ + چنپی (رک)]

— داد امذ .

ایک قسم کی جلدی بیماری جس میں بہت چھوٹے چھوٹے دانے نکلتے ہیں جن میں سوزش اور خارش ہوتی رہتی ہے ، پک داد (ا پ و ، ٧ : ١٢٠) .

[پگ + داد (رک)]

Digitized by Anjuman Taraqqi Urdu (Hind)

ـــ دھارنا محاورہ .

چلنا ، روانہ ہونا ، سفر کرنا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۳) .

ـــ ڈنڈ (ـــ فت ڈ ، غنہ) امذ .

لڑکوں میں برابر کی تقسیم یا بانٹ (جامع اللغات ، ۲ : ۹۳) .

[پگ + ڈنڈ (رک)]

ـــ ڈنڈی (ـــ فت ڈ ، غنہ) امث .

وہ راستہ جس پر صرف پیدل چلا جا سکے یا جو صرف پیدل چلنے والوں کے لیے ہو، (مجازاً) کوئی بھی راستہ جو ایک طرف کو اس لئے بنایا گیا ہو کہ عام شاہراہ سے محفوظ رہے ، فٹ پاتھ ، جنگلوں کھیتوں وغیرہ کا وہ تنگ راستہ جو کثرت راہداری سے از خود بن جاتا ہے، پٹھا ، دیہات کا وہ کچا راستہ جس پر ایک بیل گاڑی چل سکے (پلیٹس) .

[پگ + ڈنڈی (رک)]

ـــ ڈنڈی لینا ف ل .

فٹ پاتھ پر چلنا ، کنارے کنارے جانا ، پگ ڈنڈی پر چلنا (پلیٹس) .

ـــ دھجنا محاورہ (قدیم) .

پانو ڈگمگانا ، چلنے کی طاقت نہ رہنا .

بال تے باریک تر راہ اچھے جو کومل
پاؤ کے دھجے ہیں پگ عقل کیا وان کون

۱۶۷۲ شاہی ، ک ، ۱۰۰

ـــ کڑک (ـــ فت ک ، ڑ) امث .

(پانک ہنوٹ) پیر کا ٹخنہ یا ٹخنے کے پنجے کا حصہ جس پر ضرب سے ٹانگ بیکار ہو جائے (ا پ و ، ۸ : ۴۵) .

اف : لگنا ، مارنا .

[پگ + کڑک (رک)]

ـــ لاگنا محاورہ (قدیم) .

رک : پانو پڑنا .

اس برکھ بھل میں سجن ملنے کا کب سنجوگ ہے
سچ بتاؤ جوتشی جی میں تمھارے لاگوں پگ

۱۸۶۳ دیوان حافظ ہندی ، ۵۶

پگ (۲) (فت پ) امث .

پگڑی ، دستار .

اے دلی و اے بتان سادہ پگ بستہ رستہ چیرہ کج نہادہ

۱۲۸۹ قران السعدین ، امیر خسرو ، ۳۶

ہند کے خطوں کا پگ بستہ جواں
حاضر خدمت قطار اندر قطار

۱۹۱۱ کلیات اسماعیل ، ۲۱۴

[س : पाक पाक]

پگ (کس مچ پ) امذ ؛ ~ پیگ .

شراب کا ایک پیمانہ جو عام پینے والوں کی معمولی خوراک ہوتا ہے ، نیز جس قدر شراب اس پیمانے میں سما سکے ، جام شراب ، ساغر شراب .

کسی نے بادۂ طرب خیز کا پگ اڑایا ، کسی نے کوٹھی کی سیر کی ، دل بہلایا .

۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۱ : ۷۵

میں نے بوتل اٹھا کے کاگینک کا ایک پگ لیا .

۱۹۳۱ رسوا ، خونی راز ، ۱۳۲

[انگ : Peg]

پگا (فت پ) امذ ؛ ~ پگھا ، پگھاڑ .

۱. وہ رسی جو جانور کے پچھلے پانو میں ڈالی جاتی ہے ، پچھاڑی .

اس کے گھوڑے کو جس کے پیر میں پگا بندھا ہوا تھا پکڑ لیا .

۱۸۹۹ محاربات مصر و سوڈان ، ۸۱

۲. (مجازاً) اولاد ؛ اہل و عیال ؛ وارث ؛ ذمہ داری .

کوئی رشتہ دار کوئی عزیز اس شہر میں ہے یا آگے ناتھ نہ پیچھے پگا آن تنہا ہو .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۳ : ۱۹۸

جو اللہ نے دیا ہے بہت ہے ، آگے ناتھ نہ پیچھے پگا .

۱۹۳۰ مضامین فرحت ، ۲ : ۱۵۹

[س : प्रग्रह]

پگا (فت پ ، شد گ) امذ .

پیتل یا تانبا گلانے کی کھوریا ، پاگا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۵۶) .

[ہ : پاگنا (رک) سے]

پگار (۱) (فت پ) امث .

(عم) تنخواہ .

میں نے بہت سمجھایا کہ میرے آدمیوں کو کبھی پگار کی دیری نہیں ہوتی .

۱۹۶۲ معصومہ ، ۱۶۵

[گج > ہ]

پگار (۲) (فت پ) امث ؛ امذ .

۱. گیلی مٹی ، گارا ، جو دیوار بنانے یا پلاسٹر کرنے میں کام آتی ہے (پلیٹس) .

۲. پیروں سے کچلی ہوئی مٹی یا گارا ، ایسی چیز جسے پیروں سے کچلا جا سکے ؛ وہ پانی یا ندی جسے پیدل چل کر پار کر سکیں ، پایاب (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۵۵) .

[۵ : پگ + گارنا]

پگار (۳) (فت پ) امث .

باغ ، باغیچہ یا کھیت کے گرد باڑھ ؛ نالی ؛ بندھ ، رکھوالی کے لیے بنائی ہوئی دیوار ، اوٹ کی دیوار ، چہار دیواری (جامع اللغات ، ۲ : ۹۳ ؛ شبد ساگر ، ۶ : ۲۵۵۵) .

[س : پراکارہ : प्राकार]

پگار (۴) (فت پ) امذ .

راستہ ، سڑک (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۵۶) .

[پگ (رک) سے]

پگارنا (فت پ ، سک ر)ف م .

پھیلانا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۵۶) .

[؟]

پگانا (ضم پ) ف م .

۱. 'کوڑی زغند' کھیل کے آڑیوں کو ساتھی کا کوڑی چھپا کر دینا (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۷) .

۲. مقدار پوری کرنا (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۷) .

[پگنا (رک) کا تعدیہ]

پگاہ (فت پ) امث .

صبح ، فجر ، تڑکا ، سحر ، سفر شروع کرنے کا وقت .

نور ہو قد کے بچن بولتے صحبت میں بتی
جل نکلتا ہے دھنواں تج تھے سحرگاہ پگاہ

قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۲۳ — ۱۶۱۱

یہ کہتا ہے راوی ہوئی جب پگاہ
تو باقر نے لی خانۂ حق کی راہ

معارج الفضائل ، ۱۶۹ — ۱۸۳۰

افسوس ہے کہ آپ ہیں دنیا سے بے خبر
کیا جانیے جو رنگ ہے شام و پگاہ کا

اکبر ، ک ، ۱ : ۲۷۸ — ۱۹۲۱

[ف]

— تر (— فت ت) امث .

بڑا سویرا ، علی الصبح (فرہنگ عامرہ ، ۱۲۷) .

[پگاہ + تر ، لاحقۂ تفضیل بعض]

پگ آئرن (کس پ ، ء ، فت ر) امذ .

لوہے کی ایک قسم جو پگ نامی سانچوں میں ڈھالی جاتی ہے ، پگ لوہا ، کندہ لوہا .

بلاسٹ فرنیس یا جھکڑ بھٹی سے حاصل شدہ لوہے کو انگریزی میں پگ آئرن اور اردو میں کندہ لوہا یا پگ لوہا کہتے ہیں .

فولاد سازی ، ۵ — ۱۹۷۳

[انگ : Pig Iron]

پگڈنڈی (فت پ ، سک گ ، فت ڈ ، مغ) امث ؛ ~ پکھ ڈنڈی .

۱. رک : پگ کے تحتی .

کہ جاؤ زمیں کچھ ہویدا نہ تھی
کہیں اس میں پگڈنڈی پیدا نہ تھی

میر ، ک ، ۱۱۰۷ — ۱۸۱۰

دیکھنا یہ ہے کہ کیا اس قوم کا ہونا ہے حال
شاہراہ عام سے جس کی ہے پگڈنڈی جدا

کلیات نظم حالی ، ۲ : ۹۹ — ۱۹۰۳

۲. کچی سڑک پر گاڑی کے پہیوں سے بنی ہوئی وہ گہری لکیریں جن پر گاڑیاں چلتی ہیں .

بھلی کو پگڈنڈی پر ڈالا اور سنسان رات میں یہ دو آدمیوں کا قافلہ خدا جانے کس طرف روانہ ہوا .

فرحت ، مضامین ، ۷ : ۲۷ — ۱۹۴۷

— چڑھا دینا محاورہ .

(سمجھے) راستے پر لگا دینا ، بھٹکنے سے بچانا .

جو میں بھول گیا تو تو مجھے پگڈنڈی چڑھا دینا ، ذرا اشارے سے جتا دینا .

دو رنگی دنیا (نا معلوم مصنفین کے ڈرامے ، ۲۱۵) — ۱۹۰۳

— لینا محاورہ .

پگڈنڈی کے راستے روانہ ہونا ، چلنا ، گزرنا (جامع اللغات ، ۲ : ۶۳) .

پگڑا (۱) (فت پ ، سک گ) امذ .

قدم ، ڈگ ، پانو (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۵۵) .

[پگ (رک) سے]

پگڑا (۲) (فت پ ، سک گ) امذ .

سفر شروع کرنے کا وقت ، صبح سویرے روانہ ہونے کا وقت ، سویرا ، تڑکا .

پو پھاٹی پگڑا ہوا جاگے جیوا جون
سب کاہو کو دیتے ہیں چوچ سمانا چون

۱۵۱۸ کبیر (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۵۵)

[ف : پگہ (رک) سے یا پگ (رک) سے]

پگڑانا (فت پ ، ضم گ) ف ل .

جگالی کرنا .

بھینس کے آگے بین بجائے بھینس کھڑی پگرائے .

۱۹۲۱ نجم الامثال ، ۱۱۴

[ه : पगुराना]

پگڑکھی (فت پ ، سک گ ، فت ر) اسث .

کھڑاؤں (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۵۵) .

[رک : پگ + رکھی ، رکھنا (رک) سے]

پگڑی (فت پ ، سک گ) اسث .

رک : **پگڑی** (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۵۵) .

پگڑیت (فت پ ، سک گ ، ی لین) امذ .

طرف دار ، ساتھی ، حامی .

بابا صاحب سر رشتہ دار ان کی طرف پگریت تھے .

۱۹۰۱ سیتا ، ۱ ، ۲ : ۲۷۷

[پگ (رک : پکھوا) سے]

پگڑیڑا (فت پ ، سک گ ، ی مج) امذ .

گنے کا رس جو گڑ بنانے سے پہلے خوب پکایا جاتا ہے .

پگڑیڑا پکا ہوا رس کڑاہ . . . میں ڈالا جاتا ہے .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۵۰

[مقامی]

پگڑ (فت پ ، شد گ بفت) امذ .

پگڑی (۱) (رک) کی تکبیر ، بہت بڑی پگڑی یا صافہ .

دروغ دیو زاد اپنی دھوم دھام بڑھانے کے لیے سر پر بادل کا دھواں دھار پگڑ لپیٹ لیتا تھا .

۱۸۸۰؟ نیرنگ خیال ، ۳۸

ڈھیلا ڈھالا کرتا جس کے دونوں طرف چاک ، سر پر بڑا سا پگڑ .

۱۹۰۷ شعر العجم ، ۱ : ۷۳

[رک : پاگ (۱) + ڑ ، لاحقۂ تکبیر]

پگڑا (فت پ ، سک گ) امذ .

رک : **پگڑ** .

ہے جب تک تجھ میں لوہے بھرا ، تو چور اُچکا تگڑا ہے
ہے نیچ پرانی پگڑی سے جو سر پر تیرے پگڑا ہے

۱۸۳۰ نظیر ، ک (عکسی) ، ۲ : ۲۶۰

پگڑی (۱) (فت پ ، سک گ) اسث .

وہ رقم وغیرہ جو کسی شخص کو کسی جگہ وغیرہ کا قبضہ حاصل کرنے کے لیے دی جائے .

اس ہوٹل پر بہت دنوں سے دانت ہے . . . آج پگڑی دے کر خرید لے .

۱۹۶۲ معصومہ ، ۱۷۱

[مقامی]

پگڑی (۲) (فت پ ، سک گ) اسث .

۱. دستار ، صافہ ، عمامہ .

پگڑی باندھ قبالٹکاؤں پھروں بانس رندیناں سارا
سہرا بار سہیلاں پہروں دل بادل لے ہووں اسوارا

۱۵۶۵ علی محمد جیو گام دھنی ، جواہر اسرارالله ، ۱۳۰

ایک شخص برہنہ مادر زاد ہے کہ اسے نہ ازار ہے نہ جامہ نہ پگڑی .

۱۷۷۲ شاہ میر ، انتباہ الطالبین ، ۱۰

یار کے بالوں کا بندھنا قہر ہے پگڑی کے ساتھ
ایک عالم دوستاں اس پیچ میں مارا گیا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۳۷۵

اب میاں نے کنگھا کر پگڑی باندھی ، لباس پہنا .

۱۹۲۳ اہل محلہ اور نااہل پڑوسی ، ۸

۲. (مجازاً) عزت ، آبرو .

فرشتے تک کی پگڑی نہ بچ سکی ان سے
یہ راست ہے کہ زن و راہزن برابر ہے

۱۸۵۷ سحر (نواب علی) ، بیاض سحر ، ۴۲۵

۳. نفر ، فرد ، شخص .

پگڑی پیچھے دو دو لڈو ملے .

۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۷

۴. سرخی .

اگر ایسی تحریر دیکھنا ہو جس میں . . . دعویٰ استادی ہو تو دور کیوں جائیے اپنے ہی مضمون کی پگڑی دیکھ لیجئے .

۱۹۳۵ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۲۰ ، ۳۰ : ۳

[رک : پاگ (۱) + ڑی ، لاحقۂ تصغیر]

ــ اُتارنا/اُتار لینا محاورہ .

۱. آبرو لینا ، عزت بگاڑنا ، رسوا کرنا .

پگڑی بھی آدمی کی اتارے ہے آدمی
چلا کے آدمی کو پکارے ہے آدمی

۱۸۳۰ نظیر، ک، ۲ : ۲۴

آپ . . . اس امر کے مجاز نہیں ہیں کہ خواہ مخواہ ایک بھلے مانس کی پگڑی اتاریں .

۱۹۱۰ راحت زمانی، ۶۰

۲. لوٹنا، ٹھگنا، موٹنا، دغا سے کسی کا مال لے لینا .

عجب طرح کے سخی دیکھے اس زمانے کے
نگوڑے سوم کی پگڑی انار لیتے ہیں

۱۸۷۹ جان صاحب، د، ۱۵۸

— اُترنا/اُتر جانا محاورہ .

پگڑی اتارنا (رک) کا لازم .

زاہد کی قدر خاک ہو رندوں کی بزم میں
آیا فرشتے خاں بھی تو پگڑی اتر گئی

۱۸۵۴ دیوان اسیر، ۱ : ۲۹۶

باد صبا کے جھوکے نے بے آبرو کیا
غنچے کی ایک دھول میں پگڑی اتر گئی

۱۹۰۵ داغ، یادگار داغ، ۱۷۷

— اٹکانا محاورہ .

کسی سے برابری کا دعویٰ کرنا، مقابلہ کرنا، جھگڑا کرنا .

میرے مشیر قدرت کی ہمیشہ سے ممانعت ہے کہ مسلمانوں سے کسی حال میں پگڑی نہ اٹکانا .

۱۹۰۱ قمر (احمد حسین)، طلسم فتنۂ نور افشاں، ۲ : ۸

— اٹکنا/اٹک جانا محاورہ .

مقابلہ ہونا، ہم سری ہونا .

چھوڑیں گے ہم نہ چاہت گو جان پر بنی ہے
اس کج کلہ سے اب تو پگڑی اٹک گئی ہے

۱۸۷۸ سخن بے مثال، ۱۱۷

کہاں اب چھوٹتی ہے سر زمیں اس سے بیاباں کی
کہ پگڑی قیس سے اٹکی ہے تیرے خانہ ویراں کی

۱۹۲۵ شوق قدوائی، د، ۱۸۷

— اچھالنا/اچھال دینا محاورہ .

بے عزت کرنا، ذلیل کرنا، ہنسی اڑانا، شیخی کرکری کرنا .

مانو، رہ سرکشی نکالو پگڑی مہ و مہر کی اچھالو

۱۸۷۸ سخن بے مثال، ۸۷

کسی نے کسی کو طمانچہ دیا، کسی نے کسی کی پگڑی اچھال دی .

۱۸۹۶ لعل نامہ، ۱ : ۸۲

آپس کی تو تو میں میں اور ایک دوسرے کی پگڑی اچھالنی بالکل ترک کردی جائے .

۱۹۳۳ خطبات عبدالحق، ۲۰

— اچھلنا محاورہ .

پگڑی اُچھالنا (رک) کا لازم .

شیخی و مشیخت نہیں میخانے میں چلتی
یاں پگڑی اچھلتی ہے خرابات مغاں ہے

۱۸۴۶ آتش (نوراللغات، ۲ : ۱۰۵)

محفل رنداں میں مفتی و محتسب کی پگڑی اچھلنے لگی .

۱۹۱۰ ادیب، نومبر، ۲۰۰

— الجھانا محاورہ .

مخاصمت یا پرخاش کرنا .

وہ جانتا تھا کہ سنس تہانک سے پگڑی الجھانا کھیل نہیں .

۱۹۲۹ ناٹک کتھا، ۵۳

— الجھنا محاورہ .

مخاصمت یا پرخاش ہونا، مقابلے پر آنا، دو دو ہاتھ ہونا .

وہ سر بسجدہ پیش خدا یہ حضور بت
زاہد سے پگڑی الجھی ہوئی برہمن کی ہے

۱۸۲۶ ریاض البحر، ۲۵۵

— ان کی ہے فقرہ .

عروج و اقتدار حاصل ہے (فرہنگ اثر، ۲۳۹) .

— باندھنا ف مر؛ محاورہ .

۱. دستار سر پر لپیٹنا، صافے کو قاعدے کے مطابق سر پر لپیٹنا .

بیاباں کو میری وحشت سے حاصل ہے سرفرازی
سر ہر خار پر باندھی ہے پگڑی تار داماں سے

۱۹۰۵ داغ، یادگار داغ، ۱۷۸

۲. قائم مقام کرنا، خلیفہ بنانا، تخت نشیں کرنا، وارث قرار دینا .

بادشاہ نے اپنی پگڑی بیٹے کے سر پر باندھی .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان، ۶ : ۸

۳. اُستاد بنانا (نوراللغات، ۲ : ۱۰۵) .

۳۰. مویشی کے چوروں میں یہ رسم ہے کہ جب لڑکا پہلی چوری کرے تو اس کو دستار باندھتے ہیں (جامع اللغات، ۲ : ۹۳) .

۵. تکمیل تعلیم کے بعد پگڑی باندھنا جسے فضیلت کی پگڑی یا دستار فضیلت کہتے ہیں .

تکمیل درس کے بعد پگڑی باندھی گئی اس دن کے بعد سے اب تک . . . سادے ہی رہے .

کمالات اشرفیہ ، ۶۶ ؟

۶. شادی کے موقع پر دولہا کے بہنوئی وغیرہ کا دولہا کے سر پر پگڑی باندھنا .

سیتا کی خاطر سے سیرل صاحب نے اپنے اوپر سب مراسم گوارا کئے تھے سرخ پگڑی ان کے سر پر باندھی گئی تھی ، اور سرخ جامہ زیب بدن تھا .

سیتا ، ۲ : ۲۷۷ ۱۹۰۱

— بچانا محاورہ .

اپنے آپ کو کسی حملے یا صدمے سے بچا لینا ؛ عزت بنائے رکھنا .

کبھی بھی کھاتے کھلاتے اور پگڑی بھی بچاتے تو دانشمندی کا ثبوت دیتے .

دلودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۲۰ ، ۳۰ : ۱۰ ۱۹۳۵

— بدل (بھائی) (— ف ب ، د) صف (امذ) .

منہ بولا بھائی ، وہ شخص جو بھائی چارے کے عہد کی بنا پر دوسرے کا بھائی بنے (یہ رسم تھی کہ جب دو شخص باہم بھائی چارہ کرتے تو ایک دوسرے کی پگڑی بدل کر سر پر رکھ لیتے) .

ہوئے اس گھڑی دونوں پگڑی بدل
وے الفت کی ایک ایک کرکے جدل

مثنوی اپورب کشن کنور ، ۴۹ ۱۸۳۴

سعادت یار خاں رنگین لکھنؤ میں جا کر اپنے پگڑی بدل بھائی انشاءاللہ خاں کے ہاں ٹھہرا کرتے تھے .

محاکمۂ مرکز اردو ، ۲۲ ۱۹۱۱

[پگڑی + بدل ، بدلنا (رک) سے + (بھائی) (رک)]

— بدلنا محاورہ .

بھائی بنانا ، بھائی چارہ کرنا (رسم تھی کہ جب دو شخص باہم بھائی چارہ کرتے تو ایک دوسرے سے پگڑی بدل لیتے) .

شکل ثابت نظر آتی نہیں عمامے کی
شیخ نے بدلی ہے پگڑی کسی مستانے سے

گلزار داغ ، ۲۲۰ ۱۸۷۸

وحشی جب ان کا دشت میں پہلے پہل گیا
اٹھا جو گرد باد تو پگڑی بدل گیا

ثمرۂ فصاحت ، ۵۰ ۱۹۲۴

— بندھنا محاورہ .

۱. پگڑی باندھنا (رک) کا لازم (نوراللغات ، ۲ : ۱۰۴) .

۲. ذمہ دار ٹھہرنا ؛ خلعت یا اعزاز ملنا ، علم و فضل کی سند پانا (نوراللغات ، ۲ : ۱۰۴) .

کیا تم نہیں جانتے یہ پگڑی میرے ہی سر تو بندھی ہے .

پریم چند ، واردات ، ۵۵ ۱۹۳۶

— بندھوانا محاورہ .

پگڑی باندھنا (رک) کا تعدیہ .

پگڑی بندھوائی ہے اس کو جو پریشانی نے
تیرے مجنوں کا سر نو سے ہے سامان درست

پروانہ (جسونت سنگھ) ، ک ، ۱۸۷ ۱۸۱۳

دادا جان بڑے عالم تھے ، سیکڑوں شاگردوں کو پگڑی بندھوادی .

رسائل عمادالملک ، ۷۶ ۱۹۲۰

— بھیتر رکھ کہاوت .

عزت بچا ، آبرو بچا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۳) .

— پٹکا دینا محاورہ .

خلعت یا اعزاز دینا ، سردار بنانا .

یا فلاں کو میں پگڑی پٹکا دوں
یا میں سردار اسے بنا سکتا

قصیدہ عطار ، سراج الحق ، ۷۱ ۱۹۵۶

— پھیر کر رکھنا محاورہ .

۱. قول و قرار سے پھر جانا (نوراللغات ، ۲ : ۱۰۵) .

۲. با ارادۂ فساد آمادہ ہو کر بیٹھنا (سرمایۂ زبان اردو ، ۹۰) .

۳. غرور یا بانکپن دکھانا ، اکڑنا ، ترچھی ٹوپی پہننا (جو گھمنڈ کی علامت ہے) .

سر عاشق کا کاٹ کے ان کو سربگریباں رہنا تھا
سو تو پگڑی پھیر رکھی ہے اور بھی وے مغرور ہوئے

میر ، ک ، ۷۳۰ ۱۸۱۰

— پھیر لینا/پھیرنا محاورہ .

رک : پگڑی پھیر کر رکھنا .

یہ لبرل جو ہمارا ساتھ اس وقت دے رہے ہیں کل ہی پگڑی پھیر لیں گے .

دلودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۲۰ ، ۴ : ۸ ۱۹۲۴

— تھام کر دیکھنا محاورہ .

پگڑی یا ٹوپی وغیرہ کو پکڑ کر بلندی کی طرف دیکھنا تاکہ پگڑی گر نہ جائے ، اونچائی کی طرف احتیاط سے نظر اٹھانا .

قد اتنے لمبے ہیں کہ دیکھنے والا اپنی پگڑی تھام کر دیکھتا ہے .

۱۹۳۳ فراق دہلوی ، مضامین ، ۹۴

— چپٹنا محاورہ .

دھوکا دینا ، فریب دینا ، ٹھگنا ، دغا دینا ، بے وفائی کرنا (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۹۳) .

— دونوں ہاتھوں سے تھامنا محاورہ .

آبرو بچانا ، عزت بچانا (علمی اردو لغت ، ۳۶۶) .

— دونوں ہاتھوں سے تھامی جاتی ہے کہاوت .

عزت بچانے کے لئے پوری کوشش کرنی پڑتی ہے (جامع اللغات ۲ : ۹۳) .

— رکھ گھی چکھ/کھا کہاوت .

۱. ساکھ قائم ہونے سے ساری عزت ہے ؛ ایمانداری سے بڑی راحت ہوتی ہے (نوراللغات ، ۲ : ۱۰۵ نجم الامثال ، ۱۲۶) .

۲. چٹورے اور آزاد منشوں کا قول ہے کہ پگڑی گروی رکھ اور گھی کھا (محاورات ہند ، ۵۱) .

— رکھنا ف م ؛ محاورہ .

۱. پگڑی سر پر پہننا (سرمایۂ زبان اردو ، ۹۱) .

۲. عزت و آبرو بچانا ، عزت بنائے رکھنا (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۸) .

۳. عجز کرنا ، منت کرنا (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۸) .

۴. سردار یا قائد ماننا ، فضیلت کا اعتراف کرنا .

جو شخص کچھ دولتمند بن جاتا ہے اس کے سر پر پگڑی رکھ دی جاتی ہے .

۱۹۱۲ مقالات شبلی ، ۸ : ۱۷۱

۵. مرد بننا ، مردوں کے کام کرنا (مخزن المحاورات ، ۲۶۵) .

— سجنا محاورہ .

پگڑی بھلی لگنا ، پگڑی ترچھی کر کے پہننا تاکہ اچھی لگے .

سر پہ یوں بلدار بانکے طور پگڑی کیوں سجی
اس قدر بھی جان جانز نہیں ہے قبلے کوں کجی

۱۷۱۰ دیوان آبرو ، ۳۹

— سنبھالنا محاورہ .

عزت آبرو کی خیر منانا ، آبرو بچانا .

شعرائے رند مشرب . . . چاہے جناب شیخ کی دستار اتار لیں . . . مگر اپنی پگڑی سنبھالتے ہی رہتے ہیں .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۲ : ۵۷۷

— کا بطانہ (— کس ب ، ن) امذ .

پگڑی کے اندر کا وہ زائد کپڑا جس کے اوپر پگڑی باندھ لیتے ہیں (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۸) ؛ رک : بطانہ .

— کا پیچ (— ی مج) امذ .

پگڑی کی لپیٹ .

دس روپیہ ان میں سے نکال باقی مضبوط پگڑی کے پیچوں میں لپیٹ کر سر میں باندھے .

۱۸۶۲ شبستان سرور ، ۴ : ۹۳

— کا چور باندھا جاوے اور ککڑی کا چور مارا جاوے کہاوت .

نا انصافی کے فیصلے پر کہتے ہیں جب بڑی خطا کی معمولی سزا اور چھوٹی خطا کی سخت سزا کسی کو دی جائے .

باندھا جاوے تھا چور پگڑی کا
مارا جاوے تھا چور ککڑی کا

۱۷۸۰ سودا (مہذب اللغات ، ۳ : ۹۰)

— کی شرم رکھنا محاورہ .

اپنے مرتبے کا لحاظ رکھنا ، آبرو رکھنا (نوراللغات ، ۲ : ۱۰۵) .

— کی عزت خدا کے ہاتھ ہے کہاوت .

عزت خدا ہی رکھے تو رہے ، آبرو یقیناً خدا کے ہاتھ ہے (ماخوذ : نوراللغات ، ۲ : ۱۰۵ ؛ نجم الامثال ، ۱۲۶) .

— میں پھول رکھا گیا کہاوت .

بد نام ہو گیا ، عیب لگ گیا (گنجینۂ اقوال و امثال ، ۶۹)

— والا امذ ؛ صف .

۱. حکیم ، طبیب ، وید (شگون بد سمجھ کر عورتیں نام نہیں لیتی ہیں) ؛ شوہر (عورتیں ہر بنائے شرم کہتی ہیں) (ماخوذ : نوراللغات ، ۲ : ۱۰۵ ؛ محاورات نسواں ، ۵۶) .

۲. پگڑی باندھنے والا ؛ معزز ، صاحب عزت .
نہ کوئی جانتا ہے ، نہ تمھیں کسی کو پہچانتی ہو ، پگڑی والے کی ہر کوئی سنے گا ، قاضی مفتی کو وہ اپنا کر لیوے گا .
۱۸۹۲ فسانۂ معقول ، ۱۴۲

پگڑیاں (فت پ ، سک گ) امث ؛ ج .
پگڑی (رک) کی جمع ، تراکیب میں مستعمل .
صبح سویرے میں نے ساریوں کے بنڈل . . . . پگڑیاں اور دھوتیاں اور چاندی کے گھنے دیے .
۱۹۶۱ چائے کے باغ ، ۱۲۴

— جھپٹنا محاورہ .
رک : پگڑی چھٹنا .
اتنے کھانے کے واسطے . . . . کیسے کیسے پگڑیاں جھپٹنے کا کام کر کو پیدا کرتا ہوں .
۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکھنی اردو کی لغت ، ۱۱۸)

پگل (فت پ ، گ) صف ؛ ~ پگّل .
پاگل (رک) کی تخفیف ، (تراکیب میں مستعمل) .

— پن (— فت پ) امذ (قدیم) .
پاگل ہونے کی حالت یا کیفیت ، دیوانگی ، جنون .
کالا غار ہور رات کالی اتھی پگل پن کا اس رنج گھالی اتھی
۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۱۴۹
[پگل + پن ، لاحقۂ کیفیت]

پگلا (فت پ ، سک گ) صف .
پاگل ، باولا ، سڑی ، احمق ، نادان ، خبطی ، دیوانہ .
دیے میرے ناصح کو اس نے خطاب
وہ پگلا وہ پاگل وہ دیوانہ ہے
۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۷۷
[پگل + ا ، لاحقۂ صفت]

— پن (— فت پ) امذ .
رک : پگل پن .
اتنا اس پگلا پن کی باتیں ہکا کہ اوس کا منہ دکھ گیا .
۱۸۴۴ ترجمۂ گلستان ، حسن علی خاں ، ۷۶
راے یہ قرار پائی کہ شارع عام سے چلنا حماقت اور پگلا پن ہو گا .
۱۹۲۵ غدر کی صبح و شام ، ۵۹

— جانا محاورہ .
پاگل ہو جانا یا عقل میں فتور ہو جانا .
کوئی صحیح الدماغ آدمی اس لڑکے کی طرح اپنی جان خطرے میں نہیں ڈال سکتا لڑکا پگلا گیا تھا .
۱۹۸۰ ماں کی کھیتی ، ۳۷

پگلاٹ (کس پ ، سک گ) امث ؛ ~ پگلاہٹ .
پگھلنا ، سیال ہونا ، پگھلاؤ (جامع اللغات ، ۲ : ۹۳ ؛ پلیٹس) .
[پگلنا (رک) سے]

پگلانا (فت پ ، سک گ) ف ل .
رک : پگرانا .
اب مجھ کو نہیں رہا ہے اس بات کا شوق
بھینسیں پگلائیں اور میں بین بجاؤں
۱۹۴۷ سنبل و سلاسل ، ۲۶۶

پگلانا (کس پ ، سک گ) ف م ؛ ~ پگھلانا .
۱. پگلنا (رک) کا تعدیہ .
ادھر کے رنگ لالی سوں سکی یاقوت کوں بالی
شکر نابات کو پگلائی ہے شیریں زبانی میں
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۲۸۷
حرام کی گئی اون پر چربی پس اونھوں نے اس کو پگلایا .
۱۸۶۶ تہذیب الایمان (ترجمہ) ، ۳۹۶
یہود . . . پر چربی حرام ہوئی تو انھوں نے اس کو پگھلا کر بیچنا شروع کیا .
۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۲ : ۴۰۴
۲. شرمندہ کرنا .
سکھ شباب کے رنگ آب کوں ، آفتاب جوں ات تاب سوں
دکھلائے کر مہتاب کوں ہے تاب کر پگلائے ہیں
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۹۶

پگلاو (فت پ ، سک گ) امذ .
بیل گاڑی کے پہیوں کے دھرے کو سہارا دینے والی لکڑیوں کو بھار (بم) سے باندھنے والی رسّی (ا پ و ، ۵ : ۱۱۷).
[رک : پگ (۱) (= پانو ، پہیہ) + لاؤ (= رسی) (رک)]

پگلاہٹ (کس پ ، سک گ ، فت ہ) اسث .

رک : پگلاٹ (پلیٹس) .

پگلنا (کس پ ، فت گ ، سک ل) ؛ ~ پگھلنا .

۱. سخت یا منجمد شے کا گرمائی یا اور کسی وجہ سے نرم ، ملائم یا رقیق ہو جانا ، گلنا ، گل جانا ، (مجازاً) پانی یا سیال ہو جانا .

سورج کے تاب سیتی جیون پگلتا برف آپس میں
او رخ دیکھت نظر انکھیاں کے انکھیا ں میں گلی ہے آ

۱۵۱۸ مشتاق (سہ ماہی اردو ، اکتوبر ۱۹۵۰ء ، ۳۷)

سورج مشرق سے جب نکلتا دسے
جلالت تے تس کی پگلتا دسے

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۲۳

اتنی گرمی جمع ہوتی ہے کہ سب قسم کے معدنیات پگل جاتے ہیں .

۱۸۵۶ فوائدالصبیان ، ۱۱۶

۲.(i) (مجازاً) مائل ہونا ، فریفتہ ہونا ، شدت فریفتگی کی وجہ سے شکوہ شکایت وغیرہ سب کچھ بھول جانا .

شعلہ خو اپنے سے جوں شمع گرنتہ تو ہوں لیک
سر پہ جب آن کھڑا ہوں گا پگھل جاؤں گا

۱۷۹۵ قائم ، انتخاب دیوان ، ۳

بھلا ہم کب پگھلتے ہیں کسی کے روے روشن پر
ترے آگے پری کو موم کی مریم سمجھتے ہیں

۱۸۹۶ دیوان شرف ، ۱۸۵

(ii) پسیجنا ، رحم کھانا ، سنگدلی یا مزاج کی سختی اور کھردرا پن دور ہونا .

میں یوں کہا پگلائے پر کچھ بھی پگلتی نیچ توں
کی میں پگنے کیچ نیں جو لگ کوئی پگلائے پر

۱۶۹۷ ہاشمی ، ک ، ۸۲

بسان شمع جو روتا ہیں ان کی محفل میں
بڑے وہ سخت ہیں ایسے نہیں پگھل جاتے

۱۸۷۷ انور دہلوی ، د ، ۲۰۷

بالک ہٹ میں تریاہٹ بھی شریک ہو گئی ، بس میں پگھل گیا .

۱۹۵۴ شاید کہ بہار آئی ، ۴۹

[رک : پگھلنا]

پگ لوہا (کس پ ، سک گ ، و مج) امذ .

رک : پگ آئرن .

پگ لوہا بلاسٹ فرنیس کی پیداوار ہے اور فولاد پگ لوہے سے تیار کیا جاتا ہے .

۱۹۷۳ فولاد سازی ، ی

پگلے (فت پ ، سک گ) امذ ، ج .

پاگل (رک) کی جمع یا محرفہ شکل (ترکیبات میں مستعمل) .

جس کا مطلب غالباً یہ تھا ، ہٹو پگلے .

۱۹۵۱ کالا سورج ، ۱۸۱

پگمنٹ (کس پ ، سک گ ، کس مج م ، سک ن) امذ .

(دباغت) چمڑے کے عیب چھپانے یا دور کرنے کا مسالہ (نباتی دباغت ، ۵.۲) ؛ رنگ .

[انگ : Pigment]

پگن (فت پ ، گ) امذ ؛ ج .

قدم ، پانو ، (رک) پگ (۱) .

تمھیں جا کر کرم سمجھائے کہیو
پگن پرسیس دھر کے لائے کہیو

۱۶۲۵ افضل جھنجھانوی ، بکٹ کہانی ، ۱۴

پگنا (۱) (فت پ ، سک گ) ف م ؛ ف ل .

گھی وغیرہ میں تلے جانے کے بعد کھانڈ کے شیرے میں (بغرض غلاف) ڈالا جانا ، غلافا جانا ، قوام کیا جانا ، قوام میں لپیٹنا ، شکر چڑھانا ، شکر میں لت پت کرنا ، غلافنا (مجازاً) عاشق ہونا ، شیدا ہونا ، مفتوں ہونا (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۸ ؛ فرہنگ اثر ، ۲۴۰ ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۹۳) .

[س : پرگاہ]

پگنا (۲) (فت پ ، سک گ) ف ل (قدیم) .

چلنا .

آگتے ہیں مری خاک سے گل حلق بریدہ
شاید کبھو اس کھیت میں تلوار پگی ہے

۱۷۹۵ قائم ، د ، ۱۶۴

[پگ (رک) سے]

پگنا (ضم پ ، سک گ) ف م .

پورا ہونا ، پورا پڑنا ، لڑکوں کے کھیل میں تقسیم یا انتخاب مکمل کرنا .

ہر مجلے میں کہیں نہ کہیں . . . کبڈی کا پالا جمتا جوڑیاں پگ جاتیں .

۱۹۶۲ ساقی ، جولائی ، ۵۳

[پُجانا (= پورا کرنا) (رک) سے]

پگوڈا (فت پ ، و مج) امذ .

بدھ مذہب کے ماننے والوں کی عبادت گاہ ؛ مخروطی شکل کا مندر .

یہاں بدھ لوگوں کے مندر اور پگوڈے بھی واقع ہیں .
۱۹۷۰ گھریلو انسائیکلوپیڈیا ، ۷۲۶
[پر : Pagode]

پگّہ (ف ت پ ، گ) اسٹ .
پگہ (رک) کی تخفیف .
رہتا ہوں میں شام و پگہ شہ کا ثنا خواں ہر جگہ
میری طرف بھی اک نگہ یا رحمۃ للعالمین
۱۹۱۶ نظم طبا طبائی ، ۱۸

پگّیا (ف ت پ ، سک گ) اسٹ .
پگ ، پگڑی (رک) کی تصغیر .
نہ پگڑی ہے ، نہ چپکن ہے ، ذرا سی پگیا سر پر رکھ لی .
۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۳ : ۳۴۰
سر پر پگیا ، ماتھے چندن ، مندرے ڈالے . . . بڑ تلے کے جوتشی .
۱۹۵۴ اپنی موج میں ، ۷۹
[رک : پگ + یا ، لاحقۂ تصغیر]

ـــ کی لاج اسٹ .
پگڑی کی شرم ، آبرو ، عزت .
پگیا کی لاج دیہاتیوں تک میں شہرت رکھتی ہے .
۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۱ ، ۲ : ۵۷۷
اف : رکھنا .

پگّیانا (ف ت پ ، کس گ) ف م .
رک : پگانا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۵۶) .
[पगियाना : ہ]

پگّیرنا (ف ت پ ، ی مج ، سک ر) امذ .
کسیروں کی ایک قسم کی چھینی جو برتنوں پر نقاشی کرنے کے کام میں آتی ہے (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۵۶) .
[مقامی]

پگّہا (ف ت پ) امذ ؛ اسٹ ؛ ~ پگا .
وہ لمبی رسی جو گائے سے جدا ہونے یا بھٹک جانے والے جانور کے پچھلے پیروں میں باندھ کر میدان میں چرنے کو چھوڑا جاتا ہے تاکہ وہ گائے سے باہر نہ ہو سکے اور دوسرے ڈھوروں کے ساتھ چرتا رہے ، ہی کوڑا ، پاچھن ، پیرن ؛ بھگوڑے بیل کے پچھلے پیر میں باندھنے کی رسی ، پگھاڑ (اپ و ، ۵ : ۵۳) .

پگھے بہت مضبوط تھے کسی کو شبہ بھی نہ ہو سکتا تھا کہ بیل انہیں توڑ سکیں گے .
۱۹۳۳ میرے بہترین افسانے ، ۱۰۳
[س : پرگرہ]

پگھار (ف ت پ) امذ ؛ اسٹ .
رک : پگار .
اگلے مہینے کی پگھار بھی مل جاتی تو بچے کا علاج ہو جاتا .
۱۹۶۷ ' نقش ' کراچی ، اپریل ، ۴۸

پگھارنا (ف ت پ ، سک ر) ف م .
دھونا ، دھلانا .
میں . . . ان کی خدمت کروں گی ، ان کی دھوتیاں دھوؤں گی ، ان کے پیر پگھاروں گی .
۱۹۲۶ پریم چند ، پریم چالیسی ، ۱ : ۳۸
[رک : پکھارنا]

پگھاڑ (ف ت پ) اسٹ .
رک : پگا ، پگھا (اپ و ، ۵ : ۵۳) .

پگھال (ف ت پ) امذ .
ایک قسم کا سخت لوہا یا فولاد ؛ دھات (جامع اللغات ، ۲ : ۹۳) .
[س : پرگاڈ : प्रगाढ]

پگھایا (ف ت پ) امذ .
کپڑے لوہے وغیرہ کا سوداگر (جامع اللغات ، ۲ : ۹۳) .
[مقامی]

پگھلانا (کس پ ، سک گھ) ف م .
رک : پگلانا .
بو کھریاں باتاں سن ، کچھ فکر دل پر لیائی ، دل پگھلائی .
۱۶۳۵ سب رس ، ۹۰
اسے پگھلا کے تو اس میں ملا دے
پھر اس کو نال میں پھر پلا دے
۱۷۹۵ فرہنامۂ رنگین ، ۱۲
میں جس پتھر کے دیوتا کو نہ پگھلا سکی اس سے اس نے ہردان پایا .
۱۹۳۵ دودھ کی قیمت ، ۳۰

پِگھلاؤ (کس پ ، سک گھ ، و مج) امذ .

پگھلنے یا سیال ہونے کی حالت .

اس زمانے میں دھات یا نمک کے پگھلاؤ سے بھی تپش کی پیمائش کی جاتی تھی .

۱۹۴۴ مخزن علوم و فنون ، ۳۶

[پگھلنا (رک) سے]

پِگھلنا (کس پ ، فت گھ ، سک ل) ف ل .

رک : پگلنا .

پَگھیّا (فت پ ، گھ ، شدی) امذ .

رک : پگھایا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۵۶ : پلیٹس) .

[० : पगैया]

پَل (۱) (فت پ) امث ؛ امذ .

۰۱.(i) دقیقے یا منٹ کا ساٹھواں حصہ ، ثانیہ یا سیکنڈ کے برابر وقت ، دس چھن .

بجایاں جرس دل اوسی وقت سب
لیے لک منجم و ہی پل کوں تب

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۶۲

ہر ایک دقیقے کے ساٹھ قسم کیا اس کو ثانیہ قرار دیا کہ ہندی میں پل کہتے ہیں .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۶۲

(ii) چوبیس سیکنڈ کا وقفہ (پلیٹس) .

ایک گھنٹے میں ساڑھے تین ہزار آدمی کے قریب دنیا میں مرتے ہیں ، یعنی ہر ایک پل میں ایک آدمی .

۱۹۲۴ انشائے بشیر ، ۷۹

(iii) (مجازاً) وقت کا چھوٹے سے چھوٹا حصہ ، لمحہ ، لحظہ ، اتنا وقفہ جس میں پلک جھپکتی ہے .

جمال بے بدل اس کا جو عالم آرا ہے
اچھو درود ہزار اس پہ ہر گھڑی ہر پل

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۶۴

ایک پل چین نہیں تیری گلی میں اس کوں
اشک کے طفل کو ہر چند میں تعلیم کیا

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۵۹

مجھے تو خاطر داری اس کی ہر گھڑی اور ہر پل منظور تھی.

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۵۳

کوئی پل ایسا نہیں کٹتا کہ جس میں چین ہو
دل لگاتے ہی یہ ہم پر کیا قیامت آگئی

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۷۸

۰۲. ایک وزن جو چار کرش کے برابر ہوتا ہے اور تولے کا سوواں حصہ ہوتا ہے .

سولہ ماشے کا ایک کرگ اور چہار کرگ کا ایک پل اور سو پل کا ایک تلا . . . ہوتا ہے .

۱۹۳۹ آئین اکبری (ترجمہ) ، ۱ : ۱۶۷

۰۳. گوشت (پلیٹس) .

۰۴. بالچھڑ ، لاکھ (قدیم اردو کی لغت ، ۷۰) .

۰۵. دھان کا سوکھا ڈنٹھل جس سے دانے نکال لئے گئے ہوں ، بوال ؛ دھوکے بازی ؛ رفتار ، چلنے کا عمل ؛ بے وقوف ؛ ترازو ؛ کیچڑ (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۸۶) .

[س : पल]

— بھر کی آس نہیں کہی کل کی بات کہاوت .

کل تک خدا جانے کیا ہوتا ہے ، اتنی دیر میں سلطنت بگڑ جاتی ہے (محاورات ہند ، ۳۷) .

— بھر میں م ف .

آناً فاناً ، دیکھتے ہی دیکھتے ، فوراً ، تورت ، فی الفور ، بہت جلد .

دکھلائے جوش گریہ اگر میری چشم تر
مردم کے غرق سیکڑوں پل بھر میں گھر کرے

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۱۹

دلی کے غدر میں بھی کیا انقلاب دیکھا
آنکھوں کے دیکھتے ہی پل بھر میں کچھ سے کچھ تھا

۱۹۰۵ داغ ، محاورات ، ۱۲۳

— پکھوارہ گھڑی مہینہ چو گھڑھئے کا سال
جس کو لالہ کل کہیں اس کا کیا احوال کہاوت .

جب لالہ کل کہے تو اس کا کیا مطلب سمجھیں مہینہ دو ہفتے یا سال مطلب یہ ہے کہ جو شخص بہانہ کرکے ٹال دے اس کا کوئی اعتبار نہیں (جامع اللغات ، ۲ : ۹۳) .

— پل م ف .

ایک ایک لحظہ ، ہر لمحہ ، لمحہ بہ لمحہ ، ہر وقت یا ہر گھڑی ، پل (رک) کی تکرار .

اے سجن تجکوں یاد کر پل پل
دووں اپس میں اپیچ میں ڈھل ڈھل

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۱۲۵

پل پل مٹک کے دیکھے ڈگ ڈگ چلے لٹک کے
وہ شوخ چھل چھبیلا طناز ہے سراپا
۱۷۱۳ فائز دہلوی ، د ، ۱۷۸

آنکھ کے آگے عالم پل پل مٹتا بنتا جائے
جانے کون بگاڑے ہے اور جانے کون بنائے
۱۹۵۸ تار پیراہن ، ۱۵۳

ــ کا بھروسہ نہیں کہاوت .

آنے والے لمحہ کی خبر نہیں .

دنیا پر کالی آندھی چل رہی ہے سورج ڈیڑھ بلم پر آیا چاہتا ہے پل کا بھروسہ نہیں .

۱۹۶۷ پت جھڑ کی آواز ، ۲۴

ــ کٹنا محاورہ .

وقت گزرنا یا صرف ہونا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۴) .

ــ کی (ــ کے) پَل (میں) م ف .

ذرا سی دیر میں ، پلک جھپکنے بھر کی مدت میں .

بڑی مشکل سے پل کے پل ذرا سیدھے ہوتے ہیں اور دو دانے کھانے پھر اکڑنے لگے .

۱۸۶۹ اردو کی پہلی کتاب ، ۲ : ۶

یہ پل کی پل میں کیا طلسمات کا کھیل ہوا .

۱۹۳۶ مضامین فلک پیما ، ۱۴

ــ میں م ف .

رک : پل بھر میں .

سراباں کے جب گرم تر باؤ آئے
سواد کابدن پل میں مر جائے جائے
۱۶۵۷ کاشن عشق ، ۱۱۱

ہم نے کون و مکاں دیکھ لیا
پل میں سارا جہاں دیکھ لیا
۱۷۹۸ سوز ، د (ق) ، ۸۳

آن میں اوج حسب کو پہنچے مجہول النسب
خاک ذلت پر گرے پل میں فلاں ابن فلاں
۱۸۵۹ مرات کیتی نما ، ۵

پَل (۲) (ف پ) ف ل .

پلنا (رک) سے (مرکبات میں مستعمل) .

ــ پُس کر م ف .

پرورش پا کر ، سیانا ہو کر ، جوان ہو کر .

میں کہتی ہوں تم بھی اس گھر سے پل پس کر نکلی ہو .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۱۰۸

ــ پَلا م ف .

پرورش پا کر ، سیانا ہو کر ، جوان ہو کر .

ہم نے اسی دن کے لیے اپنا عیش حرام کیا تھا کہ جب یہ پل پلا گھر والے ہوں تو تم گھر کی مالک اور ہم گھر کے رکھوال .

۱۹۳۶ راشدالخیری ، نالۂ زار ، ۱۴

پَل (۳) (ف پ) اسم .

پلک (رک) کی تخفیف .

نرگس ٹمن رہی نئیں پل مارنے کی طاقت
آ دیکھ اس انکھیاں کے بیمار کا تماشا
۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۴

پل مارنے سے بھی جلد تر وہ گناہ اس سے دور ہو جاتا ہے.

۱۸۶۷ مذاق العارفین ، ۳ : ۱۷

ــ اوٹ (ــ و مج) م ف .

ذرا دیر میں ، ذرا سا وقفہ (پلیٹس) .

[پل + اوٹ (رک)]

ــ مارتے (میں یا ہی) م ف .

پلک جھپکاتے ، پل بھر میں ، فوراً ، ترت .

پل مارتے اے جوشش کہسار کے دامن کو
صد تختۂ گل بخشے یہ چشم تری عاشق
۱۸۰۱ جوشش ، د ، ۸۲

محل دو محلوں کی رہنے والیاں پل مارتے میں جھونپڑے کو محتاج ہو گئیں .

۱۹۳۶ گرداب حیات ، ۴۵

ــ مارنا ف م .

پلک جھپکانا ، آنکھ جھپکانا (پلیٹس) .

ــ مارنے میں م ف .

رک : پل مارتے .

ایسے مری مژہ کے ہیں بادل بھرے ہوئے
پل مارتے میں دیکھے ہیں جل تھل بھرے ہوئے
۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۱۶۶

تیغ نگاہ یار نے میدان کر دیا
پل مارنے میں مار لیا ہے ہزار کو
۱۹۰۵ داغ ، یاد گار داغ ، ۱۶۴

پَل (۴) (ف پ) امذ .

(چکی کا) پاٹ .

حضرت آسیا کو دھوپ میں لٹا کر چکی کا پل ان کے سینے پر رکھوا .

۱۸۳۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۴۹۵

[؟]

پِل (کس پ) م ف .

گھس کر ، شامل ہو کر .

گمے کد کنور آ سہیلیاں میں پل
کدھیں یار کا آ رکھیے بہار دل

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۲۰۲

[پلنا (رک) سے]

ــ پڑنا ف م .

۱. پوری طاقت یا دھیان سے دفعۃً کسی کام کی طرف متوجہ ہوجانا ، پورا زور لگا کے گھس پڑنا ، کسی کام کی تکمیل میں لگ جانا .

اگر پل پڑے چوسر اور گنجفے پر
تو فرصت ملے شاید اب تم کو مر کر

۱۸۹۳ دیوان حالی ، ۴۶

پھر تو سب لوگ دیواروں پر پل پڑے اور چند ہی دنوں میں . . . زمین کو ہموار اور برابر کر دیا .

۱۹۰۷ اجتہاد ، ۷۹

۲. ایک دم پورے زور اور عزم کامل سے حملہ آور ہونا ، تنہا یا مل کر زور شور سے حملہ کرنا ، دھاوا بول دینا .

توغوں کو اس وہم سے پنہاں کر دیا تھا کہ کہیں دشمن ان کو دیکھ کر ہمیں پر نہ پل پڑیں .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۳ : ۱۷۸

خوامخواہ ہم واجبی واجبی پڑھے لکھوں پر نہ پل پڑا کرے .

۱۹۳۲ مضامین فلک پیما ، ۲۲۴

ــ پِل کَر (کے) م ف .

پوری طاقت سے جسمانی زور لگا کے ، پلچ کے ، پلہ بول کے .

ایک فریق دوسرے فریق سے کہے گا کہ تم ہم پر پل پل کر آتے اور بھگاتے تھے .

۱۸۹۵ ترجمہ قرآن ، نذیر ، ۷۱۴

ــ جانا ف م .

رک : پلنا .

دیکھا نہیں پہاڑ گراں سنگ یا سبک
زوروں چڑھا تھا عشق میں فرہاد پل گیا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۷۵۳

کس قدر پختہ ہے دخت رز کی حرمت کا خیال
میکدے کا بچہ بچہ محتسب پر پل گیا

۱۹۳۶ گلدستۂ ناز ، ۱۵

پُل (۱) (ضم پ) امذ .

۱. وہ راستہ جو دریا نہر یا کسی نشیب کی جگہ کے اوپر ایک کنارے سے دوسرے کنارے جانے کے لیے بنایا جائے .

جو دانا مرد ہیں دنیا کے بہتر
نہیں منزل پکڑتے پل کے اوپر

۱۶۹۷ یوسف زلیخا ، امین ، ۶

ظلم جہاں نہ دور فلک کا مجھے خیال
دریا کے جوش میں تہہ پل آرمیدہ ہوں

۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۱۴۶

وہاں ایک بہت بڑا پل اب بھی بطور یادگار باقی ہے .

۱۹۳۱ رسوا ، خونی راز ، ۱۰۰

۲. (i) طاقچہ جس کے اوپر یا نیچے سے راستہ ہو (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۸) .

(ii) سطح زمین سے اوپر وہ گزرگاہ جس کے نیچے سے ریل گزرتی ہو ، ریل کی پٹری کے نیچے بنا ہوا راستہ .

۳. (قدیم) پشتہ ، بند .

صبح شرق کے پال کے پل تی ٹھوک
نکالیا جو کنچن کی جب تم تی کوک

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۵۹

[ف]

ــ اترنا محاورہ .

پل کو عبور کرنا ، پل پر سے گزر کر پار جانا .

بعضے اپنے پاؤں سے پل اترے .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۵۵۶

ــ باندھَل جانا (ساس) بہو کَجڑی کھیلے کہاوت .

بہو کھیلے اور ساس بیچاری کام کرے (جامع اللغات ، ۲ : ۹۳) .

ــ باندھنا/باندھ دینا ۸۷ محاورہ .

۱. پل بنانا ، پل تعمیر کرنا (جامع اللغات ، ۳ : ۹۳) .

۲. (مجازاً) ڈھیر لگا دینا ، متواتر اور افراط سے کوئی کام کرنا ، کسی بات کی افراط میں مبالغہ کرنا ، کوئی بات یا کام کثرت سے کرنا (حرف اضافت کے بعد) .

اشارہ ہوں جو اپنا بے تامل
ابھی شیشوں کے ساتی باندھ دے پل

۱۸۶۱ الف لیلہ نو منظوم ، ۳ : ۴۲۷

۳. بے حد تعریف کرنا .

لوگوں نے شاہ صاحب کی کرامتوں کے پل باندھے .

۱۹۳۰ مضامین فرحت ، ۲ : ۷

ـــ بندی (ـــ فت ب ، سک ن) امث .

۱. پل یا پاڑ کی تعمیر یا مرمت ، پل بنانے کا عمل یا کام .
جو جو دریا راہ میں حائل ہوں ان کی پل بندی کی جائے .

۱۸۹۵ نجیب التواریخ ، ۳۲

۲. پل سے گزرنے کا محصول (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۸) .

۳. (مجازاً) لونڈے بازی ، اغلام ، امرد پرستی (جامع اللغات ، ۲ : ۹۴) .

[پل + بندی (رک)]

ـــ بندھنا محاورہ .

پل باندھنا (رک) کا لازم .

قریب ہزار پلوں کے ان ندیوں پر بندھے ہیں .

۱۸۷۳ مطلع العجائب ، ۱۶۰

موج معنی ہوئی گم بندھ گئے الفاظ کے پل
کچھ خبر ہے تجھے اے بات بنانے والے

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۲۲۹

ـــ بننا محاورہ .

کسی مشکل یا دشواری کے حل میں معاون ہونا .

تو دشمنوں کے لیے ایک پل بن گیا کہ وہ اس پر سے عبور کرتے ہوئے تیرے دوستوں کو غارت کر دیں .

۱۹۱۵ نیرنگ فصاحت ، ۲ : ۳۷۰

ـــ تختہ (ـــ فت ت ، سک خ ، فت ت) امذ .

کشتی یا لکڑی وغیرہ کا عارضی پل جو دریا خندق یا کسی نشیب کو وقتی طور پر عبور کرنے کی غرض سے باندھا جائے ؛ وہ عارضی پل جو خندق وغیرہ پر قلعہ کے گرد باندھا جائے اور وقت ضرورت اٹھایا جا سکے .

پل تختہ خندق پر پر کیا فوج ظفر موج کا اتارا ہوا .

۱۸۸۸ طلسم ہوشربا ، ۳ : ۴۳

گرد قلعہ خندق تھی ، پل تختہ اس کا نہ تھا .

۱۹۱۷ گلستان باختر ، ۳ : ۸۰۲

[پل + تختہ (رک)]

ـــ توڑنا محاورہ .

۱. پل گرانا یا منہدم کرنا .
باغی فوج پل توڑنے کے لیے بڑھی .

۱۹۷۵ تاریخ اسلام ، ندوی ، ۱۶۶

۲. پل ٹوٹنا (رک) کا تعدیہ .

ـــ ٹوٹ پڑنا/جانا/ٹوٹنا محاورہ .

پل کا گرجانا ، منہدم ہوجانا یا بگڑ جانا ، (مجازاً) ریل پیل ہونا ، کسی بات یا کام میں کثرت یا تسلسل و تواتر ہونا ، ڈھیر لگ جانا .

اس دفعہ مجھ پر چار طرف سے فرمائشوں کا پل ٹوٹ پڑا .

۱۸۹۶ شاہد رعنا ، ۶۰

خاق خدا کا پل ٹوٹا ہوا ہے کہ قسم کھانے کو کسی کا پاؤں زمین پر نہیں ٹکتا .

۱۹۴۵ پرہرواز ، ۵

ـــ دماغ کس اضا (ـــ کس د) ، امذ .

دماغ کے چار حصوں میں سے چوتھا حصہ ، جس کی شکل پل سے مشابہ ہے (فلسفۂ حیات ، ۴۴) .

[پل + دماغ (رک)]

ـــ صراط کس اضا نیز پلِ اضا (ـــ کس ص) امذ .

وہ پل جس پر سے قیامت کے دن اچھے برے سب گزریں گے (کہا جاتا ہے کہ پل بال سے زیادہ باریک تلوار کی دھار سے زیادہ تیز آگ سے زیادہ گرم ہوگا نیکوکار اس سے باآسانی گزر جائیں گے اور بدکار کٹ کٹ کر جہنم میں گر پڑیں گے) ، (مجازاً) بہت مشکل اور دشوار گزار راستہ .

یو پل صراط کی باٹ ہے ، بھوت یاں آنا آٹ ہے .

۱۶۲۵ سب رس ، ۸۴

ناک پل صراط کی راہ .

۱۷۸۵ زنجیرہ شاہ سلطان حسینی ، ۲

اکبر بروز حشر ہیں پل صراط پر
بھولے نہ راہ عشق کی منزل تو کیا عجب

۱۸۹۶ تجلیات عشق ، ۱۰۱

اس عالم کی ہر راہ پل صراط ہے اور صراط مستقیم عدل و اعتدال کا نام ہے .

۱۹۵۸ ابوالکلام آزاد ، مضامین ، ۱۲۱

[پل + صراط (رک)]

ـــ و مسجد و چاہ و مہمان سرائے فقرہ .

ایسی چیزیں جن سے سب کو فائدہ ہو ، صدقۂ جاریہ (جامع اللغات ، ۲ : ۹۴) .

پُل (۲) (ضم پ) امذ .

ہول (رک) : کی تخفیف .

زر سرخ اور سفید اور مسکوک کو مبلغ اور عدد لکھتے ہیں اور پل سیاہ یعنی فلوس کو مرادی .

۱۸۵۴ مجمع الفنون (ترجمہ) ، ۱۷۷

پُل (۳) (ضم پ) امذ .

بالوں کا کھڑا ہوجانا خوشی میں ، رونگھٹے کھڑا ہوجانا (پلیٹس) .

[س : پُل पुल]

پُل (۴) (ضم پ) امذ .

چمڑے کا بڑا ڈول ، پُر (رک) .

پل کھینچتے ہیں ، کنوئیں سے جیسے دو بیل
لب تک آتی ہے یوں ہماری آواز

۱۹۶۷ نجوم و جواہر ، ۲۷۶

[رک : پُر (۱)]

پَلّا (۱) (فت پ) امذ ؛ امث : پلی .

وہ عمودی دستے کی کٹوری جس سے (پگھلا ہوا) گھی یا سرسوں وغیرہ کا تیل برتن میں سے نکالتے ہیں اس کے اوپر کے سرے پر کٹوری کی مخالف سمت میں تھوڑا سا حصہ مڑا ہوا ہوتا ہے تاکہ اسے چٹکی میں آسانی سے پکڑ سکیں (بیشتر آہنی) (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۹) .

[س : پل + ک ـک + पल]

پَلّا (۲) (فت پ) صف .

پرورش کیا ہوا ، پالا پوسا ہوا ، پروان چڑھا ہوا (تراکیب میں مستعمل) ، پلنا (رک) سے (پلیٹس) .

ـ پَلّایا (ـ فت پ) صف .

اچھا خاصا سیانا ، جو پرورش کے بعد بڑا ہوگیا ہو ، تربیت یافتہ .

خدا کا شکر کرو جس نے پلا پلایا بیٹا تمھیں دیا .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۷۸۳

ایک لاڈ پیار کا پلا پلایا بچہ کیسی کیسی مصیبتیں جھیل رہا ہے .

۱۹۳۴ قرآنی قصے ، ۶۲

ـ پُوا (ـ ضم ہ) صف .

سدھا ہوا ، پالتو .

وحشی چوپائے اس قدر پلے ہوئے تھے کہ قریب آکر ہاتھوں سے روٹی اور چارہ لیتے تھے .

۱۹۷۵ تاریخ اسلام (شاہ معین الدین ندوی) ، ۴ : ۲۶۰

پَلّا (۱) (فت پ ، شد ل) امذ ؛ ~ پلّہ .

۱. آنچل ، دامن ، چادر وغیرہ کا کونا ، پلّو .

مرتبہ عدل کا سب سے بڑھ کر ہے کہ ساری خصلتیں اچھی اس کے پلے میں نکی ہوتی ہیں .

۱۸۰۳ حسن اختلاط ، ورق ۹ ب

بیٹی ، الٹی طرف کا پلا زیادہ رکھتے ہیں .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۲۶

۲. (حمّال) لمبی چوڑی اور مضبوط چادر یا ٹاٹ وغیرہ جس میں مزدور کے اٹھانے کے لائق بوجھ بندھ سکے ، تھیلا ، انبان ، گون ، ایک سر پہ رکھے جانے کے قابل بار .

کیا بدھیا ، بھینسا ، بیل ، شتر ، کیا گونی پلّا سر بھارا
کیا گیہوں ، چاول ، موٹھ ، مٹر ، کیا آگ ، دھواں کیا انگارا

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۱۹۹

۳. فاصلہ ، دوری ، بُعد ، مسافت .

اس کے تیرہ دروازے ہیں اور دو دروازے کے مابین پلّا ایک فرسنگ کا ہے .

۱۸۷۳ مطلع العجائب ، ۱۵۴

تھوڑی دور آگے جاکر رنگ محل ہے ، رستا بے محل ہے ، جیسے ڈولی کا پلّہ ہے .

۱۹۰۱ راقم ، عقد ثریا ، ۷۷

۴. (i) نشانے پر پہنچنے کی طاقت اور صلاحیت (جو تیر میں اس کے لوہے اور ساخت کی عمدگی سے پیدا ہوتی ہے) .

دل جگر دونوں ہدف کرتے ہیں بہر امتحاں
دیکھنے ہیں ایک دن پلے تمھارے تیر کے

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۱۶۴

اس کی چٹکی سے چھٹا سینے میں اترا دل میں تھا
کیا ٹھکانا توڑ کا پلّا تو دیکھو تیر کا

۱۹۰۶ تیر و نشتر ، ۸۶

(ii) نشانہ ، زد ، (تیر کی) رسائی کی حد .

جو افغان تیر کے پلّے پر نظر آیا اسے پرونا شروع کیا .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۳۰۱

آپ نے دیکھ لیا تیر دعا کا پلّا
دل سے چلتے ہی تو یہ عرش سے جا لگتا ہے

۱۹۰۵ گفتار بیخود ، ۲۶۶

۵۔ (چھپر بندی) چھپر یا کھپریل (یا سائبان) کے عرض و طول کا مکمل پویلاو (ا پ و ، ۱ : ۱۲) .

اف : باندھنا ، بنانا .

۶۔ (بُنائی) تانے کے دونوں حصوں کو اوپر تلے حرکت دینے والا بنائی کا ایک آلہ جو بانس کی باریک تیلیوں تار کے ٹکڑوں یا تاگے کی اڑوں سے تیار کیا جاتا ہے اس کی ہر درز میں تانے کا ایک ایک تار اس طرح سارا جاتا ہے کہ پورا تانا دو حصوں میں بٹ کر اوپر تلے دو دم بن جاتے ہیں اور رچ کے اوپر نیچے کرنے سے بانے کے دونوں دم بھی باری باری اوپر نیچے ہوتے ہیں جن کے درمیان ہر حرکت کی تبدیلی پر بُنالا ڈالا جاتا ہے ، اِنسلا ، گُلّا ، راچھ (ماخوذ : ا پ و ، ۲ : ۵۷) .

۷۔ (ٹوکری سازی) اونچی باڑ کا پٹاری نما بڑا ٹوکرا جس میں ایک مزدور کے اٹھانے کے لائق بوجھ بھرا جاسکے ، جَھلّی (ا پ و ، ۳ : ۳) .

۸۔ (کُپّا سازی) سب سے بڑی قسم کا کُپّا جس میں ڈھائی تین من وزن آسکے (ا پ و ، ۳ : ۱۸) .

۹۔ (پٹوا گری) زیور کے ڈورے دونوں طرف کے بندوں میں کا لمبا بند .

گلے میں ... تعویذ ... جس کی کرمک ... پلّا پڑ چکنے ہوئے .

۱۹۲۳ اہل محلہ اور نا اہل پڑوسی ، ۲۹

۱۰۔ (آب پاشی) رج بہے سے پانی نکالنے کا ایک قسم کا ٹوکری کی شکل کا تنکوں سے بنایا ہوا ڈول جس سے نہر کا پانی اُچھال کر سطح آب سے اونچی زمین پر پہنچایا جاتا ہے (اس میں دو طرف دو دو رسّاں اور ان کے کنارے پر لکڑی کا گول دستہ بندھا ہوتا ہے) بیڑی ، بینڑی ، پردھا ، چنبل ، دگلا ، دوری (ماخوذ : ا پ و ، ۶ : ۱۵۰) .

۱۱۔ (کبوتر بازی) کبوتر کی ایک لمبی اُڑان (ا پ و ، ۸ : ۱۲۸) .

۱۲۔ تین من وزن .

میرا قیاس ہے کہ یہ بھینسے پلہ بھر یعنی تین من سے کم وزن کے نہ ہوتے ہوں گے .

۱۹۳۲ قطب یار جنگ ، شکار ، ۲ : ۱۵۳

۱۳۔ پٹ، ایک کواڑ؛ لپ ، جھولی، دامن (فرہنگ آصفیہ، ۱ : ۵۳۱) .

[س : پل + کہ : पल + क:]

— باندھنا محاورہ .

۱۔ پلّے بندھنا (رک) کا تعدیہ .

کس کی انگلی میں پہناؤں چھلا ، کیا زبردستی پکڑ کے باندھوں پلا .

۱۸۸۷ چترا بکاؤلی (کریم الدین مراد کے ڈرامے ، ۷ : ۲۴۶)

۲۔ تہ بند باندھنا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۳) .

۳۔ (مجازاً) دشمن کے مقابلے کے لیے تیار ہونا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۳) .

— منھ پر رکھنا محاورہ .

(رونے کو) دلاسا دینا ، آنسو پوچھنا .

رشک سے شعلۂ رخسار کے روتی ہے برق
برق کے منہ پہ ہے رکھے ہوئے پلّا بادل

۱۸۷۶ کلیات نعت محسن ، ۱۱۹

— منھ پر لینا محاورہ .

منھ ڈھک کر رونا (خواتین پرسہ دینے کے لیے منھ ڈھک کر روتی ہیں) .

یہ کہا اور بھر آیا دل محزوں اک بار
منھ پہ پلا لیا رونے کو بچشم خونبار

۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۲ : ۱۴۵

پَلّا (۲)

(ف ت پ ، ش د ل) اسف .

ایک قسم کی مچھلی کا نام ، جو اپنے برابر کی اور مچھلیوں سے زیادہ چوڑی اور کسی قدر پچکی یا پٹخی ہوئی سی ہوتی ہے ، منھ چھوٹا اور سفنے بھی چھوٹے اسے پلوہ (رک) بھی کہتے ہیں ؛ سمندر کی رو ہو مچھلی جو دریائے سندھ کے دہانے کے اوپر کو چڑھ جاتی ہے .

ماہی گیروں کے ایک وفد نے ... پلا مچھلی کی نسل کے خاتمہ کے خطرے سے آگاہ کیا .

۱۹۸۱ روز نامہ جنگ، کراچی ، ۲۴ اگست ، ۲

[؟]

پَلّا (۳)

(ف ت پ ، ش د ل) امذ ؛ ~ پلّہ .

۱۔ کسی چیز کے وزن کرنے کو ترازو کی ڈنڈی کے دونوں جانب ڈسوں میں لٹکا ہوا ہر ایک طبق جس میں سے ایک میں باٹ اور دوسرے میں جنس رکھ کر تولتے ہیں ، (رک) پلڑا .

سبک تول پن دھن کا پڑتا چلیا زبردست کا پلہ چڑتا چلیا

۱۶۵۷ کاشن عشق ، ۱۹۳

تو جو تل بیٹھے تو پلے چاہیے ہوں مہرو ماہ
ایسی میزاں کے تئیں لازم ہے پاسنگ فلک

۱۷۸۲ حاتم ، دیوان زادہ ، ۱۱۶

کسی میں زر کسی میں سنگ یہ ہے پھیر قسمت کا
برابر گرچہ ناسخ دونوں پلّے ہیں ترازو کے

۱۸۱۶ دیوان ناسخ ، ۱ : ۲۴

۲. دو یا زیادہ ٹکڑوں والی چیز کا ہر ایک ٹکڑا ، ٹوپی کا ایک بازو ، انگرکھے کا ایک دامن ، قینچی کا ایک پرت (ماخوذ : فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۹) .

تم کر ابھی دو پلّے باقی ہیں اور میں دونوں پائنچوں کی کلیاں لگا بھی چکی .

۱۸۶۸ مرأۃ العروس ، ۶۲

ایسے پلّے کل ہی منو لال بزاز نے ایک رئیس کے ہاتھ دس دس روپے میں بیچے ہیں .

۱۹۴۲ مذاکرات نیاز ، ۱۲۱

۳. عورت کی شرم گاہ کا کنارہ (جامع اللغات ، ۲ : ۹۴) .

۴. درجہ ، مرتبہ .

تل گیا نظروں میں تو شب کو جو کوٹھے پر چڑھا
تیرا پلہ ، پلہ مہ کے برابر ہو گیا

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۳۷

۵. سیڑھی کا ایک ڈنڈا ، زینہ کی ایک سیڑھی (پلیٹس) .

[۵ : پلّا]

— برابر رہنا/ہونا محاورہ .

ہم رتبہ و ہم پایہ ہونا ، یکساں ہونا .

وہ عالم ہے نہ غم سے غم نہ شادی سے مجھے شادی
برابر میری میزاں میں ہے پلہ رنج و راحت کا

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۶

— بڑھنا محاورہ .

رک : پلہ بھاری ہونا .

نفع اور سود مندی سے زینت کا پلہ بڑھ نہ جائے .

۱۹۰۸؟ اساس الاخلاق ، ۳۳۲

— بندی (— فت ب ، سک ن) اسم .

مقررہ وزن کے مطابق کرنا .

غلہ وغیرہ اور . . . اجناس منقولہ کو بموجب ضابطہ در صورت پلہ بندی نہ کر دینا .

۱۸۴۹ کتاب الآغاز ، ۱۴۷

[پلّا + بندی (رک)]

— بندھنا محاورہ .

شادی ہونا .

مجھے یہ خدشہ ہے کہ خدا معلوم اب کس خدا کی بندی سے پلہ بندھے

۱۹۲۱ فغان اشرف ، ۸۱

— بھاری پڑنا رہنا محاورہ .

رک : پلہ بھاری ہونا .

سب سے اچھا ورکر مد مقابل کی طرف ہو گیا اور ادھر کا پلہ بھاری پڑنے لگا .

۱۹۵۴ پڑنا بالغ ، ۱۳۷

— بھاری کرنا محاورہ .

پلہ بھاری ہونا (رک) کا تعدیہ ؛ بات یا معاملہ کو با وزن بنانا .

برامکہ کا واقعہ رشید کے الزامات کے پلے کو بھاری کر دیتا ہے .

۱۸۸۹ مقالات شبلی ، ۸ : ۴۱

عبدالمطلب نے اپنے زور سے بنو ہاشم کا پلہ بھاری کر دیا تھا .

۱۹۱۱ سیرۃ النبی ، ۱ : ۲۰۱

— بھاری ہونا محاورہ .

وزن دار ہونا ، بوجھل ہونا ، وزنی ہونا ، (مجازاً) طاقت عظمت قدر و منزلت ساکھ یا اقتدار وغیرہ میں تفوق و برتری حاصل ہونا .

بے فیض یہ چشمہ کبھی جاری نہیں ہوتا
کم آدر کا پلہ کبھی بھاری نہیں ہوتا

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۱ : ۹۵

۳. کسی بات کی کثرت زیادتی یا برتری ہونا (کسی کے مقابلے میں) .

قیامت میں نہ ہوگی بات ہلکی پلہ بھاری ہے
مرے عصیاں بحد سے ترے احسان بحد کا

۱۸۹۵ دیوان راسخ دہلوی ، ۵

کہہ نہیں سکتی ، دونوں میں کس کی ضد کا پلہ بھاری تھا .

۱۹۲۱ پتنی پرتاپ ، ۱۱۳

۴. صاحب اولاد ہونا ، تعلقات دنیاوی میں مبتلا ہونا .

بیگم اللہ رکھے اب پلہ بھاری ہے چھڑی نہیں ہو کہ کاٹا اور لے دوڑی جب جی میں آئی اٹھیں اور ریل میں بیٹھیں .

۱۹۲۳ بچہ کا کرتہ ، ۹

۵. بہت فاصلہ ہونا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۴) .

۶. گناہ گار ہونا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۴) .

— پاک ہونا محاورہ.

۱. معاملہ طے ہو جانا، فیصلہ ہو جانا، نجات ملنا.
ضامن ہونا ایسی طرح کہ جس کی طرف سے ضمانت کی ہے اوس کا پلہ پاک ہو.
۱۸۶۶ تہذیب الایمان (ترجمہ)، ۵۱

۲. قرضہ ادا ہونا (جامع اللغات، ۲: ۹۳).

— پکڑ لینا محاورہ.

آسرا لینا، حمایت میں آنا، دامن پکڑ لینا (رک).
نعیم نے تو پہلے ہی ایسے نگہبان کا پلہ پکڑ لیا تھا.
۱۹۳۳ ید قدرت، ۵۹

— جھکنا محاورہ.

رک: پلہ بھاری ہونا.
مرد اور عورت دونوں کے حقوق کو تولا جائے تو شاید عورت ہی کا پلہ جھکتا ہوا رہے.
۱۸۸۵ فسانۂ مبتلا، ۲۳۳

نپولین نے کہا، بربادی کا پلہ زیادہ جھکا ہوا ہے. (۲)
۱۹۰۷ نپولین اعظم، ۲: ۳۳۹

— چھڑانا محاورہ.

۱. رہائی حاصل کرنا، اچھا چھڑانا.
رحیمن نے نکھٹو خاوند سے اپنا پلا چھڑا لیا.
۱۹۲۶ نور اللغات، ۲: ۱۰۷

۲. (مجازاً) طلاق حاصل کرنا (جامع اللغات، ۲: ۹۳).

۳. عورت کو رونے سے باز رکھنا، (رک) پلو چھڑانا.
اکبر کو جب یہ روئیں تو پلا چھڑائیو
ننھے سے ہاتھ باندھیو، قسمیں دلائیو
۱۸۵۷ دبیر (مہذب اللغات، ۳: ۹۱)

— دار صف.

وزن اٹھانے والا، مزدور، قلی، حمال.
اس نے پلہ داروں کو اجرت دے کر جنازہ اٹھوایا.
۱۸۶۵ مذاق العارفین، ۳: ۶۲۵
مزدوروں میں غلہ دھونے والے مزدور جن کو پلہ دار کہتے ہیں فصل ربیع و خریف کے موقع پر انکا کما لیتے ہیں کہ برسات میں گھر بیٹھ کر کھاتے ہیں.
۱۹۱۷ علم المعیشت، ۱۸۸

[پلہ + دار (رک)]

— دبنا محاورہ.

(مقابلے میں) زیادہ ہونا، بیش ہونا.
شرماجی فیشن ایبل آدمی تھے، خرچ کا پلہ ہمیشہ دبا ہی رہتا تھا.
۱۹۱۶ بازار حسن، ۶۹

— کرنا محاورہ.

۱. دور جانا، دور تک پہنچنا، جست کرنا.
جو ہم کرتے نشانہ آسماں کو
خدنگ آہ پلّا کیا نہ کرتا
۱۸۷۸ سخن بے مثال، ۲۲
جس تیر نے پلا نہ کیا ہے وہ ہرکہ
بیکار ہے جس تیغ نے میداں نہیں دیکھا
۱۹۳۳ صورت تغزل، ۶۵

۲. تعاقب کرنا، (کسی کے) پیچھے جانا.
جونجو اور سنو نے پلا کیا فتح نے بڑا ان کا پلا کیا
۱۷۹۴ جنگ نامہ دو جوڑا، ۶۸

۳. پھینکنا، دور ڈالنا یا پہنچانا.
پلہ کرے کماں تری تیر جس جگہ
پہنچے نہ واں قیاس کا ناصد بمقام تیر
۱۷۸۰ سودا، ک ۱: ۳۸۶

۴. منہ ڈھانک کر رونا، میت پر رونا (جامع اللغات، ۲: ۹۳).

۵. گھونگھٹ نکالنا (جامع اللغات، ۲: ۹۳).

— کش (— ف ک).

(الف) امذ.
وہ گھوڑا جو پلا تکان لمبی منزل طے کرے، مشقت برداشت کرنے اور لمبی منزل چلنے والا گھوڑا (ا پ و، ۵: ۱۱).
بہت سا جس کی پروے پشت میں خم
تو جان اس کو کہ پلہ کش ہے یہ کم
۱۷۹۵ فرستامۂ رنگین، ۷
اسپ پلہ کش . . . جملہ گھوڑوں سے نازک ہوتا ہے.
۱۸۷۲ رسالہ سالوتر، ۲: ۳۰

(ب) صف.
جانب دار، طرف دار (پائیس).
اسم کیفت: پلہ کشی (پائیس).

[پلہ + کش (رک)]

— گراں کرنا محاورہ .

رک : پلّا بھاری کرنا .

وہ خطہ جو تھا ایک ڈھوروں کا گلہ
گراں کر دیا اس کا عالم سے پلّہ

۱۸۷۹ مسدس حالی ، ۱۱

آتش پرستانہ ثنویت کا پلّہ مسیحیت کے مقابلے میں گراں کر دیا تھا .

۱۹۲۶ غلبۂ روم ، ۱۵۵

— گراں ہونا محاورہ .

رک : پلّا بھاری ہونا .

تو ستم سے تول اپنے امتحاں کی میزاں میں
صبر و تاب کا پلّہ اس سے ہے گراں اپنا

۱۸۸۱ ریاض صابر ، ۲۵

پلہ مرا گراں ہے کہ الفت میں غیر کا
دیکھو نگاہ غور سے دونوں کو تول کر

۱۹۰۳ سفینۂ نوح ، ۵۵

— لینا محاورہ .

۱. (کسی کا) سہارا لینا ، پناہ میں آنا (نور اللغات ، ۲ : ۱۰۷) .

۲. رونے کے لیے مُنھ ڈھانکنا (کسی کے غم میں یا پرسا دینے کے موقع پر) .

کسی ناشاد و نامراد کے غم میں رونے کا ارادہ کیا ہے ، خیمہ نہیں ہے بلکہ پلّہ مُنھ پر لیا ہے .

۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۶ : ۸۹

ماتم دار پلّہ لیتی . . . اور چلا چلا کر روتی ہے .

۱۹۰۵ رسوم دہلی ، سید احمد ، ۱۱۳

— بلکا ہونا محاورہ .

طاقت اہمیت عظمت قدر و منزلت ساکھ یا اقتدار وغیرہ میں کمی آنا یا کم ہونا .

کم از کم یہ قابلیت تو ضرور ہو کہ کسی مباحثے میں اپنا پلہ ہلکا نہ ہونے دے .

۱۹۲۲ نقش فرنگ ، ۴۲

پلّا (۴) (فت پ ، شد ل) ظرف مکان ؛ مث : پلی .

رک : پرلا (اس طرف کا) جس کی ''ر'' کو ''ل'' سے بدل کر مدغم کیا گیا ہے اور بات چیت میں مستعمل ہے جیسے : پلا دروازہ (= اُدھر کا دروازہ) یا پلا گھر (وہ مکان جو اُس طرف واقع ہے) وغیرہ (ماخوذ : شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۶) .

پلا (۱) (کس پ) صف ؛ مث : پلی .

پلٹنا (رک) سے (تراکیب میں مستعمل) .

ایک ہے کہ چڑھا چلا آتا ہے ، دوسرا ہے کہ پلا چلا آتا ہے .

۱۹۲۸ پس پردہ ، ۸۷

— پڑنا محاورہ .

۱. ٹوٹ کر آنا یا پہنچنا .

ازدحام تھا ، لوگ پلے پڑتے تھے .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۲۹

۲. حملہ آور ہونا ، زیادہ تعداد میں جمع ہونا .

دشمن ساعت بساعت پلے پڑتے تھے .

۱۹۰۰ ایام عرب ، ۲ : ۲۶۳

۳. مائل ہونا ، گرویدہ ہونا .

زمزم کے پانی میں آخر کیا بات ہے جو خلقت اس پر پلی پڑتی ہے .

۱۹۱۸ چٹکیاں اور گدگدیاں ، ۹۵

پلا (۲) (کس پ) امث .

رک : پنڈلی (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۱۲) .

[مقامی]

پلّا (کس پ ، شد ل) امذ ؛ امث : پلّی .

۱. کتے کا بچہ ، بھیڑیے وغیرہ کا بچہ .

اتفاقاً کہیں تھا اک پلّا جیسے کتے کا ہو بڑا پلّا

۱۸۰۱ جوشش ، د ، ۲۳۷

کتے کے پلے گلی میں پڑے ٹھٹھرتے تھے .

۱۹۱۸ چٹکیاں اور گدگدیاں ، ۵۷

۲. (تحقیراً) انسان ، انسان کا بچہ .

رہتا ہے سخت شیفتہ کتوں کے بال کا
پلا یہ ہے کہ کہیے تو کسی کتے وال کا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۱۲۲

اے ہے کیا آدمی کا پلا ایسا ہی ہوتا ہے .

۱۹۰۱ زلفی ، ۱۱

[س : पिल्ल: پلّہ]

پلاتک (فت پ ، ت) امذ .

مغرور ، بھاگا ہوا شخص ، بھگوڑا ؛ کاشتکار جو زمین چھوڑ کر چلا جائے (جامع اللغات ، ۲ : ۶۵) .

[س : پلایت + ک + पलायत क]

پلاٹ (کس پ) امذ .

۱. کسی قصے یا ڈرامے وغیرہ کے بنیادی اجزا یا خیالات جنھیں پھیلا کر وہ مرتب ہوا ہو ، خاکہ ، ڈھانچہ .

پلاٹ کی خوبی یہ ہے کہ اس کے تمام اجزا کی تنظیم و ترتیب میں تناسب و توازن پایا جائے .

۱۹۳۲ اخوان الشیاطین ، ۴

۲. قطعۂ زمین ، زمین کا ٹکڑا جس پر کوئی تعمیر نہ ہو ، جگہ .

پلاٹ موجود ہیں چاہے مکان بنوائیں یا سرمایہ کاری کریں .

۱۹۸۱ روز نامہ جنگ، کراچی ، ۱۰ اگست ، ۴

۳. سازش ، ساز باز ؛ بندش (انگلش اردو ڈکشنری ، عبدالحق) .

[انگ : Plot]

پلاٹن (ف پ ، ٹ) اسٹ .

رک : پلٹن (پلیٹس) .

پلاٹنم (کس پ ، سک ٹ ، ف ن) امذ .

رک : پلاٹینم .

پلاٹنم اور سونے سے کوہستان یورال کی کانیں بھری ہوئی ہیں .

۱۹۳۲ جغرافیۂ عالم (ترجمہ) ، ۲ : ۲۳۷

پلاٹنی (کس پ ، سک ٹ) امذ .

رک : پلاٹینم .

اگر سونے کا تار یا پلاٹنی کے تار کو . . . اس کام میں لاویں تو گیاس کی ایک دھار ہر ایک سے نکلے گی .

۱۸۳۹ ستہ شمسیہ ، ۶ : ۱۳۰

پلاٹینا (کس پ ، ی مع) امذ .

طلاے سفید (فوائدالصبیان ، ۱۴۰) .

[پلاٹینم (رک) سے]

پلاٹی نائٹ (کس پ ، ء) امذ ~ پلاٹی نائڈ .

پلاٹینم سے مشابہ تانبے ، زنک اور جست کا فولادی مرکب (جو بجلی کے آلات میں کثرت سے استعمال ہوتا ہے) .

پلاٹینم نازک تاروں کو جوڑنے کے کام آتا ہے . . . اس کی ایک اور سستی قسم ہے جس کو پلاٹی نائٹ کہتے ہیں .

۱۹۶۰ دھاتوں کی کہانی ، ۱۲۹

[انگ : Platinoid]

پلاٹینم (کس پ ، ی مع ، ف ن) امذ .

ہسپانوی الاصل لفظ سے مشتق جس کے معنی چاندی کے ہیں چاندی جیسی سفید لیکن بھورے رنگ کی آمیزش لئے ایک بیش قیمت دھات (دیکھنے میں ہلکی لیکن اصلیت میں وزنی آکسیجن تیزاب اور گرمی کے اثر سے محفوظ بجلی کے آلات زیورات تیل سے گھی بنانے فاونٹن پن کی نب گھڑیوں کے آلات فوٹوگرافی کا سامان مصنوعی دانت بنانے اور مختلف پیمانے تیار کرنے کے کام میں آتی ہے) .

مثبت اجسامون میں سونا پلاٹینم . . . وغیرہ ہیں .

۱۸۵۶ فوائد الصبیان ، ۱۳۴

دھاتیں مثلاً پلاٹینم جو بہت مشکل سے پگھلتی ہیں ، بالکل آسانی سے شعلہ بن سکتی ہیں .

۱۹۱۵ رموز فطرت ، ۸۵

[انگ : Platinum]

— جوبلی (— و مع ، سک ب) اسٹ .

ساٹھ سال کے بعد جشن سال گرہ منانے کی ایک رسم .

کراچی میں آغا خاں کی پلاٹینم جوبلی ہورہی ہے .

۱۹۶۰ گل کدہ ، جعفری ، ۳۴۲

[پلاٹینم + جوبلی (رک)]

— مزاحمتی تھرمامیٹر (— ف م ، کس ح ، ف م ، تھ ، سک ر ، ی مع ، ف ٹ) امذ .

حرارت ناپنے کا ایک آلہ جو اسی اصول پر مبنی ہے کہ دھات کے ایک تار کی برقی مزاحمت حرارت کے ساتھ کافی یکسانی کے ساتھ بڑھتی جاتی ہے .

سب سے پہلے پلاٹینم مزاحمتی تھرمامیٹر ایک سائنس‌داں سیمن نے ۱۸۷۳ میں بنایا تھا لیکن اس تھرمامیٹر کی پیمائشیں بہت زیادہ قابل اعتماد نہیں تھیں .

۱۹۶۶ حرارت ، ۴۶

[پلاٹینم + مزاحمتی (رک) + تھرمامیٹر (رک)]

پلاچہ (کس پ ، ف چ) اسٹ .

گردن (اصطلاحات پیشہ وراں ، منیر ، ۴۳) .

[؟]

پلارک (ف پ ، ر) اسٹ .

فولاد کی تلوار ، تیر کی نوک ، (مجازاً) طالنور .

ہر یک بال تس سر میں بھالے کی سار
پلارک نمن تن کے رو تیز خار

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۲۳

کل ہم ہیں اور یہ پلارک آبدار ہے ، ہمارے روبرو گیدی اسفند یار ہے .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۹۱۰

قاسم نے للکارا . . . لپک کر ہاتھ پلارک کا مارا .

۱۹۰۰ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۱ : ۴۱۵

[ف]

پلازا (کس پ) امذ ؛ ~ پلازہ .

ہسپانوی الاصل لفظ Platea سے مشتق جسکے معنی شہری عمارت کے ہیں ، دفاتر مکانوں اور دکانوں کی بلڈنگ یا عمارتیں ، اسکوئر ، ہاؤس ، چیمبرس ، سینٹر .

فلیٹ ، بنگلے اور پلازے وغیرہ بنائیں گے .

۱۹۷۶ روزنامہ 'جنگ' کراچی ۹ اکتوبر ، ۳

[انگ : Plaza]

پلاس (۱) (فت پ) امذ .

ٹاٹ ، (مجازاً) موٹا جھوٹا کپڑا .

سوان کالے اور کپڑے تھے از پلاس
جو دیو دیکھ ان تے کرے بھی ہراس

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۳۷۶

ایک جوان خوبصورت پلاس پہنے بیٹھا ہے .

۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۱۸۶

پھر اس پر تنقید نہ کرو کہ قالین اور بوریے میں کیا فرق ہے ، شال و پلاس میں کیا نسبت ہے .

۱۹۱۶ کہوارۂ تمدن ، ۴۳

[ف]

پلاس (۲) (فت پ) امذ ؛ ~ پلاش .

۱. ڈھاک کا درخت (جس کی لکڑی ہلکی ہتے بڑے اور مضبوط پھول سرخ (جب کھلتے ہیں تو ایسے معلوم ہوتے ہیں جیسے چنگاریاں اس کی لکڑی اور چھال میں سے سرخ گوند نکلتا ہے اس کے ہتے دونا وغیرہ بنانے کے لیے استعمال ہوتے ہیں) ، لاط Butea frondosa .

چل یقیں بہتر نہیں ہے اس سے جل مرنے کی طرح
کیا ہی پھولا ہے پلاس اور لگ رہی ہے بن کو آگ

۱۷۵۵ یقین ، د ، ۲۶

تو بھی جا کر اس پلاس کے نیچے بیٹھ اور ہاتھ منہ اپنا خوب طرح چھپالے .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۶۹

زینت سے تیرے بادیہ پیما کو کام کیا
ہیں جامۂ حریر یہ ہتے پلاس کے

۱۹۰۰ دیوان حبیب ، ۲۲۱

۲. (کاشتکاری) ایک قسم کا جنگلی پودا جس پر لاکھ کا کیڑا پرورش پاتا ہے (ا پ و ، ۶ : ۳۶) .

[رک : پلاش]

— پاپڑا (~ ک پ) امذ ؛ لمث ، پلاس پاپڑی ؛ ~ پلاش پاپڑا .

ڈھاک کا بیج جو اکثر دوا کے طور پر کام دیتا ہے .

پلاس پاپڑا کہ طلا اس کا آلت کم شہوت کو قوت تمام بخشتا ہے .

۱۸۴۵ مجمع الفنون (ترجمہ) ، ۱۸۶

پلاس پاپڑا ، ہاتھی اور گھوڑوں کے پیٹ کے کرم مارنے کی دوا ہے .

۱۹۰۷ مصرف جنگلات ، ۲۱۶

[پلاس + پاپڑا (رک)]

— کے تین پات کہاوت .

رک : ڈھاک کے تین پات (جامع اللغات ، ۲ : ۹۵) .

پلاس (۳) (فت پ) امذ .

شادمانی ، مسرت ؛ تماشا ؛ عشق ؛ مشروب (قدیم اردو کی لغت ، ۷۰) .

[؟]

پلاس (۴) (فت پ) امذ .

(لشکری) وہ گانٹھ جو دو رسیوں یا ایک ہی رسی کے دو کناروں یا حصوں کو باہم جوڑنے کے لئے دی جاتی ہے (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۲) .

[انگ : Splice]

پلاس (کس پ) امذ .

۱. کیل وغیرہ کی مضبوط گرفت کا ایک اوزار جو بناوٹ میں سنسی سے مشابہ ہوتا ہے ، پکڑ ، زنبور .

جوڑ کو آتشی اینٹ پر رکھیں اور چیرو کو پلاس سے اچھی طرح قابو میں کر لیں .

۱۹۷۰ دھات کاری ، ۵۹

۲. (سناری) سونے یا چاندی کی کڑیاں موڑنے کا نوک دار پتلے منہ کا سنسی نما اوزار جو ایک قسم کا موچنا ہوتا ہے (ا پ و ، ۴ : ۲۲) .

[انگ : Pliers]

پلاسا (فت پ) امذ .

رک : پلاس (۲) .

کسی زمانے میں . . . وہاں لاکھوں پلاسا کے پھول کھل کر زمین کو رنگا رنگ کر دیتے تھے .

۱۹۶۱ سراج الدولہ ، ترجمہ ، ۶۳

پلاستر (فت پ ، سک س ، فت ت) امذ ؛ ~ پلاسٹر .

۱. دیوار وغیرہ کی استر کاری کا مسالہ ، دیوار وغیرہ کی سطح پر چونے اور سمنٹ وغیرہ کی چڑھائی ہوئی تہ ، پلستر .

اس کی دیواروں پر چونے کا پلاسٹر بھی نہیں ہے .

۱۹۰۳ چراغ دہلی ، ۳۰۰

اس نے دھوبن کا پلاستر دیواروں پر کر رکھا ہے .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، احمق الذین ، ۶۱

۲. وہ ضماد یا لیپ جو درد کے مقام یا ہڈی جوڑنے کے لیے لگایا جاتا ہے .

ڈاکٹر کی تجویز ہے کہ معدے پر پلاسٹر ڈالنا چاہیے .

۱۹۰۷ ٹپولین اعظم ، ۵ : ۴۲۳

ڈاکٹر نے پلاسٹر تجویز فرمایا ، اسی وقت لگایا گیا .

۱۹۳۱ رسوا ، خورشید بھو ، ۴۵

اف : چڑھانا ، کرنا ، لگانا ، ہونا .

[انگ : Plaster]

ـــ اڑا دینا محاورہ .

(مجازاً) بہت مارنا ، مارتے مارتے کھال اڑا دینا ، پلستر بکھیرنا .

پلستر اڑا دیا ، بہت مارا .

۱۸۸۶ محاورات ہند ، مبحان بخش ، ۵۰

ـــ آف پارس/پیرس (ـــ کس ر / ی مج ، کس ر) امذ .

چونے یا سمنٹ جیسا سفید مسالہ جو ٹوٹے ہوئے عضو پر قالب چڑھانے اور جو مجسمہ سازی اور گلدان وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے .

پلاستر آف پیرس جو ایک قسم کا بھوکا ہوا . . . پتھر ہے .

۱۹۰۳ آتشبازی ، ۹

جب شکستہ ٹکڑوں کا جڑ جانا اس طرح معلوم ہو جائے . . . تو پلاستر آف پارس لگا دیا جاتا ہے .

۱۹۳۱ جیبریات ، ۲ : ۱۱۸

[انگ : Plaster of Paris]

پلاستری (فت پ ، سک س ، فت ت) صف .

پلاستر کی تہ لگا یا ہوا .

دونوں جوارح پر پلاستری تو سیع لگا کر انہیں اٹھا کر ایک شہتیر سے باندھ دیا جاتا ہے .

۱۹۳۱ جیبریات ، ۳ : ۱۰۳

[پلاستر (رک) سے]

پلاسٹڈ (کس پ ، سک س ، کس ٹ) امذ ؛ ~ پلاسٹائڈ .

مادۂ حیات کا ایک جزء (نباتیات) خلیات میں خصوصی مادۂ حیات کے ذرات .

ہتھیروں میں پلاسٹڈ . . . کا سبز رنگ دوسرے رنگین مادوں کی وجہ سے چھپ جاتا ہے .

۱۹۶۲ مبادی نباتیات ، ۴ : ۴۴۷

[انگ : Plastid]

پلاسٹک (کس پ ، سک س ، کس ٹ) امث .

چند کیمیاوی اجزا سے بنا ہوا ایک لچک دار مادہ جو حرارت پانے پر نرم ہو جاتا ہے تب اس سے مختلف چیزیں (فونٹن پن کھلونے وغیرہ) ڈھالتے ہیں ٹھنڈا ہونے پر منجمد اور پھر پہلے کی طرح سخت ہو جاتا ہے .

یہ کٹوریاں مختلف نام اور مختلف شکلوں کی ربر اور پلاسٹک سے بنائی جاتی ہیں .

۱۹۶۵ خاندانی منصوبہ بندی ، ۴۷

[انگ : Plastic]

ـــ سرجری (ـــ فت س ، سک ر ، فت ج) امث .

آپریشن کے ذریعے انسانی اعضا میں کیمیاوی اجزا سے پیوند کاری کا عمل .

پلاسٹک سرجری نے اس کی ناک ہونٹ اور پپوٹے بحال کر دیئے .

۱۹۶۶ والشجاع ، کراچی ، جون : ۱۶

[پلاسٹک + سرجری (رک)]

پلاس موڈیم (کس پ ، سک س ، و مج ، کس ڈ ، فت ی) امذ .

ملیریائی بخار پیدا کرنے والے جراثیم کا جتھا ، امیبائی جراثیم کا اجتماع ، ملیریائی ، طفیلی .

پروٹوزوا یہ سب سے چھوٹے اور ننھے حیوان ہیں . . . ان کو خوردبین سے دیکھ سکتے ہیں ان کی مثال یہ ہے . . . پلاس موڈیم یعنی ملیریائی بخار پیدا کرنے والے وغیرہ .

۱۹۳۰ حیوانیات ، ۱۰

[انگ : Plasmodium]

پَلاسْنا (فت پ ، سک س) ف م .

(جوتا سازی) جوتی کے تلے اور ایڑی کے کناروں کو تراش کر صحیح اور درست کرنا ، جوتی پر تیاری کا ہاتھ پھیرنا یا کور کسر نکالنا ، ٹھپپانا ، جوتا تراشنا (ا پ و ، ۲ : ۲۱۷ ؛ نورالغات ، ۲ : ۱۰۷ ؛ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۴۱۰ ؛ شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۲) .

[مقامی]

پَلاسِینَہ (فت پ ، ی مع ، فت ن) اسذ .

رک : پلاس (۱) جس کی طرف یہ منسوب ہے ، پلاس کا بنا ہوا لباس .

ہوا ڈونگر او سب پلاسینہ پوش
اتے پیل کے پھاڑتا تھا بی گوش

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۳۹۶

[ف]

پَلاش (فت پ) امذ ؛ صف .

۱. ہتا ؛ سبزہ ؛ سبز رنگ ؛ ڈھاک کا درخت ؛ ہلدی کی ایک قسم ، لاط : Curcuma Zedoria ؛ ٹیسو ، کچور ؛ ایک درخت (لاط : Bgter frondosa) جس پر لاکھ کے کیڑے پرورش پاتے ہیں ؛ تخت ؛ تعریف ؛ ایک پرند ؛ پلاشی کا پھول ؛ کسی تیز ہتیار کی دھار (جامع اللغات ، ۲ : ۹۵) .

۲. گوشت خور ؛ سونے والا ، ندریا ؛ سر سبز و شاداب (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۱) .

۳. بہار یا مگدھ کا قدیم نام (پلیٹس) .

[س : پلاش पलाश]

ــ آکھیا (ــ کس کھ) امث .

ہینگ (پلیٹس) .

[پلاش + آکھ (رک)]

پَلاشَک (فت پ ، ش) امذ .

ڈھاک کا درخت ، (رک) پلاش ؛ لاط : Butea frondosa (جامع اللغات ، ۲ : ۹۵) .

پُلاک (۱) (ضم پ) امذ .

اُبلے ہوئے چاولوں کا گولا ، بھج ؛ رک : پلاؤ (پلیٹس ؛ شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۶۲) .

[س : پلاک पुलाक]

پُلاک (۲) (ضم پ) امذ ؛ ~ پُولک .

رک : پولا ؛ ایک قسم کا چھوٹا درخت جو دہرہ دون اور سہارنپور کے علاقے میں ہوتا ہے (شبد ساگر ، ۶ : ۳۱۸۶) .

ڈیڑھ سیر پلاس کے پھول کو تین روز تک پلاک کی راکھ کے پانی میں تر ہونا چاہیے .

۱۸۹۰ رسالہ ، حسن ، ۳ ، ۱۰ : ۳۳

[س : پولک पुलक]

پَلال (۱) (فت پ) امث .

پرالی ؛ بھوسہ ؛ سوکھی ہوئی گھاس ؛ پیال کی ڈالی ، تنکا ؛ دھان کی سوکھی ڈنٹھل (جامع اللغات ، ۲ : ۹۵ ؛ شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۱) .

[س : پلال पलाल]

پَلال (۲) (فت پ) امذ .

رک : پلا / پلی (۱) .

لوٹ پوٹ کا سالن . . . . گھی ۵ پلال تل کا تیل ۳ پلال . . . . تھوڑا تھوڑا ڈالیں .

۱۹۳۲ مشرقی مغربی کھانے ، ۹۸

[پلا (رک) سے]

پَلان (۱) (فت پ) امذ .

زمین کا خالی ٹکڑا جو دو کاشت شدہ ٹکڑوں کے درمیان اگلی فصل کے لیے چھوڑا جائے (جامع اللغات ، ۲ : ۹۵) .

[س : پل + स्थान ستھان]

پَلان (۲) (فت پ) امذ ؛ ~ پالان .

گدی یا چار جامہ جو جانوروں کی پیٹھ پر لادنے یا چڑھانے کے لئے کسا جاتا ہے (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۰) .

اف : کسنا ، باندھنا .

[س : پریایان ن पर्यायण ف : پالان (رک)]

پِلان (۱) (کس پ) امذ .

بڑھیوں کا ایک اوزار جس سے رینتے کا کام کرتے ہیں ، ریتی .

سب سے پہلے اور ضروری اوزار یہ ہیں ، اسٹیل ہینڈ فریم . . . . پلان .

۱۹۳۵ لکڑی کا باریک کام ، ۹

[انگ : Plan]

پلان (۲) (کس پ) امذ ؛ ~ پلین .

کسی کام سے متعلق وہ امور جو اسے پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے تجویز کیے گئے ہوں ، خاکہ ، منصوبہ .

سید سلیمان اگر موجود ہوتے تو پورا پلان ان کو سمجھا دیتا .

۱۹۱۴ مکاتیب شبلی ، ۱ : ۲۸۹

[انگ : Plan]

پلانا (۱) (فت پ) ف ل (قدیم) .

۱. گانا ، بجانا ، الاپنا ، شور کرنا .

بنی ہور بنے لوک پلانے لگے شو آروس کے تئیں سرانے لگے

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۱۷۰

چتر ڈومیناں خوش پلاتیاں اچھیں
بدھاوا بھوت بھانت گاتیاں اچھیں

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۹۸

۲. رونے میں چیخ مارنا ، آہ و زاری کرنا ، کراہنا .

سو رورو بہوت مل کھلانے لگے
حیف مارن ہی ہی پلانے لگے

۱۶۸۱ جنگ نامہ سیوک ، ۲۱۳

جدائی سے ہو اوس کے سوگواری
پلانے کوں لگا ہے حد ہزاری

۱۷۹۱ ہشت بہشت ، ۷ : ۱۱۵

[مقامی ؟]

پلانا (۲) (فت پ) ف م .

پرالی سے ڈھکنا ، چھپر باندھنا ؛ بھاگ جانا ، فرار ہونا ؛ (دودھ کا) اترنا یا تھنوں میں آنا ، رک : ہانسنا (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۹۵) .

[س : پلال पलाल]

پلانا (کس پ) ف م .

۱. پینا نمبر (۱) کا متعدی .

زاہد کوں نکو پلا یو شراب ، نہیں تو توں ہوے گا خراب .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۱۴

ظفر تم جام لے ہاتھوں سے اپنے
پلاؤ اس کو جم جم ہے تکلف

۱۸۳۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۱۳۲

تیسرا فیلو مذہب کو نتھارے اور نئے خیال اور نئی روشنی کے گلاس میں قوم کو پلائے .

۱۹۰۰ مضامین قاری ، ۱۳

۲.(i) کسی جسم میں کوئی چیز اتارنا پہنچانا یا داخل کرنا .

اسے بگھلا کے تو اس میں ملا دے
پھر اس کو نال میں بھر کر پلا دے

۱۷۹۵ فرہنگ رنگین ، ۱۲

تھوڑی وین وہیں زخم میں پلا کر خوب مضبوط باندھا .

۱۸۴۷ عجائبات فرنگ ، ۱۳۷

زمین کو ہم نے پھیلایا اور اس کے اندر بھاری بوجھل پہاڑ پلا دیے .

۱۹۰۶ الحقوق والفرائض ، ۱ : ۲۱۵

(ii) جذب کرانا ، کھپانا (گھی یا تیل وغیرہ) .

کریو سوٹ (ایک روغن کا نام) پلانے کے لیے لکڑی کو پہلے خشک کر لینا چاہیے .

۱۹۰۷ مصرف جنگلات ، ۴۷

[ہ : پلانا पिलाना]

پلانٹ (کس پ ، مغ) امذ .

مکمل مشین جو کسی خاص کام کو پورا کرنے کے لیے بنائی گئی ہو .

آج کل لانڈری کا کام بہت نفع بخش ہے چپکے سے لانڈری کا پلانٹ خرید لیجئے .

۱۹۸۰ کنہیا لال کپور ، بال و پر ، ۴۴

[انگ : Plant]

پلانچٹ (کس پ ، سک ن ، کس چ) امذ ، ~ پلانشیٹ .

ایک قسم کا خود نویس آلہ جو دو پہیوں اور ایک ہنسل پر قائم ہوتا ہے اور جب آدمی اس پر انگلیاں رکھتا ہے تو یہ ہنسل خود بخود لکھنے لگتی ہے .

جس ڈرنک واٹر پلانچٹ پر روحیں بلاتی تھیں .

۱۹۶۷ پت جھڑ کی آواز ، ۸۴

[انگ : Planchette]

پلانٹر / پلانٹرز (کس پ ، سک ن ، فت ٹ / سک ر) امذ/جمع .

۱. مزارع ، کاشت کار ، کسان ؛ مالک کار خانۂ کاشت .

بنگال کا کسان انگریز پلانٹرز سے قرض لے کر ذلیل ہوتا تھا اور پھر مختلف طریقوں سے اس پر ظلم توڑے جاتے تھے .

۱۹۵۹ آگ کا دریا ، ۲۲۱

۳. نخل بندی کی مشین ، بونے کی مشین (انگلش اردو ڈکشنری ، عبدالحق) .

[انگ : Planter]

پلانٹیشن/پلانٹیشنز (کس پ ، سک ن ، ی مج ، فت ش / سک ن) امذ / ج .

مزرعہ ، کشت ، شجر زار ؛ کارخانۂ کاشت ، فارم .

جہاں دو برطانوی پلانٹیشنز پر غلاموں کی طرح کام کرتے تھے .

۱۹۶۱ چائے کے باغ ، ۳۴

[انگ : Plantations]

پلانڈو (فت پ ، مغ ، و مج) امذ .

پیاز ؛ لاط : Allium cepa (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۹۵) .

[س : پلانڈو पलाण्डु]

پلانگ (فت پ ، مغ) امذ .

۱. دریائے گنگا کی سنگ ماہی ؛ لاط : Delphinus gangeticus (پلیٹس) .

۲. سونس مگر کی طرح کا ایک بڑا پانی کا جانور (ششوہار) (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۰) .

[س : پلانگ पलांग]

پلاننا (فت پ ، سک ن) ف م .

۱. گھوڑوں پر زین بیلوں پر جھول یا گدھوں پر پالان ڈالنا ، کسنا (پلیٹس) .

۲. چڑھائی کی تیاری کرنا ، دھاوا کرنے کے لئے آمادہ ہونا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۰) .

[پلان (۲) (رک) سے]

پلاننگ (فت پ ، کس ن ، سک ن) امث .

منصوبہ بندی .

بڑے پروجیکٹوں کو صرف عملی شکل ہی نہیں دی بلکہ ان کی پلاننگ بھی کی ہے .

۱۹۶۹ برقاب ، فروری ، ۲

[انگ : Planning]

— سیل (— ی مج) امذ .

منصوبہ بندی کا شعبہ ، صیغۂ منصوبہ بندی .

وزارت اطلاعات و نشریات میں ایک پلاننگ سیل قائم کیا جارہا ہے .

۱۹۶۹ ٹیلیویژن کی کہانی ، ۱۸

[انگ : Planning-Cell]

پلانی (فت پ) امث .

چھپر ؛ پان کی شکل کا ایک زیور جو عورتیں پیر میں پنجے کے اوپر پہنتی ہیں (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۱) .

[ہ : پلانی पलानी]

پلاؤ (فت پ ، سک و) امذ .

پولا نام کا درخت جس کے ریشوں سے رسے بنتے ہیں (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۱) ؛ چھپر چھانے کا عمل ، رک : پلانا (۲) (پلیٹس) .

[ہ : پلاؤ पलाव]

پلاؤ (فت پ ، و مج) صف .

رک : پالتو .

پلاؤ جانوروں میں خچر ، گدھا . . . وغیرہ عربستان میں بھی موجود ہیں .

۱۸۹۷ تمدن عرب ، ۲۶

[ا : پال ، پالنا (رک) سے + او ، لاحقۂ صفت]

پلاو (کس پ ، و مج) امذ .

رک : پُلاؤ جو پاک و ہند میں زیادہ مستعمل ہے .

(ترکی اردو لغت)

[ت]

پُلاؤ (ضم پ ، و مج) امذ .

زور زور پیش کے مختلف تلفظ سے بولا جانے والا ایک مشہور کھانا اب تقریباً دنیا بھر میں مقبول ہے اس میں پہلے گوشت کو سالم پیاز لہسن اور دیگر مسالوں (سونف ، دھنیا ، تیز پات دارچینی وغیرہ) کی پوٹلی باندھ کر یخنی تیار کر لیتے ہیں گوشت گلنے کے بعد یخنی الگ اور بوٹیاں الگ کر کے پیاز گھی میں بریاں کر کے بھونتے ہیں بعد ازاں چاول جو پہلے سے بھیگے رکھے ہوتے ہیں ان کو ڈال کر دم دیتے ہیں .

اور ان کے واسطے خوان طعام
یک پلاؤ کی رکابی ایک جام

۱۷۷۳ مثنویات حسن ، ۱ : ۹۰

بے منت جہاں تنک ظرف اگر ملے
واللہ پھر تو چرب ہے خشکا پلاؤ پر

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۹۶

چار وقت تک مہمانوں نے پلاؤ کے طباق اور قورمے کے پیالے ٹھونسے .

۱۹۳۱ رسوا ، خرشید بھو ، ۹۴

[ف : پلاو ؛ س : پُلاک पुलाक]

ـــ پکانا ف مر ؛ محاورہ .

۱. پلاؤ کا آگ پر تیار کیا جانا .
اس نے اپنی ہنر مندی دکھانے کو پلاؤ بہت خوش ذائقہ پکایا .
۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۶۹۱

۲. (خیالی کے ساتھ) ایسی باتیں سوچی جانا جو ممکن الوقوع نہ ہوں (ماخوذ : جامع اللغات ، ۲ : ۹۶) .

ـــ سیر (ـــ ی مع) امذ .

لہسن کا پلاؤ (سیر بمعنی لہسن یہ کھانا ایرانی الاصل ہے) .
سب کھانوں میں ایک قاب پلاؤ سیر کی بھی تھی .
۱۸۴۲ الف لیلہ ، عبدالکریم ، ۲ : ۱۶۸
[پلاؤ + سیر (رک)]

ـــ قلیہ (ـــ ق ، سک ل ، ف ی) امذ .

پلاؤ اور قلیہ (قلیہ یعنی ترکاری اڑا شوربے دار گوشت) جو بہترین کھانا شمار کیا جاتا ہے کی طرف اشارہ ہے ، (مجازاً) عیش و آرام ، آسائش ، نعمت اور دولت .
مسلمانوں کو دوسرے کے پلاؤ قلیے سے غرض نہیں .
۱۹۵۳ ظفر علی خان ، جمال الدین افغانی ، ۲
[پلاؤ + قلیہ (رک)]

ـــ کا گوشت (ـــ و مج ، سک ش) امذ .

بڑے بڑے تکوں والا گوشت اس کی یخنی نکال کر اس میں پلاؤ پکاتے ہیں اور گوشت کو دم کے وقت چاولوں کے اوپر رکھ دیتے ہیں (جامع اللغات ، ۲ : ۹۶) .

ـــ کی دیگ (ـــ ی مج) امث .

بڑا دیگچہ جس میں شادی بیاہ کے موقعے پر پلاؤ پکاتے ہیں (جامع اللغات ، ۲ : ۹۶) .

ـــ کی ڈھکن (ـــ ف ڈھ ، شد ک ہفت) امث .

(بازاری) پلاؤ کی رکابی (رک) (اصطلاحات پیشہ وراں ، منیر ، ۴) .

ـــ کی رکابی (ـــ ف ر) امث .

آرام و عیش کی زندگی .
انہوں نے جہاں پناہ کو یقین دلایا کہ حضور کے لیے پلاؤ کی رکابی ہر وقت موجود ہے .
۱۹۳۵ غدر کی صبح و شام ، ۸۷

ـــ کی رکابی کہیں نہ جانا محاورہ .

آرام و آسائش ، عیش آرام کی زندگی میں خلل نہ آنا .
خدا کے فضل سے چنداں ان کے محتاج و دست نگر بھی نہیں ، آج الگ ہو جائیں تو ان کی پلاؤ کی رکابی کہیں نہیں گئی .
۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۲۲۵
بیٹی کی زندگی خراب ہو تو ہو اپنی پلاؤ کی رکابی کہیں نہ جائے .
۱۹۳۱ رسوا ، خونی راز ، ۱۲۱

پِلاوا (کس پ) امذ .

ایک حصہ سمنٹ دو حصے ریت کا مرکب .
سطح بندی پلاوا کی ہوگی یا خشک جمائی ہوئی ہوگی .
۱۹۴۸ رسالہ روڑکی چنائی ، ۲۱۶
[پلانا (رک) سے]

پِلاور (کس پ ، فت و) امذ .

ایک سنہرا پرندا ، تغدری .
یرقان کا مریض کسی پلاور کی طرف نظر بھر کر دیکھ لے اور یہ پرندہ بھی اسے دیکھتا رہے تو اس کا مرض جاتا رہتا ہے .
۱۹۶۵ شاخ زریں ، ۱ : ۴۲
[ف ؟]

پِلائی (۱) (کس پ) امذ .

۱. وہ عورت جس نے کسی بچے کو اپنا دودھ پلا پلا کر پالا ہو (ماں کے علاوہ) ، انا ، دایہ ، رک : انکہ ، تگہ .
خاص خواص اور دائی کھلائی
چھو چو تگا ددا پلائی
۱۹۴۶ لبیب تیموری ، آتش خندان ۲۷۹

۲. وہ لڑکی جسے (کسی دایہ وغیرہ نے) دودھ پلایا ہو ، پلایا (رک) کی تانیث .
میری پلائی ، میرے ہاتھوں کی پالی پوسی .
۱۸۷۵ انشائے ہادی النسا ، ۱۰۴

۳. دودھ پلانے کی اجرت ، پانی یا کوئی اور مشروب پلانے کی اجرت (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۹۰) .
[پلانا (رک) سے]

پِلائی (۲) (کس پ) امث .

تہ ، طبق ، شکن (انگلش اردو ڈکشنری عبدالحق) .
[انگ : Ply]

ـــ وُڈ (ـــ ضم و) اسٹ .

تہ دار یا پرت دار لکڑی جو تختوں کو چپکا کر تیار کی جائے (لکڑی جو باریک پرتوں کو جوڑ کر اور دبا کر تیار کی جاتی ہے ہلکی اور مضبوط دو قسم کی ہوتی ہے نرم اور سخت اب بعض مسالوں کے استعمال سے اس کو اس قابل بنادیا گیا ہے کہ پانی وغیرہ کا اثر نہ ہو) .

جنگل . . . کی لکڑی سے وہ سیتاپور کے پلائی وڈ کے کارخانے کی طرح ایک کارخانہ خود قائم کرے گا .

۱۹۴۷ میرے بھی صنم خانے ، ۴۱۸

[انگ : Ply wood]

پلایا (کس پ) امذ .

(دایہ یا انا کے لیے) وہ بچہ (لڑکا) جسے دایہ نے دودھ پلا پلا کر پالا ہو .

کیوں بہو کیا ہے ، میرے پلائے نے کچھ آزردہ کیا .

۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۶ : ۳۸۲

مگر میں آج زمین ہلادوں گی ، اپنے پلائے کے خون کا بدلہ لوں گی .

۱۹۰۰ طلسم خیال سکندری ، ۲ : ۱۱۱

[پلانا (رک) سے]

پلایَر (کس پ ، فت ی) امذ .

رک : پلاس ، چمٹی ؛ ایک قسم کی سنسی ، پلاس کی طرح کا ایک اوزار جو اسکرو وغیرہ پکڑنے کے کام آتا ہے .

تار کو پلایر سے پکڑ کر دونوں ریت کے درمیان سے . . . کھینچ لو .

؟ رسالہ معین گھڑی سازی ، ۲۱

[انگ : Plier]

پلَب سلیب (فت پ ، سک ل ، ب ، کس س ، ی لین) اسٹ.

(فوٹوگرافی) وہ مسطح مسالے کا ٹکڑا جس پر تصویر کو چمکانے کے لیے لگاتے ہیں ، اکثر اس کی جگہ شیشہ بھی استعمال کرتے ہیں ، اب یہ طریقہ متروک ہے .

پرنٹ گلیز کرنے کے لیے پلب سلیب یا آئینہ پر چڑھے ہوئے ہیں .

۱۹۰۴ مخزن فوٹو گرافی ، ۲۷

[انگ : Pulb slab]

پلپِل (۱) (کس پ ، سک ل ، کس پ) اسٹ .

رک : فلفل (پلیٹس) .

[ف]

پلپُل (۲) (کس پ ، سک ل ، کس پ) صف .

رک : پلپلا (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۱۲) .

[حکایت الصوت]

پلپلا (کس پ ، سک ل ، کس پ) صف ؛ مث : پلپلی .

۱. جو بالائی سطح کے اندر سے بہت نرم یا ملائم ہو ، لجلجا ؛ گھلا ہوا .

آموں کو بھلے بھون لینا ، جب خوب پلپلے ہوں تو گودا نکال کر چھلکا پھینک دو ، اس سے سہل لٹکا ہی نہیں .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۱۰۶

ورم ڈھیلا اور پلپلا ہوتا ہے ، رنگ سفید ہوتا ہے .

۱۹۳۶ شرح اسباب (ترجمہ) ، ۲ : ۲۳۰

۲. (مجازاً) ڈرپوک ، کم ہمت ، ڈھیلے ڈھالے جسم والا (شخص) .

پستول ایک خطرناک چیز ہے مگر جب یقین ہوجائے کہ یہ کسی پلپلے آدمی کے ہاتھ میں ہے تو اس کا ڈر ور کچھ نہیں رہتا .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۶ : ۴۶

۳. چکنا ، پھسلواں ، ہموار (پلیٹس) .

[پلپل (رک) سے]

پلپلا (ضم پ ، سک ل ، ضم پ) صف ؛ مث : پلپلی .

پلپلانا (رک) سے (پلیٹس) .

پلپلانا (کس پ ، سک ل ، کس پ) ف م .

دبا دبا کر اندر گودے وغیرہ کو نرم کرنا ، ہاتھ سے گھلانا یا ملایم کرنا (بیشتر آم وغیرہ کے لیے مستعمل) .

آم تخمی پسند ہے ہم کو اس کو ہم پلپلا کے کھاتے ہیں

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۵۹

[پلپل (رک) سے]

پلپلانا (ضم پ ، سک ل ، ضم پ) فم .

۱. کھانے کی چیز کو ہوپلوں کی طرح منہ میں گھلانا ، بے چبائے مسوڑوں سے دبا کر کھا جانا .

یوں پلپلا پلپلا کر کوئی چیز حلق سے اتار بھی لی تو ہاضمہ نہیں .

۱۸۹۹ رویائے صادقہ ، ۹۳

خلیل خان نے جو منہ سے مصری کی ڈلی اٹھانی چاہی تو دانت نہ ہونے کی وجہ سے رال نہ رکی . . . ہر چند پلپلایا لیکن ڈلی کب گھلتی تھی .

۱۹۲۴ خلیل خان فاختہ ، ۱ : ۶۱

۲. ڈرنا ، خوف کھانا ، ڈر سے رونگٹے کھڑے ہونا ، (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۹۶) .

[حکایت الصوت]

پلپلاہٹ (کس پ ، سک ل ، کس پ ، فت ہ) اسث .

پلپلانا (رک) سے اسم کیفیت (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۹) ؛ نرم و گداز کرنے کا عمل (پلیٹس) .

پلپلاہٹ (ضم پ ، سک ل ، ضم پ ، فت ہ) اسث .

ڈر ، خوف (جامع اللغات ، ۲ : ۹۶) .

[پلپلانا (رک) سے]

پلپلی (کس پ ، سک ل ، کس پ) اسث .

پاپلا (رک) کی تانیث (تراکیب میں مستعمل) .

تردد کے سبب سے وہ زمین پلپلی اور نرم ہوجاتی ہے .

۱۸۶۵ رسالہ علم فلاحت ، ۱۲۷

اکثر سبزیاں جیسے ٹماٹر ساگ پودل وغیرہ دساور پہنچنے سے پہلے ہی دب کر پلپلی ہوجاتی ہیں .

۱۹۸۱ روزنامہ ، نوائے وقت ، جون ، ۳

— ٹھیکری (— ی مج ، سک ک ، ی مج) اسث .

کچی یا بآسانی گھس جانے والی ٹھیکری ؛ (مجازاً) عورت کا مقام مخصوص ، دہن اندام نہانی ، بدن شرم گاہ زناں ، فرج .

پلپلی ٹھیکری اک ڈھونڈ کے لادے جس سے
اپنی رگڑا کروں میں پاؤں کی ایڑی انا

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۸۷

[پلپلی + ٹھیکری (رک)]

— صاحب (— فت نیز کس ح) اسذ .

(ڈرپوک ، کم ہمت ، ڈھیلے ڈھالے جسم کا) سوٹ بوٹ پہننے والا شخص .

سوٹ پہننے والوں کو پلپلی صاحب کہا جاتا تھا .

۱۹۷۰ یادوں کی برات ، ۱۹۸

[پلپلی + صاحب (رک)]

— گئے (— فت گ ، شد ت) اسذ .

احمقانہ بات ، نا ممکن بات (پلیٹس) .

[پلپلی + گئے (رک)]

پلت (فت پ ، کس ل) اسذ .

(الف) صف .

سفید بالوں والا ، بوڑھا ، پرانا ، قدیم (جامع اللغات ، ۲ : ۹۶) .

(ب) اسذ ؛ اسث .

بالوں کی سفیدی (جامع اللغات ، ۲ : ۹۶) .

[س : पलित पलित]

پلت (فت پ ، ضم ل) اسذ .

مصوتہ جو طول میں مختصر مصوتے سے تین گنا ہو (پلیٹس) .

پلت .

۱۹۳۹ آئین اکبری ، ۲ : ۱۹۳

[س : पलुत पलुत]

پلتھا (فت پ ، سک ل) اسذ ؛ ~ پلٹا .

قلا بازی ، خاص کر پانی میں غوطہ لگا کر قلا بازی کھانا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۸۹) .

[ہ : پلتھا पलथा]

پلتھی (فت پ ، سک ل) اسث .

رک : پالتی .

ریل گاڑی کے پاس پلتھی مار کے بیٹھ گئے .

۱۹۲۵ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۰ ، ۲۳ : ۶

پلٹ (فت پ ، ل) اسث .

۱. پلٹنا (رک) کا حاصل مصدر (کبھی الٹ کے ساتھ بطور تابع مستعمل) .

انگلینڈ ریٹرنڈ کے لیے انگلستان پلٹ سے بہتر لفظ مجھے نہیں مل سکا .

۱۹۵۶ مضامین محفوظ علی ، ۲۲۲

۲. (موسیقی) بارہ ماترے .

کہیں تو پرسلو کا ناچ تھا کہیں سنگیت
قیامت آون کے الٹنے تھے اور قہر پلٹ

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۲۶۱

تین لکھ یعنی بارہ انودرت کا ایک پلٹ یعنی بارہ ماترے ہوے .

۱۹۲۷ نغمات الہند ، ۸۵

— آنا ف م .

رک : واپس آنا .

اگر ان کے مدعا موافق ہوتا ہے تو اپنا مال چھوڑ وہ . . . پھر پلٹ آتے ہیں .

۱۸۷۳ مطلع العجائب ، ۲۵۹

اس پہلی علامتِ نبوت پر مطمئن ہو کے میں پلٹ آیا .

۱۹۱۷ جویاے حق ، ۲ : ۶۴

— پڑنا ف م .

۱. اچانک پلٹ کر حملہ کرنا ، جاتے جاتے لوٹ آنا .

جل کر اسی حالت موجودہ کے ساتھ پلٹ پڑا .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۲۲۴

اب موقع دیکھ کے صرو بن عبداللہ پلٹ پڑا اور نہایت سخت خون ریزی ہونے لگی .

۱۹۱۷ جویاے حق ، ۳ : ۳۳

۲. غصے کا اظہار کرنا ، ڈانٹنا ، بھٹکارنا .

مجھ کو سنا کے غیر کے اوپر پلٹ پڑو
پلٹو جو گفتگو میں زباں اور کی طرف

۱۸۷۸ سخن بے مثال ، ۴۸

ہاں تو میں ایسی ہی جاہل ہوں . . . جب ہوتا ہے میرے ہی اوپر پلٹ پڑتے ہو .

۱۹۳۹ شمع ، اے آر خاتون ، ۵۳

— تختی (— فت ت ، سک خ) امث .

وہ تختی جس پر اینٹ سانچے میں سے پلٹی جاتی ہے .

سانچہ کو اٹھا لینے کے بجائے ایک پتلی 'پلٹ تختی' اس پر رکھ دیتا ہے .

۱۹۴۸ اشیائے تعمیر ، ۳۴

[پلٹ + تختی (رک)]

— جانا ف م .

رک : پلٹنا .

افسوس ہے کہ بخت ہمارا الٹ گیا
آتا تو تھا پے دیکھ کے ہم کو پلٹ گیا

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۱۲

کہا جلدی پلٹ جا تو یہاں سے
بیاں کر یہ خبر اس خستہ جاں سے

۱۸۶۱ الف لیلہ نو منظوم ، ۲ : ۴۷۵

کوئی پہلو تو رہے کہہ کے پلٹ جانے کا
آنکھ سے وہ نہ رہے لب سے جو ارشاد ہے

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۲۴۲

— چلنا ف م .

رک : پلٹنا .

بادشاہ نے بلایا اور پوچھا کیوں پلٹ چلا .

۱۸۲۴ سیر عشرت ، ۳۲

— کر (— کے) م ف .

۱. مڑ کے ، گردن پیچھے کی طرف پھیر کے .

پلٹ کے دیکھا کہ ایک قصر تعمیر ہے .

۱۹۰۲ طلسم نو خیز جمشیدی ، ۳ : ۸۲۹

۲. واپس .

سیر کر کے پھر پلٹ کر جہاز میں آ گئے .

۱۸۹۹ شہنشاہ جرمنی کا سفر قسطنطنیہ ، ۳۸

۳. (کسی بات کے) جواب میں .

کوئی برا کہے تم کو تو تم اسے نہ کہو
جو گالیاں بھی سنیں تو پلٹ کے تم مت دو

۱۹۱۰ کلام مہر ، سورج نرائن مہر ، ۱۵۰

— کر (— کے) نہ دیکھنا/رخ نہ کرنا محاورہ .

خبر نہ لینا ، متوجہ نہ ہونا ، پروا نہ کرنا .

دیکھا کہ اژدہا ہے . . . پیچھے ہٹے اور پھر پلٹ کر رخ نہ کیا .

۱۸۹۸ سر سید ، تصانیف احمدیہ ، ۱ ، ۵ : ۲۲۲

گھر میں آگ لگ جائے وہ پلٹ کے نہ دیکھیں .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۱۰۹

پلٹ (کس پ ، کس مج ل) امث .

پلیٹ (رک) کا ایک تلفظ .

زمانہ سابق میں پلٹ یعنی آئینہ تصویر کشی کے تازہ تیار کیے جاتے تھے .

۱۸۹۱ رسالہ دحسن ، ۴ ، ۳ : ۳۷

پلٹا (فت پ ، سک ل) اسذ ؛ امث : پلٹی .

۱. گردش ، انقلاب ، تغیر ، ایک حالت سے دوسری حالت بدلنے کی کیفیت .

ہزاروں طرح کے پلٹے ہیں ہر تدبیر سیدھی میں
نہیں چلتا کوئی پلٹا مگر تقدیر سیدھی میں

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۱۷۰

موسم کا پلٹا تھا .

۱۹۴۳ غبار خاطر ، ۲۹۴

۲. جاتے جاتے یکایک خلاف توقع پلٹ پڑنے کی کیفیت .

آؤ جاؤ ہے غضب کی تو قضا کے پلٹے
سر دشمن دم جولاں اسے گوئے چوگاں

۱۸۹۹ دیوان ظہیر ، ۲۹۹

۳. لڑکنی ، قلابازی .

اس پتھر کی طرح جو پہاڑوں کی چوٹی سے لڑکایا جائے ، ہزاروں پلٹے کھاتا چلا جاتا ہے .

۱۸۷۵ مقالات حالی ، ۱ : ۲۳

۴. بدلا ، انتقام ، عوض (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۲۹ ؛ پلیٹس) .

۵. وہ آلہ جس سے پوری کچوری وغیرہ کو تلنے میں الٹتے پلٹتے ہیں (ماخوذ : نوراللغات ، ۲ : ۱۰۸) .

۶. (موسیقی) (ساز سے متعلق) بعض سروں کی اونچی نیچی ترتیب ، دُھرا ، (گانے سے متعلق) تان کی قسم کے سروں کی ترتیب ؛ ٹھاٹ (رک) کا اتار (ا پ و ، ۴ : ۱۴۹) .

آفت جان وہ تان اوپج پلٹا دل پہ نشتر زن ایک اک فقرا

۱۸۵۷ بحرالفت ، ۱۴

شاید دو تین پلٹے اور دو تین تانیں لینے پائی ہوگی جو ہرن آموجود ہوا .

۱۹۳۰ چار چاند ، ۲۴

۷. (بانک) حریف کے وار کو خالی دے کر اسی قسم کا وار کرنا ؛ تلوار یا چھری کے وار کو الٹ دینے کی کیفیت (ا پ و ، ۸ : ۴۵) .

کٹار کے نو ہاتھ ، یعنی پانچ تھاپ اور چار پلٹے .

۱۸۷۳ عقل و شعور ، ۴۴۸

پھر اس کے انداز سلام ... کاٹنا ، پلٹا ... وغیرہ کی تشریح کی ہے .

۱۹۲۵ اسلامی اکھاڑا ، ۲۱

۸. (کشتی) ایک داؤ ، جب حریف اوپر آکر پکڑے تو ظفر کو چاہیے کہ اپنے داہنے پنجے کو حریف کی بائیں ٹانگ میں اندر سے جمالے اور داہنے ہاتھ سے بائیں ہاتھ کی کلائی پکڑ کر زور سے کھینچتا ہوا ایک دم اپنے داہنی طرف مڑ جائے حریف چت ہو جائے گا (رموز فن کشتی ، ۱ : ۱۲۳) .

۹. (کشتی بانی) کھوپے کے بیٹھنے کی جگہ ، جہاں سے وہ چپو چلاتا ہے (ا پ و ، ۵ : ۱۶۹) .

۱۰. (دباغت) کھال کی سلوٹیں اور چُرسیں نکالنے کا کہنی نما آہنی اوزار (ا پ و ، ۲ : ۲۱۲) .

۱۱. بڑی قسم کی کشتی کے دو منزلے کی چھت یا تختوں کا فرش جو مسافروں کے چلنے پھرنے اور ہوا خوری کے کام آتا ہے ، پاٹ ، پٹی (ا پ و ، ۵ ، ۱۶۹) .

۱۲. معاوضہ ؛ ایک شے کے بدلے دوسری شے (خریدنا یا بیچنا) (پلیٹس) .

[پلٹنا (رک) سے]

ـــ دینا محاورہ .

۱. الٹ پلٹ کرنا ، اس طرف کا رخ اُس طرف اور اُس طرف کا اس طرف کر دینا ، تحت کو فوق اور فوق کو تحت کر دینا .

بعد اس کے گھاس کو پلٹا دے ہلکا پھلکا کرتے ہیں .

۱۸۶۵ رسالہ علم فلاحت ، ۲۲۱

۲. مضطر کرنا .

وہ ناتواں ہوں میں کہ نہ جنبش کروں کبھی
پلٹے اگر نہ مجکو دل بیقرار دے

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۰۷

ـــ کرنا محاورہ .

(بانک) پلٹے کا وار کرنا .

پلٹا کرے تو اپنے داہنے گھٹنے پر کھڑا ہو کے اپنی چھری اس کے ہاتھ پر سے اتار کے .... اس کا داہنا ہاتھ اپنے گھٹنے پر رکھ کے توڑ ڈالے .

۱۸۹۸ قوانین حرب و ضرب ، ۱۲۲

ـــ کھانا محاورہ .

۱. منقلب ہو جانا ، ایک حال سے دوسرے حال یا ایک رخ سے دوسرے رخ ہو جانا ، کروٹ بدلنا ، انقلاب آنا ، زوال سے عروج یا عروج سے زوال ہونا .

فوج حسرت نے یورش کی تھی دل زار پہ ہائے
پھر گری جان پر آکھا کے ادھر سے پلٹا

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۳۰

تھوڑے ہی دنوں میں زمانے نے کچھ ایسا پلٹا کھایا کہ ... اسمٰعیلؑ کی ساری اولاد عرب کے مختلف مقامات میں منتشر ہو گئی .

۱۹۰۷ امہات الامہ ، ۳۶

۲. نظریے ، رائے یا طرز عمل میں تبدیلی (پیدا) ہونا .

انگلینڈ کی دیکھا دیکھی اس کے جنوبی دوسرے ہاتھ والے پڑوسی نے بھی پلٹا کھایا .

۱۹۰۷ دمخزن ، ۶/۱۱ : ۴۲

۳. قول سے پھرنا .

پلٹا کھا گیا ، بات کہہ کر یا مان کر مکر گیا .

۱۸۸۶ محاورات ہند ، ۵۲

۴. پلٹ کر آنا ، عود کر آنا .

بد پرہیزی سے مرض نے پلٹا کھایا .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۱۰۸

ــ لینا محاورہ .

ایک حالت بدل کر دوسری حالت اختیار کرنا ، منقلب ہونا .

لذت سیر اگر چشم تمنا لے گی
ایک بار اور بھی دنیا ابھی پلٹا لے گی

۱۸۹۲ مہتاب داغ ، ۲۱۰

پلٹانا (فت پ ، سک ل) ف م .

۱. (راستے سے) واپس کرنا یا لانا ، لوٹانا .

لشکر کو پلٹا کر طلیطلہ کے علاقے میں یحیٰ القادر کی طرف سے لڑنے کے لیے پہنچا .

۱۹۳۵ عبرت نامۂ اندلس ، ۱۱۱۰

۲. (لی ہوئی شے) واپس دینا .

ایسا ہی ظلم سے تمھیں ہوتا ہے گر قلق
پلٹاو جو لیا ہے دغا سے ہمارا حق

۱۸۹۴ سجاد رائے ہوری ، د (ق) ، ۱۳

[پلٹنا (رک) کا تعدیہ]

پلٹاو (فت پ ، سک ل) امذ (شاذ) .

ردّعمل ، تردید ، جواب .

خیالات کا پلٹاو اس راہ پر آ لگا ہے کہ آزادی کے ساتھ فارغ البالی سے بسر کرنا صنعت و تجارت و حرفت ہی پر منحصر ہے .

۱۸۸۹ رسالہ حسن ، ۲/۷ : ۱

[پلٹنا ، پلٹانا (رک) سے]

پلٹنیوں کو م ف .

پھرتے وقت ، لوٹتیوں کو ، واپسی کے وقت .

دوسرے دن کچہری سے پلٹنیوں کو . . . ان سب رنگوں کی پڑیاں لیتے آئے .

۱۹۲۶ نورالغات ، ۲ : ۱۰۹

پلٹس (ضم پ ، سک ل ، کس ٹ) امث ؛ امذ .

(جراحی) پھوڑے کا مواد خارج کرنے یا تحلیل ہونے کو السی (وغیرہ) یا کسی اور شے کا لیئی کی طرح بنایا ہوا لیپ .

بڑا زخم ہوا اس کا علاج ہونے لگا ، السی کا پلٹس بندھنے لگا .

۱۸۸۶ زبان داغ ، ۲۷۲

اف : باندھنا ، لگانا .

[انگ : Poultice]

پلٹن (فت پ ، سک ل ، فت ٹ) امث .

۱. فوج کا دستہ ، فوجیوں کی جماعت (تعداد مختلف فیہ ہے) ، (مجازاً) بٹالین ، یونٹ .

تفنگوں کی پلٹن میں تھی یوں جھمک
سیہ ابر میں برق کی جوں چمک

۱۷۸۴ مثنویات حسن ، ۱ : ۲۵۷

چونتیس آدمیوں نے پولیس کا مقابلہ کیا ، جب شہر میں خبر ہوئی تو پلٹن بھیجی گئی .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۳ : ۶۸۲

بٹالین کو پلٹن یا یونٹ کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے .

۱۹۷۳ پاکستان کا المیہ ، ف

۲. (مجازاً) جماعت ، گروہ ، انبوہ ، بھیڑ .

غضب میں جان ہے ، اللہ نگہبان ہے ، ایک طرف پلٹن ہے ، یہ اکیلی فہمین ہے .

۱۹۰۱ راقم ، عقد ثریا ، ۳۰

[انگ : Platoon]

ــ کی پلٹن (ــ فت پ ، سک ل ، فت ٹ) امث .

اچھی خاصی جماعت ، خاصا بڑا گروہ .

انھوں نے احدیوں کی ایک پلٹن کی پلٹن تیار کی .

۱۸۹۱ ایامیٰ ، ۲۹

ــ لیس ہونا ف مر .

فوج تیار ہونا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۷) .

پلٹنا (فت پ ، ل ، سک ٹ) ف ل .

۱. لوٹنا ، پھرنا ، واپس ہونا ، پیچھے ہٹنا .

بادشاہ نے بلایا اور پوچھا ، کیوں پلٹ چلا .

۱۸۲۴ سیر عشرت ، ۳۲

کہہ دو کہ لحافوں میں دبک جائے نزاکت
سردی کے پلٹنے کی خبر گرم ہے کل سے

۱۹۵۴ قطعات ، رئیس امروہوی ، ۲ : ۱۳

۲. بات یا نظریے سے انکار کرنا ، مکرنا .

غنچوں نے سو زبانوں پہ بدلی نہ اپنی بات
ایک آپ ہیں کہ بات کہی اور پلٹ گئے

۱۸۹۵ خزینۂ خیال ، ۳۴۲

جتنے بڑھتے ہیں مرے حوصلے گھٹ جاتے ہیں
وہ زباں وصل کی دے دے کے پلٹ جاتے ہیں

۱۹۰۳ سفینۂ نوح ، ۸۹

۳۔ بدلنا ، متغیر یا منقلب ہونا ، ایک حال سے دوسرا حال ہو جانا ۔

وقت ایک حالت پر قائم نہیں ، ہمیشہ پلٹتا رہتا ہے ۔

۱۸۷۳ عقل و شعور ، ۲۰

لڑائی کے پاسے کا اس طرح پلٹ جانا ہماری انتہائی خوش نصیبی ہے ۔

۱۹۲۳ تیغ کمال ، ۶

۴۔ اُلٹ جانا ، اوندھا ہو جانا

اگر رسی کے کھانے میں برائے نام بھی رکاوٹ ہو تو کشتی فوراً پلٹ جائے ۔

۱۹۳۲ عالم حیوانی ، ۸۳

۵۔ پھر جانا ، منحرف ہونا ، برگشتہ ہونا ۔

کچھ عجب فتنہ کہ اس کی جو نظر جائے پلٹ
ساتھ ہی چرخ پھرے لے یہ زمانہ کروٹ

۱۸۷۲ مراۃالغیب ، ۹

ان کی نگاہ ناز جو پلٹی تو دیکھا
منہ دیکھتی رہے گی حقیقت مجاز کا

۱۹۲۷ شاد ، میخانۂ الہام ، ۱۳

۶۔ رک : اُلٹنا ۔

خط میں جب آپ نے تحریر سراسر پلٹی
میں نے جانا مری تقدیر سراسر پلٹی

۱۸۵۶ ؟ کلیات ظفر ، ۴ : ۱۳۸

اس کو ہر دستاویز کے پلٹنے پر خاطر خواہ کمیشن ملتا رہا ۔

۱۹۳۱ رسوا ، اختری بیگم ، ۷۳

۷۔ رک : بدلنا ۔

ایک ہی پاؤں ڈال کر جوتا پہننا شروع کیا تو پلٹنا قسم ہو گیا ۔

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۴۹

[س : پریَسنہ : पर्यसन]

پلٹی (ف ت پ ، سک ل) امث ۔

پلٹا (رک) کی تانیث ، قلا بازی ؛ سر نیچے اور ٹانگیں اوپر کر کے چھلانگ لگانے کی حالت ۔

مکھی ڈنک مار کر ایک پلٹی زور سے لیتی ہے ۔

۱۹۳۰ شہد کی مکھیوں کا کارنامہ ، ۷۳

پلٹے (ف ت پ ، سک ل) امذ ۔

پلٹا (رک) کی جمع یا محرفہ حالت ۔

سیم تن خوب تعریفیں کر رہے ہیں . . . ہر پلٹے پر انعام دیتے ہیں ۔

۱۹۰۰ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۱ : ۳۱۸

— کھانا محاورہ ۔

۱۔ رک : پلٹا کھانا؛ بات کو اُلٹنا پلٹنا ، (ایک ہی سلسلے میں) کبھی اقرار اور کبھی انکار کرنا ۔

وہ جب اور پری دل سے کرتے ہیں وعدہ
تو کھاتی ہے پلٹے زباں کیسے کیسے

۱۸۹۲ مہتاب داغ ، ۱۸۳

وعدہ کر کے لطف دیتی ہے ادا انکار کی
بات کہتے پلٹے کھاتی ہے زباں سرکار کی

۱۹۳۲ ریاض رضوان ، ۳۱۶

۲۔ مضطرب ہونا ، متردد و متفکر ہونا ، سوچ میں پڑنا ، کبھی کچھ سوچنا اور کبھی کچھ ۔

میں پلٹے کھاتا تھا مگر جبریل کو دیکھا تو وہ . . . اپنی جگہ جمے رہے ۔

۱۸۷۰ خطبات احمدیہ ، ۶۴۸

پلٹیاں (ف ت پ ، سک ل ، کس ٹ) امث ؛ ج ۔

پلٹی (رک) کی جمع (تراکیب میں مستعمل) ۔

— کھانا محاورہ ۔

۱۔ رک : پلٹا کھانا اُلٹ پلٹ ہونا ، زیر و زبر ہونا ، جھولنا ۔

زمانہ پلٹیاں کھانے والا ہے ، حوادث و واقعات کا سلسلہ برابر جاری ہے ۔

۱۹۰۱ مقالات حالی ، ۱ : ۲۵۲

۲۔ قلابازیاں کھانا ، پیہم اور مسلسل رخ بدلنا ۔

پلٹیاں کھاتے ہوئے خاک سے مل جاتے ہیں
پھر ابھر جاتے ہیں یوں صاف کہ دل جاتے ہیں

۱۸۹۳ ریاض شمیم ، ۱ : ۲۰۳

غصے میں کہا رہی ہے زباں ان کی پلٹیاں
اک آٹھ چکی تو اور قیامت بدل گئی

۱۹۰۵ گفتار بیخود ، ۲۸۲

پلٹھا (ف ت پ ، سک ل) امذ ۔

رک : پلٹا ، پلٹھی (پلیٹس) ۔

[س : پریَسنکہ : पर्यसनक]

— مارنا محاورہ ۔

رک : پلٹھی مارنا (پلیٹس) ۔

پُلِج (ضم پ ، کس ل) امث ۔

زمین جو ہر فصل ہر کاشت کی جائے (جامع اللغات ، ۲ : ۹۷) ۔

[ہ : پلج : पलिज]

پلچ پڑنا ف م .

رک : پلچنا .

اب کی دفعہ مکرمہ نے وہ غل مچایا کہ ہم لوگوں کو خوف تھا کہ مبادا ہم پر پلچ پڑیں .

۱۸۹۰ سیر کہسار ، ۲ : ۶۲

پلچ جانا ف م .

رک : پلچنا .

تماشہ گاہ عبرت تھا قضا کے زور بازو کا
جہانِ ناتواں کی نیم جانی سے پلچ جانا

۱۹۳۵ نگارستان ، ۲۳۰

پلچ کر/کے م ف .

۱. مضبوطی سے، جم کر، پوری طاقت سے، پورے زور کے ساتھ .

مارے تھے گو منجے ہوئے اس نے پلچ کے ہاتھ
کھائی مگر شکست ، رہی فتح سچ کے ساتھ

۱۸۹۴ سجاد رائے پوری ، د (ق) ، ۲۳

۲. نہایت شوق کے ساتھ ، خوب ڈٹ کر .

رات کو کسٹرڈ اتنی پلچ کر کھائی گئی کہ دل میں کوئی آرزو . . . نہ رہی .

۱۹۳۵ خانم ، ۱۰۷

پلچنا (کس پ ، فت ل ، سک چ) ف ل .

لپٹنا ، چمٹنا ، اُلجھنا ، سر ہونا ، الجھ پڑنا ، پلنا ؛ پورا زور لگانا .

اس حال سے جو میں ہاتی مست سے لڑوں اور شیر درندے سے پلچوں .

۱۸۴۴ گلستان ، (ترجمہ) حسن علی ، ۸۰

[० : पलचना पलचना]

پلچھی (فت پ ، سک ل) امذ .

ایک پودا جو دریاؤں کے کناروں پر ہوتا ہے اس کی شاخوں کی ٹوکریاں بنتی ہیں ، لئی ، جھاؤ .

نمی اور نشیبی زمین پر جہاں سیلابی پانی بہت دیر تک کھڑا رہتا ہے وہاں پلچھی پائی جاتی ہے .

؟ پنجاب فارسٹ ریکارڈ ، ۱ ، ۱ : ۲

[مقامی]

پلخ پلخ (فت پ ، ل) صف .

منہ چلنے میں پیدا ہونے والی آواز .

بندریاں کا منہ پلخ پلخ چل رہا ہے دو ایک جوئیں اصلیت میں اور سینکڑوں تصور میں کھا رہی ہے .

۱۹۴۴ رفیق حسین ، گوری ہو گوری ، ۹۲

[حکایت الصوت]

پلڑا (فت پ ، سک ل) امذ .

رک : پلڑا (پلیٹس) .

پلڑ (۱) (فت پ ، شدل بفت) امذ .

جھونکا ، تھپیڑا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۴) .

[مقامی]

پلڑ (۲) (فت پ ، شد ل بفت) امذ .

۱. (گاڑی بانی) گاڑی کی کمانی کے پرت میں کا ایک پرت جو کئی ملا کر ایک کمانی بنائی جاتی ہے اور جس کی وجہ سے کمانی میں لچک اور مضبوطی پیدا ہو جاتی ہے (ا پ و ، ۵ : ۱۱۷) .

۲. دو پلی ٹوپی کا ایک پلا (نوراللغات ، ۲ : ۱۰۹) .

[پلا (= پرت) (رک) سے]

پلڑا (فت پ ، سک ل) امذ ؛ است : پلڑی .

۱. رک : پلا (۲) معنی نمبر ۱ و ۲ .

ازل تھے عشق کے پلڑے کنیں کئے مچ ہٹ
فقیہ و زاہداں میانے منجھے کئے ہیں سراج

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۶۷

ڈنڈی کے دونوں سروں پر پلڑے لٹکا کرتے ہیں .

۱۸۸۹ مبادی العلوم ، ۳۳

سلطنت نے سب کو دے رکھے ہیں حق ڈنڈی کے تول
وزن میں پلڑا نہیں کوئی سبک کوئی گراں

۱۹۰۳ کلیات نظم حالی ، ۲ : ۱۰۷

۲. (ٹوکری سازی) رک : پلا معنی نمبر ۷ (ا پ و ، ۳ : ۳) .

[० : पलड़ा पलड़ा]

— پلٹ جانا/پلٹنا محاورہ .

رک : ہاسہ / پانسہ پلٹ جانا .

جب جسونت نے دیکھا کہ شجاع کا پلڑا پلٹ گیا ، تو اس نے سوچا جو لوٹ ہاتھ آ گئی ہے اس کے مزے اڑائے .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۸ : ۷۰

ــ پلٹ دینا محاورہ .

رک: پاسہ پلٹ دینا .

سواروں نے دشمنوں پر حملہ کر کے لڑائی کا پلڑا پلٹ دیا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۴ : ۷۲

ناتھن کی نمایاں خدمت . . . نے لڑائی کا پلڑا پلٹ دیا .

۱۹۱۴ راج دلاری ، ۱۲۷

پلڑی (کس پ ، سک ل) اسث .

گوشت کا ہوٹا یا لوتھڑا ، قیمے کی بنی ہوئی گولی (جامع اللغات ، ۲ : ۹۷) .

[س : پنڑی पिण्डी]

پلس (ضم پ ، کس ل) اسث ؛ اسذ .

رک : پولس ؛ پولیس .

ہوا بازار میں اک شور اور غل
پلس کے لوگ پہنچے بے تامل

۱۸۶۱ الف لیلہ نو منظوم ، ۲ : ۳۷۵

ہاں فوج پلس بلوانے دو
جاتی ہے جان تو جانے دو

۱۹۵۸ تار پیراہن ، ۱۴۸

[انگ : Police]

پلساٹ (کس پ ، سک ل) اسث .

پیلا پن ، زردی .

تھی پلساٹ تس زعفران کے نمن
ہوخوش زعفران تیوں رکھیا کر جتن

۱۷۶۵ دکنی انوار سہیلی ، ۳۹۱

[० : پلساٹ पिलसाट]

پلستر/پلستر (فت پ ، ل ، سک س/فت ٹ) اسذ .

پلاستر (رک) کی تخفیف .

کل رات کو ڈاکٹر نے پلستر لگایا تھا .

۱۸۹۱ مکتوبات حالی ، ۲ : ۱۳۹

سر سے لے کر پاؤں تک خاکی ہوا سارا لباس
منہ پہ مٹی اور کیچڑ کا پلستر کر دیا

۱۹۳۷ نغمۂ فردوس ، ۲ : ۲۰۵

ــ بگاڑنا محاورہ .

ہیئت بگاڑنا ، حیثیت خراب کرنا ، ہلیتھن نکالنا (نور اللغات، ۲ : ۱۰۹) .

ــ نکالنا محاورہ .

رک : پلستر بگاڑنا .

ادھر خرچ موٹر ادھر صرف ووٹر
ادھر لاریوں نے نکالا پلستر

۱۹۳۷ نغمۂ فردوس ، ۲ : ۶۲

پلش (فت پ ، ل) اسذ .

۱. ریشمی یا سوتی کپڑا جس کا رواں مخمل کے روئیں سے زیادہ لمبا اور ملایم ہوتا ہے ، پلوش .

ہال برقی قمقموں سے جگمگا اٹھا عنابی پلش کے ڈریس سرکل سے نکل کر شرفائے لکھنؤ زینہ اترنے لگے .

۱۹۷۶ دلربا ، ۴

۲. وردی پوش خدمت گاروں کی برجس (بطور جمع مستعمل) (انگلش اردو ڈکشنری ، عبدالحق ، ۸۷۸) .

[انگ : Plush]

پلش (ضم پ ، ل) اسث .

جلن ، جلنا ؛ آگ ، گرمی ؛ رنج ، تباہی (ہندی اردو لغت ، ۱۸۳) .

[؟]

پلشت (کس نیز فت پ ، ل ، سک ش) صف ؛ اسث .

۱. پلید ، ناپاک ، فاحشہ .

ایک دیو ہے . . . دل آزار ، پلشت مردار ہیچ کارا ہے بھرا.

۱۶۳۵ سب رس ، ۶۷

شرابِ دولتِ دنیا ہے گرچہ صورت آب
چھپی ہے لیک تمام اس پلشت میں آتش

۱۷۹۵ قائم ، ک ، ۱ : ۸۹

کتنے ہی اور بہائم بھی مرید اس کے ہیں
گو پلشت ایسے نہیں ہیں نہ پلید ایسے ہیں

۱۹۴۲ رنگ بست ، ۲۲

[ف : پلشت ، ० : پلشت पिलिश्त]

پلشتی (فت نیز کس پ ، ل ، سک ش) اسث .

پلیدی ، ناپاکی .

ایک عورت جو زشتی و پلشتی میں ہزار درجے دیو و غول سے بدتر ہے صندوق کے نیچے چت سوتی ہوگی .

۱۸۹۰ بوستان خیال ، ۶ : ۳۲۱

[پلشت + ی ، لاحقۂ کیفیت]

پَلک (ف ت پ ، ل) امث .

۱. پپوٹوں کے بالوں میں سے ہر ایک ، آنکھوں کے بال ، مژگاں .

توں یک یک پلک تیر کی تاؤ سوں
بند یا دل کی الماس لک چاؤ سوں

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۳۶

پاس ناموس عشق تھا ورنہ کتنے آنسو پلک تک آئے تھے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۲۹۸

بہت تونے جب اپنے پاؤں پھیلائے تو کیا چارہ
ادب کرتی رہی اے رشک مدت تک پلک تیرا

۱۹۲۷ شاد ، میخانۂ الہام ، ۱۹

۲. پل ، لمحہ (پلیٹس ؛ نوراللغات ، ۲ : ۱۰۹) .

[ف]

— اُٹھا (اُٹھا) کے راج کَرْنا محاورہ .

ہر وقت حکومت کرنا ، ہمیشہ راج کرنا (مخزن المحاورات ، ۱۷۳) .

— اُٹھانا محاورہ .

دیکھنا .

اب رونا مرا سن کے پلک بھی نہ اٹھائی ہے ہے علی اصغر

۱۸۱۲ گل مغفرت ، حیدری ، ۱۰۵

پلک اٹھائی تو عبرت ہوئی طبیعت میں
بھڑک رہا تھا سفر ناریوں کی فرقت میں

۱۹۱۲ شمیم ، ریاض شمیم ، ۵ : ۱۶

— اُٹھْنا محاورہ .

نظر کا (کسی طرف) متوجہ ہونا ، (کسی پر) نگاہ پڑنا .

پلک اٹھتی نہیں میری طرف کیا تھک گئیں آنکھیں
ابھی تو ہور ہی تھیں غیر سے باتیں اشاروں میں

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۱۵۵

— بھانجنا محاورہ .

پلک سے کوئی اشارہ کرنا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۸۷) .

— بھنجنا محاورہ .

پلک گرنا یا ہلنا ، پلک اس طرح ہلنا جس میں اشارہ پوشیدہ ہو (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۸۷) .

— پانوڑے بچھانا محاورہ .

خیر مقدم کرنا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۸۶) .

— پِٹْنا / پِیٹا (— کس پ ، سک ٹ / ی مع) صف .

۱. چندھا ، جسے سول کی بیماری ہو ، شہراچشم ، جو دیکھنے میں روشنی کی تاب نہ لائے اور نیم وا آنکھوں سے دیکھے ، جو بار بار آنکھیں جھپکائے .

ساقی تھا پلک پٹنا یا کزاز کا مریض ، جس کی پتلیاں ایک جگہ ٹھہرتی نہ تھیں .

۱۹۲۹ داودہ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۴ ، ۲۳ : ۳

۲. رک : پلک مُتنا (مہذب اللغات ، ۳ : ۹۴) .

— پَر پَلَک مارْنے م ف (قدیم) .

پلک جھپکانے ، لمحے بھر میں .

ایسے مرتبہ ہے اس لوکاں کوں پلک پر پلک مارتے اتنے بار میں بھی خدا کو دیکھنے تھے کنارے نہیں رہتے .

۱۷۶۴ چھ سر ہار ، ورق ، ے (الف) .

— پَر پَلَک نَہ مارْنا محاورہ (قدیم) .

جاگنا ، نہ سونا ، نیند نہ آنا ، پلک نہ جھپکانا .

میں اپ پیو سوں آج نس جاگی ساری
پلک ہر پلک شوق سیتی نہ ماری

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۳۳

— پَر لینا محاورہ .

جی کھول کر قبول کرنا ، بہت زیادہ قدر کرنا ، عزت کرنا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۸۶) .

— پَسیجنا محاورہ .

۱. (مجازاً) رحم آنا ، ترس کھانا .

تو چشم گریہ اس سے اے دودِ آہ مت رکھ
کیا دخل ہے کہیں جو اس کی پلک پسیجے

۱۸۱۸ انشا ، کلام ، ۲۳۳

۲. آنسو آنا ، رونا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۷) .

— تَل نا (نَہ) لَگانا محاورہ .

جاگنا ، نہ سونا ، آنکھیں کھلی رکھنا .

عارف سگل عرفان کے غوطے منے سوتے ولے
عاشق پلک تل نا لگا نت ناچ سونا ہے ثواب

۱۶۷۹ دیوان شاہ سلطان ثانی ، ۲۴

— جھاڑنا محاورہ (قدیم) .

پلکوں کو جنبش دینا ، پپوٹوں کو حرکت دینا .

جھٹکو انے سیں دامن کے گرے جیوں گرد ، یوں انکھیاں
اگر اپنی پلک جھاڑیں تو گر پڑتا ہے جھڑ سانون

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۱۸

— جھپکانے میں م ف .

لمحے بھر میں ، ذراسی دیر میں ، دیکھتے دیکھتے .

اچھی خاصی دولت پلک جھپکانے آئی گئی ہو گئی .

۱۹۳۱ رسوا ، خونی راز ، ۸۲

— جھپکانا محاورہ .

پلک جھپکنا (رک) کا تعدیہ (رک : معنی نمبر ۱ و ۲) .

یاں پلک بھی نہ ہم سکیں جھپکا
ایسا قاصد تو آئیو لپکا

۱۷۴۸ تاباں ، د ، ۳

ظفر ملا سکے کیا کوئی ہم سے انسان آنکھ
بروز جنگ نہ جھپکائیں ہم فلک سے پلک

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۱۳۹

اس اللہ کی بندی کو پلک جھپکانی حرام تھی .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۳۸

— جھپکتے (میں) م ف .

لمحے بھر میں ، ذرا دیر میں ، دم کے دم میں ، دیکھتے دیکھتے .

اس نے جب آنکھ سے ملائی آنکھ
لے گیا دل پلک جھپکتے میں

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۵۹

— جھپکنا محاورہ .

۱. ذرا نیند آنا ، آنکھ لگنا .

بیدار اسی دن سے چشم تصویر صفت
سونا تو کیسا نہیں پلک بھی جھپکی

۱۷۹۳ بیدار ، د ، ۱۳۳

وہ رونے والا ہوں میں جب پلک جھپکتی ہے
ہوا میں کرتی ہے بجلی سی اضطراب گھٹا

۱۸۳۶ ریاض‌البحر ، ۴۵

اسی خیال میں نہ خورشید بھو کو نیند آئی اور نہ پرتبیا کی پلک جھپکی .

۱۹۳۱ رسوا ، خورشید بھو ، ۸۹

۲. خوف سے بلا ارادہ لمحے بھر کے لیے آنکھ بند ہو جانا ، ڈرنا ، خائف ہونا .

تلواریں منہ پہ کھائیں نہ جھپکی پلک کبھی
ابرو ذرا جو اس کی بلی میں جھجک گیا

۱۸۳۶ ریاض‌البحر ، ۳۱

۳. آن واحد یا ایک لمحہ گزرنا ، کم سے کم وقت گزرنا .

دنیا کی سیر تھی کہ تماشا عدم کا تھا
جھپکی پلک کہ آنکھ سے غائب وطن ہوا

۱۸۷۲ مراۃالغیب ، ۷۲

— جھلک ہونا محاورہ .

پلک جھپکانے کی مدت ہوجانا ، ذرا سی دیر میں ہونا .

اور بیسیوں چھوٹے موٹے کام پلک جھلک ہو جاتے .

۱۹۴۴ چپو ، ۳۷۵

— دریا (— فت د ، سک ر) امذ .

بادل (پلیٹس) .

[پلک + دریا (رک)]

— دریاؤ (— فت د ، سک ر ، و مج) صف .

سخی ، دل والا (دریائے لطافت ، ۸۵) .

[پلک + دریا (رک) + ؤ ، لاحقۂ صفت]

— دنتا (— فت د ، سک ن) امذ .

وہ ہاتھی جس کا دانت بلند ہو (زیر دنتا نہ ہو بلکہ دانت پلکوں کی طرح اوپر کو ہوں) .

ہاتھی میں مثل گھوڑے کے زیادہ عیب نہیں ہوتے یہ خوبیاں ہیں کہ مستک باند ہو . . . پلک دنتا ہو .

۱۹۱۸ بہادر شاہ کا مولا بخش ہاتھی ، ۵

[پلک + دنتا (رک)]

— زد منے (میں) (فت ز ، سک د ، فت م) م ف (قدیم).

رک : پلک جھپکتے .

ولے شاہ کا دیکھ دیدار میں
پلک زد منے ہوئی گرفتار میں

۱۶۸۲ رضوان شاہ و روح افزا ، ۳۴

یک پلک زد میں سو سو چالاک فن
خوش سنوار یا اب دے ہر ایک درعدن

۱۷۵۴ ریاض غوثیہ ، ۱۲

ــ سوں (ــ سے) پَلک آشنا ہونا محاورہ .

آنکھ لگنا ، آنکھ بند ہونا .

اے نور جان و دیدہ ترے انتظار میں
مدت ہوئی پلک سوں پلک آشنا نہیں

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۶۳

آنکھوں کے آگے آگے کھڑی ہوگئی وہ شکل
دم بھر جہاں پلک سے پلک آشنا ہوئی

۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۲۷۵

ــ سے پَلک جھپکانا / لگانا محاورہ .

پلک سے پلک لگنا (رک) کا تعدیہ .

سونے کا تو کیا ذکر ہے تا بسحر پلک سے پلک نہ لگائی گئی.

۱۸۰۱ باغ اردو ، افسوس ، ۸۰

آدھی رات کے بعد پلک سے پلک جھپکانی حرام تھی .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۲۱۰

آپ نے بھی تو پلک سے پلک نہیں لگائی ہے .

۱۹۱۰ انتخاب فتنہ ، ۷۰

ــ سے پَلک لَگنا محاورہ .

(ذرا دیر کے لیے) آنکھ بند کرنا ، غنودگی آنا ، آنکھ لگنا .

جب سے تیری نظر پڑی ہے جھلک
تب سے لگتی نہیں پلک سے پلک

۱۷۲۴ دیوان زادہ حاتم ، ۱۱۸

لگتی نہیں پلک سے پلک انتظار میں
آنکھیں اگر یہی ہیں تو پھر نیند سو چکا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۳۷

رات بھر پلک سے پلک نہیں لگتی .

۱۹۳۸ تعلیمی خطبات ، ۷۸

ــ کے مارتے م ف (قدیم) .

رک : پلک مارتے .

پلک کے مارتے ہستی تمام ہوتی ہے
عبث کو بحر عدم سے حباب آتا ہے

۱۷۷۲ فغاں ، انتخاب دیوان ، ۱۳۵

ــ لگانا محاورہ .

پلک لگنا (رک) کا تعدیہ .

تمام شب پلک نہیں لگاتا تھا .

۱۸۳۸ بستان حکمت ، ۲۹۱

ــ لَگنا محاورہ .

رک : پلک جھپکنا .

نہیں لگتی پلک جوں چشم انجم ایک پل اپنی
خدا جانے کہ ہم کو دھیان ہے کس ماہ تاباں کا

۱۸۲۶ معروف ، د ، ۸

ــ مارتے (میں) م ف .

رک : پلک جھپکتے .

پلک مارتے شہزادے نے وہ بازی جیت لی .

۱۸۰۳ گل بکاولی ، نہال چند ، ۱۳

بلقیس کے تخت کو پلک مارتے میں حضرت سلیمان کے روبرو پہنچایا تھا .

۱۹۲۴ تذکرۃ الاولیا ، ۶۱

ــ مارنا محاورہ .

۱. آنکھ سے اشارہ کرنا ، ایک آنکھ نیم وا کر کے کسی کی طرف دیکھنا .

جس طرف سے تو مری جان پلک مار چلے
باپ بیٹے ہوں جو دو شخص تو تلوار چلے

۱۷۹۳ قائم ، د ، ۱۲۸

ایک دفعہ پلک ماری ، چند چیخوں کی آواز آئی اور سناٹا ہو گیا .

۱۹۲۲ نقش فرنگ ، ۱۲۹

۲. دیکھنا ، غور کرنا .

„اب„ کی نہایت ہی مختصر اور تنگ وسعت ہے ، جس میں اتنی بھی گنجائش نہیں کہ ہم پوری طرح پلک بھی مار سکیں .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۱/۳ : ۱۰۷

۳. پپوٹے کو اوپر سے نیچے لانا ، آنکھ جھپکانا ، آنکھ کو حرکت دینا .

لہو لگتا ہے ٹپکنے جو پلک ماروں ہوں
اب تو یہ رنگ ہے اس دیدۂ اشک افشاں کا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۴۰

وسلا بت بنی کھڑی تھی . . . پلک تک نہ مارتی تھی ، وہ ٹکٹکی لگائے کٹے ہوئے سر کی طرف دیکھتی رہی .

۱۹۲۶ شرر ، در گیش نندنی ، ۱۲۵

ــ مُتنا (ــ ضم م ، سک ت) امذ .

وہ جو ذرا ذرا سی بات میں رو دے (مہذب اللغات ، ۳ : ۹۵) .

[پلک + متنا (= موتنا) (رک)]

ــ مُتنی (مُوتنی) (— ضم م ، سک ت / و مع) امث .

پلک متنا (رک) کی تانیث .

ایں ! یہ رونے لگی ، کیسی پلک متنی ہے .

۱۸۸۹　　سیر کہسار ، ۱ : ۱۲۳

ــ مٹکانا محاورہ .

رک : پلک مارنا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۷) .

ــ میں م ف (قدیم) .

ذرا دیر میں ، دیکھتے دیکھتے .

پلک میں آسمانوں کوں کرے طی
زمینوں کوں لیتے تلی منیں مری

۱۶۹۷　　یوسف زلیخا ، امین ، ۱۳

ــ نَواز (— فت ن) صف .

پل میں نہال کر دینے والا ، ذرا سی بات پر بخشنے والا ، بڑا مہربان (بیشتر خدائے تعالیٰ کے لیے مستعمل) .

حقا کہ پلک نواز ہے ذات تری
جنت انھیں اشکوں کے بہانے سے ملی

۱۸۷۴　　انیس ، رباعیات ، ۱۳۴

وہی پلک نواز ان بچیوں کا بھی بیڑا پار لگائے گا .

۱۹۴۳　　جنت نگاہ ، ۳۸۱

[پلک + نواز (رک)]

ــ نہ مارنا محاورہ .

ہوشیار اور چوکنا رہنا ، مسلسل اور لگاتار دیکھنا ، ٹکٹکی باندھے رکھنا .

اپنی آنکھ اس کی آنکھ سے لڑائے اور حریف سے غافل پلک نہ مارے .

۱۸۷۳　　عقل و شعور ، ۳۳۲

ــ پِلنا محاورہ .

آنکھ سے اشارہ ہونا .

تیری بھوؤں میں بل پڑا قتل ہوا میں تیغ سے
تیری ادھر پلک ہلی مجھ پہ ادھر چھری چلی

۱۸۵۸　　امانت ، د ، ۹۴

پِلک (کس پ ، فت ل) امث ؛ امذ .

۱. (قدیم) رک : **پیلک ، زردک ، پیروزا .**

ابا بیل سبزک ہو طاؤس طلاس　　پلک فاختے ہد ہداں ہے قیاس

۱۷۰۸؟　　داستان فتح جنگ ، ۱۶۳

۲. **ابلق کبوتر** (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۱۱) .

پُلک (۱) (ضم پ ، سک ل) امذ ؛ امث .

۱. **ایک نشہ آور مشروب .**

وہاں کے باشندے غلہ یا کساوا سے چیچا بناتے تھے اور ایلوا کے عرق میں بھی تخمیر پیدا کر کے پلک بناتے تھے جو میکسیکو میں اب بھی پیا جاتا ہے .

۱۹۴۰　　مکالمات سائنس ، ۲۲۸

۲. **خوشی سے بدن کے رونگٹوں کا کھڑا ہو جانا ؛ خوشی کی لہر یا جوش ، خوشی ، مسرت ، شادمانی ، آنند ، عیش ، لطف ، مزا ؛ ایک ترکاری ؛ ایک قیمتی پتھر ، ہیرا ، یاقوت ؛ روٹی اور مٹھائی کا بنا ہوا لڈو جو باتھیوں کو دیتے ہیں ؛ کیڑے یا پسو جو جانوروں میں پڑ جاتے ہیں ؛ جواہرات کا نقص ؛ زرد پڑتال ؛ شراب کا گلاس یا کاسہ ؛ گیرو ، گریماری ؛ ایک طرح کا کند** (جامع اللغات ، ۲ : ۹۷ ؛ شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۶۱ ؛ پلیٹس) .

[س : पुलक پُلک]

پُلک (۲) (ضم پ ، سک ل) امذ .

ایک قسم کا سانپ جس کی پانچ قسمیں ہیں چار تو بے زہر اور پانچویں زہردار ہوتی ہے (تریاق مسموم ، ۳۲) .

[مقامی]

ــ سَفید (— فت س ، ی لین) امذ .

پلک سانپ کی قسموں سے ایک قسم .

پلک سفید اسے کوڑ یالا بھی کہتے ہیں .

۱۸۷۳　　تریاق مسموم ، ۳۲

[پلک + سفید (رک)]

پَلْکا (۱) (فت پ ، سک ل) صف .

۱. (آب پاشی) کھیت کے برہوں اور کیاریوں میں پانی پہنچانے والا مزدور ، بن بلا ، بن مہایا ، بن چلوٹیا ، بن ہارا ، برہوا (ا پ و ، ۶ : ۱۵۲) .

۲. چنچل (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۸۷) .

[مقامی]

پَلْکا (۲) (فت پ ، سک ل) امذ .

چارپائی ، پلنگ (ا پ و ، ۱ : ۱۷۹ ؛ شبد ساگر ، ۶ ، ۲۸۸۷) .

[س : पल्यङ्क پلیَنک]

پلکا (۱) (کس پ ، سک ل) امذ ؛ امث : پلکی ؛ ~ پلکه .

ابلق کبوتر ، چتلا کبوتر .

رنگ کبوتروں کے یه ہیں . . . پلکه . . . پیازی یا ہو وغیره .

۱۸۷۲ رساله سالوتر ، ۲ : ۵۱

ہر قسم کے کبوتروں کے ڈھیروں پنجرے بھرے رہتے تھے . . . ان میں سے . . . پلکا . . . گولے .

۱۹۶۲ ساقی ، ۱/۶۵ : ۴۱

[० : पलक पलक]

پلکا (۲) (کس پ ، سک ل) امث .

پنڈلی (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۱۱) .

[० : पलका पलका]

پلکان (فت پ ، سک ل) امث ؛ ج ؛ ~ پلکهاں .

(قدیم) رک : پلکوں .

پل کٹی (کس پ ، سک ل ، فت ک) امث .

(گله بانی) جنگل سے چارے کی جھاڑی کاٹ کر لانے کا محصول (ا پ و ، ۵ : ۸۱) .

[رک : پل ، پولا + کٹی ، کاٹنا (رک) سے]

پلکش (فت پ ، ل ، سک ک) امذ .

جنس انجیر کی قسم سے گولر ، لاط : Ficus Infectoria ، متبرک انجیر کا درخت ، لاط : Ficus religiose ، گڑھل کی ایک قسم ، لاط : Hibiscus populneoides ؛ گھر کا چور دروازه ، عقبی دروازه ؛ دنیا کے سات حصوں میں سے ایک جسے پلکش دیپ بھی کہتے ہیں (پلیٹس) .

[س : पलक्ष पलक्ष]

پلکنی (فت پ ، کس ل ، سک ک) امث .

بوڑھی عورت ؛ گائے جو پہلا بچھڑا رکھتی ہو (جامع اللغات ، ۲ : ۹۸) (پلیٹس) .

[س : पलिक्नी पलिक्नी]

پلکوں (فت پ ، سک ل ، و مج) امث ، ج ؛ ~ پلکاں (قدیم) .

رک : پلک جس کی یه جمع اور ذیل کے مرکبات میں مستعمل ہے .

— پر بٹھانا محاوره .

رک : آنکھوں پر بٹھانا .

سب اس کو پلکوں پر بٹھاتے ہیں اور موتیوں کا نواله کھلاتے ہیں .

۱۹۴۰ شہد کی مکھیوں کا کارنامه ، ۲۶

— سے م ف .

بہت اعزاز و احترام یا اطاعت کے ساتھ .

او پلکاں سوں جا جھاڑیا بتخانے کوں
پشانی رگڑ بھیں اہر راکھیا موں

۱۶۴۹ خاور نامه ، ۱۱۶

— سے قلوے سہلانا محاوره .

انتہائی گرویدگی کا اظہار کرنا (ماخوذ : فرہنگ اثر ، ۲۴۰) .

— سے تنکے چننا محاوره .

بہت ہی محنت و لگن سے کسی کی خدمت کرنا ، کسی کو آرام پہنچانے کے لیے بہت تکلیف اٹھانا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۸۷) .

— سے زمین جھاڑنا محاوره .

۱. رک : پلکوں سے تنکے چننا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۸۷) .
۲. کمال حسن عقیدت جتانا ، بہت عزت کرنا .

ہم چشموں نے چتون ان کی تاڑی
پلکوں سے زمیں بن کی جھاڑی

۱۸۳۸ گلزار نسیم ، ۱۷

— سے نمک اٹھانا محاوره ؛ ف مر .

دشوار کام کرنا ، عورتوں کا خیال ہے کہ نمک گرانے والے کو قیامت کے دن پلکوں سے اٹھانا پڑے گا .

جتنا ہے نمک سب مرے زخموں میں کھپاؤ
پلکوں سے اٹھاؤ گے نہ آنکھوں سے گراؤ

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۱۶۷

پلکی (کس پ ، سک ل) صف .

(کبوتر بازی) دوملی نسل کے کبوتر کی ایک قسم جو عموماً عنابی یا لاکھی رنگ کا ہوتا ہے .

شیرازیوں میں سے بگڑ کر پلکی اور پیٹی پیدا ہوا .

۱۸۹۱ رساله کبوتر بازی ، ۲

[غالباً پلک (رک) سے]

پُلکی (ضم پ ، فت ل) امذ .

کدمب درخت کی ایک قسم ، لاط: Nauclea cadamba (پلیٹس) .

[س : پلکی पुलकी]

پَلکیا (فت پ ، ل ، سک ک) امث .

پالکی (رک) کی تصغیر .

اٹریا تلے سے پلکیا جونکلی تو ہیرن نے کھائی پچھاڑ

۱۳۲۴ امیر خسرو (نور مشرق ، ۱۰۴)

پَلکیا (کس پ ، فت ل ، کس ک) امث .

بیلا پن لیے خاکی رنگ کی ایک چھوٹی چڑیا جو جاڑے کے دنوں میں پنجاب سے آسام تک دکھائی دیتی ہے یہ چٹانوں کے نیچے بچے دیتی ہے (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۱۱) .

[پلک (رک) سے]

پَلکیں (فت پ ، سک ل ، ی مج) امث ؛ ج .

پلک (رک) کی جمع (حسب ذیل مرکبات میں مستعمل) .

ــ بچھانا محاورہ .

رک : آنکھیں بچھانا ، تعظیم کرنا .

تنہا نہ گل ہی کھولے ہیں آنکھوں کو چاہ میں
پلکیں بچھائے خار بھی ہیں عین راہ میں

۱۹۱۲ شمیم ، بیاض (ق) ، ۷

ــ بھیگنا محاورہ .

آنکھوں میں آنسو بھر آنا .

نہ بھیگی ہیں مری پلکیں نہ آنکھیں ڈبڈبائی ہیں
کنارے پر اجی نہروں کے باڑھیں ہیں ہزارے کی

۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۱ : ۱۹۱

ــ پٹ پٹانا محاورہ .

متواتر اور مسلسل آنکھیں کھولنا اور بند کرنا ، لگا تار اوپر کے ہونٹ کو نیچے کے ہونٹ سے ملانا اور اٹھانا (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۰) .

ــ ٹانکنا محاورہ .

(مرغ بازی) لڑائی کے مرغوں کا اوپر کا ہونٹ نیچے کے ہونٹ سے ملا کر سی دینا (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۰) .

ــ چڑھنا محاورہ .

بالائی ہونٹ کا اس طرح اوپر اٹھ جانا کہ آنکھیں پھٹ جائیں اور ان سے انتہائی رنج یا غصّہ ظاہر ہو (ضبط غم و غصّے کے موقع پر) .

کیا جو رونا ہی موقوف چڑھ گئیں پلکیں
برستا سینہ نہیں کیوں کر نہ ہوں یہ دھان خراب

۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۲ : ۲۳۷

ــ کترنا محاورہ .

نظر بد سے بچانا (بعض عورتیں اپنے بچوں کو نظر بد سے بچانے کے لیے ان کی پلکوں کی نوکیں کاٹ دیتی ہیں) .

نظر کے خوف سے کتری گئی ہیں اُن کی واں پلکیں
مری رگ رگ سے یاں ٹوٹے ہوئے نشتر نکلتے ہیں

۱۹۱۷ رشید (مہذب اللغات ، ۳ : ۹۵)

ــ گر جانا محاورہ .

بیماری کی وجہ سے پلکوں کا ہونٹوں سے جدا ہو جانا (ماخوذ : جامع اللغات ، ۲ : ۹۷) .

پَلکھ (فت پ ، ل) امث (قدیم) .

رک : پلک .

شمیخ روئے اور سارے لوگ روئے
اشک کے موتی کو پلکھوں میں پروئے

۱۷۹۱ مثنوی ریاض العارفین ، ۹۵

پَلکھت (فت پ ، سک ل ، فت کھ) امذ .

چوزانو ، پالتی مار کر بیٹھنا .

مربع کی بیٹھک ہی مکروہ جان
کہیں جس کو پلکھت دکھن میں پہچان

۱۶۸۸ ہدایات ہندی (ق) ، ضعیفی ، ۱۳۱

[مقاسی]

پُلکھن (کس پ ، سک ل ، فت کھ) امث .

ایک قسم کے درخت کا نام (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۲۹) .

جیسے کوئی ہریانہ نسل کی بچھیا جھیل کا صاف شفاف پانی پی کر برسات کی دوپہر پلکھن کی گھنی چھاؤں میں کاٹے .

۱۹۶۲ آفت کا ٹکڑا ، ۶۴

[مقاسی ، ◦ : پلکھن पीलखं]

پلنگا (فت پ ، سک ل) امذ .

رک : پلکا (۲) ؛ پلنگ (رک) کی تصغیر .

سیاں ایک کہا مورا کیجو جٹھانی کو آنے نہ دیجو
جٹھانی بیوی ہمیں نہیں بھاو ہیں وہ تو پلکا کسائی مانگیں

۱۹۶۳ نور مشرق ، ۱۴۲

پلگرم (کس پ ، سک ل ، کس گ ، ر) امذ .

۱. مسافر ، سیاح (انگریزی اردو ڈکشنری ، عبد الحق) .
۲. جاتری ، زائر ، حاجی .

کینٹ بری کے اور پلگرم فلیٹ میں داخل ہوئے .

۱۹۷۹ کار جہاں دراز ہے ، ۲ : ۵۲

[انگ : Pilgrim]

پلل (۱) (فت پ ، ل) امذ .

تل چوری ، کٹا ہوا یا پسا ہوا تل ؛ تل کے لڈو ، تل کٹ ؛ کیچڑ ، دلدل ؛ گوشت ؛ پتھر ؛ میلا ، گندگی ؛ دودھ ؛ طاقت ؛ لاش (قدیم اردو کی لغت ، ۷۰ ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۹۸ ؛ شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۸۹) .

[س : پلل पलल]

پلل (۲) (فت پ ، ل) صف .

پلپلا یا پُلپُلا ، گیلا اور ملائم (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۸۹) .

[رک : پلپل (= پلپلا)]

پلم (فت پ ، ل) امذ .

تہمت ، بہتان ، الزام ، کلنک (جامع اللغات ، ۲ : ۹۸) .

[س : پرواده परिवाद : یا ہندی : پلم पलम]

ـــ لگانا محاورہ .

تہمت لگانا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۸) .

پلم (کس پ ، فت ل) امذ .

بیر اور بیر کی اقسام کے دوسرے پھل .

اس کے باغات جو آڑو ، پلم اور خوبانیوں سے لدے ہوئے تھے .

۱۹۷۷ کرشن چندر ، طلسم خیال ، ۶۹

[انگ : Plum]

پلمرا (کس پ ، سک ل ، فت م) امذ .

کھجور کی ایک قسم .

مندرجہ ذیل اقسام . . . (۱) پلمرا کھجور (۲) تلی پاٹ کھجور یہ دونوں اقسام مقام لنکا پر ہوتے ہیں .

۱۹۰۷ فلاحت النخل ، ۲۴۳

[غالباً مقامی]

پلمن (کس پ ، سک ل ، فت م) امذ .

دھان کی ایک قسم .

دھان کو مختلف وجوہات کی بنا پر مختلف گروہوں میں تقسیم کیا گیا ہے . . . (ii) نوک سیاہ اور دانہ کا سرا گول پلمن .

۱۹۷۰ چاول : دستور کاشت ، ۳۰

[مقامی]

پل موٹر (ضم پ ، سک ل ، و مج ، فت ٹ) امذ .

ایک قسم کی مشین جو رکا ہوا سانس دوبارہ دلانے میں مدد دیتی ہے ، تنفسی پمپ .

اور گیس کا نقاب اوڑھ کر وہ جوالامکھی کے اندر بھی سانس لے سکتا ہے اور اگر اتفاق سے اس کا دم ٹوٹ جائے تو پل موٹر اسے دوبارہ زندہ کر سکتا ہے .

۱۹۴۴ آدمی اور مشین ، ۱۱

[انگ : Pulmotor]

پلمئی (فت پ ، سک ل ، فت م) امث .

انگوٹھی ؛ پستان کی بھٹنی (ا پ و ، ۸ : ۱۶۷) .

[مقامی]

پلن (ضم پ ، کس ل) امذ .

ریتا ؛ ریت کا جزیرہ جو دریا میں بن جاتا ہے ؛ دریا برآمد نئی زمین جس سے دریا ہٹ جائے ؛ سیلابی ؛ سمندر یا دریا کا ریتلا ساحل (جامع اللغات ، ۲ : ۹۸) .

[س : پُلِن पुलिन]

پلنا (۱) (فت پ ، سک ل) امذ .

پالنا (رک) کی تخفیف، پنگوڑا، گہوارہ (فرہنگ آصفیہ، ۱ : ۵۳۰).

پلنا (۲) (فت پ ، سک ل) ف ل .

۱. پرورش یا نشو و نما پانا ، پالا پوسا جانا .

یہ ہے لکھنؤ میں تو لندن میں وہ
پلا کرتی ہے میرے دامن میں وہ

۱۸۵۹ حزن اختر ، ۸۶

پل رہے ہیں ضمیر میں طوفاں
دردمندوں کی خاموشی پہ نہ جاؤ

۱۹۵۸ تار پیراہن ، ۳۲

۲۔ (پھل کا) رکھے رکھے نرم یا پلپلا ہو کر مزے سے اتر جانا ،

دیکھ خربوزہ تری فالیز کا پک چکا ہے بلکہ اب پلنے لگا

۱۸۱۸ اظفری ، د ، ۱۶

نہ رہی اب ثمر عشق میں وہ کیفیت
بے مزہ ہوتا ہے وہ میوہ جو پل جاتا ہے

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۷۷

۳۔ مادی فیض پانا ، مستفید ہونا ۔

سدا برت بھی ان کا رہتا تھا جاری
کہ پلتے تھے جس سے ہزاروں بھکاری

۱۹۰۱ مظہر المعرفت ، ۲۹

۴۔ بڑھنا ؛ پُسنا کے ساتھ بطور مقدم ۔

اگرچہ دیہات میں پلی بسی تھی ، مگر چالاکی شوخی شرارت رگ رگ میں بھری تھی ۔

۱۹۳۱ رسوا ، اختری بیگم ، ۱۴۵

۵۔ پرنا ، پرویا جانا ، چبھنا ، گڑنا (شاذ) ۔

اظفری مضموں کسی شاعر کا رات
دل میں کانٹا سا مرے پلتا رہا

۱۸۱۸ اظفری (دیوان جہاں ، ۳۸)

۶۔ موٹا تازہ ہونا ۔

یہ بکرا خوب پلا ہوا ہے ۔

۱۹ شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۸۹

۷۔ گرمی پاکر نرم ہو جانا (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۱) ۔

[० : पलना पलना]

پلنا (۳) (ف پ ، سک ل) ف م ۔

(دلالی) کوئی چیز کسی کو دینا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۸۹)۔

[مقامی]

پلنا (کس پ ، سک ل) ف ل ۔

۱۔ (کولھو یا مشین میں) کچلا جانا ، دب بھچ کر یا پس کر عرق یا تیل نکلنا ۔

تپاک اس دل کا نین کرتے مگر ملتے ہیں پاواں سوں
کہ جیوں تل پلنے میں گھانے میں نہیں ہے عار تیلی سوں

۱۵۱۴ مشتاق بہمنی (سہ ماہی اردو ، ۲۹ ، ۴ : ۳۶)

مثال نیشکراں کولھوؤں میں پل جائیں
کہیں شتاب زمین آسمان مل جائیں

۱۸۴۳ دیوان رند ، ۲ : ۳۰۱

۲۔ نہایت محنت و مشقت کرنا ، بہت زیادہ کام کاج میں لگا رہنا ۔

اللہ کی بندی کولھو کے بیل کی طرح تمام دن پلی ۔

۱۸۹۷ حیات صالحہ ، ۲۴

۳۔ (i) پورے زور اور قوت سے یکایک ہلّہ بول دینا ، دھاوا کر کے دھکیلنا ، لڑنا یا مار دھاڑ کرنا ۔

پھر تو یہ غصہ ان کو چڑھ آیا کہ جیسے تب
ایدھر سے یہ پلے نفر اودھر سے دوڑے سب

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۳۵۶

تلواریں کھینچ کر ایک دم جو پلے لڑائی کے کھیت کو گیہوں کے کھیت کی طرح ایک دم کاٹ کر رکھ دیا ۔

۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۱۳۷

اتنا کہتے ہی جو کتیا پر پلی تو مارے کھپچیوں کے بھرکس نکال دیا ۔

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۲۴

(ii) بھیڑ یا موانع کو سینہ زوری سے ہٹاتے ہوئے گھسنا ، زبردستی اندر گھستا چلا آنا ۔

گواہوں . . . کے اس ابنوہ عام کے درمیان عام مقدمہ والوں کی طرح گھستا اور پلتا ہوا ، یہ مسلمانان ہند کا سردار و پیشوا ۔

۱۹۲۹ محمد علی ، ۲ : ۹۵

۴۔ (کھیل) باری پوری کرنا ۔

کھلاڑی اسی سلسلہ میں پلتا بھی جاتا ہے پلنے کا ایک نمبر ملتا ہے ۔

۱۹۲۸ کھیل بتیسی ، ۴۴

[० : पलना पलना]

پلنٹیوں (کس پ ، ف ل ، سک ن ، کس ٹ ، و مج) صف ۔

ڈھیروں ، بہت سا ، بکثرت ۔

میرے ساتھیوں کے پاس جو اکثر انگریز تھے ، پلنٹیوں اسباب تھا ۔

۱۸۸۹ گلگشت فرنگ ، ۵۴

[انگ : Plenty]

پُلند (ضم پ ، کس ل ، سک ن) امذ ۔

ایک وحشی قوم اور اس قوم کا ایک فرد ؛ وحشی آدمی ، ملیچھ ؛ پہاڑی ، کوہی ؛ وہ شخص جو ناافہم اور کرخت زبان استعمال کرے (جامع اللغات ، ۲ : ۹۸) ۔

[س : پُلند पुलिन्द]

پلندا (خم پ ، فت ل ، سک ن) امذ ؛ ~ پلندہ .

۱. مٹھا ، گڈی ، کاغذ وغیرہ کا لپٹا ہوا یا فائل میں رکھا پیکٹ .

پلندہ نقول مقامات کا پہنچا ، ممنون عنایت کیا .

۱۸۶۹ خطوط سرسید ، ۵۷

آج بھی حسب معمول موسیو مارگے ، کاغذات کا پلندا بغل میں دبائے کچہری کو گیا .

۱۹۰۷ مخزن ، ۱۳ ، ۵ : ۳۹

اف : بنانا ، کرنا .

۲. بنڈل (خطوط یا کتابوں کا) .

جو پارسل اور پلندے بھنگی کی ڈاک پر بھیجے جائیں اون کے محصول کی شرح . . . زیادہ ہوتی جائے گی .

۱۸۷۳ اخبار مفید عام ، ۵ ، ۷ : ۷

بہت سی کتابوں کا ایک پلندا تھا .

۱۹۳۴ سرگزشت عروس ، ۲۳

۳. بغیر دھلے میلے کپڑوں کا گٹھر یا گٹھری .

دھوبی میلے کپڑوں کا پلندا سنبھالے گھاٹ کو جا رہے ہیں و ہی پرانا کارخانہ جاری ہے .

۱۹۷۹ زندگی ، جون ، ۱۶

۴. (اظہار کثرت کے لیے) ڈھیر یا بہت سی بے ترتیب اشیاء وغیرہ .

غزلوں کا پلندا بھی پہنچا .

۱۸۹۷ مکاتیب امیر ، ۱۱۶

قطعات کو یونہی پلندہ کر کے یا شیشے کے فریم میں بھیجا جاتا ہے .

۱۹۲۳ مکتوبات شاد ، ۱۷۲

[س : پول + وت ‍ पल्ल + वत्त]

پلنگ (ا) (فت پ ، ل ، غنہ) امذ .

بیٹھنے سونے اور لیٹنے کے لیے مختلف قسم کے لکڑی لوہے اور بانس کے بنے ہوئے پائے پٹی سروے والی سادی چارپائی جو بان نواڑ ستلی اور آج کل پلاسٹک سے بھی بن لی جاتی ہے اس کے علاوہ عرف عام میں فوم کے گدے یا اسپرنگ والی مسہری نما چارپائی بھی پلنگ ہی کہلاتی ہے امراء رؤسا اور بادشاہوں کے یہاں سونے چاندی کے پلنگ بھی ہوتے ہیں ، پلکا ، پلنگا .

پلنگ شاد کے تئیں جو واں لیائے تھے
سورج چاند جیسے اسے پائے تھے

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۶۴

پلنگ کوں چھوڑ خالی گود میں جب اٹھ گیا میتا
چترکاری لگے کھانے بن کوں گھر ہوا چیتا

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۹

بادشاہ بھی ایک پلنگ پر بیخبر سوتا ہے .

۱۸۰۱ آرائش محفل ، حیدری ، ۱۱۵

تم میرے پلنگ پر میری چادر اوڑھ کر سو رہو ، صبح کو سب کی امانتیں جا کر واپس دے آنا .

۱۹۱۱ سیرۃ النبی ، ۱ : ۲۵۱

وہ اس وقت اسی کمرے کے ایک گوشے میں پلنگ پر دراز تھے .

۱۹۴۳ مکاتیب اقبال (اسد ملتانی) ۱ ، ۱ : ۳۴۳

[س : پریَنک पर्यङ्क]

— پر بٹھا کر روٹی دینا محاورہ .

بغیر خدمت لئے نان نفقہ دینا ، بغیر کسی معاوضے کے سلوک کرنا (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۱) .

— پر بٹھانا محاورہ .

بہت آرام دینا ، خدمت نہ لینا ، معزز بنا کر بٹھانا ، افسر بنا کر بٹھانا (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۱) .

— پر لیٹنا محارہ .

آرام کرنا ، سونا .

پیکان ، سحر پڑھ کر پلنگ پر لیٹ رہا .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۹۸۴

— پوش (— و مج) امذ .

وہ کپڑا یا چادر جو پلنگ پر بستر کی حفاظت کے لیے ڈال دیتے ہیں اور چاروں طرف لٹکتا یا بستر کے نیچے دبا رہتا ہے .

کچے سوت سیتی بونی یک پلنگ
پلنگ پوش تس پر سٹی تازا رنگ

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۴۱

قلم کاری کے تھے ایسے پلنگ پوش
جنھوں کی دیکھ رنگت جائیں ہوش

۱۸۳۳ پنجۂ رنگین ، ۱۵۲

اور کچھ تو ملا نہیں ، پلنگ پوش اوڑھ گھونگٹ نکال کے تخت پر آ بیٹھی .

۱۹۳۱ رسوا ، خورشید بہو ، ۱۹

[پلنگ + پوش (رک)]

— پیڑھی (— ی مع) اسث .

گھر گرہستی میں اٹھنے بیٹھنے اور لیٹنے کا متفرق سامان (جو بیشتر جہیز میں دیتے ہیں) .

یہ لچکہ، ٹھپّے کے کپڑے، تانبے کے برتن، پلنگ پیڑھی۔ سوائے داموں پر خرید کر کے لڑکی کے ساتھ کر دینے میں کیا ایسی رسوخیت ہے۔

۱۹۰۰ شریف زادہ، ۱۵۷

[پلنگ + پیڑھی (رک)]

— توڑ (— و مج)

(الف) صف۔

(وہ مرد یا عورت) جو پلنگ پر پڑے پڑے کھائے اور کچھ کام دھام نہ کرے، سست، کاہل، نکھٹو (فرہنگ آصفیہ، ۱: ۵۳۰)۔

(ب) اسث۔

امساک کی ایک دوا کا نام (فرہنگ آصفیہ، ۱: ۵۳۰)۔

[پلنگ + توڑ، توڑنا (رک) سے]

— توڑ بیلا (— و مج، ی مج) امذ۔

ایسا بیلا (پھول) جس کی خوشبو سے نوشاہ و عروس مست ہو جائیں (یہاں تک کہ ان کی خوش فعلیوں سے پلنگ ٹوٹنے کی نوبت آئے)۔

ہار والے بدھیاں کاندھوں پر ڈالے کہہ رہے ہیں او جی ہار ہیں چھت لگن ہار، بیلا ہے پلنگ توڑ بیلا۔

۱۸۶۶ جادۂ تسخیر، ۷۸

ایک طرف گل فروشوں کی پکار... آوازیں دے رہے ہیں کہ... کون البیلا ہے کہ بیلے کے ہار پہنے پلنگ توڑ بیلا ہے۔

۱۹۰۱ طلسم نوخیز جمشیدی، ۳: ۳۱۹

[پلنگ توڑ (رک) + بیلا (رک)]

— تین چور (— ی مع، و مج) امذ۔

ایک صورت کو کبہ جو ستارۂ قطب کے نزدیک ہے، دب اکبر، بنات النعش (جامع اللغات، ۲: ۹۸)۔

— جھولا ہونا محاورہ۔

پلنگ کی نواڑ کا ڈھیلا ہو جانا (جامع اللغات، ۲: ۹۸)۔

— سے لگ جانا محاورہ۔

سخت بیمار پڑنا کہ اٹھا نہ جا سکے، بیماری کے باعث اٹھنے کے قابل نہ رہنا۔

اتنا بڑا ڈھوٹ جوان ایک ہی مہینے میں گھل گھل کر پلنگ سے لگ گیا۔

۱۸۷۷ توبۃ النصوح، ۳۰۷

— کسنا محاورہ۔

بنے ہوئے پلنگ کی ادوائن یا نواڑ کسنا؛ ادنیٰ کام کرنا، خدمت کرنا۔

وہ پری ساتھ لے کے سوتا ہوں
حور جس کا پلنگ کستی ہے

۱۸۳۲ دیوان رند، ۱: ۱۷۳

— کو لات مار کر کھڑا ہو جانا محاورہ۔

۱۰ زچگی سے صحیح سلامت اٹھ کھڑا ہونا۔

خدا کرے تمہاری بہو اصل خیر سے پلنگ کو لات مار کر کھڑی ہو جائے۔

۱۸۷۵ انشاء ہادی النسا، ۳۴

درگا دیوی پلنگ کو لات مار کر کھڑی ہو گئیں۔

۱۹۳۳ فراق دہلوی، مضامین فراق، ۵۵

۲۰ بیماری سے صحتیاب ہونا (فرہنگ آصفیہ، ۱: ۵۳۰)۔

— کے بان (بانڈ) توڑنا محاورہ۔

بیکار بیٹھے یا پڑے رہنا، کچھ کام کاج نہ کرنا۔

زینب بیگم اکیلی پڑے پڑے پلنگ کے بان توڑا کرتی ہے۔

۱۹۳۱ رسوا، اختری بیگم، ۱۶۸

— گیری (— ی مع) اسث۔

چھپر کٹ کی پوشش، پلنگ پوش (رک)۔

وہ سفید پلنگ گیری پر بیٹھی چھالیا کتر رہی تھیں۔

۱۹۶۴ نور مشرق، ۲۱

[پلنگ + گیر (رک) + ی، لاحقۂ تصغیر و تانیث]

— لگانا محاورہ۔

پلنگ لگنا (رک) کا تعدیہ۔

پگھلی چاندی کی طرح تھلکتی چاندنی
آج کوٹھے پر لگا دو میرے سونے کا پلنگ

۱۸۱۸ انشا، کلام، ۳۲۱

— لگنا محاورہ۔

پلنگ ڈال کر اس پر بستر وغیرہ بچھا دینا (ماخوذ: جامع اللغات، ۲: ۶۸)۔

پلنگ (۲) (فت پ، ل، غنہ) امذ۔

۱۰ بلی کے خاندان سے تعلق رکھنے والا ایک بڑا اور خوفناک درندہ (بھوری کھال پر سیاہ دھبے افریقہ اور جنوبی ایشیا میں کثرت سے پایا جاتا ہے شکار کرنے میں تیز اور چست لگنے میں شیر کی طرح چست و چالاک)، چیتا۔

خنجر کے تیرے سامنے ببر و پلنگ ناخن چھپا
رنگ زرد ہو تن تاپ بھر سب عمر درد سر چڑے
۱۶۷۲ شاہی ، ک ، ۱۱۸

پائے غزالہ دام میں واں بند ہو اگر
ناخن سے اپنے کھول دے جا کر گرہ پلنگ
۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲۰۹

اس بیابان آفت جان میں شیر و خرس و پلنگ و فیل وغیرہ بکثرت معلوم ہوتے ہیں .
۱۸۹۱ بوستان خیال ، ۸ : ۱۵۷

ہو کیا بیاں کہ کیا تھا وہ شبدیز وقت جنگ
چیتا کسی جگہ کہیں ضغیم کہیں پلنگ
۱۹۲۷ شاد ، مراثی ، ۲ ، ۶۳

۲. چین میں مختلف جانوروں کے نام پر رکھے گئے سالوں میں سے ایک سال .

بچتی نہیں ہے جان جدائی میں اس برس
خونریز میری جان کو یہ سال پلنگ ہے
۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۱۳۹

[ف]

ــ اَفگَن (ــ فت ا ، سک ف ، فت گ) امذ .

زبردست لڑاکو سپاہی ، چیتے کو زیر کرنے والا (پلیٹس) .

[پلنگ + افگن (رک)]

ــ مار امث ؛ امذ .

کشتی کا ایک داؤ ، جس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ جب حریف نیچے ہو تو مقابل اس کے داہنی طرف بیٹھ کر اپنے بائیں ہاتھ سے حریف کا جانگھیا بائیں طرف اوپر سے پکڑتا ہے اور داہنے ہاتھ سے حریف کی داہنی طرف پشتہ ڈالتا ہے پھر اپنی داہنی طرف کو کھینچنے کا بہانہ کر کے فوراً بائیں ہاتھ سے جانگھیا چھوڑ کر حریف کی داہنی چھاتی کے نیچے گردن کے پاس لے جا کر اپنے دونوں ہاتھ ملا کر گردن کو اپنی طرف کھینچتے ہوئے سینے کا زور دیتا ہے جس سے حریف چت ہو جاتا ہے (ماخوذ : رموز فن کشتی ، ۱ : ۹۲) .

[پلنگ + مار ، مارنا (رک) سے]

پلنگ (۳) (فت پ ، ل ، غنہ) امذ .

فرقہ بیکتاشی کا سات گوشوں والا علامتی پتھر جس کے سات گوشے ہیں وہ گوشے سات زمین سات آسمان سات سمندر اور سات سیاروں کی نمائندگی کرتے ہیں نیز جسے اس فرقے کے لوگ کمر بند میں باندھے رہتے ہیں .

اس فرقے کے کمر بند میں ایک پتھر ہے جس کو پلنگ کہتے ہیں . . . پلنگ بڑا مفید ہے .
۱۸۸۱ کشاف اسرار المشائخ (ترجمہ) ، ۱۷۷

[ف ؟]

پلنگان (فت پ ، ل ، غنہ) امذ ؛ جمع (قدیم) .

پلنگ (۱) (رک) کی جمع .

پلنگاں رکھے جوڑ الماس کے بنات اس انکے بیچ آکاش کے
۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۶۵

پلنگاں سٹے ہیں سو کے بھانت کے
سو پردے بندے ہیں سورج چاند کے
۱۶۹۹ نور نامہ ، شاہ عنایت ، ۱۷

[رک : پلنگ (۱) + ان ، لاحقۂ جمع]

پلنگانہ (فت پ ، ل ، غنہ ، فت ن) صف .

چیتے اور تیندوے کی خصلت والا .

افراسیاب نے وہیں سے پنجہ پلنگانہ اپنا دراز کیا .
۱۸۸۸ طلسم ہوشربا ، ۳ : ۱۲۸

[رک : پلنگ (۲) + انہ ، لاحقۂ صفت]

پلنگڑی (فت پ ، ل ، غنہ ، سک گ) امث .

چھوٹا پلنگ یا چارپائی ، کھٹولا (بیشتر خوبصورت اور سبک یا بچوں کے لیے مستعمل) ؛ پلنگ (رک) کی تصغیر .

فلک ہر شب یہ کالی چارپائی کیا دکھاتا ہے
پلنگڑی تیری اعلیٰ ہے کہیں ہے پیر چاندی کی
۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۱۸۵

گل آرا بیگم نے پھر کوئی بات نہ دیکھی اور سیدھی اندر کے دالان میں جا اپنی پلنگڑی پر لیٹ گئی .
۱۹۳۳ فراق دہلوی ، مضامین فراق ، ۶

ــ دار (ــ کا) تعویذ امذ .

(گورکنی) پلنگ کی شکل کا تعویذ جو قبر پر بنایا جاتا ہے . اس کی صورت یہ ہوتی کہ مستطیل ہودا سا بناتے ہیں اور اس کے بیچ میں مٹی بھر دیتے ہیں (ا پ و ، ۷ : ۱۳۹) .

[پلنگڑی + دار (رک) + تعویذ (رک)]

پلنگینہ پوش (فت پ ، ل ، غنہ ، ی مع ، فت ن) امذ .

تیندوے کی کھال یا اس کے مشابہ کپڑے سے تیار شدہ لباس وغیرہ پہننے والا .

ہو زان پلنگینہ پوش . . . ہمہ تن چشم بن گئے تھے .
۱۸۳۸ بستان حکمت ، ۱۲

[رک : پلنگ (۲) + ف : ینہ ، لاحقۂ نسبت + پوش (رک)]

پلنگی (فت پ ، ل ، غنہ) صف .

چیتے جیسے خواص والا ، خوفناک ، دہشت ناک (پلیٹس) .

[رک : پلنگ (۲) + ی ، لاحقۂ نسبت]

پلنگیاں (فت پ ، ل ، غنہ ، کس گ) جمع .

پلنگی (رک) کی جمع (تراکیب میں مستعمل) .

پلنگیاں کرنا محاورہ .

چیتے کی سی چالیں چلنا، (مجازاً) چھیڑ چھاڑ کرنا ، ستانا .

گردوں اگرچہ دن کو غزال سیاہ ہے
پر شب کو میرے ساتھ کرے ہے پلنگیاں

۱۸۲۴ مصحفی ، ک (مجلس ترقی ادب) ، ۳۳۸

پلنگیری (فت پ ، ل ، مغ ، ی مع) امث .

(عام بول چال) پلنگ (۱) (رک) کی تانیث یا تصغیر .

پلنگیری نواڑ کی نئی بنی ہوئی تیار ہوئی تھی .

۱۹۶۳ نور مشرق ، ۱۱۰

پلو (فت پ ، سک ل) صف ؛ امذ .

۱. تیرنے والا ، بہنے والا ؛ اچھلنے کودنے والا ، پھدکنے والا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۹) .

۲. (i) ڈونگا ، بیڑا ، کشتی ، ناؤ (جامع اللغات ، ۲ : ۹۹).

(ii) بندر ؛ مینڈک ؛ ایک آبی پرند ، لاط: Pelicanis fusicollis ؛ ماہی خور ؛ گرہ باز کبوتر (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۹۹) .

(iii) ایک قسم کی گھاس ؛ لاط: Cyperus rotunds ؛ جنس انجیر کی قسم سے گولر ؛ لاط : Ficus infectoria ؛ سرخ لاکھ (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۹۹) .

(iv) ساٹھ سالوں میں سے (۳۵) واں سال (ہندی اردو لغت ، ۱۸۳) .

[س : پلو पल्लव]

پلو (۱) (کس مج پ ، و لین) امذ ؛ امث .

زمین کی ایک قسم ، افتادہ ، بنجر کھنجر .

اوپر ہار یعنی پلو وہ زمین ہے جو گانوں سے دور ہوتی ہے اور اس کو کھاد پانس کم نصیب ہوتا ہے اس لئے یہ زیادہ زرخیز نہیں ہوتی .

۱۹۱۶ علم زراعت ، ۲۷

[انگ : Plow]

پلو (۲) (کس مج پ ، ولین) امذ .

ہل .

ہل عربی میں قلبہ اور انگریزی میں پلو . . . کہتے ہیں .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۳۱

[انگ : Plough]

پلو (فت پ ، شد ل ہفت ، سک و) امذ .

نئی شاخ ، شگوفہ ؛ شاخوں یا پھولوں کا گچھا ؛ کلی ، پھول ، شاخ کا سرا جس پر نئے پھول نکلے ہوں ؛ لاکھ کا سرخ رنگ ؛ گھاس کا تنکا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۸) .

[س : پلو पल्लव]

ـــ گراہی (— فت گ) صف .

تنکے چننے والا ، فضول کام کرنے والا ، معمولی اشیا قبضے میں لینے والا ؛ نازک مزاج ، سطحی ، باہری ، کچا ، خام (جامع اللغات ، ۲ : ۹۸) .

[پلو + گراہی (رک)]

ـــ لینا محاورہ .

ٹہنیاں یا جھاڑیاں جمع کرنا ، مجازاً تھوڑی سی شد بد رکھنا ، سطحی علم ہونا (پلیٹس) .

ـــ ملانا

سازش کرنا ، ہمراز ہونا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۸) .

پلو (فت پ ، شد ل ، و مع) امذ ~ پلو (بلا شد) قدیم .

۱. آنچل، کنارہ (دوپٹہ، چادر یا ساری وغیرہ کا)، (رک) پلّا.

پلو سوں لے مکھ آپنا ویں لپیٹ
رہی جا بچھانے میں دلگیر لیٹ

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۱۱۸

ارے یہ کون ہے جس نے میرا پلو پکڑ لیا .

۱۹۳۸ شکنتلا (ترجمہ) ، اختر حسین ، ۱۰۹

۲. دامن .

جبے کے پلو نہایت نیچے اور آستینیں نہایت ڈھیلی ہیں .

۱۹۴۶ شیرانی ، مقالات ، ۸۳

۳. (گوٹا سازی) معمول سے زیادہ چوڑا اور سنگین بناوٹ کا گوٹا جو دوپٹے کے آنچل یا پشواز کے دامن پر ٹانکا جاتا ہے .

سارنگیوں کی لہر طبلوں کی گمک ، اور بھاؤ بتانے میں آنچل پلو کی چمک .

۱۸۰۳ نثر بے نظیر ، ۹۲

دوپٹے رنگ برنگ ، آنچل پلو . . . کرن سے سجے سجائے .

۱۸۶۶ انشائے بہار بے خزاں ، ۵۲

۴. کفن وغیرہ کے ٹکڑے یا حصے .

اوپر نیچے کے پلوان برابر رکھے .

۱۵۶۴ رسالہ فقہ دکنی ، ۹

۵. رومال (دکھنی ٹھگ رومال کو کہتے ہیں) (مصطلحات ٹھگی ، ۵۶) .

[س : پلو पल्लव]

— پسارنا ف م .

دامن پھیلانا .

رشک کرتے ہیں ملک پور حیرت بزم تھے
اب پلو تج کن پساریں پور متگیں پان عید کا

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۳ : ۷

— دار اسذ ؛ صف .

وہ لباس جس کے کنارے پر سونے چاندی کی چوڑی گوٹ لگی ہو ؛ سنہری روپہلی گوٹ بنانے والا ، جھالر بنانے والا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۸) .

[پلو + دار (رک)]

— دینا محاورہ .

ٹھگوں کے گرو کا اپنے چیلے کو بطریق تبرک بھٹونی کرنے کی خاطر رومال دینا (مصطلحات ٹھگی ، ۵۶) .

— سے باندھنا محاورہ .

(لڑکی کی) شادی کر دینا (اضافت کے ساتھ) .

اب اس کو کسی کے پلو سے نہ باندھ دیا گیا تو خدا معلوم کیا آفت بپا ہو جائے .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۵ : ۱۹۳

— میں ڈال دینا محاورہ .

حوالے کرنا ، باندھ دینا .

میری تقصیر سگل میرے پلو میں ڈال دیں گے .

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت ، ۱۱۹)

پِلّو (کس پ ، شد ل ، و مع) اسذ .

کیڑا ، کرم .

جس چیز کو تو چھوتی ہے اس میں پلو پڑجاتے ہیں .

۱۸۴۵ جوہر اخلاق ، ۴۶

[س : پِلو पील]

پَلوا (فت پ ، سک ل) اسذ .

(ٹوکری سازی) رک : پلا معنی نمبر ۷ جس کا یہ اسم تصغیر ہے .

پَلوآ (۱) (فت پ ، و مج) اسذ .

جنس خبازی کا پودا ، جنس پڑا ، لاط: Aificus canna-birns (پلیٹس) .

[ہ : پلوآ पलाश]

پَلوآ (۲) (فت پ ، و مج) صف .

پالا ہوا یا سدھایا ہوا جانور نیز بچہ ، رک پالنا (پلیٹس) .

[پالنا (رک) سے]

پَلوار (۱) (فت پ ، سک ل) اسذ .

۱. ایکھ بونے کا ایک طریقہ جس میں آنکوئے نکلنے کے بعد کھیت کو پتوں ریٹھوں وغیرہ سے اچھی طرح ڈھک دیتے ہیں ، نگروا (اس طرح کھیت کی تری برقرار رہتی ہے اور سینچائی کی ضرورت نہیں رہتی) (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۰) .

۲. (آب پاشی) چھوٹے پودوں کو سردی اور پانی سے بچانے کے لیے بنائی ہوئی محفوظ جگہ (ا پ و ، ۶ : ۱۵۲) .

[ہ : پلوار पलवार]

پَلوار (۲) (فت پ ، سک ل) اسث .

(کشتی بانی) بار برداری کی کشتی جو پندرہ بیس ٹن بوجھ لے جاسکے (ا پ و ، ۵ : ۱۶۹) .

مور پنکھی ، پلوار ، لچکے ، کھیلنے ، الاق پٹیلیوں پر مع سر انجام ، سوار کر کر رخصت کیا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۰۶

[ہ : پلوار पलवार]

پَلواری (فت پ ، سک ل) اسذ .

ملاح ؛ پلوار کے ملاح یا متعلق لوگ (جامع اللغات ، ۲ : ۹۹ ؛ پلیٹس) .

[رک : پلوار (۲) + ی ، لاحقۂ نسبت]

پلوان (فت پ ، سک ل) امذ .

خود رو گھاس کی ایک قسم ، رک : پلو .

پاکستان میں خود رو گھاس کی کئی قسمیں ہیں لیکن تغذیۂ حیوانات کے لحاظ سے ان میں دوب ، انجن ، پلوان . . . قابل ذکر ہیں .

۱۹۶۹ تغذیہ و غذائیات حیوانات ، ۲۱۷

[س : پلو पल्लव]

پلوانا (فت پ ، سک ل) ف م .

پالنا (رک) کا تعدیہ .

میں تو بیمار ہوں جاتی ہوں شفا خانے کو
دائی رکھ لیجیے اولاد کے پلوانے کو

۱۹۱۲ شمیم ، واسوخت (ق) ، ۱۱

پلوانا (۱) (کس پ ، سک ل) ف م .

۱. **رک : پلانا .**

ہے کوئی مسلمان کہ ہمیں جان کے پیاسا
اس دھوپ میں پانی ہمیں پلوائے ذرا سا

۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۳ : ۳۱

سویدائے دل قنبر کی جس پر مہر ہو ساقی
خدارا وہ صراحی بادہ آشاموں کو اب پلوا

۱۹۰۶ صحیفہ ولا ، ۹۷

۲. **پلانا (رک) کا تعدیہ .**

ہمیں تو حضرت زاہد کی ضد نے پلوائی
یہاں ارادۂ شرب مدام کس کا تھا

۱۸۹۲ مہتاب داغ ، ۳۳

پلوانا (۲) (کس پ ، سک ل) ف م .

۱. **کولھو کے ذریعے تیل یا رس وغیرہ نکلوانا** (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۰) .

۲. **دھکے دلوانا** (جامع اللغات ، ۲ : ۹۹) .

[پلنا ، پیلنا (رک) سے]

پلوپم (فت پ ، و مع ، فت پ) امث .

دس کورا کور کی مقدار .

اب آگے گنتی بڑھانے کی تدبیر سوچنی پڑی . . . ہندوستان جیسے پرانے ملک میں تو کڑوڑ ، ارب ، کھرب ، نکھرب ، پدم سنکھ ، سمندر یا کورا کور ، پلوپم ، اور ساگر تک نوبت پہنچی .

۱۸۹۵ علم اللسان ، ۲۲

[مقامی]

پلوٹ (فت پ ، سک ل ، فت و) امذ ؛ ~ پلوٹ .

(ٹوکری سازی) ٹوکری وغیرہ بنانے کو بانس کی تراشی ہوئی پتلی پتلی پٹیاں ، بنگا ، کھپچر (ا پ و ، ۳ : ۳) .

[مقامی]

پلوت (فت پ ، شد ل بفت ، کس و) صف ؛ امذ .

بہت سے شگوفوں والا ؛ لاکھ کے رنگ کا ؛ لاکھ کا سرخ رنگ (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۹۹) .

[س : पलवित پلوِت]

پلوٹا (فت پ ، و مع) امث .

بد دعا .

حاضرین میں سے اکثریت سرزنش کے طور پر پیروں فقیروں کے بارے میں ایسے کلمات منھ سے نکالنے پر برا بھلا کہتی اور ایسی مقدس اور خدا رسیدہ ہستیوں کے پلوٹے سے بچنے کی تاکید کرتی .

۱۹۷۲ جھوک سیال ، ۹۲

[؟]

پلوتا (کس پ ، و لین) امث .

(کاشتکاری) پہلی مٹی کی زمین جو ریت اور چکنی مٹی کی ملواں اور قوت میں اول درجے کی ہوتی ہے (ا پ و ، ۶ : ۳۷) .

[مقامی]

پلوتھی (فت پ ، و لین) امث .

رک : پالتی .

بعض وقت صبح کو ان کے ہاں جائیے تو کیا دیکھیے گا کہ کرتا پائجامہ پہنے . . . پلنگ پر پلوتھی مارے بیٹھے ہیں .

۱۹۳۵ چند ہمعصر ، ۱۷۹

پلوٹ (فت پ ، سک ل ، فت و) امذ .

رک : پلوت (ا پ و ، ۳ : ۳) .

پلوٹا (فت پ ، و مج) صف .

آہستہ چلنے والا .

جیسے پلوٹے گاڑی بان بیلوں کی مصاحبت سے گاؤدی بن جاتے ہیں .

۱۹۲۱ گاڑھے خاں کا دکھڑا ، ۵

[پلوٹنا (رک) سے]

پلوٹنا (۱) (فت پ ، و مج ، سک ٹ) ف ل .

۱. آہستہ چلنا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۹) .
۲. تکلیف سے لوٹنا پوٹنا ، لڑکھڑانا ، لوٹنا ، لوٹ پوٹ کرنا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۴) .
[ہ : पलोटना پلوٹنا]

پلوٹنا (۲) (فت پ ، و مج ، سک ٹ) ف م .

پیر دبانا یا دابنا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۴) .
[س : प्रलोठन پرلوٹھن]

پلوٹھا (فت پ ، و لین) صف؛ مث : پلوٹھی ؛ ~ پہلوٹھا، پہلونٹھا

رک : پہلونٹھا .

ان کا پلوٹھا بیٹا ختا کا پہلا شاہنشاہ ہوا .
۱۸۴۸ تاریخ ممالک چین ، ۱ : ۱۲۵

میرے تو بس ہیں تین چمکتے ہوئے نگیں
اک کانگریس کہ ہے وہ پلوٹھی کی نازنیں
۱۹۴۵ سنبل و سلاسل ، ۳۶

پلوٹھی کا (فت پ ، و لین) صف .

رک : پہلونٹھا .

نواب . . . ٹہل رہے ہیں انتظار کی کوئی حد نہیں پلوٹھی کا لڑکا ، بیگم کی تکالیف کا خیال .
۱۹۱۵ سجاد حسین ، دھوکا ، ۵۰

پلوٹھ (فت پ ، و مع) اسث ؛ ~ پالوٹھ .

(کاشتکاری) وہ کھیت جو آنے والی خریف کی فصل پر خالی چھوڑ دیا گیا ہو ، پنڈی ، پنڈر (ا پ و ، ۶ : ۳۷) .
[مقامی]

پلورا (کس پ ، و مع) امذ .

پردہ ، جھلی ، وہ جھلی جو پھیپھڑوں کو ڈھکے رکھتی ہے .
شش کے باہر کی طرف . . . . غلاف ہے جو پلورا یعنی پردۂ ریہ کہلاتا ہے .
۱۸۹۱ مبادی علم حفظ صحت ، ۲۲
[انگ : Pleura]

پلوری (فت پ ، و مج) اسث .

کسی جانور کا جوان مادہ بچہ ، رک : پٹھیا .
عقد ہوڑھے کا ہوا اک چھوکری سے شام کو
مل گئی اچھی پلوری مرغ بے ہنگام کو
۱۹۲۱ طوفان نوح ، ۲۳۶
[مقامی یا پلنا (رک) سے]

پلوسنا (فت پ ، و مج ، سک س) ف م .

۱. دھونا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۴) .
۲. (دلالی) میٹھی میٹھی باتیں کرکے گاہک کو راضی کرنا ، شکار پھانسنا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۴) .
[س : स्पर्शन سپرشن]

پلوغرافیا (کس پ ، و مج ، کس خف غ ، ف) امذ .

قدیم طرز تحریر نیز قدیم مخطوطے یا نگارشات کے اوضاع کا مطالعہ و علم .
ارکان حربیہ یہ سب سے اعلیٰ درجہ ہے . . . اس کی دو شاخیں ہیں فنی و عسکری فنی میں مضامین ذیل پڑھائے جاتے ہیں . . . اقلیدس ، جبر مقابلہ پلوغرافیا . . . تصویر کشی .
۱۸۹۲ سفر نامہ روم و مصر و شام ، ۶۲
[انگ : Paleaography]

پلوک (فت پ ، شد ل بفت ، فت و) امذ .

ایک قسم کی مچھلی ، لاط : Cyprinus denticulatus
(جامع اللغات ، ۲ : ۹۹ ؛ پلیٹس) .
[س : पलवक पلوک]

پلول (فت پ ، سک ل ، فت و) امذ .

رک : پٹول ، پرول .
پلول کے درخت ہونے کے لیے چکنی مٹی ہو اور کچھ بالو ملا رہے .
۱۸۴۵ دولت ہند ، ۱۳۴
کوئی بارہ بڑے بڑے پلول لو .
۱۹۰۸ خوان ہندی ، ۵۶

— لتی (— فت ل) اسث .

پلول کا پودا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۹ ؛ پلیٹس) .
[پلول + لتی (رک)]

پلول/پلول (فت پ ، سک ل ، فت و / و مج) اسث .

۱. (فوج) وہ مقرر لفظ یا الفاظ جو روزانہ فوج کے پہرے داروں کو اس غرض سے بتائے جاتے ہیں کہ جب کوئی افسر وغیرہ ان کی طرف سے گزرے تو وہ اس بات کا اطمینان کرنے کے لیے کہ یہ اپنی ہی فوج کا آدمی ہے یا کوئی اور ہے دوسرے سے اس دن کی پلول پوچھ لیتے ہیں (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۰) .
۲. میل جول ، اتفاق (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۱) .
[انگ : Parole]

ـ مِلانا/مِلْنا محاورہ .

(فوج) سازش کرنا یا ہونا ، ہمراز بنانا یا بننا .

وہ کیوں ان کو روکے وہ کیوں ان کو ٹوکے
رقیبوں سے دربان کی پلول ملی ہے

داغ ، یادگار داغ ، ۱۷۷ ۱۹۰۵

پَلُوم (کس پ ، و مع) امذ .

پر ، شہ پر ؛ (خصوصاً) وہ پر جو بطور آرائش استعمال ہوتا ہے ؛ کلغی ، طرّہ ؛ پروں یا گھوڑے کے بالوں کا گچھا جو بطور آرائش ٹوپی خود یا بالوں میں لگایا جاتا ہے .

دائیں طرف گھومنے سے اس کی نگاہیں سائیکو سٹائل کے اور ایک گھونٹی پر جا پڑیں . . . جس کے ایک طرف سرخ پروں کا ایک خوبصورت پلوم لگا ہوا تھا .

گرہن ، ۱۶۳ ۱۹۴۲

[انگ : Plume]

پلاؤن (۱) (فت پ ، سک ل ، فت و) امث .

گھاس کی ایک قسم، انگ:Dicanthum، رک : پلوٗ؛ پلوان .

جڑی بوٹیوں میں بے کھال افسنطین (Antimisia) . . . پلون (Dicanthum) . . . زیادہ اہم ہیں .

پاکستان کا حیوانی جغرافیہ ، ۲۲ ۱۹۶۹

[س : پلو पल्लव]

پلاؤن (۲) (فت پ ، سک ل ، فت و) امذ .

تیرنے نہانے نہانے پانی میں کودنے اچھلنے اور چوکڑی بھرنے کا عمل ؛ سیلاب ، طوفان ، طغیانی (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۹۹)

[س : پلون पल्लवन]

پلونا (کس پ ، و مج) ف ل .

گھنگھولنا .

پایا نہ دل بہایا ہوا سیل اشک کا
میں پنجۂ مژہ سے سمندر پلو چکا

میر (مہذب اللغات ، ۳ : ۹۷) ۱۸۱۰

[؟]

پلونٹا (فت پ ، و لین ، مغ) امذ .

قلابازیاں کھانے والا کبوتر .

جدھر نظریں اٹھاؤں پنکھیوں کی چہل ہے ہر سُو
مرے اڑنے کھلونے ہیں پلونٹے ، کوکلا ، تیہو

مشرق تاباں ، ۳۳ ۱۹۶۷

[پلٹنا (رک) سے]

پلوہ (فت پ ، سک ل ، فت و) امث .

رک : پَلّا (۲) .

پلوہ ایک مچھلی نہایت لذیذ ہوتی ہے .

آرائش محفل ، افسوس ، ۱۸۲ ۱۸۰۵

پلویا (فت پ ، سک ل ، فت و ، شد ی) صف .

۱. پالنے والا ، پرورش کرنے والا ، جو پال پوس کر بڑا کرے .

مالک کرے کیڑے پڑیں پلویا کی گود میں ، جیسے پال پال کے اس نے مرغی مرغا مسٹنڈے بنا رکھے ہیں .

اپنی موج میں ، ۱۰۳ ۱۹۵۲

۲. نسل بڑھانے والا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۹) .

[پالنا (رک) سے]

پلہ (فت پ ، شد ل بفت) امذ .

رک پلا (۱) (۲) مع تحتی .

پلھاؤ (کس پ ، سک ل ، و) امذ .

جانور کی صورت یا آواز کے شگون کی اصطلاح جو گھر سے نکلتے وقت بائیں طرف سے ہو تو اسے اچھا مانتے ہیں (ماخوذ : ا پ و ، ۸ : ۱۷۷) .

[مقامی]

پلھن (کس پ ، سک ل ، فت ہ) امذ .

تلی ، طحال (پلیٹس) .

[س : پلھن पिल्हन]

پلھنڈا (فت پ ، کس ل ، سک ہ ، مغ) امذ ؛ امث : پلھنڈی .

۱. گھڑونچی ، پانی کے گھڑے رکھنے کی تپائی .

پلھنڈے . . . کے نیچے بیٹھ کر سیتلا سے اپنی مرادیں مانگتے تھے .

رسوم ہند ، ۲۷ ۱۸۶۸

۲. گھڑا ، پانی کا برتن (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۰) .

۳. آبدار خانہ ، وہ جگہ جہاں پینے کا پانی فراہم کیا جائے (پلیٹس) .

[س : پالی + ہنڈ का हण्डिका + पाली]

پلھو (فت پ ، کس ل ، سک ہ) امذ .

کوئیں کے نزدیک جو کھیت واقع ہوتے ہیں ان کو چاہی اور ہنولا اور بھریا اور پلھو کہتے ہیں (توصیف زراعات ، ۲۵) .

[مقامی]

پلھی (۱) (کس پ ، سک ل) امث .

رک : پلھن (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۱) .

پلھی (۲) (کس پ ، سک ل) امث .

رک : پلّی (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۰) .

پلّی (فت پ ، ل) امث .

درخت کی نئی شاخ یا شگوفہ (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۰) .

[س : پلوی पल्लवी]

پلی (فت پ) امث .

پلا (۱) (رک) کی تصغیر ، رک : پلّی مع تحتی (ماخوذ : پلیٹس) .

پُلی (۱) (ضم پ) امث .

رک : پُلیا (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۱) .

پُلی (۲) (ضم پ) امث .

چرخی (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۰) .

[انگ : Pulley]

پلّی (۱) (فت پ ، شد ل) امث ؛ ← پلی .

۱. پلا (۱) (رک) کی تصغیر .

ہمارا خون کئی پلی خشک ہو گیا .

۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۶۴۲

تیلی صاحب نے دکان کی راہ لی ، دن بھر پلی پلی ناپتے رہے .

۱۹۲۹ 'اودھ پنچ' لکھنؤ ، ۱۴ ، ۳۵ : ۶

۲. (جھلائی) مختلف دھاتوں کے اجزا کو ملا کر گلانے کا بڑا ظرف ، چھپجلی (ا پ و ، ۳ : ۲۱) .

۳. (کپا سازی) پلّا (= کُپّا) کی تصغیر ؛ کُپّی (ماخوذ : (ا پ و ، ۳ : ۱۸) .

— پلّی جوڑنا محاورہ .

تھوڑا تھوڑا جمع کرنا .

رحمان جوڑے پلی پلی شیطان لڑھائے کیے .

۱۸۸۶ مخزن المحاورات ، ۲۶۸

پلّی (۲) (فت پ ، شد ل) امث .

(دھلائی ہارچہ) کپڑوں کی لادی (گٹھری) باندھنے کی بڑی چادر (ا پ و ، ۲ : ۳۰) .

[پلّا (۱) (رک) سے]

پلّی (۳) (فت پ ، شد ل نیز بلا شد) امث .

چھوٹا گانو ، چھوٹی سی بستی ، کسی بستی کا وہ حصہ جو اس سے علیحدہ ہو ؛ بیشتر مقامات کے ناموں کا آخری جزو ہے جیسے : نام پلی یا ترچنا پلی وغیرہ (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۲) .

[س : پلّی पल्ली]

پِلّی (کس پ ، شد ل) امث .

پلّا (رک) کی تانیث (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۲) .

پلّے (۱) (فت پ ، شد ل) .

(الف) م ف .

گرہ میں ، پاس ، ملکیت یا موجودات میں .

نسیم اس گل تر سے ملنا ہو کیونکر
نہ سیم اپنے پلے نہ زر دیکھنے کو

۱۸۴۴ نسیم لکھنوی ، د ، ۲۵

مزہ تو جب ہے کہ جو کچھ پلے بچا کھچا ہو وہ بھی سنگواؤ .

۱۹۱۰ راحت زمانی ، ۷۱

(ب) امذ .

پلا (رک) کی جمع یا حالت مغیرہ ترکیبات میں مستعمل .

— باندھنا ۸۷ محاورہ .

۱. (کسی کو کچھ) دے دینا ، بخش دینا .

جس طرح خاتون کہتی گئی ، کچھ نقد و جنس ملا کر ہزار پورے کر اس کے پلے باندھے .

۱۸۸۵ فسانۂ مبتلا ، ۲۴۲

۲. لینا ، اپنے ساتھ یا پاس رکھنا ؛ اپنے ذمے لے لینا ؛ اپنی عادت بنانا ، دینا ، نہ بھلانا ، یاد رکھنا .

محبت باندھ لی ایک لالچی کی ہم نے پلے ہے
الٰہی دیکھ کیا ہو نہ پلے ہے نہ غلے ہے

۱۸۲۰ کلیات ظفر ، ۲ : ۱۶۲

جس کی جو بات اچھی دیکھو خواہ وہ کسی مذہب و ملت کا انسان ہو ، اس کو پلے باندھو .

۱۹۲۶ سرگزشت ہاجرہ ، ۶

۳۔ سر ڈالنا ، ذمے دار قرار دینا ۔
اچھی ہو تو یاد رکھنا ، بری ہو تو میرے پلے باندھنا ۔
۱۸۶۲ مذاق العارفین ، ۳ : ۳۷
زبردستی کوئی نہ کوئی الزام کسی کے پلے باندھ کر اپنے تئیں سر خرو اور دوسرے کو انگشت نما کیجیے ۔
۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۳۰۸

ـ بندھنا ۸۷ـ محاورہ ۔

۱۔ زوجیت میں آنا ، بیوی بننایا ہونا ۔
جب میں تمھارے پلے بندھی تمھارے گھر میں آ کر جو دیکھا دین کا کچھ تذکرہ نہ پایا ۔
۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۱۱۹
غضب تو یہ تھا کہ ایک شریف زادی بھی پلے بندھی تھی ۔
۱۹۴۳ جنت نگاہ ، ۲۴

۲۔ ذمے لگایا جانا ، سر مڑھا جانا ۔
شروع کے جہاد جان کے تحفظ کے لیے ہوتے تھے اب ممالک مفتوحہ کا تحفظ اور پلے بندھا ۔
۱۹۰۷ اجتہاد ، ۱۷۹

۳۔ رفیق بننا ، رفاقت میں رہنا یا ہونا ۔
پلے بندھے وہ غیر کے میزان کہاں پٹے
اے سر بڑھا دے سنگ ترازو سے ارتباط
۱۸۷۰ چمنستان جوش ، ۶۳

ـ پر (پہ) (— فت پ) م ف ۔

۱۔ مدد یا حمایت پر ، رفیق یا شریک حال ، موافق ، پشت پناہ ۔
بہا سستا ہو یا مہنگا نہیں موقوف غلے پر
یہ سب خرمن اسی کے ہیں خدا ہو جس کے پلے پر
۱۷۵۲ ناجی (مخزن نکات ، ۱۹)
نہ سزا وار حضر ہے نہ مبارک ہے سفر
میرے پلے یہ ثابت ہیں نہ سیارے ہیں
۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۱۳۱
گلے میں زور ، پلے پر ساس ، شیر کی طرح گھر بھر کو زیر کر رکھا تھا ۔
۱۹۱۷ شام زندگی ، ۱۵

۲۔ زد پر ، نشانے پر ، ایسے مقام پر جہاں دو بدو مقابلہ ہو ۔
غنیم لڑائی کے پلے پر آ گیا ۔
۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۱۸
تولے ہوئے تلوار بھی کوئی نہیں آتا
پلے پہ کماندار بھی کوئی نہیں آتا
۱۹۱۲ شمیم ، بیاض (ق) ، ۱۷

ـ پڑنا محاورہ ۔

۱۔ ملنا ، حاصل ہونا ، حصے میں آنا ، ہاتھ لگنا ۔
تنخواہ چھٹے مہینے ملا کرتی تھی ..... اور اس میں بھی کچھ ایسی کاٹ چھانٹ لگائی جاتی کہ دس والے کو چھ اور چھ والے کو چار بمشکل پلے پڑتے ۔
۱۸۷۲ بنات النعش ، ۶۶
دن بھر کی شدید محنت کے بعد شام کو اجرت میں ایک ایک روپیہ پلے پڑا ۔
۱۹۴۳ جنت نگاہ ، ۳۶

۲۔ زوجیت میں آنا (لڑکی کا) ۔
من سکھی ، بڑی بھاگی ہے جو تجھ سے نردھن کے پلے پڑی ۔
۱۸۶۸ رسوم ہند ، ۳۳
کوئی نامعقول عورت کسی مرد کے پلے پڑے تو مرد کی زندگی تلخ ہو جائے ۔
۱۹۳۶ راشد الخیری ، احکام نسواں ، ۵۳

۳۔ ذمے عائد ہونا ۔
اس کی وہی لیاقتیں اس بھاری ذمہ داری کے ہم پلہ تھیں جو اس کے پلے آ پڑی تھیں ۔
۱۹۰۷ نپولین اعظم ، ۱ : ۹

ـ ٹکا نہ ہونا محاورہ ۔
کچھ پاس نہ ہونا ، غریب یا مفلس ہونا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۵) ۔

ـ جھاڑ کر کھڑا ہو جانا محاورہ ۔
سب کچھ صرف کر دینا ، بانٹ دینا ؛ بار دینا ؛ الگ ہو ہو جانا ، پیچھا چھڑا لینا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۵) ۔

ـ جھنجی کوڑی نہ ہونا محاورہ ۔
رک : پلے ٹکا نہ ہونا (جامع اللغات ، ۲ : ۹۵) ۔

ـ دار صف ۔
مزدور ، حمال ، منڈی میں غلے کی بوریاں اٹھانے والا ۔
دوسرا فرقہ پلے داروں کا ہے کہ سر پر بوجھ اٹھا کر جا بجا پہنچاتے ہیں ۔
۱۸۴۵ مجمع الفنون (ترجمہ) ، ۲۶۶
شہر مینو سواد بغداد میں ایک پلے دار تھا ۔
۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۸۴

[پلے + دار (رک)]

ـ دار آواز امث ۔
دور تک جانے والی آواز ، پر رعب اور پاٹ دار آواز ۔

چپکے چپکے جب کہے نالے خدا نے سن لیے
رعد سے بڑھ کر مری آواز پلے دار ہے
۱۹۱۱ تسلیم (نوراللغات، ۲ : ۱۱۲)
[پلے + دار (رک) + آواز (رک)]

— دمڑی نہ رہنا محاورہ

بیسہ پاس نہ ہونا، کنگال ہو جانا، مفلس ہو جانا۔
اس کے پلے ایک دمڑی بھی نہ رہے گی۔
۱۹۳۵ الف لیلہ و لیلہ، ۶ : ۲۱۹

— سے بندھنا محاورہ۔

رک: پلے بندھنا۔
جس کے پلے سے بندھی نامرد نکلا وہ ہوا
ہوگیا دنیا میں ظاہر میں چھپاؤں کیا غرض
۱۸۷۹ جان صاحب، د، ۱۴۲

— کچھ نہ پڑنا محاورہ۔

کچھ سمجھ میں نہ آنا۔
ازابل کے پلے کچھ نہ پڑا میں بحث مباحثے سمجھ نہ پاتی۔
۱۹۵۸ ہمیں چراغ ہمیں پروانے، ۳۶۰

— کیچڑ میں پھنس رہے ہیں کنایہ۔

بکھیڑوں میں گرفتار ہے، دنیاوی تعلقات میں مبتلا ہے (نوراللغات، ۲ : ۱۱۲)۔

— لگنا محاورہ۔

رک: پلے پڑنا۔
واہ واہ حماقت! یہ شیطان کے تماشے بزرگوں کے پلے لگے۔
۱۸۵۲ تقویٰ، ۳۳

— میں باندھنا محاورہ۔

رک: پلے باندھنا معنی نمبر ۲۔
پلے میں باندھ لے دل راسخ پیامبر
ان کے لیے ہے گر تجھے سوغات کا خیال
۱۸۹۵ دیوان راسخ دہلوی، ۱۴۲
وہ اس کو اچھی طرح یاد رکھیں بلکہ اپنے پلے میں باندھ لیں۔
۱۹۲۳ انشائے بشیر، ۱۸۳

— نہ بندھنا محاورہ۔

کچھ حاصل نہ ہونا۔
عالم میں پھرا خاک بھی پلے نہ بندھی
گھر بیٹھ کے جو کچھ کہ سمیٹا سب ہیچ
۱۹۲۷ مے خانۂ خیام، ۳۸

— والا صف۔

رک: پلے دار۔
کر پلے والے پر بھی نظر کیا بھاری بوری لاتا ہے
ہے پیٹھ پر اس کی بوجھ بڑا جس سے وہ جھک جھک جاتا ہے
۱۹۲۳ دیوان بشیر، ۱۵۰

— ہونا محاورہ۔

گرہ میں ہونا، قبضے یا ملکیت میں ہونا۔
میں نے اتفاق سے بڑی بڑی نوکریاں کیں یا چار پیسے پلے ہوگئے، میرا اس قدر اترانا دلیل کم ظرفی ہے۔
۱۸۹۱ لکچروں کا مجموعہ، ۱ : ۲۳۱

پلّے (۲) (فت پ، شد ل) امذ۔

پلا (۳) (رک) کی مغیرہ صورت ترا کیب میں مستعمل۔
[رک: پرلا]

— پار ہونا محاورہ۔

۱۔ (ادھر سے) اُدھر پہنچ جانا، ایک طرف سے دوسری طرف نکل جانا؛ عبور کرنا، گزر جانا۔
ناتوانی نے لگائے ہیں تن لاغر کے پر
سانس کے ہمراہ پلے پار ہیں دیوار کے
۱۸۳۲ دیوان رند، ۱ : ۱۸۵
ضبط گر دل سے نہ ہو دم ابھی ہر تیر آہ
توڑ کر ساتوں توے گردوں کے پلے پار ہو
۱۸۹۹ شاد، سخن بے مثال، ۸۳

۲۔ (مشکل وغیرہ سے) نجات پانا۔
بد بلا سے تھے ہم کنار ہوئے تھا خدا ہی کہ پلے پار ہوئے
۱۸۱۰ میر، ک، ۹۹۸

— پر ہونا محاورہ۔

فاصلے پر ہونا۔
اون کا مکان یہاں سے اتنے پلے پر ہے کہ میں پیدل نہیں جا سکتا۔
۱۹۶۲ مہذب اللغات، ۳ : ۹۷

ــ دَرجے کا (ــ فت د ، سک ر) صف ؛ مث : پلے درجے کی .

رک : پلے سرے کا .

یہ حرکت اس وقت سرزد ہوتی ہے جب کہ حکومت نے پلے درجے کی فضول خرچی اور اصراف سے کام لیا ہو .

۱۹۳۷ اصول و طریق محصول ، ۱۵۰

ــ سِرے (ــ کس س) م ف .

بہت تفاوت پر ، افراط یا تفریط کی انتہا پر ، اچھائی اور برائی دونوں کے ساتھ .

زہد میں از بس وہ تھا کامل عیار
تھا غرض پلے سرے پرہیزگار

۱۸۳۳ داستان رنگین ، ۱۳

ــ سِرے جانا محاورہ .

(وزن یا تول) مقابلے میں بہت ہلکا یا بھاری ہونا .

تولا جو ہم نے تار رگ گل کے ساتھ اسے
پلے سرے نزاکت موئے کمر گئی

۱۸۷۳ بیخود (ہادی علی) ، د ، ۹۷

ــ سِرے کا (ــ کس س) صف ؛ مث : پلے سرے کی .

۱. انتہا درجے کا ، بہت زیادہ ، بڑا کمین .

شاید اس کی یہ خصلت ہو کہ . . . جس سے ناراض ہوں اس کے پلے سرے کے دشمن .

۱۸۸۹ خطوط سر سید ، ۱۸۱

جس میں یہ خوبی نہیں وہ تو نہایت ہی خطرناک یا پلے سرے کا پوچ و لچر انسان ہے .

۱۹۰۵ کایا پلٹ ، سجاد حسین ، ۱۸

۲. انتہا درجے کا ، اچھا .

ہماری طرف فروتنی ، عاجزی پلے سرے کی اختیار کر کے رجوع لاویں .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۱۵۳

پرتپا مستان شاہ کی پلے سرے کی . . . معتقد تھی .

۱۹۳۱ رسوا ، خورشید بہو ، ۱۱۵

ــ کی صف .

دور تک توڑ کرنے والی .

قتل کرنے میں بھی پتھر قرب عاشق کا نہیں
وہ لگاتا ہے مجھے پلے کی جو چقماق ہو

۱۸۶۷ رشک (نور اللغات ، ۲ : ۱۱۲)

ــ مرتبے کا (ــ فت م ، سک ر ، فت ت) صف ؛ مث : پلے مرتبے کی .

رک : پلے سرے کا .

عبودیت میں انتہا درجے کا تذلل اور پلے مرتبے کی خواری پائی جاتی ہے .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۱۶۳

پلے (کس پ) امذ .

کھیل ، ناٹک ، ڈراما .

شکسپیر کے پلے (یعنی ناٹک) سن کر کسی شخص کو یہ خیال نہیں گذرتا کہ یہ میرے ہم جنسوں کے عیب بیان ہو رہے ہیں .

۱۸۸۶ حیات سعدی ، ۶۸

[انگ : Play]

ــ گراؤنڈ (ــ کس گ ، و مع ، مغ) امذ .

کھیل کا میدان ، میدان (انگریزی اردو لغت ، عبد الحق) .

[انگ : Play ground]

پَلْیا (فت پ ، سک ل) امذ .

(ساوتری) مویشی اور گھوڑے کے گلے کی بیماری جس میں گلے کے غدود پھول جاتے اور منہ سے رال جاری ہو جاتی ہے حلق میں سوزش ہوتی ہے جس کی وجہ سے کھانا پینا بند ہو جاتا ہے اور اکثر جانور مر جاتا ہے ، پالیا ، نیلوآ ، رال ، ریجس ، گل سوآ (ا پ و ، ۵ : ۹۷) .

[مقامی]

پِلّیا (کس پ ، سک ل) امث .

پلّا (رک) کی تانیث ، (حقارتاً) لڑکی .

انھوں نے ایک مرد آدمی کو سبز باغ دکھا کے بڑی پلیا کو ان سے منسوب کر دیا .

۱۸۹۶ تورج نامہ ، ۷ : ۶۷۰

پِلْیا (کس پ ، فت ل ، شد ی) امث ؛ امذ .

پانی پلانے والا ، (مجازاً) مدد گار .

آپ امید جس سے مدد کی کرو وہ تو مرنے کو پانی پلیا نہیں .

۱۹۱۵ آریہ سنگیت رامائن ، ۳ : ۳۰۳

[پلانا (رک) سے]

پُلْیا (ضم پ ، سک ل) امث .

پل (رک) کی تصغیر .

اس پلیا کی ناپ پانی کی اس اعظم مقدار کے ساتھ متناسب ہو گی جس کو اس پلیا میں سے لے جانا مطلوب ہو .

۱۹۴۹ آبپاشی ، ۳۱۲

[پل (رک) + یا ، لاحقۂ تصغیر]

پلے بیٹھ فقرہ .

پیل بانوں کا ایک فقرہ جس کو سن کر ہاتھی دونوں پچھلے پیر جھکا دیتا ہے ، ہاتھی بانوں کی بولی (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۶۳) .

پلے بیک (کس پ ، ی لین) امذ .

دوبارہ بجانا ، بجلی سے بجائے جانے والے ریکارڈ کا وہ حصہ جو گانے کو محفوظ کرکے وقت ضرورت دوبارہ فراہم کر دیتا ہے ؛ (فلم) وہ گانا جو کسی اداکار کی بجائے دوسرا گانے والا پس پردہ گا رہا ہو .

نازیہ حسن کے پلے بیک آج کل دھڑا دھڑ ہٹ رہے ہیں .

۱۹۸۱ اخبار جہاں ، ۳ : ۱۴

[انگ : Play back]

پلیت (فت پ ، ی مع) صف .

رک : پلید (۱) و (۲) .

رہیا پسر مو نہہ پلیت کو تی سر ہور سیناپیت

۱۵۰۴ نو سر ہار ، ورق ۱۳ (الف)

ہزار شانہ و مسواک و غسل شیخ کرے
ہمارے عندیے میں تو ہے وہ خبیث پلیت

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۵۷۰

خیالات فاسدہ بھوتوں ، پلیتوں اور سینکڑوں قسم کے ظنون و اوہام ان کا مذہب تھا .

۱۹۳۲ سیرۃ النبی ، ۴ : ۲۳۱

پلیتا (۱) (فت پ ، ی مع) امذ : ~ پلیتہ .

۱. روئی ، کاغذ ، کپڑے یا دھاگے کی بتی جو چراغ مشعل یا آتشبازی میں لگاتے ہیں ، رنجک ، توڑا نیز وہ کپڑا جو تیل میں بھگو کر آگ سلگانے کے لیے بھٹی وغیرہ میں رکھتے ہیں .

فتیلہ : پلیتہ .

۱۳۹۲ بحرالفضائل (مقالات حافظ محمود شیرانی ، ۱ : ۱۲۸)

دس آدمیوں نے پلیتے روشن کر لیے .

۱۸۴۷ عجائبات فرنگ ، ۷۲

صاحب قران نے اپنے ہاتھ سے ہر ایک میں پلیتے رکھے اور ایک چراغ کو روشن کیا .

۱۹۰۵ بوستان خیال ، ۴ : ۷

۲. وہ لپٹا ہوا تعویذ یا نقش جو عامل یا سیانے بھوت پریت یا جادو وغیرہ دور کرنے کی غرض سے دھونی دینے کے لئے دیتے ہیں .

نقش و افسوں کا سمجھتا ہے پلیتا شاید
نہیں چھوتا میرے خط کا وہ پری‌وش کاغذ

۱۸۶۷ رشک ، د ، ۱۳۳

مسجد میں جو شیخ جی رہتے ہیں انہوں نے پلیتا لکھ کے دیا ہے .

۱۹۳۵ داودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۲۰ ، ۱۸ : ۶

۳. (سلائی) گوٹ یا گریبان کے ٹھپے کی کور کی سلائی میں دیا ہوا بھانجوان ڈورا جس سے کور کی مضبوطی اور تناؤ قائم رہتا ہے (ا پ و ، ۲ : ۱۳۱) .

[ف : پلیتہ ؛ پتیلہ]

ـــ چاٹ جانا محاورہ .

۱. رنجک کا اڑنا ، بندوق یا توپ کا نہ چلنا (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۳) .

۲. کڑھائی کا روغن تیز آنچ لگنے سے بھڑک اٹھنا (ماخوذ: فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۱) .

ـــ دینا/لگانا محاورہ .

آگ سلگانا ، بتی جلا کر بھٹی میں رکھنا ؛ توپ وغیرہ کو بتی دکھانا ، توڑا لگانا ؛ آگ لگانا ، جلانا (ماخوذ : نوراللغات ، ۲ : ۱۱۳ ؛ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۱) .

پلیتا (۲) (فت پ ، ی مع) صف .

۱. خشمناک ، غصے سے لال ، آگ بگولا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۳) .

اف : کرنا ، ہونا .

۲. تیز دوڑنے یا بھاگنے والا ، تیز رفتار (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۳) .

[ہ : पलीता पलीता]

پلیتا (فت پ ، ی مج) امث .

پلیت (رک) کی تانیث ، ضعیفہ ، بوڑھی عورت (پلیٹس) .

[س : पलिता पलिता]

پلیتہ (فت پ ، ی مع ، فت ت) امذ .

رک : پلیتا (۱) (پلیٹس) .

پَلیتی (۱) (فت پ ، ی مع) اسث .

چھوٹا پلیتا ، بتی (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۳) .

[پلیتا (رک) + ی ، لاحقۂ تصغیر]

پَلیتی (۲) (فت پ ، ی مع) اسث .

پلیدی ، گندگی ، ناپاکی ، برائی (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۳) .

پلیتی پڑے جو اس میں ایتی
بھرے مزا اور رنگ و بو سیتی

۱۵۰۳؟ لازم المبتدی (ق) ، اشرف بیابانی ، ۴

کمر سات تس یوں دیے زر کمر
پلیتی سو زر تار جوں بال پر

۱۶۷۰ شاہی ، بدیع الجمال ، ۲۸

[ہ : پلیتی > ف : پلیدی (رک)]

پَلیتی (فت پ ، ی مج) صف .

جس کے بال سفید ہو گئے ہوں ، سفید بالوں والا ، پکے بالوں والا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۹۲)

[س : پلتن पलितिन्]

پَلیتھن (فت پ ، ی مج ، فت تھ) امذ .

۱. (تیاری خوراک) خشک آٹا جو روٹی پکانے میں استعمال کیا جائے تا کہ گیلا آٹا ہاتھ یا چکلے بیلن کو نہ چپکے ، خشکی (ا پ و ، ۳ : ۱۲۴) .

۲. وہ چیز جو چورنے یا ملے جانے کے بعد بالکل نرم ہو جائے ، مالیدہ .

دسترخوان میں مٹی کا پیالہ اور اس پر دو روٹیاں جو شوربے سے گل گئی ہیں اور کچھ حصہ سالن میں ملکر پلیتھن کا کام دے رہا ہے .

۱۹۲۳ اہل محلہ اور نااہل پڑوسی ، ۲۱

۳. وہ بھوک جو آٹے کا دودھ (نشاستہ) نکالنے کے بعد باقی رہے (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۱) .

۴. (مجازاً) مزید ، اصل (شے یا نفع نقصان) کے علاوہ ؛ زاید یا بیکار کا خرچ ، فالتو خرچ .

گناہ کا گناہ اور وہ بھی بے لذت اور تین کے پیٹے میں جو آ گئے وہ پلیتھن .

۱۸۸۷ جام سرشار ، ۴۶

[س : پرستरण परितरण]

ــ پکانا محاورہ (قدیم) .

پتلا حال کرنا ، تخریب کے درپے ہونا .

ٹکی مسرف کے گھر لگاؤں گا اور پلیتھن ترا پکاؤں گا

۱۷۸۰ سودا (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۳) .

ــ کَردینا محاورہ .

رک : پلیتھن نکال دینا .

چولھے سے لکڑی کھینچ کر انہوں نے بدھیا بیگم کا پلیتھن کردیا .

۱۹۶۶ دو ہاتھ ، ۸۳

ــ نِکال دینا/نِکالنا محاورہ .

خوب مارنا پیٹنا ، بھرکس نکالنا ، ٹھیک بنانا ، پتلا حال کرنا .

یہ کافر مارے پھاوڑوں کے پلیتھن نکالے ڈالتا ہے .

۱۸۹۵ جہانگیر ، ۸۸

اگر انہیں روک دیا نہ جاتا تو شاید وہ خوانچے والوں کا مارے لکڑیوں کے پلیتھن نکال دیتے .

۱۹۲۸ حیرت ، حیات طیبہ ، ۸۳

ــ نِکَل جانا/نِکَلنا محاورہ .

خستہ حال یا تباہ حال ہوجانا ، پتلا حال ہونا ، کچومر نکلنا ، سخت نقصان یا اذیت پہنچنا .

یاں پلیتھن نکل گیا واں غیر اپنی ٹکی لگائے جاتا ہے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۵۲۶

پلیتھن نکل گیا ، اتنے کمزور ہوگئے کہ آواز بھی نہ نکلتی تھی .

۱۹۶۲ گنجینۂ گوہر ، ۱۴۳

ــ ہوجانا محاورہ .

رک : پلیتھن نکلنا .

سوچا تھا اس رقم سے اس کا علاج کرادوں گا اپنا پلیتھن ہو کے رہ گیا نہ رہنے کو ٹھکانہ ہے ، نہ کوئی کام کاج .

۱۹۵۷ خدا کی بستی ، ۴۵۴

پَلیتھورا (فت پ ، ی مج ، و مج) امذ .

زیادتی خون کی بیماری .

خاص قسم کے اجزاء کی کمی بیشی سے بھی مختلف قسم کی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں چنانچہ البیومینٹس اجزاء کی زیادتی سے پلیتھورا یعنی زیادتی خون بخار سیلان خون و سوزشی امراض پیدا ہوتے ہیں اور کمی سے کمزوری و کمی خون وغیرہ .

۱۸۸۸ رسالۂ غذا ، ۶۹

[انگ : Plethora]

پَلیٹ (۱) (فت نیز کس پ ، ی مج) اسٹ .

۱. رکابی ، دھات چینی یا مٹی وغیرہ کا گول پھیلا ہوا برتن جس میں سالن وغیرہ نکال کر یا پھل مٹھائی وغیرہ رکھ کر کھاتے ہیں .

میوہ بہت سا نہایت خوشرنگ و آبدار تروتازہ نکالا اور پلیٹیں منگا کر اس (کذا) میں چنا .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۲۸۵

اونچ نیچ سب ایک دستر خوان پر بیٹھ کر ایک پلیٹ میں کھانا کھائیں .

۱۹۴۳ مضامین عبدالماجد ، ۱۱۹

۲. کھانے سے بھری رکابی ، رکابی بھر کھانا .

قیدی بھوکے بیٹھے ہیں . . . ملکہ کو نظر نہ ہو جائے لہٰذا ایک پلیٹ ان کو بھی میں دے آؤں .

۱۹۰۲ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۳ : ۵۱۰

۳. (گول یا چوکور) شیشے لکڑی یا دھات وغیرہ کی تختی .

اسرائیلیوں کی مہریں پلیٹیں اور دیگر نشانیاں اس میں سے نکلیں .

۱۹۶۱ سوانح خواجہ معین‌الدین چشتی ، ۲۹

۴. (چھپائی) المونیم کی ترشی ہوئی چکنی چادر جس پر کاپی جمائی جاتی ہے یا اس کا عکس لیا جاتا ہے اور پھر اسے چھاپنے کی مشین میں کس کر مقررہ طریقے سے چھپائی کا کام کرتے ہیں .

کاپیاں جوڑ کر پریس بھیج دی گئیں ، پلیٹ سازی کا کام بس دو ایک دن میں شروع ہی ہونے والا تھا ،

۱۹۷۳ متاع لوح و قلم ، ۳۴۲

۵. (فوٹوگرافی) وہ مسالہ لگا ہوا شیشہ یا سلولائڈ کی تختی جو عکس لینے کے لیے کیمرے میں پیچھے کی جانب رکھی جاتی ہے جہاں سے فوٹو گرافر دیکھتا ہے .

کیمرا لے کر اور رسمی باتیں کرکے آغا صاحب پلیٹ کو درست کرنے کے لیے اپنی کیبن میں چلے گئے .

۱۹۳۰ مس عنبرین ، ۱۰

۶. وہ مسالے کی بنی ہوئی گول ہموار رکابی سی جو گراموفون میں نمدے کے اوپر رکھتے ہیں اور اس پر سوئی رکھے جانے اور گھومنے کے وقت وہ آواز نکلنے لگتی ہے جو اس میں مقررہ طریقے سے بند کی گئی ہے، ریکارڈ .

ایک گراموفون میں جب ایک کاریگر اور موجد چند بری بھلی آوازیں بھرتا ہے تو ان کی پلیٹیں ایک خاص ترکیب سے ہی کام دیتی اور قائم رہتی ہیں .

۱۹۰۸ اساس‌الاخلاق ، ۲۳۱

۷. (دندان سازی) وہ مسالے کے مسوڑے جن میں مصنوعی دانت چسپیدہ ہوتے ہیں ، مصنوعی دانت .

دوسری پلیٹ بنواؤ دانتوں کی اور پھر ان کو روز صاف کیا کرو .

قاضی جی ، ۳ : ۱۹۸

۸. مشین پر نصب کی ہوئی گول دھات کی ٹکیہ .

پلیٹ آہستہ آہستہ گھومنے لگی اور برقی چراغ کی لو ٹمٹمائی .

۱۹۴۹ چوروں کا کلب ، ۱۰۰

۹. سلائی کی مشین کی نیم بیضاوی دھات کی تختی جو کشیدہ کاری کے وقت نکال دی جاتی ہے .

اب کاڑھنے کا پرزہ لگاؤ مگر پہلے سلائی کرنے کے لیے جو پلیٹ لگی ہے اس کو نکال لو .

۱۹۷۲ کشیدہ کاری ، ۱۵

۱۰. تختی (دھات یا لکڑی وغیرہ کی) جس پر نام یا نمبر وغیرہ لکھا ہو (انگریزی مرکبات میں بطور جزو دوم مستعمل) .

نام کی پلیٹ مکان یا نمبر دیکھ کر لندن میں کوئی بھی جگہ دریافت کی جاسکتی ہے .

۱۹۴۰ سیر انگلستان ، ۳۰

[انگ : Plate]

ــ گلاس (ــ کس گ) اسٹ .

کھڑکی کا شیشہ (پالش کیا ہوا موٹا بلوری شیشہ جو دکانوں کی کھڑکیوں وغیرہ میں لگایا جاتا ہے) ، رک : پلیٹ معنی ۳ .

ہوٹل کے وسیع و عریض پلیٹ گلاس پکچر ونڈوز میں سے کریملن . . . کاوزاپ کی طرح سامنے موجود .

۱۹۷ گلگشت ، ۳۰

[انگ : Plate glass]

پَلیٹ (۲) (فت پ ، ی مج) (قدیم) .

پھیر (نظر کا پھیر) ، بازگشت .

آیا نہ کہیں سوں جاں ہے تاں ہے
یک دشٹ پلیٹ درساں ہے

۱۷۰۰ من لگن ، ۴۳

[مقامی ، غالباً پلٹنا (رک) سے]

پلیٹ (کس پ ، ی مخ) اسٹ

(خیاطی) کپڑے کا وہ دوہرا موڑ جو سلائی میں کوئی تیار شدہ کپڑے کو چھوٹا بڑا کرنے یا کوئی کونہ دینے کے لیے ڈالتے ہیں .

دونوں طرف سینے پر اور پشت پر دو انچ چوڑی پلیٹ ہے .

۱۸۷۶ تہذیب‌الاخلاق ، ۴ : ۱۱۱

تم خواہ مخواہ کے کام کرنے لگتی ہو ، آؤ میری قمیص میں پلیٹیں ڈالو .

۱۹۶۱ ہالہ ، اے ۔ آر خاتون ، ۱۵۷

[انگ : Pleat]

پلیٹ فارم (فت نیز کس پ ، ی مج ، فت نیز سک ر) امذ ؛ ~ پلیٹ فورم .

۱. **چبوترا ، اسٹیشن یا بندرگاہ کا چبوترا جس سے متصل ریل یا جہاز کھڑا ہوتا ہے .**

پلیٹ فارم گورد اسپور پر یکجائی مجمع ان دونوں گروہوں کا دیکھ کر معلوم ہوتا ہے کہ ایک دوسرے کی مدد کرتا ہے .

۱۸۹۸ سرسید ، مکمل مجموعہ لیکچرز و اسپیچز ، ۲۴۱

ٹرین پلیٹ فارم پر سے آہستہ جا رہی تھی .

۱۹۲۶ حیات فریاد ، ۱۳۵

۲. **جلسے وغیرہ میں وہ اونچی جگہ جہاں مقرر یا شاعر کھڑا ہوتا یا بیٹھتا ہے ، اسٹیج ، چبوترا .**

اوس کی بقا دنیا کے پلیٹ فارم پر جہاں دوسری اقوام علم یا دولت یا دونوں کے زور سے کام کر رہی ہوں کیونکر اور کتنے عرصے تک قایم رہ سکتی ہے .

۱۸۹۰ رسالہ وحسن ، حیدرآباد ، مئی ، ۶۶

۳. **کسی انجمن یا فریق کا اساسی یا بنیادی باضابطہ نظام العمل ، وہ مرکز جس کے لیے یا جہاں سب متفق ہو جائیں ، اجتماعی مرکز .**

ولایت کی مسلم لیگ یہ تجویز پیش کرتی ہے کہ اب دونوں ڈانڈے قریب تر ہو جائیں ، اور ایک مشترکہ پلیٹ فارم قائم ہو ،

۱۹۱۲ مقالات شبلی ، ۸ : ۱۶۲

[انگ : Platform]

ـــ ٹکٹ (ـــ کس ٹ ، ک) امذ .

وہ ٹکٹ جو ایک پلیٹ فارم پر جانے کے لیے قیمتاً ملتا ہے (علمی اردو لغت ، ۳۷۱) .

[انگ : Platform-Ticket]

پلیٹ فورم (فت نیز کس پ ، ی مج ، و مج ، سک ر) امذ .

رک : پلیٹ فارم .

پلیٹ فورم پر فصاحت بیان کا حال سوڈا واٹر کے کاک کا سا ہے .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۲۶۸

پلیٹن (کس پ ، ی مج ، کس ٹ) اسث .

قاب چہ ؛ چھاپے کی مشین (مطبع) کی پلیٹ ، وہ پلیٹ جس سے کاغذ میں ٹائپ کا داب پڑتا ہے (انگلش اردو ڈکشنری ، عبدالحق) .

[انگ : Platen]

پلیٹنا (فت پ ، ی مج ، سک ٹ) ف م (قدیم) .

لپیٹنا (رک) کی قدیم (غالباً بگڑی ہوئی) شکل .

جو غولاں جو تھیاں حسن میں بے بدل
اتھیاں زہر امرت پلیٹیاں سکل

۱۶۴۵ قصۂ بے نظیر ، ۳۵

پلیٹو (کس پ ، ی مج ، و مج) امذ .

۱. **(جغرافیہ) سطح مرتفع ، میدان مرتفع ؛ بلند ہموار زمین .**

رانچی کو ایک پلیٹو کہنا چاہیے .

۱۹۳۵ بھرے بازار میں ، ۲۴۷

۲. **نقش دار کشتی ؛ منقش خوان ؛ منقش رکابی ؛ لوح مزین ؛ آراستہ تختی ؛ ایک قسم کی زنانہ ٹوپی** (انگلش اردو ڈکشنری ، عبدالحق) .

[انگ : Plateau]

پلیٹینم (کس پ ، ی مج ، ی مع ، فت ن) امذ .

رک : پلاٹینم (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۰) .

پلیٹھن (فت پ ، ی مج ، فت ٹھ) امذ .

(رک) پلیتھن مع تحتی (ہندی اردو کی لغت ، ۱۸۳) .

ـــ نکالنا محاورہ .

رک : پلیتھن نکالنا .

بانے مجھے مار ڈالا خوب پلیٹھن نکالا یہی اندھیر ہے تو کوئی کیوں بسے گا .

۱۸۹۰ بوستان خیال ، ۶ : ۳۶۲

پلید (۱) (فت پ ، ی مع) صف .

۱. **ناپاک ، جو ظاہر یا باطن کے اعتبار سے (عارضی یا مستقل) نجس ہو .**

جنے استنجے سوں یہاں ہوے پلید
عذاب اس اوپر قبر کا ہوے پدید

۱۶۸۸ ہدایات ہندی (ق) ۷۰

یو تو نجس او پلید ہیں پن
اس دوسوں ہے آدمی کی اتین

۱۷۰۰ من لگن ، ۴۵

جو چیز زندہ ہے پاک ہے ، جب مرتی ہے پلید ہو جاتی ہے .

۱۸۷۳ عقل و شعور ، ۴۹

پلید ، جناب حضرت جل شاہ کی درگاہ کی طرف رخ نہیں کرتا .

۱۹۲۴ تذکرۃ الاولیا ، ۲۳۷

۲. حرام .

پلید یعنی حرام طریقوں سے کمائی ہوئی چیز کا یا ردی اور گھٹیا چیز دینے کا ارادہ اور نیت بھی مت کیا کرو .

۱۹۶۶ روز نامہ ، جنگ ، کراچی ، ۱۷ اپریل ، ۳

۳. گندا ، غلیظ ، گندگی میں آلودہ ، میلا کچیلا .

بھلا مجھے کیا معلوم تھا کہ تمہارا انوکھا بچہ بندروں جیسی گندی اور پلید شے کے ساتھ جا کر کھیلے گا .

۱۹۰۱ جنگل میں منگل ، ۸۲

۴. برا ، خراب ، قابل نفرت ، لائق اجتناب .

گئی عمر اور ہی چال پر رہی کچھ نظر نہ سال پر
مگر اب جمی یہ خیال پر کہ وہ کار سخت پلید تھا

۱۸۶۴ دیوان حافظ بندی ، ۸

۵. (مجازاً) بد نفس ، بد ذات ، شریر ، موذی ، خبیث ، ظالم (اکثر بطور دشنام) .

کیا حریص طعام ہے یہ پلید حارث سنگدل کا ہے وہ مرید

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۲۸۵

کس پاجی اور پلید . . . نے بھکایا کہ اس نے اس روپے کا مطالبہ کیا جو دلھن کے جوڑے بننے کے لیے اقرار کیا تھا .

۱۸۹۱ حاجی بابا اصفہانی ، ۵۱۸

اس زن فاحشہ اور غلام پلید کو کھڑے چنوا دوں تو روا ہے .

۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۱۱

[ف]

— خور (— و مج) صف .

رک : پلیدی خوار .

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پلید خور جانور کے گوشت اور اس کے دودھ سے منع فرمایا ہے .

۱۹۰۶ الحقوق والفرائض ، ۲ : ۹۰

[پلید + خور (رک)]

پَلید (۲) (فت پ ، ی مع) امذ .

بھوت ، پریت ، جن ، آسیب (اکثر بھوت کے ساتھ مستعمل) .

چل اے پلید . . . اے ناہنکار بھوت نکل .

۱۸۹۸ تلاطم ایران ، ۵۷

گونڈ صرف بھوت پلید کو اس قسم کے چڑھاوے چڑھاتے ہیں .

۱۹۱۳ تمدن ہند ، ۱۲۲

[رک : پریت]

پَلیدی (فت پ ، ی مع) امث .

نجاست ، گندگی ؛ بدنفسی .

جنتا ہے پلید سچ پلیدی یوباٹ ہے راست بات سیدی

۱۷۰۰ من لگن ، ۴۵

اس کی پلیدی شہرۂ ہر شہر ہی رہی
کتے کے کاٹے کی سی اسے لہر ہی رہی

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۱۲۲

مسجد کا نام مسجد الاقصی ، دور والی مسجد ، کہاں سے دور کس سے دور ؟ برائیوں . . . گندگیوں سے دور ، پلیدیوں سے دور .

۱۹۳۱ محمد علی ، ۲ : ۱۹۶

[رک : پلید (۱) + ی ، لاحقۂ نسبت]

— خوار/خور (— غم و/و مج) صف .

فضلہ (پاخانہ) کھانے والا .

پلیدی خور جانور ہے ، مثل ہوگئی ہے کہ سیانا کوا ہی گوہ کھاتا ہے .

۱۸۹۷ سیر پرند ، ۱۵۸

[پلیدی + خوار/خور (رک)]

پلیڈ (کس پ ، ی مع) ف ل .

۱. وکیل کا عدالت میں بولنا یا بحث کرنا (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۰) .

۲. منت کرنا (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۰) .

[انگ : Plead]

پلیڈر (کس پ ، ی مع ، فت ڈ) امذ .

وکیل جو وکالت کا امتحان پاس کرکے صرف ضلع کی کچہری میں مقدمات لڑاتا ہو ؛ مقرر ، بحث کرنے والا .

کل کچہری کا مقدمہ سر پر سوار ہے ، توکل کا دامن ہاتھ میں ہے ، یا پلیڈر یا بیرسٹر کی خیالی تسبیح پڑھ رہا ہے .

۱۹۱۵ سی پارۂ دل ، ۱ : ۱۲۳

[انگ : Pleader]

پلیڈرنی (کس پ ، ی مع ، فت ڈ ، سک ر) امث .

پلیڈر (رک) کی تانیث .

پلیڈرنی جہاں مل جائے پھر ہرگز نہیں اس کی کہ کس کا کیس ہے کب ہے کہاں ہے کیا ضرورت ہے

۱۹۱۸ دیوانجی ، ۳ : ۲۹۷

[رک : پلیڈر + ا : نی ، لاحقۂ تانیث]

پلیئر (کس پ ، کس مج ل ، فت ی) امذ .

کھلاڑی ، کھیلنے والا .

اگر کوئی پلیئر غیر حاضر ہو تو امپائر مجاز ہوگا کہ بغیر لحاظ کھیل شروع کردے .

۱۹۰۴ پولو ، ۸

[انگ : Player]

پلیز (کس مج پ ، ی مع) امث ؛ فجائیہ .

انگریزی لفظ اردو میں مستعمل ، براہ مہربانی ، مہربانی سے .

اللہ میاں و ہاں بھی تیل نکال دیجئے نا پلیز !

۱۹۷۹ کوہ دماوند ، ۱۳۷

[انگ : Please]

پلیس (کس پ ، ی مج) امث .

۱. جگہ ، مقام ؛ درجہ (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۰) .

۲. (ریس) گھوڑ دوڑ میں گھوڑوں کا نمبر یا درجہ خصوصاً پہلے تین گھوڑوں میں ون کے مقابل .

ریس میں . . . گھوڑے دوڑ رہے ہیں . . . ون نہیں تو پلیس ہی کھیل لیجئے .

۱۹۲۸ ترکی حور ، ۴۴

[انگ : Place]

پلیس (ضم پ ، ی مع) امث .

رک : پولیس .

پلیس مونث (انگریزی) کوتوالی .

۱۹۱۹ معیار فصاحت ، ۱۷۲

پلیسی (کس پ) امذ ؛ ~ پلیسی .

عہد قدیم کا ایک جانور اس کا سر چھپکلی کا سا بہت بڑا اور مگر کے سے دانت بڑے بڑے اور سانپ کی سی گردن بڑی لمبی اور ایک متوسط چوپائے دھڑ اور دم متناسب ، ہو : پلاسٹس؛ انگ : Plastid .

ایک بڑے بارہ سنگھے اور پلیسی (پلیسی) اور سارس کو دیکھ کر متحیر ہوئیں .

۱۹۰۴ سوانح عمری ملکہ وکٹوریا ، ۲۸۶

[؟]

پلیکا (فت پ ، ی مع) امذ .

(موسیقی) اول اور آخر مدہ لے ہو اور درمیان میں درت لے ہو ، یا اول اور آخر بلمپت لے ہو اور درمیان میں مدہ لے ہو 'مردنکا' کے برعکس ہے (نغمات الہند ، ۹۰) .

[؟]

پلیکارڈ (کس پ ، ی مج ، سک ر) امذ ؛ ~ پلے کارڈ .

پوسٹر ، اشتہار .

مظاہرین کے پاس پلیکارڈ تھے جن پر . . . نعرے لکھے ہوئے تھے .

۱۹۶۶ روزنامہ ، جنگ ، کراچی ، ۱۴ جولائی ، ۴

اپالو کی روانگی کے وقت کیپ کینیڈی میں نیگرو عوام پلے کارڈ لئے ہوئے تھے .

۱۹۶۹ روزنامہ ، جنگ ، کراچی ، ۲۰ جولائی ، ۱

[انگ : Placard]

پلیگ (کس پ ، ی مج) امذ ؛ امث .

۱. طاعون ، وہ متعدی مہلک وبا جس میں چڑھے بغل یا کسی اور جوڑ کے مقام پر گلٹی نکلتی ہے اس مرض کے زہریلے جراثیم اکثر چوہوں کے ذریعے پھیلتے ہیں .

افسوس ہے کہ لاہور میں . . . اب تک پلیگ کا خاتمہ نہیں ہوا .

۱۹۰۴ مکتوبات حالی ، ۲ : ۷۱

۲. (مجازاً) دق کرنے والا یا پریشان کن (انسان ؛ چیز یا کوئی معاملہ) ، خوفناک .

مرہٹے بنگالیوں کو پلیگ سمجھتے ہیں .

۱۹۰۴ مضامین چکبست ، ۲۳۱

[انگ : Plague]

پلین (کس پ ، ی لین) امذ .

رک : پلان .

سید سلیمان اگر موجود ہوتے تو ان کو پورا پلین سمجھا دیتا.

۱۹۱۴ شبلی (حیات شبلی ، ۷۲۲)

[انگ : Plan]

پلین (۱) (کس پ ، ی مج) .

(الف) امذ .

ایسی سطح جس پر واقع دو نقاط کو ملانے والا خط مستقیم مکمل طور پر اسی سطح پر واقع ہو ، سطح مستوی .

کرسٹل کے اندر انکسار (Diffraction) کے جو ایٹمی مراکز . . . پائے جاتے ہیں وہ سب کے سب ایک پلین (Plane) میں نہیں ہوتے بلکہ پوری فضا (Space) میں منتسم ہوتے ہیں.

۱۹۷۰ جدید طبیعیات ، ۲۹۹

(ب) صف .

ہموار ، صاف .

مشین پر آسانی سے تراشا جا سکتا ہے ، سوراخ ڈالے جاسکتے ہیں اور شیپ اور پلین کیا جاسکتا ہے .

۱۹۷۰ فولاد پر عمل حرارت ، ۲۲۰

[انگ : Plane]

— ٹیبل (— ی مج ، کس ب) امذ .

(پیمائش) تختۂ مسطح .

آلات پیمائش بکثرت ہیں ، مگر ان میں سے . . . کمپاس اور پلین ٹیبل . . . زیادہ تر مستعمل ہے .

۱۸۷۳ عقل و شعور ، ۲۰۱

چوتھا شخص اگر پلین ٹیبل . . . کے ذریعے سے پیمائش کرے گا تو تیسرے شخص سے بھی زیادہ صحیح اور جلد پیمائش ہوگی .

۱۹۱۴ حالی ، مقالات ، ۱ : ۱۰۸

[انگ : Plane Table]

پلین (۲) (کس پ ، ی مج) امذ .

طیارہ ، ہوائی جہاز .

فرح بھلوی اتر کر اپنے ذاتی چھوٹے پلین میں سوار ہوئیں .

۱۹۷۹ کوہ دماوند ، ۶۶

[انگ : Plane]

— چارٹر کرنا ف مر .

ہوائی جہاز کو مکمل طور پر ایک آدمی یا ایک جماعت کے لیے محفوظ کرنا یا کرایے پر لینا ، (Charter = معاہدہ کر کے جہاز کرایے پر دینا) .

پلین چارٹر کر کے آئے ، اب انھیں سب گالیاں دیتے ہو.

۱۹۴۷ میرے بھی صنم خانے ، ۴۲۱

پلینچیٹ (کس پ ، ی مج ، سک ن ، ی مج) امذ ؛ ~ پلانشٹ، پلنشیٹ .

خود کار آلہ جس میں دو پہیے اور ایک پنسل ہوتی ہے اور انگلیاں رکھنے سے پنسل خود بخود لکھنے لگتی ہے .

بے خودی کے معمول . . . تھے جب ان کو بے خودی سے بیدار کر کے پلینچیٹ پر بٹھایا گیا تو انھوں نے وہ احکام لکھ دیئے .

۱۹۷۳ اصول نفسیات ، ۲۴۳

[انگ : Planchette]

پلیو (۱) (فت پ ، ی مج) امذ .

۱. آٹا یا پسے ہوئے چاول جو شوربا گاڑھا کرنے کو ملاتے ہیں ؛ یخنی (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۳ ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۰) .

[س : प्रलेह: پرلیہ]

پلیو (۲) (فت پ ، ی مج) امذ .

(کاشت کاری) وہ زمین جس میں ہل چلانے کے بعد آبپاشی کی گئی ہو .

سینچی ہوئی زمین مزروعہ کے یہ نام ہیں ، پنولا ، پریم ، پلیو .

۱۸۴۶ کھیت کرم ، ۹

[پلینا (رک) سے]

پلیوٹ (فت پ ، ی مع ، فت و) اسث .

(آب پاشی) بیج بونے سے پہلے کھیت میں پانی دینے کا عمل نیز کھیت کو پانی دینے کا محصول ، آبیانہ ، دھارا ، پلیو ، بن وٹ (ا پ و ، ۶ : ۱۵۲) .

[پل ، پلینا (رک) سے + وٹ ، لاحقۂ کیفیت]

پلیوں (۱) (فت پ ، سک ل ، و مج) اسث ؛ ج .

پلی (رک) کی جمع تراکیب میں مستعمل .

— خون سوکھنا محاورہ .

نہایت غمگین ہونا ، بہت زیادہ رنج ہونا، (مجازاً) غصہ ہونا. اگر ایک کوڑی کھو جاوے تو پلیوں خون سوکھتا ہے .

۱۸۴۵ پالی گلاٹ ، ۱۵۳

پلیوں (۲) (فت پ ، سک ل ، و مج) م ف .

تھوڑی مدت میں ، تھوڑی دیر میں ، لمحوں میں ، پلوں میں ، پل بھر میں .

پلیوں میں بڑھ کے خیر سے جلدی جواں ہو تم
اے لال کب سے ہے ترے سہرے کی آرزو

۱۹۴۵ سنبل و سلاسل ، ۱۰۴

پلی ہار (فت پ) اسث .

(کاشتکاری) وہ زمین جو تین سال بونے کے بعد ایک فصل کے لیے خالی چھوڑ دی جائے (ا پ و ، ۶ : ۳۷) .

[پلینا (رک) سے]

پم (کس مج پ) امذ (قدیم).

پرہم (رک) تخفیف.

گرمتی ہے توشہ کے پم کی تو
دل منگتے تیوں کر اے نگار خوشی

۱۶۷۸ غواصی، ک، ۸۰

پمارا (فت پ) امذ.

رک: پنواڑا (پلیٹس).

پمبئی (ضم پ، سک م، فت ب) امث؛ ~ پوم بئی.

(باجا سازی) ڈھول کی قسم کا دکھنی باجا جو وہاں بھکاریوں میں مروج ہے۔ اس کا ایک رخ چوب سے رگڑ کر اور دوسرا ہاتھ کی تھاپ سے بجاتے ہیں (ا پ و، ۳: ۱۳۳).

[مقامی]

پمپ (۱) (فت پ، سک م) امذ؛ ~ پنپ (قدیم).

۱. نل، پانی کا نل، وہ نل جس کے ذریعے پانی ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچایا جاتا ہے، زمین میں پلایا ہوا پائپ جس میں مشین کے ذریعے پانی کھینچ کر اوپر آتا ہے.

پانی چڑھانے کے پمپ دو قسم کے ہیں، ایک چوسنے کا اور دوسرا زبردستی کا.

۱۸۳۷ ستہ شمسیہ، ۳: ۹

صلح جو انگلستان پمپ کا دہانہ اپنے ہاتھ میں لیے کھڑا تھا کہ دنیا میں کہیں آگ لگے اور وہ اپنے سمندر کا سیلاب بہا کے بجھا دے.

۱۹۲۶ شرر، مضامین، ۳/۱: ۱۱۷

۲. کسی مایع کو ایک ظرف یا حوض سے دوسرے ظرف یا حوض وغیرہ میں پہنچانے کا آلہ یا مشین، (مجازاً) رک: پٹرول پمپ.

پمپ مالکان اس طرف کوئی توجہ نہیں دے رہے.

۱۹۷۲ روزنامہ جنگ، کراچی، ۳ دسمبر، ۳

۳. سائیکل یا گاڑی کے ٹائر میں ہوا بھرنے کا آلہ یا پچکاری.

پمپ کو ٹیوب کی چھوچھی میں لگا کر اس میں ہوا بھر دیتے ہیں.

۱۹۳۶ ہندوستانی بول چال، ۴: ۲۷

[انگ: Pump]

— سسٹم (— کس س، سک س، فت ٹ) امذ.

(واٹر کولنگ) موٹر گاڑی کے انجن کو ٹھنڈا رکھنے کا وہ نظام جس میں پانی کی گردش پمپ کی مدد سے ہوتی ہے.

واٹر کولنگ دو قسم کی ہوتی ہے اول تھرمو سائیفن سسٹم، دوسری پمپ سسٹم.

۱۹۲۳ آئینۂ موٹر، ۷۷

[پمپ + سسٹم (رک)]

— کرنا محاورہ.

۱. (ہاتھوں سے) بھرنا، چڑھانا، اُکسانا، دباؤ ڈال کر بات اُگلوانا، خائف کر کے کوئی بات یا راز معلوم کرنا.

میں نے اسے خوب پمپ کیا اور اس سے معلومات حاصل کیں.

۱۹۶۶ روزنامہ جنگ، کراچی، ۳۰، ۱۰۰: ۱۱

۲. دھکیلنا، اوپر چڑھانا.

انجن نے بھاپ کی قوت کے زور سے پانی کو پمپ کرنا اور بوجھ اٹھانا شروع کردیا.

۱۹۴۴ آدمی اور مشین، ۱۰۲

پمپ (۲) (فت پ، سک م) امذ.

رک: گرگابی؛ پمپ شو.

دہلی کی جوتی اس کو پسند نہ تھی... اس لیے وہ انگریزی پمپ لایا.

۱۹۳۶ گرداب حیات، ۶۸

[انگ: Pump]

پمپت بازی (فت پ، سک م، فت پ) امث.

اُکسانا، چھیڑ چھاڑ، بحث و مباحثہ.

اس نے پمپت بازی اور نوک جھونک شاید آج تک کسی سے نہ کی ہو.

۱۹۶۲ آفت کا ٹکڑا، ۴۷

[ا: پمپت (غالباً) پمپ (رک) سے + بازی (رک)]

پم پم (فت پ، سک م، فت پ) امث.

یہ ایک قسم کی دور مار مشین گن ہے جو توزی سے فیر کرتی ہے.

کم بلندی پر اڑنے والے طیاروں کے لیے ہلکی توپیں استعمال کی جاتی ہیں جنھیں پم پم کہتے ہیں.

۱۹۶۸ کیمیاوی سامان حرب، ۲

[انگ: Pom pom]

پمپی (۱) (فت پ، سک م) امث.

پمپ (۲) (رک) کی تصغیر یا تانیث؛ گرگابی، ایک قسم کی جوتی جو بغیر بانڈھے پہنی جاتی ہے (ماخوذ: علمی اردو لغت، ۷۱).

پَمپی (۲) (فت پ ، سک م) اسف .

جھینگے کی ایک قسم جو جسامت میں سب سے چھوٹی ہوتی ہے .

سب سے بڑے جھینگے جیارو کہلاتے ہیں اس کے بعد کاری اور پھر پمپی .

۱۹۷۳ جدید سائنس ، دسمبر ، ۳

[مقامی]

پَمرا (فت پ ، سک م) اسث .

شَلّو کی نام کی ایک خوشبودار چیز (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۱۷) .

[مقامی]

پَمفلٹ (فت پ ، سک م ، کس خف ف ، ل) اسث .

۱. رسالہ ، کتابچہ (جو کسی خاص بات کی اشاعت کے لیے چھپوایا جائے) .

نہایت خوشی ہو گی اگر ان کا مضمون انگریزی اور اردو میں بطور پمفلٹ چھپے .

۱۸۹۵ سرسید ، مکتوبات سرسید ، ۳۵۵

انھوں نے سرسید کا تمام ریویو فوراً ,, پایونیر،، کے پرچوں سے نقل کرا کے ، جدا بطور پمفلٹ کے چھپوادیا .

۱۹۰۵ مقالات حالی ، ۲ : ۱۰۱

۲. کاغذات کا پیکٹ یا بنڈل .

لغات اردو کے اوراق کا پمفلٹ مجھے پہنچا .

۱۸۹۱ مکاتیب امیر ، ۱۶۸

میری دانست میں خط مافوف ، اور اس کے ساتھ اور مطبوعہ کاغذات کے پمفلٹ بھیجو .

۱۹۱۳ شبلی (حیات شبلی ، ۵۷۱)

[انگ : Pamphlet]

پَمن (فت پ ، شد م بفت) اسذ .

گیہوں کی بہترین قسم (پایٹس ؛ نوراللغات ، ۲ : ۱۱۳) .

پمن . . . بڑا اور کٹھیا گیہوں جو نہایت لوچدار اور سخت ہوتا ہے .

۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۱

[० : पमन पॅन]

پَن (۱) (فت پ) اسذ .

پان (رک) کی تخفیف مرکبات ذیل میں مستعمل .

— باڑی اسث .

پان کی بیلوں کی کیاریاں جن پر منڈھوا بنا ہوا ہو ، پن بریج ، پن بھومت ، بریٹھ ، بریٹھا (ا پ و ، ۳ ، ۱۱۳) .

[پن + باڑی (رک)]

— بٹّا (— فت ب ، شد ٹ) اسذ .

پان رکھنے کا ڈبا ، وہ ظرف جس میں پان رکھتے ہیں (ماخوذ : نوراللغات ، ۲ : ۱۱۴) .

[پن + بٹّا (رک)]

— بِریج (— فت ب ، ی مع) اسث .

رک : پن باڑی (ا پ و ، ۳ : ۱۱۵) .

[پن + بریج (رک)]

— بھٹا (— فت بھ ، شد ٹ) اسذ .

رک : پن بٹا (پایٹس) .

[پن + بھٹا (رک)]

— بھیت (— ی مع) اسث .

رک : پن باڑی (ا پ و ، ۳ : ۱۱۵) .

[پن + بھیت (رک)]

— ڈبّا (— فت نیز کس ڈ ، شد ب) اسذ .

رک : پن بٹّا (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۳) .

[پن + ڈبّا (رک)]

— کپڑا (— فت ک ، سک پ) اسذ .

وہ کپڑا جس سے تنبولی پان کی دکان پر پان پونچھتا ڈھکتا اور رکھتا ہے اسے پن بسا بھی کہتے ہیں (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۵۹) .

[پن + کپڑا (رک)]

— کُٹّی (— ضم ک ، شد نیز بلا شد ٹ) اسث .

موٹے دل کی دھات یا پتھر کی چھوٹی کھرل جس سے وہ لوگ جن کے دانت نہیں ہوتے ڈلی اور پان کوٹ کر کھاتے ہیں .

بوڑھے جناب شیخ ہیں کیوں کر چبائیں پان
پن کٹی ان کے واسطے لوہے کی چاہیے

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۶۸

[پن + کٹی ، کوٹنا (رک) سے]

— کَھوّا (— فت کھ ، شد و) امذ .
بہت پان کھانے والا .
بن کھووں میں بن کھوا پسیریوں میں ہوّا
۱۹۲۷ واودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۲ ، ۷ : ۳
[بن + کھوّا ، کھانا (رک) سے]

— مَلّا (— فت م ، شد ل) امذ .
رک : بن باڑی (پلیٹس) .
آیا جو نام بزم میں اس دھان پان کا
سوکھا جو بن ملا تو جلا کھیت پان کا
۱۸۷۵ شہید دہلوی ، د ، ۲۳
پان کے کھیت کو بن ملا کہتے ہیں .
۱۹۷۱ ذکر یار چلے ، ۱۲
[بن + ملّا (= کیاری ، کھیت) (رک)]

— واڑن (— فت ڑ) امث .
بن واڑی (رک) کی تانیث ، پان بیچنے والی عورت (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۳) .

— واڑی امذ .
۱. تنبولی ، پان کا بیوپاری ، پان بیچنے والا .
پنواڑی کلوریاں بنا رہے ہیں .
۱۸۸۵ بزم آخر ، ۵۶
۲. بن باڑی (پلیٹس) .
[۱ : بن + واڑ ، لاحقۂ ظرف + ی ، لاحقۂ نسبت]

— ہٹّا (— فت ہ) امذ .
پان کا بازار ، پان کا دریبہ (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۱۱) .
[بن + ہٹا ، ہٹ (رک) سے]

— ہڑا (— فت ہ) امذ .
وہ ہانڑی (ہانڈی) جس میں تنبولی پان یا ہاتھ دھونے کے لیے پانی رکھتے ہیں (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۱۱) .
[بن + ہڑا (= ہانڈی) (رک)]

بَن (۲) (فت پ) صف .
پانچ ، (رک) کی تخفیف جو مرکبات میں مستعمل ہے .
(بن مخفف پانچ) پنسیری ، پنسیرا وغیرہ .
۱۹۲۱ وضع اصطلاحات ، ۲۹

— جوتَرا (— و مج ، سک ت) امذ .
(کاشتکاری) نمبرداری کا حق خدمت جو مال گزاری وصول کرانے پر پانچ فی صد سرکار سے ملتا ہے (اپ و ، ۶ : ۳۷) .
[بن + جوترا ، جوتنا (رک) سے]

— ساکھا امذ .
رک : پنج شاخہ ، ایک قسم کی مشعل جس میں تین یا پانچ بتیاں ساتھ جلتی ہیں (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۱۱) .

— سَکھیا (— فت س ، کس کھ ، شد ی) امث نیز امذ .
رک : بن شاخہ ؛ ایک قسم کا پھول نیز اس پھول کا درخت ،
رک : بن ساکھا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۱۰) .

— سُورہ (— و مع ، فت ر) امذ ~ پنسورہ .
رک : پنج سورہ .
بن . . . پنسورہ ، پنسیری ، پنسیرا وغیرہ .
۱۹۲۱ وضع اصطلاحات ، ۲۹
[بن + سورہ (رک)]

— سُول (— و مع) امذ .
پانچ نوکوں کا بھالا .
گولے فولادی . . . ساحر لگانے لگے ، بجلیاں چمک کر گرنے لگیں ترسول اور بن سول چلنے لگا .
۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۷۰۹
[بن + سول (رک)]

— سیرا (— ی مج) امذ .
پانچ سیر وزن کا باٹ ، پانچ سیر وزن کی چیز ، نیز وہ برتن جس میں پانچ سیر کھانا پکایا جا سکے .
پیداوار مونگ کا ، فی بیگھہ چھ پنسیرے ہوتا ہے .
۱۸۷۲ اخبار مفید عام ، ۳ ، ۱۸ : ۳
[بن + سیر (رک)]

— سیری (— ی مج) امث ؛ ~ پنسیری .
بن سیرا (رک) کی تانیث (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۳) .

— شاخا/شاخہ (—/فت خ) امذ .
رک : پنج شاخہ .
جاوے اپنے دکھا رہے تھے جدا
دستی کپی گلاس پنشاخا
۱۸۸۵ مثنوی عالم ، ۱۲۹

— شاخہ ہاتھ میں رہ جانا/ہونا محاورہ .

ہاتھ خالی ہونا ، کچھ ہاتھ نہ آنا ، کچھ نہ ملنا ، کسی قسم کا فائدہ نہ ہونا ؛ بیوقوف بننا (ماخوذ: جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۹۰) .

پَن (۳) (فت پ) امذ .

پانی (رک) کی تخفیف (مرکبات میں مستعمل) .

— آتار (— ضم ا) امذ .

(کشتی رانی) دریا یا ندّی کے پانی کا کم ہو جانا اور معمولی مقدار قائم نہ رہنا جس کی وجہ سے بعض مقامات پر کشتی رانی بند ہو جاتی ہے ، اُترتا پانی (ا پ و ، ۵ : ۱۶۹) .

[پن + اتار (رک)]

— اَکال (— فت ا) امذ ؛ ~ پنا کال ؛ پنیا کال .

(کاشتکاری) بارش کی کثرت سے فصل کی خرابی اور قحط (ا پ و ، ۶ : ۳۷) .

[پن + اکال (رک)]

— آڑ امث .

(تعمیرات) سیسے کی چادریں جو مکان کے دوسرے حصے میں پانی کے چڑھنے کے احتمال کو روکنے کے لیے لگائی جائیں .

پن آڑیں (Flashings) سیسے کی چادریں ہیں .

۱۹۴۷ رسالہ تعمیر عمارت ، ۶۸

[پن + آڑ (رک)]

— بِجلی (— کس ب ، سک ج) امث .

وہ برقی قوت جو پانی کے ذریعہ مشین چلا کر پیدا کی جائے ، برقاب .

پن بجلی کا وہ چرخا جو آبشار پر لگا ہوا ہے تار سے بجلی پہنچاتا ہے .

۱۹۴۴ آدمی اور مشین ، ۳

[پن + بجلی (رک)]

— بِچھی/بِچھیا (— کس ب/کس ب ، سک چھ) امث .

پانی میں رہنے والا ایک قسم کا کیڑا جو ڈنک مارتا ہے (پانی کا بچھو) (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۱۰) .

[پن + بچھی/بچھیا ، بچھو (رک) سے]

— بَدرا (— فت ب ، سک د) امذ .

مینھ اور دھوپ (پلیٹس) .

[پن + بدرا (رک)]

— بڑھاو (— فت ب) امذ .

(کشتی رانی) دریا وغیرہ کے پانی کا بڑھنا اور سطح آب کا اونچا ہونا (ا پ و ، ۵ : ۱۶۹) .

[پن + بڑھاو ، بڑھنا (رک) سے]

— بَلا (— فت ب) امذ .

(آبپاشی) کھیت کے برہوں اور کیاریوں میں پانی پہنچانے والا مزدور ، پن ہارا ، پن چلوٹیا ، برہیا (ا پ و ، ۶ : ۱۵۴) .

[پن + بَلا ، بَل (= پھیر) (رک) سے]

— بہاؤ (— فت ب) امذ .

(آبپاشی) پانی کے بہنے کا راستہ .

ایسی جگہ پر آبپاشی کی نہر کو پن بہاؤ کے نیچے سے بذریعہ سیفن لے جایا جاتا ہے .

۱۹۴۹ آبپاشی ، ۵۸۳

[پن + بہاؤ ، بہنا (رک) سے]

— بَھتا (— فت بھ ، شد ت) امذ ؛ ~ پن بھتہ .

۱. پانی میں ابلے ہوئے چاول جو عموماً شربت (یا فالودے) میں ڈال کر پیتے ہیں .

وہ شربت وہ پن بھتے وہ خوشبو
کہ تم سے شخص پیویں جس کو دھو دھو

۱۷۸۶ میر حسن (دو نایاب زمانہ بیاضیں ، ۲۱)

فالودے والے ، فالودہ ، پن بھتا ، تخم ریحان . . . لیے بیٹھے ہیں .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۵۷

گرمی کے موسم میں تخم ریحان ، فالودہ ، پن بھتا کیسا بھلا لگتا ہے .

۱۹۳۳ فراق دہلوی ، مضامین ، ۳۶

۲. (طباخی) اُبال کر پکائے ہوئے اور بھیکے چاول ، خشکا ، بھات .

ملغوبہ ، پن بھتا ، بورانی . . . کہ جن کی چاشنی . . . سے ارواح فرشتوں کی بھی تازہ ہوجاوے .

۱۷۷۵ نو طرز مرصع ، تحسین ، ۱۵۹

فرنی ، یاقوتی . . . پن بھتا . . . جو ہر نگار طشتریوں میں چنے .

۱۸۶۲ خط تقدیر ، ۶۹

۳. پکانے میں چاولوں کی ہئیت بگڑ جانے کی حالت .

سادے چاول ہوں یا پلاؤ اس کا پکانا ایک باقاعدہ فن ہے ورنہ پلاؤ یا بریانی پن بھتا لگتی ہے .

۱۹۲۸ تہذیبی دسترخوان ، ۵۰

[پن + بھت ، بھات (رک) + ا ، لاحقۂ صفت]

— بَھرا (— فت بھ) صف؛ مث: پن بھرن، پن بھری.

۱. پانی سے بھرا ہوا، تر، نم، مرطوب.

چھوٹے چھوٹے ذرّے پانی کے پن بھری ہوا کے ساتھ کمرہ کے اندر آ کر لوگوں کے چہروں پر مس کر کے اور چھینٹا دے رہے ہیں.

۱۹۲۱ گاڑھے خاں، ۱۴

۲. پانی بھرنے والا، سقا، مزدور (نوراللغات، ۲: ۱۱۳).

[پن + بھرا، بھرنا (رک) سے]

— بھَرن (— فت بھ، ر) امث.

پن بھرا (رک) کی تانیث (نوراللغات، ۲: ۱۱۳).

— بھَری (— فت بھ) امث.

پن بھرا (رک) کی تانیث.

ایک پن بھری جس کی عمر اٹھارہ برس کی تھی... اس طرف آئی.

۱۸۹۴ کامنی، ۳۵۸

ایسی کشادہ کھڑکیاں رکھوں جنسے پن بھری پروائی ہوائیں تیز آ کر پسینہ کے بادل کو اوڑا کر لے جائیں.

۱۹۲۱ گاڑھے خاں کا دکھڑا، ۱۴

— پَتھ (— فت پ) امث.

وہ روٹی جو بغیر خشکی کے صرف پانی کا ہاتھ لگا کر بیلی جاتی ہے، پنیتھی (شبد ساگر، ۶: ۲۸۱۰).

[پن + پتھ، پتھنا (رک) سے]

— پھَندا (— فت پھ، سک ن) امذ.

پانی روکنے کے لیے بنائی ہوئی جگہ یا بند.

اس غرض کے لیے آبی رکاوٹ یا پن پھندا اور سائفن یا آب کشی استعمال کئے جاتے ہیں.

۱۹۶۰ مبادی صحیات، ۲۳۰

[پن + پھندا (رک)]

— تالا امذ.

نہر وغیرہ یا پختہ آبشار میں سے کاٹ کر بنایا ہوا بند (جو وقت ضرورت کھولا اور بند کیا جا سکے).

جہاں کوئی پن تالا بنانا پڑتا ہے تو یہ ضروری ہوتا ہے کہ ایک آمد کا نالا کشتیوں کے لیے... علیحدہ رکھا جائے.

۱۹۴۹ آبپاشی، ۶۵۳

[پن + تالا (رک)]

— تَخت (— فت ت، سک خ) امث.

زمین کے پانی کی سطح.

تہ زمین پانی کے لیول کا یا زمین کے پانی کے لیول کا ڈھال جو کسی ملک میں ہو، زمین کا ڈھال کہلاتا ہے اور زمین کے پانی کی سطح کو اکثر پن تخت کہتے ہیں.

۱۹۴۹ آبپاشی، ۱۰۰

[پن + تخت (رک)]

— توڑ (— و سج) امذ.

۱. رک: پن اُتار (ا پ و، ۵: ۱۶۹).

۲. پانی کا بہاؤ توڑنے یا روکنے والا پشتہ یا چبوترا وغیرہ، انگ: Break water.

اندرونی ڈھال پر تاڑ کے درخت نصب کر دیئے ہیں... یہ پن توڑ کا کام دیتے ہیں.

۱۹۴۴ مٹی کا کام، ۱۰۱

[پن + توڑ، توڑنا (رک) سے]

— تول (— و سج) امذ.

سیال چیزوں کا وزن دریافت کرنے کا علم، علم مائعات (پلیٹس؛ جامع اللغات، ۲: ۱۰۱).

[پن + تول، تولنا (رک) سے]

— تھپیڑ/تھپیڑا (— فت تھ، ی سج) امث.

(کشتی رانی) دریا یا ندّی کے پانی کا بہاؤ کی طرف ہوا یا لہر کے اتفاقی یا تیز دباؤ سے بڑا جھکولا یا رو جو کشتی کو اپنے معمولی راستے سے ہٹا دے (ا پ و، ۵: ۱۶۹ و ۱۷۱).

[پن + تھپیڑ/تھپیڑا (رک)]

— ٹوٹ (— و سع) امذ.

رک: پن اُتار (ا پ و، ۵: ۱۶۹).

[پن + ٹوٹ، ٹوٹنا (رک) سے]

— جنتر (— فت ج، سک ن، فت ت) امذ.

ایک اضافی برتن جس میں گرم کرنے کا برتن پانی میں ڈوبا رہتا ہے.

ان سب کو ۳۵ یا ۴۰ (ر، درجے) کے پن جنتر Water bath پر تھوڑی دیر کے لیے رکھو.

۱۹۳۸ عملی نباتیات، ۱۳

[پن + جنتر (رک)]

— چَڑھاو (— فت چ) امذ.

رک: پن بڑھاو (ا پ و، ۵: ۱۶۹).

[پن + چڑھاو (رک)]

— چکّی (— فت چ ، شد ک) اسث .

وہ چکی جو پانی کی قوت سے حرکت کرے اور آٹا وغیرہ پیسے .

اس چشمے پر بن چکی چلتی ہے .

۱۸۹۹ شہنشاہ جرمنی کا سفر قسطنطنیہ ، ۴۲

ہوا چکی اور بن چکی میں ایک ایک بنیادی خامی بھی ہے .

۱۹۶۶ حرارت ، ۶۲۶

[بن + چکی (رک)]

— چلوٹیا (— فت چ ، و مج ، کس ء) امذ .

(کاشتکاری) رک : بن میلیا (ا پ و ، ۶ : ۱۵۲) .

[بن + چلوٹیا ، چلانا (رک) سے]

— چور (— و مج) امذ .

سائفن .

سیال کو ایسے ظرف میں بہنے دیا جائے جو خود کو ایک مائی سارقہ (بن چور : Siphon) کے ذریعے . . . خود بخود خالی کرتا رہتا ہو .

۱۹۴۱ تجربی فعلیات ، ۱۹۸

[بن + چور (رک)]

— چُورا/چورا (— و مج / و مج) ؛ ~ پنچورا .

(الف) امذ .

۱. (i) بچوں کے کھیل کا ایک ظرف جس کے پیندے میں چھوٹے چھوٹے سوراخ ہوتے ہیں جب پانی بھر کے منھ بند کر دیتے ہیں تو پیندے کے سوراخوں سے پانی نہیں گرتا .

ضبط گریہ سے یہ ڈر ہے کہ نہ پڑجائیں کہیں
شکل پنجورے کے اس دیدۂ تر میں سوراخ

۱۸۰۹ جرأت (نورالغات ، ۲ : ۱۱۴)

(ii) (ادبیات) پانی چرانے والا ؛ مٹی یا تانبے کا چھوٹے منھ کا برتن جس کے پیندے میں ایک یا ایک سے زیادہ چھوٹے سوراخ ہوتے ہیں (جسے ارسطو کے پیروؤں نے Horror vacui کے لیے استعمال کیا) جب یہ بھر جاتا ہے اور منھ بند ہو جاتے ہیں تو سوراخ سے پانی نہیں گرتا (پلیٹس) .

(iii) وہ برتن جس کا پیٹ چوڑا اور منھ بہت چھوٹا ہو (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۱۰) .

۲. (جراحی) رسولی کی قسم کی بیماری ، جو کھال کے اندر جسم کے مختلف حصوں میں گوشت کے ساتھ جھلی میں پانی رک جانے سے دمبل کی شکل میں پیدا ہوتی ہے (ا پ و ، ۷ : ۱۲۰) .

۳. (ماہی گیری) پانی میں رہنے والا ایک خاص قسم کا کیڑا جو مچھلی کے انڈوں کو نقصان پہنچاتا ہے (ا پ و ، ۳ : ۵۴) .

(ب) صف .

بہت پیشاب کرنے والا ، متوڑا ، بار بار موتنے والا ، جس کا پیشاب نہ رکے (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۳) .

[بن + چور (رک) + ا ، لاحقۂ صفت]

— چوکی (— و لین) اسث .

رک : بن سال .

کئی روز کے بعد ایک دن یہ ایسے جنگل میں پہنچے ہیں کہ جہاں کوئی قریہ ، قصبہ . . . بن چوکی . . . کوئی چیز نظر نہیں آئی .

۱۹۵۶ میرے زمانے کی دلی ، ۱ : ۲۰۳

[بن + چوکی (رک)]

— چُھٹا (— ضم چھ) صف ؛ مث : بن چھٹی .

۱. پانی چھوڑنے والا ، پکنے میں پانی چھوڑنے والی ترکاری یا ایسی ہنڈیا جس میں ترکاری وغیرہ نے پانی چھوڑا ہو اور پتلی ہوگئی ہو .

معمولی کھانے بھی اگر سلیقہ سے پکائے جائیں تو . . . یوں تو بن چھٹا ادھ کچرا سب ہی پکا لیتے ہیں .

۱۹۲۷ تہذیبی دسترخوان ، ۲۰

۲. (مجازاً) جو شہوت پر قابو نہ پا سکے یا جلد منزل ہوجائے .

اے سبحان‌اللہ کیا کہنا اس بن چھٹے شباب کا اولتی بہہ رہی ہے .

۱۹۲۵ واودہ پنچ، لکھنؤ ، ۱۰ ، ۵ : ۶

[بن + چھٹا ، چھٹنا (رک) سے]

— چُھٹا پَن (— ضم چھ ، فت پ) امذ .

بن چھٹا (رک) کی کیفیت یا حالت .

گوشت یا باسی کھانے میں جب بن چھٹا پن آجائے تو ہرگز استعمال نہ کریں .

۱۹۲۳ تہذیبی دسترخوان ، ۵۹

[بن + چھٹا (رک) + پن ، لاحقۂ کیفیت]

— چُھٹی دال (— ضم چھ) اسث .

ادھ کچی پکی ہوئی دال جو گھلی گھٹی نہ ہو اور پانی چھٹا رہے ، پنھیائی دال (ا پ و ، ۳ : ۱۴۳) .

[بن + چھٹی ، چھٹنا (رک) سے + دال (رک)]

ــ خزانہ (ــ فت خ ، ن) امذ .

پانی کا محفوظ ذخیرہ ، خزانۂ آب جو شہروں کو فراہمی آب یا کھیتوں کو پانی دینے کے لیے بنایا جائے، Water reservoir .

پن خزانوں کے لئے موافق صورتیں مندرجہ ذیل خزانہ آب کے لئے مناسب اور موزوں صورتیں ہیں .

۱۹۴۹ آبپاشی ، ۱۷۳

[پن + خزانہ (رک)]

ــ داتا صف .

پانی بخشنے والا ، پانی کا مالک .

یہ پہاڑ پن داتا ان داتا آپ سے ہو سکتے ہیں کہ اپنے جیسے چودہ ملکوں کو پال سکتے ہیں .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۳ : ۳۱۴

[پن + داتا (رک)]

ــ دھارا امذ .

پانی کی دھار کا رخ ، دریا کا بہاؤ .

سندھ کے طاس کے دریاؤں کا پن دھارا ہماری طرف دکھایا گیا ہے .

۱۹۶۷ جس رزق سے آتی ہو ، ۲۷۱

[پن + دھارا (رک)]

ــ ڈاٹ امث .

وہ ڈاٹ جو گندگی بہانے کے لیے پانی کے زور والے رخ پر لگائی جاتی ہے .

مکانات سے تر فضلہ اور مستعمل پانی خارج کرنے والے نلوں کو ڈرینج کی نالیوں سے ملحق کر کے . . . پن ڈاٹوں کے ذریعہ علیحدہ رکھا جاتا ہے .

۱۹۶۰ مبادی صحیات ، ۲۳۰

[پن + ڈاٹ (رک)]

ــ ڈُبّا (ــ ضم ڈ ، شد ب)

(الف) امذ .

۱. پانی میں ڈبکی لگا کر مچھلی پکڑنے والا شکاری پرند .

پن ڈبے غوطے لگا لگا کر مچھلیاں پکڑتے ہوں .

۱۹۶۲ آفت کا ٹکڑا ، ۵۹

۲. ایک قسم کا بھوت جو تال ندی پانی کے ٹھکانوں وغیرہ میں پایا جاتا ہے اور جس کے بارے میں لوگوں کا یہ خیال ہے کہ وہ نہانے والے آدمیوں کو پکڑ کر ڈبو دیتا ہے (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۱۰) .

(ب) صف .

۱. جس شخص کی چال ایسی ہو ، گویا پانی میں ڈبکیاں لے رہا ہے (فرہنگ اثر ، ۲۴۱) .

۲. پانی میں غوطہ لگانے والا ، غوطہ خور (پلیٹس ؛ شبد ساگر ، ۶ ، ۲۸۱۰) .

[پن + ڈبا ، ڈوبا ، ڈوبنا (رک) سے]

ــ ڈُبّی (ــ ضم ڈ ، شد ب) امث ؛ ~ پن ڈوبی

۱. ایک قسم کی مرغابی جو پانی میں مچھلی کا شکار کرتی ہے .

سطح آب پر تیرنے والی مرغابیاں اور بگلے اور پن ڈبیاں ایسی معلوم ہوتی تھیں گویا وہ نورانی شبنمی روحیں ہیں .

۱۹۳۶ پریم چند ، پریم پچیسی ، ۲ : ۱۰۶

۲. ایک قسم کی ناؤ جو اکثر پانی میں ڈوب کر چلتی ہے (Submarine) **اس کی ایجاد ابھی حال میں مغربی ممالک میں ہوئی ہے** (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۱۰) .

[پن + ڈبی ، ڈوبی ، ڈوبنا (رک) سے]

ــ ڈوبی (ــ و مج) امث .

رک : پن ڈبی .

مرغابیاں سرخاب کنارے کنارے پھرنے لگے پن ڈوبیاں غوطیں مارنے لگیں .

۱۸۸۸ طلسم ہوش ربا ، ۳ : ۶۴

ــ ڈیاس (ــ کس ڈ) امث .

(ماہی گیری) بڑی نسل کی سفید رنگ نیل گوں کمر اور چوڑے منہ کی بے چھلکار مچھلی (گوشت بے کانٹے اور وزن زیادہ سے زیادہ بیس پچیس سیر) ، **ملّی** (ا پ و ، ۳ : ۵۴) .

[پن + ڈیاس (مقامی)]

ــ ڈھال امذ .

(آبپاشی) پانی بہنے کے لیے زمین کا معمولی نشیب یا سلامی دار حالت ، ڈھلوان .

اگر رج بہے کا خط بالکل پن ڈھال پر ڈالا گیا ہو اور چند طرفی کاٹ بہاؤ کی آسانی کے لیے بنائے جائیں تو اس عمق سے رطوبت پیدا ہو گی .

۱۹۴۴ مٹی کا کام ، ۱۳۳

[پن + ڈھال ، ڈھلنا (رک) سے]

ــ روک (ــ و مج) امذ .

پانی روکنے والا ، جس پر پانی کا اثر نہ ہو (Water Proof) .

کپڑے کو . . . تر کر کے زخم پر رکھیں اس پر پن روک یا مچرب ریشمی کپڑا رکھیں .

۱۹۷۰ گھریلو انسائیکلو پیڈیا ، ۲۷۵

[پن + روک (رک)]

ــ ریلا (ــ ی مج) امذ .

رک : پن تھپڑ (ا پ و ، ۵ : ۱۶۹) .

[پن + ریلا (رک)]

ــ ڈِیاس (ــ کس ڈ) اسث .

رک : پن ڈیاس (ا پ و ، ۳ : ۵۳) .

ــ سار امذ .

پانی سے کسی مقام کو شرابور کرنے کا عمل ، بھر پور سینچائی (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۱۱) .

[پن + سار (رک)]

ــ سال امذ ؛ ~ پنسال .

۱. پانی کی سیمل ، پیاو (پلیٹس) .

۲. پانی کی گہرائی اور اتار چڑھاو معلوم کرنے کا آلہ یا نشان بنی ہوی لکڑی جو اکثر نہر وغیرہ میں گاڑ دیتے ہیں (ماخوذ : جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۱۰) .

۳. (معماری) سطح فرش کی ہمواری اور پانی کا ڈھال دیکھنے کا آلہ (جس کی مدد سے زمین کو مسطح کرتے ہیں) ، ساونی (ا پ و ، ۱ : ۱۱۳) .

اگر پنسال کندھے سے ایڈی تک لڑکایا جائے تو ایڈی ایک انچہ آگے ہو .

۱۸۷۷ رائیڈنگ اسکول ، ۸

[پن + سال (رک)]

ــ سالا امث ؛ ~ پنسالہ .

رک : پن سال معنی نمبر ۱ .

ــ سَلّا (ــ فت س ، شد ل) امث .

وہ جگہ جہاں راستہ چلنے والوں کو پانی پلایا جاتا ہے

رک : پن سال ، پیاو (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۱۱ ؛ پلیٹس) .

ــ سُوآ (ــ و مع) امذ .

ماہی گیروں کی کشتی جو سیر و تفریح کی کشتی سے کسی قدر بڑی ہوتی ہے (چھوٹی بڑی مختلف قسم کی بنائی جاتی ہیں اور مقامی بولیوں میں مختلف ناموں سے موسوم ہیں) بھڈ ، بھج بھکا ، بیڑوا (بیڑی) ، پرندا ، ترنی (ا پ و ، ۵ : ۱۶۹) .

[رک : پن سوئیا]

ــ سوئی (ــ و مع) امث ، ~ پنسوئی .

چھوٹی ناؤ (پلیٹس) .

[رک : پن سوئیا]

ــ سُوئیا (ــ و مع ، کس ء ، شد ی) امذ .

رک : پن سوئی (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۱۱) .

[پن + ० : सुइया]

ــ کال امذ .

۱. وہ قحط جو کثرت بارش کے سبب ہو .

قصہ مختصر ، وہ ان کال تھا کہ مینہ نہ برسا ، اناج نہ پیدا ہوا ، یہ پن کال ہے ، پانی ایسا برسا کہ بوئے ہوئے دانے بہہ گئے .

۱۸۶۳ خطوط غالب ، ۳ : ۲

۲. پانی کی قلت (پلیٹس) .

[پن + کال (رک)]

ــ کَپڑا (ــ فت ک ، سک پ) امذ ؛ ~ پنکپڑا .

وہ کپڑا جسے پانی میں تر کر کے زخم پر باندھتے ہیں .

انگلی کاٹ لی گئی تو جراح نے زخم پر پن کپڑا باندھ دیا .

۱۹۳۳ فراق دہلوی ، لال قلعہ کی ایک جھلک ، ۳

[پن + کپڑا (رک)]

ــ کَٹ/کَٹا (ــ فت ک) امذ .

۱. نہر کا پانی کاٹ کر کھیت کی نالیوں میں پہنچانے والا شخص (ا پ و ، ۶ : ۱۵۲) .

۲. جہازوں وغیرہ میں وہ حصہ جو چلنے میں پانی کو کاٹتا ہے (Cut water) .

پن کٹوں اور بیل پایوں کے نظر آنے والے حصے گرینائٹ کے ترشے پتھر کی چنائی کے ہیں .

۱۹۴۱ تعمیروں کا نظریہ اور تجویز ، ۱۷۷

یہ جہاز اپنے تمام بادبان کھولے . . . اور پن کٹ سے پانی کی چادر میں پیچھے کو پھینکتا . . . بڑھا چلا آتا ہے .

۱۹۶۵ شاخ زرین ، ۱ : ۱۶۷

[پن + کٹ/کٹا ، کاٹنا (رک) سے]

ــ کُکڑی (ــ ضم ک ، سک ک) امث .

جل مرغی ، ایک قسم کی مرغی جو جھیل میں ہوتی ہے

لاط : Pophyris poliocaphalus .

پن ککڑی اردو کا ایک لفظ ہے ، جس کے دو اجزا ہیں ، پن اور ککڑی یہ پرند کی ایک قسم ہے .

۱۹۵۶ زبان اور علم زبان ، ۲۹

[پن + ککڑی (رک)]

ــ کَوّا (ــ فت ک ، شد و) امذ .

جنس مرغابی سے قرمزی رنگ کا ایک آبی پرندہ جس کا سر بطخ کی طرح ہوتا ہے یعنی کھال ملی ہوئی ، جل کوا ، لاط : Porphyhris poliocephalus (پلیٹس) .

[پن + کوا (رک)]

ــ گاچا امذ .

پانی سے بھرا یا سینچا ہوا کھیت (شبد ساگر، ۶ : ۲۸۰۹) .

[بن + گاچا ، گاچھی (= باغ) سے]

ــ گَدّی (ــ فت گ ، شد د) امث .

(آبپاشی) پانی کی گدّی (Water cushion) جو چھوٹی سی جگہ گھیر کر بنائی جائے تا کہ پانی کا زور کم ہو .

یہ بہتر صورت میں اس طرح کیا جا سکتا ہے کہ پانی آبشار سے ایک بن گدی آئے .

۱۹۴۹ آبپاشی ، ۲۸۴

[بن + گدی (رک)]

ــ گوٹی (ــ و مج) امث .

موتیا سیتلا ، چھوٹی چیچک (پلیٹس ؛ شبد ساگر، ۶ : ۲۸۰۹).

[بن + گوٹی (رک)]

ــ گَھٹ (ــ فت گھ) امذ ؛ ~ پنگھٹ .

کنوئیں نہر یا دریا کے کنارے پانی لینے یا بھرنے کے لیے بنی ہوئی جگہ ، پانی بھرنے کا گھاٹ (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۰۹ ؛ اپ و ، ۶ : ۱۵۲) .

(اسناد کے لیے رک : بن ہاری)

[بن + گھٹ (= گھاٹ) (رک)]

ــ گَھٹاو (ــ فت گھ) امذ .

رک : بن اتار (اپ و ، ۵ :۱۶۹) .

[بن + گھٹاو (رک)]

ــ مار امذ .

(کاشتکاری) پانی کا مارا ہوا کھیت جو بارش یا آبپاشی کی زیادتی سے خراب ہوگیا ہو (اپ و ، ۶ : ۳۸) .

[بن + مار ، مارنا (رک) سے]

ــ مڑیا (ــ فت م ، کس ڑ) امث .

پتلی مانڑ جو جلاہے لوگ بنتے وقت ٹوٹے تاگوں کو جوڑنے کے کام میں لاتے ہیں (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۱۰) .

[بن + مانڑ (رک) سے]

ــ میلا/میلیا (ــ ی مع/ی مج ، سک ل) امذ .

(کاشتکاری) رک : بن بلا (اپ و ، ۶ : ۱۵۲) .

[بن + میلا/میلیا ، ملنا ، میلانا (رک) سے]

ــ وَٹ (ــ فت و) امذ ؛ ~ پنوٹ .

۱. بیج بونے سے قبل کھیت میں پانی دینے کا عمل ، پلیوٹ ، پلیو (اپ و ، ۶ : ۱۵۲) .

۲. کھیت کو پانی دینے کا محصول ، دھارا ، آبیانہ ، جل کر (اپ و ، ۶ : ۱۵۲) .

[بن + وٹ ، لاحقۂ کیفیت]

ــ ہارا امذ ؛ ~ پنہارا ، پنہیارا ؛ امث : پنہاری .

۱. (آب برآری) سقّا ، بھشتی ، گھروں میں پانی لانے والا شخص ، کہیرا .

یوسف علیہ‌السلام ڈول میں بیٹھے تو پنہارے نے ان کا حسن دیکھا .

۱۸۴۵ احوال‌الانبیا ، ۱ : ۳۲۹

۲. کھیت کے برہوں اور کیاریوں میں پانی پہنچانے والا مزدور ، رک : بن بلا (اپ و ، ۶ : ۱۵۲) .

[ا : بن + ہارا ، لاحقۂ صفت]

ــ ہارَن (ــ فت ر) امث .

رک : بن ہاری .

یہ تو کوئی بن ہارن یا گھومن معلوم ہوتی ہے .

۱۸۹۲ خدائی فوجدار ، ۱ : ۲۲۰

ایک طرف بن ہارنیں فرضی کنوئیں سے پانی بھر رہی تھیں .

۱۹۵۷ لکھنؤ کا شاہی اسٹیج ، ۱۰۱

ــ ہارِن/ہارِنی (ــ کس ر/ی مج) امث .

رک : بن ہارن (پلیٹس) .

ــ ہاری امث ؛ ~ پنہارن ، پنہیارن ؛ پنہاری .

بن ہارا (رک) کی تانیث .

رکھیں تھے سیر کو پنگھٹ کے گرد کے دیہات
کہ لب جہان کے تھے پنہاریوں کے آب حیات

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۳۷۰

پنہاریاں . . . بن گھٹ سے دو دو مٹکے سر پر رکھ کر لاتی ہیں .

۱۸۷۳ مجالس‌النسا ، ۱ : ۹۲

ــ ہَرا (ــ فت ہ) امذ .

۱. رک : بن ہارا معنی نمبر ۱ ، بن بھرا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۱۱) .

۲. وہ برتن جس میں سنار گہنے دھونے کے لئے رکھتے ہیں (شبد ساگر ، ۶ : ۲۸۱۱) .

[بن + ہرا (رک)]

— بُودَہ (— و لین ، فت د) امذ .
(کاشتکاری) پانی کا چھوٹا چوبچہ (ا پ و ، ۶ : ۱۵۲) .
[پن + بُودہ (رک)]

پَن (۴) (فت پ) حرف استثنا و استدراک (قدیم) .
لیکن ، مگر .
یکس تھے یک کہیں ہن وہ تو کچ نہیں .
۱۵۸۳ جانم ، کلمتہ الحقائق ، ۲۸
نرنجن ہے توں ہن نرالا نہیں دھرت کیں تجے زیر و بالا نہیں
۱۷۰۸ داستان فتح جنگ ، ۱۲۵
ہن ہماری خوشی تویہ تھی کہ آپ مہربانی اپنے گریب کام (غریب کانو) میں بسرام کرتے .
۱۹۰۱ عشق و عاشقی کا کنجینہ ، ۲۴
[مقامی]

پَن (۵) (فت پ) امذ .
عمر کا ایک حصہ یا عہد ، لاحقۂ ظرف زمانی ، وقت ، دور ، زمانہ .
کیا تجھ سے نظیر اب میں جوانی کی کہوں بات
اس پن میں گزرتی ہے عجب عیش سے اوقات
۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۱۱۱
بچپن اور جوانی کے دو پن عیش و آرام ... سے گزرتے ہیں .
۱۹۵۶ مضامین محفوظ علی ، ۱۵۶

پَن (۶) (فت پ) امذ .
۱. کھیل ، کھیل کی ایک قسم ، بازی بدنے کا عمل ، قرعہ اندازی یا پاسہ اندازی ؛ شرط ، قول ، قسم ، اقرار ، عہد ، وعدہ ، ٹھیکہ ، قرار داد ، معاہدہ ، عہد و پیماں ، رضا مندی ، معاہدہ کی ایک شق ، معاہدہ کی صراحت ، اقرار صالح ، قسمیہ وعدہ ، وثوق ، باضابطہ اعلان ، کاروباری شرائط ، قیمت ، مول ، انعام ، معاوضہ ، ایک مقررہ رقم یا جنس جو بیچنے کے لئے ہو ، نکاح کی فیس کا کچھ حصہ ، دولت ، روپیہ پیسہ ، ملکیت (زمین مکان) (پلیٹس ؛ ہندی اردو لغت ، ۱۸۴) .
۲. ایک معین رقم جو حق مالکانہ سرکار مقرر کردی جاتی ہے (پلیٹس) .
بعض متطہ جات ایسے بھی ہیں جن پر پن کا تقرر نہیں ہے .
۱۹۳۸ احکام متعلق عطیات ، ۱۲
۳. ایک سکہ جس کی قیمت اسی کوڑیوں کے برابر ہوتی تھی. پانچ گنڈوں کی ایک بودی اور چار بودیوں کا ایک پن .
۱۹۳۹ آئین اکبری ، ۱ ، ۲ : ۶۷
۴. سونے کا بڑا سکہ جو ہندوؤں نے رائج کیا تھا .
مدراس سپرانت میں جہاں اسلامی اثر بہت کم ہوا ۱۸۰۰ء کے شروع تک سونے کا پن ... بڑی مقدار میں رائج رہا .
۱۹۲۳ ہندوستان کی پولیٹیکل اکانومی ، ۱۰۸
۵. بیس گنڈے یا اسی کوڑیوں کی مالیت کے برابر وزن کا تانبا (پلیٹس) .
[س : पण]

— بندھ (— فت ب ، سک ن) ف م .
شرط باندھنا ؛ ٹھیکہ لینا (ہندی اردو لغت ، ۱۸۴) .
[پن + بندھ ، بندھنا (رک) سے]

— پارا / پاری امذ ؛ امث .
وعدہ خلاف یا معاہدے کی خلاف ورزی کرنے والا ، قول شکن ، بے وفا (پلیٹس) .
[پن + پارا/پاری ، لاحقۂ صفت]

پِن (۱) (کس پ) امث ؛ امذ .
۱. گھنڈی دار سوئی جس سے کاغذ نتھی کرتے ہیں ، آلپن.
ایک قلم ، ایک نب ، ایک پن کے چرانے اور لینے سے کیا الزام عائد ہوسکتا ہے .
۱۹۰۸ اساس الاخلاق ، ۵۳۹
۲. دوہرا خم کھایا ہوا تار جو ایک طرف جڑا ہوا اور دوسری طرف ایک کنارہ نوک‌دار اور دوسرے میں نوک‌دار کنارے کو پھنسانے کی ایک جگہ بنی رہتی ہے ، سیفٹی پن .
ان کے سینے پر اس تمغے کو پن سے لگایا .
۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۳۹۴
۳. کانٹا جو عورتیں اپنے بالوں کی پٹیوں وغیرہ میں لگاتی ہیں ، یا ہیر پن .
ڈوپٹوں کو خاص انداز سے اوڑھ کر ان میں پنیں لگا دیں .
۱۹۵۴ شاید کہ بہار آئی ، ۸۵
[انگ : Pin]

— پوائنٹ کرنا محاورہ .
نشان لگانا ، نشان دہی کرنا .
نقشے حاصل کیے ، . . . . عرفات سب مقامات کو پن پوائنٹ کیا .
۱۹۷۵ لبیک ، ۴۴

— جوڑ (— و مج) امذ .
دو چیزوں میں بنائے ہوئے وہ خانے یا سوراخ جن میں کیل وغیرہ ڈال کر انہیں پیوستہ کر دیا جائے ، پن کیل وغیرہ سے لگایا ہوا جوڑ .
ہر ایک پھاٹک ایک ایک فشار بند سے سیدھا کھڑا کر دیا جاتا ہے اس کا ایک سرا ایک پن جوڑ کے ذریعہ سے ایک تختی سے لگا دیا جاتا ہے .
۱۹۴۹ آبپاشی ، ۶۶۶
[پِن + جوڑ (رک)]

ــ کَرنا محاورہ .

منسلک کرنا ، ہم رشتہ کرنا ، پن لگا کر یکجا کرنا .

ڈرائینگ کے کاغذ اور کینوس پن کیے ہوئے ہیں .

۱۹۵۶ دوسری شام ، ۶

ــ کُشن (— ضم ک ، فت ش) امذ .

پن گدی ، پن دانی .

اسٹیشنری حسب ذیل . . . پن کشن ایک .

۱۹۱۶ خانہ داری ، ۲ : ۵۸

[انگ : Pin cushion]

پِن (۲) (کس پ) امذ .

آواز ، شور ، سنسناہٹ ، سیٹی ، (بندوق کی گولی وغیرہ کا) دھماکا (پلیٹس) .

[س : पिञ्ज पिञ्ज]

پُن (۱) (ضم پ) امذ .

۱. نیک عمل ، نیکی ، ثواب کا کام .

آہی تو اتھاپن آپ تے پاک اس پن تے نران پاپ تے پاک

۱۷۰۰ من لگن ، ۱۲

جوالا کاشی جگن ناتھ سب کیے تیرتھ
ہوا نہ تجکو پہ پرگھٹ کہ کیا ہے پن اور پاپ

۱۸۶۴ دیوان حافظ ہندی ، ۱۵

یہ نہیں تو کیا میرے پن کا پھل تھا ، جو دم بھر کے لیے جھلک دکھا کر اوجھل ہو گیا .

۱۹۳۸ شکنتلا ، اختر حسین رائے پوری ، ۱۵۱

۲. تصدق ، خیرات .

رہیا گرچہ منجھ دہن نہوئی کر پچھان
سری دہن کی پن اس میں پایا نشان

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۳۲

دان ، پن ، خیرات و زکوٰۃ دینے کی رسم سے فیاضی کی عادت پیدا ہوتی ہے .

۱۸۷۳ مکمل مجموعہ لیکچرز و اسپیچز ، ۹۳

دان اور پن خیرات اور صدقہ دینے کا احساس نہیں
دولت تو ہے اب بھی لیکن ایمان ان کے پاس نہیں

۱۹۴۷ شعر انقلاب ، ۱۱۱

۳. (مجازاً) بخشش ، احسان .

ہمن پاپ تے پن ترا زیاست ہے
نہیں شک کچ اس میں کہ یو راست ہے

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۵

[س : पुण्य पुण्य]

ــ اُدے ہونا محاورہ .

سخاوت جاری رہنا .

جب تک آدمی کا پن آدے ہوتا ہے سب اس کے غلام رہتے ہیں اور جب سخاوت گھٹ جاتی ہے تو بھائی دشمن ہو جاتے ہیں .

۱۸۰۴ بیتال پچیسی ، ۲۹

ــ پَرتاب/پَرتابی (— فت پ) امذ/صف .

رک : پن کرم ، مہربانی و فیاضی/سخی ، فیاض ، مہربان .

پاپن مر بھاگن کے پاپوں کی وجہ سے آپ جیسے پرتابی اور دھرماتما کو بھی اس قدر کشٹ ہوا اور مجھ بد نصیب کی بدولت آپ کا سب پن پرتاب نشٹ ہوا .

۱۹۱۵ آریہ سنگیت رامائن ، ۲ : ۲۰۳

[پن + پرتاب / پرتابی (رک)]

ــ دان امذ .

بخشش ، خیرات ، خیر خیرات .

اس وقت اتنی ہی رقم بہت ہے اور پن دان پھر ہوتا رہے گا .

۱۹۱۳ چھلاوا ، ۲۷

[پن + دان (رک)]

ــ دان دینا محاورہ .

خیرات دینا .

راگ رنگ منانے اور شادیانے بجوانے ، گھر گھر جشن کئے اور پن دان دینے .

۱۹۲۴ محمد کی سرکار میں ایک سکھ کا نذرانہ ، ۱۱

ــ کَرنے پاپ ہوتا کہاوت .

نیت نیکی کی ہو اور برائی ہو جائے .

میں جا بیٹھوں کہیں تم ملو آپ آپ
ہے دستور پن کرتے ہوتا ہے پاپ

۱۷۸۱ مجموعہ ہندی ، ۶۷

ــ کَرم (— فت ک ، ر) امذ .

نیک کام .

پن کرم کرکے سورگ میں جاتے ہیں .

۱۸۹۰ جوگ بششٹھ ، ۲ : ۱۶۹

[پن + کرم (رک)]

ــ کَرنا محاورہ .

۱. وقف کرنا ، نام زد کرنا ، بخشنا ، عطا کرنا .

مندروں پر چڑھاوے بھیجے ، برہمنوں کو زمینیں پن کیں .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۸ : ۱۳۰

ایک ہندو اپنی بہت بڑی جائداد مذہبی کاموں کے لیے پن کر گیا .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۱۸۹

— کی جڑ سدا ہری کہاوت .

نیکی میں سدا برکت ہے (نجم الامثال ، ۱۲۷) .

پن کی جڑ سدا ہری ، دیا ہر وقت برکت پہنچاتا ہے .

۱۸۸۶ محاورات ہند ، ۳۸

— وان صف .

خیرات کرنے والا ، نیک .

جو پن وان ہیں وہ لچھمی کو موکش میں لگاتے ہیں .

۱۸۹۰ جوگ بششٹھ ، ۲ : ۳۲۱

[پن + وان ، لاحقۂ صفت]

— ہانی امث ؛ ~ پنہانی .

(گلّہ ہانی) مویشی کی چھڑائی یا واپسی کا تاوان یا معاوضہ جو (مالک یا گلّے بان) مویشیوں کے چور کو دیتا ہے جو جنگل میں سے بھولے بھٹکے مویشی کو باندھ لے جائے ، لنگوری ، بھروتی (ماخوذ : ا پ و ، ۵ : ۸۱) .

اف : دینا .

[پن + ہانی (؟) لاحقۂ معاوضہ]

پُن (۲) (ضم پ) امذ .

مرد ، نرینہ ، نر ، بلحاظ جنس مذکر ، بیشتر تراکیب میں مستعمل (پلیٹس) .

[س : پن پ]

— سَون (— فت س ، و) صف ؛ امذ .

نر پیدا کرنا ، نر بچے کے پیدا ہونے کا سبب بننا ؛ ہندوؤں کی معاشرتی و مذہبی تقریب جو عورت کے حاملہ ہونے کی پہلی علامات ظاہر ہونے پر منعقد ہوتی ہے (پلیٹس) .

[پن + سون (رک)]

— شَکتی (— فت ش ، سک ک) صف .

مردانگی ، قوت مردانہ ، رجولیت ، قوت باہ رکھنے والا (پلیٹس) .

[پن + شکتی (رک)]

— گاو (— سک و) صف ؛ امذ .

سب سے اعلیٰ ترین مردانہ خصوصیات کا حامل ، ہیرو (پلیٹس) .

[پن + گاو (رک)]

— لِنگ (— کس ل ، غنہ) امذ .

(قواعد) صیغۂ تذکیر ، آلۂ رجولیت ، مرد کا عضو تناسل (پلیٹس) .

[پن + لنگ (رک)]

— ناگ امذ .

(مجازاً) مرد ، مردانگی ؛ ہاتھی جیسا ؛ سفید ہاتھی ؛ گل دکمہ ، ترنجان لاط: Rottleria tinctoria کا درخت جو عرف عام میں بوتل برش بھی کہلاتا ہے اور اس کے پھول سے زرد رنگ بھی تیار ہوتا ہے ؛ جائفل ؛ سفید کنول (پلیٹس) .

[پن + ناگ (رک)]

— نِچھتر/نکشتر (— کس ن ، سک چھ ، فت ت/سک ک ، ش)

ستاروں کا جھمکا ، تارہ جو مذکر مانا جاتا ہے ؛ ستاروں کا وہ برج جس کے زیر اثر مرد کی پیدائش تصور کی گئی ہے (پلیٹس) .

[پن + نِچھتر/نکشتر (رک)]

پُن (۳) (ضم پ) م ف .

پھر بھی ، پیچھے ، بعد ، دوبار ، رک ؛ پنر (پلیٹس ؛ ہندی اردو کی لغت ، ۳۴) .

[س : پنہ : पुन]

— پُن (— ضم پ) م ف .

بار بار ، کئی بار ، روزانہ ، ہر روز (پلیٹس) .

[پُن + پُن (رک)]

۔۔۔ پَن (فت پ) لاحقہ .

مرکبات میں جزو ثانی جو اسما و صفات کے آخر میں بطور لاحقۂ کیفیت لگایا جاتا ہے .

تالیاں لب سڑک دھلی دھلائی ، ایک عجیب مصفیٰ پن برستا ہے .

۱۸۹۹ میرے کی کنی ، ۱۵

دیکھے تو میرے شوق کا یہ پختہ پن کوئی
لگتا نہیں کہ دل میں ہے اب بھی لگن کوئی

۱۹۵۸ تارپیرا پن ، ۲۵۵

[س : تون : तवं]

پَنا (فت پ) امذ۔

کپڑے کے تھان کی چوڑان جو ضرورت اور کپڑے کی نوعیت کے لحاظ سے چھوٹی بڑی رکھی جاتی ہے، پاٹ، عرض، بر۔

مفت بھی ہو، بڑے پنے کا بھی ہو۔

۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ، ۱: ۵۳۲

[ف: پہنا (رک)]

پُنا (ضم پ) م ف۔

رک: پُن (۳) (پلیٹس):

پَنّا (۱) (فت پ، شد ن) امذ۔

(جوہری) ایک درخشاں سبز رنّگ کا قیمتی پتھر (اس جوہر سے مرگی کے مرض کو فائدہ پہنچتا ہے کہتے ہیں کہ سانپ اسے دیکھ کر اندھا ہو جاتا ہے۔ جس پنے کی رنّگت میں جھالا دکھائی دے اسے منحوس خیال کرتے ہیں)، زمرد۔

موتی، لعل، ہیرا، پنا اور کچھ زری باف خرجیوں میں بھر بیلوں پر لاد کر کشمیر کی راہ لی۔

۱۸۰۳ اخلاق ہندی، ۵۰

ذرہ ذرہ اپنی جگہ خود جن کا ہیرا اور پنا تھا
ان دیواروں کی قسمت میں زندان فرنگی بننا تھا

۱۹۴۶ جوئے شیر، ۳۰۵

[س: آپ نکہ: आपनिक]

پَنّا (۲) (فت پ، شد ن) امذ۔

۱۰ چاندی سونے قلعی یا کسی بھی دھات کا ورق، پنّی یا اس کا ٹکڑا۔

زردوزی ایسی بنی، ایسی باریکی چھنی کہ باہر ہندو اس کے پنے جو ہائیں بچائے جیغہ و سر پیچ سر پر لگائیں۔

۱۸۲۴ فسانۂ عجائب، ۱۰

۲۰ چاندی یا سونا (پتروں کی شکل میں)۔

پانوں کے لچھے بھی بننے کو دے دینا، مگر سونا پنے کا خریدنا۔

۱۹۱۰ راحت زمانی، ۵۰

۳۰ ورق (کتاب وغیرہ کا)۔

جھوٹا حساب بنا کر پیش کر دیا، بلکہ روکڑ کا پنا تک نکال کر جمع خرچ بدل دیا۔

۱۹۳۰ جائزۂ زبان اردو، ۱: ۸۳

[س: پرٹ + کہ: पर्ण + क]

— تَلیچھنا ف م۔

(پیشہ منہیار) تانبے پیتل (یا کسی اور دھات) کی پنی جو چوڑیوں میں لگانے کے کام آتی ہے (اس پر) لاکھی رنگ کرنا، پنی کو گرم توے پر رکھ کر اس کے اوپر رنگین لاکھ کی پوٹلی پھیر کر لاکھی رنگ چڑھانا (ماخوذ: ا پ و، ۴: ۸۳)۔

پَنّا (۳) (فت پ، شد ن) امذ۔

(جوتا سازی) جوتی کے اوپر کے حصے کی تراش کا سانچہ، اندازہ، چھانّد کا (ا پ و، ۲: ۲۱۷)؛ جوتی کے اوپر کا حصہ، اوگی۔

تدبیر زہر دینے کی ہے پائمالوں کو
پھیرے لگائے جاتے ہیں پنوں میں بوٹ کے

۱۸۳۷ کلیات میر، ۱: ۲۸۵

مخملی سلیپر . . . کے پنے عموماً عورتیں بناتی ہیں۔

۱۹۱۶ خانہ داری (معاشرت)، ۱۸۳

[س: اوپانہہ उपानह]

پَنّا (۴) (فت پ، شد ن) امذ۔

۱۰ (کھٹومر اور اچار سازی) پکی املی یا امچور اور ہڑ کو بھگو کر نتھارا اور حسب ضرورت گرم مسالے ملا کر خوش ذائقہ بنایا ہوا پانی، کھٹومر، جل زیرا (ا پ و، ۳: ۱۸۱)۔

۲۰ املی کا شربت، وہ شربت جو پکی املی کے گودے کو پانی میں ملا کر بنایا جائے۔

گلاب اور املی کا پنا اور آلو بخارے کا افشردہ، اس پر مدار رہا۔

۱۸۵۸ خطوط غالب، ۱۵۰

کیا شراب وہی ہے انا، جس کا نام ہے املی کا پنا۔

۱۹۰۱ راقم، عقد ثریا، ۴۶

[س: پانکہ: पानक]

پِنّا (۱) (کس پ، شد ن) امذ، امث: پنی۔

(دھنائی) روئی دھنکنے یعنی اس کے ریشے کھولنے اور سلجھانے کا آلہ، دھنکی (ا پ و، ۲: ۳)۔

[ا: پن، پننا (رک) سے + نا، لاحقۂ آلہ]

— کار/گَر (— فت ک) امذ۔

(تیاری اون) اون کا تانا تیار کرنے والا کاریگر جو اونی تاگے کو صاف کرتا اور مانڈھی لگا کر چکناتا اور کرارا بناتا ہے (ا پ و، ۲: ۱۹)۔

[پنا + کار/گر، لاحقۂ صفت]

پِنّا (۲) (کس پ ، شد ن) ف ل .

رک : پِننا (پلیٹس) .

پِنّا (۳) (کس پ ، شد ن) ف م .

پیننا (رک) کا مخفف (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۲) .

پِنّا (۴) (کس پ ، شد ن) امذ .

گانٹھ ، گومڑ ، ڈھیلا ، گولا ؛ سوت وغیرہ کا گولا ؛ دھاگے کی ریل ، پیچک (پلیٹس) .

[س : पिण्डक : پنڈک]

پِنّا (۵) (کس پ ، شد ن) امذ .

سرسوں یا تل وغیرہ کا پھوک جو تیل نکالنے کے بعد بچتا ہے ، کھلی (پلیٹس) .

[س : पिण्याक : پِن یا ک]

پُنّا (ضم پ ، شد ن) ف م .

رک : پُننا (پلیٹس) .

. . . پَنا (فت پ) لاحقہ .

رک : . . . پن ؛ اکثر اسما و صفات کے ساتھ حالت مغیرہ میں مستعمل ، سراپا ، خودی ، اپنا آپا یا کسی چیز کا مکمل عکس .

جیو ، کوں اپنے آدمی پنے کوں باہر نکالیا یعنی روح کوں نابوج سکتا .

۱۶۲۸ شرح تمہیدات ہمدانی (ترجمہ قلمی) ، ۱۶

سٹ گیا دکھ مگر غیرت صد گلشن ہے
بائے اس اجڑے پنے پر بھی و ہی جوبن ہے

۱۸۹۰ فسانۂ دلفریب ، ۹

خط کی خوبصورتی اور سڈول پنے میں فرق آ جاتا ہے .

۱۹۲۳ انشائے بشیر ، ۱۴

پَنارا/پَناری (فت پ) امذ ؛ امث .

رک : پنالا ؛ پنالی (پلیٹس) .

پِناک (کس پ) امذ .

۱. (موسیقی) ایک قسم کا باجا : ایک لکڑی جو کمان کے برابر لمبی ہوتی ہے اس کو تھوڑا سا خم دے کر تانت سے باندھتے ہیں اور لکڑی کا پیالہ اوندھا دونوں طرف رکھتے ہیں اور غچک کی طرح بجاتے ہیں ، سربتان (آئین اکبری ، ۲ : ۲۲۳) .

کوئی ڈھولک بجاوتی ہیں . . . کوئی پناک .

۱۷۳۶ قصہ مہر افروز و دلبر ، ۱۶۸

پناک ، اس کو سربتان بھی کہتے ہیں .

۱۹۷۵ ہندوستانی تہذیب کا مسلمانوں پر اثر ، ۳۶۹

۲. ڈنڈا ، سونٹا ، لاٹھی ؛ کمان ، قوس ؛ شیوجی کی کمان ؛ تین نوکوں والا نیزہ ، ترسول (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۲) .

[س : پناک पिनाक]

— نَین/نین (— ی لین / ی مج) صف ؛ امذ .

بےرحم یا سخت آنکھوں والا (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۲ ؛ پلیٹس) .

[پناک + نین (رک)]

پَنا کال (فت پ) امذ .

بارش کی کثرت سے فصل کی خرابی اور قحط کا ہونا (ا پ و ، ۶ : ۳۷) .

[رک : پن (۳) + اکال (رک)]

پِناکی (کس پ) .

(الف) صف .

ترسول سے مسلح ، ترسول بردار ، شیوجی کا لقب (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ ؛ ۱۰۲) .

(ب) امث .

ایک قسم کا باجا ، ایک قسم کی سارنگی ؛ رک : پناک (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۲ ؛ ہندی اردو لغت ، ۱۸۴) .

[رک : پناک + ی ، لاحقۂ صفت و نسبت]

پُناگ (ضم پ ، شد ن نیز بلا شد) امذ .

۱. سلطان چنپا (اس کا پیڑ بڑا اور سدا بہار ہوتا ہے ، پتیاں گول بیضوی اور دونوں سروں پر تقریباً برابر چوڑی اور چمپا کی پتیوں سے مشابہ ہوتی ہیں ٹہنیوں کے سرے پر لال رنگ کے پھول گچھوں میں لگتے ہیں پھولوں میں کیسر ہوتا ہے جو پناگ کیسر کہلاتا ہے اور دوا میں کام آتا ہے پھل بھی گچھوں میں لگتے ہیں اس درخت کی لکڑی مضبوط اور سرخی مائل بادامی رنگ کی ہوتی ہے یہ عمارتوں وغیرہ میں لگتی ہے چھال کو چھیلنے سے ایک قسم کا خوشبودار رس یا گوند نکلتا ہے - پھلوں کے بیج سے تیل نکلتا ہے) (ماخوذ : شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۴۷) .

۲. سفید کنول ؛ جائے پھل ؛ انسانوں میں بڑا ، اعلیٰ انسان ؛ رک : پُن (۲) کا تحتی ' بن ناگ ' (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۴۷ ؛ پلیٹس) .

[س : पुन्नाग پناگ]

پَنا گاہ (فت پ) امث ؛ امذ .

رک : پناہ گاہ ، پناہ (رک) کا تحتی (اسٹین گاس) .

پَنالا (فت پ) امذ ، مث : پنالی .

رک : پرنالہ (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۵) .

تھا پنالا ڈھابے پر اس گھر کے ایک
کاٹا تھا اس وقت دو مرغی وہ نیک

۱۷۹۲ تحفۂ الاحباب (ق) ، ۱۴۲

پِنالٹی (کس مج پ ، سک ل) امث ؛ امذ ؛ ~ پینلٹی .

(کسی جرم یا غلطی کی) سزا ؛ جرمانہ ؛ (کھیل) قواعد کی خلاف ورزی کرنے پر کھلاڑی یا ٹیم کو دی جانے والی سزا (اس صورت میں عموماً مخالف ٹیم کو کوئی فائدہ دیا جاتا ہے) .

حملہ بچانے والی ٹیم کا اگر کوئی کھلاڑی اپنی ,,ڈی،، کے اندر کوئی غلطی کرتا ہے . . . تو مخالف ٹیم کو پنالٹی دیا جاتا ہے .

۱۹۶۷ ،مشرق، کراچی ، ۲۳ نومبر ، ۵

[انگ : Penalty]

پَنالی (فت پ) امث .

پنالا (رک) کی تصغیر (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۵) .

— پڑنا محاورہ .

رک : پرنالی پڑنا (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۵) .

پَنانا (فت پ) ف م ؛ ~ پنہانا .

مویشی کے تھن میں دودھ اترنا (پائیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۲) .

[س : پانیہ पानीय سے]

پِنانا (کس پ) ف م (قدیم) .

رک : پنہانا (پہنانا) .

عید سوری انند لیایا ہے جگت اپ نورسوں پنا یا ہے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۵۹

پُنانا (ضم پ) ف م .

پُنّا (رک) کا تعدیہ ؛ گالیاں دلوانا ، برا بھلا کہلوانا (پائیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۲) .

پَناہ (فت پ) امث ؛ امذ .

۱. حمایت ، سہارا ، پشتی ، پشت پناہی ، حفاظت .

نگہبان میرا تو منجہ رکھ نگاہ مجے دیو دشمن تے تیرا پناہ

۱۵۶۳؟ پرت نامہ (اردو ادب ، جون ۱۹۵۷ء ، ۱۰۲)

ہے اسیراں کا شہنشہ دوجہاں میں یا الٰہ
ہو رقبلہ میں نہ جاؤں منج کوں ہے تیرا پناہ

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲۳

اگر تو پناہ خدا کی چاہتی ہے تو میں بھی عزت و جلال اس کے کی پناہ مانگتا ہوں .

۱۸۵۵ غزوات حیدری ، ۱۰

مجکو خدا کی حفاظت بس ہے ، میں تمہاری پناہ سے استعفا دیتا ہوں .

۱۹۱۱ سیرۃالنبی ، ۱ : ۲۲

۲.(i) بچنے کا ٹھکانا ، امن کی جگہ ، مامن .

ہے جمشید سا مرتبے میں وہ شاہ
خدا کا ہے سایہ جہاں کی پناہ

۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۸

کہیں تو پاؤں کو پھیلا کے سوئے راحت
کہیں تو شاد کو اے زندگی پناہ ملے

۱۹۲۷ شاد ، میخانۂ الہام ، ۳۰۲

(ii) بچاو کا ذریعہ ، آڑ ، اوٹ (جو کسی صدمے سے بچنے کے لیے ہو) .

اپنی تلوار سر پر رکھی اور اس ترکیب سے ضرب شمشیر سے پناہ کی پناہ کی .

۱۸۷۹ بوستان خیال ، ۶ : ۷۶۴

اسیر نے سپر کو چہرے کی پناہ کیا .

۱۹۰۰ طلسم خیال سکندری ، ۲ : ۳۶

۳. بچاو ، دوری (کسی صدمے یا ضرر سے) ، امان .

ان کا مال ظالموں کے ظلم و ستم سے پناہ میں رہے .

۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۷۳

اگر یہ کام اچھی طرح کیا جاے تو آئندہ کے بہت سے . . . اخراجات سے پناہ رہے .

۱۸۸۹ رسالہ دحسن ، ۲ ، ۸ : ۸۹

۴. (مجازاً) سایہ ، ظل ، سرن ، سرپرستی ، ذمہ داری .

زندگی معرفت الٰہی کی پناہ میں محفوظ رہ سکتی ہے .

۱۹۱۰ سی پارۂ دل ، ۱ : ۱۷۲

۵. (سیف بازی) تلوار کے قبضے پر انگاموں کے بچاو کی آڑ (ا پ و ، ۸ : ۵۴) ، (مجازاً) تلوار کا قبضہ .

پھری کو پناہ قبضے کی دکھا کر اپنے بائیں پیر پر تلوار یا پھری پر روکے .

۱۸۴۶ رسالہ بانک پنوٹ ، ۱۸

خداوندا تو میری قوت و پناہ ہے .

۱۹۳۸ تاریخ فیروز شاہی ، ۴۴

۶. (تراکیب فارسی میں جز و دوم کے طور پر مستعمل) (کنایۃ) حفاظت یا طرف داری یا ملجاو ماوا .

یونان کی تاریخ سے بھی تقریباً ہزار برس پہلے و ہی شرافت پناہ فرقہ جو دایریا، کہلاتا ہے . . . وسط ایشیا سے اٹھا .

۱۸۸۷ سخندان فارس ، ۲ : ۶

ملنے تو پھر چلے ہو مشیخت پناہ سے
قشقہ کا دیکھو آج جبیں پر نشاں نہ ہو

۱۹۲۳ کلام جوہر ، ۷۸

۷. کسی چیز یا بات کی کثرت یا شدت ظاہر کرنے کے موقع پر تنہا یا لگے بندھے فقروں میں مستعمل (رک : اللہ کی پناہ ، پناہ بخدا ، خدا کی پناہ) .

تاج محل : پناہ ! حضرت نے تو اکھٹا اتنے سوال کر دیے کہ مجھے یاد بھی نہیں رہ سکتے .

۱۹۲۵ مینا بازار ، شرر ، ۵۳

[ف]

ـــ بخدا (— فت ب ، ضم خ) فجائیہ .

خدا کی پناہ ، اللہ کی امان ، معاذ اللہ .

دو چار دن سے وہ اینچا کھینچی میں جان ہے کہ پناہ بخدا .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۱۱۵

[پناہ + ب ، حرف ربط (رک) + خدا (رک)]

ـــ پانا محاورہ .

بچاو ہونا ، بچنا ، محفوظ رہنا .

ایک قطرہ سرپر سمن کال کے ایک سر پر عمرو کے گرا ، یہ سنبھل نہ سکی ، پناہ پانی مشکل ہو گئی لہرا کر گری .

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۵۳۷

ـــ پکڑنا محاورہ .

۱. سہارا لینا ، سائے یا سرپرستی میں آنا ، صدمے سے بچنے کا (کسی شخص یا شے کو) ذریعہ بنانا .

جانور زمین حرم سے پناہ پکڑتے ہیں .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۲۳۸

سودا ، انشا ، مصحفی ، میر ، سب نے پورب کے ساکنوں کی پناہ پکڑی .

۱۹۳۳ طنزیات و مضحکات ، ۶۴

۲. چھپ جانا ، محفوظ مقام میں چلا جانا .

پتھر اور درخت جو اس کی چھاتی کے نیچے آتا ہے وہ پس کر سرمہ ہو جاتا ہے ، حاتم نے جو یہ حالت دیکھی پناہ پکڑی .

۱۸۰۱ آرائش محفل (حیدری) ، ۱۷۴

انہوں نے قوم بنی ہاشم اور بنی مطلب کے ایک پہاڑ کی گھاٹی میں آپ (صلعم) کے ساتھ پناہ پکڑی .

۱۸۹۰ تذکرۃ الکرام ، ۲۳

ـــ تیرے دیدے سے فقرہ .

(لفظاً) خدا تیری آنکھوں سے محفوظ رکھے ؛ عورت کو عورت کی طرف سے اس کی چالاکی یا بیباکی پر تنبیہ کرنے کا فقرہ (فرہنگ اثر ، ۲۳۱) .

ـــ دہی (— کس د) امث .

کسی جرم کی پاداش میں ماخوذ ہونے کے بعد عارضی طور پر بچانے کی کوشش .

آپ نے اس خط میں . . . کچھ مفصل نہیں لکھا ، کیسا قاتل ، کیسی پناہ دہی ، کیسی ریٹ ، یہ بات کیا تھی .

۱۸۶۹ خطوط سر سید ، ۶۶

[پناہ + ف : دہی ، دادن (= دینا) سے]

ـــ دینا محاورہ .

حمایت میں لے لینا ، حفاظت یا مدد کرنا ، دشمنوں سے بچانا .

اگر بات منگتا تو دیتا ہے او
پناہ دیتا ہے منگ پناہی از او

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۱۳۲

جو اپنی پناہ میں آئے اس کو پناہ دینی واجب ہے .

۱۹۳۹ افسانۂ پدمنی ، ۱۲۲

ـــ ڈھونڈنا محاورہ .

حفاظت یا مدد چاہنا ، حمایت کا طلب گار ہونا .

کیا ماریا ہے یوں توں بچاری سپاہ
مگر شہر میں جانے ڈھونڈتا پناہ

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۷۱۵

تب لوگ اپنے علما کی طرف پناہ ڈھونڈیں گے .

۱۸۶۶ تہذیب الایمان (ترجمہ) ، ۳۰۳

ـــ گاہ امث ؛ اسذ ؛ ~ پناہ گاہ .

جائے پناہ ، بچاو کی جگہ ، مامن ، ملجا ، (مجازاً) وہ خندق یا کھائی جو ہوائی حملے سے بچاؤ کے لئے بنائی جائے .

اپنی اور اپنے اہل خانہ کی حفاظت کے لئے خندق یا پناہ گاہ کا بندوبست کریں .

شہری دفاع اور آپ ، ۱۴ ؟

[پناہ + گاہ (رک)]

ـــ گزیں (— ضم گ ، ی مع) صف .

رک : پناہ گیر .

ہسپانیہ کی کچھ پناہ گزیں لڑکیاں یہاں آئی تھیں .

۱۹۳۵ گریز ، ۱۴۷

[پناہ + گزیں (رک)]

ــ گیر (ــ ی مع) صف .

۱۔ پناہ لینے والا ، مصیبت سے بچنے کے لیے (کسی محفوظ مقام پر) پہنچا ہوا ، حفاظت کی جگہ میں روپوش .

سلطان نے دارالخلافہ کے تمام ارمنی گرجوں کو بند کر دیا ہے ، پناہ گیروں کو باہر آنے کی اجازت ہے .

۱۸۹۹ بست سالہ عہد حکومت ، ۲۲۷

اکابر نے رائے دی کہ عورتیں باہر قلعوں میں بھیج دی جائیں اور شہر میں پناہ گیر ہو کر مقابلہ کیا جائے .

۱۹۱۱ سیرت النبی ، ۱ : ۳۴۲

۲۔ (شاذ) پناہ میں لینے والا ، پناہ دینے والا .

اس شاہ باج کوئی نہیں منج پناہ گیر
از غیب ہاتف آ منجے خاطر نشاں کیا

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۳۴

اسم کیفیت : پناہ گیری (پناہ لینا ، محفوظ رہنے کی غرض سے کسی جگہ پہنچنا) .

جس کے سبب پناہ گیری کے لیے وے یہاں آئے ہیں .

۱۸۷۳ ، اخبار مفید عام ، یکم ستمبر ، ۱۳

[پناہ + ف : گیر ، گرفتن (= پکڑنا) سے]

ــ لانا محاورہ .

چھپنے کے لیے آنا ، طالب امداد ہو کر پہنچنا .

طوعہ کہی کہ مسلم عقیل پناہ میرے گھر لایا .

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۱۱۱

یہ مروت نہیں کہ جو جانور اس پال میں پناہ لایا ہو کسو کو حوالے کردوں .

۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۱۵۳

ــ لے جانا محاورہ .

مدد طلب کرنا ، کسی کے پاس جا کر بچاو اور حفاظت چاہنا .

دمنہ نے کہا کہ . . . میں ہر حادثے میں پناہ اس کی طرف لے جاتا تھا .

۱۸۲۸ بستان حکمت ، ۱۸۳

میں سابقہ شقاوتوں کے لوازم سے خدا کی طرف پناہ لے جاتا ہوں .

۱۹۱۵ نیرنگ فصاحت ، ۳۸۳

ــ لینا محاورہ .

۱۔ حمایت میں آنا ، پشت پناہی چاہنا ، صدمے یا اذیت سے بچنے کے لیے کسی کے پاس ٹھہرنا یا رہنا ، دشمن کی نظر سے روپوش ہونے کے لیے کسی محفوظ مقام میں آنا .

آپ نے ان کو صلاح دی کہ حبشہ میں جا کر پناہ لیں .

۱۸۹۸ دعوت اسلام ، ۱۷

گشتا سب نے شکست کھا کر راج کھنبلہ ہی میں راجا کھنبلہ کے پاس پناہ لی تھی .

۱۹۳۹ افسانۂ پدمنی ، ۱۲۲

۲۔ آرام پانا ، راحت کی جگہ میں پہنچنا .

جدا ہو رخ سے تیری زلف میں نہ کیوں دل جائے
پناہ لیتے ہیں سائے کی آفتاب زدہ

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۲۶۷

خانہ خراب عشق نے دل میں پناہ لی
دارالامان سمجھ کے اس اجڑے دیار کو

۱۹۲۷ آیات وجدانی ، ۲۲۴

ــ مانگنا محاورہ .

۱۔ (کسی برائی سے) دوری چاہنا ، توبہ کرنا ، عبرت حاصل کرنا .

کیا کہوں اس عاشقی کی رسم و راہ
عاشقی سے مانگ صاحب خود پناہ

۱۸۰۱ رمزالعاشقین ، ۴۰

گھر والیاں زندگی سے فائدہ اٹھائیں اور مائیں میرے حالات سے پناہ مانگیں .

۱۹۱۷ طوفان حیات ، ۷۰

۲۔ داد رسی یا حمایت کا خواہش مند ہونا ، کسی کی دہائی دینا .

سلمان کو دہان اسد سے چھڑا لیا
مانگی پناہ جس نے اسی کو بچا لیا

۱۸۹۴ سجاد رائے پوری ، د (ق) ، ۱۱

اماں ملے گی نہ اب تیغ شاہ سے یارو
پناہ مانگو رسالت پناہ سے یارو

۱۹۱۲ شمیم ، بیاض (ق) ، ۲۹

۳۔ معافی کا طلب گار ہونا ، دشمن سے امان طلب کرنا .

طبل بجایا ، صدا اس کی ہر ایک بہادر کے کان میں پہنچی ، معلوم ہوا کہ دشمن پناہ مانگتا ہے .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۸۴۸

یہ خلاف قیاس ہوگا کہ چتوڑ کے راجا نے خاندان کو آگ میں جھونک کر خود بادشاہ سے آکر پناہ مانگ لی .

۱۹۳۹ افسانۂ پدمنی ، ۱۴۷

۴۔ ڈرنا ، ڈر کر مامن تلاش کرنا .

پناہ مانگتے ہیں یار تیری آنکھوں سے
ہمارے واسطے دو شیر ہیں غزال نہیں

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۱۳۷

بچائیں جان کو کیوں کر نگاہ یار سے ہم
پناہ مانگتے ہیں اس کی لوٹ مار سے ہم

۱۹۰۳ سفینۂ نوح ، ۷۶

۵۔ (آفت یا صدمے سے) محفوظ رہنے کی دعا یا خواہش کرنا۔
اے مادر مہربان آفات ناگہانی سے پناہ مانگیے۔
۱۸۰۲ نو طرز مرصع، ۲۴۶

جب پڑھو تم اے محمد صلعم قرآن، پس پناہ مانگو ساتھ اللہ کے۔
۱۸۷۳ مطلع العجائب، ۶۸

— میں آنا محاورہ۔
رک: پناہ لینا۔
حملۂ علائی میں راجہ سے امان مانگ کر سلطان کی پناہ میں آجانے سے چتوڑ کا خاندان سلامت بچ گیا تھا۔
۱۹۳۹ افسانۂ پدمنی، ۱۲۲

— میں لینا محاورہ۔
رک: پناہ دینا۔
میں تم کو اپنی پناہ میں لیتا ہوں۔
۱۹۱۱ سیرۃ النبی، ۱: ۲۲۷

— نہیں (ہے) فقرہ۔
۱۔ اس سے مفر نہیں، نہایت شدید ہے، محفوظ رہنے کا امکان نہیں، بچ نہیں سکتے۔
ان کے سحر کی پناہ نہیں، اگر یہ بیہوش نہ ہوں گے تو پھر سارا لشکر گرفتار ہو جائے گا۔
۱۸۸۲ طلسم ہوشربا، ۱: ۹۶۰

۲۔ حد نہیں، انتہا نہیں۔
دونوں بھائی اچھے وکیلوں میں ہیں لیکن چھوٹے بھائی کی قابلیت کی پناہ نہیں ہے۔
۱۹۶۲ مہذب اللغات، ۳: ۹۹

پناہندہ (ف پ، کس ہ، سک ن، فت د) صف۔
پناہ مانگنے والا، پناہ مانگا ہوا۔
جو پناہندہ آتا تھا ناچار بلحاظ شرط مشتبہ کے اس کو روک نہ سکتے تھے۔
۱۸۵۵ غزوات حیدری، ۳۹۰

[ف]

پناہی (ف پ)۔
(الف) اسم (قدیم)۔
رک: پناہ۔
اگر بات منگتا تو دیتا ہے او پناہ دیتا ہے، منگ پناہی از او
۱۶۴۹ خاور نامہ، ۱۳۲

(ب) ترکیب میں جزو دوم۔
پناہ معنی نمبر ۶ (رک) سے اسم کیفیت۔

نہایت زور و شور کے ساتھ مشیخت پناہی کی اور معتقدوں کے ہجوم سے عالم درویشی میں شاہی کی۔
۱۸۰۱ گلشن ہند، ۱۲۶

محشر سے پہلے اک دن برپا کرے گی محشر
تیری جفا نوردی میری وفا پناہی
۱۹۱۹ رعب، ک، ۳۳۸

[ف: پناہ (رک) + ی، لاحقۂ کیفیت]

پنبا (ف پ، سک م (بشکل ن) امذ۔
ایک قسم کا ہلا رنگ جو اون رنگنے میں کام آتا ہے (شبد ساگر، ۶: ۲۷۴۵)۔
[رک: پنبہ]

پنبہ (ف پ، سک ن) امذ۔
وہ دن جس میں پہلی قسط معاملہ ادا کی جائے؛ وہ سمن جو زمینداروں سے گانو والوں کو یا اسامیوں کو معاملہ کے دن ادا کرنے کے واسطے بھیجے جائیں (اردو قانونی ڈکشنری، ۱۳۹)
[مقامی]

پنبٹا (ف پ، سک ن، ف ب، شد ٹ) امذ۔
رک: پن (۱) (= پان) کا تحتی (پلیٹس)۔

پنبہ (ف نیز ضم پ، سک م بشکل ن، ف ب) امذ۔
۱۔ روئی، کپاس۔
کھڑگ رن میں کھینچے تو جب یو شجاع
سورج پنبہ نمنے جاے لک شعاع
۱۶۶۵ علی نامہ، ۲۴۴

کیوں نہ جل جاوے گھر خرد کا سراج
عشق و دل پنبہ و چراغ ہوا
۱۷۳۹ کلیات سراج، ۱۴۴

بارب رکھیں گے پنبہ و مرہم کہاں کہاں
سوز دروں سے ہائے بدن داغ داغ ہے
۱۸۱۰ میر، ک، ۸۹۶

۲۔ (i) روئی میں تیل وغیرہ ملا کر بنایا ہوا مسالا جس سے اینٹیں جوڑتے ہیں (ماخوذ: گلشن عشق (حاشیہ)، ۱۸۴)۔
(ii) رک: پنبا (شبد ساگر، ۶: ۲۷۴۵)۔

[ف

— اُٹھانا محاورہ۔
بھاگ جانا۔
ہر چند کہ لشکر کی ایڑی اٹھی مگر قیصر نے تو مارے غیرت کے پنبہ نہ اٹھایا اور کھیت نہ چھوڑا۔
۱۸۲۴ سیر عشرت، ۶۴

ـــ باف صف .

سوتی کپڑا بننے والا .

ریشم باف بخلاف پنبہ بافوں کے دیہات میں نہیں رہتے .

۱۸۸۹ رسالہ ، حسن ، جولائی ، ۴

[پنبہ + باف (رک)]

ـــ بگوش (— فت ب ، و مج) صف .

کانوں میں روئی رکھے ہوئے ، (مجازاً) غافل ، بے خبر ، بہرا .

خوابیدگان خواب اٹھے اپنے خواب سے
پنبہ بگوش چرخ ہوا آفتاب سے

۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۴ : ۵۹

اس نے اس زور سے تجویز پہ کی رد و قدح
چونک اٹھے وہ بھی جو بیٹھے ہوے تھے پنبہ بگوش

۱۹۱۴ شبلی ، ک ، ۱۰۰

[پنبہ + ب (حرف ربط) (رک) + گوش (رک)]

ـــ پا صف .

آہستہ چلنے والا ، سست رفتار .

ایک طوفان خیز نالا اپنے کنارے توڑ پھوڑ اور راستہ چھوڑ سابقہ پرسکون و پنبہ پا ندی سے جا ملا .

۱۹۶۲ آفت کا ٹکڑا ، ۲۴۰

[پنبہ + پا (رک)]

ـــ پوش (— و مج) صف .

روئی دار لباس پہننے والا .

یہ لوگ پولاد تن و پنبہ پوش تھے .

۱۹۲۸ ازمنۂ وسطیٰ ، ۵۰

[پنبہ + پوش (رک)]

ـــ داغ کس اضا امذ .

داغ کا سیاہ نشان یا زخم کا کھرنڈ .

فجر ایسی کہ گویا پنبۂ داغ
سنواری سینوتی کاو کدن باغ

۱۷۳۷ طالب و سوہنی ، ۲۸

آئی بہار پھر مجھے شوق چمن ہوا
برگ شگوفہ پنبۂ داغ کہن ہوا

۱۸۷۲ مرآۃ الغیب ، ۷۳

[پنبہ + داغ (رک)]

ـــ دانہ (— فت ن) امذ .

بنولا ، کپاس کا بیج .

کوئی پنبہ دانہ بوئے .

۱۸۳۸ بستان حکمت ، ۲۸

اگر اخراج بلغم کی ضرورت ہو تو لعوق . . . میں مغز پنبہ دانہ اضافہ کر کے . . . کھلائیں .

۱۹۳۶ شرح اسباب (ترجمہ) ، ۲ : ۲۸۹

[پنبہ + دانہ (رک)]

ـــ دَرگُلُو (— فت د ، ضم گ ، و مع) صف .

(لفظاً) گلے میں روئی ٹھنسی ہوئی ، (مجازاً) خاموش ، چپ چاپ .

اٹھا نہیں شور قلقل مے جو شیشہ ہے پنبہ در گلو ہے

۱۸۸۱ مثنوی نیرنگ خیال ، ۶۷

[پنبہ + در (رک) + گلو (رک)]

ـــ دَرگوش (— فت د ، و مج) صف .

رک : پنبہ بگوش .

پنبہ در گوش نہ رہ بہر خدا اے صیاد
سن ذرا زمزمۂ نالۂ مرغان قفس

۱۸۶۵ نسیم دہلوی ، د ، ۱۵۹

خاموش او ر پنبہ در گوش چپ چاپ بیٹھنا .

۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۱۴۰

[پنبہ + در (رک) + گوش (رک)]

ـــ دوز (— و مج) صف .

پرانے کپڑے سینے والا (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۵) ؛ **دُھنیا ، حلاج (اسٹین گاس) .**

[پنبہ + ف : دوز ، دوختن (= سینا وغیرہ) سے]

ـــ دہاں (— فت د) صف .

کم گو ، کم سخن ، چپ چپ ، خاموش .

شیشۂ مے کی یہ دراز زباں او ر پھر یہ ستم کہ پنبہ دہاں

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۱۶۱

ڈر کے سبب سے سب پنبہ دہاں ، خاموش .

۱۸۹۲ خدائی فوجدار ، ۲ : ۱۱۸

اسم کیفیت : پنبہ دہانی .

بے حس پڑا ہوں ہجر میں چپکا میں ناتواں
تکیہ نمط ہے پنبہ دہانی پلنگ پر

۱۸۴۷ کلیات منیر ، ۱ : ۱۲۵

[پنبہ + دہاں (رک)]

ـــ دہن (— فت د ، ہ) صف .

رک : پنبہ دہاں .

کھلا نہ حال کسی مست لا ابالی کا
مدام پنبہ دہن شیشۂ شراب رہا
۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۳۹

لب کو جنبش نہ ہو اس دور میں شکل لب جام
بیٹھ رہ پنبہ دہن صورت مینا ہو کر
۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۹۴۴

اسم کیفیت : پنبہ دہنی .

میں زری کم سخن ہوں بیہودہ بک بک کا عادی نہیں ، لوگوں نے پنبہ دہنی کا الزام گڑھ لیا .
۱۹۲۴ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۹ ، ۴۳ : ۵

[پنبہ + دہن (رک)]

ــ رکھنا محاورہ .

پھایا رکھنا ، (مجازاً) آگ لگانا .

اسباب نہ جمع کر شرر کے رکھ پنبہ نہ داغ پر شرر کے
۱۸۳۸ گلزار نسیم ، ۳۱

ــ زار امذ .

کپاس کا کھیت .

عجب ہے گر نہ جلے پنبہ زار عقل سراج
جگر میں شعلہ فشاں ہے ہمیشہ اخگر آہ
۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۴۰۴

عشق کے ساتھ عقل کی یاری پنبہ زار دوئی کی چقمق ہے
۱۸۰۹ شاہ کمال ، د ، ۳۱۴

[پنبہ + ف : زار ، لاحقۂ ظرف]

ــ شیشہ مے کس اضا (— ی مع ، فت ش ، کس ء) امذ .

رک : پنبۂ مینا جو زیادہ مستعمل ہے .

از پئے داغ دل بادہ پرستان بیدار پنبۂ شیشۂ مے مرہم کافور ہوا
۱۷۹۴ بیدار ، د ، ۱۹

پونچھ کر بادہ کشی میں لب گلگوں ان کے
پنبۂ شیشۂ مے کو گل تر ہم نے کیا
۱۸۵۴ غنچۂ آرزو ، ۱۹

[پنبہ + شیشہ (رک) + مے (رک)]

ــ صحرائی کس صف (— فت ص ، سک ح) امث .

کپاس کے پودے سے مشابہ ایک ہودا ، جنگلی کپاس .

اس (اپیکا کیوانا) کو ملک ویڈ یعنی شیر گیاہ ، ملک ویڈ یعنی حریر گیاہ اور وائلڈ کاٹن یعنی قطن بری یا پنبۂ صحرائی بھی کہتے ہیں .
۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، ۲ : ۱۷

[پنبہ + صحرائی (رک)]

ــ غفلت کان سے نکالنا محاورہ .

ہوشیار ہونا ، با خبر ہونا ، متوجہ ہونا .

کسی کو کیا غرض . . . کہ اہل جوہر کی عرض سنے پنبۂ غفلت کان سے نکال کر . . . سر دھنے .
۱۸۷۳ عقل و شعور ، ۳

ــ گردنی کس صف (— فت گ ، سک ر ، فت د) امذ .

روئی کا دگلا ، روئی بھر کر بنی ہوئی جھول ، (جو سردی میں گھوڑے کی گدی سے پونچھ تک باندھتے ہیں جس سے اس کے کان بھی ڈھکے رہتے ہیں) .

دفع سرما کی اس کے کوشش ہو پنبۂ گردنی کی پوشش ہو
۱۸۴۱ زینت الخیل ، ۱۶۰

[پنبہ + گردن (رک) + ی ، لاحقۂ صفت و نسبت]

ــ محلوج کس صف (— فت مج م ، سک ح ، و مع) صف .

دھنی ہوئی روئی .

حکم دیا کہ شیر خوار بچوں کو انہیں کی ماؤں بہنوں کے سروں پر دے دے ماریں ، جس سے وہ پنبۂ محلوج کی طرح پاش پاش ہو کر ہلاک ہو گئے .
۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۲ : ۴۰

[پنبہ + محلوج (رک)]

ــ مینا کس اضا (— ی مع) امذ .

سفید مسالے سے بنی ہوئی ڈاٹ جو شراب کی بوتل پر لگائی جاتی تھی ؛ روئی جو ڈاٹ کی طرح شراب کی بوتل یا صراحی کے منہ پر لگاتے ہیں ، (مجازاً) وہ جھاگ جو بوتل کھلتے ہی بوتل یا صراحی کے منہ پر آ جاتے ہیں .

تشنہ لب کوں تشنگی سے کی نہیں ناسور ہے
پنبۂ مینا اسے جیوں مرہم کافور ہے
۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۲۲۷

جام بلوریں یا مے لعلیں صبح بہار و گلشن رنگیں
پنبۂ مینا بر سر مینا اختر صبح و گنبد خضرا
۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۶۶

کہتے ہیں جس کو پنبۂ مینائے شب فروز
ہم میکشوں میں نام ہے صبح بہار کا
۱۹۳۲ ریاض رضوان ، ۲۷

[پنبہ + مینا (رک)]

ـــ نَدّاف کس اضا (— فت ن ، شد د) امذ .

دھنے کی دھنی ہوئی روئی (جس کے ریزے دھنائی سے زیادہ صاف اور الگ الگ ہو جاتے ہیں ، (مجازاً) دُھنی ہوئی روئی کا گالا .

اس بت کے غم میں میں نے دھنا سر کو اسقدر
سب بال میرے پنبۂ نداف ہو گئے

۱۸۷۳ دیوان فدا ، ۳۵۷

[پنبہ + نداف (رک)]

پُنبئی (ضم نیز فت پ، سک م بشکل ن ، فت ب) صف ~ پنبی .

۱. روئی دار (کپڑا) ، نیز وہ شے جو روئی سے منسوب ہو .

دو مہینے سے زیادہ لباس پنبئی کی احتیاج نہیں .

۱۸۰۵ آرائش محفل ، افسوس ، ۱۲۹

سردی کے آتے ہی پنبئی پردے کمروں ، دالانوں کے دروں پر باندھ دیے جاتے ہیں .

۱۹۳۳ فراق دہلوی ، مضامین فراق ، ۴۵

۲. ایک رنگ جو بنولے یا کپاس کی ڈنڈیوں کے رنگ سے ملتا جلتا ہوتا ہے ، (بعض کے نزدیک پیلا رنگ بھی ہوتا ہے) رک : کپاسی ؛ رک : پنبا .

رنگ کبوتروں کے یہ ہیں . . . پنبئی . . . پہازی وغیرہ .

۱۸۷۲ رسالہ سالوتر ، ۲ : ۵۱

[رک : پنبہ + ئی ، لاحقۂ نسبت]

ـــ راوٹی (— سک و) امث ؛ ~ پنبی راوٹی .

روئی کا بنا ہوا خیمہ ؛ وہ مکان جو امیر لوگ موسم گرما میں روئی کا بنوا کر خس خانہ کی طرح اس پر پانی چھڑکوایا کرتے ہیں تاکہ سرد رہے ، سرد خانہ (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۲ ؛ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۲) .

[پنبئی + راوٹی (رک)]

پنبی (فت پ ، سک م بشکل ن) امذ .

اینٹیں جوڑنے کا مسالہ (علمی اردو لغت ، ۳۷۲) .

[مقامی ؟]

پُنبی (ضم نیز فت پ ، سک م بشکل ن) صف ؛ امث .

۱. روئی کا بنا ہوا یا بنی ہوئی (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۲) .

۲. رک : پنبہ معنی نمبر ۲ .

صفا شہد سوجی کا حلوائے تر سو پنبی ہوئی جوڑنے گچ بہتر

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۸۴

[پنبہ + ی ، لاحقۂ نسبت و صفت]

پنپانا (فت پ ، سک ن) ف م .

پنپنا (رک) کا تعدیہ ، ترقی کرانے تازگی دینے خوش حالی لانے میں مدد گار ہونا (پلیٹس) .

پِن پِن (کس پ) امث .

۱. بھنبھناہٹ ، زناہٹ .

تھوڑی سی کم یہ ہوں سو کیا ممکن
جوں کی توں ہی رہے گی یہ پن پن

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۳۶۳

۲. بچے کے رونے کی آواز (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۰۶) .

[حکایت الصوت]

پنپنا

(فت پ ، ن ، سک پ) ف ل .

۱. (پودے کا) بڑھنا ، لہلہانا ، نشو و نما پانا ، سر سبز ہونا ، جوبن پر آنا ، پھلنا اور پھولنا نیز مرجھانے یا کمھلانے کے بعد از سر نو ہرا ہونا .

ولے جھاڑ پیڑتی اکھڑے پچھیں کیا پنپتا ہے .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۴۳

تاثیر سوز عشق سے اگتے ہی جل گئے
پنپے کبھی شجر نہ ہمارے مزار کے

۱۸۷۴ بیخود (ہادی علی) ، د ، ۸۳

ان کی مثال اس کھیتی کی سی ہے جو . . . . ایک ننھی سی سوئی کی شکل میں نکلے پھر بڑھتی اور پنپتی ہوئی اپنے سہارے کھڑی ہو جائے .

۱۹۲۶ غلبۂ روم ، ۱۹۶

۲. مرض سے صحت پانا ، صحت مند ہونا ، (لاغری سے) فربہی آنا .

عشق کا مارا ہے کیا پنپے گا میر
حال ہے بد حال اس بیمار کا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۸۵۰

تربیت کے خوان پر جو بے شمار غذائیں چنی ہیں ، ذہن ان سب کو کھا کر نہیں پنپ سکتا .

۱۹۳۶ تعلیمی خطبات ، ۱۳۷

۳. رنج و غم یا انقباض سے چھوٹنا ، صعوبت یا کلفت نکلنا ، نجات پانا ، دلشاد ہونا ، خوشدل ہونا .

دونوں طرف سے دل کا لگنا بلائے جاں ہے
ہرگز نہ کوئی پنپا مارا ان الفتوں کا

۱۷۸۶ میر حسن ، د ، ۲۹

رنج و ضعف و بلا اذیت محنت
پنپا ہی نہ میں تو ان دکھوں کے مارے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۱۷۱

لکھنؤ کے سفر سے ابھی پنپا نہیں ہوں .

۱۹۱۳ مکاتیب مہدی ، ۲۷۸

۴. (صدمے یا نقصان کے بعد) سنبھلنا ، ہوش میں آنا ، ہار سے کھوئی ہوئی طاقت وغیرہ حاصل کرنا .

بنے جس طرح ان کو قتل کیجو
پنپنے کی انہیں فرصت نہ دیجو

۱۸۳۸ ناسخ ، شہادت نامۂ آل نبی ، ۱۲

جو خاندان کہ تباہ و برباد ہوے ہیں ان کا جلد پنپنا آسان نہیں .

۱۹۳۶ راشد الخیری ، عالم نسواں ، ۵

۵. عروج پانا ، ترقی کرنا (بیشتر خستہ حالی یا تنزل کے بعد) .

میں اس وقت ہرگز نہیں سمجھتا تھا کہ قوم پھر پنپے گی اور کچھ عزت پائے گی .

۱۸۹۸ سر سید ، مکمل مجموعۂ لیکچرز و اسپیچز ، ۳۹۹

مسلمانوں کا پنپنا اور ہندوستان میں عزت سے رہنا دشوار ہے .

۱۹۳۸ حالات سرسید ، ۳۵

۶. (مقابلے میں) سر اٹھانا ، ابھرنا ، غلبہ پانا .

بنی عباس کی حکومت کے زمانے میں یہ لوگ کچھ پنپ چلے تھے .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۱۹۰

عشق . . . کے بھی جراثیم ہوتے ہیں مگر اس قدر کمزور ہوتے ہیں کہ دوسرے امراض کے جراثیم ان کو پنپنے نہیں دیتے .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۳ : ۱۴۰

[س : پانیہ + پا **पानीय + पा**]

پنپنانا (کس پ ، سک ن ، کس پ) ف ل .

۱. منمنانا (پینک یا نشے کی حالت میں بولنا) .

بیگم نے پنپنانا شروع کیا مگر حقہ بردار لونڈی نے جھک کر کان میں کچھ کہا جسے سن کر بڑی بی کو ہوش آیا .

۱۹۴۱ بیماری زمین ، ۲۰

۲. (گولی وغیرہ چلتے وقت) زناٹے کی آواز نکلنا ، سنسنانا (پلیٹس) .

۳. پن پن کی آواز نکالنا ، کبھی روتے وقت ناک سے آواز نکالنا ، دھیمی آواز سے رک رک کر رونا ، بیمار اور کمزور بچے کا رونا (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۰۷) .

[ہ : پنپنانا **पिनपिनाना**]

پنپناہٹ (کس پ ، سک ن ، کس پ ، فت ہ) اسث .

۱. پن پن کی آواز جو عموماً گولی تیر وغیرہ چلتے وقت پیدا ہوتی ہے ، زناٹا ؛ سنسناہٹ ، بھنبھناہٹ .

اس مچھر کو سکیت (انافیلس) کہتے ہیں ، کیونکہ اس کے اڑتے وقت پنپناہٹ کی آواز پیدا نہیں ہوتی ہے .

۱۹۳۳ حمیات اجامیہ ، ۵

۲. پن پن کر کے رونے کی آواز ، پن پن کر کے رونے کا عمل (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۰۷) .

[پنپنا ، پنپنانا (رک) سے + ہٹ ، لاحقۂ کیفیت]

پنپنہاں (کس پ ، سک ن ، کس پ ، سک ن) صف ؛ مث : پنپنہیں .

۱. نفرت انگیز ، ناخوشگوار ، مکروہ ، ناگوار (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۲) .

۲. پن پن کرنے والا بچہ ، رونا لڑکا ، بیمار یا کمزور بچہ (شبد ساگر ، ۶ : ۳۰۰۶) .

[ہ : پنپنہاں **पिनपिनहां**]

پنت (ف ت ، سک ن) امذ ؛ ~ پنتھ .

۱. راستہ ، راہ ، پاٹ ، سڑک .

توں گھر آوے پیارے کنت
او بھی دیکھوں تیری پنت

۱۵۰۳ نو سرہار (اردو ادب ، ستمبر ۱۹۵۷ ، ۶۸)

تیری پنت کی دھول انجن کروں
درد دوک کوں یکدھر تھے بھجن کروں

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۷

سب پنتھ میں ، سب چال میں ، سب ڈھال میں خوش ہیں
پورے ہیں وہی مرد ، جو ہر حال میں خوش ہیں

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۲۲۱

۲. (i) مذہب ، دین ، مسلک ، فرقہ ، ذات پات ،

جکوئی ماتی ہے سائیں کے حسن چھب تھے
اوسے مانیں نیہ پنت میں جگ سارا

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۲۹۶

وے جانتے انت کوں انا کے
وے بوجتے پنت کوں فنا کے

۱۷۰۰ من لگن ، ۱۶

میں فقیر ہوں میرا پنت یعنی مذہب و مسلک تم سب سے جدا ہے .

۱۸۸۸ طلسم ہوشربا ، ۳ : ۱۸۷

(ii) (مجازاً) اصول و آئین ، دستور ، طور طریق .

دانش تمن تھے آئیا ، جگ پنت تمارا دھائیا
بینش تمن تھے پائیا ، جگ میں سو پیدا یا علی

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۳۷

۳۔ مذہبی پیشوا ، گرو ۔
جتنے . . . مہنت ، پنت ، ساونت تھے ، اپنے اپنے زرہ بکتر ، خود چار آئینے پہن . . . حاضر ہوئے ۔
۱۸۰۱ مادھونل اور کام کندلا ، ۷۹
[رک : پنتھ]

— دیکھنا ف س ۔
راستہ دیکھنا ۔
عطارد بلا یا منجے بیگ اتال
کہ پنت دیکھتی تجسو دھن بست چال
۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۸۹

پَنْتَر بگاڑنا محاورہ ۔
پنتھر بگڑنا (رک) کا تعدیہ ۔
ساحروں کو زیر تیغ رکھ لیا تھا ، منتر جنتر سب گرد تھا ، بڑے بڑے دھنتروں کے پنتر بگاڑ دیے تھے ۔
۱۸۸۸ طلسم ہوشربا ، ۳ : ۳۸۲

پَنْتَر ڈھیلے کَر دینا محاورہ ۔
رک : پنتر بگاڑنا ۔
رام رام ، ہے شری رام ، پنتر ڈھیلے کر دیے نر دئی نے ۔
۱۹۶۶ سودائی ، ۶۸

پَنْتوا (ف پ ، سک ن ، ف ت) امذ ۔
ایک قسم کی مٹھائی (پلیٹس) ۔
[ہ : پنتوا पन्तुआ]

پَنْتون (ف پ ، سک ن ، و مع) امذ ۔
چوڑے پیندے کی کشتی ، کشتیوں کے پل کی ایک کشتی ، نیز ایسی کشتیوں پر بنا ہوا عارضی پل ۔
ایک پل پنتونوں (Pontoon) پر سہارا ہوا ہے ۔
۱۹۳۱ تعمیروں کا نظریہ اور تجویز ، ۲ : ۸۱۸
[انگ : Pontoon]

پَنْتیاری (ف پ ، سک ن ، کس ت) امث ۔
قطار ، صف (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۳۶) ۔
[ہ : پنتیاری पंत्यारी]

پَنْتھ (ف پ ، سک ن) امذ ؛ سہ پنت ۔
۱۔ رک : پنت معنی نمبر ۱ (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۳۳) ۔
۲۔(i) رک : پنت معنی نمبر ۲ (i) ۔

مصحفی نے جو تجا شعر عجب اس کا نہ جال
تھا مسلمان اسے اس پنتھ سے ننگ آہی گیا
۱۸۲۴ مصحفی ، آیات مصحفی ، ۲۱
ایک ہندو نے پوچھا کہ تم کس پنتھ کے فقیر ہو ۔
۱۹۱۳ غدر دہلی کے افسانے ، ۱ : ۳۷
(ii) رک : پنت معنی نمبر ۲ (ii) ۔
پرت کے پنتھ میں ہرگز قدم پیچھے نہ رکھ اے دل
ہٹاتے ہیں قدم نامرد اس رہ کے خطر سن کر
۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۸۹
یہاں اور وہاں سب ایک بات ہے البتہ پنتھ جدا جدا ہیں ۔
۱۸۸۴ تذکرۂ غوثیہ ، ۴۸
انھوں نے ایک جھتے کے پنتھ کی بنیاد ڈالی ۔
۱۹۲۸ مرزا حیرت ، حیات طیبہ ، ۱۲۲
۳۔ (مجازاً) دور ، عہد ۔
بچپن ، جوانی ، بڑھاپا ، تینوں پنتھ گزر چکے ۔
۱۹۰۴ آفتاب شجاعت ، ۴ : ۱۸۵
[س : پنتھ ، پنتھا पन्थ ، पन्था]

— بڑھانا محاورہ ۔
اپنے پنتھ یا دین میں ملانا ، جتھا بڑھانا ؛ اپنا جیسا کرنا ، ہم مشرب یا ہم خیال بنانا ، اپنے ڈھنگوں پر لانا (مخزن المحاورات ، ۲۶۸) ۔

— پر لانا/لگانا محاورہ ۔
ٹھیک راستے پر کرنا ، اچھی چال پر لے چلنا ، اعلیٰ کرداری سکھانا ، مذہبی نصائح کرنا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۳۳) ۔

— دکھانا محاورہ ۔
راستہ بتانا ، مذہب یا عقیدے کا طور طریق بتانا ، نصیحت کرنا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۳۳) ۔

— دیکھنا محاورہ ۔
راستہ تکنا ، انتظار کرنا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۳۳) ۔

— ڈوبنا محاورہ ۔
دین یا مذہب میں خلل آنا ؛ کنبے یا خاندان کا بدچلن ہونا ، آوے کا آوا بگڑنا (مخزن المحاورات ، ۲۶۹) ۔

— سینا/سیونا محاورہ ۔
راستہ دیکھنا ، آسرا دیکھنا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۳۳) ۔

ـــ کرنا محاورہ .

رک : پنتھ گہنا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۴۳) .

ـــ گہنا محاورہ .

چلنا ، راستہ پکڑنا ، چلنے کے لئے کسی راہ پر پڑنا ، چال پکڑنا ، ڈھنگ پر چلنا ، کسی خاص مذہب کا پیرو ہونا ، کسی سے بیعت لینا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۴۳) .

ـــ میں (پر) پانو دینا محاورہ .

چلنا ، چلنے کے لئے پیر اٹھانا ، کسی خاندان یا مذہبی رسم و رواج پر چلنا ، کسی قسم کے کاموں کا پرچار کرنا ، کوئی عقیدہ قبول کرنا (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۴۳) .

ـــ نہ (نہیں) سوجھنا محاورہ .

راستہ دکھائی نہ پڑنا .

آگے چلو پنتھ نہیں سوجھے پیچھے دوش لگاؤ

۱۵۱۸ کبیر (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۴۳)

ـــ وان امذ .

مسافر ، راہ رو (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۴۴) .

[پنتھ + وان (رک)]

پنتھ (۲) (فت پ ، سک ن) امذ .

رک : پتھ (۲) (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۴۴) .

پنتھا (فت پ ، سک ن) امذ .

رک : پنتھ (۱) (پاجامہ) .

پنتھر بگڑنا محاورہ .

حالت خراب ہونا ، حال ابتر ہونا .

شدت ہوا سے خیمے گرے پڑے ہیں اور آگ بجھ گئی ہے دیگیں چولھوں سے نیچے پڑی ہیں اور پنتھر بگڑے جاتے ہیں . . . غرض عجیب پریشانی تھی .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۲ : ۲۱۴

پنتھڑا (فت پ ، سک ن ، فت تھ) امذ .

رک : پنتھ (۱) معنی نمبر ۱ (شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۴۴) .

[ه : پنتھڑا पथड़ा]

پنتھی (فت پ ، سک ن) صف .

۱. پنتھ نمبر ۱ و ۲ سے منسوب ، کسی پنتھ کا پیرو یا ماننے والا .

کہتے ہیں منجے دیکھ پرت پنت کے پنتھی
اسباب کدورت کے جو سب چھوڑے ہیں

۱۷۱۷ بحری ، ک ، ۱۷۱

بیچ میں اس کے ایک مندر ہے جو نانک پنتھیوں نے بنوایا ہے .

۱۸۷۱ رسالہ علم جغرافیہ ، ۴ : ۵۰

پنجاب میں دریائے سندھ سے لے کر دریائے ستلج تک بیشمار آزاد پنتھی (Heretics) تھے .

۱۹۶۴ تمدن ہند پر اسلامی اثرات ، ۲۰

۲. راہرو ، مسافر .

غم یوں رہزن ہو کہ ہر سینہ بھتر
دم کے پنتھی کوں کیا ہے ٹھار آہ

۱۶۴۹ مرید ی (قدیم اردو مراثی ، ۲۶۸)

آل نبی نہیں جیے پایا ہائے حسین بدیسی پنتھی
کٹا بتول و علی کا جایا ہائے حسین بدیسی پنتھی

۱۷۹۱ مذاقی (شاہ آیت‌اللہ) (صوفیائے بہار اور اردو ، ۸۲)

[پنتھ + ی ، لاحقۂ نسبت]

ـــ پورنا محاورہ .

چورس ہو کر بیٹھ جانا ، زانو پر زانو رکھ کر بیٹھنا ، آلتی پالتی مار کر یا چار زانو بیٹھنا (مخزن المحاورات ، ۲۶۹) .

پنٹ (۱) (کس مج پ ، سک ن) امث .

رک : پتلون .

کھیل کے دوران میں لازم ہے کہ کھلاڑی جرسی ، پنٹ اور ہلکے جوتے پہنیں .

۱۹۶۰ ہمارے کھیل ، ۱۹۹

[انگ : Pants]

پنٹ (۲) (کس پ ، سک ن) امذ .

رک : پائنٹ .

۲ پنٹ کا ایک کوارٹ .

۱۸۵۶ علم حساب ، ۱۲۱

وزن معلوم کرنے کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ ایک پنٹ پانی میں دو اونس معمولی (کھانے والا) نمک گھول دو .

۱۹۲۴ پرندوں کی تجارت ، ۳۶

[انگ : Pint]

پِنٹا (کس پ ، سک ن) امذ . ~ پنیٹا .

جلد کی ایک چھوت والی بیماری (بیشتر حصۂ خط استوائی امریکہ میں) جس سے مختلف رنگ کے چکتے یا نشان جسم پر پڑ جاتے ہیں لاط : Pictus .

یہ نوع انسان میں پنٹا (Pinta) نامی بیماری پیدا کرتی ہے .

۱۹۶۷ بنیادی خرد حیاتیات ، ۲۰۳

[انگ : Pinta]

پِنٹاٹومڈ (کس پ ، سک ن ، و مج ، کس م) امذ .

(عموماً) گرم ممالک میں پیدا ہونے والا حشرات الارض کی ایک نوع ، لاط : Pentatomidae (جو پودوں کو کھا جاتا ہے اور عموماً اس کا رنگ چمکیلا ہوتا ہے) .

اس علاقے میں حشرات میں دیمک ، پنٹاٹومڈ . . . چیونٹیاں بکثرت پائی جاتی ہیں .

۱۹۶۹ پاکستان کا حیوانی جغرافیہ ، ۲۱

[انگ : Pentatomid]

پِنٹار (فت پ ، سک ن) اسث .

(کاشتکاری) کھیت میں پودوں کی نلائی یعنی ان کی جڑوں کے پاس کی گھاس نکالنے اور مٹی ہولی کرنے کا عمل، ساڑھی، کھود (ا پ و ، ۶ : ۳۷) .

اف : کرنا .

[مقامی]

پِنٹومائیم (فت مج پ ، سک ن ، و مج ، کس ء) امذ .

وہ ڈرامہ جس کے ساتھ اشاروں سے مزاحیہ نقل سوانگ اور ناچ بھی ہوتا ہے ، خاموش اداکاری ، چپ سوانگ یا تماشا ، اشاروں میں ادائیگی .

اس پنٹومائم کے بعد جسے کسی نے ، خود انہوں نے نہیں دیکھا وہ سب باہر نکلے .

۱۹۵۹ آگ کا دریا ، ۶۲۳

[انگ : Pantomime]

پَنج (فت پ ، سک ن) صف .

۱. پانچ ، چار اور ایک ، (عموماً مرکبات میں بطور جزو اول مستعمل) .

وہ چھیل چھبیلڑا چھپا گنج جب تھابونتھا چہار ہور پنج

۱۷۰۰ من لگن ، ۱۲

ایک ایک خضر لشکر و الیاس قافلہ

شیران پنج دست و دلیران دہ دلہ

۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۳ : ۲۵

سنجاف نو گز، پنج رنگی توئی ستاروں کی کٹوریوں کی نو گز .

۱۸۹۷ حیات صالحہ ، ۳۰

۲. سات سال کی عمر کا گھوڑا ، وہ گھوڑا جس کے دودھ کے دانت گر کر دو بڑے دانت نکل آئیں ، جوان گھوڑا (یا گھوڑی) .

گرے کونوں کے جب دانت اے سخن سنج

تو لازم ہے کہے تو اس کو ہے پنج

۱۷۹۵ فرسنامہ رنگین ، ۹

جب . . . دانت مثل نیش کے اور نمود ہوتے ہیں . . . گھوڑا پنج کہلاتا ہے .

۱۸۷۲ رسالہ سالوتر ، ۱ : ۷۱

اف : ہونا .

[ف]

ــ اَرکان (ــ فت ا ، سک ر) امذ .

(لفظاً) پانچ رکن ، (مجازاً) (اہل سنت) پانچ مذہبی فرائض: کلمہ طیبہ نماز روزہ حج زکوٰۃ ، (جعفری) نماز کے پانچ رکن : نیت تکبیرۃالاحرام قیام رکوع سجدتین .

اللہ اللہ عظمت عشق جناب پنجتن

شامل طاعت ہے یہ بھی پنج ارکاں کی طرح

۱۸۹۳ سجاد رائے پوری ، د (ق) ، ۱۳

[پنج + ارکان (رک)]

ــ اَنگشت بَرابَر نیست فارسی کہاوت اردو میں مستعمل .

پانچوں انگلیاں برابر نہیں ، (مراد) سب انسان مختلف طبائع کے ہوتے ہیں ، سب آدمی یکساں نہیں ہوتے (ماخوذ : خزینۃ الامثال ، ۵۳) .

ــ اُنگلا (ــ ضم ا ، مغ ، سک گ) امذ .

(کاشتکاری) کھلیان کو اُلٹ پلٹ کرنے کی پنج شاخہ چھڑ، پنج انگڑا (ا پ و ، ۶ : ۳۷) .

[پنج + انگل (رک) + ا ، لاحقۂ صفت]

ــ اٰیَت/آیَتیں (ــ فت ی/ی مج) اسث .

کلام اللہ کی وہ پانچ سورتیں جو عموماً فاتحہ میں پڑھی جاتی ہیں ، سورۂ فاتحہ اور چاروں قل (سورہ کافرون ، سورۂ اخلاص ، سورۂ فلق ، سورۂ ناس) .

پڑھتے ہیں اب قران جو مردوں کا لے کے نام
پھولوں میں بیٹھ کرتے ہیں پنج آیتیں تمام
۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۳۳

سب مرد مزار شریف پر گئے ... پنج آیت پڑھی گئی ، شیرینی تقسیم ہو گئی .
۱۹۳۳ فراق دہلوی ، لال قلعے کی ایک جھلک ، ۱۱۶
[پنج + آیت (رک)]

ـــ پا/پایَہ/پایَک (— /فت ی/فت ی) امذ .

کیکڑہ ، برج سرطان کی علامت (اردو مترادفات ، ۸۷ ؛ اسٹین گاس) .

[پنج + پا/پایہ/پایک (رک)]

ـــ تارا امذ .

پانچ پتیوں والا پھول چمیلی (چنبیلی) ، یاسمن ، لاط : Jasminum grandiflorum .

اماں آنگن میں آگے ہوئے پنجتارے کے بوٹے کے نیچے ایک مونڈھے پر بیٹھی تھیں .
۱۹۷۷ کرشن چند ، طلسم خیال ، ۱۳۴
[پنج + تارا (رک)]

ـــ تالے سُر (— ضم س) امذ ؛ ~ پنج تالسُر .

راگوں کے گانے کے دو طرزوں میں سے ایک طرز ، مارگ ، کی قسموں میں سے ایک قسم ، غالباً جس کے ہر سُر میں پانچ تالیں لگتی ہیں یا جس کا ہر سر پانچ تال کا ہوتا ہے (ماخوذ : آئین اکبری ، ۲ : ۲۱۹) .

[پنج + تال + ے (=ا) لاحقۂ صفت + سر (رک)]

ـــ تَن (— فت ت) امذ ؛ ~ پنجتن .

اسلام کی پانچ متبرک ہستیاں یعنی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ۔ حضرت علی کرم اللہ وجہ ۔ حضرت فاطمہ ۔ امام حسن ۔ امام حسین .

بسا سو برس لک قطب زماں اس جگ میں جینے تیں
ازل دن تھے دیے لکھ کر دیا تھے پنجتن تعویذ
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۹۶

نبی و علی فاطمہ اور حسن حسین ابن حیدریہ ہیں پنجتن
۱۷۸۳ سحرالبیان ، ۲۱

یارب کریم پنج تن کا صدقہ برسے باراں یہ حکم باراں کو ہو
۱۸۰۱ جوشش ، د ، ۲۲۸

دیکھو یہ پنجتن جو کسا میں ہیں جلوہ گر
بنیاد خلق ان کی محبت ہے سر بسر
۱۹۶۲ اطہر ، چند جدید مرثیے ، ۱۵
[پنج + تن (رک)]

ـــ تَنِ پاک (— فت ت ، کس صف ن) امذ .

رک : پنج تن (پلیٹس ؛ نوراللغات ، ۲ : ۱۱۵) .

[پنج تن (رک) + پاک (رک)]

ـــ تَنی (— فت ت) صف .

پنجتن کو ماننے والا ، پنجتن سے منسوب (مہذب اللغات ، ۳ : ۱۰۰) .

[پنج تن (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

ـــ تو (— و مج) صف .

پانچ گنا ، پنج گونہ ؛ پانچ پرتوں یا تہوں والا (انگلش اینڈ ہندوستانی ٹیکنیکل ٹرمز ، ۸۴) .

[پنج + تو (رک)]

ـــ تولَہ / تولیا (— و مج ، فت ل / سک ل) امذ .

اکبر (مغل بادشاہ) کے زمانے کا سوتی باریک کپڑا جس کا پورا تھان پانچ تولے کا ہوتا تھا (یہ کپڑا پارچہ بافی کے ان کارخانوں میں بنا جاتا تھا جو اکبر نے دہلی لاہور آگرہ فتح پور احمد آباد اور گجرات میں قائم کیے تھے اور ان میں ایران و چین کے بڑے بڑے کاریگر کام کرتے تھے) .

بھوت نازک ہندی پنج تولے بھوت باریک تاواں پور پتولے
۱۶۲۵ پھول بن ، ۳۳

ابوالفضل نے ان میں سے جن کپڑوں کے نام . . . لکھے ہیں ان میں سے بعض کی تفصیل حسب ذیل ہے : سوتی . . . چوتار . . . پنج تولیا ، جولہ ، چھینٹ وغیرہ وغیرہ .
۱۹۱۴ شبلی ، مقالات ، ۶ : ۲۰۰
[پنج + تولہ/تولیا (رک)]

ـــ تیسواں (— ی مع ، سک س) صف (قدیم) .

رک : پنتیسواں .

پنج تیسواں مقام حیا ہے .
۱۶۹۹ کنز مخفی (دکنی اردو کی لغت ، ۱۱۹)
[پنج + تیسواں ، تیس (رک) سے]

ـــ جَنا (— فت ج) امذ .

پانچ لوگ یا پانچ فرد کا گروہ .

ان کی شمولیت کے بعد رام لچھمن سیتا او اور کش کی پارٹی پنج جنا کا پنجہ بن گئی جس کی پوجا ہونے لگی .
۱۹۷۳ رام راج ، ۱۴۴
[پنج + جنا ، جننا (رک) سے]

— دَرہ (— فت د ، ر) صف .

پانچ دروں والا (دالان وغیرہ) ، پنج درہ .
منقش محرابوں اور ستونوں کا پنجدرہ دالان ہے .
۱۹۰۶ خاتون ، علی گڑھ ، جنوری ، ۳۴
[پنج + در (رک) + ہ ، لاحقۂ نسبت]

— دَسْت (— فت د ، سک س) صف .

(لفظاً) **پانچ ہاتھ والا ، (مجازاً) بہادر ، دلیر ، شجاع .**
ایک ایک خضر لشکر و الیاس قافلہ
شیران پنج دست و دلیران دہ دلہ
۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۳ : ۱۲۵
[پنج + دست (رک)]

— دَستی (— فت د ، سک س) امث .

(لفظاً) **پانچ ہاتھ والی ، (مجازاً) پانچ لڑیوں والی ؛ زیادہ ، بکثرت .**
بات گجری پنج دستیاں پھر راتا چوڑا
پھروں بالی انکھوتیاں باندھوں بانکا جوڑا
۱۵۳۴ دیوان محمود دریائی (ق)، ۲۹
[پنج دست (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

— دَنتہ (— فت د ، سک ن ، فت ت) امذ .

ایک قسم کا ہل جس کا پھل دندانے والا ہوتا ہے اور جڑے وغیرہ اکھیڑنے کے کام آتا ہے .
ایک کسان ، ہل یا پنج دنتہ ، دو بیل .
۱۹۶۶؟ جدید کاشتکاری ، ۱۰۴
[پنج + دنت ، دانت (رک) + ہ ، لاحقۂ صفت]

— رَس/رَسی (— فت ر) امذ (قدیم) .

رک : پنج رس .
تجھا دیکھے جو پنجرس کا ہوا ہے
عجب کچھ سحر کا ہتلا کیا ہے
۱۶۳۰؟ ملک خشنود ، جنت سنگار ، ۵۲
[پنج + رس/رسی (رک)]

— رَنگا (— فت ر ، غنہ) صف ؛ مث : پنج رنگی .

پانچ رنگ کا .
چکلی سنجاف نو گز ! پنج رنگی توئی ستاروں کی کٹوریوں کی نو گز !
۱۸۹۵ حیات صالحہ ، ۴۰
[پنج + رنگ (رک) + ا ، لاحقۂ صفت]

— روزَہ (— و مج ، فت ز) صف .

(لفظاً) پانچ روز کا ، (مجازاً) چند روزہ ، ناپائدار .
اس پنج روزہ حیات مستعار پر نہ ہوں مغرور .
۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۴۴
کب تک پھرے غلام زمانے میں در بدر
یہ عمر پنج روزہ اسی در پہ ہو بسر
۱۸۷۴ انیس ، مراثی (شیخ غلام علی) ، ۱ : ۳۰۳
[پنج + روز (رک) + ہ ، لاحقۂ نسبت]

— سال امذ .

پانچ سال ، پانچ سال کا (گھوڑا) (پلیٹس) .
[پنج + سال (رک)]

— سالَہ (— فت ل) صف .

پانچ سال کا ؛ پانچ برس کی عمر کا (پلیٹس) .
[پنج + سال + ہ ، لاحقۂ صفت]

— سَر (— فت س) امذ .

رک : پنج شاخہ معنی نمبر ۱ .
ان کے آگے دس ہزار دیو مشعلیں ... پنج سر ... لئے چلے آتے ہیں .
۱۸۹۰ بوستان خیال ، ۴ : ۷
[پنج + سر (رک)]

— سورہ (— و مج ، فت ر) امذ ؛ ~ پنسورہ .

قرآن شریف کی پانچ سورتوں (یٰسین ، فتح ، رحمٰن ، واقعہ اور مزمل) کا مجموعہ .
جب مجھ کو ساتواں برس لگا ... ایک سیپارہ اور پنج سورہ میں حفظ کر چکا .
۱۸۷۴ مجالس النسا ، ۲ : ۳۵
خاموشیوں میں راز خدا کھولتا ہوا
واللہ پنج سورہ ہے یہ بولتا ہوا
۱۹۶۲ اطہر ، چند جدید مرثیے ، ۱۱
[پنج + سورہ (رک)]

— سیرہ (— ی مج ، فت ر) صف .

پانچ سیر کا ، (مجازاً) بہت مہنگا .
عید تو پیچھے منائیے گا ، پہلے رمضان المبارک کی بہار تو ملاحظہ کر لیجئے ، پنج سیرہ بک رہا ہے ۔ دالیں مہنگی ، چاول مہنگے .
۱۹۳۰ چار چاند ، ۱۱۱
[پنج + سیر (رک) + ہ ، لاحقۂ نسبت]

— شاخ اسذ (قدیم) .

پانچ شاخوں والا ، (مجازاً) جسم (جس میں پانچ حواس ہوتے ہیں) .

کیتا ہے نین نرگس بود رنگ عشق تس میں
پنج شاخ بیچ لگا جڑ تن کو شجر کیا ہے

۱۶۷۹ دیوان شاہ سلطان ثانی ، ورق ۹۳

[پنج + شاخ (رک)]

— شاخہ (— فت خ) اسذ ؛ ~ پنشاخہ .

۱. (مشعلچی) وہ شمع دان جس میں پانچ بتیاں لگائی جائیں، وہ دھات کا پنجہ جس کو بانس (وغیرہ) کی لکڑی پر لگا کر اس پر پانچ فتیلے روشن کرتے ہیں ، پنجی ؛ پانچ بتیوں والا فانوس .

پنج شاخہ خمسۂ اسلام کا روشن تو ہو
راہ ایماں میں نشان پنج تن مل جائے گا

۱۸۵۴ دیوان اسیر ، ۲ : ۲۰

صیغۂ گواہی میں اس قدر اسامیاں تھیں کہ میر حنا کے پاس اتنے جھنڈی بردار، بام بردار پنج شاخے والے مزدور بھی نہ ہونگے.

۱۹۱۵ سجاد حسین ، کایا پلٹ ، ۵۴

۲. درختوں کی ٹہنیوں کو تراش کر بنایا ہوا ایک ہتھیار جس کی پانچ نوکیں ہوتی ہیں .

اس کی آنکھیں بھی پنج شاخے کی ضرب سے ضائع ہو چکی تھیں.

۱۹۶۷ ، سیارہ ڈائجسٹ ، ستمبر ، ۵۷

۳. مجازاً کوئی پانچ عدد والا (نشان ہتھیار پھول درخت).

ہمارا دوست پانچ بچوں کو پنج شاخے کی طرح لئے جاتا تھا.

۱۹۴۳ ایرانی افسانے ، ۹۷

۴. کیاریوں کو صاف کرنے والا پنج شاخہ اوزار ، پنج گلا (ا پ و ، ۶ : ۱۳۱) .

۵. رک : پنج انگلا (ا پ و ، ۶ : ۳۷) .

[پنج + شاخہ (رک)]

— شاخی امث .

رک : پنج شاخہ .

جھاڑ ، فانوس فتیل سوز ایک شاخی دو شاخی سہ شاخی ، پنج شاخی . . . روشن ہوئیں .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۱۷

— شنبہ (— فت ش ، سک م بشکل ن ، فت ب) اسذ .

جمعرات ، جمعرات کا دن ، یوم الخمیس ، خمیس .

جو مسافرت اختیار کرے تو شنبے یا پنجشنبے کو علی الصباح یا بعد نماز جمعہ سفر کرے .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۶۲۱

جس طرح فارسی میں . . . پنج شنبہ جمعرات کو کہتے ہیں ، اسی طرح عربی میں یوم الخمیس جمعرات کو کہتے ہیں .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۳ : ۲۴۲

[پنج + شنبہ (رک)]

— عَیب/عُیوبِ شَرعی (— ی لین/ضم ع ، و مع ، کس صف ب ، فت ش ، سک ر) .

(الف) اسذ .

۱. گھوڑے کے پانچ بنیادی عیب جن کی وجہ سے گھوڑا نکما اور منحوس سمجھا جاتا ہے ، اور وہ یہ ہیں : حشری کمری (جس کی کمر سواری اور جست میں خم نہ ہو سکتی ہو) شب کور کھنہ لنگ منھ زور (کٹکھنا) .

پانچویں فصل پنج عیب شرعی کے بیان میں .

۱۷۳۱ زینت الخیل ، ۵۳

پنج عیوب شرعی . . . فرس میں یہ پانچ عیب سخت ہیں .

۱۸۷۲ رسالہ سالوتر ، ۹ : ۲۵

۲. وہ آدمی جس میں پانچ بری عادتیں ہوں جنھیں شریعت میں حرام کہا گیا ہے اور وہ یہ ہیں : چوری زنا قمار بازی شراب خوری جھوٹ ، (مجازاً) جملہ عیوب ، کل برائیاں .

یہ بڑے شہر کی معاشرت کا ایک مرقع ہے . . . عداوت جعلسازی ، حرام خوری ، لالچ پنج عیب شرعی اور . . . اس میں سب کی عمدہ مثالیں موجود ہیں .

۱۹۳۱ رسوا ، خونی راز ، ۴

(ب) صف .

بہت برا ، جس میں طرح طرح کے عیب پائے جائیں .

جس کے ساتھ تیرا بیاہ ہونے والا ہے وہ پنج عیب شرعی اور . . . کالا ہے .

۱۸۵۹ سروش سخن ، ۲۰

[پنج + عیب/عیوب (رک) + شرعی (رک)]

— ککّے (— فت ک ، شد ک) اسذ .

سکھوں کے پانچ نشان (جن میں ہر ایک کاف سے شروع ہوتا ہے : کچھا کرپان کڑا کنگھا کیس) (جامع اللغات ، ۱ : ۱۰۳) .

[پنج + ککے ، ککّا (رک) کی جمع]

— کَلیان (— فت ک ، سک ل) صف ؛ اسذ .

وہ گھوڑا جس کے چاروں پانو اور ماتھا سفید ہو (یہ بہت مبارک سمجھا جاتا ہے) .

(گھوڑے) پنج کلیاں ، سنجاب ، پرسزی ، عراقی ، ترکی . . . اپنی اپنی قطار باندھ کر سب علیحدہ، علیحدہ چلے .

۱۹۷۵ سہ ماہی ، اردو ، کراچی ، ۱/۵۱ : ۱۸۷

[پنج + کلیان (رک)]

ــ کوسی (ــ مج و) امذ .

پانچ کوس کا فاصلہ ، پانچ کوس دور ، پانچ کوس کی حدود کے گانو وغیرہ ؛ رک : **پنج کوسی** (پلیٹس) .

ــ گالا امذ .

(باغبانی) کیاریوں کو صاف کرنے کا پنج شاخہ اوزار (ا پ و ، ۲ : ۱۳۱) .

[پنج + گالا (رک)]

ــ گانہ (ــ فت ن) ~ پنجگانہ .

(الف) امث .

پانچ وقت (فجر ، ظہر ، عصر ، مغرب ، عشا) کی نماز .

پیئے ہمیں دو ساغر عاشقانہ فرض
زاہد کی پنج گانہ سے ہے دوگانہ فرض

۱۷۹۲ محب دہلوی ، د ، ۲۱۰

زاہدوں کی پنج گانہ سے فضیلت ہے اسے
نشہ کے عالم میں کرتے ہیں جو استغفار مست

۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۶۸

نماز نوافل پڑھتے اور فرائض پنجگانہ باقاعدہ جماعت کے ساتھ ادا کرتے رہے .

۱۹۱۹ بابا نانک کا مذہب ، ۱۵۵

(ب) صف .

۱. پانچوں وقت کا .

جو نماز پنج گانہ پر دل سے متوجہ ہو . . . اسکو شرک سے بری کر دے گی .

۱۸۶۶ تہذیب الایمان ، ۱ : ۲۴۷

۲. پانچ والا ، پانچ سے متعلق .

لیگ کے پنجگانہ مطالبات کے سلسلہ میں آپ نے بتایا کہ جناب وائسرائے کے پاس سے کیا جواب وصول ہوا ہے .

۱۹۴۰ خطبات قائداعظم ، ۱۹۹

[پنج + گانہ (رک)]

ــ گاہ امذ .

موسیقی کے ایک پردے کا نام (اردو مترادفات ، ۸۷) .

[پنج + گاہ (رک)]

ــ گُٹّیے (ــ ضم نیز کس گ ، سک ٹ) امذ .

رک : پنج گُنّا/گُٹیا .

وہ . . . سہراں کے ساتھ پنج گٹیے یا گڑیاں کھیلتی ہے .

۱۹۶۴ کپاس کا پھول ، ۹۵

ــ گَنْج (ــ فت گ ، غنہ) امذ .

۱. خسرو پرویز کے خزانے کا نام .

گیران جہاں کا آبرو ریز بر ہمزن پنج گنج پرویز

۱۸۸۳ کلیات نعت ، محسن ، ۱۴۵

۲. (مجازاً) حواس خمسہ ؛ نماز پنجگانہ (پلیٹس ؛ نوراللغات ، ۲ : ۱۱۵) .

[پنج + گنج (رک)]

ــ نَد (ــ فت ن) امذ .

پنجاب کا وہ مقام جہاں پانچ دریا (جہلم ، چناب، راوی ، ستلج ، بیاس) ملتے ہیں ؛ نیز ملنے کے بعد ان پانچوں کا نام .

پنجاب کے پانچوں دریا اس میں آ گرنے سے پہلے آپس میں مل گئے ہیں اور ان کا ملنے کے بعد پنج ند نام ہو جاتا ہے .

۱۹۳۴ جغرافیۂ عالم ، ۱ : ۱۴۹

[پنج + ند ، ندی (رک)]

ــ نَوبَت (ــ و لین ، فت ب) امث .

۱. پنج وقتہ نوبت جو پہلے صرف بادشاہوں کی ڈیوڑھی پر (سلطان سنجر کے عہد سے) آٹھ پہر میں پانچ مرتبہ بجائی جاتی تھی (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۳) .

پچھیں قاف تا قاف روشن الگ
تری پنج نوبت قیامت تلک

۱۶۴۵ قصہ بے نظیر ، ۸

وہ شاہ حسن ہے تو جس کی کعبے میں بھی شہرت ہے
نماز پنجگانہ پر گمان پنج نوبت ہے

۱۸۵۴ دیوان اسیر ، ۱ : ۵۰۵

وہ چار دانگ جہان میں وحدت کی پنج نوبت بجانے والے .

۱۹۲۰ ناظر (لخت جگر ، ۲ : ۵۴۸)

۲. پنج شبد یعنی وہ پانچوں باجے جو شادی کی علامت ہیں (دف ، ڈھول ، طاسہ ، نفیری ، دمامہ) (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۳) .

۳. (کنایۃً) نماز پنج گانہ (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۳) .

[پنج + نوبت (رک)]

— نوبت مانگنا محاورہ .

(مجازاً) دنیا کا عیش و آرام یا بادشاہی طلب کرنا .

جانتا باقی تو دنیا کی حکومت مانگتا
چار دن کے واسطے کیا پنج نوبت مانگتا

۱۸۷۰ دیوان اسیر ، ۳ : ۹۲

— وقتہ/وقتی (نماز) (— فت و ، سک ق ، فت ت) صف .

پانچوں وقت (فجر ، ظہر ، عصر ، مغرب ، عشا) کی (نماز) .

سدا دل سے اے مومن پاکباز
وضو کر کے پڑھ پنج وقتی نماز

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۲۶۱

تیسرے وہ جو پنج وقتہ نماز کے لیے اذان کہتے ہیں .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۱۳۲

[پنج + وقتہ/وقتی (رک)]

— ہزاری (— فت ہ) امذ .

عہد شاہی کا ایک منصب جس میں بعض حوالوں کے مطابق ۲۶ ہزار ۵ سو سے ۲۶ ہزار ۸ سو تک ماہانہ تنخواہ ملتی تھی یعنی ۳ ہزار سے آگے دوسرا درجہ تھا (ماخوذ : دربار اکبری ، ۷۰) .

زبوں کوٹ کوں پھر کہ کر استوار
رکھے پنج ہزاری کوں کر صوبہ دار

۱۶۶۵ علی نامہ ، ۲۶۱

مرزا خان کو خان خاناں کا خطاب اور پنج ہزاری منصب عطا کیا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۳۳۰

درویش علی خان پنج ہزاری نوجوان ایک لڑائی میں مارے گئے .

۱۹۲۹ تذکرہ کاملان رام پور ، ۱۳۰

[پنج + ہزاری (رک)]

— ہونا محاورہ .

۱. گھوڑے کا سات سال کی عمر کو پہنچنا ؛ گھوڑے کا جوان ہونا .

بچہ تو کسی گھر بند ہی نہ تھے دو ہی سال میں پنج (جوان) ہوگئے .

۱۹۶۳ ' اردو نامہ ' کراچی ، ۱۲ : ۱۸

۲. نہایت شریر ہونا (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۶) .

پنجا (فت پ ، سک ن) امذ .

رک : پنجہ (پلیٹس) .

پنجا (۱) (ضم پ ، سک ن) امذ .

(حمالی) حمالوں کا ایک قسم کا تھیلا جس میں وہ سامان بھر کر سر یا کمر پر اٹھاتے ہیں ، اکھا ، خرجی (ا پ و ، ۵ : ۱۵۱) .

[س : پُنج (= بوجھ ، ڈھیری) पुञ्ज]

پنجا (۲) (ضم پ ، سک ن) امث .

(کاشتکاری) وہ اراضی جس کی آب پاشی آسانی سے نہ ہو سکے (ا پ و ، ۶ : ۳۷) .

[مقامی]

پنجاب (فت پ ، سک ن) امذ .

غیر منقسم ہند کا ایک شمالی صوبہ جو پانچ دریاؤں (جہلم ، راوی ، چناب ، بیاس اور ستلج) پر مشتمل اور اس کی مغربی سرحد پر دریائے اٹک اور مشرقی سرحد پر دریائے جمنا واقع ہے ، قیام پاکستان (۱۹۴۷ء) کے بعد اس کے دو حصے مشرقی پنجاب و مغربی پنجاب ہو گئے .

اب کے موسم سرما میں میرا ارادہ پنجاب آنے کا مصمم ہے .

۱۸۸۳ مکتوب سر سید ، ۳۷۵

تیرا در تھا فیض کا چشمہ برائے خاص و عام
ہوگئے پنجاب میں سیراب لاکھوں تشنہ کام

۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۱۱۶

[رک : پنج + آب (رک)]

پنجابن (فت پ ، سک ن ، فت ب) امث .

پنجاب کی رہنے والی عورت ، پنجابی (الف) (رک) کی تانیث .

درمیان ہر دو کافر من غریب افتادہ ام
ہیں بلا پنجابنیں اور قہر ہیں باگڑنیاں

۱۸۰۹ جرأت ، ک ، ۱ : ۵۱۹

[پنجاب (رک) + ن ، لاحقۂ تانیث]

پنجابی (فت پ ، سک ن) .

(الف) صف ، مذ .

پنجاب (رک) سے منسوب ، پنجاب کا (شخص یا چیز وغیرہ) .

گھوڑوں کی بہت سی قسمیں ہیں ، چنانچہ عربی . . . پنجابی ، مالوی وغیرہ .

۱۸۷۳ عقل و شعور ، ۳۴۴

(ب) امث .

وہ زبان جو پنجاب کے علاقے میں بولی جاتی ہے ، پنجاب کی علاقائی زبان .

دریائے ستلج سے اس طرف کی زبان پنجابی ہے ۔
۱۸۸۱ بحرالفصاحت ، ۲۵
پنجابی اپنی ساخت اور قواعد کے اعتبار سے 'ہندوستانی' یا اردو سے بہت قریب ہے ۔
۱۹۵۶ اردو زبان کا ارتقا ، ۴۹
[رک : پنجاب + ی ، لاحقہ نسبت]

— ٹھیکا/ٹھیکہ (— ی مج / فت ک) امذ ۔
(موسیقی) ایک ٹھیکا (گانے کے ساتھ طبلے یا ڈھولک کے خاص طریقے سے بجانے کو ٹھیکا کہتے ہیں) جو بارہ ماترے یعنی (۴۸) کلایادرت ورام دو اور لگھودرت ایک کا ہوتا ہے لیکن ٹھیکے کے بول کے وقفے کے لحاظ سے (۱۶) ماترے کا کہلاتا ہے (ماخوذ : تحفۂ موسیقی ، ۳ : ۱۰) ۔
ٹھمری ، دھن جھنجھوٹی ، تال پنجابی ٹھیکہ ۔
۱۸۸۱ وقائع دلگیر ، ۷
ٹھمری ، دھن بھیرویں ، تال پنجابی ٹھیکہ ۔
۱۹۰۸ عشق فیروز لقا ، ۱۲
[پنجابی + ٹھیکا/ٹھیکہ (رک)]

پنجارا (کس نیز فت پ ، سک ن (نیز مغ)) صف ؛ امذ ؛ ~ پنجیارا ۔
روئی کو دھنکنے والا کاریگر ، دھنیرا ، نداف ، دھنیا ، دھنا ۔
پنجارے قصائی و سبزی فروش
اٹھے دیکھ دل میں ہوا سب کو جوش
۱۷۱۹ جنگ نامہ عالم علی ، ۲۵
[ہننا (رک) سے]

پنجارن (کس پ ، سک ن ، فت ر) امث ؛ ~ پنجاڑی (قدیم) ۔
پنجارا (رک) کی تانیث (قدیم اردو کی لغت ، ۷۱) ۔

پنجاری (کس پ ، سک ن) امث ۔
ترایاماڑ نام کی ایک دوا ، گرہانی (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۸۸) ۔
[مقامی]

پنجاڑی (کس پ ، سک ن) امث ، (قدیم) ۔
رک : پنجارن (قدیم اردو کی لغت ، ۷۱) ۔

پنجال (فت پ ، سک ن) امث ۔
۱۰ پرندے کی بیٹ ، (رک) پنجال ؛ پیخال ۔
جب شکاری . . . اس کے قریب پہنچتا ہے تو یہ اس کے منہ پر پنجال کی ایسی پچکاری مارتی ہے کہ اس کی آنکھوں میں پڑجاتی ہے ۔
۱۸۹۷ سیر پرند ، ۲۱۹

۰۲ پرندے کی چونچ ۔
سو پنجال اس کی پکڑ کر جتن پچھیں اس رگڑ تو ہتیلی اہن
۱۵۴۳ بھوگ بل (ق) ، قریشی ، ۱۹۳
۰۳ پرند کا گھونسلا (اسٹین گاس) ۔
[ف]

پنجال (کس پ ، سک ن) امذ ۔
سونا ، زر (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۸۸) ۔
جتے پنجال زرگر تھے نگر میں لگے ملنے یکس کے ایک گھر میں
۱۶۴۵ جنت سنگھار (ق) ، ۱۹۲
[० : پنجال पिनजाल]

پنجالی (فت پ ، سک ن) امث ۔
دروازے کا چوکھٹا (پلیٹس) ۔
[س : پنج + آل पञ्ज + आल]

پنجالی (ضم پ ، سک ن) امذ ۔
رک : پُنجا (۱) ۔
اس کی مسیں بھیگیں اور کندھے پر ہل پنجالی رکھ کر کھیتوں کی راہ لینے کا زمانہ آ گیا ۔
۱۹۶۲ کپاس کا پھول ، ۱۰

پنجا مو (فت پ ، سک ن ، و مج) امذ ۔
گیہوں کی ایک قسم جس میں لحمیہ کی مقدار کافی ہوتی ہے ۔
پنجا مو ۶۲ (میں) ۱۲٫۷۹ فیصد ہے ۔
۱۹۶۹؟ گندم ، ۱۶۲
[مقامی]

پنجاہ (فت پ ، سک ن) صف ۔
پچاس ، چالیس اور دس ، (ہندسوں میں) ۵۰ ۔
ابجد سے ہے ثابت کہ یہ رشک مہ نو ہیں
اک نون کے پنجاہ ہیں دو نون کے سو ہیں
۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۶ : ۱۶۱
[ف]

پنجا ہم (فت پ ، سک ن ، ضم ہ) صف عددی ۔
پچاسواں ، پچاسویں (پلیٹس) ۔
[ف]

پنجابی (فت پ، سک ن) امذ.

عہد شاہی کا ایک منصب جس میں دو سو تیس سے دو سو پچاس تک ماہانہ تنخواہ ملتی تھی اور مختلف قسم کے آٹھ گھوڑے، دو ہاتھی اور باربرداری کے چار اونٹ اور خچر رکھنے کا حق ہوتا تھا.

منصب داروں کا سلسلہ اس تفصیل سے چلتا تھا: دہ باشی، بیستی، دو بیستی، پنجاہی . . . وغیرہ وغیرہ.

۱۸۸۳ دربار اکبری، ۷۰

[ف]

پنجٹ (کس پ، سک ن، فت ج) امذ.

آنکھ کا میل یا کیچڑ (جامع اللغات، ۲ : ۱۰۳).

[س : पञ्जट پنجٹ]

پنجر (فت پ، سک ن، فت ج) امذ.

کھڑکی؛ چھجا؛ کھڑکی کے سامنے کی لکڑی کی جالی؛ پنجرا؛ وہ تختہ جو کشتیوں کے مستول پر دید بانی کے لیے ہوتا ہے (ماخوذ: اسٹین گاس) رک: پنجری.

[ف]

پنجر (فت نیز کس پ، سک ن، فت ج) امذ.

پسلی، ہڈی پسلی، ڈھانچ، ڈھانچا (بیشتر "انجر" کے ساتھ مستعمل، رک: انجر پنجر مع تحتی).

کہے تو میں پنجر ہوی سوک سوک
مرا غم کیا کم نہ تیرا سلوک

۱۶۳۹ طوطی نامہ، غواصی، ۲۰۵

سوداگر افیون کے استعمال سے اقلیدس کے خط سے بھی پتلے ہو گئے تھے . . . ان کے تمام جسم پنجر معلوم ہوتے تھے.

۱۸۹۱ حرم سرا، ۲ : ۱۸۴

روح اب اتنی دبلی ہو گئی ہے کہ پنجر ہی باقی رہ گیا ہے.

۱۹۶۳ تجزیۂ نفس، ۲۰

[س : पञ्जर پنجر]

— ڈھیلا (— ڈھیلے) کر دینا محاورہ.

جوڑ جوڑ ہلا دینا، (مجازاً) ہری طرح تھکا دینا، مضمحل کر دینا، حالت بگاڑ دینا (عموماً انجر کے ساتھ).

مہری سے ملک کو کچھ نفع یا نقصان ہو
سب زمینداروں کا ڈھیلا اس نے پنجر کر دیا

۱۹۳۷ نغمۂ فردوس، ۲ : ۲۰۳

— ڈھیلے ہونا محاورہ.

پنجر ڈھیلا (— ڈھیلے) کر دینا (رک) کا لازم (عموماً انجر کے ساتھ) (جامع اللغات، ۲ : ۱۰۳).

پنجر (۱) (کس پ، سک ن، فت ج) امث.

(نیاری) صاف شدہ چاندی کی اینٹ، تھوبی، کیل، ڈلے کی چاندی (ماخوذ: ا پ و، ۳ : ۳).

[رک: پنجال (= سونا)]

پنجر (۲) (کس پ، سک ن، فت ج).

(الف) صف.

سرخی نما زرد، زرد (پلیٹس).

(ب) امذ.

زرد یا سرخی نما زرد رنگ؛ ایک قسم کا گھوڑا، سمند یا کمیت؛ سونا؛ زرد پڑتال (جامع اللغات، ۲ : ۱۰۳).

[س : पञ्जर پنجر]

پنجرا/پنجرہ (کس پ (نیز بفث) سک ن، سک ج/فت و) امذ.

۱. پالتو پرندوں کے بند رکھنے کا جالی دار بنا ہوا پٹارا جو لوہے کے تار یا بانس کی تیلیوں سے حسب ضرورت چھوٹا بڑا اور مختلف وضع کا بنایا جاتا ہے نیز بڑے کھانچے یا کٹہرے جن میں شیر وغیرہ رکھے جاتے ہیں، (مجازاً) جسم انسانی.

بھوان سکھا سن ہوں کرو پلکھاں اوپر پنجرے دھرو
دن رات شہ کون لے پھروں دو تین پتلیاں بھوئے کر

۱۶۰۶ شہباز (سہ ماہی اردو، ۲۹/۴ : ۲۸)

ہوا کیا وو کہ کھول حالی منجے
کہ دستا ہے پنجرا سو خالی منجے

۱۶۳۹ طوطی نامہ، غواصی، ۲۰

جل جل ہوا ہے نالاں سینے میں من ہمارا
پنجرے میں بولتا ہے گرم آج آگن ہمارا

۱۷۱۸ دیوان آبرو، ۱۹

تم کو شاید خیال ہو گا اکثر پنجرے میں سے باہر نکل آتا، مگر بیچارے سے اڑا نہیں جاتا.

۱۸۹۱ ایامیٰ، ۹

نہیں راہ ملتی ہے نکلوں جدھر
میں چڑیا ہوں اور یہ پنجرہ ہے میرا گھر

۱۹۱۰ قاسم اور زہرہ، ۵۰

۲۔ جسم کے ڈھانچے میں سینے کا حصہ (اپ و ، ۷ : ۱۲۰)۔
پنجرے کے نیچے سے دونوں پچھلی ران کے گھٹنے تک گوشت سے پر اور پنجرے کے نیچے دبی ہوی نہ ہو۔
۱۸۴۵ دولت ہند ، ۶۵

۳۔ (نجاری) لکڑی میں جالی دار بنا ہوا کام ، جالی اور کٹاؤ کا کام جو کواڑ کے پٹ یا صندوق صندوقچوں کے پاکھوں میں بنایا جائے (اپ و ، ۱ : ۳۰)۔

۴۔ جالی دار کٹہرا (جو اکثر قبر وغیرہ پر بنا ہوتا ہے)۔
ایک چبوترہ ہشت پہلو پر ایک گز بلند جس پر پنجرہ گلی چونہ سے لگے ہوئے ہیں۔
۱۸۶۴ تحقیقات چشتی ، ۵۰۲
تم لوگوں نے محمد شاہ پیاکی قبر پر سنگ مر مر کا پنجرہ (محجر) بنا کر کھڑا کیا ہے۔
۱۹۳۳ فراق دہلوی ، مضامین فراق ، ۱۲۳

۵۔ (کاغذ سازی) کاغذ کا گھولوا (گودا) صاف کرنے کا تار کی جالی کا بنا ہوا مخروطی شکل کا ظرف (اپ و ، ۴ : ۱۸۷)۔
[س : پنجر + ک : पिञ्जर + क]

ـــ پول (ـــ و مج) امذ۔
وہ جگہ جہاں پالنے کے لئے گائے بیل وغیرہ چوپائے رکھے جاتے ہیں ، گؤشالہ (شبد ساگر ، ۶ : ۲۹۸۸)۔
[ہ : پنجرا پول पिञ्जरापोल]

پنجری (ف پ ، سک ن ، ج) امذ۔
جہاز کے عملے کا آدمی جو پانی کے اُتار چڑھاو اور ہوا کے رخ وغیرہ کا حال دیکھ کر پہلے سے ناخدا کو آگاہ کرتا رہتا ہے اکبری عہدہ داروں کے ناموں میں سے ایک نام ، رک : پنجر۔
پنجری : برفراز تیر کشتی دیدبانی کند۔
۱۵۹۳ آئین اکبری ، ۱ : ۱۶۴
پنجری کشتی کے مستول پر بیٹھ کو دیدبانی کرتا ہے . . . ہواؤں کے شورش کی اور باتوں کی اطلاع دیتا ہے۔
۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۷۱۹
[رک : پنجر + ی ، لاحقۂ صفت]

پنجری (ف نیز کس پ ، سک ن ، ج) امث۔
پسلی (پلیٹس)۔
[رک : پنجر]

پنجری (کس پ نیز بفت ، سک ن ، ج) امث۔
۱۔ چھوٹا پنجرا (پلیٹس)۔
پنجری قفس خورد با شد کہ صیادان صید را دراں اندازند۔
۱۷۵۱ نوادرالالفاظ ، ۱۲۲
۲۔ جنازہ ، ارتھی (کوسنے میں مستعمل)۔
رام کرے تیری پنجری نکلے۔
۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۳
۳۔ وہ پنجرہ جو خاص طور پر پرندوں کو پکڑنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
اڑتے وقت دم اور شاہپر سیاہ معلوم ہوتے ہیں یہ پنجری سے پکڑی جاتی ہے۔
۱۸۹۷ سیر پرند ، ۲۲۵
[رک : پنجرہ + ی ، لاحقۂ تصغیر]

پنجرے کی کھڑکی کھول دینا محاورہ۔
آزادی دینا ، آزاد کرنا (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۳)۔

پنجڑا (کس پ ، سک ن ، ج) امذ۔
رک : پنجرا۔
طوطے کے تائیں سکھی پکڑ لیاوتی ہے اور پنجڑے میں رکھتی ہے۔
۱۷۴۶ قصۂ مہر افروز و دلبر ، ۱۸۴
خدا نے مصلحتاً پنجڑے کی کھڑکی کے مانند دو پلکیں حفاظت کے لیے لگادیں۔
۱۸۸۶ درگیش نندنی ، ۸۲
پھانس کے جال میں مجھے پنجڑے میں کر گئے وہ بند
سمجھے کہ دانے پانی کی رکھیں گی فکر ساس نند
۱۹۲۵ شوق قدوائی ، عالم خیال ، ۱۱

پنجڑی (ف پ ، سک ن ، ج) امث۔
چوسر نیز پچیسی کا ایک دانو ، (چوسر) جب دو پانسے دو دو عدد کے اور ایک پانسا ایک کا پڑے ، (پچیسی) جب پانچ کوڑیاں چت پڑیں (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۶ ؛ فرہنگ اثر ، ۲۳۱)۔
[پنج + ڑی ، لاحقۂ صفت]

پنجکا (ف پ ، سک ن ، کس ج) امث۔
جنتری ، تقویم ، پترا ، بہی ، روزنامچہ ؛ ہم کا انسانی کاموں کا رجسٹر (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۴)۔
[س : پنجکا पञ्जिका]

ـــ کار امذ۔
جنتری بنانے والا شخص ، منجم (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۴)۔
[پنجکا + کار ، لاحقۂ صفت]

پِنجکا (کس پ ، سک ن ، کس ج) اسث .

روئی کا گولا جس سے سوت کاتا جاتا ہے ، پونی (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۴) .

[س : पिञ्जका پنجکا]

پِنجلی (کس پ ، سک ن ، فت نیز سک ج) اسث .

کشا گھاس کے دو تنکے جن سے بھینٹ کے وقت اشیا کو پکڑتے ہیں (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۴ ؛ پلیٹس) .

[س : पिञ्जली پنجلی]

پنجم (۱) (فت پ ، سک ن ، فت ج) امذ .

ایک سوتی کپڑا جو دکن میں بنتا ہے (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۴) .

[مقامی]

پنجم (۲) (فت پ ، سک ن ، فت ج) اسث (قدیم) .

رک : پنچم (۱) .

ہمارے گھر کے تو لوگاں پنجم کو جانچتے ہیں خوں
گئی تھی میں سہیلیاں کیاں بسریک ہار چوری سوں

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۱۳۵

وہ پنجم گا کے حق کو پوجتا ہے
یہی حق کی عبادت بوجھتا ہے

۱۷۵۹ راگ مالا ، ۹

آواز کی پستی و بلندی کے سات درجے مقرر کیے ہیں ، پہلے درجہ کو کھرج اور سر بھی کہتے ہیں ، دوسرے کو رکھب . . . پانچویں کو پنجم . . . کہتے ہیں .

۱۹۶۰ علم و عمل ، ۱ : ۳۰۸

پنجم (فت پ ، سک ن ، ضم ج) اسث .

پانچواں ، جو ترتیب یا سلسلے میں پانچوے نمبر پر ہو ؛ (مجازاً) پانچواں حصہ، خمس، محصول جو سوداگروں سے منجانب حکومت لیا جائے.

سات ساوان . . . پنجم بھیجا .

۱۵۲۱ بندہ نواز ، شکارنامہ (د شہباز سکھر ، فروری ، ۶۴)

دفعہ پنجم تک کے یعنی لور پرائمری صیغے کے لڑکے تختی پر . . . لکھیں .

۱۸۸۶ دستورالعمل مدرسین ، ۱۱

نبی کے علم کے وارث ہیں بوالحسن کی طرح
جہاں کے ہادی پنجم ہیں پنجتن کی طرح

۱۹۱۲ شمیم ، بیاض (ق) ، ۳

[ف]

پنج مال (ضم پ ، سک ن ، ج) اسث ؛ ~ پونچ مال .

(نعلبندی) بالوں کی بنی ہوئی رسی کا حلقہ یا پٹا جو نعل لگاتے وقت کٹ کھنے گھوڑے کی تھوتھنی میں البیٹ دے کر لگا دیتے ہیں تاکہ گھوڑا نعل لگاتے وقت پاس کھڑے ہوے آدمی کو کاٹ نہ سکے (ا پ و ، ۵ : ۶۴) .

اف : دینا ، لگانا .

[پونچھ (رک) + مال (= ڈوری) (رک)]

پنجمی/پنجمیں (فت پ ، سک ن ، ضم ج / ی مع) صف .

پنجم (رک) سے منسوب ، پانچواں .

باقر امام پنجمیں سو بحر و بر ہے دیں کا
جس کوں کرے تعلیم جب کس چیز بن وونا اڑے

۱۶۷۲ شاہی ، ک ، ۱۲۰

پنجمی شر سے زمانے کے میں محفوظ رہوں
آبرو میری رہے قیمت گوہر ہے تو آب

۱۸۸۱ امیر ، مجمع البحرین ، ۲ : ۹۰

پہلی تتھ کا نام پردا ہے . . . پانچویں کو پنجمیں کہتے ہیں .

۱۹۳۸ آئین اکبری ، ۱ ، ۱ : ۵۵

[رک : پنجم + ی/یں ، لاحقۂ نسبت]

پنجن (فت پ ، سک ن ، فت ج) امذ ؛ ~ پنچین .

شراب وغیرہ کا بڑا پیپا ، ایسا پیپا جس میں ۷۲ گیلن سے لے کر ۱۲۰ گیلن تک شراب آجائے .

دوئیرس کا ایک پنجن .

۱۸۵۶ علم حساب ، ۱۲۱

[انگ : Puncheon]

پِنجن (کس پ ، سک ن ، فت ج) اسث (قدیم) .

دھنکی ، دھنیے کا روئی دھننے کا آلہ .

اجڑ گئے راہیری جاوے جو بھی چلنا ککرنا کیں
خدا کر کر کے نکلے ہیں موے اس جوار پنجن سوں

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۱۲۳

[س : पिञ्जन پنجن]

پنجنا (فت پ ، سک ن ، فت ج) ف م (قدیم) .

مروڑنا ، بل دینا (قدیم اردو کی لغت ، ۷۱) .

[رک : پینجنا]

پِنجنا (کس پ نیز بفت ، سک ن ، ج) ف م .

رانگ یا ٹانکے سے پیوست کرنا ، جھلائی کرنا ، جھلنا (نورالغات ، ۲ : ۱۱۷) .

[س : पिञ्जना پنجنا]

پنجنی (کس پ، سک ن، ج) امث؛ ~ پنجینی، پنجھنی.

رک: پنجنی (پائٹس)، پرندے (خصوصاً کبوتر) کے پانو میں ڈالنے کی جھاجھن.

چاندی کی پنجینیاں، پروں میں نیلے رنگ کے گنڈے، غرض کبوتر صاحب چار ہی دن میں لالوں کے لال ہو کر سارے جال میں غٹرغوں غٹرغوں کرنے لگے.

۱۹۴۵ پر پرواز، ۶۰

پنجوانا (کس نیز فت پ، سک ن، ج) ف م.

پنجنا (رک) کا متعدی (جامع اللغات، ۲: ۱۰۴۳).

پنجوترا/پنجوترہ (فت پ، سک ن، و مج، فت ت/فت ر) امذ.

پانچ فیصدی جو لگان کے علاوہ نمبردار کے لیے وصول کیا جاتا ہے.

قبل از بندوبست میاں نبی بخش مناصفہ حقوق نمبرداری و پنجوترہ وغیرہ میں شریک تھے.

۱۸۶۴ تحقیقات چشتی، ۹۱۵

[رک: پن (۲) کا تحتی]

پنجوری (فت پ، سک ن، و مج) امث.

(گاڑی بانی) چھکڑے یا ٹھیلے کی پھیڑ کے دونوں طرف برابر برابر جڑی ہوئی حسب ضرورت لمبی لکڑیوں (یا لوہے) کی باڑ جو سامان کی روک کو بغلی آڑ کا کام دیتی ہے، پاجوڑی (اپ و، ۵: ۱۱۷).

[ف: پنجر (= تختہ) (رک)]

پنجوں (فت پ، سک ن، و مج) امذ، ج.

پنجہ (رک) کی جمع (تراکیب میں مستعمل).

ـــ کے بَل جانا محاورہ.

رک: پنجوں کے بل چلنا.

کھل کے پوری سانس لینے سے بھی گھبراتی ہوں میں
درس لینے کے لیے پنجوں کے بل جاتی ہوں میں

۱۹۳۳ سیف و سبو، ۳۳

ـــ کے بَل (بَھل) چلنا محاورہ.

۱. اترا کر چلنا، غرور یا ناز کرنا، زمین پر پانو نہ رکھنا.

لگا پنجوں کے بل چلنے وہ غارت گر خدا حافظ
ہوا برپا بھر اک ہنگامۂ محشر خدا حافظ

۱۸۳۸ نصیر، چمنستان سخن، ۸۶

بی جعفری کا سارا گھمنا پانچسو چھ سو سے بڑھ کے نہ ہوگا، اس پر پنجوں کے بل چلتی ہیں.

۱۹۳۱ رسوا، اختری بیگم، ۶۲

۲. چپ چپاتے چلنا کہ آہٹ نہ ہو یا کسی کو آہٹ نہ ملے، ایڑیاں اٹھا کر پنجوں پر دھیرے دھیرے اس طرح چلنا کہ آواز نہ نکلے.

کوئی زور سے نہ بولے کوئی ایڑی سے نہ چلے سب پنجوں کے بل چلیں، کسی برتن کو زور سے نہ رکھا جائے.

۱۹۳۷ دنیائے تبسم، ۵۱

ـــ کے تئیں جھاڑ (کَر) م ف (قدیم).

رک: پنجے جھاڑ کر.

آیا جو کوئی حسن کا ہوتا یا کوئی جھاڑ
جا شوخ سے جھٹ لپٹے یہ پنجوں کے تئیں جھاڑ

۱۸۳۰: نظیر، ک، ۲: ۱۱۰

ـــ میں گُتھی ہوئی م ف.

قبضے میں آئی ہوئی دولت یا کوئی قیمتی چیز.

گھر آئی ہرنی دولت پنجوں (پنجوں) میں گُتھی ہوئی سونے کی چڑیا ملی ملائی سونے کی کان ہاتھ آیا اوایا گوہر شاہوار آناً فاناً ہاتھوں سے نکل گیا.

۱۹۳۳ ید قدرت، ۱۲

پنجہ (۱) (فت پ، سک ن، فت ج) امذ، ~ پنجا.

۱. (i) پانچ سے منسوب، جو تعداد میں پانچ ہو، پانچ کا مجموعہ، کسی چیز کی گنتی کے موقع پر: ایک پنجہ، دو پنجے وغیرہ.

ہر پنجے میں اونٹ کے بختی ہوں یا عربی . . . ایک بکری واجب ہے.

۱۸۶۷ نورالہدایہ، ۱: ۱۷۸

اب دو پیسے پنجہ کے حساب سے ۶۰ انڈوں کو جن کے ۱۲ پنجے ہوتے ہیں فروخت کیا.

۱۹۷۳ مسئلہ جبرو قدر، ۴

(ii) (مجازاً) پانچ روپیے، پانچ روپے کا نوٹ.

اماں جان نے . . . پورا پنجا چپکے سے حوالہ کیا. وہ مٹھی گرم کر سدھاریں.

۱۹۲۸ پس پردہ، ۴۲

۲. (i) ہاتھ کی پانچوں انگلیاں ہتھیلی سمیت، کلائی تک کا ہاتھ یا پانو کا اگلا حصہ جہاں تک پانچ انگلیوں کی ہڈیاں ہوتی ہیں۔

انگلیاں پھنکڑیاں بات کا پنجا کنول، جوبن سُد امرت کے پھل۔

۱۶۳۵ سب رس، ۸۵

نگاہ ساغر کش تماشا بیاض گردن صراحی آسا
وہ گول بازو، وہ گوری ساعد، وہ پنجہ رنگیں بخون مرجاں

۱۸۵۴ ذوق، د، ۲۶۳

پنجہ وہ اور وہ ساعد سیمین و دست پاک
رخشاں و نور بخش و ضیا بار و تابناک

۱۹۲۷ شاد، ظہور رحمت، ۹۲

(ii) پرند اور حیوان کا چنگل اور پانو۔

چنگل سیں تجھ نگاہ کے زخمی ہوا ہے دل
پنجہ لگا ہے صید کوں جوں شاہباز کا

۱۷۳۹ کلیات سراج، ۱۸۲

شیر نے اس ہاتھی کے مستک پر پنجہ مارا اور اس کے سر کو زمین پر جھکا دیا۔

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان، ۵ : ۷۲۳

چیل نے بچے کو پنجے میں دبوچ لیا۔

۱۹۲۶ گرداب حیات، ۱۰۷

۳. (جوتا سازی) جوتی کا سامنے کا حصہ یا منھ جس میں پیر کی انگلیاں اور کچھ اگلا حصہ رہتا ہے۔

چھوٹے پنجے کا زرد مخملی چڑھواں جوتا زیب پا کئے ہوئے۔

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد، ۱ : ۱

بعض کارخانے جوتوں کے پنجوں کے چوبی سانچے تیار کرنے کے سوا اور کچھ نہیں کرتے۔

۱۹۳۷ اصول معاشیات، ۱ : ۸۳

۴. موزے کا نچلا حصہ جس میں پنجہ رہتا ہے۔

موزہ کا پنجہ خوبصورت نہ ہو گا۔

۱۹۳۵ اونی کام سلائیوں سے، ۲۱

۵. دو فٹ لمبی چھڑی جس کے منھ پر پانچ انگلیاں سی بنی ہوتی ہیں اور اسے عموماً پشت کھجانے کے کام میں لاتے ہیں، پشت خار، بے منتا (ماخوذ: فرہنگ آصفیہ، ۱ : ۵۵۳)۔

۶. وہ سونے چاندی یا کسی دھات کا ہاتھ جو علم پر نصب ہوتا ہے۔

پنجہ نہ تھا نشان ثریا سآب کا
تھا فرق جبرئیل پہ تاج آفتاب کا

۱۸۷۴ انیس، مراثی، ۱ : ۵۹

پنجہ . . . چاندی، سونے یا تانبے وغیرہ کا بنا ہوا وہ نشان جو آدمی کے پنجے کی وضع کا بنا ہوا ہوتا ہے اور اوس کو . . . تعزیے کے جلوس کے ہمراہ لے کر چلتے ہیں۔

۱۹۶۲ مہذب اللغات، ۳ : ۱۰۲

۷. (قصائی) پٹھے سے اوپر کا گوشت (فرہنگ آصفیہ، ۱ : ۵۳۳)۔

۸. گنجفے یا تاش کا وہ پتا جس پر پانچ نشان بنے ہوتے ہیں۔

تم گنجفے کو پھینک کے صاحب جو اٹھ چلو
دامن پکڑ لے دوڑ کے پنجہ غلام کا

۱۸۵۴ دیوان اسیر، ۱ : ۸۷

۹. پنج شاخہ (رک) (نوراللغات، ۲ : ۱۱۷)۔

۱۰. لپ، مٹھی۔

پنجہ بھر آٹا۔

۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ، ۱ : ۵۳۳

۱۱. ایک قسم کا زور جو حریف کے ہاتھ کی پانچوں انگلیوں میں اپنی پانچوں انگلیاں ڈال کر کیا جاتا ہے۔

زور آزمائی کے واسطے چند قسمیں اور بھی ہیں، چنانچہ پنجہ اور کلائی وغیرہ۔

۱۸۷۳ عقل و شعور، ۳۰۳

شہر یار نے کہا، پنجہ کا مقابلہ ہو۔

۱۸۹۶ تورج نامہ، ۷ : ۶۷۹

۱۲. (مجازاً) تسلط، قابو، قبضہ، گرفت، اختیار۔

بد کاری اور زیادتی دونوں کے پنجے میں مغلوب رہتا ہے۔

۱۸۶۶ تہذیب الایمان (ترجمہ)، ۵۳۹

امریکا کو اہل انگلستان کے پنجے سے رہائی دلائی تھی۔

۱۹۰۹ اپریل فول، ۵۰

۱۳. (i) (بنائی) دری کا بنالا ٹھوکنے کا پنجے کی شکل کا اوزار، کرکری (ا پ و، ۲ : ۱۰۳)۔

(ii) قالین کا رواں جمانے کا پنجے کی شکل کا اوزار (ا پ و، ۲ : ۱۰۷)۔

(iii) کوئی آلہ یا پرزہ جس سے پنجے کی طرح گرفت کا کام لیا جائے۔

زیریں حصے کی گرفت کا پنجہ مشین کے نیچے لگا ہوتا ہے۔

۱۹۴۸ اشیائے تعمیر، ۸۳

۱۴. جانور کی پسلی کی ہڈی یا اسی شکل کا بنا ہوا اوزار جس سے خاکروب میلا اٹھاتے ہیں۔

مقدمے والے (بھنگی) کے ایک ہاتھ میں جھاڑو دوسرے میں پنجہ۔

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد، ۲ : ۳۰۵

ــ اُترنا محاورہ .

ہاتھ کے پہنچے کی ہڈی کا جگہ سے ہٹ جگہ سے ہٹ جانا ، (مجازاً) کٹ جانا .

تلوار جس نے کھینچی کمر سے وہ مر گیا
گردن سے سر کلائی سے پنجہ اتر گیا

۱۸۷۵ مونس ، مراثی ، ۱ : ۱۶۱

ــ اسکندری کس اضا (— کس ا ، سک س ، فت ک ، سک ن ، فت د) امذ .

(لفظاً) سکندر کا ہاتھ ، (مجازاً) وہ ہاتھ جس میں سکندر کی سی قوت طاقت اور صلاحیت ہو .

سبکو گمان پنجۂ اسکندری ہوا
جمجوں بنا ہے تیرے انامل سے آئینہ

۱۸۷۰ الماس درخشاں ، ۱۸۵

[پنجہ + اسکندر (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

ــ اَفگن (— فت ا ، سک ف ، فت گ) صف .

پنجہ لڑانے والا ، مقابلہ یا زور آزمائی کرنے والا .

مقابل وہیں پھر تہمتن ہوا کلاں پور سے پنجہ افگن ہوا

۱۸۱۰ شاہ نامہ ، منشی ، ۱۶۵

[پنجہ + افگن (رک)]

ــ اَلماس کس اضا (— فت ا ، سک ل) امذ .

فولاد کا پنجہ جس سے کشتی گیر ورزش کرتے ہیں (لغات سعیدی ، ۱۳۴) .

[پنجہ + الماس (رک)]

ــ آزمائی (— سک ز) امث .

پنجہ لڑانے کا عمل ، (مجازاً) مقابلہ ، ضدم‌ضدا .

ایجنٹ صاحب سے پنجہ آزمائی کروں ، میں اتنا احمق نہیں ہوں .

۱۹۳۵ دودھ کی قیمت ، ۱۰۳

[پنجہ + آزمائی (رک)]

ــ آفتاب کس اضا (— سک ف) امذ .

سورج کی کرنیں .

نہ گوہر کہ تھا پنجۂ آفتاب
کہ تس دیکھنے تا رہے جگ میں تاب

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۱۴

[پنجہ + آفتاب (رک)]

ــ آویزی (— ی مج) امث .

رک : پنجہ آزمائی .

شریفوں کا شغل ڈنڈ ، مگدر ، . . . . پنجہ آویزی وغیرہ ، جن کی گھر کے اندر مشق کی جاتی تھی .

۱۹۱۵ مرقع زبان و بیان دہلی ، ۴۱

[پنجہ + آویزی (رک)]

ــ آہنی کس اضا (— کس ہ) امذ .

۱. استحصال ، لوٹ کھسوٹ ، مضبوط گرفت .

وہ نظام زراعت جو کاشتکاروں کو کم و بیش بلا لحاظ اس کی محنت و مہارت کے محض انحصاری زندگی گذارنے پر مجبور کرتا ہے بجا طور پر جاگیر داری کا پنجۂ آہنی کہلاتا ہے .

۱۹۶۰ دوسرا پنجسالہ منصوبہ ، ۲۹۱

۲. (کنایۃً) **مضبوط ہاتھ .**

پنجۂ آہنی دھرتا ہوں جوں پلنگ
کلّے شیر کے چیرتا ہے درنگ

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۲۲۶

۳. (مجازاً) **ظلم ، جور ، زیادتی .**

تعصب مذہبی اور استبداد کے پنجۂ آہنی نے انہیں اس سے زیادہ تیزی کے ساتھ مٹا بھی دیا .

۱۹۴۶ معاشیات قومی ، ۱۷۸

[پنجہ + آہنی (رک)]

ــ بنانا ف مر .

ہاتھ کا نقش چھاپنا .

مسجدوں میں حاجت مند اوس کو گھول کر پنجہ بناتے ہیں .

۱۸۴۵ مرقع پیشہ وراں ، ۱۱۸

ــ پھیر دینا/پھیرنا محاورہ .

(حریف کے) پنجے میں پنجہ ڈال کر داہنی یا بائیں طرف کو موڑ دینا ، (مجازاً) شکست دینا ، غلبہ حاصل کرنا ، دبا لینا .

میری نظروں میں ہیں اب تک آپ وہ ہی نازنیں
پھیرے رستم کا پنجہ یا کلائی کیجے

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۱۷۵

اس نزاکت پر جو وہ پنجہ کرے
پنجۂ مرجاں کا پنجہ پھیر دے

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۶۸

بڑے بڑے پنجہ کش ان کا پنجہ نہیں پھیر سکتے تھے .

۱۹۴۳ حیات شبلی ، ۷۲۸

ــ ٹکنا محاورہ .

تھوڑے سے دخل کا موقع ملنا ، ذرا قدم جمنا .

غیر ملک ، غیر زبان ، غیر قوم ، کہیں پنجہ ٹکنے تک کا سہارا نہیں .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، کایا پلٹ ، ۳

ــ ٹیکنا محاورہ .

پنجہ ٹکنا (رک) کا تعدیہ .

انیلا سمجھ کے شروع میں دونوں نے خوب رگیدا مجھے بھی پنجے ٹیکنا تھے چاروناچار ، کڑی جھیلی ، سب گرم و سرد گوارا کیا .

۱۹۳۵ داودہ پنچ ، لکھنؤ ، ۲۰ ، ۴ : ۴

ــ چڑھانا محاورہ .

کسی تعزیہ خانے وغیرہ میں علم یا اس کا پنجہ نذر کے طور پر پیش کرنا .

جو دیں درگاہ میں وہ ایک بوسہ دست سیمیں کا
چڑھاؤں نقرئی پنجہ میں پہلی کو محرم کی

۱۸۷۴ بیخود (ہادی علی) ، د ، ۹۵

ــ چھکا چلنا محاورہ .

گنجفے یا تاش کی بازی لگنا ، جوا کھیلا جانا .

صبح سے شام تک پنجا چھکا چل رہا ہے ، پانسے پھینک رہے ہیں .

۱۹۱۱ نشاط عمر ، ۲۵۲

ــ حیدری کس اضا (ــ ی لین ، فت د) امذ .

(لفظاً) حضرت علی کا دست مبارک ، (مجازاً) طاقت ور ہاتھ .

سکندر ہوں منجہ موج اسکندری
دیا کس منجے پنجۂ حیدری

۱۶۶۵ علی نامہ ، ۵۳

[پنجہ + حیدر (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

ــ خور کس اضا (ــ و مع) امذ .

رک : پنجۂ آفتاب .

صبح ہوتے ہی گیا گھر مہ تاباں میرا
پنجۂ خور نے کیا چاک گریباں میرا

۱۸۵۵ ؟ کلیات شیفتہ ، ۱۶

[پنجہ + خور (رک)]

ــ خورشید کس اضا (ــ و معد ، سک ر ، ی مع) امذ .

رک : پنجۂ آفتاب .

لگتا ہے مجھ کوں پنجۂ خورشید رعشہ دار
دیکھا ہوں جب سوں دست نگاریں نگار کا

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۷

زلف اس دست حنائی میں ہے یارب کہ ہے
پنجۂ خورشید میں دامن شب دیجور کا

۱۸۲۶ معروف ، د ، ۲۹

[پنجہ + خورشید (رک)]

ــ دعا کس اضا (ــ ضم د) امذ .

ہاتھ جو دعا کے لیے پھیلایا جائے .

الحمدللہ کہ آج پنجۂ دعا حنائے اجابت سے رنگین ہوا .

۱۸۷۳ عقل و شعور ، ۲۸

[پنجہ + دعا (رک)]

ــ دلاک کس اضا (ــ فت د ، شد ل) امذ .

(حمام میں نہاتے وقت) بدن ملنے والے خادم کا ہاتھ ، کیسۂ دلاک .

گر ملے دست نگاریں کو ترے اے برق طور
ہو ید بیضا کا جلوہ پنجۂ دلاک میں

۱۸۵۸ نواب علی ، بیاض سحر ، ۲۲۵

[پنجہ + دلاک (رک)]

ــ دینا محاورہ .

کمر میں ہاتھ ڈال کر پکڑنا .

خواجہ ایک طرف چلے ، حیرت افزا کڑک کر گری عمرو کی کمر میں پنجہ دے کر لے چلی .

۱۹۰۲ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۳ : ۱۵

ــ دھرنا محاورہ (قدیم) .

تصرف کرنا ، قبضہ کرنا .

کہ مجھ قوت ہو اپنا پنجہ دھرنا

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت ، ۱۱۹)

ــ ڈالنا محاورہ .

حملہ کرنا ، وار کرنا ؛ مقابلہ کرنا .

جانور اس مرض میں سست ہو کر بچالا کی پنجہ نہیں ڈالتا ہے .

۱۸۸۳ صید گاہ شوکتی ، ۱۷۱

ـــ شانہ کس اضا (— فت ن) امذ .

کنگھی ؛ کنگھی کے دندانے .

پنجۂ شانہ کو دیتا ہے فلک کب ناخن
جانتا ہے کہ یہ ہے عقدہ کشائی کرتا

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۴۷

[پنجہ + شانہ (رک)]

ـــ شاہین کس اضا (— ی مع) امذ .

باز کا پنجہ جس کی گرفت اور جھپٹ بہت سخت ہوتی ہے ، (مجازاً) سخت مارکرنے والا (ہاتھ یا کوئی چیز) .

ناخن جور سے مجھ دل کوں کیا ہے پر خوں
نہیں ہے مژگاں او سے تم پنجۂ شاہین کہو

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۳۹۶

[پنجہ + شاہین (رک)]

ـــ صیاد کس اضا (— فت ص ، شد ی) امذ .

صیاد کا ہاتھ ، (مجازاً) وہ جال جس سے شکاری پرند پکڑتا ہے .

مر کر ملی نہ پنجۂ صیاد سے نجات
تکیہ قفس ہے مشت پر عندلیب کا

۱۸۷۰ دیوان امیر ، ۳ : ۶

[پنجہ + صیاد (رک)]

ـــ ضرغام کس اضا (— کس ض نیز بفت) امذ .

شیر کا پنجہ ، (کنایۃً) بہت مضبوط ہاتھ ، (مجازاً) ایسی گرفت جس سے بچا نہ جا سکے .

زخمی نہ بچا اس کا ترا خنجر ابرو
ناخن ہے مگر پنجۂ ضرغام اجل کا

۱۸۷۲ مظہر عشق ، ۴۳

[پنجہ + ضرغام (رک)]

ـــ ظلم کس اضا (— ضم ظ ، سک ل) امذ .

ظلم کا ہاتھ ، (کنایۃً) انتہائی اذیت و تکلیف دہ ہاتھ ، بیداد .

خدا کی قدرت کہ ہم ان کے پنجۂ ظلم میں گرفتار نہیں ہوئے .

۱۹۱۷ غدر دہلی کے افسانے ، ۲ : ۳۸

[پنجہ + ظلم (رک)]

ـــ عرب کس اضا (— فت ع ، ر) امذ .

(کشتی) ایک قسم کا داؤ جو اس طرح لگاتے ہیں کہ جب حریف سامنے کھڑا ہو تو اپنے داہنے ہاتھ سے حریف کے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی خوب زور سے پکڑ کر داہنی طرف کو موڑتے ہیں اور بائیں ہاتھ سے فوراً جھک کر حریف کا بایاں موزہ اندر سے پکڑ کے کھینچ لیتے ہیں اور یوں اسے چاروں شانے چت گراتے ہیں (ماخوذ : رموز فن کشتی ، ۴۸) .

[پنجہ + عرب (رک)]

ـــ غم کس اضا (— فت غ) امذ .

غم کا ہاتھ ، (مجازاً) غم و اندوہ کی گرفت .

پنجۂ غم سے جو یہ چاک رہا کرتا ہے
دل مرا کیا ہے گریباں کسی سودائی کا

۱۸۷۰ دیوان امیر ، ۳ : ۳۸

[پنجہ + غم (رک)]

ـــ فگن (— کس ف ، فت گ) امذ .

(لفظاً) ہاتھ ڈالنے والا ، (مجازاً) پنجہ لڑانے والا .

نہ ستیزہ گاہ جہاں نئی ، نہ حریف پنجہ فگن نئے
وہی فطرت اسداللہی وہی مرحبی وہی عنتری

۱۹۲۳ بانگ درا ، ۲۸۵

[پنجہ + فگن (رک)]

ـــ قضا کس اضا (— فت ق) امذ .

دست اجل ، موت کی گرفت .

جان دشمنوں کے پنجۂ قضا میں پھنس جائے .

۱۹۰۳ آفتاب شجاعت ، ۳ : ۱۲۳

[پنجہ + قضا (رک)]

ـــ کرنا محاورہ .

دو آدمیوں کا باہم انگلیوں میں انگلیاں گانٹھ کر ایک دوسرے کا ہاتھ موڑنے کے لیے زور کرنا ، مقابلہ یا طاقت آزمائی کرنا .

او کوئی اپنے بازو کوں رنجہ کیا
جکوئی شیر کے سات پنجہ کیا

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۱۰۷

باز سوں کنجشک جو پنجہ کرے
جان مسکیں کوں اس رنجہ کرے

۱۷۵۴ ریاض غوثیہ ، ۸۸

پنجہ بھی کرتے تھے اور ہاتھ میں خوب طاقت تھی .

۱۹۲۹ تذکرہ کاملان رامپور ، ۲۳۷

ـــ کَش (— فت ک) صف ؛ اسذ .

۱. پنجہ کرنے والا ، پنجہ لڑانے والا .

اوس نے ایک آن میں بڑے بڑے پنجہ کش ہزبر خانوں کی انگلیوں کی پوریں توڑیں .

۱۸۴۵ مرقع پیشہ وران ، ۷۷

۲. وہ لوہے کا پنجہ جس میں ہاتھ ڈال کر پنجہ کرنے کی مشق کی جاتی ہے ؛ ایک قسم کی روٹی جس میں پانچوں انگلیوں کا نشان پڑا ہوتا ہے (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۷) .

۳. پنجے سے شکار کرنے والے جانور ، گوشت خور پرند (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۷ ؛ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۳) .

۴. (مجازاً) شہ زور ، لڑاکا ، زور آور ، دبنگ .

میں آپ کو دیکھ کر یہ سمجھا کہ کوئی زنانہ مٹکتا جاتا ہے یا پنجہ کش ساقن مردانہ بھیس میں آتی ہے .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۲

نوید رزم ہے مردان پنجہ کش کے لیے
نشان عزم دم کار زاں ہے مکہ

۱۹۶۸ روز نامہ جنگ ، کراچی ، ۱۷ اکتوبر ، ۵

اسم کیفیت : پنجہ کشی (رک : پنجہ کرنا) .

ہمارا ارادہ ہے کہ ہم پنجہ کشی میں تم سب کا امتحان لیں گے .

۱۸۹۱ بوستان خیال ، ۸ : ۴۹۱

پنجہ کشی کی مشق کبھی نہیں کی تھی .

۱۹۴۳ حیات شبلی ، ۷۲۸

[پنجہ + ف : کش ، کشیدن (= کھینچنا) سے]

ـــ گاڑنا / گاڑدینا محاورہ .

قبضہ کرنا ، سکہ بٹھانا ، جھنڈا گاڑنا .

اس کے بعد سیاسیات نے ایسا پنجہ گاڑ دیا کہ مذہب سے لیکر عشق تک . . . متزلزل چلا آرہا ہے .

۱۹۷۳ جہان دانش ، ۴۳۳

ـــ گُرگ کس اضا (— ضم گ ، سک ر) اسذ .

یہ ایک نبات کے نہایت باریک باریک تخم ہوتے ہیں جو آگ میں ڈالتے ہی شعلہ پکڑ لیتے ہیں ، نباتی گندھک ، گوگرد نباتی ، نبات کبریت ، رصن ، رجل الذئب ، لاط : Lycopodium ، انگ : Wolf's Claw/Foot (ماخوذ : خزائن الادویہ ، ۶ : ۴۹۷ ؛ قاموس الاصطلاحات ، ۴۴۷) .

[پنجہ + گرگ (رک)]

ـــ گڑونا محاورہ .

رک : پنجہ گاڑنا ؛ ضرب پہنچانا ، تکلیف دینا .

یہاں کیا دھرا ہے جو ہاتھ آئے گا
کلیجہ میں پنجہ گڑو یا تو کیا

۱۹۵۷ یگانہ ، گنجینہ ، ۱۸

ـــ گیر (— ی مع) صف .

۱. پنجے سے شکار کرنے اور پنجے سے دبا کر کھانے والا (پرند) .

اہل اسلام اس کو پنجہ گیر خیال کر کے اس کا گوشت کھانا مکروہ سمجھتے ہیں .

۱۸۹۷ سیر پرند ، ۱۷۳

۲. کشتی لڑنے والا ، پہلوان ؛ مکا باز (اسٹین گاس) .

[پنجہ + ف : گیر ، گرفتن (= پکڑنا) سے]

ـــ لڑانا محاورہ .

رک : پنجہ کرنا .

علما اور فضلا کے علاوہ عوام کا طبقہ تھا ، جس کے افراد پہلوانی کرتے تھے ، پنجہ لڑاتے تھے .

۱۹۵۶؟ آشفتہ بیانی میری ، ۴۲

ـــ لگنا محاورہ .

ضرب لگنا .

چنگل سیں تجھ نگاہ کے زخمی ہوا ہے دل
پنجہ لگا ہے صید کوں جوں شاہباز کا

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۸۲

ـــ لے جانا محاورہ .

رک : پنجہ پھیر دینا / پھیرنا ؛ سبقت لے جانا .

مرجان پنجۂ نگارین شعلہ رویوں سے پنجہ لے جائے .

۱۸۸۰ طلسم فصاحت ، ۳۸

ـــ مارنا محاورہ .

چنگل مارنا ، جھپٹا مارنا ، زخمی کرنا ، (مجازاً) قابو میں کرنا .

ماریا زور سوں پنجہ او زور مند
توڑیا سب اس بازواں کا او بند

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۳۳

اپنے کبوتروں کو دیکھو کہ بلی نے کہاں پنجہ مارا .

۱۷۹۰ جغرافیۂ طبیعی ، ۱ : ۲۲

ـــ مرجان کس اضا (— فت م ، سک ر) امذ .

درخت کی شکل کی ایک بحری نبات جسے سمندری کیڑے بناتے ہیں بیچ کے تنے سے شاخ در شاخ ٹہنیاں سی پھیلی ہوتی ہیں ، جو دیکھنے میں ایسی معلوم ہوتی ہیں جیسے پنجہ (بیشتر سرخ رنگ کا ہوتا ہے) ، مونگے کا درخت یا شاخیں .

چشم تر میں ہے یہ عالم مژۂ پر خوں کا
جس طرح بحر میں ہو پنجۂ مرجاں پیدا

۱۸۱۶ دیوان ناسخ ، ۱ : ۲۷

جو مہندی کسی کے گورے ہاتھوں کو پنجۂ مرجاں بنا چکی ، باسی ہے .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۱/۲ : ۴۳۷

[پنجہ + مرجان (رک)]

ـــ مروڑنا محاورہ ؛ ~ — مڑوڑنا ، مڑورنا .

رک : پنجہ پھیر دینا/پھیرنا .

پنجۂ خورشید کے تئیں ڈال سکتا ہے مڑور
ماہ رو ایسا کیا ہو جس کسی نے اپنے ہات

۱۷۱۸ دیوان آبرو (۱) ، ۱۳

مرد قوی کو مناسب ہے کہ زور و توانائی کے غرور سے عاجزوں اور ناتوانوں کا پنجہ نہ مروڑے .

۱۸۷۳ عقل و شعور ، ۴۲۵

رعب عدو کا پنجہ مروڑے ہوئے ہے تو
اغیار کے غرور کو توڑے ہوئے ہے تو

۱۹۴۵ سنبل و سلاسل ، ۴۱

ـــ مریم کس اضا (— فت م ، سک ر ، فت ی) امذ .

ایک گھاس کا نام جو شکل میں پنجے سے مشابہ ہے (تبرکاً خوش عقیدگی کے طور پر وضع حمل کے وقت اسے پانی میں ڈال کر زچہ کے قریب رکھ دیتے ہیں تاکہ ولادت میں آسانی ہو کہا جاتا ہے کہ حضرت عیسیٰ کی ولادت کے وقت عالم کرب میں حضرت مریم کا ہاتھ اس گھاس پر جا پڑا تھا) ، مریم کا پنجا ، بی بی کا پنجا .

اس زلف فتنہ زا کے لیے اے مسیح دم
کچھ دست شانہ پنجۂ مریم سے کم نہیں

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۱۲۳

خالی ہے مثل پنجہ مریم ہر ایک ہاتھ
کچھ لے چلے عدم کو نہ باغ جہاں سے ہم

۱۹۰۰ نظم دل افروز ، ۱۹۸

[پنجہ + مریم (رک)]

ـــ مژگاں کس اضا (— کس م ، سک ژ) امذ .

رک : پنجۂ مژہ .

آبرو اشک ندامت سے مجھے ہو گی نصیب
پنجۂ مژگاں ترا دست دعا ہو جائیگا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰

[پنجہ + مژگاں (رک)]

ـــ مژہ کس اضا (— کس م ، فت ژ) امذ .

پلکیں ، پلکوں کے بال .

پایا نہ دل بہایا ہوا سیل اشک کا
میں پنجۂ مژہ سے سمندر بلو چکا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۴۷

[پنجہ + مژہ (رک)]

ـــ ملانا محاورہ .

رک : پنجہ کرنا .

عجب جان میمنت ماتا ہے وو
کہ با گاں سوں پنجا ملاتا ہے وو

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۲۴

ملائے پنجہ کب مریخ کو تاب
لحد میں زہرۂ رستم بنا آب

۱۸۶۲ طلسم شایان ، ۵

روز ازل سے ہمیشہ جوانان تار تار
اٹھے ہیں پنجہ ملانے کو دیو اجل سے

۱۹۶۲ ہفت کشور ، ۱۵

ـــ موڑنا محاورہ .

رک : پنجہ پھیر دینا/پھیرنا .

اگر قسمت نے یاوری کی تو ہم قضا کا بھی پنجہ موڑ دیں گے .

۱۹۵۶ چنگیز ، ۱۱۵

ـــ مہر کس اضا (— کس خف م ، سک ہ) امذ .

رک : پنجۂ آفتاب ، پنجۂ خورشید .

ہوا اس کے پنجے سوں مرجاں خفیف
کہ ہے پنجۂ مہر کا وو حریف

۱۷۱۴ دیوان فائز دہلوی ، ۲۱۰

[پنجہ + مہر (رک)]

— میں آنا محاورہ .

قبضہ یا گرفت میں چلا جانا .

میں اس کے پنجہ میں آ گیا یہ وارسا کا ذکر ہے .

۱۹۲۳ خونی راز ، رسوا ، ۸۹

— میں پڑنا محاورہ .

رک : پنجہ میں آنا .

یا الٰہی کسی ظالم کے پڑے پنجہ میں
بے طرح پٹکہ کو ہے اسکی کمر سے پیوند

۱۸۰۱ گلشن ہند ، ۴۲

افسوس مجھے پہلے معلوم نہ تھا ورنہ فلورا ہرگز ترے پنجہ میں نہ پڑتی .

۱۸۹۶ فلورا فلورنڈا ، ۳۷۴

— میں لینا محاورہ .

پنجہ میں آنا (رک) کا متعدی .

کہتا ہوں میں جنوں میں مہ نو کو دیکھ کر
پنجہ میں آسماں کا گریبان لیجئے

۱۸۵۸ امانت ، د ، ۸۶

— نگاریں کس صف (— کس ن ، ی مع) امذ .

سجا ہوا پنجہ ، خوبصورت ہاتھ ، (مجازاً) معشوق کا ہاتھ .

عقیق و یاقوت لب لعلین شاہدان شنکول کو شرمائے ، مرجان پنجہ نگاریں شعلہ رویوں سے پنجہ لے جائے .

۱۸۸۰ طلسم فصاحت ، ۴۸

یہ وہی ہیں جن کے پنجۂ نگاریں تک جب ہاتھ پہونچایا ہو گا ، جبین ناز پر غصے کی شکنیں پڑ گئی ہونگی .

۱۹۲۳ مضامین شرر ، ۱ : ۱ ، ۲۱۶

[پنجہ + نگاریں (رک)]

— نما پتا (— ضم ن ، فت پ ، شد ت) امذ .

ایسا پتا جس کے کناروں میں ہاتھ کی انگلیوں سے مشابہ گہرے کٹاؤ ہوں (ا پ و ، ۶ : ۱۳۱) .

[پنجہ + نما (رک) + پتا (رک)]

— ہونا محاورہ .

پنجہ کرنا (رک) کا لازم .

پیری سے کمر خم ہے وہ فرماتے ہیں تن جا
قابو میں نہیں ہاتھ تو کیا ہو سکے پنجا

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۳۶۶

— یلی کس اضا (— فت ی) امذ .

(لفظاً) پہلوان کا ہاتھ ، (مجازاً) طاقتور ہاتھ .

شہزادہ نے گھوڑا اڑدر سے اس کے ملا کر کمر زنجیر میں اس کی پنجۂ یلی اپنا دیکر زور کیا .

۱۸۸۸ طلسم ہوشربا ، ۳ : ۳۳۶

[پنجہ + یل (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

پنجی (فت پ ، سک ن) امث .

۱. رک : پنج شاخہ ، فلیتہ جلانے کا آلہ (بیشتر جمع میں مستعمل) .

اس روشنی میں چند دکھا دیجے پنجیاں
نازاں ہے آفتاب کے پنجے پر آسماں

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۳۴۲

ہاتھیوں پر زنانی مردانی سواریاں ، ساتھ ساتھ مشعلیں اور پنجیاں .

۱۹۱۱ قصہ مہر افروز ، ۵۱

۲. پانچ نوکروں کی چھوٹی سی چمچی .

ڈبیا سے کلوری چاندی کی پنجی سے پکڑ نکال کھائی .

۱۹۲۸ پس پردہ ، ۱۳۳

[رک : پنج + ی ، لاحقۂ صفت]

— والا امذ .

(مشعلچی) وہ مزدور جو کسی جلوس کے ساتھ روشن پنجی اٹھا کر چلے (ا پ و ، ۱ : ۱۹۱) .

[پنجی + والا (رک)]

پونجی (ضم پ ، سک ن) امث .

پونجی ، ذخیرہ ، ڈھیر ، تودہ (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۴) .

[س : पुञ्जी پنجی]

پنجے (فت پ ، سک ن) امذ .

۱. پنجہ (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .

دونوں ہاتھ کے پنجے ملا کر دھونا .

۱۵۶۳ رسالۂ فقہ ، ۶

دو پنجے دس .

۱۸۷۳ علم حساب ، ۱۵

مثلاً تین پنجے پندرہ میں تو عقل پندرہ کے ادراک پر مجبور ہے .

۱۹۶۰ تفسیر والتین و والعصر ، ۲۳

ــ اُکھڑنا محاورہ .

قبضہ ختم ہونا ، گرفت ڈھیلی پڑنا ؛ نہ جمنا ، مقابلے میں نہ ٹھہرنا ؛ گھبرا جانا ، حواس باختہ ہو جانا .

ان کے پنجے اکھڑ گئے . . . شش و پنج میں پڑ گیا .

۱۸۶۸ رسوم ہند ، آشوب ، ۲۶۷

ــ جمانا محاورہ .

رک : پنجے گاڑنا (مخزن المحاورات ، ۲۷۰) .

ــ جھاڑ (کر / کے) م ف .

بری طرح سے ، اس طرح سے کہ سنبھال مشکل ہو ، مستعد ہو کر ، آمادہ ہو کر ؛ وبال جان بن کر ؛ مکمل دھیان اور توجہ کے ساتھ .

لے گیا صحرا کی جانب واں اسے شوق شکار
شیر غم پیچھے پڑا یاں کیا ہی پنجے جھاڑ کر

۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۶۵

انگریزی ایسی بری طرح پنجے جھاڑ کر ہمارے پیچھے چمٹی ہے کہ اب اس سے تحرز ممکن نہیں .

۱۸۸۸ لیکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۷۳

بیٹی نے نصیحت کی بات کہی تھی ، مگر ماں پنجے جھاڑ کر پیچھے لپٹی .

۱۸۸۵ فسانۂ مبتلا ، ۱۵

انھیں بھی اس وقت کچے گھڑے کی چڑھی تھی ، آخر کار پنجے جھاڑ کر چمٹ گئے اور پلا ہی چھوڑی .

۱۸۸۷ جام سرشار ، ۱۸۲

اس نے سنا کہ شہزادہ سری نگر جاتا ہے ، پنجے جھاڑ کر گرفتاری کے درپے ہوا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۸ : ۴۴

بھرے مہمانوں میں پنجے جھاڑ سمدھن کے سر ہو گئی .

۱۹۱۰ لڑکیوں کی انشا ، ۱۴

زلف میں یک دست شانہ ناخن اپنے گاڑ کر
پنجۂ خورشید سے لپٹا ہے پنجے جھاڑ کر

۱۸۱۸ انشاء ، کلام ، ۹۰

اف : پیچھے پڑنا/چمٹنا/لپٹنا ، چمٹنا ، درپے ہونا ، سر ہونا لپٹنا .

ــ چھکّے اُڑانا محاورہ .

مزے اُڑانا ، رنگ رلیاں منانا ، حسب دل خواہ لطف حاصل کرنا .

تھے شرط وفا میں دونوں پکّے
جگ مل کے اڑائے پنجے چھکّے

۱۸۸۷ ترانۂ شوق ، ۱۰۸

ــ سے چھوٹنا محاورہ .

آزاد ہونا ، (کسی کے) تسلّط سے نکلنا ، چنگل سے چھوٹنا (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۸) .

ــ سے نکل جانا محاورہ .

رک : پنجے سے چھوٹنا .

سلیم کے پنجے سے نکل جانا ، مرزا فیاض کا سراغ نہ ملنا .

۱۹۳۳ ید قدرت ، ۴۷

ــ کو بھانا محاورہ (قدیم) .

رک : پنجہ مارنا .

جداں پنچھیوں ہو او پنجے کو بھاتا

۱۷۶۸ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت ، ۱۱۹)

ــ کی کسرت (ــ ف ت ک ، س ک س ، ف ت ر) امث .

پنجہ لڑانے کی مشق نیز وہ ورزش جو پنجے کے ہل کی جائے.

یے طرح پنجے کی کسرت کا ہوا شوق ان دنوں
سخت ہو جائیں گی اس رشک قمر کی انگلیاں

۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۹۵

ــ گاڑنا محاورہ .

رک : پنجہ گاڑنا .

چچی سمجھ چکی تھی کہ علی بچنے والا نہیں ، حمیرہ سونے کی چڑیا ہے ، اس پر ایسے پنجے گاڑوں کہ اکس نہ سکے .

۱۹۲۶ خدائی راج ، ۵

ــ مارنا محاورہ .

جھاڑو دینے میں پنجے کی شکل جیسے نشانات بنا دینا ، اچھی طرح نہ بہارنا یا صاف نہ کرنا .

جھاڑو دی تو ایسی کہ جھاڑو معلوم ہو یہ نہیں کہ پنجے مار دیئے .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۱۲

ــ میں پھنسنا محاورہ .

قابو میں آنا ، مصیبت میں گرفتار ہونا .

کیوں کھول دیے راز اجل کے ناحق
پنجے میں پھنسے آپ اجل کے ناحق

۱۹۵۷ یگانہ ، گنجینہ ، ۱۴۳

— میں لانا/لینا محاورہ .

بس میں لانا ، قابو میں لانا ، جال میں پھنسانا (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۸) .

— میں ہونا محاورہ .

قبضے میں ہونا .

دل کانپتا تھا دیکھ کے تیور دلیر کے
گویا سپاہ شام تھی پنجے میں شیر کے

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۲ : ۹۰

— وار صف .

فاقہ زدہ ، خستہ حال (پلیٹس) .

[پنجہ + وار (رک)]

پنجیارا (کس پ ، سک ن ، کس خف ج) اسذ .

رک : پنجارا (پلیٹس) .

[س : पञ्चक + इक + कार]

پنجیان (فت پ ، سک ن ، سک ج) اسث (قدیم) .

ایک درخت جس کا پتا مرغ کی کلغی سے مشابہ ہوتا ہے .

طرا لاے پنجیاں کے مرغ سحر
کلیاں شہ پران میں بھرے کرپٹر

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۳۸

[پنجہ (رک) سے ؟]

پنجیرا (فت پ ، مغ ، ی مج) اسذ .

وہ شخص جو برتن جھالنے کا کام کرتا ہے ، قلعی گر ؛ (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۸ ؛ پلیٹس) .

[س : پنج + کار + कार]

پنجیری (فت پ ، مغ نیز سک ن ، ی مع) اسث .

۱. زچہ کو کھلانے کی ایک مقوی غذا جو گھی میں بھنے ہوئی سوجی میں شکر پسی ہوئی سونٹھ چھوارے بھنا ہوا گوند اور مکھانے وغیرہ ملا کر تیار کی جاتی ہے ۔ اس سے دودھ بڑھتا ہے .

بنا ترکیب سوں قدرت کے دی دائی
توجہ سوں پنجیری نور کی کھائی

۱۶۸۴ عشق نامہ ، مومن ، ۶۸

کیا وہ پنجیری سیلی بلی اجی
جو کہ ہونٹوں میں بھر بھری نہ لگے

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۲۱۱

جب نواں مہینہ شروع ہوتا ہے تو دلہن کے میکے سے دلہن کا جوڑا ، کنگھی . . . پنجیری کے روپے بھیجے جاتے ہیں .

۱۹۰۵ رسوم دہلی ، احمد ، ۷

۲. گھی میں بھنے ہوئے آٹے کو شکر کے قوام میں ڈال کر تھوڑی سی سونٹھ ملا کر بنائی ہوئی شیرینی جو عموماً چوتھی کی صبح کنبے میں تقسیم ہوتی ہے .

بھر کے تنبول شیشوں کے اندر بھیجی پنجیری جلد بنوا کر

۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۲۸۵

۳. وہ دھنیا اور زیرہ وغیرہ جو جنم اشٹمی میں تیار کیا جاتا ہے (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۴) .

[رک : پن (۲) + س : जीरिका]

پنجیھنی (فت پ ، سک ن ، فت جھ) اسث ؛ ← پنجنی ، پینجنی ، پینجھنی .

(کبوتر بازی) رک : پنجنی (ا پ و ، ۸ : ۱۲۸) .

پنج (۱) (فت پ ، ن) اسث .

رک : پنج ، کمان کی تانت (پلیٹس) .

[س : प्रत्यञ्चा]

پنج (۲) (فت پ ، سک ن) .

(الف) اسذ .

۱. فیصلہ کرنے والا ، ثالث ، حَکَم ، جسے فریقین نے نزاع کے فیصلے کے لیے مقرر کیا ہو ، ثالثی کا رکن .

ہر ایک کو متخاصمین سے اختیار ہے کہ قبل حکم کرنے پنچ کے پنچایت سے پھر جاوے .

۱۸۶۷ نورالہدایہ (ترجمہ) ، ۳ : ۷۳

ایک پنچ مرد کے کنبے میں سے مقرر کرو .

۱۹۳۶ راشد الخیری ، احکام نسواں ، ۸۵

اف : بنانا ، بننا ، ٹھہرانا ، مقرر کرنا .

۲. گانو کی سرکاری یا غیر سرکاری مجلس انتظامی (پنچایت) کا رکن ، قوم کا سردار (جو بیشتر دیہات اور قصبوں میں ہوتا ہے).

فیصلہ بیٹھ کے چوپال میں کر دے گا جو پنچ
ہوگا یورپ کے قوانین سے بڑھ کر محکم

۱۹۱۴ شبلی ، ک ، ۶۳

۳. صلاح کار ، مشیر (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۳) .

۴. دلال (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۳) .

(ب) صف .

پانچ (رک) کی تخفیف (مرکبات میں مستعمل)، رک: پنچ رس، پنچ لڑی وغیرہ .

[س : पञ्च]

— امرت (— ف ا ، سک م ، کس ر) امذ ؛ ← پنچ رت .

نذر و نیاز یا چڑھاوے کی پانچ پاک اور متبرک چیزیں (اپ و ، ۷ : ۱۵۴) ، رک : پنچ امرت .

[پنچ + امرت (رک)]

— اندری (— کس ا ، سک ن ، د) امذ .

حواس خمسہ (پلیٹس) .

[پنچ + اندری (رک)]

— بلی کہیں تو بلی ہی سہی کہاوت .

رک : پنچ کہیں بلی تو بلی ہی سہی (نورالغات ، ۲ : ۱۱۸) .

— بندھ (— ف ب ، سک ن) امذ .

ایک جرمانہ جو کھوئی ہوئی یا مسروقہ اشیا کی قیمت کا پانچواں حصہ ہوتا ہے (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۵) .

[پنچ + بندھ (رک)]

— بھدرا (— ف بھ ، سک د) .

(الف) صف .

پانچ اچھی صفات کا حامل (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۵) .

(ب) امذ .

چٹنی یا مسالا جس میں پانچ اچھے اجزا شامل ہوں ؛ پنج کلیان گھوڑا جس پر پانچ مسعود نشان ہوں (چھاتی ، پیٹھ ، چہرہ اور دونوں پہلوؤں پر) ؛ طب میں ایک دوا جس میں سونٹھ بت پاپڑا موتھا چرائتہ اور کاکو شامل ہیں (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۵ ؛ شبد ساگر ، ۶ : ۲۷۳۳) .

[پنچ + بھدرا (رک)]

— بھوت (— و مع) امذ .

عناصر خمسہ (مٹی ، ہوا ، آگ ، پانی اور آکاس) .

اس پنچ بھوت سرشٹ کا ابھاو ہوجاتا ہے .

۱۸۹۰ جوگ بششٹھ (ترجمہ) ، ۱ : ۵۱

سرکش پنچ بھوت کا گڈھ ہم نے جھٹک کے توڑ دیا ہے

۱۹۵۹ گل نغمہ ، فراق ، ۳۱۳

[پنچ + بھوت (رک)]

— بھوت آتما (— و مع ، سک ت) صف ؛ امذ .

پانچ عنصروں سے مرکب ، انسان کا لقب (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۵) .

[پنچ + بھوت (رک) + آتما (رک)]

— پاتر/پاتّر (— سک ت ، فت ر ، فت ت ، سک ر) امذ .

۱. چھوٹا سا گلاس جو اغلباً پانچ دھاتوں کی ترکیب سے بنتا ہے اور پوجا پاٹ میں استعمال کیا جاتا ہے (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۳) .

۲. پانچ پیالے یا برتنوں کا مجموعہ ؛ شرادھ جس میں پانچ برتنوں میں بھینٹ دی جاتی ہے (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۵) .

[پنچ + پاتر (رک)]

— پران (— کس خف پ) امذ .

جسم کی پانچ حیات بخش ہوائیں (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۵) .

[پنچ + پران (رک)]

— پرنی (— ف پ ، سک ر) امث .

ایک چھوٹا جھاڑو یا جھاڑی (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۳ : ۱۰۵) .

[پنچ + پرنی (۲) (رک)]

— پلو (— ف پ ، شدل ، ولین) امذ .

پانچ شگوفوں (بیل ، امرا ، کھٹا ، جامن ، کٹھ بیل) کا مجموعہ ؛ ایک دوائی جو ان سے بنائی جائے (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۵) .

[پنچ + پھل (رک)]

— پنچ نکھ (— ف پ ، سک ن ، فت ن) امذ .

پانچ جانور (خرگوش ، سہ ، گھڑیال ، گینڈا ، کچھوا) جن کا شکار کرنے اور کھانے کی اجازت ہے (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۵ ؛ پلیٹس) .

[پنچ + پنچ + نکھ (رک)]

— پولیا (و مع ، سک ل) امذ .

بڑا اور کشادہ (نورالغات ، ۲ : ۱۱۸) .

[پنچ + پولیا (رک)]

— پیر (— ی مع) امذ .

مسلمانوں کے پانچ پیر ، لاہور میں ایک پرانا مقبرہ ہے جو جو پنج پیروں کا مقبرہ کہلاتا ہے (انھیں ہندو بھی پوجتے ہیں) (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۵) .

[پنچ + پیر (رک)]

— پیرا (— ی مع) صف .

۱. وہ شخص جو ہر مذہب میں شریک ہو (نورالغات ، ۲ : ۱۱۸) .

۲. حلال خوروں کی ایک قسم (نورالغات ، ۲ : ۱۱۸) .

[پنچ + پیر (رک) + ا ، لاحقۂ نسبت]

— پیریا (— ی مع ، سک ر) صف ؛ امذ .

پانچ پیروں کو ماننے والا چاہے ہندو ہو یا مسلمان (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۵) .

[رک : پنچ پیر (رک) + یا ، لاحقۂ صفت]

— تپا (— فت ت) امذ .

وہ سادھو جو گرم موسم میں پانچ آگوں (رک : پنچا گنی) کے درمیان بیٹھ کر تپسیا کرے (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۵) .

[پنچ + تپا ، تپیا (رک)]

— تت/تتو (— فت ت / فت ت ، سک ت ، فت و) امذ .

رک : پنچ بھوت .

سب چیزیں پنچ تتو سے بھری ہوئی اور ناش روپ ہیں .

۱۸۹۰ جوگ بششٹھ (ترجمہ) ، ۱ : ۴۰

[پنچ + تت/تتو (رک)]

— تنتر (— فت ت ، سک ن ، ت ، فت ر ، نیز فت ت ، سک ر) امذ .

ایک مشہور قصوں کی کتاب جو وشنو سرمن برہمن نے تصنیف کی تھی اور بت اپدیش کی پہلی صورت ہے ، فارسی میں انوار سہیلی اور عربی میں کلیلہ و دمنہ اسی سے لی گئی ہیں (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۶) .

اس قسم کی تالیفات میں سب سے مشہور پنچ تنتر ہے .

۱۹۳۰ تمہیدی خطبے ، گار ساں دتاسی ، ۱۲۷

[پنچ + تنتر (رک)]

— تیرتھ/تیرتھی (— ی مع ، فت ر/سک ر) امذ .

پانچ بڑے تیرتھ ؛ وشن پد اور ہری پد کے دنوں کا اشنان (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۵) .

[پنچ + تیرتھ]

— جنی (— فت ج) امث .

پانچ آدمیوں کی مجلس (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۶) .

[پنچ + جنی ، جنا (رک) کی تانیث]

— جہاں پرمیشر کہاوت .

جہاں پنچ ہو وہاں خدا بھی ہوتا ہے ، مطلب یہ ہے کہ پنچایت میں اصل بات معلوم ہوجاتی ہے (جامع اللغات ، ۹ : ۱۰۵) .

— درہ (— فت د ، ر) امذ ؛ ~ پچدرہ ، پنچدرہ .

بڑے بڑے پانچ در جو اس غرض سے بڑے بازاروں میں بنائے جاتے ہیں کہ ہر در سے سوار اور پیادے گذر سکیں (نورالغات ، ۲ : ۱۱۸) .

[پنچ + در (رک) + ہ ، لاحقۂ صفت]

— راتر (— سک ت ، فت ر) صف ، امذ .

جو پانچ رات یا دن جاری رہے ؛ پانچ راتوں کا عرصہ ؛ ایک یگ جو پانچ رات تک رہتا ہے ؛ ویشنو فرقے کی مقدس کتابوں کا عمومی نام (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۶) .

[پنچ + راتر (= رات) (رک)]

— رتن (— فت ر ، سک ت ، فت ن ، نیز فت ت ، سک ن) امذ

پانچ قیمتی چیزوں یا جواہرات کا مجموعہ (سونا ہیرا نیلم لعل اور موتی) (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۶) .

[پنچ + رتن (رک)]

— رس/رسی (— فت ر) امذ ، ~ پنجرس ؛ پنچرس .

پانچ دھاتوں کا مرکب .

سوچ تاب سب شاہ سوں جگ مگیا
سو یک پنچ رسی کوٹ دسنے لگیا

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۵۲

[پنچ + رس (رک)]

— سکندھ (— کس خف س ، فت ک ، سک ن) امذ .

(لفظاً) حواس خمسہ ، انسانی معلومات کے پانچ ذرایع یا شعبے (مجازاً) بودھ فلسفے کی رو سے آتما ایک مفروضہ شے ہے جو پنچ سکندھ کا مجموعہ ہے (پنچ سکندھ یہ ہیں : (۱) روپ (صورت) = اربعہ عناصر اور ان سے بنی ہوئی اشیا ، (۲) سنگیان = کسی شے کا مشاہدہ ، (۳) سمسکار = نقوش ذہنی (۴) ویدنا = کسی شے کے مشاہدے سے خوشی یا رنج وغیرہ کا تجربہ ، (۵) وگیان = حرکت بالارادہ) (ماخوذ : مخزن علوم و فنون ، ۵۴) .

[پنچ + سکندھ (رک)]

ـــ سُگَنْدھک (ـــ ضم س ، فت گ ، سک ن ، فت د ھ) امذ .

پانچ خوشبو دار نباتی اشیا کا مجموعہ (لونگ ، جائفل ، کافور ، عود اور ککولا) (پلیٹس) .

[پنچ + سگندھ (رک) + ک ، لاحقۂ صفت]

ـــ سُلْطانی کس صف (ـــ ضم س ، سک ل) امذ .

(قانون) وہ ثالث جو بادشاہ (یا عدالت) کی طرف سے مقررکر دیا جائے ، بادشاہی فیصلہ کن (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۳) .

[پنچ + سلطانی (رک)]

ـــ سُونا (ـــ و مع) امذ .

گھر کی پانچ چیزیں (چولھا سل‌بٹہ ہاون‌دستہ جھاڑو لٹیا) جن سے حادثاتی طور پر نقصان جان ہو سکتا ہے (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۶) .

[پنچ + سونا (رک)]

ـــ شاخ/شاخہ (ـــ / فت خ) .

(الف) صف .

پانچ شاخوں والا (پلیٹس) .

(ب) امذ .

ہاتھ (پلیٹس) .

[پنچ + شاخ/شاخہ (رک)]

ـــ شَبْد (ـــ فت ش ، سک ب) امذ .

رک : پنچ نوبت ؛ پانچ ساز (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۶) .

[پنچ + شبد (رک)]

ـــ شَر (ـــ فت ش) صف ؛ امذ .

پانچ تیروں والا ؛ کامدیو کا نام (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۶) .

[پنچ + شر (رک)]

ـــ فَیْصلَہ (ـــ ی لین ، سک ص ، فت ل) امذ .

وہ فیصلہ جو پنچوں نے (مقررہ پنچایت میں) کیا ہو ، پنچایتی فیصلہ (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۳) .

[پنچ + فیصلہ (رک)]

ـــ کَرْم (ـــ فت ک ، سک ر) امذ .

بدن کے پانچ کام ؛ پانچ علاج : قے آور دوائی ، دست آور دوائی ، چھینک لانے والی چیز ، دو قسم کا حقنہ (تیل اور بغیر تیل کا) (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۶) .

[پنچ + کرم (رک)]

ـــ کوسی/کوشی (ـــ و مج) امث .

پانچ کوس کا فاصلہ ؛ بنارس کے گرد جاتریوں کی سڑک (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۶) .

[پنچ + کوسی / کوشی (رک)]

ـــ کول (ـــ و مج) امذ .

پانچ مسالے : (مرچ ، مرچ کی جڑ ، ادرک ، چبہ ، چترک) (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۶) .

[پنچ + کول (رک)]

ـــ کون (ـــ و مج) امذ .

پانچ زاویوں والی شکل ، مخمس (پلیٹس؛ جامع اللغات، ۲: ۱۰۶).

[پنچ + کون (= کونہ) (رک)]

ـــ کَہیں بلّی تو بلّی ہی سہی کہاوت .

چار آدمی جو کچھ کہیں وہی ٹھیک ہے ، سب کی بھی صلاح ہے تو یہی سہی .

میری اور اس کی طبیعت میں زمین آسمان کا فرق تھا ، میں تو 'پنچ کہیں بلی تو بلی ہی سہی' پر عمل کرنے والا انسان ہوں .

فرحت ، مضامین ، ۵ : ۱۷۶ ۱۹۴۷

ـــ کَہن/کَہنا (ـــ فت کہ) صف .

پانچ منزل یا پانچ درجے کا (مکان وغیرہ) (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۶) .

[پنچ + کہن / کہنا (رک)]

ـــ گراس (ـــ کس خف گ) امذ .

پانچ لقمے (پلیٹس) .

[پنچ + گراس (رک)]

ـــ گَوْیہ (ـــ فت گ ، سک و ، فت ی) امذ .

گائے سے حاصل ہونے والی پانچ چیزیں جنھیں ہندو متبرک مانتے ہیں یعنی : دودھ ، دہی ، گھی ، گوبر اور پیشاب .

اگر شودر پنچ گویہ پیوے تو دوزخ میں جاتا ہے .

بابا نانک کا مذہب ، ۵۹ ۱۹۱۹ ؟

[پنچ + گاو (= گائے) (رک) + یہ ، لاحقۂ نسبت]

ـــ لَڑی (ـــ فت ل) امث ؛ پنچالڑی .

رک : پنچ لڑی (نورالغات ، ۲ : ۱۱۹) .

— لکشن (— فت ل ، سک ک ، فت ش) .

(الف) صف .

پانچ خوبیوں والا (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۶) .

(ب) اسذ .

پرانوں کا لقب (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۶) .

[پنچ + لکشن (= لچھن) (رک)]

— لوہا (— و مج) اسذ .

ایک مرکب دھات جو پانچ دھاتوں (تانبہ ، سیسہ ، جست ، لوہا اور رانگ) سے بنائی جاتی ہے (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۶) .

[پنچ + لوہا (رک)]

— ماسہ (— فت س) .

(الف) صف .

پانچ مہینوں کا ، پانچ مہینوں کے بعد واقع ہونے والا (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۶) .

(ب) اسذ .

کوئل (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۶) .

[پنچ + ماسہ (رک)]

— مانش (— مغ) اسذ .

پانچواں حصہ (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۶) .

[پنچ + مانش (رک)]

— مُحال پنچات (— ضم م ، فت پ ، سک ن) اسث .

(کاشتکاری) سو روپے سے زیادہ مال گذاری کے پانچ قصبات کی مشترکہ پنچایت (رک : پنچات) (ماخوذ : ا پ و ، ۶ : ۳۸) .

[پنچ + محال (رک) + پنچات ، پنچایت (رک)]

— مَحلّا (— فت م ، ح ، شد ل) صف .

پانچ منزلوں والا ، پانچ منزلہ (مکان) (پلیٹس) .

[پنچ + محل (رک) + ا ، لاحقۂ نسبت]

— مُکھ پرمیشر کہاوت .

پنچایت کی بات گویا خدا کی بات ہے (جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۵) .

— مِل خُدا خُدا مِل پنچ کہاوت .

چار کی صلاح سے کام لینا گویا خدا کی مرضی سے کام کرنا ہے .

اے پنچو سچ تو یوں ہے ، پنچ مل خدا خدا مل پنچ ، اس تنبولی مرد اجنبی نے ہمارے ساتھ کمال احسان کیا ہے .

۱۸۱۴ نورتن ، ۷۰

— مِل خُدا مِل کہاوت .

رک : پنچ مل خدا خدا مل پنچ .

میں نے یہ مثل اس طرح سنی ہے ، « پنچ مل خدا مل ، (اس میں) پنچوں کو خدا بنانے کا جو مکروہ پہلو نکلتا تھا ، دور ہو گیا .

۱۹۶۱ فرہنگ اثر ، ۲۴۴

— مِل کیجیے کاج ، ہارے جیتے نہ آوے لاج کہاوت .

مشورے کے بعد کام کرنے میں کسی قسم کی ندامت نہیں ہوتی (نوراللغات ، ۲ : ۱۱۸) .

— مُول (— و مع) اسذ .

ایک ہاضم دوا ، پانچ جڑوں یا پودوں کا مجموعہ ، یہ دو قسم کی ترکیبوں سے بنایا جاتا ہے ، ایک میں اڑوسہ ارنی پاڈھل کاسمیری اور بیل داخل ہے ، اور دوسری ترکیب میں گوکھرو سال پرنی پتھون اور چھوٹی بڑی کٹائی شامل ہے ، پہلے کو پنچ مول اور دوسرے کو لگو پنچ مول کہتے ہیں ، درج ذیل میں سے کوئی پانچ لے کر بناتے ہیں : بیل لاط : Premna longifolia ، تیز پات لاط : Cassia ، گھمار لاط : Gmelina arborea ، ترم پھول لاط : Trumpet flower یا اونٹ کٹارا hedy-sarum gangeticum نیز ترنجبن لاط : Hedysarum eagopodioides نیز جنس بادنجان بنیگنی لاط : Solanum melongena نیز بادنجان Solanum jacquini نیز جنس گوکھرو لاط : Tribulus lanuginosus (ماخوذ : خزائن الادویہ ، ۷ : ۱۹۲ ؛ شبد ساگر ؛ ۶ : ۲۷۳۴ ؛ پلیٹس) .

[پنچ + مول (رک)]

— مہابگیہ (— فت م ، ی ، سک گ ، فت ی) اسذ .

ہندوؤں کے پانچ بڑے بلدان یا بھینٹ (روحوں کی پوجا پھول اور خوشبوؤں سے ، بزرگوں کی پوجا کریا کرم سے ، دیوتاؤں کی پوجا اگنی ہر بھینٹ سے ، ویدوں کی پوجا ان کے پڑھنے سے ، انسان کی پوجا خاطر تواضع سے) (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۶) .

[پنچ + مہا (رک) + یگیہ (رک)]

ــ نامہ (ــ فت م) امذ .

۱. (کاشتکاری) کسی انتظامی یا عدالتی فیصلے کے لیے پنچ اور پنچوں کے فیصلے کے لیے راضی نامہ (اقراری دستاویز)، پنچوں کے فیصلے کو قبول کرنے کا تحریری اقرار نامہ جو فریقین کی طرف سے لکھا جائے (ا پ و ، ٦ : ٣٨) .

۲. کسی غیر معمولی طریقے سے کسی کی موت واقع ہوجانے پر جب پولیس کسی دوسرے شخص کو مجرم یا شریک جرم نہیں سمجھتی تو صورت حال کے چند گواہوں کے دستخطوں سے ایک تحریر مکمل کرکے معاملے کو ختم کردیتی ہے اور آگے نہیں بڑھاتی ، اس تحریر یا مکمل رپورٹ کو پنچ نامہ کہتے ہیں .

ظاہر تھا کہ مقدمہ خودکشی نہیں ہوسکتا تھا اور رپورٹ اور پنچنامہ دونوں غلط تھے .

۱۸۹۲ میڈیکل جورس پروڈنس ، ۱۴۸

اجگاؤنکر اور کچھ کانسٹیبل مل کر ونائی کے پھسل کر گرنے اور گر کر زخمی ہوکر مرجانے کا پنچ نامہ تیار کرنے کی فکر میں تھے .

۱۹۷٦ نقوش ، لاہور ، سالنامہ ، جنوری ، ۱۳

[پنچ + نامہ (رک)]

ــ نکھ (ــ فت ن) صف ؛ امذ .

پانچ پنجوں یا ناخنوں والا ؛ کوئی جانور جس کے پانچ ناخن ہوں جیسے : بندر وغیرہ (شاستروں میں ان کا گوشت کھانے کی ممانعت ہے) (پلیٹس ؛ شبد ساگر ؛ جامع اللغات) .

[پنچ + نکھ (رک)]

ــ نکھی (ــ فت ن) امث .

پیڑوں پر رہنے والی بڑی چھپکلی ، گوہ (شبد ساگر) .

[پنچ + نکھی (رک)]

ــ وٹی (ــ فت و) امذ ؛ امث .

گوداوری کے متصل ایک مقام کا نام جہاں رام چندر جی بن باس کے زمانے میں رہتے تھے اس مقام پر پانچ قسم کے یہ درخت (پیپل ، بلوہ ، بڑ ، دھاتری اور اشوک) تھے .

کی آہ سرد پنچ وٹی جب نظر پڑی
اجڑی ہوئی کٹی سے نگہ رہ گئی لڑی

۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۱۰۸

[پنچ + وٹی (= بن) رک]

پنچ (۲) (فت پ ، سک ن) امذ .

ایک مشین جس میں کاغذ دبا کر سوراخ کرتے ہیں ، چھیدنی .

اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ پنچ منگالیں . . . . جس کو سوراخ کاٹنے میں استعمال کرتے ہیں .

۱۹۳۵ کپڑے کی چھپائی ، ۳۴

اف : کرنا .

[انگ : Punch]

پنچا (فت پ ، سک ن) امذ .

دستہ دار لکڑی جس میں پانچ شاخیں ہوتی ہیں ، کسان اس آلے سے کٹے ہوئے غلے کو الٹتے پلٹتے ہیں تاکہ بھوسی دانے سے الگ ہو جائے (نوراللغات) .

[رک : پنچ + ا ، لاحقۂ صفت]

پِنچا (کس پ ، سک ن) امذ ؛ ــ پینچا .

(تفنگ بازی) بندوق کی نال میں سے ڈاٹ یا گولی نکالنے کا پنچ دار منھ کا گز ، مڑوڑی یا مروڑی کا گز (ا پ و ، ۸ : ۸۲) .

[رک : پینچ]

پنچات (فت پ ، سک ن) امث .

رک : پنچایت (ا پ و ، ٦ : ٣٧) .

پنچارنی (فت پ ، سک ن ، ر) امث .

(تیاگی) درگاہ یا مندر میں روشن رہنے والا چراغ ، دیپ دان (ا پ و ، ۷ : ۱۵۳) .

[رک : پنچ + رک ؛ ارنی (۲)]

پنچاری (فت پ ، سک ن) امث .

چوسر ، شطرنج وغیرہ کی بساط (شبد ساگر) .

[س : پنچاری पञ्चारी]

پنچاس (فت پ ، سک ن) صف عددی .

رک : پچاس .

مرد ہوں بہت کم سنو جب کی بات
مرد ایک پنچاس عورت کے ساتھ

۱۷٦۹ آخر گشت (ق) ، ۳۵

کہ بعد از چھ ہزار اور پانسو پنچاس برسوں کے
پس از آدم وہ اس عالم کا حاکم اور حکیم آیا

۱۸۹۴ کلام دلدار علی مذاق ، ۳۲

پنچاگنی (فت پ ، سک ن ، سک گ) اسذ .

پانچ آگیں جن میں بیٹھ کر بعض ساد ھو تپسیا کرتے ہیں (ان میں سے چار ہو رب ، بچھم ، اتر اور دکھن کو رکھی جاتی ہیں اور سورج سر پر ہوتا ہے) ؛ پانچ آگیں جو انسان کے بدن میں ہوتی ہیں (جامع اللغات) .

[پنچ + اگنی (رک)]

پنچال (۱) (فت پ ، سک ن) اسث .

(مرغ بازی) مرغ یا بٹیر کے معدے کی خراب رطوبت یا گندا مادہ جو مسہل سے خارج ہو اس رطوبت کے پیدا ہونے سے جانور لڑنے میں سستی کرتے ہیں (ا پ و ، ۸ : ۱۱۱) ؛ پرندوں کے معدے یا منھ کی خراب رطوبت یا گندا مادہ ، پرندوں کی بیٹ.

الو منحوس . . . کہہ رہے ہیں کہ میں نے جو مقرر کیا ہے اب سوا یا دو ورنہ پنچال کا ہم ایسا ماروں گا کہ تمہارے چیتھڑے بکھیر دوں گا .

۱۹۲۲ گازی خان نے ملہل جان کو طلاق دی ، ۲۰

[پنچال (رک)]

پنچال (۲) (فت پ ، سک ن) صف .

۱. ماہر ، گیانی .

ایک طبیب تھا حکیمی میں بڑا پنچال کہلاتا تھا .

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت ، ۱۱۹) .

۲. چالاک ، چابک دست ؛ دغا باز ، مکار (جامع اللغات) .

[ہ : पंचाल پنچال]

پنچال (۳) (فت پ ، سک ن) اسذ .

رک : پانچال (۱) (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، ۲ : ۱۰۶).

پنچالی (۱) (فت پ ، سک ن) صف .

انتہائی عقلمند جو اپنی فہم و فراست سے برائی کو فروغ دے، (مجازاً) مکار ، عیار ؛ رک : پنچال (۲) .

دنیا کے تئالی بور زمانے کے پنچالی سوں ذرہ کیچوانا .

۱۷۶۵ انوار سہیلی ، ۱۷

[رک : پنچال (۲) + ی ، لاحقۂ صفت]

پنچالی (۲) (فت پ ، سک ن) اسث .

پتلی ، گڑیا ؛ چوسر کی بساط ، پنچاری ؛ ایک قسم کا گیت ، پانچالی (شبد ساگر) .

[س : पञ्चाली پنچالی]

پنچامرت (فت پ ، سک ن ، م ، کس ر) اسذ .

رک : پنچ امرت (شبد ساگر) .

پنچاملا (فت پ ، سک ن ، م) اسذ . ~ پنچ آملہ .

پانچ کھٹے پھلوں (انار ، کھٹا ، بیر ، امرا ، چوکا) کا مرکب (جامع اللغات) .

[پنچ + آملا (رک)]

پنچانگ (فت پ ، سک ن ، غنہ) ~ پنچ انگ .

(الف) اسذ .

۱. (جوتش) جنتری جس میں پانچ باتوں (یعنی شمسی دن ، قمری دن ، نچھتر ، جوگ اور کرن) کا بیان ہو ، فلکیاتی جنتری .

اس (جوتشی) کے پاس ایک پنچانگ اور تین پانسے تھے .

؟ فرشتۂ وفا ، ۲۸

آپ ایک پنچانگ (فلکیاتی جنتری) سے . . . چاند کا ظاہری راستہ مرتسم کریں .

۱۹۵۷ سائنس سب کے لیے ، ۱ : ۱۶۶

۲. بدن کے پانچ عضو ؛ بندگی کے پانچ طریقے (یعنی ہرارتھنا من میں ، آگ پر بھینٹ (اگنی ہوم) ، جل چڑھانا ، بتوں کو نہلانا ، برہمنوں کو کھانا کھلانا ؛ تعظیم جو بازوؤں سر گھٹنوں آواز اور نظر کے ساتھ کی جائے) (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

(ب) صف .

پانچ اعضا والا ، پانچ حصوں والا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[رک : پنچ + انگ (رک)]

پنچانوے (فت پ ، سک ن) صف .

رک : پچانوے (پلیٹس) .

[ہ : पंचानवे پنچانوے]

پنچائتی (فت پ ، سک ن ، کس ء) صف ؛ ~ پنچائیتی .

۱. پنچایت سے منسوب ، پنچایت کا .

پنچائتی گورنمنٹ . . . ایک ذریعہ اس بات کا ہے کہ اس گروہ میں عموماً جتنی عقل و شعور اور ایمانداری موجود ہے . . . وہ حکومت کے کام میں بلا وساطت صرف ہوتی ہے .

۱۸۹۰ معلم السیاست ، ۲۵

اس پنچائتی عدالت کو نا پسند کرتے ہیں .

۱۹۱۳ مرقع بلجیم ، ۱۲

۲. شاملات کا ، ساجھے کا ، وہ چیز جس میں سب کا استحقاق ہو ، موقوفہ (فرہنگ آصفیہ) .
۳. نطفۂ حرام ، ولدالزنا (فرہنگ آصفیہ) .
ولدالزنا کو ثالث بالخیر یا پنچائتی کہنا کس قدر خرابی اور عصیاں پروری کا باعث ہے .
۱۹۲۳ ؟ سرگزشت الفاظ ، ۱۰۹

[رک : پنچایت + ی ، لاحقۂ نسبت]

ـــ سالا امذ ؛ ~ پنچائیتی سالہ .
ہر ایک شخص کا سالا ، مجہول النسب (بطور گالی مستعمل) (پلیٹس ؛ نوراللغات) .

[پنچائتی + سالا (رک)]

ـــ فَیصلہ (— ی لین ، سک ص ، فت ل) امذ .
پنچوں کا یا پنچایت کا فیصلہ (نوراللغات ؛ علمی اردو لغت) .

[پنچائتی + فیصلہ (رک)]

ـــ کوت (— و مع) امث .
(ٹھگی) مل کر دیوتا یا دیوی کی پوجا کرنے کا طریقہ ؛ دیوتا یا دیوی کی بھینٹ چڑھانے کا طریقہ جس کے لیے منگل یا بدھ کا دن مقرر کرتے ہیں (ماخوذ : ا پ و ، ۸ : ۱۷۷) .

[پنچائتی + کوت (رک)]

پَنچایَت (فت پ ، سک ن ، فت ی) امث .
۱. ثالثوں کی مجلس شوریٰ یا کمیٹی ، (خصوصاً) گانو والوں کی مجلس انتظامی جو عموماً پانچ نامزد یا منتخب ممبروں پر مشتمل ہوتی ہے .
پنچایت جمع ہوئی اور دعویدار سے گواہ پوچھے گئے .
۱۸۵۵ بھگت مال ، ۱۲۶
اب کاشتکاروں کی ایک پنچایت راج کر رہی ہے .
۱۹۲۲ گوشۂ عافیت ، ۱ : ۸۷
۲. ثالثی ، نزاع کے فیصلے کے لیے ثالث یا پنچ (تقرر کرنا یا ہونا) .
تنازعہ کا تصفیہ بروے پنچایت کر لو .
۱۸۹۹ بست سالہ عہد حکومت ، ۲۸۹
ہر ایک بات کا تصفیہ آپس میں ہو جائے ، خدانخواستہ عدالت یا پنچایت کی نوبت نہ آئے .
۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۲۲۳
۳. برادری .
جہاں ایک بار کسی عورت پر . . . کوئی الزام آیا پھر . . . وہ گویا پنچایت سے نکال دی جاتی ہے .
۱۸۷۹ خیالات آزاد ، شہباز ، ۱۱۳

او گیسو بریدہ تونے آبرو کو خاک میں ملایا ، اب پنچایت میں حقہ پانی بند ہو جائے گا .
۱۹۰۱ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۲ : ۳۱۳
۴. پنچوں یا ثالثوں کا جلسہ ، کسی گروہ یا شہر محلے یا خاندان وغیرہ کے نمایاں افراد کا جلسہ جو کسی معاملے کے فیصلے کے لیے ہو ، عام اجتماع یا جلسہ جس میں کوئی معاملہ طے کیا جائے .
جب پنچایت ہوتی ہے ، چودھری صاحب پکار کے کہہ دیتے ہیں راہ گلی کا معاملہ معاف ہے نہ جرمانہ نہ شکرانہ .
۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۶۹۳
معاہدے ، لیگیں ، پنچایتیں اور کانفرنسیں استیصال حرب کے لیے کارآمد نہیں ہوئیں .
۱۹۳۸ اقبال ، مکاتیب ، ۱ : ۳۶۱
۵. صلاح مشورہ .
کلاونت اور گویے ڈوم پنچایت کر کے ایک دن مقرر کرتے ہیں ، اور اس کی خاص و عام کو بھی خبر کر دیتے ہیں .
۱۸۸۷ سخندان فارس ، ۸۸
پنچایت ہوئی ، مباحثے ہوئے ، ایک فریق کہتا تھا ، آم لے چلو ، دوسرا کہتا کہ نہیں بیل (پھل) پیش کرو .
۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۳ : ۲
۶. (مجازاً) غل غپاڑا (فرہنگ آصفیہ) .
اف : کرنا ، لگانا ، ہونا .

[س : पञ्चक + ति + त]

ـــ بدنا محاورہ .
ثالثی کرانا ، چار پنچوں میں کسی بات کا فیصلہ کرنا .
بدنے لگی میں کس لیے پنچایت آپ سے
مالک ہے اب وکیل مرے انفصال کا
۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۹۸

ـــ جاتی امث .
فریقین کی ذات کے لوگوں کی پنچایت (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[پنچایت + جاتی (رک)]

ـــ جوڑنا محاورہ .
برادری کے لوگوں کو کسی بات کی صلاح یا مشورے کے لیے اکٹھا کرنا ، مشورہ یا صلاح کرنا ؛ بہت سے آدمیوں کو اکٹھا کرنا ، بھیڑ لگانا یا کرنا (مخزن المحاورات ، ۲۷۰) .

ـــ خانگی (— سک ن) امث .
پنچایت جو نیچ کے طور پر مقرر کی جائے ؛ خاندانی جھگڑوں کا فیصلہ جو رشتہ دار مل کر کرلیں (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[پنچایت + خانگی (رک)]

— سرکاری (— فت س ، سک ر) امث .

ثالث جو سرکاری طور پر مقرر کیے جائیں (جامع اللغات) .

[پنچایت + سرکاری (رک)]

— گھر (— فت گ) امذ .

بلدیہ کی طرح پنچایت لگانے کا کمرہ ، ہال ، پنچایتی عمارت .

اچھا میں سمجھی ، آپ گو یا ایک مکمل پنچایت گھر بنانا چاہتے ہیں .

۱۹۵۴ شاید کہ بہار آئی ، ۱۲۵

[پنچایت + گھر (رک)]

— نامہ (— فت م) امذ .

پنچوں کا تحریری فیصلہ (فرہنگ آصفیہ) .

[پنچایت + نامہ (رک)]

پنچایتی (فت پ ، سک ن ، فت ی) امث .

رک : پنچائتی (پلیٹس) .

— جاتی امث .

رک : پنچایت جاتی (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

پنچدرہ (فت پ ، سک ن نیز مغ ، سک چ ، فت د ، ر) امذ ،

~ پچدرہ ، پنج درہ .

رک : پنج درہ (نوراللغات) .

پنچر (فت پ ، سک ن ، فت چ) امذ ؛ ~ پنکچر .

وہ شگاف یا سوراخ جو ہوا سے پھولی ہوئی چیز جیسے ربڑ کے ٹیوب وغیرہ میں کسی نوک دار شے کے چبھنے کی وجہ سے پڑ جائے ، چھید ، سوراخ .

وصل کی شب کیا ہی برگشتہ مقدر ہو گیا
جس پہ آنے کو تھے وہ موٹر ہی پنچر ہو گیا

۱۹۳۲ سنگ و خشت ، ۱۳

[انگ : Puncture]

پنچرس / پنچرسی (فت پ ، مغ ، سک چ ، فت ر) امث .

رک : پنج رس .

سورج تاب سب شاہ سوں جگ مگیا
سو یک پنچرسی کوٹ دسنے لگیا

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۵۲

پنچرسا (فت پ ، سک ن ، چ ، فت ر) امذ .

آملہ (شبد ساگر) .

[س : پنچ رسا पञ्चरसा]

پنچرنگ (فت پ ، سک ن ، چ ، فت ر ، مغ) صف .

پانچ رنگ کا ، بہت سے رنگوں کا ، رنگ برنگا ، (رک : پچ رنگا) (شبد ساگر) .

[رک : پنچ + رنگ (رک)]

پنچک (فت پ ، سک ن ، فت چ) .

(الف) امذ .

۱. (جوتش) پانچ نچھتروں (دھنشٹا ، ست بکھا ، پوربا بھادرپد ، اُترا بھادرپد ، ریوتی) کا ایک گھر میں جمع ہونا (جو منحوس خیال کیا جاتا ہے) نیز ان کے جمع ہونے کی ساعت .

منشی مہراج بلی جو پنچک کے سبب سے ہچکے تو نواب صاحب مع رفقا اپنے دوست چھٹن صاحب کے باغ میں . . . چلے گئے .

۱۸۹۰ سیر کہسار ، ۲ : ۳

پنچک دشا کے لئے کوئی اچھا شلوک سنائیں گے .

۱۹۲۲ طالب بنارسی ، مہاراجہ گوپی چند ، ۲۹

۲. پانچ کا عدد ، پانچ کا کوئی مجموعہ ، پانچ چیزیں ؛ پانچ فیصد کی وصولی ؛ وہ محصول جو زمیندار لگان کی رقم سے زائد وصول کریں (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

(ب) صف .

پانچ کے متعلق ، پانچ سے بنا ہوا ، پانچ سے خریدا ہوا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[رک : پنچ + ک ، لاحقۂ نسبت]

پنچکی (فت پ ، سک ن ، فت چ ، شد ک) امث .

رک : ہن (۳) کا تحتی ہن چکی (فرہنگ آصفیہ) .

پنچلڑی (فت پ ، مغ ، سک چ ، فت ل) امث ؛ ~ پنج لڑی .

رک : پچلڑی (نوراللغات) .

پنچم (۱) (فت پ ، سک ن ، فت چ) امذ .

۱. (لفظاً) پانچواں، (موسیقی) راگ کے سات سروں میں سے پانچویں سر کا نام جس کا مخرج دل اور آواز کوئل کی سی ہے .

مدہم و پنچم کھرج گندھار دیوت او ر نکھاد
نغمۂ ہندی کا ہووے سات سر سے انتظام

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۷۵

پنچم میں گا رہا ہے ملار آبشار میں
مل ناچیں سنگریزے یہ امکاں ہے آجکل

۱۹۴۱ عروس فطرت ، ۲۱

۲. (ساز گری) ستار کے تار کی وہ آواز جس کا سر درمیانی ہو؛ دھیما سر.

لوگے جس ساز خدا ساز کو آغوش میں آج
تار چھیڑو گے کھرج کا تو سنو گے پنچم

۱۸۵۴ ذوق، د، ۲۸۹

تان کھرج کی یا پنچم کی چھیڑتی ہوں بے خود ہو کر
ریزہ سنگ سے تار آب پہ دلکش زخمہ لگاتی ہوں

۱۹۰۱ جنگل میں منگل، ۹

۳. ایک راگ جو چھ خاص راگوں میں تیسرا ہے ماروا ٹھاٹھ سے لیا گیا ہے (بقول بعض پانچواں راگ جو بعد میں ساتواں راگ شمار ہوتا ہے کہا جاتا ہے کہ اس راگ کے پیدا کرنے میں آواز جسم کے پانچ اعضا: ناک، سینہ، حلق، دل اور پیشانی سے پیدا ہوتی ہے).

میں یوں کہا آرات کوں رہ عیش و عشرت سوں ہومل
کئی یونیں بھابھی ہور ہوبو گالیاں دے جیولینگیاں پنچم

۱۶۹۷ ہاشمی، د، ۱۲۷

انیس الدولہ کہ اٹھتے تھے کہ واہ ری پنچم.

۱۹۳۶ قدیم ہنر و ہنرمندان اودھ، ۸۶

[س: پنچم पञ्चम]

— بہار (— ف ب) امذ.

راگ پنچم کی ایک ذیلی قسم جو موسم بہار میں گائی جاتی ہے.

قوالی کے راگوں کو بسنت سنگیت موہنی اور پنچم بہار سے ملایا ہے.

۱۹۶۰ حیات امیر خسرو، ۱۷۸

[پنچم + بہار (رک)]

پنچم (۲) (ف پ، سک ن، ف چ) امذ.

رک: بانٹا جس کی کسی قدر بہتر قسم کا یہ نام ہے (ا پ و، ۲: ۵۸).

[س: پنچم पञ्चम]

پنچمی (ف پ، سک ن، ف نیز سک چ) امث.

اجالا پاکھ یا اندھیرا پاکھ (قمری مہینے کے نصف) کا پانچواں دن یا تاریخ.

ہوا دن پنچمی کا جگ میں روشن
کہ سب رنگوں کے پھولے گل بگلشن

۱۷۵۹ راگ مالا، ۴۸

پنچمی و دسمی و پورنماشی سنیچر کے دن واقع ہوں تو نحس و جمعرات کو نیک ہے.

۱۸۸۰ کشاف النجوم، ۷۸

تھی ساون بدی پنچمی بالضرور
جمعرات کا روز تھا بے قصور

۱۹۰۲ سیر افلاک، ۱۳

[ہ: پنچمی पञ्चमी]

پنچمیں (ف پ، سک ن، ف چ) امث.

(ہندو) رک: پنچمی، چاند کی پانچ تاریخ کو منایا جانے والا ایک تہوار.

دسہرہ تیج ساون چوتھ کروا
اکاشی پنچمیں اور دوج ہروا

۱۸۷۴ تیرہ ماسہ، ۲۸

[ہ: پنچمیں पञ्चमी]

پنچ میوہ (ف پ، سک ن، ی مج، ف و) امذ.

کشمش بادام ناریل چھوہارا اور چرونجی پر مشتمل پانچ میوے (شبد ساگر).

[رک: پنچ + میوہ (رک)]

پنچن (۱) (ف پ، سک ن، ف چ) امذ.

پنچ (رک) کی جمع؛ ساتھی، ہمراہی، دوست (پلیٹس؛ جامع اللغات).

[ہ: پنچن पचन]

پنچن (۲) (ف پ، سک ن، ف چ) صف.

پانچ (= پنچ) (پلیٹس).

[س: پنچن पञ्चन]

پنچنا (کس نیز ف پ، سک ن، سک چ) ف ل (قدیم).

مارنا، پھوٹنا، ٹانکا لگانا.

کہ پنچے ہے خلقت میں جس ذات سوں
او دکھلائی دے گی اسی دھات سوں

۱۶۳۹ طوطی نامہ، غواصی، ۲۸۷

[س: پنچ पिञ्ज]

پَن چَنگورا (ف پ ، ف چ ، غنہ ، و مج) امذ ؛ ~ پنچنگورا .

ہل کی ایک قسم ، کھیت کی جڑیں کھود نے اور صاف کرنے کا ہل جس کی پھار دانتے دار ہوتی ہے ، رک : دنتیالا ، پھنگا (ا پ و ، ۶ : ۳۸) .

[مقامی]

پنچو (ف پ ، سک ن ، و مج) امذ .

گلی ڈنڈے کے کھیل میں ڈنڈے سے گلی کو مار کر دور پھینکنے کا ایک ڈھنگ ، اس میں گلی کو بائیں ہاتھ سے اچھال کر داہنے ہاتھ سے مارتے ہیں (شبد ساگر) .

[مقامی]

پنچوتّر (ف پ ، سک ن ، و مج ، شد ت ہفت) امذ .

پانچ فیصدی محصول ، کرایہ یا مالگزاری میں سے پانچ فیصدی کی کمی ؛ محصول کی چوکی (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[پنچ + وتّر ، لاحقۂ نسبت]

پنچورا (ف پ ، سک ن ، و مج) امذ .

رک : بن چورا ، (رک : بن (۳) کا تحتی) .

بھر کے دیکھا جام ہم نے بے پئے خالی ہوا
فرقت ساقی میں پنچورا پیالا ہو گیا

۱۸۴۶ دفتر فصاحت ، ۱۲

پنچوری (ف پ ، سک ن ، و مج) امث .

پنچورا (رک) کی تانیث .

بحر الفت میں چھپے سادہ کیا اے ملاح
پلکیں پنچوری ہیں آنکھیں مری فوارے ہیں

۱۸۶۰ دیوان اختر ، ۵۵۶

پنچول (کس پ ، سک ن ، و مج) امذ .

چراغ کی بتی (پلیٹس) .

[س : پنچول पञ्चुल]

پنچولی (۱) (ف پ ، سک ن ، و لین) امذ .

ایک پودا جو مغربی ہند اور بمبئی و وسط ہند میں ہوتا ہے ، پانچ پات ، پانچ پاڑی اس کی پتیوں اور ڈنڈیوں سے ایک خوشبودار تیل نکلتا ہے یورپ میں اسے خوشبو کے طور پر بھی استعمال کرتے ہیں (شبد ساگر) .

[س : پنچ + آولی पञ्च + आवली]

پنچولی (۲) (ف پ ، سک ن ، و لین) امذ .

پنچوں کے ذریعہ جھگڑے بتانے کی خاندانی رسم و رواج کے تحت چلی آتی ہوئی ایک رسم ، رک : پنچایت (شبد ساگر) .

[ہ : پنچولی पञ्चोली]

پنچوں (ف پ ، سک ن ، و مج) امذ ، ج .

رک : پنچ جس کی یہ جمع اور تراکیب میں مستعمل ہے .

پھول ہر خار سے چن لیتے تھے
بھوک پنچوں کی بھی سن لیتے تھے

۱۸۸۱ رسالہ تہذیب الاخلاق ، ۲۶۸

ــ کا پیالہ (ــ کس پ ، ف ل) امذ .

چلم ، حقہ (فرہنگ آصفیہ)

ــ کا پیالہ پینا محاورہ .

برادری میں شامل ہونا (نوراللغات) .

ــ کا جُوٹا اَور میرا سَر کہاوت .

پنچوں کا فیصلہ منظور ہے (جامع اللغات) .

ــ کا دیا امذ .

(مجازاً) پنچوں کے سامنے نکاح کے بعد ملا ہوا (شوہر) .

اپنے شوہر کے سوا جو ہے وہ پنچوں کا دیا
مت دکھا تو منہ کو اپنے گو سگا ماموں ہوا

۱۸۰۲ گنج خوبی ، ۱۵۱

ــ کا کَہنا سَر آنکھوں پَر مَگَر پَر نالا یَہیں رَہے گا/گِرے گا کہاوت .

ضدی کی نسبت بولتے ہیں ، اس کو لاکھ فہمائش کی جائے کچھ اثر نہیں ہوتا (نوراللغات ؛ قصص الامثال ، ۹۳) .

ــ مِل (ــ شامِل) مَرگَئے گویا (ــ مانو) گَئی بَرات کہاوت .

سب کے ساتھ میں مصیبت بھی راحت ہے ، مرگ انبوہ جشنے دارد (محاورات ہند ، ۵۵ ؛ نجم الامثال ، ۱۲۷) .

پنچھار (ف پ ، سک ن ، ف چ) ~ پنچ ہار .

(قمار بازی) چوسر کے تین پانسوں کا ایسے رخ سے پڑنا کہ ایک پر پانچ دائرے اور دو پر دو دو دائرے ہوں (اصطلاحات پیشہ وراں ، منیر ، ۴۷) .

[رک : بن (۲) + چھار (رک)]

پنچی (ف پ ، سک ن) امث (قدیم) .

رک : پچّی .

داود و راگ پنچی صراحی کے ناز تھے
رنگیں کئے ہیں بزم کوں داروسیتیں پیا

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۰

ــ کاری امث (قدیم) .

رک : پچی کاری .

لگن دھن کا نظارا ہوے کیا عشرت سوکئے سجھ دل
پنچی کاری لگا انجن نکالا کنج یو ہے پایل

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۱۲۱

پِنچی (کس پ ، سک ن) امذ .

چھوٹی گیڑی جسے گیڑیوں کے کھیل میں فریق مخالف اپنی ونچو کی ضرب سے پالے کے بار پہنچاتا ہے .

گیڑیاں کھیلنا بھی سستا اور ورزشی کھیل تھا . . . چھوٹی لکڑیاں پنچیاں کہلاتی تھیں .

۱۹۶۲ ساقی ، کراچی ، جولائی ، ۵۶

[مقامی]

پنچیت (ف پ ، سک ن ، ی مج) امث .

(طبقات الارض) سیلابی الاصل مٹی کی وہ تہ جس میں کوئلے کی آمیزش نہ ہو لیکن نباتیات کے اجزاء شامل ہوں .

تحتانی گونڈوانہ کی بالاترین قسم پنچیت ہے جو زغال سے معرا ہے .

۱۹۳۱ خلاصہ طبقات الارض ہند ، ۴۱

[مقامی]

پِنچے کاری (کس پ ، سک ن) صف (قدیم) .

رک : پچّی کاری (مجازاً) صاحب عزم .

زمانہ پنچے کاری ہے سو سرس اومنج دیکھ عالم میں پایل برس

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۳۱

پنچیندریہ (ف پ ، سک ن ، ی مج ، سک ن ، د ، کس ر ، فت ی) .

حواس کے پانچ اعضا (آنکھ ، ناک ، کان ، زبان ، جلد) ؛ کام کرنے کے پانچ عضو (ہاتھ ، پانو ، حلق ، گون ، آلۂ تناسل) (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[رک : پنچ + رک : اندریہ इन्द्रिय]

پنچھا (ف پ ، سک ن) امذ .

۱. زخم کا پانی ، زخم کی رطوبت ؛ رطوبت جو منہ سے نکلتی ہے ، رال (جامع اللغات) .

۲. پانی کی طرح کی ایک رطوبت جو انسان کے جسم یا پیڑ پودوں سے چوٹ یا ضرب لگنے سے یا یوں ہی نکلتی ہے ؛ چھالے ، پھپھولے ، چیچک وغیرہ کے دانوں میں بھرا ہوا پانی (شہد ساگر) .

[० : पनछा पनछा]

پنچھالا (ف پ ، سک ن) امذ ــ بن چھالا .

پھپھولا ، پھپھولے کا پانی .

کیتکی نے کہا کانٹا اڑا تو اڑا اور چھالا پڑا تو بڑا پر نگوڑی تو کیوں پنچھالا ہوئی .

۱۸۰۳ رانی کیتکی ، ۱۵۷

[رک : بن (۳) + چھالا (رک)]

پُنچھالا/پُنچھالّا (ضم پ ، سک ن / فت چ ، شد ل) امذ ؛ ــ پُچھالّا .

۱. کنکوے یا پتنگ وغیرہ کا پھندنا جو پتے کی جگہ ہوتا ہے اور جس کی وجہ سے گڈی کو گڈا کہا جاتا ہے ، گڈے کی دم ، دُم چھلا .

اس نے جب کترے ہیں اپنے ہاتھ سے
طرے مقیشوں کے پنچھالے ہوئے

۱۸۶۶ فیض ، د ، ۳۷۶

کنکوے نہیں ، گڈیاں ہوتی ہیں لنڈوری بن پنچھلے کی .

۱۹۴۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۱۱۴

۲. پچھ لگّو ، جو ہر وقت پیچھے پیچھے پھرے ، (مجازاً) دم ، پخ .

جس کو جانے ہے کچھ لگوں والا
اس کے پیچھے ہے آپ پنچھالا

۱۷۹۵ قائم ، ک ، ۲ : ۱۵۸

سنا ہے ان کا پنچھالا بھی تو ساتھ ہے .

۱۸۹۶ شاہد رعنا ، ۲۱۵

اپنے ساتھ ایک پُنچھالّا لائے ہیں اور ان کے نام کے پچاس مزید چاہتے ہیں ورنہ مشاعرے میں آنے سے قطعی انکار .

۱۹۵۸ شمع خرابات ، ۶۳

۳. (مجازاً) ناگوار عادت .

ایل ایل ایم کی ڈگری چشم ما روشن دل ما شاد ، مگر یہ شراب کا پنچھلا کیسا پیچھے لگا لایا .

۱۹۰۷ مخزن ، اکتوبر ، ۳۱

[س : पुच्छ + वल + ول]

پنچھنا ۸۷۵ (ضم پ ، مغ ، سک چھ) ف ل .

پونچھا جانا ، کپڑے وغیرہ سے خشک یا صاف کیا جانا .

وہ پوچھتے ہیں کہو اب تو کچھ پنچھے آنسو
مرے دوپٹے کا آنچل ہے دیدۂ تر پر

۱۹۰۳ نظم نگاریں ، ۵۸

[پوچھنا (رک)]

پنچھی ۸۷۵ (فت پ ، سک ن) .

(الف) امث ؛ امذ .

۱. پرندہ ، چڑیا .

پنچھی کو مچھی کے تیوں تیرا نے
راکھیا ہے ہوا میں حوض خانے

۱۷۰۰ من لگن ، ۷

دن یہ جوانی کے کٹے ایسے باغ میں پنچھی قید ہو جیسے

۱۸۸۴ مناجات بیوہ ، ۶

سوچو تو سہی ، کہاں ہم اور کہاں یہ لڑکی جو ہرنیوں اور پنچھیوں میں پلی بڑھی ہے .

۱۹۳۸ شکنتلا ، اختر حسین ، ۷۵

۲. (مجازاً) جگہ جگہ پھرنے والا ، سیلانی ، مسافر .

وہ نخل خزاں دیدہ ہوں اس دشت میں جس کے
سائے بھی کسی پنچھی نے بسرام نہ پایا

۱۷۹۳ قائم ، د ، ۳۲

بچہ تو پنچھی بدیسی ہے ، اپنی باٹ کھوٹی مت کرے .

۱۸۷۷ طلسم گوہربار ، ۱۳۹

میری دنیا لٹ چکی ، سانس کا پنچھی جب تک آرہا ہے آرہا ہے .

۱۹۵۸ شمع خرابات ، ۱۴۸

[س : پکشی पक्षी]

پند ۸۷۵ (فت پ ، سک ن) امث .

نصیحت ، نیک صلاح .

عورتاں کو یہیچہ پند دینا مرد کوں آپنے رجھا لینا

۱۶۳۵ سب رس ، ۲۴۲

ماننے کا نہیں میں پند تری سنتا ہے
ناصحا چھوڑ دے بس اب سر بالیں میرا

۱۷۹۸ سوز ، د ، ۱۹

قصہ حضرت آدم علیہ السلام میں بنی آدم کو عبرت و پند ہے.

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۱۱۵

میں نے کہا سنا مجھے خیام کا کلام
اس نے کہا کہ پند ہیں یہ حسب حال چند

۱۹۳۰ مطلع انوار ، ۱۷۶

اف : دینا ، کرنا ، کہنا .

[ف]

ـــ پذیر (ـــ فت پ ، ی مع) صف .

نصیحت قبول کرنے والا ، نصیحت سے مستفیض ، برائی کے ترک اور اصلاح حال پر آمادہ .

بادشاہ نے اسے بندی خانے میں بھیجا کہ پند پذیر ہو .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۳۱۷

[پند + پذیر (رک)]

ـــ گو (ـــ و مج) صف .

ناصح ، واعظ ، صلاح دینے والا .

اے پند گو معانی کوں کیا پند کہتے ہیں
اس کام باج آپ پہ کیا ہے سبھی حرام

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۱۶۹

پند گو حال زلیخا یاد کر کچھ خیر ہے
کام دل جس کو ملا یاں بعد رسوائی ملا

۱۸۵۱ مومن ، د ، ۳۴

[پند + گو (رک)]

ـــ گیر (ـــ ی مع) صف .

نصیحت حاصل یا قبول کرنے والا .

ہنرمندگی اس میں ہے بے حساب
کہ تا پند گیراں کوں ہووے ثواب

۱۶۴۵ قصۂ بے نظیر ، ۲۶

[پند + گیر (رک)]

پندار (کس پ ، سک ن) امذ .

۱. غرور ، گھمنڈ .

زغن نے کہا یہ خیال تیرے دماغ پر کثرت پندار سے مستولی ہوا ہے .

۱۸۳۸ بستان حکمت ، ۳۴

۲. خودی ، خودداری ، انا .

چھوڑ تیرا وہم غیر یعنی پندار ہستی کا ، جو اوسے خودی بولتے ہیں چھوڑ .

۱۷۷۳ انتباہ الطالبین ، ۵۶

دل پھر طواف کوے ملامت کو جایے ہے
پندار کا صنم کدہ ویراں کیے ہوئے

۱۸۶۹ غالب ، د ، ۲۲۶

اس خیال نے اس کے پندار کو ٹھیس لگائی .

۱۹۵۴ شاید کہ بہار آئی ، ۱۵۴

۳. خیال ، تصور ، دانست .

تم اپنے پندار میں اس کے حق میں خیر خواہی کر رہے ہو .

۱۸۷۶ توبۃ النصوح ، ۲۳۳

اپنے پندار میں یہ بہت زبردست موسیقی پیدا کرتے ہیں .

۱۹۴۲ مذاکرات نیاز ، ۱۵۳

[ف]

پنداشت (کس پ ، سک ن ، ش) اسف .

رک : پندار .

پنداشت نے بے طرح ہے تجکو گھیرا .

۱۸۳۹ مکاشفات الاسرار ، ۶۳

[ف]

پندرا (فت پ ، سک ن ، د) صف .

رک : پندرہ .

تری عمر پندرا برس دین کے
کہوں کیا ، ترے دیس کم سین کے

۱۶۳۵؟ مینا ستونتی (قدیم اردو ، ۱ : ۱۳۷)

کھینچ پندرا روز بیماری تمام دار رضواں کو سدارا وہ بہام

۱۷۹۲ تحفۂ الاحباب (ق) ، ۱۲۳

پندرنہ (فت پ ، سک ن ، فت نیز سک د ، فت ر ، سک ن) صف (قدیم) .

رک : پندرہ .

جب دو مہینے پندرنہ دن یا تین مہینے پانچ دن وفات سرور کائنات سے گزرے .

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۷۳

پندرواڑا (فت پ ، سک ن ، فت د ، سک ر) امذ ؛ ~ پندرواڑہ (قدیم) .

رک : پندھرواڑا .

کہوں چودواں بھید تو اوس دیس
کہیں گو پندرواڑہ سو اس ملک بھیس

۱۶۱۴ بھوگ بل ، ۱۵۱

یہ رسم جو ے جنوری کو ہوئی اس پندرواڑے کل کرتبوں سے زیادہ دلچسپ و خوشنما تھی .

۱۹۰۳ چراغ دہلی ، ۴۵۲

پندروان (فت پ ، سک ن ، فت د ، سک ر) صف .

رک : پندرھواں .

او بازار چوبیس جنساں کاں تھا . . . پندروان پان .

۱۴۲۱ بندہ نواز ، شکار نامہ (شہباز ، فروری ، ۶۶۲ء)

پندروان جو کہتے کہ یو فاختہ
مرد کوئی پر فہم ویسا نہ تھا

۱۶۸۸ قصۂ فیروز شاہ (ق) ، ۱۹

کہ ہے گا چودواں دریا ہنر کا
پندروان ہوج دریا ہے مکر کا

۱۸۳۰؟ نورنامہ (ق) ، میاں احمد سورتی ، ۲۴

پندرہ (فت پ ، سک ن ، فت د ، ر) صف .

۱. دس اور پانچ کا مجموعہ ، بیس سے پانچ کم ، (پندسوں میں) ۱۵.

برس پندرہ یا کہ سولہ کا سن
جوانی کی راتیں مرادوں کے دن

۱۷۸۴ سحر البیان ، ۶۶

الحمدللہ آج کے دن تک کہ ۱۲۱۵ھ بارہ سو پندرہ ہجری اور اٹھارہ سو ایک مطابق عیسوی کے ہیں ، عہد سلطنت قایم ہے .

۱۸۰۱ گلشن ہند ، ۳

ابتدائی پندرہ سال طفولیت و طلب علم میں . . . گزرے .

۱۹۴۳ تاریخ الحکما ، ۸۵

۲. بیسیوں ، سینکڑوں (افراط ظاہر کرنے کے موقع پر) .

تمسار کے پندرہ موجود ہیں .

۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۵

[س : پنچ دشا पञ्चदश]

— ہزاری (— فت ہ) امذ .

شاہی زمانے کا ایک منصب جس میں تین کرور تنخواہ ملتی تھی (ماخوذ : مطلع العجائب ، ۳۰۱) .

[پندرہ + ہزاری (رک)]

پندرہویں (فت پ ، سک ن ، د ، فت ر ، سک ہ ، ی مع) صف ؛ مث .

رک : پندرھویں .

گیارہویں سے پندرہویں صدی میں بنی ہوئی شیرواں شاہوں کی عمارات .

۱۹۷۹ گلگشت ، ۸۳

پندرھواں (فت پ ، سک ن نیز مغ ، فت د ، سک رھ) صف ، مذ .

پندرہ (رک) سے منسوب ، وہ (مذکر) جو ترتیب یا سلسلے میں چودہ کے بعد اور سولہ سے پہلے ہو .

شاہ عالم بادشاہ غازی کے عہد سلطنت کو پندرھواں سنہ تھا.

۱۸۰۱ گلشن ہند ، لطف ، ۱۳

اون کے لڑکے کو ابھی پندرھواں سال شروع ہوا ہے .

۱۹۶۲ مہذب اللغات ، ۳ : ۱۰۷

[ہ : پندرھواں पन्द्रहवाँ]

پندرھویں (فت پ ، سک ن نیز مغ ، فت د ، سک رھ ، ی مع) صف ، مث .

پندرہ (رک) سے منسوب ، وہ (مونث) جو ترتیب یا سلسلے میں چودہ کے بعد اور سولہ سے پہلے ہو .

شعبان کی پندرھویں تاریخ ولادت ہے
مہتاب لگا گھٹنے یہ ماہ کمال آیا

۱۸۹۴ سجاد رائے پوری ، ک (ق)، ۲

پندرھویں صدی میں سکھ گوروؤں نے مذہبی نظمیں لکھ کر ہندوی کی اور بھی توسیع کی .

۱۹۴۲ آریائی زبانیں ، ۱۵

پندرھویں (فت پ، سک ن نیز مغ ، فت د ، سک رھ، ی مج) صف .

پندرھواں (رک) کی مغیرہ حالت .

جنگ طرابلس کا زمانہ تھا ، دسویں پندرھویں اقبال کا ترانہ پڑھتا ہوا شہر سے جلوس گزرتا .

۱۹۵۶ آشفتہ بیانی میری ، ۲۰

— بیسویں (— ی مع ، سک س ، ی مج) م ف .

کبھی کبھی ، گاہے گاہے (مہذب اللغات) .

[پندرھویں + بیسویں (رک)]

پندرھیں (فت پ ، سک ن نیز مغ ، فت د ، ی مع) صف (قدیم) .

پندرھویں (رک) کا قدیم تلفظ .

جان ہے ایام بیض اے مرد دیں
تیرھیں اور چودھیں اور پندرھیں

۱۷۸۰ تفسیر مرتضوی ، ۱۰۵

پنڈلی (کس پ ، مغ ، سک د) اسث .

پہاڑی زمین کے اندر پیدا ہونے والی ایک جڑی ہوئی کا نام جو صورت میں چکنی ڈلی سے ذائقے میں ملھٹی سے مشابہ اور نہایت خوشبودار ہوتی ہے بارش کے وقت اس کی سرزمین میں خوشبو آنے لگتی ہے اور اسی خوشبو کے سبب پہچان کر زمین سے کھود لیتے اور دوا کے کام میں لاتے ہیں (ماخوذ : فرہنگ آصفیہ)

[مقامی]

پنڈنیا (فت پ ، سک ن ، فت د ، سک ن) اسث .

پاندان (رک) کی تصغیر ، چھوٹا پاندان .

اپنا لوٹا ، دستی پنکھا اور پندنیا ہاتھوں میں سنبھال کر ٹیکسی کی .

۱۹۵۰؟ یاد کی ایک دھنک جلے ، ۱۴۴

پنڈی (فت پ ، سک ن) اسث .

(کاشتکاری) وہ کھیت جو آنے والی خریف کی فصل پر خالی چھوڑ دیا گیا ہو، بلوچ ، پنڈر (ا پ و ، ۶ : ۳۸) .

[غالباً پنڈ (= ناکارہ ، نامرد ، بیکار) سے]

پنڈیا (کس پ ، مغ ، سک د) اسث .

(کتائی) سوت کی اٹی جو کتائی کے ساتھ تکلے کے اوپر بنائی جاتی ہے ، کلی ، پونی ، ککڑ .

سوت کات کر جو چرخے پر چڑھاتے ہیں اس کو ہندی میں پنڈیا اور پھیٹی کہتے ہیں .

۱۸۴۵ مطلع العلوم (ترجمہ) ، ۱۹۳

دھڑکا . . . جس کو عورتیں سوت کاتتے وقت تکلے میں پہنا دیتی ہیں تاکہ پنڈیا کا تاگا پیچھے کی طرف نہ جاسکے .

۱۹۳۶ شرح اسباب (ترجمہ) ، ۲ : ۶۵

[س : पिण्डी पिण्डी]

پنڈھروا‌ڑا (فت پ، سک ن نیز مغ ، فت د ھ ، سک ر) امذ .

پندرہ دن کا عرصہ ، آدھا مہینہ .

بھلا ہفتہ وار نہیں تو ہر پندھرواڑے کو تو دو سطریں اپنی خیریت کی لکھ دیا کیجیے .

۱۹۲۴ انشاے بشیر ، ۱۵۱

[پندرہ (رک) سے]

پنڈھرواں (فت پ ، سک ن نیز مغ ، فت د ھ ، سک ر) صف ، مذ ؛ مث : پندھروئیں .

رک : پندرھواں (پلیٹس) .

اور اسی مہینے کی پندھرویں تاریخ یہودہ کی عید فطیر ہے.

۱۸۲۲ موسیٰ کی توریت مقدس ، ۴۷۸

پنڈھروا‌ڑا (فت پ، سک ن نیز مغ، فت د ھ ، سک ڑ) امذ .

رک : پنڈھرواڑا .

یہ میرے لیے ناممکن تھا کہ دس دن تک بھی یا ایک پنڈھڑواڑا اس جاہ و جلال کے ساتھ گزاروں .

۱۸۹۱ قصۂ حاجی بابا اصفہانی (ترجمہ) ، ۳۶۳

[پندرہ (رک) سے]

پنڈھلانا (فت پ ، سک ن ، د ھ) ف م .

رک : بھنڈلانا (پلیٹس) .

پنڈھی (فت پ ، سک ن) اسث .

رک : بن چنگورا (ا پ و ، ۶ : ۳۸) .

[مقامی]

پنڈ (فت پ ، مغ) امذ .

نامرد ، ہیجڑا ، زنخا ؛ **گانڈو** (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : पण्ड पण्ड]

پِنڈ (۱) (کس پ ، سک ن) امذ .

۱. جسم ، بدن .

اس پنڈ کون نیں ہے پایداری ہارے رہے کچھ تو یادگاری
۱۷۰۰ من لگن ، ۲۲

جو برہمانڈ میں ہے وہی پنڈ میں بھی ہے .
۱۹۲۰ یوگ واشسٹ ، ۳۳۳

۲. (ہندو) مردے کے نام پر دان یعنی خیرات کرنے کے لڈو جو عام طور سے آٹے یا چاولوں کے بنائے جاتے ہیں اور انھیں مردے کے نام پر دریا میں چھوڑتے یا گائے کو کھلادیتے ہیں لاش جلانے یا بہانے سے پہلے ان لڈوؤں کو میت کے ہاتھ میں رکھنے کے بعد دان کیا جاتا ہے .

سرادھ کے وقت ان کے والد نے خود آکر ہاتھ پسارا لیکن پنڈ کو ان کے ہاتھ میں نہ دیا .
۱۸۵۵ ؟ بھگت مال ، ۳۱

جگن لال نے کل مراسم تعزیت پوری سعادت مندی کے ساتھ ادا کیے ، بھدرا کیا . . . پنڈ دیے .
۱۹۳۴ عزمی ، انجام عیش ، ۴۰

۳. بھنڈا ، تھوا (نوراللغات) .

۴. گول چیز ، گولا ، گیند (فرہنگ آصفیہ) .

اف : دینا ، کرنا .

۵. خوشہ ، گچھا ، جھنڈ ، جھرمٹ (پلیٹس) .

۶. گول ہٹن ، گانٹھ (پلیٹس)

۷. (ریاضی) لمبائی چوڑائی گہرائی موٹائی (پلیٹس) .

۸. ڈھیر ، تودہ ، انبار ؛ مقدار ، تعداد (جامع اللغات) .

[س : پنڈ पिण्ड]

— اَدھیکاری (— فت ا ، ی مج) امذ .

رک : پنڈ (۱) معنی نمبر ۲ کا منتظم تدفین وغیرہ (بالعموم کوئی قریبی عزیز) جس کو پنڈ یا پنڈدان بانٹنے یا اس رسم کی ادائیگی کا اختیار دیا جائے (پلیٹس) .

[پنڈ + ادھیکاری (رک)]

— آلُو (— و مع) امذ .

رک : پنڈالو (پلیٹس) .

— بِیج (— ی مع) امذ .

خوشبودار پھولوں والی جھاڑی ، خرزہرہ ، کنیر نیز کنیر کا درخت ، لاط : Oleander odorum (پلیٹس) .

[پنڈ + بیج (رک)]

— بھاگ/بھاگی امذ .

وہ شخص جو رسم و رواج کے تحت پنڈ کھانے یا اس کا حصہ لینے کا حق دار ہو (پلیٹس) .

[پنڈ + بھاگ/بھاگی (رک)]

— پانی پڑنا محاورہ .

صبر آنا ، سنتوکھ ہونا ، کلیجا ٹھنڈا ہونا ، دل کا غبار مٹنا ، ہتر پانی پڑنا (مخزن المحاورات ، ۱۷۵) .

— پانی دینا محاورہ .

(ہندو) پتروں (بزرگوں کی ارواح) کے نام پر آٹے یا چاولوں کے بنے ہوئے لڈو وغیرہ اور جل کی بھینٹ دینا ، شرادھ کرنا .

جس کے کوئی بیٹا نہ ہو ، چاہئے کہ بہ عجلت تمام کسی کا بھی بیٹا متبنیٰ لے تاکہ پنڈ پانی دے اور مقدس رسوم مذہبی ادا کرے اور اس کا نام روشن کرے .
۱۹۴۱ قانون و رواج ہنود ، ۱ : ۱۷۰

— پڑنا محاورہ (قدیم) .

۱. پیچھے پڑنا ، تعاقب کرنا .

جب گر پڑوں ہوں پاوں پہ کہتے ہیں منہ کو پھیر
تم چھوڑ سب کو پنڈ ہمارے بھلے پڑے
۱۸۱۸ اظفری ، د ، ۲۷

۲. سپردگی میں آنا ، حصے میں آنا (نوراللغات) .

— پُشپ (— ضم پ ، سک ش) امذ .

چینی گلاب ، ایک درخت اور اس کے پھول ، لاط : Jone-sia asoca ، کنول کی ایک قسم ؛ ایک پودے کا پھول ، لاط : Tabernaemontana coronaria؛ رک : پنڈ تگر (پلیٹس) .

[پنڈ + پشپ (رک)]

— پُشپک (— ضم پ ، سک ش ، فت پ) امذ .

ایک سبزی جس کو گملوں میں بھی اگایا جا سکتا ہے ، جنس خرفہ ، لاط : Chenopodium album (پلیٹس) .

[پنڈ + پشپک (رک)]

— پھلا (— فت پھ) امث .

کڑوی لوکی ، کدو ، گھیا (پلیٹس) .

[پنڈ + پھلا (رک)]

— تَیلک (— ی لین ، فت ل) امذ .

لوبان نیز عود اور دوسرے بخورات (پلیٹس) .

[پنڈ + تیلک (رک)]

— چھٹنا محاورہ .

نجات ملنا ، چھٹکارا ہونا ، پیچھا چھٹنا ، رہائی یا آزادی ملنا .

میری بریت کی درخواست گزری ، تحقیقات ہوتی رہی تین برس بعد پنڈ چھٹا .

۱۸۶۹ غالب (غالب کا روز نامچہ ، ۷)

— چھڑانا محاورہ .

(خود کو یا غیر کو) نجات یا چھٹکارا دلانا ، پیچھا چھڑانا ، کسی وبال یا عذاب کو ٹالنا یا دور کرنا .

ہزار دینار باغبان کو دیے اور راضی کر کے اپنا پنڈ چھڑایا .

۱۸۰۲ گنج خوبی ، ۱۵۷

بارے خدا خدا کر کے آج ذرا سویرے ان سے پنڈ چھڑایا تو تم سے ملنا نصیب ہوا .

۱۹۳۰ مضامین فرحت ، ۲ : ۱۰۸

— چھوٹنا محاورہ .

پنڈ چھٹنا (رک) کا تعدیہ .

اس سے کہا کسی نے کہ لے سوز بھی موا
کہنے لگا کہ پنڈ بھی چھوٹا بھلا ہوا

۱۷۹۸ سوز ، د ، ۵۹

بڑی مشکل تو یہی ہے کہ مرنے سے بھی آدمی کا پنڈ نہیں چھوٹتا .

۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۳۳۲

یوں آسانی سے تو پنڈ چھوٹ نہیں سکتا ، مگر ان باتوں کا انجام اچھا نہیں .

۱۹۴۳ جنت نگاہ ، ۹۹

— چھوڑنا محاورہ .

پنڈ چھوٹنا (رک) کا تعدیہ .

اس جوان نے بہت عذر اور حیلے کیے پر میں نے پنڈ نہ چھوڑا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۳۴

تمہیں سوکن کے رہنا ہو مبارک
میاں جاؤ بھی میرا پنڈ چھوڑو

۱۸۷۱ عبیر ہندی ، ۱۳

امید ہے . . . بخار نے آپ کا پنڈ چھوڑ دیا ہو گا .

۱۹۲۶ مکتوبات عبدالحق ، ۴۳

— دان امذ .

رک : پنڈ (۱) معنی نمبر ۲ کی خیرات .

اس کا دیوان ایک سراوگی . . . تھا . . . اس نے شیوکی پوجا وشنو کی پوجا . . . اور بھرم دان ، پنڈ دان . . . سب کو منع کیا .

۱۸۰۴ بیتال پچیسی ، ۳۲

مراری لال نے واہ کریا کی . . . تیرھویں دن پنڈ دان ہوا .

۱۹۳۶ پریم چند ، پریم چالیسی ، ۱ : ۷۹

[پنڈ + دان (رک)]

— روگ (— و مج) امذ .

پیدائشی بیماریاں یا مزمن امراض (دق ، سل ، کوڑھ ، سوکھے کی بیماری وغیرہ) .

پی کارن بیری ہوئی لوگ کہیں پنڈ روگ ؟

مشہور کہاوت

[پنڈ + روگ (رک)]

— روگی (— و مج) صف .

پنڈ روگ (رک) میں مبتلا (پلیٹس) .

[پنڈ + روگی (رک)]

— کھجور (— فت کھ ، و مع) امث .

خوشے میں پک کر تیار لیکن تر خرمے ، تازہ خرمے (جو خشک ہو کر چھوہارا نہ بنے ہوں) رک : پنڈ (۱) معنی نمبر ۵ .

رطب کو کہیں پنڈ کھجور اے گھنیر
بھی کھایا ہے خرمے کے کاہے کو چیر

۱۷۷۱ بہشت بہشت ، ۷۷

زمزمیاں پنڈ کھجوریں ساتھ لیتی گئیں .

۱۹۵۹ محمد علی ردولوی ، گناہ کا خوف ، ۱۴۴

[پنڈ + کھجور (رک)]

— گوس (— و مج) امذ .

لوبان کی طرح ایک خوشبودار جنس نیز اس کا درخت جس کی چھال سے یہ گوند نما شکل میں دستیاب ہوتا ہے ، لاط : Gum-myrrh (پلیٹس) .

[پنڈ + گوس (رک)]

— لینا محاورہ .

پیچھے پڑ جانا ، سر ہو جانا ، کسی بات یا کام کے لیے حد سے زیادہ اصرار کرنا .

اس نے بہت پنڈ لیا تو راجا نے ایک ہانڈی مدہ سے بھری پردھان کے آگے رکھوا دی .

۱۸۲۴ سیر عشرت ، ۷۱

— مستا (— فت م ، سک س) امث .

سرو کے قسم کی گھاس ، لاط : Cyperus pertenuis (پلیٹس) :

[پنڈ + مستا (رک)]

ـ مُول/مُولک (ـ و مع/ف ل) امذ.

گاجر، لاط: Daucus Carota (پلیٹس).

[پنڈ + مول/مولک (رک)]

ـ ویج (ـ ی مع) امذ.

رک: پنڈ بیج (پلیٹس).

[پنڈ + ویج (= بیج) (رک)]

پِنڈ (۲) (کس پ، سک ن) امذ.

گانو، دیہہ، موضع (فرہنگ آصفیہ).

[ہن]

پِنڈا (۱) (ف پ، سک ن) امذ.

۱. (ہندو) مندر کا پجاری یا مجاور، پوجا پاٹ کرنے والا، پروہت، (شادی بیاہ یا موت وغیرہ کے موقع پر) مذہبی رسوم ادا کرنے والا، برہمن، پانڈا.

جب دو چار دن میں مال جمع ہوتا ہے پنڈے ایک خلعت بڑے بت کی سرکار سے دے کر اسے رخصت کرتے ہیں.

۱۸۰۲ باغ و بہار، ۱۶۹

دونوں قوی ہیکل پنڈے اٹھ کھڑے ہوے اور ہم آواز ہوکر ایک کبت پڑھنے لگے.

۱۹۲۳ گوشۂ عافیت، ۱: ۲۱۳

۲. روٹی بنانے والا برہمن، رسوئیا (شبد ساگر).

[ہ: पण्डा पंडा]

پِنڈا (۲) (ف پ، سک ن) امث.

عقل، فہم، سمجھ؛ علم، فضیلت (پلیٹس؛ جامع اللغات).

[س: पण्डा पंडा]

پِنڈا (کس پ، سک ن) امذ.

۱. جسم، بدن، شریر.

جھڑالی نپٹ دھیٹ ہور بد خصال
پنڈے ہور پنڈر یاں کے اہرال بال

۱۶۹۵ دیپک پتنگ، ورق ۱۷۹ (الف)

سرخئی رنگ حنا ہے یا خدائی اے صنم
نور سے پنڈا بنایا ہاتھ پانوں نار سے

۱۸۷۰ الماس درخشاں، ۲۳۱

تیسرے دن دیکھتے ہیں تو موتیا پنڈے پر صاف جھلک رہی ہے.

۱۹۱۷ سنجوگ، ۵۶

۲. جسامت، حجم.

اس کتاب کا پنڈا بھی موٹا اور بات بھی موٹی.

۱۹۱۶ خطوط نویسی، ۷۸

۳. گولا، بھنڈا، تھوا (خصوصاً تمباکو کا).

اس کی پیٹھ پر چرمی کا ایک بے ڈول سا پنڈا ہے، اسے کوہان کہتے ہیں.

۱۸۶۹؟ اردو کی پہلی کتاب (آزاد)، ۲: ۱۵

مرزا جی نے اگر تمباکو کا پنڈا کہا تو حکیم جی نے ابلا ہوا انڈا.

۱۹۳۲ اخوان الشیاطین، ۲۹۲

۴. (ہندو) شہد اور تل ملی ہوئی کھیر وغیرہ کا گول لونڈا جو شرادھ میں پتروں کے نذر کیا جاتا ہے.

کنوار کے مہینے میں جب پتریکیہ کے دن آتے ہیں تو پنڈے چاولوں کے بنا کر اور دودھ ملا کر . . . پتروں کے نام چڑھاتے ہیں.

۱۸۴۸ توصیف زراعات، ۷۵

۵. مٹی کا تھوا، رسی کا گول بنڈل یا گولا، پہچک؛ کھانے کا لونڈا یا گولا (پلیٹس).

۶. سوت کا گولا.

سالگرہ کے سوت کے پنڈے میں قمری حساب سے . . . . اکہتر ویں گانٹھ لگ گئی تھی.

۱۹۶۵ چار ناولٹ، ۳۶

[س: پنڈک: पिण्डक]

ـ اچھوتا ہونا محاورہ.

با عصمت ہونا، پاکرہ ہونا، دوشیزہ ہونا.

نگہ شوق سے کہتی ہے یہ عصمت اس کی
کہ اچھوتا مرا پنڈا ہے نہ چھو تو مجکو

۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق، ۱۷۷

ـ برف ہونا محاورہ.

جسم ٹھنڈا پڑ جانا (خوف یا کسی اور وجہ سے).

اگلے روز صبح سویرے ہوش میں آئی تو دیکھا کہ بچے کا پنڈا برف ہے.

۱۹۲۷ ہیبت ناک افسانے، ۲۰۲

ـ پھلسنا محاورہ.

بخار کی وجہ سے جسم بہت زیادہ گرم ہونا، پنڈا جلنا.

حضرت حسین نے کہا بیٹا بخار سے تمہارا پنڈا اس وقت بھلس رہا ہے.

۱۹۴۳ سیدہ کی بیٹی، ۱۴۸

— پانی امذ .

(ہندو) شرادھ میں پتروں کو بھینٹ دیا جانے والا پنڈا اور پانی .

آپ کو معلوم ہے کہ میں پنڈے اور پانی کا قائل نہیں .

۱۹۲۲ گوشۂ عافیت ، ۱ : ۱۵۸

[پنڈا + پانی (رک)]

— پسیجنا (— فت پ ، ی مع ، سک ج) ف ل .

بخار اترنے سے قبل پسینہ آنا .

یہ ترکیب خوبن نے اس وقت کی جب دیکھ لیا کہ پنڈا پسیج رہا ہے اور بخار اترنے والا ہے .

۱۹۳۲ بیلہ میں میلہ ، ۳۲

— پھیکا پڑنا محاورہ .

ہلکا بخار ہونا ، جی اُنمنا ہونا ، کسلمند ہونا ، بخار کی آمد ہونا ، رنگ اترنا .

اس وقت عجب حالت ہے ، پنڈا پھیکا پڑ گیا ہاتھ پاؤں ٹوٹے جاتے ہیں .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۱۷۰

جہاں ذرا دیر تک گائی یا دو توڑے زیادہ لیے بس اس کا پنڈا پھیکا پڑ جاتا ہے .

۱۹۱۰ انقلاب لکھنؤ ، ۱ : ۱۲

— پھیکا پھیکا ہونا محاورہ .

رک : پنڈا پھیکا ہونا .

صغرا کچھ سست ہے ، اس کا پنڈا بھی پھیکا پھیکا ہے .

۱۹۲۳ انشائے بشیر ، ۲۵۰

— پھیکا رہنا محاورہ .

ہلکا بخار رہنا ، بخار کی حرارت رہنا ، کسل مند رہنا .

رونے دھونے سے کیا فائدہ ایک تو دشمنوں کا یونہی پنڈا پھیکا رہتا ہے .

۱۹۳۰ بیگموں کا دربار ، ۴۰

— پھیکا ہونا محاورہ .

رک : پنڈا پھیکا پڑنا .

ملکہ نے جواب دیا ، حضور کی پرورش ، کچھ سر میں خلل ہے ، پنڈا پھیکا ہو رہا ہے .

۱۸۰۲ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۲ : ۵۵۸

اس وقت حواس درست نہیں ہیں . . . دیکھ پنڈا پھیکا ہو گیا .

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۸۳۷

— جلنا محاورہ .

بخار ہونا ، تپ کی شدت ہونا .

پنڈا اس طرح جلنے لگا کہ معلوم ہوتا کہ اگر دانہ ڈال دو تو بھن جائے گا .

۱۹۳۳ باسی پھول ، ۱۰۲

— دھونا محاورہ .

غسل کرنا ، نہانا .

جب نئے کپڑے پہنیے کیجیے یاد کفن
غسل میت کا تصور کر کے پنڈا دھوئیے

۱۸۷۸ سخن بے مثال ، ۹۳

— غوطہ کر ڈالنا/ کرنا محاورہ .

رک : پنڈا دھونا ؛ پنڈا کھنگالنا (جامع اللغات) .

— کورا ہونا محاورہ .

رک : پنڈا اچھوتا ہونا .

ہے یہ انواسی اس کو ڈر کیا ہے
تو نہ جا تیرا کورا پنڈا ہے

۱۸۸۰ قلق (نورالغات)

— کھنگالنا محاورہ .

رک : پنڈا دھونا .

اچھی طرح سر بھی دھولوں اور پنڈا بھی کھنگال ڈالوں .

۱۹۳۰ چار چاند ، فراق دہلوی ، ۶۱

— گرم ہونا محاورہ .

بخار کی حرارت ہونا ، ہلکا بخار ہونا ، جی اُنمنا ہونا (مخزن المحاورات ، ۲۷۰) .

پنڈار (کس پ ، سک ن) امذ .

ایک درخت کا نام جس کا پھول سفید نکلتا ہے اور بعد میں زرد ہو جاتا ہے اور بہت خوشبو دار ہوتا ہے ، لاط : Flacou rtia Sapida نیز لاط : Trewia nudiflorac (پلیٹس) .

[س : पिण्डार]

پنڈارا (کس پ ، سک ن) امذ ؛ ~ پنڈارہ .

۱. غارت گر ، لٹیرا ، راہزن ، ہٹ مار ، ٹھگ ، ڈکیت (فرہنگ آصفیہ) .

۲۔ رک : پنڈاری ۔

ایک بار ہیرا بھاؤ مرہٹہ نے باتفاق پنڈارہ پرگنات بھوپال کو لوٹا اور جلا دیا چھوٹے خاں نے فوج کشی کی ، ہیرا بھاؤ بھاگ گیا اور چار سو پنڈارے اسیر ہوے ۔

۱۸۷۲ تاریخ بھوپال ، ۱ : ۱۳

۲۔ بنجاروں کی ایک قوم (فرہنگ آصفیہ) ۔

[० : पिंडारा]

پِنڈاری (کس پ ، سک ن) امذ ۔

جنوبی ہندوستان کی ایک ذات جو پہلے کرناٹک صوبۂ بمبئی وغیرہ میں بستی تھی اور کھیتی کرتی تھی بعد کو موقعہ پاکر لوٹ مار کرنے لگی پنڈاری لوگ بہت دنوں تک مرہٹوں کی خدمت میں تھے اور لوٹ مار میں ان کا ساتھ دیتے تھے یہاں تک کہ پانی پت کی لڑائی میں مرہٹوں کی فوج میں ان کے دو سردار اٹھارہ ہزار سواروں کے ساتھ تھے بعد کو صوبۂ متوسط میں بس کر پنڈاری چاروں طرف لوٹ مار کرنے لگے رعایا ان کے ظلم سے تنگ آگئی پھر ۱۸۰۰ء کے بعد یہ انگریزی راج میں گڑبڑ کرنے لگے تب لارڈ ہیسٹنگز نے فوج بھیج کر ان کا صفایا کرایا (ماخوذ : شبد ساگر) ۔

پنڈاری لوگ گھوڑ سوار ڈاکو تھے ۔

۱۹۱۰ سپاہی سے صوبیدار ، ۴۳

[پنڈارا (رک) سے]

پِنڈال (کس پ ، سک ن) امذ ~ پَنڈال ۔

وہ جگہ جہاں شامیانہ تانا جائے ، زیر شامیانہ مقام ۔

ان کے لیکچر کے دن پنڈال ایسا کھچا کھچ بھر جاتا تھا کہ تل دھرنے کو جگہ نہ ملتی تھی ۔

۱۹۱۸ لیکچروں کا مجموعہ (دیباچہ) ، ۱ : ۱۵

[؟]

پِنڈالُ/پِنڈالُک (کس پ ، سک ن ، ضم ل) امذ ۔

رک : پنڈالو ۔

پنڈالو اور برچھگندہ ایک چیز ہے اسی کو پنڈالک اور پنڈال بھی بولتے ہیں ۔

۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، ۲ : ۳۴۳

پِنڈالُو (کس پ ، مع ، و مع) امذ ؛ نیز امث ۔

۱۔ کانڈو ، رتالو ، اروی ، بنڈا ، پنڈا ، شکر قند ، سخت چھلکے نیز چھلکے پر ریشہ والی زہر زمین ترکاری نیز اس کی جھاڑی ؛ کمہار ، گھمار ، لاط : Trewia nudiflora or Rottlera indica (پلیٹس) ۔

۲۔ ایک قسم کی سفید خوردنی جڑ مفرح دوا کے طور پر مستعمل ۔

پنڈالو . . . بیل دو گز لانبی ہوتی ہے . پتیاں برگ تنبول سے مشابہ ہوتی ہیں . اس کو جڑ سے اکھاڑ لیتے ہیں ۔

۱۹۳۸ آئین اکبری ، ۱ ، ۱ : ۱۳۶

[پنڈ + آلو (رک)]

پنڈلی (فت پ ، سک ن ، ضم ڈ ، شد ب) امث ۔

رک : پن (۳) کا تحتی (پلیٹس) ۔

پنڈت (فت پ ، سک ن ، کس نیز فت ڈ) امذ ۔

۱۔ عالم ، فاضل ؛ ہندو دھرم کے قوانین سے واقف شخص ، معلم ، برہمن قوم کا فرد ۔

ہوتھی تھی سو کھوٹی بھئی پنڈت بھیا نکوے
ایکھی اچھر ہیم کا پھیرے سو پنڈت ہوئے

۱۶۳۵ سب رس ، ۱

تم ہی لوگوں نے ایک ایڈرس لکھی ، اس مطلب سے کہ ایک پنڈت سنسکرت پڑھانے کو . . . نوکر رکھا جائے ۔

۱۸۶۴ مکمل مجموعہ لیکچرز و اسپیچز ، ۱۶

پنڈت نے اگر بنا دیا بت کو خدا
ملا نے خدا کو بت بنا کر چھوڑا

۱۹۳۳ سیف و سبو ، ۲۷۹

۲۔ جوتشی ، نجومی ، رمال ۔

سبھوں نے سنا یہ جواب و سوال
لگے کہنے پنڈت تو ساعت نکال

۱۷۹۴ جنگ نامہ دو جوڑا ، ۴۹

پنڈتوں نے پوتھی کھولی ، کچھ انگلیوں پر شمار کیا کہا خیریت ہے ۔

۱۸۹۱ بوستان خیال ، ۸ : ۲۲۷

۳۔ ایک تعظیمی کلمہ جو عموماً اونچی ذات کے پڑھے لکھے ہندوؤں کے لیے مستعمل ہے ۔

تمام کشمیری ہندو . . . پنڈت کہلاتے ہیں ۔

۱۸۹۶ سیرت فریدیہ ، ۴

پنڈت سندر نرائن مشران صاحب کے ان خطبات کا مجموعہ جو انھوں نے . . . ادبی مجلسوں میں پڑھے ۔

۱۹۴۲ خطبات مشران ، ریویو (۱)

۴۔ (موسیقی) کمال اور دسترس کے مطابق گانے والے کا سب سے چھوٹا درجہ ۔

نائک کا درجہ فن موسیقی کے تمام درجوں یعنی پنڈت ، گنی ، گندھوپ اور گائن سے بڑھ کر ہے ۔

۱۹۶۱ ہماری موسیقی ، ۲۲

[س : पण्डित]

— بھئے تو کیا بھئے گلے سوت، بھاؤ بھگت جانی ناہیں بھئے جنگل کے بھوت کہاوت .

پنڈت ہونے یا گلے میں جنیو ڈالنے سے کوئی فائدہ نہیں اگر انسان میں سچا دھرم نہیں تو وہ جنگل کے بھوت کے برابر ہے یا کسی کام کا نہیں (جامع اللغات) .

— پوتھی بانچتے ملا پڑھے قرآن ، لوگ دکھا وو لاکھ کرو نامل‍ئے بھگوان کہاوت .

پوتھیاں یا قرآن پڑھنے یا مذہب کی باتوں کے دکھاوے سے خدا نہیں ملتا (جامع اللغات) .

— خانہ (— فت ن) امذ .

۱. قید خانہ ، جیل .

مہنت نے کہا جس پنڈت خانے میں وہ کنیز قید ہے اس میں دو شخص اور بھی قید ہیں .

۱۸۹۰ طلسم ہوشربا ، ۴ : ۱۱۴۷

۲. قمار خانہ .

پنڈت خانے میں درس بدمعاشی و دزدی و بد اخلاقی لیں گے .

۱۹۲۹ واودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۴ : ۳۶ ، ۵

[پنڈت + خانہ (رک)]

— کی جو زبان پر ہے وہی پوتھی میں کہاوت .

پنڈت سوچ سمجھ کر کہتا ہے (ماخوذ : محاورات ہند ، سبحان بخش ، ۴۷) .

— مانی امذ .

وہ شخص جو اپنی علمیت کا بے جا ادعا کرتا ہو ، کٹھ ملا ، اپنے منہ میاں مٹھو (پلیٹس) .

[پنڈت + مانی (رک)]

— مشعلچی کی الٹی ریت ، ایک دکھاوے چاندنی ایک اندھیرے بیچ کہاوت .

پنڈت دوسروں کو ان کی قسمت کا حال بتاتے ہیں مگر اپنی مصیبت کا حال نہیں جانتے ، مشعلچی دوسروں کو اجلا دکھاتا ہے اور خود اندھیرے میں رہتا ہے (فرہنگ اثر) .

پنڈ تانی (فت پ ، سک ن ، کس نیز فت ڈ) امث .

۱. پنڈت (رک) کی تانیث (نوراللغات) .

۲. (ہندو) اسکول کی معلمہ ، استانی نیز وہ عورت جو بچوں کو پڑھاتی ہے (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

۳. برہمنی (شبد ساگر) .

پنڈ تائن (فت پ ، سک ن ، کس نیز فت ڈ ، کس ء) امث .

پنڈت (رک) کی تانیث .

لالہ بابو نے نہ سنبھالا ہوتا تو اب تک پنڈ تائن کی ایک انگل زمین نہ بچتی .

۱۹۳۶ پریم چند ، پریم بتیسی ۲ : ۳۴۷

پنڈ تاؤ (فت پ ، سک ن ، کس نیز فت ڈ ، و مج) صف .

پنڈتوں کے طریقے یا ڈھنگ کا (شبد ساگر) .

[رک : پنڈت + اؤ ، لاحقۂ نسبت]

پنڈ تائی (فت پ ، سک ن ، کس نیز فت ڈ) امث .

پنڈت (رک) کا کام ، پنڈت پنا ؛ علمیت ، دانائی ، قابلیت .

ایک پنڈت . . . حال پنڈ تائی مادھوداس جی کا سن کر ان سے کہنے لگا کہ میرے ساتھ چرچا کرو .

۱۸۵۵ بھگت مال ، ۲۷۹

پنڈ تائی اور مولویت کا زعم ذہن شریف پر . . . مسلط ہو گیا .

۱۹۳۴ منشورات ، ۲۹۴

[پنڈت + آئی ، لاحقۂ کیفیت]

پنڈ تگر (کس پ ، سک ن ، کس ڈ ، فت ت ، گ) امذ ؛ ~ پنڈی تگر .

تگر نامی درخت کی ایک قسم، لاط: Tabernaemontana coronaria (پلیٹس) .

ایک خوشبودار درخت کی لکڑی ہے جو دو قسم کی ہوتی ہے ، ایک قسم کو پنڈتگر کہتے ہیں ، دونوں کا ذائقہ کڑوا ہوتا ہے .

۱۹۳۶ خزائن الادویہ ، ۳ : ۱۷۹

[پنڈی + تگر (رک)]

پنڈتہ (فت پ ، سک ن ، کس نیز فت ڈ ، فت ت) امث .

پنڈت معنی نمبر ۱ (رک) کی تانیث (وضعی بقاعدۂ عربی) .

ایک ہندو پنڈتہ . . . کی ایک کتاب کا ترجمہ ہوا ، جس میں خاص عورتوں کی بیماریوں کے علاج درج تھے .

۱۹۲۹ عرب و ہند کے تعلقات ، ۱۵۰

پنڈخی (کس پ ، سک ن ، ڈ) امث .

ایک قسم کی چھوٹی فاختہ .

کچھ سبزک و بڑنکے و کچھ ٹنٹن و بزے
پنڈخی سے لگا ٹوٹرو قمری و ہریوے

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۱۹۱

ذرا سا پنڈخی ایسا پیٹ ، اس میں چار ہاتھ پیر ، ایک دم .

۱۹۴۴ رفیق حسین ، گوری ہو گوری ، ۹۶

[س : پانڈ + کہ : पाण्ड + क]

پنڈر (فت پ ، سک ن ، فت ڈ) امذ .

(کاشتکاری) وہ کھیت جو آنے والی خریف کی فصل پر خالی چھوڑ دیا گیا ہو ، پندی (ا پ و ، ۶ : ۳۸) .

[مقامی]

پنڈر (۱) (فت پ ، سک ن ، ضم ڈ) امذ .

پانی میں رہنے والا سانپ .

ایسے ہری سوں جگت لڑ تو ہے
پنڈر کتھوں گرڑ دھرتو ہے

۱۵۱۸ کبیر (شبد ساگر)

[س : پنڈریک पण्डरीक]

پنڈر (۲) (فت پ ، سک ن ، ضم ڈ) امذ .

(ڈر وغیرہ سے) پیلا ہونے کا عمل ، پیلا پن ، جسم کی سفیدی یا زردی ، رک : پانڈر (شبد ساگر) .

[س : پانڈر पाण्डर]

پنڈرا (فت پ ، مغ ، فت ڈ) امذ .

پرنالا ، پنالا ، ناودان (شبد ساگر) .

[ہ : پنڈرا पंडरा]

پنڈری (کس پ ، سک ن ، ڈ) امث (قدیم) .

رک : پنڈلی .

جھڑالی نپٹ دھیٹ ہور بد خصال
پنڈے اور پنڈریاں کے اہرال بال

۱۶۹۵ دیپک پتنگ ، ورق ۱۷۹ (الف)

عرق بعضوں کے پنڈری لگ رہے گا
کسے ران و کمر کے تیں لگیں گا

۱۷۹۱ بہشت بہشت ، ۷ : ۱۴۵

گرم پانی کے شیشوں سے پاؤں ، پنڈریاں اور ران اور فم معدہ کو سیکتے رہو .

۱۸۹۱ مبادی علم حفظ صحت ، ۳۱۱

پنڈریا/پنڈریک (ضم پ ، سک ن ، فت ڈ ، کس ر/ی مع) امذ .

۱. کنول کا پھول ، سفید کنول ، ایک قسم کی بھینٹ ؛ ایک قسم کا دھان ؛ ایک قسم کا کوڑھ ؛ سفید سانپ کی ایک قسم ، لاط: Amphisbaena ؛ چیتا ؛ جنوب مشرقی علاقے کا سفید ہاتھی (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

۲. شیر ، باگ ؛ ریشم کا کیڑا ؛ ایک خوشبودار ہودا ؛ سفید چھاتا ؛ ایک قسم کا آم ، سفیدہ ؛ ایک قسم کی ایکھ (پونڈا یا پوڑھا) ؛ چینی شکرا ؛ باز کی ایک قسم ؛ سلاجیت سفید ؛ پاتھیوں کا بخار ؛ ایک سانپ کا نام ؛ آگ ؛ ہرائی ؛ آسمان ؛ سفید رنگ (شبد ساگر) .

[س : پنڈریک पण्डरीक]

پنڈریک (ضم پ ، سک ن ، ڈ ، کس ر ، فت ی) امذ .

جنس خبازی ، جنس پڑا کا پھول جس کا رنگ بدلتا رہتا ہے ، لاط: Ketmia mutabilis یا Hibiscus mutabilis ؛ ایک دوا کا نام (پلیٹس) .

[س : پنڈرایک पण्डरायक]

پنڈڑی (کس پ ، سک ن ، ڈ) امث .

رک : پنڈلی .

رہے جیسی پنڈڑی و باریک انگل
چلنت ہنس ہور پاؤں جوں نرم اکل

۱۶۱۴ بھوک بل (ق) ، ۲۱

پنڈک (فت پ ، سک ن ، فت ڈ) امذ .

ہیجڑا ، مخنث ، زنانہ (جامع اللغات) .

[س : پنڈ یا پنڈک पण्ड ، पण्डक]

پنڈک (کس پ ، سک ن ، فت ڈ) امذ .

نوالہ ، لڈو ، پنڈ ؛ مست ہاتھی کے سامنے کے گولے ؛ دھونی ، لوبان ، بخور (جامع اللغات) .

[س : پنڈک पिण्डक]

پنڈک (کس نیز فت پ ، سک ن ، ضم ڈ) امذ .

فاختہ ، قمری (پلیٹس) .

[س : پانڈ + کہ : पाण्ड + क]

پِنڈ کا (کس پ ، سک ن ، کس ڈ) اسث .

ساق پا ، وہ مچھلی نما گوشت جو پنڈلی کہلاتا ہے اسی مناسبت سے جسم کے دوسرے حصے بازو وغیرہ کا گوشت ؛ پہنچے کے بیچ کا ٹھوس حصہ (پلیٹس) .

[س : پنڈ کا पिण्डिका]

پِنڈْکی (کس پ ، سک ن ، ضم نیز سک ڈ) اسث .

رک : پِنڈک .

فاختہ ایک طائر کا نام ہے جس کی ہندی پنڈکی ہے .

۱۸۷۲ عطر مجموعہ ، ۲ : ۱۷۱

[ہ : پنڈ کی पिंडकी]

پِنڈْلا (کس پ ، سک ن ، کس ڈ) اسث .

ککڑی یا کھیرے کی ایک قسم ، لاط : Cucumis maderaspatanus (پلیٹس) .

[ہ : پنڈلا पिण्डिला]

پِنڈْلَم (کس خف پ ، سک ن ، ضم ڈ ، فت ل) امذ ؛ ~ پنڈولم .

کلاک گھڑی یا دیوار گھڑی کا لٹکن ، لنگر .

عرب کے پاس پنڈلم والی گھڑیاں تھیں .

۱۹۱۳ شبلی ، مقالات ، ۶ : ۲۳۷

[انگ : Pendulum]

پِنڈْلی (کس پ ، سک ن ، ڈ) اسث .

ٹانگ کا وہ حصہ جو ٹخنے کے اوپر ہوتا ہے ، ساق .

بلقیس . . . کے پیروں میں انگلیاں نہیں ہیں . . . اور پنڈلیاں بالوں سے بھری ہیں .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۶۳۰

باپ بھائی کے سامنے اگر منہ ، سر ، سینہ ، باہیں ، پنڈلی کھل جائیں تو کچھ حرج تو نہیں .

۱۹۱۶ معلّمہ ، ۹۰

[رک : پنڈکا + لی ، لاحقۂ تصغیر]

~ بند (— فت ب ، سک ن) امذ .

پنڈلی پر باندھنے کی پٹی یا پٹیاں جو بیشتر فوج اور پولس کے جوان قواعد کے وقت عام طور سے باندھتے ہیں (اپ و ، ۲ : ۱۳۱) .

[پنڈلی + بند (رک)]

~ سے پنڈلی گھٹی ہونا محاورہ .

ٹانگوں میں ٹانگیں ہونا (جامع اللغات) .

پِنڈْلیاں بھَر جانا محاورہ .

زیادہ چلنے کے باعث پنڈلیوں میں تکلیف ہو جانا ، تھکن کا احساس ہونا .

پنڈلیاں بھر گئیں . . . معلوم ہوتا ہے پندرہ بیس میل دوڑ کر آئے ہیں .

۱۹۳۷ دنیائے تبسم ، ۳۶

پِنڈْو (فت پ ، سک ن ، و مع) امذ .

بکا ہوا پھل ، پھل ، میوہ .

میرا کام جھاڑاں کے پنڈاواں چن چن کو کھانے بھرنے کا ہے .

۱۷۶۵ دکھنی انوار سہیلی ، ۵۹

[س : پانڈو + اوک पाण्डु + उक]

پِنڈْوا (فت پ ، سک ن ، ڈ) امذ .

رک : پَنڈا .

مسلمان کو کسی دوسرے شخص کی دستگیری کی ضرورت نہیں ، وہ اپنا آپ پادری اپنا آپ پنڈوا اپنا آپ احبار ہے .

۱۹۰۶ الکلام ، ۲ : ۲۲۳

[رک : پنڈ + وا ، لاحقۂ تصغیر]

پِنڈْوی (فت پ ، سک ن ، و مع) اسث .

رک : پن (۳) کا تحتی پن ڈبی .

کنارے کنارے ان کے بگلے پنڈو بیاں بط مرغابیاں سرخاب بیٹھے تھے .

۱۸۹۰ طلسم ہوشربا ، ۴ : ۱۰۹۶

پِنڈْوری (فت پ ، سک ن ، و مع) اسث .

باز یا شکرہ کی نسل سے متعلق ایک پرند (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : پنڈور + اِ کا पाण्डुर + इका]

پِنڈول (کس پ ، سک ن نیز مغ ، و مج) اسث ؛ امذ (شاذ) .

ایک قسم کی مائل بہ خاکستری رنگ کی چکنی مٹی جو دیہات میں گھروں میں سفیدی کرنے اور تختی پوتنے کے کام آتی ہے اور ٹھنڈائی کے طور پر اس کا پانی بھی پلایا جاتا ہے ، اس پر پانی چھڑکنے سے سوندھی سوندھی بو نکلتی ہے .

چکنی گیلی مائی یا پنڈول کی مائی میں پانی ایسا ملانا کہ نہ بہے نہ منجمد ہووے .

۱۸۳۸ ستہ شمسیہ ، ۳ : ۵۹

پچانوے فی صد مکانات مٹی کے ہوتے ہیں اور ان پر پنڈول پھرا ہوتا ہے .

۱۹۱۲ روز نامچۂ سیاحت ، ۲ : ۱۵۴

[س : पाण्डर पाण्डुर]

پنڈولم (کس پ ، سک ن ، و مج ، فت ل) امذ ؛ ~ پینڈلم .

رک : پنڈُلم .

عمل کے بعد رد عمل کا قانون بھی اٹل ہے ، پنڈولم اپنی حد کو پہنچ کر پلٹا ضرور لے گا .

۱۹۳۴ غالب شکن ، ۱۲

[رک : Pendulum]

پنڈولی (کس پ ، سک ن نیز مغ ، و مج) صف .

پنڈول (رک) سے منسوب ، پنڈول (رک) والا .

ایک تالاب کے پشتہ کے لیے جو ہلکی پنڈولی مٹی سے بنایا جائے . . . بہت کم احتیاط کی ضرورت ہے .

۱۹۴۴ مٹی کا کام ، ۷۹

[رک : پنڈول + ی ، لاحقۂ نسبت]

پنڈولی (۱) (کس پ ، سک ن ، و مج) امث ؛ ~ پنڈول .

بچا ہوا کھانا ، جھوٹا کھانا ، منھ سے گرا ہوا روٹی کا ٹکڑا (جامع اللغات) .

[س : پنڈولی पिण्डोली]

پنڈولی (۲) (کس پ ، سک ن ، و مج) امذ .

اونٹ (شبد ساگر) .

[؟]

پنڈی (۱) (کس پ ، سک ن) امث ؛ ~ پینڈی ، پنڈ .

۱.(i) پنڈا نمبر ۳ (رک) کی تصغیر .

میرے بکس میں جو گوکھرو کی پنڈی رکھی ہے وہ نکال لاؤ .

۱۹۴۷ ہم اور تم ، ۱۹

(ii) **پینڈی (رک) کی تخفیف .**

واں پنڈیاں ہو رہی تھیں طیار
یاد آئے تھے یاں لب شکربار

۱۸۷۱ دریائے تعشق ، ۲۰

۲. (پنڈو) **شیوجی کی مورتی کا گول پتھر جس پر اکثر جل چڑھایا جاتا ہے .**

مہا دیو کی پنڈی کی طرح ان پتھروں کی پرستش کرتے تھے .

۱۸۷۰ خطبات احمدیہ ، ۵۰۶

جدید سومنات پر پہنچے ، یہ راجا بڑودا نے بنا دیا ہے ، شیوجی کا بیل اور پنڈی رکھی ہے .

۱۹۰۷ مخزن ، ۳/۱۴ : ۵۲

۳. (پنڈو) **قربان گاہ ، بلیدان کی جگہ ، مسلخ یا مذبح** (فرہنگ آصفیہ) .

۴. بھٹے کا بیچ (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

۵. ایک لمبا کدو ، لاط : Cucurbita lagenaria ، آرائشی پودا ، چاندنی کا پودا ، بنڈ پشپ ؛ پھولدار بیل ، لاط : Taberna emontana جنس کھجور کی ایک قسم ، لاط : Phaenix dactylifera (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

۶. (کاغذ سازی) **چیتھڑے کوٹ کر تیار کیا ہوا کاغذ بنانے کے مسالے کا گونّدا جس کا گھولوا بنایا جاتا ہے** (ا پ و ، ۴ : ۱۸۷) .

[س : پنڈی पिण्डी]

ــ تک (— فت ت) امذ .

مدن کا درخت ، لاط : Vangueria spinosa مون پھل ؛

رک : پنڈ تگر (پلیٹس ؛ شبد ساگر) .

[پنڈی + تک (رک)]

ــ تگر (— فت ت ، گ) امذ .

رک : پنڈ تگر (پلیٹس) .

پنڈی (۲) (کس پ ، سک ن) امث .

رک : پنڈ (۲) ؛ (مراد) راولپنڈی .

چنانچہ ہمارے دو انٹرویو جہلم اور پنڈی میں ہوئے اور ہم کامیاب رہے .

۱۹۶۶ بجنگ آمد ، ۲۲

[پن]

پنڈیائن/پنڈیاین (فت پ ، سک ن ، کس ڈ ، ء) امث .

پنڈا (رک) کی تانیث ؛ پنڈت کی بیوی (جامع اللغات) .

ــ کی میٹھی میٹھی بتیاں کہاوت .

پنڈت کی بیوی کو میٹھی میٹھی باتیں کرنے کی عادت ہوتی ہے کیونکہ اسے لوگوں سے بہت کچھ لینا پڑتا ہے (جامع اللغات) .

پنڈیریا (ضم پ ، سک ن ، ی مج ، کس ر) امذ .

رک : پنڈریا/پنڈریک (پلیٹس) .

[ہ : पण्डेरिया پنڈیریا]

پنڈیل (کس پ ، سک ن ، ی مج) امث .

ایک نبات جس کا پھول آنکھ کی شکل کا اور چھوٹا ہوتا ہے اور شاخیں لمبی لمبی ہوتی ہیں (خزائن الادویہ ، ۳ : ۷۹) .

[مقامی]

پنڈھار خانہ (فت پ ، غنہ ، فت ن) امذ .

رک : بھنڈار خانہ .

اس کے اندر ایک پنڈھار خانہ ، یہ مکان دو درجہ کا ہے .

۱۸۶۴ تحقیقات چشتی ، ۷۳۸

پنڈھلانا (فت پ ، مع ، سک ڈھ) ف م (قدیم) .

پھانسنا ، گھیرنا ، الجھنا ، مضبوطی سے پکڑ لینا ، پھسلانا .

جوں توں کرکے مجھے پھسلا پنڈھلا کر پھر بٹھلایا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۵۷

[ہ : भन्दलाना بھندلانا]

پُنر (۱) (ضم پ ، فت ن) صف ؛ م ف .

دوسرا ، ثانی ؛ برخلاف اس کے ، ماسوا ، علاوہ برایں ، مگر ، لیکن ، بہرکیف ، دوبارہ ، نئے سرے سے ، مخالف سمت یا راستے میں ، بہرحال ، بھی (جامع اللغات) .

[س : पुनर पुनर]

— بِواہ (— کس ب) امذ ← پنر وواہ .

دوسرا نکاح ، عقد ثانی .

آپ کو معلوم نہیں ، چودھری صاحب نے پنر بواہ کیا ہے .

؟۱۹۲۱ پتنی پرتاپ ، ۲۳

[پنر + بواہ (رک)]

— بھو (— و مع) امث .

۱. (ہندو) دوبارہ زندگی یا وجود ، آواگون ، تناسخ (پلیٹس) .

۲. باکرہ بیوہ کی دوسری شادی (جامع اللغات) .

[پنر + بھو (۱) (رک)]

— جنم (— فت ج ، ن) امذ .

(ہندو) رک : پنر بھو معنی نمبر ۱ ؛ نئے اصولوں کا دل میں پیدا ہونا جس سے انسان کی زندگی کے حالات بدل جائیں ؛ اگلا جنم تناسخ یا آواگون کی وجہ سے .

میری بیوی نے میرے ساتھ پنر جنم نہیں لیا تھا .

۱۹۶۹ ، نقش ، کراچی ، ۳ : ۱۳۵

[پنر + جنم (رک)]

— نوا (— فت ن) امذ .

۱. سانا ، سانٹا ، سانٹھ .

پنر نوا . . . ہندوستان میں سب جگہ ہوتا ہے ایک پودا ہے باریک ٹہنیاں ہوتی ہیں ، سفید لال اور نیلے پھول .

۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، م : ۳۰۷

۲. گھاس کی ایک قسم جو بنت بند کہلاتی ہے سنہری مائل پیلے پھول لگتے ہیں اور زمین پر غلطان پھیلتی ہے شاخیں اکثر سرخی مائل لیکن چالیس زیادہ اقسام کی وجہ سے مقامی اثر کے تحت جسامت پھولوں کی رنگت بدلتی رہتی ہے ، سور اس کو شوق سے کھاتے ہیں ، انسانوں میں یہ تپ کاہی پیدا کرتی ہے ، لاط : Boerhavia procumbens (پلیٹس) .

۳. دوبارہ جوان ہونا یا جوانی جیسی تازگی حاصل کرنا ، تجدید شباب ، اعادۂ شباب ، کایا کلپ (پلیٹس) .

[پنر + نوا (= نیا) (رک)]

— وِواہ (— کس و) امذ .

رک : پنر بواہ .

کہتے ہیں کہ پنر وواہ مناسب اور دھرم شاستروں کے موافق ہے .

۱۸۶۰ کوہ نور (دسہ ماہی اردو ، اپریل ۱۹۳۵ ، ۲۳۰)

پُنر (۲) (ضم پ ، فت ن) امذ .

چاند کی ستائیس منزلوں میں سے ساتویں منزل جو چار ستاروں سے تشکیل پاتی ہے .

ہر منزل کو نچھتر کہتے ہیں جو ستائیس خیال کیے گئے ہیں . . . . مرگسر تین ستارہ ، آردرا ایک ستارہ ، پنر چار ستارہ . . . یہ تمام دو سو اکیس ستارے ہوئے .

۱۹۳۸ آئین اکبری ، ۲ : ۱۹

[رک : پنر (۱)]

— واسو (— و مع) امذ .

ساتویں نچھتر کا نام ؛ وشنو کا ایک لقب ؛ شیو کا ایک لقب .

[پنر + س : واسو पुनर्वास]

پَنس (فت پ ، ن) امذ .

پاک و ہند میں پایا جانے والا ایک پھل ، کٹھل جس کا گودا تازی روٹی جیسا ہوتا ہے اسی لیے اسے Bread fruit بھی کہتے ہیں ، لاط : Artocarpus integrifolia ؛ ایک کانٹا ؛ سانپ کی ایک قسم (پلیٹس) .

[س : پنس पनस]

پِنس (کس پ ، فت ن) امث ؛ ~ فنس .

رک : پینس .

خوبان دہر جمع ہیں اٹھ بزم غیر سے
اے ترک کج کلاہ تو اپنی پنس میں بیٹھ

۱۸۰۱ جوشش ، د ، ۱۴۸

ــ لگنا محاور .

سواری کے لیے پنس کا کسی مقام پر لاکر رکھا جانا .

دنیا سے ہم نہ لیٹ کے تابوت میں چلے
دروازے پر تمہارے پنس دلربا لگی

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۱۹۱

پِنس (کس مج پ ، سک ن) امذ .

انگریزی سکہ پینی کی جمع ، پینی جو شلنگ کا بارھواں حصہ ہوتی تھی .

ڈیڑھ پنس فی اونس کم کر دیا گیا ہے .

۱۸۸۸ حسن ، ۱/۱ : ۵۱

ڈھلوائی کی اجرت میں تین ہاف پنس دے تو اس کو ٹکسال سورن ڈھال کر دیدیگی .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۶۳

[انگ : Pence]

پُنس (ضم پ ، سک ن) امذ .

نر ، مرد ، آدمی ، انسان ؛ نوکر ، ملازم ، خدمت گار ؛ روح ، جان (جامع اللغات) .

[س : پنس पुंस]

ــ چلی (ــ فت چ) امث .

مردوں کے پیچھے بھاگنے والی بد چلن عورت (پلیٹس) .

[پنس + چلی ، چلنا (رک) سے]

پنسا (فت پ ، سک ن) صف .

پانی جیسا ، آبی ، مثل آب ؛ بے ذائقہ ، پھیکا (پلیٹس) .

[رک : پن (۳) + سا ، لاحقۂ تشبیہ]

پنسار (۱) (فت پ ، سک ن) امذ .

رک : پن (۳) کا تحتی پن سال ؛ مسطح یا ہموار کرنے کا عمل.

معمار لوگ تیاری عمارت میں پانی نالی میں بھر کر پنسار کرتے ہیں اور ہمواری بنیاد و دیوار وغیرہ کی اس سے بصحت ہوتی ہے .

۱۸۷۱ علم طبیعیات ، ۲ : ۱۰

[پن + سار (رک)]

پنسار (۲) (فت پ ، سک ن) امذ .

رک : پن (۳) کا تحتی پن سار (شبد سا گر) .

پنسارا (فت پ ، سک ن) امذ .

رک : پنساری .

منہیار کا کاروبار منہیارا ہے ، جیسے پنسارا ، پنواڑا ، عطارا .

۱۹۷۳ اردو نامہ، کراچی ، ۳۳ : ۳۷

پنسارتا/پنسارپتا (فت پ ، سک ن ، فت ر/سک ر ، فت ہ) امث .

پنساری (رک) کا کام ، دواؤں مسالوں وغیرہ کا کاروبار (پلیٹس) .

[رک : پنساری + تا ، لاحقۂ نسبت]

پنسارہٹا (فت پ ، سک ن ، فت ہ ، شد ٹ) امذ .

پنساریوں کا بازار ؛ پنساری یا عطار کی دکان .

حضور وہ بھی یہیں پاس رہتا ہے ، پنسارہٹے سے آگے بڑھ کر .

۱۸۹۹ ہیرے کی کنی ، ۷۲

[رک : پنساری + ہٹ (رک) + ا ، لاحقۂ نسبت]

پنساری (فت پ ، سک ن) امذ .

رک : پساری .

ایک پنساری کی دوکان پر جہاں ہر قسم کی دوا تھی جا کھڑا ہوا .

۱۸۴۴ الف لیلہ ، عبدالکریم ، ۳ : ۳۰۷

نسخہ تو ہاتھ لگا ڈاکٹر انصاری کا
باندھ دے ٹھیک یہ اب کام ہے پنساری کا

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۳ : ۳

پنساسو (فت پ ، سک ن ، و مع) (قدیم) .

رک : بچاسوں (قدیم اردو کی لغت) .

پنسال (فت پ ، سک ن) امث .

۱. رک : پن (۳) کا تحتی پن سال معنی نمبر ۱ .

رات دن جاری مری آنکھوں سے ہے سیل سرشک
کیوں نہ ہر موئے مژہ پر ہو گمان پنسال کا

۱۸۶۶ فیض ، د ، ۸۳

۲۔ رک : پن (۳) کا تحتی پن سال معنی نمبر ۳ ؛ مسطح کرنے کا عمل .

پانی میں حرکت ہی آ جانا کافی ہے پھر وہ پنسال میں آپ چورس ہو رہے گا .

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۶۱۹

بنیاد کی کنکریٹ کو پنسال کر کے چنائی کرنا چاہیے .

۱۹۱۳ انجینرنگ بک ، ۲۷

۳۔ (گھڑی سازی) گھنٹہ رکھنے (کھڑا کرنے) کی مسطح جگہ جس پر اس کے لنگر کا ٹھہراؤ بالکل عمودی رہے (ا پ و ، ۱ : ۱۶۴) ؛ دیوار کی گھڑی کا لنگر جو لٹکا رہتا ہے اور ادھر سے اُدھر جنبش کیا کرتا ہے (فرہنگ اثر) .

— میں کرنا محاورہ .

(تعمیر) مسطح یا ہموار کرنا (آلے کی مدد سے ہمواری کی جانچ کرنا) .

اس نے دونوں پہاڑوں کے بیچ میں دیوار کو برابر یعنی موافق محاورہ عمارت لیول میں یعنی پنسال میں کیا .

۱۸۹۸ سر سید ، ازالۃ الغین ، ۲۹

پنسالا (فت پ ، سک ن) امذ ؛ ~ پنسلا .

رک : پن (۳) کا تحتی پن سالا .

موج زن اشکوں کے جو نالے ہوئے
پتلے پانی سے بھی پنسالے ہوئے

۱۸۶۶ فیض ، د ، ۳۷۵

پنسکھیا (فت پ ، سک ن ، فت س ، کس کھ) امث .

ایک قسم کا پھول اور اس پھول کا درخت (شبد ساگر) .

[رک : پنشاخہ]

پنسل/پنسِل (کس پ ، سک ن ، فت س / کس مج پ ، سک ن ، کس س) امث ؛ ~ پنسل .

۱۔ سرمے یا سیسے کی کسی بھی رنگ کی سلائی جو لکڑی وغیرہ کے قلم میں پلائی ہوئی ہوتی ہے اور چاقو وغیرہ سے لکڑی کو چھیل کر لکھنے کے لیے بناتے ہیں ، سرمی قلم ، سرمئی قلم .

کسی کی بغل میں کمپاس تھی ، کوئی پنسل لیے تھے .

۱۸۸۰ نیرنگ خیال ، ۱۰۲

کتاب میں کوئی کام کی بات نظر آتی تو اس پر پنسل سے نشان کر دیتے تھے .

۱۹۳۸ حالات سرسید ، ۱۲۳

۲۔ سلیٹ پر لکھنے کا سلیٹی پتھر یا بھورے پتھر یا چاک کا قلم .

اگر سلیٹ اور پنسل نہ ہو تو ضرور ہے کہ کھریا . . . سے لڑکے حساب لکھا کریں .

۱۸۸۶؟ دستورالعمل مدرسین ، ۱۲

۳۔ (ہندسہ) وہ شکل جو اکثر خطوط مستقیم کے ایک نقطے پر ملنے سے بنتی ہے .

فرض کرو کہ ایک مستوی میں متعدد خطوط ایک نقطہ ط پر ملتے ہیں ، ہم کہتے ہیں کہ یہ خطوط ایک پنسل بناتے ہیں .

۱۹۳۷ عام ہندسۂ نظری ، ۷۴

[انگ : Pencil]

پنسلا (فت پ ، سک ن ، فت س ، شد ل) امث .

رک : پن (۳) کا تحتی پن سال (شبد ساگر ؛ ہندی اردو کی لغت) .

پنسلی (کس پ ، سک ن ، فت س) صف .

پنسل سے بنا ہوا .

زمینی نقطۂ پنسلی تیار ہو چکا ہے .

۱۹۳۱ رسوا ، اختری بیگم ، ۹۲

[پنسل (رک) + ی ، لاحقہ صفت]

پنسلین (کس مج پ ، کس ن ، س ، ی مع) امث ~ ؛ پینسلین .

ایک مشہور جراثیم کش دوا (جو اکثر متعدی امراض کے دفعیہ کے لیے بہت موثر ثابت ہوئی ہے ، عموماً اس کے ٹیکے لگائے جاتے ہیں ، بہت سی جلدی بیماریوں میں بھی استعمال کی جاتی ہے) .

پنسلین . . . بہت سی عام بیماریوں کے جراثیم کی افزائش کو روک سکتی ہے .

۱۹۶۱ جڑی بوٹیوں سے علاج ، ۸۸

[انگ : Penicillin]

پنسن (کس پ ، سک ن ، فت س) امث نیز امذ .

رک : پنشن .

پنسن ہے کم و کاست جاری ہوا .

۱۸۶۰ خطوط غالب ، ۵۷

ـــ دار صف .

رک : پنشن دار .

آخر جون میں حکم ہوگیا کہ پنسن دار علی العموم ششماہی پایا کریں .

۱۸۶۰ خطوط غالب ، ۵۷

پنسور (فت پ ، سک ن ، و مع) امذ .

ایک قسم کا باجا (شبد ساگر) .

[ہ : پنسور पंसूर]

پنسورہ (فت پ ، سک ن ، و مع ، فت ر) امذ .

رک : بن (۲) کا تحتی بن سورہ .

تربت پہ چار یار کی قرآن کی قسم
پڑھتا ہر اک فرشتہ ہے پنسورہ عرش کا

۱۸۴۹ کلیات ظفر ، ۲ : ۹

پنسوکھا (فت پ ، سک ن ، و مج) امذ .

ایک روئیدگی ہے کہ آسام پوربی بنگال دکھن تلوار گھاٹ اور سیلون وغیرہ میں پیدا ہوتی ہے (خزائن الادویہ ، ۶ : ۷۹) .

[مقامی]

پنسول (فت پ ، سک ن ، و مج) امذ .

پانچ نوکوں یا سلاخوں والا ہتھیار .

بجلیاں چمک کر گرنے لگیں ترسول اور پنسول چلنے لگا .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۱۵۰

ترسول پنسول ہاتھوں میں لیے ہوئے سامان جنگ کئے ہوئے حاضر ہوئے .

۱۹۱۷ گلستان باختر ، ۳ : ۷۰۹

[رک : بن (۲) + سول (رک)]

پنسوہی (فت پ ، سک ن ، و مع) امث .

رک : پنسونی .

یہ فرما کر پنسوہی پر سوار ہوا .

۱۸۸۰ طلسم فصاحت ، ۹۷

پنسونی (فت پ ، سک ن ، و مع) امث .

رک : بن (۳) کا تحتی بن سونی .

میں نے ایک پنسونی دوڑا دی ، بارے سگ کو لے کر کشتی میں پہنچایا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۳۱

حاجی محمد بلغ العلی کو مختار خاص و عام . . . کشتی ڈونگی پنسونی . . . لکھدیا کہ سند ہو .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، حاجی بغلول ، ۶۰

پنسی (فت پ ، سک ن) امث .

کان میں ہونے والی ایک قسم کی پھنسی جو کٹھل کے کانٹے کی طرح نوک دار ہوتی ہے ؛ کٹھل کا پھل (شبد ساگر) .

[س : پنسی पनसी]

پِنسی (کس پ ، سک ن) امث .

ناک کی جھلی کا ورم ؛ ناک کی پُھنسی (جامع اللغات) .

[س : پنس पीनस]

پنسیرا (فت پ ، سک ن ، ی مج) امذ ؛ امث : پنسیری .

رک : بن (۲) کا تحتی بن سیرا ؛ بن سیری .

پیداوار مونگ کا فی بیگھہ چھ پنسیرے ہوتا ہے .

۱۸۷۲ اخبار مفید عام ، ۱۵ ستمبر ، ۴

بابو صاحب پرانی ہڈی کے آدمی تھے . . . پنسیری بھر خربوزے چٹ کر جاتے .

۱۹۳۶ پریم چند ، پریم چالیسی ، ۲ : ۲۳۹

پنسیریوں (فت پ ، سک ن ، ی مج ، سک ر ، و مج) صف ؛ ج .

ڈھیر ، انبار ، بہت سا .

پنسیریوں خربوزے ، ٹوکرے آموں کے ، کبھی کسی چیز کے کہنے کی ضرورت نہیں ہوئی .

۱۹۳۱ رسوا ، اختری بیگم ، ۸

پنشاخہ (فت پ ، سک ن ، فت خ) امذ .

رک : بن(۲) کا تحتی بن شاخا .

تیسرا ہاتھی لپکا تو ایک بڑھیا کچل گئی ایک پنشاخہ والا پس گیا .

۱۸۸۰ فسانہ آزاد ، ۱ : ۳۲

پنشچلی (ضم پ ، سک ن ، ش ، فت چ) امث .

رک : پنس چلی (پلیٹس) .

پنشن (کس پ ، نیز کس خف ، سک ن ، فت ش) امث ؛ امذ (شاذ) .

تنخواہ کا وہ مقرر حصہ جو ملازمت سے سبکدوش ہونے پر بعض صورتوں میں ملتا ہے ، وظیفہ ؛ جاگیر وغیرہ کا عوضانہ .

تمہارے پنشن سے افسوس اس بات کا ہے کہ ایک دوست جو اعلی منصب پر تھا ، اس سے قبل از وقت علیحدہ ہوتا ہے .

۱۸۹۰ مکتوبات سرسید ، ۳۷۵

[انگ : Pension]

— خوار (— و معد) صف .

وہ شخص جس کو نوکری سے ریٹائر ہونے کے بعد پنشن ملتی ہو ، وظیفہ والا ، پنش (رک) کا پانے والا .

اقطاع اراضی ہندوستانی سپاہ کے پنشن خواروں کو . . . دیے گئے ہیں .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۹۷

[پنشن + خوار (رک)]

— دار صف .

رک : پنشن خوار .

حسن علی خاں . . . سو روپیے کا پنشن دار . . . بن کر نامراد بن گیا .

۱۸۶۹ غالب (غالب کا روزنامچہ ، ۱۲)

[پنش + دار (رک)]

— کرنا محاورہ .

نوکری سے ریٹائر کرکے تنخواہ کا مناسب حصہ (وظیفہ) مقرر کردینا .

لوگ بڑھاپے کے سبب سے تیری خدمت کے قابل نہیں ہیں تو ان کا سالیانہ اور پنشن کردے .

۱۸۸۱ بوستان تہذیب (ترجمہ) ، ۵

— کھاتے ہیں محاورہ .

کام کچھ کرتے نہیں مفت کا وظیفہ لیتے ہیں (جامع اللغات) .

— لینا محاورہ .

حسب دستور تنخواہ کے مناسب حصے (وظیفے) پر ملازمت سے سبکدوش ہونا ؛ پنشن یا وظیفہ وصول کرنا یا حاصل کرنا .

ڈاکٹر امراؤ سنگھ . . . نے اسی سال پنشن لی ہے .

۱۹۴۴ صید و صیاد ، ۴۲

پنشنر (کس نیز کس خف پ ، سک ن ، ش ، فت ن) صف .

جو شخص نوکری سے سبکدوش ہوکر تنخواہ کا مقرر حصہ (وظیفہ) پاتا ہو ، پنشن پانے والا ، سرکاری وظیفہ پانے والا .

ایک صاحب پنشنر کسی کلب میں اپنے دوستوں کے روبرو بیان کر رہے تھے .

۱۸۸۸ لیکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۷۲

ایک پنشنر عہدہ دار نے ایک شاہد نازکو . . . اپنے پہلو میں جگہ دی .

۱۹۳۲ ریاض خیر آبادی ، نثر ریاض ، ۵۵

[انگ : Pensioner]

پنک (۱) (فت پ ، مغ) امذ (قدیم) .

۱. رک : پنکھ .

ہوا پر چلیا دو پنک مار کر
دسیا دور تے واں مجے ایک شہر

۱۶۷۹ قصۂ تمیم انصاری (ق) ، ۲۰

۲. پنا ، پنکھڑی .

ہلاویں ہلوں پنک ہر ڈال تھے
پڑے میوے جھڑ جھڑ سو آہرال تھے

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۶۶

۳. پنکھی ، پرندہ (قدیم اردو کی لغت) .

پنک (۲) (فت پ ، مغ) امذ .

(بُنائی) بُنائی کے وقت کپڑے کے بُننے یا پاٹ کو کھولنے اور تانے رکھنے والے بانس وغیرہ کی پتلی چھڑ جس کے سرے تھان کی بنائی کے وقت بُننے کی دونوں کنیوں میں پھنسا دیتے ہیں تاکہ کپڑے کا پاٹ تنا رہے ، بن کھٹ ، پتیل ، پنکش (ا پ و ، ۲ : ۵۸).

[مقامی]

پنک (۳) (فت پ ، مغ) امذ .

کیچڑ ، دلدل ؛ گرد (پلیٹس) .

[س : पंक پنک]

— پربھا (— فت پ ، سک ر) امث .

کیچڑ اور دلدل کا جہنم ؛ جہنم کے سات حصوں میں سے ایک حصہ (پلیٹس) .

[پنک + س : परभा پربھا]

— رُوہ (— و مع) امذ .

کنول ، نیلوفر ؛ سارس ؛ کیڑا وغیرہ جو کیچڑ میں پیدا ہو (پلیٹس) .

[پنک + س : रुह رُوہ]

ـ شُکتی (— ضم ش ، سک ک) امث .

کیچڑ میں پایا جانے والا گھونگا ، سیپ کی قسم کا کیڑا یا کھایا جانے والا گھونگا (پلیٹس) .

[پنک + شُکتی (رک)]

ـ کیر (— ی مع) امذ .

انگلستان میں کبوتر کے قد کا ایک قسم کا سبزی مائل ہرند ، انگ : Lapwing (پلیٹس) .

[پنک + کیر (رک)]

ـ گراہ (— کس گ) امذ .

بحری دیو یعنی مگر ، مگرمچھ ، ناکا (پلیٹس) .

[پنک + گراہ (رک)]

ـ گڑک (— فت گ ، ڑ) امذ .

دو سیل والی چھوٹی مچھلی ، لاط : Macrognathus Pancalus (پلیٹس) .

[پنک + گڑک (رک)]

ـ ندھی (— کس ن) امذ .

سمندر ، دریا (ہندی اردو لغت) .

[پنک + ندھی (رک)]

پنک (کس پ ، فت ن) امث .

رک : پینک .

جس وقت ان کا نشہ بڑھا اور پنک میں آئے ہر ایک یہ سمجھا کہ سب تدبیریں پوری ہوگئیں .

۱۸۹۱ حرم سرا ، ۲ : ۱۸۵

پنک میں تھوڑی دیر کے بعد پیشانی زمین کے بوسے لیتی ہے .

۱۹۳۱ رسوا ، اختری بیگم ، ۲۳۷

پنکا (فت پ ، غنہ) امذ .

رک : پنک (۳) ، کیچڑ ، دلدل (پلیٹس) .

[س : پنکا पंका]

پنکار (فت پ ، غنہ) امذ .

۱. آبی ہودا vallisneria یا Blyxa octandra ، سنگھاڑا ، لاط : Trapa bispinosa .

۲. اصلہ : پشتہ ، بند (پلیٹس) .

[س : پنکار पंकार]

پنکت/پنکتی (فت پ ، مغ ، سک ک ، کس ت) امث .

قطار ، صف ، سلسلہ ، لائن .

کئی ہرکھوں کی پنکت بیت گئی ہیں ، ہم کو ان سے کیا بھروسا ہے .

۱۸۹۰ جوگ بششٹھ (ترجمہ) ، ۱ : ۳۵۴

[س : پنکت/پنکتی पंक्ति/पंक्ती]

پنکٹی (فت پ ، سک ن ، ضم ک ، شد ٹ) امث .

۱. رک : بن کٹی (بن (۱) کا تحتی .

۲. ایک چھوٹی کھرل جس میں وہ لوگ پان کوٹ کر کھاتے ہیں جن کے دانت نہیں ہوتے (فرہنگ اثر) .

[بن + کٹی (کُوٹنا رک سے)]

پنکج (فت پ ، سک ن ، فت ک) امذ .

کنول ، پدم ، نیلوفر .

تج گل کی تعریف سن پنکج چھپے جا نیر میں
تج رنگ کے پرتاب سوں کنچن کا مک رنجور ہے

۱۶۸۲ شاہی ، ک ، ۱۵۶

[س : پنکج पंकज]

پنکچر (فت پ ، مغ ، سک ک ، فت چ) امذ .

رک : پنچر .

چھوٹے نے گھبرا کر پوچھا ، پنکچر ہوگیا ؟

۱۹۵۵ منٹو ، سرکنڈوں کے پیچھے ، ۱۶۳

[انگ : Puncture]

پنکچول (فت پ ، مغ ، سک ک ، ضم چ ، فت و) صف .

وقت کی پابندی کرنے والا ، پابند وقت .

بھئی وہ تو ایک اصولی بات تھی ، آخر پنکچول تو ہونا ہی چاہئے .

۱۹۷۳ رنگ روتے ہیں ، ۱۲۰

[انگ : Punctual]

پنک رونی (کس پ ، فت ن ، و مج) امث .

ایسی بد زبان عورت جو جواب برداشت نہ کر سکے .

جی پنک رونی اس عورت کو کہتے ہیں جو خود زبان کی پھوہڑ مگر دوسرے کی زبان سے کڑا جواب سن کے رو دے .

۱۹۲۵ 'اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۰ ، ۳۵ : ۳

[مقامی]

پنکریاٹک جُوس (ف خف پ ، سک ن ، ک ، کس ر ، ٹ ، و مع) امذ .

لعاب لبلبہ ، لبلبے کا عرق .

لبلبہ کے عرق کا نام انگریزی میں پنکریاٹک جوس ہے ، تھوک کے موافق سفید اور شفاف رطوبت ہے .

۱۸۸۸ رسالہ غذا ، ۳۰

[انگ : Pancreatic juice]

پنکریاس (ف خف پ ، سک ن ، ک ، کس ر) امذ ؛ ~ پینکریس .

لبلبہ ، عنق الطحال .

پنکریاس اصلی حالت پر ہے .

۱۸۹۲ میڈیکل جیورس پر وڈنس (ترجمہ) ، ۱۳۷

ذیا بیطس شکری کا بھورا موتیا بند پنکریاس کے ایک حصے کی کمی سے ہوتا ہے .

۱۹۳۱ دروں افرازیات ، ۵

[انگ : Pancreas]

پنکڑا (ض پ ، سک ن ، ک) امث (قدیم) ؛ ~ پنگڑی .

رک : پنگڑا ؛ بچہ ، اولاد .

پیغمبر کے وقت میں جو کوئی کلمہ نہیں کہتا اوسے قتل کرتے ہور اوسکا سال ہور پنکڑی (پنگڑے) چھین لیتے .

۱۶۲۸ شرح تمہیدات ہمدانی (ترجمۂ قلمی) ، ۱۲۶

[رک : پونگڑا]

پنکس (کس پ ، سک ن ، ک) صف .

انگلینڈ میں نوجوانوں اور بچوں کی ایک تنظیم جو حال ہی میں قائم ہوئی ، گلابی بالوں والے نوجوان (جو سوسائٹی میں اپنی شناخت کے لیے بال رنگ لیتے ہیں) .

تبدیلی کی اس لہر کا اظہار . . . جو نوجوانوں ہی کو نہیں بچوں کو بھی اپنی طرف کھینچ رہی ہیں یہ پنکس ہیں .

۱۹۸۱ روزنامہ جنگ ، نومبر ، ۳

[انگ : Pinks]

پنکش (ف پ ، مغ ، ف ک) امث .

رک : پنک (۲) (ا پ و ، ۲ : ۵۸) .

پن کورچہ (کس پ ، سک ن ، و مج ، سک ر ، ف چ) امذ .

(ورزشی کھیل) نشانے بازی کی مشق کا کھیل جس کا طریقہ یہ ہے کہ چند چھوٹی چیزوں کو زمین پر اوپر تلے رکھ کر گیند سے نشانہ بنایا جاتا ہے اور ایک مقررہ فاصلے سے گیند مار کر نشانہ صحیح کرنے کی مشق کی جاتی ہے ، پٹھو (ا پ و ، ۸ : ۹۶) .

[؟]

پنکھوڑا (ف پ ، غنہ ، و مج) امذ (قدیم) .

رک : پنگورا .

اُس پانی میں ایک پنکھوڑا تیرتا تھا وہ . . . زیتون کے درخت کے پاس آ کر اس میں لٹک گیا .

۱۸۵۷ تاریخ ابوالفدا ، ۲ : ۱۹۳

پنکی (ف پ ، غنہ) امذ (قدیم) .

رک : پنکھی .

حیوان کو بی رزق دے پنکی چرندے ہور بشر

۱۶۳۴ تحفۃ النصائح (اردو شہ پارے ، ۲۱۷)

پِنکی (کس پ ، سک ن) .

(الف) صف .

پینک میں مبتلا ، افیون کے نشے میں نیم خفتہ سا ، مست سویا ، سویا سا (نور اللغات) .

(ب) امث .

(قدیم) رک : پینک ، نشے کی کیفیت .

پلک پر نیں پلک مارے تلک سو دل چورانے میں
نہیں دیکھیا ہوں اے پنکی کسی نیناں کے حوراں میں

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۱۷۹

[پینک (رک) سے]

پنکیلا (ف پ ، سک ن ، ی مج نیز مع) صف .

کیچڑ میں لتھڑا ہوا ؛ کیچڑ والا ، دلدلی ، گدلا (پلیٹس) .

[پنک (رک) + یلا ، لاحقۂ صفت]

پنکھ (ف پ ، غنہ ، سک کھ) امذ .

۱. (پرند کا) بازو ، پر پرواز ، نیز کسی مشین یا پنکھے وغیرہ کے پر ، مچھلی کی پشت اور پیٹ پر تیرنے کی مدد کے لئے قدرتی عضو .

میرے سینے میں بنا پھوں کرا سوز ہے
جھاڑوں اگر پنکھ میں تو پڑیں جھڑ جھڑ انگار
۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۵۴

میر عنایت حسین گڑھ پنکھ بن کر اڑ گئے .
۱۸۵۹ خطوط غالب ، ۲۸۷

جب پنکھے کے پنکھ ذرا مختلف شکل کے ہوں . . . تو یہ چرخاب کہلاتا ہے .
۱۹۴۴ آدمی اور مشین ، ۴۲

یہ اعضا مختلف مچھلیوں میں مختلف شکل اور نوعیت کے ہوتے ہیں ان کے علاوہ پنکھوں کی ساخت .
۱۹۶۴ کاروان سائنس ، ۲ ، ۳ : ۳۳

۲.(i) (مجازاً) جہاز کے بازو .

قبل اس کے کہ یہ مجھ کو تجھ تک
اپنے پنکھوں پر بٹھلا کے لائے
۱۹۸۰ شام کا پہلا تارا ، ۱۴۹

(ii) رک : پنکھا معنی نمبر ۱ .

وہ بٹھائیں گے ، پنکھ جھلیں گے ، چائے پلائیں گے .
۱۸۴۸ تاریخ ممالک چین ، ۶۶

۳. دامن ، آنچل (علمی اردو لغت) .

۴. چودھری ، مکھیا ، سردار .

اپنی برادری کا مقدمہ حتی المقدور عدالت میں جانے نہیں دیتے ان میں ایک جوگی کوتوال جس کو پنکھ کہتے ہیں مقرر ہوتا ہے .
۱۸۶۴ تحقیقات چشتی ، ۷۶۲

۵. پرند .

ان میں سے پہلا جوڑا پنکھ بن جاتا ہے ان کے پر ہوتے ہیں .
۱۹۴۹ ابتدائی حیوانیات ، ۴۴۸

[س : پکشہ : पक्ष]

— بردار (— فت ب ، سک ر) اسذ .

(شہد سازی) موم کے چھتے میں ملکہ مکھی کی زیر حکمرانی کام کرنے والی مکھیوں کا ایک دستہ .

شہر کی اندرونی حالت کو ٹھیک رکھنے کا کام ایک خاص دستہ انجام دیتا ہے جسے پنکھ بردار (Fanners) کہتے ہیں .
۱۹۶۴ کاروان سائنس ، ۵ ، ۱۰ : ۳۴

[پنکھ + بردار (رک)]

— پسارنا محاورہ .

۱. پر یا بازو پھیلانا ، اڑنے کا ارادہ کرنا ، پرواز کرنا .

سب ساتھ اڑے اس کے جو تھے یار ہوا خواہ
ہر ایک نے اڑنے کے لیے پنکھ پسارے
۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۶۸

کائیں کائیں پنکھ پسارے
کرتا ہے یہ بھوک کے مارے
۱۹۱۱ کلیات اسمٰعیل ، ۹۳

۲. حرص کرنا ، لالچ کرنا (علمی اردو لغت) .

۳. (طنزاً) دوپٹے یا چادر کے پلے کو لٹکاتے چلنا (مخزن المحاورات ، ۲۷۰) .

۴. (مجازاً) مرنا ، کوچ کرنا ، سدھارنا .

جب ہنسا نے پنکھ پسارے کٹم کبیلا رو رو ہارے
بھجن (مخزن المحاورات ، ۲۷۰) ؟

— پکھیرو (— فت پ ، ی مج ، و مع) اسذ .

پرندے ، پنچھی .

جس طرح بن کے پنکھ پکھیرو اڑ جاتے ہیں ، ایک ایک کر کے ان کے سب ساتھی انکو اکیلا چھوڑ کر نگاہوں سے اوجھل ہوتے جا رہے تھے .
۱۹۶۳ دلّی کی شام ، ۵۳۲

[پنکھ + پکھیرو (رک)]

— جھنا محاورہ .

۱. نہ رہنے چلے جانے یا بھاگنے کے آثار نظر آنا (شبد ساگر) .

۲. ادھر اُدھر گھومنے کی خواہش دکھائی دینا ؛ بھٹکنے یا برے راستے پر جانے کا رنگ ڈھنگ نظر آنا (شبد ساگر) .

۳. جان گنوانے کے لچھن دکھائی دینا ، شامت آنا (شبد ساگر) .

— جھاڑنا محاورہ .

۱. پر جھٹکنا ، پروں کو پھڑپھڑانا .

میرے سینے میں بنا پھوں کرا سوز ہے
جھاڑوں اگر پنکھ میں تو پڑیں جھڑ جھڑ انگار
۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۵۴

۲. رک : پر جھاڑنا .

— لپیٹے سر دھننا محاورہ .

شہد کے لالچ میں شہد کی مکھی جیسا بننا ، اپنے آپ کو پریشانی میں ڈال کر پچھتانا (شبد ساگر) .

— لگنا محاورہ .

پرندے کی طرح تیز رفتار ہونا (شبد ساگر) .

— مارنا محاورہ .

پھڑپھڑانا ، اُڑنا ، پرواز کرنا ، (مجازاً) خوشیاں منانا .

اے دل پنکھ مار ذوقاں سوں کہ نوروزی برات آیا
براناں بیگ غم کی پھاڑ سٹ او سب جفا دیتا

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۳ : ۱۷

پنکھا (ف پ ، غنہ) امذ .

۱. ہوا میں حرکت پیدا کر کے گرمی سے سکون حاصل کرنے کا معمولی موٹے کاغذ تیلیوں سینکوں یا کھجور کی پتیوں سے بنا ہوا آلہ، بادزن، برقی قوت سے چلنے والا فرشی چھت کا یا میز پر رکھنے والا خصوصی میکانکی آلہ ؛ کپڑے کی جھالر کو لکڑی کے تختے میں لٹکا کر چھت میں لگانے والا دیسی آلہ ، باد کش ، پون چکی میں چھوٹا سا بادبان جس سے چکی کے پروں کا رخ ہوا کی طرف رہتا ہے ؛ موٹر کار ہوائی جہاز بیلی کا پٹر اور دیگر مشینوں میں نصب شدہ ہوا پھینک آلہ ؛ مچھلیوں کی پشت یا پیٹ پر تیرنے کی مدد کے لئے قدرتی عضو .

دھرتی سرنگیں فرش کی چوند پر سمد جوں حوض ہے
چھپر پلنگ سات آسماں پنکھا سوتج بارا ہوا

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۹

مرے خط پونچنے سیں اس کا غصا کچھ ہوا دھیما
کبوتر کے پر اس کے گرمی خو کوں ہوے پنکھا

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۱۱

مبارک میرے تئیں بغل میں لے کر بیٹھا اور پنکھا کرنے لگا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۲۲۸

پنکھا انجن اور ریڈی ایٹر کے درمیان فٹ ہوتا ہے اور کولنگ میں جیسا کہ پہلے ذکر آچکا ہے بہت مدد دیتا ہے .

۱۹۲۳ آئینۂ موٹر ، ۸۲

۲. پنکھ ، بازو ، شانا (شاذ) .

بے عیب عمدہ گھوڑے میں . . . پنکھے یعنی شانے اٹھے ہوے اور ڈھلے ہوے . . . ہوتے ہیں .

۱۸۷۲ رسالہ سالوتر ، ۱ : ۱۹

۳. (گھڑی سازی) قریب دو انچ لمبی ایک انچ چوڑی پتی کی شکل کا ہاج (بجنے والا پرزہ) کا ایک پرزہ (اپ و ، ۱ : ۱۶۳) .

۴. پنکھے کی شکل کا بنا ہوا پھولوں کا نذرانہ جو ابتداً ایک مغل شاہزادی کی اُس مسہری میں زیب و زینت کی خاطر پھول والوں نے لگا دیا تھا جو منت بڑھانے کے لیے قطب صاحب پر چڑھائی گئی بعد کو یہ رسم ہندو مسلمان غربا امراء ، ہر قوم و ملت و ہر طبقہ کی یگانگت کا نشان بن گیا بادشاہ کے حکم سے ہر سال بھادوں کے مہینے میں مسلمان درگاہ پر ہندو جوگ مایاجی پر پنکھا چڑھاتے یہی میلہ پھول والوں کی سیر کے نام سے بھی مشہور ہوا .

گل فروشوں کو حکم دیا کہ یہ رسم دیرینہ ترک نہ کریں اور ہر سال ایک پنکھا پھولوں کا بنا کر درگاہ پر چڑھا دیا کریں .

۱۸۸۹ پھول والوں کی سیر ، ۲۷

اس جلوس کو دیکھو . . . بانس کی کھپچیوں کا بڑا سا پنکھا بنا ، پنی چڑھا ، آئینے لگا ، پھولوں سے سجا ، ایک لمبے رنگین بانس پر لٹکا دیا تھا .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۲ : ۳۱

[س : پکش + کہ : पक्ष + क]

— چڑھانا محاورہ .

رک : پنکھا معنی نمبر ۳ کا بطور نذر پیش کیا جانا .

مت چڑھا پھولوں کا پنکھا قبر پر عاشق کی تو
ٹک ہرو کر پھول دکھلا کان کے بالے کی جھوک

۱۸۴۰ نصیر دہلوی ، چمنستان سخن ، ۹۵

دن کے تین بجے ظل سبحانی نے کہا ، پنکھا چڑھانے کا وقت آ گیا .

۱۹۳۳ فراق دہلوی ، مضامین ، ۱۵۶

— چڑھنا محاورہ .

پنکھا چڑھانا (رک) کا لازم .

جس شام کو پنکھا چڑھا ، مہ جمال عصر کے وقت سے برآمدے میں چلمن کے پاس بیٹھی تھی .

۱۹۱۳؟ غدر دہلی کے افسانے ، ۱ : ۱۳۶

— ڈلانا محاورہ (قدیم) .

پنکھا جھلنا ، رک : پنکھا ہلانا .

ہون کا پنکھا لے صبا خویش ڈلائے

۱۶۶۵ علی نامہ (دکنی اردو کی لغت)

— قُلی (— ضم ق) امذ .

گھروں دفتروں اور اسکولوں وغیرہ میں وہ مزدور جو فرشی پنکھا کھینچنے پر ملازم ہوا کرتے تھے یا روزانہ اجرت پر پنکھا کھینچتے تھے .

مرزا ہمایوں فر نے کہا اب ہم اس وقت سوتے ہیں ، پنکھا قلی کو بھیجو کہ پنکھا کھینچے .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۲ : ۱۰۰

جب پنکھا قلی سو جاتے تھے تو وہ غصے میں آکر . . . آپے سے باہر ہو جاتے تھے .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۳۸۸

[پنکھا + قلی (رک)]

ــ لگنا محاورہ .

رک : پنکھے لگنا ، اختلاج قلب ہونا .

مگر اس وقت میرے دل میں پنکھا سا لگ گیا .

۱۹۶۱ ہالہ ، ۱۶۲

ــ ہلانا محاورہ .

ہوا کے لیے پنکھے کو حرکت دینا .

کبھی میرے قربان ہوتے رہے
کبھی مجکو پنکھا ہلانے لگے

۱۸۶۵ ناظم (گل کدہ ، رئیس احمد جعفری ، ۲۹۸)

پَن کھٹ (فت پ ، کھ) امث .

رک : پنک (۲) (ا پ و ، ۲ : ۵۸) .

پنکھڑی (فت پ ، غنہ ، سک کھ) امث .

۱. پھول کی پتی ، برگ گل نیز مجازاً .

نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۲۹۲

پھول کی ایک ایک پنکھڑی اور درختوں کا ایک ایک پتہ زبردست شہنشاہ کی حکومت کا پتا دے رہے ہیں .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۴۷

۲. چرخے کے چکر اور بجلی کے پنکھے کا ہر ایک پھرا یا ہر جو اس کے منڈے میں ٹھکا ہوا ہوتا ہے .

تم نہ ہو تو میں ایسی ہوں جیسے بے پنکھڑی کا برقی پنکھا .

۱۹۶۲ آفت کا ٹکڑا ، ۲۷۶

[ہ : पंखड़ी पंखड़ी]

پنکھی (فت پ ، غنہ) .

(الف) امذ .

۱. طائر ، پرند ، چڑیا ، پنچھی .

لکھ لکھ الک سرک سٹ دکھلائے فن سوں تل تل
تو سنپڑے خیال پنکھی دیکھ خال موہنیاں کے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۱۰۹

کروں سیج اگر سور ملنسار کا
تو پنکھی نہ پاویں نشان جھار کا

۱۷۰۸ ؟ داستان فتح جنگ ، ۱۵۱

طائر تو سب تخم محبت اس کا دل میں بوتے ہیں
پنکھی اس کی یاد کریں ہم پاؤں پسارے سوتے ہیں

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۲۳۱

۲. پتنگے (جامع اللغات) ؛ رک : پنکھیا (۲) .

۳. ایک ادنیٰ کپڑا جو پہاڑی علاقوں سے آتا ہے (جامع اللغات) .

(ب) امث .

۱. چھوٹا دستی پنکھا ، پنکھیا .

یہاں کھجور کے پٹھے کی پنکھیاں . . . عمدہ بنتی ہیں .

۱۸۸۰ مقالات حالی ، ۱ : ۱۵۱

ہاتھوں میں پنکھیاں پھولوں کی لیے با ناز و ادا پھر رہی ہے .

۱۹۰۰ طلسم خیال سکندری ، ۲ : ۲۶

۲. (لوہاری) بھٹی میں ہوا پہنچانے کی ایک قسم کی دھونکنی جو خود بخود باہر کی ہوا کھینچتی رہے (ا پ و ، ۸ : ۴) .

[س : पक्षिन् पक्षिन्]

پنکھیے (فت پ ، غنہ) امذ ؛ ج .

پنکھا (رک) کی مغمورہ حالت یا جمع (تراکیب میں مستعمل) .

ــ لگ جانا/لگنا محاورہ .

۱. دل دھڑکنا ، دل ہلنا ، دھڑکن ہونا ، اختلاج ہونا ، ہول چھٹنا .

کوئی کسی پر غصے میں چلا کر بولا ، ہمارے کلیجے میں پنکھے لگے .

۱۸۹۰ فسانۂ دلفریب ، ۱۵۳

۲. پنکھوں کا آویزاں ہو جانا (نور اللغات) .

پنکھیا (۱) (فت پ ، غنہ ، سک نیز کس کھ) امث .

۱. پنکھا (رک) کی تصغیر ، چھوٹا دستی پنکھا ، پنکھی .

ساتویں سے جو پنکھیا جھل رہی تھی ، پوچھا ، تیرا کیا نام ہے .

۱۸۴۲ الف لیلہ ، عبدالکریم ، ۳ : ۳۵۲

صد ہا کنیزیں ، کوئی پنکھیا لیے ہوے مگس رانی کر رہی ہے ، کوئی خاصدان لیے ہوے گلوریاں پیش کرتی ہے .

۱۹۰۲ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۳ : ۲۲۶

۲. رک : پنکھی (الف) معنی نمبر ۱ .

[رک : پنکھی + ا ، لاحقۂ تصغیر]

پنکھیا (۲) (فت پ ، غنہ ، سک نیز کس کھ) امذ .

ایک قسم کا فقیر جو ہر ایک کو پنکھا جھلتا ہے (پلیٹس) .

[رک : پنکھی + ا ، لاحقۂ صفت]

پنکھیا (۳) (فت پ ، غنہ ، کس کھ) امذ ، صف .

ناپاک ؛ ضدی یا بدمعاش ، بدکار ، زنا کار شخص (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[س : پنک + اکہ : पङ्क + इक]

پنکھیاں (فت پ ، غنہ ، سک کھ) امث .

۱. پنکھی (رک) کی جمع .

چاندنی راتوں کی ہے پھر دید کے قابل بہار
پنکھیاں پھولوں کی جھلتی ہے نسیم خوش گوار

۱۹۱۳ اکسیر سخن ، ۳۰

۲. پنکھ نمبر ۱ (رک) کی قدیم جمع .

مارے پنکھیاں مو دل کا کبوتر تو پنتھ میں
دیو نہ دانا پانی یہ تم شرع ہے روا

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۱۲

پنکھیرو (فت پ ، مغ ، ی مج ، و مع) امذ .

رک : پکھیرو ، پرند ، طائر ، چڑیا .

ایک پنکھیرو سوے کے برن میں ہاتھ آے گا .

۱۸۲۴ فسانۂ عجائب ، ۲۰

پنکھیہ (فت پ ، غنہ ، سک کھ ، فت ی) امذ .

خانہ بدوش ٹھگوں کا ایک گروہ جو اکثر دریا کے کناروں پر رہتے اور دریا میں غوطہ لگا کر برتن اور دوسری چیزیں جو دریا میں گری پڑی ہوتی ہیں نکال لاتے ہیں جب دریا کے کنارے کوئی میلہ لگتا یا نہانے والے بکثرت گھاٹ پر آتے ہیں تو یہ لوگ غوطہ لگا کر پانی کے اندر تاک میں بیٹھتے ہیں جو عورت یا بچہ زیور پہنے ہوئے ہاتھ آ گیا ٹانگ پکڑ لی اور اندر ہی اندر گھسیٹ کر لے گئے اور گلا داب کر زیور اتار کر نعش ضائع کر دی .

جن گروہوں کو میں نے دیکھا . . . وہ ان ناموں سے موسوم ہیں . . . گیدھیہ سانسیہ . . . . پنکھیہ ، کوچ بند ہے .

؟ آئینۂ سراغ رسانی ، ۱۷

[رک : پنکھیا (۳)]

پنگ (فت پ ، غنہ) / امذ ؛ ~ پنگ .

۱. رینگنے والا جانور ، سانپ ، افعی ؛ زمرد ، پنا ؛ سانپ کی شکل کا ایک راکھشس (جامع اللغات) .

[س : پنگ पन्नग]

پنگ (فت پ ، غنہ ، ضم گ) صف .

رک : پنگو (= لنگڑا ، لولا وغیرہ) (پلیٹس) .

پنگ (کس پ ، غنہ) .

(الف) صف .

سرخی مائل بھوسلا ، زردی مائل ، گندمی (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

(ب) امذ .

گندمی یا سانولا رنگ (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[س : پنگ पिंग]

ـــ آکش (— سک ک) امذ ؛ صف .

بھوری آنکھوں والا ؛ بھوری آنکھوں والا کوئی جانور ؛ بندر ؛ لنگور (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[پنگ + س : آکش अक्षि (= آنکھ)]

پنگ (۱) (ضم پ ، غنہ) امذ .

رک : پوگ (پلیٹس) .

پنگ (۲) (ضم پ ، غنہ) امذ .

باجے کی ایک قسم ، رک : پونگا ، پونگی .

چنگ پنگ ، ناد ، سراور ترہی ، مہور بنسی اور تان پورا ٹھڑکائے گئے .

۱۹۷۵ سہ ماہی اردو ، کراچی ، ۵۱ ، ۱ : ۱۸۸

پنگ (فت پ ، شد ن بفت) امذ .

رک : پنگ (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

پنگا (۱) (فت پ ، غنہ) امذ .

(دباغت) آنت کی جھلیوں کو صاف کرنے کا مسالا جو آک کے درخت کے دودھ سے بنایا جاتا ہے (ا پ و ، ۲ : ۲۱۶) .

[مقامی]

پنگا (۲) (فت پ ، غنہ) صف ؛ امذ .

۱. بےڈھنگا ، بے طور ، بے ہنگم ، لنگڑا ، معذور ، ٹیڑھی ٹانگوں والا ، ٹانگوں سے معذور (پلیٹس) .

۲۔ (مجازاً) معاملے میں کوئی جھول یا پابندی۔
اخبار کی آمدنی ابھی شروع بھی نہیں ہوئی، چار پانچ ہزار روپیہ ماہوار کا خرچ ہوگا، ادھر یہ ورڈ آف آنر کا پنگا۔
۱۹۵۷ ناقابل فراموش، ۳۹۳

[س: पंगु پنگو]

پنگا (فت نیز کس پ، مغ) صف؛ اسث: پنگی۔
پانی والا، پانی جیسا، پتلا، کمزور؛ نازک، نرم (پلیٹس؛ جامع اللغات)۔

[س: पानीय + क: پانیہ + کہ]

پنگا (کس پ، غنہ) امذ؛ اسث: پنگی۔
۱۔ (جراحی) وہ شخص جس کی پنڈلیوں کی نلیاں (ہڈیاں) پیدائشی ٹیڑھی ہوں، پھینگڑا۔
عمر زیادہ ہونے کی وجہ سے وہ کچھ پنگے تھے دونوں ٹانگیں کمان کی شکل ہو گئی تھیں۔
۱۹۶۲ گنجینۂ گوہر، ۴۹
۲۔ (مرغ بازی) مرغ جس کے پنجوں کی انگلیاں پھری ہوئی ہوں اور چلنے میں اٹکتا ہو، کج پا پنجے لوٹا مرغ (ایسے مرغ کی انی کی مار کمزور ہوتی ہے) (ا پ و، ۸: ۱۱۱)۔

[رک پنگا (۲)]

پُنگا (ضم پ، غنہ) امذ۔
(چھپر بندی) بانس کا کھوکھلا اور چھوٹا ڈنڈا (ا پ و، ۱: ۱۳)۔

[رک: پونگا]

پنگار (فت پ، غنہ) امذ (قدیم)۔
رک: پنگورا۔
پنگاں بند ہو پنگو خون مان میرا پچھانک چھوڑ دیو
گھر کا دھنی ہے گھر منے پنگار ڈولارا کاپیکوں
۱۶۹۷ ہاشمی، د، ۱۴

پنگاس/پنگاش (فت پ، غنہ/کس پ، غنہ) امذ۔
مچھلی کی ایک قسم، لاط: Pimelodius pangasius؛ جنگلی قبائل کی قوم کا سردار؛ گانو کا مکھیا یا مالک (پلیٹس)۔

[س: पंगश پنگش]

پنگانا (کس پ، غنہ) ف م (قدیم)۔
جھلانا (جھولے وغیرہ میں)۔

آئی ناری سلکھن چھند پشانی
ہندولے چت میں لاان کوں پنگانے
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ، ک، ۲: ۲۵۳

[پینگ (رک) سے]

پنگایت (کس پ، مغ، فت ی) امث۔
(کھٹ بنا) چارپائی کے جھلنگے کو تاننے والی رسی جو مائیں اور سمروے کے درمیان ڈال کر کھینچ دی جاتی ہے، ادوان (ماخوذ: ا پ و، ۱: ۱۷۶)۔
اف: تاننا، ڈالنا، کھینچنا۔

[مقامی]

پنگ پانگ (کس پ، غنہ، مغ) امذ؛ ~ پنگ پونگ۔
ایک کھیل جو لکڑی کے چھوٹے چھوٹے بلّوں اور گتا یا چمڑہ کی چھوٹی سی ہلکی گیند سے ایک بڑی میز کے دونوں جانب کھڑے ہو کر کھیلا جاتا ہے اسے ٹیبل ٹینس بھی کہتے ہیں۔
لڑکیاں لوڈو سے اکتا کر اندر پنگ پونگ کھیلنے کے لیے کومن روم میں جا چکی تھیں۔
۱۹۴۷ میرے بھی صنم خانے، ۳۳۱
ایسا محسوس ہوا جیسے جادو بھری گیندوں سے میز پر پنگ پانگ کھیلی جارہی ہو۔
۱۹۶۲ آفت کا ٹکڑا، ۳۳۲

[انگ: Ping Pong]

پنگت (۱) (فت پ، غنہ، فت گ) امذ۔
۱۔ پنگل (رک) رنگ کا گھوڑا جو عموماً گھوڑے کی اعلیٰ نسل میں پایا جاتا ہے۔
رنگ گھوڑوں کے . . . بہت سے ہیں . . . پنگت، پٹاک، دھیر۔
۱۹۷۲ رسالہ سالوتر، ۱: ۷۳
۲۔ شیرازی یا لقا کبوتر کا ایک رنگ جو عام طور پر اعلیٰ نسل میں ہوتا ہے۔
رنگ کبوتر کے یہ ہیں . . . پنگت . . . پیازی یاہو وغیرہ۔
۱۹۷۲ رسالہ سالوتر، ۲: ۱۵

پنگت (۲) (فت پ، غنہ، فت گ) اسث: ~ پنگتے۔
۱۔ رک: پنگتی، کسی دعوت میں کھانے والوں کی قطار۔

یہ ساری برادری کیسے بیٹھے گی ، دو پنگتوں میں لوگ بیٹھتے تو کیا برا تھا .

۱۹۳۶ پریم چند ، واردات ، ۳۴

۲. کوئی اجتماع جہاں بیٹھنے والوں کی صفوں کی ترتیب ان کے عہدے کے اعتبار سے مقرر کی جائے؛ انجمن ہم رتبہ لوگ ، اخوتی رشتہ ، تنظیم ، گروہ ، کمپنی ؛ قبیلہ (پلیٹس) .

[० : پنگت पंगत]

— سے باہر (— فت ०) صف .

برادری سے خارج (پلیٹس) .

پنگتے (فت پ ، غنہ ، فت گ) امذ .

رک : پنگت (۲) (پلیٹس) .

پنگڑا (کس پ ، غنہ ، ضم گ) امذ .

رک : پنگورا (پلیٹس) .

پنگریا (ضم پ ، غنہ ، فت گ ، سک ر) امث .

ناک کا ایک زیور (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[० : پنگریا पंगरिया]

پنگڑا (ضم پ ، غنہ ، سک گ) امذ .

بچہ ، کم سن اولاد ، رک : پونگڑا .

بڈھے پیس کر کھانے کوں خوب ہے
بڈھے پنگڑے پھسلانے کوں خوب ہے

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۴۱

پنگڑانا (فت پ ، مغ ، سک گ) ف ل .

رک : پاگڑانا ، پگرانا .

کہیں گھاٹ پر کوئی بھینس کھڑی پنگڑا رہی ہو .

۱۹۶۲ آفت کا ٹکڑا ، ۲۸۴

پنگڑی (ضم پ ، غنہ ، سک گ) امث (قدیم) .

پنگڑا ، پونگڑا (رک) کی تانیث یا تصغیر .

دائم تائم آپس آپ ، جونا پنگڑی نا ما باپ .

۱۶۳۰ ؟ کشف الوجود ، داول (قدیم اردو ، ۱ : ۳۰۰)

پنگل (فت پ ، غنہ ، ضم گ) امذ ، صف .

رک : پنگلا ، پنگو ، سفید چمکدار بالوں والا گھوڑا ، براق ، سفید گھوڑا (ہندی اردو لغت ؛ پلیٹس) .

[س : پنگل पंगल]

پنگل (کس پ ، غنہ ، فت گ) .

(الف) امذ .

۱. ہندی عروض ، فن شاعری .

بھاشا ، پنگل کے بیان میں کوہ کشی اور فرہنگ اصطلاحات عروض کی گرد آوری میں خوشہ چینی .

۱۸۷۱ قواعدالعروض ، ۹

انہوں نے اردو کے لیے ایک ایسے عروض کی تجویز کی جو بنیادی طور پر ہندی پنگل ہے .

۱۹۲۷ سہ ماہی اردو ، جولائی ، ۲۹

۲. سورج ؛ آگ ؛ شیر ؛ ہندر ؛ ایک قسم کا نیولا ؛ ایک پرندے کا نام جو سانپ کی شکل کا ہوتا ہے ؛ گندمی رنگ ؛ چراغ کی لو ، ہرن ؛ چمگادڑ ، خفاش ؛ آفتاب (ہندی اردو لغت ؛ جامع اللغات) .

(ب) صف .

رک : پنگا (جامع اللغات) .

[س : پنگل पिङ्गल पिंगल]

— شاستر (— سک س ، فت ت) امذ .

ہندی عروض کا علم .

پرانے صوفیوں نے ہندی بحور میں جو کچھ کہا ہے اس میں سے بیشتر پنگل شاستر کی رو سے درست نہیں ہے .

۱۹۶۷ ، ہماری زبان ، علی گڑھ ، یکم نومبر ، ۹

[پنگل + شاستر (رک)]

پنگلا (فت پ ، سک ن ، ضم گ) صف ، امذ .

رک : پنگو (جامع اللغات) .

پنگلا (کس پ ، غنہ ، فت گ) امث .

۱. جسم میں ایک خصوصی شریان (داہنی طرف کی تین شریانوں میں سے ایک جو ریڑھ کی ہڈی کی نوک سے دماغ تک جاتی ہے) یوگ فلسفہ کے مطابق سانس اور ہوا خارج کرنے کی خاص نالی .

اڑا پنگلا سکھمن ناری سمن سمادھ لاگ کے تاری

۱۷۹۶ پدماوت (سہ ماہی اردو ، ۵۱ ، ۱ : ۱۵۰)

۲. (مجازاً) داہنا نتھنا .

داہنے نتھنے کو پنگلا اور بائیں کو اڑا اور درمیانی جس کا تعلق ریڑھ سے ہے اس کو سکھمنا کہتے ہیں .

۱۹۷۵ سہ ماہی ، اردو ، کراچی ، ۵۱ ، ۱ : ۱۵۰

۳. ایک چڑیا ، شیشم کا پیڑ ؛ دھات ؛ دکنی بتھنی (پلیٹس) .

۴. لکشمی ، دولت کی دیوی ؛ ایک ڈیرے دار طوائف جو بعد کو توبہ کرکے مشہور زمانہ متقی اور پرہیز گار بنی ، بھرتری کی پیروئن پنگلا .

کام کندلا نے ایک پچھاڑ کھائی اور مانند پنگلا کے تمام ہوئی.

۱۸۰۱ مادھو نل اور کام کندلا ، ۶۶

راجہ بھرتری سے بچھڑ کر پنگلا نے جان دیدی .

۱۹۷۵ سہ ماہی اردو ، ۵۱ ، ۱ : ۱۹۲

[س : पिंगला پنگلا]

پِنگلکا (کس پ ، مغ ، سک گ ، کس ل) امذ .

ایک قسم کی شہد کی مکھی ؛ ایک قسم کا اُلّو ؛ ایک قسم کا بگلا ؛ مکھی کی قسم سے ایک کیڑا جس کے کاٹنے سے سوجن اور جلن ہوتی ہے (پلیٹس ؛ جامع اللغات ؛ شبد ساگر) .

[س : पिंगलिका پنگلکا]

پِنگورا (کس پ ، غنہ ، و مج) امذ ؛ ~ پنگھورا ، پنگھوڑا .

ہنڈولا ، جھولا ، بچے کو سلانے کا گہوارہ ، پالنا .

ننھے ننھے بچے چھوٹے چھوٹے پنگوروں اور کجاووں میں سوتے ہیں .

۱۸۹۷ سخندان فارس ، ۲ : ۱۳۵

میری آنکھیں تجھے آج بھی اس حالت میں دیکھ رہی ہیں جب تو بے بس و لاچار پنگورے میں پڑی تھی .

۱۹۳۶ راشدالخیری ، نالۂ زار ، ۴۷

[س : प्रेङ्कोलन پرینکولن]

پِنگوڑا (کس پ ، غنہ ، و مج) امذ ؛ ~ پنگوڑھا ، پنگھولا .

رک : پنگورا .

رقیہ بچے کے رنگین گجراتی پنگوڑے کی ڈوری پر ہاتھ رکھے رکھے سو جاتی .

؟۱۹۵۰ یاد کی اک دھنک جلے ، ۳۷

پِنگوئن/پنگوِین (کس مج پ ، غنہ ، ضم ک ، ضم و ، کس ء/سک گ ، ی مع) امذ .

ایک نہ اُڑنے والا بحری پرندہ جو قطب جنوبی کے قریب کے سرد سمندر اور برفیلے علاقے میں رہتا ہے اس کے بازو پنکھے دار ہوتے ہیں جن کی مدد سے یہ پانی کے نیچے تیر سکتا ہے ، یہ خشکی پر انسان کی طرح پیروں پر کھڑا ہو کر چلتا ہے .

تمام پرندوں کے جسم (بعض پرند مثلاً شتر مرغ ، پنگوین وغیرہ کے سوا) اُڑنے کے لیے بہت موزوں بنے ہوتے ہیں .

۱۹۴۰ حیوانیات ، ۳۵

پنگوئن کی طرح اس نے ایک قلا بازی سے ملتی جلتی کوئی حرکت فرمائی .

۱۹۷۳ افکار ، کراچی ، فروری ، ۴۹

[انگ : Penguin]

پِنگ (کس پ ، غنہ) امث .

پنگا (رک) کی تانیث ، ٹیڑھی ٹانگ .

پنگی پنگی ٹانگوں میں پنجنیاں پہنے چوکوں کے فرش پہ چلتی .

۱۹۶۹ ساقی ، کراچی ، ۴ ، ۳ : ۲۹۰

پُنگی (ضم پ ، غنہ) امث .

۱. بینگ ، بانسری ، بین .

آدھی کی گاجر منگائی ، اس کی پنگی بنائی بجنے تو لگی ، نہیں تو توڑ توڑ کر کھائی .

۱۸۹۰ ظریف کے ڈرامے ، ۲۶۹

۲. پنگی پھل (پلیٹس) .

[رک : پونگی]

— پھل (— فت پھ) امذ .

سپاری ، چھالیا ، لاط : Areca catechu (پلیٹس)

[پنگی + پھل (رک)]

پِنگُین (کس مج پ ، غنہ ، ضم گ ، کس ی) امذ .

رک : پنگوئن .

پنگین زمین پر انسان کی طرح سیدھے ہو کر چلتے ہیں .

۱۹۷۳ نونہال ، کراچی ، ۳

پنگھٹ (فت پھ ، سک ن مخفی بعد گھ) امذ .

رک : ہن (۳) کا پنگھٹ بن گھٹ .

رکھیں تجھے سیر کو پنگھٹ کے اکرد کے دیہات
کہ لب جہاں کے تھے پنہاریوں کے آب حیات

۱۷۸۰

حسین ہو رنگ ہو روغن ہو لیکن آنکھوں میں
حیا نہ ہوئے تو چلتا پھرتا ہے پنگھٹ

۱۸۴۴ نسیم لکھنوی ، د ، ۱۲

۱۰. پنہاریاں پانی بھرتی ہیں

[ہن (۲) + ہ + ن + گھٹ : ہندوستان ، ۳۶] ۱۹۳۶

پِنگھورا (کس پ ، غنہ ، و مج) امذ ؛ ~ پنگھوڑا ، پنگھولا .

رک : پنگورا .

لڑکے کو دیکھا کہ پنگھورے میں جھول رہا ہے .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، م : ۱۳۵

پِنگھوڑا (کس پ ، غنہ ، و مج) امذ ؛ ~ پنگھوڑھا ، پنگھولا .

رک : پنگورا .

پنگھوڑا طلائی مرصع کار . . . جلد تیار کر کے ارسال محل معلیٰ کرو .

۱۸۵۱ عجائب القصص ، ۳۵

پِنگھولا (کس پ ، غنہ ، و مج) امذ .

رک : پنگورا .

ایک پنگھولا جڑاؤ موتیوں کی توڑ پڑی ہوئی لایا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۲۳۱

پِنَل کوڈ (کس پ ، فت ن ، سک ل ، و مج) امذ .

تعزیری قوانین .

قدم بہ ضابطہ ، بات میں پنل کوڈ ، تھانیدار سے تحصیل دار تک سب سے دعا سلام .

۱۹۵۳ اپنی موج میں ، ۴۲

[Penal code : انگ]

پُنم (ضم پ ، فت نیز کس ن) صف (قدیم) .

چودھویں کا (چاند) ، چاند کی چودھویں تاریخ .

ہری تھی وو لک ٹھار محبوب تھی
پنم چاند ہور سورتے خوب تھی

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۴۵

[رک : پونم]

پنمار (فت پ ، سک ن) امث .

وہ کھیت یا کھیتی جسے پانی کا بہاؤ نقصان پہنچاتا ہو ، نشیبی یا سیلابی علاقہ .

جس زمین میں پانی کی زد ہو اس کو پنمار کہتے ہیں .

۱۸۴۶ کھیت کرم ، ۱۰

[رک : بن (۳) ← مار ، مارنا (رک) سے]

پُننا (کس پ ، سک ن) ف م .

چھاننا ، الگ الگ کرنا ؛ بنولے اور روئی کو کپاس سے الگ الگ کرنا ، روئی کو صاف کرنا یا دھننا .

[س : پنج पिञ्ज]

پُننا (ضم پ ، سک ن) ف م .

اُگلنا ، برا بھلا کہنا ، عیب ظاہر کرنا ، بکھاننا ، باپ دادا کا نام لے کر گالیاں دینا .

دونوں پھپی بھتیجوں نے . . . باوا دادا کو پنا .

۱۸۹۷ حیات صالحہ ، ۱۳۲

بڑے بڑے سیٹھ . . . سر راہ مادر پدر پنتے .

۱۹۳۱ داودہ پنج ، لکھنؤ ، ۱۶ ، ۳۸ : ۹

[ہ : پننا पनना]

پنو (فت پ ، ن) امذ .

ایک ساز ، ایک چھوٹا ڈھول یا تاشہ جو موسیقی کے لیے ضروری ہے ؛ ایک بحر یا وزن (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : پنو पणव]

پنوار (فت پ ، سک ن) امذ .

رک : پنواڑ (نوادرالالفاظ) .

پنوار (۱) (فت پ ، مغ) امذ .

تیز پات ، دار چینی کا درخت ، لاط : Cassia tora (پلیٹس) .

[س : پرپُنّاڈ: प्रपुन्नाड]

پنوار (۲) (فت پ ، مغ) امذ .

چکور (پلیٹس) .

[ہ : پنوار पंवार]

پنوارا (فت پ ، سک ن) امذ .

رک : پنواڑا (پلیٹس) .

پنواری (فت پ ، سک ن) امث .

رک : بن (۱) کا تحتی بن واڑی (پلیٹس) .

پنواریا (فت پ ، سک ن ، کس ر) امذ ؛ ~ پنواڑیا .

رک : پنواڑیا ، قصیدہ گو ، بھاٹ ، داستان گو (پلیٹس) .

[رک : پنواڑا (۱)]

پنواڑ (فت پ ، سک ن) امذ .

۱. رک : بن (۳) کا تحتی بن **واڑ** .

۲. ایک برساتی گھاس جس کا پیڑ دو فٹ اونچا ہوتا ہے ، پھول نارنجی اور لمبے پتے سبز اور مخروطی شکل کے سنا کے پتوں سے ملتے جلتے ہوتے ہیں ، پمار ، چکونڈ (ماخوذ : خزائن الادویہ ، ۳ : ۷۹) .

پنواڑا (۱) (فت پ ، سک ن) امذ .

ایک قسم کی مدحیہ نظم ؛ رزمیہ نظم ؛ داستان ، قصہ ، بہادر اور اولوالعزم لوگوں کے کارناموں پر مشتمل طویل داستان ، رزمیہ داستان ، جنگ نامہ ، شاہنامہ وغیرہ .

عشقیہ کہے شعر و یا مدح و مناقب
عالم کا پنواڑا کہے شاعر نہیں ہے بھاٹ

۱۷۹۲ محب ، د ، ۱۲۴

ان لوگوں کے قومی گیتوں اور پنواڑوں سے ایسا معلوم ہوتا ہے کسی زمانے میں یہ حکمراں تھے .

۱۹۱۶ تاریخ کڑا مانک پور ، ۵۱

[س : پرانن परान]

پنواڑا (۲) (فت پ ، سک ن) امذ .

۱. پنواڑی (رک) کا کام یا بیوپار .

منہیار کار بیوپار منہیارا ہے جیسے : پنسارا ، پنواڑا ، عطارا .

۱۹۷۳ ، اردو نامہ ، کراچی ، ۴۴ : ۳۷

پنواڑا (۳) (فت پ ، سک ن) امذ .

(کھانا کھانے کے لیے بنی ہوئی) پتوں کی رکابی ؛ ببول کے درخت کی کٹی ہوئی شاخیں (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[س : پرٹ + واٹ + کہ : पर्ण + वाट + क]

پنواڑن (فت پ ، سک ن ، فت ڑ) امث .

رک : بن (۱) کا تحتی بن **واڑن** .

ایک طرف . . . مالنیں ، پنواڑنیں ، ترکاری میوے والیاں قرینے قرینے سے بیٹھیں .

۱۸۷۴ انشاے ہادی النساء ، ۸۰

پنواڑی (فت پ ، سک ن) امذ .

۱. رک : بن (۱) کا تحتی بن **واڑی** .

پنواڑی گلوریاں بنا رہے ہیں .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۵۶

رات کو ایک پنواڑی کی دوکان پر چند لوگ جمع ہو جاتے ہیں.

۱۹۷۳ جہان دانش ، ۹۹

۲. رک : بن (۱) کا تحتی بن **باڑی ، پان کا باغ ، پان کی کیاری** .

کوسوں تک ایک ہرکار کے پھول پھاوں کی باڑیاں چلی گئیں ہیں تن پر پنواڑیاں لہلہا رہیں ہیں .

۱۹۱۵ پریم ساگر ، ۱۰۶

پنواڑیا (فت پ ، سک ن ، سک نیز کس ڑ) امذ .

بھاٹ ، مدح گو ، داستان سرا (پلیٹس) .

[رک : پنواڑا (۱) + س : اکا इक्का]

پنوالی (فت پ ، سک ن) امث (قدیم) .

مونگا یا اس کی جڑ ، مرجان .

بسد : معروف کہ بہندوی پنوالی گویند .

۱۴۳۳ زبان گویا (بسہ ماہی اردو، جولائی ۱۹۶۷ء ، ۹۷)

[رک : بن (۳) + والا ، والی (رک) لاحقۂ صفت]

پنوانا (فت پ ، مغ) ف ل (قدیم) .

بازی لے جانا .

پنوا نہ سکے سور تج نور آنگے
کہ جن یاں پنوایا سو آخر گنوایا

۱۶۷۲ عبد اللہ قطب شاہ ، د ، ۴۲

[س : पण سے]

پنوانا (کس پ ، سک ن) ف م .

پننا (رک) کا تعدیہ (پلیٹس) .

پنوانا (ضم پ ، سک ن) ف م .

پُننا (رک) کا تعدیہ .

عورت کی ذات ہزار اپس کوں پنوائے تو کیا ہوا .

۱۶۳۵ سب رس ، ۲۵۸

اپنی قوم اور خاندان کو نہ پنوائیے .

۱۹۶۲ آفت کا ٹکڑا ، ۳۲۶

پنوانسا (فت پ ، سک ن ، مغ) امذ ؛ ~ پنوانسہ .

تسوانسہ (رک) کا بیسواں حصہ .

پھر تسوانسہ کے بھی بیس حصے کرتے ہیں ، اس کو پنوانسہ کہتے ہیں .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۷۵۸

[رک : بن (۲) + ا : وانسا ، ونس (رک)]

پِنوائی (کس پ ، سک ن) اسف .

روئی صاف کرنے کی اُجرت اور عمل (جامع اللغات) .

[ہ : पिनवाई پنوائی]

پنوت (فت پ ، سک ن ، فت و) اسف .

فہرست ، انڈکس ، سوچی پتر .

کھانے کے ناموں کی فہرست . . . حروف کی ترتیب سے بنائی جاتی ہے اس کو پنوت کہتے ہیں .

۱۹۱۵ مہاجنی حساب ، ۱۳

[؟]

پنوٹا (فت پ ، و مج) اسذ .

رک : خشکا (ا پ و ، ۳ : ۱۴۳) .

[پَن (۳) رک) + وٹا ، لاحقہ نسبت]

پنولا (فت پ ، و مج) صف .

وہ زمین جس میں ہل چلانے کے بعد پانی دیا گیا ہو (جامع اللغات) .

[ہ : पनोला پنولا]

پنومان (فت پ ، ضم ن ، سک و) اسذ .

ایک درخت ہے خار دار کلاں ، اس کے پتے شکل اور رنگ میں مینڈک کی طرح ہوتے ہیں پھول سفید اور لمبا اور گول اور سرخ طوطے کی چونچ کی طرح ، دوسرے درجے میں گرم و خشک زانو اور کمر کے درد کو مفید ہے اس کا پھل صفرا پیدا کرتا ہے (ماخوذ : خزائن الادویہ ، ۳ : ۸۲) .

[؟]

پنہ (فت پ ، ن) اسف .

پناہ (رک) کی تخفیف (عموماً اشعار میں مستعمل) .

کیا ابتدا ظلم تم حسن کا اب
منج اس ظلم تھے اب پنہ میں رکھ اللہ

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۲۱

اب رہ نکو معذرت کی رہ میں
آ ، نعت کے نات کی پنہ میں

۱۷۰۰ من لگن ، ۸

پنہ بذات ایزدی یہ کوششیں جہاد میں
عرق کی جاٹپک رہا تھا خوں دل امام سے

۱۹۳۵ عزیز لکھنوی ، صحیفۂ ولا ، ۳۱۰

پُنہ (۱) (ضم پ ، فت ن) اسذ .

خودرو نباتات کی قسم جنس چمرور ، کندر ، لاط Ehertias .

چھوٹے درختوں اور جھاڑیوں میں پنہ . . . (Ehertias) کلاب ، نیل ، چکاٹ اور سملو . . . بھی ملتے ہیں .

۱۹۶۹ پاکستان کا حیوانی جغرافیہ ، ۲۲

[مقامی]

پُنہ (۲) (ضم پ ، فت ن) م ف .

رک : پنر؛ پھر ، نئے سرے سے (جامع اللغات) .

[س : पुनः پنہ]

— کتھان (— فت ک) اسذ .

دہرانے کا عمل ، تکرار معنوی ، ایک بات کو مختلف الفاظ میں ادا کرنے کا عمل یا طریقہ (پلیٹس) .

[پنہ + کتھان (رک)]

پنہا (۱) (فت پ ، سک ن) اسذ .

چوڑا ، کھلا ، فراخ (پلیٹس) .

[ف]

پنہا (۲) (فت پ ، سک ن) اسذ .

پکڑا ہوا نو عمر کبوتر یا تیتر جس کے پر کاٹ دیئے گئے ہوں ، پٹھا (اڑان میں گھر بھول کر آ جانے والا) .

بڑا تیتر اچھا معلوم ہوتا ہے ، دوسرا تیتر پنہا ہے ، اس کے پر بھی کترے ہوئے ہیں .

۱۹۰۳ انشائے داغ ، ۸۳

[مقامی]

پنہا (۳) (فت پ ، سک ن) اسذ .

رک : پنھی (پلیٹس) .

پنہا (۴) (فت پ ، سک ن) صف ؛ اسذ .

جو رقم سراغ برآری مال مسروقہ کے لیے دی جائے ؛ وہ شخص جس کو روپیہ دیا جائے (جامع اللغات) .

[ہ : पनहा پنہا]

پِنہا (کس پ ، سک ن) ، صف (قدیم) .

رک : پنہاں .

پانچ حرف کل چھٹا تنہا ساتواں حرف رہیا پنہا

۱۷۶۴؟ چھ سرہار ، ورق ۳ (پ)

پنہا آنا محاورہ .

دودھ اترنا ، جوش پیدا ہونا ، پنہانا (رک) کا نتیجہ ظاہر ہونا.

ادھر مطالبہ ہوا ادھر محبت کی چھاتی میں پنہا آیا .

۱۹۲۴ ' اودھ پنچ ' لکھنؤ ، ۹ ، ۲۲ : ۳

پنہار (فت پ ، سک ن) صف .

پانی بھرنے والا .

کیا جب سیر میں پنگھٹ کا گلزار
کنویں کے گرد دیکھی فوج پنہار

۱۷۱۴ دیوان فائز دہلوی ، ۲۰۲

[رک : بن (۳) + ہار ، لاحقۂ صفت]

پنہارا (فت پ ، سک ن) امذ ؛ پنہیارا ؛ امث : پنہارن ، پنہاری

رک : بن (۳) کا تحتی بن ہارا .

یوسف علیہ‌السلام ڈول میں بیٹھے تو پنہارے نے ان کا حسن دیکھا تو بہت خوشی سے پکار اٹھا یا بشریٰ ہٰذا غلام .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۳۲۹

پنہارن/پنہاری (فت پ ، سک ن ، فت ر ، امث ؛ ~ پنہیارن ، پنہیاری .

رک : بن (۳) کا تحتی ان ہاری .

پنگھٹ پر پنہاریوں کے ٹھٹھ کے ٹھٹھ لگ رہے ہیں .

۱۸۰۳ پریم ساگر ، ۱۸۳

پنہاں (کس پ ، سک ن) .

(الف) صف .

پوشیدہ ، چھپا ہوا ، خفیہ .

رہیا یوں توں آدم کے دل تنگ میں
کہ جیون آگ پنہاں اچھے سنگ میں

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۶

اپنی آنکھوں میں جو پنہاں نہ ہوا
اس نے کچھ عمر میں پیدا نہ کیا

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۸۴

چھپ کے خود پردے میں کر دیتی ہے ظاہر صورتیں
آپ پنہاں ہے مگر جلوہ دکھاتی ہے بہار

۱۸۶۵ نسیم دہلوی ، د ۱۴۴

وہ تو کہو شیروانی پہنے ہوئے تھا نہیں تو خدا معلوم کیا کیا راز ہائے پنہاں آشکارا ہو جاتے .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۳ : ۱۵۶

(ب) م ف .

پوشیدہ طور پر ، درپردہ ، باطناً .

مت ہر اک نا اہل کے ملنے سوں راضی ہو صنم
ہے نصیحت تلخ ظاہر لیک پنہاں ہے لذیذ

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۸۰

[ف]

پنہانا (فت پ ، سک ن) ف م .

رک : پنانا ، دوہنے سے پہلے تھنوں کو پانی دے کر اور مل کر نرمانا (فرہنگ آصفیہ ؛ پلیٹس) .

پنہانا (کس پ ، سک ن) ف م .

رک : پنھانا ؛ پہنانا (فرہنگ آصفیہ ؛ پلیٹس) .

پنہانی (کس پ ، سک ن) .

(الف) صف .

رک : پنہاں .

جزوی بات اپس دل کی کسی پاس نہ کہہ
راہ ہر دل کو نہیں مطلب پنہانی میں

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۸۶

کہا لے دیکھ لے جو دیکھنا ہے اب مجھے اس جا
عیاں ہیں اس گھڑی کرنے ترے یہ بھید پنہانی

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۲۶۳

(ب) امث .

خفا ، پوشیدگی ، راز داری (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[ف]

پنہر (فت پ ، سک ن ، فت ہ) امذ .

رک : پنھر (ا پ و ، ۶ : ۳۸) .

پنہی (فت پ ، سک ن) امث .

جوتی ، سلیپر ، چپل ، جوتا ، کھڑاؤں (پلیٹس؛ جامع اللغات) .

[س : पद + नहीं نہیں]

پنہیا (فت پ ، سک ن ، کس خف ہ) صف .

رک : پنیا (۱) ؛ رک : بن (۳) کا تحتی .

غیر زہریلے سانپوں میں پنہیا سانپ ، درختوں کے سانپ اور گھاس کے سانپ شامل کیے جاتے ہیں .

۱۹۴۰ حیوانیات ، ۳۲

جہاں چاہتے ہیں قحط برپا کرتے ہیں اور جہاں چاہتے ہیں پنہیا کال ڈال دیتے ہیں .

۱۹۶۱ سود ، ۱۴۴

پنہیائی (فت پ ، سک ن ، کس ہ) صف .

وہ جسے جریان کی بیماری ہو ، جریان کا مریض (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[س : पानि + व्याधि + ई]

پنی (۱) (فت پ) صف .

قسم کھائے ہوئے ، عہد کیے ہوئے ؛ مستقل مزاج ، پکا (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[س : पण + इन्]

پنی (۲) (فت پ) صف .

پونڈ (رک) سے منسوب ، پونڈ کے وزن والی ، رک : بارہ پنی توپ (بارہ (رک) کا تحتی) .

بڑی بڑی چھتیس پنی منڈیاں کھینچ کر دس دس بارہ بارہ جوڑی بیل لگا کر لے چلے .

۱۹۱۱ ظہیر دہلوی ، داستان غدر ، ۱۲۶

[ا : پن ، پونڈ (رک) کی تخفیف + ی ، لاحقۂ نسبت]

پِنی (کس مج پ) اسث .

رک : پنس ، پینی .

وہ نقصان جو بھاؤ میں ایک پنی کے گھٹنے سے کرور روپیہ کا ہوتا تھا اب نام کو بھی نہیں رہا .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۱۳۵

[انگ : Penny]

ــ ویٹ (ــ ی مج) امذ .

ایک وزن کا نام جو چوبیس گرین کا ہوتا ہے .

اس کا وزن ہوا میں ۱۲ پنی ویٹ یعنی ۲۸۸ گرین ہے .

۱۸۳۸ سقہ شمسیہ ، ۳ : ۸۶

[انگ : Penny-weight]

پنّی (۱) (فت پ ، شد ن) اسث .

۰۱ رانگ پیتل تانبے جست یا سیسے وغیرہ کا چمکیلا ورق جو آرائش وغیرہ کے کام آتا ہے (ا پ و ، ۲ : ۳۲) .

ایک بانس کی کھپچیوں کا بنگلا سا بنا ہوا ، اوپر پنی ، ابرک ، لال کاغذ منڈھا ہوا اس کو سہندی کہتے ہیں .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۵۴

لاکھ کی چوڑیوں پر سنہری رو پہلی پنی چڑھائی جاتی ہے .

۱۹۶۲ ساقی ، ۱/۶۵ : ۳۲

۰۲ ایک قسم کی لمبی گھاس جو چھپروں پر ڈال دیتے ہیں ، چھپر کا پھونس ؛ پان کا پولا (فرہنگ آصفیہ) .

۰۳ (جوتا سازی) بھیڑ کے چمڑے پر سنہری یا روپہلی ورق چڑھا کر رنگین بنائے ہوئے ٹکڑے جو جوتوں میں لگانے کے کام آتے ہیں (ا پ و ، ۲ : ۲۱۲) ؛ جوتیوں کا وہ چاندی لپا ہوا چمڑا جس پر روغن مل کر گھوٹ دیتے ہیں (فرہنگ آصفیہ) .

[س : पर्णी]

ــ ساز امذ .

پنی بنانے والا کاریگر ، پنی والا (اپ و ، ۲ : ۲۱۲ و ۳ : ۳۶) .

[پنی + ساز (رک)]

ــ وار امذ .

دھاتوں کے آمیزے سے خالص دھاتیں نکالنے والا ، نہاریا .

پنی وار : یہ شخص کھرل کو گلا کر تانبے سے چاندی جدا کرتا ہے .

۱۹۳۸ آئین اکبری ، ۱ ، ۱۰۲ : ۴۴

[پنی + وار (رک)]

پنّی (۲) (فت پ ، شد ن) اسث .

پنّا (رک) کی تانیث (ا پ و ، ۲ : ۲) .

پِنّی (کس پ ، شد ن) اسث .

۰۱ پسے ہوئے چاولوں کا لڈو ، رحم (فرہنگ آصفیہ) .

۰۲ ایک قسم کی مٹھائی جو آٹے یا دوسرے پسے ہوئے اناج کو بھون کر اس میں گڑ یا شکر ملا کر بناتے ہیں (شبد ساگر) .

۰۳ پونڈی ، گیہوں کا دلیا گھی میں بھون کر گڑ کی چاشنی سے بنایا ہوا لڈو (ماخوذ : فرہنگ آصفیہ) .

[ہ : पिञ्ची]

ــ کِس پَکْوان میں سیگَل کِس جَجمان میں کہاوت .

کسی شخص کی تحقیر کے لیے کہتے ہیں (نجم الامثال ، ۱۲۷) .

پُنّی (ضم پ ، شد ن) صف (قدیم) .

ثواب کمانے والا ، جزائے خیر کا مستحق ، نیک کام کرنے والا .

بولتا ہی شیعہ اور سُنّی ہوا بولتا ہی پاپی اور پنی ہوا

۱۸۰۲ رمز العاشقین ، ۱۳

نہ پاہی نہ پنی سؤرگی نرکی
گرہستی ہے شاعر نہ برہم اچاری

۱۹۶۳ کلک موج ، ۲۳۱

[پُن (رک) سے]

پَنیا (فت پ ، سک نیز کس ن) .

(الف) صف .

۱. پانی سے منسوب ، وہ کھانا یا دودھ وغیرہ جس میں **پانی کی مقدار معمول سے زیادہ ہو .**

وہی قیمہ آج پکالیا ہوتا تو اس پنیا ڈھب ڈھب شوربے سے تو اچھا ہوتا .

۱۹۱۶ اتالیق بی بی ، ۱۷

۲. **پانی کی تصغیر .**

پنیا بھرن کیسے جاؤں سوری آلی ری لک میں ٹھاڈو سیام ؟

مشہور گیت کا بول

(ب) امذ .

پانی کا، پانی میں پرورش پانے والا حشرات الارض ، آبی سانپ ، سرخ رنگ کے آبی پرندوں کی جنس ؛ کوئی بھی آبی پرندہ ؛ بن کوا، لاط : Porphyrio poliocephalus (پلیٹس) .

[پانی (رک) سے]

ــ سانپ (ــ مغ) امذ .

وہ سانپ جو پانی میں رہتا ہے .

جب سر چاہ ذقن آکر یہ لہرانے لگا
مجکو پنیا سانپ کا گیسوپہ دھوکا ہوگیا

۱۸۷۳ بیخود (ہادی علی) ، د ، ۱۲

[پنیا + سانپ (رک)]

ــ سوت (ــ و مج) .

(الف) امذ .

(وہ خندق یا کھائی وغیرہ) جس میں پانی کا سوتا نکلا ہو.

وزیر دولت کیش عاقبت اندیش نے قلعے کے خندق کو پنیا سوت کروا کر پل تختہ اٹھوا لیا .

۱۸۴۵ حکایت سخن سنج ، ۲۳

پنیا سوت خندق تمام بگھلی ہوئی گندھک سے بھری تھی .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، کائنات ، ۹

(ب) امذ .

پانی کا چشمہ ، پانی نکلنے کا سوت (نوراللغات) .

[پنیا + سوت (رک)]

ــ کال امذ .

رک : بن (۳) کا تحتی بن کال .

یار گندم گوں کے جب سے جارہے قرب جوار
ڈر ہے سوکھے کال کا ہم کو نہ پنیا کال کا

۱۸۶۶ فیض ، د ، ۸۳

[پنیا + کال (رک)]

پِنیا (کس نیز فت پ ، سک ن) اسث .

ایک قسم کی بیل ، نِکَنہ ، لاط : Cardiospermum halicacabum (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : पनिया]

پِنیا (کس پ ، سک ن) امذ .

کھلی، تیل نکالنے کے بعد جو بھوک بچ جائے، رک : پنیاک.

جو سفل بعد تیل نکالنے کے رہ جاتا ہے اس کو کھلی کہتے ہیں اور پنیا بھی کہتے ہیں .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۹۴

پُنیا (ضم پ ، سک ن) صف .

بن کرنے والا ، نفع بخش ، فائدہ پہنچانے والا ، نیکی کرنے والا .

کہو اس کو اس ترکیب اضافی سے پنیا بھوم یعنی زمین خیر پہنچانے کی کہتے تھے .

۱۸۴۷ حملات حیدری ، ۱۳

[رک : پُن + یا ، لاحقۂ نسبت]

پُنیاتما (ضم پ ، سک ن ، ت) صف .

فیاض ، سخی ، کریم ، نیکوکار .

جب پنیاتما کا بن چک جاتا ہے تب اس کو اسی سمے مُرت لوک میں گرادیتے ہیں .

۱۸۹۰ جوگ بششٹھ (ترجمہ) ، ۱ : ۵

[رک : پنیا + آتما (رک)]

پِنیار/پِنیارا (فت پ ، کس ن) امذ .

رک : پنیالا (۱) (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

پِنیاک (کس پ ، سک ن) امذ .

کھلی ؛ دوب ؛ بخور ؛ زعفران ؛ پینگ (جامع اللغات ؛ پلیٹس).

[س : पनियाक]

پَنیالا (۱) (فت پ ، سک ن) امذ ؛ ~ پنیالہ .

۱. **آلوے بخارا کے برابر اور ہم شکل ایک پھل جو زیادہ تر بنگال میں ہوتا ہے ، یہ کچا سبز اور پک کر سرخ ہوجاتا ہے بعض کا مزہ کھٹ مٹھا اور بعض کا ترش ہوتا ہے ، اس کا درخت بعض خاردار اور بعض بے خار ہوتا ہے ، پھل کے اندر چھوٹے چھوٹے پانچ چھ بیج ہوتے ہیں ، طبعیت سرد و تر ہے** (ماخوذ : خزائن الادویہ ، ۳ : ۸۲) ، لاط : Flacourtia cataphracta (پلیٹس) .

پنیالا اور آم . . . اور سیاہ جامن . . . انسان کے کھانے میں آتا ہے .

۱۸۳۵ دولت ہند ، ۱۳۲

۲. **ایک درخت کی لکڑی جو ریل کی پٹڑی کے سلیپروں کے لیے کارآمد ہے .**

بمقدار قلیل مختلف لکڑیوں کا استعمال کیا جاتا ہے ، ان میں سے اہم تر ناگیسر ، پنیالہ . . . اور ٹلامدی ہیں .

۱۹۰۷ مصرف جنگلات ، ۱۱۳

[س : पानीय + आमलक : آملکہ]

پَنیالا (۲) (فت پ ، سک ن) صف .

۱. **پانی بھرا ہوا ، گیلا ، پانی جیسا ، بہت پتلا .**

رگوں میں خون سے ایک قسم کا پنیالا فرش ہو جاتا ہے .

۱۹۰۵ دستور العمل تعلیمندی اسپاں ، ۳۰

۲. **(مجازاً) طاقتور (رگوں میں خون دوڑتا ہوا) .**

تو اس کھیت کا کیا آدمی اور کیا جانور بڑا پنیالا نکلے گا .

۱۹۰۶ مرآت احمدی ، ۲۱

[پانی (رک) سے]

پَنیالہ (فت پ ، سک ن ، فت ل) امذ .

رک : پنیالا (۱) (خزائن الادویہ ، ۳ : ۸۲ ؛ مصرف جنگلات ، ۱۱۳) .

پَنیانا (فت پ ، سک ن) .

(الف) ف ل .

۱. **پانی چھوڑ دینا ، وہ پانی جو مسامات میں پیوست ہو اسے باہر نکالنا .**

ترکاری یا پیاز آنچ لگنے پر پنیاتی ہے .

۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۷

۲. **رسنے کے قابل ہو جانا ، جسم کے اندر پانی پڑنا یا پیدا ہو جانا** (فرہنگ آصفیہ) .

(ب) ف م .

آبپاشی کرنا ، سینچنا ، پانی دینا یا پانی لگانا (فرہنگ آصفیہ).

[پانی (رک) سے]

پَنیائی (فت پ ، سک ن) امث .

رک : سینچائی ، کھیت یا باغ میں پانی دینے کا عمل ، سینچائی ؛ کھیت میں پانی پہنچانے کی اُجرت (ا پ و ، ۶ : ۱۶۱) .

[پانی (رک) سے]

پُنیائی (ضم پ ، شد ن بکس خف) امث .

۱. **نیکی کا پھل** (فرہنگ آصفیہ) .

۲. **اولاد ، بال بچے ؛ کُٹم ، قبیلہ** (فرہنگ آصفیہ) .

[پُن (رک) سے]

پُنیت (ضم پ ، ی مع) صف .

خالص ، صاف ، ستھرا (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[س : पवित्र پنت]

پنیر (فت پ ، سک ن ، فت ی) امذ .

ایک شکاری کتے کا نام جو شکار کی بو پہچانتا اور اسے بھاگنے سے روک دیتا ہے .

اس پنیر کتیا کو میرے پیچھے لگا دیا ہے .

۱۹۱۵ یہودی کی لڑکی ، ۴۳

[انگ : Pointer]

پَنیر (۱) (فت پ ، ی مع) صف .

(عوامی) پانی سے بھرا ہوا ، رک : پنیلا .

ہمت پانی قوت دل پانی ، تم تو بڑے پنیر ہو .

۱۹۰۱ عشق و عاشقی کا گنجینہ ، ۹

[پانی (رک) سے]

پَنیر (۲) (فت پ ، ی مع) امذ .

دودھ کو ایک ابال دے کر اس میں کوئی ترش چیز (لیموں ، دہی ، ٹاٹری وغیرہ) ڈال کر پھاڑتے ہیں اس کے بعد کپڑے میں باندھ کر لٹکا دیتے ہیں تاکہ پانی نکل جائے ، باقی جو رہ جاتا ہے اس کو پنیر کہتے ہیں اس کو بالکل سادہ اور مختلف کیمیاوی طریقوں سے بھی بہت سی اقسام میں بنا کر دنیا بھر میں فروخت کرتے ہیں .

بھوا بہیں میں جنت نمط جوے شیر
ربیا تہج کو جیوں ایک چکتا پنیر

۱۶۹۵ دیپک پتنگ ، ورق ۶ (الف)

پنیروں کی ہر اک سو نیم چینی
ہر اک کتلے میں سو باریک بینی

۱۷۸۶ میر حسن (دو نایاب زمانہ بیاضیں ، ۱ : ۱۹)

ولایتی لوگ اپنے پنیر میں زرد رنگ کچھ سرخی آمیز ، دیتے . . . ہیں .

۱۸۴۵ دولت ہند ، ۷۲

ہر ایک کے پاس شراب کی بوتل ، کیلا اور پنیر کی سینڈوچ ہوتی ہے .

۱۹۴۴ آدمی اور مشین ، ۳۵۷

[ف]

ــ جمانا محاورہ .

قالب میں پنیر رکھ کر چکتیاں بنانا ، پنیر تیار کرنا (فرہنگ آصفیہ) .

ــ چٹانا محاورہ .

چیتے کو پنیر کھلا کر یار بنانا ؛ خوشامد کرنا ، لالچ دینا ، دوسرے کی خوشامد کرکے اپنا کام نکالنا تالیف قلب کرنا (ماخوذ : مخزن المحاورات ، ۱۷۶ ؛ فرہنگ آصفیہ ؛ پلیٹس) .

ــ کباب (— فت ک) امذ .

پنیر کے کباب ، پنیر سے تیار کیے ہوئے کباب .

ایک جانب کباب ، شامی کباب ، حسینی کباب . . . پنیر کباب ایک طرف روٹیاں . . . رکھیں .

۱۸۶۲ خط تقدیر ، ۶۸

[پنیر + کباب (رک)]

ــ کے ساتھ خشکا کھاؤ کہاوت .

اپنی راہ لو ، اپنا کام کرو ، خوش رہو (گنجینۂ اقوال و امثال ، ۶۹ ؛ نوراللغات) .

ــ مایہ (— فت ی) امذ .

جما ہوا دودھ جو حیوان کے بچے کے پیٹ میں ہو اس کے حاصل کرنے کے لیے جانور کے بچے کو اس کی ماں کا دودھ پلا کر خوب دوڑاتے ہیں پھر پلا توقف اسے ذبح کر کے پیٹ میں سے سارا دودھ نکال لیتے ہیں ، بکری کا پنیر مایہ پنیر جمانے کے لیے بہترین سمجھا جاتا ہے نیز ادویات میں مستعمل ہے .

پنیر مایہ اگر دودھ میں چھوڑیں فوراً شیر بستہ ہو جاتا ہے .

۱۸۷۷ عجائب المخلوقات ، ۳۰۵

ہر ایک جانور کے پنیر مایہ کے افعال علیحدہ علیحدہ ہیں .

۱۹۲۹ کتاب الادویہ ، ۲ : ۹۹

[پنیر + مایہ (رک)]

پَنِیر (۲) (فت پ ، ی مع) .

(الف) امث .

(کاشتکاری) بیج بونے اور پود تیار کرنے کی کیاری ، جس میں ایسے بیج بوئے جائیں جن کی پود ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ لگائی جانی ضروری ہو (اپ و ، ۶ : ۳۸) .

(ب) امذ .

کیاری وغیرہ میں اگایا ہوا پودا جو ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگایا جائے ، پود ، (رک) پنیری .

اکثر ایسا ہوتا ہے کہ پنیر کیاریوں سے اٹھا کر بالراست جنگل میں لگایا جاتا ہے .

۱۹۰۲ علم الصحرا ، ۵۲

[०: پنیرک पनीरक]

ــ اُٹھانا محاورہ .

پودے کو دوسری جگہ لگانے کے لئے کیاری میں سے اکھاڑنا .

پودوں کا پنیر اٹھاتے وقت ہم کو یہ دقت پیش آئے گی کہ ان کی جڑیں . . . آسانی کے ساتھ نہیں اکھڑ سکیں گی .

۱۹۰۲ علم الصحرا ، ۴۹

ــ جمانا محاورہ .

کسی بات کی بنیاد ڈالنا ، کوئی ایسا کام شروع کرنا جس سے بہت سے کام نکلیں ، رک : پنیری جمانا (نوراللغات) .

پَنِیری (۱) (فت پ ، ی مع) امث .

۱. رک : پنیر (۲) (ب) .

پنیری کے ذریعہ دھان کی کاشت ایک عام طریقہ ہے .

۱۹۷۰ چاول ؛ دستور کاشت ، ۶۳

۲. وہ مال و اسباب جو باپ دادا سے وراثت میں ملا ہو ، اسباب ورثہ (دریائے لطافت ، ۹۲) .

[رک : پنیر (۲) + ی لاحقۂ نسبت]

ــ جمانا محاورہ .

۱. حق یا دعویٰ قائم یا ثابت کرنا (بیشتر ضمیر اضافی کے ساتھ) .

ددا یہ کہہ من کر اپنی پنیری جما کے خوش خوش گھر آئی .

۱۹۱۱ قصہ مہر افروز ، ۳۷

۲. کوئی ایسی بات (جس سے بہت سے کام نکلیں) شروع کرنا ، (کام نکالنے کا) ڈھب ڈالنا ، ادھر ادھر کی باتیں کر کے کام نکالنا .

مرزا بندہ علی بیگ خیرآبادی کی بن آئی ، کچہری بگاڑنے کو پنیری جمائی .

۱۸۷۱ فسانۂ عبرت ، ۵۲

۳. پود لگانا یا جمانا ، بوٹے اور پیڑ ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا .

کہیں آبپاشی کریں کود کر پنیری جمائیں کہیں کھود کر

۱۷۸۴ سحرالبیان ، ۳۹

پَنیری (۲) (ف ت پ ، ی مع) صف .

۱. پنیر (۱) (رک) سے منسوب ، پنیر کا .

دودھ پنیری اجزا کے باعث زخم میں لیس پیدا کرتا ہے .

۱۹۳۶ شرح اسباب ، ۲ : ۲۷۷

۲. کھٹے کا گودا جو پوست اور دانوں کے درمیان ہوتا ہے اور بیشتر پنیر جمانے میں ضامن کا کام دیتا ہے (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

[پنیر + ی ، لاحقۂ نسبت]

پَنیلا (ف ت پ ، ی مع نیز مج) .

(الف) صف .

۱. پانی کا ، پانی میں تر بتر (پلیٹس ؛ فرہنگ آصفیہ) .

۲. پانی جیسا ، پتلا ، رقیق ؛ پھیکا ، بےمزہ (پلیٹس) .

(ب) امذ .

۱. ہر مٹے کی وضع کا ایک کپڑا (فرہنگ آصفیہ) .

۲. برساتی جو بارش سے بچنے کے لیے سر پر ڈالتے یا جسم پر پہنتے ہیں ، واٹر پروف ، گھگی (فرہنگ آصفیہ) .

۳. (کاشتکاری) وہ کھیت جس میں پانی کی آل اتنی زیادہ ہو کہ بیج گل جائے ؛ دلدلی زمین (ا پ و ، ۶ : ۳۸)

[رک : پن (۳) + ہ : اے لا ایلا ، لاحقۂ صفت]

پُنیم (ضم پ ، ی مج) امذ .

رک : پُنم (پلیٹس) .

پُنیودے (ضم پ ، سک ن ، و مج) امذ .

اچھی قسمت (جو ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق کسی پچھلے جنم میں کیے گئے نیک اعمال کا نتیجہ سمجھی جاتی ہے) (پلیٹس) ؛ خوش نصیبی کا آغاز ؛ اچھے دنوں کی آمد (پلیٹس ؛ شبد ساگر) .

[س : پنیودے पुण्योदय]

پنیہ (ف ت پ ، سک ن ، ف ی) صف ؛ امذ .

بکاؤ ، قابل فروخت (چیز ، مال وغیرہ) (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : پنیہ पण्य]

— سالا امث .

وہ جگہ جہاں مال فروخت ہوتا ہو ، بازار ، دکان یا مارکیٹ ؛ مال خانہ ، گودام ، کوٹھی (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[پنیہ + سالا (= جگہ) (رک)]

پنیہ (۲) (ف ت پ ، سک ن ، ف ی) صف .

رک : پنیا ، پانی سے منسوب .

[رک . پن (۳) + یہ ، لاحقۂ نسبت]

— نمک (— ف ت ن ، م) امذ .

ایک قسم کا نمک .

پنیہ نمک جو مٹیہ اور کٹیلہ دونوں سے کمتر ہے کٹیلہ کی طرح بنایا جاتا ہے .

وقائع راجپوتانہ ، ۲ : ۱۵۹

[پنیہ + نمک (رک)]

پنیہ (ضم پ ، سک ن ، ف ی) .

(الف) امذ .

نیکی یا ثواب کا کام (جامع اللغات) .

(ب) امث .

نیکی ، بھلائی ، و صف ، بہتری ، خوبی ، مذہبی یا اخلاقی خوبی یا و صف ، خوشی ، شادمانی ، مسرت ، آنند ، خوش قسمتی ، سعادت (جامع اللغات) .

(ج) صف .

اچھا ، نیک ، صالح ، پاک ، پوتر ، مبارک ، سعید ، موافق ، صحیح ، درست ، منصف ، خوش ، مسرور ، شادماں ، خوبصورت ، نفیس ، چمکدار ، روشن ، دل خوش کن (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[س : پنیہ पुण्य]

— بھُو/بھُومی (— و مع) امث .

۱. (ہندو) مقدس سرزمین (جس کے شمال میں کوہ ہمالیہ جنوب میں وندھیاچل اور مشرق اور مغرب میں سمندر ہے ؛ آریا ورت دیش (پلیٹس ؛ شبد ساگر) .

۲. اولاد نرینہ کی ماں (پلیٹس) .

[پنیہ + بھو/بھومی (رک)]

— پرتاب (— ف ت پ ، سک ر) امذ .

خیر یا نیکی کی طاقت اور اثر .

تمہارے پنیہ پرتاب سے مجھ کو معلوم ہو گیا کہ یہ جگت مایا کا کھیل ہے .

یوگ واشسٹ ، ۸۲ ؟۱۹۲۰ .

[پنیہ + پرتاب (رک)]

— پھل (— فت پھ) امذ.

اچھے عمل اور نیکی کا بدلہ، اجر (پلیٹس).

[پنیہ + پھل (رک)]

— ترن (— فت ت، کس ر) امذ.

مقدس گھاس، سفید قسم کی کشا گھاس (پلیٹس).

[پنیہ + ترن (= بوٹی، گھاس) (رک)]

— تیرتھ (— ی مع، فت ر) امذ.

مقدس تیرتھ، زیارت گاہ (پلیٹس).

[پنیہ + تیرتھ (رک)]

— درشن (— فت د، سک ر، فت ش).

(الف) صف.

حسین شکل والا، دلکش روپ کا (پلیٹس)؛ جس کے درشن سے ثواب حاصل ہو، جس کے درشن کا پھل مبارک یا اچھا ہو (شبد سا گر).

(ب) امذ.

نیل کنٹھ (جس کے درشن کو لوگ وجیا دشمی کے دن ثواب مانتے ہیں)، لاط: Coracias indica (پلیٹس؛ شبد سا گر).

[پنیہ + درشن (رک)]

— درشی (— فت د، سک ر) صف.

خیر و ثواب کا خیال یا لحاظ کرنے والا (پلیٹس).

[پنیہ + درشی (رک)]

— ستھان (— کس خف س) امذ.

۱. مقدس مقام، پاک زمین، تیرتھ استھان (پلیٹس؛ شبد سا گر).

۲. جنم کنڈلی میں لگن سے نواں استھان جس میں کچھ گرہوں کے ہونے سے نیکو کار ہونے یا نہ ہونے کا بچار کیا جاتا ہے (شبد سا گر).

[پنیہ + ستھان، استھان (رک)]

— شلوک (— کس ش، و مج) امذ.

جس کے متعلق ہوتر اشلوک کہے گئے ہوں؛ کرشن جی، یدھشٹر اور نل کا نام (جامع اللغات).

[پنیہ + س: شلوک श्लोक]

— شلوکا (— کس ش، و مج) امث.

دروپتی اور سیتا جی کا نام (جامع اللغات).

[پنیہ + شلوک (رک) + ا: لاحقۂ تانیث]

— شیل (— ی مع) صف.

نیک طبیعت، نیک، پرہیز گار، پارسا، بھگت، دھرماتما (جامع اللغات؛ پلیٹس).

[پنیہ + س: شیل शील (= عادت، فطرت)]

— کاج/کرم (—/فت ک، سک ر) امذ.

نیکی اور ثواب کا کام، پن کا کام.

اس منتر سے روگ دور ہوگا تب پنیہ کرم، دان، سنت لوگوں کی سنگت اور ہریو آوک جو اچھے ہیں ان کا جاپ کرتا ہے.

جوگ بششٹھ، ۲ : ۱۲۲ ۱۸۹۰

[پنیہ + کاج/کرم (رک)]

— کرما (— فت ک، سک ر).

(الف) صف.

اچھے کام کرنے والا، نیک، پارسا، راست باز، دیانت دار (جامع اللغات؛ پلیٹس).

(ب) امذ.

وہ شخص جس کے کام نیک یا اچھے ہوں (جامع اللغات؛ پلیٹس).

[پنیہ + کرما (رک)]

— گندھ (— فت گ، سک ن).

(الف) صف.

خوشبودار، معطر (پلیٹس).

(ب) امذ.

چمپا کا پھول، لاط: Michelia champaka (پلیٹس).

[پنیہ + گندھ (رک)]

— لوک (— و مج) امذ.

سورگ، بہشت (شبد سا گر؛ پلیٹس).

[پنیہ + لوک (رک)]

— وان/ونت (—/فت و، سک ن) صف.

نیک نہاد، مخیر، پارسا (ہندی اردو لغت؛ پلیٹس).

[پنیہ + وان/ونت، لاحقۂ صفت]

پنیہا (فت پ، ی مع) امذ.

(رک) پنیا (پلیٹس).

پنھانا (کس پ) ف م .

رک : پہنانا .

جامۂ قیمتی بھائی حسن نکال ، قاسم کوں پنھائے .

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۱۵۱

پیش خدمتوں نے صندوقچے سے زیور پنھایا .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۴ : ۴۳

گھر مرے ہمجولیاں مل جل کے گانے آئی تھیں
مالنیں پھولوں کا گہنا کل پنھانے آئی تھیں

۱۹۲۲ فکر و نشاط ، ۵۲

پنھانی (کس پ) امث .

پہناوا ؛ کفن .

پر اب لوتھ تیری کے دوکھ میں جاوں گی
کہ میت کی جس کوں نہ ملتی پنھانی

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۲۲۳

[پنھانا رک سے]

پنھتر (فت پ ، نھ ، شدت بفت) امذ ؛ ~ پتھر .

رک : پتھ ، پتھا سے متعلق اجزائے ترکیبی ، دروبست (ترکیب میں مستعمل) .

[س : پتھ ، پتھا (رک) سے]

~ بگاڑ دینا محاورہ .

۱. دروبست کو ملیا میٹ کردینا ، اجزا کو الٹ پلٹ کر رکھ دینا ، زیر و زبر کر دینا .

تصرف اچھا کیا ، شعر کے بھی پنھتر بگاڑ دیے .

۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۱ : ۲۹۳

۲. حواس بگاڑ دینا ، خستہ حال کر دینا ، حلیہ خراب کر دینا .

اس قدر پینا کہ پنھتر بگاڑ دیے .

۱۸۹۲؟ خدائی فوجدار ، ۱ : ۴

ایک تھڑ میں شیر کے پنھتر بگاڑ دیں کھود کے اسی جگہ گاڑ دیں .

۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۸۵۹

~ بگڑ جانا محاورہ .

زیر بار ہو جانا (اصطلاحات پیشہوراں ، مثیر ، ۴) .

~ بگڑنا محاورہ .

پنھتر بگاڑنا (رک) کا لازم .

یہاں آج مارے گرمی کے پنھتر بگڑے ہوئے ہیں .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۱۰۶

پنھر (فت پ ، نھ) امذ ؛ ~ پنہر .

(کاشتکاری) کپاس کے کھیت سے کپاس چننے والا مزدور ، پنہر ، پنھر (ا پ و ، ۶ : ۳۸) .

[مقامی]

پنھر (ضم پ ، سک نھ) امذ .

چاندی کا مل جس میں چاندی کے کچھ اجزا ملے ہوئے ہوں (ا پ و ، ۴ : ۳) .

ککرے میں اتنی ہی مقدار پنھر کی ڈالتے ہیں .

۱۹۳۸ آئین اکبری ، ۱ ، ۱ : ۴۰

[؟]

پنھیارا (فت پ ، سک نھ) امذ ، ہن ہارا ، پنہارا .

رک : ہن (۳) کا تحتی ہن ہارا .

آیا ایک قافلہ پھر بھیجا اپنا پنھیارا اس نے لشکایا اپنا ڈول.

۱۷۹۰ ترجمہ قرآن ، شاہ عبد القادر ، ۳۲۱

پنھیارن/پنھیاری (فت پ ، سک نھ) امث ؛~ ہن ہارن ، پنہاری .

پنھیارا (رک) کی تانیث .

پنھیاریاں . . ہن گھاٹ سے دو دو مٹکے سر پر رکھ کر لاتی ہیں .

۱۸۷۳ مجالس النساء ، ۱ : ۹۲

یہ تو کوئی پنھیارن یا کھوسن معلوم ہوتی ہے .

۱۸۹۲ خدائی فوجدار ، ۱ : ۲۲۰

پنھیائی (فت پ ، سک نھ) صف .

وہ چیز جس میں رطوبت زیادہ ہو (نو راللغات) .

[پانی (رک) سے]

~ دال امث .

رک : ہن (۳) کا تحتی ہن چھٹی دال (ا پ و ، ۳ : ۱۴۳) .

[پنھیائی + دال (رک)]

پو (۱) (و لین) امث .

روشنی کی وہ پہلی نمود جو صبح سویرے مشرق کی جانب ہوتی ہے ، تڑکا ، سپیدۂ صبح ، ظہور نور ، صبح کاذب ، صبح صادق .

کام نہ آئی اپنی لگاوٹ دیکھتے ہی ہو اٹھے جھٹ پٹ

۱۸۸۴؟ صبح وصال ، شوق نیموی ، ۳۶

[۵ : پو پھٹنا]

~ پھٹنا محاورہ .

رات ختم ہونے پر روشنی نمودار ہونا ، صبح صادق ہونا ، تڑکا ہو جانا .

ہوکا نہیں یہ پھٹنا ، مجھ سینہ چاک کی ہے
ہر صبح بار غم سے چھاتی فلک کی پھٹتی
۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۲۱۵

برہمن راتوں رات ایسے بھاگے کہ پو پھٹتے پھٹتے دس بارہ کوس نکل گئے .
۱۸۰۳ اخلاق ہندی ، ۱۵۰

پو پھٹی ، صبح ہوئی .
۱۹۲۹ وداع خاتون ، ۱۱

— پھٹے (— فت پھ) م ف .

علی الصباح ، رات کے خاتمے پر ، مشرق سے روشنی نمودار ہوتے ہی .

عامر صبح کو پو پھٹے آ کر بکریوں کو آواز دیتا .
۱۹۰۷ اجتہاد ، ۱۱۶

— پھوٹنا محاورہ .

رک : پو پھٹنا .

جا چکی شام جوانی ، صبح پیری ہے نمود
چونک اے غافل کہ پو پھوٹی اجالا ہو گیا
۱۸۷۸ سخن بے مثال ، ۳۷

ایسے ہی موقعوں پر سورج ، عید کا چاند ہو جاتا ہے ، اللہ اللہ کر کے پو پھوٹی .
۱۹۱۳ جذبۂ دل ، ۱۶

پَو (۲) (ولین) امث .

(پچیسی) داؤ کے عدد جس میں گوٹ چوسر پر کھیلنے کو رکھی جائے - (یعنی سات کوڑیوں کے چت یا پٹ گرنے کی مقررہ تعداد پر پو ہوتی اور گوٹ بٹھائی جاتی ہے) (اپ و ، ۸ : ۱۵۲)، پانسے پر داؤں میں جب طاق آئے یا دس پچیس تیس آئیں تو ایک ایک پو کا استحقاق ہوتا ہے یعنی ایک خانہ زائد شمار کرتے ہیں .

تباہ ایسے ہوئے انجام میں ہم عشقبازی کے
کوئی چوسر کی بازی ہارے جس طرح سے پو میں
۱۸۵۶؟ کلیات ظفر ، ۴ : ۷۹

بچھائی آ کے اس بت نے جفا کاری کی پچیسی
اور اس پر ہم سے کہتا ہے وفاداری کی پو لانا
۱۹۳۱ بہارستان ، ۱۲۸

[۰ : پو ۲]

— آنا محاورہ .

رک : پو پڑنا (جامع اللغات) .

— بارا امذ .

رک : پو بارہ .

ادھر شیرازۂ قوسی کو ہم ہیں توڑتے جاتے
ادھر بازی حریفوں کی ہے ہاتھ ان کے ہے پو بارا
۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۲۷۱

— بارہ (— فت ر) امذ .

۱. (پچیسی) جیت کا ہاتھ ، وہ ہاتھ جس میں پو گھر میں چلی جائے ، بارہ داؤ اور ایک پو یعنی سب سے زیادہ جیت ، بڑی جیت .

بازی لگا دے عشق کی چوسر میں شوق سے
پو بارہ ہیں ظفر جو کوئی داو پڑ گیا
۱۸۴۹ کلیات ظفر ، ۲ : ۱۲

اب تک جتنے پانسے پھینکے گئے سب میں پو بارہ ہی آیا ہے ، اب ایک رات کا داو اور باقی ہے .
۱۹۰۷ سفید خون ، ۲۶

۲. (مجازاً) نفع ہی نفع ، اقبالمندی ، قسمت کی یاوری ، کامیابی .

کیوں پیر و مرشد ایک پنتے تک کیا کیجیے گا ، اب تو ہمارے پو بارہ ہیں ، اسی شہر میں ایک دو نہیں اٹھارہ ہیں .
۱۸۵۹ سروش سخن ، ۱۱۳

برہمن کے ہمیشہ پو بارہ ہوں گے ، راجہ بھی ان کی مدد کا خواست گار رہتا ہے اور پرجا بھی ان کی مٹھی میں رہتی ہے .
۱۹۷۳ رام راج ، ۱۵۶

اف : ہونا .

۳. (قمار بازی) تین پانسوں کا اس طرح پڑنا کہ ایک پر ایک دائرہ اور دو پر چھ چھ دائرے شمار کیے جائیں (اصطلاحات پیشہ وراں ، منیر ، ۴۸) .

— بارہ پھینکنا محاورہ .

(کسی کو پھانسنے کے لیے) جال پھیلانا ، (قابو میں کرنے کو) نت نئی چال چلنا .

نئے یاروں پہ اپنے مرتی ہے روز پو بارہ پھینکا کرتی ہے
۱۸۵۷ بحر الفت ، ۵۲

— بارہ کھیلنا محاورہ .

جوے کا داؤ لگانا ، بازی بدنا ؛ جوے بازی یا لہو ولعب میں مشغول رہنا ؛ رک : ہوچھکے اڑانا .

ظریف ان سے نہیں مطلب ہمیں جو اتنے غافل ہیں
مٹے جاتے رہے اسلام وہ کھیلیں گے پو بارہ
۱۸۹۹ دیوانجی ، ۳ : ۳۳۷

— بارے امذ .

پو بارہ (رک) کی جمع یا مغیرہ صورت .

اپنی تجارت کا کام شروع کردیں ، اس میں ہی پو بارے ہیں .

۱۹۲۸ پس پردہ ، ۶۷

— بارے ہونا محاورہ .

کام بننا ، گل چھرے اُڑنا ، عید ہونا ، مال ہاتھ لگنا ، پانچوں انگلیاں گھی میں ہونا .

یہ امریکن مہم ہے . . . بس تمہارے پو بارے ہیں .

۱۹۴۱ بیاری زمین ، ۱۳۲

— پڑنا محاورہ .

جیت کا پانسہ یا داؤ آنا ، جیت ہونا .

پڑی ہو اور بارہ اوس کو جس دم
کہا جوڑ اوس نے ہاتھ اور پشت کر خم

۱۸۱۳ چمن رنگین ، ۲۲۰

— چلنا محاورہ .

(پچیسی ، چوسر) زائد خانہ چلنا (جامع اللغات) .

— چھکا (— فت چھ ، شد ک) امذ .

جوا ، قمار بازی .

اس جواری خصم کا من میٹوں او ہی پو چھکے پر وہ ہارا لوٹ

۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۲۳۶

یہاں ہر طرف سے پو چھکے کی صدائیں بلند تھیں .

۱۹۳۱ رسوا ، خونی راز ، ۸۱

— چھکے اُڑانا محاورہ .

پو چھکے اڑنا (رک) کا تعدیہ .

رات کو یاروں میں پو چھکے اڑاتے .

۱۹۷۰ غبار کارواں ، ۹۳

— چھکے اُڑنا محاورہ .

عیش میں بسر ہونا .

دن رات پو چھکے اڑ رہے ہیں ، پانچوں گھی میں اور سر کڑاہی میں کا مضمون ہے .

۱۹۲۷ نوراللغات ، ۲ : ۱۲۲

— چھکے ہونا محاورہ .

(مجازاً) نفع ہی نفع ہونا ، عیش ہونا ، مزے ہونا .

اور جو کہیں نواب کی آنکھ پڑگئی اور تم جنچ گئیں تو پھر کیا پوچھنا ہے ، چپڑی اور دو دو - پو چھکے ہیں - چین ہی چین لکھتا ہے .

۱۸۹۰ سیر کہسار ، ۲ : ۳۶۵

— رہنا محاورہ .

(پچیسی ، چوسر) نرد کا آخری خانے میں جا پڑنا (جامع اللغات) .

— کی آمد (— فت م) امث .

(پچیسی ، چوسر) پو کا زیادہ آنا .

پو کی آمد جو شروع ہوئی تو چار ہی ہاتھوں میں چاروں گوٹیں لال ہوگئیں .

۱۹۲۷ نوراللغات ، ۲ : ۱۲۳

— میں اُڑ جانا/اُڑنا محاورہ .

(پچیسی) جیت میں ہار ہو جانا .

اب کہیے یہ گوٹ بھی پو میں اڑ گئی .

۱۹۲۱ گورکھ دھندا ، ۹۱

پَو (۳) (و لین) امث ؛ ~ پوہ .

جانوروں کو پانی پلانے کی جگہ ؛ سڑک کے کنارے سایہ میں وہ جگہ جہاں مسافر آرام کرتے اور پانی پیتے ہیں (پلیٹس) .

[س : پرپا प्रपा]

— سالا امث .

سبیل ، پیاو (پلیٹس) .

[پو + سالا (رک)]

— سالا بٹھانا ف م .

سبیل لگانا .

لوگ تو اس بھادوں کی جلتی باتی دھوپ میں پوسالے بٹھاتے ہیں .

۱۸۸۰ قصۂ آزاد ، ۱ : ۱۹

— سَرا (— فت س) امث .

رک : پو سالا (پلیٹس) .

اف : بٹھانا ، بیٹھنا ، رکھنا ، لگنا .

[پو + سرا (رک)]

پَو (۴) (و لین) امث .

پاو (= چوتھائی) (رک) کی تخفیف ، تراکیب میں مستعمل (پلیٹس) .

ــ سیرا (ــ ی مج) امذ .

پاو سیر کا باٹ ، چار چھٹانک یا بیس تولے کا وزن (پلیٹس) .

[پو + سیر (رک) + ا ، لاحقۂ نسبت]

ــ سیری (ــ ی مج) امث .

۱. پو سیرا (رک) کی تانیث و تصغیر .

۲. سیر میں پاو بھر ، فی سیر ایک پاو .

گوشت میں پوسیری گھی پڑا ہے .

۱۹۲۷ نوراللغات ، ۲ : ۱۲۲

[پو سیرا (رک) + ی ، لاحقۂ تصغیر و نسبت]

ــ قَدَمًا (ــ فت ق ، سک د) م ف .

چھوٹے چھوٹے ڈگ رکھتا ہوا ، دھیمی رفتار سے چلتا ہوا .

رنگ رلیاں مناتے پو قدمے چلے جاتے تھے .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۱۷

[پو + قدم (رک) + ا ، لاحقۂ صفت]

ــ قَدَمی پر رکھنا محاورہ .

(گھوڑے کو) دھیمی رفتار سے چلانا .

سجدہ آخر کیا ، سوار ہوے اور گھوڑے کو پو قدمی پر رکھ لیا .

۱۸۶۶ جادۂ تسخیر ، ۴۶

ــ قَدَمی چال (ــ فت ق، سک د) امث .

(گھوڑا) وہ رفتار جس میں ایک قدم بھر جگہ چار قدم میں طے ہو ؛ دھیمی چال ، پنجوں کے بل چلنے کا عمل .

اگر ننھی منی ٹانگوں پو قدمی چال کے ہاتھوں اس تک دسترس نہ ہوسکتا تو رسی جمار میں تو کسی طرح تأمل نہ فرمائیے .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، حاجی بغلول، ۴

[پو + قدم (رک) + ی ، لاحقۂ صفت + چال (رک)]

ــ قَدَمی لَگانا محاورہ .

رک : پو قدمی پر رکھنا .

نقابدار گھوڑے کو پو قدمی لگاتے ہوے اس طرف آنکلا .

۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۶ : ۶۴۵

پو (و مج) حرف (قدیم) .

رک : پر ، پہ .

مانگوں دعا صبح و شام دایم و قایم رہو
شاہ کا سایہ اتن سر پو چھتر ہور علم

۱۵۲۸ مشتاق (بہ ماہی اردو، کراچی، اکتوبر ۱۹۵۰ ، ۳۰)

بندا میں کمینہ ہوں رنگدا پتی
کروں جیو اپنا فدا تج پوتی

۱۶۳۸ چندر بدن و مہیار ، ۱۰۱

رنگ برنگ پوشاک جوں فصل بہار
تن میں جبہ سر پو تاج زرنگار

۱۷۹۱ مثنوی ریاض العارفین ، ۶۶

پَو (فت پ ، کس و) امذ .

پہیے کی پال ؛ تیر یا بھالے کی دھات کی بنی ہوئی نوک ؛ اندرا کا بجلی کا کڑکا (پلیٹس) .

[س : पवि : پو]

پَوّا (فت پ ، شد و) امذ .

۱. (i) پاؤ بھر وزن کا باٹ ، چار چھٹانک کا وزن ، وہ آلہ یا پلی جس سے پاؤ بھر مایع ناپا جاتا ہے .

پوا کھو گیا ہے تو ادھ سیرے سے تول کے آدھا آدھا کر لو .

۱۹۶۲ مہذب اللغات ، ۳ : ۱۱۱

(ii) پاؤ بھر ، چار چھٹانک (چیز) .

کٹر کٹر بادام چبائیے حضور تین آنے میں پوا .

۱۹۷۳ رنگ روتے ہیں ، ۲۵

۲. چہارم حصہ ، چوتھائی .

ایک پونڈ باٹ لے لو اور پوا اس کا بنا کر اور پونڈ کو ملا کر سوا پونڈ بناو .

۱۹۰۰ غربی طبیعیات کی ابجد ، ۳۲

۳. وہ برتن یا چھوٹی بوتل وغیرہ جس میں پورے برتن یا پوری بوتل کا چوتھائی یا ادّھے کا نصف سما سکے .

اسے مٹکے کے پیچھے چمبلی کے تیل کا نیا پوا نظر آیا .

۱۹۳۰ قیامت ہم رکاب آئے ، ۱۴۹

۴. (معماری) اینٹ کا چوتھائی ٹکڑا جو چنائی کے کام میں نہ آئے (ا پ و ، ۱ : ۷۸) .

۵. چھوٹے قد کا بیل .

دکن میں عام طور پر ادّھے اور پوّے پائے جاتے ہیں ، جن کے مقابلے میں گجرات کے بیل بڑھیا اور الگ ہوتے ہیں .

۱۹۴۰ معاشیات ہند (ترجمہ) ۱ : ۴۰۳

[س : پاد + क: کہ]

پُوآ (و مج) امذ ؛ ~ پُوا .

شکر گڑ یا قند کے تار بند قوام میں پتھائی ہوئی یا شکر ملے معمولی خمیر شدہ آٹے یا میدے کی سادی یا برت دار گھی یا تیل میں تلی ہوئی خستہ پوری ، مال پڑا ، گلگلا .

ہوا پوری اور ہوے میں یہی فرق ہے . . . یہ میٹھا ہوتا ہے .
۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۲۴۷
عقیقے سے منگنی تک کس قدر فضول اخراجات ہوا پوڑی الم غلم میں صرف ہو گئے ہیں .
۱۹۰۳ عصر جدید ، ۶/۲ : ۲۸۰
[س : ہوہ : पूप]

ہُوآ (و مج) امذ .
کسی جانور کا شور خوار یا بہت چھوٹا بچہ ؛ جوان سانڈ ، منڈولیا ؛ ایک ہودا ؛ ایک قسم کی گھاس ؛ ایک ساگ یا سبزی ، رک : ہوئی (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .
[س : ہوت + کہ : पोत + क]

ہُواج (فت پ ، شد و) امذ ؛ ج .
باجی (رک) کی جمع (برقیاس عربی) ، کمینے لوگ ، پست اور ادنیٰ طبقے کے اشخاص .
صحبت متی ہواج کی دل بھا گتا ہے دور
نفروں کی جمع دیکھ کے ہوتا ہے جی نفور
۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۱۹
اس فن شریف کو شرفا اختیار کرتے تھے ، اب ہواج و ارازل بھی شاعر ہو گئے .
۱۸۸۰ آبِ حیات ، ۲۱۱

ہُوار (ضم پ) اسث .
رک : ہُوال (پلیٹس) .
[ہ : ہوار पवार]

ہَوازا (فت پ) امذ .
رک : ہَنوازا .
اجی کہاں کا تانتا ہوازا نکالا وہ بات تو رہ ہی گئی .
۱۹۱۵ سجاد حسین ، طرحدار لونڈی ، ۱۳۸
سامنے کیڈل کورٹ کے آگے کچھ غنڈے ڈھول تھاپ پر ہوازا گا رہے تھے .
۱۹۶۲ معصومہ ، ۴۵
[ہ : ہوازا पवाड़ा]

ہُوال (ضم پ) اسث .
رک : ہیال .
چنانچہ وہ لوگ تمام ملک مصر میں متفرق ہوئے کہ ہُوس کے عوض ہوال جمع کریں .
۱۸۲۲ موسیٰ کی توریت مقدس ، ۲۲۵

رئیسوں کے لیے مخملی گدّے چاہئیں ہم مزدوروں کے لیے پوال ہی کافی ہے .
۱۹۳۶ پریم چند ، پریم پچیسی ، ۲ : ۶۶

ہوالینا (فت پ ، ی مج) ف م .
دون کی لینا .
انسے طبیب ہوں کر ہوا لیتا .
۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت) [مقامی]

ہِوانا (فت پ) ف م .
کھلانا ، کھانا کھلانا ، حاصل کرانا (شبد ساگر) .
[ہ : ہانا (رک) سے]

ہِوانا (کس پ) ف م .
پینے کو دینا ، رک : پلانا (شبد ساگر) .
[پینا (رک) سے]

ہُوانا (۱) (ضم پ) ف م .
۱. رک : ہونا (= دھاگا پرونا) (نوراللغات) .
۲. (مجازاً) گشت کرانا ، پھرانا ، پھیلادینا ، شائع کرنا .
عشق اپنے کی فلک نے جہاں میں ہوائی بات
اس پیٹ میں نہ اتنی سی یارو سمائی بات
۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۴۷

ہُوانا (۲) (ضم پ) ف م .
دھوپ سینکنا ، دھوپ یا ہانی کی بھاپ سے گرم کرنا (پلیٹس) .
[س : پر + تپ प्र + तप]

ہُوانا (۳) (ضم پ) ف م .
روٹی پکوانا (پلیٹس) .
[ہ : ہوانا पोआना]

ہِواؤنا (کس پ ، سک و) ف م .
رک : پلانا .
اب تو نیر ہواوتی جب نا چیتی توے
ٹھوکر ماروں نیر کے اب کیا سمجھاوے موے
۱۸۸۴ سانگ نوٹنکی ، ۳

ہُوائِزن (ضم پ ، غم و ، کس خف ء ، فت ز) امذ .
زہر ، بِس .
یاد رہے کہ ڈاکٹروں کے یہاں یہ سخت ہوائزن . . . ہے .
۱۹۳۷ ؟ سلک الدرر ، ۲۴
[انگ : Poison]

پُوائنٹ (ضم پ، غم و، کس مج ء، سک ن) امذ؛ ~ پائنٹ.

۱. نقطہ، بندی، مقدار یا مقدار وغیرہ کے مقررہ درجے یا حصے ناپنے کا نشان جو نقطے یا لکیروں کی شکل میں اکثر آلات وغیرہ پر بناتے ہیں.

ایک ہفتہ کے بعد واپس آیا تو تپ میں مبتلا ہوگیا، ایک سو چار ڈگری اور کچھ پوائنٹ.

۱۹۲۳ مکتوبات نیاز، ۴۱

۲. جزو، نکات.

دو پائنٹ . . . واضعان قانون نے اختیار کیے تھے.

۱۸۹۸ معارف، ۲/۱ : ۴۸

شاید مہذب حضرات یہ کہیں کہ شاعر نے محبت کے پوائنٹ پر بہت بحث کی.

۱۹۳۰ آغا شاعر، ارمان، ۵۸

۳. (طباعت) سیسے کے حروف کی جسامت کا ناپ؛ مختلف جسامت کے حروف.

مختلف اجزا پر یہ لکھ دینا کافی ہوتا ہے کہ کون کون سے اور کتنے کتنے پوائنٹ کے ٹائپ استعمال کیے جائیں.

۱۹۶۹ فن ادارت، ۲۰۳

۴. مخصوص جگہ یا مقام.

چاند کے کسی پوائنٹ پر نظریں جمادی جائیں.

۱۹۶۹ روزنامہ، جنگ، کراچی، ۱۳ جنوری، ۹

۵. (کھیل) بازی یا مقابلہ جیتنے پر حاصل ہونے والا نمبر.

اپنے گروپ میں شاندار کھیل کا مظاہرہ کرکے سات پوائنٹس حاصل کیے.

۱۹۷۴ روزنامہ، جنگ، کراچی، ۲ اگست، ۷

۶. (کرکٹ) آف کے وکٹ کے قریب کا مقام، نیز اس مقام پر کھڑا ہوا فیلڈر.

پوائنٹ: وہ فیلڈر مین جو بلا لگانے والے سے پانچ یا دس گز کے فاصلے پر دائیں طرف کو کھڑا ہوتا ہے.

۱۸۷۱ گوئے چوگان انگریزی، ۷۷

[انگ: Point]

ــ آف آرڈر (ــ سک ر، فت ڈ) امذ.

(اسمبلی وغیرہ میں) کسی بات یا کاروائی کے بارے میں کیا جانے والا سوال کہ آیا یہ ضابطے کے مطابق ہے یا نہیں، ضابطے کا سوال، باضابطہ استفسار.

میں نے ایک پوائنٹ آف آرڈر پیش کیا کہ اس وقت کمرہ سے باہر جانے کے لیے کون صاحب آمادہ ہیں.

۱۹۴۰ مضامین رشید، ۷۵

[انگ: Point of order]

پُوائنٹر (ضم پ، غم و، کس خف ء، سک ن، فت ٹ) صف؛ امذ.

اشارہ کرنے والا؛ وہ چھڑی جس سے بلیک بورڈ یا نقشے وغیرہ کی طرف اشارہ کرتے ہیں؛ کسی آلے کی سوئی جو پیمائش کا کام دے؛ گھڑی کی سوئی؛ ترازو کا کانٹا.

جب ترازو کی ڈنڈی کو دفعۃً اوپر اٹھایا جاتا ہے تو اس کا پوائنٹر . . . دائیں بائیں جھولنے لگ جاتا ہے.

۱۹۶۵ سادے کے خواص، ۲۴۰

[انگ: Pointer]

پَوائی (فت پ) اسث.

۱. ایک پیر کی جوتی.

اگر جوتے ایک جوڑی تھے تو ایک پوائی راہ خدا میں دیدی.

۱۹۱۵ ذکر الشہادتین، ۳۵

۲. جوتے یا جراب کا ٹانگ پر آنے والا حصہ؛ غیر معمولی خم کے جوتے یا موزے (جامع اللغات؛ پلیٹس).

۳. پانو کی زنجیر یا بیڑی؛ موزہ (فرہنگ آصفیہ؛ پلیٹس).

۴. (مجازاً) حلقہ، دائرہ.

رخساروں کی ہڈیاں دبی، اور پر کی نسبت نیچے کی پوائی بڑی.

۱۹۱۵ سجاد حسین، حاجی بغلول، ۴

[۵ : پوابی पवाही]

پُوپ (و لین) امذ.

(موسیقی) عوام پسند جلسہ، محفل سرود، گانے کا جلسہ

رک : پاپ (عبدالحق انگریزی لغت).

[انگ: Pop]

ــ گُروپ (ــ ضم مج گ، و مع) امذ.

پوپ موسیقی کا طائفہ.

ایک ہردلعزیز و معروف پوپ گروپ تازہ ترین اسٹیج کرافٹ کے ساتھ اپنے کمالات کا مظاہرہ کر رہا تھا.

۱۹۷۹ گنگشت، ۱۰۷

[انگ: Pop group]

پُوپ (و مع) امذ.

روٹی (پلیٹس).

[س : پوپ पूप]

ــ اَشٹھک (ــ فت ا، سک ش، فت ٹھ) اسث.

ماگھ (نومبر دسمبر) کے مہینے کے نصف آخر کے آٹھ دن جن میں چاولوں کی روٹیاں لوگوں میں تقسیم کی جاتی ہیں (پلیٹس).

[پوپ + اشٹھ (=آٹھ) (رک) + ک، لاحقۂ نسبت]

ـــ کار/کَر (ـــ/فت ک) امذ .

نانبائی ، روٹی پکانے والا (پلیٹس) .

[پوپ + کار/کَر (رک)]

پوپ (و مج) امذ .

عیسائیوں کے رومن کیتھولک فرقے کا سب سے بڑا پادری یا چرچ کا سربراہ ، پاپائے اعظم .

تم کو اپنے ہمراہ لے چل کے روما اور یونان کی سیر کراکے پوپ سے ملاؤں گی .

۱۸۹۶ فلورا فاورنڈا ، ۱۳۱

عیسائیوں میں کیتھولک فرقے والوں پر پوپ روم کی جو حکومت ہے ظاہر ہے .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۲/۱ : ۲۲۹

[انگ : Pope]

پوپارہ کَرنا محاورہ .

چوتڑ پھاڑنا ، (مجازاً) بہت پریشان کرنا ، ستانا .

دوں تجکو فزوں لذّت ، لوں کم ہے مرا مسلک
پوپارہ تری کرنا ہی لطف ہمارا ہو

۱۹۳۸ کلیات عریاں ، ۳۸

پُوپالک/پُوپالکا (و مع ، کس ل) امذ/امث .

روٹی (پلیٹس) .

[س : پوپالک/پوپالکا पूपालिक/पूपालिका]

پُوپالی (و مع) امث .

ایک قسم کی ٹکیہ یا گلگلا جو بھنے ہوئے میدے یا جو کے آٹے سے بنایا جائے اور جسے ہلکا پکایا یا تلا جاتا ہے (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[ہ : پوپالی पूपाली]

پوپَٹ (۱) (و مج ، فت پ) امث .

(تبلی) کولھو کے بیل کی آنکھوں کی اندھیری جو کولھو میں چلتے وقت اس کی آنکھوں پر چڑھادی جاتی ہے تاکہ وہ ٹھہرے نہیں اور اپنی راہ چلے جائے (ا پ و ، ۳ : ۹۸) .

[رک : پو + پٹ (= بند) (رک)]

پوپَٹ (۲) (و مج ، فت پ) امذ .

طوطا .

چکھے گا سو پوپٹ میوہ باغ کو
کہ انجیر کی نیں قدر زاغ کو

۱۷۸۱ مجموعۂ ہندی ، ۵۸

شاہ جہاں کے واسطے ، کئی جانور پالے جو تھے
چیتا ہرن مرغابیاں ، پوپٹ کبوتر سرخ تھے

۱۸۳۷ مجموعہ پشت قصبہ ، ۱۹

[؟]

پوپَٹا (و مج ، فت پ) امذ .

رک : پوپٹ (۲) .

بعل است شوہر منس کہیے جو یکا
طوطی بقول ہندواں ہے پوپٹا

۱۶۲۱ خالق باری ، ۹۰

پوپٹا (و مج ، سک پ) امذ .

۱. رک : پپوٹا .

بعض حالات میں اوپر کا پوپٹا گرتا اور مردمک کشادہ رہتی ہے .

۱۸۶۰ نسخۂ عمل طب ، ۳۳۱

۲. ایک قسم کا جاڑوں میں پیدا ہونے والا پھل ، دوسری قسم پیوٹن، عروس‌درپردہ ، ولائیتی مکوہ ، (عرف عام میں وہ پھل جورس بھری کے نام سے ہندو پاک میں مشہور ہے) Gooseberry ، لاط : Physalis angulata (پلیٹس) .

[ہ : پوپٹا पोपटा]

پوپَک (و مج ، فت پ) امذ .

ہدہد ، چکی راہا ، کھٹ بڑھئی ، کھٹ کھٹ بڑھیا .

بعض اس (ہدہد) کو مار کر اپنے گھر میں لٹکاتے ہیں ، اس کو پوپک بھی کہتے ہیں .

۱۸۹۷ سیر پرند ، ۳۳۱

[؟]

پوپَل (و مج ، فت پ) امث .

چھالیہ ، سپاری ، چکنی ڈلی ، فوفل (کلید عطاری ، ۶۱) .

[مقامی]

پُوپلا (و مع ، سک پ) امذ .

رک : پوا ، گیہوں کے آٹے کی گھی یا تیل میں تلی ہوئی میٹھی ٹکیا . (پلیٹس) .

[ہ : پوپلا पूपला]

پوپلا . (و مج ، سک پ) صف مذ ؛ مث : پوپلی .

۱. بے دانتوں کا ، جس کے دانت گر گئے ہوں .

قربانی جائز نہیں پوپلے جانور کی ، جس کے دانت نہ ہوں .
۱۸۶۷ نورالہدایہ ، ۴ : ۶۴

اس کے پوپلے منہ میں تو دانتوں سے چھوٹے ہوئے مسوڑوں کے علاوہ اور کچھ تھا ہی نہیں .
۱۹۲۶ میری عینک ، ۳۹

۲. وہ گھوڑا جس کے دانت نہ ہوں .

بے دانت والے اسپ کو پوپلا کہتے ہیں .
۱۸۷۲ رسالہ سالوتر ، ۲ : ۲۸

[ہ : پوپلا पोपला]

ـــ پن/پنا (ـــ فت پ) امذ .

پوپلا (رک) کی حالت و کیفیت .

گالوں کے گڑھے اور منہ کا پوپلا پن صورت کو بد نما نہ کر دے .
۱۸۶۷ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۲۹۴

اس پوپلے پنے پر پاپی ہیں اس ستم کے
لقمہ دہن میں جا کر پاتا نہیں رہائی
۱۹۳۸ کلیات عریاں ، ۵۱

[پوپلا + پن/پنا لاحقۂ کیفیت]

ـــ منھ (ـــ ضم م ، مغ) امذ .

ایسا منہ جس میں دانت نہ ہوں ، پوپلے کا منہ .

جس وقت تمہارا پوپلا منہ اور سفید لبوں اور گالوں کی جھریاں اور دوہری کمر اور گنجی چاند اور منحوس صورت یاد آتی ہے ، کھانا حرام ہو جاتا ہے .
۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۲۷

پوپلا منہ کریہہ بد منظر صبح جیسے مریض کا بستر
۱۹۳۳ سیف و سبو ، ۱۲۳

[پوپلا + منھ (رک)]

پوپلانا (و مج ، سک پ) ف م .

رک : پلپلانا (پلیٹس) .

پوپلائی (و مج ، سک پ) امث .

رک : پلپلاہٹ (پلیٹس) .

پوپلر (و لین ، سک پ ، فت ل) امذ .

ایک قسم کا گھنا اور اونچا درخت جسے اکثر سڑک کے کنارے لگاتے ہیں .

شاہراہ پہلوی پر دونوں جانب استادہ اونچے پوپلر اپنی پتیاں گرانے لگے تھے .
۱۹۷۹ کوہ دماوند ، ۱۰۸

[فر : Poplier]

پوپلین (و لین ، سک پ ، کس ل) امث .

رک : پاپلین (جامع اللغات) .

پوپلی (و مع ، سک پ) امث .

کھوکھلی نلی ، بچوں کے کھیلنے کا کاٹھ کا بہت چھوٹا کھلونا جو چھوٹی ڈنڈی کی قسم کا ہوتا ہے اور جس کے دونوں سرے کچھ موٹے ہوتے ہیں؛ بانس وغیرہ میں سے کاٹی ہوئی وہ چھوٹی کھوکھلی نلی جس میں دیسی پنکھوں کی ڈنڈی کا آخری سرا پھنسا رہتا ہے جس کے سہارے پنکھا آسانی سے چاروں طرف گھومتا رہتا ہے (شبد ساگر) .

[مقامی]

پوپلی (و مج ، سک پ) صف .

پوپلا (رک) کی تانیث .

تین جھڑوس بڈھے ایک پوپلی بڑھیا کے متاع پوست و استخوان کی خاطر آپس میں دست و گریباں ہو رہے ہیں .
۱۹۲۵ معاشرت ، ظفر علی خاں ، ۱۱

ـــ ظرافت (ـــ فت ظ ، ف) امث .

ہنسی جو پوپلی گفتگو کے نتیجہ کے طور پر پیدا ہو .

پوپلی ظرافت بھی خرچ کروں گا اگر اس پر مجمع نہ ہنسے گا تو خود ہنس کر تقریر جاری رکھوں گا .
۱۹۳۰ مضامین رموزی ، ۱۲۶

[پوپلی + ظرافت (رک)]

ـــ مُسکُراہَٹ (ـــ ضم م ، سک س ، ضم ک ، فت ہ) امث .

پوپلے منہ سے ہنسنے یا مسکرانے کا عمل .

بوڑھی عورتوں نے اپنی پوپلی مسکراہٹ سے الوداع کیا .
۱۹۷۹ گلگشت ، ۱۱۹

[پوپلی + مسکراہٹ (رک)]

پوپلے سے بڈّی نہیں چبتی کہاوت .

کمزور سے سخت کام نہیں ہو سکتا (گنجینۂ اقوال و امثال ، ۶۹ ؛ محاورات ہند ، ۵۶) .

پوپلیا (و مج ، سک پ ، کس ل) اسذ .

(نباتات) خلیوں اور جنینی تھیلی کے درمیان کا جسم مبیض ، Nucleus .

نوخیز مادہ مخروطیہ میں بیضدان ایک کوچک خلوی بافت پر مشتمل ہے ، جس کو پوپلیا کہتے ہیں .

۱۹۴۲ مبادی نباتیات ، ۲ : ۶۴۰

[انگ : Poplia]

پوپلین (و لین ، سک پ ، ی مج) اسث .

پاپلین ، پوپلن (رک) کا ایک تلفظ .

پوپنی (و مج ، سک پ) اسث .

منّھ کا باجا ، بعض منّھ کے باجوں کا سرا جو ہتے کا بنا ہوتا ہے ؛ آم کی گٹھلی کی گری کا ہیہا جو بچے بناتے ہیں (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[ہ : پوپنی पोपनी]

پوپیولر (و لین ، سک پ ، و مع ، فت ل) صف ؛ ~ پوپولر .

مقبول عام ، ہردلعزیز ، عام پسند ؛ عوام کا ، عوامی .

لارڈ کرزن نے ان لوگوں کے خیالات کو تسلیم نہیں کیا جو یہ چاہتے تھے کہ حالات موجودہ میں انڈیا میں پوپیولر گورنمنٹ ہو .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۱۰

[انگ : Popular]

پوت (فت پ ، کس و) صف ؛ اسذ .

رک : پوتر (پلیٹس) .

[س : پوت पवित]

پوت (کس پ ، فت و) صف .

ہونے والا (جامع اللغات) .

[س : پوت पिशत]

پوت (۱) (و مع) اسذ .

بیٹا ، فرزند ، (مجازاً) عزیز قریب .

یزید و شمر کے کہاں نہ کر سیں کوئی شیطاں بھی
ہزاراں لعن ہے اس پر جن ایسا پوت جایا ہے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۳ : ۵۶

پوت جیے تو ناتھ کا دل سے داغ مٹائے
ماں دکھیاری کیا کرے پوت بھی جب مٹ جائے

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲ : ۲۵۳

یہ دیوان کا پوت سب میں سندر تھا .

۱۸۰۱ باغ و بہار ، ۱۵۱

دودھ سے پوت بھی ہو جاتا ہے .

۱۹۱۹ جوہر قدامت ، ۳۴

[س : پتر : पुत्र]

— بگانے چومئے منّھ رالوں بھریئے کہاوت .

پرائی اولاد پر محنت کرنی رائیگاں جاتی ہے (نجم الامثال ، ۱۲۷) .

— بھئے سیانے دکھ بھئے پرانے کہاوت .

بیٹے جوان ہوں تو سب تکلیفیں جاتی رہتی ہیں کیونکہ وہ کمانے کے قابل ہو جاتے ہیں (جامع اللغات) .

— راج محتاج راج کہاوت .

(گھر میں) بیٹے کی عمل داری میں محتاجی ہوتی ہے ، بیٹوں کی کمائی پر بیٹوں کا محتاج ہونا پڑتا ہے .

وہ کھوٹا ہی نہیں رہا جس پر . . . مان کروں ، کہتے ہیں خصم راج آپ راج اور پوت راج محتاج راج .

۱۹۶۳ دلی کی شام ، ۱۱۴

— زمبورا (— فت ز ، سک م ، و مع) اسذ .

جوان بندر (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[پوت + زمبورا ؟]

— سپوت تو کیوں سنچے کہاوت .

اگر بیٹا اچھا ہے تو اس کے لیے روپیہ جمع کرنے کی ضرورت نہیں ، اور اگر برا ہے تو بھی ضرورت نہیں (جامع اللغات) .

— فقیرنی کا چال چلے احدیوں کی کہاوت .

کوئی غریب جو امیرانہ وضع اختیار کرے (نور اللغات ؛ نجم الامثال ، ۱۲۷) .

— کپوت پنگوڑوں میں ہی پہچانے جاتے ہیں کہاوت .

بچے میں شروع سے اچھے یا برے ہونے کے آثار پائے جاتے ہیں (علمی اردو لغت) .

ــ کَپُوت ہو تو ہو پَر ماں کَماں کَبھی نَہیں ہوسَکتی کہاوت .

بیٹا ماں کے ساتھ برا سلوک کرے تو کرے لیکن ماں بیٹے کے ساتھ برا سلوک کبھی نہیں کرسکتی (جامع اللغات ؛ علمی اردو لغت).

ــ کَرے بَھٹار کے آگے آئے کہاوت .

بیٹے کے کرتوتوں کی سزا باپ کو بھگتنی پڑتی ہے (جامع اللغات ؛ علمی اردو لغت) .

ــ کی ذات کو سو (ہزار) جوکھوں کہاوت .

سارے خطرے مردوں ہی کے لیے ہیں (گنجینہ اقوال و امثال ؛ نجم الامثال ؛ محاورات ہند) .

ــ کے پانْو پالنے ہی میں پَہچانے جاتے (دکھائی دیتے یا مَعلُوم ہو جاتے یا نظَر آجاتے) ہیں کہاوت .

(کسی کی) برائی بھلائی شروع ہی میں آثار سے دریافت کرلی جاتی ہے ، نیک بختی بدبختی کا حال بچپن یا آغاز ہی میں حرکات و سکنات سے کھل جاتا ہے .

وہ جو کہتے ہیں کہ پوت کے پاوں پالنے ہی میں پہچانے جاتے ہیں ، عبدالمطلب ابتدا ہی سے نیک سیرت نیک خصلت نظر آتے تھے .

۱۹۰۷ اسہات الامہ ، ۴۷

پوت کے پاوں پالنے میں معلوم ہو جاتے ہیں . . . ضعیف الاعتقادی بربادی کا خیمہ اور رسوم کا انبار مصیبت کا پہاڑ ہے .

۱۹۱۷ طوفان حیات ، ۱

ــ گئے دَکّھن اور وُہی کَرَم کے لَچّھن کہاوت .

قدیم زمانے میں دکھن لوگ تلاش معاش کے لیے جاتے تھے جس کے سبب یہ کہاوت بنی ، کہیں بھیجا کتنی ہی اصلاح کی کوشش کی پر عادت نہ بدلی .

بہتر تم نے جو کہا تھا وہ سچ نکلا ، پوت گئے دکھن اور وہی کرم کے لچھن .

۱۹۲۳ فراق دہلوی ، مضامین ، ۶۰

ــ مانْگنے گَئیں بَھٹار (خاوَنْد) لیتی آئیں کہاوت .

جو عورتیں فقیروں کے پاس بیٹا مانگنے جاتی ہیں ، وہ عموماً بد کاری میں ملوث ہو جاتی ہیں (ماخوذ : جامع اللغات) .

ــ میٹھ بَھٹار میٹھ کَر یا کَم کَر کھاؤں کہاوت .

خاوند اور بیٹا دونوں پیارے ہیں ، قسم کس کی کھاؤں ، سخت دقت میں ہوں ، سمجھ میں نہیں آتا کیا کیا جائے (جامع اللغات) .

ــ نَہ بَھٹار پیچھو ہی ٹائیں ٹائیں کہاوت .

نہ بیٹا نہ خاوند سخت کا رونا ، اس کے متعلق کہا جاتا ہے جو اس کے ساتھ ہمدردی کرے جس سے اس کا کوئی تعلق نہیں (جامع اللغات) .

پُوت (۲) (و مع) امذ .

چولھے کے دونوں کناروں اور بیچ کے دو نوکیلے ابھار جن کے سہارے پر توا یا اور برتن رکھتے ہیں (شبد ساگر) .

[مقامی]

پُوت (۳) (و مع) صف ؛ امث ؛ امذ ؛ ~ پوت .

بدبودار ، گندہ ، سڑا ہوا ؛ سڑانْد ، بساہند ، بدبو ؛ گندا پانی ؛ بیپ ، گندہ مادہ ، سواد ؛ ایک خوشبو ، زیاد ؛ مشک بلاؤ (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : پوتِ पूति]

پوت (۱) (و مج) امذ .

۱. (فیل بانی) دس سال کی عمر کا ہاتھی .

دہ سالہ جانور (ہاتھی) کو پوت . . . کہتے ہیں .

۱۹۳۸ آئین اکبری (ترجمہ) ، ۱ ، ۱ : ۲۲۱

۲. کسی جانور کا جوان بچہ ؛ جوان درخت یا پودا ؛ کسی پودے کی نئی شاخ (جامع اللغات) .

۳. کپڑا ، پوشاک ، لباس ؛ مکان کی بنیاد یا جگہ ؛ کشتی ، جہاز ؛ جنین جو جھلی میں لپٹا ہوا نہ ہو (پلیٹس) .

[س : پوت पोत]

پوت (۲) (و مج) امذ ؛ ~ پوتھ .

شیشے کا سوراخ دار چھوٹا دانہ جو موتی کے مانند ہوتا ہے .

تو نہیں دیوا ، نہیں مشعل تو نہیں جوت
تو نہیں لعل و جواہر اور تو نہیں پوت

۱۶۹۷ یوسف زلیخا ، امین ، ۱۹

ناتن کے رتن کوں جیو کی جوت
نا پاچ نہ ہو کراج نا پوت

۱۷۰۰ من لگن ، ۱۳

پوت جوہریوں کے بازار میں عوض زر کے نہیں بکتا .

۱۸۰۱ باغ اردو ، افسوس ، ۱۶

جس کی حقیقت پوت کے دانوں سے زیادہ نہیں .

۱۹۰۷ مکاتیب امیر ، ۱۵۴

[س : پروتھ पोथ]

ــ کا چھلّا (ــ فت چھ ، شد ل) امذ .

برائے نام زیور کی قسم سے کوئی چیز ، معمولی زیور .

آن واحد میں جو کچھ غریبامئو اسباب تھا سب لے گئے بیٹے کا ٹھیکرا اور پوت کا چھلا نہ چھوڑا .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، دھوکا ، ۳۱۰

ــ کا چھلّا نہیں مقولہ .

(عو) کوئی زیور نہیں (مہذب اللغات) .

پوت (۳) (و مج) امذ ؛ ~ پوتھ .

۱. **دانو ، باری ، نوبت (فرہنگ آصفیہ) .**

۲. **خاصیت ، صفت ، سیرت ، خصوصیت ، طبیعت ، خو ، عادت ، طریق ، طور (پلیٹس) .**

[س : پرکرت **प्रकृति**]

ــ پُورا کرنا محاورہ .

جتنا دینا ضروری ہو دے دینا ، بقدر ضرورت دے دینا ، کمی پوری کرنا ، (فریضے یا رسم یا ضرورت کے مطابق) کل لوازم کسی نہ کسی طرح سر انجام دینا ، پورا ڈالنا ، اپنا حصہ ادا کرنا ، کسی نہ کسی طرح بسراوقات یا گزارا کرنا .

ادھر ادھر سے قرض وام لے کر ان کا پوت پورا کیا .

۱۸۹۷ **حیات صالحہ** ، ۱۰

درخت ایسا قیمتی ہے جو اخراجات برآمد کا پوت پورا کر سکے .

۱۹۰۶ تربیت جنگلات ، ۱۰۸

ــ پُورا ہونا محاورہ .

رک : پوت پورا کرنا (رک) کا لازم ، (مجازاً) قرض ادا ہونا .

گڑ والوں کا لین دین تھا انہوں نے بے تامل روپیہ حوالے کیا ، یوں جنرل سپلائر کا پوت پورا ہوا .

۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۲۰۶

غالباً کم آمدنی ہونے کے باعث پوت پورا نہیں ہوتا ہوگا .

۱۹۷۳ جہان دانش ، ۱۱۳

پوت (۴) (و مج) امذ ~ پوتا .

۱. **لگان ، زمین کا محصول .**

پٹواری کے کہنے سے (چار) آنے پوت میں زیادہ دے آیا .

۱۸۷۱ گلشن عشرت ، ۱۰

پوت (لگان) ان کی گھر گرستی کوڑیوں کے مول بکوا کر وصول نہیں کرسکتے .

۱۹۲۹ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۴ ، ۳۰ : ۳

۲. **(قانون) مزروعہ کھیتوں کا اقرار نامہ (فرہنگ آصفیہ ؛ اردو قانونی ڈکشنری ، ۱۳۹) .**

۳. **سرکاری خزانہ ، روپوں کی تھیلی ؛ گانو کا روپیہ جو خزانے میں بھیجنے کے لیے تھیلی میں ڈالا جائے (جامع اللغات) .**

[ہ : پوت **पोत**]

ــ لینا محاورہ .

لگان پر یا بٹائی پر زمین حاصل کرنا .

مہاراجا کے پاس جاؤ ، منت خوشامد کر کے زمین ان سے پوت پر لو .

۱۹۰۵ حورعین ، ۱ : ۹

پوت (۵) (و مج) امذ .

گندگی ، اپلا ، پاخانہ ، گوبر ، فضلہ (پلیٹس) .

[س : پوتکہ **पतिक**]

پوت (۶) (و مج) امذ ؛ ~ پوتھ .

۱. **ریشمی بنارسی کپڑا جس کی بناوٹ میں سنہرے روپہلے تاروں کا کام ہوتا ہے .**

ساریاں ، دوپٹے ، پوت کے تھان ، کشمیری شال . . . اطراف ہند میں پائے جاتے ہیں .

۱۹۴۳ جنت نگاہ ، ۶۷

۲. **تانے یا بانے کے تاروں کا مجموعی نام .**

ہاتھ سے چھوٹی کھال بالکل اسی طرح نرم کرتے ہیں جس طرح کپڑے کا کلف توڑ کر اس کا پوت دیکھتے ہیں .

۱۹۴۲ نباتی دباغت ، ۵۳۱

[ہ : پوت **पोत**]

پوت (۷) (و مج) امذ .

پوتا (۱) (رک) کی تخفیف (بطور سابقہ مستعمل) ، پوت داماد وغیرہ (علمی اردو لغت) .

ــ بہو (ــ فت ب ، و مع) امث ~ پوت بہو .

پوتے کی بیوی ، بیٹے کے بیٹے کی جورو .

رشتے میں بزرگ اور سن میں اس قدر خرد کہ پوت بہو کے برابر ہو .

۱۹۰۸ آفتاب شجاعت ، ۱ ، ۵ : ۸۳۹

[پوت + بہو (رک)]

پُوتا (و مع) امث .

تلسی اور نیلی دوب (خزائن الادویہ) .

[مقامی]

پوتا (۱) (و مج) امذ ؛ ~ پوترا .

بیٹے کا بیٹا ، پسر زادہ ، نبیرہ ، پوتے کی اولاد یا ذریّت نرینہ ، (مجازاً) کسی کی نسل یا نسب .

نہ تھا جد بھی جد تد یو پوتا اتھا
اپس پنت اپس جد کسی جوتا اتھا

۱۶۷۵ گلشن عشق ، ۱۱

ہاتھ جوڑ کر کہنے لگا ، حضرت آپ میرے دادا اور میں آپ کا پوتا ہوں .

۱۸۶۹ غالب (غالب کا روزنامچہ ، ۱۴)

کیا تو نادر شاہ کا پوتا ہے یا بہادر شاہ کا نواسا ہے .

۱۹۱۰ خواب ہستی ، ۳۷

[س : पोत्र पौत्र]

پوتا (۲) (و مج) امذ .

(کاشتکاری) پٹّی یا اکارت زمین کا رسمی لگان .

پرانی تلیا جو تمہاری جوت میں ہے اس کا پوتا معاف کر دوں گا .

۱۹۰۲ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۲ : ۴۵

[س : पुट्ट पुट्ट : پُٹّہ]

ــ داری امث .

کاشت کی زمین لگان یا ٹھیکے پر لینا .

اس روپیے کی بدولت اس نے عاملوں سے پوتاداری کے ذریعے زر کثیر پیدا کیا .

۱۹۵۶ بیگمات اودھ ، ۱۳۱

[پوتا + داری (رک)]

پوتا (۳) (و مج) امذ .

۱. کپڑے یا مونج وغیرہ کا بنا ہوا پچارا جس سے دیوار وغیرہ کی پُتائی کرتے ہیں ، کوچی ، برش (اپ و ، ۱ : ۱۱۲) .

۲. (مصوری) تیار تصویر پر (جو قلم سے بنائی گئی ہو) رنگ کی حفاظت کے لیے خاص قسم کا تیار کیا ہوا پچارا (اپ و ، ۳ : ۱۶۹) .

[س : پست + کہ : पुस्त + क]

ــ پھیرنا محاورہ .

۱. دیوار پر پنڈول یا سفید مٹی کا پچارا یا کوچی پھیرنا (فرہنگ آصفیہ) .

۲. تمام مال لوٹ کر لے جانا ، صفایا کر دینا (فرہنگ آصفیہ) .

ــ مٹّی

سفید مٹی ، پنڈول (نوراللغات) .

[پوتا + مٹی (رک)]

پوتا (۴) (و مج) امذ .

رک : پوت (۴) (پلیٹس) .

[० : पोता पोता]

پُوتائی (ضم پ ، غم و) امث .

رک : پتائی .

مرمت مکان کی . . . یعنی پوتائی دیواروں اور چھت کا جالا اور دیمک چھڑانا .

۱۸۸۶؟ دستورالعمل مدرسین دیہاتی ، ۵

[پوتنا (رک) سے]

پوِتر (فت پ ، کس و ، سک ت) صف ؛ ~ پوِتّر .

۱. **پاک ، صاف ، (عیب و گناہ سے) مبرّا ، جو ظاہری یا باطنی گندگی یا نجاست میں آلودہ نہ ہو ، منزہ ؛ مقدس .**

جب تک وہ اپنے رنڈاپے کے کپڑے گنگا میں نہیں ڈالتی تب تک پوتر نہیں ہوتی .

۱۸۶۸ رسوم ہند ، ۵۶

بھگوان کا دیا سب کچھ ہے ، چار کو کھلا کر کھا سکتی ہوں ، من پوتر چاہیے .

۱۹۳۶ پریم چند ، زادراہ ، ۱۰

بنارس . . . ایک پوتر استھان کی حیثیت سے بھی مشہور ہے .

۱۹۷۰ خاکم بدہن ، ۱۵۸

۲. **پاک و صاف کرنے کا منتر یا ایک قسم کی ہوجا ؛ زنار ؛ کوئی دیوتا جیسے : اگنی (پلیٹس) .**

۳. **پاک مقدس گھاس ، کوشا گھاس ، لاط : Poacy-nosuroides (پلیٹس) .**

[س : पवित्र पवित्र : پوتر]

ــ آتما (ــ سک ت) امذ ؛ امث ؛ ~ پُوت آتما .

صاف دل ، پاک نیت ، نیک ، مخلص ، سچا ؛ مقدس روح ؛ پاک شخص ، پوتر آدمی ، سنت ، سادھو ، درویش ، ولی (جامع اللغات) .

[پوتر + آتما (رک)]

پوتّر (۱) (و مج ، سک ت) امذ .

سور کی تھوتھنی ؛ ہل کی پھالی (پلیٹس) .

[س : पोत्र पोत्र : پوتر]

پوتر (۲) (و مج ، سک ت) امذ .

رک : پوتا ؛ پوترا (پلیٹس) .

[س : पोत्रा پوترا]

پوِتْرا (۱) (فت پ ، کس و ، سک ت) امث .

کوئی مقدس عورت ؛ متبرک گھاس ، لاط : Ocymum sanctum .

[س : पवित्रा پوترا]

پوِتْرا (۲) (فت پ ، کس و ، سک ت) امذ .

پاکی یا طہارت کا ذریعہ ؛ کوسا گھاس کا گٹھا (جو ہندو صفائی کے لیے استعمال کرتے ہیں) ، زنار ؛ جنیؤ (پلیٹس) .

[س : پوترکہ पवित्रक:]

پوتْرا (۱) (و مج ، سک ت) امذ .

رک : پوتڑا (پلیٹس) .

پوتْرا (۲) (و مج ، سک ت) امذ ؛ امث : پوتری .

پوتا ، بیٹے کا بیٹا ، نیز پوتے کی اولاد یا ذریت نرینہ .

بٹھا تخت پر پوترا حیدری حنف شاہ چچا نے دیا سروری

جنگ نامہ سیوک ، ۹۶ ۱۶۸۱

دادا کہے پوترا یو میرا ہے اس سوں پکڑ میرا گھنیرا

من لگن ، ۴۳ ۱۷۰۰

نام اس کی ماں کا اروی ہے پہچان
پوتری ہے اس کی وہ بھی اے میاں

تحفۃ الاحباب (ق) ، ۷۵ ۱۷۹۲

[س : پوتر पोत्र]

پوتْران جیوا (ضم پ ، غم و ، سک ت ، ی مع) امذ ؛ ~ پتر جیو.

انگدی سے ملتا جلتا ایک بڑا اور خوبصورت پیڑ جو ہمالیہ سے لے کر سنہل تک پایا جاتا ہے ، اس کی لکڑی سخت اور مضبوط ہوتی ہے یہ چیت بیساکھ میں پھولتا ہے . اس کے پھل بھی انگدی کے پھل جیسے ہوتے ہیں بیجوں سے تیل بھی نکلتا ہے جو جلانے کے کام آتا ہے چھال بیج اور پتے دوا میں استعمال ہوتے ہیں سوکھے بیجوں سے مالا بنا کر بہت سے سادھو پہنتے ہیں ، لاط : Putranjiwa roburghii (پلیٹس ، ماخوذ : شبد ساگر) .

پوتران جیوا کے بیج نظر بد سے حفاظت کے لئے مالے کے طور پر گلے میں ڈالے جاتے ہیں .

مصرف جنگلات ، ۳۲۵ ۱۹۰۷

[رک : پتر (۱) کا تحتی پتر جیو]

پوِتْرتا (فت پ ، کس و ، سک ت ، ر) امث ؛ ~ پوِتّرتا .

پاکی ، صفائی ، پاکیزگی ، تقدس .

پرانے زمانے میں تو ہم کسان لوگ کسانی میں زمین کی پوترتا اور سیوا کا بے انتہا لحاظ کرتے تھے .

گنے کی کاشت ، ۹ ۱۹۳۶

[س : पवित्रता پوترتا]

پوتری (و مع ، سک ت) امث .

(آنکھ کی) پتلی ، مردم چشم .

نین میں جلوہ گر کیا پوتری ہے
نمایاں شیشہ کے اندر پری ہے

تصویر جاناں ، ۲۵ ۱۷۷۳

[ہ : پوتری पुतरी]

پوتْری (و مج ، سک ت) امذ .

تھوتھنی والا سور ، خنزیر (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : پوتری पोत्री]

پوتڑا (و مج ، سک ت) امذ .

۱. وہ کپڑا جو بچے یا بیمار کے کولہوں کے نیچے پیشاب پاخانے کی احتیاط کے لیے بچھاتے ہیں (جامع اللغات) .

۲. کپڑے کا تکونا ٹکڑا جو شیر خوار بچے کے چوتڑوں پر لنگوٹی کی طرح باندھتے ہیں تاکہ پاخانہ پیشاب کرنے پر تبدیل کر دیا جائے اور بستر وغیرہ خراب نہ ہو .

بچے کے ڈھنگ سے پوتڑا بھی نہیں باندھا گیا .

اخوان الشیاطین ، ۳۴۰ ۱۹۳۲

۳. (تحقیراً) نہایت چھوٹا کپڑا یا کپڑے کا ٹکڑا .

دو چار بکس چیڑ کے ، ہمراہ ہے کڑے
گبھے لحاف تو شکیں دس بیس پوتڑے

دیوانجی ، ۳ : ۲۱۲ ۱۹۰۵

[س : پوت पोत (= کپڑا) + ڑا ، لاحقۂ تصغیر]

پوتڑوں (و مج ، سک ت ، و مج) امذ ؛ ج .

پوتڑا (رک) کی جمع (تراکیب میں مستعمل) .

ـــ کا صف .

پیدائشی ، خاندانی ، سدا کا ، بچپن سے ، آنکھ کھول کر ریاست یا تہذیب و ثقافت کے ماحول والا .

یہ پشتینی زبان داں اور پوتڑوں کے اردو داں ہیں .

مغل اور اردو ، ۸۱ ۱۹۳۳

ـــ کا امیر/رئیس/نواب (ـــ فت ا ، ی مع /فت ر ، ی مع /فت ن) امذ .

پیدائشی امیر ، خاندانی رئیس ، امیر زادہ .

مجھے چھوڑ کر کہاں جائے گا تو تو پوتڑوں کا رئیس ہے .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۸۱

نہ ملا غدر میں کفن بھی انھیں
تھے جو دلی میں پوتڑوں کے امیر

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۵۲

مجھے کیا خبر ، پوتڑوں کے نواب ہیں ، سینکڑوں گاؤں خدا نے دے رکھے ہیں .

۱۹۱۰ راحت زمانی ، ۵۶

ـــ کا دَلِدّری (ـــ فت نیز کس د ، ل ، شد د بفت) صف .

سدا کا کنگال ، بڑا مفلس ، ہمیشہ کا غریب (منیرالبیان ، ۱۷ ؛ نوراللغات) .

پوتڑے (و مج ، سک ت) امذ .

پوتڑا (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .

ـــ بدلنا محاورہ .

بیمار کے نیچے کے کپڑے تبدیل کرنا (علمی اردو لغت ؛ نوراللغات) .

ـــ دُھلوانا محاورہ .

بہت زیادہ خدمت لینا ؛ گھٹیا کام کرانا .

بہو سے پوتڑے دھلوائے جن کی ساس اے باجی
وہ کیا جانے نئی دو روز کی بیاہی دلہن دھونا

۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۲۲۱

ـــ دھونا محاورہ .

۱. پوتڑے صاف کرنا .

سینے پہ جنگ تا گا پروئے پہ جنگ ہے
پانی پہ جنگ پوتڑے دھوئے پہ جنگ ہے

۱۹۳۵ سنبل و سلاسل ، ۶۹

۲. ذلیل کام کرنا (علمی اردو لغت) .

پوتک (و مج ، فت ت) امذ .

نوجوان جانور ؛ جوان پودا ، پنیری ؛ جوان آم ، نورس آم ؛ مکان کی بنیاد (پلیٹس) .

[س : पोतक : پوتک]

پوتک (و مع ، کس ت) امذ .

ایک پھلی دار پیڑ جس کے بیج گول ہوتے ہیں اور بچے اس سے گولی کھیلتے ہیں ؛ لاط : Guilandina bonducella (پلیٹس) .

[س : पूतिक : پُوتِک]

پُوتِکا (و مع ، کس ت) امث .

۱. سونف ، لاط : Basella Lucida (پلیٹس) .

۲. قطبی بلی ؛ مشک بلاؤ یا اس سے حاصل شدہ مشک (پلیٹس) .

[س : पूतिका : پوتکا]

ـــ مُکھ (ـــ ضم م) امذ .

سیپی ، کوڑی (پلیٹس) .

[پوتکا + مُکھ (رک)]

پوتِکا (و مج ، کس ت) امث .

۱. رک : پُوتِکا معنی نمبر ۱ (پلیٹس) .

۲. کسی جانور کی جوان مادہ (پلیٹس) .

[س : पोतिका : پوتکا]

ـــ شُدھ (ـــ فت ش) امذ .

دیو دار ، سرل دیو دار (خزائن الادیہ ، ۷ : ۱۹۴) .

[پوتکا + شُدھ ؟]

پوتکی (و مج ، فت ت) امث .

۱. رک : پُوتکا معنی نمبر ۱ (پلیٹس) .

۲. چڑیا کی ایک قسم ، لاط : Turdus Macrourus (پلیٹس) .

[س : पोतकी : پوتکی]

پوتلا (و مج ، سک ت) امذ (قدیم) .

پتلا (رک) .

نہ لا شک وہی پوتلا کر خیال
لگے پھیرنے خوش سو او دنبال

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۳۲

ویا پوتلے سب نیا کاٹھ کے
سپاہی کے ہر گھاٹھ اور ٹھاٹھ کے

۱۸۴۴ مثنوی اپورب کشن کنور ، ۳۶

پوتلی (و مج ، سک ت) اسف (قدیم) .

۱. رک : پتلی (آنکھ کی) (قدیم اردو کی لغت) .

۲. پتلی ، (مجازاً) حسین عورت .

کنیل پوتلی یا پوتلی گھانٹ سار
سُوگے دُم یا سُوگے لنگار

۱۵۹۹ کتاب نورس ، ۱۰۰

جو کھولن لگے نقطے پر ٹھارتے
بلیاں سن چتر پوتلیاں ٹھارتے

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۱۶۷

پوتلیاں کھیلنا محاورہ (قدیم) .

پتلیوں کا تماشا دیکھنا .

جگت کے نین پائے نور تیرے حسن پانی تھے
اوسی تھے کھیلتے ہیں پوتلیاں ہم عید ہم نوروز

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲۶

پوتنا (و مج ، سک ت) اسث .

۱. ایک بیماری جو بچوں کو ہوتی ہے اور وہ سوکھ کر مر جاتے ہیں (ہندو عقیدے کے مطابق یہ بیماری اسی نام کی ایک بد روح کے ذریعہ پھیلی جسے ننھے کرشنا کو ہلاک کرنے کے لیے کنس نے بھیجا تھا) ، سوکھا (پلیٹس) .

۲. ہلیلۂ زرد ، ہڑ ، لاط : Terminalia chebula or citrina (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : पूतना]

پوتنا (و مج ، سک ت) ف م .

۱. قلعی کرنا ، آبک پاشی کرنا ، سفیدی کھریا یا کسی قسم کے رنگ کے پانی سے دیواروں کو اُجالنا .

ہر روز خانہ جانور کو کل روز سے پوتا کریں .

۱۸۸۳ صید گاہ شوکتی ، ۱۷۷

اس نے مجھے اس کوٹری کا کچھ حصہ پوت کر دکھایا .

۱۹۵۷ ناقابل فراموش ، ۱۹۱

۲. (زمین یا دیوار کو) گیلی مٹی یا گارے سے لپ کر ہموار کرنا ، لیپنا .

اندر سے ذنب کو لیپ پوت کر برابر کیا .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۵۵۵

زمین کو پوتا جاتا ہے تاکہ مٹی بیٹھی رہے .

۱۹۵۷ نا قابل فراموش ، ۱۹۱

[س : पुस्त سے]

پوتنی (و مج ، سک ت) اسث .

(ٹھگ) کپڑوں کی دھلائی کی اُجرت (اپ و ، ۸ : ۱۷۷) .

[مقامی]

پوتوں (و مج ، و مج) امذ ؛ ج .

پوت (۱) (رک) کی جمع (تراکیب میں مستعمل) .

— پھلنا اور دودھوں نہانا محاورہ .

اولاد یا نسل کی ترقی ہونا ، لڑکے بالے کثرت سے پیدا ہونا .

پوتوں پھلنا تجھے اور دودھوں نہانا ہو نصیب
بیاہ ہو سونے کے سہرے سے تری عمر دراز

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۹۵

— پھلو (— پھلے/پھلیں) (اور) دودھو نہاؤ/نہائے/نہائیں دعائیہ کلمہ .

بچوں سے گود یا گھر بھرا رہے اور شاد و آباد رہو خدا آل اولاد اور مال و دولت سے نوازے .

سکھ مانگ کا اور کوکھ کا پائے مری بی بی
پوتوں پھلے اور دودھوں نہائے مری بی بی

۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۱ : ۸۲

الٰہی میرا گیسوؤں والا رہتی دنیا تک رہے . . . پوتوں پھلے دودھوں نہائے .

۱۸۷۹ بوستان خیال ، ۶ : ۲۶

رکھو ہمیں یاد یا بھلاؤ پوتوں پھلو دودھوں تم نہاؤ

۱۸۸۲ مادر ہند ، ۳۳

ڈیوڑھی میں قدم رکھتے ہی دعائیں دینی شروع کر دیتی ، اللہ سلامت رکھے ، بچے جئیں دودھوں نہاؤ ، پوتوں پھلو .

۱۹۶۲ ساقی ، جولائی ، ۳۵

— والا ہو کر مرنا محاورہ .

بہت عمر والا ہو کر مرنا ، صاحب نصیب یا بھاگوان ہو کر مرنا (مخزن المحاورات ، ۱۷۶) .

پوتہ (و مج ، فت ت) امذ .

کیسۂ خایہ ، رک : فوطہ (پلیٹس) .

[ف]

پوتی (۱) (و مج) اسث (قدیم) .

رک : پوتھی (۱) .

ہوتی تھی سوکھوٹی بھئی پنڈت بھیا نکوٹے
ایکھی اچھر پیم کا پھیرے سو پنڈت ہوے

۱۶۳۵ سب رس ، ۱

بھٹان کوں بھشٹ جان اے یار جانی
کہ سنپڑیا نیں ہے کچھ ہوتی میں پانی

۱۷۱۷ بحری ، ک ، ۲۲۵

جو کوئی ہے گیان کا جوتی ، کھولے گی بواوسے ہوتی
نہیں تو عقل یہاں روتی نہ آدی اور نہ ساری کا

۱۸۱۴ دیوان الاالله شطاری ، ۱

ہوتی (۲) (و مج) امث .

سرخ روئی ، سرخ رنگ میں بھیگی ہوئی روئی ، ہوتا (=کوچی ، برس) (رک) کی تصغیر (پلیٹس) .

[س : پسٹ + اِکا पुष्ट + इका]

ہوتی (۳) (و مج) امث .

۱. **کسی جانور کی نوجوان مادہ** (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

۲. **نوجوان بتھنی** (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : پوت + اِکا पोत + इका]

ہوتی (۴) (و مج) امث .

ہوتا (۳) (رک) کی تصغیر ، بیٹے کی بیٹی (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : پوتری पौत्री]

ہوتے (و مج) امذ .

ہوتا (۱) (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت ، (تراکیب میں مستعمل) .

— ہروتے/ہڑوتے (— فت پ ، و مج) امذ .

ہوتا ، پر ہوتا یا اس کی اولاد ، اولاد کی اولاد .

آپ تو واجد علی شاہ کے ہوتے پروتے ہیں .

۱۸۷۸ نوابی دربار ، ۲۸

جب اس کے ہوتے پڑوتے راجہ ابھے مان پر ریاست کی نوبت آئی تو . . . شہر پر ایک بلا نازل ہوئی .

۱۸۹۷ کارنامۂ جہانگیری ، ۱۰۹

[رک : ہوتا + پروتا/پڑوتا (رک)]

ہوتیا (و مج ، کس ت) امذ .

لباس غسل ، نہانے کے وقت جو کپڑا باندھا جائے ، انگوچھا ، لنگوٹ ؛ دوسرا جس کی باری ہو ؛ ایک کھلونا ، پوستی (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

ہوتے دار (و مج) امذ .

خزانچی ، خازن ، تحویل دار .

خزانچی کو ہوتے دار کہا جاتا ہے .

۱۹۴۰ جائزہ زبان اردو ، ۱ : ۲۴۹

[رک : ہوتا (۳) + دار ، لاحقۂ صفت]

ہوتے کا بُرش (و مج ، ضم ب ، سک ر) امذ .

تصویر پر روغنی رنگ بھیرنے کا برش ، ہوتا ، بچارا (اپ و ، ۳ : ۱۶۹) .

[رک : ہوتا (۳) + برش (رک)]

ہوتھ (و مع ، سک تھ) امذ .

بالو ، ریت کا اونچا ٹیلا یا ڈھیر (شبد ساگر) .

[س : ہوتھ पथ]

ہوتھ (۱) (و مج) امذ

۱. رک : ہوت (۲) .

انگوٹھیاں ، اکے ، ٹونگے ، ہوتھوں کے لچھے . . . یہاں کی سوغاتیں لے لوا چلنا شروع کیا .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۱۰۳

سلائی پر خانے ڈالنے سے پہلے ریشم میں ہوتھ پرولیا جاتا ہے .

۱۹۳۵ اونی کام سلائیوں سے ، ۷۲

۲. **(مجازاً) کنکر ؛ ذرہ ؛ حقیر چیز .**

آج تو اے رو سیاہ اس (روح) کو لایا ہے مگر ہوتھ سے برتر اور ٹھیکری سے کم تر .

۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۳۳

دریائے نا پیدار کنار میں کود پڑے اور موتی اور ہوتھ جو کچھ ہاتھ لگا نکال لائے .

۱۹۰۰ لکچروں کا مجموعہ ، نذیر ، ۲ : ۲۷۳

— کاری امث .

(سوزن کاری) باریک موتیوں کی کڑھائی ؛ کپڑے پر موتیوں کے پھول بوٹے کا کام (اپ و ، ۲ : ۱۷۱) .

[ہوتھ + کاری ، لاحقۂ کیفیت]

ہوتھ (۲) (و مج) امذ .

۱. رک : ہوت (۶) .

گلابی ہوتھ کا پاجامہ اور پستئی جالی کا دوپٹا .

۱۹۶۲ معصومہ ، ۱۸۷

۲. **(قالین بافی) قالین کا پورے عرض کا ایک بنالا "چن" کہلاتا ہے ، ہر چن کے بعد ایک بھانجوان ڈورا بانے کے طور پر ڈالتے ہیں ، اسے "تنگ" کہتے ہیں اور کچا تار جو روئیں کے درمیان بھرا جاتا ہے "ہوتھ" کہلاتا ہے** (اپ و ، ۲ : ۱۰۷) .

پوتھ (۳) (و مج) امذ .

(کاشتکاری) وہ اراضی جو کنکریلی ڈھالو ٹیلے دار اکارت اور ناقابل زراعت رہے ، پاکھر (ا پ و ، ٦ : ٣٩) .

[؟]

پوتھ (۴) (و مج) امث ؛~ پوٹ .

(باغبانی) گول گانٹھ کی شکل کی جڑ ، گٹھیلی جڑ ، پوٹ (ا پ و ، ٦ : ١٣١) .

[ہ : پوتھ]

پوتھ (۵) (و مج) امذ .

رک : پوت (۲) (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۳۸) .

پوتھ (۶) (و مج) امث .

کلائی میں پہننے کا ایک زیور ، رک : پوت (۲) .

کسی کے ہاتھ میں تھی پوتھ پڑی
کسی کے کان سوتیوں کی لڑی

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۱۲۸

چوڑی بنگڑی کی اک طرف جھنکار
نو گرھی ، پوتھ ، انگوٹھی ، چھلے ، ہار

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۸۱

پوتھ (۷) (و مج) امذ .

رک : پوت (۳) (پلیٹس) .

— پورا کرنا محاورہ .

رک : پوت پورا کرنا .

ادھر ادھر سے قرض وام لے کر انھوں نے پوتھ پورا کیا .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۳ : ۳۷

— پورا ہونا محاورہ .

رک : پوت پورا ہونا .

ہزار دو ہزار میں بھی اگر پوتھ پورا ہوگیا تو سمجھو سستے چھوٹے .

۱۹۲۸ آخری شمع ، ۱۸

پوتھ (و مج ، فت تھ) امذ .

گلے میں پہننے کا ایک زیور .

ماتھے پر تلک لگائے گلے میں سیاہ پوتھ پہنے .

۱۹۵۶ آگ کا دریا ، ۵۱

[س : پُٹ]

پُوتھا (و مع) امذ .

رک : پُوتھ (شہد ساگر) .

پوتھا (۱) (و مج) امذ .

پوتھی (رک) کا مکبر ؛ بڑے حجم کی کتاب جس کے لانبے ورق علیحدہ علیحدہ لکھ کر یکجا کر کے سی دیے گئے ہوں ، بڑی کتاب (نوراللغات) .

پوتھا (۲) (و مج) صف .

مجموعہ ، گانٹھ ، پوٹ ، رک : پوتھ (۴) .

کہت کیا تھا ، مغلظات کا افسانہ اور نجاست کا پوتھا تھا .

۱۹۲۲ گوشۂ عافیت ، ۱ : ۲۱۳

پوتھاس (و مج) امذ .

جڑیلے پودے .

جڑ اور کئی طریقوں سے پودے کی مدد کرتی ہیں (کذا) مثلاً پوتھاس میں جڑیں اوپر چڑھنے میں مدد کرتی ہیں .

۱۹۶۲ مبادی نباتیات ، ۲۵

[پوتھ + ا س ، لاحقۂ کیفیت]

پوتھی (۱) (و مج) امث .

۱. (i) کتاب ، پستک ، چھوٹی کتاب .

پوتھی خیال یار کی آئی ہے جب سیں ہاتھ
دل کے ورق پہ تب سیتی لکھتا ہوں غم کی آنک

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۲۹۹

پوتھیوں کی عبارت کا ٹھیک پڑھنا اسی پر موقوف ہے .

۱۸۰۵ آرائش محفل ، افسوس ، ۴۰

ہماری جو پرانی پوتھیاں تھیں وہ ان ریت کے ٹیلوں کے نیچے دب گئیں .

۱۹۳۷ فرحت ، مضامین ، ٦ : ۹۲

(ii) موسیقی کی کتاب .

اچھے گویوں کو جو باتیں نہیں معلوم وہ تم جانتے ہو کیا کوئی پوتھی دیکھ لی ، تھوڑے دنوں میں اچھے اچھے گویئے تمہارے سامنے کان پکڑینگے .

۱۹۲۱ خونی شہزادہ ، ۴۴

(iii) ہنود کی (کوئی سی) مذہبی یا مقدس کتاب .

کہیں لفظ و کہیں معنی کہیں حرف
کہیں پوتھی کہیں قرآں ہوا ہے

۱۷۳۳ دیوان زادہ حاتم ، ۳۴

در پہ حرم کے کشود نہیں تو دیر میں جا کر کافر ہو
قشقے کھینچو پوتھی پڑھو زنار گلے سے بندھاؤ تم
۱۸۱۰ میر ، ک ، ۷۹۵

دھری رہ جائے گی گاندھی کی پوتھی
پڑی گر کان میں قرآن کی للکار
۱۹۳۱ چمنستان ، ۲۲۳

(iii) جوتش (نجوم) کی کتاب ، نیز زائچہ .
اپنی اپنی عقل کی آزمائی پوتھی اور قرعے کی رو سے دریافت کرو .
۱۸۰۱ آرائش محفل ، حیدری ، ۳

مقدر میں نہیں کیا وصل جب پوچھا تو کہتے ہیں
بلاؤ تم کسی پنڈت کو یہ دکھواؤ پوتھی میں
۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۶۲

۲. (دکانداری) جمع خرچ کے متارق کاغذ جو نتھی کرکے بطور مسودہ محفوظ رکھے جائیں ، کچا کھاتا ، نا مکمل حساب (ا پ و ، ۷ : ۳۹) .

[س : पुस्ती]

— بچارنا محاورہ .

(جوتش) رک : پوتھی کھولنا .
دیکھیں تو خط عارض ان برہمن بچوں کے
کھل جائے گی حقیقت پوتھی بچارنے پر
۱۸۷۸ سخن بے مثال ، ۲۹

پوتھی بچاریں ، فال نکالیں ، ورش پھل بتائیں .
۱۹۵۳ اپنی موج میں ، ۷۹

— خانہ (— ف ت ن) امذ .

کتب خانہ ، لائبریری .
چند تصویریں مہاراجا جے پور کے پوتھی خانے سے حاصل کیں .
۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۱۷۳

[پوتھی + خانہ (رک)]

— (میں) دکھوانا

(جوتش) پوتھی دیکھنا (رک) کا تعدیہ .
مقدر میں نہیں کیا وصل جب پوچھا تو کہتے ہیں
بلاؤ تم کسی پنڈت کو ، یہ دکھواؤ پوتھی میں
۱۹۰۵ داغ (مہذب اللغات ، ۳ : ۱۱۳)

— دیکھنا محاورہ .

(جوتش) رک : پوتھی کھولنا .

سچ بتا دیکھ کے پوتھی تجھے گنگا کی قسم
وصل اس بت سے مرا ہوگا برہمن کب تک
۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۷۶

دیکھ کر پوتھی برہمن کہتے ہیں اس عہد میں
شادی تو آساں نہیں ہاں بیاہ جو چاہے کرے
۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۴۲۳

— کھلوانا محاورہ .

(جوتش) پوتھی کھولنا (رک) کا تعدیہ .
مسلماں ہی نہیں ہیں کچھ ترے مشتاق اے کافر
کہ کھلواتے ہیں بتخانے میں بت پوتھی برہمن کی
۱۸۷۲ مظہر عشق ، ۱۵۰

— کھلوائی (— ضم کھ ، سک ل) امث .

جوتشی سے زائچہ بنوا کر آئندہ کا حال معلوم کرنے کی اُجرت .
اہلیل گھوڑے سے اتر کر برہمن کے پاس آیا اور پانچ روپے پوتھی کھلوائی سامنے رکھے .
۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۷۷۷

— کھولنا محاورہ .

(جوتش) جوتشی کا زائچہ بنا کر آئندہ کا حال بتانا .
اس نے پوتھی کھول . . . کہا تمہاری بی بی پر سحر ہوا ہے .
۱۸۶۲ شبستان سرور ، ۳ : ۷۷

پوتھی (۲) (و مج) امث .

لہسن کی گرہ یا گانٹھ جس میں جوے ہوتے ہیں .
فی بیگھہ پختہ تین سیر پوتھی لہسن کی بوئی جاتی ہے .
۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۱۷۶

نمک ڈھائی تولہ ، لہسن دو پوتھی ، پیاز چار گنٹھی .
۱۹۰۶ نعمت خانہ ، ۱۷

[س : पोतिका]

پوتھی (۳) (و مج) امث ؛ ~ پوتھیا ، پوٹیا .

(باغبانی) جڑ ، جڑونڈا گول گٹھیلی جڑ کا پودا ، پوٹیا .
سفید روئی کی گیندیں . . . کوڑے کرکٹ ، گھاس پھوس ، پتیوں پوتھیوں سے بالکل پاک صاف نکھری ، نکھری .
۱۹۶۶ جدید کاشتکاری ، ۹۶

پوتھی (۴) (و مج) امث .

رک : پوت (۴) معنی نمبر ۳ ، تھیلی ، رک : پوتھیا .

پوتھیا (۱) (و مج ، سک تھ) امذ .

رک : پوتھی (۳) (ا پ و ، ۶ : ۱۳۱) .

پوتھیا (۲) (و مج ، سک تھ) صف .

پوتھی (۲) سے منسوب .

بعض میں ایک ہی پوتھی بطور پیاز کی گانٹھ کے ہوتی ہے ، اسے ایک پوتھیا کہتے ہیں .

۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، ۶ : ۱۰۱

[س : پُٹ]

پوتھیا (۳) (و مج ، سک تھ) امذ .

رک : پوت (۴) معنی نمبر ۳ ؛ تمباکو کی تھیلی جسے گنوار پگڑی میں رکھ لیتے ہیں (نوراللغات) .

پوٹ (کس پ ، فت و) امذ .

چول ، محور ، مدار .

مثال کے طور پر ایک ڈائل (Dial) والے آلے میں اگر پوٹ (Pivot) مرکز میں نہ لگا ہو تو مختلف پیمائشوں میں ایک با ترتیب غلطی نمودار ہو جاتی ہے .

۱۹۶۷ مادّے کے خواص ، ۲ : ۹۱

[انگ : Pivot]

پوٹ (۱) (و مج) اسث .

۱. (i) **گٹھڑی ، گٹھڑ ، بقچہ ، بنڈل ، پشتارہ .**

آٹے کی پوٹ اس کے سر پر رکھی اور لے چلا .

۱۸۲۴ سیر عشرت ، ۱۱۷

(ii) **(مجازاً) ڈھیر ، انبار ، مجموعہ .**

اگرچہ اس کی کہانیوں میں رنگینی نہیں ہے ، مگر وہ اخلاقی مضامین کی پوٹ ہیں .

۱۸۹۴ اردو کی پانچویں کتاب ، اسمٰعیل میرٹھی ، ۱۶

وہ کچی اینٹیں ڈھوتے جاتے تھے اور خوش ہو ہو کر یہ شعر پڑھتے تھے . . . اور یہ پوٹیں مٹی کی ہیں مگر چونکہ اللہ کی راہ میں اٹھائی جاتی ہیں . . . ان پوٹوں سے کہیں بہتر نظر آتی ہیں .

۱۹۵۸ ذکر حبیب ، ۴۳

۲. **کپڑے کے تھانوں کی بندھی ہوئی بڑی بھنگی ، گانٹھ ، پلندا ، بوغ بند ، بقچہ ، گٹھڑ .**

کپڑوں کی گٹھری باندھے . . . پوٹ لیے براجتے ہیں .

۱۸۰۲ پدم ساگر ، ۳۸

۳. **ایک کپڑا جس میں اناج باندھتے ہیں** (جامع اللغات) .

۴. **ان دو چادروں میں سے ہر ایک جن میں مردے کو لپیٹتے ہیں ، لفافہ ، پوٹ کی چادر .**

وہ سراپا ہوں خطاوار کہ کہتی ہے لحد
پوٹ میں مردہ نہیں آیا خطائیں آئیں

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۱۶۰

۵. **(مجازاً) نالی ، پرنالہ ، جھیل ، تالاب .**

ہوئی ہے مرد مک مانند ماہی
پپوٹے آنکھ کے پانی کی ہیں پوٹ

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۴۸

۶. **فوّارہ ، سیل آب ؛ گرہ .**

عرق بن کر جو لیتا ہے رخ محبوب کے بوسے
اسے پانی کی پوٹ اے دیدۂ نمناک ہونا تھا

۱۸۷۳ کلیات منیر ، ۳ : ۲۱۸

۷. **کثرت ، افراط ، بہتات** (جامع اللغات) .

۸. **رک : پاٹ .**

تر دامنی سے اپنی برابر ہے مرتبہ
دریا کی پوٹ اور مرے دامن کے پاٹ کا

۱۸۷۳ دیوان فدا ، ۶۲

[س : پُٹ]

— کی پوٹ (— و مج) .

(الف) م ف .

ڈھیروں ، بہت سی ، تعداد یا مقدار میں زیادہ .

پوٹ کی پوٹ آپ کی تصنیفات جو آپ نے باندھ باندھ کر رکھ چھوڑی ہے ، سب اٹھا لاؤں گا .

۱۸۹۶ خطوط سرسید ، ۲۱۵

بہت سے مجرم اپنی سیاہ کاریوں کی پوٹ کی پوٹ لے کر آئے .

۱۹۴۳ مضامین عبدالماجد ، ۱۲

(ب) اسث .

جسم وغیرہ جو کسی وجہ سے گٹھڑی نما ہو گیا ہو .

ایک آدمی کی پوٹ لڑک (لڑھک) کر سب کے سامنے آن پڑی .

۱۹۰۴ خالد ، ۱۳۲

— کی چادر (— فت) اسث .

رک : پوٹ (۱) معنی نمبر ۴ .

ایسے مظلوم نہ ہونگے شہدا تا محشر
پوٹ تک کی نہ ہو جب ان کو میسر چادر

۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۱۹ : ۲۳

میت کا ڈیل ڈول اور قد و قامت تو بتائیے جس کے انداز پر کفنی اور پوٹ کی چادر وادر پھاڑوں .

۱۹۳۳ فراق دہلوی ، لال قلعے کی ایک جھلک ، ۶۲

ـــ گَل (ـــ ف ت گ) امذ.

ایک قسم کا سرکنڈا، بانس، نے، لاط: Arundo tibialis
ایک قسم کی گھاس، لاط: Saccharum spontaneum
جنس کانس، کاہی (پلیٹس).

[پوٹ + گل (رک)]

پوٹ (۲) (و مج) اسث.

۱. (کاہی نویسی) کاہی (یا کتاب) کے (نچلے) حاشیے کے آخری کونے پر آئندہ صفحے کا پہلا کلمہ جو بطور یاد داشت لکھا جاتا ہے (تاکہ سلسلہ ملانے میں دشواری نہ ہو)، لنگر، ترک، رکاب، (جفت) صفحے کا نچلا آخری کونا جہاں آئندہ (طاق) صفحے کی عبارت کا پہلا لفظ لکھا جاتا ہے (ا پ و، ۳: ۲۲۰).

۲. (کتاب کا) جڑے ہوئے دو ورقوں کا وہ حاشیہ جہاں مڑائی کے بعد سلائی ہوتی ہے.

رسالہ ہٰذا میں پوٹ ملے ہوئے دفعات کے نمبران ہیں.

۱۹۲۹ قانون وراثت، ۹

[مقامی]

پوٹ (۳) (و مج) اسث، پوتھ.

رک: پوتھ (۵) (ا پ و، ۲: ۱۳۱).

پوٹ (۴) (و مج) اسث.

رک: پوٹا (۱).

کونج کی پوٹ سب پرندوں سے کھانے کے واسطے عمدہ ہوتی ہے.

۱۸۹۷ سیر پرند، ۶۳

پوٹا (۱) (و مج).

۱.(i) تھیلی جو پرندے کی گردن کی جڑ میں سینے کے سرے پر ہوتی ہے جہاں غذا جمع ہوتی اور آہستہ آہستہ سنگ دانے میں جاتی ہے.

کتک دیس کوں جب او موٹا ہوا
ہری گھانس سوں چرب پوٹا ہوا

۱۶۳۹ طوطی نامہ، غواصی، ۹۵

رنگین کا وصف یہ ہے کہ بازو اور دم کے پر چھوٹے . . . پوٹا چھوٹا لٹکا ہوا . . . اور پلکیں آنکھوں کی باریک اور سرخ ہوں.

۱۸۴۵ مجمع الفنون (ترجمہ)، ۲۰۴

ایک کی لات ایسی بھرپور پڑتی کہ دوسرے کا پوٹا پھٹ جاتا.

۱۹۶۲ ساقی، ۱/۶۵: ۴۲

(ii) (مجازاً) انسان کا پیٹ، (طنزاً) کھاو کا بڑا پیٹ، معدہ.

آج یاروں کو مقتدا بناؤ پوٹا تر کراؤ.

۱۹۲۴ 'اودھ پنچ' لکھنؤ، ۹: ۴۳، ۶

۲. حوصلہ، سمائی، گنجائش، بساط، حیثیت، مجال، قدرت و طاقت.

تمہارا کیا پوٹا ہے جو ایسا کام کرو گے.

۱۹۲۶ نو رالانات، ۲: ۱۲۴

۳. پوٹا، پلک (پلیٹس).

۴. انگلی کا آخری چھور، انگلی کی گھانی (ماخوذ: شبد ساگر).

۵. ناک سے نکلنے والی رینٹھ (پلیٹس).

[س: پٹ + کہ: कट + क]

ـــ بھرنا محاورہ.

پوٹ بھرنا، کھانا یا دانہ کھلانا.

شام قریب مرغیوں کو اسقدر دانہ کھلایا جائے کہ ان کے پوٹے بھر جائیں.

۱۹۵۶ طبیب مرغی خانہ، (تصویر بالمقابل) ۴۸

ـــ پھرانا محاورہ.

(کبوتر اور کبوتری کا چونچ سے چونچ ملا کر) اظہار محبت کرنا، جفتی کے لیے آمادہ کرنا، (مجازاً) مساس کرنا، پیار کرنا.

انسان چڑا اور انسان چڑیا، کبوتر چڑا اور کبوتر چڑیا دانہ بدلی کرنے اور پوٹا پھرانے میں ایک ہیں.

۱۹۴۰ یادرم، خیالستان، ۱۲۶

ـــ تر کرنا محاورہ.

پوٹا تر ہونا (رک) کا متعدی؛ پیٹ بھرنا؛ مال اڑانا.

بھول ہو یا کلی، یہ اس کے جگر میں سوئڈ چبھو پوٹا تر کر ہی لیتی ہے.

۱۹۴۰ شہد کی مکھیوں کا کارخانہ، ۱۷

ـــ تر ہونا محاورہ.

دولت یا طاقت کی بنا پر بے فکر یا فارغ البال ہونا، چھاتی تلے روپیہ ہونا؛ شکم سیر ہونا، کھانے کو ملنا، (مجازاً) رشوت مل جانا، مفت کا مال ہاتھ آنا.

خیر چلو بھائی تو بچ گئے ، اب نہ للکاریے گا اب ان کا بھی پوٹا تر ہوا .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۱۳۶

کچھ اینٹھنا چاہیے، سیدھے سادے سواوی ہیں کماتے دھماتے ہیں مگر یاروں کا پوٹا تر نہیں ہوتا .

۱۹۲۴ واوہ پنچ، لکھنؤ ، ۹ ، ۲۸ : ۷

ــ ٹیکنا محاورہ .

ایڑی چوٹی کا زور لگانا ، پختہ ارادے سے کام میں جت جانا ، کسی کام یا بات پر اڑ جانا .

ہندو ، شدھی پر اور مسلمان ، تبلیغ پر پوٹا ٹیک رہے ہیں .

۱۹۱۲ شہید مغرب ، ۵۵

پوٹا (۲) (و مج) امذ .

۱. پرند کا وہ بچہ جس کے پر ابھی نہ نکلے ہوں ، نوجوان بچہ ؛ خاندانی اثاثہ ، کسی پیڑ کے کلے ، اکھوے (پلیٹس ؛ شبد ساگر) .

۲. جانور کا بچہ .

دسڑی کی کنگنی اس کے آگے ڈال دو اگر کھاوے تو مُنیاں نہیں تو اونٹ کا پوٹا یہ بھی ہے .

۱۸۲۳ حیدری ، مختصر کہانیاں ، ۲۳۵

پوٹا (۳) (و مج) امذ .

(کندلا کشی) پاسے سے گچھلی بنانے یعنی بائیس گز فی تولہ تار کھینچنے کا جندر نیز موٹا اور تہ پترے کا تار کھینچنے کا جندر (ا پ و ، ۲ : ۱۷۶) .

پوٹا (۴) (و مج) امذ .

داڑھی والی عورت ؛ ملازمہ ، خادمہ ، دو جنسیا (وہ انسان یا جانور یا پودا جس میں نر و مادہ کی خاصیتیں موجود ہوں (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[س پوٹا पोटा]

پوٹا (۵) (و مج) امذ .

(بغیر تراشا) گنڈا ، ٹکڑا .

لکڑی کا ایک پوٹا مثلث ، مکعب تراشیں ، اسے زمین پر رکھ دیں .

۱۹۲۲ جانورستان ، ۱۸

[س : پوٹ पोट]

پوٹاس (و مج) امث ؛ ~ پوٹاش .

رک : پٹاس .

اور اس نے اول استحان پوٹاس اور سوڈا پر کہ جن کو اجسام غیر مرکب جانتے تھے کیا .

۱۸۳۳ ستہ شمسیہ ، ۶ : ۱۳۲

پوٹاس کی گولیاں (زمین پر مارنے والے پٹاخے) بنا کر بیچا کرتا .

۱۹۵۸ عمر رفتہ ، ۳۲

[انگ : Potash]

پوٹاسیم (و مج ، کس س ، فت ی) امث ؛ امذ ؛ ~ پوٹاشیم .

(رک) پٹاسیم .

پوٹاسیم ملحمات ، حیوانی اور نباتی دونوں قسم کی غذاؤں میں بڑی مقدار میں پائے جاتے ہیں .

۱۹۴۸ علم الادویہ ، ۱ : ۱۳۱

[انگ : Potassium]

ــ پرمینگنیٹ (— فت پ ، سک ر ، ی لین ، غنہ ، سک گ ، ی مج) امذ نیز امث .

ایک دوا جو متعدی بیماریوں کے اثر کو دور کرتی ہے ، پنکی.

دافع عفونت غرارہ جو گندے افرازات اور بوؤں کو دور کرتا ہے مثلاً کاربولک ایسڈ (۵) فیصدی ترشہ بورق ، پوٹاسیم پرمینگنیٹ (۰.۲۵ فیصدی) وغیرہ کا .

۱۹۴۸ علم الادویہ ، ۱ : ۹۳

[انگ : Potassium Permanganate]

پوٹاش (و مج) امث .

رک : پوٹاس .

آج کل مصنوعی کھاد بنانے کے لئے پوٹاش کی دنیا کو سخت ضرورت ہے .

۱۹۶۰ دھاتوں کی کہانی ، ۱۳۷

[انگ : Potash]

پوٹاشیم (و مج ، کس ش ، فت ی) امث .

رک : پوٹاسیم .

پوٹاشیم کے بغیر جانور اور پودے زندہ نہیں رہ سکتے .

۱۹۶۰ دھاتوں کی کہانی ، ۱۳۷

[انگ : Potassium]

پوٹالا (و مج) امذ .

رک : پوٹلا (۱) ، بڑا بنڈل ، ڈھیر نیز مجازاً .

ادھر پوٹالا جیسے گھر میں گمبری کی جان اس کے پانچ خاوندوں نے ویران کر ڈالی تھی .

۱۹۶۲ آفت کا ٹکڑا ، ۲۵۰

پوٹ ٹا (و مج ، سک ٹ) امذ ؛ امث : پوٹ ٹی .

رک : پوٹا (= بچہ) لڑکا .

چھوکری کو پوٹ ٹی اور چمار کو بعض لوگ چمبار کہتے تھے . . . ابھی تھوڑی دیر میں فلاں خان آئیں گے اور فلاں جنگ کے پوٹ ٹے یعنی لڑکے بھی .

۱۹۷۳ بھر نظر میں پھول مہکے ، ۷۸

پوٹری (و لن ، سک ٹ) امث .

مٹی یا چینی کے برتن بنانے کا کارخانہ .

گوالیار پوٹری کا خوبصورت شکردان جس کا چینی کا روغن بہت جلد اتر جاتا ہے .

۱۹۳۷ ستاروں سے آگے ، ۱۸۱

[انگ : Pottery]

پوٹری (و مج ، سک ٹ) امث .

ایکھ کے رس کی وہ حالت جو شکر بننے سے پہلے ہوتی ہے (شبد ساگر) .

[ہ : پوٹری पोटरी]

پوٹل (و مج ، فت ٹ) امذ (قدیم) .

اناج اور خشک چیزوں کے ناپنے کا پیمانہ نصف گیان ، نصف گیلن ناپنے کا برتن .

دو پوٹل کا ایک گیان (یعنی) ۱۶ چھٹانک = ۱ سیر .

۱۸۴۶ کتاب حساب ، ۱۲۱

[انگ : Pottle]

پوٹلا (۱) (و مج ، سک ٹ) امذ .

بڑا بنڈل ، گٹھڑی .

رستے میں ٹھگاں او پوٹلا دیکھے ان کے دلوں میں اس کی کالکوت پیدا ہوئی .

۱۷۶۵ دکنی انوار سہیلی ، ۲۶۸

ظریف حشر میں ہوگی تلاشی اعمال
فرشتے کھول کے دیکھیں گے پوٹلا دل کا

۱۹۳۷ ظریف ، دیوانجی ، ۱ : ۲۰

[س : پوٹلک पोटलक]

پوٹلا (۲) (و مج ، سک ٹ) امذ .

بھیڑ کی نسل کا مجنس جانور جو بکرے اور بھیڑ کے میل سے پیدا ہوتا ہے ، مینڈھا (ا پ و ، ۳ : ۸۳) .

[رک : پوٹا (۴) سے]

پوٹلا (۳) (و مج ، سک ٹ) امذ .

پوٹا (۱) (رک) سے منسوب ، (مجازاً) کلیجہ ؛ نگرانی .

ایک محبت کرنے والی ماں کی طرح . . . ایک بالکل تازہ فرسٹ ایر فول کو تو وہ بالکل پوٹلے تلے دبائے رکھتیں .

۱۹۴۲ ٹیڑھی لکیر ، ۲۶۱

پوٹلی (و مج ، سک ٹ) امذ .

۱. چھوٹی گٹھڑی ، (رک) پٹلیا ، پوٹلیا .

اپنی چادر بندھی پوٹلی لے کر اپنے گھر کو چلی اور وہ پوٹلی اپنے خاوند کے سامنے جا کر رکھ دی .

۱۸۴۵ حکایت سخن سنج ، ۱۱۰

بڈھے نے . . . لوگوں پر یہ بھی ظاہر کر دیا کہ اس کی عمر کا اندوختہ اس پوٹلی میں ہے .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۲ : ۲۷۰

۲. دوا یا رنگ اور مسالے وغیرہ کا کپڑے میں باندھا ہوا مجموعہ ، چھوٹی سی تھیلی .

زندگی اس تار چنگ آہ نے جنجال کی
اڑ رہی ہے اک ہوا پر پوٹلی سی وال کی

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۶۳

بھاگے ہے کہیں رنگ کسی پر جو کوئی ڈال
وہ پوٹلی مارے ہے اسے دوڑ کے فی الحال

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۵۶

اسبغول اور زرشک کی پوٹلی جو پانی میں بھیگی تھی ہونٹوں پر پھیری .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۱۸۳

یخنی . . . میں گرم مصالحے کی ذرا سی پوٹلی باندھ کر ڈال دیں .

۱۹۴۷ شاہی دسترخوان ، ۱۲۹

[س : پوٹلی पोटलिका]

ـــ کی شکر (ـــ فت ش ، ک) امث .

شکر کے تھیلوں میں سے شیرہ ٹپک جانے کے بعد رہ جانے والی وہ دیسی لال شکر جو گنے کی اس حالت میں ہوتی ہے جسے پوٹری کہتے ہیں (رک : پوٹری) .

شیرہ کملوں کے تھیلوں سے ٹپک جاتا ہے تب لال شکر تھیلوں میں رہ جاتی ہے اسی کو پوٹلی کی شکر کہتے ہیں .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۶۴

پوٹلیا (و مج ، فت ٹ ، سک ل) امث .

رک : پٹلیا .

میں نے پوٹلیا میں سے تماخو اور کولے نکال چلم بھری .

؟ نرالی اردو ، ۳۲

پوٹنسی (و مج، کس خف ٹ ، سک ن) امث .

طاقت ، قوت ، مقدار .

دق کے ناقابل علاج مریض کو اس کی بلغم نکالنے کے لیے بالمثل دوا صرف اسی قدر بلند پوٹنسی میں دی جاتی ہے کہ بلغم کے اخراج کا کام کرسکے .

۱۹۳۱ علاج بالمثل ، ۳۶

[انگ : Potency]

پُوٹی (و مع) امذ ؛ امث .

دھرا ، بیل گاڑی یا بگھی کا ایک حصہ .

معمولی چاک میں ایک اڈّا ، پان اور پوٹیاں ہوتی ہیں اور اس کے اوپر لوہے کا ایک پٹّا چڑھا ہوا .

۱۹۰۷ مصرف جنگلات ، ۱۴۰

[مقامی]

پوٹی (۱) (و مج) امث .

پوٹا ، (رک) کی تصغیر و تانیث ، ہمت ، حوصلہ .

ڈھولو بولے . . . اگر کچھ پوٹی رکھتا ہے تو تو ہی لگا لے .

۱۹۲۳ اہل محلہ اور نا اہل پڑوسی ، ۳۷

پوٹی (۲) (و مج) امذ .

۱. شیشے یا دھات کے صاف کرنے کے لیے ٹین یا سیسے کا سفوف ، دھات پالش .

ذیل میں پوٹی بنانے کے آسان طریقے درج ہیں .

۱۹۶۷ لکڑی کا کام ، ۳ : ۳۶

۲. چونے کا باریک سیمنٹ .

چونے کی پوٹی عموماً ایسے چونے سے تیار کی جاتی ہے جو حتی الامکان خالص ہو .

۱۹۳۷ رسالہ تعمیر عمارت ، ۳۴

[انگ : Putty]

پوٹی (۳) (و مج) امث .

ایک بیل جس کے پتے پان کے مشابہ ہوتے ہیں (جامع اللغات) .

[ہ : बोटी]

پوٹیا (و مج ، کس ٹ) امذ .

حمال ، بوجھ اٹھانے والا ، قلی ، مزدور (جامع اللغات ؛ پلیٹس).

[ہ : پوٹیا बोटिया]

پوٹیا (۱) (و مج ، سک ٹ) امذ .

(کاشتکاری) گھٹیا گیہوں کی ایک قسم کا نام جو کسی قدر گولائی لئے ہوتے ہوتا ہے (ا پ و ، ۶ : ۳۹) .

[مقامی]

پوٹیا (۲) (و مج ، سک ٹ) امذ .

رک : پوتھی (۳) (ا پ و ، ۶ : ۱۳۱) .

پوٹیا (۳) (و مج ، سک ٹ) صف .

(کند لا کشی) کندلے کا ابتدائی تار کھینچنے والا یعنی پاسے کو تار کی شکل میں لانے والا کاری گر (ا پ و ، ۲ : ۱۷۶) .

[مقامی]

پُوٹھ (و مع) امث .

رک : پٹھا ، پٹھے ت ؛ سر بن ، چوتڑ ؛ کُشتی کا ایک داؤ (پلیٹس).

[ہ : پُٹھ पुठ]

پُوٹھا (و مع) امذ .

کتاب کی جلد ، پٹھا ، دفتی(جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[س : پُٹّکہ पट्टिक:]

پوٹھا (و مج) امذ .

رک : پوٹا (پرند کا) (پلیٹس) .

[ہ : پوٹھا पोठा]

پوٹھوہار (و مج ، و مج) امذ .

پاکستان کے شمال مغرب میں ایک علاقہ .

پوٹھوہار میں یعنی راولپنڈی کے آس پاس اس تکنیک اور بحر میں سینکڑوں گیت گائے جاتے ہیں .

۱۹۵۶ خیابان پاک ، ۱۶۲

[؟]

پوٹھوہاری (و مج ، و مج) امث ؛ صف .

پوٹھوہار (رک) سے منسوب ؛ شمال مغربی پنجاب کی ایک زبان .

پوٹھوہار کے علاقے میں بولی جانے والی زبان پوٹھوہاری پنجابی سے ملتی جلتی ہے .

۱۹۶۷ بگولے ، ۱۱

[پوٹھوہار (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

پُوج (۱) (و مع) امث .

ہوجنا (رک) سے تراکیب میں مستعمل (پلیٹس) .

ــ انگلی (ــ ضم الف، غنہ، سک گ) امث.

وہ انگلی جس سے چندن لگاتے ہیں (جامع اللغات).

[پوج + انگلی (رک)]

ــ آنا محاورہ؛ ~ پوجیانا.

نذر کرنا، چڑھانا، دے آنا، لٹا آنا.

کی یہ پوجا اس صنم کو دیکھ کر
پوج آئے دل پرستش گاہ میں

۱۹۰۵ داغ، یادگار داغ، ۱۶۴

ــ بیٹھنا محاورہ.

دے دینا، نذر کر دینا.

اپنا مذہب پوج بیٹھے اس صنم کو دیکھ کر
دل ہوا صدقے نچھاور دین و ایماں ہوگئے

۱۸۳۶ ریاض البحر، ۱۹۵

ــ دینا محاورہ.

نذر کر دینا، دے دینا، بخش دینا، دے ڈالنا.

اپنا تو خیر جو کچھ تھا وہ سب کالج کو پوج دیا، مگر...
دوسروں کی جیبوں پر بھی ان کی کڑی نظر تھی.

۱۹۳۵ چند ہم عصر، ۲۷۹

خیر تونے اسے سب کچھ پوج دیا.

۱۹۶۲ آفت کا ٹکڑا، ۱۶۳

ــ لے دیوتا چھوڑ دے بھوت کہاوت.

فضول باتیں چھوڑ دے خدا کی طرف دھیان کر (جامع اللغات).

پُوج (۲) (و مع) صف، اسذ.

۱. عزت کیا ہوا، جس کی عزت کی جائے، معزز، باعزت، مکرم، قابل عزت یا پرستش.

۲. جینیوں کے سادھو جن کے منھ پر کپڑا بندھا ہوا ہوتا ہے (جامع اللغات).

[س: پوجیہ: पूज्य]

ــ مان صف؛ ~ پوجمان.

قابل تعظیم؛ رک: پوج.

ہماری معلومات کا ذخیرہ نہایت محدود ہے اس لیے کہا نہیں جا سکتا کہ آیا ان کے پوجمان بادشاہوں کے پیش رو جادوگر یا نیرنگ ساز تھے یا ہیں.

۱۹۶۵ شاخ زریں، ۱: ۱۷۹

[پوج + مان (رک)]

پُوج (و مج) صف (قدیم).

رک: پوج.

گر قطرہ پوج ہے و گر یم — تجھ گلشن فیض کا ہے یک نم

۱۷۹۲ ہشت بہشت، ۸: ۱۶۵

پُوجا (و مع) امث؛ اسذ.

۱. عبادت، پرستش، پرستش کا طریقہ، (مجازاً) تعظیم و تکریم کے آداب و رسوم.

نہیں کوئی معبود دوجا یہاں — کہو اب کریں کس کا پوجا یہاں

۱۶۳۹ طوطی نامہ، غواصی، ۲۹

تصویر تجھ بھواں کا اے صنم سمرن ہوا من کا
سدا دیول کی پوجا کام ہے ہر یک برہمن کا

۱۷۳۹ کلیات سراج، ۱۶۹

اے خوک پیکر سالہاسال ہم نے تیرا پوجا کیا، بھینٹ سے تیرا پیٹ بھرا.

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا، ۵: ۱۶

دل میں لیکن دھیان نہیں ہے
پوجا کا کچھ گیان نہیں ہے

۱۹۳۷ آہنگ، ۶۲

۲. نذر، نیاز، بھینٹ (جو دیوی دیوتا پر چڑھائی جائے) (فرہنگ آصفیہ).

۳. (مجازاً) خدمت، سیوا، نذرانہ (جو کسی کو مجبوراً دیا جائے).

سرشتہ دار کی پوجا، پٹواری کی بھینٹ.

۱۹۲۳ داودہ پنچ، لکھنو، ۹، ۱۸: ۵

ان لال پگڑی والوں کی پوجا کرنی پڑتی ہے.

۱۹۳۲ میدان عمل، ۴۱

[س: پوجا पूजा]

ــ پاٹ/پاٹھ امث.

رک: پوجا، پوجا کرنے اور (ساتھ ساتھ) اشلوک وغیرہ جپنے کا عمل.

صبح کے وقت اس قوم کے سردار جب پوجا پاٹ کو بتخانے میں داخل ہوئے تو یہ حال نظر آیا.

۱۸۴۵ احوال الانبیا، ۱: ۵۸۵

گنگا جل سے اشنان کیا، پوجا پاٹ سے فارغ ہو... دربار کے خیمے میں آئے.

۱۹۴۷ فرحت، مضامین، ۳: ۱۱۲

اف: کرنا، ہونا.

[پوجا + پاٹ/پاٹھ (رک)]

— پتر (— ف پ ، شد ت بفت) امذ .

پرشاد یا چڑھاوے کی چیزیں رکھنے کا برتن یا تھالی (ا پ و ، ۷ : ۱۵۴) .

[پوجا + پتر (رک)]

— پتری (— ف پ ، سک ت) امث .

رک : پوجا نمبر ۱ و ۲ .

اصل مراد کا دینے والا سوائے اس کے جس کی پوجا پتری کرتے ہیں کسی اور کو جانتے ہیں .

۱۸۵۵ بھگت مال ، ۴۶۸

آسن پر کچھ پوجا پتری کا سامان سنکھ وغیرہ دھرا ہوا ہے .

۱۹۱۱ ظہیر دہلوی ، داستان غدر ، ۶۸

[پوجا + پتری (رک)]

— جانا ف م .

رک : پوجنا .

خدایا اگر آج یہ چند نفوس مٹ گئے تو پھر تو قیامت تک نہ پوجا جائے گا .

۱۹۱۴ سیرۃالنبی ، ۲ : ۲۶۳

— ہونا محاورہ .

پرستش ہونا ، (مجازاً) شہرت ہونا .

دور دور کے لوگ آنے لگے اور بی خوبن کی وہ پوجا ہوئی کہ خدا کی پناہ .

۱۹۳۲ بیاہ میں میلہ ، ۳۲

پُوجاپا (و مع) امذ .

رک : پجاپا .

فیرنی کے خوانچے . . . سینٹا کے پوجاپے کی طرح سب اپنے آگے رکھ لیتے ہیں .

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۸۱

آخر بتاؤ تو نزہت ! اس چوراہے کے پوجاپے کی کب تک سیوا ہوگی .

۱۹۳۰ ادبستان ، ۹۱

پُوجاری (و مع) صف ؛ امذ .

رک : پجاری .

بت خانہ نین تیرے ہور بت نین کیاں پتلیاں
مجھ نین ہیں پوجاری پوجا ادھان ہمارا

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲

صبح کو گھنٹہ بجا اور پوجاری جمع ہوئے .

۱۸۸۲ بوستان تہذیب (ترجمہ) ، ۶۹

بڑا پوجاری کم و بیش ایک منٹ تک آگ میں ہاتھ ڈالے رہا اور کوئی اثر نہ ہوا .

۱۹۲۲ سیرۃالنبی ، ۳ : ۱۴۵

[ہ : پجاری पुजारी]

پُوجاورا (و مع ، سک و) امذ .

نذر و نیاز کی مخصوص اشیا (ا پ و ، ۷ : ۱۵۴) .

[پوجا (رک) + و ، اتصال + را ، لاحقۂ نسبت]

پُوجک (و مع ، ف ج) امذ .

رک : پجاری .

پوج ، پوجا ، پوجک بھاو سو سب برہم روپ ہے .

۱۸۹۰ جوگ بششٹھ (ترجمہ) ، ۲ : ۶۸

[س پوجک पूजक]

پُوجن (و مع ، ف ج) امث .

پوجنا (رک) کا حاصل مصدر .

ذکر مکھ و زلف تج ہمن دل پوجن سو صبح و شام لیّا

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۱۴

مندر میں پوجن آرتی کے وقت صبح و شام
تنہا بھی اس کے جانے میں ہوتی نہ روک تھام

۱۹۳۲ جگ بیتی ، ۱۳

[س : پوجن पूजन]

پُوجنا (و مع) ف م .

۱. پرستش کرنا ، پوجا کرنا ، عبادت کرنا .

گنوایا دین تمن بت پرستی میں اپنا
او پوجنا تھا یقیں اس تھے میں ہوا آباد

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۹۰

ستم سے شوق میرے دل کا جانے کا نہیں ہرگز
اگر اے سنگ دل ٹیسو تو کب صندل ستی پوجا

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۸

خدا کے سوا کسی کو نہ پوجو .

۱۸۷۵ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۵۹۰

جوارح سے اعمال سے روح سے
غرض یہ بہر نوع پوجیں تجھے

۱۹۲۲ بے نظیر ، کلام بے نظیر ، ۲۹۳

۲. (i) نذر کرنا ، بھینٹ دینا ، پیش کش کرنا .

جان یا دل نذر کرنا چاہیے
کچھ نہ کچھ اس بت کو پوجا چاہیے

۱۸۷۸ سخن بے مثال ، ۱۳۰

(ii) خرچ کرنا ، ناحق روپیہ صرف کرنا ، چار و ناچار خرچ کرنا ؛ کمی پوری کرنا ، نقصان پورا کرنا .

بندہ ڈھائی ہزار پوج چکا ہے ، آپ فضول بتاتے ہیں .

۱۸۹۰ سیر کہسار ، ۲ : ۳۱

۳. (مجازاً) بہت تعظیم و تکریم کرنا ، سر پر چڑھانا .

جناب کے دروازے کو بندہ اب پوجتا ہے .

۱۹۳۹ مطالعۂ حافظ ، ۱۰۲

[س : پُوجنیں पूजनीय]

پُوجیانا (و مع ، سک ج) ف ل .

رک : پوج آنا ، اُٹا آنا .

جہاں روپیہ دو روپیہ دینا مشکل معلوم ہوتا تھا ، وہ ان کے ایک اشارے پر آنکھ بند کرکے سیکڑوں پوجیاتے تھے .

۱۹۰۱ حیات جاوید ، ۲ : ۹۳

پُوجے پاٹ (و مع) اسث .

رک : پوجا پاٹ .

وہ صنعت بت پرستی میں بڑے شاطر و پوجے پاٹ میں خوب ماہر .

۱۸۳۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۱۶۹

ہر طرف دیر بنے ہیں ان میں پوجے پاٹ ہو رہی ہے .

۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۷ : ۷۲۹

پوجیہ (و مع ، سک ج ، فت ی) صف .

پوجنے کے لائق ، قابل تعظیم ، لائق پرستش ، مکرم و محترم .

یہ کتاب اب بھی نہ لکھی جاتی ، اگر میرے پوجیے بزرگ بھائی پر مانند جی میرے ذمے یہ کام نہ لگاتے .

۱۹۲۳ ہندوستان کی پولیٹیکل اکانومی ، ص ح

[س : پوجیہ पूज्य]

— **پاد** صف .

جس کے پیر پوجنے کے قابل ہوں ، قابل تعظیم و احترام .

گائے کی دم ہلایئے ، ماش کی دال کھائیے
آپ کو ہم کہیں بھر پوجیہ پاد مالوی

۱۹۲۶ بہارستان ، ۴۷۸

[پوجیہ + پاد (= پد) (رک)]

پُوجھاری (و مع) امذ (قدیم) .

رک : پُجاری .

براہ ہے برہمن ، پوجھاری پریک
تو ہے ہند میں بت پرستی ادیک

۱۶۹۵ دیپک پتنگ ، ورق ۱۴ (الف)

پُوچ (و مع) (قدیم) .

پُوچنا (رک) کا حاصل مصدر (تراکیب میں مستعمل) .

— **بچار** (— کس ب) اسث .

دیکھ بھال ، تحقیقات ، غور و فکر ، رک : پوچھ گچھ .

پوچ بچار کے وقت بلا تجھ پر بھائیں گے ، آپے سیانے تی نر والے ہوجائینگے .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۰۹

[پوچ + بچار (رک)]

پوچ/پُوچ (و مچ/و مع) صف .

۱. بیہودہ ، جاہل ، بے مغز ، ہرزہ گو .

کیا پوچ و لچر ہو اس طرح جابجا کوئی کسی کو دھول مارتا ہے .

۱۹۰۲ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۳ : ۲۳

۲. لغو ، مہمل ، بے معنی ، بے بنیاد ، بے اصل ، غیر ثابت ، ضعیف اور سست (بات یا چیز وغیرہ) .

بادشاہ اس نصیحت سے برہم ہوا اور وزیر دانا کی بات پوچ جانی.

۱۸۰۲ خرد افروز ، ۱۹۱

آپ نہایت پوچ تاویلوں سے ان صاحبوں کی حمایت کرتے ہیں .

۱۹۴۷ مکتوبات عبدالحق ، ۴۱۷

۳. ناچیز ، حقیر ، ذلیل ، پست (شخص یا شے وغیرہ) .

تماشائی اس کی حرکات پوچ دیکھ کر ہنستے ہیں .

۱۸۳۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۳۰۵

خاکروبی . . . اور دوسری پوچ خدمتوں میں مقرر ہوتا .

۱۸۳۸ تاریخ ممالک چین ، ۱ : ۱۴۱

[ف]

— **باقی** اسث .

بے سر و پا باتیں کرنے کا عمل ، بے بنیاد باتوں کا جال بچھانے کی کیفیت و حالت (پلیٹس) .

[پوچ + باقی (رک)]

— بکنا محاورہ .

فضول بیہودہ اور لایعنی باتیں کرنا .

گھورے پر سے جو اٹھ نہ سکے تھے
وے بھی کناس پوچ بکتے تھے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۹۴۷

— پادر ہوا (— فت د ، سک ر ، فت ہ) صف ؛ م ف .

رک : پوچ معنی نمبر ۲ (پلیٹس) .

[پوچ + رک : پادر ہوا ، پا (۱) (رک) کا تحتی]

— گو (— و مج) صف .

ہرزہ سرا ، فضول بکنے والا ، جھوٹا ، متانت یا تہذیب سے بات نہ کہنے والا ، جس کی بات غیر معتبر ہو یا قابل اعتنا نہ ہو .

بزم میں بھکے ہیں کم ظرفی سے اس دم پوچ گو
اس گھڑی ہم پر بڑا احسان ہے ساقی نہیں

۱۷۴۶ دیوان زادہ حاتم ، ۱۴۹

رکھ زبان کیدھر گیا تیرا مزاج
پوچ گو بھتیرے پھرتے ہیں پواچ

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰۲۷

ساری دنیا متفق اللسان ہو کر یہ کہے کہ اقبال پوچ گو ہے تو مجھے اس کا مطلق اثر نہ ہوگا .

۱۹۱۴ مکاتیب اقبال ، ۲ : ۳۰

اسم کیفیت : پوچ گوئی .

کچھ سوجھتا نہیں ہے مستی میں میر جی کو
کرتے ہیں پوچ گوئی پی کر شراب کیا کیا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۳۵۶

جن کو معلوم نہیں کہتے ہیں شاعر کس کو
پوچ گوئی پہ ہیں مغرور وہ جاہل کیا کیا

۱۹۰۰ دیوان حبیب ، ۱۶

[پوچ + گو (رک)]

— مغز (— فت م ، سک غ) صف .

رک : پوچ گو (جامع اللغات) .

[پوچ + مغز (رک)]

پوچا (و مج) امذ .

پوچھا (رک) کا عوامی تلفظ .

صبح اٹھتی ہیں ، جھاڑو دیتی ہیں پوچا مارتی ہیں .

۱۹۷۲ سیپ ، کراچی ، ۲۴ : ۵۱

پوچار (و مج) امث .

رک : پچار ، پچارا .

اگر بھیڑ کی کھال ہے تو گوشت کی طرف مندرجہ ذیل لیپ تیار کر کے سونچ کی پوچار سے لگاؤ .

۱۹۵۰ چرم سازی ، ۱۶۸

پوچارہ (و مج ، فت ر) امذ .

رک : پچارا .

موٹے کتے پر سریش کا پوچارہ دے کر اس سفوف کو اس پر چھڑک دیں .

۱۹۳۴ صنعت و حرفت ، ۷۷

پوچڑی/پوچڑی (و مج ، سک چ/و مع) امث .

مشک کے بانٹچوں کے مقابل آخیر کی طرف چمڑے کا سلا ہوا حلقہ جس میں جوتئے کا دوسرا سرا باندھا جاتا ہے (ا پ و ، ۱ : ۲۰۳) .

[مقامی]

پوچنا (و مع ، سک چ) ف م (قدیم) .

رک : پوچھنا .

گر زندگی کی منج توں خبر پوچتا ہے تو
جس زندگی کوں مرگ نیں وو زندگی بھلی

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۱۷۰

معلوم نہیں کسے یو مذکور
جا پوچ کہ جانتا ہے منصور

۱۷۰۰ من لگن ، ۶۳

پوچنا (و مج ، سک چ) ف م (قدیم) .

رک : پونچھنا .

گرد کو نعلین کی عرش بریں
پوچ کر تب سرمۂ عین الیقیں

؟۱۷۵۴ ریاض غوثیہ ، ۱۷

پوچھ (۱) (و مع) امث .

۱. پرسش ، باز پرس ، استفسار ، دریافت ، واقفیت .

فرائض کے ہوتے ہوئے نوافل کی کچھ پوچھ نہیں .

۱۸۶۵ مذاق العارفین ، ۴ : ۳۸۹

۲. عزت ، آؤ بھگت ، قدر .

اپنے مکانات کی طرف واپس جاؤ جن میں تم رہا کرتے تھے ، شاید تمہارے خیال کے مطابق تمہاری کچھ پوچھ ہو .

۱۸۹۵ ترجمۂ قرآن ، نذیر احمد ، ۵۱۷

[س : پرچھا पृच्छा]

— بچار (— کس ب) امث .

رک : پوچ بچار .

یاد کر گور کا عذاب ، قیامت کا پوچھ بچار .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۰۱

اف : کرنا ہونا .

[پوچھ + بچار (رک)]

— پاچھ امث .

تفتیش ، دریافت ، تحقیقات ، مشورہ .

محسن سے کچھ پوچھ پاچھ نہ کی بلکہ اور لونڈی غلاموں کا مول چکایا .

۱۸۹۲ فسانۂ معتول ، ۷۵

یہ کیا کہ پھولوں کے نام و نشان ، رنگ و بو کی پوچھ پاچھ قدم قدم پر مالی سے ہوتی رہے .

۱۹۵۱ اکبر نامہ ، عبدالماجد دریابادی ، ۴۱

اف : کرنا ، ہونا .

[پوچھ + پاچھ (تابع)]

— پُچار (— ضم پ) امث ؛ ~ پوچھ پچھار .

چھان بین ، تفتیش ؛ پوچھ گچھ .

بادشاہاں کے کاساں کوں رعیت پوچھ پچار کرنا بےادبی ہے .

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت ، ۱۲۰)

اس بات کو خوب پوچھ پچار سے تحقیق کر کے فرمایا کہ اس خرابی کی جڑ بدکار شخصوں کی صحبت ہے .

۱۸۳۳ تعلیم نامہ ، ۱ : ۵۲

اف : کرنا ، ہونا .

[پوچھ + پچار ، پچھار (رک)]

— پچھ (— فت پ) امث .

رک : پوچھ پاچھ (پالیٹس) .

[ا : پوچھ + پچھ (تابع)]

— پُچھار (— ضم پ) امث (قدیم) .

رک : پوچھ پچار .

اس کی ذات کا پوچھ پچھار نہیں کرتے .

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت ، ۱۲۰)

— پُچھکڑ (— ضم پ ، فت چھ ، شد ک ، بفت) صف .

رک : پوچھ پچھکڑ .

ایک پوچھ پچھکڑ نے پوچھا ضروریات زندگی کی قیمتوں میں آخر اضافہ کیوں کیا جاتا ہے .

۱۹۶۶ روز نامہ ، جنگ ، کراچی ، ۲۲ جون ، ۳

[رک : پوچھ پچھکڑ]

— پڑنا محاورہ .

باز پرس ہونا ، پرسش ہونا .

اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی گھات میں لگا ہے اور ان سے حساب کا الجھاؤ ہوگا اور ذرہ ذرہ اور لحظوں کی پوچھ پڑے گی .

۱۸۶۵ مذاق العارفین ، ۴ : ۵۱۶

— تاچھ امث .

رک : پوچھ پاچھ .

کہیں پرائی عورت نکلی تو اس کی پوچھ تاچھ باعث شرم ہوگی .

۱۹۳۸ شکنتلا ، اختر حسین ، ۱۸۰

اف : کرنا ، ہونا .

[پوچھ + تاچھ (تابع)]

— دینا محاورہ .

دعا سلام کہنا ، خیر و عافیت معلوم کرنا ، پوچھنا .

اپنی والدہ کو میری طرف سے بہت بہت پوچھ دینا .

۱۸۵۹ تاریخ ممتاز ، ۴۶

— کر م ف .

اجازت لے کر .

برا وقت کیا پوچھ کر آتا .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۳۶

وہ صاحب سے پوچھ کر دس دن اپنے گھر بھی رہ آیا .

۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۲۲۸

— گچھ (— فت گ) امث .

رک : پوچھ (۱)

جو کچھ وو کر گزرے ہیں تم سے اس کی پوچھ گچھ نہیں ہوگی .

۱۸۹۵ ترجمۂ قرآن ، نذیر احمد ، ۳۱

ان کی محفل میں پوچھ گچھ ہی نہیں
آتا آئے وہاں کہ جاتا جائے

۱۹۰۶ شعاع سحر ، ۲۲۳

۲. رک : پوچھ پاچھ .

وہ محمد یوسف کو پکڑ لائے ، اس سے سارا حال سلطان محمود و ملو خان کا پوچھ گچھ کر اس کو مار ڈالا .

۱۸۹۶ تاریخ ہندوستان ، ۲ : ۲۶۹

آپ فوراً بغیر ہر طرح پوچھ گچھ کیے ، شادی کرنے کیوں تیار ہو گئے .

۱۹۵۲ سلطان حیدر جوش ، ہوائی ، ۱۰۳

اف : کرنا ، ہونا .

[پوچھ + گچھ (تابع)]

— لے رو کَر آڑا دے پَنس کَر کہاوت .

کسی کا راز خوشامد درآمد سے معلوم کر لینا اور پھر اس کی پنسی اُڑانا (ماخوذ : گنجینۂ اقوال و امثال ، ۶۹) .

— نہ گچھ (— فت ن ، گ) امث .

رک : پوچھ گچھ ، باز پرس .

اس کی مخبری پر چٹکی بجاتے پھانسی ہوئی ہے پوچھ نہ گچھ ، مسل نہ مقدمہ .

۱۹۳۲ بیلہ میں میلہ ، ۱۱

پُوچھ (۲) (و مع) امث .

رک : پُونچھ .

مہاراج وے ساتوں بیل سر جھکائے پوچھ اٹھائے بھویں کھود کھود ڈونکارتے پھریں .

۱۸۰۳ پریم ساگر ، ۱۳۸

پوچھ (و مج) امذ .

رک : پوچھا ، تہ ، استر .

موزوں سائز کا چمڑا کاٹ کر اس پر وارنش یا سریش کا پوچھ دے کر . . . سفوف چھڑک دو .

۱۹۳۴ صنعت و حرفت ، ۱۱۹

پُوچھا (۱) (و مع) امث .

شگون ؛ جوتشیوں کی صلاح ، منجموں کی رائے نیز بھگتیوں یا سیان والوں سے بیماری وغیرہ یا مستقبل کا حال دریافت کرنے کا عمل (ماخوذ : فرہنگ آصفیہ ؛ پلیٹس) .

[س : प्रच्छा پرچھا]

پُوچھا (۲) (و مع) صف .

پوچھنا (رک) سے حالیہ تمام (تراکیب میں مستعمل) (پلیٹس).

— پاچھی امث .

رک : پوچھ پاچھ .

یہ تو اس دن نیچی گردن کیے ہوئے کھڑے ہوں گے اور ایک کی طرف ایک مخاطب ہو کر پوچھا پاچھی کرے گا .

۱۸۹۵ ترجمۂ قرآن ، نذیر احمد ، ۲۱۴

کرموں میں ہی کچھ نہ ہوگا تو ہاتھ دکھانے سے کیا ہوگا اور پوچھا پاچھی سے کیا ہوگا ؟

۱۹۱۰ راحت زمانی ، ۳۱

[پوچھا + پاچھی (تابع)]

— پاچھی کَرنا محاورہ .

اس تمباکو کے ذریعے جو بیمار کے سرہانے رات کو دھر دیتے ہیں سیانوں کو بلا کر یا پھول یا دانۂ گندم وغیرہ دکھا کر بیماری کی بیماری کا سبب دریافت کرنا ، فال نکالنا (مخزن المحاورات ، ۲۷۱ ؛ فرہنگ آصفیہ) .

— پُوچھی (— و مع) م ف .

رک : پوچھا پاچھی .

ایسی پوچھا پوچھی ہے تو پھر ہم بھی پوچھتے ہیں .

۱۸۹۳ متفرق مصنفین کے ڈرامے ، ۱۱ : ۱۷۹

— تاچھی امث .

رک : پوچھا پاچھی (فرہنگ آصفیہ) .

— تاچھی کَرنا محاورہ .

رک : پوچھا پاچھی کرنا (مخزن المحاورات ، ۲۷۱) .

— جانا محاورہ .

۱. باز پرس ہونا ، پوچھ ہونا .

دیوانے روز حشر کو پوچھے نہ جائیں گے
خارج ہے سر نوشت ہماری حساب سے

۱۸۴۶ آتش (نوراللغات ، ۲ : ۱۲۵)

۲. قدر و منزلت ہونا ، آؤ بھگت ہونا .

زمانہ سابق میں شرفا سیف و قلم دونوں امور میں پوچھے جاتے تھے .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۹

اس شہر میں خاندانی علم و فن بہت پوچھا جاتا ہے .

۱۹۰۰ ذات شریف ، دیباچہ ، ج

— گچھی (— فت گ) امث .

رک : پوچھ گچھ .

ہم کچھ فوج لے کر تو آئے نہیں ہیں جو تم پوچھا گچھی کرتے ہو ، جاؤ ملکہ سے بیان کرو .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۵۶۵

ہیرا پھیری پوچھا گچھی کتر بیونت چھیل چھال میں چار بجے پانچ بجے .

۱۹۱۵ گلدستۂ پنچ ، ۸۰

اف : کرنا ، ہونا .

پُوچھانا (و مع) ف م .

پوچھنا (رک) کا تعدیہ ، خیر و عافیت دریافت کرنا ، دعا سلام کہلوانا .

میں مروں یا کہ جیوں تیری بلا سے حافظ
مفت کا پوچھنا اور ہم کو پوچھانا کیا خوب

۱۸۶۴ دیوان حافظ ہندی ، ۱۴

پُوچھتے پُوچھتے خُدا کا گھر مِل جاتا ہے کہاوت .

کوشش اور جستجو سے مشکل سے مشکل کام بن جانا ہے ، جو بندہ یا بندہ (جامع اللغات) .

پُوچھتے پُوچھتے دلّی پہنچ جاتے ہیں کہاوت .

جستجو سے مقصد حاصل ہوتا ہے (نجم الامثال ، ۱۲۷) .

پُوچھڑی (و مع ، سک چھ) اسث .

کنوئیں سے پانی کھینچنے کے چرس کی رسی کا آخری سرا ؛ کسی بھی چیز کا پچھلا حصہ .

کیلی وہ کھونٹی جو لاؤ کی پوچھڑی اور جوئے کی حلقہ دار رسی میں لگا کر دونوں کو ملا دیتے ہیں .

۱۹۰۸ مخزن ، اکتوبر ، ۱۹

[پُوچھ ، پُونچھ (رک) + ڑی ، لاحقۂ نسبت و تصغیر]

پُوچھکے (و لین ، فت چھ ، شد ک) امذ .

رک : ہو کا تحتی ہوچھکا کی جمع یا محرفہ شکل .

اس جواری خصم کا منہ میٹوں اوہی پوچھکے پر وہ ہارا نوٹ

۱۸۷۹ جان صاحب (نوراللغات)

شمالی جانب میں قمار خانہ بھی تھا جس میں ہرسلا شہدے جوا کھیلا کرتے تھے اور کعبتین کے پوچھکے کا غل مچایا کرتے تھے .

۱۹۰۶ مخزن ، ۱/۱۲ : ۵۳

— اُڑانا محاورہ .

رک : ہو کا تحتی ہوچھکا اڑانا .

میاں صاحب ہیں کہ . . . رنڈیوں کے کمرے جھانکتے ، قمار خانوں میں پوچھکے اڑاتے . . . یا شراب خانوں میں بڑ لگاتے ہیں .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، دھوکا ، ۳۲۸

— چلنا محاورہ .

مزے ہونا ، عیش و عشرت میں بسر ہونا .

جے راجانل کی ، مہینوں تک پوچھکے چلیں گے .

۱۹۲۴ آنکھ کا نشہ ، ۳۱

پُوچھن (و مع ، فت چھ) امذ .

پُوچھنے کا عمل ، دریافت ، سوال ، رک : پُوچھنا (پلیٹس) .

پوچھن (و مج ، فت چھ) امذ .

۱. صاف کرنے کا عمل ، رک : پوچھنا .

نین دل کے اداس کوں دیکھن لگیا
گرد ہگ کی نیناں سوں پوچھن لگیا

۱۶۳۸ چندر بدن و مہیار ، ۱۰۶

۲. وہ کپڑا جس سے نجاست صاف کر کے پھینک دیں ، جھاڑنے کا کپڑا ، جھاڑن ، صافی .

ہم اسی سے پونچھتے ہیں دُرد مے
صافی مے اب تو پوچھن ہوگئی

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۶۸

۳. وہ چیز جو پوچھنے سے نکلے ، کھرچن ، (مجازاً) بچا کھچا ، بقیہ .

بچی کھچی روٹی اور رکابی کی پوچھن کا بڑا سا لقمہ بنا کر منہ میں رکھ لیتا .

۱۹۳۲ ٹیڑھی لکیر ، ۱۶۳

۴. (کنایۃً) سب سے اخیر اولاد جس کے بعد کوئی بچہ پیدا نہ ہوا ہو (فرہنگ آصفیہ) .

[رک : پوچھنا]

پوچھنا (و مع ، سک چھ) ف م .

۱. دریافت کرنا ، معلوم کرنا ، استفسار کرنا .

ہمیں رن منے رام جیوں دیو زاد
پوچھے ہر کسی کو کہاں کیقباد

۱۵۶۴ حسن شوقی ، د ، ۱۰۹

یکس کا لگے پوچھنے ایک حال
یکس کوں دیے یک جواب ہور سوال
۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۹۵

یہی پوچھتے ہیں تیرا کون رب
پیغمبر تیرا کون ہے کہہ توں اب
۱۷۶۹ آخر گشت ، ۱۶

غیر پھرتا ہے لیے یوں ترے خط کو کہ اگر
کوئی پوچھے کہ یہ کیا ہے تو چھپائے نہ بنے
۱۸۶۹ غالب ، د ، ۲۴۶

اب آئے ہو تو یہ بھی داستان تم کو سنا دیں گے
نہ پوچھو کس مصیبت میں دل برباد ہجراں تھا
۱۹۴۲ سنگ و خشت ، ۲۵

۲. **التفات کرنا ، متوجہ ہونا ، پرسان حال ہونا .**
پھرتے ہیں میر خوار کوئی پوچھتا نہیں
اس عاشقی میں عزت سادات بھی گئی
۱۸۱۰ میر ، ک ، ۸۹۳

بقول شخصے کتے اور کوے بھی نہیں پوچھتے ہیں .
۱۹۰۴ آفتاب شجاعت ، ۴ : ۲۹۰

۳. **قدر و منزلت کرنا ، آؤ بھگت کرنا .**
پوچھا نہ ہمارے بعد ہم کو یارو یہ جہاں کا پیار دیکھا
۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۴۱۸

قدر دانِ طرز و وضع عہد شاہی کون ہے
لاکھ تنہیے آپ کو اب پوچھتا ہی کون ہے
۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۳ : ۲۶۱

۴. **بیمار کا حال دریافت کرنا ، بیمار پرسی کرنا .**
پوچھا نہ کسی نے کہ وہ بیمار کدھر ہے
نے بھائیوں کو دھیان نہ بہنوں کو خبر ہے
۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۱ : ۲۰

۵. **خبر لینا ، نان نفقے کا خبر گیراں ہونا** (نوراللغات) .

۶. **خیر و عافیت معلوم کرنا ، عیادت کرنا .**
لطف کی بھی خوب سوجھی ان کو تڑپانے کے بعد
پوچھنے آئے ہیں مجھ کو دم نکل جانے کے بعد
۱۹۱۹ درشہوار ، بیخود دہلوی ، ۳۶

۷. **صلاح لینا ، مشورہ کرنا** (نوراللغات) .

۸. **پرسش کرنا ، باز پرس کرنا ، مواخذہ کرنا ، روکنا ٹوکنا .**
نہ کوئی پوچھنے والا نہ گچھنے والا جو چاہیں وہ کھائیں .
۱۸۹۲ خدائی فوجدار ، ۱ : ۸۸

پہلے تو تم اس قدر پوچھ گچھ نہیں کرتی تھیں .
۱۹۲۶ شرر ، درگیش نندنی ، ۴۶

۹. **عزت و اہمیت دینا ، قدر کرنا .**
زمانہ سابق میں شرفا سیف و قلم دونوں امور میں پوچھے جاتے تھے کہ ایک صورت وسعت رزق کی تھی .
۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۹

۱۰. **خاطر میں لانا .**
اور حسن نظامی کے سامنے ہم کو کون پوچھے گا .
۱۹۱۹ آپ بیتی ، ۲۱

۱۱. **بلانا ، طلب کرنا .**
بڑے صاحب نے پوچھا ہے ہمیں آج
نہ پوچھو اب ہمارا پوچھنا کیا
۱۹۴۲ سنگ و خشت ، ۴۹

۱۲. **امداد کرنا ، مدد کرنا** (نوراللغات) .

۱۳. **مانگ یا کھپت ہونا ، ضروری خیال کرنا .**
اشیائیہ میں ان چیزوں کو کوئی پوچھتا بھی نہیں .
۱۹۱۴ شبلی ، مقالات ، ۵ : ۴۳

۱۴. **ٹوکنا ، روکنا .**
تم بے کھٹکے چلے آؤ کوئی نہیں پوچھ سکتا .
۱۹۶۹ شہد ساگر ، ۶ : ۳۰۷۲

[س : پرچھتِ पृच्छति]

— بچارنا (— کس ب ، سک ر) ف م (قدیم) .

تفتیش کرنا ، دریافت کرنا .
پوچھنا بچارنا ، ایکس کے کہے سنے پر کیا ناحق یکس کوں جیووں مارنا .
۱۶۳۵ سب رس ، ۲۴۶

[پوچھنا + بچارنا (رک)]

— پاچھنا (— سک چھ) ف م .

۱. **اجازت لینا .**
اس آستان فیض نشان کا ادب کرتا ہے کہ بے اجازت اس چوکھٹ سے اپنا قدم ادھر نہیں دھر سکتا، نہیں تو پوچھنے پاچھنے کی بات نہیں جانتا .
۱۸۱۲ گل مغفرت ، ۱۲

۲. **دریافت کرنا ، معلوم کرنا .**
دل میں لے کر سنی سنائی پوچھا پاچھا پتے پر آئی
۱۸۸۷ ترانۂ شوق ، ۱۲۹

پردیسی آجاتا اور بول چال میں پوچھنے پاچھنے میں بے تمیزی کرتا ، آپ اس کی سہار فرماتے .
۱۹۰۱ بہشتی زیور ، ۸ : ۶

[پوچھنا + پاچھنا (تابع)]

— گچھنا (— فت گ ، سک چھ) ف م .

۱. **پرسان ہونا ، پرسش کرنا .**
حال دل اپنا جب اس یار نے پوچھا نہ گچھا
. کیا گلہ اس کا کر اغیار نے پوچھا نہ گچھا
۱۸۵۶ کلیات ظفر ، ۴ : ۲۶

۲. تحقیق کرنا ، دریافت کرنا .

وہ خود مختار ہے پوچھے گچھے لے جاکے گلدستہ
حضور ڈائرکٹر نذر رکھ دے اپنی من مانی

۱۸۷۳ کلیات قدر ، ۵۴

ہر بڑے شہر میں میرا کھاتہ کھلا ہوا ہے ، اگر وہ اپنا نام گلاب چند بتائے تو مینیجر بغیر پوچھے گچھے کمرہ دے دے گا .

۱۹۶۲ معصومہ ، ۱۹۰

۳. اجازت لینا .

بے پوچھے گچھے غیر کے مکان میں آنا ، بے دھڑک چاروں طرف پھرنا ، کسی سے نہ ڈرنا بڑی ڈھٹائی ہے .

۱۸۹۰ فسانۂ دل فریب ، ۴۶

کس کی اجازت اور کیسا پوچھنا گچھنا ، پلیٹ فارم سے لے کے مال گدام تک وہی وہ تھے .

۱۹۳۶ گرداب حیات ، ۵

[پوچھنا + گچھنا ، غالباً گچھا (= جمع کرنا سے)]

— (ہی) کیا/نہیں فقرہ .

حد نہیں ہے ، شمار نہیں ہے ، یقینی ہے ؛ کیا کہنے .

حیران ہیں تیرے حسن پہ سب پوچھنا ہی کیا
بولوں تب آئینہ جو تیرے روبرو نہ ہو

۱۷۸۲ دیوان محبت ، ۱۴۴

لاکھ پیری بھی جس سے شرمائے
پوچھنا کیا مری جوانی کیا

۱۸۸۴ ارمغانی ، نساخ ، ۳

منزلت اس کی پوچھنا ہی کیا جس کا مولد بنے خدا کا گھر

۱۹۳۹ شہاب تخیل ، ۸۹

پوچھنا (و مج ، سک چھ) ف م ؛ ~ پونچھنا .

۱. (کپڑے سے گرد وغیرہ) صاف یا خشک کرنا .

اگر وہ فاتحہ پڑھنے کو آئیں میری تربت پر
لحد سے اٹھ کر پوچھوں خاک پاپھولوں کی چادر سے

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۰۴

۲. گیلی چیز کو (کپڑے وغیرہ سے) صاف کرنا .

پوچھتا اشک اگر گوشۂ داماں ہوتا
چاک کرتا میں جنوں میں جو گریباں ہوتا

۱۸۱۶ دیوان ناسخ ، ۱ : ۱۹

محشر میں کیا اور بھی رسوائے ندامت
پوچھے مرے اشک اس نے مرے دامن تر سے

۱۹۱۹ رعب ، ک ، ۲۰۵

۳. آلائش سے پاک کرنا .

وہ پھوڑا پھوٹا ، سیروں مواد نکلا ، پوچھتے پوچھتے باولی ہوگئی .

۱۹۲۸ پس پردہ ، ۱۰۰

۴. کھرچنا (کسی لیس دار چیز کو برتن کے اندر سے چھڑانا) ، صاف کر دینا .

دیگچی رکابی پوچھ کر جھوٹن دھوون ہم بھی چکھ لیں گے .

۱۸۷۷ طلسم گوہر بار ، منیر ، ۲۱۹

[० : پوछना पोंछना]

— پانچھنا (— مغ ، سک چھ) ف م .

رک : پوچھنا .

کیا صاف حسن ہوگیا کیسے نکھر گئے
چہرے کو پونچھ پانچھ کے کیا آئینہ کیا

۱۸۷۳ کلیات قدر ، ۱۱۹

مٹھائی کی ٹوکری میں جو کاغذ آتے ان کو پونچھ پانچھ جمع کرتے جاتے اور انہیں پر خط لکھتے .

۱۹۳۰ مضامین فرحت ، ۲ : ۱۶۴

[پوچھنا + پانچھنا (تابع)]

پوچھنے والا (و مع ، سک چھ) صف .

۱. پرسان حال ، خبر گیری کرنے والا .

حضرت ہیں نہ اصحاب نہ آل آپ کی افسوس
اب کوئی نہیں پوچھنے والا غربا کا

۱۸۷۲ محامد خاتم النبیین ، ۴۴

میرے بعد کون پوچھنے والا ہے .

۱۹۳۶ گرداب حیات ، ۱۱

۲. قدر دان ، مشتاق .

آج کیا کل بھی نہیں پوچھنے والا کوئی
میرا مشتاق نہ فردوس نہ خواہاں دوزخ

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۴۸

۳. باز پرس کرنے والا ، ٹوکنے والا ، مواخذہ کرنے والا .

نہ کوئی پوچھنے والا نہ گچھنے والا ، جو چاہیں کھائیں جو چاہیں پئیں .

۱۸۹۲ خدائی فوجدار ، ۱ : ۸۸

پوچھنے ہارا (و مع ، سک چھ) صف .

رک : پوچھنے والا .

سوائے اپنے عمل کے کوئی پوچھنے ہارا نہیں .

۱۸۳۰ تنبیہ الغافلین ، ۱۶۹

پُوچھوانا (و مع ، سک چھ) ف م .

رک : پُچھوانا .

اگر میں پہلے اس امر سے مطلع ہوتی کہ وہ بیرگی میرے سوال کا ایسا جواب دے گا تو ہرگز اس سے اس بارہ میں کچھ نہ پوچھواتی .

۱۸۹۲ بوستان خیال ، ۸ : ۱۹۷

پُوچھو پُورَب بَتائے/بتاوے پچھّم کہاوت .

رک : پوچھو دن کی بتائے رات کی .

جو پوچھو پورب بتاوے پچھم ، کسی نے پایا نہ اس کا مطلب

لباس تن پر امیروں کا سا ، چمک دمک کا ، سجا ہوا ہے .

۱۸۸۷ کریم الدین مراد کے ڈرامے ، ۷ : ۲۳۴

پُوچھو دن کی بَتائے رات کی کہاوت .

سوال کچھ جواب کچھ (اُول جلول باتیں کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں) .

ایسے لوگوں سے کیا کرے کوئی بات
پوچھے دن کی تو بتائیں رات

۱۸۸۵ مثنوی عالم ، ۸۵

پُوچھو زَمین کی (تو) کَہوں/کَہے آسمان کی کہاوت .

رک : پوچھو دن کی بتائے رات کی .

الٹا یہ دل ہے یاد میں اس لا مکان کی
پوچھو زمین کی تو کہوں آسمان کی

۱۸۷۶ سخن بے مثال ، ۱۴۴

پُوچھی (و مع) امث .

مچھلی کی دم ، رک : پونچھ (پلیٹس) .

[س : پُچھ का पुच्छिका]

پُوچھی زَمین کی تو کَہی آسمان کی کہاوت .

رک : پوچھو زمین کی الخ .

قاصد بھی اس کو دیکھ کے دیوانہ ہوگیا
پوچھی زمین کی تو کہی آسمان کی

۱۸۹۲ مہتاب داغ ، ۲۳۵

پُوچھیں جب بولیے بُلائیں جب جائیے کہاوت .

جب تک کوئی پوچھے نہیں تب تک بات بتانی نہیں چاہیے ، اور جب تک کوئی بلائے نہیں اس کے گھر نہیں جانا چاہیے (جامع اللغات) .

پُوچھیں زَمین کی تو کَہیں آسمان کی کہاوت .

رک : پوچھو زمین کی الخ (جامع اللغات) .

پَود (۱) (و لین) امذ .

وہ قالین یا خصوصی دری جو بڑے لوگوں یا افسروں کے استقبال کے لیے ان کے راستے میں بچھایا جاتا ہے ، پانوڑا ، پانوڑی (شبد ساگر) .

[مقامی]

پَود (۲) (و لین) امث .

۱. بیج سے پیدا کیے ہوئے چھوٹے پودے جو ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ لگائے جاتے ہیں ، بوٹا ، پنیری .

ڈہان کے قریب پود لگانے کا ایک تجربہ کیا گیا جو بہار کے موسم میں عمل میں آیا تھا .

۱۸۶۵ رسالہ علم فلاحت ، ۹۸

جب وہ کھیتی کے لیے تیار ہوجائے اور اس کے بعد اس میں پود لگائی جائے تو اس کی پیداوار اچھی ہوگی .

۱۹۴۶ الف لیلہ و لیلہ ، ۷ : ۵

۲. (مجازاً) نسل ، خاندان .

دنیا میں عورت آئی ، انسان کی پود پھیلائی .

۱۹۰۱ راقم ، عقد ثریا ، ۱۱۴

قرآن کا مطلب اور اس کی تفسیر آج تک مسلمانوں نے نہیں سمجھی ، اب یہ نئی پود مفسر ہوئی ہے .

۱۹۳۲ ریاض خیر آبادی ، نثر ریاض ، ۱۹۶

[० : پود पौद]

— جَمانا محاورہ .

بنیاد قائم کرنا ، پودا لگانا .

اگر روسی اس کی سرحد کے متصل ہوجائیں تو وہ ہندوستان میں بغاوت اور فسادوں کی پود جما کر اپنی آبیاری سے وہ نشو و نما دیں .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۴۲

ــ لَگانا محاورہ .

رک : پود جمانا .

اگر مسلمانوں نے اب بھی بے پرواہی کو کام فرمایا . . . اور اپنی آئندہ نسلوں کے لیے کچھ پود نہ لگائی تو ان کی وہی مثل ہوگی جیسا کہ شمالی امریکہ کے . . . حال میں لکھا ہے .

۱۸۷۱ مقالات حالی ، ۱ : ۸

پُود (و مع) امذ .

بانا جس کو تانے میں ڈال کر کپڑا بنتے ہیں (اکثر تار کے ساتھ مستعمل مثلاً تار و پود) .

پیلا نیلا ، زرد کبود تانا بانا تن است و پود

۱۸۵۶ تعلیم الصبیان ، ۱۰۸

نصف بہتر مرد کا عورت کو کہتے ہیں مگر
ہے قبائے زندگی کا اس کی پود و تار تو

۱۹۳۷ نغمۂ فردوس ، ۱ : ۵۶

[ف]

پودا (۱) (و لین) امذ .

۱. (بٹوا گری) زیور کے ڈورے کے دونوں طرف کے بندوں میں کا چھوٹا بند جو باندھنے میں پھندا بنایا جاتا ہے ، ڈورا (ا پ و ، ۴ : ۷۷) .

۲. (رفوگری) دنبالہ ، رفوگر کی سوئی کے ناکے میں پھانجوان ڈورے کا بڑا ہوا حلقہ جس میں ایسا تار ڈالا جاتا ہے جو سوئی کے ناکے میں الجھتا ہو یا ناکے میں نہ آتا ہو (ا پ و ، ۲ : ۱۶۰) .

۳. مچھلی پکڑنے کے کانٹے کا سر بند جس میں ڈوری باندھی جاتی ہے (ا پ و ، ۳ : ۵۴) .

۴. (کامدانی) وہ چھوٹا تاگا جو سوئی ڈال کر اس میں کامدانی کے تار کا سرا اٹکانے کا کام لیتے ہیں ، جب تک یہ تاگا ٹوٹتا نہیں دوسرا بدلنے کی ضرورت نہیں پڑتی (مہذب اللغات) .

[ا : ف : پود (رک) سے]

پودا (۲) (و لین) امذ .

۱. ہونا ، چھوٹا درخت .

شجر طور کا اس باغ میں پودا ہی نہیں
کیسوے حور کا اس دور میں سودا ہی نہیں

۱۸۷۵ کلیات اکبر ، ۱ : ۲۸۸

قاضی شہاب الدین دولت آبادی یہ پودا دلی سے لائے تھے .

۱۹۴۳ حیات شبلی ، ۱۱

۲. پھندنا جو بلبل کی پوٹی میں باندھ دیتے ہیں (نوراللغات ؛ علمی اردو لغت) .

۳. باگ کا وہ حصہ جسے سوار اپنے ہاتھ میں پکڑتے ہیں .

سردار نے پودا باگ کا لیا اور سامنے فیروز بخت کے آکر اجازت چاہی .

۱۹۰۲ آفتاب شجاعت ، ۱ : ۲۲۶

۴. بچہ ، لڑکا ، لڑکی (پلیٹس) .

۵. ہونڈی ، چنور ، ایک قسم کی گھاس (پلیٹس) .

[س : پاد + پ : یہ + पाद् + प:]

ــ اُگنا محاورہ .

کسی چیز کا ابھرنا یا پیدا ہونا ، آغاز ہونا ، ابتدا ہونا .

ثمر کیا لائے کیا جانے یہ بڑھ کر
اگا ہے دل میں پودا آرزو کا

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۴۵

ــ جَمانا محاورہ .

بیج ہونا ، درخت لگانا .

اب وہ بھی نہ رہے اور ان کی جگہ نئے پودے جمائے گئے ہیں .

۱۹۵۰ چھان بین ، ۱۳

ــ جَمنا محاورہ .

کسی چیز کا جڑ پکڑنا ، مستحکم یا قائم ہوجانا .

جما ایک گویا یہ بھگتی کا پودا
ہری ہو گئی دل میں وادی جسودا

۱۹۰۱ مظہرالمعرفت ، ۴

ــ لَگانا محاورہ .

بنیاد رکھنا .

ہند کی انجمنوں نے جو آپ کے ہی مقدس ہاتھ کے لگائے ہوئے پودے ہیں ، اپنی اپنی لیاقت کے موافق آپ کی خدمت میں سپاسنامے پیش کیے ہوں گے .

۱۸۸۴ مکمل مجموعہ لکچرز و اسپیچز ، ۳۲۳

۳. کسی امید پر بچے کی پرورش کرنا (علمی اردو لغت) .

پود دار (و مع) امذ .

فوطہ دار ، خزانچی ، محصول لینے والا افسر (نوراللغات) .

[ہونا (رک) + دار (رک)]

پودَر (و لین ، فت د) امث .

۱. (کاشتکاری) کھیت کے اندر یا کنارے کنارے ایک آدمی کے چلنے کا راستہ جو کچی زمین پر مسلسل چلنے سے بنا نشان بن جاتا ہے ، پگ ڈنڈی یا پکھ ڈنڈی ، پٹیا ، پاہ (ا پ و ، ۶ : ۳۹) .

۲۔ کنوئیں کے پاس کی وہ ڈھلوان اور چوڑی زمین جس پر چرس کھینچتے وقت بیل آتے جاتے ہیں؛ وہ راستہ جس پر کولھو چلانے والا بیل گھومتا یا آتا جاتا ہے (ماخوذ: شبد ساگر)۔

[ہ: پودر पौदर]

پودک (و مج، فت د) امث۔

برم گرم نامی بشمینے کی ایک قسم (آئین اکبری، ۱: ۷۳)۔

[ف]

پودنا (و مج، سک د) ~ پودنہ۔

(الف) امذ۔

۱۔ ایک بہت ہی چھوٹا سا برند جو پھدک پھدک کر چلتا ہے اور گھاس میں گنبد نما گھونسلہ بناتا ہے، لاط: Sylvia olivacea

پودنے نے یاں کے بنگالے میں جا
ایک مینا سے کہا یہ ماجرا

۱۷۸۰ سودا، ک، ۱: ۳۹۵

طوطا مینا تو ایک بات ہے پودنا پھدکے تو قیامت ہے

۱۸۱۰ میر، ک، ۱۰۱۰

پودنہ اور سارو کو بھی شکار کرنے کی تعلیم دی جاتی ہے۔

۱۹۳۸ آئین اکبری، ۱، ۱: ۳۴۵

۲۔ بھتنا، شیطان (پلیٹس)۔

(ب) صف۔

۱۔ جو طاقت اور جسامت میں کم ہو، ہونا، ٹھنگنا، نہایت پستہ قد آدمی۔

وہ شخص ہم میں ایسا تھا جیسے پودنوں میں دیو۔

۱۹۳۵ چند ہم عصر، ۲۳

۲۔ ناتواں، کم زور، بزدل (دریائے لطافت، ۷۸)۔

[ہ: پودنا पौदना]

پودنے (و مج، سک د) امذ۔

پودنا (رک) کی جمع یا محرفہ شکل (تراکیب میں مستعمل)۔

چلا پودنے کی طرف شاہباز کیے اس نے کووں پہ بازو دراز

۱۷۸۴ جنگ نامہ دو جوڑا (ق)، ۴۲

کچھ لال چڑے پودنے بدے ہی نہ غش تھے
پدڑی بھی سمجھتی تھی اسے آنکھ کا تارا

۱۸۳۰ نظیر، ک، ۱: ۶۷

ـــ کی ضامنی ہسی کیا کہاوت۔

ادنیٰ کی بات کا کیا اعتبار ہے۔

ایک دھکے میں کہاں وہ کامنی
پودنے کی سی ہے اس کی ضامنی

۱۸۱۰ میر، ک، ۱۰۲۵

پودہ (و لین، فت د) امذ۔

رک: پودا۔

اہم تر مسئلہ . . . پودہ لگانے سے زمین کی مناسبت کا ہے۔

۱۹۲۳ تربیت جنگلات، ۳۲۳

ـــ گاہ امث۔

بیج بونے اور پود تیار کرنے کی کیاری؛ وہ جگہ جہاں پنیری لگائی جائے؛ نرسری (پلیٹس)۔

[پودہ + گاہ (رک)]

پودینہ (و مج، ی مع، فت ن) امذ۔

ایک خوشبودار روئیدگی جو دواؤں میں کام آتی ہے اور جس کی چٹنی بنائی جاتی ہے اس کی پتیاں کھانا پکانے میں بھی استعمال ہوتی ہیں، لاط: Mentha sativa۔

پنیر و ادرک و پیاز و پودینہ لگا مولی سے ہر اک باقرینہ

۱۷۸۶ میر حسن (دو نایاب زمانہ بیاضیں، ۲۰)

یہ علاج بذریعۂ بخارات ہوتا ہے، طریقہ یہ ہے کہ پودینہ . . . وغیرہ کی پتیاں لے کر ایک ہانڈی میں جمع کرو۔

۱۹۴۷ جراحیات زہراوی، ۷۶

[ف]

ـــ کا ست (ـــ فت س) امذ۔

جو ہر پودینہ، پیپرمنٹ (Peppermint)۔

سٹریا پٹینوں کی مشہور ترین مثالیں، کافور، پودینہ کا ست . . . اور اجوائن کا ست . . . ہیں۔

۱۹۴۸ علم الادویہ، ۱: ۱۲

پودہ (۱) (و لین) امذ۔

رک: پودا (۲)۔

پتھر تو نہیں مگر یہ بات نہیں کہ درخت بھی نہ ہو مثلاً آم کے پودہ۔

۱۸۷۱ مبادی الحکمۃ، ۳۱

پودہ (۲) (و لین) امث۔

رک: پود (۲)۔

یورپ کے اہل قلم . . . طرح طرح کی برائیاں لکھ لکھ کر لوگوں میں پھیلا رہے تھے تاکہ مسلمانوں کی نئی پودہ کو خود اپنی قوم سے نفرت ہونے لگے۔

۱۹۴۳ حیات شبلی، ۱۷۱

پودھا (و لین) امذ .

۱۔ رک : پودا معنی نمبر ۱ ، ۲ ۔

اے پیر جن پودھوں سے تجھے پھل کھانے کی آس نہیں اون پر محنت کیوں کر رہا ہے ۔

۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۱۰۷

انگلستان اور امریکہ میں بھی وہ پودھا بڑھ رہا تھا جس کا بیج سوامی جی نے بویا تھا ۔

۱۹۳۶ پریم چند ، مضامین ، ۲۲۲

۲۔ رک : پودا معنی نمبر ۳ ۔

شہسوار نے باگ کا پودھا روک کر راہوار کی گردن پر ہاتھ مارا ۔

۱۸۶۶ جادۂ تسخیر ، ۳۶

شہزادہ محتشم بن ہاشم نے پودھا باگ کا لیا ۔

۱۹۱۷ گلستان باختر ، ۳ : ۱۰

پودھاری (و لین) امث .

(کاشتکاری) بیج بونے اور پود تیار کرنے کی کیاری جس میں ایسے بیج بوئے جائیں جن کی پود ایک جگہ سے دوسری جگہ لگانی ضروری ہو ، پنیری ، بیہن ، پیاد (ا پ و ، ۶ : ۲۹) .

[رک : پودھا + ری ، لاحقۂ نسبت]

پودھیلا (و لین ، ی مج) امذ .

رک : پودھاری ، نرسری (پلیٹس) .

[० : पौधेला पौधेला]

پوڈر (و لین ، فت ڈ) امذ .

رک : پاؤڈر ، سفوف .

جلد کا رنگ خواہ کیسا ہو ، پوڈر و صابن اس میں تبدیلی پیدا کر سکتے ہیں .

۱۹۱۵ فلسفۂ اجتماع ، ۱۹۰

لونگ کالی مرچ . . . قدرے جائفل ، اس کا پوڈر خشک باریک بنا لیا جائے .

۱۹۳۷ شاہی دستر خوان ، ۱۹

اف : لگانا ، بنانا .

— **پھر جانا** محاورہ .

چمک آجانا ، رونق آجانا .

شہر یار کے روئے منور پر کامیابی کا ایک تازہ پوڈر فوراً پھر گیا .

۱۹۳۰ آغا شاعر ، لیلیٰ دمشق ، ۵۳

پوڈری مِل ڈیو (و لین ، فت ڈ ، کس م ، سک ل ، کس خف ڈ ، ی مخ) صف .

سفوفی پھپھوند ، یہ بیماری پودوں اور بڑے درختوں پر پتے کی نچلی سطح پر خاکستری یا سفیدہ نما دھبے کی صورت میں ظاہر ہوتی ہیں .

فصل پر ڈاؤنی اور پوڈری مل ڈیو کا حملہ ہوتا ہے ، پتوں کی سطح پر دانہ دار سفید پوڈر ظاہر ہوتا ہے .

۱۹۷۰ وادیٔ مہران میں زراعت ، ۲۲۳

[Powdery Mildew]

پوڈل (و مع ، کس ڈ) امذ .

ایک قسم کا چھوٹے قد کا کتا جس کے بال لمبے اور گھونگر والے اور طرح طرح سے تراشے ہوئے ہوتے ہیں .

تین چار پوڈلز ، دو طرے باز چپراسی اور ایک گوانیز بیرے پر نظر ڈالتی ہوئی . . . چلی گئی .

۱۹۵۶ شیشے کے گھر ، ۲۰۲

[انگ : Poodle]

پوڈنگ (و مع ، کس ڈ ، مغ) امث .

رک : پڈنگ .

چھپ چھپ کے وہ ہوٹلوں میں جاتا
کٹ لیٹ ، وہسکی ، پوڈنگ اڑاتا

۱۹۰۳ سرشار (سرشار ایک مطالعہ ، ۲۳۷)

[انگ : Pudding]

پوڈو فائلم (و مج ، و مج ، کس ء ، فت ل) امذ .

ایک بوٹی جس سے کشید کردہ دوا کو جلاب کے طور سے استعمال کیا جاتا ہے .

ایک اور اہم ادویاتی بوٹی پوڈو فائلم ہے جو مغربی صوبے کے شمال مغربی سرحدی علاقوں میں پیدا ہوتی ہے .

۱۹۶۶ کارگر ، ۵ ، ۲ - ۳ : ۲۳

پور (۱) (و لین) امث .

دروازہ ، پھاٹک (پلیٹس) .

[س : पुर पुरा]

پور (۲) (و لین) .

(الف) صف .

شہر یا قصبے کا ، شہری ، شہر یا قصبے میں بنا ہوا (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

(ب) امذ .
۱. شہر کا باشندہ ، شہری (پلیٹس) .
۲. ایک قسم کی خوشبودار گھاس (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .
[س : پور]

ـــ سکھیا (— فت س ، سک کھ) امذ .
برابری ، ہم شہر جو دس سال تک ایک ہی شہر میں ہوں (مجازاً) ہم وطن (پلیٹس) .
[پور + سکھی (رک) + ا ، لاحقۂ نسبت]

پُور (۱) (و مع) امذ .
۱. بیٹا .
ہے اس نانو جمشید پور قباد جو دھرتا ہے جمشید تھے او نژاد
۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۱۲۳
یاد کر تیرا جمال اے ساقی کوثر کے پور
میکدے میں کہتے ہیں سب مست و مدہوش السلام
۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲ : ۱۳۶
پدر و مادر و خواہر ، زن و پور و دختر
عم و عم زاد واخی، خواجہ و مہتر کہتر
۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۳۶۳
کوئی فرزند نہ تھا ، پور دلبند نہ تھا ، شکر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ آرزو بھی پوری کی .
۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۱ : ۸۲
۲. گھوڑا ؛ فولاد ؛ وہ جو اپنے آپ کو جاہل ظاہر کرے ؛ جنگلی مرغ ، تیتر (جامع اللغات) .
[ف نیز س : پتر पुत्र]

ـــ تاک کس اضا امذ .
(لفظاً) انگور کا بیٹا ، (مجازاً) ساقی .
پور تاک . . . ساقی .
۱۹۱۹ معیار فصاحت ، ۱۷۲
[پور + تاک (رک)]

ـــ خلافت کس اضا (— کس خ ، فت ف) امذ .
ولیعہد سلطنت .
شاہ جم جاہ کا ارتحال ہوا . . . تو مہین پور خلافت یعنی ولیعہد سلطنت صاحب تخت و تاج ہوا .
۱۹۰۱ الف لیلہ ، سر شار ، ۱
[پور + خلافت (رک)]

ـــ صدف کس اضا (— فت ص ، د) امذ .
(لفظاً) سیپی کا بیٹا ، (مجازاً) موتی (جامع اللغات) .
[پور + صدف (رک)]

ـــ عذرا کس اضا (— فت ع ، سک ذ) امذ .
(مجازاً) شراب (جامع اللغات) .
[پور + عذرا (رک)]

پُور (۲) (و مع) امذ (قدیم) .
۱. سیلاب ، طوفان ، پانی کا ریلا .
تجھ عشق میں ولی کے انجھو ابل چلے ہیں
اے بحر حسن آ دیکھ اس پور کا تماشا
۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۴
معین موسم میں ہر سال اس ندی کو پور آتا ہے اور دونوں کناروں پر میدان میں پانی پھیلتا ہے .
۱۸۷۰ خلاصہ علم جغرافیہ ، ۵۶
۲. سیلابی کیفیت ، لبریز کرنے کا عمل ؛ تسلی و تشفی دینے کا عمل ؛ ناک میں سے سانس آہستہ آہستہ کھینچنے کا عمل (بطور مذہبی ریاضت) ؛ جواب ؛ کانوں کا ایک زیور ؛ زخموں یا پھوڑوں کو صاف یا مندمل کرنے کا عمل (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .
۳. پوری ، کچوری ، چنے یا ماش کی دال بھری ٹکیا ، گھی یا تیل میں تلی ہوئی ٹکیا (ماخوذ : مہذب اللغات ؛ نور اللغات ؛ پلیٹس) .
[س : پور पूर]

پُور (۳) (و مع) صف ؛ امذ (قدیم) .
پورا ہوا ، پور پُور ، پُر ؛ رک : پورا .
ترا نور ہر ٹھار معمور اچھو
ترا دل خوشیاں سات جم پور اچھو
۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۳۹
اے عشق کا درد سب پور ہے
او معشوق سوں اپنے مہجور ہے
۱۶۸۲ رضوان شاہ و روح افزا ، ۹۳
تھا پور جو اک بڑا پٹارا
سو ہوا گ نگر میں کھولے سارا
۱۷۰۰ من لگن ، ۲۱
[س : پورنہ पूर्ण:]

ـــ پڑنا محاورہ .
کافی ہونا ، اچھی طرح سے گزر ہو جانا ، کمی کا دور ہو جانا .
منفعل ہونا گناہوں سے ضروری بات ہے
. پور پڑ جائے اگر اس سے تو پوری بات ہے
۱۹۱۱ نذر خدا ، مضطر خیرآبادی ، ۲۳۲

— دینا محاورہ .

بھر دینا ، معمور کر دینا ، پر کر دینا .

شہد نکلنے کے بعد موم کے خالی گالے پھر چھتے میں رکھ دیے جاتے ہیں اور مکھیاں ان کو پور دیتی ہیں .

۱۹۳۰ شہد کی مکھیوں کا کارنامہ ، ۸۲

— کَرنا محاورہ .

آباد کرنا ، بھرپور کرنا ، پورا کرنا ، پُر کرنا ، بھرنا .

سائیں کے مکھ گلال تھے مستنی عشق اب چڑھی
دور کروں بنفشہ رنگ پیرہن آج پور کر

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۱۱۶

پُور (۴) (و مج) لاحقہ ؛ ~ پورہ .

شہر ، گانو ، قصبہ ، بالعموم چھوٹی آبادی جو کسی بڑے شہر کے قریب ہو .

کملا پور اور اس کے سب پوروں میں ہر قسم کے مویشیوں کے گلے بہت زیادہ ہوگئے .

۱۹۳۱ چھلاوہ ، ۳

[०: पुर]

پور (۱) (و مج) امث .

۱. (i) **ہاتھ یا پانو کی انگلی کے تین حصوں میں سے ایک حصہ ، انگلی کا جوڑ .**

بانجھ عورت لڑکے کو متبنیٰ کرتی ہے تو اپنے ہاتھ کی دو انگلیوں کی ایک ایک پور کٹوا ڈالتی ہے .

۱۸۷۳ مکمل مجموعہ لکچرز و اسپیچز ، ۱۰۳

بغض و حسد کا باغ ترقی پذیر ہے
کل پور بھر جو پیڑ تھا وہ ہاتھ بھر ہے آج

۱۹۵۱ صفی لکھنوی ، د ، ۴۸

۲. گنے یا بانس وغیرہ کا وہ حصہ جو ایک گرہ سے دوسری گرہ تک ہوتا ہے .

کاتب کی شیریں کلامی یہ اثر کر گئی کہ قلم کی ہر پور گنے کی طرح میٹھی ہوگئی .

۱۸۷۲ عطر مجموعہ ، ۱ : ۲۰۳

وہ ایک درخت کی شاخ کی ایک پور ہے .

۱۹۳۴ منشورات ، کیفی ، ۸۶

۳. قطار یا درمیانی فاصلہ جو بوتے وقت کھیتوں میں رکھا جائے .

اس کے بعد گندم کی طرح دھان بذریعہ چھٹہ یا پور یا کیرا کاشت کردیا جائے .

۱۹۶۱ چاول، دستور کاشت ، ۷۱

[س : ہروا पवाँ]

— پور (— و مج) امث .

جوڑ جوڑ ، بند بند .

پور پور میں اس کی مزا ، گنڈیری اس کی خوش ذائقہ اور گانٹھ ہر ایک اس کی رس کی گانٹھ .

۱۸۰۱ آرائش محفل ، افسوس ، ۱۹

آدمی کی پور پور میں شرارت بھری ہے .

۱۹۰۶ الحقوق والفرائض ، ۱ : ۴

۲. (مجازاً) جسم کی چھوٹی سے چھوٹی جگہ ، جسم کا ایک ایک حصہ .

آج انھوں نے پور پور ہر ماردی .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۱۲۷

۳. ایک ایک انچ (پلیٹس) .

[پور + پور (رک)]

— پور پَر نچانا محاورہ .

ذرا ذرا سی بات پر چڑھانا یا چڑانا ، بہت پریشان کرنا .

سالیوں کے چھیڑنے پر بگڑو گے تو تم کو پور پور پر نچائیں گی .

۱۹۲۴ خلیل خان فاختہ ، ۱ : ۶۳

— پور پَہ دانو ہونا محاورہ .

قدم قدم پر مشکل صورت حال سے دوچار ہونا .

یہ کمیٹی کے دھندے ہیں ، یہاں پور پور پہ داؤں ہے ، یہاں کی گھاتیں تو ہم ہی خوب جانتے ہیں .

۱۹۵۴ پیر نابالغ ، ۷۰

— پور چھلّے انگوٹھی ہونا محاورہ .

ہاتھوں میں زیور کی کثرت ہونا ؛ عیش و آرام میں بسر ہونا .

وضع یہ تھی کہ . . . پور پور چھلے ، انگوٹھیاں . . . بیسیوں بالی پتے لٹکے ہوئے .

۱۹۷۰ غبار کارواں ، ۵۲

— پور چھلّے پہننا محاورہ .

انگلیوں کے ہر جوڑ کے درمیان انگشتریاں ڈالنا (جامع اللغات) .

— پور میں پیچ ہونا محاورہ .

نہایت چالاک ہونا .

اجی حضرت اس کی پور پور میں پیچ ہیں واللہ ، اور آدمی شہ زور بھی ہے .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۲ : ۲۹

ــ دانی اسث .

(خیاطی) سینے کے وقت اُنگلی کے سرے پر پہننے کا پیتلی یا آہنی خول جس کی وجہ سے اُنگلی میں سوئی نہیں چبھتی ، انگُشتانہ (ا پ و ، ۲ : ۱۳۱) .

[پور + دانی ، لاحقۂ ظرف]

پور (۲) (و مج) اسث .

قرعہ ، فال .

وہ روز بروز اور ماہ بماہ . . . ہامان کے سامنے پور یعنی قرعہ ڈالتے رہے .

۱۹۵۱ کتاب مقدس ، ۴۸۸

اف : ڈالنا .

[؟]

پور (۳) (و مج) امذ .

گُچھا ، پھل .

کیلے کا پور اور مکئی پر جھنڈ ایک ہی بار آتا ہے .

۱۹۶۲ آفت کا ٹکڑا ، ۲۰۰

[ه : पोर पور]

پور (فت پ ، و) اسث .

طاقت ، رک : پاور .

پسٹن کو اتنی گرمی سہارنی پڑتی ہے کہ اس ڈگری پر لوہا گل جائے ، لیکن یہ گرمی فوراً ضائع کردی جاتی ہے ، اس وجہ سے اسٹروک کا نام پور یعنی طاقت کا اسٹروک ہے .

۱۹۲۳ آئینۂ موٹر ، ۹

[انگ : Power]

پُورا (و مع) .

(الف) صف .

۱. کامل ، ہمہتمی ، ماہر .

جگونی پاک پورا ہوتا ، اسے پوچھ شراباً طہورا ہوتا .

۱۶۳۵ سب رس ، ۳۲

پورے کو پہچانتے ہیں پورے
نا ہم سے اوج ہور ادھورے

۱۷۰۰ من لگن ، ۱۵

سوار بھی پورا سوار ہے ، کیا جما بیٹھا ہے ، ذرا نہیں ہلتا .

۱۸۶۹ اردو کی پہلی کتاب ، آزاد ، ۴۹

کبھی بزم میں تھے کبھی رزم میں
ہمیں ہیں جو پورے تھے ہر عزم میں

۱۹۳۲ بے نظیر شاہ ، کلام ، ۳۳۴

۳. تمام کا تمام ، مکمل ، مقررہ ، سارے کا سارا .

ہاتھی پچیس برس میں پورے قد کا ہوتا ہے .

۱۸۶۹؟ اردو کی پہلی کتاب ، آزاد ، ۲ : ۳۲

عالم کا یہ کل نظام پورا
قدرت کا اسی کی ہے ظہورا

۱۹۲۸ تنظیم الحیات ، ۲۱۸

۴. ٹھیک ، بلا کم و کاست .

داغ سوزاں پھول ہیں تیری محبت میں مجھے
پورا چرچا ہوں میں ابراہیم کے گلزار کا

۱۸۷۳ کلیات قدر ، ۱۰۴

ابھی فیروز کی عمر پورے سات برس کی بھی نہ ہونے پائی تھی کہ یتیم ہو گیا .

۱۸۹۴ اردو کی چوتھی کتاب، اسمٰعیل میرٹھی ، ۲۹

۵. خاطر خواہ ، جیسا چاہیے .

انھوں نے جس بنیادی قابلیت کا ثبوت دیا اس کا اب تک پورا اعتراف نہیں ہوا .

۱۹۳۱ انگریزی عہد میں ہندوستان کے تمدن کی تاریخ ، ۱۵۱

۶. لبالب ، لبریز .

اپنے حصے کی بچا لیتے ہیں دینے والے
نہ بھرا ساقی کم ظرف نے ساغر پورا

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۶۲

۷. بہت (قدیم) .

پری زاد کو دیکھ پورا ڈری
یکٹ نہانے کا ارادہ کری

۱۶۸۲ رضوان شاہ و روح افزا ، ۱۴۷

۸. تجربہ کار ، پختہ کار ، واقف کار .

وہی انسان پورا ہے اسی کے ہم تو قائل ہیں
بھلوں میں جو بھلا ٹھہرے، بروں میں جو برا ٹھہرے

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۲۴۱

۹. (مجازاً) ثابت قدم ، پکا .

وہ پورا دوستی میں ہوں کہ ہر دم میرے پانوں پر
گرا وہ دشمن جانی اھو ہو ہو اھو ہو ہو

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۲۰۲

۱۰. بھرپور ، کاری .

لگا اک وار پورا ہے جگہ غیرت کی او قاتل
تری تلوار پر میرا دہان زخم خنداں ہے

۱۸۱۶ دیوان ناسخ ، ۱ : ۱۱۷

۱۱. اصل ، واجبی (دام اور قیمت کے لیے) .

میری جیسی ہزارہا جنس ناکارہ اس سرکار میں خریدی گئیں ، اور کیمیا ہو گئیں ، دام پورے چھوڑ سوائے ہائے .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، کائنات ، ۴۰

۱۲. مکمل ، سالم ، ادھورا کی ضد .

خط لکھا مجھ کو تو اس میں نام بھی پورا نہ تھا
کیا کہوں قسمت کا لکھا آج پورا ہو گیا

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۸۲

۱۳. معمول کے مطابق .

نبض پوری اور سریع ، آنکھیں سرخ ، پتلیاں سکڑی ہوئی بعض اوقات درد سر ، تشعریرہ اور صدمے بھی ہوا کرتے ہیں .

۱۸۹۲ میڈیکل جیورس پروڈنس ، ۳۲۷

اف : پڑنا ، کرنا ، ہونا .

(ب) امذ .

طاقت ، برتا ، مقدرت ، بھروسا .

کچھ دینے کا بھی دیکھ لے اے آہ ٹھکانا
کس پورے پہ لیتی ہے تو تاثیر دعا قرض

۱۸۵۱ مومن ، ک ، ۷۳

[س : پورنہ : पूर्ण]

— اُتارنا محاورہ .

کامیاب کرنا ، تکمیل کو پہنچانا .

نیک نیتی نے ہر ارادے کو پورا اتارا .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۳۸۲

— اُترنا محاورہ .

۱. آزمائش یا امتحان میں کامیاب ہونا .

میر ضمیر استعداد علمی اور زور طبع کے بازوؤں سے بہت بلند پرواز کرتے تھے اور پورے اترتے تھے .

۱۸۸۰ آب حیات ، ۳۸۲

خدا نے تمھیں اس وقت امتحان میں ڈالا ہے ، صبر و شکر کے ساتھ اس میں پوری اترو .

۱۹۳۰ فاطمہ کا لال ، ۱۳۷

۲. منشا کے مطابق ، ٹھیک بیٹھنا .

جب کوئی شعر باوجود مضمون کی متانت اور سنجیدگی کے روز مرہ اور محاورہ میں بھی پورا اتر جائے تو لامحالہ اس سے ہر صاحب ذوق کو تعجب ہوتا ہے .

۱۸۹۳ مقدمۂ شعر و شاعری ، ۱۶۷

مرزا صاحب ہیں کہ لکھنؤ کو اپنے چاروں مقرر کردہ معیاروں میں کسی ایک پر پورا اترنے تسلیم نہیں کرتے .

۱۹۵۰ چھان بین ، ۱۹۰

۳. جانچ یا وزن میں ٹھیک نکلنا .

مجھ کو شک تھا کہ دوکاندار نے سودا کم دیا ہے لیکن گھر جا کے تولا تو پورا اترا .

۱۹۶۲ مہذب اللغات ، ۳ : ۱۱۶

۳. دو چیزوں میں تطابق ہونا بیشتر قول و فعل میں ، معیار کے مطابق ہونا ، توقع کے مطابق ہونا .

پورے نہ اترے آپ مگر اپنے قول میں
ہے منہ کہ آپ مجھ کو یہ الزام دے سکیں

۱۹۵۸ تار پیراہن ، ۲۳۴

— پڑنا محاورہ .

۱. کامیاب ہونا ، (لڑائی وغیرہ) جیتنا .

عشق سوں جیتا کوئی لڑے گا ، پورا نا پڑے گا .

۱۶۳۵ سب رس ، ۲۶۰

گو فرشتے سے ہم بگڑتے ہیں
پر کہاں تم سے پورے پڑتے ہیں

۱۸۶۶ دیوان فیض ، ۱۸۲

۲. کارگر ہونا .

تجربے نے کان میں کہا کہ اب تک جدھر ہاتھ ڈالا ہے ، پورا پڑا ہے .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۱۷

۳. کافی ہونا ، ضرورت (تعداد یا مقدار) پوری ہونا .

جورو کے مزدور تک بیگار میں گرفتار ہوئے ، پورے نہ پڑے جب شمار ہوئے .

۱۸۶۱ فسانۂ عبرت ، ۷۳

کاشتکار ہی کا پورا نہیں پڑتا ، زمیندار کو کہاں سے دے .

۱۸۹۹ رویائے صادقہ ، ۳۰

۴. واجبی طور پر بسر ہونا ، گذارے کے لائق ہونا .

کبھی اتنا ہاتھ آگیا کہ پیٹ بھر گیا اور بچ رہا ، کبھی اتنا بھی نہ ہاتھ آتا کہ پورا پڑتا .

۱۸۹۰ رسالہ دلگداز ، ۵/۳ ، ۱ : .

— پن (— ف پ) امذ .

تکمیل ، مکمل ہونے کی حالت ، پختگی ، پک جانے کی حالت ، تیاری ؛ نقش کا مکمل ابھار ؛ کفایت ؛ کسی کام کی تکمیل ، وغیرہ وغیرہ (پلیٹس) .

— پورا (— و مع) م ف .

بالکل ، بلا کسی کمی بیشی کے ، مکمل طور سے .

خوش نصیبی سے بچ گئے . . . ورنہ پورا پورا تصفیہ ہو گیا تھا .

۱۸۹۲ خدائی فوجدار ، ۱ : ۵۳

تمام تعلیم یافتہ مسلمانوں نے ان کی رائے پر پورا پورا عمل کیا .

۱۹۳۸ حالات سرسید ، ۶۳

— پُورا اُترنا محاورہ .

ٹھیک ٹھیک بیٹھنا ، صادق آنا .

ان کا دعویٰ میرے اوپر پورا پورا اترتا ہے .

۱۹۴۲ الف لیلہ و لیلہ ، ۳ : ۳۱۲

— پُورا بھَر دینا محاورہ .

مکمل معاوضہ دینا ، کچھ بقایا نہ رہنے دینا (جامع اللغات).

— تول چاہے مَہنگا بیچ کہاوت .

دکاندار کو تول میں کم چوز کبھی نہیں دینی چاہیے مہنگا بیچنا اس سے اچھا ہے (جامع اللغات) .

— ڈالنا محاورہ .

انجام کو پہنچانا ، کمی کو پورا کرنا .

ظلم میں بھی تو ستمگر نے نہ ڈالا پورا
آج بھی یوں ہی رہا قتل کا ساماں ہو کر

۱۸۹۸ دیوان مجروح ، ۷۸

— رکھنا محاورہ .

پکا رکھنا ، قائم رکھنا ؛ مکمل یا باقی رکھنا .

رستم نے جو تن و توش اس کا دیکھا دل سے باتیں کر رہے ہیں کہ اے دل کمی نہ کرنا ، پروردگار ارادے کو پورا رکھے.

۱۸۹۷ طلسم ہفت پیکر ، ۲ : ۵۵۵

— سا م ف .

خاطر خواہ (محاورات ہند ، ۵۰) .

[پورا + سا ، حرف تشبیہ]

— عَرضہ (— فت ع ، سک ر ، فت ض) امذ ؛ است .

(اصطلاحاً) عمارت کی ایک دیوار کی پوری چوڑائی .

پورا عرضہ اس کو کہتے ہیں جو دیوار کے چہرے سے پشت تک پہنچتا ہے .

۱۹۳۸ رسالہ رڑکی چنائی ، ۴

[پورا + عرضہ (رک)]

— کر دکھانا محاورہ .

رک : پورا کرنا .

اور انہوں نے ان کو پورا کر دکھایا .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۱۰۴

— کرنا محاورہ .

۱. بجا لانا ، نباہنا .

عمر بھر ہم کو شکایت کی نہ تھی جا تجھ سے
اپنے وعدوں سے جو تو ایک بھی پورا کرتا

۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۶۴

خدا جانے پورا کریں قول کب تک
یہ دن رات ، شام و سحر کرنے والے

۱۹۳۶ شعاع سحر ، ۱۴۶

۲. کسی خواہش کی تکمیل کرنا .

آئین زمانہ کے بموجب جو جو اس وقت کے نوجوانوں کے شوق تھے ، سب پورے کرتے تھے .

۱۸۸۰ آب حیات ، ۱۱۳

۳. ختم کرنا ، اتمام کو پہنچانا .

رضا دیکھ پورا کیا یوں کلام
چلیا پھر کے جوں حاجب نیک نام

۱۶۳۸ چندر بن و مہیار ، ۱۰۲

۴. کمی پوری کرنا ، بسر اوقات کا سامان مہیا کرنا .

وہ دس گیارہ برس کی جان جو کچھ اس سے ہوسکتا ہے گوٹا بن کر تھوڑا بہت تو یہ پورا کر لیتی ہے .

۱۹۳۰ آغا شاعر ، ارمان ، ۹

۵. (ٹھگوں کی اصطلاح) ٹھگوں کا زمین پر پانو سے نشان بنا دینا (مصطلاحات ٹھگی ، ۶۰) .

— ہاتھ پڑنا محاورہ .

بھرپور وار ہونا ، کامل وار پڑنا (نور اللغات) .

— ہاتھ مارنا محاورہ .

ضرب کاری لگانا ، بھرپور وار کرنا .

نہ مارا تو نے پورا ہاتھ قاتل ستم میں بھی تجھے پورا نہ پایا

۱۸۵۳ ذوق ، د ، ۵۳

— ہونا محاورہ .

۱.(i) اختتام کو پہنچنا ، اتمام کو پہنچنا ، مکمل ہونا .

نہ ہوا پر نہ ہوا شوق کا دفتر پورا
ایک ہی دن میں ہوا قصۂ محشر پورا

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۶۲

ہفتے عشرے میں نیت سفر دہلی باندھوں گا اس کا پورا ہونا اللہ تعالیٰ کے ہاتھ ہے .

۱۹۱۹ خطوط اکبر ، ۱۴۱

(ii) (مجازاً) ختم ہونا ، مرنا .
باپ ان کے انہیں بچہ چھوڑ کر پورے ہو گئے تھے .
۱۹۴۴ افسانچے ، کیفی ، ۲۱۱

۲. تلافی ہونا .
کھل گیا جس رات سارا عنبریں گیسو ترا
تاجران مشک کا نقصان پورا ہو گیا
۱۸۶۷ رشک (نوراللغات)

۳. کامیاب ہونا .
میں امتحان میں پورا ہوا تو پھر کہیے
ذرا سمجھ کے تقاضا ہو امتحان کے لیے
۱۹۰۰ امیر (مہذب اللغات)

۴. تول یا ناپ میں ٹھیک ہونا (مہذب اللغات) .

پورا (و مج) امذ .
لکڑی کا ٹکڑا ، کڑی ، شہتیر (جامع اللغات) .
[س : पर्व + क: پرو + کہ]

پُوران (ضم پ ، غم و) امذ .
رک : پُران .
پوران اور بڑے بڑے طول طویل شاستروں کے پڑھنے سے کیا حاصل ؟
۱۸۸۶ لال چندر کا ، ۱۰۳
پورانوں میں یہ صاف طور سے درج ہے کہ سری کرشن جی نے کانشی میں تعلیم پائی .
۱۹۱۷ کرشن بیتی ، ۷۰

پُورانا (و مع) ف م (قدیم) .
برلانا ، پورا کرنا .
پورا یا خدا نے جو تیری مراد
اپن نامرادوں کوں کر دل نے یاد
۱۶۹۵ دیپک پتنگ (ق) ، ۱۲۴
[پورا (رک) سے]

پُورانا (ضم پ ، غم و) امذ (قدیم) .
رک : پُرانا .
پولو اور کرکٹ کے پورانے یار بھی انہیں . . . لوگوں میں تھے .
۱۹۵۹ محمد علی ردولوی ، گناہ کا خوف ، ۳۸

پورانک (و لین ، کس ن) صف ؛ امذ .
پرانوں کا جاننے والا ، قدیم مذہب کا ماننے والا ، پنڈت ، ماضی سے متعلق ، اساطیر کا عالم (پلیٹس ؛ ہندی اردو لغت ، ۱۸۹) .
[پران (رک) سے]

پُورانی (ضم پ ، غم و) صف .
رک : پُرانی .
جس مادہ کا پیٹ رنگ حنائی ہو وہ پورانی ہے .
۱۸۸۳ صیدگاہ شوکتی ، ۲۵۸

پورائی (و مع) امث .
رک : پوراپن (پلیٹس) .
[رک : پورا + ئی ، لاحقۂ کیفیت]

پُورَب (و مع ، فت ر) امذ .
۱. مشرق ، وہ سمت جدھر سے سورج طلوع ہوتا ہے .
کیا کم اس خورشید رو کی جستجو یاروں نے کی
لو ہو رو تے جوں شفق پورب گئے پچھم گئے
۱۸۱۰ میر ، ک ، ۵۲۳
دوپہر کے وقت دھواں دھار گھٹا پورب سے اٹھی .
۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۲۰۱
۲. مشرقی بھارت کا وہ علاقہ جو کانپور و الہ آباد سے بہار تک پھیلا ہوا ہے .
ایک مولوی صاحب پورب کے رہنے والے دلی میں فقہ و حدیث پڑھنے کو آئے تھے .
۱۸۷۴ مجالس النسا ، ۲ : ۵۰
انہوں نے پورب کے قصبات میں تعلیم حاصل کی .
۱۹۵۶ حکمائے اسلام ، ۲ : ۳۲۳
۳. اگلا ، سابقہ ، پہلا ، پرانا ، قدیم (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .
[س : पूर्व : پروہ]

— جاؤ یا پچھم وُہی کَرَم کے لَچھَن کہاوت .
کہیں رہو جو قسمت میں ہے وہی ملتا ہے (جامع اللغات) .

— کَرَم (— فت ک ، ر) امذ .
علاج حفظ ما تقدم ، کسی مرض کے ہونے کے اندیشے پر اس کے روکنے کا علاج (ا پ و ، ۷ : ۱۲۰) .
[پورب + کرم (رک)]

— وَت (— فت و)
(الف) صف .
پہلے کی طرح ، جیسا پہلے تھا (شبد ساگر) .
(ب) امذ .
کسی کام کے ہونے سے پیشتر اس کے انجام کا قیافہ یا پیش گوئی کرنے کی حالت جس طرح بادلوں کو دیکھ کر بارش ہونے کا خیال (شبد ساگر) .
[پورب + وت ، لاحقۂ صفت]

— ہونا محاورہ .

قدیم ہونا ، پرانا ہونا ، اساطیر میں شامل ہونا .

اگر یوسف مصر پورب ہوا
ولے آج تو انت اپورب ہوا

۱۵۶۴ حسن شوقی ، د ، ۹۲

— یا پچھم گھر سب سے اُتم کہاوت .

اپنا وطن سب سے اچھا ہے کہیں بھی ہو (جامع اللغات) .

پُوربک (و مع ، سک ر ، فت ب) امذ .

پہلا ، اگلا ، سابقہ ، مقدم ، قدیم .

اپنے گرو کے پاس ہر دم ڈٹا رہنا اور ان کے آپدیش دھیان پوربک سننے چاہئیں .

۱۹۲۸ بھگوت گیتا اردو ، ۱۵۳

[پُور (= پہلا ، پران) + وک (= بچار)]

پُوربَل/پُوربَلا (و مع ، سک ر ، فت ب) ؛ صف امذ .

ماضی کا ، پرانا زمانہ ، (ہندو) پہلا جنم .

یہ میرے ہی پوربلے کرموں کا پھل ہے اس میں آپ کا کیا دوش ہے .

۱۹۱۵ آریہ سنگیت راماین ، ۲۴۹

[رک : پورب + ل/لا ، لاحقۂ صفت و نسبت]

پُوربی (و مع ، سک ر) .

(الف) صف .

پورب سے منسوب ، مشرقی .

پہلا گروہ جو پوربی ہوتا ہے وہ چھوٹی سپر لگاتا ہے اور اس کو چروہ کہتے ہیں اور جو گروہ دکھنی ہوتا ہے وہ ... بڑی سپر لگاتا ہے .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۶۹۵

دہلی کے شعرا نے لکھنؤ کو لکھنؤ بنادیا تھا اور اس پوربی سرزمین میں وہ تاثیر پیدا کردی تھی کہ یہاں سے بھی انسان پیدا ہونے لگے تھے .

۱۹۰۳ چراغ دہلی ، مرزا حیرت ، ۲۳

(ب) امث .

۱. (موسیقی) ایک راگنی کا نام جو قبل از مغرب گائی جاتی ہے .

بھیروں ، بھیاس ، گنکلی ، ٹوری ، اساوری
سارنگ و پوربی و ایمن و کانھڑا بہم

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۳۰۶

سرہائے پوربی ؛ کھرج ، کومل رکھب ، تیور گندھار ، تیور مدھم ، پنچم ، کومل دھیوت ، تیور نکھاد .

۱۹۲۷ نغمات الہند ، ۱ : ۶۲

۲. پورب معنی نمبر ۲ (رک) کے علاقے میں بولی جانے والی زبان .

دہلی ... سے جس قدر آگے بڑھتے جائیں پوربی داخل ہوتے ہوتے بنگالی بن جاتی ہے .

۱۸۸۱ بحرالفصاحت ، ۲۵

۳. چاول کی ایک قسم جو بنگال میں ہوتی ہے (علمی اردو لغت ؛ پلیٹس) .

۴. (کشتی) ایک داؤ ، جب حریف نیچے ہو تو اس کے داہنی طرف بیٹھ کر اپنا بایاں ہاتھ حریف کے پیٹ کی طرف اور اپنا داہنا ہاتھ حریف کی پشت کے اوپر سے لا کر ملانے اور اپنا داہنا گھٹنا حریف کی گردن پر رکھ کر پلٹ دے ، حریف چت ہو جائے گا (رموز فن کشتی ، ۱۰۸) .

۵. تمباکو کی ایک تیز قسم ؛ رک : پوربی زردا (پلیٹس) .

[پورب + ی ، لاحقۂ نسبت]

— باج امذ .

ستار کی دو باجوں میں سے ایک باج .

پوربی باج میں پہلے گیت کی بندش کا فخر انہیں کو حاصل ہوا .

۱۹۲۷ نغمات الہند ، ۶۲

[پوربی + باج (رک)]

— ٹھاٹھ امذ .

کافی ٹھاٹھ کی لوٹ .

کافی ٹھاٹھ کو لوٹنے سے پوربی ٹھاٹھ بنتا ہے .

۱۹۲۷ نغمات الہند ، ۳۸

[پوربی + ٹھاٹھ (رک)]

— رایا امذ .

روغنی جنس رایا کی ایک جدید قسم اس کا پودا نسبتاً چھوٹے قد کا ہوتا ہے جڑیں کافی گہری ہوتی ہیں اس لئے فصل گرتی نہیں تیل کے خواص سرسوں سے ملتے جلتے ہوتے ہیں .

پوربی رایا اگر صحیح وقت پر کاشت کیا جائے تو اس کے بعد گندم کی کاشت بڑی کامیابی سے کاشت کی جاسکتی ہے .

۱۹۷۳ زراعت نامہ ، یکم جون ، ۱۷۱

[پوربی + رایا (رک)]

— رینگ پہاڑی گدھا کہاوت .

آپ کہیں کا اور وضع کہیں کی (محاورات ہند ، ۵۰) .

— زَردا (— فت ز ، سک ر) امذ .

لمبے پٹھے کا تمبا کو جس کو اکثر عورتیں پان میں کھاتی ہیں (فرہنگ آصفیہ ؛ مہذب اللغات) .

[پوربی + زردا (رک)]

پُوربیا (و مع ، فت ر ، سک ب) امذ ؛ ~ پوربھیا .

۱. پورب کا باشندہ .

لکھنؤ باوجود اس کے کہ بڑا حصہ یہاں کی آبادی کا دہقانیوں اور پوربیوں پر مشتمل ہے ابھی تک اپنی خصوصیات زبان کو سنبھالے ہوئے ہے .

۱۹۲۳ مذاکرات نیاز ، ۱۲۳

۲. فوج کا وہ پیادہ یا ہرکارہ یا خدمت گار جو پورب کا باشندہ ہو .

پوربیوں کی ڈیوڑھی کی تلوار ڈھال
زنانے کو وہ لے گئیں سب نکال

۱۷۹۳ جنگ نامہ دو جوڑا (ق) ، ۲۲

شہر میں غدر ہوگیا اور پوربے آ گئے .

۱۹۵۹ نقش آخر ، ۲۰

[رک : پورب + یا ، لاحقۂ نسبت]

پوربھا (و مع ، فت ر) امذ .

ایک نچھتر کا نام ، چاند کی ہر منزل کو نچھتر کہتے ہیں جو ستائیس خیال کیے گئے ہیں ان میں سے ہر ایک تیرہ درجہ اور بیس دقیقہ پر تقسیم کیا گیا ہے (ماخوذ : آئین اکبری ، ۲ : ۱۹) .

[س : پوروا पूर्वा (= فصل ، فاصلہ)]

پوربھیا (و مع ، فت ر ، سک بھ) امذ .

رک : پوربیا .

انھوں نے مجبور ہوکر ایک دم سے دس پوربھیے دربان نوکر رکھے کہ اب تو دو چار آدمی ڈیوڑھی پر ہر وقت رہیں گے .

۱۹۳۵ لطائف عجیبہ ، ۱ : ۳۹

پورپ (و مع ، فت ر) امذ (قدیم) .

رک : پورب .

مہا پنڈتاں کے کہ کوتر کچم
نہ پورپ نہ دکھشن نہ اتر پچم

۱۵۶۳ حسن شوقی ، د ، ۱۱۱

[س : پورو पूर्व :]

پورپ (۲) (و مع ، فت ر) امذ .

ستر کروڑ ایک لاکھ اور چھہن ہزار سال کی مدت .

قسم اول کی عمر دوگری سے ایک پورپ تک ہوتی ہے .

۱۹۳۹ آئین اکبری ، ۲ : ۱۷۰

[س : پورپ पर्व :]

پورپ کرتا (و مع ، فت ر ، سک پ ، کس ک ، سک ر) امذ .

ما قبل پیدائش کی نیکو کاری اور بد کاری کے نتائج (آئین اکبری ، ۲ : ۱۶۰) .

[پورپ + کرتا (= کام) (رک)]

پورپ میمانسا (و مج ، فت ر ، سک پ ، ی مع ، غنہ) امث .

(پیدائش) بید کے تین حصوں میں سے پہلا کرم کانڈ (آئین اکبری ، ۲ : ۱۴۱) .

[پورپ + س : میمانسا मीमांसा]

پورت (و مع نیز ضم پ ، غم و ، فت ر) امث (قدیم) .

بھرنے یا بھگتنے کا عمل ؛ پورا ہونے یا تکمیل پانے کی حالت ؛ تسلی ، اطمینان .

دوزخ میں نا رہے سدا مومن ، ولے چند روز لگ
پورت گنہ رنج دیگ کر ، بہار آئے مومن پاک تر

۱۶۳۵ تحفۃ المومنین ، ۱۰

تماری صفت کوں جو کھنڈت نہیں
کرے وصف زوں زوں وہ پورت نہیں

۱۶۹۷ پنج گنج (ق) ، ۱۰

[س : پورتِ पूर्ति]

پورتی (و مع ، سک ر) .

(الف) امث .

انجام، تکمیل کی حالت و کیفیت ؛ تسلی ، تشفی ، اطمینان .

بولے او جو پہنچ تھے کتیک بول
ات پیار سوں پورتی مری کھول

۱۷۰۰ من لگن ، ۱۱۶

(ب) صف .

بھرا ہوا ، موثر ، مکمل (پلیٹس) .

[س : پورتی पूर्ति]

پورٹ (۱) (و مج ، سک ر) امذ .

ساحل ، بندرگاہ ، بندر ، گودی .

کراچی کی تجارت کے ہیں سنٹر
بلوچستان اور مکران کے پورٹ

۱۹۵۲ قطعات ، ۱ : ۳۷۴

[انگ : Port]

— بلیئر (— کس ب ، سک ل ، فت ی) امذ .

جزائر انڈمان ، جہاں عمر بھر کے لیے قیدی بھیجے جاتے تھے جو کالا پانی کے نام سے مشہور ہوا (ماخوذ : نوراللغات) .

[پورٹ + بلیر (اسم معرفہ)]

— ٹرسٹ (— فت ٹ ، ر ، سک س) امذ .

پورٹ (۱) (رک) کی نگرانی اور انتظام کرنے والا ادارہ .

یہاں کسٹمز اور پورٹ ٹرسٹ اور پری ونٹو کے سفید یونیفارم والے مرد اور عورتیں تھیں .

۱۹۴۷ میرے بھی صنم خانے ، ۴۴۶

[پورٹ + ٹرسٹ (رک)]

— کمشنر (— فت ک ، کس م ، سک ش ، فت ن) امذ .

پورٹ (۱) کا افسر اعلیٰ ، نگران اعلیٰ .

پورٹ کمشنر کی تمام مراسلت پڑھیے اور پھر بقیہ داستان میں سناؤں گا .

۱۹۳۲ اخوان الشیاطین ، ۲۲۳

[پورٹ + کمشنر (رک)]

پورٹ (۲) (و مج ، سک ر) اسث .

تیز اور میٹھی شراب جو گہرے سرخ رنگ کی ہوتی ہے ، پرتگالی شراب .

امرأ نئی روشوں کی شراب پیتے ہیں ، پورٹ ، برانڈی ، وسکی ، رم ، بیر .

۱۸۹۴ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۷۳

کسی میز پر لیمونیڈ ، سوڈا واٹر کی بوتلیں برابر چنیں ، کسی مقام پر . . . شمپین ، پورٹ .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، احمق الذین ، ۷۲

[انگ : Port]

— جن (— کس ج) . اسث .

رک : پورٹ (۲) .

ڈنر کا نعم البدل تو ممکن ہے مگر کوٹ پتلون . . . پورٹ جن . . . . . کے لیے اردو الفاظ کہاں سے لائے جائیں .

۱۹۲۱ دیوان ریختی عرف رنگیلی بیگم ، ۲۳

[پورٹ + انگ : جن Gin]

— وائین (— کس ء ، ی مخ) اسث .

رک : پورٹ (۲) .

چھٹن صاحب نے کہا پورٹ ون نہیں پورٹ وائین کہا کرو .

۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۱ : ۸۳

[پورٹ + انگ : وائین Wine]

پورٹ (۳) (و مج ، سک ر) امذ .

(مکانک) دھنواں یا پانی وغیرہ کے نکلنے کا سوراخ .

والو ادخال اسٹیم کے لیے پورٹ کو کھولنا شروع کرتا ہے .

۱۹۰۶ راہنمائے انجینئری ، ۲ : ۴۳۳

[انگ : Port]

پورٹ آرم (و مج ، سک ر ، ر) امذ .

(فوج) تلوار یا بندوق کو سینے سے لگا کر رکھو ، ہتھیار سنبھالو (ماخوذ : جامع اللغات) .

[انگ : Port arm]

پورٹر (۱) (و مج ، سک ر ، فت ٹ) اسث .

۱. رک : پورٹ (۲) ، تلخ بیر شراب .

کہتے ہیں کہ پورٹر شراب جو بوزے کی قسم سے ہے ایک جست کے ظرف میں پینے سے کانچ یا چینی کے ظرف کی نسبت سے زیادہ مزیدار ہوتی ہے .

۱۸۳۳ ستۂ شمسیہ ، ۶ : ۱۱۳

ایل (Ale) اور پورٹر (Porter) تقریباً ۳ تا ۷ فیصدی الکحل .

۱۹۴۸ علم الادویہ ، ۱ : ۲۸۸

۲. حمال ؛ ریل کا قلی .

اس پورٹر نے خون کیا ہے ، پکڑو ، سپاہی قلی کو پکڑتا ہے .

۱۹۲۴ پنجاب میل ، ۶۲

[انگ : Porter]

پورٹریٹ (و مج ، سک ر ، ٹ ، ی مج) اسث .

(مصوری و فوٹوگرافی) (جاندار کی) تصویر ، شبیہ ، فوٹو ، (مجازاً) ہو بہو تصویر (کسی چیز کی) ؛ ایسا بیان جس سے (منظر یا واقعے کی) تصویر آنکھوں میں پھر جائے ، لفظی تصویر .

وہاں ایک اسپیشل فوٹوگرافر نے یہ تصویر کھینچی تھی اس نے پورٹریٹ کی طرف اشارہ کر کے کہا .

۱۹۶۱ چائے کے باغ ، ۷۶

پورٹریٹ میں چونکہ سر اور کاندھے ایک مثلث کی شکل بناتے ہیں ، اس لیے اکثر مثلث نما کمپوزیشن ہوتی ہے .

۱۹۷۱ فوٹوگرافی ، ۹۶

[انگ : Portrait]

پورٹ لینڈ سٹون. (و مج ، سک ر ، ٹ ، ی لین ، سک ن ، ڈ ، کس س ، و مج) امذ .

وہ مشہور پتھر جس سے پورٹ لینڈ قسم کا سیمنٹ بنایا جاتا ہے کسی زمانے میں یہ پتھر صرف پورٹ لینڈ کے اطراف میں ہوتا تھا جس سے یہ نام پڑا (ماخوذ : راہنمائے انجینیری ، ۲ : ۵۷۸) .

[انگ : Portland stone]

پورٹ لینڈ سیمنٹ (و مج ، سک ر ، ٹ ، ی لین ، سک ن ، ڈ ، ی مع ، کس م ، سک ن) امذ .

ایک قسم کا سیمنٹ جو پورٹ لینڈ پتھر سے تیار ہوتا ہے اس کا مخصوص فارمولا ہے جو پانی میں جلد سخت ہو جاتا ہے .

اگر پتھر یا کنکریٹ کا کام پورٹ لینڈ سیمنٹ کی گچ کے ذریعے سے ہو .

۱۹۴۷ رسالہ تعمیر عمارت ، ۱۲

[انگ : Portland cement]

پورٹ منٹو (و مج ، سک ر ، ٹ ، کس م ، سک ن ، و مج) امذ.

۱. چمڑے کا تھیلا (بیگ) جس میں دو برابر حصے ہوتے ہیں اور بیچ میں سے کھلتا ہے .

بدھو نے جھپٹ کے گدھے سے اتر کے اٹھائی ، دیکھا تو ایک پورٹ منٹو ہے ، اس میں کچھ روپے ہیں .

۱۸۹۲ خدائی فوجدار ، ۱ : ۱۴۸

۲. سفری چرمی بیگ یا بکس ، اٹیچی کیس .

کمر باندھ پورٹ منٹو ہاتھ میں لیے ہم آسٹریلیا بکریاں چرانے نہیں جا سکتے .

۱۸۷۱ اکمل الاخبار ، ۵ جنوری

[انگ : Portmanteue]

پورٹیبل (و مج ، سک ر ، ی مج ، کس ب) صف .

(کوئی چیز) جس کو اُٹھا کر لے جا سکیں ، ہلکا ، سفری ، نقل پذیر .

بستر میں لپٹا ہوا ایک پورٹیبل گراموفون ملا .

۱۹۷۷ کرشن چندر ، طلسم خیال ، ۱۱۳

[انگ : Portable]

پورٹیکو (و مج ، سک ر ، ی مع ، و مج) امث .

کسی عمارت کے داخلی دروازے کے سامنے کا وہ حصہ جس پر چھت اس غرض سے بنائی جاتی ہے کہ دھوپ اور برسات سے محفوظ رہے ، برآمدہ ، سائبان ، چھتا .

دفعتاً باہر پورٹیکو میں ایک موٹر آ کر رکا .

۱۹۳۲ انور ، ۵۲۶

[انگ : Portico]

پورِج (و لین ، کس ر) امث .

جو یا جئی کا دلیہ .

اتنے میں بٹلر نے پورج کی رکابی شکر اور دودھ سامنے لا کر رکھا .

۱۹۳۰ مضامین فرحت ، ۲ : ۹۸

[انگ : Porridge]

پورچ (و مج ، سک ر) امذ .

رک : پورٹیکو .

کار پھاٹک میں داخل ہو کر پورچ میں رک گئی .

؟ یاد کی اک دھنک جلے ، ۲۸

[انگ : Porch]

پورز (فت پ ، و ، سک ر) امث ؛ ~ پاورز .

پاور ، پَوَر (رک) کی جمع ، طاقتیں .

وہ جان سکتا ہے کہ یورو پین پورز میں کس درجہ کا مجاسدہ ہے .

۱۸۹۳ مجموعۂ نظم بے نظیر ، ۷۶

[انگ : Powers]

پورس (۱) (و مج ، فت ر) امذ .

ایک مشہور راجا کا نام جس کو سکندر نے شکست دی تھی .

اسکندر نے پورس کو شکست دی .

۱۹۱۳ تمدن ہند ، ۱۵۰

[علم]

پورس (۲) (و مج ، فت ر) امث .

مضبوط زمین کہ برابر کاشت ہونے سے کمزور نہ ہو ، پوڑھی (کھیت کرم ، ۵) .

[س : پروٹھ + کہ : प्रौढ + क]

پُورَک (و مع ، فت ر) صف مذ .

۱. ناک کے ذریعے آہستہ سانس لینے اور نکالنے کا عمل.

اوّل عمل پورک یعنی دل کا ہوا سے خالی کرنا .

۱۹۰۷ منہاج السالکین ، ۲۵۳

۲. بھرنے ، پورا کرنے ، مطمئن کرنے کا عمل ، وہ نوالہ یا کھانا جو موت کی رسم کے ختم ہونے پر دیا جائے ؛ کھٹا ، جنس نارنج ، لیمو ، لاط : Citrus medica ؛ وہ ہندسہ جس سے ضرب دی جائے (پلیٹس) .

[س : پورک पूरक]

Library
Aajuman Taraqqi Urdu (Hicd)

پُورِک (و مع ، کس ر) اسث ؛ ← پورکا .

رک : پوری (پلیٹس) .

پُورک (و مج ، سک ر) امذ .

سور کا گوشت .

آپ لوگوں کی دعوت کر کے شراب نہ پلانا یا پورک اور بیم نہ دینا خلاف عقل ہے .

۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۱ : ۸۲

دو پونڈ عمدہ پورک کی بڑی بڑی چوکور بوٹیاں کاٹو .

۱۹۰۸ خوان ہندی ، ۶۱

[انگ : Pork]

— پائی (پیٹ) (— ی لین) امذ .

ایک قسم کی ٹوپی جس کی چاند چپٹی ہوتی ہے اور چھجا چاروں طرف اوپر کو مڑا ہوا ہوتا ہے .

اولڈ اسکول جنٹلمین ، سر پر پورک پائی ہیٹ ، پورا سوٹ معہ واسکٹ . . . غائب ہو گیا .

۱۹۷۹ گلگشت ، ۸۵

[انگ : Pork pie hat]

پورَکھ (و مج ، فت ر ، سک کھ) اسث .

پورا کرنے والا ، (مجازاً) شوہر .

جو استری اپنے پورکھ کو چھوڑ پر سورکھ کے پاس جاتی ہے سو جنم جنم نرک پاتی ہے .

۱۸۰۳ پریم ساگر ، ۴۹

[ہ : پُورکھ پرکھ]

پورم پُور (و مع ، فت ر ، سک م ، و مع) .

(الف) م ف .

پوری طرح ، بالکل ، مکمل طور سے .

میں اپنے سفر کے لیے پورم پور مستعد تھا

۱۸۹۱ قصۂ حاجی بابا اصفہانی ، ۳۱۰

جیسے چنگاری کو پنکھا کر کے کسی نے پورم پور بھڑکا دیا ہو .

۱۹۴۹ نگار خانہ ، ۹۶

(ب) صف .

۱. بڑا ، چھٹا ہوا .

ایسا پورم پور غنڈا اس کی نظر سے کبھی نہ گزرا تھا .

۱۹۶۲ آفت کا ٹکڑا ، ۱۶۶

۲. پورا ، ٹھیک ٹھیک ، نہ کم نہ زیادہ .

گیہوں تول میں پورم پور اترا .

۱۹۶۱ فرہنگ اثر ، ۱ : ۲۳۳

[پُورنہ : पूर्ण (رک) سے]

پُورَن (۱) (و مع ، فت ر) .

۱. پورا ، سارا ، تمام .

دیکھیا جب پورن سچ اس سیتی
برہمن رکھیا نانوں ناگامتی

۱۶۹۵ دیپک پتنگ (ق) ، ۳۶

امرت سے پورن اور زبان میں استھت ہے .

۱۸۹۰ جوگ بششٹھ (ترجمہ) ، ۱ : ۵۱

۲. بیراج ، ہند کی طرح کا سمندری راستہ ؛ (ریاضی) ضرب ؛ ایک خوشبو دار گھاس ؛ جنس کسیرو ، لاط : Cyperus Rotundus (پلیٹس) .

[س : پورن पूरण]

— اَوتار (— و لین) امذ .

کہتے ہیں کہ پروردگار عالم محض مخلوقات کی تنبیہ کی وجہ سے کہ مخلوق کو فائدہ ہو عنصری پیکر ایک خاص تعلق کے ساتھ اختیار فرماتا ہے اور اکثر عاقل ہندی افراد اس کے فریفتہ اور اس پر مائل ہیں ، اس امر خاص کو ہندی اصطلاح میں پورن اوتار کہتے ہیں (آئین اکبری ، ۲ : ۲۵۵) .

— پُور (— و مع) م ف .

رک : پورم پور .

صفت کروں میں اللہ کیری جے پوری پورن پور
قادر قدرت انگیکاروں نیڑے نادور

۱۴۹۶ میراں جی (ملحقات اردوئے قدیم ، ۱۳)

لذت ایسی دیتی پورن پور تھی
عقل کی ادراک اس سے دور تھی

۱۸۳۷ مثنوی بہاریہ ، ۱۹

— راج امذ .

اچھائی کا زمانہ ، جب پورے طور پر اچھائی کا راج ہو .

اردو لکھنے کا جو کینڈا تم نے نکالا ہے وہ اردو املا کے پورن راج کا طریقہ ہے .

۱۹۵۶ شیخ نیازی ، ۵۴

[پورن + راج (رک)]

— ماسی/ماشی امث .

قمری مہینے کی چودھویں تاریخ جس میں پورا چاند نکلتا ہے ، پورنیما .

اتفاقاً اسی تاریخ پورن ماسی تھی ، چاند جلوہ گر ہوا اور چادر نور تمام جنگل کی زمین پر بچھ گئی .

۱۸۰۲ نثر بے نظیر ، ۱۰۶

کاتک کی پورن ماسی کی رات تھی .

۱۹۵۷ لکھنؤ کا شاہی اسٹیج ، ۷۹

[پورن + ماسی (رک)]

— ماسی/ماشی کا چاند (— مغ) امذ .

چودھویں کا چاند ، ماہ کامل ، (مجازاً) روشن ، چمکدار ، خوبرو .

دیکھا . . . کہ پورن ماسی کا چاند بن کر ایک طرف کو وہ روانہ ہوا .

۱۸۹۰ طلسم ہوشربا ، ۴ : ۷۸۱

حسن دیکھو بتان کاشی کا چہرہ ہے چاند پورن ماشی کا

۱۹۱۱ کلیات اکبر ، ۳ : ۲۱۹

— ماہی امث .

رک : پورن ماسی .

چروسی ، پورن ماہی ، اماوس ، ان دنوں میں آٹھ پہر نہ کچھ کھائیں نہ پیئیں .

۱۹۳۹ آئین اکبری ، ۲ : ۱۸۰

— ہونا ف م .

پورا ہونا ، اتمام کو پہنچنا .

بڑھتی بولا زہے طالع میرے ، جو کچھ میں کہوں گا سب پورن ہو گا .

۱۸۰۳ اخلاق ہندی ، ۱۵۱

پُورن (۲) (و مع ، فت ر) امذ (قدیم) .

چنے کی دال کو ابال کر پیس لیا جاتا ہے اور اس میں کھویا مغزیات اور شکر ملا کر حلوہ تیار کیا جاتا ہے جسے پوریوں میں بھر کر گھی میں تلتے ہیں پیٹھی .

پورن سو سوز بھر کو میں کر کو پوریاں
بر ہا انجھوں کے گھیو منے تلتا ہے رات دیس

۱۶۷۹ دیوان شاہ سلطان ثانی (ق) ، ۸۰

ہر یک میں ہے گیاں یوں سپورن
جوں بیچ میں پوریاں کے پورن

۱۷۰۰ من لگن ، ۷۵

ایسا کیا اپنا جسم نوری پورن بھرے جوتکہ پور پوری

۱۸۳۱ من موہن (ق) ، آزاد ، ۲۸

[ہ : پُورن पूरन]

— پُوری (— و مع) امث .

ایک قسم کی پوری جو چنے کا آٹا اور کھانڈ بھر کے تلی جاتی ہے ، رک : پورن .

ایک خاص چیز پورن پوری ایسی ہے جو سوائے حیدر آباد کے کہیں نہیں بنتی .

۱۹۶۷ ، اخبار جہاں ، کراچی ، ۲۲ نومبر ، ۳۲

[پورن + پوری (رک)]

پُورنا (و لین ، سک ر) ف ل .

رک : پیرنا (شبد ساگر) .

پُورنا (و مع ، سک ر) ف م .

۱. بننا (جالے وغیرہ کا) .

فلک کی قید میں پھنستے ہیں کب شہباز ہمت کے
طرح مکڑی کی گو پورا ہے ان نے دام جالے کا

۱۷۹۵ قائم ، د (ق) ، ۴

مکڑی عمر بھر اپنے بودے اور کمزور جالے کو پورنے میں سرگرم رہتی ہے .

۱۸۷۹ دیوان حالی (دیباچہ) ، ۱۵

روس نے شاید اسی طرح بنائے ہیں جہاز
مکڑیاں پور دیا کرتی ہیں جیسے جالے

۱۹۰۵ جنگ روس و جاپان ، ۳۳

۲. بھرنا ، پورا کرنا ، کھینچنا (مربع کا) (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

۳. روٹی کے اندر چنے یا ماش وغیرہ کی دال ڈالنا (نور اللغات) .

۴. پھیلانا ، شور کرنا (جامع اللغات) .

[س : پُورنین पूरणीय]

پُورنائی (و مع ، سک ر) امث .

تکمیل ، مکمل ہونے یا بھرا ہوا ہونے کی حالت ؛ افراط ، بہتات ، کثرت (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[ہ : پُورنائی पूरनाई]

پُورنَک (و مع ، سک ر ، فت ن) امذ .

نیل کنٹھ ؛ ایک قسم کا درخت (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : پورنک पर्णिक]

پُورنِکا (و مع ، سک ر ، کس ن) امذ .

پرندوں کی جنس میں سے ایک پرندہ جس کی چونچ میں شگاف ہوتا ہے یا دوہری ہوتی ہے (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : پُورنکا पर्णिका]

پُورنماشی (و مع ، فت ر ، سک ن) امث .

رک : پورن کے تحتی .

پورنماشی کے چاند کی روشنی میں ساری خانقاہ گویا . . . تخلیق میں ڈھل گئی .

۱۹۷۹ گلگشت ، ۶۷

پُورنی (و مع ، سک ر) امث .

۱. وہ گھاس پھوس جو چھپر باندھنے کے بعد چھت پر ڈالتے ہیں اور پھر اس پر مٹی گارا ڈال کے لیپ دیتے ہیں (نوادرالالفاظ ، ۱۲۷) .

۲. ہانا ؛ سیمل یا سینبل کا درخت ، ہفت برگہ ، لاط : Bombax heptaphyllum (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : پُورنی पर्णी]

پُورنِیما (و مع ، سک ر ، ی مع) امث .

رک : پورنما ؛ پورن ماسی .

پورنیما کا چاند کھنڈر کی ٹوٹی ہوئی چھت میں سے نیچے جھانک رہا تھا .

۱۹۵۶ آگ کا دریا ، ۱۵۵

پُورو (و مع ، و لین) .

(الف) امذ .

رک : پورب .

وہ بے حد ذہین لڑکا تھا اس کے پورو دیس میں علم کی قدر بہت کی جاتی تھی .

۱۹۵۹ آگ کا دریا ، ۳۳

(ب) صف .

آگے ہونے والا ، سامنے ہونے والا ؛ پہلا ، اگلا ، سب سے اگلا ؛ مشرقی ؛ گذشتہ ، گزرا ہوا ؛ پیشتر ؛ مقدم ، پیشین ، سابقہ ، اول ، پہلے کا ، ابتدائی (جامع اللغات) .

[س : پورو पूर्व]

ــ اَشاڈھ (ــ فت ا ، سک دھ) امذ ؛ پورو اشاڈھ .

چاند کی بیسویں منزل ، پورو اشاڑھ .

قمر تھا پورو اشادہ میں داخل بدرجہ بست و نہم لوح منزل

۱۷۳۷ گنج الاسرار ، تراب شاہ ، ۲۷۰

[پورو + س : آشاڈھ आषाढ]

پُوروا (۱) (و مع ، سک ر) .

(الف) صف .

رک : پُروا ، پوربی ، مشرقی .

ٹھنڈی ٹھنڈی پوروا ہوا سامنے سے آ رہی تھی .

۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۲۲۶

(ب) امث .

ایک راگنی کا نام .

مسلمان پنجاب آئے تو ایرانی عربی موسیقی میں بھی راگ اور راگنیوں کی طرز قائم ہو چکی تھی مثلاً . . . عراقی ، ہندی ، مالکوش اور پوروا سے مماثل تھا .

۱۹۵۸ ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی ایک جھلک ، ۴۵۴

پُوروا (۲) (و مع ، سک ر) امذ ؛ ~ پوروہ .

چھوٹا گانو ، محلہ .

حکام کی غفلت کو کیا کہا جائے جنھوں نے ایک پوروے کو ضلع بنادیا .

۱۹۳۲ ریاض خیر آبادی ، نثر ریاض ، ۲۱۵

[ہ : پوروا पुरवा]

پوروا (و مج ، سک ر) امذ .

۱. پور (رک) کی تصغیر ، بندانگشت ، انگلی کی پور .

اونگلیوں کے پوروے موتھڑے ، ہڈیاں لمبی پتلی اور ان کے سرے چھوٹے اور سخت ، ایسے بچے وقت معینہ سے پیشتر بولنے لگتے ہیں .

۱۸۸۲ کلیات علم طب ، ۲ : ۴۵۲

۲۔ ورق سازوں کا انگلی کی پور کا چمڑے کا غلاف جو ورق کو الٹ پلٹ کرتے وقت کاریگر انگلی پر چڑھا لیتا ہے تاکہ ورق انگلی کو نہ لگے ؛ بندی ، کچکا (ا پ و ، ۴ : ۴۲) .

۳۔ املی کے کٹارے کا ایک ٹکڑا (پلیٹس) .

[س : پرو + اوک पर्व + उक]

ــ اُڑانا (ــ ضم ا) ف م .

پوروا کاٹ ڈالنا ، زخمی کردینا .

ہے نا گنا یہ ایسا دم بھر میں پھیرے آنکھیں
ہے پوروا اڑاتا انگلی کا کیسا دیکھو

۱۸۷۵ انشائے ہادی النسا ، ۱۰۱

ــ توڑنا محاورہ .

جوڑ جوڑ توڑنا ، (مجازاً) ہڈی پسلی توڑنا ؛ پریشان کرنا (پلیٹس) .

پوروتسی (و لین ، و مع ، سک ت) امث .

(کاشت کاری) بھورے رنگ کی ایک قسم کی زمین جو ربیع کی فصل میں اکارت رہتی ہے (ا پ و ، ۶ : ۳۹) .

[مقامی]

پورو درس (و لین ، و مج ، فت د ، ر) امث .

(کاشت کاری) کالی اور سرخ ملی جلی مٹی کا کھیت جس میں ربیع کی فصل بہت اچھی ہوتی ہے لیکن خریف کی فصل پانی زیادہ ہونے پر ہوئی جاتی ہے (ا پ و ، ۶ : ۳۹) .

[مقامی]

پوروش (ضم پ ، غم و ، ضم ر ، غم و) امذ .

رک : پرش .

جب پوروش (انسان) اپنے گھر والوں اور دوستوں سے ناطہ توڑ لیتا ہے تب ترکھان آپ ہی اس کے پاس آجاتا ہے .

۱۹۷۵ پاکستان میں تہذیب کا ارتقا ، ۲۱۹

[مقامی]

پورو کُورپا (و لین ، و مج ، و مع ، سک ر) امث .

(کاشت کاری) سرخی مائل رنگت کی مٹی کا کھیت جس میں ربیع کی فصل آب پاشی سے ہوئی جاتی ہے (ا پ و ، ۶ : ۳۹) .

[مقامی]

پورو کُہرا (و لین ، و مج ، ضم ک ، سک ہ) امث .

(کاشت کاری) وہ قطعۂ اراضی جس پر سنجی اور زہ کی پتلی تہہ جمی ہوئی ہو ، اس میں دونوں فصلوں کی کھیتی خراب ہوتی ہے زیادہ بارش ہو تو ہوئی جاتی ہے (ا پ و ، ۶ : ۳۹) .

[مقامی]

پوروں (و مج ، و مج) امث ؛ ج .

پور (رک) کی جمع (ترکیبات میں مستعمل) .

ادھر کچھ دنوں سے انگلیوں کے پوروں میں ان پنوں کے بار بار چبھنے سے دکھن رہنے لگی تھی .

۱۹۷۳ سرکشیدہ ، ۲۱

ــ پر (میں) گنا جانا محاورہ .

انگلیوں پر گنا جانا ، تعداد میں بہت کم ہونا .

ان کے حالات . . . مگر وہ کتنے ہیں ، انگلیوں کی پوروں میں گنے جاتے ہیں .

۱۸۸۰ رسالہ تہذیب الاخلاق ، ۱ : ۱۳۸

ــ پر (میں) گننا محاورہ .

۱۔ رک : انگلیوں پر گنا ، تعداد میں بہت کم ہونا .

ان کے رشتہ دار تو پوروں پر گن لو اور ہوی کا کنبہ خدا کی پناہ .

۱۹۳۰ یاران میکدہ ، ۴۰

۲۔ ابتدائی تعلیم میں بچوں کو ریاضی سکھانے کے لیے انگلیوں کے جوڑوں پر شمار کر کے جوڑنا سکھانا .

پہلی جماعت میں پوروں پر گن کر جمع سکھائی جائے پہاڑے یاد ہونے پر زبانی جمع کرانا چاہیے .

۱۹۶۰ ابتدائی تعلیم ، ۱۳

ــ پر نچانا محاورہ .

رک : انگلیوں پر نچانا (اردو لغت) .

پوروہ (ضم پ ، غم و ، سک ر ، فت و) امذ .

رک : پوروا (۲) .

منشی جی میں اسی پوروہ میں رام پوروس کا کہلاتا ہے ، رہتا ہوں .

۱۸۷۱ گلشن خیرت ، ۷

پُوروی (و مع ، سک ر) صف .

رک : پوربی (پالیٹس) .

پُوروے (و مج ، سک ر ، ی مج) امذ ؛ ج ؛ امث : پوربی .

۱. **پوروا (رک) کی ، جمع .**

روز جو وعدہ کے تھے گنتے ہی گنتے ان میں
انگلیوں کے پوروے سوجھ گئے ہیں تمام

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۲۱۵

۲. **ہاتھ کی انگلیوں میں پہننے کا چھلوں کی وضع کا زیور ، پوربی** (ا پ و ، م : ۲۲) .

پُوروِیا (و مع ، سک ر ، فت نیز کس و ، شد ی) امث .

رک : پُروا (۱) ؛ پوروا (۱) .

اس کے رہنے کو کوئی بند مکان ہونا چاہیے جہاں پورویا ہوا کا گزر نہ ہو .

۱۹۰۵ حور عین ، ۱ : ۱۵

پُورہ (ضم پ ، غم و ، فت ر) امذ .

چھوٹی بستی ، محلّہ ، (مرکبات میں مستعمل) جیسے : مغل پورہ ، باغبان پورہ .

دریا پور دروازے کے باہر ایک پورہ بنام پناہ پور آباد کیا .

۱۹۰۶ مرآت احمدی ، ۱۶۶

[ہ : پوروا پُرَوا]

پوَرہ (و مج ، فت ر) امذ .

رک : پور (۱) ، پورا .

ایران کے گھوڑے . . . کی . . . تھوتھنی چھوٹی پورہ ٹھونہ کا چھوٹا .

۱۸۷۲ رسالہ سالوتر ، ۲ : ۱۰

پور ہَل (و مج ، فت ہ) امذ .

ایک قسم کا ہل جو کھیت میں قطار یا فاصلہ قایم کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے .

لائنوں میں کاشت کے لیے ربیع آٹومیٹک ڈرل یا پور ہل. استعمال کریں .

۱۹۷۰ وادی سہران میں زراعت ، ۳۶۸

[پور (۱) + ہل (رک)]

پُوری (۱) (و مع) امث .

آٹے ، میدے کی ٹکیا جس کو گھی یا تیل میں تلتے ہیں .

روشنی ہو آئی ہے پوریاں کی عید
شہ درس دیکھت ہوئی حوریاں کی عید

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۱۴۳

ایسا کیا اپنا جسم نوری پورن بھرے جونکہ پورن پوری

۱۸۳۱ من مون (ق) ، آزاد ، ۲۸

میدے کی پوریاں اتنی مزے دار یا زود ہضم نہیں ہوتیں .

۱۹۴۷ شاہی دسترخوان ، ۲۵۱

[س : پوریکا पूरिका]

— سے پُوری پڑے تو سب (نہ) (ہی) پُوری کھائیں کہاوت .

فضول خرچی سے گزارہ نہیں ہوتا ہے (گنجینۂ اقوال و امثال ، ۶۹ ؛ نجم الامثال ، ۱۲۸) .

— لپسی گھر میں کھائیے جھوٹی دیبی سے آس لگائیے کہاوت .

تن پروری اور آسانی سے زاہد اور عابد بننا دشوار ہے (نجم الامثال ، ۱۲۸ ؛ گنجینۂ اقوال و امثال، ۴) .

— لگی نہ پاپڑی بھداکھ بہو آ پڑی کہاوت .

بے مشقت اور بے خرچ مدعا حاصل ہوگیا اور کام بن گیا (نجم الامثال ، ۱۲۸) .

پُوری (۲) (و مع) صف .

۱. **پورا (۲) (رک) کی تانیث .**

سب ہی عیداں میں اتم عید سوائے سوری ہے
نبی صحت جو پائے عید میں او عید پوری ہے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۵۵

آدمی تین طرح کے ہوتے ہیں ایک تو پوری عقل اور ایک آدھی عقل کے اور ایک بے عقل .

۱۷۳۶ قصۂ مہر افروز و دلبر ، ۲۵۵

ایک پوری ہوٹل سید صاحب اور دلی کے سربراہوں کے ٹھہرنے کو تجویز کی گئی .

۱۸۸۴ سفر نامۂ پنجاب ، ۵۶

پوری تین راتیں سفر میں کٹیں .

۱۹۱۷ اسمٰعیل میرٹھی ، قواعد اردو ، ۲ : ۳۵

۲. **بھرپور ، مکمل .**

جنبش ابرو کی بھلا مجھ کو دکھائیں گے کیا
پوری تلوار بھی اک جن سے لگائی نہ گئی

۱۸۹۵ خزینۂ خیال ، ۳۱۹

ــ اُترنا محاورہ .

رک : پورا اُترنا (علمی اردو لغت ؛ نوراللغات) .

ــ بات امث .

مکمل بات ، پورا فقرہ ، پورا مضمون .

کیسے آدمی ہو پوری بات ہوتی نہیں اور منھ اٹھا کر چلے .

۱۹۴۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۱۵۳

[پوری + بات (رک)]

ــ پڑنا محاورہ .

رک : پورا پڑنا .

نمک کی شرائط میں پوری نہیں
نہیں ان سے پڑتی ہے پوری نہیں

۱۷۹۳ جنگ نامہ دو جوڑا (ق) ، ۱۵

پوری پڑے نہ محفل جمشید میں کبھی
جب تک نہ تیری بزم سے لے مستعار عیش

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۳۰۹

پوری اللہ ہی کے ڈالے پڑے پر ایک اپنے حال میں گرفتار ہے .

۱۹۲۸ پس پردہ ، ۴۲

۳. **اچھی طرح وار ہونا ، کاری ضرب لگنا ، موثر ثابت ہونا .**

منہ پہ تلوار کے کہہ بیٹھے کہ پوری نہ پڑی
تم نے دیکھے ہیں کہیں ایسے بھی کہنے والے

۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۲۳۳

ــ پُوری (— و مع) صف .

رک : پورا پورا .

جو کچھ کوفت ہوتی ہے اس کی پوری پوری تلافی ان سہولتوں سے ہوجاتی ہے جو اس سے مجھے حاصل ہوتی ہیں .

۱۹۴۴ آدمی اور مشین ، ۷

ــ ڈالنا محاورہ .

رک : پورا ڈالنا .

اب جو کام بانٹ دیئے تو جیسی پوری ڈال رہی ہیں ، میرا ہی جی جانتا ہے .

۱۹۲۸ پس پردہ ، ۸۲

ــ کرنا ف س (قدیم) .

رک : پورا کرنا .

فرنگیاں کی دارو تو پوری کیا
جو قابض ڈنڈا راجپوری کیا

۱۵۶۴ حسن شوقی ، د ، ۸۴

ــ نہ پڑنا محاورہ .

گزارہ نہ ہونا ، کافی نہ ہونا .

بال بچے دار کی پندرہ روپے میں پوری نہیں پڑتی .

۱۹۴۳ محاورات نسواں ، ۵۸

ــ نہ ہونا محاورہ .

(خواہش یا کہنے کے مطابق) تکمیل نہ ہونا .

وہ توقعات جو اس نے بیوی سے قائم کی تھیں پوری نہ ہوئیں تو اکثر خاموش رہنے لگا .

۱۹۳۶ گرداب حیات ، ۶۸

پُوری (۳) (وسع) امث .

مردنگ طبلہ ڈھول وغیرہ کے منھ پر منڈھا ہوا گول چمڑا (شبد ساگر) .

اف : چڑھانا ، چڑھنا ، مڑھنا .

[رک : پڑی]

پُوری (۴) (وسع) امث .

۳. **گھاس ، جوار وغیرہ کی پُولی** (شبد ساگر) .

[رک : پولی]

پُوری (ضم پ ، غم و) امث .

پور (۴) (رک) کی تصغیر (مرکبات میں مستعمل) .

تن کی مدن پوری میں پیو کی پھیرا دو راہی
نا گیا ہے بھوگہ منتھا او دولہ نہ پیسا کا

۱۶۷۲ شاہی ، ک (ق) ، ۳۲

پوری (ظرفیت) مین پوری ، جگناتھ پوری وغیرہ .

۱۹۲۱ وضع اصطلاحات ، ۷۵

پُوری (و مع) امث .

۱. رک : پور (۱) معنی نمبر ۱ کی تصغیر .

رمال قرعہ ڈالے جو اس عقدہ پر تو ہو
انگلی سے پوری پوری میں اس کی جدا گرہ

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۸۲

پتلی پتلی ہیں انگلیاں اس کی
کیسی نازک ہیں پوریاں اس کی

۱۹۳۸ کلیات عریاں ، ۲ : ۸

۲. رک : پور (۱) معنی نمبر ۲ کی تصغیر .

مشابہ قد کے کیا ہووے کہ ہر انگشت سے تیری
کٹے جب نیشکر اتنا جدا پوری تو پوری سے

۱۸۴۹ کلیات ظفر ، ۲ : ۱۰۹

بانس بھی پورنیہ کے جس کی ، خدا جھوٹ نہ بلوائے ، گز گز بھر کی پوری ہوتی ہے ۔

۱۹۴۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۱۵۲

— پوری (— و مج) امث .

رک : پور (۱) کا تحتی پور پور .

ہماری قوتیں سب منحصر ہیں گاؤ زوری میں
بھری ہے صنعت و ایجاد ان کی پوری پوری میں

۱۸۹۸ مجموعۂ نظم بے نظیر ، ۱۱۸

پُورے (و مع) صف .

پُورا (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .

— دن (— کس د) اسذ .

حمل کا نواں مہینہ ، وضع حمل کا زمانہ .

بارے دن اور گھڑیاں اور مہینے گنتے گنتے پورے دن ہوئے .

۱۸۰۳ باغ و بہار ، ۲۴۴

ایک دن دیوکی جمنا میں نہانے گئی تھیں ، پورے دن ہو چکے تھے اور ان کو ہر وقت آنے والے غم کا سانسا لگا رہتا تھا .

۱۹۱۷ کرشن بیتی ، ۳۰

اف : لگنا ، ہونا .

[پورے + دن (رک)]

— دن بیٹھی ہونا محاورہ .

بچے کی ولادت قریب ہونا ، نواں مہینہ ختم ہونے والا ہونا ، وضع حمل کا زمانہ ہونا .

تمیزاً کیا ظلمن عورت تھی ، پورے دن بیٹھی تھی ، جانتی تھی کہ جننا مرنا برابر ہے مگر کم بخت کو رحم نہ آتا تھا .

۱۸۹۵ حیات صالحہ ، ۱۵۵

— دن لگنا محاورہ .

حمل کا نواں مہینہ شروع ہونا .

چاند کی پہلی تاریخ اس کو پورے دن لگ گئے .

۱۹۴۳ اصطلاحات پیشہ وراں ، ۷ : ۵۹

— دنوں سے ہونا محاورہ .

حمل کا نواں مہینہ ختم ہونے کے قریب ہونا ، وضع حمل کے دن قریب ہونا .

آپ تو جانتے ہیں ، مبتلا بھائی کے گھر میں جو وہ دوسری عورت ہے پورے دنوں سے تھی .

۱۸۸۵ فسانۂ مبتلا ، ۲۶۳

پورے دنوں انوری ہے ، تم دائیں بائیں رہنا .

۱۹۰۱ راقم ، عقد ثریا ، ۸۰

— دنوں کا (— کس د ، و مج) صف ؛ اسذ .

پوری مدت کا ؛ حمل کے مقررہ زمانے والا ، نوے مہینے کا (حمل) .

کیوں ہوا بچہ پورے دنوں کا صحیح سلامت تو ہوا .

۱۸۸۵ فسانۂ مبتلا ، ۸

اللہ رکھو ساتواں پیٹ پورے دنوں کا ہے .

۱۹۲۳ اہل محلہ اور نا اہل پڑوسی ، ۲۶

— دُودھ کی (— و مع) صف ؛ امث .

وہ عورت جو کسی کے بچے کو سارا دودھ پلانے کے لیے نوکر رکھی گئی ہو اور وہ اپنے بچے کو دودھ نہ پلائے ، وہ عورت جس کے دودھ میں کسی طرح کی کمی نہ ہو .

کوئی اچھی انا ہو ، دس بارہ روپے تک ماہواری دیں گے مگر پورے دودھ کی ہو .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۳ : ۳۳۲

— طَور سے (— و لین) م ف .

اچھی طرح سے .

پورے طور سے یہ ٹھان لی کہ چاہے جس طرح بھی ہو نواب جہانگیر خاں کے پہلو میں اب تو بیٹھنا ہے .

۱۸۹۹ بیرے کی کنی ، ۱۹

پُورِیا (۱) (و مع ، سک ر) امث .

۱. (پارچہ بافی) چوبی قینچیاں جن پر تانا پھیلا کر صاف کیا جاتا ہے ، اڈا ، بینڈی ، ٹکٹی ، سراڑا ، کرا (ا پ و ، ۲ : ۵۸) .

[س : پورنی पूर्णी]

پُورِیا (۲) (و مع ، سک ر) امث .

ایک راگنی کا نام جس کا تعلق ماروا ٹھاٹھ سے ہے ؛ ایک راگ کا نام .

رات میں پوریا کا گلے سے نکالنا مشکل کام ہے .

۱۹۳۵ . علم و عمل ، ۱ : ۳۰۴

[ہ : پوریا पूरिया]

— دَھنا سِری (— فت د ، کس س) امث .

(موسیقی) پوریا اور دھنا سری دو راگنیوں سے مرکب ایک راگنی .

ملتانی دھنا سری اور پوریا دھنا سری حضرت مخدوم بہاالدین ملتانی کی اختراع کی ہوئی چیزیں ہیں .

۱۹۶۳ تحفۂ موسیقی ، ۲ : ۷۳

[پوریا + دھنا سری (رک)]

— کَلْیان (— فت ک ، سک ل) امذ .

سنپورن راگ کی قسم ایک مکمل سنکر راگ جس کے گانے کا وقت رات کا پہلا پہر ہے (شبد سا گر) .

[پوریا + کلیان (رک)]

پُوریا (و مج ، سک ر) امث .

چاندی کا ایک گہنا جو ہاتھ پیر کی انگلیوں کی پوروں میں پہنا جاتا ہے یہ چھلے کی شکل کا ہوتا ہے اور اس میں گھنگرو کے گچھے یا جھبے لگے ہوتے ہیں (شبد سا گر) .

[رک : پور (۱) + یا ، لاحقۂ نسبت]

پُوریا پُلَک (و مع ، کس ر ، ضم پ ، فت ل) امذ .

ایک قسم کا سانپ .

پوریا پلک پانچویں قسم ہے گیروا رنگ چودہ گرہ تک کا ہے .

۱۸۷۳ تریاق مسموم ، ۳۲

[مقامی]

پُوریا پھاگنی (و مع ، کس ر ، سک گ) امث .

ایک نچھتر .

نام ان نچھتروں کے یہ ہیں . . . پوریا پھا گنی . . . دیوتی وغیرہ .

۱۸۳۸ توصیف زراعات ، ۱۶

[پوریا + پھاگنی (رک)]

پوریا ڈَرل (و مج ، کس ر ، ڈ ، ر) امذ .

رک : پور ہل .

بوائی کے وقت بیج آسانی سے پوریا ڈرل کی نالی سے گزر سکے .

۱۹۷۴ زراعت نامہ ، لاہور ، یکم جون ، ۳۳

[رک : پور (۱) + یا ، لاحقۂ نسبت + انگ : ڈرل]

پوریں (و مج ، ی مج) امث ، ج .

۱. رک : پوروے معنی نمبر ۲ (ا پ و ، ۴ : ۲۲) .

۲. رک : پوروے معنی نمبر ۱ (مرکبات ذیل میں مستعمل) .

— توڑنا محاورہ .

رک : انگیاں توڑنا .

جی چاہتا ہے لے کے بلائیں تمہاری آج
پوریں ان انگلیوں کی سب اے یار توڑیے

۱۸۱۸ انشا ، کلام ، ۲۵۷

— چٹخنا/چٹکنا محاورہ .

رک : انگیاں چٹخنا .

شب وصلت جو لیتا ہوں بلائیں اس گل تر کی
تو غنچوں کی طرح پوریں چٹکتی ہیں انامل کی

۱۸۷۴ بے خود (ہادی علی) ، د ، ۸۹

پوڑ (۱) (و مج) امث .

لکڑی کے کھرادی ہانے کا سُم کی وضع کا کھراد کیا ہوا تلا ، ٹپک یا تھاپ (ا پ و ، ۱ : ۱۷۲) .

[مقامی]

پوڑ (۲) (و مج) امث .

(شجر کاری) پودوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کر دینے کی ترکیب جو ایکھ ہانس وغیرہ میں کثرت سے عمل میں آتی ہے یہ ایک خاص طریقہ کاشت ہے ، قمری ، دھابا ، جھوم . ساگوان کے نخلستان میں جو بذریعہ پوڑ پیدا کیا جاتا ہے .

۱۹۲۳ تربیت جنگلات ، ۲۷۲

[غالباً س : پُورن (= بھیلنا) पूर्ण]

پُوڑا (و مع) امذ .

گُلگُلا جو آٹے یا میدے وغیرہ کا خمیر اُٹھا کر تلا جاتا ہے (ہلیٹس) .

[س : پُوریکہ पूरिक]

پوڑا (و مج) امذ .

رک : ہُڑا .

پوڑوں میں خوبصورتی سے بندھوا کر سپاہیوں سے بھجوا سکتی ہے .

۱۹۲۰ انتخاب لاجواب ، ۱۷ دسمبر ، ۶

پوڑی (و لین) امث .

سیڑھی ، زینہ .

گوروارجن صاحب نے یہ چوتھی پوڑی اسی وقت بنائی .

۱۸۶۴ تحقیقات چشتی ، ۱۴۱

[ہن]

پُوڑی (و مع) امث (قدیم) .

۰۱ رک : پُڑیا .

ایک کپڑا جھالر دار اور ایک کوپی تیل کی اور ایک پوڑی مسی کی .

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۴۰

— باندھنا ۸۷ محاورہ .

پلّے میں باندھنا ، گرہ میں باندھنا .

اون پانچہ خواص کے پوڑی باندنا .

۱۴۲۱ بندہ نواز ، معراج العاشقین ، ۲۰

پُوڑے (و مع) امذ .

پوڑا (= پُڑا) (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .

— پسائی (— کس پ) امث .

سہاگ پُڑا (رک) کے پیسنے کا انعام .

نائن کو سر بندھائی اور پوڑے پسائی کے نام سے کچھ دیا جاتا ہے .

۱۹۰۱ بہشتی زیور ، ۶ : ۲۸

[پوڑے + پسائی (رک)]

پُوڑیا (ضم پ ، غم و ، سک ڑ) امث .

رک : پُڑیا .

پرچۂ کاغذ . . . جس کے اندر دوا یا اور کوئی شے رکھ کر کنارے اس کے موڑ دیتے ہیں ، ہندی میں اس کو پوڑیا کہتے ہیں .

۱۸۴۵ ترجمہ مطبع العلوم ، ۱۹۴

دوا کی پوڑیا تمہیں دے دوں گا .

۱۹۴۲ انور ، ۲۳۸ .

پوڑیہ (ضم پ ، غم و ، سک ڑ ، فت ی) امث (قدیم) .

رک : پُڑیا .

طوطیا پسا ہوا ایک پوڑیہ میں رکھ لیا جاوے .

۱۹۲۵ محب المواشی ، ۱۵

پوڑھ (و مج ، سک ڑھ) صف .

رک : پوڑھا (پلیٹس) .

پوڑھا (و مج) صف .

۰۱ مضبوط ، مستحکم ، قوی ، طاقت ور (پلیٹس ؛ علمی اردو لغت) .

۰۲ (مجازاً) مال دار ، خوش حال (علمی اردو لغت) .

[س : پروٹھ کہ: पौठ + क:]

پوڑھانا (و لین) ف ل .

پوڑھنا (رک) کا تعدیہ (پلیٹس) .

پوڑھائی (و مج) امث .

مضبوطی ، استحکام ؛ موٹائی ، حجم ؛ چوڑائی .

میرے دل کی پوڑھائی آگے چل کر کام آوے گی .

۱۸۷۱ گلشن غیرت ، ۹

[ہ : پوڑھائی पौढाई]

پوڑھنا (و لین ، سک ڑ) ف ل .

آرام کرنا ، لیٹنا (پلیٹس ؛ علمی اردو لغت) .

[ہ : پوڑھنا पौढना]

پوڑھی (و مج) امذ .

۰۱ پوڑھا (رک) کی تانیث .

ہائے اسی سے تو کہتی ہوں کہ وہ بات کرو کہ پکی پوڑھی ہوجائے .

۱۸۹۰ سیر کہسار ، ۲ : ۳۲۹

۰۲ (کاشت کاری) مضبوط زمین کہ برابر کاشت ہونے سے کمزور نہ ہو ، پورس (کھیت کرم ، ۵) .

پوز (۱) (و مج) امذ .

مصنوعی انداز ، ایسا انداز جو قصداً اختیار کیا جائے .

آتش دان پر کہنی ٹکائے پوز بنائے کھڑا . . . باتیں کر رہا تھا .

۱۹۷۸ فصل گل آئی یا اجل آئی ، ۱۵

[انگ : Pose]

— بنانا (— فت ب) ف م .

انداز اختیار کرنا ، اداکاری کرنا .

ان کی قابلیت سے مرعوب ہونے کا پوز بنائیں .

۱۹۶۷ یادوں کے چراغ ، ۲۲۸

ـــ دینا محاورہ .

تصویر بنانے کے لیے مصنوعی انداز اختیار کرنا ، انداز کے ساتھ تصویر کھنچوانا .

فوٹو گرافر کو مختلف ذہنی کیفیتوں اور ملبوسات میں پوز دیکر کہا .

۱۹۶۶ روزنامہ ، جنگ ، کراچی ، ۳۰ ، ۱۹۶ : ۵

پوز (۲) (و مج) امذ .

۱. پونٹ ، منہ (گھوڑے کا) (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

۲. نعل بند کی رسی (پلیٹس) .

[ف]

ـــ بند (ـــ ف ب ، سک ن) امذ .

گھوڑے کے منہ پر چڑھانے کا چھینکا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[پوز + بند (رک)]

ـــ مال امذ .

۱. وہ رسی جو نعل بند شرارتی گھوڑے کے منہ پر باندھ دیتے ہیں (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

۲. گھوڑے کے منہ وغیرہ صاف کرنے کا رومال وغیرہ .

پوز مال سے ہونٹھ پکڑ کر . . . جسم زائد کو نکال ڈالیں .

۱۸۷۲ رسالہ سالوتر ، ۲ : ۱۱۵

[ف]

پوز (۳) (و مج) امذ .

وہ کپڑا جو ٹوپی سے لٹکا رہتا ہے .

زون نے دس روپے کا نوٹ اپنے پوز . . . کی گرہ کھول کے اس کے سامنے رکھ دیا .

۱۹۳۶ آگ ، عزیز احمد ، ۳۲

[مقامی]

پوزش (و مج ، کس ز) امث .

معذرت ، معافی .

کہیا اس انگے آؤ پوزش نمانے
کمر باندھ کر بولتا ہوں وان جانے (کذا)

۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۵۳۲

تقصیر اس فرقۂ بے پیر کی حد پوزش و عذرات اور اندازۂ تلافی مکافات سے باہر ہے .

۱۸۵۵ غزوات حیدری ، ۲۵۷

لیکن میں اسی طرح سے ان پر رکھتا ہوں نگاہ عفو و پوزش

۱۹۳۵ فلسفۂ اخلاق ، ۸۳

[ف]

پوزَن (و مج ، فت ز) امث .

زمین جو کھیتی کے لیے صاف کی جاوے (فرہنگ عامرہ) .

[ف]

پوزنہ (و مع ، سک ز ، فت ن) امذ ؛ ~ پوزینہ .

رک : پوزنہ .

برخو : اہل ہند آنرا پوزنہ گویند .

۱۳۳۳ بحرالفضائل (مقالات شیرانی ، ۱ : ۱۲۲)

پوزہ (و مج ، فت ز) امذ .

رک : پوز (۲) (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

پوزی (و مج) امث .

گھوڑے کے ساز کا ایک حصہ ، تسمہ جو گھوڑے کے دبانے کے گردا گرد لگادیتے ہیں .

گھوڑے سے سخت تنگ ہوں ، پوزی ، دمچی ثابت نہیں رکھتا .

۱۸۶۱ فسانۂ عبرت ، ۵۳

اچھا تمہارے منہ میں تو لگام بھی چڑھی ہے ، موکیری بھی ہے ، دمچی بھی ہے ، پوزی بھی ہے .

۱۹۲۳ 'اودھ پنچ' لکھنؤ ، ۹ ، ۲۲ : ۸

[ف]

پوزیٹو (و لین ، ی مج ، کس ٹ) صف .

نیگیٹو (= منفی) کی ضد ؛ (بیٹری کا) مثبت ، راست .

نیگیٹو پول ارتھ کہا جاتا ہے اور پوزیٹو پول کا کنکشن اور تاروں سے ہوتا ہے .

۱۹۲۳ آئینۂ موٹر ، ۶۳

[انگ : Positive]

پوزیشن (و مج ، ی مع ، فت ش) .

(الف) امث .

۱. صورت حال ، حالت .

یہاں کی پوزیشن کے لحاظ سے چار پانچ سو روپیہ ماہوار میں کام نہیں چلتا .

۱۹۰۳ مکاتیب شبلی ، ۱ : ۳۲۳

۲. (مجازاً) موقف .

محض اس وجہ سے اپنی پوزیشن کا واضح کرنا ضروری تھا کہ خواجہ صاحب نے مثنوی اسرار خودی پر اعتراض کیے تھے .

۱۹۱۸ مکاتیب اقبال ، ۲ : ۱۹۰

۳. محل وقوع .
یہ لوگ اپنی جغرافیائی پوزیشن کی وجہ سے بیرونی دنیا سے علیحدہ رہے ہیں .
۱۹۷۹ گلگشت ، ۱۸۵

۴. درجہ .
وہ اچھے نمبروں سے پاس تھی مگر کلاس میں کوئی پوزیشن نہیں آئی تھی .
۱۹۶۷ یادوں کے چراغ ، ۱۱۰

(ب) امذ .
۱. رتبہ ، حیثیت ، مقام .
تاریخ شبلی کے حصے میں رہی ، بیا گرفی حالی لے بیٹھے اور دونوں حضرات سچ یہ ہے کہ اپنا پوزیشن قائم رکھنا خوب جانتے ہیں .
۱۹۰۱ افادات مہدی ، ۴۲

۲. عہدہ ؛ حالت .
میں اس وقت آنریری مجسٹریٹ ہوں اور سب طرح کا پوزیشن بھی سنبھالنا پڑتا ہے .
۱۹۰۳ مکتوبات شاد عظیم آبادی ، ۴۹

[انگ : Position]

پوزیٹر (و مج ، ی مع ، فت ء) صف ؛ امذ .
وہ شخص جو مصنوعی حیثیت بنائے یا غلط تاثر قائم کرنا چاہے ؛ تصنع سے کام لینے والا .
اس گروہ میں سرمایہ دار بھی تھے بورژوا بھی اور پرولتاری بھی لیکن کوئی پوزیٹر نہ تھا فریب دینے والا نہ تھا .
۱۹۴۹ میرے بھی صنم خانے ، ۷۱

[انگ : Poseur]

پوس (و مع) امذ .
ہندؤں کے حساب کے مطابق سال کا نواں مہینہ جس میں جاڑے کی شدت ہوتی ہے ، دسمبر جنوری کا زمانہ جب کہ پورا چاند پشیہ نچھتر یعنی برج سرطان کے تین ستاروں کے پاس رہتا ہے .
نہ دیکھو آہ مجھ مایوس کی شکل
بنی سردی دل سے پوس کی شکل
۱۷۶۱ سامی (چمنستان شعرا ، ۴۱۹)
قوس . . . نواں برج . . . ہے . . . پوس میں تحویل آفتاب اس میں ہوتی ہے .
۱۸۷۲ عطر مجموعہ ، ۱ : ۱۰۱
ہمیں کیا بالشویک آ گیا یا روس آتا ہے
یہاں تو فکر سرمائی ہے ماہ پوس آتا ہے
۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۴ : ۵۴

[س : پوشیہ : पुष्य]

— کوٹنے گھوس کہاوت .
پوس کے مہینے میں سردی بہت پڑتی ہے اس لیے لوگ کونوں میں گرم ہونے کے لیے گھستے ہیں یعنی باہر کم نکلتے ہیں (جامع اللغات) .

پوسا (۱) (و مج) امذ .
برت ، روزہ ، صوم (قدیم اردو کی لغت) .
[مقامی]

پوسا (۲) (و مج) صف .
۱. پوسنا (رک) سے حالیہ تمام (پالا کے ساتھ مستعمل) ، پالا ہوا ، پرورش کیا ہوا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .
۲. پلا ہوا ، پالتو (جامع اللغات) .
[ہ : پوسا पोसा]

پوسالا (و لین) امث .
پو (۳) (رک) کا تحتی .
تم نے یہ باغ اچھا بنوا لیا ہے . . . اور پوسالا اور پیاو اور بنیے اور بھنگ والی کی دوکان سب آرام دینے والی چیزیں .
۱۸۹۳ کامنی ، سرشار ، ۴۹۳

پوسالہ (و لین ، فت ہ) امث .
توسہ ، لکڑی کی ایک قسم جو نیپال میں پائی جانے والی جنس پوسالہ سے منسوب ہے .
متعدد ہندوستانی لکڑیوں کا امتحان بھٹیوں میں کیا گیا ہے پوسالہ ، پہارسیا . . . بہت کامیاب ثابت ہوئی ہیں .
۱۹۰۷ مصرف جنگلات ، ۱۳۶

[مقامی]

پوست (و مج ، سک س) امذ .
۱.(i) چمڑا ، کھال .
اتھا پوست کا اور اس کے بھتر تھا خرسے کا نارہ تو سن یہ خبر
۱۷۷۱ بشت بہشت ، ۵ : ۸۳
بڑے بڑے جانوروں کا شکار کرنے لگا . . . ان کے پوست کو اپنی پوشاک بنایا .
۱۸۹۳ اردو کی پانچویں کتاب ، اسمعیل میرٹھی ، ۱۱۷
آپ کے ساتھ قربانی کے سو اونٹ تھے . . . حکم دیا کہ گوشت پوست جو کچھ ہو سب خیرات کر دیا جائے .
۱۹۲۳ سیرۃالنبی ، ۲ : ۱۶۴

(ii) پرت (بدن یا کسی چیز کا) .

کہی یوں کہ اے میرے خلوت کے دوست
مرا ماس گل جا رہیا تن ہو پوست

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۶۲

کیلے کے پتے کا باریک بالائی پوست ، ناخن سے علیحدہ ہو سکتا ہے .

۱۸۹۱ کسانی کی پہلی کتاب ، ۱ : ۱۷

(iii) کینچلی (سانپ کے ساتھ مخصوص) .

جو دیکھ لے تری تلوار ماہی دریا
تو اپنے پوست سے بھاگے نکل کے صورت مار

۱۸۵۳ دفتر فصاحت ، ۲۲۹

۲. (i) چھال ، بکل .

لپٹے ہوے پوستوں پر تمام
رو پہلے سنہرے ورق صبح و شام

۱۷۸۴ سحر البیان ، ۸۹

سرس کے درخت کے پوست کو جوش کر کے پینے سے آدمیوں کو آرام ہو جاتا تھا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۴۵۴

اجوائن خراسانی سیاہ اور پوست بیخ لفاح اس قدر پکائیں کہ پانی کا رنگ سرخ ہو جائے .

۱۹۴۷ جراحیات زہراوی (پیش لفظ) ، ۳

(ii) چھلکا ، پھل ہر کا بیرونی حصہ .

چشم سے منظور ہے دیدار دوست
ورنہ اک بادام کا سا یہ ہے پوست

۱۷۷۳ رسوز العارفین ، ۱۶

جن کو پستے کی طرح تو مغز ہی سمجھا تھا بس
پوست تھے سرتا پا وے شخص مانند پیاز

۱۸۰۱ باغ اردو ، افسوس ، ۸۸

پوست بیضۂ مرغ مصفی . . . کو کوٹ چھان کر سرمہ بنائیں .

۱۹۳۶ شرح اسباب (ترجمہ) ، ۲ : ۲۱

۳. خشخاش کا ڈوڈا جسے جوش دے کر ایک نشہ آور عرق تیار کرتے ہیں ، کوکنار .

سوتے رہیں پوستی اوٹھیا جاگ
اس پوست کی دوستی اوٹھیا جاگ

۱۷۰۰ من لگن ، ۶۳

ایکھ ، انگور ، کیلہ ، پوست ، زیرہ ، اسپغول ، ان چیزوں میں نویں حصے سے لے کر چہارم تک سرکاری مالگزاری میں داخل ہوتا تھا .

۱۹۱۳ مقالات شبلی ، ۶ : ۲۰۲

۴. (مجازاً) باہر کا حصہ ، غیر اہم بات یا چیز .

صرف چند ادھورے کامے حافظے کی بدولت باقی رہ جاتے ہیں . . . . . تو صرف ان کا پوست ہی پوست باقی رہتا ہے اور مغز و اصلیت نابود ہو جاتی ہے .

۱۸۷۶ مضامین تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۴۲

اف : اتارنا ، ادھیڑنا ، کھینچنا .

[ف]

— اُتارنا محاورہ .

(مجازاً) سزا دینا ، کھال اُتارنا ، چھلکا الگ کرنا (جامع اللغات) .

— اُستخواں باقی رہ جانا محاورہ .

نہایت دبلا ہو جانا ، ہڈی چمڑا باقی رہ جانا (جامع اللغات) .

— بر پوست (— فت ب ، سک ر ، و مج ، سک س) م ن .

تہ بر تہ ، پرت بہ پرت (جامع اللغات) .

[پوست + بر (رک) + پوست]

— بیج (— ی مع) امذ .

تخم خشخاش (خزائن الادویہ ، ۷ : ۱۹۴) .

[پوست + بیج (رک)]

— پارہ (— فت ر) امذ .

بیج کے اوپر کا وہ حصہ جہاں سے کلّہ یا انکُر پھوٹتا ہے ، یہ حصہ سیم ، ارنڈی ، لوبیا وغیرہ کے بیج پر بہت واضح ہوتا ہے . پالش کیے ہوئے اور مرمر کی طرح سخت بیج کے غلاف اور تنگ سرے کی جانب سفید برون بالیدگی یعنی پوست پارہ .

۱۹۳۸ عملی نباتیات ، ۷

[پوست + پارہ (رک)]

— پرست (— فت پ ، ر ، سک س) صف .

سطح بین ، ظاہر پرست .

ہم نے حقوق اللہ کو دوسرے حصے میں اور حقوق العباد کو پہلے حصے میں رکھنا چاہا تھا مگر پوست پرستوں اور ظاہر بینوں کی بدگمانی کے ڈر سے ترتیب الٹ دی .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۲ : ۲

[پوست + پرست (رک)]

ـــ کا ہلکا (ـــ فت ہ ، سک ل) صف .

کم ظرف ، کمینہ .

میں نہیں سمجھتا کہ عبد المجید خاں پوست کے ایسے ہلکے ہیں .

۱۸۹۴ لکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۵۳۴

ـــ کَن (ـــ فت ک) صف ؛ امذ .

چھلکے اتارنے والا ، کھال صاف کرنے والا ، کاٹ کر یا چھیل کر صاف کرنے والا ، سوداگر چرم ، چمڑا کمانے والا ، چرم فروش (پلیٹس) .

[پوست + . . . کن (رک)]

ـــ کَندہ (ـــ فت ک ، سک ن ، فت د) م ف ؛ صف .

کھول کر ، وضاحت کے ساتھ ، بے لاگ ، صاف صاف .

میں پوست کندہ کہتا ہوں فاش ، جان ایسے دوست اچھے ہیں گے وہاں دشمن کیا قماش .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۲۴

نواب نے اپنا دوست خالص جان کر پوست کندہ سب احوال بیان کیا .

۱۸۹۶ سوانحات سلاطین اودھ ، ۱ : ۱

اس کتاب میں مردوں کے حالات کو بڑی وضاحت سے پوست کندہ بیان کیا ہے .

۱۹۲۱ فغان اشرف ، ۱۰

[پوست + کندہ (رک)]

ـــ کھینچنا محاورہ .

پوست کھینچنا (رک) کا لازم .

فلک پر کھینچا پوست زنگی شب کا
ہوا خوف سے لالے کا نشہ غائب

۱۸۴۷ کلیات منیر ، ۱ : ۵۱

ـــ کھینچنا محاورہ .

۱. (تادیباً یا تعزیراً) کھال اتارنا ، چھلکا الگ کرنا .

ترے جو قد سوں رکھا نیشکر نے دل میں گرہ
تو کھینچ پوست کیا اس کوں بند بند جدا

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۲

پوست کھینچے اژدہے کا باندھ لاے دیو کو
اے پری رو تیری زلفوں میں بلا کا زور ہے

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۳۷

ہے رواج شرع ایسا عہد نصفت مہد میں
پوست کھینچا جاے مے کھینچے اگر پیر مغاں

۱۸۷۲ مرأة الغیب ، ۱۸

۲. شدید قسم کی سزا دینا (پرانے زمانے میں سنگین جرم کی سزا یہ تھی کہ مجرم کی کھال کھینچ کر بھس بھروا کے اور عبرت کے لیے شارع عام پر رکھوا دیتے تھے) .

نہ میں منصور سا غازی ہوں جو بولوں ہمہ اوست
مے پرستی سے مجھے کام ہے گو کھینچے پوست

۱۷۸۵ حسرت (جعفر علی) ، ک ، ۴۸

آہ جو کھینچتا ہے محفل میں
پوست اس کا وہ کھینچ لیتے ہیں

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۲۲

ـــ مال صف .

کھال کو چھوتا ہوا ، چھچھلتا ہوا ، ہلکا .

تلوار ماری تھی ، پوست مال گزر گئی .

۱۸۸۲ دربار اکبری ، ۶۳۷

[پوست + مال (رک)]

ـــ مَحلَب کس اضا (ـــ فت م ، سک ح ، فت ل) امذ .

جنگلی شاہ دانے (Prunus serotina) کی چھال جو موسم خزاں میں جمع کی جاتی ہے کم عمر چھال چکنی سرخی مائل بھوری جس پر عرضی رخ میں طویل عدسی خانے ہوتے ہیں اور کسر دانہ دار زیادہ عمر کی چھال کھردری اور جوزی سرخ ، ذائقہ حابس ، اہازیری اور تلخ ہو پانی کے ساتھ نقوع بنانے کے بعد کڑوے بادام کی طرح کی ، لاط: Pruni Virginianae Cortex (ماخوذ : علم الادویہ ، ۱ : ۶۲۰) .

[پوست + محلب (رک)]

ـــ و اُستخوان (ـــ و مج ، ضم ا ، سک س ، ضم ت ، فت خ ، و معد) صف .

جس کے جسم پر صرف ہڈی چمڑا رہ گیا ہو ، بہت دبلا .

میں نے اس پیر فرتوت ، پوست و استخوان فقیر کو آج دیکھا .

۱۹۲۳ سیرة النبی ، ۳ : ۱۱۵

[پوست + و ، عطف + استخوان (رک)]

پوستا (و مج ، سک س) امذ .

پوست کے چھلکوں کا جوش دیا ہوا عرق (اصطلاحات پیشہ وران ، منیر ، ۴۳) .

[پوست + ا ، لاحقۂ نسبت]

پوستہ (و مج ، سک س ، فت ت) امذ .

رک : پوست کا ڈوڈا .

پوستہ ۶ من فی ایکڑ دستیاب ہوتا ہے ۔
۱۹۱۶ علم زراعت ، ۱۶۵

[س : پوست پوست]

پوستی (و مج ، سک س) .

(الف) امذ .

۱۔ وہ شخص جو خشخاش کے ڈوڈے کو بھگو کر اس کا پانی نشے کے طور پر استعمال کرے ، افیمی ، افیونی ۔

سوتے بچھیں پوستی اٹھیا جاگ
اس پوست کی دوستی اوٹھیا جاگ

۱۷۰۰ من لگن ، ۶۳

ادھر لوگ رات دن نئی نئی ہوائیاں اڑا رہے تھے ، اور پوستیوں اور افیمیوں کا تو کام ہی ہے ۔
۱۸۸۱ دربار اکبری ، ۲۷۵

چند پوستی ایک کنویں کے کنارے نشہ ہی رہے تھے ۔
۱۹۲۵ لطائف عجیبہ ، ۳ : ۳۶

۲۔ کاغذ کا مخروطی کھلونا جس کا پیندا بھاری ہونے کے باعث اس کا سر اونچا اور پیندا نیچا رہتا ہے ، جب لڑکے اسے زمین پر لٹانا چاہتے ہیں تو وہ کھڑا ہو جاتا ہے ۔

مر کر جو پوستی بھی بنوں راستی نہ جائے
گرتے ہی اوٹھ کھڑا ہوں میں سیدھا اولٹ پلٹ

۱۸۷۶ سخن بے مثال ، ۳۳

میں اور بھی دو ایک کام جانتا ہوں پوستی ، کھٹکے کا لنگور ، چوں چوں ، یہ سب بنا لیتا ہوں ۔
۱۹۲۱ خونی شہزادہ ، ۳۱

(ب) صف .

کاہل ، سست ۔

بس یہ تیری کس وضع کی دوستی
دل میں اپنے کچھ سمجھ اے پوستی

۱۷۳۳ پنچھی باچھا ، ۱۳۰

عاشق کہا محبوب من تم ہم بندھائیں دوستی
جب وہ سخن یوں کر کہا تو کیا کہا اے پوستی

۱۸۳۷ مجموعہ ہشت قصہ ، ۲۳

دونوں کتے سخت پوستی اور افیمی قسم کے ہیں ۔
۱۹۴۸ ہرواز ، ۲۰۰

[رک : پوست + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ــ کی آنچ اُوپَر ہی اُوپَر نہیں جاتی کہاوت .

(مجازاً) غریب کی آہ بے اثر نہیں ہوتی (نجم الامثال ، ۱۲۸) .

ــ کی آہ اُوپری نہیں جاتی کہاوت .

رک : پوستی کی آنچ الخ (محاورات ہند ، ۵۵) .

پوستین (و مج ، سک س ، ی مع) امذ ، امث .

۱۔ کھال ، چمڑا ، کمائی ہوئی بال دار کھال ؛ کھال کا ، چمڑے کا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

۲۔ کھال کی پوشش ، بال دار چمڑے کا لباس .

ایک زاہد . . . گوشۂ صحرا میں بیٹھ رہا تھا ، سوا نان کشکین اور لباس پوستین کے کوئی خواہش نہ رکھتا .
۱۸۳۵ بستان حکمت ، ۱۵۷

ایک دفعہ قیصر روم نے آپ کی خدمت میں ایک پوستین بھیجی جس میں دیبا کی سنجاب لگی ہوئی تھی .
۱۹۱۴ سیرۃ النبی ، ۲ : ۳۱۸

۳۔ فر کا کوٹ ، چمڑے کا کوٹ .

جبۂ پوستین ہے زیب بدن
کمرے میں ہیں انگیٹھیاں روشن

۱۸۷۴ منشورات ، ۲۸۱

پوستین بہت گرم ہوتا ہے .
۱۹۲۶ نور اللغات ، ۲ : ۱۲۹

۴۔ بدگوئی ، نکتہ چینی ، عیب جوئی (نور اللغات ؛ جامع اللغات) .

[رک : پوست + ف : ین ، لاحقۂ نسبت]

ــ دوز (ــ و مج) صف .

چمڑے کا لباس سینے والا ، پوستیں لباس کا بنانے والا (پلیٹس) .

[پوستین + ف : دوز ، دوختن (= سینا) سے]

ــ کَرنا محاورہ .

کھال اتارنا ، (مجازاً) عیب جوئی کرنا ، مذمت کرنا ، غیبت کرنا .

پوستین کرنے کو احباب ہنر سمجھے ہیں
اے خدا پردہ دری سے مجھے عاری رکھنا

۱۸۶۷ رشک (نور اللغات)

پوسٹ (۱) (و مج ، سک س) اسث .

ڈاک ، چٹھی ، خط (ماخوذ : نور اللغات) .

[انگ : Post]

ــ آفس (ــ کس ف) امذ .

ڈاک خانہ .

شرر صاحب یہ فرما چکے ہیں کہ ہر ہفتے میں دس بارہ خط جاتے تھے . . . شرر کی غلطی سہی مگر پوسٹ آفس کا فائدہ ضرور ہویا ہوگا .

۱۹۰۵ معرکۂ چکبست و شرر ، ۳۷۳

[انگ : Post office]

— باکس/بَکس (— سک ک/فت ب ، سک ک) امذ .

ڈاک رکھنے کا صندوقچہ (شبد ساگر) .

[انگ : Post box]

— بائے/بُوائے (—/ضم ب ، غم و) امذ .

وہ لڑکا جو چٹھیاں لے جاتا ہے یا ڈاک کے گھوڑے پر سوار ہوتا ہے (جامع اللغات) .

[انگ : Postboy]

— بیگ (— ی لین) امذ .

ڈاک کا تھیلا (جامع اللغات) .

[انگ : Post-bag]

— پارسل (— سک ر ، فت س) امذ .

وہ خطوط یا اشیا جو ڈاک خانے سے بھیجی جائیں یا وصول ہوں .

تمباکوے خوردنی مشکی دانہ دار ، سولہ روپے سیر والا پوسٹ پارسل کے ذریعے سے مجھ کو بھجوا دیجئے .

۱۹۱۹ خطوط اکبر ، ۲ : ۹۴

[انگ : Post Parcel]

— پیڈ (— ی مج) صف .

ڈاک کا محصول ادا کیا ہوا (خط وغیرہ) .

اب اگر تمہارا خط پوسٹ پیڈ آئے گا تو میں آزردہ ہوں گا ، بیرنگ بھیجا کرو .

۱۸۵۴ نادرات غالب ، ۵۴

[انگ : Post Paid]

— کارڈ (— سک ر) امذ .

ڈاک کے محکمے کی طرف سے جاری کیا ہوا کارڈ جس پر خط لکھ کر بھیجا جاتا ہے ، اس کے ایک گوشے پر اس ملک کا نام جہاں سے یہ جاری کیا گیا ہے اور اس کی قیمت وغیرہ درج ہوتی ہے .

ڈاک خانے سے جا کے ایک آنے کے پوسٹ کارڈ لے آؤ .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۲۷۵

اس سے پہلے میں ایک پوسٹ کارڈ لکھ چکا ہوں کہ جب آپ کو پاسپورٹ مل جائے تو فوراً مجھے تار دیں .

۱۹۳۳ مکاتیب اقبال ، ۱ : ۱۷۲

[انگ : Postcard]

— کرنا محاورہ .

خط وغیرہ ڈاک خانے کے متعلقہ ملازم کے حوالے کرنا یا خط کو ڈاک کے صندوق میں ڈالنا تاکہ وہ مکتوب الیہ تک پہنچ جائے .

خاص کارڈ اور لفافے چھاپے ہوئے ملتے ہیں ، ان میں سپاہی اور افسر اپنے خط لکھ کر پوسٹ کر دیتے ہیں .

۱۹۱۷ سفر نامۂ بغداد ، ۶۷

— ماسٹر (— سک س ، فت ٹ) امذ .

ڈاک خانے کا افسر .

اس نے بڑے پوسٹ ماسٹر سے شکایت کی .

۱۸۵۴ نادرات غالب ، ۵۴

ان دنوں وہ سلیکشن گریڈ کا پوسٹ ماسٹر تھا .

۱۹۴۲ گرہن ، ۶۹

[انگ : Postmaster]

— ماسٹر جنرل (— سک س ، فت ٹ ، ج ، سک ن ، فت ر) امذ .

ڈاک خانوں کا افسر اعلیٰ .

مولوی محمد احمد صاحب پوسٹ ماسٹر جنرل . . . دوسرے روز صبح کو ملے .

۱۹۳۳ سیاحت ہند ، ۸۶

[انگ : Postmaster General]

— مین (— ی لین) امذ .

ڈاکیا ، ڈاک کا ہرکارہ ، چٹھی رساں .

پوسٹ مین ایک مشین کی سی سرعت سے چٹھیاں ڈبوں میں پھینک رہے تھے .

۱۹۴۲ گرہن ، ۷۳

[انگ : Postman]

— مینی (— ی لین) امث .

پوسٹ مین (رک) کی نوکری یا کام .

انھیں غیر حاضریوں کے سبب پوسٹ مینی کی نوکری بھی جاتی رہی .

۱۹۲۴ روز نامچہ (خواجہ حسن نظامی) ، ۱۸۳

[پوسٹ مین + ی ، لاحقۂ نسبت]

ــ ہونا محاورہ .

خط کا ڈاک کے صندوق میں ڈالا جانا .

کل تمھیں نہایت عجلت میں خط لکھا ، اس خیال سے کہ شام کی ڈاک سے نکل جائے گا اسٹیشن پر پوسٹ ہو سکے گا .

۱۹۴۷ حرف آشنا ، ۹۱

پوسٹ (۲) (و مج ، سک س) امث .

۱. (پولیس وغیرہ کی) چوکی .

ہرے رنگ کی طویل لکڑی کوچ ، چیک پوسٹ کی بے رونق عمارت کے نیچے منتظر کھڑی تھی .

۱۹۷۸ فصل گل آئی یا اجل آئی ، ۷۹

۲. نوکری ، اسامی ؛ عہدہ .

ان ہی دنوں ایک مشہور بنک آفیسر کی پوسٹ کے لئے اخبار میں اشتہار آیا .

۱۹۸۲ ، روزنامہ نوائے وقت ، ۲۰ جنوری ، ۹

[انگ : Post]

پوسٹ (۳) (و مج ، سک س) امذ .

لکڑی یا دھات وغیرہ کا کھمبا ، ستون (تراکیب میں مستعمل).

کھائیوں کے اس مالک کو جانے والے راستے کے کنارے کنارے بہت سے سائن پوسٹ کھڑے ہیں .

۱۹۶۷ ستاروں سے آگے ، ۲۰۷

یورپ کی گلیمرس اسٹریٹ واکرز انکلیوں میں سگریٹ اور لیمپ پوسٹ کے نیچے کھڑی ہیں .

۱۹۷۸ کار جہاں دراز ہے ، ۲ : ۲۱۷

[انگ : Post]

پوسٹر (و مج ، سک س ، فت ٹ) امذ .

اشتہار جو شارع عام پر چسپاں کیا جائے یا تقسیم کیا جائے.

ہمیں نے کچھ ترے قامت کو خوب اے فتنہ گر جانا
قیامت کا اسے اک قد آدم پوسٹر جانا

۱۹۴۲ سنگ و خشت ، ۴۰

سامعین پر ہمفلٹ پوسٹر اور کارڈ پھینکے .

۱۹۷۲ روز نامہ ، جنگ ، کراچی ، ۳ دسمبر ، ۱

[انگ : Poster]

ــ انک (ــ کس ا ، سک ن) امث .

ایک قسم کی چھاپے کی سیاہی جو لکڑی کے حروف چھاپنے کے کام آتی ہے (شبد ساگر) .

[انگ : Poster-ink]

پوسٹرس (و مج ، سک س ، فت ٹ ، ر) امذ .

اشتہار میں استعمال ہونے والے بڑے حروف .

لکڑی کا حرف بڑے بڑے اشتہارات میں کام آتا ہے جس کو پوسٹرس کہتے ہیں .

۱۹۰۷ مخزن الفوائد ، ۲ : ۸۶

[انگ : Posters]

پوسٹ گریجوئیٹ/گریجویٹ (و مج ، سک س ، کس خف گ ، ی مج ، ضم ج ، غم و ، ی مج/ــ ضم ج ، ی مج) صف .

بی-اے اور اس کے مماثل ڈگریوں کے بعد کی (تعلیم وغیرہ) ، بعد طیلسانی .

یہ قرار پایا کہ ہر بک پوسٹ گریجوئٹ ایجوکیشن کا درجہ قائم کیا جائے .

۱۹۳۴ حیات محسن ، ۱۰۲

[انگ : Post-graduate]

پوسٹل (و مج ، سک س ، فت ٹ) صف .

ڈاک کا ، ڈاکخانے کا ، ڈاک یا ڈاکخانے سے متعلق .

بین الاقوامی پوسٹل ادارہ اقوام متحدہ کی ایک شاخ ہے جہاں دنیا کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک ڈاک بھیجنے کے معاہدے کئے جاتے ہیں .

۱۹۵۲ امن کے منصوبے ، ۱۰

[انگ : Postal]

ــ اسٹامپ (ــ کس ا ، سک س ، م) امذ .

لفافے وغیرہ پر لگا یا جانے والا ڈاکخانے کا ٹکٹ (جامع اللغات) .

[انگ : Postal + Stamp]

ــ آرڈر (ــ سک ر ، فت ڈ) امذ .

ایک قسم کی ہنڈی جو ڈاک خانے میں روپیہ جمع کر کے حاصل کی جاتی ہے یہ ہنڈی جس شخص کے نام ہو وہ اسے کسی بھی ڈاکخانے میں بھنا سکتا ہے .

پوسٹل آرڈر ، چیک وغیرہ کو کراس کرنے کے متعلق کوئی خاص ہدایت .

۱۹۶۳ بیمۂ حیات ، ۱۹۷

[انگ : Postal order]

ــ ڈیپارٹمنٹ (ــ ی مع ، سک ر ، ٹ ، کس خف م ، سک ن) امذ.

ڈاکخانے کا محکمہ (جامع اللغات) .

[انگ : Postal Department]

سروس (— فت س ، سک ر ، کس و) اسث .

ڈاک کا سلسلہ ؛ ڈاک کا ادارہ .

یہ لفافہ جات . . . مثل چٹھیات پوسٹل سروس رجسٹری شدہ کے روانہ ہونگے .

۱۸۹۴ ایکٹ نمبر ۱۹ (ترجمہ) ، ۱۶۰

[انگ : Postal service]

گائیڈ (— ی مچ) اسذ .

ہدایت نامۂ ڈاک ، ڈاکخانوں کا ہدایت نامہ ، ڈاکخانے کے قواعد کی کتاب (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

[انگ : Postal guide]

پوسٹ مارٹم (و مچ ، سک س ، ر ، فت ٹ) اسذ .

۱. عمل جراحی ، (موت کا اصلی سبب معلوم کرنے کے لیے ڈاکٹری اصول کے مطابق) لاش کو چیرکر اندرونی اعضا کا امتحان کے لیے تجزیہ .

موت کا سبب ٹھیک معلوم کرنے کے لیے لاش کو چیر کر اعضائے اندرونی کا ملاحظہ کیا جائے تو اس کو اصطلاح انگریزی میں پوسٹ مارٹم اگزامینیشن کہتے ہیں .

۱۸۸۲ کلیات علم طب ، ۱ : ۱۷۲

دو ڈاکٹر جو پوسٹ مارٹم میں شریک تھے . . . یہ کہتے تھے کہ اس بے گناہ کو کسی نے زہر دیا .

۱۹۲۳ خونی بھید ، ۹۷

۲. (مجازاً) (گزری ہوئی بات یا حالت کا) تجزیہ .

اس طرح بات کی جیسے ساری زندگی کا پوسٹ مارٹم کر رہے ہوں .

۱۹۶۷ چائے کے باغ ، ۱۵۰

۳. چھان بین .

ان کے اعمال و کردار کے پوسٹ مارٹم میں مزید تاخیر کیوں کی جائے .

۱۹۷۳ متاع لوح و قلم ، ۲۲۰

[انگ : Post - mortem]

پوسٹنگ (و مچ ، سک س ، کس ٹ ، غنہ) اسث .

(بسلسلۂ ملازمت کسی جگہ پر) تقرری ، تعیناتی .

نور افشاں آپا نے بھی انٹرفورس جوائن کرلی ہے ، ساری پور میں پوسٹنگ ہوئی ہے .

۱۹۷۸ کار جہاں دراز ہے ، ۲ : ۷۲

[انگ : Posting]

پوسٹیج (و مچ ، سک س ، ی مچ) اسث .

ڈاک سے خط یا پارسل وغیرہ بھیجنے کا محصول (شبد ساگر).

[انگ : Postage]

پوسرا (و لین ، فت س) اسذ .

رک : **ہوسالا (پلیٹس)** .

پوسکو (و لین ، سک س) اسذ .

ہو ، پولاچی ، گسم یا گوسم اقسام سے ایک لکڑی ، لاط : Sohleicheractrifuge .

بعض اقسام درخت متوسط طور پر گنجان جنگل میں اگنے کے باوجود بھی نیچے ہی سے شاخ پیدا کرتے ہیں جیسے : تھونیر ، سہوہ . . . اور پوسکو .

۱۹۰۷ مصرف جنگلات ، ۱۲

[مقامی]

پوسلا (و لین ، فت س) اسث .

رک : **ہوسالا (شبد ساگر)** .

برہمن پوسلا پلا رہے ہیں .

۱۸۷۷ طلسم گوہر بار ، ۲۳۹

پوسہ (و مچ ، فت س) اسذ .

وہ سوت جو کات کر چرخے پر چڑھاتے ہیں ، پنڈیا ، بھیٹی (ماخوذ : ترجمہ مطلع العلوم ، ۱۹۳) .

[غالباً ف]

پوسنا (و مچ ، سک س) ف م .

پالنا ، پرورش کرنا ، نگہداشت کرنا (پالنا کے ساتھ مستعمل).

آپ کے برادر نے جھاڑ جڑ دار کو زمین میں بٹھایا اور سینچا ، پوسا ، پالا ، البتہ اس کا پھل بھی پایا .

۱۸۲۴ سیر عشرت ، ۵۷

باپ نے بیٹے کو اس کے بچپن سے لے کر کہولت تک بچوں کی طرح پوسا پالا اور ہر طرح کے ناز اٹھائے .

۱۹۵۸ شاد کی کہانی شاد کی زبانی ، ۲۶۹

[رک : پوسا]

پوسی (و سع) اسث .

رک : **پُسی** .

ڈنگ ڈونگ . . . پوسی بیچاری کنویں میں گر گئی .

۱۹۶۷ ستاروں سے آگے ، ۲۱۱

پوسیرا (و لین ، ی مچ) صف ؛ اسذ .

رک : ہو (۴) کے تحتی .

دس پوسیروں کا کیا ہوا ؟ ڈھائی سیر .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۸۶

پوسیری (و لین ، ی مج) صف ؛ امث .

رک : پو (م) کے تحتی .

پوسیری اور چوٹکی پراٹھے دیکھنے والوں کو یکساں ہی دکھائی دیتے ہیں .

۱۹۴۳ دلّی کی چند عجیب ہستیاں ، ۶۶

پوش (و لین) امذ .

رک : پُوس (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

پُوش (و مع) امذ .

ایک خاص قسم کے توت کا درخت ، لاط: Morus indica (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : پوش पष]

پوش (۱) (و مج) کلمۂ ندا .

نقیبوں وغیرہ کی لوگوں کو ہشیار خبردار کرنے کی صدا ، ہٹو بچو ، (تکرار یا ترکیب میں مستعمل) .

کہاں او پکارا کہاں او ہے جوش
کہاں او نقیباں کہاں ہوش پوش

۱۶۳۸ مراۃ الحشر ، ۹۰

[ف]

پوش (۲) (و مج) صف .

ٹھاٹ کا ، ٹیم ٹام کا ؛ خوش پوش ، اسمارٹ ، طرحدار .

اس لڑکی کو اسٹایلش اور پوش بننے کی کوشش میں مصروف دیکھ کر اس نے اس کی بیک گراؤنڈ کا . . . تصور کرنا چاہا .

۱۹۴۷ میرے بھی صنم خانے ، ۱۴۴

[انگ : Posh]

پوش (۳) (و مج) امذ .

پالنے ، پرورش کرنے ؛ اچھی حالت میں ہونے کا عمل ؛ نشو و نما ، ترقی ؛ خوشحالی ، بہبودی ، آسودگی (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[س : پوش पोष]

. . . پوش (. . . و مج) لاحقہ .

فارسی لاحقہ تراکیب میں ڈھانپنے والا یا پہننے والا کے معنی میں مستعمل .

خطائی غلامان حلقہ بگوش سو چینی کنیزان زر بفت پوش

۱۵۶۳ حسن شوقی ، د ، ۱۳۱

وہ خطا پوش ہے مجرم کے لیے سرتاپا
یہ عطا پاش ہے سائل کے لیے سرتاسر

۱۸۷۳ کلیات قدر ، ۲۶

شب کو پہلو میں جو وہ ماہ سیہ پوش آیا
ہوش کو اتنی خبر ہے کہ نہ پھر ہوش آیا

۱۹۳۶ طیور آوارہ ، ۱۲

[ف : پوش ، پوشیدن (= ڈھانپنا ، پہننا وغیرہ) سے]

پوشاک (و مج) امث ؛ امذ (قدیم) .

لباس ، پہننے کے کپڑے .

جبرائیل کوں پوچھے ، پوشاک کہاں تھا .

۱۵۰۰ معراج العاشقین ، ۲۶

تیغ عریاں ہے مثال آفتاب آہرو طالب نہیں پوشاک کا

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۴

عورتوں کی پوشاک عموماً عمدہ اور بیش قیمت ہوتی ہے .

۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۲۰۵

ہو گئے جامے سے باہر فرط شادی سے اویس
پا کے خلعت آپ کی اتری ہوئی پوشاک کا

۱۹۲۷ معراج سخن ، ۱۳

اف : اتارنا ، بدلنا ، پہنانا ، کھپانا .

[ف]

ــ بڑھانا محاورہ .

کپڑے اتارنا (مخزن المحاورات ، ۲۷۲) .

ــ خوابی کس اضا (ــ و معد) امث .

شب خوابی کا لباس .

سب سردار بھی وہاں سے اٹھے اور اپنی اپنی بارگاہوں میں آکر بستر خواب پر گئے ، پوشاک خوابی پہن کر سو رہے .

۱۸۹۶ لعل نامہ ، ۱ : ۳۰

[پوشاک + خواب (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

پوشاکی (و مج) .

(الف) صف .

پوشاک بنانے کے قابل ، پوشاک سے متعلق .

جن چیزوں پر خواہ از قسم خوراکی و یا پوشاکی . . . محاصل لیا جاتا تھا تمام و کمال معاف فرمایا .

۱۹۰۶ مرآت احمدی ، ۱۰۲

(ب) امذ .

ایک کپڑا جو گاڑھے سے باریک اور تن زیب سے موٹا ہوتا ہے ؛ اچھا کپڑا ، پوشاک .

دیوے کس کس کو روز پوشاکی
کیا کرے مجھ سا بندۂ خاکی
۱۹۲۹ 'اودھ پنچ' لکھنؤ ، ۱۴ ، ۱۵ : ۳
[رک : پوشاک + ی ، لاحقۂ نسبت]

پوشِشک (و لین ، سک ش ، کس ث) صف .

غذائیت سے بھر پور ، طاقت بخش ، مقوی .
بھوجن پوشٹک ہو ، تو کام کردہ اور لوہ ارتھات پاپ کی جڑ کٹ جائے .
۱۹۷۳ پگھلا نیلم ، ۱۱۴
[س : پوشٹک पौष्टिक]

پوشِش (و مج ، کس ش) امث .

۱. لباس ، پوشاک .
گر تم کو آج پوشش رنگین کا ذوق ہے
حاضر ہے چاک دل کا مرے جامہ وار مفت
۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۲۱۹
ترک لباس کر کے عریانی کو پوشش کرنا سعادت جاودانی ہے .
۱۸۵۷ گلزار سرور ، ۸۹
بکری کے بال دھسوں ، پشمینوں اور پوششوں میں کام آتے ہیں .
۱۹۵۴ حیوانات قرآنی ، عبدالماجد ، ۱۲۵

۲. اوڑھ ڈالنے کا کپڑا ، وہ چیز جو منڈھی جائے ، غلاف ، جس سے کوئی شے ڈھکی جائے .
شمع چھپ سکتی ہے کوئی پوشش فانوس میں
کب ہو قائم حاجب اس کے پردہ حائل کی تہ
۱۷۹۰ دیوان قائم (ق) ، ۱۳۲
اندرونی جسم ایک باریک جھلی سے ڈھکا رہتا ہے اس کو غلاف یا پوشش کہتے ہیں .
۱۹۴۲ حیوانیات ، محشر عابدی ، ۱۳

۳. چھت ، (چھت کا) پٹاؤ .
تو پاٹ بکری کے بالوں سے تا کہ پوشش مسکن کے لیے ہو بنا .
۱۸۲۲ موسیٰ کی توریت مقدس ، ۳۱۲
علاوہ چھوٹی پتلی سلیٹ کے جو چھت کی پوشش کے کام آتی ہے . . . موٹی سلیٹیں بھی ملتی ہیں .
۱۹۳۸ اشیائے تعمیر ، ۱۲

۴. چھپانا ، ڈھانکنا .
پردے کی تھی تلاش بنے پوشش گناہ
شکر خدا کہ دامن آل عبا ملا
۱۹۵۱ آرزو لکھنوی ، صحیفۂ الہام ، ۷

۵. تانگے بگھی وغیرہ کا پردہ یا غلاف ، ٹپ .
چودھری کیسا سڑیل تانگا بنا رکھا ہے ، گدا ہے تو میلا ، پوشش ہے تو پھٹی ہوئی .
۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۴۱

[ف]

ـــ چشم کس اضا (ـــ فت چ ، سک ش) امث .

پپوٹا ، غلاف چشم .
اگر آنکھ کی پوشش نوری ہوتی یا آفتاب قریب ہوتا جیسے پوشش چشم ہے تو ضرور شعاع اور مشاہدہ زیادہ ہو جاتا .
۱۹۲۵ حکمۃ الاشراق ، ۲۸۷
[پوشش + چشم (رک)]

پوشَک (۱) (و مج ، فت ش) امث ، امذ (قدیم) .

رک : پوشاک .
ہو (یو) پانچہ پوشک جبرائیل لیکو . . . میرے معشوق کوں لیاؤ .
۱۵۰۰ معراج العاشقین ، ۲۵

پوشَک (۲) (و مج ، فت ش) صف ، امذ .

پالنے والا ، پرورش کرنے والا ؛ معاون ، مددگار ، محافظ ؛ پالنے اور پرورش کرنے کا عمل (جامع اللغات) .
[س : پوشک पोषक]

پوشکَرنی (و لین ، سک ش ، فت ک ، کس ر) امث .

کنوؤں کا تالاب ، بڑا تالاب (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .
[س ؛ پوشکرنی पौष्करिणी]

پوشَن (و لین ، سک ش ، فت ن) امذ .

اٹھائیسواں نچھتر یا قمری منزل (پلیٹس) .
[س : پوشن पौषण]

پوشَن (و مج ، فت ش) امذ .

پالنے یا پرورش کرنے کا عمل ؛ پرورش ، حفاظت (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .
[س : پوشن पोषण]

پوشنا (و مج ، سک ش) ف م .

رک : پوسنا (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

پوشہ (و مج ، فت ش) امذ .

(نباتیات) مسند گل یا پھول کی کٹوری ، پھول کا ایک حصہ .

پھول کے کئی حصہ تھے جن میں پوشہ ، پنکھڑی ، زرریشہ اور مادگیں شامل تھے .

۱۹۶۷ زمین اور زراعت ، ۳۶

[ف]

پوشی (و مج) صف ، امذ .

رک : پوشک (۲) (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

... پوشی (و مج) لاحقہ .

پوش (رک) سے اسم کیفیت (تراکیب میں مستعمل) .

کیا کیا بیاں ہو جیسے چمکی چمن چمن میں
وہ زرد پوشی اس کی وہ طرز دلربائی

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۱ : ۵۳

[ف]

پوشیدگی (و مج ، ی مع ، فت د) امث .

۱. اخفا ؛ پردہ .

پوشیدگی صفات کی ہے کہ ذات کے غلبے میں صفات مخفی ہوتے ہیں .

۱۷۹۹ نوراللہ شاہ ، تجلیات ستہ نوریہ (ق) ، ۶

تم سے کچھ اے بہن مجھے پوشیدگی نہیں
جز قبر مجھ کو اس کی جا گہ کوئی نہیں

۱۸۳۱ ؟ مراثی دلگیر ، ۲۳۱

حجاب نورالانوار کا ہم سے بہ سبب کمال اس کے نور کے ہے . . . جیسے آفتاب کی پوشیدگی خفاش اور موشک کور سے .

۱۹۲۵ حکمۃ الاشراق ، ۳۲۷

۲. (مجازاً) عدم ، غیب .

ایک فرقہ وہ ہے کہ کہتے ہیں کہ چیزوں کا شروع یقیناً نہیں ، صرف پوشیدگی سے ظہور میں آتے ہیں .

۱۸۶۶ تہذیب الایمان ، ۵۹۷

[ف]

پوشیدنی (و مج ، ی مع ، فت د) صف ؛ امث .

۱. پہننے کے لائق ، جس سے ڈھانپا اور چھپایا جا سکے .

اسی پر جملہ اشیاء کار آمدنی و پوشیدنی وغیرہ کو قیاس کرنا چاہئے .

۱۸۶۵ مقالات محمد حسین آزاد ، ۸۳

گھر کے پہلے پوشیدنی کپڑوں میں سے ایک کی بھی ضرورت نہ تھی .

۱۹۱۷ سفرنامۂ بغداد ، ۲

۲. لباس ، پوشاک .

تیسری فصل ذکر پوشیدنی ہائے مردانہ اور زنانہ ہر قسم میں .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۷

[ف]

پوشیدہ (و مج ، ی مع ، فت د) .

(الف) صف .

مخفی ، پنہاں ، چھپا ہوا ، خفیہ .

بہت نازنیناں پوشیدہ روے
جو پردے تھے ہر گز نہ دیکھیاں او کوے

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۴۰۷

پوشیدہ حال عشق رہے کیونکہ اے ولی
غماز یاد زلف خم و پیچ و تاب ہے

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۲۱۹

فرصت نہ اتنی دی کوئی خاک میں گڑے
پوشیدہ کیا ظلم نمایاں کربلا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۲۷۹

وہ ظاہر اور پوشیدہ سب کچھ جانتا ہے .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۱۰

(ب) م ف .

در پردہ ، پیٹھ پیچھے ، چھپ کر یا چھپا کر .

اس نے پوشیدہ الہی کسے لکھا ہے خط
سنتے ہیں ہم کہ چھپا کر کہیں بھیجا ہے خط

۱۸۴۹ کلیات ظفر ، ۲ : ۳۷

جو کہ خدائے تعالیٰ کی خیانت کرتا ہے پوشیدہ میں ، حق تعالیٰ اس کا پردہ پھاڑتا ہے ظاہر میں .

۱۹۲۳ تذکرۃ الاولیا ، ۳۷۲

(ج) امذ .

(چڑی مار) چڑیاں پکڑنے کا جال جو زمین میں چھپا کر لگایا جاتا ہے ، یہ جالی سے دگنا ہوتا ہے ، کیونکہ یہ دو پلے کر کے لگایا جاتا ہے .

جو پرندے جالی سے پکڑے جاتے ہیں وہی پوشیدہ سے بھی پکڑے جاتے ہیں .

۱۸۹۷ سیر پرند ، ۲۷

[ف]

— پوشیدہ (— و مج ، ی مع ، فت د) م ف .

خفیہ طور پر ، چھپ کر ، چھپ چھپاتے .

تم پوشیدہ پوشیدہ اب تک نکل گئے ہوتے .

۱۸۹۰ حسن انجلینا ، ۳۷

[پوشیدہ + پوشیدہ]

— خرچ (— فت خ ، سک ر) امذ .

وہ خرچ جو چھپا کر کیا جائے ؛ خفیہ محکمے کے متعلق خرچ (جامع اللغات) .

[پوشیدہ + خرچ (رک)]

— مصارف (— فت م ، کس ر) امذ .

رک : پوشیدہ خرچ (پلیٹس) .

[پوشیدہ + مصارف (رک)]

پوشیہ (و مج ، سک ش ، فت ی) صف .

پرورش کیا جانے والا ، پروردہ (جامع اللغات) .

[س : پوشیہ पोष्य]

— پتر (— ضم پ ، سک ت ، فت ر) امذ .

متبنیٰ ، لے پالک (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[پوشیہ + پتر (رک)]

— ورگ (— فت و ، سک ر) امذ .

وہ لوگ یا اشیا (والدین بچے مہمان پوتر آگ وغیرہ) جن کی پرورش حفاظت یا احتیاط کرنی پڑے ؛ خاندان ، گھر والے (جامع اللغات) .

[پوشیہ + س : ورگ ، برگ वर्ग (= جماعت ، کثرت)]

پوک (و مج) صف (قدیم) .

رک : پاک .

تن (کو) دھونے سے دل جو ہوتا پوک
پیش رو اصفیا کے ہوتے غوک

۱۲۶۵ فرید گنج شکر (اردو کی نشو و نما میں صوفیائے کرام کا کام ، ۱۱)

پوکا (۱) (و مج) امذ .

پودوں کا کیڑا ، جھانجا ؛ کیڑا ، کرم (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[س : پلکہ पुलक]

پوکا (۲) (و مج) امذ .

(چرم سازی) گول چپٹا اور گہرا داغ جو چمڑے کو بیکار کر دیتا ہے (ماخوذ : چرم سازی ، ۹) .

[انگ : Pock]

پوکارنا (ضم پ ، غم و ، سک ر) ف م ؛ ف ل (قدیم) .

رک : پکارنا .

چہ سازم چوں کنم کس کن پوکاروں
جتن کیا عشق کے غم کا بچاروں

۱۶۲۵ افضل جھنجھانوی ، بکٹ کہانی ، ۲

پوکٹ (و لین ، کس ک) امث .

رک : پاکٹ .

صرف بجلی کے لیمپ یا پوکٹ بیٹری سے کام کرنا چاہئے .

۱۹۲۳ آئینۂ موٹر ، ۳۱

[انگ : Pocket]

پوکر (و مج ، فت ک) امذ .

تاش کا ایک کھیل جو پہلے پہل امریکہ میں رائج ہوا (اس کھیل میں دو یا زیادہ لوگ کھیلتے ہیں جو اپنے ہاتھ کے پتوں کے مطابق شرط لگاتے ہیں ان کی جیت زیادہ سے زیادہ ہاتھ بنانے پر ہوتی یا پھر وہ دوسروں پر داؤ مار کر ان کو مقابلے سے روک دیتے ہیں اس کے کھیلنے کے مختلف طریقے ہیں) .

جو لوگ زندگی میں کامیاب ہیں وہ پوکر میں جیت جاتے ہیں .

۱۹۶۹ روز نامہ ، جنگ ، کراچی ، ۲۰ اگست ، ۳

[انگ : Poker]

پوکراج (و مج ، سک ک) امذ (قدیم) .

رک : پکھراج .

ناتن کے رتن گوں جیو کی جوت
نا پاچ نہ پوکراج نا پوت

۱۷۰۰ من لگن ، ۱۳

پوکل (و مج ، فت ک) صف (قدیم) .

کھوکھلا ، خالی ، کُھکّل .

زمین سب سرنگاں سوں پوکل کرے
بہتر کوں لگا کیڑ توڑل کرے

۱۶۶۵ علی نامہ ، ۸۳

[رک : پھوکل]

پوکن (و مج ، فت ک) امث (قدیم) .

سوکن ، سوت .

بھکی سہکی میرا سہی ، جوتوں کی اس کی یو ہی
پوکن نہ بچھری مجھ کہیں تیرے پروں پگ دھائے کر

۱۳۳۷ میر حسن علی سنجری دہلوی (سہ ماہی ، اردو ، اکتوبر ۱۹۵۰)

[؟]

پوکنا (و مج ، سک ک) ف ل .

گھوڑے کا پتلی لید کرنا ، کسی چوپایے کا پتلی لید کرنا (نوراللغات) .

[رک : پونکنا]

پُوکھ (۱) (و مج) امذ .

رک : پُوس .

پوکھ کے نچھتر میں باجرا بویا جاتا ہے .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۹۲

پوکھ (و مج) امذ .

رک : پوکنے ، پوکنے کی حالت و کیفیت .

جب حد سے زیادہ دست آتے ہیں تو پوکھ پھوٹ نکلتا ہے اور بے اختیار دست آنے لگتے ہیں .

۱۹۲۵ محب المواشی ، ۴۸

پوکھَر (۱) (و مج ، فت کھ) امذ .

۱. تالاب ، جوہڑ ، تالاب یا دریا کے کنارے ایسا گڑھا جو پانی کے چڑھاو سے بھر جائے .

جب شام تمام ہوئی اور پرچھا ہونے لگا، تب ایک پوکھر کے کنارے پہنچے ، اتر کر منہ ہاتھ دھوئے .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۶۲

جب گرمی سے جی گھبراتا یا بدن پر میل کاٹنے لگتا تو کسی پوکھر ، تالاب میں جا کر خوب تیرتا .

۱۹۰۱ زلفی ، عنایت اللہ ، ۴۰

۲. ایک تیرتھ کا نام جو اجمیر سے تین کوس کے فاصلے پر واقع ہے ، پشکر (فرہنگ آصفیہ) .

[س : پش کرن पुष्कर]

ــ مُول (ــ و مج) امذ .

رک : پشکر مول .

اروسے کے پتوں اور پوکھر مول کا جوشاندہ بنا کر پلانے سے کھانسی مٹتی ہے .

۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، ۳ : ۶۷

[پوکھر + ہ : مول (= جڑ) मूल]

پوکھَر (۲) (و مج ، فت کھ) امذ .

ہتے بازی میں ایک ضرب کا نام جو حریف کی کمر پر دائیں جانب مارتے ہیں .

دوسرا شخص طمانچہ روک کر پالٹ خالی دے کر مونڈھا مارے یہ روک کر پوکھر مارے اور وہ روک کر بھنڈارا مارے .

۱۸۹۸ آئین حرب و قوانین ضرب ، ۱۱

[مقامی]

پوکھرا/پوکھرہ (و مج ، سک کھ/فت ر) امذ .

رک : پوکھر (۱) (پلیٹس) .

واسطے بنیاد مکان . . . اور بنانے مقبرہ اور سرائے اور پوکھرہ وغیرہ کے لیے نیک و مبارک ہے .

۱۸۸۰ کشاف النجوم ، ۵۴

[رک : پوکھر]

پوکھری (و مج ، سک کھ) امث .

تالاب یا دریا کے کناروں کے قریب ایسا گڑھا جو پانی کے چڑھاو سے بھر جائے اور جو مچھلیاں اس میں بہہ آئیں وہ وہیں رہ جائیں اور آسانی سے پکڑی جا سکیں (اپ و ، ۳ : ۴۵) .

[رک : پوکھر + ا : ی ، لاحقۂ تصغیر]

پوکھنا (و مج ، سک کھ) ف م .

رک : پوسنا (پلیٹس) .

پُوگ (و مج) امذ .

مجلس، جلسہ ، سبھا ، انجمن ، جماعت ، سماج ؛ ڈھور، تودہ ؛ تعداد ، انبوہ ، ہجوم ، مجمع ؛ خاصیت ، خصوصیت ، طبیعیت ؛ سپاری کا درخت لاط: Areca catechu (جامع اللغات ، پلیٹس) .

[س : پوگ पूग]

ــ پَھل (ــ ف پھ) امذ .

سپاری کے درخت کا پھل ، چھالیا (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[پوگ + پھل (رک)]

ــ روٹ (ــ و مج) امذ .

دلدلوں میں پیدا ہونے والا کھجور کا درخت : لاط : Phoenix یا Elate paludosa (پلیٹس) .

[پوگ + روٹ (رک)]

پوگَل (و مج ، فت گ) امذ (قدیم) .

ایک قسم کا کان کا زیور جو دکن کی ہندو عورتیں پہنتی ہیں .

کہ الحق لطافت بھرے پوگلاں
ہے جیواں کے کا ناچ کے پوگلاں

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۶

[مقامی]

پُوگنا (و مع ، سک گ) .

(الف) ف ل .

نزدیک پہنچنا ، پاس آنا ، قریب ہونا ؛ آنا ، پہنچنا (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

(ب) ف م .

پہنچانا ، بھیجنا ، ملاقات کرنا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : آ+گم उपगम سے]

پوگَنڈ (و مج ، فت گ ، سک ن) .

(الف) صف .

چھوٹی عمر کا نو عمر ، نا بالغ (پلیٹس) .

(ب) امذ .

پانچ سے سولہ سال تک کی عمر کا لڑکا (پلیٹس) .

[س : پوگنڈ पोगण्ड]

پُوگی (و مع) امث .

رک : **پوگ** (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

— پَھل (— فت پھ) امذ .

رک : **پوگ پھل** (پلیٹس) .

پَوَل (فت پ ، و) امذ (قدیم) .

مونگا ، مرجان .

خوش نظر انب کی خوبی دسے یک تن میں دو رنگ
کھربا سار کا نیما نیمہ ہے جیوں کہ پول

۱۶۷۲ شاہی ، ک ، ۱۲۷

[؟]

پَوَل (و لین) امذ .

دروازہ ، پھاٹک ، صحن ، احاطہ ؛ شہر کا محلہ جس کا اپنا دروازہ ہو ، دربند کوچہ (جامع اللغات ، پلیٹس) .

[ہ : پول पोल]

پُول (۱) (و مع) امذ .

۱. **سکّہ ، پیسہ .**

دکانوں پہ صرافوں کی رہتے تھے
سہیا بہت پول ہر قسم کے

۱۸۹۳ صدق البیان ، ۱۹۲

۲. **(ایران کا) تانبے کا سکہ .**

سب سے چھوٹا سکہ جو عموماً چلتا ہے وہ پول یا شاہی ہے .

۱۹۱۱ روز نامچۂ سیاحت ، ۱ : ۷۷

[ف]

— سپید/سفید کس صف (— فت س ، ی مج) امذ .

چاندی کا سکہ ، روپیہ .

زر سرخ و پول سپید و درم نکالو خزانے سے تم ایک دم

۱۸۹۳ صدق البیان ، ۱۲۹

[پول + سپید/سفید (رک)]

— سیاہ کس صف (— کس س) امذ .

تانبے کا پیسہ .

جاننا چاہیے کہ دلال گھوڑوں کے ، پول سیاہ کو سُرپا کہتے ہیں .

۱۸۴۵ ترجمہ مجمع الفنون ، ۲۳۴

ہندوستان کی منڈی کی طرح سوائے پول سیاہ و کاغذ زر کے عرب میں کھرا سونا کیسا .

۱۹۲۴ ، اودھ پنچ ، لکھنو ، ۹ ، ۲۱ : ۱۰

[پول + سیاہ (رک)]

پُول (۲) (و مع) امذ .

گڑھا ، تالاب ، قدرتی طور پر وہ قدرے گہری جگہ جہاں پانی جمع ہو جاتا ہو ، مقررہ پیمائش کا بین‌الاقومی معیار پر اینٹ سمینٹ یا پتھر سے تعمیر شدہ تالاب ، کُنڈ (تراکیب مستعمل) .

ایک بہت عالی شان محل میں ، جن میں دو سوئمنگ پول ہیں کیڈلک کاروں کا ایک فلیٹ ہے .

۱۹۶۷ پت جھڑ کی آواز ، ۶۲

[انگ : Pool]

پول (۱) (و مج) امذ .

۱. **زمین ناپنے کا ساڑھے پانچ گز کا پیمانہ .**

ساڑھے پانچ گز کا پول اور چالیس پول کا ایک فرلانگ ... ہوتا ہے .

۱۸۴۵ ترجمہ مطلع العلوم ، ۳۱۸

گورنمنٹ نے تین ایکڑ ، تین روڈ اور تیس پول زمین سرکاری تعمیر مکان کے لیے ... عطا کی .

۱۹۶۰ سر سید احمد خاں ، عبدالحق ، ۱۳۶

۲. **بانس ، چوب ، کھمبا ، ڈنڈا .**

پٹ پردوں کو پول میں پہنانے کے لیے تیغہ اور رنگ دونوں حسب مناسبت موقع استعمال کیے جاتے ہیں .

۱۹۱۶ خانہ داری (معیشت) ، ۳۰

ہوائلر ہاوس عمارت سادہ ارزاں پول اور شیڈ ٹائپ ہونی چاہیے .

۱۹۷۴ بستہ معلومات مرغبانی ، ۶

۳۔ گاڑی کے آگے لگائی جانے والی لمبی لکڑی جس میں گھوڑا جوتتے ہیں ، (گاڑی کا) بم ۔

ان گاڑیوں کی وضع اُمنی بس گاڑیوں کے موافق تھی جن کے پول اور بار کسی قدر بڑھے ہوئے تھے ۔

۱۹۱۲ سفر نامۂ بغداد ، ۷۵

[انگ : Pole]

پول (۲) (و مج) امذ ۔

قطب (جنوبی یا شمالی) ؛ (طبیعات) مقناطیس کے دو متقابل نقطے جو مقناطیسی قوت کے مرکز ہوتے ہیں ۔

اگر پولوں کی مقناطیسی قوت کم ہوجائے تو کیا ہوتا ہے ۔

۱۹۳۲ آئینۂ موٹر ، ۶۲

[انگ : Pole]

پول (۳) (و مج) امذ ۔

(انتخابات وغیرہ میں) رائے دہندگی ؛ ووٹوں کی تعداد ؛ رائے شماری ، ووٹ لینے کا عمل ۔

غالباً قومی اخبارات کے پول یا ریفرینڈم سے ان ۹۸ فیصد شہریوں کی رائے کا اظہار ہوگا ۔

۱۹۶۹ روز نامہ ، جنگ ، کراچی ، ۲۱ دسمبر ، ۳

[انگ : Poll]

پول (۴) (و مج) امث ؛ امذ ۔

کھوکھلا پن ، خالی پن ، جس کے اندر کچھ نہ ہو ، (مجازاً) راز ۔

آکاش پول ماتر (صرف خالی) ہے ، یہ شونتا کا گن ہے ۔

۱۸۹۰ جوگ بششٹھ (ترجمہ) ، ۱ : ۲۳۴

نادان جیسے ڈھول کہ آواز بلند مگر اندر پول ۔

۱۹۳۰ اردو گلستان ، ۲۰۷

[س : پُل]

ــ کُھل جانا/کُھلنا محاورہ ۔

اصلیت ظاہر ہوجانا ، حقیقت یا راز آشکار ہونا ، خامیوں کا منظر عام پر آنا ۔

بباطن ، ہیچ ہیں کھل جائے گا پول ایک دن ان کا
بجالے جرمنی اپنے بلند آہنگ ڈھولوں کو

۱۹۳۰ چمنستان ، ۲۵۶

ــ کھول دینا/کھولنا محاورہ ۔

پول کھل جانا (رک) کا تعدیہ ۔

لوگوں کے ظاہر باطن کا پول کھولا گیا ۔

۱۹۳۶ مضامین فلک پیما ، ۲۳۵

پول (۵) (و مج) امذ ۔

(قصابی) مطلق گوشت (اصطلاحات پیشہ وراں ، منیر ، ۶۰) ۔

[مقامی]

پَولا (۱) (و لین) امذ ؛ ~ پولہ ۔

(بنوٹ) بنوٹ میں دوڑ جھپٹ پھنکیت کی سمجھی جاتی ہے اور دو انگ کے پینترے کے مقابل کا لفظ ہے یہ دراصل سرک اور پینترے سے مشترک ہے اس کی مشق سے چوٹ خالی دینے اور مقابل پر جلد ضرب پہنچانے کا طریقہ آجاتا ہے (رسالہ بانک بنوٹ ، ۲۴)

فنون سپہ گری میں ظفر پھینک بن اوٹ . . . کے پیترے کو پولہ کہتے ہیں ۔

۱۸۷۳ عقل و شعور ، ۴۳۸

[رک : ہاولا]

پَولا (۲) (و لین) امذ ۔

ایک قسم کی کھڑاؤں جس میں کھونٹی نہیں ہوتی چھید میں بندھی ہوئی رسی میں انگوٹھا پھنسا رہتا ہے (شبد سا گر) ۔

[ہ : پولا पौला]

پُولا (۱) (و مع) امذ ۔

گھاس کا مٹھا ، کانس یا چھپر کے پھوس کا گٹا ۔

نہیں بخشے ہے کیفیت ، نصیحت خشک زاہد کی
جلا دیو آتش صہبا سیں اس کڑبی کے پولے کوں

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۳۷۰

حکم دیا کہ انبار ہیزم میں آگ لگائی جائے ، ایک ساحر پولا لے کر دوڑا ۔

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۶۶۸

قربان گاہ میں بچھائی جانے والی گھاس کا پولا لئے ہوئے ایک چیلا آتا ہے ۔

۱۹۳۸ شکنتلا ، اختر حسین رائے پوری ، ۷۶

[س : پول + کہ : पुल + क]

پُولا (۲) (و مع) امذ ۔

(ٹھگی) ترا ہے یا چوراہے پر راستہ بتلانے کی علامت (نشان راہ) جو پیچھے آنے والے ٹھگوں کی رہبری کے لیے زمین پر لکیریں کھینچ کر بنا دی جائیں اور جلد آنے کے لیے خط کے سرے پر مٹی کا ڈھیر بنا دیتے ہیں اس اشارے کو پتھر یا پتے رکھ کر بھی ظاہر کرتے ہیں (ا پ و ، ۸ : ۱۷۷) ۔

[ہ : پول (دروازہ ، راستہ) पौल]

پولا (۱) (و مج) امذ .

سوت کا لچھا جو بربتی پر لپیٹنے سے بن جاتا ہے ؛ گٹھر ، پولا (شبد ساگر) .

[ہ : رک पोला]

پولا (۲) (و مج) امذ . ~ پولہ .

۱. **ایک چھوٹا پیڑ جس کی لکڑی اندر سے بہت سفید اور نرم ہوتی ہے وزن میں بھاری ہل وغیرہ اور کھیتی کا دوسرا سامان اس سے بنتا ہے اندر کی چھال کے ریشے سے رسی بنائی جاتی ہے پیڑ برسات میں بیجوں سے لگایا جاتا ہے ہ** (شبد ساگر) .

پولہ بکثرت ہوتا ہے

وقائع راجپوتانہ ، ۲ : ۳۰۷ ؟

۲. **ایک خود رو پودا .**

بہت سے خاص پودے . . . اس نام سے مشہور ہیں ، ہرن کھوڑی . . . پیازی . . . پولا وغیرہ .

۱۹۱۶ علم زراعت ، ۱۲۵

[مقامی]

پولا (۳) (و مج) صف مذ ؛ مث : پولی .

۱. **کھوکل ، کھوکھلا ، اندر سے خالی .**

اب ہو گیا سرسبز نخل آرزو
یہ تو کھوکل ، خشک پولا ہو گیا

۱۹۰۵ داغ ، یاد گار داغ ، ۱۴۱

۲. **نرم ، ملائم ، پلپلا ، ہلکا .**

پولے پولے ہاتھوں سے مارتی تھی .

۱۸۷۳ انشاے ہادی النسا ، ۳۹

وہ زمین میں ہل اچھی طرح نہیں چلاتا ، اوپر سے زمین کو پولا کرکے بیج ڈال دیتا .

۱۹۰۴ محاربات عظیم ، ۵۲

۳. (مجازاً) **احمق ، بےوقوف ، باولا** (پلیٹس) .

اف : کرنا ، ہونا .

[س : पोलय]

ــ آثار امذ .

وہ نیو یا بنیاد جس کا بھراو یا چنائی خوب ٹھوس نہ ہو اور ہوجھ پڑنے سے نیچے دبے جس طرح پولی زمین وزن سے دبتی ہے (ا پ و ، ۱ : ۱۱۲) .

[پولا + آثار (رک)]

ــ پَن (ــ فت پ) صف .

نرمی ، پلپلا پن .

زمین کی کثافت ہی پر . . . اس کا استحکام اور پولا پن اور اس کی گرم ہونے کی قابلیت موقوف ہے .

۱۹۰۶ تربیت جنگلات ، ۲۹

[پولا + پن ، لاحقۂ کیفیت]

پولاد (و لین) ؛ ~ فولاد .

(الف) امذ ؛ امث .

خام لوہے کو حرارت اور کیمیائی عمل سے آب دے کر بنایا ہوا خاص چمک مظبوطی اور لچک والا لوہا ، اسپات .

پولاد کیا ہے یاں بڑا الماس نے جی سخت تر
تجھ ہرہ کی پاوک منے کس توٹ کر کسپٹ ہوا

۱۵۶۳ حسن شوقی ، د ، ۱۴۶

اگر سخت پولاد نے ہوے جھاڑ
سٹے پیڑ نے اس کوں نہوں سوں اپاڑ

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۲۴

مانس نہیں ، ماس ، ہاڑ ہے او پولاد ، پتھر ، پہاڑ ہے او

۱۷۰۰ من لگن ، ۱۱۳

تمام اطراف بندہاے پولاد سے مستحکم کئے تھے .

۱۸۳۸ بستان حکمت ، ۲۶

اسلامی سیرت و شخصیت میں پولاد ملتی ہیں .

۱۹۲۶ اقبال شخصیت اور شاعری ، ۹۲

(ب) صف .

(مجازاً) سخت ، مضبوط ، مستحکم .

سہن کے من کی سختی کا جو مضموں بولنے منگتا
تو مشکل منجھ پہ یے ہوتا اگر پولاد نا ہوتا

۱۷۱۷ بحری ، ک ، ۱۳۲

اف : ہونا .

[ف]

ــ پوش (ــ و مج) صف .

مسلح ، ہتھیار بند ، زرہ بکتر وغیرہ لگائے ہوئے .

کئے جوش مردان پولاد پوش فلک پر گئی جھگڑے کیری خروش

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۴۰

وہ ترکی ہے تو ہم ترکی فگن ہیں وہ پولاد پوش ہے تو ہم روئین تن ہیں .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۳ : ۱۸۶

[پولاد + پوش ، پوشیدن (= پہننا) سے]

ــ تَن (ــ فت ت) صف .

نہایت مضبوط جسم والا ، تنومند ، بہادر .

اچھے بھیم یا ہوے پولاد تن
اوڑے دھڑتی سر ٹوٹ جا قاف کن
۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۰۸
[پولاد + تن (رک)]

ــ خام کس صف ؛ امذ .

کچا لوہا ، ناپختہ فولاد .

سواراں تے جنگل بھرے گا تمام کریں گے انو چور پولاد خام
۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۱۱۵
[پولاد + خام (رک)]

پولٹہ بازی (و مج ، سک ل ، فت ت) امث .

شمشیر بازی .

علم پولتہ بازی کہ باصطلاح دکنیاں یک انگی گویند و مغلاں شمشیر بازی میگویند .
۱۶۲۷ توزک جہانگیری ، ۱۲۵
[مقامی]

پولٹری (و مج ، سک ل ، ٹ) امث .

پالتو مرغیاں ، بطخیں وغیرہ (تراکیب ذیل میں مستعمل) .
[انگ : Poultry]

ــ شو (— و مج) امذ .

وہ خاص نمائش جس میں صنعت مرغ بانی کی ترقی کے لئے ان پرندوں کی صحت و علاج معالجے اور رکھ رکھاؤ کا طریقہ بتایا جاتا ہے نیز اعلیٰ اقسام کو عوام سے متعارف کرایا جاتا ہے .

نہیں معلوم اردو میں اسے کہئے تو کیا کہئے
مہذب پولٹری شو میں جو بھیجے مرغیاں کوئی
۱۹۳۷ ظریف ، دیوان جی ، ۱ : ۸۷
[انگ : Poultry Show]

ــ فارم (— سک ر) امذ .

وہ جگہ جہاں تجارتی مقصد سے مرغیاں بطخیں وغیرہ پالی جائیں ، مرغی خانہ .

زیادہ سے زیادہ پولٹری فارم قائم کئے جائیں گے .
۱۹۶۸ روز نامہ ، جنگ ، کراچی ، ۳۲/۳۱۴ : ۲
[انگ : Poultry-farm]

ــ فارمر (— سک ر ، فت م) امذ .

مرغیاں بطخیں وغیرہ پالنے والا ، مرغی خانے کا مالک .

اس وفد میں . . پولٹری فارمر اور ماہی گیر شامل ہونگے .
۱۹۶۸ روز نامہ ، جنگ ، کراچی ، ۳۲/۳۱۴ : ۹
[انگ : Poultry-farmer]

ــ فارمنگ (— سک ر ، کس م ، غنہ) امث .

مرغیاں بطخیں وغیرہ پالنے کا کام یا پیشہ .

پولٹری فارمنگ . . . سے لے کر فلم پروڈکشن تک سب طرح کے کاروبار پر طبع آزمائی فرما چکے تھے .
۱۹۴۷ میرے بھی صنم خانے ، ۱۵۴
[انگ : Poultry farming]

پولٹس (ضم پ ، ضم و ، سک ل ، کس ٹ) امث .

رک : پلٹس .

مریض کے شکم پر بڑی پولٹس کا باندھنا اس کو مرغوب ہوتا ہے .
۱۸۶۰ نسخۂ عمل طب ، ۲۹

ساری رات کھانستے گزرتی ہے ، اتنا کوئی پوچھنے والا نہیں کہ کیسی ہو ؟ ابھی ذرا سی انگلی اپنی دکھتی ہو تو حکیم بھی ہوتے ، ڈاکٹر بھی ، پولٹس بھی .
۱۹۱۶ اتالیق بی بی ، ۳۶

پولٹیشن (و مج ، کس ل ، ی مع ، فت ش) صف ؛ ~ پولیٹیشن .

سیاستدان ، ماہر سیاست ، مدبر .

اس نے اس عمدگی سے تمام سلطنت کے کاموں کو چلایا کہ بڑے بڑے پولٹیشن دنگ رہ گئے .
۱۹۱۱؟ معلم ثانی ، ۲۹
[انگ : Politician]

پولٹیکل (و مج ، کس ل ، ی مع ، فت ک) صف ؛ ~ پولیٹیکل ، پولیٹیکل .

۱. سلطنت کے نظم و نسق سے متعلق ، سیاسی .

دونوں میں پہلے پولٹیکل اور پھر مذہبی گفتگو .
۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۳۵۵

علاوہ شاعری و تصنیفات کے اگر سید صاحب کے پولٹیکل و قومی و مذہبی خدمات پر نظر کی جائے تو وہ بھی کچھ کم نہیں ہیں .
۱۹۵۸ شاد کی کہانی شاد کی زبانی ، ۶۵

۲. (مجازاً) ہوشیار ، چال باز ، چالاک .

کیوں جی ، تم ہی نے کہا تھا میرے پیر پولیٹکل آدمی ہیں؟
۱۹۲۳ روز نامچہ ، خواجہ حسن نظامی ، ۵
[انگ : Political]

ــ اکانُمی/اکانومی (— کس مج ا ، ضم مج ن/و مج) امث .

وہ علم جس میں دولت کی پیدائش ، تقسیم اور صرف سے بحث کی جاتی ہے ، معاشیات ، اقتصادیات .

انہوں نے دہلی کالج میں جغرافیہ اور تاریخ اور پولٹیکل اکانمی اور ریاضی وغیرہ علوم بخوبی پڑھے ہیں .

۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۱۲۵

ہمارے علم کی قدیم کتابوں میں پولٹیکل اکانمی . . . کی تعریف عام طور سے ، علم دولت ، کی جاتی تھی .

۱۹۳۷ اصول معاشیات ، ۱ : ۷

[انگ : Political economy]

ـــ ایجنٹ (— ی مج ، فت ج ، سک ن) امذ .

ایک بڑا عہدہ دار جو حکومت کی طرف سے دیسی ریاستوں یا خاص علاقوں میں مقرر ہوتا ہے ؛ ایک قسم کا سفیر جو دوسرے ملک میں اپنے ملک کے باشندوں کے حقوق کی حفاظت کی غرض سے مقرر کیا جاتا ہے .

ساڑھے بارہ بجے ہم الور پہنچے اور دوپہر تک نئی سرائے میں جو کیڈل صاحب پولٹیکل ایجنٹ کے عہد میں تیار ہوئی ہے ، ٹھیرے .

۱۸۸۰ مقالات حالی ، ۱ : ۱۵۴

سر رضا علی افریقہ میں ہندوستان کے پولٹیکل ایجنٹ بھی رہے تھے .

۱۹۶۲ مہذب اللغات ، ۳ : ۱۲۱

[انگ : Politcal agent]

پولَج (و مج ، فت ل) اسث .

رک : پولج .

اکبر نے اقسام زمین کے مقرر کیے ، **اول قسم کی زمین سے جس کا نام پولج تھا اور ہر سال بوئی جاتی تھی ، برابر مال گزاری کا حصہ لیا جاتا تھا .**

۱۸۵۸ اسباب بغاوت ہند ، ۳۸

پولَچ (و مج ، فت ل) اسث .

وہ پڑتی اراضی جس میں کھیتی کرتے چار سال ہوگئے ہوں اور ہر سال بوئی گئی ہو ، چوتال (ا پ و ، ۶ : ۳۹) .

[؟]

پولَچی (و مج ، سک ل) اسث .

(جلا کاری) جلا کار کا برتن پر جلا کرنے کا اوزار جو ایک چوبی ہتا ہوتا ہے جس کے منھ پر عقیق لگا رہتا ہے ، زلن ، گھوٹی ، مہاری (ا پ و ، ۳ : ۵۰) .

[مقامی]

پولس / پُولِس (و مج ، کس ل/ضم پ ، غم و) اسث ؛ امذ .

۱. نظم ملکی اور امن عامہ کا نگراں محکمہ .

میلے میں بڑی جنگ و جدل ہوا کرتی تھی اور خوب خوں ریزی ہوتی تھی ، اب ضلع کا مجسٹریٹ جاتا ہے اور پولس قائم ہوتا ہے اور پلٹن انگریزی بھی آتی ہے اور بخوبی انتظام ہوتا ہے .

۱۸۸۰ ماسٹر رام چندر ، ۱۹۶

مال ، دیوانی ، فوجداری ، پولس ، تعلیم . . . وغیرہ بہت سے صیغے ہیں .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۲ : ۱۲

۲. کوتوالی کا محکمہ ، وہ محکمہ جو ملک کے اندرونی نظم و نسق ، انسداد جرائم اور امن عامہ کی نگرانی کرتا ہے .

اس نے اپنے ماتحت افسران پولس سے کہہ دیا کہ ان کو زبردستی نکال دو .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۴ : ۷۴۸

پولس سب انسپکٹر نے مقتول کی لاش خون آلود کپڑے مع رپورٹ سپرنٹنڈنٹ کے پاس طبی معائنہ کے لیے روانہ کر دیے .

۱۹۲۹ تمغۂ شیطانی ، ۷۳

۳. تھانے کے سپاہی .

مساجد کی حفاظت کے لیے پولس کی حاجت ہے
خدا کو آپ نے مشکور فرمایا عنایت ہے

۱۹۱۴ شبلی ، ک ، ۸۳

۴. تھانہ ، کوتوالی .

ہوا جس دم وہ پولس میں گرفتار
ہوا چوری کا ثابت بے بہا ہار

۱۸۶۱ الف لیلہ نومنظوم ، شایان ، ۲ : ۳۱۱

پولس میں رپورٹ کی کہ حسن نظامی درگاہ میں فساد کرانے والا ہے .

۱۹۱۹ آپ بیتی ، حسن نظامی ، ۱۸

[انگ : Police]

ـــ اسٹیشن (— کس ا ، سک س ، ی مج ، فت ش) امذ .

تھانہ .

پولس اسٹیشن کا کوئی مرحلہ طے نہیں ہوتا کہ جس میں رشوت ستانی رونما نہ ہو .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۲۸۱

[انگ : Police station]

ـــ تعزیری (— فت ت ، سک ع ، ی مع) اسث ؛ امذ .

وہ زائد پولیس جو کسی ہنگامے یا فساد کے موقع پر متعین کی جائے اور اس کا خرچ بحصہ رسدی ان اشخاص کے ذمے ڈالا جائے جن کے فساد کی روک سے امن حاصل ہو (اردو قانونی ڈکشنری).

[پولس + تعزیر (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

ــ چَوکی (ــ و لین) امث .

چھوٹا تھانہ .

جب رخصت ہوکر فرنگی محل کے پل پر پولس چوکی کے سامنے موٹر پر سوار ہونے لگے تو . . . ایک خاصا مجمع گویا تماشا دیکھنے ہی کے لیے ہو گیا .

۱۹۲۵ محمد علی ، ۱ : ۲۵۳

[پولس + چوکی (رک)]

ــ دار صف .

پولس کا افسر ، تھانیدار ، پولس والا .

پولسدار نے مجھ سے پوچھا ، میں نے انکار کیا .

۱۸۴۳ الف لیلہ ، عبدالکریم ، ۱۶۱

[پولس + دار ، داشتن (= رکھنا) سے]

ــ زائد (ــ کس ء) امث ؛ امذ .

جو بصورت اشد ضرورت کے کسی مقام پر امن و امان قائم رکھنے کے لئے مقررہ پولیس کے علاوہ ملازم پولیس رکھے جائیں اس کی تعیناتی کا خرچ اہل درخواست سے لیا جاتا ہے (اردو قانونی ڈکشنری) .

[پولس + زائد (رک)]

ــ گارڈ (ــ سک ر) امذ .

کوتوالی کے سپاہیوں کا پہرا ، پولس کا حفاظتی دستہ .

پولس گارڈ (جس میں چھے جوان اور ایک حوالدار ہے) آج صبح کو ہمارے تعنیاتی کے لیے سرکار سے آیا .

۱۸۸۹ رسالہ ، حسن ، ۲ ، ۹ : ۸۸

[پولس + گارڈ (رک)]

ــ مین (ــ ی لین) امذ .

تھانے کا سپاہی .

اتنے میں وہ پولس مین ، لالٹین لے کر رپ رپ کرتا آیا .

۱۸۹۲ ؟ خدائی فوجدار ، ۲ : ۱۰۷

[انگ : Police man]

ــ والا امذ .

تھانے کا سپاہی ، پولس دار .

جب پولس والے آئے تو دیکھا کہ وہ شخص کھڑا ہے اور ادھر ادھر لاشیں پڑی ہیں .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۲ : ۳۹۷

پولِستانی (و مج ، کس ل ، سک س) صف .

ہولینڈ سے منسوب ، ہولینڈ کا باشندہ .

وہ پیرس میں پولستانیوں کے محلے میں رہتی تھی .

۱۹۶۵ سہ ماہی ، کاروان سائنس ، کراچی ، ۲ ، ۳ : ۸۷

[پول ، ہولینڈ کا مخفف + ستان (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

پولِش (و لین ، کس ل) امث ؛ امذ .

رک : پالش .

وہاں پتھر کی دیواریں ایسی صاف ہیں گویا کسی نے پولش کر دیا ہے .

۱۹۰۶ جغرافیۂ طبعی ، ۱۰۶

پولِش (و مج ، کس ل) صف .

رک : پولستانی .

نیویارک میں رہنے والا پولش بوڑھا وارسا کو یاد کر کے آہیں بھرتا ہے .

۱۹۵۹ آگ کا دریا ، ۶۹۵

[انگ : Polish]

پولَک (و مج ، فت ل) امذ .

۱. لمبے بانس کے سرے پر بندھا ہوا گھاس کا ہولایا پیال جسے جلا کر بگڑے ہوئے ہاتھی کو ڈرانے کے لیے چرخی کے ذریعے استعمال کرتے ہیں .

چاہے وہ توڑ کے جوں نیشکر اس کی چھڑ کو
ہاؤں کھجلانے لگے سونڈھ میں لے کر پولک

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۲۷۳

یوں فلک پر ہے مری آہ شرر بار کہ جوں
آگ دینے سے ہوائی کے ہو پولک روشن

۱۸۴۰ شاہ نصیر دہلوی ، چمنستان سخن ، ۱۲۷

۲. تیر کا چھوٹا پھل (نورالغات) .

[س : پول + ک ✻ + पल्ल]

پولْکا (و مج ، سک ل) امذ .

ایک قسم کا ناچ جو انیسویں صدی میں ایجاد ہوا اس میں دوہری گت پر رقص کرتے ہیں رفتار بہت تیز ہوتی ہے ، اس رقص کے ابتدائی اصول پر مبنی اقدام ، اسی رقص کی موسیقی .

بڑے بڑے لال کلے اور سفید کلے والے سفیروں سے ڈنٹ کر ہاتھ ملاتی ہیں اور لپٹ کر پولکا ناچتی ہیں .

۱۸۷۸ خیالات آزاد ، ۷۱

۲. زنانہ چست جاکٹ جو عموماً ہاتھ سے بنایا جاتا ہے .

آستینیں بازوؤں کے پاس سے ذرا تنگ اور کہنی کے نیچے سے فراخ تھیں جیسے اکثر پولکوں کی ہوتی ہیں .

۱۹۳۱ ریزۂ مینا ، ۲۶۴

[Polka]

پولکی (و مج ، سک ل) امذ .

چپٹا نگینہ جس کے اوپر کا رخ پھل دار اور نوچے کا ہموار بنایا گیا ہو یہ عموماً پتلی قسم کے قیمتی پتھر یا جواہر کا بنایا جاتا ہے ، ہرب چاپڑ (ا پ و ، م : ۵۳) .

بھلا مجال ہے کہ کوئی . . . کاو مندب کو یاقوت کہہ جائے پولکی کو کمل کہہ دے اور ہم مان لیں .

۱۹۴۹ گویا دبستان کھل گیا ، ۱۶۷

[مقامی]

پولندا/پولندہ (ضم پ ، غم و ، فت نیز کس ل ، سک ن / فت د) امذ .

رک : پلندا .

ہر ایک بوتل اور پولندے پر چٹھی ہونی چاہیے .

۱۸۹۲ میڈیکل جیورس پروڈنس (ترجمہ) ، ۳۵۶

بوتل کا پولندہ بناکر نہایت احتیاط سے اپنے پاس رکھ لیا .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۵ : ۱۶۳

پولنگ (و مج ، کس ل ، غنہ) امث ، امذ .

رائے دہندگی ، انتخابات میں رائے دینا .

یوپی میں پولنگ تو ۸ فروری ۱۹۳۷ع تک ختم ہوجائے گی.

۱۹۴۸ تبرکات آزاد ، ۱۷۰

فرانس میں صدارتی انتخاب کے لئے پولنگ شروع ہوگیا .

۱۹۶۹ روزنامہ جنگ ، کراچی ، ۳ جون ، ۱

[انگ : Polling]

— اسٹیشن (— کس ا ، سک س ، ی مج ، فت ش) امذ .

وہ جگہ احاطہ عمارت یا کمرہ جس میں انتخابات کے موقع پر رائے دینے والے اپنی رائے کا پرچہ (خفیہ طور پر) رائے دہی کے صندوق میں ڈالتے ہیں .

رائے دینے کا کاغذ جس کے پاس دیکھو اس کو ہمارا موافق بناؤ . . . اور کل پولنگ اسٹیشن پر پہنچادو .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، کایا پلٹ ، ۴۹

[پولنگ + اسٹیشن (رک)]

— بوتھ (— و مع) امذ .

انتخابات میں ووٹ دینے کی جگہ .

پولنگ بوتھ کی تعداد میں اضافہ سے بھی بوگس ووٹنگ کا انسداد ہو سکتا ہے .

۱۹۶۹ روزنامہ جنگ ، کراچی ، ۳ نومبر ، ۵

[انگ : Polling Booth]

پولو (و مج) امث .

لکڑی کی گیند سے کھیلا جانے والا ایک مشرقی کھیل جو دو ٹیموں کے درمیان گھوڑے کی پشت پر سوار ہوکر کھیلا جاتا ہے اس میں چار کھلاڑی ہوتے ہیں جو لکڑی کی گیند کو لمبے دستے والے بلے سے مخالف ٹیم کے گول تک پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں ، چوگان ، چوگان بازی .

ملٹری سیکریٹری صاحب نے مجھ کو پولو میں شریک ہونے کی دعوت دی .

۱۸۸۹ رسالہ 'حسن' ۲ ، ۹ : ۸۸

جہاز کے ملاحوں اور مسافروں کی تفریح کے لیے بھی ہر طرح کا سامان مہیا کیا گیا ہے ، پولو ، کرکٹ ، اور گولف کے وسیع اور سرسبز میدان ہیں .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۵ : ۱۴۳

[انگ : Polo]

— گرونڈ (— فت گ ، و لین ، سک ن) امذ ؛ ~ گراؤنڈ .

وہ میدان جس میں پولو کھیلا جاتا ہے .

ہوا خوری کی غرض سے بروم گاڑی میں پولو گرونڈ اور تالاب ہوتے ہوئے سلک ہوٹل پہنچا .

۱۸۸۹ رسالہ 'حسن' ۸۲ : ۸۳

دس منٹ میں پولو گرونڈ کے میدان میں پہنچ گیا .

۱۹۲۴ مذاکرات نیاز ، ۱۷

[انگ : Polo ground]

پولونیم (و مج ، و مج ، کس ن ، فت ی) امذ .

(سائنس) ایک تاب کار کیمیائی عنصر جسے مادام کیوری نے ۱۸۹۸ میں دریافت کرنے کا اعلان کیا اور اس کا نام اپنے آبائی وطن پولینڈ کی مناسبت سے پولونیم رکھا .

انھیں پولونیم اور ریڈیم کے وجود کو ثابت کرنے میں کافی محنت کرنی پڑی .

۱۹۶۵ سہ ماہی 'کاروان سائنس' کراچی ، ۲ ، ۳ : ۹۰

[انگ : Polonium]

پولہ (و لین ، فت ل) امث .

رک : پولا (۱) .

فنون سپہ گری میں ظفر پھینک بن اوٹ . . . منزلت رکھتا ہے اس کے پیترے کو پولہ کہتے ہیں .

۱۸۷۳ عقل و شعور ، ۳۳۸

پُولَہ (و مع ، فت ل) امذ .

رک : ہولا (۱) .

گھانس یا کڑب کی فی گاڑی سے ایک پولہ اور پانسیر لکڑی لی جاتی ہے .

۱۹۰۶ مرآت احمدی ، ۱۵۴

پوَلَہ (و مج ، فت ل) امذ .

رک : ہولا (۲) مع اسناد .

[مقامی]

پَولی (۱) (و لین) امث .

دروازہ ، پھاٹک ؛ ڈیوڑھی ، دہلیز (جامع اللغات) .

[ه : پولی पोली]

پَولی (۲) (و لین) امث .

پیر کا وہ حصہ جو کھڑے ہونے پر زمین سے آڑا لگا رہتا ہے ایڑی سے لے کر انگلیوں تک کا حصہ ، اتنا پیر جتنے میں جوتا کھڑاؤں وغیرہ پہنتے ہیں ؛ پیر کا نشان جو دھول گیلی مٹی وغیرہ پر پڑ جاتا ہے ، نقش پا (شبد ساگر) .

[ه : پولی पोली]

پُولی (و مع) امث .

۱. پُولا (۱) (رک) کی تصغیر .

آج سے اسے دس سیر جو اور دس پولی کھاس بلا ناغہ ہر روز نہ دی تو چاک کر ڈالوں گا .

۱۸۲۴ سیر عشرت ، ۱۶

وہ عمارتیں اب بھی ہیں اور کنوار ان میں بھس اور پولیاں بھرتے تھے .

۱۹۲۱ ؟ سیر دہلی کی معلومات ، حسن نظامی ، ۴۳

۲. کسی ناج وغیرہ کے پودوں کی گڈی ، گٹھا .

کھلیان پیچھے دو دو پولی بھی اٹھا لائے تو کسی کو کیا معلوم .

۱۸۸۵ محصنات ، ۷۲

شام کے قریب لانک کی پولیاں باندھ کر پولیوں کے گٹھے بنا لیتے ہیں .

۱۸۹۴ اردو کی چوتھی کتاب ، اسمٰعیل میرٹھی ، ۱۹۸

اونٹ نے . . . سر جھکا کر منہ بڑھایا اور وہ پولی ہڑپ کر گیا .

۱۹۴۰ حکایات روسی ، ۲ : ۶۹

۳. ایک قسم کی کمہاروں کی رفتار جو سواری لے جانے میں چلتے ہیں (نوراللغات) .

پولی (۱) (و مج) امث .

چرخی جس پر رسی گھما کر وزن اوپر اٹھایا جاتا ہے .

اگر وہ . . . پولی یعنی گھرنی وغیرہ کے استعمال سے پنے کو اوپر لانے کا سامان پہلے سے کر لے سکتا ہے .

۱۸۹۷ کاشف الحقائق ، ۱ : ۲۶۹

کھنچاؤ کی رسی کا وہ حصہ جو پنکھا پولی پر ہوتا ہے چمڑے یا بیت کا ہونا چاہیے تاکہ جلد بیکار نہ ہو .

۱۹۱۶ خانہ داری (معیشت) ، ۳

[انگ : Pully]

پولی (۲) (و مج) امث .

پولا (i) (رک) کی تانیث ، سوت کی لچھی .

اکثر تینوں وزن کے تراشے ایک ہی پولی میں ہوا کرتے ہیں .

۱۹۴۷؟ حرفتی کام ، ۸۷

پولی (۳) (و مج) .

(الف) صف ؛ مث .

رک : پولا (۳) جس کی یہ تانیث ہے .

۱. کھوکھلی ، اندر سے خالی ، پلپلی .

جو چاہے تیرا گھوڑا چھوڑے جھولی
تو پسلی پر جو اس کی چاہے پولی

۱۷۹۵ فرس نامۂ رنگین ، ۲۰

کیا کسی کے درد سمجھیں رنڈیاں یہاں کی اجی
ٹھوس ہیں اوپر سے اور اندر کے دل سے پولیاں

۱۸۱۸ انشا ، کلام ، ۲۰۱

۲. نرم ، ملائم .

زمین گیلی اور پولی تھی ، چوٹ نہیں لگی .

۱۸۷۲ بنات النعش ، ۸۳

دریاؤں کے کناروں کی زمین پولی ہے .

۱۹۱۸ واقعات دارالحکومت دہلی ، ۲ : ۳

۳. (مجازاً) احمق ، بیوقوف .

اس موٹی ، پولی حیران کو یہاں سے نکال دو اور سنیے کیا بڑھ بڑھ کے باتیں بناتی ہیں .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۳ : ۲

(ب) امث .

شہد کی مکھیوں کا چھتہ .

ہتے کچھ پڑے آ ہر یک دھن رخن
دیکھانے منگے کر کے پولیاں نمن

۱۶۵۷ گلشنِ عشق ، ۱۲۰

[ه : پولی पोली]

ــ باندھنا ۸۷ محاورہ .

چھتا بنانا .

سب مکھیاں اس کے ساتھ بیٹھتے ہیں شہد کی پولی باندھتے ہیں .

۱۸۶۰ فیض الکریم ، ۷۹۳

— بندنا محاورہ (قدیم) .

چھتا بنانا .

اس کے اندر شہد کے مکھیاں پولی بندے ہیں .

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت)

— نیو (— ی مع ، سک و) اسٹ .

رک : پولا آثار (ا پ و ، ۱ : ۱۱۲) .

[پولا + نیو (رک)]

پولیا (و لین نیز مچ ، سک ل) امذ ؛ ~ پوریا .

دربان ، چوکیدار (پلیٹس) .

[ہ : پولیا पौलिया]

پولْیا (و مچ ، سک ل) امذ .

(نباتیات) پھل کی ایک شکل ، کسوم وش ، ڈونگی ، (انگ : Cypsela) **یہ پھل دو پھل پتہ مل پھلے اور ادنیٰ بیض خانے سے تیار ہوتا ہے جس میں صرف ایک خانہ اور قاعدی بیضدان ہوتا ہے گردہ ثمرہ بیج سے علیحدہ رہتا ہے پھل کے سر پر مستقل بالدار ریشوں کا تاج ہوتا ہے ، مثلاً سونکس ، ڈنڈیلیان** (ماخوذ : مبادیٔ نباتیات ، ۱۶۷) .

[؟]

پولْیاں (و مچ ، سک ل) امذ .

کشتی کا ایک داؤ .

پوشیدہ نہ رہے کہ جب خالی دے کر داہنے یا بائیں طرف آئے تو کشتی کے پیچ مثل پولیاں یا پٹ لینا . . . اور قلا جنگ وغیرہ ہوسکتے ہیں .

۱۸۴۶ رسالہ بانک بنوٹ ، ۴۰

[مقامی]

پولی اینڈری (و لین ، ی لین ، مغ ، سک ڈ) اسٹ .

چند شوہری ، ایک سے زیادہ شوہر کرنے والی .

ہاجی نے یہ بھی کہا کہ پولی اینڈری جسے اردو میں چند شوہری کہتے ہیں .

۱۹۶۷ پت جھڑ کی آواز ، ۷۸

[انگ : Polyandry]

پولیتیکی (و مچ ، ی مع ، ی مع) صف .

رک : پولٹیکل .

تم مثل انجمن اتحاد و ترقی کے اتحاد پولیتیکی میں داخل ہو جاؤ .

۱۹۱۱ روز نامچۂ سیاحت ، ۳۶۴

پولیٹ (و مچ ، ی لین) صف ؛ ~ پولائٹ .

خلیق ، شائستہ ، مہذب .

تمام یورپ میں فرنچ زبان سب سے اعلیٰ اور سب سے زیادہ شیریں اور سب سے زیادہ پولیٹ ہے .

۱۸۸۴ مکمل مجموعۂ لکچرز و اسپیچز ، ۲۴۳

[انگ : Polite]

پولی تھیلین (و مچ ، ی مع ، ی مع) اسٹ .

ایک کیمیاوی مرکب جو مختلف شکلوں میں تیار ہوتا ہے مثلاً تھیلیاں بنانے کے لئے ، کپڑا بنانے میں .

ایک نئی صنعت پولی تھی لین کی صنعت ہے جو قدرتی گیس یا راب سے پیدا کی جائے گی . . . پولی تھیلین کی چیزوں کی کافی مانگ . . . ہے .

۱۹۶۰ دوسرا پنج سالہ منصوبہ ، ۳۸۴

[انگ : Polythene]

پولیٹکل/پولیٹیکل (و مچ ، ی مع ، کس ٹ ، فت ک/ی مع ، فت ک) صف .

رک : پولٹیکل .

یمن . . . پولیٹکل حیثیت سے ایرانیوں کے ماتحت تھا .

۱۹۱۴ سیرۃ النبی ، ۲ : ۲۶

تصوف کی تمام شاعری مسلمانوں کے پولیٹیکل انحطاط کے زمانے میں پیدا ہوئی .

۱۹۱۶ اقبال نامہ ، ۱ : ۴۴

— پارٹی (— سک ر) اسٹ .

سیاسی جماعت .

آجکل مسٹر محمد علی جناح لاہور آئے ہوئے ہیں اور یہاں کی مختلف پولیٹیکل پارٹیوں میں اتحاد کی کوشش کر رہے ہیں .

۱۹۳۶ اقبال نامہ ، ۱ : ۳۷۸

[انگ : Political party]

پولیٹیشن (و مچ ، ی مع ، فت ش) صف .

رک : پولٹیشن .

یورپ کا ایک عام سیاح یا پولیٹیشن اتفاق سے ہندوستان میں آنکلتا ہے .

۱۸۹۲ سفر نامۂ روم و مصر و شام ، ۵

پولی ٹیکنیک (و مج ، ی مج ، سک ک ، ی مع) صف .

ادارہ جس میں بہت سے فنون کی تعلیم ہوتی ہو ، کثیر الفنون ، کئی فنون کا (مدرسہ وغیرہ) .

ریجنٹ اسٹریٹ پولی ٹیکنیک میں اکنومکس پڑھا رہا ہوں.

۱۹۶۷ پت جھڑ کی آواز ، ۴۳

[انگ : Polytechnic]

پولیرس (و مج ، ی لین ، کس ر) امذ .

دنیا کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک ، مجازاً بین القطبین یا بعید ترین فاصلہ پر پھینکے جانے والے اسلحہ جات .

دور جدید کا ہیبت ناک اسلحہ ، میزائل اور پولیرس توپ کے ہی بنیادی اصول پر تیار کیا گیا ہے .

۱۹۶۸ کیمیاوی سامان حرب ، ۱۱

[انگ : Polaris]

پولیس (و مج نیز ضم پ ، غم و ، ی مع) امث ؛ امذ .

رک : پولس .

گواہوں کے اظہار بذریعہ پولیس کے .

۱۸۹۸ ضابطۂ فوجداری جدید ، ۶۳

نہ اس کی حکومت میں پولیس تھی ، نہ بڑے بڑے انتظامی دفاتر.

۱۹۱۴ سیرۃ النبی ، ۲ : ۵۷

ـــ ایکشن (ـــ ی لین ، سک ک ، فت ش) امذ .

وہ انتظامی کاروائی جو فوجی اصول پر پولیس کے ذریعے عمل میں لائی جائے .

حیدرآباد دکن پر پولیس ایکشن کے نام سے چڑھائی کردی .

۱۹۷۳ ہماری زندگی ، ۳۳

[انگ : Police action]

پولے پولے آنچ ہے کہاوت .

ہر ایک کو اپنی چیز کی محبت ہوتی ہے (آئینۂ محاورات اردو) .

پولے تلے گزارہ/گزران کرنا محاورہ .

جھونپڑے میں رہنا ، بے سرو سامانی کی حالت میں دن کاٹنا ، عسرت میں بسر اوقات کرنا .

کرتا ہے سیر کوئی کوٹھے کا لے سہارا
مفلس بھی کر رہا ہے پولے تلے گزارا

۱۸۳۰ نظیر اکبرآبادی ، ک ، ۲ : ۱۴۸

ہوا ریش دراز شیخ سے معلوم یہ ہم کو
کہ یہ زاہد بھی اک پولے تلے گزران کرتا ہے

؟ ہدایت (فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۴۱)

پولیسی (و لین ، ی مج) امث .

رک : پالیسی .

اوسکے باپ کی پولیسی اور تدبیر بالکل اوسکے برعکس تھی .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۳ : ۳۲۴

اس کی پولیسی کچھ ایسی مبہم تھی جس سے یہ ہی نہیں کھلتا تھا اس نے مسلمانوں کے لئے کن کن حقوق کو برقرار رکھا ہے .

۱۹۲۸ مرزا حیرت ، حیات طیبہ ، ۱۱۱

پولی گار / پولیگر (و لین / ی مع ، فت گ) امذ .

جنوبی ہندوستان کا جاگیردار .

مدراس میں اب تک قدیمی کنڈ تالاب موجود ہیں جو راجاؤں اور پولی گاروں نے بنائے ہیں .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۱۱۳

ایک پولیگر ایسے قرضے چھوڑ کر فوت ہوا جن کا بار خاندان پر عائد نہیں ہوتا تھا .

۱۹۴۱ قانون و رواج ہنود ، ۱ : ۵۰۳

[مقامی]

پولیو (و مج ، کس ل ، و مج) امذ .

بچوں کا فالج .

انسان میں پولیو پیدا کرنے والے سمابے ، جو صرف جانوروں پر حملہ کرتے ہیں .

۱۹۶۵ سہ ماہی ، کاروان سائنس ، کراچی ، ۳/۲ : ۶۷

[انگ : Polio (Poliomyelitis کا مخفف)]

پوما (و مع) امذ .

شیر کی نوع کا ایک جانور ، امریکی تیندوا .

لفظ شیر کے سائنٹیفک حلقہ یعنی اسپشیز میں متعدد جانور شامل ہیں جیسے بلی . . . تیندوا ، جاگر اور پوما (امریکہ کے شیر).

۱۹۳۲ قطب یار جنگ ، شکار ، ۲ : ۱۱

[انگ : Puma]

پومان (فت پ ، و) امذ .

ہوا ، آندھی ؛ چاند کا ایک لقب ؛ ایک خاص آگ کا نام جو اگنی کا بیٹا تصور ہوتی ہے (پلیٹس ؛ جامع اللغات).

[س : पवमान]

پوم بنی (و مج سک م ، فت ب) امذ ؛ امث ؛ ~ پمبنی .

ڈھول کی قسم کا دکھنی باجا جو وہاں بھکاریوں میں مروج ہے ، اس کا ایک رخ چوب سے رگڑ کر اور دوسرا ہاتھ کی تھاپ سے بجاتے ہیں (ا پ و ، ۴ : ۱۲۳) .

[مقامی]

پومپیائی (و لین ، سک م ، کس پ) امذ .

اٹلی کا ایک قدیم شہر جو ویسووئیس پہاڑ کی آتش فشانی کی وجہ سے ۷۹ عیسوی میں تباہ ہو کر دب گیا تھا - ۱۷۵۵ء میں اس کا مقام معلوم ہوا ، اور انیسویں صدی میں کھنڈرات برآمد ہوئے جن سے اہل روما کی زندگی کے حالات معلوم ہوئے ہیں .

گر ترا تخت حکومت جلوہ گاہ ناز ہے
پومپیائی کے کھنڈر لاوے کے انباروں میں دیکھ

۱۹۳۷ نغمۂ فردوس ، ۲ : ۵۱

[انگ : Pompeii]

پومچا (و مج ، سک م) امذ .

ایک بھڑکیلا لباس یا کپڑا جو جے نگر میں بنتا تھا ؛ شادی کا گھاگرا (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[مقامی]

پومرینین (و لین ، کس م ، ی مج ، کس ن ، فت ی) امذ .

ایک قسم کا چھوٹا کتا جس کے بال لمبے اور ریشم کی طرح تھوتھنی گاؤ دم اور کان کھڑے ہوتے ہیں ، پومیرانی کتا .

میم کو باغ میں اپنے پومرینین کتے کو بھینچ بھینچ کر پیار کرتے دیکھا .

۱۹۷۰ خاکم بدہن ، ۴۰

[انگ : Pomeranian]

پومفریٹ (و لین ، سک م ، کس ف ، ی مج) امث .

رک : پام فریٹ .

مجھے بمبئی کی پومفریٹ (Pomfret) مچھلی بہت پسند ہے .

۱۹۴۷ سالنامہ ، ساقی ، جنوری ، ۷۵

[انگ : Pomfret]

پومیڈ (و مج ، ی مج)

بالوں کو لگانے کا ایک قسم کا خوشبودار موم روغن ؛ کریم .

جہاں لیونڈر کی بارش ہوتی ہے اور پومیڈ کی استر کاری .

۱۹۲۳ انشائے بشیر ، ۲۸۵

[انگ : Pomade]

پون (فت پ ، و) امث ؛ امذ .

۰۱ ہوا ، باو ، باد .

نیہ پون سیتی عیش کی کلیاں
دل کے چمناں منے کھلایا ہے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۵۹

بشر کوں اس قدرت پاک سوں
بنایا اگن ، جل ، پون خاک سوں

۱۶۴۵ قصۂ بے نظیر ، ۱

جس دن تیری گلی کی طرف ٹک پون بہی
میں آپ کو جلا کے کروں خاک تو سہی

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱۹۹

تیرے دل میں اس سے ہے کیوں گھٹن کہ گھٹا گھٹا سا ہے پھول بن
وہ چلی پون ، وہ چلی پون ، وہ چلی پون ، وہ چلی پون

۱۹۴۸ سرود و خروش ، ۶۹

اف : بہنا ، چلنا .

۰۲ اناج کی صفائی یا اڑانے پھٹکنے کا عمل ؛ بدن کی ہوا ؛ پھونک ، سانس ؛ گھر کی پوتر آگ ؛ رک : پون ، (۳) ہواؤں اور شمال مغربی طرف کا موکل ؛ پوتر یعنی پاک کرنے کا فعل ، پاکیزگی ، پاکی ؛ بد روح (جو کسی جادوگر وغیرہ نے کسی کو ستانے کے لیے چھوڑی ہو) (جامع اللغات) .

[س : پومان पवमान س : پون पवन]

— آہار امذ .

ہوا کھانا ، کسرت کے لیے سیر کرنا ، پھرنا یا سواری کرنا (جامع اللغات ، پلیٹس) .

[پون + آہار (رک)]

— پانی امذ .

آب و ہوا (پلیٹس) .

[پون + پانی (رک)]

— پرچھا / پرچھیا (— فت پ ، کس ر ، شد چھ/شد چھ بکس ، ی مخ) امث ؛ ~ پون پریکشا .

جوتشیوں کا ایک عمل جس کے مطابق وہ اساڑھ کے مہینے کی سُدی پورنماشی کے دن ہوا کے رخ کو دیکھ کر موسم کی پیشین گوئی کرتے ہیں اسی نیک شگون کا میلا ہوتا ہے (شبد ساگر) ؛ ہوا کے رخ کا شگون ، ہوا کے سود و ضرر کی شناخت (فرہنگ آصفیہ) .

کاشتکار جو ہوا سے شگون لیتے ہیں اسکا نام پون پرچھا ہے .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۳۰

[پون + س : پرچھا परच्छा (= دریافت)]

ــ پَریچھا (ــ فت پ ، ی مع) اسذ .

(کشتی بانی) ہوا کا رخ دیکھنے کا جھنڈا جو باد بانی کشتیوں پر لگایا جاتا تھا جب کہ آج کل ہوائی جہازوں کے میدان میں ہوا کا رخ دیکھنے کو لگایا جاتا ہے ، دھجا (ا پ و ، ۵ : ۱۷۰) ؛ قب : پون پرچھا .

[رک : پون پرچھا]

ــ پَریکْشا (ــ فت پ ، ی مع ، سک ک) اسث .

رک : پون پرچھا (شبد ساگر) .

ــ پَیما (ــ ی لین) اسذ

ہوا ناپنے کا آلہ ، باد پیما .

ہوا کی قوت ناپنے کے آلوں کو پون پیما کہتے ہیں .

۱۸۳۸ مئہ شمسیہ ، ۴ : ۷

[پون + پیما (رک)]

ــ پُھول (ــ و مع) اسذ .

وہ پھول جس کی پتیاں بکھر کر ہوا میں اڑتی پھریں ، باد ہوائی پھول نیز مجازاً .

اڑتا پھرتا ہے پھلواریوں سے جدا
برگ آوارہ جیسے پون پھول ہے

۱۹۷۲ دیوان ناصر کاظمی ، ۸۷

[پون + پھول (رک)]

ــ تاننا محاورہ .

۱. (جادو کی) پھونک مارنا (جامع اللغات) .

۲. بد روحوں کو راضی کرنا یا مطیع بنانا .

بنگالی باجے بجا کیے ، پونیں تانی گئیں اور بیروں کو بھینٹ دے کر قابو میں کیا .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۱۸۳

[پون + تاننا (رک)]

ــ ٹونٹی (ــ و مج ، مغ) اسث .

بھٹے کے اندر ہوا داخل کرنے کے نل (جھکڑ نل) میں لگی ہوئی ٹونٹی .

انتصابی نلوں کے ذریعہ پون ٹونٹیوں میں ہوا داخل کی جاتی ہے .

۱۹۳۱ نلزیات ، ۱۸۳

[پون + ٹونٹی (رک)]

ــ چَکّی (ــ فت چ ، شد ک) اسث .

وہ چکی جو ہوا سے گردش کرتی ہے اور جس سے آٹا پیسنے یا کوئی پمپ مشین وغیرہ چلانے کا کام لیا جاتا ہے .

دوستوں کے دروازے پر خالی ہاتھ آنا ایسا ہے جیسے پون چکی پر بے گیہوں کے جانا .

۱۹۳۹ حکایات روسی ، ۱ : ۴۳

پون چکیاں پاکستان میں صرف میانوالی شہر کے سرکاری باغوں میں ہیں . . . ملک ہالینڈ میں پمپ اور چکیاں سب پون چکیاں ہیں .

۱۹۶۲ اردو انسائیکلوپیڈیا ، ۴۱۹

[پون + چکّی]

ــ سُت/سُوت (ــ ضم س/و مع) اسذ .

رک : پون کا پوت (ہلیٹس) .

اے پون ست دلاور ہنومان جی آپ امداد اتنی ہماری کریں لیجئے یہ انگوٹھی نشانی میری آپ چلنے کی جلد تیاری کریں

۱۹۱۵ آریہ سنگیت راماین ، ۳۵۸

[پون + س : ست/سوت सुत/सूत (= بیٹا)]

ــ کا پُوت (ــ و مع) اسذ .

راون کا بیٹا؛ ہنومان؛ ناگ، سانپ (ہیلٹس ؛ فرہنگ آصفیہ).

ــ کا پُوت پَتال کا راجَہ کہاوت .

ہر کام میں دخل در معقول دینے والا ، ہر مجمع میں داخل ہونے والا ، باد ہوائی آدمی (گنجینۂ اقوال و امثال ، ۶۹) .

ــ کال اسذ.

سانس چلنے تک کا دور ؛ ہوا کا قحط .

پون کال تو سبھی کو کھائے گا ، پر دھرماتما ہمیشہ جیتا ہے.

۱۸۰۱ مادھونل اور کام کندلا ، ۶۹

[پون + کال (رک)]

ــ کَرنا محاورہ .

(کسی چیز کو ہلا کر) ہوا دینا .

اس کا متر گلاب کے پانی سے چندن گھس اس کے بدن میں لگاتا ہے اور کیلے کے کومل کومل پاتوں سے پون کر رہا ہے .

۱۸۴۰ بیتال پچیسی ، ۵۷

ــ نَلی (ــ فت ن) اسث .

ہوا پہنچانے والی نلی .

بھٹی میں ہوا کا جھوکا باریک سوراخوں سے داخل ہوتا ہے جن کو 'پون نالیاں' کہتے ہیں .

۱۹۴۸ اشیائے تعمیر ، ۱۱۲

[پون + نلی (رک)]

— واری م ف .

ہوا کی طرح ، مثال باد .

گھڑی میں آئے گی پون واری کہ وو ہے پریاں میں کی رہنہاری .

۱۶۳۵ سب رس (دکھنی اردو کی لغت ، ۱۲۱)

[پون + واری (رک)]

پَون (۱) (و لین) اسث .

پاؤ روٹی ، ڈبل روٹی ، نان پاؤ .

رحمو باسی روٹی اور چٹنی کھا بھی آئے ہیں ، ہم تو بالکل کورے ہی ہیں ، چلیے پون ہی سہی .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۳ : ۳۱

یورپین چیزیں جو ہندوستان میں آئیں جن کی اصل انگریزی میں موجود نہیں ، وہ اکثر پرتگالی ہیں مثلاً نیلام یا پون جس کو ڈبل روٹی کہتے ہیں .

۱۹۳۹ نقوش سلیمانی ، ۵

[Pau : فر]

پَون (۲) (و لین) صف .

کسی چیز کا تین چوتھائی حصّہ .

تم ایک رہ نہ سکے تو خوشی سے پون بنے
یہاں تو کچھ نہ بنے بے وقوف کون بنے

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۳ : ۳۴۴

یہاں گھنٹے پون گھنٹے کی محنت رائیگاں نہ جائے .

۱۹۳۱ انشائے ماجد ، ۲ : ۶۵

[س : باد + آن उन + पाद]

پَون (۳) (و لین) اسث .

۱. ایک قسم کا جادو ، جادو کی موٹھ .

تنکے چنتا باغ سے نکلا میں دیوانوں کی شکل
پون تھی باد خزاں مجھ کو جھپٹا ہو گیا

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۴

۲. بد روح جو کسی کو نقصان پہنچائے .

یہ بھی نہایت ہوشیاری سے لڑنے آئی ہے
کئی سو پون اور بیر ساتھ لائی ہے

۱۸۸۸ طلسم ہوشربا ، ۳ : ۱۰۲

[ه : پون पौ]

— اُڑانا محاورہ .

جادو کی موٹھ پھینکنا .

اُڑائیں پون جادو گر بلا سے ہم نہیں ڈرتے
ہے اپنا دم ہوا ہوتا تری چشمِ ہرافسوں سے

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۱۶

— بٹھانا محاورہ .

بیر یا موکل مسلّط کرنا ، ارواح خبیثہ کو کسی شخص کے ضرر پہنچانے کے واسطے متعین کرنا ، جادو کر دینا .

کھانسی کے ساتھ خون کا آنا تھا کہ یقین کیا حق الیقین ہو گیا کہ غیرت بیگم نے پون بٹھائی .

۱۸۸۵ فسانۂ مبتلا ، ۲۳۱

لڑکے ! میں کہتی ہوں تجھے ہو کیا گیا ہے ؟ ہائے کسی نے دشمنوں پر پون وون تو نہیں بٹھادی .

۱۹۴۰ آغا شاعر ، ارمان ، ۹۳

— پائی اسث .

بد روح ، بھوت پلید .

لالہ عذار نے رو کر کہا کس کو بتاؤں آفت آسمانی آئی ہے پون پائی کا سامنا ہے ، سب جوان تسکین دینے لگے . . . خداوند لقا موجود ہیں . . . وہ بھوت پلید دیو جن کو ایک اشارہ میں قید کرلیں گے .

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۱۲۵

[پون + پائی (رک)]

— تاننا محاورہ .

جادو کی پھونک مارنا .

انھوں نے لوبان جلایا تھا ، پون تانتے وقت سنائے آتے تھے ، ڈفلا بجنے سے ساحر گردن ہلاتے تھے .

۱۸۸۴ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۷۰۸

— چلانا محاورہ .

جادو کی موٹھ پھینکنا ، جادو کرنا (نوراللغات) .

— مارنا محاورہ .

رک : پون چلانا (فرہنگ آصفیہ) .

پَون (۴) (و لین) امذ .

پونڈ کا وزن (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[انگ : Pound]

پُون (و مع) امذ .

۱. جنگلی بادام کا درخت جو ہندوستان کے مغربی کناروں پر ہوتا ہے اس کے پھول اور پتیاں دوا کے کام آتی ہیں ، اور پھل میں سے تیل نکالا جاتا ہے . اس درخت میں سے ایک قسم کا گوند نکلتا ہے ؛ کاپون نام کا درخت جس کی لکڑی عمارت بنانے کے کام میں آتی ہے . اس کے بیجوں سے ایک قسم کا تیل نکلتا ہے (شبد ساگر) .

ہون (اس سے مشہور پون کے مستول ہوتے ہیں۔ ساحل مغربی).

۱۹۰۷ مصرف جنگلات ، ۱۲۷

۲. تلوار کے قبضے کا نیچے والا سرا (شبد ساگر) .

[مقامی]

پُوں (۱) (و مع نیز مچ) امث .

گوز کی آواز (جامع اللغات) .

[حکایت الصوت]

— **بلوا دینا** محاورہ .

چیں بلوا دینا ، برا دینا ، دہائی دینے پر مجبور کر دینا .

ہر چہ بادا باد بلوا دیتا پوں

۱۹۳۸ کلیات عریاں ، ۲ : ۷۶

— **بول جانا/بولنا** محاورہ .

پوں بلوا دینا (رک) کا لازم ؛ دیوالہ نکلنا ، مفلس ہو جانا ، ٹیک نکلنا (پلیٹس ؛ نوراللغات ؛ فرہنگ آصفیہ) .

— **پوں** (— و مع نیز مچ) امث .

پیخانے کا مقام (مہذب اللغات) .

[پوں + پوں (رک)]

— **پُوں پھٹنا** محاورہ .

بند الفاظ میں ایک گالی جو طنزاً یا مزاحاً استعمال کرتے ہیں (مہذب اللغات) .

— **پھٹنا** محاورہ .

رک : پُوں پُوں پھٹنا (مہذب اللغات) .

— **سے کَر دینا** محاورہ .

گوز میں پوں کی آواز نکلنا (مہذب اللغات) .

پُوں (۲) (و مع نیز مچ) امث .

۱. بانسری وغیرہ کی آواز ؛ موٹر کے ہارن کی آواز (عموماً تکرار کے ساتھ) .

خاکیوں اور گوروں سے بھری موٹریں ادھر سے ادھر پوں پوں کرتی چلی جا رہی ہیں .

۱۹۳۶ مضامین فرحت ، ۳ : ۵۱

۲. (مجازاً) جھگڑا ، بچر (ماخوذ : نوراللغات) .

[حکایت الصوت]

— **لگانا** محاورہ .

شور مچانا ، جھگڑنا ، پخ لگانا ، ٹنٹا کھڑا کرنا .

نکلیں گے تو عین وقت پر اور پھر پردے کی بھی پوں لگائیں گے .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۱۳۰

پوں (و مج) حرف (قدیم) .

رک : پر (= اوپر) ؛ پہ .

موسینہ داغ ، درد ، دوکھوں رو پوں نمکی تمام لیا

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۱۴

پَونا (ف ت پ ، ض و) ف م .

کھانا نوش کرنا ، کھانا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[०: पोना]

پَونا (۱) (و لین) .

(الف) صف .

رک : پَون (۲) سے منسوب ، تین چوتھائی .

اگر مضروب میں سوا ، پاؤ ، آدھے اور پونے کی اور کسرین ہوں تو عمل کی صورت وہی ہے جو اوپر بیان ہوئی .

۱۸۷۶ کتاب حساب ، ۱۴۹

روٹی کا آدھا پونا ٹکڑا بچ ہی رہتا اور ان کا پیٹ بھر جاتا .

۱۹۶۲ ساقی ، ۶۵ ، ۱ : ۵۱

(ب) امذ .

۱. رک : پون ، تین چوتھائی کا پہاڑا (فرہنگ آصفیہ) .

۲. (تعمیر) قریب ایک چوتھائی حصہ ٹوٹی ہوئی اینٹ جو سالم اینٹ کے ساتھ چنائی میں لگائی جا سکے (ا پ و ، ۱ : ۷۸) .

۳. ٹوٹا ہوا چاول ، کنی (نوراللغات) .

پَونا (۲) (و لین) امذ .

۱. (i) ایک قسم کا سوراخ دار کف گیر جس سے تلی ہوئی چیز نکالتے ہیں (نوراللغات) .

(ii) حلوائیوں کا ایک قسم کا آلہ جس سے وہ شکر صاف کرتے ہیں (نوادرالالفاظ ، ۱۲۵) .

[س : پونا पोना]

ہونا (۱) (و مج) امذ (قدیم) .

جال ، پھندا .

اوتار ، او سور ، ات سلونا ہے جیٹو کے جانور کوں ہونا

۱۷۰۰ من لگن ، ۱۱۲

[مقامی]

ہونا (۲) (و مج) ف م .

رک : ہرونا (فرہنگ آصفیہ) .

ہونا (۳) (و مج) ف م .

۱. روٹی پکانا (فرہنگ آصفیہ) .

۲. تاننا (ا پ و ، ۳ : ۱۷۴) .

[س : प्रतप्]

ہُوناس (ضم پ ، غم و) امث .

فصل خریف .

فصل خریف جس کو یہاں ہوناس اور آبی کہتے ہیں گئی گزری ہوئی اور فصل ربیع کا ہفتے عشرے میں فیصلہ ہے .

۱۸۸۷ موعظۂ حسنہ ، ۱۲۲

[مقامی]

ہَون بارہ (و لین ، فت ر) امذ .

رک : ہوبارہ .

تو ہاتھ سے ہانسہ پھینک ، دیکھ ہوں بارہ آئیں گے .

؟ حکایات پنجاب ، ۱ : ۲۴۵

ہونٹا (و مج ، مغ) امذ ؛ ~ پوٹا .

رینٹھ ، ناک یا غلاظت (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : पुतिक ہوتک]

ہَون ٹوٹی (و لین ، و مج) امث .

چنگی ، وہ محصول جو شہر کے اندر آنے والی مقررہ چیزوں پر لیا جاتا ہے .

ہون ٹوٹی کے باب میں کونسل ہوئی ، پرسوں ے ، نومبر سے جاری ہو گئی .

۱۸۵۸ غالب کا روزنامچہ ، ۲۲

بعد سال بھر کے جب ہون ٹوٹی کا ٹھیکہ تبدیل ہوا اور دوسرے ٹھیکہ داروں کے حوالے کیا گیا تو انھوں نے اپنا عملہ بھرتی کیا .

۱۹۱۱ ظہیر دہلوی ، داستان غدر ، ۲۰۴

[انگ : Town duty کا بگاڑ]

ہونٹی (و مج ، مغ) امث .

ایک قسم کی مچھلی ، لاط : Cyprinus pausius or C. chrysopareius (پلیٹس) .

[س : प्रोष्ठी پروشٹھی]

ہونٹھ (و مع ، مغ) امث (قدیم) .

ہیٹھ ، ہشت (قدیم اردو کی لغت) .

[مقامی]

ہونٹھی (و مج ، مغ) امث .

رک : ہونٹی (پلیٹس) .

ہُونجا (۱) (و مع ، مغ) امذ .

گٹھا ، ہولا .

حالت یہ ہوئی کہ بربری کا ہونجا عاشق ناشاد تھوتھن کے پاس لے جاتا ہے .

۱۹۲۷ 'اودھ پنچ' لکھنؤ ، ۱۴ ، ۱۲ : ۳

[؟]

ہُونجا (۲) (و مع ، مغ) امث .

رک : ہوجا .

ہندوے فلک ہونجا کرکے گنبد چرخ سے گیا ، اور صنم پرست مشرق . . . بتخانۂ چرخ میں آیا .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۳۶

ہُونج مال (و مع ، مغ) امث .

رک : ہنج مال (ا پ و ، ۵ : ۶۴) .

ہُونجی (و مع ، مغ) امث .

۱. **راس المال ، سرمایہ ، دولت .**

اے پارچۂ جگر احمدی ، اور اے ہونجی حضرت محمدی .

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۷۳

بالفعل صلاح وقت یہ ہے کہ ہزار اشرفی ہونجی دے کر چوک کے چوراہے میں دکان جوہری کی کروا دو .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۵۰

یہی اس کی ہونجی ، یہی اس کی آل اولاد اور یہی اس کی کمائی ..

۱۹۳۵ چند ہم عصر ، ۵۲

۲. مال ، اسباب ، سامان .

مجلس وعظ کی بزازوں کی دوکان کے مانند ہے جب تلک یہاں نقد نہ دے گا پونجی نہ پاوے گا اور وہاں جب تلک اعتقاد سے رجوع نہ کرے گا ، سعادت سے بہرہ نہ اٹھا وے گا .

۱۸۰۱ باغ اردو ، افسوس ، ۱۱۰

جہاز کی ساری پونجی ، سفید کھال ، باریک کپڑے ، خوبصورت یال ، درخشان جواہرات ، ان سب کی ڈھیریاں لگی رہتی ہیں .

۱۹۲۲ نقش فرنگ ، ۲۱

۳. جائداد ، ملکیت .

تاکہ جب یہ لوگ اپنے اہل (وعیال) کی طرف لوٹ کر جائیں تو اپنی پونجی کو پہچانیں ، عجب نہیں (لالچ کر کے) یہ لوگ پھر بھی (غلّہ لینے) آئیں .

۱۸۹۵ ترجمہ قرآن مجید ، نذیر احمد ، ۳۳۲

مباح ان کے مذہب میں مسکیں کی پونجی
حلال ان کے مشرب میں اس کا لہو بھی

۱۹۳۱ بہارستان ، ۸۵

۴. حقیقت ، بساط ، حوصلہ .

کلمہ پونجی چاہیے کہیے فقیر تو شاہ
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

۱۶۵۴ گنج بخش قادری ، گنج شریف ، ۲۴۸

اپنے حاسی آپ پیدا کر کے کوہ سر بلند
اپنی پونجی سے ہے آپ اپنے لیے پشت و پناہ

۱۸۸۰ کلیات نظم حالی ، ۲ : ۴۰

میں سر کو فدا کردوں میں دل کو تمہیں دے دوں
ایسی مری ہمت ہے اتنی مری پونجی ہے

۱۹۰۴ سفینۂ نوح ، ۱۸۹

[س : पुञ्जि]

— پتی (— ف ت پ) امذ .

سرمایہ دار .

یہ تو بے ایمانوں ، پونجی پتیوں ، غاصبوں اور سرمایہ داروں کی دلیل ہے .

۱۹۵۴ شاید کہ بہار آئی ، ۱۴۷

[پونجی + پتی (رک)]

— ٹکا (— ف ت ٹ) امذ (قدیم) .

روپیہ پیسہ ، مال و دولت .

دعا بد دعا کس کو دیتے نہیں
وہ پونجی ٹکا اپنے لیتے نہیں

۱۶۸۵ معظم بیجاپوری ، گنج مخفی (قدیم اردو ، ۱ : ۲۶۹)

[پونجی + ٹکا (رک)]

— حصّہ داراں کس اضا (— کس ح ، شد ص بفت) امث .

ساجھے کی پونجی ، مشترک سرمایہ ، کمپنی کا سرمایہ (بلیٹس).

[پونجی + حصہ دار (رک) + ان ، لاحقۂ جمع]

— دار صف ، امذ .

وہ شخص جس نے کسی کام یا کاروبار میں سرمایہ لگایا ہو ، سرمایہ دار (شبد ساگر) .

[پونجی + دار (رک)]

— کھونا محاورہ .

تجارت یا کاروبار میں اتنا گھاٹا اٹھانا کہ نفع تو درکنار خود سرمائے میں سے کچھ یا کل دینا پڑے ، ایسا گھاٹا اٹھانا کہ سرمائے کا بھی نقصان ہو ، بھاری گھاٹا یا نقصان اٹھانا (شبد ساگر).

— گنوانا محاورہ .

رک : پونجی کھونا .

ایک تو اپنی پونجی گنوائی ، دوسرے غیروں میں جگ ہنسائی .

۱۹۳۰ اردو گلستان ، ۱۳۳

— لٹانا محاورہ .

سب دھن دولت نچھاور کرنا ، متاع عزیز قربان کرنا .

مبارک ہیں وہ ، ناموس نبی پر
جنھوں نے پونجیاں اپنی لٹائیں

۱۹۳۶ چمنستان ، ۴۴

— واد امذ .

نظام سرمایہ داری .

پونجی واد کی خونی چکی اب بھی چلتی ہے .

۱۹۷۳ پگھلا نیلم ، ۹۹

[پونجی + س : واद वाद (= نظام)]

— وادی صف .

پونجی واد (رک) کو ماننے والا ، سرمایہ دارانہ نظام کے اصولوں کا پیرو (شبد ساگر) .

[پونجی + واد (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

— والا صف ، امذ .

رک : پونجی دار (شبد ساگر) .

پونجیا (ضم پ ، غم و ، مغ ، سک ج) امث .

رک : پونجی جس کی یہ تصغیر ہے .

کچھ دنوں تک جو کچھ پونجیا جمع تھی ، اپنی وضع کو گھر بیٹھے نباہے گئے . . . جب فاقوں کی نوبت پہونچی گھر سے نکل پڑے .

۱۹۰۱ قمر ، احمد حسین ، طلسم ہوشربا ، ۷ : ۶۱۳

[رک : پونجی + ا ، لاحقۂ تصغیر]

پُونچ (و مع ، مغ) امث (قدیم) .

رک : پونچھ (۱) ، دم (قدیم اردو کی لغت) .

پَونچا (و لین ، مغ) امذ .

ساڑھے پانچ کا پہاڑہ .

ساہوکارے اور بیپار کے لیے پاڈھے کے رٹائے ہوئے ڈھونچے پونچے اور لنڈے کافی ہیں .

۱۹۱۷ مراری دادا ، کیفی ، ۲۳

[س : پنچ + کہ : क + पञ्च]

پُونچا (و مج ، مغ) امذ .

رک : پہنچا .

دل میں ہوس ہے برق تجلی تجھ کو شب تاریک میں دیکھوں
پونچے میں پونچی ، انگیا میں جگنو ، ماتھے پہ ٹیکا ، پاؤں میں توڑا

۱۸۷۵ شہید (احمد علی خاں) ، د ، ۱۱

پونچے کی طرف بسم اللہ تحریر ہے ، کلائی پر یا مظہر العجائب .

۱۹۳۶ شیرانی ، مقالات ، ۱۵

پُونچڑی (و مع ، مغ ، سک چ) امث .

مکھیاں اُڑانے کو بالوں کی بنی ہوئی چونڑی ، جھالنی (ا پ و ، ۵ : ۱۷) .

[پونچھ (رک) سے]

پُونچن (و مج ، مغ ، فت چ) ف م .

رک : پونچھنا .

پلو سات انجو اس کے پونچن لگی
بھروسا دے دھبرک سوں بولن لگی

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۱۱۱

پونچنا (و لین ، مغ ، سک چ) ف ل .

رک : پہنچنا .

بچن کا فضیلت جم اونچا اہے
بچن کے نہ کوئی حد کوں پونچا اہے

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۹۲

مرے خط پونچنے سیں اوس کا غصہ کچھ ہوا دھیما
کبوتر کے پر اوس (کی) گرمی خو کوں ہوئے پنکھا

۱۷۱۸ دیوان آبرو (ق) ، ۱۱

پونچنا (۱) (و مج ، مغ ، سک چ) ف م (قدیم) .

رک : پونچھنا .

کہہ اس دھات وو کھوپری خوب پونچ
پیشانی پوکے حرف سارے کھرونچ

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۹۸

مریض کے جسم کو شیر گرم پانی سے . . . پونچنا بہت مفید ہے .

۱۸۶۰ نسخۂ عمل طب ، ۱۸

پونچنا (۲) (و مج ، مغ ، سک چ) امذ .

(اصطلاح ورق سازی) ورق کوٹنے کی سیل کھری کی تھیلی (ا پ و ، ۳ : ۴۲) .

اف : پھیرنا .

[مقامی]

پونچی (۱) (و لین ، مغ) امث ؛ ~ پہونچی .

رک : پہنچی .

جہانگیریاں ، پونچیاں ، انگوٹھی .

۱۶۹۷ یوسف زلیخا ، ابن گجراتی (مقالات شیرانی ، ۲ : ۲۱)

دل میں ہوس ہے برق تجلی تجھ کو شب تاریک میں دیکھوں
پونچے میں پونچی ، انگیا میں جگنو ، ماتھے پہ ٹیکا ، پاؤں میں توڑا

۱۸۷۵ شہید (احمد علی خاں) ، د ، ۱۱

پونچی (۲) (و لین ، مغ) امث .

(سنگ تراشی) ستون کے اوپر کے حصے کے سرے پر بنا ہوا گولا جو برگے کے نیچے ہوتا ہے اور کرسی کی منکی کے جواب میں ہوتا ہے (ا پ و ، ۱ : ۵۳) .

[مقامی]

پُونچی (و مع ، مغ) امث .

رک : پونجی .

جس کو ملک لینے کا ارادہ ہے اور شجاعت نہیں مشابہ سوداگر کے ہے کہ پونچی نہیں رکھتا .

۱۸۰۲ گنج خوبی ، ۱۴۰

ایک پونچی گھر کی کسی طرف میں رکھتی تھیں کہ اس کو اس پردے سے ڈھانپ دیا تھا .

۱۸۷۳ مطلع العجائب ، ۹۱

پُونچھ (۱) (و مع ، مغ) امث .

۱. دم .

سو بن سیس بھجبل دما سیر توں
سو بن پونچھ ہنونت سا ویر توں

۱۵۶۴ حسن شوقی ، د ، ۸۰

دیکھیو دیکھیو ذرا یہ مونچھ
جیسے ٹانگن کی ہو لنڈوری پونچھ

۱۷۷۲ نغان ، د ، ۱۶۹

کوا اڑ گیا ، پونچھ اس کی ہاتھ میں رہ گئی .

۱۹۰۰ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۲ : ۳۱۸

۲. (مجازاً) طفیلی، پچھ لگو، پنچھالا، دنبالہ (فرہنگ آصفیہ).

[س : पुच्छ پچھ]

— پکڑ کر چلنا محاورہ .

۱. (طنزاً) کسی کے پیچھے پیچھے چلنا ، کسی کا پچھ لگو بننا ، ہر بات میں کسی کی ہروی کرنا (شبد ساگر) .

۲. (طنزاً) کسی کے سہارے سے کوئی کام کرنا ، سہارا لینا یا پکڑنا ، کسی بارے میں کسی کی مدد پر انحصار کرنا (شبد ساگر) .

— داب (کر) بھاگ جانا محاورہ .

دم دبا کر بھاگنا ، مغلوب ہو کر بھاگنا .

اگر ہاتھ میں پڑ گئی اس کی مونچھ
تو سگ کی طرح بھاگ جا داب پونچھ

۱۷۹۴ جنگ نامہ دو جوڑا (ق) ، ۲۳

— دبانا محاورہ .

نہایت عاجزی یا فرمانبرداری ظاہر کرنا (شبد ساگر) .

— ہلول (— کس ہ ، فت ل ، شد و بفت) صف .

چاپلوسی ، خوشامدی (شبد ساگر) .

[پونچھ + ہلول ، ہلنا (رک) سے]

پُونچھ (۲) (و مع ، مغ) امث .

رک : پوچھ .

سائل کو اذن عام ہے اُس بارگاہ میں
کچھ پونچھ واں نہیں ہے قریب و بعید کی

۱۹۲۳ کلام جوہر ، ۱۳۲

— پانچھ (— مغ) امث .

رک : پوچھ پاچھ .

منکر نکیر کی پونچھ پانچھ کے بعد بزم یاراں میں آج مجھے سوال و جواب کا موقع ملا ہے .

۱۹۰۷ مخزن ، ۱۳/۴ : ۵۱

پونچھا (و مج ، مغ) امذ .

صاف کرنے کی کپڑے کی دھجی (ماخوذ: نوادرالالفاظ ، ۱۳۲) .

[پونچھنا (رک) سے]

پُونچھار (و مع ، مغ) .

(الف) صف .

دمدار ، پونچھ والا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

(ب) امذ .

لمبی دم والا جانور (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[رک : پونچھ + آر ، لاحقۂ صفت]

پُونچھر (پُونچھڑ) تارا (و مع ، مغ ، فت چھ) امذ .

دم دار ستارہ ، ذو ذوانب (ماخوذ : نوادرالالفاظ ، ۱۳۰).

[پونچھر ، پونچھڑ ، پونچھ (رک) سے + تارا (رک)]

پُونچھڑی (۱) (و مع ، مغ ، سک چھ) امث .

۱. پونچھ ، دم (فرہنگ آصفیہ ؛ شبد ساگر) .

۲. وہ پانی جو نالے میں چڑھاؤ کے آگے آگے آتا ہے ، وہ تھوڑا سا پانی جو نالے میں رو کے آنے سے پہلے آئے (فرہنگ آصفیہ ؛ شبد ساگر) .

[پونچھ (رک) سے]

پُونچھڑی (۲) (و مع ، مغ ، سک چھ) امث .

بیل کی دم میں پڑنے والا حلقہ .

جو حلقہ بیل کے گردن میں پڑتا ہے اس کو گلائی اور جو حلقہ دم میں پڑتا ہے اس کو پونچھڑی کہتے ہیں .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۳۷

[پونچھ (رک) سے]

پونچھلا ۸۷ (و مج ، مغ ، سک چھ) امذ .

رک : پونچھ ، دم (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[ہ : पुंछला पुंछला]

پونچھن ۸۷ (و مج ، مغ ، فت چھ) امث .

رک : پوچھن .

ہم اسی سے پونچھتے ہیں دردمے
صافی مے اب تو پونچھن ہو گئی

۱۹۰۵ داغ (نوراللغات)

پونچھنا ۸۷ (و مج ، مغ ، سک چھ) ف م .

رک : پوچھنا .

تم یاروں کے دشمن ہو مگر ہم سے جو پونچھو
دشمن سے بھی کہنے میں ہوں یار تمہارا

۱۸۸۴ نسیم لکھنوی ، د ، ۱۱

کیا کرنا چاہیے لوگوں نے پونچھا .

۱۹۱۵ نیرنگ فرنگ ، ۱۹۱

پونچھنا ۸۷ (و مج ، مغ ، سک چھ) ف م .

رک : پوچھنا معنی نمبر ۱ .

زبس کہ پونچھا ہے رخ سے بجائے اشک غبار
غبار سے مرا دامن ہے دامن کہسار

۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۳۶

۰۲ رک : پوچھنا معنی نمبر ۲ .

بھیگے روئیں ، منہ اور ناک تین بار پونچھیں ہووے پاک

۱۵۲۸ اشرف ، لازم المبتدی (ق) ، ۶

یو سن بات ہمدرد ہو دھن نول
مکھ اس کا لگی پونچھنے لے انچل

۱۶۳۷ گلشن عشق ، ۱۱۷

محشر میں کیا اور بھی رسوائے ندامت
پونچھے مرے اشک اس نے مرے دامن تر سے

۱۹۱۹ رعب ، ک ، ۲۰۵

۰۳ رک : پوچھنا معنی نمبر ۳ .

بسکہ پونچھوں ہوں میں اپنی چشم خوں آلودہ کو
جاسے کا ہر ایک تختہ سیر ہے گلزار کا

۱۷۹۸ میر سوز ، د (ق) ، ۲۰

کہبل کے دامن سے پیشانی کا خون پونچھ کر ہاتھ آسمان کی طرف اٹھائے .

۱۹۲۹ آمنہ کا لال ، ۱۰۳

— پانچھنا ۸۷ (— مغ ، سک چھ) ف م .

۰۱ رک : پوچھنا معنی نمبر ۱ .

کیا صاف حسن ہو گیا کیسے نکھر گئے
چہرے کو پونچھ پانچھ کے کیا آئینہ کیا

۱۸۸۴ قدر ، ک ، ۱۱۹

۰۲ رک : پوچھنا معنی نمبر ۳ .

بعد اس کے اپنے ہاتھ اور اپنے بچے کا خون پونچھ پانچھ کے عباسی خانم سے کہا .

۱۹۳۱ رسوا ، خورشید بہو ، ۵۷

[رک : پوچھنا پاچھنا]

پونچھوانا ۸۷ (و مج ، مغ ، سک چھ) ف م ؛ ~ پنچھوانا .

پونچھنا (رک) کا تعدیہ (نوراللغات) .

پونچھیاہا ۸۷ (و مج ، غنہ ، سک چھ) صف .

رک : پونچھار (پلیٹس) .

پوندا ۸ (فت پ ، کس و ، سک ن) امذ ؛ ~ پاوندا ، پاوندہ .

غازئی قبیلے کا ایک فرقہ (جو پاکستان اور افغانستان کے درمیان تجارتی مال لے جاتا ہے) (ماخوذ : جامع اللغات) .

[ف]

پوندا (و مج ، مغ) امث .

باریک پتی کی زمین سے ملی ملی جال کی طرح پھیلنے والی ایک قسم کی گھاس ، دوب (ا پ و ، ۶ : ۶۵) .

[مقامی]

پونڈ (۱) (و لین ، مغ) امذ .

۰۱ رک : پاؤنڈ (سکہ) .

ڈاکٹر صاحب نے جب بل بھیجا تو فی صدی بیس پونڈ کے حساب سے کم کر کے فیس بھیج دی .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۲ : ۶۲

میرے لاولد چچا نے انتقال کیا اور پچاس ہزار پونڈ بینک میں چھوڑے .

۱۹۳۶ گرداب حیات ، ۱۰۰

۰۲ رک : پاؤنڈ (وزن) .

حالت اول میں ظرف فقط ایک پونڈ وزن کا متحمل ہو سکتا تھا .

۱۸۳۷ ستۂ شمسیہ ، ۱ : ۳۴

اس حساب سے قوت میں فی پونڈ اضافے کا تناسب دو ہزار گنا زیادہ ہو گیا ہے .

۱۹۴۴ آدمی اور مشین ، ۱۱۰

[انگ : Pound]

پَونڈ (۲) (و لین ، مغ) امذ .

رک : **پونڈر ، پونڈرک** (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

پَونڈا (۱) (و لین ، مغ) امذ .

ایک خاص قسم کا موٹا مختلف رنگ کا گنا ؛ موٹے اور لمبے گنوں کی قسم میں دوسرے درجے کا گنا ، اس میں کھانڈ کے ذرات کم ہوتے ہیں اس لیے زیادہ تر چوسنے یعنی چبا کر رس پینے کے کام آتا ہے (پلیٹس : ا پ و ، ۳ : ۱۹۲) .

اقسام نیشکر کی بہت ہیں مگر باختصار چند اقسام جو بہت رائج ہیں . . . پونڈا بعض اضلاع میں کالا اور بعض میں سفید پیلی بھیت کے بانسوں کی مثل .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۵۹

سہارن پور کے پونڈے ہیں ، لکھنو کے خربوزے ہیں .

۱۹۶۲ ، ساقی ، کراچی ، ۶۵ : ۱ ، ۴۴

[س : پنڈرکہ : पण्डरक]

پَونڈا (۲) (و لین ، مغ) امذ .

سبز ٹہنی ، چھڑی یا کوئی سبز ڈال ؛ پولا ، گچھا ، مُٹھا وغیرہ .

حجام وغیرہ سے لڑکے کے پیدا ہونے کی مبارکبادی میں ہری گھاس کا پونڈا لیکر آسے سر پر رکھتے ہیں .

۱۸۳۴ سعادت دارین ، ۵۸

[؟]

پَونڈل (و لین ، سک ن ، فت ڈ) صف ؛ امذ .

پونڈ (رک) سے متعلق ، وزن وغیرہ کے ایک پیمانے سے منسوب .

کسی دی ہوئی قوت کی مقدار پونڈل یا ڈائن (Dyne) میں دی جاتی ہے .

۱۹۷۷ سکونیات (شماریات) ، ۱۳

[انگ : Poundal]

پَونڈر/پَونڈرک (و لین ، مغ ، سک ڈ / فت ر) امذ .

ایک قسم کا پالا گنا ؛ موروثی طور پر گڑ بنانے والوں کی ایک ملی جلی ذات کا نام (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : پونڈرک : पौण्डरक]

پَونڈہ (و لین ، مغ ، فت ڈ) امذ .

رک : **پونڈا** .

سیاہ پونڈہ گنا باغوں میں (۵۷۰) بویا جائے گا .

۱۹۶۹ تاریخ فیروز شاہی ، ۷۹۷

پَونڈھنا (و لین ، مغ ، سک ڈ ھ) ف ل .

ہوڑھنا ، لیٹنا ، ہڑ رہنا ، آرام کرنا (پلیٹس) .

[س : پونڈھنا : पौंढना]

پُونَربَس (ضم پ ، غم و ، فت ن ، سک ر ، فت ب) امذ .

رک : **پُنر** (۲) کا تحتی پنرواسو ، ساتویں نچھتر کا نام .

پونربس نچھتر ، ذراع منزل ، اس منزل کی پیدائش سے مولود ، عابد و زاہد اور خردمند اور ہوشیار . . . ہو .

۱۸۸۰ کشاف النجوم ، ۴۸

[س : پونروس : पुनर्वसु]

پُونَرنوا (ضم پ ، غم و ، فت ن ، ن) امث .

رک : **پنر** (۱) کا تحتی **پُنرنوا معنی نمبر ۲** .

پونر نوا : بیلدار - پتا نوکدار پان سا مگر چھوٹا - پھول سرمئی یا بینگنی چھتاسا - جڑ لمبی - ریتلی زمین میں ہوتا ہے - ہر موسم میں ملتا ہے .

۱۹۲۵ جڑی بوٹی ، ۲۴

پُونرَا (و مع ، مغ) امذ .

رک : **پونڈا (۲)** .

لیونہ بھن کونچھ بھر کو دوں
وہی دوبا کا پونڑا مری بھن اے راجہ بیرن

۱۹۶۴ نور مشرق ، ۱۳۵

پونس (و لین ، سک ن) امذ .

نخاع .

پونس صحیح معنوں میں پُل دماغ ہے ، قدیم اور جدید دماغ کو جوڑنے کے علاوہ یہ توازن اور مختلف عضلات کی حرکات میں ہم آہنگی قائم کرنے میں بھی اہم کردار انجام دیتا ہے .

۱۹۷۰ نفسیات اور ہماری زندگی ، ۸۷

[انگ : Pons]

پَون سار (و لین) امث ؛ ~ پانو سار .

(ہار چہ ہائی) رک : **پاوڑی** (ا پ و ، ۲ : ۵۸) .

[مقامی]

پونسرا (و لین ، مغ ، فت س) امذ .

رک : پوسرا (پلیٹس) .

پون سلائی (و مع نیز لین ، فت س) امث .

وہ پتلی لکڑی جس پر روئی کی پونیاں کاتنے کے واسطے بناتے ہیں ، پونی بنانے کی تیلی (نوراللغات ؛ ا پ و ، ۲ : ۱۲) .

[پونی (رک) + سلائی ، ه : پونسلائی पनसलाई]

پونسون (و لین ، مغ ، فت س ، و) امذ .

رک : ہن سون (نرہچہ پیدا کرنے والا ؛ ایک رسم جو پہلی دفعہ حمل معلوم ہونے پر ادا کی جاتی ہے) (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[ه : پونسون पौंसवन]

پونکا (و مج ، مغ) امذ .

رک : پوکا (نوراللغات ؛ پلیٹس) .

پونک مارنا محاورہ .

پانی کے سے پتلے دست کی دھار خارج ہونے کے لیے بولتے ہیں ، مجازاً کسی خوف سے بے انتہا متاثر ہونے کے محل پر کہتے ہیں (مہذب اللغات) ؛ پونکنا (رک) .

پونکنا (و مج ، مغ ، سک ک) ف ل .

رک : پوکنا .

پونکنے کے مرض میں مبتلا ٹٹو کی سڑک پر گل کاری اس کے آگے ہیچ .

۱۹۲۷ ، اودھ پنچ ، لکھنو ، ۱۲ : ۲۹ ، ۳

[ه : پونکنا पौंकना]

پونگ (و مع ، مغ) امذ .

ٹڈی کے بچے جو انڈوں سے نکل آتے ہیں ، ان کا رنگ سیاہی مائل بھورا ہوتا ہے ، مہینے ڈیڑھ مہینے میں یہ مکمل پردار ٹڈی بن جاتے ہیں .

پونگ اور ٹڈی دونوں سخت تباہی پھیلاتے ہیں .

۱۹۶۳ ، حشرات الارض اور وھیل ، ۵۸

[(غالباً) ه : پونگڑا पंगडा (= بچہ)]

پونگ (و مج ، مع) امث .

رک : پونگ ؛ پونگا (الف) معنی نمبر ۲ .

سامنے بندر کی کھوپری رکھی ، داہنے بائیں بکری کی دو دو پونگیں ایک دوسرے پر اٹیرن کی شکل بنائے جمائیں .

۱۹۱۵ ، سجاد حسین ، حاجی بغلول ، ۴۹

پونگا (و مع ، مغ) امذ .

سیپ کا کیڑا ، کرم صدف (فرہنگ آصفیہ) .

[ه]

پونگا (و مج ، غنہ) .

(الف) امذ .

۱. بانس ، بانس کی پوری .

کسی کے پاس تلوار کی جگہ لاٹھی اور کسی کے پاس نیزے کی جگہ پونگا تھا .

۱۸۹۷ ، تاریخ ہندوستان ، ۳ : ۵۳

۲. پانو کی نلی ، نلی (نوراللغات) .

۳. بگل ، نفیری کی قسم کا بے سرا باجا جو فوج میں کسی اعلان کے لیے بجایا جاتا ہے (ا پ و ، ۴ : ۱۴۶).

۴. روئی اوٹنے یعنی کپاس کا بیج علیحدہ کرنے کا ایک قسم کا چرخا جس میں دو افقی باہم وصل چوبی بیلن یا ایک چوبی بیلن اور ایک آہنی سلاخ ہوتی ہے جن کے درمیان سے کپاس کو گزارا جاتا ہے اس عمل سے بنولا روئی سے جدا ہو جاتا ہے ، چرخی ، چونگ (ا پ و ، ۲ : ۴) ، رک : اوٹنی .

۵. (بنگل) جامبی کی شاخ جسے دہلی والے سانک کہتے ہیں (فرہنگ آصفیہ) .

(ب) صف .

۱. خالی ، کھوکلا ، کھوکل .

کوتہ گردن ہے ، گلا پونگا ہے اور بد آواز
رکھتی ہے گندہ بغل طبع کو اکثر ناساز

۱۸۶۴ ، واسوخت رعنا (شعلہ جوالہ ، ۲ : ۴۳۸)

۲. (مجازاً) بے وقوف ، احمق ، پونگا .

تم تو نرے پونگے ہو ، عبدل . . . دروازے پر ہیڈ ماسٹر نے گن کے ٹکٹ نہیں دیئے تھے ، تم بھول گئے .

۱۹۵۷ ، طوفان کی کلیاں ، ۲۱۸

[ه : پونگا पोंगा]

پونگا لون (و مج ، غنہ ، و مع) امذ .

نمک نفطی (خزائن الادویہ ، ۳ : ۱۱۱) .

[پونگا + لون (رک)]

پونگر (و مج ، غنه ، فت گ) امذ .

چھانجن کی قسم کا ایک زیور .

ان کی . . . بیوی ابھی تک بھر بھر پاؤں چاندی کے پونگر پہنتی .

۱۹۶۳ چگنو اور ستارے ، ۷۹

[پانو (رک) + گر ، لاحقہ]

پونگڑا (و مع ، مغ ، سک گ) امذ .

لڑکا ، اولاد نرینہ .

ہور ان پونگڑوں کا رن سجھ

۱۵۰۳ نوسرہار (دکنی اردو لغت ، ۱۲۱)

دارو کا پونگڑا اور ٹونے کا مرد کیں نیں
یک وقت پر ہوا تو بھاڑے مثال ہوئیگا

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۱۰

[٠ : پونگڑا پوگڑ یا س : پوگنڈ + کہ : پوگڑ + ک]

پونگڑی (و مج ، مغ ، سک گ) امث .

(بازاری) مقعد (اصطلاحات پیشہ وران ، منیر ، م) .

[(مقامی) غالباً : پونگا (رک) سے]

— پر صدمہ ہونا محاورہ .

(بازاری) نہایت تشویش و تکلیف میں ہونا (اصطلاحات پیشہ وران ، منیر ، م) .

— چلنا محاورہ .

(بازاری) دست آنا (اصطلاحات پیشہ وران ، منیر ، م) .

— ڈھیلی ہو جانا محاورہ .

(بازاری) بہت پست ہو جانا (اصطلاحات پیشہ وران ، منیر ، م) .

پونگلی (و مج ، مغ ، سک گ) امذ .

چھوٹی کھوکھلی نلی ، پائپ .

ایک ربڑ کی پونگلی میں جس پر اون لپٹا ہے ، چٹھی لکھکر اس کی نلی میں رکھ دو .

۱۸۸۸ آئینۂ فرنگ ، ۲۶

[پونگا (رک) کی تصغیر]

پونگنا (و لین ، غنہ ، سک گ) ف ل .

(کھیل بچوں کی) ایک ہی ہاتھ (دانو) پھینکنے (کوڑیاں ڈالنے) میں ہو آجانا یعنی گوٹ بساط پر بیٹھ جانا (ا پ و ، ۸ : ۱۵۲) .

[رک : ہو (۵) سے]

پونگی (۱) (و مع ، مغ) .

(الف) امث .

۱ . (i) **پونگا (رک) کی تانیث ؛ نے : بانسری** (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

(ii) **سپیروں کا سریلا ساز جو جڑواں بانسری کی قسم کا ہوتا ہے جس کے سرے پر پھونک بھرنے کو ایک چھوٹی تونبی لگی رہتی ہے ، تونبڑی ، مجھدی** (ا پ و ، م : ۱۵۰) ؛ **سپیروں کی بین** (جامع اللغات) .

پونگی شاخکے و چوبکے میانہ تہی کہ جوگیاں و کشیشان بہ لب می نوازند .

۱۷۵۱ نوادرالالفاظ ، ۱۳۱

سپیرے پونگی بجا کر سانپ جیسے ظالم کو اپنا فریفتہ کر لیتے . . . ہیں .

۱۹۱۰ راحت زمانی ، ۱۳۴

گال پھلا پھلا کر ، آنکھیں مٹکا مٹکا کر پونگی بجاتا ایک پٹارے کے ارد گرد پھرے جاتا ہے .

۱۹۶۰ رادھا اور رنگ محل ، ۷۱

۲ . **تُرئی ، نفیری کا سنگتی ساز جو ایک قسم کی بغیر ہردوں کی ایک سُری نفیری ہوتی ہے اور نفیری کے ساتھ لے ملانے کو پوں کاری کے طور پر بجائی جاتی ہے جس سے صرف پوں کی آواز نکلتی ہے** (ا پ و ، م : ۱۴۹) .

(ب) امذ .

(مجازاً) جوگی ، سنکھ بجانے والا فقیر .

اس دنیا میں کتنے . . . پاپا ، پوپ ، پروہت ، پنڈت ، پانڈے ، پونگی ، پیر اور پیغام بر . . . آ چکے ہیں .

۱۹۷۰ بادوں کی برات ، ۱۰۶

[٠ : پونگی]

پونگی (۲) (و مع ، مغ) امذ .

رک : پوک (پلیٹس) .

— پھل (فت پھ) امذ .

چھالیا ، سپاری (پلیٹس ؛ نورالغات) .

[پونگی + پھل (رک)]

ہَون لَوڑیا (و لین ، و لین ، سک ڑ) صف مذ .

(بازاری) ایسے شخص کو عوام مزاحاً کہتے ہیں جس کا قد چھوٹا اور بے زیب ہو (مہذب اللغات) .

[ہون (= ہونا : تین چوتھائی) + لوڑیا (لونڈا (رک) کی تصغیر)]

ہُونَم (و مع ، فت ن) امث .

۱. رک : ہورن ماسی .

ہونم ہورا لشکا لاوے تیسا بھی نانوں آپ دھراوے

۱۵۶۵ علی محمد جیوگام ، جواہر اسرارالله (ق) ، ۸۰

مکھ ہونم کا چاند اور ابرو ہلال
پاک ظاہر ، پاک باطل ، خوش خصال

۱۷۳۳ پنچھی نامہ ، ۵۵

۲. چودھویں رات کا چاند ، بدر کامل .

چاند . . . پندرا دن میں مقابل آفتاب کے ہو جانا ہے اس کو بدر یعنی ہونم کہتے ہیں .

۱۸۵۶ فوائد الصبیان ، ۸۳

ہُونَ نا (و لین ، سک ن) امذ .

ایک قسم کا پودا جس کے پھول سرخ رنگ کے ہوتے ہیں .

ہون نے کے پھول کی کلیوں سے جو سرخ رنگ نکلتا ہے وہ ریشم . . . رنگنے کے کام آتا ہے .

۱۹۰۷ مصرف جنگلات ، ۲۷۵

[مقامی]

ہُونَو/ہونَوں (و مع ، و لین / و مج) امث .

رک : ہونم .

لباس اجلے میں وو نازک بنی ہے
گویا ہونوں کا چاند اور چاندنی ہے

۱۷۷۴ تصویر جاناں ، ۴۹

سنو رسم ساون کی تفصیل اب
کہ ہونوں کے دن ہند کے ہندو سب

۱۸۹۳ صدق البیان ، ۹۹

ہُونَہ (و لین ، فت ن) امذ .

رک : ہونا .

آردن : چیزیست مانند کنگیر کہ سورا خہائے بسیاردارد ، حلوائیاں کہ روغن بداں صاف کنند ، ہند آں را ، ہونہ ، گویند .

۱۴۱۹ ادات الفضلا (سہ ماہی ' اردو ' اکتوبر ۶۷ء ، ۱۳)

ہُونہِچ (و لین ، مغ ، سک ہ) امث .

رک : ہنچ .

جہاں ہونہچ ہوی اپنی وہاں گئے سو بار
جہاں ہوا نہ گزارا وہاں سے در گزرے

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۷۴

ہُونہچا (و مج ، مغ ، سک ہ) امذ .

رک : ہونچا ، ہنچا ، ہنچی .

ترشی پیرے کی کلائی ہونہچے ہیں یا قوت کے
اوس پری کو چاہیے کیا اور زیور ہاتھ میں

۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۱۰۶

سارتی ہے انہیں ہونہچوں سے عجب ناز ہے یہ !
چڑھ ہے یا غصہ ہے ؟ یا پیار کا انداز ہے یہ ؟

۱۹۲۴ بانگ درا ، ۱۲۲

ہُونہچنا (و لین ، مغ ، سک ہ ، چ) ف ل .

رک : ہنچنا .

بیعت کا سلسلہ تمام شہروں میں تمام و کمال ہونہچ جائے .

۱۹۰۷ اجتہاد (ضمیمہ نمبر ۲) ، ۱۳۷

ہُونہچی (و لین ، مغ ، سک ہ) امث .

رک : ہنچی (پلیٹس) .

ہُونہہونہچنا (و لین ، مغ ، و مع ، مغ ، سک چ) ف ل .

رک : ہنچنا (پلیٹس) .

ہُونی (۱) (و لین) امث .

رک : ہونا جس کی یہ تصغیر ہے .

باریک ہونی سے . . . نکال کر جلیبیوں کے شیرے میں جو پہلے سے تیار ہو ڈال لو .

۱۹۲۴ حلوائیوں کی تعلیم ، ۵۱

ہُونی (۲) (و لین نیز مج) امث .

شادی بیاہ وغیرہ کے موقع پر تحائف پانے والے لوگ ، گھریلو کام کرنے والے لوگ جیسے نائی موچی وغیرہ (پلیٹس) .

[س : ब्राह्मण + इका = براہمن + اکا]

پُونی (۱) (و مع ، نیز مج) امث .

۱.(i) سوت کاتنے کو گالے کی بنائی ہوئی چھوٹی بتی جو بیچ میں سے خالی اور موٹائی میں یکساں رکھنے کو پون سلائی پر بناتے ہیں (ا پ و ، ۲ : ۱۲) .

نستک : مخلوج باریک پیچیدہ کہ ہندوی اورا پونی گویند .

۱۸۱۹ ادات الفضلا (سہ ماہی اردو، اکتوبر ۱۹۶۷ء ، ۴۵)

مستورات جب گھر کے کاروبار سے فارغ ہوتی تھیں ، چرخا پونی اور اٹیرنوں میں مصروف رہتی تھیں .

۱۸۸۲ مقالات حالی ، ۱ : ۳۰۳

مال کے ٹکڑے ٹکڑے ، دھرکی کا پتا نہیں ، پونی ، گالے ککڑی ، کتنی سب رفو چکر .

۱۹۲۱ گاڑھے خان نے ململ جان کو طلاق دی ، ۱۶

(ii) بتی ، فتیلہ .

بنا کاغذ کی پھر تو ایک پونی
جلا کر اس کی دے اس کو تو دھونی

۱۷۹۵ فرمس نامہ رنگین ، ۲۱

۲. رک : پونگا معنی نمبر ۴ .

جب اون کی لڑ خوب بٹ جاتی ہے تو پتھر پر لپیٹ دیتی ہیں اور پھر اون کو کھینچ کر پونی سے نکال لیتی ہیں .

۱۹۱۶ گھوارۂ تمدن ، ۶۳

۳. تھوڑی مقدار (نوراللغات) .

[۵ : پونی]

پُونی (۲) (و مع) امث .

ایک خشکی کا پرندہ (یہ دیسی اور پہاڑی دو ہی قسم کا ہوتا ہے نر بالکل سفید اور دم کے پر آدھ آدھ گز کے لمبے اور وہ بھی سفید اور سر پر سیاہ چوٹی اور قد لٹورے کے برابر مادہ کا رنگ بسنتی ہوتا ہے اور اس کی دم اتنی لمبی نہیں ہوتی ان کا جوڑا جوڑا رہتا ہے پنجاب میں انڈے نہیں دیتے ہاڑ ساؤن اور بھادوں پنجاب میں رہتے ہیں درختوں پر ہی کیڑے وغیرہ کھاتے ہیں ، دوسری قسم میں صرف فرق یہ ہے کہ اس کی پشت سرخ رنگ کی ہوتی ہے مادہ کی بھی ویسی ہی ہے) (ماخوذ : سیر پرند ، ۴۲۵) .

[مقامی]

پونی (۱) (و مج) امذ .

چھوٹے قد کا گھوڑا ، یابو ، ٹٹو .

شائستہ جو ہو تو اس کو ہونی سمجھو
ایسا جو نہ ہو تو اک خر بے دم ہے

۱۸۹۷ کلیات اکبر ، ۱ : ۴۲۹

[انگ : Pony]

ــ ٹیل (— ی مج) امث .

عورتوں کا جوڑا بنانے کا ایک طریقہ جس میں بالوں کو باندھ کر پیٹھ پر چھوڑ دیا جاتا ہے .

لڑکیاں بالوں کی پونی ٹیل بناتی تھیں اور . . . پتلونیں پہنتی تھیں .

۱۹۵۹ آگ کا دریا ، ۵۲۷

[انگ : Pony Tail]

پونی (۲) (و مج) امث .

رک : پُونی (۱) (ا پ و ، ۳ : ۱۷۳) .

پَونے (و لین) صف ، امذ .

۱. تین چوتھائی ، کسی چیز کا $\frac{۳}{۴}$ حصہ .

مثلاً وہ یہ نہیں جانتے کہ ۱۲ پونے یا پونے بارہ اور $۱۱\frac{۳}{۴}$ یہ ایک ہی چیز ہے .

۱۸۸۶ دستورالعمل مدرسین ، ۲۳

پونے پانچ مہر سے لیکر ایک مہر تک کا .

۱۹۳۸ آئین اکبری ، ۱ : ۲۳

۲. پونا (رک) کی جمع یا معرفہ شکل (تراکیب میں مستعمل) .

پونا . . . تین چوتھائی ، اس کے معنی میں پونے مستعمل ہے جیسے پونے تین .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۱۳۰

[رک پونا]

ــ اکوائی/ایکوائی اوبن (— کس مج ا ، سک ک / ی مج ، و مج ، فت ب) امذ .

(دلالی) پونے تین روپیے .

دلال قیمت شے کی ، خریداروں کے رو برو اپنی اصطلاح میں دکان داروں سے ٹھہراتے ہیں . . . اور وہ یہ ہیں ۔ کھن آنہ ، سانگ آنہ . . . پونے ایکوائی اوبن .

۱۸۴۵ ترجمہ مجمع الفنون ، ۲۳۲

پونے اکوائی اوبن - پونے تین روپیہ .

۱۹۲۹ اصطلاحات پیشہ وران ، منیر ، ۵۳

[مقامی]

ــ آٹھ صف ؛ امذ .

(عوام) ایک فقرہ جو عوام مذاق میں کسی کو کہتے ہیں اور اس سے ایک معشوق فطرت مرد مراد لیتے ہیں (مہذب اللغات).

[مقامی]

... پونے (و مج) لاحقہ .

(رک) اونے ہونے (اردو لغت ۱ : ۱۰۷۶) .

پونیا (۱) (و لین ، کس ن) امذ .

۱. **ایک قسم کی ململ جس کا تھان ہشتر ہون تھان کے برابر اور عرض کسی قدر کم ہوتا تھا ۔ اب اس کا تھان عموماً بارہ گز کا اور کپڑا نہایت عمدہ ہوتا ہے** (نورالغات) .

۲. **تین چوتھائی تاؤ کی بنی ہوئی بڑی قسم کی پتنگ** (اپ و ، ۸ : ۱۳۸) .

[ہون (رک) سے]

پونیا (۲) (و لین ، کس ن) امذ .

ایک قسم کا زہریلا سانپ .

پونیا ... زہر دار سانپوں کی قسم میں ہے ، زہر اس کا نہایت قاتل ہے .

۱۸۴۵ ترجمہ مجمع الفنون ، ۲۹۲

[غالباً پلیا (رک)]

پونیا (و مع ، سک ن) امث .

رک : ہورن ماسی (پلیٹس) .

پون یٹ ڈمر (و لین ، فت ی ، سک ٹ ، فت ڈ ، م) امذ .

ایک سیاہ رالی شے اور بہت سے گونڈ اور رالوں کا مجموعہ ہے جس کو جنس مے لی ہونا کی مکھیاں درختوں کے خول میں بطور انبار جمع کرتی ہیں (مصرف جنگلات ، ۲۸۷).

[مقامی]

پونیوں (و مع ، سک ن ، و مج) امث (قدیم) .

رک : پونیا .

جس گھر پونیوں کا چندناں اس کو دیوا کیا کج سناں

۱۵۰۳ نوسر ہار (ق) ، ۳۸

پووا (و لین) امذ .

رک : پوا (پلیٹس) .

پوونا (و مج ، فت و) ف م .

رک : پونا (پلیٹس) .

پوہ (و لین) امذ .

رک : پو (= سہیل ، پھاؤ) (پلیٹس) .

پوہ (و لین نیز مج) امث .

رک : ہو (۱) ، صبح کاذب .

چوں خورشید تیغ آہنی کاڑیا صبح کی اُنے پوہ جوں پھاڑیا

۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۴۶۲

— پھٹنا محاورہ .

رک : پو پھٹنا .

اتنے میں پوہ پھٹی اور نور کا تڑکا ہوا .

۱۸۰۵ آرائش محفل ، حیدری ، ۵۱

مادھو پوہ پھٹتے ہی مندر کے باغ میں جا بیٹھا .

۱۹۲۹ ناٹک کتھا ، ۳۷

پوہ (و مج) امذ .

رک : پوس .

پوہ : پوس .

۱۵۳۰ بابر نامہ (مقالات شیرانی ، ۲ : ۶)

پوہ ماگھ کی سردی جگر تک پہنچتی ہے .

۱۹۴۳ دانہ و دام ، ۴۲

پو یا (۱) (و مج) امذ .

روٹی کا پھایا (پلیٹس) .

[رک : پھایا]

پو یا (۲) (و مج) امذ .

کوئی بڑا پالتو جانور جو درندہ نہ ہو (جامع اللغات) .

ہو یا یعنی چارپایہ .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۴۶۳

[س : پشو + کہ : पशु + क:]

پوہ پوہ (و مع ، و مع) حرف .

کلمۂ نفریں و حقارت .

اے میرے دوست دل تنگ مت ہوؤ ، اور ایسے لوگوں کی باتوں پر صبر کرو ، اور پوہ پوہ کر کے چھوڑدو .

۱۸۸۰ رسالہ تہذیب الاخلاق ، ۱ : ۱۰۳

[حکایت الصوت]

پوہدا (و لین نیز مج ، سک ہ) امذ .

رک : پودھا ، پودا (پلیٹس) .

پوہرا (فت پ ، کس و ، سک ہ) امذ .

رک پوہرا ؛ ہاتھ سے کام کرنے کا عمل ، محنت .

بہن غریبی تو چاتی پھرتی چھاؤں ہے ، آج ہے کل نہیں ، پوہرا کرنے سے سب دلدر دور ہو جاتے ہیں .

۱۹۷۶ سالنامہ نقوش ، لاہور ، جنوری ، ۱۷۳

پوہل لینا (و لین ، فت ہ ، ی مج) ف م .

سکھوں کا منجملہ پانچ عہدوں کے ایک یہ عہد کرنا کہ بال نہ منڈائیں گے .

اگرچہ رغبت اس کی سکھوں کے مذہب کی طرف بدرجۂ کمال تھی تاہم مونا رہا اور پوہل نہ لی یعنی موبسر نہ ہوا .

۱۸۶۴ تحقیقات چشتی ، ۱۶۰

[؟]

پوہلی (و لین ، کس ہ) اسث .

(نباتیات) ایک کانٹے دار پتوں والی موسم ربیع کی جڑی ہوتی ، اس کا بیج زمین سے جنوری کے آخر میں اُگ آتا ہے یہ زیادہ تر بارانی علاقے کی زمین میں ہوتی ہے اور گندم کا سب سے زیادہ نقصان کرتی ہے .

فروری مارچ میں جب پوہلی نرم ہو اسے جڑ سے کاٹ کر مویشیوں کے لیے بطور چارہ استعمال کریں .

۱۹۶۷ راہ عمل ، ۱۱۳

[؟]

پوہن (و مج ، فت ہ) امذ .

جس دن پہلے کولو چلے وہ رس برہمنوں کو اور برادری کے لوگوں کو بانٹتے ہیں اس کو پوہن کہتے ہیں (توصیف زراعات ، ۶۱) .

[ہ : پوہن पोहन]

پوہنا (و مج ، سک ہ) ف م .

رک : ہونا (= روٹی پکانا وغیرہ) (پلیٹس) .

پوہنچا (ضم پ ، غم و ، سک ہ ، مخ) امذ .

رک : پہنچا (نوراللغات) .

پوہی (و مج) امذ .

مویشی .

گاؤں کے مویشی کہ اس کو گاؤں والے ڈنگر ، پوہی اور دھن کہتے ہیں .

۱۸۴۶ کھیت کرم ، ۵۳

[پوہا (رک) کی تانیث]

پوئٹ (و مج ، کس ء) امذ .

شاعر .

سنا ہے آپ ہے پٹنہ کا اک بڑا ''پوئٹ''
کمال والوں کا ہم لوگ جانتا ہے وقار

۱۸۹۵ سروش ہستی ، ۱۱۱

لوگ کہتے ہیں کہ ٹائٹل ہولڈر کا دربار میں حاضر ہونا یا ایک پوئٹ کا قصیدہ لکھنا بہت ضرور ہے .

۱۹۱۱ مکتوبات حالی ، ۲ : ۸۸

[انگ : Poet]

ــ لاریٹ (ــ ی مج) امذ ــ پوئٹ لاری ایٹ .

ملک الشعراء ، انگلستان کا ایک عہدہ جو سرکاری طور پر منتخب شاعر کو دیا جاتا ہے اسے باقاعدہ تنخواہ بھی ملتی ہے ؛ ایک درباری شاعر جو خصوصی طور پر منتخب کر لیا جائے یا وہ مخصوص شاعر جس سے ملک و قوم سے متعلق قومی نغمے ترانے وغیرہ لکھوائے جائیں (ماخوذ : جامع اللغات) .

[انگ : Poet Laureate]

پوئٹری (و مج ، کس ء ، سک ٹ) اسث .

شاعری .

یورپ میں پولٹیکل مشکلات کے وقت قدیم سے پوئٹری کو قوم کی ترغیب و تحریص کا ایک زبردست آلہ سمجھتے رہے ہیں .

۱۸۹۳ مقدمۂ شعر و شاعری ، ۱۱

[انگ : Poetry]

پوئش (و مج ، کس ء) کلمۂ ندا .

رک : پُوش (نوراللغات) .

پوئم (و مج ، کس ء) اسث .

نظم .

یہ نظم ایک انگریزی پوئم کے تین حصوں میں سے پہلے حصہ کا منظوم ترجمہ ہے .

۱۸۷۸ کلیات نظم حالی ، ۲ : ۲

[انگ : Poem]

پوئنٹ (و مج ، کس ء ، سک ن) امذ .

رک : پائنٹ ؛ پوائنٹ ، آلۂ پیمائش یا پیمانے کا کوئی حصہ .
فریم کے مڑنے کے خوف سے انجن کو صرف تین پوئنٹ پر رکھتے ہیں .

۱۹۲۳ آئینۂ موٹر ، ۱۳۷

[Point : انگ]

پوئنٹر (و مج ، کس ء ، سک ن ، فت ٹ) امذ .

رک : پوائنٹر .
پڑھتے وقت بچے پہلے لفظ سے جملے کے آخیر تک پوئنٹر یا اپنی انگلی سے اشارہ کریں .

۱۹۳۵ رہنمائے مدرسین ، ۲۴

پوئی (فت پ ، و) امث .

ایک قسم کی چڑیا جس کی چھاتی کھیرے رنگ کی پیٹھ خاکی اور چونچ پیلی ہوتی ہے (شبد ساگر ؛ جامع اللغات) .

[ه : पवई पोई]

پوئی (و مع نیز مج) امذ .

۱. قریب چھے انچ اونچا گیہوں کا پودا (ا پ و ، ۶ : ۳۹) .

۲. گنے کی پور کی گانٹھ پر پھٹاو کا نشان ، آنکھ (ا پ و ، ۶ : ۳۹) .

۳. کپاس کے کھیت سے کپاس چننے والا مزدور ، پن ہر ، پن ہو (ا پ و ، ۶ : ۳۹) .

[س : पवाई पोई]

پوئی (۱) (و مج) امث ؛ ~ پوئیا .

۱. گھوڑے کی ایک تیز رفتار چال جس میں وہ پچھلے دونوں پیر ایک ساتھ اٹھا کر کودتا ہوا دوڑتا ہے ، اس طرح اگلے دونوں پیر بھی ایک ساتھ اٹھاتا اور آگے کو ڈالتا ہے ، چوکڑی ، سرپٹ سے ہلکی چال .
عربی گھوڑے میں دو ہی چالیں ہیں ایک تو قدم اور دوسری پوئی .

۱۸۹۷ تمدن عرب ، ۲۸

پوئی ہو یا کہ جست ہو سرپٹ کہ شاہ گام
روز ازل سے ہے اسی مرکب کے نام

۱۹۲۶ مراثی شاد ، ۲ : ۱۳۴

۲. (مجازاً) دو قدمہ ، سبک رفتاری .
ڈپٹی کلکٹر کو ضرور ہے کہ کم سے کم ڈاک کے ہرکارے کی ایک چوکی تک پوئی نہیں تو دلکی پیشی کا بستہ لے کر بھاگ سکے .

۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۷۴

اف : اٹھانا ، اڑانا ، جانا .
[ف : پویہ]

— **اٹھانا** محاورہ .
(گھوڑے کو) پوئی کی رفتار سے دوڑانا ، تیز بھگانا .

وہ رخش کہ راکب اسے پوئی جو اٹھائے
سبکی یہ قدم میں ہے کہ گرد اڑنے نہ پائے

۱۸۷۵ مونس ، مراثی ، ۱ : ۱۴۲

— **اڑانا** محاورہ .
رک : پوئی اٹھانا .
اب تو مہتر برق فرنگی نے بھی پٹری جمائی ، پودھے پر ہاتھ ڈالا ، پوئی اڑاتا ہوا ہٹو بچو کہتا ہوا جاتا ہے .

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۴۶۵

— **پوئی جانا** ف ل .
خراماں خراماں یا سبک رفتاری سے جانا ؛ تیز تیز جانا .
خدائی فوجدار مع کانے ٹٹو اور بدھو نفر اور انکے گدھے کے پوئی پوئی جارہے تھے .

۱۸۹۲ خدائی فوجدار ، ۱ : ۴۵

— **پہ اٹھانا** محاورہ .
رک : پوئی اٹھانا .

اپنے رہوار کو پوئی پہ اٹھا چھوڑ دے باگ
پسر بندہ کا ہیرو ہے تو میدان سے بھاگ

۱۹۳۱ محب ، مراثی ، ۱۵۰

پوئی (۲) (و مج) امث .
سویا ، سہ برگہ پودا اس کے پتے مثل ساگ کے پکائے جاتے ہیں ؛ یہ ترکاری تین قسم کی ہوتی ہے لاط : Basella lucida or B. rubra or B. abba; Anethum sowa (پلیٹس) .
ترکاری جس کے پتوں کا ساگ پوئی یہ بھی ترکاریوں میں داخل ہے .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۱۸۶

پوئی جس کو ہندوستان میں کوئی بھی کہتے ہیں ، یہ ایک قسم کی بیل دار بھاجی ہے .

۱۹۰۱ ترکاری کی کاشت ، ۲۲

[س : पोतिका पोतिकी पोती]

پوئی/پوئے (و مج) امذ .

قاصد (قدیم اردو کی لغت) .

[ف]

پوئیا (۱) (و مج ، کس ء) امذ ؛ ~ پوئیہ .

رک : **ہوئی (۱)** .

قدم ، پوئیہ (پوئیا) ، دلکی ، یہ گھوڑے کی خلقی چالیں ہیں .

۱۸۷۲ رسالہ سالوتر ، ۱ : ۱۶

تو سن عمر ہے رواں سر پٹ یہ فرس پوئیا نہیں جاتا

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۴۲

پوئیا (۲) (و مج ، کس ء) امذ .

بھوٹے ہوئے بیج کی نئی کونپل یا بیج کا پھٹاو (اپ و ، ۶ : ۳۹).

[ہ : پوئیا **पोया**]

پوئیسیا (و مج ، ی مج ، کس س) امث .

شاعری سے متعلق افلاطون کے نظریاتی نتائج کا ماحصل ، شاعری .

اس تجربے کا نام اس نے پوئیسیا رکھا یعنی شاعری .

۱۹۶۸ مغربی شعریات ، ۲۲۴

[انگ : Poesia]

پوئیاں/پوئیوں جانا/چلنا محاورہ .

دوگامہ جانا ، سبک رفتاری سے چلنا ؛ دوڑ نا .

پوئیوں جائے تو معلوم کرے یوں خلقت
کہ ابھی باد بہاری سے گیا جا کے چمٹ

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۲۵۰

جا چکیں وہ شوخیاں رفتار کی چال تک چلنے لگی ہوں پوئیاں

۱۹۳۸ ؟ کلیات عریاں ، ۱۲۷

پوئیس/پوئیش (و مج ، ی مع) کلمۂ ندا .

رک : **ہوش ، ہٹو بچو .**

پوئیس غلط عوام ہندوستان است و صحیح ہوش است .

۱۷۵۱ نوادرالالفاظ ، ۱۲۸

بیادے بیادے پوئیش کیا .

۱۸۹۲ خزینۂ الامثال ، ۵۴

یہ بے حکم کی آفس کیسی بات یہ سٹرم پوئیس کیسی

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۳۳۵

[ہ : پوئیس/پوئیش **पोईस/पोईश**]

پوئی (فت پ) امذ .

بہتے پانی کا قدرتی یا مصنوعی راستہ ، آبریز ، نال ، مینڈ ، پشتہ بند (پلیٹس) .

[س : पल्लव + इक = پلو + ا کا]

پویا (۱) (و مج) ؛ ~ پویہ .

(الف) صف .

دوڑنے والا ، تیز چلنے والا .

اسی طرح راہ طلب میں ہیں پویا
بہت دور ابھی ان کو جانا ہے گویا

۱۸۷۹ مسدس حالی ، ۴۲

مگر بہت سے ہیں اس راہ میں خس و خاشاک
ہو دیکھ بھال کے وادئی نظم میں پویا

۱۸۹۹ سروش ہستی ، ۱۸

(ب) امذ .

رک : **ہوئی (۱)** .

ایک شب میں اقلیم کو طے کرتے تھے اور وقت پویا کے گھوڑوں سے میدان تیز گامی میں گوئے سبقت لے جاتے تھے .

۱۸۳۸ بستان حکمت ، ۳۳۲

بطئی راہ رفاہ انام یہ تاکید
کہ پویہ پویہ چلے خامۂ گسستہ لجام

۱۹۱۱ کلیات اسمٰعیل میرٹھی ، ۲۵۶

[ف]

ــ چلنا محاورہ .

رک : **پوئیوں جانا .**

کہیں سست ہو تیز پویا چلے کہیں شاہ کے غم میں روتا چلے

۱۶۸۱ جنگ نامہ سیوک (ق) ، ۷

ــ کرنا محاورہ .

تیز دوڑانا .

پہلے اس نے (گھوڑا) قدم قدم چلایا اور جب اس کا ڈر نکل گیا تو ٹھکرا کر پویہ کیا .

۱۸۸۳ قصص ہند ، ۱ : ۴۴

پویا (۲) (و مج) امذ .

رک : **ہونا (۲) .**

تلنے کا سوراخ دار کفگیر اس کو جھرنا اور پویا بھی کہتے ہیں .

۱۹۳۰ اصطلاحات پیشہ وراں ، ۳ : ۱۷۴

[مقامی]

پُویالَس/پُویالَسک (و مع ، فت ل / فت ل ، سک س) امذ ؛ ~ پویہ .

آنکھوں کی ایک بیماری جس میں اس کی پتلی میں زخم ہونے کی وجہ سے وہ جگہ پک جاتی ہے اور اس میں بدبو دار پیپ نکلتی ہے ؛ جوڑوں کا پکاؤ ؛ سوجن، ہیپ (پلیٹس ؛ جامع اللغات ؛ شبد ساگر) .

[س : پویالس/پویالسک पयालस/पयालसक]

پویان (و مج) م ف ؛ صف .

۱. رک : پویا (۱) ؛ دوڑتا ہوا .

کر عزم دیار کوے لیلیٰ پویاں وہ ہوا بہ سوے لیلیٰ

۱۸۱۴ لیلیٰ مجنوں ، ہوس ، ۳۳

عروس زندگی خوابیدہ تھی عالم شبستاں تھا
تعجب ہے مرے اسپ تخیل پر کہ پویاں تھا

۱۹۲۲ ز ، خ ، ش ، فردوس تخیل ، ۳۱۲

۲. رک : پویا (۱) ؛ اُچھلتا ہوا ، کودتا ہوا .

کیسے کیسے جذبے ہیں پویاں کیسے کیسے بھرے ہیں ارماں

۱۹۳۱ بہارستان ، ۶۱۱

اف : ہونا ، کرنا .

[ف]

پُویَڈش (و مع ، فت ی ، ڈ) امذ .

بھوج پتر کی جنس سے ایک درخت جس کی چھال جنگلی لوگ کھاتے ہیں نیز پانی کے گھڑے پر اس کی مضبوطی کے لیے لپیٹ دیتے ہیں (شبد ساگر) .

[مقامی]

پویرا (فت پ ، ی مج) امذ .

ہاتھ سے لہج ہونے کا عمل (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[س : واپ + کرہ वाप + करः]

پویریا (فت پ ، ی مج ، کس ر) امذ .

ہاتھ سے لہج ہونے والا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[پویرا (رک) سے]

پویش (و مج ، کس ی) امذ ؛ ~ پوئیش .

رک : پوئیس/پوئیش خبرداری یا راستے سے الگ ہو جانے کے لیے گاڑیبان کی صدا .

گاڑیبان ہر آن پویش پویش کرتا چلا آتا تھا .

۱۸۷۰ طلسمات عجائب ، ۲۳

پویلین (فت پ ، ی مع ، کس ل ، فت ی) امذ .

۱. چھوٹا سا خوشنما بنگلہ ، شہ نشین .

ایک سمر پویلین کے نیچے بالٹک لہریں مار رہا ہے .

؟ گلگشت ، ۳۶

۲. (مجازاً) عارضی نصب شدہ دوکان یا فروخت کا مرکز، نمائش گاہ .

لفٹننٹ جنرل اختر حسین ملک گزشتہ روز ایک میلے میں پاکستان کا پویلین دیکھنے کے لیے انقرہ سے ازمیر جارہے تھے .

۱۹۶۹ روزنامہ جنگ، ۲۷ اگست : ۳

۳. کھیل کے خصوصی میدانوں میں تماشائیوں کی نشست .

ہاکی اسٹیڈیم میں سہ طرف . . . سردست پویلین زیر تعمیر ہے .

۱۹۶۵-۶۶ میزانیہ بلدیہ کراچی ، ۷

[انگ : Pavelion]

پویندہ (و مج ، فت ی ، سک ن) صف .

دوڑنے والا ، چلنے والا .

گرد آلودگان بیاباں فراق یعنی پویندگان منازل . . . . اظہار کرتے ہیں .

۱۸۶۶ جادۂ تسخیر ، ۹۱

[ف]

پُویہ (۱) (و مع نیز مج ، فت ی) امذ ؛ صف .

رک : پوئی ، پوئیا ، پویا (۱) .

پوشنگ مانند ہوا گرم کے پویہ ہوا .

۱۸۵۱ بہار دانش ، ولایت ، ۸۳

مرکب ہیں کہیں پویہ تو پیادے کہیں رو میں
قرنا و دف و نوبت و نقارہ جلو میں

۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۶ : ۱۵

[ف]

پہ (فت نیز کس پ) حرف ربط .

پر (۵) (رک) کی تخفیف حسب ذیل معنوں میں مستعمل :

۱. لیکن ، مگر .

جی ہی جاتا ہے دم بدم میرا تجھ کو باور نہیں پہ آتا ہے

۱۷۷۶ خواب و خیال ، اثر ، ۳۸

ہے نقش تیرا نام پری رو میرے دل پر
ہے نام تو اچھا پہ نگینا نہیں اچھا

۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۳۶

غفلت کے یہ چل رہے تھے جھونکے
گو صبح ہوئی پہ ہم نہ چونکے

۱۹۱۴ شبلی ، ک ، ۲

۲. با وجود ، با وصف .

کونتھ کر زور کیا تو بھی نہ ٹوٹا پاپڑ
اس بھجے ڈنڈ پہ کہتے ہیں سپر چیریں گے

۱۷۹۸ سوز ، د (ق) ، ۳۰۵

تیغ و سپر میں شیر الٰہی کی چال ڈھال
دعویٰ نہ اس پہ کچھ نہ تکبر نہ قیل و قال
۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۴ : ۲۴۶

۳۰ تسلسل ، کثرت ، یکے بعد دیگرے ، پے در پے .
اس شہر میں رہنا نہیں ملتا کسی تدبیر
یہ خط پہ خط آئے ہیں کہ مجبور ہیں شبیر
۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۱ : ۱۶
ادھر میاں ہیں کہ آدمی پہ آدمی ، تقاضے پر تقاضا ، ادھر بیوی ہیں کہ چور بنی بیٹھی ہیں .
۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۸۳

۴۰ بعد میں ، پیچھے .
مرنے پہ کوئی کیا خبر وصل یار دے
اجڑے ہوئے چمن میں یہ گل کیا بہار دے
۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۲۲۸
تری دولت وصل دم دے کے پائی
جو مرنے پہ دیکھا وہ مرتے نہ دیکھا
۱۹۱۱ نذر خدا ، ۳۶

۵۰ (آغاز فعل کے لئے بمعنی) کو ، والا .
کھلنے پہ جو ہے طلسم تقدیر
اب خامے نے یوں کیا ہے تحریر
۱۸۳۸ گلزار نسیم ، ۱۹
دل دھڑک اٹھا کہ ہائے گاڑی چھوٹنے پہ ہے
اک نظر کا آسرا یہ بھی ٹوٹنے پہ ہے
۱۹۱۳ نیرنگ جمال ، ۱۸

۶۰ (i) انحصار یا امید ظاہر کرنے کے لیے .
ہمرہ کسی لشکری کے ہو کر قسمت پہ چلا یہ نیک اختر
۱۸۳۸ گلزار نسیم ، ۴
(ii) زاید .
روش دیکھ یاں کا مجھے آئے بیم
یو جا گے پہ البت ہے کچھ تو عظیم
۱۶۰۹ قطب مشتری (ضمیمہ) ، ۲۲

۷۰ اوپر ، کے لیے ، کی خاطر .
چلے ضبط فیلاں پہ ہارون کا دیا گنج پر گنج قارون کا
۱۵۶۴ حسن شوقی ، د ، ۷۳
سب جگ میں ناںو تیرا ہے سب پہ چھاںو تیرا
ہر ٹھاںو ٹھاںو تیرا اوتار یا علی توں
۱۶۱۸ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۲۲
تلواریں بھی چلیں تو نہیں مارنے کے دم
امت پہ اپنے سر کو تصدق کریں گے ہم
۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۱ : ۱۰

۸۰ (i) ضرور ، حتماً ، شرطیہ ، یقیناً .
غم کے پیچھو راست کہتے ہیں کہ شادی ہو پہ ہو
حضرت رمضاں گئے تشریف لے ، اب عید ہے
۱۷۱۸ دیوان آبرو (ق)، ۶۸
ترے دست و بازو فرشتوں کے دستے
تو ہے وہ زبردست جیتے پہ جیتے
۱۹۲۷ سریلے بول ، ۱۸۲

۹۰ کے واسطے ، کے لیے ، کے معاملے میں .
کہہ دے کوئی دنیا سے سفر کر گئی وہ تو
اب پانی پہ کیوں لڑتے ہو تم مر گئی وہ تو
۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۲ : ۲۰۵
چین آئے گا کس طرح مرے دل میں جو یوں ہی
بھرے پہ دم سرد ٹہلتا ہی رہے گا
۱۹۲۵ شوق قدوائی ، د ، ۲۱

۱۰۰ مقابلے کے لیے ، سے ، ساتھ .
عیب سے خالی نہ واعظ ہے نہ ہم
ہم پہ منہ آئے گا منہ کی کھائے گا
۱۹۱۴ حالی ، ک ، ۶۹

۱۱۰ کسی چیز کی بیرونی سمت ظاہر کرنے کے لیے ، محل وقوع ظاہر کرنے کے لیے ، سے .
وہ کہتے ہیں نکلنا اب تو دروازے پہ مشکل ہے
قدم کوئی کہاں رکھے جدھر دیکھو ادھر دل ہے
۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۲۸۷

۱۲۰ بابت ، بارے میں .
بچن پہ خادمان اولوالعزم کے نہ جائیں
جب چاہیں معرکے میں ہمیں آپ آزمائیں
۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۲ : ۱۷۱

۱۳۰ سامنے ، پیش ، آگے .
میت پہ لوگ روتے تھے لے لے علی کا نام
آخر اٹھا جنازۂ شاہ فلک مقام
۱۸۷۵ مونس ، مراثی ، ۳ : ۳۰

۱۴۰ حالت ، صورت .
تر دامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو
دامن نچوڑ دین تو فرشتے وضو کریں
۱۷۸۴ درد ، ک ، ۵۱

۱۵۰ عدد اور ہندسے کے درمیان آکر ، زیادہ ، یا ، اور ، کے معنی دیتا ہے .
دی جاں رہ خلاق میں ستر پہ دو تن نے
یک ایک ہے جنت کو سدھارا مرے آگے
۱۹۱۹ گلزار بادشاہ ، ۶۳

۱۶۰ اور ، پھر ، بعد کو ، لیکن .
یہ مر گئے ہیں آج ، پہ کل ہم کو مرنا ہے
چاہئے مکاں میں دفن کی تجویز کرنا ہے
۱۸۸۲ رونق کے ڈرامے ، ۵ : ۱۵۲

۱۷۰ کے اوپر ، پر ۔

کیا سنبھلے جس پہ ظلم کا یوں آسماں گرے
دل تھام کر زمیں پہ امام زماں گرے

۱۸۷۳ انیس ، مراثی ، ۱ : ۵۸

[ف ؛ س]

پہ (۲) (فت پ) حرف ۔

(ریاضی) یونانی چھوٹے حرف پاسی (psi) کا اردو بدل ترقیمات (Notations) میں مستعمل (ماخوذ: ترقیمات ریاضی و سائنس، ۲) ۔

[حرف]

پہار (۱) (فت پ) امذ (قدیم) ۔

رک : پہر ۔

نکل آئے گا گر صبا کا پہار
تو گھر میں نے باہر نکل تیغ بار

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۱۰۶۰

دن کے پہلے پہار میں مارتے ہیں پچھلے پہار میں اس کے ساتھ مل کے سوتے ہیں ۔

۱۸۶۰ فیض الکریم ، تفسیر قرآن العظیم ، ۵۳۰

پہار (۲) (فت پ) امذ ۔

رک : پہاڑ (شبد ساگر) ۔

پُہار (ضم پ) امث ۔

رک : پھوار ۔

نپٹ جھوم آیا تھا ابر بہار
برستی تھی باریک چھم چھم پہار

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۴۲

لوگوں پر کیوڑے کی بوندوں کی ننھی ننھی پہار سی پڑنے لگی ۔

۱۸۰۳ رانی کیتکی کی کہانی ، ۲۳

اف : پڑنا ، برسنا ، ہونا ۔

— (پھوار) سے کھیت نہیں بھرتے کہاوت ۔

تھوڑی پونجی سے بڑا کام نہیں ہوتا (محاورات ہند ، ۵۶) ۔

پہارا (فت پ) امذ ۔

رک : پہاڑا (شبد ساگر) ۔

[مقامی]

پُہارا (ضم پ) امذ ۔

رک : فوارہ ؛ وہ ظرف جس سے پھوار کی طرح پانی گرایا جاتا ہے ۔

ترے سر سے نکلتے ہیں بہت راگ
پہارے سے اچھلتے ہیں بہت راگ

۱۸۷۰ تیغ فقیر بر گردن شریر ، ۱۳۱

پہارسیا (فت پ ، سک ر ، کس س) امث ۔

ہیما سازی میں کام آنے والی ایک قسم کی لکڑی ، دہامون ، ہیملا ، پہار سولی ، پہرسانتی لاط : Grewia vestite ۔

بیر کے خمون . . . ہندوستانی لکڑیوں کا امتحان شراب کی بوتلوں میں کیا گیا ہے ، پوسالہ ، پہارسیا ، تڑا اور دارگو بہت کامیاب ثابت ہوئی ہیں ۔

۱۹۰۷ مصرف جنگلات ، ۱۴۶

[مقامی]

پہارو (فت پ ، و مع) امذ ۔

پہریدار ، محافظ (شبد ساگر) ۔

[س : پرہر + کہ : प्रहर + क:]

پہاری (فت پ) صف ۔

رک : پہاڑی (شبد ساگر) ۔

پہاڑ (فت پ) ۔

(الف) امذ ۔

۱۰ قدرتی طور پر سخت پتھریلی اونچی زمین ، کوہ ، پربت ۔

پہاڑاں و پربت النگتا چلیا
ندیاں پور نالے پھلنگتا چلیا

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۰۸

جلاوے ہے دوزخ پہاڑاں جنگل
جیسی ڈر سے جا جیو اوس کا نکل

۱۷۶۹ آخر گشت (ق) ، ۱۸

درندوں کے خوف و خطر سے ٹیلوں اور پہاڑوں میں پناہ لیتے ۔

۱۸۱۰ اخوان الصفا ، ۵

دور سے بادل نظر آتے ہیں سونے کے پہاڑ
قصر فیروزہ میں آویزاں ہیں یا کندن کے جھاڑ

۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۹

۲۰ وہ پہاڑی مقام جہاں موسم گرما میں دوسرے مقامات کی بہ نسبت گرمی کم ہوتی ہے پہاڑوں کے اوپر بسے ہوئے شہر جو موسم گرما میں بھی سرد رہتے ہیں ، جیسے : شملہ مری وغیرہ ۔

ڈاکٹر صاحب نے ایک مہینے بعد عینک تجویز کرنے کے لیے پہاڑ پر بلایا ہے ۔

۱۹۰۷ مکتوبات حالی ، ۲ : ۳۰۰

۳۔ (کہار) ہانپی (اصطلاحات پیشہ وراں ، منیر ، ۶۱)۔

(ب) صف ۔

۱۔ **کٹھن ، دو بھر ، اجیرن ، مشکل ، دشوار ۔**

ہم سے اس استادگی کا ہی سنبھلنا ہے پہاڑ
یہ کہاں طاقت اٹھاویں درد سر تعمیر کا

۱۷۹۵؟ دل عظیم آبادی ، د ، ۱۰

مجھے تو اس بغیر کل نہ پڑتی تھی ، ایک دم پہاڑ تھا ۔

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۵۰

گھر ہے وحشت خیز اور بستی اجاڑ
ہوگئی ایک اک گھڑی تجھ بن پہاڑ

۱۹۱۴ حالی ، ک ، ۸۸

۲۔ (i) (بطور صنعت تشبیہ) **عظیم ، بڑے جثے والا ، بہت بڑا ۔**

مژگاں سے میرے پوچھ شب غم کا طول و عرض
تھا اک پہاڑ تنکے کی اوجھل تمام رات

۱۸۲۶ معروف ، د ، ۴۶

(ii) **دراز ، طویل ، لمبا ، طولانی ۔**

غرق بحر غم و اندوہ رہا میں دن بھر
اور پہاڑ ایسا وہ دن تھا کہ نہ ہوتا تھا تمام

۱۹۱۹ رعب ، ک ، ۲۶۶

۳۔ **قوی ، مضبوط ۔**

اگر پہاڑ ہو دشمن تو اس کے سینے میں
کماں سے چھوٹتے ہی تیر ، بند ہو سوفار

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۱۸۹

اس گفتگو سے آہ مرا دل پہاڑ تھا
کہتی تھی گو پدر نہیں بھائی ہے شیر سا

۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۷ : ۵۳

۴۔ (مجازاً) **ڈھیر ، تودۂ کلاں ؛ زیادہ یا بہت بڑی مقدار یا تعداد ۔**

نہیں واں درختوں کے ہر سو پہاڑ
وہ جنگل نہیں کچھ کہ ہوں جس میں جھاڑ

۱۷۸۳ مثنویات حسن ، ۱ : ۲۴۳

حنین کی لڑائی میں جو غنیمت بہت ہاتھ آئی ، اس نے تعجب کیا اور آپ (صلعم) نے ایک پہاڑ غنیمت کا اسے بخش دیا ،

۱۸۹۰ تذکرۃ الکرام ، ۵۴

اف : بننا ، کھڑا کرنا ، کھڑا ہونا ۔

[س : پراگ + ہار + हार]

— اُٹھانا محاورہ ۔

مشکل کام سرانجام دینا ، اپنے کو شدید عذاب میں ڈال دینا ۔

پھر تو ایسا پہاڑ اٹھاوے کون
تیغ بر سر کو رکھ کے جاوے کون

۱۷۸۵ حسرت (جعفر علی خاں) ، طوطی نامہ ، ۲۰

لوگ کہتے ہیں فلاں کام کرنا کیا پہاڑ اٹھانا ہے ۔

۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۱ : ۲

— اُٹھنا محاورہ ۔

مشکلات سے دو چار ہونا ؛ مشکلات سر کرنا ، مصائب جھیلنا ۔

آج اس قدر سونے اور جواہرات کے لئے کس قدر دریا اور پہاڑ اٹھنے پڑتے ہیں ۔

۱۸۸۴ قصص ہند ، ۲ : ۱۱۱

— انبلی (— کس ا ، مغ ، سک ب) امث ۔

ہر ہٹی کی جنس سے ایک جڑی بوٹی کی قسم ۔

بعض کار آمد . . . پہاڑ انبلی . . . . ان سب بوٹیوں کو بدکہنی کہتے ہیں ۔

۱۹۰۶ اکسیرالاکسیر ، ۳۱

[پہاڑ + انبلی (رک)]

— پانی ہو کر بہنا محاورہ ۔

مصیبت ٹلنا ، پریشانی دور ہو جانا ، مشکل آسان ہو جانا ۔

سب نے مل کر بدھ دیو کا شکریہ ادا کیا ، جسکی مہربانی سے مشکلوں کے تمام پہاڑ پانی ہو کر بہہ گئے ۔

۱۹۲۹ نانک کتھا ، ۵۰

— پھٹ پڑنا محاورہ ۔

بلائے ناگہانی آنا ، مصیبت نازل ہونا ۔

اگر سر پر افکار و آلام کے پہاڑ بھی پھٹ پڑیں تو فطرت انسانی جھیل لیتی ہے ۔

۱۹۴۳ جنت نگاہ ، ۱۹۶

— تلی (— فت ت) امث ۔

گھاٹی ، وادی ۔

سارے بنوں میں اور پہاڑ تلیوں میں لالٹینوں کی جھم جھماہٹ راتوں کو دکھائی دینے لگی ۔

۱۸۰۳ رانی کیتکی کی کہانی ، ۴۲

[پہاڑ + تلی (رک)]

— توڑنا محاورہ ۔

(کسی مصیبت وغیرہ کا) کثرت یا زیادتی کے ساتھ نازل کرنا بہتات کرنا (عموماً جبر ظلم ستم وغیرہ کے ساتھ) ۔

ظلم و ستم کے جو پہاڑ تو ان پر توڑ رہا ہے . . . . کہیں تیرے ہی لیے مصیبت نہ بن جائیں .

۱۹۱۲ شہید مغرب ، ۳۶

— ٹالنا محاور .

بہت بڑی مصیبت دفع کرنا ، سخت مشکل دور کرنا .

تم کیا پہاڑ بیچ میں گر ہو تو ٹال دیں
شیروں کو ہم ترائی سے باہر نکال دیں

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۲ : ۱۸۲

— ٹلنا محاورہ .

اٹل چیز کا قایم نہ رہنا ، ناممکن بات کا ممکن ہو جانا ؛ پہاڑ ٹالنا (رک) کا لازم .

ہزار سر مرے پائے ثبات پر صدقے
اگر پہاڑ بھی ہوتے تو آج ٹل جاتے

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۱۹۷

خاطر جمع رکھیے ، پہاڑ ٹل جائیں ، یہ اپنی بات سے نہ ٹلیں .

۱۹۲۱ خونی شہزادہ ، ۱۹۶

— ٹوٹ پڑنا محاورہ .

سخت مصیبت آجانا ، بڑا صدمہ پہنچنا ؛ بہت بڑی آفت ناگہانی کا نازل ہونا .

تیری خدائی میں مجھ کو ایسے کون سے بھاگ لگ گئے تھے کہ آج مجھ پر یہ پہاڑ ٹوٹ پڑا .

۱۸۹۱ ایاسی ، ۸۲

اس پر مصیبتوں ، تکلیفوں اور بیماریوں کا پہاڑ ٹوٹ پڑے .

۱۹۵۴ شاید کہ بہار آئی ، ۱۱۰

— ٹوٹنا محاورہ .

رک : پہاڑ ٹوٹ پڑنا .

کیا شکوۂ سنگ کود کاں بحر
ہم پر تو پہاڑ ٹوٹتے ہیں

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۱۲۹

— ٹیلنا/ٹھیلنا محاورہ .

مشکل کو آسان بنانا .

لکھے ہیں سخت زبانی کے نرم نرم جواب
قلم کی نوک سے ہم نے پہاڑ ٹیلے ہیں

۱۹۲۷ شاد عظیم آبادی ، میخانۂ الہام ، ۲۲۳

— دن پڑا ہے فقرہ .

ابھی بہت دن باقی ہے (مخزن المحاورات ، ۳۷۲) .

— ڈھانا محاورہ .

رک : پہاڑ توڑنا .

ظلم کے وہ پہاڑ ڈھائے ، لاکھ ستم کرے ، ستائے
شکوہ زبان پر نہ لائے بحر وہ بردبار ہے

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۸

— سا صف مذ ؛ مث : پہاڑ سی .

۱. بہت طویل ، موجب سرگرانی ، (دن رات زندگی وغیرہ) جس کا گزارنا سخت اور دشوار ہو .

شام ہوئی اور دن پہاڑ سا چھاتی پر سے ٹلا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۳۹

جاڑوں کی پہاڑ سی راتیں اس اسپتال میں جہاں آدمی نہ آدم زاد تن تنہا بسر ہوتیں .

۱۹۳۶ ستونتی ، ۱۰

۲. بھرپور .

پہاڑ سی جوانی یوں ہی کاٹ دی .

۱۹۶۲ ساقی ، ۶۵ ، ۱ : ۳۶

۳. بھاری ، شدید .

تمہارا جثہ . . . . کیا ہے جس پر پہاڑ سا رنج اٹھاتی ہو .

۱۸۵۸ تاریخ غزالہ ، ۳۶

[پہاڑ + سا ، (رک)]

— سر پر لینا محاورہ .

کسی مشکل کام میں دوسرے کی مدد کرنے کا عزم کرنا .

تم میری وجہ سے مصیبت کے کنویں میں کودے اور وہ پہاڑ اپنے سر پر لیا .

۱۹۳۶ ستونتی ، ۲۶

— سر سے ٹالنا محاورہ .

مصیبت و پریشانی دور کرنا .

اے بت ہوں سختئی غم فرقت سے سخت تنگ
اللہ یہ پہاڑ مرے سر سے ٹال دے

۱۸۵۴ ریاض مصنف ، ۳۸۳

— سوجھنا محاورہ (قدیم) .

رک : پہاڑ گزرنا ؛ معمولی چیز بہت بڑی یا سخت معلوم ہونا .

مرا ٹھہ جو آوے تو سوجھے پہاڑ
کہیں ہشم تم نے نہ ڈالے او پاڑ

۱۷۹۴ جنگ نامہ دو جوڑا ، ۳۷

ــ سی زِندگی (ــ کس ز ، سک ن ، فت د) اسث .

لمبی زندگی ، طویل عمر ، (بالخصوص) کسی حادثے یا مصیبت کے بعد کی زندگی (جامع اللغات) .

[پہاڑ + سی (رک) + زندگی (رک)]

ــ سے ٹکّر لینا محاورہ .

زبردست سے مقابلہ کرنا .

کوہکن کیوں نہ سر کو پھوڑ مرے
لی ہے جا کر پہاڑ سے ٹکر

میر سجاد (فرہنگ آصفیہ) ؟

ــ کا پہاڑ (ــ فت پ) صف .

۱. ڈھیر کا ڈھیر ، انبار کا انبار ، بہت بڑا تودہ .

گٹھلیوں اور چھلکوں کے ڈھیر لگا دیئے ، دن میں کئی کئی دفعہ اٹھائے جاتے اور پھر وہی پہاڑ کے پہاڑ لگ جاتے .

۱۹۳۰ مضامین فرحت ، ۲ : ۳۷

۲. بھاری بوجھ ؛ بار گراں ، بڑی ذمہ داری .

تم اپنے جی میں کہتی تو ہوں گی کہ اماں نے کس توائی میں ڈال دیا ، ایک ہی بار پہاڑ کا پہاڑ میرے سر پر رکھ دیا .

۱۸۷۳ مجالس النسا ، ۱ : ۹۰

ــ کاٹنا محاورہ .

سختی کے دن گزارنا ، مصیبت جھیلنا .

میں کاٹ دوں پہاڑ کو پتھر کو توڑ دوں
پر کیونکہ غیر سے بت کافر کو توڑ دوں

۱۸۵۳ ذوق ، د ، ۱۳۰

گلا نہ کاٹ سکے اپنا وائے ناکامی
پہاڑ کاٹتے ہیں روز و شب مصیبت کے

۱۹۲۷ آیات وجدانی ، ، ۲۵۰

ــ کا دامن (ــ فت م) امذ .

وہ میدان جو پہاڑ کے نشیب میں واقع ہو ، ترائی ، وادی .

پہاڑ کے دامن میں اکثر بڑی بڑی آبادیاں ہوتی ہیں .

۱۹۵۸ مہذب اللغات ، ۳ : ۱۲۴

ــ کٹنا محاورہ .

پہاڑ کاٹنا (رک) کا لازم .

کیا کہیئے کیونکر اس شب غم کو کیا بسر
کس طرح یہ پہاڑ کٹا کچھ نہ پوچھیے

۱۹۰۹ جلال (فرہنگ آصفیہ)

ــ کٹوانا محاورہ .

پہاڑ کاٹنا (رک) کا تعدیہ .

ہمت عشق نے فرہاد سے کٹوائے پہاڑ
پیر کے بازوؤں میں زور جوانی آیا

۱۸۷۰ دیوان اسیر ، ۳ : ۱۷

ــ کی اُترائی چڑھائی دونوں پر لعنت کہاوت .

پہاڑ کی چڑھائی سخت ہوتی ہے مگر اترائی بھی کم تکلیف دہ نہیں ہوتی (جامع اللغات) .

ــ کی چوٹی (ــ و مج) اسث .

پہاڑ کا سب سے اوپر کا حصہ ، سر کوہ ، قلۂ کوہ (مجازاً) طاقتور آدمی کا سر یا وجود .

سر اڑ گیا سپر سے ہزار اس نے آڑ کی
کٹ کر گری زمین پہ چوٹی پہاڑ کی

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۲ : ۱۳۹

ــ کی دھار اسث .

وہ مقام جہاں پہاڑوں کی کگر نوکیلی اور دھار دار ہو نیز سلسلۂ کوہ .

پہاڑوں کی دھار اور کھلے مقامات میں شاخ تراشی نہ کی جائے .

۱۹۰۷ مصرف جنگلات ، ۲۵۶

ــ کی ڈانک (ــ مع) اسث .

پہاڑوں کی لمبی قطار ، سلسلۂ کوہ (جامع اللغات ؛ علمی اردو لغت) .

ــ کی گھاٹی اسث .

دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ ، درّۂ کوہ (جامع اللغات ؛ علمی اردو لغت) .

ــ کی طرح کٹنا محاورہ .

(وقت وغیرہ کا) دوبھر یا دشوار ہونا یا مشکل سے گزرنا .

ایک مہینے رمضان کے روزے تو پہاڑ کی طرح کٹتے ہیں .

۱۸۹۹ رویائے صادقہ ، ۵

ــ کے اُٹھگن سلوٹ کہاوت .

پہاڑ کے ستون پتھر ہوتے ہیں (جامع اللغات) .

ــ کے آگے رائی کہاوت .

کسی بڑی چیز کے مقابلے میں بہت چھوٹی چیز (جامع اللغات ؛ علمی اردو لغت) .

ــ کے پتھر ڈھونا محاورہ .

نہایت زحمت اٹھانا ، سختی یا مصیبت جھیلنا .

سر پھوڑ کر مریں گے ترے سنگ پا سے ہم
فرہاد ڈھونے عشق میں پتھر پہاڑ کے

۱۸۷۰ الماس درخشاں ، ۲۶۹

نہیں مجال ، اٹھائے جو عشق کی سختی
اگر پہاڑ کے پتھر بھی کوئی ڈھوتا ہے

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۳۶

ــ کے تلے/نیچے دب جانا محاورہ .

مجبور ہو جانا ، مصیبت میں مبتلا ہو جانا .

اٹھوائے ناز آپ نے جب چھیڑ چھاڑ کے
ہم ناتوان دب گئے نیچے پہاڑ کے

۱۸۸۱ منیر (مہذب اللغات)

ــ کھودنا محاورہ .

بہت تگ و دو کرنا ، نہایت جاں فشانی سے کام کرنا .

قافیوں کا بھی کوئی خاص اصول نہیں ہے یوں معلوم ہوتا ہے کہ پہاڑ کھودا جا رہا ہے اور ہزار دشواریوں سے راستہ بنایا جا رہا ہے .

۱۹۷۵ تاریخ ادب اردو ، ۱ : ۱۷۳

ــ گذرنا محاورہ .

دوبھر دکھائی دینا ، مشکل سے گذرنا یا بسر ہونا .

ہر گھڑی گذرے ہے کیا اے سنگدل تجھ بن پہاڑ
آہ کے تیشے سے بھی کٹتا نہیں یہ دن پہاڑ

۱۸۴۹ نکہت (فرہنگ آصفیہ)

ــ گونج اٹھنا محاورہ .

پہاڑ سے ٹکرا کر شور و غل کی آواز واپس آنا .

کوہ میں جب شور ہو تو گونج اٹھتا ہے پہاڑ
یہ اثر باقی ہے اب تک ماتم فرہاد کا

۱۹۰۵ داغ (نوراللغات)

ــ والی است .

چیچک ، سیتلا ، کالکا مائی (نوراللغات ؛ مخزن المحاورات ، ۱۷۸) .

ــ ہوجانا/ہونا محاورہ .

۱. بے حد دوبھر ہونا ، ایک بڑی مصیبت بن جانا .

موسیٰ اگر جو دیکھے تجھ نور کا تماشا
اس کوں پہاڑ ہووے پھر طور کا تماشا

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۳۷

ہوگئی مجھ کو شب فرقت پہاڑ
چھپ رہی ہے کیوں پس کہسار صبح

۱۸۱۶ دیوان ناسخ ، ۱ : ۳۵

جواں پسر کی جدائی پہاڑ ہوتی ہے
نظر میں باپ کی دنیا اجاڑ ہوتی ہے

۱۹۴۲ خمسۂ متحیرہ ، ۴ : ۳۰

۲. دشوار ہوجانا ، کٹھن ہوجانا ، طویل ہوجانا .

بتلاؤ اب کہ حال ہمارا تباہ ہے
رستہ پہاڑ ہوگیا کیا سخت راہ ہے

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۱ : ۲۳۴

دن کی گھڑی گھڑی مجھے اب تو پہاڑ ہوگئی
دیر کو اور کیا کہوں ، راہ میں ریل ہوگئی

۱۹۲۵ عالم خیال ؛ ۳۲

پہاڑا (۱) (فت پ) امذ ؛ ــ پہاڑہ .

(ریاضی) آسانی کے لیے گنتی کے بعد جمع و ضرب اور تقسیم کو مختصر کرنے کے لیے میزانِ ضرب جو زبانی یاد کرائی جائے .

پہاڑے بکتے بکتے عمر گزری
مگر گننا نہ آیا ایک دو بھی

۱۸۷۰ تیغ فقیر بر گردن شریر ، ۶۰

طوطوں کو دیکھ کر دیہات کے مدرس اور طالب علم پہاڑا پڑھتے پڑھاتے یاد آجاتے .

۱۹۵۶ شیخ نیازی ، ۱۲۱

اف : پڑھنا ، پڑھانا ، رٹنا ، سننا ، یاد کرنا .

[س : پرستار + کہ : प्रस्तार + क:]

پہاڑا (۲) (فت پ) امذ ؛ صف .

۱. (کاشت کاری) دھرتی دو طرح کی ہے اونچی اور نیچی چنانچہ اونچی زمین کو پہاڑا بانگر اور نیچی زمین دریا سے نزدیک کو ترائی کہتے ہیں (کھیت کرم ، ۵) .

۲. (کاشت کاری) پہاڑ کے دامن میں ایسا نشیبی قطعۂ زمین جو پانی کے ٹھہرنے کی وجہ سے بہت زیادہ گیلا بلکہ کیچڑ بنا رہے اور عام قسم کی پیداوار کے لائق نہ ہو ، ایسی زمین میں آل زیادہ رہنے سے بیج گل جاتا ہے ، ادھ کچا (اپو ، ۶ : ۶) .

[مقامی غالباً پہاڑ (رک) سے]

پہاڑاں اُلٹانا محاورہ (قدیم) .

مشکل کام انجام دینا .

دانش کے تیشے سوں پہاڑاں الٹایا تو یو شیریں پایا .

۱۶۳۵ سب رس (دکنی اردو کی لغت)

پہاڑن (ف پ ، ڑ) امث .

پہاڑ پر رہنے والی عورت .

دو پہاڑنیں ہم نے مرادآباد میں دیکھی تھیں ، منّا اور پنّا .

۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۱ : ۴

جنگلات سے پٹا کر اسے پولیس میں بھیج دیا گیا جس کا اسے ملال تھا کیونکہ وہاں ایک پہاڑن پر . . . دل آ گیا تھا .

۱۹۶۶ دو ہاتھ ، ۶۶

[پہاڑ (رک) + ن ، لاحقۂ تانیث]

پہاڑو (ف پ ، و مع) امذ .

دہلی میں پایا جانے والا آبی پھن کا ایک سانپ ہے اس کی دو قسمیں ہیں ایک سنہری ایک زرد سنہری کا سر کالا جسم پر چتیاں کالی کالی مسور کے دانے سے کچھ چھوٹی بڑی اور زرد کا سر کالا پھونٹھ سرخ اور چتیاں چھوٹی چھوٹی یہ دونوں ڈھائی ڈھائی گز کے لمبے اور ڈیڑھ انچ کے موٹے ہوتے ہیں . . . مگر زہر نہیں رکھتے (ماخوذ: تریاق مسموم ، ۳۸) .

[غالباً پہاڑ (رک) سے]

پہاڑوا (۱) (ف پ ، سک ڑ) امذ .

بچوں کے ایک کھیل کا نام ، آنی پاتی .

انہوں نے کھنکارا . . . اس آواز سے جو چھوٹے چھوٹے بچے آنکھ مچولی ، پہاڑوا . . . کھیلتے تھے . . . اپنے اپنے گھروں میں جا چھپے .

۱۹۲۳ اہل محلہ اور نا اہل پڑوسی ، ۶

[مقامی]

پہاڑوا (۲) (ف پ ، سک ڑ) امذ .

سانپ کی ایک قسم ، پہاڑو (رک) .

زباں نکالے نہ کیوں کہکشاں سے عالم پر
پہاڑوا ہے یہ اس چرخ چنبرین کا سانپ

۱۸۴۰ شاہ نصیر ، چمنستان سخن ، ۴۳

پہاڑہ (ف پ ، ڑ) امذ .

رک : پہاڑا (۱) .

امیدوار یونیورسٹی کا سند یافتہ ہو لیکن . . . آپ پہاڑہ سنتے ہیں .

۱۹۰۶ انتخاب فتنہ ، ۱۶۷

پہاڑی (۱) (ف پ) .

(الف) امث .

۱. پہاڑ (رک) کی تصغیر .

پہاڑی سے لشکر چلا سوے کوہ
چلے اس تو کر بیے سیہ روئے کوہ

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰۹۳

۲. بلاول ٹھاٹھ کی آڑو راگنی کا نام جس میں پانچ سر لگتے ہیں ، مدھم اور نکھاد سر درجت ہیں یعنی نہیں لگتے .

بڑے شوق سے رانجھا بانسری پر پانچوں پیروں کو راگ سنانے لگا کبھی اودھو اور کاہن کے بشن پدے ، کبھی ماجھ پہاڑی پہ آنے لگا

۱۹۶۱ ہماری موسیقی ، ۱۶۱

۳. پہاڑیوں کی زبان .

موجودہ پنجابی اور اس کی تمام علاقائی بولیاں مثلاً مالوئی ، دوآبی . . . ہوشیارپوری ، پہاڑی اور ہندکو وغیرہ اسی پشاچی کے کنبے کی حیثیت رکھتی ہیں .

۱۹۷۲ اردو زبان کی قدیم تاریخ ، ۷۹

۴. مصوری کا ایک اسلوب جس کا تعلق ہمالیہ کی پہاڑی ریاستوں سے بتایا جاتا ہے .

ہندوستان میں مصوری کے دو نئے اسلوب ظہور میں آئے ، اول راجستانی دوم پہاڑی .

۱۹۷۵ پاکستان میں تہذیب کا ارتقا ، ۳۵۲

(ب) صف .

پہاڑ سے منسوب ، پہاڑ کا رہنے والا ، کوہستان کا باشندہ .

وہاں کے پہاڑیوں سے جو لڑائی ہوئی تو خوب لڑائی ہوئی .

۱۸۲۳ حیدری ، مختصر کہانیاں ، ۸۲

اتر میں جو نسلیں ہیں پہاڑی اچھے و ہی ان کے ہیں کھلاڑی

۱۹۲۸ تنظیم الحیات ، ۷۵

(ج) امث .

بکری کی ایک قسم ، پہاڑی بکری .

کئی ہر ہری ان میں گلزار تھیں
پہاڑی تو دو دوں (دو دھوں) میں سرشار تھیں

۱۸۹۷ نظم آزاد ، ۱۳۰

[پہاڑ (رک) + ی ، لاحقۂ تانیث و تصغیر]

ــ اندرائن (ــ کس ا ، سک ن ، کس د ، ء) امذ .

ایک قسم کا کھیرا جسے ابرالو بھی کہتے ہیں (شبد ساگر).

[پہاڑی + اندرائن (رک)]

ــ اُود بِلّی (ــ و مع ، سک د ، کس ب ، شد ل) امذ .

(رک) بلی کی ایک قسم جو پہاڑوں پر پائی جاتی ہے ، لاط : Lutra Vulgaris .

پہاڑوں میں . . . . پہاڑی اود بلّی . . . . اہم دو دھیلے جانور ہیں .

۱۹۶۹ پاکستان کا حیوانی جغرافیہ ، ۲۲

[پہاڑی + اود بلّی ، اود بلاو (رک) کی تانیث]

— آلُو (— و مع) امذ .

آلو کی ایک قسم جس کا ذائقہ اچھا ہوتا ہے اور پہاڑی علاقوں میں پیدا ہوتا ہے .

وہ آلو جس کے چھلکے کا رنگ مٹیالا اور اندر کاٹنے سے قدرے سفیدی مائل نکلتا ہے ذائقہ میں اچھا ہوتا ہے ، اس کو پہاڑی آلو کہتے ہیں .

۱۹۱۶ خانہ داری (معیشت) ، ۲۴۱

[پہاڑی + آلو]

— بُخار (— ضم ب) امذ .

پہاڑوں پر پائے جانے والے ایک کیڑے چولی چمچڑ کے کاٹنے سے چڑھنے والا بخار ، تپ کوہی .

پہاڑی بخار جس سے مریض کے جسم پر دھبے پڑ جاتے ہیں چولی چمچڑ کے ذریعہ پھیلتا ہے .

۱۹۵۶ جراثیمیات ، ۵۶

[پہاڑی + بخار (رک)]

— بَکْرا (— فت ب ، سک ک) امذ .

ایک قسم کا بڑا بکرا جو پہاڑی علاقے میں پایا جاتا ہے .

شکار ان کی موروثی خوراک ہے . . . جنگلی بکرے ، پہاڑی بکرے ، قسم قسم کے ہرن ان کا نشانہ ہیں .

۱۸۸۷ سخن دان فارس ، ۲ : ۱۴۷

[پہاڑی + بکرا (رک)]

— بِیماری (— ی مع) اسث .

بمالوائی ہودوں سے پیدا شدہ ایک بیماری .

آخرالذکر میں ایک تیز بو ہوتی ہے جسکی نسبت خیال کیا جاتا ہے کہ وہ پہاڑی بیماری کی علامتوں کو جلد پیدا کردیتی ہے .

۱۹۴۳ مبادی نباتیات ، ۲ : ۷۰۹

[پہاڑی + بیماری (رک)]

— بَھنگ (— فت بھ ، غنہ) اسث .

ایک مخدر خواب آور مسکر اور زہریلا ہودا ، انگ : Henbane (ہلیٹس) .

[پہاڑی + بھنگ (رک)]

— ٹِیلو (— ی مع ، و مج) امذ .

بازاری لونڈوں کا ایک کھیل ہے جسے اس طرح کھیلتے ہیں کہ آٹھ دس لڑکے باہم اکھٹا ہوتے ہیں اور ان میں سے ایک مٹھی میں کوڑی رکھتا ہے اور دوسری مٹھی کو خالی رکھتا ہے اور دوسرے لڑکوں سے پوچھواتا ہے کہ کون سی مٹھی میں کوڑی ہے اگر اس نے کوڑی والی مٹھی پر ہاتھ مار کر بوجھ لیا تو وہ شاہ ہوا اسی طرح باری باری سے کل لونڈوں کو بجھواتے ہیں جس قدر شاہ ہوتے ہیں وہ الگ رہتے ہیں . . . یہاں تک کہ ان کا صرف ایک چور رہ جاتا ہے تو اس کے متعلق یہ خدمت ہوتی ہے کہ فلاں درخت کی سبز پتی لاوے اور اس کی مدد کے لئے ایک لڑکا ساتھ کر دیا جاتا ہے بس ایک طرف وہ دونوں لڑکے پتی لینے جاتے ہیں دوسری طرف باقی ماندہ سب لڑکے ادھر اُدھر گشت لگاتے دوڑتے پھرتے اور ,, پہاڑی ٹیلو ،، ,, پہاڑی ٹیلو ،، پکارتے رہتے ہیں اس مابین میں پتی لانے والا لڑکا اپنے ہمراہی کے ساتھ دوڑ تا ہوا واپس آجاتا ہے اور پہاڑی ٹیلو پکارنے والے غول میں سے ایک کو چھو کر اور پتی دکھا کر شاہ ہو جاتا ہے اب وہ لڑکا جس کو اس نے چھوا ہے چور ہو جاتا ہے (اصطلاحات پیشہ وران ، منیر ، ۴۸) .

[مقامی]

— دار امذ .

(تعمیر) اینٹ یا پتھر کی ایک خاص وضع کی چنائی جو خصوصی شکل میں ناہموار ہوتی ہے .

گنبد چونہ گچ اوپر سے پہاڑی دار رنگین .

۱۸۶۴ تحقیقات چشتی ، ۸۵۱

[پہاڑی + دار (رک)]

— دِیمک (— ی مع ، فت م) اسث .

دیمک کی ایک قسم جس کا رنگ سفید ہوتا ہے اور جو ساخت اور حیاتی خصوصیات کی بنا پر ایک علیحدہ جنس کی حیثیت رکھتی ہے جو پہاڑوں پر پائی جاتی ہے لاط : Archotermopsis wrougtoni (ماخوذ : پاکستان کا حیوانی جغرافیہ ، ۵۵) .

[پہاڑی + دیمک (رک)]

— شیر (— ی مج) امذ .

ایک بہت بڑا جنگلی بلاؤ جو دم سمیت ۲ ، ۲ ½ گز لمبا ہوتا ہے یہ درختوں پر رہتا ہے پرندے اور بندر مار مار کر کھاتا ہے جھاڑی میں چھپ کر ہرن کا بھی شکار کر لیتا ہے پالتو سور گھوڑے گائے وغیرہ مویشیوں کا بڑا دشمن ہے مگر آدمی سے بہت ڈرتا ہے اور کبھی وار نہیں کرتا .

پیوما یا پہاڑی شیر امریکہ کے ہر حصہ میں پایا جاتا ہے .

۱۹۳۲ جغرافیہ عالم ، (ترجمہ) ۲ : ۲۵۸

[پہاڑی + شیر (رک)]

ــ طوطا (ــ و مج) امذ .

طوطے کی ایک خاص قسم جو پہاڑوں میں پائی جاتی ہے یہ طوطا عام طوطے سے بڑا اور رنگ میں بھی مختلف ہوتا ہے جلدی بولنا سیکھتا ہے .

طوطے تو تقریباً ہر شہر میں پالے جاتے تھے ٹوئیاں سے لے کر پہاڑی طوطے تک سب کو کچھ نہ کچھ بولنا سکھا دیا جاتا تھا.

۱۹۵۲ ، ساقی ، کراچی ، ۶۵ ، ۱ : ۴۳

[پہاڑی + طوطا (رک)]

ــ کوّا (ــ ف ک ، شد و) امذ .

کاگ ، غراب ، نہایت سیاہ کوا جو پہاڑی علاقوں میں ہوتا ہے یہ سب کووں سے قد میں بڑا ہوتا ہے پنجے سے پکڑ کر کھاتا ہے اور چیز اٹھالے جاتا ہے چیت کے مہینے میں درختوں پر انڈے دیتا ہے اور بچہ بیساکھ میں اڑنے کے قابل ہو جاتا ہے (ماخوذ : سیر پرند ، ۱۶۰) .

[پہاڑی + کوّا (رک)]

ــ گدھا پُوربسی رینک کہاوت .

اپنی وضع کے خلاف کام کرنا (نجم الامثال ، ۱۲۹) .

ــ گڑھی (ــ ف گ) امث .

چھوٹے قلعہ کے مانند پہاڑی ٹیلا ، ایسا ٹیلا جو دور سے قلعہ نظر آئے ، (مجازاً) پہاڑی ٹیلوں کا سلسلہ .

ایک پتھر نائیس (سلپہ) ہے . . . ان کے بعض بڑے بڑے ٹیکرے سینکڑوں فیٹ بلند نظر آتے ہیں اور وورگ ، (یعنی پہاڑی گڑھی) کہلاتے ہیں .

۱۹۳۴ جغرافیہ عالم ، ۱ : ۵۰

[پہاڑی + گڑھی (رک)]

ــ لٹورہ (ــ ف ل ، و مع ، ف ر) امذ .

ہند و پاک میں پایا جانے والا ایک خوبصورت پرند .

پرندوں میں . . . پہاڑی لٹورہ (Lanius schach) . . . ملتے ہیں .

۱۹۶۹ پاکستان کا حیوانی جغرافیہ ، ۲۲

[پہاڑی + لٹورہ (رک)]

ــ لنگور (ــ ف ل ، غنہ ، و مع) امذ .

لنگور کی ایک قسم جو پہاڑوں پر ہوتی ہے اور بندروں سے مشابہ لیکن اس کا منہ سیاہ اور دُم بندروں سے زیادہ لمبی اور سخت ہوتی ہے .

ان پہاڑوں کے حیوانات . . . اڑن گلہری ، پہاڑی لنگور . . . جانور ہیں .

۱۹۶۹ پاکستان کا حیوانی جغرافیہ ، ۲۲

[پہاڑی + لنگور (رک)]

ــ مارمٹ (ــ سک ر ، ف م) امذ ؛ امث .

ایک دودھیلا پہاڑی جانور .

ان پہاڑوں میں . . . ریچھ ، . . . پہاڑی مارمٹ زیادہ اہم دودھیلے جانور ہیں .

۱۹۶۹ پاکستان کا حیوانی جغرافیہ ، ۲۲

[پہاڑی + مارمٹ (رک)]

ــ مینا (ــ ی لین) امث .

خوش آواز پرند مینا کی ایک قسم جو عام طور پر پہاڑ پر ہوتی ہے لوگ پکڑ کر گھروں میں پالتے ہیں .

وہ مینا پہاڑی وہ کاکا توا ہوئے آکے شاخوں پہ نغمہ سرا

۱۸۹۰ کتاب مبین ، ۷

[پہاڑی + مینا (رک)]

ــ مینا ٹیلو (ــ ی لین ، ی مع ، و مج) امذ .

بچوں کا ایک کھیل جس کا طریقہ یہ ہے کہ آدھے لڑکے ایک جگہ چھپ جاتے ہیں اور آدھے لڑکے دوسری جگہ دونوں طرف کے لڑکے پوشیدہ طور پر کسی دیوار وغیرہ پر چھوٹی چھوٹی لکیریں بناتے ہیں اس کے بعد دونوں طرف کے لڑکے بلند آواز سے ,, پہاڑی مینا ٹیلو ،، کہتے ہیں اس کے بعد ادھر کے لڑکے اُدھر کی اور اُدھر کے لڑکے ادھر کی لکیروں کو کاٹتے ہیں جو سب لکیریں کاٹ دیتے ہیں وہ کھیل میں جیت جاتے ہیں اور اس کھیل کا نام ,, لکھی پہاڑی مینا ٹیلو ،، بھی ہے (ماخوذ : مہذب اللغات) .

[پہاڑی + مینا (رک) ٹیلو (رک)]

پہاڑی (۲) (ف پ) امث .

ایک طبی جڑی بوٹی جسے پرہٹی یا جبی بھی کہتے ہیں (شبد ساگر) .

[० : पहाड़ी]

پہاڑیا (ف پ ، سک ڑ) صف ــ پہاڑیہ .

۱۰ رک : پہاڑی (۱) معنی (ب) .

تیسرے یہ ایک بھنگی اور ایک سقہ پہاڑیہ جب تک رہو مستقل نوکر رکھنا پڑے گا .

۱۸۹۰ مکتوبات سرسید ، ۵۱۰

۲. بڑی پتنگ .

اور چاند تارے کی بھی چمک چاند سے دو چند
اڑنا پہاڑیے کا بھی ہے اس قدر بلند

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۸۳

[ہ : پہاڑیا पहाड़िया]

پہاڑیے (ف پ ، سک ڑ) ج .

پہاڑیا (رک) کی جمع یا معرفہ شکل .

واللہ ایک پہاڑیے کی صورت دیکھ کے تو تنبولی کے لونڈے کا دم نکل جائے گا .

۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۱ : ۱۸۵

مسافر گول طلے سواتی ٹوپیوں میں جفاکش پہاڑیے تھے .

۱۹۶۶ رسالہ ، فنون ، لاہور ، ۷ : ۱۴

— مَت/مِیت کِس کے بھات/بَھت کھائے/کھایا کھسکیے کہاوت .

لفظاً پہاڑی کسی کا دوست نہیں مطلبی ہوتا ہے ، یعنی کھانا کھایا اور چل دیا کوئی کھانا کھاتے ہی جانے لگے تو مذاقاً کہتے ہیں (جامع اللغات ؛ علمی اردو لغت) .

پہپٹ (ف پ ، سک ہ ، ف پ) امذ .

ایک قسم کا گیت جو عورتوں میں گایا جاتا ہے ؛ شور و غل ، بلہ گلہ ؛ کسی کی بدنامی کا شور ؛ بے عزتی یا تحقیر کا چرچا ، بدنامی کی زور و شور سے شہرت ہونا ؛ ایسی بدنامی جو کانا بھوسی کے ذریعہ کی جائے ، خفیہ تحقیر و ذلت ؛ کسی کے قصور کی ایسی شہرت جو خود اسی سے چھپا کر کی جائے ؛ چھل ، ٹھگی ، فریب ، دھوکا (شبد ساگر) .

[مقامی]

— باز امذ .

شور و غل کرنے یا کرانے والا ، بلہ کرنے یا کرانے والا ، فسادی ؛ شرارتی ؛ جھگڑالو ؛ چھلیا ، ٹھگ ، دھوکے باز ، فریبی (شبد ساگر) .

[پہپٹ + باز (رک)]

— بازی امث .

جھگڑالوپن ، شور و غل کرنے کا کام یا عادت ؛ چھلیا پن ، ٹھگی ، مکاری (شبد ساگر) .

[پہپٹ + باز (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

— بائی امث .

پہپٹ کرنے والا ، بات کا بتنگڑ بنانے والا ، جھگڑا کرنے یا لگانے والا (شبد ساگر) .

[پہپٹ + بائی (رک)]

پہ پہ (کس پ ، کس پ) حرف .

واہ وا .

کرنے لگے کبک سارے قہ قہ
چہ چہ ہوئی اور خوب پہ پہ

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۳۷۹

اف : کرنا ، ہونا .

[حکایت الصوت]

پہٹا (ف پ ، سک ہ) امذ .

رک : پاٹا ؛ رک : پیٹھا (شبد ساگر) .

[مقامی]

پہٹنا (ف پ ، کس ہ ، سک ٹ) ف م .

پیٹا کرنا ، دھار کو رگڑ رگڑ کر تیز کرنا (شبد ساگر) .

[مقامی]

پہنچ (ف پ ، ضم ہ) امث .

رک : پہنچ .

جس وقت کہ روشنائی ہوئے ہے تو کیسا ہی خوش رنگ ہو . . . اسے نہیں پہنچ سکتا .

۱۷۴۶؟ قصۂ مہر افروز و دلبر ، ۱۵۷

پہنچا (ف پ ، ضم ہ) امذ .

رک : پہنچا ؛ کلائی .

بعد گردن اور پہنچوں پر اور دھڑ پر اور آخرالامر پاؤں پر نادر حالات میں بثور اول ہاتھ پاؤں پر نظر آتے ہیں .

۱۸۶۰ نسخۂ عمل طب ، ۵۹

پہچان (ف پ ، سک ہ) امث ؛ امذ (قدیم) .

۱. شناخت ، پرکھ .

تجھے پہچان ہے کی میں بتاؤں
رکھے جو کان تو سب کہہ سناؤں

۱۷۹۵ فرس نامۂ رنگین ، ۱۷

ان کی پہچان یہ ہے کہ وہ تمہارے ہاتھ کے ذبح کیے ہوئے جانور کا گوشت نہ کھائیں گے .

۱۸۸۷ خیابان آفرینش ، ۴۹

اغیار و یار کی مجھے پہچان کیا رہے
سب سے ترے خیال نے بیگانہ کر دیا

۱۹۱۵ جان سخن ، ۴۰

۲۔ واقفیت ، شناسائی (بیشتر جان کے ساتھ) ؛ معرفت ، آگاہی ۔

اہل چمن میں میں نے نہ جانا کسو کے تئیں
مدت میں ہو ملاپ تو پہچان کیا رہے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۸۹۲

اب آپ ہوئے تم پانی سے ، مت پانی کا نقصان کرو
کچھ لابہ نہیں ہے جینے میں ، اب مرنے سے پہچان کرو

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۱۹۷

۳۔ علم ؛ تجربہ ؛ تمیز ۔

ہر پہچان علم ہے خواہ وہ کسی شے سے متعلق ہو ۔

۱۹۰۵ سائنس و کلام ، ۱ : ۱۷

۴۔ علامت ، نشانی ۔

مرد نے اس کو پہلے نہ دیکھا ہو اور نہ کسی نے اس کی پہچان بتلائی ہو ۔

۱۸۶۶ تہذیب البیان ، ۴۷۱

۵۔ تاثر ، چھاپ ۔

اور جو ہمارے جذبات پر اثر انداز ہوتے ہیں یعنی ''تنسیخ'' اور پہچان دراصل پلاٹ ہی کے حصے ہیں ۔

۱۹۷۵ ارسطو سے ایلیٹ تک ، ۹۸

[س : ہرت + کشان [प्रति + ज्ञान]

— پانا محاورہ ۔

شناخت کرنا ، جاننا ۔

کرشمے لاکھوں ، ادائیں لاکھوں ، میں ان کو پہچان پاؤں کیوں کر
اڑا لیا دل کسی نے لیکن وہ کون ہے یہ بتاؤں کیوں کر

۱۹۲۵ شوق قدوائی ، فیضان شوق ، ۷۶

— پڑنا محاورہ ۔

شناخت ہونا ، صاف طور پر دکھائی دینا ، شناخت میں آنا ۔

ہزار بیبیوں میں بیٹھی ہو تو صاف پہچان پڑتی ۔

۱۸۸۵ فسانۂ مبتلا ، ۳۶

جب لفظ ہماری زبان میں آ گیا اور رس بس گیا تو وہ غیر زبان کا نہیں رہتا . . . وہ اگر اپنی اصلی زبان کی طرف جائے گا تو پہچان بھی نہ پڑے گا ۔

۱۹۳۷ خطبات عبدالحق ، ۱۰۷

— دینا محاورہ ۔

ہرکھنا ، تمیز کرنا ۔

اگر وہ اس وقت یہاں ہوتا تو اس جواہر کو دریافت کرتا اور اچھا برا پہچان دیتا ۔

۱۸۰۱ طوطا کہانی ، ۷۵

— کا/کی صف ۔

جانا پہچانا ، شناسا ۔

تیرا چہرہ بھی پہچان کا معلوم ہوتا ہے ۔

۱۸۹۰ کریم‌الدین مراد کے ڈرامے ، ۷ : ۳۶۴

— کرنا محاورہ ۔

شناسائی پیدا کرنا ۔

سابقہ ہم کو پڑا یار سے تب جان پڑا
بے وفا سے نہ کوئی جان کے پہچان کرے

۱۸۵۸ کلیات تراب ، ۲۵۶

— میں آنا محاورہ ۔

رک : پہچان پڑنا ۔

نزدیک ہے وہ سب سے جہاں اس سے بھرا ہے
جب چشم کھلی دل کی تو پہچان میں آیا

؟ اصغر (کلیات نظیر ، مرتبہ آسی ، ۲۰۱)

— میں نہ آنا محاورہ ۔

رک : پہچان نہ پڑنا ۔

چاروں طرف دیکھا وہ کون سی جگہ تھی جہاں ہونا ملا تھا پہچان میں نہیں آتی تھی ۔

۱۹۳۰ پریوں کی ہنڈیا ، ۲۹

— نہ پڑنا محاورہ ۔

ہیئت کذائی یا اصل شکل بدل جانا ، کسی چیز کی بری گت بن جانا ۔

مٹی کی تہیں جمتے جمتے دریوں کا یہ حال ہو گیا تھا کہ اصل رنگت پہچان نہ پڑتی تھی ۔

۱۸۸۵ فسانۂ مبتلا ، ۱۹۵

— ہونا محاورہ ۔

علم ہونا ، ادراک ہونا ۔

کہ اے جہاں پناہ ہرمز روم کا فرزند ہے اور انگوٹھی اور رومال وسکا پہچان ہے ۔

۱۸۰۰؟ قصہ گل و ہرمز ، ۱۱۶

چماری اور نیچ قوم عورت ، لباس ، رفتار گفتار سے اول پہچان ہوتی ہے ۔

۱۹۳۰ مس عنبرین ، ۵۸

پہچانا نہ جانا محاورہ ۔

رک : پہچان نہ پڑنا ۔

دور تجھ سے میر نے ایسا تعب کھینچا کہ شوخ
کل جو میں دیکھا اسے مطلق نہ پہچانا گیا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۳۶

پہچانت (فت پ ، سک ہ ، ن) اسث .

۱. معرفت ، شناخت .
اے پہچانت کسی پیمبر کوں نہں ہوا .

۱۴۲۱ بندہ نواز ، معراج العاشقین ، ۱۵

۲. رک : پہچان (۱) .
سیونوں کے دوڑاو اور دونوں تالووں کی جگہ اور شکل کی پہچانت سے بہت فائدہ ہوتا ہے .

۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۱۶

[پہچان (رک) سے]

پہچاننا (فت پ ، سک ہ ، ن) ف م .

۱. جاننا ، شناخت کرنا ، معرفت و آگہی حاصل کرنا .
فرماں برداری خدا کی ، موافق اپنی حکم رانی کے ، لازم پہچانے .

۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۱۳

حق تعالی جل شانہ کی شان ایسی نہیں کہ سوا اس کے کوئی اسے پہچان سکے .

۱۸۸۷ خیابان آفرینش ، ۲

ملی ہے خاک اس میں کیسے کیسے اہل نخوت کی
یہ مٹی ہے ، اسے پہچان رکھو ماومن والو

۱۹۲۷ شاد عظیم آبادی ، میخانۂ الہام ، ۲۴۹

۲. شناخت کرنا .
دور تجھ سے میر نے ایسا تعب کھینچا کہ شوخ
کل جو میں دیکھا اسے مطلق نہ پہچانا گیا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۳۶

ہیں سر سے قدم تک الم و درد کی تصویر
واللہ کہ پہچانے نہیں جاتے ہیں شبیر

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۲ : ۳۸۹

۳. واقف ہونا ، جاننا .
شہیدوں میں مرا بھی نام مثل روز روشن ہے
مجھے پہچانتا ہے ذرہ ذرہ کوئے قاتل کا

۱۹۱۸ سحر (سراج میر خان) ، بیاض سحر ۶۶

۴. تمیز کرنا ، امتیاز کرنا ، رک : پہچان دینا (علمی اردو لغت) .

[رک : پہچان]

پہچانوانا (فت پ ، سک ہ ، ن) ف م ؛ ~ پہچنوانا .

پہچاننا (رک) کا تعدیہ .
اور میں نے اس کو پہچانوایا کہ میں کون ہوں .

۱۹۴۴ چپو ، ۱۳۵

پہچاونا (فت پ ، ضم ہ ، سک و) ف م . (قدیم)

۱. رک : پہنچانا .
کھاناں روز مرہ درخت کے تلے پہچاوتے ہیں بادشاہ اس جنگل میں رہتا ہے .

۱۷۴۶؟ قصۂ مہر افروز و دلبر ، ۸۰

۲. رسم مشایعت ادا کرنا ، مہمان کی تعظیم کے لئے رخصت کرتے وقت کچھ دور اس کے ساتھ جانا یا سواری تک پہچانا (ماخوذ : نوادرالالفاظ ، ۱۳۴) .

پہچل (فت پ ، سک ہ ، فت چ) اسث .

قدموں یا پیروں کی آواز . آوازپا .
کس قیامت کا تہ قبر یہ سناٹا ہے
کوئی آہٹ ہے نہ پہچل نہ کسی کی آواز

۱۹۱۴ احسن الکلام ، ۲۰۳

[غالباً پا (= پیر) + چل ، چلنا (رک) سے]

پہچنا (فت پ ، ضم ہ ، سک چ) ف ل .

رک : پہنچنا .
چاند کی مناسبت دیجئے سو چاند جو دلبر کی خوبی کو نہ پہچا .

۱۷۴۶؟ قصۂ مہر افروز و دلبر ، ۱۸۷

پہچنوانا (فت پ ، سک ہ ، فت چ ، سک ن) ف م .

پہچاننا (رک) کا تعدیہ .
سیاہ تختے پر مختلف حروف اور مرکبات لکھ لکھ کے ان سے پہچنوائے جائیں .

۱۸۸۹ دستورالعمل مدرسین ، ۲۹

ان کے کلام میں اکثر غلطیاں ہو گئی ہیں تو ہم پہچنوائے دیتے ہیں تاکہ محل غلط کا سمجھ لیا جائے .

۱۹۲۵ حکمۃ الاشراق ، ۱۶۹

پہچی (فت پ ، ضم ہ) اسث .

رک : پہنچی .
پیروں کی و مرواریدوں کی جہانگیری . . . . و پہچی ہاتھ میں پہنتا ہے .

۱۷۴۶؟ قصۂ مہر افروز و دلبر ، ۱۸۶

پہڈا (ضم پ ، فت ہ ، شد ڈ) اسذ .

طاقچہ یا گڑھا جو پانو رکھنے کے واسطے کسی دیوار یا کنوئیں میں بنا دیتے ہیں تاکہ اترنے چڑھنے میں آسانی ہو ، پہوڈا (نورالغات ؛ جامع اللغات)

[رک : کھڈا]

پہر (ف ت پ ، ہ) امذ .

۱. دن رات کا آٹھواں حصہ ، رات یا دن کا چوتھائی حصہ ، تین گھنٹے .

چار پہر برقرار ہونچ رہیا تھا سنجار
غرب کے کونے منے ڈول و بایا رسن

۱۵۱۸ لطفی (سہ ماہی ، اردو ، کراچی ، اکتوبر ۱۹۵۰ء ، ۴۴)

آہلوچ سے بچن سب لب کے طبق بھرا کر
لذت لگا رسن میں چاروں پہر جگاتی

۱۶۷۲ شاہی ، ک ، ۱۶۹

ہندوستانی وقت کے پیمانے : ۔ ۔ ۔ ۷½ گھڑی = ۱ پہر = ۳ گھنٹہ .

۱۸۵۶ علم حساب ، ۱۲۵

ان کے جاتے ہی یہ وحشت کا اثر دیکھا کیے
سوئے در دیکھا تو پہروں سوئے در دیکھا کیے

۱۹۶۸ قمر ، اوج قمر ، ۱۱۵

۲. پہرے کا وقت ، نوبت .

ایسا خوف کھاتا کہ پہر کے بجتے ہی چلا آتا .

۱۸۰۲ نثر بے نظیر ، ۵۱

۳. وقت ، زمانہ ، دور .

کسی کا کیا دوش پہر ہی ایسا چڑھا ہے .

۱۹۶۹ شبدسا گر ، ۶ : ۲۹۰۶

[س : پربرہ : प्रहर]

— بجانا محاورہ .

پہر بجنا (رک) کا تعدیہ ، گھنٹہ بجانا .

شب و صلت میں گھڑیالی ہمیں کیا کیا رلاتا ہے
گھڑی بھر رات آئی ہے پہر ظالم بجاتا ہے

۱۸۶۵ دیوان نسیم دہلوی ، ۲۱۷

— بجنا محاورہ .

ایک پہر گزرنے کی اطلاع کے واسطے نوبت گھنٹہ یا گھڑیال بجنا .

سوچ میں بیٹھی تھی وہ خستہ جگر
کوئی بولی کہ لو بجا وہ پہر

۱۸۸۵ مثنوی عالم ، ۴۷

کوئی بھی دن ایسا ہوتا ہوگا کہ تین پہر بجے کے پہلے وہ گھر آتا ہو .

۱۹۱۶ اتالیق بی بی ، ۵

— بیٹھنا محاورہ .

خاموش رہنا ، چپ بیٹھنا (علمی اردو لغت) .

— بھر (— ف ت بھ) امذ .

پورے تین گھنٹے ، سارا پہر ، ایک مقررہ وقت .

بہت خوب بات ہے ہر ایک پہر بھر جاگے پھر دوسرے کو اٹھادے .

۱۸۴۵ حکایت سخن سنج ، ۶۶

پھر اس ہانڈی کو چولھے پر رکھ کر اس کے نیچے آنچ کریں اور پہر بھر نرم آنچ کریں .

۱۸۴۵ ترجمہ مجمع الفنون ، ۱۹۵

[پہر + بھر (رک)]

— دن (— کس د) امذ .

دن کے پہلے یا پچھلے تین گھنٹے ، دن کا پہلا یا پچھلا پہر .

جب ایک پہر دن گزر چکا تو وہ کیا دیکھتے ہیں کہ سمندر میں تلاطم اٹھا .

۱۹۴۰ الف لیلہ و لیلہ ، ۱ : ۶

اف : باقی رہنا ، گزرنا .

[پہر + دن (رک)]

— دن چڑھنا محاورہ .

دن کا پہلا پہر گزر جانا .

پہر دن چڑھے اعلیٰ حضرت بسم اللہ کہہ کر سوار ہوئے .

۱۸۹۰ فسانۂ دل فریب ، ۱۹

جب ایک پہر دن آجاتا ، یہ پہر دن چڑھنے کی نوبت کہلاتی .

۱۹۲۶ شرر ، مشرقی تمدن کا آخری نمونہ ، ۳۱۷

— رات امث .

رات کے پہلے یا پچھلے تین گھنٹے ، رات کا پہلا یا پچھلا حصہ .

آ جو ملنا ہے تو مل لے تو کہ فرصت ہے مفت
ایک چشمک میں مری جان یہ پہر رات نہیں

۱۷۹۵ قائم ، ک ، ۱ : ۱۳۱

صبح سے پہر رات گئے تک جہاں چاہو ہوجاؤ .

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۷۰۲

اف : آنا ، باقی رہنا ، جانا ، گزرنا ، ہونا .

[پہر + رات (رک)]

— کٹنا محاورہ .

پہر گزرنا یا بسر ہونا .

ایک ایک گھڑی روز قیامت سے بڑی ہے
کس طرح کٹیں چار پہر ہجر کی شب کے

۱۹۰۰ امیر مینائی (نوراللغات)

پہر/پہروں چڑھے (ف پ ، ٥/سک ٥ ، و مج ، ف چ) م ف .

جب سورج خاصا اونچا ہوچکا ہو ، صبح ہونے پر .

بیگم . . . مینا بازار میں تشریف لے گئیں ، آج وہاں پہروں چڑھے ہی بڑا مجمع ہوگیا تھا .

۱۹۲۵ مینا بازار ، شرر ، ۸۴

پہرا (۱) (ف پ ، سک ٥) اسذ ؛ ~ پہرہ .

۱. نگہبانی ، پاسبانی .

مقصود میں ہور یک دھروں ناغہ پکڑنے کو ڈروں
ہر رات آ پہرا کروں جم راج کر اے راج توں

۱۶۷۸ ؟ غواصی ، ک ، ۷۶

عجب ان خفتگان خاک کی ہے نیند بے کھٹکے
بڑے آرام سے سوتے ہیں چوکی ہے نہ پہرا ہے

۱۸۲۴ مصحفی ، انتخاب رام پور ، ۳۰۰

. . . میری بیٹی تھی اور میں اس پر سخت پہرا رکھتا تھا .

۱۹۴۳ الف لیلہ و لیلہ ، ۴ : ۱۰۳

۲. (مجازاً) وہ جگہ جہاں پہرے کے لیے سپاہی متعین ہوں ، چوکی .

پہروں ہر جا بجا یہ پوچھوایا کچھ ٹھکانا انگوٹھی کا نہ لگا

۱۸۵۷ بحر الفت ، ۲۳

پہرے پہ کھڑے تھے ہر طرف بھیل
شہ زور ، سیاہ رو ، گراں ڈیل

۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۱۶۴

۳. پہرے دار ، محافظ ، سنتری ، نگہبان ، دربان .

خصوصاً مرا حال تھا یہ کیا
کہ پہرا ہر اک سمت پر تھا کھڑا

۱۸۵۹ حزن اختر ، ۳۸

دریا پہ بھی ڈرسے کوئی پہرا نہیں جاتا
بھاگھڑ میں یہ ہے شور کہ ٹھہرا نہیں جاتا

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۱ : ۱۳۱

فوجیں تھیں ، پہرے تھے ، در و دیوار سنہرے تھے .

۱۹۱۲ سی پارۂ دل ، ۲۵

۴. خصوصی نگہبانی یا احراز کے لیے فوج یا پولیس کا دستہ .

وہ بڑا کمرا جس میں ہال تھا ، نہایت عمدہ آراستہ تھا اور گارڈ آف آنر کا پہرا موجود تھا .

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، سرسید ، ۲ : ۴۳۶

حکام نے وہیں سے حکم دیا کہ پہرا محل سے ہٹ جائے .

۱۹۰۲ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۳ : ۳۲۸

۵. رک : پہر .

سوتوں کو پچھلے پہرے بھلا کیوں پکاریے
دروازہ کھلنے کا نہیں گھر کو سدھاریے

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۷۶

ہر پہرے پر نوبت بجوانا .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۲۷۸

۶. زمانہ ، وقت ، دَور .

کہیں کبیر سنو بھائی سادھو ایسا پہرا آ ویگا
بہن بھانجی کوئی نہ پوچھے سالی نیوت جماویگا

۱۵۱۸ کبیر (شبد ساگر)

خاکساری میں بھلا کیا چمکے رنگ شاعری
ہے ترا گھٹنے کا پہرا مثل اختر بیٹھ رہ

۱۸۲۴ مصحفی ، د (ق) ، ۵۰

سلطنت کے ابتدائی زمانے میں لگان کی مقدار چونکہ کم ہوتی ہے اس لیے زمینیں زیادہ اٹھتی ہیں . . . اور جب سلطنت کا آخری پہرا آتا ہے تو لگان کے بڑھ جانے . . . سے آمدنی بہت کم ہو جاتی ہے .

۱۹۰۴ مقدمہ تاریخ ابن خلدون ، ۲ : ۱۸۹

۷. گشت ، نگہبان سپاہیوں کا دستہ .

پہرا پھرتا ہے . . . تب کہیں آپ آتے ہیں .

۱۹۱۶ اتالیق بی بی ، ۵

۸. حراست ، قید (جامع اللغات) .

اف : آنا ، پھرنا ، کرنا ، لگنا ، لگانا ، ہونا .

[س : پر ہر + क: کہ]

— اٹھانا محاورہ .

پہرے چوکی کا موقوف کرنا ، سنتری کو ہٹا دینا ؛ ناکہ بندی ختم کر دینا .

ہم لوٹتے ہیں دولت دیدار بے دھڑک
زلفیں اٹھائیں تم نے کہ پہرا اٹھالیا

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۳۷

— اُٹھنا محاورہ .

پہرا اُٹھانا (رک) کا لازم .

نہ آنے پائے خوشی عمر بھر مرے دل میں
یہاں سے داغوں کا پہرا نہ جان جاں اٹھا

۱۸۹۶ شرف (آغا حجو) (نوراللغات)

— بٹھانا محاورہ .

ناکہ بندی کرنا ، حفاظت کے خیال سے محافظوں کا کسی جگہ متعین کرنا (مجازاً) کسی کام سے روکنا .

خفا جو آپ ہیں مستوں کے آنے جانے پر
بٹھائے کیا کوئی پہرا شراب خانے پر

۱۸۵۴ ریاض مصنف ، ۱۶۲

چونکہ شہر پر حملے کا اندیشہ تھا ، ہر طرف پہرے بٹھادیے گئے .

۱۹۱۱ سیرۃ النبی ، ۱ : ۳۴۲

— بٹھلانا محاورہ .

رک : پہرا بٹھانا .

سنتا ہوں محتسب نے کیا میکدے کو قرق
بٹھلا دیا یزید نے پہرا فرات پر

۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۸۶

میں چاہت جتانے ہی اک چور ٹھہرا
نگاہیں بدلتی ہیں بٹھلا کے پہرا

۱۹۳۸ سریلی بانسری ، ۱۰

— بدلنا محاورہ .

سپاہیوں کے ایک دستے کی جگہ دوسرے دستے کا آنا ، چوکی بدلنا .

اسی حساب سے پہلے زمانے میں پہرا بدلتا تھا .

۱۹۶۴ غالب کون ہے ، ۱۵۱

— بدلوانا محاورہ .

پہرا بدلنا (رک) کا تعدیہ (نوراللغات ؛ علمی اردو لغت) .

— بندی (— ف ب ، ک ن) امث .

ناکہ بندی ، نگرانی .

چو طرف پہرہ بندی تھی .

۱۹۶۰ رادھا اور رنگ محل ، ۴۹

[پہرا + بندی (رک)]

— بیٹھنا محاورہ .

پہرا بٹھانا (رک) کا لازم .

ہنوز بدستور پہرا بیٹھا ہوا ہے اور کوئی جانے نہیں پاتا .

۱۸۶۲ خطوط غالب ، ۴۳۷

آ نہیں سکتی خزاں اس میں کہ ہے بیٹھا ہوا
طالع بیدار کا پہرا حمایت باغ میں

۱۹۱۵ جان سخن ، ۲۲۹

— پھرنا محاورہ .

رک : پہرا بدلنا .

لو صاحب بارہ بجے رات تک خود ہی بٹھال رکھتے ہیں۔ پہرا پھرتا ہے جی کانپا جاتا ہے۔ تب کہیں آپ آتے ہیں .

۱۹۱۶ اتالیق بی بی ، ۵

— چوکی (— ولین) امذ .

دیکھ بھال ، نگرانی ، نگہداشت .

غدر سے بہت دنوں بعد تک شہر کے دروازوں پر پہرے چوکی کا ایسا سخت انتظام رہا کہ بے تلاشی کوئی گزرنے نہیں پاتا تھا .

۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۳۸

اس راز میں ایسا پہرا چوکی ہے جیسے کسی بنک کے خزانہ پر ہوتا ہے .

۱۹۳۱ خونی راز ، ۱۱

[پہرا + چوکی (رک)]

— چوکی بٹھانا محاورہ .

محافظوں کا مقرر کرنا (نوراللغات ؛ علمی اردو لغت) .

— چوکی دینا محاورہ .

محافظت کرنا ، پاسبانی کرنا .

پاسباں لیتا ہے تنخواہ بھی رشوت بھی بہت
دو یہ خدمت ہمیں دیں مفت میں پہرا چوکی

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۷۸

— دار امذ ؛ صف .

۱. محافظ ، دربان ، چوکی دار .

پہرہ دار نے کہا کہ آج حکم نہیں ، آگے آپ مالک ہیں .

۱۸۸۰ آب حیات ، آزاد ، ۲۸۹

جگہ جگہ سنگی پہرہ دار کھڑے کر دیئے ہیں جو راستہ چلنے والے کو بتاتے ہیں کہ کتنا راستہ طے کیا اور کتنا باقی ہے .

۱۹۱۲ سی پارۂ دل ، ۱۷

۲. دکنی کاغذ کی ایک قسم .

دولت آباد کا محلہ کاغذی پورہ کاغذ کے لیے پورے ہندوستان میں مشہور تھا ، جہاں شربتی ، پہرہ دار اور دولت آبادی نام کے کاغذ تیار ہوتے تھے .

۱۹۷۳ پس نظر میں پھول مہکے ، ۱۰

[پہرہ + دار (رک)]

— داری امث .

پہرا دار (رک) سے متعلق ، پہریدار کی خدمت .

پہرہ داری اور خلاف ورزی قانون معرض التوا میں ڈال دی جائے .

۱۹۲۱ رپورٹ نیشنل کانگریس ، ۱۱۳

[پہرہ دار (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

— دینا محاورہ .

رکھوالی کرنا ، پاسبانی کرنا ، محافظت کرنا .

اندھیری رات میں مجنوں کو جنگل بیچ کیا ڈر ہے
پیپہا کو کلا دیں ہن میں مل کے ہر گھڑی پہرا

۱۷۱۸ دیوان آبرو (ق) ، ۹

کون سا ترک نصاریٰ آ کے ٹھہرا باغ میں
ہر روش پر دے رہا ہے سرو پہرا باغ میں

۱۸۴۰ امیر اکبر آبادی ، د ، ۱۰۰

ایک صحابی . . . رات کو میدان جنگ میں ایک پہاڑ پر پہرہ دینے کے لیے متعین تھے .

۱۹۳۲ سیرۃ النبی ، ۳ : ۵۴۵

— قائم کرنا محاورہ .

رک : پہرا بٹھانا .

معراج نے کہا کہ یا امیر دروازوں پر پہرہ قائم کرائیے تا کہ نہ کوئی اندر آ سکے اور نہ باہر جا سکے .

۱۹۱۷ گلستان باختر ، ۳ : ۱۳۶

— کرنا محاورہ (قدیم) .

حراست میں لے لینا ، گھیرے میں لینا ، نظر بند کر دینا .

مقصود میں ہور یک دھروں ناغہ پکڑنے کرڈروں
ہر رات آ پہرہ کروں جم راج کرائے راج توں

۱۶۷۸؟ غواصی ، ک ، ۷۶

محمد علی خاں پہ پہرا کیا تقید بہت ان پہ گہرا کیا

۱۷۹۴ جنگ نامہ دو جوڑا (ق) ، ۲

— کھڑا کرنا محاورہ .

رک : پہرا بٹھانا .

دروازے پر پہرے کھڑے کر دیتے تھے کہ مستند اور سخن فہم لوگوں کے سوا کسی کو آنے نہ دو .

۱۸۸۰ آب حیات ، آزاد ، ۵۴۷

غریب نے . . . پہرے کھڑے کر کے رات گزاری .

۱۹۳۳ الف لیلہ و لیلہ ، ۵ : ۲۹ .

— گیری کرنا محاورہ .

رک : پہرا دینا .

اسد دروازے کی پہرہ گیری کرتا ہے .

۱۹۰۸ سلور کنگ ، ۳۱

— لگانا محاورہ .

۱. سنتری تعینات کرنا ، محافظ مقرر کرنا (جامع اللغات) .

۲. قید اور پابندی عائد کرنا .

ہندوستانی تحریر و تقریر کی آزادی پر پہرے لگا دیے .

۱۹۲۱ لڑائی کا گھر ، ۱

— لگنا محاورہ .

پہرا لگانا (رک) کا لازم .

سپاہیوں کا پہرہ لگا ہوا ہے .

۱۹۲۰ بزم آخر ، ۵۸

— نکلنا محاورہ .

محافظوں کا گشت کرنا ، حراست یا حفاظت کے لیے چوکی سے روانہ ہونا .

نکلا ہے تری مرد مک چشم سے پہرا
سنگین مگر اے بت خونخوار ہیں آنکھیں

۱۸۶۷ رشک (نوراللغات)

پہرا (۲) (ف پ ، سک ہ) امذ .

ہیر رکھنے کا پھل ، آنے جانے کا نیک و بد شگون (اچھا ، برا بھاری اور ہلکا کے ساتھ مستعمل) .

وہ خار گلستاں ہوں جہاں پاؤں رکھوں
سمجھ سبز قدم کا یہ برا پہرا ہے

۱۸۷۶ سخن بیمثال ، ۱۵۶

[رک : پاو (= پیر) + را ، لاحقۂ نسبت ؛ رک : پیرا]

پہراں (ف پ ؛ سک ہ) امذ (قدیم) .

رک : پہرا (۱) .

سو دھن کے دو کُچ پر گُھر چھاے ہیں
کہ پہراں پہ تارے اپر آے ہیں

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۹۶

پہرانا (ف پ ، سک ہ) ف ل (قدیم) .

پہرنا (رک) کا تعدیہ ؛ رک : پہنانا .

غسل دے اوسے آب فارغ ہو کر
پہرایا پیراہن سفید تن اوپر

۱۶۹۳ وفات نامہ بی بی فاطمہ (ق) ، ۸

پہراوا (فت پ ، سک ہ) امذ (قدیم) .

پہناوا ، لباس ، پوشاک .

اس کو سکھایا ہم نے بنانا ایک تمہارا پہراوا کہ بچاؤ ہو تم کو تمہاری لڑائی سے .

۱۷۹۰ ترجمہ قرآن مجید (شاہ عبدالقادر) ، ۳۱۴

[پہرنا (رک) سے]

پہراونی (فت پ ، سک ہ ، و) امث .

۱. وہ پہناوا یا پوشاک جو کوئی شخص خوش ہو کر اسے بخش دے ، وہ پوشاک جو کوئی بڑا چھوٹے کو دے ، خلعت ، (ماخوذ : شبد ساگر) .

۲. وہ جوڑا (لباس) جو بیاہ میں رشتے دار عورتوں کو پہنایا جائے (فرہنگ آصفیہ ؛ جامع اللغات) .

۳. وہ عورت جو بیاہ میں مہمانوں کو جوڑے پہنائے (فرہنگ آصفیہ ؛ جامع اللغات) .

[پہرنا (رک) سے]

پہرنا (فت پ نیز کس ، فت ہ ، سک ر) ف م (قدیم) .

رک : پہننا .

خورشید لے کے منھ پہ شفق شرم سوں چھپا
نکلا ہے جب پہر وو لباس زری کے تئیں

۱۷۰۷ ولی ، ک (ق) ، ۱۷۹

[ہ : پہرنا पहिरना]

پہرو (فت پ ، سک ہ ، و مع) امذ .

رک : پہروا (ہندی اردو لغت ؛ شبد ساگر ؛ پلیٹس) .

پہروا (فت پ ، سک ہ ، فت ر) امذ .

گھڑیال بجا کر وقت کا اعلان کرنے والا ، گھڑیالی ، پاس بان ، پہریا ، پہرو (ا پ و ، ۱ : ۱۶۴ ؛ پلیٹس) .

[رک : پہر + وا ، لاحقۂ صفت]

پہروآ (فت پ ، سک ہ ، و مع) امذ .

۱. (کاشت کاری) کھیتی کی رکھوالی کرنے والا ، نگہبان جو اس (کھیتی) پر موجود رہے (ا پ و ، ۶ : ۴۰) .

۲. سنتری ، محافظ ، نگہبان ، چوکیدار ، پہری (شبد ساگر) .

[س : پرپر + آوکہ : प्रहर + उक]

پہرہ (فت پ ، سک ہ ، فت ر) امذ .

رک : پہرا .

رقیبوں کا ہے پہرہ اس کے در پر رات دن پروین
کبھی بھولے سے بھی صاحب سلامت ہو تو کیونکر ہو

۱۹۱۳ دیوان پروین ، ۱۱۱

پہری (۱) (فت پ ، سک ہ) امث .

پہر (رک) کی تصغیر .

چوتھی پہری میں زاہد سوں عاجزی کا طرف قبلہ کے لایا ، دعا کیا .

۱۶۰۵ طوطی نامہ (اردو شہ پارے ، ۱ : ۳۲۷)

پہری (۲) (فت پ ، سک ہ) امذ .

۱. پہرے دار ، چوکی دار ، محافظ ، گانو کا چوکیدار جو بطور ملازم یا بیغامبر استعمال کیا جائے (پلیٹس) .

۲. ایک ذات جس کا کام پہرا دینا ہوتا تھا (شبد ساگر) .

[س : پرپر पहरिन]

پہرے (فت پ ، سک ہ) امذ .

پہرا (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .

— بٹھانا محاورہ .

۱. رک : پہرا بٹھانا ؛ رک : پہرا لگانا معنی نمبر ۱ .

محشر خرام تم جو نہیں ہو تو کون ہے
فتنوں کے پہرے کس نے بٹھائے ہیں راہ میں

۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۱۲۷

قدرت نے بے پروائی کے ایسے کڑے پہرے بٹھا دیئے ہیں کہ شکستہ دل اور خستہ جگر عشاق . . . تڑپ تڑپ کے رہ جاتے ہیں .

۱۹۲۳ مضامین شرر ، ۱ : ۱۵۹

۲. رک : پہرا بٹھانا ؛ رک : پہرا لگانا معنی نمبر (۲) روکنا ، پابندی لگانا .

میں نے آپ کی طرح آپ کی زبان سے نکلنے والے ایک ایک حرف پر پہرے بٹھا دیے .

۱۹۲۶ مسئلۂ حجاز ، ۲۳۳

— بیٹھنا محاورہ .

پہرے بٹھانا (رک) کا لازم .

چھپ چھپ کے دیکھنے کی ہی صورت نہیں رہی
بیٹھے ہیں پہرے یار کی محفل کے آس پاس

۱۹۲۲ بے نظیر شاہ ، کلام بے نظیر ، ۷۹

— پر کھڑا ہونا محاورہ .

محافظ ہونا ، نگراں ہونا ، نگرانی کرنا .

کھانے پینے کی چیز کیونکر آئے
خود بدولت کھڑے ہیں پہرے پر

۱۸۸۱ منیر (نور اللغات)

— دار صف ؛ امذ .

چوکی دار ، محافظ ، دربان ، رکھوالا ، پاسبان .

مراد اسی گھنٹے سے ہے جو پہرے دار بجایا کرتے تھے .

۱۹۶۴ غالب کون ہے ، ۱۵۱

[پہرے + دار ، لاحقۂ صفت]

— داری امث .

نگہبانی ، پاسبانی ، حفاظت (علمی اردو لغت) .

[پہرے دار (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

— کا روز نامچہ (—و مج ، سک ز ، سک م ، فت چ) امذ .

پولیس کی ایک کتاب ہے جس میں روز مرہ پہرے والوں کی کیفیت پہرہ وغیرہ درج ہوتی ہے (اردو قانونی ڈکشنری ، ۱۴۲) .

— کھڑے کر دینا/کرنا محاورہ .

رک : پہرے بٹھانا .

شہر کے پھاٹکوں پر پہرے کھڑے کر دیئے گئے کہ کوئی زن و مرد ان ظلموں سے بچنے کے لیے بھاگنے نہ پائے .

۱۹۱۷ مسیح اور مسیحیت ، ۱۱۹

— لگانا محاورہ .

پہرے لگنا (رک) کا تعدیہ .

دوسرا اثر . . . آزادی پر پہرے لگا دیے .

۱۹۲۱ توپ خانہ ، ۱

— لگنا محاورہ .

پابندیاں عائد ہونا ، بہت دیکھ بھال ہونا ، رک : پہرا لگنا .

سہوں میں کب تک یہ گھاؤ گہرے ، لگے ہیں ہونٹوں پہ چپ کے پہرے
کئے ہیں چاہت نے کان بہرے ، بہت نہ باتیں بناؤ بس بس

۱۹۳۸ سریلی بانسری ، ۵۷

— میں م ف .

قید یا حراست میں ، نگرانی میں ؛ حفاظت یا نگہبانی میں ، روک تھام میں ، بندش میں .

ہے سزا دل کی جو زلفوں کے گیا پہرے میں
شب کو کیوں نکلا اکیلا جو پھنسا پہرے میں

۱۷۹۰ حسن دہلوی ، (میر غلام حسن) ، گلشن ہند ، ۹۳

— میں بٹھانا محاورہ .

رک : پہرے میں دینا (فرہنگ آصفیہ) .

— میں پڑنا محاورہ .

کسی کی محافظت میں دیا جانا ، کسی کے حوالے کیا جانا (پاٹس) .

— میں دینا محاورہ .

حوالات بھیجنا ، حراست میں دے دینا ، بند کردینا ، قید کردینا (فرہنگ آصفیہ ؛ مخزن المحاورات ، ۲۷۶) .

— میں رکھنا محاورہ .

رک : پہرے میں بٹھانا (اردو قانونی ڈکشنری ، ۱۴۱) .

— میں ہونا محاورہ .

حراست میں ہونا ، حوالات میں ہونا .

مایۂ عیش و طرب کم ہو نہ کیونکر اے عشق
بخت خوابیدہ کے پہرے میں ہے اسباب اپنا

۱۸۷۳ کلیات منیر ، ۳ : ۲۰۱

— والا صف ، امذ .

رک : پہرے دار .

نہیں پہرے کو پہرے والے ابھی
مگر بھونک اٹھتے ہیں کتے کبھی

۱۹۳۲ بے نظیر شاہ ، کلام بے نظیر ، ۳۰۹

پہریا (فت پ ، ہ ، سک ر) امذ ؛ صف .

رک : پہروا ، گانو کا چوکیدار (پلیٹس) .

پہڑ (فت پ ، ہ) امذ ؛ (قدیم) .

پہاڑ (رک) کی تخفیف .

جو یک سنگ سٹے اس پہڑ پرے کوے
تو بھیں پور اسمان مل ایک ہوے

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۵۰

پہسوکر (فت پ ، سک ہ ، و مج ، فت ک) امذ .

جھاگ ، پھین .

اس پتے پر جہاں وہ ہوگا سفید سفید لعاب یعنی پہسوکر جس کو جھاگ بھی کہتے میں جمع ہوگا .

۱۹۲۵ محب المواشی ، ۱۸

[مقامی ؟]

پھکا (ف پ ، سک ،) امذ .

توڑ ، شکست .

ہوں خسرو محبت کی آئین کا
دیکھاؤں پھکا عشق شیرین کا

۱۶۸۲ رضوان شاہ و روح افزا (اردو شہ پارے ، ۱ : ۲۵۲)

[، : پھسکنا फसकना (رک) سے]

پھکارنا (ضم پ ، سک ، ر) ف م (قدیم) .

رک : پھنکارنا .

دیکھ رے انکاراں کی جنوں دونگراں
جو پھکارتے ہیں سدا اجگراں

۱۶۹۹ نور نامہ ، ۱۸

پھل (۱) (ف پ ،) امذ .

۱. دھنکی ہوئی روئی کا پرت ، گالا .

اس کی روئی دھنکی جائے گی ، دیکھیے کہاں کہاں پھل اڑ کر جائیں .

۱۸۹۲ لکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۳۵۵

بعد اس کے ایک روئی کا پھل نکال کر اس تھیلی کو روئی میں لپیٹا .

۱۹۰۸ آفتاب شجاعت ، ۵ : ۹۱۹

۲. روئی یا اون کی جمائی ہوئی تہ ، روئی ، نمدہ وغیرہ (بغور مرہم کا روئی وغیرہ کا) پھایا یا پھایا جس کو زخم پر رکھتے ہیں اور سینکائی کرنے کے بھی کام آتا ہے .

اس معشوق کو صندوق سے نکال کر روئی کے پھلوں پر ملائم بچھونا کرکے ایک گوشے میں لٹایا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۴۶

جانب دل ہے مرے آہ شرر بار کا گھر
روئی کے پھل سے سینکو نہ ادھر کا پھلو

؟ میر خلیق (سراپا سخن ، ۴۴۲)

انہوں نے دو پھل نمدے کے لے کر آپ کے گالوں کو چمٹا دیے .

۱۸۶۵ مذاق العارفین ، ۴ : ۲۴۳

ایک روئی کا پھل لے کر اس کو تار میں باندھا اور سرخ اس کو رنگا اور اس روئی کے پھل کو بالکل ابر کی ایسی صورت بنایا .

۱۸۹۰ طلسم ہوشربا ، ۴ : ۶۴۸

[س : پھلکہ फलक ؟]

— بنانا/تیار کرنا محاورہ .

دھنی ہوئی روئی کو پھیلا اور دبا کر ہم سطح اور اچی بنانا .

ذرا تھپکی بڑی پھل تیار .

۱۹۳۵ داودہ پنچ ، لکھنؤ ، ۲۰ ، ۶ : ۳

پھل (۲) (ف پ ،) امث .

۱. ابتدا ، شروع ، آغاز ، پیش قدمی .

یہ پھل بھی اسی جانب سے ہوئی خوب ہوا
بخدا جان مصیبت سے چھٹی خوب ہوا

۱۸۶۸ واسوخت عاشق (شعلۂ جوالہ ۲ : ۶۷۰)

انہیں کی خاطر سے ہندوؤں کی ایک خاص رسم سلونو کی شاہی محل میں پھل ہوئی .

۱۹۳۳ مغل اور اردو ، ۱۰۵

۲. پہلے ، گزرے ہوئے زمانے میں .

تمہاری جو ایک بات مانے نکو
پھل جو کیا ہو سبھی میٹ دو

۱۷۶۹ آخر گشت (ق) ، ۱۵۱

۳. پہلا ، پہلی .

داو ین آنک سوں بوند دو پھارا آ
پھل بوند میانے اسرافیل ہوا

۱۶۹۹ نور نامہ ، ۹

ان کی ایک اچھی مثال . . . . کیڑوں کا پھل روپ ہے .

۱۹۴۲ حیوانیات ، ۷۲

[س : प्रथम + इल : پرتھم + الہ]

— پھلونٹھی (— ف پ ، سک ، و مج ، مغ) امث .

رک : پہلا ، پھل معنی نمبر ۳ .

پھل پھلونٹھی کا لڑکا باپ کے نام پر اس کا نام نہ رکھا جائے تو ہے نا بدنامی .

۱۹۳۸ دلی کا سنبھالا ، ۷۶

[پھل + پھلوٹی ، پھلونٹی (رک)]

— چھالا ہے مقولہ .

اس برسات کا پہلا مہینہ ہے (جامع اللغات) .

— چھلا (— ف چ ، شد ل) امذ ~ چھلا ، چھلا .

(موسمیات) پہلی بار ہلکی بارش ہونے کی ایک عوامی اصطلاح .

پنجاب کے کچھ خوش نصیب علاقوں میں . . . . . اوسطاً دس سال میں سات بار بارش برس جاتی ہے جسے عوامی اصطلاح میں پھل چھلا کہا جاتا ہے .

۱۹۷۲ جھوک سیال ، ۱۵۴

[پھل + چھلا ، چھال (رک) سے]

— کا صف .

ابتدائی ، پہلا (رک : پھل کا کرٹ) .

— کا کوٹ (— و مج) امذ .

پہلی دفعہ مسالے سے لکڑی کی درزیں بند کرنا (عملی اردو لغت).

— کرنا محاورہ .

سبقت لینا ، ابتدا کرنا ، آغاز کرنا ، کسی چیز کو اول ہاتھ لگانا ؛ پہلا وار کرنا .

جب تو یہ جانتی ہے تو پھر مجھے کیوں پریشان کرتی ہے؟ تو ہی پہل کر .

۱۹۵۹ وہی ، ۲۲

— ہونا محاورہ .

پہل کرنا (رک) کا لازم ، ابتدا ہونا ، آغاز ہونا .

حضرت علیؑ نے ابتدا لڑائی کی نہیں کی تھی اور پہل دشمن کی طرف سے ہوئی تھی .

۱۹۱۶ محرم نامہ ، ۱۶۳

پہل (۳) (فت پ ، ہ) امث .

آلو ہونے کے لیے تیار کی ہوئی کیاری (ا پ و ، ۶ : ۴۰) .

[مقامی]

پہل (فت پ ، ضم ہ) امث ؛ ~ ہونا .

(سکھ) سکھ مسلک میں داخل کرنے کی رسم ، بپتسمہ دینے کا عمل .

جہاں اور تدبیریں کیں وہیں ایک بڑی تدبیر بپتسمہ دینے کی بھی تھی جسے ان کی زبان میں پہل کہتے ہیں .

۱۹۳۶ دنگار ، لکھنؤ ، دسمبر ، ۳۶

[غالباً پہل = آغاز]

پہل (کس خف پ ، فت ہ) امذ .

۱. پہلو کا مخفف ، رخ ، گوشہ ، ضلع ، کسی بھی جنس یا شے کے تین یا زیادہ کونوں کے بیچ کی ہموار جگہ ، کسی چیز کی لمبائی چوڑائی موٹائی اور گہرائی سے حاصل ہموار حصہ ، کسی چیز کے باہری پھیلاؤ کی چورس سطح ، کٹاؤ ، طرف ، بازو ، بغل ، بناوٹ ، (ہندسی اشکال کا) .

تخت . . . چوکھوٹا ہو یا چھ پہل کا .

۱۸۷۳ مطلع العجائب ، ۲۹۰

بجائے چار پہل کے ٹوپی کے آٹھ پہل ہو گئے .

۱۹۲۸ آخری شمع ، ۳۹

۲. طرح ، وضع ، صورت .

منصف جو ہو تو دیکھے ہماری غزل کے رنگ
بھر بھر دئے ہیں شعروں میں کس کس پہل کے رنگ

۱۸۷۰ مشرف ، د ، ۱۴۱

۳. نگینے کا مصنوعی کٹاؤ یا کور جو سان پر گھس کر بنایا جاتا ہے ، گھاٹ (ا پ و ، ۴ : ۵۳) .

[رک : پہلو]

— پینچنا محاورہ .

سان پر گھس کر نگینے کی سطح میں پہل کاٹنا (ا پ و ، ۴ : ۵۳) .

— دار صف .

رک : پہلو دار .

اینٹ بنا کر چنائی کی جاتی ہے . . . پہل دار ، کھڑنجڑہ کی ۱۰۰ عدد ایک معمار بنا سکتا ہے .

۱۹۱۳ انجینیرنگ بک ، ۳۹

چپٹا نگینہ جس کے اوپر کا رخ پہل دار اور نیچے کا ہموار ہو .

۱۹۴۱ اصطلاحات پیشہوراں ، ۴ : ۵۳

[پہل + دار ، لاحقۂ صفت]

— کاری امث .

پہل بنانے کا کام (ا پ و ، ۲ : ۲) .

[پہل + کاری ، لاحقۂ کیفیت]

پہلا (فت پ ، سک ہ) صف .

۱. ابتدائی ، اوّل ، مقدم ، اوّلیں .

جس کو تعلیم کے میدان میں ان کا پہلا قدم کہنا چاہیے .

۱۹۳۸ حالات سرسید ، ۸۵

۲. پرانا ، سابقہ ، پہلے کا ، گزشتہ .

اپنے وہ پہلے دن بھی مری جان یاد کر
کیا جانتے تھے ہوگا تو مغرور اس قدر

۱۸۰۲ حسرت (جعفر علی خاں) ، ک ، ۳۱۹

پہلا قرضہ ادا نہیں کیا اور سو روپے پھر مانگ رہے ہو .

۱۹۶۲ مہذب اللغات

۳. بڑا ، صدر ؛ جلدی ، فوراً ؛ قبل ، آگے (جامع اللغات) .

۴. (قصاب) پون آنہ یعنی تین پیسے (اصطلاحات پیشہوراں ، منیر ، ۶۰) .

[ہ : پہلا पहला]

— پانی امذ .

برسات کے موسم کی پہلی بارش جو زمین میں جلد جذب ہو جاتی ہے .

پہلے ہی وار میں ریتی پہ لہو یوں برسا
جیسے آئی ہوئی برسات کا پہلا پانی
۱۹۳۸ سریلی بانسری ، ۱۸۰
[پہلا + پانی (رک)]

— پَہل (— فت پھ) امذ .

۱۔ ثمر نو ، وہ میوہ جو سب سے اول اترے (نور اللغات ؛ جامع اللغات) .

۲۔ (عو) پہلوٹھی کا بچہ .

اے رو بن ! تو میرا پہلوٹھا میری قوت اور میری شہزوری کا پہلا پھل ہے .
۱۸۹۰ کتاب مقدس ، ۵۲
[پہلا + پھل (رک)]

— پُھول (— و مع) امذ .

(عو) پہلی مرتبہ کا حمل .

پھول پہلا پھل یہ میٹھا ہے نہ گر جائے کہیں
بیٹا گنڈا لاؤ جورو کی کمر کے واسطے
۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۱ : ۲۰۷
[پہلا + پھول (رک)]

— کوٹ (— و مج) امذ .

پہلی مرتبہ مسالا بھر کر لکڑی کی درزیں بند کرنے کا عمل (ا پ و ، ۱ : ۱۵۸) .
[پہلا + انگ : Coat (= پوچا)]

— کھایا ڈَنڈ بَرابَر کہاوت .

آدمی پچھلا کھایا یاد نہیں رکھتا ، احسان فراموشی کے موقع پر بولتے ہیں نیز اگر قرض ہو تو اس کی ادائیگی ایک طرح کا جرمانہ محسوس ہوتا ہے .

مہاراج پچھے سب کچھ بھول جاتے ہیں ، پہلا کھایا ڈنڈ برابر .
۱۹۲۱ سندر شانتا ، ۱ : ۱۶

— وار ہے مقولہ .

ابتدا ہے ، ابھی کیا ہے ، آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا (محاورات ہند ، ۴۹) .

— ہاف امذ .

کھیل کے مقررہ وقت کا نصف اول .

کھیل کے پہلے ہاف میں لیفٹ ہاف غفور نے . . . . . ایک پینلٹی اسٹروک ضائع کیا .
۱۹۶۶ 'جنگ' کراچی ، ۱۸۱/۳۰ : ۷
[پہلا + انگ : Half (= آدھا)]

پَہلاد (فت پ ، سک ہ) امذ ~ پَرہلاد .

(ہندو) ایک متقی جو ہرانیا کا بیٹا اور ہائل کے راجاؤں میں سے تھا جس کی مذہبی کہانیاں مشہور ہیں .

پہلاد کی بھگتی کا نہاں اس میں ہے اسرار
عرفان و تصوف کا کھلا راز ہے ہولی
۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۱۰۰
[س : प्रह्लाद پرہلاد]

پَہلارو پیت (فت پ ، ہ ، سک ل ، و مع ، کس پ ، فت ی) امث ~ پہل رو پیت .

پہلی حالت یا صورت یا روپ .

اس کی زندگی کا بقایا حصہ پہلرو پیت کی حالت میں زمین کی سطح کے نیچے گزرتا ہے .
۱۹۴۱ حیوانی دنیا کے عجائبات ، ۷۷
[پہل + روپ (رک) + یت ، لاحقۂ کیفیت (رک)]

پَہلم پار (فت پ ، سک ہ ، فت ل) امث .

ابتدا میں ، شروع میں ، (مقامی) پہلے خیال کے طور پر .

پہلم پار تو میں بھی دلی میں یہی چاہتا تھا کہ ذلدی سے میری شادی ہو جائے .
؟ نرالی اردو ، ۴۱
[رک : پَہَل + م ، حرف اتصال + پار (رک)]

پَہلَن (فت پ ، سک ہ ، فت ل) امث .

جانور کے بچہ دینے کے بعد کا پہلا دودھ بالخصوص گائے بھینس اور بکری کا جو اکثر لوگ شوق سے کھاتے ہیں نیز ادویات میں مستعمل ہے ، کھیس .

سننے میں آیا ہے کہ عبداللہ ملباری اس میں دودھ کے بجائے 'پہلن' . . . کی کھیس ڈال کر افیم اور سلاجیت کی سلائی پھیرتا ہے .
۱۹۷۶ زرگزشت ، ۵۷
[پہل (رک) سے]

پَہلو (فت پ ، سک ہ ، و مع) .

(الف) امذ .

۱۔ پسلی .

نہ چیرو گے پہلوئے زن جب تلک
شکم سے نہ نکلے گا یہ تب تلک
۱۸۱۰ شاہ نامہ منشی ، ۱۰۳

۲۔(i) جسم کی دائیں یا بائیں طرف سینہ ، بالخصوص بائیں طرف کا حصہ جدھر دل ہوتا ہے .

تڑپ جاتا ہوں میں اٹھتا ہے جب یہ
الٰہی درد ہے پہلو میں یا دل
۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۱۱۳

حسن خود عشق کا مشتاق رہا کرتا ہے
دل ہے پہلو میں تو مل جائے گا دلبر کوئی

۱۹۱۵ جانِ سخن ، ۱۶۸

(ii) کروٹ ، سرتا پا بغلی حصہ .

داہنے پہلو لیٹ ، مونہہ قبلہ طرف کر ، ہاتھ رخسار تلے رکھ ، اسما کون کہا .

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۷۹

شب و روز کے انقلاب میں ان دانش مندوں کے لیے نشانیاں ہیں جو اٹھتے بیٹھتے اور پہلو پر لیٹتے ہوئے اللہ کو یاد کرتے ہیں .

۱۹۱۴ سیرۃالنبی ، ۲ : ۲۵۲

۳. طرف ، جانب ، سمت ، رخ .

بھی سیدھے طرف تے او پہلوے چپ
انو پکڑے پنجے سوں از سوے چپ

۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۴۰۸

چوپڑ . . . میں سولہ گوٹیں تین پاسے شش پہلو ہوتے ہیں .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۷۳۴

اس نے گھوڑے کے ایک پہلو کو دبایا .

۱۹۲۸ مضامین فرحت ، ۱ : ۱۰۶

(ii) طرفی یا جانبی خط ، ضلع ، زاویہ بنانے والا خط .

جامع مسجد کے پہلو اور نقشے معمول کے خلاف ہیں .

۱۹۳۲ اسلامی فن تعمیر ، ۶۳

۴. انداز ، ادا ؛ نقطۂ نظر ، زاویۂ نگاہ .

آج اور بہت سے نئے پہلوؤں سے ان مسائل پر بحث کی ضرورت ہے .

۱۹۰۴ مقالات شبلی ، ۱ : ۲۶

۵. باریکی ، تہ داری .

اگر ہر ایک کو ایک ایک رگ و ریشہ اور پہلو اس کا سوجھے اور سب مل کر بوجھیں تو غالب ہے کہ کسو طرح کی کنج و کاوش باقی نہ رہے .

۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۱۲۴

تم . . . بات کے پہلو سمجھنے کی لیاقت بھی نہیں رکھتے اور چلے ہو نازک باریک مسئلوں کو طے کرنے .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، پیاری دنیا ، ۱۱

۶. رخ ، زاویہ ، گوشہ .

حقیقت میں جس پہلو سے دیکھئے وہ انوکھی چیز تھا .

۱۸۸۵ فسانۂ مبتلا ، ۹

جو ہو سچ بات وہ اے نظم دو پہلو نہیں رکھتی
نظر آتا ہے یکساں رکھیے سیدھا یا گہر الٹا

۱۹۳۳ صوت تغزل ، ۱۶

۷. (i) رمز ، اشارہ ، کنایہ .

ترا دامن دبا لینا تہ زانو سمجھتے ہیں
ابھی کوئی نہ اٹھے ہم بھی یہ پہلو سمجھتے ہیں

۱۹۰۳ نظم نگاریں ، ۷۲

(ii) نکتہ ، پوشیدہ بات ، حقیقت .

تاہم اس خیال میں یہ سکون کا پہلو ضرور تھا کہ وہ ذاتی شکوہ و شکایت سے بہت بلند تھا .

۱۹۴۷ قیامت ہم رکاب آئے ، ۴۰

۸. موضوع ، عنوان .

جب کبھی اس پہلو پر نصیحت کرتے تو ہمیشہ یہی فرماتے کہ بیٹا جو کچھ کرنا ہے خود کرو .

۱۹۲۸ مضامین فرحت ، ۱ : ۴

۹. نگینے کا ماتھا ، ہاڑ ، نگینے کا بغلی رخ جو جڑائی میں آجاتا ہے (ماخوذ : ا پ و ، ۴ : ۵۲) .

۱۰. اونٹ (اصطلاحات پیشہ وراں ، منیر ، ۶۱) .

۱۱. (معماری) کمان کے نیچے کا نصف حصہ جو کمان کی چوٹی سے آدھی دور اور نرد بند تک ہوتا ہے .

نصف دائری پلوں میں پہلو کے ابھار کی روک کمان شانہ کے موزوں بھراؤ سے کرنی چاہیے .

۱۹۴۸ رسالہ رڑکی چنائی ، ۷۶

۱۲.(i) قرب ، پاس ، پڑوس ، جوار ، قربت .

اسے پہلو کوں بسلایا شہر یار کھیا پہلواں کیا یو کیتا ہے کار

۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۶۰

کیا محویت ہے ! کئی برس گزر جائیں ، پہلو میں باغ ہو اور کھڑکی تک نہ کھولیں .

۱۸۸۰ آب حیات ، ۲۲۱

مرتے وقت وصیت کی کہ محاصرۂ طائف میں جو مسلمان شہید ہو چکے ہیں ، انھیں کے پہلو میں دفن کیے جائیں .

۱۹۱۴ سیرۃالنبی ، ۲ : ۴۳

(ii) قرب ، پاس ، برابری (مرتبے کے لحاظ سے) .

مگر میر صاحب کے پہلو میں نسیم کو کرسی دینی ظلم ہے.

۱۹۰۶ معرکۂ چکبست و شرر ، ۲۴۲

۱۳. (مجازاً) صورت ، حالت .

کسی پہلو جو حسینوں میں ٹھہرنے پاتے
گل بازی کی طرح ہم نہ اچھلتے پھرتے

۱۸۵۲ کلیات منیر ، ۳ : ۴۱۹

۱۴. آغوش ، گود ، بغل .

جب سے خالی کر گیا ہے میرا پہلو وہ حسیں
شعر میں بھی اب نہیں ملتا کوئی پہلو مجھے

۱۸۹۶ تجلیات عشق ، ۳۳۶

شب کو پہلو میں جو وہ ماہ سیہ پوش آیا
ہوش کو اتنی خبر ہے کہ نہ پھر ہوش آیا

۱۹۳۶ طیور آوارہ ، ۱۲

۱۵. غرض ، مطلب .
جو تھا وہی دل دیے ہوئے تھا
اپنا پہلو لیے ہوئے تھا
۱۸۸۷ ترانۂ شوق ، ۷۶

۱۶. بہانہ .
رقم ہو جس میں حال دل اسی کاغذ میں دل رکھدوں
کوئی پہلو ملے گر پیشکش سوغات کرنے کا
۱۸۹۵ دیوان راسخ دہلوی ، ۳۴

۱۷. طرح ، طور .
تڑپا کیا تصور دلبر میں شام سے
کل صبح تک مجھے کسی پہلو نہ آئی رات
۱۸۵۷ بیاض سحر ، ۱۴۰

۱۸. موقع ، محل .
دل مرا والہ بت پردہ نشیں ہوا
پہلو نہ اس کو چین کا حاصل کہیں ہوا
۱۸۹۳ دفتر حسن ، ۲۲
امید افزا کوئی صورت نہ تسکیں کا کوئی پہلو
نتیجہ کیا وہ قائم ہی سہی عہد محبت پر
۱۹۳۲ نقوش مانی ، ۲۹

۱۹. انصاف کا تقاضا ، شق ، زمرہ .
اور انصاف کے کسی پہلو کو جس کی آپ سے توقع ہے
نظر انداز نہ فرمایا .
۱۹۱۲ شہید مغرب ، ۹۰

۲۰. سہارا ، نشان .
دور سے کوچۂ دلبر کو کھڑا تکتا ہوں
نہ تو دیوار کا تکیہ نہ تو در کا پہلو
۱۸۳۶ آتش ، ک ، ۲۲۹

۲۱. ڈھب ، تدبیر ، ذریعہ ، وسیلہ ، راستہ .
کسی پہلو نہ بندھا یار کا مضمون کمر
خوب ہم اس کو دم فکر سخن دیکھ چکے
۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۲۳۶
اب تو دامن پہ لہو ہے کہو کیا کہتے ہو
اب تو افکار ستم کا کوئی پہلو بھی نہیں
۱۹۶۸ رشک قمر ، ۸۱

(ب) م ف .
سامنے (نوراللغات ؛ فرہنگ آصفیہ) .
[ف ؛ س : पारशवा پارشوا]

— آباد کرنا محاورہ .
رک : پہلو گرم کرنا .
کیا اے صنم تری دل عاشق میں جانہ تھی
پہلو کیا رقیب کا آباد کس لیے
۱۸۵۴ غنچۂ آرزو ، ۱۳۲

— آباد ہونا محاورہ .
رک : پہلو گرم ہونا .
عاشق معشوق دونوں ہوں شاد پہلو آغوش سب ہوں آباد
۱۸۹۲ مسرور (نوراللغات ، ۲ : ۱۵۲)

— بتانا محاورہ .
ترکیب سمجھانا .
میرے پہلو میں تری طرح وہ جم کر بیٹھے
درد دل ایسا بتا دے کوئی پہلو مجھ کو
۱۹۰۰ امیر مینائی (مہذب اللغات ، ۱۴۴)

— بٹھانا محاورہ .
۱. تدبیر کرنا ، گوشے نکالنا .
یوں تو سو پہلو بٹھائے وصل کے
دل نہیں جمتا کسی تدبیر پر
۱۸۹۲ مہتاب داغ ، ۷۲

۲. مطلب نکالنا ، معنی سمجھنا .
کھلیں نہ ہم سے کبھی پیچ ان کی باتوں کے
جو ایک بات کے پہلو بٹھائیں ہم سو سو
۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۱۷۲

— بچا جانا محاورہ .
کترا جانا ، ٹال دینا ، بات گول کر دینا ، طرح دیدینا .
ان کی تصنیفات میں بہت سے ایسے موقع ہیں جہاں استاد یا شیخ کا ذکر کرنا ضرور تھا لیکن وہ بالکل پہلو بچا جاتے ہیں .
۱۹۰۱ الغزالی ، ۲ : ۳۷
ناصح فسانہ اپنا ہنسی میں اڑا گیا
خوش فکر تھا کہ صاف یہ پہلو بچا گیا
۱۹۵۳ آتش گل ، ۵۶

— بچانا محاورہ .
۱. رک : پہلو بچا جانا .
ہر سخن میں گرچہ سو پہلو بچاتا ہوں مگر
آرزوئیں اٹھی پڑتی ہیں مری تقدیر سے
۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۲۱۹
ایسے مشاعروں سے میرزا نوشہ پہلو بچاتے تھے .
۱۹۰۳ چراغ دہلی ، ۳۳

۲. اعتراض یا حملے کا موقع نہ دینا ، احتیاط برتنا .
حال پہلو بچا کے لکھا ہے تاڑ جائے وہ نکتہ چیں نہ کہیں
۱۹۰۵ داغ (محاورات داغ ، ۱۳۱)

— بچہ (— فت ب ، شد چ ہفت) اسذ .

وہ پود جو کسی پودے کی جڑ میں پھوٹے (جامع اللغات ؛ علمی اردو لغت) .

[پہلو + بچہ (رک)]

— بدلنا محاورہ .

۱. (i) انداز بدلنا .

مجھ کو بھی تجدید عادت میں رہا کرتی ہے فکر
جس طرح پہلو بدلتا ہے تری بیداد کا

۱۸۶۵ نسیم دہلوی ، د ، ۴۴

بنا ہے ایک غم اک عالم غم بدلتا جا رہا ہے درد پہلو

۱۹۵۸ تار پیراہن ، ۲۷

(ii) دوسرا رخ اختیار کرنا .

مری طرح ہے مرا دل بھی ناتوان و ضعیف
بدل سکا نہ وہ پہلو نہ میں نے کروٹ لی

۱۹۰۷ دفتر خیال ، ۳۴

(iii) انداز یا رخ بلٹنا .

وہ عرض وصل پہ بگڑے حجاب کے بدلے
نگاہ ناز نے پہلو عتاب کے بدلے

۱۹۵۰ کلیات حسرت موہانی ، ۸۳

۲. حیلہ حوالہ کرنا .

پہلو اس نے ہزار بدلے کیونکر دل بے قرار بدلے

۱۸۸۷ ترانۂ شوق ، ۳۳

۳. کروٹ لینا ، کروٹ بدلنا (خواہ اضطراب کے عالم میں خواہ استراحت کے لیے) .

برج موہن نے پہلو بدلا ، پھر اٹھ کر ریڈیو کھول دیا .

۱۹۵۴ شاید کہ بہار آئی ، ۲۰

— بدلوانا محاورہ .

پہلو بدلنا (رک) کا تعدیہ .

بے چینی پہلو پر پہلو بدلواتی ہے .

۱۸۸۷ مقدس نازنین ، ۳۰۷

شب وصل پہلو بدلوا رہا ہے
جلال اٹھ کے درد نہاں کیسے کیسے

۱۹۰۳ نظم نگارین ، ۱۳۲

— بسانا محاورہ .

۱. پڑوس میں آباد ہونا ، پاس رہنا .

یہ تو سسرال کے بجائے ماں کا پہلو بسائے گی .

۱۸۹۵ فرہنگ آصفیہ

۲. بغل میں لیٹنا ، ہم کنار ہونا (علمی اردو لغت) .

۳. (مجازاً) قبر کے پاس یا برابر میں دفن ہونا .

ماں کے مرنے کے بعد پانچ برس کی لڑکی رات دن رویا کرتی آخر روتے روتے مر گئی اور ماں کا پہلو بسایا .

۱۹۶۲ مہذب اللغات

— بستر سے نہ لگنا محاورہ .

سخت بے چینی ہونا ، بہت بے قراری ہونا .

نہ شب ہجر میں لگتی ہے زباں تالو سے
اور نہ پہلو مرا بستر سے زرا لگتا ہے

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۱۲۵

— بہ پہلو (— فت ب ، پ ، سک ہ ، و مع) م ف .

۱. ساتھ ساتھ ، ایک وقت میں .

ہندوستان میں یہ پہلا موقع ہے کہ جدید علوم اور قدیم علوم کی درس گاہیں پہلو بہ پہلو بن رہی ہیں .

۱۹۱۳ مقالات شبلی ، ۸ : ۱۰۱

۲. برابر برابر ، ایک ساتھ .

بازار میں بھیڑ اس درجہ تھی کہ دوستوں کا پہلو بہ پہلو چلنا ممکن نہ تھا .

۱۹۴۰ سجاد حیدر ریلدرم ، مطلوب حسینان ، ۴

[پہلو + بہ (رک) + پہلو]

— بہ پہلو ہونا محاورہ .

مقابل ہونا ، ٹکر لینا ، برابری کرنا .

صرف شبلی ایسا شخص ہے جو . . . آج یورپ کے بڑے سے بڑے مورخ سے پہلو بہ پہلو ہوسکتا ہے .

۱۹۲۱ مہدی الافادی ، افادات مہدی ، ۹۸

— پر (— فت پ) م ف .

۱. رخ پر ، بل پر ، مدد پر ، کمک پر ، حمایت پر (فرہنگ آصفیہ) .

۲. ایک طرف (علمی اردو لغت) .

— پر آنا محاورہ .

انداز اختیار کرنا ، روش اختیار کرنا ، آمادہ ہونا ، راضی ہونا .

جگہ دے غیر کو بھی ساتھ تیرے
کب اس پہلو پر آتا ہے مرا دل

۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۱ : ۱۱۴

— پر نہ آنا محاورہ .

کہا نہ ماننا ، راضی نہ ہونا .

مبتلا نے چاہا کہ اس کو اپنی برابر بٹھائے مگر وہ . . . پہلو پر نہ آئی .

۱۸۸۵ فسانۂ مبتلا ، ۱۶۱

— پر ہے مقولہ .

وہ اس کی حمایت میں ہے ، وہ اس کے ہل پر ہے ، وہ اس کے رخ پر ہے ، کمک پر ہے (مخزن المحاورات ، ۱۸۰) .

— پیدا ہونا محاورہ .

رخ نکلنا ، صورت نکلنا .

میری نیند اوڑ گئی اوسنے جو ذرا منہ پھیرا
اوسکی کروٹ سے ہوا رنج کا پہلو پیدا

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۵۷

— پھیرنا محاورہ .

روش پلٹنا ، طریقہ بدلنا ، بات کو برا بھرا کر کرنا .

القصہ اسی طرح وہ گل رو تقریر کے پھیرتی تھی پہلو

۱۸۷۲ عاشق لکھنوی (نورالغات)

— تکیہ (— فت ت ، سک ک ، فت ی) امذ .

برابر میں رکھنے کا تکیہ ، سہارے کا تکیہ ، بغل تکیہ .

جب تک پلنگ پر گل تکیے ، پہلو تکیے ، ران تکیے نہ ہوں . . . مجھے کب نیند آیا کرتی ہے .

۱۹۱۰ راحت زبانی ، ۱۶۰

— تہی کرنا محاورہ .

۱. جی چرانا ، بچنا ، ٹالنا ، دریغ کرنا .

تقریب پر بھی تو تو پہلوتہی کرے ہے
دس بار عید آئی کب کب گلے ملا تو

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۲۵۱

اگر دوستوں اور عزیزوں نے پہلوتہی کی تو ان کو سو غیروں کا غیر جانا .

۱۹۰۱ حیات جاوید ، ۲۰۹

۲. حیلہ حوالہ کرنا ، ٹالم ٹول کرنا ، ٹالے بالے بتانا ، ٹال دینا ، انکار کرنا .

پہلوتہی نہ کر تو مرے خط کے بار سے
کچھ ٹوٹ جائے گی نہ تری نامہ بر کمر

۱۸۵۳ غنچۂ آرزو ، ۵۵

مال دار کا ادائے قرض سے پہلوتہی کرنا اس کی آبرو ریزی اور سزادہی کو حلال کرتا ہے .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۲ : ۳۹۷

۳. بے التفاتی کرنا ، بے مروتی کرنا ، چھوڑ دینا .

ہجر میں خوں ہوا تھا سب غم سے
دل نے پہلوتہی کیا ہم سے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۸۲۶

لیے تو چلتے ہیں حضرت دل تمھیں بھی اس انجمن میں لیکن
ہمارے پہلو میں بیٹھ کر تم ہمیں سے پہلوتہی نہ کرنا

۱۹۰۵ داغ ، گلزار داغ ، ۱۳

۴. دامن بچانا .

مال داروں کا غربا کی حاجت برآری سے پہلو تہی کرنا موجب زوال نعمت ہے .

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، سرسید ، ۱۸۰

ان کی زندگی کے ایک سخت نازک وقت میں آپ ان کے ساتھ اپنے فرائض کی ادائیگی میں پہلو تہی کر رہے ہیں .

۱۹۱۷ گوکھلے کی تقریریں ، ۱۱۴

۵. چشم پوشی کرنا ؛ علیحدگی اختیار کرنا ، بربت چاہنا ، دوری اختیار کرنا .

قیامت کو ان لوگوں سے پہلو تہی کریں گے .

۱۸۶۶ تہذیب الایمان ، ۲۲۷

۶. کنارہ کرنا ، بچنا ، منھ چھپانا .

بعض مسلمان جنگ سے پہلو تہی کرتے اور پیچھے ہٹے جاتے تھے .

۱۸۸۳ مقدمہ تحقیق الجہاد ، ۲۰

انھوں نے دونوں صوبوں کو اپنے حال پر چھوڑ کر مداخلت کرنے سے پہلو تہی کیا .

۱۹۰۰ بست سالہ عہد حکومت ، ۱۸۷

— تہی ہونا محاورہ .

پہلو تہی کرنا (رک) کا لازم .

ہمارے پہلو سے پہلو تہی نہ ہو اے درد
یہ ایک پہلو ہے ظالم ہزار پہلو کا

۱۸۹۵ دیوان راسخ دہلوی ، ۱۷

— چلنا محاورہ .

تدبیر کارگر ہونا ، اثر انداز ہونا .

عربی کا جو چل گیا پہلو پہلوی کا بدل گیا پہلو

۱۸۷۳ کلیات قدر ، ۸۳

— چیرنا محاورہ .

پسلی یا پہلو میں شگاف لگانا ؛ طعن و تشنیع یا بے اعتنائی سے تکلیف پہنچانا .

یار پہلو کو مرے چیر کے پچھتاتا ہے
نظر آتی ہے تمنا ہی تمنا دل میں
۱۸۹۷ دیوان ڈاکٹر سائل ، ۱۲۹

ــ چھیدنا محاورہ .

کوئی نوک دار چیز چبھونکنا ؛ تکلیف پہنچانا .
گیارہ دیروں میں وہ برچھا رکھا ہوا تھا جس سے آپکا پہلو چھیدا گیا تھا .
۱۹۱۰ معرکۂ مذہب و سائنس ، ۳۶۹

ــ خالی کرنا محاورہ .

پاس سے اٹھ کر چلا جانا .
بحر جس وقت وہ محبوب صنم آتا ہے
دل سے کہتا ہوں کہ پہلو میرا خالی کردے
۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۷۲

ــ داب کر بیٹھنا محاورہ .

قریب بیٹھنا ، بھڑ کے بیٹھنا ، شانہ بشانہ بیٹھنا (ماخوذ : علمی اردو لغت) .

ــ دابنا محاورہ .

رک : پہلو دبانا .
جو کہ ہے خاک نشیں اور ہے میخانہ ظفر
مسند جاہ پہ جمشید کے پہلو دابے
۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۲۶۰

ــ دار صف .

۱. رمز و کنایہ سے بھرا ہوا .
تری وہ ہائے پہلو دار تقریر نوید ہمکناری جس کی تعبیر
۱۸۳۰ کلیات مومن ، ۳۹۶
یہ مثل اپنے موقع پر بہت پر معنی اور پہلو دار ہے .
۱۹۰۴ عصر جدید ، ۲ ، ۱۲ : ۵۱۶
۲. مختلف المعانی ، کئی معنوں والا ، پر معانی .
ہے جگر کہتے ہو کیا ہم کو جگر ہے نذر تیر
درد میں لاتا ہے پہلو حرف پہلو دار کا
۱۸۵۴ دیوان اسیر ، ۲ : ۳۴
اسلامی ثقافت اپنی ساخت کے لحاظ سے بڑی پہلو دار ہے .
۱۹۵۳ ثقافت پاکستان ، ۲۳
۳. مشتبہ ، مبہم ؛ ذومعنین (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .
۴. وہ چیز جس کے کئی گوشے ہوں ، پہل دار ، دار سے دار (فرہنگ آصفیہ) .

۵. سہارے دار (جیسے پہلو دار کرسی) (نوراللغات) .
۶. (مجازاً) جس کا ظاہر باطن ایک نہ ہو ، نمائشی ، زمانہ ساز ، (شخصیت) تہ بہ تہ ، پیچ دار ، گھنا (ماخوذ : جامع اللغات) .
۷. (موسیقی) نوبت کی سنگت کرنے والے دو میں سے ایک نقارچی .
دو نقارچی کہ ان میں سے ایک مرسل اور دوسرا پہلودار کہلاتا ہے .
۱۸۷۵ سرمایۂ عشرت ، ۲۹۷
[پہلو + دار ، لاحقۂ صفت]

ــ داری اسم .

پہلو دار (رک) کی کیفیت و حالت .
یہ پہلو داری ہی شعر کو عظیم اور زندۂ جاوید بنانے کی کفیل ہوتی ہے .
۱۹۶۴ غالب کون ہے ، ۱۱۴
[پہلو دار (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ــ دبا جانا محاورہ .

۱. حال چھپا جانا .
امتحاں کا ذرا نہ ذکر آئے
پہلو اس بات کا دبا جائے
۱۸۸۰ قلق (نوراللغات)
نگاہ ناز میں آتا چلا حجاب سا کچھ
یہیں سے شوق کے پہلو دبائے جاتے ہیں
۱۹۴۶ رمز و کنایات ، ۱۱۰
۲. حق تلفی کرنا .
مگر یہ طریقہ اچھا نہیں کہ اس کے مقابل دوسروں کا پہلو دبایا جائے .
۱۹۰۵ معرکۂ چکبست و شرر ، ۱۹۰

ــ دبا کر بیٹھنا محاورہ .

۱. رک : پہلو داب کر بیٹھنا .
تشریف لائے ہو تو عنایت بھی چاہیے
پہلو دبا کے بیٹھو مرے دل میں درد ہے
۱۸۷۳ کلیات منیر ، ۳ : ۳۰۳
اگر کوئی چاہتا ہو کہ امیر زادیوں اور شہزادیوں کا پہلو دبا کے بیٹھے . . . کوئی مذاق نہیں ہے .
۱۹۳۱ رسوا ، ۶۵
۲. حصول منفعت کے لئے امرا کی صحبت اختیار کرنا .
دفتروں میں اہل ولایت کے پہلو دبا کر بیٹھنے لگے .
۱۸۰۰ دربار اکبری ، ۶۵۰

— دَبانا محاورہ .

۱. زبر کر دینا ، غالب آجانا ، مرتبہ گھٹانا .

خدا جانے جوانی میں کرے گا گرمیاں کیسی
ابھی وہ رشک مہ خورشید کا پہلو دباتا ہے

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۱۸۲

ادب نے دل کے تقاضے اٹھائے ہیں کیا کیا
ہوس نے شوق کے پہلو دبائے ہیں کیا کیا

۱۹۵۷ پاس ویگانہ ، گنجینہ ، ۱۷

۲. دشمن کی فوج کے کسی حصے پر چڑھائی کر دینا (جامع اللغات ؛ مخزن المحاورات ، ۲۷۷) .

۳. حریف کے پہلو پر زور ڈالنا ، بازو دبانا (مخزن المحاورات ، ۲۷۷) .

۴. قریب بیٹھنا ، مل کے بیٹھنا .

جما ہے بعد مردن بھی خیال اس فتنہ قامت کا
قیامت بیٹھی ہے پہلو دبائے میری تربت کا

۱۹۳۶ جلیل (مہذب اللغات)

۵. کسی رخ پر فوج کو چڑھاتے ہوئے لانا ، کسی جانب حملہ کرنا (فرہنگ آصفیہ) .

— دبنا محاورہ .

پست ہونا ، مرتبے سے گر جانا ، کمزور پڑنا .

صنائع اس پر بار نہیں معلوم ہوتے نہ ان کے معانی کا پہلو دبنے پاتا ہے .

۱۹۳۹ مطالعۂ حافظ ، ۲۶

— دُکھنا محاورہ .

پہلو ناکارہ ہو جانا ، تھک جانا .

کروٹیں بدل بدل کے پہلو دکھ گئے .

۱۸۹۸ نشتر ، ۲۶

— دے جانا/دینا محاورہ .

پہلو تہی کرنا .

وہ بھی وقت پر جان بوجھ کر پہلو دے گئے .

۱۸۸۳ دربارِ اکبری ، ۲۶۳

— دِیوار (— ی مع) امث .

(فن تعمیر) بند بنانے میں بھرائی کے جوڑ کی ایک وضع جو پانی کو آمد کے لیے اور خارج کرنے کے لیے سب سے عمدہ فائدہ ثابت ہوتی ہے اور درونہ دیوار وضع کے جوڑ سے نسبتاً گران ہوتی ہے .

چنائی اور بھرائی کے جوڑ یا تو پہلو دیوار وضع کے ہوتے ہیں یا درونہ دیوار وضع کے .

۱۹۳۹ آبپاشی ، ۵۲۰

— ڈھونڈنا/ڈھونڈھنا محاورہ .

موقع تلاش کرنا .

لخت دل ، خون جگر رونے کو
ڈھونڈھتی ہیں کوئی پہلو آنکھیں

۱۸۷۰ الماس درخشاں ، ۱۴۳

لٹ گئی جان تو امید کے پہلو ڈھونڈھے
مٹ گئی راہ تو اندیشۂ رہبر کذرا

۱۹۱۵ وفا ، ک ، ۴۷

— سبز (— ف س ، سک ب) صف .

صاحب خیر ، صاحب جودو کرم ، سخی اور بامروت .

یہ دونوں بھائی پہلو سبز تھے ، اہل کمال . . . اور اہل طریقت جو آتے تھے ان سے بمروت پیش آتے تھے .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۶۳۳

[پہلو + سبز (رک)]

— سرکنا محاورہ .

برابر سے ہٹ جانا ، پاس سے اٹھ جانا .

جو اے ہجر وصلت میں بھڑ کر وہ بیٹھے
رقیبوں کے پہلو سرکنے لگے تھے

۱۸۶۱ دیوان اختر ، ۶۸۸

— سوجھنا محاورہ .

نکتہ معلوم ہونا ، تدبیر سمجھ میں آنا ، راہ دکھائی دینا .

گفتگو کا نہ سلیقہ تھا ہری رو تم کو
سوجھتا تھا نہ کسی بات کا پہلو تم کو

۱۸۶۵ ناظم ، واسوخت (شعلۂ جوالہ ، ۱ : ۴۹)

— سوچنا محاورہ .

تدبیر نکالنا ، حیلہ یا بہانہ تلاش کرنا .

بھڑیئے نے یہ جواب سن کر کہا . . . تم ہر بات میں پہلو سوچا کرتے ہو .

۱۸۶۸ منتخب الحکایات ، ۲۱

— سے پہلو ملانا محاورہ .

برابر برابر بیٹھنا یا رہنا ، بہت نزدیک ہونا .

تڑپتا ہے دل مضطر ملا پہلو سے پہلو کو
لگا دے اپنے دروازے میں ظالم میرے بازو کو

۱۸۵۲ دیوان برق ، ۲۹۰

ــ سے لگنا محاورہ .

ساتھ ساتھ ہونا .

ہندو ہر وقت پہلو سے لگے تھے .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۸۶

ــ کاٹنا محاورہ .

راستہ تبدیل کرنا ، طرح دینا .

اب کمک کے ملاح پہلو کاٹ کر چلے .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۲۹۶

۲. رخ بدلنا ، پھیر کھانا .

پانی برابر لہریں مارتا چلا جاتا تھا اور کشتی کو اس کی ٹکر پر چڑھا لانے کا تو کیا ذکر ہے اتنی مجال نہ تھی کہ کوئی پہلو کاٹ کر بھی دھارے کے سامنے سے چڑھ آئے .

۱۸۸۰ نیرنگ خیال ، ۵۶

ــ گَردی (ــ فت گ ، سک ر) امذ .

مڑتی حرکت (فوج کے دستہ کی حرکت) (انگلش اردو ملٹری گلاسری ، ۱۲۲) .

[پہلو + گردی (رک)]

ــ گَرم رہنا محاورہ .

کسی کا پاس ہونا یا بیٹھنا ، (کسی کی قربت سے) تسلی یا تسکین رہنا ؛ پہلو گرم کرنا (رک) کا لازم .

آتش دل ہی غنیمت ہے شب فرقت میں
گرم رہتا ہے اسی آگ سے پہلو اپنا

۱۹۰۵ داغ ، محاورات داغ ، ۱۲۹

ــ گَرم کرنا محاورہ .

ہم کنار ہونا ، ہم بغل ہونا ، پہلو میں بٹھانا یا سلانا ؛ پہلو گرم ہونا (رک) کا تعدیہ .

ایک شب پہلو کیا تھا گرم ان نے تیرے ساتھ
رات کو رہتا ہے اکثر میر کے پہلو میں درد

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۷۳

بیوی نے کہا . . . آنا ہوتا تو جاتی ہی کیوں ، ایک تو پہلو گرم کر رہا ہے اب تم کو لے کے کیا بھاڑ میں جھونکوں .

۱۹۲۳ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۹ ، ۲ : ۱۰

ــ گَرم ہونا محاورہ .

۱. محبوب کے قرب کا لطف حاصل ہونا ، کنار میں محبوب کا آنا .

وصل سے ہے گرم جو پہلوئے غیر
سوز دل سے شمع بھی گریاں ہے

۱۸۶۱ دیوان اختر ، ۶۷۸

۲. آسودگی حاصل ہونا .

دل بھی جلتا شب فرقت میں اگر شمع صفت
بن ترے گرم کسی طرح نہ پہلو ہوتا

۱۹۰۵ دیوان انجم ، ۱۵

ــ لَگانا محاورہ .

کروٹ کے بل لیٹنا ، سونا ، آرام کرنا .

اب میں کبھی رات کو پہلو بھی نہ لگاؤنگا .

۱۹۲۴ تذکرۃ الاولیا ، ۲۴۹

ــ مارنا محاورہ .

۱. برابری کرنا ، ہمسری کرنا ، زیر کرنا ، نیچا دکھانا .

نظیر کے بعض شعر ایسے ہیں کہ میر سے پہلو مارتے ہیں .

۱۸۸۰ آب حیات ، ۹۴

سرشار کی اس زمانے کی نثر فسانۂ عجائب کی نثر کا پہلو مارتی ہے .

۱۹۰۴ مضامین چکبست ، ۳۴

۲. مماثل ہونا ، مشابہ ہونا .

آپکا طرز تحریر کسی قدر دیہاتی زباندانی کا پہلو مارتا ہے .

۱۹۰۵ معرکۂ چکبست و شرر ، ۲۹۴

۳. مقابلہ کرنا ، سامنا کرنا ، چشمک زنی کرنا .

چند روز کے بعد ایسے بد دماغ ہوئے کہ جو اہل عزت خود ان کے آقاؤں کے مصاحب تھے ان سے پہلو مار کر چلنے لگے اور ان کے مقابل میں اپنے تئیں بہ نظر فضیلت دیکھنے لگے .

۱۸۸۰ نیرنگ خیال ، ۹۷

ــ مِلنا محاورہ .

۱. موقع ملنا .

ہم لوگوں کو بھی پہلو ملا . . . کہ سلطنت اس کی مٹائیں .

۱۸۹۲ طلسم ہوش ربا ، ۶ : ۳۴۱

دشوار معلوم ہوتا ہے کہ یہ تاج دار اٹھ کر جائے اور یہ مہ جبیں مجھ سے کلام کرے ، کیوں کر مجھ کو پہلوئے کلام ملے .

۱۹۰۱ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۲ : ۵۴۰

۲. تدبیر ہاتھ آنا .

رقم ہو جس میں حال دل اسی کاغذ میں دل رکھدوں
کوئی پہلو ملے گر پیش کش سوغات کرنے کا

۱۸۹۵ دیوان راسخ دہلوی ، ۳۴

ــ میں بٹھانا محاورہ .

۱. برابر میں یا بغل میں جگہ دینا ، بٹھانا (از راہ محبت و شفقت) .

گر اوٹھانا تھا نہ منظور مرا محفل سے
تم نے پہلو میں نہ غیروں کو بٹھایا ہوتا

۱۸۷۰ چمنستان جوش ، ۳۴

ہوں وہ سرگشتہ بگولے بھی مجھے صحرا میں
اٹھ کے تعظیم کو پہلو میں بٹھالیتے ہیں

۱۹۰۷ تسلیم ، دفتر خیال ، ۹۱

۲. عزت دینا (از راہ مرتبہ) .

کوئی میکش مجھے پہلو میں بٹھاتا کیونکر
نہ بنا شیشۂ بادہ نہ بنا میں ساغر

۱۸۷۱ نظم ارجمند ، ۱۲

ــ میں بیٹھنا محاورہ .

پہلو میں بٹھانا (رک) کا لازم .

آنے کھینچیا تیغ بر روئے من
بیٹھا تندی سوں او پہلوئے من

۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۳۶۷

بیٹھے ہیں جا کے پہلوئے قاضی میں تیرے مست
مسجد کے پاس میکدہ تعمیر ہو گیا

۱۸۷۰ دیوان اسیر ، ۳ : ۱۶

ــ نرم کرنا محاورہ .

ہمدردی اور رحمدلی سے پیش آنا ، قربت کا موقع دینا ، عمدہ سلوک کرنا .

اپنے پہلوؤں کو ان کے واسطے نرم کر انہیں اپنے پہلو میں جگہ دے .

؟ نیرنگ فصاحت ، ۲ : ۲۶۲

ــ نشیں (ــ فت ن ، ی مع) اسذ .

پہلو میں بیٹھنے والا ، پاس بیٹھنے والا ، مقرب ، مصاحب .

باوجود مفلسی کے ہمیشہ مسند عزت پر صاحب تمکیں اور امراو رؤسا کے پہلو نشیں رہے .

۱۸۸۰ آب حیات ، ۱۹۴

[پہلو + نشیں (رک)]

ــ نکالنا محاورہ .

۱. صورت پیدا کرنا ، ڈھب اختیار کرنا ، موقع ڈھونڈھنا ، تجویز و تدبیر سوچنا ، ڈھب نکالنا .

درد دل کا کوئی پہلو جو نکالوں تو کہوں
اپنے روٹھے ہوئے دلبر کو منالوں تو کہوں

۱۸۸۳ آفتاب داغ ، ۶۶

دل مہجور تڑپ کر نکل آتا خود ہی
کوئی پہلو مری راحت کا نکالا ہوتا

۱۹۰۳ نظم نگارین ، ۱۱

۲. معنی یا مطلب پیدا کرنا ، انداز طرز کنایہ و رمز ظاہر کرنا .

پہلے مجھ کو مطمئن کر دے کسی انداز سے
پھر جو جی چاہے تو پہلو بات میں ستر نکال

۱۹۱۹ کیفی (رضی الدین حسن) ، کیف سخن ، ۵۶

ــ نکل جانا محاورہ .

موقع جاتا رہنا ، رک : پہلو نکلنا .

ہاتھ ملتی ہیں وہ قومیں اپنی نادانی پہ آج
ہاتھ سے جن کے گیا تعلیم کا پہلو نکل

۱۹۰۰ کلیات نظم حالی ، ۲ : ۹۴

ــ نکلنا محاورہ .

۱. پہلو نکالنا (رک) کا لازم .

کوئی پہلو اس راہ سے نکل آئے گا .

۱۸۶۲ شبستان سرور ، ۱۸۰

ہنس دیا میں صفت زخم جگر خوں رو کر
عین تکلیف میں آرام کا پہلو نکلا

۱۹۱۱ تسلیم ، د ، ۴۹

۲. گوشے پیدا ہونا ، نئی راہ نظر آنا ، مطلب و معنی برآمد ہونا .

بغل میں مدعئی جاں ہے دوستو یہ دل
کہ اس کی بات کے پہلو کئی نکلتے ہیں

۱۸۴۰ شاہ نصیر ، چمنستان سخن ، ۱۳۰

انہوں نے خط تو بھیجا پر سمجھ میں کچھ نہیں آتا
کہ سو سو طرح کا ہر بات میں پہلو نکلتا ہے

۱۹۰۵ داغ (مخزن المحاورات ، ۲۷۷)

۳. بات پیدا ہونا ، شبہ ہونا .

خدا جانے مسہری میں ہوں سوتا یا جنازے میں
وہ پہلو میں نہیں ہوتا تو یہ پہلو نکلتے ہیں

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۱۲۹

۴. صورت پیدا ہونا ، نتیجہ برآمد ہونا ، انجام سامنے آنا .

اگر زہرہ میاں رشید کے ہمراہ پشاور نہیں گئی تو اس کے دو خطرناک پہلو نکلیں گے .

۱۹۴۰ ساغر محبت ، ۳۰

سے نہ چھٹنا محاورہ .

سرپرستی اور سایۂ شفقت سے محروم نہ ہونا .

چھبیس برس تک نہ چھٹا آپ کا پہلو
اب ہجر ہے تقدیر میں یا سعد خوشخو

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۲ : ۱۵

پہلو (فت پ ، سک ہ ، فت ل ، سک و) اسذ .

ایران کا قدیم نام جہاں پہلوی زبان بولی جاتی تھی ؛ شہر ؛ بہادر ، پہلوان (پلیٹس) .

[ف]

پہلوان (فت پ ، سک ہ ، فت ل ، نیز سک ہ ، ل) .

(الف) صف .

۱. **توانا ، قوی جثہ ، کسرتی جسم والا .**

پہلوان قیس تھا سچ پوچھو تو میں لاغر ہوں
عاشقوں میں کہو کس کا یہ تن و توش ہوا

۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۵۵

۲. **بہادر ، دلاور ، سورما .**

سنیا ہوں جو تہا کوئی اک پہلواں
نظیر اس نہ تہا بیچ زمیں آسماں

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۷۲

یاد کرو کہ بعد قوم نوح کے تم کو اس نے سردار بنایا اور تن آور اور پہلوان کیا .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۱۷۰

اصل پہلوان وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے نفس کا مالک ہو .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۳ : ۲۶

۳. **کشتی لڑنے والا .**

توں ہے پہلوان تو قوی نام دار
تُرت جا مشیب قاقا کوں مار

۱۶۸۱ جنگ نامہ سموک (ق) ، ۴۹

شہرا میں کشتی کے دنگل کا زمانہ قریب تھا جس میں دور دور کے پہلوان آتے اور کشتیاں لڑتے تھے .

۱۹۱۷ کرشن بیتی ، ۵۹

(ب) اسذ ؛ امث .

۱. **کامل ، ماہر فن ، ہیرو ، بزرگ .**

حسین و حسن دین کے پہلواں
کہا جن کوں حضرت بہشتی جواں

۱۷۶۹ آخر گشت (ق) ۲

ہر طرف مجھ پہلوان شاعر کا کب عاجز سخن
سامنے ہونے کو صاحب فن کے قدرت چاہیے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۲۹۴

اس پہلوان سخن کو زمانے سے استادی کی سند ملی .

۱۹۰۵ مضامین چکبست ، ۹۰

۲. **موسیقی کی ایک تال .**

پشتو ، ذوبحر . . . . قید ، پہلوان ، پٹ تال ، چپک تال .

۱۹۶۰ حیات امیر خسرو ، ۱۹۱

اسم کیفیت : پہلوانی .

۱. **بہادری ، دلیری ، زور آوری .**

دونوں جان مل ہم عنانی کئے
اور جھگڑے متین پہلوانی کئے

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۸۶

یہاں کیا چلے پہلوانی ہماری
ملی آنکھ او رپار دل کے کٹاری

۱۸۹۶ تجلیات عشق ، اکبر دانا پوری ، ۴۳۰

۲. **کشتی لڑنے کا فن ، ورزش ؛ کسرت .**

اُنے آفریں کر کر بسیار گفت
کہ تجھ پہلوانی میں نیں کوئی جفت

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۴۱۶

ہنر پہلوانی کے تھے اس کو یاد
وہ تھی پہلوانی میں بھی اوستاد

۱۸۱۰ شمشیر خانی ، ۲۶

[ف]

پہلوٹا (فت پ ، سک ہ ، و لین) صف مذ .

رک : پہلوٹھا .

اسی رات اللہ کے حکم سے وبا پڑی کہ ہر قبطی کا پہلوٹا بیٹا مر گیا .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۵۰۱

آپ نے فرمایا کہ میں اپنے والدین کا پہلوٹا ہوں .

۱۹۲۳ سیرۃ النبی ، ۳ : ۶۸۲

پہلوٹی (فت پ ، سک ہ ، ولین) صف مث .

رک : پہلوٹھی .

دوسری بولی ، پہلوٹی کی بچھیا ہو چکی ہے اب کے بچھوا ہوگا .

۱۹۳۰ مضامین رشید ، ۱۴۱

پہلوٹھا (فت پ ، سک ہ ، و لین) صف مذ .

وہ بچہ جو پہلے پہل پیدا ہوا ہو ، پہلا لڑکا ، پلوٹھا ، پلوٹھا .

اے روبن ؛ تو میرا پہلوٹھا میری قوت اور میری شہزوری کا پہلا پھل ہے .

۱۹۵۱ کتاب مقدس ، ۵۲

پہلوٹھی (ف ت پ ، سک ہ ، ولین) صف مث .

پہلوٹھا (رک) کی تانیث نیز اس سے منسوب .

یا بیل بھی اپنی بھیڑ بکریوں میں سے پہلوٹھی اور موٹی موٹی کئی ایک لایا .

۱۸۲۲ موسیٰ کی توریت مقدس ، ۱۲

گود میں ماشاءاللہ پہلوٹھی کا لڑکا ہے .

۱۹۲۹ بہار عیش ، ۵۳

پہلوک (ف ت پ ، سک ہ ، فت ل ، و) امذ .

پہلوی خط کی ایک قسم .

پہلوک اسے شمالی مغربی پہلوی اور اشکانی (پارتھوی) بھی کہتے ہیں اس کے نمونے سکوں اور نگینوں پر پائے جاتے ہیں .

۱۹۶۲ فن تحریر کی تاریخ ، ۲۴۸

[پہلو + ک ، لاحقۂ نسبت]

پہلونٹا (ف ت پ ، سک ہ ، و لین ، مغ) صف ، مذ .

رک پہلوٹھا .

حضرت اسرائیل کو میرا پہلونٹا بیٹا کہہ کر ممتاز کرنا ، کیا ان سب باتوں کو دل لگی کے قصے . . . نہیں کہہ سکتے .

۱۸۷۰ خطبات احمدیہ ، ۳۶۸

شریعت سابقہ کی رو سے قربانی صرف اس جانور یا آدمی کی ہو سکتی تھی جو پہلونٹا بچہ ہو .

۱۹۱۱ سیرۃالنبی ، ۱ : ۱۲۸

پہلونٹی (ف ت پ ، سک ہ ، و لین ، مغ) صف مث .

رک : پہلوٹھی .

پہلونٹی کی بیٹی مبتلا سے دو برس بڑی تھی .

۱۸۸۵ فسانۂ مبتلا ، ۱۵

صالحہ پہلونٹی کی لڑکی کنواری ہے .

۱۹۳۰ حیات صالحہ ، ۹

امین الدین کی دو اولادیں ہوئیں ، معین الدین پہلونٹی کا لڑکا .

۱۹۵۲ جوش (سلطان حیدر) ، ہوائی ، ۳۴

پہلونٹھا (ف ت پ ، سک ہ ، و لین ، مغ) صف مذ .

رک : پہلوٹھا .

پہلونٹھا فرزند قابیل اور دوسرا ہابیل کے نام سے موسوم ہوا .

۱۹۳۸ کتاب العلم ، ۱ : ۸۵

پہلونٹھن (ف ت پ ، سک ہ ، و لین ، مغ ، فت ٹھ) امث .

وہ عورت جس کو پہلی مرتبہ حمل رہا ہو (ا پ و ، ۷ : ۵۹) .

[پہلا (رک) سے]

پہلونٹھی (ف ت پ ، سک ہ ، و لین ، مغ) صف مث .

رک : پہلوٹھی .

ہم پہل پہلونٹھی کے نہ تھے یا اللہ آمین کے نہ تھے .

۱۸۷۳ انشائے ہادی النسا ، ۱۱۱

جب میرے پہلونٹھی کا لڑکا ہوا تھا تو . . . صدقے سلے کوئی بات بھی نہ چھوڑی .

۱۹۱۰ راحت زمانی ، ۴۲

ــ کا بچہ/بیٹا/فرزند/لڑکا امذ .

عورت کا پہلا بچہ (ا پ و ، ۷ : ۵۹) .

ــ کا حمل امذ .

عورت کا پہلا حمل یا پہلی مرتبہ کا قرار پایا ہوا حمل (ا پ و ، ۷ : ۵۹) .

پہلوی (ف ت پ ، سک ہ ، فت ل) امث .

۱. ایران کی قدیم زبان : ایران کی سات زبانوں میں سے ایک زبان جو اشکانیوں اور ساسانیوں کے عہد میں رائج رہی ، پرتو (= پہلو) قبیلے اور علاقے سے منسوب .

کلیلہ ودمنہ . . . کو بزرجمہر حکیم نے پہلوی زبان میں ترتیب دیا ہے .

۱۸۰۲ خرد افروز ، ۱۰

تاریخ عجم اسی کے حکم سے پہلوی سے اس وقت کی فارسی میں ترجمہ ہوئی .

۱۹۳۴ خیال (نصیر حسین خاں) ، داستان عجم ، ۱۶

۲. (مراداً) فارسی زبان .

کہن داستاں کوں کیا ہوں نوی کیا دکھنی الفاظ میں پہلوی

۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۸۳

۳. ایران میں پہلوی خاندان کی حکومت کے وقت کا ایک سکہ ، اشرفی .

ہر سال سلامی کے روز ہزمیجسٹی اپنے اراکین دربار کو سلامی کے وقت ایک ایک پہلوی (اشرفی) عطا کرتے تھے .

۱۹۷۹ کوہ دماوند ، ۹۷

[ف]

— اَشرَفی (— فت ا ، سک ش ، فت ر) امث .

رک : پہلوی معنی نمبر ۳ .

میرے وہ چچا . . . چیمبر لین تھے، اور جو ہر سال نوروز پر درباری انعام کی پہلوی اشرفی لاکر مجھے دیا کرتے تھے .

۱۹۷۹ کوہ دماوند ، ۱۵۱

[پہلو ی + اشرفی (رک)]

— خَط (— فت خ) امذ .

رسم‌الخط جس میں پہلوی زبان لکھی جائے .

پہلوی خط میں ث ، اور ذ ، کی آوازیں موجود تھیں .

۱۹۵۸ اردو ادب ، مارچ ، ۱۰۳

آرامی رسم‌الخط نے جن تحریروں کو جنم دیا ان میں . . . پہلوی . . . قابل ذکر ہیں .

۱۹۶۳ زبان کا مطالعہ ، ۱۸۳

[پہلوی + خط (رک)]

پہلوئی/پہلوی (فت پ ، سک ہ ، و مع / ضم ل) صف .

پہلو دار ، پہل دار ؛ جانبی ، بغلی .

جب ایک پہلوی ستون حرام مغز کا مبتلاے مرض ہو تو اسی جانب کے حرکتی اعصاب . . . کا فالج ہوتا ہے .

۱۸۸۲ کلیات علم طب ، ۲ : ۵۷۰

[رک : پہلو + ئی/ی ، لاحقۂ نسبت]

پہلی (فت پ ، سک ہ ، فت ل) صف مث .

پہلا (رک) کی تانیث ، ابتدائی .

میں نے کہا اگر حکم ہو تو غلام کو جگا دوں ، فرمایا کچھ ضرور نہیں ، پہلی نیند اس کی کڑوی مت کر .

۱۸۲۳ سیر عشرت ، ۴۷

— اِمداد (— کس ا ، سک م) امث .

ابتدائی دیکھ بھال (خصوصاً) ابتدائی طبی دیکھ بھال یا علاج وغیرہ .

پہلی امداد فرسٹ ایڈ .

۱۹۲۸ دیہاتی اصلاح ، ۱۳۵ .

[پہلی + امداد (رک)]

— اِینٹ (— ی مع ، مع) امث .

کسی تعمیر کی بنیاد کی اینٹ ، (مجازاً) کام کی ابتدا ، آغاز کار .

لیکن واقعہ یہ ہے کہ جب پہلی اینٹ ٹیڑھی رکھی جاتی ہے تو ، ع :

تا ثریا می رود دیوار کج

۱۹۱۲ مقالات شبلی ، ۸ : ۱۶۹

[پہلی + اینٹ (رک)]

— باتیں (— ی ، ج) امث ، ج .

اگلے زمانے کے طریقے ، پرانے رسم و رواج (جامع اللغات) .

[پہلی + باتیں ، بات (رک) کی جمع]

— بِسمِ‌اللہ (— کس ب ، سک س ، کس م ، غم ا ل ، شد ل ہمد) امث .

پہلی خطا ، پہلی چُوک ؛ ابتدائی اقدام ، آغاز کار .

خدا ہی خیر کرے ہے یہ پہلی بسم‌اللہ
رقیب آے جو ان کو سکھا پڑھا کے چلے

۱۸۹۷ شعور (نوراللغات)

اف : ہونا .

[پہلی + بسم‌اللہ (رک)]

— (ہی) بِسمِ‌اللہ (ہی) غَلَط کہاوت .

ابتدا ہی سے کسی کام کے بگڑنے کی نسبت بولتے ہیں ، کام شروع ہوتے ہی خراب ہو گیا .

کب میں آیا ترے مکتب میں بتا واللہ غلط
واہ واجی واہ پہلی ہی (یہ) بسم‌اللہ غلط

۱۷۹۸ سوز ، د ، (ق) ، ۱۴۰

صورت دیکھ لی سیرت کی حقیقت سے آگہی نہ پائی پہلی بسم‌اللہ یہ غلط ہوئی .

۱۸۶۲ شبستان سرور ، ۴ : ۹۰

پہلی بسم‌اللہ ہی غلط ثابت ہوتی ہے .

۱۹۳۹ افسانۂ پدمنی ، ۲۳

— بوہنی اللہ میاں کی آس کہاوت .

صبح دکان کھولتے ہی پہلے گاہک کے ہاتھ مال بیچنے کے وقت خدا کی مہربانی کا آسرا ہوتا ہے کہ شام تک خوب مال بکے گا (خزینۃ الامثال ، ۵۴) .

— پہل (— فت پ ، ہ) م ف .

اول اول ، پہلی مرتبہ

آہ یہ دارالفنا ہو وے نہ گر ماتم سرا
طفل کیوں رو دے جہاں میں آن کر پہلی پہل
۱۸۲۶ معروف ، د ، ۷۲
[پہلی + پہل (رک)]

— توڑ (— و مج) امث .
وہ قطعۂ اراضی جس پر صرف ایک مرتبہ معمولی طریقے سے ہل چلایا گیا ہو ، اک پھا ، ایک جوتی ، ایک سری جوت ، کھریلی (ا پ و ، ۶ : ۸) .
[پہلی + توڑ ، توڑنا (رک) سے]

— چوٹ (— و مج) امث .
پہلا صدمہ ، پہلی مصیبت .
عینی جیسی ذہن و دل کی لڑکی اس پہلی چوٹ کی شدت سے جس طرح دو چار ہوئی اس کا تجزیہ ضروری ہے .
۱۹۷۹ کوہ دماوند (دیباچہ) ، ۱۱
[پہلی + چوٹ (رک)]

— رات امث .
سہاگ کی رات ، شب زفاف .
وہ ایسی معلوم ہوتی ہے جیسے پہلی رات کی دلہن .
۱۹۴۵ الف لیلہ و لیلہ ، ۶ : ۴۰
[پہلی + رات (رک)]

— سیڑھی (— ی مع) امث .
پہلا قدم (مجازاً) ابتدائی ذریعہ ، اولین وسیلہ .
ان کی تمام ترقیات کی پہلی سیڑھی اور ان کے تمام کارناموں کا ایک زبردست آلہ تھیں .
۱۹۳۸ حالات سرسید ، ۷۵
[پہلی + سیڑھی (رک)]

— ضَرب (— فت ض ، سک ر) امث .
رک : پہلی چوٹ .
خوبصورت کانچ کے گلدان میں پھول کی طرح کھلتی زندگی کو پہلی گہری اور ابدی ضرب یلدرم کی اچانک وفات سے پہنچی .
۱۹۷۹ کوہ دماوند (دیباچہ) ، ۱۱
[پہلی + ضرب (رک)]

— کی پہلی امث ؛ م ف .
ہر مہینے کی پہلی تاریخ ، ایک مہینے کی پہلی تاریخ سے دوسرے مہینے کی پہلی تاریخ تک .
میاں پہلی کی پہلی ان کا ہاتھ خرچ بھیجدیا کرتے .
۱۹۶۳ دلی کی شام ، ۳۳۴

— مَنزِل (— فت م ، سک ن ، کس ز) امث .
(مجازاً) قبر .
اشک افشاں غم احباب میں ہونا ہے عبث
پہلی منزل پہ جو پہنچے انہیں رونا ہے عبث
۱۸۵۴ دیوان اسیر ، ۳ : ۱۱۵
مرض دق اس کو ختم کر چکا تھا . . . آٹھ روز بعد ہی باپ نے جوان بیٹے کو پہلی منزل پہنچا دیا .
۱۹۳۰ مضامین فرحت ، ۴ : ۲۲۸
[پہلی + منزل (رک)]

— نَظَر (— فت ن ، ظ) امث .
سرسری طور پر دیکھنے کا عمل .
وہ اتنی مختصر سی تھیں . . . اور پہلی نظر میں بڑی مشکل سے نظر آتی تھیں .
۱۹۶۷ پت جھڑ کی آواز ، ۸۴
[پہلی + نظر (رک)]

پہلے (فت پ ، سک ہ) م ف .
۱. ابتدا میں ، شروع میں ، بار اول .
کہتے تھے دیکھیں کون قدم جلد اٹھاتا ہے
نانا کے پاس پہلے بھلا کون جاتا ہے
۱۸۷۳ انیس ، مراثی ، ۱ : ۳
کوسنا ہوتا ہے منظور انہیں جب میرا
کلیاں کرتے ہیں وہ آب بقا سے پہلے
۱۹۱۹ درشہوار ، ۱۱۵
۲. آگے ، اگلے زمانے میں ، اب سے قبل .
کیا ہے عشق نے یہ جبر ورنہ دل پہ مرے
نہیں تمہارا کبھی اختیار پہلے ہوا
۱۸۵۶ کلیات ظفر ، ۴ : ۱۴
وہ یوں ہنستے نہ تھے پہلے رلا کے
یہی ہوتا ہے اب تو ادبدا کے
۱۹۳۸ سریلی بانسری ، ۱۷
۳. پیشتر ، قبل .
کہیں اتفاقاً وہ پہلے نکال
پیالے میں واں رکھ گیا بھر کے دال
۱۷۸۶ حسن (میر حسن) ، مثنویات ، ۱ : ن
صحیح بخاری سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سے پہلے کا واقعہ تھا .
۱۸۸۷ خیابان آفرینش ، ۳۱
چلے جی سے ہم ان کے جانے سے پہلے
مرے جاتے ہیں موت آنے سے پہلے
۱۹۳۲ بے نظیر شاہ ، کلام ، ۱۹۷
[رک : پہلا]

ــ اپنا ٹینٹھ تو دیکھو پیچھے دوسرے کی پہلی نگھارنا کہاوت .

پہلے اپنا عیب تو دیکھو پھر دوسرے میں عیب نکالو ، اپنا بڑا عیب تو دیکھا نہیں جاتا دوسرے کے چھوٹے سے عیب پر انگشت نمائی کی جاتی ہے .

بوا کس منہ سے ، پہلے اپنا ٹینٹھ تو دیکھو پیچھے دوسرے کی پہلی نگھارنا .

۱۹۱۰ لڑکیوں کی انشا ، ۶

ــ اپنی ہی داڑھی کی آگ بجھائی جاتی ہے کہاوت .

اول خویش بعدہٗ درویش ، پہلے اپنے فائدے کی بات کی جاتی ہے (جامع اللغات) .

ــ آپ پیچھے باپ کہاوت .

ہر ایک کو اپنا خیال زیادہ ہوتا ہے رک : پہلے اپنی ہی الخ (جامع اللغات ؛ آئینہ محاورات اردو ، ۱۲۲) .

ــ بو پہلے کاٹ کہاوت .

جو پہلے کام کرے وہ فائدہ میں رہتا ہے (جامع اللغات) .

ــ بھتر پھر دیوتا پتر کہاوت .

رک : پہلے گھر تب باہر (جامع اللغات) .

ــ پانسے تین کانے کہاوت .

رک : بسم اللہ ہی غلط (دریائے لطافت ، ۸۰) .

ــ پہرے سب کوئی جاگے ، دوجے پہرے بھوگی ، تیسرے پہرے چور جاگے ، چوتھے پہرے جوگی کہاوت .

رات کو پہلے پہر میں ہر کوئی جاگتا ہے ، دوسرے پہر میں عورت والا ، تیسرے میں چور اور چوتھے میں خدا کی یاد کرنے والا (جامع اللغات) .

ــ پہل (ــ فت پ ، ہ) م ف .

اول اول ، پہلی مرتبہ ، شروع شروع میں .

لڑائی سخت تھی پہلے پہل مرتدین کو کامیابی ہوئی .

۱۹۲۵ عبرت نامۂ اندلس ، ۸۹

پہلے پہل اس قسم کی آواز ہمیں کان میں پڑی .

۱۹۳۵ حکیم الامت ، ۲۳

ــ پہل کرنا محاورہ .

اولاً کسی کام کا آغاز کرنا .

جلانے کو دل داغ سینہ ہے حاضر
مگر تو ہی اے داغ پہلے پہل کر

۱۸۷۲ مراۃ الغیب ، ۱۲۳

ــ پہلے (ــ فت پ ، سک ہ) م ف .

اولاً ، شروع میں ، ابتدا میں ، پہلی مرتبہ .

وہ پہلے پہلے بوسہ لے لیا میں نے جو عارض کا
ندامت سے عجب عالم ہوا اس نو پشیماں کا

۱۸۶۵ نسیم دہلوی ، د ، ۵۶

ــ پیوے بھکوا پھر پیوے تمکوا پیچھے پیوے چلم چاٹ کہاوت .

حقہ پینے میں وہ شخص فائدے میں رہتا ہے جو درمیان میں ہے پہلا شخص تو سلگانے میں رہتا ہے اور آخری کو جلا ہوا تمباکو ملتا ہے (جامع اللغات) .

ــ پیوے جوگی ، بیچ میں پیوے بھوگی ، پیچھے پیوے روگی کہاوت .

کھانے کھانے میں جوگی پہلے پانی پیتا ہے تندرست اور خوش خور درمیان میں ، اور بیمار بعد میں (جامع اللغات) .

ــ تم (ــ آپ) پیچھے اور کہاوت .

رک : پہلے گھر تب باہر (گنجینۂ اقوال و امثال ، ۷۰ ؛ جامع اللغات) .

ــ تو ناک کاٹ لی پھر تاش (ٹاپٹی) کے رومال سے پوچھنے لگے کہاوت .

پہلے تو ذلیل کیا پھر عزت کرنے لگے (محاورات ہند ، ۵۵ ؛ گنجینۂ اقوال و امثال ، ۷۰) .

ــ توتھی میں اونی پونی اب ہوئی سو سے دونی کہاوت .

جب کسی کی ناقدری کے بعد قدر ہو تو یہ کہتے ہیں .

ہاجرہ . . . پورے دن تھے جو کچھ بھی نہ کرتیں تھوڑا ، پہلے تو تھی میں اونی پونی اب ہوئی سو سے دونی .

۱۹۱۷ طوفان حیات ، ۴

— تولو پھر منہ سے بولو کہاوت .

بات کرنے سے پہلے سوچ لینا چاہیے (جامع اللغات) .

— چومے (— چمے) (میں) گال (کو) کاٹا کہاوت .

پہلی ہی ملاقات میں رنج دیا ، ابتدا ہی میں ایذا دی ، پہلے ہی معاملے میں دغا دی اور نقصان پہنچایا (نوراللغات ؛ نجم الامثال ، ۱۲۹ ؛ محاورات ہند ، ۳۶ ؛ گنجینۂ اقوال و امثال ، ۷۵) .

نئے نفر نے چرایا آٹا پہلے چومے گال کو کاٹا

۱۸۳۵ رنگین ، شش جہت رنگین (ق) ، ۱۸۰

— خویش پیچھے درویش کہاوت .

رک : اول خویش بعدہٗ درویش (اردو لغت جلد اول) .

— درجے کا (— فت د ، سک ر) اسم .

(قانون) وہ مجرم جس سے ارتکاب جرم کا آغاز ہوا ہو .

اگر کوئی طبیب زہریلا عرق مہیا کرے اور نرس وہ زہریلا عرق مریض کو پلا دے . . . مریض مرجائے تو قاتل طبیب پہلے درجہ کا مرتکب ہوگا .

۱۹۴۵ مبادی قانون فوجداری ، ۱۳۸

— سوچ بچار ، پھر کیجیے کار کہاوت .

سوچ سمجھ کر کام میں ہاتھ ڈالنا چاہیے (علمی اردو لغت) .

— سے م ف .

۱. ابتدا سے ، شروع سے (کسی ضرورت یا نقصان کا پہلے سے اندازہ کرنے کی حالت) .

لگائی چاہئے چشمے کی ڈاٹ پہلے سے
کہ ابلا جب نہیں رکنے کا اوس کا پھر بہنا

۱۸۴۳ ترجمۂ گلستان ، حسن علی ، ۱۲۸

۲. گزرے ہوئے زمانے سے ، پیشتر سے .

ایک روزے سے بگڑتی نہیں دل کی حالت
ہے نڈھال آپ کا بیمار بہت پہلے سے

۱۹۶۸ روز نامہ 'جنگ' ، کراچی ، ۲۵ نومبر ، ۹

— سے چھٹی کے دھان کوٹنا محاورہ .

قبل از وقت کسی کام کی فکر کرنا (نوراللغات) .

— سے سونا محاورہ .

وقت پر بے خبر ہونا ، وقت پر غافل ہونا (نوراللغات) .

— گڑھیا کے پانی سے اپنا منہ تو دھو آؤ کہاوت .

تم اس قابل نہیں ہو ، پہلے قابلیت تو پیدا کر لو ، اس لائق تو ہو جاؤ .

بڑے . . . عاشق بنے ہیں پہلے گڑھیا کے پانی سے اپنا منہ تو دھو آؤ پھر عشق و عاشقی کا نام لو .

۱۹۰۳ آفتاب شجاعت ، ۱ : ۱۱۹۷

— گھر تب باہر کہاوت .

رک : پہلے گھر میں تو پیچھے مسجد میں .

ہندی کی نقل مشہور ہے پہلے گھر تب باہر .

۱۸۰۴ تہذیب الاخلاق ، ۶۶

— گھر کے تو پیچھے باہر کے کہاوت .

اپنوں سے بچے تو غیر کو دیا جائے (نوراللغات) .

— گھر میں پھر مسجد میں کہاوت .

رک : پہلے گھر میں تو پیچھے مسجد میں (نوراللغات) .

— گھر میں تو پیچھے مسجد میں کہاوت .

رک : اول خویش بعدہٗ درویش .

اس کا اندازہ خوب کر لیجیے
پہلے گھر میں تو پیچھے مسجد میں

۱۹۳۰ منظوم کہاوتیں ، ۲۹

— لقمے میں بال آیا کہاوت .

ابتدا ہی خراب ہوئی (علمی اردو لغت) .

— لکھ (اور) پیچھے دے بھول پڑے (پھر بھولے) تو کاغذ (— منجھ) سے لے کہاوت .

لین دین میں لکھ لینے سے بھول چوک نہیں ہوتی ، زبانی یاد داشت میں غلطی ہو جایا کرتی ہے (گنجینۂ اقوال و امثال ، ۷۰ ؛ نجم الامثال ، ۱۲۹) .

— مارے سو مری/میری کہاوت .

سب سے پہلے اور وقت پر کام کرنے والا کامیاب رہتا ہے ، جس کا وار پہلے چل جائے وہی بہادر (نجم الامثال ، ۱۲۹ ؛ گنجینۂ اقوال و امثال ، ۷۵) .

— ہی م ف .

قبل از وقت ، معاملے یا واقعے وغیرہ سے قبل .

عاشق کا کہیو پہلے ہی واں کام ہو گیا
تیرا ہنوز تیر پریرو کماں میں تھا

۱۸۷۹ دیوان عیش ، ۶۴

پہلیں (فت پ ، سک ہ ، ی مج) صف ؛ م ف (قدیم) .

رک : پہلے .

کچھ اور نہ اوچ ہے و ہی گھٹ
پہلیں پچھیں گپٹ ہے پرگٹ

۱۷۰۰ من لگن ، ۵۹

یہ پہلیں نہروں کے اوپر جانے کے پانی پیوتے ہیں .

۱۷۴۶ قصہ مہر افروز و دلبر ، ۱۹

پہن (فت پ ، سک نیز فت ہ) .

(الف) صف .

کشادہ ، فراخ ، وسیع و عریض .

چلیا اونچ دلدل دراں پہن دشت
گیا لے کر لشکر میں کیتا گزشت

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۳۵

ہر موجۂ سموم سے اس دشت پہن میں
آواز آ رہی ہے کہ یا دافع البلا

۱۹۲۸ صحیفۂ ولا ، ۱۵۹

(ب) اسذ .

۱. چوڑائی ، کشادگی ، عرض ، وسعت ، کفایت .

وہ باقر خانیاں جن کا بڑا پہن
سو آئے تھے وہ بادامی قبا پہن

۱۷۸۶ حسن ، (دو نایاب زمانہ بیاضیں ، ۲۰)

پہن دشت کثرت شکار سے غیرت چرخ و پروین تھا .

۱۸۳۵ بستان حکمت ، ۱۲

۲. وہ دودھ جو محبت کے جوش سے ماں کی چھاتیوں میں بھر آئے (نوراللغات) .

۳. نال سے نکل کر نشانے پر پہنچنے تک گولی کا اوپر کی طرف چڑھاؤ (ا پ و ، ۸ : ۸۲) .

[ف]

— دار صف .

کشادہ ، فراخ ، وسیع .

میں چلا جاتا تھا ہم چرخ پر
پہن دار یک چشمہ واں آیا نظر

۱۷۸۰ تفسیر مرتضوی ، ۲۵۲

[پہن + دار (رک)]

— کرنا محاورہ .

کشادہ کرنا ، پھیلانا ، چوڑائی یا وسعت دینا .

ہونا نہیں ہم و گرنہ جوں مہر
پہن ان نے کیا ہے ثور اپنا

۱۸۲۲ راسخ عظیم آبادی ، ک ، ۱۳

پہنا (۱) (فت پ ، سک ہ) .

(الف) صف .

۱. عریض ، کشادہ ، وسیع ، چوڑا چکلا .

سہ فرسنگ بالا و پہنا چہل ہوا دیکھ حیراں جواں مرد دیل

۱۸۱۰ شاہ نامہ (منشی) ، ۴۷۱

۲. مستی پر آیا ہوا (گھوڑا وغیرہ) .

یقیں ہے یوں کئی دن جو کرے گا
تو وہ گھوڑا ترا پہنا رہے گا

? (اصطلاحات پیشہ وراں ، ۵ : ۱۱)

(ب) اسذ .

چوڑائی ، کشادگی ، عرض ، وسعت ، پنا (رک) .

اسی قد و پہنا کا کوئی مرد نیں
کوئی اس سات لڑنے ہم آورد نیں

۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۵۷۵

اس کا پہنا بھی مدور ہوتا ہے جس طرح کہ موٹے پر پیچ .

۱۸۷۷ عجائب المخلوقات ، ۱۴۲

مدت سے تم آوارہ ہو پہنائے فضا میں
بڑھتی ہی چلی جاتی ہے بے مہری ایام

۱۹۳۶ ضرب کلیم ، ۱۰۵

[ف]

پہنا (۲) (فت پ ، سک ہ) اسذ .

رک : پنہی (پلیٹس) .

پہنا (فت پ ، ضم ہ) اسذ .

رک : پاہنا (جامع اللغات) .

پہنا پہنو (فت پ ، سک ہ ، فت پ ، سک ہ ، و مع) م ف .

(عوامی) پہنا کر .

پھٹے پرانے کپڑے جوڑ جاڑ ، رنگ بندہ ، پہنا پہنو تیار کیا .

۱۹۱۷ سات روحوں کے اعمال نامے ، ۵۵

پہنام (فت پ ، سک ہ) اسذ .

بڑھانے لٹانے دبانے دفن کرنے یا غرق کرنے کا عمل ، ٹھنڈا کرنے کا عمل .

ایک باغ وسیع میں تالاب و گھاٹ واسطے پہنام کرنے تعزیے جناب سیدالشہدا علیہ‌السلام کے . . . وقف کیا ہے .

۱۸۴۷ حملات حیدری ، ۷

اف : کرنا ، ہونا .

[ف ؟]

پہناں (فت پ ، سک ہ) صف ؛ امذ (قدیم .

رک : پہنا (۱) .

جنت بھی یوں پیدا کیا پہناں درازی یوں بڑی

۱۶۳۵ تحفۂ النصائح ، ۱

پہنانا (۱) (فت پ ، سک ہ) .

(الف) ف م .

پہننا (رک) کا تعدیہ .

خلعت با بہجت . . . او پر قامت قابلیت اون کی کے پہنایا .

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۲۱

وہ لاغر عشق میں ہوں استخواں پہنا کے کر لیجے
کہ مور ناتواں پر ٹھیک میرا پیرہن ہوگا

۱۸۷۲ مظہر عشق ، ۳۷

لچھمن کو بہت اچھے پہناوے پہنائے گئے .

۱۹۴۳ دانہ و دام ، ۱۷۷

پہنانا (۲) (فت پ ، سک ہ) ف ل .

گھوڑے کا بہار یا مستی پر آنا ، گھوڑی کی خواہش کرنا (ا پ و ، ۵ : ۱۱) .

[پہن (رک) سے]

پہناوا (فت پ ، سک ہ) امذ .

لباس ، کپڑا لتا ، ملبوسات کی وضع قطع ، لباس پہننے کا ڈھنگ .

پہناوا عوام‌الناس کا خواہ وہ مال دار ہوں خواہ مفلس موافق ستر کے .

۱۸۰۵ آرائش محفل ، افسوس ، ۱۳۴

واضح ہو کہ شلوار قدیم وسط ایشائی پہناوا ہے .

۱۹۷۹ گلگشت ، ۲۳۷

[پہننا (رک) سے]

پہناوار (فت پ ، سک ہ) صف .

رک : پہناور (پلیٹس) .

پہناوٹ (فت پ ، سک ہ ، فت و) امث .

پہننے کا ڈھنگ یا انداز .

اب اور غور سے دیکھا ہے تو ساڑھی کی پہناوٹ میں بھی خامیاں نظر آتی ہیں .

۱۹۵۰ خالی بوتلیں خالی ڈبے ، ۸۹

[پہننا (رک) سے]

پہناور (فت پ ، سک ہ ، فت و) صف .

رک : پہنا ، کشادہ ، فراخ ، وسیع .

عجائب تر وہ ہیں کہ بازی گری رکھتی ہیں ابر سے کہ بعض کو پہناور اور کشادہ کرتی ہیں .

۱۸۷۷ عجائب‌المخلوقات ، ۱۴۴

کسی کو نار دوزخ دے کسی کو باغ جنت دے
بتہ اس بحر پہناور کے کیا ہے جزر اور مد کا

۱۸۹۸ دیوان مجروح ، ۹

[ف]

پہناوری (فت پ ، سک ہ ، فت و) امث .

کشادگی ، فراخی ، عرض .

پتوں اور پھلوں کے طول و عرض ، بڑائی اور پہناوری وغیرہ پر بھی اس کی بنیاد قائم نہیں ہے .

۱۹۵۶ مناظر احسن گیلانی ، عبقات (ترجمہ) ، ۳۶۷

[ف]

پہناؤ (فت پ ، سک ہ ، و مج) امذ .

رک : پہناوا .

یہ پہناؤ کس ملک کا ہے ، اللہ جانتا ہے آج تلک ایسی وضع دیکھنے میں نہیں آئی .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۳ : ۱۴۸

پہناون (فت پ ، سک ہ ، فت و) امث .

کپڑے جو مہمانوں اور رشتہ داروں کو شادی پر دیے جائیں ،

رک : پہراون (پلیٹس) .

پہناؤنی (فت پ ، سک ہ ، و مج) امث .

رک : پہناون .

جہیز دکھانے کے بعد سمدھیوں کو صدر دالان میں جمع کیا گیا اور سو جوڑے پہناؤنی کے دیے گئے .

۱۹۶۴ نور مشرق ، ۱۰۰

پہناوے (ف پ ، سک ہ) امذ ، ج .

۱. پہناوا (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت ، لباس ، کپڑے .
لچھمن کو بہت اچھے پہناوے پہنائے گئے .
۱۹۴۳ دانہ و دام ، ۱۷۷

۲. رک : پہناوا ، طرز لباس .
اس نے پھر عشرت پر نگاہ ڈالی ، اس کے پہناوے سے اسے شبہ ہوا .
۱۹۵۴ شاید کہ بہار آئی ، ۱۳

پہنائی (ف پ ، سک ہ) اسث .

رک : پہن (۱) .
اکثر مد ان جایوں میں کہ تنگ ہیں اور پہنائی نہیں رکھتیں مد بہت ہوتی ہے .
۱۸۴۰ ستہ شمسیہ ، ۲ : ۱۰۹

زندگی سے تنگ سانچے میں سما جاتا ہے عشق
موت سے عالم کی پہنائی پہ چھا جاتا ہے عشق
۱۹۳۳ سیف و سبو ، ۱۲۰

پہنچ (ف پ ، ضم ہ ، مغ) اسث ؛ ~ پہونچ .

۱. رسائی ، باریابی .
قاصد کی کب ہے کوچۂ دلدار تک پہنچ
تو لے کے آہ نامہ مرا یار تک پہنچ
۱۷۹۲ محب ، د (ق) ، ۱۳۴
شدہ شدہ دیوان صاحب کے حضور میں اس کی پہنچ ہوئی .
۱۸۷۳ فسانۂ معقول ، ۸۹
وہاں تک کسی کی پہنچ نہیں نہ انسان کی نہ جن کی .
۱۹۴۵ الف لیلہ و لیلہ ، ۶ : ۱۰۹

۲. وہ حد جہاں تک کوئی چیز پہنچ سکے ، زد ، دسترس .
مولوی صاحب اور ان کے لٹھ کی پہنچ سے دور ہٹ گئے .
۱۹۳۷ دنیائے تبسم ، ۱۴۱

۳. (مجازاً) سو جانا ، غافل ہو جانا .
سلجدہ پہلے ہی سو گئی تھی ماما کو ایک جھونکا آیا وہ بھی پہنچ گئی .
۱۸۹۵ حیات صالحہ ، ۵۳

۴. (مجازاً) سمجھ ، ادراک ، عقل کی رسائی .
کارخانہ قدرت میں بہت سی چیزیں . . . ہماری پہنچ سے باہر ہیں .
۱۸۸۹ مبادی العلوم ، ۸

۵. (عوام) رسد ، اقرار وصولیابی ؛ طاقت ، قوت (پلیٹس) .

[ہ : پہنچ पहुच]

پہنچا (ف پ ، ضم ہ ، مغ) امذ ؛ ~ ہو پہنچا ، پونہچا ، پہونچا .
کلائی اور پنجے کا درمیانی جوڑ ، ساعد ، بند دست ، (مجازاً) کلائی .

یکایک نور یک جوں برق چمکیا
رہا پہنچے تلک دونوں بہ زہرا
۱۷۷۱ بشت بہشت ، ۷ : ۱۰۸

تم اس کو رنگ حنا خاص مت شمار کرو
ہے قتل عام سے رنگیں نگار کا پہنچا
۱۸۱۲ دیوان جہاں ، ۴۲

پہنچے سے لے کر کلائی کے بالائی حصے تک گوشت سے پوشیدہ نہیں ہے .
۱۹۳۲ رسالہ نبض ، ۱۲

[س : پرکوشٹ + کہ : प्रकोष्ठ + क]

— پکڑنا محاورہ .

۱. (کشتی) ایک قسم کی زور آزمائی جس میں ایک آدمی دوسرے کی کلائی دونوں ہاتھوں سے مضبوط پکڑتا ہے اور دوسرا چھڑاتا ہے اگر وہ چھڑالے تو جیت جاتا ہے ورنہ ہار جاتا ہے (جامع اللغات) ؛ کلائی کو گرفت میں لینا .
دیو کم بخت نے کس زور سے پہنچا پکڑا
ہو گئی لال نزاکت سے کلائی تیری
۱۸۵۳ اندر سبھا ، امانت لکھنوی ، ۱۵۲

۲. بے تکلفی کرنا ، ہاتھ پھیلانا (جامع اللغات) .

— دیتے ہی ہاتھ پکڑنا محاورہ .
کسی کے رعائتی برتاؤ سے غلط فائدہ اٹھانا (مہذب اللغات) .

— لچکنا محاورہ .
نزاکت کے باعث ہاتھ کا بار نہ سہارنا ، کلائی کا جوڑ ہل جانا (جامع اللغات) .

پہنچانا (ف پ ، ضم ہ ، مغ) ف م ؛ ~ پونہچانا ، پہونچانا .

۱. پہنچنا (رک) کا تعدیہ .
نا خوشی ہو میرے تیں جب تو ہو شاد
میں نہ پہنچاؤں تری ہرگز مراد
۱۷۹۱ ریاض العارفین ، ۶۸
دست تقدیر نے کلکتے دو بارہ پونہچایا .
۱۸۴۸ تاریخ ممالک چین ، ۴

ایسی سخت گرمی ہوتی ہے کہ نلوں کے ذریعے سے باہر کی ہوا پہونچانے کی ضرورت محسوس کی جاتی ہے .

۱۹۱۶ گہوارۂ تمدن ، ۱۰۲

۲. **مردے کی روح کو ایصال ثواب کرنا ، بخشنا ، (قرآن شریف وغیرہ) .**

عشا کے بعد دو تین گھنٹے تک وہ سورتیں پڑھ کر عزیزوں کو پہونچاتی .

۱۹۳۶ گرداب حیات ، ۴۹

پہنچا نہار ۷۵ (فت پ ، ضم ہ ، مغ ، سک ن) صف (قدیم) .

پہنچانے والا .

سخن کوں زباں ہرتوں پہنچا نہار
منگیا سب کسی کا سوتوں دینے ہار

۱۶۹۹ نور نامہ ، ۱

[پہنچانا (رک) سے]

پہنچانے کو جانا ۷۸ محاورہ .

رسم مشایعت ادا کرنا ، کسی کے رخصت ہونے کے وقت اخلاقاً کچھ دور اس کے ساتھ جانا (مہذب اللغات) .

پہنچا ہوا ۷۵ (فت پ ، ضم ہ ، مغ ، ضم ہ) صف ؛ ~ پونہچا ہوا .

۱. **خدا رسیدہ ، برگزیدہ .**

خدا کو نہ عالم ہی جانے نہ فاضل
جو پہنچا ہوا ہے وہی جانتا ہے

۱۸۹۷ دیوان مائل (احمد حسن) ، ۲۵۵

فقیر نے باہر سے للکارا ، عورت ذات امراؤ بیگم تھرا تھرا اٹھیں اور سمجھیں کہ کوئی پہنچا ہوا آ پہنچا .

۱۹۳۳ فراق دہلوی ، لال قلعہ کی ایک جھلک ، ۱۵

۲. **باخبر ، تجربہ کار ، کامل .**

،،السفر صورت السقر،، یہ بجا ہے مگر پونہچے ہوؤں نے ،، السفر وسیلۃ الظفر،، کہا ہے .

۱۸۶۶ جادۂ تسخیر ، ۳۴

پہنچنا ۸۷۵ (فت پ ، ضم ہ ، مغ ، سک چ) ف ل ؛ ~ پونہچنا ، پہونچنا .

۱. **ایک جگہ سے دوسری جگہ تک آنا جانا ، وارد ہونا ، آ جانا .**

مان سنگھ بھی پنڈی پہنچ لیے تھے .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۶۶۸

میدان حشر میں ارے دل تو پہلے چل
میں بھی پہونچ رہوں گا تجھے ڈھونڈتا ہوا

۱۹۰۵ دیوان انجم ، ۵۰

۲. **اعلیٰ سے ادنیٰ یا ادنیٰ سے اعلیٰ درجے تک جانا .**

قرآن مجید کے احکام ان اشخاص کی تعلیم کے لیے موزوں ہیں جو اعلیٰ درجے کے تمدن تک پہنچ چکے ہیں .

۱۸۹۶ تحقیق الجہاد (مقدمہ) ، ۱۲۳

۳. **میسر ہونا ، حاصل ہونا .**

ہرگز نہ رک سکے گا جو روکیں گے دو پہاڑ
پونہچے گا بحر جو ہے تمہارے نصیب کا

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۵

۴. **(بطور وراثت) ملنا ، حاصل یا منتقل ہونا .**

دس ہزار درہم باپ کی میراث سے مجھے پہونچے ہیں .

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۲۳۷

جب بادشاہ نے رحلت فرمائی ، سلطنت اس اقلیم کی ملکہ کو پہنچی .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۹۵

۵. **آنا ، موصول ہونا .**

مے و جام و گل و مطرب ہے موجود
بہار وصل کا سامان پہنچا

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۶۶

جو روپیہ آپ کو پہنچا ہے اس کو اپنے صرف میں لائیے .

۱۹۵۶ بیگمات اودھ ، ۳۷

۶. **جانا ، رسائی پانا ، پہنچ ہونا .**

قاصد کی کب ہے کوچۂ دلدار تک پہنچ
تو لے کے آہ نامہ مرا یار تک پہنچ

۱۷۹۲ محب ، د (ق) ، ۱۳۴

دامان عرش تک بھی پہونچنا ہے اس کو لیک
اللہ رے دماغ ہمارے غبار کا

۱۸۷۲ مظہر عشق ، ۳۰

فی زمانہ مشاہیر تک پونہچنا کارے دارد .

۱۹۱۱ نشاط عمر ، ۱

۷. **زیب دینا ، حق ہونا .**

تمہارے ساتھ جس کا دل لگا ہے
او سے یوں منع کرنا پہنچتا ہے

۱۷۱۸ دیوان آبرو (ق) ، ۸۵

شرع کے موافق بھی ہر ایک کو سلاطین کے حق میں امر معروف ونہی منکر میں درشتی کرنی نہیں پہنچتی .

۱۸۰۵ جامع الاخلاق ، ۳۲۶

۸. **(مرتبے وغیرہ میں) بلند ہونا ، فائز ہونا .**

پہنچے وہ لوگ رتبے کو کہ مجھے
شکوۂ بخت نارسا نہ رہا

۱۸۵۱ مومن ، د ، ۱۳

۹. **اونچا ہونا** (قد وغیرہ میں) **ہم قامت ہونا ، طولاً واقع ہونا .**

یہی بات اس سے پوچھو کہ وہ عورت سر کو پہنچتی ہے یا دھڑ کو۔

۱۸۰۱ طوطا کہانی، ۵۳

۱۰۔ (مجازاً) ترقی کرنا۔

زمانے کی ضروریات کے مطابق اس میں اصلاح و ترقی جاری رہتی تو آج ہماری زبان کہیں سے کہیں پہنچ جاتی۔

۱۹۳۶ خطبات عبدالحق، ۳۳

۱۱۔ برابری کرنا، ٹکّا کھانا، ہمسر ہونا۔

سراج اس شعلہ رو کی تنگ پوشی کوں کہاں پہنچے
کہ ہے جامہ بدن میں شمع کے فانوس کا ڈھیلا

۱۷۳۹ کلیات سراج، ۱۷۵

سچ ہے جھوٹ بولنا ایسا ہی گناہ ہے کہ کوئی گناہ اس کو نہیں پہنچتا۔

۱۸۰۲ باغ و بہار، ۷۱

اس بات میں سرسید بھی انہیں نہیں پہنچتے تھے۔

۱۹۳۵ چند ہمعصر، ۱۳۳

۱۲۔ پانا (عموماً کو کے ساتھ)۔

خوشی اور خرمی حاصل ہو اور سب نامراد اپنی مراد کو پہنچیں۔

۱۸۰۲ باغ و بہار، ۱۱۳

میں اپنی سزا کو پہنچ گئی۔

۱۹۳۱ رسوا، اختری بیگم، ۲۲۱

۱۳۔ واقع ہونا، ہونا۔

ایسا درد پہنچا کہ اندھیرا آنکھوں میں طاری ہوا۔

۱۷۳۲ کربل کتھا، ۴۸

پہنچتی ہے شکست اک دن بتوں سے شیشۂ دل پر
لڑایا جاتا ہے یہ آبگینہ روز پتھر سے

۱۸۳۲ دیوان رند، ۱: ۱۷۹

۱۴۔ ملنا، حصے میں آنا۔

یہ خیال کہ دینے والے نے ایک روٹی دی اور مرنے والوں کو روٹی پہنچی ٹھیک نہیں معلوم ہوتا۔

۱۹۰۸ صبح زندگی، ۲۲۸

۱۵۔ جاننا، واقف ہونا، سمجھنا۔

پہنچے ہر اک نہ درد کو میرے
وو ہی جانے جو ایسا حال رکھے

۱۸۱۰ میر، ک، ۳۱۵

مومن اسی نے مجھ سے دی برتری کسی کو
جو پست فہم میرے اشعار تک نہ پہونچا

۱۸۵۱ مومن، د، ۴۲

۱۷۔ (مجازاً) غافل ہو جانا، سدھ بدھ نہ رہنا، سو جانا۔

ساجدہ پہلے ہی سو گئی تھی، ساما کو ایک جھونکا آیا وہ بھی پہنچ گئی۔

۱۹۳۰ حیات صالحہ، ۵۳

۱۸۔ اندر جانا، گھسنا، در آنا۔

جب سینہ بیچ پہونچ کے گولی نے دیر کی
تب اس کے مرغ جاں نے قفس تن سے ٹھیر کی

۱۷۶۱ جنگ نامہ پانی پت، ۶

۱۹۔ (مجازاً) سپرد ہونا، ذمے ہونا۔

یوں قرار پایا کہ جس کا قلم اوپر آئے یا یوں ٹھہرا کہ ڈوب جائے، پرورش مریم کی وہی کرے . . . حضرت زکریا کا قلم آلٹا اوپر کو بہایا ڈوب گیا تب مریم کی پرورش انھیں کو پہونچی۔

۱۸۴۵ احوال الانبیا، ۱: ۶۹۴

۲۰۔ معلوم ہونا، مسموع ہونا۔

باہمن بولا مہاراج یہ دوہا کیا تم کو نہیں پہنچا۔

۱۸۰۲ نقایات، ۴۵

ابن تیمیہ نے کہا ہے کہ مجکو دار قطنی سے پہنچا ہے کہ کہا انھوں نے کوئی حدیث تسمیہ کی پکار کر پڑھنے کی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و سلم سے صحت کو نہیں پہنچی ہے۔

۱۸۷۳ مطلع العجائب، ۶۹

مجھے جو اس فن میں استادوں سے پہنچا ہے اس کو ان دو مقالوں کے ترجمہ میں ظاہر کرتا ہوں۔

۱۹۲۹ تذکرہ کاملان رامپور، ۲۹۵

۲۱۔ ٹکرانا، برابر آنا، قدرت ہونا۔

نہ سورج کو پہنچے کہ پکڑے چاند کو اور نہ رات آگے بڑھے دن سے۔

۱۷۹۰ ترجمہ قرآن (شاہ عبدالقادر)، ۴۲۵

[س : पर्याप्ति पर्याप्नोति پریاپنو]

پہنچی (فت پ، ضم ہ، مغ) اسث: پوہنچی، پہوچی، پہونچی۔

عورتوں کے ایک زیور کا نام جو کلائی میں پہنا جاتا ہے۔

بانہو و پہنچی و کنگن بیچ لڑی
سرسوں تھی بالگ جواہر میں جڑی

۱۷۱۴ دیوان فائز دہلوی، ۲۰۶

پہنچے پر زمرد کی پہنچی اور یاقوت کے دست بند۔

۱۸۰۲ نثر بے نظیر، ۷۴

بادشاہ سلامت نے سونے کی پہنچیوں کا ایک جوڑا . . . بیگم صاحبہ کو عنایت فرمایا۔

۱۹۳۰ بہادر شاہ کا روزنامچہ، ۱۰۸

پہنڈیت (فت پ، سک ہ، مغ، ی لین) امذ۔

رک: پھندیت۔

بولیں اور بیچ کھیت بولیں اس طرح بولیں جیسے ارہر کے کھیت میں پہنڈیت بٹیر۔

۱۹۱۵ گلدستۂ پنج، ۶۴

[پھندا (رک) سے]

پہنک (فت پ ، سک ہ ، فت ن) صف (قدیم) .

مطلق ، آزاد ، بے قید .

ہور جیکوئی پہنک روح ہیں ، انو بھی نماز کرتے اپنے آپے .

۱۴۱۱ بندہ نواز ، معراج العاشقین ، ۲۸

[؟]

پہننا (فت پ ، کس نیز فت ہ ، سک ن) ف م .

۱. لباس زیب تن کرنا .

لگی چپ جس گھڑی میں پہن بیٹھے
پھٹے یا رب یہ محمودی کا جامہ

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، (ق) ، ۱۰۸

کون کون سا کپڑا پھٹا پرانا ہے اور کون سا پہننے اوڑھنے کے قابل ہے ؟

۱۸۷۳ مجالس النسا ، ۱ : ۸۶

سرل نے ڈریسنگ گاؤن پہن کر اپنے کمرے کی کھڑکی میں سے جھانکا .

۱۹۵۹ آگ کا دریا ، ۷۱۴

(ii) لباس بنانے کا خرچہ برداشت کرنا .

کسی بات میں ماں باپ کے محتاج نہیں اپنا کھانا اپنا پہننا .

۱۸۶۸ مراۃ العروس ، ۷۳

۲. زیور پھول وغیرہ بدن پر سجانا .

انجھو کا جل لے ٹپکے سو سنے پر دیکھ بھابی کیں
برہ کے جوہری کیں تے لے پہنے ہار نیلم کا

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۱۴

چن چکی دو پٹے اب ، غم کی پالے میرے کون
پھول گوندھ گوندھ کے پہنے بالے میرے کون

۱۹۲۵ شوق قدوائی ، عالم خیال ، ۴

۳. کسی چیز کا جسم کے کسی حصے پر استعمال کرنا .

گویا آپ کا بوٹ چمڑے کی شکل میں . . . اس کے بعد آج آپ نے خریدا اور اپنے پاؤں میں پہنا .

انتخاب توحید ، ۱۴۴

سردی میں اس منشی کو دستانے پہننے پڑتے تھے تاکہ ہاتھ گرم رہیں .

۱۹۲۹ تاریخ سلطنت روما ، ۷۰۹

[ہ : پہننا] [पहिनना]

پہنی (فت پ ، ہ ، شد ن) امث .

وہ مخروطی شکل کی لکڑی یا پتھر جو بڑھئی تختے چیرتے وقت شگاف کھلا رکھنے کے لیے شگاف میں رکھ دیتے ہیں .

فائدہ جس کو ہندی میں پہنی کہتے ہیں پانچویں قوت عملی ہے اور وہ دو سطح منحرف سے پیدا ہوتی ہے .

۱۸۷۳ علم طبیعات ، ۵۷

[س : پھنی] [फन्नी]

پہنے جگ بھاتا اور کھائے من بھاتا کہاوت .

لباس ایسا پہنے جسے دیکھ کر لوگ تعریف کریں اور کھانا اپنی پسند کا کھائے .

سنتے چلے آئے ہیں کہ پہنے جگ بھاتا اور کھائے من بھاتا مگر میر صاحب پہننے اور کھانے دونوں میں اپنی پسند کو ترجیح دیتے تھے .

۱۹۶۲ گنجینۂ گوہر ، ۳۰

پہوا (ضم پ ، سک ہ) اسذ ~ پھوا .

دھنی ہوئی روئی کا گالا ، رک : پہل ، پھایا ، پھایا ، پھویا .

ایک معقول ڈبیہ کے اندر سرخ یا سبز عمدہ کاغذ لگا کر اس میں موتی رکھنے چاہیں اور ان پر ایک روئی کا پہوا رکھوا کر بند کرکے اور اوپر کپڑے سے سلوا کر اور لاکھ کی مہریں لگا کر روانہ کیا جائے .

۱۸۹۵ مکتوبات حالی ، ۲ : ۲۱۲

پہوچی (فت پ ، و مج ، غم و نیز و مج) امث .

رک : پہنچی .

اون پہوچیوں کی جو دیکھیں صنعت
حوریں ملیں اپنے دست حسرت

۱۸۷۱ دریائے تعشق ، ۱۱

پہوکارنا (ضم پ ، و مج ، سک ر) ف م ؛ ف ل (قدیم) .

رک : پکارنا .

پھرا ڈھونڈتا سب بیابان میں
پہو کارا بہت تجھ کو میدان میں

۱۷۵۶ قصہ کامروپ و کالا کام ، ۳۸

پہونچ (فت پ ، ضم ہ ، غم و نیز و مج ، مج) امث .

رک : پہنچ .

ہم صحبتی یار کو ہے اعتبار شرط
اپنی پہونچ تو میر نہیں پاسباں تلک

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۴۳۹

مشت غبار کو مرے واں ہوگی کیا پہونچ
جس کی گلی میں رکھتی نہ ہووے صبا پہونچ

۱۷۹۸ بیان ، دیوان بیان ، ۱۳

— رہنا محاورہ .

جالینا ، جاملنا .

پہونچ رہیں گے برابر ہی حشر میں بد و نیک
رہ خطا سے کہاں ہے رہ ثواب جدا
۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۲۰

میدان حشر میں ارے دل تو تو پہلے چل
میں بھی پہنچ رہوں گا تجھے ڈھونڈتا ہوا
۱۹۰۵ دیوان انجم ، ۵

— ہونا محاورہ .

رسائی ہونا .

شدہ شدہ دیوان صاحب کے حضور میں اسکی پہونچ ہوئی .
۱۹۷۳ فسانۂ معقول ، ۸۹

پہونچا (ف ت پ ، ض م ، غ و ن و چ ، غ ، مغ) امذ .

رک : پہنچا .

نظر بیچ آیا اسے یک بیک
نہ وہ بات سب بلکہ پہونچے تلک
۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۳۱

گجرا جو ہاتھ میں ہے تو بدھی گلے میں ہے
لچکی کمر کبھی ، کبھی پہونچا لچک گیا
۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۳۲

اکثر ہاتھ کا پہونچا اکھڑ جایا کرتا ہے .
۱۹۴۷ جراحیات زہراوی ، ۲۲۳

— اترنا محاورہ .

پہونچے کا جوڑ سے جدا ہوجانا .

اس نے سنان اٹھائی تو پہونچا اتر گیا
اس نے کمان کھینچی تو چلہ اتر گیا
۱۸۵۳ ریاض شمیم ، ۲۶۶

— دیتے ہی ہاتھ پکڑلینا محاورہ .

رک : پہنچا دیتے الخ .

پہونچا دیتے ہی ہاتھ پکڑ لیا ، آپ کو اپنی حسن آرا سے کام ہے یا ان کی بہنوں سے ذرا سمجھ بوجھ کے کہا کیجیے .
۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۱۶۱

پہونچانا (ف ت پ ، ض م ، غ و ن و چ ، غ) ف م .

۱. رک : پہنچانا .

بدن نادار انساں کوں . . . کتم عدم سے عالم وجود میں پہونچایا .
۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۲۱

بند میں ہے سخن اب مضطرب الحال بہت
جلد یثرب میں اسے اے مرے مولا پہونچا
۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۶۷

۲. بخشنا ، ثواب بھیجنا .

عشا کے بعد دو تین گھنٹے تک وہ سو رتیں پڑھکر عزیزوں کو پہونچاتی .
۱۹۳۶ گرداب حیات ، ۴۹

پہونچنا (ف ت پ ، ض م ، غ و ن و چ ، غ ، مغ ، سک چ) ف ل .

۱. رک : پہنچنا .

کنارے گور کے جب عشق میں پہونچے تو یہ جانا
کہ اس دریائے بے پایاں کا ساحل ہے تو بس یہ ہے
۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۲۷۳

یہ کتاب جہاں جہاں اس کا پہونچنا ضرور ہے پہونچے .
۱۹۰۹ حرز اطفال ، ۱۷

۲. ملنا ، حاصل ہونا (علم فن وغیرہ کا) .

دیباچے میں لکھتے ہیں کہ تحریر اقلیدس کا مقابلہ اول و دوم . . . . مجھے جو اس فن میں استادوں سے پہونچا ہے .
۱۹۲۹ تذکرۂ کاملان رامپور ، ۲۹۵

۳. حصے میں آنا ، ملنا .

حضرت ذکریا نے قلم الٹا اوپر کو بہایا ڈوب گیا تب مریم کی پرورش انہیں کو پہونچی .
۱۸۴۵ احوال الانبیاء ۱ : ۶۹۴

۴. سمجھنا ، تہ تک پہنچنا .

مومن اسی نے مجھ سے دی برتری کسی کو
جو پست فہم میرے اشعار تک نہ پہونچا
۱۸۵۱ مومن ، ک ، ۴۲

پہونچی (ف ت پ ، ض م ، غ و ن و چ ، غ ، مغ) امث .

رک : پہنچی کلائی .

مجھے ڈر ہے نہ پہونچے پہونچیوں تک بوجھ سے صدمہ
کہ نازک ہے نہایت ہی تیرا اے نازنیں پہونچا
۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۴

اس کی پہونچیاں کھولیں اور صالحہ کے پائنچے میں باندھ کر لیٹ گئی .
۱۹۳۰ حیات صالحہ ، ۱۵۸

پہی (۱) (ف ت پ) حرف جار (قدیم) .

بہ ، پر .

سجن کے دشٹ جس ناری پہی تس کیا اڑاکی توں
مکرحور حیل چھوڑ دے توں پھر اس کیا آزماتی ہے
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۱۳۵

[؟]

پہی (۲) (ف ت پ) امث .

کھلیان ، ربیع کے اناج کا ڈھیر جو گاہنے کے لئے انبار کیا گیا ہو (ا پ و ، ۶ : ۴۰) .

[مقامی ؟]

پہیا (ف ت پ ، کس ء ، شد ی) امذ ؛ ~ پیا ، پہیہ .

۱. گاڑی کا چاک جس کے زمین پر چلنے سے گاڑی آگے بڑھتی ہے .

پہیا [= پیا] .

۱۷۵۱ نوادرالالفاظ ، ۱۳۲

بطور گول تختہ کے پہیا لڑھیا کا سپاٹ ہوتا ہے .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۲۹

۲. مدور پایہ جس کے بل کوئی چیز حرکت کرے .

جس میں پہیے لگے ہیں سوؤں ہوں اوس پر کہ مرا
تجھ تلک پہنچ رہے اے بت مغرور پلنگ

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۷۸

ایک فیٹ لوہا بچھایا جاوے یا ایک پہیا گھڑا جاوے .

۱۸۹۳ بست سالہ عہد حکومت ، ۸۳

۳. چکر ، چرخی ، (مجازاً) طرز ، طریقہ .

برگشتگی کا حال کھلا اہل کفر پر
پہیے جو دور گنبد گردوں سے پھر گئے

۱۸۷۲ محامد خاتم النبیین ، ۱۱۵

اس زمانے کی کاروائی نے . . . مجھ کو بے شک رنج پہونچایا ، دس برس تک جو پہیا یک وضع پر گردش کرتا رہا ہے وہ ٹھیرتے ٹھیرتے ٹھہرے گا .

۱۸۸۳ مکاتیب وقارالملک ، ۲ : ۸۰

مشین کے دور کے ڈیڑھ سو سال گزرنے کے بعد بھی ہم نے بدھ مت کے پیروؤں کی طرح کوئی عبادت کا پہیہ ایجاد نہیں کیا ہے .

۱۹۴۳ آدمی اور مشین ، ۱۶۹

۴. لکڑی کا حلقہ جو کنوؤں میں ڈالتے ہیں (جامع اللغات) .

[پہیا = پیا (رک)]

— پہری ناک امث .

پتھی ہوئی یا چپٹی ناک (جامع اللغات) .

پہیرا (ف ت پ ، ی مج) امذ (قدیم) .

رک : پہرا .

ہووے جیسے لشکر کہیں ، پہیرا اوسے دن رات ہے
بہتر ہے نفل روزہ بھی ، افطار کرنا خوب تر

۱۶۳۵ تحفۃ النصائح ، ۳۶

پہیڑیا (ف ت پ ، ی مج ، سک ڑ) صف .

کولھو میں گنا یا گنے کے ٹکڑے لگانے والا .

ایک آدمی دستانہ چمڑے کا پہن کر گنڈیریاں کولھو میں ڈالتا اور برابر کرتا رہتا ہے اس کو پہیڑیا کہتے ہیں .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۶۲

[غالباً پھیرنا (رک) سے]

پہیلا (ف ت پ ، ی مج) امذ .

رک : پہیلی .

ایک پہیلا سدا نویلا جو بوجھے سو زندہ رہے
زندے میں سے مردہ نکلے مردے میں سے زندہ رہے

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲ : ۲۳

پہیلوان (ف ت پ ، ی مج ، سک ل) امذ (قدیم) .

رک : پہلوان .

بادشاہے عقل نے سن کر یو بات
پہیلواناں صبر کے لے کر سنگات

؟ مثنوی حسن و دل ، (ق) ، ۲۳

پہیلی (ف ت پ ، ی مج) امث .

اس جملے یا کلام کو کہتے ہیں جو ذو معنین ہو یا اس کے معانی کو الفاظ کی اوٹ میں قصداً اس غرض سے مخفی رکھا گیا ہو کہ مخاطب کی سوجھ بوجھ بآسانی نہ پا سکے . اس کی صورت استفہامیہ بھی ہو سکتی ہے ، چیستان ، معمہ .

چیستان . . . اہل ہند پہیلی کو ہند .

۱۸۱۹ ادات الفضلا (سہ ماہی 'اردو' اکتوبر ۱۹۶۷ء ، ۲۳)

کہن تل چھپا سور جوتی نہ ٹھار کنا اس پہیلی کا کیا ہے ہجار

۱۶۹۵ دیپک بتنگ (ق) ، ۱۸۶

امیر خسرو کی ایک غزل اور پہیلیاں اور مکرنیاں اور گیت بتا بتاتے ہیں کہ . . . ہجری میں یہاں کے مسلمان خاصی بھاشا بولتے ہوں گے .

۱۸۸۰ آب حیات ، ۲۰

ان کا بیان بالکل ایسا ہی ہے جیسے پہیلی یا معمے کا بیان ہوتا ہے .

۱۹۰۱ حیات جاوید ، ۲ : ۱۸۳

۲. (مجازاً) گول مول بات ، مبہم ، عسیرالفہم .

ہزاروں مذاہب کے معتقدات . . . . . اس سے بہتر ہے کہ مذہب کی پہیلی کو جس کا اتا پتا کچھ نہیں سوچو ہی مت .

۱۸۸۵ محصنات ، ۱۱۸

سو سال میں بوجھی جو پہیلی کوئی
تو بوجھ بھی خیر سے پہیلی نکلی

۱۹۵۳ سموم و صبا ، ۳۳۷

[س : प्रहेलिका پرہیلکا]

— بُجھانا/بُجھوانا محاورہ .

۱. پہیلی بوجھنا (رک) کا تعدیہ چیستان کا حل کرانا .

بولا وہ کہ بولوں منہ جو پاؤں
بوجھو تو پہیلی اک بجھاؤں

۱۸۸۷ ترانۂ شوق ، ۱۱۰

۲. گول مول باتیں کرنا ، صاف صاف نہ کہنا .

حضور آپ تو پہیلیاں بجھواتی ہیں .

۱۸۸۷ جام سرشار ، ۱۲۴

ہم اڑتی چڑیا کے پر گن لیا کرتے ہیں ، بھئی ہم سے پہیاں نہ بجھوائیے .

۱۹۶۲ معصومہ ، ۲۳۸

— بوجھنا محاورہ .

چیستاں کا حل بتانا ، معما حل کرنا ، مشکل یا پہلو دار بات سمجھ لینا .

دینی مسائل . . . پہیلیاں نہیں ہیں کہ ان کے حل کرنے اور بوجھنے کو بڑا غور و خوض درکار ہو .

۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۸۱

ہنس بھی دو ، فال نہ کھلواؤ پکڑ لی چوری
ہنستے ہی ہنستے ہیں گھر ، بوجھ پہیلی موری

۱۹۵۸ تار پیراہن ، ۱۴۲

پہیہ (ف ت پ ، کس ہ ، شدی ہفت) امذ .

رک : پہیّا .

ایک توپ پھٹ گئی اور دوسری پھر پہیہ سے اتر پڑی .

۱۸۵۸ سرکشی ضلع بجنور ، ۱۸۸

بعض اردو الفاظ جیسے کہ پتہ ، مہینہ . . . پہیہ ، بھتہ . . . ہائے مختفی ہی کے ساتھ لکھے جائیں تو زیادہ اچھی طرح شناخت ہوتے ہیں .

۱۹۶۰ نکتۂ راز ، ۳۳

پہی (ف ت پ) امث .

پاو (رک) کی تصغیر .

پلاؤ میں ڈیڑھ پہی گھی تھا .

۱۹۳۱ رسوا ، خونی شہزادہ ، ۳۹

پہیے (ف ت پ) م ف .

واسطے ، لئے .

میں اور اٹھاؤں پہیے نقل شہ دیں بات
بعد ان کے مدینہ میں عمل ہو مرا پیہات

۱۸۷۵ دیہر ، دفتر ماتم ، ۴ : ۷۴

چھنی جو چادر زینب تو منہ چھپانے کو
نہ دو گرہ کا بھی ٹکڑا پہیے نقاب ملا

۱۹۵۱ آرزو ، صحیفۂ الہام ، ۸

[ف]

— عِلْم چُوں شَمع بَاید گُداخت
کہ بے عِلْم نتواں خُدارا شناخت کہاوت .

(فارسی کہاوت اردو میں مستعمل) .

علم حاصل کرنے کے لئے بہت کوشش کرنی چاہیے کیونکہ جاہل خدا کی قدرت کو نہیں سمجھ سکتا (جامع اللغات) .

پی (۱) (ی مع) امذ .

۱. معشوق ، پیارا ، محبوب .

دہن جب لال ہو پانوں سے پی کا
خدا حافظ ہے تب غنچے کے جی کا

۱۷۴۰ ناجی (مخزن نکات ، ۱۹)

ہم نے تو عاشقوں کو مہماں نواز پایا
چھوڑیں نہ ساتھ پی کا ساتوں سہیلیاں تک

۱۸۷۸ سخن بے مثال ، ۴۰

تری آواز کیا آئی اجل کا اک پیام آیا
خبردار اب اگر تیری زباں پر پی کا نام آیا

۱۹۲۵ ریاض امجد ، ۲۸

۲. خاوند ، شوہر (نوراللغات) .

خسرو رین سہاگ کی جاگی پی کے سنگ
تن میرا من پیو کا دوؤ بھئے ایک رنگ

۱۳۲۴ خسرو ، حیات امیر خسرو ، ۹۹

۳. مجازاً ، خدا (مالک ، آقا) .

آدم سے لے کر انت تک پی کا کل سنسار

۱۹۵۰ پیت کی ریت ، ۷۹

[س : प्रिय + क : کہ]

— کی سُہاگن ہے کیا کام جگ کی سُہاگن چاہیے کہاوت .

ایسا کام کرنا چاہیے جس سے سب تعریف کریں ایک کی تعریف سے کیا فائدہ (نجم الامثال ، ۱۳۳) .

ــ کے پاتن سَر دَھرو دَھرو جَن پَہ سیس ، باسا ہو بیکُنٹھ (میں) پِھر تو بسرابیس کہاوت .

عورت بیٹی کو نصیحت کرتی ہے کہ خاوند کی تابعداری کرنا اس سے سرگ ملے گا (جامع اللغات) .

ــ کے کارَن پیری بھئی لوگ کہیں ہِنڈ روگ

چُھپ چُھپ لَٹگھن میں لِئے پی مِلَن کے جُوگ کہاوت .

پی کی خاطر میں ورت رکھے اور پیلی ہو گئی لوگ کہتے ہیں یرقان ہو گیا ہے خواہ مخواہ کا الزام لگایا جاتا ہے (جامع اللغات).

پی (۲) (ی مع) امث .

انگریزی حروف تہجی کا سولھواں حرف (جامع اللغات) .

[انگ : P]

ــ او (ــ و مج) امذ .

۱. پوسٹ آفس کا مخفف (جامع اللغات) .
۲. پوسٹل آرڈر کا مخفف (جامع اللغات) .
۳. پولیس آفسر کا مخفف (جامع اللغات) .

[انگ : P. O.]

ــ اے (ــ ی مج) امذ .

پرسنل اسسٹنٹ کا مخفف ، ذاتی مددگار ، ایک قسم کا انگریزی داں منشی (جامع اللغات) .

[انگ : P. A.]

ــ ایچ ڈی (ــ ی مج) امث .

اصطلاحاً ایک اعلیٰ تعلیمی ڈگری ، ڈاکٹر آف فلاسفی (فلاسفی بمعنی کسی بھی مضمون کی تحقیق اعلیٰ) ، (Philosophiae Doctor کا مخفف) جو کسی بھی مضمون میں ہو سکتی ہے .

۱۸۶۴ء میں ہون یونیورسٹی سے فلسفہ میں پی - ایچ - ڈی کی ڈگری لی .

۱۹۶۴ زبان کا مطالعہ ، ۲۵۹

[انگ : Ph.D.]

ــ ٹی (ــ ی مع) امث .

جسمانی تربیت ، ورزش ، (انگریزی : فزیکل ٹریننگ کا مخفف). بعد ازاں اعلیٰ پیمانے پر پی - ٹی اور جمناسٹک کا مظاہرہ ہوگا.

۱۹۶۹ روزنامہ جنگ، کراچی ، ۲۴ دسمبر ، ۲

[انگ : P. T. (Physical training کا مخفف)]

پی (۳) امث .

پپیہے کی آواز (عموماً تکرار کے ساتھ نیز ترا کہب میں مستعمل) .

[حکایت الصوت]

ــ پی امث .

پپیہے کی آواز .

پپیہا پی پی کیتائے پیاری سنت ہوں کوک کوئل کی نیاری

۱۸۷۳ تیرہ ماسہ ، ۶

پپیہے او پپیہے تو یہ کیوں آنسو بہاتا ہے
زباں پر تیری پی پی کس لئے رہ رہ کے آتا ہے

۱۹۲۵ ریاض امجد ، ۱ : ۲۷

[حکایت الصوت]

ــ کہاں (ــ ف ک) امذ .

رک : پی پی نیز مجازاً .

وہی پی کہاں وہی پی کہاں یہی ایک رٹ سی جو ہے سو ہے
مہاراج چوٹ سی لگتی ہے مجھے اس پپیہے کی ٹیر سے

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۶۵

توتے کی رٹ یا پپیہے کی پی کہاں ، بظاہر ملفوظ آوازیں معلوم ہوتی ہیں .

۱۹۵۶ زبان اور علم زبان ، ۱۷

[حکایت الصوت]

ــ پُو (ــ و مع) امث .

رک : پی پی نیز مجازاً .

راتوں کو ان کی پی پو پی پو کی آوازیں بلکہ خاص اس وقت جب کہ بھرن پڑ رہی ہو اور رات سائیں سائیں کر رہی ہو ، کچھ عجیب دل فریب اور دلکش ہوتی ہیں .

۱۹۳۰ آغا شاعر ، خمارستان ، ۲۰۳

[حکایت الصوت]

پَے (۱) (ی مج ، نیز لین) .

(الف) امذ ؛ امث .

۱. گھوڑے کے سم کے نیچے کا بچلا حصہ جو پُٹھ کے پیچھے سے شروع ہوتا ہے ، کونچ .

تلے ہر ہاتھ کے پٹھا جو اک ہے
تو اہل ہند کہتے ہیں اسے پے

؟ (ا پ و ، ۵ : ۱۱)

مگر شمشیر بازوں نے فرہنگ خاں کے گھوڑے کے پے کاٹ دیے .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۲۴۸

۲۔ پانْو ، قدم : نقش پا .

پکڑ ہے ترے آل کے اے ولی
منگوں ڈھونڈتا آو نے تجھ گلی

۱۶۷۴ نصرتی ، گلشن عشق ، ۱۹

ڈھونڈنے خضر مبارک ہے کویاں آئے ہیں ہم
چھوڑ کر بھٹکا ہوا اک کارواں آئے ہیں ہم

۱۹۱۴ حالی ، کلیات نظم حالی ، ۱ : ۳۹

۳۔ پٹھا ، وہ ریشہ جو پوست میں پیدا ہوتا ہے اور جس سے گوشت مضبوط ہوتا ہے .

تیرے اعضائے مفرد میں پٹھا ہے کہ فارسی میں اس کو پے کہتے ہیں .

۱۹۱۳ ترجمہ مجمع الفنون ، ۶۲

رسوم و بدعات کا بھی یہی حال ہے کہ وہ بھی اسلام کی رگ و پے میں بیٹھ گئی ہیں .

۱۹۱۴ حالی ، کلیات نثر ، ۱ : ۳۶

۴۔ نشان ، علامت ، سراغ ، راستہ .

گو طیر خرد درک و رسائی کا ہے درپے
پر قدرت معبود کا ملتا نہیں کچھ پے

۱۸۹۳ ریاض شمیم ، ۱ : ۳۱۱

۵۔ تانْت ، روده جو غلیل یا کمان پر لپیٹتے ہیں (نوراللغات).

(ب) صف ؛ م ف .

۱۔ پیچھے ، عقب میں (نوراللغات ؛ پلیٹس) .

۲۔ واسطے ، صدقے میں ، طفیل میں ، وسیلہ سے (اضافت کے ساتھ) (نوراللغات) .

[ف]

— آنا محاورہ .

۱۔ گھوڑے کے سم میں کانْٹا چبھنا (جامع اللغات) .

۲۔ گھوڑے کے اگلے پیروں (اور کبھی پچھلے پیروں) کی نلی کا پٹھا موٹا ہو جانا ، اس کے سبب سے گھوڑے کو چلنے میں تکلیف ہوتی ہے اور پانْو بدصورت ہوجاتے ہیں (ماخوذ : رسالہ سالوتر ، ۲ : ۲۲۶) .

اگر حد سے وہ موٹا ہووے زیادہ
تو جان آتی ہے اے مرد سادہ

۱۷۹۵ فرہنگ رنگین ، ۱۷

— بہ پَے (— فت ب ، ی مج نیز لین) م ف .

ایک کے بعد ایک ، لگاتار ، متواتر ، مسلسل .

وہی غم کے طوفان تھے پے بہ پے
وہی ہچکی تھی جو اب لگ کہ ہے

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۲۶

بسکہ روکا میں نے اور سینے میں اُوبھریں ہے بہ ہے
میری آہیں بخیۂ چاک گریباں ہو گئیں

۱۸۶۹ غالب ، د ، ۱۹۲

ہوا کی جنبشوں سے گل برس رہے ہیں پے بہ پے
شگوفہ ریز ہیں شجر کہ ڈھل رہے ہیں جام مے

۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۱۳۰

— تُراب (— ضم ت) امذ .

رک : پا تراب .

اس لئے یہ خطاب کیا عذاب تھا بلکہ ساری عمر کی ناکتخدائی کا گویا ہے تراب تھا .

۱۸۴۸ تاریخ ممالک چین ، ۲ : ۲۶۴

— جامَہ (— فت م) امذ .

رک : پاجامہ .

یو صدق کا ہے جامہ . . . عنایت کا دوپٹہ اڑا کر میرے معشوق کوں لیاؤ .

۱۵۰۰ معراج العاشقین ، بندہ نواز ، ۲۵

— چپّی (— فت چ ، شد پ) امث .

آہستہ آہستہ پانْو دبانے کا عمل ، پانْو کی مالش .

صاحبقران آرام کررہے ہیں ، چار خدمت گار پے چپی پر ہیں .

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۷۹۹

[پے + چپی (رک)]

— خُجستہ (— ضم خ ، فت نیز کس ج ، سک س ، فت ت) صف.

مبارک قدم .

کوئی میری طرف سے کہدو خضر ہے خجستہ کو
بجز الیاس میرا کون ہے اب میر صحرائی

۱۸۳۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۲۵۵

راہ طلب میں جب ہوئی سرگشتگی بہت
اک خضر پے خجستہ نے کی آکے رہبری

۱۸۹۲ دیوان حالی ، ۲۹

[پے + خجستہ (رک)]

— درپَے (— فت د ، سک ر ، ی مج نیز لین) م ف .

رک : پے بہ پے .

کہوں اس قد کہ یا صورت کہ یا آس چونپ میٹھانی
گلالی گال تھے چوٹی عرق کی بند ہے در پے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۷۷

پھر تو دور جام د مادم اور پے در پے چلنے لگا .
۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۲۵
اس کے بعد حضرت جبریل کی پے در پے آمد شروع ہوئی .
۱۹۲۳ سیرۃ النبی ، ۳ : ۳۱۵

— سپر (— کس س ، فت پ) صف .

۱. پانو سے روندا ہوا ، پائمال ، (مجازاً) عبور .
وہیں پے سپر کر کے کوہ و بیاباں
پہنچتے تھے طلاب افتاں و خیزاں
۱۸۷۹ مسدس حالی ، ۱۱۳
اسی دھن میں اس نے ہر راستہ کو ٹٹولا اور ہر میدان کو پے سپر کیا ہے .
۱۹۰۳ المدینۃ والاسلام ، ۲۰
اف : کرنا .

۲. چلنے والا ، گامزن ، راہرو .
وہ راہ حق پر پے سپر تھے ، ہم طریق باطل پر گامزن .
۱۹۳۰ ہم اور وہ ، ۶۹
[پے + سپر (رک)]

— کرنا محاورہ .

۱. کونچیں کاٹنا ، پانو قلم کرنا .
کوہی جست کر کے زمین پر آیا اور شہزادے کے گھوڑے کو پنے (پے) کرنا چاہا شہزادہ بھی زمین پر کودا .
۱۸۸۸ طلسم ہوشربا ، ۳ : ۲۹۸

۲. پیچھا کرنا ، تعقب کرنا ، ستانا ، تنگ کرنا (جامع اللغات) .

— کڑا (— فت ک) امذ .
بیڑی ، زنجیر ، جولاں ؛ بازیب ، پیال (جامع اللغات) .
[پے + کڑا (رک)]

— کوڑا (— و مج) امذ .
وہ لمبی رسی جو گلے سے جدا ہونے یا بھٹک جانے والے جانور کے پچھلے پیروں میں باندھ کر میدان میں چرنے کو چھوڑا جاتا ہے تاکہ وہ گلے سے باہر نہ ہو سکے اور دوسرے ڈھوروں کے ساتھ چرتا رہے ، پگھا (ا پ و ، ۵ : ۸۲) .
[پے + کوڑا (رک)]

— لے جانا محاورہ .
سراغ لگانا ، کھوج لگانا ، دریافت کرنا ، معلوم کرنا .
یہ اس کا منشا نہ جانتے تھے اور پے نہ لے گئے کہ اس ارشاد کا سبب کیا ہے .
۱۸۴۶ تذکرۂ اہل دہلی ، ۳۶

— لینا محاورہ .
نقش قدم پر چلنا ، پیچھا کرنا ؛ پانو کے نشانات سے کھوج لگانا .
نعمان لعین نے گھوڑے کے پاؤں کی پے لی ، گھوڑا پایا ، لیکن مسلم سے اثر نہ پایا .
۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۱۰۹

— میں م ف .
عقب میں ، پیچھے ، درپے ، دھن میں .
عاشق ، معشوق کے دیکھنے کی پے میں اچھنا .
۱۶۳۵ سب رس ، ۲۱۳
میں کیا سنجھ کوں ملا اے شاہ تیرے شاہ سوں
بول اٹھیا آن ہے بلند اس پے میں پڑ کر مت سپڑ
۱۷۱۷ بحری ، ک ، ۱۵۶
ہوا ہے پے میں اس کی گرم رفتار
یہ چاہا تھا کرے اوسکو گرفتار
۱۸۵۷ مصباح المجالس ، ۴۲۶

— میں آنا محاورہ .
کونچیں کٹنا ، پانو قلم ہونا .
ستم کی تیغ سے صالح کا ناقہ پے میں آیا تھا
تن یحییٰ سے ہر اک عضو عالم نے جدا دیکھا
۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲ : ۱۸۳

— ہونا محاورہ .

۱. پیچھے پڑنا ، در پے ہونا .
نہ ہو اس کے پے چھوڑ دے یو خیال
جیوں آیا ہے تیوں جاتوں یاں تے سنبھال
۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۱۵۸

۲. پے کرنا (رک) کا لازم ، کونچیں کٹنا ، پانو قلم ہونا .
دونوں اگلے پاؤں فیل کے قلم ہوئے . . . دیو شدید غافل تھا اسکو فیل کے پے ہونے کی خبر ہی نہ تھی .
۱۹۰۸ آفتاب شجاعت ، ۵ ، ۱ : ۳۶۸

پے (۲) (ی مج نیز لین) امث .

۱. طنز ، طعنہ .
فقرے سے کوئی فقرہ خالی نہیں ہے خط کا
کس بات میں تمہاری اے یار پے نہیں ہے
۱۸۵۷ سحر ، ریاض سحر ، ۱۱۶

۰۲ نقص ، قصور ، عیب .

شک یہ ساقی سے ہے جائے گا جو میخانوں میں
پے نکالے گا کسی طرح کی پیمانوں میں

۱۸۶۷ رشک ، د (ق) ، ۴۶

خدا کیا کوئی لاٹھی لے کے مارتا ہے ، جب اس کی باتوں میں تم پے نکالتی ہو ، اس کی سزا کچھ نہ کچھ ہونا چاہیئے .

۱۹۰۰ شریف زادہ ، ۹۰

اف : لگانا ، نکالنا .

[س : پے]

پَسے (۳) (ی مج نیز لین) حرف .

۰۱ پر ، پہ ، اوپر ، تک .

لوگوں کے دل پے غم ایسا چھایا تھا .

؟۱۷۴۶ قصہ سہر افروز و دلبر ، ۴

نہیں مردوں کو کیا رغبت زنوں سے
کہ جو پیتم نہیں آتا ہے گھر پے

۱۸۷۴ تیرہ ماسہ ، طالب شاہ ، ۱۵

اور جب ملائکہ سے رب نے کہا یہ تیرے
نائب بنانے والا ہوں اپنا میں زمیں پے

۱۹۱۷ منظوم ترجمۂ قرآن مجید ، آغا شاعر ، ۱۳

۰۲ لیکن ، مگر .

کمر ہر چند نہیں ظاہر پے قد ویسا ہی موزوں ہے
میاں کم ہے ترا مصرا (مصرع) پے کوئی کچھ کہہ نہیں سکتا

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۲

۰۳ سے .

دھوبی پے تو کپڑے دھلواتا ہے اور گھوڑے کے تائیں باگ ڈور سے لے کے میخ سے باندھتا ہے .

؟۱۷۴۶ قصہ سہر افروز و دلبر ، ۷۷

[س : پرے/परे]

پے (۱) (ی مج) اسث .

تنخواہ ، مشاہرہ .

پروفیسر اس کے گرجتے برستے
اگر ڈبل ہے پر بھی مل جائیں سستے

۱۸۹۴ نظم بے نظیر ، ۷۰

اسی دوران بیگم نے ان صاحبزادے کی طرف دیکھ کر . . . کہا اور ہم پے دیکھیں گے .

۱۹۶۹ افسانہ کردیا ، ۶۱

[انگ : Pay]

ـــ اسکیل (— کس ا ، سک س ، ی مج) .

تنخواہ کی شرح .

سرکاری یا غیر سرکاری اداروں میں ، پے اسکیل ، میں ترقی کی شرح مقرر کی جاتی ہے .

۱۹۶۹ روزنامہ ، جنگ ، کراچی ، ۸ اگست ، ۳

[انگ : Pay Scale]

ـــ افسر (— فت ا ، سک ف ، فت س) امذ .

پولیس کے محکمے میں اکونٹنٹ یا تنخواہ تقسیم کرنے والا (جامع اللغات) .

[انگ : Pay officer]

ـــ حوالدار (— فت ح ، سک ل) امذ .

فوج میں نچلے درجے کا افسر (حوالدار) جو تنخواہ تقسیم کرتا ہے .

پے حوالدار کا کام بھی مجھے ملا .

۱۹۱۰ سپاہی سے صوبہ دار ، ۱۰۳

[پے + حوالدار (رک)]

ـــ کرنا محاورہ .

ادا کرنا ، چکانا .

نکہت ، ذرا پل تو پے کر دینا .

۱۹۶۹ شعلے ، ۱۱۱

ـــ ماسٹر (— سک س ، فت ٹ) امذ .

فوج میں میجر کے عہدے کا افسر جو تنخواہ تقسیم کرتا ہے ، بحری فوج میں لفٹننٹ یا لفٹننٹ کمانڈر جو تنخواہ تقسیم کرتا ہے .

توپخانوں ، دیسی رجمنٹ اور فوجی عملہ جات کی رقم پے ماسٹر پریسیڈنسی کے نام معین ہوتی ہے .

۱۸۸۸ رسالہ ، حسن ، اگست ، ۷۶

[انگ : Pay Master]

پسے (۲) (ی مج) اسث .

سریش اور کھر یا مٹی کا بنا ہوا مسالا جو بطور استر لگایا جاتا ہے (ا پ و ، ۱ : ۱۵۸) .

[ہ : پے]

ـــ صفا (— فت ص) امذ .

پے کے کھردرے ہن کو صاف کرنے والا اور لکڑی کی سطح کو چکنانے والا ایک قسم کا ریگ مال جو سینگ کا بنا ہوا ہوتا ہے (ا پ و ، ۱ : ۱۵۸) .

[پے + صفا (رک)]

پیا (۱) (کس پ ، ی مخ) اسذ .

رک : ہی .

شبان ہجراں دراز چوں زلف و روز و صاش چو عمر کو تہ
سکھی پیا کو جو میں نہ دیکھوں تو کیسے کاٹوں اندھیری رتیاں

۱۳۸۱ امیر خسرو (ہندی ادب کی تاریخ) ، ۵۰

حرف بےجا بجا ہے گر بولوں
دشمن ہوش ہے پیا کی ادا

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۰

جو کچھ کھاتی ہے ابلا بہت پیا ماری
چلی ہے اپنے پیا پاس لے کے پچکاری

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۵۹

لو وہ تو مجھ سے پہلے ہی پہنچی پیا کے پاس
بتھیا نہ لے وہ پیار ، جو ہے میرے دل کی آس

۱۹۵۸ تار پیراہن ، ۲۴۷

— جِسے چاہے وُہی سُہاگن کہاوت .

عزت و وقعت محبت سے ہے ، مالک جس کو اچھا سمجھے وہی اچھا ہے .

کیا خطا تھی یہ مری جس کا عوض تم نے لیا
سچ ہے وہ ہی ہے سہاگن کہ جسے چاہے پیا

۱۸۷۹ جان صاحب (نوراللغات)

— میرا اَنّدھا کِس کے لیے کَروں سِنگار کہاوت .

جب کوئی قدر دان نہ ہو تو کیوں محنت کروں (عام طور پر عورت اپنے ناقدر شناش خاوند کی نسبت بولا کرتی ہیں) (گنجینۂ اقوال و امثال ، ۷۶) .

پیا (۲) (کس پ ، ی مخ) اسث .

کبوتر کی ریڑھ کی ہڈی کی بیماری جس سے وہ کبڑا ہوجاتا ہے اور بازی کے کام کا نہیں رہتا (ا پ و ، ۸ : ۱۲۸) .

[مقامی]

پیّا (فت پ ، شد ی) اسذ .

رک : پیما .

سونے کی عماری ہاتھی پر دھری ، جریب کا پیمانہ اور کوس کا پیّا پڑتا چلا جاتا تھا .

۱۸۸۴ قصص ہند ، ۲ : ۱۳۰

شورشوں ، غلغلوں ، دھماکوں سے
تیز رو گاڑیوں کے پہیوں سے

۱۹۳۳ سیف و سبو ، ۲۰۹

— مارنا محاورہ .

گاڑی کو کسی اڑاس میں سے نکالنے کی کوشش کرنا .

ہر چند کے ہانکنے والے اور ان کے سائیسوں نے کوشش کی اور پیٹے مارے .

۱۹۱۷ سفر بغداد ، ۸۵

پیاب (فت پ) صف (قدیم) .

رک : پایاب .

آخر وہاں سے کوچ ہو لشکر چلا شتاب
ہو اندری کے گھاٹ عبور جمن پیاب

۱۷۶۱ جنگ نامہ پانی پت ، ۴

پیا بانسا (کس پ ، ی مخ ، مغ) اسذ ؛ ~ پیا بانسہ .

خاردار بانسا ، ایک قسم کا درخت جس کے پھولوں میں مٹھاس ہوتی ہے اور اس کی لکڑی کے کوئلوں کی بارود بنتی ہے نیز اس کی ایک قسم سے سرخ رنگ نکالا جاتا ہے .

ویا اتنی ہی پتی بانس کی لے
پیا بانسے کی پتی یا اسے دے

۱۷۹۵ فرس نامۂ رنگیں ، ۲۰

کہتا ہے پیا بانسا ہے حسن مرا سوسن
درسن یہ پکارے ہے آ دیکھ لے سکھ درسن

۱۸۳۰ نظیر اکبر آبادی ، ک ، ۲ : ۲۳۹

بانسا دو قسم کا ہوتا ہے ، خاردار جس کو پیا بانسا کہتے ہیں .

۱۹۲۹ کتاب الادویہ ، ۲ : ۶۱

[مقامی]

پیاپ (فت پ) صف (قدیم) .

رک : پیاب .

او بچھڑے پیاپ بابلانے ہے گیان ظہور ہر بہانے

۱۷۰۰ من لگن ، ۵۱

پیاپے (فت پ ، ی مج نیز لین) م ف .

رک : پے پہ پے .

پیاپے بھی یک وار ماریا اونے
سو گھوڑے کی گردن اوتاریا اونے

۱۶۸۱ جنگ نامہ سیوک (ق) ، ۷۳

میکدہ بھی ہے مدرسہ مجھ کو ساقی ہے تحصیل سے شوق
جام پیاپے میرے حق میں درس شرح جامی ہے

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۲۸۰

میں نے ایک نہیں دو خط تم کو پیاپے لکھے .

۱۹۲۰ لخت جگر ، ۱ : ۳۴۳

پیاد (۱) (کس پ) امث .

(کاشت) رک : پود، پنیر، پنیری (ا پ و ، ۶ : ۴۰) .

[مقامی]

پیاد (۲) (کس پ) امذ .

رک : پیادہ .

سب فوجیں ملکے ہوگئیں تعداد میں زیاد
بیچھے رہے سوار تھے اور پیشوا پیاد

۱۷۶۱ جنگ نامہ پانی پت ، ۵

ــ مات امث .

(شطرنج) سب سے ادنیٰ درجے کے مہرے یعنی پیادے کے ذریعے دی جانے والی شکست ، پیدل مات ، شکست فاش .

اس سطح دنیا کے اوپر ہم باز ہیں توں ہر نفس
منصوبۂ عرفان سوں توں نفس کوں دے پیاد مات

۱۷۶۸ قربی ، د ، ۹

البتہ مات کی ایک قسم ہے جو معمولی مات سے زیادہ بڑی شکست سمجھی جاتی ہے ، اسے ”پیاد مات“ یا ”پیدل مات“ کہتے ہیں .

۱۹۶۱ نوائے ادب، بمبئی ، اپریل ، ۲۹

[پیاد + مات (رک)]

پیادہ (کس پ ، فت د) ؛ ــ پیادا (قدیم) .

(الف) امذ ؛ صف .

۱. **سوار کا نقیض ، پیدل .**

پیادہ ہوا تابہ درگاہ شاہ
او لشکر کے غل نے نہ پاتا تھا راہ

۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۳۶۶

ملازموں کو جو پیادہ تھے ، سوار کرایا .

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۵۳۸

ہے اگر فائق پیادے سے سوار
مست پر غالب اگر ہشیار ہے

۱۹۳۷ نغمۂ فردوس ، ۲ : ۳۸

۲. **سرکاری ہرکارہ ، چوراسی ، کوتوال یا حاکم کا نوکر .**

اتاپھاں پیادا ہو بیٹھیا ہے کٹی
ہمیں تو سمجھتے نہیں کیا ہے کٹی

۱۶۸۲ رضوان شاہ و روح و افزا ، ۱۷

صبح کو ایک پیادہ قاضی کا آیا اور مجھ کو دارالشرع میں لے گیا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۳۶

میں عورت ذات بے والی وارث ، جب سرکاری پیادے آ کھڑے ہوں گے ، ان سے بات چیت کون کرے گا .

۱۹۰۰ خورشید بہو ، ۱۵۷

۳. **پیدل فوج کا سپاہی .**

پیادوں کو دیکھو رو پیلوں کے غول
تو دہشت سے بھاگے بیاباں کے غول

۱۷۹۴ جنگ نامہ دو جوڑا (ق) ، ۵۲

سواروں کے آگے پیادے جنگ کے آمادے دیوار فوج تھے .

۱۸۸۲ طلسم ہوش ربا ، ۱ : ۳۶

دفعۃً ان کے سپاہی ، پیادے جو بظاہر پہلے ہی یہاں چھپے بیٹھے تھے ، نکل پڑے .

۱۹۵۴ شاید کہ بہار آئی ، ۵۳

۴. **شطرنج کا سب سے چھوٹا مہرہ جو گھوڑے فیل رخ فرزین اور بادشاہ کے علاوہ ہوتا ہے اور جس کی چال ایک گھر کی ہوتی ہے جو سیدھا اور سامنے چلتا ہے اور آڑا مارتا ہے .**

گھوڑے ہاتھی آپ کہا یا ہو رخ پیادے فانوں دھرایا

۱۵۶۵ علی محمد جیو گام دہنی ، جواہر اسرار اللہ ، ۳۲

جانے یو روش یو ریت رہ سچ یو پیل ، پیادہ ، بادشہ سچ

۱۷۰۰ من لگن ، ۵۹

پیادہ شطرنج کا چلتے چلتے فرزین بن جاتا ہے .

۱۸۴۵ حکایت سخن سنج ، ۲۶

پہنچ سکتے ہیں کب مجھکو ٹکے گز کی ہے چال ان کی
پیادے اپنی ان چالوں سے فرزیں ہو نہیں سکتے

۱۹۳۱ بہارستان ، ۵۱۳

۵. **(مجازاً) سوار کے مقابلے میں معمولی درجے کا ، عامی خاص کے مقابلے میں .**

سر زمین لکھنؤ بھی تختہ شطرنج ہے
کیا پیادہ کیا سوار آسودہ دل گھر میں نہیں

۱۸۳۱ ریاض البحر ، ۱۲۱

۶. **مجازاً وہ پھول جس کا پودا چھوٹا ہو (قب : سوار : وہ پھول جس کا پودا اونچا ہو) .**

گل سوار و پیادہ شکست کھا گئے سب
چمن میں جب تن تنہا وہ شہسوار آیا

۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۳

۷. **ٹڈی کی ایک قسم .**

یہ حیوان دو قسم کا ہوتا ہے ، ایک قسم کو سوار کہتے ہیں اور یہ ہوا میں اڑتا ہے اور دوسری قسم کو پیادہ کہتے ہیں جو جست کرتا ہے .

۱۹۷۷ عجائب المخلوقات ، ۵۶۸

(ب) م ف .

بغیر سواری کے ، پانو پانو ، پیدل .

اتر گھوڑے تے تاترا پیش کار پیادہ لجاوے گا ہر شہر یار

۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۳۱۹

غریب عورتیں پیادہ پھرتی تھیں .

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۴۴۰

جلوس میں وہ پیادہ نہیں بلکہ سوار ہو کر نکلتا ہے .

۱۹۲۳ سیرۃالنبی ، ۳ : ۹۴

[ف]

— پٹھلانا محاورہ .

(ٹھگی) رک : پولا کرنا ، چوراہے پر راستہ بتانے کی علامت بنانا (ا پ و ، ۸ : ۱۷۸) .

— پا

(الف) م ف .

رک : پا پیادہ .

دونوں پیغمبران علیہم السلام نے پیادہ پا حج ادا کیا تھا .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۲۴۳

دیسی پرنس اس قدر حقیر سمجھے جائیں کہ پیادہ پا محل کے اندر پہنچیں .

۱۹۳۲ ریاض خیر آبادی ، نثر ریاض ، ۲۰۴

(ب) امذ .

سخت تابوت میں ہوں شرمندہ
دوست سب ہیں پیادہ پا میرے

۱۸۵۴ دیوان اسیر ، ۳ : ۴۷۰

ہوا کے دوش پہ جاتا ہے کاروان نفس
عدم کی راہ میں کوئی پیادہ پا نہ ملا

۱۹۲۷ آیات وجدانی ، ۶۸

اسم کیفیت : پیادہ پائی .

پیادہ پائی کے سبب سے حاضر نہ ہو سکا .

۱۸۰۳ اخلاق ہندی ، ۶۰

انہوں نے اپنی غریبی اور پیادہ پائی کے سفر میں دل خراش آپیں سن لی ہیں .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۱ : ۱۲۰

[پیادہ + پا (رک)]

— رو (— و لین) امذ .

پیدل چلنے والا (اسٹین گاس) .

[پیادہ + ف : رو ، رفتن (= چلنا) سے]

— روی (— فت ر) امث .

پیادہ رو (رک) سے اسم کیفیت ، پیادہ پائی .

پیادہ روی کریں کہ صبح کی ہوا روح افزا اور قوت بخش دل کی ہوتی ہے .

۱۸۴۵ مجمع الفنون ، ۱۰۳

[پیادہ رو (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

— گری (— فت گ) امث .

چوراسی یا سرکاری نوکر کا کام ، معمولی نوکری .

کیا چھوٹی موٹی دوکانداری ، خانسامانگری . . . پیادہ گری ، چٹھی رسانی سے بھی گئی گزری ہوئی .

۱۹۰۳ عصر جدید ، ۳۴۷

[پیادہ + گری (رک)]

— لکڑی (— فت ل ، سک ک) امث .

جن درختوں پر کھانے کا عمدہ میوہ نہیں آتا جیسے جمو یا گولر نیم وغیرہ (محاورات ہند ، ۵۲) .

[پیادہ + لکڑی (رک)]

— مُحاصِل کس اضا (— ضم م ، کس ص) امذ .

(قانون) وہ شخص جو لگان وصول کرنے پر مقرر کیا جائے ، مُحصِل خراج ؛ وہ چوراسی جو مقروض کے مکان پر مقرر کیا جائے اور اس کے قرض ادا کرنے تک اسی کے خرچ پر وہاں رہے (فرہنگ آصفیہ ؛ علمی اردو لغت) .

[پیادہ + محاصل (رک)]

پیادین مات (کس پ ، ی مع سک ن) امث .

رک : پیادمات .

سپاہ سرخ کو چار چالوں میں پیادین مات کرتا ہے .

۱۹۰۲ شطرنج ، ۸۱

[پیادین ، پیادہ (رک) سے + مات (رک)]

پیار (فت پ) امذ .

ایک قسم کی گھاس ، پیال (رک) ؛ خصوصاً دو مصرعی صنف سخن کی بحر یا وزن (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[رک : پیال]

پیار (کس پ ، ی مخ) امذ .

۱۰ الفت ، محبت ، پریم ، التفات .

پیار سے دشمن کے وہ عالم ترا جاتا رہا
ایسے لب چومے کہ بوسوں کا مزا جاتا رہا

۱۸۶۵ نسیم دہلوی ، د ، ۸۶

۲. پوشیدہ جذبۂ محبت ، اخلاص .
اور وے کہ جن کے طور دکھاوٹ ہے ظاہری
لیکن دلوں کے بیچ بھرے ہیں تمام پیار
۱۷۱۸ دیوان آبرو (ق) ، ۱۲۲
اپنی بھی کچھ خبر نہیں آئینہ دیکھیے
وہ کیا ہوا جو آپ کی آنکھوں میں پیار تھا
۱۹۵۴ صفی اورنگ آبادی ، د (ق) ، ۱۵
۳. مہربانی ، شفقت ، کرم ، عنایت .
اپ پیار تھے اب جم مُجے ، غم تھے سو کر ہے غم مُجے
توں ہیں مدد ہر دم مجے ، تج بن نہیں کوئی یا علی
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۱۹
سبھوں کو ہوسے دیئے ہنس کے اور ہمیں گالی
ہزار شکر بھلا اس قدر تو پیار ہوا
۱۸۳۰ نظیر اکبر آبادی ، ک ، ۳
[س : پریا + آل प्रिय + आल]

— اُبلنا محاورہ (قدیم) .
محبت کا جوش مارنا .
یکایک ابلیا مہر و پیار روئے لگے او زار زار
؟ قصہ بی بی مریم ، ۱۶

— آنا محاورہ .
۱. عشق ہونا ، محبت ہونا ، چاہ ہونا ، دوستی ہونا ، دل آنا .
مجھے مجھ پر پیار آیا تو میں آدم کوں پیدا کیا .
۱۶۳۵ سب رس ، ۲۲۳
کیا خوب رُو دیا ہے قسمت نے یار مجھ کو
بے اختیار اس پر آتا ہے پیار مجھ کو
۱۸۲۴ مصحفی ، انتخاب (رام پور) ، ۱۹۰
جو موت آکے دیکھے تو پیار آہی جائے
نہ چھوڑے مری جان للچاہی جائے
۱۹۱۰ قاسم و زہرہ ، ۸۵
۲. رحم آنا ، ترس آنا .
اغماض کیا چلتا رہا مجھ کوں نہ پوچھا
کیا اس کو مرے حال پہ کچھ پیار نہ آیا
۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۳۶

— پکڑنا محاورہ (قدیم) .
رک : پیار کرنا .
بلقیس کے مرتبے کوں انپڑائے
جس نار پہ توں جو پیار پکڑے
۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۸۴

— دُلار (— ضم د) امذ .
۱. لاڈ پیار ، شفقت و محبت .
اس نے ہمیشہ پیار دلار پایا ہے ، باپ بھی اس پر جان دیتا تھا ، میں بھی اسے آنکھ کی پتلی سمجھتی تھی .
۱۹۳۶ پریم چند ، واردات ، ۵۶
۲. اظہار محبت .
پیار دلار کے دن لوٹ آئے تھے ہمہ وقت یوں نظریں جھکائے رہتی .
۱۹۷۶ زرگزشت ، ۳۲۱
[پیار + دُلار (رک)]

— رکھنا محاورہ .
محبت و اخلاص رکھنا ، ربط بڑھانا ، دوستی رکھنا (فرہنگ آصفیہ) .

— کا نام امذ .
وہ نام جو بزرگ محبت سے پکارنے کے لیے رکھ لیتے ہیں .
بادۂ اطہر جسے سمجھے ہوئے ہو زاہد
دختر رز بھی اسی کا نام ہے اک پیار کا
۱۹۰۰ امیر (مہذب اللغات)

— کرنا محاورہ .
دل سے چاہنا ، عشق کرنا ، عزیز رکھنا .
ایکس کوں کیا پیار ، تو جانو دسری کون دیا زہار .
۱۶۳۵ سب رس ، ۲۳۵
سچ بتاؤ کہ کسے تم چاہتی ہو یا پیار تو نہیں کرتی .
۱۸۴۵ حکایت سخن سنج ، ۱۰۸

— کی آنکھ امث .
محبت کا انداز ، الفت کی نگاہ ، نگہ عشق ، لگاوٹ کی طرز .
ٹپکی پڑتی ہے نگہ سے تری الفت اے داغ
کہیں چھپتی ہے محبت کی نظر پیار کی آنکھ
۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۱۸۴
اتنی تو اس کے دل نے مرے دل سے راہ کی
آنکھ آج پیار کی ہے تو چتون ہے چاہ کی
۱۹۰۰ امیر مینائی ، صنم خانۂ عشق ، ۲۳۵

— کی نظر امث (— مغ) .
رک : پیار کی آنکھ .
دل کا پردہ فاش آنکھوں نے کیا
پیار کی نظریں کبھی چھپتی نہیں
۱۹۰۵ داغ (مہذب اللغات)

— لینا محاورہ .

چومنا ، بوسہ لینا .

ہاراں ہو تج گلے کے دھر پیار تج اپر خوش
لیتے ہیں پیار ترا لیل و نہار موتی

۱۶۷۸ ؟ غواصی ، ک ، ۱۰۳

اب نہ مجھ کو مری جاں جان سے بیزار کرو
پیار لو ، پیار کرو ، پیار کا اقرار کرو

۱۹۷۱ بھکی باتیں ، ۷۵

— میں آنا محاورہ .

خلوص و محبت کا اظہار کرنا .

مجھے کہنے لگے وہ پیار میں آ کر اگر بس ہو
تو تجھ کو موند رکھوں ایک ننھی سی پٹاری میں

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۰۰

— نکالنا محاورہ .

ارمان نکالنا ، دل کی حسرت پوری کرنا .

میں جو لپٹا تو خفا ہو کے لگے کہنے وہ
واروں ہاتھوں کو ترے آج ہی سب پیار نکال

۱۸۰۹ جرأت (مہذب اللغات)

— ہونا محاورہ .

رغبت یا تعلق ہونا ، محبت ہونا ، خلوص ہونا ، چاہت ہونا .

مار رہتا ہے اس کو آخر کار عشق کو جس سے پیار ہوتا ہے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۸۳۲

پیار (کس پ) امذ ؛ ~ پیال .

ایک قسم کا درخت ، نیز اس کا پھل ، یہ درخت مہوے کے درخت جیسا ہوتا ہے ، اس میں فالسے کے برابر گول گول پھل لگتے ہیں میوہ کی ایک قسم پھلوں میں میٹھے گودے کی پتلی تہ ہوتی ہے جس کے نوکیلے چھوٹے بیج ہوتے ہیں ، بچوں کی گری ذائقے میں بادام اور پستے کی طرح میٹھی ہوتی ہے اور میووں میں شمار ہوتی ہے یہ گری چرونجی کے نام سے بکتی ہے (ماخوذ : شبد ساگر) .

پیار زہرہ منقی و انگور کے مانند ہوتا ہے ، رنگ جگری ہوتا ہے اور ذائقہ شیریں .

۱۹۳۸ ترجمہ آئین اکبری ، ۱ : ۱۳۵

[س : پیال]

پیارا (کس پ نیز ی مخ) مذ ؛ صف امذ ؛ مث ، امث : پیاری .

۱. معشوق ، دلبر .

سب اختیار میرا تج ہات ہے پیارا
جس حال سوں رکھے گا ہے او خوشی ہمارا

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲

کہاں ہے گل بدن ، مو بن پیارا
کہ جیوں بلبل ہے نالاں دل ہمارا

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۳۶

بسا آنکھوں میں وہ پیارا کچھ ایسا ہے کہ کیا کہیے
تصور بندہ رہا اس کا کچھ ایسا ہے کہ کیا کہیے

۱۸۴۹ کلیات ظفر ، ۲ : ۱۱۷

۲. عزیز ، قریب ، یگانہ .

نہ کروں کیوں لحاظ دیور کا وہ مرے پیارے کا پیارا ہے

۱۸۷۱ عبیر ہندی ، ۶۵

۳. (مجازاً) بیٹا ، فرزند .

کیا بات تری خوب دیا ساتھ ہمارا
آپہنچا ہے منزل پہ ید اللہ کا پیارا

۱۸۷۳ انیس (مہذب اللغات)

۴. چہیتا ، لاڈلا ، محبوب .

یک لک اسی پیغمبراں اپجے جگت سیانے ولے
تج پر نبوت ہے ختم سب تھے توں ہی پیارا ہوا

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ۱ : ۹

ساقئی کوثر کے پیارے السلام تشنہ لب سید ہمارے السلام

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۳۱

مدت میں یہ ہم چشم ہمارا نظر آیا
دل ڈھونڈھتا تھا جس کو وہ پیارا نظر آیا

۱۹۲۸ مرقع لیلیٰ مجنوں ، ۳۲

۵. اچھا ، عمدہ .

اگر اس کی خواہش ہو کہ بچہ پیارا پیدا ہو تو قبل ولادت کے اس کو پیارا بناؤ .

۱۹۰۹ فلسفۂ ازدواج ، ۸۴

۶. وہ جس سے محبت کی جائے .

جو دو عالم کے پیارے ہیں وہ اللہ اور محمد ہیں
تو ان پیاروں کا ہے پیارا محی الدین جیلانی

۱۸۹۷ دیوان مائل حیدرآبادی ، ۲۵۱

۷. قابل قدر یا قریبی رشتے کا (نوراللغات) .

اسم کیفیت : پیارا پن .

میری ہیکل اور جڑاؤ گلو بند کی تعریف اس پیارے پن سے کی کہ میرا دل تواب سے بالکل بے تکلف ہو گیا .

۱۸۹۶ شاہد رعنا ، ۱۰

[ه : پیارا]

— پیارا (— کس پ ، نیزی مخ) صف مذ ؛ مث : پیاری پیاری .

بہت خوشنما جسے دیکھ کر پیار آئے .

نہ ہونگے حور کے بھی ایسے پیارے پیارے دانت
گہر کا دانت ہے جن پر وہ ہیں تمہارے دانت

۱۸۸۵ دیوان آغا ، ۴۲

لگے چال چلنے زمانے سے نیاری
لگے بولنے بولیاں پیاری پیاری

۱۹۰۹ مظہر المعرفت ، ۶

[پیارا + پیارا]

— جاننا محاورہ .

بہت محبت کرنا (جامع اللغات) .

— کرنا محاورہ .

۱. عزیز سمجھنا ، عزیز رکھنا (عموماً سے، کے ساتھ) .

میں دوری شبیر گوارا نہ کروں گا
اس سرکو میں ان قدموں سے پیارا نہ کروں گا

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۵ : ۳۶

۲. کسی چیز کے دینے میں دریغ کرنا (عموماً سے، کے ساتھ).

حیات سرمدی پیاری نہ کر اے آسماں ہم سے
عدم کے ساتھ ہو جائے نہ ہستی بدگماں ہم سے

۱۹۳۰ بے خود موہانی ، ک ، ۹۱

— لگنا محاورہ .

پسند آنا ، بہت اچھا معلوم ہونا .

جان اگر دشمن ہوے ہو تم ہمارے اس قدر
تم ہمارے دل کوں کیوں لگتے ہو پیارے اس قدر

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، (ق)، ۱۱۹

ہنس کے وہ کہتے ہیں دنیا میں تو ہیں لاکھوں حسیں
میں تمہیں کس طرح سے پیارا لگا پیارا ہوا

۱۸۹۳ دفتر حسن ، ۱۱

— ہونا محاورہ .

رک : پیارا لگنا مع مثال دفتر حسن .

پیارانگا (کس پ ، غنہ) اسذ .

ایک گرہ دار اور سخت جڑ جو دواؤں میں استعمال ہوتی ہے انگلی کے برابر موٹی اور دو بالشت تک لمبی ہوتی ہے رنگت زرد مائل بہ سرخی اور مزہ نہایت تلخ ہوتا ہے .

پیارانگا اکثر امراض میں استعمال کیا جاتا ہے .

۱۹۲۹ کتاب الادویہ ، ۲ : ۱۰۵

[؟]

پیاروں پیٹی (کس پ ، و مج ، ی مع) صف مث .

(عورتوں کا کوسنا) اپنے عزیزوں کو رونے والی ، وہ عورت جس کے عزیز مر گئے ہوں ، نگوڑی ، نانہی (نوراللغات) .

پیاروں موئی (کس پ ، و مج ، و مع) صف مث .

(عورتوں کا کوسنا) رک : پیاروں پیٹی .

زینب تھا لقب میرا زمانے میں علی کے
اب نام ہے پیاروں موئی کنبے میں نبی کے

۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۲ : ۲۶

پیاری پیاری باتیں (کس پ ، ی مخ ، ی مج) اسث .

میٹھی میٹھی باتیں ، بھولی بھولی باتیں ، رسیلی مزیدار باتیں (نوراللغات) .

پیارے (کس پ) کلمۂ ندا .

پیارا (رک) کے لمبے کلمۂ تخاطب (محبت یا بے تکلفی ظاہر کرنے کے لیے) اے محبوب ، اے دوست ، اے دلدار .

جی میں آوے سو کیجیو پیارے
لیک ہونا نہ در پئے آزار

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۸۱

عجب نوجوانی ہے اپنی بھی پیارے
نہیں بھولنے کے وہ کافر نظارے

۱۹۴۴ عرش و فرش ، ۴۲

پیاز (کس پ) اسث .

ایک پودے کی بو دار اور بہت در پرت جڑ جو مختلف طریقوں سے کھائی جاتی ہے اور سالنوں میں بھی ڈالتے ہیں بطور دوا بھی استعمال ہوتی ہے اس کے ہر ایک عدد کو گٹھی یا گٹھی کہتے ہیں .

پایا ہے اگر راز توں بازار میں نا پھینک
مقصود کے نکتے کوں ملی پیاز نکو کر

۱۶۷۹ دیوان شاہ سلطان ثانی (ق) ، ۳۶ (الف)

کہا تو مان لے میرا نہ کر دیر
منگا بازار سے پیاز ایک دو سیر

۱۷۹۵ فرہنامۂ رنگین ، ۲۱

اپنے پروردگار سے دعا کیجیے کہ . . . سبور اور پیاز ہمارے لیے پیدا کرے .

۱۸۹۵ ترجمہ قرآن مجید ، نذیر احمد ، ۱۴

ہم تو اسے نیک آدمی خیال کرتے تھے مگر وہ تو پیاز کی طرح نکلا ، سر بوڑھا اور قلب جوان .

۱۹۴۲ الف لیلہ و لیلہ ، ۳ : ۴۸

[ف]

ـــ داغْنا (ـــ سک غ) ف م .

پیاز روغن میں بھوننا (ا پ و ، ۳ : ۱۴۴) .

ـــ دَشْتی کس صف (ـــ فت د ، سک ش) امث .

ایک دوا (جنگلی پیاز جو دواؤں میں استعمال ہوتی ہے) کا نام جس کے کھانے سے چوہا مر جاتا ہے (موبدالفضلا) .

بھیڑیا پیاز دشتی کی بو سے بھاگتا ہے .

۱۸۷۳ مطلع العجائب ، ۲۲

[پیاز + دشتی (رک)]

ـــ کا ڈَل (ـــ فت ڈ) امذ (قدیم) .

پیاز کی گٹھی .

گندی پیاز کے ڈل پرو چھیل کر

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال (دکنی اردو کی لغت)

ـــ کی گَٹّھی/گَٹھی (ـــ فت گ ، شد ٹھ/سک ن) امث .

پیاز کی گرہ .

اس خرجی میں سے . . . اس نے چھ پیاز کی گٹھیاں نکالیں.

۱۸۹۱ قصہ حاجی بابا اصفہانی ، ۸۴

دو گٹھیاں پیاز کی لے کر آئے اور ٹکڑا ٹکڑا سب کو دیا .

۱۹۳۲ بیلہ میں میلہ ، ۲۵

ـــ کے سے پَرت اُتارنا محاورہ .

۱. **بہت باریک کترنا .**

چھیڑ کر میرے زخم دل کو وہ
پیاز کے سے پرت اتارتے ہیں

۱۹۰۵ داغ (نورالغات)

۲. (مجازاً) **برا بھلا کہنا** (نورالغات) .

ـــ کے سے چھلکے اُدھیڑ کَر (ـــ کے) رَکھ دینا محاورہ .

بری گت بنانا ، برا بھلا کہنا .

خبردار ایسی بات ہمارے سامنے نہ کہنا نہیں تو مجھ سے برا کوئی نہیں پیاز کے سے چھلکے ادھیڑ کے رکھدوں گی .

۱۹۲۶ نورالغات

ـــ لالَہ (ـــ فت ل) امذ .

ایک قسم کا پھول جو کشمیر میں پیدا ہوتا ہے .

پیاز لالہ کو سال بسال لگاتے ہیں ، موسم بہار میں وہ کھلتا ہے ، نہایت خوشنما معلوم ہوتا ہے .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۶ : ۱۴۲

[پیاز + لالہ (رک)]

ـــ نَرگِس (ـــ فت ن ، سک ر ، کس گ) امث .

نرگس کے پودے کی جڑ جو بالکل پیاز کی شکل کی ہوتی ہے .

نرگس ایک . . . پھول ہے جس کے پتے . . . بالکل پیاز سے مشابہت رکھتے ہیں . . . اسکی جڑ کو پیاز نرگس کہتے ہیں .

۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، ۶ : ۴۲۹

[پیاز + نرگس (رک)]

پِیازَک (کس پ ، فت ز) امذ .

چھوٹی پیاز ؛ گرز ؛ بیرونی گٹھک (جامع اللغات) .

[ف]

پِیازَہ (کس پ ، فت ز) .

(الف) امث .

گٹھی ، بعض پودوں کی وہ جڑ جو موٹی ہو کر پیاز کی گھنٹی بناتی ہے (جامع اللغات) .

(ب) صف .

گٹھی دار (جامع اللغات) .

[ف]

ـــ نُما (ـــ ضم ن) صف .

پیاز کی طرح گٹھی دار ، گٹھی کی شکل کا .

فنی قدر و قیمت کی اشیاء مثلاً نوک دار محرابیں اور پیازہ نما گنبد . . . ہندوستان سے ایران اور عراق پہنچے .

۱۹۶۴ تمدن ہند پر اسلامی اثرات ، ۱۱۲

[پیاز + نما (رک)]

پِیازی (کس پ) .

(الف) صف .

وہ چیز جو پیاز کا رنگ رکھتی ہو ، ہلکا سرخ یا ہلکا گلابی رنگ .

چمن حسن کی رنگت گئی تازی بدلی
گلبدن تو نے جو پوشاک پیازی بدلی

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۲۴۴

شاید ریشمین پیازی رنگ کی ساری تھی .

۱۹۳۸ بحر تبسم ، ۸۴

(ب) امذ .

ایک قسم کا لعل جو نہایت خوش رنگ اور قیمتی ہوتا ہے .

اس کی کئی قسمیں ہیں سرخ اور سبز بھی مثل زمرد کے ہوتا ہے . . . پیازی سب سے بہتر ہے .

۱۸۵۴ ترجمہ مجمع الفنون ، ۴۷

(ج) امث .

۱. (سبہ گری) چھوٹی سیدھی چھری (ا پ و ، ۸ : ۴۵) .

۲ گرز کی ایک قسم (آئین اکبری (ترجمہ) ، ۱ ، ۱ : ۱۹۹) .

۳. ایک قسم کی جڑی ہوئی جو گندم وغیرہ کی فصل کے لیے نقصان دہ ہے .

تاہم بہت سے خاص ہونے عام طور پر بلا ضرورت پیدا ہوجاتے ہیں ، اس نام سے مشہور ہیں ، ہرن کھڑی ، پتھر چٹا ، پیازی . . . وغیرہ وغیرہ .

۱۹۱۶ علم زراعت ، ۱۲۵

جب پیازی اچھی طرح اگ آئے ، اسے ہل چلا کر دبا دینے کے بعد گندم کاشت کریں .

۱۹۶۷ راہ عمل ، ۱۱۳

[پیاز (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

پیازیچہ (کس پ ، ی مع ، فت چ) امذ .

(رک) پیازک ، چھوٹی پیاز ، گٹھک (جامع اللغات) .

[ف]

پیاس (کس پ) امث .

۱. پانی پینے کی خواہش ، تشنگی .

او بازار چو بیس جنساں کاں تھا یعنی بازار اول گوشت . . . دسواں پیاس ، گیارواں بھوک .

۱۴۲۱ بندہ نواز ، شکار نامہ ، (شہباز ، سکھر ، فروری ، ۱۹)

چرندے ادک پیاس سوں تس پہ ٹوٹ
چھوٹے دوڑ مرتے اتھے سینہ پھوٹ

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۱۰

پانی کی لہروں سے پیاس کو کھویا .

۱۸۶۲ شبستان سرور ، ۱۵

پانی کی ضرورت کی کیفیت کے اظہار کو ہم پیاس کہتے ہیں .

۱۹۳۱ ہماری غذا ، ۱۸

۲. (مجازاً) تمنا ، خواہش ، آرزو .

حیات آکے دی شاہ کوں خوش خبر
لہو پی دندیاں کا اجل پیاس بھر

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۵۸

اس کی گفتگو میں کینہ تھا ، ایک پیاس تھی .

۱۹۲۲ انار کلی ، ۶۴

۳. بچوں کے ایک مرض کا نام جس میں تشنگی بہت زیادہ ہوتی ہے ، تونس .

اس لڑکے کو پیاس ہوگئی تھی ، میں نے زہر مہرہ ، بنسلوچن . . . اس طرح کی دوچار دوائیں بتادی تھیں .

۱۸۶۸ مرآۃ العروس ، ۲۱۶

لڑکی کو پیاس ہوگئی ، اب پانی کی واسطے بچی کا بلبلانا ، ایک چیخ آسمان پر ایک زمین پر .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۳۸

اف : اٹھانا ، لگنا ، ہونا .

[س : ہری + آل] [प्रिय + आल]

— اُٹھانا محاورہ .

تشنگی کی تکلیف برداشت کرنا .

دن بھر کی پیاس اٹھائی ہے پانی کو دیکھ کر جان آگئی .

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۴۶

— بجھانا محاورہ .

۱. تشنگی دور کرنا ، پانی کی خواہش پوری کرنا .

پیاس کو تو ہی پر بجھائے گا
عاشق تشنہ کام احمد کا

۱۸۷۳ محامد خاتم النبیین ، ۳۵

میووں سے پیٹ بھرا ، چشموں کے پانی سے پیاس بجھائی .

۱۹۳۶ گرداب حیات ، ۲۰

۲. خواہش پوری کرنا ، آرزو بر لانا ، ضرورت پوری کرنا .

اس یار وفادار سوں مجھ آس تھی لیکن
ہرگز وو بجھانے کوں میری پیاس نہ آیا

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۴۷

قطرہ قطرہ اوس جمع کر کے قوم کی پیاس بجھانے کا سامان مہیا کیا تھا .

۱۹۰۱ حیات جاوید ، ۲۹۸

۳. تسکین دینا ، دلاسا دینا .

پہلے خیریت کے دو حرف لکھ کر اس کی پیاس بجھاؤ .

۱۹۱۷ شام زندگی ، ۵۳

— بجھنا محاورہ .

پیاس بجھانا (رک) کا لازم .

بہت محتاج ہوں سو دو سو میں میری پیاس نہیں بجھتی .

۱۸۵۳ خطوط غالب ، ۱۲۴

ساقیا دل کی ہوس مٹ نہ سکی پیری میں
پیاس بجھتی نہیں ٹوٹے ہوئے پیمانے سے

۱۹۲۷ آیات وجدانی ، ۲۳۰

— بھر (— فت بھ) صف ؛ م ف .

اتنا پانی جس سے پیاس بجھ جائے .

کہ پانی پلا آو مجے پیاس بھر
میرا جیو رہیا ہے وہیں آن کر

۱۶۷۹ قصہ ابوشحمہ ، ۳۱

[پیاس + بھر (رک)]

ــ بھر جانا محاورہ .

دن پورے ہوجانا ، عمر تمام ہوجانا (نوراللغات) .

ــ بھڑکنا محاورہ .

تشنگی کی شدت ہونا ، بے حد پیاسا ہونا ، کسی چیز کی شدید آرزو ہونا .

بھڑکی جو بہت پیاس تو اشکوں سے بجھایا
شکوے کا مگر حرف زباں پر نہیں لایا

۱۸۷۳ انیس ، مراثی ، ۲ : ۵۸

چاہ میں پاؤں کہاں آس کا میٹھا پانی
پیاس بھڑکی ہوئی ہے اور نہیں ملتا پانی

۱۹۲۸ سریلی بانسری ، ۹۱

ــ کا چٹکا (ــ فت چ ، سک ٹ) امذ .

بار بار پیاس لگنے کی کیفیت ، پیاس کی شدت .

جلائیں گی مرا دل سرد مہریاں تیری
کہ برف کھانے سے ہوتا ہے پیاس کا چٹکا

۱۹۳۶ جلیل (نوراللغات)

اف : لگنا ، ہونا .

ــ کے مارے پیڑیاں بندھنا محاورہ .

انتہائی شدت کی پیاس میں ہونٹوں پر خشکی آجانا .

گاؤں یہاں سے قریب تو نہ تھا مگر دکھائی دے رہا تھا
پیاس کے مارے پیڑیاں بندھ رہی تھیں .

۱۹۳۲ بیلہ میں میلہ ، ۲۵

ــ کے مارے جان نکلنا محاورہ .

انتی پیاس کی شدت ہونا کہ جس میں پیاسا قریب المرگ ہو جائے .

اللہ ہی بہتر جانتا ہے کھیل کا دانہ بھی . . . پیاس کے مارے جان نکلی جاتی تھی .

۱۹۳۲ بیلہ میں میلہ ۵۱

ــ لگنا محاورہ .

خواہش ہونا ، چاہت پیدا ہونا .

دل کوں آب حیات کی پیاس لگی ہے .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۲۰

نہ بجھی پیاس ترے سوختہ جاں کی ہرگز
اس نے جس دم کہ پیا خون جگر اور لگی

۱۸۴۹ کلیات ظفر ، ۲ : ۱۱۶

ــ مارنا محاورہ .

تشنگی کو ضبط کرنا ، پیاس کو روکنا (نوراللغات) .

ــ مرجانا/مرنا محاورہ .

تشنگی رفع ہوجانا ، ازخود خواہش یا ہوس باقی نہ رہنا .

تو بھی نیت انھوں کی بھرتی نہیں
پیاسے مرتے ہیں پیاس مرتی نہیں

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲ : ۴۵

سدد اے آب خنجر رحم کر ان تشنہ کاموں پر
نہ ان کی پیاس مرتی ہے نہ یہ پیاسے ہی مرتے ہیں

۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۱۵۲

اے تیغ ناز چل بھی جو گزری گزر گئی
اب پانی لے کے آئی ہے جب پیاس مر گئی

۱۹۳۶ جلیل ، تاج سخن ، ۱۹۳

پیاسا (کس پ) صف مذ ؛ مث : پیاسی .

۱. تشنہ ، جسے پانی پینے کی خواہش ہو .

دو نور دیدے ہی بی کے ، آخر دیکھو کیوں دُکھ دکھے
لہو میں لڑے پیاسے بھکے ، دیکھو یہ خواری وائے وائے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۳ : ۵۹

یہ سیہ زلف تجھ زنخدان پر
ناگنی جیوں کنوے پہ پیاسی ہے

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۲۴۶

تیسرا واجب پیاسے کو پانی پلانا .

۱۸۴۶ مجموعۂ تعلیم الصبیان ، ۱۸

جنگ احد میں پیاسے کو پانی پلاتیں اور زخمیوں کی مرہم پٹی کرتیں .

۱۹۱۴ سیرۃ النبی ، ۲ : ۱۹۴

۲. (مجازاً) مشتاق ، آرزومند .

ہے آتش کے عرق کا عشق کا نسا مرا دل تو عزیزاں اس کا پیاسا

۱۷۳۷ طالب و موہنی ، ۲۸

وہ قومی بھلائی کا پیاسا اپنی قوم کی بھلائی کی فکر کرتا ہے .

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۱۱۵

میری پیاسی آنکھوں کو آخری وقت آپ کے مزار پر انوار کا دیدار بھی نصیب نہ ہو سکا .

۱۹۴۰ فاطمہ کا لال ، ۹۳

۳. (مجازاً) حاجت مند ، غرض مند ، ضرورت مند ، خواہش مند .

کیا نقصان ہے ابر سیراب کوں
جو پیاسے پہ برسے گا ٹک آب کوں

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۱۸

دیکھے سے ان لبوں کے جسے عمر خضر ہے
پیاسا نہیں ہے چشمۂ آب حیات کا

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۴۰

وہ پیاسے تم ہو کہ کنواں تمہارے پاس آئے تو تمہاری پیاس بجھے .

۱۸۹۲ لکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۳۱۶

[ہ : پیا سا पियासा/प्यासा]

ــ کُنوئیں کے پاس جاتا ہے ، کُنواں پیاسے کے پاس نہیں آتا کہاوت.

مطلوب طلب گار کے پاس نہیں آتا بلکہ طالب مطلوب کے پاس جاتا ہے ، ضرورت مند اپنی حاجت پوری کرنے کے لیے حاجت روا کے پاس جاتا ہے ، حاجت روا کو ضرورت مند کے پاس آنے کی کیا ضرورت .

پیاسا کنوئیں کے پاس جاتا ہے ، کنوئیں کو پیاسے کے پاس آتا ہوا نہیں سنا .

۱۸۹۲ لکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۳۱۶

ــ مارنا محاورہ .

(مجازاً) تڑپانا ، بے قرار کرنا .

مدتوں سے تشنۂ دیدار ہیں کب تلک ہم کو پیاسا مارنا

۱۸۲۶ معروف ، د ، ۳۲

ــ مرنا محاورہ .

شدت تشنگی سے دم نکل جانا ، شدید پیاس برداشت کرنا .

وہ بادل ہیں جو لیں قرض آب دریا
مروں پیاسا نہ لوں آب بقا قرض

۱۸۳۸ ناسخ ، د ، ۲ : ۷۳

پیاسٹر (کس پ ، سک س ، فت ٹ) امذ .

ترکی کا ایک چاندی کا سکہ جو اسپین کے ڈالر کے برابر ہوتا ہے .

انھوں نے گورمنٹ مصر سے ایک ہزار پیاسٹر ماہانہ ان کے لئے الاؤنس مقرر کر دیا .

۱۹۱۳ غفران ایران (دیباچہ) ، ۱۵

[؟]

پیاسی (کس پ نیز ، ی مخ) صف مث .

مچھلی کی ایک قسم (پلیٹس) .

[ہ : پیا سی पियासी/प्यासी]

پیاک (کس پ) صف مذ .

بلا نوش ، بہت شراب پینے والا .

بلا کا پیاک تھا اور باہر جانے سے پہلے اس نے معمول سے بھی زیادہ چڑھائی ہوئی تھی .

۱۹۲۵ موجودہ لندن کے اسرار ، ۳۴

[پینا (رک) سے]

پیال (فت پ) امث ؛ امذ ~ پوال .

۱. دھان یا کودوں کا بھوسا جس کو بچھا کر اکثر غریب لوگ جاڑوں میں سوتے ہیں ، رک : پرال .

زربفت کی قبا نہ فضیحت کرے ددا
تھوڑا سا ان پہ لے کے کہیں سے پیال ڈال

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۲۰۰

آہستہ آہستہ جگالی کرتے ہوئے وہ زرد اور خشک پرال پر بیٹھ گئی .

۱۹۶۱ برف کے پھول ، ۵۵

۲. لمبی خشک گھاس (جو چھانے کے کام آتی ہے) (پلیٹس).

[س : پلالی पलाली]

ــ دمہ (ــ فت د ، م) امذ .

دمے کی ایک قسم جو گھاس بھوس سے لاحق ہوتی ہے .

اپی کے کوانا کے استعمال کی تعریف پیال دمہ (Hay asthma) اور کالی کھانسی میں بھی کی گئی ہے .

۱۹۴۸ علم الادویہ ، ۱ : ۶۰۷

[پیال + دمہ (رک)]

ــ کے پانو (ــ مخ) صف .

(مجازاً) ناپائدار (پانو رکھنے سے پیال نیچے دھنس جاتا ہے) (نوراللغات) .

ــ کے پانو کھڑے کرنا محاورہ .

اُس کام پر آمادہ کرنا جس سے کوئی شخص ہمت ہار گیا ہو.

وہ شخص ہے کہ نہیں کرتا چلا جاتا ہے اور آپ ہیں کہ الٹی آنتیں گلے میں ڈال رہے ہیں ، پیال کے پاؤں کھڑے کرنے سے کیا فائدہ .

۱۹۲۶ نوراللغات

پیال (۱) (کس پ) امذ .

رک : پیار (درخت) ، چرونجی ، لاط : Chironjia sapida or Buchanania latifolia (پلیٹس ؛ شبد ساگر) .

[س : پیال पियाल]

پیال (۲) (کس پ) امث ؛ ~ پیالا .

ایک خاص قسم کی آبی گھاس جس کو مویشی نہیں کھاتے اور سوکھنے کے بعد کسی کام نہیں آتی (ا پ و ، ۵ : ۸۲) .

[• : پیال]

پیالہ (کس پ ، نیز ی مخ ، فت ل) امذ ~ پیالا .

۱. **کھلے منہ کا گول اور گہرا کھانے پینے کی گاڑھی یا رقیق چیزوں کے استعمال کا برتن ، کٹورا ، شراب پینے کا ظرف یا جام ، ساغر .**

پیالا سو یا قوت کا احمدی بہا ہے عدد از عدد ابجدی

۱۵۶۳ حسن شوقی ، د ، ۸۵

سو دھن ہٹ تے پیالا جو شہ لیتے ہیں
سوکچ ہی نہ ہی وونچہ سٹ دیتے تھے

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۶۶

دریا دلی جنہیں ہے نہیں ہوتے کاسہ لیس
دیکھا ہے واژگوں ہی پیالہ حباب کا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۳۸۶

مسلمان بھی تشتریوں اور پیالوں میں سب طرح کا کھانا . . . اپنے آگے رکھ لیتے ہیں .

۱۹۰۱ حیات جاوید ، ۲ : ۳۰۷

۲. **(سپاہ گری) توپ یا بندوق میں رنجک رکھنے کی جگہ .**

پڑتی ہے گولی رنج کی دل پر پیالے کے
جو لُبلُبی ہے فرط الم سے ہے جان باب

۱۸۷۳ بیخود (ہادی علی) ، د ، ۱۰۷

۳. **(پٹا بازی) جمگھٹے یا بہت سے آدمیوں کے ایک ساتھ حملہ کرنے سے بچاؤ کا عمل .**

کوئی ہفتہ خالی نہیں جاتا تھا کہ مشاعرہ نہ ہوتا ہو یا پیالہ نہ ہوتا ہو . . . پیالہ آپ نہیں سمجھے ؟ لکڑی کو ہار میں لڑنا . . . استاد کتکہ لے کر اکھاڑے میں آیا ، دس دس بارہ بارہ شاگرد چوٹیں لگاتے اور وہ بچاتے ہیں .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۳ : ۳۹

اف : ہونا .

۴. **(حقہ) کلی کے ٹیروے (آب نے) میں گردے کی شکل کا بنا ہوا کٹاؤ ، ٹیروے کا گردا** (ا پ و ، ۷ : ۹۶) .

۵. **بھیک کا ٹھیکرا ، کاسۂ گدائی .**

ساقی چلی بہار رہے دل کی آرزو
بھردے پیالہ ہے یہی سائل کی آرزو

۱۸۳۸ ریاض البحر ، ۱۸۱

۶. **پھول کا کٹوری نما حصہ ، رک : پیالۂ گل .**

پیالہ میں پھولوں کے دو پتیاں ہیں
گرا دیتا ہے جنکو خود پھول کھل کے

۱۹۱۶ سائنس و فلسفہ ، ۶

۷. **سوم کا فاتحہ ، عرس .**

مہمان ہے فقیر ہے سن لیں گے آپ رند
مرشد کا اپنے کرکے پیالا نکل گیا

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۲۹

۸. **فقیروں کی دعوت جو فقیروں کے یہاں ہوتی ہے** (نورالغات) .

اف : کرنا ، ہونا .

۹. **(تصوف) کنایہ ہے چشم محبوب کی طرف بعضوں نے لکھا ہے کہ ہر ذرہ موجودات سے بمنزلہ پیالہ کے ہے جس سے عارف شراب معرفت پیتا اور اس سے مست و بیخود ہوتا ہے اور بعضوں نے پیالہ سے دل سالک مراد لیا ہے** (مصباح التعرف لار باب التصوف ، ۶۸) .

[ف]

ــ اُٹھانا محاورہ .

بھیک مانگنا ، گداگری اختیار کر لینا .

شاہوں کے عاشقی میں دوا لے نکل گئے
جم ہو گیا فقیر پیالہ اٹھا لیا

۱۸۳۸ ریاض البحر ، ۳۷

ــ بجانا محاورہ .

سقا گری کرنا ، (سقے پیالہ بجاتے ہیں تاکہ پیاسوں کو خبر ہو جائے اور وہ پانی پئیں) کٹورا بجانا (ماخوذ : نورالغات) .

ــ بجنا محاورہ .

۱. **دور دورہ ہونا ، عروج ہونا .**

رنگ بہار عیش ہے ایسا جما ہوا
کل کا پیالہ بجتا ہے دورا ہے پھول کا

۱۸۵۷ سحر (امان علی) ، بیاض سحر ، ۱۳۴

۲. **(جلترنگ کی کٹوریوں) کا بجنا .**

موج و حباب اشک میں باہم چلی جو چوٹ
گھر میں مرے پیالے بجے جلترنگ کے

۱۸۹۲ شعور (منہذب اللغات)

ــ بہنا محاورہ .

اسقاط حمل ہونا ، پیٹ گرنا (مخزن المحاورات ، ۲۸۴) .

— بھر جانا محاورہ .

(مجازاً) دن پورے ہو جانا ، عمر تمام ہو جانا (عموماً زیست حیات وغیرہ کے ساتھ) .

فراق مصطفیٰ میں اشک ریزی روز کرتا ہوں
پیالہ زیست کا شاید اسی صورت سے بھر جائے

۱۹۱۶ نغمۂ جگر دوز ، ۹۵

— بھر دینا محاورہ .

۱. شراب سے جام لبریز کر دینا (جامع اللغات) .

۲. (تصوف) مرشد کا مرید کی تکمیل کردینا (مصباح التعرف ، لارباب التصوف ، ۶۸) .

۳. مراد پوری کرنا .

پیالہ مجھ آزاد کا بھر دے ساقی
نہیں میرا پیالہ ہوا چاہتا ہے

۱۸۳۸ دیوان ناسخ ، ۲ : ۱۶۱

— بھرنا محاورہ .

رک : پیالہ بھر جانا ؛ پیالہ بھر دیا .

ایک تو وہ ڈرے اور دوسرے ان کے پیالے بھرے جو گزری تھی کہنے لگے .

۱۸۲۳ مختصر کہانیاں ، ۱۷۳

— پلانا محاورہ .

۱. مرید کرنا ، معتقد بنانا .

ہر گرم آفتاب سے پیالہ پلا مجھے
کر کے مرید اپنا پیالہ پلا مجھے

۱۸۹۳ ریاض شمیم ، ۱ : ۳

۲. شراب پلانا ، جام پلانا .

پرم رنگ رسیلے کوں گڑسوں ریجھا کر
لگاوں گی چھاتی پلاوں گی پیالے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۳۱

پیمانہ میری عمر کا لبریز ہو کہیں
ساقی مجھے بھی اب تو پیالہ پلا چکے

۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۱۶۶

— پینا محاورہ .

۱. مرید ہونا ، معتقد ہونا ، فقیروں کی آنکھیں دیکھنا .

بیعت دست سبو کا بس پیالا ہی لیا
تاک کا شجرہ ملا مشرب بھی رندانہ ہوا

۱۸۷۰ الماس درخشاں ، ۳۳

پیر مغاں سے بیعت ہو یا پیر طریقت سے مگر جب دیکھیے تو سب ہی ایک مرشد کا پیالہ پیے ہوئے ہیں .

۱۹۳۶ ریاض خیرآبادی ، نثر ریاض ، ۱۲۴

۲. شراب پینا ، مدہوش ہونا .

کہ معشوق جاں میں بھائے کیوں
پیالا پیا نہ پیا جائے کیوں

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۶۶

نرگان چشم سے حذر اے دل کیئے ہوئے
دونوں ہیں ایک ایک پیالہ پیئے ہوئے

۱۸۷۴ کلیات منیر شکوہ آبادی ، ۴۲۰

ملا ہے اس میں سم الفار ہم تجھ سے نہ کہتے تھے
پیالہ ہی کے فارابی کا ہوگی اک پشیمانی

۱۹۲۸ صحیفۂ ولا ، ۷۲

— جھیلنا محاورہ .

عیش و عشرت میں بسر کرنا ، دور چلنا ، شراب نوشی کرنا .

پیالے لگے عیش سوں جھیلنے
ہوئے مستعد باندرے کھیلنے

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۸۳

— چڑھانا محاورہ ؛ ~ چڑانا (قدیم) .

شراب پینا .

جو عاقل اتھے وو سو سب بیچ ہوئے
دو پیالے چڑا کوچ کچ ہوئے

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۲۵

کہے زاہد کے تئیں تسبیح سٹ دور
چڑا پیالا ، ریا میں کچھ نہیں نور

۱۷۳۷ طالب و سوہنی ، ۲۸

سنتا ہے کون نالہ و فریاد عندلیب
مدہوش ہے چمن میں پیالہ چڑھائے گل

۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۹۳

— چھلک اٹھنا محاورہ .

کسی بات کی انتہا ہو جانا ، خصوصاً صبر تحمل یا ضبط ہاتھ سے جاتا رہنا ، ناقابل برداشت ہوجانا .

حد ہو چکی جنوں کی پیالہ چھلک اٹھا
انجام ہو گا دیکھیے ان غفلتوں کا کیا

۱۹۴۳ ترجمۂ قلوپطرہ (ق) ، حقی

— چھلک جانا محاورہ .

۱. رک : پیالہ چھلک اٹھنا ، حد سے باہر نکل جانا .

بھکیں جو مست صاحب باطن محال ہے
اک دن نہ جام جم کا پیالہ چھلک گیا
۱۸۷۶ سخن بے مثال ، ۱۸

۲۔ کمینے ہن کی بات کرنا ، کمینے آدمی کا آپے سے باہر ہو جانا (جامع اللغات) .

— دان امذ .

پیالے رکھنے کا ظرف ، چوکھٹا ، خانہ ، پلہوٹڈا ، پیالہ گیر ، وہ کشتی جس میں پیالے رکھے جاتے ہیں .

بلوریں سات پیالے پیالہ دان میں
ہے جن کی روشنی ہفت آسمان میں
۱۷۶۵ دیوان زادہ (ق) ، حاتم ، ۳۸۱
[پیالہ + دان ، لاحقۂ ظرف]

— دینا محاورہ .

شراب پلانا ، شراب کی تواضع کرنا (فرہنگ آصفیہ) .

— قَوسِ قُزح کس اضا (— و لین ، کس اضا س ، ضم ق ، فت ز) امذ .

ایک آلہ جس کے ذریعے سفید شعاع میں رنگین حلقوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے .

سی - وی بائز (C. V. Boys) نے ،، پیالہ قوس قزح ،، کے نام سے ایک آلہ اختراع کیا ہے جس سے سفید نور میں ان رنگین حلقوں کا بخوبی مطالعہ ہو سکتا ہے .

۱۹۳۹ طبیعی مناظر ، ۵۱
[پیالہ + قوس قزح (رک)]

— گردش میں آنا محاورہ .

شراب کا دور چلنا (جامع اللغات) .

— گُل کس اضا (— ضم گ) امذ .

پھول کے نیچے کا وہ حصہ جس میں پھول کی پنکھڑیاں یا ان کی ڈنڈی جمی ہوتی ہے ، کنڈی ، پھول کی پتیوں کا پیالہ نما غلاف (ا پ و ، ۶ : ۱۳۱) .

سلائیاں چھ ، چار لمبی ، دو چھوٹی
نہیں پیالہ گل بھی کچھ اس میں ہوتے
۱۹۱۶ سائنس و فلسفہ ، ۶

،، تاج گل ،، اور ،، پیالۂ گل ،، مثل موسلی اور سلائی کے زیادہ کارآمد نہیں ہے ، کیونکہ بہت سے پھولوں کی تلقیح ان دونوں اعضا کے نہ ہوتے ہر بھی ہو جاتی ہے .

۱۹۳۹ رسالہ علم نباتات ، ۷۰
[پیالہ + گل (رک)]

— گو (— و مج) صف ، امث .

کنچن سے نیچے درجے کی طوائف کی ایک قسم .

کنچن تو اس پیشے کی جڑ ہیں ، ان سے نیچے وہ ہیں جن کو کنچن باقاعدہ طور پر اس رذیل پیشے کے نظام میں شامل کر لیں یہ عورتیں پیالہ گو ، رہینی ، مفت‌دھری وغیرہ کے ناموں سے ملقب ہوتی ہیں .

۱۹۲۴ سراب عیش ، ۲۲
[پیالہ + گو (رک)]

— گیر (— ی مع) صف .

(مجازاً) شراب پینے والا ، بادہ خوار ، مے نوش .

مے خانہ میں بے خودی ہے اے رب کریم
ہوں گرچہ پیالہ گیر تو رحمت کر
۱۸۴۴ نذر خیام ، ۴۷
[پیالہ + گیر (رک)]

— لبریز ہونا محاورہ .

۱۔ وقت پورا ہو جانا ، موت آ جانا .

انتظار مے و ساغر ہو کہاں تک ساقی
کہیں لبریز نہ ہو جائے پیالہ اپنا
۱۸۹۲ مہتاب داغ ، ۴۶

۲۔ رک : پیالہ چھلک اٹھنا .

اسلام نے قبلہ بھی بدل دیا تو ان کی ناراضی اور برہمی کا پیالہ بالکل لبریز ہو گیا .

۱۹۱۱ سیرۃالنبی ، ۱ : ۲۸۰

— لینا محاورہ .

شراب پینا ؛ مرید ہونا .

جہاں کا حال آتا ہے نظر سب فیض ساقی سے
ہوئے جمشید ثانی ہم پیالہ لے کے مرشد کا
۱۸۷۰ دیوان اسیر ، ۳ : ۳۰

— نُما (— ضم ن) صف .

پیالے کی شکل کا ، پھولا ہوا ، اونچی ڈھیری جیسا ، ابھرا ہوا .

لہو کے نکالنے سے سو ران برابر نہیں چلی تک لہو پیلا اور پیالہ نما نہ ہووے گا .

۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۱۸۷

پیالہ نما شگاف کی وجہ لکڑی کی ناکارگی اس عیب کی مقدار اور لکڑی کی غرض استعمال پر موقوف ہے .

۱۹۰۷ مصرف جنگلات ، ۸۸
[پیالہ + نما (رک)]

— نوالہ (— کس ن ، فت ل) امذ .

کھانا پینا (نوراللغات) .

[پیالہ + نوالہ (رک)]

— ہونا محاورہ .

۱. **مرنا ، جان بحق ہونا ، دنیا سے گزر جانا .**

آج ساقی کا ہوا پیالہ جو میخانے میں آہ
سنگ پر شیشے نے پٹکا سر، گرا کھا غش ایاغ

۱۸۲۰ شاہ نصیر ، چمنستان سخن ، ۸۹

۲. **فاتحۂ سوم ہونا ، عرس ہونا .**

دلایا گیا فاتحہ جام سے پر
ہوا میکدے میں پیالہ ہمارا

۱۸۵۴ صبا ، ک ، ۱۷

۳. **(فقرا) آزادوں کی دعوت کسی آزاد کے تکیے میں ہونا** (نوراللغات) .

۴. **بڑے بازوں کی دعوت کسی بڑے باز کے گھر یا اکھاڑے میں ہونا ؛ بہت سے لوگوں کے حملے سے بچاؤ کا مظاہرہ ہونا .**

حضور ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ والد مرحوم کے اکھاڑے میں پیالہ ہوا .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۲۲۹

پیالی (کس پ) امذ .

پیالہ (رک) کی تصغیر .

سکیاں کے ہات میں دیکھ پیالی مد کی
نہیں دیکھیا اگن کے تیں جو سیال

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۱۶۵

ہر ایک مکان میں بقدر ضرورت . . . پیالے پیالیاں و آبخورے چن دیے گئے .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۱۷۵

چائے پینے کی ایک پیالی دیکھنے میں آئی .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۱۱۶

۲. **مجازاً گڑھا ، گہرائی .**

اب ہر پیڑے کی پیالی بنا کر بیچ میں دال کی گوبی رکھ کر چاروں طرف سے بند کر کے تکیہ بنالیں .

۱۹۴۴ ناشتہ ، ۳۷ .

پیام (فت پ) امذ .

۱. **قول یا حکم جو دوسرے کے ذریعے سے پہنچایا جائے .**

یکا یک فلک شاطر تیز گام صبا نے انکے دوڑ تا لیا پیام

۱۶۶۵ علی نامہ ، ۳۰۵

آج دلبر نے مجھ پیام کیا شکر اللہ فلک نے کام کیا

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۲۵۷

خود پیمبر و خود پیام ، خود مرسل و خود مرسل الیہ .

۱۸۸۴ تذکرۂ غوثیہ ، ۵

آدمی نے جا کر پیام پہنچا دیا اور تھوڑی دیر بعد آکر کہا چل تجھ کو حاضر ہونے کی اجازت مل گئی .

۱۹۲۷ گل دستۂ عید ، ۳۶

۲. **خوشی کی خبر .**

کب پیام وصال آتا ہے خواب ہے جو خیال آتا ہے

۱۸۳۸ ریاض البحر ، ۲۲۶

۳. **شادی طے کرنے کی بات چیت .**

اس کی طرف سے نہ رقعہ نہ پیام اور وہاں تڑ سے آزادی کی منگنی ہو گئی .

۱۸۹۱ ایامیٰ ، ۱۲۳

ان دونوں کی گفتگو میری شادی کے متعلق ہوجاتی تھی ، دونوں کو اس کا صدمہ تھا کہ پیام کہیں سے نہیں آتا .

۱۹۳۶ گرداب حیات ، ۵۳

۴. **بلاوا ، دعوت ، پیشکش .**

ملازمت کے بہت سے پیام آئے مگر قبول نہیں کی .

۱۹۲۹ تذکرۂ کاملان رام پور ، ۳۰۱

۵. **زبانی سوال ، عرض یا درخواست .**

اور باتوں کا اب پیام ہوا
مینڈکی کو بھی لو زکام ہوا

۱۸۷۱ شوق لکھنوی (نوراللغات)

بادشاہ پیر فریاد کر رہا ہے کہ او قہار زنگی میں مجبور و نا چار ہوں ، خراج میرے کیے ادا نہیں ہوسکتا ، زنگی جواب دیتا ہے کہ یہ پیام پہلے کیا ہوتا .

۱۹۰۲ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۳ : ۸۹۳

۶. **(تصوف) جذبات حبی کو کہتے ہیں جو منجانب حقیقت دل سالک پر وارد ہوتے اور سالک کو مست و بیخود کر دیتے ہیں اور اسی طرح قلب سالک سے جذبات اُٹھتے اور حقیقۃ الحقائق کی طرف جاتے ہیں اور یہ وہ نسبت ہے کہ ملائکہ اس سے بے بہرہ ہیں** (مصباح التعرف لارباب التصوف ، ۶۸) .

[ف]

— اَجل پہنچانا محاورہ .

جان سے مار ڈالنا (جامع اللغات) .

— آور (— فت و) امذ ؛ صف .

رک : پیام بر .

لگا تب پوچھنے وہاں کا سمایا
پیام آور نے سب اس کو بتایا
۱۷۵۹ راگ مالا (ق) ، عزلت ، ۷۲

[پیام + . . . آور (رک)]

— بر (— فت ب) صف ؛ امذ .

کسی کی بات قول تحریر یا حکم کو دوسرے تک پہنچانے والا ، قاصد ، ایلچی ، سفیر ، نامہ بر .

معاملہ ہے یہ دل کا اسے کہے گا وہ کیا
پیام بر کے ہمیں ساتھ جانا تھا
۱۷۹۰ دیوان قائم (ق) ، ۲۶

ہے بہت طول مدعا افسوس
ساری دنیا پیام بر نہ ہوئی
۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۲۳۶

[پیام + . . . بر (رک)]

— ٹھہرنا محاورہ .

نسبت طے ہونا ، رشتہ ہونا .

میرے تایا بڑے تھے زمانہ شناس
بڑے اونچے گھرانے میں ٹھہرا پیام
۱۹۲۷ سریلے بول ، ۵۳

— دینا محاورہ .

شادی کے لئے کسی کے گھر لڑکے لڑکی کی بات ٹھہرانا (ا پ و ، ۷ : ۷۶) .

— دھرنا محاورہ (قدیم) .

پیام دینا .

کیا تیغ کوں اس وقت در نیام
جو دھرتا تھا او تیغ تھے بھی پیام
۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۳۷۴

— رساں (— فت ر) صف ؛ امذ .

رک : پیام بر (جامع اللغات) .

[پیام + ف : رساں ، رسانیدن (= پہنچانا) سے]

— (و) سلام (— فت س) امذ .

۱. **دوسرے کی معرفت کسی بات کا سوال جواب کرنا ؛ زبانی بات چیت ، سوال و جواب .**

صلح کے پیام سلام ہونے لگتے ہیں ، بادشاہ ہندنی کے سوال سے دست بردار ہو جاتا ہے .
۱۹۳۹ افسانۂ ہندنی ، ۱۵

۲. **میل جول ، تعلقات .**

رسم و راہ پیام سے گزرے
اس پیام و سلام سے گزرے
۱۸۸۲ فریاد داغ ، ۱۱۸

جو نہ سمجھے خود اپنا مطلب شوق
وہ پیام و سلام کیا کرتا
۱۹۵۷ یاس و یگانہ ، گنجینہ ، ۱۱

اف : کرنا ، ہونا .

[پیام + (و) عطف + سلام (رک)]

— کرنا محاورہ .

۱. **کہلا بھیجنا .**

نہ اتنے قصے نہ جنگ ہوتی پیارے تیرے ملاپ اوپر
رقیب آپی سے زہر کھاتے جو وصل کا تو پیام کرتا
۱۸۳۰ نظیر اکبرآبادی ، ک ، ۵

۲. **عرض کرنا ، بات چیت کرنا (کسی معاملے کے طے کرنے میں) .**

دل افروز کو اس معاملے میں پیام کرنے کی اجازت دی .
۱۸۶۸ رسوم ہند ، ۲۸۸

— لانا محاورہ .

(مجازاً) پروانہ یا بلاوا لانا .

پاس آخر دائمی آرام کا لائی پیام
منتظر ہے موت اب ہوتا ہوں رخصت و السلام
۱۹۱۳ نقوش مانی ، ۱۲

— لگنا محاورہ .

شادی کی بات چیت ہونا .

مرا ایک جگہ جو پیام لگا
مرے دل سے تڑپ کے یہ نکلی دعا
۱۹۲۷ سریلے بول ، ۵۳

— مرگ کس اضا (— فت م ، سک ر) امذ .

(مجازاً) بلائے ناگہانی ، آفت ، مصیبت .

ابھی پردے میں ہو جس پر پیام مرگ آتے ہیں
قیامت اور آئے گی اگر باہر قدم نکلا
۱۸۶۵ نسیم دہلوی ، د ، ۷۵

[پیام + مرگ (رک)]

پیاما سلامی (فت پ ، س) امث .

رک : پیام معنی نمبر ۳ .

تجھے آتا ہی کیا ہے اس کے سوا . . . میری تیری پیامبا سلامی کرنا ، منگنی ٹھیرانا .

۱۹۵۴ اپنی موج میں ۱۰۷

[رک : پیام + ا ، حرف اتصال + سلامی (رک)]

پیامبر (ف ت پ ، سک م ، ف ت ب) امذ .

رک : پیام کے تحتی پیام بر نیز پیامی .

ایک شخص بادشاہ کی طرف سے قاصد بنکر مجمع عام میں آتا ہے یہ مجمع اس کو شاہی پیامبر تسلیم کرنے سے انکار کرتا ہے .

۱۹۲۳ سیرۃ النبی ، ۳ : ۹۴

پیامبری (ف ت پ ، سک م ، ف ت پ) امث .

پیام پہنچانے کا کام .

عبدالمجید خان ریاست پٹیالہ . . . ان دنوں گورنمنٹ اور ندوۃالعلما کے درمیان صلح و صفائی کی پیامبری کررہے تھے .

۱۹۴۳ حیات شبلی ، ۶۳۱

[رک : پیامبر + ی ، لاحقۂ کیفیت]

پیامی (ف ت پ) صف .

رک : پیام بر .

تمھارے پیامی نے سب راز کھولا
خطا اس میں بندے کی سرکار کیا تھی

۱۹۰۵ بانگ درا ، ۱۰۰

۲. **پیغام دینے والا .**

وہ حُبِّ قوم کا پنجاب میں پہلا پیامی تھا
یہاں قصر اخوت کا اسی نے ڈول ڈالا ہے

۱۹۳۷ نغمۂ فردوس ، ۲ : ۸۳

[ف]

پیاں (ف ت پ ، شدی) امذ ، امث (شاذ) .

(برج) پانْو ، پیر (رک) کی جمع (عموماً شاعری میں مستعمل).

مو ہے برہا ستاوے جی جلاوے مورے سیاں
میں لاگوں تورے پیاں جو آوے مورے دہام

۱۸۷۸ دلفروش ، ۴۰

پیارے سکھڑا دکھاؤ ذرا چندر کنول سا
موری من سا کرو پوری توری پیاں پڑوں

۱۹۰۱ عشق و عاشقی کا گنجینہ ، ۵۵

کریں بعض تو سجدۂ احترامی
خوشی سے پڑیں لاٹ صاحب کے پیاں

۱۹۳۰ دیوانجی ، ۴۰۴

پیانا (کس پ) ف م .

۱. **رک : پلانا .**

بھابھی ری جو پیانا ہو نیر دیونا ہمکو پیائی
دینا ہوی جو اب دیونا سہارے تائی

۱۸۸۴ سانگ نوٹنکی ، ۳

۲. **پانی دینا ، آب پاشی کرنا** (پلیٹس) .

[० : پیانا पियाना]

پیانسٹ (کس پ ن) امذ .

پیانو بجانے کے فن میں ماہر نیز پیانو بجانے والا .

پارسے کا بیٹا نصف یوروپین ، پیانسٹ سکندر حیدر ، مانٹریال میں الیکٹرونک ستار بھی پسند کرتا ہے .

۱۹۷۸ کار جہان دراز ، ۲ : ۳۸۴

[انگ : Pianist]

پیانو (کس پ ، و مج) امذ .

لکڑی کے سانچے میں بنا ہوا (بظاہر ہارمونیم نما) بھاری باجہ جسے اسٹول پر بیٹھ کر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں سے ایک ساتھ سفید و سیاہ اونچے نیچے ابھروان پردۂ ساز کو چھیڑ کر بجاتے ہیں جس سے اندر کی چھوٹی چھوٹی موگریاں لوہے کے تاروں پر ضرب لگاتی ہیں اس سے مختلف قسم کے سات سر نکلتے ہیں جو آٹھ درجہ موسیقی بلند ہو کر (اوپر نیچے) ارتعاش صوت پیدا کرتے ہیں موسیقی کے اصولوں کے مطابق اسی سے سرگم متعین کی جاتی ہے یہ تختۂ ساز ہر بط نما لکڑی کے مختلف سانچوں میں رکھا جاتا ہے پھر اسی لحاظ سے اس کے نام ہیں گرینڈ پیانو وغیرہ .

سارے فرنیچر کا مول تو ایک پیانو ہوگا جسے کوئی رشک حور کونے میں بیٹھی بجا رہی ہوگی .

۱۸۹۶ لکچروں کا مجموعہ ، نذیر احمد ، ۲ : ۹۴

اطمینان سے پیانو پر انگلیاں دوڑا رہا تھا .

۱۹۵۴ شاید کہ بہار آئی ، ۳۶

[انگ : Piano]

پیانولا (کس پ ، و مج) امذ .

پیانوں کی قسم کا ایک چھوٹا باجا (جامع اللغات) .

[انگ : Pianola]

پیاو (کس پ ، ی مخ ، و مج) امذ ؛ امث ؛ ~ پیاؤ .

سبیل ، پانی پینے پلانے کی جگہ .

پیاؤ لگی ہے سب کے لئے یاں
خواہ ہوں ہندو خواہ مسلمان

۱۸۸۳ ببوہ کی مناجات ، ۹

اگر آپ لوکل ٹرین سے اتر کر ناک کی سیدھ میں چلتے چلے جائیں تو وزن کرنے کی مشین کے پاس سے گزر کر برف کے پیاو کو پار کریں گے ۔

۱۹۶۲ معصومہ ، ۱۱

اف : بٹھانا ، بیٹھنا ، لگنا ۔

[پینا (رک) سے]

پیاو (کس پ ، و مج) امذ ۔

وہ شیرہ جس میں زچہ کے کھانے کے لیے کوئی چیز برورد کی جائے یا تر رکھی جائے یہاں تک کہ شیرہ اس میں جذب ہو جائے مربہ سازوں کی اصطلاح میں بھی ایسے شیرے کو جس میں کوئی پھل برورد کیا جائے پیاؤ کہتے ہیں (ا پ و ، ۷ : ۶۰) ۔

[پینا (رک) سے]

ــ بَری/بَرے (ــ ف ب) امذ ؛ امث ۔

قوام میں پڑی ہوئی مٹھائی ۔

مٹھائیاں جس شہر میں بنتی ہیں اس شہر کے نام سے مشہور ہیں مثلاً . . . غازیپور کے پیاو بری ۔

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۱۸۶

[پیاو + بھرے (بھرے = بھری ہوئی یا پیام پوری (رک)]

پیاونا (کس پ ، سک و) ف م ۔

رک : پیانا (= پلانا) (پلیٹس) ۔

پیب (ی مع) امث ۔

رک : پیپ (پلیٹس) ۔

[ہ : پیب पीब]

پیبل (ی مج ، کس ب) امذ ۔

عینک کا شیشہ ، عدسہ ۔

عینک کے تال ایسے ہلکے رنگ کے ہوں کہ سفید اور رنگین تالوں میں کچھ خفیف سا فرق ہو اور تال خاص پیبل کے ہوں ۔

۱۸۹۸ مکتوبات حالی ، ۲ : ۲۵۲

[انگ : Pebble]

پیبیانا (ی مع ، کس ب) ف ل ۔

رک : پیانا (پلیٹس) ۔

پیپیاہٹ (ی مع ، کس ب ، فت ہ) امث ۔

رک : پیاہٹ (پلیٹس) ۔

پیپ (ی مع) امث ۔

(طب) جاندار کے جسم میں سفید جسمے بہت بڑی تعداد میں ہلاک ہو جاتے ہیں ان کے ٹوٹنے پھوٹنے میں جو مادہ بنتا ہے اسے پیپ کہتے ہیں یہ سفید زردی مائل کبھی کبھی سیاہ عموماً رقیق کسی بھی پھوڑے پھنسی زخم (کان ، ناک ، دانت) سے خارج ہوتا ہے مادہ ، مواد ، ریم ، راد ، رطوبت ۔

نہ ملے کچھ پینے ، مگر گرم پانی اور بہتی پیپ ۔

۱۷۹۰ ترجمۂ قرآن (شاہ عبد القادر) ، ۵۶۶

اس کی انگلیاں گرنے لگیں ان میں سے پیپ اور خون بہتا تھا یہاں تک کہ جب صنا میں آیا تو لنجا تھا ۔

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۳۸۱

اگر ناسور کھلا ہوا ہو تو اس کو نچوڑ کر پیپ نکالو ۔

۱۹۳۷ جراحیات زہراوی ، ۱۵

[ہ : پیب पीब نیز رک : پیب]

ــ پڑنا محاورہ ۔

۱۔ زخم کا پکنا ، پیپانا (نور اللغات) ۔

۲۔ (مجازاً) ایذا ہونا ، غم ہونا ۔

پڑ گئی ہے پیپ قاتل کے تغافل سے یہاں
اور زخم دل میں اے جراح آلائش نہیں

۱۸۶۷ رشک (نور اللغات)

ــ کلیجے میں ڈالنا محاورہ ۔

بہت رنج دینا ، انتہائی تکلیف اور دکھ پہنچانا ۔

ڈال دی پیپ کلیجوں میں غم فرقت نے
غور کرتے ہو تو کرلو جگر افگاروں کی

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۱۵۲

پیپا (ی مع) امذ ۔

۱۔ چست کی چادر نما ٹین کا بنا ہوا گول مستطیل یا چوکور شکل کا برتن جس میں گھی تیل اور دوسری اشیاء رکھی جاتی ہیں ، کنستر ۔

ہنوز ایک قوٹ (پانی) باقی رہا تھا کہ پیپا بڑے زور سے پھٹ گیا ۔

۱۸۳۸ سنہ شمسیہ ، ۳ : ۳۸

ابھی ابھی گاؤں سے گھی کا پیپا آیا تھا ۔

۱۹۳۴ شعلے ، ۱۳

ایڑی چوٹی کا یہ غازی سارا زور لگائیں
تیل کے پیپے اور کنستر بھر بھر رکھتے جائیں

۱۹۶۲ ہفت کشور ، ۱۴۳

۲. لکڑی کی پٹیوں سے تیار شدہ گول (ڈھول سے مشابہ) شراب کا مٹکا جس میں ایک سو پانچ گیلن شراب آتی ہے دوسرے کاموں میں بھی لایا جاسکتا ہے .

مجھ کو ساقی نے دیا پیپا برانڈی کا اگر
ایک دم سب کا سب ہی پا کے خالی کر دیا

۱۸۸۱ دیوان مہر ، ۷۴

پیپوں کی لکڑی میں اہم تر وہ ہے جس سے شراب کے خُم بنتے ہیں .

۱۹۰۷ مصرف جنگلات ، ۱۴۵

۳. پانی یا بیر (شراب) کا مٹکا .

ایک لکڑی کا پیپا ہے اس میں پیندے کے قریب پہلو میں ایک ٹونٹی لگی ہوتی ہے .

۱۸۸۹ مبادی علوم ، ۴۸

۴. شکر وغیرہ کی مقدار کا پیمانہ نیز اس کے رکھنے کا ظرف .

روزانہ دس ہزار یا پندرہ ہزار پیپے شکر تیار ہوتی ہے .

۱۹۳۷ اصول معاشیات ، ۱ : ۷۸

۵. سیال چیزوں کی مقدار کا پیمانہ یا ان کے رکھنے کا ظرف .

ایک پیپا شیرہ لے کر اس کو منہ بند کر کے سال گذرنے دو . . . سرکہ تیار ہے .

۱۹۳۸ صنعت و حرفت ، ۴۲

۶. (مجازاً) بہت موٹا ؛ بہت شراب پینے والا (جامع اللغات).

[انگ : Pipa]

پیپائرس (ی مج ، کس ء ، فت ر) امذ .

رک : پیپرس ، لاط : Papyres .

تیونس اور اطالیہ کے عجائب خانوں میں پیپائرس پر بنے ہوئے ایسے مصری نقشے موجود ہیں جو ۳۰۰۰ سال قبل مسیح میں بنائے گئے تھے .

۱۹۴۳ رسالہ ، آجکل ، دہلی ، ۲ ، ۱۰ : ۱۸

پیپے پا (ی مج) امث .

بید کی ایک قسم جو ٹوکرے کرسیاں چلمن وغیرہ بنانے کے کام آتی ہے مگر مضبوط نہیں ہوتی .

پیپے پا جنوبی ہندوستان کی بید ہے .

۱۹۰۷ مصرف جنگلات ، ۳۲۵

[مقامی]

پیپٹا (ی مج ، سک پ) امذ ؛ ~ پیٹا .

(ماہی گیری) ملی کی قسم کی چھوٹی ذات کی مچھلی وزن میں زیادہ سے زیادہ ہاؤ سیر کی ہوتی ہے اور گوشت چینی کے مانند سفید ہوتا ہے (ا پ و ، ۳ : ۵۵) .

[مقامی]

پیپر (ی مع ، فت پ) امذ .

رک : پیپل (پلیٹس) .

پیپر (ی مج ، فت پ) امذ .

۱. کاغذ .

کاغذ اور گتہ کے ان کارخانوں کو . . . نجی سرمایہ کاروں کے ہاتھ فروخت کردیا ، کرنا فلی پیپر .

۱۹۶۲ کارگر ، ۱ ، ۵ ، ۶ : ۴۱

۲. اخبار ، گزٹ ، پرچہ .

ارادہ جدہ و ینبوع ہر ہے گولہ باری کا
ذرا اب ساتویں فیبروری کا دیکھیے پیپر

۱۹۳۵ گلزار بادشاہ ، ۱۵۱

[انگ : Paper]

— بیک (— ی لین) امث ؛ صف .

موٹے کاغذ کی جلد والی (کتاب) .

کتابوں کو پیپر بیک میں پیش کرنے کے لیے چیدہ چیدہ اشاعتی اداروں نے پیپر بیک سیریز کا آغاز کر کے . . . فریضہ ادا کیا ہے .

۱۹۷۲ ، کتاب ، لاہور ، ستمبر ، اکتوبر ، ۳۳

[انگ : Paper back]

— چیس (— ی مج) امث .

کاغذی دوڑ ، ایک دوڑ ہے جس میں ایک شخص یا کئی شخص سراغ کے طور پر میلوں تک تھوڑے تھوڑے فاصلے سے کاغذ کے پرزے بکھیرتے جاتے ہیں اور دوسرے ان کا تعاقب کرتے ہیں .

پیپر چیس ، پولو ، جمناسٹکس ، انگریزی کھیلوں میں بڑے شوق سے شامل ہوتے ہیں .

۱۹۳۱ محمد علی ، وقائع راجپوتانہ ، ۲ : ۵۵۸

[انگ : Paper chase]

— ریک (— ی لین) امذ ؛ امث .

کاغذات اور کتابیں وغیرہ رکھنے کی کھلی الماری کی ایک قسم ؛ لوہے کے تاروں کی بنی ہوئی ٹوکری نما جالی .

ایک طرف پیپر ریک تھا .

۱۹۸۰ ثمینہ ، ۲۴

[انگ : Paper rack]

ــ ویٹ (ــ ی مج) امذ.

۱. دھات شیشے یا لکڑی کی کوئی وزنی چیز جو کاغذوں کو اڑنے سے محفوظ رکھنے کے لیے ان پر رکھی جائے، کاغذ داب، وزنہ.

ایوان وزارت کی میز پر پیتل کے چند موٹے پتر مع ایک چھوٹے سے دستے کے نظر آئے، وہ کاغذ دبانے کے پیپر ویٹ تھے.

۱۹۲۰ برید فرنگ، ۳۳

۲. وہ اوزار جس سے کاغذ کو ہموار اور چکنا کرتے ہیں، گھوٹا.

پیپر ویٹ یا لکڑی کا گھوٹا جس سے کاغذ چکنا کرنا ہو دونوں ہاتھوں میں پکڑا جائے.

۱۹۳۶ کاغذ بنانا، ۱۸

[انگ : Paper weight]

پیپرس (ی مج، کس پ، فت ر) امذ.

۱. نرسل کی قسم کا درخت جو پانی میں ہوتا ہے.

قدیم زمانے میں تحریروں کو کبھی پتھر اور فلزات کی اشیا پر کندہ کرتے تھے اور کبھی اینٹوں پر، اس کے بعد درختوں کے پوست اور پتوں اور پیپرس نام کے آبی پودوں کی ساخت پر لکھنے لگے.

۱۸۹۱ رسالہ دلگداز، ۳ : ۵، ۶۶

۲. پیپرس کے بنے ہوئے کاغذی ورق جس پر قدیم مصری لکھا کرتے تھے.

مصر میں ایک قسم کی گھاس جسے پیپرس کہتے تھے اس پر لکھتے تھے اور ایسا خیال ہے کہ اس گھاس کے نام سے ہی کاغذ کا نام پیپر پڑا ہے.

۱۹۳۶ کاغذ بنانا، ۲

۳. کوئی تحریر یا کتاب جو پیپرس کے اوراق پر ہو، مخطوطۂ پیپرس (انگلش اردو لغت، عبدالحق).

[انگ : Papyres]

پیپرمنٹ (ی مج، فت پ، سک ر، کس م، سک ن) امذ.

پودینے کا ست.

اب ان کی جگہ پیپرمنٹ کی شیشیاں اور بعض اور انگریزی چیزیں رکھتے ہیں.

۱۹۰۳ آئین قیصری، ۴

مجھے ڈلی کتھا، پیپرمنٹ سب منگانا ہے.

۱۹۵۵ آبلہ دل کا، ۹

[انگ : Paperment]

پیپڑا (ی مع، سک پ) امذ.

بڑا کالا چھونٹا (پلیٹس).

[س : पिपीलक: پیپلکہ]

پیپڑی (ی مع، سک پ) امث.

پیپڑا (رک) کی تصغیر، چھوٹی لال چھونٹی (پلیٹس).

[س : पीपड़ी]

پیپسن (ی لین، سک پ، کس س) امذ؛ امث.

ہاضمے کے عمل کو درست کرنے والی ایک دوا جو خام شکل میں مختلف پھلوں اور ترکاریوں وغیرہ میں موجود ہے.

پیپسن، ٹکڈایا سٹس کھانوں کے بعد فی الفور یا ان کے ہمراہ دینی چاہئے.

۱۹۴۸ علم الادویہ، ۱ ؛ ۱۲۸

[Pepsin]

پیپل (۱) (ــ ی مع، فت پ) امذ.

برگد کی نوع کا ایک بڑا سایہ دار درخت جو برصغیر میں تقریباً ہر جگہ پایا جاتا ہے یہ اونچائی میں برگد کے برابر ہی ہوتا ہے لیکن اس میں برگد کی طرح جٹائیں نہیں پھوٹتیں اس کے پتے گول ہوتے ہیں اور آگے کی طرف لمبی گاؤدم نوک ہوتی ہے چھال سفید اور چکنی ہوتی ہے لکڑی ہولی اور کمزور ہوتی ہے اور جلانے کے سوا اور کسی کام کی نہیں ہوتی اس کی پھلی (پھل) برگد کے پھل کی نسبت چھوٹی اور گول اور پکنے پر میٹھی ہوتی ہے پھل لگنے کا موسم بیساکھ جیٹھ ہے اس کی ڈالیوں پر لاکھ کے کیڑے پیدا ہوتے اور پالے جاتے ہیں چھال کے ریشوں سے رسا والے ایک قسم کا بڑا کاغذ بناتے ہیں ہندو اس درخت کو بہت متبرک مانتے ہیں، لاط : Ficus religiosa.

ہندوؤں کو ہم افسوس کے ساتھ دیکھتے ہیں کہ جانور، آگ، تلسی، پیپل کے سامنے سر جھکاتے ہیں.

۱۸۸۸ لکچروں کا مجموعہ، ۱ : ۱۰۳

اپنے پیپل کے وہ پتوں کا ترنم دلکش
تیرے کھٹراگ سے اے شاخ چنار اچھا ہے

۱۹۳۷ نغمۂ فردوس، ۲ : ۲۱۰

[س : पिप्पली]

ــ پتے (ــ فت پ، شدت) امذ.

کانوں میں پہننے کا زیور.

کان کی بالیاں پیپل پتے محرابی شکل کے ہوتے ہیں.

۱۹۳۹ ترجمہ آئین اکبری، ۲ : ۲۸۳

[پیپل + پتے، پتا (رک)]

ــ پُرکا بھُتنا (ــ ف پ ، ض ھ ، س ک ت) امذ.

کسی کی اُجڑی بُجڑی حالت ہونے پر عورتیں مزاحاً یا حقارت سے کہتی ہیں (مہذب اللغات).

ــ پُوجن میں چلی لگّم بُودھ کے گھاٹ ، پیپل پُوجت پی ملے ایکہ پنتھ دو کاج کہاوت.

اچھے کام کرنے میں فائدہ ہی ہوتا ہے پیپل کو پوجنے گئی تو محبوب بھی مل گیا (جامع اللغات).

ــ کاٹے پال بناسے بھگوان بھیس ستاوے کایا گڑھی میں دیا نہ بیا ہیے جڑا مُول سے جاوے کہاوت.

جو شخص پیپل کاٹے مکان گرائے نیک آدمیوں کو ستائے لوگوں پر رحم نہ کھائے اس کا ہر طرح ستیاناس ہوتا ہے (جامع اللغات).

پیپل (۲) (ی مع ، ف پ) امث.

(طب) ایک بیل دار بوٹی کا پھل جو شکل میں شہتوت خام کے مشابہ لیکن اس سے چھوٹا اور باریک ہوتا ہے خشک ہونے پر سیاہی مائل خاکستری ہوجاتا ہے اس کا مزہ مرچ سیاہ کے مانند تیز و تاخی مائل ہوتا ہے ، دار فلفل ، فلفل دراز ، لاط : Piper Longum (کتاب الادویہ ، ۱۰۸).

ویا پیپل منگا کر پیس باریک
ملا تو تیل کچے میں کہ ہو ٹھیک

۱۷۹۵ فرس نامہ رنگین ، ۱۷

پیپل پاؤ بھر ، فلفل سیاہ چار تولہ . . . تین دن تک بلا ناغہ صبح و شام کھلانا.

۱۸۷۲ رسالہ سالوتر ، ۲ : ۱۰۸

بکری کی کلیجی میں چند عدد پیپل چبھو کر آگ پر سیکتے ہیں.

۱۹۲۹ کتاب الادویہ ، ۲ : ۱۰۸

[س : पिप्पल : پیپّلہ]

پیپلا (۱) (ی مع ، س ک پ) صف ؛ امث.

پیپل کا ، پیپل سے متعلق (پلیٹس).

[رک ؛ پیپل (۱) + ا ، لاحقۂ نسبت]

ــ مُور/مُول/مُونڈ (ــ و مع/مغ) امذ.

(طب) پیپل (۲) (رک) کی جڑ.

کاکڑا سنگی ، زنجبیل ، پیپلا مول . . . باریک کر کے شہد دو تولے میں ملائیں اور دن میں چند بار چٹائیں.

۱۹۲۶ ترجمہ شرح اسباب ، ۲ : ۳۶۵

[پیپلا + مور/مول/مونڈ (رک)]

پیپلا (۲) (ی مع ، ف پ) امذ ؛ ~ پیپلہ.

۱. (سپاہ گری) تلوار کی انی ، تلوار کی نوک ، تلوار کا آخری نوکدار حصہ.

ننگی تلواریں ہاتھوں میں لیے پیپلے ملائے ، گرد ہزاروں پری پیکریں چمکی چمکائی ، بناو سنگھار کیے.

۱۸۰۲ نثر بے نظیر ، ۱۶

جھپٹہ برق ہے یا تیغ شعلہ کار کی ضو
یہ پیپلا ہے کہ بھڑکے ہوئے چراغ کی لو

۱۹۴۲ خمسۂ متحیرہ ، ۴ : ۳۱

۲. تلوار کی باڑ کی طرف قبضے کی آڑ جس سے ہاتھ کی گرفت کی حفاظت ہوتی ہے ، ٹھلا.

جب حریف دست بہ قبضہ ہووے اور قصد تلوار کھینچنے کا کرے تو یہ پیپلہ اس کی تلوار کا مع میان اپنے داہنے ہاتھ سے پکڑ کے آگے بڑھا دیوے.

۱۸۹۸ آئین حرب و قوانین ضرب ، ۱۲

فرض معبود ادا کرکے نمازی اٹھے
پیپلے ٹیک کے تلواروں کے غازی اٹھے

۱۹۳۱ محب ، مراثی ، ۳۴

[س : पिप्पल + क : पिप्पल + क]

ــ توڑنا محاورہ.

چپکے سے میان سے تلوار کھینچنا یا نکال لینا (مخزن المحاورات ۲۸۴).

ــ سا زخم (ــ ف ز ، س ک خ) امذ.

اوچھا سا زخم (جامع اللغات).

[پیپلا + سا ، حرف تشبیہ + زخم (رک)]

پیپلی (ی مع ، س ک پ) امث ؛ ~ پیپلی.

۱. پیپل (۱) (رک) کا پھل.

سورچے کی طرح یہ اس پر آئے
کھٹے سے پیپلی تلک کھا جائے

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۳۲۵

جب پیپلیاں پکتی ہیں تو جانوروں کے لیے دستر خوان بچھتا ہے.

۱۸۶۹ ؟ اردو کی پہلی کتاب ، آزاد ، ۲ : ۵۰

ٹہنی ٹہنی پیپلیاں ہیں جڑے ہوئے نگ ہیں گویا

۱۹۲۷ سریلے بول ، ۱۱۷

۲. (کنایتاً) زبان کے بیچ کا حصہ جو کسی بیماری کے سبب ابھر کر پیپلی نما بن جاتا ہے یا ایسی کئی ابھروان اشکال جو پیپلی کی طرح معلوم ہوں .

زبان کناروں اور نوک پر سرخ ، ہموار ، چمکدار ہوتی ہے اور پیپلی نمایاں ہوتی ہیں .

۱۸۸۲ کلیات علم طب ، ۲ : ۸۷۰

[ہ : پیپلی पीपली]

پیپہ (ی مع ، فت پ) امذ .

رک : پیپا .

آکاش میں کوئی حجم عظیم دفعۃً ایسا پارہ پارہ ہو کر اڑا جیسے کہ بارود کا پیپہ اڑتا ہے .

۱۸۹۹ معارف ، اپریل ، ۲۹۴

دیو جانس حکیم ایک حکیم تھا جو ایک پیپہ اپنے پاس رکھتا تھا اور رات کو اسی میں سو رہتا تھا .

۱۹۱۲ شعرالعجم ، ۴ : ۱۳۴

پے ہی رس (ی لین ، ی مع ، فت ر) امذ .

رک : پیپرس .

اپنے وقت اور چمڑے اور پے ہی رس کا بے حساب و شمار حصہ ضائع و تباہ کر کے الٹا سیدھا اپنا کام چلاتا رہا .

۱۹۲۵ طنزیات و مقالات ، ۴۶۱

پیپے (کے پیپے) خالی کرنا/لنڈھانا محاورہ .

کثرت سے شراب پینا ، اُس چیز کا کثرت سے استعمال کرنا جو پیپوں میں رکھی جاتی ہے .

ناریل کا ملا تھا اتنا تیل پیپے خالی کیے انڈیل انڈیل

۱۸۸۵ مثنوی عالم ، ۶۷

پے پین/پے پیوٹین (ی لین ، ی مج/ی لین ، کس پ ، و مج ، ی مع) امذ .

(طب) جوہر ارنڈ خربوزہ ، یہ ایک قسم کا ہاضم خمیر ہے جو اس کے دودھیا رس سے نکالا جاتا ہے (ماخوذ: خزائن الادویہ ، ۲ : ۴۴ ، ۴۵) .

[انگ : Popain]

پیت (۱) (ی مع) امث .

۱. محبت ، پریم ، عشق ، لگاؤ ، انس ، الفت ، چاہت ، پریت (رک) .

مرید پیت ہو کے کیوں میں نعرہ زن نہ ہوں اون کا
مرا ہے حال کہ لاگا ہے درد پیروں کا

۱۷۱۸ دیوان آبرو (ق) ، ۷

خبر دار ایسا امر کبھی نہ کرنا کہ بیچ سے پیت کر کے اپنی عزت دینا .

۱۸۹۰ طلسم ہوشربا ، ۴ : ۱۹۳

زباں پہ اب بھی ہیں حب وطن کے گیت وہی
کہ دیس سے ہے بدیسی کو اب بھی پیت وہی

۱۹۱۰ سرور ، خم کدہ ، ۲۶۵

۲. خوشی ، مسرت ، انبساط .

آپ تینوں میتوں کو دیکھ کر آنکھوں کو پیت ہوتی ہے کہ سب کی عمریں برابر اور رنگ روپ ایک جیسا ہے .

۱۹۳۸ شکنتلا ، اختر حسین رائے پوری ، ۵۰

اف : کرنا ، ہونا .

۳. (مجازاً) خدا کی محبت .

دل میں تیرے اسکی ہے اگر پیت
گا شکر گذاریوں کے تو گیت

۱۹۲۸ تنظیم الحیات ، ۲۶

[س : پریت प्रीति]

ــ بسانا محاورہ .

محبت کو جگہ دینا ، محبت پیدا کرنا ، عشق ہونا .

دل میں ہے پیت بسانی ، یہ تن من سارا تجھ پہ وارا ، پیاری ماہ پارا .

سفید خون ، ۷۷

ــ بیوہار (ــ ی مج ، سک و) امذ .

محبت کا معاملہ ، معاشقہ ، محبت .

مجھے اس کے ساتھ بیاہ ہونے کی یاد نہ آئی اور میں برابر یہی کہتا رہا کہ ہم میں تم میں کبھی پیت بیوہار نہیں ہوا تو غصے کے مارے اس کی آنکھیں . . . چڑھ گئیں .

۱۹۳۸ شکنتلا ، اختر حسین رائے پوری ، ۱۳۰

[پیت + بیوہار (رک)]

ــ پال

عاشق (قدیم اردو کی لغت) .

[پیت + پال (رک)]

ــ تو ایسی کیجئے جوں ہندو کی جوئے جیتے جی تو سنگ رہے مرے پہ ستی ہوئے کہاوت .

محبت تو ایسی ہونی چاہیے جیسے ہندو کی بیوی کی جیتے جی ساتھ رہتی ہے اور مرنے پر ستی ہوتی ہے (جامع اللغات) .

ـــ تو ایسی کیجئے جیسے روئی کپاس، جیتے جی تو سنگ رہے مرنے پہ ہووے ساتھ کہاوت .

محبت ایسی ہونی چاہیے جیسے روئی جیتے جی بھی جاتی ہے اور مرنے پر کفن بنایا جاتا ہے (جامع اللغات) .

ـــ کا پھل (— فت پھ) م ف .

محبت کا صلہ .

مجھے پیت کا یاں کوئی پھل نہ ملا
مرے جی کو یہ آگ لگا سی گئی

۱۹۲۷ سریلے بول ، ۴۹

ـــ کا مارا م ف .

محبت کا ستایا ہوا .

آج تو میگھ پتی اور طرح ہی برسے
پیت کا مارا نہ کوئی ترسے

۱۹۶۲ ہفت کشور ، ۲۵۹

ـــ کری تھی نیچ سے پلے لاگی کیچ سیس کاٹ کے آگے دھرا انت نیچ کا نیچ کہاوت .

کمینے آدمی سے محبت نہیں کرنی چاہیے چاہے اس کی کتنی ہی خدمت کی جائے اس کا کمینہ پن نہیں جاتا (جامع اللغات) .

ـــ کی ریت (ہی) نرالی کہاوت .

محبت کا انداز ہی اور ہے ، محبت کا راستہ ہی الگ ہے .

زاہد خشک عشق کیا جانے پیت کی ریت ہی نرالی ہے

۱۸۲۲ راسخ عظیم آبادی ، ک ، ۲۳۲

عاشقی ہوا ہوس کا کام نہاں پیت کی ریت ہی نرالی ہے

۱۹۳۰ منظوم کہاوتیں ، ۳۸

ـــ لگانا محاورہ .

محبت کرنا .

نہ تھی اس کو کسی سے بات اور چیت
بھوک سے اسکی لگ رہی تھی پیت

۱۷۸۰ سودا ، ک : ۳۳۴

کوئی دن بھی نہیں مل کر نبھائی
کہو کیوں پیت ناحق کو لگائی

۱۸۷۳ آبرہ ماسہ ، ۱۲

ـــ نہ جانے جات کجات کہاوت .

محبت کے جوش میں ذات پات اور شریف کمینے کا لحاظ نہیں رہتا (محاورات ہند ، ۴۸) .

پیت (۲) (ی مع) صف ؛ امذ .

زرد ، پیلا ، بسنتی ؛ زرد ، پیلا یا بسنتی رنگ (پلیٹس) .

[س : پیت पीत]

پیتا (۱) (ی مع) امث .

ہلدی ، زرد چوب (ہندی اردو لغت) .

[رک : پیت (۲) + ا ، لاحقۂ نسبت]

پیتا (۲) (ی مع) امذ (قدیم) .

رک : پتا .

پیتا ہی تو گیان پوت ہی گیان
یو بیج کپاس سوت ہی گیان

۱۷۰۰ من لگن ، ۵۲

پیتابا (ی لین) امذ .

رک : پائتابہ ؛ چمڑا جس کو جوتے میں رکھتے ہیں (نوراللغات) .

پیتارہ (ی مع ، فت ر) امذ .

جدائی سے زرد رنگت کی کیفیت کا پٹارہ .

پیتارۂ فراق و ویرانۂ مصیبت
جرسانۂ عزیمت اے صاحب اغانی!

۱۹۶۳ کلک موج ، ۴۵

[پیت (۲) (رک) سے]

پیتام (ی لین) امذ .

رک : پاتام (ا پ و ، ۱ : ۳۰) .

پیتامبر (ی مع ، سک م ، فت ب) .

(الف) امذ .

زرد رنگ کا ریشمی کپڑا ، زرد پوشش .

جو برہمن لاکھ کی چیزیں . . . پیتامبر ، شہد ، روغن زرد . . بیچے وہ برہمن شودر کہلاتا ہے .

۱۸۸۶ لال چندرکا ، ۲۹

جناؤں کے بجائے مکٹ کی یا لنگوٹی کے بجائے پیتامبر کی ہوس اسے کبھی نہیں ستاتی .

۱۹۳۶ پریم چند ، پریم چالیسی ، ۱ : ۲۷۰

(ب) صف مذ .

(مجازاً) جوگی جو زرد کپڑے پہنے ہوئے ہو ، ناچنے والا ، تماشے والا ، رقاص ، ایکٹر (جامع اللغات) .

[رک : پیتامبر]

پیتاوا/پیتاوہ (ی لین / فت و) امذ .

رک : پیتابا .

پانچ عورتیں . . . پاؤں میں قنطورے اور پیتاوے پہنے گوپھنیں بازو پر باندھے . . . چلی آتی ہے .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۱۹۳

پیتر (۱) (ی مع ، فت ت) امذ .

رک : پیتل (شبد ساگر) .

پیتر (۲) (ی مع ، فت ت) امذ .

رک : پتر .

(ماں) ایک منشی عرق بناتی ہے جو پیتر سوم ہے باپ اس کو آگ پر جس میں چڑھاوا ہے چھڑکتا ہے .

۱۹۱۳ تمدن ہند ، ۱۸۹

پیترا (ی لین ، سک ت) ؛ ← پینترا .

(الف) امذ .

۱. (سپاہ گری) کشتی یا پٹے کا داؤ کرتے وقت کا ٹھاٹھ یا ڈھنگ یعنی حریف پر وار کرنے یا اس کے وار کو روکنے کے لیے خاص چال سے جسم کو چراتے اور بچاتے ہوئے آگے بڑھنا یا پیچھے ہٹنا .

حاصل کلام اس فن کے اصل اصول کے چار قاعدہ ہیں - ایک پیترا ، دوسرا دھج ، تیسرے روک ، چوتھے داد .

۱۸۴۵ ترجمہ مجمع الفنون ، ۱۳۲

احمد بھائی سے کشتیاں لڑ لڑ کر اسے نئے پیترے آگئے تھے .

۱۹۶۲ معصومہ ، ۱۰۷

اف : بدلنا ، چلنا ، دکھانا ، لگانا .

۲. نشان قدم ، (مجازاً) کھوج ، سراغ .

کسی کے پاؤں کا نشان معلوم ہوتا ہو تو میرا سر بدن سے اتار ، نہیں میں کیا جانوں ، آخر جب تفحص کیا تو نہ کہیں نقب تھی نہ کسی کا پیترا دکھائی دیا .

۱۸۷۹? ہوستان خیال ، ۶ : ۲۴۲

خضران نے آکر دیکھا تو پیترا عیار کا لگا ہوا پایا ، جا کر صاحبقران سے عرض کی کہ یہ کام کسی عیار کا ہے .

۱۹۱۷ گلستان باختر ، ۳ : ۱۳۸

۳. (مجازاً) ترکیب ، تجویز ، ڈھنگ .

چوتھی کلاس تک جاتے جاتے بیسیوں منصوبے اور سینکڑوں پیترے آئندہ ترقی کے متعلق ہمارے خیال میں آئے .

? سوانح عمری مولانا آزاد ، ۲ : ۱۰

(ب) صف .

(مجازاً) گم ، دنگ ، ششدر ، ہکا بکا ، حواس باختہ .

میاں آزاد نے جو یہ داستان سنی تو بے اختیار رو دیے ، حواس پیترا ، رنگ فق .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۱۹۳

تینوں کے ہوش پیترا ہو گئے ، حواس غائب .

۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۴ : ۸۷۸

اف : ہونا .

[س : پاد + اتر + کہ : पाद + अत्तर + क:]

ـــ بدلنا محاورہ .

۱. (سپاہ گری) کشتی یا پٹے کے وقت قاعدے کے بموجب پانو آگے پیچھے رکھنا ، ٹھاٹھ سے کھڑا ہونا .

یکساں رہا نہ ٹھاٹھ کسی کا جہان میں
کون آکے پیترے نہ یہاں پر بدل گیا

۱۸۵۴ غنچۂ ، ۳۶

آستین چڑھاتے ہیں ، پینترے بدلتے ہیں ، آنکھیں لال پیلی کرتے ہیں .

۱۹۳۶ پریم چند ، مضامین ، ۱۹۹

۲. فن سپہ گری دکھانا .

دیکھنا قسمت لگائی ایک بھی مچھ پر نہ چوٹ
پیترے وہ قاتل عالم بدل کر رہ گیا

۱۸۷۰ دیوان اسیر ، ۳ : ۱۸

بلدیو الجھتا تھا ، گوپال پیترے بدلتا تھا ، اسے اپنی طاقت کا زعم تھا ، اسے اپنے کرتب کا .

۱۹۳۶ پریم چند ، پریم چالیسی ، ۲ : ۳۴

۳. ناز و انداز سے چلنا .

بدن سے میرے جدا کیا ہے جو آج مقتل میں میرے سر کو
ہوئے ہیں کچھ شاد شاد ایسے کہ پیترے وہ بدل رہے ہیں

۱۸۷۰ دیوان اسیر ، ۳ : ۲۶۱

گلے کٹیں گے نہ یوں پیترے بدل کے چلو
چلے گی تیغ سر رہ ذرا سنبھل کے چلو

۱۸۷۲ مرآۃ الغیب ، ۲۲۲

ــ کاٹنا محاورہ .

رک : پیترا بدلنا .

میں پہلے ہی سے اس حملے کے لیے تیار تھا ، پیترا کاٹ گیا ، نتیجہ یہ ہوا کہ یہ بجائے مجھ پر گرنے کے کرسی پر گرے .

۱۹۲۸ مضامین فرحت ، ۱ : ۸۴

پیتس (ی مع ، فت ت) امذ .

سسر کے بھائی کی بیوی (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[ہ : पीतस پیتس]

پیتسرا (ی مع ، فت ت ، سک س) امذ .

سسر کا بھائی (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[ہ : पीतसरा پیتسرا]

پیتک پیا (ی مع ، فت ت ، سک ک ، فت پ ، شد ی) امث .

رک : پٹک پیا .

ادھر سے رونے کی آواز آدھر سے ہائے کی صدا ، پچھواڑے سے دھڑا دھڑ پیتک پیا ، کلیجہ تھا کہ پھٹا جاتا .

۱۹۲۸ بس پردہ ، ۳۹

[مقامی]

پیتل (ی مع ، فت ت) امذ .

ایک قسم کی زرد اور مرکب دھات جو جست اور تانبا ملا کر بنائی جاتی ہے ، برنج .

بغیر پٹ بغیر آس ، پیتل کوں کر دکھلاؤں کا سنے تی خاص .

۱۶۳۵ سب رس ، ۷۰

جاں تلک ہیں جہاں میں سیمیں ساق
زرد رو اس اگے ہیں جیوں پیتل

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۳۵۴

پہلے کمرے میں تانبے ، پیتل ، کانسی کے برتن دکھائے ہیں .

۱۹۳۶ شیرانی ، مقالات ، ۹

[س : पित्तल پتلن]

پیتلا (ی لین ، فت ت) صف .

اُتھلا ، پایاب (پلیٹس ؛ انگلش اینڈ ہندوستانی ٹیکنکل ٹرمز) .

[س : पद + तल + क : پد + تل + کہ]

پیتلا (ی مع ، فت نیز سک ت) صف .

پیتل کا ، برنجی (پلیٹس) .

[پیتل (رک) سے]

پیتلی (ی مع ، سک ت) صف .

پیتل کا ، برنجی ، پیتل کے رنگ کا ، زرد ، پیلا (نوراللغات).

[پیتل (رک) + ی ، لاحقۂ صفت]

پیتم (ی مع ، فت ت) امذ .

۱. **نہایت پیارا ، محبوب ، پریتم .**

آ میرے پاس پیتم کر مجھ کو خود سے محرم

۱۷۱۴ دیوان فائز دہلوی ، ۱۹۶

یار کی جستجو میں پیتم کی آرزو میں
کاشی سے آ رہی ہے متھرا کو جا رہی ہے

۱۹۳۱ صبح بہار ، ۱۷

۲. **(مجازاً) خاوند ، شوہر .**

پیت نہ تھی جب پایا پیتم جب ہوئی پیت گنوایا پیتم

۱۸۸۴ مناجات بیوہ ، ۲۱

حضرت شہر بانو اور سب ازواج مطہرات نے اپنے پیتم اور حق کے دولھا کی آنسو بھری آنکھوں سے زیارت کی .

۱۹۱۶ محرم نامہ ، ۱۷۷

[س : प्रिय + तम پری + تم]

ــ بسیں پہاڑ پر اور ہم جمنا کے تیر . اب کا ملنا کٹھن ہے کہ پانو پڑی زنجیر کہاوت .

ہمارا پہاڑ پر رہنا ہے اور ہم جمنا کے کنارے اب ملنا مشکل ہے کہ نگہبانی ہوتی ہے (جامع اللغات) .

ــ تم مت جایو بھیا دور کا باس ، دیہ گیا کتا رہے پران تمھاری آس کہاوت .

ہمارے یہ خیال نہ کرنا کہ میں تم سے دور ہوں بدن اور ملک کہیں ہوں میری جان تمھارے پاس ہے (جامع اللغات) .

ــ تیری پریت کو جھک جھک کروں سلام ، جب سے تو سنگ نیہ کرو سنو نہ سکھ کا نام کہاوت .

ہمارے تیری محبت کو سلام جب سے تجھ سے محبت ہوئی ذرا سکھ نہیں پایا (جامع اللغات) .

پیتمبر (۱) (ی مع ، فت ت ، سک م ، فت ب) امذ .

۱. **رک : پتامبر ، پیتامبر .**

دو عورتیں ، ایک خادمہ اور دوسری ایک زن چاردہ سالہ ، زرد رنگ کا پیتمبر پہنے ہوے .

۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۲ : ۶۷۸

پیتمبر (۲) (ی مع ، فت ت ، سک م ، فت ب) امذ .

وشنو یا کرشن کا نام رک : پتامبر .

وسنو پیتمبر جو خلا کو نگل چکا ہے .

۱۹۵۶ آگ کا دریا ، ۱۰۰

پیتمبری (ی مع ، فت ت ، سک م ، فت ب) صف ؛ ~ پتمبری ، پتامبری .

زرد ، بسنتی ، پیلے رنگ کی .

ہر بہن پتمبری دھوتیاں باندھے ہوئے ہوتھاں پھینک پھینک کر بھاگے .

۱۸۹۱ طلسم ہوش ربا ، ۵ : ۶۴۸

ہر سنگھار میں رنگے دو پٹے اور پیتمبری ساڑیاں پہنے ... پکوان چڑھا رہی تھیں .

۱۹۵۹ آگ کا دریا ، ۷۵۶

[پتمبر (رک) سے]

پیتن (ی مع ، فت ت) امذ .

ایک پھلدار درخت، آمرا، لاط : spondias mangifera؛ گل دوپہری، لاط : Pentaptara tomentosa ؛ چوڑے پتوں والا درخت جنس انجیر یا گولر، لاط : ficus infecteria؛ پڑنال زرد ، زر نیخ زرد ؛ زعفران ، کیسر (پلیٹس ، جامع اللغات) .

[س : पीतन पीतन]

پیٹ (۱) (ی لین) امذ .

رک : پیٹھ .

شیخ محمد بخش سوداگر چینی مال اگر بیچیں ، کل چیزیں لو ، پیٹ لکھ دو .

۱۸۶۳ انشائے بہار بے خزاں ، ۵۶

پیٹ (۲) (ی لین) امث ؛ ~ پینٹ .

رک : پاڑ (ا پ و ، ۱ : ۹۳) .

پیٹ (۱) (ی مع) امث (قدیم) .

۱. رک : پیٹھ ، کمر .

رہی چوٹی یوں پیٹ پر چھب سوں آ
ہٹی پر اچھے جیوں الف ثلث کا

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۹۷

تھے خداداں کوئی بزرگ نامدار پیٹ پر یک شیر کے ہو کر سوار

۱۷۷۳ ریاض العارفین ، ۵۴

۲. پشتی ، حمایتی .

محمد جس کا پیٹ پٹھنگا اس کوں کیا ہے ڈر .

۱۵۸۲ جانم ، وصیت الہادی (ق) ، ۲۴

۳. (مجازاً) پیچھے .

سو اس نار کے عشق کے شوق سوں
نہ رہ سک چلیا پیٹ لگ ذوق سوں

۱۶۳۹ ماوطی نامہ ، ۲۵۰

— پیچھا (— ی مع) امذ .

غیبت ، عدم موجودگی ، رک : پیٹھ پیچھا .

دیکھو ان کا پیٹ پیچھا ہے ، میں کیوں اپنی گور میں انگارے بھروں اور ناحق صبر سمیٹوں .

۱۹۱۱ قصہ سہر افروز ، ۳۶

— پیچھے (— ی مع) م ف .

رک : پیٹھ پیچھے .

کچھ برے کو اچھا بتائیں ، جھوٹے کو سچا بتائیں ، پیٹ پیچھے لوگوں کو ، اونچے نیچے لوگوں کو پاجی رزالا کہیں .

۱۹۰۱ راقم ، عقد ثریا ، ۴۳

— پیچھیں (— ی مع ، ی مج) م ف (قدیم) .

پیچھے پیچھے ، رک : پیٹھ پیچھے .

وہی نامور میر زنہار خوار چلیا پیٹ پیچھیں اپنے مرد وار

۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۳۹۴

— پھرانا محاورہ (قدیم) .

رخ بدلنا ، مڑنا .

اجت پیٹ اپنی پھرایا ہزاں بہوت دیوان مارے انو پہلواں

۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۱۳۴

— ٹھونکنا محاورہ .

شاباشی دینا ، حوصلہ بڑھانا .

دیکھنا تو کل ہم کس زور سے تمہاری پیٹ ٹھونکتے ہیں .

۱۸۷۸ نوابی دربار ، ۳۲

— دکھانا محاورہ .

بے رخی اختیار کرنا ؛ مجازاً میدان سے بھاگنا ، راہ فرار اختیار کرنا .

توکل کیا اور کیا دل کو ڈھیٹ
میں سیدھوں اب کیا دکھاؤں گا پیٹ

۱۷۱۹ جنگ نامۂ عالم علی خان ، ۲۳

ـــ دینا محاورہ .

۱. **بے رخی کرنا ، بے التفاتی کرنا ، بے وفائی کرنا .**

گر اس میں جھوٹ کہتی ہوں تو صاف تم کہو
قسمت تو پیٹ دے چکی اب تم نہ پیٹ دو

۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۷ : ۵۳

۲. **رک : پیٹھ دکھانا ، بھاگ جانا ، فرار اختیار کرنا .**

زمیں لہو سوں مجھ نیں ہے پشت پلنگ
نہیں خوب ہے پیٹ دینا بجنگ

۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۱۷۰

ـــ رکھنا محاورہ .

حمایت کرنا ، پشت پناہی کرنا .

منگیا رکھنے کافر نے کافر کی پیٹ

۱۶۶۵ علی نامہ (دکنی اردو لغت)

پیٹ (۲) (ی مع) است .

دلدلی کوئلہ ، کان سے نکلا ہوا کوئلہ ، پتھر کا کوئلہ .

متوسط کثافت کی پیٹ اگر ڈھیر لگائی جاوے تو فی ٹن ۸ مکعب گز ہوتی ہے .

۱۹۰۶ ہریکٹیکل انجینیرز ، ۲ : ۸۹

[انگ : Peat]

پیٹ (ی مج) اسذ .

۱. **بدن کے سامنے کا وہ حصہ جو پسلیوں سے نیچے اور کمر سے ملا ہوتا ہے ، شکم ، بطن .**

سر او اٹھا کر دابیں پیٹ بیشاب میدان نکلے سمیٹ

۱۵۲۸ اشرف ، لازم المبتدی (ق) ، ۶

نہ پنجی توں سیمرغ کے پیٹ تھیں
نہ نکلے کنچن کٹیں لوہے کینٹ تھیں

۱۶۰۹ قطب مشتری (ضمیمہ) ۲۳

توند کالی جو کھول جائے لیٹ
آبنیں ہے تنور اس کا پیٹ

۱۸۱۰ میر ، ک : ۱۰۴۳

۲. **حمل ، گربھ .**

مگر ہے پیٹ تو خدشہ ہے اس کے گرنے کا
گرانا مد نظر ہو تو جائیں خود سرکار

۱۹۳۸ کلیات عریاں ، ۶۸

۳. **(مجازاً) اولاد .**

اگر سعید اس طرح بھوکا سو جاتا تو دل پر کیا گزرتی ، اے نادان ! بہن کے پیٹ اور اپنے پیٹ میں اتنا فرق ؟

۱۹۳۶ گرداب حیات ، ۴۵

۴. (i) **(تصوف) بطون .**

یہ ہوا اس صفا کے پیٹ میں وہ ہوائے صفا ، نکتہ و یہ ہوا حرف نکتے کے پیٹ میں و نکتہ قلم میں یعنی قدرت میں جو نکتہ ہوائے صفا کا باطن تھا آرسی میں تو اس ہوا کوں دخل ہوا و کشادگی آرسی منہ باطن تھا .

۱۵۸۲ ؟ کلمۃ الحائق ، ۵۴

(ii) **اندرون ، بھیتر ، باطن ، دل .**

مسجد تھا موں ہر پیٹ میں بتخانہ تھا تو کاہے کوں
باتاں میٹھیاں کر کے چلے جو دل میں یوں کڑواس تھا

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۴

میں سادی کیا جانوں کہ اس کے پیٹ میں کیا ہے .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۲ : ۷۴

۵. **خوراک ، غذا ، روزی .**

کوئی کہتا ہے کہ پیٹ کے واسطے آئے تھے ، جھک مارا .

۱۷۴۶ ؟ قصہ مہر افروز و دلبر ، ۸۰

سب پیٹ کی خاطر سختی اٹھاتے ہیں .

۱۸۸۶ حیات سعدی ، ۱۳۰

۶. **جوف ، دور ، محیط ، اندر کا حصہ .**

ہیرا تھا بدن رنگ زمرد سے ہرا تھا
جو ہر نہ کہو پیٹ جواہر سے بھرا تھا

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۲ : ۳۰

۷. (i) **گنجائش ، سمائی** (نوراللغات) .

(ii) **کسی ظرف کا وہ وسطی حصہ جو باہر کی طرف نکلا ہو .**

سقے نے پکارا مشک آئی ہے . . . گھڑونچی پر رکھے ہوئے مٹکوں میں جن کے پیٹ کائی سے سبز ہو رہے تھے پانی بھر دیا .

۱۹۶۳ دلی کی شام ، ۱۲۴

۸. **بھوک ، اشتہا** (نوراللغات) .

۹. **دائرے کا اندرونی حصہ ، محیط کے اندر کی سطح ، وسط ، درمیان .**

ح خالی ، جیم کے پیٹ میں ایک نقطہ .

۱۹۱۴ اردو قواعد ، ۲۸۱

۱۰. **بندوق یا توپ کے پیالے کے قریب کی جگہ ، توپ کی وہ جگہ جہاں گولا ٹھہرے** (مہذب اللغات) .

۱۱. **حوصلہ ، ظرف** (نوراللغات) .

۱۲. **طمع ، لالچ ، حرص** (ماخوذ : فرہنگ آصفیہ) .

۱۳. **رحم ، بچہ دان ، کوکھ (مجازاً) ماں باپ .**

بڑی کو تو دس ہزار کا جہیز . . . آخر جس پیٹ کی وہ تھی اس کی یہ بھی ہے .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۳۳

لڑکی پیٹ میں تھی اور نکاح ہو گیا .

۱۹۱۳ چھلاوا ، ۸۳

۱۴. (آرا کشی) آرے کا اندرونی خمیدہ رخ (اصطلاحات پیشہ وراں، ۱ : ۱۹).

۱۵. (دب گری) کُپّے کا بیچ کا پھولا ہوا حصہ (ا پ و، ۲ : ۱۸).

۱۶. وہ گھی کی مقدار جو مٹھائی کی خستگی کے لیے اس کے خشک میدہ میں دی جائے، جیسے آدھ سیر پیٹ کے بالو شاہی (فرہنگ آصفیہ).

۱۷. چکی کے پاٹوں کا وہ تل جو دونوں کو جوڑنے سے اندر پڑے (شبد ساگر).

۱۸. سِل وغیرہ کا وہ حصہ جو کوٹا ہوا اور کھردرا رہتا ہے اور جس پر رکھ کر کوئی چیز پیسی جاتی ہے (شبد ساگر).

۱۹. تھیلی، ٹوکری؛ غار، گڑھا (پلیٹس).

[س : پٹ]

— اُبھرنا محاورہ.

پیٹ کا پھولنا، نفخ ہونا.

نہ سوچے توسط کی حد سے گزر کر
بہت کھا گئے مر گئے پیٹ ابھر کر

۱۸۹۹ نظم بے نظیر، ۱۲۹

— اُمڈ جانا محاورہ.

غذا ہضم نہ ہونے کی وجہ سے پیٹ کا پھول جانا (مہذب اللغات).

— آنا محاورہ.

رک : پیٹ چلنا، دست یا اسہال آنا (مخزن المحاورات، ۲۵۸).

— باندھنا محاورہ.

۱. خواہش سے کم کھانا، روک کر کھانا، پیٹ کاٹنا، پیٹ مارنا (مخزن المحاورات، ۲۸۵).

۲. پیٹ کو پٹی باندھنا، فاقہ کرنا (مخزن المحاورات، ۲۵۸).

— بجانا محاورہ.

(بیماری کی وجہ معلوم کرنے کے لیے) پھولے ہوئے پیٹ پر ہاتھ مار کر آواز نکالنا؛ خوشیاں منانا، مارے خوشی کے اچھلنا کودنا، خوش ہونا.

رقیب آج پھر پیٹ اپنا بجائیں
تجھے میرے سر کی قسم پھر تو گالے

۱۸۶۱ کلیات اختر، ۸۸۰

— بُری بلا ہے کہاوت.

بھوک آدمی کو مجبور و بے بس کردیتی ہے، بھوک بری چیز ہے.

گاڑی آئی تو خدا کی پناہ . . . دھکا اور مُکّا لات اور گھونسہ، مگر پیٹ بری بلا ہے.

۱۹۳۲ بیلہ میں میلہ، ۷۰

— بڑا ہونا محاورہ.

۱. رک : پیٹ بڑھنا معنی نمبر ۲ (جامع اللغات).

۲. حرص و ہوس زیادہ ہونا (جامع اللغات).

— بڑھانا محاورہ.

۱. اندازے سے زیادہ کھانے لگنا، زیادہ کھانے کی عادت ڈالنا (فرہنگ آصفیہ).

۲. دوسرے کے حصے پر دانت رکھنا (فرہنگ آصفیہ).

— بڑھنا محاورہ.

۱. خوراک کا زیادہ ہوجانا، پیٹ کا بڑا ہونا، بھوک یا اشتہا کا زیادہ ہونا (فرہنگ آصفیہ).

۲. جلندھر یا استسقا کے باعث پیٹ بڑا ہوکر باہر نکل آنا (مہذب اللغات).

— بند (— فت ب، سک ن) صف.

قبض والا، قبض کی شکایت رکھنے والا؛ ممسک، کنجوس (شیکسپیر ہندوستانی انگریزی لغت).

— بند ہونا محاورہ.

دست آنے موقوف ہوجانا.

چھٹانک اس کو وہ دینا اے خرد مند
کہ تا کھاتے ہی اس کا پیٹ ہو بند

۱۷۹۵ فرسنامۂ رنگین، ۱۰

— بولنا محاورہ.

پیٹ میں ریاح کی آواز ہونا، قراقر ہونا (نوراللغات).

— بھاری ہونا محاورہ.

پیٹ میں بوجھ ہونا، گرانئی شکم ہونا، سوئے ہضمی ہونا (فرہنگ آصفیہ؛ نوراللغات).

— بھر (— فت بھ) صف؛ م ف.

۱. رک : پیٹ بھراو.

دنیا کی لذت میں خدا کو بسر کو پیٹ بھر کھا کو شہوت کی غفلت میں اچھے گے .

۱۵۰۰ معراج العاشقین ، ۲۵

جو فارغ ہوئے پیٹ بھر کھان کھا
منگائی تُرت مست پیالا نیکھا

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۶۱

وارث ہیں جن کے جیتے وہ مردے بھی آن کر
حلوے چپاتی خوب ہی چکھتے ہیں پیٹ بھر

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۴۴

اس وقت پیٹ بھر کھائے گا اور میٹھی نیند سوئے گا .

۱۹۲۲ گوشۂ عافیت ، ۱ : ۱۸۲

۲. رک : پیٹ بھر کر .

جس کا یقیں ہو کہ مرا کفر پر
لعنت اوسے شوق سے کہہ پیٹ بھر

۱۸۲۷ قوت الایمان ، ۱۵

[پیٹ + بھر ، بھرنا (رک) سے]

— بَھرا (— فت بھ) صف مذ .

۱. شکم سیر ، اگھایا .

تیسرا لشکر کال کا ، اس میں ہزارہا آدمی بھوکے مرے . چوتھا لشکر ہیضے کا ، اس میں بہت سے پیٹ بھرے مرے .

۱۸۶۹ غالب ، روزنامچہ ، ۲۴

بھیڑیے کو خواہ بھوکا ہو یا پیٹ بھرا یہ حکم نہ تھا کہ ان پلوں میں سے کسی پلے کو جان سے مار ڈالے .

۱۹۰۱ زلفی ، ۱۹

۲. وہ جسے کسی چیز کی احتیاج خواہش اور ضرورت نہ ہو ، بے پروا ، بے فکرا ، آزاد ؛ مستغنی ، آسودہ حال ، فارغ البال ، دولت مند .

باتیں مجھے دنیا سسری سے واسطہ ، اس کا تو کام یہی ہے ، بھوکے کو دے نہیں سکتی ، پیٹ بھرے کو دیکھ نہیں سکتی .

۱۸۹۹ ہیرے کی کنی ، ۳۸

یہ بحث سن کے کوئی فاقہ کش بھرے گا آہ
تو کوئی پیٹ بھرا واہ واہ کر دے گا

۱۹۴۱ چمنستان ، ۷۲

۳. مغرور (نوراللغات) .

اف : ہونا .

[پیٹ + بھرا ، بھرنا (رک) سے]

— بھرا کیا جانے بھوکے کی قدر کہاوت .

مالدار آدمی کسی غریب کی تکلیف کو محسوس نہیں کرتا (مہذب اللغات) .

— بھَراؤ (— فت بھ ، و مع) صف ؛ م ف .

۱. پیٹ بھرنے کے لیے کافی ، بھوک کے مطابق .

اگر چارا کم دیا جائے تو صبر کرے اور پیٹ بھراؤ دیا جائے تو شکر کرے .

۱۸۹۲ مقالات حالی ، ۱ : ۱۵۸

قحط کے دوروں میں ان کو دبلا پتلا شکار پیٹ بھراو مل جاتا تھا .

۱۹۰۱ حیات جاوید ، ۲ : ۱۳۳

۲. غذائیت کم بھوک یا بوجھ زیادہ (بھل ناج وغیرہ) (شیکسپیر ہندوستانی انگریزی لغت) .

۳. شکم سیر ، پیٹ بھرنے کے قابل .

یاں نگوڑی جوار کی (روٹی) بھی پیٹ بھراؤ نہ ملے ، واں اللہ کے قربان جاؤں ، نان پاؤ اور مکھن اڑائیں .

۱۹۲۸ پس پردہ ، ۱۳۵

— بھر جانا محاورہ .

۱. سیر ہو جانا ، جی بھر جانا .

کوئی کھانا نہ کھائے اور اس کا پیٹ خود بخود بھر جائے . . . سچ کہتی ہوں یا جھوٹ ؟

۱۸۷۳ مجالس النسا ، ۱ : ۳

۲. اکتا جانا ، گھبرا جانا ؛ مالدار ہو جانا ؛ مغرور ہو جانا (نوراللغات) .

۳. شکم سیر ہونا ، غذا کی خواہش پوری ہو جانا (مہذب اللغات) .

— بھر روٹی جڑنا محاورہ .

گذر اوقات کے لائق غذا ملنا ، گذر بسر کا سہارا مل جانا .

اگر ان سیاہ قوموں کو . . . کپڑا اور پیٹ بھر روٹی جڑ جاتی تو یہی تمہیں کچا چبا جاتے .

۱۹۷۳ سرگشیدہ ، ۲۰۹

— بھر کر/کے م ف .

۱. (i) سیر ہو کر ، جی بھر کے ، خاطر خواہ .

دنیا کی گرفتاری میں پڑیا یعنی پیٹ بھر کر کھایا .

۱۵۰۰ معراج العاشقین ، ۱۸

(ii) پوری طرح .

ماندگی سبب خوب پیٹ بھر کر سویا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۹۶

روٹی احمق نہیں تو کیا پروا
مل گئی پیٹ بھر کے شعر کی داد

۱۹۴۲ سنگ و خشت ، ۸۳

۲. بے حد ، بہت زیادہ .

ہر طرف ہیں ترے دیدار کے بھوکے لاکھوں
پیٹ بھر کر کوئی ایسا بھی طرح دار نہ ہو

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۷۸

ٹھاکر آنند سنگھ راستہ بھر یہی سوچتے رہے کہ یار جھوٹ تو تم بولے پیٹ بھر کر .

۱۹۵۲ رفیق تنہائی ، ۷۱

۳. ہری طرح ، پورے طور پر .

لکھنؤ میں ہے بارھویں یہ بھی
خط میں لکھا تھا پیٹ بھر کے لٹی

۱۸۶۰ مثنوی بحر مختلف ، ۸

۴. اچھی طرح ، خوب خوب ، اس طرح کہ کوئی کسر باقی نہ رہے .

پیٹ بھر کر خراب ہو لیں گے ، تب کہیں جا کر سمجھیں تو سمجھیں .

۱۸۹۹ رویائے صادقہ ، ۶۸

اسلام جیسے پاک مذہب کو پیٹ بھر کر بدنام کیا .

۱۹۳۶ گرداب حیات ، ۸۶

بھَر لینا محاورہ .

جیسے تیسے شکم پر کر لینا .

جس گاؤں میں پہنچتی بھیک سے پیٹ بھر لیتی .

۱۹۳۲ بیلہ میں میلہ ، ۶۳

— بھَرنا محاورہ .

۱. غذاؤں سے بھوک کی خواہش پوری کرنا ، شکم کو سیر کرنا .

سب پھسلا کر اپنا پیٹ بھریں گے ، جان کچھ اپڑیا تو تجے انگے کریں گے .

۱۶۳۵ سب رس ، ۲۲۵

مینڈک نے کہا اے سانپ کسی تالاب یا جھیل کے کنارے چل کے اپنا پیٹ بھر لے .

۱۸۰۳ اخلاق ہندی ، ۱۷۷

کئی وقت کے بعد جو پیٹ بھرا تو ایسی نیند آئی کہ کچھ ہوش نہ رہا .

۱۹۳۲ بیلہ میں میلہ ، ۷۰

۲. کسی ضرورت ، خواہش کا پورا ہونا .

صندلاں صندلی ہوش کو زخمی کیا ، خون پیا مگر اس کا پیٹ نہیں بھرا .

۱۸۹۲ طلسم ہوش ربا ، ۶ : ۶۵

ہندوستانی دوستوں کا شاید اسوقت پیٹ بھرتا ہے جب وہ ایک دوسرے کی بیویوں کی عمر سے واقف ہوں .

۱۹۵۳ شاید کہ بہار آئی ، ۴۵

۳. مال و دولت لوٹنا ، لوٹ کر اندوختہ کرنا .

ادھر ماماٹیں پیٹ بھرتی تھیں ، ادھر نوکر مزے اڑاتے تھے .

۱۹۳۰ حیات صالحہ ، ۲۴

۴. گزر بسر کرنا ، گزران کرنا .

تابعدار ، امید کا بھوکا آقا کو خوش کر کے پیٹ بھرتا ہے .

۱۸۸۰ نیرنگ خیال ، ۳۵

میں فقیر تو نہیں ہوں جو دوسروں کی جیبوں سے اپنا پیٹ بھرتے ہیں ، البتہ مفلس ضرور ہوں .

۱۹۳۶ راشدالخیری ، تربیت نسواں ، ۳۱

۵. اُکتا جانا ، گھبرا جانا .

بڑے پیٹ والا وہ عصمت لڑے
نہ لڑنے سے پیٹ اس کا ہرگز بھرے

۱۷۹۳ جنگ نامہ دو جوڑا (ق) ، ۴۵

۶. مال دار ہونا ، مستغنی ہونا .

پیٹ بھرا ہے نوکری کی پرواہ نہیں .

۱۹۲۶ نورالغات

— بھَرو (— فت بھ ، و مع) امذ .

مکمل شکم سیر (شیکسپیر ہندوستانی انگریزی لغت) .

[پیٹ + بھرو ، بھرنا (رک) سے]

— بھَرو پیٹے لادو کہاوت .

کھانے کو دو اور محنت لو (جامع اللغات) .

— بھَرے رذالے اور بھُوکے بھَلے مانس (آدمی) سے ڈَریے کہاوت .

کمینے دولت مندی کی حالت میں اور شریف مفلسی میں لڑنے کو تیار ہوتے ہیں یا خطرناک ہوتے ہیں (گنجینہ اقوال و امثال ، ۱۷۰) .

— بھَرے کا (— فت بھ) صف مذ .

فارغ البالی کا ، فراغت کا .

شعر و سخن امیروں کے پیٹ بھرے کا مشغلہ ہے .

۱۹۰۹ دیباچۂ مجموعہ نظم بے نظیر ، ۱۱

— بھَرے کی باتیں کہاوت .

فارغ البالی کی باتیں ، فراغت کی گفتگو ، غرور کی باتیں (فرہنگ آصفیہ ؛ نورالغات) .

— بھرے کی کھوٹی چال کہاوت .

کھونے کے پاس روپیہ پیسا ہونے سے خرابی واقع ہوتی ہے یا دولت سے آدمی بد وضع ہو جاتا ہے (نجم الامثال ، ۱۳۲) .

— بھرے کے گُن کہاوت .

رک : پیٹ بھرے کی باتیں (فرہنگ آصفیہ) .

— پاپی ہے کہاوت .

بھوک کی وجہ سے انسان بہت گناہ کرتا ہے (جامع اللغات) .

— پالنا محاورہ .

پیٹ بھرنا ، تنگی ترشی کی حالت میں یا بھوک میں جیسا برا بھلا ملے اسی کو سمر ہو کر کھا لینا ، اوجھ بھرنا (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

— پالَن (— ف ل) امذ .

گزر بسر ، گزران ، پیٹ بھرنے کا اہتمام .

برہمنوں کو . . . اجازت مل گئی کہ وہ ایک تانبے کا برتن لے کر گھر گھر بھیک مانگنے جایا کریں ، ان سے پیٹ پالن کیا کریں اور بھوکے نہ مریں .

۱۸۸۰ تاریخ ہندوستان ، ۱ : ۲۱۸

اف : کرنا ، ہونا .

[پیٹ + پالن ، پالنا (رک) سے]

— پالنا محاورہ .

۱. بمشکل گزران کرنا ، دقّت سے گزارہ کرنا ، مشکل سے کما کر کھانا ، روزی کمانا .

مسجدوں میں بیٹھ کر پیٹ پالے .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۹۲

مزدوری سے اپنا پیٹ پالتی ہوں .

۱۹۲۹ انگوٹھی کا راز ، ۶

۲. اپنے نفس کی خواہش پوری کرنا ، آپ ہی آپ موجیں اڑانا ، خود غرض ہونا .

جس نکھٹو نے پیٹ یوں پالا دونوں عالم میں اس کا منہ کالا.

۱۸۷۳ کلیات منیر ، ۳ : ۵۹۳

۳. پیٹ بھرنا ، شکم پری کرنا ، بھوک مٹانا .

کاشتکاری کی بدولت ہم اپنا پیٹ پالتے ہیں .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۳ : ۲۴۷

ایسے لوگوں کو صرف کتوں کی طرح پیٹ پالنا آتا ہے .

۱۹۲۳ « اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۹ ، ۷ : ۴

روزی کمانا ، رک : پیٹ بھرنا .

انسان کو زندہ رہنے کے لیے ، پیٹ پالنے کے لیے آگے بڑھنے کے لیے . . . سر جھکانا ہی پڑتا ہے .

۱۹۶۲ شکست ، ۹۸

— پالنا کُتا بھی جانتا ہے کہاوت .

دنیا میں پیٹ پالنا ہی کام نہیں ، نہایت خود غرض شخص کو کہا جاتا ہے (جامع اللغات) .

— پالُو (— و مع) صف .

نفس پرست ، بندۂ شکم .

ان پیٹ پالو علماء کے لیے ایک کمیٹی یا انجمن مقرر کریں .

۱۹۰۳ « عصر جدید ، اگست ، ۱۹۶

[پیٹ + پالو ، پالنا (رک) سے]

— پانی ہونا محاورہ .

۱. پتلے یا پانی جیسے دست آنا ، تخمہ ہونا ، سوئے ہضمی ہوجانا (نوراللغات) .

۲. بہت زیادہ ڈرنا ، ہولنا .

میاں لکھنؤ مرحوم کا ہیضہ کے مارے ایک تو یوں ہی پیٹ پانی ہو رہا تھا ، اس پر دوسری آفت بارش نے مچا رکھی ہے .

؟ « اودھ پنچ ، لکھنؤ (نوراللغات)

۳. بہت پریشان ہونا ، سٹ پٹا جانا ، ہوکھلا جانا ، خوف زدہ ہونا .

کھینچتا ہوں کبھی جو آہ سرد
شمع کا پیٹ پانی ہوتا ہے

۱۹۱۹ قرار ، قرار اللغات ، ۷۸

— پٹاری منھ سپاری کہاوت .

دیکھنے میں تو دبلا ہے پر کھانا بہت کھاتا ہے (جامع اللغات) .

— پٹی باندھنا محاورہ .

بھوکا رہنا ، فاقہ کرنا ، تنگی ترشی میں بسر کرنا .

پیٹ پٹی باندھوں گی پر تمہارا نہیں رکھنے کی .

۱۸۹۸ مخزن المحاورات ، ۲۸۶

— پر اینٹ (— پتھر/ٹھیکرے) باندھنا محاورہ .

فاقے کی اذیت برداشت کرنا (بے انتہا بھوک کی حالت میں تسکین کے واسطے پیٹ پر پتھر باندھتے ہیں) .

اپنی قوم کے جاہلوں کے ہاتھ سے کیسے کیسے دکھ بھرے، بھوک کے وقت پیٹ پر اینٹ پتھر باندھے .

۱۸۱۲ گل مغفرت ، ۹

اپنے پیٹ پر پتھر باندھ کر دوسروں کا پیٹ بھرنے والے . . . آمنہ کے لال .

۱۹۲۹ آمنہ کا لال ، ۸

کون پیٹ پر ٹھیکرے باندھ کے نکلنا پسند کرتا ہے ؟ لگی ہوئی نوکری آجکل زندگی کے برابر ہے .

۱۹۳۵ باسی پھول ، ۸۱

— پرست (— ف پ ، ر ، سک س) امذ .

پیٹ کی فکر میں دہلا رہنے والا (شہد ساگر) .

[پیٹ + پرست (رک)]

— (بیچ) پڑیں روٹیاں تو سبھی گلاں (باتیں) موٹیاں کہاوت.

جب آدمی دولتمند ہو جائے تو اس میں بہت سی باتیں آجاتی ہیں ، معاشی بے فکری میں خوب باتیں سوجھتی ہیں .

پنسن مل جائے حواس ٹھکانے ہو جائیں تو کچھ فکر کروں پیٹ پڑیں روٹیاں تو سبھی گلاں موٹیاں .

۱۹۳۹ خطوط غالب ، ۲۴۷

— پکار رہا ہے مقولہ .

زور کی بھوک لگ رہی ہے (نور اللغات) .

— پکڑ کر بھاگنا محاورہ .

پریشانی یا مصیبت میں تیز بھاگنا ، آوارہ پھرنا (پلیٹس) .

— پکڑ کر (پکڑے/تھامے) پھرنا/دوڑنا محاورہ .

بے قرار اور پریشان ہونا ، آپے میں نہ رہنا ، مضطرب اور بے چین ہو جانا .

گورا گورا وہ بدن دیکھے جو مہتاب سا تو
پیٹ پکڑے ہوئے دوڑا پھرے بیتاب سا تو

۱۸۰۹ جرات (فرہنگ آصفیہ)

— پکڑ (پکڑ) (کر) ہنسنا محاورہ .

ہنستے ہنستے آنتوں میں بل پڑ جانا ہے تحاشا ہنسنا .

سوطاؤس ، پنکھی ، طوطی ، کبک ، ہنس
پکڑ پیٹ لڑنے لگے ہنس ہنس

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۵۹

ہمت نظر کوں ہوت کسیا ، پیٹ پکڑ پکڑ کر ہنسیا

۱۶۳۵ سب رس ، ۵۸

— پکڑنا محاورہ .

پریشان ہونا ، گھبرا جانا .

یہ سن کر چچ پیٹ پکڑے ہوئے حیران پریشان رانی پاس آیا .

۱۸۸۰ تاریخ ہندوستان ، ۱ : ۱۶۷

وہ پیٹ پکڑے پکڑے یاروں پاس آئے ، میں نے کہا آپ ذرا فکر نہ کیجئے اللہ مالک ہے .

۱۹۵۴ پیر نابالغ ، ۹۴

— پکڑے پھرنا محاورہ .

رک : پیٹ پکڑ کر بھاگنا (پلیٹس) .

— پکنا محاورہ .

بے اختیار ہنس پڑنا ، کھلکھلا کر ہنسنا (پلیٹس) .

— پلنا محاورہ .

ذریعہ معاش حاصل ہونا ، روزی ملنا ، گزران ہونا .

محل بنے گا راجہ جی کا پیٹ پلے گا ہمارا تمہارا

۱۹۶۷ پت جھڑکی آواز ، ۶۰

— پوجا (— و مج) امث .

شکم پری ، نفس پرستی .

نہ نیک اور بد کا انہیں کچھ پریکھا
جو آتی ہے ان کو تو بس پیٹ پوجا

۱۹۰۵ بھارت درپن ، ۴۳

[پیٹ + پوجا (رک)]

— پوچن/پوچھن/پوچھنا (— و مج ، ف ج/ف چھ/سک چھ) امذ .

عورت کا آخری بچہ ، پچھلا بچہ جس کے بعد حمل نہ رہا ہو (ا پ و ، ۷ : ۶) .

[پیٹ + پوچن/پوچھن/پوچھنا (رک)]

— پورا کرنا محاورہ .

پیٹ بھرنا ، پیٹ بھر کھانا .

ہو سکتا تھا کہ تم مزدور یا لکڑہارے کے گھر پیدا ہوتے اور ایسی ہی چھوٹی سی عمر میں تم کو پیٹ پورا کرنے کے واسطے محنت کرنی پڑتی .

۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۹۴

— پوسو/پوسوا (— و مج ، و مع/سک س) امذ .

بسیار خور، کھاؤ ، بڑ پٹیو (شیکسپیر ہندوستانی انگریزی لغت) .

[پیٹ + پوسو ، پوسوا/پوسنا (رک) سے]

— پونچھن (— و مج ، مغ ، فت چھ) صف مذ .

رک : پیٹ پوچھن (پلیٹس ؛ نوراللغات) .

— پیٹنا محاورہ .

۱. رک : پیٹ بجانا (جامع اللغات) .

۲. بھوک کے مارے بے تاب ہونا ، بھوک کے مارے شور مچانا .

وہ اب جوع البقر کے مارے پیٹ پیٹ رہا تھا .

۱۸۸۰ نیرنگ خیال ، ۶۹

کوئی کھڑی پیٹ پیٹتی ہے ۔ ہوی ان تلے بوجھ تلے کھڑی ، ان جانتیوں کے آگے کہتی ہوں تین دن سے دانہ منہ میں اڑ کے گیا ہو تو اس بندی کو بری بست ہے .

۱۹۱۱ قصۂ مہر افروز ، ۲

۳. مضطرب ہونا ، بھڑ بھڑانا ، بے قراری ظاہر کرنا ؛ ہوس کرنا (جامع اللغات) .

— پیٹھ ایک ہو جانا محاورہ .

۱. بھوک یا فاقہ کے باعث پیٹ کمر سے لگ جانا ، بھوک سے پیٹ کا اندر دھنس جانا (فرہنگ آصفیہ) .

۲. نہایت دبلا اور لاغر ہو جانا (فرہنگ آصفیہ) .

۳. مکمل ہم آہنگی ہو جانا ، ہم خیال ہونا (شیکسپیر ہندوستانی انگریزی لغت) .

— پیٹھ (— پیٹھ) بتانا محاورہ .

۱. سخت کمزوری یا احتیاج ظاہر کرنا ؛ عاجزی کرنا (پلیٹس) .

۲. درخواست کرنا ، التجا کرنا ، منت سماجت کرنا ، التماس کرنا (شیکسپیر ہندوستانی انگریزی لغت) .

— پیٹھ سے لگ جانا محاورہ .

رک : پیٹ پیٹھ ایک ہو جانا ، نہایت دبلا ہو جانا (نوراللغات).

— پھاڑنا محاورہ .

۱. کسی کام میں جلدی کرنا ، بے قراری ظاہر کرنا (نوراللغات) .

۲. ہوکا ہونا ، حرص کرنا ، حصہ لینے میں جلدی کرنا (مہذب اللغات) .

۳. دوسرے کو اچھی حالت میں دیکھ کر جلنا ، حسد کرنا ، ہونسنا ، نظر لگانا (مہذب اللغات) .

۴. دل کا بھید ظاہر کرنا (نوراللغات) .

۵. سینہ چیرنا ، شکم چاک کرنا (دلی حالت و کیفیت ظاہرا طور پر نہ دکھا سکنے کی مجبوری کے اظہار کے لیے) .

تجھے تو یقین ہی نہیں آتا ، پیٹ پھاڑنے سے تو رہی .

۱۸۸۶ مخزن المحاورات ، ۱۸۶

— پھٹ جانا/پھٹنا محاورہ .

۱. کسی چیز کا درمیانی حصہ شگافتہ ہو جانا .

اے درخت سچ کہہ کہ یہ عورت ہم سب میں سے کس کا حق ہے ، اتنے میں پیٹ اس درخت کا پھٹ گیا اور وہ عورت دوڑ کر اس میں سما گئی .

۱۸۰۱ طوطا کہانی ، ۲۰۱

۲. اندر بھری ہوئی چیز کا یک لخت نکل پڑنا .

نگوڑے جاڑے کا جانے پیٹ پھٹ گیا ہے ۔ لکھنے کو تو تم کو لکھ رہی ہوں لیکن انگلیاں مارے ٹھنڈ کے پالا ہو گئی ہیں .

۱۹۲۸ بس پردہ ، ۵۷

۳. ہنسی کے مارے بے تاب ہونا (فرہنگ آصفیہ) .

۴. حسد کرنا ، رشک کرنا (نوراللغات) .

۵. بچہ پیدا ہونا ، وضع حمل ہونا (فرہنگ آصفیہ) .

۶. دور ہونا ، ناپید ہونا ، غارت ہونا .

اب کے برکھا سے کال کا پیٹ پھٹ گیا .

۱۸۸۶ مخزن المحاورات ، ۱۸۶

۷. (چاول کا) پھول کر شق ہو جانا (نوراللغات) .

— پھلا لانا محاورہ .

رک : پیٹ پھلانا معنی (۴) .

تمہاری یہ آوارہ بہو عین تمہاری آنکھوں کے سامنے جا کر کہیں سے اپنا پیٹ پھلا لائی .

۱۹۸۰ ماں کی کھیتی ، ۱۲۲

— پھلانا محاورہ .

۱. پیٹ کو سانس سے اونچا کرنا (فرہنگ آصفیہ) .

۲. پیٹ ابھرانا ، نفخ لانا .

اس کے ہتے سبک ہیں پیٹ پھلاتے ہیں باغم زیادہ کرتے ہیں .

۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، ۳ : ۸۰

۳۔ بھوکا ہونا ، کھانے کے شوق میں تیار ہو کر بیٹھنا ؛ جی جلانا ؛ حسد کرنا ، اہرکھا کرنا ؛ طمع کرنا، بہت لالچ کرنا (نوراللغات ؛ مخزن المحاورات ، ۲۸۷) .

۴۔ حمل رکھوانا ، حاملہ ہونا .

کھانے کو میسر نہیں تین تین دن فاقے ہوتے ہیں مگر واہ ری ہمت جب دیکھو پیٹ پھلائے بیٹھی ہیں .

۱۹۵۸ مہذب اللغات

— پھوٹنا محاورہ (قدیم) .

رک : پیٹ چلنا .

اس بیل کو پنجالے لگے ، اسے سارا عالم کھایا ، انو کا پیٹ پھوٹ گیا .

۱۸۲۱ بندہ نواز ، شکار نامہ (شہباز، سکھر، ۲ : ۱۳ : ۲۳)

— پھول (— تن) کر نقارا ہوجانا محاورہ .

پیٹ بہت ابھر جانا ، نفخ شکم کا بڑھ جانا ؛ حد سے زیادہ کھانا کھا لینا .

بیضہ دشمن کو کوس رحلت ہو
جلد ہو پھول کر نقارہ پیٹ

۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۴۷

میں بھوکا ہی تھا ، ایسا ہے تاب ہوکر گرپڑا کہ جب پیٹ تن کر نقارہ ہوگیا ، اس وقت کہیں جا کر کھانے سے ہاتھ اٹھایا .

۱۹۳۰ مضامین فرحت ، ۲ : ۹

— پھولنا/پھول جانا محاورہ .

۱۔ نفخ ہونا ، پیٹ ابھرنا .

انو کا پیٹ پھولیا ، دنیا کی گرفتاری میں پڑیا یعنی پیٹ بھر کھایا سو وہ بھوکا رہیا .

۱۸۲۱ بندہ نواز ، شکارنامہ ، (شہباز، سکھر، ۲ ، ۱۳ : ۲۳)

انبار خانوں میں اتنا غلہ چارا . . . تھا کہ ہم تو ہم ہمارے جانوروں تک کے پیٹ پھول گئے .

۱۹۵۶ چنگیز (ڈرامہ) ، ۱۰۷

۲۔ غربت سے سوکھ کر پیٹ کچریا کی طرح نکل آنا .

بچوں والے کنبے کو دیکھ کر ہمارا دل کٹتا تھا ان معصوموں کے پیٹ پھول گئے تھے .

۱۹۸۰ ماں کی کھیتی ، ۸۱

۳۔ بے قرار ہونا ، بے چین ہونا ، مضطرب ہونا .

ٹما بولے کیا بلسو بانی کی سرے ہی نہ تھی ، یہ کہے بغیر بس تیرا سن کر پیٹ پھول گیا .

۱۹۲۳ اہل محلہ اور نااہل پڑوسی ، ۲۵

ایک سادہ حجام کا پاؤں بھاری ہوا اور پولیس کا خواہ مخواہ پیٹ پھولا ، بچاری کو پکڑ دھکڑ کے زبردستی چھوٹے صاحب کے سامنے لائے .

۱۹۲۳ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۹ ، ۲۷ : ۵

۴۔ حمل سے ہونا ، حاملہ ہونا (جامع اللغات :نوراللغات) .

— تو سب کے ساتھ لگا ہوا ہے کہاوت .

ہر ایک کو کھانے کی ضرورت پڑتی ہے (جامع اللغات) .

— ٹھنڈا رہنا محاورہ .

اولاد کا زندہ رہنا، صاحب اولاد رہنا، اولاد کا سکھ دیکھنا .

بڑی بی نے کہا ، بیٹا جیتی رہو ، پیٹ ٹھنڈا رہے .

۱۹۳۰ مضامین فرحت ، ۲ : ۱۲۵

— ٹھہرنا محاورہ .

حاملہ ہو جانا ، حمل قرار پانا .

نہ ٹھہرے پیٹ یہاں کیوں کہ . . . .

۱۹۳۸ کلیات عریاں ، ۶۹

— جاری ہونا محاورہ .

رک : پیٹ پانی ہونا ، بار بار پتلے پتلے پانی سے دست آنا (جامع اللغات) .

— جل رہا ہے مقولہ .

۱۔ سخت بھوک ہے یا پیاس ہے (نوراللغات) .

۲۔ بخار سا معلوم ہوتا ہے ، حرارت ہے (مخزن المحاورات، ۱۸۶) .

— جلنا محاورہ .

بخار معلوم ہونا (جامع اللغات) .

— جھاڑنی (— سک ڑ) است (قدیم) .

جُلاب (علمی اردو لغت) .

[پیٹ + جھاڑنی ، جھاڑنا (رک) سے]

— جھڑنا محاورہ .

رک : پیٹ جاری ہونا (ہائیٹس) .

ــ چپاتی سا لگ جانا/ہو جانا محاورہ .

مارے بھوک کے پیٹ کا اندر کو دھنس جانا .

روٹی ہی کا ہے اس کو تصور دن رات
لگ جائے نہ کس طرح چپاتی سا پیٹ

۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۱۹۴

ــ چل جانا/چلنا محاورہ .

۱. رک : پیٹ جاری ہونا .

لید ہو وے رقیق جب اس کی پیٹ چلنے کا ہے نشان یہی

۱۸۴۱ زینت الخیل ، ۱۵۳

بزدلوں کے پیٹ چلے جاتے تھے ، قاروے میں بھالے نظر آتے تھے .

۱۸۷۹؟ بوستان خیال ، ۶ : ۱۲۵

پیٹ چلتا ہے آنکھ آتی ہے شاہ ابڈورڈ کی دہائی ہے

۱۹۰۷ کلیات اکبر ، ۱ : ۳۹۹

۲. روزگار چمکنا ، خوب کمائی ہونا .

زور پر ہے ملیریا فیور چل رہا ہے حکیم جی کا پیٹ

۱۹۲۶ داودہ پنچ ، ۱۱ ، ۱۴۱ : ۳

۳. جوں توں پیٹ بھر جانا ، مشکل سے کھانے پینے کی چیزیں پوری ہونا .

چھ بچے میں برے بھلے حال پیٹ تو چل جاتا مگر کپڑا بننا دشوار تھا .

۱۹۳۱ رسوا ، خورشید بہو ، ۱۶۲

ــ چلے منہ بھکتوں کو کہاوت .

مصیبت پڑی ہوئی ہے اور دل ایسی باتوں کو چاہتا ہے جس سے مصیبت اور بڑھے (جامع اللغات) .

ــ چوٹی (ــ و مج ، سک ٹ) صف مث .

وہ عورت جس کا حمل پوری طرح دکھائی نہ دے ، جس کو حمل ہو اور پیٹ زیادہ نہ بڑھے (نوراللغات) .

[پیٹ + چوٹی (رک)]

ــ چھٹنا/چھٹنا محاورہ .

۱. پیٹ کی موٹائی یا ابھار کم ہونا ، دبلا ہونا (جامع اللغات) .

۲. نفاس کا بخوبی جاری ہونا ، زچہ کے پیٹ کی آلائش نکلنا (فرہنگ آصفیہ) .

ــ چھوٹنا/چھٹنا محاورہ .

رک : پیٹ جاری ہونا (نوراللغات) .

ــ خالی کرنا محاورہ .

بھوکا رکھنا ، فاقوں کی نوبت پر لانا ؛ ہوسے ہوسے کو محتاج کر دینا .

خراج تو ایسی ہوں کہ گھر میں تانبے کا تار نہ چھوڑوں گی اور آپ کو منہ چکنا اور پیٹ خالی کر دوں گی .

۱۹۲۱ گاڑھے خاں کا دکھڑا ، ۴

۲. جلاب یا کسی بیرونی عمل (انیما) کے ذریعہ پیٹ صاف کرنا .

انگلستان میں روز بروز پیٹ خالی کرنے کے واسطے جلاباں دینے کا دستور ہے .

۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۵۲

ــ خالی ہونا محاورہ .

پیٹ میں غذا نہ ہونا ، بھوکا ہونا .

غلے سے ہے ہر کشت تمنا خالی
ہاتھوں کی طرح پیٹ ہے سب کا خالی

۱۸۷۳ کلیات منیر ، ۳ : ۴۷۵

ــ دکھانا محاورہ .

۱. افلاس اور بھوک کی شکایت کرنا ، کسی کے آگے کھانے کے لیے گڑ گڑانا ، حاجت یا ضرورت کا اظہار کرنا (نوراللغات) .

۲. دائی سے حمل کی شناخت کرانا ، دائی سے پیٹ ملوانا (نوراللغات) .

ــ ڈال دینا/ڈالنا محاورہ .

حمل گرانا .

قیامت کا بھونچال ایک بڑی چیز ہے ، جس دن اس کو دیکھو گے ہر دودھ پلانے والی عورت اپنے دودھ پلاتے بچے کو بھول جائے گی اور پیٹ والی اپنا پیٹ ڈال دے گی .

۱۹۳۲ سیرۃ النبی ، ۴ : ۸۵۸

ــ ڈلوانا محاورہ .

پیٹ ڈالنا (رک) کا تعدیہ .

بیگم چڑ کے مارے جل گئی اور اس فکر میں پڑی کہ کسی طرح اسکا پیٹ ڈلوادیوں .

۱۸۰۰؟ قصہ گل و ہرمز ، ورق ۴ (ب)

ــ رکھانا محاورہ .

۱. حاملہ کر دینا ، نطفہ ڈالنا .

ایک کتیا پر بہت سے کتے جمع ہو کر پیٹ رکھاتے ہیں .

۱۸۱۰ اخوان الصفا ، ۵۷

ہے مرد وہ آخر میں سمجھے جو مقدم ہے
جھٹ پیٹ رکھانے سے فن پیٹ گرانے کا

۱۹۳۸ کلیات عریاں ، ۹

۲. حاملہ ہونا ، نطفہ قبول کرنا .

نہ معلوم تیری ماں نے کس سے پیٹ رکھالیا کہ تو پیدا ہوا.

۱۸۰۱ داستان امیر حمزہ ، ۳ : ۱۸۵

— رکھوانا محاورہ .

۱. رک : پیٹ رکھنا (۱) .

کیوں نہ رکھوائے ان کا پیٹ عریاں
ہر کہ آمد عمارت نو ساخت

۱۹۳۸ کلیات عریاں ، ۲ : ۱۸

۲. رک : پیٹ رکھانا (۲) .

میں نے ایک منتر سیکھا ہے کہ عالم ملکوت میں سے جس فرشتے کو چاہوں بلا کر پیٹ رکھوالوں .

۱۸۰۵ آرائش محفل ، افسوس ، ۲۴۳

— رہ جانا/رہنا محاورہ .

حاملہ ہو جانا ، حمل قرار پانا ، نطفے کا ٹھہر جانا .

جیون ان رانی شہوت لیٹ اوہی رہیا اس کوں پیٹ

۱۵۰۳ نوسر ہار (ق) ، ۲۶

رانی کو پیٹ رہا اور ان کی گردنیں ناپی گئیں .

۱۹۳۰ شہد کی مکھیوں کا کارنامہ ، ۲۰

— سب رکھتے ہیں مقولہ .

مادی ضروریات سب کی ہوتی ہیں (جامع اللغات) .

— سوں (— و مع) صف . (قدیم)

ماں کی طرف سے ، مادری سلسلے سے .

ادر تے آیا خاورنی قباد و تھا پیٹ سوں خاورانی نژاد

۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۱۱۸

— سہلانا محاورہ .

ہر خوری کے سبب پیٹ کا ابھارا دور کرنا ، پیٹ کی کسی تکلیف کے سبب پیٹ پر ہاتھ پھیرنا .

کھانا اتنا پکنے لگا کہ مولوی صاحب کو دو وقت کھانے کے بعد پیٹ سہلانے اور ڈکار لینے کی ضرورت محسوس ہوئی .

۱۹۵۸ خون جگر ہونے تک ، ۲۱۹

— سے اینٹ باندھنا محاورہ .

رک : پیٹ پٹی باندھنا (مخزن المحاورات ، ۱۸۷) .

— سے باندھنا محاورہ .

بھوکا کرنا ، بے صبرا پن کرنا ، (جب کوئی شخص بھوک سے زیادہ کھائے چلا جائے تو اس سے طنزاً کہتے ہیں : پیٹ میں نہیں آتا تو پیٹ سے باندھ لے) (مخزن المحاورات ، ۱۸۷) .

— سے (باہر) پانو نکالنا محاورہ .

۱. ناشائستہ حرکات کرنا ، بد وضعی اختیار کرنا ، بد راہ ہونا .

آیا ، کیا قہر ہے جنہیں بھونرے میں پالتے ہیں وہی پیٹ سے پاؤں نکالتے ہیں .

۱۸۶۶ جادۂ تسخیر ، ۳۸

اشفاق نے مطلق العنان ہوتے ہی پیٹ سے پاؤں نکالے اور موروثی سرمایہ تباہ کاریوں میں برباد کرنا شروع کر دیا .

۱۹۴۳ جنت نگاہ ، ۱۳۶

۲. اپنی چھپی ہوئی خباثت طبع کو ظاہر کرنا ، شرارت پر آمادہ ہونا ، بدی پر آنا .

چوڑی والی بولی ، پہونچا دیتے ہی ہاتھ پکڑ لیا ، آپ نے تو خوب پیٹ سے پانو نکالے .

۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۱ : ۱۲۴

غل تھا خدا بچائے ہمیں اس جھپیٹ سے
افعی نے اپنے پاؤں نکالے ہیں پیٹ سے

۱۹۲۷ شاد عظیم آبادی ، مراثی ، ۲ : ۶۲

۳. اپنی والی پر آنا ، اپنی بات منوانا .

پیٹ سے پاؤں نکالے تو چلے عشق کی راہ
گام اول ہی میں ہم منزل اول آئے

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۶۳

۴. بڑھ چلنا ، حد سے تجاوز کرنا .

وحشت نے میری پانوں نکالے ہیں پیٹ سے
ہمسایے میں کسی کے یہاں بیڑیاں نہیں

۱۸۶۶ فیض ، د ، ۲۰۰

چار دن تو نچلے بیٹھو ، بہت پیٹ سے پاؤں نہ نکالو ، ذرا صبر کرو .

۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۱۲۴

۵. اترانا ، نخرا کرنا ، ناز کرنا .

لو صاحب ! پالا پوسا ، پرورش کیا ، خاک سے پاک کیا ، جب جا کے آدمی بنا ، اب پیٹ سے پاؤں نکالے .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، طرح دار لونڈی ، ۷۷

— سے پانو نکلنا محاورہ .

پیٹ سے پانو نکالنا (رک) کا لازم .

اے گل فروش پھرنے لگے گل گلی گلی
آئی بہار پیٹ سے نکلے چمن کے پاؤں

۱۸۵۸ امانت ، (نوراللغات)

— سے پتھر باندھنا محاورہ .

بھوک کی تکلیف برداشت کرنا .

بی بی ! سخت سے سخت مصیبت میں شکایت زبان پر نہ آئے فاقوں میں پیٹ سے پتھر باندھنا اور ظلموں میں زبان پر مہر لگانا .

۱۹۳۱ سیدہ کا لال ، ۳۳

— سے پٹی باندھنا محاورہ .

رک : پیٹ سے پتھر باندھنا .

بھوکے بے چارے تو پیٹ سے پٹی باندھ کر پڑ رہیں اور یہ فیلسوف صبح سے شام تک سیروں آٹا اکٹھا کر لیں .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۷

— سے پیر نکالنا محاورہ .

رک : پیٹ سے پانو نکالنا .

یہ تمہاری سہیلی جو ہیں وہ بھی پیٹ سے پیر نکال رہی ہیں .

۱۹۶۹ افسانہ کر دیا ، ۲۶

— سے زیادہ ملنا محاورہ .

ضرورت سے زیادہ مال یا فراغت حاصل ہونا .

پچھلے وقتوں میں ہر آدمی اپنی کھال میں رہتا . . . یہ نہیں کہ پیٹ سے زیادہ ملا اور پھر گئے .

۱۹۴۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۶۶

— سے سوتے جاری ہو جانا/ہونا محاورہ .

کثرت سے دست آنا (نوراللغات) .

— سے فاقہ طبیعت خوش بے اندازہ کہاوت .

بے پرواہ آدمی کی نسبت کہتے ہیں کھانے کو نہیں مگر ہر وقت خوش ہے (جامع اللغات) .

— سے کاٹ کی روٹی باندھنا محاورہ .

رک : پیٹ پٹی باندھنا (مخزن المحاورات ، ۱۸۷) .

— سے مٹکا باندھنا محاورہ .

عورتوں کا عقیدہ ہے کہ جو ماں کو ایذا دیتا ہے ، دوزخ میں جاتا ہے اور نو مہینے تک اس کو پیٹ پر مٹکا باندھنا پڑتا ہے .

نو مہینے تک پیٹ سے مٹکا باندھنا پڑ گیا .

۱۸۷۵؟ انشائے ہادی النسا ، ۶۱

— سوں ہونا محاورہ (قدیم) .

۱. رک : پیٹ سے ہونا معنی نمبر ۱ .

سو در حال قدرت تھے مریم کے سار
ہوی بن منس پیٹ سوں اونگار

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۹۹

۲. نسل سے ہونا .

آدرتے آیا خاورانی قباد وتھا پیٹ سوں خاورانی نژاد

۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۱۱۸

— سے ہونا محاورہ ؛ ~ پیٹ سوں ہونا (قدیم) .

۱. حاملہ ہونا ، پیر بھاری ہونا ؛ رک : پیٹ سوں ہونا .

معلوم ہوا کہ بادشاہ بیگم پیٹ سے ہیں .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۲۴۴

خورشید جہاں ان کی بی بی . . . ابھی پیٹ سے تھی کہ عورتوں نے سامان مسرت شروع کر دیے .

۱۹۳۵ بیگمات شاہان اودھ ، ۵۱

— کا صف مذ ؛ مث : پیٹ کی .

سگا بچہ ، حقیقی اولاد ، زائیدہ ، جنا .

توں فرزند شے گر مرے پیٹ کا
تو یاں نیٹ وقت ہے نیٹ کا

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۱۵۴

ایک لونڈی کا جنا ہے تو دوسرا رنڈی کے پیٹ کا .

۱۸۹۱ ایامی ، ۱۳۴

انھوں نے اپنی بھانجی اصغری کو گود لیا اور اسے اس طرح پالا کہ اپنے پیٹ کی اولاد کو بھی کوئی کیا پالے گا .

۱۹۶۲ گنجینۂ گوہر ، ۱۹۴

— کا بنج (— فت ب ، ن) امذ .

(لفظاً) پیٹ کا کاروبار (مجازاً) حمل کی حالت میں رشتوں کے لین دین کا اقرار .

پیٹوں کا بنج وہ ہے کہ جب کوئی عورت حاملہ ہوئی تو اس سے اقرار و مدار ہو گیا کہ اگر لڑکی ہوئی تو ہمارے فلانے لڑکے سے اس کا عقد کیا جائے گا .

۱۹۰۵ رسوم دہلی ، ۴۵

ـــ کا بندہ (ـــ فت ب ، سک ن ، فت د) صف مذ .

خود غرض ، لالچی .

جمع ہیں اپنے پیٹ کے بندے کیا کریں مہماں کی مہمانی

۱۹۳۲ بے نظیر شاہ ، کلام ، ۳۷۳

ـــ کا پانی نہ ہلنا محاورہ .

(سواری کے لیے) سواری میں مطلق جنبش اور تکلیف نہ ہونا ، بے تکان اور بڑے آرام سے جانا ، سواری کا سبک رو ہونا .

قدم باز ایسے گویا زیر پا امواج دریائی
سبک خیز اس قدر ہلتے نہ پائے پیٹ کا پانی

۱۸۸۴ قدر بلگرامی ، ک ، ۵۷

ـــ کا پردہ (ـــ فت پ ، د) امذ .

دیافرغم (Diaphrgam) ، اوجھڑی ، پیڑو کے پردے کی تہ.

حمل کے وقت پر رحم انتڑیوں کی ڈھکیل کے سبب سے . . . پیٹ کے پردے کی ایک جھول . . . بندھی ہوتی ہیں .

۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۴۵

ـــ کا پٹھو (ـــ کس پ، شد ٹھ ، و مع) صف مذ ؛ مث : پٹھو (و مج).

ہر وقت کا ساتھی ، کھانے کا ساتھی ، گہرا دوست .

لے دے کے وہی درمیان بیوی اور ساس یا بیچ کی بچھولیا پیٹ کی پٹھو بی سلطانہ .

۱۹۱۵ سوکن کا جلاپا ، ۲۵

ـــ کا پھل (ـــ فت پھ) امذ .

اولاد .

اس نے کہا کیا میں خدا کی جگہ پر ہوں جس نے تجھ کو پیٹ کے پھل سے باز رکھا .

۱۸۲۲ موسیٰ کی توریت مقدس ، ۱۱۰

ـــ کاٹنا محاورہ .

۱. معمولی خوراک سے کم کھانا ، کم کھا کر گذر کرنا ، اپنے اوپر سختی جھیلنا ، اپنی ضروریات واقعی کو کم کرنا .

ہم اپنے اور بچوں کا پیٹ کاٹیں گے اور تمہارا قرضہ سب سے پہلے ادا کریں گے .

۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۱۳۵

مائیں اپنا پیٹ کاٹیں تو انھیں لاڈلوں کے لیے .

۱۹۵۴ شاید کہ بہار آئی ، ۱۱۸

۲. معمولی خوراک سے کم کھلانا ، بھوکا مارنا ، حق تلفی کرنا .

یہ جو لاکھوں من دودھ جو آدمی ڈکوستے ہیں اپنے مزے کی خاطر بچھڑوں کا پیٹ کاٹتے ہیں ، اور اسی سے گائے بھینس کی نسلیں یوماً فیوماً کمزور ہوتی چلی جا رہی ہیں .

۱۸۹۷ لکچروں کا مجموعہ ، ۲ : ۱۵۶

دوسرے کا جو پیٹ کاٹے اس کا کیا حال ہوگا .

۱۹۰۰ شریف زادہ ، ۵۴

ـــ کا ٹوٹا (ـــ و مع) صف مذ .

فاقوں کا مارا ، بھوکا ، قحط زدہ ، بھوک موا (نوراللغات ؛ مخزن المحاورات ، ۱۸۸) .

ـــ کا جلا گانو جلائے کہاوت .

بھوکا آدمی آپے سے باہر ہو جاتا ہے .

سچ ہے پیٹ کا جلا گاؤں جلائے ، انہوں نے دستر خوان ہی الٹ دینے کی کوشش کی .

۱۹۲۵ راودھ پنچ ، ۱۰ : ۱۵ ، ۴

ـــ کا دکھ دینا محاورہ .

بھوکا مارنا ، کھانے کو نہ دینا (نوراللغات) .

ـــ کا دکھیا (ـــ ضم د ، سک کھ) صف مذ .

۱. مریض شکم ، جس کو ہمیشہ پیٹ کی کوئی شکایت رہے (نوراللغات) .

۲. (طنزاً) بسیار خور ، ہٹو (نوراللغات) .

۳. بھوکا ، مفلس ، قلاش ؛ نفس پرستی کی خاطر دکھ سہنے والا ، نفس پرست ، تن پرور (فرہنگ آصفیہ) .

ـــ کا دھندا (ـــ فت دھ ، سک ن) امذ .

۱. کھانے پینے کی تدابیر ، معاش کی فکر .

یہ کمال غفلت و بے حسی اور بغیر احساس ذمہ داری بس پیٹ ہی کے دھندے میں پڑے رہتے ہیں .

۱۹۵۵ حیوانات قرآنی ، ۳۸

۲. روزگار ، کاروبار ، محنت مزدوری ، پیشہ .

انگریزی پڑھنی ہو تو اچھا مجتمع القویٰ ، ذہین جفاکش آدمی پندرہ سولہ برس کی مسلسل محنت میں اس سے اس قدر عہدہ برآ ہو سکتا ہے کہ بی اے ہو جائے ، اس کے بعد وہ کوئی پیٹ کا دھندا لے کر بیٹھے .

۱۹۰۳ لکچروں کا مجموعہ ، ۲ : ۳۵۲

ـــ کا سُورا (ـــ و مع) صف ؛ امذ .

رک : پیٹ کا کتا ، بہت لالچی ، بڑا لوبھی نہایت طامع (مخزن المحاورات ، ۱۸۸) .

ـــ کا کپٹی (ـــ فت ک ، پ ، شد ٹ) صف مذ .

بے ایمان ، منافق (نوراللغات) .

ـــ کا کُتّا (ـــ ضم ک ، شد ت) صف ؛ امذ .

۱. (کنایۃً) بھوک ، اشتہا .

نان کا ٹکڑا کھایا ، دو تین گھونٹ پانی پیا ، اس پیٹ کے کتے کو راضی کیا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۴۸

۲. شکم پرور ، بندۂ شکم ، کھانے پر دم دینے والا .

وہ شخص اگر پست ہوں ، مردہ دل ، پیٹ کا کتا ہوگا تب تو گوشت اور حلوا اختیار کرے گا .

۱۸۶۵ مذاق العارفین ، ۴ : ۴۰

بیوی ہم تو پیٹ کے کتے ہیں ، یہ تو جانتے نہیں کہ قابلیت آجاتی ہے یا نہیں ، چار پیسے کمانے آجاتے ہیں .

۱۹۳۹ شمع ، اے ۔ آر ۔ خاتون ، ۵۱

ـــ کا کُڑکُڑانا محاورہ .

پول سے پیٹ بولنا (نوراللغات) .

ـــ کا کھایا کوئی نہیں دیکھتا ، تن کا پہنا سب دیکھتے ہیں کہاوت .

کپڑوں پر سب کی نظر ہوتی ہے ، ظاہر کو سب دیکھتے ہیں باطن کو کوئی نہیں جانتا ، ایسے موقع پر بولتے ہیں جب ظاہر داری برتنا ضروری ہو جائے یا کسی بھی معاملے میں بعض باتوں کا اظہار ایک ضرورت ہو .

تمھیں کب گوارا ہوگا کہ میں چار شریکوں میں نکلوں تو بچوں کے گلے میں دو عزت کے کپڑے بھی نہ ہوں ، پیٹ کا کھایا کوئی نہیں دیکھتا تن کا پہنا سب دیکھتے ہیں .

۱۹۲۶ نوراللغات

ـــ کا گہرا (ـــ فت گ ، سک ہ) صف مذ .

راز چھپانے والا .

آدمی چاہیے دل کا پکا ، پیٹ کا گہرا ، بھروسے کا ہورا .

۱۸۸۵ محصنات ، ۲۳۹

ـــ کا مارا صف مذ ؛ مث : پیٹ کی ماری .

بھوکا ، محتاج ، مفلس .

دربار شاہی کے رکھوالے اور پیٹ کے ماروں کے سر کٹوانے والے ، بنیے ، مہاجن تھے .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۱۶۳

سوار بے گناہ پیٹ کا مارا قول ہارا کھڑی کھڑی . . . دیکھتا تھا .

۱۹۴۲ ہرن کا دل ، ۱۹

ـــ کا ہلکا (ـــ فت ہ ، سک ل) صف مذ ؛ مث : پیٹ کی ہلکی .

وہ جو راز افشا کردے ، وہ شخص جسے بات نہ پچے ، تنگ ظرف ، اوچھا .

پناہ خدا کی کوئی پیٹ کا ہلکا ہو تو وہ راز کو سن کر کب پچا سکے گا .

۱۸۰۲ گنج خوبی ، ۲۵۹

میں نے تعجب سے ان کی صورت دیکھی ، میں پیٹ کا ہلکا نہیں ہوں ، میں بڑی خوشی سے عہد کرنے کو مستعد ہوں .

۱۹۳۱ رسوا ، خونی راز ، ۱۰

ـــ کسی (ـــ فت ک) امذ .

(پہلوانی) ایک ٹانگ لمبی کر کے دوسری ٹانگ سے پیٹ کسنا اور ایک ہاتھ گردن پر ڈالنا (اصطلاحات پیشہ وراں ، منیر ، ۴۵) .

[پیٹ + کسی ، کسنا (رک) سے]

ـــ کو آگ لگنا محاورہ .

اولاد کا مخالف ہو جانا ، اولاد کا نالائق ہونا ، اولاد سے دکھ پہنچنا .

میں اولاد کیا کروں چھاتی پر پتھر رکھونگی مجھ کو کیا خبر تھی کہ اس پیٹ کمبخت کو آگ لگے گی .

۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۱۱۳

میرے پیٹ ہی کو یہ آگ لگی کہ لڑکی خون کی پیاسی ہے .

۱۹۱۰ لڑکیوں کی انشا ، ۵۰

ـــ کو ٹکڑا نہ تن کو چیتھڑا کہاوت .

انتہائی افلاس اور تنگدستی کے موقع پر بولتے ہیں .

انعام اور ہاجرہ کی زندگی کا یہ انتظام انسانی زندگی کا بد ترین دور تھا ، پیٹ کو ٹکڑا نہ تن کو چیتھڑا .

۱۹۱۷ طوفان حیات ، ۶۲

ـــ کو ٹکیا نہیں سونے کو کھٹیا نہیں کہاوت .

رک : پیٹ کو ٹکڑا نہ تن کو چیتھڑا .

دہلی اہل کمال کہاں سے پیدا کرے ، پیٹ کو ٹکیا نہیں ، سونے کو کھٹیا نہیں .

۱۹۱۱ محاکمۂ مرکز اردو ، ۳۲

ـــ کو دھوکا دینا محاورہ .

رک : پیٹ پٹی باندھنا (مخزن المحاورات) .

ـــ کو روٹی ملنا محاورہ .

کم از کم ضرورت یا احتیاج کا پورا ہونا .

جی ہمارا کیا کمانا و مانا ، بس پیٹ کو روٹی مل جائے .

۱۹۴۷ قیامت بم رکاب ، ۵۶

ـــ کو روٹی نہ تن پر تار کہاوت .

رک : پیٹ کو ٹکیا نہیں سونے کو کھٹیا نہیں .

میسر پیٹ کو روٹی نہ تن پر تار باقی ہے
بس اک تار نفس ہے اور جان زار باقی ہے

۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۱۵۴

ـــ کو لگنا محاورہ .

۱. بھوک کا غلبہ ہونا ، زور کی بھوک یا اشتہا ہونا (مخزن المحاورات ، ۲۹۰؛ نوراللغات) .

۲. غذا کا جزو بدن ہونا .

فکر و غم ایک ایسی حالت ہے جس میں کوئی غذا پیٹ کو نہیں لگتی لیکن وہ اس سے بھی آزاد ہے .

۱۹۴۳ یاران میکدہ ، ۶۶

ـــ کو مرنا محاورہ .

بھوک کے لئے تگ و دو کرنا .

شہر میں کچھ جان ہو تو خبریں پیدا ہوں ، خلقت تو پیٹ کو مر رہی ہے ، ایک عالم میں سناٹا پھیلا ہے .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، طرحدار لونڈی ، ۲

ـــ کی انگار (ـــ فت ا ، غنہ) م ف .

(کنایۃً) سخت بھوک ، جوشش ، سخت جوش (جامع اللغات ، شیکسپیر ہندوستانی انگریزی لغت) .

ـــ کی آگ / آنچ (ـــ / مغ) امث .

۱. ماں کی مامتا ، الفت مادری .

ممانی جان یہ پیٹ کی آگ غضب ہے ، مامتا کی ماری جھٹ راضی ہو گئی ، اور بارہ سو کا زیور نکال آگے دھر دیا .

۱۹۱۰ لڑکیوں کی انشا ، ۴۳

۲. اولاد ، بال بچے .

مؤودہ بے گناہ . . . میرے پیٹ کی آگ ہے مجھ سے یہ نہ ہو گا کہ میں کھاؤں پیوں . . . یہ میرا منہ تکے .

۱۹۰۰ مؤودہ ، ۱۹

۳. بھوک ، اشتہا .

پیٹ کی آگ متاع ایمان کو خاکستر کردینے کے لئے بڑھ رہی ہے .

۱۹۳۹ تنقیحات ، ۳۰۴

ـــ کی آگ (ـــ آنچ) بجھانا محاورہ .

بھوکے کو کھلانا ، کسی کا پیٹ بھرنا ، کھانا کھلانا .

پتوں کا جو کوئی پیڑ پائے تو پیٹ کی آگ وہ بجھائے

۱۸۸۷ ترانۂ شوق ، ۱۲۵

دوسروں کے منہ سے نوالہ نہ چھینتے تو عزت اور پکڑ خانی کے ساتھ پیٹ کی آنچ کیوں کر بجھاتے .

۱۹۳۵ داودہ پنچ ، ۲۰ ، ۶ : ۶

ـــ کی آگ کو ٹھنڈا کرنا محاورہ .

رک : پیٹ کی آگ بجھانا .

اے بیگم بھوک کی تکلیف سے چھٹکارا دلوا اور پیٹ کی آگ کو ٹھنڈا کر .

۱۹۱۹ جوہر قدامت ، ۸۷

ـــ کی بات امث .

راز ، دل کا بھید .

عشق دنیا سے بے خبر ہے مگر
پیٹ کی بات جان لیتا ہے

۱۹۴۶ مشعل ، ۱۹۱

ـــ کی (کا) دوزخ پاٹنا محاورہ .

رک : پیٹ پاٹنا .

مرد بچہ تھا جہاں ہاتھ پاؤں مارتا پیٹ کی دوزخ پاٹنے کو روکھے سوکھے ٹکڑے مل جاتے .

۱۹۴۳ جنت نگاہ ، ۲۴

ـــ کی فکر (ـــ کس ف ، سک ک) امث .

روزی کی جستجو ، تلاش معاش (مہذب اللغات) .

ـــ کی کھری (ـــ فت کھ) صف ؛ مث ؛ مذ : پیٹ کا کھرا .

راز کو پوشیدہ رکھنے والی ، بھید کو ظاہر نہ کرنے والی .

عورتوں کی بہتیری باتیں چھپانے کی ہوتی ہیں اور جو پیٹ کی کھری تھیں ، انہوں نے چھپایا بھی بہت .

۱۸۹۱ ایامیٰ ، ۱۸۵

ـــ کی مار اسف .

بھوک کی تکلیف ، رزق کی کمی ، روزی سے محروم کر کے تکلیف پہنچانا .

ایک تو یوں ہی پیٹ کی مار پڑی ہوئی ہے اس پر شادی بیاہ میں . . . یہ فضول خرچیاں کی جائینگی تو اور بھی قسمت پھوٹ جائے گی .

۱۸۹۳ دلچسپ ، ۲ : ۱۷۲

خدا کی طرف سے پیٹ کی مار ہے ، دن رات فساد کا بیج بویا کرتے ہیں .

۱۹۳۰ بیگموں کا دربار ، ۱۰

ـــ کی مار دینا/مارنا محاورہ .

۱. عداوت یا تنبیہ کی غرض سے کسی کو بھوکا رکھنا ، بھوک کی سزا دینا .

دی غذا اچھی نہ اوس کو زینہار
پیٹ کی اوس کو ہمیشہ مار مار

۱۸۱۴ مثنوی ایجاد رنگین ، ۵۶

۲. (مجازاً) روزی کے ذریعے میں کمی کرنا .

ملکہ ! میں تمہاری خدمت میں رہوں گا ۔ مہرخ وغیرہ نے مجھ کو پیٹ کی بڑی مار دی ، میری کچھ قدر نہ کی .

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، قمر ، ۵ : ۴۵۵

ـــ کی ماری ہوئی صف مث ؛ مذ : پیٹ کا مارا ہوا .

بھوکی ، فاقہ زدہ .

مجھ کو بچپن کے زمانے ہی سے ہر صبح و مسا
پیٹ کی ماری ہوئی مخلوق دیتی ہے صدا

۱۹۳۳ سیف و سبو ، ۳۲

ـــ کی مامتا اسث .

ماں کی محبت (جامع اللغات) .

ـــ کی مچھلیاں (ـــ ف م ، سک چھ ، کس ل) اسث .

پیٹ میں رگوں کا موٹا جال ، نمز وہ نشان جو زچگی کے بعد پیٹ پر پڑ جاتے ہیں .

اس کے ساتھ دیا فرغمہ Diaphragm یعنی پردہ اور پیٹ کی مچھلیاں بچے کو ڈھکیلنے کے واسطے کمک دیتے ہیں .

۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۶۸

ـــ کے آگے نا ہے کہاوت .

پیٹ بھرا ہوا آدمی کھانے سے انکار کر دیتا ہے (علمی اردو لغت) .

ـــ کے بال امذ .

ہمدائشی بال .

ابھی پیٹ کے بال نہیں اترے دونوں وقت ملتے بچے کو باہر نہ لے جاؤ .

۱۹۵۸ مہذب اللغات

ـــ کے بگاڑ سے سارے بگاڑ ہیں کہاوت .

ساری بیماریاں فساد معدہ سے ہوتی ہیں (نجم الامثال، ۱۳۲).

ـــ کے بل م ف .

اوندھا .

بعض اوقات جنین اپنے پیٹ کے بل خارج ہوتا ہے .

۱۹۴۷ جراحیات زہراوی ، ۱۲۵

ـــ کے پانو باہر نکالنا محاورہ .

۱. رک : پیٹ سے پانو باہر نکالنا (پلیٹس) .

۲. بے بنیاد باتیں کرنا ، کمینہ پن کا اظہار کرنا (شیکسپیر ہندوستانی انگریزی لغت) .

ـــ کے گن کون جانے کہاوت .

باطن کا حال کسی کو معلوم نہیں (نجم الامثال ، ۱۳۲) .

ـــ کے لیے/واسطے م ف .

کسب معاش کی خاطر ، روزی بہم پہنچانے کی غرض سے .

عالم کو لوٹ کھایا ہے اک پیٹ کے لیے
اس غار میں گئی ہیں ہزاروں کی غارتیں

۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۱۱۷

ـــ کے لیے دوڑنا محاورہ .

تلاش معاش میں سرگرداں رہنا ، فکر معیشت میں مارے مارے پھرنا (نوراللغات) .

ـــ کھائے اور آنکھ لجائے ، زبان لڑکھڑائے کہاوت .

آدمی جس کا دیا کھاتا ہو یا جس کا محتاج ہو اس کے سامنے شرم سے کوئی ایسی بات نہیں کہہ سکتا جو اسے ناگوار گزرے .

ان بزرگوں نے عموماً تعلیم و تلقین کو وجہ معاش بنا رکھا ہے تو پیٹ کھائے اور آنکھ لجائے زبان لڑکھڑائے ہوہی جاتا ہے اسی کا نام ہے مداہنت .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۲ : ۴۴۹

— کھُرچن (— ضم کھ ، سک ر ، فت چ) اسٹ .

رک : پیٹ پونچھن ، بچھلا بچہ (نوراللغات) .

[پیٹ + کھرچن (رک)]

— کُھل جانا محاورہ .

بھوک بڑھ جانا .

لوگ انگلیاں چاٹ چاٹ کے کھانا کھانے لگے اور تو میں نہیں جانتی پیٹ کھل گئے بھوکیں بڑھ گئیں .

۱۹۲۶ نوراللغات

— کھُلکھلا جانا محاورہ .

دست آنے کی کیفیت پیدا ہوجانا (مہذب اللغات) .

— گدرانا محاورہ .

۱. حمل کی علامت ظاہر کرنا (نوراللغات) .

۲. چھٹے یا ساتویں مہینے کی منزل پر حمل کا پہنچنا (نوراللغات) .

— گرانا محاورہ .

استقاط حمل کرنا ، اخراج جنین کرنا .

اکثر چھٹویں یا دسویں یا بارویں ہفتے . . . ان عرصوں کے وقت پیٹ گرانے سو علتوں سے بہت خبرداری کیا چاہیے .

۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۶۰

پیٹ گرانا اگرچہ اب ایک معاشی ضرورت سمجھا جانا ہے لیکن ہم تو منصوبہ بندی پر زور دیتے ہیں .

۱۹۶۰ خاندان اور مرد ، ۴۲

— گرنا محاورہ .

پیٹ گرانا (رک) کا لازم .

اگر انڈا رحم کے اندر وار سطح سے جدا ہو کر نکلے تو اس کو استقاط حمل یا پیٹ گرنا کہتے ہیں .

۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۵۷

چل گاڑی شہر میں چلے گی تو اس کی گڑ گڑاہٹ سے پیٹ والیوں کے پیٹ گرجایا کریں گے .

۱۹۳۳ فراق (ناصر نظیر) ، لال قلعہ کی ایک جھلک ، ۲۴

— گروانا محاورہ .

پیٹ گرانا (رک) کا تعدیہ .

جو عورتیں پیٹ گرواتی ہیں . . . بہت برا کام کرتی ہیں .

۱۷۷۱ تفسیر مرادیہ ، ۱۳۸

— گڑ گڑانا محاورہ .

پیٹ میں قراقر ہونا (نوراللغات ، فرہنگ آصفیہ) .

— لگ جانا محاورہ .

بھوک سے پیٹ کا اندر کی طرف دھنس جانا ، بھوکا مرنا (مخزن المحاورات ، ۳۹۰) .

— لگا ہونا/رہنا محاورہ .

کھانا پینا یعنی انسان کو زندگی کی بنیادی ضروریات کی احتیاج ہونا .

جب اسی عالم مطلق . . . ظہور دیا کہ آدمی کے ساتھ پیٹ لگا ہے اور بھوک کی خواہش اس کے ساتھ ہے تو شان رزاقی . . . متوجہ ہوئی .

۱۸۷۹ خرمن زراعت ، ۱۳۳

— لگنا محاورہ .

بھوک کی علامت کا ظاہر ہونا (فرہنگ آصفیہ) .

— مارنا محاورہ .

۱. بھوک سے کم کھانا ، کھانے میں کمی کرنا ، پیٹ خالی رکھنا .

نظر آیا جو پیٹ ساقی کا شیشۂ مے نے اپنا مارا پیٹ

۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۴۶

۲. خود کشی کرنا ، پیٹ میں چھری مار لینا ، اپنی جان پر کھیل جانا .

اگر اسے ہم کچھ کڑی بات کہیں گے تو یہ اپنا پیٹ مارے گا .

۱۸۰۳ اخلاق ہندی ، ۱۴۹

۳. نفس کشی کرنا (جامع اللغات) .

۴. پیٹ پیٹنا ، جلنا .

اہل حسد پیٹ مارنے لگے .

۱۸۴۵ نغمۂ عندلیب ، ۴۳

— مرانی (— فت م) صف مث .

۱. وہ عورت جو معاش کی خاطر بدکاری کرے ، فاحشہ ، رنڈی (جامع اللغات) .

۲. وہ عورت جو پیٹ کے لیے محنت کرے (ہلیٹس) .

[پیٹ + مرانی ، مرانا (رک) سے]

— مسوسنا محاورہ .

رک : پیٹ کاٹنا (مجازاً) تکمیل آرزو سے محرومی کے باعث تلملانا .

کب تک کوئی اے جان بھلا پیٹ مسوسے
دکھلا دے کبھی بہر خدا ایک نظر ناف

سراپا سخن ، ۳۲۹ ۱۸۶۱

— مَلوانا محاورہ .

پیٹ کی مالش کرانا ، ناف یا نلوں کے ٹل جانے سے جو تکلیف ہو گئی ہو اس کی اصلاح کرانا (نوراللغات) .

— میٹ کام سمیٹ کہاوت .

پہلے کام ختم کر پھر کھانے کو مانگ (مہذب اللغات) .

— میں اُبھار ہونا محاورہ .

پیٹ پھولنا ، پیٹ میں نفخ ہونا (جامع اللغات) .

تمہارے بچے کے پیٹ میں ابھار ہے آج اس کو دودھ نہ دینا .

مہذب اللغات ۱۹۶۲

— میں انگارے بھرنا محاورہ .

مال حرام کھانا .

جو لوگ ناحق یتیموں کے مال کو خرد برد کرتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں انگارے بھرتے ہیں .

نوراللغات ، ۲ : ۱۸۰ ۱۹۲۴

— میں آڑ ہونا محاورہ .

بچوں کے پیٹ میں قبض کی وجہ سے درد ہونا (مہذب اللغات) .

— میں آزار ہونا محاورہ .

۱. پیٹ میں کوئی ایسی بیماری ہونا جو سمجھ میں نہ آئے .

بچہ نہیں ہے پیٹ میں آزار ہے کوئی
دائی کو باجی بھیجئے اپنی ضرور آپ

جان صاحب (نوراللغات) ۱۸۷۹

۲. جس شخص کو کھانا کھانے سے کسی طرح سیری نہ ہو اس کی نسبت کہتے ہیں کہ پیٹ میں آزار ہے یعنی جوع البقر کا مرض ہے (نوراللغات) .

— میں آگ لگنا محاورہ .

۱. بھوک کی وجہ سے بے قرار ہو جانا ، بھوک سے تڑپنا .

آخر طاقت نہ رہی اور پیٹ میں آگ لگی .

باغ و بہار ، ۱۴۳ ۱۸۰۲

بہت سے بھوکے بھیڑیے جن کے پیٹ میں ہمیشہ آگ لگی رہتی ہے بول اٹھے .

زلفی ، ۲۶ ۱۹۰۱

۲. رک : پیٹ کو آگ لگنا (ا پ و ، ۷ : ۶۰) .

— میں آنا محاورہ .

حمل قائم ہونا .

بی کے علم پر ڈھٹیاں باندھ باندھ کر تھک گئے تب کہیں جا کر پیٹ میں آئی .

جگنو اور ستارے ، ۱۰۷ ۱۹۶۳

— میں آنت نہ منہ میں دانت کہاوت .

بوڑھا پھوس ، بہت ہی بوڑھا (نوراللغات) .

— میں بات پچنا محاورہ .

راز رکھنا ، پیٹ کا ہلکا نہ ہونا .

کچھ اچھی بات ہوتی جیتے جی میرے منہ سے نکلتی ، پر یہ بات میرے پیٹ میں نہیں پچ سکتی .

رانی کیتکی کی کہانی ، ۳۳ ۱۸۰۳

— میں بات رکھنا محاورہ .

کسی سے دل کا بھید نہ کہنا ، راز مخفی رکھنا (مخزن المحاورات ، ۲۹۱) .

— میں بات نہ ٹکنا/سمانا محاورہ .

راز نہ چھپایا جانا ، بھید ظاہر کردینا .

ان کے پیٹ میں بات نہیں سماتی ، یہ مزاج دار بہو ہیں کہ کسی کو اپنا بھید نہ دیں .

مراۃ العروس ، ۱۳۳ ۱۸۶۸

تمہاری عادت ہے کہ ادھر کوئی بات سنی اور محلے بھر میں ڈگی پیٹ آئیں ، تھوڑی دیر کو بھی تمہارے پیٹ میں بات نہیں ٹکتی .

مہذب اللغات ۱۹۶۲

— میں بات نہ رہنا محاورہ .

رک : پیٹ میں بات نہ ٹکنا .

اس کے پیٹ میں بات نہیں رہتی ، جو گھر میں سنتی ہے سو باہر پرکاش کر دیتی ہے .

بریم ساگر ، ۱۲۴ ۱۸۰۳

— میں بَل پڑنا / پڑ پڑ جانا محاورہ ۔

۱۔ ہنسی کے مارے پیٹ میں درد ہونے لگنا ، ہنسی کی شدت سے پیٹ میں شکن پڑنا ۔

خدائی فوجدار کے سودائی پن کا حال پڑھ کر پیٹ میں بل پڑ پڑ جائیں گے ۔

۱۸۹۲ خدائی فوجدار ، ۱ : ۴

نیلوفر پاگلوں کی طرح اونچے اونچے قہقہے لگا رہی تھی ، مارے ہنسی کے پیٹ میں بل پڑ رہے تھے ۔

۱۹۶۲ معصومہ ، ۸۱

۲۔ بھوک کی شدت سے پیٹ میں مروڑ ہونا ۔

میرے پیٹ میں بل پڑ رہے تھے اور خوبن اکڑ رہی تھی ۔

۱۹۳۲ بیلہ میں میلہ ، ۳۱

— میں بَل ڈالنا محاورہ ۔

بہت زیادہ ہنسانا ۔

خوبن عورت کیا آفت کا پرکالا تھی آتے ہی مارے ہنسی کے پیٹ میں بل ڈالدیے ۔

۱۹۳۲ بیلہ میں میلہ ، ۲۹

— میں بیٹھنا / بیٹھنا محاورہ ۔

۱۔ دوست بن کر مطلب نکالنا ، اپنے مطلب کے لیے کسی کو دوست بنانا ، نہایت قرب حاصل کرنا (خواہ کچھ مقصد ہو) ، بھید لینا ۔

انھوں نے پیٹ میں بیٹھ کر سب حال مجھ سے پوچھا ۔

۱۸۸۰؟ ربط ضبط ، ۲ : ۷

۲۔ اندروں یا باطن سے واقف ہونا ۔

میں اس کے پیٹ میں تھوڑے ہی بیٹھی تھی ، بھیک مانگنے آئی تھی ، دے دی ، کسی کے دل کا حال کوئی کیا جانے ۔

۱۹۳۶ پریم چند ، خاک پروانہ ، ۱۴

— میں پالنا محاورہ ۔

(مجازاً) کوئی بات دل میں رکھنا ، فکر کرنا ۔

کچھ اوپر آٹھ مہینے ہوئے کہ اس غم کو پیٹ میں پال رہی ہوں ۔

۱۹۲۶ نوراللغات

— میں پانی پڑ جانا محاورہ ۔

ایک بیماری جس میں گردے اس قدر خراب ہو جاتے ہیں کہ پیشاب خارج نہیں ہوتا اور پیٹ میں جمع ہو جاتا ہے، جلندھر ۔ (ماخوذ : جامع اللغات) ۔

— میں پانی پڑنا محاورہ ۔

۱۔ خوف کے مارے دست آنے لگنا ۔

پانی مسی سے پڑ گیا بدلی کے پیٹ میں
بجلی تڑپ گئی جو وہ دنداں چمک گئے

۱۸۷۰ الماس درخشاں ، ۲۵۵

۲۔ فکر مند ہونا ، پریشان ہونا ۔

نہ تو بچہ سوتا اٹھا ، نہ خدمتگار آیا ، اور نہ میاں روپے لے کر پھرے ۔ اس وقت بزاز کے پیٹ میں پانی پڑا ، بہت سٹپٹایا ۔

۱۹۳۷ قصص الامثال ، ۲۲۳

— میں پانی نہ پچنا محاورہ ۔

پیٹ کا ہلکا ہونا ، راز چھپا نہ سکنا ، کسی کی بات کو کسی سے کہہ دینا ، بات کا ظاہر ہو جانا ۔

شیشے کی طرح پیٹ میں پچتا نہیں پانی
ہی ہے مئے غم راز چھپایا نہیں جاتا

۱۸۵۸ سحر (نوراللغات)

— میں پانی ہونا محاورہ ۔

رک : پیٹ پانی ہونا (نوراللغات) ۔

— میں پانو پسارنا محاورہ ۔

ایک ماں کے پیٹ میں جنم لینا ، سگا یا حقیقی بھائی یا بہن ہونا ، (مخزن المحاورات ، ۲۹۱) ۔

— میں پانو پھیلانا محاورہ ۔

۱۔ بہت مکاری کرنا ، دوسرے کو نقصان پہنچانے کی تدابیر کرنا ؛ رک : پیٹ میں پھیٹنا ۔

انھیں اب ایسا نظر آرہا تھا کہ اگر عیدو کے پیٹ میں پاؤں پھیلا کر لاڈو کا سارا بھید لے لیا تو پھر فضلے کو گانٹھ کر لاڈو کو چھڑا لینا کوئی مشکل کام نہیں ہے ۔

۱۹۵۳ مجل سرا ، ۲۲۵

۲۔ ایک ماں کے بطن سے ہونا ۔

برادری والے کہیں گے بہن کو بہن نے مار ڈالا اور خیال اس کا بھی آجاتا ہے کہ ہم نے اور تو نے ایک پیٹ میں پاؤں پھیلائے ہیں ، ایک ماں کا دودھ پیا ہے ۔

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۱۸۹

— میں پانو ہونا محاورہ ۔

نہایت مکار ہونا ، پیٹ میں گن بھرے ہونا ، (یہ محاورہ سانپ سے لیا گیا ہے کیونکہ اس کے پانو دکھائی نہیں دیتے ، ایسے شخص کے حق میں بولتے ہیں جو ظاہر میں غریب اور باطن میں سب گنوں پورا ہو) (ماخوذ : مخزن المحاورات ، ۲۹۱) ۔

— میں پٹھو (کس پ، شد ٹھ، و مع) امذ.

(بچوں کا کھیل) اگر کسی کھیل میں بچوں کی تعداد طاق ہو تو تقسیم کرنے میں جس طرف ایک کم رہے اس طرف کا ایک بچہ اپنے آپ کو ایک اور کھیلنے والا فرض کر کے دو کے برابر خیال کرتا ہے.

کوئی اکیلا نہیں دکھائی دیتا، ہر ایک کے پیٹ میں پٹھو ہے.

۱۹۵۴ پیر نا بالغ، ۷۸

— میں پڑا چارا تو کودنے لگا بے چارا کہاوت.

۱. مال دار ہو کر دون کی لینا، دولت مندی کی وجہ سے پچھلی حالت کو بھول جانا (نجم الامثال، ۱۳۲).

۲. کھایا تو طاقت آئی؛ مدد ملی تو شرارت کی (نوراللغات).

— میں پڑنا محاورہ.

۱. کسی کھانے کی چیز کا پیٹ میں جانا، حلق سے نیچے اترنا، کھانے کو ملنا.

مگر جب پیٹ میں پڑتا ہے دانہ
بہر حال اس کو تب ماضی زمانہ

۱۸۶۱ الف لیلہ نو منظوم، ۲: ۳۷۸

ان نامرادوں کا تو یہی ہے، جہاں پیٹ میں پڑی اور اُدھلیں.

۱۹۱۰ لڑکیوں کی انشا، ۴۴

۲. نطفہ قرار پانا، حمل رہنا.

میں اس گھڑی کو یاد کر کے روتی ہوں جس گھڑی یہ لڑکا پیٹ میں پڑا تھا.

۱۹۴۳ (اپ و، ۷: ۶۱)

— میں پڑی بوند نام رکھا محمود کہاوت.

کام کے آغاز ہی پر اس کی تعریفیں کرنا (گنجینۂ اقوال و امثال، ۷۶).

— میں پڑی جب دور کی سوجھی، بھوک لگی تندور کی سوجھی کہاوت.

بے فکری عجب شے ہے یعنی بے فکری میں بڑے بڑے خیالات پیدا ہوتے ہیں (نجم الامثال، ۱۳۳).

— میں پڑے تو عبادت سوجھے کہاوت.

پیٹ بھرا ہو تو عبادت کا خیال آتا ہے بھوکے سے عبادت نہیں ہوتی (جامع اللغات).

— میں پیٹھنا محاورہ.

رک: پیٹ میں بیٹھنا؛ پیٹ میں گھسنا، دوست بنانا (نوراللغات).

— میں ٹکڑا ڈالنا محاورہ.

کھانا دینا، کھانے پینے کی کفالت کرنا.

خان صاحب... کچھ ہی کرو مگر مہمانوں کے پیٹ میں ٹکڑا ڈال دو.

۱۹۱۷ طوفان حیات، ۱۶

— میں چوہوں کا قلا بازی کھانا محاورہ.

بے انتہا بھوک لگنا، بھوک سے بے تاب ہونا (نوراللغات).

— میں چوہوں کی گھوڑ دوڑ ہونا محاورہ.

رک: پیٹ میں چوہے دوڑنا (نوراللغات).

— میں چوہے چھوٹنا محاورہ.

۱. گھبرا جانا، سٹ پٹا جانا، کسی کے خوف کے باعث کمال اضطراب اور اضطرار ہونا، نہایت تشویش ہونا، پول ہونا.

میاں آزاد کے پیٹ میں چوہے چھوٹے کہ بڑی بے ڈھب ہوئی.

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد، ۱: ۱۰۵

یہ سنتے ہی دروغہ جی کے پیٹ میں چوہے چھوٹے کہ خدا خیر کرے آج کچھ دال میں کالا ہے.

۱۹۱۱ قصہ مہر افروز، ۷۴

۲. بھوک سے بے قرار ہونا، بھوک کے مارے قل ہونا (فرہنگ آصفیہ).

— میں چوہے دوڑنا محاورہ.

رک: پیٹ میں چوہے چھوٹنا.

ادھر شاہ ایران کے پیٹ میں چوہے دوڑنے لگے سر دیوار سے توڑنے لگے.

۱۸۴۵ نغمۂ عندلیب، ۱۰۱

پیٹ میں چوہے دوڑ رہے تھے، جوں جوں دیر لگتی تھی ان غریب کا خون خشک ہو رہا تھا.

۱۹۱۷ شام زندگی، ۱۳۸

— میں چیونٹے کی گرہ ہونا محاورہ.

بے کھانے جینا، بہت کم خوراک ہونا، (عورتیں کم خوراک آدمی کے بارے میں طنزاً کہتی ہیں جو اپنے تئیں نازک سمجھے).

نہیں معلوم پیٹ میں چیونٹے کی گرہ ہے یا کیا آفت ہے کہ پورا ایک نوالہ تو کھایا جاتا ہی نہیں .

۱۹۱۰ راحت زمانی ، ۴

— میں دَم نہ سمانا محاورہ .

سانس پھولنا ، تھک جانا .

چلنے کی جو عادت نہ تھی پیٹ میں دم نہ سماتا تھا .

۱۸۹۰ فسانۂ دلفریب ، ۵

بے حد گھبراہٹ ظاہر کرنا .

کہیں اڑتی اڑتی خبر سن آئے ہیں کوئی رنڈی لونڈی خریدنے پر جواب دہی میں گرفتار ہے اب میاں کے پیٹ میں سانس نہیں سماتی .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، طرح دار لونڈی ، ۳۳

— میں ڈاڑھی ہونا محاورہ .

بچپن میں بوڑھوں کی سی باتیں ظاہر ہونا (چالاک لڑکے کی نسبت بولتے ہیں) .

اب کے زمانے کے لونڈوں کے پیٹ میں نکوڑی ڈاڑھیاں ہیں .

۱۸۷۷ طلسم گوہربار ، ۲۴

— میں ڈالنا محاورہ .

۱. بے رغبتی سے کھانا ، زہر مار کرنا؛ کوئی بات یا مشورہ گوش گذار کرنا (جامع اللغات) .

۲. دوسرے کو کھلانا .

اچھی بری جو میسر ہوئی پہلے ان کے پیٹ میں ڈال دی پھر آپ منہ پر رکھی .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۲۰۲

— میں رکھا رہنا محاورہ .

غذا یا کھانا ہضم نہ ہونا .

ہم لوگ دن رات لحدیوں کی طرح نکمے پڑے رہتے ہیں کھانا جیسا کھایا ویسا ہی پیٹ میں رکھا رہا نہ ہضم درست ہے نہ کھل کر بھوک لگتی ہے .

۱۸۷۲ بنات النعش ، ۴۸

— میں رکھنا محاورہ .

چھپانا ، ظاہر نہ کرنا ، پوشیدہ رکھنا .

منجے پیٹ میں رک (رکھ) لے اتبار توں
نکو کر منجے کٹیں گرفتار توں

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۸۱

میرے عیبوں کو اپنے پیٹ میں رکھ چھوڑا تھا لیکن میری تلاش میں تھیں .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۶۰

— میں سے پانو نکالنا محاورہ .

رک : پیٹ سے پانو نکالنا .

بس ذرا دور ہی سے بات چیت رہے ، اب تو آپ نے پیٹ میں سے پاؤں نکالے .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۲۰۲

— میں قراقر ہونا محاورہ .

رک : پیٹ بولنا (مہذب اللغات) .

— میں کھل بلی پڑنا/مچنا محاورہ .

گھبراہٹ ہونا ، پریشانی ہونا .

یہ خبر سنتے ہی میاں حرفہ ریوڑی کے پیٹ میں کھل بلی مچی .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، حاجی بغلول ، ۹۹

— میں گُدگُدی اُٹھنا محاورہ .

ہنسی معلوم ہونا (مہذب اللغات) .

— میں گڑبڑ ہونا محاورہ .

رک : پیٹ بولنا (مہذب اللغات) .

— میں گُن بھرے ہونا محاورہ .

باطن میں شرارت ہونا .

کوئی دیکھے ان کی غریبی ذرا
مگر پیٹ میں ان کے ہے گن بھرا

۱۸۸۰ طلسم جہان ، ۶۶

یہ کیا معلوم تھا کہ اس کے پیٹ میں یہ گن بھرے ہیں .

۱۹۳۲ مضامین فرحت ، ۵ : ۷۴

— میں گیدڑیاں دوڑنا محاورہ .

رک : پیٹ میں چوہے دوڑنا (نوراللغات) .

— میں گُھسنا محاورہ .

رک : پیٹ میں بیٹھنا .

جانا تھا کہ پکا پان ہے ، آج نہ مری کل مری ۔ اس کے پیٹ میں گھس کر جو کچھ جمع جکھڑی ہے ، موس لیں .

۱۹۴۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۲۶۲

— میں گھسے تو بھید ملے کہاوت .

کسی سے بہت دوستی ہو جائے تو راز معلوم ہوتا ہے (جامع اللغات) .

— میں گھوڑے دوڑنا محاورہ .

قراقر ہونا ، پیٹ میں گڑ بڑ ہونا (مہذب اللغات) .

— میں لینا محاورہ .

غذا کھانا ؛ برداشت کرنا ؛ ضبط کرنا (پائیٹس) .

— میں ہول اٹھنا/سمانا محاورہ .

پریشان ہونا ، بہت گھبرانا .

دیکھا جو مجکو پیٹ میں زاہد کے ہول اوٹھا
دیتے نہیں ہیں اوسکے تئیں آب و رنگ دست

۱۷۸۲ دیوان محبت (ق) ، ۴۲

کوئی گرفتار ہوا ، سرکار کے پیٹ میں ہول سمائی ہوئی ہے .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، طرحدار لونڈی ، ۳۳

صادقہ . . . ہر طرف نگاہ دوڑاتی تھی مگر کوئی نظر نہ آتا تھا کہ اس آڑے وقت میں کام آ جائے ، پیٹ میں ہول اٹھ رہے تھے .

۱۹۱۷ طوفان حیات ، ۲۳

— میں ہونا محاورہ .

ذہن میں کسی یاد داشت کا ہونا مگر بر وقت زبان پر نہ آنا .

دیکھو بھلا سا نام ہے ، پیٹ میں ہے منہ میں نہیں آتا .

۱۹۵۹ محمد علی ردولوی ، گناہ کا خوف ، ۱۲۹

— نتھنوں تک آٹا ہونا محاورہ .

پیٹ بھرا ہونا .

جس کا پیٹ نتھنوں تک اٹا ہوا ہو وہ کیا جہاد کے لیے تلوار اٹھائے گا .

۱۹۱۵ نیرنگ فصاحت ، ۳۰۸

— نہ بھرنا محاورہ .

۱. بھوک کی خواہش پوری نہ ہونا .

لیکن ان سے بھوکے کا پیٹ نہیں بھرا جا سکتا .

۱۹۷۶ زرگزشت ، ۱۳

۲. مطمئن نہ ہونا ، سیر نہ ہونا .

نہیں او ہی اولاد سے پیٹ بھرتا
خدا جب یہ دولت دے دولت نئی ہے

۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۳۱۷

۳. ہوس پوری نہ ہونا ، نیت سیر نہ ہونا ، جی نہ بھرنا .

گنج قارون اگر اچھے گا تو ہی دیتے دیتے سرے گا ، ولے بے شرم کا منگتے منگتے پیٹ نا بھرے گا .

۱۶۳۵ سب رس ، ۴۴

کیونکہ ہو سیری حسن سوں تیرے
دھوپ کھانے سوں پیٹ بھرتا نہیں

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۶۲

کیا بیاں خوبی شکم کو کرے
دیکھنے سے کبھی نہ پیٹ بھرے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۹۴۳

رانا نے جواب دیا ابھی پیٹ نہیں بھرا ، آٹھ ہزار تو میرے قبیلے کے لوگ تیری بھینٹ چڑھ چکے ہیں .

۱۹۳۹ افسانۂ پدمنی ، ۱۱۶

— نہیں مانتا کہاوت .

بھوک کی برداشت نہیں ہوتی .

یہ کہنا کہ پیٹ نہیں مانتا ، مجبوری سے چوری کرنا پڑتی ہے ، بے ہودہ بات ہے .

۱۹۲۶ نوراللغات

— والی صف مث .

حاملہ .

لولا لنگڑا یہاں تک کہ پیٹ والی عورت بلکہ جنی جچا تک تماشے کو نکلی .

۱۸۰۲ نثر بے نظیر ، ۳۳

وہمی عورتیں پیٹ والیوں کو بھی اس جگہ سے بچاتی ہیں .

۱۹۰۵ رسوم دہلی ، ۲۵

— ہڑ بڑانا محاورہ .

پیٹ میں گڑ بڑ یا قراقر ہونا (نوراللغات) .

— ہونا محاورہ .

رک : پیٹ سے ہونا .

تجھ کو بھی ہے سات مہینے کا پیٹ . . . ہاتھ آوے زر .

۱۸۸۹ حافظ عبداللہ کے ڈرامے ، ۱۰ : ۱۱۲

— ہے یا بے ایمان کی قبر کہاوت .

بہت بڑے پیٹ والے کو مذاقاً کہتے ہیں (جامع اللغات) .

— ہے یا چمڑے کی پکھال کہاوت .

بہت زیادہ کھانے پینے والے کی نسبت کہتے ہیں .

خم کے خم ہی گئے ہیں اک حضرت
پیٹ ہے یا پکھال چمڑے کی

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۷۸

— ہے یا خواجہ خضر کی زنبیل/عمر عیار کی زنبیل کہاوت .

(جس کے پیٹ میں الا بلا اترتی چلی جائے اور کبھی کھانے سے منھ نہ موڑے ایسے آدمی کے پیٹ کو خواجہ خضر کی زنبیل کہتے ہیں ، حضرت خضر علیہ السلام کے بارے میں مشہور ہے کہ ان کے پاس ایک زنبیل تھی جس میں ہر چیز سما جاتی تھی بعض دفعہ عمر عیار کی زنبیل بھی کہتے ہیں) (ماخوذ : ضرب الامثال ، ۳۰) .

— ہے یا کٹھار کہاوت .

رک : پیٹ ہے یا چمڑے کی پکھال (جامع اللغات) .

پیٹا (۱) (ی مج) امذ .

۱.(i) (پتنگ بازی) اڑتی ہوئی پتنگ کی ڈور کا جھول جو کم ہوا یا وزنی ہونے کے باعث ڈور میں ڈھیل کے پیدا ہونے سے نمایاں ہوتا ہے .

اسی میں اپنا خط شوق باندھ دوں گا میں
ترے پتنگ کا پیٹا جو میرے گھر لٹکا

۱۸۵۴ دیوان اسیر ، ۲ : ۶۹

پیٹے سے پیٹا ملا کے چار ہات ڈھیل کے دیتا ہوں .

۱۹۵۴ اپنی موج میں ، ۳۲

(ii) پتنگ کا کانپ کے اندر کا حصہ .

ثابت ترے پتنگ کا پیٹا نہیں رہا
کیا تجھ کو یہاں کا دھیان بھی پیٹا نہیں رہا

۱۹۴۵ سنبل و سلاسل ، ۳۷

۲. دریا کے بہنے کا راستہ ، دریا کا پاٹ .

ان ٹیلوں کے دامنوں میں آب زلال کا مہین دھارا . . ایک کے پیٹے سے بہتا ہوا آتا ہے .

۱۸۴۸ تاریخ ممالک چین ، ۱ : ۱۷۸

دریا برابر کناروں کو کاٹتا اور گہرا ہوتا چلا جاتا ہے . . . مگر پھر بھی اپنا پیٹا نہیں چھوڑتا .

۱۹۲۱ شمع ہدایت ، ۱۳۵

۳. (سنگ تراش) پتھر کی سل کا مسطح اور ہموار رخ ، صاف اور سیدھی رو کار .

فرش کے پتھر ہموار پیٹے کے ہونے چاہئیں .

۱۹۳۹ اپ و ، ۱ : ۵۴

۴. دور ، گولائی ، گھیر ، قطر .

جو تارے زمین سے پاس ہیں یعنی ان کی دوری لاکھوں کوس کے پیٹے کے اندر ہی اندر ہے ، دوربین کی مدد سے ان کے حالات کسی قدر زیادہ دریافت ہوئے ہیں .

۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۳۱۹

۵. (زرہافی) جنتر یا جنتری کا سوراخ جس میں سے تار کھینچ کر پتلا کیا جاتا ہے ، ہارا (اپ و ، ۲ : ۱۷۶) .

۶.(i) (قصاب) حیوانات کا اوجھ ، چھوٹے جانور مثل بھیڑ بکری وغیرہ کا معدہ . اوجھڑی (اپ و ، ۳ : ۸۳ ؛ فرہنگ آصفیہ) .

(ii) پیٹ ، شکم (پلیٹس) .

۷. (کنگھی سازی) کنگھی کے دونوں طرف کے دانتوں کے درمیان حد فاصل (اپ و ، ۴ : ۹۱) .

اف : چھوڑنا ، رکھنا .

۸. (سان گری) سان کے گردے یا گھیرے یعنی چکلے کا بغلی رخ ، سان (اپ و ، ۸ : ۱۶) .

۹. چوڑائی ؛ لمبائی .

آٹھ جو متوسط عرض کے رخ پیٹے سے پیٹا ملا کر = انگل .

۱۹۰۷ مخزن الفوائد ، ۲ : ۲۶۰

۱۰. بھی کھانے کے بنے (ورق) کا متن یعنی حاشیے کے اندر کی جگہ ، مراد : اصل تحریر جو صفحے کا حاشیہ چھوڑ کر لکھی جائے نیز تفصیل حساب جو ایک مد کے اندر لکھی جائے .

پیٹے کے تینوں خانوں میں ہر رقم کی تفصیل لکھی جاتی ہے .

۱۹۱۵ مہاجنی حساب ، ۱۴

۱۱.(i) جوف ، کسی چیز کا وسط .

جب ہم سمندر کے کنارے کھڑے ہو کر کسی جہاز کو جاتا دیکھتے ہیں تو جہاز کے نیچے کا حصہ یا پیٹا غائب ہو جانے کے بعد بھی ہمیں اس کے بادبان اور مستول بہت دیر تک دیکھائی دیتے رہتے ہیں .

۱۹۳۴ جغرافیۂ عالم ، ۲ : ۱۶

(ii) نہر یا دریا کا جوف .

نہر پیٹے میں سیسہ کے نل ڈالے تاکہ پانی ہر قسم کی گندگی سے محفوظ رہے .

۱۹۶۹ اندلس تاریخ ادب ، ۷۷

۱۲. کسی تنی ہوئی چیز کا جھول (نوراللغات) .

۱۳. حمایت ، ناہو ، بس .

اگر رقیب کے پیٹے میں وہ نہیں اے رشک
تو پھر پتنگ اڑانے کو کون کہتا ہے

۱۸۶۷ رشک (نوراللغات ، ۲ : ۱۸۲)

۱۴۔ (i) اندازے کے مطابق عمر کا قیافہ یا حد۔
عمر کوئی پچاس کے پیٹے میں بال کھچڑی، شکل صورت سے رئیس معلوم ہوتا تھا۔
۱۸۹۲ خدائی فوجدار، ۴۹
اس وقت وہ کم از کم ستر برس کے پیٹے میں ہوں گے۔
۱۹۷۰ غبار کارواں، ۱۳۴
(ii) تخمینے کے حساب سے، قریب قریب، لگ بھگ۔
چوبیس سو کی جائداد ان کی بارہ سو کے پیٹے میں آکے بتھے لگی۔
۱۹۲۷ 'اودھ پنچ، لکھنؤ، ۱۲، ۲۶: ۳
[س: پیٹکہ: पेटक]

— پانی امذ۔

زور شور کا مینھ۔
اتنے میں دھوندھکار گھٹا اٹھی، پیٹا پانی پڑنے لگا اور آدھی رات تک برسا۔
۱۹۲۹ 'اودھ پنچ، لکھنؤ، ۱۴، ۱۹: ۵
[پیٹا + پانی (رک)]

— پیٹ (ی مج) صف۔

موسلا دھار، زور شور کی۔
تڑختی ہوئی دھوپ میں چٹختی اور پیٹا پیٹ بارشوں میں بھیگتی سڑک کسی کی بدخواہ نہیں ہو سکتی۔
۱۹۶۹ وہ جسے چاہا گیا، ۱۲۲
[پیٹا + پیٹ (رک)]

— توڑنا محاورہ۔

۱۔ (پتنگ بازی) اڑتے ہوئے کنکوے کی ڈور کو بیچ سے توڑ لینا (نوراللغات)۔
۲۔ (پتنگ بازی) اڑتی ہوئی پتنگ کی لٹکی ہوئی ڈور کا جھول نکالنا، جھول نہ رہنے دینا (فرہنگ آصفیہ)۔
۳۔ حمایت حاصل ہونا، قابو میں لینا۔
ہندو اکثریت کا پیٹا کسی نے توڑ لیا یعنی اچھوتوں کو لپٹا لیا تو وہ پالا مار لے جائے گا۔
۱۹۳۵ 'اودھ پنچ، لکھنؤ، ۲۰، ۴۲: ۳

— چھوڑنا محاورہ۔

(پتنگ بازی) اڑتی پتنگ کی ڈور میں جھول آنا یا ڈور کا بیچ سے لٹک جانا۔
پتنگ ڈوبتے ڈوبتے آسمان سے جا لگی، پیٹا چھوڑ دیا ڈور زمین سے لگ گئی۔
۱۹۱۵ مرقع زبان و بیان دہلی، ۵۷

— کاٹنا محاورہ۔

(پتنگ بازی) پتنگ کے پیٹے پر پنچ ڈال کر کھینچ لینا جس سے وہ کٹ جائے (نوراللغات)۔

— مارنا محاورہ۔

(پتنگ بازی) بے قاعدہ شکست دینا۔
پیٹا مارنا مردانگی کا شیوہ نہیں۔
۱۹۷۵ 'اردو نامہ، کراچی، ۵۰: ۲۴۲

پیٹا (۲) (ی مج) امث۔
بڑی ٹوکری، پٹاری (پلیٹس)۔
[س: پیٹا: पेटा]

پیٹار (ی مج) امذ۔
رک: پٹارا؛ بڑے پیٹ کا؛ پیٹو؛ ایسا برتن جس میں زیادہ چیز آسکے (شبد ساگر)۔
[س: پٹک + رہ: पिटक + र]

پیٹارا (ی مج) امذ۔
رک: پٹارا (پلیٹس)۔

پیٹارتھو/پیٹارتھی (ی مج، سک ر، وسع) صف؛ ~ پیٹھارتھو۔
بسیار خوار، پیٹو؛ پیٹ پاسو، پیٹ پالو (فرہنگ آصفیہ؛ پلیٹس)۔
[رک: پیٹ + س: ارتھو/ارتھی: अरथ/अरथी]

پیٹا کرو لکیر کالا نکل گیا کہاوت۔
موقع نکل جانے کے بعد تدبیر سوچنا فعل عبث ہے (فرہنگ اثر)۔

پیٹرن (ی لین، سک ٹ، فت ر) امذ۔
سرپرست، مربی، حامی، مدد گار، محافظ، ولی، متولی۔
ڈپٹی کمشنر کو لائبریری کا پیٹرن یعنی مربی و سرپرست ہمیشہ کے لیے قرار دیا ہے۔
۱۸۷۶ مقالات حالی، ۲: ۶۶
ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کے جلسے میں لارڈ کرزن تشریف فرما ہوئے وہ اس کے پیٹرن تھے۔
۱۹۰۷ کرزن نامہ، ۱۶۷
[انگ: Patron]

پیٹرن (ی لین، فت ٹ، سک ر) امذ۔
۱۔ نمونہ؛ سانچا جس کے مطابق کوئی چیز بنائی جائے؛ (نقش و نگار، کپڑے، لباس اشیاء وغیرہ کے نمونے)۔

کاغذ کا پیٹرن کاٹ کر اور ترکیب مد نظر رکھ کر چیزیں تیار کریں .

۱۹۳۵ اونی کام سلائیوں سے ، ۲۸

۲. مقررہ اصول ، قواعد و ضوابط ، طریقۂ کار .

سارے سرکاری حکام دست بستہ سامنے استادہ ، وہی پیٹرن آج تک موجود ہے .

۱۹۷۹ گلگشت ، ۱۷۳

[انگ : Pattern]

پیٹرو ڈالرز (ی لین ، سک ٹ ، و مج ، فت ل ، سک ر) امذ .

پٹرول سے کمائی ہوئی دولت بشکل ڈالرز .

اب یہ بے اندازہ دولت و ثروت پیٹرو ڈالرز کا شاہی خاندان .

۱۹۷۹ کوہ دماوند ، ۵۸

[انگ : Petro Dollar]

پیٹرو کیمیکل (ی لین ، سک ٹ ، و مج ، ی مج ، ی مع ، فت ک) امذ .

پیٹرول اور اس سے تیار شدہ یا اس کے اجزا سے مرکب اشیاء .

پیٹرو کیمیکل کی چھ فیکٹریاں آئندہ سال کام شروع کر دیں گی .

۱۹۶۸ روز نامہ 'جنگ ، ۳۲ ، ۳۱۴ ، ۴

[انگ : Petro Chemical]

پیٹرول (ی مج ، سک ٹ ، ولین) امذ .

رک : پٹرول .

پیٹرول کو ترجیح دی جاتی ہے جو کہ کافور صفت یعنی بخار بن کر اڑجانے والا وہ جوہر ہے جو کان سے پائے جانے والے تیل سے کشید کر کے حاصل کیا جاتا ہے .

۱۹۷۵ پٹرول انجن ، ۶۶

پیٹرونائز (ی مج ، سک ٹ ، و مج ، کس ء) امث .

سرپرستی ، مربیانہ عنایت کا برتاؤ .

ہاں خالو صاحب پیٹرونائز کرنا چاہتے ہیں ہم لوگوں کو .

۱۹۵۵ آبلہ دل کا ، ۹۰

[انگ : Patronise]

پیٹری آرک (ی مج ، سک ٹ ، ر) امذ .

(قدیم کلیسا) اسقف اعظم سے اوپر کا سردار .

ملک کا پیٹری آرک یعنی لارڈ بادری منتخب ہوا تھا .

۱۸۹۶ فلورا فلورنڈا ، ۱۴

[انگ : Patriarch]

پیٹریاٹزم (ی مج ، سک ٹ ، کس ر ، ٹ ، سک ز) امذ .

وطن سے محبت ، وطن دوستی ، حُب وطن .

اپنی قومی خیر خواہی اور پیٹریاٹزم کے جوش سے بمدردی بھی کی .

۱۸۸۱ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۲۶

[انگ : Patriotism]

پیٹریاٹک (ی مج ، سک ٹ ، کس ر ، ٹ) امذ .

وطن دوستی کا ، حب وطن کا ، محب وطن .

یورپ میں اس خرابی کی روک تھام کے لئے نیشنل پیٹریاٹک و قومی محب وطن ایسوسی ایشن قائم کی گئی .

۱۹۱۴ ملفوظات ناظر ، ۴۱

[انگ : Patriotic]

پیٹک (ی مج ، فت ٹ) امذ .

کپڑے کتابیں وغیرہ رکھنے کی ڈھکنے والی ٹوکری ، پٹارا (پلیٹس) .

[س : पेटक پیٹک]

پیٹُک (ی مج ، ضم ٹ) امذ ؛ صف .

رک : پیٹو (پلیٹس) .

[ہ : पेटुक پیٹک]

پیٹک پیّا/پھیّا (ی مع ، فت ٹ ، پ ، شد ی/فت پھ ، شد ی) امث .

۱. گریہ و زاری ، واویلا ، نوحہ و ماتم ، کہرام .

ادھر سے رونے کی آواز ادھر سے ہائے کی صدا پچھواڑے سے دھڑا دھڑ پیٹک پیا ، کلیجہ تھا کہ پھٹا جاتا تھا .

۱۹۲۸ بس پردہ ، ۳۹

۲. جھگڑا ، لڑائی بھڑائی ، فتنہ فساد .

وہ پیٹک پیا ڈالی کہ سارا محلہ تہ تہ کرنے لگا .

۱۸۷۵؟ انشائے ہادی النسا ، ۶۲

وحیدن کہہ رہی تھی ، امجد نے تو پیٹک پیّا ڈال رکھی ہے .

۱۹۶۱ ہالہ ، ۲۴۷

اف : پڑنا ، ڈالنا .

[پیٹنا (رک) سے]

پیٹکا (ی مج ، کس ٹ) امث .

ڈبہ ، بکس ، صندوق (پلیٹس ؛ ہندی اردو لغت) .

[س : पेटिका پیٹکا]

پیٹل (ی مج ، فت ٹ) صف .

بڑے پیٹ والا ، توندل ، پکھال پیٹا (فرہنگ آصفیہ ، پلیٹس).

[س : پیٹ + آل पेट + आल]

پیٹنا (ی مع ، سک ٹ) ف م .

۱. مارنا ، جسمانی سزا دینا .

دیکھا یک نول سرو بالا سو نیٹ
کتیاں کوں کر اس چھاوں لاتا ہے پیٹ

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۳۷

یہ پیٹا یہ پیٹا کہ غش کر گیا
یہ سمجھا کہ میں جیتے جی مر گیا

۱۸۵۹ حزن اختر ، ۷۱

اس عرصے میں تم نے کتنی مرتبہ ان کو کلیجے سے لگایا اور کے دفعہ گھُرکا جھڑکا ، ڈانٹا ، پیٹا .

۱۹۱۹ جوہر قدامت ، ۱۳۶

۲. رونا ، نوحہ و ماتم کرنا .

سن کوہ و بیاباں میں شہرہ مری وحشت کا
مجنوں تو بہت پیٹا فرہاد بہت رویا

۱۷۷۲ فغاں ، د ، ۸۷

حیراں ہوں دل کو روؤں کہ پیٹوں جگر کو میں
مقدور ہو تو ساتھ رکھوں نوحہ گر کو میں

۱۸۶۹ غالب ، د ، ۲ : ۱۹۰

۳. چپٹا کرنا ، چوڑا کرنا ، کوٹنا .

یہاں بہت سی رکھانیاں بھی دریافت ہوئی ہیں جو کانسے یا تانبے کی گول یا چوکور سریوں کو کاٹ کر یا ان کے سرے پیٹ کر بنائی گئی ہیں .

۱۹۵۹ وادی سندھ کی تہذیب ، ۹۷

۴. (کسی چیز پر صفائی کی غرض سے کوئی چیز) زور زور سے مارنا .

گدے دار سامان ، اچھی طرح سے صاف کرنے کے لیے ہوا میں لیجا کر خوب پیٹا جائے .

۱۹۱۶ خانہ داری ، ۱۵۰

۵. کمانا ، حاصل ہونا (نورالغات) .

۶. اندیشہ کرنا ، فکر کرنا (عموماً دن وغیرہ کے ساتھ).

میں اسی دن کو پیٹتی تھی کہ دیکھ ہوا آٹھوں پہر کا کوسنا اچھا نہیں ہوتا .

۱۸۷۵ ؟ انشاے ہادی النسا ، ۳۹

ہم تو اسی دن کو پیٹتے تھے خیر خدا بھلا چاہے ، کسی کے برا چاہنے سے کیا ہوتا ہے .

۱۹۱۰ راحت زمانی ، ۲۰

۷. جھینکنا ، شاکی ہونا ، رونا .

اس رنج سے جب چڑھ گئے چھتیس مہینے
تنخواہ کا پھر پیٹنا اس شکل سے یاں ہے

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۳۶۳

تیسرے صاحب افیم کو پیٹ رہے تھے ، چوتھے اپنی جان کو رو رہے ہیں کہ حقہ وقت پر نہیں ملتا .

۱۸۹۹؟ امراؤ جان ادا ، ۱۸۵

ایک بات ہو تو کہوں اور ایک رسم ہو تو پیٹوں ، کنبے کا کنبہ آوے کا آوا ایک رنگ میں رنگا ہوا .

۱۹۱۰ لڑکیوں کی انشا ، ۱۰

۸. (کوسنے کے طور پر) ہرا چاہنا ، موت چاہنا .

پھر جو کچھ جی میں آ گئی تو کہا
مجھ کو پیٹے اگر دوا نہ کرے

۱۷۸۶ میر حسن ، د ، ۱۲۶

چھوڑ کر مجھ کو سسکتا تم اگر گھر جاؤ
مجھے پیٹو مجھے گاڑو مرا مردا دیکھو

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۱۱۸

۹. (شطرنج چوسر وغیرہ میں) گوٹ مارنا ، مہرا مارنا ، مات دینا .

تنہا مہرے کسی دوسرے مہرے کو نہیں پیٹ سکتے .

۱۹۳۸ آئین اکبری ، (فدا علی) ، ۱ ، ۱ : ۳۶۸

۱۰. دہرانا ، رٹ لگانا ، شکوہ کرنا .

اری خراٹے خراٹے پیٹ رہی ہو ، جگا کر لاو .

۱۹۲۹ تمغۂ شیطانی ، ۵۱

۱۱. سرزنش کرنا ، نصیحت کے طور پر کوئی بات کہنا .

مسلمانوں کا کام نہیں ، یہی میں آج وعظ پیٹ رہی تھی کہ جس طرح ہو ایمان درست کرو .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۹۲

۱۲. کسی کے ماتم میں سر پیٹنا یا سینہ کوٹنا .

کیا اتحاد ہے کہ وہ پیٹا جو گاڑ کر
مدفن میں ہو گیا ہے ہمارا بدن کبود

۱۸۳۲ ناسخ ، د ، ۲ : ۶۱

۱۳. سختی جھیلنا ، زحمت اٹھانا .

ہرچند دلارام ، مہ جبین کو ہٹا لے گئی ہے لیکن مہ جبین بھی دور نہ جائے گی ، اپنے وارث کے انتظار میں پیٹ رہی ہوگی .

۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۶ : ۲۲

۱۴. (کھیل) ضرب لگانا ، گیند کو ہلے یا ہاکی وغیرہ سے مارنا .

ہر گیند کو پیٹا اور ہر ہٹ پر رن بنائے .

۱۹۷۱ ذکر یار چلے ، ۱۹۸

[س : ہٹ fog]

— پاٹنا (— سک ٹ) ف م .

مارنا کوٹنا ؛ چھٹا کرنا ، چوڑا کرنا ، کوٹنا کاٹنا .

جنگلی وحشی قومیں سونا چاندی پیٹ پاٹ کر گلو بند اور بازو بند اور ہسلیاں بناتی ہیں .

۱۸۸۹ رسالہ حسن ، ۲ : ۸

[پیٹنا + پاٹنا (رک)]

— پڑنا محاورہ .

۱. کسی کے غم میں مسلسل روئے جانا ، ماتم کرنا .

اپنے دل و جگر کا پڑا پیٹنا مجھے
تیری گرہ کا دیدۂ خونبار کیا گیا

۱۸۶۱ دیوان ناظم ، ۳۹

نوحہ گر ہے آنکھ پر دل ، آنکھ دل پر اشک بار
پڑ گیا ہے پیٹنا ناشاد کو ناشاد کا

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۱

۲. آفت ، مصیبت .

ایسے نوحے کئے کہ محشر میں
پیٹنا پڑ گیا قیامت کا

۱۸۷۷ دستنبوئے خاقانی ، ۱۹

— لینا محاورہ .

کمانا ، حاصل کرنا ، روزی ملنا .

یہی روپیہ ڈیڑھ روپیہ روز پیٹ لیتا ہوں .

۱۹۵۷ خدا کی بستی ، ۲۰

... پیٹنا

زور زور سے مارنا ؛ بجانا وغیرہ معنی میں ترا کیب میں مستعمل، رک : ڈھول پیٹنا ، سر پیٹنا ، سینہ پیٹنا ، منہ پیٹنا وغیرہ .

ہم چلانے اور منہ پیٹنے اور رونے لگے .

۱۹۱۴ الف لیلہ و لیلہ ، ۱ : ۱۰۹

[رک : پیٹنا]

پیٹنٹ (۱) (ی مج ، فت ٹ ، سک ن) .

(الف) م ف ؛ صف .

۱. رجسٹری شدہ ، جس کے بنانے اور بیچنے کا حق محفوظ ہو ، جو کسی شخص کے ساتھ مخصوص ہو .

برادا پیٹنٹ کر والے تو لاکھوں ہاتھ آئیں
قدر یورپ میں بہت کچھ ہو ستم ایجاد کی

۱۸۹۹ دیوان جی ، ۱ : ۱۱۸

یہ ایجاد و اختراع میرے نام پیٹنٹ ہونی چاہیے .

۱۹۱۲ سی پارۂ دل ، ۱ : ۱۶۲

۲. مُسلّمہ ، نمبری ، تسلیم شدہ ، مانا ہوا .

وہ پیٹنٹ بد معاش ہے .

۱۹۲۶ نوراللغات

(ب) امذ .

۱. ٹھیکیداری کا سرٹیفکٹ ، سند اجارہ .

۱۸۵۴ء میں جیمس یومین لنڈ زلی باشندۂ ڈنڈی کو پانی کے ذریعے سے برق خبر رسانی کا پیٹنٹ دیا گیا .

۱۹۱۱ برقابی ، ۱۰

۲. ایجاد کا حق محفوظ کرانے کا قانون .

اس زمانے میں پیٹنٹ یعنی حق ایجاد محفوظ کرانے کا قانون وضع ہوچکا تھا .

۱۹۳۲ افسرالملک ، تفنگ ہافرینگ ، ۳۷

۳. ایسی چیز جس کے بدلے اسی جیسی دوسری ساخت کی چیز استعمال نہ کی جاسکے ، جو کسی سے مخصوص ہو مختص .

چوک بور کا بڑا نقص یہ ہے کہ اس سے سوائے پیٹنٹ گولیوں کے معمولی گولی نہیں چلائی جاسکتی .

۱۹۳۲ قطب یار جنگ ، شکار ، ۱ : ۴۲

۴. چمڑا جس پر نفیس اور چمک دار پالش ہو .

آڑا پاجامہ ، نیم ساق تک چوڑیاں پڑی ہوئیں پاؤں میں پیٹنٹ کی گرگابی .

۱۹۶۲ گنجینۂ گوہر ، ۱۵۵

[انگ : Patent]

پیٹنٹ (۲) (ی مج ، سک ٹ ، فت ن) امذ .

پیٹ کے لیے دردر ناچنے والا ، پیٹ بھرنے کے لیے نٹ کا کام کرنے والا شخص (شبد ساگر) .

[ہ : پیٹ + نٹ पेट + नट]

پیٹنی (ی مج ، سک ٹ] امث .

حاملہ عورت (پلیٹس) .

[ہ : پیٹنی पेटनी]

پیٹو (ی مع ، و مع) صف .

ماتم میں بہت سینہ اور سر کوٹنے والا (نوراللغات) .

[پیٹنا (رک) سے]

پیٹو (ی مج ، و مع) صف مذ ؛ مث : پیٹو (و مج) .

۱. بہت کھانے والا ، اکال .

اس نسخے سے پیٹو آدمی جن کی توند نکل آتی ہے اور زندگی دوبھر ہوجاتی ہے ، صحتیاب ہوجاتے ہیں .

۱۹۳۷ سلک لدرر ، ۸۱

۲. کھانے کا لالچی .

پھر دال موٹھ بھانکی بہت پیٹو تھیں اور مستقل کھاریی تھیں.

۱۹۷۶ دلربا ، ۲۵

۲. حریص ، لالچی .

اگر تم اس پر عمل نہیں کرسکتے ہو اور ہوس کو نہیں چھوڑ سکتے ہو تو پیٹوؤں ، کم ہمتوں کی باتیں کیوں مجھ سے کہتے ہو .

۱۸۰۲ خردافروز ، ۲۴۸

[پیٹ (رک) سے]

— مرے پیٹ کو نامی مرے نام کو کہاوت .

کھانے کا لالچی کھانے پر جان دیتا ہے اور بہادر اپنی شہرت کے لیے جان دیتا ہے (فرہنگ آصفیہ) .

پیٹو کھا (ی مج ، و مع) امذ .

دست آنا ، دستوں کی بیماری (پلیٹس) .

[پیٹ + آکش + کہ + क्त + क:]

پیٹی (ی مج) امث .

۱. چمڑے کپڑے یا زر دوزی کا چوڑا پٹا جو کمر سے باندھتے ہیں .

کمر میں ایک مرصع پیٹی تھی .

۱۹۰۰ بست سالہ عہد حکومت ، ۲۳۶

۲. وہ ڈورا جو بلبل یا بٹیر کی کمر میں اس غرض سے باندھتے ہیں کہ ہاتھ پر بٹھا کر لیے پھریں ؛ ایک کپڑا جو زچہ اور بچے کی کمر سے باندھتے ہیں ؛ نوعے کا استر (علمی اردو لغت) .

۳. چمڑے کی پٹی جو مشینوں کے پہیوں پر دوسرے پہیے کو چکر دینے کے لیے چڑھائی جاتی ہے .

پیٹی ہے جو دو چرخیوں پر چڑھی ہوئی ہے جسے ان چرخیوں پر بڑی تیز رفتاری سے گھمایا جا سکتا ہے .

۱۹۷۰ جدید طبیعات ، ۶۳

۴. (معماری) پاڑ کے عرض کی لکڑی یا لکڑیاں جس پر معمار کے بیٹھنے اور مسالا رکھنے کو پٹڑی تختہ وغیرہ ڈالا جا سکے ، کمر پیٹی (ا پ و ، ۱ : ۹۳) .

۵. سینہ ؛ چھاتی ؛ زرہ بکتر ، چار آئینہ (پلیٹس) .

۶. (چرم سازی) کھال کا وہ حصہ جو جانور کے پیٹ پر ہوتا ہے .

چمڑے کی پیٹی اور گردن بھری ہوئی ، موٹی ، چکنی ، ہموار اور ملائم ہو .

۱۹۵۰ چرم سازی ، ۱۹۰

۷. کسی چیز کے گرد کھچی ہوئی (کسی چیز کی) پٹی یا تہ ، قطر .

سطح کی شکل کرہ نما ہے گویا اس کے استوائی حصوں کے گرد مادہ کی ایک زائد تہ یا پٹی لگی ہوئی ہے .

۱۸۹۴ علم ہیئت ، ۱۴۷

۸.(i) چمڑے دھات لکڑی یا پلاسٹک وغیرہ کا چھوٹا صندوقچہ یا صندوقچی جس میں نقدی یا زیورات رکھے جائیں .

ملکہ میلے کچیلے کپڑے پہنے ایک پیٹی جواہر کی لیے باہر نکلی .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۶۵

جیب خرچ کے لیے ایک چھوٹی پیٹی نوٹوں کی نکال کر خزانہ بدستور محفوظ کردیا گیا .

۱۹۳۵ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۲۰ ، ۹ : ۵

(ii) مسجد ، مندر یا مزارات پر رکھا ہوا چڑھاوے کے پیسے رکھنے کا ڈبہ ، نذرانے کا صندوق .

بھائی نے ٹین کی پیٹی پر جو مندر میں رکھی ہوئی تھی کانی رکھدی اور چلا آیا .

۱۹۲۲ غریبوں کا آسرا ، ۹۷

(iii) موسائیوں کا وہ متبرک صندوق جسے تابوت سکینہ کہا جاتا ہے اورجس میں تبرکات رکھے جاتے ہیں .

تم سب کے سب ہلاک ہوجاؤگے اور کوئی بھی نہ بچے گا جو آگ لگائے مگر وہ شخص جو صلیب اور پیٹی کی پوجا کرے .

۱۹۳۱ الف لیلہ و لیلہ ، ۲ : ۱۰۹

۹. لکڑی کا صندوق ، جست کا ٹرنک یا چمڑے کا سوٹ کیس وغیرہ .

پھوپی سے کنجیاں لیں ، قفل کھولا ، اندر گئی ، پیٹی اتار کر نیچے رکھی .

۱۸۹۵ حیات صالحہ ، ۱۲۲

کپڑوں کی پیٹیاں منگوائیں اور انھیں کھول کھول کر رکھا .

۱۹۲۹ خمار عیش ، ۳۴

۱۰.(i) سوئی دھاگہ یا سلائی سے متعلق سامان رکھنے کی تلے دانی کے بجائے لکڑی جست یا پلاسٹک کی صندوقچی .

پیٹی میں سے سوئی تاگا نکال پھولوں کی ایک لڑی بنا کر گلے میں ڈال لی .

۱۹۶۲ ، ساقی ، کراچی ، جولائی ، ۵۰

(ii) بساط خانے کے سامان کا صندوقچہ .

گوٹے کناری کی پیٹی بغل میں داب کر کوئی چھالیہ . . . فروخت کرنے جاتی اور گھر کا حال دیکھ بھال کر چلی آتی .

۱۹۰۵ رسوم دہلی ، ۴۴

۴. چیڑ یا معمولی لکڑی کا وہ بکس یا ڈبہ جس میں مختلف سامان پھل وغیرہ اندرون ملک یا دساور بھیجا جاتا نیز جنگ کے زمانے میں گولہ بارود کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے ، کھوکھا .

ان کی باروت و گولے کی بھری لدی پیٹیاں آگ لگ کے بالکل جل گئیں .

۱۸۴۷ حملات حیدری ، ۳۶۹

کمپنی والوں نے موٹر کے پرزے پیٹیوں میں بند کر کے پشاور بھیجے .

۱۹۶۷ اردو ڈائجسٹ ، ۷ ، ۱۲ : ۱۲۰

۵. لکڑی کے سانچے میں آراستہ کوئی آلۂ موسیقی ، ہارمونیم .

ایک آدمی ہارمونیم کی پیٹی اٹھائے خوش خوش گاتا جا رہا تھا .

۱۹۶۰ سیاہ حاشیے ، ۱۸

۶. چمڑے ، جست یا پلاسٹک کی بنی ہوئی چھوٹی سی صندوقچی جس میں خواتین سنگھار کا سامان اور حجام اپنی ضرورت کا سامان رکھتے ہیں ، سنگھاردان ؛ کسبت (ماخوذ : شبد سا گر) .

۷. چھوٹی ہٹاری ؛ شیشے گتے یا کاغذ کے بنے ہوئے ڈبے .

کھوپڑا ملا کے گوٹا بنایا شیشے اور کاغذ کی پیٹیوں اور کارچوبی بٹووں . . . میں رکھ کر . . . آپس میں بٹ رہا ہے .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۴۹

۸. (فوجی) دو پہیے کی چھت دار گاڑی جو گولہ بارود لے جانے کے لیے استعمال ہو ؛ کوڑے کی گاڑی ؛ کھلی گاڑی جس میں بٹھا کر انقلاب فرانس کے زمانے میں لوگوں کو مقتل میں لے جاتے تھے ؛ تادیبی کرسی ؛ سزا دینے کا ایک آلہ (پلیٹس) .

۹. بارود دان ، بارود رکھنے کا سینگ ، سینگڑا ، رنجک دان .

سینگڑا ساز ، رنجک دان ، پیٹی اوسکی بنائے ہوئے کمر میں باندھ روٹی کماتے ہیں .

۱۸۴۵ مرقع پیشہ وران ، ۶۹

عرب گینڈے کے سینگ بھی یہاں سے چین لے جاتے تھے ، اس کی پیٹی بنتی تھی .

۱۹۲۹ عرب و ہند کے تعلقات ، ۷۸

اف : باندھنا ، کسنا ، لپیٹنا ، کھولنا .

[س : پیٹ + اِکہ : इका + इक]

ــ اُتارنا محاورہ .

سپاہی کو معطل کرنا (علمی اردو لغت) .

ــ اترنا محاورہ .

سپاہی کا معطل ہونا (مخزن المحاورات ، فرہنگ آصفیہ) .

ــ باندھنا محاورہ .

۱. کمر کسنا ، تیار ہونا ، مستعد ہونا (نوراللغات) .

۲. رک : پیٹی لگانا (علمی اردو لغت) .

ــ پھرانا محاورہ .

چندہ جمع کرنا .

رقم کی فراہمی کے لیے . . . شہر میں مدرسہ اسلامیہ کی پیٹی پھرائی جاتی ہے .

۱۹۳۰ جائزۂ زبان اردو ، ۱ : ۲۷۹

ــ قید (ــ ی لین) امث .

پیٹی قید (open arrest) (انگریزی اردو فوجی فرہنگ ، ۱۴۲) .

[پیٹی + قید (رک)]

ــ کھُلنا محاورہ .

پیٹی کھولنا (رک) کا لازم (علمی اردو لغت) .

ــ کھولنا محاورہ .

ہتھیار ڈالدینا ؛ لڑائی سے دست بردار ہو جانا .

نہیں نہیں پیٹی میں نے کھول دی پیٹی ، میں لڑائی نہیں چاہتی .

۱۹۰۱ راقم ، عقد ثریا ، ۱۷۰

ــ لڑانا/مارنا محاورہ .

جماع کرنا ۔ مباشرت کرنا (پلیٹس) .

ــ لگانا محاورہ .

فتق یا ہرنیا کے علاج کے لیے خاص قسم کی بنی ہوئی پٹی باندھنا یا استعمال کرنا .

ماسٹر صاحب . . . ہرنیا (فتق) سے نجات حاصل کرنے کے لیے کوئی نسخہ حاصل نہ کرتے بیچارے ہمیشہ پیٹی لگاتے رہے .

؟۱۹۳۷ سلک الدرر ، ۱۳۱

۲. تیار ، مستعد ، موقعہ کی تلاش میں رہنا .

ان کے ہمراہ پیٹیاں لگائے باہر ٹہل رہے تھے .

۱۹۰۱ سیتا ، ۱ : ۶۵

ــ ماسٹر (ــ سک س ، فت ٹ) امذ .

ہارمونیم بجانے والا .

میر حقہ نے عرض کی . . . پیٹی ماسٹر کیا ہوتا ہے ؟ حجور وہ جوں ہرمونیام بجاوت ہے .

۱۹۷۶ دلربا ، ۷۵

[پیٹی + ماسٹر ، انگ : Master (رک)]

پیٹی (۲) (ی مج) صف .

چھوٹا ، ادنیٰ ، کم رتبہ ؛ حقیر ، بے حقیقت ؛ تھوڑا سا ، خفیف (انگلش اردو ڈکشنری ، عبدالحق) .

[انگ : Petty]

ــ کیش (ــ ی لین) اسذ .

زر قلیل (آمد و خرچ) (عبدالحق انگریزی اردو لغت) .

[انگ : Petty Cash]

ــ کیش بک (ــ ی لین ، ضم ب) اسث .

زر قلیل ، نقد بہی ، چھوٹی روکڑ بہی (اصطلاحات معاشیات ، پنجاب یونیورسٹی ، ۲۱۲ ؛ فرہنگ اصطلاحات بنکاری ، بینک دولت پاکستان ، ۱۳۵) .

[انگ : Petty Cash Book]

پیٹے (ی مج) اسذ .

پیٹا (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .

ــ میں آ جانا محاورہ .

۱. زیربار ہو جانا (محاورات ہند ، ۵ ؛ علمی اردو لغت) .

۲. (عمر کے لحاظ سے) حد کے اندر یا قریب قریب ہونا .

ہماری طرح یہ بھی پچپن سال کے پیٹے میں آ گیا ہے .

۱۸۸۷ جام سرشار ، ۷۶

ــ میں آنا محاورہ .

ڈوب جانا ، پانی میں شرابور ہو جانا (شبد ساگر) .

ــ میں پڑنا محاورہ .

قابو میں ہونا ، بس میں ہونا (علمی اردو لغت) .

ــ میں ہونا محاورہ .

رک : پیٹے میں آ جانا معنی نمبر ۲ .

میری اماں جو چالیس کے پیٹے میں ہوں گی ناچ مجروں میں ان کے ساتھ جایا کرتی تھیں .

۱۸۹۶ شاہد رعنا ، ۳

یہ ایک جمیل صورت کا آدمی ہے ، اس کی عمر پچاس کے پیٹے میں ہے .

۱۹۲۸ حیرت دہلوی ، مضامین ، ۹۰

پیٹیا (ی مج ، سک ث) اسذ .

پیٹ کے موافق غذا ، روزانہ کی خشک خوراک ، سودھا ، روزینہ ، وظیفہ ، پنشن .

تیس تمن ماہانہ میری تنخواہ مقرر ہوئی اور پیٹیا اور میرے گھوڑے کی خوراک جدا معین ہوئی .

۱۸۹۱ قصہ حاجی بابا اصفہانی ، ۲۰۷

پیٹیا کی مقدار یہ تھی ، آرد گندم سیر بھر دال پاؤ بھر . . . روز تقسیم ہوتا تھا .

۱۹۱۱ ظہیر دہلوی ، داستان غدر ، ۲۳۰

[س : پیٹ + اکہ ‹ पेट + इका]

پیٹی کوٹ (ی مج ، و مج) .

(الف) اسذ .

(پاک و ہند) سایہ ، لہنگا ، گھگرا ، گھا گھرا ، ساڑی کے نیچے پہنا جانے والا زیر جامہ جو غرارے نما لیکن ایک پائینچے کا ہوتا ہے .

گلنار نے کروشیا سے پیٹی کوٹ کی چوڑی لیس بنتے بنتے نگاہ اٹھا کر حاضرین جلسہ کی طرف دیکھا .

۱۹۷۶ دلربا ، ۲۵

(ب) اسث .

اسکرٹ . . . بالخصوص زیر جامہ جو مغربی ممالک میں عورتیں اسکرٹ کے نیچے پہنتی ہیں (ویبسٹر ڈکشنری) .

مجازاً لڑکی ، عورت (خواتین سے متعلق) (انگریزی اردو ڈکشنری ، عبدالحق) .

[انگ : Petticoat]

پیٹھ (۱) (ی لین) اسث .

۱. رسائی ، باریابی ، دخل ، گھسنا .

اس کو خوب گھس پیٹھ آتی ہے .

۱۸۹۵ فرہنگ آصفیہ

۲. وہ میل وغیرہ جو کانٹا نکلنے کے بعد زخم میں بھرا جائے (علمی اردو لغت) .

۳. (تجارت) ہنڈی کی نقل یا مثنیٰ ، ہنڈی کا دوسرا پرت ، پیٹھ ہنڈی (ا پ و ، ۷ : ۲۴ ؛ پائیٹس) .

[ہ : پیٹھ ‹ पीठ]

پیٹھ (۲) (ی لین) اسث ؛ ــ پینٹھ .

۱. وہ بازار جو آٹھویں روز مقررہ مقاموں پر لگایا جائے ، ہاٹ ، بازار .

ضلع میں کون کون موضع ، گنجیات اور بازار اور پیٹھ وغیرہ واقع ہے .

۱۸۱۰ کتاب الآغاز ، ۳۳۲

کسی گاؤں کی پیٹھ کے دن دو عورتیں سر پر بھاری بوجھ رکھے سودا فروخت کرنے جا رہی تھیں .

۱۹۳۷ قصص الامثال ، ۲۹۳

اف لگنا .

[ہ : پیٹھ ‹ पीठ]

— ابھی لگی نہیں گٹھ کترے آ پہونچے کہاوت .

معاملہ ابھی طے نہیں ہوا اور خود مطلبیے آ موجود ہوئے (محاورات ہندوستان ، ۵۰) .

پیٹھ (۱) (ی مع) امذ ؛ امث .

(عوام) کرسی ، اسٹول ، نشست ، پٹرا ، پیڑھا ، پیڑھی ، سنگھاسن ، پایہ ، تخت (پلیٹس) .

[س : پیٹھ पीठ]

پیٹھ (۲) (ی مع) امث ؛ پیٹ .

۱. بدن کا پیچھے کا حصّہ ، پُشت ، پچھایا .

ایک بجلی لے کے ہاتھ میں ایک ابر پیٹھ پر
ایک چاند سر پہ رکھ لیا ایک چرخ زیر ران

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۱۶۶

اس سے ان کے ماتھے اور ان کی کروٹیں اور ان کی پیٹھیں داغی جائیں گی .

۱۸۹۵ ترجمہ قرآن مجید ، نذیر احمد ، ۳۰۶

جب دونوں گھوڑے بڑے رو میں ہوتے تو وہ اچک کر ایک کی پیٹھ پر سے دوسرے کی پیٹھ پر چلا جاتا .

۱۹۵۸ ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی ایک جھلک ، ۹۹

۲. پیچھے ، عقب .

کوئی صوفی راہ میں جاتا اتھا
پیٹھ سے کوئی رند بھی آتا اتھا

۱۷۳۳ پچھی باچھا ، ۹۹

دریا پاس جب پہنچے دیکھے پانی بڑے جوش میں ہے اور پیٹھ سے آ پہنچا .

۱۸۶۰ فیض الکریم ، تفسیر قرآن العظیم ، ۲۷

۳. رک : پیٹ (پلیٹس) .

۴. کسی چیز کا اوپری یا بیرونی حصہ .

ان جانوروں کی دم نہیں ہوتی . . انگلیوں کی پیٹھ کے طرف جوڑ پر سہارا دیتے ہیں .

۱۹۱۰ مبادی سائنس ، ۲۵

۵. پیڑھی ، نسل ، پشت .

تیرے رب نے بنی آدم کی پیٹھوں اور ان کی نسلوں سے عہد لیا .

۱۹۳۲ سیرۃ النبی ، ۴ : ۲۰۲

۶. صلب (مرد کی پیٹھ میں مادۂ منویہ کا گوشہ) .

نکالی تیرے رب نے آدم کے بیٹوں کی پیٹھ پر سے ان کی اولاد .

۱۷۹۱ ترجمۂ مجید ، شاہ عبدالقادر ، ۱۶۰

ان کی پیٹھوں سے ان کی نسلوں کو باہر نکالا .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۶۰

۷. مدد ، حمایت ، پناہ (نوراللغات) .

[س : پرشٹھ पृष्ठ]

— پر کا صف مذ ؛ مث : پیٹھ پر کی .

۱. بعد کا ، پیچھے کا ، بعد میں پیدا ہونے والا (بچہ یا بچی) .

شاہدہ کی بڑی لڑکی طاہرہ اس وقت نو برس کی تھی اس کی پیٹھ پر کا ایک لڑکا اتر چکا تھا .

۱۹۳۰ حیات صالحہ ، ۴۰

۲. چھوٹا بھائی ؛ چھوٹی بہن (نوراللغات) .

— پر کھانا محاورہ .

۱. کمزوری کے باعث پٹنے ہوئے بھاگنا ، شکست فاش کھانا (مخزن المحاورات ، ۲۹۲) .

۲. چوتڑوں پر مار پڑنا (نوراللغات) .

— پر ہاتھ پھیرنا محاورہ .

۱. پیار کرنا ، شفقت کرنا (پلیٹس) .

۲. حوصلہ بڑھانا ، ہمت بندھانا (نوراللغات) .

— پر ہاتھ رکھنا محاورہ .

سرپرستی کرنا ، تسلی دینا .

صدقے گئی چچی کو نہ ہوئے کہیں ملال
رکھو دلہن کی پیٹھ پہ ہاتھ اے حسن کے لال

۱۸۷۳ انیس ، مراثی ، ۲ : ۱۰۷

— پر ہونا محاورہ .

مدد دینا ، حمایتی بننا (مخزن المحاورات ، ۲۹۳ ؛ پلیٹس) .

۲. کسی بچے کے بعد دوسرے بچے کا پیدا ہونا .

مر مرا کر ہم تین بچے یعنی پہلے کے ہماری پیٹھ پر ہوئے تو بہت مگر رہا ایک بھی نہیں .

۱۹۲۰ لخت جگر ، ۱ : ۵۶

— پیچھا (— ی مع) امذ .

غیبت ، غیر موجودگی ، غیر حاضری .

خوجم صاحب کا پیٹھ پیچھا ہے ، یہ بے چارے اپنی طرف سے بہتیری ہی جلدی کرتے تھے .

۱۸۹۹ رویائے صادقہ ، ۷۷

ان کا پیٹھ پیچھا ہے ، انہوں نے بیچارے نے سوائے منہ سے نہ بولنے کے مجھ سے کبھی کچھ نہیں کہا .

۱۹۳۰ آغا شاعر ، ارمان ، ۶۵

— پیچھے (— ی مع) م ف .

۱. غیبت میں ، غیر حاضری یا غیر موجودگی میں .

کہیت بنجر ہو تو کیا اوپجے اکارت تھا سلوک
رو برو اور پیٹھ پیچھے ہم نہیں تیرے جو کیا

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۵

لوگوں کو پیٹھ پیچھے برا کہے اور سامنے خوشامد کرے .

۱۸۷۳ مجالس النسا ، ۱ : ۶۸

لوگ منہ پر تو کچھ نہ کچھ کہتے ، پیٹھ پیچھے گالیاں دیتے.

۱۹۶۲ معصومہ ، ۱۲۷

۲. (مجازاً) مرنے کے بعد .

جب ہم ہی نہ رہے تو ہمارے پیٹھ پیچھے کچھ ہی ہوا کرو.

۱۸۸۶ مخزن المحاورات ، ۲۹۳

— پیچھے بادشاہ کو بھی بُرا کہتے ہیں کہاوت .

غیبت میں کوئی برا کہے تو اس کی پرواہ نہیں کرنا چاہیے.

پیٹھ پیچھے بادشاہ کو بھی برا کہتے ہیں لوگ
سامنے آکر کہو تقریر باطل گھر میں ہے

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۲۶۶

— پیچھے ڈال دینا محاورہ .

بے پروائی کرنا ، توجہ نہ کرنا ، پس پشت ڈال دینا .

میں نے یہ کبھی نہیں کہا کہ مذہب کو پیٹھ پیچھے ڈال دو.

۱۹۲۶ نوراللغات

— پیچھے ڈوم راجہ کہاوت .

افسر کی غیر حاضری میں چھوٹے سے چھوٹا آدمی بھی حکم چلاتا ہے (جامع اللغات) .

— پیچھے کہنا محاورہ .

غیبت کرنا ، کسی کی عدم موجودگی میں برا بھلا کہنا .

سب کے منہ پر کہہ سکتے ہیں پس پیٹھ پیچھے کہنا کیا ضرور ہے .

۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۱۱۷ .

میں ان کی پیٹ پیچھے نہیں کہتا جب ان کے منہ پر کہہ چکا ہوں .

۱۹۲۹ مضامین فرحت ، ۲ : ۱۵۸

— پھرانا محاورہ .

۱. رخصت ہونا ، روانہ ہونا ، جانا .

کوئی نہ رہیا ات جک آ ہی
سب رٹھ چلیں پیٹھ پھر آئی

۱۹۰۳ نوسر ہار (ق) ، ۸

۲. اجتناب کرنا ، پرہیز کرنا .

ان دوستوں کی طرف سے پیٹھ پھرالی .

۱۹۱۵ نیرنگ فصاحت ، ۲۱۳

— پھیر دینا محاورہ .

رخ موڑ دینا ، پسپا کردینا .

حملہ بہت سخت تھا . . . پہلی ٹکر میں پیٹھ پھیردی اور ہندی لشکر کا شیرازہ بکھر گیا .

۱۹۵۱ تاریخ مسلمانان پاکستان و بھارت ، ۱۵۳

— پھیرنا محاورہ .

۱. میدان سے بھاگ جانا .

پیٹھ پھیرنا بچڑوں کا کام ہے .

۱۸۶۶ جادۂ تسخیر ، ۲۵۳

۲. رخصت ہونا ، روانہ ہونا ، جانا .

اس کا پیٹھ پھیرنا تھا کے یہاں نوبل صاحب اور ابن الوقت لگے اس کی واپسی کا حساب کرنے .

۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۲۶

۳. منہ موڑنا ، اعتراض کرنا ، بیزاری یا نفرت کی وجہ سے ایک طرف سے دوسری طرف منہ کرلینا .

پھر پیٹھ پھیر بیٹھو ، تیوری بدل ، چڑھا بھوں
بیٹھے تھے روٹھ کل تم اے پیارے جس ادا سے

۱۸۱۸ اظفری ، د (ق) ، ۲۸

غیر اللہ کے کلام کو کس شوق سے پڑھتے ہیں اور اللہ کے کلام سے انہوں نے کس طرح پیٹھ پھیری ہے .

۱۹۲۷ دنیا کا آخری پیغمبر ، ۴۳

۴. رخ بدلنا ، مڑ کر بیٹھنا .

والدہ صاحبہ دعا سے فارغ ہوئیں تو انہوں نے پیٹھ پھیری مجھے کھڑا پایا .

۱۹۲۸ مضامین فرحت ، ۱ : ۱۲۹

۵. کروٹ بدلنا ، منہ پھیر کر لیٹنا (نوراللغات) .

۶. (مجازاً) مرجانا ، انتقال کرجانا ، رحلت کرنا ، دنیا سے گزر جانا (فرہنگ آصفیہ ؛ مخزن المحاورات ، ۲۹۲) .

— توڑنا محاورہ .

۱. کمر توڑنا ، مایوس کرنا ، ہمت پست کرنا .

انہوں نے استغفار کرکے میری پیٹھ توڑ دی .

۱۸۶۴ مذاق العارفین ، ۳ : ۳۰

۲. پشت پر سواری کس کر تھکا دینا ، چڈھی لینا (فرہنگ آصفیہ ؛ مخزن المحاورات ، ۲۹۳) .

— ٹوٹنا

رک : پیٹھ توڑنا معنی نمبر ۱ (جامع اللغات) .

— ٹیکنا محاورہ .

لیٹنا ، تھوڑا آرام کرنا .

اس کثرت سے درد اور شوق اور سوز اور ذوق آپ میں تھا کہ آپ نے اپنی عمر بھر پیٹھ نہ ٹیکی .

۱۹۲۴ تذکرۃ الاولیا ، ۷۳۵

— ٹھوکنا / ٹھونکنا محاورہ .

۱. شاباش دینا ، حوصلہ بڑھانا ، ہمت بندھانا .

شاہ وہ آبادی ملاحظہ کر کے بغایت مسرور ہوا ، زمینداروں کی پیٹھ ٹھوکی کہ شاباش میں تم سے راضی ہوں .

۱۸۲۴ سیر عشرت ، ۵۲

جب کسی سے تعریف کے قابل کوئی بات ہوتی ہے تو اس کی پیٹھ ٹھونکتے ہیں .

۱۹۴۳ حیات شبلی ، ۱۷۹

۲. ہموار کرنا ، چھکارنا .

لے لے کے بلائیں کاکوں کی پیشانی چومی پیٹھ ٹھونکی

۱۸۳۸ گلزار نسیم ، ۱۸

اٹھتے بیٹھتے ماں باپ بیٹوں کی پیٹھ ٹھونکتے ہیں .

۱۹۵۴ شاید کہ بہار آئی ، ۱۱۸

— جھک جانا محاورہ .

ضعف پیری یا کسی وجہ سے پشت میں خم ہو جانا ، ہو جھ اٹھانے کی وجہ سے جھکنا (جامع اللغات ؛ نوراللغات) .

— چارپائی سے لگ جانا محاورہ .

صاحب فراش ہونا ، بیماری کے باعث ناتواں ہو کر چارپائی سے نہ اٹھ سکنا ، نشست و برخاست کی طاقت نہ رہنا .

مرض یہ بڑھ گیا آخر تپ جدائی سے
کہ پیٹھ لگ گئی بس میری چارپائی سے

۱۸۶۲ شبستان سرور ، ۱۳۹

— چرانا محاورہ .

جانور کا تکلیف کی وجہ سے سوار کے سوار ہونے کے وقت پیٹھ نوچی کر لینا (جامع اللغات) .

— دکھانا محاورہ .

۱. روانہ ہونا ، رخصت ہونا ، سفر کو جانا .

تم بھی ہنسی خوشی سدھارو ، جس طرح پیٹھ دکھائے جاتے ہو خدا وہ دن کرے کہ اسی طرح لوٹ کر منہ دکھاو .

۱۸۹۱ ایامیٰ ، ۷۱

جس طرح اس وقت پیٹھ دکھائی ہے اسی طرح منہ دکھائیے .

۱۹۵۹ نقش آخر ، ۳۳

۲. لڑائی سے بھاگ جانا ، شکست کھانا ، راہ فرار اختیار کرنا .

تمہاری وہی سزا ہوگی جو مورچے سے بھاگ جانے اور دشمن کو پیٹھ دکھانے والے سپاہی کی سزا ہوتی ہے .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۲ : ۱۳

کسی وقت معلوم ہوتا کہ مسلمان شکست کھاکے بھاگا ہی چاہتے ہیں اور کسی وقت یہ نظر آتا کہ بنی حنیفہ میں اب دم نہیں رہا ، پیٹھ دکھانے کو ہیں .

۱۹۲۰ جویائے حق ، ۳ : ۱۷۰

۳. شوہر کا سفر کو جانا ، عورت سے بے رخی کرنا ، بے وفائی کرنا ، عہد شکنی کرنا (ا پ و ، ۷ : ۷۶) .

۴. فریب دینا ، چال کرنا ؛ چل بسنا ، مرجانا (مخزن المحاورات ، ۲۹۳) .

— دیکھنا محاورہ .

لڑائی سے بھاگتے دیکھنا ، شکست کھاتے دیکھنا .

یہ نہیں ہوں میں کہ دیکھو پیٹھ میری روز جنگ
وہ ہوں میں جو سب سے آگے رزم میں سر کو کٹائے

۱۸۰۱ باغ اردو ، ۲۱

— دینا محاورہ .

۱. لڑائی سے بھاگ جانا ، راہ فرار اختیار کرنا رک : پیٹھ دکھانا معنی نمبر ۲ .

اگر تم سے لڑیں گے تو تم سے پیٹھ دیں گے ، پھر ان کی مدد نہ ہوگی .

۱۷۹۰ ترجمۂ قرآن ، شاہ عبدالقادر ، ۵۸

جب کافروں سے تمہارے لشکر کی مٹھ بھیڑ ہو جائے تو ان کو پیٹھ نہ دینا .

۱۸۹۵ ترجمۂ قرآن مجید ، نذیر احمد ، ، ۲۸۳

۲. چھوڑ دینا ، رخصت ہونا .

تمہارا کیا ارادہ کیا ہے جو ہمیں پیٹھ دیئے جاتے ہو .

۱۸۰۳ ادریم ساگر ، ۶۶

۳۔ منھ موڑنا ، روگرداں ہونا ۔

عرق کو دیکھ منہ پر تیرے پیارے
فلک کو پیٹھ دے بیٹھے ہیں تارے

۱۷۸۶ میر حسن ، د ، ۱۰۵

۴۔ بے وفائی کرنا ، بے مروتی کرنا ، دغا دینا ۔

دے گیا یار جب سے پیٹھ اسے
دل نے پھر منہ کبھو ادھر نہ کیا

۱۷۹۸ بیان ، د (ق) ، ۶

دے گئے پیٹھ ہم کو مدت سے
منہ دکھانے کبھی مرے آؤ

۱۸۱۸ اظفری ، د ، (ق) ، ۳۳

۵۔ مر جانا ، چل بسنا (مخزن المحاورات ، ۲۹۳) ۔

— زمین پر (سے ، کو) لگنا محاورہ ۔

۱۔ پچھڑنا ، زیر ہونا ۔

کس کس نہ تہمتن کی لگی پیٹھ زمین سے
کیا کیا نہ زبردست ہوئے زیر لحد میں

۱۸۳۰ اسیر اکبرآبادی ، د ، ۱۰۷

۲۔ قرار پانا ، رکھنا ، دم لینا ، آرام کرنا ۔

لگی بھی گر زمیں کو پیٹھ تیرے تفتہ جانوں کی
تو مثل برق اٹھ بھاگے وہیں پھر بے قراری سے

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۱۴

سنا ہے کئی برس تک زمیں پر پیٹھ نہ لگائی ۔

۱۹۲۹ تذکرۂ کملان رامپور ، ۳۲۲

— سیدھی کرنا محاورہ ۔

آرام لینا ، (دیر تک جھک کر کام کرنے کے بعد آرام لینے کے لیے) ٹیک لگا کر بیٹھنا یا ذرا سی دیر کو لیٹنا ۔

بڑی دیر تک سبق پڑھا ہے ، پیٹھ سیدھی کر لوں تو چلوں ۔

۱۹۲۶ نوراللغات

— کا صف مذ ؛ مث : پیٹھ کی ۔

رک : پیٹھ پر کا ، بعد والا ۔

لگی کھول کہنے کوں سن اے جوان
کہ منج پیٹھ کی تھی ننھی ایک بھان

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۹۶

جب پیٹھ کا بھن بھائی پیدا ہوتا ہے تو اس سے بڑے بھائی کو ایسا لگتا ہے کہ اس نووارد نے مجھے تخت سے اتار دیا ۔

۱۹۳۶ تعلیمی خطبات ، ۱۲۶

— کا کچّا (— فت ک ، شد چ) صف مذ ۔

پیٹھ کا نازک (اس جانور کی نسبت کہتے ہیں جس کی پیٹھ سواری لینے سے جلد زخمی ہو جائے) (نوراللغات) ۔

— کرنا محاورہ ۔

(سے ، کے ساتھ) رخ بدلنا ، منھ موڑ لینا ، منھ موڑ کر بیٹھنا ۔

ماہم نے گود میں دبکا لیا اور ادھر سے پیٹھ کر کے بیٹھ گئی کہ اگر گولہ لگے تو بلا سے ، پہلے میں پیچھے بچہ ۔

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۱۱

ان سرخوں نے نہایت مستعدی سے اپنے آقاؤں کے اس حکم کی تعمیل کی کہ دشمن کی طرف سے پیٹھ کر لیں ۔

۱۹۳۵ عبرت نامۂ اندلس ، ۴۰۸

— کے بل پچھاڑنا محاورہ ۔

چت کر دینا ، چت لٹا دینا ؛ شکست دینا ۔

ایک نے کہا یہ وہی ہے دوسرے نے کہا ہاں ، پھر دونوں نے پیٹھ کے بل مجھے پچھاڑا ۔

۱۹۲۳ سیرۃ النبی ، ۳ : ۴۳۸

— کے پیچھے پڑنا محاورہ ۔

کسی کی پناہ میں ہونا ، کسی کے سائے میں ہونا (پلیٹس) ۔

— کے پیچھے پھینکنا محاورہ ۔

رک : پیٹھ کے پیچھے ڈال دینا ۔

اللہ نے اقرار لیا کتاب والوں سے کہ اس کو بیان کرو گے . . . . پھینک دیا وہ قرار اپنی پیٹھ کے پیچھے ۔

۱۷۹۰ ترجمۂ قرآن ، شاہ عبدالقادر ، ۶۷

— کے پیچھے ڈال دینا محاورہ ۔

بے اعتنائی کرنا ، بے پروائی کرنا ، نظر انداز کرنا ۔

میں نے یہ کبھی نہ کہا کہ مذہب کو پیٹھ کے پیچھے ڈال دو ۔

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۸۷

— کے پیچھے ڈال لینا محاورہ ۔

پناہ دینا ، حفاظت کرنا (پلیٹس) ۔

— لگا دینا/لگانا محاورہ ۔

۱۔ کسی سواری یا بار برداری کے جانور کی پیٹھ میں زخم ڈال دینا بے تمیزی سے کسنا یا سواری لینا یا لادنا (جس سے جانور کی پیٹھ زخمی ہو جائے) (نوراللغات) ۔

۲۔ (کُشتی) چت کرنا ، پچھاڑنا ۔

لگا دیتے تھے پیٹھ اک داؤں میں سب پہلوانوں کی
کسی دنگل میں جب لنگوٹ کس کر تم اترتے تھے

۱۹۴۱ چمنستان ، ۷۴

۳۔ سہارا لینا ، آرام کے لیے کسی دیوار وغیرہ سے سہارا لینا ۔

اس چالیس سال کے عرصے میں آپنے کبھی کسی دیوار سے پیٹھ سوائے مسجد کی یا رباط کی دیوار کے نہ لگائی ۔

۱۹۲۳ تذکرۃ الاولیا ، ۱۷۱

۴۔ آرام پانا ، قرار پانا ، بے قراری رفع ہونا ۔

دل کی بیتابی نے مرقد میں لگنے دی نہ پیٹھ
جی اٹھا کشتہ تمہارا آؤ تم بھی دیکھ لو

۱۸۸۸ دیوان جلال ، ۱۱۳

ــ لَگ جانا/لَگنا محاورہ ۔

۱۔ پیٹھ لگانا معنی نمبر ۱ (رک) کا لازم ۔

پیٹھ لگ جانا . . . اکثر خون وریم بکثرت جاری رہتا ہے ۔

۱۸۷۲ رسالہ سالوتر ، ۲ : ۱۷۷

۲۔ بڑے بڑے بیمار کی پیٹھ کا گھائل ہو جانا (مخزن المحاورات ، ۲۹۴) ۔

۳۔ پچھڑ جانا ، چت ہو جانا (مخزن المحاورات ، ۲۹۴ ؛ فرہنگ آصفیہ) ۔

۴۔ آرام پانا ، قرار پانا ، چین ملنا ۔

تم میری خاک پر ایک بار ہو جاؤ تاکہ میری پیٹھ قبر میں لگے ۔

۱۸۹۳ نشتر ، ۱۵۵

میری آرزو ہے کہ میرے سامنے تمہارا گھر آباد ہو جاتا تو قبر میں میری پیٹھ لگتی ۔

۱۹۳۱ رسوا ، خونی شہزادہ ، ۱۰۷

۵۔ چھک جانا ، چسپاں ہونا ؛ متفرق ہونا (فرہنگ آصفیہ) ۔

ــ موڑنا محاورہ ۔

رک : پیٹھ پھیرنا ، پیٹھ دکھانا ۔

رنج کیوں کر مجھے دے گی نہ یہ آنکھ
پیٹھ موڑی تو رہے گی نہ یہ آنکھ

۱۸۶۵ نسیم دہلوی ، ک ، ۳۳۶

مردوں کی طرف سے پیٹھ موڑ کر بیٹھنے والیاں ، مرد تو مرد غیر عورتوں سے بھی بہ مشکل بات کر لیں تو کر لیں ۔

۱۹۲۴ انشائے بشیر ، ۲۸۱

ــ نَہ لگانا محاورہ ۔

پیٹھ نہ لگنا (رک) کا تعدیہ ۔

سنا ہے کئی برس تک زمین پر پیٹھ نہیں لگائی آپ کے سلسلہ کو خوب ترقی ہوئی ۔

۱۹۲۹ تذکرۂ کاملان رامپور ، ۳۲۲

ــ نَہ لَگنا محاورہ ۔

بیقرار رہنا ، بے چین رہنا ، تڑپنا ، آرام نہ پانا ۔

حسرت و یاس ہی دل میں لے کر چلے ، اس غم سے قبر میں بھی پیٹھ نہ لگے گی ۔

۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۶ : ۳۳

ــ ہونا محاورہ ۔

کسی کی طرف سے رخ موڑ لینا ، آمنا سامنا نہ ہونا ، بالمقابل نہ ہونا ، مخالف سمت میں ہونا ؛ برگشتہ ہونا ، پھر جانا ۔

روئے روشن سے ہیں برگشتہ وہ مژگان سیاہ
کافروں کی پیٹھ ہے دیکھو حمائل کی طرف

۱۸۷۵ آئینۂ ناظرین ، ۱۰۳

پیٹھا (۱) (ی مع) امذ ۔

ایک قسم کی مٹھائی جو چاول کے آٹے کو ناریل کے ساتھ شکر ملا کر بناتے ہیں (پلیٹس) ۔

[पिष्टक : پشٹکہ : س]

پیٹھا (ی مج) امذ ۔

ایک پھل کا نام جو گول کدو کی شکل کا ہوتا ہے ، اس کا مربا اور مٹھائی بناتے ہیں ۔

کدو اور پیٹھے اور انناس اور زردک وغیرہ کا مربا بھی اسی طور پر تیار کرتے ہیں ۔

۱۸۴۵ ترجمہ مجمع الفنون ، ۲۱۷

پیٹھے کی مٹھائی بنائی جاتی ہے جو مقوی بدن اور مفرح ہوتی ہے ۔

۱۹۲۹ کتاب الادویہ ، ۲ : ۱۰۹

[पिष्टक/पेष्टक : پشٹکہ یا پیشکہ : س]

پیٹھا (۲) (ی مج) امذ ۔

رک : پیٹا ، دریا کا پاٹ ۔

جدید اراضی کی جو دریاؤں کے پیٹھوں میں پیدا ہو جاتی تھی لگان کے لیے کوئی آلات موجود نہ تھے ۔

۱۹۲۳ بنگال کی ابتدائی مالگزاری ، ۷۴

— چھوڑ دینا محاورہ .

رک : پیٹا چھوڑ دینا .

پتنگ یا تکلیں چھپکتی ہوئی چلی جاتی ہیں . . . پیٹھا چھوڑ دیا ، ڈوریں زمین تک لٹک آئیں .

۱۹۴۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۱۱۳

— کھانا محاورہ .

رک : پیٹا کھانا (۱) .

پتنگ اگر . . . لٹک سی جاتی تو کہتے کہ پتنگ پیٹھا کھا رہی ہے .

۱۹۷۴ پھر نظر میں پھول مہکے ، ۱۰۰

پیٹھارتھو (ی مج ، سک ر ، و مع) صف مذ .

رک : پٹھارتھو .

ہم دو میاں بیوی اور یہ دو بچے مہینے بھر میں پچھتر روپے کا اناج کھا گئے ، آدمی کیا ہوئے پیٹھارتھو ہو گئے .

۱۹۳۰ مضامین فرحت ، ۴ : ۱۲۹

پیٹھانا (ی لین) ف م .

پٹھنا (رک) کا تعدیہ .

پیٹھا اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں نکل آوے چٹا .

۱۷۹۰ ترجمہ قرآن ، شاہ عبدالقادر ، ۳۷۴

پیٹھائی (ی لین) امث (قدیم) .

رک : پیٹھ (۱) .

اس کالبد کی سمائی ہوا پیٹھائی کوں ہوا واجب ہوا .

۱۷۴۰ ؟ ارشادالسالکین (ق) ، ۱۷

[رک : پیٹھ (۱) + ائی ، لاحقۂ کیفیت]

پیٹھنا (ی لین) ف ل .

۱. گڑنا ، پیوست ہونا ، دھنسنا ، بیٹھنا ، ڈالنا ، داخل ہونا .

دسے پُتلی یوں نار کی آنک میں
کہ بیٹھیا بھنور آنب کی پھانک میں

۱۶۰۶ قطب ، مشتری ، ۳۷

مبادا موت فراشی اگر ہوئی مقسوم
دھنس اور پیٹھ برگل عذار میں مرئے

۱۸۱۸ اظفری ، د (ق) ، ۶۳

اجی نکلے دانت بھی کہیں پیٹھتے ہیں .

۱۹۲۵ واودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱ ، ۱۷ : ۱۰

۲. گھسنا ، داخل ہونا ، وارد ہونا .

نہ داخل ہو جیو ایک دروازے سے اور پیٹھیو کئی دروازوں سے جدا جدا .

۱۷۹۰ ترجمۂ قرآن ، شاہ عبدالقادر ، ۳۲۷

کھانے کی بو جو ناک میں پیٹھے
مر گیا ہووے تو بھی اٹھ بیٹھے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰۴۵

[ہ : पैठना پیٹھنا]

پیٹھوتا (ی مع ، و لین) امذ .

کتاب کا صفحہ (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[ہ : पीठोता پیٹھوتا]

پیٹھی (ی مج) امث .

رک : پٹھی .

ماش کی پیٹھی میں مصالح ملا کر مگونچے بھی پکتے ہیں .

۱۸۷۲ مفید عام ، ۱۵ ستمبر ، ۴۰

ایک بڑے سے کڑھاؤ میں گرما گرم پیٹھی بھری کچوریاں اتر رہی ہیں .

۱۹۶۲ ساقی ، کراچی ، ۶۵ ، ۵ : ۲۶

پیٹھیا (ی مع ، کس ٹھ) امث .

پیٹھ (رک) سے منسوب (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[ہ : पीठिया پیٹھیا]

— ٹھونک (— و مج ، بغ)صف .

پاس پاس ، قریب قریب ؛ مضبوطی سے ، کس کر ، جکڑ کر ؛ ٹھونک کر ، کوٹ کر بٹھایا ہوا میخ وغیرہ کے پھنسانے کا عمل (پلیٹس) .

[پیٹھیا + ٹھونک (رک)]

پیٹھیا (ی مج ، کس ٹھ) صف ، مذ .

پیٹھ (رک) کی تصغیر (پلیٹس) .

[ہ : पीठिया پیٹھیا]

پیٹھے میں م ف .

رک : پیٹے میں .

اس کی عمر سو کے پیٹھے میں تھی لیکن نوجوانوں کی سی اولوالعزم طبیعت رکھتا تھا .

۱۹۲۸ مرزا حیرت دہلوی ، حیات طیبہ ، ۲۹

پیج (۱) (ی لین) امث .

۱. **اقرار ، اقرار صالح ، وعدہ ، حلف ، قسم** (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

۲. **دشمنی یا بدلہ لینے کا حلف یا قسم** (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : پرتکشا प्रतिज्ञा]

پیج (۲) (ی لین) امث .

رک : پیٹھ ، داخلہ ، رسائی ، پارپائی (پلیٹس) .

[ہ : پیج पैज]

پیج (ی مج) امذ .

۱. (تاریخ) **وہ لڑکا جو نائٹ** (**بانکا سردار**) **بننے کا امیدوار ہو یا کسی نائٹ کی خدمت میں ہو .**

کئی لڑکے انگریزوں کے . . . مثل پیج لندن شاہی یعنی خواص ڈریسٹ نامی قوم فرنچ حجام .

۱۸۹۶ سوانحات سلاطین اودھ ، ۱ : ۲۹۷

۲. **امرا کا کم عمر خدمت گار .**

شاہزادی کی سہیلیاں اٹھ کے بادشاہ کے پیج کے ساتھ دوسرے کمرے میں چلی گئیں .

۱۸۹۴ مفتوح فاتح ، ۸۶

۳. **صفحہ ، ورق** (انگریزی اردو ڈکشنری ، عبدالحق) .

[انگ : Page]

پیجامہ (ی لین ، فت م) امذ .

رک : پاجامہ .

صدق کا پیجامہ ، عدل کا جامہ ، حیا کا کمر بند ، شجاعت کا دستار ، عنایت کا دوپٹہ اڑا کو مرے معشوق کو لیاو .

۱۴۲۱ بندہ نواز ، معراج العاشقین ، ۲۶

باغ کی سیر میں ہوا انشا تیرے پیجامے کے چمن پر غش

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۹۶

بجائے پیجاموں کے دھوتیاں یا تہبند استعمال کریں .

۱۹۲۳ احیاء ملت ، ۱۶

— سے باہر ہونا/نکلا پڑنا محاورہ .

رک : پاجامے سے باہر ہو جانا (مخزن المحاورات ، ۲۹۴) .

— سیتے ہیں تو پہلے پیشاب کی راہ رکھ لیتے ہیں کہاوت .

ہر کام میں عاقبت اندیشی ضرور چاہیے (نجم الامثال ، ۱۳۱) .

پی جانا ف ل .

۱. **رک : پینا .**

اے رحمت تمام مری ہر خطا معاف
میں انتہائے شوق میں گھبرا کے پی گیا

۱۹۲۳ شعلۂ طور ، ۲۱۶

۲. (مجازاً) (**بات سن کر**) **خاموش ہو جانا .**

سخن اوروں کا تشنہ ہو کے سننا اور سب کہنا
مگر اک آبرو کی بات جب کہتے تو پی جانا

۱۷۱۸ دیوان آبرو (ق) ، ۹

بجو مے کر رہا تھا منبر پر
ہم جو پہنچے تو پی گیا واعظ

۱۸۷۲ مراۃ الغیب ، ۱۵۳

چودھری یہ فقرہ سن کر پی گیا اور اس وقت ناگزیر کو سوچنے لگا جو ہر ایک قوم کے سردار کو ایک نہ ایک دن پیش آتا ہے .

۱۹۰۱ زلفی ، ۲۸

یہ اپنی وضع اور یہ دشنام مے فروش
سن کر جو پی گئے یہ مزا مفلسی کا تھا

۱۹۳۳ ریاض رضوان ، ۵

۳. (مجازاً) **برداشت کرنا ، ضبط کرنا ، (غصہ ، گالی ، ناگوار بات کا) .**

ظفر غصے کو دل میں کون پی سکتا ہے کیا قدرت
کسی کا ظرف تیرے ہی برابر ہو تو پی جائے

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۲۵۹

خلاف مزاج بات ہوتی تو پی جاتی تھی ، بولتی نہ تھی .

۱۹۵۲؟ رفیق تنہائی ، ۱۱۵

۴. (مجازاً) **ٹال جانا ، طرح دے دینا ، نظر انداز کر دینا .**

میں نے اسی مجمع میں اسی جگہ تیورس سال بھی کہا تھا اور مولوی لوگ پی سے گئے ، کیونکہ اپنی نسبت کفر کا کوئی فتویٰ میری نظر سے نہیں گزرا .

۱۸۹۱ لکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۲۷۶

مجھے برہم سمجھ کر بجو مے کو پی گیا واعظ
وگرنہ آج میرا ہاتھ تھا اس کا گریباں تھا

۱۹۲۵ نغمۂ زار ، ۱۳۰

۵. **کچھ کہنے کا ارادہ کر کے نہ کہنا .**

لبوں تک آئی ہوئی بات پی گئے سو بار
زباں کو دل نے نہ اذن بیان حال دیا

۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۲۱۶

بات منہ تک آتی ہے مگر پی جاتے ہیں .

۱۹۲۴ خونی بھید ، ۹

پیجن (ی این نیز ی مج ، فت ج) امذ .

۱. ایک قسم کا پانو کا زیور ، جو جھاجن اور پایل کی طرح ہوتا ہے .

جوبن متیں مج کر گج مست ہو چلی ہے
لنگر سوں پیجناں ہور گھونگراں کی کھابلی ہے

۱۵۸۰ ظہور ابن ظہوری ، دکنی ادب کی تاریخ ۴۳

عیدی کے دماسے طبلاں بجتے جگت میں
پیجن گھنگرو ناو کے گرجن سو انبر ہے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۱۰۵

بیاں کیوں کر کروں ان کی میں رفتار
کروں تقریر کیا پیجن کی جھنکار

۱۷۱۵ دیوان فائز دہلوی ، ۲۰۲

[رک : پینجن]

پیجنی/پیجھنی (ی این، فت ج/فت جھ) امث .

پیجن (رک) کی تصغیر .

ان کی منجھی منجھی پیتل کی چمکیلی پیجھنیاں ایسی بج رہی تھیں جیسے گھڑیال جھانج بجا رہی ہوں .

۱۹۶۲ آفت کا ٹکڑا ، ۳۱۴

پیچ (ی مع) امث .

اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی جسے غریب غربا پیتے ہیں دھوبی کلف بنانے اور کاغذی ابار کے کام میں لاتے ہیں ، چاولوں کا پساؤ ، کانجی .

بہت سے چاولوں کی گرم لے پیچ
ولے جس کے بتاؤں اس کے لے پیچ

۱۷۹۵ فرسنامۂ رنگین ، ۱۹

گھوڑے کی کمر میں اگر ضرب پہونچے تو چاہیے کہ گھوڑے کی دم کو چاولوں کی گرم پیچ میں تھوڑی دیر تک چھوڑ دیں .

۱۸۴۵ مجمع الفنون (ترجمہ) ، ۳۳

غذا کا یہ نہایت اہم جزو اس وقت بھی ضائع ہو جاتا ہے جب کہ پیچ کو پھینک دیا جاتا ہے .

۱۹۴۱ ہماری غذا ، ۶۴

[س : پچھہ]

— ہی ہزار نعمت پائی/کھائی کہاوت .

۱. تھوڑی راحت کے لیے بہت رنج برداشت کیا اب ضبط کی طاقت نہیں .

بھئی ہم ایسے جانے سے در گزرے ، بلی بخشے چوہا لنڈورا ہی ہو کر جیے گا ، پیچ ہی ہزار نعمت پائی .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۱۸۰

جان لے کر بھاگی ، پیچ ہی ہزار نعمت کھائی . اس محلے میں رہنا دشوار ہوا .

۱۹۳۰ بیگموں کا دربار ، ۱۱

۲. جو کھانے کو مل گیا نعمت سمجھ کر خدا کا شکر بجا لائے .

چند مضمون بھی اس کے مذاق کے موافق مل جائیں تو دام وصول ورنہ پیچ ہی ہزار نعمت کھائی .

۱۹۲۴ داودہ پنج ، لکھنؤ ، ۹ ، ۷ : ۱۰

پیچ (ی مج) .

۱.(i) بل ، شکن ، الجھاؤ .

تج لٹاں کے ہر ایک پیچ میں آج
لک بلایاں رہیاں ہیں ڈر ڈر کر

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۱۱۷

کھل گئے اوس کی زلف کے دیکھے
پیچ دستار زاہد مکار

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۲۵۲

زلف کے پیچ تو شانے سے نکالے تم نے
زلف کے پیچ سے لیکن نہ مرا دل نکلا

۱۹۱۵ جان سخن ، ۲۱

(ii) عورتوں کا بال گوندھنے کا ایک خاص طرز جس میں بالوں کو بل دے کر چوٹی کی شکل دی جاتی ہے .

چوٹی کے گہنے کے جوبے پیچ ہیں سو پیچ نہیں ہیں بلکہ یہ ناگن ہے .

۱۷۳۶ قصہ مہر افروز و دلبر ، ۳۲

کھلا جاتا ہے جو سو باف کا پیچ
تری چوٹی کا کیا ڈھیلا گندھا پیچ

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۵۱

جتنے اثر بھرے گئے نالۂ شب گداز میں
اتنے ہی پیچ بڑھ گئے زلف شکن طراز میں

۱۹۲۶ روح رواں ، ۱۰۲

۲.(i) کشتی کا داؤ ، بند ، پٹھکنڈا .

ایک آدمی نے کشتی کے ہنر میں کمال پیدا کیا تھا ، تین سو ساٹ (ساٹھ) پیچ نادر جانتا تھا .

۱۸۴۴ ترجمۂ گلستان ، حسن علی خان ، ۳۴

پہلوانوں کے ہزارہا کاٹ آسان انداز سے سمجھائے ہیں .

۱۹۰۷ رموز فن کشتی ، ۳۴

(ii) (شمشیر زنی ، نیزہ بازی ، بنوٹ وغیرہ کا) داؤ ، گھات .

چھری کی طرح سے رکتے نہیں رند
نگہ نے اس کی سیکھا بانک کا پیچ

۱۹۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۵۲

میں عنقریب انھیں شمشیر زنی اور نیزہ اندازی کے پیچ دکھاؤں گا .

۱۹۳۴ الف لیلہ و لیلہ ، ۵ : ۱۱۰

۳. مڑوڑ ، پیٹ کا درد .

پیٹ میں پہلے بھی پیچ اور مڑوڑا رہتا تھا .

۱۸۸۹ مکتوبات حالی ، ۲ : ۴

ایسی مجیب دوائیں جن سے پیٹ میں پیچ ہو استعمال نہ کی جائیں .

۱۹۲۳ عصائے پیری ، ۹۳

۴. وہ کیل جس میں چوڑیاں کٹی ہوئی ہوں ، کابلہ ، اسکرو .

انجنیر کے سوائے کسی کو اتنا سلیقہ نہیں کہ ایک پیچ ڈھیلا پڑ جائے تو اسے کس کر کل کو چلتا کرے .

۱۸۹۹ رویائے صادقہ ، ۱۱۳

اس کی چھڑی فولادی نلی ہے جو رنگ سے لکڑی معلوم ہوتی تھی ، اس کی شام جو پیچوں سے جڑی ہوئی تھی علیحدہ کرنے پر اس کے اندر سے تین ہزار طلائی فرانک نکلے .

۱۹۳۲ ریاض خیرآبادی ، انتخاب فتنہ ، ۴۷

۵. (مجازاً) مشکل ، دقّت ، دشواری ، الجھن ، عقدہ ، پیچیدگی .

باپ کے صلب میں تی جو قطرہ ماں کی رحم میں آیا تھا ، پورجیو اس میں سمایا تھا ، پور ابی اسمینچ ہے ، ولے یہاں سمجنے میں پیچ ہے .

۱۶۳۵ سب رس ، ۹۸

اے آبرو اول سے سمجھ پیچ عشق کا
پھر زلف سے نکل نہ سکے دل پھنسا ہوا

۱۸۱۸ دیوان آبرو ، (ق) ، ۸

عذرا نے ایک قانونی پیچ ڈال دیا .

۱۹۵۶ شیخ نیازی ، ۱۹

۶. (مجازاً) فریب ، دھوکا ، چال .

فرنگی کے فرہنگ مغلوں کے پیچ
کریں ایک دم میں رو ہیلوں کو ہیچ

۱۷۹۴ جنگ نامہ دو جوڑا ، (ق) ۵۶

سوچ رکھا تھا مقرر کوئی توڑ اس پیچ کا
پھنس گئے اب تو ہم اس کے دام میں کیا کیجیے

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۶۴

یہ گھاتیں یہ چالیں یہ پیچ اپنے چھوڑ
یہی کیوں نہ کہہ دے کے تو ہاتھ جوڑ

۱۹۱۰ قاسم و زہرہ ، ۷۳

۷. (i) پتنگ بازی میں ایک پتنگ کی ڈور کا دوسری پتنگ کی ڈور پر پڑ جانا (فرہنگ آصفیہ) .

(ii) پتنگ بازی کا مقابلہ جس میں ایک پتنگ باز دوسرے پتنگ باز کی ڈور اپنی ڈور سے کاٹ دیتا ہے .

پانچ روپیہ فی پیچ بدا تھا .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۱۲۴

ڈھولو بولے . . . برسوں پیچ ہیں .

۱۹۲۳ اہل محلہ اور نا اہل پڑوسی ، ۳۷

۸. پھیر ، چکر ، گردش .

اپنی قسمت ہی کا سارا پیچ ہے
وہ نہیں ہر میں تو سب کچھ ہیچ ہے

۱۸۲۸ مہر و مشتری ، ۶۳

پیچ سے زلف کے چلتا نہیں تدبیر کا پیچ
کہ یہ ہے اے دل شامت زدہ تقدیر کا پیچ

۱۸۴۹ کلیات ظفر ، ۲ : ۳۴

بیتاب ہے دل زلف معنبر سے نکل کر
جانا ہے کہاں پیچ مقدر سے نکل کر

۱۹۰۷ راسخ دہلوی ، د ، ۹۴

۹. لپیٹ ، دستار یا عمامے کی بندھی ہوئی تہ .

عمامہ خاص اپنا سر اقدس ان حضرت پر لپیٹا اور ہر پیچ پر آیات فتح کو دم کیا .

۱۸۷۲ غزوات حیدری ، ۲۳۱

دستار بندی کے جلسے میں پگڑی کا پہلا پیچ مولانا جمال الدین نے باندھا .

۱۹۲۹ تذکرۂ کاملان رامپور ، ۱۴۱

۱۰. خم ، کجی ، ٹیڑھ .

خط لکھا کرتے ہیں اب وہ یک قلم مجھ کو شکست
پیچ سے دل توڑتے ہیں عاشق ناشاد کا

۱۸۵۸ امانت ، د ، ۱۸

دیکھ کر نامہ میں تحریر کا پیچ
خوب سمجھا تیری تقدیر کا پیچ

۱۹۰۷ انتخاب گرامی ، ۴۴

۱۱. ژولیدگی ، الجھن .

پوچھے تو پھرا ، یوست ہی ہے پیچ
پاڑے ترے یک پنے منے پیچ

۱۷۰۰ من لگن ، ۲

ایک ذری سی بات کہ اس میں پیچ نہ تھا قرآن پر اعتراض کرنے کو نکال ڈالا ہے .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۶۸۴

۱۲.(i) (مشین کی) چابی ، اٹن .

انارکلی یوں بیٹھ جاتی ہے جیسے کل کی گڑیا ہے کہ پیچ دبادینے پر بیٹھنے کے سوا چارہ نہیں .

۱۹۲۲ انارکلی ، ۵۵

(ii) روئی سے بنولہ جدا کرنے کی خصوصی مشین ، کل ، چرخی ، اوٹنی ۔

وٹنی نے . . . میں روئی کا پیچ ایجاد کیا تھا ۔

۱۹۱۸ تحفۂ سائنس ، ۲۴۳

(iii) کسی چیز میں بنی ہوئی گھومدار کھنڈار چوڑی ، اسکرو یا ڈھبری وغیرہ کی چوڑی ؛ کوئی چوڑی دار آلہ ۔

پیچ کا کام ایسی صورتوں میں پڑتا ہے جہانکہ بہت داب ایک تھوڑے سے جائے میں لگانا ہوتا ۔

۱۸۶۳ رسالہ اصول کلوں کے باب میں ، ۶۸

۱۳ ۔ بھونری ، حلقہ ، کنڈلی ۔

علاوہ ان پیچ کے جو گھوڑوں کے سینوں پر ہوتے ہیں اگر ایسے گھوڑے کے سینے پر تین پیچ ہوں تو نہایت مبارک ہے ۔

۱۸۴۵ مجمع الفنون (ترجمہ) ، ۲۱

۱۴ ۔ پتلی پٹیوں کی پگڑی ۔

میں دیوانہ ہوا ہوں جب سے دیکھا
پری زادوں کے سر کا دلربا پیچ

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۵۱

۱۵ ۔ بل ، زور ، طاقت ، حوصلہ ، ہمت ۔

پیچ اپنا بھی دکھا دے کوئی او دود جگر
دون کی مجھ سے وہ گیسوے دوتا لیتے ہیں

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۱۳۱

۱۶ ۔ دشمنی ، کینہ ۔

ہے دل پر داغ سے زلفوں کو تیرے یار پیچ
لڑ رہا ہے ایک نیولے سے یہ جوڑا سانپ کا

۱۸۵۹ دفتر بے مثال ، ۳۶

۱۷ ۔ جوڑ توڑ ، ساز باز ۔

لڑائی کے ہت کھنڈوں اور سیاسی پیچوں کی بڑی تعریف کی گئی ہے ۔

۱۹۱۳ تمدن ہند ، ۲۲۹

۱۸ ۔ ترکیب ، ڈھنگ ، انداز ۔

نالے اس گل کو سنائے صبح تک اس پیچ سے
مرغ شب آویزہ سا دل زلف میں لٹکا گیا

۱۸۷۲ مظہر عشق ، ۳۹

۱۹ چھاپنے کی کل ، قدیم وضع کی ہاتھ سے اور جدید طرز کی انجن کی قوت سے چلائی جاتی ہے ، داب ، پریس (ا پ و ، ۴ : ۲۲۳) ۔

۲۰ ۔ بوتل کھولنے کا خصوصی لوہے کے تار کا ہل دار آلہ ، کاک اسکرو ۔

بوتل کھولنے کے پیچ ، گلاس . . . . ہر چیز قرینے سے لگی ہوئی ۔

۱۹۴۰ آغا شاعر ، پر پرواز ، ۵۱

۲۱ ۔ تراکیب میں بطور جزو دوم اپنے جزو اول سے مل کر مختلف معنی میں مستعمل ، رک : تہ پیچ ، سر پیچ وغیرہ (ماخوذ : وضع اصطلاحات ، ۷۶) ۔

[ف]

ـــ اُٹھانا محاورہ ۔

۱ ۔ رنج اٹھانا ، سختی برداشت کرنا ، مصیبتیں جھیلنا تکلیف اٹھانا ، غم و غصہ کھانا ۔

بڑی پھر عشق کی پھانسی گلے میں
بچے تھے کس مصیبت سے اٹھا پیچ

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۵۲

نتیجہ محبت کا کیا پوچھتے ہو
بہت پیچ اس میں اٹھایا ہے ہم نے

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۸۷

۲ ۔ ایک کنکوے کی ڈور کو دوسرے کنکوے کی ڈور سے الگ کر لینا (فرہنگ آصفیہ) ۔

ـــ اُٹھنا محاورہ ۔

۱ ۔ پیٹ میں مڑوڑ پیدا ہونا ، پیچش کا سا درد ہونا (فرہنگ آصفیہ ؛ نور اللغات) ۔

۲ ۔ پیچ اٹھانا معنی نمبر ۲ (رک) کا لازم ، کنکوے کا بڑھنا یا اٹھنا (فرہنگ آصفیہ) ۔

ـــ اُکھڑنا محاورہ ۔

۱ ۔ کل کے پرزے کا ڈھیلا ہو جانا (فرہنگ آصفیہ ؛ پلیٹس) ۔

۲ ۔ فریقین کے ہاتھوں سے کنکوے کی ڈور کا ٹوٹ جانا (فرہنگ آصفیہ) ۔

ـــ آسا اسم ۔

گھومنے کا عمل ، حرکت ، انگریزی : Oscillation (انگلش اینڈ ہندوستانی ٹکنیکل ٹرمز ، ۸۰) ۔

[پیچ + آسا (= مانند) (رک)]

ـــ آ (آن) پڑنا محاورہ ۔

رک : پیچ پڑنا ۔

پھنسا زلف خوباں میں دل پھر نہ چھوٹا
یہ پیچ آپڑا ہے کڈ ھب کیا بتاؤں

۱۷۹۲ محب دہلوی ، د ، ۳۰۵

پیچ یہ آن پڑا تھا کہ مخالفین نے جہانگیر کی ظاہری پناہ بنالی تھی ۔

۱۸۹۰ رسالہ ، حسن ، ۳ ، ۶ : ۱۷

بے اختیار قہقہہ لگا کر ہنستے اور کبھی کبھی معلوم نہیں کیا پیچ آن پڑتا کہ یکایک ہریک لگا دیتے ۔

۱۹۵۶ اشفتہ بیانی میری ، ۱۰۳

ـــ بازی امث .

عیاری ، مکاری ، چال بازی ، دھوکا بازی ، چکر بازی .

. . . آدمیوں کی پیچ بازی اور گمراہ کرنے والی چالاکی سے پیدا ہوتی ہے .

۱۸۱۹ انجیل مقدس ، ۴۸۹

[پیچ + بازی (رک)]

ـــ باندھنا محاورہ .

۱. (کُشتی) داؤ لگانا ، پکڑنا ، گرفت میں لینا .

جب ہامان کوئی پیچ باندھتا ہے تو . . . تعریف کرتے ہیں . . . کیا پیچ باندھا ہے کہ اس کا توڑ نا ممکن ہوگا .

۱۸۹۷ طلسم ہفت پیکر ، ۲ : ۳۳۲

جہاں کوہان نے ہاتھ بڑھایا کہ میں فلاں پیچ باندھوں ، سعد نے توڑ کو ہاتھ بڑھادیا .

۱۹۰۰ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۱ : ۲۳۷

۲. پگڑی باندھنا ، دستار باندھنا (فرہنگ آصفیہ) .

ـــ بتانا محاورہ .

گر سکھانا ، پٹھکنڈے سکھانا . داؤ سکھانا .

پچو میرا آئین نہیں ، پھر کہو کیا لکھوں ؟ بوڑھے پہلوان کے سے پیچ بتانے کورہ گیا ہوں .

۱۸۵۸ خطوط غالب ، ۵۶

ـــ بدا (— فت ب ، شدد) امذ .

(قالین بافی) قالین کے تانے بانے کے پیچ میں ڈالی جانے والی چھڑ ، چھیری (ا پ و ، ۲ : ۱۰۷) .

[پیچ + بدّا (رک)]

ـــ بدنا محاورہ .

(پتنگ بازی) شرط لگا کر پیچ لڑانا ، پیچ لڑانا .

پانچ روپیہ فی پیچ بدا تھا .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۱۱۳

ـــ بندھنا محاورہ .

پیچ باندھنا (رک) کا لازم .

ہاتھ سے ہاتھ ملا ، دہنا ہاتھ گھسیٹ کر بایاں ہاتھ گردن پر رکھا پھر تو دستی زبردستی کے ساتھ کھینچی اور بغلی ڈوبنے لگے ، پیچ بندھنے لگے .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۷۸۸

کشتی ہو رہی ہے ، پیچ پر پیچ بندھ رہے ہیں .

۱۹۰۳ آفتاب شجاعت ، ۳ : ۲۱۵

ـــ پاچ/پانچ (—/مغ) .

(الف) امذ .

گھماؤ پھراؤ یا پیچیدہ طریقہ .

پانی کو شہروں کے گلی کوچوں میں بڑے پھیر پھار اور پیچ پاچ دے کر زمین کے نیچے نیچے لاتے ہیں .

۱۹۰۰ غربی طبیعیات کی ابجد ، ۳۸

(ب) صف .

(مجازاً) مکاری ، فریب ، چالاکی ، گھماؤ ، پھیر پھیر ، الجھاؤ .

زاہد کے پیچ پانچ کا سب حال کھل گیا
سر پر عمامہ باندھ لیا زور کے لیے

۱۸۵۴ غنچۂ آرزو ، ۱۸۵

ہندو ڈاکٹر تھے ، سمجھے کہ شین کاف میں پیچ پاچ ہے کاکھا گاگھا سیدھی راہ زبان ہے .

۱۹۲۱ اکبر الہ آبادی ، خطوط ، ۱۶۷

[پیچ + پاچ تابع]

ـــ پانچ کی باتیں (— مغ ، ی مج) امث .

شرارت کی باتیں ، گھماؤ پھراؤ کی باتیں ، چالاکی اور مکاری کی باتیں .

تم دنیا سے چاہو جو بھی کرو لیکن مجھ سے پیچ پانچ کی باتیں نہ کیا کرو .

۱۹۶۲ مہذب اللغات

ـــ پر پیچ (— فت پ ، ی مج) امذ .

یکے بعد دیگرے سخت مشکل ، بے در بے پیچیدگی .

الٰہی پیچ پر تقدیر ہم کو پیچ دکھلائے
بڑھیں دو ایک حلقے اور اس گیسوئے پرخم کے

۱۸۵۴ دیوان اسیر ، ۳ : ۳۹۴

عشق کاکل میں جو آئی یاد زلف
پیچ پر پیچ اور مجھ پر پڑ گئے

۱۹۲۴ ثمرۂ فصاحت ، ۴۴۸

اف : پڑنا ، سہنا ، ہونا ، دکھلانا ، بندھنا .

ـــ پر پیچ اُٹھانا محاورہ .

رنج پر رنج سہنا ، انتہائی تکلیف برداشت کرنا .

اٹھائے عشق پیچاں کی طرح سے — گلستان جہاں میں پیچ پر پیچ

۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۲۳۱

— پر (پہ) پیچ پڑنا محاورہ .

الجھن پیدا ہونا ، پیچیدگی کا بڑھ جانا ، دقّت پر دقّت ہونا .
ایسے پیچ پر پیچ پڑنے شروع ہوتے ہیں کہ اصل معاملہ تو الگ رہ جاتا ہے اور بات کچھ کی کچھ ہو جاتی ہے .

۱۹۳۵ چند ہم عصر ، ۱۱۹

— پر پیچ کھانا محاورہ .

۱. بے تاب ہونا ، بے چین ہونا ، تاؤ کھانا .
پیچ کیا رشک سے کھاتا ہے چمن میں سنبل
جب سے دیکھیں ہیں ترے طرۂ طرار میں بل

۱۸۲۴ مصحفی ، انتخاب رامپور ، ۱۱۷

۲. غصے سے بے تاب ہونا (جامع اللغات) .

— پر چڑھانا محاورہ .

کُشتی کے داؤ میں دوسرے کو لانا .
چمن کی سیر میں سنبل سے پہلوانی کی
چڑھا کے پیچ پہ ان گیسوؤں نے دے پٹکا

۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۲۲۴

— پر چڑھنا محاورہ .

پیچ پر چڑھانا (رک) کا لازم .
اللہ رے مرے دل سودا زدہ کا بل
جب تک کہ پیچ پر ترے گیسو چڑھے نہیں

۱۸۵۴ غنچۂ آرزو ، ۹۹

— پڑجانا/پڑنا محاورہ .

۱. الجھاؤ پڑنا ، بکھیڑا پڑنا .
اگر وزیر باتدبیر نہ ہوتا تو زیادہ پیچ پڑتا .

۱۸۴۸ تاریخ ممالک چین ، ۲ : ۹۹
ذاتی ترقیاں ہیں قومی ہے یا تنزل
گرہیں یہ کھل رہی ہیں یا پیچ پڑ رہے ہیں

کلیات اکبر ، ۳ : ۳۸

۲. سخت مشکل یا دقّت پیش آنا ، پیچ مرج واقع ہونا .
بشر کو لازم ہے کہ نصف رو پیہ تجارت میں لگائے آدھا گھر میں چھوڑ جائے اگر گردش چرخ سے پیچ پڑے تو احتیاج بغیر نہ ہو .

۱۸۶۲ شبستان سرور ، ۲۲
آخر وہ پیچ پڑے کہ ان غریب کو رام نگر چھوڑنا پڑا .

۱۹۳۰ مضامین فرحت ، ۳ : ۸۰

۳. ایک پتنگ کی ڈور کا دوسری پتنگ کی ڈور سے الجھنا .
گر پیچ پڑ گئے تو یہ کہتے ہیں دیکھیو
رہ رہ اسی طرح سے نہ اب دیجے ڈھیل کو

۱۸۴۶ نظیر اکبر آبادی ، ک ، ۳۶۴
پیچ پڑنے کے بعد جو یار دوست صلاحیں دیتے ہیں وہ سنیے . . . لیجیے پتنگ کٹ گیا .

۱۹۳۰ مضامین فرحت ، ۷ : ۱۳۸

— پیچ (— ی مج) صف .

رک : پیچ در پیچ .
جو تن میں کرے گانٹھ جب پیچ پیچ
گدائی و شاہی نہیں پاتی بیچ

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۳۲۹
معجزۂ اہل فکر فلسفہ پیچ پیچ
معجزۂ اہل ذکر موسی و فرعون و طور

۱۹۳۶ ضرب کلیم ، ۴۸

— تاب اسم .

۱. رک : پیچ و تاب معنی نمبر ۱ .
دود چراغ شب نے کیے پیچ تاب سے
روحوں نے جسم چھوڑ دیے اضطراب سے

۱۸۶۸ واسوخت شکوہ (شعلۂ جوالہ ، ۲ : ۶۰۰)

۲. رک : پیچ و تاب معنی نمبر ۲ .
منی من کر کے رہی پیچ تاب
کہی اے بدھاتا یہ کیسا ہے خواب

۱۷۵۶ قصہ کامروپ و کملا کام ، ۲۴
بعضے معنی برد کے کہتے ہیں خواب
یعنی وہاں راحت نہیں جز پیچ تاب

۱۷۸۰ تفسیر مرتضوی ، ۱۶

اسم کیفیت : پیچ تابی .
لگی ہے یار کے منہ سے و تسپر بھی پریشاں ہے
بتا اے زلف کیا باعث ہے تیری پیچ تابی کا

۱۸۵۸ کلیات تراب ، ۹۳

— تاب کھانا محاورہ .

رک : پیچ و تاب کھانا .
اسی خاطر سے پیچ تاب کھا کر میں چپکی ہو رہی .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۵۵
بس یہی کہ پیچ تاب کھا کر آخر کار معافی مانگ لی .

۱۹۰۰ بست سالہ عہد حکومت ، ۲۰۵

ـــ تاو کھانا محاورہ (قدیم) .

رک : پیچ و تاب کھانا .

جیون کے کمندوں سے زلفاں کے جاؤ
چڑیا گڑ کے اوپرال کھا پیچ تاو

۱۶۹۵ دیپک پتنگ ، ۹۰

ـــ تَراش (ــ فت ت) امذ .

کسی سلاخ وغیرہ میں چوڑیاں بنانے کا اوزار ، نقش تراش ، پیچ کاٹ (اس کی دوقسمیں ہیں اندرونی پیچ تراش اور بیرونی پیچ تراش یا کنگھی پیچہ) ؛ انگ : Screwing tool .

یہ اندرونی پیچ تراش ہے جو پیچ کی اندرونی چوڑیاں بنانے کے کام آتا ہے .

۱۹۴۸ انجینری کارخانے کے عملی چالیس سبق ، ۱۲

[پیچ + تراش ، تراشیدن (= کاٹنا وغیرہ) سے]

ـــ چُٹکی (ــ ضم چ ، سک ٹ) امث .

اسکرو کلپ ، پیچ دار کلپ .

قلب کی وریدی پُری کی تنظیم ایک پیچ چٹکی (اسکریو کلپ) کے ذریعے کی جاتی ہے ، جو اس نلی پر لگی ہوتی ہے .

۱۹۴۱ تجربی نعلیات ، ۱۶۸

[پیچ + چٹکی (رک)]

ـــ چل جانا/ چلنا محاورہ .

۱. دانو کا کارگر ہونا .

فراق یار سے کشتی پڑی ہے پچھاڑا چل گیا آتش اگر پیچ

۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۲ : ۲۳۱

۲. تدبیر کارگر ہونا ، چال چل جانا .

روپے کے پاس بڑے نقش اور منتر تھے ، وہ آیا اور اپنے سارے ہتھکنڈے چلتر کام میں لایا مگر کوئی پیچ اس کا چل نہ سکا .

۱۸۸۰ ؟ نیرنگ خیال ، ۹۷

۳. دغا اور فریب سے غالب آنا ، دھوکا دے دینا ، دانو چلنا .

مجھ زال سے یہ پیچ جوانوں کے نہ چلئے
ہے غیر محلہ نہیں رستم نگر اپنا

۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۲ : ۲۲۵

پھنس گئے اس کے داؤں میں آخر
غیر کا پیچ ان پہ چل ہی گیا

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۴۷

ـــ چُھٹنا محاورہ .

کنکوے کی بازی میں ایک کی ڈور کا دوسرے کی ڈور سے علیحدہ ہو جانا (نورالغات) .

ـــ حَیوانیہ (ــ ی لین ، کس ن ، فت ی) امذ .

(طبقات الارض) ارتقائی سینوئی زمانے کے آریہ لور کے رکاز میں پائے جانے والے ایمونیوں کے پچاس انواع سے زائد میں سے ایک .

متعدد ورقی خیشوسیہ اور شکم پائے جن میں زیرہ حیوانیے اور پیچ حیوانیے خاص طور پر اچھی طرح نمایاں ہوتے ہیں .

۱۹۳۱ خلاصہ طبقات الارض ہند ، ۵۶

[پیچ + ع : حیوان (رک) + یہ ، لاحقۂ نسبت]

ـــ دار صف .

۱. بل کھایا ہوا ، مڑا ہوا ، پیچیدہ .

جو جالیاں دے زلف سیاں پیچ دار
چلیا چیرتا چیرتا ٹھارے ٹھار

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۰۸

۲. پیچیدہ ، مشکل .

وہ ساخت درجہ بدرجہ ترقی کرتی ہوئی اعلیٰ حیوانات میں نہایت دقیق اور پیچ دار بن گئی ہے .

۱۸۹۴ اردو کی پانچویں کتاب ، اسمٰعیل میرٹھی ، ۱۱۰

۳. مبہم ، الجھا ہوا ، گنجلک .

مضمون پیچ دار تراش کے لاتے ہیں .

۱۸۳۵ بستان حکمت ، ۲۷

ایک اخلاقی واعظ کے لیے پیچ دار ترکیب شاندار الفاظ اور تشبیہہ و استعارہ کی ضرورت نہیں ہوتی .

۱۹۲۳ سیرۃالنبی ، ۲ : ۱۶۲

۴. دغا باز ، مکار ، چالاک .

میرے دل نے کہا کہ یہ ضرور پیچ دار آدمی ہیں .

۱۸۹۶ شاہد رعنا ، ۵۷

شاید خطاوار آدمی یہ گھمنڈ کرتا ہے کہ وہ بڑا پیچ دار آدمی ہے لیکن در اصل وہ بد ہے .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۲۶۲

[پیچ + دار ، داشتن (= رکھنا) سے]

ـــ دار نامیہ (ــ کس م ، فت ی) امذ .

(حیاتیات) یک خلوی جراثیم جو بلبلچی اور لہریہ دار ہوتے ہیں ان کی مختلف شکلوں کا انحصار ان کے پیچوں کی تعداد اور لمبائی پر ہوتا ہے ، انگ : Spiral Organism .

پیچ دار نامیے . . . ہیں بلکہ بعض کے پیچ ڈھیلے اور دور دور ہوتے ہیں اور بعض کے قریب اور سرپنگ کی طرح سخت .

۱۹۶۷ بنیادی خرد حیاتیات ، ۶۲

[پیچ + دار (رک) + نامیہ (رک)]

— دَر پیچ (— فت د ، ی مج) صف .

۱. نہایت پیچیدہ ، الجھا ہوا .

عجب ہے حال عاشق پیچ در پیچ
جس اوپر زلف دلبر پیچ کھاوے

۱۷۵۳ داؤد ، د ، ۹۰

اختلافی پہلوؤں کی گتھیاں اس قدر پیچ در پیچ ہیں کہ ان کا سلجھانا ناممکن معلوم ہوتا ہے .

۱۹۳۴ آدمی اور مشین ، ۲۸

۲. ٹیڑھا میڑھا (راستہ) ، پیچیدہ ، بل کھایا ہوا ، پیچ دار .

عجب عشق کی راہ پر پیچ ہے
کہ جس پیچ میں پیچ در پیچ ہے

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۲۵

شہر میں ہزاروں پیچ در پیچ گلیاں ہیں .

۱۸۹۹ رویائے صادقہ ، ۱۱۳

قصر حکومت کے راستے ایسے پیچ در پیچ اور اس میں اتنی بھول بھلیاں ہیں کہ ان میں داخل ہو کر نکل آنا بڑے شاطر کا کام ہے .

۱۹۳۵ چند ہم عصر ، ۳۰۰

۳. نہایت مشکل ، بڑا کٹھن .

طریق عشق بے مرشد نہ ہو طے
کہ ہے یہ رہ نہایت پیچ در پیچ

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲۰

۴. مبہم ، گنجلک .

ہمارے مفسرین اور شارحین نے اپنی پیچ در پیچ تاویلات اور لاطائل براہین سے بجائے اس کے کہ شکوک کو رفع کریں یا غلطی کی تصحیح کریں ، ان الفاظ کے معانی کو اور بھی تاریکی میں ڈال دیا ہے .

۱۸۷۰ خطبات احمدیہ ، ۶۲۱

تعجب ہوتا ہے کہ . . . ایسے پیچ در پیچ اور نازک مطالب کو یوں سلجھا کر بیان کیا ہو گا .

۱۹۰۱ حیات جاوید ، ۲ : ۳۳۵

— دینا محاورہ .

۱. بل دینا ، مروڑنا ، کسنا .

بالاں پراوڑاتے ہوئے گلے میں پلوں کا پیچ دیتے ہوئے سینے پر چھوڑنا .

۱۵۶۴ رسالہ فقہ دکنی ، ۱۰

سر گشتگی بخت نہ دے مجھ کو اتنے پیچ
کچھ چین زلف ، کچھ شکن آستیں بوں میں

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۱۴۳

ایک گھڑی ساز ادارے نے گھڑی کی سی کمانی کے ذریعے یکے کو چلانے کی کوشش کی لیکن کمانی کو کوک (پیچ) دینے پڑتے تھے اس لئے پسند نہ کی گئی .

۱۹۷۵ پیٹرول انجن ، ۱۷

۲. فریب دینا ، دھوکا دینا .

رات آنے کہہ کے پھر آیا نہیں
پیچ دیتا ہے وو مشکیں مومجھے

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۲۰۹

ہوا ہے فائدہ نقصان جاں کا
دل ناداں دیا تو نے بڑا پیچ

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۵۲

۳. پیچیدہ کرنا ، الجھانا .

سیدھی سی بات کو پیچ نہیں دیتے .

۱۸۸۰ آب حیات ، ۳۹۰

حضرت امیر خسرو . . . پیرایہ کلام کو پیچ دے کر دشوار فہم بنانے کے عادی تھے .

۱۹۴۶ شیرانی ، مقالات ، ۳۰

— دَھکیل (— فت د ھ ، ی مج) اسذ .

مڑوڑی دار پیچ جو کسی چیز کو دھکیلنے کے لیے استعمال کیا جائے جیسے قیمہ کرنے کی مشین کا پیچ گوشت کو آگے دھکیلتا ہے .

کوئلے کو بھٹیوں میں لانے اور راکھ دور کرنے کے لیے خود کار جھوک مشینوں میں پیچ دھکیل سے کام کیا جاتا ہے .

۱۹۷۰ زعمائے سائنس ، ۲۷

[پیچ + دھکیل ، دھکیلنا (رک) سے]

— ڈالنا محاورہ .

۱. فریب دینا ، چال چلنا .

جب وہ سمجھا کہ . . . یہ کبھی یاد نہ ہوگی ، جھلا کے اس سوداگر کے ہاتھ پیچ ڈالا ، اپنے زعم میں بڑا پیچ ڈالا .

۱۸۶۲ شبستان سرور ، ۲ : ۲۲۲

۲. خلل ڈالنا ، رکاوٹ پیدا کرنا ، جھگڑا پیدا کرنا .

جو تھا اسباب گھر میں پیچ ڈالا
فلک نے سب طرح کا پیچ ڈالا

۱۸۶۱ الف لیلہ نومنظوم ، شایاں ، ۲ : ۵۶۹

کام سب بن گئے تھے میرے داغ
میری قسمت نے پیچ ڈال دیا

۱۹۰۵ داغ ، یاد گار داغ ، ۱۴۷

۳. فریب کا جال بچھانا ، چال چلنا .

وہ چوٹی کی ناگن جو پالے ہوئے ہیں
اسی کے یہ سب پیچ ڈالے ہوئے ہیں

۱۸۸۶ کلیات اردو ، ترکی ، ۱۶

۴. مشکل میں پھنسانا ، الجھانا ، پیچیدگی بڑھانا .
یہ عقدے ناخن تدبیر سے کھولے نہ جائیں گے
نکالے گا وہی قسمت میں جس نے پیچ ڈالے ہیں
۱۹۰۵ داغ (نور اللغات)

۵. ایک پتنگ کی ڈور کو کاٹنے کی غرض سے دوسرے پتنگ کی ڈور پر ڈالنا ؛ دانو کرنا (نور اللغات) .

ــ ڈھیلا کرنا محاورہ .

بندش ہلکی کر دینا ، پابندی کم کردینا .
پیچ مذہب کا کسی صاحب نے ڈھیلا کر دیا
سادہ طبعوں کو بھی بالآخر رنگیلا کر دیا
۱۸۷۵ کلیات اکبر ، ۱ : ۳۶۳

ــ ڈھیلا ہونا محاورہ .

پگڑی کا بل ڈھیلا ہونا ، حیثیت میں فرق آنا ، حقیقت کھلنا .
خود ساختہ علامہ ہونے کی دستار کے پیچ ڈھیلے ہوئے جاتے ہیں .
۱۹۳۵ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۲ ، ۲۵ : ۳

ــ زلف کس اضا (— ضم ز ، سک) امذ .

(تصوف) معاملات نا سوتی کو کہتے ہیں جو تعینات کے مقتضیات سے باہمد گر خلائق میں رائج ہیں (مصباح التعرف ، ۶۸) .

ــ سے نکلنا محاورہ .

مصیبت سے نکل جانا ، مشکل سے نجات پانا ، آزاد ہوجانا .
اس زلف کے سودے کا خلل جائے تو اچھا
اس پیچ سے دل اپنا نکل جائے تو اچھا
۱۸۴۶ دیوان سہر ، ۲۴

ــ کا صف .

پیچ دار ، پیچیدہ .
زنجیر پہننے سے ہے مقصود وہ گیسو
اے جوش جنوں پیچ کا مطلب ہے ہمارا
۱۸۵۴ ریاض مصنف ، ۸۹

ــ کا توڑ ہونا محاورہ .

دانو کو رد کرنے کی ترکیب ہونا ، مسئلہ کا حل کرنے کی تدبیر ہونا .
ہاتھ سے ہاتھ ملا . . . پیچ بندھنے لگے ، پیچ کا توڑ ہونے لگا ، توڑ کا جوڑ ، جوڑ کا بند ہوتا تھا .
۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۷۸۸

ــ کاٹنا محاورہ .

۱. دوسرے کے کنکوے کی ڈور اپنے پتنگ کی ڈور سے کھینچ کر کاٹنا (نور اللغات) .

۲. کابلے یا ڈبری وغیرہ میں چوڑیاں بنانا .
پیچ تراش کو فصل کے لیے پیچھے کھسکاتے ہیں . . . یہ اور اوزار شہ پیچ ساز کی چوڑیوں کے مشابہ . . . پیچ کاٹنے میں کام دے سکتا ہے .
۱۹۴۸ انجینیری کارخانے کے عملی چالیس سبق ، ۱۲

۳. چال رد کرنا ، دانو کو ناکام بنانا .
غیر سے ہم سے پیچ لڑتے تھے
کیا کٹا ہے جو ہم نے کاٹا پیچ
۱۹۰۵ داغ ، یاد گار داغ ، ۱۴۹

ــ کٹنا (فت ک ، سک ٹ) ف ل .

پیچ کاٹنا (رک) کا لازم .
جب پیچ پر پیچ کٹنے لگے ، گڈیاں آپ کے ہاتھ پر سے اکھڑنے لگیں تو لگے تار باندھ کر لڑانے .
۱۹۳۲ اخوان الشیاطین ، ۲۹۸

ــ کرنا محاورہ .

۱. فریب کرنا ، دھوکا دینا ، چال چلنا .
سہیل خاں نے یہ پیچ کیا کہ دشمن سے کہا کہ مجھ میں اس قدر سپاہ کثیر کے ساتھ لڑنے کی تاب و تواں نہیں ہے .
۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۴ : ۶۸۸

وہ اوپر ہی اوپر ملا غیر سے بڑا پیچ پیغام بر نے کیا
۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۴۵

۲. کشتی میں دانو کرنا .
کشتی میں تیرا بس نہ چلا اور تو کوئی پیچ نہ کر سکا .
۱۹۴۱ الف لیلہ و لیلہ ، ۲ : ۳۰۸

۳. پیچ ڈالنا (پتنگ میں) (نور اللغات) .

۴. اکڑ دکھانا ، غرور کرنا .
کاکل سے گر کر لے سر سو پیچ کا خیال
فوراً گناہگار ہو سنبل کا بال بال
۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۳ : ۱۳۳

ــ کس (فت ک) امذ .

رک : پیچ کش .
سکرو کا چیک نٹ ڈھیلا کر کے سکرو کو پیچ کس سے ضرورت کے مطابق گھمائیے .
۱۹۷۵ پیٹرول انجن ، ۱۵۹

ــ کَسنا محاورہ .

ڈھری یا پیچ کو چوڑیوں کے گھٹانے بڑھانے سے سخت کرنا ؛ بندش کرنا ، قید و بند عائد کرنا .

کس دیا تھا ظالموں نے دین کا پیچ اس قدر
سخت مشکل تھا کہ ہو دنیا میں کوئی دین دار

۱۹۱۲ نذیر احمد ، مجموعۂ نظم بے نظیر ، ۱۶۲

واقعات کے اکھاڑے میں مصیبت اولوالعزمی پر نئے نئے پیچ کس رہی ہے .

؟ مقدمہ سوانح عمری آزاد ، عبدالغفور شہباز ، ۱۱

ــ کَش (فت ک) اسذ .

۱. ایک اوزار جس سے پیچ (اسکرو) کھولتے یا کستے ہیں ، اسکرو ڈرائیور .

پیچ کش کو گھڑی کی سوئیوں کے رخ گھمانے سے پیچ لکڑی کے اندر جاتا ہے اور اس کے خلاف سمت میں گھمانے سے باہر نکلتا ہے .

۱۹۶۳ لکڑی کا کام ، ۱ : ۳۴

۲. چھاپنے کی مشین کا پیچ گھمانے والا شخص .

پریس مین کے ساتھ ہی پیچ کش صاحب بھی پیترے بدلتے تشریف لائے .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، حاجی بغلول ، ۱۱۷

[پیچ + کش (رک)]

ــ کی بات اسث .

وہ بات جس کا ظاہری مطلب کچھ اور ہو لیکن اندر کچھ اور ہو ، گھماؤ پھراؤ کی بات .

سب پیچ کی یہ باتیں ہیں شاعروں کی ورنہ
باریک اور نازک موکب ہے اس کمر سا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۳۵۶

ــ کے اُوپر پیچ پڑنا محاورہ .

رک : پیچ پر پیچ پڑنا .

زلف میں بل اور کاکل پر خم پیچ کے اوپر پیچ پڑا
وہ ہوئی سرکش یہ ہوئی برہم پیچ کے اوپر پیچ پڑا

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۶

ــ کھانا محاورہ ؛ ــ بل کھانا (قدیم).

۱. بل کھانا ، اینٹھنا .

لٹ بہوت لنبی ، بہت بڑی ، و ہاں تے پیچاں کھاندے کھاندے کمر پر چڑی .

۱۶۳۵ سب رس ، ۷۵

جب کمر کستا ہے اپنی تو میاں
پیچ کھا جاتا ہے تب ہر مو میاں

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۳۱

۲. جی ہی جی میں کڑھنا ، پیچ و تاب کھانا .

تجھ زلف کے ماراں کوں چوکانا مشکل
اس پیچ بھری سوں پیچ کھانا مشکل

۱۶۷۴ نصرتی (قدیم اردو ، ۱ : ۵۲۷)

عجب ہے حال عاشق پیچ در پیچ
جس اوپر زلف دلبر پیچ کھاوے

۱۷۵۴ داؤد ، د ، ۹۰

دل پر خوں مرا کس کس طرح سے پیچ کھاتا ہے
کہے سے غیر کے جب سرخ رو دستار باندھے ہے

۱۸۰۹ جرات ، د ، عکسی ، ۳۶۳

۳. چکر کھانا ، فضا یا پانی میں بل کھانا ، گھومنا .

ہون جوں پیچ کھا دنڈ لائے صبحی ات تنک پن تھے
دیسے نازک کمر تج ووں خماری ڈول چالاں میں

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ۲ : ۲۰۷

وہ باد سیدھی مثل منارے کے ہے اور پیچ کھاتی ہے .

۱۸۷۳ مطلع العجائب (ترجمہ) ، ۱۲۴

ان جوانوں کے شملے نماز کی مختلف حرکتوں سے کبھی پیچ کھاتے اور کبھی کھل جاتے تھے .

۱۹۱۳ مقالات شبلی ، ۱ : ۱۲۷

۴. فریب کھانا ، دھوکے میں آنا .

میں کہتا ہوں دل ناداں نہ کھا پیچ
کرے گی اک نہ اک زلف دوتا پیچ

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۵۱

۵. سرگرداں رہنا ، غور و تامل کرنا .

کہ پہروں فکر میں جب پیچ کھاوے
تو شاید ایک مصرع راست آوے

۱۸۲۸ مثنوی نل دمن ، ۳

ــ کُھلنا محاورہ .

۱. بل دور ہونا ، سلجھنا .

شانہ الجھا ہے الگ ، آئینہ حیراں ہے جدا
پیچ کھلتا نہیں اے زلف سمن بو تیرا

۱۹۲۷ شاد عظیم آبادی ، میخانۂ الہام ، ۵

۲. بل یا لپیٹ کھل جانا ، پگڑی کا پھیر کھلنا .

کھل گئے اوس کی زلف کے دیکھے
پیچ دستار زاہد مکار

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۲۵۲

کھلا نشے میں جو پگڑی کا پیچ اس کی میر
سمند ناز پہ ایک اور تازیانہ ہوا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۵۳

۳. بھید ظاہر ہونا ، راز فاش ہونا .
عاملان کشمیر کو ڈر ہوا کہ ہمارے پیچ کھل جائیں گے .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۱۶۱

۴. سمجھ میں آجانا ، عقدہ وا ہونا .
کھلیں نہ ہم سے پیچ ان کی باتوں کے
جو ایک بات کے پہلو بٹھائیں ہم سو سو

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۱۷۲

۵. مشکل حل ہونا .
پیچ کھل جائیں گے محشر میں سیہ کاروں کے
زلف احمد کو ذرا آج تو بل کھانے دو

۱۹۱۰ کلیات شایق ، ۲۱۲

— کھولنا محاورہ .

پیچ کھلنا (رک) کا تعدیہ .
حسن نار نے جگ کے ادھار نے عالم کے مدار نے زلف کو بلا کر بولی ، پیچاں اس کے سب کھولی .

۱۶۳۵ سب رس ، ۲۰۲

جو کھولے پیچ شہزادی نے اس کے
جمائے رنگ نے عشرت کے نقشے

۱۸۶۱ الف لیلہ نو منظوم ، شایاں ، ۶ : ۵۲۰

— کھیلنا محاورہ .

۱. داؤ کرنا .
قید ہوجانے میں تو شبہ ہی تھا ، نا چار سپاہیانہ پیچ کھیلا .

۱۸۸۴ قصص ہند ، ۲ : ۱
اس نے سپاہیانہ پیچ کھیلا ، سب کے ناک اور کان کاٹ کر ایک رومال میں باندھ لیے .

۱۹۳۷ قصص الامثال ، ۱۰۰

۲. چال چلنا ، فریب دینا .
عرض مطلب پہ پیچ بھی کھیلے
پھر بھی اس سے جواب پایا صاف

۱۹۰۵ گفتار بیخود ، ۱۲۳

— کھینچنا محاورہ .

پیچ کسنا .
وہ چوٹی کے پیچ اب جہاں کھینچتے ہیں
سمند ادا کی عناں کھینچتے ہیں

۱۸۸۴ قدر (نورالغات)

— گانٹھنا محاورہ .

داؤ کرنا .
اب کان ما کان نے اس پر ایک پیچ گانٹھا اور اسے اتنا پلایا کہ ہدو کو یہ محسوس ہوا کہ اس کی آنتیں پھٹی جاتی ہیں .

۱۹۴۱ الف لیلہ و لیلہ ، ۲ : ۳۰۷

— گیرائی (— ی مج) اسم .

پہیوں کو موٹر وغیرہ سے ملانے والا دندانے دار چکر کا عمل .
امریکی مشینوں میں زور وارد کرنے کا عام طریقہ طاقت . . . سے چلائی جانے والی پیچ گیرانی ہے .

۱۹۴۱ مصنوعی اشیاء ، ۲ : ۸۳۵
[پیچ + گیرائی ، انگ : Gear سے ؛ انگ : Screwgearing]

— لانا محاورہ .

جھگڑے نکالنا ، مصیبت لانا .
لائے گی پیچ زلف پریشاں نئے نئے
یہ سادگی دکھائے گی ساماں نئے نئے

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۲۷۳

— لڑانا محاورہ .

۱. اڑتے ہوئے پتنگ کی ڈور دوسرے اڑتے ہوئے پتنگ کی ڈور پر ڈال دینا ، لاؤ لنگر لڑانا .
پتنگ بازی کی جو پتنگ بڑھے تو اسی کی ہورہے دو دو چار چار پانچ پانچ روپے اشرفی پیچ لڑا رہا ہے .

۱۸۹۰ میر کھسار ، ۲ : ۱۷۶
سچ یہ ہے کہ لمڈورے پیچ لڑانے کے بادشاہ تھے .

۱۹۲۶ شرر ، مشرقی تمدن کا آخری نمونہ ، ۱۷۱

۲. چال چلنا ، جُل دینا ؛ تدبیر کرنا .
ٹپکے دو چار جا تو بند کروں
پیچ کوئی لڑاؤں فند کروں

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰۱۱

— لڑنا محاورہ .

پیچ لڑانا (رک) کا لازم .
کنکوا ہتے سے اکھڑا ہوا ہے پیچ لڑیں گے کیا خاک .

۱۸۹۱ ایاسی ، ۱۲۹
غیر سے ہم سے پیچ لڑتے تھے
کیا کٹا ہے جو ہم نے کاٹا ہے

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ۱۴۹

— لینا محاورہ .

۱. رک : پیچ لڑانا (جامع اللغات) .

۲. گلے ملنا (جامع اللغات) .

— مارنا محاورہ .

۱. جُل دینا ، فریب دینا .

کوئی کہتا ہے صلح کا پیچ مارا ہے ، رات کو شب خون مارے گا .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۲۳۰

۲. بل کھانا ، اینٹھنا ؛ بل دینا ، گھمانا .

عشق بھرا پیچ لے کر مار پیچاں پیچ لاکھ
دھن سوں ملنے تیں سکھایا روز و شب یارب منجے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۳۸

زلف کا پیچ جو وہ کان ملاحت مارے
ہوں گرفتار بلا سیکڑوں شامت مارے

۱۸۵۴ کلیات ظفر ، ۳ : ۱۵۱

۳. کام اٹکانا ، مزاحمت کرنا ؛ کشتی کا داؤ کرنا (نوراللغات) .

— مشین (فت م ، ی سع) امث .

وہ مشین جس میں داب اور کساؤ کے لیے کھندار سلاخ لگی ہوتی ہے جس کو ہتھی وغیرہ سے گھماتے ہیں اور جزیں بناتے ہیں.

پیچ میشن میں ڈیا کے لیے ڈھکنا کاٹ او .

۱۹۰۳ آتشبازی ، ۵۲

(پیچ + مشین (رک)]

— مُویہ (— و سع ، فت ی) امث .

جز ترکیبی کنڈلی دار ، چکردار یا مرغولی جرثومہ ، انگ Spirochaeta .

آتشک کا پیچ مویہ غیر معمولی حد تک سخت جان ہوتا ہے.

۱۹۳۸ عمل طب ، ۱ : ۲۸۶

[پیچ + مویہ (رک)]

— میں آنا محاورہ .

۱. مصیبت میں پھنستا ، دقت میں پڑنا ، نقصان اٹھانا ، تکلیف اٹھانا .

آئے گا پیچ میں ہے خواہش رفعت جس کو
دیتے ہیں سخت اذیت رہ کہسار سے پیچ

۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۵۰

۲. دام فریب میں مبتلا ہونا ، دھوکے میں آنا .

خدا جانے کس پیچ میں آؤگے
کبھی پیش ان سے نہ لے جاؤگے

۱۸۷۱ نواب مرزا شوق ، بہار عشق ، ۳۱

دام فریب میں آنا .

ایک آفت تھی نگاہ فتنہ گر
ناگہانی پیچ میں آیا ہے دل

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۵۳

— میں پڑنا محاورہ .

۱. پریشان ہونا ، مشکل میں پڑنا .

میں کس پیچ میں یا الٰہی پڑا
کہ زلف بتاں کا ہو قیدی پڑا

۱۸۱۸ اظفری ، ۷ ، ۳۷

۲. پھنسنا ، گرفتار ہونا ، پیچ میں آنا .

زلفوں کے پڑا پیچ شانہ نے خلش کی
ایک اس دل رنجور پہ صدمے ہوئے کیا کیا

۱۸۷۰ الماس درخشاں ، ۱۸

۳. چکر میں آنا ، بکھیڑے میں آنا ، الجھاؤ میں پڑنا .

تب سوں ولی کا مطلب جا پیچ میں پڑیا ہے
دیکھا ہے جب سوں تیری دستار کا تماشا

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۴

تجھے تمھیں نکلے جو اس دام بلا سے اے ذوق
ورنہ تجھے پیچ میں اس زلف کے آئے تو سہی

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۳

— میں پھنسانا محاورہ .

مصیبت میں ڈالنا ، پریشان کرنا ؛ نقصان کرنا ، جھگڑے میں ڈالنا (جامع اللغات) .

— میں پھنسنا محاورہ .

رک : پیچ میں آنا (جامع اللغات ؛ مخزن المحاورات ، ۲۹۵) .

— میں ڈالنا محاورہ .

رک : پیچ میں پھنسانا .

نہ ڈال پیچ میں خاطر نہ اب پریشاں کر
بہت سے درد سر او زلف یار دیکھ چکے

۱۸۴۳ دیوان رند ، ۲ : ۲۸۰

— میں لانا محاورہ .

۱. پھانسنا .

لا رہا ہے پیچ میں قسمت کا پھل چاروں طرف
بنے کسی ہی بنے کسی ہے آج کل چاروں طرف

۱۸۸۹ لیل و نہار ، ۳۰

۲. **فریب دینا ، دھوکا دینا .**

تم تو اس کو پیچ میں سو سو طرح لائے مگر
مفت دیتا دل تمھیں داغ ایسا دیوانہ نہ تھا

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۲۰

نفس ابلیس کے پھندے سے بچانا اے پیر
ہر نئے طور سے یہ پیچ میں لاتے ہیں مجھے

۱۹۱۰ کلیات شایق ، ۳۱۵

۳. (کشتی) **کسی داؤ میں لے لینا ، داؤ لگا کر قابو میں کر لینا ،**

ان بتوں کو جذبہ دل سے لتاڑا چاہیے
کافروں کو پیچ میں لا کر پچھاڑا چاہیے

۱۸۵۴ غنچۂ آرزو ، ۱۷۷

— میں لینا محاورہ .

رک : پیچ میں لانا .

چاہو کہ پھر اب پیچ میں لو تم ہمیں اس آن
سو آہ یہ ہونا نہیں اے خسرو خوباں

۱۸۳۰ نظیر اکبر آبادی ، ک ، ۲ : ۱۰۱

— میں ہونا محاورہ .

۱. **رک : پیچ کھانا .**

گیسو نہیں پیچ میں ہو کیوں تم
یوسف نہیں ہوش کیوں ہوئے گم

۱۸۸۷ ترانۂ شوق ، ۱۵

۲. **رک : پیچ میں پڑنا .**

کیا کہوں مسٹر ٹالیٹ ، چھ مہینے سے میں اس پیچ میں ہوں .

۱۹۳۱ رسوا ، خونی راز ، ۱۱۵

— نامیہ (— کس م ، فت ی) امذ .

رک : پیچ دار نامیہ .

پسلین مندرجہ ذیل جراثیم پر مہلک اثرات رکھتی ہے سوزاکی کروے . . . اور آتشک کے پیچ نامیے .

۱۹۶۷ بنیادی خردحیاتیات ، ۳۶۴

— نکالنا محاورہ .

الجھاو دور کرنا ، سلجھانا .

زلف کے پیچ تو شانے سے نکالے تم نے
زلف کے پیچ سے لیکن نہ مرا دل نکلا

۱۹۱۵ جان سخن ، ۲۱

پیچ و تاب دینا

— و تاب (— و مچ) امذ .

۱. **فکر ، اندیشہ ، تشویش ، تردد .**

دل کوں دیتا ہے ہمارے پیچ و تاب
پیچ تیرے طرۂ طرار کا

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۸

اتنا ہی مجھ کو اپنی حقیقت سے بعد ہے
جتنا کہ وہم غیر سے ہوں پیچ و تاب میں

۱۸۶۹ غالب ، د ، ۱۸۹

۱. **بل ، خم .**

دیکھا نہ ہے یہ رشک و حسد وہ بلا کہ آج
سنبل کو تیری زلف کا سا پیچ و تاب تھا

۱۸۵۱ مومن ، ک ، ۲۳

۳. **اضطراب ، بے قراری ، بے چینی .**

ہر ایک روز ہر بھانت دیوے جواب
دیکھا درد کا طبع کوں پیچ و تاپ

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۵۸

زلفاں کو کہہ کہ دل کوں کریں آپ میں سیں دور
یہ پیچ و تاب اون کوں ہے اوس کے تعب ستی

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، (ق) ، ۷۲

انسان کیونکر خیالات . . . کے اس طلسم پیچ و تاب کا ملاحظہ کرتا ہے . . . جو اس کے اندر ہمدردیاں پیدا کرتی ہیں .

۱۹۶۸ مغربی شعریات ، ۵۱

۴. **غم و غصہ ، قہر و غضب .**

مرا دل پاک ہے از بس ولی زنگ کدورت سوں
ہوا جیوں جو ہر آئینہ مخفی پیچ و تاب اس کا

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۲۰

۵. **کشمکش ، شش و پنج .**

درزی اس پیچ و تاب میں تھا کہ اتنے میں منصوری آیا اور کہا کہ یہ بنڈل اٹھالو .

۱۸۹۱ حاجی بابا اصفہانی ، ۳۳۹

۵. **خم و چم ، معشوقانہ خرام .**

تعجب ہے یہ پیچ و تاب کیوں کر اس سے اٹھتے ہیں
ترے موے میاں میں تو رگ گل کی نزاکت ہے

۱۸۴۳ دیوان رند ، ۲ : ۲۸۳

[پیچ + و ، عطف + تاب (رک)]

— و تاب دینا محاورہ .

بل دینا ؛ غم و غصے میں مبتلا کرنا ؛ بے چین کرنا ؛ فکر و اندیشے میں ڈالنا .

کیوں مومن ضعیف نہ ہوں غم سوں اے صنم
تیری کمر نے مجھ کوں دیا پیچ و تاب آج

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۶۸

ــ و تاب کھانا محاورہ .

۱. مرغولے کی شکل اختیار کرنا .

عود سوز روشن ، دھنواں پیچ و تاب کھاتا ہوا اٹھتا ہے .

۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۶ : ۱۵۲

۲. ہیجان میں مبتلا ہونا ، جوش جذبات سے پھڑکنا ، بل کھانا .

دلارام دیدیاں منیں لیانی آب
او جوں زلف اپنی کھانی پیچ و تاب

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۴۸

جب یہ پیغام و جواب دندان شکن پہونچا ہوش جاتے رہے مثل مار دم بریدہ کے پیچ و تاب کھایا .

۱۸۹۱ بوستان خیال ، ۹ : ۴۸

جس کی چشم تر میں یوں کھاتے ہیں ارمان پیچ و تاب
دھار پر تلوار کی جیسے شعاع آفتاب

۱۹۳۳ سیف و سبو ، ۳۳

۳. (مجازاً) غم و غصہ کرنا رشک و حسد سے جلنا ، جھلانا .

یہ سن کر کہ نواب عالی جناب
دل اپنے میں کھانے لگے پیچ و تاب

۱۷۹۳ جنگ نامہ دو جوڑا ، ۳۹

سوائے مکر و فریب اور کمزوری و بے ہمتی کے اصالت اور شجاعت کا نام نہ پاتی تھی تو گھٹتی تھی اور دل ہی دل میں پیچ و تاب کھاتی تھی .

۱۸۸۰ نیرنگ خیال ، ۳۰

ابن حریث معزول ہو کر نہایت پیچ و تاب کھاتا تھا .

۱۹۳۵ عبرت نامۂ اندلس ، ۲۹۸

۴. مضطرب رہنا ، بے قرار ہونا ، بے چین ہو جانا .

پونچھیوں تو باندھ کر کس پر چلا ہے تو کمر
میں پڑا کھاتا پھروں گا تا قیامت پیچ و تاب

۱۷۹۸ سوز ، د ، ۸۷

اخرس جادو کی زبان سے سنی فوراً تغیر مزاج ہوا اور دل میں پیچ و تاب کھایا .

۱۸۷۹ بوستان خیال ، ۶ : ۱۸۷

وحدت پسندوں کے مزاج میں . . . وہ بعض اوقات پیچ و تاب کھانے لگتے ہیں .

۱۹۳۷ فلسفۂ نتائجیت ، ۸۱

ــ و تاب میں آنا محاورہ .

بل کھانا ، برہم ہونا .

تمہاری زلف نے اس وقت ایسے بل کھائے
کہ جیسے آئے تموج سے پیچ و تاب میں آب

۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۹۲

ــ و تاب میں پڑنا محاورہ .

رک : **پیچ و تاب کھانا .**

تجھ زلف حلقہ وار سوں مانند عاشقاں
گرداب و موج مل کے پڑے پیچ و تاب میں

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۸۰

ــ و تاب میں ہونا محاورہ .

رک : **پیچ و تاب کھانا .**

خط پڑھ کے ہوا اور بھی وہ پیچ و تاب میں
کیا جانے لکھ دیا اسے کیا اضطراب میں

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۱۴۵

ــ و خَم (ــ و مج ، فت خ) امذ .

۱. بل ، پھیر ، کجی ، موڑ ، چکر .

ہے عدو ان کا بلا شک اس سے کم
نیں ہے ہرگز اس بیان میں پیچ و خم

۱۷۹۲ تحفۃ الاحباب ، ۴۹

پیچ و خم پھر افعی گیسو کے دکھلانے لگا
پھر بلا لایا دل نا مہرباں بالائے سر

۱۸۶۵ نسیم دہلوی ، د ، ۱۴۹

زبیدہ میں ناگن کا بل تھا اور لہروں کا اوج کمان کی لچک تھی اور سنبل کا پیچ و خم .

۱۹۲۴ مذاکرات نیاز ، ۱۳

۲. نشیب و فراز ، اونچ نیچ ، مصلحت ، اچھائی برائی .

اف : ہونا ، کھانا .

[پیچ + و ، عطف + خم (رک)]

ــ و خَم کھانا محاورہ .

بل کھانا ، رک: **پیچ و تاب کھانا .**

ظفر بل اس قدر کیوں کھائے اس کافر کی زلفوں نے
ہم اس کے پیچ میں تھے پیچ و خم کھاتے تو ہم کھاتے

۱۸۵۶ کلیات ظفر ، ۴ : ۱۶۶

ظلمت ابہام میں پرچھائیں تفصیلات کی
پیچ و خم کھاتے بگولے میں چمک ذارت کی

۱۹۳۲ فکر و نشاط ، ۱۲

پیچا (ی مع) امث .

بلا (دریائے لطافت ، ۱۰۱) .

[رک : بچا]

پیچا (۱) (ی مج) امذ ؛ پیچہ .

اُلّو ، چغد ، بوم (جامع اللغات) .

[س : पेचक : पेचक]

پیچا (۲) (ی مج) امذ .

رک : پیچ معنی نمبر ۳ ؛ پگڑی کی ایک قسم، رک : ایک پیچہ.

تونے اک پیچا سجا ہے ہاتھ سے اپنے جو یار
کرتے ہیں قالب تہی سن کر اسے دستار بند

۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۷۵

آدمیوں نے پوشاک بدلی اور دستار بند کے ہاتھ کا پیچا بندھا ہوا ، ہلکے رنگ کے یا تو دستار یا سندیل سر پر رکھے .

۱۹۱۱ ظہیر دہلوی ، داستان غدر ، ۲۰۹

پیچا پیچ (ی مج) .

(الف) م ف .

پیچ پر پیچ ، چکر پر چکر (جامع اللغات) .

(ب) صف .

پیچیدہ ، دشوار ، مشکل ، پیچدار .

عشق پیچا پیچ لے کر مار پیچاں پیچ لا کہ
دھن سوں ملنے تیں سکھایا روز و شب یارب منجے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۳۸

گزر کر راہ پیچا پیچ قدر و جبر سے حسرت
یقیں اپنا مقیم شہر عرفان تصوف ہے

۱۹۵۰ کلیات حسرت موہانی ، ۱۷۸

پیچاک (ی مج) امث .

۱. پیچ و خم ، چکر ، مرغولہ .

کہیں پیچاک آہ کر تحریر دے بنا زلف کی کہیں زنجیر

۱۸۱۰ بحرالمحبت ، ۴۳

عقل مدت سے ہے اس پیچاک میں الجھی ہوئی
روح کس جوہر سے خاک تیرہ کس جوہر سے ہے

۱۹۳۶ ضرب کلیم ، ۵۲

۲. الجھن .

ان میں سے کوئی بھی نفسیاتی مرض نہیں بلکہ ایک ذہنی پیچاک (کام پلکس) کی مختلف علامات ہیں .

۱۹۷۵ مظاہر نفس ، ۶۸۰

[ف]

پیچاں (ی مج) صف .

۱. بل کھایا ہوا ، بل دار .

سنبل اس رشک خط سوں ہے پیچاں
درپن اس مکھ کو دیکھ کر حیراں

۱۷۱۴ دیوان فائز دہلوی ، ۱۹۳

ناقوس یہ کس دل سے کیا نالۂ جاں سوز
یاں دل کا دھنواں آہ سے پیچاں نکل آیا

۱۸۵۳ ذوق ، د ، ۶۰

۲. (مجازاً) حیران ، پریشان (غلطاں کے ساتھ) .

ان خیالات میں غلطاں و پیچاں تھی .

۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۲۳۸

۳. لپٹا یا مڑا ہوا ، اندر کی طرف رخ دار .

اگر ہر پنکھڑی یا اکمایہ کا ایک حاشیہ اندر کی طرف رخ کرے اور دوسرا حاشیہ اس حالت کو پیچاں کہتے ہیں .

۱۹۶۲ مبادی نباتیات ، ۱۳۰

[ف]

پیچانَرد (ی مج ، فت ن ، سک ر) امذ .

(پارچہ باقی) کر گے میں جلاہے کے ہاتھ تلے لگا ہوا بیلن جس پر وہ تیار شدہ یعنی بنا ہوا کپڑا لپیٹتا جاتا ہے ، تر ، لپیٹن (ا پ و ، ۲ : ۵۹).

[مقامی]

پیچدار (ی مج ، سک چ) صف .

پیچ (رک) کا تحتی ، پیچ دار .

ہماری فطرت کے نہایت دقیق اور پیچدار عقدوں کو وہی داور مشکل کشا کھول سکتا ہے .

۱۸۹۳ تعلیم الاخلاق ، ۱۵۸

جب کسی پیچدار مسئلہ سے دو چار ہوا دوسروں سے پوچھنے میں عار نہیں کی .

۱۹۳۷ اردو گلستان ، ۲۱۳

پیچش (ی مج ، کس چ) امث .

۱. ایک قسم کی بیماری جس میں مڑوڑ ہو کر پیخانے کے ساتھ آنو آتی ہے .

کھجلی ، داد ، خنازیر ، پیچش . . . غرض اقسام اقسام کی بیماریاں ان کو عارض ہوتی ہیں .

۱۸۱۰ اخوان الصفا ، ۱۱۴

مولانا ایک مہینے سے پیچش میں مبتلا تھے .

۱۹۴۳ حیات شبلی ، ۵۶۱

۲. بل ، پیچ .

گو شومی طالع سے فلک قید ہو کوئی
پر زلف کی پیچش تو نہ ہو دام کسی کا

۱۷۹۵ قائم ، د ، ۲۰

گلہ سن پیچش کاکل کا مجھ سے یوں لگا کہنے
تو اپنی فصد کر جلدی کہ تجھ کو میر سودا ہے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۳۰۶

۳. چکّر ، گردش .
حرکت نبض موج سے پیچش گرداب کو معلوم کیا .
۱۸۴۹ تذکرۂ اہل دہلی ، ۴۹

۴. رک : پیچ و تاب ؛ قہر و غضب .
ہے ہماری نظر میں حرمت مے
پیچش اہل احتساب عبث
۱۸۶۱ دیوان ناظم ، ۶۳

[ف]

ـــ کرنا محاورہ .
الجھنا ، جھگڑنا .
آہستہ گزریو تو صبا کوئے یار سے
پیچش نہ کیجیو مرے مشت غبار سے
۱۷۸۴ درد ، د ، ۹۳

یہ نہیں لائق ہے ہم کو ان سے ہم پیچش کریں
ہے تلافی جرم کی یہ ان پہ ہم بخشش کریں
۱۸۷۴ نتائج المعانی ، ۱۰۵

پیچشی (ی مج ، کس چ) صف .
پیچش (رک) سے منسوب .
اس درجے میں ممکن ہے کہ کہنہ پیچشی علامت پیدا ہو .
۱۸۶۰ نسخۂ عمل طب ، ۵۷۲
[رک : پیچش + ی ، لاحقۂ نسبت]

پیچک (۱) (ی مج ، فت چ) اسث .
۱. چکر دار لپٹے ہوئے سوت یا دھاگے کی گولی .
کسی جا سن رسیدہ عورتیں برقعہ پوش ، کرتی ، ازاربند ، گڑیاں ، پیچکیں لپٹے موجود .
۱۸۶۱ فسانۂ عبرت ، ۳۳
میں نے سوئی پیچک ، موسی موتی . . . مول لے کے ٹوکری میں رکھیں .
۱۹۲۷ داودہ پنج ، لکھنؤ ، ۱۲ ، ۲۷ : ۹

۲. وہ پیٹی جس میں تپنچہ لگا ہوا ہو .
کلی پیچک ہے قاتل کی چٹکنا ہے صدا اس کی
ہے ٹہنی گل کی تلوار اور سر پھولوں کی ڈالی ہے
۱۸۳۵ دفتر فصاحت ، ۱۹۷
کرے کیونکر نہ زخمی تل کی گولی
کہ پیچک ہے ترے گیسو کا ہر پیچ
۱۸۷۰ دیوان اسیر ، ۳ : ۱۲۰
وہ اس ٹھاٹ سے آتے ہیں رہ گزر میں
تپنچے کی پیچک ہے نازک کمر میں
۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۶۲

۳. ڈوری ، کمر بند .
بنکیتی میں نہ فرق آئے گا پٹکا کھول کر رکھیے
کمر پتلی ہے پیچک باندھیے تار ریشم سے
۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۰۹

۴. (موسیقی) دھن ، لے ؛ ایک راگنی کا نام .
جوان نے دیکھ وہ وقت اور سمایا
بنا کر دل سے پیچک خوش ہو گایا
۱۷۵۹ راگ مالا (ق) ، عزلت ، ۵۸

۵. چکردار گول گڑھا ، بھنور .
گالوں میں جو لالے کی پیچک ہیں ، سو یہ پیچک نہیں ہیں بھنور ہے کہ جہاں من عاشق کا پڑتا ہے سو نہیں نکلتا .
۱۷۴۶؟ قصہ مہر افروز و دلبر ، ۳۸

[ف]

پیچک (۲) (ی مج ، فت چ) امذ .
جہاز کا ایک کیڑا جو اس کے پیندے کو کھوکھلا کر دیتا ہے ، ہڈی کی بنی ہوئی انگشتری جس پر نگینہ ہو ؛ عشق پیچاں ؛ خواتین کے لباس کی زیبائش کا فیتہ ؛ الو ، بوم (رک) پیچا (۱) ؛ جوئن ؛ بادل ؛ بستر ، پلنگ ؛ ہاتھی کی دم کا سرا (پلیٹس ؛ جامع اللغات ، اسٹین گاس) .
[س : پیچک पेचक]

پیچنا (ی مع ، سک چ) ف م .
لتاڑنا ، دبانا ، کچلنا (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .
[ہ : پیچنا पीचना]

پیچو (ی مع ، و مع) امذ .
۱. ایک قسم کا آڑو ، چیلو ، زرد آلو (فرہنگ آصفیہ) .
۲. (عوام) کریر ، بکا سرخ ٹینٹ ، کریل کا بکا پھل لاط : Capparis Aphylla (جامع اللغات ، فرہنگ آصفیہ ، پلیٹس) .
[ہ : پیچو पीचु]

پیچو (ی مج ، و مع) امذ .
جنس قلقاس ، جنس اروی ، کچالو ، ایک قسم کی گٹھی دار یعنی بصلہ نما خوردنی ترکاری بشکل جڑ جو ہند و پاک میں عام ہے لاط : Colocasia antiquorum (پلیٹس) .
[س : پیچ पिच]

پیچوان (ی مج ، سک چ) امذ .
۱. ایک قسم کا فرشی حقہ جس کی نے ملائم اور کافی لمبی ہوتی ہے تاکہ دور تک بیٹھنے والے افراد تک پہنچ سکے جس کا نیچا لوہے یا جست کے تار لپیٹ کر بناتے ہیں اور اسے پیچ در پیچ کر کے رکھتے ہیں ، پیچ .

اکبر آباد میں بہت لطیف اور پاکیزہ اور سبک اور صاف اور خوش وضع نیچہ بنایا جاتا ہے ازاں جملہ ایک پیچوان ہے ۔

۱۸۴۵ مجمع الفنون ، (ترجمہ) ، ۲۱۱

بیوی نے زیر انداز بچھا کر پیچوان کا بل اپنے ہاتھ سے میاں کے داہنے ہاتھ کی طرف قریب رکھ دیا ۔

۱۹۲۳ اہل محلہ اور نااہل پڑوسی ، ۶

۲۔ وہ مقناطیس جو استوانی شکل کے تار کے لچھے میں برقی رو گزار کر بناتے ہیں ۔

اگر والو (Valve) یعنی ٹیوب کے گرد ایک پیچوان یعنی سولی نائیڈ (Solenoid) لپیٹ دیا جائے اور اس میں برقی رو چلا کر ایک مقناطیسی میدان فلامنٹ کے متوازی عمل کرنے دیا جائے تو اس مقناطیسی میدان کے اثر کے باعث الیکٹران اپنے راستے سے پھر جاتا ہے ۔

۱۹۷۰ جدید طبیعیات ، ۱۰۱

۳۔ (برقیات) تاروں کی لپیٹ جو عام طور پر برقی موٹروں کے بنانے میں رکھتے ہیں ، لپیٹ ۔

مناسب حالات میں توانائی کو آزاد کرنے سے کام حاصل ہوتا ہے جو کسی انجن کے فشارے میں حرکت یا برقی موٹر کے پیچوان (Windings) میں برقی رو کی ترسیل کر سکتی ہے ۔

۱۹۶۹ حرحرکیات ، ۱۷

۴۔ (ہٹواگری) ڈورے کے لمبے سروں میں تھوڑے تھوڑے فاصلے پر کلابتو کی لپیٹ جو بطور گنڈا بنائی جائے ، ٹھٹی ، گنڈا ۔

گلے میں . . . تعویذ . . . جس کی کرسک ، ٹھٹی ، پیچوان . . . چمکتے ہوئے گلے میں ۔

۱۹۲۳ اہل محلہ اور نااہل پڑوسی ، ۲۹

۵۔ (کشتی) کشتی کا ایک داؤ ۔

پیچوان ، جب حریف نیچے ہو تو ظفر کو چاہیے کہ حریف کی داہنی طرف بیٹھ کر حریف کی داہنی سانڈی کھینچے اور اپنے بائیں ہاتھ سے حریف کی بائیں ران کا جانگھیا پکڑ کر یا ران میں ہاتھ ڈال کر اپنی داہنی طرف اولٹ دے ۔

۱۹۰۷ رسوز فن کشتی ، ۹۷

[ف]

پیچوانہ (ی مج ، سک چ ، فت ن) صف ۔

پتوں کی ابتدائی لپیٹواں حالت جو نشو و نما کے ساتھ ساتھ کھلتی جاتی ہے ۔

تمام نوخیز پتے اور پرانے پتوں کے قاعدے متعدد بھورے روئیں . . . سے ڈھکے ہوئے ہوتے ہیں جو عام طور پر فرنز کے ممیز خاصوں میں سے ہوتے ہیں پتے کی برگی لپیٹ پیچوانہ ہوتی ہے ۔

۱۹۴۲ مبادی نباتیات ، ۲ : ۵۷۳

[رک : پیچوان + ہ ، لاحقۂ نسبت]

پیچوانی (ی مج ، سک چ) صف ۔

پیچوان (رک) سے منسوب یا متعلق ۔

اگر ایک خطہ میں ہر بند سطح پر کسی سمتی تفاعل کا نفوذ صفر ہو تو وہ تفاعل اس خطہ میں پیچوانی کہلاتا ہے ۔

۱۹۶۷ تشریحات سمتیہ ، ۱۲۴

پیچوٹیورین (ی مج ، و مع ، کس ٹ ، و مع ، ی مج)

~ پیچو ٹرائن ۔

جسم انسانی کے بلغم خیز رطوبتی نیز کف یا لعاب پیدا کرنے والے غدودوں کی ایک مخصوص دوا ۔

حال ہی میں ایلوپیتھیوں کے یہاں ایڈرنالین ، پیچوٹیورین ، انسیولین وغیرہ اسی مقصد کے لئے مستعمل ہیں ۔

۱۹۳۱ علاج بالمثل ، ۳۶

[انگ : Pituitarin, Pituitarine]

پیچہ (ی مج ، فت چ) ۔

(الف) امذ ۔

۱۔ سوراخ کرنے کا پیچدار برما ۔

پیچہ تیز نوکدار مرغولہ کی مانند ہوتا ہے ۔

۱۹۳۴ مٹی کا کام ، ۶۲

۲۔ رک : پیچا ؛ ایک پیچا ۔

عشق کا ایک پیچہ میں سر پہ لپیٹے پھروں
لالے کا ہر داغ ہے حسن کی دستار میں

۱۸۶۱ کلیات اختر ، ۴۹۲

۳۔ وہ پودا جس کی شاخیں زمین تک پھیلتی یا کسی سہارے سے اوپر چڑھتی ہیں ، بیل ، لتا ۔

اکثر پنجی کے پیچہ یوں پر نگار
کہ مہندی سوں جوں پنجۂ گلعذار

۱۶۴۵ قصۂ بے نظیر ، ۱۰۲

(ب) صف ۔

وہ چیز جس میں پیچ لگا ہو ، پیچ والا ، چوڑی دار ۔

پیچہ دُھرا ایک دستے کے ذریعے گھمایا جاتا ہے جو مشین کے سامنے ہوتا ہے ۔

۱۹۳۱ مضبوطی اشیا ، ۲ : ۸۳۹

[پیچ + ہ ، لاحقۂ صفت]

پیچیا (ی مج ، سک چ) صف ۔

چال باز ، فریبی ۔

مجھ سے نہ کیجیو فلک کج مدار پیچ
ہوں پیچیا ہیں یاد مجھے بھی ہزار پیچ

۱۸۹۸ عیش لکھنوی ، (ق) ؟

[رک : پیچ + یا ، لاحقۂ صفت]

پیچیدگی (ی مج ، ی مع ، سک د) اسف .

۱. مڑوڑ ، بل .

صوت کو دیگر کیفیات بھی عارض ہوتی ہیں یعنی زیری و لمبی و پیچیدگی ، آخری کیفیت گرانی گلو کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے .

۱۹۳۸ آئین اکبری (ترجمہ) ، ۱ ، ۱۰ : ۱۸۵

۲. الجھاو ، دقت ، مشکل .

اس میں ہر گز کسی طرح کی پیچیدگی نہیں .

۱۸۹۹ رویائے صادقہ ، ۱۲۱

اکثر اشعار میں جو تعقید اور پیچیدگی رہ جاتی ہے ، اس کی یہی وجہ ہوتی ہے کہ مضمون کا کوئی ضروری جزو چھوٹ جاتا ہے .

۱۹۱۲ شعرالعجم ، ۴ : ۸۵

[ف]

پیچیدہ (ی مج ، ی مع ، فت د) صف .

۱. بل کھایا ہوا ، مڑا ہوا ، پیچاں ، لپٹا ہوا .

پیچیدہ تھیں جابجا وہ بیلیں
دل جتنے ہوں کا کلوں میں لے لیں

۱۸۸۷ ترانۂ شوق ، ۲۸

۲. پیچ در پیچ ؛ کٹھن ، دقت طلب ، الجھا ہوا .

جی میں خوش تھا کہ بڑا پیچیدہ اور جھگڑے کا مقدمہ طے ہوا.

۱۸۹۱ ایاسی ، ۳۳

اخلاق کے اکثر مرحلے بڑے پیچیدہ ہوتے ہیں .

۱۹۵۴ اکبر نامہ ، ۱۰۵

۳. مبہم ، گنجلک ، گول مول .

سمجھ پر بھی تو یہ عقدہ تو کھول صبا بارے
زلفوں نے کسے بھیجا یہ نامۂ پیچیدہ

۱۷۸۳ درد ، د ، ۶۶

بعض والیان ملک نے تو صاف انکاری جواب دیا ، بعض نے پیچیدہ اور گومگو مصلحت آمیز جواب دیے .

۱۹۲۶ حیات زیاد ، ۶۰

۴. دشوار گزار ، ٹیڑھا میڑھا .

سب فوج ایک قطار میں اس پیچیدہ راستے سے ہو کر چل پڑی .

۱۹۰۷ نپولین اعظم ، ۲ : ۲۷۸

۵. ادق ، مشکل .

فلسفے کے پیچید ، اور دقیق مسائل اس طرح آسان کر دیے کہ افلاطون اور ارسطو کا سارا بھرم کھل گیا .

۱۹۰۲ علم الکلام ، ۱ : ۷۰

۶. لپٹا ہوا ، تہ کیا ہوا .

اون کے عقب دو صاحب ، پھر صاحب پولیٹکل اجنٹ بھوپال ، پھر ایک افسر نشان پیچیدہ لیے ہوئے پھر میں .

۱۸۷۲ تاریخ ریاست بھوپال ، ۳ : ۴۴

۷. پیچ دار ، الجھا ہوا .

انسانی جسم بھاپ کے انجن سے مشابہت رکھتا ہے اگرچہ وہ انجن سے کہیں زیادہ پیچیدہ اور مکمل ہے .

۱۹۳۱ ہماری غذا ، ۴

[ف]

ــ کرنا محاورہ .

لپیٹنا .

چوہا وہ جوز اٹھا کر دوسرے چوہے پر رکھتا ہے اور وہ اپنی دم کو اس جوز پر پیچیدہ کر کے اپنے سوراخ تک لے جاتا ہے .

۱۸۷۷ عجائب المخلوقات ، ۵۸۴

برق فرنگی کی مشکین باندھ کر ایک ستون سے پیچیدہ کر دیا.

۱۸۹۰ طلسم ہوشربا ، ۴ : ۸۹۱

یہ عبارت پشت عرضی مذکور پر لکھوا کر بدستور سابق اس کو پیچیدہ و ملفوف کر کے اسی طائر سحر کو دی گئی .

۱۹۱۷ گلستان باختر ، ۳ : ۷۳۶

ــ ہونا محاورہ .

۱. پیچیدہ کرنا (رک) کا لازم .

وہ افعی شعبان جنی نام ، ہنگام مقابل تمہارے اوپر پیچیدہ ہو جائے گا اور بالکل تم کو ملفوف کر لے گا .

۱۸۹۱ بوستان خیال ، ۸ : ۹۲

۲. بل کھانا ، پیچ کھانا ، چکر لگانا .

دھواں سب ناک کی راہ سے دماغ میں پیچیدہ ہوا .

۱۸۸۲ طلسم ہوش ربا ، ۱ : ۱۳۴

۳. گونجنا ، گھومنا .

ایک قہقہہ مارا جس کی صدا در و دیوار میں پیچیدہ ہوئی .

۱۸۹۰ بوستان خیال ، ۶ : ۳۶۱

پیچہ (۱) (ی مع ، سک چ) امذ .

رک : پیچ (۱) .

یہ تعلق تمام پہلے اور پچھلے بلکہ ہر پہل اور پیچہ یعنی ہر قبلیت ہر بعدیت اور ہر تقدم اور ہر تاخر کی معیار ہے .

۱۹۵۹ تفسیر ایوبی ، ۱ : ۱۱۵

پیچھ (۲) (ی مع ، سنسکرت چھ) امث .

رک : پیچ .

دودھ کو ہلکا کرنے کے لئے پانی کی بجائے دوسرے سیال استعمال کرین مثلاً جو کا پانی یا چاولوں کی پیچھ . . . وغیرہ .

۱۹۷۰ گھریلو انسائیکلو پیڈیا ، ۲۲۷

پیچھا (ی مع) امذ .

۱. عقب ، پشت ، پیٹھ کی سمت .

آئین جنگ کے بموجب امرائے شاہی آگا ، پیچھا ، دایاں ، بایاں سنبھال کر کھڑے ہوئے .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۱۸

۲. پچھلا حصہ .

وہ گھوڑا جس کا پیچھا ہو نکھونٹا
تیر گوں ہے مقرر نام اس کا

۱۷۹۵ فرس نامہ رنگین ، ۷

۳. لباس کا پچھلا حصہ .

درزی پہلے آگا پیچھا ، کلیاں ، چوبغلے ، آستین ہر ایک چیز کا اندازہ کر لیتا ہے تب قطع کرتا ہے .

۱۹۲۹ تاریخ نثر اردو ، ۱ : ۱۹۶

۴. غائبانہ ؛ تعاقب ، پیروی ؛ (کنایۃً) مر جانا (نور اللغات) .

[س : پکشچ + کہ : पक्ष + क:]

— بھاری ہونا محاورہ .

۱. پس پشت مددگار ہونا ، پشتی ہونا ، بہت سے طرف دار ہونا .

اس کا پیچھا بھاری ہے یعنی مان سنگھ کا بھانجا ہے ، تمام کچھواہہ ساتھ دیں گے .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۱۲۳

۲. کسی کام کے آخر میں مشکل پیش آنا .

بیاہ کا پیچھا بھاری ہوتا ہے .

۱۸۹۵ فرہنگ آصفیہ

— پکڑنا محاورہ .

۱. ہر وقت کسی کے ساتھ لگا رہنا ، پنڈ نہ چھوڑنا تعاقب کرنا .

دستگیر آپ ہوے غیر نے پیچھا پکڑا
ہے مثل انگلی پکڑتے ہوے پونہچا پکڑا

۱۸۶۷ واسوخت ، امیر مینائی (شعلۂ جوالہ ، ۱ : ۱۳۷)

۲. دردِ سر آزار ہونا ، سر ہونا ، ستانا .

مخمور نے تیوری چڑھا کر کہا ، کہو صاحب کیا ہے ، کیوں کمبخت کا پیچھا پکڑا ہے .

۱۸۸۲ طلسم ہوش ربا ، ۱ : ۳۵۳

— پیچھا ہی نہ چھوڑنا محاورہ .

دیر سے کام کرنے میں نقصان ہوتا ہے جو کرنا ہے فوراً کرنا چاہیے (جامع اللغات) .

— پھیرنا محاورہ .

۱. مڑنا ، پلٹنا .

پیچھا پھیر دیکھے عمر سعد لعین کھڑا ہے .

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۱۱۵

۲. روانہ ہونا ، ہٹ جانا ، پیٹھ دکھانا (پلیٹس) .

— چھٹانا محاورہ .

چھٹکارا پانا ، پنڈ چھڑانا ، جان بچانا ، آزاد ہونا .

اہل قلعہ نے قلعہ حوالہ کر کے اپنا پیچھا چھٹایا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۷ : ۲۰۲

— چھٹنا محاورہ .

پیچھا چھٹانا (رک) کا لازم .

محشر میں بھی پیچھا نہ چھٹا ضعف سے افسوس
ہلکا ہوا بلہ سری میزان عمل کا

۱۸۷۳ کلیات قدر بلگرامی ، ۱۳۴

— چھڑانا محاورہ .

۱. رک : پیچھا چھٹانا .

ان سے کسی طرح پیچھا چھڑانا چاہیے .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۱۰۳

وہ تینوں عدالت کے کمرے کے باہر کی بھیڑ سے جوں توں پیچھا چھڑا کر ایک ناشتہ خانے میں پہنچے .

۱۹۳۳ افسانچے ، ۱۹۵

۲. خلاصی دینا ، چھٹکارا دینا ، نجات دلانا ، جان بچانا .

خیر ان بلاؤں سے تو خدا نے سید صادق کا پیچھا چھڑایا .

۱۸۹۹ رویاے صادقہ ، ۷۸

— چھوٹنا محاورہ .

آزاد ہونا ؛ کسی سے تعلق ختم ہونا .

پھندے میں پھنسے ہیں اون کے راقم
مشکل ہے ستم گروں سے پیچھا چھوٹے

۱۸۹۷ کلیات راقم ، ۲۴۶

انھیں تو خوش ہونا چاہئے کہ بڑے موذی سے پیچھا چھوٹا .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۳/۱ : ۱۰۵

— چھوڑنا محاورہ .

۱. پنڈ چھوڑنا ، باز آنا ، ترک کرنا .

اس کا پیچھا چھوڑتا ہے یہ دل بسمل کہاں
ہاتھ سے جاتا ہے اپنے دامن قاتل کہاں

۱۸۲۴ مصحفی ، انتخاب رام پور ، ۶۹

بہ مشکل تمام چار پانچ روپے لے کر پیچھا چھوڑا .

۱۹۳۶ گرداب حیات ، ۷

۲. تعاقب نہ کرنا .

کیا سرور دعا چھوٹا وہ گھوڑا
وہ پیچھا شاہ کا اس وقت چھوڑا

۱۷۷۱ ہشت بہشت ، ۱۳۱

وقت صید آیا تصور جب قضا کے تیر کا
چل دیا صیاد پیچھا چھوڑ کر نخچیر کا

۱۸۷۲ مرأۃ الغیب ، ۴۱۷

چھوڑو کلمۂ تنبیہ .

دفع ہو ، یہاں سے جاؤ (دریائے لطافت ، ۷۳) .

— دُبائے چلا جانا محاورہ .

تعاقب کرنا (نوراللغات) .

— دکھانا محاورہ .

پیٹھ دکھانا ، بھاگنا ، فرار ہونا .

راجہ رام دیو کس درجہ بمحبت و الفت پیش آیا تھا اور کیسے کیسے ان کے ناز و نخرے کی برداشت کی مگر واہ جب وقت آیا تو پیچھا دکھایا .

بوستان خیال ، ۸ : ۱۳۰

— کٹنا محاورہ .

رک : پیچھا چھٹنا .

غرض چند احبابوں کی وجہ سے کچھ کمی پر فیصلہ کیا . خدا خدا کر کے پیچھا کٹا .

۱۸۸۰ کاغذات کارروائی عدالت ، ۷۳

— کرنا محاورہ .

۱. تعاقب کرنا ، رگیدنا .

میں نے اس کا پیچھا کیا اور دوڑتا دھوپتا ساتھ ہولیا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۹۷

قاتل بدستور پیچھا کر رہے تھے .

۱۹۴۳ تاریخ الحکما ، ۲۹۹

۲. درپے ہونا ، سر ہونا .

مرجائیں گے جینے کی تمنا نہ کریں گے
اس عمر رواں کا کبھی پیچھا نہ کریں گے

۱۹۰۷ دفتر خیال ، تسلیم ، ۱۵۰

نہ کر ان کا پیچھا ارے جاگ مُلّا
یہ سب خواب ارمان کی ہرچھائیاں ہیں

۱۹۴۹ جوے شیر ، ۱۰۸

۳. ستانا ، دق کرنا .

پھر الٹ مارا ان پر ان کے رب نے ان کے گناہ سے ، پھر برابر کردیا اور وہ نہیں ڈرتا کہ پیچھا کریں گے .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۱۸۵

میرا پیچھا بس اب نہ کیجیے آپ
میرے گھر مجھ کو جانے دیجیے آپ

۱۸۷۱ شوق (نوراللغات)

۴. بندوق یا توپ کا چلتے وقت پیچھے دھکا دینا .

یہ بندوق پیچھا کرتی ہے .

۱۹۲۶ نوراللغات

۵. گھوڑے کا پچھے ہٹنا (جامع اللغات) .

— لے ڈالنا/لینا محاورہ .

۱. تعاقب کرنا .

فقیر وہ روٹیاں لے کر پہاڑ کی طرف پھر چلا ، اس گھر کے کتے نے پیچھا لیا اور بھونکنا شروع کیا .

۱۸۶۳ انشائے بہار بے خزاں ، ۷۴

۲. سر ہوجانا ، دق کرنا ، پریشان کرنا .

نا بات کس کی خوش لگے کونے میں جا بیٹھوں تو سب
باتاں کرو کر چپ پیچھا لیتیاں ہمارا کاہیکوں

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۱۳۹

اگر فی الواقع تمہارے دل میں قوم کی سچی خیر خواہی ہے تو سرکار کا ناحق پیچھا لیا ہے .

۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۳۶۵

لوگوں نے اس صوفی کا پیچھا لے ڈالا .

۱۹۳۶ مضامین فلک پیما ، ۵

۳. بار بار آنا ، پیچھے پڑنا .

شاہ صاحب نے برا پیچھا لیا ہے جب دیکھو تب موجود .

۱۹۲۶ نوراللغات

دربے ہونا ، ٹوہ لگانا .

فکر آخرت کے بھید کا پیچھا لینا اور جو اشغال اس سے روکنے والے ہیں ان کو دفع کرنا .

۱۸۶۵ مذاق العارفین ، ۴ : ۴۸۶

۵. الزام دینا (جامع اللغات) .

ــ مارنا محاورہ .

عقب سے حملہ کرنا .

یہ پہلے سے گئے تھے کہ لڑائی کے وقت پیچھا ماریں گے .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۳۶۷

ــ نہ چھوڑنا محاورہ .

۱. تعاقب سے باز نہ آنا ، پکڑنے کے لیے دوڑنا .

برق بھی تڑپ کر بھاگا ، گھوڑے نے پیچھا نہ چھوڑا .

۱۸۹۷ طلسم ہوش ربا ، ۲ : ۳۶۵

جب وہ قریب آجاتے تھے تو کوا ذرا اونچا اڑنے لگتا کہ کتے اس کا پیچھا نہ چھوڑیں .

۱۹۳۱ الف لیلہ و لیلہ ، ۲ : ۳۹۳

۲. ساتھ ساتھ رہنا ، ساتھ نہ چھوڑنا .

دفن بانبی میں ہوا میں ناتواں مرنے کے بعد
عاشق گیسو جو تھا پیچھا نہ چھوڑا سانپ کا

۱۸۴۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۳۹

۳.(i) تعاقب کرنا ، پیچھے پیچھے جانا .

جب ہوے گرم سفر وہ ہوکے گاڑی پر سوار
ہم بھی منزل تک گئے پیچھا نہ چھوڑا لیک کا

۱۸۹۳ دیوان اسیر ، ۲ : ۵۸

(ii) **پنڈ نہ چھوڑنا ، سر ہونا .**

میں عبدالرحمان کو رکھ لوں گا کیونکہ وہ بیکار ہے اور میرا کسی طرح پیچھا نہیں چھوڑتا .

۱۸۹۳ مکتوبات حالی ، ۲ : ۱۵۸

۴. دربے آزار ہونا ، ستانا ، تنگ کرنا .

نہ پیچھا میرا اس فانی نے چھوڑا
نہ بدذاتی سے منہ کو اپنے موڑا

۱۸۶۱ الف لیلہ نومنظوم ، شایان ، ۲ : ۳۳۲

حبشے میں بھی کفار قریش نے نو مسلموں کا پیچھا نہ چھوڑا.

۱۹۰۷ اجتہاد ، ۳۹

۵. لگاتار رہنا ، مسلسل آتا رہنا ؛ دور نہ ہونا .

ایک ہفتے تک موسمی بخار (ملیریا) کا علاج ہوتا رہا مگر بخار نے پیچھا نہ چھوڑا .

۱۹۵۲ جوش (سلطان حیدر) ، ہوائی ، ۲۲۲

۶. پیروی کرتے رہنا ، باز نہ آنا ، ختم نہ کرنا .

حکم آخر ہوکر مثل داخل دفتر ہوچکی ، ہم ہیں کہ مقدمے کا پیچھا نہیں چھوڑتے .

۱۹۰۷ امہات الامہ ، ۱۰۵

پیچھان (ی لین) امث .

رک : پہچان (پہیلیاں) .

پیچھانا (ی لین ، سک ن) ف م .

رک : پہچاننا .

اس مرض پر یہ یو دال ہے . . . اس ہی سے مرض کو پیچھان (پہچان) سکتے ہیں .

۱۹۶۰ نسخۂ عمل طب ، ۶۱

پیچھل (ی مع ، فت چھ) م ف .

۱. رک : پچھل (۱) .

کوئی آگل انے کوئی پیچھل ہے
ہمیشہ اس جگت میں یوں خلل ہے

۱۶۹۷ یوسف زلیخا (ق) ، امین ، ۱۹

۲. رک : پیچھے .

اسی کے عشق میں تو کیا لبھانی
کہ بھرتی ہے اسی پیچھل دیوانی

۱۷۸۱ مجموعۂ ہندی (قصۂ مینا) ، ۷۹

پیچھان (ی مع ، فت چھ) م ف (قدیم) .

رک : پیچھے ، گزرنے کے بعد .

کئی دن گئے پیچھن دیئی سو یک برسہ ادھار
لے اوتوں پھر رکھ مجھ پو ترا وام نکو

۱۶۷۲ علی عادل شاہ (قدیم) اردو ، ۱ : ۵۳۰

آگے تھا وہ مقبول پیچھن امام
چلے جاتے رستے میں جلدی تمام

۱۷۸۵ قصہ زیتون و محمد حنیف (اردو کی قدیم منظوم داستان ، ۱ : ۴۰۷)

پیچھو (ی مع ، و مع) م ف .

۱. رک : پیچھے ، عقب میں .

چھپے جواب آگے اون کوں درشت دینا
ہر جائیوں کی خو ہے پیچھو سیں پشت دینا

۱۷۱۸ دیوان آبرو (ق) ، ۱۱۰

بعض آدمی کی عقل گدی کے پیچھو ہوتی ہے .

؟ نرالی اردو ، ۴۸

۲. بعد ، اخیر .
غم کے پیچھو راست کہتے ہیں کہ شادی ہو بہ ہو
حضرت رمضاں گئے تشریف لے اب عید ہے
۱۷۱۸ دیوان آبرو (ق) ، ۶۸

۳. واسطے ، باعث ، لیے ؛ خاطر .
اس نے تجھ کو ذرا اثر نہ کیا
تیرے پیچھو میں اپنا جان دیا
۱۷۷۶ خواب و خیال ، اثر ، ۶۸

پیچھوا (ی مع ، سک چھ) امذ .

بچھلا حصہ خصوصاً زین کا (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .
[० : पीछवा पिछवा]

پیچھواڑا (ی مع ، سک چھ) امذ .

رک : پچھواڑا .
اندھاری ادھی رات باڑے منے
چلیا آٹ کے جیوں پیچھواڑے منے
۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۸۰

پیچھوت (ی مع ، و مع) م ف .

رک : پیچھے (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .
[س : पीछुत पिछवोत]

پیچھوں (ی مع ، و مع) م ف .

پیچھے ، بعد میں ، ختم ہونے پر .
ایسی کن ٹکنی کے پالے پڑے ، مہینے پیچھوں تین رہی .
۱۹۵۳ اپنی موج میں ، ۱۱۵
[رک : پیچھے]

پیچھے (ی مع) م ف .

۱. بعد (زمانے کے اظہار کے لیے) .
دن گئے پیچھے مہماں کوں گرفتاری کیا
پھر گھر لینے عالم کے دل آزاری کیا
۱۶۷۴ نصرتی (قدیم اردو ، ۱ : ۵۲۶)
درود اں صبح شام دس دس پڈھاں
نمازوں کے پیچھے دعا یہ پڈھیں
۱۷۶۹ آخر گشت (ق) ، ۱۰۸
اس کے جانے کے بعد کئی دن پیچھے اس کی جورو نے ایک جوان مغل بچے سے آشنائی کی .
۱۸۰۱ طوطا کہانی ، ۷

چند جانے پہچانے گھروں کے سوائے سورج چھپے پیچھے کسی کے گھر پر مریض کو دیکھنے نہیں جاتی .
۱۹۴۴ افسانچے ، ۵۵

۲. بعد کو ، پھر ، پس ازاں ، پہلے کا ضد .
قامت جاناں سے پیچھے ہمسری کر لیجیو
سر اٹھا کر پہلے دیکھ اے سرو تو شہتیر ہا
۱۸۱۶ دیوان ناسخ ، ۱ : ۲۶
جب حاکم صاحب سلونی کو مار رہے تھے تو چار آدمی انھیں پکڑے ہوئے تھے ، نہیں تو اسی دم میاں کا خون چوس لیتے ، پیچھے چاہے پھانسی ہو جاتی .
۱۹۳۲ میدان عمل ، ۳۰۵

۳. بعد میں ، غیبت میں ، عدم موجودگی میں .
مت پوچھ کہ کیا حال ہے میرا ترے پیچھے
تو دیکھ کہ کیا رنگ ہے تیرا مرے آگے
۱۸۶۹ غالب ، د ، ۲۴۸

۴. مرنے کے بعد .
بانو مرے پیچھے نہ سکینہ کو رلانا
پانی جو میسر ہو تو پیاس اس کی بجھانا
۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۱ : ۱۵۱
ارسطو شاگردوں کی ایک بہت بڑی تعداد پیچھے چھوڑ گیا .
۱۹۴۳ تاریخ الحکما (ترجمہ) ، ۸۲

۵. عقب ، پچھلی طرف (سمت کے اظہار کے لیے) .
چلے آؤ ظفر کے ساتھ ہنستے بولتے پیارے
برابر آتے آتے پیچھے رہ جانے کا کیا باعث
۱۸۵۴ کلیات ظفر ، ۳ ، ۲۸
وہ جو کپڑا مڑ کر پیچھے رہا ، اس کی کیکری بنائی ، آگے بازار کی بیل لگائی .
۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۷۷

۶. فی ، ہر ایک ، گنتی میں ایک .
ہم ہر آدمی پیچھے دو دو روپے دے کر بیچ کے درجے میں بیٹھے .
۱۸۴۷ عجائبات فرنگ ، ۲۵
دستوری پٹے کے سوا روپیہ پیچھے چار آنے تو ان کے باپ دادا کے ہیں .
۱۸۷۴ مجالس النسا ، ۱ : ۸۰
ہمارے یہاں نٹنیاں یہی کرتی ہیں مگر جنھوں نے اس قسم کی قلا بازیاں سیکھی تھیں ان میں سے سیکڑے پیچھے پچھتر اولاد سے محروم ہیں .
۱۹۲۹ داودھ پنچ ، ۱۴ ، ۱۱ : ۳

۷. واسطے ، لیے ، کی خاطر .
یہ اس کو خبر نہیں کہ چلا جی اس کا
یاں جس نے کہ اس کے پیچھے جی کو کھویا
۱۸۰۲ حسرت (جعفر علی) ، ک ، ۶۶۱

ذرا سی بات کے پیچھے لاکھ کا گھر خاک کر دیتے .
۱۹۶۲ ساقی ، ۶۵ ، ۱ : ۴۱

۸. باعث ، سبب ، کارن .
لاکھوں کی آمدنی کیوں نہ ہو مگر قرض کے پیچھے سب خاک ہے .
۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۲۶

۹. ساتھ ساتھ .
اگر فوج کے پیچھے عوام کی بھی طاقت ہوتی . . . تو پھر راجپوت راجا ایک لڑائی ہی کی شکست کو فیصلہ کن چیز نہیں سمجھتے .
۱۹۵۸ ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی ایک جھلک ، ۸۹

۱۰. پر ، کسی کے لیے ، واسطے ، برائے .
اگر کوئی پنچھی کے پیچھے محنت کرے تو وہ بولنے لگتا ہے .
۱۸۰۳ اخلاق ہندی (ترجمہ) ، ۶

۱۱. کم ، خفیف ، کمتر .
اس کی توصیف و تحسین میں مغرب مشرق سے پیچھے نہیں ہے .
۱۹۳۶ شیرانی ، مقالات ، ۱۲۴

۱۲. آئندہ یا مستقبل .
اس موقع اور آمدنی کو غنیمت سمجھیے اور کچھ پیچھے کے لیے بھی پس انداز کیجیے .
۱۹۲۴ انشائے بشیر ، ۱۷۰

۱۳. (فقہ) کسی کی اقتداء میں ، امامت میں .
خوش ہوں گا میں آگے جو علم لے کے بڑھو گے
کیا بھائی کے پیچھے نہ نماز آج پڑھو گے
۱۸۷۳ انیس ، مراثی ، ۲ : ۲۳
اہل سنت و جماعت مخالفین مذہب کے پیچھے نماز پڑھنا جائز سمجھتے تھے .
۱۹۰۳ مقالات شبلی ، ۱ : ۲۴۸

[رک : پیچھا]

— آنا محاورہ .
۱. (i) تعاقب کرنا (فرہنگ آصفیہ) .
(ii) بعد میں یا مر کر پہنچنا .
اے حر ! خوش دل رہ کہ ہم بھی تیرے پیچھے آتے ہیں .
۱۷۳۲ دربار کتھا ، ۱۳۶

۲. دیر میں آنا ، بعد کو آنا ، عقب میں آنا .
جدھر جدھر دل جاتا ، دل کے پیچھے تن بھی آتا .
۱۶۳۵ سب رس ، ۲۶
خیال وصل میں پائی وصال کی لذت
وہ پیچھے آئے گیا پہلے غم جدائی کا
۱۹۰۰ دیوان حبیب ، ۱۳

— بلا لگنا محاورہ .
مصیبت میں پڑنا (جامع اللغات) .

— پڑا رہنا محاورہ .
۱. رک : پیچھے پڑنا .
بال چوٹی کے کریں گے بدنام
یہ ترے پیچھے پڑے رہتے ہیں
۱۸۴۶ دیوان سہر (آغا علی) ، ۲۴۷

— پڑ جانا محاورہ .
پیچھا کرنا ، در پے ہو جانا .
یوں بھی آدمی کسی چٹ پٹے اسکینڈل کی تفتیش یا تردید کرنے بیٹھ جائے تو لوگ اسی کے پیچھے پڑ جاتے ہیں .
۱۹۷۶ زرگزشت ، ۳۲۳

— پڑنا محاورہ .
۱. سر ہونا ، سرگرداں رہنا .
بلا سی وہ دیکھ اوس کے پیچھے پڑی
کہا سن تو اے سوذی و مدعی
۱۷۸۳ سحرالبیان ، ۸۱
عمرو نے کہا آپ میرے پیچھے نہ پڑیں ، میں بتلائے دیتا ہوں .
۱۸۸۲ طلسم ہوش ربا ، ۱ : ۳۸۲
میں اپنے وظیفے کے تختے بھیج کر فوراً بھاگ آیا تاکہ مسعود پھر مجھے مجبور نہ کریں وہ بری طرح پیچھے پڑ جاتے ہیں .
۱۹۲۷ مکتوبات عبدالحق ، ۵۳

۲. دق کرنا ، ستانا ، در پے آزار ہونا .
خیال ہے اسی زلف سیاہ کا مجھ کو
پڑے کسی کے نہ ایسی بلائے جاں پیچھے
۱۸۲۳ مصحفی ، انتخاب رام پور ، ۳۲۸
اے خدا مغروروں نے مجھ پر چڑھائی کی ہے اور کثر لوگوں کی جماعت میری جان کے پیچھے پڑی ہے .
۱۹۳۵ سیرۃالنبی ، ۵ : ۱۰۶

۳. دشمنی کرنا ، عداوت کرنا .
خورشید جبیں تیور بدل کر بولی او شہزادے . . . جہاں سے آیا ہے وہاں پھر جا ، اپنی جان کے پیچھے نہ پڑ .
۱۸۹۰ فسانۂ دلفریب ، ۸۵

۴. رسوائی چاہنا ، در پے تضحیک ہونا ، خود اپنی جگ ہنسائی کا سبب بننا .
چوٹی گندھوا رہے ہو غیروں سے
اپنے پیچھے تم آپ پڑتے ہو
۱۹۳۶ گلدستۂ ناز ، ۹۶

۵. بار بار مانگنا ، مسلسل تقاضہ کرنا .
پڑے تھے دل کے پیچھے سو تو اس کو لے چکے اب کیا
اگر یہ جان ہے درکار تو ستانیے صاحب
۱۷۹۸ سوز ، د (ق) ، ۸۷

۶۔ (کسی کام کو کرنے پر) تل جانا (کسی کام کے لیے) انتھک کوشش کرنا۔

وہ ان کی شکل سے بیزار ہیں اور یہ امداد دہی کے لئے شرائط حاصل کرنے کے پیچھے پڑے ہیں۔

۱۸۹۳ بست سالہ عہد حکومت، ۵۰۴

جور سے یا لطف سے پورا کیا
آپ پیچھے پڑ گئے جس کام کے

۱۹۰۵ داغ، یادگار داغ، ۸۴

۷۔ پیچھے رہ جانا، ملتوی ہو جانا۔

ایسی مصروفیتیں یکے بعد دیگرے نکلتی گئیں کہ یہ کام پیچھے پڑ گیا اور کئی اور کتابیں اشاعت کی منزل طے کر گئیں۔

۱۹۴۴ سرگزشت حاتم، ۱۲

۸۔ مبتلا ہونا۔

پھر ان کے بعد ایسے ناخلف (پیدا) ہوئے جنھوں نے نازیبا کھوئیں اور نفسانی خواہشوں کے پیچھے پڑ گئے سو ان کی گمراہی ان کے آگے آئے گی۔

۱۸۹۵ ترجمۂ قرآن مجید، نذیر احمد، ۴۳۶

— پیچھے (— ی مع) م ف۔

۱۔ آگے آگے کا نقیض، عقب میں۔

آگے آگے ہوئی ہے روح رواں
پیچھے پیچھے چلا غبار اپنا

۱۸۱۶ دیوان ناسخ، ۱: ۱۲

آصف ان کے آگے آگے چلا، پیچھے پیچھے باقی سب لوگ۔

۱۹۳۵ الف لیلہ و لیلہ، ۶: ۷

۲۔ تھوڑی دیر بعد۔

تم چلو، پیچھے پیچھے میں بھی آتا ہوں۔

۱۸۹۵ فرہنگ آصفیہ

— پیچھے پھرنا محاورہ۔

ساتھ ساتھ جانا، تعاقب کرنا۔

جب آپ نے مجھ سے کہا کہ دیوتاؤں نے تم کو یہ سزا دی ہے تو میں جان گئی کہ میرے گناہ میرے پیچھے پیچھے پھریں گے۔

۱۹۴۶ جھانسی کی رانی، ۱۱۹

— پیچھے رہنا محاورہ۔

اتباع کرنا، پیروی کرنا مجازاً ساتھ ساتھ چلنا۔

مجھے انھوں نے ہدایت کردی تھی کہ پیچھے پیچھے رہوں۔

۱۹۳۲ بیلہ میں میلہ، ۳۱

— پیچھے لگنا/لگے رہنا محاورہ۔

رک: پیچھے پیچھے رہنا۔

تم ہر وقت میرے پیچھے پیچھے کیوں لگی رہتی ہو۔

۱۹۸۰ ماں کی کھیتی، ۱۳۲

— پیچھے ہو لینا محاورہ۔

تعاقب میں جانا، ٹوہ لینے کے لیے جانا۔

نورالدین اٹھا اور بغیر اس کے کہ اس کو خبر ہو اس کے پیچھے پیچھے ہو لیا۔

۱۹۳۰ الف لیلہ و لیلہ، ۱: ۳۷۸

— پیچھے ہونا محاورہ۔

رک: پیچھے پیچھے رہنا۔

پیچھے پیچھے ہوئے ناقہ کے عقل و صبر و ہوش
کاروان قیس سب دنبال محمل ہو گیا

۱۹۱۱ ظہیر، د، ۲: ۴۲

— پھرنا محاورہ۔

لوٹنا، واپس ہونا، مڑنا۔

پیچھے پھر کے کچھ دیکھ بھال کی نہ نیت تھی نہ جم غفیر کی روا روی سے اس کا مطابق خیال تھا۔

۱۹۱۵ سجاد حسین، پیاری دنیا، ۶

— جانا محاورہ (قدیم)۔

پیچھے ہٹنا، بھاگ جانا، پس پا ہونا۔

لڑینچہ پر آیا تو کیا پیچھے جاتا ہے۔

۱۶۳۵ سب رس، ۲۶۳

— چھوڑنا محاورہ۔

۱۔ مرنے کے بعد جائداد یا وارث چھوڑنا (جامع اللغات)۔

۲۔ پیروؤں یا نقش قدم پر چلنے والوں کا باقی رہنا۔

ارسطو شاگردوں کی ایک بہت بڑی تعداد پیچھے چھوڑ گیا۔

۱۹۴۳ تاریخ الحکما (ترجمہ)، ۸۲

۳۔ بہت بڑھ جانا آگے نکل جانا (اچھائی یا برائی میں ترقی کرنا) (فرہنگ آصفیہ)۔

— ڈالنا محاورہ۔

۱۔ تعاقب کرنا، پیچھے دوڑانا (گھوڑے وغیرہ کے ساتھ)۔

رات کو چور بھاگا تو فوراً دروغہ جی نے اوس کے پیچھے گھوڑا ڈال دیا۔

۱۹۶۲ مہذب اللغات

۲. آگے بڑھ جانا ، سبقت لے جانا (مخزن المحاورات ، ۱۹۲).
۳. پس انداز کرنا ، تھوڑا تھوڑا بچا کر جمع کرنا .
خوش معاش وہ ہے جو دس روپے کمانا ہے اور نو اٹھاتا ہے ، ایک رو پیہ پیچھے ڈالتا ہے .
۱۹۲۳ اہل محلہ اور نا اہل پڑوسی ، ۴

۴. بے پروائی کرنا ، پس پشت ڈالنا ؛ ٹالنا .
جیسا چاہے ویسا حکم دے ، کوئی اس کے حکم کو ٹالے نہ اس کی قضا کو کوئی پیچھے ڈالے .
۱۸۶۵ مذاق العارفین ، ۳ : ۴۱

— ڈھکیلنا محاورہ .
کسی کام یا مقابلے میں پیچھے چھوڑنا .
جس دلیری سے ہر جگہ تم انھیں پیچھے ڈھکیلتے جاتے تھے وہ منظر بھی میری نگاہوں میں پھر رہے ہیں .
۱۹۵۶ چنگیز ، ۶۲

— رکھنا محاورہ .
رک : پیچھے ڈالنا (معنی نمبر ۲ ، ۳) (پلیٹس) .

— رہ جانا محاورہ .
بچھڑ جانا رک : پیچھے رہنا .
وہ ہم نہیں رہ جائیں جو پیچھے صفت گرد
اڑتے ہوئے بڑھتے ہوئے صرصر سے چلیں گے
۱۸۷۲ محامد خاتم النبیین ، ۱۱۱

— رہنا محاورہ .
۱. ساتھ ساتھ نہ چل سکنا ، ہمراہ نہ رہنا ، بچھڑ جانا .
پیچھے کبھی رہے نہیں آہ رسا سے ہم
جاتے ہیں کوئے یار میں پہلے صبا سے ہم
۱۸۷۰ الماس درخشان ، ۱۲۲

۲. درجے یا مرتبے میں کم ہونا .
پیچھے رہے اوروں سے یہ تقدیر ہماری
ہاتھ آپ کے ہے عزت و توقیر ہماری
۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۱ : ۹۹
اردو کے طالب علم اپنے ہم سر انگریزی طالب علموں سے ان مضامین کی تحصیل میں پیچھے نہیں رہتے .
۱۹۳۵ چند ہم عصر ، ۲۵۲

۳. کسی کے بعد زندہ یا باقی رہنا .
ایک چھوٹا سا لڑکا اور ایک لڑکی پیچھے رہ گئی .
۱۹۴۳ تاریخ الحکما (ترجمہ) ، ۸۳

— سے م ف .
۱. عقب سے (جامع اللغات) .

۲. بعد ازاں ، بعد میں ، بعد کو .
مجھے خوش ہے ترے ہمراہ چلنا
کہ پیچھے سے پڑے گا ہاتھ ملنا
۱۸۸۱ مثنوی نل دمن ، ۴۲
میں آپ کے یہاں نہیں رہ سکتا ، ایسا نہ ہو پیچھے سے کوئی بات ہو جائے تو آپ کی بد نامی ہو .
۱۹۳۶ پریم چند ، واردات ، ۲۱

— کچھ اور منہ پر ممانی کہاوت .
منہ پر تعریف اور غیبت میں برائی .
نارو منی کی بھی ہے وہ نانی سمجھ گئی
پیچھے کچھ اور منہ پہ ممانی سمجھ گئی
۱۹۴۷ سنبل و سلاسل ، ۵۱

— کر (— فت ک) م ف .
بعد اس کے ، بعد میں .
ان کے منجھلے بیٹے مولوی محمد ناصر جو پیچھے کر جیل پور اضلاع دکن میں صدر امین ہو گئے تھے .
؟ خود نوشت سوانح ممتاز جہاں ، (قلمی) ۲ : ۴۷

— کرنا محاورہ .
پس پشت رکھنا ، عقب میں رکھنا .
ہم اس شہر کو اپنے پیچھے کریں
اور اس سے ہو باہر عرب سے لڑیں
۱۸۸۰ قمقام الاسلام ، ۵

— کو م ف .
بعد میں ، بعدہٗ .
ایسا نہ ہو چوری کا مال ہو ، پیچھے کو خرابی پڑے .
۱۸۶۸ مرأة العروس ، ۹۵
میں بہت صاف گو آدمی ہوں پیچھے کو یہ کہنے کو نہ ہو کہ دھوکا ہوا .
۱۹۳۶ ادھ پنچ ، لکھنؤ ، ۲۱ ، ۱۳ : ۱۰

— کو پھرنا محاورہ .
بسمل ہونا ، پیچھے ہٹنا (جامع اللغات) .

— لپٹنا محاورہ .
ساتھ نہ چھوڑنا ؛ پیچھے پڑ جانا یا لگ جانا .
بات تھی بکار آمد ایسے پیچھے لپٹے . . . کہ آخر کار سوچتے سوچتے گویا پیداوار کو اپنے بس میں کر لیا .
۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۳۶۱

ـــ لگا پھرنا محاورہ .

ساتھ ساتھ رہنا ، ہمراہ رہنا .

ٹک بھی نہ مڑ کے میری طرف تو نے کی نگاہ
اک عمر تیرے پیچھے میں ظالم لگا پھرا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۶۱

ـــ لگا دینا محاورہ .

۱. مخالفت پر آمادہ کر دینا .

یوں ہو گئی نجات یہ تدبیر بن پڑی
ناصح کو ہم نے غیر کے پیچھے لگا دیا

۱۹۰۵ داغ (نوراللغات)

۲. ساتھ لگا دینا (نوراللغات) .

۳. تنبیہ کرانا ، مسلط کرنا .

اور جو باز نہ آویں اور توبہ نہ کریں یہ تینوں گروہ تو ہم لگا دیں گے تم کو اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پیچھے .

۱۸۲۲ حقائق الایمان ، ۳۸

ـــ لگا رہنا محاورہ .

مسلسل کوشش میں رہنا ، کسی کی ٹوہ میں رہنا ، کسی کے درپے ہو جانا .

مجھے جس چیز کے حصول کے پیچھے لگا رہنا چاہیے وہ میری مسرت ہے .

۱۹۶۳ اصول اخلاقیات (ترجمہ) ، ۱۵۵

ـــ لگانا محاورہ .

۱. مخالفت پر آمادہ کرنا .

لگا چھوڑنا شیخ دو چار پیچھے
تجھے یاد ہے کیا کرامات کا ڈھب

۱۸۰۲ حسرت (جعفر علی) ، ک ، ۳۶۹

۲. مسلط کرنا ، ساتھ کر دینا .

جو حیلہ عشق نے دے کر اوٹھایا
فلک دشمن مرے پیچھے لگایا

۱۶۲۵ افضل جھنجانوی ، بکٹ کہانی (ق) ، ۳۰

کیا کہیے اس پری نے دکھلا کے جعد و کاکل
کیا کیا بلائیاں میرے پیچھے لگائیاں ہیں

۱۸۲۷ ؟ کلیات پروانہ ، ۲۷۵

اگر تم نہ اترو گے تو میں دیو کو جگا کر تمہارے پیچھے لگا دوں گی .

۱۹۳۰ الف لیلہ و لیلہ ، ۱ : ۷

ـــ لگ جانا/لگنا محاورہ .

۱. ساتھ ہو لینا ، ہمراہ ہو جانا .

اس کے ملک سے کوئی اس کے پیچھے لگا چلا آیا تھا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۶۴

جنگل میں ایک شخص کے پیچھے شیر لگ گیا .

۱۹۷۳ فکر و نظر ، ۶۷۳

۲. تعاقب کرنا ، پیچھا کرنا .

فقیر بھی گھوڑے پر سے اتر پڑا اور پا پیادہ اس کے پیچھے لگا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۹۵

مجھے سب معلوم ہے کئی برقعے والیاں ان کے پیچھے لگی ہوئی ہیں .

۱۹۶۹ افسانہ کر دیا ، ۴۲

۳. درپئے آزار ہونا ، مخالف ہونا .

بھاگا مجنوں دشت کو طعنہ زنی سے خلق کی
کیا کرے وہ پیچھے اس کے ساری بستی لگ گئی

۱۸۴۹ کلیات ظفر ، ۲ : ۱۱۸

۴. سر ہونا ، گلے پڑنا .

اگلے تعلقات معدوم ہو کر آدمی کے پیچھے نئے تعلقات لگ جاتے ہیں .

۱۸۹۱ ایامی ، ۴۳

مکان کا کرایہ ، جیلر کی تنخواہ ، قیدی کا کھانا ، یہ تو گویا ساری عمر کا خرچ پیچھے لگ گیا .

۱۹۳۴ تین پیسے کی چھوکری ، ۸۴

۵. ذمے ہونا .

بے فکروں کو لے جائیے حج کرنے کو واعظ
پیچھے مرے دنیا کے بہت کام لگے ہیں

۱۸۹۶ تجلیات عشق ، ۱۸۳

۶. ساتھ نتھی ہونا یا منسلک ہونا ، ساتھ ہی ساتھ واقع ہونا .

لگی ہوئی ہے خزاں بھی بہار کے پیچھے
یہ اوس بہار کے آگے رکھے ہے حکم شعیر

۱۷۸۰ عشق ، د ، ۲۳

ـــ لگے پھرنا محاورہ .

ساتھ ساتھ پھرنا ، بے مقصد پیچھے پھرنا .

اپنا جی بس میں نہیں آہ کریں کیا رنگیں
پیچھے اوس شوخ کے ہم پھرتے ہیں ناچار لگے

۱۸۰۵ دیوان بیخته ، ۱۴۵

ـــ وار صف .

پشت کی طرف ، عقبی جانب .

رات کو سوتے وقت کمر سے تولیہ پیچھے وار موٹی گرہ دے کر باندھ لینا بھی ایک مفید تدبیر ہے .

۱۹۱۱ نشاط عمر ، ۸۸

[پیچھے + وار (رک)]

ــ ہٹنا محاورہ .

۱. (قدم وغیرہ کے ساتھ) بزدلی دکھانا ، پہلو تہی کرنا ، پسپا ہونا .

نہ ہٹے پیچھے قدم راہ وفا میں اے دل
ہاں مرے شیر ترے ہاتھ یہ میدان رہے

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۳۰

۲. کسی بات سے دست بردار ہو جانا .

امید صلح کیا ہو کسی حق پرست سے
پیچھے وہ کیا ہٹے گا جو حد سے بڑھا نہ ہو

۱۹۵۷ پاس یگانہ ، گنجینہ ، ۵۵

۳. ساتھ نہ دینا ، رک جانا ، آگے نہ بڑھنا .

غضب پر ہول تھا میدان الفت خضر پیچھے ہٹے رستہ بتا کر

۱۹۲۷ شاد عظیم آبادی ، میخانۂ الہام ، ۱۵۵

ــ ہولینا/ہونا محاورہ .

۱. پیروی کرنا ، تتبع کرنا ، (نور اللغات) .

۲. کسی کا تعاقب کرنا ، کسی کے پیچھے پیچھے روانہ ہونا .

اور اسے کہا میرے پیچھے چل وہ اٹھ کر اس کے پیچھے ہو لیا .

۱۸۱۹ متی کی انجیل ، ۲۱

۳. مرید بننا (جامع اللغات) .

پیچھیں (ی مع ، ی مج) م ف (قدیم) .

۱. رک : پیچھے ، عقب میں .

جو دختر اس پیٹ پیچھیں دیکھی
ابوالمعجن گرد کوں دیکھ شکی

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۳۳

۲. بعد میں .

پیچھیں اسے دستا سواور کا چھٹنا سب دور ہوا .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۱۰

پیخ (ی مع) امث .

آنکھ کے دونوں جانب کوبوں میں بھر جانے والی رطوبت کیچڑ (شیکسپیئر اردو انگریزی ڈکشنری) .

[ف]

پیخال (ی مع) امث ؛ امذ .

رک : پنچال (۱) .

پیخال مرغی کی اور حیوان جس کا گوشت حرام ہے جان

۱۵۲۸ اشرف ، لازم المبتدی (ق)، ۴

اتفاقاً ایک چیل نے پیخال کی جو فیضی کے منہ پر آ کر پڑی.

۱۸۸۶ حیات سعدی ، ۶۶

سیب بالکل ننھا سا ٹہنی پر لٹک رہا تھا ، ایک مکھی اس پر آن بیٹھی اور اس نے اُس پر پیخال کر دیا .

۱۹۲۱ شمع ہدایت ، ۲۷

اف : کرنا .

[ف]

پیخانہ (ف ت پ ، سک ی ، ف ت ن) امذ .

رک : پاخانہ .

جب میں پیشاب کے بہانے پیخانہ گئی تو اس بے چاری نے مجھے دال موٹھ کا دونا دیا .

۱۹۳۱ رسوا ، خورشید بہو ، ۱۷

ــ آنا ف مر .

اجابت ہونا (نور اللغات) .

ــ پھرنا ف مر .

رک : پاخانہ پھرنا (نور اللغات) .

ــ خطا ہونا محاورہ .

رک : پاخانہ خطا ہونا (نور اللغات) .

ــ ڈھیلا ہونا محاورہ .

ڈرنا ، خوف زدہ ہونا .

تم ہمیشہ کمزور کو ستاتے ہو شہ زور سے پیخانہ ڈھیلا ہوتا ہے .

۱۹۶۲ مہذب اللغات

ــ لگنا ف مر .

رک : پاخانہ لگنا (اردو لغت) .

ــ میں لوٹا نہ رکھواؤں کہاوت

رک : پاخانے میں لوٹا نہ رکھواؤں (اردو لغت) .

پید (ی لین) امذ .

درخت کا تنہ .

ہوزہ : تنۂ درخت ؛ ہندوی پید .

۱۳۹۲ بحر الفضائل (مقالات شیرانی ، ۱ : ۱۲۳)

[؟]

پیدا (ی لین) .

(الف) صف .

۱. ظاہر ، آشکارا ، نمایاں .

پردے میں جو پنہاں ہے وہ پیدا نظر آئے
کھل جائے اگر آنکھ تماشا نظر آئے

۱۸۲۴ مصحفی ، انتخاب رامپور ، ۲۱۸

ہر صبح وطن میں ہے نہاں شام غریباں
ہر خندۂ پیدا میں ہے اک گریۂ پنہاں

۱۹۴۱ عرش و فرش ، ۱۲۷

۲. میسر ، دستیاب ، موجود .

بے نظیری میں نظیر اس کا نہ پیدا تھا کہیں
ذرہ اس خاک کا تھا غیرت خورشید مبیں

۱۸۹۰ فسانۂ دل فریب ، ۶

۳. پیدائشی ، جنا ہوا ، متولد .

یہیں کے پیدا یہیں کی رنگت یہیں کی بولی یہیں کا کھانا
تو پھر تفاوت ہو کیوں سروں میں ہر ایک کو بہتر ہے دیس گانا

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۳ : ۴۰۹

۴. اُگا ہوا .

بہوت تھے جھاڑ گھر کے گرد پیدا
نہایت سایہ دار اور بار پیرا

۱۷۵۹ راگ مالا ، ۳

(ب) اسث .

۱. کمائی ، آمدنی ، حاصل ، یافت .

بے فکر ہو کر اس کی پیدا سے بفراغت اپنی گزران کریں .

۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۸۰

۲. ایجاد ، اختراع (جامع اللغات) .

[ف]

ــ آوری (ــ فت و) اسث .

کمائی ، زرخیزی ، بار آوری ، آمدنی ، حصول دولت .

زیادہ سے زیادہ پیدا آوری کو . . . حاصل کیا جاسکتا ہے .

۱۹۴۴ آدمی اور مشین ، ۲۱۵

[پیدا + آوری (رک)]

ــ کار صف .

پیدا کرنے والا .

عوام کی ہمہ گیر ترقی کے شانہ بشانہ سائینس اور کاریگری کی متواتر ترقی کے ذریعہ سے پیدا کار قوتوں کی نشو و نما بھی ہوگی .

۱۹۲۶ ماہنامہ نصرت ، ۱۲ - ۱۳

[پیدا + کار (رک)]

ــ کرنا محاورہ .

۱. عالم وجود میں لانا ، خلق کرنا ، بنانا .

اے محمدؐ ! سب خلق کوں تیرے نور سوں پیدا کیا ہوں .

۱۵۰۰ معراج العاشقین ، ۲۲

خدا جب کہ دوزخ کوں پیدا کیا
فرشتوں کا دل دہشتوں دھر لیا

۱۷۶۹ آخر گشت (ق) ، ۱۲۸

آخرت کا نفع اور ضرر بتانے کے واسطے انبیاء پیدا کئے .

۱۸۸۷ خیابان آفرینش ، ۳

قدرت نے ایک عجیب شان کا زندہ دل شاعر اردو میں پیدا کیا .

۱۹۱۸ چنگیاں اور گدگدیاں ، ۳

۲. جننا ، تولد کرنا .

سارا شہر پیدائش کی وجہ سے ظہور میں آتا ہے ، اور عورت پیدا کرنے والی ہے .

۱۹۵۶ آگ کا دریا ، ۹۶

۳. (دولت وغیرہ کے ساتھ) کمانا ، معاش حاصل کرنا .

جگر سے کم نہیں اے چارہ گر داغ جگر مجھ کو
جو پیدا کی ہو مر مر کر وہ دولت رایگاں کیوں ہو

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۱۸۲

وہ اس گھر سے خاصے دس پندرہ روپے اور پیدا کرلیتا ہے.

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۴ : ۱۲۸

۴. حاصل کرنا ، بہم پہنچانا .

پیدا کرے ہر چند تقدس بندا
مشکل ہے کہ ہو حرص سے دل برکندا

۱۷۸۴ درد ، د ، ۱۰۴

عیب نکلا جو ہنر پیدا کیا
ہم نے کھویا جس قدر پیدا کیا

۱۸۸۴ آفتاب داغ ، ۵

نہ ہوئی حضرت بیخود نہ ہوئی قدر کمال
مل گیا خاک میں جو ہم نے کیا تھا پیدا

۱۹۱۹ در شہوار ، ۶

۵.(i) ظاہر کرنا ، آشکارا کرنا .

بڑا ہونے منگتا ہے تو بڑے لوگاں کو پیدا کر

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۳۸

(ii) حاصل کرنا ، نکال کر لانا .

جس شخص کی یہ شبیہ ہے اسے جہاں سے جائے تلاش کرکے میری خاطر پیدا کر کے لا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۲۲۶

اگر وہ چوہے کے بل میں بھی گھس گیا ہو تو کھود کر پیدا کردیں .

۱۹۳۹ افسانۂ پدمنی ، ۹۳

۶. وجود میں لانا ، بنانا ، قائم کرنا .

یہ سلطنت کس کس محنت اور مشقت سے تمہارے بزرگوں نے اور تم نے پیدا کی ہے .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۲

ریلوے کی اصلاح اور ریلوے بورڈ کا پیدا کرنا .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۳۵

۷. مہیا کرنا ، دستیاب ہونا .

وصال یار جنہیں ہے اونہیں مبارک ہو
مرے بھی درد کی خالق کرے دوا پیدا

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۵۶

۸. (کینہ عداوت وغیرہ) کو جگہ دینا .

لوگوں کی دشمنی اپنے اوپر پیدا نہ کرو کہ آخر اس کا پھل بھلا نہیں .

۱۷۴۶ قصہ مہر افروز و دلبر ، ۲۶۶

۹. تحقیق و تلاش کرنا .

جو دقتیں اور زحمتیں ابن رشد کو ارسطو کی کتابیں پیدا کرنے میں پیش آئیں ہیں اس سے زیادہ اب ہم کو ابن رشد کی کتابیں پیدا کرنے میں درپیش ہیں .

۱۸۸۸ رسالہ ، حسن ، ستمبر ، ۴۴

۱۰. بنانا .

پیدا کیا زمیں ، پیدا کیا آسماں ، سب دانایاں حیراں

۱۶۳۵ سب رس ، ۲

۱۱. برآمد کرنا ، ڈھونڈ نکالنا .

مجرم کو مال سمیت پیدا کرنا اس کا ذمہ ہے .

۱۸۸۸ دربار اکبری ، ۷۳

۱۲. رواج دینا ، اجرا کرنا ، تبلیغ کرنا .

تلاش مذہب حق ہو رہے گی اس کی جلدی کیا
صداقت کھو گئی ہے اس کو تا امکان پیدا کر

۱۹۲۷ شاد عظیم آبادی ، میخانۂ الہام ، ۱۵۵

۱۳. بیان کرنا .

شیخ سعدی نے گلستان میں عورتوں کی وجہ تسمیہ میں بھی ان کی مذمت پیدا کی ہے .

۱۸۶۸ مرآۃ العروس (دیباچہ) ، ۴۹

۱۴. ایجاد و اختراع کرنا .

انشاءاللہ تم پیدا کروگے وہ چیزیں کہیں نہ جانے پائیں گی .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۵۴۷

— کَرَنْہارا (— فت ک ، ر ، سک ن) صف (قدیم) .

پیدا کرنے والا ، خالق یعنی خدائے تعالیٰ .

دین و دنیا کوں دیا عشق نے آرایش ، پیدا کرنہارے نے یوں پیدا کیا پیدایش .

۱۶۳۵ سب رس ، ۴

[پیدا + کرنہار (رک)]

— کُنندہ (— ضم ک ، فت ن ، سک ن ، فت د) صف .

پیدا کرنے والا ، خالق .

ہے سراپا داغ، پر ہنستا ہے کیوں وہ مہروش
ایک ہے پیدا کنندہ، آفتاب و ماہ کا

۱۸۴۶ دیوان مہر ، ۶

[پیدا + کنندہ (رک)]

— ہُوا ناپید کے لیے کہاوت .

جو پیدا ہوا اسے ضرور مرنا ہے (جامع اللغات) .

— ہونا

۱. کسی شے کا عالم وجود میں آنا ، خلق ہونا .

چاند ہور سور انن نور تھے پیدا ہوئے
دین ہور دنیا انن اسلام تھے پایا رواج

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۵۲

بعد گذرنے اس قرن کے حضرت آدم علیہ السلام پیدا ہوے .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۳۶

رفتہ رفتہ ایک قوم پیدا ہو رہی ہے .

۱۹۲۸ سلیم ، افادات سلیم ، ۱

۲. تولد ہونا .

انہیں کے بطن سے دو بیٹے مبارک و میمون . . . پیدا ہوئے .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۳۶۰

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس زمانہ میں پیدا ہوئے مکہ بت پرستی کا مرکز اعظم تھا .

۱۹۱۱ سیرۃ النبی ، ۱ : ۱۸۵

۳. ظاہر ہونا ، دکھائی دینا .

اصل جب پیدا ہو پھر کیا نقل سے
کر ذرا دریافت اس کو عقل سے

۱۷۷۳ مثنویات حسن ، ۱ : ۶۶

شوخی حسن فقط دل کی طلبگار نہیں
نیچی نظروں سے بھی ہوتا ہے تقاضا پیدا

۱۹۱۹ درشہوار ، ۵

۴. ظاہر ہونا .

چوتھے روز صبح کو ایک درویش خضر کی سی صورت ، نورانی چہرہ ، روشن دل آکر پیدا ہوا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۹۱

۵. نکلنا ، برآمد ہونا .
وہ طفل لپٹنے لگا جو آ کے پدر سے
پیدا ہوئی اک آہ سکینہ کے جگر سے
۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۴ : ۱۷۲
ناگاہ ایک غرفہ سے پیدا ہوئی صدا
رکھنا قدم نہ آگے اگر عقل و ہوش ہے
۱۹۱۱ ظہیر دہلوی ، د ، ۲ : ۱۱۹
۶. حاصل ہونا (فرہنگ آصفیہ) .

پیدازل (ی لین ، کس ز) اسذ .

راگ کی ایک قسم .
پوروا سے مماثل تھا ، اسی طرح . . . زنکلہ چہارگاہ اور اسواری پیدازل اور . . . میں بڑی مماثلت تھی .
۱۹۵۸ ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی ایک جھلک (حاشیہ) ، ۴۵۴
[ف]

پیداش (ی لین) اسث .
رک : پیدائش ، پیدایش .
کہ بھر از روح پاک انبیاں تب
ہوئے پیداش روح اولیاں سب
۱۸۳۰ نور نامہ ، میاں احمد گجراتی ، ۱۹

پیداوار (ی لین) اسث .
۱. وہ چیز جو کھیت میں اُگے ، نصل ، زراعت .
ایک ہی زمین پر رہتے ہیں ، ایک ہی زمین کی پیداوار کھاتے ہیں .
۱۸۹۸ سرسید ، مضامین ، ۵۵
بادل . . . وہیں پہنچ کر برستے ہیں ، جہاں پیداوار اور زمین کی نشو و نما کی حاجت ہے .
۱۹۳۲ سیرۃ النبی ، ۴ : ۴۶۵
۲. وہ چیز جو کارخانے میں بنے ، کارخانے میں تیار کیا ہوا مال .
اس شخص نے حال کی پیداوار کا حصہ اوروں کے صرف کے لئے چھوڑا اور مزدوروں کو اس حصہ سے تمتع اٹھانے کی استعداد دی .
۱۸۶۸ اصول سیاست مدن ، ۱۰۹
۳. زراعت یا تجارت وغیرہ کی آمدنی ، نفع .
آٹھ آنے کی پیداوار نہیں ہوئی ، بارہ آنے کہاں سے آئیں گے .
۱۹۳۲ میدان عمل ، ۳۶۱
۴. وجود میں آنے والی شے .
قدیم اور جدید طرز تعلیم کے محض بہترین ناقد اسی قدیم طریقہ تعلیم کی پیداوار ہوئے ہیں .
۱۹۳۸ اقبال ، اقبال نامہ ، ۲ : ۲۲۴
[ف]

— اراضی کس اضا اسث .
زمین کی پیداوار اور یا فت (اردو قانونی ڈکشنری) .
[پیداوار + اراضی (رک)]

— جنگل کس اضا (— فت ج ، غنہ ، فت گ) اسث .
اس میں درج ذیل اشیا شامل ہیں جب کہ وہ جنگل میں پائی جائیں یا کسی جنگل سے لائی جائیں اشمائے کانی اور سطح کی مٹی اور درخت اور عمارت کی لکڑی اور گھانس اور مٹ یعنی جڑیں اور نسوں درخت کی اور درخت مثل کیکر وغیرہ ، سرکنڈے ، پھول اور کانٹے ؛ میوہ جات اور چھال ؛ عرق اور شہد ؛ موم اور لاکھ ؛ کچوی اور گوند ؛ لکڑی کا تیل ؛ گھانس کا تیل ؛ روغن اور ریشم کے کیڑے ؛ کچا ریشم ، کھال ، دانت ، ہڈی سینگ وغیرہ (اردو قانونی ڈکشنری) .
[پیداوار + جنگل (رک)]

— حال کس صف اسث .
موجودہ پیداوار (اردو قانونی ڈکشنری) .
[پیداور + حال (رک)]

— خودرو کس صف (— ضم خ ، و معد ، سک د ، و مج) اسث .
فصل جو بغیر بوئے جوتے پیدا ہو (جامع اللغات) .
[پیداوار + خودرو (رک)]

— مختتم کس صف (— ضم م ، سک خ ، فت ت ، ت) اسث .
کسی کام میں آخری مزدور کی محنت و اجرت کے بالمقابل بافت یا حاصل .
اجرت قانون تقلیل حاصل کے اثر سے پیداوار مختتم کے مساوی ہوتی ہے .
۱۹۱۷ علم المعیشت ، ۱۷۴
[پیداوار + مختتم (رک)]

پیداواری (ی لین) اسث .
رک : پیداوار .
زیادہ پیداواری کا سب سے بڑا سبب ظاہری وہ ہے جس کو موافقت طبیعت کہتے ہیں .
۱۸۶۸ رسالہ سیاست مدن ، ۱۲۷
عام طور پر وہ منڈی چنی جاتی ہے جو کسی شے کی پیداواری یا فروختگی کے لئے مشہور ہو .
۱۹۶۸ اطلاقی شماریات ، ۲۳

پیدائش (ی لین ، کس ء) امث ؛ ~ پیدایش .

۱. **آفرینش ، خلقت .**

علوی . . . سفلی . . . اس دونوں کی پیدائش آدم سے محمد تک یک لک چوبیس ہزار پیمبراں ہوئے .

۱۵۰۰ معراج العاشقین ، ۲۲

اختلاف الوان آشنائی پیدایش کا بوجھنا کچھ نہنا کام نہیں .

۱۶۰۳ شرح تمہیدات ہمدانی (ترجمہ) ، ۲۵۳

بقول حکمائے ہند ابتدائے پیدایش عالم سے ابتک انیس کرور پچپن لاکھ چوراسی ہزار نو سو چوبیس برس گذرے ہیں .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۴۶

۲. **جنم ، ولادت .**

حضرت کی آفرینش نور اور پیدائش سراپا سرور کا ذکر .

۱۸۸۷ خیابان آفرینش ، ۸

نفرت اور محبت اور پیدائش اور بڑھاپے اور موت . . . نے اسے بروبت یہ الاؤ تیار کیا ہے .

۱۹۵۶ آگ کا دریا ، ۹۱

۳. **پیداوار .**

اس کے پانی سے کھیتیاں سیچی جاتی ہیں اور پیدائش اچھی ہوتی ہے .

۱۸۷۳ مطلع العجائب ، ۱۹۳

عمل پیدائش میں کسان کی بے بسی بھی کس قدر قابل رحم اور عبرت آمیز ہے حالانکہ پیدائش کا سب سے اہم صیغہ اسی کے متعلق ہے .

۱۹۱۷ علم المعیشت ، ۳۵

۴. **آمدنی ، نفع .**

ہنر چشمہ پیدائش کا ہے اور دولت پائندہ .

۱۸۴۴ ترجمۂ گلستان ، حسن علی خاں ، ۱۱۲

۴. **توریت کی پہلی کتاب کا نام جس میں دنیا اور حضرت آدم کی پیدائش کا تذکرہ ہے (جامع اللغات) .**

۵. **اصل ، شروع ، ابتدا ، آغاز (جامع اللغات) ،**

[ف]

ــ کا دن (ــ کس د) امذ .

تاریخ پیدائش (انگریزی اردو ڈکشنری) .

ــ کا رجسٹر (ــ فت ر ، کس ج ، سک س ، فت ٹ) امذ .

شہر کی بلدیہ میں پیدائش درج کرنے کا کھاتہ (مسیحی انگریزی اردو ڈکشنری) .

ــ دولت کس اضا (ــ ولین ، فت ل) امث .

اکتساب زر ، دولت کمانے کا عمل .

اگر پیدائش دولت میں اضافہ نہ بھی کیا جائے تو بھی دولت کی بہتر تقسیم ایک بڑی آبادی کو خوشحالی کے . . . قابل بنا سکتی ہے .

۱۹۴۰ معاشیات ہند ، ۱ : ۱۰۸

[پیدائش + دولت (رک)]

پیدائشی (ی لین ، کس ء) صف .

فطری ، جبلّی ، خلقی .

خطروں کا آنا انسان کی پیدائشی بات ہے .

۱۸۷۳ مطلع العجائب ، ۸۸

وہ گاؤں کے ہر لڑکے کو گالیاں دینا اپنا پیدائشی حق سمجھتا تھا.

۱۹۴۹ خاک و خون ، ۳۴

[پیدائش (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

پیدائی (ی لین) .

(الف) امث .

۱. **ظہور ، نمائش .**

جوں کال سے یاں تال کی پیدائی ہے
وں تال سے کال کی شناسائی ہے

۱۷۸۳ درد ، د ، ۱۰۸

ہوگئی خلق و حق میں پیدائی
کر نظر رونمائے یک دیگر

۱۸۰۹ کمال ، د (ق) ، ۴۵۸

سر بسر شور بہاراں ، خوف دام رنگ و بو
حسن کی پیدائیاں ، رسوائیاں ، گیرائیاں

۱۹۵۹ گل نغمہ ، فراق گورکھپوری ، ۱۷۱

۲. **وجود ، ہستی .**

وجود نیستی پر اس قدر ناز
بھلا پیدائی نقش قدم کیا

۱۸۹۸ دیوان مجروح ، ۳۶

درخت گل سے ہیں پیدا تو ہیں درخت سے گل
یہ میری تیری ہے پیدائی اور پنہائی

۱۹۳۱؟ آسی جونپوری ، ذکر حبیب (حاشیہ) ، ۶۵

(ب) صف .

ظاہر ، عیاں .

ہم کو ملنے کی نہیں خواہش نظر کے سامنے
اس کی تصویر خیالی صاف پیدائی ہوئی

۱۸۹۷ کلیات راقم دہلوی ، ۱۷۱

[ف]

پیدآور (ی لین ، سک د ، فت و) صف .

(معاشیات) **دولت پیدا کرنے والا ، مادی اشیا تیار کرنے والا (مزدور کاریگر وغیرہ) .**

صرف وہی مزدور پیدآور ہو سکتے ہیں جو مادی اشیا تیار کرتے ہیں ، اور باقی سب کی محنت غیر پیدآور ہے .

۱۹۳۷ اصول معاشیات ، ۱ : ۲۰

[پید ، پیدا (رک) کی تخفیف + آور (رک)]

پیدل (ی لین ، فت د) .

(الف) م ف .

با پیادہ ، سوار کا نقیض .

جنوں کے جام کو ہی شیشۂ شراب کوں توڑ
خرد گلی سیں پری پیکراں کے پیدل جا

۱۷۱۸ دیوان آبرو (ق) ، ۹۱

اگر خاوند اپنے پیدل چلتے ہوں تو آپ دو تین گز کے تفاوت سے رہنا ، بہت قریب نہ ہو جانا .

۱۸۵۶ فوائدالصبیان ، ۶

حج کی منادی کردے تو لوگ ہر طرف سے دوڑ آئیں گے ، کچھ پیدل اور کچھ دبلی اونٹنیوں پر .

۱۹۱۴ سیرۃالنبی ، ۲ : ۱۲۱

(ب) صف .

پاپیادہ چلنے والا آدمی ، وہ آدمی جو سوار نہ ہو .

راجا سورج بھان دولھا کے گھوڑے کے ساتھ مالا جپتا ہوا پیدل تھا .

۱۸۰۳ رانی کیتکی ، انشا ، ۵۱

شاخ پر پھول ہیں جنبش میں زمیں پر سنبل
سب ہوا کھاتے ہیں گلشن میں سوار اور پیدل

۱۹۰۵ محسن ، ک ، ۱۰۲

(ج) امذ .

۱. پیادہ فوج کا سپاہی .

بعض کہتے ہیں کہ وہ پیدلوں میں نوکر تھا .

۱۸۹۶؟ سوانح عمری امیر تیمور ، ۳

اس کے ساتھ چار مسلح پیدل سپاہی تھے .

۱۹۲۶ شرر ، درگیش نندی ، ۱۷۰

۲. شطرنج کا سب سے چھوٹا مہرہ جو ہمیشہ ایک گھر سیدھا چلتا ہے اور آڑا مارتا ہے ، پیادہ .

جو کنیز پیدل بنی ہوئی ہے ، اشارہ پاتے ہی چھن چھن کرتی چلتی ہے اور اگلے خانے میں جا کھڑی ہوتی ہے .

۱۹۲۲ انار کلی ، ۱۰۶

[० : पैदल پیدل]

— اور سوار کا کیا ساتھ کہاوت .

امیر اور غریب کا کیا مقابلہ (جامع اللغات) .

— پسند (— فت پ ، س ، مغ) امث ؛ امذ .

(شطرنج) وہ بازی جس میں شاطر مد مقابل کی مرضی پر پیدل مہرے سے مات دیدے .

اس روز زچ ہوگئی . . . بازی زچ ہوگئی ہوگی ورنہ پیدلی ہوتی اور وہ بھی پیدل پسند .

۱۹۳۲ روح ظرافت ، ۱۳۶

[پیدل + پسند (رک)]

— پُل (— ضم پ) امذ .

وہ پل جو صرف پیدل چلنے والوں کے لیے بنا ہو .

ندی پر ۱۰ فٹ چوڑا پیدل پل دو یکساں تراش کے رسوں سے سہارا گیا ہے .

۱۹۴۱ تعمیروں کا نظریہ اور تجویز ، ۲ : ۸۳۵

[پیدل + پل (رک)]

— راستہ (— سک س ، فت ت) امذ .

پگڈنڈی ، فٹ پاتھ .

آرایشی منڈیر جنوبی سرے کے پیدل راستے پر شمال سے اونچی رکھی گئی ہے .

۱۹۴۱ تعمیروں کا نظریہ اور تجویز ، ۲ : ۷۷۰

[پیدل + راستہ (رک)]

— کا راستہ (— سک س ، فت ت) امذ .

جہاں صرف پیدل جایا جا سکے ، جہاں سواری کا گذر نہ ہو .

پیدل کے راستے پر نو بین کا منتظر تھا .

۱۸۹۲ اصول سراغ رسانی ، ۷۲

پیدلی (ی لین ، فت د) امث .

(شطرنج) پیدل (رک) سے متعلق (بازی ، مات ، چال وغیرہ) .

بازی زچ ہوگئی ہوگی ورنہ پیدلی ہوتی .

۱۹۳۲ روح ظرافت ، ۱۳۶

[پیدل (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

پیڈ (ی لین) امذ .

۱. ترتیب سے نیم جلد بند کاغذ جو کسی ایک ناپ کے ہوں .

یہ خط لکھنے کے کاغذوں کا پیڈ ہے .

۱۹۳۸ بحر تبسم ، ۳۲

۲.(i) (روئی وغیرہ کی) گدی ، گدا .

اس کے بعد توپچیوں کے کانوں کے لئے تہ در تہ پیڈ بنائے گئے تھے .

۱۹۶۸ کیمیاوی سامان حرب ، ۱۶

(ii) (کرکٹ وغیرہ میں) پانو کو چوٹ سے بچانے کے لئے استعمال ہونے والی گدی۔

مولانا محمد علی نے پیڈ باندھے، بلّہ ہاتھ میں لیا، میدان میں اترے۔

۱۹۷۱ ذکر یار چلے، ۱۹۸

۳۔ ہوٹ صاف کرنے کا چھوٹا سا تکیہ (جامع اللغات)۔

[انگریزی : Pad]

پیڈ (ی مج) صف۔

(لفظاً) ادا کیا ہوا (اصطلاحاً) محصول ادا کیا ہوا۔

تین خط میں نے بھیجے، ایک رجسٹرڈ اور دو پیڈ مگر کسی کا جواب نہ پایا۔

۱۸۸۸ مکاتیب امیر مینائی، ۳۳۴

کبھی ایسی چھوٹی اور خفیف بات کا خیال نہیں ہوتا تھا اور ہمیشہ اپنے پاس سے پیڈ خط بھجوا دیا جاتا تھا۔

۱۹۴۱ انشائے داغ (مقدمہ)، ۱۱

[انگ : Paid]

پیڈل (ی لین، کس ڈ) امذ۔

۱۔ بائیسکل کا وہ پرزہ جو نیچے کی طرف دائیں بائیں ہوتا ہے اور جسے دائیں بائیں پانو سے گھما کر بائیسکل چلاتے ہیں، بائیسکل کا پائیدان۔

مخالف ہوا کے باعث انہیں پیڈل چلانے میں کافی زور صرف کرنا پڑ رہا تھا۔

۱۹۵۰ منٹو، سرکنڈوں کے پیچھے، ۱۵۳

۲۔ باجے یا مشین کا وہ پرزہ جسے پانو سے حرکت دی جائے۔

پیڈل (پائیدان) کے دبانے سے یہ اسپرنگ ڈھیلا پڑ جاتا ہے۔

۱۹۲۳ آئینۂ موٹر، ۹۹

[انگ : Pedal]

پیڈن (ی مع، فت ڈ) امذ۔

تکلیف، دکھ (قدیم اردو کی لغت)۔

[رک : پیڑ (= درد) سے]

پیڈو (ی مج، و مع) امذ۔

رک : پیڑو۔

پیڈو۔زیر ناف۔

۱۷۵۱ نوادرالالفاظ، ۱۳۵

اللّے دینے والی مرغی کا (کے) پیٹ کا حصہ بڑا اور نرم ہوتا ہے پیڈو کی ہڈیاں نرم اور لچکدار ہوتی ہیں۔

۱۹۷۰ گھریلو انسائیکلوپیڈیا، ۶۲۴

پیڈی (ی مج) اسف۔

۱۔ رک : پیڑی (پرانے پودے کا پان)۔

پتیاں سات قسم کی ہوتی ہیں جن کے نو نام ہیں : (۱) گرہنج۔ اس کو تخم ریزی کے لیے محفوظ رکھتے اور پیڈی کے نام سے بھی یاد کرتے ہیں۔

۱۹۳۸ ترجمہ آئین اکبری، ۱ : ۱۳۸

۲۔ جڑ (ان پودوں کی جن کے بیج نہیں بوئے جاتے گنا کیلا وغیرہ)۔

تیسری قسم پیڈی کہ پچھلے سال کے ایکھ کو کاٹ کر اس کی جڑ چھوڑ دیں۔

۱۸۴۶ کھیت کرم، ۳۴

[رک پیڑی]

پیر (۱) (ی لین) امذ۔

۱۔ قدم، پانو، ٹانگ۔

اس کا زہر اس کے ناخن اور گوشت کے درمیان پڑا اس کا پیر سیاہ ہوکے مر گئی۔

۱۸۶۰ فیض الکریم، تفسیر قرآن العظیم، ۶۱۴

شاہ صاحب مصلے پر بیٹھے وظیفہ پڑھا کرتے ہیں اور میں ان کے پیروں کا خون پیا کرتا ہوں۔

۱۹۱۲ سی پارۂ دل، ۱ : ۵۶

۲۔ ایک پانو کی جوتی، ہوائی۔

ابا یہ تو ایک جوتی چوبچے میں پھینک آیا، لیجیے اب وہ ایک پیر رہ گیا ہے۔

۱۹۰۷ مخزن، ۱۴، ۱ : ۳۵

۳۔ نقش پا، سراغ، کھوج، پیڑ (فرہنگ آصفیہ)۔

۴۔ پیلوں کے چلنے سے پیدا ہونے والی لیکھ (چاہے کھیت کھلیان میں ہو یا کولھو میں یا پانی نکالنے کے چرس کے آس پاس (پلیٹس)۔

[س : پد + ی + ر + ہ + پدہ]

ـــ اُٹھان (ـــ ضم ا) امذ۔

(کُشتی) کشتی کا ایک پیچ جس میں بایاں پیر آگے بڑھا کر بائیں ہاتھ سے جوڑ کی چھاتی پر دھکا دیتے ہیں اور اسی وقت سیدھے ہاتھ سے اس کے پیر کے گھٹنے کو اٹھا کر بایاں پیر اس کے داہنے پیر میں اڑا کر پھرتی سے اسے اپنی طرف کھینچ کر چت کر دیتے ہیں) (شبد ساگر)۔

[پیر + اٹھان (رک)]

ـــ اُٹھانا محاورہ۔

رک : پانو اٹھانا، روانہ ہونا، چل دینا۔

بس اب ہوچکی کوہ و صحرا کی سیر
اٹھا اے سمند قلم یاں سے پیر
۱۸۹۳ صدق البیان ، ۴۴

— اُٹھ جانا محاورہ .

رک : پانو اٹھ جانا یا اکھڑ جانا .

افسر کے زخمی ہوتے ہی فوج کے پیر اٹھ گئے ، وہ تو بھاگے .
۱۸۹۲ طلسم ہوش ربا ، ۶ : ۴۰۱

— اُٹھنا محاورہ .

رک : پانو اکھڑ جانا .

فوراً سپاہ کے پیر اٹھ گئے ، بھاگے .
۱۹۰۲ آفتاب شجاعت ، ۱ : ۵۴۷

۲. جانے میں تامل ہونا ، دل نہ چاہنا .

میرے پیر نہیں اٹھتے مگر میرا جانا ضروری ہے .
۱۹۳۶ پریم چند ، پریم پچیسی ، ۲ : ۸۱

— اُکھاڑ دینا محاورہ .

رک : پانو اکھاڑ دینا .

ایک جدید واقعہ ایسا ہوا جس نے میرے پیر اکھاڑ دیے .
۱۹۳۵ داودہ پنچ، لکھنؤ ، ۲۰ ، ۶ : ۳

— اُکھڑجانا/اُکھڑنا محاورہ .

رک : پانو اکھڑ جانا .

غنیم کے پیر اکھڑے اور بھاگے .
۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۲۳۳

ہندوستانیوں کو فتح ہوئی اور گوروں کے پیر اکھڑ گئے .
۱۹۵۹ نقش آخر ، ۴۰

— اُکھیڑنا محاورہ .

پانو جمنے نہ دینا ، (کسی جمی ہوئی چیز کو) اپنی جگہ سے ، ہلا دینا ، قائم نہ ہونے دینا .

اس (برف) کے پیر اکھیڑ کے سہج سہج ایک ڈھلان سے دوسرے ڈھلان پر ڈھلکاتا ہے .
۱۸۹۰ جغرافیۂ طبیعی ، ۱ : ۷۹

— آنا محاورہ .

قدم آنا ، وارد ہونا .

اے ہے ، غدر کے دنوں میں کچھ ایسی گھڑی کا پیراس موئے فرنگی کا آیا تھا کہ بچے کی مت بھیر دی .
۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۲۷۸

— بازی اسم .

ناچ میں پیروں کی ایک خوبصورت رفتار (شبدسا گر) .
[ہ : پیر + بازی (رک)]

— بھاری ہونا محاورہ .

رک : پانو بھاری ہونا .

ایک نے کہا ہے ہے میری بہو ، اس کا تو پیر بھاری تھا .
۱۸۹۲ طلسم ہوش ربا ، ۶ : ۵۶

جب خیر سے نیلوفر کا پیر بھاری ہوا تو سیٹھ ایسے خوش ہوئے جیسے بیجڑے کے گھر بیٹا ہونے کی خبر ملی ہو .
۱۹۶۲ معصومہ ، ۱۲۶

— پایہ (— فت ی) امذ .

(حشریات) ٹانگ کا وہ جوڑ جو کولھے پر ہوتا ہے (Legbase) .

ٹانگ کا جوڑ جانیے سے تین طریقوں سے عمل میں آتا ہے اول یہ کہ پیر پایہ صرف جانیے سے اٹک جائے .
۱۹۶۷ بنیادی حشریات ، ۳۶

[پیر + پایہ (رک)]

— پٹخنا محاورہ .

۱. اظہار ناراضگی کرنا ، غصہ ہونا .

بہت ناراض ہوئے اور پیر پٹختے ہوئے چلے گئے .
۱۹۶۳ گنجینۂ گوہر ، ۹۲

۲. اظہار مسرت کرنا . خوش ہونا .

رقصاں جوڑے تالیاں بجا بجا کر فرش پر زور زور سے پیر پٹخنے لگے .
۱۹۶۷ ہاؤسنگ سوسائٹی ، ۱۴۶

— پسارنا محاورہ .

رک : پانو پھیلانا .

میں نے جب ایک نہ مانی تو مچل ، پیر پسار
روکے خفت سے ہوئی مرنے پہ آخر طیار
۱۸۶۴ واسوخت رعنا (شعلۂ جوالہ : ۲ ، ۴۴۸)

میں جتنی طرح دے رہا ہوں اتنا ہی پیر پسار رہی ہے .
۱۹۶۲ معصومہ ، ۲۳۰

— پیر جانا (— ی لین) محاورہ .

بغیر سواری کے جانا ، پیدل چلنا .

دکھلا دے ہون چکی مجھے تیرے دم کی خیر
لے چل ٹریمو سے پہ نہ جاؤنگا پیر پیر
۱۸۹۹ دیوانجی ، ۲۰۳

— پھیرنے جانا محاورہ .

رک : پانو پھیرنے جانا .

بہو کو اپنے باپ کے ہاں پیر پھیرنے جانا ہے .

۱۸۶۸ رسوم ہند ، ۱۱۲

— پھیلا کَر سونا محاورہ .

۱. رک : پانو پھیلا کر سونا (مجازاً) مطمئن ہونا .

اگر حکمراں نیک اور خدا ترس ہوتا رعایا پیر پھیلا کر سوتی.

۱۹۵۸ عمر رفتہ ، ۳۵۳

۲. چین سے نیند کرنا ، آرام کرنا .

خنکی بڑی آرام دہ تھی خوب پیر پھیلا کر راحت کی نیند سوئے .

۱۹۰۷ سفرنامۂ ہندوستان ، ۸

— پھیلانا محاورہ .

۱. پرورش پانا .

زندہ ہوکر پھر نکلتا ہے اور ہوائے محیط میں پیر پھیلاتا ہے .

۲. رک پانو پھیلانا .

اشاروں اشاروں میں باتیں بھی ہوتی رہیں پر اب دل نے پیر پھیلائے .

۱۹۵۹ شمع خرابات ، ۲۶

۳. مشہور ہونا ، عالم آشکارا ہونا .

اسکی علمی شہرت اپنے پیر پھیلاتی چلی جاتی تھی .

۱۹۱۱ معلم ثانی ، ۱۹

۴. زیادہ طلب کرنا ، حد سے تجاوز کرنا .

سچ یہ ہے ڈاکٹر برتاب اب تم بہت پیر پھیلانے لگے تمہارا یہی حال رہا تو پھر کون بیمار ہونا گوارا کرے گا .

۱۹۵۹ وہی ، ۱۷

— تلے سے (— کی) مٹی نکلنا محاورہ .

ہوش اڑجانا ، گھبرا جانا .

پورنا پر ساری باتیں روشن ہوگیئں ، پیر تلے سے مٹی نکل گئی ، کچھ غشی سی آگئی .

۱۹۰۵ ہم خرما و ہم ثواب ، ۱۰۰

— توڑ کَر بیٹھ جانا محاورہ .

رک : پانو توڑ کر بیٹھ جانا .

ایسا آدمی لب نہر دنیا پر پیر توڑ کر بیٹھ جاتا ہے اور نفس و ہوا سے مقابلہ نہیں کرسکتا .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۵۸۷

— تھام امذ ؛ امث .

جدید وضع کے دروازوں کی چوکھٹ میں کواڑوں کی روک یا آڑ کے لیے بنا ہوا کھانچا ، رک : پاتام/پیتام (ا پ و ، ۱ : ۲۹) .

— جَمانا محاورہ .

رک : پانو جمانا .

فروخت کی تحریک خاص کر بمبئی کرناٹک میں اپنے پیر جما چکی ہے .

۱۹۳۰ معاشیات ہند (ترجمہ) ، ۱ : ۴۲۲

— جَم جانا/جمنا محاورہ .

رک : پانو جمنا .

ابھی افغانوں کے یہاں پیر نہیں جمے ہیں اور ان کی قوت کو قرار نہیں ہوا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۳ : ۲۸۵

صرف گود کا بچہ سلیم اور تینوں لڑکیاں بیگم کے ساتھ رہ گئیں ، ارادہ تھا کہ وہاں پیر جم جائیں گے تو سب کو بلا لیں گے .

۱۹۶۲ معصومہ ، ۱۶

— چھوٹنا محاورہ .

عورت کو خلاف معمول حیض جاری ہونا اور جاری رہنا (ا پ و ، ۷ : ۶۱) .

— دوڑی (— و لین) امث .

بھاگ دوڑ ، تگ ودو ، سخت کوشش ، بھاگا دوڑی .

میرا مطلب یہ تھا کہ لڑائی کے آخر پر جاتا تو مفت کی پیر دوڑی تھی .

۱۹۱۴ راج دلاری ، ۱۳۲

[پیر + دوڑی ، دوڑنا (رک) سے]

— دوڑی کَرنا محاورہ .

بھاگ دوڑ کرنا ، بھاگا دوڑی کرنا .

فاورا کی خاطر جوزف نے دن کو دن سمجھا نہ رات کو رات خوب پیر دوڑی کی .

۱۹۳۴ عزمی ، انجام عیش ، ۶۹

— دھو دھو کَر (کے) پینا محاورہ .

رک : پانو دھو دھو کے پینا .

اب کے ایسی عورت لادوں گا کہ اس کے پیر دھو دھو کر پیو گے .

۱۹۳۶ پریم چند ، زاد راہ ، ۶۱

ـــ ڈالنا ف م .

قدم رکھنا .

میاں جب پل صراط اوپر تو اپنا پیر ڈالے گا
تو وہ تلوار کی ہو دھار تیرا پاؤں کھالے گا

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۱ : ۱۲

ـــ کا ناخُن نہ دکھانا محاورہ .

روبرو نہ ہونے دینا ، صورت نہ دکھانا ، حقیر جاننا .

چھاتی کے بھٹنی سے میں گھاٹیاں ہردم سہلاؤں
سوت کو پیر کا ناخون بھی میں اس کے نہ دکھاؤں

۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۲۷۸

ـــ کی جُوتی صف .

۱. (مجازاً) نہایت حقیر ، نہایت ذلیل ، ادنیٰ درجے کا .

آپ نے مجھے ترک کر دینے کا فیصلہ کرلیا ہے ، جیسی آپ کی مرضی ، مردوں کے لیے بیوی پیر کی جوتی ہو ، عورت کے لیے مرد دیوتا ہے .

۱۹۳۵ دودھ کی قیمت ، ۳۲

۲. (طنزاً) بھوی (جامع اللغات) .

ـــ کی جُوتی سَر پَر (کو) چڑھنا/آنا/لگنا محاورہ .

ادنیٰ کا اعلیٰ کی برابری کرنا ، کمینے کا مقابلے پر آنا .

کسے پیٹ ڈالے گی ؟ میں نے دھڑ سے کواڑ کھول دیے ، جانتی ہے یہ بچہ کس کا ہے ؟ اللہ کی شان پیر کی جوتی سر کو آنے لگی .

۱۹۳۷ ہم اور تم ، ۸۳

ـــ کی جُوتی کو دن لگنا محاورہ .

رک : پیر کی جوتی سر پر آنا .

بھونکے جا موئے ، پیر کی جوتی کو بھی دن لگے ہیں کہ سر چڑھی آتی ہے .

۱۹۶۶ سودائی ، ۵۰

ـــ کی خاک اسث .

(مجازاً) نہایت حقیر شے ، بہت ادنیٰ درجے کی چیز .

نیا خاوند جو آسے ملا اس کو وہ اپنے پیر کی خاک سے بھی کم درجے کا خیال کرتی ہے .

۱۸۹۱ قصہ حاجی بابا اصفہانی ، ۱۳۸

ـــ کُھلوانا محاورہ .

غیر معمولی طور پر کسی خاص وجہ سے خون کا عورت کی فرج سے جاری کرا دینا (مہذب اللغات) .

ـــ گاڑی اسث .

بائیسکل ، سائیکل .

کمرے سے باہر بھی نہ نکلے تھے کہ سیٹھ بابھدر داس کو پیر گاڑی پر آتے دیکھا .

۱۹۱۶ بازار حسن ، ۲۰۰

پیر گاڑی ہوں جس کے پیر احمق
کار ہے اس کے واسطے بے کار

۱۹۴۲ سنگ و خشت ، ۹۱

ـــ لڑکھڑانا محاورہ .

رک : پانو لڑکھڑانا .

جس وقت ہردت نے اس مہم کا حال سنا . . تو ہردت نہایت پریشان ہوا ، اس کے پیر لڑکھڑا گئے اور جان کا خوف اس پر طاری ہوا .

۱۸۹۷ دعوت اسلام ، ۲۷۵

ـــ لگنا محاورہ (قدیم) .

رک : پانو جمنا .

ٹھیراو نہ کوئی جگہ ہے اوس کو
نا پیر کہیں لگے ہے اوس کو

۱۸۳۱ من مو ہن ، ۴۰

ـــ لمبے کرنا محاورہ .

رک : پانو پھیلانا .

نہیں اس مصحف رخ پر مناسب
تجھے اے زلف لمبے پیر کرنا

۱۸۵۴ ؟ کلیات ظفر ، ۳ : ۱۴

ـــ مَن مَن بھر کے ہو جانا محاورہ .

رک : پانو من من بھر کے ہو جانا ، پانو شل ہو جانا .

پیر من من بھر کے ہو گئے ، گھر کی طرف ایک قدم چلنا مشکل ہو گیا .

۱۹۳۶ پریم چند ، پریم چالیسی ، ۱ : ۲۰۰

ـــ میں بلی بندھی ہونا محاورہ .

ہر وقت چلتے پھرتے رہنا ، ایک جگہ ٹک کر نہ بیٹھنا .

اس نوبہار کے پیر میں تو ہر وقت بلی بندھی ہے کہیں کچھ ایسا ویسا ہو گیا تو اس کا جو کچھ ہو گا میں بھی بندھی بندھی پھرونگی .

۱۹۵۷ شام اودھ ، ۱۲۱

ــ نکالنا محاورہ .

رک : ہاتھ نکالنا .

درد نہاں نے پیر نکالا عمر ابد نے مار ہی ڈالا

۱۸۵۱ مومن ، ک ، ۳۴۰

ــ وار صف .

تیرنے والا ، تیراک (شبد ساگر) .

[پیر + وار ، لاحقۂ صفت]

پیر (۲) (ی لین) امذ .

۱. کٹے ہوئے اناج کا ڈھیر جو دانہ نکالنے کو اکٹھا کیا گیا ہو ، کھلیان ، انبار غلہ .

غیر مزروعہ زمین متصل آبادی کے یا جس جگہ پر آپلے یا زمیندار پیر اناج کے ڈالتے ہیں .

۱۸۷۶ مصباح المساحت ، ۲۷

۲. اناج کھودنے (کھوندنے) کی جگہ (ا پ و ، ۹۶) .

۳. اناج صاف کرنے کولھو چلانے یا پانی کنوئیں میں سے نکالنے کے لیے بیلوں کے چلنے کی جگہ (جامع اللغات) .

۴. حیض جاری رہنے کی بیماری (جامع اللغات) .

۵. لکڑیوں کی بنی ہوئی اونچی بیٹھک جس پر بیٹھ کر معمار اور نقاش عمارت پر کام کرتے ہیں ، پاڑ (ماخوذ : نوادرالالفاظ ، ۱۲۷) .

[س : पद् + ی + र + य]

ــ بٹائی (ــ فت ب) امث .

کھلیانی بٹائی جو اُڑان سے پہلے کاشت کار اور زمین دار کے درمیان حصہ رسدی بانٹ لی جائے (ا پ و ، ۶ : ۴۰) .

[پیر + بٹائی (رک)]

ــ جو پچھوا ماں برساوے وہی نرمل راس اُٹھاوے کہاوت .

جو پچھوا میں پیر ڈالے اس کا اناج ٹھیک صاف ہوتا ہے (جامع اللغات) .

پیر (۱) (ی مع) صف .

۱. بوڑھا ، ضعیف ، معمر .

مہرباں ہو پیر پوچھا حوال
توں کون ہے ترا کیوں گزرتا ہے حال

۱۶۱۱ قطب مشتری (ضمیمہ) ، ۳

تھے پیر ولے نہ پیر تھے وے پیروں منے اچھ فقیر تھے وے

۱۷۰۰ من لگن ، ۱۵

اگرچہ پیر کی ہے بات سود مند ظفر
مگر خوش آتی نہیں وہ کبھی جواں کو بات

۱۸۴۹ کلیات ظفر ، ۲ : ۳۰

ہر ایک چھوٹا بڑا سن سن کے یہ باتیں ہے دبدھا میں
عجب اس وقت حالت ہورہی ہے پیر و برنا کی

۱۹۳۱ بہارستان ، ۴۷۶

۲. چالاک ، گرو گھنٹال ، خرانٹ .

حال اس سے کہا کہ قول ہارا ہے پیر یہ نوجواں تمہارا

۱۸۳۸ گلزار نسیم ، ۷

۳. مرشد ، ہادی ، رہنما ، گرو ، بزرگ .

پیر کے صفتاں کوں اپنے صفتاں کوں مطالعہ کرنا سو .

۱۵۰۰ معراج العاشقین ، ۲۰

ان گروہ عالی میں چار پیر اور چودہ خانوادے مشہور ہیں .

۱۸۵۴ مطلع العلوم (ترجمہ) ، ۱۳۶

کہانیوں کی مہم میں مہم کے جاں باز کو ایک پیر روشن ضمیر ملتا ہے .

۱۹۶۵ ہماری پہیلیاں ، ۲۱

۴. استاد ، معلم .

کھول کر دیوان میرا دیکھ قدرت مدعی
گرچہ ہوں میں نوجواں پر شاعروں کا پیر ہوں

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۲۳۸

پیر مکتب سے نہیں مطلق شناسائی تری
علم کی مشعل نہیں رکھتی ہے بینائی تری

۱۹۳۳ فکر و نشاط ، ۵۸

۵. وہ خیالی بزرگ جس کے نام پر ضعیف‌الاعتقاد لوگ منت مانتے ہیں اور اس کے فرضی نام کے ساتھ لفظ پیر استعمال کرتے ہیں .

کسی نے پیر ایکا ایک کا پیسہ اٹھایا کہ ایکا ایک میری مراد بر آئے .

۱۸۸۸ طلسم ہوش ربا (انتخاب) ، ۳ : ۱۵۲

[ف]

ــ اوتار (ــ و لین) امذ .

فقیروں کا مقرر روزینہ جو گانو کی مشترکہ آمدنی سے دیا جائے (ا پ و ، ۶ : ۴۰) .

[پیر + اوتار (رک)]

ــ آپ درماندہ ہیں شفاعت کس کی کریں کہاوت .

جو خود محتاج ہو وہ کس کے کام آئے گا .

یہ ایک مثل مشہور ہے کہ پیر آپ درماندہ شفاعت کس کی کریں اس کا اطلاق آج کل کی ان مسلمان لڑکیوں پر ہے جو . . . مغرب کا کلمہ پڑھ رہی ہیں .

۱۹۳۴ عالم نسواں ، ۲۶

ــ آسماں کس صف (ــ سک س) اسذ .

آسمان جس کو کہنگی و قدامت کی وجہ سے کنایۃً پیر (= بوڑھا) کہتے ہیں .

حسن کا تیرے جانِ جاں شہرہ نہیں کہاں کہاں
کہتا ہے پیر آسماں ایسا کوئی جواں نہیں

۱۸۷۵ دیوان یاس ، ۱۰۷

[پیر + آسمان (رک)]

ــ آنا محاورہ .

بھوت پریت کا سایہ ہونا ، آسیب زدہ کا ناچنا .

گل چہرہ بہار کا سحر دفع کر کے پیچھے ہٹی ، بال کھول دیے ، سر ہلانے لگی ، صاف معلوم ہوتا تھا کہ کنواروں میں جس طرح پیر آتے ہیں اس طرح کھیلنے لگی .

۱۹۰۱ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۲ : ۱۶۰

ــ باورچی بہشتی خر کہاوت .

برہمن سے ہندو ان سب کا کام لیتے ہیں (جامع اللغات) .

ــ بنانا محاورہ .

کسی کو اپنا مرشد کرنا ، کسی سے بیعت کرنا (جامع اللغات).

ــ بننا ف ل .

پیر بنانا (رک) کا لازم .

پور خام ہے تو او اپنے مرید ہے پیر بننے کے لائق نہیں .

۱۶۲۸ شرح تمہیدات ہمدانی (ترجمہ ، ق) ، ۴۴

ــ بہن اسف .

ایک مرشد کے مرید مرد اور عورتیں اپنی ساتھی مرید عورت کو پیر بہن کہتے ہیں ، استاد یا مرشد کی بیٹی .

ناگاہ میری پیر بہن مونسہ و انیسہ امامن کے انتقال پُر ملال کی خبر وحشت اثر میرے کانوں تک پہونچی .

۱۹۱۳ محل خانۂ شاہی ، ۵۲

[پیر + بہن (رک)]

ــ بیعت کس اضا (ــ ی لین ، فت ع) اسذ .

مرشد جس سے بیعت ہو .

غمگیں ہوتا ہے ایک پیر بیعت
جز اوسکے نہ کیجو دوسرے سے رغبت

۱۸۳۹ مکاشفات الاسرار ، ۱۵

[پیر + بیعت (رک)]

ــ بھائی اسذ .

ایک پیر کے مرید مرد اور عورتیں اپنے ساتھی مرید مرد کو پیر بھائی کہتے ہیں ، پیر یا مرشد کا بیٹا .

اس کا ایک پیر بھائی ہے برہمن روئیں تن .

۱۸۸۸ طلسم ہوشربا ، ۳ : ۵۴۵

تو ہم سب کا پیر ہے اور ہم آپس میں پیر بھائی ہیں .

۱۹۱۹ آپ بیتی ، حسن نظامی ، ۱

[پیر + بھائی (رک)]

ــ بھُچڑی (ــ ضم بھ ، سک چ) اسذ .

بھچڑوں کا پیر (مہذب اللغات) .

[پیر + بھچڑی (علم)]

ــ بھُچڑی کی کڑھائی (ضم بھ ، سک چ ، فت ک) اسث .

پیر بھچڑی کی فاتحہ کا حلوا یا پکوان جو بھچڑا بنانے کے وقت خاص کر بھچڑوں کو تقسیم کیا جاتا ہے (جامع اللغات) .

ــ پادری (ــ سک د) اسذ .

پوپ ؛ بڑا پادری .

لرزیق معہ امیر ، وزیر اور پیر پادری کے طلسم گھر کو گیا .

۱۸۹۰ رسالہ دلگداز ، ۳ ، ۵ : ۵۱

اور ہمارے زمانے کے پیر پادری کی مثل ہر طرح کی مشکلات میں اس سے رجوع کی جاتی تھیں .

۱۹۲۹ تاریخ سلطنت روم ، ۸۷۴

[پیر + پادری (رک)]

ــ پال اسذ .

پیر کی مالی امداد یا مزار کی دیکھ بھال کے اخراجات کے لیے وقف کی ہوئی زمین (پلیٹس) .

[پیر + پال ، پالنا (رک) سے]

ــ پرست (فت پ ، ر ، سک س) صف .

وہ جو پیروں کا بہت معتقد ہو ، مرشد پرست .

رہا وہ خدمت مرشد کی قید میں برسوں
کہ حق پرست سے ہو وہ ، پہلے جو ہو پیر پرست

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۵۳

[پیر + پرست (رک)]

ــ پیروی (ــ ی لین ، فت ر) اسث .

پیر کی تابعداری یا متابعت (جامع اللغات) .

[پیر + پیروی (رک)]

— پیغمبر منانا محاورہ .

منتیں مانگنا ، دعائیں کرنا .

روسی خدا کا شکر کر رہے تھے اور پیر پیغمبر منا رہے تھے کہ طوفان برابر اسی طرح برپا رہے .

۱۹۰۷ نپولین اعظم ، ۴ : ۱۰۹

— تسمہ پا کس صف (— فت ت ، سک س ، فت م) امذ .

(مجازاً) وہ جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو ، مستقل عذاب، داستانوں میں وہ بوڑھا جو کسی کے کاندھوں پر بیٹھ کر اپنی ٹانگوں سے اس کی گردن کو ایسی گرفت میں لیتا ہے کہ چھڑا نہ سکے .

وہ اپنی ذات کے صرف انہی پہلوؤں کو سامنے لائے جو انسانی دلچسپی کی بنا پر سدا بہار ثابت ہوسکیں ورنہ انشائیہ نگار کا یہ ہمزاد قاری کے لئے ایک پیر تسمہ پا بن جائے گا .

۱۹۶۸ نگاہ اور نقطے ، ۲۱۰

[پیر + تسمہ پا (رک)]

— جی امذ .

مرشد کو عزت سے پکارنے کا کلمہ .

پانی برسائیں تو پیر جی اولادیں دیں تو پیر جی .

۱۸۹۱ ایاسی ، ۸۹

پیر جی نے ہزارہ تسبیح سنبھالی مریدوں نے مصنوعی مراقبہ شروع کیا .

۱۹۲۹ تمغۂ شیطانی ، ۲۵

[پیر + جی (رک)]

— جی کی سگائی میر جی کے یہاں کہاوت .

ایک ہی حیثیت کے آدمی آپس میں تعلق رکھتے ہیں (جامع اللغات) .

— خانہ (— فت ن) امذ .

خانقاہ .

سوائے اس کے دوسرا پیر خانہ پیر ہادی رہنما صاحب کا ہے جس کا ذکر خیر آگے تحریر ہوچکا ہے .

۱۸۶۳ تحقیقات چشتی ، ۶۰۷

[پیر + خانہ (رک)]

— خرابات کس اضا (فت خ) امذ .

۱. (تصوف) مرشد کامل جو قیود شرعی سے آزاد اور فنا فی اللہ ہو ، مرشد کامل .

اے شیخ فیض پیر خرابات دیکھنا
جو حال پیر کا ہے وہی ہے مرید کا

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۱۹

کر پیر خرابات سے دریوزۂ ہمت
جا خاک در میکدہ پر ناصیہ سا ہو

۱۹۱۱ کلیات اسمٰعیل میرٹھی ، ۳۰۴

۲. شراب خانے کا مالک .

جب تک تھا جواں تھا جواں بدمست
اب پیر ہوا پیر خرابات ہوا

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۵۴

بھیرلی پیر خرابات نے جب چشم کرم
ہم کو بھی حوصلۂ ساغر و مینا نہ رہا

۱۹۰۱ کلیات حسرت ، ۲۸۵

[پیر + خرابات (رک)]

— خرف کس صف (فت خ ، کس ر نیز فت) صف .

بد حواس بوڑھا ، بہت بوڑھا جس کے حواس میں خلل آگیا ہو .

ستر برس کا پیر خرف ، حواس در معرض تلف .

۱۸۶۶ خطوط غالب ، ۳۴۲

وہ سالخوردہ اگر ہے تو یہ بھی پیر خرف
جناب شیخ کو جائز ہے دخت رز سے نکاح

۱۹۴۲ سنگ و خشت ، ۷۶

[پیر + خرف (رک)]

— دوتا کس صف (— ضم د ، غم و) صف .

وہ جس کی کمر جھک کر دوہری ہوگئی ہو ، خمیدہ پشت ، بوڑھا ، کبڑا .

ہے وہ فضا کہ لالہ فشاں ہے ضمیر خاک
ہے وہ سماں کہ پیر دوتا بھی جواں ہے آج

۱۹۴۱ انوار ، ۱۳۶

[پیر + دوتا (رک)]

— دہقان فلک کس صف (— فت د ، سک ہ ، کس ن فت ف، ل) امذ .

آسمان .

ایسا خط ہے کہ مرقع خیال مانی و بہزاد میں نہ کھنچا ہوگا اور پیر دہقان فلک نے مرزعہ عالم میں نہ دیکھا ہوگا .

۱۸۲۴ فسانۂ عجائب ، ۲۵

[پیر + دہقان (رک) + فلک (رک)]

— دیدار (— ی ج) امذ .

ایک فرضی پیر جو بچھڑوں کو ملاتا ہے (جامع اللغات) .

ــ دیدار کا کونڈا (ــ ی مع ، و مع ، مغ) امذ .

عورتوں کی ایک منت کہ جب کسی عزیز کے آنے کی بہت آرزو ہوتی ہے تو یہ منت مانتی ہیں .

برسوں پیر دیدار کا کونڈا کروں گی ، تم بھی اپنے بال بچوں کو لے کر چلی آؤ .

۱۸۷۵ انشائے ہادی النساء ، ۳۵۷

[پیر + دیدار (رک)]

ــ زادگی (ــ ـک د) امث .

پیرزادہ ہونا ، پیروں کی اولاد میں ہونا .

رفتہ رفتہ ان ہی مثالوں سے پیرزادگی اور منت خوری کی بنیاد قائم ہو گئی .

۱۸۹۰ سیرۃ النعمان ، ۷۲

ادھر خلافت عباسیہ محض پیرزادگی اور مشیخیت مابی کا نام رہ گئی تھی .

۱۹۰۵ شوقین ملکہ ، ۲۰

[پیر + زادگی ، زادہ (رک) سے]

ــ زادہ (ــ فت د) امذ .

۱. مرشد کا بیٹا ، پیر کی اولاد .

ان کے یہاں گنبدوں میں خادم اور مجاور اور پیرزادے مقرر ہوئے .

۱۸۲۳ ہدایت المومنین ، ۳

میری روح بھی اس کے لیے دعا کرے گی اور اگر کوئی خود پیرزادہ بن کر بیٹھے گا تو اس کو بد دعا کرے گی .

۱۹۲۹ تذکرۂ کاملان رام پور ، ۴۱۹

[پیر + زادہ (رک)]

ــ زال

(الف) امذ .

وہ بوڑھا جس کے سر کے بال بڑھاپے کی وجہ سے سفید ہو گئے ہوں ، کہن سال .

بوجھو ہلال چرخ کوں ابروئے پیر زال
اس کی بھواں کے خم پہ اگر ٹک نظر کرو

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۶۸

(ب) امث .

۱. بڑھیا .

وے سن کو اس پیر زال کے روبرو گئے اور میرا احوال بیان کیا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۷۱

عورتوں کا ایک غول آتا تھا ، ان میں سے ایک پیر زال نے کہا اے مرد خدا ذرا ایک بات سنتا جا .

۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۲ : ۲۱۹

۲. مجازاً دنیا .

وہ ناز حسن رکھتی ہے اے دل یہ پیر زال
جو اک نگہ میں ڈالے ہے گردن میں لاکھ جال

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۲۰۹

دنیائے پائمال بہار شباب ہے
اس پیر زال کو ہے ہمیشہ جواں کی حرص

۱۹۱۶ احسن الکلام ، ۱۰۶

[پیر + زال (رک)]

ــ زن (ــ فت ز) امث .

۱. بوڑھی عورت .

یو سن بات شہ یوں کہیا پیر زن
پڑیا تھا او میرے نظر تل رتن

۱۶۳۵ ؟ مینا ستونتی (قدیم اردو ، ۱ : ۱۳۰)

کہتے ہیں ایک پیر زن تھی عابدہ
طاعت حق میں نہایت زاہدہ

۱۷۷۳ رموز العارفین ، ۱۵

۲. (تلمیحاً) وہ بڑھیا جس نے فرہاد کو شیریں کی موت کی جھوٹی خبر سنائی تھی .

دی سادگی سے جان پڑوں کوہکن کے پانو
ہیہات کیوں نہ ٹوٹ گئے پیر زن کے پانو

۱۸۶۹ غالب ، د ، ۱۹۶

[پیر + زن (رک)]

ــ سال/سالا صف ؛ ~ پیر سالہ .

بوڑھا .

ایک روز کے تامل میں پیر سالا اپنے انصاف کو پہنچی .

۱۸۷۳ نتائج المعانی ، ۳۱

ایک مرد پیر سال کو رولنگ ایک شخص کا ہاتھ تھامنے (تھامے) ہوئے آیا .

۱۸۷۷ عجائب المخلوقات ، ۱۱۱

[پیر + سال (رک)]

ــ سراندیب کس اضا (ــ فت س ، ر ، غم ا ، سک ن ، ی مع) امذ .

(کنایۃً) **حضرت آدم علیہ السلام** (جامع اللغات) .

[پیر + سراندیب (علم)]

ــ شو بیاموز کہاوت .

اصلاح اور ترقی ہمیشہ ہو سکتی ہے .

اس سے ایک سبق ہی حاصل ہوا سہی ، پیر شو بیاموز اگر تمہارے کہنے کے مطابق ہم چلتے تو یہ تباہی کاہے کو آتی .

۱۸۹۲ ؟ خدائی فوجدار ، ۱ : ۱۴۶

ـ شہید منانا محاورہ .

کسی بزرگ کی نیاز یا فاتحہ دلانا .

روشن آرا بی بی کے پیر شہید منائے جائے منگل کے منگل ان پر سے صدقہ دلواتی .

۱۹۵۸ شمع خرابات ، ۲۶۳

ـ صُحبت کس اضا (— ضم ص ، سک ح ، فت ب) امذ .

وہ بزرگ جس کی صحبت سے فیض حاصل کیا جائے لیکن جس سے بیعت نہ ہو .

جائز ہے باطنی فواید کے لئے گر تیرے ہزار ہوویں پیر صحبت

۱۸۳۹ مکاشفات الاسرار ، ۱۵

[پیر + صحبت (رک)]

ـ طَریق/طَریقت کس اضا (— فت ط ، ی مع/فت ق) امذ .

(تصوف) مرشد ، رہبر .

اگر منظور ہو ان کو فنافی اللہ ہو جانا
کریں تقلید پیران طریقت میرے خواجہ کی

۱۹۰۳ سفینۂ نوح ، ۱۳۳

آرزو عشق میں ہے پیر طریق یہ چلن اس جوان سے نکلا

۱۹۲۶ فغان آرزو ، ۳۶

پیر مغاں سے بیعت ہو یا پیر طریقت سے مگر جب دیکھیے تو سب ایک ہی مرشد کا پیالا پیتے نظر آتے ہیں .

۱۹۳۶ ریاض خیر آبادی ، نثر ریاض ، ۱۲۴

[پیر + طریق / طریقت (رک)]

ـ غَیبی کس صف (— ی لین) امذ .

مافوق الفطرت صفات کا حامل بزرگ .

اور یہ شہرت ہوئی ہے بادشاہزادے کی کہ کوئی یہ پیر غیبی ہوا ہے .

۱۷۳۶ ؟ قصہ مہر افروز و دلبر ، ۷۶

[پیر + غیبی (رک)]

ـ فانی کس صف ، صف .

بہت بوڑھا ، ایسا ضعیف جو مرنے کے قریب ہو .

اگر بالفرض کوئی پیر فانی مل بھی جائے اور دعویٰ بھی کر بیٹھے تو . . . ہم اسکی باتوں کا اعتبار کر سکیں .

۱۹۰۱ مضامین شرر ، ۱ ، ۳ : ۵۱

[پیر + فانی (رک)]

ـ فَرتوت کس صف (— فت ف ، سک ر ، و مع) صف .

۱. بہت بوڑھا نہز کنایتہً .

(ماں) اس نے اپنا خون تجھے دودھ بنا کر پلایا ہے اور تیرے لئے بہشت کی جوئے شیر بہائی ہے اور اس محنت میں خود خستہ ہو کر پیر فرتوت بنی ہے .

۱۸۹۱ مکارم الاخلاق ، ۳۱۰

میں نے اس پیر فرتوت ، پوست استخواں فقیر کو آج دیکھا .

۱۹۲۳ سیرۃالنبی ، ۳ : ۱۱۵

۲. دقیانوسی ، قدیم وضع کا .

بسم اللہ پڑھانے کے لیے جھنجھانے سے ایک دقیانوسی مولوی (پیر فرتوت) بلائے گئے تھے .

۱۶۳۵ چند ہم عصر ، ۱۶۵

[پیر + فرتوت (رک)]

ـ فَلَک کس صف (— فت ف ، ل) امذ .

۱. آسمان (قدامت کی وجہ سے) .

پیر فلک بنے ہے جوان سیاہ مست
ریش شعاع مہر پہ ہے ابر سے خضاب

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۳۰۳

شعرا کے کارنامے زال دنیا اور پیر فلک کی مذمت اور ان دونوں کے ظلموں کی شکایت سے بھرے ہوئے ہیں .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۱ : ۲۵۰

۲. ستارۂ زحل (جامع اللغات) .

[پیر + فلک (رک)]

ـ کا نیزہ (— ی مج ، فت ز) صف .

متبرک ، قابل تعظیم (شے) وہ نشان جو بطور علم یا جھنڈا کسی پیر کے مزار یا خانقاہ پر نصب کیا جائے .

وہ چھڑیاں تھیں کہ تھیں مژگان دلدار
ویا تھے پیر کے نیزے نمودار

۱۷۷۸ گلزار ارم ، ۱۸۲

ـ کرنا ف مر .

مرشد بنانا ، کسی پیر کے ہاتھ پر بیعت کرنا .

کہا ہوں صدق سوں دل کے سجن تو باور کر
ہوا مرید میں تیرا سو تج کوں پیر کیا

۱۷۰۷ ولی ، ک ، (ضمیمہ اول) ، ۳

عاشق ہو ترسا بچگاں پر تا کیفیت حاصل ہو
اور کشود کار جو چاہو پیر مغاں کو پیر کرو

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۸۰۷

ـ کَنعاں کس اضا (— فت ک ، سک ن) امذ .

حضرت یعقوب علیہ السلام .

نسیم مصر کا دم پیر کنعاں کاہے کو بھرتا
اگر کرتے کی تیرے خاک آلودہ ہوا لگتی

۱۸۵۱ مومن ، ک ، ۱۴۹

پیر کنعاں کے لیے تسکین خاطر چاہیے
ہوئے یوسف بھی رواں اب پیر ان کے ساتھ ہے

۱۹۱۹ درشہوار ، ۹۸

[پیر + کنعاں (رک)]

— کو نہ فقیر (شہید) کو پہلے کانے چور کو کہاوت .

جب کوئی کم حیثیت شخص اپنے آپ کو اوروں پر مقدم سمجھے تو اس وقت کہتے ہیں (جامع اللغات) .

— کی پیری سے کام پیر کے فعلوں سے کیا کام کہاوت .

کسی بزرگ کی بزرگی سے مطلب ہے ، اس کے افعال کی تحقیقات فضول ہے (نوراللغات) .

— کی چوٹی (— و مج) صف .

(کنایۃً) عظمت و بزرگی (مہذب اللغات) .

— کھیلنا محاورہ .

آسیب زدہ کی طرح مضطربانہ حرکت کرنا .

میری رائے میں پیر کھیلنا ، یہ بھی چھنالے کا ایک رنگ ہے .

۱۸۷۹ خیالات آزاد ، ۷۸

— گردانا محاورہ .

مجازاً بڑا یا قابل تعظیم سمجھنا .

مرید خاندان عشق جو ہے ہم اپنا پیر اسے گردانتے ہیں

۱۷۹۵ قائم ، ک ، ۱ : ۱۵۷

— گردوں کس صف (— فت گ ، سک ر ، و مع) امذ .

رک : پیر فلک .

پیر گردوں نے کہا طرفہ قیامت آئی
اب کوئی آن میں ہوتا ہے جہاں زیر و زبر

۱۸۷۲ مرآۃ الغیب ، ۳۳

پیر گردوں نے کہا سن کے ، کہیں ہے کوئی
بولے سیارے ، سر عرش بریں ہے کوئی

۱۹۲۴ بانگ درا ، ۲۲۱

[پیر + گردوں (رک)]

— مدد (— فت م ، د) کلمہ .

بطور دعا بوقت رخصت اور بوقت مشکل کہتے ہیں (محاورات ہند ، ۴۷) .

[پیر + مدد (رک)]

— مرد (— فت م ، سک ر) امذ .

بڈھا آدمی .

ایک معمر پیر مرد میرے کینڈے بشرے ، خط و خال اور قیافے کا . . . گلے میں کرتا بیاکنش ہاتھ میں چماق لیے کھڑا ہے .

۱۹۱۵ پیاری دنیا ، ۱۱

[پیر + مرد (رک)]

— (و) مرشد (— (و مج) ، ضم م ، سک ر ، کس ش) امذ .

۱. بزرگ ، روحانی استاد .

بندے کوں اگر خدا کوں اپڑنے کا مطلب ہے ، تو اسے ہی پیر مرشد ہی یک سبب ہے .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۱۱

مرا دل پیر مرشد ہے مجھے ہے اعتقاد اس سے
فراموش آپ کو کرنا محبت میں ہے یاد اس سے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۵۰۸

بغیر پیر و مرشد کی دستگیری کے انسان دنیا میں روسیاہ ہے اور آخرت میں بھی .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۱ ، ۲ : ۲۷۹

۲. (طنزاً) گرو گھنٹال .

مومن تم اور عشق بتاں اے پیر و مرشد خیر ہے
یہ ذکر اور منہ آپ کا صاحب خدا کا نام لو

۱۸۵۱ مومن ، ک ، ۱۲۵

مگر پیر مرشد ، وہ نصیر کی طرف پلٹ پڑا ، آپ نے یہ بھی غور کیا نوکی لکڑی نوے خرچ ، وہاں سے یہاں تک ان ڈھانچوں کا منگانا کتنا روپیہ کھا جائے گا ؟ .

۱۹۵۴ شاید کہ بہار آئی ، ۱۲۴

۳. تعظیماً بادشاہ یا رئیس یا کسی اپنے سے برتر کو مخاطب کرتے وقت بولتے ہیں ، جناب ، حضور .

خواصوں نے جا قبلۂ عالم سے عرض کی ، پیرو مرشد شہزادے کی آج یوں خوشی ہے جو بالا خانے پر آرام فرمائیں .

۱۸۰۲ نشریے نظیر ، ۲۵

شیر شاہ نے کہا میں نے فریادی کو طلب کیا ، تم کس ملزم کو پکڑ لائے ؟ وزیر نے کہا پیرو مرشد فریادی ہے .

۱۹۲۹ . ناٹک کتھا ، ۱۰۲

[پیر + (و ، عطف) + مرشد (رک)]

ــ مُغ کس اضا (ــ ضم م) امذ.

رک : پیر مغاں .

پیر مغ نے صراحی اور ساغر سنبھالا .

۱۸۹۱ فغاں بے خبر ، ۶۹

[پیر + مُغ (رک)]

ــ مُغاں کس اضا (ــ ضم م) امذ.

۱. آتش پرستوں کا پیشوا .

ہم بھی تو ترے دور میں نو روز منائیں
محروم نہ رکھنا ہمیں اے پیر مغاں آج

۱۸۷۰ الماس درخشاں ، ۸۵

۲. (مجازاً) مے فروش ، ساقی .

کہو پیر مغاں کیونکر نہ کاڑھے دختر رز کوں
وہ مارے جوش کے جوانوں کے تئیں خاطر میں نیں لاتی

۱۷۱۸ دیوان آبرو (ق) ، ۴۸

باز رکھا باطن پیر مغاں نے شیخ کو
مل گیا اس پیر زن کو غیب سے اک پیر مرد

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۷۳

عشرت نصیب کب کے ہو گئے مریدان پیر مغاں در میخانہ کے آگے بیہوش پڑے ہیں .

۱۹۲۳ مضامین شرر ، ۱ : ۲۱

۳. (تصوف) سالک ، ہادی برحق ، پیر و مرشد .

پیر مغاں جو تجھ کو دے اس میں سے مجھ کو بھی ملے
زاہد تجھے لایا ہوں میں کس مرشد کامل کے پاس

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۱۰۶

کھچ کے مے خود بارگاہ زہد سے
تا در پیر مغاں آنے لگی

۱۹۵۰ کلیات حسرت موہانی ، ۲۷۳

۴. (طنزاً) رک : پیر (و) مرشد معنی نمبر (۲) .

بیٹھا ہے آج رندوں میں پیر مغاں بنا
نواب کل تو مدعی احتساب تھا

۱۸۷۷ درۃ الانتخاب ، ۲۲

[پیر + مغاں (رک)]

ــ منانا محاورہ .

کسی بزرگ کی نذر و نیاز کرنا ، منت ماننا .

یاد کرو وہ دن کہ جو ٹک ہم آنکھ چرائے جاتے تھے
بندھتے تھے درگاہوں میں چلے پیر منائے جاتے تھے

۱۸۰۲ حسرت لکھنوی ، ۲۵۰

ــ مَن خَس است ، اعتقاد مَن بَس است فارسی کہاوت اردو میں مستعمل

پیر میں تو کچھ ہوتا نہیں ، اصل چیز مریدوں کی عقیدت مندی ہے .

پیر من خس است اعتقاد من بس است .

۱۸۷۳ عقل و شعور ، ۴۵

ــ مَولا (ــ و لین) امذ.

فقیر کامل .

پیر ہو کر بحر اب تو پیر مولا بن گئے
سبحہ گردانی ہے ہر دم یاد یزداں دم بہ دم

۱۸۷۸ بحر (نوراللغات)

[پیر + مولا (رک)]

ــ میاں بکری مُرید میاں بانگا آ گئی بکری چر گئی بانگا کہاوت .

پیر صاحب تشریف لائیں تو مرید کا دوالہ نکل جاتا ہے (جامع اللغات) .

ــ مَیخانَہ / مَیکَدَہ کس اضا (ــ ی لین ، فت ن / ی لین ، فت ک ، د) امذ.

رک : پیر خرابات .

ازل تھے ہم تمن میں باری ہے اے پیر میخانہ
عجب کیا ہے چھپا کر دیو مئے منجکوں پیالی دو

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۱۷

[پیر + میخانہ/میکدہ (رک)]

ــ مَے فَروش کس صف (ــ ی لین ، فت ف ، و مج) امذ.

شراب خانے کا مالک ، (مجازاً) بزرگ طریقت .

مریدان پیر مے فروش کا رات کا برہم جتھا دور صبوحی کی آرزو میں پھر تہذیب کے ساتھ حلقہ باندھے کھڑا ہے .

۱۹۲۳ مضامین شرر ، ۱ : ۱۲۸

[پیر + مے فروش (رک)]

ــ نا بالِغ کس صف (ــ کس ل) صف .

وہ بوڑھا جو نا سمجھ بچوں کی سی باتیں کرے ، بوقوف بوڑھا .

نشان مرگ ہے موئے سفید اے پیر نا بالغ
عبث بیٹھا ہے تو چلنے کی تیاری نہیں کرتا

۱۸۰۱ دیوان جوشش ، ۳۳

سن چکا ہوں میں کہ کچھ بوڑھے بھی ہیں اس میں شریک
یہ اگر سچ ہے تو بے شک پیر نا بالغ ہیں وہ

۱۹۰۷ کلیات اکبر ، ۱ : ۳۸۱

[پیر + نابالغ (رک)]

— نوازی (— ف ن) امث .

بزرگانہ شفقت ، مہربانی ، عنایت .

سلطان سیدی احمدی میری اے سب پیر نوازی تیری
۱۵۶۵ جیو گام دھنی ، جواہر اسرارالله (ق) ۱۱۵

[پیر + نوازی (رک)]

— نہ شہید نکٹے (— نکٹوں) کا (— کو) چھاپا کھاوت .

جب کوئی کم حیثیت شخص اپنے کو مقدم سمجھے تو کہتے ہیں .

ہاں اور بی مہری بیوی سے کہنا پہلے باغ کے فالسے کھائیں ، پیر نہ شہید نکٹوں کا چھاپا ، اچھی مہری ہے اور اچھی بیوی ہیں کیا .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۲ : ۳۳

شہر بھر میں ایک تم ہی دکھائی دیئے ان کو سخی داتا جو سویرے ہی سویرے اٹھ کر چلے آئے ، غضب خدا کا پیر نہ شہید نکٹے کو چھاپا .

۱۹۵۴ پیر نا بالغ ، ۱۰۷

— پٹیلے (— ف ہ ، ی مع) امذ .

شیخ سدو ، شاہ دریا وغیرہ کے مانند عورتوں کا ایک پیر جسے عورتیں بہت مانتی ہیں اور اپنا ہادی اور رہنما جانتی ہیں (ماخوذ : نورالغات ؛ مہذب اللغات) .

[پیر + پٹیلے ، پٹیلا (رک)]

پیر (۲) (ی مع) امذ .

اتوار کے بعد کا دن ، دو شنبہ ، سوموار .

منگل ، پیر کے دیس مشرق کے دھیر
نہ جانا بھلا اے برادر گنبھیر

۱۶۹۵ دیپک پتنگ (ق) ، عشرت ، ۱۳۴

پادری سے وہ ملے پہلے تو کیا شیخ کو عذر
دیکھیے پیر کا نمبر تو ہے اتوار کے بعد

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۳ : ۲۲۷

[ف]

پیر (۳) (ی مع) امث ؛ ~ پیڑ .

دکھ ، تکلیف ، درد .

یو پیر برہ کی نیاری ہے دکھ سات لاگی باری ہے
۱۶۷۲ شاہی ، ک (ق) ، ۱۸۷

کہوں میں کس سے بپت کی ساری کون سنے مجھ دل کی پیر
گھر سے تو باہر آنے کو شرم ہوئی ہے دامن گیر

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲ : ۱۶۶

جس کے نہ ہوئی ہوائی وہ کیا جانے پیر پرائی .

۱۸۸۷ جام سرشار ، ۶۹

پریم کی پیر سے ڈھیلا رنگ ہے سونی سونی من کی ترنگ ہے
۱۹۵۵ دو نیم ، ۱۶۷

[س : पीड़ा]

پیر (کس پ ، فت ی) امذ ؛ ~ پتر .

وہ پُل یا چبوترہ جو دریا یا سمندر کے کنارے سے پانی کے اندر کچھ دور تک بنایا جاتا ہے ، اس پر لوگ جہاز سے اترنے یا سیر کے لیے جاتے ہیں .

یہاں لب دریا ایک پیر نہایت ہی خوبصورت بنا ہوا ہے اور اس پر چند دوکانیں سوداگروں کی ہیں ، صبح و شام تفریح کو اکثر جاتے ہیں .

۱۸۸۰ رسالۂ تہذیب الاخلاق ، ۵۷

[انگ : Pier]

پیرا (۱) (ی لین) امذ .

۱. اثر قدوم ، کسی کے آنے کا شگون ، (بیشتر عورت ، گھوڑے ، لونڈی ، غلام وغیرہ کے واسطے مستعمل) .

اب لوگ کٹم کے یہی کہتے ہوں گے باہم
اس دولھا کو پیرا نہ ہوا نیک دلہن کا

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲ : ۱۴۵

جب یہ بیاہی گئیں تو ان کا پیرا ایسا آیا کہ آتے ہی سسرے کو کھایا .

۱۸۷۵؟ انشائے ہادی النسا ، ۸۸

لوگ کہتے ہیں کہ نثار علی خاں صاحب کا پیرا بھاگوان ہوا .

۱۹۲۴ ، اودھ پنچ ، ۹ ، ۲۱ : ۱۰

۲. ایک قسم کا کڑا جو پیروں میں پہنا جاتا ہے (شبد ساگر) .

[پیر (رک) سے]

پیرا (۲) (ی لین) صف .

(مرکبات میں جزو ثانی کے طور پر) رونق بڑھانے والا زینت دینے والا یا آراستہ کرنے والا کے معنی میں مستعمل .

گلچین و باغ پیرا دونوں ہی ہیں قیامت
یہ رنگ گلستان کا وہ ڈھنگ آشیان کا

۱۸۷۷ کلیات قلق ، ۹

وقت پر کہہ کے غزل اس لیے پڑھ دی حافظ
نہ کہے کوئی یہ کیوں زمزمہ پیرا نہ ہوا

۱۹۱۹ لذت درد ، ۱۰

[ف]

پیرا (۳) (ی لین) امذ (قدیم) .

پہرا ، چوکی .

رتن کا ہرہ شہ سرا کر اوٹھیا
قلے کے سو چو پھیر پیرا سٹیا

۱۶۹۵ دیپک پتنگ (ق) ، ۱۷۳

[پہرا (رک)]

پیرا (۴) (ی لین) امذ .

۱. پھیری ، پھڑا ، لاؤ کے بیلوں کی آمد و رفت کا ڈھالو راستہ ، رپٹا جوکھو کی شکل حسب ضرورت لمبا اور گہرا بنایا جاتا ہے (پلیٹس ؛ ا پ و ، ۶ : ۱۵۲) .

۲. نہر کے کنارے ایسی بنی ہوئی جگہ جہاں سے اونچی زمین کے لیے پانی نکالا جائے (ا پ و ، ۶ : ۱۵۲) .

۳. بیلوں کے پیروں کے نشان سے بنی ہوئی لیک (پلیٹس) .

[س : पद + ी + र + य]

پیرا (۵) (ی لین) امذ .

تھار کھلیان یعنی وہ کھلیان جس پر دانیں چل چکی ہو ، بھوسا ملا ہوا اناج کا انبار (ا پ و ، ۶ : ۴۰) .

[رک : پیر]

پیرا (۶) (ی لین) امذ .

۱. رک : پیراگراف جس کا یہ مخفف ہے .

ثبوت کے جو عام معنی لیے جاتے ہیں ان کی رو سے وہ اسی پیرے میں کہتا ہے .

۱۹۶۳ اصول اخلاقیات ، ۱۱۴

۲. کوئی چھوٹا مضمون ، مختصر نوٹ (شبد ساگر) .

[انگ : Para]

پیرا (۷) (ی لین) امث .

ایک قسم کی دکھنی کپاس جس کے پیڑ بہت دنوں تک رہتے ہیں اس کے ڈنٹھل لال رنگ کے ہوتے ہیں (شبد ساگر) .

[مقامی]

پیرا (۱) (ی مع) امذ (قدیم) .

رک : پیر (۱) .

نبی صدقے اے عبد لا خسرواں میں
توں اس کا مرید او سو تیرا ہے پیرا

۱۶۷۲ عبداللہ قطب شاہ ، د ، ۱۰

پیرا (۲) (ی مع) صف مذ .

پیلا ، زرد (جیسا پیرا پیرا سونا ہوت تیسی پیری چنا کی دال) (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[० : पीरा पीरा]

پیرا (ی مج) امث .

ایک قسم کا آلۂ موسیقی (پلیٹس) .

[० : पीरा पीरा]

پیرا (ضم پ ، کس ی) امذ ؛ ~ ہویرا .

ہوائی کا ایک طریقہ .

اس کے ہونے کے دو طریق ہیں ایک ہاتھ سے کہ اس کو پیرا کہتے ہیں .

۱۸۴۶ کھیت کرم ، ۱۷

[مقامی]

پیرا ہولا (ی لین ، و مج) امذ .

(طبیعیات و ریاضی) شلجمی قطعہ مکانی ، طبیعیات میں وہ خاکہ جہاں یہ شکل بنتی ہے ، ریاضی میں ایک سادہ گھماؤ نیز طریق ، گھومنے والی شے کا مقام جو اپنے مخصوص محور سے ایک ہی فاصلے پر رہتا ہو .

جب ڈسچارج ٹیوب کے اندر مختلف گیسیں باری باری داخل کر کے اس تجربے کو کیا جائے اور مختلف گیسوں کے زروں کے پیرا ہولا (Parabolas) حاصل کیے جائیں تو "پانیڈ روجن گیس کی صورت میں بننے والے دونوں پیرا ہولا سب سے باہر ہوتے ہیں .

۱۹۷۰ جدید طبیعیات ، ۳۵

[انگ : Parabola]

پیرا ہولائی (— ی لین ، و مج) صف .

پیرا ہولا (رک) سے منسوب .

گیند اوپر سے عموداً نیچے نہیں گرتی بلکہ وہ ایک پیرا ہولائی (Parabolic) راستہ طے کرتی ہوئی نیچے آتی ہے .

۱۹۷۰ اضافیت کا نظریہ ، ۹

[پیرا ہولا (رک) + ئی ، لاحقۂ نسبت]

پیرا تھائرائڈ (ی لین ، کس ء ، کس ء) امذ .

چھوٹے چھوٹے دو (یا زیادہ) غدود جو تھائرائڈ میں یا اس کے قریب واقع ہوتے ہیں (نفسیات اور ہماری زندگی ، ۹۷) .

[انگ : Parathyroid]

پیرا ٹار ٹار (ی لین) امذ .

ٹار ٹار یا ٹاٹری ترشوں کی ایک قسم .

اس نے بیان کیا کہ ٹار ٹاری ترشوں کی دو اقسام تھیں جن کو حقیقی ٹار ٹاری ترشے اور پیرا ٹار ٹاری ترشے کہا جاتا ہے .

۱۹۷۰ زعمائے سائنس ، ۲۵۵

[انگ : Para tar tar]

پیرا ٹائیفائڈ (ی لین ، ی مع ، کس ء) امذ .

ٹائیفائڈ بخار سے مشابہ ، نقلی ٹائیفائڈ جو تپ محرقہ سے اس قدر مشابہ ہو کہ خون کے معائنہ کے بغیر فرق نہ معلوم ہو سکے .

اس زمانے میں احسان صاحب کو پیرا ٹائیفائڈ نے دبوچ لیا .

۱۹۶۲ معصومہ ، ۶۷

[پیراٹائیفائڈ : Paratyphoid]

پیرارا (ی لین) صف مذ .

پیراک ، پیرنے والے ، تیراک (شبد ساگر) .

[ه : पैरारा پیرارا]

پیرا سائیکولوجی (ی لین ، ی مع ، و لین ، و مج) امذ ؛ ~ پیرا سائکلوجی .

علم نفسیات سے الگ لیکن اس سے متعلق اور ہم رشتہ مضمون ، ماورائی نفسیات ، روح سے متعلق تحقیق .

ایک غریب ، جاہل . . . وہ اللہ رسول کی زیارت کرتا ہے ، واہمہ ؟ ہیلوسی نیشن ؟ پیرا سائیکولوجی .

۱۹۷۹ گلگشت ، ۱۶۸

[انگ : Parapsychology]

پیراستگی (ی لین ، سک س ، فت ت) امث .

سجاوٹ ، تزئین ، آراستگی (بالعموم آراستگی کے ساتھ) .

جاہل کا دل بے ترتیبی سے سنگ مرمر کی چٹان کی مانند ہے اور دل فاضل کا آراستگی اور پیراستگی سے مورت خوبصورت کی مثال .

۱۸۵۹ رسالہ تعلیم النفس ، ۱ : ۴

شاہ حاتم وغیرہ نے اس کی وہ آراستگی و پیراستگی کی کہ آج اردو شاعری دنیا کی ترقی یافتہ زبانوں کی شاعری کے لگ بھگ آ پہنچی ہے .

۱۹۴۴ نادرات شاہی (دیباچہ) ، ۳

[ف]

پیراستہ (ی لین ، سک س ، فت ت) صف .

سجا ہوا ، آراستہ ، مزین .

یاقوت ، ہیرا ، نیلم ، پکھراج ، زمرد ، لعل بدخشاں سے ہر در و دیوار پیراستہ ہے .

۱۸۵۹ سروش سخن ، ۳۲

اف : کرنا ، ہونا .

[ف]

پیراشوٹ (ی لین ، و مع) امذ .

محافظ چھتری (جس کی مدد سے انسان بلندی سے خصوصاً ہوائی جہاز سے کود کر بہ حفاظت زمین پر پہنچتا ہے) .

جدید پیراشوٹ کا موجد لیونارڈو ڈی ونسی ہے .

۱۹۶۸ کیماوی سامان حرب ، ۸۴

[انگ : Parashoot]

پیرافین (ی لین ، ی مع) امذ ؛ امث .

۱. ایک بے رنگ اور بے بو کا چکنا مایہ جو پیٹرول وغیرہ کو صاف کر کے بنایا جاتا ہے اس کی عام شکل موم ہے جو پائیڈ ور جن اور کاربن کا نامیاتی مرکب ہے ، موم معدنی .

آتش بازی کے رنگوں کے اثر کو باقی رکھنے کے لئے عام طور پر لاکھ ، اسٹرین دودھ کی شکر ، رال اور پیرافین کو بطور جز کے ملا یا جاتا ہے .

۱۹۴۴ مخزن علوم و فنون ، ۴۶

۲. جلانے کا تیل ، مٹی کا تیل جو مشین صاف کرنے کے کام بھی آتا ہے .

پیرافین کے تیرافین کے تیل کی مہک ہر لقمے کے ساتھ میں نے محسوس کی .

۱۹۸۰ ماں کی کہانی ، ۳۰

[انگ : Paraffin]

پیرافینی (ی لین ، ی مع) صف .

پیرافین (رک) سے منسوب .

پیرافینی موم کا ایک ٹکڑا رکھ دیا جائے .

۱۹۴۱ تجربی فعلیات ، ۸

پیراک (ی لین) صف .

تیرنے والا ، تیراک ، شناور .

پیراک ، شناور . . . پست .

۱۷۵۱ نوادرالالفاظ ، ۱۳۴

دریائے عاشقی سے گزرنا نہ سہل جان
کرتے ہیں وہ عبور جو پیراک لوگ ہیں
۱۸۲۴ مصحفی ، انتخاب رام پور ، ۱۵۶

پیراک وہی بحر محبت کے ہیں اے شاد
ڈوبے تو کسی حال ابھرتے ہی نہیں ہیں
۱۹۲۷ شاد عظیم آبادی ، سیخانۂ الہام ، ۲۰۰

[ہ : پیراک पैराक]

پیراکوا (ی لین ، سک ک) امذ .

۱. مکھی کے برابر ایک آبی کیڑا جو اکثر کشتیوں کے پیندوں میں چمٹا رہتا ہے (نوراللغات ؛ مہذب اللغات) .

۲. نرکل کا وہ ٹکڑا جو مچھلی کا شکار کرنے والے چھڑ کے سرے پر مچھلی کی حرکت معلوم کرنے کے لیے باندھتے ہیں جو پانی پر تیرتا رہتا ہے (ماخوذ : مہذب اللغات ؛ نوراللغات) .

[پیراک (رک) سے]

پیراکی (۱) (ی لین) امث .

۱. تیرنے کا ہنر ، شناوری ، تیرنے کا عمل .

اب والدہ نے میری تعلیم و تربیت پر پوری توجہ کی پیانو ، شہسواری ، پیراکی . . . پڑھانے گھر آتا تھا .
۱۹۷۹ کوہ دماوند ، ۹۳

۲. پیراک (رک) کی تانیث ، تیرنے والی (پلیٹس ؛ فرہنگ آصفیہ) .

[پیراک (رک) سے]

پیراکی (۲) (ی لین) امذ ؛ امث .

کوئی چھوٹا آبی پرند ، رک : پیراکیا .

شاہ صاحب بنگلے سے نکلے ہوئے بالائے چبوترہ فروکش تھے اور ایک پیراکی ہاتھ میں تھی .
۱۹۰۲ آفتاب شجاعت ، ۱ : ۳۰۴

[پیراک (رک) سے]

پیراکی (۳) (ی لین) امث .

ایک قسم کی مٹھائی جو سموسے نما ہوتی ہے لیکن اس کے اندر ماوے (کھویا) میں خشک میوہ ملا کر بناتے ہیں تلنے کے بعد شکر کے قوام میں ڈبو کر نکال لیتے ہیں ، قوامی سموسے ، گوجھیا ، گجھیا .

بیٹھوں پر کراہ (کڑھاؤ) چڑھے ہوئے تھے ایک میں پوریاں کچوریاں نکل رہی تھیں دوسرے میں سموسے پیراکیں بنتی تھیں .
۱۹۳۶ پریم چند ، پریم پچیسی ، ۲ : ۵۰

[مقامی]

پیراکیا (ی لین ، کس ک) امذ .

یہ ایک عام نام ہے ان تمام آبی حیوانات و نباتات کا جو سمندر دریا وغیرہ میں بہتے تیرتے ہیں ، جل چر ، پیراکو ، انگریزی : Plankton .

ایک تیسری قسم بد غذائی . . . کی ہوتی ہے جس میں گہرائی کم ہوتی ہے آبی ہرزات اور پیراکیے بھی کم ہوتے ہیں نامیاتی مادوں کا ارتکاز کم اور غیرنامی مادوں کا زیادہ پیدا ہوتا ہے .
۱۹۷۳ جدید سائنس ، ۶۲

[پیراک (رک) سے]

پیراگراف (ی لین ، کس گ) امذ .

کسی مضمون وغیرہ کا ایک ہی مطلب پر مبنی حصہ ، عبارت کا ٹکڑا یا قطعہ .

خطبے کے آخری پیراگراف میں مولانا نے اس صورت حال کی طرف اشارہ کر کے متحدہ قومیت کے اساس پر ان الفاظ میں زور دیا تھا .
۱۹۴۹ آثار ابوالکلام ، قاضی عبدالغفار ، ۱۰۳

پیرامڈ (ی مع ، کس م) امذ .

(تعمیر) مخروطی ہرم نما ، مخروط نما کوئی شکل ؛ (ریاضی) ایک ٹھوس جو کثیر الاضلاع ہو اور جس کی اطراف کے کونوں سے تکون کی شکل بن سکتی ہو اور جو بالائی نقطے یعنی قلۂ راس پر مل جاتے ہوں .

پیرامڈ ہاؤسنگ پروجیکٹ سے رجوع کریں .
۱۹۸۲ ، جنگ ، کراچی ، ۲۵ مارچ ، ۳

[انگ : Pyramid]

پیرا مقناطیس (ی لین ، کس م ، سک ق ، ی مع) امذ .

بعض نمکیات کے ذرات اپنے اندر مقناطیسی تاثیر رکھتے ہیں جب انھیں مقناطیسی میدان میں متوازی سمت میں ترتیب دیا جائے تو یہ صفت پیدا ہوتی ہے نمک میں مقناطیس کی سی صفات پیدا ہو جاتی ہیں ایسے نمکیات کو پیرا مقناطیسی نمکیات کا نام دیا جاتا ہے (حرارت ، ۵۲۲) ؛ پُر مقناطیسی .

[انگ : Para + مقناطیس (رک)]

پیرامن (ی لین ، فت م) امذ .

۱. ارد گرد ، آس پاس ، اطراف ، احاطہ ، نواحی مقامات .

کنیزاں ہیں پیرامن ناز نیں ستارے ہوں جوں گرد ماہ مہیں
۱۸۱۰ شاہنامہ ، منشی ، ۳۳۵

کروچھیتر پیرامن دہلی کا علاقہ ہے ۔
امیر خسرو ، ۳۶ ۱۹۶۶

۲۔ چکر ، دائرہ ، دور ، گھماؤ ؛ کپڑے کا دامن ، کنارا، کناری (جامع اللغات) ۔

[ف]

پیرامون (ی لین ، و مع) امذ ۔

رک : پیرامن ۔

بت کہ پیرامون خانۂ کعبہ تھے پارہ پارہ ہوئے ۔
عجائب القصص ، ۲ : ۷۳ ۱۸۵۱

ہوں سراپا ماتم و افسوس و اندوہ و الم
غم نظر آتا ہے اس دم اپنے پیرامون مجھے
مخزن ، ۳/۱۱ : ۵۸ ۱۹۰۶

پیرا میتر (ی لین ، ی مع ، فت ت) امذ ۔

رک : پیرا میٹر ۔

مذکورہ فیوکویاما فرنیس کے چند عملی پیرا میتر کا سب سے بڑی معلوم قیمتوں سے موازنہ جدول ۸ میں ملاحظہ ہو ۔
فولاد سازی ، ۹۵ ۱۹۷۳

پیرامیٹر (ی لین ، ی مع ، فت ث) امذ ۔

(ریاضی) آتش یوما (اس آلے سے منجمد چیزوں بالخصوص معدنیات کے اس بڑھاؤ کی پیمائش ہوتی ہے جو بہ سبب گرمی کے ہو) ، مقیاس الخروج ۔

اس قدر میں اس سے واقف ہوں کہ یہ پیرا میٹر بہت آسان ہے ۔
ستہ شمسیہ ، ۴ : ۱۳۱ ۱۸۳۳

نصب شدہ پیرا میٹر و سیع تر اور مستحکم کئے جائیں گے ۔
دوسرا پنجسالہ منصوبہ ، ۳۴۴ ۱۹۶۵

[انگ : Parameter]

پیران (۱) (ی مع) امذ ۔

پیر (رک) کی جمع تراکیب میں مستعمل (پلیٹس؛ جامع اللغات).

— پیر کس اضا (— ی مع) امذ ۔

۱۔ حضرت عبدالقادر جیلانی کا لقب ۔

حضرت پیران پیر یا قطب صاحب یا سلطان جی صاحب وغیرہ کے عرس کرتے ہیں ۔
اباصلی ، نذیر احمد ، ۵۱ ۱۸۹۱

ایک صحیح حدیث بیان فرمائی اور اس کے راوی جناب پیران پیر کے بڑے صاحبزادے سید عبدالرزاق نے بیان فرمایا ۔
حیرت دہلوی ، مضامین ، ۲۸۷ ۱۹۲۸

۲۔ (اضافت مقلوب) پیروں کے پیر ، سب بزرگوں کے بزرگ ۔

آپ حضرت مجدد کی اولاد میں ہیں جو حضرت شاہ صاحب کے پیران پیر تھے ۔
تذکرۂ اہل دہلوی ، سرسید ، ۱۷ ۱۸۴۶

امام غزالی موحدین کے پیران پیر تھے ۔
مقالات شبلی ، ۵ : ۳۶ ۱۹۱۲

[پیران + پیر (رک)]

— نمی پرند مریدان می پرانند فارسی کہاوت اردو میں مستعمل.

خوشامدی جھوٹی تعریفیں کرتے پھرتے ہیں ، آدمی لائق یا مستحق ہو نہ ہو خوشامدی مدح خوانی کرتے پھرتے ہیں ۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دل کوئی نچوڑے ڈالتا ہے ، از قبیل پیران نمی پرند مریدان می پرانند تو نہ ہوں لیکن یہ ایک وسوسۂ شیطانی تھا ۔
لکچروں کا مجموعہ ، ۱۵۰ ۱۸۸۹

پیران نمی پرند مریدان می پرانند کا دستور دنیا میں سدا سے جاری رہا ہے ، اب بھی ہے اور جب تک آدمی آدمی ہے جاری رہے گا ۔
اجتہاد ، ۲۹ ۱۹۰۷

آج جتنی قومی تجارتیں چل رہی ہیں ان میں فی صدی ننانوے محض . . . پیران نمی پرند مریدان ہی پرانند . . . پیٹ کے لیے آدمی سب کچھ کرتا ہے ۔
، اودھ پنچ ، ۹ ، ۴۱ : ۶ ۱۹۲۴

پیران (۲) (ی مع) امث ۔

وہ زمین جو پیر کی خدمت کے لئے دی جائے ، وہ زمین جو کسی پیر کے مقبرے کی دیکھ بھال کے لئے وقف کر دی جائے (جامع اللغات) ۔

[پیر (رک) سے]

پیرانا (ی لین) ف م ۔

پھرنا (رک) کا تعدیہ ، دوسرے سے پھرنے کا کام کرانا (شبد ساگر) ۔

پیرانہ (۱) (ی مع ، فت ن) صف ۔

۱۔ بوڑھے کی طرح (نوراللغات) ۔

۲۔ مرشدانہ ، پیروں کا سا ۔

جب عورتیں آپ کے پیرانہ اثر میں آ گئیں تو آپ ایک دن رات کے تین بجے اس مقام سے فرار ہو گئے ۔
زندگی ، ۲۰۱ ۱۹۳۳

[پیر (رک) + انہ ، لاحقۂ نسبت]

ـــ سالی امث .

بڑھاپے کا زمانہ ، ضعیفی .

پیا جام مئے چشمِ بتاں آج ہوے پیرانہ سالی میں جواں آج

۱۸۶۴ نسیم دہلوی ، د ، ۱۳۰

حضرت سارہ کو پیرانہ سالی میں جب حضرت اسحٰق کی پیدائش کی بشارت دی گئی تو توراۃ اور قرآن دونوں میں ہے کہ ان کو اس پر سخت تعجب ہوا .

۱۹۲۳ سیرۃ النبی ، ۳ : ۲۵۲

[پیرانہ + سالی (رک)]

ـــ سر (ـــ فت س) صف .

رک : پیرانہ سال .

آج کل ایک پیرانہ سر خاتون لنڈن میں مقیم ہے جس کا جود وسخا اور شاہ خرچ ہونا زبان زد عوام ہے .

۱۹۲۵ موجودہ لنڈن کے اسرار ، ۱۰۴

[پیرانہ + سر (رک)]

ـــ سری (ـــ فت س) امث .

ضعیفی ، بڑھاپے کا زمانہ .

پیرانہ سری اور ضعف کے صدموں سے محنت پژوہی اور جگر کاوی کی قوت مجھ میں نہیں رہی .

۱۸۵۱ نادر خطوط غالب ، ۲۷

میں خود اقدام کرتا مگر میری پیرانہ سری اور اس کے ساتھ اشغال کی کثرت مانع ہے .

۱۹۲۰ رسائل عماد الملک ، ۱۰

[پیرانہ + سر (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

پیراو (ی لین ، سک و) صف ؛ سہ پیراؤ .

تیرنے کے قابل پانی ، اتنا پانی جسے آدمی تیر کر عبور کر سکے (جامع اللغات ، پلیٹس ؛ شبد ساگر) .

[ہ : پیراو پَیراب]

پیراوا (ی لین) قدیم .

رک : پہناوا ، لباس (قدیم اردو کی لغت) .

پیراہن (ی لین ، فت ہ) امذ .

کرتہ ، لباس ، پوشاک .

پیراہن سینوتی سو چاک کیتی
چنبیلی ، رہوتی سر پھاڑ لیتی

۱۵۹۲ ولایت نامہ ، قریشی (ق) ، ۸۱

کفن دیا تھا ام کلثوم بیٹی آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اول جو دیا اوس کو ازار تھی پھر پیراہن ، پھر دامنی ، پھر چادر ، پھر ایک اور کپڑا دیا گیا .

۱۸۶۷ نور الہدایہ ، ۱۶۶

عطر کب اس کے پسینے سے ہے بہتر آرزو
یہ بھی ہے ہلکا سا پردہ ہو جو پیراہن میں ہے

۱۹۵۱ آرزو ، ساز حیات ، ۴۹

[ف]

ـــ ابراہیم کس اضا (ـــ کس ا ، سک ب ، ی مع) امذ .

حضرت ابراہیم کا لباس (کہا جاتا ہے کہ بہشت سے پانچ چیزیں پیغمبروں کے واسطے آئیں : عصا ، پیراہن ابراہیم ، انگشتری سلیمان ، مائدہ (دستر خوان) اور پانچویں چیز دنبہ جو ذبح عظیم کے عوض ذبح ہوگیا پیراہن ابراہیم ہی پیراہن یوسف کے نام سے مشہور ہوا اس میں لطیف کنایہ راسخ العقیدہ ہونے کا بھی ہے نیز اسے پیراہن بہشتی و پیراہن ایمان سے بھی منسوب کیا جاتا ہے) .

پیراہن ابراہیم علیہ السلام کہ حضرت جبریل نے ہوا میں پہنایا تھا اسی سے آتش نمرود سرد ہوئی . . . اور حضرت یوسف نے وہی پیراہن اپنے باپ کو بھیجا کہ حضرت یعقوب کی آنکھیں ٹھنڈی ہوئیں اور نظر آنے لگا .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۳۳۳

[پیراہن + ابراہیم (رک)]

ـــ خاکی کس صف ، امذ .

(مجازاً) جسم ، بدن .

وصل کی شب یار سے یہ صبح تک لپٹا رہا
بس گئی پیراہن خاکی میں میرے بوئے دوست

۱۸۷۵ دیوان یاس ، ۱ : ۶۶

[پیراہن + خاکی (رک)]

ـــ دار امذ .

(حیوانات و نباتات) مغلف ، غلاف پوش ، جس پر چھلکوں کی تہ ہو ، انگ : Tunicated (فرہنگ اصطلاحات علمیہ)

[پیراہن + دار (رک)]

ـــ کاغذی کس صف (ـــ فت غ) امذ .

۱. درخواست رحم جو بادشاہ یا حاکم کے حضور پیش کی جائے (ایران کا دستور تھا کہ مظلوم کو کاغذ کا لباس پہنا کر بادشاہ کے روبرو پیش کرتے) (اسٹین گاس ، نوراللغات) .

۲. صبح کی روشنی : سورج کی کرنیں (اسٹین گاس) .

[پیراہن + کاغذی (رک)]

— میں پھول جانا/پھولنا محاورہ .

نہایت خوش ہونا ، بہت اترانا .

مرے ساقی کو دور چرخ دے گا جام خورشیدی
برنگ گل وہ پیراہن میں اپنے پھول جائے گا

۱۸۹۰ بوستان خیال ، ۶ : ۴۴۷

— میں پھولا نہ سمانا محاورہ .

فرط مسرت میں آپے سے باہر ہونا ، نہایت خوش ہونا ، نہایت اترانا .

اپنے اس گلرو کے کوچے سے جو ہو نکلی ہے اب
گل کے پیراہن میں کب پھولی سماتی ہے بہار

۱۸۰۵ دیوان بیخته ، ۵۳

— میں نہ سمانا محاورہ .

(خوشی یا غصے میں) آپے سے باہر ہونا .

نیٹ پھولات سپاہی بن میں اپنے
سماتا نا او پیراہن میں اپنے

۱۶۸۳ عشق نامہ (ق) ، سومن ، ۱۸۰

— پستی کس اضا (— فت ہ ، سک س) امذ .

(مجازاً) جسم انسان .

کیا ضعیفی میں ہو پیراہن ہستی کو ثبات
جامۂ نو ، رہے ثابت نہ پرانا ہو کر

۱۸۷۶ سخن بیمثال ، ۳۸

[پیراہن + ہستی (رک)]

— یوسف کس اضا (— و مع ، ضم س) امذ .

رک : پیراہن ابراہیم، حضرت یوسف علیہ السلام کا وہ مبارک قمیص جو حضرت یعقوب علیہ السلام کی بے نور آنکھوں پر ڈالا گیا تو ان کی آنکھیں پر نور ہوگئیں جو بیٹے کی جدائی کے سبب بے نور ہوگئی تھیں (کہا جاتا ہے کہ یہ ہی پیراہن ہے جو حضرت ابراہیم کو ملا ہوا تھا .

برادران یوسف کا کارواں کنعان کو پیراہن یوسف لیکر چلا تو ادھر خدا کے برگزیدہ پیغمبر یعقوب علیہ السلام کو وحی الہی نے شمیم یوسف سے مہکا دیا .

۱۹۳۱ قصص القران ، ۱ : ۳۰۰

[پیراہن + یوسف (علم)]

پیرائش (ی لین ، کس ء) امث .

آراستگی ، سجاوٹ ، زیبائش .

بادشاہ کی نیت میں یہ تھا کہ دکن کے میز بانوں کی پیرایش اور زیر دستوں کی آرایش کرے .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۴۷۴

راویان روایات . . . نے . . . افسانہاے کہن کو یوں ہر ہفت آرایش سے مزین اور حُلی پیرایش سے مشین کیا ہے .

۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۱

اف : کرنا .

[ف]

پیراؤ (ی لین ، و مع) صف .

رک : پیراو (پلیٹس) .

پیرائی (۱) (ی لین) امث .

۱. پیرنے کا ڈھنگ ، شناوری کا طریقہ .

کہیں کھڑے پانو لگائے ، کہیں ملاحی کائی ، کبھی اور کوئی پیرائی پیرا ، اسی طرح وہ شناور بحر وفا خدا خدا کر کے کنارے پر پہنچا .

۱۸۹۰ فسانۂ دلفریب ، ۱۲۱

۲. تیرنا سکھانے کی جگہ ؛ وہ فاصلہ جسے پیر کر گزرنا پڑے ؛ تیرا کی سکھانے کی اجرت (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[پیرنا (رک) سے]

پیرائی (۲) (ی لین) امث .

سجاوٹ ، زینت ، زیبائش (مرکبات میں بطور جزو ثانی مستعمل) .

شعر گوئی کے وقت فطرتاً زمزمہ پیرائی بھی کرتا ہے .

امیر مینائی ، مکاتیب (دیباچہ) ، ۵۳

اب انسان میں تاب نسخہ پیرائی نہیں اور فسوں زیبائی شکست کھا چکا ہے .

۱۹۷۳ رسالہ ، اوراق ، اکتوبر نومبر ، ۳۲۰

[ف]

پیرائی (ی مع) امذ .

وہ قوم جس کا پیشہ پیروں کے گیت گانے کا ہے ، ڈفالی (پلیٹس ؛ نوراللغات) .

[پیر (رک) سے]

پیرایہ (ی لین ، فت ی) امذ .

۱. طرز ، روش ، ڈھنگ ، انداز .

سر پر جو خدا کے فضل کا سایہ ہے
دنیا میں وہی امن کا پیرایہ ہے

۱۸۷۰ دیوان اسیر ، ۳ : ۴۷۷

وہ زبان اردو کی پرداخت کے پیرایے میں ہماری فلاح کی فکر میں تھے .

۱۸۸۵ محصنات ، ۲

میں نے بات کا پیرایہ بدل دیا .

۱۹۳۱ رسوا ، خونی راز ، ۱۳۶

۲. آرائش ، زینت ، زیور ، لباس .

جکوئی کارواں میں بھی پر مایہ تھا
اسے خوب جنساں کا پیرایہ تھا

۱۶۳۹ خاور نامہ (ق) ، ۵۲۸

نور جگت کا سرمایہ املاک رسل کا پیرایہ

۱۷۷۱ ہشت بہشت ، ۱۱

شاہ بیگ عنفوان جوانی سے پیرایۂ علم ادب سے آراستہ تھا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، م : ۲۲

[ف]

پیرت (ی لین ، فت ر) امذ .

رک : پیر ، پانو .

گڑگی پھٹی ، کونیاں ٹوٹیاں پیرت کو دھو دھو وجھیا
جی بھار اپس تے نا اوٹھے سو بھارا اچانا کیا سبب

۱۶۷۲ علی عادل شاہ (، اردو نامہ ، ۹۴ ، ۱۰)

پیرت (ی مع ، فت ر) امث (قدیم) .

رک : پریت .

اس اچپل شوخ سیں پیرت لگی ہے منج کوں تازی رے
اجھوں سمجیا نہیں جاتا کہل یو عشق بازی رے

۱۶۷۸؟ غواصی ، ک ، ۱۶۳

اف : لگنا .

پیرٹ فرنیس (ی مج نیزلین، فت ر، فت ف، سک ر، ی مج) امث.

ایک خاص وضع کی بھٹی جو اس کے موجد پیرٹ کے نام سے منسوب ہے کول ڈسٹ کے لیے فولادی کارخانوں میں مستعمل ہے .

ایک لنکا شائیر بائیلر جس میں کہ پیرٹ فرنیس فٹ کیا ہوا تھا .

۱۹۰۶ پریکٹیکل انجینرز ، ۲ : ۱۳۲

[انگ : Parrot furnace]

پیرک (ی مع ، فت ر) امذ .

بوڑھا ، پیر ، کہن سال .

یعنی تھی یتی ہی ذہن زیرک
جو دک تھے جوان اور پیرک

۱۷۰۰ من لگن ، ۲۰

متانت شکن تھی ہوائے بہاراں
غزل خواں ہوا پیرک اندرابی

۱۹۳۸ ارمغان حجاز ، ۲۶۴

[پیر (رک) سے]

پیرن (۱) (ی لین ، فت ر) امذ .

رک : پیراہن .

گرن زرتار کی پیرن سورج بن دور دھلکا کر
ادک جھلکار سوں نکلیا جھلک نوری برن میانے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۱۱۸

روز جزا کو فاطمہ آوین گی داد کون
لوہو بھریا لے بات میں پیرن حسین کا

۱۶۴۹ عطائی ، قدیم اردو مراثی ، ۱۴۳

عیار نے بیضۂ بیہوشی مار کر بیہوش کیا اور پیرن اس کا لے کر مثل اس کی صورت کے . . . بنا .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۹۰۸

پیرن (۲) (ی لین ، فت ر) امذ .

(گلہ بانی) رک : باچھن ، بے کوڑا ، بگھا (اپ و ، ۵ : ۸۲) .

[پیر (رک) سے]

پھرنا (۱) (ی لین ، سک ر) فت م (قدیم) .

بونا ، تخم پاشی کرنا .

جسے تخم پیریا سو بار آویگا .

۱۵۸۲ کلمۃ الحقایق ، ۷۳

جکج پیریا سو اس کا پھل پایا ہوں
میں تو زہر تریاک کر جانیا ہوں

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۵۸۸

[مقامی]

پھرنا (۲) (ی لین ، سک ر) ف ل .

۱. پانی کے اوپر بہنا ، شناوری کرنا ، عبور کرنا ؛ تیرنا .

کنول دریا میں تیرتے ہیں یا مچھلیاں اور جانوران آبی پیرتے ہیں .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۹۴۴

سب کی سب کشتی کے چاروں طرف اپنے لانبے سیاہ بال پانی میں کھولے ہوئے پیر رہی تھیں .

۱۹۱۶ کہوارۂ تمدن ، ۹۹

۲. سرایت کر جانا ، جاری و ساری ہونا ، سما جانا ، (کسی جسم میں) آر پار ہوجانا ، گھس جانا ، گزر جانا .

وہ نگاہیں جگر میں پیر گئیں
کون سا وار ہے کہ پار نہیں

۱۷۹۸ بیاں ، احسن اللہ ، د ، ۳۶

پہاڑوں میں کرے گر تیغ کا وار
تو پیرے اس طرح صابن میں جوتار

۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۱۴۶

جاہلیت کے شعرا کو لیجیے شاعری ان کی رگ و پے میں پیری ہوئی تھی .

۱۹۳۶ خطبات عبدالحق ، ۳۹

۳. ماہر ہونا ، (کسی کام میں) مشاق ہونا ، پوری طرح شامل ہو جانا .

کیا ہم تجارت میں پیر گئے ہیں .

۱۹۰۰ مضامین قاری ، ۲۶

۴. (مجازاً) تکلیف دور کرنے کے لیے کوشش کرنا ، مراد کو پہنچنا .

اگر طوفان غم آیا ہے اور کشتی نہیں حاتم
تو لے کر ناؤ حیدر پیر کر یہ پار اتر دریا

۱۷۳۴ دیوان زادہ حاتم ، ۳۶

مبارک ہو مبارک ساحل رحمت پہ دم لینا
قدم مارا تو ڈر کیا پیر جا دریائے عصیاں کو

۱۹۲۷ آیات وجدانی ، ۲۳۱

۵. (مجازاً) چبھنا ، کھبنا ، پیوست ہونا ؛ با اثر ہونا .

دل کی طرف کو پلکیں جوں ہی یار کی پھریں
نوکیں جگر میں پیر تیاں خار کی پھریں

۱۸۲۴ مصحفی ، ک ، ۱ : ۳۰۶

اگر قوم کے یہ ذہن نشین نہو کہ اس میں کچھ آہنی قلم ایسے بھی ہیں . . . فاسد مادے کے موقع پر نشتر بن کر اندر پیر جاتے ہیں . . . قوم سیدھی راہ نہیں چل سکتی .

۱۹۴۶ شیروانی ، مقالات ، ۶۰

۶. فنکار کا موسیقی کے طور طریقوں کے مطابق ساز بجانا یا گانا .

مطرب اب پیرتا ہے بحر اصول
کہ بجاتا ہے اس طرح بربط

۱۷۱۸ دیوان آبرو (۱) ، ۲۴

۷. (ادبیات) فن شعر گوئی میں مہارت حاصل کرنا .

گام یوں دشوار لگتا ہے نپٹ
شعر کا کیوں بحر پیرے گا بیکٹ

۱۷۲۵ ریاض شوئیہ ، ۳۱

۸. (تلوار کا) آر پار ہو جانا .

بت توڑ دیے ہیں جو سوئے دیر گئی ہوں
خندق کو تو دو ہاتھ میں میں پیر گئی ہوں

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۲ : ۳۴۵

چھرے اور تلواریں سینوں میں پیرنے لگیں غرض وہ گھمسان کا رن پڑا کہ دشمن کی خندقیں . . . بھر گئیں .

۱۹۰۵ جنگ روس و جاپان ، ۸۴

۹. (مجازاً) بھٹک جانا ، ادھر ادھر پھرنا .

ساتھ اشکوں کے نکل آیا دل شفاف بھی
پیرتا پھرتا ہے ساون کے برن میں آئینہ

۱۹۰۷ دفتر خیال ، ۱۱۳

۱۰. مقصد حاصل ہونا .

دو ہاتھ جب کنارہ ہو دیر اس میں کیا لگے
ہم پیر کر شراب میں کوثر سے جا لگے

۱۸۸۸ گوہر انتخاب ، ۳۳۲

۱۱. طے کرنا ، پار اترنا .

کیا ہوں خودی کے بحر کو پیر
حج بیت‌الحرام وحدت

۱۸۰۹ دیوان شاہ کمال ، ۴۵

۱۲. زندگی کے رنج و الم جھیلنا .

گو بحر الم طوفانی ہے ہر موج عدوے جانی ہے
اب پاؤں رکیں گے کیا اپنے اس دریا کو ہم پیر چلے

۱۹۰۰ دیوان حبیب ، ۲۷۵

۱۳. پہنچ نہ ہونا ، نکتے کی بات کو نہ پانا .

تم اس چیز میں عقل و ادراک استعمال نہ کرو جس . . . میں بینا آنکھیں بھی نہیں پہنچ سکتیں .

۱۹۱۵ نیرنگ فصاحت ، ۱۰۳

۱۴. جسم انسانی میں روح کا رہنا ، رواں دواں رہنا .

خدائے تعالیٰ کہا پیرنا ہے تمہارے جیئو کو تن میں جوں زمین میں جہاز .

۱۶۲۸ شرح تمہیدات ہمدانی (ق) ، ۱۶

[س : प्रतिरति پرترت]

پیرنا (ی مع ، سک ر) امذ .

ناچنے گانے والوں کی ایک قوم نیز اس قوم کا فرد (جامع اللغات) .

[مقامی]

پیرنا (ی مج ، سک ر) ف م .

رک : پیلنا .

تیل کے پیرنے کا کولھو بھی ویسا ہی ہوتا ہے جیسا کہ اوکھ پیرنے کا .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۱۴۶

کولھو کا پیرا ہوا نیشکر شیرینی نہیں ترک کرتا .

۱۸۸۶ لال چندر کا ، ۴۰

پیرنی (ی لین ، سک ر) امث .

(کاشتکاری) کھیت میں بیج کی بوائی ، تخم ریزی ، بونی (ا پ و ، ۶ : ۳۱) .

[رک : پیرنا (۱)]

پیرنی (ی مع ، سک ر) اسث .

۱. پیرو (۱) (رک) کی مادہ .

قدو قامت اس کا پیرنی سے بڑا اور بڑے مرغ کے نر کے برابر ہے .

۱۸۹۷ سیر پرند ، ۲۱۰

۲. پیرنا (رک) کی تانیث (جامع اللغات) .

پیرنیہ (ی مج ، سک ر ، کس ن ، شدی ہفت) امذ .

جنگلی انجیر ، انجیر دشتی ، کٹھ گولر ، کٹھومر ، کٹھومبرا (خزائن الادویہ ، ۲ : ۱۸۳) .

[مقامی]

پیرو (ی لین ، و لین) صف .

۱. قدم بہ قدم چلنے والا ، نشان قدم پر قدم رکھنے والا .

رایت سے پیش رو ہوں خدا کی سپاہ کا
پیرو ہوں بادشاہ ہدایت پناہ کا

۱۸۷۳ انیس ، مراثی ، ۱ : ۲۰۲

نہ بھٹکا کفر کی ظلمت سے جو پیرو ہوا تیرا
چراغ راہ ایماں بن گیا ہر نقش پا تیرا

۱۹۱۲ ریاض شمیم ، ۷ : ۱۹۱

۲. (کسی کے) حکم پر چلنے والا ، اتباع کرنے والا ، (کسی کا) مرید ، معتقد ، مقلد .

کمر باندھ کر پیروان کے سنگات
پچھیں ان کے آتا ہے او نیک ذات

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۷۶۸

جب وہ ان اصول عدالت و بزرگی کے پیرو ہوئے تو جہاں انہوں نے قدم رکھا وہاں فتح و ظفر ہمرکاب رہیں .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۹ : ۳

اس کے جتنے پیرو زندہ ملے قتل کیے گئے .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۳ : ۱۴۳

۳. عمل کرنے والا ، عمل پیرا ہونے والا .

جو شخص بلائے کسی کو طرف گمراہی کے ہوگا اس پر گناہ گناہ پیرو کے گناہوں کے برابر .

عجالۂ ہادیہ ، ۲۸

[ف]

ـــ آدم کس اضا (ـــ فت د) امذ .

ہاوا آدم کے اتباع میں ننگا پھرنے والا ، (English Urdu Dic of christian Terminology)

[پیرو + آدم (رک)]

ـــ کار صف .

کسی کی جانب سے اس کے کسی معاملے کی نگرانی اور کوشش کرنے والا ، نگرانی یا دوڑ دھوپ کرنے والا ، کسی معاملے یا مقدمے میں مدعی یا مدعا علیہ کے معاملات کا نگران .

جس طرح پیروکار منجانب سرکار مقرر ہوتے ہیں اوسی طرح پیروکار منجانب مدعا علیہ بھی سرکاری طور پر مقرر ہوا کریں .

۱۸۹۲ میڈیکل جیورس پروڈنس ، ۴

اسم کیفیت : پیروکاری .

دولت شہرت اور کسی مشہور بیرسٹر کی پیروکاری یہ سب ذرائع ہیں جن سے جج کی رائے پر بہت بڑا اثر پڑتا ہے .

۱۹۱۸ روح الاجتماع ، ۲۳۳

[پیرو + کار (رک)]

ـــ کار استغاثہ (ـــ کس ر ، کس ا ، سک س ، فت ت ، ث) صف .

(قانون) استغاثے کی پیروی کرنے والا .

پیروکار استغاثہ اپنا مقدمہ شروع کرتے ہوئے ان امور کی صراحت کرے گا جن کی ضرورت ہو .

۱۹۴۵ مبادی قانون فوجداری ، ۷۹۵

[پیرو + کار (رک) + استغاثہ (رک)]

ـــ کار سرکار (ـــ کس ر ، فت س ، سک ر) امذ .

(قانون) وہ وکیل یا پولیس افسر جو سرکار کی طرف سے پیروی کرے ، سرکاری وکیل .

پیروکار سرکار سے ہر وہ شخص مراد ہوگا جو دفعہ (۴۶۳) کے بموجب مقرر ہو اور اس میں ہر ایسا شخص داخل ہوگا جو حسب ہدایات پیروکار سرکار عمل کرے .

۱۹۳۲ مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی ، ۲

[پیرو + کار (رک) + سرکار (رک)]

پیرو (۱) (ی مع ، و مع) امذ .

ایک قسم کا مرغ جو جسامت میں عام مرغ سے بڑا ہوتا ہے ، فول مرغ ، پیلو .

بعض انڈے دیتے ہیں لیکن صبر سے اچھی طرح انہیں سیتے نہیں اس سبب سے اکثر گندے ہو جاتے ہیں جیسے ہنس راج ، بطخ اور پیرو .

۱۸۹۷ سیر پرند ، ۵۹

[پول (رک) سے]

پیرو (۲) (ی مع ، و مع) امذ .

جو پیر کے دن پیدا ہوا ہو ، پیر کے دن سے منسوب (فرہنگ آصفیہ) .

[رک : پیر (۲) + و ، لاحقۂ نسبت و صفت]

پیرو (ی مج ، و مع) امذ .

ایک پرتگالی درخت کا پھل جو ناشپاتی یا امرود سے مشابہ ہوتا ہے اس سے شراب بھی بنتی ہے .

آج تو چور کردو ، پیرو کی پاوار ایک دم لگاؤ .

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ (انتخاب ، ۳۳۶)

[ا > پر]

پیروتار (ی مع ، و مع) امث .

وہ زمین جو سرکار سے مفت ہروں کی ہرورش کے واسطے چھوڑ دی جائے ، معافی (اردو قانونی ڈکشنری ، ۱۴۳) .

[مقامی]

پیروٹا (ی مج ، و مج) امذ .

چھوٹا پیڑ (مجازاً) **کمزور انسان یا بے حقیقت شے .**

اونچی ہیری پر ہر کوئی نہیں چڑھ سکتا میری بچی لیکن چھوٹے سے پیروٹے کو ہر راہ چلتا جھٹکائے گا .

۱۹۶۷ بگولے ، ۱۷۲

[پیڑ (رک) کی تصغیر]

پیروڈ (ی لین ، و مج) امث ؛ امذ .

(ادبیات) ٹریجیڈی کے خاص حصوں میں سے آخر الذکر کا پہلا حصہ یعنی کورس سے پہلے کی مکمل تقریر .

پیروڈ اور اسٹار سیمون یہ سب ٹریجیڈیوں میں مشترک ہوتے ہیں .

۱۹۷۵ ارسطو سے ایلیٹ تک ، ۱۰۶

[انگ : Parode]

پیروڈی (ی لین ، و مج) امث .

(ادبیات) مضحک نقل، کسی شاعر فنکار یا ادیب کی شاعری وغیرہ میں مضحکہ خیز تصرف ، کسی معروف کلام کی مضحکہ انگیز تحریف .

دوستوں کے کلام پر بے تکلف پیروڈیاں کہتا اور فقرے کستا ان کے حسن کلام کا ایک حصہ تھا .

۱۹۷۳ و افکار ، کراچی ، مارچ ، ۷۲

اف : کرنا ، کہنا ، ہونا .

[انگ : Parody]

پیروز (ی مع ، و مج) ،

مظفر و منصور ، کامیاب ، (مجازاً) بشاش ، رک : فیروز .

بھی یک طرف دروازہ دیکھے تھے سخت
محل واں تھا شاہی کا پیروز تخت

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۵۴۳

فکر کو ہے یہ جد و کد کہ ثنا جد کی ہے
دل ہے پیروز کہ تعریف زہر جد کی ہے

۱۸۹۳ ریاض شمیم ، ۱ : ۱۶۲

اسم کیفیت : پیروزی (رک : فیروزی) .

غلبۂ پیروزی حکومت کا پشتیبان تھا .

۱۹۳۵ تاریخ یورپ جدید ، ۳۸۴

[ف]

پیروزہ (ی مع ، و مج ، فت ز) امذ .

رک : فیروزہ (کلید عطاری ، ۸۰) .

[ف]

پیرول (ی لین ، و مج) امذ .

قیدی کو اس شرط پر جیل کے باہر جانے کی اجازت دینا کہ وہ مقررہ وقت پر واپس آ جائے ، مشروط عارضی رہائی ، قول لے کر رہا کرنے کا عمل .

جیل میں تھا جب دعوت نامہ پہنچا پیرول پر چھٹا تو فوراً یہاں کا ٹکٹ کٹایا .

۱۹۸۱ جہان دیگر ، ۲۳

[انگ : Parole]

پیروں (ی لین ، و مج) امذ ، ج .

۱. پیر (رک) کی جمع تراکیب میں مستعمل .

کسی کے پیروں کی چاپ پاتے ہی خیالات کا... ادھر متوجہ ہو جانا .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۱ : ۱۵

۲. پیدل ، پانو پانو ، پا پیادہ (فرہنگ آصفیہ) .

— پر سر رکھنا محاورہ .

بہت زیادہ خوشامد کرنا ، عجز و عاجزی کرنا .

الٹے گڑ گڑاتے تھے ، پیروں پر سر رکھنے کو تیار تھے .

۱۹۴۷ قیامت ہمرکاب آئے ، ۵۱

— پڑنا محاورہ .

۱. کسی کے قدموں میں اپنا سر رکھ دینا ، نہایت عاجزی کرنا ، منت سماجت کرنا ، پانو پڑنا ، پانو پکڑنا .

موسیٰ کے زمانے کا چرواہا ہوتا ، تجھ کو اپنے گھر بلاتا . . . ہیروں پڑتا ، ہاتھ جوڑتا .

۱۹۱۳ سی پارۂ دل ، ۶

۲. (ہندو) تعظیماً سسرال کے رشتے داروں کا آداب بجا لانا ، گوڈے چھونا ، قدم لینا (فرہنگ آصفیہ) .

— پھرنا محاورہ .

(ہندو) پردہ نشین عورت کا سواری بغیر باہر نکلنا (فرہنگ آصفیہ) .

— تلے سے (— کی) زمین کھسکنا/نکل جانا محاورہ .

رک : پانو تلے سے زمین نکل جانا .

حمیدہ بانو کے پیروں تلے کی زمین نکل گئی .

۱۸۹۶ سوانح عمری امیر تیمور ، ۱۸

میرے پیروں تلے سے زمین کھسکتی معلوم ہو رہی تھی . . . جن پر مجھے اعتماد کلی تھا اس طرح ناکامیاب ثابت ہوئے .

۱۹۳۴ سرگزشت عروس ، ۱۰۹

— تلے کچل ڈالنا محاورہ .

۱. نہایت تحقیر کرنا ، حد درجہ سبک سمجھنا .

دنیا اسے خود غرضی کہہ کر ہنسے . . . تو میں اس کی رائے کو پیروں تلے کچل ڈالوں .

۱۹۲۲ گوشۂ عافیت ، ۱ : ۷۳

— تلے گنگا بہنا محاورہ .

قبضۂ قدرت میں ہونا ، دسترس ہونا ؛ دولت مند ہونا ، خوش بخت ہونا .

وہ تو کبھی نہیں پوچھتے اور تمہارے پیروں تلے گنگا بہتی ہے .

۱۹۲۲ گوشۂ عافیت ، ۱ : ۶۵

— کی چاپ امث .

آہٹ ، آوازہا .

کسی کے پیروں کی چاپ پاتے ہی خیالات کا یکایک سمٹ کر ادھر متوجہ ہوجانا . . . خوش کرنا ہے .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۱ : ۱۵

— کی خاک م ف .

رک : پانو کی خاک .

میں کسی مرد کو تمہارے پیروں کی خاک کے برابر بھی نہیں سمجھتی .

۱۹۳۶ پریم چند ، پریم چالیسی ، ۱ : ۲۱۴

— کی مہندی چھوٹنا محاورہ .

رک : پانو کی مہندی (نہ) چھوٹنا .

کھڑکی کھول کر ادھر بھی دم بھر کو ہوجاتیں تو کیا پیروں کی مہندی چھوٹ جاتی .

۱۹۱۰ لڑکیوں کی انشا ، ۹ .

— میں سر دینا محاورہ .

کسی کے پیروں پر اپنا سر رکھنا ، خوشامد کرنا (مخزن المحاورات ، ۲۹۷ ؛ فرہنگ آصفیہ) .

— میں گرنا محاورہ .

رک : پیروں پڑنا .

بھائی کے آگے بہن ہاتھ جوڑتی تھی ، پیروں میں گرتی تھی .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۳ : ۲۶۶

اتنے میں بیٹا اور بو (بہو) دونوں آکے پیروں میں گر پڑے .

۱۹۰۸ مخزن ، ۱/۱۵ : ۵۰

— میں مہندی لگنا محاورہ .

رک : پانو میں مہندی لگنا (فرہنگ آصفیہ ؛ مخزن المحاورات ، ۲۹۶) .

— نیچے سے زمین نکل جانا محاورہ .

رک : پیروں تلے سے زمین نکل جانا .

یہ سنتے ہی مولوی منطقی صاحب کے . . . پیروں نیچے سے زمین نکل گئی اور ادھر ادھر ہکا بکا تکنے لگے .

۱۹۲۸ مرزا حیرت ، حیات طیبہ ، ۷۰

پیروں (ی مع ، و مج) امذ ؛ ج .

پیر (رک) کی جمع تراکیب میں مستعمل .

— کا سایا/سایہ دعائیہ فقرہ .

اللہ حفظ و امان میں رکھے ، اولیا کی نگاہ کرم رہے .

وارث بولے اللہ کی امان ، پیروں کا سایہ ، ہماری تو جان بادشاہ کے اوپر قربان ہے .

۱۹۳۳ فراق دہلوی ، مضامین ، ۲۵

پیروی (ی لین ، فت ر) امث .

۱. تقلید ، کسی کے عمل کو نمونہ بنا کر ویسا ہی کام کرنے کا عمل ، نقل .

توں ایسی طرز دل نے نیچے نوسی
کہ دسرے کریں سب تری پیروی

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۱۷

جتنی رپورٹیں لکھی گئیں سب اسی کی پیروی میں لکھی گئیں .

۱۹۳۵ چند ہم عصر ، ۴۲

۲. اطاعت ، فرمان برداری ، (احکام یا اصول کا) اتباع و تعمیل .

عدل طریقت کی پیروی ہے ، جس میں عدل ہے او مومن ہے .

۱۴۲۱ بندہ نواز ، معراج العاشقین ، ۲۷

غواصی کا دعا پور مدعا ہر دم یہی ہے جم
جو تیری پیروی سارا جہاں اے ترکماں پکڑے

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۷۹

پیروی کر ابراہیم کے دین کی .

۱۸۹۸ دعوت اسلام ، ۳۸

جب تک میری جان . . . ہے . . . میں پیروی کروں گا .

۱۸۰۱ طوطا کہانی ، ۶

ہمارے واسطے سب سے بہتر رسول کی پیروی کرنی ہے .

۱۹۳۶ راشدالخیری ، نالۂ زار ، ۳۹

۳. کسی کام کے پیچھے دوڑ کر اسے اختتام تک پہنچانے کی کوشش اور کاروائی ، خصوصاً عدالت میں اپنے یا دوسرے کے مقدمے کی دیکھ بھال یا جدو جہد .

گرفتار شدہ ملزم سے اتنا پوچھ لینا چاہیے کہ اپنے مقدمے کی پیروی کروگے یا نہیں .

۱۹۳۲ اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۷ ، ۵ : ۱۰

۴. تلاش ، جستجو .

ادک پیروی میں انوں کی ہے گھات
کتا ہوں سن اے بادشاہ ٹیک بات

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۷۲

اس در کی پیروی میں گنوائی ہے آبرو
اس گلشن دغا میں نہیں ہے وفا کی بو

۱۸۶۸ واسوخت شکوہ (شعلۂ جوالہ ، ۲ : ۶۱۰)

روپیہ نہ ہو تو پیروی دوڑ دھوپ سے اپنا ایک حصہ مستقل کمپنی میں قائم کر لے .

۱۹۰۰ شریف زادہ ، ۸۳

۵. (کسی کے) نشان قدم پر قدم رکھنا ، قدم بہ قدم چلنا .

کشش سے ربط پیدا کر اگر منزل کی خواہش ہے
فقط نقش قدم کی پیروی سے کچھ نہیں ہوتا

۱۹۶۲ ہادی مچھلی شہری ، صدائے دل ، ۳

۶. پیچھا ، تعاقب .

اے ملکۂ عالم ! اگر ہوسکے تو آج پیروی کرنا ، طلسم کشا آج اسی راستے سے آئے گا .

۱۹۰۲ نوخیز جمشیدی ، ۳ : ۸۳۱

[ف]

ـــ کرنا محاورہ .

۱. ضد میں اپنی یا کسی دوسرے کی بات پر قایم رہنا ، ہٹ کرنا .

خاموش ہو رہنے سے یہی مراد ہے کہ دل اس کا چاہتا ہے ، مگر جو بات کہہ چکا ہے اس کی پیروی کر رہا ہے .

۱۹۰۰ طلسم خیال سکندری ، ۲ : ۷۷

۲. تائید کرنا ، کوشش کرنا ، اتباع کرنا .

حالی اب آؤ پیروی مغربی کریں
بس اقتدائے مصحفی و میر کر چکے

ـــ میں آنا محاورہ .

کسی کی وجہ سے کسی کی تقلید میں آنا (جامع اللغات) .

پیرہ (ی مع ، فت ر) صف .

بوڑھی (زال یا زن وغیرہ کے ساتھ مستعمل) .

پرذوق تو نہ چھوڑے گا اس پیرہ زال کو
یہ پیرہ زال گر تجھے چاہے تو چھوڑ دے

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۵۶

ایک جوان وجیہ ماہ صورت . . . تخت پر اس پیرہ زن ہزار سالہ کے پہلو میں جا بیٹھا .

۱۸۷۹؟ بوستان خیال ، ۶ : ۳۱۳

[ف]

پیرہن (ی لین ، فت ر ، ہ) امذ ؛ است (قدیم) .

پیراہن (رک) کی تخفیف .

سائیں کے مکھ گلال تھے مستی عشق اب چڑھی
دور کروں بنفشہ رنگ پیرہن آج پور کر

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۱۱۶

کھٹ پٹ میں عبث یو عمر کھٹ گئی
پور پنڈ کی پیرہن ہی پھٹ گئی

۱۷۰۰ من لگن ، ۳۵

نہ قابو میں دل اور نہ ہوش اپنے تن کا
نہ کھانے کی فکر اور نہ غم پیرہن کا

۱۹۰۹ مظہر المعرفت ، ۲۹

ـــ میانے (میں) اَنْدام (پُھولے) نہ (ـــ نہیں ، نیں) سمانا محاورہ (قدیم) .

رک : پیراہن میں نہ سمانا ، جامے میں نہ سمانا .

خوشیاں تھے جگ سمانے نیں سو اپنے پیرہن میانے
ترہ جگ آپنا تن من شہنشہ پر نسارے ہیں

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۳۵

پیران میں کل نہیں پھولے سماتے کس کو دیکھ
گائے بلبل چٹکیاں غنچوں سے بجوا کر بسنت
۱۷۹۲ مصحب ، د ، ۱۱۱

ہوا محظوظ ایسا وہ خوش انجام
سماتا پیرہن میں تھا نہ اندام
۱۸۶۱ الف لیلہ نو منظوم ، شایاں ، ۳ : ۸۱۹

پیری (ی لین) اسث .

۱. **بھوسا ملا ہوا اناج کا ڈھیر ، غلہ جو صاف کرنے کے بعد باقی رہے ، پیر ، کھلیان ، پیرا** (نوراللغات ؛ اپ و ، ۶ : ۳۰) .

۲. **پازیب ، خلخال** (نوراللغات) .

[پیر (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت و تصغیر]

پیری (ی مع) اسث .

۱. **بڑھاپا ، ضعیفی ، کہن سالی .**

جفا پیری ہور ناتوانی منے
ہر ایکس کوں لذت جوانی منے
۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۴۱

راجا نے بادشاہ کے پاس عرضداشت بھیجی کہ پیری و بیماری نے مجھ پر غلبہ کیا ہے .
۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۹۰۴

صبح سے مراد انسان کا زمانہ کم سنی ، دوپہر عہد شباب ، اور شام عالم پیری ہے .
۱۹۶۵؟ ہماری پہیلیاں ، ۲۹

۲. **مرید یا چیلا بنانے کا پیشہ ، رشد و ہدایت کا کام (بیشتر مریدی کے ساتھ مستعمل) .**

خواجہ زادوں کا خاندان تھا جس میں مسند فقر بھی قائم تھی اور سلسلہ پیری مریدی کا بھی تھا .
۱۸۸۰ آب حیات ، ۳۸۷

اس گروہ میں کچھ . . . پیری مریدی کرتے ہیں اور کچھ مسئلے مسائل بیان کرتے ہیں .
۱۹۲۸ حیرت ، مضامین ، ۱ : ۲۸۲

۳. **استادی ، چالاکی ، عیاری (عموماً چلنا کے ساتھ) .**

اندھیری رات ہو ، سہاوٹ برس رہا ہو تو ایسے موقع پر پولیس کی کیا پیری چلے گی .
۱۸۹۹ رویائے صادقہ ، ۱۱۳

مرد اس کے بہت دشمن تھے مگر اس کے ساتھیوں کی بہادری کے مقابلے کسی کی پیری نہیں چلتی تھی .
۱۹۴۴ الف لیلہ و لیلہ ، ۵ : ۶

۴. **اجارہ ، حکومت ، زور ، دعویٰ .**

ایسی ہی تیرے باوا کی پیری ہے ، جو دوسرے کے مال پر قبضہ کر لے .
۱۹۲۶ نوراللغات

۵. **کمزوری ، ناتوانی .**

پیری کماں کی جوں مانع نہیں اکڑ کوں
ہے ضعف بیچ دونا اب بانکپن ہمارا
۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۱۰۹

جہاں میں نقص پیری سے سفر ظالم نے کم پایا
کہ پشت تیغ قاتل کو ہمیشہ ہم نے خم پایا
۱۸۶۵ نسیم دہلوی ، د ، ۹۴

رکھتا ہے دل میں تاب و تواں نوکروڑ کی
پیری میں بھی جواں ہے محمد علی جناح
۱۹۴۰ روز نامہ منشور ، ۳۱

۶. **اعجاز ، کراست** (فرہنگ آصفیہ) .

[پیر (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

ــ فقیری (ــ فت ف ، ی مع) اسث .

رک : **پیری معنی نمبر ۲ .**

مجھ عقل کہتی نفس اندھا ہے بری
اور عشق کہتا چھوڑ پیری فقیری
؟ گفتار عشق و عقل (قدیم اردو ، ۱ : ۲۴۸)

[پیری + فقیری (رک)]

ــ کا سہارا/عصا (ــ فت س/فت ع) صف ؛ اسذ .

بڑھاپے میں مدد دینے والا ، (مجازاً) فرزند ، لڑکا .

اے شیر جواں باپ کی پیری کے سہارے
یہ دشمن دیں بچ گئے صدقے میں تمہارے
۱۸۷۴ انیس (مہذب اللغات)

تو ہے اے دل ناتواں دیکھ آہ کو مت چھوڑنا
یہ عصا تیرے لیے ہنگام پیری کا ہوا
۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۹

ــ مُریدی (ــ ضم م ، ی مع) اسث .

رک : **پیری معنی نمبر ۲ .**

خاندان ان کا دلی میں باعث پیری و مریدی کے نہایت معزز اور معظم تھا .
۱۸۸۰ آب حیات ، ۱۸۴

یہ رسالہ پیری مریدی اور بیعت کے مروجہ طریقہ کی مخالفت میں لکھا ہے .
۱۹۳۸ حالات سرسید ، ۱۲

اف : کرنا ، چلنا ، چلانا .

[پیری + مریدی (رک)]

— و صد عیب کہاوت .

بڑھاپا آدمی میں سیکڑوں عیب پیدا کر دیتا ہے ، فارسی مصرعہ : پیری وصد عیب چنیں گفتہ اند، کا ابتدائی حصہ .

لوگ کہتے ہیں ''پیری و صد عیب'' میں کہتا ہوں ''محکومی و ہمہ عیب'' .

۱۸۸۸ لکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۳۴

مشہور مثل پیری و صد عیب ہے بیخود
اونچی ترے شعروں کی زمیں ہو نہیں سکتی

۱۹۰۵ گفتار بیخود ، ۱۲

پیری (ی مج) اسث .

(باغبانی) پودوں یا درختوں کی کانٹ چھانٹ (ا پ و ، ۶ : ۱۳۲) .

اف : کرنا .

[مقامی]

پیریا (۱) (ی لین ، سک ر) امذ ؛ ~ پائیریا .

دانتوں کا ایک مرض جس میں مسوڑھوں سے پیپ اور خون آتا ہے (مہذب اللغات) .

[انگ : Pyorrhea]

پیریا (۲) (ی لین ، سک ر) امذ .

(کاشتکاری) وہ جوار جس کے درخت کا بھٹا سیدھا رہنے کے بجائے زمین کی طرف جھک جائے (اس نقص کی وجہ سے اس کی تیاری میں دیر ہوتی ہے) (ا پ و ، ۶ : ۱۴۱) .

[رک : پیر + یا ، لاحقۂ نسبت]

پیری بجانا محاورہ .

منہ پر مٹھی رکھ کر (پی) کی آواز نکال کر طنز کرنا ، منہ سے سیٹی بجانا ، چوڑنا ، چڑانا .

دو ایک نے پیری بجا بھی دی ، ابے گدھا جوت رکھا ہے ، ابے اسے تو گولی دکھاؤ .

۱۹۶۴ ،انجام، کراچی ، ۲۳ ، ۵۹ : ۶

پیری ہونہ کرنا محاورہ .

(ہندو) پیر چھونا (بطور اظہار عقیدت) .

یہ ماتا جی ہیں پنڈ تائن ، پنڈت روپ کشن کے گھر سے ہیں . . . بیٹا ان سب کی پیری ہونہ کرو .

۱۹۶۲ شکست ، ۲۰

پیریڈ (ی مع ، سک نیز کس ر ، فت ی) امذ .

۱. مدت ، دور ، زمانہ ، وقت .

وقتی اساسی وولٹیج کا پیریڈ دی ہوئی وولٹیج کے پیریڈ کے برابر ہو جاتا ہے .

۱۹۷۰ جدید طبیعیات ، ۹۸

۲. زمانے کا کوئی حصہ ؛ صدی ، جُگ ، سال .

میز کرسی کی ٹانگوں کو ابھی پولیو نہیں ہوا تھا اور بینکوں کے . . . مڑے تڑے فرنیچر نے (پیریڈ فرنیچر کا) روپ دھار کر رواج نہیں پایا تھا .

۱۹۷۶ زرگزشت ، ۵۱

۳. اسکول کالج یا مدرسہ میں جماعت کا وہ مقررہ وقت جس میں ایک مضمون پڑھایا جائے .

اس پیریڈ میں شیوا جی پر گفتگو ہوئی .

۱۹۶۷ جلا وطن ، ۶۲

[انگ : Period]

پیریڈی (ی مع ، سک نیز کس ر ، فت ی) صف .

دوری ، وقت کا .

موزلے کی تحقیقات سے بعض مقامات پر عناصر کے دوری نقشے یعنی پیریڈی ٹیبل (Periodic table) کی تصحیح ہوگئی ہے .

۱۹۷۰ جدید طبیعیات ، ۲۹۱

[رک : پیریڈ + ی ، لاحقۂ نسبت ؛ انگ : Periodic]

پیری سکوپ (ی مج ، کس س ، و مج) امذ ؛ ~ پیری اسکوپ .

وہ آلہ جو آبدوز کی دوربین سے لگا رہتا ہے جس کے ذریعے آبدوز میں بیٹھے باہر کی تمام چیزیں دیکھی جا سکتی ہیں .

پیری سکوپ . . . کے ذریعے . . . کوئی چیز جو زیادہ فاصلے پر ہونے کے باعث مدھم دکھائی دے نمایاں نظر آتی ہے .

۱۹۶۸ کیمیاوی سامان حرب ، ۶۸

[انگ : Periscope]

— پیر یکہ دم زعشق زند بس غنیمت ست کہاوت .

اس بوڑھے کی نسبت کہتے ہیں جو جوانی کا دم بھرے (نور اللغات) .

پیریگراف (ی لین ، ی مج ، کس گ) امذ .

رک : پیراگراف .

مضمون میں سے صرف اس کا پہلا پیریگراف . . . مطلوب ہے .

۱۸۹۸ مکتوبات حالی ، ۲ : ۲۵۰

زمیندار میں ایک مختصر اپیل تیئیس مسلمانوں کے دستخط سے شائع ہوا ہے جو تین پیریگراف پر ختم کر دیا گیا ہے .
۱۹۱۵ ملفوظات ناظر ، ۲۶

پیری ہے (ی مع) فقرہ .

(پتنگ بازی) مات ہے ، شکست ہے ، وہ مارا ، بھگا دیا ہے
بولا ، پیری ہے بے ، اتنی سی میں چیں بول گیا ، ابے ایسا داؤں بتاؤں جو خانصاحب خود منگا کر دیں .
۱۹۵۸ شمع خرابات ، ۱۲

پیڑ (۱) (ی لین) امث .

۱. قدم کا نشان ؛ رفتار ؛ چوری کا کھوج ؛ رک : (معماری) پاڑ (نوراللغات ؛ محاورات ہند ، ۵۰) .
۲. مچان ، درجہ ، بلندی .
ہدایت کے منڈوے کوں توں میڑ ہے
شجر کوں فقیری کے تو پیڑ ہے
۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۹
[رک : پیر (۱)]

پیڑ (۲) (ی لین) امذ .

(تیلی) کولھو کے گرد بیل کے چلنے کا راستہ جو دائرے کی شکل میں ہوتا ہے جس کے بیچ میں کولھو ہوتا ہے (ا پ و ، ۳ : ۹۸) .
[رک : پیر (۱)]

پیڑ (۳) (ی لین) امث .

(سواری) سواری یا بار برداری کی گاڑی کے پیچھے ضروری سامان لادنے کو بطور مچان بنی ہوئی مختصر جگہ ، پچھوتیا ، پچھ لکڑا ، پیڑا ، دنتولا (ا پ و ، ۵ : ۱۱۸) .
[رک : پیر (۲)]

پیڑ (۴) (ی لین) امذ .

رک : بھت منی ، گنے کی پیرائی یعنی بونے کا طریقہ کار ، دوسائی (ا پ و ، ۶ : ۲۷) .
[؟]

پیڑ (۵) (ی لین) امذ ~ پیر .

رک : پیڑ ، آہر ، پیر ، پھروا ، خرمن گاہ ، راس ، کٹے ہوئے اناج کا ڈھیر جو دانہ نکالنے کو اکٹھا کیا گیا ہو ، کھلیان ؛ اناج کھودنے (کھوندنے) کی جگہ (ا پ و ، ۶ : ۹۶) .
[رک : پیر (۲)]

پیڑ (ی مع) امث ؛ ~ پیڑا .

تکلیف ، درد ، کرب .

ریا کی نہ کس جھاڑ کوں کیڑ لا
نہ وسواس خناس کی پیڑ لا
۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۹

تماشے کی خاطر بہت بھیڑ تھی
جدائی کی دل میں بہت پیڑ تھی
۱۷۳۲ مجموعۂ ہندی ، ۱۰۲

بیٹے کی جتنی پیڑ باپ کو ہو گی اتنی کیا اس کی آدھی بھی بھائی کو نہیں ہو سکتی .
۱۹۳۶ پریم چند ، دیہات کے افسانے ، ۳۰
[س : पीड़ा]

— پڑنا محاورہ .

غرض ہونا ، ضرورت ہونا ؛ مصیبت پڑنا ، آفت پڑنا .
سیم صاحب کو تو ایسی کیا پیڑ پڑی تھی پادری صاحب کہیں بات ٹھہرا رہے ہوں گے .
۱۸۹۱ ایامیٰ ، ۱۹

پیڑ (۱) (ی مچ) امذ .

درخت ، پودا ، جھاڑ .
محمد سو جڑ ہے ، علی پیڑ جان
ہووے خانوادے چودہ شاخ وان
۱۶۰۳ ابراہیم نامہ ، ۴
اس پری کو پیڑ کے نیچے نہ پایا .
۱۸۶۲ باغ و بہار ، ۶۳
ایسا پیڑ ہوتا ہے کہ ہوائی چڑیا آ کے اس کی ڈالیوں میں بسیرا کریں .
۱۹۲۳ سیرۃالنبی ، ۳ : ۴۳۶
اف : جمانا ، لگانا .
[س : पेड़ी]

— بوئے بَبُول کے تو آم کہاں سے ہوں کہاوت .

برے کام کا نتیجہ برا (جامع اللغات) .

— پُھدکنا (—ضم پھ ، فت د ، سک ک) امذ .

وہ کیڑے جو درختوں پر پھدکتے ہیں .
چیونٹیاں کئی کیڑے مثلاً چھلکے دار کیڑے ، پیڑ پھدکنے ، جھانجھنے بھنورے پالتی ہیں .
۱۹۶۴ حشرات الارض اور وھیل ، ۷۹
[پیڑ + پُھدکنا (رک)]

— پھل سے ہی پہچانا جاتا ہے کہاوت .

انسان کی باتوں سے معلوم ہو جاتا ہے کہ شریف ہے کہ کمینہ (جامع اللغات) .

ــ تلے کا بھتنا امذ .

درخت کے نیچے رہنے والا بھوت ، (مجازاً) بد نصیب ، بد شکل ، ڈراؤنا .

جو پیڑ تلے کا تھا بھتنا کرے ہے اب ٹرٹر
سخن کی قدر تو ڈوبی جیوں جل کوکڑو

۱۸۰۹ جرأت ، ک ، (ق) ۴۱۳

ــ چڑھے یوں ہی دکھائی دیتا ہے کہاوت .

اگر تم میری جگہ ہو تو تم بھی ایسا ہی کرو (جامع اللغات) .

ــ گنّا یا آم کھانا کہاوت .

اپنی غرض سے مطلب رکھو چاہے کہیں سے ہو (جامع اللغات).

پیڑا (ی لین) امذ .

۱. (آب پاشی) لاؤ کے پانیوں کی آمد و رفت کا ڈھالو راستہ ، رہٹا جو کھوکی شکل حسب ضرورت لمبا اور گہرا بنایا جاتا ہے ، پھونرا ، بھونرو ، بھیری (ا پ و ، ۶ : ۱۵۲) .

۲. کھڑاؤں (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[رک : پیڑ (۲)]

پیڑا (۱) (ی مع) امث .

رک : پیڑ .

جنم جنم نرکھ کی پیڑا بھوگنا پڑتا ہے .

۱۸۷۷ طلسم گوہر بار ، ۱۳۹

یہ چاندنی رات یہ بہ رہ کی پیڑا
جس طرح الٹ گئی ہو ناگن ڈس کے

۱۹۵۹ گل نغمہ ، ۳۵۳

پیڑا (۲) (ی مع) امذ .

۱. مربع شکل کی چھوٹی چوکی کی وضع پر پلنگ کی طرح تیار کی ہوئی نشستگاہ (جس پر بیٹھ کر عموماً عورتیں گھر کے کام کاج کرتی ہیں) (ا پ و ، ۱ : ۱۸۰) .

[رک : پیڑھا]

پیڑا (۱) (ی مج) امذ .

معماروں کے بیٹھنے کی پاڑ؛ مچان جو کسان کھیتوں میں بناتے ہیں (ا پ و ، ۱ : ۱۸۰) .

[رک : پیڑ + ا ، لاحقۂ نسبت]

پیڑا (۲) (ی مج) امذ .

۱. روٹی بنانے کو گندھے ہوئے آٹے کی لوئی یا گنبدی گول بنائی ہوئی لگدی (جو روٹی بنانے کے وقت توڑ توڑ کر خشکی میں رکھی جاتی ہے) .

دو پیڑے میں نے چھپائے ہیں ، خشکی نہ اڑانا ، ہلکا ہلکا پکانا .

۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۲ : ۵۸۱

۲. کھوئے اور شکر کے امتزاج سے بنی ہوئی نکیا کی شکل کی مٹھائی .

لڈو ، پیڑے ، برفی ، امرتی ، لوزیات کہلاتے ہیں .

۱۸۱۰ اخوان الصفا ، ۱۱۳

ان میں پاؤ بھر کھوے کا پیڑا ، اوپر سے ایک ریشمی رومال بندھا تھا .

۱۹۶۲ ساقی ، کراچی ، جولائی ، ۴۱

[विशेषक : س : ہنڈکہ]

ــ تانا محاورہ .

(نان بائی) گندھے ہوئے آٹے میں سے ایک روٹی کے لائق لگدی توڑ کر ہاتھ کی ہتھیلیوں کے سہارے سے گنبدی شکل کا بنانا (ا پ و ، ۳ : ۱۲۴) .

ــ توڑنا محاورہ .

گندھے ہوئے آٹے میں سے ایک روٹی کے لائق لگدی اٹھانا یا لوئی بنانا .

دس پیڑے توڑ کر سینی پر رکھ لو .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۱۹۴

ــ ڈھل جانا محاورہ .

آٹے کے پیڑے کا رکھے رکھے نرم پڑ کر پھیلنے لگنا .

جب . . . پیڑے ڈھل جاویں ، اوس وقت اوس کی روٹی پکانا شروع کرے .

۱۹۳۰ جامع الفنون ، ۲ : ۱۷

ــ کاٹنا محاورہ .

رک : پیڑا توڑنا .

گریس چچی نے سرعت سے پیڑے کاٹنے شروع کئے .

۱۹۵۰ باد کی ایک دھنک ، ۳۶

ــ گلیانا محاورہ .

(نان بائی) رک : پیڑے تانا (ا پ و ، ۳ : ۱۲۴) .

پیڑو (ی مج ، و مع) امذ .

۱. (i) (انسانی جسم میں) ناف کے نیچے کا حصہ جو کسی قدر ابھرا ہوا ہوتا ہے .

یہ چاروں ہوئیں فراخ اور صاف نیکو
دو چشم و سینہ پیشانی و پیڑو

۱۷۷۴ تصویر جاناں ، ۵۵

پیڑو ابھرا ہوا ، رانیں بھری بھری سانچے کی ڈھلی .
۱۸۹۰ طلسم ہوشربا ، ۴ : ۲۱

(ii) (قبالت) عورت کے پیٹ میں بچے دانی کی جگہ ناف سے نیچے کا حصہ ، پیٹ ، کوٹھا .
اول پیڑو کی ان جگہوں . . . کا بیان کرنا جو زچگی کے معاملے سے علاقے رکھتی ہیں .
۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۶

۰۲ زیر ناف کی جانبی ہڈیاں (اگر وہ زیادہ تنگ ہوں تو وضع حمل آلات جراحی کی مدد سے ہوتا ہے) .
عورت کی پیڑو کی خرابی کی وجہ ایک سے زیادہ مرتبہ آپریشن کے ذریعہ وضع حمل کرنا پڑے .
۱۹۶۵ خاندانی منصوبہ بندی ، ۸۴

[س : پیٹ + او کہ : पेट + उक]

ـــ بند (ـــ ف ب ، سک ن) امذ .
پیڑو پر باندھنے کا کپڑا پیٹی وغیرہ ، ستر پوش .
اس کی عزلت گزینی کے تیسرے دن اس کے دوست احباب ایک مختصرسی ضیافت کا انتظام کرتے ہیں اور وہی اس کے لیے چند ایک نئے پیڑو بند تیار کرتے ہیں .
۱۹۶۵ شاخ زرین ، ۱ : ۴۲۷

[پیڑو + بند (رک)]

ـــ پر کی صف .
وہ منتخب اور عمدہ چرس جسے ساقنیں کھڑے کے ہڑے میں ڈال کر پیڑو پر کھڑس لیتی ہیں .
عاشقان دمباز دل میں سوز و گداز تخت پر آبیٹھے دو گنڈے پھینکے آوازدی جان جہاں پیڑو پرکی پلانا .
۱۸۹۷ طلسم ہوشربا ، ۷ : ۸۷۷

ـــ پھڑکانا محاورہ .
(عورت کا چلتے ہوئے یا ناچتے ہوئے) پیڑو کا ابھارنا یا حرکت دینا .
مہریاں چوڑی چوڑی پڑاقہ دار گوٹیں لہنگوں میں لگائے پیڑو پھڑکاتی کولا مٹکاتی . . . ناز معشوقانہ جتاتی دوڑتی چلی جاتی ہیں .
۱۹۱۵ حورعین ، ۲ : ۵۱

ـــ کی آنچ (ـــ مع) امث .
(عورت کی) خواہش نفسانی ، جماع کرانے کی طلب ، شدید شہوت .
بیٹی یا بہن اگر نوجوان ہوگی ، کسی فرزند حمزہ کو دیکھ پائیگی ، پیڑو کی آنچ سے نکل جائے گی .
۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۹۲

ـــ کی آنچ پھر کیا سات پانچ کہاوت .
جوش شہوت میں کچھ ہوش باقی نہیں رہتا .
بے اختیاری اور محتاجی کی نہ شادی اچھی نہ بیاہ اچھا . . . اس پر پیڑو کی آنچ ، پھر کیا سات پانچ .
۱۸۶۶ جادۂ تسخیر ، ۲۲۷

ـــ کی آنچ سہنا محاورہ .
خواہش نفسانی کو ضبط کرنا .
پیڑو کی آنچ سہنی ہر ایک عورت کا کام نہیں ہے .
۱۸۸۶ مخزن المحاورات ، ۱۹۲

پیڑی (ی لین) امث .
۰۱ پیر رکھ کر چڑھنے کی جگہ سیڑھی یا زینے کا پایہ ، سیڑھی کا ڈنڈا (ماخوذ : فرہنگ آصفیہ) .
۰۲ زینہ ، سیڑھی ، ، نردبان ، نشست .
سب جابجا چھپ گئے میں بھی کنویں کی پیڑی میں چھپ گیا .
۱۸۹۶ سوانح سلاطین اودھ ، ۱ : ۳۳۵
لکھنے والا . . . ہر کی پیڑی کے سامنے گنگا کے عالم آب کی بہار دیکھ رہا تھا .
۱۹۱۳ سی پارۂ دل ، ۷۶

۰۳ چاہ سے اونچا دو گز کا کنارہ جو بیلوں کی آمدو رفت کے لیے بناتے ہیں (ماخوذ : کھیت کرم ، ۲۲) .
۰۴ وہ مقام جہاں سینچائی کے لیے تالاب سے پانی لے کر ڈالتے ہیں ، پودر (شبد ساگر) .

[رک : پیڑ + ی ، لاحقۂ نسبت و تصغیر]

پیڑی (۱) (ی مع) امث .
پیڑا (۲) معنی نمبر ۱ (رک) کی تصغیر .
چوری بھی نرالی ہوئی ، پانی کے مٹکے ، نہانے کا پٹڑا ، بیٹھنے کی پیڑی ، لیٹنے کے کھٹولے .
۱۹۳۰ حیات صالحہ ، ۱۴۴

پیڑی (۲) (ی مع) امث ؛ ـــ پیڑھی .
پیڑھی ، نسل ، پشت .
چودا پیڑی کو ثواب ملے گا .
۱۶۸۱ کنزالموسنین (دکھنی اردو کی لغت ، ۱۲۸)
چنگیز خاں کی سولھویں پیڑی میں وہ پیدا ہوا تھا .
۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۵۶۱

والد نے میرے نانا اور والدہ کو اتنی دولت دی کہ سات پیڑی کو کفالت کرتی .

۱۹۱۴ غدر دہلی کے افسانے ، ۱

[س : पीठिका پیٹھکا]

پیڑی (۱) (ی مج) امث .

۱. **وہ کوپل یا شاخ جو درخت کی دو شاخیں بیچ سے پھوٹنے کے بعد ان دونوں کے بیچ میں نکلتی ہے** (کسانی کی پہلی کتاب ، ۱ : ۸) .

۲. **درخت کا تنا، خصوصاً نمل کے پودے کا جب پورا پیڑکٹ جائے اور صرف تنا باقی رہے** (جامع اللغات)

صبح کو ایک کالا پہاڑ درخت کی پیڑی میں ڈھیر تھا .

۱۹۲۹ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۴ ، ۱۹ : ۴

۳. **(تنبولی) بیل کی جڑ کے قریب کے پان جو زیادہ بڑے ، کرارے اور پختہ رنگ ہوتے ہیں ، نیز پان کی وہ بیل جو پرانی جڑ سے پھوٹنے اور دوسری فصل کے لیے تیار ہو ، پنوڑی .**

جو پان کہ سایہ میں لگاتے ہیں اس کو پیڑی کہتے ہیں .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۱۸۴

۴. **وہ ٹیکس ، محصول یا لگان جو کاشتکار پھل دار درختوں کے استعمال کے لیے زمیندار کو ادا کریں** (پلیٹس ؛ اپ و ، ۶ : ۴۱) .

۵. **انسان کا دھڑ ، جسم کا اوپری حصہ ؛ وہ کھیت جس میں پہلے ایکھ بوئی گئی ہو اور پھر جو یا گیہوں بونے کے لیے جوتا جائے ، رک : پنڑی پونڑی** (شبد ساگر) .

[رک : پیڑ + ی ، لاحقۂ نسبت و تصغیر]

پیڑی (۲) (ی مج) امث .

پیڑا کی (رک) تصغیر ایک قسم کی مٹھائی (پلیٹس) .

پیڑیں لگنا محاورہ .

(قبالت) دردزہ شروع ہونا ، بچے کی ولادت کا درد ہونا .

جب ستوانسا ہوا اور ان گنا مہینہ گزر کر پورے دن ہونے پیڑیں لگیں .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۴۶

پیڑھا (ی لین) امذ .

رک : پیڑ ، پیڑی کی جگہ وہ ڈھال جو کنوئیں سے پانی کھینچنے کے لیے بیلوں کے لیے بنائی جاتی ہے .

پس اس طرح سے ہم حساب لگا کر بتلا سکتے ہیں کہ بیلوں کے وزن اور پیڑھے کی اونچائی کے خیال سے کتنا بڑا چرسا فائدہ کے ساتھ استعمال کرسکتے ہیں .

۱۹۱۶ علم زراعت ، ۶۷

پیڑھا (ی مع) امذ .

رک : پیڑا ، پیڑی (۱) .

جہاں چھینکے پر رکھا دیکھیں تھان پیڑھے پر . . . دھر ، ساتھی کو کھڑا کر ، اس کے اوپر چڑھ اتار لیں .

۱۸۰۳ پریم ساگر ، ۲۲

مسہری ہے ، پلنگ ہے ، پیڑھا ہے ، یہی چیزیں ہیں .

۱۸۷۴ مجالس النسا ، ۱ : ۳۶

پیڑھی (۱) (ی مع) امث ؛ ~ پیڑی .

رک : پیڑی (۱) .

نہ تو پیڑھی نہ چارپائی لی نہ سلامی نہ رونمائی لی

۱۷۷۲ فغان ، د (انتخاب) ، ۱۷۰

دلھن کی سونہ دکھائی میں ایک پیرے کا اکڈال کھٹ اور ایک پیڑھی پکھراج کی دی .

۱۸۰۳ رانی کیتکی ، ۶۲

ایک طرف کو بڑے چھپر کے نیچے بھٹیاری پیڑھی پر بیٹھی ہے .

۱۹۰۸ مخزن ، ستمبر ، ۳۹

پیڑھی (۲) (ی مع) امث ؛ ~ پیڑی .

رک : پیڑی (۲) .

برسوں کیا ، پیڑھیوں کی عادتوں کا چھڑانا . . . آسان کام نہیں .

۱۸۹۶ لکچروں کا مجموعہ ، ۲ : ۱۰۵

بعد غدر تیسری پیڑھی میں ، میں سیہ بخت پیدا ہوئی .

۱۹۵۸ شمع خرابات ، ۲۵۷

— بہ پیڑھی (— فت ب ، ی مع) م ف .

رک : پیڑھی در پیڑھی ، نسل در نسل .

کئی ہزار سال سلطنت ملک عجم کی پیڑھی بہ پیڑھی ان کے خاندان میں یکساں چلی آئی .

۱۸۲۴ سیر عشرت ، ۴۱

— پیڑھی (— ی مع) م ف .

رک : پیڑھی در پیڑھی (پلیٹس) .

— دَر پیڑھی (— فت د ، ی مع) .

(الف) م ف .

پشت در پشت ، نسلاً بعد نسلٍ ، قدیم سے (فرہنگ آصفیہ) .

(ب) صف .

موروثی ، پشتینی ، روایتی (فرہنگ آصفیہ) .

پیڑھیاں (ی مع ، کس ڑ ھ) امذ .

پیڑھی (۲) (رک) کی جمع مرکبات میں مستعمل .

جن سے نظر آ رہی ہیں بیشک اولاد کی سات پیڑھیاں تک

۱۹۲۸ تنظیم الحیات ، ۳۷

— اُدھیڑنا محاورہ .

ہرکھوں اور مورث اعلیٰ کی برائیاں کرنا ، کئی پشتوں کی خامیاں نکالنا .

لیکن جہاں کوئی قریب آیا اس نے ساتوں پیڑھیاں ادھیڑ دیں .

۱۹۳۷ قیامت ہم رکاب آئے ، ۵۱

پیز (ی لین) امث .

۱. ضد ، مخالفت ، علیٰ الرغم .

میری پیز سے یہ وہاں جاتا ہے .

۱۸۹۵ فرہنگ آصفیہ

۲. دیوار کی شور خوردہ اینٹوں کی مرمت (فرہنگ آصفیہ) .

اف : پڑنا ، ہونا .

[؟]

— پڑ جانا محاورہ .

ضد ہو جانا ، دشمنی ہو جانا ، مخالفت پر کمر باندھنا (فرہنگ آصفیہ ، نور اللغات) .

پیزار (ی لین) امث .

۱. جوتی ، پاپوش ، کفش پا ، نعلین .

گھر کی دھنی ہے بختور دونوں کہاں دو پنتیاں ہیں کاں
کئی ایسیاں سٹنا وار کر اس پگ کے یک پیزار پر

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۶۵

اے خان جانی تو واے سرور خاناں
ہر کلہ بد خواہ تو پیزار جو ہے سو

۱۷۱۳ جعفر زٹلی ، ک ، ۸۰

نہ لینا ان سے غمزے کی جو خدمتگار بیٹھے ہیں
لیے ہاتھوں میں پہلے ہی سے وہ پیزار بیٹھے ہیں

۱۸۹۹ دیوانجی ، ۱ : ۵۳

پیزاری کے اظہار کے لیے یا کسی پر حقارتاً طنز وغیرہ کے موقع پر مستعمل .

کتے بڑاتے دسریاں کوں کتیاں جاتیاں سو دیکھونگی
نہ جاوے بھار باڑے کے مری پیزار چوری سوں

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۱۴۵

ترس کھائے ان کی جوتی ، خیال کرے ان کی پیزار .

۱۸۹۹ پیرے کی کنی ، ۷

کہتے ہیں میری راہ میں ہو کوئی پائمال
جاتی ہے پوچھنے مری پیزار کیا ہوا

۱۹۳۲ ریاض رضوان ، ۳۸

[ف]

— پٹی (— کس پ ، شد ٹ) امذ .

جوتیوں کی مار ، مرمت ، پٹائی .

اور جو میری یہ بات نہ مانے گا تو خوب پیزار پٹی کروں گی .

۱۸۱۴ نو رتن ، ۶۷

اف : کرنا ، ہونا .

[پیزار + پٹی ، پٹنا (رک) سے]

— پر مارنا محاورہ .

کچھ اصل نہ سمجھنا ، بے حقیقت جاننا ، روا نہ کرنا ، خاطر میں نہ لانا (فرہنگ آصفیہ ؛ مخزن المحاورات ، ۱۹۳) .

— پیزاری (— ی لین) امث .

جوتم جوتا ، باہم جوتوں سے لڑنا (جامع اللغات) .

[پیزار + پیزار + ی ، لاحقۂ کیفیت]

— خور صف .

کمینہ ، رذیل ، پاجی (جامع اللغات) .

[پیزار + خور (رک)]

— دکھانا محاورہ .

جوتی دکھانا ؛ اظہار برہمی کرنا ، بگڑ کر ٹکا سا جواب دینا ، خاطر میں نہ لانا ، بے روائی جتانا ، ذلیل کرنا .

نقش پا سے بھی زیادہ وہ سمجھتے ہیں ذلیل
جب تو دکھلاتے ہیں ہر بات پہ پیزار مجھے

۱۸۷۴ بیخود (ہادی علی) ، د ، ۸۵

گوت سے باہر کیا داماد کیوں اس نے پسند
اس خطا پر اس کو دکھلانے لگے پیزار ہیں

۱۹۳۱ بہارستان ، ۳۸۱

— سے (سیں) م ف (قدیم) .

جوتی سے ، بلا سے ، کچھ روا نہیں .

پیزار ہو گئے ہیں جو کورے ہمیں سیں سب
پیزار سیں ہوئے ہیں مرا سانولا تو ہے

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۷۲

بی زمزم اللغات تمہاری پیزار سے اگر باہن ایک کڑی یا چرخی کا پرزہ ہوتا ہے .

۱۹۳۵ داودہ پنچ ، لکھنؤ ، ۲ ، ۳۸ : ۵

— کی نوک پر/سے م ف .

رک : ہا وش سے .

وہ جو چاہیں کرتے پھریں ، میری پیزار کی نوک سے .

۱۹۵۸ ہمیں چراغ ہمیں پروانے ، ۳۶۱

— کے نیچے رکھنا محاورہ .

دبانا ، مغلوب و مقہور بنا کر رکھنا ، ذلیل کرنا

کچھ ہائے سزا اپنے گیے کی دل سرکش
بہتر ہے کہ رکھیے اسے پیزار کے نیچے

۱۸۸۸ دیوان جلال ، م : ۱۲۵

— مارنا محاورہ .

(کسی بات یا چیز وغیرہ پر) خاک ڈالنا ، ترک کرنا ، حقیر و ذلیل سمجھ کر چھوڑنا .

بغیر یار ہو کیسا ہی کچھ تو ماریں ہیں
ہم ایسے ہونے پہ پیزار یہ نہ ہو وہ ہو

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۱۳۰

— ہونا محاورہ .

ذلت کا نشان ہونا ، ذلیل ہونا .

مومنوں سے طعن کر بولیں کلام
سر پہ ان کے جوتی اور پیزار ہے

۱۸۴۷ حارق الاشرار ، ۱۴

پیزاروں پیٹا (ی لین ، و مج ، ی مع) صف .

نحوست زدہ ، بد روپ ، بے رونق ، گویا جوتوں سے پیٹا ہوا .

اگر کلے میں پان نہ ہو تو منہ ایسا پیزاروں پیٹا دکھائی پڑتا ہے .

۱۹۷۳ ، اوراق ، سرگودھا ، اپریل ، ۲۸۶

پیزاریں (ی مج) اسث .

پیزار (رک) کی جمع مرکبات میں مستعمل .

— پڑنا محاورہ .

جوتیاں لگنا ، پٹائی ہونا .

تڑ تڑ پیزاریں پڑنے لگیں کہ ایک دم میں سر ان کے گنجے ہو گئے .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۷۱

— لگوانا محاورہ .

رک : پیزار مارنا .

زنہار نہ لے گا کوئی ہر صبح ترا نام
پیزاریں ترے نام پہ لگوادے گی بابا

۱۸۳۰ نظیر اکبر آبادی ، ک ، ۲ : ۱۹۵

— مارنا محاورہ .

رک : پیزار مارنا .

بھلے آدمی کوں سخت آنکھوں سے ہیں دیکھناں مارنے برابر ہے اور بد ذات کوں پیزاریں ماراناں بھی تھوڑا ہے .

۱۷۴۶ قصۂ مہر افروز و دلبر ، ۳۱۵

پیس (۱) (ی لین) امذ (قدیم) .

داخلہ ، رسائی .

کھڑا تھا سو پردہ اڑیا دار کا بتر پیس محرم ہوا یار کا

۱۵۶۴ پرت نامہ (اردو ادب ، ۱۰)

کیا پیس جب چرخ اول پودھم
سٹیا سو ترنگ چاند کے تن پوسم

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۵

[س : ارویش مشیش]

— جانا/چلنا ف ل (قدیم) .

داخل ہونا .

دسیا اس منے پیک قبہ نفیس کیا فکر بہترال جانے کوں پیس

۱۶۰۹ قطب مشتری (ضمیمہ) ، ۱۷

— (کر) کھانا محاورہ . (قدیم)

گھر میں گھسے رہنا ، پڑے پڑے کھانا .

بُڈھے پیس کر کھانے کوں خوب ہے
بُڈھے پنگڑے پھسلانے کوں خوب ہے

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۴۱

پیس (۲) (ی لین نیز مج) صف .

کوڑھی ، جذامی ، مبروص .

کوئی گھوڑا اگر پیس جانی تو اس کی سن دوا مجھ سے زبانی

۱۷۹۵ فرسنامۂ رنگین ، ۲۲

یہ ممکن ہے تم سے شہ بحر و بر
کہ پائیں شفا پیس اور کور کر

۱۸۴۰ معارج الفضائل ، ۱۵۶

[ف]

پیس (۳) (ی مع) ف م .

پسنا (رک) سے مرکبات ذیل میں مستعمل .

— پاس/پاسا (— کس پ) م ف .

پیسنے کے بعد ، پیسنے کا عمل .

اس پیس پاس میں پتھر چھوٹے ہو جاتے ہیں .

۱۸۹۰ جغرافیۂ طبیعی ، ۱ : ۹۱

جلدی جلدی دال دھو دھلا ، پیٹھی پیس پسا کڑھائیاں چڑھا دیں .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۳۳

— پاس (کر) کے م ف .

پیس کر ، پیس کے ، پیسنے کے بعد .

اول گیہوں کو پیس پاس کر پانی کے ساتھ خمیر کر کے آگ میں پھینک دے .

۱۶۹۸ قصص الانبیا ، ۱۹

دو ہی سیر تو دال ہے جلدی سے پیس پاس کے چھٹی کرو .

۱۹۶۲ مہذب اللغات

— پاس منہاج مرے ، کرامت محمد جھنڈے کو کہاوت .

جب محنت کوئی کرے اور خوش قسمتی سے بلا محنت دوسرا اس کا صلہ پائے تو ایسے موقع پر بولتے ہیں (قصص الامثال ، ۹۶) .

— ڈالنا محاورہ .

۱. مجازاً سخت اذیت دینا ، برباد کر دینا .

اگر حمایت عدالت کی نہ ہووے تو صاحب قوت اور زور ضعیفوں اور کمزوروں کو پیس ڈالیں .

۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۴۴

اپنے آقاؤں یعنی میلانیوں کو پیس ڈالنے کی خاطر ان ہی سے اتحاد کر لیا .

۱۹۴۵ بادشاہ ، ۱۰۴

۲. پیچھے چھوڑ دینا ، پسماندہ بنا دینا .

ناصح نے کہا کہ جلد مذہب چھوڑو
ورنہ سائنس پیس ڈالے گا تمہیں

۱۸۶۲ کلیات اکبر ، ۱ : ۳۷۸

— لوں تو پیٹوں/روؤں کہاوت .

روزی کی فکر مردے کے ماتم سے مقدم ہے ، تلاش معاش سب کاموں سے مقدم ہے (فرہنگ آصفیہ ؛ مخزن المحاورات ، ۱۹۳) .

پہلے پیٹ کے لیے آٹا پیس لوں تو پھر مردے کو روؤں .

۱۸۸۶ مخزن المحاورات ، ۲۹۷

— مارنا محاورہ .

۱. پیس ڈالنا ، برباد کر دینا ، نہایت تکلیف پہنچانا ، خاک میں ملا دینا .

ظفر وہ کون سا دانا جہاں میں ہے کہ جسے
اس آسیائے فلک نے نہ پیس مارا ہو

۱۸۵۴ ؟ کلیات ظفر ، ۳ : ۹۹

۲. طعنے مہنے دینا ، ہولی مارنا ، ستانا ، جلانا ، بھوننا (مخزن المحاورات ، ۱۹۳) .

— موئی پکا موئی آئے لوٹھے کھا گئے کہاوت .

محنت مشقت کرنے والا محروم رہا دوسروں نے فائدہ اٹھایا .

پبلک ورکس اپنے تئیں بروے کار ظاہر کریں مگر ہندوستانیوں کے فائدے کے لیے . . . نہ یہ کہ . . . پیس موئی پکا موئی آئے لوٹھے کھا گئے .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۱۴۳

پیس (۴) (ی مع) امذ .

ٹکڑا ، حصہ ، جزو ، قطعہ .

لنک موشن کے دو پیسوں کو حرکت دینے سے انجن کا ریورسنگ صرف نصف ورٹیکل حرکت سے واقعہ ہو جاتا ہے .

۱۹۰۶ پریکٹیکل انجینیرز ہینڈ بک ، ۲ : ۴۴۸

[انگ : Piece]

پیس (۵) (ی مع) اسث .

تاش کی بازی میں ہار جانے کے بعد پتے بانٹنے کا عمل (ماخوذ : مہذب اللغات) .

[؟]

پیسا (ی لین) امذ ؛ ~ پیسہ .

۱. تانبے کا ایک سکہ جو غیر منقسم ہند میں (اور اس سے کچھ مدت بعد تک) وزن میں ۷ ماشے قطر میں ایک انچ سے دو ایک سوت کم اور قدر میں روپے کا چونسٹھواں حصہ یعنی تین پائی کے برابر ہوتا تھا پاکستان میں تانبے وغیرہ کا ایک سکہ جو وزن میں ۲ ماشے ، قطر میں آدھ انچ سے کم اور قدر میں روپے کا سواں $\frac{۱}{۱۰۰}$ ہوتا ہے ، دیگر ممالک میں بھی اسی نام کے سکے رائج ہیں اور مختلف قیمت رکھتے ہیں .

آٹا دے ، دلیا دے ، یا اس حساب سے پیسے .

۱۵۲۸ اشرف ، لازم المبتدی ، ۵

یک بیک استاد ایسے میں دسیا
اشرفی کا موں سو پیسے میں دسیا

۱۷۵۴ ریاض غوثیہ ، ۲۲۵

چار دمڑی کا پیسا ڈال دیا اور خط روانہ کیا .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۱۳۸

۲. رقم ، دولت ، مال و زر ، سرمایا .

دیا سب کو خلعت خوشاتوں تمام
بھوت پائے پیسے خواص و عوام

۱۶۹۹ نورنامہ ، عنایت شاہ ، (ق) ، ۶

پیسہ جو حلال سے پیدا ہوتا ہوئے سولے .

۱۷۴۶ قصہ مہر افروز و دلبر ، ۳۶۵

ہمیں مال ایسا نہیں چاہیے تغلّب کا پیسا نہیں چاہیے

۱۸۶۵ لوح محفوظ ، اثر ، ۷۳

پیسہ خرچ نہ ہوگا تو کیا ہوگا .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۳ : ۱۳۰

۳. مسلمانوں کے عہد کا قدیم تانبے کا سکہ جو ایک تولہ وزن کا ہوتا تھا اور مسوری پیسے کے نام سے معروف تھا ، رک : پیسا بھر (ماخوذ : ا پ و ، ۷ : ۹) .

۴. قرضے یا لگان وغیرہ کی رقم .

سات برس کا پیسہ سارے راج کو چھوڑ دیا گیا .

۱۸۰۳ رانی کیتکی ، ۶۳

۵. (مجازاً) مالی منفعت ، آمدنی ، یافت .

اگر جانا بہت کلفت آمیز معلوم ہو رہا ہے تو پیسوں کے خیال سے ہرگز مت جاؤ .

۱۹۴۷ حرف آشنا ، ۳۸

[س : پاد + ایکا + سدرشکہ : पाद + इका + सदृशक]

ــ اپنی گانٹھ کا دوست اپنی سانٹھ کا / یار اپنے ساتھ کا کہاوت .

ضرورت میں وہی دولت کام دیتی ہے جو اپنے پاس موجود ہو ، جوڑی ہوئی پونجی ہی وقت پر کام آتی ہے .

جو اس وقت پیدا کرلو گی بڑھاپے میں کام آئے گا ، پیسا اپنی گانٹھ کا ، یار اپنے ساتھ کا مثل مشہور ہے .

۱۸۰۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۱۲۲

جہاں تک ہو سکے چار پیسے پیدا کرو مثل مشہور ہے پیسا اپنی گانٹھ کا ، دوست اپنی سانٹھ کا .

۱۹۵۸ فرہنگ اثر ، ۲ : ۲۵۵

ــ آٹھانا محاورہ .

۱. روپیہ یا دولت صرف کرنا ، (عموماً پر/پہ کے ساتھ) .

دو پیسے جو ہم کوڑیا خانم پہ آٹھائیں
حاصل ہمیں کیا، کونسا دوبھر ہے زر اپنا

۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۲ : ۲۲۵

۲. مراد بر آنے کے واسطے کسی پیر ولی یا دیوی دیوتا وغیرہ کے نام کا پیسا (یا پیسے) اُٹھا کر طاق پر یا کسی اور جگہ رکھ دینا (تاکہ مراد پوری ہونے پر مستحق کو دیا جائے) .

کسی نے پیر ایکا ایک کا پیسہ آٹھایا کہ ایکا ایک مراد بر آئے .

۱۸۸۸ طلسم ہوشربا ، انتخاب ، ۳ : ۱۵۲

ــ آٹھنا محاورہ .

پیسا اُٹھانا معنی نمبر (۱) (رک) کا لازم (نوراللغات) .

ــ آڑانا محاورہ .

۱. فضول خرچی کرنا ، (بیکار کام میں) روپیہ برباد کرنا ، روپیہ کو روپیہ نہ سمجھنا (مخزن المحاورات ، ۲۹۷) .

۲. دوسرے کا پیسہ دھوکے یا چوری کے ذریعے حاصل کرنا (شیکسپیئر ، ڈکشنری ہندوستانی اینڈ انگلش) .

ــ آڑنا محاورہ .

۱. پیسا اُڑانا (رک) کا لازم (نوراللغات) .

۲. دولت باقی نہ رہنا ، مُفلسی آنا ، مال و متاع ختم ہو جانا .

وہ اڑا پیسا زمانے سے رہے یاد نسیم
رکھنا مٹھی میں اجی غنچے بھی زر بھول گئے

۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۱ : ۲۱۲

ــ امام ضامن کا م ف .

وہ پیسہ جو کسی کے سفر پر جاتے وقت عزیز رشتہ‌دار حضرت امام رضاؑ کی ضمانت میں دے کر باندھتے ہیں .

پیسا امام ضامن کا بازو پر باندھتے ہیں .

۱۸۴۸ نصیحت المسلمین ، ۹

ــ آوے پیسا جاوے لوگ نفع میں روٹی کھاویں کہاوت.

روپیہ پیسہ کھانے پینے کی چیز نہیں لیکن کھانا پینا ان سے مہیا ہوتا ہے (نجم الامثال ، ۱۳۱) .

ــ بچانا پیسا کمانے کے برابر ہے کہاوت .

کفایت شعاری بمنزلہ کمائی ہے (جامع اللغات) .

ــ بھر م ف .

تقریباً آدھ تولہ وزن کے برابر ، رک : پیسا معنی نمبر ۳ ؛ (مجازاً) کم وزن ، تھوڑا .

بھلا زیادہ نہیں تو بس دن تو پانچ پانچ پیسہ بھر پیو۔
۱۸۵۳ نادرات غالب ، ۲ : ۳۳
پیسا دو پیسا بھر چنے یا دال سیو کھا کر منہ صاف کرلیتے تھے۔
۱۸۹۹ حیات جاوید ، ۲ : ۳۴۸

ــ پاس کا گھوڑی ران کی کہاوت۔
روپیہ اور گھوڑی جو اپنے قبضے میں ہوں اپنے سمجھنے چاہئے (جامع اللغات)۔

ــ پدر ہے ، پیسا مادر ، پیسا بھائی ، پیسا بہن ہے کہاوت۔
پیسا ہی سب کچھ ہے (ماخوذ : رونق کے ڈرامے ، ۵ : ۵۱)

ــ پیسہ دو دو پیسہ م ف۔
بہت سستے ، کم دام پر۔
پیسہ پیسہ دو دو پیسے کے پھول بکنے شروع ہوئے۔
۱۹۳۲ بیلہ میں میلہ ، ۴۳

ــ پھونکنا محاورہ۔
روپیہ ضائع کرنا۔
جو اوپر سے چار پیسے مانگتے ہیں چنڈو بمبو میں پھونکتا ہے۔
۱۹۱۵ سجاد حسین ، طرحدار لونڈی (نوراللغات)

ــ پھیر پھار کرنا محاورہ۔
پیسہ بدلنا ، پھیر پھیر کرنا (پلیٹس)۔

ــ ٹکا (ــ ت ٹ) امذ ؛ ~ پیسے ٹکے۔
دھن دولت ، روپیہ پیسا ، رقم۔
ابھی آکے کہتا ہے تو ہے غلام
لیا چھین پیسے ٹکے سب تمام
۱۸۵۲ قصہ قاضی و چور (اردو کی قدیم منظوم داستانیں ، ۲۶۸)
یہ بات نہ تھی کہ پیسے ٹکے کے سبب سے شادی کی ہو۔
۱۹۰۰؟ خورشید بہو ، ۹
[پیسا + ٹکا (رک)]

ــ ٹھیکری کر دینا/کرنا محاورہ۔
بے دریغ روپیہ صرف کرنا ؛ دولت ضائع کرنا۔
میرا جی تو نہیں چاہتا ، پر بیٹی (کی) خاطر سے پیسا ٹھیکری کر دیا ہے۔
۱۸۷۵ انشاء ہادی النسا ، ۱۲
دوا درمن میں پیسا ٹھیکری کر دیا پھر بھی کچھ نہ ہوا۔
۱۹۲۴ نوراللغات

ــ جڑنا محاورہ۔
روپیہ پیسہ نصیب ہونا ، دولت میسر آنا۔
یہ تو سوچا ہوتا کہ بیوی نگوڑی ایک ایک پیسے کو ترستی ہے ، ایک پیچک تک کے لیے پیسا نہیں جڑتا۔
۱۹۱۶ اتالیق بی بی ، ۱۴

ــ جوڑنا محاورہ۔
روپیہ پیسہ بچا کر جمع کرنا ، کنجوسی کرنا۔
کوڑیا خانم ہوا چھاتی پہ کیا لے جائیں گے
سوم کے بچوں نے رکھا جوڑ کر پیسا عبث
۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۱ : ۱۲۷

ــ چلنا محاورہ۔
(زراعت) قرضے یا لگان کا روپیہ وصول ہونا۔
کاشتکار بگڑ گئے تو پیسا نہیں چلتا۔
۱۹۲۶ نوراللغات

ــ دنیا سے اڑ جانا محاورہ۔
دولت کا نابید ہو جانا۔
نام پھر حاتم کا جاگا ، سوم خلقت ہو گئی
اڑ گیا دنیا سے پیسا ، گم سخاوت ہو گئی
۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۱ : ۱۹۹

ــ دھر کر اٹھانا محاورہ۔
۱۔ رک : پیسا اٹھانا نمبر ۲ (فرہنگ آصفیہ ، نوراللغات)۔
۲۔ منت بڑھانے کیلیے مانی ہوئی رقم الگ نکال کر رکھنا نیاز نذر کا خرچ الگ رکھنا (ماخوذ : شبد ساگر)۔

ــ ڈبونا محاورہ۔
پیسا ڈبونا (رک) کا تعدیہ (نوراللغات)۔

ــ ڈوبنا محاورہ۔
۱۔ کسی حادثے یا آفت ناگہانی کے سبب دولت ضائع ہو جانا (شیکسپیر ، ڈکشنری ہندوستانی اینڈ انگلش)۔
۲۔ روپیہ ضائع جانا ، نقصان ہونا ، خسارہ ہونا ؛ رقم وصول نہ ہونا ، روپیہ بیکار صرف کیا جانا۔
وہ پیسا ڈوبتا ہے جو نہ اٹھے بادہ خواری میں
زر تاروں کو صرف خانۂ خمار ہونا تھا
۱۸۷۳ عاشق (نوراللغات)
رہو چمار کو دو آنے سائی کے دیے تھے وہ بھی گئے ، ملا جی پر سات پیسے ہیں وہ بھی ڈوبے۔
۱۹۲۹ تمغۂ شیطانی ، ۶۰

— ڈھونا محاورہ .

پرایا مال مارنا ، کسی کے مال سے خوب ہاتھ رنگنا ، کسی کی دولت لوٹنا (مخزن المحاورات ، ۲۹۷) .

— رکھنا محاورہ .

کسی سے لیا ہوا قرض نہ دینا ، کسی کی رقم دبا لینا .

لے گا منت علی محمد خاں
رکھنا ان پیسوں کا ہے کس کی مجال

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۳۶۹

— روپیہ ہاتھ کا میل ہے مقولہ .

دولت ادنیٰ چیز ہے (جامع اللغات) .

— کمانا محاورہ .

روپیہ پیدا کرنا ، دولت حاصل کرنا (شبد ساگر) .

— کھانا محاورہ .

۱. کسی کا روپیہ مار لینا ؛ فضول خرچی کرنا ، روپیہ برباد کرنا ؛ اجرت یا محنت مشقت کی کمائی پر گزران کرنا ؛ غبن کرنا ؛ رشوت لینا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

۲. روپیہ صرف کرانا .

ہمیشہ کرتا ہوں داغوں سے دل کی آرائش
مرا تو پیسہ ظفر اس مکان نے کھایا

۱۸۴۹ کلیات ظفر ، ۲ : ۲۴

۳. کسی چیز کی تیاری میں روپیہ صرف کرنا (نوراللغات) .

— کھوٹا ہو جانا محاورہ .

(مجازاً) لڑکے کا بد چلن ہو جانا ؛ کسی بیمار کا بگڑ جانا ، کسی آدمی کا مرنے کے قریب ہو جانا (مخزن المحاورات ، ۱۹۳) .

— گانٹھ کا اور بیٹا پیٹ کا کہاوت .

اپنی دولت اور اپنا بیٹا وقت پر کام آتے ہیں (نجم الامثال ، ۱۳۲ ؛ جامع اللغات) .

— لگانا محاورہ .

روپیہ خرچ کرنا (نوراللغات) ؛ رک : پیسے لگانا .

— نما (— ضم ن) صف .

پیسہ کی شکل کا ، گول .

اس پیسہ نما سیارے کو چھوڑنے والا راکٹ تھورا بیل چہارم تھا .

۱۹۶۳ مصنوعی سیارے ، ۱۹۰

— نہ کوڑی بازار کو دوڑی کہاوت .

اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا (جامع اللغات) .

— نہ ہونا محاورہ .

مفلس ہونا ، محتاج ہونا .

اگر پیسا نہ ہو اے قدر کب آنکھیں ملاتے ہیں
کھری کہتا ہوں میں پیر مغاں ہوں اس میں یا ساقی

۱۸۷۳ کلیات قدر ، ۲۸۰

— نہیں پاس تو کیسے/کیونکر سونگھیں باس کہاوت .

بغیر پیسے کے کوئی چیز میسر نہیں ہوتی (نورالغات ؛ نجم الامثال ، ۱۳۲) .

— نہیں پاس چلے نواب کے پاس کہاوت .

غریب ہو کر امیروں کی صحبت اختیار کرنا (جامع اللغات) .

— ہاتھ کا میل ہے کہاوت .

روپیہ بے وقعت چیز ہے ، پیسے کی کوئی حقیقت نہیں .

بھئی ہم کا لیتے ہیں تو خوش کر کے پیسہ دو پیسہ کی کوئی بات نہیں ، ہاتھ کا میل ہے .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، طرحدار لونڈی ، ۷۰

— ہوتا تو بیاہ ہی نہ کرتے کہاوت .

بہت مفلسی میں کوئی پیسا مانگے تو مزاحاً کہتے ہیں (جامع اللغات) .

— ہونا محاورہ .

روپیہ پیسہ ہاتھ میں ہونا ؛ کسی پر قرض ہونا .

ملا جی پر سات پیسے ہیں وہ بھی ڈوبے .

۱۹۲۹ تمغۂ شیطانی ، ۶۰

پیسا پیسا جوڑ بھر اٹھایا کہاوت .

بہت محنت کے بعد تھوڑا حاصل ہونا (سست و کاہل کی نسبت بولتے ہیں) (نجم الامثال ، ۱۳۲) .

پَسار (ی لین) امذ (قدیم) .

داخلہ ، آمد ، پہنچ ، رسائی ، احاطہ ، حد ، لیاقت ، قوت ، (رک : پہنچنا) (پلیٹس) .

[س : प्रसार : پرسارہ]

پَسبانی (ی لین ، سک س) امث (قدیم) .

(رک) پاسبانی .

یہ دن کی دھوپ اور شب کی ہے اوس اب
کرے کون اس لوتھ کی پسبانی

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۲۲۳

پَسٹ (ی مج ، سک س) امذ .

گاڑھا لیس دار یا لئی جیسا مسالا جو مختلف کاموں میں استعمال کرتے ہیں .

پہلے کپڑے پر ایسے پسٹ سے چھاپتے ہیں کہ رنگنے پر چھپے ہوئے حصوں پر رنگ نہ چڑھے .

۱۹۳۵ کپڑے کی چھپائی ، ۱۰

دانتوں کے پسٹ کی مختلف شکلوں کے پیدا کرنے میں اختراع کی . . . قوتیں ضائع کی جا رہی ہیں .

۱۹۳۴ آدمی اور مشین ، ۳۸۲

[انگ : Paste]

پَسٹری (ی مج ، سک س ، ٹ) امث .

ایک قسم کی مٹھائی جو میدے شکر اور انڈے وغیرہ کے امتزاج سے بنائی اور تنور یا بھٹی میں پکائی جاتی ہے .

جام ، جلی ، کیک ، پیسٹری سے منہ جھٹالا اور گاڑی میں سوار ہو ہوا خوری کو نکل گئیں .

۱۹۲۳ انشائے بشیر ، ۲۹۳

[انگ : Pastry]

پَسٹھ (ی لین ، فت س) صف .

رک : پینسٹھ (پلیٹس) .

پَسفک (ی لین ، کس س نیز سک ، کس ف) امذ .

بحر الکاہل .

بحر پسفک اور بحر ہند میں ایک چھوٹا سا جانور ہوتا ہے .

۱۸۹۰ جغرافیۂ طبیعی ، ۱ : ۹۶

[انگ : Pacific]

پَسلچی (ی لین ، فت س ، سک ل) صف .

ایک پیسے کی قیمت کا (پلیٹس) .

[ہ : پیسلچی पैसलची]

پِسَن (ی مع ، فت س) امذ .

پیسنے کا عمل ، پسائی ؛ آٹا (پلیٹس) .

[پیسنا (رک) سے]

پِسنا (ی لین ، سک س) ف ل (قدیم) .

گھسنا ، داخل ہونا ، رک : پیٹھنا .

کمر و بیں سو رنگریز کی بیس گئی
رگے رگ میں اس کھلبلی پیس گئی

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۶۹

پِسنا (۱) (ی مع ، سک س) ف م .

۱. ریزہ ریزہ کرنا ، رگڑنا ، گھسنا ، مسلنا ، سفوف بنا دینا .

جگچ تھا کرک سینے کا کیا سب دور من کا میں
پرت کے بات پیسے جا ہوا سرما نین کا میں

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۱۲۷

درد سر یہ وہ نہیں ہے کہ دوا سے جائے
چارہ گر کس لیے تو پیس رہا ہے صندل

۱۹۳۳ احسن نگینوی ، ق ، ۲

۲. (مجازاً) سخت رنج پہنچانا ، دکھ دینا ، ستانا ، تباہ و برباد کرنا ، خاک میں ملا دینا .

گردش تری نئی ہے اے آسمائے گردوں
پہلے انہیں کو پیسا جو مشت استخواں تھے

۱۸۷۰ دیوان اسیر ، ۳ : ۳۸۶

زمانے کی گردش نے ایسا پیسا کہ کوڑی کوڑی کو محتاج ہو گئے .

۱۹۲۸ مضامین فرحت ، ۱ : ۱۳۷

۳. محنت شاقہ اٹھانا ، جی توڑ کر کسی کام میں لگنا یا لگ جانا .

باپ دادا کی چھوڑی ہوی جائداد سے نہیں ، دن بھر پیستے ہیں جب شام کو سمیٹتے ہیں .

۱۹۳۰ ہم اور وہ ، ۷۵

۴. پسائی کا کام کرنا (چکی کے ساتھ) .

ہم شان آسیا کا عجب اقتدار ہے
چکی کے پیسنے سے ہتھیلی فگار ہے

۱۸۹۳ ریاض شمیم ، ۱ : ۱۳۱

۵. غلے کی وہ مقدار جو ایک مرتبہ پیسنے کو دی جائے، ایک نفری کے پیسنے کی مقدار بھر غلہ ؛ پیسنے کا کام .

جس دن پیسنا نہیں ملتا تمام بدن دکھا کرتا ہے .

۱۸۷۲ بنات النعش ، ۴۵

۶. بعض محاورات میں حسب موقع و محل و مطابق روز مرہ مختلف معانی میں مستعمل ، جیسے : دانت پیسنا وغیرہ .

غضب ہے اپنا ہی اس شوخ خشمگیں پر دانت
جو پیستا ہے سدا عاشق حزیں پر دانت

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۷۳

[س : پنشٹ पिनष्टि]

— پیسنا محاورہ .

۱. پسائی کرنا ، سخت محنت مشقت یا تکلیف سے کمانا .

پیسنا پیس کے پیٹ پالتی ہوں .

۱۸۸۶ مخزن المحاورات ، ۲۹۷

۲. قصہ ناندنا ، دکھڑا بیان کرنا ، طول طویل داستان بیان کرنا .

میاں ! کیا پیسنا پیس رہے ہو ؟

۱۸۸۶ مخزن المحاورات ، ۲۹۷

[پیسنا + پیسنا (رک)]

پیسنا (۲) (ی مع ، سک س) ف م .

بارنے والے کا تاش کی بازی ہارنے کے بعد پتے ملا کر تقسیم کرنا .

تم کیوں پیس رہے ہو لاؤ مجھے دو میری پیس ہے .

۱۹۶۲ مہذب اللغات

[پیس (۵) (رک) سے]

پیسنجر (ی لین ، کس س ، سک ن ، فت ج) امذ ؛ صف .

۱. رک : پسنجر ، سست رفتار ریل گاڑی .

معمولی ریل جو ہر ہر اسٹیشن پر ٹھہرتی مدھم چال سے چلتی ہے وہ پیسنجر کہلاتی ہے .

۱۹۲۴ انشائے بشیر ، ۳۹

۲. مسافر .

یہاں سکنڈ کلاس پیسنجر کے علاوہ تھرڈ کلاس بھی لیے جاتے ہیں .

۱۹۴۵ پرپرواز ، ۴۸

پیسنی (ی مع ، سک س) امث .

رک : پیسنا معنی نمبر ۵ .

کیا اور پیسنی نہ دوگی ؟ .

۱۸۷۲ بنات النعش ، ۴۵

پیسو (ی مع ، و مع) امذ .

رک : پیسو .

پیسو [پیہو] جانورے گزندہ معروف ، بفارسی کیک . . .

۱۷۵۱ نوادر الالفاظ ، ۱۳۸

چہ پشہ کہ با شیر پہلو زند
چہ پیسو کہ با اژدہا فوں کند

۱۷۸۱ ؟ مجموعۂ ہندی ، ۷۱

پیسہ (ی لین ، فت س) امذ .

رک : پیسا جس کا یہ متبادل املا ہے (نوراللغات) .

پیسی (ی لین) صف .

کوڑھی (پلیٹس) .

[ف]

پیسی (ی مج) امث .

(کاشتکاری) ایک عمدہ قسم کا گیہوں جو سفید اور نرم ہوتا ہے ۔ اس کا آٹا بہت اچھا ہوتا ہے روا (سوجی) بنانے کے کام نہیں آتا (اپ و ، ۶ : ۴۱) .

[مقامی]

پیسے (ی لین) امذ .

پیسا (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .

— برابر بوٹیاں کرنا محاورہ .

کھال اڑانا ، سخت چوٹ لگانا ، چمڑی ادھیڑ دینا ، پرزے پرزے اڑانا (مخزن المحاورات ، ۱۹۳) .

— بن ماتا کہے جاما پوت کپوت بھائی بھی پیسے بنا مارین لاکھ سرجوت کہاوت .

غریب کو ماں اور بھائی بھی اچھا نہیں سمجھتے (جامع اللغات) .

— بھر کی بوٹی کٹوادو مقولہ .

زبان کٹوا دو اگر عہد کے پورے نہیں ہو (نوراللغات) .

— پر (— پہ) بوٹیاں کاٹنا محاورہ .

رک : پیسے برابر بوٹیاں کرنا .

تیری پیسے پہ بوٹیاں کاٹوں
چیل کوؤں کو بیٹھ کر باٹوں

۱۸۷۱ شوق لکھنوی ، بہار عشق ، ۱۹

ـ پر (ـ پہ) دھر (ـ رکھ) کر (ـ کے) اڑانا محاورہ .

رک : پیسے برابر بوٹیاں کرنا ؛ بوٹیاں اڑانا .

ایسا کچلوں ایسا کچلوں کہ پیسے پر دھر کر بوٹیاں اڑادوں .

۱۸۷۵ ؟ انشاے ہادی النسا ، ۱۰۹

توبہ کرو بی مغلانی ، میں تو وہ ہوں کہ کوئی پیسے پر رکھ کے بوٹیاں اڑا دے مگر منہ سے بات نہ نکلے .

۱۹۰۰ شریف زادہ ، ۲۸

ـ پر رکھ کر مارنا محاورہ .

سخت سزا دینا ، ذلیل کرنا .

اس منوا کے بچے کو تو میں پیسے پر رکھ کر ماروں .

۱۹۷۶ دلربا ، ۱۰

ـ پیدا کرنا محاورہ .

روپیہ کمانا ، دولت حاصل کرنا .

دو شخص اپنے شہر سے تباہ ہو کر کسی ملک میں گئے ، جو پڑھاتا تھا سو اس حالت میں بھی پڑھاتا تھا اور پیسے پیدا کرتا تھا اور جو ہنر مند تھا سو مارے مفلسی کے مرتا تھا .

۱۸۰۲ نقلیات ، ۴۴

ـ پر دھر کے بوٹیاں اڑاؤں تب بھی وہ آہ نہ کرے کہاوت .

سخت سے سخت سزا دینے میں بھی ترس نہ آئے (نوراللغات) .

ـ پیسے کو حیران ہونا محاورہ .

بے حد مفلس ہونا ، نادار ہونا ، ایک ایک پیسے کو پریشان ہونا (مہذب اللغات) .

ـ ٹکے (ـ فت ٹ) امذ .

رک : پیسا ٹکا مع امثلہ .

ـ دھڑی (ـ فت دھ) م ف .

بہت سستی .

دل اپنا بیچتے پھرتے ہیں لاکھوں
محبت آج کل پیسے دھڑی ہے

۱۸۹۲ مہتاب داغ ، ۲۲۱

[پیسے + دھڑی (رک)]

ـ ڈولی (ـ و مج) امث .

وہ مسافت یا فاصلہ جس کا کرایہ ڈولی والے ایک پیسہ لیتے تھے .

بیگماجی پوچھتی ہیں آپ سے چھوٹی بہو
میرے گھر سے پاس ہیں کے پیسے ڈولی دور آپ

۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۲۳۲

ـ سوں دربار بندنا کہاوت .

رشوت لینا ، رشوت دینا (شیکسپیر ، ڈکشنری ہندوستانی اینڈ انگلش)

ـ کا (ـ کے ، کیر) پچاس ہونا محاورہ .

بہت ہی معمولی ہونا ، ٹکے مول بکنا .

گروا تو سستا بھیا ، پیسا کیر (کے) پچاس
رام نام کو بیچ کے کرے سشیہ کی آس

۱۵۱۸ کبیر (شبد ساگر)

ـ کا دوست م ف .

روپیہ پیسے کا لالچی .

بنیا سوائے پیسے کے کسی کا دوست نہ ہوا ہے نہ ہو گا .

۱۹۲۴ انشائے بشیر ، ۲۳۳

ـ کا لنگور (ـ فت ل ، غنہ ، و مع) امذ .

لنگور کی شکل کا کھلونا جو ایک پیسے میں بکتا تھا .

اس لطیفے کا مزا دلی والوں کو زیادہ آئے گا بالخصوص ان کو جنھوں نے عید بقر عید کے موقوں پر پیسے کا لنگور دیکھا ہو گا جس کا منہ کالا ہوتا ہے اور زرا سی سفید روئی ٹھوڑی پر لگی ہوتی ہے .

۱۹۴۳ بزم رفتگان ، ۷۳

ـ کا لوبھی/میت (ـ و مج/ی مع) صف .

زر پرست ، سرمایہ دارانہ ذہنیت رکھنے والا ، لالچی .

مگر پیسے کے لوبھی کمپنی کے ڈائرکٹروں کے سامنے اس کی کچھ پیش نہ گئی .

۱۹۳۶ خطبات عبدالحق ، ۳۰

وہ پیسے کا میت ہے جس سے اس کو فائدہ ہو گا اسی کی سی کہے گا .

۱۹۵۸ مہذب اللغات ، ۳ : ۱۹۰

ـ کو پیسہ سمجھنا محاورہ .

روپیہ کی قدر کرنا ؛ دیکھ بھال کر خرچ کرنا .

بیگم خدا کے لیے اب تو باز آو اب تو پیسے کو پیسہ سمجھو .

۱۹۲۴ انشائے بشیر ، ۱۰۲

ـ کی جگہ دھیلا اٹھانا/دھیلے میں کام نکالنا محاورہ .

۱. بخل کرنا .

روپیہ پیسا تو الغاروں ہے ، پر دل نہیں ، پیسے کی جگہ دھیلا اٹھاتی ہیں .

۱۹۲۶ نوراللغات

۲. بہت کفایت شعاری کرنا .

احتیاط سے اپنے ہاتھ سے سنبھل سنبھل کر خرچ کرتی ہیں پیسے کی جگہ دھیلے میں کام نکالتی ہیں .

۱۹۲۴ انشائے بشیر ، ۲۸۱

— کی خرابی (— فت خ) امث .

بیجا پیسا صرف کرنا .

خدا نے ہاتھ دیئے ہیں بدن کھجانے کو
خرابی پیسے کی ہے پشت خار لیتے ہیں

۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۱۵۸

— کے پٹھو (— کس پ ، شد ٹھ ، و مع) صف .

دولت کے حریص ، لالچی .

گاؤں والے اپنے سپاہیوں کے متعلق کبھی یہ خیال نہیں کرتے کہ وہ توپ کا چارہ یا پیسے کے پٹھو ہیں .

۱۹۴۱ بگولے ، ۱۹

— کے تین دھیلے بھُنانا محاورہ .

بہت کفایت شعار یا جزرس ہونا ؛ بہت بڑا دانشمند یا چالاک ہونا (ماخوذ : نوراللغات ؛ محاورات ہند ، ۵۱) .

کوڑی کوڑی دانت سے پکڑنے والا ، پیسے کے تین دھیلے بھنانے والا .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، دھوکا ، ۲۹۹

— کے ساٹھ ساٹھ ہونا محاورہ .

بے قدر اور حقیر ہونا .

پیسے کے کوٹھے کوٹھیاں چھ سات آٹھ ہیں
پیسا نہ ہو تو پیسے کے پھر ساٹھ ساٹھ ہیں

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۷

— کھڑے کرنا محاورہ .

(مال فروخت کرکے) نقد رقم وصول کرلینا ، دام کھڑے کرنا .

اور تم جیسی گھر والیوں سے پیسے کے دو پیسے کھڑے کرلیتے ہیں .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۴ : ۱۳۳

— لگانا محاورہ .

قیمت متعین کرنا ، رقم ادا کرنا ، رک : پیسا لگانا .

یاں جو کچھ ہے چلن سو دیتا ہوں
میں بھی پیسے لگا کے لیتا ہوں

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰۰۶

— والا صف .

۱. روپیہ والا ، دھنوان ، دولت مند .

وہاں تو پیسے والوں کی چاہت ، ان سے محبت ، غریبوں سے نفرت اور حقارت .

ساغر محبت ، ۷

پیسیل (ی لین ، سک س ، فت ی) .

(الف) صف .

ایک پیسے کی قیمت کا (پائیس) .

(ب) امث .

چوتھائی تاؤ کی اوسط درجے کی پتنگ اس کی قیمت ایک پیسہ ہونے کی وجہ سے پیسیل کہلانے لگی ، ادھا (ا پ و ، ۸ : ۱۳۹) .

[०: पैसल पैसयल]

پیش (ی مج)

(الف) امذ .

۱. تین حرکتوں میں سے ایک حرکت کی علامت جو تحریر میں (پیٹ خالی) **واو کی صورت** (ـُـ) **حرف کے اوپر لکھی جاتی ہے . جس کی وجہ سے اس حرف کی آواز نیم واو سے ملتی ہوئی پڑھی جاتی ہے ، ضمہ .**

بازی تری جم پیش ہور دشمن سو تیرے زیر اچھو
جو لگ ہے قرآن میں رقم پیش ہور زبر ہور زیر کا

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۱۸۰

بینی ہے الف بے ہے لب اور خال ہے نقطہ
تس پر ہیں یہ ابرو و مژہ زیر و زبر و پیش

۱۸۲۶ معروف ، د ، ۶۱

یہی تینوں نقطے عربی کے پہلے زبر ، زیر اور پیش تھے .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۳ : ۲۰۶

۲. آگا ، سامنا ، اگلا حصہ (خصوصاً سونے پر پہننے کے لباس کا) .

میں گھر چلا گیا تھا دکان پر یہ لڑکا تھا تمہاری صدریوں کے دونوں پیش کوئی اٹھا کر لے گیا .

۱۹۷۳ جہان دانش ، ۲۴۵

۳. تسبیح کا امام .

ذکر کرتے تھے سلیماں جس پہ عشق پاک کا
پیش میرے دل کا اوس تسبیح کے دانوں میں تھا

۱۸۹۶ دیوان شرف ، ۱۶

۴. رک : پیش قبض .

خنجر ، تبر ، پیش ، بان ، چھری ، چھرا ، یہ سب میرے زیور ہیں .

۱۸۹۲؟ خدائی فوجدار ، ۱ : ۱۳

۵۔ (معماری) عمارت کا چہرہ ، رو کار ۔
پھر کنارک کے مندر کے پیش پر ہم انہیں کئی صدی بعد اس قسم کی لاٹھوں سے چھت پاٹتے دیکھتے ہیں ۔
۱۹۳۲ اسلامی فن تعمیر ، ۳۲

(ب) م ف ۔

۱۔ آگے ، سامنے (بیشتر ترکیب اضافی میں) ۔
لطافت پیش ہے دن دن سو اس سرو سہی قد سوں
پیالا آس کا میرا سو پھر سمدور کر ساقی
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۹۴

محبت میں عداوت ہے عداوت میں محبت ہے
ہمارا حال سن کر پیش دشمن رو پڑا وہ بھی
۱۸۸۹ رونق سخن ، ۲۹۰

پیش ساقی طرۂ تمکیں لیے بیٹھے رہے
محفل مینا میں ترک مے کیے بیٹھے رہے
۱۹۵۸ تار پیراہن ، ۲۷۱

۲۔ مقابل ، مقابلے میں (بیشتر تراکیب اضافی میں) ۔
اس عہد کے حسینوں کی فہرست خط و خال
پیش جمال پاک ہے تقویم کہنہ سال
۱۸۷۴ دبیر ، دفتر نہم ، ۴ : ۸۴

۳۔ (کسی شخص کی) نظر میں ، نزدیک ۔
محمد حنیف کا سو بو خویش ہے
بڑا عزت اس کا حنیف پیش ہے
۱۶۸۱ جنگ نامہ سپوک ، ۴۸

۴۔ پہلے ، قبل (زمان یا مکان کے لیے) ۔
اے دنیا . . . کدھیں پیش کدھیں پس کدھیں رس کدھیں بکس ۔
۱۶۳۵ سب رس ، ۲۶۵

خوشی سے ہوا باب دلبر فتوح
جسد سے قدم پیش رکھتی تھی روح
۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۸۷

[ف]

— آز (— فت ا) م ف ۔
سے پہلے ، سے قبل ۔
جہاں پیش از قیامت آبرو زیر و زبر ہوجا
اگر بیتاب ہو کر درد سوں اکبار ہو کیجے
۱۷۱۸ دیوان آبرو (ق) ، ۵۹

اے وزیر . . . بادشاہ کو پیش از تولد شجاع الشمس کے میں نے کہا تھا ۔
۱۸۵۱ عجائب القصص ، ۴۷

یکم اپریل کو پیش از وقت آسٹریا نے صدائے احتجاج بلند کرتے ہوئے یہ مطالبہ کیا تھا ۔
۱۹۲۵ تاریخ یورپ جدید ، ۴۰۵

[ف]

— از پیش (— فت ا ، ی مج) م ف ۔
پہلے سے پہلے ، بلا توقف و تامل ، جلد سے جلد ۔
مناسب ہے کہ یہاں سے پیش از پیش چنار گڈھ کو ہولو صاحب کے پاس چلیں ۔
۱۸۹۳ نشتر ، ۱۲۰

اسی اصول کو مدنظر رکھ کر پیش از پیش حکم لگایا جا سکتا ہے ۔
۱۹۱۰ معرکۂ مذہب و سائنس (ترجمہ) ، ۳۲۴

[ف]

— از مرگ واویلا مقولہ ۔
وقوع سے پہلے شور و غل ، ضرر نقصان یا مصیبت سے پہلے چیخ پکار ، وہم اور وسوسے میں کسی بات کی فکر ۔
اب یقین ہے کوئی آفت آئے گی ، عمرو نے کہا جیسا ہوگا سمجھ لیں گے ، پیش از مرگ واویلا کیا ۔
۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۴۸۴

اگر کوئی شخص اس پر عامل ہو تو وہ پیش از مرگ واویلا کا مصداق ہوگا ۔
۱۹۲۴ اودھ پنچ ، ۹ ، ۱۶ : ۲

[ف]

— ازیں (— فت ا ، ی مع) م ف ۔
(ماضی میں) آج سے پہلے ، اس سے پہلے ۔
چند مدت اب تم اے یاراں آئندہ رہو
پیش ازیں یک چند اس بستی میں ہم رہ کر گئے
۱۷۸۵ درد ، د ، ۸۶

طول صحبت سے ہوئے تیری نگاہوں میں ذلیل
پیش ازیں تھی نہ زباں اے بت طرار دراز
۱۸۵۷ سحر (نواب علی) ، بیاض سحر ، ۱۷۱

[ف]

— اسخان (— کس ا ، سک س) امذ ۔
گرم کرنے والا اگلا حصہ ، رک : پیش مُسخّن (حرارتی انجنوں کی بناوٹ سے متعلق) ۔
پیش اسخان کی مقدار موٹر کی جسامت اور اخراج کی تپش پر منحصر ہوتی ہے ۔
۱۹۴۸ حرارتی انجنوں کا نظریہ ، ۳۹۲

[پیش + ع : اسخان (س خ ن) = گرم کرنا]

ــ اشتعال (ــ کس ا ، سک ش ، کس ت) اسذ .

وقت مقرر سے پہلے بھڑک اٹھنا یا شعلہ پیدا ہونا .

پیش اشتعال (Pre-ignition) کا اصلی سبب دھات کی اندرونی سطح کے کسی حصہ کا زائد گرم ہونا ہے .

۱۹۴۸ حرارتی انجنوں کا نظریہ ، ۵۳۷

[پیش + اشتعال (رک)]

ــ اُفتادہ (ــ ضم ا ، سک ف ، فت د) صف .

رک : پیش پا افتادہ .

چند پیش افتادہ باتیں دونوں جگہ شاعری کی تمیز و تفریق کے لیے بیان کردی جائیں .

۱۹۲۳ مذاکرات نیاز ، ۱۲۷

[پیش + افتادہ (رک)]

ــ امام (ــ کس ا) اسذ .

نماز با جماعت پڑھانے والا جو صف کے آگے کھڑا ہوتا ہے ، پیش نماز ، قائد یا رہبر .

دست بستہ اقتدا ہم سے کسو کی کب ہوئی
تو ہی اپنا پیشوا ہے تو ہی اپنا پیش امام

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۴۳۲

مسجد کے پیش امام صاحب بھی مسجد میں رہتے ہیں .

۱۹۳۲ مشاہدات ، ۲۹

[پیش + امام (رک)]

ــ امامت (ــ کس ا ، فت م) اسث .

پیش امام (رک) کا کام یا منصب .

ملک تھے مقتدی صف بے نہایت
کئے جبرئیل اونکی پیش امامت

۱۶۹۹ وفات نامہ ، ۲۲

[پیش + امامت (رک)]

ــ امامی (ــ کس ا) اسث .

رک : پیش امامت .

مسجد میں پیش امامی کر کے ان کے باپ نے . . . اتنی خیرات جمع کرلی تھی .

۱۹۶۳ جگنو اور ستارے ، ۷۹

[پیش + امامی (رک)]

ــ انداز (ــ فت ا ، سک ن) اسذ .

۱. (لفظاً) آگے گرنے والا یا گرا ہوا ؛ (طبعیات) ایسا جسم جو کرہ ہوائی میں ذاتی رفتار اور کشش زمین کے زیر اثر پیر اہولائی راستہ اختیار کر کے زمین پر آ جائے .

ایک پیش انداز (Projectile) کا راستہ پیرا بولا ہوتا ہے .

۱۹۶۵ مادے کے خواص ، ۱۳۸

۲. عورتوں کے گلے کا ایک جڑاؤ موتیوں کا زیور یا کارچوبی کا رومال جو سینے تک لٹکتا ہے ؛ نازک و ملایم کپڑا ؛ دستر خوان، وہ کپڑا جو کھانے کے وقت زانوؤں پر ڈال لیا جائے (فرہنگ آنند راج ، اردو مترادفات) .

[پیش + انداز (رک)]

ــ اندیش (ــ فت ا ، سک ن ، ی مج) صف .

انجام کو پہلے سے سوچ لینے والا ، عاقبت اندیش ، دور بین.

ہوے یوں نول گوہراں پیش جوں
وہی سور ہو پیش اندیش تیوں

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۳۱

[پیش + اندیش (رک)]

ــ اندیشی (ــ فت ا ، سک ن ، ی مج) اسث .

عاقبت اندیشی ، دور بینی .

از راہ پیش اندیشی کے حکیم . . . کا مقولہ ہے ، عنقریب . . . دریا کے اندر قعر میں سیر کریں گے .

۱۸۳۸ ستہ شمسیہ ، ۳ : ۱۲۶

ظاہر ہے کہ لفٹنٹ گورنر پنجاب کسی بڑی دشواری پیش آنے کی پیش اندیشی نہیں کر سکتا .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۳۹

[پیش + اندیشی (رک)]

ــ آ جانا محاورہ .

رک : پیش آنا ؛ کام میں رکاوٹ پڑنا ، رکاوٹ یا دشواری کا سامنا ہونا .

چھ سات جزو لکھے تھے کہ نوشتۂ تقدیر پیش آ گیا ، ان کی لکھنو سے تبدیلی ہوئی ، بنارس کی بحالی ہوئی .

۱۸۶۲ شبستان سرور ، ۱ : ۳

ــ آفرینہ (ــ سک ف ، ی مع ، فت ن) اسذ .

(حشریات) حشرات کے زیریں لب کا اگلا حصہ (انگ : Prementum) (ماخوذ : بنیادی حشریات ، ۳۳) .

[پیش + آفریں (رک) + ہ ، لاحقۂ صفت و نسبت]

ــ آگاہی اسث .

۱. کسی بات کا قبل از وقوع علم ، مستقبل بینی .

اگر فال یا پیش آگاہی اصلیت ہے تو آج کا دن کسی عظیم کارنامے کی بنا پر میری زندگی میں یادگار دن ہوگا .
۱۹۶۳ شمسون مبارز ، ۱۱۲

۲. قبل از وقت انتباہ ، پہلے سے خبردار کرنا ، انگریزی Early Warning (انگلش اردو ملٹری گلاسری ، ۴۱) .

[پیش + آگاہی (رک)]

ــ آمد (— فت م) .

(الف) امد .

۱. شہرت ، ترقی .

اتفاقاً ایسی واردات درپیش ہوئی کہ رائے مذکور مسلمان ہوا اور یہی اس کی پیش آمد کا باعث ٹھہرا .
۱۸۰۵ آرائش محفل ، افسوس ، ۱۹۷

۲. ساوک ، برتاؤ .

وہ دشمن کے ساتھ نہایت ہی سختی اور شدت کے ساتھ پیش آمد کرنے والا ہے .
۱۹۱۵ نیرنگ فصاحت ، ۲ : ۴۲۷

(ب) صف .

(ایسی بات) جو عموماً پیش آتی رہتی ہو ، واردات عامہ .

استعارات میں روز مرہ کی باتیں ، پیش آمد واقعات لکھ جاتے ہیں .
۱۹۳۹ مطالعۂ حافظ ، ۱۱۱

[پیش + آمد (رک)]

ــ آمدنی (— فت م ، د) صف .

آئندہ ظہور میں آنے والا ، مستقبل میں سامنے آنے والا ، آگے جس سے سابقہ پڑنے والا ہو .

اس میں ہر نوع کی زندگی کے پیش آمدنی ہر قسم کے واقعات کو بعینہ دکھلا دیا ہے .
۱۹۳۰ اردو گلستان ، ز

[پیش + آمدنی (رک)]

ــ آمدہ (— سک م ، فت د) م ف .

واقع شدہ ، واقع ہونے والا ، ظہور میں آیا ہوا یا آنے والا .

نواب وقار الملک نے اگرچہ اپنی ہالیسی کی قوت سے پیش آمدہ خطرات کی پیش بندی کردی .
۱۹۳۸ تذکرۂ وقار ، ۲۲۹

[پیش + آمدہ (رک)]

ــ آنا محاورہ .

۱. ظہور یا وقوع میں آنا ، درپیش ہونا ، واقع ہونا ، نظر کے سامنے آجانا ، (کسی بات سے) سابقہ پڑنا .

جیو میرا ہوا ہے زیر و زبر جب سوں تیرا فراق آیا پیش
۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۹۷

ابو طالب کو تجارت کے سبب شام کا سفر پیش آیا .
۱۸۷۰ خطبات احمدیہ ، ۶۷۲

اس عورت کے ہاتھوں ایک نہ ایک دن اس سے بھی زائد بد حالت پیش آنی . . . ہوگی .
۱۹۳۱ رسوا ، خورشید بہو ، ۱۳۰

۲. برتاؤ کرنا ، سلوک کرنا .

انوں سوں بے ادبی سوں پیش آنا ، نابود کی نشانی ہے .
۱۶۳۵ سب رس ، ۴۱

کیا ہوا اب وہ تمہارا میرزایانہ مزاج
اس طرح پیش آؤ جو معمول ہو دستور ہو
۱۸۵۴ غنچۂ آرزو ، ۱۲۲

وہ چھوٹے بڑے سب سے یکساں خوش اخلاق اور بشاشت سے پیش آتے تھے .
۱۹۳۵ چند ہم عصر ، ۶۰

۳. حاضر ہونا ، حضوری میں پہنچنا .

سو پچتا ادک شرم سوں ہو حضور
پھر ان پیش آنے منگیا بالضرور
۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۱۲

ــ آنت (— مغ) امث .

(حیوانیات) اگلی آنت جو ان چار حصوں پر مشتمل ہے : (۱) منہ (۲) کوتاہ حلق (۳) پھولا ہوا ہونا (۴) پیش تجویف یا سنگ دانہ (ماخوذ : ابتدائی حیوانیات ، ۲۹) .

[پیش + آنت (رک)]

ــ آہنگ (— فت ہ ، غنہ) امذ .

جو راستے میں آگے آگے چلے ، قائد ، مقدمۂ لشکر ، پیش خیمہ ، پراول ؛ ارادے میں پہل .

چلا جب قافلہ سالار میرے دل سے نالے تک
تو باندھا جوں جرس بجلی کو پیش آہنگ آتش کا
۱۷۹۲ محب ، د ، ۱۱

ایک سونے کا سانپ سو تولے کا بنوا کر میرے ہاتھ میں دیجیے اور یورش کا پیش آہنگ بنائیے .
۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۸ : ۳۳۸

پیش آہنگ پر نہ کر تکیہ ہے خطرناک راہ مستقبل
۱۹۶۳ کلک موج ، ۶۶

اسم کیفیت : پیش آہنگی .

بعض نے دلاوری کرکے پیش آہنگی کی اور دریا سے پار اتر گئے .
۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۶ : ۲۱۲

[پیش + آہنگ (رک)]

ـ آیند (ـ فت ی ، سک ن) ؛ ~ پیش آئند .

(الف) امذ .

مستقبل ، آئندہ کے واقعات یا حالات .

عام لوگ بڑی خوشی سے اس کے پاس آکر اپنے پیش آیند کو دریافت کرتے ہیں .

۱۹۰۴ مقدمہ ابن خلدون ، ترجمہ ، ۲ : ۲۵۷

(ب) صف .

مستقبل میں ہونے والا (واقعہ) .

انقلابات کا ایما ہے کہ ہوشیار رہو
پیش آیند حوادث سے خبردار رہو

۱۹۳۶ اختر (سجاد علی خاں) ، اسد ، لکھنؤ ، محرم نمبر ۵۸ ، ۱۷

[پیش + آیند (رک)]

ـ بازو (ـ و مع) امذ .

کہنی اور کلائی کے درمیان کا حصہ .

بغلی مثلث مع پیش بازو کو سینہ پر آڑا رکھ کر ہاتھ کو مقابل جانب کے کندھے پر رکھو .

۱۹۳۱ جبیریات ، ۲ : ۴۳

[پیش + بازو (رک)]

ـ باف امذ .

(ٹوکری بافی) دو تین یا چار بافندوں کے کام میں دائیں جانب کے مجموعہ کا بافندہ .

اس چکر میں پیش باف ، پس باف بن جاتا ہے .

۱۹۳۷ حرفتی کام ، ۹۶

[پیش + باف (رک)]

ـ بُریدہ (ـ ضم ب ، ی مع ، فت د) صف .

زنخا ، ہیجڑا ، جس کا عضو تناسل کاٹ دیا گیا ہو .

کیا بولے گا خواجہ وہ سوا پیش بریدہ
آنے دے میں کیا کھولتی ہوں کان دوگانہ

۱۸۱۴ قیس ، تذکرۂ ریختی ، ۱۴

[پیش + بریدہ (رک)]

ـ بند (ـ فت ب ، سک ن) امذ .

وہ چمڑا یا تسمہ وغیرہ جو گھوڑے کی پوزی اور تنگ کے درمیان اس کی گردن جھکی رہنے کی غرض سے باندھتے ہیں .

خوگیر شریعت ، نعل بند دین ہے ، طریقت زیربند حق ہے حقیقت پیش بند ، ٹک معرفت اختیار تو ں .

۱۶۰۶ ؟ شہباز (اردو ، ۲۹/۴ : ۲۷)

پیش بند کے اوپر کا سرا پھول یا چمڑے سے تین انگل سینے کی ہڈی سے اونچا رہے .

۱۸۷۷ رائڈنگ اسکیل ، ۱۶

[پیش + بند (رک)]

ـ بندی (ـ فت ب ، سک ن) امث .

۱. حفظ ما تقدم ، وقوع نقصان سے پہلے اس کا تدارک یا تدبیر ، احتیاطی اقدام ، روک تھام .

ایشیائے کوچک میں اس قسم کی پیش بندیوں یا سوالوں کی کچھ ضرورت نہیں .

۱۸۹۹ بست سالہ عہد حکومت ، ۸۵

اس سے یہ خیال کیا گیا کہ کسی آنے والے فساد کی پیش بندی ہے .

۱۹۰۳ چراغ دہلی ، ۱۷۶

۲. (ادعا یا اظہار سے پہلے) کسی بات یا کام کی تمہید ، پہلے سے کسی معاملے کی راہ ہموار کرنے کی تدبیر .

وہ شوہر سے پیش بندی کے طور پر بولی .

۱۸۹۵ ترجمۂ قرآن مجید ، نذیر احمد ، ۳۷۹

مضامین اور خطوط . . . . جلسے کی صدارت کے بارے میں بطور پیش بندی کے شائع کیے گئے .

۱۹۳۱ محمد علی جوہر ، خطوط ، ۲۳۰

[پیش + بند (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ـ بیں (ـ ی مع) صف .

عاقبت اندیش ، دور بیں .

انہوں نے اپنے آپ کو شجاع ، مستقل ارادہ اور پیش بیں ثابت کیا .

۱۹۲۹ تذکرۂ کاملان رام پور ، ۴۹۲

اسم کیفیت : پیش بینی = عاقبت اندیشی .

پیش بینی اور دور اندیشی اور غیب آگاہی عطا کی ہے .

۱۸۴۵ جوہر اخلاق ، ۲۷

رپورٹ کے مرتب کرنے والوں کی پیش بینی اور تدبر کا اظہار ہوتا ہے .

۱۹۴۴ تاریخ دستور ہند ، ۱۴۳

[پیش + بیں (رک)]

ـ پا کس اضا ، م ف .

۱. سامنے ، درپیش .

دے نہ اے غافل متاع نیک نامی ہاتھ سے
پیش پا ہے راستہ ملک عدم آباد کا

۱۹۰۰ دیوان حبیب ، ۴۸

دیکھنا غافل ذرا دنیا کو پہچانے ہوئے
کل جو قصے پیش پا تھے آج افسانے ہوئے

۱۹۲۷ میخانۂ الہام ، ۳۶۶

۲۔ قدموں میں ، قدموں کے نیچے ۔

رہ گیا دور تیرے کوچے سے خاک بھی میری پیش پا نہ ہوئی
۱۷۷۲ فغان ، د (انتخاب) ، ۱۳۶

ایسے ہم کب ہیں کہ مضموں رہے ہم سے باہر
پیش پا رہتے ہیں اور پیش نظر رہتے ہیں
۱۸۶۱ کلیات اختر ، ۵۶۶

[پیش + پا (رک)]

— پا اُفتادہ کس اضا (— ضم ا ، سک ف ، فت د) صف ۔

بہت معمولی ، نہایت آسان بات (جس کے لیے کسی کاوش اور کوشش کی ضرورت نہ ہو) ، سامنے کی بات یا چیز ؛ پرانا ، فرسودہ ۔

پیش پا افتادہ ہیں اپنے یہ مضموں اے نصیر
کچھ غزل مشکل نہ تھی اے یار چنداں بے نقط
۱۸۳۸ نصیر ، چمنستان سخن ، ۸۵

پولیٹکل غلامی کی مصیبتیں پیش پا افتادہ ہوتی ہیں ۔
۱۹۱۷ گوکھلے کی تقریریں ، ۵۲

[پیش + پا (رک) + افتادہ (رک)]

— پانا محاورہ ۔

جیتنا ، غالب آنا ۔

تم نے بندی سے پیش کب پائی
ہے ٹھٹھیرے ٹھٹھیرے بدلائی
۱۸۷۱ شوق (نواب مرزا) ، فریب عشق ، ۱۸

شورہ پشت ہیں ، ان سے پیش پانا آسان نہیں ۔
۱۹۲۶ شرر ، مشرق تمدن کا آخری نمونہ ، ۸۶

— پُشتی اُبھار (— ضم پ ، سک ش ، ضم ا) امذ ۔

(حشریات) پروں کے نکاؤ کے لیے کمر کا ابھرا ہوا اگلا حصہ ۔

حشراتی پر باریک پلیٹوں کی طرح پشتی تختی کے جانبی کناروں سے آویزاں ہوتے ہیں ، چنانچہ میان صدری اور پچھلے صدری قطعوں کی پشتی تختیوں میں دو ابھار نکلے ہوتے ہیں جن کو پیش پشتی ابھار . . . اور پس پشتی ابھار . . . کہا جاتا ہے ، پر تختیوں کی مدد سے ان دونوں ابھار پر اٹک جاتے ہیں ۔
۱۹۶۷ بنیادی حشریات ، ۴۲

[پیش + پشتی (رک) + ابھار (رک)]

— پناہ (— فت پ) امث ۔

(عسکریات) حفاظتی دیوار ، مورچہ ، دمدمہ ، (انگ : Parapet) (انگلش اردو ملٹری گلاسری ، ۱۵۱) ۔

[پیش + پناہ (رک)]

— پیش (— ی مج) م ف ۔

آگے آگے ۔

تینوں حواری رخصت ہو کر چلے اور شمعون نے یعقوب و توماں کو پیش پیش بھیجا ۔
۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۲۲۱

وہ باوجود اس پیشے کی مصروفیات کے ہمیشہ قومی کاموں میں پیش پیش رہے ۔
۱۹۳۵ چند اہم عصر ، ۹۴

[پیش + پیش (رک)]

— تاز صف ۔

آگے نکل جانے والا ، حریف کو پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جانے والا ۔

وہ (سراب) بھی پیش تاز قافلہ تشنہ لباں تھی کسی نے نہ پائی ۔
۱۸۷۶ سراب حیات ، ۷

[پیش + تاز (رک)]

— تجویف (— فت ت ، سک ج ، ی مع) امث ۔

(حیوانیات) اگلی آنت کا آخری حصہ جس کی دیواریں عضلاتی اور جس میں چھ سخت اور شُرہ دار دانتے ہوتے ہیں ، اور چند پلیبوں والی گدیاں بھی ہوتی ہیں ، جو چَھنّی کا کام دیتے ہیں ، سنگ دانہ (ماخوذ : ابتدائی حیوانیات ، ۲۹۰) ۔

[پیش + تجویف (رک)]

— تر (— فت ت) م ف ۔

رک : پیشتر ۔

— تطبیب (— فت ت ، سک ط ، ی مع) امث ۔

دواؤں کے استعمال سے قبل احتیاط ؛ حفظ ما تقدم کے طور پر دوا کا استعمال ۔

پیش تطبیب (Premedication) (یعنی بیہوش کرنے سے پہلے کسی دوا کا استعمال) غیر ضروری ہے ۔
۱۹۴۱ تجربی فعلیات ، ۲۹۲

[پیش + تطبیب (رک)]

— جال امذ ۔

(نباتات) دروں بذری پرت بڑھ کر ایک سادہ یا کسی قدر شاخدار نلی بناتی ہے جس کو پیش جال (Promycelium) کہتے ہیں (ابتدائی حیوانیات ، ۷۸۹) ۔

[پیش + جال (رک)]

— جامہ (— فت م) امذ .

وہ کپڑا جو کام کے وقت لباس کی حفاظت کے لیے آگے کی طرف باندھ لیتے ہیں .

ایک نوکرانی نے اہرن (پیش جامے) سے اپنے گیلے ہاتھ پونچھتے ہوئے آنے والے کا نام دریافت کیا .

۱۹۳۱ پیاری زمین ، ۳۰۲

[پیش + جامہ (رک)]

— جانا محاورہ .

۱. قابو چلنا ، کارگر یا موثر ہونا ، بات بننا (بیشتر نفی کے مفہوم میں) .

ایک میں تو قتل سے خوش ہوں و لیکن مجھ بغیر
پیش جاوے گی مرے قاتل یہ جلادی کہاں

۱۷۷۲ فغان ، د (انتخاب) ، ۱۱۶

لغت اور محاورے اور اصطلاح میں قیاس پیش نہیں جاتا .

۱۸۶۹ غالب ، خطوط ، ۱۳۷

ہر چند اس نے بچنا چاہا مگر پیش نہ گئی .

۱۹۳۵ چند ہمعصر ، ۱۰۷

۲. سبقت لے جانا ، سر ہر ہونا ، آگے نکل جانا .

اگرچہ کیسا ہی ہوگا کڑی کماں کا تیر
وہ پیش جائے گا آہ دل حزیں سے نہیں

۱۸۴۹ کلیات ظفر ، ۲ : ۷۲

— جبڑی (— فت ج ، سک ب) امث .

جبڑے کی آگے کی طرف پھیلا ہونے کی حالت .

حشراتی سرکاس بقیہ جسم یا تن (Trunk) سے تین طرح سے اٹکا ہوتا ہے پہلا طریقہ یہ ہے کہ سرکاس اور تن ہم سطح یا ہم محور ہو جائیں اور دہن سامنے کی طرف موجود ہو ایسے سرکاسی لٹکاؤ کو پیش جبڑی (Prognathy) حالت کہتے ہیں .

۱۹۶۷ بنیادی حشریات ، ۲۹

[پیش + جبڑا (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت و کیفیت]

— جناحیہ (— فت ج ، کس ح ، شدی بفت) امث .

(حیوانیات) سگ ماہی کی صدری زعنفہ اپنے گھیرے سے جن تین اساسی کریوں کے ذریعے جڑی رہتی ہے ان میں سے اگلی اور سب سے چھوٹی کری (ماخوذ : ابتدائی حیوانیات ، ۳۰۹) .

[پیش + جناحیہ (رک)]

— جنین (— فت ج ، ی مع) امذ .

(نباتات) نخر ریشہ پودے کی وہ حالت جس کے بعد اس سے کلے پھوٹتے ہیں .

اس پودے کا نمو بالواسطہ (indirect) یا دگر نمو ضی (heteroblastic) ہے اور اس کے پہلے ایک پیش جنین (pro-embryo) یعنی نخر ریشہ (protonema) ہوتا ہے .

۱۹۴۳ مبادی نباتیات ، ۲ : ۷۲۳

[پیش + جنین (رک)]

— جوا اُبھار (— فت ج ، ضم ا) امذ .

(حیوانیات) حیوانات میں ہڈیوں کا ڈھانچہ بننے سے پہلے کے نشانات .

جس طرح کہ مینڈک میں ہر ایک کمان کے سامنے ایک اوپر رخ کیا ہوا رخچہ یا اعلیٰ جوڑواں ابھار یا پیش جوا ابھار . . . ہوتا ہے .

۱۹۴۹ ابتدائی حیوانیات ، ۳۴۳

[پیش + جوا (رک) + ابھار (رک)]

— چادر (— فت د) امث .

(تعمیرات) پیش چادر (Apron) سوسے کی چادر کا ایک ٹکڑا ہوتا ہے جس کا بالائی سرا سانڈ میں موڑ کر بٹھا دیا جاتا ہے اور بقیہ حصہ موڑ کر بن آڑ یا پرنالے کے عمودی جزو پر لٹکتا ہوا چھوڑ دیا جاتا ہے (ماخوذ : رسالہ تعمیر عمارت ، ۶۸) .

جو چنائی یا کھرا بند پیش چادروں کی شکل میں یا بن گدیوں کی شکل میں ہوتے ہیں ، ان کی غرض یہ ہوتی ہے کہ چادر کے اوپر سے جس پانی کا اخراج ہوتا ہے وہ نالے کی تہ کو کاٹنے نہ پائے .

۱۹۴۹ آبپاشی ، ۲۵۶

[پیش + چادر (رک)]

— چلنا محاورہ .

رک : پیش جانا .

چلی تربت پہ اس کی جذب دل سے
چلے کیا پیش درد جاں گسل سے

۱۸۵۱ مومن ، ک ، ۳۹۹

تم آگے داور محشر کے سننا داستاں میری
وہاں کب چوکتا ہوں پیش چلتی ہے جہاں میری

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۲۹

— چوکی (— و مج) امث .

فوج کے حملہ کرنے یا آگے بڑھنے کا مقام ، انگریزی : Advance Post (انگلش اردو ملٹری گلاسری ، ۱) .

[پیش + چوکی (رک)]

— حیاتین (— فت ح ، ی مع) امذ .

وہ چیز جو جسم کے اندر حیاتین (وٹامن) بن جاتی ہے .

اسی پیش حیاتین کے ذریعے گھریلو جانوروں کی حیاتین اے کی تقریباً تمام ضروریات پوری ہوتی ہیں کیونکہ جانوروں کی بیشتر خوراک کا حصہ نباتی اشیا پر مشتمل ہوتا ہے .

۱۹۶۹ تغذیہ و غذایات حیوانات ، ۱۲۱

[پیش + حیاتین (رک)]

ـــ خانہ (ـــ فت ن) اسف .

۱. چوکی خانہ (دریاے لطافت ، ۸۳) ، فوج کا نگراں دستہ جو شاہی سواری سے پہلے راستے اور منزل کی دیکھ بھال کے لیے بھیجا جاتا ہے .

پیش خانہ طرف کوہ عقیق کے روانہ کرو .

۱۸۸۳ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۵

سقا وغیرہ چند آدمی صفدر جنگ کے پیش خانے کے پاس . . . حاضر تھے .

۱۹۳۷ واقعات اظفری ، ۳۷

۲. گھر کا سامان .

خط کے آنے سے ہوا معلوم جانا حسن کا
نو خطوں نے اب نکالا پیش خانہ حسن کا

۱۷۸۳ درد ، د ، ۳۷

[پیش + خانہ (رک)]

ـــ خبری (ـــ فت خ ، ب) اسف .

پیشین گوئی .

سورۃ النمل میں بطور پیش خبری کے ہے کہ جب لوگوں پر قول پورا ہو چکے گا (یعنی قیامت کے دن) ہم اس کے لیے زمین سے ایک جانور نکال دیں گے .

۱۹۵۳ حیوانات قرآنی ، ۷۶

[پیش + خبر (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ـــ خدمت (ـــ کس خ ، سک د ، فت م) صف .

۱. حاضر باش نوکر ، گھر والوں کے کام میں ہاتھ بٹانے والا نیز دوسرے کام کرنے والا شخص ، کمیرا ، نہلیا ، خدمتگار .

پیش خدمتوں نے روتے روتے کہا حضور ادھر تو آئیں .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۱۳

انوری نے آداب شاہی کے لحاظ سے گھوڑے پر سوار ہونے میں تامل کیا لیکن پیش خدمت کے اصرار سے سوار ہوا .

۱۹۰۷ شعرالعجم ، ۱ : ۲۶۸

۲. زنان خانے میں اوپر کا کام کرنے والی ، خادمہ ، ملازمہ .

یہ گستاخی ہے فرگس سے اگر تشبیہ دوں اس کو
وہ مخدومہ ہے آنکھ اوس کی کہ حورا پیش خدمت ہے

ریاض البحر ، ۲۳۳

نکاح ۲۵ ہزار کے مہر پر ہوا . . . بیگم کی ایک پیش خدمت چھٹی نویس کے ساتھ .

۱۹۳۰ انشائے ماجد ، ۲ : ۲۵

[پیش + خدمت (رک)]

ـــ خوانی (ـــ و معد) اسف .

کسی محفل یا مجلس وغیرہ میں اصل پڑھنے والے یا مقرر سے پہلے مختصر نظم یا نثر کی خواندگی یا تقریر کرنے کا عمل .

دس پانچ سنگتیں مرثیہ خوانوں کی جمع کرتے ہیں اور طرح طرح کے سوز اور مرثیے اور پیش خوانی اور خطبہ پڑھواتے ہیں .

۱۸۲۷ ہدایت المومنین ، ۵۲

مدر ضمیر . . . کی پیش خوانی مرزا صاحب کے متعلق تھی .

۱۹۱۸ پیمبران سخن ، ۱۲۵

[پیش + خوانی (رک)]

ـــ خود کس اضا (ـــ ضم خ ، و معد) م ف .

اپنے سامنے ، خود ہی ، اپنے آپ .

پیش خود یہ تجویز کر کے . . . قاسم بھی برابر گیاپور کے آ پہونچا .

۱۸۹۳؟ کوچک باختر ، ۳۱۸

رضیہ بیگم . . . جس وقت سے . . . پیش خود انجام کار کو سمجھ لیا تھا ایک دم تو رونے سے فرصت نہیں ملی تھی .

۱۹۰۰ خورشید بہو ، ۳۲

[پیش + خود (رک)]

ـــ خورد (ـــ ضم خ ، و معد ، سک ر) اسف .

سب کھانوں میں سے تھوڑا تھوڑا چکھنا ، وہ قلیل کھانا جس سے صبح کو نہار توڑیں (لغات کشوری ، فرہنگ آنند راج) .

[پیش + ف : خورد ، خوردن (= کھانا) سے]

ـــ خوردہ (ـــ ضم خ ، و معد ، فت ر ، سک ن ، فت د) صف .

(لفظاً) پہلے سے کھانے یا کھا جانے والا ، (اصطلاحاً) وہ مادہ جو پہلے سے کسی جرثومہ کو ہلاک کرنے کے لیے موجود ہو .

خناق کا جرثومہ صرف اس صورت میں خناق کا زہر پیدا کرتا ہے جب اس میں ایک خاص قسم کا پیش خوردہ موجود ہو .

۱۹۶۵ کاروان سائنس ، ۲ ، ۳ : ۷۱

[پیش + خوردہ (رک)]

ـــ خیز (ـــ ی لین) صف .

۱. خدمتگار ؛ چالاک (لغات کشوری ؛ فرہنگ آنند راج) .

۲. راگ کے شروع کی آواز (لغات کشوری) .

۳. وہ شاگرد جس کو استاد سب سے پہلے کشتی لڑانے یا آلاپے (اردو متردفات) .

[پیش + خیز (رک)]

ــ خیمہ (ــ ی لین نیز مج ، فت م) امذ .

۱۔ وہ سامان (خصوصاً خیمہ ڈیرا) جو کوچ سے پہلے بھیجا جائے (تاکہ منزل پر سب کچھ تیار ملے) ؛ ملاقاتیوں یا مہمانوں کے لیے مخصوص خیمہ .

بہت اکرام اس کا کر کے پیش خیمے میں اس کو اتارا .

۱۸۴۷ ابوالفدا ، ترجمہ ، ۲ : ۳۷۷

ہنوز ان کا ڈیرہ یا پیش خیمہ نہیں آیا نگینہ کا فساد رفع ہوگیا ہو .

۱۸۵۷ مقالات سرسید ، ۳۷۱

۲۔ کسی امر کے وقوع یا ظہور کی حالت یا تمہید ، پہلے پیش آنے والی حالت یا صورت .

نقشہ اک اور نے جمایا پس ماندہ کا پیش خیمہ آیا

۱۸۳۸ گلزار نسیم ، ۲

صنائع بدائع شاعری کے زوال کا پیش خیمہ ہے .

۱۹۰۷ شعر العجم ، ۱ : ۱۶۷

۳۔ ہرکارہ ، پیادہ ، ملازم .

آدم کی یہ نظر قول ملائکہ کا پیش خیمہ تھی .

۱۹۳۴ قرآنی قصے ، ۱۱

۴۔ مقدمۃالجیش ، ہراول دستہ ، کسی جماعت کا نمائندہ جو جماعت سے پہلے آئے .

آپ اس جماعت کے پیش خیمہ ہیں .

۱۹۲۴ مکاتیب اقبال ، ۱ : ۱۴۰

[پیش + خیمہ (رک)]

ــ دالان امذ .

دالان کی اگلی گیہہ جو صحن سے متصل ہو .

پس دالان اور پیش دالان دونوں بھر گئے .

۱۹۶۲ ساقی ، ۱/۶۵ ، ۵۷

[پیش + دالان (رک)]

ــ دامَن (ــ فت م) صف .

خادم ، نوکر (لغات کشوری ؛ فرہنگ آنند راج) .

[پیش + دامن (رک)]

ــ داں دَر اَماں فارسی کہاوت اردو میں مستعمل .

کسی بات کا پہلے سے علم ہو تو اس کی اچھائی برائی سے عہدہ برآ ہونے کی تدبیر ہوجاتی ہے (بالخصوص کسی پریشانی سے خبردار ہونے کی صورت میں) .

مثل مشہور ہے کہ جو پہلے سے خبردار ہوتا ہے وہی ہتھیار باندھتا ہے پیش داں در اماں .

۱۹۰۰ غربی طبیعات کی ابجد ، ۱۸

ــ دانَہ (ــ فت ن) اسث .

تسبیح کا سب سے بڑا دانہ یا امام جس میں تاگے کے دونوں سرے پروئے جاتے ہیں اور وہ سب سے بڑا ہوتا ہے .

جاوہ گر رشتۂ تسبیح میں تھے در نجف
پیش دانہ تھا امام از رہ توقیر و شرف

۱۸۹۳ ریاض شمیم ، ۱ : ۲۰۶

پایا یہ اس کی خاک کی نسبت سے احترام
تا حشر پیش دانۂ تسبیح ہے امام

۱۹۳۰ ذاخر لکھنوی ، ق ، ۷

[پیش + دانہ (رک)]

ــ دروازہ (ــ فت د ، سک ر ، فت ز) امذ .

دروازے کے باہر یا ڈیوڑھی کے پاس کی جگہ .

صحن اور پیش دروازہ وغیرہ کوڑے وغیرہ . . . سے پاک و صاف رکھا کرو .

۱۸۴۶ جواہرالمواعظ ، ۹

میں اپنے گیٹ سے باہر پیش دروازے پر کھڑا رہتا ہوں .

۱۹۷۳ اوراق ، مارچ ، اپریل ، ۲۵۹

[پیش + دروازہ (رک)]

ــ دست (ــ فت د ، سک س) امذ .

۱۔ نائب ، معاون ، پیشکار ، پیشی میں حاضر رہنے والا .

نواب آصف‌الدولہ بہادر کے پیش دست حسن رضا خان مدارالمہام کا تھا .

۱۸۵۶ نامۂ واجد علی شاہ ، (ق) ، ۴

ابراہیم خاں کا خط ان کے پیش دست کا لکھا ہوا میرے پاس آیا .

۱۹۳۲ ریاض ، نثر ریاض خیرآبادی ، ۶۰

۲۔ سبقت کرنے والا ، آگے بڑھ جانے والا .

تو ساقی ہے ہر بیت کا پیش دست
پلا عشق کا مے کرے دل کوں مست

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۲۸

۳۔ (فوج کا) ہراول دستہ .

وہ بہت جلد اس وقت کہ پیش دست لشکر تنگ ہو رہا تھا آگیا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۲۹۱

[پیش + دست (رک)]

ــ دستار (ــ فت د ، سک س) امذ .

وہ موتی یا سونے کا بنا ہوا نشان جو دستار کے سامنے لگایا جاتا ہے نیز دستار کی کوئی سجاوٹ یا امتیازی نشان .

ایک لڑی مرواریدوں کی آگے کے تلیں ماتھے سے لگی ہوئی کہ جسے پیش دستار کہتے ہیں .

۱۷۳۶ قصہ مہر افروز و دلبر ، ۱۸۵

[پیش + دستار (رک)]

— دَستی (— فت د ، سک س) امث .

۱. پہل .

بزرگی جسے دیکھ پستی کیا ظفر میں اسے پیش دستی کیا

۱۶۶۵ علی نامہ ، ۱

شہنشاہ نے جواب دیا کہ پیش دستی ہمارا دستور نہیں .

۱۸۹۶ لعل نامہ ، ۱ : ۲۹۵

اس کی نگاہوں نے زبان سے پیش دستی کی .

۱۹۰۷ شعرالعجم ، ۱ : ۳۲۰

۲. ہاتھ بڑھانے کا عمل ، ہاتھ پھیلانے کا عمل ؛ ضرب یا وار کرنے میں ابتدا کرنے کا عمل .

اہوں پست مجھ تی توں پستی قبول
نیازی میں مجھ پیش دستی قبول

۱۶۵۷ کاشن عشق ، ۸

دھول دھپا اس سراپا ناز کا شیوہ نہیں
ہم ہی کر بیٹھے تھے غالب پیش دستی ایک دن

۱۸۶۹ غالب ، د ، ۸۹

۳. پیشکاری ، نیابت ، ماتحتی .

مولوی وحید الدین کو سید صاحب نے پرائیویٹ طور پر اپنی پیش دستی میں لے لیا ہے .

۱۸۹۳ مکتوبات حالی ، ۲ : ۱۸۵

آدھا ترجمہ کر چکا تھا کہ بابو صاحب آدھمکے اور میں ان کی پیش دستی میں ترجمہ کرنے لگا .

۱۹۰۳ لکچروں کا مجموعہ ، نذیر احمد ، ۲ : ۴۳۱

۴. پیش بندی ، حفظ ماتقدم ، احتیاطی تدبیر .

پیش دستی کے طور پر ہر پروگرام دو ٹیپوں پر ریکارڈ کیا جاتا ہے .

۱۹۶۹ ٹیلیویژن کی کہانی ، ۷۰

۵. سبقت ، جیت ، مہارت .

پیش دستی جو کرے اس معرکے میں اے محب
مرد میدان سخن اس کو کہیں شمشیر جنگ

۱۷۹۲ محب ، د ، ۲۵۱

اور بعد تھوڑی تحصیل کے تم علم میں پیش دستی کرو گے .

۱۸۴۱ مقاصد علوم ، ۶

وہ بزرگ بندے ہیں جو بات میں اس (خدا) پر پیش دستی نہیں کرتے .

۱۹۳۲ سیرۃ النبی ، ۴ : ۵۷۰

[پیش + دستی (رک)]

— دماغ (— کس د) امذ .

دماغ کے سامنے کا حصہ ، Fore brain Prosencephalon

بروزن کیفیلان یا پیش دماغ کے حصے یہ ہیں .

۱۹۳۴ عصبیات ، ۸۰

کردار کی پیچیدگی کا تعلق خاص طور پر پیش دماغ کے نشو و نما پر ہوتا ہے .

۱۹۵۷ سائنس سب کے لیے ، ۲ : ۹۲۳

[پیش + دماغ (رک)]

— دندان (— فت د ، سک ن) امذ .

وہ قلیل مقدار چیز جس سے صبح کو نہار توڑیں (لغات کشوری) .

[پیش + دندان (رک)]

— دہلیز (— فت د ، سک ہ ، ی مع) امث .

دالان یا کمروں کے آگے منڈپ نما پختہ چھت ، برآمدہ کی ڈھلوان چھت .

اوپر اٹھے ہوئے سیخارنا (Sikharna) کے عمودی خطوط اور پیش دہلیز (Mandapa) کی چھت پر افقی خطوط ، رفعت اور استحکام کے احساسات کو نمایاں کرتے ہیں .

۱۹۶۴ تمدن ہند پر اسلامی اثرات ، ۳۶۹

[پیش + دہلیز (رک)]

— دہنہ (— فت د ، ہ ، ن) امذ .

(حیوانات) کیچوے کے جسم کا وہ حصہ جو منہ کے اوپر واقع ہے (ماخوذ : ابتدائی حیوانات ، ۲۲۵) .

[پیش + دہنہ ، دہن (رک) سے]

— ران صف ؛ امذ .

لفظاً آگے دھکیلنے والا/والی ، (اصطلاحاً) جہاز کا وہ پرزہ جو گھوم کر اس کے اگلے حصے کو طاقت فراہم کرتا ہے اور جس میں پر لگے ہوتے ہیں .

یہ پرت (مینگنیزی کانسہ) دخانی جہازوں کے پیش ران بنانے کے لیے خاص طور سے مستعمل ہیں .

۱۹۳۱ فازیات ، ۵۱۳

[پیش + ران ، لاحقۂ صفت (رک)]

— رُخی (— ضم ر) امث .

سامنے کے رخ کی ؛ (حیوانیات) انسان کے دماغ میں سامنے کی طرف پیشانی کے اُبھار .

اس کی انسانی کھوپڑی کی تصویروں سے پہلی مرتبہ پیشانی اور جبڑوں میں درزوں کا علم ہوا ماہرین طب اس کو پیش رخی اورانکی جوف کہتے ہیں .

۱۹۷۰ زمانے سائنس ، ۴۶

[پیش + رخی ، رخ (رک) سے]

— رَس (— فت ر) صف .

فصل کا تازہ اور پہلا پکا پھل یا میوہ ، نورس .

ثمر پیش رس باغچہ سہر و وفا
نو شگفتہ گل شاخ ثمر ناز و ادا

۱۸۶۵ ناظم ، واسوخت (شعلۂ جوالہ ، ۱ : ۱۰)

ثمر پیش رس بہ رنگ قبول شاخ عصر رواں کا پہلا پھول

۱۹۶۳ الف ، ۱۱۳

[پیش + ف : رس ، رسیدن (= پکنا وغیرہ) رک سے]

— رَفت (— فت ر ، سک ف) .

(الف) صف .

کار گر ، موثر ، نتیجہ خیز (نوراللغات ؛ پلیٹس) .

(ب) اسث .

آگے بڑھنا ، ترقی کرنا .

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ قانون میں ایک ایسی ترقی یا پیش رفت جو تنہا اپنی جگہ بڑی مناسب پسندیدہ ہو . . . بالکل ہی نہیں ہوتی ہے .

۱۹۶۹ سیر بین ، اکتوبر ، ۳۳

(ج) امذ .

قابو ، بس ، چارۂ کار .

اس جوان نے دیکھا سوائے راستی کے اب تو پیش رفت نہیں .

۱۸۲۴ سیر عشرت ، ۳۱

[پیش + رفت (رک)]

— رَفت جانا/چلنا محاورہ .

بس چلنا ، قابو ہونا ؛ کار گر ہونا ، موثر ہونا .

میں نے کوئی فن اور کوئی حربہ اوٹھا نہ رکھا ، ایک کار گر نہ ہوا ، کچھ پیش رفت نہ گیا .

۱۸۴۶ سرور سلطانی ، ۹۷

راجہ جے پال . . . اہل اسلام کے ملک پر حملہ آور ہوا مگر پیش رفت اس کی نہ چلی بلکہ خود ان کا مطیع ہوگیا .

۱۸۶۴ تحقیقات چشتی ، ۶۳

— رَفت لے جانا محاورہ .

سبقت لے جانا ، سر بر ہونا .

میرے قوی بازوؤں سے تیرے نازک ہاتھ پیش رفت نہیں لے جاسکتے .

۱۸۹۱ حرم سرا ، ۲ : ۲۳۴

— رَفت ہونا محاورہ .

رک : پیش جانا ، پیش چلنا .

نہیں کچھ پیش رفت ہوتا ہمارا عشق سے حاتم
ازل کے روز سے کی تھی یوہیں تقدیر یا قسمت

۱۷۴۰ دیوان زادہ ، حاتم ، ۵۱

ایک تدبیر سمجھ میں آئی تھی وہ بھی پیش رفت نہ ہوئی .

۱۸۹۱ ایامیٰ ، ۱۲۰

میری کوئی تدبیر پیش رفت نہیں ہوتی .

۱۹۰۱ سفر نامہ ابن بطوطہ (ترجمہ) ، ۱ : ۲۸

— رَو (— واین) صف .

۱. آگے چلنے والا ، وہ شخص جو پہلے گذر گیا ہو ، مقدم ، سابق ؛ سالار ، قائد (جس کی پیروی کی جائے) .

تن (کو) دھونے سے دل جو ہوتا پوک
پیش رو انبیا کے ہوتے غوک

۱۲۶۵؟ بابا فرید (اردو کی نشو و نما میں صوفیائے کرام کا کام ، ۱۱)

بینی ہوشہ کی فوج کی جس کے ملایک پیشرو
دمدار پشتیبان ہے جم جم ادک کرتار کا

۱۶۶۵ علی نامہ ، ۶۸

چلا وہ قافلہ لوٹا ہوا جب انھوں کا پیش رو عابد جسے تب

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۲۷۳

میرا زمانۂ حکومت گو ایسا درخشاں تو نہ تھا جیسا میرے پیشرو کا تھا ، لیکن یہ ضرور ہے کہ میں بھی کسی سے دب کر نہیں رہا .

۱۹۳۲ مضامین فرحت ، ۳ : ۱۵

۲. آغاز ، تمہید ، ابتدا .

موجودہ کتاب ان کی تصنیفات موعود کا صرف پیش رو ہوگی .

۱۹۰۶ افادات مہدی ، ۱۳۰

۳. بڑھا چڑھا ہوا ، بالاتر .

خروس ، شہوت اور خود بینی میں ہر ایک مرغ کا پیش رو ہے .

۱۸۷۷ عجائب المخلوقات اردو ، ۵۴۲

اسم کیفیت : پیش روی .

۱. قیادت ، سالاری ، تفوق ، ترجیح .

تمام عرب بجا طور پر ان کی پیش روی کو تسلیم کرتا تھا .

۱۹۱۴ سیرۃ النبی ، ۲ : ۲۶

۲. سبقت .

کبھی مشائیوں سے کرتا تھا میں پیش روی
کبھی لے جاتا تھا اشراقیوں پر میں سبقت

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۳۱۲

[پیش + رو (رک)]

ـ زیریں لب (— ی مج ، ی مع ، فت ل) امذ .

(حشریات) زیریں لب کی اصل تقسیم دو حصوں میں ہوتی ہے ، پہلے یا اگلے حصے کو پیش زیریں لب (Prelabium) اور دوسرے یا پچھلے حصے کو پس زیریں لب (Postlabium) کہتے ہیں (بنیادی حشریات ، ۲۳) .

[پیش + زیریں (رک) + لب (رک)]

ـ سپر (— کس س ، فت پ) امث .

(حشریات) میان صدر پشتک (Mesothoracic Tergum) . . . جن کیوٹیکلائی تختوں سے مل کر بنتی ہے ان کے نام آگے سے پیچھے تک ترتیب وار پیش سپر (Prescutum) ، سپرہ (Scutum) . . . سپرلا (Scutellum) ہیں (بنیادی حشریات ، ۳۵) .

[پیش + سپر (رک)]

ـ سینہ (— ی مع ، فت ن) امذ .

(حشریات) سونے کے سامنے کا ابھار .

میان صدری قطعے کے فرش لوح کو سینہ کہتے ہیں یہ لوح بھی کیوٹیکلائی تختیوں سے مل کر بنتی ہے جن کے نام پیش سینہ ، سینہ . . . ہیں .

۱۹۶۷ بنیادی حشریات ، ۳۶

[پیش + سینہ (رک)]

ـ شاخہ (— فت خ) امذ .

(نباتات) بافت کی ایک بہت چھوٹی چپٹی لوح یا تختی جس کی چوڑائی صرف ۱/۴ یا ۱/۳ ہوتی ہے ، وہ گول کھبی خلیوں پر مشتمل ہوتی ہے جن میں کئی (Chloroplasts) ہوتے ہیں ، انگ : Prothallus (ماخوذ : مبادی نباتیات ، ۲ : ۵۹۱) .

[پیش + شاخہ (رک)]

ـ صحن (— فت ص ، سک ح) امذ .

صحن کے سامنے کا چھوٹا باغ یا وہ قطعہ جو چمن کے لیے مخصوص ہو .

دروازے کے اندر ایک چھوٹا سا مگر وسعت پیش صحن کے مناسب چمن خوبصورت آراستہ .

۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۵۳

[پیش + صحن (رک)]

ـ صدر (— فت ص ، سک د) امذ .

رک : پیش سینہ .

صدر یا میان جسم حشراتی بدن کا حرکتی مرکز ہے یہ حصہ تین قطعوں پر مشتمل ہوتا ہے جن کو ترتیب وار پیش صدر . . . کہتے ہیں .

۱۹۶۷ بنیادی حشریات ، ۳۵

[پیش + صدر (رک)]

ـ طاحنی دانت (— کس ح ، مع) امذ .

(حیوانیات) پیسنے والے دانتوں سے پہلے کے دانت ، کچلیاں .

خرگوش کا ڈھانچہ . . . پیش طاحنی اور طاحنی دانت .

۱۹۴۹ ابتدائی حیوانیات ، ۲۴۴

[پیش + ع : طاحن (= داڑھ) + ی ، لاحقۂ نسبت + دانت (رک)]

ـ طاق امذ .

مکان کا صحن ؛ بلند دروازہ یا شاہی محل کے آگے کا میدان .

لاتی ہیں ہر شب ید بیضا کی پانچوں انگلیاں
پنج شاخہ رو بروے پیش طاق پنجتن

۱۸۶۶ گلدستۂ امامت ، ۶۷

پیش طاق بلندی میں چوبیس نیزوں کے طول کے برابر تھا .

۱۹۳۰ تیمور ، ۲۶۱

[پیش + طاق (رک)]

ـ طَبَل (— فت ط ، سک ب) امذ .

وہ نقارہ جو کسی فوج یا جلوس وغیرہ کے آگے بجایا جائے جس سے لوگوں کو اس کی آمد کا حال معلوم ہو .

نہ میدان میں کوئی آنے لگے
اپنا پیش طبل تو بجانے لگے

۱۶۸۱ جنگ نامہ سیوک ، ۵۰

[پیش + طبل (رک)]

ـ طَبیب مَرو پیش کار آزمودہ بَرو فارسی مقولہ اردو میں مستعمل.

تجربہ علم پر غالب آتا ہے (نوراللغات) .

ـ طَنابیائی گڑھا (— فت ط ، کس ب ، فت ک) امذ .

(حشریات) لفظاً وہ گڑھے جو کھنچنے والے پروں اور سامنے کی طرف ہوں .

بردبنی جوڑ لکیر کے جانبی کنارے دو عدد گڑھوں یا پیش طنابیائی گڑھوں (Anterio tentorialpits) میں ضم ہوجاتے ہیں .

۱۹۶۷ بنیادی حشریات ، ۲۹

[پیش + طنابیائی ، طناب (رک) سے + گڑھا (رک)]

ـ عَدَم حِسیتی مُنوِم (— فت ع ، د ، کس ح ، شد س بکس ، شدی بفت ، ضم م ، فت ن ، شد و بکس) امذ ؛ صف .

(طب) مریض کو مکمل طور پر بیہوش کرنے سے قبل مصنوعی نیند میں رکھنے کا عمل .

یہ ایک پیش عدم حسیتی منوم کے طور پر مفید ہے ۔
علم الادویہ ، ۱ : ۳۶۷
[پیش + عدم (رک) + حسیتی (رک) + منوم (رک)]

— عِرقی (— کس ع ، سک ر) امذ .

(طب) عروق یا نالیوں سے بنے ہوئے نظام تنائی رگوں کے جال کا اگلا حصہ .

وہ پیش عرقی فصلوں سے گہری ہوئی معلوم ہوتی ہے .
۱۹۳۵ عروقیات ، ۳۲۸
[پیش + عرق (رک) + ی ، لاحقۂ صفت]

— عقدی (— ضم ع ، سک ق) امذ .

(طب) عصبی ریشوں کا رگوں میں قلب کے نزدیک گرہ دار جال یا گرہ .

نکوٹین پیش عقدی عصبی ریشوں اور اندرون قلب کے . . . اتصال کو مسدود کردیتا ہے .
۱۹۳۱ تجربی فعلیات ، ۱۵۶
[پیش + عقدی ، عُقدہ (رک) سے]

— علاقہ (— کس ع ، فت ق) امذ .

میدان کارزار میں سامنے کا علاقہ ، حصہ ، رقبہ (انگلش اردو ملٹری گلاسری ، ۵۲) .
[پیش + علاقہ (رک)]

— فرضی (— فت ف ، سک ر) امذ ؛ امث .

(فلسفہ) پہلے سے تجویز یا متعین کیا ہوا ، انگریزی : Presupposition .

اس کا موجود بہرکیف ایک ایسی پیش فرضی معلوم ہوتا ہے جسے صنف کے وجود سے قبل ماننا پڑے گا .
۱۹۵۶ تعارف فلسفۂ جدید ، ۶۴
[پیش + فرضی ، فرض (رک) سے]

— فک (— فت ف) امذ .

(حیوانات) وہ ایک جوڑ ہڈیاں جو بالائی جبڑے کا اگلا حصہ بناتی ہیں ، عظیم ثنایا (ماخوذ : ابتدائی حیوانیات ، ۳۵۴) .
سخت تالو کا بالکل سامنے کا حصہ پیش فک سے بنتا ہے .
۱۹۳۹ مبادی جنینیات ، ۶۳
[پیش + فک (رک)]

— قاضی روی راضی آئی فارسی کہاوت اردو میں مستعمل .

کسی ایک مثال سے ثبوت فراہم پہنچانے کے موقع پر بولتے ہیں .

صاحب مضمون نے سنسکرت شاعری کے محاسن بیان کرکے جو اس کو اور زبانوں کی شاعری سے بہتر کہا ہے یہ بالکل تنہا پیش قاضی روی راضی آئی کا مصداق ہے .
۱۹۱۷ رسالہ ، صلاے عام ، دہلی ، اگست ، ۱ : ۳۹

— قبض (— فت ق ، سک ب) امذ ؛ امث .

۱. لوہے یا فولاد کا ایک ہتھیار جو تلوار سے چھوٹا اور آگے کی طرف نوکدار اور خمیدہ ہوتا ہے ، خنجر ، کٹار .

اس بے گناہ کو پیش قبضوں سے مار کر لاش کو اوپر سے ریتی کی طرف کر دیا .
۱۸۰۱ گلشن ہند ، لطف ، ۷

تسبیح ، پیش قبض اور شاہی مہر کو نشستگاہ میں کرسی کے اوپر رکھ دیتا .
۱۹۴۲ الف لیلہ و لیلہ ، ۳ : ۱۱۱

۲. (پہلوانی) حریف کے بدن میں ہاتھ یا ٹانگ کا دانو اس طرح کہ وہ گٹھڑی کی شکل بن جائے ، کیلی (ماخوذ : پ و ، ۸ : ۳۲ و ۴۵) .
[پیش + قبض (رک)]

— قدَم (— فت ق ، د) صف .

تیز رفتار ، سبقت لے جانے والا ، جو پیچھے والے سے آگے بڑھ گیا ہو ، جو آگے نکل گیا ہو .

بھٹکا پھروں ہوں یاں میں اکیلا ہر ایک سمت
اے رہبران پیش قدم تم کدھر گئے
۱۷۹۳ قائم ، د ، ۱ : ۲۲۱

ہے عجب راہ عدم جو بھی چلا اس راہ میں
اک قدم میں پیش قدموں کے برابر ہو گیا
۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۴

شمشیر کے میدان میں جانباز سپاہیوں سے پیش قدم تھا .
۱۹۱۰ آزاد ، نگارستان فارس ، ۱۱۶
[پیش + قدم (رک)]

— قدَمی (— فت ق ، د) امث .

۱. آگے بڑھنے یا سبقت لے جانے کا عمل .

مجنوں سے پیش قدمی ہرگز نہ کی کسی نے
اس کا بھی عاشقی میں حد سے کمال گزرا
۱۷۸۶ میر حسن ، د ، ۱۷

کک کی افواج ڈنکولہ کی جانب بھی پیشقدمی کر رہی ہیں .
۱۸۹۹ بست سالہ عہد حکومت ، ۳۶۹

اس کے آنے کا راستہ دیکھے بغیر خود پیش قدمی کر کے حملہ کر دیا .
۱۹۲۷ تاریخ یونان قدیم ، ۶۳۰

۲۔ مجازاً ترقی ۔

جہاں عصبیت حد کمال کو پہنچی پیش قدمی بھی رک جاتی ہے ۔

۱۹۰۴ مقدمہ ابن خلدون ، ترجمہ ، ۲ : ۱۵

[پیش + قدم (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ــ قَدَمی محور (ــ فت ق ، د ، فت م ، سک ح ، فت و) امذ .

(فوج) آگے بڑھنے کا مرکزی علاقہ ، انگریزی Axis of Advance (انگلش اردو ملٹری گلاسری ، ۴) .

[پیش + قدمی (رک) + محور (رک)]

ــ قیاسی (ــ فت ق) امث .

پہلے سے قیاس کر لینا ، اندازہ لگا لینا ، رک : پیش گوئی ۔

فاروق نے مذاق مذاق میں دنیا کے سیاسی مستقبل کے بارے میں بڑی صحیح پیش قیاسی کی تھی ۔

۱۹۷۴ عوامی عدالت ، کراچی ، ۱۵ ستمبر ، ۵

[پیش + قیاسی (رک)]

ــ کار امذ ؛ ــ پیشکار .

۱۔ نائب ، (سوداگروں وغیرہ کا) منیب یا محاسب ، (رؤسا وغیرہ کا) سکریٹری ، پرسنل اسسٹنٹ ، پیشی میں رہنے والا منشی یا منیجر یا خادم ۔

اتر گھوڑے تے تاترا پیشکار
پیادہ لجاویگا بر شہریار

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۴۱۲

پیشکاران حضرت جبار کے
برسہ صف کو اس وضا ترتیب دے

۱۷۵۴ ریاض غوثیہ ، ۴۲

ایک شخص ہے کہ اس کے پیشکار اور مدارالمہام بارہ شخص ہیں کہ وہ بمنزلہ وزرا ہیں ۔

۱۸۴۵ مطلع العلوم ، (ترجمہ) ، ۱۳۵

دوکان کے پیشکار نے لا چار ہو کر بہرام سے کہا کہ یہ کیا غفلت ہے ۔

۱۸۷۳ فسانۂ معقول ، ۱۶

انتظام حسن پیرائی نہ پوچھ
نسر و پروین پیشکار حسن دوست

۱۹۳۶ معارف جمیل ، ۴۹

۲۔ کسی حاکم یا افسر کی پیشی میں مسلوں پیش کرنے اور انھیں اپنی نگرانی میں رکھنے والا منشی یا کلرک ، (خصوصاً) تحصیل یا عدالت کا پیشی کلرک ، اہلکار ، اہلمد ، دفتر کا ملازم ۔

کچہری میں چمن کی ہر طرف فریاد بلبل ہے
کٹے ہوں ان دنوں میں گل کوں شاید پیشکار اپنا

؟ ۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۳۴۴

پیشکار اور اہلمد ، مدعی اور مدعا علیہ . . . سب کہدر ہونے ہوے ہوں گے ۔

۱۹۳۸ تبسم ، ۲۷۷

۳۔ (ساز گری) سریلا باجا بجانے والا پیشہ ور ، باجنتری ، سازندہ (ا پ و ، ۴ : ۱۵۰ و ۱۵۷) .

۴۔ حکم بجالانے والا ، حکم کی پیروی کرانے یا حکم کو پہنچانے والا ۔

اس عقل بھی خدا کے ماتحت ہے جو وہ حکم کرتا ہے اس کو کہہ دیتی ہے وہ پیش کار فرمان ہے ۔

۱۸۹۱ مکارم اخلاق ، ۱۶۹

[پیش + کار (رک)]

ــ کاری امث .

پیشکار (رک) کا منصب یا پیشہ ۔

جو دیوان قضا کی پیش کاری حق سمجھے دیتا
تو ریشے سرو کے مژگان چشم قرباں ہوتے

۱۷۵۱ دیوان عزلت ، ۹

اب ان کو ہٹانا مشکل ہے ، اب وہاں جا کر پیش کاری کا کام کریں ۔

۱۹۳۷ فرحت ، ، مضامین ، ۴ : ۹۵

[پیش + کار (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ــ کارا امذ .

(موسیقی) ٹھمکے کا ایک خاص بول (ٹھیکہ : طبلے کی مقررہ آوازیں یا بول جو کسی تال سے متعلق ہوں) (ا پ و ، ۴ : ۱۳۵ و ۱۵۰) .

[ف]

ــ کارہ (ــ فت ر) امذ .

وہ رسوم جو کسی تقریب خصوصاً بیاہ شادی سے قبل انجام دی جاتی ہیں مہندی ، ساچق ، بری وغیرہ ۔

پیش کارہ کی رسم فضول ہے ، اس کو ترک کرنا چاہیے ۔

۱۹۰۳ ماہنامہ رعصر جدید ، اکتوبر ، ۳۱۷

[ف]

ــ کاشت (ــ سک ش) امث .

(کاشتکاری) کھیتی کرنے کا پیشگی لگان (ا پ و ، ۶ : ۳۱)

[پیش + کاشت (رک)]

ــ کرانا

پیش کرنا (رک) کا تعدیہ ۔

شہادت پیش کرانا منظور نہیں .

۱۸۸۲ ایکٹ نمبر ۱۰ : ۲۳۲

درخواست رخصت کی . . . مہاراج کے حضور میں پیش کرا دی .

۱۹۳۱ رسوا ، خورشید بھو ، ۳۶

ــ کرنا محاورہ .

۱. **حاضر کرنا ، روبرو کرنا ، نظر کے سامنے لانا (اصالۃً یا تقریر و تحریر وغیرہ کے ذریعے سے) ، مقدمہ وغیرہ میں گواہی یا ثبوت فراہم کرنا .**

وہ چندے دوزخ پر پیش کیے جائینگے کہ میل کچیل ان کا سب دور ہو جائے .

۱۸۶۷ مذاق العارفین ، ۴ : ۳۱۴

بیعت کے وقت جن باتوں کا اقرار لیا جاتا تھا آنحضرت صلعم نے جب ان کو پیش کیا تو یہ گفتگو ہوئی .

۱۹۱۴ شبلی ، مقالات ، ۵ : ۳

۲. **(کسی چیز کو کسی کے) سامنے رکھنا ، نذر دینا .**

مج گھر تو آوے گر صنم تو تج پوجاں قرباں کروں
دھرتا ہوں جو کچ سو تجھے سب پیش کر مہماں کروں

۱۶۷۹؟ شاہ سلطان ثانی ، د ، ۸ (الف)

قلندروں کے سامنے کھانا پیش کیا .

۱۹۴۰ الف لیلہ و لیلہ ، ۱ : ۹۳

ــ کش (ــ فت ک) اسذ ؛ اسث ؛ ~ پیشکش .

۱. **نذر ، بھینٹ ، تحفہ ، ہدیہ .**

جو دیکھی کہ شہ ہے بتھر لشکری
ترلنگ باد پا پیش کش کی پری

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۹۱

اپنے دل پر خوں کوں میں لایا ہوں تیرے پیشکش
کر خرچ اگر درکار ہے اطلس تجھے سنجاب کوں

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۴۵

جس کو کوئی کام در پیش ہوتا ہے وہ چوبداروں کے پاس جا کے خوشامد کرتا ہے اور کچھ تحفہ پیشکش کرتا ہے .

۱۸۷۳ مطلع العجائب ، ۲۱۸

سب نے تائیدی جواب دیا اور کہا کہ پچاس ہزار کی پیشکش صرف اسی مقام سے ہو سکتی ہے .

۱۹۳۶ ریاض ، نثر ریاض ، ۴۲

۲. **محصول ، خراج .**

اوسی بات کو دیکھ کر تج گیا
شہ عشق کو پیش کش جی دیا

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۳۸

ہمایوں نے راجہ کالنجر سے جھٹ پیش کش لے کر صلح کرلی .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۳ : ۱۲۸

۳. **حاکم سے ملازمت یا جاگیر ملنے پر نذرانہ** (جامع اللغات) .

۴. **راجاؤں نوابوں سے وصول شدہ رقم ، خراج ، نذرانہ ، عطیہ .**

والیان سمسان کی بھی حیثیت بعض صورتوں میں تعلقہ داروں کی ہے لیکن ان کے اعزاز کے لحاظ سے ان کی جانب سے ادا شدنی رقم کو بجائے پن کے پیش کش . . . کہا جاتا ہے .

؟ احکام متعلق عطیات ، ۱۳

[پیش + ف : کش ، کشیدن (کھینچنا وغیرہ) سے]

ــ کف پا کس اضا (ــ فت ک ، کس اضا ف) اسذ .

(طب) تلوے کے اوپر کی طرف کے ابھر واں عضلات .

کف پا کے بیرونی کنارے پر ایک چھوٹا سا حصہ پیش کف پا ہوتا ہے .

۱۹۶۷ بنیادی حشریات ، ۴۱

[پیش + کف (رک) + پا (رک)]

ــ گاہ

(الف) اسث ؛ ~ پیشگاہ .

۱. **صدر مقام ، اگلا حصہ .**

یہ تدبیر سوجھ گئی کہ حجرے کی پیش گاہ میں خوشبو کا بخور کر دیا .

۱۹۰۸ آفتاب شجاعت ، ۱ ، ۵ : ۵۳

۲. **دربار ، اجلاس ، جناب ، بارگاہ .**

دلبر بیگانہ خو ہیں لیکن آزادی نہیں
پیش گاہ عشق سے رہتے ہیں محروس خیال

۱۸۹۵ دیوان زکی ، ۹۸

خاکسار کو ۱۸۹۶ ع میں جناب ممدوح کی پیشگاہ سے عطیہ ماہوار کی . . . سند عطا ہوی .

۱۹۱۴ شبلی ، حیات شبلی ، ۳۶۲

۳. **دربار وغیرہ میں بیٹھنے کی جگہ ، نشستگاہ .**

بابک کو سب باتیں سمجھا کر خلعت دیا اور پریٹ پر جگہ مقرر کر کے نیم دستی مسند کے ساتھ پیشگاہ مقرر کی .

۱۸۸۷ سخندان فارس ، ۲ : ۱۱۶

(ب) م ف .

۱. **حضور میں .**

محک میں امتحاں کی پیشگاہ حضرت داور
ہرنگ زر چڑھے سونا مرا میزان محشر میں

۱۸۷۲ محامد خاتم النبیین ، ۱۸۷

۲۔ سامنے ، حضوری یا ملاحظے میں ، روبرو (اضافت یا حرف ربط ''میں'' کے ساتھ) ۔

خدا کرے کہ جلد وہ مرقع سج کر اہل نظر کی پیش گاہ میں جلوہ گر ہو ۔

۱۸۸۰ آب حیات ، ۳۴۳

(ج) امذ ۔

۱۔ صدر مجلس ؛ بادشاہ ، صاحب تخت ، صاحب مسند ، حاکم (نور اللغات) ۔

۲۔ وہ فرش جو امیروں کی مسند اور بادشاہوں کے تخت کے آگے بچھائیں (لغات کشوری) ۔

[پیش + گاہ (رک)]

— گو (— و مج) صف ۔

آئندہ کا حال بتانے والا ، پیشین گوئی کرنے والا ۔

میں یہ نہیں کہتا کہ شاعر کاہن یا پیش گو ہوتے ہیں ۔

۱۹۶۸ مغربی شعریات ، ۶۶

[پیش + گو (رک)] ۔

— گوئی (— و مج) امث ؛ ~ پیشگوئی ۔

وقوع یا ظہور سے پہلے کسی بات کی خبر دینے یا مستقبل پر حکم لگانے کا عمل ۔

ہم یہ پیش گوئی کرسکتے ہیں کہ وہ زمانہ دور نہیں جب کہ اردو اخبارات . . . انگریزی اخبارات کے برابر . . . معاوضہ دے سکیں ۔

۱۹۴۳ فن صحافت ، ۲۱

[پیش + گو (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

— گیر (— ی مع) امذ ۔

۱۔ ریشمی کلابتونی یا سادی جھالر جو کہ کمخواب یا مشروع یا اطلس وغیرہ کے پلنگ دلدا میں چاروں طرف لٹکی رہتی ہے ۔

جہیز میں کیا کچھ نہ تھا . . . دیگیں ، مٹکے اور تانبے کے برتن . . . گنگا جمنی پلنگ دلدا پیش گیر سبز گھوڑا کیسا سجا سجایا ۔

۱۹۳۱ رسوا ، اختری بیگم ، ۱۷

۲۔ (سلائی) لباس کے اوپر سامنے کے رخ باندھنے کا کپڑا جو ڈاکٹر نرس اور دائی وغیرہ اپنے کاموں کے وقت باندھتے ہیں (ا پ و ، ۲ : ۱۳۱) ۔

[پیش + گیر (رک)]

— لانا محاورہ ۔

سامنے بیان کرنا ، پیش کرنا ۔

تم اپنے نسب کی باتیں پیش نہ لاؤ بلکہ اپنے اعمال کی گفتگو کرو ۔

۱۸۰۵ جامع الاخلاق ، ۱۵۴

— لفظ (— ف ل ، سک ف) امذ ۔

تعارف کی عبارت جو کتاب کے اصل مضمون یا متن سے پہلے لکھی جاتی ہے ، مقدمہ ، دیباچہ ۔

اب میں کتاب کا مطالعہ کر کے مختصر سا پیش لفظ لکھ کر روانہ کردوں گا ۔

۱۹۵۳ مکتوبات عبدالحق ، ۵۳۰

[پیش + لفظ (رک)]

— لے جانا محاورہ ۔

سبقت لے جانا ، سربر ہونا ، جیتنا ۔

پس ملائک کی قسم کہ ہیں بری
پیش لے جاتیں ہیں در فرماں بری

۱۷۸۰ تفسیر مرتضوی ، ۲۵

خدا جانے کس بیچ میں آؤ گے
کبھی پیش ان سے نہ لے جاؤ گے

۱۸۷۱ شوق (نواب مرزا) ، بہار عشق ، ۲۱

— مُخ (— ضم م) امذ ۔

رک : پیش دماغ ۔

ہر وزنکیفیلون (پیش مخ) ابتدائی حالت میں ایک مہین سقف اور ایک مہین فرش اور دو موٹی جانبی دیواروں پر مشتمل ہوتا ہے ۔

۱۹۳۹ مبادی جنینیات ، ۱۰۱

[پیش + مخ (رک)]

— مدرسی (— ف م ، سک د ، کس ر) امث ۔

تعلیم شروع کرنے سے پہلے کا زمانہ ، مدرسے یا اسکول جانے سے قبل کے سال ۔

یہ بیماریاں عموماً پیش مدرسی بچوں کے لئے سم قاتل کی حیثیت اختیار کرچکی ہیں ۔

۱۹۷۳ جدید سائنس ، ۴۹

[پیش + مدرسی (رک)]

— مستقر (— ضم م ، سک س ، ف ت ، ق) صف ۔

اگلا پڑاؤ ، فوجی ترتیب میں وہ مستقر جو آگے بنایا جائے تاکہ پیچھے سے آنے والے دستوں کو مدد باآسانی فراہم ہوسکے رک : پیش علاقہ ، انگ : Forward base (ماخوذ : انگلش اردو ملٹری گلاسری ، ۵۲) ۔

[پیش + مستقر (رک)]

— مُسَخِّن (— ضم م ، فت س ، شد خ بکس) امذ .

(انجینری) گرم کیا ہوا یا گرم کرنے والا سامنے کا حصہ ؛ رک : پیش اسخان .

اس میں صرف درمیانی مسخنوں کے سوائے پیش مسخن بھی استعمال کیا جاتا ہے .

۱۹۴۸ حراراتی انجنوں کا نظریہ ، ۳۹۱

[پیش + ع : مسخّن (س خ ن) = گرم کرنے والا]

— مِصرَع (— کس م ، سک ص ، فت ر) امذ .

شعر یا فرد کا پہلا مصرع ، مصرعۂ اولیٰ .

یہ ایک مصرع قدما میں سے کسی کا ہے ، مگر پیش مصرع مجھے یاد نہیں .

۱۸۶۵ خطوط غالب ، ۶۷۹

صاحب نے پیش مصرع کہہ کر مصرع کو بامعنی کر دیا .

۱۹۱۰ شعرالعجم ، ۳ : ۱۵۳

[پیش + مصرع (رک)]

— مِعدہ (— کس مج م ، سک ع ، فت د) امذ .

غذائی نالی کا وہ حصہ جو معدہ سے پہلے ہوتا ہے .

کچھ لوگوں کے نظریے کے پیش نظر اصلی معدہ صرف ایک ہی ہے لیکن اس سے پہلے تین پیش معدہ جات (Fore-stomachs) موجود ہوتے ہیں .

۱۹۶۹ تغذیہ و غذایات حیوانات ، ۳۹

[پیش + معدہ (رک)]

— مَناعَت (— فت م ، ع) امث .

(لفظاً) پہلے سے عزیز ہونا یا رکھنا ، ماقبل محکمی و استواری ، آنے والے خطرات سے پہلے ہی خبردار کرنے یا ہونے کی حالت ، پیش آگاہی ، پیش اندیشگی .

مکرر سرایت اور باز سرایت کے نتیجہ کے طور پر ایک ایسی حالت پیدا ہو جاتی ہے جس میں میزبان کم و بیش صحت مند زندگی گزارنے اور باز سرایت کی کچھ مدافعت کرنے کے قابل ہوتا ہے اگرچہ وہ ابھی تک طفیلیات کی تھوڑی سی تعداد کو اپنے اندر پناہ دیئے ہوئے ہوتا ہے ، اس قسم کی سرایتی مناعت کو پیش مناعت (Premunition) کہتے ہیں .

۱۹۴۸ علم الادویہ ، ۱ : ۱۰۸

[پیش + ع : مناعت (= محکمی ، استواری ، عزیز ہونا)]

— مَنظَر (— فت م ، سک ن ، فت ظ) امذ .

۱. کسی بھی تصویر حالت یا واقعہ کی وہ کیفیت جو اصل وقوع سے بیشتر نظر آئے یا معلوم ہو ، تصویر کا وہ حصہ جو دیکھنے والے کو سب سے پہلے نظر آئے .

اس کا پیش منظر ہمارے لیے اجنبی ہے .

۱۹۶۶ شاعری اور تخیل ، ۱۲۷

۲. سامنے ، روبرو .

دو ملازم جو پردوں کے پیچھے چھپے ہوئے تھے پیش منظر میں آکر رازدارانہ گفتگو کرتے ہیں .

۱۹۵۶ چنگیز (ڈرامہ) ، ۵۹

۳. سامنے کی صورت حال ، نمایاں مقام نظر ، انگ : Foreground (انگلش اردو ماٹری گلاسری ، ۵۲) .

[پیش + منظر (رک)]

— مورچہ (— و مج ، سک ر ، فت چ) امذ .

(فوج) وہ مورچہ جو دفاعی لائن سے آگے پہلی دفاعی مزاحمت کے طور پر قائم کیا جائے ، اکلا مورچہ .

قلعہ کے گرد پیش مورچے لگائے .

۱۸۴۶ حکایت سخن سنج ، ۲۴

[پیش + مورچہ (رک)]

— نامہ (— فت م) امذ .

۱. رک : پیش لفظ .

جوہر کا کلام آگے خود ہی موجود ہے ، اس کے لیے ضرورت نہ کسی تمہید کی نہ دیباچے کی ، نہ پیش نامہ کی .

۱۹۴۴ مقالات ماجد ، ۲۲۳

۲. وہ معاہدہ جو کسی کمپنی اور صاحب معاملہ کے درمیان پہلے سے طے پائے ، پیشگی تحریری معاہدہ .

کمپنی کے پیش نامے کے متعلق بھی ان ہی خیالات کا اعادہ کیا جاتا ہے .

۱۹۶۴ بیمۂ حیات ، ۱۳۳

[پیش + نامہ (رک)]

— نَشین (— فت ن ، ی مع) صف .

۱. ایک عہدہ ، وہ شخص جو شاہی سواری میں بادشاہ کے روبرو بیٹھا ہو اور پشت اس کی فیل بان یا گھوڑ سوار کی طرف ہو .

ایک ڈیوٹی لگائی گی کہ بادشاہ اور فیل بان کے درمیان بیٹھ جایا کریں بادشاہ کی طرف منہ کر کے اور فیل بان کی طرف پشت کر کے اس ڈیوٹی یا اس عہدے کا نام پیش نشین تھا .

۱۹۶۹ میرا افسانہ ، ۲

۲. دایہ ، ماماچہ ، قابلہ ، دائی (مطلع العلوم ، ۱۹۳) .

[پیش + نشیں (رک)]

— نَشینی (— فت ن ، ی مع) امث .

پیش نشین (رک) کا عہدہ یا کام .

اس عہدہ کو پیش نشینی کہا جاتا تھا .

۱۹۵۶ میرے زمانے کی دلی ، ۱ : ۱۰۷

[پیش + نشیں (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ــ نظر کس اضا (ــ فت ن ، ظ) صف .

۱. موجود ، قابل حصول ، پہنچ کے اندر .

پیش نظر ذرائع کو معیار قرار دینا چاہیے .

۱۹۳۰ معاشیات ہند ، ۱ : ۱۲۱

۲. سامنے ، رو برو .

یار جب پیش نظر ہوتا ہے
دل مرا زیر و زبر ہوتا ہے

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۴۴۷

ایسے ہم کب ہیں کہ مضمون رہے ہم سے باہر
پیش پا رہتے ہیں اور پیش نظر رہتے ہیں

۱۸۶۱ کلیات اختر ، ۵۶۶

۳. تصور میں موجود ، ذہن میں تازہ .

وہ رہبر ہوں کہ ہے ہر گام پر پیش نظر تربت
ہر اک نقش قدم مجھکو نشاں دیتا ہے منزل کا

۱۸۶۳ دیوان اسیر ، ۳ : ۶۳

۴. عزیز و پسند ہونے کی کیفیت .

وہ صفائی مجھے حاصل ہے کہ ہر دل ہوں عزیز
جتنے اصحاب تھے رکھتے تھے مجھے پیش نظر

۱۸۷۲ مراۃ الغیب ، ۲۱

[پیش + نظر (رک)]

ــ نگاہ کس اضا نیز بلا کس اضا (ــ کس ن) امذ .

۱. ایک فقرہ جو چوبدار اس وقت کہتے تھے جب کوئی شخص دربار شاہی میں پیش ہونے کے لیے پہنچتا تھا نیز اس وقت بھی جب بادشاہ کی سواری نکلتی تھی ، مترادف : ادب ملحوظ رہے ، باادب رہو ، باادب با ملاحظہ ہوشیار .

کب وہ کرتا ہے مری اور ، جفا کیش نگاہ
میں تو ہر چند پکارا ہی کیا پیش نگاہ

۱۷۷۴ طبقات الشعرا (جہاندار) ، ۳۹۴

اعیان دولت . . . سوار آگے آگے چوبدار سونے چاندی کے عصے لیے پیش نگاہ کہتے .

۱۸۹۰ فسانۂ دلفریب ، ۱۰۴

۲. رو برو ، مد نظر ، ملحوظ خاطر .

ایسے لوگوں کو ان کی فضیلت علمی ضرور خاطر میں نہ لاتی ہوگی بلکہ چاہتی ہوگی کہ میرا ادب پیش نگاہ رکھیں .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۵۱۸

[پیش + نگاہ (رک)]

ــ نماز (ــ فت ن) امذ .

رک : پیش امام .

جب مسجد بن کر تیار ہو ضرور ہے کہ پیش نماز ... مقرر کرے .

۱۸۰۲ گنج خوبی ، ۸۰

اس سے زیادہ علماء اور پیش نمازوں کا رہبر ہے .

۱۹۱۵ نیرنگ فصاحت ، ۵۶۰

[پیش + نماز (رک)]

ــ نمازی (ــ فت ن) امذ .

نماز با جماعت کی امامت ، آگے کھڑے ہو کر نماز پڑھانا .

ایک دن دربار میں مسئلہ پیش کیا کہ میر کی پیش نمازی درست نہیں .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۴۱۷

[پیش + نمازی (رک)]

ــ نہ پانا محاورہ .

بازی نہ جیتنا ، سبقت نہ لے جانا .

واللہ میں تم سے کبھی پیش نہ پاؤنگا .

۱۹۱۱ عیب داں دلہن ، ۵۹

ــ نہ جانا محاورہ .

کوئی تدبیر کارگر نہ ہونا ، زور نہ چل سکنا ، رسائی نہ ہونا .

پیش جاتی نہیں ہرگز کوئی تدبیر نظیر
کام جب آن کے پڑتا ہے زبردستوں سے

۱۸۳۰ نظیر اکبرآبادی ، ک ، ۱۷۷

بخار قائم رہا ، انار ، سنگترہ کا عرق ، آش جو ، مسہل سب کچھ دیا گیا ، ایک پیش نہ گئی .

۱۹۳۰ مضامین رشید ، ۱۸۰

ــ نہ جانے دینا محاورہ .

سبقت سے روکنا ، فتح میں رکاوٹ ڈالنا .

وہ ہر محاذ پر مقابلہ کے لئے خود پہنچ جاتا تھا اور حریف کی ایک پیش نہ جانے دیتا تھا .

۱۹۲۶ غلبۂ روم ، ۱۱۶

ــ نہ چلنا محاورہ .

رک : پیش نہ جانا .

تو اکیلے سر سید احمد خاں کی کچھ پیش نہ چلی .

۱۸۹۷ تہذیب الاخلاق ، ۳ : ۶۶

اس نے بھی اپنے آپ کو وہاں تک پہنچانے میں بہتیرے ہاتھ پاؤں مارے مگر کچھ پیش نہ چلی .

۱۹۱۰ آزاد ، نگارستان فارس ، ۱۴۶

— نہاد (— کس ن) .

(الف) امذ .

ارادہ ، مقصد ، دل کا ارادہ .

واقف طریقت ، سالک راہ حقیقت ہر دم زبان توکل ترجمان ہر سبق نظم پیش نہاد ہمت .

۱۸۹۷ بوستان خیال ، ۶ : ۳۹۵

علامہ اقبال نے . . . ان تبصروں کا مدلّل جواب دیا جس میں اپنے نصب العین اور پیش نہاد کی توضیح اور تشریح کی کوشش کی .

۱۹۷۴ مسائل اقبال ، ۱۱

(ب) م ف .

مد نظر ، ملحوظ .

غانم نے کہا ، مجکو تو آج تک خلیفہ کے لحاظ سے تمہارا حفظ مراتب پیش نہاد ہے .

۱۸۶۲ شبستان سرور ، ۳ : ۷

جو پیش نہاد آرزو ہے جس سمت عنان جستجو ہے

۱۹۱۴ شبلی ، ک ، ۲

[پیش + نہاد (رک)]

— واز صف (قدیم) ؛ ~ پیشباز .

استقبال کرنے والا .

چلیا یک گھڑی چونکہ راہ دراز
گروہ ایک سوار آئے واں پیش واز

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۱۵۱

[پیش + واز ، باز (رک) کا تلفظ]

— و پس (— و مج ، فت پ) امذ ؛ م ف .

۱. آگے پیچھے ؛ اِدھر اُدھر .

بڑا شہر ناحد کچ انت اسے
کہ چوندھیر لگ پیش و پس نہت اسے

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۷۹

ہر گروہ پر ایک نقیب معین تھا کہ وہ حد سے تجاوز نہ کرنے دیتا تھا اور اس باعث کوئی شخص پیش و پس نہ ہوتا تھا .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۶۲۴

۲. تقدم و تأخر .

یہ پیش و پس ہے منزل ہستی میں کوئی دم
تم آگے چند گام تو ہم پیچھے دو قدم

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۲ : ۹۵

۳. تامل ، پچر مچر ، پس و پیش ، تردد ، تذبذب ، ہچکچاہٹ .

کس لئے کرتا ہے نادان بندہ اتنا پیش و پس
حکم تقدیر خدا ہوگا نہ اصلا پیش و پس

۱۸۷۳ مناجات بندی ، ۵۲

مر جاؤ شوق سے نہ کرو شاد پیش و پس
دل توڑتے ہو کیوں کسی امیدوار کا

۱۹۲۷ شاد عظیم آبادی ، میخانۂ الہام ، ۲۲

۴. نشیب و فراز ، معاملے کا اچھا یا برا انجام ، وسوسہ .

غیروں کو ہوں جو اوس کے چپ و راس دیکھتا
سو سو طرح کے سوچتے ہیں پیش و پس مجھے

۱۸۷۲ اسیر اکبرآبادی ، د ، ۱۲۹

[پیش + و ، عطف + پس (رک)]

— ہونا محاورہ .

۱. وقوع یا ظہور میں آنا .

اگر ہمارے ملک میں ایسا حال پیش ہوتا ، بڑی تمہیدیں واسطے ثابت کرنے سازش تحصیلدار تھانیداروں کے ہوتیں .

۱۸۵۶ نامۂ واجد علی شاہ (ق) ، ۹۱

۲. (قدیم) آگے بڑھنا ؛ غالب ہونا .

دشمن کو زبر کرنے پیش ہونا یا زیر .

۱۶۳۵ سب رس ، ۵۹

۳. پیش کرنا (رک) کا لازم .

اگر بروز منگل حاضر نہ ہوگے تو مقدمہ اپیل کا بغیر حاضری تمہاری پیش ہو کر یک طرفہ فیصل کیا جائے گا .

۱۹۰۲ تاریخ نثر اردو ، ۱ : ۳۸۱

کھانے ہر چار قسم کی غذائیں پیش ہوئی ہیں .

۱۹۳۲ مشرق مغربی کھانے ، ۳۲

پیشا (ی مج) امذ ؛ ~ پیشہ .

کوئی بھی مخصوص کام ہنر یا کسب ، پیشہ .

چونکہ شہزادے کا شوق شروع شروع تھا اور لطف بھی شکار بازی میں ان دونوں نے بخوبی پایا کیونکہ پہلے پیشا کرتے تھے .

۱۸۹۰ بوستان خیال ، ۴ : ۱۲۹

[ف]

پیشاب (ی مج) امذ .

۱. موت ، ہول ، قارورہ .

او بازار چوبیس جنساں کا تھا . . . ساتواں پیشاب .

۱۴۲۱ بندہ نواز ، شکار نامہ ، (شہباز ، سکھر ، فروری ۶۲ع)

جبھیں اوتھا کو پیشاب دھوئیں نہ تھا موجود آب

۱۵۰۳ نوسر ہار ، ورق ، ۱۲ (ب)

اگرچہ حوض کے اندر بھرا ہو عطر و گلاب
بہر اس میں سگ جو گرے ہووے بدتر از پیشاب

۱۸۰۱ باغ اردو ، ۷۸

مرشد جس وقت موتنے کو جاویں تو ان سے عرض کرنا وہ تھوڑا سا پیشاب مجھے دے دیں گے .

۱۹۳۱ رسوا ، خورشید بھو ، ۹۳

۲. (مجازاً) نطفہ ، صلب .

میں اپنے باپ کے پیشاب سے نہیں اگر اس بدتمیزی کا مزا تمہیں نہ چکھادوں .

۱۹۵۸ مہذب اللغات

[ف]

ــ بند ہونا محاورہ .

۱. کسی مرض سے پیشاب کا رک جانا .

کہا ہیو پانی جو سیراب ہو اسی میں ترا بند پیشاب ہو

۱۷۶۹ آخر گشت ، (ق) ۱۰۱

اگر بیضہ میں پیشاب بند ہوجائے تو مریض مشکل سے بچتا ہے .

۱۹۵۸ مہذب اللغات

۲. (مجازاً) نہایت خوف زدہ ہونا ، ڈر سے برا حال ہوجانا (فرہنگ آصفیہ) .

ــ بھی نہ کرنا محاورہ .

مطلق توجہ نہ دینا ، نہایت حقیر سمجھنا ، سخت نفرت کرنا (نوراللغات) .

ــ خطا ہونا محاورہ .

موت نکل پڑنا (بیشتر رعب یا خوف سے) ، ڈر سے برا حال ہو جانا .

سنیں حال وزیر بد کا احباب
خطا اس کا ہوا دہشت سے پیشاب

۱۸۶۱ الف لیلہ نو منظوم ، شایان ، ۲ : ۵۹۵

مارے ڈر کے لڑکا تو در کنار لڑکے کی والدہ کا پیشاب خطا ہوگیا .

۱۹۲۶ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۱ ، ۱۰ : ۵

ــ ڈالنا محاورہ .

پیشاب کرنا ، پیشاب سے فارغ ہونا .

اور اپنے منہ سے تو سیٹی بجائے
کہ گھوڑا تن کے تا پیشاب ڈالے

۱۷۹۵ فرسنامۂ رنگین ، ۱۲

ــ سے چراغ جلنا محاورہ .

وقار اور ساکھ ہونا ، سکہ بیٹھا ہوا ہونا .

بڑے بڑے راجے مہاراجے گزر گئے جن کے پیشاب سے چراغ جلتا تھا .

۱۹۱۵ گلدستۂ پنچ ، ۴۸

ــ کا چراغ جلانا محاورہ .

حقیر و ذلیل طریقے یا ذریعے سے بڑا یا اہم کام کرنا ؛ پیشاب کا معائنہ کرنے کے لیے اس کو دوا ڈال کر جلا کر دیکھنا .

جب سے زمانے نے طب یونانی کو زبردستی پنشن دی . . . بغیر پیشاب کا چراغ جلائے سوجھائی نہیں دیتا کہ کتنا تیل ہے اور کتنا پانی .

۱۹۳۵ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۸۰۲۰ : ۳

ــ کردینا محاورہ .

۱. رک : پیشاب خطا ہونا .

لڑائی کی خبر پائی ، دست آنے لگے ، پیشاب کردیا .

۱۸۴۵ حکایت سخن سنج ، ۸۷

۲. رک پیشاب کرنا .

کوتوال نے ایک نہ سنی ہزاروں کی رقم پر پیشاب کردیا .

۱۹۳۵ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۸/۲۰ : ۶

ــ کر کے چلو میں لینا محاورہ .

انتہائی غلیظ و نجس ہونا ، پاکی کا احساس نہ ہونا .

لوگ جانتے ہیں غلیظ ہے بھا گتے پھرتے میں کبھی پیشاب کرکے چلو میں لیتا ہے ، لوگوں پر دوڑتا ہے .

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۴۶۵

ــ کرنا محاورہ .

۱. موتنا ؛ خودبخود انزال ہوجانا (نوراللغات ؛ جامع اللغات).

۲. بے حقیقت سمجھنا ، ناچیز و حقیر سمجھ کر چھوڑ دینا یا ٹھوکر مارنا .

تونے آنا جو وہاں غنچہ دہن چھوڑ دیا
گل پہ پیشاب کیا ہم نے چمن چھوڑ دیا

۱۸۳۲ چرکین ، د ، ۸

اجی کوئی وہاں پیشاب کرنے جائیگا نہیں .

۱۹۲۶ شرر ، دلچسپ ، ۲ : ۹۸

ــ کی دھار پر مارنا محاورہ .

(مجازاً) بہت ذلیل سمجھنا (جامع اللغات) .

ــ کی راہ بہانا محاورہ .

روپیہ فضول خرچی یا بدچلنی میں اڑانا (فرہنگ آصفیہ) .

ــ کُھل کَر ہونا محاورہ .

(طب) مثانے میں جمع شدہ پیشاب کا دوا سے خارج ہونا .

ویا صابون کا رکھ شانہ بنا کر
کہ پیشاب اس سے بھی ہرتا ہے کھل کر

۱۷۹۵ فرہنگ رنگین ، ۱۲

ــ گاہ اسم .

۱. اسٹیشن بازار اسپتال وغیرہ میں بنی ہوئی وہ جگہ جہاں پیشاب کیا جائے ، موتنی .

پیشاب گاہ تو جہاں بیٹھ کر پیشاب کیا جائے اس جگہ کو کہتے ہیں .

۱۹۲۴ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۹ ، ۶ : ۶

۲. وہ جائے مخصوص جہاں سے پیشاب خارج ہو ، ذکر ، فرج .

جلی قلم سے لکھا ہے امراض پیشاب گاہ زنانہ و مردانہ .

۱۹۲۴ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۹ ، ۶ : ۶

[پیشاب + گاہ (رک)]

ــ لَگنا محاورہ

پیشاب خارج کرنے کی ضرورت محسوس ہونا ، مثانے میں پیشاب کا باہر نکلنے کے لیے زور کرنا .

ایک میدان پر خار تھا ، وہاں پیشاب لگا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۵۶

مولوی صاحب پانی پی آؤں پیشاب زور سے لگا ہے .

۱۹۳۵ بیگمات شاہان اودھ ، ۵۴

ــ میں چراغ جَلنا محاورہ .

رک : پیشاب سے چراغ جلنا .

یہ وہی ڈپٹی صاحب تھے جن کے پیشاب میں چراغ جلتا تھا .

۱۹۶۷ ساقی ، مارچ ، ۴۸

ــ میں چربی آنا محاورہ .

ایک مرض جس میں پیشاب میں چربی بڑھ کر اس کے ذرات خارج ہوتے ہیں (خزائن الادویہ ، ۳ : ۱۳۷) .

ــ نہ کرنا محاورہ .

رک : پیشاب بھی نہ کرنا (ا پ و ، ۵) .

ــ نِکل پڑنا/نِکالنا محاورہ .

رک : پیشاب خطا ہونا (فرہنگ آصفیہ) .

پیشا پیش (ی مج ، ی مج) م ف .

۱. آگے آگے .

اسی آواز پر چلا دل ریش
پیچھے یہ تھا صدا تھی پیشا پیش

۱۸۷۲ کلیات قدر ، ۷۸

۲. آگے آگے چلنے والا ، رک : پیش رو .

سیارہ پیشا پیش روانہ ہوا .

۱۸۹۶ تورج نامہ ، ۷ : ۱۰۲

یہ حاجی . . . تباہ کاری میں اشرف الدین کا پیشا پیش تھا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۲۲۰

[رک : پیش + ا ، لاحقۂ تسلسل + پیش (رک)]

پیشاچ (۱) (ی لین) اسم .

عاشق کا لڑکی سے ہوشیدہ طور پر تعلق کرنا جب وہ سو رہی ہو یا نشے میں مست ہو یا اس کے دماغ میں کسی قسم کا نقصان ہو ، آٹھویں اور ذلیل ترین قسم ازدواج (ماخوذ پلیٹس ؛ قانون و رواج ہنود ، ۱ : ۱۱۸) .

[س : पैशाच پیشاچ]

پیشاچی (ی لین) اسم .

ہرا کرتوں میں ادنیٰ ترین ہرا کرت (پلیٹس) .

[س : पैशाची پیشاچی]

پیشا دَست (ی مج ، ف د ، سک س) صف .

ہاتھ کا دانو .

(پیش) اور (دست) سے پیشا دست یعنی ہاتھ کے داؤں پر .

۱۹۲۱ وضع اصطلاحات ، ۲۳۹

[رک : پیش + ا ، عطف + دست (رک)]

پیشانی (ی مج) اسم .

۱. ماتھا ، (مجازاً) چہرہ ، رخ .

آپ اس وقت خواب فرماتے تھے اور پیشانی پر پسینہ آیا ہوا تھا .

۱۸۷۳ مطلع العجائب ، ۹

چندن کا بڑا ٹیکہ پیشانی پر لگائے فرش پر آلتی پالتی مارے . . . سبق دے رہی ہیں .

۱۹۶۷ بت جھڑ کی آواز ، ۶۶

۲. (مجازاً) قسمت ، تقدیر .

نہ مٹے گا نہ مٹے گا یہ ہے پتھر کی لکیر
وہی پیش آئے گا لکھا ہے جو پیشانی کا

۱۸۷۰ دیوان واسطی ، ۱۰

۳. عنوان ، سرنامہ ، سرخی ۔
ان قوانین کی پیشانی یہ ہے کہ ہر شخص کو اپنے باپ ، ماں اور بڑے بھائی ، . . . کی تابعداری بجا لانا چاہیے ۔
۱۸۴۸ تاریخ ممالک چین ، ۱ : ۱۰۸

۴. کاغذ کا وہ حصہ جو عبارت سے پہلے وسط میں حاشیے کے نیچے خالی چھوڑا جائے ، خط وغیرہ کا سب سے اوپر کا حصہ ۔
بڑے کے خط کی صورت یا تو کتابی ہوتی ہے ، یعنی دونوں طرف سے حاشیہ توڑ کے اور پیشانی زیادہ چھوڑ کے . . . لکھتے ہیں ۔
۱۸۶۶ انشائے بہار خزاں ، ۳۴
ایک دوست کو خط لکھنے کے لیے کاغذ اٹھایا پیشانی پر تاریخ لکھی ۔
۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۱/۳ : ۹

۵. رجسٹر وغیرہ کے اوپر ایسی عبارت جس سے یہ پتہ چل سکے کہ یہ رجسٹر کس چیز کا ہے ۔
شقوں کی پیشانی ہر سرمے کے قلم سے صاد ۔
۱۸۸۵ بزم آخر ، ۲۰

۶. عمارت کے صدر دروازے یا محراب وغیرہ کے اوپر کا وسطی حصہ ۔
تمام سودے والوں کی دکانوں کی پیشانی پر ان کے نام . . . لکھے ہوئے ہیں ۔
۱۸۶۹ مسافران لندن ، ۱۹۶
جو رئیس یا امیر جس کمرے کی تعمیر اپنے صرف سے کرائیں گے ، اس کمرے کی پیشانی پر ان کا نام کندہ ہو گا ۔
۱۹۱۴ شبلی ، مقالات ، ۸ : ۹۲

۷. (نجاری) چوکھٹ کے اڑنگے کے اوپر والی دہلیز کی جوابی لکڑی یا پتھر کی پٹی جو بطور پٹاؤ کے رکھی جاتی ہے اور اس میں کواڑ کی اوپر والی چول کے سوراخ ہوتے ہیں ، سردل ، سہاوٹی ، دھرن (اپ و ، ۱ : ۳۰) ۔

۸. (سنگ تراشی) مرغول کے اوپر کا حاشیہ جس میں تلّی (ہودک یا لوح) کا نقش خوشنمائی یا کوئی عبارت لکھنے کو بنا دیا جاتا ہے (اپ و ، ۱ : ۵۳) ۔

۹. الماری ، کتابوں کے خانے یا کسی بھی بکس نعمت خانہ باورچی خانے کی الماری کا وہ اوپری حصہ جہاں کتابوں یا اشیاء کے نام لکھے جائیں ۔
الماریوں کی پیشانی پر حسب نمونہ ذیل پیٹیں لگائی جائیں ۔
۱۹۶۱ انتظام کتب خانہ ، ۲۶

۱۰. کسی کتبے وغیرہ کے بالائی حصے کی تحریر ۔
کتبہ اندرونی پیشانی چوکھٹ پر بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔
۱۹۷۶ ، جنگ ، ۵ اپریل ، ۳

۱۱. شق ، دفعہ ، محکمہ ۔
ایک دوسری پیشانی انڈیا میں ٹیکس لگانے کے ہروونشل ریٹس ہیں ۔
۱۹۰۴ آئین قیصری ، ۱۲۵

۱۲. پیشانی بمعنی اگلا حصہ ، اگلی قطار ، انگریزی : Frontage (انگلش اردو ملٹری کلاسری ، ۵۲) ۔

[ف]

— بچھانا محاورہ ۔

(مجازاً) بہت زیادہ عزت و احترام کرنا ۔
وہ میرے لیے اپنے قدم اٹھاتے ہیں اور پیشانی بچھاتے ہیں اور میرے کلام سے مجھ سے سرگوشی کرتے ہیں ۔
۱۸۶۵ مذاق العارفین ، ۴ : ۴۲۷

— پر انگلی ٹیکنا محاورہ ۔

حالت غور و فکر میں انسان کا ماتھے پر سہارا دے کر سوچنا ۔
جب کوئی ایسا کام پیش آتا ہے جو آسانی سے حل نہیں ہو سکتا . . . وہ پیشانی پر انگلی ٹیک کر یہ مصرعہ پڑھتے ہیں ۔
۱۸۷۹ مقالات حالی ، ۱ : ۹۱

— پر بل (— شکن) آنا/پڑنا محاورہ ۔

چہرے سے تکدر ظاہر ہونا ، رنج و ملال غصہ یا ناگواری کا ظاہر ہونا ، غیظ و غضب سے بھر جانا ، تیور بگڑ جانا ۔
آپ کو ان کا بولنا ناگوار ہوا اور پیشانی مبارک پر شکن پڑ گئی ۔
۱۹۱۹ آپ بیتی ، ۱۲۷

— پر بل ڈالنا محاورہ ۔

(رک) پیشانی پر بل آنا کا تعدیہ ۔
لوگ ان زنجیروں کو پہن کر فخر کرتے تھے اور کیسے ہی نازیبا . . . کام لے بلکہ گالیاں بھی دے تو پیشانی پر بل نہ لاتے تھے ۔
۱۸۸۰ نیرنگ خیال ، ۸۴

— پر جواب لکھنا محاورہ ۔

خط ، عرضی یا کسی سرکاری و نیم سرکاری مراسلت میں اس کے بالائی سرے پر جواب لکھنا ۔
بیسیوں دفعہ آپنے میرے نیاز نامجات کی پیشانی پر جواب لکھ کر اسی کو واپس بھیج دیا ہے ۔
۱۸۹۷ مکاتیب وقار الملک ، ۷۷

— پر خاک لگانا محاورہ ۔

عقیدے کے طور پر خاک پا ملنا ؛ جوش عقیدت یا فرط جذبات سے بے قابو ہونا ۔
اس پاکوں کی طرح کئی قدم آگے دوڑا گویا اس کے قدموں کی خاک اپنی پیشانی پر لگا لینا چاہتا ہو ۔
۱۸۳۲ میدان عمل ، ۲۶۹

— پر داغ لگانا محاورہ .

بدنام ہونا .

بڑھاپے میں بد خواہی کا داغ پیشانی پر لگانا ہمیشہ کے لیے منہ کالا کرنا ہے .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۲۱۸

— پر رقم ہونا محاورہ .

نوشتۂ قسمت ہونا ، تقدیر میں لکھا ہونا .

خلق کی پیشانیوں پر ہے یہی مضمون رقم
سجدہ واجب ہے ترے دروازے کی محراب کا

۱۸۳۸ ناسخ (مہذب اللغات)

— پر لکھنا محاورہ .

کسی کتاب رسالے یا اخبار وغیرہ کے شروع میں جلی حروف میں کوئی عبارت درج کرنا .

ان کی آخیر جلدوں میں ہر نمبر کی پیشانی پر بطور ماٹو کے یہ عربی فقرہ لکھا جاتا تھا .

۱۹۰۱ حیات جاوید ، ۱۶۶

۲. **ماتھے پر تحریر کرنا یا ہونا ، (مجازاً) تقدیر میں ہونا .**

نظر ہے مصطفیٰ اور مرتضیٰ کا قطب شہ اوپر
کہ دشمن کی پیشانی پر لکھے حرف پشیمانی

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ک ، ۱ : ۳۶

— پر عرق آنا محاورہ .

(لفظاً) ماتھے پر پسینہ آنا ، (مجازاً) شرمندہ ہونا .

آخر اسباب خانہ خراب خود بہت گھبرایا ، پیشانی پر عرق آیا کہا یارو بارہ دری سے باہر نکالو .

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۷۶۷

— پر ہاتھ رکھنا محاورہ .

اظہار ہمدردی کرنا .

عیادت کے لیے جب کسی بیمار کے پاس تشریف لے جاتے تو اس کو تسکین دیتے پیشانی پر ہاتھ رکھتے .

۱۹۱۴ سیرۃ النبی ، ۲ : ۲۲۰

— پہ زخم کھانا محاورہ .

جواں مردی دکھانا ، بہادری سے مقابلہ کرنا .

پیشانی پہ زخم کھا چکا تھا میدان میں نام پا چکا تھا

۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۱۶۲

— ٹکنا محاورہ .

(مجازاً) سجدے کی غرض سے کسی جگہ پر سر رکھا جانا .

بن گیا کعبہ وہی میرے لیے
ٹک گئی جس در پہ یہ پیشانی مری

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۱۸۸

— جھکنا محاورہ .

شکر گذار ہونا ، ممنون ہونا ، احسان مند ہونا .

ان کی پیشانیاں خدائے بہتر و برتر کے حضور میں عاجزی سے جھکی ہوئی ہیں .

۱۹۳۴ قرآنی قصے ، ۴۷

— دھرنا محاورہ .

سر جھکانا ، رک : پیشانی رگڑنا .

بولے باتاں شیریں زبانی
ابراہیم ملیں چرن دھروں پیشانی

۱۵۹۹ کتاب نورس ، ۷۹

— رگڑنا محاورہ .

خوشامد کرنا ، جبہہ سائی کرنا ، منت سماجت کرنا ؛ اظہار عقیدت کرنا .

انہیں مرے ہوئے صدہا سال گزر چکے ہیں لیکن اب بھی ہزاروں لاکھوں بندگان خدا صبح و شام ان کے آستانے پر پیشانیاں رگڑتے ہیں .

۱۹۳۳ اردو کی ابتدائی نشو و نما میں صوفیائے کرام کا کام ، ۷

۲. **عبادت کرنا ؛ گڑگڑانا .**

پیشانیاں رگڑتے ہیں کعبہ میں سینکڑوں
کیا واں بھی تیرا سنگ در آستانہ تھا

۱۸۷۸ آغا ، د ، ۲۸

— روشن ہونا محاورہ .

آدمی کی اچھی خصلت کا چہرے سے ظاہر ہونا ، نور ایمان سے چہرہ دمکنا (جامع اللغات) .

— کا پسینہ ایڑی کو آنا محاورہ .

سخت محنت کرنا ، جد و جہد کرنا .

اگر نیکی کے متلاشی ہو تو اس کے متعلق تو فرمودۂ آسمانی ہے کہ پیشانی کا پسینہ ایڑی کو آئے تب یہ نصیب ہو .

۱۹۳۳ ریاست ، ۸۱

ـــ کا لکھا پیش آنا محاورہ .

مجازاً تقدیر میں جو ہونا ہے وہ ہو کر رہنا .

لکھا پیشانی کا پیش آتا ہے ہم شاکی نہیں
کا تب تقدیر کی تحریر پر شاکر ہیں ہم

۱۸۵۴ ظفر ، ک ، ۳ : ۶۳

ـــ کی تَحْرِیر (ـــ فت ت ، سک ح ، ی مع) امث .

نوشتۂ قسمت ، تقدیر کا لکھا ، قضائے الٰہی .

اس کاغذ کی تحریر میری پیشانی کی تحریر ہے .

۱۸۸۰؟ ربط و ضبط ، ۲ : ۳۳

ـــ کی شِکَن کو تَحْرِیر بَنا کَر پڑھنا محاورہ .

چہرے سے عندیہ یا دل کی بات تاڑ لینا (جامع اللغات) .

ـــ لِکھنا محاورہ .

عنوان تحریر کرنا (جامع اللغات) .

ـــ میں بل پڑنا محاورہ .

رک : **پیشانی پر بل پڑنا .**

بحر سواج سے بہتر اسے جانو جو کبھی
پڑے غصے سے نہ پیشانی انسان میں بل

۱۸۴۹ کلیات ظفر ، ۲ : ۵۸

ـــ میں داغ ہونا

ماتھے پر سجدہ کرنے سے نشان پڑ جانا .

کس کے کوچے میں جبیں سا تو ہوا اے ناسخ
چاند سا داغ ہے روشن تری پیشانی میں

۱۸۳۸ ناسخ (مہذب اللغات)

پیشبندی (ی مج ، سک ش ، فت ب ، سک ن) مث .

رک **پیش کا تحتی : پیش بندی .**

مگر ایشائے کوچک میں اس قسم کی پیشبندیوں یا سوالوں کی کچھ ضرورت نہیں .

۱۸۹۳ بست سالہ عہد حکومت ، ۸۵

پیشتر (ی مج ، سک ش ، فت ت) صف .

۱. سابق میں ، ماضی میں ، پہلے ، بہت پہلے .

جنھیں سمجھتے تھے ہم یہ رہیں گے اپنے بعد
ہزار حیف کہ وہ ہم سے پیشتر گزرے

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۷۳

بعض روایتوں میں ہے کہ نبوت سے تقریباً ایک سال پیشتر پیدا ہوئیں .

۱۹۱۳ سیرۃ النبی ، ۲ : ۳۲۵

۲. آئندہ ، آنے والے عہد میں .

نہ ماضی کا گلہ ہرگز نہ مستقبل کی کچھ خواہش
ہوا تو کیا ہوا اور پیشتر ہو گا تو کیا ہو گا

۱۸۰۵ دیوان بیخته ، ۲۹

۳. (جس جگہ کوئی موجود ہو اس سے) آگے ، پہلے .

دیدۂ مشتاق کا شوق نظارہ دیکھنا
چاہتا ہے میں نکل جاؤں نظر سے پیشتر

۱۸۴۹ کلیات ظفر ، ۲ : ۳۹

[پیش (رک) + تر (رک)]

پیشدست (ی مج ، سک ش ، فت د ، سک س) م ف .

رک : **پیش کا تحتی : پیش دست .**

کبھی جو ملک شہادت کا بندوبست کیا
قضائے خنجر قاتل کو پیشدست کیا

۱۸۷۰ دیوان اسیر ، ۳ : ۱۳

پیشدستی (ی مج ، سک ش ، فت د ، سک س) امث .

رک : **پیش کا تحتی : پیش دستی .**

میرا ارادہ تھا لیکن تم نے پیشدستی کی اچھا جاؤ خدا کو سپرد کیا .

۱۸۹۰ بوستان خیال ، ۶ : ۳۲۹

پیشرفت (ی مج ، سک ش ، فت ر ، سک ف) صف .

رک : **پیش کا تحتی : پیش رفت .**

تمہارے داماد نے دفعتاً فن سحر میں . . . ایسے کامل الفن کی اس سے پیشرفت نہ گئی .

۸۱۹۱ بوستان خیال ، ۸ : ۳۲۸

پیشرو (ی مج ، سک ش ، و لین) صف .

رک : **پیش کا تحتی : پیش رو .**

پیشرو راہ حقیقت کے ہیں اہل معرفت
جو نہ اس مسلک پہ ہو پابند ہے افواہ کا

دیوان حبیب ، ۲۱

پیشقدمی (ی مج ، سک ش ، فت ق ، د) امث .

رک : پیش کا تحتی : پیش قدمی .

لیلیٰ پیشقدمی کرتی ہے اور اس مزے سے خنجر مارتی ہے کہ بس مزہ آجاتا ہے .

۱۹۳۲ مضامین فرحت ، ۴ : ۱۸۶

پیشکار (ی مج ، سک ش) صف .

رک : پیش کا تحتی : پیش کار .

تقلید ، دشمنی ہمیشہ تحقیق و دوستی کو اپنا پیشکار بنائے .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۳۳۲

پیشگفتار (ی مج ، سک ش ، ضم گ ، سک ف) امث .

رک : پیش لفظ .

کتاب کا آغاز دانشکدۂ الٰہیات و معارف اسلامی در دانشگاہ طہران کے پرنسپل کی . . . ایک فاضلانہ پیشگفتار سے ہوتا ہے .

۱۹۷۳ اورینٹل کالج میگزین ، جون ، ۱۷۱

[پیش + گفتار (رک)]

پیشکش (ی مج ، سک ش ، فت ک) امث .

رک : پیش کا تحتی : پیش کش .

جس روز موت آن کے در کھٹکھٹائے گی
کیا پیشکش وو گھر سے ترے لے کے جائے گی

۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۱۷۴

پیشگاہ (ی مج ، سک ش) امث .

رک : پیش کا تحتی : پیش گاہ .

اہل حاجت کے لئے آج خزانے کھل جائیں
پیشگاہ شہ والا سے یہ فرمان آیا

۱۹۱۵ جان سخن ، ۲۱۵

پیشگوئی (ی مج ، سک ش ، و مج) امث .

رک : پیش کا تحتی : پیش گوئی .

اس عورت کی پیشگوئی غلط ثابت ہوئی .

۱۹۲۳ قوم پرست ، ۱۴۴

پیشگی (۱) (ی مج ، سک ش) .

(الف) امث .

۱. وہ اجرت یا قیمت وغیرہ جو کام یا وقت مقرر سے پہلے دے دی جائے ، سائی ، بیعانہ .

جان کیوں کھسکی جاتی ہے یہ پیشگی ایک روپیہ .

۱۷۸۷ جام سرشار ، ۵۳

خدا جانے کب آئے فصل گل اس وقت تک کیا ہو
مگر ساقی کو دے دی کچھ ابھی سے پیشگی ہم نے

۱۹۲۲ اعجاز نوح ، ۲۲۴

۲. وہ رقم جو بعض السران کے پاس ضروری اخراجات کے لئے رہتی ہے (جامع اللغات) .

(ب) م ف .

۱. اول ، پہلے سے .

فصل ہونے ابھی نہیں پائی پیشگی سب سے قرض لے کھائی

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰۰۲

عیدالفطر کی پیشگی مبارکباد بھیجتا ہوں .

۱۹۲۳ مکاتیب اقبال ، ۱ : ۲۷۶

۲. وقوع واقعہ سے قبل .

تجاہل پیشگی سے مدعا کیا
کہاں تک اے سراپا ناز کیا کیا

۱۸۶۹ غالب ، د ، ۱۵۷

[ف]

ـــ اندازہ کاری (— فت ا ، سک ن ، فت ز) امث .

(اقتصادیات و معاشیات) کسی منصوبے کے لیے پہلے سے ضروریات وغیرہ کا تخمینہ یا اندازہ لگانے کا عمل .

پیشگی اندازہ کاری برائے ۱۹۷۰ء / ۱۹۷۵ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ فولاد کی ضرورت کے پیش نظر مغربی پاکستان کے شمالی اور جنوبی علاقوں میں متوسط سائز کے جامع سٹیل پلانٹوں کی ضرورت کے لیے اقتصادی دلائل موجود ہیں .

۱۹۷۳ فولاد سازی ، ۳۳۴

[پیشگی + اندازہ (رک) + کاری (رک)]

ـــ سرد کار (— فت س ، سک ر) صف ؛ امذ .

(اصطلاح) فولاد سازی اور دوسری صنعتوں میں گرم مادے (لوہے فولاد وغیرہ) کو پہلے سرد کرنے کے مرحلے سے گزارنے کا نظام ، پہلے ٹھنڈا کرنے والا .

اور اس کے بعد ٹھنڈا کرنے کے لئے پیشگی سرد کار (Precooler) اور خشک گیر سے گزر کر ثانوی (Cleaner) سے براہ راست استعمال کے لئے چلی جاتی ہے .

۱۹۷۳ فولاد سازی ، ۱۲۶

[پیشگی + سرد (رک) + کار (رک)]

پیشنٹ (ی مج ، کس ش ، سک ن) امذ .

مریض وغیرہ .

آپ جیسے پیشنٹ کی سیوا میں تو ہمیں بڑا سکھ ملتا ہے .

۱۹۶۷ یادوں کے چراغ ، ۴۰۲

[انگ : Patient]

پیشن (ی لین ، ضم ش) امذ .

اطلاع ، خبر ؛ چغلی ، تہمت ، بہتان ، لم ؛ مخبری ، جاسوسی ؛ بغض ، بد خواہی ، دشمنی یا اس طرح کی سوچ (پلیٹس ؛ جامع اللغات).

[س : پیشن पैशन]

پیشَن (۱) (ی مج ، فت ش) امذ .

۱. بیسنے ، کچلنے ، کوٹنے یا سفوف بنانے کا عمل ؛ پیسنے یا کوٹنے کا آلہ ؛ چکی ، سل ، بٹہ (جامع اللغات) .

۲. ایک پودا جسے تکا نٹا سج یا تدھارا سبد بھی کہتے ہیں ، جنگلی آملے کی ایک قسم ؛ لاط : Euphorbia antiquorum نیز جنس آملہ ، فربیون لاط : Euphorbia (پلیٹس) .

[ہ : پیشن पेशण]

پیشَن (۲) (ی مج ، فت ش) امذ .

دیکھنا ، رک : پیکھن (پلیٹس) .

پیشنی (ی مج ، سک ش) امث .

رک : پیشن (۱) معنی نمبر ۱ (جامع اللغات) .

[س : پیشنی पेशणी]

پیشوا (ی مج ، سک ش) ؛ ~ پیشوے (قدیم) .

(الف) امذ .

۱. امام ، رہنما ، قبلہ گاہ (دینی یا مذہبی) .

دیوے عقل نت ملک شہ کوں ذیا
ولی کی ولایت کا ہے پیشوا

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۳۲

کیا کہیے تیرے غم سے جگر ہو گیا گداز
تجھ پیشوا کی لاش کو ہے خاک و خوں سے ساز

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۲۳۳

ہم تم کو لوگوں کا امام یعنی پیشوا بنانے والے ہیں .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱۰۳

۲. قائد ، سالار ، لیڈر .

بو سجھ طبع کے پیشوے سوں بچاو
اوچایا خیالاں کے بھاراں یہ بھار

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۳۲

اس نے اپنی مردانگی کا پیشوا خرد کو بنا کے یہ کام بہت اچھی طرح کئے .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۳۰۰

جو بہادری کے کاموں اور بڑے کاموں میں اس کا پیشوا تھا ، پھانسی پر لٹکا یا گیا .

۱۹۳۵ بادشاہ ، ۸۳

۳. مرہٹوں کے سردار کا لقب .

انگریزوں سے مگر پسپا ہوا جب پیشوا

۱۹۲۵ داودہ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۰۰۱۰ : ۳

۴. نمونہ ، نظیر .

اے محمدؐ اللہ نے تجھے اپنی قدرت کا پیشوا کیا .

۱۵۰۰ معراج العاشقین ، ۱۹

(ب) صف .

۱. اول ، مقدم .

لولاک کے سریر پہ یہ شاہ انبیا
خلقت میں پیشرو ہیں تو خلقت میں پیشوا

۱۸۹۳ سجاد رائے پوری ، بیاض ، ۷

(ج) م ف (قدیم) .

۱. استقبال کرتا ہوا ؛ پیشوائی کے لیے .

اگر گلشن طرف وہ نو خط رنگیں ادا نکلے
گل و ریحاں سوں رنگ و بو شتابی پیشوا نکلے

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۹۳

یہ تو در سے ارشاد شہ نے کیا
کہ لے آ انہیں جا کے تو پیشوا

۱۸۱۰ شاہ نامہ (منشی) ، ۱۰۰

۲. آگے آگے .

ساقیا پھر شراب ناب چلے پیشوا عالم شباب چلے

۱۸۶۱ کلیات اختر ، ۸۱۱

[ف]

~ کرنا محاورہ (قدیم) .

پیش کرنا ، بیان کرنا .

قدم اپنے حجروں سے باہر نکال
کیا پیشوا سب نے آ حال حال

۱۷۸۴ سحرالبیان ، ۴۸

~ لینا محاورہ (قدیم) .

پیشوائی یا استقبال کرنا .

اتنے میں رولا زنانی سواریوں کے اترنے کا ہوا اور ایک غٹ کا غٹ بیگمات کا پیشوا لینے گیا .

۱۸۰۲ نثر بے نظیر ، ۱۴۳

پیشواز (۱) (ی مج ، سک ش) امث ؛ امذ .

رک : پشواز .

شلوار اطلس کی ہری تگنی کسنبی اوڑھنی
کیا خوب سہانا ہے تجھے دھن زعفرانی پیشواز

۱۶۹۷؟ ہاشمی ، د ، ۸۴

یہ معلوم ہوتا تھا کہ کسی بھانڈ کا خوبصورتا لونڈا ابھی پیشواز اتار کے آیا ہے .

۱۸۹۳ بی کہاں ، ۵

میں بھی تو اک ذریعہ ہوں افشاے راز کا
دامن یہ کہہ رہا ہے کسی پیشواز کا

۱۹۳۷ ظریف ، دیوانجی ، ۱ : ۱۳

پیشواز (۲) (ی مج ، سک ش) صف (قدیم) .

رک : پیش کا تحتی ، پیش + واز ، **استقبال یا پیشوائی کرنے والا .**

گیا جوں چھٹے آسمان کے فراز
ہوا واں جو آ مشتری پیشواز

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۵

[ف]

پیشہ چلنا محاورہ (قدیم) .

پیشوائی (رک) کے لئے جانا .

کیا حکم جب شاہ عالم نواز
تواضع سوں لیانے چلیا پیشواز

۱۶۶۵ علی نامہ ، ۳۶۶

پیشوائی (ی مج ، سک ش) اسث .

۱. آگے بڑھ کر ملنا ، استقبال ، خیر مقدم .

نوازندہ نے جو اس کی آہٹ سنی تو نہایت خوش ہو کر پیشوائی کے لیے دوڑا .

۱۸۹۳ اردو کی چوتھی کتاب ، اسمٰعیل ، ۱۴

میں انھیں دیکھتے ہی پیشوائی کے لیے دوڑا اور آداب بجا لایا .

۱۹۳۶ برہم چند ، خاک پروانہ ، ۱۱

۲. امامت ، رہنمائی ، ہدایت (مذہبی یا دینی) .

پیشوائی دین دو قسم کی ہے .

۱۸۵۲ تقویل ، ۷

اور اس کو تمام دنیا کی پیشوائی کے لیے نمونۂ عمل بنانا تھا .

۱۹۳۲ سیرۃ النبی ، ۴ : ۴۱۷

۳. قیادت ، سرداری ، سالاری .

کنوررسین برہمن کو . . . پیشوائی کا خلعت دیا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۴ : ۵۹۷

۴. نیابت ، جانشینی (قدیم) .

نبوت خدا کی پیشوائی ، ولایت محبوبی ہور استغنائی .

۱۶۳۵ سب رس ، ۶

۵. اولیت ، تقدم .

پیشوائی کا منصب صرف اسی کام کے لیے ہے جو سب سے اول کیا گیا ہے .

۱۸۸۷ مقالات حالی ، ۲ : ۱۶۰

اف : کرنا ، کے لیے جانا ، ہونا .

[ف]

پیشوے (ی مج ، سک ش) اسذ ؛ صف (قدیم) .

رک : **پیشوا ؛ سامنے کا ، حاضر باش (خادم) .**

اس پیشوے کوں کہیا یوں بولا
بندی خانے میں جا کہ یوسف کوں لیا

۱۶۸۷ یوسف زلیخا (ق) ، ہاشمی ، ۳۱۸

پیشہ (ی مج ، فت ش) اسذ .

ہنر یا فن ، روزگار جو کسب معاش کا ذریعہ ہو ، دھندا ، حرفہ ، کاروبار ، کسب .

جب تک میں پیشہ نہ سیکھوں اور سفر میں نہ پڑوں شادی نہ کروں گا .

۱۸۲۳ سیر عشرت ، ۱۳۰

ہرتگیزوں کو دیکھو ، پیشہ کرتے ہیں اپنا گھر بھرتے ہیں .

۱۹۰۱ راقم ، عقد ثریا ، ۱۱۱

۲. کام ، شغل ، مشغلہ ، عمل .

فلک کو وفاداری اندیشہ نیں
بغیر از جفا اس کوں کچ پیشہ نیں

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۱۸

عاقبت فرہاد مر کر کام اپنا کر گیا
آدمی ہووے کسی پیشے میں جرأت چاہیے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۲۹۳

رہتی ہے یہ مستعد ہمیشہ چستی چالاکی اس کا پیشہ

۱۹۲۸ تنظیم الحیات ، ۳۰

اف : کرانا ، کروانا ، سیکھنا ، لینا .

۳. طوائف پنا ، طوائف کا پیشہ اختیار کرنے کی حالت .

پہلے تو اسے خیال آیا کہ پوچھے اس نے پیشہ کیوں شروع کیا .

۱۹۳۷ قیامت ہرکاب آئے ، ۵۶

۴. مذکورہ بالا معنی میں بطور لاحقہ تراکیب میں مستعمل.

لکھنؤ کا باشندہ اور روزگار پیشہ آدمی تھا .

۱۸۸۳ تذکرہ غوثیہ ، ۲۷

ایک تو وکالت پیشہ آدمی پھر سیاست پیشہ بھی ہونا چاہتے تھے .

۱۹۵۸ خون جگر ہونے تک ، ۳۱

[ف]

ــ اُٹھانا محاورہ .

پیشہ اختیار کرنا .

رواں تھا مفلسی کا اوس پہ تیشہ
قصائی کا اوٹھایا اوس نے پیشہ

۱۸۶۱ الف لیلہ نو منظوم ، شایاں ، ۲ : ۳۵۲

ــ آموز (ــ و مج) صف .

کوئی کام یا فن وغیرہ سکھانے والا .

ایک تعلیمی ماحول ہونا چاہیے نہ کہ پیشہ آموز درس گاہیں .

۱۹۴۹ اصول تعلیم ، ۲۵۷

اسم کیفیت : پیشہ آموزی .

پیشہ آموزی کے نقطۂ نظر سے اس تعلیم میں اور تجاری یا زراعت یا انجینری کی تعلیم میں کوئی فرق نہیں .

۱۹۴۹ اصول تعلیم ، ۱۳۳

[پیشہ + آموز (رک)]

ــ دار صف .

رک : پیشہ ور .

کتنے اسی بازار میں زر کے ہی پیشہ دار ہیں
بیٹھے ہیں کر کر کوٹھیاں زر کے لگے انبار ہیں

۱۸۳۰ نظیر اکبر آبادی ، ک ، ۲ : ۳۲۸

[پیشہ + دار (رک)]

ــ حَبیبُ اللہ فقرہ .

محنت کی کمائی کو خدا دوست رکھتا ہے .

پیشہ حبیب اللہ ، محنت مزدوری کرتے تھے کوئی بڑا کام تو نہ کرتے تھے .

۱۹۶۰ ماہ نو ، کراچی ، مئی ، ۴۸

ــ حَبیبُ اللہ جو نہ کرے لَعنَتُ اللہ کہاوت .

محنت کر کے کھانا خدا کو پسند ہے ، حرام خور کو خدا برا سمجھتا ہے ، محنت کی کمائی اچھی ہے (جامع اللغات)

ــ کَرانا محاورہ .

۱. (عورت کا) کسب معاش کے لیے برا کام کرانا .

ایسی عورتیں . . . در پردہ پیشہ کراتی ہیں .

۱۹۵۰ منٹو ، سرکنڈوں کے پیچھے ، ۶۰

نوچنیاں رکھ کر ان کی کمائی کھانا ، دلالہ کا کام کرنا (جامع اللغات) .

ــ کَرنا محاورہ .

رنڈی پن کا کام کرنا ، تحصیل معاش کے طور پر زنا کرانا (جامع اللغات) .

ــ گَرم کَرنا محاورہ .

مشغلہ کام یا عمل کو تیز کرنا .

اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ اس ملک میں دور دور اپنا پیشہ گرم کرتے ہیں .

۱۸۸۹ سوانح عمری امیر علی ٹھگ ، ۱۰

ــ وَر (ــ فت و) صف .

۱. کاروبار کرنے والا ، ہنر یا کام کے ذریعے سے روزی کمانے والا ، کاریگر ، اہل حرفہ ، دوکاندار ، تاجر .

بڑھئی و جولاہا پیشہ وروں سے محصول لیا جاتا تھا .

۱۸۱۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۱۵۲

یہاں کے غریب پیشہ ور اور کاروباری لوگ برابر آٹھ محلوں میں متواتر آتے رہے .

۱۹۱۷ خطوط محمد علی ، ۶

۲. جو کسی مشغلہ کو بطور پیشہ یا ذریعہ آمدنی اختیار کرے .

عربوں کی غیر مامون زندگی کا راز یہی تھا کہ وہ مستقل پیشہ ور نہ تھے .

۱۹۱۴ سیرۃالنبی ، ۲ : ۸۱

۳. پیشہ کرانے والی ، بازاری (عورت) ، کسبی ، طوائف .

پیشہ ور فاحشہ کو کبھی اپنی بیوی نہ بنانا چاہیے .

۱۹۰۹ فلسفۂ ازدواج ، ۱۲

۴. ایک مخصوص پیشہ کا ماہر یا کسی خاص علاقے کے کسی پیشے میں سکہ بند لوگ جو اس نسبت سے مشہور ہوں .

جنوبی روس کے امیر کاروباری عموماً ناروے کے پیشہ ور سپاہیوں . . . تھے .

۱۹۷۹ گلگشت ، ۱۴

[پیشہ + ور ، لاحقۂ صفت]

ــ وَرانہ (ــ فت و ، ن) صف .

پیشہ ور سے منسوب .

پیشہ ورانہ تعلیم کے اسکولوں کو مستحکم کیا جائے .

۱۹۶۰ دوسرا پنج سالہ منصوبہ ، ۳۵۸

[پیشہ + ورانہ ، لاحقۂ صفت]

ــ وَری (ــ فت و) اسث .

پیشہ ور (رک) کا کام .

لوگ پیشہ وری اور دستکاری اور تجارت اور کاشتکاری سے بھی اوقات بفراغ بالی بسر کرتے ہیں .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۸

ان کی خیالی رائیں اور دماغی میلان ان کے قواعد اور پیشہ وری کے طرز عمل سے سخت مختلف اور متباین تھے .
۱۹۳۳ قدیم قانون ، ۶۵

[پیشہ + ور (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

پیشہ ور (ی مج ، فت ش ، و) امذ (قدیم) .

رک : پیش دالان .

بندے پیشہ ور خوش خوشیاں سوں تمام
طنبیاں کے صوفے دھر نہار بام
۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۶۵

[پیش (رک) سے]

پیشی (۱) (ی مج) امث .

۱. (نوابین ، امرا یا حکام وغیرہ کے دفتر خاص میں) حضوری ، اجلاس دربار یا ذات خاص کی ملازمت (معتمد خاص یا پرائیویٹ سکریٹری وغیرہ کے فرائض کی انجام دہی کے لیے) .

شہنشاہ بیگم کے بازو پر . . . ان کی معتمد پیشی تھی .
۱۸۹۹ شہنشاہ جرمنی کا سفر قسطنطنیہ ، ۱۱

کیا آپ اعلیٰ حضرت کی پیشی میں ہیں .
۱۹۳۸ مکاتیب اقبال ، ۱ : ۳۳۵

۲. (مقدمے کی) سماعت یا سماعت کی تاریخ .

مقدمے کی پیشی کی ایک تاریخ متعین ہونی چاہیے .
۱۸۹۹ مقالات شیروانی ، ۴۰

نانو خان نے ایک دعویٰ تحصیل میں دائر کر رکھا ہے اور برسوں ۱۶ کو اس کی پیشی ہے .
۱۹۰۲ مکتوبات حالی ، ۲ : ۳۳۲

۳. (حاکم یا مخدوم کے سامنے) حکم احکام یا ملاحظے کے لیے مسلیں وغیرہ پیش کرنے والا ، حضوری .

گنوار سے گنواربھی حاکم اور اس کے اہلکار پیشی میں فرق کرتا ہے .
۱۸۹۴ لکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۴۷۸

علاقہ انگریزی میں ہماری پیشی میں دو ہی ایک آدمی ہوتے تھے .
۱۹۳۴ حیات محسن ، ۱۳

۴. (حاکم یا بزرگ وغیرہ کے سامنے) حاضری ، (بیشتر عرض معروض یا جواب دہی کے لیے) .

ابا کے سامنے ہماری پیشی ہوئی . . . ہم پر خوب ڈانٹ پڑی .
۱۹۵۸ شمع خرابات ، ۱۲

[رک : پیش + ی ، لاحقہ نسبت و کیفیت]

ــ ٹلنا محاورہ .

مقدمے کی تاریخ کا گزر جانا یا ملتوی ہو جانا .

کوئی فوجداری مقدمے کی تاریخ تو تھی نہیں کہ پیشی ٹل جانی تو لینے کے دینے پڑ جاتے .
۱۹۲۴ انشائے بشیر ، ۱۰۶

ــ کا بستہ (ــ فت ب ، سک س ، فت ت) امذ .

پیش شدنی معاملے یا معاملات کی دستاویزات اور متعلقہ کاغذات کا بندھا ہوا پلندہ یا فائل .

اس وقت پیشی کے بستہ میں سو سے زیادہ . . . خطوط ہیں .
۱۸۸۸ مکاتیب امیر ، ۱۵۶

ــ کا محرر/منشی (ــ ضم م ، فت ح ، شد ر بکس/ضم م ، سک ن) امذ .

وہ شخص جو مقدمات کے کاغذات پیش کرے ، مسل خواں ، پیش کار .

سورے پیشی کے منشی حافظ جلیل حسن . . . وہاں گئے ہیں .
۱۹۰۰ مکاتیب امیر ، ۳۵۹

ــ لگنا محاورہ .

مقدمے کی سماعت کے لیے آئندہ کی کوئی تاریخ مقرر ہونا .

چچا جان مقدمے میں لگے ہوئے ہیں ، کسی طرح اس کا فیصلہ نہیں ہو چکتا ، روزانہ پیشیاں لگ جاتی ہیں .
۱۹۲۴ انشائے بشیر ، ۱۶۵

ــ لے جانا محاورہ .

سبقت لے جانا .

گلشن جنت میں ناسخ جا کے پیشی لے گئے
کچھ نہ کچھ تو فرق ہو شاگرد میں استاد میں
۱۸۶۷ رشک (نوراللغات ، ۳ : ۱۹۹)

ــ میں لگانا محاورہ .

پیشی میں لگنا (رک) کا تعدیہ (جامع اللغات) .

ــ میں لگنا محاورہ .

بطور مسل خواں تعینات ہونا (جامع اللغات) .

ــ میں ہونا محاورہ .

(معاملے یا اس سے متعلق کاغذ کا عدالت یا دفتر وغیرہ میں) زیر نظر زیر غور زیر تجویز یا ملاحظے میں ہونا .

کتنے ہی مقدمے پیشی میں کیوں نہ ہوں ممکن نہیں کہ تاریخ مقرر پر فیصل نہ ہو جائیں .
۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۲۳

پیشی (۲) (ی مج) اسث .

۱. گوشت کا ٹکڑا، بوٹی ؛ نیام ، میان ، خول ؛ پرندوں کا انڈا ، بیضہ (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

۲. ایک پودا ، بالچھڑ ، جٹا ماسی ، سنبل الطیب ، لاط : Valeriana Jatamansi ، کھلا ہوا پھول (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : پیشی पेशी]

پیشی (۳) (ی مج) اسث .

رک : پیشین .

سورج تو بہت ڈھل گیا ، پیشی کی نماز تو ہو چکی ہوگی .

۱۹۷۳ کپاس کا پھول ، ۲۸۲

[ف]

پیشے (ی مج) امذ .

پیشہ (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت تراکیب میں مستعمل .

پیشے میں عیب نہیں ، رکھیے نہ فرہاد کو نام
ہم ہی آشفتہ سروں میں وہ جواں میر بھی تھا

۱۸۶۹ غالب ، د ، ۱۵۹

— والا صف مذ .

کاریگر یا کاروبار کرنے والا ، اہل حرفہ .

کچھ ایک دو کے کام کا رونا نہیں ہے یار
چھتیس پیشے والوں کا ہے کاروبار بند

۱۸۳۰ نظیر اکبر آبادی ، ک ، ۲ : ۹۹

غضب تو یہ ہے کہ پیشے والوں میں رہ کر انہوں نے ساری خو خصلت بھی پیشے والوں ہی کی لے لیں .

۱۹۶۰ وماء نو ، کراچی ، مئی ، ۴۸

— والی صف مث .

پیشہ کرانے والی ، رنڈی ، طوائف .

برائی عورتوں سے مذاق کرتے شرم نہیں آتی ، کوئی آوارہ سمجھے ہو یا پیشے والی .

۱۹۰۷ سفید خون ، ۶۴

پیشین (ی مج ، ی مع) .

(الف) صف .

۱. سابق کا ، پرانے زمانے کا ، قدیم .

اگر شاہ ترکاں منے اصل ہے سلاطین پیشیں کیرا نسل ہے

۱۵۶۴ حسن شوقی ، د ، ۹۷

عادت بادشاہان پیشین کی تھی کہ نو روز کے دن بار عام دیا کرتے .

۱۸۲۴ سیر عشرت ، ۵۰

ہم وفادارانِ پیشیں ہم غلامانِ کہن
قبر جن کی کھد چکی ، تیار ہے جن کا کفن

۱۹۳۳ سیف و سبو ، ۴۵

۲. مذکورۂ بالا ، جو پہلے لکھا جا چکا ہے .

۱۶ (سولہ) میں ضرب دینے سے وہی ۴۰۰ (چار سو) حاصل ہوئے ہیں جو قاعدۂ پیشین سے ہوئے تھے .

۱۸۳۷ سته شمسیه ، ۱ : ۴۴

۳. آگے کا ، اگلا ، (پچھلا کی ضد) .

اس کی خرطوم مع دندان پیشیں قلم ہو کے زمین پر آ رہی .

۱۸۹۱ بوستان خیال ، ۸ : ۱۳۱

(ب) امذ ؛ اسث .

۱. (i) ظہر کا وقت ، زوال آفتاب کا وقت .

اس آیۂ کریمہ سے شمیم الہام گلشن دارالوصال مشام جاں میں پہنچی ، غدیر خم میں نماز پیشیں ادا فرمائی .

۱۸۱۲ گل مغفرت ، ۸

۲. شام .

نالۂ و افغاں کب تک کھینچے طفل برہمن اب تو آ
سر پہ ہمارے کھڑیالیں لے صبح سے تا پیشیں بجیں

۱۸۳۰ نصیر ، چمنستان سخن ، ۱۲۱

[ف]

— بینی (— ی مع) اسث .

رک : پیش بینی .

جو بات آئندہ ہونے والی تھی اس کو موجود دیکھ لیا اسی صورت میں پیشین گوئی نہیں بلکہ پیشین بینی کی .

۱۸۷۷ رسالہ تاثیر الانظار ، ۷۷

[پیشین + بینی (رک)]

— گر (— و مج) صف ؛ ~ پیشینگو .

زمانۂ آئندہ کے واقعات کی خبر دینے والا ، نجومی یا کاہن وغیرہ .

یہود کے ہاں نبوت کے معنی صرف پیشین گوئی کے تھے ، اور نبی پیشین گو کو کہتے تھے .

۱۹۳۲ سیرة النبی ، ۴ : ۵۸۵

[پیش + ف : گو ، گفتن (= کہنا) سے]

— گوئی (— و مج) اسث ؛ ~ پیشینگوی .

رک : پیش گوئی .

اس پیشین گوئی کا ظہور ، خاندان تیموریہ میں صدہا برس تک رہا .

۱۸۹۳ نشتر ، سجاد حسین ، ۱

اپنے متعلق ان کی پیشین گوئی بھی درست ثابت ہوئی ہے ۔
۱۹۳۱ مکاتیب اقبال ، ۱ : ۲۶۸

اف : کرنا ، ہونا ۔

[پیشین + گو (رک) + نی ، لاحقۂ کیفیت]

پیشینہ (ی مج ، ی مع ، فت ن) صف ۔

پیشین (رک) سے منسوب (تراکیب میں مستعمل) ۔

اتال بھی وہی عقل پیشینہ ہے
وہی مکر و دستاں دوشینہ ہے

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۲۹۱

دانشمند شہنشاہ اکبر اپنے سلاطین پیشینہ سے تمام باتوں میں ہوشیار تھے ۔
۱۸۸۶؟ درگیش نندنی ، ۱۳

میری جبیں پہ لکھتے دیرینہ داستانیں
پیشینہ صحبتوں کی میں یادگار ہوتا

۱۹۳۸ نغمۂ فردوس ، ۲ : ۱۷۱

[رک : پیش + ف : ینہ ، لاحقۂ نسبت]

پیشینی (ی مج ، ی مع) امذ ۔

اگلے زمانے کا شخص ، ماضی کا آدمی ۔

تو وہ امام ہے کہ جب آوے نماز کو
پیشینیاں تمام کریں تجھ سے اقتدا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۳۶۴

پیشینیوں پہ ہمت و غیرت ہوئی تمام
خالی ہیں ایسے جام کہ دھوے ہوے سے ہیں

۱۹۴۶ لبیب تیموری ، آتش خندان ، ۴۷

[ف]

پَے صَفا (ی لین ، فت ص) امذ ۔

(رنگ کاری) پے (سریش اور کھوریا مٹی کے بنے ہوئے مسالے کا استر) کے کھردرے پن کو صاف کرنے والا اور لکڑی کی سطح کو چکنا کرنے والا ایک قسم کا ریگ مال جو سینگ کا بنا ہوا ہوتا ہے (ا پ و ، ۱ : ۱۵۸) ۔

اف : پھرنا ۔

[پے + صفا (رک)]

پَیغار (ی لین) امذ ۔

۱۔ گڑھا ، خندق ، کھائی ۔

اس نے جانا کہ یہ باگھ ہے اس کے ڈر سے کھیت کے پیغار میں جا چھپا ۔
۱۸۰۳ اخلاق ہندی ، ۱۰۴

۲۔ ہل کا نشان یا لکیر (پلیٹس ؛ جامع اللغات) ۔

[ف]

پَیغارَہ (ی لین ، فت ر) امذ ۔

طعنہ ، سرزنش ، طنز ۔

دہان ہر بت پیغارہ جو ، زنجیر رسوائی
عدم تک ، بے وفا ، چرچا ہے تیری بے وفائی کا

۱۸۶۹ غالب ، د ، ۱۳۶

پیغارہ ، میخوارہ کے وزن پر ، معانی اس کے طعنہ اور سرزنش اور بہتان ہیں ۔
۱۹۱۳ مطلع العلوم ، ۱۹۳

[ف]

پَیغام (ی لین) امذ ۔

۱۔ وہ امر یا بات وغیرہ جو کہلا کر یا لکھ کر بھیجیں ، پیام ، سندیسا ۔

بزم میرا سو تمن یاد تھے روشن رہے جم
جیو کی دوری بندھیا ہوں بھیجنا پیغام عبث

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۶۵

بادشاہ نے معرفت بکے از ملازمان بارگاہ کے پیغام کیا کہ میں واسطے دیکھنے حویلی تشریف لایا چاہتا ہوں ۔
۱۷۷۵ نو طرز مرصع ، ۱۸۲

آپ کو کسی پیغام کی ضرورت نہیں ، آپ کا کام خود آپ کا پیغام ہے ۔
۱۹۵۷ مکتوبات عبدالحق ، ۳۹۲

۲۔ رشتے کا سوال ، نسبت ، شادی یا منگنی کی بات چیت (عموماً لڑکے والوں کی طرف سے) ۔

زینب اپے اس کا نام توں جا کر کہہ اس پیغام
۱۵۰۳ نوسر ہار ، ورق ، ۲۳ (الف)

ہر چند کہ جا بجا سے پیغام آتے ہیں مگر میں نے اب تک قبول نہیں کیا ۔
۱۹۰۲ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۷ : ۱۶۵

اف : آنا ، بھیجنا ، بھجوانا ، پہنچانا ، پہنچنا ، دینا ، رد کرنا ، قبول کرنا ، لانا ، لے جانا ۔

[ف]

ــ اَجَل آنا/آ پہنچنا محاورہ ۔

طلبی ہونا ، بلاوا آنا ، (مجازاً) موت آ جانا ، مر جانا ۔

تفسیر کا دو خمس باقی تھا کہ پیغام اجل آ پہنچا ۔
۱۹۳۸ حالات سرسید ، ۵۴

ــ اُڑ جانا/اُڑنا محاورہ ۔

شادی کی بات نہ آنا ، شادی کے پیغام آنے رک جانا ۔

شاہدہ کے ساتھ زاہدہ پر بھی مصیبت آئی کہ اس کا پیغام بھی اُڑ گیا ۔
۱۹۱۹ جوہر قدامت ، ۳۹

ــ بَر (ــ فت ب) صف ؛ اسذ ؛ ~ پیغامبر .

۱. **پیغام لے جانے یا لانے والا شخص ، قاصد .**

شام فراق ہے وہ اندھیری کہ خوف ہے
پیغام بر جناب قضا کا دہل نہ جائے

۱۸۶۵ نسیم دہلوی ، د ، ۱۹۳

پیغامبر سے کہتے ہیں بنوائیں اپنا منہ
وہ اک انوکھے چاہنے والے کہاں کے ہیں

۱۹۱۱ ظہیر دہلوی ، د ، ۲ : ۱۰۰

۲. (مجازاً) **خدا کا حکم بندوں تک پہنچانے والا ، نبی ، رسول .**

کتاب میں اوس کا مکتوب ہے
بیاں اوس کے پیغام بر کا حدیث

۱۸۷۶ سخن بے مثال ، ۳۳

پیغام بری : اسم کیفیت (= پیغام لے جانا یا لانا) .

کلام کی غرض و غایت صرف سامعین کو محظوظ کرنا نہیں ہے ، بلکہ عقل کی سفارت و پیغام بری ہے .

۱۹۱۳ شبلی ، مقالات ، ۲ : ۲۳

[پیغام + بر (رک) ، لاحقۂ صفت]

ــ بھیجنا محاورہ .

خبر بھیجنا ، زبانی بات دوسرے کے ذریعے سے کہنا ؛ شادی یا نسبت کی درخواست کرنا (نوراللغات) .

ــ پرداز (ــ فت پ ، سک ر) صف ؛ اسذ .

رک : پیغام بر .

کہاں سے لاؤں وہ پیغام پرداز
کہ ہو اس شوخ کا بھی محرم راز

۱۸۵۱ مومن ، ک ، ۳۹۴

[پیغام + پرداز (رک)]

ــ چی صف ؛ اسذ ؛ ~ پیغامچی .

رک : پیغام بر .

دیا پھر یہ پیغامچی کو جواب
کہ جانی سے میرے کہو جاشتاب

۱۸۰۲ بہار دانش ، طپش ، ۲۹

[پیغام + چی (رک) ، لاحقۂ صفت]

ــ دینا محاورہ .

کوئی بات کہلوانا ؛ رک : پیغام بھیجنا .

کوثر پہ ہے تم بن نہیں آرام چچا کو
ہم جانتے ہیں کچھ دیتی ہو پیغام چچا کو

۱۸۷۳ انیس مراثی ، ۲ : ۱۴

ــ ڈالنا محاورہ .

۱. خط سے یا کسی کی زبانی **کوئی خواہش کرنا (جو مطلب پر مبنی ہو)** .

اگر وہ . . . تمہاری طرف صلح کا پیغام ڈالیں تو ان پر (تعدی کرنے کی) اللہ نے تمہارے لیے کوئی راہ نہیں رکھی .

۱۹۱۲؟ تحقیق الجہاد ، ۲۶

۲. نسبت یا بیاہ شادی کی (زبانی یا تحریراً) **درخواست کرنا** (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

ــ رَساں (ــ فت ر) صف .

رک : پیغام بر .

دل ہے پیغام رساں جاتے ہیں خالق کی طرف
ہم کو کیا غم ہے اگر ربط نہ ہو تار نہ ہو

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۲ : ۹۳

اسم کیفیت : پیغام رسانی .

[پیغام + رساں (رک)]

ــ زبانی کس صف (ــ فت ز) اسذ .

دوسرے کے ذریعے وہ بات جو تحریر میں نہ ہو کہلوانا .

دے کے خط منہ دیکھتا ہے نامہ بر
کچھ تو پیغام زبانی اور ہے

۱۸۶۹ غالب ، د ، ۲۱۳

[پیغام + زبانی (رک)]

ــ سَلام (ــ فت س) اسذ .

رک : پیام سلام .

میں آپ کے نانا جان کا غلام نہیں ہوں کہ گھر گھر پیغام سلام کہتا پھروں .

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۷۷۰

یہ آگ لگا میر صاحب کیا پیغام سلام کرتا پھرتا ہے .

۱۹۵۴ پیر نا بالغ ، ۳۳

[پیغام + سلام (رک)]

ــ سَلام بھیجنا/ہونا محاورہ .

منگنی یا نسبت کے بارے میں بات چیت ہونا (مخزن المحاورات ، ۲۹۹) .

ــ سُنانا محاورہ .

نسبت کا رقعہ پڑھ کر سنانا ، شادی کے لیے کہنا .

کسی کو میں قبول نہیں کرتی ہوں اگر میرے دل کی خوشی چاہو تو مجھکو مت کہو اور کسی کا پیغام مت سناؤ .

۱۸۰۰؟ قصہ گل و ہرمز (عکسی) ، ۸۸ ب

ـ قضا کس اضا (— فت ق) اسذ .

موت کی خبر ؛ موت کا بلاوا .

دل جس کو سمجھتا ہے ترا درد محبت
آخر یہی پیغام قضا ہو کے رہے گا

۱۹۳۲ سنگ و خشت ، ۵۲

[پیغام + قضا (رک)]

ـ مرگ کس اضا (— فت م ، سک ر) اسذ .

رک پیغام قضا .

عاشق سے مت بیاں کر قتل عدو کا مژدہ
پیغام مرگ ہے یہ بیمار تک نہ پہونچا

۱۸۵۱ مومن ، د ، ۴۲

[پیغام + مرگ (رک)]

پیغاما پیغامی (ی لین ، ی لین) اسث .

ادھر سے اُدھر اور اُدھر سے ادھر پیام لانا ، رک : پیغام سلام ؛ سوال جواب ، بات چیت ، خط و کتابت (جامع اللغات ؛ نوراللغات ؛ فرہنگ آصفیہ) .

[رک : پیغام + ا ، لاحقۂ اتصال + پیغام ، ی ، لاحقۂ کیفیت]

پیغامی (ی لین) .

(الف) صف .

رک : پیامی .

میں اس کو شرح سوز دل کہو کس طرح لکھ بھیجوں
زبان شمع تک کٹتی ہے واں ہو کون پیغامی

۱۷۸۹ سوز ، د ، ۳۰۷

تا سحر آیا نہ میرے پاس وہ وعدہ خلاف
پاؤں پیغامی کے توڑے اور تھکایا رات بھر

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۵۹

وہ پیغامی سے کہتے ہیں یہ سب اس کی بناوٹ ہے
بھلا یہ طاقت گفتار ایسا ناتواں ہو کر

۱۹۱۱ ظہیر دہلوی ، د ، ۲ : ۵۴

(ب) اسث .

پیام بھیجنے یا دینے کی حالت ؛ رک : پیغاما پیغامی .

[رک : پیغام + ی ، لاحقۂ صفت و کیفیت]

پیغانی (ی لین) اسث .

عہد و پیمان کی حالت ، پرزہ پن ، بہبودگی ؛ مجازاً ہر عقیدے یا مذہب کو لا حاصل سمجھنے کی کیفیت .

اس کی تعلیم و تربیت نیم عیسوی اور نیم پیغانی انداز سے ہوئی تھی .

۱۹۵۸ نفسیات واردات روحانی ، ۲۴۹

[ف : پیغان (= عہد و پیمان ، پرزہ) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

پیغمبر (ی لین ، فت غ ، سک م ، فت ب) اسذ ، پیغامبر .

۱. پیغامبر (رک) کی تخفیف ، خدا کا حکم بندوں تک پہنچانے والا ، نبی ، رسول (جو خدا کی طرف سے بھیجا گیا ہو) .

پیغمبر کہے جو کچھ کام کرے گا کوئی خدا کا نانوں نا لیکر تو او کام پائمال ہو گا .

۱۴۹۶ میراں جی شمس العشاق ، شرح مرغوب القلوب (دکنی ادب کی تاریخ ، ۲۵)

ایسا مرسل کہ سارے پیغمبر چاہتے اوس کی امت ہوئیں یکسر

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۱

کیوں نہ اے سید پسر دل کھینچے یہ سونے دراز
اصل زلفوں کی ترے گیسوئے پیغمبر سے ہے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۵۴۲

پیغمبر بشیر ، نذیر . . . اور شاہد عالم ہوتا ہے .

۱۹۲۳ سیرۃ النبی ، ۳ : ۲۸۴

۲. رک : پیغام بر .

کروں اس کی نہ کیوں تعریف جو لائے خط جاناں
کہ اکثر اس طرح کے لوگ پیغمبر نکلتے ہیں

۱۹۱۷ رشید (مہذب اللغات)

۳. کسی خاص کام میں انسانی برادری کا قائد اور پیشرو .

یورپ کی قومیں . . . پیغمبر تہذیب ہیں .

۱۸۸۲ بنارس گزٹ ، جون ، ۱۲

ان کو ہندوستان کے مسلمانوں میں تعلیم کا پیغمبر کہا جائے .

۱۹۰۱ حیات جاوید ، ۳۰۷

[ف]

ـ اپنے گھر کے سوا کہیں بے قدر نہیں ہوتا کہاوت .

صاحب کمال کی مخالفت سب سے زیادہ گھر والے ہی کرتے ہیں .

ان کی زبان پر بہت سی کہاوتیں تھیں ، جیسے : پیغمبر اپنے گھر کے سوا کہیں بے قدر نہیں ہوتا .

۱۹۷۵ اردو نامہ ، کراچی ، ۵۰ : ۲۷۳

ـ آخرُ الزماں کس اضا (— کس خ ، ضم ر ، غم ال ، شد ز ، فت) اسذ .

آخری پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم .

حضرت پیغمبر آخرالزماں . . . و ملائکۂ مقربین اترے .

۱۷۲۲ کربل کتھا ، ۲۳۵

میری کنیز ولادت پیغمبر آخرالزماں کی خوش خبری لے کر میرے پاس آئی تھی .

۱۸۸۷ خیابان آفرینش ، ۲

[پیغمبر + آخر (رک) + ال (۱) (رک) + زماں (رک)]

ــ صلعم (ــ فت ص ، سک ل ، فت ع) امذ .

حضرت محمد ﷺ (جامع اللغات) .

[پیغمبر + صلعم (رک)]

پیغمبرانہ (ی لین ، فت غ ، سک م ، فت ب ، ن) صف .

پیغمبر جیسا .

اقبال آخر انسان تھے پیغمبرانہ اعجاز رکھنے کے باوجود پیغمبر نہ تھے .

۱۹۳۸ ملفوظات اقبال ، ۱۱۳

[پیغمبر + انہ ، لاحقۂ نسبت]

پیغمبری (ی لین ، فت غ ، سک م ، فت ب) امث ؛ ~ پیغامبری .

پیغمبر (رک) سے منسوب ، پیغمبر کا منصب جو اللہ کی طرف سے عطا ہوتا ہے .

سجے اس نبوت کی انگشتری کہ پائی صفا اس نے پیغمبری

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، ۵

مری چشم حیراں کے درپن میں ظالم توجہ تری بے نیازی کوں کب ہے
اگر دیکھنا ہے تو دیکھ آئینہ میں خدائی و پیغمبری کا تماشا

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۲۰۳

مثل رسول کیوں نہ ہوں زہرا کے جائے ہیں
پیغمبری کو چھوڑ کے سب وصف پائے ہیں

۱۹۱۲ اوج (ق) ، ۳

[ف]

ــ پھول امذ .

زرد رنگ کے پھول جو ایک جنگلی پودے میں کھلتے ہیں ، پنجک (جامع اللغات) .

[پیغمبری + پھول (رک)]

ــ تخت (ــ فت ت ، سک خ) امذ .

منصب پیغمبری .

پیغمبری تخت پر بیسے ہیں جب پیغمبر
تب پک لگے تو انبراس شمس و الضحیٰ کا

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۳۶

[پیغمبری + تخت (رک)]

ــ وقت (ــ فت و ، سک ق) امذ .

سخت مصیبت ، پیغمبروں کی طرح آزمائش اور ابتلا یا غربت کا زمانہ .

اس گھر میں تو آپ ہی پیغمبری وقت پڑ رہا ہے .

۱۸۸۰ آب حیات ، ۱۰۲

ہمسائی بولی ، ہم بہت غریب ہیں ، پیغمبری وقت (وقت) پڑا ہے .

۱۹۲۸ ہس بردہ ، ۹۸

[پیغمبری + وقت (رک)]

پیغولہ (ی لین ، و مع ، فت ل) امذ .

۱. گوشہ ، کونا ، تنگ گلی ، گڑھا ؛ سلوٹ نیز مجازاً .

ایک روز جناب و قبلہ پک داد پر جو پیغولہ ران میں تھا مرہم لگا رہے تھے .

۱۸۸۴ تذکرۂ غوثیہ ، ۳۸۶

اسی کے دم سے مرے دل کا طاق روشن ہے
اسی کے فیض سے پیغولہ کنج گلشن ہے

۱۹۶۳ ورق خوانده ، ۱۳۲

[ف]

پیغولی (ی لین ، و مع) صف .

پیغولہ (رک) سے منسوب ، گوشہ نما ، سلوٹ دار .

پیغولی کمانیں وہ ہیں جو ایک دوسرے کو قطع کرتی ہیں .

۱۹۴۸ رسالہ رڑکی چنائی ، ۸۱

[رک : پیغولہ + ی ، لاحقۂ نسبت]

پیک (۱) (ی لین) امذ .

۱. قاصد ، نامہ بر ، ایلچی ، پیغام بر ، پیام لانے یا لے جانے والا .

کہارہ کے واں پیک پیغمراں انگے جاتوں اے سرور سرو واں

۱۶۴۵ قصۂ بے نظیر ، ۱۰

رقعے میں لکھ کر یہ سارے پیام
دیئے پیک کو با شکوہ تمام

۱۸۹۳ صدق البیان ، ۱۳۹

۲. (مجازاً) جاسوس ، مخبر (عموماً میدان جنگ کی خبریں صدر مقام پر پہنچانے والا) .

اٹھ کر زمین سے پانچ جو بھاگے تو دس گرے
مخبر یہ پیک ، پیک یہ مر کر عسس گرے

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۱ : ۳۵۶

آپ دارا بخت کا پتہ تو کرائیں پیک دوڑائیں .

۱۹۵۹ شمع خرابات ، ۲۵

۳. رات کے وقت گانو کے گرد پھر کر بستی کی نگرانی کرنے والا چوکیدار جو وقفے وقفے سے رات کو بستی اور گانو کے اطراف پھیرا لگاتا اور پشمار کرتا ہے (اپ و ، ۶ : ۴۱) .

[ف]

— اَجَل کس اضا (— فت ا ، ج) امذ .

موت کا فرشتہ .

وہ چرخ مار کے شادی سے تب کہا گردوں
شتاب جاؤ کہ پیک اجل بولا تا ہے

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۲۷۸

جان بیمار محبت لے گیا پیک اجل
آپ بیٹھے اے مسیحائے زماں دیکھا کئے

۱۸۹۳ مرقع زیبا ، ۱۰۹

یہ پیک اجل نہ پئے گا اتنی
اک جرعہ آب سے پیاس اپنی بجھاؤں

۱۹۳۸ الخیام ، ۴۰

[پیک + اجل (رک)]

— اَجَل آنا محاورہ .

موت واقع ہونا ، وفات پانا .

تھی صبح شب عقد کہ پیک اجل آیا
دیکھا بھی نہ تھا ماں نے کہ سہرے کو بڑھایا

۱۸۷۲ انیس ، مراثی ، ۲ : ۷۳

— بچہ (— فت ب ، شد چ فت) امذ .

رک : پیک معنی نمبر ۱ .

پیک بچے برائے خبر روانہ کر دیے تھے .

۱۹۰۸ آفتاب شجاعت ، ۱/۵ : ۲۱۴

۲. رک : پیک معنی نمبر ۲ .

ایک لاکھ چوراسی ہزار پیک بچہ ہے وہ لوگ بھی جا بجا سے عرفان حسین کو گرفتار کر لاتے ہیں .

۱۹۰۰ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۱ : ۲۹۹

۳. چھوٹے سپاہی بچے .

چار سے (سو) پیک بچے شاہزادہ پر ٹوٹ پڑے .

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۲۵۹

صاحبقراں نے جو آکر دیکھا کہ ساحروں نے لشکر کو ہمارے پامال کیا . . . ایک طرف سے جواہر بن عمر تمام پیک بچے اس کی پشت پر کمندیں بازوؤں پر بندھی ہوئی جواہر نے . . . پکار کر آواز دی .

۱۹۰۱ احمد حسین ، طلسم ہوشربا ، ۷ : ۶۰۵

[پیک + بچہ (رک)]

— بنانا محاورہ .

پیک بننا (رک) کا تعدیہ (جامع اللغات) .

— بننا محاورہ .

فاطمہ صغرا جو امام حسینؑ کی بیٹی تھیں اور جنھیں سفر کربلا کے موقع پر بیمار ہونے کی وجہ سے امام حسین مدینے میں چھوڑ آئے تھے ان کے نامہ بر کی شبیہ بننا (جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ کربلا میں شہادت سے پہلے امام حسین کے پاس مریض بیٹی کا خط لے کر پہنچا تھا) جو بچے بڑے ارمان سے پیدا ہوتے ہیں انھیں محرم کی چھٹی کو یا اور کسی تاریخ کو قاصد کا لباس پہنا کر یہ رسم ادا کی جاتی ہے .

اکثر سلاطین قلعے میں تعزیہ داری کرتے تھے ، فقیر ، پیک بنتے تھے

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۵۰

— پَر پیک (— فت پ ، سک ر ، ی لین) م ف .

ایک کے بعد دوسرا قاصد ، نامہ بر کا سلسلہ بندھنے کا عمل ، قاصد پر قاصد .

ڈاک بٹھا رکھی تھی پیک پر پیک چلا آتا تھا .

۱۹۴۰ ہم اور وہ ، ۵۱

— تصوّر کس اضا (— فت ت ، ص ، شد و بضم) امذ .

(مجازاً) پرواز تخیل ، خیالات کی اُڑان ، قوت متخیلہ .

یہاں تو پیک تصور سے کام چلتا ہے
صبا نہیں نہ سہی نامہ بر سہی نہ سہی

۱۹۱۵ جان سخن ۱۸۱

[پیک + تصور (رک)]

— خُدا کس اضا (— ضم خ) امذ .

مراد حضرت جبریل .

اے حامل وحی آسمانی اے پیک خدایے دوجہانی

۱۸۵۵ مرغوب القلوب فی معراج المحبوب ، ۸۴

[پیک + خدا (رک)]

— خیال کس اضا (— فت خ) امذ .

رک : پیک تصور .

اللہ ری جستجو مرے پیک خیال کی
چھایا ہوا ہے دل کی طرح لامکاں تمام

۱۸۷۵ آئینۂ ناظرین ، ۱۱۳

بس کہ سیر قدس پر پیک خیال آمادہ ہے
کہکشاں کی جلوہ افشانی فروغ جادہ ہے

۱۹۲۸ بہارستان ، ۳۹۵

[پیک + خیال (رک)]

ــ دانش کس اضا (ــ کس ن) امذ .

عقل ، عقل رسا .

پیک دانش کو یہاں کچھ راہ نہیں
بھید سے تیرے خرد آگاہ نہیں

۱۷۹۱ ریاض العارفین ، ۴

[پیک + دانش (رک)]

ــ ربانی کس اضا (ــ فت ر ، شد ب) امذ .

مراد حضرت محمد مصطفٰے صلعم .

ہجوم کفر کی پرواہ نہ کرتے تھے کبھی حضرت
شفیع المذنبین ، شاہ رسالت ، پیک ربانی

۱۹۱۶ نظام طبا طبائی ، ۴۰

[پیک + ربانی (رک)]

ــ سَفَر کس اضا (ــ فت س ، ف) امذ .

(کنایۃً) چاند ، سیارگان وغیرہ .

جانے والے قمر کو روکے کوئی
شب کے پیک سفر کو روکے کوئی

۱۹۳۳ سیف و سبو ، ۳۵۳

[پیک + سفر (رک)]

ــ سُلْطانی کس اضا (ــ ضم س ، سک ل) امذ .

شاہی قاصد ، سرکاری ایلچی .

جب پیک سلطانی در دولت پہ حاضر ہوا تو کسی کی مجال نہ تھی کہ یہ خبر گوش گذار کرے .

۱۹۱۹ واقعات دارالحکومت دہلی ، ۱ : ۲۳

[پیک + سلطانی (رک)]

ــ صَبا کس اضا (ــ فت ص) امذ .

رک : پیک نسیم .

وہ زمانہ نکل گیا کہ بارگاہ میں گھس آئے تھے . . . وہ جماؤ ہیں کہ پیک صبا کا نکلنا دشوار ہے .

۱۹۰۲ طلسم نو خیز جمشیدی ، ۳ : ۱۰۰۲

[پیک + صبا (رک)]

ــ ظَفَر کس اضا (ــ فت ظ ، ف) امذ .

فتح کا قاصد ، جیت کا نشان .

سمند قلم جب روا رو ہوا سو پیک ظفر تب دوا دو ہوا

۱۵۶۳ حسن شوق ، د ، ۹۳

[پیک + ظفر (رک)]

ــ فرخندہ فال کس اضا (ــ فت ف ، سک ر ، ضم خ ، سک ن ، فت د) امذ .

مبارک شگون لانے والا قاصد .

پیک فرخندہ فال آ پہونچا پھر پیام وصال آ پہونچا

۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۲۳

[پیک + فرخندہ (رک) + فال (رک)]

ــ قَضا کس اضا (ــ فت ق) امذ .

رک : پیک اجل .

تیرا تیر نگہ پیک قضا سے کم نہیں قاتل
جدھر چلتا ہے بن کر موت کا پیغام چلتا ہے

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۰۸

[پیک + قضا (رک)]

ــ مَرگ کس اضا (ــ فت م ، سک ر) امذ .

رک : پیک اجل .

کوئی ڈرتے ہیں پیک مرگ کے آنکھیں دکھانے سے
تری آنکھوں کے او رشک مسیحا دیکھنے والے

۱۹۳۲ بینظیر شاہ وارثی ، کلام بینظیر ، ۱۷۷

[پیک + مرگ (رک)]

ــ نَسیم کس اضا (ــ فت ن ، ی مع) امذ .

(مجازاً) خوشگوار ہوا کا جھونکا .

پیک نسیم دیتا ہے سر سبزی کی دعا
گلشن میں طفل غنچہ کا منہ چوم چوم کے

۱۸۷۲ مظہر عشق ، ۱۸۱

ایا پیک نسیم روح پرور
کہ ہے دشت و چمن تجھ سے معطر

۱۹۳۷ نغمۂ فردوس ، ۲ : ۲۳

[پیک + نسیم (رک)]

ــ نَظَر کس اضا (ــ فت ن ، ظ) امذ .

(مجازاً) تا حد نظر دیکھنے کی وسعت ، تارنگاہ .

ایک دیوار لمبی نظر آئی کہ جس کو پیک نگاہ اپنی بگڑی کو تھام کر دیکھے تو بھی اس کی بلندی تک نہ پہنچے .

۱۸۰۱ آرائش محفل ، ۳۷

[پیک + نظر (رک)]

ــ نَفَس کس اضا (ــ فت ن ، ف) امذ .

دم حیات ، (مجازاً) انسان .

چلے ہی جاتے ہیں پیک نفس اک عمر گزری ہے
نہ منزل ہے کہیں ان کی نہ رستے میں ٹھہرتے ہیں
۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۱۵۲
[پیک + نفس (رک)]

ـــ نگاہ کس اضا (ـــ کس ن) امذ .

رک : پیک نظر .

جدھر پیک نظر جاتا تھا سبزہ ہی سبزہ نظر آتا تھا .
۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۸۱۴
[پیک + نگاہ (رک)]

پیک (۲) (ی لین) امذ ؛ م ف .

(سامان وغیرہ) باندھنا . باندھنے کا عمل .

دوسرے دن سامان پیک ہونے لگا اور ایک ہفتے کے اندر سب لوگ لاہور چلے گئے .
۱۹۷۱ فہمینہ ، ۲۴۲

اف : کرنا ، ہونا .

[انگ : Pack]

پیک (۱) (ی مع) امث .

رنگین تھوک جو پان چبانے سے بنا ہو ، پان کی پیک جو سرخ رنگ کی ہوتی ہے .

ڈرتی ہوں کوئی دیکھے کا کر کے لب کا لالی پیک چپ
چپ لال ہو رنگے سب مرے رخسار ووئی شاباش خوں
۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۱۴۲

نہاں ہوں گلے سے پان کی پیک
کہ شیشے سے مئے گلگوں کی جیوں لیک
۱۷۷۳ تصویر جاناں ، ۳۸

کاوری جو گیانی ہے پیک گری ہے .
۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۵۲۰

پیک کے چکتے جا بجا تھے تو پھر آگال دان کی ضرورت بھی کیا تھی .
۱۹۲۳ انشائے بشیر ، ۳۲۱
[س : पीक्का]

ـــ پاتر (ـــ سک ت) امذ .

رک پیک دان ، اگالدان (شبد ساگر) .

[پیک + س : پاتر पात्र]

ـــ دان امذ ؛ ~ پیکدان .

رک : اگالدان .

کدھیں کوئی کھلاتی انھی پان آ
کدھیں کوی پکڑتی تھی پیکدان آ
۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۳۳

کوئی لے پیک دان اور کوئی رومال
کوئی حضرت کے آگے کوئی دنبال
۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲ : ۶۶

دو تین خواص پان کا ڈبا اور پیک تھوکنے کا پیک دان لیے حاضر ہیں .
۱۸۷۳ اخبار مفید عام ، ۱۲/۵ : ۱۵
[پیک + دان (رک) لاحقۂ ظرف]

ـــ دانی امث .

پیک دان (رک) کی تصغیر .

ہی کے پیک ان کی پیک دانی کا
بعضے خادم ہوئے نجاست خوار
۱۸۰۹ شاہ کمال ، د ، ۱۲۷
[پیک + دان (رک) + ی ، لاحقۂ تصغیر]

ـــ کا چھپکا (ـــ فت چھ ، سک پ) امذ .

پیک تھوکنے کا نشان ، پیک کا چکنا (عموماً جمع میں مستعمل) .

چار ہی دن میں بنگلے کو حیثیت سے بے حیثیت کر دیا ، جا بجا دیواروں پر پیک کے چھپکے ، دری پر تیلیوں کے پیندے کی سیاہی کے نشان .
۱۹۰۰ شریف زادہ ، ۱۱۵

پیک (۲) (ی مع) امث (قدیم) .

فصل ، کھیتی .

بتا پیک ہوا تھا وہاں کشت کوں
کہ رشک آئے اس باغ کا بہشت کوں
۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۶۰

جو جھاڑ پھاڑ پیک پانی سب گیان پہچانتے ہیں گیانی
۱۷۰۰ من لگن ، ۵۱
[مقامی]

پیک (۳) (ی مع) امث .

(رنگائی) وہ رنگ جو کسم کے پھولوں میں سجی حل کرنے کے بعد انھیں کپڑے میں لٹکانے سے پہلی مرتبہ ٹپکتا ہے (ا پ و ، ۲ : ۳۸) .

[مقامی]

پیک (۴) (ی مع) امث .

(آتشبازی) شورے یا گندھک وغیرہ کا جلا ہوا کوئلہ یا مادہ ، پھلجھڑی یا مہتابی کی بارود کا جلا ہوا مادہ ، بارود کا گل ، کیٹ (ا پ و ، ۸ : ۷۵) .

[مقامی]

پیک (۵) (ی مع) امث .

بوتلوں میں تیل یا عرق ڈالنے کا آلہ ، قیف .

گائے کا منہ کھول کر اور پیک چڑھا کر دوا انڈیل دو .

۱۹۷۷ کرشن چندر ، طلسم خیال ، ۱۶۲

اف : چڑھانا ، لگانا .

[مقامی]

پیک (۶) (ی مع) امث ؛ ~ پھیک .

چابک کا سرا (جامع اللغات) .

[ہ : पीक پیک]

پیک (۷) (ی مع) امث .

مشہور ہندوستانی پرندہ کوئل (پلیٹس ، جامع اللغات) .

[ہ : पीक پیک]

پیک (۸) (ی مع) امذ .

بادبان ؛ پھننگ ، ٹوپی کا چھجا (انگلش اردو ڈکشنری ، عبدالحق) .

[انگ : Peak]

— کیپ (— ی لبن) امث .

ایک خاص وضع کی ٹوپی جسکا چھجا آگے کو نکلا ہوتا ہے اور جو بحری سفر میں پہنی جاتی ہے بالخصوص ملاح ناخدا یا جہاز کے عملے کے ارکان پہنتے ہیں .

مونو کل خرید لایا اور بڑے ٹھاٹھ سے اپنے یونیفارم اور پیک کیپ کے ساتھ مونوکل لگائی .

۱۹۳۷ میرے بھی صنم خانے ، ۱۹۳

[انگ : Peak Cap]

پیک (۱) (ی مج) امذ .

ایک انگریزی پیمانہ جس میں دو گیلن کی گنجائش ہو .

اناج اور خشک چیزوں کے ناپنے کے پیمانے . . . ۲ گیلن کا ایک پیک .

۱۸۵۶ علم حساب ، ۱۲۱

[انگ : Peck]

پیک (۲) (ی مج) امث .

(بھنڈے اردارى) چلم میں بھرنے کے لائق تمباکو کی بٹیا (ا پ و ، ۷ : ۹۶) .

[؟]

پیک (۳) (ی مج) ف .

رک : پیگ (۱) .

خدا یاد کر کر کرو زور ایک
سو کھینچو مجھے تم کنارے پہ پیک

۱۹۶۷ بحوالہ ، اردو کی قدیم منظوم داستانیں ، ۴۲۱

پیکا (ی لین) امذ (قدیم) .

ایک سکہ جو پہلے ایک تولے یا چھ ماشے کا ہوتا تھا ، پیسہ (رک) .

اس کی آستین میں پیکے تھے .

۱۴۲۱ بندہ نواز ، شکار نامہ ، (شہباز، سکھر ، فروری ، ۶۲)

ایسے مرد عورتاں سے نیتر راسک راس ، ایسے مرد پیکے کے پچاس .

۱۶۳۵ سب رس ، ۷۳

[مقامی]

پیکا (ی مع) امذ .

کلّے ، اکوے ، کوہل .

بیاز ٹوکرے میں بھر کر چھپکے کی طرح چھت میں لٹکا دیں تو سال بھر میں اس کا کچھ نہیں بگڑتا صرف پیکے نکل آتے ہیں .

۱۹۳۰ عصمتی دستر خوان ، ۱ : ۳۶

[مقامی]

پیک اثر (ی مع ، ف ا ، ث) امذ .

(سائنس) بہت ہی زیادہ طاقت کا عمل ، قوت برقی کی انتہائی حد .

اس کا نتیجہ پیک اثر کی صورت میں برآمد ہوتا ہے .

۱۹۷۱ الیکٹرانی کرنوں کے عملی اطلاقات ، ۱۱۳

[انگ : Peak + اثر (رک)]

پیکار (۱) (ی لین) امث .

۱. جنگ ، لڑائی ، معرکہ ، باہمی کشیدگی .

نوادر دیکھا مج تھے آزار کوں
دیا بھیج لشکر ہی پیکار کوں

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۲۷

لطف ظاہر ہے مرے آزار سے
آشتی ہے مدعا پیکار سے

۱۸۶۹ شیفتہ ، د ، ۷۸

اگرچہ ترکی تو ہیں ہم سے دو میل کے فاصلے پر تھیں پھر بھی ہم پیکار کو اچھی طرح سے دیکھ سکتے تھے .
۱۹۲۸ حیرت ، مضامین حیرت ، ۱۰۸

۲. مقابلہ ، کشمکش ، غلبہ پانے کی کوشش .
و لیکن اتال جاے گفتار نیں
جو آسمان سوں کس کو پیکار نیں
۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۸۰۶

دنیاے اسلام اس وقت ایک روحانی پیکار میں مصروف ہے .
۱۹۲۴ مکاتیب اقبال ، ۱ : ۱۳۹

۳. معمولی جھگڑا ، تو تو میں میں ، خانگی معاملات میں لڑائی .
جہیز کی بابت تکرار ہوئی بھائی بھائی میں جدال و پیکار ہوئی
۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۱۸۷

[ف]

— جُو (— و مع) امذ .

جنگ جو ، لڑنے والا .
او آ بولیا اے مرد پیکار جوئے
بھوایا ہے لہو چھگڑے کے ٹھار جوئے
۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۱۶۶

[پیکار + ف : جو ، جستن (= ڈھونڈھنا) سے]

پیکار (۲) (ی لین) صف .

۱. پھیری والا ، گھوم پھر کر بیچنے والا ، گشتی خردہ فروش .
رکھ خوانچے کو سر پر پیکار یوں پکارا
بادام بھونا چابو اور کُرکُرا چُھہارا
۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۱۷۵

۲. وصول کنندہ ، محصّل ، گھوم پھر کر قرضہ چندہ یا لگان وغیرہ وصول کرنے والا شخص (فرہنگ آصفیہ) .

۳. (ماہی گیری) مچھلی کی منڈی کا دلال (ا پ و ، ۳ : ۵۵) .

۴. (دھنائی) کھیتوں سے کپاس چنوانے والا ٹھیکیدار یا آجر (ا پ و ، ۲ : ۲) .

۵. (دکانداری) وہ شخص جو بازار میں پھر کر تجارتی مال کی خرید و فروخت کا معاملہ طے کرائے ، تجارتی دلال ، گماشتہ (ا پ و ، ۷ : ۳۹) .

۶. (بیل بانی) بیلوں کا بیوپاری یا سودا کرانے والا دلال ، بردھا (ا پ و ، ۵ : ۵۴) .

۷. ایک چابک یا رسی جو زمیندار کھیت کے جانور اڑانے اور نکالنے کے واسطے استعمال کرتے ہیں (اردو قانونی ڈکشنری ، ۱۲۷) .

[رک : ہانکے کار]

پیکار (۳) (ی لین) امذ .

دروازوں کی چوکھٹ کی بلندی تک یعنی سطح فرش سے قریب ۶ یا ۷ فٹ اونچا عمارت کی چنائی کا تیار شدہ کام .
پیکار تیار ہوگئی ہے ، اب دروازوں کے اوپر کا کام شروع ہوگا .
۱۹۳۹ اصطلاحات پیشہ وران ، ۱ : ۱۱۳

[ف]

پیکاشتی (ی لین ، سک ش) ، امذ .

(کاشتکاری) غیر وطنی (پردیسی) کاشتکار جس کو آراضی مزروعہ پر مالکانہ حق حاصل نہ ہو صرف معاہدۂ مقررہ کی رو سے کاشت کرتا رہے (ا پ و ، ۶ : ۴۱) .

[ف]

پیکان (۱) (ی لین) امذ .

۱. تیر ، تیر کی نوک ، انی .
شوخی بھی ہے لازم نگہ ناز و ادا میں
یہ تیر کا پیکان ہے یہ برچھی کی سناں ہے
۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۲۳۲
بادشاہ اس درجہ سخی ہے کہ لڑائی میں جو تیر استعمال کرتا ہے ان کی پیکان سونے کی ہوتی ہے .
۱۹۰۷ شعر العجم ، ۱ : ۳۶

۲. (بانک وغیرہ) نیزے یا بھالے کی انی ، تلوار یا چھری کا اوپری حصہ ، پھار ، ڈال (ا پ و ، ۸ : ۴۵) .

[ف :]

— اَز جراحت بدر آید و آزار در دل بماند فارسی

کہاوت اردو میں مستعمل .
اگر کسی کو رنج دیکر مصالحت کرو تو بھی اس کے دل میں کھٹکا رہتا ہے اور بدلا لیتا ہے (محاورات ہند ، ۵۶) .

— کَش (— ق ک) امث .

ایک قسم کی نشتر نما چھوٹی چھری .
پیکان کش چار آنے سے تین روپے تک .
۱۹۳۸ آئین اکبری ، ۱ : ۲۰۰

پیکان (۲) (ی لین) امذ ؛ ج .

رک : پیک (۱) معنی نمبر ۱ (پایئس) .
[ف : پیک + ان ، علامت جمع]

پیکانی (ی لین) صف .

۱. نوکیلا ، نوکدار ؛ لال اور یاقوت کی ایک قسم .

ڈر سمایا ہے یہ اس ناوک مژگان کا مجھے
کبھی یاقوت نہ لوں سول جو پیکانی ہو

۱۸۹۰ اشک ، معیار نظم ، ۷۱

۲. قدیم زمانے کی ایک روش تحریر جو تیروں کی شکل کی ہوتی تھی جس میں قلم کے سرے کو مٹی پر دبانے سے میخ یا پیکان کا نشان بنتا تھا ، پیکانی خط .

مصنف نے یمن کی ان کتابوں اور نوشتوں کا ذکر کیا ہے جو مسند یعنی پیکانی حروف میں کھودے گئے ہیں .

۱۸۹۸ مضامین سلیم ، ۲ : ۷

چونکہ اس خط کی بنیاد ایسے نشانات پر ہے جو کبھی کھونٹی (میخ) کبھی تیر کے پھل (پیکان) اور کبھی کیل (مسمار) سے مشابہ ہوتے ہیں اس لئے اسے میخی ، پیکانی اور مسماری تین ناموں سے یاد کیا جاتا ہے .

۱۹۶۲ فن تحریر کی تاریخ ، ۵۷

۳. قلم نما ، قلمی .

پھٹکری اور نوشادر پیکانی برابر پانی میں گھسیں اور تلوار پر لگائیں .

۱۹۱۳ ترجمہ مجمع الفنون ، ۱۸۹

[رک : پیکان (۱) + ی ، لاحقۂ نسبت]

پیکْنی (ی مج ، سک ک) اسث (قدیم) .

رک : بھکیتی .

اب کیا کرے دیکھتے کوں دیکھے
دلدار کے پیکنی کوں دیکھے

۱۷۰۰ سن لگن ، ۷۷

پیکٹ (ی لین ، کس ک) امذ .

۱. بنڈل یا گٹھڑی جس میں کوئی چیز ہو ، پارسل .

آپ ہی پیکٹ بناتا ہے اور ان پر ٹکٹ چپکاتا اور ڈاک میں روانہ کرتا ہے .

۱۸۹۸ معارف ، ۱/۱ : ۳

پوسٹ آفس میں منی آرڈر و پارسل و پیکٹ و خطوں کی رجسٹری کے محصول گھٹانے سے رعیت کو خرچ کی تخفیف سے تکلیف کم ہو گی .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۱۶۷

۲. (کاغذ وغیرہ کی تہہ بہ تہہ بنی ہوئی) گٹھڑی .

نوٹوں کا پیکٹ بچے کے ہاتھ میں دے کر . . . دروازے کی طرف چل دیا .

۱۹۳۴ صید و صیاد ، ۲۴۳

۳. چائے ، اگربتی یا سگریٹ وغیرہ کا ڈبہ یا ملفوف (خواہ کاغذ کا ہو خواہ گتے وغیرہ کا) .

چھوٹے چھوٹے پیکٹ بنا کر دوکانداروں کے ہاں فروخت کریں .

۱۹۳۴ صنعت و حرفت ، ۱۷

[انگ : Packet]

پیکٹ (ی لین ، سک ک) امذ .

معاہدہ .

اندرا گاندھی کی حکومت لیاقت نہرو پیکٹ کا احترام نہیں کرتی .

۱۹۶۹ جنگ ، کراچی ، ۶ اکتوبر ، ۹۰

[انگ : Pact]

پیکٹن (ی مج ، سک ک ، کس ٹ) اسث ← پیکٹین .

(کیمیا) ایک قسم کا سفید معتدل مادہ جو گوند سے مشابہ ہوتا ہے .

پیکٹن یا نباتی جیلی بعض دوائی پودوں میں پائی جاتی ہے .

۱۹۴۸ علم الادویہ (ترجمہ) ، ۱ : ۱۳

[انگ : Pectin]

پیکٹوز (ی مج ، سک ک ، و مع) امذ .

(کیمیا) ایک حل نہ ہونے والا مادہ جو کیسلین سے مشابہ ہے اور اسی کے ساتھ کچے پھلوں میں پایا جاتا ہے .

بنیادی طور پر یہ کاربو ہائیڈریٹ ، پیکٹوز اور ان سے ملتے جلتے مادوں اور چند دوسرے کیمیاوی مادوں سے بنی ہوتی ہے .

۱۹۷۰ فنجانی اور مشابہ پودے ، ۵

[انگ : Pectose]

پیکر (۱) (ی لین ، فت ک) امذ ؛ اسث .

۱. جسم ، جسد .

جلوہ گر تو ہے آفتاب یقیں
تجھ سے روشن ہے پیکر عالم

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۳۰

پیکر اپنی خدا نے رکھی ہے
ڈانس ایک ایک جیسے مکھی ہے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰۰۹

۲. مجسمہ ، سراپا .

ہندو اس کو مہا دیو کا پیکر قیاس کرتے ہیں .

۱۸۰۵ آرائش محفل ، افسوس ، ۲۲۳

دونوں باپ بیٹوں کی رگوں میں ان کے آبا و اجداد کا خون تھا جو صبر و تحمل اور ضبط و متانت کے پیکر تھے .

۱۹۴۳ سیدہ کی بیٹی ، ۱۵

۳. مرکبات میں بطور جزوثانی بمعنی چہرہ ، جسامت وغیرہ مستعمل .

[ف]

ـــ احساس کس اضا (— کس ا ، سک ح) امذ .

(مراد) انسانی جسم .

پیکر احساس میں خوابیدہ روح درد تھی
شعلہ ریزی نوابات اخوت سرمد تھی

۱۹۱۳ شکریۂ یورپ ، ۵

ـــ آدم کس اضا (— فت د) امذ .

حضرت آدم کا جسم ، انسان کا جسم ، آدمی .

وہ خود پیکر آدم میں حلول کر کے نمایاں ہوا .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ۳ : ۱۰۱

[پیکر + آدم (رک)]

ـــ بدلنا محاورہ .

ایک جسم چھوڑ کر دوسرا جسم اختیار کرنا .

ذرات آستاں کو ترے دیکھ دیکھ کر
ہر ذرے سے بدلنے کو ہے پیکر آفتاب

۱۸۷۹ سالک ، ک ، ۲۳۴

ـــ بے جان کس اضا ، امذ .

مردہ جسم ، مردہ .

وہ اس کے ہاتھ میں پیکر بے جان بن جاتے ہیں .

۱۹۲۳ سیرۃالنبی ، ۳ : ۴۵

[پیکر + بے (رک) + جان (رک)]

ـــ پذیر (— کس پ ، ی مع) امذ .

وہ شے جو کسی سانچے وغیرہ میں ڈھالی جائے اور اس سانچے کی شکل اختیار کر لے ، سانچے میں ڈھلنے کے قابل .

کنکریٹ ایک پیکر پذیر مادہ ہے .

۱۹۳۸ رسالہ ورکی چنانی ، ۱۶۵

[پیکر + پذیر (رک)]

ـــ تصویر کس اضا (— فت ت ، سک ص ، ی مع) امث .

۱. تصویر یا نقش انسانی کا سراپا ، تصویر کا خاکہ .

نقش فریادی ہے کس کی شوخیٔ تحریر کا
کاغذی ہے پیرہن ہر پیکر تصویر کا

۱۸۶۹ غالب ، د ، ۱۴۲

ناتواں وہ ہوں مرے نقش میں بھرتے ہیں لہو
رنگ ہر پیکر تصویر میں بھرنے والے

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۲۵۳

۲. (مجازاً) ساکت ، خاموش .

دروازے پر دربان بھی نہیں ہوتے تھے تاہم نبوت کے جلال سے ہر شخص پیکر تصویر نظر آتا تھا .

۱۹۱۴ سیرۃالنبی ، ۲ : ۲۲۳

[پیکر + تصویر (رک)]

ـــ حرف کس اضا (— فت ح ، سک ر) امذ .

(خوش نویسی) ابجد کے حرف کی وضع یا مکمل شکل و صورت (ا پ و ، م : ۲۰۹) .

[پیکر + حرف (رک)]

ـــ خاکی کس اضا امذ .

(لفظاً) مٹی کا جسم ، (مراد) انسان جس کی تخلیق خاک سے ہوئی ہے .

صفائے قلب حاصل کر وہ کسب زہد و تقویٰ سے
کہ عالم پیکر خاکی میں ہو روح مجرد کا

۱۸۷۲ محامد خاتم‌النبین ، ۵

[پیکر + خاکی (رک)]

ـــ خیالی کس اضا (— کس خ) امذ .

تصویر خیال ، تصور کا پیولا .

ان دونوں طریقوں سے بھی اگر کچھ ہوتا ہے تو صرف اتنا ہی ہوتا ہے کہ پیکر خیالی عالم وجود میں آ جاتی ہے .

۱۹۱۲ خیالات عزیز ، ۱۶۹

[پیکر + خیالی ، خیال (رک) سے]

ـــ عنصری کس اضا (— ضم ع ، سک ن ، فت ص) امذ .

مادی جسم ، (کنایۃً) انسان ، جان دار ، ذی روح .

انسان باعتبار پیکر عنصری کے ایک دوسرے کے ہمسفر ہیں .

۱۸۹۳ مقالات حالی ، ۱ : ۱۸۳

[پیکر + عنصری (رک)]

ـــ گر (— فت گ) امذ .

جسم بنانے والا ، خالق ، (مجازاً) اللہ تعالیٰ ؛ مصور ، نقاش ، مجسمہ ساز .

تعالی اللہ زہے نقاش ، صلی اللہ نقش اوسکا
بنا کر آپ آئے پیار پیکر گر کو پیکر پر

۱۹۲۱ میخانۂ خلد ، ۶۳

[پیکر + گر (رک)]

ـــ مُجسّم کس اضا (— ضم م ، فت ج ، شد س بفت) امذ .

سراپا ، مکمل نمونہ .

فضائل اخلاق کا ایک پیکر مجسم سامنے آ جائے جو خود ہمہ تن آئینہ عمل ہو .

۱۹۱۱ سیرۃالنبی ، ۱ : ۲

[پیکر + مجسم (رک)]

ـــ ناموس و عفت کس اضا (— و مع ، و مج ، کس ع ، شدف بفت) امث .

مراد عورت .

موجودہ زمانے میں تہذیب و شائستگی کے نام سے اس پیکر ناموس و عفت کے ساتھ جیسا کچھ سلوک روا رکھا جا رہا ہے .

۱۹۲۶ اقبال شخصیت شاعری ، ۶۶

[پیکر + ناموس (رک) + و ، عطف + عفت (رک)]

ـــ نگاری (— کس ن) امث .

الفاظ میں کسی جسم کی تفصیل بیان کرنے کا عمل .

تخلیقی اور تنقیدی زبان میں وہی فرق ہے جو پیکر نگاری اور منطق کی زبان میں ہوتا ہے .

۱۹۶۵ تنقیدی نظریات ، ۱۶۵

[پیکر + نگاری (رک)]

پیکَر (۲) (ی لین ، فت ک) صف .

اسباب بند کرنے والا ؛ بنڈل یا پیکٹ بنانے والا ، جو کسی دفتر یا کارخانے وغیرہ میں کاغذوں کے بنڈل بنانے یا لفافوں اور تھیلوں میں سامان رکھ کر انھیں لپیٹے ؛ ڈاکخانے کا وہ ملازم جو ڈاک کے تھیلے تیار کرتا نیز ڈاک سے جانے والی اشیاء پر ڈاک کی مہر ثبت کرتا ہے (ماخوذ : فیروزاللغات اردو) .

[انگ : Packer]

پیکَر (۳) (ی لین ، فت ک) امذ ~ پیکار

کپاس سے روئی اکٹھی کرنے والا (شبد سا گر) .

[ف : پیکار]

پیکْرا (ی لین ، سک ک) امث .

بیری ، پانو میں پہننے کا ایک گہنا (شبد سا گر) .

[ہ : पैकरा : پیکرا]

پیکَرْما (ی لین ، فت ک ، سک ر) امذ .

(ہندو) تیرتھ یا متبرک مقام کا طواف نیز درشن کو گھر سے سر اور پانو کے بل جانے کا عمل جس کی صورت یہ ہے کہ زمین پر بیٹھ کے بل لیٹ کر کھڑے ہوتے ہیں اور جہاں سر رکھا تھا وہاں پانو رکھ کر پھر اسی طرح اٹھتے لوٹتے تیرتھ تک پہنچ جاتے ہیں .

یہ نہیں ہو سکتا کہ ایک شخص ایک مسلمان سے مرید ہو کر ارکان ایمان کی تعلیم لے اور ایک ہندو کا چیلا بن کر پوجا پاٹ ، پیکرما اور ڈنڈوٹ سیکھے .

۱۸۹۱ فغان بے خبر ، ۱۹۰

رات بھر پیکرما کرنے والے عقیدت مندوں کی ٹولیاں گزرتی رہتیں .

۱۹۵۲ میرے بھی صنم خانے ، ۱۹۷

[س : پرکرما परिक्रमा]

پیکَری (ی لین ، فت ک) صف .

پیکر (۱) (رک) سے منسوب ، جسم ، جسم سے متعلق .

دیکھے پیل سی ایک واں پیکری
پینیا تخت پر آپسی چادری

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۲۶۵

[پیکر + ی ، لاحقۂ نسبت]

ـــ طب (— کس ط) امذ .

جسم انسانی سے متعلق علم طب .

علم الابدان پیکری طب علم الاخلاق روح کی طب

۱۹۲۸ تنظیم الحیات ، ۱۲

[پیکری + طب (رک)]

پیکَڑ (ی لین ، فت ک) امذ .

سنگدل ، کٹر (قدیم اردو کی لغت) .

[مقامی]

پیکّڑ (کس پ ، فت ی ، شد ک بفت) صف .

بہت پینے والا ، پرانا شرابی اور نشہ باز .

جوانی میں اس نے صدہا گھر گھالے اور بڑی پیکڑ ، مگر بہت عرصے سے چھٹی ہوئی تھی .

۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۱ : ۱۵۲

جارجین بیحد پیکڑ ہیں کھانے کی میز پر بار بار کھڑے ہو کر جام صحت نوش کرتے .

۱۹۷۳ گلگشت ، ۱۰۳

[پینا (رک) سے اسم مکبّر]

پیکْڑا/پیکْڑی (ی لین ، سک ک) امذ ؛ ~ پینکْڑا ، پیکھڑا .

۱. وہ کڑا جو قیدی کے پانو میں ڈالتے ہیں ، بیڑی .

پاؤں میں پیکڑے ڈال کر ہاتھوں میں انکس لوہے کے لے کر داہنے بائیں اور سر پر مارتے ہیں .

۱۸۱۰ اخوان الصفا ، ۲۱

وہ بارہا پیکڑیوں اور زنجیروں سے جکڑا گیا .

۱۸۱۹ متی کی انجیل ، ۹۸

۲۔ (کلہ بانی) بھگوڑے ڈھور کے آگے سامنے کے یا محض آگے یا پیچھے کے پیر یا گردن اور ایک ٹانگ میں ڈالی ہوئی رسی کی بیڑی جو اس کو عارضی طور پر لنگڑا بنا دیتی ہے اور وہ گلے سے نکل کر بھاگ نہیں سکتا ، تون ، ٹانچ ، ٹنچ ، چھان ، چھن (اپ و ، ۵ : ۸۲) .

۳۔ (شتر بانی) اونٹ کے پیر میں باندھنے کی رسی ، دامن (اپ و ، ۵ : ۶۹) .

۴۔ عورتوں کے پانو میں پہننے کا نقری زیور ، پانو کا کڑا .

ہاتھ اینکڑا نہ پیر پینکڑا

۱۸۹۵ فرہنگ آصفیہ

[پے ، پا (رک) + کڑا/کڑی (رک)]

پیکن (ی مج ، کس ک) امذ .

ایک قسم کا ریشمی کپڑا (ابتدا میں جس کے پیش دستی رومال بنتے تھے) .

انھیں ناشتہ کروانا پیکن کھول کر دینا ، انڈوں پر مقررہ مقدار میں نمک مرچ چھڑکنا . . . اس خدمت میں اب نہ کوئی لذت رہی تھی نہ کوفت .

۱۹۶۶ سودائی ، ۳۲

[انگ : Pekin]

پیکنا (ی مع ، سک ک) ف ل (قدیم) .

بیداوار ہونا ، فصل پیدا ہونا ، پیدا ہونا .

برسات پڑ خوشی کا دل کا ملک پیکیا ہے
آویں گے پیوپل میں سک کا سوکال ہوئیکا

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۱۰

[مقامی]

پیکنگ (ی لین ، کس ک ، غنہ) امث ، امذ .

۱۔ پیکٹ یا بنڈل بنانے کا عمل ، لپیٹنے یا باندھنے کا کام .

رخشندہ خوش خوش پیکنگ میں مصروف تھی .

۱۹۵۲ میرے بھی صنم خانے ، ۱۹۸

۲۔ کوئی شے جو دو اشیا کے جوڑ کو حسب ضرورت کسنے کے لیے استعمال ہو .

پلنجروں کے پیکنگ چمڑے کے ہوتے ہیں اور ایک رنگ ان کو ان کی جگہ پر مضبوط بٹھائے رکھتا ہے .

۱۹۰۶ پریکٹیکل انجینرز ، ۲ : ۱۱۲

[انگ : Packing]

— رنگ (— کس ر ، غنہ) .

(رک) پیکنگ معنی نمبر ۲ میں استعمال کیا جانے والا گھیرا .

ہر ایک پیکنگ رنگ کا ڈائمیٹر سلنڈر کے ڈائمیٹر سے کسی قدر زیادہ رکھا جاتا ہے .

۱۹۰۶ پریکٹیکل انجینرز ، ۲ : ۵۱۹

[انگ : Packing ring]

پیکنی (ی مج ، سک ک) صف ؛ امذ .

چین کے دارالحکومت پیکنگ سے منسوب ، چینی .

تازہ ترین یافت نام نہاد پیکنی انسان ہے اور غالباً اب تک سب سے زیادہ اہم بھی قرار دیا گیا ہے .

۱۹۳۰ مکالمات سائنس ، ۱۱۷

[انگ : Pekinese]

پیکو (ی مج ، و مج) امث .

سیاہ چائے کی ایک اعلیٰ اور عمدہ قسم .

چائے کی بڑی قسم دو ہیں بلیک یعنی سیاہ گرین یعنی سبز ، پھر ہر ایک کی چند قسمیں ہیں مثلاً سیاہ کی یہ مشہور ہیں سوچانگ ، کنگو ، اولانگ ، پیکو ، بوہیا وغیرہ .

۱۸۸۸ رسالہ غذا ، ۹۱

نئی شاخوں اور کلیوں کی چائے جسے پیکو کہتے ہیں ، نہایت عمدہ ہوتی ہے .

۱۹۳۴ جغرافیہ عالم ، ۱۶۵

[انگ : Pekoe]

پیکہن (ی لین ، سک ک ، کس ہ) امث .

دائی ، قابلہ ، رک : پیش نشین (ماخوذ : شبد ساگر) .

[مقامی]

پیکی (۱) (ی لین) .

(الف) امذ .

۱۔ میلے تماشے میں گھوم پھر کر لوگوں کو پیسے لے کر حقہ پلانے والا .

گھٹنا پاؤں میں ، گلے میں پیکیوں کا توڑا ڈالے ، ایک کلکڑ کا حقہ ہاتھ میں لیے آیا .

۱۸۸۰ آب حیات ، ۲۹۷

۲۔ بازی گر ، نٹ (جامع اللغات) .

(ب) امث .

بازی گری ، نٹوں کا پیشہ (جامع اللغات) .

[رک : پائک ، پایک]

پے کیا (ی لین ، کس خف ک) امذ .

(پارچہ بافی) تانے کے تاروں کے درمیان بروئی ہوئی کھپچیوں کا سر بند یعنی وہ ڈوری جو دو کھپچیوں کو برابر برابر رکھنے کے لیے ان کے سروں میں باندھ دی جاتی ہے (اپ و ، ۲ : ۵۹) .

[مقامی]

پیکیاں (ی مج ، سک ک) امذ ؛ ج (قدیم) .

پیکا (رک) کی جمع = پیسے ، دولت .

او پیکیاں بدریاں کے سر باز کر
سپہ کوں دیا بخشش آغاز کر

۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۸۳۰

پیکھ/پیکھن (ی مج/فت کھ) امذ .

کھیل تماشہ ، سوانگ .

سکھ کا گیان ہانسا ہے ہانسا جیسے پیکھن کا ٹا ساسا

۱۶۵۴ گنج شریف ، ۲۱۱

کیوں سٹوں دیکھ پیکھ یو گوگی
گیان اُمڈیا ہے کانوں پر تیرے

۱۷۱۷ بحری ، ک ، ۱۸۹

[س : پکشٹ पेक्षण]

پیکھنا (۱) (ی مج ، سک کھ) امذ .

۱. **پتلیوں کا تماشا ، تماشا ، (مجازاً) بے وجود شے ، نظر کا دھوکا .**

یو بڑا ایک پیکھنا ہے ، یہاں اندیشہ کر دیکھنا ہے .

۱۶۳۵ سب رس ، ۴۷

نواب اب رہا شہر کا دیکھنا لڑائی نہیں اب ہوا پیکھنا

۱۷۱۹ جنگ نامہ عالم علی ، ۴۶

یہ باتیں اپنے دل میں سوچ کر ساری دنیا کو پیکھنے کا کھیل جانے .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۶

۲. **عورتوں کی چترائی یا مکر** (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

۳. **کھیل ، تماشا ، بازی ، (مجازاً) دنیاوی زندگی جو کھیل کی مانند ہے .**

اے درد یہ پیکھنا جو آ کر دیکھا
کچھ تو ہی بتا کہ دل لگا کر دیکھا

۱۷۸۴ درد ، د ، ۱۰۴

[س : پکشٹ کن पेक्षणक]

پیکھنا (۲) (ی مج ، سک کھ) ف م (قدیم) .

۱. **دیکھنا ، نظر آنا یا پڑنا ، نظر کرنا .**

ایسی عاشقی گوں کیا ہے کیں معشوق کیسی ہے گر پیکھا
چہ نہیں .

۱۶۳۵ سب رس ، ۲۱۲

دیکھیا ہے جمال جنیو کا جن پیکھیا ہے کمال پیو کا تن

۱۷۰۰ من لگن ، ۸۳

۲. **حرص یا خواہش کرنا .**

دیکھا سو پیکھا میری لاڈو کا یہی لیکھا

۱۸۹۵ فرہنگ آصفیہ

[س : پریکش प्रेक्ष]

پیکھنڈ (ی لین ، فت کھ ، سک ن) امذ .

رک : پاکھنڈ .

اگر انھیں نام نہ بتایا گیا تو خدا جانے یہ کیا پیکھنڈ کریں گے .

۱۹۳۰ چار چاند ، ۶۰

اف : کرنا ، ہونا .

پیکھنڈی (ی لین ، فت کھ ، سک ن) صف .

رک : پاکھنڈی

بابا تم بڑے پیکھنڈی آدمی معلوم ہوتے ہو .

۱۹۳۰ چار چاند ، ۱۰۵

پیکھنیا (ی مج فت کھ ، سک ن) صف .

بازی گر ، اداکار (پلیٹس) .

[پیکھنا (رک) سے]

پیگ (۱) (ی لین) امذ .

ایک خوراک بھر شراب کا ظرف ، نیز ایک پیمانہ بھر شراب.

گلاس میں یہ بڑا پیگ ڈال کر اس کو سوڈے سے لبالب بھر دیا .

۱۹۵۰ منٹو ، سرکنڈوں کے پیچھے ، ۵۳

[انگ : Peg]

— پر پیگ اُڑانا محاورہ .

خوب شراب نوشی کرنا ، چھک کر شراب پینا .

انگریزوں نے بھی دوڈھائی گھنٹے چھری کانٹا چلایا اور پیگ پر پیگ اڑایا .

۱۹۵۲ جوش (سلطان حیدر) ، ہوائی ، ۳۷

اف : دینا ، پلانا ، پینا .

پیگ (۲) (ی لین) امذ .

میخ یا کیلوں سے جوڑنا .

ری لیف رنگ کے باہر کی طرف جو فیلنج ہوتا ہے اس سے چھری B کی باڈم بنتی ہے جو کہ گیس کٹ سے پیگ کی جاتی ہے.

۱۹۰۶ پریکٹیکل انجنیرز ، ۲ : ۴۳۷

اف : کرنا .

[انگ : Peg]

پیگن (ی لین ، فت گ) امذ .

غیر اہل کتاب ، تاریک خیال یا غیر شائستہ شخص ، لامذہب ، بے دین .

وثنین کو اکثر اوقات پیگن کہا جاتا ہے .

۱۹۵۸ نفسیات واردات روحانی ، ۱۲۵

[انگ : Pagan]

پیگو (ی لین ، و مع) امذ .

سبز رنگ کا پتھر جو پیگو (برما کا ایک ضلع اور قسمت) میں پایا جاتا ہے .

روشوں کے اوپر عقیق اور پیگو کی پرچیں کاری ، پھول پاتوں کی طرح بنائی ہے .

قصہ مہر افروز و دلبر ، ۱۵ ۱۷۴۶

[علم]

پیگوڈا (ی لین ، و مج) امذ .

رک : پگوڈا .

اگر تم پیگوڈا . . . بناؤ اور اس کی اچھی خبر گیری نہ کرو اس سے کچھ فائدہ نہیں .

کرزن نامہ ، ۳۳۵ ۱۹۰۷

۲. شاہی کے عہد میں جنوبی ہند کا ایک سونے کا سکہ اشرفی .

پیگوڈا ایک سونے کا سکہ $19\frac{1}{2}$ گروٹ کا ہوتا ہے .

علم حساب ، ۱۰۷ ۱۸۵۶

[انگ : Pagoda]

پیل (ی مع) امذ .

رک : فیل ، ہاتھی .

نہیں گر خاکساری دہر میں پیشہ بزرگوں کوں
تو کیا ڈالے ہے پیل اپنے ہمیشہ خاک مستک پر

قائم ، د ، ۵۵ ۱۷۹۵

دل جو محکم ہے ، نہیں پروائے دور آسماں
پیل کی ٹکر سے کیا ڈر آہنی دیوار کو

مصحفی ، انتخاب رام پور ، ۱۹۷ ۱۸۲۴

اس جانور کے بے شمار نام ہیں ، ہستی ، گج ، پیل ، ہاتھی وغیرہ .

آئین اکبری ، ۱ : ۲۲۴ ۱۹۳۸

۲. (شطرنج) وہ مہرا جو آڑا چلتا اور آڑا ہی مارتا ہے .

جانے یو روش یو ریت رہ سج یو پیل پیادہ پادشہ سج

من لگن ، ۵۹ ۱۷۰۰

وہ پیل کی کشت دے کر وزیر کو بھی ٹھیک لے جاتے ہیں.

فسانۂ آزاد ، ۲ : ۶۰ ۱۸۸۰

۳. مرکبات میں بطور سابقہ بمعنی بڑا ، مستعمل .

سمندر کو جما ہوا دیکھا مگر اس کے پیل مہانے کا پانی بہتا ہوا پایا .

تذکرۃ العاقلین ، ۵۳ ۱۸۶۱

[ف]

ـــ ابر کس اضا (— فت ا ، سک ب) امذ .

(لفظاً) بادل کا ہاتھی ، (مجازاً) بادل میں وہ اشکال جن کو دیکھ کر ہاتھی گھوڑے کہا جاتا ہے ، لکۂ ابر .

نہیں ہے قوس قزح آسماں پہ جلوہ نما
یہ پیل ابر کی رنگی گئی ہے مستک لال

سحر ، قصائد سحر ، ۱۳ ۱۸۵۸

[پیل + ابر (رک)]

ـــ بان امذ ؛ ~ پیلبان .

رک : فیل بان .

بتی مست ہر پیلبان مست ہے زبردست ہر کیا زبردست ہے

حسن شوقی ، د ، ۱۲۸ ۱۵۶۴

خوشی سات کر دل کوں جوں سمند پور
کیا واں تے سب پیل باناں کوں دور

طوطی نامہ ، ۱۰۸ ۱۶۳۹

اسم کیفیت : پیل بانی .

مہاوت کا پیشہ (جامع اللغات) .

[پیل + بان (رک)]

ـــ بانک (— مع) امذ .

بانک کی ایک قسم جس کا ایک ایک پیچ سلسلہ وار پچاس پچاس پیچوں پر ختم ہوتا ہے (عقل و شعور ، ۳۳۶) .

[پیل + بانک (رک)]

ـــ بند (— فت ب ، سک ن) امذ ؛ ~ پیلبند .

۱. (شطرنج) وہ بازی جو پیل کے ساتھ دو پیادوں کے زور یا مدد میں ہونے سے ہوتی ہے ، مات .

شہزادے نے اپنے پیل بند سے پیادوں کی جماعت کو پست کیا .

قصہ اگر گل ، ۱۷ ۱۸۳۶

۲. ہاتھی کے پانو میں باندھنے کی زنجیر ؛ ہاتھی خانہ (فرہنگ نظام) .

[پیل + بند (رک)]

ـــ بند ڈالنا محاورہ .

(شطرنج) پیل اور پیادے کے زور کی صورت پیدا کرنا ، (جنگ) چال چلنا ، داؤ مارنا ، وار کرنا .

اپنے گھوڑے سے ایسا پیل بند ڈالا کہ فیل کو مات کیا .

تاریخ ہندوستان ، ۸ : ۳۸۰ ۱۸۹۷

— پا امذ ؛ ~ پیلپا .

ایک بیماری کا نام جس میں پانو پھول کر بہت موٹا ہوجاتا ہے .

پاؤں میں بہت سے کپڑے لپیٹ لینا ، میں کہدوں گا کہ ان پنڈت جی کو پیل پا کا روگ ہے .

۱۹۳۶ پریم چند ، خاک پروانہ ، ۹۱

[پیل + پا (رک)]

— پایہ (— فت ی) امذ .

ستون ، تھم ، کھم ، پتھر یا چونے کا بھاری ستون .

وہاں سے شہ نشین میں گئے کہ پیل پایوں پر استادہ اور شمعوں کی روشنی سے روشن تھا .

۱۸۴۲ الف لیلہ عبدالکریم ، ۱ : ۵۴

کولمبس کی یادگار جس کا وزن ۲۴۷ ٹن ہے دوسری دفعہ پیل پایہ لگا کر سہارا دیا جائے گا .

۱۹۴۴ آدمی اور مشین ، ۴۱۷

[پیل + پایہ (رک)]

— پایہ میل (— فت ی ، ی مع) امذ .

سنگ میل ، وہ ستون جو راستے میں مسافت کی نشاندہی کرے .

آدھی رات کو سمندر کے بیچوں بیچ جہاں . . . نہ پیل پایہ میل وہ آنکھ میچ کر بتا سکتے ہیں کہ ہم کس مقام پر ہیں .

۱۹۰۴ مضامین محفوظ علی ، ۱۶

[پیل + پایہ (رک) + میل (رک)]

— پیکر (— ی لین ، فت ک) صف .

قوی ہیکل ، پہلتن .

دل اس پیل پیکر کا آیا بجوش
ابھر لیایا جوں پیل جنگی خروش

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۴۷۹

[پیل + پیکر (رک)]

— تن (— فت ت) صف ؛ ~ پہلتن .

زور آور ، قوی ہیکل ، بڑے جثے کا .

اگر فی المثل کوئی پیل تن میرا ہم آورد ہووے پشے سے کمتر مجھ کو دکھلائی دیوے .

۱۸۵۵ غزوات حیدری ، ۱۸۶

رستم پہلتن ایک بار علاقہ سمنگان میں . . . شکار کو گیا تھا .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۳ : ۲۸۶

[پیل + تن (رک)]

— جنگی کس اضا (— فت ج ، غنہ) صف .

لڑنے والا ہاتھی .

تمن ہر کہاں تھا کسے ہو گماں
کہ کر پیل جنگی و شیر ژیاں

۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۷۹۷

[پیل + جنگی (رک)]

— خانہ (— فت ن) امذ .

ہاتھیوں کے باندھے جانے کی جگہ ، فیل خانہ .

اپنا خاطر کیا نچینت ، اسے کاہے کوں پیل خانے کی چینت .

۱۶۳۵ سب رس ، ۲۱۳

[پیل + خانہ (رک)]

— دماں کس اضا (— فت د) امذ ؛ صف .

۱. **مست ہاتھی ، شہ زور اور جنگجو ہاتھی .**

او پیل گوشاں پر لے کر شمشیر تیز
جوں پیل دماں کیتا او رستخیز

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۱۶۶

درندوں کا پیدا نہ نام نشاں نہ شیر ژیان و نہ پیل دماں

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰۷۷

تھی دام تعلق سے رہائی نہ جہاں کو
چیونٹی کو جو تھی فکر و ہی پیل دماں کو

۱۹۲۷ شاد عظیم آبادی ، مراثی ، ۲ : ۹۹

۲. **رک : پیل ہیکر ، پیل تن .**

کہاں تو پیل دماں کہاں یہ عبد ضعیف البنیان .

۱۹۰۴ آفتاب شجاعت ، ۴ : ۱۵۷

[پیل + دماں (رک)]

— دندان (— فت د ، مغ) .

(الف) امذ .

ہاتھی دانت (جامع اللغات) .

(ب) صف .

بڑے بڑے دانتوں والا (جامع اللغات) .

[پیل + دندان (رک)]

— زور (— و مج) صف .

ہاتھی کی طاقت والا ، طاقت ور .

زمیندار قوت بازو میں پیل زور مشہور تھا .

۱۸۷۴ نتائج المعانی ، ۱۱۵

سر بلندوں ہی کو چن چن کے دکھائی پستی
پیل زوروں کی بھی جاتی رہی ساری مستی
۱۹۲۳ عروج ، عروج سخن ، ۳۱۱
[پیل + زور (رک)]

— کَن (— فت ک) صف .
ہاتھی کو شکست دینے والا ، بہت زور آور اور قوی .
شہزادہ رستم پیلتن و پیل کن نے . . . مرکب سے اتر کر اجازت جاں بازی طلب کی .
۱۸۸۸ طلسم ہوشربا ، ۳ : ۴۷۶
[پیل + کن (رک)]

— گوش (— و مج) صف ؛ امذ .
(لفظاً) ہاتھی جیسے کانوں والا ، (مجازاً) یاجوج قوم کا ایک گروہ جس کے افراد کے کان بڑے بتائے جاتے ہیں .
او ڈونگر تمام پیل گوشاں کا تھا
خبر پیل گوشاں کوں یو سب ہوا
۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۱۶۵
[پیل + گوش (رک)]

— مال امذ .
ہاتھی کے ہانو کے نیچے کچلوانے یا کچلنے کا عمل ؛ ہاتھیوں کی روند .
سوار آہستہ آہستہ پیل مال کرتے ہوئے حلقہ شکار میں داخل ہوں .
۱۹۳۸ تاریخ فیروز شاہی (عفیف) ، ۲۲۵
اف : کرانا ، کرنا ، ہونا .
اسم کیفیت : پیل مالی .
پیل مالی کے علاوہ اور کوئی دوسرا طریقہ نہیں جس سے . . . فرو کیا جاسکے .
۱۹۶۹ تاریخ فیروز شاہی (برنی) ، ۸۲۳
[پیل + مال (رک)]

— محمود (— فت م ، سک ح ، و مع) امذ .
وہ ہاتھی جس پر ابرہہ چڑھ کر مکہ پر حملہ کرنے آرہا تھا (جامع اللغات) .
[پیل + محمود (رک)]

— محمودی (— فت م ، سک ح ، و مع) امذ .
ان ہاتھیوں میں سے ایک جو سلطان محمود ہندوستان سے گیا لے تھا خصوصاً وہ جس پر سونا لاد کر اس نے عنصری کو دیا تھا (جامع اللغات) .
[پیل + محمود (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

— مُرغ (— ضم م ، سک ر) امذ .
مرغ کی طرح کا ایک جانور جس کی چونچ پر ہاتھی کی سی سونڈ ہوتی ہے پیلو ، پیرو (رک) .
شتر مرغ ، کیوی ، پیل مرغ یعنی کسواری ، ایمو اور امریکی شتر مرغ .
۱۹۶۸ کاروان سائنس ، ۵ ، ۱ : ۸۲
[پیل + مرغ (رک)]

— نشیں (— فت ن ، ی مع) صف .
ہاتھی پر بیٹھنے والا ، ہاتھی کا سوار ، (مجازاً) بڑے مرتبے والا (جامع اللغات) .
[پیل + نشیں (رک)]

پیل (۲) (ی مع) امذ .
موسم بہار میں کھلنے والے ایک قسم کے پھول کاج ماچ کا سنہری بیج .
اسے موسم بہار کی پیل . . . یار کی نوازشوں نے مجھ سے میرا وطن چھڑا دیا .
۱۹۷۳ سیپ ، کراچی ، ۲۸ : ۵۷
[؟]

پیل (ی مج) امث ؛ امذ .
پیلنا (رک) سے (تراکیب میں مستعمل) .

— پال ف مر .
دھکا پیل .
من بعد اور باقی رہیں جتنے گشتنی
کر جمع ان کو زور شجاعت سے پیل پال
۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۱۸۵
[پیل + پال ، تابع]

— دینا ف مر .
۱. پس دینا ، دبانا ، کچلنا .
اوکھ کے ٹکڑے کاٹ کاٹ کر مل میں پیل دیتے .
۱۹۵۸ ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی ایک جھلک ، ۳۹۳
۲. دھکیلنا ، اوپر چڑھا دینا .
وہ موقع نکال کر ولسن کو تم پر پیل دیگا اور رائٹ کی طرح وہ چاہے گا کہ مقابلہ کھلے عام ہو .
۱۹۵۸ انجان راہی ، ۱۲۳

— ڈالنا محاور ہ .
بہت ظلم و ستم کرنا (جامع اللغات) .

ــ مارنا محاورہ .

۱. **انتہائی محنت کا کام لینا ، ، پریشان کرنا .**

چبا چبا کر باتیں کرتی ہو ، سب کو پیل مارا ہے .

۱۸۸۷ طلسم گوہر بار ، ۲۵۱

نواب صاحب کا غصہ بھی عجیب طرح کا ہے نوکروں سے دن بھر اتا کام لیا کہ غریبوں کو پیل مارا .

۱۹۶۲ مہذب اللغات

۲. **ریلنا ، دھکا مارنا ؛ تیل نکالنا** (جامع اللغات) .

۳. **داخل کرنا ، گھسیڑنا ؛ ڈنڈ نکالنا** (جامع اللغات) .

پیلا (۱) (ی لین) صف (قدیم) .

رک : پہلا .

وہا ہے جگا جوت سورج تمن
گنا تجھ ہے پیلا کہ چوتھا گگن

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۱۵

پیلا (۲) (ی لین) امذ .

ایک برتن یا بڑی ٹوکری (جھابا) جس سے اناج (گیہوں) کی مقدار ناپی جاتی ہے (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[ہ : पैला پیلا]

پیلا (۱) (ی مع) صف مذ ؛ مث : پیلی .

۱. **زرد ، زعفرانی ، کیسری (مجازاً) مرجھایا ہوا .**

ان کے سیوک میں رنگ لال پیدا شد ، نہ تقسیم پیلے کی نہ اجلے کی .

۱۵۸۳ جانم ، کلمۃ الحقائق ، ۵۲

تج کوپ کی نظر سوں خم ہو رہیا فلک سب
پیلا ہوا تدھاں تھے رنگ روپ سوریا کا

۱۶۷۳ شاہی ، عادل شاہ ثانی ، ک ، ۴۲

پیلا نیلا زرد کبود تانا بانا پست و بود

۱۸۵۵ تعلیم الصبیان ، ۱۰۸

۲. **اناج کی ایک قسم ؛ چنا** (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

۳. **مرض یرقان .**

جب نقاہت کا مری گلشن میں چرچا ہوگیا
نرگس بیمار کی آنکھوں میں پیلا ہوگیا

؟ عروس الافکار ، ۱۳۰

[س : پیتل + کن + क ीतल]

ــ پڑنا محاورہ .

۱. **(خشکی یا کسی بیماری کے سبب سے) پودوں کا خشک ہو جانا ، زرد ہو جانا ، مرجھا جانا ، کملا جانا .**

یہ لوگ کھیتی کو پیلا پڑا ہوا دیکھیں تو . . . ضرور ہماری نعمتوں کی نا شکری کریں گے .

۱۸۹۵ ترجمہ قرآن مجید ، نذیر احمد ، ۶۵۴

۲. **انسان کی جلد کا رنگ زرد ہو جانا (خون کی کمی یا خوف کے سبب) ؛ افسردہ ہو جانا .**

بابو جی آپ تو بالکل ہی پیلے پڑ گئے ہیں اس کا علاج کیجیے .

۱۹۳۶ پریم چند ، مضامین ، ۳۱

ــ بانسا (ــ مع) امذ .

بانسا (رک) کی ایک قسم جس کے پھول پیلے رنگ کے ہوتے ہیں .

پیلا بانسا ، گرم کڑوا اور کسیلا ہوتا ہے .

۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، ۲ : ۲۹۹

[پیلا + بانسا (رک)]

ــ پن (ــ ف پ) امذ .

پیلاہٹ ، زردی ، (مجازاً) افسردگی ؛ بے رونقی .

انیلا کے چہرے پر پیلا پن سا پیدا ہو گیا .

۱۹۵۴ شاید کہ بہار آئی ، ۲۱

شباب ڈھلنے لگا سرخی کی جگہ پیلے پن نے لے لی .

۱۹۶۶ جنگ ، کراچی ، ۳۰ ، ۱۷۸ ، ۱۱

[پیلا + پن ، لاحقۂ کیفیت]

ــ چمڑا (ــ ف چ ، سک م) امذ .

گورا جسم (اکثر حسین کو کہتے ہیں) ؛ چہرے کا پیلا رنگ (جو بیماری کی علامت ہے) .

حسن کیسا ، ہوا پیلا چمڑا ، چربی کی بتی مجھ کو پھوٹی آنکھوں بھی نہ بھایا .

۱۸۷۷ طلسم گوہر بار ، ۲۱

میری بیٹی کا ذرا پیلا چمڑا ہے ، جوانی کا ابھار ہے ، میاں شاہور دیکھ کر لٹو ہوگئے .

۱۹۰۰ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۱ : ۴۰۳

[پیلا + چمڑا (رک)]

ــ دالا امذ .

رک : اذخر .

بعض ہندی کتابوں میں اذخر کی ہندی پیلا دالا بتائی ہے .

۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، ۲ : ۴۲

[پیلا + دالا (رک)]

— سَرَس (— فت نیز کس س ، فت ر) امذ .

ایک درخت جس میں گہرے بھورے رنگ کا پھپکا اور پانی میں گلنے والا گوند لگتا ہے اس کی چھال سے رنگ نکالا جاتا ہے چھال پتے اور بیج دواؤں میں استعمال کیے جاتے ہیں (ماخوذ : خزائن الادویہ ، ۴ : ۳۴۲) .

[پیلا + سَرَس]

— کیوڑہ (— ی مج ، سک و ، فت ڑ) امذ .

کیتکی کو جس کا پھول پیلا ہوتا ہے پیلا کیوڑہ بولتے ہیں (خزائن الادویہ ، ۵ : ۶۰۱) .

[پیلا + کیوڑہ (رک)]

— ہونا محاورہ .

رک : پیلا پڑنا .

بخشنے لگے شاہ یوں ہم ستی
تو پیلا ہوا سب سنا غم ستی

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۲۳

پیلا (۲) (ی مع) امذ ؛ ~ پیلہ .

رک : پیل نمبر ۲ (نوراللغات) .

پیلا (ی مج) امذ .

رک : پیلڑ ؛ ستون ، پایا ، ٹیک ، تھونی ؛ ظلم ، ستم ؛ غلطی ، قصور (جامع اللغات) .

پیلار/پیلاڑ (ی لین) م ف (قدیم) ؛ ~ پیلھار .

۱. اُدھر کی جانب ، پرے ، اس طرف ، باہر ، پار .

کھڑے رہے رضا لے کے اپلاڑ خوش
گئے اپنی سرحد تھے پیلاڑ خوش

۱۶۲۵ سیف الملوک ، ۸۴

۲. (رسائی سے) بالا ، دور ، مافوق .

اگر جہد خود کرتیں بورا اور بورا کرتیں ، خوب یوں تو نہیں ، جزاک اللہ و لیکن تیری اختیاری جی پیلاڑ دیسے تو ہس ہونہارے پر کھال .

۱۵۸۲ جانم ، کلمۃ الحقائق ، ۷۹

حسن کا آئینہ دار ہر ایک کام میں اس کا آڑ تھا ، تعریف تی کچھ پیلاڑ تھا .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۲۱

[० : پیلار پیلاڑ]

— کا بَرَس (— فت ب ، ر) م ف .

(گزرا ہوا یا آنے والا) گزشتہ سے گزشتہ برس ، اگلے سے اگلا برس (جامع اللغات) .

پیلاطس (ی لین ، فت ط) امذ .

رک : پائلٹ (جامع اللغات) .

پیلا گرا (ی مج ، سک گ) امذ .

یہ ایک جلدی مرض ہے اس میں جلد پھٹ جاتی ہے اور اکثر دیوانگی طاری ہو جاتی ہے .

نکوٹینا مائڈ (Nicotinamide) . . . حیاتین کا پہلا نام بی 5 تھا جیسے 1973 ع میں کتوں کے مرض بلیک ٹنگ (Black tongue) اور انسانی مرض پیلا گرا (Pellagra) کے علاج میں کامیاب پایا گیا .

۱۹۶۹ تغذیہ و غذائیات حیوانات ، ۱۳۴

[انگ : Pellagra]

پیلام (ی مع) امذ .

ساٹن یا اطلس کی پھولدار قسم کا ریشمی کپڑا .

کپڑا یا تو روئی سے بنتا ہے . . . یا ریشم سے بنتا ہے ، جیسے اطلس اور مخمل اور پیلام .

۱۸۴۵ مجمع الفنون : ترجمہ ، ۲۲۶

[چینی]

پیلانا (ی مع) ف م (قدیم) .

رک : پلانا .

مراقبے کی گولی مشاہدے کے کانسے میں میکائیل کی مدد کے پانی سوں ، جلی کا کاڑا کر کو پیلانا .

۱۴۲۱ خواجہ بندہ نواز ، معراج العاشقین ، ۱۱

جھاڑاں چمن کے آج مست جھولیاں سوں جھلتے ہور مست لالے کے پیالے بھر مگر مد باو پیلایا آنند

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۳۹

پیلاہٹ (ی مع ، فت ہ) امث .

زردی ، پیلاہن .

گھاس پر کہیں کہیں ہریالی آگئی تھی اور کہیں کہیں پیلاہٹ تھی .

۱۹۷۱ انگلیاں فگار اپنی ، ۲۳۷

[پیلا + ہٹ ، لاحقۂ کیفیت]

پیلْبان (ی مع ، سک ل) امذ .

رک : پیل کا تحتی : پیل بان (مع امثلہ) .

پیلبند (ی مع ، سک ل ، فت ب ، سک ن) امذ .

رک : پیل کا تحتی : پیل بند (نوراللغات) .

پیلپا (ی مع ، سک ل) صف .

رک : پیل کا تحتی : پیل پا .

زنگ خوردہ تلوار کا پیلپا بوسیدہ کاٹھی سے زبان نکالے
خاں صاحب کی شجاعت کا منہ چڑا رہا تھا .

۱۹۳۵ داودہ پنج، لکھنؤ ، ۲۰ ، ۲ : ۵

پیلپایہ (ی مع ، سک ل ، فت ی) امث .

رک : پیل کا تحتی : پیل پایہ .

پناہ کی جگہ سوائے بارک کے پیلپایوں کی اوٹ کے نہ تھی .

۱۸۴۷ حملات حیدری ، ۲۹

پیلتن (ی مع ، سک ل ، فت ت) صف .

رک : پیل کا تحتی : پیل تن .

پیلتن و شیر دل و مار دم گاؤ زمیں خستہ ہومارے جو سم

۱۸۳۸ بستان حکمت ، ۶۳

کیا تماشہ ہے کہ نکلے گوکلی بالشتیے
بشربی دنگل کے گرد پیلتن کے سامنے

۱۹۳۱ بہارستان ، ۴۸۹

پیلتے پیلتے انسان کولھو کا بیل بن جاتا ہے کہاوت .

اگر آدمی ہر وقت کام ہی کرتا رہے تو اس کی حالت اچھی نہیں رہتی (جامع اللغات) .

پیلٹ (ی لین ، فت ل) امذ .

رک : پائلٹ .

عدن سے ایک مصری پیلٹ جس کو یہاں کے لوگ آرکائی کہتے ہیں ، ساتھ ہوا .

۱۸۸۱ تہذیب الاخلاق ، ۱۹۴

پیلو/پیلوا/پیلوہ (ی مج ، فت ل/سک ل/فت ژ) امذ .

فوطہ ، خصیہ .

فارسی میں کند اور خایہ اور گند کہتے ہیں ، ہندی آنڈا ، انڈا اور آنڈ کوش اور پیلڑ بیاے مجہول بولتے ہیں .

۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، ۴ : ۷۷

[س : پیل + رُن (پ ی ل + ر ُ ن)]

پیلس (ی لین ، کس ل) امذ .

(امرا و روسا کا شاندار) محل ، ایوان .

سر جو ہوجائیں تو پھر پاؤں سے چلنا کیسا
جب ہوا سرد ہو پیلس سے نکلنا کیسا

۱۹۳۱ دیوانجی ، ۳ : ۳۱۵

[انگ : Palace]

پیلک (۱) (ی مع ، فت ل) امذ .

۱. زرد سر کی ایک چھوٹی سی خوبصورت چڑیا ، صفاریہ ، لاط : Loxia philippensis .

وہ پیلک آ کے تن پہ بیٹھے کیسے زرد زرد ہیں
یہ جھاڑیوں میں لال جن سے لال پھول گرد ہیں

۱۹۲۵ شوق قدوائی ، نیرنگ جمال ، ۳۴

۲. کویل .

مشرق تھے جو مغربی لکوں سلطانی ہے شہ کی
کہتا ہے سگن ساج جو سن جو سے پیلک سوں

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۶۸

[س : پیتل + کہ : पीतल + क]

پیلک (۲) (ی مع ، فت ل) امذ .

چھونٹا (ہائیٹس ؛ نوراللغات) .

[س : پیلک पीलक]

پیلک (۳) (ی مع ، فت ل) امث .

(ساز گری) ہاتھی دانت کی چھوٹی سی تختی جو سارنگی کے نچلے سرے (طبلی) کے اوپر رودے یعنی تانت کے تاروں کو طبلی کی سطح سے اوپر رکھنے کے لیے لگی رہتی ہے ، اس کے اوپر تانت کے تار کھنچے ہوتے ہیں جس سے تار کی جھنکار صاف رہتی ہے ، تاردان ، ٹیک ، گھوڑی (ا پ و ، ۴ : ۱۵۰) .

[ف]

پیلن (ی لین ، فت ل) امث .

رک : پہلان ، پہلا ؛ پہلوٹھا بچہ (جامع اللغات) .

پیلنا (ی لین ، سک ل) ف ل (قدیم) .

رک : پھیلنا .

اس جیو رس جوں اوٹیا کیا وہی پرت بنب لیہ کھڑا رہیا ،
خصلت تھے کوتا و خصلت تھے پیلی .

۱۵۸۲ جانم ، کلمۃ الحقائق ، ۶۹

سیدھے کھڑے ہو کر گہرا سانس لینا چاہئے جس سے کندھے اور سینہ پیلیں .

۱۹۴۷ سنگھار خانہ ، ۱۷۷

پیلنا (ی مج ، سک ل) ف م .

۱. سینے سے زور لگا کر کسی چیز کو جگہ سے ہٹانے کے لیے بڑھنا ، رہلنا ، دھکیلنا .

پیلیا منجے جوں کسی کوں ہاتی
جالیا منجے جوں چراغ ہاتی

۱۷۰۰ من لگن ، ۱۲۰

کبھی تو یہ اس کو دور تلک ریل لے جاتا ہے ، کبھی وہ اس کو اسی طرح پیل لاتا ہے .

۱۸۰۵ آرائش محفل ، افسوس ، ۲۸

یہ اسے رہلتا ہوا لے جاتا ہے اور وہ اسے پیلتا ہوا لیے آتا ہے .

۱۹۶۲ ، ساقی ، کراچی ، جولائی ، ۵۳

۲. ہاون یا کولھو یا مشین میں مقرر طریقے سے دبا دبا کر عرق یا تیل نکالنا (گنے اور تلہا وغیرہ کے لیے مستعمل) .

آٹھ نو مہینے میں تو گنا پکتا ہے ، پھر اسے کولھو میں پیلتے ہیں .

۱۸۶۹ ؟ اردو کی پہلی کتاب ، (آزاد) ، ۵۹

ایکھ کے دنوں میں کسی کی ایکھ پیلتا ، یا فصل کی رکھوالی کرتا .

۱۹۳۶ پریم چند ، زاد راہ ، ۱۰

۳. سینے کے مقابل دونوں ہاتھوں کے نیچے دو اینٹیں رکھ کر پورے بدن کو پانو کے انگوٹھوں کے بل پیچھے کھینچنا پھر سینے کو زمین سے قریب کر کے آگے کی طرف لے جانا ، رک : (کسرت) ڈنڈ پیلنا ، ڈنڈ کرنا (نوراللغات) .

۴. (مجازاً) پیچھے ہٹا دینا ، شکست دینا ، ہرا دینا .

حسن میں تونے سب کو جو پیلا
کوئی عاشق ہے تیرا البیلا

۱۸۵۷ بحر الفت ، ۵۲

[س : پیڑ سے]

ـــ پالنا

رک : پیلنا .

من بعد اور باقی رہیں جتنے کُشتنی
کر جمع ان کو زور شجاعت سے پیل پال

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۱۸۵

[پیلنا + پالنا (تابع)]

پیلُو (۱) (ی مع ، و مع) امذ .

۱. ایک درخت کا نام جس کی پتلی شاخوں اور جڑ کی مسواک نیز دانت کا برش بھی بناتے ہیں ، اس کا ریشہ بہت مضبوط ہوتا ہے ، اور پھل کھاتے بھی ہیں ، لاط : Careya arborea; Salvadora persica .

فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے جس نے کاٹا حق مرد مسلمان کا . . . تو بیشک واجب کیا اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے جہنم کو . . . اگر چہ ایک لکڑی ہو پیلو کی .

۱۸۶۷ نورالہدایہ ، ۳ : ۱۱۲

میں نے پکے پیلو بہت کھائے .

۱۹۶۹ مقامات ناصری ، ۸۳

۲. ایک پھول ، لاط : Saccharum Sara کا شکوفہ ؛ ایک کپڑا ؛ تمر ؛ ہاتھی (پلیٹس) .

[س : پیلو]

ـــ پرنی (ـــ فت پ ، سک ر) امث .

ایک پودا جس کی تین اقسام ہیں ، لاط : Sanseviera zeylanica; Momordica monadelpha; Bryonia grandis جو بطور دوا مستعمل ہیں (پلیٹس ، جامع اللغات) .

[پیلو + س : پرنی]

ـــ کا روکھ (ـــ و مع) امذ .

رک : پیلو معنی نمبر ۱ (نوادرالالفاظ ، ۱۳۸) .

پیلُو (۲) (ی مع ، و مع) امذ .

۱. رک : پیل مرغ .

اس کے آقا کو پیلو کا گوشت بہت پسند تھا .

۱۹۴۳ ، آج کل ، دہلی ، اکتوبر ، ۹ : ۲۰

[پرتگالی : Pely]

پیلُو (۳) (ی مع ، و مع) امث .

(موسیقی) کافی ٹھاٹھ کی سمپورن راگنی ، اس کا وادی سُر گندھار ہے .

کوئی سلار گانا ہے کسی کو پیلو اور جوگیا پسند ہے .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۹۳

رات بھر نغمہ لطیف کی بارش ہوتی رہی پیلو اور پرج ، دیس اور بہاگ کے طرب ناک جھونکے چلتے رہے .

۱۹۳۶ پریم چند ، پریم پچیسی ، ۱ : ۴۸

[ہ : پیلو]

پیلُو (۴) (ی مع و مع) امث .

جالی .

جالی . . . اہل ہند پیلو گویند .

۱۴۱۹ ادات الفضلا (پنجاب میں اردو ، ۲۱۶) .

[ہ : پیلو]

پیلو (ی مج ، و مع) امذ .

کسی کام میں شدید محنت کے لئے آمادہ شخص ؛ پہلوان ؛ ہشہ ور کھلاڑی (پلیٹس) .

[مقامی یا پیلنا (رک) سے]

پیلوا (ی مج ، سک ل) امذ .

پیسوں کا ایک کھیل ، جس میں دو یا زیادہ بچے کھلی جگہ میں بیٹھتے ہیں ہر بچہ ایک ایک پیسہ نکال کر ایک دوسرے سے پانچ چھ فٹ کے فاصلے پر سیدھ میں زمین پر رکھ دیتا ہے پھر سب آپس میں کہتے ہیں پلالو جس کو پلانا ہو اس کے بعد کوئی ایک بچہ اپنا پیسا لائن میں سے اٹھا لیتا ہے اور لائن میں رکھے ہوئے کسی پیسے پر اپنا پیسا مارتا ہے اگر نشانہ ٹھیک بیٹھے یا پیسا نشانے سے ایک بالشت کے فاصلے تک پہنچ جائے تو پھینکنے والا بچہ رکھے ہوئے پیسے کو جیت لیتا ہے اگر نشانہ غلط ہو جائے یا پھینکا ہوا پیسا ایک بالشت سے زیادہ دور رہے تو پھینکنے والا بچہ اپنا پیسا ہار جاتا ہے اور جس کے پیسے کو نشانہ بنایا تھا وہ جیت جاتا ہے (ماخوذ : کھیل پتیسی ، ۲۱).

اس کھیل یعنی پیلوا کو دو یا زیادہ لڑکے دن میں کسی وقت چھوٹے میدان یا انگنائی میں صرف پیسوں سے کھیلتے ہیں .

۱۹۲۸ کھیل پتیسی ، ۲۱

[پیلنا (رک) سے]

پیلور (ی مع ، سک ل ، فت و) امذ (قدیم) .

۱. پھیری والا بساطی .

ہر پیلور گلیاں میں تا ہوت بیچ یارا
موتی لے جوہری ہو ، ہور اس وقر بیاموز

؟ ۱۶۷۹ شاہ سلطان ثانی ، د ، ورق ۴ (الف)

۲. عطار ، دوا فروش (پلیٹس) .

[ف]

پیلومکسا (ی مج ، و مج ، کس م ، سک ک) امذ .

(حیوانیات) جاندار کے جسم میں اُن جراثیم (پروٹوزآ) میں سے ایک Pelomyxa جو کاذب پیروں کے ذریعہ حرکت کرتے ہیں نیز یہ آمیبا نما اور کثیر مرکزہ جسم رکھتا ہے .

بر خلاف ان کے پیلومکسا ایک مکمل جسم ہے .

۱۹۴۹ ابتدائی حیوانیات ، ۱۵۲

[لاط : Pelomyxa]

پیلون (ی لین ، و لین) امث سہ پیلن .

(دائی گری) وہ عورت جس کو پہلی مرتبہ حمل رہا ہو (ا پ و ، ۷ : ۵۹) .

[غالباً پہلا (رک) سے]

پیلہ (۱) (ی مع ، فت ل) امذ .

ریشم کا کھڑا نیز وہ ریشمی گولا جو یہ کیڑا اپنے گرد بناتا ہے ، کویہ (پلیٹس ، فرہنگ آصفیہ ، مہذب اللغات) .

[ف]

پیلہ (۲) (ی مع ، فت ل) امذ .

رک : پیلا (۲) (فرہنگ آصفیہ ؛ مہذب اللغات) .

پیلی (ی لین) صف (قدیم) .

رک پہلی .

کہی آوتا ہے وو پیلی گھڑی
اچھے یک پہر مار تو لگ ڈری

۱۶۰۹ قطب مشتری (ضمیمہ) ، ۲۴

پیلی (۱) (ی مع) صف .

۱. پیلا (رک) کی تانیث .

پیلی ہے کیوں کناری سونا نہیں مہر کا
چونی بھوجی ہے باتیں موتی تو دیکھ لر کا

؟ میر حفیظ الدین (مقالات الشعرا ، ۱۸۲)

نو مہینے بچے کو سنبھالتے سنبھالتے پیلی پڑ چکی تھی .

۱۹۶۶ نیا پیام ، لاہور ، یکم مئی ، ۲۹

۲. (عو) اشرفی ، سونے کا سکہ (پلیٹس ؛ مہذب اللغات) .

— بوٹی (— و مع) امث .

ایک پودے کا نام جو زرد رنگ کا ہوتا ہے ، رک : آکاس بیل .

ان مشیموں پر بیض دان ہوتے ہیں ، مثلاً چینی گلاب ، پیلی بوٹی وغیرہ .

۱۹۶۲ مبادیٔ نباتیات ، ۱ : ۱۴۲

[پیلی + بوٹی (رک)]

— جوہی (— و مع) امث .

پاک و ہند کا مشہور عام اور پردلعزیز پھول ، پیم پشپی ، منوہرا ، جس کے پھولوں سے تیل نکلتا ہے نیز ادویات میں مستعمل اسکے علاوہ ہار گلدستے وغیرہ بھی بنتے ہیں (خزائن الادویہ ، ۳ : ۳۱۳) .

[پیلی + جوہی (رک)]

— چٹھی (— کس چ ، شد ٹھ) امث .

(ہندو) منگنی کا رقعہ ، شادی پتر جو زرد رنگ یا ہلدی کے رنگ کے چھینٹے دیے ہوئے کاغذ پر لکھا جاتا تھا (ا پ و ، ۷ : ۷۶) .

— چنبیلی (— فت چ ، سک م بشکل ن ، ی مج) امث .

چنبیلی کی ایک قسم .

تماشا کرتی تھی بیٹھی نویلی چمن میں پھولی تھی پیلی چنبیلی
راگ مالا ، عزلت ، ۳۲ ۱۷۵۹

[پیلی + چنبیلی (رک)]

— دھوپوں (— و مع ، و مج) م ف .

سر شام ، اندھیرا ہونے سے پہلے .

پیلی دھوپوں مزدوری لی اور ہاتھ جھاڑ الگ ہوئے ، یہ جا وہ جا .
اپنی موج میں ، ۵۲ ۱۹۵۳

[پیلی + دھوپ (رک) کی جمع مغیرہ]

— مٹی (— کس م ، شد ٹ) امث .

۱. ریت آمیز چکنی مٹی .

بیگن کو گرم بھوبھل میں قدرے پیلی مٹی لگا کر دبا دے .
جامع الفنون ، ۲ : ۲۲ ۱۹۳۰

۲. وہ مٹی جو خاص طور پر لیپنے پوتنے کے کام آتی ہے ، ملتانی مٹی .

لیسن کے اوپر پیلی مٹی سے لپائی کریں .
گھر گرہستی ، ۱۵ ۱۹۳۲

[پیلی + مٹی (رک)]

— ہڑ (— فت ہ) امث .

(طب) ہڑ کا پھل بڑھ کر پک کر زردی مائل ہو جاتا ہے تو اسے چینی ہڑ اور جب اس سے بھی زیادہ بڑھ اور پک جائے تو پیلی ہڑ کہتے ہیں (خزائن الادویہ ، ۶ : ۵۲۵) .

[پیلی + ہڑ (رک)]

پیلی (۲) (ی مع) امث .

لکڑی ؛ درخت (قدیم اردو کی لغت) .

[غالباً پیلو (رک) سے]

پیلی (۳) (ی مع) امث .

(عو) بانو میں پہننے کا ایک زیور .

مہترانی مہ پارہ ٹوکرا کمر پر رکھے ہاتھوں میں نو گریاں اور پاؤں میں پیلی سونے کی پہنے . . . جاتی تھی .
طلسم ہوشربا ، ۱ : ۴۸۷

[پایل (رک) کی تصغیر ؟]

پیلے (ی لین) صف (قدیم) .

پہلے (رک) .

قدم بوسی کے شوق نے دھاے کر
رہے پہلے اسمان میں آے کر
قطب مشتری ، ۱۰ ۱۶۰۹

پیلیا (۱) (ی مع ، سک ل) امث .

پیلا (رک) سے منسوب ؛ ایک زرد چادر جو زچہ بچہ جننے کے چھٹے دن اور اس کے بعد پہنتی ہے (جامع اللغات) .

[پیلا (رک) سے]

پیلیا (۲) (ی مع ، سک ل) امث .

(کاشتکاری) وہ کھیت جس کی مٹی میں ریت کی مقدار کسی قدر زیادہ ہو (ا پ و ، ۶ : ۴۱) .

[پیلا (رک) سے]

پیلیا (ی مج ، کس ل) امذ .

دھان کے پھول کا ایک حصہ .

دھان کا پھول اور اس کے حصے نر زیرہ کی تھیلی ، فلامنٹ ، کسار ، پیلیا .
چاول دستور کاشت ، ۲۷ ؟

[انگ : Palea]

پیلیڈیم (ی لین ، ی لین ، کس ڈ ، فت ی) امذ .

پلاٹینم کی سفید رنگ کی نادر دھات جو پانی سے $11\frac{2}{5}$ گنا بھاری ہے .

پلاٹنک کو پیلیڈیم میں سے ہائڈروجن کے نفوذ پر ایک تجربے سے متعلق تحقیقی مقالہ لکھنے پر پی ایچ ڈی ملی .
زعمائے سائنس ، ۳۲۸ ۱۹۷۰

[انگ : Palladium]

پیلی کن (ی مج ، فت ک) امذ ؛ ~ پیلیکن .

ایک آبی پرندہ جو زیادہ اُڑنے پر قادر نہیں ، اس کا پوٹا بڑا ہوتا ہے ، اس لیے حواصل کے ضمن میں آتا ہے گگن بھیڑ ، دھنبجڑی ، لاط : Pelcanus .

بعض پرندوں کی چونچیں بڑی عجیب و غریب ہوتی ہیں مثلاً پیلی کن یا حواصل کی چونچ پانی میں سے مچھلی کو اچھال کر پکڑنے کے لیے بہت موزوں ہے .
پرندے ، ۲۷ ۱۹۶۹

[انگ : Pelican]

پیلیہ (ی مع ، کس ل ، فت ی) امذ .

برقان کی بیماری کا عام نام جس میں تمام بدن آنکھوں وغیرہ زرد پڑ جاتی ہیں .

پیلیہ . . . کا کاڑھا ۳ تولہ گدہ پورنا کی جڑ کو . . . پانی میں جوش دے کر پینے سے آنکھوں کی زردی اور پیشاب پاخانہ کی زردی پندرہ یوم میں دور ہو گی .

۱۹۲۶ دافع سمیات ، ۴۸

[پیل ، پیلا (رک) سے + یا ، لاحقۂ نسبت]

پیلھار / پیلھاڑ (ی مع) م ف (قدیم) .

رک : پہلاڑ .

نہ چیٹی سکے اوڑ سوں دریا پیلھار
اگر ہانکھ ہووے جو لاکھاں ہزار

۱۶۰۳ ابراہیم نامہ ، ۱۹

پیلھڑ (ی مج ، فت لھ) امذ .

رک : پیلاڑ (مہذب اللغات) .

پیم (ی مج) امذ (قدیم) .

پریم (رک) .

نہیں پیم میں کوئی شہنشہ مثال
صحی مانے یہ بات کوں شیخ و شاب

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۱۳

تجھ زلف میں دل نے گم کیا راہ
اس پیم گلی کو انتہا نہیں

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۳۷۳

سنو سکھیو ! پیم پریت کی پہیلیاں مجھے سکھاؤ .

۱۸۰۱ مادھونل اور کام کندلا ، ۳۸

. . . پیما (ی لین) لاحقہ .

جزو دوم کے طور پر مترادف : طے کرنے والا ، پہنچنے والا ، رسائی پانے والا وغیرہ جیسے اوج پیما ، کوہ پیما ، دشت پیما .

کسی کے تئیں غرق دریا کرے
کسی کے تئیں کشت پیما کرے

۱۸۵۱ عجائب القصص

ایک شب و روز کے قریب مسافت پیما ہو کر جہاز بندر سعید پہنچ گیا .

۱۹۱۱ باقیات بجنوری ، ۱۱۷

[ف]

پیمال (ی لین) صف (قدیم) .

رک : پائمال .

سنو اے درد مندان لال کی بات
سنو اس عشق کے پیمال کی بات

۱۷۶۳ عاجز ، قصۂ لال و گوہر ، ۱۵

پیمان (ی لین) امذ .

عہد ، وعدہ ، قول و قرار .

مو خاک کوں تمہاری محبت سیتیں گھڑے
ہم تم میں اس تھے نیں اہے پیماں کا احتیاج

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۷۲

وہ پیماں جو تیری طرف سے باندھے جائیں انہیں محکم اور مضبوط کر دے .

۱۹۱۵ نیرنگ فصاحت ، ۲ : ۴۵۴

اف : باندھنا ، کرنا ، ہونا .

۲. ماپ ، تول ؛ قسم ، حلف ؛ ضمانت ، اقرار نامہ ، عہد نامہ (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[ف]

ـــ اَلَست کس اضا (ـــ فت ا ، ل ، سک س) امذ .

وہ عہد جو روز ازل خدا نے تمام ارواح کو جمع کر کے لیا تھا اور سوال کیا تھا کہ الست بربکم (کیا میں تمہارا پروردگار نہیں ہوں ؟) اور تمام روحوں نے جواب دیا کہ قالو بلیٰ (کہا ہاں) .

توڑ نا مومن نہ پیمان الست
ہیں مسلم عاشقی کے فن میں ہم

۱۸۵۱ مومن ، ک ، ۱۱۸

[پیمان + ع : الست (رک)]

ـــ شِکَن (ـــ کس ش ، فت ک) صف .

قول و قرار سے منحرف ہو جانے والا ، بے وفا (کنایۃً) معشوق .

توڑیا سج سوں توں عہد و پیماں من
کرے گا وفا شاہ پیماں شکن

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۴۹۷

اس مرے پیماں شکن کو اس مرے بد عہد کو
لکھ مرے کاتب اگر آتی ہے یہ انشا تجھے

۱۷۷۲ فغان ، انتخاب ، د ، ۱۴۰

صاحب جو ہوں تجھ سے گر بلقائی پیماں شکن
ہائیں خنجر کی زباں سے پاسخ دنداں شکن

۱۹۲۲ زخ ش ، فردوس تخیل ، ۶۶

اسم کیفیت : پیمان شکنی ، عہد اور قول و قرار سے انحراف ، بے وفائی .

جھوٹے وعدے ترے اے جان کروں سب باور
دل شکستہ نہ کرے گر تری پیمان شکنی

۱۷۹۳ بیدار ، د ، ۸۵

لکھ سکا میں نہ اسے شکوۂ پیمان شکنی
لا جرم توڑ کے عاجز ، قلم چند رہا

۱۸۶۹ غالب (اردو نامہ ، ۳۶ : ۵۵)

[پیمان + شکن (رک)]

ــ گُسل (ــ ضم گ ، کس س) صف .

رک ، پیمان شکن .

یاد ہیں انشا وہ شرمائی ہوئیں آنکھیں تجھے
اور تنہائی میں اس پیمان گسل کا اضطراب

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۳۹

[پیمان + گسل (رک)]

ــ و سَوگَند (ــ و مج ، ولین ، فت گ ، سک ن) امذ .

وعدہ و اقرار کے لیے عہد اور قسم .

بہت سے دن اس پیمان و سوگند کی استواری میں لگے .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۳۲۱

[پیمان + و : عطف + سوگند (رک)]

پَیمانگی (ی لین ، فت ن) امث .

پیمانہ پن ، پیمانہ (رک) کی کیفیت ، ساغر شراب کی سی مستی .

ذوق شراب کیوں ہو مجھے چشم یار میں
پیمانگی نہیں ہے کہ میخانگی نہیں

۱۹۱۸ کلیات حسرت ، ۱۵۲

[ف]

پَیمانَہ (ی لین ، فت ن) امذ .

۱.(i) خشک یا تر اشیاء ناپنے کا آلہ یا ظرف ، نپنا .

پیسنے والے کو چند پیمانے اناج کے دے کہ ان کو اسی میں سے ایک پیمانے کے عوض پیس دے .

۱۸۶۶ تہذیب الایمان (ترجمہ) ، ۴۵۷

آقا ہم کو برکت دیجیے اور ایک پیمانہ تیل کا دیجیے .

۱۹۴۳ عنایت اللہ دہلوی ، تائیسس ، ۳۰۰

(ii) اسکیل جس سے سطح کو ناپتے ہیں فٹ پٹی ، فٹا ؛ آلۂ پیمائش .

ریاضی اور حساب وغیرہ کے واسطے ہرکار و پیمانے اور ہر قسم کے آلات و اسباب مستعد ہیں .

۱۸۷۳ عقل و شعور ، ۴۱

دھات کاری میں سب سے زیادہ اہم اور زیادہ استعمال کا اوزار پیمانہ ہے .

۱۹۷۰ انمول دھات کاری ، ۸۷

۲. پیالہ ، بیشتر شراب کا پیالہ ، جام شراب ، گلاس .

ہرم کے سو پیمانے سوں مد پلا کر
پیا طاق ابرو سوں سجدا کرایا

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۳۱۷

ہیں صفائے بادہ و درد تہ پیمانہ ہم
نور شمع مجلس و سوز دل پروانہ ہم

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۹۷

جس دل میں کہ ہے شوق وہ پیمانہ ہے اس کا
جس آنکھ میں ہے کیف وہ میخانہ ہے اس کا

۱۸۶۵ نسیم دہلوی ، د ، ۶۱

کہیں اک بوند میں چھلکے کہیں بھر ہی نہ سکے
کچھ عجب ظرف ہے تقدیر کے پیمانے کا

۱۹۳۰ بیخود موہانی ، ک ، ۳

۳. مقدار معین ، کسی کام یا شے کا وزن یا اندازہ یا وقت مقرر وغیرہ ، ناپ .

کوئی پیمانہ نہیں ہے جس سے اس رسم کا مہذب یا نا مہذب ہونا ناپ لیا جائے .

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۵۸۳

۴. کسوٹی ، (حسن و قبح یا افراط و تفریط وغیرہ پرکھنے یا جانچنے کا) معیار .

انسان نے اپنے خیال کے پیمانے کے موافق خدائی ذات و صفات ٹھہرا لیے ہیں .

۱۹۰۱ الغزالی ، ۱۵۶

۵. درجہ ، حیثیت (ہونا ، کے ساتھ) .

ممکن ہے اتنا تفصیلی کام دوسری جگہ ہو ، لیکن مشکل سے اس پیمانے پر کیا گیا ہوگا .

۱۹۳۲ اسلامی فن تعمیر ، ۱۸۰

۶. (تصوف) قلب عارف جو انوار غیبی کا مشاہدہ اور حقائق اشیا اور مراتب و مقامات کا ادراک کرتا ہے (مصباح التعرف) .

[ف]

ــ آش پُر شُدَہ فارسی کہاوت اردو میں مستعمل .

پیمانہ پر ہو گیا ؛ عمر ہو لی ، مر گیا (خزینۃ الامثال ، ۵۳ ؛ محاورات ہند ، ۵۱) .

ـ بارش کس اضا (ـــ کس ر) امذ .

بارش ناپنے یا اندازہ کرنے کا آلہ ، بارش پیما .

حالت عمارت و گنجائش دفتر . . . پیمانۂ بارش . . . سال خانہ .

۱۸۹۳ ایکٹ ۱۹ ، ۱۸۷۲ء ، ۹

[پیمانہ + بارش (رک)]

ـ بخار کس اضا (ـــ ضم ب) امذ .

تھرمامیٹر ، مقیاس الحرارت ، پیمانۂ حرارت .

پیمانۂ بخار سے جانچا تھا دل کا سوز
چھونے بھی ہم نہ پائے کہ پارا ابل پڑا

۱۹۳۸ لبیب تیموری ، آتش خنداں ، ۱۲۷

[پیمانہ + بخار (رک)]

ـ بردار (ـــ فت ب ، سک ر) صف ؛ امذ .

جام اٹھانے والا ؛ ساقی .

مژدہ اے پیمانہ بردار خمستان حجاز
بعد مدت کے ترے رندوں کو پھر آیا ہے ہوش

۱۹۱۲ بانگ درا ، ۲۰۸

[پیمانہ + بردار (رک)]

ـ بندی (فت ب ، سک ن) امث .

وزن مقدار تعداد یا پیمائش کا مقرر کرنا .

جوہری اشعاع کی بھی پیمانہ بندی کر کے اس کی ایک بنیادی مقدار پیمائش مقرر کی گئی ہے .

۱۹۶۵ کاروان سائنس ، ۲ ، ۳ : ۵۳

[پیمانہ + بندی (رک)]

بھر جانا محاورہ .

لفظاً کسی چیز کا اس طرح پر ہو جانا کہ اس میں اور سمائی یا گنجائش نہ رہے ؛ زندگی کی مدت ختم ہو جانا ، موت آجانا (عموماً ؛ عمر کے ساتھ) .

جب ہو چکی شراب تو میں مست مر گیا
شیشے کے خالی ہوتے ہی پیمانہ بھر گیا

۱۸۴۳ نسیم لکھنوی ، د ، ۲

ـ بھر دینا/بھرنا محاورہ .

۱. مار ڈالنا .

بے درد بلا سے قصہ کوتہ کر دے
پیمانہ اسیروں کا لہو سے بھر دے

۱۹۳۳ ترانہ ، یگانہ ، ۱۵۳

۲. جام بھر دینا .

اٹھ بھر پیمانہ اس سے پہلے کہ یہاں
چھلکے مٹے عمر اپنے پیمانے سے

۱۹۳۸ الخیام ، ۵

۳. (تصوف) مرشد کا مرید کی تکمیل کر دینا (مصباح التعرف) .

ـ پر ہونا محاورہ .

عمر پوری ہو جانا ، مر جانا (محاورات ہند ، ۵۱) .

ـ پورا ہونا محاورہ .

رک : پیمانہ پُر ہونا .

نہ جانے تھی کہ ہوا پورا اس کا پیمانہ
اجل کا پیک بلانے کو اس کے آتا ہے

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۲۷۵

ـ پیما ہونا محاورہ .

شراب پینا .

مزین یارو یاری کا مکاں تھا
وہ دونوں تھے وہاں پیمانہ پیما

۱۷۵۹ راگ مالا ، ۱۳

ـ چڑھانا محاورہ .

جام پینا .

ہم ہیں اے یار چڑھائے ہوئے پیمانۂ عشق
تیرے متوالے ہیں مشہور ہیں مستانۂ عشق

۱۸۹۶ دیوان شرف ، ۱۳۸

ـ چھلکنا محاورہ .

۱. پیمانے سے کسی سیال چیز یا پانی کا لبریز ہو کر گر پڑنا (نوراللغات) .

۲. دم نکل جانا ، مر جانا .

صدا قل قل کی سن کر ہچکیاں لیتا ہے مستانہ
پلا دے جام اب ساقی چھلکنے کو ہے پیمانہ

۱۸۹۸ مولود کعبہ ، شمیم ، ۴

۳. (مجازاً) آنکھوں کا امڈ آنا ، دل بھر آنا .

چھلکے آنکھوں کے دونوں پیمانے
دل لگا آپ ہی آپ گھبرانے

۱۸۶۰ زہر عشق ، ۸

آنکھیں وہ رسیلی صبر شکن اور جوش بھرا دل بے قابو
بھڑکی ہوئی پیاس یہ گرمی کی اور چھلکے ہوئے پیمانے دو

۱۹۵۱ آرزو ، ساز حیات ، ۲۸

ـــ حرارت کس اضا (— فت ح ، ر) امذ .

تھرما میٹر ، مقیاس الحرارت ، پیمانۂ بخار .

پیمانۂ حرارت کی ایجاد سے پہلے ساری دنیا کے معالجین کا دارومدار اسی پر تھا .

۱۹۳۳ بخاروں کا اصول علاج ، ۳۲

[پیمانہ + حرارت (رک)]

ـــ کرنا محاورہ .

شراب ناپ ناپ کر شیشوں میں بھرنا .

پولس افسر لوگوں کو شراب بنانے اور پیمانہ کرنے اور خرید و فروخت کرنے سے باز رکھتا ہے .

۱۹۰۷ گرزن نامہ ، ۲۷۷

ـــ کش (— فت ک) صف .

شراب پینے والا ، شرابی ، میخوار .

اوس چشم مست ناز کا پیمانہ کش ہوں میں
مستی کو جس کی ننگ ہے نام خمار سے

۱۸۷۹ دیوان عیش ، ۱۸۷

[پیمانہ + کش (رک)]

ـــ کشی (— فت ک) امث .

۱. **پیمانہ کش (رک) کا اسم کیفیت .**

دے سکیں ساتھ صفی کا دم پیمانہ کشی
اس قدر ظرف کہاں آپ کے میخواروں میں

۱۹۰۸ دیوان صفی ، ۱ : ۸۳

۲. **(مصوری) کسی نقشے یا تصویر کا ناپ لینا یا ناپ کر اندازہ کرنا ، تیاری میں ناپ کر مقابلہ کرنا** (ا پ و ، ۳ : ۱۶۹) .

[پیمانہ + کش (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ـــ گردانی (— فت گ ، سک ر) امث .

جام پینا ، شراب نوشی .

نہ پوچھی بات ساقی نے دم پیمانہ گردانی
مجھی کو ایک اتنا سرخوش جام ازل جانا

۱۹۱۲ کلیات رعب ، ۳۹

[پیمانہ + گردانی (رک)]

ـــ لبریز ہو جانا/ہونا محاورہ .

رک : پیمانہ بھر جانا .

قتلو بیمار تھا ، شتاب روی سے دس روز میں پیمانۂ عمر اس کا لبریز ہوا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۳۰۶

مسلسل اور غیر منقطع مصائب و حوادث کو اس طرح برداشت کرنا کہ کبھی پیمانۂ صبر لبریز نہ ہونے پائے ، سخت مشکل ہے .

۱۹۱۴ سیرۃ النبی ، ۲ : ۲۸۳

ـــ معمور پانا محاورہ .

موت کا احساس ہوجانا ، عمر کو ختم ہوتے دیکھنا .

انتظار صبح کس امید پر ہو شام سے
باقی ہے معمور اپنی عمر کا پیمانہ شمع

۱۸۹۲ شعور (نوراللغات)

ـــ معمور ہونا محاورہ .

زندگی کا زمانہ ختم ہونا (نوراللغات) .

پیمانے کا گردش کرنا محاورہ .

شراب کا دور چلنا (جامع اللغات) .

پیمانے کا گردش میں آنا/لانا محاورہ .

رک : پیمانے کا گردش کرنا (جامع اللغات) .

پیمانے کا گھومنا محاورہ .

رک : پیمانے کا گردش کرنا (جامع اللغات) .

پیمائش (ی لین ، کس ء) امث ؛ ~ پیمایش .

۱. **ناپ (خصوصاً زمین کی) .**

پانچویں خسرہ پیمائش زمین چاہیے .

۱۸۴۵ مجمع الفنون ، ترجمہ ، ۱۸۱

پیمایش میں جریب ، فیتہ یا گرہ دار ڈوری استعمال کی جاتی ہے .

۱۹۴۴ مٹی کا کام ، ۳۹

۲. **(مجازاً) (کسی معاملے کی) حد یا معیار دریافت کرنا ، تحقیق و تدقیق ، چھان بین .**

نشیب و فراز اس عقدہ لاینحل کا قدم تفکر سے پیمائش کی جائے .

۱۸۳۸ بستان حکمت ، ۲۳۱

اردو زبان کی اس مختصر علمی پیمائش سے یہ ثابت ہو گا کہ ہم نے کس حد تک کام کیا ہے .

۱۹۳۹ نقوش سلیمانی ، ۱۸

۳۔ آراضی کی ناپ تول کے اصول و مقادیر، وہ علم جس میں بندوبست کے اصول و ضوابط سے بحث کی گئی ہو۔

حساب اور پیمائش میں پاس ہوئے لیکن باقی مضمونوں ۔ ۔ ۔ میں کسی قدر فیل ہو گئے۔

۱۸۸۹ دستورالعمل مدرسین، ۴

مشکل باتوں کی تشریح کی ہے اور پیمائش کے علم پر مباحثہ کیا ہے۔

۱۹۴۱ الف لیلہ و لیلہ، ۲ : ۳۸

اف : کرنا، ہونا۔

[ف]

ـــ جریبی کس صف (— فت ج، ی مع) امث۔

وہ پیمایش جو جریب سے کی جاتی ہے (اردو قانونی ڈکشنری، ۱۴۵)۔

[پیمائش + جریب (رک) + ی، لاحقۂ نسبت]

ـــ دیہی کس اضا (— ی مج) امث۔

گانو کی پیمایش، گانو سے منسوب پیمایش (اردو قانونی ڈکشنری، ۱۴۵)۔

[پیمائش + دیہ (رک) + ی، لاحقۂ نسبت]

ـــ سرسری (— فت س، سک ر، فت س) امث۔

مجمل اور مختصر پیمایش، عام طور پر پیمایش جس میں نقشہ کشتوار پیمانہ سے نہیں بنایا جاتا صرف نظری بنالیتے ہیں (اردو قانونی ڈکشنری، ۱۴۵)۔

[پیمائش + سرسری (رک)]

ـــ سرکاری (— فت س، سک ر) امث۔

وہ پیمایش جو سرکاری طور پر کی جائے (اردو قانونی ڈکشنری، ۱۴۵)۔

[پیمائش + سرکاری (رک)]

ـــ سطحی کس اضا (— فت س، فت نیز سک ط) امث۔

وہ پیمائش جو طول میں ہو۔

پیمائش سطحی کہ جس سے طول مراد ہے۔

۱۷۹۹ بحر حکمت، ۳

[پیمائش + سطحی (رک)]

ـــ قدمی کس اضا (— فت ق، فت نیز سک د) امث۔

وہ پیمایش جو قدموں سے کی جائے، قدم سے منسوب پیمایش عموماً زمین داروں میں باہمی معاملات کے لیے اسی کا زیادہ رواج ہے (اردو قانونی ڈکشنری، ۱۴۶)۔

[پیمائش + قدمی (رک)]

ـــ کُنندہ (— ضم ک، فت ن، سک ن) صف۔

پیمایش کرنے والا۔

یہی وہ طبیعاتی انقطاع ہیں جو ارضیاتی پیمائش کنندہ کے لیے کسی نئے ملک میں خاص طور پر مفید ثابت ہوتے ہیں۔

۱۹۳۱ خلاصہ طبقات الارض ہند، ۳

[پیمائش + کنندہ (رک)]

ـــ گر (— فت گ) صف۔

پیمایش کرنے والا، ناپنے والا۔

ایک آلہ ۔ ۔ ۔ نمبر شمار کے اعتبار سے مرتب مہیجات کے کسی سلسلے کا، پیمائش گر، کہلا سکتا ہے۔

۱۹۶۳ تجزیۂ نفس، ۲۱۰

[پیمائش + گر، لاحقۂ صفت (رک)]

ـــ مال — کس اضا امث۔

جائیداد و ملکیت و محاصل کی پیمایش (اردو قانونی ڈکشنری، ۱۴۶)۔

[پیمائش + مال (رک)]

ـــ نہر کس اضا (— فت ن، سک ہ) امث۔

نہر کی پیمایش (اردو قانونی ڈکشنری، ۱۴۶)۔

[پیمائش + نہر (رک)]

ـــ و آزمایش (— و مج، سک ز، کس ی) امث۔

ناپنا اور پڑتال کرنا (اردو قانونی ڈکشنری، ۱۴۶)۔

[پیمائش + و، عطف + آزمائش (رک)]

پیمایشی (ی لین، کس ی) امث۔

ناپا ہوا، مقررہ ناپ کے مطابق۔

"میراثی" اور "اوپری" حقوق اراضی ایک یکساں حقیت اراضی میں ضم کردیے گئے جسے "پیمایشی یا دخیل کارانہ حقیت" کہتے تھے۔

۱۹۴۰ معاشیات ہند (ترجمہ)، ۱ : ۶۴۶

[رک : پیمائش + ی، لاحقۂ کیفیت]

۔ ۔ ۔ پیمائی (۔ ۔ ۔ ی لین) امث ؛ لاحقہ۔

پیما (رک) کا اسم کیفیت، مرکبات میں بطور جزو ثانی مستعمل۔

پاؤں کیا بلکہ پھرا سر ترے سودائی کا
مرحلہ طے نہ ہوا بادیہ پیمائی کا

۱۸۷۰ دیوان اسیر، ۳ : ۳۹

خون تحلیل نہ ہو قافیہ پیمائی میں
رنگ بھرتا ہے کوئی لالۂ صحرائی میں
۱۹۳۵ عروس فطرت ، ۱۲۵
[رک : پیما + ئی ، لاحقۂ کیفیت]

پیمبر (فت پ ، ی ، سک م ، فت ب) امذ ؛ ~ پیغمبر .

۱. **حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم .**
وہ پیمبر کی ہے ضیاء العین
دکھ کشیدہ ہے مادر حسنین
۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۵
معراج پیمبر کا تصور ہے دم فکر
اب عرش عُلا پر ذہن فکر رسا ہے
۱۸۷۰ الماس درخشاں ، ۲

۲. **رک : پیام بر .**
نامہ بھیجا ہے ہو عطا یا رب عمر عیسیٰ مرے پیمبر کو
۱۸۷۹ توقیع سخن ، ۵۶
یقیں آتا نہیں ان کو اگر میرے پیمبر کا
لفافہ کھول کر کیوں پڑھ نہیں لیتے مقدر کا
۱۹۳۵ ناز ، گلدستۂ ناز ، ۴
[پیام + بر (رک) کی تخفیف]

ــ اوّل دُعا بَرائے خُود کُند کہاوت .
پیغمبر پہلے خود اپنے لیے دعا کرتا ہے (خزینۃ الامثال ، ۵۳) .

ــ شعر کس اضا (ــ کس ش ، سک ع) امذ .
صف اول کا مانا ہوا تسلیم شدہ شاعر ، شاعروں کا سردار .
حکیم اوحد الدین انوری جس نے اپنے زمانے کے تمام علوم میں دستگاہ حاصل کی تھی اور پھر عجم کے ان تین شاعروں میں شمار کیا گیا جو ،، پیمبر شعر ،، مانے گئے ہیں .
۱۸۷۵ مقالات حالی ، ۱ : ۲۵
[پیمبر + شعر (رک)]

پیمبری (فت پ ، ی ، سک م ، فت ب) امث .

۱. **رک : پیغمبری .**
اس کائنات میں توں وو مظہر ہے خاص جو
ہم تج منے ولایت اہے ہم پیمبری
۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۱۰۱
چادر کوں چندر کے پھاڑ لیتا پیوند پیمبری کوں دیتا
۱۷۰۰ سن لگن ، ۱۰

ہندوستان آ کر موصوف کا نصیب جاگ اٹھا و ہی مثل ہوئی کہ آگ لینے کو جائیں پیمبری مل جائے .
۱۹۵۶ بیگمات اودھ ، ۱۴

۲. **رک : پیامبری .**
ہے بجا کلام کی منزلت مرے مرتبہ کو بھی دیکھیے
ملی قاصدوں کو پیمبری مرے نام آنکے پیام سے
۱۹۴۶ ضیائے سخن ، ۲۰۰
[رک : پیمبر + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ــ وقت (ــ فت و ، سک ق) امذ .
رک : پیغمبری وقت .
ایسی ہر درد عید کی مثالیں بہت ہیں ، مگر اسی قسم کی پیمبری وقت کی عید کا ایک سماں دکھاتا ہوں .
۱۹۳۳ فراق دہلوی ، لال قلعے کی ایک جھلک ، ۶۶
اف : پڑنا .
[پیمبری + وقت (رک)]

پیمچا (ی لین ، سک م) امذ .
ایک قسم کا بنا ہوا پھولدار کپڑا ، کلبدن .
پیمچا ، ڈوریا اور بندیری کپڑے جو سیاہ سفید زرد اور سبز رنگوں پر مشتمل تھے .
۱۹۷۵ بدھاوت ایک تفصیلی جائزہ (اردو ، ۵۱ ، ۱ : ۱۹۸)
[مقامی]

پیمک (ی لین ، فت م) امث .
ایک قسم کا کلابتوں کا بنا ہوا سنہری گوٹا جو انگرکھوں ٹوپیوں وغیرہ میں لگایا جاتا ہے ، کلابتوں کی ڈوری ، کلابتوں کے تانے اور ریشم کے بانے سے بنی ہوئی پتلی لیس ، زری توئی جو پاؤ انچ سے پون انچ تک چوڑی ہوتی ہے ، بناوٹ کے لحاظ سے اس کے حسب ذیل نام مشہور ہیں :
ایک تاری پیمک : وہ پیمک جس کے تانے کے درمیان ایک تار بادلے کا خوشنمائی اور چمک کے لیے ڈال دیا گیا ہو .
دو تاری پیمک : جس کے تانے میں دونوں کوروں پر بادلے کا تار ڈالا گیا ہو .
اسپری یا دیوالی پیمک : اس کا تانا بادلے کا اور بانا کلابتو کا ہوتا ہے - یہ نہایت چمکدار ہوتی ہے .
سنگین پیمک : جس کا تانا اور بانا دونوں کلابتونی ہوں .
کانٹے کی پیمک : وہ پیمک جس کا تانا بادلے اور کلابتو کا ملا جلا اور بانا کلابتو کا ہو (ماخوذ : ا پ و ، ۲ : ۲۰۰) .

کلیوں کی پتلی پیمک ، ایک لچھا چالیس گز کا . . . پانچ لچھے دھنک کے لکھو .

۱۹۳۰ حیات صالحہ ، ۳۸

[ہ : پیمک पैमक]

پیمنٹ (ی مج ، کس خف م ، سک ن) امث ؛ امذ .

ادائیگی ، ادائی ؛ رقم جو ادا کی جائے .

پچھلے مہینے کا پیمنٹ ابھی تک نہیں ہوا ، وہ آنکھیں نکال کر بولا جاؤ پیمنٹ و یمنٹ نہیں ملے گا .

۱۹۵۷ خدا کی بستی ، ۳۰

[انگ : Payment]

پیمود (ی لین ، و مع) امث .

۱. **پیمائش ، ناپ .**

جتنا تمھیں دیکھا تھا برابر بھے آنسو
ہر دیدہ ہے پیمود کا پیمانہ ہمارا

۱۸۷۳ کلیات قدر ، ۱۲۴

وہاں عمارات . . . تیار ہوں گی چنانچہ پیمود بھی ہوگئی ہے .

۱۹۳۵ اردو ، اپریل ، ۲۲۹

اف : کرنا ، ہونا .

۲. رک : پیما (بطور جزو ثانی تراکیب میں مستعمل) .

تلے ہیں پھر مہ و انجم مجھے ستانے پر
دل حزین وہی اک نالہ فلک پیمود

۱۹۳۳ اعجاز نوح ، ۷۰

[ف]

ـــ حرف کس اضا (— فت ح ، سک ر) امذ .

(خوش نویسی) ابجد کے حرف کی صورت بنانے کا اصول پیمائش ، ابجد کے حرف کی قلم کے قط سے ناپ ، خوش‌نویسی میں قلم کا قط حرف کی بناوٹ کے لیے پیمانہ شمار کیا جاتا ہے (اپ و ، ۴ : ۲۰۹) .

[پیمود + حرف (رک)]

پیمودہ (ی لین ، و مع ، فت د) امث .

ناپا ہوا ، پیمایش کیا ہوا ، بالعموم تراکیب میں مستعمل .

بات دھو بیٹھے ہم اے عمر گذشتہ تجھ سے
کب مسافر کو ہے درپیش رہِ پیمودہ

۱۷۹۵؟ دل عظیم آبادی ، د ، ۱۱۰

[ف]

پیمیکن (ی مج ، کس م ، فت ک) امذ .

ایک قسم کا محفوظ گوشت جسے سفر میں ساتھ لے جانا سہل ہوتا ہے خاص طور پر شمالی امریکہ کے انڈین باشندے اسے گوشت کا قیمہ بنا کر اور مصالحے ملا کر بگھولی ہوئی چکنائی ملا کر تیار کرتے ہیں اور شمالی سرد منطقے میں سفر کے لیے ساتھ رکھتے ہیں .

خیمے اور سمور کے کپڑے سیتے ، وہ پیمیکن کے ڈبے بھی تیار کرتے تھے .

۱۹۵۸ قطبی برفستان ، ۷۱

[انگ : Pemmican]

پین (۱) (ی لین) امث .

رک : پان (۱۶) (اردو لغت) .

ـــ اسلامزم (— کس ا ، سک س ، کس م ، سک ز) امذ .

یہ لفظ جو یورپ والوں نے تمام اسلامی قوموں کا اتفاق ظاہر کرنے کے لیے گھڑا ہے اس کے معنی ہیں مسلمانوں کی ایک سلطنت ہونے کا خیال (جامع اللغات) .

[انگ : Pan-Islamism]

ـــ اسلامک (— کس ا ، سک س ، کس م) صف .

پین اسلامزم کے متعلق (جامع اللغات) .

[انگ : Pan-Islamic]

پین (۲) (ی لین) امذ ؛ ~ پائین .

ایک آبی پرندہ جو حواصل کے خاندان سے ہے .

پین کی چونچ تو عجب قسم کی ہے اور گھگر کی کیسی چھوٹی سی ہے .

۱۸۹۷ سیر پرند ، ۳۱

[انگ : Pen]

پین (۳) (ی لین) امذ .

نالی ، پرنالہ ، نالہ ، ندی ، تالاب ، پانی کا ذخیرہ ، چشمہ .

ندی اور پین نئی کھنڈوانے میں رعیتوں کی مدد کرے تو جملہ خاطر خواہ آباد ہوں اور کھیتی دل دیکر کریں .

۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۷۵

[ہ : پین पैन]

پین (۴) (ی لین) امذ .

پانو (قدیم اردو کی لغت) .

پین (۱) (ی مع) صف .

موٹا ، فربہ ، تن و توش والا ، بڑا لمبا چوڑا ، بھاری بھرکم (جامع اللغات) .

[س : پین पीन]

پیں (۲) (ی مع نیز مج) امث .

باجے یا نفیری کی آواز ، (بچے یا پرند یا جانور وغیرہ کی) باریک آواز (بیشتر تکرار کے ساتھ مستعمل) .

تم چیں کرو خواہ پیں ، میں کالا کالا ایک بھی نہ چھوڑوں گا .

۱۸۰۲ نقلیات ، ۷۱

شام کو جب یہ پیں پیں کا ترانہ چھوڑ دیتے ہیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آبائے شہر کو . . . دعائیں دے رہے ہیں .

۱۹۵۵ حسرت (چراغ حسن) ، مطائبات ، ۳۱

[حکایت الصوت]

— بولنا محاورہ .

عاجز ہونا ، چیں بول جانا ، تھک ہار کر اعتراف عجز کرنا (نوراللغات ؛ مخزن المحاورات ، ۲۹۹) .

— پیں (— ی مع نیز مج) امث .

۱. پیں (رک) کی تکرار .

اتنے میں پیں پیں پیں موٹر کا ہارن سنائی دیا .

۱۹۳۴ شعلے ، ۱۷۲

۲. غرور ، تکبر (پلیٹس) .

[حکایت الصوت]

— نکالنا محاورہ .

چیں بلوانا ، غرور دور کرنا ، عاجز کرنا (نوراللغات) .

پین (ی مج) صف .

پین (قدیم اردو کی لغت) .

پینا (۱) (ی لین) امذ .

(چھلائی) مرکب دھات گلانے کا ایک مسالا (ا پ و ، ۳ : ۲۲) .

پینا (۲) (ی لین) امذ .

آبپاشی کھیت میں پانی لیجانے کی کچی نالی ، برا ، برہا ، بنیر ، بیج بونے کو ہل سے بنائی ہوئی نالی ؛ رک : بین ، بینالا ، (ا پ و ، ۶ : ۱۵۲) .

[بین (۲) (رک) سے]

پینا (۳) (ی لین) .

(الف) امذ .

۱. آنکس (جسے سہاوت ضرورت بڑنے پر ہاتھی کی کھال میں چبھوتا ہے) (فرہنگ آصفیہ) ، وہ لکڑی جس میں نوکدار اوہا (کیل وغیرہ) لگا ہوا ہو .

پینا (کوڑا) اٹھایا ، ہاتھ کی رسی ہاتھ میں پکڑی ہل کی لکڑی پر ایک پاؤں جمایا ، ہاتھ سے دم تھامی اور فرمانے لگے تک تک تک ہیل .

۱۹۳۱ داودہ پنج ، لکھنؤ ، ۱۶ ، ۲۲ : ۳

۲. گلے بان کا لٹھ یا لاٹھی جس سے وہ گلے کی نگہبانی اور ہانکنے کا کام کرتا ہے (ا پ و ، ۵ : ۸۲) .

۳. (سنگ تراشی) گاؤ دم منہ اور چھٹی نوک کے پتھر میں سوراخ کرنے کا سنبہ یا تکلا جس سے پتھر کو ڈولاتے ہیں (ا پ و ، ۲ : ۳) .

(ب) صف .

تیز دھار کا ، بُران ، نوکدار چیز .

تو اس کے پانچ بانوں میں سب سے پینا بان بن کر پردیسیوں کی بروگنوں کے دل میں رہا کیجیو .

۱۹۳۸ شکنتلا ، ۱۴۳

[س : प्रवयण + क: کہ]

— کرنا محاورہ .

تیز کرنا یا بنانا (جامع اللغات ، پلیٹس) .

پینا (ی مع) .

(الف) ف م .

۱. کسی سیال شے کو حلق سے اتارنا .

پیا باج پیالا پیا جائے نا پیا باج یک تل جیا جائے نا

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۳

کوئی کھانا تھا اور کوئی پیتا تھا ، اور کوئی سوتا تھا اور کوئی روتا تھا .

۱۸۰۰ قصہ گل و ہرمز ، ورق ، ۵۳ ب

۲. (حقے یا سگریٹ وغیرہ کا) کش یا دم کھینچنا .

سنو ہر ابھی . . . چلم ہی پی رہا تھا کہ بندا مہراج آکر بیٹھ گئے .

۱۹۲۲ گوشۂ عافیت ، ۱ : ۱۶۷

۳. جذب کرنا ، چوسنا .

کبریت پارے کو پی جائے جیسے گارا پانی کو پی جاتا ہے .

۱۸۷۷ عجائب المخلوقات ، اردو ، ۲۷۶

(چاول) چار روز تک بھیگے رہیں ، اچھی طرح پانی پی لیں .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۴۳

۴.(i) برداشت کرنا ، ضبط کر لینا ، (ناگوار یا خلاف منشا بات کا) جواب نہ دینا اور خاموش ہو جانا .

پیتے رہے ہمیشہ ہم شکوہ ہائے دشمن
ٹوٹا نہ ایک دن بھی پیمانۂ محبت

۱۹۳۵ ناز ، گلدستۂ ناز ، ۶۵

(ii) (مجازاً) (آتے ہوئے آنسوؤں کو) روکنا .

اشک پیتا ہوں تو کھاتا ہوں میں غم آٹھ پہر
اور اوقات بسر ہونے کی صورت کیا ہے

۱۹۳۲ بے نظیر ، کلام بے نظیر ، ۱۶۷

۵. شراب نوشی کرنا ، دارو نوشی کرنا ، نشہ آور سیال حلق سے اتارنا .

دن کو بھی اب تو پینے لگے کیا کہیں گے لوگ
اے بحر میکشی کو ہے کیا کم تمام شب

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۷۱

واعظ ثبوت لائے جو مے کے جواز میں
اقبال کو یہ ضد ہے کہ پینا بھی چھوڑ دے

۱۹۲۳ بانگ درا ، ۱۱۲

(ب) امذ .

مشروب .

وہی ابر کرم تیرا بھی اے سجاد ہے رازق
ضمانت جس نے لی ہے انس و جاں کے کھانے پینے کی

۱۸۹۴ سجاد رائے پوری ، ق ، ۳

[ہ : پینا पीना]

— پلانا (— کس پ) ف م .

مے نوشی کرنا ، رک : پینا (۵) .

احباب میں کھیلتے کھاتے اور پیتے پلاتے رہتے ہیں .

۱۸۸۷ خیالات آزاد ، ۱۳۵

ہزاروں بلا نوش ادھر بھی اُدھر بھی ملی اتنی فرصت کہاں میکدے میں
وہاں کام پینے پلانے سے سب کو نہ دعوٰی صراحی نہ ساغر کھنگالا

۱۹۲۹ اعجاز نوح ، ۳۳

پینا (ی مع نیز ی مج) امث .

(تیلی) تلہن کا بھوک ، تیل نکالا ہوا جز جس میں مت نہ ہو ، کھلّی (اپ و ، ۳ : ۹۸) .

[س : پیاک पिण्याक :]

پینالا (ی لین) امذ .

(رک) پرنالا ، نالی .

[س : پرنال + کہ प्रणाल + क :]

پینانا (ی لین) ف م .

تیز کرنا ، دھار رکھنا (پلیٹس) .

[ہ : پینانا पैनाना]

پینت (ی لین ، مغ) امذ .

(دلالی) سات .

پینت آنہ = سات آنہ ، ۷ .

۱۹۲۹ اصطلاحات پیشہوران ، منیر ، ۵۳

[مقامی]

پینتالیس (ی لین ، مغ ، ی مع) صف .

چالیس اور پانچ ، پچاس سے پانچ کم ، (بندسوں میں) ۴۵ .

عرض بیالیس درجے پینتالیس دقیقے کا ہے .

۱۸۷۳ مطلع العجائب ، (ترجمہ) ۱۰۷

شہر سان فرانسکو میں جون کے مہینے کے چھبیسویں دن سن ایک ہزار نو سو پینتالیس میں سر انجام ہوا .

۱۹۶۱ اقوام متحدہ کا چارٹر ، ۸۶

[س : پنچ چتوارنشت पञ्चचत्वारिंशत्]

پینتالیسواں (ی لین ، مغ ، ی مع ، سک س) صف .

پینتالیس (رک) سے منسوب .

موجودہ راجا جو اس خاندان کا پینتالیسواں راجا ہے اس کا نام شمشیر پرکاش ہے .

۱۹۶۲ حکایات پنجاب ، ۱ : ۲۸۱

پینتانا (ی لین ، مغ) امذ .

پانو کی طرف کا حصہ ، (پلنگ عمارت مقبرے وغیرہ کی) پائینتیں (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : پاد + انتک + ر + کہ पाद + अन्तक + र + क :]

پینترا (ی لین ، مغ ، سک ت) امذ ؛ ~ پینترہ .

رک : پیترا .

پینترا حریف کے مقابلہ میں ہتھیار لے کر پھینکنیت کی چلت پھرت کو کہتے ہیں .

۱۸۴۶ رسالہ بانک بنوٹ ، ۱۴

اس فن میں خیال رکھنے کی دو چیزیں ہیں پینترہ اور نگاہ یہ دونوں صحیح طریقے پر رہیں .

۱۹۲۵ اسلامی اکھاڑہ ، ۱۸

[س : پاد + انتر + کہ पाद + अन्तर + क :]

— بدلنا محاورہ .

۱. رک : پیترا بدلنا (کشتی بنوٹ وغیرہ) .

جب بنوٹی کو آگے بڑھنا ہو یا پینترا بدلنے کی ضرورت ہو تو جلد پچھلا پیر اٹھا سکے .

۱۸۴۶ رسالہ بانک بنوٹ ، ۲۳

میں نے سمجھا کہ شاید مینڈھا چھوٹ گیا کھڑا ہو کر لگا پینترے بدلنے .

۱۹۲۲ گوشۂ عافیت ، ۱ : ۳۱۹

۲. رک : پیترا بدلنا (پہلو بدلنا) .

کیا ہو رہا ہے عنقا نے پینترا بدل کے اب کے تلویزیوں کا رخ کیا .

۱۹۷۹ کوہ دماوند ، ۱۷

ــ جمانا محاورہ .

رک : پیترا جمانا .

باہر نکل ایک تلوار خود پکڑ پینترا جما کھڑی ہو گئی .

۱۹۶۷ عشق جہانگیر ، ۸۵

ــ چلنا محاورہ .

رک : پینترا بدلنا .

اس نے یہ ٹھاٹھ دیکھتے ہی اپنی بچت اور مقابل کو نیچا دکھانے کے پینترے چلنے شروع کر دیئے .

۱۹۲۵ اسلامی اکھاڑہ ، ۵

ــ کاٹنا محاورہ .

۱. رک : پینترا بدلنا معنی نمبر ۱ .

آپ نے پینترا کاٹ کر ایسی زور سے تلوار ماری کہ مرحب دو ٹکڑے ہو کر زمین پر گر پڑا .

۱۹۱۸ امت کی مائیں ، ۱۱۸

۲. رک : پینترا بدلنا معنی نمبر ۲ .

جبڑے کو توڑ مڑوڑ کر ، پینترے کاٹ کاٹ کر اور ہاتھ ہلا ہلا کر برک کی بے نظیر بلاغت . . . شاندار گونجتے جملوں کی نقالی کی جائے .

۱۹۲۷ عظمت‌اللہ خاں ، مضامین عظمت ، ۲ : ۱۶۰

پینتن (ی لین ، مغ ، فت ت) امذ (قدیم) .

جوتا ، نعلین ، پاپوش .

پاؤں کوں پینتن اگر چہ نیں دیا تو نیں دیا
پاٹ کے کانٹے ہے کیا نا چال سی کیا بات ہے

۱۷۱۷ بحری ، ک ، ۲۱۸

[س : پنتن पत्तन]

پینتیس (ی لین ، مغ ، ی مع) صف .

تیس اور پانچ ، چالیس سے پانچ کم (ہندسوں میں) ۳۵ .

عرض پینتیس درجے تیس دقیقے کا ہے .

۱۸۷۳ مطلع العجائب ، ۱۰۷

آج سے پینتیس چالیس برس پہلے تک جیسے خوش حال دلی والے جیتے تھے آج نہیں جی سکتے .

۱۹۸۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۱۱۷

[س : پنچترنشت पञ्चत्रिंशत]

پینتیسواں/پینتیسویں (ی لین ، مغ ، ی مع ، سک س/ی مج) صف ؛ امذ .

پینتیس (رک) سے منسوب .

پینتیسویں سال جلوس عالم گیری میں شہر سر ہند میں ان کا انتقال ہوا .

۱۹۷۲ فرحت‌الناظرین (ترجمہ) ، ۸۳

پینتھی (ی لین ، سک ن) امث .

ذخیرہ آب کا کنارہ جہاں ایک آدمی کھڑا ہو کر پانی کا ڈول یا چرس آبپاشی کے لیے پھینکتا ہے (پلیٹس) .

[س : پاد + انتکا पाद + अन्तिका]

پینٹ (۱) (ی لین ، سک ن) امث ؛ امذ .

پینٹلون (رک) کا مخفف، ٹانگوں میں پہننے کا ایک مغربی لباس (مہذب‌اللغات) .

[انگ : Pant]

پینٹ (۲) (ی لین ، سک ن) امذ .

سیال چیز کا ایک وزن جو گیلن کا آٹھواں حصہ ہوتا ہے نیز اس کا پیمانہ ، رک پائنٹ .

مراد اس سے خالص تیزاب الکول کیمستری والوں کا ہے جس کا ایک پینٹ پانی میں ملانے سے قریب ایک گلواٹ کے ہوتا ہے .

۱۸۳۸ ستہ شمسیہ ، ۳ : ۱۱۱

[انگ : Pint]

پینٹ (ی مج ، سک ن) امذ .

رنگ اور السی وغیرہ کے تیل سے تیار کیا ہوا گاڑھا رنگ جس سے کسی چیز کو پوتتے ہیں یا کرسی لوہے یا لکڑی کے دروازے تصویر یا ناخن وغیرہ میں رنگ بھرتے ہیں .

پینٹ اور وارنش کی صنعت ایک ایسی صنعت ہے جو تقسیم کے وقت پاکستان میں موجود نہ تھی .

۱۹۵۹ گھریلو صنعتیں ، ۱۱۵

[انگ : Paint]

ــ کرنا ف م؛ محاورہ۔

۱۔ **رنگ پھیرنا ، رنگنا ، رنگ سے پوتنا (دیوار یا کسی چیز کو) ۔**

کسی دیوار کے ساتھ وہ ایسی سیڑھیاں پینٹ کرتے ہیں ۔

۱۹۶۹ ٹیلی ویژن کی کہانی ، ۵۲

۲۔ **تصویر میں رنگ بھرنا ، تصویر بنانا ۔**

مصنف کا مقصد ایک سچی تصویر پینٹ کرنا تھا ۔

۱۹۴۷ لذت سنگ ، منٹو ، ۲۴۲

۳۔ **(مجازاً) میک اپ کرنا ، سنگھار کرنا ۔**

ایک دیوی جی آئیں ، کوئی پینتیس سال کی عمر ، خوب پینٹ کیے ہوئے ۔

۱۹۷۸ عزیز احمد ، رقص ناتمام ، ۱۴

پینٹر (ی مج ، سک ن ، فت ٹ) اسذ ۔

رنگ بھرنے والا ، رنگنے والا ، نقاش ، مصور ۔

ہر رنگ میں ہیں پاتے بندے خدا کے روزی
ہے پینٹر تو پھر کیا رنگریز ہے تو پھر کیا

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۱۰۹

[انگ : Painter]

پینٹری (ی لین ، سک ن ، ٹ) اسث ۔

وہ کمرہ جہاں جنس برتن اور طباخی سے متعلق سامان رکھا جاتا ہے ، گودام ، کوٹھری ؛ باورچی خانہ سے ملحق کمرہ جس میں برتن وغیرہ رکھتے اور صاف کرتے ہیں ۔

پینٹری اور باورچی خانے سے آنے والی ہوا میں ابھی تک کئی مصالحے کے سالن . . . کی خوشبو بسی ہوئی تھی ۔

۱۹۶۹ وہ جسے چاہا گیا ، ۷۸

[انگ : Pantry]

پینٹلون (ی لین ، سک ن ، فت ٹ ، و مع) اسث ۔

رک : **پینٹ نمبر (۱) (فرہنگ آصفیہ) ۔**

[انگ : Pantaloon]

پینٹنگ (ی مج ، سک ن ، کس ٹ ، غنہ) اسث ۔

۱۔ **مصوری ، نقاشی ، نقش و نگار ، رنگ سازی ، پینٹری ۔**

بڑی عمدہ گیلری ہے اس میں نہایت ہی عمدہ عمدہ تصویریں پینٹنگ کی ہیں ۔

۱۸۸۱ تہذیب الاخلاق ، ۳۳

اس کا محبوب مشغلہ ، ڈرائنگ و پینٹنگ ہے ۔

۱۹۷۳ ہماری زندگی ، ۱۶۳

۲۔ **تصویر جو مصور نے رنگوں سے بنائی ہو ۔**

ایک طرف قائداعظم کی بڑی سی تصویر تھی . . . دوسری طرف انتہائی شاندار پینٹنگ تھی ۔

۱۹۸۰ ثمینہ ، ۲۴

[انگ : Painting]

پینٹوز فاسفیٹ (— ی لین ، سک ن ، و مج ، سک ز ، سک س ، ی مج) اسذ ۔

پنج کاربنی شکر سے حاصل شدہ فاسفورس کا نمک ۔

خامرے بھی شریک کیے گئے ہیں جو پینٹوز فاسفیٹ کے تفرق کو عمل انگیزی کے ذریعے ٹرائیوز اور ڈائی ہوز فاسفیٹ بناتے ہیں ۔

۱۹۶۷ بنیادی خردحیاتیات ، ۲۸۱

[انگ : Pentose phosphate]

پینٹھ (ی مج نیز لین ، مغ) اسث ؛ ــ پینٹ ۔

مقرر دن اور جگہ کا عارضی بازار جو عام طور پر آٹھویں روز لگتا ہے ، ہاٹ ، رک : ہیٹھہ ۔

بڑھ کی پینٹھ میں اے گرم رو لغزش سون ڈرتا رہ
اٹھے نہیں برق جوں گر کر قدم جس کا پھسل جاوے

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۶۱

یہ پینٹھ عجب ہے دنیا کی اور کیا کیا جنس اکھٹی ہے
یاں مال کسی کا میٹھا ہے اور چیز کسی کی کھٹی ہے

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۲۳۱

قصبہ کی پچھلی پینٹھ میں سب نوکر مزدور گئے تھے ۔

۱۹۶۵ چار ناولٹ ، ۱۳۹

اف : اٹھانا ، اٹھنا ، بھرنا ، لگانا ، لگنا ، کھلنا ۔

[س : पण्य + स्थान دستھان]

ــ اَبھی لگی نہیں گٹھ کٹرے آ موجود ہوئے کہاوت ۔

خود غرض لوگ وقت آنے سے پہلے اپنے حلوے مانڈے کی فکر میں لگ گئے (نور اللغات ؛ محاورات ہند ، ۵۲) ۔

ــ اُٹھانا (— ضم ا) محاورہ ۔

پینٹھ (رک) موقوف کرنا ، بند کر دینا ، بازار کا کسی مقررہ جگہ سے دوسری جگہ منتقل کر دینا ۔

موضع نواں کوٹ میں قلعہ گوجر سنگھ سے پینٹھ اٹھا کر مقرر کی ۔

۱۸۶۴ تحقیقات چشتی ، ۹۴۹

ــ اُٹھنا/اُکھڑنا محاورہ ۔

بازار بڑھ جانا ، اثر و رسوخ یا شان و شوکت و حکومت جاتی رہنا ۔

قلعہ اجڑنے اور بہادر شاہی پینٹ اکھڑ جانے کے بعد آج سے پینتیس چالیس برس پہلے تک جیسے خوش حال دلی والے جیتے تھے آج نہیں جی سکتے .

۱۹۴۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۱۱۷

ــ جمانا محاورہ .

بازار لگانا ، گرم بازاری اور رونق دکھانا ، اثر و رسوخ اور شان و شوکت پیدا کرنا .

حسن نے اپنی پینٹھ جمائی نظارہ نے پیش کی سائی

۱۹۲۶ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۱ ، ۲ : ۴

ــ کھلنا محاورہ .

منڈی لگنا ، بازار لگنا ؛ طلب بڑھنا .

جب کسی جنس کے لیے نئی پینٹھ کھل جاتی ہے اس کی جہت سے جنس مذکور مقدار میں زیادہ پیدا ہونے لگتی ہے .

۱۸۶۸ رسالہ سیاست مدن ، ۱۴۷

ــ لگنا محاورہ .

مقررہ دن پر دوکانداروں کا مقررہ جگہ پر دوکانیں لگانا .

گاہکن کے نزدیک امریوں میں . . . پینٹھ لگتی ہے .

۱۹۷۸ کار جہاں دراز ہے ، ۱ : ۳۹۶

پینٹھ (۲) (ی لین ، مغ) امث .

رک : پیٹھ (۱) (پلیٹس) .

[ہ پینٹھ]

پینٹھا (ی مج ، مغ) امذ (قدیم) .

دستار ، پگڑی .

گلابی تھا پینٹھا سر اوپر سجا
کھلے بند اور نیمہ تھا ملگجا

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۸۸

[رک : پیمنٹا]

پینٹھنا (ی لین ، مغ ، سک ٹھ) (قدیم) ؛ ~ پیٹھنا .

رک : پینٹھ (۲) سے ، رک : پیٹھنا (ماخوذ : پلیٹس) .

پینٹھور (ی لین ، مغ ، و مج) امذ .

دکان ، ہاٹ ، بازار (شبد ساگر) .

[ہ : پینٹھ + ٹھور]

پینٹھی (ی مج نیز لین ، مغ) امث .

رک : پینٹھ .

بازارے کہ دربندان را پینٹھی گویند .

۱۵۱۹ موید الفضلا ، ۱ : ۲۲۲

پینجائی (ی مج ، مغ) امث .

(دھنائی) روئی دھنکنا ، روئی کا گالا بنانا یعنی روئی کے ریشوں کو دھنکی کے ذریعے پھیلانا (ا پ و ، ۲ : ۳) .

[رک پنجنا]

پینجن (ی لین ، مغ ، فت ج) امذ ؛ ~ پینجنی .

جھانجن اور پایل کی قسم کا ایک زیور ؛ پازیب .

تن منجھن نین انجن موتن ابھرن گنجن پینجن چکرنگ باہن

۱۵۹۹ کتاب نو رس ، ۱۰۷

کنگن ہور چوڑ ہاتاں کے کری چور
کری پانواں سوں پینجن پایلاں دور

۱۶۶۵ پھول بن ، ۷۸

کیا حلقہ کمر کوں زر کمر سوں
کیے پانوں میں پینجن بھر گھر سوں

۱۸۳۰؟ نو رنامہ (میاں احمد) ، ۴۳

[س : پاد + رنجنی पाद + रञ्जनी]

پینجنا (ی لین ، مغ ، سک ج) امذ .

ہیر کا ایک زیور جو کڑے کی شکل کا لیکن اس سے موٹا اور کھوکھلا ہوتا ہے اس کے اندر کنکریاں پڑی رہتی ہیں جس سے چلنے میں یہ بجتا ہے (شبد ساگر) .

[رک : پنجنا]

پینجنا (ی مج ، مغ ، سک ج) ف م .

رک : پنجنا (۱) (ا پ و ، ۲ : ۳) .

پینجنی (۱) (ی لین ، مغ ، سک ج) امث .

رک : پنجنی .

جہاں گھبراتے تھے بے چینی کے اٹھتے تھے مزے
کیا بھلے لگتے ہیں اب پینجنوں کے چھلے

۱۸۶۱ کلیات اختر ، ۹۲۲

میں نے پیار کے مارے ہیروں میں پینجنیاں ڈال دیں .

۱۹۵۳ اپنی موج میں ، ۳۹

[رک : پنجنی]

پینجنی (۲) (ی مج ، مغ ، سک ج) امث .

(سواری) بیل گاڑی کے دھرے کو سہارا دینے والا کمان کی شکل کا پہیے پر باہر کے رخ لگا ہوا تختہ یا ڈنڈا جو دھرے کو بھی سہارتا ہے اور گاڑی پر چڑھنے کے لیے ٹھوکر (پائدان) کا بھی کام دیتا ہے ، پیندنی ، ٹکانی ، ٹھوکر ، بانک (ا پ و ، ۵ : ۱۱۸ ؛ فرہنگ آصفیہ) .

[مقامی]

پینجنیا (ی مج ، مغ ، سک ج ، کس ن) امث .

(زرگری) جھانجن کی وضع کا عموماً کانسے پیتل کا بنا ہوا زیور جو ٹخنے میں (بخلاف جھانجن کے) پھنسا ہوا رہتا ہے پینجن (ا پ و ، ۴ : ۲۳) .

[پینجن (رک) سے]

پینجھنی (ی مج ، مغ ، سک جھ) امث .

رک : پینجنی (۱) معنی نمبر ۱ .

ان کی منجھی منجھی پیتل کی چمکیلی پینجھنیاں ایسی بج رہی تھیں جیسے کھڑیال جھانج بجا رہی ہوں .

۱۹۶۲ آفت کا ٹکڑا ، ۳۱۴

پینچ (ی لین ، مغ) امث .

مور کی دم (پلیٹس) .

[س : پچھن पिच्छ]

پینچ (ی مج ، مغ) امذ (قدیم) .

۱. **رک : پیچ مع تحتی .**

معشوق کے رخسار پر عاشق ہوے قربان ولے
نت زلف کے چو پینچ میں اب جیو کو لٹکانا بھلا

۱۶۷۹؟ دیوان شاہ سلطان ثانی ، ۵

چو بل ہے تری زلف گرہ گیر سے باہر
وہ پینچ نہیں ہے مری تقدیر سے باہر

۱۸۸۴ آفتاب داغ ، ۴۶

۲. **دانو پیچ .**

اسے تین سو ساٹھ پینچ ایسے یاد تھے جن میں سے ہر ایک قابل داد تھا .

۱۹۳۰ اردو گلستان ، ۶۰

[ہ : پینچ पेंच]

ـــ تختی (— ف ت ، سک خ) امث .

(لوہاری) لوہے یا کسی دوسری دھات کی سلاخ میں چوڑیاں بنانے کی فولادی پٹی جس میں حسب ضرورت چھوٹے بڑے اور باریک موٹے خار بنے ہوتے ہیں ، منسوت ، دمکلا ، بادیا (ا پ و ، ۸ : ۴) .

[پینچ + تختی (رک)]

ـــ کا گھاٹ امذ .

جہازوں کے ٹھیرنے کا پکا گھاٹ (شبد ساگر) .

ـــ کیلی (— ی مع) امث .

بنوٹ کا ایک داؤ .

اور سخت پینچ کیلی ۔ بالسانگڑا اور سانڈی وغیرہ کی ہندشوں کو ایک حد تک متروک کر دیا ہے .

رسالہ بانک بنوٹ ، ۷

[پینچ + کیلی (رک)]

پینچا (ی لین ، مغ) امذ .

۱. (مہاجنی) ایسا قرض جو وقتی ضرورت کے لیے بلا کسی تحریر کے لیا یا دیا جائے ، منھ بولا اُدھار ، قرض دست گردان ، ہاتھ ادھار (ا پ و ، ۷ : ۲۴) .

۲. واپسی ، ادائیگی ، بیبائی (جامع اللغات) .

[ہ : پینچا पाँचा (مقامی)]

پینچا / پینچہ (ی مج ، مغ/ف چ) امذ .

۱. **اوج و تاب (رک) ، بل .**

بڑی وہ پینچہ کر کر سخت ایسے
غصے سے سانپ بھاتا پینچہ جیسے

۱۶۸۸ قصہ کفن چور (ق) ضعیفی ، ۳

۲. **رک : پیچا (= پگڑی) .**

جو کہ ایک پینچا ہو اپنے بھاؤ پر
سچ ہو اپنی دھج میں ایک نیچے اپر

۱۷۳۳ آبرو (سہ ماہی ، اردو ، جنوری ۱۹۳۰ء ، ۱۳۸)

پینچنا (ی لین ، مغ ، سک چ) ف م .

چھاننا ، پھٹکنا ، پچھوڑنا (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[ہ : پینچنا पाँचना]

پیند (ی مج ، مغ) امث .

زمین کھود کر بنایا ہوا گول گڈھا جو درخت کی جڑ کے آس پاس پانی کے لیے ہوتا ہے اور اس کے کناروں پر زمین کی سطح سے اونچی منڈیر بنادی جاتی ہے ، تھانولا ، تھالا .

پیند درخت سے چھ انگشت گہری در بنا کر لگا دیں تا کہ پانی پودوں میں بخوبی بھر جائے اور کچھ دیر تک بھرا رہے۔
باغبان ، ۱ ، ۳ : ۲۲ ۱۹۰۳
[س : پرانت + کہ : प्रान्त + क]

— پنکھڑی (— فت پ ، غنہ ، سک کھ) اسث۔
مٹر وغیرہ قسم کے پودوں میں اکلیلچہ تتلی نما ہوتا ہے جس میں ایک بڑی پنکھڑی یوا دو جانبی پنکھڑیاں جس کو اجنحہ اور دو کشتی شکل پنکھڑیاں جس کو پیند پنکھڑیاں کہتے ہیں پائی جاتی ہیں (مبادی نباتیات ، ۱۵۱)۔
[پیند + پنکھڑی (رک)]

— زاویہ (— کس و ، فت ی) امذ۔
(حشریات) حشراتی پروں کے کناروں سے بنا ہوا پچھلا زاویہ۔
ان کناروں سے بنے ہوئے زاویوں کو ساعدی زاویہ (Humeral) راسی زاویہ (Apical) اور پیند زاویہ (Anal) کہا جاتا ہے۔
بنیادی حشریات ، ۴۲ ۱۹۶۷
[پیند + زاویہ (رک)]

— کنارہ (— فت نیز کس ک ، فت ر) امذ۔
(حشریات) حشرباتی پر کا پچھلا کنارہ۔
حشروں کی امتیازی خصوصیت پروں کا وجود ہے . . . حشراتی پر ایک تہ کونہ شکل رکھتا ہے جن میں سے ایک کونہ بدن سے اٹکتا ہے پر کے تین کناروں کو ترتیب وار ساحلی (اگلا) (Costal) کنارہ راسی (خارجی) کنارہ (Apical) اور (پچھلا) (Anal) پیند کنارہ کہتے ہیں۔
بنیادی حشریات ، ۴۱ ۱۹۶۷
[پیند + کنارہ (رک)]

پیندا (ی مج ، مغ) امذ۔
۱۔ ظرف یا بیٹھک دار چیز کا وہ حصہ جو زمین یا جگہ پر رکھا جائے ، تلا ، تلی ؛ اندرونی سطح کا نچلا حصہ۔
ظرف کا پیندا بھی اونچا ہوتا نظر آئے گا۔
مجموعہ فوائد البصیان ، ۲۱۳ ۱۸۵۶
طباق کا ، جس جگہ سے نوالہ لیا گیا تھا پیندا نظر آنے لگا۔
الف لیلہ و لیلہ ، ۲ : ۶۶۱ ۱۹۳۲
۲.(i) لکڑی کی دھنی یا لوہے کی موٹی سلاخ وغیرہ کا وہ حصہ جو زمین سے متصل یا زمین کے اندر رہے ؛ درخت کی جڑ۔
تمام بانس پیندے کے پاس سے قطع کر دیے جائیں۔
تربیت جنگلات ، ۱۷۰ ۱۹۰۶

(ii) پانی کی تہ ، زمین کی تہ۔
یہ نا ہوائی تنفس اس وجہ سے واقع ہوتا ہے کہ تالابوں کے پیندوں پر الجی کے ان گروہوں کی موجودگی کی بنا پر آکسیجن کی مقدار کم ہو جاتی ہے۔
بے تخم نباتیات ، ۱ : ۳۳ ۱۹۶۸
۳۔ توپ یا بندوق کی کوٹھی (جامع اللغات ؛ پلیٹس)۔
۴۔ کسی چیز کی بیٹھک یا نچلا حصہ۔
پردہ دماغ کے اوپر کی طرف پتلا اور شفاف لیکن دماغ کے پیندے پر موٹا اور دھندلا ہوتا ہے۔
فلسفۂ جذبات ، ۴۵ ۱۹۱۴
۵۔ رحم کا وہ حصہ جو نالوہی نالوں کے اوپر ہے (ماخوذ : اصول فن قبالت ، ۲۳)۔
[رک : پیند + ا ، لاحقۂ نسبت و تذکیر]

— لگنا محاورہ۔
(باورچی) پتیلی یا دیگ وغیرہ پکاتے میں پیندے سے ملے ہوئے مصالحے یا چاول وغیرہ کا جلنے یا زیادہ خشک ہو کر پیندے سے چپکنے لگنا۔
ایک آدمی برابر چلاتا رہے تا کہ پیندا نہ لگنے پائے۔
شاہی دستر خوان ، ۸۲ ۱۹۳۷

پیندنی (ی مج ، مغ ، سک د) اسث۔
(سواری) رک : پینجنی (۲) (ا پ و ، ۵ : ۱۱۸)۔

پیندی (ی مج ، مغ) اسث۔
۱۔ رک : پیندا بمعنی نمبر ۱۔
ایک راجا کے گھر میں رانی
تلے کی پیندی ہووے پانی
سودا ، ک ، ۲ : ۲۲ ۱۷۸۰
پیڈ صرف ایک پیندی کا ہی کام نہیں دیتی بلکہ ان کی ضروری محفوظیت بھی کرتی ہے۔
دستور العمل نعلبندی ، ۴۰ ۱۹۰۵
۲۔ مسطح پیندا ، وہ پیندا جو نیچے کی طرف ابھرا ہوا نہ ہو بلکہ ہموار ہو جسے زمین پر بغیر اڑیک یا اینڈوی کے رکھا جا سکے۔
جب برتن میں پیندی بنانے کا رواج ہوا تو اینڈویوں کا استعمال جاتا رہا۔
گہوارۂ تمدن ، ۹۶ ۱۹۱۶
۳۔ گاجر یا مولی وغیرہ کے پودے کا نسبتاً موٹا نچلا حصہ جو ڈنٹھل سے قریب اور نسبتاً سخت ہوتا ہے۔

جب کہ شلجموں کی چھوٹی پیندی کاٹی جاویں (جاوے) تو احتیاط رہے کہ کوئی زخم ان کو نہ پہنچے .

۱۸۶۵ رسالہ علم فلاحت ، ۱۶۶

یہ بھی گڑیوں کا کھیل ہے کہ گاجر کی پیندی گلاب کا پھول ، کھرپہ میاں گڈے گڑیا قبول .

۱۹۱۱ قصہ سہر افروز ، ۲۷

۴. رک : پیندا معنی ۳ (فرہنگ آصفیہ) .

[رک : پیند + ی ، لاحقۂ تانیث]

— جڑا (— ضم ج) صف ، امذ .

ایک قسم کا پتہ جو ٹہنی کے پاس دوسرے پتے سے جڑا ہوا ہو ، (جامع اللغات) .

[پیندی + جڑا ، جڑنا (رک) سے]

— کا پلکا (— فت ہ ، سک ل) صف .

رک : پیندے کا ہلکا (مخزن المحاورات ، ۲۹۹) .

— کے بل بیٹھ جانا/بیٹھنا محاورہ .

رک : پیندے کے بل بیٹھنا (پلیٹس ؛ مخزن المحاورات) .

پیندے (ی مج ، مغ) امذ .

رک : پیندا جس کی یہ مغیرہ صورت ہے تراکیب میں مستعمل .

— کا پلکا (— فت ہ ، سک ل) صف .

۱. اس ظرف کے لیے بولتے ہیں جس کا پیندا سبک اور جلد گرم ہوجانے والا ہو .

بھٹی شراب کی تو چڑھائی ہے میفروش
ہلکا ہوا جو دیگ کا پیندا غضب ہوا

۱۹۰۵ داغ (نوراللغات)

۲. اوچھا ، کم ظرف ، غیر مستقل مزاج ، نا قابل اعتبار .

اس نے سب کھول دیا راز مرا راز داں پیندے کا ہلکا نکلا

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۳۹

— کے بل بیٹھنا محاورہ .

۱. چوتڑوں پر بیٹھنا ، اس طرح بیٹھنا کہ چوتڑ زمین پر ٹک جائیں ، پالتھی مار کر بیٹھنا (نوراللغات) .

۲. پست ہمتی یا ڈر کے باعث مقابلے یا عمل سے تھک جانا ، ہار ماننا ، عاجز ہو جانا .

ابن الوقت بہتیرا ٹھیل ٹھیل کر ان کو اپنی راہ لے چلنا چاہتا تھا ، مگر یہ پیندے کے بل بیٹھے چلے جاتے تھے .

۱۸۸۸ ابن الوقت (مہذب اللغات)

۳. مٹی کے برتن کا بوجھ کی وجہ سے نیچے سے ٹوٹ جانا (جامع اللغات) .

۴. ڈوبنا ، غرق ہونا ؛ دیوالہ نکلنا ؛ سٹ پٹا جانا ، گھبرا جانا ، بد حواس ہو جانا (فرہنگ آصفیہ ، نوراللغات) .

پینڈ (۱) (ی لین ، مغ) امذ .

قدم ، راستہ ، پگڈنڈی (فرہنگ آصفیہ ؛ پلیٹس) .

[س : پرتِ + पद् पदं]

— بھرنا محاورہ .

قسم کھانے کے لیے کسی متبرک مقام کی طرف چلنا .

تو سچا ہے تو گنگا جی کی مائیں چار پینڈ بھر جا .

۱۸۹۵ فرہنگ آصفیہ

پینڈ (۲) (ی لین ، مغ) امذ .

(گنوار) پورا ، درخت کا ٹکڑا ، مندلا (فرہنگ آصفیہ) .

[مقامی]

پینڈ (ی مع ، مغ) .

(الف) امث .

درخت کی جڑ مع متعدد ریشوں کے جو جدا جدا ہوتے ہیں (نوراللغات) .

(ب) امذ .

بیان ، لوڑھا (جامع اللغات) .

[س : پिण्डन पिण्ड]

— پودا (— و لین) امث .

چھوٹے پودوں کی جڑوں کے چاروں طرف چڑھائی ہوئی مٹی (ا پ و ، ۶ : ۱۳۲) .

[پینڈ + پودا (رک)]

پینڈ (ی مج ، مغ) امذ .

کولا ، ڈلا ، ڈھیلا ؛ اونچی زمین (پلیٹس) .

[س : पिण्डन पिण्ड]

— آلو (— و مع) امذ .

میٹھا یا ہمسانیہ کا آلو (پلیٹس) .

[پینڈ + آلو (رک)]

— کھجور (— فت کھ ، و مع) امذ .

رک : پنڈ کھجور (پنڈ (رک) کا تحتی) (پلیٹس) .

پینڈا (۱) (ی لین ، مغ) امذ .

۱. رک : پَنڈ (۱) .

ساتھ جفا پیشوں کے شام کا پینڈا لیا
دیدہ ہر از خون دل سینہ پراز صد سلال

سودا ، ک ، ۲ : ۲۸۲ ۱۷۸۰

۲. گھڑونچی ، پلینڈا (فرہنگ آصفیہ) .

— کرنا محاورہ .

سفر کرنا (جامع اللغات) .

— مارنا محاورہ .

راہ میں لوٹنا ، ڈاکہ مارنا (جامع اللغات) .

پینڈا (۲) (ی لین ، مغ) امذ ؛ ~ پینڑا .

بانس یا گنے کا ٹکڑا جو گرہ سے کٹا ہوا ہو ، پور .

گنا پینڈے سے پینڈا ملا کر قطار میں بویا جائے اور قطار سے قطار کا فاصلہ ایک ڈگ ہو .

گنے کی کہانی ، ۱۲ ۱۹۳۶

[رک پنڈ (۲)]

پینڈولم (ی مج ، سک ن ، ضم ڈ ، فت ل) امذ .

رک : ہنڈولم ، گھنٹے کا لٹکن ، یا لنگر (فرہنگ آصفیہ) .

[انگ : Pendulum]

پینڈی (ی لین ، مغ) امث .

رک : پلینڈی (پلیٹس) .

پیِنڈی (ی مج ، مغ) امث ؛ ~ پنڈی .

گھی میں بریاں روے یا میدے کھانڈ اور خشک میوے ملا کر بنایا ہوا لڈو عموماً بڑا جو شادی بیاہ یا زچگی کی تقریبوں میں تقسیم ہوتا ہے (بیشتر جمع میں مستعمل) .

اوروں نے ڈال مصری کر پینڈیاں بنائیں
ہم نے بھی گڑ منگا کر بنوائے تل کے لڈو

نظیر ، ک ، ۲ : ۱۷۵ ۱۸۳۰

آج گیارہ بارہ روز سے دو پینڈیاں رکھی ہیں ، رکھی رکھی بھی سوکھ گئیں .

حیات صالحہ ، ۱۱۲ ۱۹۳۰

۲. جاڑوں میں کھانے کے لیے بیس دوائیں کوٹ کر بنایا ہوا لڈو (دریاے لطافت ، ۱۰۱) .

۳. شادی سے ایک روز قبل دولھا دلہن کو نوت کے لیے دی جانے والی ایک مٹھائی (پلیٹس) .

[س پنیڈ + اکا इक्का + पिण्ड]

پینڈی (ی مج ، مغ) امث ؛ ~ پینڑی .

(کمہاری) مٹکے کی قسم کے برتن کی گولائی کو تھپک کر بڑھانے کی چوبی تھاپی ، ٹھپا ، چھپنا (ا پ و ، ۳ : ۹) .

[رک : پنڈ]

پینڈھا (ی لین ، مغ) امذ .

رک : پینڈا (۱) (پلیٹس) .

پینڑ (ی لین ، مغ) امذ .

چلنے میں ایک جگہ سے دوسری جگہ قدم رکھنا ، قدم ، ایک قدم بھر کی مسافت ؛ پتھ ، راستہ ، پگڈنڈی (شبد ساگر) .

اف : بھرنا .

[ہ : پینڑ पैंड]

— بھرنا محاورہ .

کسی دیوتا یا مقدس مقام کی طرف پیر ناپتے چلنا ؛ اس طرح قسم کھانا کہ تو سچ بولتا ہے تو گنگا کی طرف چار پینڑ بھرجا (شبد ساگر) .

پینڑ (ی مج ، مغ) امذ .

سارس کی قسم کا ایک پرند جس کی چونچ لمبی ہوتی ہے (شبد ساگر) .

[مقامی]

پینڑا (۱) (ی لین ، مغ) امذ .

رک : پینڈا (۲) .

پر ایک گنے کے چار چار پانچ پانچ ٹکڑے کہ اس کو پینڑا کہتے ہیں بنا کر ہل پھیرتے جاتے ہیں .

توصیف زراعات ، ۶۰ ۱۸۳۸

پینڑا (۲) (ی لین ، مغ) امذ .

۱. رک : پینڈ (شبد ساگر) .

۲. گھوڑ سار ، اصطبل ؛ ترکیب ؛ طریقہ (شبد ساگر) .

پینڑا (ی مج ، مغ) امذ .

(تیلی) کولھو کے گرد بیل کے چلنے کا راستہ جو دائرے کی شکل میں ہوتا ہے جس کے بیچ میں کولھو ہوتا ہے ، پیڑ (اپ و ، ۳ : ۹۸) .

[رک پینڈا (۱)]

پینڑکی (ی مج ، مغ ، ضم ڑ) امث .

براک یا گجھیا نام کا ایک پکوان (شبد ساگر) .

[س : پنڑ + اِکہ : पिण्ड + इक:]

پینڑو (ی لین ، مغ ، و مج) امذ .

ترکیب ، طریقہ (شبد ساگر) .

[ہ : پینڑو पेंडो]

پینڑی (۱) (ی مج ، مغ) امث .

(کمہاری) رک : پینڈی (اپ و ، ۳ : ۹) .

پینڑی (۲) (ی مج ، مغ) امث .

(تنبولی) پان کی بیلوں کے منڈھوے کے نیچے کی پگڈنڈی جو بیچ در بیچ ہوتی ہے ، باہ (اپ و ، ۳ : ۱۱۵) .

[ہ : پیڑی पेंडी]

پینڑے (ی لین ، مغ) امذ .

پینڑ (رک) کی مغیرہ حالت تراکیب میں مستعمل .

— پڑنا محاورہ .

پیچھے پڑنا ، تنگ کرنے کے لیے ساتھ لگے پھرنا ، بار بار تنگ کرنا (شبد ساگر) .

پینڑیا (ی لین ، مغ ، کس ڑ) امذ .

کولھو میں گنے بھرنے والا (شبد ساگر) .

[ہ : پینڑیا पेंडिया]

پینڑیا (ی مج ، مغ ، کس ڑ) امث .

باڑ (رک) ، مچان یعنی بیٹھنے یا سامان رکھنے کو زمین سے اونچی بنی ہوئی ایسی جگہ جس میں مسافر کا سامان یا جانوروں کے لیے چارا رکھ لیا جائے ، پیڑ (اپ و ، ۵ : ۱۱۸) .

[ہ : پیڑی पेंडी]

پینڑی (ی لین ، سک ن) امث .

ایک خوشبودار پودا جو خوبصورتی کے لئے باغ میں لگایا جاتا ہے .

یہ فرن کے خشک پتے اور پینڑی کی زرد اور اودی پنکھڑیاں اپریل کی ہواؤں میں اڑی جا رہی ہیں .

۱۹۴۷ ستاروں سے آگے ، ۱۵۰

[انگ : Pansy]

پینس (ی لین ، سک ن) امذ .

رک : پنس (نوراللغات) .

[انگ : Pence]

پینس (۱) (ی مع ، فت ن) امث .

۱. رک : پالکی ؛ فینس .

پینس میں گدرتے ہیں وہ کوچے سے جو میرے
کندھا بھی کہاروں کو بدلنے نہیں دیتے

۱۸۶۹ غالب ، د : ۱۵۳

کہار دن بھر تو پینس اور ڈولی اٹھاتے ہیں .

۱۹۱۰ راحت زمانی ، ۱۴۴

۲. ایک قسم کی کشتی ، بجرا (پلیٹس) .

[ہ : پینس पीनस]

پینس (۲) (ی مغ ، فت ن) امث .

ناک کی ایک بیماری جس میں مریض کی قوت شامہ بالکل زائل ہوجاتی ہے اور ناک میں درد ہوتا ہے سردی سے ناک کے متاثر ہونے کی بیماری .

دوسرا عارضہ بھی ناک میں ہوتا ہے اس کو پینس کہتے ہیں .

۱۸۴۸ مفیدالاجسام ، ۱۳

راسنا . . . امراض اور پینس کے مرض کو زائل کرتی ہے .

۱۹۳۶ خزائن الادویہ ، ۴ : ۱۷۷

[س : پینس पीनस]

پینسٹھ (ی لین ، مغ ، فت س) صف .

ساٹھ اور پانچ ، ستر سے پانچ کم ، (ہندسوں میں) ۶۵ .

سورۃ انعام مکے میں نازل ہوئی ایک سو پینسٹھ آیت کی ہے .

۱۷۹۰ ترجمہ قرآن مجید ، شاہ عبدالقادر ، ۱۱۷

طول پینسٹھ درجے چالیس دقیقے کا ہے .
۱۸۷۳ مطلع العجائب ، ۱۰۷
پینسٹھ قسم کی میٹھائیاں اور طرح طرح کے شیرے .
۱۹۵۸ ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی ایک جھلک ، ۱۵۶
[س : پنچ ششٹه : पञ्चषष्टि]

پینسل (ی مج ، سک ن ، کس س) اسث .

رک : پنسل .
لکیر درست اور پینسل سے کھینچ لے .
۱۸۷۶ مصباح المساحت ، ۲ : ۲۳
کوئلہ یعنی کاربن ہے وہ پینسل میں جو ہوتا ہے سرما
۱۹۱۶ سائنس و فلسفہ ، ۵۶

پینسلین (ی مج ، کس ن ، س ، ی مع) اسث .

رک : پنسلین .
پینسلین کا ان جراثیم پر کوئی اثر نہیں ہوتا .
۱۹۶۹ امراضی خرد حیاتیات ، ۲۸۹

پینسیلیم (ی مج ، کس ن ، ی مع ، کس ل ، فت ی) اسث .

جد فطر ، پھپھوند .
نیلے رنگ کے بکٹیریا کو تباہ کرنے والی پھپھوند دیکھنے میں رنگ کے برش جیسی تھی اسی لیے اس کو پینسیلیم کا نام دیا گیا .
۱۹۷۰ زعمائے سائنس ، ۳۷۰
[انگ : Penicillium]

پینشن (ی مج ، سک ن ، فت ش) اسث .

رک : پنشن .
افسر سے ان بن ہوگئی ، نوکری چھٹی پینشن ہوگئی .
۱۹۰۱ راقم ، عقد ثریا ، ۷۲

پینشنر (ی مج ، سک ن ، فت ش ، ن) صف .

جس کو نوکری سے پینشن مل جائے ، پینشن یافتہ ، مدت مقررہ کے بعد سبکدوش ہونے والا .
پینشنر لوگ اس کام کو خوب انجام دے سکتے ہیں .
۱۹۲۳ احیائے ملت ، ۶۲
[انگ : Pensioner]

پینک (ی مع ، فت ن) اسث .

وہ غنودگی یا اونگھ جو افیون یا پوست کے ڈوڈے وغیرہ یا کسی اور نشہ کے استعمال سے ہوتی ہے اور اس میں گردن جھکی رہتی ہے یا آدمی اونگھ جاتا ہے ، غفلت .
ان لوگوں کی طرح افیون کھائے پینک میں پڑا رہتا ہے .
۱۸۴۸ تاریخ ممالک چین ، ۲ : ۱۴۳
[पीनक : ہ : پینک]

ـــ آنا/لگنا محاورہ .

افیون کا نشہ چڑھنا ، نشہ چڑھنا ، نیند وغیرہ سے غفلت طاری ہوکر گردن کا لٹک جانا ، اونگھ آنا .
ایک دن رات کو چراغ اپنے سامنے رکھ کر اسی شاگرد کو پڑھا رہا تھا ، اتنے میں اسے پینک جو آئی تو شعلہ اس کا چراغ کی ٹیم پر جا پڑا اور پگڑی جلنے لگی .
۱۸۰۳ اخلاق ہندی ، ۹۳

ـــ کھانا محاورہ .

رک : پینک میں آنا .
کرے مراقبہ خاق دکھلائے جیسے پوستی پینک کھائے
۱۶۵۴ گنج شریف ، ۱۷۱

ـــ لگنا محاورہ .

رک : پینک آنا .
سوز کیا پینک لگی ہے تجکو غافل آنکھ کھول
دیکھ کس کس رنگ سے گل کو ہنساتی ہے بہار
۱۷۹۸ سوز ، د ، ۱۲۴

ـــ میں آنا/چلا جانا محاورہ .

افیون کے نشے سے گردن ڈال دینا ، نیند وغیرہ کی وجہ سے غافل ہوجانا ، غفلت طاری ہونا ، بے خبر ہوجانا .
لے کے کباب آنے لگے گھر کو جب
آگئے پینک میں وہ اک جا یہ تب
۱۸۲۹ نظم رنگین ، ۷۲
حور بانو عجب غفلت خانم ہیں ، ابا کو یا تو یاد کرتی نہیں یا پھر پینک میں چلی گئیں .
۱۹۱۷ خطوط حسن نظامی ، ۱ : ۴۳

پینکڑا (ی لین ، مغ ، سک ک) امذ ؛ ~ پینکڑہ .

۱. (گلہ بانی) رک : پیکڑا معنی نمبر (ا پ و ، ۵ : ۸۲) .
۲. (شتر بانی) رک : پیکڑا معنی نمبر ۳ (ا پ و ، ۵ : ۶۹) .
۳. **حلقہ جو قیدیوں کے پانو میں ڈالا جاتا ہے ، بیڑی ، زنجیر یا نیز مجازاً .**

میرے خیالات کا پینگڑا مجھے کہاں قدم اٹھانے دیتا تھا .
۱۹۷۲ جہان دانش ، ۵۸۶

۳. وہ رسی جو چوپایوں کے اگلے دونوں پیروں کو آپس میں ملا کر باندھی جاتی ہے (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[رک : پیکڑا]

پینگڑا (ی مج ، مغ ، سک ک) اسذ .

(ماہی گیری) بجو کی شکل کی نیلگوں سماہی مائل رنگت والی بڑی قسم کی چھلکار مچھلی گیارہ بارہ سیر تک وزنی اور منہ چھپکلی جیسا ، بجورا ، بھگوا (ا پ و ، ۳ : ۵۵) .

[مقامی]

پینگ (ی مع نیز مج ، مغ) اسث ؛ اسذ .

۱. جھولے کا لمبا جھونٹا جو جھولے میں کھڑے ہوکر بیٹھکیاں لگا کر بڑھایا جاتا ہے ؛ ایک سرے سے دوسرے تک جھونٹے کا طول ؛ جھولے کی رسی .

منتاں کیاں اس دن کتاں یک پینگ پر گد گانی نیں
عاشق کیاں اپنے بے دھڑک جاگید گاتی ہے ہر روز
۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۸۵

بھولے دم کی آمد وشد ہم یاد کر اس جھولے کی پینگیں
سوجھے ہے بے یار نہ دیں گے آہ یہ جنے ساون بھادوں
۱۸۳۸ نصیر ، چمنستان سخن ، ۱۴۲

مرے دل کی شاخوں میں ڈالو نہ جھولے
کہیں پینگ کوئی نہ اب مجکو جھولے
۱۹۵۰ سموم و صبا ، ۶۷

۲. کوے کی قسم سے ایک چڑیا ، لاط : Gracula chattareah (فرہنگ آصفیہ ؛ پلیٹس) .

[ہندی : पींग]

— بڑھانا محاورہ .

۱. پینگ بڑھنا معنی نمبر ۱ (رک) کا تعدیہ .

بڑھا کر پینگ جھولے میں سماں برسات کا دیکھو
کمر لچکے تو بجلی ہے کھلے جوڑا تو بادل ہے
۱۸۳۰ ریاض البحر ، ۲۴۴

وہ جھولا ڈال کے امریوں میں بڑھائے پینگ
وہ اور چڑھ کے پھسلنا پھسلنے پتھر پر
۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۵۲

۲. پینگ بڑھنا معنی نمبر ۲ (رک) کا تعدیہ .

غائم سمجھ چکا تھا کہ خلیفہ اس پر شیدا ہے ، پینگ بڑھانی خوب نہیں .
۱۸۶۲ شبستان سرور ، ۳ : ۶

وہاں آوارہ منش وارستہ مزاج لڑکے سے پینگ بڑھا رہی ہیں .
۱۹۳۲ اخوان الشیاطین ، ۲۴۴

— بڑھنا محاورہ .

۱. جھولے کے جھونٹے کا لمبا ہونا اور اس کے نچلے سرے کا ہر جھونٹے پر زیادہ اوپر اٹھتا جانا .

وہ جھول رہی ہیں ، پینگ اس طرح بڑھتے تھے کہ یقین تھا آسمان چھولیں گی .
۱۸۹۰ طلسم ہوشربا ، ۴ : ۶۸۲

کڑھانیاں چڑھی ہوئی تھیں اور پینگیں بڑھ رہی تھیں .
۱۹۳۲ بیلہ میں میلہ ، ۷۹

۲. میل ملاپ بڑھنا ، تعلقات محبت میں اضافہ ہونا .

جھولتے ہم تو فراق بت پر فن میں رہے
پینگ غیروں سے بڑھے یار کے ساون میں رہے
۱۸۷۶ سخن بے مثال ، ۱۴۹

اب کے پھول والوں میں یہ مطلع جھولوں سے زیادہ اچھلا اور بہت سوں سے مرزا کے پینگ بڑھ گئے .
۱۹۳۳ مغل اور اردو ، ۱۱۱

— چڑھانا محاورہ .

لمبے جھونٹے لینا جس سے جھولے کا نچلا سرا خوب اونچا جانے لگے .

سیکڑوں ہری پیکریں جھولتیاں ہیں ، کوئی پینگ چڑھا رہی ہے ، کوئی ہنڈولا گا رہی ہے .
۱۸۰۵ آرائش محفل ، افسوس ، ۱۴

جھولے پر بیٹھ کر بڑے بڑے جھونٹے لیے ، پینگ چڑھانی .
۱۹۱۰ راحت زمانی ، ۱۲۰

— دینا محاورہ .

جھولے کے پاس کھڑے ہو کر اس کو اس طرح دھکیلنا کہ جھولے کا نچلا سرا جھولنے والے کو لے کر اوپر کی طرف جائے ، جھولے میں کھڑے یا بیٹھے ہوئے شخص کو جھولا پکڑ کر جھلانا .

کہیں جھولے میں جھولتی تھی کوئی
پینگ شوخی سے دے رہی تھی کوئی
۱۸۵۷ بحر الفت ، ۱۴

از سر نو عالم طفولیت کی وضع اختیار کر کے تیرے گہوارے میں لیٹا تھا ، جسے تو نے اچھے پینگ دیے .
۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۱ ، ۳ : ۸۵

ــ لینا محاورہ .

جھولے میں بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر جھونٹے لینا ، جھولے کی رسیاں پکڑ کر جسم کی جنبش سے پانو زمین میں مار کر یا ٹانگوں کو خم دے کر جھونٹے کا طول بڑھانا .

ہوا کے دوش پر جاتا ہے جب تو پینگ لیتا ہے
ترے جھولے کا تختہ کم نہیں تخت سلیماں سے

شہیدی ، د ، ۷۳
۱۸۳۰

ہر برسات میں نیم کے پیڑ میں جھولا ڈال کر لمبے لمبے پینگ لیا کرتی تھی .

معصومہ ، ۱۰۵
۱۹۶۲

ــ مارنا محاورہ .

رک : پینگ چڑھانا (شبد ساگر) .

پینگانا (ی مج ، مغ) ف م .

پینگ دینا ، جھلانا ، ڈانواں ڈول کرنا

خسرو و شیریں کا ہے سو ایک دفتر
زلف پینگاں میں پینگاتا ہوں مرا جی

قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۸۰
۱۶۱۱

پینگائے اور یہ جو بنوں رہنمائے دل
صد سالہ زاہدوں کو بھی برسوں جھلائے دل

ریاض رضوان ، ۱۵۸
۱۹۳۲

[پینگ (رک) سے]

پینگن (ی مج ، مغ) اسث ؛ ~ پینکن (قدیم) .

جھولنا .

انند منگے تو کدھیں توں جاناں کروں نہ چھوڑ
پینکن منگے تو زلف کے پینکاں کو نہ چھوڑ (کذا)

قلی قطب شاہ ، ک ، ۳ : ۵۱
۱۶۱۱

[پینگ (رک) سے]

پینگنا (ی مج ، مغ) ف ل (قدیم) .

جھولنا ، پینگ بڑھانا .

پینگاں بند ہو پینگو خوں ماں میرا پیچھاٹک چھوڑ دیو
گھر کا دھنی ہے گھرمنے پنکار ڈولارا کاہیکوں

ہاشمی ، د ، ۱۳۰
۱۶۹۷

[پینگ (رک) سے]

پینگوئن (ی مج ، مغ ، ضم گ ، غم و ، کس ء) امذ ؛ اسث .

رک : پنگوین .

ایک بھدا سا برفانی پرندہ ہے جسے پینگوئن کہتے ہیں ، اس کی ایک قسم قطب جنوبی کی رہنے والی ہے جہاں انتہا درجے کی سردی پڑتی ہے .

پرندے ، ۳۰
۱۹۶۹

[انگ : Penguin]

پینگھ (ی مج ، مغ) اسث (قدیم) .

رک : پینگ (جھولا) .

بازنیچ : رسنی باشد کہ دوتا بیاویزند و برنشینند ، بہندوی «پینگھ» گویند .

زفان گویا (سہ ماہی اردو ، جولائی ، ۱۹۶۷ء ، ۹۷)
۱۴۲۳

پینل (ی لین ، کس ن) امذ .

۱. ارکان جوری ، جوری ؛ ماہرین کی جماعت جو تبادلۂ خیال اور صلاح و مشورہ کے لیے یکجا ہو .

چھوٹی صنعتوں کی ایک قومی مشاورتی کونسل اور انفرادی صنعتوں کے لیے مشاورتی پینل بنانے کی ضرورت ہوگی .

دوسرا پنج سالہ منصوبہ ، ۳۰۵
۱۹۶۰

۲. بڑی تصویر یا نقاشی ، مصوری وغیرہ کا فن پارہ .

کسی زندہ دل کا بھیجا ہوا یہ پینل بھی ملاحظہ فرمائیے .

روزنامہ جنگ کراچی ، ۹ فروری ، ۳
۱۹۶۹

۳. زائد تختہ یا پٹی جو دروازے یا دیوار کے چوبی حاشیے پر اوپر سے یا اندر سے جڑی ہو ، چوکھٹا (انگلش اردو ڈکشنری) .

۴. مستطیل یا چوکور شکل کا وہ جال جو لوہے کی نلیوں سے بنا کر گرم پانی گزارنے کے لئے کام میں لایا جائے ، گرم کشتی .

گرم کشتیوں (Panels) سے گرمانا ... جدید ترین طریقہ ایک سندی نظام ہے .

رسالہ تعمیر عمارت ، ۱۱۰
۱۹۱۷

[انگ : Panel]

ــ میک اپ (ــ ی مج ، فت ا) امذ .

کسی خبر کو واضح طور پر حاشیہ دے کر شائع کرنے کی ترکیب .

پینل میک اپ صفحے کے ایک طرف لمبا دو کالمی چوکھٹا دیا جاتا ہے .

فن ادارت ، ۲۱۱
۱۹۴۹

[انگ : Panel-Make up]

پینلٹی (ی مج ، فت ن ، سک ل) اسث .

رک : پنالٹی .

[انگ : Penalty]

ـــ اسٹروک (ـــ کس ا ، سک س ، ث ، و مج) امذ .

(ہاکی) اگر کوئی کھلاڑی اپنی ڈی ، کے اندر قصداً کوئی فاؤل کرے یا کوئی ایسا فاؤل کرے جس کے باعث گول نہ ہوسکے تو بطور سزا یہ اقدام کیا جاتا ہے اس صورت میں مخالف ٹیم کا ایک کھلاڑی گول لائن سے مقررہ فاصلے سے گیند کو گول کی طرف پھینکتا ہے جبکہ اسے روکنے والا صرف گول کیپر ہوتا ہے۔

کھیل کے دوسرے ہاف میں ایک ایک پینلٹی اسٹروک ضائع کیا .

۱۹۶۶ روزنامہ جنگ، کراچی ، ۳۰ ، ۱۸۱ : ۷

[انگ : Penalty stroke]

ـــ کارنر (ـــ سک ر ، فت ن) امذ .

(ہاکی) اگر کوئی کھلاڑی گیند کو قصداً اپنی گول لائن سے باہر پھینک دے یا اپنی ڈی ، کے اندر کوئی فاؤل کرے یا ڈی ، کے قریب قصداً کوئی فاؤل کرے تو بطور سزا یہ اقدام کیا جاتا ہے اس صورت میں مخالف ٹیم کا ایک کھلاڑی گول پوسٹ سے مقررہ فاصلے سے گول لائن سے گیند کو ڈی ، کے سرے کی طرف پھینکتا ہے جہاں دوسرا کھلاڑی اسے ہاتھ سے روکتا اور تیسرا اسے اسٹک مار کر گول کی طرف پھینکتا ہے .

پہلا گول فل بیک تنویر ڈار نے پینلٹی کارنر میں ... بنایا .

۱۹۶۹ روزنامہ جنگ، کراچی ، ۴ فروری ، ۷

[انگ : Penalty corner]

پینل کوڈ (ی مع ، فت ن ، سک ل ، و مج) امذ .

ضابطۂ تعزیرات، مجرم کو سزا دینے کے ضابطوں کی کتاب .

جس طرح پینل کوڈ کی دفعہ کا حوالہ دے کر سزا دیتے ہیں ، وہ اپنے باپ دادا کی رسم کا حوالہ دے کر سزا دیتے ہیں .

۱۸۷۳ مکمل مجموعہ لیکچرز ، ۹۸

مجکو ... پینل کوڈ میں کوئی سزا اپنی مصائب لاحقہ کی سختیوں کے مقابل دکھائی نہیں دیتی .

۱۹۲۳ دور فلک ، ۱۰۴

[انگ : Penal code]

پینّا (ی لین ، سک ن) ف م (قدیم) .

رک : پھینّا .

ہوئی نار گلزار نمرود کی زرہ زال پینیا سو داؤد کی

۱۵۶۴ حسن شوقی ، د ، ۷۶

اسی کے لطف کی تشریف خسروانی ہے
جو پینّا ہے قبا آفتاب زر تاری

۱۶۷۸؟ غواصی ، ک ، ۹۶

دیو خیرات اور کرو بے حد سپاس
اور تا مقدور پینو خوش لباس

۱۷۷۱ پشت بہشت ، ۱ : ۶

پینّا (ی مع ، سک ن) ف م .

(دھنائی) بچی روئی کے ریشے چٹکی سے کھولنا تاکہ دھنکی سے اس کا گالا بنایا جاسکے ، تومنا ، دھنکنا (اپ و ، ۲ : ۳ ؛ فرہنگ آصفیہ) .

[رک : پنجنا]

پینی (ی لین) اسث .

رک : پینا (۱) الف نمبر ۱ جس کی یہ تصغیر ہے ، آنکس . پینی ... گاوشنگ .

۱۷۵۱ نوادرالالفاظ ، ۱۳۶

میرے لیے اس نے ایک پینی یا آر بنا رکھی ہے جس سے وہ مجھے کچھ کے دیتا ہے .

۱۹۴۱ الف لیلہ و لیلہ ، ۲ : ۳۶۰

پِنّی (ی مع ، شد ن) اسث ؛ ـــ پِنی .

(دھنائی) دھنکی (اپ و ، ۲ : ۳) .

[پنجنا (رک)]

پینی (۱) (ی مج) اسث .

رک : پنی (پنس کا واحد) .

تانبے کے سکوں میں بھی ایک پینی ہے .

۱۸۵۶ علم حساب ، ۱۰۹

[انگ : Penny]

پینی (۲) (ی مج) اسث .

(دھنائی) دھنکی کا پچھلا پنکھے نما سرا جو دھنکی کی جھوک کو سادھنا اور اس کی حرکت کو صحیح رکھتا ہے ، ہربا (اپ و ، ۲ : ۳ و ۵) .

[پینا (رک) سے]

پینی آنکھ (ی لین ، مغ) اسث .

بھینگی آنکھ (رک) .

فصل کی کٹائی کے زمانے میں . . . کسانوں کے پیچھے لگ جاتیں اور اپنی پینی آنکھوں سے بکھرے دانوں کو چنا کرتیں .

۱۹۴۱ پیاری زمین ، ۱۴۰

[؟]

پینے والا (ی مع) صف .

(کنایۃً) شرابی .

خود انکے بعض دوست بڑے پینے والے تھے .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۴ : ۲۱۳

پینیئل غدہ (ی مع ، فت ء ، سک ل ، ضم غ ، شد د بفت) امذ .

وہ غدہ جو دماغ کے نچلے پٹوہٹری (شاہ غدہ) سے کچھ دور پیچھے کی طرف واقع ہے مادہ میں غدہ ایک حد تک وظیفۂ جنسی کو کنٹرول کرتا ہے اور نر میں ایک عمر تک جنسی بڑھتوری کو روکے رکھتا ہے (ماخوذ : نفسیات اور ہماری زندگی ، ۹۵) .

[لاط : Penelis (متعلق بہ عضو تناسل) + غدہ (رک)]

پیو (۱) (ی مع نیز کس پ ، و مع) امذ (قدیم) .

پیارا ، محبوب ، معشوق ، پریتم .

بھوت زہرا ہر شاہ مرا جیو ہے
وہی جیو میرا وہی پیو ہے

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۵۵

ہر قطرہ اشک میں ہے ظاہر پیو کی صورت
پانی میں جیوں عیاں ہے مہتاب کا تماشا

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۳۹

سانچی وا کی بات ہے اور سانچا ہے وا پیو
وا کے سندر بول پر واروں اپنا جیو

؟ مشہور دوہا (محامد خاتم النبیین ، ۱۹۱)

[س : प्रियक: پریکہ]

پیو (۲) (ی مع ، نیز کس پ ، و مع) امذ .

باپ (پلیٹس) .

[س : पितर् + क: پتر + کہ]

پیوپا (کس پ ، ی مخ ، و مع) امذ .

کیڑے کی پیدائش کی تیسری حالت ؛ منجھ روپ .

جالی کے پروں والے کیڑے . . . اپنے دور زندگی میں چار حالتوں ، انڈہ ، لاروا ، پیوپا اور مکمل کیڑے سے گزرتے ہیں .

۱۹۶۳ حشرات الارض اور وہیل ، ۱۳

[انگ : Pupa]

پیوٹ (ی مع ، فت و) امذ .

رک : پوٹ .

بیلنس وہیل یعنی رقاص کے پیوٹ یعنی چول جو کہ اوپر اور نیچے لگی ہیں ان میں سے ٹیڑھی ہو گئی ہو گی .

؟ رسالہ معین گھڑی سازی ، ۸

[انگ : Pivot]

پیوٹن (فت پ ، و مج ، فت ٹ) امذ .

بطور دوا استعمال ہونے والی ایک روئیدگی اس کا بعض ہوڑ زمین پر پھیل جاتا ہے اور بعض ہاتھ دو ہاتھ اونچا ہو جاتا ہے ساق چھنگلیا سے زیادہ موٹی نہیں ہوتی جڑ کمزور پتے چوڑے اور لمبے پھول بہت ننھے ہلکے زرد پھل بڑے بیر کے برابر اور سبز رنگ طبیعت سرد و خشک ، چرپوٹا (ماخوذ : خزائن الادویہ ، ۳ : ۳۴۸) .

[غالباً : Peyote جو جنس Lophophora کی ایک نوع ہے اور عام طور پر مدہوش کرنے والی دواؤں میں استعمال کرتے ہیں]

پیور (فت پ ، و مج) امذ .

ایک درخت کیکر کی قسم کا ، کھیر ، کچ کاد بندی ، لاط : Acacia catechu (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : पयोर پیور]

پیور (ی مع ، فت و) صف .

موٹا تازہ ، پٹا کٹا (پلیٹس) .

[س : पीवर پیور]

ـــ استانی (ـــ کس ، اسک س) اسث .

۱. **عورت جس کے پستان بڑے ہوں** (پلیٹس) .

۲. **گائے جس کے تھن بڑے ہوں** (پلیٹس) .

[پیور + استان ، استھان (رک) + ی ، لاحقۂ صفت]

پیوری (ی مع ، فت نیز سک و) اسث .

بالون ، مارچوبہ ، ناگدون ، سرد ممالک کی ایک مزیدار ترکاری ؛ جنس جمہرا کی قسم سے ایک پودا ، شقاقل ستور لاط : Asparagus racemosus; Desmodium Gangeticum (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : पीवरी پیوری]

پیوری (ی مج ، سک و) اسث .

۱. **رک : پوڑی .**

اور جو رنگ منظور ہے تو اس میں تھوڑی پیوری یا ہلدی یا ہرتال داخل کریں .

۱۸۴۵ مجمع الفنون (ترجمہ) ، ۲۰۹ ، ۲ .

۲. (کاشتکار) زرد مٹی کی زمین ، معرج (ا پ و ، ۶ : ۱۱۰) .

پیوریا (ی مج ، سک و ، فت ر ، شد ی) اسث .

رک : پیوری جس کی یہ تصغیر ہے .

پیوریا سے پیشانی رنگی . . . میدان میں آ کر صف کشیدہ ہوئے .

۱۸۸۸ طلسم ہوشربا ، ۳ : ۷۹۱

پیوڑی (ی مع ، سک و) اسث .

(تنبولی) رک : پیڑی (ا پ و ، ۴ : ۱۱۵) .

پیوڑی (ی مج ، سک و) اسث ؛ ~ پیوری .

ایک قسم کی زرد رنگ کی ڈلی جو ہرتال سے بنائی جاتی اور رنگنے کے کام آتی ہے (بیشتر دیوار وغیرہ کے) نیز زرد رنگ کی مٹی ، زرد رنگ .

پیوڑی : در رسالہ رنگے است کہ گل پلاس سازند و آں گل زرد بکسر کاف نیز خوانند ، طین الصنم .

۱۷۵۱ نوادرالالفاظ ، ۱۳۸

میلا دوپٹا اور موٹے نین سکھ کی ہوئی ہوئی کرتی ، پیوڑی سے رنگی ہوئی پہنے تھی .

؟ ۱۸۹۲ خدائی نوجدار ، ۲ : ۱۶۹

کھریا مٹی سے بدن سفید ، گیرو سے سرخ اور پیوڑی سے زرد رنگ کا ہو جاتا ہے .

۱۹۴۶ نباتی دباغت ، ۳۴۶

[س : پت + کھڑکا पीत + खड़िका]

پیوس (ی مع نیز مج ، فت و) اسذ .

رک : پیوسی .

قبل اس کے بچہ تھن میں منہ لگاوے فوراً پیوس دوہ لیا .

۱۹۷۳ فسانۂ معقول ، ۳۸

[س : پیوش पीयूष ، पेयूष]

پیوست (ی لین نیز ی مج ، فت و ، سک س) صف .

رک : پیوستہ معنی نمبر ۱ و ۲ .

زرینے میں ابی کے مست تھی او
تکبر حال میں پیوست تھی او

۱۸۳۰ نورنامہ ، میاں احمد سورتی ، ۳۷

م

آیات میں پیوست جو آیا وہ محمد

م

جس نے بشریت کو سجایا وہ محمد

۱۹۷۵ ارمغان نعت ۲۲۵

[ف]

ــ رستہ (ــ ضم ر ، سک س ، فت ت) صف .

(نباتیات) جڑواں اگا ہوا ، متحدالاصل .

پتا . . . پیوست رستہ . . . یا تنہ گرد .

۱۹۴۳ مبادی نباتیات ، ۲ (ضمیمہ) ، ۸۸۸

[پیوست + رستہ (رک)]

ــ کرنا محاورہ .

رک : پیوست ہونا ، جس کا یہ تعدیہ ہے .

جس کو کڑیوں کے ذریعہ سے خود کے ساتھ پیوست کیا ہے .

۱۹۴۶ محمود شیرانی ، مقالات ، ۱۸

ــ گر (ــ فت گ) اسذ .

ریڈیائی لہروں کا پتہ چلانے کا ایک آلہ .

اس جماعت میں صاعقہ سے بچاؤ کا آلہ شریک ہے جسے پیوست گر کا جد امجد سمجھنا چاہیے .

۱۹۵۷ سائنس سب کے لیے ، ۲ : ۳۳۶

[پیوست + گر (رک)]

ــ ہونا محاورہ .

۱. (i) دو چیزوں کا باہم مل جانا ؛ وصل ہوجانا ، چپک جانا ، ایک دوسرے سے جڑ جانا ، ایک جان ہو جانا .

جوخے جاکے خالق سوں پیوست ہوا
خرد کا نہایت اسے دست ہوا

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۱۹۸

شوخ کے دل سوں دل ہوا پیوست
آتش عشق کا لگا ہے سریش

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۹۷

پیوست ہے جو دل میں وہ تیر کھینچتا ہوں
اک ریل کے سفر کی تصویر کھینچتا ہوں

۱۹۳۶ نقش و نگار ، ۴۱

(ii) (عارضی طور پر) جڑنا ، ملنا ، لگنا ، مس ہونا .

ان پھولوں کو جن میں وہ نگاہیں پیوست ہوئیں . . . . بوسہ دوں گا .

۱۹۱۸ سیاہ عجم ، ۱۳۲

۲. (نوک وغیرہ کا) اندر بیٹھ جانا، گڑ جانا، داخل ہو کر جم جانا۔

کیسے دل عشاق میں پیوست ہوئے ہیں
ہو کر تن اطہر سے جدا سوے مبارک

۱۸۷۲ محامد خاتم النبیین، ۳، ۷۳

دشمن ہے درپے تین دفعہ تیر مارتا ہے، جو بدن میں پیوست ہو جاتا ہے۔

۱۹۳۲ سیرۃ النبی، ۲: ۵۴۵

۳. جذب ہونا، سرایت کرنا، کھپ جانا، مسامات کے ذریعے سے جسم کے اندر سما جانا۔

پانی . . . دھار بندھ کر زمین پر گرنے لگے گا اور . . . سوراخوں میں پیوست ہو جائے گا۔

۱۸۸۹ مبادی العلوم، ۲۵

گھی پگھلا کر آٹے کا پیڑا اس میں متھ لیا، سب گھی پیوست ہو گیا۔

۱۹۰۸ صبح زندگی، ۱۳۷

۴. (نباتیات) یک خلیہ پھلوں کے حصوں کا جوڑ سے جوڑ ملا ہونا۔

لیکن یہ پھانکیں ایک دوسرے میں پیوست ہوتی ہیں۔

۱۹۶۲ پیڑ، ۷۷

پیوستگان (ی لین، فت و، سک س، فت ت) امذ، ج۔

اقربا، اعزا (نوراللغات)۔

[ف]

پیوستگی (ی لین، فت و، سک س، فت ت) امث۔

۱. اتصال، وصل، جڑا ملا یا چپکا ہونے کی کیفیت۔

(عنوان) پیوستگی ابرو۔

۱۷۷۳ تصویر جانان، ۱۹

ان میں تھوڑی بہت پیوستگی ضرور ہوتی ہے۔

۱۸۸۹ مبادی العلوم، ۲۵

۲. تعلق، میل، قربت۔

نصف صدی قبل کی انگریزی زبان کا ہلکا بلکا اثر اور عصر حاضر کی پوری پوری گہری پیوستگی بتا رہی ہے کہ ہر نئی زبان کی ابتدا کس طرح ہوتی ہے۔

۱۹۳۹ تاریخ نثر اردو، ۱: ۲۴۴

۳. سلسلہ، ربط۔

کتاب کے مختلف حصوں کی ایک دوسرے سے پیوستگی دکھائے۔

۱۹۳۳ نقد الادب، ۱۰

[ف]

پیوستہ (ی لین، فت و، سک س، فت ت) صف۔

۱. ملا ہوا، جڑا ہوا، چپکا ہوا، بلا فاصلہ متصل۔

دعا کرتا ہوں سن کر آبرو یکرو کا یہ مصرا (مصرع)
ترے پیوستہ ابرو کیوں نہ ہو وہیں مسجد جامع

۱۷۳۳ آبرو، د، ۲۵

سلطان کے ملک کی اور آسٹریا کی حد بالکل پیوستہ ہے اور جار سلاصق ہے۔

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق، ۲: ۳۸۲

وہ کڑیاں جو ان دونوں کو وابستہ و پیوستہ رکھتی ہیں آہنی زنجیریں نہیں ہیں۔

۱۹۰۷ کرزن نامہ، ۳۰۳

۲. بیٹھا ہوا، گڑا ہوا، اس طرح ٹھسا ہوا کہ ایک جان ہو۔

تیر غم شہ سینے میں پیوستہ ہے
ایک ایک کا دل درد سے وابستہ ہے

۱۸۷۳ انیس، رباعیات، ۱۲۳

اف: کرنا، ہونا۔

۳. مسلسل، لگاتار۔

زاہدو سبحہ میں اس بات کے سو شاہد ہیں
سبب گردش پیوستہ ہے دانا ہونا

۱۸۶۷ رشک، د (ق)، ۱۷

اصلاح جستہ جستہ ہوتی ہے، پیوستہ نہیں ہوتی۔

۱۹۳۰ دستور الاصلاح، ۴۳

۴. ہمیشہ، مدام، سدا۔

پیوستہ منکسر ہیں وہ جو ارجمند ہیں
آتنی فروتنی بھی ہے جتنی بلند ہیں

۱۸۷۳ انیس، ۱: ۳۶۸

۵. گذشتہ، سابق کا (زمانہ وغیرہ)۔

زمانہ گذشتہ اور عہد پیوستہ میں . . . ہندوستان میں ایک شہر رشک گلزار ہمیشہ بہار تھا۔

۱۸۶۶ جادۂ تسخیر، ۱۸

انھیں عدم تنوع کی وجہ سے پیوستہ ہنگامہ آرائیوں کی صدائے باز گشت کہا جاسکتا ہے۔

۱۹۲۹ تاریخ نثر اردو، ۱: ۳۴۵

۶. (سال کے ساتھ) گذشتہ سال سے پیشتر کا (سال)۔

سال پیوستہ . . . ہز اکسلنسی لارڈ کرزن وارد مملکت آصفیہ ہوئے۔

۱۹۰۳ مضامین محفوظ علی، ۱

[ف]

— کرنا محاورہ۔

رک: پیوستہ ہونا جس کا یہ تعدیہ ہے۔

خاکنائے پانامہ ان دونوں کو پیوستہ کرتی ہے ۔
۱۸۵۶ فوائد الصبیان ، مجموعہ ، ۱۳۸
ایک دریا جو دجلے اور نیل کے برابر ہے ، شہر کو سمندر سے پیوستہ کرتا ہے ۔
۱۹۳۵ عربوں کی جہاز رانی ، ۷۱

— ہونا محاورہ ۔

۱۔ مل جانا ، متصل ہونا ، (عارضی یا مستقل طور پر) جڑنا ، باہم ارتباط پیدا ہونا ، یکجا ہونا ۔
وہ مقامات آ گئے جہاں ترکمان پڑے ہوئے قافلوں کا راستہ دیکھا کرتے ہیں ، اب آپ سب لوگ پیوستہ ہو کر سفر کریں ۔
۱۸۹۱ قصۂ حاجی بابا اصفہانی ، ۹

۲۔ گڑنا ، (نوک کا) بیٹھنا ، داخل ہو کر یکجان ہونا ۔
کیا نکالے سوزن الماس دل سے غم کی پھانس
جتنی یہ کاوش کرے اتنی ہی یہ پیوستہ ہو
۱۸۵۳ ذوق ، د ، ۱۵۹

پیوسی (ی مج ، سک نیز ضم و) امث ۔

(کھوسی) گائے بھینس وغیرہ کا حمل کے زمانے کا دودھ جو تھنوں میں آجاتا ہے ، بچہ پیدا ہونے کے بعد پہلے دو تین روز کا دودھ جو گرم کرنے سے پھٹ جاتا ہے (ا پ و ، ۳ : ۹۱) ۔
شیر بہیمۂ نو زاد کہ چوگرسی آتش رسد زود بہندد ، و اہل ہند آنرا پیوسی خوانند ۔
۱۳۱۹ ادات الفضلا (سہ ماہی اردو ، اکتوبر ۱۹۶۷ء ، ۳۸)

پیوسی ۔
۱۷۵۱ نوادر الالفاظ ، ۱۳۹

پیوسی ۔
۱۸۰۸ دریاے لطافت ، ۹
مکھن اور گھی کی نہریں ابلتی ہیں اور پیوسی اور دہی کے جمے ہوئے چشمے اپنے مالکوں کے لیے وقف کر دیتی ہیں ۔
۱۹۰۶ مخزن ، اگست ، ۳۹
[س پیوش + اکہ पीयूष + इका]

پیوکڑ (ی مع نیز مج ، فت و ، شد ک بفت) امذ ۔
ہگنے والا شخص ، بی کر بد مست ہونے والا شخص ، رک : ہگڑ (جامع اللغات) ۔

پیوگی (کس پ ، و مج) امث ۔
(جراحی) کنٹھ کے اندر لگے ہوئے شلیہ (پتھر کنکر) معلوم کرنے کے واسطے ۱۰ انگل لمبا اور پانچ پانچ انگل پر دھی والی ناڑی اوزار پیوگی ہوتا ہے (استاد جراحی ، ۱۰۷) ۔
[مقامی]

پیوما (کس پ ، ی مخ ، و مع) امذ ۔
رک : پوما ۔
پیوما یا پہاڑی شیر امریکہ کے ہر حصے میں پایا جاتا ہے ۔
۱۹۳۲ جغرافیۂ عالم ، ۲ : ۲۵۸
[انگ : Puma]

پیون (کس پ ، و مع) امذ ۔
(دفتر کا) چٹھی رساں ، ہرکارہ ، چپراسی (فرہنگ آصفیہ) ۔
[انگ : Peon]

پیونا (ی مع ، سک و) ف م (قدیم) ۔
رک : پینا ۔
نہ لیئے اٹھے سووے کھاوے پیوے
ولے جسم سے جیو دائم جیوے
۱۷۰۸؟ داستان فتح جنگ ، ۲۵
دیدار کی شرابیں آنکھوں میں پیوتے ہیں
مستوں کا ہے درس کے یارو ایاغ اور ہی
۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۷۰

پیون پیون (فت پ ، شدی ، و مج) م ف ۔
ہمدل ، اپنے پانو سے (بچوں کے لیے) ۔
شوخ مزاج رنڈی جو کھڑی مجرا کر رہی تھی ہنس کے بولی ، اے وہ پیون پیون چلا تو آتا ہے ۔
۱۹۲۶ شرر ، گزشتہ لکھنؤ ، ۱۹
[پانو (رک) سے]

پیونت (ی مع ، فت و ، سک ن) صف ۔
پینے والا (جامع اللغات) ۔
[پینا (رک) سے]

پیوند (ی لین نیز مج ، فت و ، سک ن) ۔
(الف) امذ ۔
۱۔ دو چیزوں کا باہم وصل و ارتباط ، دو اشیا کا نقطۂ اتصال ، بستگی ، وابستگی ، میل ، تعلق ۔
توں دل کوں اسی غم سے خور سند رکھ
دوجے ساتھ اپنا ہی پیوند رکھ
۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۶۱۰
پریشانی کے دفتر کا ایسے فہرست کہہ سکیے
تری زلفاں سوں جس کے دل کو ہے پیوند اے ظالم
۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۲۶

جادو راے کے کشتہ ہونے کے بعد اس نے نظام سے ہمراہی کا پیوند توڑ دیا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ۷ : ۱۰۲

اف : جوڑنا ، توڑنا ، کرنا ، ہونا .

۲. پھٹے ہوئے کپڑے وغیرہ پر لگایا ہوا جوڑ ، تھگلی ، چپی .

ہزاروں پیوندوں کا ہے گا یوں ہی
اگر چاہو اس دیوں میں ابھی

۱۶۹۳ وفات نامہ بی بی فاطمہ ، ۱۹

پیغمبر آخرالزماں کی بیٹی کے لباس میں اتنے پیوند ہوں .

۱۹۴۳ سیدہ کی بیٹی ، ۳۲

۳. (i) (مجازاً) رشتہ یا قرابت .

نہ ماں باپ کوں عار فرزند کا
نہ خیشاں کوں کچھ یاد پیوند کا

۱۶۴۵ قصہ بے نظیر ، ۶۳

نہ تازی یہ کچھ رسم پیوند ہے
ہمیشہ سے عالم برو مند ہے

۱۷۸۴ سحرالبیان ، ۱۲۵

جابا افریقہ کا رہنے والا تھا اور ایک یونانی عورت سے اس کا پیوند کوئی معنی نہ رکھتا تھا .

۱۹۵۱ حسن کی عیاریاں ، ۱۶۱

اف : توڑنا ، کرنا ، ملنا ، ہونا .

(ii) ٹکڑا ، جزو ، پارہ .

جو اس حسن کا جس کوں فرزند اچھے
وہ دل پور کلیجے کا پیوند اچھے

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۷۸

ہیں پھٹے کپڑے ترے تو عیب کیا
تو ہماری جان کا پیوند ہے

۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۱۴۹

۴. (باغبانی) ہم جنس درختوں میں اعلیٰ قسم کے درخت کی شاخ کو ادنیٰ قسم کے درخت کی شاخ کے ساتھ وصل کر دینے کا عمل جو عمدہ قسم پیدا کرنے کا طریقہ ہے ، شاخ ، قلم (اپ و ، ۶ : ۱۳۲) .

ملے نہ خلد میں سایے کی اس کے کیفیت
نہ ہو جو شاخ میں طوبیٰ کی تاک کا پیوند

۱۸۱۳ پروانہ ، (جسونت سنگھ) ، ک ، ۱۹۸

سرکاری باغ میں اس بات کا تجربہ کیا گیا تھا کہ پیوند زمینی اچھا ہوتا ہے یا گملے کے ذریعے سے .

۱۹۰۳ باغبان ، ۸

۵. (مجازاً) دو مختلف النسل جانوروں کے میل سے ہونے والی پیدائش .

بعض پرندوں کی پیدائش خچر کی سی ہے ، مثلاً بیسرہ اور خمرا وغیرہ اگرچہ دونو کی پیدائش خچر کی سی ہے لیکن خچر کی طرح ان کی قطع نسل نہیں ہو جاتی ، اس قسم کی پیدائش کو پیوند کہتے ہیں .

۱۸۹۷ سیر پرند ، ۶۳

۶. عہد ، پیمان .

کوئی یکدم جو تھی یکجا وہ خرسند
ہوئے باہم ہزاراں عہد و پیوند

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲ : ۸۸

۷. (مجازاً) الفاظ کی بندش .

سیکھے سحرو برق سے بندش کے بند
پھر غالب و بحر نے بنائے پیوند

۱۸۷۳ کلیات قدر ، ۳۲۴

(ب) صف .

ملا ہوا ، (دوسرے سے) متصل ، مسلسل ، شاخ یا جوڑ سے جوڑ ملایا ہوا .

یا تھے دو مصرع مربوط بہم دست و بغل
یا کہ پیوند تھے دو نخل گلستان ارم

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۸۸

ہم بشر اس کے بندے تھے ہم کو نہ رکھتا نامراد
بندگی پیوند شان کبریائی سے نہیں

۱۹۰۱ راقم ، ک ، ۱۰۴

[ف]

ــ بندی (— فت ب ، سک ن) است .

(دو چیزوں میں) رابطہ ، اتصال یا تعلق پیدا کر دینے یا ملا کر وصل کر دینے کا عمل .

اسی کی بدولت . . . متقدمین کے افکار و خیالات میں متاخرین اپنے افکار و خیالات کی پیوند بندی کرسکنے پر قادر ہوئے .

۱۹۵۶ مناظر احسن ، عبقات ، ۱۹۹

[پیوند + بندی (رک)]

ــ پر پیوند گانٹھنا محاورہ .

انتہائی مفلسی میں بسر کرنا .

رات دن ٹکڑے مانگتا اور پیوند پر پیوند گانٹھتا .

۱۸۰۱ باغ اردو ، ۹۷

ــ ٹانکنا محاورہ .

۱. جوڑ لگانا ، تھگلی لگانا ، پھٹی ہوئی چیز میں کوئی ٹکڑا لگانا ؛ (مجازاً) جز رسی کرنا .

میں نے جوتیوں میں پیوند ٹانک کر تیں سو روپیے جمع کیے .

۱۹۲۴ تذکرۃ الاولیا ، ۲۲۲

ـــ حرف کس اضا (فت ح ، سک ر) امذ .

(خوش نویسی) دو حرفوں کے اتصال یا جوڑ کی جگہ جو نقطہ یا شوشہ ہو ، جیسے : مٹی میں حرف میم اور ٹ کا درمیانی شوشہ .

حرفوں کے ملے جوڑ بڑھا حسن رقم کا
ہر لفظ کے پیوند میں بخیہ ہے قلم کا

۱۸۶۵ نسیم دہلوی ، د ، ۵۴

حروف کے پیوند خراب ہنے ہیں ، اس کی وجہ سے جوڑ علیحدہ معلوم ہوتے ہیں .

۱۹۴۱ ا پ و ، ۴ : ۲۱۰

[پیوند + حرف (رک)]

ـــ خاک (ـــ زمین) کرنا کس اضا ، محاورہ .

رک : پیوند خاک (ـــ زمین) ہونا جس کا یہ تعدیہ ہے .

آسمان اس بے کسی سے کر مجھے پیوند خاک
روئیں میرے حال کو گبرو مسلمان دیکھ کر

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۶۴

جہاں مخالفوں کے گھروں کو دیکھا ڈھا ڈھو کر پیوند زمین کیا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۴ : ۱۰۷

ـــ خاک (ـــ زمین) ہونا کس اضا ، محاورہ .

(لفظاً) خاک میں ملنا ، فنا ہونا ، مر جانا ، زمین میں گاڑا یا دبایا جانا ، دفن ہونا .

بس کہ ہے گردون دوں پروردنی
ہووے پیوند زمیں یہ رفتنی

۱۸۱۰ سیر ، ک ، ۸۱۵

اے بابا کاش کہ میں پیوند خاک ہوتی .

۱۸۸۷ نہر المصائب ، ۳ ، ۵ : ۵۱۲

سینکڑوں اہل کمال پیدا ہو کر پیوند خاک ہوگئے .

۱۹۰۰ مقالات شبلی ، ۳ : ۹۸

ـــ خون کس اضا (ـــ و مع) امذ .

خونی رشتہ ، قریبی رشتہ داری .

وہ قرابت اور یہ مروت کیا پیوند خون سے کم ہے .

۱۸۶۹ غالب ، خطوط غالب ، ۴۷

[پیوند + خون (رک)]

ـــ دار صف .

وہ کپڑا وغیرہ جس میں پھٹنے کی وجہ سے جوڑ لگایا ہو .

کپڑوں کی شان پھول پہننے سے سٹ گئی
پیوند دار آج ترا پیرہن ہوا

۱۸۷۳ کلیات منیر ، ۲۰۲

[پیوند + دار (رک)]

ـــ دینا (ـــ ی مج) ف م .

۱. ایک درخت میں دوسرے درخت کی شاخ لگانا ، قلم لگانا .

اگر ترنج کا رنگ سرخ منظور ہو تو اس کے درخت کو شہتوت یا انار کے درخت سے پیوند دیویں .

۱۸۷۷ عجائب المخلوقات ، ۲۶۶

۲. جوڑنا ، ملانا ، وصل کر دینا .

میں نے تجھ کو اپنے واسطے چن لیا ، اور اپنے ساتھ انکو پیوند دیا .

۱۹۲۴ تذکرۃ الاولیا ، ۷۰۱

۳. جوڑ لگانا ، سینا (جامع اللغات) .

ـــ کرنا محاورہ .

۱. کپڑے پر جوڑ لگانا ، سی کر جوڑنا .

جی میں کہونگا تمکوں دو تن سوں کہونکو
اتلس کوں پھاڑ کملی کوں پیوند نکو کرو

۱۵۶۳ حسن شوقی ، د ، ۱۶۴

ابھی موجود ہیں وحشت کے دن کچھ ہوش تھوڑے ہیں
گریباں پھاڑ ڈالے گا عبث پیوند کرتا ہے

۱۸۶۱ کلیات اختر ، ۸۵۹

۲. کسی چیز کو دوسری چیز سے جوڑ دینا ، ملانا ، مربوط کرنا .

عشق کا جزو ہوا چھند بند سیتی تمام
ای جزو کوں نکرو ہور جز سیتی پیوند

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۹۳

پیڑو کے استخوان کو ران کی ہڈیوں سے اور ایسا ہی پیوند کیا دونوں رانوں کو دونوں ساق سے .

۱۸۷۷ عجائب المخلوقات ، ۸

اردو نے سابقے لاحقے لگا کر اور بھی بہت سی ترکیبیں ... ایسی وضع کیں جن میں ہندی کو بلا امتیاز عربی ، فارسی ، ترکی کے ساتھ پیوند کیا گیا تھا .

۱۹۷۲ نکتۂ راز ، ۳۸

۳. رشتہ کرنا ، شادی کرنا .

یہ کہو کہ آج تک کہاں تھے اور سرو آزاد ہو یا کسی شمشاد قد سے پیوند کیا ہے .

۱۸۰۳ گل بکاولی ، ۴۳

اپنی ایک بیٹی سے راجا کا پیوند کرنا .

۱۹۵۳ تاریخ مسلمانان پاکستان و بھارت ، ۳۲

۴. درخت میں قلم لگانا .

جوگی جی آپ گلشن اسلام میں عبث
پیوند کچھ نہ کیجئے آواگون کی شاخ

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۴۵

ایک پودے کا دوسرے پودے سے پیوند کرتے ہیں .

۱۹۰۶ مخزن ، نومبر ، ۱۶

— کھانا محاورہ .

موافق ہونا ، مناسب ہونا ، میل کھانا .

لیکن بودھ کا فلسفہ کہ عمل زندہ رہتا ہے ، اگرچہ بہت مغلق اور عسیر الفہم ہے ، ہمارے عقائد سے پیوند کھا سکتا ہے.

۱۹۶۶ سہ ماہی اردو نامہ، کراچی ، ۲۴ : ۴۵

— کار صف .

۱. جوڑ لگانے والا ، درزی ؛ موچی ؛ درخت میں قلم لگانے والا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

۲. جس میں جوڑ لگا ہو ، نمز جوڑ لگانے کے قابل .

اوراق نستعلیق قدرے کرم خوردہ ، ناقص ، پیوند کار .

۱۹۲۶ اورینٹل کالج میگزین ، مئی ، ۶۷

اسم کیفیت : پیوند کاری = جوڑ لگانا ، ایک جنس کو دوسری جنس میں ملانا یا وصل کرنا ؛ پیوند لگانے کا کام یا پیشہ .

فرمایا کہ تیرا کوئی پیشہ ہے ، کہا نہیں ، فرمایا کہ جا پنبہ دوزی یعنی پیوند کاری سیکھ .

۱۸۹۳ ترجمۂ رشحات ، ۱۳۰

اب پیوند کاری کے متعلق ضروری ہدایات پیش کرنا چاہتے ہیں.

۱۹۳۰ شفتالو ، ۲۹

[پیوند + کار (رک) لاحقۂ صفت]

— گانٹھنا محاورہ .

۱. پھٹے کپڑے میں جوڑ لگانا .

بچوں کے پاس ٹوپی تک نہیں گھر والی پیوند گانٹھتے گانٹھتے ہار گئی .

۱۸۷۳ بنات النعش ، ۳۷

۲. پھٹے ہوئے جوتے میں چمڑے کا ٹکڑا لگانا (جامع اللغات).

— لبنیہ کس صف (— فت ل ، ب ، کس ن ، شدی بفت) امذ .

(اصطلاح) غلاف القلب کی سطح پر پڑ جانے والے داغ جو دودھ کی مانند سفید اور ہموار ہوتے ہیں پرانے ورم غلاف القلب کے بعد بھی اس قسم کے داغ ایک نشان کی حیثیت میں باقی رہ جاتے ہیں لیکن اکثر حالتوں میں یہ سفید داغ غلاف القلب پر کسی بیرونی دباؤ کا نتیجہ ہوتے ہیں ، انگ : Milk Patches (ماخوذ : ماہیت الامراض ، ۱ : ۵۳۰) .

[پیوند + لبنیہ ، لبن (رک) سے]

— لفظ کس اضا (— فت ل ، سک ف) امذ .

رک : پیوند حرف .

[پیوند + لفظ (رک)]

— لگانا/لگا دینا محاورہ .

رک : پیوند کرنا معنی نمبر ۱ ، (مجازاً) مدد کرنا .

جہاں تک امکان دسترس ہو شکستہ حالوں کے کام آؤ

کسی کا دامن پھٹا جو دیکھو لگادو پیوند آستیں کا

۱۸۸۳ دیوان صفی ، ۸

کپڑے پر جب تک پیوند نہ لگالو اسے پرانا شمار نہ کرو .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۳ : ۲۲۰

۲. شامل کر دینا ، ملا دینا .

خالق باری کے اشعار میں بھی عربی فارسی کے ساتھ ہندی کا پیوند لگایا گیا ہے .

۱۹۶۵ ہماری پہیلیاں ، ۴۸

۳. قلمکاری .

ربط نا جنس سے امکان نہیں عالم میں
نخل کا نخل سے پیوند لگا دیتے ہیں

۱۸۵۳ دیوان برق ، ۲۲۱

نر درخت کی شاخ کا مادہ درخت کی شاخ میں پیوند لگایا کرتے تھے .

۱۹۰۷ اجتہاد ، ۱۱۰

— لگنا محاورہ .

پیوند لگانا (رک) کا لازم .

لگے تھے پیوندان اوس کوں انھارا
ویسے او جیوں چمن میں گل ہزار

۱۷۵۶ ؟ جہیز نامہ ، ۴

ہزاروں آدمیوں کے انگرکھے میں پیوند لگے ہوئے تھے .

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق (مضامین) ، ۲ : ۵۸۷

— مریم کس اضا (— فت م ، سک ر ، فت ی) امذ .

ایک درخت کا دانہ ہے کابلی مٹر کے برابر نہایت خوشبودار اور تلخ اس کا درخت بلند قامت انسان کے برابر ہوتا ہے اور اس سے بھی بڑھ جاتا ہے ڈالیاں پراگندہ پتے لمبے اور بید کے پتوں سے مشابہ پتے اور لکڑی خوشبودار پھول سفید اس دانے کا چھلکا سرخ سیاہی مائل اور مینگ سفید چکنی اور تیز مزہ ہوتی ہے اس بیج کو اکثر خوشبویات میں ملاتے ہیں اور اس سے تیل بھی بناتے ہیں ، حب المحلب ، گھیونی (ماخوذ : خزائن الادویہ ، ۴ : ۱۵) .

[پیوند + مریم (علم)]

— ملانا محاورہ .

رک : پیوند لگانا .

کہ شیشے میں کیا جائے اوسے بند
ملاویں سرو سے نسریں کا پیوند

۱۸۲۸ مثنوی نل دمن ، ۵

— ملنا محاورہ .

پیوند ملانا (رک) کا لازم .

پھر تو اس وزیر کی فرط خوشی سے عجیب حالت ہوئی بقول مشہور پیوند مل گیا غنچۂ سربستہ کھل گیا .

۱۸۶۲ شبستان سرور ، ۱۰۸

— میں پیوند مل جانا/ملنا محاورہ .

ہم نسل یا کفو اور ہمسر سے رشتہ ہو جانا ، برابر کا رشتہ ہونا ، اپنی ذات برادری میں شادی ہونا .

اب تو پیوند میں پیوند ملتا ہے ، یہ بھی شہزادی وہ بھی شہزادہ ہے .

۱۸۹۰ فسانۂ دلفریب ، ۷۳

انھیں دان دہیز کی پروا نہیں ، وہ چاہتے ہیں کہ . . . پیوند میں پیوند مل جائے .

۱۹۲۶ نوراللغات

— ہونا محاورہ .

پیوند کرنا (رک) کا لازم .

کسی ڈھب سے نہیں پیوند ہو سکتا ہے ٹوٹے پر
نزاکت میں بنا ہے دل مگر ہم سنگ شیشے کا

۱۷۹۲ محب ، د (ق) ، ۵

یہ پریزاد گل بادشاہ کی خواہر ہے اور پیوند ہونا اس کا محمود وزیر زادہ سے مقدر ہے .

۱۸۴۶ قصہ اگر گل ، ۵۱

ہوا پیوند نوشہ تیرا اس نامی گھرانے سے
کہ ہے عزو شرف سے جس کے رنگیں داستاں سہرا

۱۹۳۷ نغمۂ فردوس ، ۲ : ۱۴۳

پیوندگی (ی لین ، فت و ، سک ن ، فت د) امث .

۱. پیوند ہونے کا عمل یا کیفیت ، وابستگی .

اصل میں جس کو نہیں پایندگی
اس سے ہمکو کب روا ہو پیوندگی

۱۷۷۳ مثنوی ریاض العارفین ، ۶۴

۲. (حیوانیات) جفتی .

مادین حشرہ میں ان کا کام بیضگی یعنی انڈے دینا اور انڈوں کو مناسب جگہ رکھنا ہوتا ہے اور نر مولدوں کا کام پیوندگی (Copulation) ہوتا ہے .

۱۹۶۷ بنیادی حشریات ، ۴۷

[ف]

پیوندوں میں ڈھکنا محاورہ .

(لفظاً) بہت ہی بوسیدہ کپڑے پہنے ہوئے ہونا ، (مجازاً) انتہائی مفلسی کی حالت میں ہونا .

گوہر آرا بیگم کی بچھڑی ہوئی سہیلیاں جو کبھی پھولوں میں تلتی تھیں اور اب پیوندوں میں ڈھکی ہوئی ہیں .

۱۹۳۲ بیلہ میں میلہ ، ۷

پیوندی (ی لین ، فت و ، سک ن) صف .

۱. جس میں جوڑ لگا ہو ، پیوند والا .

تیری پیوندی گڈی دیکھ کر میں نے جانا تھا کہ تو . . . کسی کے حق میں بدی نہ کرے گا .

۱۸۰۳ گل بکاولی (نہال چند) ، ۳۷

۲. قلم بندی سے تیار کیا ہوا درخت ؛ قلمی درخت کا پھل .

یہاں . . . پیوندی آم بھی بہت ہیں .

۱۸۶۶ خطوط غالب ، ۴۴۵

ٹہنیاں اس کی مثل پیوندی درخت کے زمین پر لوٹ رہی ہیں .

۱۸۶۶ جادۂ تسخیر ، ۳۲۰

جابجا چمن بندی ہے ، کوئی قلمی درخت کوئی پیوندی ہے .

۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۱۴۸

۳. دوغلا .

یہ تو خالص انگریز نہیں ہوسکتا . . . دادی افریکن تھی . . . ایسے پیوندی پھل بڑے زہریلے ہوا کرتے ہیں .

۱۹۱۴ راج دلاری ، ۹۲

[ف]

— کرنا محاورہ .

چپکانا ، بل دے کر چسپاں کرنا .

یہ دھوبی بچے بھی گر جامہ کو کلپ کندی
منڈا کے داڑھیاں ، موچھوں کو کرکے پیوندی

۱۷۸۲ حاتم (دو نایاب زمانہ بیاضیں ، ۳۱)

— گل مچھے (— ف ک ، ضم م ، شد چھ) امث ، ج .

بڑی بڑی موچھیں جنھیں اکثر بانکے بل دے کر گالوں سے چپکا لیتے ہیں .

ایک راجپوت جوان . . . داڑھی منڈی ، بڑے بڑے گل مچھے پیوندی .

۱۸۷۷ طلسم گوہر بار ، ۲۳۵

— موچھیں (— و مع ، ی مج) امث .

مصنوعی موچھیں جن کو حلقہ کی صورت بنا کر گالوں پر چپکاتے ہیں (نوراللغات) .

. . . پیوندی (ی لین ، فت د ، غنہ) امث .

(ترکیبات میں بطور جزو دوم) پیوند کرنے یا ہونے کا عمل جڑنا ، ملنا ، وصل ہونا .

حجاب اکسیر ہے آوارۂ کوئے محبت کو
میری آتش کو بھڑکاتی ہے تیری دیر پیوندی

۱۹۳۵ بال جبریل ، ۲۱

پیونہار (ی مع ، فت و ، سک ن) صف (قدیم) .

(لفظاً) پھنے والا (مجازاً) ہلاک کرنے والا مہلک ، پر خطر .

پیونہار دریا ہے تیغ اس مگر جو کھینچیا ہے نیزا ثریا پوسر

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۳۰

پیویلین (ی لین ، ی مع ، کس ل ، فت ی) امذ .

رک : پویلین .

روس اور جرمنی کے پیویلین آمنے سامنے تھے .

؟ رقص ناتمام ، ۲۵۷

[انگ : Pavilion]

پیہ (ی مع) امث .

چرخی .

اسپ گھوڑا فیل ہاتھی شیر سیہ
گوشت ہیڑا چرم چمڑا شحم پیہ

۱۶۲۱ خالق باری ، ۶۹

رو برو بچۂ آہو کے نہ روشن ہو چراغ
ڈالے روغن کی جگہ اس میں جو پیہ ضیغم

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۹۲

[ف]

پیہ (فت پ ، شد ی ہفت) امذ .

رک : پیا .

اور کمہار کا پیہ حرکت میں لانے کا حکم نافذ ہوا .

۱۹۲۹ تاریخ سلطنت روسہ ، ۶۰۳

پیہر (ی مع ، فت ہ) امذ .

میکا ، لڑکی کے ماں باپ کا گھر .

آج ہی سادھوؤں کے سنگ تجھے پیہر بھیجدوں گا .

۱۹۳۸ شکنتلا (مترجمۂ اختر حسین) ، ۱۰۱

[• : पीहर पेहर]

پیہم (فت پ ، ہ) م ف .

رک : پیہم .

ہول جانا تھا جفائے پیہم کو نہ مجھے
نیست کردینا تھا اندوہ و الم کو نہ مجھے

۱۸۵۱ مومن ، واسوخت ، شعلۂ جوالہ ، ۲ : ۷۶۵

پیہم (ی لین ، فت ہ) م ف .

بے درپے ، متواتر ، لگاتار ، مسلسل ، تابڑ توڑ .

بلبلیں پیہم چلی جاتی ہیں باغوں کی طرف
کچھ تو اڑتی سی سنی ہے گل کے آنے کی خبر

۱۷۵۵ یقین ، د ، ۱۴

خون دل ہو گیا شاید دم گریہ جو آج
عوض اشک لہو آنکھ سے پیہم آیا

۱۸۷۲ مظہر عشق ، ۲۰

محمود ہندوستان کی تاریخ کے سب سے نامور بادشاہوں میں سے ہے ، جس کا سبب ایک تو اس کے پیہم حملے تھے .

۱۹۳۲ اسلامی فن تعمیر ، ۹

[ف]

پیہو (ی مع ، و مع) امذ .

رک : پیسو .

شوشک : کیک یعنی پیہو (پسو) .

۱۴۳۳ بحر الفضائل ، بلخی (مقالات شیرانی ۱ : ۱۲۷)

پیہو پیہو (ی مع ، و مع) امث .

پیہے کی آواز .

پیہے کی پیہو پیہو اور کویل کی کو کو سے سارا جنگل گونج اٹھا .

۱۹۳۰ فرحت مضامین ، ۲ : ۳۱

[حکایت الصوت]

پیئی (ی لین/فت پ) صف ؛ امث ؛ سہ پئی .

پاؤ (رک) کا مخفف جب کسی عدد کے ساتھ آخر میں آئے ، جیسے ادھ پئی ، ڈڑھ پئی (نوراللغات) .

پیٹی (ی مج) اسث .

وہ چھوٹا سا صندوق جس میں پہننے کے کپڑے رکھتے ہیں ؛ مستطیل قد کا چھوٹا بکس جس میں خردہ فروش اپنی چھوٹی چھوٹی چیزیں اور نقدی وغیرہ رکھتے ہیں (فرہنگ آصفیہ ؛ پلیٹس) .

[س : پیٹکا पेटिका]

پیٹے دودھ اور کھائے مال کہاوت .

اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو عیش و عشرت میں زندگی بسر کرے (نوراللغات) .

پیٹے (ہونے) ہونا محاورہ .

شراب کے نشے میں ہونا .

یہ بار بار جو کرتا تھا ذکر مے واعظ
پیٹے ہوئے تو کہیں خانماں خراب نہ تھا

۱۹۰۰ امیر مینائی (نوراللغات)

پیسے (فت پ ، شد ی) امذ ؛ ج .

رک : پیسا جس کی یہ جمع یا مغیرہ حالت ہے تراکیب میں مستعمل .

آج کی دنیا میں پیسے کی اہمیت بہت زیادہ ہے .

۱۹۷۰ پیسے کی کہانی ، ۳۰

— دار صف .

وہ چیز جس میں چلانے کے لیے پیسا یا پیسے لگے ہوں .

پیسے دار چپرکھٹ میں آپ بیٹھے ہیں ، پھولوں کا گہنا سامنے دھرا ہے .

۱۸۸۰ آب حیات ، ۲۸۶

[پیسے + دار (رک)]



پھ حرف .

اردو اصوات میں حرف 'پ' (رک) کی ہائیہ شکل جس کا مخرج وہی ہے جو 'پ' کا ہے ، اردو تہجی کا چھٹا اور دیوناگری لپی (رسم خط) کا بائیسواں حرف ، یہ آواز قدیم ہند آریائی آواز ہے .

[پ ھ]

پھابی صف .

پھبا ہوا ۔ سجا ہوا (رک) پھبیلا (جامع اللغات) .

[◦ : پھابی फबी]

پھاپا / پھاپھا صف ، مث .

۱. پوپلی بڑھیا ، دانت گر جانے کی وجہ سے 'پھاپھا' کرکے بولنے والی بڑھیا (شبد ساگر) .

۲. کٹنی ، دلالہ (دریائے لطافت ، ۱۰۰) .

[◦ : پھاپا फापा]

— کٹنی (— ضم ک ، سک ٹ) اسث .

رک : پھاپا معنی نمبر ۲ .

کیا کہتی ہے پھاپھا کٹنی ، ویرانے کی بھتنی .

۱۸۸۵ کریم الدین مراد کے ڈرامے ، ۸۶

ماں سے زیادہ جو چاہے پھاپھا کٹنی کہلائے .

۱۹۲۰ لخت جگر ، ۱ : ۱۷۱

[پھاپا/پھاپھا + کٹنی (رک)]

پھاپھرا (سک پھ) امذ .

ایک ادنیٰ قسم کا ناج .

چینا کولھتہ باتھو پھاپھرا پے چاروں ادنیٰ قسم کے غلے صرف پہاڑی علاقوں میں ہوتے ہیں .

۱۸۵۹ جام جہاں نما ، ۵۷

[مقامی]

پھاٹ (۱) امذ .

۱. (دریا کا) پھیلاؤ ، عرض ، چوڑائی ، رک : پاٹ .

ڈھلتے ہوئے سورج کی روشنی میں دریا کے پھاٹ کی جگمگاتی ہوئی سطح کو دیکھتا رہتا .

۱۹۵۵ آبلہ دل کا ، ۲۵۲

پھاٹ (۲) امذ .

تقسیم ؛ معاملہ ، حصہ داروں میں لگان یا اقساط کو شرکائے مالگزاری کے درمیان تقسیم کرنا ، مشترک کھیتی کرنے والوں میں حصوں کا بٹوارا (اردو قانونی ڈکشنری ، ۱۳۱) .

[س : سپھاٹہ : स्फाट]

پھاٹ (۳)

رک : پھٹ ، پھٹنا (رک) سے .

کس کو اب زیر فلک طاقت رسوائی ہے
اے زمین پھاٹ کہ میں تجھ میں سما جاؤں گا

۱۷۹۸ سوز ، د ، ۳۷

— پڑنا محاورہ .

رک : پھٹ پڑنا

کوئی ہانکا یا کوئی سپاہی ہوتا تو پھاٹ پڑنا اب تک .

۱۹۰۳ سرشار ، بچھڑی دلہن ، ۷۳

— پھوٹ (— و مع) صف (قدیم) .

تتر بتر ، پراگندہ (قدیم اردو کی لغت) .

[پھاٹ + پھوٹ (رک)]

— جانا ف مر .

رک : پھٹ جانا .

گلشن میں ہنسی دیکھ کے اس گل کی یکایک
حسرت سے گئے غنچوں کے یک لخت جگر پھاٹ

۱۷۹۲ مصحب ، د ، ۱۲۳

پھاٹا (۱) صف .

رک : پھٹاہوا ، ٹوٹا ، شکستہ .

پور خبر ہے نزد سالار زمن
پھر کر آیا وہ پھاٹا پیرہن

۱۷۹۳ تحفۃ الاحباب (ق) ، ۸۸

دیکھی تیرے لطف کی کاری گری
ظرف دل پھاٹا ہوا جھالا جاں

۱۸۱۸ اظفری ، د ، ۲۱

پھاٹا امذ .

تختہ ، پٹلا ، جو زمین کو جوتنے کے بعد ہموار کرنے کے لیے کھیت پر پھیرتے ہیں .

دیکھنے زمین میں بیج بونے سے پہلے زمین جوتتے ہیں اس کے بعد پھاٹا پھیرتے ہیں .

۱۹۱۶ علم زراعت ، ۲۷

[رک : پھٹا]

پھاٹک (۱) (ف ٹ) امذ .

۱. بڑا دروازہ .

ایک ایوان عالی شان دکھائی دیا کہ اس کے چار طرف پھاٹک تھے .

۱۸۸۰ نیرنگ خیال ، ۱۰۵

اس نے محل سے باہر نکل جانا چاہا لیکن پھاٹک پر فوج متعین تھی .

۱۹۷۵ تاریخ اسلام ، ندوی ، ۳ : ۲۴۶

۲. باڑا ، احاطہ ، مویشی خانہ (اردو قانونی ڈکشنری ؛ نورالغات) .

۳. دروازے کے اوپر کی یا اس سے ملحق بیٹھک .

اس پھاٹک میں ایک بانکے رہتے ہیں ذری میں ان سے مل لوں .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۴۴

۴. عدالت کا کٹہرا جس کے پیچھے مدعی مدعا علیہ کھڑے ہوتے ہیں ؛ آؤ ، روک ؛ دروازے کا چوکیدار ، (جامع اللغات) .

[س : سپھاٹ + کہ : स्फाट + क]

— بند ہونا محاورہ .

۱. صدر دروازہ بند ہونا ، (مجازاً) کسی بھی چیز کا بند ہو جانا .

نہ ہوگا بند پھاٹک حشر تک چاک گریباں کا
کسی حاتم کا دروازہ ہے یا شہر خموشاں کا

راسخ ، د ، ۹

۲. (مجازاً) سلسلہ بند ہونا ، راہ مسدود ہونا (جامع اللغات) .

— بندی (— ف ب ، سک ن) امث .

حوالات میں ڈالنا ، قید کرنا (پلیٹس) .

[پھاٹک + بندی (رک)]

— ٹوٹا گڑھی لوٹی کہاوت .

پھاٹک ٹوٹنے سے کچھ روک نہیں رہتی قلعہ فتح ہو جاتا ہے اور پھاٹک قلعہ کا دروازہ ہے (محاورات بند ، ۵۵) .

— ٹوٹا گھڑ لوٹا کہاوت .

اصل مشکل آغاز کار ہے ، بعد کو آسانی ہو جاتی ہے ، ہر کام کی ابتدا میں جب آسانی ہو تو جلد کامیابی ہوتی ہے (ماخوذ : نجم الامثال ، ۱۲۸) .

— دار امذ .

دربان ، ڈیوڑھی بان (نورالغات) ، حوالات کا دربان ؛ وہ منشی جو تھانے کے پھاٹک پر مویشی کے داخل کرنے اور چھوڑ دینے اور نام پھاٹک لینے وغیرہ پر مقرر ہوتا ہے (اردو قانونی ڈکشنری) .

[پھاٹک + دار (رک)]

— سے چھڑانا محاورہ .

جرمانہ ادا کرکے مویشی کو کانجی ہاوس سے چھڑانا (جامع اللغات) .

— مَویشی (— فت م ، ی مج) امذ .

وہ احاطہ جہاں آوارہ جانوروں کو پکڑ کر داخل کیا جاتا ہے ، کانجی ہاؤس .

محکمہ جنگل کے گارڈ کی رپورٹ ایک راس جاموش کو پھانک مویشی میں دینے کی بابت .

۱۸۹۸ اردو خط و کتابت ، ۵۶

— میں داخل کرنا محاورہ .

آوارہ مویشی کو کانجی ہاوس میں دینا (پلیٹس؛ جامع اللغات) .

— میں داخل ہونا محاورہ .

پھاٹک میں داخل کرنا (رک) کا لازم (جامع اللغات) .

پھاٹک (۲) (فت ٹ) امذ .

بھوسی، بچھوڑن، جو اناج پھٹکنے سے بچ رہے (شبد ساگر) .

پھاٹکہ (فت ٹ ، ک) امذ .

(ممنوعہ اشیا کا) سٹہ ، سٹے کا جوا .

پھاٹکہ کا تعلق ایسی اشیا کے خرید و فروخت سے ہوتا ہے جن کی خرید و فروخت بطور جائز نہیں ہو سکتی مثلاً افیون کی خرید و فروخت کا معاملہ جب کہ قانون کی رو سے اوس کے خرید و فروخت کی ممانعت ہے پھاٹکہ متصور ہوگا .

۱۹۲۱ قانون معاہدۂ سرکار عالی ، ۲۷

[ہ : پھاٹکا फाटका]

پھاٹنا (سک ٹ) .

(الف) ف ل (قدیم) .

رک : پھٹنا .

زہرے پھوٹے سینیں پھاٹ

۱۵۰۳ نوسرہار (اردو ادب ، ۶ ، ۲ : ۶۹)

(ب) ف م (قدیم) .

رک : پھٹانا (= پھاڑنا) (پلیٹس) .

پھاٹی امث (قدیم) .

شاخ (قدیم اردو کی لغت) .

[ہ : پھاٹی फाटी]

پھار امث .

رک : پھال (۱) .

لوہے کی نوک دار سلاخ پھار کہلاتی ہے .

۱۸۹۴ اردو کی چوتھی کتاب ، اسمٰعیل میرٹھی ، ۱۸۵

پھار لوہے کا وہ حصہ ہے جو زمین پھاڑتا ہے .

۱۹۱۶ علم زراعت ، ۵۸

— پِٹائی (— کس پ) امث .

(کاشتکاری) رک : پھار کٹائی (ا پ و ، ۶ : ۴۱) .

— کُٹائی (— ضم ک) امث .

(کاشتکاری) ہل کی پھار کو درست اور تیز کرنے کی لوہار کی اجرت (ا پ و ، ۶ : ۴۱) .

پھارا امذ .

رک : پھار .

ایک لوہا بھاری ڈیڑھ دو بالشت کا لمبا لگتا ہے ، اس کو ہندی میں پھارا اور انگریزی میں پلو شیر کہتے ہیں .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۳۱

پھاری امث .

ہل کی پھار کی نوک یا نکیلا سرا (ا پ و ، ۶ : ۴۱) .

[(رک) پھارا]

پھاڑ (۱) امذ (قدیم) .

رک : پہاڑ .

اسی سات شہ دل میں کچ لیانے کر
سو نزدیک اس پھاڑ کے آنے کر

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۵۰

پھاڑ (۲)

پھاڑنا (رک) کا اسم کیفیت تراکیب میں مستعمل .

— کھانا محاورہ .

۱. درندے کا کسی کو چیر پھاڑ کر کھا جانا ، کاٹ کھانا ، بھنبوڑ لینا .

یہاں باگ کوئی رینچ آتا نہیں
اوس کوں جو کوئی پھاڑ کھاتا نہیں

۱۶۷۹ قصہ تمیم انصاری (ق) ، ۲۷

پھاڑ کھاتا ہے جو غیروں کو جھپٹ کر سگ یار
میں یہ کہتا ہوں مرے شیر ترا کیا کہنا

۱۸۷۲ مرآۃ الغیب ، ۶۵

۲. ستانا ، غضب ناک ہونا ، جھلانا ، سیدھے منھ بات نہ کرنا ، بد مزاجی سے چیخ کر بولنا .

پھر اب میرے پاس کیا ہے جو تو ساتھ لگا چلا آتا ہے اور کیوں نا حق پھاڑ کھاتا ہے .

۱۸۶۴ انشاے بہار بے خزاں ، ۶۴

اگر آتے جاتے ذرا تاڑ جائیں
تو گھر والے میرے مجھے پھاڑ کھائیں

۱۹۱۰ قاسم و زہرہ ، ۶۶

۳۔ بھیانک ہونا ، ڈراونا محسوس ہونا ، ویرانی ہونا ۔
تم چلے جاؤ گے بھیا تب گھر اور پھاڑ کھانے گا ۔
۱۹۳۶ پریم چند ، زاد راہ ، ۲۹

— کھانے کو دوڑنا محاورہ ۔
رک : پھاڑ کھانا (مخزن المحاورات) ۔

— کھاؤ (— و مع) صف ۔
۱۔ پھاڑ کھانے والا ، درندہ ۔
اس جنگل میں بہتاد چن کھاؤ پھاڑ کھاؤ سوں لے کر چر کھاؤ تلک جمع تھے ۔
۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت)
۲۔ غصیل ، جھلا ، بد مزاج ۔
یہ پہاڑنوں کی سی جھلی اور پھاڑ کھاؤ نہیں ہوتیں ۔
۱۹۳۰ شہد کی مکھیوں کا کارنامہ ، ۴۶
۳۔ خونخوار ، جلّاد (فرہنگ آصفیہ) ۔
[پھاڑ + کھاو ، کھانا (رک) سے]

پھاڑ (۳) اسذ ۔
۱۔ ٹکڑا ، حصہ (قدیم) ۔
سو قدرت نے یک بارگی جھاڑ وو
لیا کھینچ اس دھن کو دو پھاڑ ہو
۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۶۱
اتا کیں وہ چلیں گے تونکو کونگی بچھڑ کر چپ
لگا کر فکر کا آرا سو دل دو پھاڑ نا کرسوں
۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۱۵۰
۲۔ شگاف ، درز ، دراڑ (پلیٹس) ۔
[پھاڑنا (رک) سے]

— توڑنا محاورہ ۔
ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ، پرزے پرزے کر دینا (جامع اللغات) ۔

پھاڑا اسذ ۔
حصہ ، بخرہ ۔
نہ توڑو عقیقہ کے پھاڑاں کوں جان
جنانی دائی کوں دیو تس میں سوں یک ران
۱۶۶۶ ؟ خزانۂ عبادت ، شاہ محمد (دکنی اردو کی لغت)
[س : سپاٹھ + کہ : ಸಪಾಠ + ಕ:]

پھاڑنا (سک ڑ) ف م ۔
۱۔(i) پرت والی چیز کے کچھ حصے الگ کرنا ، ٹکڑے کرنا ، تختے وغیرہ میں بڑا سوراخ کرنا (مجازاً) سخت محنت کرنا ۔
خضر نے ایک تختہ توڑ کر کشتی کو پھاڑ دیا ۔
۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۲ : ۱۱۰

(ii) کسی نوکیلی چیز کو لکڑی وغیرہ کی سطح پر اس طرح مارنا یا کھینچنا کہ سطح کا کچھ حصہ پٹ جائے یا اس میں دراڑ پڑ جائے ، چیرنا ۔
میں بجائے اس کے کہ ان شرائط پر عمل کروں . . . لکڑیاں پھاڑنا زیادہ پسند کروں گا ۔
۱۹۲۵ تاریخ یورپ جدید ، ۲۱۳
۲۔ (ہاتھ سے) چاک کرنا ، قطع کرنا (کپڑے کاغذ وغیرہ کو) ۔
کہ پاتاں کے پردیاں کو سب پھاڑ کر
بھلاں جھانکتے تھے سراں کاڑ کر
۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۵۹
پھر جنوں کپڑے لگا پھاڑنے پھر آئی بہار
آ گئے چیتھڑے ہو ہو کے گریباں کتنے
۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۲۰۰
ادب پر بات کو مانع ہے وحشت گاہ عالم میں
کدھر جائیں کدھر ہم پھاڑ کر پھینکیں گریباں کو
۱۹۲۷ شاد ، میخانۂ الہام ، ۲۵۲
۳۔ (دانتوں سے) جاندار کے جسم یا اس کے کسی حصے کو چیرنا ، کاٹنا ، بھنبھوڑنا ۔
پاؤں تل دیکھ پالنا باتی پھاڑنا باگ جھاڑنا گھوڑا
۱۷۱۷ بحری ، ک ، ۱۴۷
یہ تو میرے بیٹے کا قمیص ہے اور کوئی بڑا درندہ اسے کھا گیا ، یوسف بے شک پھاڑا گیا ۔
۱۸۲۲ موسیٰ کی توریت مقدس ، ۱۳۸
۴۔ (کیمیاوی مرکب کی) تحلیل کرنا ، کسی مائع کو کوئی لاگ یا گرمائی دے کر اس کے اجزا کو الگ کرنا ۔
یہ بات کہ پارہ مفرد شے ہے اور اس لئے پھاڑ کر اس میں سے کوئی اور شے نہیں نکال سکتے ۔
۱۸۸۹ مبادی العلوم ، ۸۳
گوشت کی سادی یخنی جس میں قلیل نمک کے سوا اور کچھ نہ پڑے اور انڈے وغیرہ سے پھاڑ کر اس کا نسوت پانی نکال لیا جائے ، پینی چاہیے ۔
۱۹۰۷ مکتوبات حالی ، ۲ : ۳۹۹
۵۔ (i) (ٹھوس چیز کو) شق کرنا ، دو نیم کرنا ۔
زمین میں اکڑ کر نہ چلا کر کیونکہ تو زمین کو پھاڑ نہیں سکے گا ۔
۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۳ : ۱۰۳
(ii) توڑنا ۔
گر رہا یوں ہی قلق تیرے اسیروں کو تو بس
چھت کی جانب سے نکل جائیں گے زنداں کو پھاڑ
۱۸۰۹ جرأت ، د (عکسی) ، ۹۵

(iii) (سائنس) ریزہ ریزہ کرنا ، تجزیہ کرنا .

ایٹم بم کی ماہیت و ساخت پر سنجیدہ مضامین لکھے گئے اور دعویٰ کیا گیا کہ یہ قوت (ایٹم) کو پھاڑ کر بنی نوع انسان کی . . . لیکن ایٹم پھاڑنے کی ترکیب کسی کو معلوم نہ تھی .

۱۹۴۶ چوروں کا کلب ، ۱۱۷

۶. زخمی کرنا ، خراشیں ڈالنا .

سرد مہری سے تری ٹکڑے جگر ہوتا ہے
بس نہ اے باد زمستاں رخ جاناں کو پھاڑ

۱۸۰۹ جرأت ، د (عکسی) ، ۱۸۷

۷. (عموماً آنکھ کے لیے) غیر معمولی طور سے کھولنا ، پھیلانا یا چیرنا .

یوں پھاڑ کے آنکھیں جو ادھر دیکھ رہے ہیں
تارے تمہیں اے رشک قمر دیکھ رہے ہیں

۱۸۷۰ دیوان مہر ، الماس درخشاں ، ۱۳۵

جب جمال نے یہ باتیں سنیں تو وہ اٹھا اور آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر آن کی طرف دیکھنے لگا .

۱۹۳۰ الف لیلہ و لیلہ ، ۱ : ۹۲

۸. ایک شیرازے میں سے اجزا کا کوئی حصہ الگ کرنا .

انہوں نے کتاب کی جلد تو اکھاڑ لی اور ورقوں کو . . . پھاڑ کر پھینک دیا .

۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۱۲۵

۹. بیزار کرنا ، ناراض کرنا ، ناخوش کرنا ، (نوراللغات) .

۱۰. (کپڑے کے لیے) بیوتنا ، چاک کرنا (نوراللغات) .

[س : سपाटय स्फाटय]

پھاڑنے کو دوڑنا محاورہ .

حملہ کرنا ، حملہ آور ہونا ؛ خوفزدہ کرنا .

لاشہ و بی پھاڑنے کو دوڑا کوسوں پہلے جو بھاگتا تھا

۱۹۲۷ تنظیم الحیات ، ۱۵۲

پھاڑوں کھاؤں کرنا محاورہ .

بد مزاجی سے پیش آنا ، جھلا کر بات کرنا .

اندر اور باہر اور ہر ایک کے ساتھ پھاڑوں کھاؤں کیوں کرنے لگے .

۱۹۷۰ غبار کارواں ، ۲۱۴

پھاڑوہ (سک ڑ ، فت و) امذ .

رک : پھاوڑا .

جاننا چاہئے کہ پھاڑوہ اور کسی اور ٹوکری مزدوروں اور بیلداروں کے آلات میں ہیں .

۱۸۴۵ مجمع الفنون (ترجمہ) ، ۲۵۸

پھاڑی اسث .

۱. ٹکڑا ، پھانک .

خربوزہ کہ اس کی بارہ پھاڑیاں کی جاتی ہیں .

۱۷۹۴ ابو عبداللہ ، جامع العلوم و حدائق الانوار ، (ترجمہ) ۲۶۴

۲. شکن ، جھری .

اس کے رخساروں پر وقت پیدائش کی پھاڑیاں بس آفت تھیں .

۱۹۶۲ آفت کا ٹکڑا ، ۱۸۴

[رک : پھاڑ (۳) + ی ، لاحقۂ تصغیر]

پھاڑے پھاڑ م ف .

پھاڑ ہی پھاڑ .

توں پھاڑے پھاڑ آڑتا .

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت)

پھاڑے کھانا محاورہ .

رک : پھاڑ کھانا .

بہ مجبوری گھر جاتا ہوں تو گھر مجھے پھاڑے کھاتا ہے .

۱۸۹۹ رویائے صادقہ ، ۳۶

روز راتوں کو سنا کرتا ہوں یہ آواز قیس
پھاڑے کھاتا ہے مجھے خالی بیاباں آج کل

۱۹۳۲ ریاض رضوان ، ۱۶۷

پھاس (۱) اسث .

رک : پھانس .

ستگر روحل ، ہم کوں ملیا ، کٹی جسم کی پھاس
دن رین مجھکو رہئے تیرے چرن کی پیاس

۱۷۸۰ روحل فقیر (سندھ میں اردو شاعری ، ۳۲)

جگر میں ہجر کی کل چبھ رہی تھیں کچھ پھاسیں
مگر جو غور سے دیکھا تری نگاہیں تھیں

۱۸۷۲ مرآۃ الغیب ، ۱۷۶

پھاس (۲) اسث .

رک : پھاس ، (کاشت کاری) دلدلی زمین یا وہ زمین جس میں کسی چشمے کے پانی کا رساؤ جاری رہے جس کی وجہ سے وہ کیچڑ بن جائے اور کاشت کے قابل نہ ہو ، دھسن (ا پ و ، ۶ : ۴۲) .

پھاک اسث .

۱. رک : پھانک .

دیکھت شمشیر ہور سن شاہ کے ہاکاں
پھاڑوں پھوٹ گر ہوتی ہیں پھاکاں

۱۶۴۵ جنت سنگار (ق) ، ۱۴

آم کی پھاکوں سے جب دینے لگے تشبیہ لوگ
حسن کا پایا ثمر دلدار آنکھیں ہو گئیں
۱۹۳۷ ظریف لکھنوی ، ک ، ۱ : ۵۹

پھاک (۲) اسذ .
رک : پھاگ (پلیٹس) .

— کھیلنا محاورہ .
رک : پھاگ کھیلنا .
پھٹی پرانی لنگوٹی میں پھاک کھیلیں گے
اور اس پہ ضد ہے کہ سمجھو نہ انکو دیوانہ
۱۹۳۷ ظریف لکھنوی ، ک ، ۸۱

پھاکڑا (سک ک) اسذ .
رک : پھاگ (پلیٹس) .

پھاگ اسذ .
۱. پھاگن کے مہینے کا تہوار جس میں لوگ ایک دوسرے پر رنگ ڈالتے اور گلال چھڑکتے ہیں ، ہولی .
آنسو لہو کے روتے ہیں ہم اب کی پھاگ میں
پچکاریاں ہیں رنگ کی مژگان تر نہیں
۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۱۰۹
۲. ابیر ، گلال ؛ بسنت .
اشک خونین رنگ ، نالہ راگ ہے
واہ کیا خوشرنگ اب کا پھاگ ہے
۱۸۳۸ ناسخ ، ۲ : ۱۴۱
۳. گیت جو ہولی کے موقع پر گاتے ہیں ، بسنت کا گیت .
لگی ہے ڈھاک کے جنگل میں کیا آگ
پڑے گاتے ہیں مرغان چمن پھاگ
۱۸۶۱ الف لیلہ نو منظوم ، شایاں ، ۲ : ۶۲۷
باغیچے میں بیٹھے ہوئے خوب پھاگ گا رہے تھے .
۱۹۳۶ پریم چند ، خاک پروانہ ، ۸۱
۴. (مجازاً) ساسان عیش و عشرت .
بے وقت وہ راگ خوش نہ آیا
بے فصل وہ پھاگ خوش نہ آیا
۱۸۳۸ گلزار نسیم ، ۲۸
[س : پھرگُنہ : फाल्गुन]

— اڑانا محاورہ .
یاوہ گوئی کرنا ، بے ہودہ بکنا .
پرائی بہو بیٹیوں کو دیکھ کر اتراتا ہے اور منہ سے پھاگ اڑاتا ہے .
۱۹۳۰ چار چاند ، ۱۰۳

— بازی امث .
رک : پھاگ کھیلنا .
پھاگ بازی میں غفورن بھی بلا ہوتی ہے
رنگ ڈلواتے ہی ہے رنگ ہوا ہوتی ہے
۱۹۲۱ دیوان ریختی ، محسن ، ۸۵
[پھاگ + بازی (رک)]

— رچنا محاورہ .
رک : پھاگ کھیلنا (مخزن المحاورات ، ۲۷۴) .

— کھیلنا محاورہ .
۱. ہولی کے موقع پر ایک دوسرے پر رنگ ڈالنا اور چہرے پر گلال ملنا .
تن ان پر میں لائی آگ مالی سو دھن کھیلی پھاگ
۱۵۳۴ دیوان محمود دریائی (ق) ، ۴۲
کہ سنئے باغ میں چل کر کے اب راگ
بتاں کو جمع کر کے کھیلئے پھاگ
۱۷۸۲ حاتم ، دیوان زادہ ، ۴۰۱
۲. (مجازاً) خوشیاں منانا ، گلچھرے اڑانا ، عیش کرنا .
موقع پایا تو لائے کی راگ
موسم آیا تو کھیلے گی پھاگ
۱۸۸۷ ترانۂ شوق ، ۱۱۷

پھاگلی (سک گ) امث .
رک : پھاگ (پلیٹس) .

پھاگُن (ضم نیز فتح گ) اسذ .
ہندی سال کا گیارھواں اور موسم سرما کا (ماگھ کے بعد کا) دوسرا مہینہ جس کے دوسرے نصف میں ہولی منائی جاتی ہے ، پھاگن (اس مہینے میں آغاز بہار کے آثار نظر آنے لگتے ہیں) .
گیا جب ماگھ پھاگن مالس آیا
سکھی ہے ہے پیا اس رت نہ آیا
۱۶۲۵ افضل جھنجھانوی ، بکٹ کہانی ، ۱۲
خبر ہی نہیں جس کو کیا ہے بسنت
اسے کیا اگر ماہ پھاگن گیا
۱۸۵۸ کلیات تراب ، ۱۶
پھاگن کا مہینہ تھا ، کسان ایکھ بونے کے لیے کھیتوں کو تیار کر رہے تھے .
۱۹۳۳ میرے بہترین افسانے ، ۱۶
[رک : پھاگ]

بھال (۱) امث .

۱. تیر کے سرے پر لوہے کا نوکیلا حصہ ، پیکان ، تیر کی انی .

دسیں لہو سوں بوں لال تیراں کی بھال
کہ تنبول کھائی ہیں جوں جیب لال

۱۶۷۹ قصۂ تمیم انصاری (اردو شہ پارے ، ۱ : ۲۱۴)

مارا جو تین بھال کا اس بے حیا نے تیر
بس دفعۃً نشانہ ہوئی گردنِ صغیر

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۱ : ۳۵۱

۲. لوہے کا نوکدار آلہ جو زمین کھودنے کے لیے ہل کی آنکڑی کے نیچے لگا رہتا ہے ، پھار ، کوسا .

ایمد : آہنی کہ زمین زراعت بداں پارہ کنند و اہل ہند آن را بھال گویند .

۱۳۱۹ ادات الفضلا (سہ ماہی ، اردو ، اکتوبر ، ۹۶۷ ، ۱۵)

بھال ، در رسالہ ، آہنے کہ بر سر قلبہ کنند و زمین را بداں شیار کنند ، آہن جفت .

۱۷۵۱ نوادرالالفاظ ، ۱۰۳

۳. چول وغیرہ کو کسنے کے لیے لگایا جانے والا پھانا .

جب دستہ آر پار نکل جائے تو اسی سرے کے درمیان آری سے چیر ڈال کر کسی لوہے یا لکڑی کی بھال ٹھونک دیں .

۱۹۷۰ اصول دھات کاری ، ۵۳

اف : لگانا ، ٹھونکنا .

۴. دیوار میں موکھا بنانے ، پتھر چھیلنے اور زمین کھودنے کا نوک دار سرے کا آہنی ڈنڈا جو تین فٹ سے پانچ فٹ تک لمبا اور انچ سوا انچ وتر کا ہوتا ہے ، گدالا ، پھاڑ (اب و ، ۱ : ۸۸) .

[ہ : फाल بھال]

بھال (۲) امث .

سپاری کا پتلے دل کا کٹا ہوا ٹکڑا ، کٹی سپاری ؛ لاط: Areca ؛ قدم، چھلانگ ، ڈگ ، کود ؛ رک : پھاند ، پھلانگ ؛ قدم بھر کا فاصلہ (پلیٹس) .

[س : सभाल بھال]

— باندھنا محاورہ .

پھلانگ بھرنا ، کود کر ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ، اچھل کر کود لگانا (شبد ساگر) .

— بھرنا محاورہ .

قدم رکھنا ، ڈگ بھرنا (شبد ساگر) .

بھال (۳) امذ (قدیم) .

رک : پھل ، ثمر ؛ ایک قسم کی ترکاری پرول سے مشابہ ، ایک قسم کے پان کا پھل .

تو نہیں جھاڑ تو نہیں جڑ تو نہیں ڈال
تو نہیں سیوا تو نہیں کونپل تو نہیں بھال

۱۶۹۷ یوسف زلیخا ، امین ، ۱۹

بھال (۴) امث .

پنڈلی کا گوشت ، بونگ .

بھال کا شوربہ . . . آگ پر چڑھائیں اور اچھا نرم گلنے دیں .

۱۹۴۴ ناشتہ ، ۶۰

[مقامی]

بھالا/بھالہ (/فت ل) امذ .

رک : بھال (۱) معنی ۲ (پلیٹس) .

ایمد . . . ، ہندش بھالہ گویند .

۱۵۹۲ مدارالافاضل ، ۱ : ۱۵۴

بھالتو (سک ل ، و مع) صف .

رک : فالتو (پلیٹس) .

بھالسہ (سک ل ، فت س) امذ .

رک : فالسہ .

بھالسہ یعنی فالسہ .

۱۵۹۳ آئین اکبری ، ۱ : ۵۴

بھالگن (سک ل ، ضم گ) امذ .

رک : بھاگن ؛ ارجن کا ایک نام ؛ ارجن نامی درخت ، لاط : Pentaptera arjuna (پلیٹس) .

[س : بھالگن फाल्गुन]

بھالگنی (سک ل ، ضم گ) امث .

۱. بھاگن میں چاند کی چودھویں تاریخ جس کو ہولی منائی جاتی ہے (پلیٹس) .

۲. سولھواں اور سترھواں نکشترہ جنھیں اترا اور ہروا بھالگنی کہتے ہیں (جامع اللغات) .

[س : بھالگنی फाल्गुनी]

بھالی (۱) امث .

رک : بھال (۱) .

بھالی لوہے کی بنتی ہے کہ اس سے زمین کا شگاف ہوتا ہے .

۱۸۴۶ کھیت کرم ، ۵

آگے اور پیچھے ایک ایک پہیہ ہے جس میں غالباً بھالی ہل کی لگی ہے .

۱۹۱۱ روزنامچۂ سیاحت ، ۴ : ۴۴۲

۲۔ تیر کا پھل ۔
ہڈی اور سینگ کی نکلی پھالیوں سے معلوم ہوتا ہے کہ بڑے جانوروں کے علاوہ انسان چھوٹے جانوروں بلکہ شاید پرندوں کا بھی شکار کرنے لگ گیا تھا ۔
۱۹۱۰ معرکۂ مذہب و سائنس ، ۲۷۵

پھالی (۲) امث (قدیم) ۔
چمڑے کا ٹکڑہ ، بچے کا پوتڑا ۔
برابر جس کے بو ہر ہا جو آیا جوڑوا ہو آن
نہ گوراں میں کفن دیکھے نہ گہوارے میں پھالی کوں
۱۷۱۷ بحری ، ک ، ۱۶۸
[مقامی]

پھان امذ ؛ امث ۔
۱۔ رک : پھندا (نوراللغات) ۔
۲۔ (فیل بانی) جنگلی ہاتھی کے پکڑنے کے لیے ان میں لکڑیوں کا ایک خاص طریقے سے باندھا ہوا باڑا یا احاطہ ، مغاک (ا پ و ، ۵ : ۷۷) ۔
اف : باندھنا ۔

پھانا امذ ۔
لکڑی جسے موچی جوتی میں رکھتے ہیں کہ جوتا کشادہ ہوجائے ؛ وہ لکڑی جس کو آرا چلانے والے شگاف میں رکھتے ہیں تاکہ لکڑی جلد چرجائے ، پچر ، فانہ (جامع اللغات) ۔
[س : फाँक]

پھانپا (مغ) صف ۔
سوجا ہوا ، پھولا ہوا ، ہوا سے بھرا ہوا (پلیٹس) ۔
[۵ : फाँपा پھانپا]

پھانپنا (مغ ، سک پ) ف ل ۔
سوجنا ، پھولنا ، ہوا سے بھر جانا (پلیٹس) ۔
[۵ : फाँपना پھانپنا]

پھانپھر (مغ ، فت پھ) امذ ۔
سوراخ ، چھید (پلیٹس) ۔
[۵ : फाँपर پھانپر]

پھانٹ (۱) (مغ) امذ (قدیم) ۔
رک : پھانس ۔
او ذکر جلی او فکر ڈوبی
آ پھانٹ بسر کی دل میں چوبی
۱۷۰۰ من لگن ، ۹۸
[مقامی]

پھانٹ (۲) (مغ) امذ ۔
گانو کا رجسٹر ، کھتونی ، کھیوٹ (پلیٹس) ۔
[۵ : फाँत پھانت]

پھانٹا (۱) (مغ) امث ۔
۱۔ کئی حصوں میں بٹوارا ، تقسیم ؛ تقسیم شدہ حصہ ۔
ان تینوں پھانٹ کا خرچ بیوہرہ سے لیتے ہیں ۔
۱۸۴۶ کھیت کرم ، ۳۸
۲۔ کاٹ کر یا چیر کر الگ کیا ہوا حصہ ، ٹکڑا ۔
لٹھے بیچ سے چیر کر ان کی پھانٹوں کو اندر سے خالی کر دیا تھا اور توپوں کی نالیں اس خلا میں جڑ دی تھیں ۔
۱۹۰۷ نپولین اعظم ، ۲ : ۲۷۱
۳۔ وزنی اور ٹھوس آلے کی ضرب ، چوٹ ، زد ، مار ۔
اس (چوٹ) کی تین قسمیں ہیں ، کاٹ پھانٹ اور ضرب ۔
۱۹۳۹ بانک بنوٹ ، ۱۵
۴۔ ٹکڑے ٹکڑے کیے جانے کا عمل ۔
تیرے آگے دوں کی لے گا بھلا ہر نخل کیا
پھانٹ کو گھن گو تری اقلیم میں ہے دخل کیا
۱۹۰۳ دسخزن ، اپریل ، ۴۳
۵۔ ٹوکری وغیرہ کو بانس کی تراشی ہوئی چھوٹی چھوٹی پٹیاں ، بنگا ، پلوت ، پلوٹ ، کھپچر (ا پ و ، ۳ : ۳) ۔
[رک : پھاٹ]

پھانٹ (۲) (مغ) امذ ۔
(قانون) گانو کا افسر ، پٹیل ، مقدم ، چودھری (فرہنگ آصفیہ) ۔
[۵ : फाँत پھانت]

پھانٹا (مغ) امذ ۔
۱۔ (درخت کی) شاخ ، ڈالی (قدیم) ۔
خوشی کے کھلے پھول پھانٹے تمام
کٹے شکر جیہاں ہو کانٹے تمام
۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۱۶۵
ایک جھاڑ آگتا ہے ، اس میں سے سات پھانٹے نکلتے ہیں ، ہر پھانٹے کو ایک خوشہ لگتا ہے ۔
۱۸۶۰ فیض الکریم ، ۲۰۵
۲۔ لاٹھی ، قمچی ۔
جو باورچی و بھشتی پر ایک چانٹا
تو دھوبی و حجام و مہتر پہ پھانٹا
؟۱۹۳۸ کلیات عریاں ، ۱۴

۳۔ (دریا کی) شاخ جو دریا سے الگ ہو کر بہے۔
مٹی کے بڑے بڑے ڈھیم کراڑوں سے کٹ کٹ کر گرتے رہتے ہیں جن کی وجہ سے دریا کے پھانٹوں کا راستہ بدل جاتا ہے۔
۱۹۱۸ واقعات دارالحکومت دہلی، ۱ : ۲
[پھانٹ (۱) (رک) سے]

— پھٹنا ف م (قدیم)۔
شاخ نکلنا۔
ایک جھاڑ کوں اپنے پھانٹے پھٹے۔
۱۶۳۵ سب رس، ۲۲۵
[پھانٹا + پھٹنا (رک)]

پھانٹنا (مغ، سک ٹ) ف م۔
۱۔ مارنا، کوٹنا، (الٹ پلٹ کر) کسی چیز سے کسی چیز پر چوٹ لگانا۔
روتی تھی اور دھوتی پھانٹتی جاتی تھی۔
۱۹۱۶ بازار حسن، ۲۳۷
۲۔ گاڑھا کرنا، زور سے ہلا جلا کر یا کسی چیز سے گھما یا رگڑ کر یکجان بنانا۔
سفیدی میں یہ آٹا ملا ملا کے خوب پھانٹو۔
۱۹۳۴ سنگھار خانہ، ۵۳
[رک : پھینٹنا]

پھانٹی (مغ) اسث۔
ٹکڑا (قدیم اردو کی لغت)۔
[(رک) پھانٹا]

پھانجا (مغ) اسذ۔
پھندا، جال۔
پور پنچھیوں کے اجاڑنے کے واسطے پھاندے پور پھانجے . . . لگاتے۔
۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت)
[مقامی]

پھانج (مغ) اسذ (قدیم)۔
دروازہ، پھاٹک۔
کہ یک کوٹھ کے پھانج پر کر سرا
مدام ایک رہتا اچھے باندرا
۱۶۳۹ طوطی نامہ، غواصی، ۱۳۳
[غالباً س : بھاگ भाग (= کھولنا) سے]

پھانچنا (مغ، سک چ) ف م۔
پھاڑنا (قدیم اردو کی لغت)۔
[مقامی]

پھاند (۱) (مغ) اسذ۔
پھندا، بندھن (جس سے جانور کو پکڑتے ہیں)۔
کرم سے تو دشمن کی گردن کو باندھ
کہ نہیں کٹتا تلوار سے بھی یہ پھاند
۱۸۰۲ گنج خوبی، ۸۶
سیکڑوں پھاند ہیں کس طرح بچے آہوئے دل
حلقہ حلقہ جو قدم تک ہے ترے گیسو کا
۱۸۷۲ فیض نشان، ۳۱
اس نے لوہے کا ایک مضبوط سا پھاند خریدا۔
۱۹۶۸ ہمدرد صحت ڈائجسٹ، ۳۶، ۵ : ۵۱
۳۔ حلقہ، پھندا، جال ؛ ایک لمبی چھڑی جس میں ایک گھوما ہوا پھندا یا حلقہ لگا ہوتا ہے ؛ مجازاً پریشانی، الجھن، دقت، دشواری (پلیٹس)۔
[رک : پھندا]

— لگانا محاورہ۔
۱۔ پھندا لگانا، جال بچھانا، پھندے سے پکڑنا (نور اللغات)۔
۲۔ (مجازاً) دھوکا دینا، فریب دینا (نور اللغات)۔

— مارنا محاورہ۔
۱۔ رک : پھندا لگانا (نور اللغات)۔
۲۔ پھندا پھینکنا، جال میں پھنسانا، گھیرے میں لینا (پلیٹس)۔

پھاند (۲) (مغ) اسث۔
۱۔ چھلانگ، کلانچ (عموماً کود کے تابع کے طور پر) جیسے کود پھاند (نور اللغات)۔
۲۔ (تیراکی) گہرے پانی میں ڈبکی لگانے کو کسی بلندی سے کودنا (ا پ و، ۵ : ۱۶۱)۔
اف : لگانا۔
[मी : सपंदणे]

— پڑنا ف م۔
رک : پھاندنا۔
آگ میں پھاند پڑے تو عجب نہیں۔
۱۸۹۲؟ خدائی فوجدار، ۱ : ۳۶
گدھا . . . کارگاہ میں بغیر تمہید و دیباچہ پھاند پڑا۔
۱۹۲۶ اودھ پنچ، لکھنؤ، ۱۱، ۷ : ۹
۲۔ دوسرے کی بات میں بے محل دخل دینا، غیر متعلق معاملے میں پڑنا (مہذب اللغات)۔

— پھندا (— فت پھ ، مغ) م ف .

پھاند کر ، کود کر .

بندر پھاند پھندا وحشی تیر ترا مرا گمنام ہو گیا .

۱۹۰۱ راقم ، عقد ثریا ، ۱۰۱

[پھاند + پھندا (تابع)]

— جانا ف مر .

رک : پھاند نا .

ہے وہم و خیال سے بھی چالاک
ایسا نہ ہو پھاند جائے افلاک

۱۸۸۲ مادر ہند ، ۷۵

اٹھو آج ساری حدیں پھاند جاؤ اندھیروں کے سیلاب میں کود جاؤ
بڑھو اور طوفاں پہ طوفاں اٹھاؤ اٹھو بحر در بحر دھومیں مچاؤ

۱۹۶۲ ہفت کشور ، ۳۳۲

— دوڑکی (— ولین) امث .

(تیراکی) دور سے دوڑتے ہوئے آکر بلندی سے پانی میں چھلانگ مار کر ڈبکی لینا (ا پ و ، ۵ : ۱۶۱) .

— ڈھیکلی کی (— ی مج ، سک ک) امث .

(تیراکی) سر کے بل بلندی سے پانی میں کودنا اس طرح کہ ٹانگیں اوپر کو بالکل سیدھی رہیں اور تیراک سر کے بل پانی میں جائے (ا پ و ، ۵ : ۱۶۱) .

— سر کھلی (—فت س ، سک ر ، ضم کھ) امث .

تیراک کا بلندی سے کودتے وقت اپنے ہاتھوں کو دونوں طرف پھیلائے رکھنا تاکہ ڈبکی نہ لگے اور سر پانی کے باہر نکلا رہے (ا پ و ، ۵ : ۱۶۱) .

— سیدھی (— ی مع) امث .

(تیراکی) تیراک کا کسی بلندی سے کھڑے قد پانی میں کود کر ڈبکی لگانا (ا پ و ، ۵ : ۱۶۲) .

— گٹھری کی (— فت گ ، سک ٹھ) امث .

(تیراکی) تیراک کا اُکڑوں بیٹھ کر یعنی گھٹنوں کو کندھوں سے ملا کر بلندی سے پانی میں ڈبکی لگانا (ا پ و ، ۵ : ۱۶۲).

پھاند (۳) (مغ) امث .

ایک ناپ ، انگلی کی چوڑائی جو عورتیں اکثر چوڑی کے ناپ کے لیے بولتی ہیں .

میرے ہاتھ میں تین پھاند کی چوڑی بالکل ٹھیک ہوتی ہے .

۱۹۶۲ مہذب اللغات

پھاندا (مغ) امذ .

رک : پھندا .

نہ کر اعتماد اس گدرگاہ کا
یو پھاندا ہے درویش اور شاہ کا

۱۶۲۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۱۸۹

بوجھے گا قدر مجھ دل آشفتہ حال کی
پھاندے میں زلف کے جو گرفتار ہوئے گا

۱۷۳۸ کلیات سراج ، ۱۹۴

سب لذتوں میں ان کی لذت زیادہ ہے . . . اور وے شیطان کے پھاندے ہیں .

۱۸۶۰ فیض الکریم ، ۲۵۶

پھاندنا ۸۷ (مغ ، سک د) .

(الف) ف ل .

۱. درآنا ، (اوپر سے نیچے کی طرف) جست کرنا یا لگانا .

تمھیں اشرافوں کے گھروں میں پھاندتے چوریاں کرتے اور ڈاکے ڈالتے ہو .

۱۸۴۵ حکایت سخن سنج ، ۷۱

میں ایک بالا خانہ پر چڑھا ہر طرف سیر کی میں نے دیکھا کہ اگر کوئی پھاندنے کی کوشش کرے تو ہر جگہ سے پھاند سکتا ہے .

۱۹۲۰ روح ادب ، ۱۶۴

۲. اچھلنا کودنا .

جھاگ اڑاتی پھاندتی اڑتی ہوئی
کپکپاتی لوٹتی مڑتی ہوئی

۱۹۳۲ سیف و سبو ، ۸۱

(ب) ف م .

۱. پھلانگنا ، ایک ڈگ میں طے کرنا ، (اچھل کر) ایک طرف سے دوسری طرف جانا .

نالہ سامنے جو آیا میں پھاندا .

۱۸۶۲ شبستان سرور ، ۱۴۲

پہنچے پھاند کے سات سمندر
تحت میں ان کے بیسوں بندر

۱۸۸۷ کلیات اکبر ، ۱ : ۲۶۸

۲. باندھنا (قدیم) .

کس نظر ناز نے اس باز کو بخشی پرواز
سینکڑوں مرغ ہوا پھاند کے پر بیٹھ گئے

۱۷۰۸ فقیر (گلشن ہند ، ۱۲۹)

۳۔ (یورپ) نر حیوان کا مادہ حیوان سے جفتی کھانا (فرہنگ آصفیہ) .

۴۔ پھندے میں ڈالنا ، پھانسنا .

لوگ انھیں اس طرح پھاندتے اور قتل کرتے پھرتے تھے جس طرح جنگلی درندوں کو .

تاریخ مسلمانان پاکستان و بھارت ، ۲۰۴

۵۔ قید میں ڈالنا ، جال میں پھانسنا (پلیٹس) .

[س : سपन्दयति]

— منڈنا محاورہ .

جال بچھانا .

مرغ کوں دل کے پکڑنے کوں توں پھاندا تو منڈی دلبری کے نہیں دانے تو پڑی کون لنڈی

۱۷۱۷ بحری ، ک ، ۱۸۹

پھاندی (مغ) است .

نیشکر کا گٹھا ، گنّوں کا گٹھا یا بوجھ .

نیچے گنڈیری والا بیٹھا ہے درخت سے لگی پھاندی کھڑی ہے .

۱۸۶۹ اردو کی پہلی کتاب ، ۲ : ۵۸

گنوں کی پھاندیاں . . . بانٹتی پھرتی ہیں .

۱۵۸۵ بزم آخر ، ۷۶

[ه : پھاندی फांदी]

پھاندے پاڑنا محاورہ .

پھندے میں پھانسنا .

پہلے توں اس کوں پھاندے پاڑ

۱۶۹۷ ہاشمی (دکنی اردو کی لغت)

پھاندے پڑنا محاورہ .

پھاندے پاڑنا (رک) کا لازم (ماخوذ : قدیم اردو کی لغت) .

پھانڈی (مغ) است .

۱۔ ایک قسم کی توپ .

رچی تٹ ہو ہمت کی پھانڈی تمام
بھری غم کی دارو و گولی تمام

۱۶۳۵ مینا ستونتی (قدیم اردو ، ۱ : ۱۸۲)

۲۔ ہتھور (قدیم اردو کی لغت) .

[مقامی]

پھانس (۱) (مغ) است .

۱۔ (لکڑی ، بانس ، بان وغیرہ کا) سخت ریشہ یا تنکا یا مہین کانٹا جو کھال میں چبھ کر تکلیف پہنچاتا ہے .

سگل پیٹ کی پھانس آئی نکل

۱۶۹۵ دیپک پتنگ ، ۹۹

ہمارا باپ اپنی امت کے پانوں میں پھانس کی کھٹک کو بھی گوارا نہیں کر سکتا .

۱۹۱۳ انتخاب توحید ، ۱۴

۲۔ جمے ہوئے روغن یا کسی جمی ہوئی چیز کی کرچ جو ناخن وغیرہ میں بیٹھ جائے .

اکثر لوگوں کے ہاتھ میں جاڑے کے موسم میں پھانس گھی کی لگ جاتی ہے .

۱۸۴۴ مفید الاجسام ، ۳۵

۳ (i) (مجازاً) خلش ، چبھن ، کھٹک ، ایذا ، تکلیف .

کھٹکتی ہے مرے سینے میں یارب آرزو اس کی
نکل جائے یہ دل کی پھانس وہ سامان پیدا کر

۱۹۰۵ گفتار بیخود ، ۹۶

(ii) (مجازاً) باطنی ایذا ، روحانی تکلیف .

کس دن خلش ہوئی نہ کلیجے میں پھانس کی
مژگاں نے کب جگر میں چبھوئی سوئی نہیں

۱۸۷۶ سخن بے مثال ، ۶۲

۴۔ (مجازاً) فکر ، کھٹکا (نوراللغات) .

[س : سپرشه : स्पर्श]

— چبھنا ف مر ؛ محاورہ .

لکڑی یا بان کے سخت ریشے یا کانٹے کا بدن میں گڑنا ؛ صدمہ پہنچنا ، خلش ہونا ، اذیت ہونا .

آہ سے ربط کبھی ہے تو کبھی نالے سے
اک نہ اک پھانس مرے دل میں چبھی رہتی ہے

۱۸۷۰ الماس درخشاں ، ۳۳۳

کسی ایک کو دیکھا ہے کہ ایک پھانس کے چبھ جانے سے کیسی جزع فزع کرتا ہے .

۱۹۱۵ نیرنگ فصاحت ، ۲۷۱

— کا بانس بنانا محاورہ .

رک : بات کا بتنگڑ بنانا، چھوٹی سی بات کو بہت زیادہ بڑھانا.

میں تو اب تک تم سے مذاق کر رہی تھی ، تم خود ہی پھانس کا بانس بنانے پر تلے ہوئے ہو .

۱۹۷۶ « مشرق ، کراچی ۷ فروری ، ۵

— کا بانس بننا محاورہ .

پھانس کا بانس بنانا (رک) کا لازم .

لوگ « نیزہ ، جسے کہتے ہیں وہ تھا سوئی کبھی
پھانس کا بانس نہ بن جائے تو پھر بات ہی کیا

۱۹۶۷ اندھیر نگری ، ۸۳

— کَسکنا محاورہ .

رک : پھانس کھٹکنا .

لیا جانا نہیں ہوا اب سانس
دل میں غم کی کسک رہی ہے پھانس

۱۸۷۱ عبیر بندی ، ۸۵

— کَھٹکنا محاورہ .

پھانس چبھنے سے درد ہونا ، تکلیف یا خلش ہونا .

پر بظاہر ہے اب اس کی یاد ہی اس کا بدل
اس لیے یہ پھانس اب کھٹکا کرے گی دمبدم

۱۹۰۴ کلیات نظم حالی ، ۲ : ۱۳۳

سانس ایک پھانس سی کھٹکتی ہے
دم نکلنا نہیں مصیبت ہے

؟ حیا ، مرزا رحیم الدین (آخری شمع ، ۷۹)

— گڑنا محاورہ .

رک : پھانس چبھنا .

ہوں منتظر تو آنکھ ہے در سے لڑی ہوئی
ہجراں کی تیرے پھانس ہے دل میں گڑی ہوئی

۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۲۵۵

فغاں سے نہ نکلی مرے دل کی پھانس
جہاں وہ گڑی تھی گڑی رہ گئی

۱۹۰۳ سفینۂ نوح ، ۱۴۳

— لگنا محاورہ .

رک : پھانس چبھنا .

مژگاں سے تیری لاگ ہے دل پر لگی ہوئی
اک پھانس ہے کلیجہ کے اندر لگی ہوئی

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۱۸۹

ذرا میرے پھانس لگتی تھی تو ہے چین ہوجاتی تھی .

۱۹۳۷ گرداب حیات ، ۴۳

— مار دی فقرہ .

بات میں یا کام میں حرج کر دیا یا کچھ کہدیا (محاورات ہند ، ۵۲) .

— نکالنا ف مر ؛ محاورہ .

کانٹا نکالنا ؛ خلش دور کرنا ، تکلیف رفع کرنا .

پھانسیں تو بہت سب نے نکالیں پہ کسی نے
پھانس اپنے کلیجے کی نہ زنہار نکالی

۱۸۰۹ جرأت ، ک ، ۱۲۸

احمق پھانس نکالنے کے بجائے انگلی کاٹنا چاہتا ہے .

۱۹۲۲ انار کلی ، ۳۴

— نکلنا محاورہ .

پھانس نکالنا (رک) کا لازم .

کوئی نکلتی یہ دل بلبل کی پھانس ہے
اس میں خلیدہ خار رگ گل کی پھانس ہے

۱۸۵۴ کلیات ظفر ، ۳ : ۱۴۹

لکھنے میں دل کی باتیں ادا ہو جاتی ہیں ، بہت سی پھانسیں نکل جاتی ہیں .

۱۹۱۳ انالیق خطوط نویسی ، ۱ : ۳۴

پھانس (۲) (مغ) اسث .

۱. پھانسنا (۲) (رک) سے اسم کیفیت .

ایک صاحب نے خریداری پر آمادگی ظاہر کی جن کی پھانس کے لیے خود ایک منی آرڈر آج کی ڈاک میں بھیجتا ہوں .

۱۹۰۶ مکاتیب مہدی ، ۴

۲. پھندا ، جال .

سنسار کے پرانی مایا پریم پھانس میں بندھے ہوئے ہیں .

۱۹۲۸ بھگوت گیتا اردو ، ۹۵

— بھانا محاورہ (قدیم) .

پھانسی کا پھندا لگانا .

اگر نئیں تو جیو دیونگی بھا کو پھانس

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی (دکنی اردو کی لغت)

— لانا محاورہ .

فریب سے پکڑ لانا ، گرفتار کر لانا ، دھوکا دے کر لانا (نورالغات) .

— لینا محاورہ .

کھیلتی ہے جب ہمائے تیغ قاتل کا شکار
پھانس لیتی ہے مری گردن رگوں کے تار میں

۱۹۰۷ دفتر خیال ، ۸۵

خیر ان کو کچھ نہ آئے پھانس لینے کے سوا
مجھ کو اب گرنا ہی کیا ہے سانس لینے کے سوا

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۲ : ۲۲۰

بھانسا (مغ) اسذ؛ ~ پھانسہ.

۱. پھندا، جال.

سجن کے نین بھانسے مستی کے ڈھالے
اس اوپر سہنے نقش چھند بند چالے
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ، ک، ۲: ۲۳۱

ٹھگ سا وہ کمیں میں ہے لیے زلف کے پھانسے
اس کوچے سے مشکل ہے گذر رہگذری کا
۱۸۱۳ پروانہ، ک، ۸۹

۲. رک: پانسا.

پیاری سوں ملنے کا پھانسا پڑیا ہے
سکیاں من ہوئے ہیں اوسی تیے اوتالے
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ، ک، ۳: ۲۳۱

انساں کے ڈیل بھر میں جو کچھ ہے زبان ہے
یہ ایک پھانسہ پھینک کے جو چاہے ہار دے
۱۹۲۶ فغان آرزو، ۲۵۴

۳. رکاوٹ؛ ہل کا ایک حصہ جو بیلوں کی گردن کے گرد کی لکڑی سے ملحق لگایا جاتا ہے؛ دھار دار بیلچہ؛ کھرپی جس سے سخت زمین میں گوڑائی اور نلائی کی جاتی ہے (پلیٹس).

[س: پاشک पाशक]

— پھونسی (— و مع، مغ) امث.

مکر و فریب، فریب کاری.

یہ سب پھانسا پھونسی کی باتیں اور سونٹنے کی گھاتیں پہلے سے قرار پا چکی تھیں.
۱۹۳۱ رسوا، خورشید بہو، ۹۲

[پھانسا + پھونسی (تابع)]

پھانسنا ۸۷ (مغ، سک س) ف م.

۱. جال میں بند کرنا، گرفتار کرنا، پکڑنا، چالاکی سے دوسرے کو بس میں کرنا، فریب سے دوسرے کو قابو میں لانا.

ایسی بری شیشے میں آ کر ہاتھ سے نکل جاتی ہے . . . اس کو کسی طور سے پھانسنا واجب ہے.
۱۸۴۵ احوال الانبیا، ۱: ۶۰۷

اگر حرام و حلال کوئی بحث نہ رکھتا ہو . . . کسی مالدار عورت کو پھانسنے کی فکر کرے.
۱۹۰۰ شریف زادہ، ۸۱

۲. گھیرنا، گرفت میں لانا رجھانا.

اک نہ اک آپ پھانسنے کا ضرور
کل سے گیسو بہت سنورتے ہیں
۱۸۸۴ قدر، ک، ۲۴۳

ہزاروں تجربوں کے بعد اب یہ عقل آئی ہے
کسے تھپکے کسے گھورکے کسے چھوڑے کسے پھانسے
۱۹۴۷ سرودو خروش، ۱۰۲

۳. (مجازاً) ورغلانا بہکانا، دھوکا دینا.

عورتوں کو وہ پھانس لاتے تھے
ہاتھ لوگوں کے بیچ دیتے تھے
۱۹۲۶ جگ بیتی، ۹

۴. ڈول کنوئیں میں ڈالنا، لوٹے یا کسی چیز کو رسی کے حلقے سے باندھنا؛ لوٹا لٹکانا (نوراللغات).

۵. (مجازاً) الزام لگانا، شریک جرم گردانا.

پھانسا اس شیخ پرانے نے انہیں جل دے کر
اس نے جب ان کو بلایا تو کہا مان لیا
۱۸۶۸ تہذیب الایمان، ۲۶۶

۶. بیچ میں لانا، دانو کرنا (نوراللغات).

[سپرش + आपि آپ]

— پھونسنا ۸۷ (— و مع، مغ، سک س) ف م.

رک: پھانسنا.

مرزا صاحب کی دلی خواہش تھی کہ کسی طرح محمد عسکری کو پھانس پھونس کے پہاڑ پر لے جائیں اور خود بھی لطف اٹھائیں.
۱۸۸۹ سیر کہسار، ۱: ۳۷

[پھانسنا + پھونسنا (تابع)]

پھانسی (مغ) امث.

۱. رسی یا ریشم کا پھندا جس سے گلا گھونٹا جا سکے، وہ پھندا جو دو اونچے ستون گاڑ کر لٹکایا جاتا اور جسے گلے میں ڈال کر مجرموں کو سزائے موت دی جاتی ہے.

ہر ایک کے پاس مال اور کمندیں اور پھانسیاں نکلیں.
۱۸۰۱ آرائش محفل، حیدری، ۱۵

مجھے تم جیل بھیجو یا مجھے پھانسی پہ لٹکاؤ
حقیقت ہے کہ عاشق ہوں تمہاری زلف پیچاں کا
۱۹۴۲ سنگ و خشت، ۶۱

۲. (مجازاً) موت کی سزا (جو رسی کے پھندے کے ذریعے سے دی جاتی ہے).

سوائے . . . قید اور جلا وطنی اور پھانسی وغیرہ کے اور کوئی تدبیر نہیں ہو سکتی.
۱۸۸۰ ماسٹر رام چندر، ۱۲۰

۳.(i) پھندا، جال.

چوہے نے پنجرے سے کچھوے کی پھانسی کاٹ کر ہرن کو پکارا.
۱۸۰۳ اخلاق ہندی، ۴۸

نہ ہو گر ہتکڑی ہوڑی تمہیں ، پھانسی تو ہے احمق
جو سر رکھتے ہیں ان کو رنج کیا ہے دست و پائی کا
سنگ و خشت ، ۳۸ ۱۹۴۲

(ii) مجازاً کوئی تنگ حلقہ یا گھیرا جو گلے کے گرد ہو ۔
دھجیاں کر کے اڑا دے اسے او دست جنوں
تنگ پھانسی سے بھی کرتا ہے گریباں مجھکو
دیوان رند ، ۲ : ۱۱۱ ۱۸۴۳

(iii) فن بنوٹ کے ایک داؤ کا نام جس میں حریف کی گردن کو ہاتھ کے خم (کہنی) میں لے کر دبوچ لیا جاتا ہے ۔ بائیں طرف کے تیرہ پیچ یہ ہیں چورنگا . . . پھانسی . . . ہتکوڑا ۔
عقل و شعور ، ۴۳۶ ۱۹۷۳

جب حریف پھانسی کرے اور سلطانی اتارے تو یہ فی الفور پلٹا کر کے اسی کو گرا دے اور چھری مارے ۔
فن تیغ زنی ، ۸۳ ۱۹۲۶

[س : پاش + ین यं + पाश]

— پا جانا/پانا محاورہ ۔
رسی کے پھندے کے ذریعے سے بطور سزا مارا جانا ۔
سو گیا باغ میں وہ طفل فرنگی آ کر
پھانسی پائے جواب آواز نکالے بلبل
ریاض مصنف ، ۲۲۳ ۱۸۵۴

شیخ جی کے دونوں بیٹے با ہنر پیدا ہوئے
ایک ہیں خفیہ پولس میں ایک پھانسی پا گئے
اکبر ، ک ، ۲ : ۴۵۷ ۱۹۲۱

— پر کھینچ دینا/کھینچنا محاورہ ۔
رک : پھانسی دینا ۔
کل سرکار ہم کو پکڑ کر پھانسی پر کھینچ دے ۔
ظہیر ، داستان غدر ، ۸۳ ۱۹۱۱

— پر لٹکا دینا/لٹکانا محاورہ ۔
رک : پھانسی دینا ۔
اسی وقت پھانسی پر لٹکا دیا گیا ۔
اکبر نامہ ، ۱۶۲ ۱۹۵۴

— پڑنا محاورہ ۔
گلے میں پھندا ڈالا جانا ۔
پڑی ہے کل میں میرے بیم پھانسی
مرن اپنا ہے اور لوگوں کی ہانسی
افضل جھنجھانوی (مخزن نکات ، ۸) ۱۶۲۵

پھانسی پڑنے وقت تک وہ کچھ ہراساں نہیں ہوا ۔
تواریخ عجیب ، ۱۷۲ ۱۸۸۴

گردن دل میں تری زلف کی پھانسی جو پڑی
ہے خطا جان دی بیچارے نے اس رسی میں
داغ ، یادگار داغ ، ۱۶۰ ۱۹۰۵

— پہ لٹکانا محاورہ ۔
رک : پھانسی دینا ؛ تکلیف دینا ۔
مجھے تم جیل بھیجو یا مجھے پھانسی پہ لٹکاؤ
حقیقت ہے کہ عاشق ہوں تمہاری زلف پیچاں کا
سنگ و خشت ، ۶۱ ۱۹۴۲

— دینا محاورہ ۔
(رسی یا ریشم کے) پھندے کے ذریعے سے (سزا کے طور پر) گلا گھونٹ کر مار ڈالنا ۔
پھانسیاں دیتے ہیں عشاق موئے جاتے ہیں
اپنی گردن سے کرو جلد کہیں ہار جدا
ریاض البحر ، ۵۵ ۱۸۳۶

ہشام بن ملک نے . . . دمشق میں بلا کر اس کو پھانسی دے دی ۔
شبلی ، مقالات ، ۵ : ۱۰ ۱۹۱۴

۲۔ پھندا لگ جانا ، گرہ پڑ جانا یا ڈال دینا ؛ جکڑ دینا ۔
بعض اوقات اینڈکس سے اسی طرح تکمہ بن کر رودوں کے کسی حصے کو پھانسی دیتا ہے ۔
نسخۂ عمل طب ، ۵۴۵ ۱۸۶۰

— چڑھانا محاورہ ۔
رک : پھانسی دینا (جامع اللغات ؛ پلیٹس) ۔

— چڑھنا محاورہ ۔
پھانسی چڑھانا (رک) کا لازم (شبد ساگر) ۔

— کا پھندا (— فت پھ ، سک ن) امذ ۔
رک : پھانسی معنی نمبر ۱ ۔
مجرم الفت کو تم اپنے ڈراتے ہو عبث
جیل خانہ کیا اسے پھانسی کا پھندا کچھ نہیں
سنگ و خشت ، ۱۶۰ ۱۹۴۲

— کا تختہ (— فت ت ، سک خ ، فت ت) امذ ۔
۱۔ وہ تختہ جس پر مجرم کو کھڑا کر کے پھانسی کا پھندا اس کے گلے میں ڈالا جاتا ہے ۔

وہ لمحہ جو پھانسی کے تختے پہ گزرے
حقیقت میں ہے حاصل زندگانی
سنگ و خشت ، ۳۴۴

۲۔ (مجازاً) بہت خطرناک جگہ جہاں موت کا اندیشہ ہو۔
یہ قصے ہیں ان لوگوں کے جو یکے کی سواری کو بچوں کا کھیل سمجھتے ہیں اور اس پھانسی کے تختہ سے ذرا بھی نہیں ڈرتے۔
۱۹۳۸ بحر تبسم ، ۲۵۷

ــ کا ڈور (ــ و مج) امذ (قدیم)۔
پھانسی کی رسی ، پھندا۔
کہیں سہیلیاں توں ہی رانی کا چور
نگاہ میں تیرے گل میں پھانسی کا ڈور
۱۷۵۶ قصہ کام روپ و کلا کام ، ۱۹

ــ کاٹھ/ــ کا کَھمبا (ــ فت کھ ، سک م) امذ۔
وہ لکڑی کا ستون جس پر پھانسی دینے کا پھندا لگا ہوتا ہے (جامع اللغات ؛ پلیٹس)۔

ــ کی ٹکٹکی (ــ کس ٹ ، سک ک ، کس ٹ) امث۔
رک : پھانسی کاٹھ/ــ کا کھمبا (جامع اللغات)۔

ــ کھانا محاورہ۔
۱۔ رک : پھانسی پانا۔
کھا گئے پھانسی تری زلف کے بندے لاکھوں
جو ترے سر ہوا گویا وہ ترے سر نہ ہوا
۱۸۹۵ دیوان راسخ ، ۴۸

۲۔ کسی پھندے یا حلقے میں پھنس کر سانس وغیرہ بند ہو جانا ، گلا گھٹ جانا ؛ بند ہو جانا ، رکاوٹ پیدا ہونا۔
یہ ہٹی تکمے کے طور پر کے حلقے ہوتے اور اسمیں رودے کا کوئی حصہ داخل ہو کر پھانسی کھاتا ہے۔
۱۸۶۰ نسخۂ عمل طب ، ۵۴۴

ــ کھڑی ہونا محاورہ۔
پھانسی دینے کے لیے ستون گڑنا۔
چاندنی چوک میں پھانسیاں کھڑی ہوئی تھیں جن پر روزانہ سینکڑوں آدمیوں کو لٹکایا جاتا تھا۔
۱۹۲۲ غالب کا روز نامچہ ، ۵۷

ــ گار امذ۔
رک : پھانسی گر (پلیٹس)۔
[پھانسی + گار ، لاحقۂ صفت]

ــ گارد/گارڈ (ــ سک ر) امذ۔
محافظوں کا دستہ جو جیل خانے وغیرہ میں پھانسی کے مجرموں کی نگرانی کے لیے متعین ہو۔
عبدالعلی سہارنپور بدل گئے ہیں اور ان میں تعینات ہیں پھانسی گارد جو جیل خانے میں تعینات رہتا ہے وہاں ان کو شاید رات بھر رہنا پڑتا ہے۔
۱۸۸۹ مکتوبات حالی ، ۲ : ۱۱۳
وہ مجسم ثبوت کراچی سینٹرل جیل کے پھانسی گارڈ میں سزائے موت کے قیدی محمد نسیم خان . . . کے نام سے ابھی تک زندہ ہے۔
۱۹۶۹ روزنامہ جنگ ، کراچی ، ۲۵ دسمبر ، ۳
[پھانسی + گارد/گارڈ (رک)]

ــ گر (ــ فت گ) امذ۔
پھندا ڈال کر مارنے والا ، قاتل ، جلاد۔
پھانسی گراں جہان کے دھرتے ہیں دام اماّ
پھانسیاں میں تج نشاں کے کھب کھب بیتی ہو احد
۱۶۷۹ دیوان شاہ سلطان ثانی ، ۴۱
اس آواز کے سنتے ہی ساتوں چور پھانسی گر کسے کسائے اِدھر اُدھر سے آئے۔
۱۸۰۱ آرائش محفل ، حیدری ۵۲
غارت گروں ٹھگوں پھانسی گروں وغیرہ کے انسداد کے واسطے . . . قانون نافذ فرمائے۔
۱۹۱۱ ظہیر ، داستان عذر ، ۲۲۶
[ا : پھانسی + گر ، لاحقۂ صفت]

ــ گھر (ــ فت گھ) امذ۔
وہ جگہ جہاں سولی نصب ہو جس پر کھڑا کر کے مجرم کو پھانسی دی جائے۔
پھر اسی جیل خانے کی ہے تلاش
کیا وہی ڈھونڈتے ہو پھانسی گھر
۱۸۷۳ کلیات منیر ، ۳ : ۱۲۴
[پھانسی + گھر (رک)]

ــ لگانا محاورہ۔
گلے میں پھندا ڈالنا۔

اس کو چاہیے کہ اوپر کی طرف کو ایک رسی تانے اور اپنے گلے میں پھانسی لگائے .

۱۸۹۵ ترجمہ قرآن ، نذیر احمد ، ۵۳۳

گلا گھٹنے لگا اب تنگ آیا ہوں گریباں سے
جنوں نے واہ کیا پھانسی لگائی میری گردن میں

۱۹۲۷ آیات وجدانی ، ۲۱۲

— مارنا محاورہ (قدیم) .

رک : پھانسی دینا .

واسطے زر کے پھانسیاں ماریں
چھین لیں زر کو مار تلواریں

۱۸۳۵ حکایت سخن سنج ، ۵۳

— ہونا محاورہ .

پھانسی کے ذریعے موت کی سزا پانا (شبد ساگر) .

پھانک (۱) (مغ) امث ؛ امذ (قدیم) .

۱.(i) کسی پھل کا تراشا ہوا ٹکڑا ، قاش .

دسے پتلی یوں نار کی آنک میں
کہ پیٹھیا بھنور آنب کی پھانک میں

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۳۷

گال ہیں پیڑے متھرا جی کے ہونٹ گدو کی پھانک

۱۸۹۷ چندراولی ، ۵۱

جو مانگو گے ایک پھل مسلم
وہ کاٹ کر ایک پھانک دیں گے

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۳۱۹

(ii) نارنگی سنگترہ وغیرہ کے قوس کی شکل کے جزو جو قدرتاً علیحدہ علیحدہ ہوتے ہیں .

نارنگیوں کے بدلے اللہ کا نام بھیجیں کیا اپنا سر . . . آپا جل جائے زبان جو ایک پھانک بھی کھائی ہو .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۸۳

(iii) پنکھڑی .

کہ گل لعل کے پھانک پر رکھ جوں ہے
سوتیوں تج ادھر میں شکن ہے متابع

۱۶۱۱ تلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۱۵۲

(iv) حصہ ، ٹکڑا ؛ لمبی پٹی .

چلو ایک چھاؤں کی طرف جس کی تین پھانکیں ہونگی .

۱۹۳۲ سیرۃالنبی ، ۴ : ۸۰۷

اس میں کھولتا ہوا پانی اسقدر ملادو کہ دونوں پھانکیں چمڑے کی اس میں اچھی طرح ڈوب سکیں .

۱۹۴۰ معدنی دباغت ، ۱۳۷

۲. شگاف ، کٹاؤ ، درز .

جب انگل سوں وہ اشارت کیا فلک کے دھیر
دو پھانک ہو اتر آیا جو چاند کا منڈل

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۶۴

کیا یک وار میں کئی دل کی پھانکیں
لگا ہے ہاتھ کیا کامل کسی کا

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۵۱

۳. لہسن کا جوا ؛ دروازے کی دراڑ (شبد ساگر؛ پلیٹس) .

۴. بنوٹ کے ایک ہاتھ کا نام (عقل و شعور ، ۴۴۸) .

سپر کو داہنی جانب کمر کے برابر لاوے پھر سیف سے اولٹی پھانک مارے .

۱۸۹۸ قوانین حرب و ضرب ، ۴۳

۵. پھانکنا (رک) کا اسم کیفیت (پلیٹس) .

مدینے سے گیا وہ ابر سب پھانک
اٹھی برسات کی چاروں طرف ہانک

۱۷۹۱ بہشت بہشت ، ۷ : ۱۰۹

[س + پراش + ک + क्ष]

— پھانک جانا محاورہ (قدیم) .

رک : پھانک جانا .

دیکھیا جو برہن اسے کھول آنک
کدورت سب اس کا گیا پھانک پھانک

طوطی نامہ ، غواصی ، ۱۶۹

— پھانک کرنا محاورہ .

ٹکڑے ٹکڑے کرنا ، پرزے پرزے کرنا .

ظالم مرے جگر کوں کرے کیوں نہ پھانک پھانک
سیکھا ہے وونکہ کا پٹا اور ادا کا بانک

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۲۹۹

— جانا محاورہ .

تتر بتر ہوجانا ، بکھر جانا .

گئے پھانک جوں لوگ سب ٹھار بٹھار
ادھی رات کو ہاتھ سنڈ پر اتار

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۱۰۸

— رہنا . محاورہ (قدیم) .

جدا رہنا .

رہتے ہیں بیاسوں بھانک یاراں
لیا بیچ میر گیاں یو گنواراں
۱۷۰۰ من لگن ، ۵۳

— کر م ف (قدیم) .

۱. دھکّے سے ، زور سے .
دو کھڑکیاں کھلیاں باوتے بھانک کر
چھجے پرتے دیکھی سو وو جھانک کر
۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۷۰

۲. الگ ہوکر ، جدا ہوکر .
گیا زنگ سب دل ہو کا بھانک کر
لگیا دیکھنے مج عارف جھانک کر
۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۱۰

— مارنا محاورہ .

رک : بھانکنا ، منھ میں کسی شے کا ہتھیلی پر رکھ کر یا مٹھی بھر کر ڈالنا (بالعموم خشک چیز کا، چنے پرمل ستو وغیرہ کا) (پلیٹس) .

بھانک (۲) (مغ) امذ .

(ٹھگی) بھانک اور بھیک کا غلط تلفظ، (مراد) نادار یا مفلس مسافر (ا پ و ، ۸ : ۱۷۸) .
اف : دینا .
[مقامی]

بھانکرا (مغ ، فت ک) امذ .

ایک درخت جس کی چھال کو کاے پھل کہتے ہیں گرم ہے جلد ہضم ہوتا ہے منھ کی بے مزگی اور باد اور بلغم کو دفع کرتا ہے بھوک بڑھاتا ہے (ماخوذ : خزائن الادویہ ، ۳ : ۹۶) .
[مقامی]

بھانکڑ/بھانکڑا (۱) (مغ، فت ک/سک ک) صف ؛ ~ بھانکڑی.

۱. ہٹا کٹا ، مستنڈا ، تیز طرار ، جوشیلا ، (مجازاً) فریبی دھوکے باز .
ادمی غنڈے بھانکڑے مفت پر کھانے والے جھوٹے خوشامدی آکر آشنا ہوئے .
۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۲۰

بڑی بھانکڑی ہے یہ مکارانا
جو باتوں میں ٹھگتی ہے ہاتھی سے گنا
۱۹۶۷ اندھیر نگری ، ۳۲

۲. بہادر ، دلیر ، بانکا ، ترچھا (نورالغات) .

[• بھانکڑ/بھانکڑا फांकड़/फांकड़ा]

— ہے فقرہ .

بانکی وضع سماجی صورت ہے ، فضول گرد ہے (جامع اللغات) .

بھانکڑا (۲) (مغ ، سک ک) امذ .

(ٹھگی) خرگوش کی آواز کا شگون ، جب کوئی مسافر حالت کوچ میں ہمراہ ہو اور خرگوش بولے تو اس مسافر کو قتل نہیں کرتے کہوں کہ ایسا کرنے میں آفت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے یا یہ سمجھا جاتا ہے کہ اس مسافر کے پاس کچھ نہیں ہے (ا پ و ، ۸ : ۱۷۸ ؛ مصطلحات ٹھگی ، ۶۲) .
[مقامی]

بھانکنا (۱) (مغ ، سک ک) ف ل (قدیم) .

جدا ہونا ؛ بھینکنا .
وہ دونوں بھانک بھانکے ہیں بہت دور
و لیکن یک انھی جڑاں کی اے سور
۱۷۹۱ ہشت بہشت ، ۷ : ۱۱۷
[رک : بھانک (۱) سے]

بھانکنا (۲) (مغ ، سک ک) ف م .

۱. کسی خشک چیز کو ہتھیلی پر رکھ کر منھ میں ڈالنا.
خیال خال رخسار بتاں میں دل کی تصویر کو
نہ بھانکو تخم ریحاں کو تلے رکھ کر ہتیلی پر
۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۹۸
دوا کی دو پڑیاں بھیجی گئیں . . . ایک بھانکنے کی تھی اور دوسری پھوڑے پر چھڑکنے کی .
۱۹۱۸ تندرستی ، ۱۱۵

۲. نگلنا ، بغیر چبائے کھانا ، جلدی جلدی کھانا ، (عموماً خشک چیز کا) پھنکا لگانا .
دو سو نازنیناں حوروش اس کے پنجۂ بدعت میں آ گئیں اٹھا کر بھانک گیا .
۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۶ : ۱۰۵۷
پھر دال موٹھ بھانکی بہت پوٹو تھیں اور مستقل کھارہی تھیں.
۱۹۷۶ دلربا ، ۲۵

۳. (مجازاً) روپیہ اٹھانا ، نہایت خرچ کرنا ، دولت اڑانا (فرہنگ آصفیہ) .

۴. (i) بھاگنا ، چمپت ہونا ، چھٹنا (قدیم) .
نہ بارش ہوا کم نہ پھانکیا ابھال
خلاصیاں کہیے سب خلاصی محال
۱۶۸۲ رضوان شاہ و روح افزا ، ۱۳۲

(ii) جدا ہونا (قدیم) ۔

بیاہن کوئی دوجگ میں منجے دوسرا سنگاتی نیں
جو دو دن پیو تھے پھانکیا ہوں تو غم تھے نیند آتی نیں

غواصی ، ک ، ۱۴۲ ؟۱۶۷۸

۵۔ (مجازاً) کسی کتاب مضمون وغیرہ کو جلدی سے پڑھ کر ختم کر دینا ، بے دلی کے ساتھ یا بلامقصد پڑھنا ۔

میرا اُن دنوں کا پڑھنا پڑھنا نہ تھا بلکہ کتابوں کا پھانکنا تھا۔

لکچروں کا مجموعہ ، ۲ : ۳۱۸ ۱۹۰۳

اس طرف تو نے ہسٹری رٹ لی
اُس طرف جا کے فلسفہ پھانکا

اکبر ، ک ، ۳ : ۳۷۱ ۱۹۲۱

۶۔ مجازاً بہت سا راستہ طے کرنا ، جلد چلنا ، جیسے راستہ پھانکنا (فرہنگ آصفیہ) ۔

۷۔ لگاتار بولنا ، جلد جلد یا بلامقصد بولنا (فرہنگ آصفیہ ؛ پلیٹس) ۔

۸۔ کھولنا ، الگ کرنا ؛ جدا کرنا ، علیحدہ کرنا ؛ غائب ہونا (پلیٹس) ۔

[۰ : پھانکنا फांकना (= جلانا)]

پھانکنا (مغ ، سک ک) ف م ۔

پھونکنا (رک) کا تابع ۔

دس پانچ لکڑیاں رکھیں اور پھونک پھانک چلے آئے ۔

افشاں ، ۱۳۶ ۱۹۵۲

پھانکی (۱) (مغ) اسث ۔

رک : پھانک (۱)؛ سفوف یا اناج کا دانہ جو ایک دفعہ پھانکا جائے ؛ پھل وغیرہ کی قاش (جامع اللغات ؛ پلیٹس) ۔

[۰ : پھانکی फांकी]

پھانکی (۲) (مغ) اسث ۔

(منطق) اعتراض ؛ دعویٰ ؛ مغالطہ ، دلیل باطل ؛ دھوکہ ، چالاکی (پلیٹس) ۔

[س : پکّ का फक्किका]

پھانکیا پنا (مغ ، سک ک ، نت پ) اسذ (قدیم) ۔

جدائی ، غیریت ، علیحدگی ۔

او ایسا ملیا ہے جو نا اس میں جُڑیا پنا ہے نہ پھانکیا پنا ہے ۔

شاہ ابوالحسن ، سکھ انجن (دکنی اردو کی لغت) ۱۶۳۵

پھان گولی (و مج) اسث ۔

(ٹھگی) اشرفی یا پوٹلی ، دکنی ٹھگ مرغی کو کہتے ہیں (ا پ و ، ۸ : ۱۷۸) ۔

پھاننا (سک ن) ف م ۔

دھننا ، روئی کو دھنکنا (شبد ساگر) ۔

[س : پھارن फार्ण]

پھاو

(الف) اسذ ۔

وہ چیز جو خریدی ہوئی چیز سے زیادہ دوکاندار دے ، گھلاوآ ، روکھن ، سوتکا ، لُبھاو (جامع اللغات ؛ پلیٹس) ۔

(ب) م ف ۔

زائد ، فالتو (جامع اللغات ؛ پلیٹس) ۔

[س : سپھات स्फाति]

پھاوڑا (سک و) اسذ ؛ ~ پھاوڑہ ۔

بیلچے کی طرح کا ایک آلہ جس سے مٹی وغیرہ کھودتے اور زمین صاف کرتے ہیں اکثر چوڑا کیے ہوئے لوہے میں لکڑی کا ہیٹا لگا کر بنایا جاتا ہے ، کسلا ، کسی ۔

لیا حرص کے پھاوڑے کوں بغل
جلانے ہوس کی دھونی نت سگل

گلشن عشق ، ۵۰ ۱۶۵۷

کوٹھری میں پھاوڑا اور چھلنی اور توبڑہ ہے باہر لے آ ۔

باغ و بہار ، ۱۸۲ ۱۸۰۲

میں نے ایک دن مٹی کے ایک تودے پر پھاوڑا مارا ۔

شعر العجم ، ۱ : ۲۴۴ ۱۹۰۷

[س : پرُش परश]

— بجانا محاورہ ۔

مکان کو پھاوڑوں سے ڈھا ڈالنا ، مسمار کر دینا ، اینٹ سے اینٹ بجانا (مخزن المحاورات ، ۱۷۸) ۔

— سے دانت (— مغ) اسذ ۔

چوڑے چوڑے بد صورت دانت ، باہر کی طرف نکلے ہوئے دانت (نوراللغات) ۔

— نہ کُدال بڑا کھیت ہمارا کہاوت ۔

بے سامانی میں بڑی مشیخت یا دعویٰ ، شیخی کے موقع پر بولتے ہیں (نجم الامثال ، ۱۳۸ ؛ محاورات ہند ، ۵۵) ۔

بھاوڑہ (سک و ، فت ڑ) امذ .

رک : بھاوڑا .

بھاوڑہ کدارپن وغیرہ آلات قلبہ رانی نکال رکھو .

۱۸۳۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۱۷۱

بھاوڑی (سک و) امث .

۱. **بھاوڑا (رک) کی تصغیر .**

گوالوں نے بھر سے بھاوڑی ، کدار ، کلھاڑوں سے کاٹ کاٹ . . . گڑھے کھود کھود گاڑ دیے .

۱۸۰۳ ہریم ساگر ، ۱۱

۲. **لید ہٹانے کی بھاوڑے کی شکل کی لکڑی جس میں لوہے کی جگہ تختہ لگا ہوتا ہے ، پاوڑی .**

بھاوڑی : آنچہ سرگین اسپ و امثال آں بداں کشند .

۱۷۵۱ نوادرالالفاظ ، ۹۹

۳. ابھری ہوئی مجوف لکڑی جس پر ڈنڈ پیلتے وقت ہاتھ رکھتے ہیں ؛ جو گیوں کی لاٹھی (پلیٹس) .

۴. (مقامی) چھاپے کا رولر یا بیلن (مخزن الفوائد، ۲: ۱۲۰).

[رک : بھاوڑا + ی ، لاحقۂ تصغیر]

بھاوڑے کے نام گُل صَفا نَہیں جانتا (جانتے) کہاوت .

جاہل ہے (ہیں) ، الف کے نام بے نہیں جانتا (جانتے) (نوراللغات ؛ فرہنگ آصفیہ) .

بھاولا/بھاولہ (سک و/فت ل) امذ .

رک : بھاوڑا .

اننتا چارج مو صوف خود ٹوکری اور بھاولہ لے کر اس غار کو بھرنے لگے .

۱۸۵۵ بھگت مال ، ۳۸

بٹانا پر کا کبوتر تو ہے بہت آسان
سوئی کو بھاولہ کہنا تو کچھ نہیں دشوار

۱۹۱۱ کلیات اسماعیل میرٹھی ، ۱۶۸

[رک : بھاوڑا]

بھاونا (سک و) ف ل .

رک : بھینا (پلیٹس) .

[० : भावना بھاونا]

بھاہا/بھایا امذ ؛ ~ بھایہ .

گول یا چوکور کترا ہوا کپڑا یا روئی جسے مرہم وغیرہ لگا کر زخم پر چپکاتے یا رکھتے ہیں .

اس داغ کے ریش کا بھایا تیرے پاس ہے .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۱۹

جسے سارا زمانہ آفتابِ حشر کہتا ہے
وہ اک اترا ہوا بھاہا ہے اپنے داغ ہجراں کا

۱۸۷۲ مرآۃ الغیب ، ۵۴

زخموں پر بھاہا رکھ دیا .

۱۹۲۱ لڑائی کا گھر ، ۲۹

[० : भाहा/फाया بھاہا/بھایا]

ــ اُتارنا محاورہ .

بھاہے کو زخم یا داغ سے الگ کرنا .

بھاہا اتاروں داغ کا خورشید ہو طلوع
اس جنگجو نے کاٹی ہے لڑ کر تمام رات

۱۸۶۱ کلیات اختر ، ۳۰۰

ــ اُترنا/اوترنا محاورہ .

بھاہا اُتارنا (رک) کا لازم .

سمجھے سب ابر کے ٹکڑے سے یہ نکلا خورشید
یاں جو داغ سر شوریدہ سے بھاہا اوترا

۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۱۳

ــ چڑھانا محاورہ .

رک : بھاہا لگانا .

بھائے چڑھا کر پٹی سے باندھ دیا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۲۷

ہمیشہ زہر کے بھاہے چڑھائے اے قاتل
ہمیشہ زخم کا منہ ہم کو خام کر لینا

۱۹۰۷ راسخ دہلوی ، د ، ۱ : ۳

ــ چڑھنا محاورہ .

بھاہا چڑھانا (رک) کا لازم .

یہ لوح سنگ یشب نہیں سینے پر مرے
زخم جگر یہ ہے مرے بھاہا چڑھا ہوا

۱۸۸۶ کلیات اردو ، ترکی ، ۱

ــ چھڑانا/چھوڑانا محاورہ .

بھاہا دور کرنا ، ہٹانا .

ہزاروں مرغ آتشخوار اسے جراح آتے ہیں
تجھے بھاہا جو میرے داغ سوزاں سے چھوڑانا ہے

۱۸۱۶ دیوان ناسخ ، ۱ : ۹۲

پھاہا شگاف دل سے چھڑاتا ہوں آج پھر
جلوے سے اسکے خواہش درماں کئے ہوئے
صحیفۂ ولا ، ۹۹

— رکھنا محاورہ .

پھاہا لگانا ؛ تسکین دینا .

داغ پر دل کے آ رکھی پھایا
دل کے دل میں ہی ٹوک جیو آیا
۱۶۳۵ سب رس ، ۲۰۳

خدا کے واسطے جام شراب لا ساقی
جگر کے داغ پہ رکھ آفتاب کا پھاہا
۱۸۵۴ غنچۂ آرزو ، ۳۰

بعض نے تو اس زخم میں صرف نشتر ہی لگایا ہے ، اور مرہم کا کوئی پھاہا نہیں رکھا .
۱۹۳۵ سیرۃالنبی ، ۵ : ۲۶۴

— لگانا محاورہ .

پھاہے کو زخم پر رکھ کر چپکانا ، رک : پھاہا رکھنا .

اس کے اوپر میں نے ایک پھایا لگا رکھا تھا .
۱۸۸۰ ماسٹر رام چندر ، ۱۹۲

جلن زیادہ معلوم ہوئی ، کالے مرہم کا پھایا لگایا .
۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۲۰۹

— لگنا محاورہ .

پھاہا لگانا (رک) کا لازم .

کچھ میری شمع داغ کی سوزش نہ ہو چھپے
پھاہا لگا تو وہ پر پروانہ ہو گیا
۱۸۷۳ کلیات قدر ، ۱۱۰

پھابی است .

دام ، جال .

پھابی میں نے لگا رکھی ہے ، جونہی پنچھی پھنسا ، پر باندھ کر سائیں کے قدموں میں ڈال دونگا .
۱۹۷۲ جھوک سیال ، ۲۸

[مقامی : غالباً : پھانسی (= پھندا) سے]

پھایہ (فت ی) امذ .

رک : پھاہا .

وہا لاک دانہ سو اس میانے بھائے
اسے بیس کر روئی پھایہ بھگائے
؟۱۵۴۳ بھوگ بل ، ۱۹۴

محتاجوں اور اپاہجوں کا والی اور زخمی دلوں کا پھایہ تھا .
۱۹۴۳ سیدہ کی بیٹی ، ۵۲

پھُآر (ضم پھ ، مد) امث .

رک : پھُوار (فرہنگ آصفیہ) .

پھوار ، پھُآر .

۱۷۵۱ نوادر الالفاظ ، ۱۳۴

[ف : फुवार پھوار]

پھَب (فت پھ) امث .

رک : پھبن .

آنکھوں سے نہ دیکھی ہے نہ کانوں سے سنی ہے
اس طرح کی پھب کات اس انداز کی آواز
؟ مخمور (تذکرۃ الشعرا ، ۳)

[ف : फब پھب]

پھَبالینا (فت پھ ، ی مج) ف م (قدیم) .

پھبانا ، بضم کرنا .

جکچ جو چڑیا ہے مرے بات مال
پھبالیون تو ہے مجے یو حلال
۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۲۰۸

[مقامی]

پھَبانا (فت پھ) ف ل .

رک : پھبنا (پلیٹس) .

پھَبتا (فت پھ ، سک ب) صف مذ . (قدیم)

مناسب ، موزوں ، اچھا .

بھروسا اودھر دے کر اس دھات سوں
وہیں دیک پھبتا بل یک رات کوں
۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۱۸۷

[ف : फबता پھبتا]

پھَبتی (فت پھ ، سک ب) امث ؛ ~ پھپتی .

۱. مزاحیہ یا طنزیہ لفظ یا فقرہ جو بطور تشبیہ کسی پر ٹھیک ٹھیک چسپاں ہو جائے .

ہے آنکھوں پہ ساقی کی مئے ناب کی پھبتی
پھب جائے نہ کیوں سکھڑے پہ مہتاب کی پھبتی
۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۷۴

مختلف شکلوں میں آکر ہو گئی آخر ہوا
ابر کی پھبتی مری امید پر چھاپی گئی
۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۱۷۰

۲. زیور ، آرائش ، لباس ، تزئین (پلیٹس) .

[ف : फबती پھبتی]

— اُڑا دینا/اُڑانا محاورہ .

(ہر کے ساتھ) تمسخر کرنا ، ہنسی اُڑانا .

کوئی صاحب راستے میں کھڑے تانیں اُڑا رہے ہیں کوئی کسی پر پھبتی اُڑا رہا ہے .

۱۹۰۰ شریف زادہ ، ۲۹

چکلے چہرے والے پر چوپال کی اور ٹھنگنے پر گھٹنے کی پھبتی اُڑا دی .

۱۹۴۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۱۱۳

— جمانا محاورہ .

رک : پھبتی کہنا .

ان حالات میں اگر ہم ان کے حق میں بجائے گرینڈ اولڈ مین کے گرینڈ اولڈ وومن کی پھبتی جمائیں تو بیجا نہ ہو گا .

۱۸۹۹ بست سالہ عہد حکومت ، ۲۴۹

— سُنانا محاورہ .

رک : پھبتی اُڑانا .

جب سوار پرا جماتے ہیں تو دیکھنے والے پھبتیاں سناتے ہیں .

۱۸۶۱ فسانۂ عبرت ، ۵۴

— سوجھنا محاورہ .

ٹھیک ٹھیک یا ظریفانہ تشبیہ خیال میں آنا .

تاباں ہے خط لوح مہیں مانگ میں تیری
پھبتی نئی سوجھی ہے مجھے سلک گہر پر

۱۸۷۷ دستنبوے خاقانی ، ۶۵

چند لڑکوں کو اس پہ آئی ہنسی
قد پہ پھبتی کمان کی سوجھی

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۲۸۹

— کسنا محاورہ .

رک : پھبتی کہنا .

جب میں نے آپ کی وکالت شروع کی تو انہوں نے مدعی سست گواہ چست والی مشہور پھبتی مجھ پر کسی اور چپ ہو رہیں .

۱۹۵۲ ؟ رفیق تنہائی ، ۲۳۰

— کہنا محاورہ .

ظرافت سے تشبیہ دینا ، ہنسی اُڑانا .

پریشانی میں ہم کو بات بھی سوجھی تو یہ سوجھی
کہی سنبل کی پھبتی یار کی زلف پریشاں پر

۱۸۵۴ گلستان سخن ، ۱۳۷

— گو (— و مج) امذ .

پھبتی کہنے والا ، دوسروں کی ہنسی اُڑانے والا .

اس لیے لکھنؤ کا شاعر . . . ایک بازاری فقرہ باز ، ایک عاسی پھبتی گو ، ایک سوقی عیاش کی حیثیت سے آگے نہیں بڑھا .

۱۹۲۴ مذاکرات نیاز ، ۱۳۵

[پھبتی + گو (رک)]

— ہونا محاورہ .

(کسی کے متعلق) مزاحیہ یا طنزیہ تشبیہ کہا جانا .

سیماب کی ہوگی قمر چرخ پہ پھبتی
جس رات نقاب اوس مہ کامل نے اوٹ دی

۱۸۵۸ امانت ، د ، ۱۴۹

پھبتیاں (فت بھ ، سک ب ، کس ت) امث ؛ ج .

پھبتی (رک) کی جمع تراکیب میں مستعمل .

— اُڑانا محاورہ .

رک : پھبتی اُڑانا .

لڑکی پر وہ پھبتیاں اوڑائی جاتی ہیں جو آج تک بھانڈوں کو بھی نہ سوجھی ہونگی .

۱۸۹۹ بست سالہ عہد حکومت ، ۳۰۵

— چھانٹنا محاورہ .

رک : پھبتی اُڑانا .

جب ادھر آ نکلتا ہے مجھ پر پھبتیاں چھانٹتا ہے .

۱۹۰۰ شریف زادہ ، ۸

— کسنا محاورہ .

رک : پھبتی کسنا .

ان کو یہ اختیار حاصل تھا کہ حکیم آبنوس پر بے محابا پھبتیاں کسا کریں .

۱۹۲۲ اخوان الشیاطین ، ۲۹۱

— کہنا محاورہ .

رک : پھبتی کہنا .

قمریوں کو نظر آیا جو وہ قد بوٹا سا
پھبتیاں کہنے لگیں پاڑ کی شمشادوں پر

۱۸۵۸ امانت ، د ، ۴۸

پھبدنا (فت پھ ، ب ، سک د) ف ل .

پاس پاس اور کثرت سے جسم پر پھوڑے پھنسیوں کا نمو دار ہونا ، جسم کا پھلنا ؛ پھپکنا (رک) (ماخوذ : نوراللغات) .

[ه : پھبدنا फबदना]

پھبکنا (فت پھ ، ب ، سک ک) ف ل .

۱. **(پودے کا) نشو و نما پانا ، اکھوے پھوٹنا ، سرسبز و شاداب ہونا .**

چند روز کے بعد وہ درخت پھر پھبکا .

۱۸۰۵ آرایش محفل ، افسوس ، ۹۳

جن نونہالوں کو اس نے اپنی چھانو میں پرورش کیا تھا وہ پھول رہے ہیں اور پھبک رہے ہیں .

۱۹۰۱ حیات جاوید ، ۳۱۵

۲. **(جسم کا) بشاش بشاش ہونا ، ترو تازہ ہونا .**

چٹکے تری کلی تو پھبک جاے تن مرا
بھیگیں تری مسیں تو ہرا ہو چمن مرا

۱۹۴۷ سنبل و سلاسل ، ۱۰۴

[رک : پھپکنا फबकना]

پھبن (فت پھ ، ب) اسث .

چھب ، خوبی ، سج دھج ، زیبائش .

واے رے واے رے پھبن دیکھو
چال دیکھو ذرا ڈھنگ دیکھو

۱۷۷۲ فغان ، انتخاب ، د ، ۱۶۹

دیکھی ہے تو رتن کی پھبن جب سے ڈنڈ پر
پھر آ گیا ہے وہ بت کافر گھمنڈ پر

۱۸۲۳ مصحفی ، انتخاب رام پور ، ۸۵

خفا ہے شان خود بینی سے کیا شوق خود آرائی
اٹھائے پردہ دکھلائے تو زیور کی پھبن کوئی

۱۹۱۹ رعب ، ک ، ۱۶۷

[ه : پھبن फबन]

پھبنا (فت پھ ، سک ب) ف ل .

سجنا ، زیب دینا ، کھلنا ، موزوں ہونا ، مناسب ہونا .

دیا سج کو یا رب تو لئی مرتبا
ہرانے کو یو دھندگی نا پھبا

۱۶۸۲ رضوان شاہ و روح افزا ، ۱۱

چاندنی رات میں پھبے ہے تجھے
موتیا کا گلے میں ہار سفید

۱۷۱۳ دیوان زادہ حاتم ، ۷۶

ہلکی وضع . . . اس کے سڈول جسم اور پیاری صورت پر کچھ ایسی پھب رہی تھی کہ دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے .

۱۸۹۸ ایام عرب ، ۱ : ۶۵

[ه : پھبنا फबना]

پھبن پھوگ (فت پھ ، ب ، سک ن ، فت پھ) اسث .

شمالی منطقة البروج کی صورتوں میں سے ایک صورت کا نام جس میں سات کواکب ہیں ، گاؤ بادشاہ (ماخوذ : اعمال کرہ ، ۶۴) .

[؟]

پھبیلا (فت پھ ، ی مع) صف .

جو پھبتا یا بھلا لگتا ہو ، متناسب ، خوبصورت (پلیٹس ؛ شبد ساگر) .

[ه : پھبیلا फबीला]

پھپ (ضم پھ) اسذ (قدیم) ؛ ~ پھُب .

(رک) پُشپ .

پڑھیں پھپ اشلوک بھی پھول دھر
اڑیں توتی جگنی سوجیوں کنول کھر

۱۶۰۳ ابراہیم نامہ ، ۵۸

پھپا (ضم پھ ، شد نیز بلاشد پ) اسذ ؛ اسث : پھپی ؛ ~ پھپھا .

رک : پھوپا (پلیٹس ؛ نوراللغات) .

[ه : پھپا फुफा ، फुप्पा]

پھپاں (فت پھ) اسذ (قدیم) .

کوئلے .

اوپر ایک سینی رکھ دیجئے اس پر پھپاں جلا دیجئے .

مشرقی مغربی کھانے ، ۱۳۳

[مقامی]

پھپ پھپ کرنا محاورہ .

شرم یا ہوکھلاہٹ میں زبان کا ہکلانا یا بے معنی آواز نکلنا .

بابا یارو اتنا شرمندہ ہوا کہ کچھ کہہ ہی نہ سکا ، منہ سے بس پھپ پھپ کر کے رہ گیا .

۱۹۷۰ کپاس کا پھول ، ۲۸۹

[حکایت الصوت]

پھپتی (فت پھ ، سک پ) اسث .

رک : پھبتی .

اوس پری رخسار پر پھپتی کہی ہے حور کی
سچ تو یہ ہے سوجھتی ہے کیا ہی مجکو دور کی

۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۱۴۳

[ه : پھبتی फबती]

بھپٹ (فت بھ ، شد پ بفت) امذ ؛ ~ بھپٹ .

۱. **شور و غوغا ، لغان و فریاد ، فتنہ و فساد .**

شاہزادی کی ظاہر داریوں نے ماتم کی صف پر بھپٹ مچا مچا کر . . . ہمارے بھی دل پر نقش کر دیا ہے .

۱۹۲۳ دور فلک ، ۷۲

۲. **چرچا ، شہرت .**

اک بات کا بھی لوگوں میں بھپٹ اسے کرنا
ہم ہیں گے بہت میر کے بستار سے ناخوش

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۶۹۱

۳. **ضد ، کد .**

دیتی ہے طول بلبل کیا نالہ و فغاں کو
دل کے الجھنے سے ہیں یہ عاشقوں کے بھپٹ

۱۸۱۰ میر (نوراللغات)

۴. **مکر ، فریب** (فرہنگ آصفیہ) .

[० : भपट]

— باز صف .

مکار ، فریبی ؛ فتنہ انگیز ، فسادی (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

[بھپٹ + باز (رک)]

— بازی امث .

مکاری ، عیاری ؛ فتنہ انگیزی (نوراللغات ؛ فرہنگ آصفیہ) .

[بھپٹ + بازی (رک)]

— بائی امث ؛ امذ : فیلبایا .

فیلبائی ، تھوڑی بات کو بڑھانے والی عورت ، مکارہ ، جھگڑالو (فرہنگ آصفیہ) .

[ا : بھپٹ + بائی ، لاحقۂ صفت]

بھپ جانا ف مر .

رک : بھبنا .

بھپ گئی ان پر سگ مادہ شکاری کی مثل
بیٹھتے ہی چارپائی پر لگا پیخانہ تھا

۱۸۸۹ دیوان عنایت وسفلی ، ۱۵

بھپدنا (فت بھ ، پ ، سک د) ف ل .

رک : بھبدنا (نوراللغات) .

[० : भपदना]

بھپدنت (ضم بھ ، سک پ ، فت د ، سک ن) امذ .

(فیل بانی) ہاتھی کا وصفی نام (ا پ و ، ۵ : ۷۴) .

[غالباً بھپ + دنت (= دانت) (رک)]

بھپڑ (بھپھڑ) دلال (فت بھ ، پ ، (فت بھ) ، فت د) صف .

مکار ، خوشامدی .

اب ان کے گرد خوشامدیوں یا بقول ہوا نصیبن کے بھپڑ دلالوں کا ہجوم ہے .

۱۹۲۴ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۹ ، ۱۵ : ۱۰

[مقامی]

بھپڑ (بھپھڑ) دلالے (فت بھ ، پ ، (فت بھ) فت د) امذ .

خوشامد ، بناوٹ یا دکھاوے کی باتیں .

اور جو جو تو سگھڑ بھلائیاں کیا کرتی تھی وہ نرے بھپڑ دلالے تھے .

۱۸۷۵ انشائے ہادی النسا ، ۱۱۱

[مقامی]

— پن (— فت پ) امذ .

خوشامدی پن ، تصنع ، مکاری پیشہ .

سسرال میں سٹے بٹے لڑانے اور بھپڑ دلالے پن کی خدمت انجام دینے کی تخم ریزی فرماتی جاتی تھیں .

۱۹۲۵ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۰ ، ۷ : ۴

[بھپڑ دلالے + پن ، لاحقۂ کیفیت]

— دکھانا محاورہ .

بناوٹ کی باتیں کرنا ، دکھاوے کی خوشامد کرنا .

لطف النساء نے قافلہ سالار کو وہی بھپڑ دلالے دکھائے جو مرتضیٰ بیگ کو دکھائے تھے .

۱۹۳۳ فراق دہلوی ، مضامین ، ۱۴۰

— کرنا/مچانا محاورہ .

جھوٹی محبت جتانا ، دکھاوے کی خوشامد درآمد کرنا ، بناوٹ کی باتیں کرنا .

میرے چوٹ ووٹ کہیں نہیں لگی تم ناحق اتنے بھپڑ دلالے مچاتی ہو .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۸۹

اری تو بھپڑ دلالے کیوں کرتی ہے ، دیکھتی نہیں کہ منھ پر ہوائیاں اڑ رہی ہیں .

۱۹۳۹ حکایات رومی ، ۱ : ۱۲۸

پھپڑ دلالیا (ف ت پھ ، پ ، د ، سک ل) صف .

خوشامدی ، مکار (جامع اللغات) .

[پھپڑ دلالے (رک) + ا ، لاحقۂ صفت]

پھپڑی (ف ت پھ ، سک پ) اسث .

رک : پھپڑی .

ہونٹوں پر پھپڑیاں جمی ہوئی سر جھاڑ منہ پھاڑ .

۱۹۴۰ مس عنبر بی ، ۱۰۶

پھپڑی (کس پھ ، سک پ) اسث .

رک : پھپڑا ، پھپڑی .

دوڑتے دوڑتے پھپڑی پھول گئی .

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۱۵۶

پھپڑے (۱) (ف ت پھ ، سک پ) اسذ .

رک : پھپڑ دلالے (فرہنگ آصفیہ) .

— کرنا محاورہ .

پھپڑ دلالے (رک) کرنا (نوراللغات) .

پھپڑے (۲) (ف ت پھ ، سک پ) اسث .

حیلہ ، چال (پلیٹس) .

[ہ : پھپڑے]

پھپس (ف ت پھ ، شد پ بفت) صف ؛ ~ پھپھس .

۱. موٹا فربہ ، بے حساب ، غیر متوازن بادی جسم جو غذائی بے ترتیبی یا نظام جسمانی کے سبب ہو .

خلیفہ جی ہیں بھی بھدے پھپس ان سے محنت ہو نہیں سکتی .

۱۸۹۳ لکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۳۱۵

موٹی پھپس عورت بس روٹیاں توڑنے کی ہوتی ہے .

۱۹۱۷ نشاط عمر ، ۲۰۵

۲. پولا ، اندر سے خالی (پھل یا گنا وغیرہ) ، پھیکا ، بد مزہ (جامع اللغات) .

[ہ : پھپس]

— کا پھپس (— ف ت پھ ، شد پ بفت) صف .

بہت زیادہ موٹا .

چالاک کیا پھپس کا پھپس ایک انگلی لگے تو وہ گرے .

؟ نا معلوم مصنفین کے ڈرامے ، ۲۵

پھپسا (۱) (ف ت پھ ، سک پ) صف ، مذ ؛ ~ پھپھسا .

۱. پولا ، پھولا ہوا (مگر اندر سے خالی) (نوراللغات) .

۲. پھیکا ، سیٹھا ، بے مزا (جامع اللغات ؛ نوراللغات) .

[ہ : پھپسا फपसा]

پھپسا (۲) (ف ت پھ ، سک پ) اسذ .

لکڑی کی چھت پر گارے کی تہ ، لپائی ، لپن ، کہگل (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[ہ : پھپسا फपसा]

پھپک (ف ت پھ ، پ) اسث .

رک : پھپک (= ہالیدگی ، نمو) .

نمو کا جوش ہے برسات کا زمانہ ہے
بہار دیتی ہے کیسی پھپک نہالوں کی

۱۹۱۱ تسلیم (نوراللغات)

[ہ : پھپک फपक]

پھپکا (ف ت پھ ، سک پ) اسذ .

آبلہ ، چھالا ، پھولا ، پھپھولا .

یہ جل جل ہوا دل پہ پھپکا کا زور
الٰہی یہ پھپکے تو جلدی سے پھوڑ

۱۷۹۴ جنگ نامہ دو جوڑا ، ۳۱

[ہ : پھپکا फपका]

پھپکار (ضم پھ ، سک پ) اسث .

۱. سانپ کی پھنکار سے مشابہ آواز ، (مجازاً) رات کا سناٹا (نوراللغات) .

۲. اسٹیم انجن سے نکلنے والی آواز (نوراللغات) .

[ہ : پھپکار फपकार]

پھپکارنا (ضم پھ ، سک پ ، ر) ف ل .

سانپ کی پھنکار کی طرح آواز نکالنا .

پھپکارتی ہے پناہ کالی راتیں
اڑتے ہوئے ہوش کی قضائیں ہیں کہ زلف

۱۹۴۷ روپ ، ۶۲

[پھپکار (رک) سے]

پھپکنا (ف ت پھ ، پ ، سک ک) ف ل .

رک : پھپکنا .

وہ نونہال ریاض سلطنت . . . روز بروز پھپکنے لگا .
۱۸۹۰ فسانۂ دل فریب ، ۳۱
بنری کے دل میں جولیس کی محبت کا شجر روز بروز پھپکتا جاتا تھا .
۱۹۱۵ سجاد حسین ، دھوکا ، ۶۴
[ہ : پھپکنا फफकना]

پھپھو (ضم پھ ، شد نیز بلا شد پ ، و مج) امث .
رک : پھوپی .
ایک دن اماں اور چھوٹی پھپھو باتیں کر رہی تھیں .
۱۹۷۱ انگیاں نگار اپنی ، ۲۰۵
[ہ : پھپھو फफ्फो]

پھپھولا (فت پھ ، و مج) امذ ؛ ~ پھپولا .
۱. جل جانے یا گرمی یا بیماری کی وجہ سے جلد کا پولا ابھار جس کے اندر پانی بھرا ہوتا ہے ، چھالا ، آبلہ ، پھپھکا .
پھپھولے تھے بدن پر اوس کے گوہر
لگے سونے کی پنسلی طوق ہوکر
۱۷۵۹ راگ مالا ، ۶۲
فدائی ترا کل جو دل جل موا ہے
ہے سچ چھاتی اوپر پھپولا جو دیکھا
۱۸۱۸ اظفری ، د ، ۱۹
۲. روئی وغیرہ کا چھالے جیسا ابھار .
ایک چڑیا کی جیب اور مانڈے کا پھپولا لا دیا کرتے تھے .
؟ قصہ طلب ضرب الامثال ، ۴۸
[ہ : پھپولا फफोला]

— پڑنا محاورہ .
چھالا نمودار ہونا ، آبلہ نکلنا .
سوز جگر کا حرف جو آیا زبان پر
بس پڑ گیا ہماری پھپولا زبان پر
۱۸۲۶ معروف ، د ، ۵۱

— پھوٹنا محاورہ .
چھالے کا ٹوٹ کر پانی نکل جانا .
قضا نے اس لیے مجھ زار کو زیر زمیں پٹکا
پھپولا پھوٹ جائے نہ اس کانٹے سے گردوں کا
۱۸۵۸ دیوان امانت ، ۱۱

پھپھولوں سے پھلنا محاورہ .
کثرت سے آبلے پڑنا .
جگر پھولتا ہے پھپھولوں سے پھل کر
ملے دل کو در دانے چیچک نکل کر
۱۸۹۵ دیوان راسخ دہلوی ، ۱۰۳

پھپولے (فت پھ و ، و مج) امذ .
پھپولا (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .

— پڑنا محاورہ .
جلد پر چھالے نمودار ہونا .
نہیں ہیں شبنم کے صبح قطرے یہ برگ گل ہائے بوستاں پر
بیاد آتش رخاں پھپولے پڑے ہیں ہر پھول کی زباں پر
۱۸۴۰ نصیر ، ک ، ۲ : ۶۲
میرے اور آیرنسٹ کے تلووں میں ننگے پاؤں کے آنے جانے سے پھپولے پڑ گئے .
۱۹۰۴ سوانح عمری ملکہ وکٹوریہ ، ۱۲۳

— پھوڑنا محاورہ .
چھالوں سے پانی نکل جانا ، (طنزاً) دلی آرزو پوری ہو جانا ، دشمنی نکلنا (نوراللغات) .

— پھوڑنا محاورہ .
چھالے توڑنا ، دل کا غبار نکالنا ، غصہ نکالنا ، حسرت نکالنا (عموماً دل کے ساتھ) .
جا کر میکدے میں شیشے تمام توڑے
زاہد نے آج اپنے دل کے پھپولے پھوڑے
۱۷۵۶ خان آرزو (نوراللغات)
بظاہر دوستی کے برتاؤ اور پوشیدہ حسد کے پھپولے پھوڑتے تھے .
۱۹۰۶ مرآت احمدی ، ۳۶
پھپولے مرے دل کے پھوڑے کوئی
نگوڑے کی گردن مروڑے کوئی
۱۹۱۰ قاسم و زہرہ ، ۷

— توڑنا محاورہ .
رک : پھپولے پھوڑنا .
اس پر شاعر نے جل کر . . . اپنے دل کے پھپولے توڑے .
۱۹۴۳ حیات شبلی ، ۵۹۳

پھپھوند (فت پھ ، و مج ، مغ) امث .
۱. رک : پھپھوندی معنی نمبر ۱ .
صنوبر کی ایک قسم کی پھپھوند کی امداد سے غذائی مواد ملتا ہے .
۱۹۰۶ تربیت جنگلات ، ۲۸
۲. رک : پھپھوندی معنی نمبر ۲ .
مٹھائی مربے میں پھپھوند لگنے لگی .
۱۹۱۶ بازار حسن ، ۹۶
[ہ : پھپھوند फफूंद]

پھپوندنا (ف ت پھ ، و مع ، منع ، سک د) ف ل .

پھپوندی (رک) لگنا (نوراللغات) .

پھپوندی (ف ت پھ ، و مع ، منع) اسث ؛ ~ پھپھوندی .

۱. نباتات کی ایک شکل ، فنجی Fungi یا پھپوندی یہ یک خلوی یا کثیر خلوی ہوتے ہیں ان میں ایک قسم زہریلی نہیں ہوتی غذا اور دواؤں کے کام آتی ہے .

پھپوندی جس چیز کا نام ہے وہ بھی نباتات کی ایک قسم ہے .

۱۸۹۱ کسانی کی پہلی کتاب ، ۱ : ۷

۲. بعض اشیاء (شراب سرکہ وغیرہ) میں ان کی پختگی کا اظہار .

شراب کے اوپر یا سرکے کے اوپر روئی سی بندھ جانے بندی میں اس کو پھپوندی کہتے ہیں .

۱۹۱۳ مطلع العلوم (ترجمہ) ، ۱۹۶

اف : آنا ، جمنا ، لگنا .

۳. کبھی روئی کی طرح نرم اور سفید تہ کبھی سخت پرت جو اشیاء کے زیادہ عرصہ پڑا رہنے نیز اشیاء خوردنی کے نا قابل استعمال ہونے کی وجہ سے ان پر جم جاتی ہے ، سڑن ، بس جانے کی کیفیت .

بعض اوقات مٹروں میں پھپوندی لگی ہوتی ہے ایسے مٹر خریدنے سے انکار کر دیں .

۱۹۷۰ گھریلو انسائیکلوپیڈیا ، ۷۷۱

۴. پودے لکڑی وغیرہ کی ایک بیماری جو قابل علاج ہے .

لال گیہوں کی قسموں کو سفید گیہوں کی نسبت ایسے موسم میں جیسے کہ پہلے گزرا بہت کم پھپوندی لگتی ہے .

۱۸۶۵ رسالہ علم فلاحت ، ۸۸

چار حصے گندھک . . . پودے کی مختلف بیماریوں مثلاً . . . پھپوندی (Mildew) استعمال کیا جاتا ہے .

۱۹۶۸ کیمیاوی سامان حرب ، ۳۵۰

[ہ : پھپوندی फफूंदी]

پھپی (ضم پھ ، شد نیز بلا شد پ) اسث ~ پھپھی .

رک : پھوپی .

نہ دادی ، پھپی کنی چچانی منجے
نہ نانی نہ خالہ کہوں کیا تجے

۱۶۳۵ منیا ستونتی (قدیم اردو ، ۱ : ۱۳۳)

تمہاری پھپی کی آنکھوں سے خوشی اور محبت کے جوش میں بے اختیار آنسو ٹپک پڑے .

۱۸۹۸ مکتوبات حالی ، ۱ : ۱۶۱

خرم نے آواز پہچان لی اور بیتاب ہو کر بولا ، کون ؟ کیا پھپی صاحب ہیں ؟

۱۹۲۱ اولاد کی شادی ، ۱۰۵

[ہ : پھپی फूफी]

— بھتیجی/بھتیجے ایک ذات ' ماں بیٹی/بیٹے دو ذات کہاوت .

اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ پھوپی اور (بھتیجی/بھتیجے) یعنی بھائی کی اولاد میں جو قربت ہوتی ہے سلسلۂ نسب کے قانون کے مطابق ماں (بیٹی/بیٹے) میں وہ رشتہ نہیں ہوتا .

آپ جانتی ہیں پھپی بھتیجے ایک ذات ماں بیٹے دو ذات .

۱۹۲۴ انشائے بشیر ، ۱۲۱

پھپیا (ضم پھ ، سک پ) صف .

پھپی کی طرف منسوب تراکیب ذیل میں مستعمل .

[پھپی + ا ، لاحقۂ نسبت]

— ساس اسث .

شوہر کی پھوپی ، خسر کی بہن .

خلیا ساس ، چچیا ساس ، پھپیا ساس .

۱۸۷۳ مجالس النسا ، ۱ : ۵۲

ادھر مہمانوں کے کھانے کی مشکل وہ تو خیر پھپیا ساس نے یہ کام سنبھال لیا .

۱۹۶۵ نور مشرق ، ۱۲۲

[پھپیا + ساس (رک)]

— سُسر/سُسرا (— ضم س ، ف ت س/سک س) اسذ .

خسر کی بہن کا شوہر (نوراللغات) .

[پھپیا + سسر/سسرا (رک)]

پھپیرا (ضم پھ ، ی مج) صف مذ ؛ ~ پھپھیرا .

پھوپی کی طرف منسوب ، پھوپی کی طرف سے .

زبیر بن العوام رسول اللہ کے پھپھیرے بھائی اور مشہور صحابی تھے .

۱۹۱۱ سیرۃ النبی ، ۱ : ۲۱۸

[ہ : پھپھیرا फुफेरा]

پھپھا پھپھا (فت پھ ، شد پھ ، فت پھ ، شد پھ) امث .

(دانت گر جانے کی وجہ سے) پھپ پھپ کی آواز .

نانی اتن کی پھپھا پھپھا اور تھوک پیک اڑتے دیکھنے چھوٹی سہ دری میں چلی گئی .

۱۹۲۸ پس پردہ ، ۱۹

[حکایت الصوت]

پھپھس (فت پھ ، شد پھ ، بفت) صف .

رک : پھوس .

مرد ضعیفی کے بلغم سے پھپھس ، تھلتھل ، عورت نازک اندام دھان پان کامنی بدن میں جوانی کا کس بل .

؟ کمسن بیوی مسن شوہر ، ۶

[ف : پھپھس फफस]

پھپھسا (۱) (فت پھ ، سک پھ) امذ .

پھوس ؛ پھوڑا (شبد ساگر) .

[س : پھپس फफ्फस]

پھپھسا (۲) (فت پھ ، سک پھ) صف .

پھولا ہوا ، اندر سے خالی ، پولا ؛ پھل جس کا مزہ بگڑ گیا ہو ، بُرے ذائقے والا ، پھیکا ، بے مزہ (شبد ساگر ؛ پلیٹس) .

[ف : پھپھسا फफसा]

پھپھکا (فت پھ ، سک پھ) امذ .

پھپھولا ، چھالا (شبد ساگر) .

[ف : پھپھکا फफका]

پھپھکنا (فت پھ ، پھ ، سک ک) ف ل .

رک : پھپکنا .

بہت سے نئے خوش رنگ پھپھکتے ہوئے پودے اس میں جماتے ہیں .

۱۹۵۳ دیباچہ ، دیوان صفی ، ۲۳

۲۰ رک : پھپکنا (شبد ساگر) .

[ف : پھپھکنا फफकना]

پھپھور (فت پھ ، و مج) امذ .

ایک قسم کی جنگلی باز جو بیشتر ہمالیہ کے علاقے میں چھ ہزار فٹ کی بلندی پر ہوتی ہے اور باز کی جگہ مستعمل ہے (شبد ساگر) .

[ف : پھپور फफोर]

پھپھولا (فت پھ ، و مج) امذ .

رک : پھپولا .

دل رشک کی جلن سے پھپھولا ہوا پیا
کیوں غیر سیں بلا کے کہا تم نیں آب لا

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۱۰۳

پھپھولا ہو رہا ہے دل ہمارا
دکھایا اس کے تئیں تونے ارے رے

۱۸۰۵ کلیات صاحب ، ۷۷

پھپھوندی (۱) (فت پھ ، و مع ، مغ) امث ؛ سہ پھپھوندی .

رک : پھپھوندی .

پھپھوندی کے لیے سوکھی گندھک کا چھڑکنا زیادہ مفید ہے .

۱۹۳۰ کتاب شفتالو ، ۸۰

پھپھوندی (۲) (فت پھ ، و مع ، مغ) امث .

عورتوں کی ساڑی کا بندھن (شبد ساگر) .

[ف : پھپھوندی फफूंदी]

پھپھی (ضم پھ ، شد پھ) امث .

رک : پھوپی .

کنتی . . . سری کرشن جی کی حقیقی پھپھی تھیں .

۱۸۷۳ قصص ہند ، ۱ : ۲۷

ایک برہمنی آپ کی بہن اور شہزادیوں کی پھپھی بنی .

۱۹۳۳ مغل اور اردو ، ۱۰۴

[ف : پھپھی फफ्फी]

پھپھر (فت پھ ، شد ت بفت) امذ (قدیم) .

رک : پتھر .

پھپھر تل جو بات آئے اوکل ستی
تو واں تے اسے کاڑنا کل ستی

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۶۳

پھپھر کوں دیا گھر کے ساماں
خنجر سوں لیا سپر کے کاماں

۱۷۰۰ من لگن ، ۴

پھپھکی (۱) (ضم پھ ، سک ت) امث .

رک : پھدکی .

پہلے تھوڑی دیر کے لیے تیز آنچ کریں کہ پھٹکی خوب کھائے۔
۱۹۴۷ شاہی دستر خوان، ۱۴۰

[फतकी : ٥]

پھُٹکی (۲) (ضم پھ، سک ت) امث۔
ہوا، درزن چڑیا، لاط: Orthotomus ؛ Longicanda
رک: پھدکی (پلیٹس)۔

[फतकी : ٥ : پھٹکی]

پھَتنگا (فت پھ، کس ت، غنہ) امذ۔
رک: پتنگا (پلیٹس)۔

[फतिंगा : ٥ : پھتنگا]

پھَٹ (۱) (فت پھ)۔
(الف) امث۔
۱۔ رک: پھٹ پھٹ۔
۲۔ تمانچے کی آواز؛ کسی چیز پر ہاتھ مارنے کی آواز؛ چابک یا کوڑے کی آواز؛ گیلے کپڑے کو پتھر یا لکڑی کے تختے پر مارنے کی آواز (جامع اللغات)۔
۳۔ مجازاً ختم، تمام۔
جب تک ایک فریق خیانت نہ کرے بیوپار چلتا رہتا ہے ورنہ سودا پھٹ۔
۱۹۴۴ ٹیڑھی لکیر، ۲۹۵
۴۔ ضرب، ٹھوکا، ٹھوکا، وار۔
اللہ کا نام لے کر کسّی کو ہاتھ میں تولا زمین پر پہلا پھٹ لگا تو . . . سرخ سرخ مٹی کے چند ڈھیلے باہر نکل آئے۔
۱۹۷۱ فکر و خیال، ۶۳
(ب) م ف۔
فوراً، اسی وقت (بلا تاخیر) جھٹ، معاً۔
میں تو ابھی عارضی ہوں، پھٹ نکال دیا جاؤں گا۔
۱۹۴۷ دھانی بانکیں، ۳۵

[حکایت الصوت]

— پھَٹ (— فت پھ) امث۔
۱۔ (i) پھٹ (الف) (رک) کی تکرار۔
کچھ لمحہ بعد سیڑھیوں میں چپل کی پھٹ پھٹ سنائی دیتی ہے۔
۱۹۳۱ ہاہی، ۱۵۱
(ii) گولا چھوٹنے کی آواز۔
نہ پھٹ پھٹ، نہ دھواں دھوں نہ شائیں نہ دھائیں۔
۱۹۳۶ آتش خنداں، ۱۰۳
(iii) موٹر سائیکل کی آواز۔
مرزا نے نہ یہ اعلان سنا اور نہ ہماری موٹر سائیکل کی پھٹ پھٹ۔
۱۹۷۰ خاکم بدہن، ۱۸۳
۲۔ شور و صدا، شور و شغب۔
دیتی ہے طول ہابل کیا نالہ و فغاں کو
دل کے الجھنے سے ہے یہ عاشقوں کی پھٹ پھٹ
۱۸۱۰ میر، ک، ۵۷۳
۳۔ (مجازاً) شہرت، چرچا۔
بالآخر مسرت واہ واہ اور پھٹ پھٹ کی خاطر دیوالیا نکلتا ہے۔
۱۹۰۴ عصر جدید، ستمبر، ۳۰۵

— پھَٹ کرنا محاورہ۔
۱۔ پھٹ پھٹ کی آواز پیدا کرنا، موٹر سائیکل چلانا۔
شہاب پھٹ پھٹ کرتے ہوئے تشریف لے گئے۔
۱۹۳۷ دنیائے تبسم، ۸۱
۲۔ (مجازاً) بے اصول کام کرنا، ٹھوکم ٹھاک کرنا، کام کم اور شور زیادہ کرنا۔
ارے ٹھیک ٹھیک ٹھونک یہ پھٹ پھٹ کیا کر رہا ہے۔
۱۸۹۳ گارو زرینہ (متفرق مصنفین کے ڈرامے، ۱۱ : ۱۳۴)

— دے/— دے سی م ف۔
رک: پھٹ سے۔
لھوے سوں ناز کے اپنے توں مارے پھٹ دے پھٹکا سو
تمھارے پیار کرنے سوں لگیا وہ پھٹ رے پھٹ کا خوش
۱۶۹۷ ہاشمی، د، ۹۶
نتیجہ یہ ہوا کہ پھٹ دے سی برخاست کر دے گئے۔
۱۸۹۶ شاہد رعنا، ۱۷۱

— سے م ف۔
رک: پھٹ (۱) (ب)، ترت۔
ان کے دل میں کوئی بات ہو اور پھٹ سے منہ پر نہ کہہ دیں۔
۱۹۲۶ شرر، مضامین، ۱ : ۳۲۸

پھَٹ (۲) (فت پھ) امث۔
پھٹنا (رک) کا اسم کیفیت (تراکیب میں مستعمل)۔

— پڑنا محاورہ۔
۱۔ افراط سے ہونا، کثرت سے ہونا، کثرت ہونا۔
دولت جو پھٹ پڑی تو کوڑی کوڑی دردلداں سے پکڑنے لگے۔
۱۹۳۲ ریاض، نثر ریاض، ۱۶۸

۰۲ جوش پر ہونا ، زوروں پر ہونا .
سچ تو یہ ہے صحرا پر بہار پھٹ پڑی ہے .
۱۸۶۶ جادۂ تسخیر ، ۲۵
بہار باغ بن کر پھٹ پڑا ہے حسن پھولوں پر
ہوا سے باتیں ہیں شاخیں کہ گل بیٹھے ہیں جھولوں پر
۱۹۲۵ شوق قدوائی ، مثنوی حسن ، ۴۲
موسم پر رنگینی پھٹ پڑی ہے ، معلوم ہوتا ہے قدرت انتقام پر تلی ہے .
۱۹۳۷ حرف آشنا ، ۶۹
۰۳ نازل ہونا ، (بک بک) آجانا .
نہ جانے کہاں سے یہ شیطان پھٹ پڑے .
۱۹۳۶ پریم چند ، پریم چالیسی ، ۲۹۲
۰۴ (جذبات سے) بے قابو ہونا ، پھڑک جانا .
الشذری تیزی سے خفا ہوکر بولے . . . اس پر وہ پھٹ پڑا .
۱۹۳۲؟ روح ظرافت ، ۷۷
۰۵ ظاہر ہونا ، نمایاں ہونا .
مبادا بات کیں میرے پرت کی پھٹ پڑے گی کر
گنگا ہو جیب کوں گردان سٹ دے بات پھرتا ہوں
۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۱۴۳
نظروں سے اوجھل ہوتے ہی پھٹ پڑتی ہے .
۱۹۲۲ انار کلی ، ۸۷
۰۶ تباہ ہونا ، برباد ہونا ، غارت ہونا .
پھٹ پڑو یہ سلطنت جس کا حساب
جو کہ اب دینے لگا ہے مجھ عذاب
۱۷۳۳ پنچھی نامہ ، ۱۷
چنے افشاں جو غیر اس کے کسی رات
الٰہی پھٹ پڑے تاروں بھری رات
۱۸۷۶ سخن بے مثال ، ۳۲
۰۷ ٹوٹنا ، بوجھ سے گر پڑنا .
قدم بھاری ہمارا ہوگا ہم پر باغ عالم میں
وہ ٹہنی پھٹ پڑے گی جس پر اپنا آشیاں ہوگا
۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۴۲
۰۸ خوب موٹا ہوجانا (نوراللغات) .

— پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان کہاوت .
جس چیز سے انجام کار نقصان ہو اس کے وقتی یا ظاہری فائدے سے کیا حاصل ، رک : پھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹے کان .
ایسی بالیاں کس لیے ہوائیں جن کو کان برداشت نہیں کر سکتے کیا یہ کہاوت ان کے کان تک نہیں پہونچی پھٹ پڑے (بھاڑ میں جائے) وہ سونا جس سے ٹوٹے کان .
۱۸۸۷ موعظہ حسنہ ، ۴۲
پھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان باز آئے ہم اس پندرہ روپے کی نوکری سے .
۱۹۰۰ شریف زادہ ، ۸۵

— پھٹانا ف مر .
۰۱ رک : پھوڑ پھوڑانا .
انہوں نے پھر اپنے پر پھٹ پھٹا کر غل کیا .
۱۸۴۵ احوال الانبیاء ، ۱ : ۱۳۸
سوسو کے ٹوٹ ہوا میں اڑنے اور پھٹ پھٹانے محسوس ہوتے .
۱۹۶۹ وہ جسے چاہا گیا ، ۱۰۳
۰۲ بے ہنگم آواز پیدا کرنا یا ہونا ، کسی انجن کے خراب چلنے کی آواز نکلنا .
وہ آواز جو ہر سلنڈر کے برابر کام کرنے سے ایک سر اور تال پر نکل رہی ہوتی ہے پھٹ پھٹانے لگتی ہے .
۱۹۷۵ پٹرول انجن ، ۱۵۵
۰۳ بےچین ہونا ، بیتاب ہونا ، مضطرب ہونا ، بے قرار ہونا (ماخوذ : نوراللغات) .
۰۴ دستک دینا ، تھپتھپانا .
مگر ہاں آن مسماۃ کو کسی اور مکان میں ٹھہرا دیجئے بس جو کوئی آئے گا پھٹپھٹا کے رہ جائے گا .
۱۸۹۰ سیر کہسار ، ۲ : ۳۷۷
۰۵ بکری اور کتے کا کانوں کو پھوڑ پھڑانا ؛ مرغ کا علی الصباح پروں کو جھوڑ جھڑانا (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

— پھٹ کے برسنا محاورہ .
ٹوٹ ٹوٹ کر برسنا ، زیادتی کے ساتھ بارش ہونا .
وہ دامن در ہوں تربت پر مری شاد
سحاب بے کسی پھٹ پھٹ کے برسے
۱۸۷۸ سخن بے مثال ، ۱۴۳

— جانا ف مر .
۰۱ رک : پھٹنا (نوراللغات) .
۰۲ منجمد چیز کا بہہ جانا .
جب انڈے میں خرابی شروع ہوتی ہے تو پہلے اس کی زردی پھٹ جاتی ہے .
۱۹۲۴ پرندوں کی تجارت ، ۴۶
۰۳ بھاگنا ، الگ الگ ہو جانا ، منتشر ہو جانا .
ایک موقع پر جب اکبر مست ہاتھی پر سوار ہو کر نکلا تو ہاتھی جس طرف رخ کرتا تھا لوگ پھٹ جاتے تھے .
۱۹۱۴ شبلی ، مقالات ، ۸ : ۱۸۰
۰۴ بیزار ہو جانا (جی یا دل وغیرہ کے ساتھ) .
ان کی انہیں باتوں سے میرا جی پھٹ گیا .
۱۹۲۶ نوراللغات

پھٹ (کس بہ) امث .
لعنت ، نفرین ، پھٹکار .

مجھ کو تو اپنے ہم وطنوں . . . سے بجز لعنت اور پھٹ اور جوتی و پزار کے اور کسی چیز کی توقع نہیں ہے .

۱۸۹۸ سر سید ، مکتوبات ، ۸۰

پھٹ ایسے دھن پر جو حسن کے دھنی شوہر سے مجھے جدا رکھے .

۱۹۲۴ محمد کی سرکار ، ۲۷

[س : سپٹھٹ स्फिट]

— پھٹ (— کس پھ) امث .

رک : پھٹ .

جس نے اللہ نام نہ لینا پھٹ پھٹ یارو واکا جینا

۱۷۳۷ گنگج ، ۳

جہاں جائے دور دور، جس کے پاس کھڑے ہوئے پھٹ پھٹ .

۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۹۴

— پھٹ کرنا محاورہ .

لعن طعن کرنا ، برا بھلا کہنا (نوراللغات) .

— پھٹ کہنا محاورہ .

رک : پھٹ پھٹ کرنا .

جانے دیا نہ دھن لگ اس ہٹ نہ کیں تو کیا کیں
ایسے رقیب اوپر پھٹ پھٹ نہ کیں تو کیا کیں

۱۷۱۷ بحری ، ک ، ۱۷۶

— واکا جینا جو پگڑے (تکے) پرائی آس کھاوت .

جو دوسروں کے سہارے پر رہے اس کی زندگی پر لعنت ہے (خزینۃ الامثال ؛ جامع اللغات) .

پھٹ (ضم پھ) صف .

طاق عدد ، اکیلا ، الگ ، علیحدہ ، منتشر کیا ہوا .

جب تک شادی نہیں ہوتی میاں انسان سلمہ پھٹ یعنی واحد کہلاتے ہیں .

۱۹۳۴ داودہ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۹ ، ۲۳ : ۳

[س : سپٹھ स्फट]

پھٹا (۱) (فت پھ) صف .

پھٹنا (رک) سے (تراکیب میں مستعمل) .

— بانس (— مغ) امذ ؛ صف .

(مجازاً) بے سُری اور بھدّی آواز .

اس کی آواز تو رات بھر کی جگار سے پھٹا بانس ہو رہی تھی .

۱۹۶۶ دو ہاتھ ، ۲۳۷

[پھٹا + بانس (رک)]

— پُرانا (— ضم پ) صف .

اُترن ، پھٹے ہوئے کپڑے جو استعمال میں نہ آ سکیں .

سوا ہے خلعت زر سے فلک جو دے ہم کو
گلہ نہیں ہے جنوں میں پھٹے پرانے کا

۱۸۷۶ سخن ہے مثال ، ۱۳

کٹی بہار تو اب ہے جنون کپڑے کا
میں گھر میں ڈھونڈھ رہا ہوں پھٹے پرانے کو

۱۹۲۵ شوق قدوائی ، د ، ۱۲۱

— پڑنا محاورہ .

۱. حسن و خوبصورتی کا بھرپور اظہار ہونا ، جوبن پر ہونا ، بھرپور جوانی ہونا (شباب وغیرہ کے ساتھ) .

اول تو وہ ایسی مہ پارہ پری چہرہ تھی . . . دوسرے شباب پھٹا پڑتا تھا .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۶۲۲

۲. نکلا پڑنا ، خوب نمایاں ہونا .

زربفت کی ایک چست جیکٹ میں سے اس کے جسم کے بالائی حصہ کا تناسب پھٹا پڑتا تھا .

۱۹۲۵ معاشرت ، ظفر علی خاں ، ۲۹

— پھٹا (— فت پھ) صف .

۱. منحرف ، کترایا ہوا ، دور دور (سے کے ساتھ) .

سیدھے راستے سے پھٹا پھٹا چلتا ہے .

۱۹۲۲ گاڑھے خاں نے ململ جان کو طلاق دیدی ، ۲۲

۲. الگ تھلگ .

اب تو آپ ہم غریبوں سے پھٹے پھٹے رہتے ہیں .

۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۱ : ۳۸

ہندو لیڈر بھی اب ان سے پھٹے پھٹے نظر آتے تھے .

۱۹۲۶ محمد علی ، ۱ : ۳۹۱

۳. پھیلا ہوا ، کشادہ ، چرا ہوا .

پھٹے پھٹے دیدوں میں کاجل کی ریل پیل .

۱۸۹۰ طلسم ہوشربا ، ۴ : ۱۲۳۹

۴. درد سے سر یا آنکھوں کا شق ہونا (جامع اللغات) .

تین دن سے سر میں ایسا درد ہو رہا ہے کہ پھٹا پڑتا ہے .

۱۹۶۲ مہذب اللغات

۵. نہایت موٹا ہونا (جامع اللغات) .

— پھٹا رہنا محاورہ .

الگ الگ رہنا .

غلانیہ تو نہیں مگر در پردہ بڈھا پھٹا پھٹا رہنے لگا .

۱۹۳۵ داودہ پنچ ، لکھنؤ ، ۲۰ ، ۳ : ۴

ــ حال امذ .

بری حالت ، غربت کی حالت ، خستہ حالت .

جب کم مرتبہ یا ذی رتبہ درباری اس شاہراہ پر ہو کر نکلے تو وہ بیچارے سوار اٹھ اٹھ کر اپنا پھٹا حال دکھاتے ہیں .

عطر مجموعہ ، ۱ : ۱۷۶ ۱۸۷۲

اگر وہ پھٹے حالوں میں ہیں ، بھوکے پیاسے ہیں کمزور اور ناتواں ہیں اور دنیا میں ان کی کوئی توقیر نہیں تو اسلام کی ذلت ہیں .

باقیات بجنوری ، ۲۷ ۱۹۱۱

[پھٹا ، پھٹے + حال (رک)]

ــ دُودھ (ــ و مع) امذ .

دودھ (گرمی یا کسی اور وجہ سے) جس کا قوام بگڑ جائے اور پانی الگ ہو جائے (جامع اللغات) .

[پھٹا + دودھ (رک)]

ــ دہَن (ــ فت د ، ہ) صف .

اپنی حد سے بڑھ کر باتیں کرنے والا ، رک : دریدہ دہن ، بے تکی اور بیہودہ باتیں کرنے والا ، جو منہ میں آئے وہ کہہ دینے والا .

زہے وہ معنی قرآں کہے جو تو واعظ
پھٹے دہن کے تئیں اپنے کر رفو واعظ

سودا (مہذب اللغات) ۱۷۸۰

[پھٹا + دہن (رک)]

ــ دیدہ (ــ ی مع ، فت د) صف .

بے حیا ، بے شرم ، بے غیرت .

سیلانی جیوڑے ، پھٹا دیدہ ، ذات پرستی کا لپکا .

عظمت ، مضامین ، ۲ : ۳۲۲ ۱۹۲۷

[پھٹا + دیدہ (رک)]

ــ ڈھول (ــ و مج) امذ .

رک : پھٹا بانس .

اس کی زبان ہمیشہ تیز قینچی کی طرح . . . چلے جاتی تھی اور آواز بالکل پھٹا ڈھول تھی .

دلی کی شام ، ۱۸۸ ۱۹۶۳

[پھٹا + ڈھول (رک)]

پُھٹا (ضم پ) امث .

سانپ کا پھن (پالیش ؛ جامع اللغات) .

[س : स्फोटा]

پَھٹّا (۱) (فت پھ ، شد ٹ) امذ .

۱. **بانس کا ٹکڑا جسے طول میں پھاڑا ہو (نوراللغات) .**

۲. **چرا ہوا تختہ ، پھاڑا ، پٹڑا .**

کھرپی . . . مٹی ، پھٹا اور پھیگا اور سراون بھی اضلاع مختلف میں اسی کا نام ہے .

توصیف زراعات ، ۳۳ ۱۸۴۸

۳. **رک پٹھا معنی نمبر (۶) .**

ہنت اور گوکھرو گوٹا کناری دھنک مقیش اور پھٹا پیازی

تیرہ ماسہ ، طالب شاہ ، ۲۵ ۱۸۷۴

۴. **رک : پٹھا معنی نمبر (۵) .**

ٹوکری کو پھٹوں میں رکھ کر سر کے اُنو کو اس میں پھینک دیا .

گرہن ، ۵۹ ۱۹۳۲

۵. **رک : پٹھا .**

اس کے بازوؤں کے پھٹے پھڑکنے لگے .

بگولے ، ۱۶۳ ۱۹۶۷

[پھٹنا (رک) سے]

پَھٹّا (۲) (فت پ ، شد ٹ) امذ ، امث .

معمولی فرش ، دری ، چٹائی ، جوٹ کا بنا ہوا ٹاٹ ، جیل میں تیسرے درجے کے قیدیوں کے لیٹنے کی چٹائی (مہذب اللغات ؛ شبد ساگر) .

[ہ : पट्टा پھٹّا]

ــ اُلٹانا محاورہ .

پھٹا اُلٹنا (رک) کا تعدیہ (شبد ساگر) .

ــ اُلٹنا محاورہ .

دیوالہ نکالنا ، دکان بند کرنا ، ٹاٹ اُلٹنا .

دکان بڑھا پھٹا الٹ دیوالہ نکال دیا .

فسانۂ معقول ، ۹۶ ۱۸۷۳

ــ لَوٹانا محاورہ .

دیوالہ نکالنا ، ٹاٹ اُلٹنا (شبد ساگر) .

پھٹّا (کس پ ، شد ٹ) صف .

رک : پھٹ ، ملعون ، جس پر پھٹکار برستی ہو ، اترا ہوا ، بے عزت (شبد ساگر) .

[پھٹ + ا ، لاحقۂ نسبت و صفت]

سا منھ (— ضم م ، مغ) امذ .

لعنتی چہرہ (کسی کو ملامت کرنے کے لیے کہتے ہیں) .

سوائے تعریف کے کسی نے پھٹے سے منہ تک نہیں کہا .

۱۹۰۰ ذات شریف ، ۶۳

پھٹا پھٹ (فت پھ) امث ؛ م ف .

رک : پھٹ پھٹ .

ادھر سے سڑاسڑ بیت چلتی اُدھر پھٹا پھٹ کتاب پر رکتی .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۳ : ۲۰۳

[حکایت الصوت]

پھٹارہ (فت پھ ، ر) امذ/صف ؛ ~ پھٹارا .

چوڑی کھلی شے ، پھٹی پھٹی .

وہ کوئی جواب دیے بغیر نہایت اطمینان سے اپنے سیاہ پھٹارہ سے چہرے پر بڑی بڑی موٹی موٹی آنکھیں لیے فرش پر ٹانکی پھیرتی رہی تھی .

۱۹۶۸ فنون ، ۶ : ۱۹

[پھٹا (رک) سے]

پھٹاک (فت پھ) امث (قدیم) .

رک : پھٹ ، پٹاخے کی آواز .

نس کیس سیانے کیوڑے دستے ہیں بھیریں کے جیوں
تالاں پھٹاک نادان آنند گگن گجائے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۹۳

[حکایت الصوت]

پھٹاکا (۱) (فت پھ) امذ ؛ ~ پھٹاخا .

۱. بندوق کی گولی کا ٹپا ؛ پھٹنے والی گولی یا گولا ، بندوق کے چلنے کی آواز (ا پ و ، ۸ : ۸۳) .

۲. زور سے مارنے کی آواز (عزیزاللغات) .

اف : ہونا .

[پھٹاک + ا ، لاحقۂ نسبت]

پھٹاکا (۲) (فت پھ) امذ .

(کسی معاملے میں) یکسوئی ، فیصلہ ؛ جدائی .

تن عریاں ہوا چاک و رفو کی فکر سے فارغ
پھٹاکا ہو گیا مدت سے دامان و گریباں کا

۱۸۴۷ کلیات منیر ، ۱ : ۲۲۵

[پھٹنا (رک) سے]

پھٹاکی (فت پھ) امث .

بندوق (ا پ و ، ۸ : ۱۷۸) .

[پھٹاک (رک) سے]

پھٹانا (فت پھ) ف ل ؛ ف م .

رک : پھاڑنا .

دودھ کو پھٹانے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ بیس اونس یعنی تقریباً دس چھٹانک دودھ میں ایک ٹکیہ رینٹ (rennet) کی ملا دیں اور دودھ کو معمولی حد تک گرم کریں .

۱۹۷۰ گھریلو انسائیکلوپیڈیا ، ۲۲۸

پھُٹانا (۱) (ضم پھ) امذ ؛ ~ پھوٹانا .

مٹر یا چنا جس پر شکر لپٹی ہوئی ہو .

کنکر بخ سوں شکر پھوٹانے دسیں
ننھی ریگ سو سونف دانے دسیں

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۰۲

کھانے میں سمو ، دال ، چنے جنہیں پھٹانے یا پھولے چنے کہتے .

۱۹۷۳ پھر نظر میں پھول مہکے ، ۵۱

[مقامی]

پھُٹانا (۲) (ضم پھ) ف م .

۱. پھوٹنا (رک) کا تعدیہ (جامع اللغات) .

۲. بڑھانا ، زیادہ کرنا (پلیٹس) .

۳. چُھٹانا ، جستجو کرنا ؛ آزاد کرانا ، (قبضے سے) نکالنا .

اتنے میں خبر پھونچی کہ بھٹنڈہ کے پھٹانے کے لئے راجا پتھورا اور گوبند رائے جو دہلی میں اس کی طرف سے نائب تھا ایک لشکر کا لشکر لے کر طوفان کی طرح چلا آتا ہے .

۱۸۸۰ تاریخ ہندوستان ، ۱ : ۳۵۶

پھٹاؤ (فت پھ) امذ .

پھٹنے کا عمل ، درار (دراڑ) ، شگاف ، پھٹن (شبد ساگر) .

[پھٹنا (رک) سے]

پھُٹاؤ (ضم پھ) امذ .

بیج سے پودے کا نکلتا یا شاخ میں کونپل پھوٹنے کی شکل .

انگور پھٹاؤ پر تھا اور نئی نئی پتی نکل رہی تھی .

۱۸۸۱ رسالہ تہذیب الاخلاق ، ۲۲۰

[پھوٹنا (رک) سے]

پھٹاوا (فت پھ) صف .

پھٹا ہوا .

کوٹ تو آپ پہنتی ہیں پھٹاوا اور بنتی ہیں میم صاحب .

۱۹۴۷ قیامت ہمرکاب آئے ، ۹۰

[پھٹنا (رک) سے]

پھٹ پھٹانا محاورہ .

۱. **مضطرب ہونا ، بیچین کرنا یا ہونا ، ترسنا ، خواہش کرنا .**
مگر ہاں ان مسماۃ کو کسی اور مکان میں ٹھیرا دیجئے بس جو کوئی آئے گا پھٹپھٹا کے رہ جائے گا .
۱۸۹۰ سیر کہسار ، ۲ : ۳۷۷

۲. **رک : پھڑ پھڑانا .**
گھوڑے کے ہنہنانے اور پروں کے پھٹپھٹانے ... کی آوازیں آ رہی تھیں .
۱۹۲۳ سیرۃ النبی ، ۳ : ۶۸۸

۳. **ہوا کے ٹکراؤ سے آواز پیدا ہونا .**
اس کے ہوا میں اڑتے بال ، اور پرندوں کے پروں کی طرح ہوا میں پھٹپھٹاتا اس کا کوٹ .
۱۹۸۰ ماں کی کھیتی ، ۶۲

پھٹ پھٹی/پھٹ پھٹیا (ف ث ، پھ/سک ٹ) امث .
موٹر سائیکل جس کے چلنے میں پھٹ پھٹ کی آواز نکلتی ہے .
ایسے پھٹ پھٹی چلاتی ہے کہ بس کیا بتاؤں عورت ہے کہ شیر کی بچی .
؟ بت جھڑ کی آواز ، ۸۸
پھٹ پھٹیا ، ہوائی جہاز اور تار گھر وغیرہ کے الفاظ بطور خاص بنائے نہیں گئے بلکہ عوام نے اپنے طور پر بولنا شروع کیا اور وہ کثرت استعمال سے مستند قرار پا گئے .
۱۹۶۲ تدریس اردو ، ۳۸
[پھٹ (حکایت الصوت) سے]

پھٹک (۱) (ف ث ، ٹ) امث .

۱. **پھٹکنا (رک) سے اسم کیفیت (تراکیب میں مستعمل)، رک : چھان پھٹک ، پھٹک کر .**

۲. **آمد و رفت ، آنا جانا ، میل ملاقات .**
رہتے تھے ہم وے آٹھ پہر یا تو پاس پاس
یا اب پھٹک نہیں ہے کہیں ان کے آس پاس
۱۸۱۰ میر ، ک ، ۴۳۱
[س : سپھٹکہ : स्फटिक]

ـ کر/کے م ف .

۱. **(مجازاً) الگ ہوکر ، بیزار ہوکر .**
رنج ہوں سب پھٹک کے یکسویہ
بک الھوں داستان ہرزویہ
۱۸۸۳ قدر ، ک ، ۹۲

کل چیں کو خار خار گذرا سب سردار پھٹک کر الگ ہو گئے .
۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۶ : ۵۷

۲. **(مجازاً) بے چین ہوکر ، تڑپ کر .**
ذرا پھٹک کے قدموں پر ٹوپی رکھ دی .
۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۴ : ۱۵۵

پھٹک (۲) (ف ث ، ف نیز کس ٹ) امذ .

۱. **بلور ، کانچ .**
و لیکن اندر شاہ کیوں سر کروں
ہیرا اور پھٹک کیوں برابر دھروں
۱۶۰۳ ابراہیم نامہ ، ۵۹
خواہ سونے یا چاندی کے پیالے میں پلائیے خواہ بلور اور پھٹک کے پیالے میں .
۱۸۹۳ مقدمۂ شعر و شاعری ، ۵۵

۲. **پنجرہ ، قید خانہ ، بندی خانہ ؛ پھاٹک (رک) .**
اس کے مبارک جیو کی طوطی آنک کے پھٹک سوں جنت کے پھول بن کر اڑ گئی ہے .
۱۷۶۵ دکھنی انوار سہیلی ، ۴۹

۳. **جال (نورالغات) .**
[س : سپھٹکہ : स्फटिक]

پھٹک (۳) (ف ث ، ٹ) امذ .
پھٹکنے یا پھٹورنے کی چیز ، سوپ ، چھاج (شبد ساگر) .
[س : سپھٹ + کر + क]

پھٹک (کس پھ ، ف ٹ) امث .
رک : پھٹکار .
اس کی رائے میں دیسی آبادی کے لئے فی الحقیقت ایک پھٹک اور لعنت ہیں .
۱۸۹۳ بست سالہ عہد حکومت ، ۴۹
[پھٹ (رک) سے]

پھُٹک (ضم پھ ، ف ٹ) امث .
رک : پھُٹکی .
خون کی پھٹک آنکھ کے سامنے آ گئی تو آپ بالکل اندھے ہو جائینگے .
۱۹۳۱ محمد علی ، ۲ : ۱۲۸
[س : سپھٹکر : स्फटिक]

پھٹکا (۱) (ف ث ، سک ٹ) امذ .

۱. **لمحہ ، لحظہ .**

اللہ تو پھٹکے بھر میں سب کا حساب کرنے والا ہے .
۱۹۰۶ الحقوق والفرائض ، ۱ : ۱۹۳
ترت پھرت پھٹکے بھر میں گر کرا کے الگ کیا .
۱۹۲۴ انشائے بشیر ، ۲۸۳
۲. تڑپڑاہٹ (شبد ساگر) .
[پھٹکنا (رک) سے]

ـــ نہ کھانا محاورہ .
تڑپنے کا موقع نہ ملنا ، ترت مر جانا .
اس بلا کا زہریلا کہ . . . اس کا ڈسا ہوا پھٹکا نہ کھائے.
۱۸۸۵ محصنات ، ۹۳
سرا کی کوٹھری میں جا کر زہر کا حلوہ کھلاتے ہیں وہ پھٹکا نہیں کھاتا فوراً مر جاتا ہے .
۱۹۳۳ فراق دہلوی ، لال قلعہ کی ایک جھلک ، ۹۲

ـــ نہ لگنا محاورہ .
رک : پھٹکا نہ کھانا .
حلق سے اترنا تھا کہ پھٹکا بھی نہ لگا ، کلیجے کے ٹکڑے ٹکڑے ہوگئے .
۱۸۹۹ بیرے کی کنی ، ۷۶

پھَٹکا (۲) (فت پھ ، سک ٹ) امذ .
رک : پٹکا .
گنواروں کا لشکر بصد کرو فر ٹٹوؤں پر سوار ڈھال پھٹکے باندھے ہوئے .
۱۸۹۲ طلسم ہوش ربا ، ۶ : ۱۳۰

پھَٹکا (۳) (فت پھ ، سک ٹ) امذ .
۱. (دھنائی) دھنکی جس سے روئی دھنی جاتی ہے (آ پ و ، ۲ : ۳) .
۲. بانس کا ٹکڑا یا لکڑی جو پھل دار درخت میں رسی باندھ کر لٹکا دی جاتی ہے جب رسی ہلاتے ہیں تو لکڑی درخت کے گدے سے ٹکرا کر پھٹ پھٹ کی آواز پیدا کرتی ہے جس سے پرند ڈر کر اڑ جاتے ہیں (ماخوذ : شبد ساگر) .
۳. لطف و خوبی سے معرا شاعری ، نری تک بندی (شبد ساگر) .
[ہ : پھٹکا]

پھَٹکا (۴)/پھَٹکا پھَٹکا (فت پھ ، سک ٹ) صف مذ؛ مث : پھٹکی .
الگ تھلگ ، جدا ، دور .
تنہا نئے مکاں میں مجھے بخت لائے ہیں
پھٹکے کھڑے ہوئے ہیں جو اپنے پرائے ہیں
۱۸۷۳ محامد خاتم النبیین ، ۱۵۲

جس عورت کے پاس جی چاہتا میں بیٹھا رہتا مگر بایں ہمہ خانم جان پھٹکی پھٹکی رہتی تھی .
۱۸۹۳ نشتر ، ۷۸
وہی اب ہوں کہ مجھ سے تم پھٹکے پھٹکے رہتے ہو .
۱۹۱۶ اتالیق بی بی ، ۳۷
[س : سپھٹ]

پھَٹکا (۵) (فت پھ ، سک ٹ) (قدیم) .
ضرب ، چوٹ ، تازیانہ ، کوڑا .
دل مرا چاہتا ہے اے ظالم
تیغ ابرو کے ایک دو پھٹکے
۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۴۱۳
[س : سپھٹ + کہ : فٹ + ک]

پھَٹکا (۶) (فت پھ ، سک ٹ) امذ .
رک : پھاٹک (شبد ساگر) .
[ہ : پھٹکا]

پھَٹکا (۷) (فت پھ ، سک ٹ) امذ .
ایک قسم کی بلوئی(= ریتلی) زمین جس میں پتھر کے ٹکڑے بھی ہوتے ہیں اور جو زرخیز نہیں ہوتی (شبد ساگر) .
[ہ : سپھٹک]

پھَٹکا (۸) (فت پھ ، سک ٹ) صف ؛ امذ .
پھٹکنے ، پچھورنے یا دھننے والی ؛ گالی گلوچ بھری کجلی (ایک قسم کا گیت یا کھیل) (شبد ساگر) .
[ہ : پھٹکا]

پھَٹکا (فت پھ ، کس ٹ) امث .
ایک قسم کی شراب جو جو وغیرہ سے خمیر اٹھا کر بغیر کشید کیے بنائی جاتی ہے (شبد ساگر) .
[س : سپھٹک]

پُھٹکا (۱) (ضم پھ ، سک ٹ) امذ .
بتاشے کی شکل کا بسکٹ .
روکھے آٹے کے پھٹکے اور سوکھی روٹی کے ٹکڑے بھی پیٹ میں پڑ جائیں تو شکر کرو .
۱۹۲۶ نوراللغات ، ۱۳۸
[رک : پھٹکی]

پُھٹکا (۲) (ضم پھ ، سک ٹ) امذ .
۱. پھپھولا ، چھالا ، آبلہ (شبد ساگر) .

اف : پڑنا .

۲. دھان ، مکا ، جوار وغیرہ کی کھوک (شبد ساگر) .

[س : स्फोटिक]

پھُٹکا (۳) (ضم پھ ، سک ٹ) امذ .

کڑھاو جس میں گنے کا رس پکایا جاتا ہے (شبد ساگر) .

[مقامی]

پھَٹکار (فت نیز کس پھ ، سک ٹ) امذ .

۱.(i) کوڑا پٹخانے یا مارنے کی آواز .

سونڈوں کے باہم ہیچ کھانے کی سرسراہٹ ... دموں کی پھم اور مسلسل کوڑے کی سی پھٹکار اسے سنائی دیتی تھی .

۱۹۰۱ جنگل میں منگل ، ۳۲۸

(ii) ضرب لگانے کی آواز .

دھما دھم یہ گرزوں کی پھٹکار تھی
کہ جاتی رہی عقل کفار کی

۱۸۸۰ قمقام الاسلام ، ۲۵

۲.(i) پتھر پر کپڑا دھونے کی آواز ؛ اناج پھٹکنے کی آواز (نوراللغات) .

(ii) پھٹ پھٹ کی آواز .

ایک اسٹیمر اپنے پہیوں سے پانی کو جھاگ میں بلوتا ہوا اور پھٹ کاروں سے خبردار کرتا ہوا . . . چلا آرہا تھا .

۱۹۱۲ یاسمین ، ۱۰۸

(iii) چھاننے اور پھٹکنے کا فعل .

ہمارے ڈر سے چھپ چھپ کر کری یوں اس کی خدمت وو
دنیا میں کیمیاگر یوں کرے پھٹکار چوری سوں

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۱۴۴

۳. جھڑکی، دور دور ، دہک ، سرزنش ، ملامت (شبد ساگر).

۴. (مجازاً) رسی کا لمبا کوڑا جس سے گھوڑا سدھایا جاتا ہے (فرہنگ آصفیہ) .

۵. بندوق کی گولی کا زور ، توڑ (ا پ و ، ۸ : ۸۴) .

[رک : پھٹ]

ـــ بتانا محاورہ .

۱. جھڑکنا ، گھڑکی دینا ، ڈپٹنا ، سرزنش کرنا .

مہیش ناتھ احمق لہ تھے ، پھٹکار بتائی .

۱۹۳۵ دودھ کی قیمت ، ۶

۲. دھتکار دینا ، دہکانا .

مجسٹریٹ نے تھانے دار صاحب کو تین بار پھٹکار بتائی .

۱۹۳۶ پریم چند ، زاد راہ ، ۳۹

ـــ دینا ف م .

رک : پھٹکارنا ، معنی نمبر ۱ .

ان کے کفر کی وجہ سے خدا نے ان کو پھٹکار دیا ہے .

۱۸۹۵ ترجمہ قرآن مجید ، نذیر احمد ، ۲۰

ہم نے پھٹکار دیا ناصح کو کان کھانے کے لیے آتا تھا

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۴۳

پھِٹکار (کس پھ ، سک ٹ) امث .

۱. بے رونقی ، اجاڑ پن .

چہرے کی پھٹکار مٹانے کے لیے میک اپ کی مقدار اتنی بڑھا دی کہ میں اپنی بالکنی سے اس کی مصنوعی ہلکیں گن سکتی .

۱۹۶۲ معصومہ ، ۲۵۰

۲. (مجازاً) ذلت ، خواری ، رسوائی .

ہمیشہ ہمیشہ اسی پھٹکار میں رہیں گے .

۱۸۹۵ ترجمہ قرآن مجید ، نذیر احمد ، ۳۷

۳.(i) نفرین ، لعنت ، ملامت .

ہے یہ بھی کوئی زیست کہ مردے سے پڑے ہیں
پھٹکار ہے اس جینے پہ مر کیوں نہیں جاتے

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۲۱۶

جہالت خدا کی پھٹکار ہے .

۱۹۰۶ حکمت عملی ، ۱۴

اف : بھیجنا ، ہونا .

(ii) بد دعا .

کس کی پھٹکار لگ گئی ہے مجھے
بھا گئے ہیں وہ میری صحبت سے

۱۸۶۶ فیض ، د ، ۳۵۶

۴. (i) خوشبو رنگ یا کسی چیز کی ہلکی سی ملاوٹ ، آمیزش ، چاشنی .

کتری ہوئی ہری مرچوں کی ہوائی اور کھٹے کی پھٹکار .

۱۹۴۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۱۲۱

(ii) پرواز تخیل میں کسی بات کا ہلکا سا جھونکا (شبد ساگر) .

[० : پھٹکار फिटकार]

ـــ برسنا محاورہ .

اداسی چھانا ، رونق جاتی رہنا ، لعنت برسنا ، (چہرے سے) بد نمائی ٹپکنا .

در و دیوار اور کوچہ و بازار سے اس پر پھٹکار برسے گی .

۱۸۸۵ محصنات ، ۱۰۲

ہاں بنگلہ نشیں لوگ تمہارے ہوں طرف دار
محفوظ رہیں گو کہ برستی رہے پھٹکار

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۳ : ۸۴

— زدہ (— فت ز ، د) صف .

لعنت کا مارا ، بے رونق .

ایک بُری شکل والی عورت . . . پھٹکار زدہ صورت .

۱۹۷۶ دل ربا ، ۶

[پھٹکار + زدہ (رک)]

— سُننا محاورہ .

برا بھلا اور لعنت ملامت برداشت کرنا .

وقت کا اندازہ نہ ہونے سے کبھی کبھی دفتر پہنچنے کو دیر ہو جائے گی پھٹکار سننا پڑے گی .

۱۹۳۶ پریم چند ، خاک پروانہ ، ۱۳۰

پھٹکارا (کس پھ ، سک ٹ) صف .

پھٹکار مارا ، دھتکارا ہوا .

تم کو اس ذلت کے گھر سے نکلنا نصیب نہ ہوگا اس میں پھٹکارے پڑے رہو .

۱۸۶۵ مذاق العارفین ، ۳ : ۶۸۴

[پھٹکارنا (رک) سے]

پھٹکارنا (فت نیز کس پھ ، سک ٹ) ف م .

۱. دور دھک کرنا ، دُر دُر کرنا ، دھتکارنا ، سرزنش کرنا ، نکال دینا ، لعنتی قرار دینا .

مدینے سے نکالے جائینگے پھٹکارے ہوئے .

۱۸۲۲ دقائق الایمان ، ۳۹

روزانہ جھیو بلائے جاتے ، سوال جواب ہوتے اور دن میں کئی کئی بار پھٹکارے جاتے .

۱۹۵۸؟ میلہ گھومنی ، ۲۸

۲. مار کر پھٹ پھٹ کی آواز نکالنا ، (تالی) بجانا .

خالی کاؤں کاؤں اور تالیاں پھٹکارتا ہے .

۱۸۹۳ البرٹ بل ، ۵۰

۳. (گرز وغیرہ) مارنا ، ضرب لگانا .

بہادر لگے آس میں للکارنے لگے بڑھ کے گرزوں کو پھٹکارنے

۱۸۸۰ قمقام الاسلام ، ۷

۴. کپڑے کو دھوتے وقت دے دے مارنا ، کپڑا چھانٹنا ، کپڑا کھنگالنا (نوراللغات ؛ فرہنگ آصفیہ) .

۵. روپیہ پیسہ جیتنا .

آج جوئے میں چار روپے پھٹکار لئے .

۱۹۲۶ نوراللغات

۶. (بازاری) بیچنا ، فروخت کرنا (فرہنگ آصفیہ) .

۷. (i) چابک کی طرح کسی چیز کو ہوا میں حرکت دینا یا جھاڑنا ، جھٹکنا ، زور سے ہلانا .

اخطا نے لباس فاخرہ پہنا اور . . . داڑھی کو پھٹکارتا ہوا اندر خیمے کے آیا .

۱۸۹۷ طلسم ہفت پیکر ، ۴۴۸

کبھی اپنی سفید دم کو پھٹکارتے اور طرح طرح سے اچھلتے کود تے .

۱۹۳۲ عالم حیوانی ، ۲۷۳

(ii) چابک مارنا ، کوڑا مارنا .

کھینچا جس تن نے کل سے تھا آزار
کوڑے اوس پر رہا ہے وہ پھٹکار

۱۸۱۰ مثنوی بہشت گلزار ، ۹۸

بے رحمی سے اپنا ایذا رساں کوڑا ان کی پیٹھ پر پھٹکارا کرتا تھا .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۱ ، ۳ : ۶

۸. (اناج وغیرہ کو چھاج میں) پھٹکنا (علمی اردو لغت).

۹. کمانا ، (روپیہ و غیرہ) حاصل کرنا .

بھئی خدا نے کیا کام بنوایا ہے ، ڈھونڈو نہ تلاش کرو مزے سے پھٹکارو .

۱۹۱۰ راحت زمانی ، ۷۱

[ه : پھٹکارنا फटकारना]

پھٹکاری (کس پھ ، سک ٹ) امث .

رک : پھٹکری (شبد ساگر) .

پھٹکانا (فت پھ ، سک ٹ) ف م .

رک : پھٹکنا ، جس کا یہ تعدیہ ہے .

کچھ کمر کے ہیچ ہی نے مجھ کو پھٹکا یا نہ تھا
اب تو مضمون دہن میں بھی تامل ہو گیا

۱۸۶۱ کلیات اختر ، ۱۹۱

پھٹکر (۱) (ضم پھ ، سک ٹ ، فت ک) صف ؛ ~ پھٹکل .

۱. طاق ، جس کا جوڑا نہ ہو ، علیحدہ ، اکیلا (نوراللغات ؛ پلیٹس) .

۲. مغرور ، متکبر (پلیٹس) .

۳. متفرق ، مختلف ؛ خوردہ ، تھوڑا تھوڑا (تھوک کی ضد) (شبد ساگر) .

۴. ریزگاری (روپے کی کھلی ہوئی رقم یا پیسے) (شبدساگر).

[ه : پھٹکر फटकर]

— فروش (— کس نیز فت ف ، و مج) امذ .

تھوڑی اور کم مقدار میں جنس بیچنے والا دکاندار ، خوردہ فروش ، چلر فروش (ا پ و ، ۷ : ۳۹) .

[پھٹکر + فروش (رک)]

پھٹکری (کس نیز فت پھ ، سک ٹ ، فت ک) اسف .

سلفیٹ آف المونیم اور سلفیٹ آف پوٹاش کا مرکب جو سفید ہوتا اور پانی میں گھل جاتا ہے مزہ کسیلا اور کسی قدر مٹھاس لیے ہوئے یہ مٹی سے نکالا جاتا ہے (مٹی کو لا کر اتھلے حوض میں بچھا کر اوپر سے پانی ڈال دیتے ہیں) ، فارسی میں شبِ یمانی اور عربی میں زاج کہتے ہیں .

زاج : زاک یعنی پھٹکری .

۱۴۳۳ زفان گویا (سہ ماہی اردو، جولائی ، ۱۹۶۷ ، ۱۰۵)
منگانا پھر چھٹانک اک پھٹکری بھی
سہاگہ اتنا ہی اور لوٹ سجی

۱۷۹۵ فرہنامۂ رنگین ، ۱۵
پھٹکری کو دودھ میں جوش کر کے پلایا .

۱۸۸۵ محصنات ، ۲۰۴
پھٹکری کو کرچھے میں ڈال کر آگ پر رکھیں .

۱۹۳۶ شرح اسباب ، ۲ : ۳۲

[س : سوپھٹکاری]

پھٹکل (ضم پھ ، سک ٹ ، فت ک) صف .

۱. رک : پھٹکر .

عجب طرح کی یہ رنگین چوہڑ غرض بچھائی ہے اب خدا
کوئی ہے پھٹکل کسی کا جگ ہے پھرے ہیں نردیں بھی خانے خانے

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۲۵۷
سوداگر جو تھوک خریدتے ہیں اور پھٹکل بیچتے ہیں .

۱۹۳۱ اخلاق نقوماجس ، ۱۷۳
۲. (چوری) تجربے کار اور ہوشیار چور جو ساتھیوں سے علیحدہ رہ کر چاروں طرف کی دیکھ بھال رکھے اور خطرے کے وقت آگاہ کر سکے (چوری کرنے کے وقت کا چوکی دار) (ا پ و ، ۸ : ۱۷۸) .

[ہ : پھٹکل]

ــ حساب (ــ کس ح) اسذ .

متفرق چیزوں کا حساب .

بزاز اور بزاری مل تو دور ہیں ، ان کو کل ہر رکھو ۔ یہ پھٹکل حساب آج طے ہو جائے .

۱۸۶۸ مرآۃ العروس ، ۱۶۱

[پھٹکل + حساب (رک)]

پھٹکن (فت پھ ، سک ٹ ، فت ک) اسث .

کوڑا کرکٹ جو اناج وغیرہ کو پھٹکنے سے نکلے ؛ کوئی بھی پھٹک کر نکالی ہوئی بیکار چیز .

مسکین کو روپیہ سے اور محتاج کو ایک جوڑی جوتیوں سے خریدیں اور گیہوں کی پھٹکن بیچیں .

۱۹۵۱ کتاب مقدس ، ۸۶۴

[ہ : پھٹکن]

پھٹکنا (فت پھ ، سک ٹ ، فت ک) اسذ .

غلیل کا ٹوٹا جس میں غلہ رکھ کر پھٹکتے ہیں .

اے طائران باغ مبارک ہو زندگی
صیاد کی غلیل کا ٹوٹا ہے پھٹکنا

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۴۶

[ہ : پھٹکنا]

پھٹکنا (۱) (فت پھ ، ٹ ، سک ک) ف م .

۱. چھاج میں غلہ ڈال کر ہلانا تا کہ کوڑا کرکٹ الگ ہو جائے ، غلہ صاف کرنا .

سوپ . . . غلہ اس میں ڈال کر صاف کرنے کے لئے پھٹکتے ہیں .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۵۴
بیوی نے انھیں صاف کیا اور پھٹکا اور بھگو کر پھیلا دیا .

۱۹۴۱ الف لیلہ و لیلہ ، ۲ : ۳۹۲
۲. (i) (ہلا جلا کر) جھاڑنا ، صاف کرنا ، جھٹکنا .
اس نے پھٹک کر آگ جمائی .

۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۷ : ۸۶۷
حضرت شیخ اپنی ریش دراز
چھاج کی طرح سے پھٹکتے ہیں

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۶۲
(ii) ہلکورے کھانا .
آبرو جا پہنچ کہ پیار سے زلف
ناگنی کی طرح پھٹکتی ہے

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۷۳
(iii) پرندوں کا پر پھڑ پھڑانا .
گدھ خوشی کے مارے اپنے بڑے بڑے پر پھٹکنے لگتے .

۱۹۵۸ خون جگر ہونے تک ، ۲۴۸
۲. دور ہونا ، الگ ہونا .
کہیں بھی ہوتا ہے نباہ ایسا جو تو ہمارے سے کر رہا ہے
تجھے تو چاہیں ہم اپنے جی سے تو اور ہم سے پھٹک رہا ہے

۱۸۲۳ دیوان شاداں ، ۱ : ۱۲۳
۳. پھڑکنا ، تڑپنا .
دل ایک پھٹکے ہوئے پنچھی کی طرح پھٹک رہا ہے .

۱۹۶۶ دو ہاتھ ، ۲۲۲

[ہ : پھٹکنا]

ــ پچھارنا/پچھورنا محاورہ .

سوپ یا چھاج پر ہلا کر صاف کرنا ؛ اچھی طرح جانچ پڑتال کرنا ، ٹھونکنا بجانا ، جانچنا یا پرکھنا ، روئی وغیرہ کو پھٹکے سے دھننا (شبد ساگر) .

[پھٹکنا + پچھارنا/پچھورنا (رک)]

پھٹکنا (۲) (فت پھ ، ٹ ، سک ک) ف ل .

۱. (کسی کے) قریب آنا ، سرسری طور پر آنا ، آنا جانا .

نہ سکتے تھے ہرگز پرندے پھٹک
چرندے بھی تس دکھ سوں رہے تھے اٹک

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۱۰

راجا دروازے پر آ بیٹھا کہ کوئی انسان وہاں پھٹکنے نہ پائے .

۱۸۰۵ آرائش محفل ، افسوس ، ۲۴۳

وہ مجھ سے ڈرتے ہیں اور میرے پاس نہیں پھٹکتے .

۱۹۴۱ الف لیلہ و لیلہ ، ۲ : ۱۴۷

[० : پھٹکنا फटकना]

پھٹکوانا (فت پھ ، ٹ ، سک ک) م ف .

پھٹکنا (رک) کا تعدیہ .

پسائی کے لیے روز دھون دس سیر گیہوں چھڑوا پھٹکوا کر علیحدہ مٹکوں میں بھروا دیا کرو .

۱۸۷۴ مجالس النساء ، ۱ : ۸۲

پھٹکی (فت پھ ، سک ٹ) اسث .

۱. ٹوکرے کی طرح کا چھوٹے منہ کا پنجرا جس میں چڑی مار چڑیوں کو پکڑ کر رکھتے ہیں .

تو چھڑوا پھٹکیوں کے جانور
جتنے ہوں پیسے انھوں کے جمع کر

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۳۹۴

محال ہے جو پھنسے مرغ دل وہ پھر چھوٹے
کہ زلف دام ہے جوڑا ہے مو بمو پھٹکی

۱۸۷۶ سخن بے مثال ، ۱۳۶

جس طرح پرندوں کے پکڑنے کی پھٹکیاں ہوتی ہیں .

۱۹۳۳ یہ قدرت ، ۳۹

۲. رک : پھٹکا (پلیٹس) .

[० : पटकी पटकी]

پھُٹکی (ضم پ ، سک ٹ) اسث .

۱. گٹھلی جو آٹے یا کسی سفوف میں (گھولتے وقت) یا دہی دودھ وغیرہ میں پڑ جاتی ہے .

جب آٹا ٹھیرنے پر آیا تو لگی مکی دینے ، پھٹکیاں پڑ گئیں .

۱۹۳۶ راشد الخیری ، نشیب و فراز ، ۲۷

۲. خون یا پیپ وغیرہ کی منجمد بوند ، قطرہ ، ریزہ .

ڈر مرے خون گرم سیں ظالم
پاس مت آ شرر ہے ہر پھٹکی

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۷۶

ایک دن روئی دھنکتا ہوں تین دن داڑھی میں سے پھٹکیاں چنتا ہوں .

۱۹۱۰ محمد حسین آزاد ، نگارستان فارس ، ۷۹

۳. داغ ، دھبہ ، نشان ، چھینٹ .

خون کی ایک دو پھٹکیں تازہ نظر آرہی ہیں .

۱۹۳۱ محمد علی ، ۲ : ۱۲۸

۴. ایک چھوٹا سا پرند .

اڑالے جائے گا شوق چمن پھٹکے کے پھٹکے پر
عبث صیاد پھٹکی میں مرے پر بند کرتے ہیں

۱۸۳۸ ناسخ (نور اللغات)

کلغی والا مگس خور جسے پورب میں پھٹکی بھی کہتے ہیں زیادہ تر کیڑے مکوڑے کھاتا ہے .

۱۹۶۹ پرندے ، ۲۷

۵. (ٹھگی) سپر (ا پ و ، ۸ : ۱۷۸) .

۶. منجمد خون کی وہ شکل جو بعد کو جنین بن جاتی ہے.

ہم نے تم کو بنایا مٹی سے پھر بوند سے پھر پھٹکی سے پھر بوٹی سے .

۱۷۹۰ ترجمہ قرآن ، شاہ عبدالقادر ، ۳۱۸

دل ہے بساط ہو تو ڈرو اور ظلم سے
پھٹکی سا ہو جو خوں وہ لہو کیا لہو نہیں

۱۸۹۵ خزینۂ خیال ، ۱۶۶

۸. جمے ہوئے خون یا پیپ وغیرہ کا چھوٹا سا ٹکڑا جو پیخانے میں کھنکار کے ساتھ آتا ہے (فرہنگ آصفیہ ؛ نور اللغات) .

[س : سپھٹ + کر क्ष + ट]

پھُٹکی پڑنا محاورہ .

رک : پھٹکار پڑنا .

روپیہ پیسہ تو آنی جانی چیز ہے مگر ان کے ڈھنگوں پر کیا پھٹکی پڑ گئی .

۱۹۶۰ ماہ نو ، مئی ، ۳۸

پھُٹکے بھر میں م ف .

لمحہ بھر میں ، ایک پل میں .

اللہ پھٹکے بھر میں حساب کرنے والا ہے .

ترجمہ قرآن مجید ، نذیر احمد ، ۵۶۸

ترت پھرت پھٹکے بھر میں کر کرا کے الگ کیا .

۱۹۲۴ انشائے بشیر ، ۲۸۳

پھٹکیا (فت پھ ، سک ٹ ، کس ک) امذ .

مٹھا نامی زہر کی ایک قسم جو گوبریا سے کم زہریلا (کم مہلک) ہوتا ہے اور اس سے چھوٹا (کم درجہ) بھی ہوتا ہے (شبد ساگر) .

[مقامی]

پھُٹ مت (ضم پھ ، سک ٹ ، فت م) امذ .

اختلاف ، مخالفت (شبد ساگر) .

[مقامی]

پھٹن (فت پھ ، ٹ) امث .

پھٹ جانے کی کیفیت یا حالت .

جب شاخ قلم کے لیے تراشی جائے یہ احتیاط رہے کہ بیچ میں سے یا چھال پر سے مطلق پھٹن نہ ہو .

۱۹۰۳ باغبان ، ۱۸

چوٹ بعض مقامی رگوں میں پھٹن پیدا کردیتی ہے .

۱۹۳۶ شرح اسباب (ترجمہ) ۲ : ۲۶۷

[پھٹنا (رک) سے]

پھٹنا (۱) (فت پھ ، سک ٹ) ف ل .

۱.(i) شق ہونا ، شگاف پڑنا ، (سطح متصل میں) دراڑ آنا ، کٹ جانا .

مجنوں کا سینا پھٹیا .

۱۶۳۵ سب رس ، ۵۵

آہ ، کلثم (کلثوم) کے کان سے اس طرح کرن پھول اینجے کہ کان پھٹ گیا .

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۲۱۷

گرے گا تجھ پہ ابھی پھٹ کے آسماں صیاد
نہ جائے گی مری فریاد رائیگاں صیاد

۱۸۹۰ فسانۂ دلفریب ، ۶۴

دل میں کہتا تھا کہ زمین پھٹ جاتی تو میں سماجاتا .

۱۹۰۴ مقالات شبلی ، ۱ : ۱۲۷

(ii) (جلد کا) تڑقنا ، ہوائی پڑنا .

جب پھٹ کے انگلیوں سے ٹپکنے لگا لہو
پہنچا سزا کو میں یہ پکارا وہ کینہ جو

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۱ : ۲۲۹

۲.(i) (کپڑے وغیرہ کا) چاک ہونا .

جنوں کے جوش میں آڑا پھٹا سیدھا نہ یہ نکلا
بنا ابجد کی ب سارا الف چاک گریباں کا

۱۸۹۹ دیوان جی ، ۱ : ۴

نگار ہوگئے تلوے بہت چبھے کانٹے
الجھ کے رہ گیا پھٹ پھٹ کے گوشۂ داماں

۱۹۲۷ شاد ، سروش ہستی ، ۱۳

(ii) (پرانے ہوجانے کی وجہ سے) پارہ پارہ ہونا (پلیٹس) .

۳. (اجزا یا افراد کا) بکھرنا ، منتشر ہونا ، ایک دوسرے سے الگ ہونا .

خیمے سے نکل کر کئی تیر چلائے لیکن سب پھٹ کر ادھر ادھر نکل گئے .

۱۹۰۶ سوانح مولانا روم ، ۳۲

۴. کسی گولے وغیرہ کا آواز کے ساتھ اپنے خول سے باہر نکلنا ، کسی آتش گیر مادے کا آواز کے ساتھ پھڑکنا .

روشنی کا بند ہونا تھا کہ گولے پھٹنے لگے .

۱۹۴۵ موت سے پہلے ، ۱۶

۵. (کسی چیز کے) قوام کا بگڑنا ، (کسی رقیق چیز کے) اجزا کا جدا ہونا .

بسکہ اس شیریں ادا کی خو میں ہے بیگانگی
شیر جس کے ہاتھ سے ہنگام پختن پھٹ گیا

۱۸۷۳ دیوان فدا ، ۲۸

سیاہ پھٹکری کا محلول سوڈے کے محلول میں ڈالتے ہی مسالہ پھٹ کر بے کار ہوجائے گا .

۱۹۴۰ معدنی دباغت ، ۷۰

۶. متفرع ہونا ، ہٹنا ، نکلنا ، شاخ در شاخ ہونا ، الگ الگ ہونا .

باہر جاکر تین راستے پھٹتے ہیں .

۱۹۰۵ یادگار دہلی ، ۷۶

۷. (لوگوں کا) متفرق ہونا ، (ٹکڑیوں اور تھوکوں میں) تقسیم ہوجانا ، (گروہوں میں) بٹ جانا .

اس نے اپنے ملکی بھائیوں کو جو آپس میں پھٹے ہوئے تھے اکھٹا کرکے غیر ممالک کے مقابل صف آرا کیا .

۱۹۰۷ مخزن ، مارچ ، ۴۳

۸. (سے کے ساتھ) کترانا ، الگ ہونا ، جدا ہونا ، گروہ جماعت یا جھنڈ سے نکل کر علیحدہ ہوجانا .

آپس میں روٹھنے کا انداز ہو تو یہ ہو
وہ ہم سے پھٹ رہے ہیں ہم ان سے پھٹ رہے ہیں

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۹۵

پھڑیاں ایسی سدھی ہوئی ہیں کہ جھلڑ سے ایک بھی پھٹ کر نہیں جاتی .

۱۹۲۸ آخری شمع ، ۴۲

۹. (گھوڑے کا) باگ کے اشارے کے خلاف جانا .

بڑھ کر کسی جرار کو ہٹتے نہیں دیکھا
گھوڑے کو کسی باگ پہ پھٹتے نہیں دیکھا

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۲ : ۲۸۵

۱۰. زور میں ہونا ، شدت سے ہونا (عموماً شباب حسن وغیرہ کے ساتھ مستعمل) .

حسن شباب یار کا پھٹنا ہوا شروع
گوئیاں غضب کہ ہوگیا فتنہ نیا شروع

۱۹۲۱ دیوان ریختی ، محسن ، ۵۵

۱۱۔ نفرت ہونا ، بیزاری ہونا (دل کے ساتھ) ۔
گر شیر و شراب ایک جا تو دل پھٹنے کا غیر سے شگوں ہے
۱۸۷۷ کلیات قلق ، ۲۲۸

۱۲۔ شدید تکلیف یا دکھ ہونا (کلیجہ وغیرہ کے ساتھ) ۔
اس کی جدائی سے میرا کلیجہ پھٹتا ہے ۔
۱۹۶۵ ہماری پہیلیاں ، ۳۹

۱۳۔ کسی مقررہ راستے یا مرکز سے ہٹنا ۔
زمین مرکز ثقل سے ہٹ گئی تھی
وہ محور سے گویا کہ پھٹ کر چلی تھی
۱۹۰۵ بھارت درپن ، ۶

۱۴۔ کسی اناج کا اہل کر کھلنا ۔
جب وہ پھٹ جائیں اور پانی غلیظ ہو جائے تو اسی کو چھان کر قدرے شربت ملا کر پلائیں ۔
۱۹۳۳ حمیات آجاسیہ ، ۱۵۳

۱۵۔ ریزہ ریزہ ہونا ۔
یعنی جب پھٹ جاویں گے ساتوں آسمان
زلزلہ محشر کا ہووے گا عیاں
۱۷۹۲ تحفۃ الاحباب (ق) ، ۳۸

۱۶۔ سر کے بالوں کا خشکی کی وجہ سے تڑقنا (نور اللغات) ۔

۱۷۔ (خوف سے) لرزنا (پلیٹس) ؛ رنجیدہ ہونا ، غمزدہ ہونا (جامع اللغات) ۔
[س : سپٹ स्फट से]

پھٹنا (۲) (فت پھ ، سک ٹ) ف ل (قدیم) ۔
چھٹکارا پانا ، (قرض وغیرہ) ادا ہونا ، بے باق ہونا ۔
قرضدار اچھے گا تو وہ نیک نام
پھٹے غیب سے قرض اس کا تمام
۱۶۹۹ نور نامہ ، شاہ عنایت ، ۴
[مقاسی]

پھٹنا (۳) (فت پھ ، سک ٹ) ۔
(الف) صف ۔
جو پھوٹ جائے ، ٹکڑے ٹکڑے ہونے والا ، نیز ٹوٹا ہوا (شبد ساگر) ۔
(ب) امذ ۔
انتشار ، تفرقہ ، پھوٹ ۔
انھیا مل سوں ایک ٹھار پھٹنا پڑیا
۱۶۵۷ گلشن عشق (دکنی اردو کی لغت) ۔
[رک : پھٹنا]

پھٹنا (کس پھ ، سک ٹ) ف ل ۔
پھینٹنا (رک) کا لازم (پلیٹس) ۔
[س : سپھٹ स्फिट]

پھٹنا ف ل ۔
رک : پھوٹنا (پلیٹس) ۔
یہ سب کا چا کنجھ ہے لنے پھرے تھا ساتھ
پھٹکا لا کا پھٹی گیا کچھو نہ آیا ہاتھ
۱۵۱۲ کبیر (شبد ساگر)

پھٹوار کنواں (فت پھ ، سک ٹ) امذ ۔
ارتھسی کنواں Artisan well (ماخوذ : طبیعیات کی داستان) ۔
[؟]

پھٹوان (فت پھ ، سک ٹ) صف ۔
پھٹنے والی ، جس میں پھٹنے اور بکھر جانے کی قابلیت ہو ۔
پھٹوان مٹیاں جن میں سوائے سرخ مٹی اور باریک کنکر کے اور کوئی مفید چیز نہیں ہوتی ۔
۱۸۹۱ کسانی کی پہلی کتاب ، ۳ : ۴۷
[پھٹنا (رک) سے]

پھٹوان (ضم پھ ، سک ٹ) صف ۔
رک : پھٹکل (ا پ و ، ۸ : ۱۷۸) ۔
[پھوٹنا (رک) سے]

پھٹول (ضم پھ ، فت ٹ شد و بنت) امث ۔
پھوٹنا (رک) کی حالت و کیفیت ، تراکیب میں مستعمل ؛
رک : سر پھٹول ، ماتھا پھٹول ۔
[پھوٹنا (رک) سے]

پھٹی (فت پھ) مذ ۔
پھٹا (رک) کی تانیث تراکیب میں مستعمل ۔

— پڑنا محاورہ ۔
رک : پھٹا پڑنا ۔
چکوتروں سمتابیوں سے ٹہنیاں پھٹی پڑتی تھیں ۔
۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۱۰
جدھر آنکھ اٹھا کر دیکھو آزادی ہے کہ در و دیوار سے پھٹی پڑ رہی ہے ۔
۱۹۱۱ پھکڑی کا آخری دن ، ۳۴

— پھٹی (— فت پھ) صف ۔
پھٹا پھٹا (رک) کی تانیث ۔
جس طرح گنڈے کی کھال پھٹی پھٹی ہوتی ہے ایسی ہی کوئی چیز ہے ۔
۱۹۰۷ سفر نامۂ ہندوستان ، ۶۰

— پھٹی آنکھیں (— فت پھ ، مغ ، ی مج) امث .

(خوف یا کسی وجہ سے) خلاف معمول زیادہ بڑی زیادہ پھیلی زیادہ کھلی آنکھیں .

اس کی عجیب صورت تھی ، پھٹی پھٹی آنکھیں ، بھیانک صورت ، بال بکھرے ہوئے ، زبان باہر کو نکلی ہوئی .

۱۸۷۴ مجالس النساء ، ۱ : ۲۹

پھٹی پھٹی آنکھوں سے میں اپنے چاروں طرف گھور رہا ہوں .

۱۹۷۷ ملفوظات اقبال ، ۶۰۳

— پھٹی آواز (— فت پھ) امث .

جھوجھری اور قابو سے باہر آواز ، بھاری آواز .

واحدی صاحب اپنی تحریر کا مقابلہ اپنے محلے کے شبیر قوال سے کرتے ہیں کہ پھٹی پھٹی آواز تھی مگر جان لگا کر برسوں گانا رہا .

۱۹۷۳ آواز دوست ، ۱۰۵

— پھٹی باتیں (— فت ، ی مج) امث .

ایسی باتیں جن سے ملال ٹپکتا ہو ، طنزیہ باتیں .

نہ اے دریدہ دہن کر پھٹی پھٹی باتیں
ہمیں قماش سخن میں رفو نہیں آتا

۱۸۹۲ شعور (نوراللغات)

— حالت (— فت ل) امث .

افلاس کی حالت ، خستہ حالت .

ہمیشہ پھٹی حالت میں رہتا .

۱۹۳۱ الف لیلہ و لیلہ ، ۳ : ۶۸

[پھٹی + حالت (رک)]

پھٹے (فت پھ) صف .

پھٹا (رک) کی مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .

— پڑنا محاورہ .

رک : پھٹا پڑنا .

خوشی کے مارے آدمی پھٹے پڑتے تھے .

۱۹۲۸ پس پردہ ، ۶۱

— پھٹے (— فت پھ) صف .

رک : پھٹا پھٹا ، الگ الگ ، جدا جدا .

اگر عورت جوان ہو اور شوہر بڈھا تو . . . وہ ضرور پھٹے پھٹے رہیں گے .

۱۹۲۳ عصائے پیری ، ۱۱۲

— حال صف .

خستہ حال ، مفلس ، نادار .

جو پھٹے حال سامنے آیا اس کو خلعت دیے بہت بھاری

۱۸۷۳ کلیات منیر ، ۳ ، ۹۳

والدین کی نادانی سے میری شادی ایک پھٹے حال گنوار سے ہو گئی .

۱۹۱۶ بازار حسن ، ۹۰

[پھٹے + حال (رک)]

— حالوں (سے) م ف .

پھٹی حالت میں ، خستہ حالت میں ، مفلسی میں .

حضور اب میں تو پھٹے حالوں ہوں نہ . . . کوئی کا بیکو باور کریگا .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۲۲۹

ان پھٹے حالوں کیوں کسی کے گھر جائے .

۱۹۳۵ دودھ کی قیمت ، ۱۴۶

— میں پانو اڑانا/دینا/ڈالنا محاورہ .

دوسرے کی بلا اپنے سر لینا ، (دوسرے کے قضیے میں) دخل دینا .

ہر کسی کے پھٹے میں پاؤں نہ دے
واعظا کیا تجھے نصیحت ہے

۱۸۶۶ فیض ، ۳۵۶

یہ دونوں اگر پھٹے میں پاؤں دیتے تو گریبان کے دفتر میں نام لکھ جاتا .

۱۹۲۵ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۰ ، ۱۳ : ۹

— میں پانو دفتر میں نام نانو کہاوت .

دخل در معقولات (شیخی جتانے کے لیے) .

چڑیل کیا تیری قضا پھڑ پھڑاتی ہے جو پھٹے میں پانوں دفتر میں نام لکھاتی ہے .

۱۹۳۱ رسوا ، خورشید بھو ، ۵۱

پھٹے (کس پھ ، شد نیز بلا شد ٹ) صف .

پھٹ (رک) کی محرفہ شکل تراکیب میں مستعمل .

— سے منھ (— ضم م ، مغ) صف ؛ کلمۂ تحقیر .

رک : پھٹے منھ .

یہ منھ لے کر میدان میں چلے گا
ارے پھٹے سے منھ ، ہے شرم کی جا

۱۸۶۲ طلسم شایاں ، ۲۰۳

سوائے تعریف کے کسی نے پھٹے سے منہ تک نہیں کہا .

۱۹۰۰ ذات شریف ، ۶۳

— منھ (— ضم م ، مغ) امذ صف ؛ کلمۂ تحقیر .

ملعون ، نحوست کا مارا جس کے چہرے پر لعنت یا پھٹکار برستی ہو .

تو ٹکڑا ٹیڑا بھیکھ مانگتا ہے پھٹے منہ تجھے شرم نہیں آتی .

۱۸۲۴ میر عشرت ، ۸۳

پھٹے منہ نامراد گھڑی بھر کو آئی اور کنبے بھر میں ناک کٹوا گئی .

۱۹۱۰ لڑکیوں کی انشا ، ۶۹

[پھٹے + منھ رک]

پھٹیچر (فت پھ ، ی مع ، فت چ) صف .

گھٹیا ، ردی ، پست ، کم مرتبہ .

یہ ایک پھٹیچر ناٹک میں منشی رہ چکا ہے .

۱۹۰۷ سفید خون ، ۶۱

[غالباً پھٹ سے ؟]

پھٹیل (ضم پھ ، شد ٹ ، فت ی) صف .

(جھنڈ یا ٹولے سے) الگ تھلگ ، تنہا ، جس کا جوڑا نہ ہو .

بعض پھٹیل بھی پڑے پھرتے تھے جو کسی ٹولی میں نہ تھے .

۱۸۸۵ محصنات ، ۳۵

پرمیشر نے اس درجے کو پہنچایا ہے کہ تمام عمر پھٹیل رہوں .

۱۹۰۳ سرشار ، بچھڑی دلہن ، ۶۷

وہ (کبوتری) . . . چونکہ پھٹیل تھی اور یہ بھی دیدہ رو جوان اس لئے . . . دونوں میں دانہ بدلی ہونے لگی .

۱۹۳۵ پرواز ، ۳۸

[س: سپٹ + الہ : स्फट + इल]

پھٹیلوں پھٹیلوں (فت پھ ، ی مع ، و مج) امث ؛ ~ پٹیلوں پٹیلوں .

تیتر کی آواز .

ہاتھ میں تیتر کا پنجرہ پھٹیلوں پھٹیلوں بولتا ہوا .

۱۸۹۶ تورج نامہ ، ۵۱۳

[حکایت الصوت]

پھچا پھچ (فت پھ ، پھ) امث .

رک : پھچ پھچ .

اور کیچڑ میں پھچا پھچ کرتا ہوا وہ کلو کی دکان کی طرف بڑھ گیا .

۱۹۷۳ رنگ روتے ہیں ، ۱۸۹

[حکایت الصوت]

پھچارا (ضم پھ) امذ .

رک : پچارا ؛ اونی نمدہ جس سے چکنی پالش یا مرہم لگایا جاتا ہے (پلیٹس) .

پھچ پھچ (فت پھ ، پھ) امث ؛ ~ پھچا پھچ .

پانی یا کیچڑ میں چلنے کی آواز .

اس کے زمین پر گرنے سے پھچ پھچ کی آواز آتی تھی .

۱۹۳۱ زہرا ، ۹۸

[حکایت الصوت]

پھخ پھخ دینے ہنسنا محاورہ (قدیم) .

زور سے ہنسنا .

چرب چرب کر باتاں کرتا اور باتاں کرتے دینے پھخ پھخ دے ہنستا .

۱۷۶۵ دکھنی انوار سہیلی ، ۲۲۳

[پھخ پھخ ، حکایت الصوت]

پھدا (کس پھ ، شد د) امذ .

رک : پدا .

روش باغ پہ دو چار قدم چل تو سہی
کبک رفتار کے آگے تری پھدا ہوگا

۱۸۶۶ فیض ، د ، ۴۰

پھدالی (فت پھ) صف .

دفالی ، ایک فرقہ جس کا پیشہ دف بجانا ہے .

پھدالی یعنی دفالی .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۲۶۳

[مقامی]

پھد پھد (فت پھ ، پھ) م ف .

بیلے اٹھنے یا کھد بدانے کی آواز کے ساتھ .

بیل پر دو گونیاں چونے کی کنیوں کی لدی ہوئی تھیں دریا . . . عبور کرتے وقت بیل کا پاؤں رپٹا اور وہ گرا ، گرنا تھا کہ ساری کلیاں بھیگ کر پھد پھد پکنے لگیں .

۱۹۲۵ حکایات لطیفہ ، ۱ : ۱۰۶

[حکایت الصوت]

پھد پھدا اٹھنا/پھد پھدانا (فت پھ ، پھ ، ضم ا ، سک ٹھ / فت پھ ، پھ) ف ل .

۱. (بدن میں بالوں یا چھالوں یا پھنسیوں وغیرہ کا) کثرت سے نکلنا ، ابھرنا .

جس شخص پر پتھر پڑا اس کی جلد پھد پھدا اٹھی .

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۳۸۲

۲. بلبلے اٹھنا ، کھد بدانا ، جوش کھانا ؛ شہوت کا زور ہونا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

۳. درختوں میں شاخوں کلیوں اور پھلوں کا پھوٹ نکلنا (پلیٹس) .

[س : سپند स्पन्द]

پھدّ پھداہٹ (ف پھ ، سک د ، ف پھ ، ہ) اسث .

سڑنے جوش زن ہونے ابھرنے یا پھوٹنے کا عمل یا کیفیت .

گہ (گو) کی پھد پھداہٹ دیکھ کر اس کا جی متلایا اور یہ ابکائیاں لیتا ہوا پلٹا .

۱۹۲۳ غریبوں کا آسرا ، ۲۰۵

[پھد پھدانا (رک) سے]

پھدڑ پھدڑ (ف پھ ، د ، پھ ، د) اسث ؛ م ف .

گوز کی آواز ، گوز کی آواز کے ساتھ .

اور اگر پاخانہ پھرتی ہے تو پھدڑ پھدڑ .

۱۹۴۲ الف لیلہ و لیلہ ، ۳ : ۲۹۱

[حکایت الصورت]

پھدک (ف پھ ، د) اسث .

جوش ، ابال ، کھد بدی .

دال میں ابھی پھدک بھی نہیں آئی .

۱۹۲۶ نوراللغات

[پھد پھدانا (رک) سے]

پھدکا (ضم پھ ، سک د) امذ .

رک : پھدکی (پلیٹس) .

پھدکنا (ضم پھ ، ف د ، سک ک) ف ل .

۱. اچھلنا ، کودنا ، اچھل اچھل کے چلنا ، خوشی سے کودنا (مینڈک پرندوں بچوں اور پست قد آدمیوں کا) .

طوطا مینا تو ایک بات ہے پودنا پھد کے تو قیامت ہے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۸۱۰

بے حیا ہے شرم . . . کدکتی پھرتی ہیں پھدکتی پھرتی ہیں.

۱۹۰۷ راقم ، عقد ثریا ، ۴۰

دراصل نہ دین ہے نہ دنیا
پنجرے میں پھدک رہی ہے منیا

۱۹۳۱ اکبر ، ک ۲ : ۴۰۸

۲. (نبض کا یا رحم مادر میں بچے کا) حرکت کرنا (ماخوذ : نوراللغات) .

[س : سپند + کٹ कट + ہ]

پھدکی (ضم پھ ، سک د) .

(الف) اسث .

۱. پھدکنے کا عمل : کدکڑا .

منا بچہ . . . چھوٹی چھوٹی پھدکیاں لیتا ہوا . . . آگے بڑھتا ہے.

۱۹۴۰ رفیق حسین ، گوری ہو گوری ، ۹۷

۲. ایک چھوٹی چڑیا جو اُچھل اُچھل کر چلتی ہے ، لاط : Certhia tula .

چنگیز خانی دور کو اس طرح روک لیں گے جس طرح پھدکی آسمان کو .

۱۹۲۴ داودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۹ ، ۴۸ : ۱۰

(ب) صف مث .

۳. (مجازاً) نانواں ، کمزور ، حقیر (دریائے لطافت ، ۷۸) .

[ہ : پھدکی फुदकी]

— مارنا (— سک ر) ف م .

جست بھرنا ، چھلانگ مارنا (نوراللغات) .

پھڈّا (ف پھ ، شد ڈ) امذ .

جھگڑا ، بکھیڑا ، جھمیلا .

ہم تصوف کو نہیں مانتے ، تصوف کے اس قسم کے پھڈوں کو کیوں مانیں .

۱۹۷۱ غالب کون ، ۶۹

[؟]

پھِڈّا (کس پھ ، شد ڈ) صف مذ ؛ مث : پھڈی .

۱. چوٹا ، بیٹھا ہوا ، ٹیڑھا ؛ ٹیڑھے یا بیٹھے ہوئے منھ والا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

۲. جوتا جس کی ایڑھی بیٹھی ہوتی ہے ، سامپر ؛ وہ شخص جس کے پیروں میں خم ہو اور چلنے میں آڑے ترچھے پانو رکھے ؛ وہ آدمی جو پانو رگڑتا ہوا یا لنگ کرتا ہوا چلے (نوراللغات ؛ پلیٹس ، جامع اللغات) .

[ہ : پھڈا फिड्डा]

پھِڈّی (کس پھ ، شد ڈ) صف مث .

پھڈا (رک) کی تانیث .

ٹوٹی اس پر پھڑوں کی جو ٹڈی
تو لگی چال چلنے وہ پھڈی

۱۸۱۸ انشا ، کلام ، ۳۴۷

نیچی داڑھی اونچا پاجامہ پھڈی جوتی .

۱۸۹۱ ایامیٰ ، ۳۹

سایم شاہی کف پلی اور کامدار پھڈی جوتیوں کے عوض گرگابی اور بوٹ چل پڑے .

۱۹۲۰ لخت جگر ، ۲ : ۱۶۱

پھر (فت پھ) اسم .

رک : پھل (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

— نہ پھری بغیچے کا نانو کہاوت .

پلے کچھ نہ ہونا اور شیخیاں مارنا (جامع اللغات) .

پھر (کس پھ) م ف .

۱.(i) بعد ازاں ، کسی امر کے وقوع کے بعد .

اس کے بعد ہون کرنے والے پنڈتوں کے سامنے پھر سمد ھیوں کے آگے پھر تارک الدنیا برہمنوں کے آگے .

۱۹۱۷ کرشن بیتی ، ۱۰۷

(ii) بعد میں ، کچھ مدت گزرنے پر ؛ آیندہ .

ملاتا ہے ایسا معما شناس
جو پھرنا پڑے پوچھنا کس کے پاس

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۱۲

کاش اب برقعہ منہ سے اٹھا دے ورنہ پھر کیا حاصل ہے
آنکھ مندے پر ان نے گر دیدار کو اپنے عام کیا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰۶

چار پانچ برس کی مہمانی سمجھ لو پھر خدا جانے تقدیر میں کیا لکھا ہے .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۲۹

۲. مکرر ، دوبارہ .

کس نے سن شعر میر یہ نہ کہا
کہیو پھر بانے کیا کہا صاحب

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۴۰۷

۳. تب ، اس صورت میں .

سپہر آرا نے جھلا کر کہا . . . ہاں تھا تو پسند پھر .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۳ : ۲۵۳

پھر بتادوں میں تجھے درد محبت کیا ہے
مجھ پر آجائے اگر میری طرح دل تیرا

۱۹۱۵ جان سخن ، ۶

۴. قطعاً ، ضرور .

لاکھ کام چھوڑ کے جاؤں اور پھر چلیں .

۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۱ : ۴

۵. تاہم ، اس کے باوجود .

زلفی گو اپنے تئیں بھیڑیا سمجھتا تھا ، لیکن پھر آدمی کا بچہ تھا .

۱۹۰۱ زلفی ، ۳۲

۶. (i) مزید برآں ، اس کے علاوہ .

انواع جرم میرے پھر بے شمار و بے حد
روز حساب لیں گے مجھ سے حساب کیا کیا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۳۵۵

پھر ستم یہ کہ صرف بھی کیا تو ایسے فضول کاموں میں کہ نہ ضرورت نہ حاجت .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۳۲

(ii) اور ؛ اس کے علاوہ اور کیا بات ہے ، اور کیا سبب ہے .

رسی نہیں تو پھر کیا ہے .

۱۹۱۱ پہلا پیار ، ۵۸

۷. بصورت دیگر (۰ یا ، کے ساتھ) .

یا پھر وہ ناواقفیت یا کاہلی کی وجہ سے ایسا کرتا ہے .

۱۹۳۹ خطبات عبدالحق ، ۴

۸. اب ، اس کے بعد ، اس دم .

نگاہ دل سے بھی پھیری جگر سے بھی پھیری
پھر اور چاہتے ہو کیا کسی کا گھر لینا

۱۹۲۵ دیوان شوق قدوائی ، ۴۳

۹. پھرنا (رک) سے مرکبات میں مستعمل (ماخوذ : فرہنگ آصفیہ) .

کچھ دیر بعد جوں نظر حضرت کی زمین پر پڑی بے اختیار آہ مار فرمائے اللہ اللہ اے فرزند دلبند پھر . . . کہ نسل میری تجھ سے قائم رہیگی .

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۱۹۶

[پھرنا (رک) سے]

— آنا محاورہ .

۱. واپس آنا ، لوٹنا .

بعد ایک دن کے بہت جلد پھر آئیں اور زیادہ عرصہ نہ لگائیں .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۵

کہیں گیا اس کے گھر تک کیوں گئے کیوں جا کے پھر آئے
وہاں کی ٹھوکریں کھانا بدی تمہیں کہا کے پھر آئے

۱۹۲۲ نقش فرنگ ، ۸۹

۲. دوبارہ یا مکرر کسی چیز کا آنا .

دیا ہمارا اسے نامہ ہر نے جب کاغذ
تو بولا طیش میں آکر پھر آیا اب کاغذ

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۷۹

پیری میں ہیں ولولے منانیکے تجھے
روٹھی ہوئی او مری جوانی پھر آ

۱۹۱۰ خوبی سخن ، ۸۳

۳. چکر لگانا ، گشت کرنا .

رام منشی باغ میں . . . ایک بار ضرور پھر آتے .

۱۹۳۶ آگ ، ۱۵۲

— بیٹھنا محاورہ .

۱. (سے کے ساتھ) بغاوت کرنا ، سرکشی پر آمادہ ہونا .

قطلوش نے . . . راہ بغاوت اور عصیان کی بادشاہ الپ ارسلان سے چلنی اختیار کی اور بالکل پھر بیٹھا .

۱۸۴۷ تاریخ ابوالفدا ، ۲ : ۹۴

۲. مکر جانا .

ایک ٹھاکر نے اپنے علاقے کی قسط وقت پر ادا نہ کی تنگ طلبی ہوئی تو پھر بیٹھا .

۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۳۰۶

— بے گھوڑے یہیں سے کہاوت .

جلد یا وقت سے پہلے عہد سے پھر جانا ، بات پلٹ دینا .

آپ تو ابھی سے ایسی باتیں کرنے لگے پھر بے گھوڑے یہیں سے ایسے میں سویرا ہے .

۱۹۰۰ ذات شریف ، ۴۱

— بھی صف .

۱. اس کے باوجود ، تاہم .

چلتے وقت گو وہ بات نہ رہی تھی مگر پھر بھی یہ بدڑا تو نہ تھا .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۲۹

۲. بر چند ، بہر حال .

جاسوس تو پھر بھی ایک حد تک اپنی شخصیت رکھتا ہے .

۱۹۱۵ فلسفۂ اجتماع ، ۹۱

۳. دوبارہ .

پھر بھی آنا او پردیسی او پردیسی پھر بھی آنا

۱۹۳۶ طیور آوارہ ، ۴ : ۱۷۷

— بھی موچی کے موچی رہے کہاوت .

کنگال کے کنگال ہی رہے (نجم الامثال ، ۱۲۹) .

— پچھتانے (— پچھتانے) کیا بنے/ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت کہاوت .

وقت نکل جانے تو افسوس بے سود ہے .

اگر اماوس کے دن اس کو نہ پہنچا دیا تو پھر پچھتانے کیا ہوت ہے جب چڑیاں چگ گئیں کھیت ، پھر بے کف افسوس ملے اور کیا ہو سکتا ہے .

۱۹۰۳ سرشار ، بچھڑی ہوئی دلہن ، ۴۸

— پڑنا محاورہ .

(کسی کی طرف) رخ کرنا ، متوجہ ہونا ، پلٹنا (نجم الامثال ، ۱۲۹) .

گریز میں یکایک پھر پڑا اور خرطوم و دندان سے مقابلہ کرنے لگا .

۱۸۹۱ بوستان خیال ، ۸ : ۱۲۰

چلنے کو تو چلتے ہیں پہ گر گر پڑتے ہیں اکثر
ہمت نہیں ہوتی ہے تو پھر پڑتے ہیں اکثر

۱۹۲۳ فروغ ہستی ، ۵۳

— پھار (— کس پہ) م ف .

بار بار ، مکرر .

بے مغز خالی سر بھونچہ پر پڑتا پھر پھر .

۱۶۳۵ سب رس ، ۷۱

پھل نکوئی کا تو لیتا جا اگر لے جا سکے
پھر پھر اس گلشن میں اے ناداں تجھے آنا نہیں

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱۱۲

نصیحت ہو چکی بس ناصحو کیوں پھر پھر آتے ہو
جہاں آئی طبیعت مہرباں پھیری نہیں جاتی

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۳۱۸

— پھرا کر/کے م ف .

چار و ناچار ، لازماً ، لوٹ پھر کر .

وہی دعوی سابق . . . پھر پھرا کر قائم ہو جاتا ہے .

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۳۸

اپنی کد کی بکی ہیں پھر پھرا کر وہیں سوتی ہیں .

۱۹۰۱ راقم ، عقد ثریا ، ۹

— پھر کر/کے م ف .

پلٹ پلٹ کے ، مڑ مڑ کر ، بار بار .

یہی بات پھر پھر کے کہنا اچھے
اسی دھیان میں نت وہ رہنا اچھے

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۲۰

پھر پھر کے اسی طرف جھانکنے لگے اور آپ ہی آپ مجذوبوں کی طرح ہوں بڑبڑانے لگے .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۱۴۴

جلال ان مے کشوں پر کیوں نہ پھر پھر کر شباب آئے
وہ مے پیتے ہیں جس کا نام ہے اکسیر مے خانہ

۱۹۴۶ جلیل ، روح سخن ، ۴۴

— جانا محاورہ .

۱. سرکشی کرنا ، باغی ہونا .
شہنشاہ سے مہرخ و بہار وغیرہ نئی جادو کرنیاں پھر گئیں اور مقابلہ کرتی ہیں .
۱۸۸۸ انتخاب طلسم ہوشربا ، ۳ : ۲۱۵

۲. انحراف کرنا ، انکار کرنا ، مکر جانا .
اون شرطوں سے . . . وہ پھر گیا اور باغی ہو گیا .
۱۸۴۷ تاریخ ابوالفدا ، ۲ : ۳۷۶

پھر گیا تو ہم سے یوں ، گویا نہ تھا پہلے عزیز
دیر تک رہتا ہے جو مہماں نہیں رہتا عزیز
۱۹۲۸ سلیم پانی پتی ، افکار سلیم ، ۳۵

۳. تصور ہونا ، گھوم جانا .
گریہ نے ایک دم میں بنا دی وہ گھر کی شکل
میری نظر میں صاف بیابان پھر گیا
۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۶۷

۴. لامذہب ہو جانا ، عقیدہ بدل جانا .
وہ اسلام سے پھر جاتے ہیں .
۱۸۹۸ دعوت اسلام ، ۳۵

حضرت نوح کے بعد مخلوق خدا سے پھر گئی .
۱۹۳۴ قرآنی قصے ، ۵۶

۵. (مجازاً) چبھ جانا ، پیوست ہونا .
تھی گردش مژہ بھی ترے تیر کی شریک
برمے کی طرح سینے میں پیکان پھر گیا
۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۶۷

۶. ختم ہو جانا .
زمانے سے طرفہ وفا پھر گئی
چمن کے چمن کی ہوا پھر گئی
۱۸۵۱ دیوان اختر ، ۷۶۳

۷. پڑ جانا ، برپا ہو جانا .
مرہٹے کے سارے لشکر میں دہائی پھر گئی
اوس پھر جاتے ہی بس ساری خدائی پھر گئی
۱۸۱۹ اخبار رنگین ، ۳۹

۸. دوبارہ جانا .
اس حال کو معائنہ کر کے عبدالمسیح اپنی قوم کے پاس پھر گیا .
۱۸۹۲ فسانۂ معقول ، ۱۷۷

۹. لوٹ جانا .
فرقت دلدار میں سہواً اگر آتی ہے نیند
آنکھ سے باہر ہی باہر آکے پھر جاتی ہے نیند
۱۸۴۶ دفتر فصاحت ، ۸

۱۰. مڑ جانا ، رخ دوسری جانب ہو جانا .
جانب قبلہ جو پھیرا گور میں عاشق کا منہ
تیرے کوچے کی طرف اے یار جانی پھر گیا
۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۲۱

۱۱. بدل جانا ، تبدیل ہو جانا .
وہ آیا چمن کی ہوا پھر گئی
خجالت سے باد صبا پھر گئی
۱۸۶۱ دیوان اختر ، ۷۶۳

— چکنے گھڑے کی طرح ویسے کے ویسے کہاوت .
بے شرم ، بدلحاظ کی نسبت بولتے ہیں (جامع اللغات) .

— چلنا محاورہ .

واپس ہونا ، لوٹ جانا .
سوچتا تھا کہ وطن کو پھر چلیے .
۱۸۹۴ اردو کی چوتھی کتاب ، اسمٰعیل میرٹھی ، ۱۰

— سے صف .

دوبارہ ، از سر نو .
یونیسکو کی مدد سے اب ان کتب خانوں کو پھر سے قائم کیا جا رہا ہے .
۱۹۵۲ امن کے منصوبے ، ۴۲

— کر/کے م ف .

۱. رک : پھر سے .
نکہت گل کم مسیحا سے نہیں ہے کیا عجب
مر گئی بھی ہو تو پھر کر جان پائے عندلیب
۱۷۹۲ محب ، د ، ۹۹

کاغذ زر کے پھولوں میں یہ گل کترے تھے
آ گیا تھا گل صد برگ کا پھر کر موسم
۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۹۰

۲. گردن موڑ کر ، مڑ کر .
نہ تو میں نے پھر کر دیکھا کہ میرے پیچھے کیا ہو رہا ہے اور نہ میں کسی جگہ ٹھہرا .
۱۸۹۱ قصہ حاجی بابا اصفہانی ، ۴۴۶

— کر آنا محاورہ .

واپس آنا ، لوٹ کر آنا .
منہ میں تی بول نکلیا پچھیں سو کیا پھر کر آتا ہے ؟
۱۶۳۵ سب رس ، ۲۱۸

عدم کے رفتگاں کا حال پوچھیں اے ظفر کس سے
نہ آیا کوئی پھر کر واں سے یاں معلوم کیا ہوگا
۱۸۵۶ ظفر، ک، ۴ : ۳

جاتا نہیں کعبے کو یہ میں سوچ سمجھ کر
آتا نہیں پھر کر کوئی اللہ کے گھر سے
۱۹۳۶ شعاع سحر، ۱۳۴

— کون جنے کس کا راج/کون مرے کون جنے کہاوت .

زندگی کا کوئی اعتبار نہیں کام فوراً کرنا چاہئے یہ کام ابھی کرنا چاہیے پھر کا کیا بھروسہ کیا ہو (محاورات ہند ؛ جامع اللغات) .

— کیا ہے مقولہ .

اس کے علاوہ اور کوئی بات سبب یا وجہ ہو تو بتاؤ .

پھر کیا ہے جو اللہ کا یہ قہر نہیں ہے
اس تیغ کے کاٹے میں کہیں لہر نہیں ہے
۱۸۷۴ انیس، مراثی، ۲ : ۲۰۲

— مانگو فقرہ .

فقیر کو اس وقت کہتے ہیں جب کچھ دینا منظور نہ ہو .

کوئی ٹرا گل پھلا وزیر ہوا تو اس نے صاف صاف کہہ دیا پھر مانگو سائیں برکت ہے .
۱۹۳۲ اودھ پنچ، لکھنؤ، ۱۷، ۱۳ : ۳

— مُڑلی بیل تلے کہاوت .

پھر اپنے آپ کو خطرہ میں ڈالنا (بیل = ایک پھل) (جامع اللغات) .

پُھر (۱) (ضم پھ) صف .

سچا، اصل، صحیح، درست، ٹھیک (جامع اللغات) .

[० : पुर]

پُھر (۲) (ضم پھ) امث .

پرندے کے اڑنے کی آواز .

[س : सफुर]

— پُھر (— ضم پھ) امث .

پُھر (رک) کی تکرار .

اڑ کے پھر پھر درخت پر وو جا
بولی حق اللہ پاک ذات اللہ
۱۸۱۰ بہشت گلزار، ۴۴

— پُھر اُڑنا محاورہ .

۱. فضا میں بازوؤں کو پھڑپھڑانا .

ان جانداروں میں وہ بعض کو پھر پھر اڑتے ہوئے دیکھتا ہے .
۱۹۰۰ غربی طبیعیات کی ابجد، ۷

۲. (ہوا میں) ادھر ادھر حرکت کرنا .

کھوپڑی تانبے کی طرح چمکتی سفید چٹیا پھر پھر اڑتی . . .
۱۸۷۷ طلسم گوہر بار، ۲۳۶

— پُھر کرنا محاورہ .

رک : پھر پھر اڑنا .

دھر بیٹھ گیا کان میں باندھ اپنے پروں کو
پھر پھر کیا اور پردے میں پنجوں کو گڑایا
۱۸۳۰ نظیر، ک، ۱۹۳

— سے م ف .

تیزی سے، یک بیک .

چڑیا والے کی جان پھر سے اڑ گئی .
۱۸۷۹ بوستان خیال، ۶ : ۱۳۰

ادھر دعا ختم ہوئی ادھر شاما پھر سے اڑ یہ جا وہ جا .
۱۹۰۸ صبح زندگی، ۱۲

— ہونا/ہونے دینا محاورہ .

اڑ جانا، (مجازاً) ہاتھ سے نکل جانا .

اور سنہری چڑیا جب خود ہی دانے پر گری تھی تو بھلا وہ کیوں پھر ہونے دیتے .
۱۹۶۲ دلی کی شام، ۱۶۹

پھرا (فت پھ، شد ر) امذ .

۱. گول لکڑی یا درخت کے تنے کا پھلا چیرا ہوا تختہ جس کا ایک رخ مدور ہوتا ہے (ماخوذ : ا پ و، ۱ : ۱۹) .

۲. لمبی دھجی، رک : پھریرا .

چھوٹی چھوٹی مگر بہت خوبصورت بندوقیں ہوتی ہیں جن پر سرخ بانات کا غلاف ہوتا ہے اور اس کے سرے پر ایک چھوٹا سا پھرا .
۱۹۰۷ مخزن، فروری، ۲۳

۳. چوپائے جانوروں کے شانے کی ہڈی جس پر گوشت منڈھا رہتا ہے، پھڑ، تھاپا (ا پ و، ۳ : ۸۳) .

۴. بیڑو کی چار ہڈیوں میں سے دو ہڈیوں کا نام جو رانوں سے ملحق ہوتی ہیں ان سے پہلوانوں کے بازو اور آمنا سامنا ہنتا ہے، بے نام ہڈی .

دو پھرے کی ہڈیاں . . . بے ڈول ہیں .
۱۸۴۸ اصول فن قبالت، ۵

۵. گیہوں یا دھان کی فصل کا ایک مرض جو اس وقت ہوتا ہے جب پھولنے کے وقت تیز ہوا چلتی ہے اس میں پھول گر جانے سے بالیوں میں دانے نہیں پڑتے (شبد ساگر) .

۶. موٹی اینٹ (شبد ساگر) .

۷. لنگوٹ کی ایک قسم جس میں چار کونے ہوتے ہیں (مہذب اللغات) .

۸. رک : پلڑا .

اگر اس آلے پر کوئی چیز ماریں تو اس کے دونوں پھرے ضرور تھرتھرایا کرتے ہیں .

۱۸۸۹ مبادی العلوم ، ۷۵

[رک : پھراٹا]

پھرات لینا ف م .

پھیر لینا ، رک : پھیرنا .

تیر مارے سو سمانی پھر نہ آئے
ہے عجب تیر مار کرلیتے پھرات

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۵۵

پھراٹا (فت پھ ، شد ر) امذ ؛ ← پھراٹا .

۱. پرندے (یا پھریرے) کے اڑنے کی آواز (نوراللغات) .

۲. گھوڑے کے نتھنوں میں سے زور سے ہوا نکلنے یا جانور کے زور سے دوڑنے کی آواز (جامع اللغات) .

۳. سانٹھا ، قمچی ، رک : پھٹا (امث : پھراٹی) .

سزا یوں دی جاتی ہے کہ ہر حاکم کے رو برو بانس کے پھراٹے رکھے رہتے ہیں .

۱۸۴۸ تاریخ ممالک چین ، ۱ : ۱۱۱۲

[० : پھراٹا फरहटा]

پھرنا محاورہ .

رک : فراٹا پھرنا (نوراللغات) .

پھرا جانا ف م .

رک : پھرانا ؛ چکرا دینا ، چکر دینا .

ناصح کو بھی عجیب طرح کا ہے درد سر
کوئی نہ جب ملا تو مرا سر پھرا گیا

۱۹۱۷ دیوان آصف ، ۱۴

پھرا دینا ف م .

رک : پھرانا ، واپس کرنا .

لیا سواجھوں کے پھرا نہیں دیا ہے .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۴۶

یہ بات سلیمان کو پسند آئی وہ شرارت پھرا دیا .

۱۸۲۴ سیر عشرت ، ۹۰

پھرارا (فت پھ) امذ .

رک : پھریرا (= جھنڈا) .

دیکھیا ہوں ترے نین منیں صنع خدا کا
تو سر نہانی سوں جھلکتا ہے پھرارا

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۳ : ۶

عاشقاں کے آج سینے چاک ہو تج عشق تھے
آہ کے بارے سوں اڑے جیوں پھرارے ہر طرف

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۱۲۴

پھراری (کس پھ) امث .

تاش کے کھیل میں اتنی جیت جتنی ایک بار ہاتھ چلنے میں ہوتی ہے ، ایک چال کی جیت (شبد ساگر) .

[مقامی]

پھُرا کا (ضم پھ) امث .

پھر (رک) کی آواز .

اسی لمحے میرے پیچھے سے ایک پھرا کے کی آواز آئی اور دوسرے لمحے مجمع پر دس دس روپوں کے نوٹوں کی بارش ہوئی .

۱۹۶۶ الشجاع ، مارچ ، ۶۰

[حکایت الصوت]

پھرا کر (کس پھ ، فت ک) م ف .

۱. بدل کر .

اگر کوئی اچھے گا محب و حبیب
پھرا کر نہ لکھ سے کسی کے نصیب

۱۶۳۸ چندر بدن و مہیار ، ۱۰۴

پھرا کر سوشاہی کیری بھیس کوں
چلیا یو سناسی ہو پردیس کوں

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۵۰

۲. پلٹ کر .

کہا فرعون موسیٰ کون پھرا کر
خدا گر ہے تمہارا آسماں پر

۱۷۰۵ در مجالس ، ۴۱

[پھرانا (رک) سے]

پھرال (فت پھ) امث .

پھیلاو ، تفصیل ؛ تختہ (شبد ساگر) .

[(رک) : پھیلاو]

پھرانا (کس پھ) م ف .

۱. گھمانا ، گشت کرانا ، سیر کرانا .

سب عاشقان میں پھراؤ .

۱۶۳۵ سب رس ، ۲۴۳

زلفی نے آگ کی ہنڈیا زور سے پھرا کر بھیڑیوں کے بیچوں بیچ پھینک دی .

۱۹۰۱ زلفی ، ۵۶

۲. حیران کرنا ، سرگرداں کرنا ، بھٹکانا .

خاص پڑنے کہا کہ میاں خشکہ کھاؤ دماغ بیہودہ مت پھراؤ .

۱۸۸۷ داستان امیر حمزہ ، ۱۹۵

۳. لوٹانا ، واپس کر دینا ، خالی ہاتھ بھیج دینا (فقرا وغیرہ کو) .

گھنگارو نہ ہو مایوس اللہ کی رحمت سے
پھرا دے اپنے در سے یہ سخی سے ہو نہیں سکتا

۱۹۳۲ کلیات شایق ، ۴۶

۴. رد کرنا ، دور کرنا (کسی مصیبت یا پریشانی کو).

صدقہ پھراتا ہے بلا حق کا غصہ کرتا نرم

۱۶۳۵ ترجمہ تحفۃ النصائح ، ۲۰

غریب کی دعا بلا کو پھراتی ہے .

۱۸۵۵ گلستان (ترجمہ) ، ۲۵۵

[०: फिराना पहराना]

پھرانا (فت پھ ، شد ر) ف ل ؛ ف م .

۱. (جھنڈے کے پھریرے کا) ہلنا ، لہرانا .

پھرادے ہے یہ حسن کے لشکر کا نشاں دیکھ
لہرا دے ہے جو زلف گرہ گیر ہوا پر

۱۷۸۶ حسن ، د ، ۴۴

کوٹھوں اور دیواروں پر سنہرے کام جگمگا رہے تھے اور بادلے کے نشان پھرا رہے تھے .

۱۸۰۱ مادھونل اور کام کندلا ، ۵۱

باقی سب پر انگریزی پھریرا پھرا رہا تھا .

۱۹۰۴ آئین قیصری ، ۱۹

۲. (پرند کا) پروں کو پھٹ پھٹانا .

جانور اترتے ہیں ، نہاتے جاتے ہیں . . . پروں کو پھراتے ہیں اور اڑ جاتے ہیں .

۱۸۸۰ آب حیات ، ۵۸

۳. کودنا ، پھاندنا ، جست کرنا .

دیوار کو زنداں کی پھرا گئے دیوانے
جس دم یہ خیال آیا میداں کسے کہتے ہیں

۱۸۵۴ غنچۂ آرزو ، ۱۱۱

۴. گھوڑے کا نتھنوں سے زور سے آواز نکالنا (جامع اللغات).

[س : سپھر سفر سے]

پھراؤ (کس پھ ، و مع) صف .

۱. وہ (مال) جو واپس کیا جاسکے ، مدت معینہ میں واپسی کی شرط پر خریدا ہوا (سامان) جس کو واپس کردینے کا اقرار ہو ، جا کڑ ، قابل واپسی (نوراللغات ؛ پلیٹس ؛ شبد ساگر) .

۲. لوٹتا ہوا ، واپس ہوتا ہوا ، قابل منتقلی ، گھوم جانے والا (نوراللغات ، پلیٹس) .

[پھرنا ، پھیرنا (رک) سے]

پھرائی (کس پھ) .

(الف) امث .

۱. واپسی ، واپس کرنے کا تاوان (نوراللغات ؛ پلیٹس) .

۲. گشت .

رات کی پھرائی میں یہ ہمارے ساتھ تھا .

۱۹۳۹ حکایات روسی ، ۲ : ۷۵

۳. حرکت ؛ گھماؤ .

دو پہیوں کی چھوٹی چھوٹی گاڑیاں بنوائی جاتیں جن پر ان کی چکنیاں رکھ دی جاتیں تب کہیں ان کی پھرائی ممکن ہوتی .

۱۹۶۲ ساقی ، جولائی ، ۴۳

۴. (کسی چیز کو) واپس کرنے کا تاوان (نوراللغات) .

(ب) صف ؛ امذ .

پھرنے والا ، پھیری لگانے والا ، گشت کرنے والا ؛ سخی سرور کے مریدوں کا ایک گروہ .

اور پھرائی لوگوں کو شیخ گاڑھا کی نصیحت ہے کہ حضرت کی مدح پڑھیں اور بجائے مصلا مکان بنا کے چراغ جلادیں .

۱۸۶۴ تحقیقات چشتی ، ۲۱۳

[پھرنا (رک) سے]

پھر پھیہ (کس پھ ، سک ر ، فت پ ، کس ھ ، فت ی بشد) امذ.

گھومنے والی چرخی جس پر توپ رکھ کر چلائی جاتی ہے .

گولہ اندازوں نے تاک کر جو گولہ مارا غنیم کے لشکر میں اتارا کبھی دمدمہ اڑایا کبھی جھانکی اڑادی کبھی پھر پھیے سے توپ گرا دی .

۱۸۹۰ فسانۂ دلفریب ، ۱۵۴

[پھر ، پھرنا (رک) سے + پھیہ (رک)]

پھر پھر (فت نیز ضم پھ) امث .

(پرندے کے) اڑنے کی آواز .

اڑ کے پھر پھر درخت پر وو جا
بولی حق اللہ پاک ذات اللہ

۱۸۱۰ مثنوی بہشت گلزار ، ۴۴

[حکایت الصوت]

پھر پھرانا (فت پھ ، سک ر ، فت پھ) ف ل .

۱. ہوا میں اڑنا ، سرسرانا .
اس کے کھلے ہوئے سیاہ بال . . . پیچھے پیچھے پھر پھراتے .
۱۹۴۰ رفیق حسین ، گوری ہو گوری ، ۱۷۸

۲. پھر پھر کی آواز پیدا ہونا ، رک : پھڑپھڑانا .
یہ ندی موجوں سے پیشانی پر بل ڈالے پھر پھراتی مرغابیوں کی قطاروں سے کردھنا باندھے . . . چلی جارہی ہے .
۱۹۴۴ وکرم اروسی ، ۶۹

[ہ : پھرپھرانا फरफराना]

پھُر پھُرانا (ضم پھ ، سک ر ، ضم پھ) ف ل ؛ ف م .

۱.(i) پھُرپھُر کرنا ، حرکت کرنا .
برآمد کی دم کے ساتھ . . . کال اور ہونٹ پھر پھرا کرتے رہتے اور منہ سے جھاگ نکلتے ہیں .
۱۸۸۲ کلیات علم طب ، ۲ : ۵۲۴

(ii) (پرندے کا) ہوا میں اڑنا .
دھر بیٹھ گیا کان میں باندھے اپنے پروں کو
پھُر پھُر کیا اور پردے میں پنجوں کو گڑایا
۱۸۳۰ نظیر اکبرآبادی ، ک ، ۲ : ۱۹۳

۲. کسی ہلکی چھوٹی چیز (بال پرچم وغیرہ) کا ہوا میں ادھر اُدھر لہرانا ، سر میں جوں پتنگا یا چھونٹی کا گھس جانا .
بالوں میں پھر پھراتا ہے کچھ میرے رات سے
انّا لگا کے پنجہ تو اور کر کے دھیان دیکھ
۱۸۳۰ امتحان رنگین ، ۲۲

۳. کان میں کسی پر دار کیڑے کا پھر پھرانا (فرہنگ آصفیہ) .

۴. کانپنا ، لرزنا نیز تھکن یا تکلیف سے بدن کا درد کرنا .
ایک ایک انگ پھر پھرا رہا ہے یہ خلاف عادت تبدیلی سفر کے تکان کی وجہ سے ہے .
۱۹۱۵ آریہ سنگیت راماین ، ۱ : ۶۷

۵. چٹخنا ، خشکی ہونا ، تحریک نزلہ سے رہزش ہونا .
اس کے نتھنے پھر پھرا رہے تھے ہونٹوں پر پپڑیاں جمی تھیں .
؟ چنگل ، ۴۴

۶. کان میں روئی کی سلائی ڈال کر اس کو گردش دینا ، پھر پھری پھیرنا ، روئی کی سلائی کان میں پھیرنا (فرہنگ آصفیہ) .

[حکایت الصوت]

پھر پھری (کس پھ ، سک ر ، کس پھ) اسث .

ایک قسم کا پرندہ جس کی چھاتی لال اور پیٹھ کالی ہوتی ہے .
پرند جانوروں میں کوا ، طوطا ، بلبل ، پھر پھری . . . کو بھی روکنا چاہیے .
۱۹۰۳ باغبان (رسالہ) ، ۲۳

[مقامی]

پھُر پھُری (ضم پھ ، سک ر ، ضم پھ) اسث .

کپکپی ، پھریری ، تھرتھری ، لرزہ (فرہنگ آصفیہ ؛ پلیٹس) .

[ہ : پھُرپھُری फरफरी]

۔ لینا محاورہ .

کانپنا ، لرزنا ، تھرتھرانا (نور اللغات ؛ پلیٹس) .

پھر پھنّد (فت پھ ، سک ر ، فت پھ ، سک ن) اسذ .

پھیر ، چکر ، پھندا ، جال ، شرارت ، بدمعاشی ، مکر فریب ، پاجی پن ، شیطنت ، دھوکے کی ترکیب ، چالبازی (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

اف : کرنا ، ہونا .

[س : परि + स्पन्द]

پھر پھندی/پھر پھندیا (فت پھ ، سک ر ، فت پھ ، غنہ) صف .

مکّار ، عیّار ، چالباز (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

پھِرت (کس پھ ، فت ر) اسث .

۱. گردش ، سیر (چلت یا سرت کے تابع کے طور پر) .
گفت پھرت بکن زر بیار
۱۷۱۳ جعفر زٹلی ، ک ، ۲
یہ سرت پھرت قوی آدمی سے ممکن ہے .
۱۸۴۵ ترجمہ مجمع الفنون ، ۱۳۳

۲. (ناچ کی) چک پھیری .
بحر دیکھ اس کی پھرت کی پریاں
ناچتا تھا لے کے چکر پھریاں
۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۱ : ۷۱

۳. گھوڑے کی گردش ، گھوڑے کی چال ، کاوا کاٹنے کی کیفیت .
آسیا وار پھرے کیوں نہ فلک گردش میں
تیرے تو سن کے جو کاوے کی اڑا جائے پھرت
۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۳۱۷

۴. ایک قسم کی تراشی ہوئی اینٹ جو گھماؤ یا گولی میں نصب کی جاتی ہے .
دروازوں کے پہلوؤں پر پھرت کی اینٹ بنا کر لگانا چاہیے .
۱۹۱۳ انجینرنگ بک ، ۲۹

۵. بیکار کی ہوئی چیز ، کرایہ کی چیز کی واپسی ؛ سفر سے واپسی کے اخراجات ؛ وہ پیسہ جو پیشہ ور عورت اپنے آقا کو ادا کرتی ہے (پلیٹس) .

۶. گانے والے کی آواز کا اتار چڑھاؤ، ایسے گانے والے کے گلے کے لیے بولتے ہیں جو نہایت تیزی کے ساتھ تان پلٹے لینے پر قادر ہو، گٹکری.

ان کی ادا اور آواز کی پھرت، اس کا گھٹاؤ اور اس کا بڑھاؤ اس کا ٹھہراؤ اور اس کی اوپج . . . زیادہ تر مصنوعی قواعد کی پابند ہے.

۱۸۷۳ مقالات سرسید، ۶ : ۵

[ہ : پھرت फिरत]

پھرت (ضم پھ، فت ر) اسث.

رک : پھُرتی (پلیٹس).

[ہ : پھرت फुरत]

پھرتا (کس پھ، سک ر).

(الف) امذ؛ اسث : پھرتی.

۱. واپسی، استرداد؛ خط کا جواب، رک : پھرت (پلیٹس).

۲. دلالی، بٹا، کمیشن، مال واپس کرنے کا تاوان.

بے وفا بھی تو نہیں کیوں یہ حسینان جہاں
پھیر دیتے ہیں مرا دل مجھے دے کر پھرتا

۱۹۰۰ نظم دل افروز، ۷۸

(ب) صف؛ م ف.

لوٹا ہوا، واپس؛ لوٹ کر.

کہ یک پہر کوں جو دو پہر جانے کا
تو خش پھرتا دسری صبا آنے کا

۱۶۰۹ قطب مشتری (ضمیمہ)، ۲۴

[ہ : پھرتا फिरता، پھرنا (رک) سے]

— بھاڑا امذ.

واپسی کا کرایہ، نصف کرایہ (پلیٹس).

[پھرتا + بھاڑا (رک)]

— پھراتا (— کس پھ) صف.

گھومتا ہوا، گشت کرتا ہوا.

یوں ہی پھرتا پھراتا ایک دن پہنچا ابیلا میں
جہاں مفتوح تھے آباد بعد خانہ ویرانی

۱۹۱۳ شہید مغرب، ۶۸

اتفاق سے شنکر پھرتا پھراتا جنگل میں اسے مل گیا.

۱۹۲۴ افسانچے، ۱۷۲

— پھرنا محاورہ.

مارے مارے پھرنا؛ وقت بگڑ جانا.

آخر نہ وہ دولت رہی نہ آپ نہ وہ گھر رہا
مسند کہیں جاتی رہی تکیہ کہیں پھرتا پھرا

۱۸۳۰ نظیر، ک، ۲ : ۱۸۹

— رہنا محاورہ.

چلتے رہنا، گھومتے پھرتے رہنا، چل پھر کر دیکھنا، سیر کرنا، معائنہ کرنا، گشت کرنا، سیاحت کرنا (پلیٹس).

— کرنا محاورہ.

واپس کرنا، لوٹانا.

بعدازاں زید نے اطلاع انفساخ دی اور بکر نے پوری معیاد پر اس ہنڈی کو پھرتا کیا تو زید پر بنیاد اپنی ضمانت کے ذمہ دار ہے.

۱۹۰۲ ایکٹ معاہدہ بند، ۹۵

پھرتی (کس پھ، سک ر) اسث.

پھرتا (رک) کی تانیث.

— بار م ف.

واپسی کے وقت، واپس ہوتے ہوئے.

پھرتی بار بیماروں کو دیکھتا بھالتا چلا آتا تھا.

۱۸۰۲ باغ و بہار، ۱ : ۱۰

[پھرتی + بار (رک)]

— بتانا محاورہ.

ناچ کی چک پھیریوں کا انداز سکھانا.

ان کی پھرتیاں و باریکیاں بتانا دیکھ کر دانست دار لوگ وجد میں آتے تھے.

۱۸۶۰ فسانۂ دلفریب، ۱۰۱

— دفعہ (— فت د، سک ف، فت ع) م ف.

رک : پھرتی بار.

میں نے اپنے ساتھی سے کہا قہوہ پیو، اوس نے جواب دیا پھرتی دفعہ پی لینا.

۱۸۳۷ تاریخ یوسفی، ۴۴

[پھرتی + دفعہ (رک)]

— کا بھاڑا امذ.

واپسی کا کرایا (کشتی، ناؤ، گاڑی وغیرہ کا)، رک : پھرتا بھاڑا (پلیٹس).

— پُنڈی (— ضم ہ ، سک ن) اسث .
وہ پنڈی جس کو سہاجن قبول نہ کرے ، رد کی ہوئی پنڈی (ا پ و ، ۷ : ۲۴) .
[پھرتی + پنڈی (رک)]

پُھرتی (ضم پھ ، سک ر) اسث .
چستی ، تیزی ، جلدی .
ابو بصیر نے نہایت پھرتی کے ساتھ اس کے ایک تلوار ماری کہ تھوڑی ہی دیر میں ٹھنڈا پڑ گیا .
۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۲ : ۱۲۴
[س : سُپھرتِ स्फूर्ति]

— سے م ف .
جلدی سے ، آن کی آن میں ، فوراً (پلیٹس) .

— کَر گیا فقرہ .
جلدی کر گیا ، قابو میں نہ آیا ، کیا شتابی سے کام بنایا (محاورات ہند ، ۵۱) .

— کَرنا محاورہ .
جلدی کرنا ، تیزی دکھانا ، پھرتیلا پن دکھانا (پلیٹس) .

— کھیل گیا فقرہ .
رک : پھرتی کر گیا (محاورات ہند ، ۵۱) .

پھِرتے (کس پھ ، سک ر) صف ؛ م ف .
پھرتا (رک) کی محرفہ شکل (مرکبات میں مستعمل) .

— پڑنا محاورہ .
مارے مارے پھرنا .
جو بڑے ہیں وے ہی آخر ہیں بڑے
ایسے لچے بہت پھرتے ہیں پڑے
۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰۲۳

پُھرتیلا (ضم پھ ، سک ر ، ی مع) صف مذ ؛ مث : پھرتیلی .
۱ چست ، چالاک ، تیز ، جلد کام کرنے والا .
اتنا بڑا پھرتیلا آدمی ہے کہ برات کے ساتھ کوئی پچاس ہزار آدمی ہوگا مگر اس نے زخمی کیا اور اس طرح بھاگا کہ ایک بھی اس کو گرفتار نہ کر سکا .
۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۳ : ۶۸۶
۲ جلد سمجھنے والا ، زود فہم .
یہ ایک پھرتیلے اور سریع الفہم دماغ کا آدمی ہے .
۱۸۹۱ قصہ حاجی بابا اصفہانی ، ۵۳۲

۳ چاق چوبند ، رفتار میں اچھا .
میر باقر کے گھوڑے جیسا پھرتیلا اور کلیل کرنے والا گھوڑا آپ نے کبھی دیکھا .
۱۹۲۵ حکایات لطیفہ ، ۱ : ۴۰
[س : سپھرت + الہ : स्फूर्ति + इल]

پھرچا (فت پھ ، سک ر) امذ .
رک : پھرچھا (پلیٹس) .
[ہ : پھرچا फरचा]

پھر چانا (فت پھ ، سک ر) ف م .
رک : پھر چھانا (پلیٹس) .

پھرچھا (فت پھ ، سک ر) .
(الف) امذ .
فیصلہ ، حکم عدالت ؛ بندوبست ، انتظام ؛ تصفیہ ؛ آسمان کا صاف ہو جانا ، بادلوں کا چھٹ جانا ، خوشگوار موسم (پلیٹس) .
پھرچھا اچھی طرح سے ہولے اور لیلیٰ شب بھی زلف کھولے
۱۸۸۳ تفسیر عفت ، ۳۱
(ب) صف .
۱ پاک ، سچا ، دیانت دار ، انصاف پسند ، صاف گو (جامع اللغات) .
۲ صاف ، ستھرا ، شفاف ، چمکدار ، روشن (پلیٹس) .
[س : پرشکار परिष्कार]

پھر چھانا ف م .
صاف کرنا ، مانجھنا ، دھونا ، چمکانا ؛ بادلوں کا اُڑ جانا ، مطلع صاف ہونا ؛ قرضے وغیرہ کا فیصلہ کرنا ، بیباق کرنا ؛ فیصلہ کرنا ، فتویٰ دینا (جامع اللغات) .
[ہ : پھرچھانا फरछाना]

پھر چھائی (فت پھ ، سک ر) اسث .
صفائی ، چمک ؛ ایمانداری ؛ مطلع صاف ہونے کی کیفیت ؛ صاف گوئی (پلیٹس) .
[ہ : پھرچھائی फरछाई]

پھُر پھُر (ضم پھ ، فت ر ، ضم پھ ، فت ر) م ف .
پھر پھر (آواز) کے ساتھ ، ہلکے پھلکے انداز میں ، بسرعت .
لوٹی ہوئی نسیم پھولوں میں اور ہر سو پھُر پھُر آئی
۱۹۴۶ لبیب تیموری ، آتش خنداں ، ۸۲
[حکایت الصوت]

پھرررر (ضم نیز فت پھ ، فت ر ، سک ر ، فت ر) امث .

پردار جانور کے اڑنے کی آواز .

کریم کا باپ تیزی سے بڑے نیم پر چڑھا گھونسلے کے پاس پہنچا ہی تھا کہ کوا ،، پھرررر،، کی آواز پیدا کرتا گھونسلے سے باہر نکلا .

۱۹۶۷ بگولے ، ۱۹۳

[حکایت الصوت]

پھرڑا (فت پھ ، سک ر) امذ (قدیم) .

پھل (تلوار کا) ، تلوار .

لتی مغربی دو پھرڑے تھے بات
بلند ٹانگ ہریک سو رن کھانب دھات

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۲۴

[مقامی]

پھرڑ پڑنا ف م .

پھسل جانا .

سلنڈر ہیڈ ٹھیک طور پر اپنی جگہ پر بیٹھ جاتا ہے اور پھرڑ پڑنے کا اندیشہ نہیں رہتا .

۱۹۷۵ پٹرول انجن ، ۱۰۶

[؟]

پھرسا (فت پھ ، سک ر) امذ .

کدال ، کلہاڑی ، برچھا .

بچا کے وار عدو کے لگاونگا پھرسا
نہیں ہے خوف مجھے تیغ گر کمر میں نہیں

۱۸۸۹ دیوان عنایت وسفلی ، ۶۰

[س : پرشو + کہ : परश + क]

پھرک (۱) (فت پھ ، ر) امذ .

رک : پھدک (پھد پھدانا (رک) سے) .

یک بیک اسٹوو بند کردیا اور پھر چونک کر دوبارہ جلایا تھا کہ ابھی تو دال میں پھرک بھی نہ آئی تھی .

۱۹۶۹ وہ جسے چاہا گیا ، ۱۱۹

پھرک (۲) (فت پھ ، ر) امث .

ڈھال ، رک : پھر (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

پھرک (۳) (فت پھ ، ر) امث .

رک : پھڑک (پلیٹس) .

[س : پھلکن फलक]

پھرکا (کس پھ ، سک ر) امذ .

معمول سے بڑی قوس یا دائرے کا نشان ڈالنے کی چفتی اس سے بڑی پرکار کا کام لیتے ہیں اس طرح کہ جب ایک سرے کو مرکز پر قایم کرکے گھماتے ہیں تو دوسرے سرے سے حسب ضرورت بڑے سے بڑے دائرے یا قوس کا نشان لگ جاتا ہے یہ کام ڈوری سے بھی لیتے ہیں (اپ و ، ۱ : ۳۰) .

[ہ : پھرکا फिरकी]

پھرکر (کس پھ ، سک ر ، فت ک) م ف .

رک : پھر ، دوبارہ ، مکرر (پلیٹس) .

پھرکلا (فت پھ ، سک ر ، کس ک ، شد ل) امذ .

وہ کھونٹا جو گاڑی میں برسے کے باہر پٹری میں لگایا جاتا ہے اور جس پر لکڑی بانس یا بلے رکھ کر رسیوں سے کس کر ڈھانچہ بنایا جاتا ہے (شبد ساگر) .

[ہ : پھار + کیل फार + कील]

پھرکنا (فت پھ ، ر ، سک ک) ف ل .

ہلنا ، حرکت کرنا ، تھر تھرانا ، رک : پھڑکنا .

غصے سے لبوں کا پھرکنا اور جسم کا کانپنا . . . اس کو چھوات کہتے ہیں .

۱۸۵۵ بھگت مال ، ۳۱۸

[رک : پھڑکنا]

پھرکنا (ضم پھ ، فت ر ، سک ک) امذ .

(ٹھگ) گھوڑا جو تیز رفتار ہو (اپ و ، ۸ : ۱۷۸) .

[رک : پھڑکنا]

پھرکنی (کس پھ ، فت ر ، سک ک) امث .

لہنگا ، ایک پائنچے کا گھیردار غرارہ نما پہناوا ، بیشتر دیہات میں مستعمل .

آنکھوں میں کاجل لگا کر اپنی پھرکنی اور چولی پہن کر باہر نکلتی تو سمجھو گاؤں میں قیامت آجاتی .

۱۹۶۹ اخبار جہاں ، کراچی ، ۲۷ اگست ، ۱۲

[پھرکی (رک) سے]

پھرکوٹا (فت پھ ، سک ر ، و مج) امذ .

ڈیڑھ دو انچ موٹی تین چار انچ چوڑی اور سات آٹھ فٹ لمبی ناپ کی پٹی ، پتا ، پدا (اپ و ، ۱ : ۱۹) .

[مقامی]

پھرکوہاں (فت پھ ، سک ر ، و لین) صف .

پھڑکنے والا (شبد ساگر) .

[० : पफरकूँहा पफरकोहाँ]

پھرکنی (کس پھ ، سک ر ، فت ک) صف .

پھرکی (رک) جیسا ، بل کھایا ہوا (ماخوذ : نوراللغات ؛ مہذب اللغات) .

[० : पफरकनी पफरकनी]

ـــ ڈنڈ (— فت ڈ ، سک ن) امذ .

ڈنڈ جن کی مچھلیاں جسمانی ورزش کی وجہ سے پھر جاتی ہیں .

پھرکنی ڈنڈ پہ سج نو رتن اے غیرت ماہ
چاہیے سبعۂ سیارہ ہوں ہر بازو پر

۱۸۶۷ رشک (نوراللغات)

[پھرکنی + ڈنڈ (رک)]

پھرکی (فت پھ ، سک ر) امث .

بانس کی تیلی جس میں لاسا لگا کر چڑیمار چڑیاں پھانستے ہیں ؛ بڑا پتھر جو دیوار کی چنائی میں دور دور کھڑا لگایا جاتا ہے (شبد ساگر) .

[پھرکی ، پھرگنا (رک) سے]

پھرکی (کس پھ ، سک ر) امث .

۱. مدور (گول) چیز جو بیچ کی کیلی (محور) پر حرکت کرے ، چرخی .

جوے کی تیاری اس بلا کی ہے کہ بچائے بچائے ہاتھ سیدھا کردوں تو معلوم ہو پھرکی گھوم رہی ہے .

۱۸۸۷ جام سرشار ، ۲۳۱

بڑی مشکل سے بادلے پر چڑھ کر پھرکی میں رسی ڈالی .

۱۹۳۷ فرحت ، مضامین ، ۷ : ۷۳

۲. بچوں کا کھلونا (مدور تراشا ہوا چمڑا جس کے بیچ میں سوراخ ہوتا ہے جو دھاگا ڈال کر نچایا جاتا ہے) .

لڑکوں کی طرح کھیل رہا ہے فلک پیر
دو ہاتھ میں دو پھرکیاں ہیں شمس و قمر کی

۱۸۹۰ دیوان مائل ، ۲۰۵

بچوں میں پھرکیوں سے کھیلنے کا رواج تھا .

۱۹۲۸ سلیم ، افادات سلیم ، ۲۲۳

۳. چکئی (رک) .

زرد پھرکی سی جو لگی پھرنے
سو پھرائی ہے کون سی پھرنے

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۳۵۷

ہو گئے ہیں کتنے بے پروا زمانے سے کہ ہم
سمجھے ہیں لڑکوں کی پھرکی گردش ایام کو

۱۹۲۵ شوق قدوائی ، د ، ۲۰۶

۴. چمڑے کا ٹکڑا جس پر تکلا گردش کرتا ہے (نوراللغات) .

۵.(i) چرخی کی مدور لکڑی .

کپڑا بننے کی کلوں میں بڑی الجھن ہوتی ہے پھرکیاں . . . ایسی پھرتی سے گردش کرتی ہیں کہ نظر نہیں جمتی .

۱۹۰۳ لکچروں کا مجموعہ ، ۲ : ۴۷۰

(ii) مدور لکڑی جسے تار کش استعمال کرتے ہیں . (نوراللغات) .

۶. گیندے کے پھول کی ایک قسم (نوراللغات) .

[० : पफरकी पफरकी]

ـــ بننا محاورہ .

گھن چکر ہو جانا ، خود کو بہت زیادہ مصروف کر لینا .

کمشنر کی ضیافت کی کبھی بورڈ کی خاطر
غرض مہمان نوازی کے لئے خود بن گئے پھرکی

۱۹۲۴ واودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۹ ، ۱۱ : ۳

پھرکیلا (کس پھ ، سک ر ، ی مع) امذ .

رک : پھرکلا (شبد ساگر) .

[० : पफरकीला पफरकीला]

پھرن (فت پھ ، ر) امذ .

پھرہن (رک) کا ایک مقامی تلفظ ، لباس .

ابر کے پردے میں گردش کر رہا ہے آفتاب
یا پھرن کے پھیر میں کھاتی ہے چکر کانگڑی

۱۹۳۷ نغمۂ فردوس ، ۱ : ۱۴۲

پھرنا (۱) (کس پھ ، سک ر) ف ل .

۱. (i) (اِدھر اُدھر) گھومنا ، (مختلف اطراف میں) چلنا ، گشت کرنا .

پھرے ہم میدان میں وو شہسوار
سہیلیاں سبھی چومیں اس کا رکاب

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۱۳

یہ دونوں باغ میں پھرتی ہیں باغ کوں دیکھتی ہیں .

۱۷۳۶ قصہ مہر افروز و دلبر ، ۱۱۷

ساتھ لو ہم کو تم چھڑے نہ پھرو
ڈر ہے اس پھرنے میں بڑے نہ پھرو

۱۸۵۶ ظفر ، ک ، ۴ : ۱۰۷

کہتے ہیں اوس میں سونا ، اوس میں پھرنا جسم انسان کے لیے مضر ہے .

۱۹۱۳ انتخاب توحید ، ۴۸

(ii) خاک چھاننا ، آوارہ گردی کرنا .

آتی ہے دہن چمن کے آنگن میں
پھول پھرتا ہے پھول کے بن میں

۱۶۳۵ سب رس ، ۶۶

مدت تلک جنگل میں دیوانہ ہو پھرا میں
آخر کو وو پری رو میری نظر نہ آیا

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۴۶

جذبِ دلِ عاشق کی تاثیر اسے کہتے ہیں
دیوانی سی جنگل میں پھرتی ہے پڑی لیلیٰ

۱۸۱۶ دیوان ناسخ ، ۱ : ۶۸

(iii) (طنزاً یا حقارتاً) مارا مارا پھرنا ، چکر لگانا یا کاٹنا .

داغ کا ذکر سن کے وہ بولے ایسے اسّی ہزار پھرتے ہیں

۱۹۰۵ داغ ، انتخاب داغ ، ۱۳۳

۲. (i) چکر کھانا ، گردش کرنا ، (محور پر) گھومنا .

اوس بوڑھے نے سب کوں اچھی جگہ اتارا اور جہاں کہ صندوق سر مبارک تھا گرد اوس گھر کے پھرنے لگا .

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۲۴۸

سنا ہے کہ چکی کی طرح پھرتا ہے .

۱۸۰۱ آرائش محفل ، حیدری ، ۱۶۶

(ii) (زمین کا) اپنے محور پر گھومنا .

اگر زمین پھرتی ہے تو ہم ٹیڑھے کیوں نہیں ہو جاتے .

۱۸۹۸ سر سید ، مضامین ، ۴۳

۳. (i) واپس ہونا ، لوٹنا ، پلٹنا .

چل اے شہ پھریں ہم اب اس گھات سے
سلامت گیا نیں کوئی اس باٹ سے

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۵۱

ہر چند لوگ منتظر رہے وہ نہ پھرا دوسرا گیا وہ بھی نہ آیا .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۶۸۵

گر اب کے پھرے شیخ جی کعبے کے سفر سے
تو جانو پھرے شیخ جی اللہ کے گھر سے

۱۹۲۹ تاریخ نثر اردو ، ۱ : ۱۶۵

(ii) لوٹ کر ملنا، (مجازاً) وصول ہونا ؛ واپس پہنچنا .

دامن تک اشک آ کے نہ جائینگے آنکھ میں
پھرتا نہیں گہر جو عدن سے نکل گیا

۱۸۶۵ نسیم دہلوی ، د ، ۱۰۶

۴. (خریدی ہوئی چیز کا) واپس کیا جانا ، رد ہونا .

کچھ گرہ میں بھی ہے جو دل کے خریدار بنے
یہ سمجھ لو کہ یہ سودا نہیں لے کر پھرتا

۱۸۹۲ مہتاب داغ ، ۸

۵. منطبق ہونا ، اطلاق ہونا .

جس چیز کی طرف ضمیر پھرتی ہے اسے مرجع کہتے ہیں .

۱۸۸۹ جامع القواعد ، ۶۴

۶. (i) انحراف کرنا ، منہ موڑنا (سے کے ساتھ) .

صفوان آ ، حر کی برابر ہو ، کہا ، اے حرتوں مرد عاقل . . . کہاں روا کہ یزید سے پھرے .

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۱۴۵

ہوے مرشد و ہادی و رہنما
جو ان سے پھرا بس خدا سے پھرا

۱۸۴۷ صیدیہ ، ۷۹

تم مجھ سے کیا پھرے کہ قیامت سی آ گئی
یہ کیا ہوا کہ کوئی کسی کا نہیں رہا

۱۹۴۱ فانی ، ک ، ۶۲

(ii) سرکشی کرنا ، بغاوت کرنا .

آج یہ صوبہ پھرا کل ملک وہ باغی ہوا
عہد میں سب کے یہی نقشہ یہی صورت رہی

۱۸۷۸ کلیات نظم حالی ، ۲ : ۲۱

(iii) عقیدہ یا اعتقاد ختم ہو جانا .

لوگ ہماری درگاہ سے پھرے ہیں ، سب اثاثہ اور مال و متاع برباد کر کے محتاج ہو ہو مرے ہیں .

۱۸۶۲ خط تقدیر ، ۸۲

(iv) عہد توڑ دینا ، (قول یا بات وغیرہ پر) قایم نہ رہنا .

انہیں پھرتے نہیں کچھ دیر لگتی
نگاہیں کام کرتی ہیں زباں کا

۱۸۹۹ دیوان ظہور ، ۱ : ۱۴

یہ سب سہا مگر اپنے عزم سے نہ پھرا .

۱۹۳۲ خطبات عبدالحق ، ۷۲

(v) (کہہ کے) مکر جانا .

بوسہ لبوں کا دینے کہا کہہ کے پھر گیا
پیالہ بھرا شراب کا افسوس کر گیا

۱۷۳۳ آبرو (نکات الشعرا ، ۱۰)

جناب شیخ عبداللہ بازندرانی جناب اخوند کے ساتھی ہیں اور بس - لیکن باقی لوگ پھر گئے ہیں .

۱۹۱۲ روز نامچۂ سیاحت ، ۱ : ۶۱

(vi) برگشتہ ہو جانا .

پھرا الٰہی کسی کا کسی سے یار نہ ہو
کوئی جہان میں برگشتہ روزگار نہ ہو

۱۸۷۲ دیوان عیش ، ۱۵۷

جو پھرا مجھ سے میں نے یہ جانا
یہ بہ ایمائے چشم یار نہ ہو

۱۹۴۲ ضیائے سخن ، ۱۸۴

۷. بدلنا ، متغیر ہونا .

زور آور کا پیار گھڑی میں پھرتے نیں بار .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۳۰

آئی بہار باغ کا پھر رنگ رو پھرا
موسم پھرا ہوا پھری لیکن نہ تو پھرا

۱۸۰۵ دیوان صاحب ، ۱۷۹

وصل کی بنتی ہیں ان باتوں سے تدبیریں کہیں
آرزوں سے پھرا کرتی ہیں تقدیریں کہیں

۱۹۰۹ کلیات حسرت ، ۱ : ۲۷

۸. (دماغ وغیرہ میں) فتور آنا ، نقص رونما ہونا ؛ چکّر آنا (نوراللغات) .

۹. (خنجر وغیرہ کا) رواں ہونا ، چلنا .

ناخن تراش سے اس طرح کاٹیں کہ اس کی دھار ٹھیک پنسل کی لکیر پر پھرے .

۱۹۳۵ کپڑے کی چھپائی ، ۱۷

۱۰. (قلمی وغیرہ کی تہ کا) چڑھایا جانا ، پوتا جانا .

میناروں پر بھی پانی سونے کا پھرا ہوا ہے .

۱۸۳۷ تاریخ یوسفی ، ۲۱

۱۱.(i) دھار کا مڑ جانا ، (کسی سمدھی اور راست چیز کا) مڑ جانا ، ٹیڑھا ہونا ، خم کھانا .

کیا پنجہ ہے اس صاحب صمصام کا پنجہ
انگشت ملائے تو پھرے سام کا پنجہ

۱۸۷۳ انیس ، مراثی ، ۲ : ۲۱۲

(ii) پودوں اور پھولوں پر رنگ آنا ، بہار آنا ؛ بدل جانا .

آئی بہار باغ کا پھر رنگ رو پھرا
موسم پھرا ہوا پھری لیکن نہ تو پھرا

۱۸۰۵ کلیات صاحب ، ۱۷۹

۱۲. نشر کیا جانا ، جاری ہونا ، مشہور ہونا .

وہ توحید کی اک دہائی پھری کہ دور بتاں سے خدائی پھری

۱۹۰۵ محسن کاکوروی (نوراللغات)

۱۳. ہراز کی حاجت رفع کرنا ، بیت الخلا جانا (نوراللغات).

بچوں کا پیٹ خراب ... ابھی پھرا ہے ابھی پھر کپڑے خراب.

۱۹۴۶ تہذیب نسواں ، ۳۶ : ۳۱

۱۴. کسی جگہ پہنچکر واپس آنا ، لوٹنا .

جہاں ڈھونڈا نہ پایا اس کو دیکھا تو یہیں کیا کیا
پھری ہے دور جا جا کر نگاہ دوربیں کیا کیا

۱۸۷۷ انور ، د ، ۸

۱۵.(i) پلٹنا ، مڑنا .

ازم اغیار سہی پھر کے ادھر دیکھو تو
نہ انجان بنو تم نہ شناسا ہو کر

۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۱۰۹

(ii) راجع ہونا ، پلٹا کھانا .

ضمیر اہل کتاب کی طرف نہیں پھرے گی

۱۹۷۲ ختم نبوت ، ۲۰

۱۶. (کسی طرف) رخ کرنا ؛ جانا ، مڑنا .

پھری پھر اپنے گھر طرف ہو شاد
بوجھ دل میں کہ آئی میری مراد

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۶

ملک چین کے دو راستے ہیں ایک راہ داہنی طرف گئی ہے دوسری ڈگر بائیں طرف پھری ہے .

۱۸۹۰ فسانۂ دلفریب ، ۷۷

۱۷. مستقل یا مسلسل کسی کوشش میں لگا رہنا ، گھومنا یا چکّر لگانا .

مت سہل ہمیں جانو پھرتا ہے فلک برسوں
تب خاک کے پردے سے انسان نکلتا ہے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۲۱۸

۱۸.(i) گھومنا ، سیر کرنا .

خواہ یہ دونوں صبح کو پھرنے نکلتے یا شام کو اپنے مقام پر پلٹ کر آتے ہرنوں کا ایک غول ہر وقت ان کے ہمراہ ہوتا تھا .

۱۹۰۸ مخزن ، دسمبر ، ۵۹

(ii) رواں ہونا ، چلنا (کشتی یا جہاز وغیرہ کا) .

دریائے ٹیمز میں دخانی کشتیاں ہر وقت پھرتی رہتی ہیں.

۱۸۸۹ گلگشت فرنگ ، ۱۰

۱۹. معائنہ کرنا .

صفوں میں خود بادشاہ نوبت بہ نوبت پھرتا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۸۱۲

۲۰. ہونا ، ملنا .

بیٹھ رو سودا تسلی دل کو دے
در بدر مفت سے کیا حاصل پھرا

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱۵

۲۱. ٹہلنا ، چہل قدمی کرنا .

پھرنے سے شام وعدہ تھکے یہ کہ سو رہے
آرام شکوۂ ستم اضطراب تھا

۱۸۵۱ مومن ، د ، ۲۵

صبح کو جب مہکتے تھے میرے چمن میں کھل کے پھول
پھرتے تھے دونوں ساتھ ساتھ ، چنتے تھے دونوں مل کے پھول

۱۹۲۵ شوق قدوائی ، عالم خیال ، ۱۶

۲۲. تصور بندھنا ، عالم تخیل میں تصویر ہونا .
ادائیں ان کی ، بھر رہی ہیں یوں مرے دماغ میں
ادھر اُدھر پھریں حسین مور جیسے باغ میں
۱۹۲۵ شوق قدوائی ، عالم خیال ، ۲۶
[س : پریہ ॰ पय]

بھرنا (۲) (کس بھ ، سک ر) امذ .
تبادلہ ، واپسی ، مبادلہ (پلیٹس) .
[॰ : بھرنا फिरना]

بھرنائی (کس بھ ، سک ر) امذ .
بھرنائی در اصل بھرکوٹا کاٹنے اور مالی بنانے کے آرے کو کہتے ہیں جو ایک چوکٹے میں کسا رہتا ہے جس کی وجہ سے لکڑی چیرنے میں سیدھا رہتا ہے اور نشان سے ادھر اُدھر نہیں ہوتا (ا پ و ، ۱ : ۱۹) .
[مقامی]

بھرنی (کس بھ ، سک ر) امث .
رک : بھرکی (پلیٹس) .

بھروا (۱) (فت بھ ، و مع ، فت ا) امذ .
رک : بھاوڑا (پلیٹس) .

بھروا (۲) (فت بھ ، و مع ، فت ا) امذ ؛ ~ بھروا .
لکڑی کا بنا ہوا ایک برتن (پلیٹس) .
[س : بھل + اُکھ फल + उक]

بھروا (کس بھ ، سک ر) امذ ؛ امث .
سونے کا ایک زیور جو گلے میں پہنا جاتا ہے ؛ سونے کی انگوٹھی جو تار کو کئی پھیر (بل) دے کر بنائی گئی ہو (شبد ساگر) .
[॰ : بھروا फिरवा]

بھروانا (۱) (کس بھ ، سک ر) ف م .
پھیر (رک) کا تعدیہ .
وہ بے چارہ شرمندہ ہوتا اگر اس کو یہیں سے نہ بھروا دیتا .
۱۸۰۲ گنج خوبی ، ۲۸
سفیدی بھروا دی گئی .
۱۹۳۱ رسوا ، اختری بیگم ، ۴۲

بھروانا (۲) (کس بھ ، سک ر) ف م .
پھیرنے یا پھرانے کا کام کرانا (شبد ساگر) ؛ چلانا پھرانا ، گشت کرانا (پلیٹس) .
[॰ : بھروانا फिरवाना]

بھروتہ (کس بھ ، و مج ، فت ت) امذ ؛ ~ بھروتا .
بٹہ ، بڑھوتری ، رک : بھرتا .
ہنڈی کے کاروبار میں یہ لوگ بشکل بٹہ و بڑھوتری بہت کچھ کمالیتے ہیں جس کو اصطلاحاً بھروتہ بھی کہتے ہیں .
۱۹۱۷ علم المعیشت ، ۶۳۶
[॰ : بھروتہ फिरौत]

بھروری (ضم بھ ، و مج) امث .
رک : بھربری .
کان میں کوئی بھروری کر رہا ہے .
۱۹۵۴ اپنی موج میں ، ۱۲۰

بھروک (فت بھ ، ضم ر ، فت و) امذ .
۱. پاندان (پلیٹس) .
۲. بھک دانی (شبد ساگر) .
[॰ : بھروک फरुक]

بھرول دینا محاورہ .
(پنجاب) کھول دینا ، افشا کرنا ، پراگندہ کرنا (ماخوذ : دریائے لطافت ، ۱۰۰) .
[॰ : بھرول फरोल]

بھروہا (فت بھ ، و مع) امذ .
رک : بھاوڑا (پلیٹس) .
[॰ : بھروہا फरुहा]

بھروہی (فت بھ ، و مج) امذ .
بھنے ہوئے چاول اور جو چنے ملا کر کھاتے ہیں (پلیٹس) .
[॰ : بھروہی फरोही]

بھروہی (کس بھ ، و مج) امث .
وہ رقم جو دکاندار خریدنے والے کے نوکر کو دیتا ہے ، دستوری ، نوکرانا (شبد ساگر) .
[رک : بھرنا (واپس کیا جانا) سے ؛ ॰ : بھروہی फिरौही]

بھربرا (۱) (فت بھ ، ر ، سک ہ) صف مذ ؛ مث : بھربری ؛ ~ ، بھریرا ، بھریری .
۱. (i) کسی قدر خشک ، جس کا پانی سکھا دیا گیا ہو چاول یا دال وغیرہ جو الگ الگ رہیں .
مونگ کی دال کا بھرتا دھوئی ماش کی بھربری دال .
۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۲۰۲

(ii) گیلی چیز جو خشک ہو آچلی ہو۔
چونا اور کھچکل ذرا بھریری بلکہ خشک ہو جائے تو کونچی کرائی جائے گی۔
۱۸۹۶ مکتوبات حالی، ۲ : ۲۲۷

(iii) (زخم) جو مندمل ہونے کے قریب ہو۔
داغوں پہ داغ اور دیئے تم نے جائے داغ
دل کے مرے بھریرے بھی ہونے نہ پائے داغ
۱۸۸۶ دیوان سخن، ۱۱۹
ایک زخم تو بالکل بھریرا ہو گیا ہے۔
۱۹۱۹ روزنامچہ، حسن نظامی، ۱۱۵

(iv) نیم خشک یا خشک (پلیٹس)۔
[س : भरभरित : بھربھرتہ]

بھُر بھُرا (۲) (فت بھ، ر، سک ھ) امذ۔
جھنڈے کا کپڑا، جھنڈا۔
خود پر انواع و اقسام کے بھر بھرے کی طرح اڑ رہے ہیں۔
۱۸۹۲ خدائی فوجدار، ۸ : ۳۵
یہ حالت تھی کہ تمام بھربھرے شکستہ۔
۱۹۰۲ آفتاب شجاعت، ۱ : ۱۰۳
[س : بھر + کرہ : भर + कर]

بھِر بھِرا (کس بھ، کس خف ر، سک ھ) امذ۔
ایک پرند جس کی چھاتی لال اور پیٹھ کا رنگ سیاہ ہوتا ہے (شبد ساگر)۔
[ھ : بھربھرا भिरिभिरा]

بھُر بھُری (ضم بھ، فت خف ر، سک ھ) امث۔
رک : بھربھری۔
غضنفر نے جو دیکھا شگفتہ ہو گئے بھربھریاں لینے لگے۔
۱۹۰۰ طلسم خیال سکندری، ۲ : ۱۸۹

بھری (۱) (فت بھ) امث۔
۱۔ نمدے اور چمڑے کی بنی ہوئی ڈھال جو پٹا کھیلنے والے حفاظت کے لیے ہاتھ میں رکھتے ہیں۔
گرچہ میں بکری ہوں تم شیر جری
یو قلم کی تیغ کاغذ کی بھری
۱۷۸۰ سودا، ک، ۳۹۶
گدکا، بھری، کھانڈا سنبھالی چوٹ چلانے لگا۔
۱۸۰۳ پریم ساگر، ۷۶
دوکنگ اس کو کہتے ہیں کہ ایک ہاتھ میں تلوار یا گدکا دوسرے میں بھری۔
۱۹۲۵ اسلامی اکھاڑہ، ۱۸
[س : بھل + اِکا + इका : फल]

ــ گُتکا (ــ فت گ، سک ت) امذ۔
پٹا کھیلنے کی لکڑی یا ڈنڈا اور ڈھال (پلیٹس)۔
[بھری + گتکا (رک)]

بھری (۲) (فت بھ) امث۔
۱۔ بھالی کی ایک قسم، بھال (پلیٹس)۔
۲۔ ایک قسم کی مچھلی، سوم ماہی جو عموماً تالابوں میں پائی جاتی ہے، بھلائی (پلیٹس)۔
[س : سبھری सभरी]

بھَر یا (۱) (فت بھ، سک نیز کس ر) امث۔
۱۔ (i) لہنگا جو سامنے کی طرف سے سلا ہوا نہیں ہوتا، کپڑے کا چوکور ٹکڑا ایک کنارے کی طرف سے چنا ہوا عموماً جسے عورتیں اور لڑکیاں کمر میں باندھ لیتی ہیں (شبد ساگر)۔
(ii) ہندو عورتوں کی پوشش اور لباس۔
دیکھو وہ عیار لہنگا بھریا پہن رہا ہے۔
۱۹۰۰ طلسم خیال سکندری، ۲ : ۵۷۷

۲۔ گنوار عورتوں کا (موٹے کپڑے کا) دوپٹا۔
نیلا لہنگا پہنے لال لال بھریا اوڑھے عورت کی قطع بنائے گیت گاتا ہے۔
۱۸۸۰ فسانۂ آزاد، ۱ : ۹
یہ ہندو لڑکی کون ہے جو لہنگا بھریا بھرکاتی سٹ سے اندر سٹ باہر آتی جاتی ہے۔
۱۹۳۱ رسوا، خورشید بہو، ۶۵

۳۔ وہ لتہ جو شیر خوار بچے کے نیچے بستر پر بچھایا جاتا ہے تاکہ بستر اور کپڑے پیشاب پاخانہ سے نجس نہ ہوں (نوراللغات)۔
[ھ : بھریا भरिया]

بھَر یا (۲) (فت بھ، سک ر) امذ۔
ایک قسم کا دریائی سانپ جو زہریلا نہیں ہوتا۔
بھریا سبز رنگ دو گز کا لمبا ہے۔
۱۸۷۳ تریاق مسموم، ۴۱
[س : بھالی भाली]

بھَر یرا (فت بھ، ی لین) صف مذ؛ مث : بھریری۔
۱۔ رک : بھربھرا (۱)۔
لو بوجھ چکے اور بس اب کھائیے خشکا
ہو جب کہ بھریرا، لو اب بھی نہ سمجھے
۱۸۱۸ انشا، ک، ۲۱۷

ناخن کریں خلش جو دوبارہ مزا تو ہے
پھر میرے دل کا زخم پھریرا ہوا تو ہے

۱۹۲۴ ثمرۂ فصاحت ، ۳۸۱

۲۔ پھر پھرا ، خستہ ، بکھرا ہوا ۔

بہت کچھ اینٹھ سے ہیں وہ پھریرے
نہایت گدگدے گورے کریرے

۱۷۷۴ تصویر جاناں ، ۴۲

کتروان لبیں مٹھی بھر پھریری ڈاڑھی ۔

۱۹۶۲ گنجینۂ گوہر ، ۶۴

[ہ : پھریرا फरेरा]

پھریرا/پھریرہ (فت پھ ، ی لین/فت ر) امذ ۔

رک : پھریرا (۲) ۔

کیا تمامی کا پھریرا اڑتا جاتا ہے ۔

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۲۱

چادر پر جو بطور پھریرہ جنگ استعمال ہوتی ہے یہ عبارت لکھی ہوتی ہے ۔

۱۹۲۸ حیرت ، مضامین ، ۲۴

پھریری (ضم پھ ، ی لین) امث ۔

۱۔ جھرجھری ، کپکپی ، (خوف یا سردی سے) بدن پر رونگٹے کھڑے ہونے کی کیفیت ۔

ٹک صبا کی پھریریاں دیکھو
سانس یہ گہری گہریاں دیکھو

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۳۶۵

بل کھا کے یہ انگڑائی ، ابلتی انگڑائی
اور پھر یہ پھریری سی ، ارے رے یہ کیا

۱۹۴۷ سنبل و سلاسل ، ۳۴۰

۲۔ (کنایۃً) امنگ ، جوش ۔

یہ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوائیں کچھ ان دلوں کو بہت ہی پھریریاں دلا جاتی ہیں جو ابھی نام خدا امنگوں پر ہیں ۔

۱۸۹۹ ہمدرد کی کنی ، ۱۴

۳۔ سینک یا کسی اور پتلی لانبی لکڑی کے سرے پر لپٹی ہوئی روئی ۔

کوئی کان میں پھریری کر رہا ہے ۔

۱۸۸۷ جام سرشار ، ۲۴۱

مصالحہ میں سے ذرا سا لے کر روئی کی پھریری سے کان پر لگا لے ۔

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۴۲

[س : سپھر + کر + اِکا + इका ← फर + फरेरा]

— آنا محاورہ ۔

۱۔ (خوف یا سردی وغیرہ سے) بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا ، جھرجھری لینا ، کانپنا ۔

جلا دے مردے کو ٹھوکر سے جس میں یہ قدرت
پھریری رستموں کو آئے ذکر سن اس کا

۱۸۹۰ طلسم ہوشربا ، ۴ : ۱۰۳۳

یہ صدا سنتے ہی دم الجھا پھریری آ گئی
اک گھٹا دل سے اٹھی ارض و سما پر چھا گئی

۱۹۳۳ سیف و سبو ، ۱۱۹

۲۔ (مجازاً) امنگ الھنا ، جوش آنا ، تحریک ہونا ۔

آزادی کی ہوا سے ان کے دل میں بھی ترقی کی پھریری آ گئی ۔

۱۹۱۷ علم المعیشت ، ۹۰

— چھوٹنا محاورہ ۔

رک : پھریری آنا (نور اللغات) ۔

— لینا محاورہ ۔

۱۔ رک : پھریری آنا ۔

صبح کس روپ سے لی اس نے پھریری انشا
کچھ درختوں میں سے قطرے جو جھڑے پانی کے

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۵۰

سیٹھ کے ہاتھ اسے بچھوؤں کی طرح جسم پر رینگتے محسوس ہوئے اور اس نے پھریری لی ۔

۱۹۶۲ معصومہ ، ۱۸۰

۲۔ (مجازاً) حرکت میں آنا ، چوکنا ہونا ، ہوش میں آنا (نیند یا بیہوشی سے) ۔

ہوا نے کہا . . . جس دن ذرا پھریری لوں دنیا کے تمام کام بند کردوں ۔

۱۸۶۸ منتخب الحکایات ، ۶۶

چونکو ابھرو اور پھریری لے کر کھڑے ہو جاؤ ۔

۱۹۳۷ اشارات جوش ، ۸

۳۔ (پرندے کا یا جانور وغیرہ کا) جسم کو جھڑ جھڑانا ۔

پروں کو بھگوتے اور صاف کرتے پھریریاں لیتے پروں کو جھڑ جھڑاتے ۔

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۶۵

یوں پھونتی ہے لے کے پھریری کوہل
سب جسم کے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں

۱۹۳۷ ؟ لالہ و گل ، ۸۴

— ہونا محاورہ .

رک : پھریری آنا .

یہ تو نہیں کہتا کہ رعونت پرست نفس کو پھریری نہیں ہوتی ہو گی .

۱۹۱۲ مکاتیب شبلی ، ۱ : ۲۸۳

پھریرے (فت پھ ، ی لین) امذ .

پھریرا (۱) (رک) کی مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

— ہونا محاورہ .

خشک ہونا .

خلیل خاں سردی سے کانپتے کیچڑ ٹپکتی بھٹی کے سامنے کھڑے ہوئے . . . گھنٹہ بھر میں کپڑے پھریرے ہوئے .

۱۹۲۴ خلیل خاں فاختہ ، ۱ : ۵۳

پھریلی (ضم پھ ، ی لین) اسث .

(زنانوں کی اصطلاح) پھاس (اصطلاحات پیشہ وران ، منیر ، ۵۵) .

[مقامی]

پھرینتا (کس پھ ، ی لین ، سک ن) امذ .

رک : کلاہا ، پرینتا ، پرینتی (اپ و ، ۲ : ۱۷) .

پھڑ (۱) (فت پھ) اسث ؛ امذ .

۱. جوئے کا اڈا یا بساط جس پر جواری بازی لگا کر جوا کھیلتا ہے .

وہاں کی جاروب کشی کرتا ہے اور پھڑ کو لیپتا پوتتا ہے .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۴۰

نہ لے جا نقد دل کا اے اناڑی عشق کے پھڑ میں
کبھی جیتے پھرے دیکھا ہے واں کے جان ماروں کو

؟ زکی (چمنستان شعرا ، ۱۱۹)

۲.(i) بڑی توپ رکھنے کا اڈا .

ایک قدیمی لوہے کی موروثی توپ . . . جو ناکہ پر تھی . . . اس کو چند گنواروں نے پھڑ پر سے اکھاڑا .

۱۸۵۸ مقالات سرسید ، ۶ : ۳۹۲

(ii) گاڑی جس پر توپ لادی جائے ، چرخ .

خندق پانی سے پر کردی ، توپیں پھڑوں پر لگادیں .

۱۹۰۰ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۳ : ۷۳۹

دو سو توپ کے قریب چھتیس پیتی توپیں پھڑوں پر تیار تھیں .

۱۹۱۱ ظہیر دہلوی ، داستان غدر ، ۱۱۸

۳. ہنٹھ ، منڈی (پلیٹس) .

۴. وہ جگہ جہاں دکاندار بیٹھ کر مال خریدتا یا بیچتا ہو (شبد ساگر) .

۵. گاڑی کی ہم (نوراللغات) ؛ (گاڑی بانی) بھارکس اور چھکڑے وغیرہ کی ہم جو کئی لمبی اور مضبوط لکڑیوں کو مخروطی شکل میں جوڑ کر بنائی جاتی ہے اس کا سامنے کا گاؤ دم حصہ بیلوں کے بیچ میں بطور ہم رہتا ہے جس پر جوا قایم کیا جاتا ہے اور پچھلے پھیلے ہوئے حصے پر گاڑی کا ڈھانچہ بنایا جاتا ہے اسی کے اوپر گاڑی بان کی نشست ہوتی ہے سواری گاڑیوں میں یہ سبک ہلکی اور وضع دار ہوتی ہے ، پرس ، پرسا ، دسی ، پیلی ، ٹھوکر (ماخوذ : اپ و ، ۵ : ۱۱۸) .

۶. (مجازاً) جانور کا شانہ ؛ (شکاری کے جسم پر نشانہ یا جانور کے جسم پر لگانے کی جگہ چونکہ عام طور سے شکاری شانہ کا نشانہ لگاتا ہے اس لیے پھڑ یا تھاپا (مجازاً) شانہ کو کہتے ہیں (اپ و ، ۳ : ۷۵) .

اور ہمشانی اس (زین) کی چار انگشت کے قریب پھڑ کی ہڈی کے پیچھے رکھنی چاہیے .

۱۸۷۷ رائیڈنگ اسکول ، ۱۶

۷. (تعمیرات) نیو یا بنیاد کی چنائی کا سطح زمین پر نشان جہاں سے دیواروں کی چنائی شروع ہوتی ہے (اپ و ، ۱ : ۱۱۳) .

۸. (ٹھگی) ٹھگ کے لیے ٹھگوں کے جمع ہونے کا مقام ؛ ٹھگی کا مال تقسیم کرنے یا مسافر کو قتل کرنے کی جگہ (اپ و ، ۸ : ۱۷۸) .

[س : परिखर]

— باز امذ .

۱. قمار باز ، جواری (نوراللغات) .

۲. (مجازاً) باتونی (پلیٹس) .

[پھڑ + باز (رک)]

— بازی اسث .

قمار بازی ، جوا .

وہ تو ایک فقیر ہے کمیشن بازی اور پھڑ بازی کی گھاتیں وہ نہیں جانتا .

۱۹۲۷ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۲ ، ۳۴ : ۱۰

[پھڑ + بازی (رک)]

— بچھنا محاورہ .

جوئے کی بساط لگنا یا جمنا .

ہر ہندو گھر میں جوئے کی پھڑ بچھتی تھی .

۱۹۵۶ مکاتیب محمد علی ردولوی ، ۱۵۹

— پر رکھنا محاورہ .

۱. دانو لگانا ، بازی لگانا (نوراللغات) .

۲. (دکان کے چبوترے پر) غلے کی ڈھیری لگانا (نوراللغات).

— پر (دانو) لگانا محاورہ .

رک : بھڑ پر رکھنا .

مارے غصے کے حرفہ ریوڑی مردود کی تلاش میں اٹھے . . . . بھڑ پر داؤں لگا رہے تھے .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، حاجی بغلول ، ۴۷

— پہیہ/پیا (— فت پ، کس ہ ، شدی ہفت/فت پ، شدی) امذ .

توپ گاڑی ، توپ رکھنے کا پہیوں دار اڈا ، ریکلا .

احمد اللہ خاں کی ایک توپ پھٹ گئی اور دوسری بھڑ پہیہ سے اتر پڑی .

۱۸۵۸ مقالات سرسید ، ۶ : ۳۲۳

ہندوستانی سپاہ کے لیے بارود اور رائفلیں اور توپوں کے بھڑ پہیے اور توپیں بننے لگے .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۴۵۰

[بھڑ + پہیہ/پیا (رک)]

— پھکنا محاورہ .

جوا ہونا ، قمار بازی ہونا (فرہنگ آصفیہ) .

— پھینکنا محاورہ .

جوا کھیلنا ، قمار بازی کرنا (نوراللغات) .

— جمانا محاورہ .

بھڑ جمنا (رک) کا تعدیہ .

اب اگر بھڑ جمانے کی کوشش کریں تو کوئی پاس نہیں پھٹکنے کا .

۱۹۲۱ چراغ سخن ، ۸

— جمنا محاورہ .

اجتماع ہونا ، جماؤ ہونا .

خان صاحب کی بیٹھک کے سامنے سے گزرا تو دیکھوں تو بھڑ جما ہوا ہے .

۱۹۳۲ روح ظرافت ، ۱۲۱

مغرب کے بعد یہاں بطور خاص ادیبوں کا بھڑ جمتا تھا .

۱۹۶۲ گنجینۂ گوہر ، ۳۸

— جھاڑنا/جھڑوانا محاورہ .

(ٹھگی) موقع واردات کی علامات کو مٹا دینا ؛ مقتول کا نشان بے نشان کر دینا (ا پ و ، ۸ : ۱۷۸) .

— جھڑوا (— فت جھ) امذ .

(ٹھگی) وہ ٹھگ جو موقع واردات کی علامات کو مٹانے پر مقرر ہو (ا پ و ، ۸ : ۱۷۸) .

[بھڑ + جھڑوا ، جھاڑنا ، جھڑنا (رک) سے]

— صحیح کرنا محاورہ .

(شکاری) شکار کے شانے کا نشانہ باندھنا (ا پ و ، ۳ : ۵۷) .

— کا دھنی (— فت دھ) امذ .

(ٹھگی) بھڑ معنی نمبر ۸ (رک) کے کام میں ہوشیار شوقین ٹھگ (ا پ و ، ۸ : ۱۷۸) .

— کیلی (— ی مع) امث .

(گاڑی بانی) وہ کیلی جس کے ذریعے بھڑ کا سرا گاڑی کے اگلے پہیوں کے دھرے کے ساتھ لگے ہوئے آہنی چکر (چکری) پر جوڑ دیا جاتا ہے (ماخوذ : ا پ و ، ۵ : ۱۲۶) .

[بھڑ + کیلی (رک)]

بھڑ (۲) (فت بھ) امذ (قدیم) .

پھل ، ثمر .

ہوئے پھل باسی تو نا سر میں بھائے
سو کے بھڑ بھلا نیں تو کس کام آئے

۱۶۳۵ ؟ مینا ستونتی (ق) ، ۵۳

[بھل (رک)]

بھڑ (۳) (فت بھ) امذ .

رک : بھر (شبد ساگر) .

بھڑا/بھڑا (فت بھ/شد ڑ) امذ .

گانٹھ دار جڑ جو علیحدہ علیحدہ ہو سکے ، جیسے ادرک ؛ جوار یا باجرے کا ڈنٹھل یا ڈنڈی ؛ شاخ کا ٹکڑا یا سرا ؛ شاخ.

آپ ان ڈالیوں کو چاہیں درخت کی شاخیں کہہ لیں یا بتے ، اہل دکن انہیں سیندھی کا بھڑا کہتے ہیں .

۱۹۷۳ بھر نظر میں پھول مہکے ، ۱۰۲

[सफट + क: कः + सपट : س]

پھڑا پھڑی (فت پھ) امث (قدیم) .

جھگڑا ، لڑائی .

اس اندھاری رات میں بھتاد کوّیوں کو اس پھڑا پھڑی کی آگ میں بھون ڈالے .

۱۷۶۵ دکھنی انوار سہیلی ، ۲۳۹

[حکایت الصوت]

پھڑانا (فت پھ) ف م .

پھاڑنا (رک) کا تعدیہ (پلیٹس) .

پھڑ پھڑ (فت پھ ، سک ڑ ، فت پھ) امث .

۱. پرندے کے پھڑ پھڑانے یعنی بازوؤں کو ہوا میں حرکت دینے کی آواز ، جھرجھری .

خدا جانے کیا صیاد نے کس کس کا خون ناحق
چمن میں رات بھر میں نے سنا ہے شور پھڑ پھڑ کا

۱۸۷۸ آغا ، د ، ۱۷

۲. تیزی کے ساتھ بولنے کی آواز ، فر فر .

دیکھو دیکھو یہ دبکی دبکائی سمٹی سمٹائی سکڑی سکڑائی کیا پھڑ پھڑ بول رہی ہے .

۱۹۳۲ مخزن ، جون ، ۳۲

۳. جھنڈے یا کاغذ کے ہوا سے ہلنے ، منھ کی بوندیں پڑنے یا بندوق کے متواتر چلنے کی آواز (ماخوذ : جامع اللغات) .

[حکایت الصوت]

سے کرنا محاورہ .

۱. پرندے کا بازوؤں کو ہوا میں پھٹ پھٹانا .

سور غریب بری طرح پھڑ پھڑ کرتا ہوا نیچے نیچے گرتا چلا جا رہا ہے .

۱۹۳۵ پر پرواز ، ۳۰

۲. (پانی یا ہوا میں) ہاتھ پانو اس طرح ہلانا کہ آواز پیدا ہو .

میں پانی سے بے پروائی کے ساتھ پھڑ پھڑ کرتا ہوا گذر گیا، اس آواز سے شیر نے اٹھ کر پہاڑ کی راہ لی اور میں دیکھ بھی نہ سکا .

۱۹۳۲ قطب یار جنگ ، شکار ، ۲ : ۲۸۵

پھڑ پھڑانا (ہوا) (فت پھ ، سک ڑ ، فت پھ (ضم ہ)) صف مذ ؛ مث : پھڑ پھڑاتی .

۱. خستہ ، نرم ، بکھر جانے والا .

کسی جا کباب گرما گرم پھڑ پھڑاتے عجیب بو باس .

۱۸۶۱ فسانۂ عبرت ، ۷۶

۲. پھڑ پھڑ کی آواز پیدا کرتا ہوا ، ہوا میں پھٹ پھٹاتا ہوا .

اونچے مکان کی کھڑکی سے ململ کا تھان پھڑ پھڑاتا ہوا باہر نکلا .

۱۹۵۵ منٹو ، سیاہ حاشیے ، ۱۹

[ہ : پھڑ پھڑانا फड़फड़ाना سے]

پھڑ پھڑاٹ (فت پھ ، سک ڑ ، فت پھ) امث .

رک : پھڑ پھڑاہٹ .

آخر اسی پھڑ پھڑاٹ سوں اے ٹھکانے لگ گئی .

۱۷۶۵ دکنی انوار سہیلی ، ۳۸۴

پھڑ پھڑا کر اڑ جانا محاورہ .

قوت پرواز حاصل کر لینا ، پر جھٹک کر اڑ جانا ، (مجازاً) چلا جانا ، نکل جانا ، راہ سوجھ جانا .

بیچاری طائر وحشی کی طرح تازہ گرفتار قفس ہے اگر کہیں تم نے بھڑکا دیا تو پھڑ پھڑا کر اڑ جائیگی .

۱۸۷۳ بنات النعش ، ۲۴

پھڑ پھڑا کر (کے) رہ جانا محاورہ .

۱. تھوڑی دیر حرکت کر کے مر جانا (جامع اللغات) .

۲. بے بسی سے تڑپ کر بیٹھ جانا .

بار بار نا کام ہوتے اور پھڑ پھڑا کے رہ جاتے تھے .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۳ : ۱۳۴

پھڑ پھڑانا (فت پھ ، سک ڑ ، فت پھ) .

(الف) ف ل .

۱. پھڑ پھڑ کرنا ، (بازوؤں کو) پھٹ پھٹانا .

بچارا او گیا دانے جو کھانے
لگیا پھاندے میں پڑ کر پھڑ پھڑانے

۱۶۶۵ پھول بن ، ۲۸

بہت تڑپا بہت پھڑ پھڑایا مگر جال سے مخلصی نہ پائی .

۱۸۹۴ اردو کی چوتھی کتاب ، اسمٰعیل ، ۱۲

رستے میں باز نے پھڑ پھڑانا اور مجھے پروں سے مارنا شروع کیا .

۱۹۲۵ حکایات لطیفہ ، ۲ : ۱۱۰

۲. (ہوا سے) ہلنا ، حرکت کرنا .

مندا پھڑ پھڑاتے پردے اتار رہا تھا اور ڈرائنگ روم کی بخاری میں آگ بجھ رہا تھا .

۱۹۴۶ آگ ، ۱۹۵

۳۔ تڑپنا ، ہاتھ پانو ہلانا ۔

لگی یوں تو بھڑانے بھوڑ چھاتی
کہ مچھلی نیر بن جیون بھڑ بھڑاتی

۱۶۶۵ بھول بن ، ۷۷

قریب تھا کہ غم کے مارے بھڑ بھڑا کے دم نکل جائے ۔

۱۹۵۴ اپنی موج میں ، ۱۷

۴۔ (i) بے قرار ہونا ، بے چین ہونا ۔

آ عشق کے کمند میں سنپڑے نہ کھچن ہو
وکتا کو بھڑ بھڑاتے ہیں دیکھنے سجن کوں

۱۶۷۹ دیوان شاہ سلطان ثانی ، ۷۴ (الف)

رستے میں چلتے پھرتے لاکھوں شکار مارے
دل بھڑ بھڑاتے رہے ہیں زلفوں کے پیچ و خم میں

۱۸۹۰ دیوان سائل ، ۱۳۱

پہلے بھی کبھی سامنا بھڑ بھڑائی تھی ۔

۱۹۲۵ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۰ ، ۱۱ : ۹

(ii) عالم نزع میں ہونا ۔

یار گھبراتا ہے بس دم توڑ کر بیدم بھی ہو
بھڑ بھڑائیگا تو اے بسمل کہانتک کب تلک

۱۸۹۶ دیوان شرف ، ۱۳۱

اس کی روح اپنے خول میں سر پیٹنے اور بھڑ بھڑانے لگی ۔

۱۹۱۲ سی پارۂ دل ، ۱ : ۱۲۶

(ب) ف م ۔

۵۔ (i) ہلانا ، ہوا میں حرکت دینا ۔

بڑے زور سے بھڑ بھڑا کر چادر جھاڑی ۔

۱۹۷۳ ، اوراق ، سرگودھا ، مارچ ، اپریل ، ۲۹۰

[بھڑ بھڑ (رک) سے]

بھڑ بھڑانٹا (فت بھ ، سک ڑ ، فت بھ ، مغ) امذ ۔

رک : بھڑ بھڑاہٹ ۔

ورقوں کے ادھر ادھر ہوا میں اڑنے پڑنے پھرنے کے بھڑ بھڑانٹے ۔

۱۹۲۸ بس پردہ ، ۹۰

بھڑ بھڑاہٹ (فت بھ ، سک ڑ ، فت بھ ، ہ) امث ۔

۱۔ بھڑ بھڑانے کا عمل یا حالت و کیفیت ، پر مارنے یا ہوا میں ہلنے کی آواز ۔

لیکن یہ تو خلا میں کسی بے اثر . . . چمکدار پروں کی بھڑ بھڑاہٹیں تھیں ۔

۱۹۴۷ قیامت ہم رکاب آئے ، ۳۵

۲۔ بے چینی ، اضطراب ، کھلبلی ۔

دیار بکر کے کبوتر خانوں میں عجیب بھڑ بھڑاہٹ اور کھل بلی مچ گئی ۔

۱۸۹۳ بست سالہ عہد حکومت ، ۶۶

بھڑ بھڑیا (فت بھ ، سک ڑ ، فت بھ ، کس ڑ) صف ؛ امذ ۔

۱۔ بھڑ بھڑ کرنے والا (شخص یا پرندہ) ؛ چالاک ، چست ، ہوشیار ، تیز ، جلد باز (پلیٹس ؛ جامع اللغات) ۔

۲۔ ایک پرندے کا نام ۔

بھڑ بھڑیا ، سرخ سر کٹھ بھوڑے ہی کی طرح اپنا گھونسلا کسی درخت کے تنے میں کھودتا ہے اور اسی کی طرح وہ اپنی چونچ سے طبلہ بھی بجاتا ہے ۔

۱۹۶۹ پرندے ، ۷

[०: भड़भड़िया]

بھڑک (فت بھ ، ڑ) امث ۔

۱۔ (i) تھر تھراہٹ ، کپکپاہٹ ۔

چتون اور جنبش ابرو کی ویسی
کیا کہوں نتھنوں کی پھڑک کیسی

۱۶۳۵ حسرت (جعفر علی) ، طوطی نامہ ، ۵۸

وہ گرم گرم لہو تیز تیز سی سانسیں
وہ بازوؤں کی پھڑک اور چبھی ہوئی پھانسیں

۱۷۸۵ دو نیم ، ۳۲

(ii) (فن قبالت) ماں کے پیٹ میں جنین کے حرکت قلب کی آواز یا قرار حمل کی وجہ سے روح کے ہوجھ کا ماں کی نبض پر اثر ۔

جان پڑنے کی علامت جس کو پھڑک کہتے ہیں نہایت دھو کے کی چیز ہے ۔

۱۸۹۲ میڈیکل جیورس پروڈنس ، ۲۰۲

(iii) تڑپ ، حرکت قلب ، جنبش ، حرکت نبض ۔

دل کی پھڑک ان کا تال ہے ۔

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۱۲۲

نشتر غم کہیں مایوس نہ ہو کر رہ جائے
اک پھڑک ہو کے بتا دے کہ رگ جاں ہے یہی

۱۹۴۷ نوائے دل ، ۲۱۵

۲۔ بے چینی ، بے قراری ، اضطراب ، اختلاج ۔

دل کی دھڑک ، کلیجے کی پھڑک سے . . . . ثابت ہوا کہ شہزادے کا دل پرزے پرزے اور دماغ عقل سے خالی ہوا ۔

۱۸۲۴ فسانۂ عجائب ، ۲۶

رکھ کے جب سینے پہ میرے وہ اٹھاتے ہیں ہاتھ
قابل دید کلیجے کی پھڑک ہوتی ہے

۱۹۰۳ نظم نگارہن ، ۲۰۱

۳۔ کھولنا ، بھاپ یا مواد کی گرمی یا توش سے پھٹ نکلنے کی حالت ۔

جب رہم بنتا ہے تو درد میں پھڑک کی کیفیت معلوم ہوتی ہے ۔

۱۸۹۱ مبادی علم حفظ صحت ، ۳۵۰

۴۔ جلوہ ، شان ، پھبن ۔
آتے نہ غش میں برق تجلی کو دیکھکر
موسیٰ نے یار شوخ کی دیکھی بھڑک نہیں
۱۸۶۶ دیوان فیض ، ۲۰۷
اس کی ہر بات میں شوخی تھی شرارت تھی ہاتھوں میں پھڑک تھی ۔
۱۹۴۰ رفیق حسین ، گوری ہو گوری ، ۱۷۸
۵۔ (i) رقص میں بدن کے مختلف حصوں کی حرکات ۔
ہر بات میں اس کی گرمی ہے ہر ناز میں اس کے شوخی ہے
قامت ہے قیامت چال پری چلنے میں بھڑک پھر ویسی ہے
۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۲۷۶
(ii) اعضا کی تھر تھراہٹ یا حرکات ۔
گہہ کمر میں تھی لچک گاہ تھی اعضا میں پھڑک
گہہ جواں گاہ بنے پیر کسی دم کودک
۱۸۶۸ واسوخت اسیر (شعلۂ جوالہ ، ۱۰۸)
۶۔ آرزو ، اصل مدعا ، مقصد اعلیٰ ۔
اگر یہ ہی پھڑک ہے آتش شوق شہادت کی
بجھاؤں گا میں اک دن خنجر قاتل کے پانی میں
۱۸۹۴ زیبا ، مرقع زیبا ، ۷۰
[س : سپھر + کر [स्फार + क]

— اٹھنا محاورہ

۱۔ ترنگ میں آنا ، خوشی سے بے تاب ہو جانا ، بہت زیادہ پسندیدگی کا اظہار کرنا ۔
اگر کوئی برجستہ شعر سن پاتا ہوں . . . بے اختیار پھڑک اٹھتا ہوں ۔
۱۸۸۸ لکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۵۹
وہ گربیان کیے ہیں کہ جالینوس کی روح پھڑک اٹھی ہوگی ۔
۱۹۳۸ مکتوبات عبدالحق ، ۵۹۸
۲۔ بے قرار ہونا ، بے چین ہونا ۔
آگ کے شعلے کھلے ہوے دیکھ کر ہمارا دل پھڑک اٹھا ۔
۱۸۵۸ سرکشی ضلع بجنور ، ۱۹۲

— پھڑک کر (— فت پھ ، ڑ ، ک) م ف ۔
۱۔ تڑپ تڑپ کر ، بڑی اذیت کے ساتھ ۔
پنجرے میں بند کر کے اس کو دیا اور بولی . . . خبردار دانہ پانی نہ پائے یونہیں پھڑک پھڑک کر مر جائے ۔
۱۸۹۰ فسانۂ دلفریب ، ۶۹
مسجد گواہ ہے اس کے در و دیوار شاہد ہیں کہ کس طرح آتش جفا کے شعلوں میں ہم نے پھڑک پھڑک کر جانیں دیں ۔
۱۹۱۳ انتخاب توحید ، ۲۴
۲۔ نہایت بیقرار ہو کر ، بہت بے تابی کے ساتھ ۔
ہر چند سب نے پھڑک پھڑک کر دعائیں مانگیں لیکن توبہ مینہ کا کہیں نام تک بھی نہیں تھا ۔
۱۸۹۱ قصہ حاجی بابا اصفہانی ، ۳۳۰

— پھڑک کر داد دینا محاورہ ۔
بہت زیادہ داد دینا ، تحسین کرنا ۔
سننے والے پھڑک پھڑک کر داد دیتے ۔
۱۹۶۲ گنجینۂ گوہر ، ۲۲۲

— جانا محاورہ ۔
۱۔ رک : پھڑک اٹھنا معنی نمبر ۱
گالیاں دے کر پھڑک جاتے ہیں آپ
کیا مزا ہے تلخی دشنام میں
۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۱۶۱
خسرو یہ برجستہ جواب سن کر پھڑک گیا ۔
۱۹۲۵ حکایت لطیفہ ، ۱ : ۵
۲۔ دم نکل جانا ۔
بقیں ہے بلبل شیدا کا دم پھڑک جائے
جو دیکھے عارض گلگوں اس کے وقت سرور
۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۱۳
۳۔ رک : پھڑک اٹھنا معنی نمبر ۲ ۔
ہماری زندگی کا آسرا اس بت کی باتیں ہیں
پھڑک جاتا ہے دم جس وقت وہ خاموش ہوتا ہے
۱۹۱۹ در شہوار ، ۱۰۹
۴۔ خوشی سے چونک پڑنا ۔
بہن لیلیٰ کا نام سن میں پھڑک گئی ان کے ہاں کی خیرسلا ہو چکی ۔
۱۹۲۸ بس پردہ ، ۵۱
۵۔ عاشق ہوجانا ، فریفتہ ہوجانا (نوراللغات) ۔

— دینا محاورہ ۔
(ٹھگی) ٹھگ کا اپنے ساتھی کو کسی کام سے منع کرنے یا خطرے کی جانب جانے کو روکنے کا اشارہ کرنا جو رومال وغیرہ گرا کر کرتا ہے (ا پ و ، ۸ : ۱۷۹) ۔

— کر م ف ۔
۱۔ تڑپ کر ؛ چوکنا ہوکر ، بھڑک کر ۔
وہ پھڑک کر بھاگتی اور بدن چراتی تھی ۔
۱۹۰۷ سفرنامۂ ہندوستان ، حسن نظامی ، ۵۰

۲۔ بے قرار ہوکر ، بے تاب ہوکر ، (شدت خلوص سے) ۔
میں نے پھڑک کر دعا مانگی اے اللہ میری مشکل آسان کر۔
۱۹۲۸ پس پردہ ، ۱۰۰

— کھانا محاورہ ۔

۱۔ پھڑکنا ، زک اٹھاکر چوکنا ہونا ۔
ارے اب وہ پھڑک کھاچکا ہے ، دودھ کا جلا مٹھا پھونک پھونک کے پیتا ہے ۔
۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۱ : ۳۵۷
جانور نے پنجرے میں ایک دفعہ پھڑک کھائی پھر جی نہیں لگتا ، رات دن جب دیکھئے اچک رہا ہے ۔
۱۹۰۵ کایا پلٹ ، ۶۰

۲۔ تڑپنے کا صدمہ برداشت کرنا (نوراللغات) ۔

۳۔ فریفتہ ہونا ؛ دھوکے میں آنا ۔
ہم ایک دفع تم سے پھڑک کھا گئے اب ہم کسی طرح کی بات چیت تم سے نہیں کرنا چاہتے ۔
۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۱ : ۲۳۷
حاجی صاحب کی خاطر تازہ پھڑک کھاچکی تھی ۔
؟ داودہ پنچ، لکھنؤ (نوراللغات)

۴۔ (اصطلاحاً) کبوتر کا دوسری جگہ گرجانا (مہذب اللغات) ۔

پھڑکا (۱) (فت پھ ، سک ڑ) امذ ؛ امث : پھڑکی ۔

کپڑے کا ٹکڑا ، پارچہ ، موٹا پردہ ۔
ساتی سنگاتی ہے ککر شالاں لگی ہوں اوڑنے
جانی چلے اوڑوں گی تو ہو ناچ پھڑکا کھیس کا
۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۵
[ہ : پھڑکی फड़की]

پھڑکا (۲) (فت پھ ، سک ڑ) امذ ۔

حرارت یا بخار جو گرمی کی شدت سے ہوجائے ، لو کا اثر ۔
پھڑکا یا سن سٹروک ، یہ مرض گرمیوں کی شدت میں بعض اوقات جانوروں کو ہوجاتا ہے ۔
۱۹۵۶ طبیب مرغی خانہ ، ۲۵۰
[س : سبھر + کر + क्षर]

پھڑکا دینا محاورہ ۔

نہایت خوش کردینا ، دل موہ لینا ، تڑپادینا ۔
صاحب کی ذکاوت کے صدقے وہ بات کہی کہ پھڑکا دیا ۔
۱۸۸۷ جام سرشار ، ۱۰

اس کا لب و لہجہ اس کی شوخیں بیانی اور بعض اوقات اس کی ڈرامیٹک حرکات انسان کو پھڑکا دیتی تھیں ۔
۱۹۳۵ چند ہم عصر ، ۲۰

[پھڑکانا (رک) سے]

پھڑکا مارنا محاورہ ۔

تڑپانا ، (کسی شے سے محروم کرکے) تکلیف دینا ۔
ماں نے بچے کو رات بھر پھڑکا مارا ۔
۱۹۲۶ (نوراللغات)

پھڑکانا (فت پھ ، سک ڑ) ف م ۔

۱۔ (i) ہلانا ، جنبش دینا ۔
کھیت میں کام کرنے جب جاتی تھی تو آنکھیں مٹکاتی کولھا پھڑکاتی تھی ۔
۱۸۹۲ خدائی فوجدار ، ۱ : ۶
گیدڑ ٹکٹکی لگائے گھورا کرتے تھے اور مونچھیں پھڑکایا کرتے تھے ۔
۱۹۳۹ آپ بیتی ، ولایت حسین ، ۸۳

(ii) (پروں کو) پھٹپھٹانا ، پھڑ پھڑانا ۔
سارس . . . اپنے سفید پروں کو کھول کر پانی میں پھڑکاتا ۔
۱۹۷۳ ایک تھی جھیل ، ۶

(iii) رک : پھڑکا مارنا ، تڑپانا ، بیقرار کرنا ۔
شوق پرواز میں پھڑکاتے ہیں بسمل سا مجھے
اور ایذا قفس تنگ میں پر دیتے ہیں
۱۸۸۲ دیوان ماہ ، ۸۳

(iv) ترسانا۔
میں تمہاری خدمت گذار ہوں ، مجھے بچوں کی صورت کو نہ پھڑکانا ۔
۱۹۱۷ شام زندگی ، ۱۵۲

۲۔ (مجازاً) شان دکھانا ، اترانا (پلیٹس) ۔

۳۔ زیب بدن کرنا ، پہننا ، پھڑک دکھانا ۔
خدمت گاروں ساماؤں اصیلوں نوکروں چاکروں نے بیش بہا جوڑے پھڑکائے ۔
۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۳۱
یہ ہندو کی لڑکی کون ہے جو لہنگا پھریا پھڑکاتی سٹ اندر سٹ باہر آتی جاتی ہے ۔
۱۹۳۱ رسوا ، خورشید بہو ، ۶۵

۳۔ کبوتر کے پنجے پکڑ کر دیر تک ہلانا (سزا کے طور) ۔
رہے ہر طرح سے صیدی کے کبوتر کی طرح
صلح بھی ٹھیری تو پھڑکا ہی کے چھوڑا ہم کو
۱۸۵۳ ذوق (نوراللغات)

۴۔ (مرغ بازی) بازی کے مرغ کا دل بڑھانے کو کمزور مرغ سے بھڑانا یا دو دو چونچیں لڑانا، بازی کے لمبے تمار کرنا، پھڑی دینا (ا پ و، ۸ : ۱۱۱)۔

[۵ : پھڑکانا फड़काना]

پھڑکاو (فت پھ، سک ڑ، و) امذ۔

ظاہری ٹیم ٹام، دکھاوا، نمود، نمائش (پلیٹش)۔

[پھڑکانا (رک) سے]

پھڑکاوا (فت پھ، سک ڑ) امذ۔

(کبوتر بازی) مقابلے کے کبوتروں کے ساتھ اڑان میں مٹ بھیڑ (ا پ و، ۸ : ۱۲۸)۔

اف : دینا، کھانا۔

[پھڑکانا (رک) سے]

پھڑکاہٹ (فت پ، سک ڑ، فت ہ) امث۔

پھڑکانا (رک) کا اسم کیفیت۔

بیچ میں تو نہ کہیں تھی بگماں کچھ تو شے
جس کے باعث تھی خوش آیندہ یہ سب پھڑکاہٹ

۱۸۱۸ انشا، ک، ۲۴۸

پھڑکتا (ہُوا) (فت پھ، ڑ، سک ک) صف مذ؛ مث: پھڑکتی (ہوئی)۔

۱۔ برجستہ، برمحل، شوخ، چلبلا۔

حرف جو نکلے قلم سے وہ پھڑکتا نکلے
شعلۂ حسن مضامین بھڑکتا نکلے

۱۸۹۳ تاریخ الابلیس، ۱۰

کبھی کوئی پھڑکتا ہوا جملہ پڑھ کر مجھے خود ہنسی آ جاتی ہے۔

۱۹۲۴ انشائے بشیر، ۲۲۰

۲۔ (مجازاً) زندہ جیسی، اصل سے قریب؛ متحرک۔

اشکال . . . درست کھنچی ہیں اور صورتیں زندہ اور پھڑکتی ہوئی معلوم ہوتی ہیں۔

۱۹۱۳ تمدن ہند، ۴۰۲

[پھڑکنا (رک) سے]

پھڑکن (۱) (فت پھ، سک ڑ، فت ک) امث۔

۱۔ رک: پھڑک۔

کبھی کان یا لبوں میں پھڑکن ہوتی ہے۔

۱۸۸۲ کلیات علم طب، ۲ : ۶۱۳

عفو کی قوت یا ماستا کی رگ میں کچھ پھڑکن پیدا ہونی چاہئے۔

۱۹۳۵ راودھ پنچ، لکھنؤ، ۲۰، ۲۹ : ۱۰

۲۔ خواہش، آرزو، شدید تمنا، تڑپ۔

دل تو میرا بھی یہی چاہتا ہے . . . مگر مجھے کچھ ایسی زیادہ پھڑکن بھی نہیں۔

۱۹۲۰ لخت جگر، ۱ : ۷۱

[پھڑک (رک) سے]

— کی اَولاد (— و لین) امث۔

نہایت تمنا اور آرزو کی اولاد، ناک رگڑے کی اولاد، ناز پروردہ اور لاڈلی اولاد (فرہنگ آصفیہ)۔

پھڑکن (۲) (فت پھ، سک ڑ، فت ک) امذ۔

(بیل بانی) بیل جو ایک ہی چال سے لمبی مسافت طے کرے بیل عادتاً چال بدل کر چلتا ہے یعنی تھوڑی دور تیز چلتا ہے پھر دھیما ہو جاتا ہے اس کے خلاف جو دور تک ایک ہی چال چلے اچھا سمجھا جاتا ہے، چلنسار (ا پ و، ۵ : ۵۵)۔

[مقامی]

پھڑکنا (فت پھ، ڑ، سک ک) ف ل۔

۱۔(i) حرکت کرنا، جنبش کرنا، ہلنا۔

کوئی قطرہ پانی کا مچھلی پر گرا وہ زندہ ہوئی اور زنبیل میں پھڑکی۔

۱۸۴۵ احوال الانبیا، ۱ : ۵۳۸

(ii) کسی عضو کا حرکت کرنا۔

رگ گلو کا پھڑکنا خبر یہ دیتا ہے
کہ قصد رکھتے ہیں وہ تیغ آزمائی کا

۱۶۱۵ جان سخن، ۲۳

چہرے پر خفیف دلاویز تمتماہٹ دوڑ جاتی ہے ہونٹ پھڑکنے لگتے ہیں۔

۱۹۴۴ افسانچے، ۶۰

۲۔ بچے کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا (نوراللغات)۔

۳۔ تڑپنا، لوٹنا، تلملانا۔

پھڑکوں تو سر پھٹے ہے نہ پھڑکوں تو جی گھٹے
تنگ اس قدر دیا مجھے صیاد نے قفس

۱۸۴۲ دیوان زادہ حاتم، ۶۳

اب بے زبان بچے کا پھڑکنا نہیں دیکھا جاتا۔

۱۹۴۳ جنت نگاہ، ۱۴۱

۴۔ (پرندے کا بے تاب ہو کر) بال و پر مارنا، پھڑ پھڑانا۔

ان نے ہر جھاڑے یہ پھڑکنے لگے
ان نے کی نوک یہ کڑکنے لگے

۱۸۱۰ میر، ک، ۱۰۲۱

حسرت دیدار گلشن میں پھڑک کر مر گئی
آخرش کنج قفس تابوت بلبل ہو گیا
۱۹۲۲ دیوان جگر ، افتخار علی ، ۵۰

۵. بے قرار ہونا ، بے تاب ہونا .
پھڑکے ہے صبح و شام ہے قتل مردماں
بے وجہ کب ہے دیدۂ قاتل کا اضطراب
۱۸۳۰ نصیر ، چمنستان سخن ، ۳۹

آپ کو خط لکھنے کے لیے پھڑکتی تھی .
۱۹۲۱ فغان اشرف ، ۳۲

۶. (i) آرزو مند ہونا ، نہایت مشتاق ہونا .
وہ نظارہ بھی حاصل ہو جائے گا جس کے لیے وہ پھڑک رہے تھے .
۱۹۳۸ بحر تبسم ، ۷۹

(ii) تڑپنا ، (بے چینی کے ساتھ) راہ تکنا .
وہ لوگ بھی جو تمہاری صورت کو ترستے پھڑکتے ہیں خوش ہو جائیں گے .
۱۹۲۳ انشاے بشیر ، ۱۶۴

۷. (خوشی سے) بے تاب ہونا ، خوش ہونا .
کچھ مجھ سے پوچھ کر مرا داور پھڑک گیا
لانقطوا نے لطف بڑھایا جواب کا
۱۸۹۷ دیوان سائل ، ۵۳

جو سنتا ہے تڑپتا ہے جو پڑھتا ہے پھڑکتا ہے
نہ خنجر ایسے ہوتے ہیں نہ نشتر ایسے ہوتے ہیں
۱۹۲۸ سرتاج سخن ، ۴۳

(ii) (غصے سے) بے قرار ہونا ، نا خوش ہونا .
تک کے ٹک تم کو خوش کیا تھا دل
پھڑکے کیوں پھڑکے کیوں یہ کیا کڑکے
۱۸۱۸ اظفری ، د ، ۵۲

[० : پھڑکنا फड़कना]

پھڑکنت (فت پھ ، سک ڑ ، فت ک ، سک ن) اسث .
رک : پھڑکن ، پھڑک .
تن کا ان کے زرہ میں ہو یوں حال
مرغ کی دام میں ہو جوں پھڑکنت
۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۲۹۶

[० : پھڑکنت फड़कन्त]

پھڑکی (فت پھ ، سک ڑ) اسث .
رک : پھڑکا ، موٹا پردہ ، درمیانی پردہ (پلیٹس) .

[० : پھڑکی फड़की]

پھڑنا/پھڑنّاں (فت پھ ، سک ڑ) ف م (قدیم) .
رک : پڑھنا .

کلمہ زبان سیں پھڑناں جب معنی دل میں بوجھنا تب
۱۵۲۸ اشرف ، لازم المبتدی ، ۲

مدرس کبھی درس پھڑ اس کہے
۱۶۳۰ لیلیٰ مجنون ، عاجز (دکنی اردو کی لغت)

پھڑنگ (فت پھ ، ڑ ، غنہ) امذ .
پتنگ ، پروانہ (مجازاً) عاشق ، بیتاب .
پس لگا پھرنے کو مجنوں ننگ دھڑنگ
تب کہا کوئی دوست اے مجنوں پھڑنگ
۱۷۳۳ پنچھی نامہ ، ۸۵

[رک : پھڑنگا]

پھڑنگا (فت پھ ، ڑ ، غنہ) امذ .
۱. پتنگا (پلیٹس) .
۲. جھینگر ، ٹڈا ، ٹڈی (جامع اللغات) .

[س : پھڈنگا फड्डिङ्गः]

پھڑوا (۱) (فت پھ ، سک ڑ) امذ .
رک : پھاوڑا ، زمین کھودنے کا ایک اوزار ، پھڑوال .
غلاموں نے زمین کو پھڑوے سے کھودنا شروع کیا .
۱۸۴۲ الف لیلہ ، عبدالکریم ، ۳ : ۳۰۸

پھڑوا (۲) صف ؛ امذ .
پھٹا ہوا ، پھاڑا ہوا ؛ ٹکڑا .
خوشی سے قبر کھودو عاشق وحشی کی تم اپنے
تمہیں مل جائے گر پھڑوا مرے چاک گریباں کا
۱۹۳۶ ظریف لکھنوی ، دیوانجی ، ۱ : ۶

— پھانجنا محاورہ .
پھاوڑا چلانا ، زمین کھودنا .
اُس کو دیوتاؤں نے دانشور انھیں بنایا ہل جوتنے یا پھڑوا پھانجنے کے لئے نہ کسی اور کام کے لئے .
۱۹۳۱ اخلاق نقوماجس ، ۲۰۲

پھڑوال (فت پھ ، سک ڑ) امذ .
رک : پھاوڑا .
زمین کھودنے کے آلات پھڑوال ، کدال . . . ایک طرف جمع ہیں .
۱۹۱۴ حسن کا ڈاکو ، ۲ : ۱۲

[० : پھڑوال फड़वाल]

پھڑوانا (فت پھ ، سک ڑ) ف م .
پھاڑنا (رک) کا تعدیہ .

خبردار اگر تم میں سے ایک نے بھی اس کی اطاعت کی تو پیٹ پھڑوا ڈالوں گا کھر بار لوٹ لونگا .

۱۸۱۲ گل مغفرت ، ۵۰

بعض چمڑے میں لپیٹ کر کتوں سے پھڑوا دیے گئے .

۱۹۲۹ تاریخ سلطنت روما ، ۳۳۷

[० : پھڑوانا फड़वाना]

بھُڑوانا (ضم پھ ، سک ڑ) ف م .

پھوڑنا (رک) کا تعدیہ (پلیٹس) .

بھڑولنا (فت پھ ، و مج ، سک ل) ف م .

کسی چیز کو الٹنا پلٹنا ، ادھر اُدھر یا اوپر نیچے کرنا ، بے ترتیب کرنا (نوراللغات ؛ شبد ساگر) .

[० : پھڑولنا फड़ोलना]

بھڑوی (فت پھ ، سک ڑ) اسث .

پھڑوا (رک) کی تصغیر ، پھاوڑی ، کسی .

مٹی چڑھانے کی پھڑوی ، اس سے آب پاشی کرنے کے لئے یا ایکھ آلو وغیرہ بونے کے لئے . . . ہرہے وغیرہ بناتے ہیں .

۱۹۱۶ علم زراعت ، ۶۰

بھڑی (۱) (فت پھ) اسث .

ایک گز چوڑی ایک گز اونچی اور تیس گز لانبی پتھروں یا اینٹوں کی ڈھیری .

تسلی مجھ دوانے کو نہ ہو جھولی کے پتھروں سے
اگر سودا کو چھیڑا ہے تو لڑکو مول لو پھڑیاں

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۱۱۷

[س : پھل + اکا फल + इका]

بھڑی (۲) (فت پھ) اسث .

(گاڑی بانی) بیل گاڑی کی سطح جو پھڑ پر بانس کی کھپچیاں جڑ کر بنادی جاتی ہے ، چھابن ، پھاری ، سائی ، مانچھا (ا پ و ، ۵ : ۱۲۸) .

[० : پھڑی फड़ी]

بھڑی (۳) (فت پھ) اسث ؛ ج : پھڑیاں .

(کبوتر بازی) نئے کبوتروں کو بازی کے لیے اُڑنا سکھانے کو ابتدا میں پھڑکا کر اُڑانے کا عمل جو منڈیر اور چھت تک رہے ، جھپکا (ا پ و ، ۸ : ۱۲۸) .

اف : دینا ، کھانا .

[مقامی]

— دینا محاورہ .

(مرغ بازی) رک : پھڑکانا (ا پ و ، ۸ : ۱۱۱) .

بھڑیا (فت پھ ، سک ڑ) .

(الف) اسذ .

۱.۱ جوے کے پھڑکا مالک ، وہ شخص جس کے مکان میں جوا ہوتا ہو (نوراللغات ؛ فرہنگ آصفیہ) .

۱.۲(i) متفرق اشیا بیچنے والا سوداگر ، پھٹکر اناج بیچنے والا بنیا ، خوردہ فروش (نوراللغات ؛ فرہنگ آصفیہ) .

(ii) وہ معمولی سودا فروش جس کی بازار میں کوئی مستقل دکان نہ ہو بلکہ بازار میں سرراہ جہاں موقع اور ضرورت دیکھے وہاں چھوٹی سی جگہ میں اپنا مختصر سامان تجارت لگا کر بیٹھ جائے (ا پ و ، ۷ : ۳۹) .

(ب) اسث .

(گاڑی بانی) پھڑ (رک) کی تصغیر ، چھکڑے کے ڈھانچے کی بغلیوں کی موٹی پلیاں جن پر پورا ڈھانچا بنایا جاتا ہے (ا پ و ، ۵ : ۱۲۰) .

(ج) صف .

جُل دینے والا (نوراللغات) .

[० : پھڑیا फड़या]

بھُڑیا (ضم پھ ، سک ڑ) اسث .

پھنسی ، چھوٹا سا پھوڑا .

جس کے بدن کے چمڑے پر پھڑیا ہو اور چنگی ہو جائے .

۱۸۲۲ موسیٰ کی توریت مقدس ، ۳۲۹

اگر سرکے اور پانی کے ساتھ کان میں ڈالیں تو کیڑے مر جائیں اور پھڑیا صاف ہو جائے .

۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، ۲ : ۳۳۹

بھڑی باز (فت پھ) صف .

جل دینے والا (نوراللغات) .

[(رک) پھڑیا]

بھڑیت (فت پھ ، ی لین) اسذ .

جواری ، قمارباز (= پھڑباز) (پلیٹس) .

[س : پھڑ + ائت फड़ + इत]

پھس (کس بہ) امث .

جب کسی بچے سے کوئی کام نہیں ہوسکتا یا کسی کام میں اور لڑکوں سے پیچھے رہ جاتا ہے تو اس کو چھیڑنے کے لیے کہتے ہیں پھس یعنی تم سے کچھ نہ ہوسکا (نوراللغات) .

[حکایت الصوت]

— **پھس** (— کس بہ) امث .

بلّی کے بلانے کی آواز (نوراللغات) .

[حکایت الصوت]

— **پھسا جانا** محاورہ .

۱. ڈر جانا ، خوف کھانا ، ہمت ہار جانا (مہذب اللغات) .

۲. ناکارہ ہوجانا ، کام کا نہ رہنا .

چھوٹا تھرمنڈو وٹ بھی پھس پھسا گیا .

۱۹۱۴ رقعات اکبر ، ۶۰

— **پھسا کر/کے** م ف .

کمزور پڑ کر .

جو یہ تعصب کھلا کھلا ہے چلے گا ڈھنگ اتحاد کا کیا
یہ کچی دیوار بیٹھ جائے گی ایک دن آپ پھس پھسا کر

۱۹۰۵ معرکۂ چکبست و شرر ، ۲۸۰

— **پھسانا** محاورہ .

ٹھپ ہو جانا .

بمبئی میں سمندر پاٹنے کی (بات) پھس پھسا کر کے رہ گئی .

۱۹۲۷ داودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۲ ، ۳ : ۱۰

— **ہونا** محاورہ .

رہ جانا ، پھسڈی ہونا ، جوش خروش نہ رہنا ، بجھ کر رہ جانا ، پیچھے رہ جانا ؛ ٹھٹھر جانا .

گوشت تو پھس ہو گیا ، دال کو آفریں ہے کہ خوب ابال دکھایا .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۶۴۴

اچھا خاصہ امید افزا لوسین چل رہا تھا کہ یہ منحوس ٹپک پڑا ، معاملہ پھس ہو گیا .

۱۹۶۶ سودائی ، ۱۲۷

پُھس (ضم نیز فت بہ) امث .

۱. ہلکی آواز ، خفیف آواز ، سرگوشی ، کانا پھوسی (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

۲. آواز گوز (پلیٹس) .

[س : स्फुत्]

— **پُھس** (— ضم بہ) امث .

۱. رک : پُھس پُھسا (جامع اللغات) .

۲. ہلکی آواز ، کانا پھوسی .

اس نے جلدی جلدی پھس پھس کرتے ہوئے اس کو کل کی روداد سنائی .

۱۹۶۸ فنون ، اپریل ، ۲۴

[پھس + پھس]

— **پُھسا** (— ضم بہ) صف مذ ؛ مث : پھس پھسی .

۱. پھوکا ، نرم ، ملایم (ٹھوس کی ضد) .

یہ بودی پھس پھسی مٹی نہ ہوگی کہ پانی پڑا اور پھسل گئی .

۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۱ : ۲

زمین کے اندر پانی کی مقدار کثیر ہو تو لکڑی ملائم اور پھس پھسی ہو کر اس کا وزن کم ہو جاتا ہے .

۱۹۰۷ مصرف جنگلات ، ۲۰

۲. (مجازاً) بے جان ، بے لطف ، سست (چست کی ضد) .

کم وزن اور پھس پھسے شعروں سے غزل کا نصاب پورا کر دیا .

۱۸۹۳ مقدمہ شعر و شاعری ، ۱۴۸

پھس پھسا مکالمہ یا ڈھیلا ڈھالا پلاٹ دلچسپی پیدا نہیں کر سکتا .

۱۹۴۴ افسانچے ، ۱۳

۳. بودا ، کمزور .

وہ جو پھس پھسے کھوکھلے کگارے کے کنارے پر اپنی عمارت کی بنیاد رکھے .

۱۸۹۵ ترجمۂ قرآن ، نذیر ، ۳۲۵

اس مرض میں معدے کی ساخت کے ریشے کمزور اور پھس پھسے ہو جاتے ہیں .

۱۹۳۶ شرح اسباب (ترجمہ) ، ۲ : ۳۸۱

۴. ناکارہ ، ناقص .

بارود ہے خراب پٹاخے ہیں پھس پھسے
کمزور ہیں انار چھچھوندر ہے واہیات

۱۹۱۱ کلیات اسمٰعیل ، ۲۰۲

[پُھس + پُھس + ا ، لاحقۂ صفت]

— **پُھسالا** محاورہ .

۱. کانا پھوسی کرنا ، چپکے چپکے باتیں کرنا .

میرے پاس کھڑی ایک بیوی نے کان میں پھس پھسایا زبیدہ ڈیلوفر کی ناجائز بھی ہے .

۱۹۶۲ معصومہ ، ۲۴۹

۲۔ (مجازاً) بجھ جانا ، پوری طرح آگ نہ پکڑنا ۔
کئی تیلیاں ایک ساتھ نکال کر کھینچ دیں دو ایک گیلی تھیں ، پھسپھسا گئیں ، لیکن دو تین نے آگ پکڑ لی ۔
۱۹۷۳ رنگ روتے ہیں ، ۲۱۲
[پُھس (رک) سے]

— پُھساہٹ (— ضم پھ ، فت ہ) اسث ۔
ہوا کے گزرنے کی ہلکی آواز ، ہلکی سرسراہٹ ۔
جب شگاف زیاد، تنگ نہ ہو تو سانس گزرتی ہوئی ، ان کو چھو کر یا رگڑ کر جاتی ہے اور ہم کو سانس کے چلنے کے یا پھس پھساہٹ کی آواز آتی ہے ۔
۱۹۵۶ زبان اور علم زبان ، ۵۳
[پُھس + پُھس + + اہٹ ، لاحقۂ کیفیت]

— پُھسر (— ضم پھ ، فت س) اسذ ۔
کانا پھوسی ؛ کانوں میں سائیں سائیں ہونا (جامع اللغات) ۔
[رک : پُھسر پُھسر फुसरफुसर]

— دے سی م ف ۔
رک : پھس سے ، فوراً ، ترت ۔
جو بات سنتی ہے پھس دے سی خاوند سے کہہ دیتی ہے ۔
۱۹۲۴ نوراللغات ، ۲ : ۱۴۷

— سے م ف ۔
۱۔ آہستہ سے ، ہلکے سے ۔
یہ رشتہ کچے سوت کا ہوتا ہے اسے ذری سے جھٹکا لگا اور پھس سے ٹوٹ گیا ۔
۱۹۲۹ واودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۴ ، ۴۱ : ۹
۲۔ چپکے سے ، رازدارانہ طور پر ۔
ذرا سی بات ہوئی اور پھس سے میاں کے کان میں پھونک دی ۔
۱۹۲۴ نوراللغات ، ۲ : ۱۴۷

— سے ہوجانا محاورہ ۔
کوئی چیز جلدی سے ختم ہوجانا ، ٹوٹ جانا (مہذب اللغات) ۔

پھسارنا (فت پھ ، سک ر) ف ل ۔
رک : پھسانا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) ۔

پِھساکا (فت پھ) اسذ ۔
کیچڑ وغیرہ میں چلنے یا گھسٹنے کی آواز ۔
ہلکی ہوا میں بھکرا ہند کی ہو تھی بھاری پیروں کے پھساکے کی آواز بھی ۔
۱۹۳۰ رفیق حسین ، گوری ہو گوری ، ۱۳۳
[پھس (رک) سے]

پھساکو (فت پھ ، و مع) اسث ۔
خراب تمباکو (نوراللغات ؛ پلیٹس) ۔
[ہ : پھساکو फसाकू]

پھسا لینا (فت پھ) ف م ۔
رک : پھسانا (پلیٹس) ۔

پھسانا (فت پھ) ف م ۔
پھنسنا (رک) کا تعدیہ (پلیٹس) ۔

پُھسانڈا (ضم پھ ، مع) صف ۔
رک : پھساپندا (پلیٹس) ۔

پھساو (فت پھ ، سک و) اسذ ۔
پھسنے کا فعل ، گرفتاری (نوراللغات) ۔
[پھنسنا (رک) سے]

— میں آنا محاورہ ۔
مشکلات میں پڑ جانا (پلیٹس) ۔

پھساوا (فت پھ) اسذ ۔
محنت یا رنج میں پھسنے کی جگہ جس سے نجات مشکل ہو (نوراللغات) ۔
[پھسنا (رک) سے]

پھساوٹ (فت پھ ، و) اسث ۔
الٹکاؤ ، چست ہونے کی کیفیت ۔
اے واہ ری بالیدگی اور چمپئی رنگت یہ گھات یہ سج دھج
دھج وہ جامۂ شبنم کی وہ چولی کی پھساوٹ بازو کی گلاوٹ
۱۸۱۸ انشا (مہذب اللغات)
[پھسنا (رک) سے]

پُھساپندا (ضم پھ ، کس ہ ، سک ن) صف ۔
سڑاندا ، بدبو دیتا ہوا ؛ رک : پسا ہوا (پلیٹس) ۔
[ہ : پھساپندا फुसाहिन्दा]

پُھسپُھسا (ضم پھ ، سک س ، ضم پھ) صف ۔
رک : پُھس کے تحتی (پلیٹس) ۔

پِھسپِھسانا (کس پھ ، سک س ، کس پھ) ف ل ۔
رک : پِھس کے تحتی (پلیٹس) ۔

پھسپھسانا (ضم پھ ، سک س ، ضم پھ) ف ل .

رک : پھس کے تحتی (پلیٹس) .

پھسپھساوٹ/پھسپھساہٹ (ضم پھ ، سک س ، ضم پھ ، فت و/ فت ہ) امث .

رک : پھسر پھسر نیز کان میں بات کرنے کی آواز (پلیٹس) .

پھسڈی (کس پھ ، فت س ، شد ڈ) صف .

۱. (دوڑ میں) پیچھے رہ جانے والا .

اودھ پنچ کے بھکووں میں تمھارا شمار ہر گیا ورنہ پھسڈی رہ جاتے .

۱۹۲۶ ، اودھ پنچ، لکھنؤ ، ۱۱ ، ۸ : ۵

۲. ناقص ، گھٹیا ، کمتر درجے کا .

بعض اوقات گفتگو یا عبارت کے جملے پھسڈی پھونڈے اور مہمل ہوگئے ہیں .

۱۹۳۷ ، ادبی تبصرے ، ۳۰

۳. (عام معیار کے اعتبار سے) گرا ہوا ، کمزور ، جماعت میں پیچھے رہ جانے والا .

اس سے بچے کی پڑھائی پر اثر پڑتا ہے وہ پھسڈی شمار ہونے لگتا ہے .

۱۹۳۶ ، تعلیمی خطبات ، ۱۴۱

[ہ : پھسڈی फिसड्डी]

— رہ جانا محاورہ .

ترقی میں رکاوٹ ہونا ، پسماندہ رہ جانا .

کوئی وجہ نہیں کہ زبان پھسڈی رہ جائے .

۱۹۲۴ ، اودھ پنچ، لکھنؤ ، ۹ ، ۱۴۱ : ۳

— کے پھسڈی (— کس پھ ، فت س ، شد ڈ) صف .

بالکل غیر ترقی یافتہ ، پسماندہ .

لوگ منزل مقصود پر ہم سے پہلے پہونچ گئے اور ہم پھسڈی کے پھسڈی ہی رہے .

۱۹۲۳ ، عصائے پیری ، ۳

— ہو جانا/ہونا محاورہ .

پیچھے رہ جانا ، مات کھا جانا .

آج اور ڈنکے کی چوٹ آئی ہم کیا کوئی چور ہیں یا کسی کا مال مارا ہے . . . ایسے ویسے نہیں کہ پھسڈی ہو جائیں .

۱۸۸۰ ، فسانۂ آزاد ، ۱ : ۲۳

— ہے فقرہ ،

کام میں سب سے آخیر رہنے والا ہے .

جیسے اب ہم نوکریوں اور علمی کاموں میں پھسڈی ہیں .

۱۹۳۴ ، حیات محسن ، ۱۷۱

پھسر پھسر (ضم پھ ، فت س) صف .

۱. آہستہ آہستہ یا چپکے چپکے باتیں کرنا ، کانا پھوسی کرنا .

ان کی پھسر پھسر سے مجھ کو یہ خیال ہوا کہ کچھ میری ہی برائی ہو رہی ہے .

۱۹۵۸ ، مہذب اللغات

۲. غیر واضح ، مبہم .

مطلب کی عبارت دیکھو تو پھسر پھسر .

۱۸۸۷ ، سخندان فارس ، ۲ : ۹۳

[ہ : پھسر پھسر फुसरफुसर]

— رونا محاورہ .

چپکے چپکے رونا .

چالاک سر جھکائے ہوئے پھسر پھسر رو رہے ہیں .

۱۸۹۷ ، طلسم ہوشربا ، ۲ : ۱۲۲۹

— ہونا محاورہ .

(مجازاً) بھوار پڑنا .

آج صبح سے پھسر پھسر ہو رہی ہے .

۱۹۵۸ ، مہذب اللغات

پھسرنا (ضم پھ ، فت س ، سک ر) ف ل .

(ٹھگوں کی اصطلاح) بھاگنا (مصطلحات ٹھگی ، ۶۳) .

[مقامی]

پھسڑی (فت پھ ، سک س) امث .

رک : پھانسی (پلیٹس) .

[س : پاش + ڑی पाश + ड़ी]

پھسکا (ضم پھ ، سک س) امذ .

کمزور ، ڈھیلا (جامع اللغات) .

[ہ : پھسکا फुसका]

پھسکانا (فت پھ ، سک س) ف م .

پھسکنا (رک) کا تعدیہ ، بکھرنا ، ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ پھٹنا ، پھاڑنا ، درز پڑنا ؛ (پانی یا ہوا میں) راستہ کاٹنا ؛ ڈھیلا کرنا ، توجہ کم کرنا (پلیٹس) .

[ہ : پھسکانا फसकाना]

پھسکٹ (فت پھ ، سک س ، فت ک) امذ .

رک : پھسکڑا (پلیٹس) .

[ہ : پھسکٹ फसकट]

پھسک جانا ف م .

رک : پھسکنا .

جب ہر پھر کر مطلب پر آئے تو پھسک گئے .

سخندان فارس ، ۲ : ۹۳ ۱۸۸۷

پھسکڑ (فت پھ ، سک نیز فت س ، فت ک نیز شد ک بفت) امذ .

رک : پھسکڑا (پلیٹس ؛ نوراللغات) .

پھسکڑا (فت پھ ، س ، سک ک) امذ .

زمین پر اطمینان سے کشادہ ہو کر بیٹھنے کا عمل ، دو زانو پھیلا کر یا پھیل کر بیٹھنے کی کیفیت ؛ زمین پر چوتڑ ٹیک کر پانو پھیلانے یا چار زانو بیٹھنے کی وضع ، آلتی پالتی (عموماً مار کر/کے ، کے ساتھ) ، پھسکٹ .

محلے کی ایک بڑھیا آ نکلی ، زمین پر پھسکڑا مار کے بیٹھ گئی .

امراؤ جان ادا ، ۲۰۳ ۱۸۹۹

سب کے سب بھاگتے ہوئے آئے اور زمین پر پھسکڑا مار کر بیٹھ گئے .

فرحت ، مضامین ، ۷ : ۶۳ ۱۹۳۷

[ہ : پھسکڑا फसकड़ा]

— مارنا محاورہ .

۱. (پہلوانوں کی اصطلاح) مراد کشتی کی مشق کرنے والے کا اکھاڑے کے کنارے دونوں زانو دائیں بائیں پھیلائے ہوئے (آلتی پالتی مار کر) جم کر بیٹھ جانا (ا پ و ، ۸ : ۲۳) .

۲. زمین پر بیٹھنا اس طرح کہ دونوں گھٹنے مڑے ہوں اور ایڑیوں پر جسم کا بوجھ ہو (پلیٹس) .

پھسکنا (فت پھ ، س ، سک ک) ف ل .

۱. دھسکنا ، اندر کی طرف بیٹھنا ؛ کیچڑ میں پھنس جانا ، رک : پھسکانا (جامع اللغات ؛ نوراللغات) .

۲. مسکنا ، دبنے کی وجہ سے کپڑے کا پھٹ جانا ؛ کھل جانا (جامع اللغات ؛ نوراللغات) .

۳. ڈھیلا پڑنا ، سست پڑجانا (پلیٹس) .

[ہ : پھسکنا फसकना]

پھسکنا (کس پھ ، فت س ، سک ک) ف ل .

۱. (سانپ کا) پھنکارنا ، سسکارنا (پلیٹس) .

۲. پھنکار (جامع اللغات) .

[ہ : پھسکنا फिसकना]

پھُسکنا (ضم پھ ، فت س ، سک ک) ف ل .

۱. چغلی کھانا ، چپکے سے کان میں کہنا .

وہ ہر بات نواب صاحب کے کان میں پھسکتا ہے .

نوراللغات ۱۹۲۶

۲. بچے کا آہستہ آہستہ رونا (جامع اللغات) .

[ہ : پھسکنا फुसकना]

پھسکی (فت پھ ، سک س) امث .

اناج کی مٹھی جو ہر بوجھ میں سے بطور سرکاری محصول منڈی میں نکالی جاتی ہے ، تھوڑی سی زائد چیز جو خریدار کو دی جائے ؛ وہ مٹھی بھر اناج جو ہر طالب علم استاد کو خاص خاص موقعوں پر دیتا ہے ؛ اناج کی ایک لپ جو عورتیں سال بھر تک ہر سوموار کو یا ساون کے مہینے میں شیوجی کو چڑھاتی ہیں (جامع اللغات) .

[ہ : پھسکی फसकी]

پھُسکی (ضم پھ ، سک س) امث ؛ امذ : پھسکا .

۱. آہستہ سے ریح (گوز) کا اخراج ، باد جس میں آواز نہ ہو .

رو برو اعلیٰ کے اسفل سرکشی کرتا نہیں
سامنا پھسکی سے ہو سکتا نہیں ہے باد کا

چرکین ، د ، ۹ ۱۸۳۲

پھسکی جو ماری دل پہ لگی جا کے اس کو چوٹ
پھسکی میں کیا بھرا ہے تری باد کا خواص

کلیات عزیاں ، ۱۲۰ ۱۹۳۸

۲. کانا پھوسی ، تہمت یا بہتان کی بات آہستہ سے کہہ دینا (جامع اللغات) .

[ہ : پھسکی फुसकी]

پھسل (کس پھ ، فت س) امث .

پھسلنا (رک) سے (تراکیب میں مستعمل) .

— بنڈا (— فت ب ، سک ن) امذ .

بچوں کے کھیلنے کے لیے ایک جھکاؤ دار راستہ جس پر چڑھ کر بچے پھسلتے ہیں .

باغوں میں بچوں کے پھسلنے کے لئے Ramp بنے ہوتے ہیں غالباً اردو میں اسے پھسل پنڈا یا پھسلنی بولتے ہیں .

۱۹۷۳ ، جنگ ، کراچی ۳۰ اپریل ، ۲

[پھسل + پنڈا (مقامی)]

ــ صمام (ــ فت ص) امذ .

رک : پھسلنی والو .

دو عملی انجنوں میں جہاں بھاپ دباؤ کا راست استعمال ہوتا ہے پھسل صمام جن کے ذریعہ فشارے کے دونوں سروں پر بھاپ باری باری سے متواتر داخل کی جاتی ہے .

۱۹۵۷ سائنس سب کے لئے ، ۲ : ۳۷

[پھسل + صمام (= والو) (رک)]

ــ کواڑی (ــ کس ک) امذ .

خود کار دروازہ یا کھڑکی ، پھسل کر کھلنے یا بند ہونے والے کواڑ .

تار کشی ہمیشہ بھاپ کواڑی گذارنے کے بعد عمل میں آئے گی . . . کاٹ پر تار کشی کی مقدار کواڑی کی قسم پر منحصر ہوگی معمولی پھسل کواڑی کے ساتھ سب سے زیادہ فوری بند ہونے والی کواڑی کے ساتھ سب سے کم .

۱۹۴۸ حرارتی انجنوں کا نظریہ ، ۱۸۱

[پھسل + کواڑی ، کواڑ (رک)]

پھسلا (ضم پھ ، سک س) امذ (قدیم) .

رک : پھسلاوا .

برے پھسلا جانتے دغا دے جانتے .

۱۶۳۵ سب رس ، ۴۵

[پھسلانا (رک) سے]

ــ پھندلا کر/کے م ف .

رک : بہلا پھسلا کر .

بہت پھسلا پھندلا کر دونوں ہاتھوں سے بلائیں لے لے کے کہنے لگی .

۱۸۴۵ نغمۂ عندلیب ، ۴۴

اسے پھسلا پھندلا کر اس بات پر راضی کر لیا کہ وہ اپنے سچے عاشق کو مایوس نہ کرے .

۱۹۴۰ آغا شاعر ، ارمان ، ۱۰۴

ــ کر لے جانا

اغوا کر کے لے جانا (جامع اللغات) .

ــ لینا ف م .

رک : پھسلانا ، رضا مند کر لینا ؛ دام میں لانا .

طومار کا فریب دے کر لوگوں کو پھسلا لیتے ہیں .

۱۸۶۴ نصیحت کا کرن پھول ، ۲۴

بھولے بھالے ہیں فرشتوں کو کوئی پھسلالے
مانتا ہے مگر انسان بڑی مشکل سے

۱۹۰۵ داغ (نور اللغات)

پھسلاٹ (کس پھ ، سک س) امث .

رک : پھسلن ، پھسلاہٹ (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

پھسلانا (کس پھ ، سک س) ف م .

۱. پھسلنا (رک) کا تعدیہ (جامع اللغات) .

۲. (بازاری) اپنے عضو مخصوص کو عورت کے مقام مخصوص یا لڑکے کے پیخانے کے مقام پر رگڑنا (مہذب اللغات) .

۳. ڈھلکانا ، لٹکانا ، گرانا ، گھسیٹنا .

چلتی ہیں تو لچکتی ہوئی چادر کو دانستہ پھسلاتی ہوئی .

۱۹۰۷ روز نامچہ ، حسن نظامی ، ۴۳

۴. غلطی کرانا (پلیٹس) .

[० : پھسلانا फिसलाना]

پھسلانا (ضم پھ ، سک س) ف م .

۱.(i) بہکانا ، گمراہ کرنا ، دھوکا دے کر خوش کرنا .

مجھے جوبن پیارا ہے پھسلانا نکو
بلانے کی توں بات بھی لانکو

۱۶۸۲ رضوان شاہ و روح افزا ، ۴۱

ایک کو فریب دیا اور اس کو پھسلاتا رہا .

۱۸۶۶ تہذیب الایمان (ترجمہ) ، ۵۶۵

(ii) (مجازاً) اغوا کرنا ، بھگا لے جانا .

لجا اس کو پھسلا کے تو اپنے گھر
بلا قاضی کوں اور وہاں عقد کر

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۹۷

۲. بھلاوا دینا ، بہلانا ، (کسی طرف سے) توجہ ہٹانا ، بہکانا .

ہائے کب بھول اس کے دل سے جائے گی
میں تو اب پھسلا کے ہاری یا رسول

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲ : ۲۲۲

مجھ کو بچوں کی طرح مت پھسلاو - یہ بھی تمہاری خاطر ہے کہ میں من گئی .

۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۲۲۰

مرد . . . عورتوں کو جلدی اپنی چاپلوسی سے پھسلا سکتے ہیں .

۱۹۰۴ خالد ، ۹۳

۳. (دل فریب باتوں سے) خوش کرنا .

اگر ہم ہوتیں تو پھسلا کے راکھیں
محبت اپنی اس کے دل نا کھیں

۱۶۹۷ یوسف زلیخا ، امین ، ۱۵۶

تجھے تو باتوں میں پھسلاتا ہوں .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۳۴

میرے حسن کی تعریف میں تم نے جو فلسفہ بیان کیا ہے وہ مجھے پھسلانے کے لئے خوب ہے .

۱۹۴۰ ساغر محبت ، ۶۰

۴. کسی سے نرمی سے بات کرنا (پلیٹس) .

۵. (مجازاً) بچوں کو چپ رکھنے کے لئے کسی طرح ان کا دھیان دوسری طرف کرنا ، بہلا کر خاموش اور مطمئن کرنا ، بھلاوا دینا .

جب سے حضرت شہید ہوئے تھے ہمیشہ پوچھتی تھی کہ این ابی . . . پھوپیاں اسے ہر روز پھسلاتی تھیں .

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۲۷۳

۶. منانا ، اطمینان دلانے کے لئے منت سماجت کرنا یا میٹھی میٹھی باتوں میں لگانا .

نامہ بر پھسلانہ پیغام زبانی سے مجھے
لا اگر لایا ہے نامہ کوئی میرے نام کا

۱۸۶۱ دیوان ناظم ، ۵۱

[ف: پھسلانا फुसलाना]

پھسلاؤ (کس پھ ، سک س ، و) امذ .

پھسلنا ہونے کی کیفیت ، پھسلنی یا چکنی (کوئی جگہ یا چیز) (پلیٹس) .

[ف: پھسلاو फिसलाव]

پھسلاوا (ضم پھ ، سک س) امذ .

فریب ، جھانسا ، بھلاوا ، چال .

ہمارا دل ایسا نرم ہوجاتا ہے اور اس قسم کے پھسلاوے میں آجاتا ہے .

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۱۰۵

[ف: پھسلاوا फुसलावा]

پھسلاون (ضم پھ ، سک س ، فت و) امذ .

رک : پھسلاؤ (جامع اللغات) .

پھسلاہٹ (کس پھ ، سک س ، فت ہ) امث .

لمس ہن ، چکنا ہن .

وہ غذائیں لیسدار اور پھسلاہٹ پیدا کرنے والی ہوں .

۱۹۳۶ شرح اسباب (ترجمہ) ، ۴ : ۳۹۰

[ف: پھسلاہٹ फिसलाहट]

پھسلاہٹ (ضم پھ ، سک س ، فت ہ) امث .

رک : پھسلاوا .

سچی عورت وہی ہے کہ جو پھسلاہٹ اور لالچ زر سے نہ للچائے .

۱۸۷۱ خورشید ، ۱ : ۱۸۲

[ف: پھسلاہٹ फुसलाहट]

پھسلاؤ (ضم پھ ، سک س ، و مع) صف ؛ امذ ؛ امث .

پھسلانے والا ، دم میں لانے والا ، اغوا کنندہ ، پھسلانے والا مرد یا پھسلانے والی عورت (پلیٹس) .

[ف: پھسلاؤ फुसलाउ]

پھسلن (کس پھ ، سک س ، فت ل) امث .

۱. پھسلنا (رک) کی کیفیت و حالت ، چکنا ہونے کی وجہ سے (کسی مقام کی) یہ کیفیت کہ وہاں پانو نہ ٹھہرے اور انسان گرجائے ، پھسلنے کی جگہ ، رپٹن .

پھسلن اور رپٹ کے سبب . . . شجاعان روز گار اپنے گھر سے باہر قدم نکالتے ڈرتے تھے .

۱۸۴۵ حکایت سخن سنج ، ۴۹

حلال خوری . . . گھر میں آئی پھسلن کی وجہ سے پاؤں اس غریب کا پھسلا .

۱۹۲۳ اہل محلہ اور نا اہل پڑوسی ، ۱۳

۲. فریفتہ ہونے کی کیفیت ، مائل یا راغب ہونے کی حالت و کیفیت ، فریفتگی .

بجلی بھی چمکی حسن کی منہ برسا ناز کا
پھسلن جب ایسی آئی تو پھر کچھ نہ بس چلا

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲/۲ : ۱۴۰

اے دنیا . . . تیری پھسلن سے اپنے آپ کو بچا چکا ہوں .

۱۹۷۲ جلوۂ حقیقت ، ۷۳

[ف: پھسلن फिसलन]

پھسلنا (۱) (کس پھ ، فت س ، سک ل) ف ل .

۱. (چکنے بن گیلے بن یا نشیب کی وجہ سے) پیر وغیرہ کا نہ جمنا یا سرک جانا ، رپٹنا .

اس بات میں پاؤں پھسلتا ہے ہر کوئی نہیں ہوتا کھڑا .
۱۶۳۵ سب رس ، ۴۶

اس پر بیٹھ کر اونچائی سے برف پر پھسلتے ہیں .
۱۹۴۳ افسانچے ، ۲۱۸

۲. (i) (مجازاً) کسی طرف جھک جانا ، مائل ہونا .

نور برساتی ہے زلفوں کی گھٹا چہرے پر
پاؤں اس کوچے میں پھسلے گا مقرر اپنا
۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۴۷

یہ اختری بیگم ہیں کوئی اور چھوکری نہیں کہ جلدی پھسل جائے .
۱۹۳۱ اختری بیگم ، ۲۴۱

(ii) (مجازاً) بھٹکنا ، راہ سے بے راہ ہونا ، لغزش کھانا ، گناہ کرنا.

یہ ہے پالغز طامعان و حریص
اکثر اس دیکھ کر گئے ہیں پھسل
۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۳۰۵

دنیا کی طمع میں وہ پھسلا اور میں نے خدا کا نام لیا
لغزش سے وہ خاک آلود ہوا اور صبر نے مجھ کو تھام لیا
۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۴ : ۵

۳. (مجازاً) فریفتہ ہونا ، عاشق ہونا .

یہ تیری ہی عادت ہے کہ جہاں مردوے کو دیکھا اور پھسل پڑی .
۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۱۹۷

۴. (مجازاً) زبان کا لغزش کھانا ، غلط بات نکل جانا .

اجی نہیں حضور میں بھولا ... معاف کیجئے گا حضور چمڑے کی زبان تھی پھسل گئی .
۱۹۳۵ آغا حشر ، اسیر حسن ، ۱۹

[०: पिसलना पिसलना]

پھسلنا (۲) (کس پھ ، فت س ، سک ل) صف مذ ؛ مث : پھسلنی .

جس پر قدم نہ ٹھہریں اور رپٹ جائیں ، چکنا .

وہ کنارہ نہایت بلند اور نہایت پھسلنا تھا .
۱۸۴۲ الف لیلہ ، کریم ، ۱ : ۱۱۳

برف سے یہ ٹیلے ایسے پھسلنے ہو گئے تھے کہ قدم نہ جمتے تھے .
۱۹۰۷ نپولین اعظم ، ۴ : ۱۱۵

[०: पिसलना पिसलना]

— **باٹ** امذ .

(سائنس) وزن کے وہ مقررہ پیمانے جو حرارت کی کمی بیشی سے از خود جگہ بدلتے رہتے ہیں کسی بھی آلے پر نصب ہوتے ہیں .

افقی سلاخ .... کے دونوں سروں پر پھسلنے باٹ چڑھے ہوئے ہیں
۱۹۶۶ حرارت ، ۵۷۶

[پھسلنا + باٹ (رک)]

— **پتھر** (— فت پ ، شد تھ بفت) امذ .

۱. چکنا پتھر جس پر بیٹھ کر پھسلتے ہیں .

پھسلنے پتھر پر سے ... پھسلتے ہیں .
۱۸۴۶ آثار الصنادید ، ۳ : ۷۶

پھسلنا پتھر محمد شاہ بادشاہ کی جدت پسند طبیعت کی یاد گار ہے .
۱۹۳۷ فرحت ، مضامین ، ۲ : ۲۶

۲. (مجازاً) ایسی شے جسے دیکھ کر اس پر طبیعت مائل یا فریفتہ ہو جائے .

یا الٰہی یہ صنم ہیں کہ پھسلنے پتھر
دیکھ کر ان کو طبیعت نہ پھسل جائے کہیں
۱۸۷۰ الماس درخشاں ، ۱۲۳

[پھسلنا + پتھر (رک)]

پھسلنی (کس پھ ، فت س ، سک ل) صف .

چکنی ، پھسلنا (رک) کی تانیث .

اس جا پر کڑھائی وغیرہ کے دھونے سے وہاں کی زمین پھسلنی بن رہی تھی .
۱۸۱۴ نورتن ، ۵۴

برسات کے دنوں میں اونٹوں سے کام نہیں لیتے کیونکہ زمین پھسلنی ہو جاتی ہے .
۱۹۷۲ گھریلو انسائیکلوپیڈیا ، ۶۶۵

— **ٹیکن** (— ی مج ، فت ک) امث .

(انجینرنگ) وہ ٹیک جس میں ازخود پھسلنے کی کیفیت پیدا کر دی جائے کسی بھی آلے پیمانے (ترازو وغیرہ) پر نصب ہوتی ہے ایک لوہے کی پتر پر پھسلتی رہتی ہے .

نشان کش یا کسی تیز اوزار کو پھسلنی ٹیکن میں کس کر فولاد پر ایک افقی خط لگاؤ .
۱۹۳۸ انجینیری کار خانے کے چالیس عملی سبق ، ۱۶

[پھسلنی + ٹیکن (رک)]

— **گاڑی** امث .

بغیر پہیوں کی وہ گاڑی جو برف پر چلانے کے لئے استعمال کرتے ہیں ، سلیج . Sledge .

اس سے بھی زیادہ لطف اندوز ہونے کے لئے انہوں نے اپنی پھسلنی گاڑیاں الٹ الٹ کر ڈھکنا شروع کیا .
۱۹۵۵ حیرت ناک کہانیاں ، ۱۱۷

[پھسلنی + گاڑی (رک)]

— والو (— سک ل) امذ .

(سائنس) خود کار والو جو کل کے ذریعہ گھومتا رہتا ہے ، کھل مندن پُرزا جس سے گیس وغیرہ از خود نکل جائے .

ایک پھسلنی والو متواتر ایک طرف سے دوسری طرف . . . چلتی تھی .

۱۹۶۶ حرارت ، ۵۱۱

[پھسلنی + والو (رک)]

پھسلوان (کس پھ ، فت س ، سک ل) صف .

۱. **چکنا ، از خود یا رطوبت کے سبب .**

راستہ پھسلوان بنانے کے لیے لیس دار شے نکلنا شروع ہو جاتی ہے .

۱۹۰۹ فلسفۂ ازدواج ، ۹۵

۲. **ڈھالدار ، ڈھالو .**

اس کا سر زور سے چکرایا اور وہ زمین پر گر پڑی برف آلود پگڈنڈی گیلی اور پھسلوان تھی .

۱۹۴۴ پھانسی ، ۷۶

[پھسلنا (رک) سے]

پھسلونیا (ضم پھ ، سک س ، و مج ، سک ن) صف .

فریبی ، مکار ، دغا باز ، جھانسا دینے والا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[پھسلانا (رک) سے]

پھسنا (فت پھ ، سک س) ف ل .

رک پھنسنا .

چھوڑ ماوائے ذقن ، زلفِ پریشاں میں پھسا
مثلِ یوسف میں نکل چاہ سے ، زنداں میں پھسا

۱۷۹۵ قائم ، ک ، ۱ : ۲۴

پھسوڑا (فت پھ ، و مج نیز لین) امذ .

پھنسی ، پھنس جانا (اصطلاحات پیشہ وراں ، منیر ، ۴) .

پھسوڑنا (فت پھ ، و مج ، سک ڑ) ف ل .

پھونکنا (منیرالنیان ، ۲) .

پھسہندا/پھسہنڈا (ضم پھ، فت مج س، سک ہ، مغ) صف .

رک : پھسنڈا .

میرے تئیں یہ پھسہندے (پھسہنڈے) چوچلے اور رمز کی باتیں پسند نہیں آتیں .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۴۱

پھُسی (ضم پھ) امث .

جانور کے مادہ منویہ یا بچے کا مضغہ بننے سے پہلے کی کیفیت.

بعد چند روز کے منی جس کو سالوتریاں پھُسی بولتے ہیں مادہ گراوے تو بھی دلیل مضبوط ہے اوپر اسقاط کے .

۱۸۷۲ رسالہ سالو تر ، ۲ : ۷۴

[مقامی ؟]

پھسیارا (فت پھ ، سک س) امذ .

(ٹھگ) پھانسی گر (جامع اللغات) .

[غالباً پھانسی (رک) سے]

پھسینڈا (ضم پھ ، ی لین ، مغ) صف مذ ؛ مث : پھسینڈی .

۱. **بسا ندا ، گندہ بدبو کا** (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

۲. **گھٹیا ، پست تر ، بیہودہ ، نامعقول انسان .**

یہ اس ڈھنگ میں کہتے ہیں تو پھسینڈے ہو جاتے ہیں .

۱۸۸۰ آب حیات ، ۳۱۲

۳. **کمتر درجہ کی (چیز) .**

اہل مذاق جانتے ہیں کہ ہمگر کی تحقیق کیسی پھسینڈی ہے .

۱۸۸۶ حیات سعدی ، ۶۳

[ہ : پھسینڈا फुसैंडा]

پھش (کس پھ) حرف .

۱. **تف ، نفرت یا بے زاری ظاہر کرنے کا کلمہ .**

بڑی بہن کے منہ سے نکل گیا کہ بس پھش .

۱۹۴۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۲۳۰

۲. **ہٹا ، کمتر .**

ظہوری و عرفی بہ پیش تو پھش .

۱۷۱۳ جعفر زٹلی (مخزن نکات ۳۱)

[حکایت الصوت]

— پھش (— کس پھ) حرف .

رک : پھس پھس .

بلی کو دیکھو . . . جب پھش پھش کر کے آواز دو گے فوراً دیکھنے لگے گی .

۱۸۸۷ سخندان فارس ، ۱ : ۸

— پھشانا (— کس پھ) ف ل .

پھش پھش کی آواز پیدا کرنا ، پھڑکنا (دیا سلائی وغیرہ کا) .

دیا سلائی تو افیونی ٹھیکیدار کی لنگوٹی ہو رہی تھی . . . پھش پھشا کے دم بخود ہو رہی .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، کایا پلٹ ، ۱۴۳

بھشی (کس بھ ، شد ش) اسث .

رک : بِشّی (جامع اللغات) .

بھق دے/سے (فت بھ) م ف .

فوراً ، اچانک ، رک : بھک سے .

فرلیہ بولیا . . . تو حق کی بات بھق دے بول بیٹھنا نچ لکتا ہے .

۱۷۶۵ دکنی انوار سہیلی ، ۳۴۷

کبھی کبھی بات بھق سے نکل جاتی ہے .

۱۹۶۹ روز نامہ جنگ ، کراچی ، ۱۲ جون ، ۳

[حکایت الصوت]

بھک (۱) (فت بھ) اسث : اسذ .

بھوسی ، برادہ ، چھلکا .

چاول کی بھک یا لکڑی کا برادہ یا چھان . ۹ فیصد .

۱۹۶۳ ، زراعت نامہ ، ۱۵ فروری ، ۳

[ہ : بھک फक]

بھک (۲) (فت بھ) اسث .

ملائم چیز میں کسی سخت چیز کے جلدی سے داخل ہونے کی آواز ، کسی بھی دھماکہ خیز چیز کی آواز ، بلب یا آتش بازی وغیرہ کے زور سے پھٹنے کا عمل (نوراللغات) .

[حکایت الصوت]

— بھک (— فت بھ) اسث .

رک : بھک بھک .

واٹ کے ایک انجن نے کان کے غار کے منہ پر بھک بھک دھواں نکالنا . . . شروع کر دیا .

۱۹۴۳ آدمی اور مشین ، ۱۰۲

[حکایت الصوت]

— سے م ف .

جلدی سے ، دفعۃً ، یکبارگی ، فوراً ، اچانک .

یہ تو وہ آگ ہوتی ہے جو چولھے میں دن رات بھڑکتی رہتی ہے اور پھر . . . چھپر میں لگ جاتی ہے اور کاغذ کی طرح بھک سے ہو جاتا ہے .

۱۹۴۳ ضدی ، ۱۱۱

بھکّا (فت بھ ، شد ک) اسذ .

ٹکڑا ، بھانک (شبد ساگر) .

[ہ : بھکا फक्का]

بھکا (۱) (کس بھ) صف (قدیم) .

رک : بھیکا .

ترے رنگ نور تھے گوہر کے رنگ میں جوت چڑیا ہے
تن دھپ بن بھکے ہیں جوہراں ہم عید و ہم نو روز

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۳ : ۳۱

تجھ لب مٹھے کوں دیکھ بھکا انگبیں ہو
چن جبیں کو دیکھ خجل نقش چیں ہوا

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۴۳

بھکا (۲) (کس بھ) صف .

بھکنا (رک) سے (تراکیب میں مستعمل).

— بھکا پھرنا محاورہ .

کسی چیز کی افراط ہونا ، (مجازاً) ناقدری ہونا .

انگور کی پٹاریاں ، سنترے وغیرہ میرے ہاں بھکے بھکے پھرتے تھے .

۱۸۹۶ شاہد رعنا ، ۱۰۱

پلاؤ ، زردہ ، قورمہ ، شامی کباب ، فیرینی ، شیر مالیں بھکی بھکی پھرتی تھیں .

۱۹۲۹ خمار عیش ، ۶۷

بھکّا (کس بھ ، شد ک) صف .

رک : بھیکا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

بھُکّا (ضم بھ ، شد ک) اسذ .

رنگ میں ملانے کے لئے ابرک کی بنائی ہوئی نہایت باریک بکنی ، سفوف (ا پ و ، ۲ : ۳۹) .

اف : دینا ، لگانا .

[مقامی]

بھکّارنا (کس بھ ، شد ک ، سک ر) ف م .

سر ننگا کرنا ، بال کھولنا ، بال کھلے چھوڑنا ، مینڈھیاں کھولنا (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[س : وِکار विकार]

بھکّاڑا بیگ (فت بھ ، شد ک ، ی مج) اسذ : صف .

بیجا صرف کرنے کی وجہ سے مفلس رہنے والا (مہذب اللغات).

[بھکاڑا ، بھانکڑا (رک) سے]

پھکاڑی (فت پھ ، شد ک) اسث .

رک : پھکڑبازی ، گالی گلوچ .

وہ گلے پھاڑ پھکاڑی کرتا کہ گورنمنٹ کو آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہوجاتا .

۱۹۲۷ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۲ ، ۴ : ۴

[پکھڑ (رک) سے]

پھکانا (فت پھ) ف م .

پھانکنا (رک) کا تعدیہ .

نہ بات بول نہ دے گڑ شکر پھکانے کا
گمّت ہے منجہ سے قلندر کوں تجھ ادھر کے آنکے

۱۷۱۷ بحری ، ک ، ۱۹۳

پھِکانا (کس پھ) ف م (قدیم) .

۱. **پھونکنا (رک) کا تعدیہ .**

تو اس شخص کو سٹ یہاں نہاٹ جائیں
مہینے کو پھر وہنچ قرعہ پھکائیں

۱۶۸۲ رضوان‌شاہ و روح افزا ، ۱۴۰

۲. **پھکیتی کی تعلیم دینا .**

راوتوں کو پھکانے اور استادوں کو سکھانے لگا .

۱۸۰۲ نثر بے نظیر ، ۲۵

پھُکانا (ضم پھ) ف م .

پھُکنا (رک) کا تعدیہ .

پھکائیگی طپش عشق خانۂ دل کو
دھویں کی طرح نکل جائیگی بخار میں روح

۱۸۹۶ دیوان شرف ، ۹۹

پھکاواڑا (فت پھ) اسذ .

نمک ، شور ، لونا .

یوں لگیا ہے یو درد بحری کوں
جنوں کہ کانڈی کے تئیں پھکاواڑا

۱۷۱۷ بحری ، ک ، ۱۴۸

[؟]

پھُکائی (ضم پھ) اسث .

پھونکنے اور جلانے کا فعل .

کوئلے کی پھکائی سے اینٹ کا رنگ اچھا ہوتا ہے .

۱۹۱۳ انجینیرنگ بک ، ۱۴

[پھونکنا (رک) سے]

پھُک پھُونک پانو رکھنا محاورہ (قدیم) .

رک : پھونک پھونک کے پانو رکھنا .

پھک پھونک رکتی پاؤں میں پھور یوں تمیں کرتے ستم
کل ارگجے لوگاں میں چپ کیا بھیجنے کا تھا گلاب

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۳۶

پھُکٹ (ضم مج پھ ، فت ک) اسذ ؛ اسث .

رک : پھوکٹ مع تحتی .

دیا گاؤ جن نے کہ نقراں کوں ان
پھکٹ کا ہے گدڑا سو لادو دوگن

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ضمیمہ ، ۱۲

پھکٹ کھاتا ، لہیں سو تغادے لیاتا .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۳۲

پھَکّٹی (فت پھ ، سک ک) اسث (قدیم) .

رک : پھکڑی (۲) .

عمل نا کر ہوئے باتاں سو پھکٹیاں
جہنم بیگ سلگانے کیاں لکٹیاں

۱۶۸۳ عشقی نامہ ، مومن ، ۳۳۳

پھَک جانا (فت پھ) ف ل (قدیم) .

پھٹ جانا ، ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا .

گرچہ بارے سوں ابر پھک جاوے

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت)

پھکّر (فت پھ ، شد ک ہفت) اسذ .

فقیر ، درویش ، گداگر (فرہنگ آصفیہ) .

[فقر (رک) کا بگاڑ]

پھَکّر مُول (فت پھ ، ک ، سک ر ، و مع) اسذ .

ایک بوٹی کی جڑ جس کا رنگ مٹوالا توڑنے پر اندر سے لال ہوتا ہے بطور دوا مستعمل .

پھکر مول .

۱۴۳۳ زفان گویا (سہ ماہی اردو ، جولائی ۱۹۶۷ ، ۱۲۳)

پھکر مول . . . جغرات میں خمیر کر .

۱۸۷۲ رسالہ سالوتر ، ۲ : ۱۳۳

پھکر مول کو ریحی اور بلغمی امراض میں استعمال کرتے ہیں .

۱۹۲۹ کتاب‌الادویہ ، ۲ : ۱۰۵

بھکّڑ (فت بھ ، شد ک بفت) .

(الف) اسٹ نیز اسذ .

۱. زنانوں اور ہیجڑوں کی ایک خاص قسم کی زبانی لڑائی جس میں وہ برابر تالیاں بجاتے ہیں اور ایک دوسرے کے عقدے کھولتے ہیں اور مقفّیٰ ہجو کرتے ہیں (مہذب اللغات) .

۲. فحش بات ، ہزل ، ناشائستہ گفتگو ، گالی گلوچ ، ہست مذاق .

چکے تھے نہ بھکڑ سے تم آج بھی
چکائی دے ہم آپ غم کھا گئے

۱۸۱۸ اظفری ، د ، ۲۳

وہ صرف بے تکے اور مہمل اعتراضات ہی کا مجموعہ نہ تھا بلکہ بھکڑ اور ہیجتیوں تک نوبت پہنچ گئی تھی .

۱۹۳۵ چند ہم عصر ، ۱۴۲

(ب) صف .

مسخرہ ، ہزل گو ، فحش بکنے والا .

انشاءاللہ خاں بھکڑ ہیں .

۱۸۹۰ لکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۲۰۱

سید جعفر ایک ہنسوڑ اور بھکڑ شاعر گزرے ہیں .

۱۹۲۹ تاریخ نثر اردو ، ۲۳

[س : بھک + रः रह]

— باز صف .

رک : بھکّڑ (ب) .

اگر بھکڑ باز ہے تو کھلا کھلی اور علانیہ اس کے عیب کے جتانے سے باز نہیں رہتا .

۱۸۹۱ مکارم الاخلاق ، ۲۶۰

[بھکڑ + باز (رک)]

— بازی اسٹ .

۱. فحش گوئی ، گالی گلوچ .

مکابرہ و مجادلہ بلکہ گالی گلوچ اور بھکڑ بازی تک نوبت پہنچ گئی ہے .

۱۹۰۳ عصر جدید ، اکتوبر ، ۳۵۸

۲. ہیجڑے کا تالیاں بجا بجا کر گانا دینے کا فعل ، بھکڑ (الف) معنی نمبر ۱ کا کام .

یہ سوال کیا جاتا تھا کہ تمہیں گانا ناچنا کیسا آتا ہے کہاں تک ہیجڑے سے بھکڑ بازی کر سکتے ہو .

۱۹۲۸ مرزا حیرت ، حیات طیبہ ، ۲۷۴

[بھکڑ + بازی (رک)]

— باندھنا محاورہ .

بہت زیادہ اور مسلسل گالیاں دینا ، ناشائستہ گفتگو کرنا ، ہزلیات بکنا .

ہم جو ایک بات کہیں ازم میں تم سے بلحاظ
جھاڑ تم گالیوں کے ہول کے بھکڑ باندھو

۱۸۵۶ کلیات ظفر ، ۴ : ۱۱۲

— بولنا محاورہ .

رک : بھکڑ لڑنا ، گالی دینا .

حضرت کو بھکڑ بولنے بھی نہیں آتے . . . کجا گیہوں کھانا کجا اعضائے مخصوصہ کا دکھائی دینا .

۱۸۹۸ سر سید ، مکتوبات ، ۱۷۴

— پن (— فت پ) اسذ .

بھکڑ کا اسم کیفیت ؛ فحش گوئی ، ہزل .

وہ حصہ جس میں ظرافت اور بھکڑ پن کا اظہار کیا گیا ہے . . . پرلطف اور دلچسپ ہے .

۱۹۷۵ تاریخ ادب اردو ، ۱ : ۶۴۴

[بھکّڑ + پن ، لاحقۂ کیفیت]

— جڑنا محاورہ .

گالی دینا ، پھبتی کسنا ، مذاق اڑانا .

اس نے ایک اور سپاہی کے بھکڑ جڑی اس نے اس کی گردن کاٹ ڈالی .

۱۸۲۳ حیدری ، مختصر کہانیاں ، ۲۰۷

— رہنا محاورہ .

رک : بھکڑ ہونا ؛ لڑائی جھگڑا ہونا ، ٹکراؤ ہونا .

چلے باد ایسے کہ جھکڑ رہے ہوا اور پانی میں بھکڑ رہے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰۹۴

— لڑنا محاورہ .

گالی گلوچ کرنا ، ہزلیات بکنا ، بیہودہ گفتگو یا کام کرنا .

ایک دن کوئی آٹھ دس جگہ رک کے چمکی اور بھکڑ لڑنے لگی .

۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۱ : ۱۸۳

بعد جانے خواجہ کے یہ جو بیدار ہوئے آپس میں خوب بھکّڑ لڑے .

۱۹۰۰ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۳ : ۱۰۰

— ہونا محاورہ .

بیہودہ ہنسی مذاق ہونا ، بے تکلفی ہونا .

غرضیکہ خوب پھکڑ ہوتا ، غول کے غول ساتھ ، شور قہقہوں کا بلند .

۱۸۸۸ انتخاب طلسم ہوشربا ، ۳ : ۲۷۳

اس دن کی تصویر صاف ان کی آنکھوں میں پھر گئی جس دن مکا کی جورو سے پھکڑ ہوتی ہوگی .

۱۹۰۰ شریف زادہ ، ۱۰۹

پھکڑی (۱) (فت پھ ، سک ک) اسث (قدیم) .

رک : پنکھڑی .

سرنگ نرم و نازک زباں سار کی
نہیں کوئی بھی پھکڑی سو گلنار کی

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۷۲

ہر ایک نقش قدم کون بوجھتا ہے پھول کی پھکڑی
گزر تیری گلی میں جو کیا باغ ارم بھولا

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۸۶

— دار صف .

پنکھڑی دار ، پھلودار .

تاروں کا پھکڑی دار نظر آنے کا باعث یہ ہے کہ اجزاء غیر شفاف ہوا میں ہے در ہے کوکب کے حائل ہوکر سرک جاتے ہیں .

۱۸۴۵ بیان اریری ، ۵۵

پھکڑی (۲) (فت پھ ، سک ک) اسث .

۱. رسوائی ، خواری ، درگت ، بیہودہ دست درازی .

زناؤں سے نہ مل گر مرد ہے تو چھوڑ یہ صحبت
وگر نہ یاد رکھ ہووے گی آخر ایک دن پھکڑی

۱۷۳۸ دیوان زادہ حاتم ، ۲۸۷

خوباں میں اگر جاویں تو ہوتی ہے یہ پھکڑی
کھینچے ہے کوئی ہاتھ کوئی پکڑے ہے لکڑی

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۱۱۴

۲. بد اخلاقی سے پیش آنے کا عمل ، بد اخلاقی ، درشتی (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

۳. (مجازاً) فحش اور بازاری زبان ، ایک صنف سخن جس کا مضمون پوچ اور نا مہذب ہوتا ہے .

مزاج آپ کی سچ سے جاتی ہے اکڑی
کہوں کیا میں یہ مرثیہ ہے کہ پھکڑی

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲ : ۴۴۰

۴. ظرافت ، شگفتہ مزاجی .

خوشی کے یہ سب ساتھ ہے پھکڑی
غنیمت مزا لے اڑا ہر گھڑی

۱۸۳۳ مثنوی اپورب کشن کنور ، ۹۷

[٭ : پھکڑی] [फक्कड़ी]

— کرنا محاورہ .

بے عزتی کرنا ، بد اخلاقی سے پیش آنا ، فضیحتا کرنا ؛ اتہام لگانا ، بہتان لگانا (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

پھکسا (فت پھ ، سک ک) امذ .

(پہلداری) کڑی تختے کی چھت پر ڈالنے کے لیے ملبے کی مٹی کا بنایا ہوا گارا گونڈھا (ٹھوس گارا) ، دھابا ، گاچی (الف : بنانا) (ا پ و ، ۱ : ۸۵) .

[مقامی]

پھکسنا (کس پھ ، فت ک ، سک س) ف ل .

رک : پکسنا .

پھکسی ہوئی نیلی سفید . . . گاجروں کی گانٹھی .

۱۹۴۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۱۲۱

پھکسیاری (فت پھ ، سک ک ، کس س) اسث .

بلی کے برابر ایک جانور ، جس کی پیٹھ پر سر سے لے کر دم تک ایک زردی مائل لکیر ہوتی ہے اور جو شیر کے آگے آگے بولتی ہوئی چلتی ہے جس سے دوسرے جانور شیر کی آمد سے با خبر ہو جاتے ہیں (مہذب اللغات) .

[مقامی]

پھکلائی (ضم پھ ، سک ک) امذ .

پکانگ کا طریقہ یعنی حوض یا ڈھول میں پانی بھر کر نمک ملا کر چمڑے کو صاف کرنے کا عمل جس سے چمڑا پھوکا یعنی ہلکا ہو جاتا ہے .

کبھی چاندنی چوک میں جوتہ والوں سے بحث ہو رہی ہے کہ پھکلائی اور کسوں کے کیا معنی ہیں .

۱۹۳۳ فراق دہلوی ، مضامین ، ۶۵

[؟]

پھکنا (۱) (فت پھ ، سک ک) اسث .

(عو) وہ میٹھی تر چیز جس میں گھی کم ہو (مہذب اللغات) .

[مقامی]

پھکنا (۲) (فت پھ ، سک ک) ف م .

رک : پھانکنا (پلیٹس) .

پھکنا (کس پھ ، سک ک) ف ل .

پھنکنا (رک) کا لازم ، گرنا ، ضائع ہونا .

خالہ نے دو ٹوکرے خربوزے بھیجے ، سارے سڑ سڑ کر ہی تو پھکے .

۱۹۴۲ ٹیڑھی لکیر ، ۶۱

پھُکْنا (۱) (ضم پھ ، سک ک) ف ل ؛ ~ پھنکنا .

۱. **پھونکنا (رک) کا لازم (پلیٹس) .**

۲. **آگ لگنا ، جلنا ، سوختہ ہونا .**

خدانخواستہ اگر ایک گھر کو آگ لگے تو گانو کا گانو پھک جاتا ہے .

۱۸۰۵ آرائش محفل ، افسوس ، ۱۳۳

۳. **سوزش ہونا ، جلن ہونا .**

یہ اشک کسی آنکھ سے رکتے نہیں دیکھا
کس سینے کو اس آگ سے پھکتے نہیں دیکھا

۱۸۷۵ مونس ، مراثی ، ۱ : ۲۷۰

۴. **مشتعل ہونا ، بھڑکنا .**

پس ہوا اتنا کہنا تھا کہ میرے تن بدن میں آگ ہی تو پھک گئی .

۱۸۷۴ انشاء ہادی النسا ، ۵۴

۵. **نہایت گرم ہو جانا ، تپنا .**

یہ پھک رہا ہے مرا جسم آتش غم سے
کہ طوق بھی مری گردن میں لال رہتا ہے

۱۸۱۶ دیوان ناسخ ، ۱ : ۹۲

۶. **(مجازاً) روپیہ برباد ہونا ، ناحق خرچ ہونا .**

میری حماقت اور ان کی ناواقفیت کی بدولت میرے سات روپے پھک گئے .

۱۸۸۹ گلگشت فرنگ ، ۷۳

۷. **(پھونک سے) بجنا .**

شام سے کوتوال طلایہ پھرتا ، رات بھر نر سنگھا پھکتا .

۱۸۹۰ فسانۂ دل فریب ، ۱۴۳

۸. **کشتہ ہو جانا (نوراللغات) .**

۹. **(خبر وغیرہ) پھیلنا ، مشتہر ہونا .**

تھوڑے ہی دن میں تمام شہر میں پھک گئی کہ فلاں تاریخ کیسری کا ڈولہ نواب جہاں گیر احمد خاں کی نذر کیا جائیگا .

۱۸۹۹ بیرے کی کنی ، ۴

۱۰. **(مجازاً) اذیت سہنا ، تکلیف اٹھانا ، کڑھنا .**

دل ہی دل میں گھٹنا ، اندر ہی اندر پھکنا ، منہ سے اف نہ کرنا ، گلہ زبان پر نہ دھرنا ، دیکھ اس کو وتا کہتے ہیں .

۱۹۰۱ راقم ، عقد ثریا ، ۲۳

پھُکْنا (۲) (ضم پھ ، سک ک) امذ .

(ٹھگی) نادار مسافر یا کوئی بے قدر چیز (اپ و ، ۸۰ : ۱۷۹) .

[مقامی]

پھُکْنا (۳) (ضم پھ ، سک ک) امذ .

۱. **حیوانات کے جسم میں ایک عضو جس میں ہوا یا پانی بھرتا ہے ، مثانہ .**

پھکنا گردے کا خادم ہے کہ پانی گردے میں لے لے کر پیشاب گاہ کے راستے سے نکال دیتا ہے .

۱۸۶۶ مذاق العارفین ، ۴ : ۵۷

پھکنا یا اس قسم کا کوئی اور عضو موجود نہیں .

۱۹۶۵ حیوانیات ، ۱ : ۱۶۷

۲. (i) **غبارہ (یا جھلی) جس میں ہوا بھر کر پھلاتے ہیں ؛ پھنکنا (رک) .**

وے اپنے اجسام کو پھلا سکتے ہیں جس طرح ہم پھکنے کو پھلا سکتے ہیں .

۱۸۴۱ مقاصد علوم ، ۸۳

بیچ میں ایک گول سا پھکنا ہوتا ہے جسے دبانے سے ہوا نکل کر اس میں پانی بھر جاتا ہے .

۱۹۲۳ عصائے پیری ، ۹۵

۳. **گولے یا پھکنے کی شکل کی ایک قسم کی آتشبازی .**

پھکنا . . . اس میں بندوق کی بارود بھر کر . . . چھوڑتے ہیں .

۱۹۰۳ آتشبازی ، ۱۱

۴. **تھیلی ؛ جھلی کا تھیلا (پلیٹس) .**

۵. **(مجازاً) ہلکا ، باریک ، جھلّی جیسا مہین .**

تم جو یہ ایک پھکنا سا دوپٹہ اوڑھے ہو یہ تم کو اس سردی سے بچا نہیں سکتا .

خوبی قسمت ، ۴

[फकना : پھُکنا]

پھُکَنْت (ضم پھ ، فت ک ، سک ن) امث .

اہل ہنود کے مردے کا جلایا جانا (مہذب اللغات) .

[پھونکنا (رک) سے]

پھَکْنی (فت پھ ، سک ک) امث .

پھانکنے کی دوا ، رک : پھنکی (نوراللغات) .

[پھانکنا (رک) سے]

پھُکْنی (ضم پھ ، سک ک) امث

۱. **بانس ، لوہے یا کسی دھات کا سوراخ دار (مجوف) ٹکڑا جس میں منھ سے پھونک مار کر آگ دہکاتے ہیں ، دھونکنی .**

پھکنی دسپنا اور پانی کا لوٹا پاس ہے .

۱۸۶۹ اردو کی پہلی کتاب ، آزاد ، ۳۹

پنکھے کی ہوا سے بہتر پھکنی کی ہوا ہے ۔
۱۹۳۰ عصمتی دستر خوان ، ۱ : ۲۳

۲۔ نرخرہ ، حلقوم ، گلا ، سانس کی نالی ۔
نہیں مجھ حجرہ میں سانس میری
یقین ہے مجھ کو وہ پھکنی ہے تیری
۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۲ : ۷۷

۳۔ تپنچہ یا پستول (پاپلس) ۔
[० : پھکنی फक्की]

پھُکنے دار (ضم پھ ، سک ک) صف ۔
پھکنے کی شکل کا (جامع اللغات) ۔
[پھکنے ، پھکنا (رک) سے + دار ، لاحقۂ صفت]

پھِکوانا (کس پھ ، سک ک) ف ل ۔
پھینکنا (رک) کا تعدیہ ۔
چاہ ماراں میں پھکوایا آپ ہی نجات دی ۔
۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۱۱۹

پھُکوانا (ضم پھ ، سک ک) ف م ۔
۱۔ پھُکنا (رک) کا تعدیہ ۔
آگ دے کر اس کو پھکوایا ، اشتعال آتش سے لوہا پگل کر بہہ گیا ۔
۱۸۵۹ مرآۃ گیتی نما ، ۱۰

۲۔ آیات و اوراد وغیرہ کا پانی پر دم کروانا جس کے بارے میں بعض لوگوں کا یہ عقیدہ ہے کہ اس سے بیماروں کو شفا ہوتی ہے اور مسائل حل ہوتے ہیں ۔
مولانا کی شہرت کا یہ اثر تھا کہ میلاد سے پہلے ہی لوگ پانی پھکوانے اور دعا تعویذ کے لئے آنے لگے ۔
۱۹۵۸ خون جگر ہونے تک ، ۵۳

پھکوڑیا (فت پھ ، و مج ، سک ڑ) امذ ۔
پھکڑ باز ، فحش گو ؛ بانکا (جامع اللغات) ۔
[س : پھک + کار + اِکہ : फक्क + इक:]

پھکوڑیات (فت پھ ، و مج ، کس ڑ) امث ۔
۱۔ ہزلیات ، پھکڑ ، بکواس ، واہیات ۔
آرام وارام سب پھکوڑیات ۔
۱۹۱۵ فسانۂ لندن ، ۱ : ۱۰۸

۲۔ بانکپن (جامع اللغات) ۔
[० : پھکوڑیات फक्कोड़यात]

پھِکی (کس پھ ، ک) امذ ۔
چینا نام کا غلہ جو کنگنی کی قسم سے ہے بندیلکھنڈ میں دو قسم کا ہوتا ہے ، ایک قسم کو پھکنی اور دوسری کو رائی کہتے ہیں ، یہ دونوں ناج برسات کے موسم میں بوئے جاتے ہیں پھکنی کو تھوڑا پہلے بوتے ہیں بمالہ میں جاڑوں میں بوتے ہیں (ماخوذ : خزائن الادویہ ، ۳ : ۳۳۴) ۔
[پھاکنا (رک) سے]

پھَکی (فت پھ) امث (قدیم) ۔
رک : پھنکی ۔
کھلایا ہے معجون تلوین کی
پھکایا پھکی لیا کہ تمکین کی
۱۶۳۸ مرآۃ الحشر ، ۱۴

پھَکّی (فت پھ ، شد ک) امث ۔
پاکھا (۱) (رک) کی تصغیر ۔
طوفان بادنے دھان کی بالیاں اکھاڑ پھینکی تھیں ، سپاری کے جھنڈ تہس نہس کر دیے تھے ، چھتوں کی پھکی اڑادی تھی ۔
۱۹۶۲ در دلکشا ، ۱۲۵

[؟]

پھَکیا (فت پھ ، سک ک) امث ۔
رک : پھکیا ؛ فال ۔
ہی منطق آرا بیگم صاحب غضب کی کل جبی (سیاہ زبان) ہیں ، ایسی پھکیا منہ سے نکالی جس سے ہمارے وزیراعظم صاحب کی عارضی اور مصنوعی خوشی پر بھی اوس پڑ گئی ۔
۱۹۳۱ داودہ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۶ ، ۳ : ۱

[سنسکرت]

پھکیت (کس پھ ، ی لین) امذ ۔
گنکا پھینکنے مارنے یا چلانے کے فن کا مشاق ؛ سیف باز ۔
پھکیت کمان کش سپاہی زور آور . . . اس کی کمان کا چلا نہ چڑھا سکتے ۔
۱۸۰۱ باغ اردو ، ۲۱۳
کوئی نہیں جانتا تھا کہ پھکیت یا بنوٹیے یا پٹا باز یا الگ باز ہیں ۔
۱۹۱۵ مرقع زبان و بیان دہلی ، ۴۲
[س : پرکشیہ + آیین प्रक्ष्य + आयन]

پھکیتی (کس پھ ، ی لین) امث ؛ صف ۔
سیف بازی ، گنکا چلانے کا فن ۔

چلا ہے اس لیے مقتل میں دل سینہ سپر ہو کر
بھکیتی دیکھنی ہے آج ترک چشم قاتل کی
۱۸۷۳ بیخود (ہادی علی) ، د ، ۸۹

ہیں دو حریف مقابل لیے بھری گتکا
ہر ایک فن بھکیتی میں طاق اور طرار
۱۹۱۱ کلیات اسمٰعیل ، ۱۶۳

[بھکت (رک) سے]

بھُکھنا (ضم بھ ، سک کھ) امذ .

رک : بھکنا (۳) .

ہوا کے بھرنے کا خانہ یا بھکھنا اس مچھلی کا بہت بڑا ہوتا ہے .
۱۸۹۲ رسالہ حسن ، ۵ ، ۲ : ۲۸

بھکھوٹا (فت بھ ، و مج) امذ .

بازو .

جس پر یو آگ پونچے تس کے نہ پر رہیں نہ بھکھوٹے .
۱۶۶۷ شمائل الاتقیا (دکنی اردو کی لغت)

[ہ : بھکوٹا पखोटा]

بھُگاٹ (ضم بھ) امذ .

بھولنے کا عمل یا حالت ؛ نفع ؛ افراط زر (انگ : Inflation) (انگلش اینڈ ہندوستانی ٹیکنیکل ٹرمز ، ۷۳) .

[غالباً س : بھک (= کھلنا)]

بھَگلی (فت بھ ، سک گ) امث .

رک : بھاگ (پلیٹس) .

[ہ : بھکلی फगली]

بھُگنا (ضم بھ ، سک گ) ف ل (قدیم) .

بھرنا ، پر ہونا ، بھولنا ، اترانا .

بڑے بخت میرے دیکھیا آج تج
بھگی بازواں لگ خوشی آج مج
۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۱۶۳

[مقامی]

بھَگن بٹ (فت بھ ، ضم گ ، فت ہ) امث .

بھاگن کے مہینے میں چلنے والی ہوا جس کے ساتھ بہت سی دھول اور درختوں کی پتیاں وغیرہ بھی ملتی رہتی ہیں ؛ بھاگن میں ہونے والی بارش (شبد ساگر) .

[رک : بھاگن + بٹ (رک)]

بھَگنیاں (فت بھ ، ضم گ ، کس ن) صف .

تر سنگھے نام کا پھول (شبد ساگر) .

[رک : بھاگن + ایں ان + इयाँ]

بھَگوا (فت بھ ، ضم نیز سک گ) .

(الف) امذ .

۱. ہولی ، بھاگ .

دنیا کا جو کھیلنا ہے بھگوا
انگریز ہی رہے گا اگوا
۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۴ : ۸۵

۲. ہولی کے تہوار کا دن ؛ بھاگن کے مہینے میں لوگوں کا اجتماع یا میلہ جو بسنت کی خوشی میں مناتے ہیں اس میں ایک دوسرے پر رنگ وغیرہ پھینکتے ہیں اور گیت گاتے ہیں (پلیٹس ؛ شبد ساگر) .

۳. ہولی کا گیت .

خبر فصل بہاری کی ہے لایا
اگر سمجھو تو بھگوا اس نے گایا
۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۴ : ۱۰۸

(ب) صف ، مذ .

۱. بلیارا ، بھاگ (ہولی) کھیلنے والا ، (مجازاً) کوئی چالباز .

اودھ پنچ کے بھگووں میں تمہارا شمار ہوگا .
۱۹۲۶ اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۱ ، ۸ : ۵

۲. ہلا ، زرد .

فقیروں سے نہ ہو بے رنگ لالہ فصل ہولی میں
ترا جامہ کلاہی ہے تو میرا خرقہ بھگوا ہے
۱۷۷۵ عزلت (چمنستان شعرا ، ۴۵۵)

[ہ : بھگوا फगवा]

— کھیلنا محاورہ .

ہولی کے تہوار میں رنگ گلال ایک دوسرے پر ڈالنا .

بن گھن بھرلے ٹیسوا ، بگین بیلے
چلے بدیس ہیروا ، بھگوا کھیلے
۱۶۲۶ رحیم خان (شبد ساگر)

— منانا محاورہ .

بھاگن میں مرد عورتوں کا باہم ملکر رنگ کھیلنا اور گلال ملنا (شبد ساگر) .

بھَگوازہ (فت بھ ، سک گ ، فت ز) امذ .

جنس انجیر سے ایک درخت ، لاط : Ficus Palmata .

اس تکیہ میں اس قدر اشجار ہیں : پھل ۷ . . . پھگواڑہ ۵ ، سو بانجنا ۸ ، بیر یا ۱۶ . . . توت ۸ .

۱۸۶۴ تحقیقات چشتی ، ۵۷۰

[० : पगवाड़ा पगवाड़ा]

پھگُوانا (فت پھ ، ضم نیز سک گ) ف م :

پھاگن کے مہینے میں کسی پر رنگ پھینکنا یا اسے سنا کر مبتذل گیت گانا (شبد ساگر) .

میکدے کی ، خلق کیوں ہولی میں شیدائی ہوئی
کیا پھر آئی دخت رز رندوں کی پھگوائی ہوئی

۱۹۳۲ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۷ ، ۱۰ : ۳

[پھاگ (رک) سے]

پھگُہار (فت پھ ، ضم گ) امذ .

رک : **پھگُہارا** (شبد ساگر) .

پھگُہارا (فت پھ ، ضم گ) صف ؛ امذ ؛ است : پھگہاری ، پھگہارن .

وہ جو ہولی کے تہوار میں پھاگ کھیلنے کسی کے گھر جائے ؛ پھگوا گانے والا شخص (شبد ساگر) .

[० : पगुहारा पगुहारा]

پھگُہرا (فت پھ ، ضم گ ، سک ہ) صف .

پھاگ کھیلنے والا ، رک : پھگُہارا (شبد ساگر) .

پھل (فت پھ) امذ .

۱. **چھلکے سے منڈھی بیج اور گودے سے بھری وہ شے جو اپنی فصل کے زمانے میں اپنے درخت کی شاخوں یا بیل سے اُگتی اور عموماً بغیر پکائے کھائی جاتی ہے ، ثمر ، میوہ ، بار .**

گل کھلے سارے نمن کنولے رنگیلے سرو گوں
چند سرج اس پھل لگے سب سرو کے بن میں عجب

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲۹۴

پھر توڑ لے اس کے سبز پھل کو
پھل کچھ اسے دے رہے گا کل کو

۱۸۳۸ گلزار نسیم ، ۲۵

ہیں تیرے سبزہ زار بھی غیرت دہ ارم
ہر رت کے پھول پھل یہاں ملتے ہیں بیش و کم

۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۴۷

۲. **کسی آلے میں لگا ہوا لوہے کا دھار والا حصہ .**

نیزے کا پھل دیکھئے مغز گیا عقل کا
کیا ہو قیامت اب نیزے اور آفتاب

۱۵۱۸ مشتاق (اردو ، اکتوبر ، ۱۹۵۰ ، ۳۱)

تلوار کے اقرار میں اس کا میان اور پرتلہ اور پھل لازم آوے گا .

۱۸۰۶ نورالہدایہ ، ۳ : ۱۳۴

چھری کا پھل ذرا موٹا ہونا چاہیے .

۱۹۴۷ جراحیات زہراوی ، ۹

۳. **پھل کا وہ حصہ جو زمین کھودتا ہے ، پھالی ، پھال** (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

۴. **نتیجہ ، حاصل ، انعام .**

ایسا کام نہ کر جس میں سوائے رسوائی کے اور کچھ پھل نہ ملے .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۵۲

یہ اس کے وسیع مطالعے کا پھل تھا .

۱۹۷۶ حافظ اور اقبال ، ۱۰

۵. **عوض ، صلہ (جزا یا سزا) .**

بہار آئی تھی جس میں وہ چمن وقف خزاں پایا
ریاضت کا بتا کیا تو نے پھل اے باغباں پایا

۱۸۸۰ دیوان صفی ، ۵

یہ ہے پاکیزگی اخلاق کا پھل .

۱۹۴۳ تاریخ الحکماء ، ۲۳

۶. **فائدہ ، لطف .**

وقت رخصت ہم کہا اس سرو قد دلبر سے آج
پھل کہاں جینے کا جو تو اٹھ چلا ہے بر سے آج

۱۷۲۶ دیوان زادہ حاتم ، ۱۸

صد شکر ہوئیں کوششیں احباب کی مشکور
پھل دیکھنے نیت کے ہوں گر ان کی تو آؤ

۱۹۱۴ حالی ، کلیات نظم حالی ، ۱ : ۴۴

۷. **آل اولاد .**

تین پھل تو اسی بکھیت ہونے چاہیں جن میں ایک پتر دو پتری یوں تین اولاد ہیں تیرے .

۱۹۱۰ راحت زمانی ، ۴۰

۸. **اثر ، خاصیت (کسی سیارے کے عمل کی) .**

پھل ستاروں کا منجم سے ظفر کیا پوچھوں
سب وہ کرتے ہیں موافق مری تقدیر کے پھل

۱۸۴۹ کلیات ظفر ، ۲ : ۵۹

۹. **(حساب) حاصل قسمت ، خارج قسمت** (نوراللغات ؛ فرہنگ آصفیہ) .

۱۰۔ خواب کی تعبیر (فرہنگ آصفیہ)۔

۱۱۔ خربزہ، ہر ایک خربزے کا عدد (فرہنگ آصفیہ؛ نوراللغات)۔

۱۲۔ جائے پھل، جائفل؛ ایک خوشبو دار جھر بیری جو کاکولی کے نام سے مشہور ہے ادویات میں مستعمل (پلیٹس)۔

[س: फल پھل]

— اُترنا محاورہ۔

۱۔ رک: پھل آنا۔

کیلا بہت خوش ذائقہ پھل ہے اس کے پیڑ میں ایک ہی بار پھل اترتا ہے۔

۱۹۷۶ زراعت نامہ، جون، ۳۱

۲۔ پھل تمار ہونا یا توڑا جانا۔

جب آم کے درخت سے پھل اترتے ہیں تو ان کے رکھنے کے انتظامات کیے جاتے ہیں۔

۱۹۳۳ گھر گرہستی، ۱۶

— اُٹھانا محاورہ۔

نتیجہ حاصل کرنا، استفادہ کرنا، لابھ پانا۔

پھل اٹھایا نہ زندگانی کا نہ ملا کچھ مزا جوانی کا

۱۸۶۰ زہر عشق، ۱۵۵

— اَنگے (آگے) آنا محاورہ۔

نتیجہ بھگتنا، سزا پانا، رک: پھل پانا۔

نادان جب تئے مجے پیا تب خوش نہ لگے
آخر ایسی ہٹ کو مرے اپسے پھل آئے انگے

۱۶۵۸ بیاض الشعرا، شعوری، ۴۷

— آنا محاورہ۔

درخت کا بارور ہونا، پھل پیدا ہونا۔

درختوں میں اتنے پھل آئے کہ ڈالیاں زمین پر جھک پڑیں۔

۱۸۸۷ خیابان آفرینش، ۹

— آہار امذ۔

ہلکی غذا جو پھلوں وغیرہ کے ناشتے پر مشتمل ہو (ماخوذ: پلیٹس)۔

[پھل + آہار (رک)]

— بجھول (— ضم ب، فت جھ، شد و بفت) امذ۔

لڑکوں کا ایک کھیل جس میں چور کو کوئی خاص پھل لانے کے لیے بھیجا جاتا ہے (جامع اللغات؛ نوراللغات؛ پلیٹس)۔

[پھل + بجھول، بوجھنا (رک) سے]

— بیٹھنا محاورہ۔

پھول کی گھنڈی کا پھل کی صورت اختیار کرنا، پھل لگنا۔

درخت میں پھل بیٹھنے لگتے ہیں تو پھول گرجاتے ہیں۔

۱۹۶۲ مہذب اللغات

— بھگتنا محاورہ۔

جزا یا سزا پانا، کسی کام کا صلہ ملنا۔

کام نہ ہرگز کوئی ہو ایسا بھگتے پھل رو رو کر جس کا

۱۹۵۴ دھمپد، ۳۴

— بھوگ (— و مج) امذ۔

اچھے یا برے کام کا انجام، نتیجہ (پلیٹس)۔

[پھل + بھوگ (رک)]

— بھوگنا محاورہ۔

رک: پھل بھگتنا۔

ایک جن پاپ کرتا ہے اور انیک جن اس کے پاپ کا پھل بھوگتے ہیں۔

۱۸۰۴ بیتال پچیسی، ۵۴

— بھوگی (— و مج) امذ۔

نفع یا نقصان اٹھانے والا (پلیٹس)۔

[پھل + بھوگی (رک)]

— پات امذ۔

۱۔ ترکاری، گھاس پھوس، پھل پھلاری، درخت وغیرہ کے برگ و بار۔

بعض جانور پھل پات پر زندگی بسر کرتے ہیں۔

۱۹۳۰ حیوانیات، ۷

۲۔ نتیجہ، حاصل، ثمر۔

شادابی الفت کی توقع نہیں مجھ کو
ہیں کشت میں اسید کے پھل پات ہی کچھ اور

۱۹۲۴ دیوان بشیر، ۳۷

[پھل + پات (رک)]

— پاک امذ۔

پھل پکنے کا عمل؛ ککروندے کا درخت اور پھل، لاط: Carissa carandes (پلیٹس)۔

[پھل + پاک (رک)]

— پانا محاورہ۔

۱۔ صلہ پانا، جزا ملنا۔

نخل امید ہے وفاؤں سے دل سلامت رہے تو پھل پایا
۱۷۷۵ عزلت (مخزن نکات ، ۶۵)

نہ حقیقت ہی کو سمجھیں نہ دنیا میں آنے کا پھل پائیں .
۱۸۷۴ مجالس النسا ، ۱ : ۷

خدا دے گا بدلا جو کل پاؤ گے
کہ جو بوؤ گے اس کا پھل پاؤ گے
۱۹۱۰ قاسم و زہرہ ، ۱۴

۲. سزا پانا .

جس نے اس کی گلی میں پھل پایا
کھا کے پتھر نہال آتا ہے
۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۲۶

۳. نتیجہ حاصل کرنا .

اس سرو قد سے آج ہم آغوش میں ہوا
پایا ہوں پھل جہان میں عمر دراز کا
۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۸۳

فرانس اور اٹلی نے حکماً مذہب کو انتظام دنیا سے خارج کر کے کیا پھل پایا .
۱۸۹۹ رویائے صادقہ ، ۱۹۱

چل چل اپنے پھل پا جو بویا وہ کاٹ .
۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۲۱۲

۴. فائدہ اُٹھانا ، فلاح پانا .

مرزا دیوتا آدمی ہے اس کو ستا کے پھل نہ پاؤ گے .
۱۹۰۰ شریف زادہ ، ۵۳

۵. اولاد ہونا .

اس کتاب میں پھول کھانے کے روز سے پھل پانے کے دن اور پھر اولاد کے پروان چڑھانے تک کا رتی رتی حال لکھا ہے .
۱۹۲۶ نورالنغات

— پَکانْتا (— فت پ ، سک ن) امذ .

ایک ہودا جو سال بھر کے بعد مر جاتا ہے (پلیٹس) .

[پھل + پکنا (رک) سے + انت (رک) + ا ، لاحقۂ نسبت]

— پَنکھ (— فت پ ، غنہ) صف .

وہ پتا جس میں کیلے کی گابھ لپٹی ہوتی ہے (اپو ، ۶ : ۱۳۲) .

[پھل + پکھ (رک)]

— پُور (— و مع) امذ .

گودے سے بھرا ہوا پھل (پلیٹس) .

[پھل + پور (رک)]

— پھانک (— مغ) امذ .

رک : پھل پات .

جلادے مرے جیو کی آگ کوں
دے رنگ باس مجھ دل کے پھل پھانک کوں
۱۶۲۵ سیف الملوک بدیع الجمال ، ۳

[پھل + پھانک (رک)]

— پُھلاری/پُھلاڑی (— فت نیز ضم پھ) اسث ؛ ~ پھلاہری .

۱. رنگ رنگ کے میوے ، تر میوے .

جو اللہ . . . آخرت پر ایمان لائیں ان کو پھل پھلاری کھانے کو دے .
۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۲۱۸

۲. طرح طرح کے تر میوے (جیسے امرود کھلے وغیرہ) اور ترکاریاں جو کچی کھائی جاتی ہیں ، پھل مول .

جہاں پھل پھلاری ترکاری وغیرہ بیچنے کے واسطے ہوتی جاتی ہیں .
۱۸۶۵ رسالہ علم فلاحت ، ۲۲۴

ہاتھی کی عام غذائیں پتیاں ، پتے جڑیں اور پھل پھلاری ہیں.
۱۹۵۴ حیوانات قرآنی ، ۱۲۹

۳. (مجازاً) محبوب کے اعضا کا ابھار شان اور چھب .

تمہاری میاں دیکھ یہ پھل پھلاری
مرا طفل دل تو مچلنے لگا ہے
۱۸۱۸ اظفری ، د ، ۲۹

[پھل + پھلاری (رک)]

— پُھلاہَری/پُھلَیری (— فت نیز ضم پھ ، فت ہ/ی لین) اسث .

رک : پھل پھلاری .

اس صوبے میں پھل پھلاہری . . . لذت میں اکثر میوہ جات پر سبقت لے جاتے ہیں .
۱۸۴۸ تاریخ ممالک چین ، ۳۴

یہ پھل پھلیری اور شکار کے گوشت پر زندگی بسر کرتے ہیں.
۱۹۱۳ تمدن ہند ، ۸۱

— پھلنا ف م .

درخت کا پھل لانا (پلیٹس) .

— تاڑ امذ .

تاڑ کا وہ ہودا جس میں پھل لگیں ، مادہ تاڑ جس میں گول گول پھل آتا ہے ، بل تاڑ (نر) کا نقیض (فرہنگ آصفیہ ؛ پلیٹس) .

[پھل + تاڑ (رک)]

— جانا محاورہ .

۱. بارور ہونا .

نہال وصل سے کرتا اگر وہ ابر کرم
نہال سب چمن آرزو کے پھل جاتے

۱۸۷۷ دیوان انور ، ۲۰

جس نخل کے قریب گیا میں وہ جل گیا
تم جس شجر کے پاس سے گزرے وہ پھل گیا

۱۹۲۳ ثمرۂ فصاحت ، ۵۱

۲. کثرت سے آبلے یا دانے نکل آنا .

قابل اسی کے تھا کہ سراپا ہو داغ داغ
اس نخل کی مراد بھی تھی کہ پھل گیا

۱۷۷۲ فغان ، د ، ۸۲

موقوف کر لگانے کا پھاہے کہاں کہاں
اے چارہ گر تمام کلیجہ ہی پھل گیا

۱۸۶۵ نسیم دہلوی ، د ، ۱۰۳

۳. موثر یا مفید ہونا (قدیم) .

پھل جائے تمن وو بات اس گوری سوں کہہ
سمجھا توں نکو سرزوری سوں کہہ

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۳ : ۴۹

— جَنک (— فت ج ، ن) صف .

پھل سے لدا ہوا ، ثمر بار ، وافر ، بھرپور ، زرخیز (پلیٹس) .

[پھل + جنک (= پیدا کرنے والا) (رک)]

— چکھنا محاورہ .

۱. مزا چکھنا ؛ نتیجہ بھگتنا .

وہ لوگ جو اس نئی تہذیب کا پھل دو تین سال سے خوب چکھ چکے ہیں . . . ایمان لا رہے ہیں .

۱۹۱۷ خطوط محمد علی ، ۸

۲. متمتع ہونا ، (مجازاً) زخمی ہونا .

سب کو پہچانتی ہے اپنے ہوں یا بیگانے
اس کا پھل چکھا ہو جس نے وہی لذت جانے

۱۹۳۳ عروج ، عروج سخن ، ۵۰

۳. نتیجہ بھگتنا .

داغ دیکر کہا جدائی کا پھل چکھو نخل آشنائی کا

۱۹۳۸ ترانۂ مسرت ، ۲۲

— چلنا محاورہ .

پھلوں کا رائج ہونا ، کسی پھل کی فصل شروع ہونا .

کیا ہی دکان گرم ہے بستان یار کی
کھٹے انار ہو گئے جب سے یہ پھل چلے

۱۸۳۶ بحر (نوراللغات)

— دار صف .

پھلنے والا ، بارور ، پھلا ہوا .

ہر ایک جنگل ایک نزہک شار کے
سو بیٹھا درخت ایک ہو پھل دار کے

۱۶۹۵ دیپک پتنگ ، ۶۴

جو کھجور کے درخت کاٹے گئے تھے وہ پھل دار نہیں تھے.

۱۹۱۲ تحقیق الجہاد ، ۱۲۹

[پھل + دار (رک)]

— دار ہونا محاورہ .

۱. پھل پھول والا ہونا ، پھلنا پھولنا (مخزن المحاورات ، ۲۷۷) .

۲. صاحب اولاد ہونا ؛ دھنوان اور بھاگوان ہونا ؛ بڑا نصیب ور یا اقبال مند ہونا (مخزن المحاورات ، ۲۷۷) .

— دان اسم .

پھل رکھنے کا برتن (ا پ و ، ۶ : ۱۳۲) .

[پھل + دان ، لاحقۂ ظرف (رک)]

— دایک (— فت ی) صف .

نتیجہ بخش ، امید برار ؛ منفعت بخش ، مفید (دیوی دیوتا کی صفت میں) .

شیوجی کی سیوا پھل دایک ہوئی .

۱۸۹۵ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۵۰

[پھل + دایک (= دینے والا)]

— دینا محاورہ .

۱. بارور ہونا .

لوگ کہتے ہیں کہ سرو باغ پھل دیتا نہیں
سرو باغ احدیت میں کیوں ثمر پیدا ہوا

۱۸۹۳ دفتر حسن ، ۲

تو گلے ملتے ہی پیغام اجل دیتی ہے
شاخ ہستی کو قلم کر کے یہ پھل دیتی ہے

۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۵۳

۲. صلہ دینا ، ثمرہ دینا .

تجھ کو اے سجاد غیر از خنجر بیداد کے
اور بھی کچھ ظالموں کی دوستی نے پھل دیا

۱۷۶۱ سجاد (چمنستان شعرا ، ۳۸۰)

بے فکر ہوتی تھی بسر غم کا نہ تھا دل پر گزر
رخصت ہوا بچپن مگر یہ پھل ہمیں دیتا گیا

۱۹۱۰ لڑکیوں کی انشا ، ۷۷

۳۔ کام آنا۔

پھر توڑ لے اس کے سبز پھل کو
پھل کچھ اسے دے رہے گا کل اس کو

۱۸۳۸ گلزار نسیم ، ۲۵

— کا نیا کرنا محاورہ۔

نیا پھل کھانا (جو اکثر پھلواڑی کے بچوں کو یا بعض اور اشخاص کو سب سے پہلے کھلاتے ہیں) ۔

ادھر لا اپنی آنکھوں سے لگالوں چوم کر تل کو
نیا کرتا ہوں تیرے ہاتھ سے پھل تیرے خنجر کا

۱۸۹۵ دیوان راسخ دہلوی ، ۴۹

— کر (— فت ک ، سک ر) اسم۔

پھلوں کا محصول ، باغ کا لگان (ا پ و ، ۶ : ۱۳۲) ۔

[پھل + کر ، غالباً کار (رک) سے]

— کھانا محاورہ۔

۱۔ نفع اٹھانا ، آرام اُٹھانا۔

بوسہ لوں سیب ذقن کا ترے اے سرو رواں
نخل سے سرو کے ہو کوئی اگر پھل کھاتا

۱۸۵۴؟ کلیات ظفر ، ۳ : ۱۳

ملک شاہ کے اسلاف نے جہانگیری کی اور اس نے جہانداری انھوں نے حکومت کا پودا نصب کیا اس نے پھل کھایا ۔

۱۹۷۵ تاریخ اسلام ، ندوی ، ۴ : ۹۵

۲۔ رک : پھل چکھنا ۔

پھل تیغ محبت کا جو کھائے وہی جانے
انگور میں اس زخم کی لذت نہیں ہوتی

۱۸۴۶ ریاض البحر ، ۱۹۹

۳۔ اولاد کی کمائی کھانا (نوراللغات) ۔

— کھانا آسان نہیں ہے کہاوت ۔

کوئی کام بے محنت کیے نہیں ہوتا ؛ اولاد کی کمائی کھانا مشکل ہے (نجم الامثال ، ۱۲۹) ۔

— کھانے وہ جو ہل جوتے کہاوت ۔

جو محنت کرے وہ فائدہ اُٹھائے (جامع اللغات) ۔

— لانا محاورہ۔

۱۔ رک : پھل دینا معنی نمبر ۱ ۔

مر گئے پر بھی سنگسار کیا نخل ماتم مرا یہ پھل لایا

۱۸۱۰ سحر ، ک ، ۷۵

۲۔ نتیجہ ظاہر ہونا (نوراللغات) ۔

ہرے کا اگر گھرا ہے بادل
پھولا ہے شجر تو لائے گا پھل

۱۸۸۷ ترانۂ شوق ، ۲۰

— لگنا محاورہ۔

رک : پھل آنا ۔

اسکے ابرو کا پڑا جس نخل کے تھالے میں عکس
پھل لگا جو شاخ میں تلوار کا پھل ہو گیا

۱۸۵۸ امانت ، د ، ۲۰

— ملنا محاورہ۔

صلہ ملنا ، ثمرہ حاصل ہونا ۔

ایسا کام نہ کر جس میں سوائے رسوائی کے اور کچھ پھل نہ ملے ۔

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۵۲

ان کو تو لالچ کا پھل مل رہا ہے ۔

۱۹۳۹ شمع ، ۲۹۶

— نکالنا محاورہ۔

دھار بنانا ، نوکدار بنانا ، (کسی چیز کو تراش کر) پھلو بنانا ۔

ہالینڈ ہیروں کے پھل نکالنے اور جلا دینے میں سب سے بڑھا ہوا ہے ۔

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۵ : ۱۵۹

— بین (— ی مع) صف ۔

بنجر ، بے ثمر ، غیر زرخیز (پلیٹس) ۔

[پھل + بین (= چھوڑا ہوا ، بنجر)]

پھُل (ضم پھ) اسم۔

پھول (رک) کی تخفیف (تراکیب میں مستعمل) ۔

— بازی اسف ۔

رک : پھلواری ۔

عشق کی بیٹی . . . رخسارے کی پھل باڑی میں جا بجا دیکھتی پھرتی تھی ۔

۱۶۳۵ سب رس ، ۶۶

[پھل + باڑی (رک)]

— بازی اسف ۔

گل افشانی ، پھول برسانے کی حالت ۔

ہے سرو قد ہوائی پھل بازی ناگ پھاڑی
مہتاب ٹیلہ لائے رنگ سور ادھر چڑائے
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۹۳
[پھل + بازی (رک)]

— بڑیاں (— فت ب ، سک ڑ) امث ، ج .
رک : پڑیاں .
گھی یا تیل . . . جب خوب گرم ہو جائے تو اس میں پھُل بڑیاں چھوڑ دو .
۱۹۰۶ نعمت خانہ ، ۱۷۰
[پھُل + بڑیاں (رک)]

— بَن (— فت ب) امذ .
رک : پھول بن .
ہوا آ کر صفا پھل بن کوں توں دے
کہ دیکھ او نقش ہوئے حیران مانی
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۱۳۸

— بہری (— فت ب ، سک ہ) امث .
برص ، کوڑھ ، جذام (ایک بیماری کا نام) .
برص ابیض یعنی پھل بہری کی حالتوں میں جلد پر محروم لونیت حصے وجود میں آ جاتے ہیں .
۱۹۶۳ ماہیت الامراض ، ۱ : ۱۷۱
[پھل + بہری (رک)]

— پَگ (— فت پ) امذ .
پھول جیسے قدم ، نازک پانو .
انگن کاچ پر موتی چوتی بچھاؤں
کہ سائیں کے پھل پگ اس اوپر بناؤں
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۲۸
[پھل + پگ (رک)]

— پَن (— فت پ) امذ .
پھول کی طرح ، مانندِ گل (قدیم اردو کی لغت) .
[پھل + پن ، لاحقۂ کیفیت]

— پیرا (— ی لین) امذ .
رک : پاموز ، وہ پرند جن کے پنجوں پر پر نکلے ہوئے ہوں (ا پ و ، ۳ : ۶۶) ؛ رک : پاموز ، وہ کبوتر جس کے پنجوں اور پیروں پر پر ہوں (ا پ و ، ۸ : ۱۲۸) .
[پھل + پیر (رک) + ا ، لاحقۂ صفت]

— پھانک (— مغ) امث .
برگ گل (قدیم اردو کی لغت) .
[پھل + پھانک (رک)]

— سِرا (— کس س) امذ .
وہ کبوتر جس کے سر پر پروں کی چوٹی یا کلغی ہو (ا پ و ، ۸ : ۹۶) .
[پھل + سر (رک) + ا ، لاحقۂ صفت]

— سُرَک (— ضم س ، فت ر) صف .
پھولوں کی جنت ، فردوس گل ، جنت گل .
یا مکھ ہے او یا چنہ پُنم یا سور شعلہ نوروپا
یا درپن او یا جام جگ یا پھل سرک کی لوگ ری
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۳۹
[پھل + سرک (= سرگ ، سورگ) (رک)]

— سیجڑی (— ی مج ، سک ج) امث (قدیم) .
پھولوں کی سیج .
نہ سکھ سوں سنجھے نیند آتی اے
نہ پھل سیجڑی منج بھاتی اے
۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۸۵
[پھل + سیج (رک) + ڑی ، لاحقۂ تصغیر]

— کھلنا محاورہ .
رک : پھول کھلنا ، نمودار ہونا ، ظاہر ہونا .
جو جھگڑے کے پھُل بن میں یو پھُل کھلیا
حیدر دل میں اندیشا اپنے کیا
۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۱۵۷

— گیند (— ی مج ، مغ) امذ (قدیم) .
گیندے کا پھول .
نبی صدقے قطب راجے طبل آنند نت کاجے
سدا پھل گیند کنٹھ ساجے سو جو بن دھن پہاری کا
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۳۰۸
[پھل + گیند ، گیندا (رک)]

— مال امذ .
پھولوں کا ہار (قدیم اردو کی لغت) .
[پھل + مال ، مالا (رک)]

— نظر (— ف ن ، ظ) صف .

پھول کی طرح ، نگاہ کا پھول ، نگاہ میں پھول جیسا .

یاقوت دو ادھر ہیں دو گل پھل نظر ہیں
یا نس میں جوں قمر ہیں کیوں لکھ سکے چتاری

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۳۰

[پھل + نظر (رک)]

— نیر (— ی ع) امذ (قدیم) .

عرق گلاب ، پھول کا عرق ، (مجازاً) خوشبو دار پانی .

جو پھل نیر سوں بات سب کے دھولائے
کنہورے کھلائے لجا بیلائے

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۱۶۷

[پھل + نیر (رک)]

پھلا (ف پھ) صف ، مذ .

۱. بہت پھل والا ، پھل سے لدا ہوا ؛ پھل والا ، نوک دار (مرکبات میں مستعمل جیسے : دو پھلا وغیرہ) ؛ تیر کی نوک ؛ چمچے کا اگلا حصہ (جامع اللغات) .

۲. رک : پھل معنی نمبر ۲ .

جب حریف تلوار کھینچنے کا ارادہ کرے تو اس کو چاہیے کہ اس کا پھلا مع میان پکڑے .

۱۹۲۵؟ فن تیغ زنی ، ۱

۳. رک : برما (ا پ و ، ۱ : ۳۰) ؛ (نجاری) برمے کا دھار دار آہنی منھ جو سوراخ چھیدتا ہے .

پرانی قسم کا برما . . . تین حصوں پر مشتمل ہوتا ہے ، چوٹیا ، چڑ ، پھلا .

۱۹۳۹ اصطلاحات پیشہ وراں ، ۱ : ۲۴

[پھل (رک) سے]

— پھولا صف مذ .

۱. سرسبز ، شاداب .

اسی طرح کوئی سا پھلا پھولا درخت لو .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۱۷

۲. آل اولاد ، روپے پیسے سے بھرا پُرا .

پھلا پھولا گھر سب ڈھونڈتے ہیں .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۱۵۰

۳. آباد ، خوشحال .

کر گئی برباد ہندوستاں کو برٹش سلطنت
کیا پھلا پھولا چمن پامال صرصر ہو گیا

۱۹۴۲ سنگ و خشت ، ۲۰

[پھلا + پھولا (رک)]

پھُلا (ضم پھ) امذ .

رک : پھلاہی .

نہ جانے گیوں اب وہ . . . کیکر یا پھلا کی داتن کرنے کے بجائے ہونٹوں پر مسی گھس لانا .

۱۹۵۰ میراث ، ۱۴۸

پھُلّا (ضم پھ ، شد ل) امذ .

۱. پھُنی ہوئی مکئی کے دانے ، کھیل (فرہنگ آصفیہ) .

۲. آنکھ کا ٹینٹ ، آنکھ کی بڑی پھلی جو باہر تک نکل آتی ہے (فرہنگ آصفیہ) .

۳. پھول کی طرح پھولی ہوئی چیز (فرہنگ آصفیہ) .

۴. تنور کی روٹی کا پھلا (فرہنگ آصفیہ) .

۵. سڑے ہوئے سالن کا بلبلا ، حباب (فرہنگ آصفیہ) .

[س : پھُلّ + کہ : फल्ल + क]

— پڑنا ف مر .

آنکھ میں ٹینٹ ہو جانا ، پھلی پڑ جانا (نوراللغات) .

— نکالنا ف مر .

ٹینٹ نکالنا ، آنکھوں میں پانی اتر آئے تو اس کو نکالنا (پلیٹس) .

پھُلارا (ضم پھ) امذ (قدیم) ؛ مث : پھلاری ؛ ~ پھل ہارا .

پھول والا ، مالی .

شیشے ڈبیاں خوشبوئی کیاں عطار پرسٹ دیو پھرا
ہاراں تورے گند کیوڑا لایا پھلارا کا ہے کوں

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۱۳۹

[رک : پھُل (= پھول) + ارا ، لاحقۂ صفت]

پھلاری (ف نیز ضم پھ) امث .

پھل (رک) کا تابع ، پھول سے متعلق .

اکثر جنگل میں جا جا کر پھل پھلاری و جڑی بوٹیوں کے افعال و خواص کو آزمانا شروع کیا .

۱۸۹۲ فسانۂ معقول ، ۴۸

[ہ : پھلاری ، پھُلاری फलारी ، फलारी]

پھلاری مارنا محاورہ .

سوار ہونا ، چڑھی گانٹھنا .

سب سے پہلے مولوی صاحب نے میرے کندھے پر پھلاری ماری ظالم اس قدر وزنی تھا کہ میری پسلی پر پسلی چڑھنے لگی .
۱۹۰۳ جہان دانش ، ۱۳۵

[مقامی]

پھلاس (فت پھ) امذ .

قدم ، گام ، پھلانگ ، چھلانگ (جامع اللغات) .

[० : पھलांस फलांस]

پھلاسرا/پھلاسڑا (ضم پھ ، سک س) امذ .

۱. **پھلاوا ، پھسلاوا .**

آج کل کی لڑکیاں کیسی پھلا سرے بھری ہیں یہ نہیں کہ دل میں رکھیں .
۱۸۹۶ شاہد رعنا ، ۸۷

نکوڑی تمہارے انہی پھلاسڑوں پر تو ریجھی ہے .!
۱۹۳۰ آغا شاعر ، خمارستان ، ۱۹

۲. **دھوکا ، فریب .**

چلو میں ایسے پھلاسڑوں میں نہیں آتی .
۱۸۸۸ انتخاب طلسم ہوشربا ، ۳ : ۲۲۹

یہ پھلاسرے بھری خانگیاں یونہی آبرو گنوانی ہیں اور ڈیرے داروں کا نام بدنام کرتی ہیں .
۱۹۲۳ سراب عیش ، ۳۹

[० : पھलासरा फलासरा]

— بازی امث .

خوشامد ، چاپلوسی ، زمانہ سازی (جامع اللغات) .

[پھلاسرا + بازی (رک)]

— میں آنا محاورہ .

۱. **باتوں میں آنا ، فریب میں آنا ؛ کسی کے برتے پر پھولنا ، کسی کی حمایت پر نازاں ہونا .**

چلو بی میں تمہارے پھلاسڑوں میں نہیں آتی تم یونہی پھڑ دلالے کیا کرتی ہو .
۱۸۸۵ بزم آخر ، ۹۸

پھلالی (ضم پھ) امث (قدیم) .

رک : **پھلاری .**

ہر یک بھانت کی پھل پھلالی نول
دسیں پاک باغاں کے میانی شکل
۱۶۳۸ سراۃ الحشر ، ۸۶

پھلالین (فت پھ ، ی لین) امث .

رک : **فلالین .**

پھلالین کی پٹی کاؤں پر لپٹی ہوئی ہے انگیٹھی سلگ رہی ہے .
۱۹۳۱ رسوا ، خونی بھید ، ۶۶

پھلام (ضم پھ) امذ .

رک : **پھولام .**

دھاری دار پھلام پٹری دار اطلس آسنہ دیکھ کر پھڑک گئی .
۱۸۹۷ حیات صالحہ ، ۱ : ۳

[० : पھलाम फूलाम]

پھلانا (۱) (فت پھ) ف م .

بار ور کرنا ، زرخیز کرنا ، اُپجانا (جامع اللغات) .

[پھل (رک) سے]

پھلانا (۲) (فت پھ) ف م .

رک : **پھولانا .**

جس نے دوکان عشق پھلائی اپنے سود و زیاں سے ہارا
۱۸۵۸ کلیات تراب ، ۳۶

[० : पھलाना फलाना]

پھلانا (ضم پھ) ف م .

۱. **پھولنا (رک) کا تعدیہ .**

دیکھ منجے دو ر تھے پنکھ پھلا ناگھاں
جھاڑ اپر تھے اٹھے سوز سوں بلبل پکار
۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۵۳

۲. **کھلانا ، شگفتہ کرنا (قدیم) .**

سیکائی چاک گج ہنس کوں پھلائی پھول ہنسی میں
جواناں کوں تہ خاطر لیائی مغروری سوں جانی میں
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۸۷

پھلانگ (فت پھ ، مغ) امث .

جست ، کود ، چھلانگ .

وہاں پھلانگ ماری تو دن سے پھر صحن میں .
۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۲۸

اگر آپ فرمائیں تو ہم سمندر میں بھی پھلانگ لگانے کو تیار ہیں .
۱۹۱۷ جویائے حق ، ۲ : ۸۳

[س : पर + लङ्क लंکو + परि]

پھلانگ (ضم پھ ، مغ) امذ .

ایک قسم کی بھنگ (شبد ساگر) .

[مقامی]

پھلانگنا (فت پھ ، مغ ، سک گ) ف ل ؛ ف م .

(کسی چیز کے اوپر سے) ڈگ بھر کر (ایک ہی جست میں) گزر جانا ، پھاند جانا ، لانگنا ، جست بھرنا .

میں نے اپنے ہم پیالوں اور ہم سنوں سے کہا کہ اس ندی پر سے پھلانگیں اکثر نہ پھلانگ سکے .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۶ : ۵۵

اس کے پاس پان بیڑی کا خونچہ ہے ذرا احتیاط سے پھلانگیے .

۱۹۶۲ معصومہ ، ۱۳

[پھلانگ (رک) سے]

پھلانگیا (فت پھ ، مغ ، کس گ) امذ .

(سائنس) وہ اڑنے والے یا پھلانگ لگانے والے حشرات جو زیادہ اونچا تو نہ اڑیں لیکن پھلانگ سکیں .

پروانے ، تتلیاں اور پھلانگیے (Skippers) پروانوں کا جسم سخت ہوتا ہے .

۱۹۶۴ حشرات الارض اور وھیل ، ۱۵۴

[پھلانگنا (رک) سے]

پھلاوا (ضم پھ) امذ .

عورتوں کے بالوں کو گوندھنے کی ڈوری جس میں پھند نے (یا پھول) لگے ہوتے ہیں (شبد ساگر) .

[پھول + اوا ، لاحقۂ صفت]

پھلاوٹ (ضم پھ ، فت و) امذ .

پھولنے کی کیفیت یا حالت یا عمل ؛ رک : پھلاؤ .

اگر جائے دلیل ہو کہ رکاوٹ رودوں کی بہت پھلاوٹ کے سبب سے ہے .

۱۸۶۷ نسخۂ عمل طب ، ۵۴۷

[०: پھلاوٹ फुलावट]

پھلا ہار (فت پھ) امذ .

(ہندو) پھل کھا کر اُپاس رکھنا ، ساکولات ثمریہ ، رک : پھل آہار .

چینا . . . ہندو روزے کے دن اس کا پھلا ہار کرتے ہیں .

۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، ۳ : ۳۳۴

[پھل + اہار (رک)]

پھلا ہاری (فت پھ) اسف .

پھلاہار (رک) سے منسوب و متعلق .

پھلا ہاری مٹھائیاں بھی منگوائی گئی تھیں .

۱۹۳۶ پریم چند ، پریم چالیسی ، ۲ : ۱۷۰

پھلاہٹ (ضم پھ ، فت ہ) اسث .

رک : پھلاو (جامع اللغات) .

پھلاہی (ضم پھ) اسث .

ایک درخت جو کیکر کی قسم کا مگر اس سے چھوٹا ہوتا ہے جس کی سواکیں لنبی ہیں .

باغیچہ جس میں چند درخت ایک نیم ایک کھجور ایک بیر اور پھلاہی اور دو پیپل موجود ہیں .

۱۸۶۴ تحقیقات چشتی ، ۳۴۷

سایہ دار درخت . . . پھلاہی . . . غذا کے طور پر استعمال کیے جاتے ہیں .

۱۹۶۶ چارے ، ۵۷

[مقامی ؟]

پھلاؤ (ضم پھ ، و مج) امذ .

۱. پھولنے کی کیفیت یا حالت یا عمل (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

۲. ابھار ، سوجن .

ان دونوں کانوں کے پھلاو پر جنین بچے کے بدن میں سوران کر کے آیا سو لہو .

۱۹۴۸ اصول فن قبالت ، ۴۳

[پھولنا (رک) سے]

پھلائی (فت پھ) اسث .

ہارور کرنے کا عمل ، زرخیز بنانے کا کام یا حالت .

ان کی پھلائی کا یہ عمل موسم بہار میں کیا جاتا تھا .

۱۹۶۵ شاخ زریں ، ۱ : ۲۳۴

[پھل (رک) سے]

پھلباڑ (ضم پھ ، سک ل) امذ .

پھل باڑی (رک) کی تذکیر (جامع اللغات) .

پھلباڑی (ضم پھ ، سک ل) اسث .

پھل (رک) کا تحتی .

پھلباڑی میں کھڑی وہ ناگن ہم سے لڑی .

۱۸۸۹ حافظ عبداللہ کے ڈرامے ، ۱۰ : ۱۷۸

پھلپھلا (ضم پھ ، سک ل ، ضم پھ) صف .

۱. پھولا ہوا ، پھوکا ، پولا .

یہ رگیں . . . پھاڑ کے مختلف حصوں کو باہم جکڑ دیتی ہیں اور درمیانی پھلپھلے اجزا کو مضبوط کر دیتی ہیں .

۱۹۱۶ طبقات الارض ، ۱۳

۲. جو ذراسی بات پر اترا جائے، اوچھا، کم ظرف (نوراللغات).

۳. جس میں فاصلہ یا چھید ہو، ایسے جوڑ، بے ربط (جامع اللغات).

[پھولنا (رک) سے]

پھلت (۱) (ف پھ، ل) اسف.

۱. پیداوار، حاصل، بہت زیادہ پیداوار.

اس ڈھنگ سے یوں پھلت ہوگی.

۱۹۱۰ راحت زمانی، ۸۲

۲. نتیجہ بھگتنے کی حالت؛ پیشگوئی، فال، ستاروں کے اثر و کیفیت کا بیان.

اگر آپ کا بچار ٹھیک نہ بیٹھا تو پھر آپ کی پھلت ہے اور میں.

۱۹۱۴ راج دلاری، ۱۲۰

۳. (نجوم) ستاروں کی چال کا اثر (نوراللغات).

[س : پھلت फलित]

پھلت (۲) (ف پھ، ل) صف.

پھل دینے والا، نافع، کامیاب، بہرہ مند، فائدہ مند، مفید (پلیٹس).

[س : پھلتی फलत्सी]

پھولت (ضم پھ، شد ل بکس) صف.

پھولا ہوا، تنا ہوا، سوجا ہوا (جامع اللغات).

[ہ : پھلت फुल्लित]

پھلنا (ف پھ، سک ل) امذ.

گد کا (نوراللغات؛ جامع اللغات).

[پھل (رک) سے]

پھلناڑ (ف پھ، سک ل) امذ.

پھل (رک) کا تحتی (پلیٹس).

[مقامی]

پھلتے پھولتے رہو دعائیہ کلمہ.

خوش حال، کامیاب رہو (محاورات ہند، ۵۰).

پھلنا (ف پھ، سک ل) امذ.

رک : پاڑا.

ایک کاغذ کے کاٹنے کے لئے قینچی کے دونوں پھل کام کرتے ہیں خواہ نچلے پھلے کو بغیر حرکت کے رکھا جائے.

۱۹۲۳ ہندوستان کی پولیٹکل اکانومی، ۱۰۱

پھلٹی (ضم پھ، ف ل، شد ٹ) اسث.

پھولوں کا بازار، پھولوں کے فروخت ہونے کی جگہ.

لخت جگر کے پھول کھلا کر بہار میں
گنج قفس اسیر پھلٹی بنائیں گے

۱۸۴۰ اسیر اکبر آبادی، ۵، ۱۳۲

[رک : پھل، پھول + ہاٹ (= دکان، بازار)، ہٹی (رک)]

پھلٹھا (ف پھ، سک ل) امذ.

چھوٹا شگوفہ، کونپل (جامع اللغات؛ پلیٹس).

[س : پھل + ستھ फल + स्थ]

پھلجھڑی (ضم پھ، سک ل، ف جھ) اسث.

۱. بارود اور لوہ چون کی بنی ہوئی قلم کی شکل کی آتش بازی جس میں سے لوہے کے ذرات جل کر کھلتے ہیں اور پھول کی سی چنگاریاں نکلتی اور جھڑتی نظر آتی ہیں.

ہر ہرن یک نار کی پھلجھڑی

۱۶۳۵ سب رس، ۱۷۲

جوں پھلجھڑی کی شاخ نہ پانی سے ہوں میں سبز
دے آگ باغباں گو مری بیل پھل سکے

۱۷۸۰ سودا، ک، ۲ : ۲

آتش بازی گڑی، انار، پھلجھڑی . . . وغیرہ بنے ہوئے ہیں.

۱۸۸۵ بزم آخر، ۵۴

لوہے کا باریک برادہ پھلجھڑی . . . میں بارود کے ساتھ ملا دیا جاتا ہے.

۱۹۴۳ اصطلاحات پیشہ وراں، ۸ : ۷۸

۲. (مجازاً) فتنہ انگیز بات، فساد کی بات، (مجازاً) فتنہ پرداز عورت، لڑائی جھگڑا کرا دینے والی عورت، شگوفہ چھوڑنے والی عورت (نوراللغات؛ جامع اللغات؛ فرہنگ آصفیہ).

۳. لوہ چون کی مقدار اور اس کی قسم کے لحاظ سے پھلجھڑی کے چلنے میں جو کیفیت پیدا ہوتی ہے اس سے کاریگروں نے اس کے مختلف نام رکھ لیے ہیں جیسے: موتیا، گٹیا، توڑے دار یا کرن دار پھلجھڑی وغیرہ (ا پ و، ۸ : ۷۵).

[پھول (رک) + جھڑن، جھڑنا (رک) سے]

— چھٹنا محاورہ.

پھلجھڑی چھوڑنا (رک) کا لازم، (مجازاً) کسی چیز کا چمکنا.

منھ جو دھویا یار نے دانت ایسے نور افشاں ہوئے
پھلجھڑی چھٹنے لگی یاروت منجن ہو گیا

۱۸۳۶ ریاض البحر، ۲۸

— چھوڑنا محاورہ.

فتنہ انگیزی کرنا، فساد کی بات کہنا (نوراللغات).

— رہنا محاورہ .

پھلجھڑی کی طرح روشن رہنا ، چمکتے رہنا ، (مجازاً) خوش یا ہنستے رہنا .

میری چھچھوندر حورا پھلجھڑی رہو .

۱۹۱۷ خطوط حسن نظامی ، ۷

پھلچھی (ضم پھ ، سک ل ، ضم چ) اسف .

نہلا بن لیے کالے رنگ کی ایک چمکتی چڑیا جو پھولوں پر اڑتی پھرتی ہے ، اس کی چونچ پتلی اور کچھ لمبی ہوتی ہے جس سے وہ پھولوں کا رس چوستی ہے ، پھلسنگھی (شبد ساگر) .

[پھول + چھی ، چوسنا (رک) سے]

پھلڈا (فت پھ ، سک ل) اسذ .

رک : پھلڑا .

اگر چمٹے کے ایک نہ ایک پھلڈے میں اس کو دو ٹکڑے کرنے کو نر مادہ ہووے تو اول ثابت ہے سو پھلڈا لگاؤ .

۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۹۸

پھلرا (فت پھ ، سک ل) اسذ .

رک : پھلڑا .

ایک قینچی کا پھلرا ٹوٹا ایک دست پناہ گیا گزرا ہوا .

۱۹۲۹ تمغۂ شیطانی ، ۵۲

پھُلرا (ضم پھ ، سک ل) اسذ .

پھندنا (شبد ساگر) .

[پھل ، پھول (رک) + را ، لاحقۂ نسبت]

پھلر پھلر (فت پھ ، ل) اسذ .

پانی بہانے کی آواز .

یہ روز کے برتن باسن نہ ہوں کہ پھلر پھلر کھنگالا اور جہاں کی تہاں ڈال دیئے .

۱۹۲۹ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۴ ، ۲۷ : ۵

[حکایت الصوت]

پھُلروا (ضم پھ ، فت ل ، سک ر) اسذ .

۱. نازک ، چھوٹا ، پھول جیسا .

یہ میرے ننھے ننھے پھاروا سے بھائی بہن اب کس کے آنے کی راہ دیکھیں گے .

۱۹۰۵ رسوم دہلی ، سید احمد دہلوی ، ۱۱۴

ضمیرہ اپنی تین سال کی کمائی پھاروا سی بچی کو گود میں لیے بیٹھی ہیں .

۱۹۱۷ سنجوک ، ۴۴

۲. (پھول کی طرح) خوبصورت ، نازک چھوٹا سا بچہ ، ناز و نعمت میں پلا ہوا (جامع اللغات) .

پھلڑا (۱) (فت پھ ، سک ل) اسذ .

پھل (رک) معنی نمبر ۲ کی تصغیر .

نوش بے صرفہ کرے خون گنہگاران عشق
پھول سے رنگین پھلڑا یہ تری شمشیر کا

۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۱۴

چاقو کے لیے جو کٹار اور پیش قبض سے بھی چھوٹا ہوتا ہے پھلڑا ہی کہنا چاہیے .

۱۹۱۹ معیار فصاحت ، ۴۹

[ا : پھل + ڑا ، لاحقۂ تصغیر]

پھلڑا (۲) (فت پھ ، سک ل) اسذ .

رک : پھلڑا .

یک پھلڑے میں جوہراں ہیں ہور یک پھلڑے میں پانسیری ہے .

۱۷۶۵ چہ سر بار ، ۷۶ الف

جب اس پر کسی چیز کو مارتے ہیں تو اس کے دونو پھلڑے تھرتھرایا کرتے ہیں .

۱۹۰۰ غربی طبیعات کی ابجد ، ۵۷

پھُلڑی (ضم پھ ، سک ل) اسث (قدیم) .

(دکن) رک : پھُلّی معنی نمبر ۴ .

سکی تج ناک کی پھلڑی کہ ہے یاقوت کا دانہ
کہ سب دانے بسر کر میں ہوا او دانے تھے آباد

۱۶۱۱ قلی قطب ، ک ، ۲ : ۸۹

[پھُل ، پھول (رک) + ڑی ، لاحقۂ صفت]

پھلس (فت پھ ، ل) اسذ .

رک : پنس (جامع اللغات ، پلیٹس) .

پھلسا (فت پھ ، سک ل) اسذ .

دوازہ ، دوار ، کواڑ ؛ (پورب) گانو کا حصہ ، حدِ دیہہ (فرہنگ آصفیہ) .

[س : پھلس फलस]

— ٹوٹا گانو لوٹا کہاوت .

ہے احتیاطی یا نا اتفاقی میں نقصان ہوتا ہے (جامع اللغات) .

پھُلسرا (ضم پھ ، سک ل ، کس س) امذ .

۱. **ایک کبوتر جس کا سر سفید اور باقی جسم رنگین ہوتا ہے .**

رنگ کبوتروں کے یہ ہیں . . . پھلسرا . . . پیازی یا ہو وغیرہ .

۱۸۷۲ رسالہ سالوتر ، ۲ : ۵۱

کبوتر خانہ نہیں ایجد کی تختی ہے ملاحظہ کیجئے اصیل ، بمنے . . . پھل سرے ، توغ .

۱۹۵۴ اپنی موج میں ، ۳۰

۲. **سانپ کی ایک قسم کا نام** (ماخوذ : تریاق مسموم ، ۱۹) .

[پھل + سر (رک) + ا ، لاحقۂ صفت]

پھُلسری (ضم پھ ، سک ل ، کس س) امث .

پھلسرا (رک) کی تانیث .

چوتھا گھٹ تو سر ، یہ پھلسری اور کوڑیالے سے پیدا ہوتا ہے اور بظاہر تمام صفات افعی سے موصوف .

۱۹۱۳ تریاق مسموم ، ۱۹

پھِلسنا (کس پھ ، فت ل ، سک س) ف ل .

پھسلنا (رک) کا بگاڑ (پلیٹس) .

پھلسنگی/پھلسنگھی (ضم پھ ، سک ل ، ضم س ، غنہ) امث .

رک : پھلجھی .

پھلسنگیاں ان آبی موتیوں کو اپنی ننھی ننھی چونچوں سے چن رہی تھیں ، چنتی تھیں چھکتی تھیں اور پھر سے اڑ کر دوسرے بال کے موتی چننے لگتی تھیں .

۱۹۵۸ خون جگر ہونے تک ، ۳

[رک : پھل (= پھول) + سُنگی (سونگھنے والی) (رک)]

پھلسئی (فت پھ ، سک ل ، فت س) امث .

ایک قسم کی دریائی مچھلی ، پھلکی ، پھلئی ، لاط : Mystus capirat (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[ہ : پھلسئی]

پھَلَک (۱) (فت پھ ، ل) امذ (قدیم) .

۱. فلک (رک) کا عوامی تلفظ .

سندر پھلک پہ چاند کے ٹیکے کی دیکھ جوت
تارے نیوار ڈار دے پھرتا چندر گدر

۱۶۷۲ شاہی ، ک ، ۱۴۶

۲. (مجازاً) ہشانی .

گستور کا دے سلوٹ سندر پھلک پہ سارا
مہتاب کا تلک لا مُک کھول کر دیکھاتی

۱۶۷۲ شاہی ، ک ، ۱۶۹

۳. **تختہ ، جدول ، ڈھال** (قدیم اردو کی لغت) .

پھَلَک (۲) (فت پھ ، ل) امذ .

رک : پھَلْکا معنی نمبر ۱ .

نہیں ہیں بے حباب آتے ہیں جو نظروں میں مردم کے
جلن مجھ اشک کے میں دل میں رکھتا ہے پھلک دریا

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۱۰۳

پھَلْکا (فت پھ ، سک ل) امذ .

۱. **پھپھولا ، چھالا .**

شب فرقت کو سمجھے گر ہلکا
دست نباض میں پڑے پھلکا

۱۸۹۵ دیوان راسخ دہلوی ، ۳۶

۲. **دنگل ، اکھاڑا ؛ پولی زمین ، نرم زمین** (نوراللغات) .

۳. **پھل ، دھار ، نوک** (علمی اردو لغت) .

۴. **کان سے نکالا ہوا لوہا جو مٹی کے اجزا میں ملا ہوا ہوتا ہے ، بغیر صاف کی ہوئی لوہے کی کچی دھات ، کچلوہا** (ا پ و ، ۸ : ۴) .

[س : پھل + کہ]

پھُلْکا (۱) (ضم پھ ، سک ل) .

(الف) امذ .

۱. (i) **پھولی ہوئی چھوٹی روٹی جو زود ہضم ہوتی ہے** (**اکثر بیمار یا کمزور کو کھلاتے ہیں**) .

چپاتی گرم اور ستھرے وہ پھلکے
روٹی کے جیسے گالے ہلکے پھلکے

۱۷۸۶ میرحسن (دو نایاب زمانہ بیاضیں ، ۲۰)

یہ نسبت پہلے کے ضرور افاقہ ہے ، نصف پھلکا کھاسکتا ہوں .

۱۹۱۹ اکبر ، خطوط ، ۱۳۷

۲. **چھوٹا کڑھاو جو چینی کے کارخانے میں کام آتا ہے** (شبد ساگر) .

۳. **پھپھولا ، چھالا ، آبلہ** (منہرالبیان ، ۳) .

(ب) صف .

سبک یا سہل .

بدل جمعی تمام وہ پھول بہت پھلکے اس کے منہ پر سارا .

۱۸۶۲ شبستان سرور ، ۲۵

یہ موضوع جو بظاہر نہایت روشن اور ہلکا پھلکا نظر آتا ہے کتنا اہم اور دشوار ہے .

۱۹۶۵ ہماری پہیلیاں ، ۲۴

[س : پھل + کہ : फल + क:]

پھُلکا (۲) (ضم پھ ، سک ل) امث .

تیز قسم کی شراب ، دوآتشہ شراب ، پھول (ا پ و ، ۷ : ۹۱).

[؟]

پھُلکارنا (ضم پھ ، سک ل ، ر) ف م .

(سانپ کے پھن کی طرح) پھلانا ، پھیلانا ، سانپ کا پھن پھیلانا (پلیٹس) .

[س : پھُل + کار फल + कार]

پھُلکاری (ضم پھ ، سک ل) امث .

۱. **گل بوٹے کا کام ، گل کاری .**

در و دیوار پر گلکاریاں کیں
سراپا اس اپر پھلکاریاں کیں

۱۷۹۷ عشق نامہ ، فگار ، ۱۰۵

سامنے اس کے فرش کے گلزار
اگلے وقتوں کی جیسی پھلکاری

۱۸۷۳ کلیات منیر ، ۳ : ۹۰

عورتیں زیوروں سے لدی پھندی تھیں ، بیل گاڑیاں پھل کاریوں سے سجی ہوئی تھیں .

۱۹۵۱ شکست کے بعد ، ۱۷۸

۲. **کپڑا جس پر پھول بوٹے بنے ہوں .**

کیا جامۂ پھل کاری اس گل کی پہن کا تھا
جو تختۂ داماں تھا تختہ وہ چمن کا تھا

۱۷۷۲ نثار (طبقات الشعرا ، ۳۸۶)

وہ پہنیں ہر میں دلا گر لباس پھلکاری
تو داغ کہا کے تن زار کو منقش کر

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۱۰۱

داغوں کی بہار سے مری جلد بدن
پھولام ہے گلبدن ہے پھلکاری ہے

۱۹۱۳ بیاض نعت ، ۲۴۸

[پھل (= پھول) + کاری (رک)]

پھَلکر (فت پھ ، سک ل ، فت ک) امث .

(قانون) **ثمری پیداوار ؛ جاگیر کی آمدنی** (فرہنگ آصفیہ) .

[پھل (رک) + کر ، لاحقۂ نسبت]

پھَلکی (فت پھ ، سک ل) امذ .

جو ڈھال سے مسلح ہو ، ڈھال بردار (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[س : پھلکی फलकी]

پھُلکی (۱) (ضم پھ ، سک ل) .

(الف) صف .

پھلکا (رک) **کی تانیث** (**اکثر پلکی کے ساتھ مستعمل**) .

(ب) امث .

۱. **بیسن یا بیسی ہوئی دال وغیرہ کا پانی میں گھول کر نمک مرچ اور زیرہ اور ہرا دھنیا وغیرہ ملا کر تیل یا گھی میں تلا جانے والا نمکین پکوان جو تلنے سے پھول جاتا ہے ، پکوڑی .**

بیسن کی پھلکیاں ، انڈے کی ٹکیاں مچھلی کے کباب بنگائے .

۱۹۲۳ اہل محلہ اور نا اہل پڑوسی ، ۴

۲. (مجازاً) **موٹی پھیلی ہوئی ناک .**

ایسی ناک کو . . . دلی والوں کی بول چال میں پھلکی کہا جاتا تھا .

۱۹۲۸ مضامین فرحت ، ۱ : ۱۴

[پھُول ، پھولنا (رک) سے + کی ، لاحقۂ تصغیر]

پھُلکی (۲) (ضم پھ ، سک ل) امث .

(ٹھگوں کی اصطلاح) طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک کا وقت (مصطلحات ٹھگی ، ۶۳) .

[مقامی]

پھَلّکی (فت پھ ، شد ل ہفت نیز سکل) .

رک : **پھلسئی ، مچھلی** ، لاط: Mystus capirat (پلیٹس) .

[س : پھلّکی फल्लकी]

پھَلن (فت پھ ، ل) امث .

پھل آنے کی حالت ، پھلنا (ا پ و ، ۶ : ۱۳۲) .

[پھَلنا (رک) سے]

پھَلنا (فت پھ ، سک ل) ف ل .

۱. (i) (**درخت کا**) **بار ور ہونا ، پھل نمودار ہونا .**

ایک درخت امرود کا ہے ہر سال . . . وہ پھلتا ہے .

۱۸۷۳ مطلع العجائب ، ۲۴۷

(ii) (**شجر کا**) **پھل لانا ، پر ثمر ہونا .**

تیری امید کا سوکھا درخت ان کی توجہ سے ہرا ہو کر پھلے گا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۷

یہ سب چیزیں جب پھلیں ان کے پھل بے تامل کھاؤ .
۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۳ : ۱۲۵

(iii) (کھیتی کا) نشو و نما پانا ، اپجنا .
محنت بغیر مزد کسی کو ملا نہیں
بے جوتے بوے کھیت کسی کا پھلا نہیں
۱۹۱۲ نذیر احمد ، نظم بے نظیر ، ۹۳

۲. آبلوں ، دانوں یا پھنسیوں کا کثرت کے ساتھ بدن پر نکل آنا .
ایک پھپھولا ہو تو پھوڑوں اسے
سر سے بدن پاؤں تلک پھل گیا
۱۷۹۸ سوز ، د ، ۸۶
مریض سوز محبت کی دیکھتا گر نبض
تو پھر طبیب کے بھی آبلوں سے پھلتے ہاتھ
۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۱۷۱
یوں لگی دل کی کہیں بجھتی ہے میرا کیا گیا
آپ کی تلوار ساری آبلوں سے پھل گئی
۱۹۰۵ گفتار بیخود ، ۲۷۴

۳. (کسی چیز کا کسی کو) مبارک ہونا ، راس آنا .
آخر فریب زاہد مکار کھل گیا
گندم نمائیاں نہ پھلیں جو فروش کو
۱۸۷۰ دیوان اسیر ، ۳ : ۳۱۸
آپ کا کھیت ہمیں پھلا نہیں جب سے ہم نے لیا ہے ہمارا گھر تباہ ہو رہا ہے .
۱۹۵۸ خون جگر ہونے تک ، ۲۱۶

۴. کامیاب ہونا ؛ مقصد سے ہمکنار ہونا .
اچھی نہیں یہ خلش رقیبو کانٹے بو کر کوئی پھلا ہے
۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۲۹

۵. (کسی چیز کا) فروغ پانا ، ترقی کرنا .
نہ پھلے گی تجارت دنیا ہے یہاں نفع میں ضرر اے دل
۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۱۲۰
محبت کے اعجاز نے بے نظیر غزل کو میری خوب پھلنے دیا
۱۹۳۲ بے نظیر ، کلام ، ۳۶

۶. (i) اقبال مند ہونا ، خوش نصیب ہونا (نوراللغات) .
(ii) خاندان بڑھنا ، کثرت سے اولاد ہونا .
پوتوں پھلنا بجھے اور دودھوں نہانا ہو نصیب
بیاہ ہو سونے کے سہرے سے تیری عمر دراز
۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۹۵

[س : پھل फल (رک) سے]

— پھولنا (— و مع ، سک ل) ف ل .
رک : پھلنا معنی نمبر ۱ ، ۳ ، ۴ ، ۵ ، ۶ .
پانی کو جذب کر لیا اور وہ پھلی پھولی .
۱۸۹۵ ترجمۂ قرآن ، نذیر احد ، ۳۳۱
نسیم ایسی پھلی پھولی کہ خدا سب بیٹیوں کو نصیب کرے .
۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۳۰۵

[پھلنا + پھولنا (رک)]

پُھلنا (ضم پھ ، سک ل) ف ل (قدیم) .
رک : پھولنا .
اس ڈالیاں میں بھی رنگ رنگ کے پھلے ہیں پھول .
۱۶۳۵ سب رس ، ۱۱۱

پھلنتا (فت پھ ، ل ، سک ن) صف .
پھل دینے والا ، پھلدار (پلیٹس) .
[س : پھلت फलत]

پُھلندہ (ضم پھ ، فت ل ، سک ن ، فت د) امذ .
رک : پُھلندہ (ا پ و ، ۲ : ۸۳) .

پھلنگ (فت پھ ، ل ، غنہ) امث .
رک : پھلانگ (پلیٹس) .

— مارنا ف مر .
جست لگانا ، پھلانگنا .
اتنے میں ہرن جیو کے دھوکے سوں پھلنگ ماریا .
۱۷۶۵ دکھنی انوار سہیلی ، ۲۲۲

پُھلنگ (ضم پھ ، فت ل ، غنہ) امث .
رک : پھننگ .
دھیان کر کے دیکھا تو جڑ سے پھلنگ تک ہر ایک ڈال پات اس کا دھڑ دھڑ جلتا ہے .
۱۸۰۴ بیتال پچیسی ، ۶

پھلنگنا (فت پھ ، ل ، غنہ) ف ل .
رک : پھلانگنا .
پہاڑاں و پربت النگتا چلیا ندیاں پور نالے پھلنگتا چلیا
۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۰۸

پھلنی (فت پھ ، کس ل) امث .
ایک جڑی بوٹی جو دواؤں میں استعمال ہوتی ہے ، ہریتکو ، ایک قسم کا ساگ ، لاط : Echites dichotoma ؛ ایک قسم کا پھول ، لاط : Celosia cristata (پلیٹس) .
[س : پھلنی फलनी]

پھلوا (فت پھ ، ضم ل نیز و مع) امذ .

کھیس یا لونی وغیرہ کے حاشیے کا پھندنا جسے عموماً پٹ لیتے ہیں ، جھالر گچھا (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

[س : پھل + اوکہ : फल + उक:]

پھلوا (ضم پھ ، سک ل) امذ .

۱. پان کی ایک قسم .

دو پان پھلوا تو دو ککیر . . . ایک آدھا دساوری بھی نکل آیا .

۱۹۲۹ داودہ پنج ، لکھنؤ ، ۱۴ ، ۸ : ۸

۲. ایک دوا کا نام (نوراللغات) .

[مقامی]

— گھاس امث .

ایک خود رو روئیدگی ، ایک بارہ ماسی گھاس جو عموماً اوسر زمین میں ہوتی ہے .

پودے عام طور سے بلا ضرورت پیدا ہو جاتے ہیں اس نام سے مشہور ہیں ، ہرن کھڑی . . . . . مہر دوا ، پھلوا گھاس وغیرہ وغیرہ .

۱۹۱۶ علم زراعت ، ۱۲۵

[پھلوا + گھاس (رک)]

پھلوار (ضم پھ ، سک ل) امث .

رک : پھلواری .

بربات میں کھلتی ہے جو رنگ کی پھلوار
کیا کیا ہی نئے گل لب خنداں میں کھلے ہیں

۱۸۸۸ دیوان شور ، ۱۰۷

کھلی ہے کیا پھلوار چمن میں ہر گل رنگ دکھاوے اپنا

۱۹۰۱ عشق و عاشقی کا گنجینہ ، ۷

پھلواری (ضم پھ ، سک ل) امث ، ~ پھلواڑی .

۱. (i) پھولوں کی کیاری .

اس شہر کے آس پاس تمام پھلواری تمام پھولوں کی باس .

۱۶۳۵ سب رس ، ۴۲

جس قریہ میں جا کر بیٹھ جائیں گے زمیندار پھلواری لگا دیں گے .

۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۷ : ۳۷۵

عمارت کی جگہ مہندی اور نیز دیگر پھلواری کی باڑ ہے .

۱۹۲۰ رہنمائے قلعہ دہلی ، ۸۲

(ii) کاغذی پھول جنے جو ہندوؤں میں برات کے ساتھ ہوتے ہیں اور مسلمانوں میں ساچق کے دن دلہن کے گھر تک جاتے ہیں ، باگ باڑی .

ہندوؤں کی شادی بیاہ میں ناچ آتش بازی اور پھلواری پر ہزاروں روپیہ صرف ہوتا تھا .

۱۹۱۷ علم المعیشت ، ۱۰۳

۲. چھوٹا سا باغ جس میں پھولوں اور پھلوں کے درخت لگائے جاتے ہیں .

تیسرے پھلواری جن میں پھولوں اور پھلوں کے درخت انواع و اقسام کے لگائے جاتے ہیں .

۱۸۹۴ اردو کی چوتھی کتاب ، اسمٰعیل ، ۱۸۱

۳. پھول بوٹے جو کپڑے پر بنائے جاتے ہیں .

کانٹیاں پہ بھا کر کھینچنا بہتر دسیا اے بے وفا
جب دکھ ترا مجھ جبو کے جامے کوں پھلواری ہوا

۱۷۱۷ بحری ، ک ، ۱۲۸

۴. (گھوڑا) جس کے جسم پر سیاہ داغ ہوں .

داغ سیاہ تمام جسم پر پڑ جائیں . . . وہی پھلواری ہولا جاتا ہے .

۱۸۷۲ رسالہ سالوتر ، ۲ : ۴۵

۵. ورزش کی ایک قسم - چرمی ازار کو رنگ پھر کر پہنتے اور چست کرتے ہیں ، رفتہ رفتہ مثل پرند کے اُڑنے لگتے ہیں (نوراللغات) .

۶. (مجازاً) آل اولاد ، بال بچے (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

[س : پھلن + واٹکا फुल्ल + वाटिका]

پھلواڑی (ضم پھ ، سک ل) امث .

رک : پھلواری .

تل میں عالم کو گلستاں کر دکھلاوے ، پھول کوں پھلواڑی کرے باڑ کوں باڑی کرے .

۱۶۳۵ سب رس ، ۵۱

میرے دل میں تھی کہ جب پھلواڑی میں پہنچوں ، دامن پھولوں سے بھروں .

۱۸۴۴ گلستان ، حسن علی ، ۳

پھلوانا (فت پھ ، سک ل) ف م .

پھلنا (رک) کا تعدیہ ، پھل لانے کے قابل کرنا .

اور جو بیج وہ بوتی ہیں اسے پھلوانا بھی خوب جانتی ہیں .

۱۹۶۵ شاخ زریں ، ۱ : ۶۶

پھلور (ضم پھ ، سک ل ، فت و) امذ .

ایک کپڑا جس پر ریشم کے پھول بوٹے بنے یا کڑھے ہوتے ہیں .

نہیں چھینٹ سے خالی کوئی دکان
اترتے ہیں بانات پھلور کے تھان
۱۹۳۳ بے نظیر ، کلام ، ۳۰۶

[پھل (= پھول) + ور ، لاحقۂ صفت]

پھلوری (ضم پھ ، و لین) امث ؛ ~ پھلوڑی .

چنے یا مٹر وغیرہ کی پکوڑی ، چھوٹی پھلکی جو روغن میں تلی جاتی ہے ، پھلکی ، پکوڑی .

اسرائیل کے گھرانے نے اسکا نام من رکھا . . . مزہ اس کا شہد میں ملی پھلوری کا تھا .
۱۸۲۲ موسیٰ کی توریت مقدس ، ۲۷۶

[س : پھل + وٹی + फल्ल + बटी]

پھلوڑی (ضم پھ ، و لین) امث .

رک : پھلوری ، پھلکی ، پکوڑی .

بیاس جی نے دوڑ کر اور ایک پھلوڑی مہا پرشاد کی آس سے لے کر بھوجن کرلیے .
۱۸۵۵ بھگت مال ، ۷۵

میں دوسروں کے ساتھے پھلوڑیاں کھانے کا شوق نہیں کرتا .
۱۹۱۶ بازار حسن ، ۱۵۳

پھل پتھا (ضم پھ ، سک ل ، فت ہ) امذ .

ڈنڈے سے پٹائی ، مار پیٹ (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : پھل + پست + که + फल्ल + हस्त + क:]

پھلئی (فث پھ ، ل) امث .

رک : پھلسئی (پلیٹس) .

پھلی (۱) (فت پھ) امث .

۱. **غلاف دار لمبا پھل جس میں گودے کی جگہ چھوٹے چھوٹے بیج کے دانوں کی قطار ہوتی ہے جیسے : مٹر ، مونگ یا اماتاس کی پھلی وغیرہ .**

ہر اک انگلی تو چنپے کی کلی ہے
ملایم سیم کی جیسے پھلی ہے
۱۷۷۳ تصویر جاناں ، ۴۰

آتی ہوں انشا فقط میں تو یہاں سیر کو
پھل سے نہ مطلب مجھے کچھ نہ پھلی سے غرض
۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۹۷

کیکر کی پھلیاں . . . رنگ بنانے میں کام آتی ہیں .
۱۹۱۲ سی پارۂ دل ، ۷۱

۲. **کھلا ، کھلے کا پھل .**

اس طور پر کہ ایک پھلی کھلے کی لے لو .
۱۹۰۵ سائنس و کلام ، ۳۱

[س : پھل + اکا + फल + इका]

— **بھی نہ پھوڑنا** محاورہ .

کاہل ہونا ، کچھ کام نہ کرنا .

میں تو بیگم بنی بیٹھی رہوں گی ، سارے گھر پر حکومت کروں گی ، پھلی بھی نہ پھوڑوں گی .
۱۹۲۳ اہل محلہ اور نا اہل پڑوس ، ۱۸

پھلی (۲) (فت پھ) امث .

رک : پھال .

اہل زراعت انگلش اپنے اپنے ہل کی پھلی قریب سولہ انچ لانبی بناتے ہیں .
۱۸۴۵ دولت ہند ، ۱۹

پھلی (۳) (فت پھ) صف ، مث .

۱. پھلا (رک) کی تانیث ؛ لوہے کی نوک والی (جامع اللغات).

۲. **پھلدار (جیسے چاقو) ؛ ترکیبات میں مستعمل مثلاً دو پھلی** (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

۳. **ڈھال ؛ پھندا** (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

— **کش** (— فت ک) امذ .

وہ کانٹا جس سے قنات کی حلقے دار رسی بانس کے ساتھ چھید سے نکال کر باندھی جاتی ہے (جامع اللغات) .

پھلی (کس پھ ، شد ل) امث .

پنڈلی ، ٹانگ ، ساق .

ہر شخص اپنے اپنے گناہ کے اندازے پر پسینے میں ڈوب جائے گا ، کوئی ٹخنوں تک کوئی پھلیوں تک .
۱۸۳۰ تنبیہ الغافلین ، ۱۷۷

[ه : پھلی फिल्ली]

پھلی (۱) (ضم پھ ، شد ل) امث .

۱. **سفید ابھرا ہوا دھبا جو آنکھ میں پڑ جاتا ہے ، ٹیٹ .**

لگے گر آنکھ میں گھوڑے کی کچھ چوٹ
تو پھلی کا نہ ہو جاوے کہیں کوٹ
۱۷۹۵ فرسنامۂ رنگین ، ۱۶

دہن نہنگ سے ایک ہاتھ نکلا ، سلائی آنکھ میں پھیر دی ٹینٹ اور پھلّی بہ گئی .

۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۷ : ۸۲

۲. کمل جس کا سرا سادہ یا منقش چوڑا اور چپٹا ہو .
اس کا صدر دروازہ بہت بڑا تھا جس میں چاندی اور سونے کی پھلیاں ، کیلیں جڑی ہوئی تھیں .

۱۸۹۷ البرامکہ ، ۱۳۸

۳. لونگ یا کمل کی شکل کا (سونے چاندی کا) چھوٹا سا زیور جو ناک یا کان میں پہنا جاتا ہے ، لونگ ، کیل .
پھلی ناسک جھمکتے تھے ہے شب رات
دھرت کوں آج نس جوں گھن کری رے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۹۷

۴. وہ کمل جو اوپر سے ہموار ہوتی ہے اور جوتوں میں جڑی جاتی ہے (فرہنگ اثر) .

۵. بندوق کے گھوڑے کا کتا (ایک پرزہ) (پلیٹس ، جامع اللغات) .

[ہ : پھلّی फल्ली]

— لگی نہ پا پڑی پٹاک سے بہو آ پڑی کہاوت .
بے مشقت کام بن گیا (گنجینۂ اقوال و امثال ، ۷۵) .

پھلّی (۲) (ضم پھ ، شد ل) امث .
شور ، کھار .
کشمیریوں میں شاید اسی فائدہ کے واسطے پھلی (جو ملک لداخ کی زمین کا کھار ہے) یا سجی مٹی ملا کر چاء کو پکاتے ہیں .

۱۸۸۸ رسالہ غذا ، ۹۶

[مقامی]

پھُلے (ضم پھ) صف .
پھولے (قدیم اردو کی لغت) .

پھَلیا (فت پھ ، کس ل) امث .
رک : پھَلی (پلیٹس) .

پھَلیار/پھَلیاری (فت پھ ، سک ل) امذ/امث .
رک : پھل آبار (پلیٹس) .

پھُلّیاں دھرنا محاورہ .
دانت نکلنے سے پہلے دانت نکلنے کی جگہ کا پھولنا ، تھلّاں دھرنا .

تمہارا پوتا مہینا بھر سے پھلیاں دھر رہا تھا ، اب دانتوں پر ہے .

۱۸۷۳ انشاے بادی النساء ، ۲۷

پھَلیانا (فت پھ ، سک ل) ف ل .
پھل لگنا ، پھل دینا (پلیٹس) .
[ہ : پھلیانا फलियाना]

پھَلیر (فت پھ ، ی مج) صف .
(گائے یا بیل) جس کے سفید رنگ میں سیاہ داغ یا سیاہ رنگ میں سفید داغ ہوں ، ایسے جانور کو منحوس سمجھا جاتا ہے (نوراللغات) .
[ہ : پھلیری फलीरी]

پھُلیرا (ضم پھ ، ی مج) امذ .
۱. سنگار اور سہاگ کی خوشبودار چیزیں تیار کرنے والا ، گندھی ، عطر ساز ، عطر والا (ا پ و ، ۳ : ۱۰۶) .
۲. پھول بیچنے والا ، گل فروش .
یہ پھول کتنے دور دور سے آئے ہوں گے اور پھیرے نے ان سب کو ایک تاگے میں پرو دیا ہوگا .

۱۹۳۲ گرہن ، ۶۷

[پھُل (= پھول) + یرا ، لاحقۂ صفت]

پھُلیرُپا/پھُلیرُو پا (ضم پھ ، ی لین ، ضم ر/و مع) امث .
بگل کی شکل کا پھول ، لاط : Bignonia Suaveolens (پلیٹس) .
[س : پھلیرُپا फलैरुहा]

پھُلیری (ضم پھ ، ی مج) امث .
۱. پھلیرا (رک) کا کام یا پیشہ ، گندھی (ماخوذ : ا پ و ، ۳ : ۱۰۹) .
۲. عطر کی شیشی .
ہور ہوس ارسان نکانے سوں پھلیری میں بھر جا کو ڈکارنے لیگا .

۱۷۶۵ دکنی انوار سہیلی ، ۵۸

پھُلیل (ضم پھ ، ی مج) امذ .
بیجوں کو پھولوں کی خوشبو میں بسا کر نکالا ہوا تیل ، معطر تیل .
اس کے بالوں میں جب پھلیل پڑا
آتش دل پہ اور تیل پڑا

۱۷۸۶ میر حسن ، د ، ۲۹

نہ چھیڑ زلف کو اے شانہ تیل کی سوگند
یہ بال چمکتے ہیں آہی پھلیل کی سوگند

۱۸۰۵ دیوان صاحب ، ۲۱۱

وہ مشابہ پیدا ہوئی ہے نہ ہو
جو ڈالے چھچھوندر کے سر میں پھلیل

۱۹۳۱ بہارستان ، ۷۲۹

[س : پھُل + تیلن + फल्ल + तैल]

پھلیں (فت پھ ، ی لین) صف .

رک : پھلے (قدیم اردو کی لغت) .

پھلیندا (فت پھ ، ی لین ، مغ) امذ .

بڑی جامن .

بھٹی یہ پھلیندہ ٹپ سے چھاتی پر گر پڑا .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۱۳۲

ملے دونوں پھر بوڑھی شبری سے جا کر
پھلیندے دیے اس نے جنگل سے لا کر

۱۹۲۱ سیتا رام ، ۷۳

[مقامی]

پھلیندوں کی طرح بگھارنا محاورہ .

(مجازاً) تھک کر چور ہوجانا ، رک : پھلیندے بگھارنا .

موئے اکبہ نے زان (جان) ہلکان کر ڈالی ، پھلیندوں کی طرح بگھار کے رکھ دیا .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، طرحدار لونڈی ، ۷۱

پھلیندے بگھارنا محاورہ .

سخت جامنوں کو نمک چھڑک کر مٹی کی ہنڈیا یا کسی برتن میں ڈال کر نرم کرنے کے لیے خوب ہلانا ، جامنیں گھلانا .

نمک مرچ ان میں بھر جاتا ہے . . . یہ پھلیندے بگھارنا ہوا .

۱۹۶۱ فرہنگ اثر ، ۲ : ۲۳۸

پھلیہ (فت پھ ، سک ل ، فت ی) امذ .

کلی ، پھول (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : पल्लव پھلیہ]

پھمنی (ضم پھ ، سک م) است .

لاہور میں قدموں کے میلے میں (جو حضرت سخی سرور رح کے عرس کے موقع پر ہوتا ہے) منت سے ہدا ہوئے لڑکے کو ڈھولی گود میں لے کر ناچتا اور ہلاتا ہے اور کچھ گاتا جاتا ہے مثلاً : ''سرور دے دربار منتاں من آیاں'' اس عمل کو پھمنی کہتے ہیں یہ عمل پھرائیوں (رک : پھرائی) سے بھی کرایا جاتا ہے .

لوگ پھرائیوں سے پھمنیاں ڈلواتے ہیں .

۱۸۶۴ تحقیقات چشتی ، ۳۹۳

اف : ڈالنا ، ڈلوانا .

[مقامی]

پھن (فت پھ) امذ .

سانپ کا (پھولا اور پھُلایا ہوا) سر .

فلک کی بھو جنگ ہے جو تس سات پھن
جو س دھات لگتا تو اس دھات من

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۷۰

پیکان خدنگ اس کا ہوں سینے کے اودھر ہے
جوں مار سیہ کوئی کاڑھے ہوئے پھن بیٹھے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۲۱۷

کیوں تو سانپ کے پھن میں چھپا ہوا ہے .

۱۹۱۴ راج دلاری ، ۱۷۱

۰۲ (قبالت) سر کی جسامت ، پھیلاؤ .

بچے کا سر پھوڑنے اور اس کا پھن کم کرنے کے بیان میں.

۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۱۰۹

۰۳ (معماری) خوبصورتی کے لیے بنایا گیا سانپ کے سر جیسا ابھار جو ستون کے بالائی سرے پر دیا جاتا ہے ، کرتی مکھ .

صرف سر ستونوں پر شاندار پھن یا کرتی مکھ کی بجائے جو ہندو عمارات میں کثرت سے استعمال ہوتا ہے ، اسی وضع کے پتے تراش دیتے ہیں .

۱۹۳۲ اسلامی فن تعمیر ، ۸۲

[س : پھٹ फण]

ـــ اٹھانا ف م .

(سانپ کا) پھن کو چوڑا کرنا .

ایک جذبۂ بے خودی میں آکے
لہراتے ہیں سانپ پھن اٹھا کے

۱۹۱۵ کلام محروم ، ۱ : ۹۳

ـــ پٹکنا محاورہ .

رک : پھن پیٹنا معنی نمبر ۲ .

مشیر خاں کی پتلیاں پھر گئیں ، پتیسی بندھ گئی ، دوا نہ اترے ہزار پھن پٹکے ، لاکھ جتن کیجے کچھ نہ ہوا .

۱۹۳۳ نیرنگ خیال ، لاہور ، اپریل ، ۲۱

ـــ پیٹنا محاورہ .

۰۱ سانپ کا اپنے پھن کو کسی چیز پر مارنا (نوراللغات) .

۰۲ سر دھننا ، سر دے دے مارنا ، بے فائدہ کوشش کرنا ، ناحق ہاتھ پاؤں مارنا (مخزن المحاورات) .

— پَھیلانا محاورہ .

بھن کھولنا ، حملے کے لیے تیار ہونا .

کوئی آدھ گز کا بھن پھیلایا ، میں نے بھی دعائے گنج العرش پڑھنی شروع کی .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۴ : ۹۸

— چھینی (— ی مج) امث .

(انجینری) لوہا رگڑ یا کاٹ کر شکل دینے یا ہموار کرنے کا ایک (set chisel) سخت دھات کا آلہ .

چاہیں ایسی بٹھاؤ کہ گھر میں چست بیٹھ جائے . . . تو بھن چھینی لے کر گھر کے رخوں کی دھات کو نالی کے اندرونی جانب صاف کردو .

۱۹۴۸ انجنیری کارخانے کے عملی چالیس سبق ، ۷۰

[بھن + چھینی (رک)]

— دار صف .

بھن والا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[بھن + دار (رک)]

— دھَر/کَر (— فت د ھ ، ک) امذ .

سانپ خصوصاً افعی ، بھن دار سانپ (پلیٹس ؛ جامع اللغات).

[بھن + دھر (= رکھنے والا) /کر ، لاحقۂ نسبت]

— رَکھے (ہوئے) بیٹھنا محاورہ .

خزانے پر سانپ بنے بیٹھنا ، دولت بتھیائے بیٹھنا .

مفلسوں میں رہ کے ہوتا ہے ہلاکت کا علاج
تم امارت اور دولت پر رکھے بیٹھے ہو بھن

۱۹۴۳ شعر انقلاب ، ۵۴

— سنبہ (— ضم س ، سک م بشکل ن ، فت ب) امذ .

ایک آلہ جس سے دھات میں سوراخ کرتے ہیں ، پنچ (Punch) .

یہ ضروری ہے کہ . . . اوزاروں کے نام اور استعمال سکھائے جائیں . . . مرکزی سنبہ ، نقطہ سنبہ ، گول سنبہ ، بھن سنبہ ، نیچہ اور کریدنی .

۱۹۴۸ انجینیری کارخانے کے عملی چالیس سبق ، ۲

[بھن + سنبہ (رک)]

— مارنا محاورہ .

۱. (کاٹنے کے لیے) سانپ کا اپنے بھن کو کسی چیز پر مارنا ، سانپ کا کاٹنا ، ڈسنا ، چٹک لینا .

بتا کچ دو دھرتا اتھا ناگ بل
کہ اسمان کوں مارتا بھن اچل

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۵۱

سانپ بھن مار گیا .

۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ ، ۱ : ۵۵۴

۲. وار کرنا ، نقصان پہنچانا .

جس نے ان کو عزت بخشی کہانی کے سانپ کی طرح انہوں نے اپنا بھن آن پر مارا .

۱۹۰۳ چراغ دہلی ، ۲۸۸

۳. رک : بھن بیٹھنا ، معنی نمبر ۲ (مخزن المحاورات ، ۲۷۸ ؛ جامع اللغات) .

— منی (— فت م) امث .

ایک پتھر جس کے متعلق خیال ہے کہ سانپ کے سر میں ہوتا ہے (جامع اللغات) .

[بھن + منی (رک)]

— وان/وَنت (—/فت و ، سک ن) .

(الف) صف .

بھن دار ، بھن والا (جامع اللغات) .

(ب) امذ .

سانپ ، ناگ (جامع اللغات) .

[بھن + وان/ونت ، لاحقۂ صفت]

بَھنا (فت بھ ، شد ن) امذ .

۱. (گاڑی بانی) دو پہیا گاڑی کے سامنے کے سرے کو اوپر اٹھائے رکھنے کی ٹیک جبکہ وہ بے جتی ہو ، اٹھار ، اٹھاؤنی ، اٹھکن ، ڈنی ، سندھوائی (ا پ و ، ۵ : ۱۲) .

۲. (کاشت کاری) ہل کے پچھلے حصے میں برس (پرہاری) اور نا گر کے جوڑ میں پھنسی ہوئی چوبی میخ ، دھانس ، پھنی (ا پ و ، ۶ : ۴۲) .

[० : पना بھنا]

بُھنا (ضم بھ ، شد ن) امذ .

بھندنا (جامع اللغات) .

[० : पना بھنا]

بَھنانا (فت بھ ، شد ن) ف ل .

۱. سانپ کا غصہ سے بھن اٹھانا اور پھنکار مارنا (فرہنگ آصفیہ) .

۲. غصہ کرنا ، نہایت غضبناک ہونا ، دفعتاً غصے میں بھر جانا (فرہنگ آصفیہ) .

[بھن (رک) سے]

پھنانا (کس بھ) ف م .

رک : پھنٹنا (پلیٹس) .

پھنپھ (فت بھ ، مغ) امث .

جو زمین کمزور ہو جائے اور ضرورت ہامید مضبوط ہو جانے کی اس کو ایک دو سال ڈال رکھنے کی ہو (ماخوذ : کھیت کرم ، ۵) .

[مقامی]

پھن پھن (کس بھ) امث .

رک : ہن ، ہن ہن ؛ برسات کی بوندوں کی آواز .

کھکھنت گون گھن بوندن بھن بھن
چپلا چمک درآیو سہج سمایو

۱۸۵۲ یوسف فقیر اگڑہ (سندھ میں اردو شاعری ، ۹۲)

[حکایت الصوت]

پھنپھنا (فت بھ ، سک ن ، فت بھ) امث .

سانپ کی پھنکار (پلیٹس) .

[० : पनपना पनपना]

پھنپھنانا (فت بھ ، سک ن ، فت بھ) ف ل .

۱. رک : پھنانا معنی نمبر ۱ .

ایک کالا سانپ . . . پھنپھنا کر حاتم کی طرف لپکا .

۱۸۰۱ آرائش محفل ، حیدری ، ۳۷

سانپ کے لکڑی ماری اتفاق سے خالی گئی تو پھنپھنا کے سامنے آ گیا .

۱۹۶۲ مہذب اللغات ، ۳ : ۱۳۷

۲. (مجازاً) غضب ناک ہونا ، بھوں بھاں کرنا .

جب دیکھا اس کو پھنپھناتے ایسے جیسے سانپ کی سٹک پھرا بیٹھ دے کر .

۱۷۹۰ ترجمۂ قرآن مجید ، شاہ عبدالقادر ، ۳۶۴

حلیمہ بیگم تو آپے سے باہر ہو گئیں پھنپھناتی ہوئی آئیں .

۱۹۳۹ شمع ، ۳۸۸

۳. جلدی سے یا ایک دم سے اُچھلنا (جیسے سانپ کا) ، تیزی سے پیدا ہونا یا بڑھنا (جیسے پودے کا) ؛ چستی سے چلنا پھرنا یا اچھلنا کودنا (جیسے کھلنڈرے بچے کا) (پلیٹس؛ جامع اللغات) .

[० : पनपनाना पनपनाना]

پھنت (فت بھ ، سک ن) امذ (قدیم) .

تدبیر ؛ راہ و رسم ، ریت .

کہ یوں شاہ کھیلیں سو تس دن بسنت
کریں روز نو روز ہر ایک پھنت

۱۶۰۳ ابراہیم نامہ ، ۵۱

[० : पनत पनत]

پھنٹا (فت بھ ، سک ن) امذ .

(کشتی بانی) ہلال نما بنی ہوئی لکڑی کی پٹی جس پر ناؤ کا ڈھانچہ تیار کیا جاتا ہے اور اس کی تیاری میں ریڑھ کی ہڈی کا درجہ رکھتی ہے اس لکڑی کی بغلیوں میں پسلیوں کی شکل کی دوسری لکڑیاں جڑی جاتی ہیں ، کشتی کی مانگ ، پھنٹا (اپ و ، ۵ : ۱۶۷) .

[؟]

پھنٹانا (فت بھ ، سک ن) ف م .

(مجازاً) لغو باتیں کرنا یا فحش بکنا .

حاضرین کے فائدے کے لیے بڑی بڑی ڈال کی ٹوٹی گالیاں بے تول پھنٹا رہی تھیں .

۱۹۴۳ قیامت ہم رکاب آئے ، ۴۷

[؟]

پھنٹی (فت بھ ، سک ن) امث .

سیدھی اور لمبی لکڑی جس سے معمار دیوار وغیرہ کو چنتے وقت سیدھا کرتے ہیں .

چنائی میں پھنٹی اور سہاول کا ہر وقت خیال رکھنا چاہیے .

۱۹۱۳ انجینیرنگ بک ، ۲۸

[غالباً س : پھنٹی पनाटी]

پھنجا (ضم بھ ، سک ن) امذ .

پونجی ، دولت ؛ رک : پونجا .

آپ ہی دولت آپ ہی خزانہ آپ ہی خرچنے والا رے
آپ بقا ہو کے پھنجا مانگے ہاتھ بکوٹ پیالا رے

۱۸۰۵ جامع الاخلاق ، ۲۷۹

پھنجی (فت بھ ، سک ن) امث .

میدانی باغات میں اگایا جانے والا ایک کثرت سے دستیاب پودا جس کے نازک شگوفے شاخوں میں چار انچ تک لمبے ہوتے ہیں ، درخت دنتی ، بھارنگی ، مجیٹھ ، لاط : Clerodendrum siphonanthus (شبد ساگر ؛ پلیٹس) .

[س : پھنجی पनजी]

— پتریکا (— ف نیز ضم پ ، سک ت ، ی مع) امذ .

کشمیر ہارا چنار اور پنجاب میں سڑکوں کے کنارے تالابوں یا باغات میں پایا جانے والا پودا جس کی بہت سی قسمیں ہیں ، موساکانی ، لاط: Salvinia cucullate (شبد ساگر ؛ پائیٹس) .

[پھنجی + پتریکا (رک)]

پھنجی (ضم پھ ، سک ن) امث .

سرا ، نوک ، کنارہ ، شاخ کا آخری سرا ، (رک) پھننگ .

شاخیں اس میں بہت سی پیدا ہوجاتی ہیں جن کی پھنجیوں پر سرخ پھول لگتے ہیں .

۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، ۵ : ۱۴۰

[د : پھنجی फनची]

پھند (فت پھ ، سک ن) امذ .

۱. مکر ، فریب ، ترکیب ، چھند .

ہارون الرشید نے ایک عالم سے پوچھا کوئی ایسا پھند ہے کہ جس سے دامن دولت ہاتھ سے نہ چھوٹے .

۱۸۴۲ سیر عشرت ، ۱۱۸

۲. پھندا (رک) کی تخفیف .

جو عاشق پرت پھند میں بند ہے
ایسے داغ پر داغ یو پند ہے

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۴۶

[س : پاش + بندھ पाश + बन्ध]

— چھڑانا محاورہ .

۱. رہا کرانا ، آزاد کرانا .

کیسے جگ کو پھند چھڑاوو .

۱۸۹۰ حافظ عبداللہ کے ڈرامے ، ۲۳۳

۲. (دھاگے کی) گتھی کو کھولنا (جامع اللغات) .

— کٹنا محاورہ .

(ہندو) نجات پانا ، چھٹکارا پانا ، پاپ کٹنا ، بوجھ چھوٹنا ؛ قرضے سے سبکدوش ہونا (فرہنگ آصفیہ ؛ مخزن المحاورات) .

— کرنا محاورہ .

مکر کرنا ، ترکیب کرنا .

آپ دھیان لگا مج پھند کیا مج دیہ جلا اسپند کیا

۱۶۷۲ شاہی ، ک ، ۱۶۰

جو اپنی جان بچانے کا کر سوچ یہ اس نے پھند کیا
بلوا بسدیو اور دیوکی کو اک مندر بھیتر بند کیا

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲/۲ : ۱۹۸

پھندا (فت پھ ، مغ) صف .

لدا (رک) کا تابع .

سلطان محمود . . . خوب دولت سے لدا پھندا . . . آیا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۴ : ۲۲۴

وہ ایک آلوچے کے پیڑ کے قریب پہنچے جو گلابی پھولوں سے لدا پھندا تھا .

۱۹۶۱ ستاروں کی سیر ، ۱۵۶

پھندا (فت پھ ، سک ن) امذ ؛ ~ پھندہ .

۱.(i) (رسی یا ریشم وغیرہ کا) حلقہ ، پھاند ، پھانسا .

ترے زلف پھنداں میں دل عاشقاں کے
رہے ہیں سو عاشق ہو ہیو کی نین کی

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۲۸

نہ تو پھندا ہی ٹوٹتا ہے نہ دم ہی نکلتا ہے .

۱۸۵۸ خطوط غالب ، ۱۷۰

بنالیا اس نے اپنا قیدی لگا کے عہد و وفا کا پھندا
رسن ہے ہاتھوں میں بے بسی کی گلے میں صبر و رضا کا پھندا

۱۹۵۱ آرزو ، ساز حیات ، ۳

(ii) گرہ ، ٹانکا ، حلقہ ، بنائی کا خانہ .

سولہ انچ کی چوڑی پٹی میں اسی ہزار ٹانکے یا پھندے شمار کئے گئے تھے .

۱۹۱۶ کہوارۂ تمدن ، ۱۳۵

۲. گتھی جو بال ریشم یا دھاگے میں پڑ جاتی ہے ، گلجھڑی .

پھندا ایسا پڑ گیا ہے کہ اب ڈور سلجھنا مشکل ہے .

۱۹۶۲ مہذب اللغات

۳. رک : اُپھو ، کسی چیز کے گلے میں اٹکنے کی حالت .

ایک دفعہ ہی حلق میں نہ اڈیل لیجئے گا ،، پھندا پڑ جائے گا ،، .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۶ : ۶۰

۴. (i) تنگی ، دشواری ، دقت ، کسی کام میں پیدا ہونے والی الجھن .

میں خود بھی اخبار نویسی سے کچھ واقف ہوں ، میں اس کے نائدوں اور پھندوں کو جانتا ہوں .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۲۵۶

(ii) فریب ، دم .

دیکھتا ہے اک عمر سے بندا ہس یہی باتیں اور یہی پھندا

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۳۲۳

(iii) قابو ، قید ، بس ، پنجہ ، پابندی .

گیسوؤں والوں کے پھندے میں نہ ڈالے تقدیر
کہ نکلتا ہی نہیں دل جو پھنسا ہوتا ہے

۱۹۰۳ نظم نگاریں ، ۱۹۳

(iv) زیر اثر ، متاثر ، گرفتہ .

انگریزی زبان مدت تک لاطینی اور یونانی ادب کے پھندے میں گرفتار رہی .

۱۹۲۸ افادات سلیم ، ۲۱۰

۵. (بانک) داہنی طرف کے بائیس پھندوں میں سے ایک پیچ کا نام ، دانو (عقل و شعور ، ۵۳۵) .

۶. (جلد سازی) ایک خاص قسم کی سلائی جس سے کتاب مضبوط رہتی ہے .

جزوں کی موزونیت کے لحاظ سے اس کی سلوائی پھندے والی یا گوم کی شکل کی کرے .

۱۹۶۱ انتظام کتب خانہ ، ۷۰

۷. (برقیات) کاغذ کی بنی ہوئی وہ پونگی جس کو برقی تجربات میں ایک تاگے سے باندھ کر لگا دیتے ہیں .

ایک کاغذ کے ٹکڑے کا اس طور پر پھندا سا بنا کر ایک مضبوط دھاگے سے لٹکا دیں .

۱۸۷۳ اخبار مفید عام ، ۱۵ جولائی ، ۳

[رک : پھند]

— بنانا محاورہ .

جال تیار کرنا ، جال بچھانا .

ہے شوق ساقیا بط مے کے شکار کا
پھندا بناؤں کیوں کہ نہ بارش کے تار کا

۱۸۳۰ نصیر ، چمنستان سخن ، ۳۲

— پڑنا محاورہ .

۱. الجھنا ، گرہ پڑ جانا .

میری دل کھائی ہوئی قسمت سے پھندے پڑ گئے
حال نستعلیق میں لکھا تھا طغرا ہو گیا

۱۹۱۸ مخزن ، مارچ ، ۷۱

۲. اچھو لگنا .

خدا نے ہونٹ اس واسطے دیے ہیں تاکہ یکبارگی حلق میں پانی پہنچ کر پھندا نہ پڑ جائے .

۱۸۷۲ عطر مجموعہ ، ۱ : ۵۲

ساقی نہیں کیوں کر نہ پڑیں حلق میں پھندے
ہم لاکھ ہیں گھونٹ اترتے ہی نہیں ہیں

۱۹۲۷ شاد عظیم آبادی ، میخانۂ الہام ، ۲۰۰

۳. طائر کے پکڑنے کے لیے جال لگنا (نوراللغات) .

— پھینکنا محاورہ .

رک : پھندا ڈالنا معنی نمبر ۱ .

یہ فیل بان جنگلی ہاتھی کی مستک پر پھندا پھینکتا تھا . . . وہ پھندا اس کے گلے میں آ جاتا تھا .

۱۹۱۸ بہادر شاہ کا مولا بخش ہاتھی ، ۶

— چھڑانا محاورہ .

۱. قید سے رہا کرانا ، آزاد کرانا .

دل مضطرب ہے گیسوؤں کے بال کھول دو
پھندا چھڑاؤ مرغ پر و بال بستہ کا

۱۸۸۱ منیر (نوراللغات)

۲. دھاگے کی گتھی کھولنا (جامع اللغات) .

— دینا محاورہ .

گرہ لگانا ، حلقہ بنانا .

پھر نہ کھولے سے کھلے گی یہ گرہ بال کی ہے
دل پھنساؤ نہ مرا زلف میں پھندا دے کر

۱۹۲۶ فغان آرزو ، ۹۵

— ڈالنا محاورہ .

۱. الجھانا ، بکھیڑا ڈالنا (جامع اللغات ؛ نوراللغات) .

۲. (جال میں) پھنسا لینا .

ہوا و ہوس نے جو ڈالے ہیں پھندے
تو بس ہو گئے عیش و عشرت کے بندے

۱۸۹۴ نظم بے نظیر ، ۶۹

۳. گلے میں گھنٹی پیدا کرنا ، دم گھوٹنا .

مولوی صاحب کو حقے کا بہت شوق تھا . . . دھوئیں کی کڑواہٹ بیٹھنے والوں کے حلق میں پھندا ڈال دیتی تھی .

۱۹۲۸ مضامین فرحت ، ۱ : ۱۶

۴. بنائی یا سلائی کا ٹانکا یا حلقہ دینا .

صرف دیکھنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ ان دونوں میں صرف بننے اور پھندا ڈالنے کا فرق ہے .

۱۹۱۶ گھوارۂ تمدن ، ۵۶

۵. (گلے میں حلقہ ڈال کر) پھانسی دینا .

یکایک ان سفری دوستوں میں سے ایک نے بساطی کے ہاتھ پکڑے اور دوسرے نے اس کے گلے میں رومال کا پھندا ڈال کے آناً فاناً اس کا کام تمام کر دیا .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۱ ، ۲ : ۶۵۵

— کرنا محاورہ .

(بانک) پھندا (رک : معنی نمبر ۵) کا دانو لگانا .

پھندا کرے تو پہلے اپنی چھری اوس کے ہاتھ پر سے اوتار کے چھری کی پشت مع انی پلٹ کر کے اپنی داہنی کلائی سے لگا لیوے . . . اور چھری مارے .

۱۸۹۸ قوانین حرب و ضرب ، ۱۲۰

— کھا جانا/کھانا محاورہ .

دھوکے فریب میں آنا ، پھنس جانا .

ذرا سے دھوکے میں آ گئی ، اناڑی سے پھندہ کھا گئی .

۱۹۰۳ نا معلوم مصنفین کے ڈرامے ، ۲۶۷

— کھل جانا محاورہ .

رہائی ملنا ، نجات ملنا .

ہو گئیں ڈھیلی رگیں نکلا بدن سے مرغ جاں
پھنس گئے تھے دام میں قسمت سے پھندا کھل گیا

۱۸۷۸ سخن بے مثال ، ۲۲

— لگانا محاورہ .

جال بچھانا .

مائل ہے مرغ دل چمن حسن کی طرف
دانہ دکھا کے خال کا پھندا لگائے زلف

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۱۱۳

پھندے ہر سمت رگ گل نے لگا رکھے ہیں
دام بر دوش اگر باغ میں صیاد نہیں

۱۹۱۸ سحر (سراج میر) ، بیاض سحر ، ۷۸

— لگنا محاورہ .

پھندا لگانا (رک) کا لازم .

بل ناز کیے اون کی کمر میں نہیں پڑا
پھندا لگا ہے بال کا عنقا کے سامنے

۱۸۳۶ دیوان مہر ، ۲۰۸

مولانا نے نہایت متانت سے فرمایا جلدی کیجئے ورنہ پھندا لگنے کا اندیشہ ہے .

۱۹۳۲ گنج ہائے گراں مایہ ، ۱۲۵

— مارنا محاورہ .

جال میں پھانسنا ؛ پھانسی دینا .

رسیلی نینوں والیوں نے پھندا مارا .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۳

پھندار (فت پھ ، سک ن) امذ .

پھندنا .

انہیں پھندار جعد مشک سا میں
ہے بجلی کی چمک کالی گھٹا میں

۱۷۷۳ تصویر جاناں ، شفیق ، ۱۴

پھندانا (۱) (فت پھ ، مغ) ف م .

پھاندنا (رک) کا تعدیہ .

پھندایا یار کے گھر میں یہ کام کیا کم تھا
جو کچھ کہ ہمت عالی جناب سے ہوتا

۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۲۱۰

پھندانا (۲) (فت پھ ، مغ) ف م .

تیار کرانا ، سجوانا (شبد ساگر) .

[० : پھندانا फंदाना]

پھندانا (۳) (فت پھ ، مغ) ف م : ف ل .

۱. پھندے میں لانا ، جال میں پھانسنا (شبد ساگر) .

۲. پھنسنا ، پھندے میں آنا .

پھندا نیکن سکل پھندانا مورکھ جیو شبد نہیں مانا

۱۵۱۸ کبیر (شبد ساگر)

[پھند (رک) سے]

پھنداولی (فت پھ ، مغ ، فت و) امث .

جال ، پھندا .

سنو دھرمنے کال بازی کر ہے بڑ پھنداولی

۱۵۱۸ کبیر (شبد ساگر)

[० : پھند + اولی फंदा + अवली]

پھندرا (فت پھ ، مغ ، سک ر) امذ .

رک : پھندا (شبد ساگر) .

[० : پھندرا फंदरा]

پھندرکیہ (فت پھ ، مغ ، سک د ، ضم ر ، سک ک ، فت ی) امذ .

باعتبار عمر ہاتھی کی چھٹی قسم ، ساتویں قسم سواری کے قابل نہیں رہتی .

بادشاہ نے ہاتھی کے یہ سات مراتب مقرر کئے ہیں (۱) مست . . . (۶) پھندرکیہ (۷) سوکل .

۱۸۹۶ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۶۶۳

[مقامی]

پھندلا جانا (فت پھ ، سک ن ، د) ف ل .

پھندے میں پھنس جانا ، پھندلانا (رک) کا لازم .

یوں تو کہتا تھا کوئی ویسے کو باندھے ہے گلے
پر وہ پھندنا سا جو آیا میر بھی پھندلا گیا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۳۷۵

پھندؔ لانا (فت پھ ، سک ن ، د) ف م .

بہلانا ، پھسلانا ، پھنسانا .

یو نہی کہہ کہہ کے بہلایا اس کے تئیں
نشے کے بیچ پھندلایا اس کے تئیں

۱۸۰۲ بہار دانش ، طپش ، ۷۰

[پھند (رک) سے]

پھندنا (ضم پھ ، سک ن ، د) اسذ .

(سوت ریشم یا کلابتوں کا) گچھا یا پھول جو جوڑے کی نوک تسبیح جھالر اور کمر بند وغیرہ کے سرے پر یا لوہی میں لگاتے ہیں .

سہاگن کا گل سر ازل تھے بندے ہیں
کہ داونی کا پھندنا او باہاں پہ ساجے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲۷

گھٹا پھنسا ہوا ٹاٹ باغی ہوٹ پھندنا جھلکتا ہوا .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۲۱۷

بیچ رنگے سوت کا گتھا ہوا کمر بند جس کے پھندنے گھٹنوں پر لٹک رہے ہیں .

۱۹۲۳ خلیل خاں فاختہ ، ۱ : ۳۹

[ہ : पुन्दना پھند]

ــ سا/سی صف .

ننھا سا ، چھوٹے قد کا ، خوبصورت ، چھوٹا سا .

تیرا بستر خوب بچھا ہے کیا پھندنا سا تکیہ لگا ہے .

۱۹۰۳ خواب راحت ، ۲۹

ملی ہے ایک پھندنا سی دلہن حضرت کو شملے میں
کم از کم فائدہ یہ تو ہے ندوہ کی سفارت میں

۱۹۳۱ بہارستان ، ۷۹۹

[پھندنا + سا/سی ، حرف تشبیہ]

پھندنے (ضم پھ ، سک ن ، د) اسذ ؛ ج .

پھندنا (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

ــ دار صف .

جس میں پھندنا لگا ہو ، پھندنے والا .

باوجود یکہ اہل روم اول درجہ کے مسلمان ہیں کیا وہ پھندنے دار ٹوپی نہیں پہنا کرتے .

۱۸۷۳ اخبار مفید عام ، یکم اپریل ، ۳

[پھندنا + دار ، لاحقۂ صفت]

ــ نکالنا محاورہ .

کلی پھندنے لگانا ، مجازاً بات میں بات نکالنا یا اضافہ کرنا ، نکتہ چینی کرنا .

جناب واعظ نے اپنی تقریر صاف کے بارے میں گنجلک شاخیں اور پھندنے نکالنے کی سعی فرمائی .

۱۹۳۵ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۲۰ ، ۱۳ : ۳

پھندوار (فت پھ ، مغ ، سک د) صف ؛ مث : پھندواری .

جو پھند یا پھندا لگانے ، پھندا لگانے والا (شبد ساگر) .

[پھند + وار ، لاحقۂ صفت]

پھندوڑنا (فت پھ ، مغ ، و مج ، سک ڑ) ف م .

الٹ پلٹ کرنا ، کریدنا کھچولنا .

اس سب کو کریدنے اور پھندوڑنے کے لیے تو مدتیں چاہئیں.

۱۸۹۳ لکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۵۶۲

اگر آدمی رکابی میں سے اکیلا کھا رہا ہے تو جو کچھ پھندوڑا ہوا بچ رہے گا دوسرا شخص اس سے گھن کرے گا .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۳ : ۱۹۶

[پھند (رک) سے]

پھندی (فت پھ ، سک ن) اسث .

رک : پھندا .

سنہری کال گیان کی سندھی چھورو جیو سکل کی پھندی

۱۵۱۸ کبیر (شبد ساگر)

[ہ : पुन्दी پھندی]

ــ دروازہ (ــ فت د ، سک ر ، فت ز) اسذ .

کھل سکنے والا دروازہ ، وہ دروازہ جو ایک ہی جانب کھلے .

پھکنے پر پھندی دروازہ ہوتا ہے یہ دروازہ صرف اندرونی جانب کھلتا ہے بیرونی جانب نہیں کھلتا .

۱۹۶۲ مبادی نباتیات ، ۹۲

[پھندی + دروازہ (رک)]

پھندیا (فت پھ ، سک ن ، د) اسذ .

شکاری ، جال بچھانے والا .

اگر پٹ نہ ستاتا تو کوئی جانور جال میں نہ آتا بلکہ پھندیا ہی جال نہ بچھاتا .

۱۹۳۰ اردو گلستان ، ۲۰۳

[پھند + یا ، لاحقۂ صفت]

پھندے (فت پھ ، سک ن) امذ ؛ ج .

پھندا (رک) کی جمع یا مغمورہ حالت تراکیب میں مستعمل .

— پھینکنا محاورہ .

رک : پھندا پھینکنا .

تجھ پر اب پھینکتے ہیں پھندے
اے ستمگر بڑے ہیں وہ خندے

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۱۰۷

— دینا محاورہ .

رک : پھندا دینا .

دیئے تھے جھولی میں صیاد نے کئی پھندے
کمر نہ تھی جو تڑپ کر کمر سے اوڑ جاتا

۱۸۹۶ دیوان شرف ، ۷۵

— ڈالنا محاورہ .

رک : پھندا ڈالنا .

ایسے جال اور پھندے ڈالے کہ اگر ان میں گرنے سے بچا رہے تو اعمال خور میں سستی کرنے سے نہ بچے .

۱۸۶۶ تہذیب الایمان ، ۴

ایسی ایسی سازشیں کرتا ، ایسے ایسے پھندے ڈالتا کہ عقل دنگ ہو جاتی .

۱۹۳۶ پریم چند ، خاک پروانہ ، ۲۱۱

— سے چھٹنا محاورہ .

نجات پانا ، رہائی پانا .

مر کر بھی تو صیاد کے پھندے سے نہ چھوٹے
ہم کو نہ کسی شکل رہائی نظر آئی

۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۲۳۷

— سے نکلنا محاورہ .

نجات پانا ، آزادی ملنا .

اوس کے پھندے سے کوئی نکلے خدایا کیوں کر
آہ ہر بات میں ہو جس بت بے پیر کے پیچ

۱۸۴۰ نصیر ، چمنستان سخن ، ۵۳

ہزار ہزار کوشش کرتا ہوں کہ اس پھندے سے نکلوں مگر . . . جال کی رسیاں تنگ ہوتی چلی جاتی ہیں .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۳ : ۲

— میں آنا محاورہ .

رک : پھندے میں پڑنا ، پھندے میں پھنسنا .

لاکھ تو جال بچھائے مگر آزاد مزاج
تیرے پھندے میں کب اے زلف دراز آتے ہیں

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۱۵۰

اسپین کے جنرل ایسے منتشر تھے کہ پھندے میں نہ آسکتے تھے .

۱۹۰۷ نپولین اعظم ، ۳ : ۳۶۶

— میں پڑنا محاورہ .

مصیبت میں مبتلا ہونا .

کیا ہوا ہم بھی جو پھندے میں پڑے دنیا کے
شیر بھی دام میں آجاتے ہیں آہو کی طرح

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۸۲

— میں پھنسانا محاورہ .

دام فریب میں لانا ، جال میں پھانسنا ؛ مصروفیتوں میں الجھا دینا .

ابتدا میں تو یہ اخلاص جتایا تم نے
جعل کر کے مجھے پھندے میں پھنسایا تم نے

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۲۳۸

اکتساب معاش کے پھندوں میں پھنسا دیتا ہے .

۱۹۰۶ حکمت عملی ، ۲۱۴

— میں پھنسنا محاورہ .

۱. دام فریب میں آنا ، مصیبت میں مبتلا ہونا .

لونڈی کے پھندے میں پھنس کر فرید جیسے لائق بیٹے کو گھر سے نکال دیا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۳ : ۲۴۳

۲. کسی کے بس میں ہونا ، قابو میں یا قید میں ہونا .

میرا مقصود محمود کو تعلیم دلانے سے یہ ہرگز نہ تھا کہ ملازمت کے پھندے میں پھنس جائے .

۱۹۳۵ چند ہم عصر ، ۱۸

— میں لانا محاورہ .

پھنسانا .

کہ لا کر دام سبزے پر بچھاؤ
کسی ڈھب سے انہیں پھندے میں لاؤ

۱۸۲۸ مثنوی نل دمن ، ۱۳

پھندیت (فت پھ ، سک ن نیز مغ ، ی لین) صف ، امذ .

۱. سدھا ہوا جانور جیسے ہاتھی یا بٹیر جو ہم جنسوں کو فریب دے کر جال میں پھنسوائے ، دام گھا گھی .

وحشی نین جگت کے کئے ہیں سب ان نین سپید
آہو ہے تیری چشم کا اے من ارن پھندیت
۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۱۱۴

۲. (مجازاً) دوسروں کو پھانس کر لانے والا شخص ، کسی کا ایجنٹ .
جتنے آدمی زن و مرد مجذوبہ کے پاس آئے تھے سب سکھائے ہوئے سب پھندیت .
۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۱ : ۴۱۹
وہ لوگ اچھے رہیں گے جو کانگریس کے پھندیت ہیں .
۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۱ : ۳ ، ۲۶

۳. شکاری ، جال بچھانے والا .
پھندیت پھندے ڈالے . . . شکار کو تیار تھے .
؟ بن باسی دیوی ، ۱۱
چراغ بتی ہوتے ہی پھندیتوں کی چھڑیں کھیت میں لٹک گئیں .
۱۹۵۴ اپنی موج میں ، ۲۲

[پھند (رک) سے]

پھندیتا (ف پھ ، سک ن نیز مغ ، ی لین) امذ .
رک : پھندیت (شبد ساگر) .

پھندیل (ف پھ ، سک ن نیز مغ ، ی لین) امذ .
دام گھاگھی ، رک : پھندیت .
رکھتے ہیں دام میں جیسے کہیں صیاد پھندیل
یوں ترے درپہ مری پیکر دلگیر ہے نقش
۱۸۵۸ کلیات تراب ، ۱۰۴

پھندھ (ف پھ ، مغ نیز سک ن) امذ .
رک : پھند ، پھندا .
کبیر مایا پاپی پھندھ لے بیٹھی ہاٹے
سب جگ تو پھندے پڑیا ، گیا کبیرا کاٹے
۱۵۱۸ کبیر (شبد ساگر)

[ه : پھندھ फंध]

پھندھیا (ف پھ ، سک ن ، د ھ) امذ .
رک : پھندا .
یہی بچن میں سب جگ بندھیا
نام بنا نہیں چھوٹن پھندھیا
۱۵۱۸ کبیر (شبد ساگر)

[ه : پھندھیا फंध्या]

پھنڈا (ف پھ ، سک ن) امذ .
رک : پھندا (رک) .
تتلی کے انڈے پتوں کے نیچے سے ہی تلف کردیے جائیں یا تتلی کو رات میں روشنی کے پھندے لگا کر تلف کردیا جائے .
۱۹۷۳ زراعت نامہ ، یکم مارچ ، ۸

پھنڈی باپنا (ف پھ ، سک ن نیز مغ ، سک ه) امذ .
مردوں اور عورتوں کا حلقہ بنا کر ایک دوسرے کا ہاتھ میں ہاتھ پکڑ کر ناچنا گانا (نوادرالالفاظ ، ۱۱۳) .
[پھنڈا (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت + باپن (= بنانا)]

پھنس (ف پھ ، ن) امذ (قدیم) .
بڑھل ، کٹھل ، کٹھل کا درخت .
پھنس انبہ کا جو کروندے ہو توت
بہاراں میں بن بار لاتے ہیں روت
۱۷۰۸ داستان فتح جنگ ، ۱۶۲

[ه : پھنس फनस]

پھنسان (ف پھ ، مغ) است .
رک : پھنسنا (شبد ساگر) .

[پھنسنا (رک) سے]

پھنسانا (ف پھ ، مغ) ف م .
پھنسنا (رک) کا تعدیہ .
عارض پہ زلف چھوڑ کے کس کو پھنساوگے
آراستہ جو دام بلا کر رہے ہو تم
۱۸۹۷ کلیات راقم ، ۹۹
بھائی جان کی طرح کسی سوداگر زادی سے مجھے نہ پھنسا دیجیے گا .
۱۹۴۱ پیاری زمین ، ۳۵۶

پھنساؤ (ف پھ ، مغ ، سک و) امذ .
۱. پھنسنے کا فعل ، گرفتاری .
اب کس بھوگ کی اچھیا من میں اٹھے اور اس کے پھنساؤ کا کیا کارن ہو .
۱۹۲۰ یوگ واشسٹ ، ۲۱۱
۲. تنگی (فرہنگ آصفیہ) .
۳. چوچی جگہ (کیچڑ والا راستہ یا دلدل وغیرہ) ، تنگ جگہ (پلیٹس) .

[پھانسنا (رک) سے]

پھنساوا (فت پھ ، مغ) اسذ .

۱. الجھاوا ، دقت ، دشواری .

انسان کو یہاں کی بلکہ بہشت کی خوشیوں پر بھی نظر رکھنی چاہیے کیونکہ اس پھنساوے میں آواگون سے نجات نہیں ملتی .

۱۸۸۳ قصص ہند ، ۱ : ۷

۲. رک : پھنساو (شبد ساگر) .

[پھنسنا (رک) سے]

پھنساوٹ (فت پھ ، مغ ، فت و) امث .

پھنسنا (رک) کا اسم کیفیت .

جس کو کہتے ہیں تراقے کی پھبن سو ظالم
رہ گئی ہے تری چولی کی پھنساوٹ سے لپٹ

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۳۸

پھنساؤ (فت پھ ، مغ ، و مع) صف .

پھنسانے والا (شبد ساگر) .

[پھنسنا (رک) سے]

پھنس جانا ف م .

رک : پھنسنا .

جو پھنس گیا ہے چھوٹنا اس کا محال ہے
حبس دوام ہے تری زلف رسا کی قید

۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۱۰۲

دونو دنیا کے دھندوں میں پھنس گئے .

۱۹۳۶ گرداب حیات ، ۲۶

پھنسری (فت پھ ، مغ ، سک س) امث .

پھندا ، پھانسی (شبد ساگر) .

[ہ : پھنسری फंसरी]

پھنسڑی (فت پھ ، مغ ، سک س) امث .

۱. رک : پھانسی (پلیگ) .
۲. پھندھن ، پھندا (شبد ساگر) .

[ہ : پھنسڑی फंसड़ी]

پھنسڑی (ضم پھ ، مغ ، سک س) امث .

رک : پھنسی (پلیگ) .

[ہ : پھنسڑی फंसड़ी]

پھنسلی (فت پھ ، مغ ، سک س) امث .

رک : پسلی .

کہا یونچ بیٹے کو وو دیکھلاؤں
کھتراوٹ کوجا بھوکے پھنسلیاں توڑوں

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۸۳

[ہ : پھنسلی फंसली]

پھنسنا (فت پھ ، مغ) ف ل .

۱. حلقے یا جال میں آنا .

دام کی صورت بنائی جن نین تیرے سر کی زلف
اون نے در معنی نصیبوں میں مرے پھنسنا کیا

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۱۰۴

پھر پھنسے دام محبت میں مبارک ہو نسیم
آشنا پھر ہوئے اک کافر عیار سے آپ

۱۸۶۵ نسیم دہلوی ، د ، ۱۲۰

ممکن ہے کسی روز ہما بھی پھنس جائے
ہر اک طائر کو تم دانہ ڈالو

۱۹۵۵ رباعیات امجد ، ۳ : ۲۸

۲. (کسی جرم میں) ماخوذ ہونا ؛ گرفتار ہونا .

ڈاکوؤں کے ساتھ رہیں اور پھنس کے حوالات میں آئیں .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۳ : ۷۳۸

جو چالان ہوگا تو پھنس جاؤ گے
جہنم میں تم لوگ دھنس جاؤ گے

۱۹۱۰ قاسم و زہرہ ، ۳۹

۳. قابو میں آنا ، بس میں ہونا .

میں پھنس چکی اب چلو نہ یہ چال
تہ کر رکھو یہ جعل کا جال

۱۸۸۷ ترانۂ شوق ، ۹۷

عورت پھنستی ذرا مشکل سے ہے .

۱۹۱۳ افادات مہدی ، ۱۷۳

۴. مشکل یا مصیبت میں پڑنا ، مبتلا ہونا .

تڑپنا دیکھتے ہو دوستو رہ رہ کے بجلی کا
نہ پھنس جائے کوئی بیکس بلائے آسمانی میں

۱۹۲۷ شاد عظیم آبادی ، میخانۂ الہام ، ۲۳۶

۵.(i) الجھنا ، اٹکنا ، مستغرق ہونا .

پھنسے ہوئے ہیں وہاں جا کے عیش و عشرت میں
ہماری کچھ نہیں یاران رفتگاں کو خبر

۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۱۰۶

(ii) دھنسنا (کیچڑ یا دلدل وغیرہ میں) .

کمر تک لگے پھنسنے دلدل کے بیچ
کہ نالے کا پانی تھا یک دست کیچ

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۱۰۶

مصنف معتبر بھی . . . اختلاف دلائل کی دلدل میں پھنس کے رہ گیا .

۱۹۴۳ تاریخ الحکما ، ۸۶

(iii) گھر جانا ، گرفتار لیا جانا ، سنگت میں رہنا .

رندوں میں پھنس کے شیخ کو پینا پڑی شراب
مجبور غیر جنسوں میں بے چارہ ہو گیا

۱۹۱۸ سحر (سراج میر) ، بیاض سحر ، ۷۲

(iv) مقید ہونا ، پابند ہونا .

یہ ایک نئے آدمی شہر کے رہنے والے وہاں جا کے پھنسے تھے .

۱۹۰۰ شریف زادہ ، ۲۰

۶. (کپڑے وغیرہ کا جسم پر) تنگ ہونا .

آج میرے قتل سے جلاد ایسا خوش ہوا
پھنس گئے تعویذ بازو تنگ جوشن ہو گیا

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۸

۷. آشنائی ہونا ، ناجائز جنسی تعلق ہونا (سے کے ساتھ) .

محل سرا کے ایک نفرے سے پھنس گئی .

۱۸۴۸ تاریخ ممالک چین ، ۲ : ۳۷

وہ پڑوس کے ایک فیل بان اور ایک لوہار سے پھنسی ہوئی تھی .

۱۹۵۶ بیگمات اودھ ، ۱۰۴

[س : سپرش (ت) (تا) स्पर्श]

پھنسنی (فت پھ ، مغ ، سک س) اسث .

ایک قسم کی پتھوڑی جس سے کسیرے لوٹے گگرے وغیرہ کا گلا بناتے ہیں (شبد ساگر) .

[ہ : پھنسنی फंसनी]

پھنسوانا (فت پھ ، مغ ، سک س) ف م .

پھنسنا (رک) کا تعدیہ .

لیں گے پیسے سابق اور حال کے
ورنہ پھنسوا دیں گے جا کتوال کے

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۳۹۴

پھنسوری (فت پھ ، مغ ، و لین) اسث .

رک : پھندا (شبد ساگر) .

[پھنسنا (رک) سے]

پھنسی (ضم پھ ، سک ن) اسث .

وہ دانہ جو جسم پر نکل آئے ، پھڑیا ، چھوٹا پھوڑا .

پھوڑے پھنسی کے علاج میں تو ڈاکٹر بہت اچھے ہیں مگر اور باتوں میں کچے .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۲ : ۱۳۴

پھنسی نہ پھوڑا ایک یونہی سا ددوڑا دو تین دن سے تھا .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۲۰۹

[ہ : پھنسی फंसी]

ــ کا پھوڑا بنانا محاورہ .

بات کو طول دینا ، رک : رائی کا پہاڑ بنانا .

ذرا سی پھنسی کو لے کر یہ بڑا پھوڑا بنا دیں .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، طرحدار لونڈی ، ۷۹

پھنسیارا (فت پھ ، مغ ، کس س) امذ .

مسافروں کے گلے میں پھندا ڈال کر مارنے والا ٹھگ ؛ پھانسی دینے والا شخص (پلیٹس) .

[پھانسی (رک) سے]

پھنک (ضم پھ ، فت ن) اسث .

اگلا سرا ، رک : پھننگ .

جو کوڑا مارا تو قضائے کار کوڑے کی پھنک گھوڑے کے فوطوں پر پڑی .

۱۸۴۵ حکایات سخن سنج ، ۲۰

پھنکا (فت پھ ، غنہ) امذ؛ اسث : پھنکی .

خشک دانے یا سفوف کی مقدار جو ایک مرتبہ میں پھانک لی جائے .

سالن تو الگ رہا روکھے آٹے کے پھنکے اور سوکھی روٹی کے ٹکڑے بھی پڑ جائیں تو بہت .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۲۸

[پھانکنا (رک) سے]

ــ لگانا محاورہ .

(بقدر کف دست کسی خشک چیز کو) ایک ہی مرتبہ حلق میں ڈالنا ، پھانکنا .

یا تو کم کے لائے یا راہ میں دو چار پھنکے لگائے اس واسطے کہ کلیم کے روبرو دو تین مٹھی چنے سے زیادہ نہ تھے .

۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۲۶۱

ــ لگنا محاورہ .

کسی چیز کا پھنکا منہ میں پڑنا (جامع اللغات) .

ــ مارنا محاورہ .

رک : پھنکا لگانا .

بعضوں نے چنے مرمرے خریدے پھنکے مارنے لگے .

۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۶ : ۴۲۱

پھُنکار (ضم پھ ، غنہ) امث .

۱. سانپ کے سانس چھوڑنے کی آواز ، سانپ کا تیز اور لمبا سانس .

ڈیگارے انگاراں کے جیوں دونگراں
جو پھنکارتے ہیں سداں اجگراں

۱۶۹۹ نور نامہ ، عنایت ، ۱۸

دم اس کا یعنی پھنکار اس کی جس جاندار پر پڑ جائے طرفۃ العین میں مر جائے .

۱۸۴۵ مجمع الفنون (ترجمہ) ، ۲۶۲

زلف پیچاں میں مرے دل کی صدا
کم نہیں ہے سانپ کی پھنکار سے

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۸۱

۲. (مجازاً) تیز سانس ، پھُوں پھُوں کی آواز ، سانس کا غرانا .

بڑا دیو سیہ کار ، بڑی اس کی ہے پھنکار .

۱۸۹۱ کلیات قدر ، ۷۲

پھنکار ہے اس سرکہ جبیں کی ہر سانس
آنکھیں ملتے ہی دل میں چبھ جاتی ہے پھانس

۱۹۳۷ سنبل و سلاسل ، ۱۸۵

۳. دھونکنی سے ہوا نکلنے کی آواز .

بڑی دھونکنیوں کی پھنکاریں ابھی تک ان کے کانوں میں گونج رہی تھیں .

۱۹۰۰ شریف زادہ ، ۲۶

[س : پھُت + کارہ : फुत् + कार:]

ــ پھرنا محاورہ .

رک : پھنکار مارنا .

سانپ نے کھڑے ہو کر پھنکار جو بھری تو گو اس سے پندرہ بیس گز کے فاصلے پر چراغ جل رہا تھا مگر فوراً بجھ گیا .

۱۹۱۰ انقلاب لکھنؤ ، ۱ : ۳۰

ــ کی چولی (ــ و مج) امث .

سانپ کی پھنکار کی کیفیت رکھنے والی چولی (قدیم اردو کی لغت) .

ــ مارنا محاورہ .

۱. سانپ کا غصے سے سانس چھوڑنا .

چاہا کہ نقب میں چلا جاؤں جیسے ہی دہن نقب میں قدم رکھا سانپ نے پھنکار ماری .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۵۸۱

اندر سے ایک سانپ نے ایسی پھنکار ماری کہ بالکل ہی دہل گئی .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۲۱۲

۲. تیز تیز سانس چھوڑنا ، پھوں پھوں کرنا .

کبھی کبھی جب سانس چڑھ جاتی تھی تو بڑے زور سے پھنکار مارتی تھیں .

۱۸۹۲ سفر نامۂ روم و مصر و شام ، ۱۹

نہ پھنکار مار کے چھینٹے اڑاوے اور اپنے منہ اور آنکھوں کو بہت زور سے بند نہ کرے .

۱۹۰۱ بہشتی زیور ، ۱ : ۳۶

پھُنکارا (ضم پھ ، غنہ) امذ .

رک : پھنکار .

کیا یہ آواز پھنکارے کی مانند ہوا کے پھر داخل ہونے کی آتی ہے .

۱۸۳۸ ستۂ شمسیہ ، ۳ : ۳۷

ان میں کا ایک اژدھا زمین پر پھنکارا مار دے تو بقاے دنیا تک زمین کوئی چیز بھی اگا نہ سکے .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۳ : ۲۱۳

[رک : پھنکار + ا ، زاید یا لاحقۂ تکبیر]

پھُنکارنا (ضم پھ ، غنہ ، سک ر) ف ل .

رک : پھنکار مارنا .

کہیں سانپ پھنکارتے تھے .

۱۹۳۶ ستونتی ، ۲۷

۲. (مجازاً) غضب ناک ہونا ، بپھرنا .

وادیا کے فقرے میں جو آن پر چوٹ تھی ، سمجھ کر پھنکارتی ہوئی دوسری طرف چلی گئیں .

۱۹۵۴ شاید کہ بہار آئی ، ۳۷

[ہ : पफ्कारना پھنکارنا]

پھُنکاری (ضم پھ ، غنہ) امث .

رک : پھنکار .

اپنا سر اٹھا کر چاروں طرف پھنکاری مارنے لگا .

۱۸۰۳ اخلاق ہندی ، ۹۲

پھنکانا (۱) (فت پھ ، مغ) ف م (قدیم) .

دور رکھنا ، جدا کرنا ، الگ الگ کرنا .

پھنکا نے کے کام ہور ملانے کے کام
خدا باج بھی نئیں کسے اور قام

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۱۱۲

[پھانک (رک) سے]

پھنکانا (۲) (فت پھ ، مغ) ف م .

پھانکنا (رک) کا تعدیہ (پلیٹس) .

پھُنکانا (ضم پھ ، مغ) ف م .

پھُنکار کے زور سے کھنچ آنا .

حریفی انھوں سے ہو اژدر کی کب
وہ کھنچے جو یک دم تو پھنکائیں سب

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰۳۷

پھنکراج (فت پھ ، مغ ، سک ک) صف ؛ ~ پنکھراج .

اڑنے پروں والا .

کبوتر او کویل ہور پھنکراج مور
جہاں لگ جہاں میں جناور ہیں ہور

۱۶۳۷ طوطی نامہ ، غواصی ، ۲۱۳

[ه : پنکھ راج पंखराज]

پھنکڑی (فت پھ ، غنہ ، سک ک) امث .

رک : پنکھڑی .

سو رنگ تنبول تج ہونٹاں بنیا توں
گہ قدرت ہت سوں پھل پھنکڑی نکارے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۳۵

پھُنکن (ضم پھ ، مغ ، فت ک) امث .

جلنے یا پھکنے کی کیفیت یا فعل .

آخر اپنے دل کی جلن اور کلیجے کی پھنکن کیا کہہ کہہ کر ٹھنڈی کرتے تھے .

۱۹۴۳ عبدالماجد ، مضامین ، ۴۲

[پھُونکنا (رک) سے]

پھنکنا (کس نیز فت پھ ، مغ ، سک ک) ف ل ؛ ~ پھکنا .

۱. **پھونکنا (رک) کا لازم ، (مجازاً) بکثرت ہٹنا یا تقسیم ہونا .**

روپے اور ریزگاری انعام میں پھنک رہی ہے .

۱۹۳۹ ریزۂ مینا ، ۹۸

۲. **گرنا ، ضائع ہونا** (جامع اللغات) .

پھُنکنا (ضم پھ ، مغ ، سک ک) ف ل ؛ ~ پھُکنا .

۱. **پھونکنا (رک) کا لازم .**

صبح ہوتے ہی بجا طبل وغا اعدا میں
پھنک گیا صور نشاں آئے قیامت کے نظر

۱۸۶۸ اسیر ، مجمع البحرین ، ۲ : ۴۲

۲. **جلنا ، تپنا ، گرم ہونا .**

دھوپ بہت تیز تھی جسم پھنکا جا رہا تھا .

۱۹۲۲ میدان عمل ، ۲۶۱

پھُنکنی (ضم پھ ، مغ) امث .

۱. **بانس لوہے وغیرہ کا وہ گول کھوکھلا ٹکڑا جس سے آگ میں پھونک مارتے ہیں ، رک : پھکنی .**

پچکاریوں سے دہکی جان دل میں لال کے
ان پھنکنیوں سے لگ اٹھی آتش گلال کے

۱۷۸۰ گل عجائب ، ۱۱۲

بادشاہ کے بڑھتے ہی چار سمت سے عورتیں ٹوٹ پڑیں اور لاٹھی ، پتھر ، پھنکنیاں ، دسپنے پڑنے لگے .

۱۸۸۸ طلسم ہوشربا ، ۳ : ۸۹۴

۲. **بانس کی پوری ، سرکنڈے کی پوری .**

گنا چوسنے کے بعد نرسل کی پھنکنیاں کیوں کر چبائے گا .

۱۹۳۰ حکایات رومی ، ۲ : ۸

[پھونکنا (رک) سے]

پھنکوانا (کس پھ ، مغ ، سک ک) ف م .

پھونکنا (رک) کا تعدیہ .

دیکھ تیرا کیا حال کرتا ہوں تجھ کو جہنم میں پھنکوا دونگا.

۱۸۹۷ طلسم ہفت پیکر ، ۸۶

پھُنکوانا (ضم پھ ، مغ ، سک ک) ف م .

پھونکنا (رک) کا تعدیہ (جامع اللغات ؛ نور اللغات) .

پھنکی (فت پھ ، مغ) امث .

۱. **ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار** (فرہنگ آصفیہ ؛ جامع اللغات) .

۲. **پھانکنا (رک) کا اسم کیفیت** (سرمایۂ زبان اردو، ۸۹).

۳. **سفوف ، چٹکی ، چورن ، بکنی ، پسی ہوئی خشک دوا جو پھانکی جائے .**

گڑ میں ملا کر یہ پھنکی کھلائی تو آٹھ کر اسی وقت بھاگنے اور ڈکرانے لگا .

۱۹۶۷ بگولے ، ۵۱

[پھانکنا (رک) سے]

ــ کَرْنا ف م .

سفوف بنانا ، چورن کرنا ، پیسکر باریک کرنا .

مرچ باریک پیس لیں اور سیاہ مرچ کی پھنکی کرلیں .

۱۹۳۲ مشرقی مغربی کھانے ، ۱۹۷

ــ لَگانا ف م .

ایک مرتبہ ساری چیز (سفوف وغیرہ) پھانک لینا .

چھالیہ تمباکو ہتھیلی پر رکھ کر پھنکی لگائی .

۱۹۲۶ چچا چھکن ، ۴

ــ مارْنا ف م .

رک : پھُنکی لگانا .

کبھی سعدے میں گرانی معلوم ہوئی تو بڑ کی پھنکی مار لی .

۱۹۳۶ پریم چند ، پریم چالیسی ، ۲ : ۲۳۹

پھَنکیا (فت پھ ، مغ ، کس ک) اسث .

رک : پھنکی (پلیٹس) .

پھِنکَیت (کس پھ ، مغ ، ی لین) امذ .

رک : پھکیت .

بڑے بڑے پہلوان ہیں بعضے پھنکیت ہیں .

۱۹۰۰ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۳ : ۷۱۷

پھِنکَیتی (کس پھ ، مغ ، ی لین) اسث .

رک : پھکیتی .

ہیں پھنکیتی میں چٹیلے یہ ترے ارض و سما
سر کی چوٹ ان سے نہ رکتی ہے نہ ان سے پالٹ

۱۸۷۲ مراۃ الغیب ، ۱۳

یہ اصلی فن جسے پھنکیتی کہتے ہیں آریہ لوگوں کا تھا .

۱۹۲۶ شرر ، مشرقی تمدن کا آخری نمونہ ، ۲۲۶

پھَنکھیل (فت پھ ، کس ن ، ی مج) امذ .

بٹیر (پلیٹس) .

[س : پنکھیل फणिखेल]

پھُنگ (ضم پھ ، غنہ) اسث .

۱. **رک : پھننگ ؛ کنارہ ، آخری سرا .**

ایک درخت عظیم الشان کہ اس کی پھنگ آسمان تک پہنچی ہے .

۱۸۰۱ آرائش محفل ، حیدری ، ۶۳

۲. **ناک کی نوک .**

اوپر کا ہونٹ اس کی ناک کی پھنگ سے لگا ہوا .

۱۸۰۳ مذہب عشق ، ۵۲

[س : پر + آد + گ : ग्र + उद् + ग]

ــ پر چڑھانا محاورہ .

(لفظاً) چوٹی پر چڑھانا ، تعریف میں مبالغہ کر کے دوسرے کو خوش کرنا .

میں نے . . . ڈپٹی صاحب کی اہلیہ کو ایسا پھنگ پر چڑھایا ہے کہ وہ داروغہ صاحب کو بلا بری کرائے ان کا دامن نہ چھوڑیں گی .

۱۹۲۲ گوشۂ عافیت ، ۱ : ۴۹

پھَنگا (فت پھ ، غنہ) امذ .

ٹڈا (پلیٹس) .

[س : پتنگ पतङ्ग :]

پھَنگَرا (فت پھ ، مغ ، فت گ) امذ .

رک : پھنگرا .

آک کی شاخوں اور پتوں میں زیادہ خشکی نہیں ہے . . . پیٹ کا پھولنا بند ہو جائے اگر پھنگرے کے پانی میں بھگو کر اور سکھا کر کھلائیں تو زیادہ منفعت بخشے .

۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، ۱ : ۳۷۹

[ہ : پھنگرا फगरा]

پھُنگی (ضم پھ ، غنہ) اسث .

۱. **رک : پھُنگ معنی نمبر ۱ .**

جڑ سے پھنگی تک چٹ کر جائے اور ڈکار تک نہ لے .

۱۸۸۷ جام سرشار ، ۵۶

کاشت کار پودے کی پھنگی سے اندازہ کرسکتا ہے .

۱۹۳۶ گنے کی کہانی ، ۱۵

۲. **رک : پھُنگ معنی نمبر ۲ .**

برق نے پکار کر کہا . . . ناک کی پھنگی استانی کٹواؤ کہ لوگ پہچانیں .

۱۸۸۲ طلسم ہوش ربا ، ۱ : ۳۷۷

ایک سوکھا پتلا ادھیڑ عمر کا آدمی ناک کی پھنگی پر عینک کو درست کرتا ہوا وہاں آ گیا .

۱۹۵۷ خدا کی بستی ، ۱۵

[س : پر + آد + گا ग्र + उद् + गा]

پھَنَن (فت پھ ، ن) امث .

رک : **پھننگ معنی نمبر ۳** .

وہ کھنچا کھنچایا سڈول اس کا بدن تس پر جواہرات کی یہ کچھ پھنن .

۱۸۰۲ نثر بے نظیر ، ۳۱

پھَنِن (فت پھ ، کس ن) امذ .

رک : **پھن** (پلیٹس) .

[س : پھنن फणिन]

پھُنّا (ضم پھ ، سک ن) امذ .

رک : **پھندنا** .

لال مباف سے چوٹی کو گوندھتے اور لال پھنا لٹکاتے ہیں .

۱۸۴۸ تاریخ ممالک چین ، ۱ : ۱۷۲

پھُنّگ (ضم پھ ، فت ن ، غنہ) امث .

۱. (ناک کی) نوک .

تمہارا غصہ بھی قسمیہ ناک کی پھننگ ہی پر رکھا رہتا ہے.

۱۹۵۴ پیر نابالغ ، ۸۷.

۲. درخت کی چوٹی ، پھنچی .

فلک ہے وہ کہ دکھو جن نے بے مروت ہو
سرج کوں سرسوں برہنہ کیا ہے مثل پھننگ

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۳۱۲

بہشت کے باغ کا درخت آبجو کے کنارے لگا ہے اور پھننگ اوس کی عرش سے جا لگی ہے .

۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۸۳

پہاڑیوں پر جو درخت تھے ان کی پھننگ پر زرد مہین دھوپ کچھ باقی تھی .

۱۹۳۲ مضامین فراق ، ۵۹

۳. کوڑے کا سرا (نوراللغات) .

۴. انتہا ، کسی بھی چیز کا سرا یا نوک جو نمایاں طور پر باہر نکلی ہو (پلیٹس) .

[س : प्र + आद् + गः : گھ + پھ]

پھُنو (ضم پھ ، شد ن ، و مج) امث .

۱. لکڑی کا چھوٹا ٹکڑا جو آرا چلانے والے شکاف میں اس غرض سے رکھتے ہیں کہ لکڑی جلد چر جائے ، پچر ، پھانا ، پھنی .

حسب قاعدہ اس کے شکاف میں پچر (پھنو) لکڑی کی ٹھوکتا جاتا تھا .

۱۹۳۵ قصص الامثال ، ۲۱۱

۲. بھے کا عضو تناسل ، پھنی ، للی ، لولو ، نونی ، اعضائے تناسل مردانہ (پلیٹس) .

[ہ : پھنو फन्नो]

پھُنوار (ضم پھ ، مغ) امث .

۱. رک : **پھوار** .

گھٹا غم کی آنکھوں میں چھائی
برستی ہے پھنوار آنسو کی چھم چھم

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۳۱۷

۲. پانی کے چھینٹے .

ایک شخص منہ سے پھنوار اڑاتا تھا .

۱۸۳۹ ستہ شمسیہ ، ۵ : ۱۰۳

پھُنوارا (ضم پھ ، مغ) امذ (قدیم) .

رک : **پھوارا ، فوّارہ (رک)** .

ہے اے کلی کل سوں مجھے نا کل پڑے دیکھے یہ کل
اے کل ہوں میں پر کل کے تئیں لایا پھنوارا کا ہے کوں

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۱۳۰

پھُنوس (فت پھ ، شد ن ، و مع) امذ .

رک : **فانوس** (پلیٹس) .

پھُنہار (ضم پھ ، مغ) امث .

رک : **پھوار** (پلیٹس) .

پھُنہارا (ضم پھ ، مغ) امذ .

رک : **پھوارا** (پلیٹس) .

پھَنی (فت پھ) امث .

۱. گوٹا وغیرہ بننے کا آلہ (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

۲. سانپ کی ایک قسم (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

۳. علم شانہ جس میں شانہ کی ہڈی دیکھ کر بتا دیا جاتا ہے کہ انسان کیا چاہتا ہے ، علم‌الاکناف (ماخوذ : تاریخ ہندوستان ، ۱ : ۲۴۰) .

[ہ : پھنی फन्नी]

پھنی (فت پھ ، شد ن) اسث .

۱. لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جو کسی ڈھیلی چیز کی جڑ میں کسنے کے لیے ٹھونک دیا جائے ، پچر ، پھانا (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

۲. کنگھی کی مثل جولاہوں کا اوزار جس سے دہا کر بنا ہوا بانا ٹھیک کیا جاتا ہے ، بنی ، ٹھپل (ا پ و ، ۲ : ۵۶) .

[ہ : پھنی फन्नी]

پُھنی (ضم پھ ، شد ن) اسث .

رک : پُھنیا (پلیٹس) .

[ہ : پھنی फुन्नी]

پھنیا (کس پھ ، سک ن) اسث .

ایک زیور جو کان میں پہنا جاتا ہے (شبد ساگر) .

[ہ : پھنیا फिनिया]

پُھنیا (ضم پھ ، سک ن) اسث .

۱. رک : پھنو (جامع اللغات) .

۲. گرہ ، گانٹھ ؛ پھندنا ، جھالر ، ڈورے جو ٹوپی یا گدوں وغیرہ کے کناروں سے لگے رہتے ہیں؛ پودوں (خصوصاً مکئی کے) کے اوپر پھولوں کا گچھا ، طرہ ؛ فیتہ جو کتاب میں نشانی کے لیے لگاتے ہیں ، نشان (پلیٹس) .

[ہ : پُھنیا फुनिया]

پھنیار (ضم پھ ، مغ) اسث ؛ ~ پھیار .

رک : پُھوار ، پُھنوار .

مروں گا تو تجھ کو بھی لے جاؤں گا
کہ پھنیار ہو کر سو جل پاؤں گا (کذا)

۱۸۵۲ اردو کی قدیم منظوم داستانیں ، ۱۷۵

پُھنیارا (ضم پھ ، مغ) امذ ؛ ~ پھیارا .

رک : پھوارا ، فوارہ .

دے حوضاں میں اڑتے سو پھنیارے
مکٹ ماکاں سوں بالیاں کو سنوارے

۱۷۳۱ نیہ درپن (اردو شہ پارے ، ۲۸۶)

پُھنیاں (ضم پھ ، مغ) م ف .

رک : پھوئیاں .

کبھی پھنیاں پھنیاں برسنے لگتا ہے .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۹۳

پھنے خاں (فت پھ ، شد ن) امذ .

شیخی خور .

پنجابی کے پھنے خاں اور اردو کے طرے باز خاں تھوڑے بہت فرق کے ساتھ دکنی کے جھاؤ ہیں .

۱۹۷۱ ذکر یار چلے ، ۳۴۶

[مقامی]

پھنے خانی (فت پھ ، شد ن) اسث .

پھنے خاں (رک) کا اسم کیفیت .

وہی فوں فاں ہے ، پھنے خانیاں ہیں لن ترانی ہے ، کبھی بالشتیا بھی ہار مانے ہے پچھڑنے سے .

۱۹۷۱ ، جنگ ، کراچی ، ۱۱ اکتوبر ، ۵

پھنیری (فت پھ ، ی مع) صف .

بھن دار ، بھن والا ، بڑے پھن والا .

سانپوں کی ایک قسم ہے 'کالی فاس' یہ پھنیری سانپوں کی قسم ہے جس کا پھن خاص طور پر بڑا ہوتا ہے .

۱۹۷۶ ، جنگ ، کراچی ، ۲۰ فروری ، ۳

[پھن (رک) + یری ، لاحقۂ صفت]

پھو (و مع) اسث .

۱. پھونکنے کی آواز .

اے پھونک مار ، ٹھیک سے مار یو ، کیا پھو پھو کر رہی ہے .

۱۹۶۶ سودائی ، ۸۲

۲. اخ تھو (اظہار نفرت کے لیے) .

ایلو وہ بلی جاتی ہے ، پھو اری تھو .

۱۹۱۰ آزاد ، جانورستان ، ۱۱

[حکایت الصوت]

پُھوا (۱) (ضم پھ) اسث .

پھوپی ، باپ کی بہن (دریائے لطافت ، ۹) .

[س : پتٹ + اسا पित्ट + असा]

پُھوا (۲) (ضم پھ) امذ .

چھپکلی (پلیٹس) .

[ہ : پھوا फुआ]

پُھوا پُھو (ضم پھ ، و مع) امذ .

ایک قسم کا کھیل جس میں لڑکیاں ایک دوسری کا ہاتھ پکڑ کر چکھیریاں پھرتی ہیں .

کوئی آس میں کھڑی ہنستی ہے کوئی پھوا پھو آس میں کھیلتی ہے ۔

۱۷۴۶ قصہ مہر افروز و دلبر ، ۲۹

تجھ سے رنگین وہ پھوا پھو کھیلے
جو سہیلی میری دبلی سی ہو

۱۸۳۵ رنگین (دیوان رنگین و انشا ، ۴۶)

[مقامی]

پھوا پھو کرنا محاورہ ۔

آہستہ آہستہ اور ہلکا کام کرنا (نفس اللغۃ) ۔

پھوار (ضم پھ) اسث ۔

۱۔ بارش کی مہین مہین بوندیں ، چھوٹے چھوٹے قطرے۔ کبھی میٹھی میٹھی پھوار پڑتی ہے ۔

۱۸۸۵ بد قدرت ، ۸۸

کچھ ہلکی ہلکی پھوار پڑ رہی تھی ۔

۱۹۳۳ ریزۂ مینا ، ۳۰۰

۲۔ ایک قسم کا مہین کپڑا جس پر چھوٹی چھوٹی بندکیاں ہوتی ہیں ۔

مہین پھوار کا کرتا چٹکی بجاتے بھر بھر ہو گیا ۔

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۷۱

۳۔ بنکیاں ، کڑھائی یا کشیدہ کاری کا نمونہ ، ڈیزائن ، پھلکاری ، پھول ۔

ریشمی جُراب ساڑی کے رنگ کی تھی اور اس پر مہین مہین سفید پھوار پڑی تھی ۔

۱۹۳۱ ریزۂ مینا ، ۱۶۴

۴۔ چھینٹے کے ذریعے پھیلانے رنگنے یا نکھیرنے کا عمل ، اسپرے ، چھڑکاؤ ۔

سب سے پہلے لارڈلسٹر نے اسے آپریشن کے دوران بطور پھوار کے استعمال کیا ۔

۱۹۶۷ بنیادی خرد حیاتیات ، ۳۴۹

[س : ورش + کار] [वर्ष + कार]

ـــ سے کپڑا نہیں بھیگتے کہاوت ۔

تھوڑی پونجی سے بڑا کام نہیں ہوتا (محاورات ہند ، ۵۶) ۔

پھوارا (ضم پھ) اسذ ۔

۱۔ رک : فوارہ ۔

اگر چاہو تو سونڈ سے وہ پھوارا چھوڑے ۔

۱۹۱۰ آزاد ، جانورستان ، ۶۵

۲۔ پھریرا ، جھنڈا (قدیم اردو کی لغت) ۔

۳۔ حقے کی نے (پلیٹس) ۔

[پھوار (رک) سے]

پھواری کنواں (ضم پھ ، ضم ک ، مغ) اسذ ۔

رک : ارتوازی کنواں Artisan well (اردو انگلش ڈکشنری) ۔

[ا : پھوار (رک) + ی ، لاحقۂ صفت + کنواں (رک)]

پھوپا (و مع) اسذ ۔

رک : پھوپھا (پلیٹس) ۔

پھوپس (و مع ، فت پ) اسث ۔

پھوپھا ساس (رک) کا مخفف ، خسر کی بہن (پلیٹس) ۔

پھوپسرا (و مع ، فت پ ، سک س) اسذ ۔

پھوپھا سسر (رک) کا مخفف ، خسر کی بہن کا خاوند (پلیٹس) ۔

پھوپی (و مع) اسث ۔

رک : پھوپھی ۔

پھوپیاں اسے ہر روز پھسلاتی تھیں ۔

۱۷۲۳ کربل کتھا ، ۲۷۳

بانو نے اشارہ کیا باگر یہ وزاری
آزردہ ہیں کچھ تم سے پھوپی جان تمہاری

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۳ : ۳۹۷

پھوپیرا (و مع ، ی مج) صف مذ ؛ مث: پھوپیری ۔

رک : پھوپھیرا (پلیٹس) ۔

پھوپھا (و مع) اسذ ۔

پھوپی (باپ کی بہن) کا شوہر ، پھوپا ۔

اپنے پھپھا کے ساتھ لانے کو نہیں بھولیے گا ۔

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۳۸۴

[س : پِتृ + سوسٹ + کہ] [पितृ: + स्वस्ट + क:]

پھوپھلی (و مع ، فت پھ) اسث ۔

دوا کی ایک قسم جو ممسک و مقوی باہ ہوتی ہے (قدیم اردو کی لغت) ۔

[مقامی]

پھوپھو (و مع ، و مج) اسث ۔

رک : پھوپی ۔

پھوپھو سے کہیو کہ کسی بات کا دکھ نہ کریں ۔

۱۸۰۳ زریم ساگر ، ۹۲

پھوپھی (و مع) امث .

باپ کی بہن (چھوٹی ہو یا بڑی) ، پھپی .

پھوپی .

۱۶۴۷ فرح‌الصبیان (مقالات شیرانی ، ۲ : ۱۲۳)

کاہے کو یہ قیامت سر پر ہمارے ہوتی
پھوپھی نہ سر کو یوں پیٹ پیٹ روتی

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۲۲۶

گر میں نہ ہوں تو ماں کو پریشان نہ کیجیو
رو کر پھوپھی کو مضطر و حیران نہ کیجیو

۱۹۲۶ شاد ، مراثی ، ۲ : ۲۵

[رک : پھوا]

— زاد صف .

پھوپھی کی اولاد .

اپنی پھوپھی زاد بہن زینب اس سے بیاہ دی .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۵۱

[پھوپھی + زاد (رک)]

پھوپھیرا (و مع ، ی مج) صف مذ ؛ مث : پھوپھیری .

پھوپھی زاد ، پھوپھی کا .

پھوپھیرے بھائی نواب سراج الدولہ شہید خاتم فرمانروایان اسلام بنگال کے تھے .

۱۹۲۶ حیات فریاد ، ۶۹

[پھوپھی (رک) سے]

پھوپھیری (و مع ، ی مع) امث .

دولت لٹانا ، اسراف ، فضول خرچی (پلیٹس) .

[ہ : پھوپھیری फफीरी]

پھوٹ (و مع) امث .

۱. **شکستگی (ٹوٹ کے تابع کے طور پر) (نوراللغات) .**

۲. **نا اتفاقی ، اختلاف ، نفاق ، فساد ، کینہ .**

اس کے بعد از پھوٹ لشکر بکھیرا ہوئیں گا .

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو لغت ، ۱۲۶)

ہماری پھوٹ نے پامال کر دیا ہم کو
جو قوم مل کے رہی کیسی سر بلند ہوئی

۱۸۹۶ تجلیات عشق ، اکبر ، ۲۵۷

باطن میں سب کے پھوٹ ہے مگر ظاہر میں سب یکرنگ معلوم ہوتے ہیں .

۱۹۱۸ چٹکیاں اور گدگدیاں ، ۵۲

۳. **پھٹی ، جڑ .**

کپاس کی پھوٹ کو کاٹ دینا چاہیے اور بھنڈی کپاس کے ساتھ نہیں بونا چاہیے .

۱۹۶۷ راہ عمل ، ۱۰۸

۴. **خربوزے کی طرح کا ایک پھل جو پک کر ہلکے پیلے رنگ کا ہو جاتا ہے اور کھل جاتا ہے .**

دو پگ یوں ہوے پھوٹ پھوٹاں کے دھات
کہ کا ٹیاں کی انیاں ہو جیوں گل کے پات

۱۶۹۵ دیپک پتنگ ، ۷۰

کھرنجے پر کھوپڑی پڑتی تو چٹاخا بولتا اور پھوٹ کی طرح کھل جاتی .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۳ : ۱۵۰

بند کے بھاری بھرکم آئے
پھوٹ کا میوہ ساتھ ہیں لائے

۱۹۳۲ داودہ پنج، لکھنؤ ، ۱۷ ، ۲ : ۲

۵. **پھوٹنا (رک) سے (تراکیب میں مستعمل) .**

[ہ : پھوٹ फूट]

— آنا محاورہ .

۱. **نمودار ہونا ، (سطح سے گذر کر) باہر آنا .**

سیر گلشن کو گیا وہ گل اگر برسات میں
پھوٹ آیا بھیگ کر رنگ بدن پوشاک سے

۱۸۷۲ عاشق لکھنوی ، د ، ۱۷۸

۲. **نمو پانا ، سر سبز ہونا ، (تخم یا شاخ کا) کلّا نکلنا .**

وقت پر دانے بوئے جاتے ہیں
کب وہ اک دن میں پھوٹ آتے ہیں

۱۹۱۰ کلام مہر ، سورج نرائن ، ۲۵۲

— بہنا محاورہ .

۱. **زار و قطار رونا ، اشک جاری ہونا ؛ بند ٹوٹ جانا .**

شمع کی طرح روکے پھوٹ بہا
یہ خدا جانے سچ کہ جھوٹ کہا

۱۷۷۶ مثنوی خواب و خیال ، ۱۳۰

ابر تر کے حضور پھوٹ بہا
دیدۂ تر کو میرے رحمت ہے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۳۳۳

۲. **پانی کا دیوار توڑ کر نکل جانا .**

یہاں تک بندھا اس کے رونے کا تار
بہے پھوٹ دیوار و در ایک بار

۱۷۸۳ سحر البیان ، ۹۹

ابھی تو چشم گریاں کی طرح سے پھوٹ بہتے ہیں
اگر تم نشتر مژگاں سے چھیڑو دل کے چھالوں کو
۱۹۰۵ دیوان انجم ، ۱۷

۲. پنہاں کینہ (یا دل کی بات) ظاہر کرنا .
گنجائش دیکھتے ہی سب پھوٹ بہے شکایتوں کے دفتر کھول دیے .
۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۲۱۷

۳. رقیق شے کا جاری ہونا ، (مجازاً) سلسلہ چل نکلنا .
سنگیت کی برف پگھل نکلی نغمات کا چشمہ پھوٹ بہا
۱۹۵۸ تار پیراہن ، ۲۱۱

۴. پھوڑے یا چھالے کا پھوٹ کر مواد جاری ہو جانا .
دیکھا آخر نہ کہ پھوڑے کی طرح پھوٹ بہے
ہم بھرے بیٹھے تھے کیوں آپ نے چھیڑا ہم کو
۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۱۵۱

خون رونے کے لیے آبلۂ پا ہونا
پھوٹ بہنے کو جلے دل کا پھپھولا ہونا
۱۹۲۱ میخانۂ خلد ، ۱۲

۵. (روتے روتے) نابینا ہو جانا .
یہ بے اثری آنکھ سے دیکھی نہیں جاتی
اچھا ہے یہی پھوٹ بہیں دیدۂ تر اب
۱۹۳۲ ریاض رضوان ، ۹۹

۶. شکایت کرنا ، دل کی بھڑاس نکالنا .
اس مقام پر راجہ پھوٹ بہے بہت سی شکایتیں کیں .
۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۳۷۴

اتنا کہنا تھا کہ صاحب عالم ناسور کی طرح پھوٹ بہے .
۱۹۲۸ آخری شمع ، ۳۴

— پٹک (— فت پ ، ٹ) امث .

رک : پھوٹ پھٹک .
آپس کی پھوٹ پٹک نے اور بھی کمزوری پھیلا رکھی ہے .
۱۸۸۰ ربط ضبط ، ۱ : ۷۲

[پھوٹ + پٹک (رک)]

— پڑنا محاورہ .

۱.(i) پھٹنا ، شق ہونا ، کھلنا .
منع مت کر کہ آپ اپنے
پھوٹ پڑتے ہیں پھل جو پکتے ہیں
۱۷۱۷ بحری ، ک ، ۱۷۰
ایک آتش فشاں تھا جو مدت تک مواد جمع کرنے کے بعد پھوٹ پڑا .
۱۹۲۳ ناٹک ساگر ، ۱۲۳

(ii) آگ آنا ، بجوں سے کلّے پھوٹ آنا .
بعض حالات میں بارش ہو جانے سے گندم کے دوبارہ پھوٹ پڑنے اور خراب ہونے کا خطرہ درپیش رہتا ہے .
۱۹۷۳ زراعت نامہ ، یکم مئی ، ۲

(iii) ریزہ ریزہ ہونا ، پھٹنا ، باہر نکل آنا .
تازہ چونا . . . اگر جگہ کی قلت عمل درازی میں مخل ہو گی تو آپ پھوٹ پڑتا ہے .
۱۹۴۶ نباتی دباغت ، ۱۹۸

۲. (مادّے کا سطح توڑ کر) بہہ نکلنا .
تسکین نہ دیتی تو زخم پھوٹ پڑتے .
۱۹۱۹ شب زندگی ، ۱ : ۲۲

۳.(i) برآمد ہونا ، ظہور میں آنا ، نمودار ہونا (بغاوت وغیرہ کا) .
اسکندریہ میں بغاوت پھوٹ پڑی .
۱۸۹۹ بست سالہ عہد حکومت ، ۱۰۳
اس خاندان میں بے حیائی اور بے غیرتی پھوٹ پڑے گی .
۱۹۲۸ نکات رموزی ، ۲ : ۱۳

(ii) (وبا) پھیلنا .
ایک دفعہ ایک نہایت ہی جاہل بستی میں وبا پھوٹ پڑی .
۱۹۲۸ دیہاتی اصلاح ، ۲۰۳

۴. ان بن ہونا ، نا اتفاقی ہونا ، دشمنی ہونا ، نفاق ہونا .
جنوں میں دیکھیے میدان کس کے ہاتھ رہتا ہے
پڑی ہے آبلوں میں پھوٹ اور ایکا ہے خاروں میں
۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۱۵۳
صلیبیوں کی فوج میں خود پھوٹ پڑ گئی .
۱۹۱۲ محاربات صلیبی ، ۷۰

— پھٹک (— فت پھ ، ٹ) امث .

علیحدگی ، جدائی ، جھگڑا ، ان بن ، نا اتفاقی .
خورشید مرزا اور ان کی بیگم میں . . . برسوں سے پھوٹ پھٹک رہتی ہے .
۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۱۵۹

اف : رہنا .

[پھوٹ + پھٹک (رک)]

— پھٹّول (— ضم پھ ، فت ٹ ، شد و بفت) امث .

(رک) پھوٹ پھٹک ، لڑائی جھگڑا .
ایسی پھوٹ پھٹول میں کیسے ممکن ہے کہ وہ اولاد جو بڑھاپے کا سہارا ہے تمہاری پوری خوشی کا باعث ہو .
۱۹۱۱ نشاط عمر ، ۲۲۰

[پھوٹ + پھٹّول (رک)]

— پھوٹ بہنا محاورہ .

رک : پھوٹ بہنا (۱) .

پھوٹ پھوٹ ایسے بہے دیدے فراق یار میں
ایک جمنا ہو گیا اور ایک گنگا ہو گیا

۱۸۶۶ فیض ، د ، ۲۳

— پھوٹ (کَر ، کے) رونا محاورہ .

زار زار رونا ، اشک باری کرنا .

یاں تک تو پھوٹ پھوٹ یہ روئیں کہ بہ گئیں
کیا کیا ترا ستم میری آنکھیں نہ سہ سکیں

۱۷۷۲ فغان ، د (انتخاب) ، ۱۵۷

وہ یاد کر کے پھوٹ پھوٹ روتے ہیں
ہماری قدر ہوئی ان کو انتقال کے بعد

۱۸۷۸ آغا ، د ، ۴۵

لڑکی کا نام آتے ہی لگی پھوٹ پھوٹ کر رونے .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۰۶

— پھوٹ (کَر ، کے) نکلنا محاورہ .

(ناجائز طور سے کسب کئے ہوئے مال کی) سزا بھگتنا ، کوڑھ ہونا .

ہمارا نمک ہمارا کھلایا پلایا اس کے پھوٹ پھوٹ کر نکلے .

۱۸۷۴ انشا ہادی النساء ، ۱۰۸

میل حریفوں سے یگانوں سے چھوٹ
نکلے گا مالک کا نمک پھوٹ پھوٹ

۱۹۱۱ کلیات اسمٰعیل ، ۵۸

— پھوٹ (کر ، کے) نکلے (کلمۂ بددعا) .

کوڑھ کا مرض ہو .

اس نے جیسا مجھ بیوہ کا مال دھوکا دے کے کھایا ہے الٰہی پھوٹ پھوٹ کے نکلے .

۱۹۶۳ مہذب اللغات ، ۳ : ۱۵۱

— جانا ف م .

۱. رک : ٹوٹ جانا .

اکثر ایسا ہوا ہے کہ بعد فتح کے لوگ لوٹ کوں یا پانے کوں پھوٹ گئے ہیں .

۱۷۳۶؟ قصہ مہر افروز و دلبر ، ۲۵۴

پانی کے بھرے ہوئے مٹکے گھڑونچیوں پر دھرے کے دھرے جاڑے میں پھوٹ گئے .

۱۸۹۰ جغرافیۂ طبیعی ، ۱ : ۵۷

۲. بکھر جانا ، پھٹ جانا ، پھیل جانا .

اگر مزاج عارضہ کا زبردست ہے تو ناک گر پڑی یا تالو پھوٹ گیا .

۱۸۴۴ مفیدالاجسام ، ۳۹

چٹک سے کلیوں کی سحر سکوت ٹوٹ گئی
طفیل باد صبا ہو چمن کی پھوٹ گئی

۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۹۸

۳. منتشر ہو جانا ، متفرق ہو جانا .

بارہ سنگوں کے منڈے موسم بہار میں پھوٹ جاتے ہیں یعنی ساتھ نہیں رہتے .

۱۹۳۲ قطب یار جنگ ، شکار ، ۱ : ۲۳۰

— ڈالنا محاورہ .

نا اتفاقی پیدا کرنا ، ان بن کرانا .

ذکاوت اور علم نے جو اپنے اپنے معتقد بھیجے تھے ان میں پھوٹ ڈال دی .

۱۸۸۰ نیرنگ خیال ، ۹۷

او ہو یوں کیوں نہ کیا جائے ، اس نے سوچا کہ ذرا سی تبدیلی سے وہی پرانا پھوٹ ڈالو والا دھندہ شروع کیا جائے .

۱۹۷۱ سرگشیدہ ، ۲۰۴

— ڈلوانا محاورہ .

پھوٹ ڈالنا (رک) کا تعدیہ .

مسلمانوں میں اس قسم کی پھوٹ ڈلوادی گئی کہ یہ مفید ادارے ختم ہو گئے .

۱۹۴۰ جائزۂ زبان اردو ، ۱ : ۷۸

— سا کھل جانا محاورہ .

پاش پاش یا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا ، پھٹ جانا ، شق ہو جانا (شبد سا گر ؛ مخزن المحاورات ، ۲۷۹) .

— کَر م ف .

پھیل کر ، منتشر ہو کر ، نکل کر .

اڑی یو خبر شہر میں پھوٹ کر
تماشے کوں جگ سب پڑیا ٹوٹ کر

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۷۰

— کَر رونا محاورہ .

رک : پھوٹ پھوٹ کر رونا .

جو ہے یعقوب ! یوسف دیکھنا منظور آنکھوں سے
تو اتنا پھوٹ کر مت رو کہ جاوے نور آنکھوں سے

۱۷۶۱ چمنستان شعرا ، نثار ، ۳۱۳

یہ کون پھوٹ کے رو یا کہ درد کی آواز
دبی ہوئی ہے پہاڑوں کے آبشاروں میں
۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۷۹

خوب روئیں پھوٹ کر آنکھیں حرم سے چھوٹ کر
پھوٹی آنکھوں سے نظر آیا نہ کچھ آنے کے بعد
۱۹۱۴ بیاض نعت ، ۷۶

— کر نکلنا محاورہ .

۱. (سطح توڑ کر) باہر آنا .

بکھیرے کئی آج چوندھیر گھر
کہ نکلے رتن بھیں میں کے پھوٹ کر
۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۱۰۳

۲. (دبی ہوئی بو) خارج ہونا .

غنچہ سے جو نکلی پھوٹ کر بو پھیلی گھر میں ادھر ادھر بو
۱۸۸۷ ترانۂ شوق ، ۲۵

— گانو (— مغ) امذ .

ایک گانو جو متفرق جگہ میں علیحدہ علیحدہ بسا ہوا ہو (اردو قانونی ڈکشنری) .

[پھوٹ + گانو (رک)]

— نکلنا محاورہ .

۱. رک : پھوٹ بہنا .

پتھر سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے .
۱۸۹۵ ترجمۂ قرآن مجید ، نذیر ، ۱۴

۲. (تخم کا) نمو پانا ، (شاخ کا) سرسبز ہونا .

دانے ڈالے ہوئے کچھ پھوٹ بھی نکلے سردست
تری اب راہ ہم اے ابر کرم دیکھتے ہیں
۱۸۶۱ دیوان ناظم ، ۱۳۰

بیج ڈالے آٹھ دس روز میں پھوٹ نکلے .
۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۴۷

۳.(i) نکھر آنا ، رنگ کھلنا .

رخت سفید صورت میناے مے ہے سرخ
کیا رنگ پھوٹ نکلا ہے انعام یار کا
۱۸۷۲ مظہر عشق ، ۳۰

موسم گل کیا ہے اک جوش شباب کائنات
پھوٹ نکلا شاخ گل سے حسن عریاں دیکھیے
۱۹۳۴ سرود زندگی ، ۱۱۵

(ii) (ابھر کر) باہر آنا ، نکلنا .

کبھی کبھی یہ آگ اس کے مختلف کوہستانی دہانوں میں سے پھوٹ نکلتی ہے .
۱۹۱۸ تحفۂ سائنس ، ۱۱۳

(iii) کسی فتنہ فساد کا پھیل جانا .

جو پھوڑا مدت سے پک رہا تھا وہ ۱۱ مئی ۱۸۵۷ کو آخر کار پھوٹ نکلا .
۱۹۲۲ غدر دہلی کے افسانے ، ۸ : ۱۶

۴.(i) ظاہر ہونا ، نمودار ہونا .

غزل میں کبھی کبھی مولانا کی خوش مزاجی یوں پھوٹ نکلتی ہے .
۱۹۵۳ دیوان صفی (مقدمہ) ، ۸

(ii) افشاے راز ہونا ، بھید کھل جانا (مخزن المحاورات ، ۳۷۹) .

۵. زیب دینا ، کھلنا .

دوسرے جامہ زیب تھی جس قسم کا لباس پہنتی تھی پھوٹ نکلتا .
۱۹۴۴ فتح بیت المقدس ، ۴۰

۶. (جسم پر) کثرت سے پھنسیاں نمودار ہونا ، کوڑھ یا برص ہو جانا .

خدا کرے میرا نمک پھوٹ نکلے .
۱۹۲۶ نوراللغات

۷. آر پار ہو جانا .

نیزہ پہلو میں مارا کہ دوسرے پہلو پھوٹ نکلا .
۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۱۵۸

۸. کسی چیز کا نقش کاغذ یا کپڑے کے دوسری طرف ظاہر ہونا .

کاغذ پتلا جھر جھرا اور لجلجا ایسا کہ دوسری طرف حروف پھوٹ نکلیں .
۱۹۲۰ انشاے بشیر ، ۱۴

پان کی پیک فرش اٹھا دری کے نیچے اس طرح تھوکی کہ چاندنی میں سے پھوٹ نکلی .
۱۹۳۶ راشدالخیری ، تربیت نسواں ، ۱۸

— ہونا محاورہ .

نا اتفاقی ہونا ، اختلاف ہونا .

اثر کہاں سے ملے جب یہ پھوٹ ہو باہم
الگ الگ رہے دونوں نہ حرف آہ ملے
۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۲۴۶

پھوٹ (و مج) فجائیہ .

تف ، پھٹ ، تجھ پر خدا کی لعنت .

میں پکارا تو پھوٹ کہہ بیٹھے
مجھ کو کیا پیاری آن کی پھوٹ لگی
۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۴۳

چوتھی بولی پھوٹ در گور تمہاری صورت کھوجڑا نہ جائے تمہاری رغبت کا .

۱۹۱۱ قصہ مہر افروز ، ۵

[مقامی]

— ہُوا (— ضم ب ، فت ا) فجائیہ .

۱. (ہو) شاباش ہوا (سنیرالبیان ، ۷) .

۲. تف ، لعنت ؛ (طنزاً) شاباش .

پھوٹ ہوا تم کو ، کون سنہری جوڑے کو کالی گوٹ لگا کلیجی پھپڑا کر دیا .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۸۵

[پھوٹ + ہوا (رک)]

پھوٹا (و مع) صف ، مذ ؛ ~ پھٹا .

پھُوٹنا (رک) سے ، ٹوٹا ہوا ، شکستہ ، جھوجھرا (علمی اردو لغت) .

— پڑنا محاورہ .

نمایاں ہونا ، خود بخود ظاہر ہو جانا ؛ اندرونی حالت و کیفیت بیان کرنا ، دکھ درد کہنا ؛ آپے میں نہ سمانا .

مرد رہ وہ ہے کہ پھوٹا نہ پڑے آبلہ سان
طاقت ضبط غم عشق سدا رکھتا ہو

۱۸۲۲ راسخ عظیم آبادی ، ک ، ۱۰۹

— پھانک کر دینا محاورہ (قدیم) .

منتشر کر دینا .

ہور چو طرف اپنے لشکر کو پھوٹا پھانک کردیا .

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت)

— تو پھُوٹا جھوجرا کیوں کیا کہاوت .

زیادہ نقصان کی شکایت کے وقت بولتے ہیں (نجم الامثال ، ۱۳۰) .

— ڈھول (— و مج) امذ .

رک : پھٹا ڈھول .

آواز خوش تھی اس کی گلو سوزی نہ بول
گاتا تھا تو باجتا تھا جیسے پھوٹا ڈھول

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰۳۲

[پھوٹا + ڈھول (رک)]

— گھڑا (— فت گھ) امذ .

رک : پھوٹا ڈھول .

میری خوش آوازی کچھ دن کی مہمان ہے پھر تو پھوٹا گھڑا بھی اچھا .

۱۸۹۳ نشتر ، ۵۶

[پھوٹا + گھڑا (رک)]

— (ہُوا) مُقدّر (— (ضم ہ) ضم م ، فت ق ، شد د بفت) امذ .

بگڑا نصیب ، بد قسمتی .

بادۂ دیدار دیتے ہیں وہ اہل ظرف کو
مجھ سے بر ہم ہیں مرا پھوٹا مقدر دیکھ کر

۱۸۸۱ منیر (نوراللغات ، ۲ : ۱۵۹)

ہزار سر سے ہے صدقے کسی کی ٹھوکر پر
صد آفریں مرے پھوٹے ہوئے مقدر پر

۱۹۰۳ نظم نگاریں ، ۵۸

[پھوٹا + مقدر (رک)]

پھُوٹاؤ (و مع) امذ .

ٹوٹ پھوٹ ، شکست و ریخت .

بغیر کسی پھوٹاو اور دراڑ کے گنبد کی چھت کی مانند نہایت پختہ بنائی ہوئی دکھائی دیتی ہے .

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۲۰۰

[پھوٹنا (رک) سے]

پھُوٹرا (و مع ، فت ٹ) امذ .

اشارے بازی ، آنکھ ماری (شبد ساگر) .

[مقامی]

پھُوٹک (۱) (و مع ، فت ٹ) صف ؛ امث .

۱. ریزہ ریزہ ہو جانے والا .

لوہا ایک پھوٹک شے ہے ، یعنی بہت تھوڑے . . . سکڑاؤ . . . زور پر ٹوٹ جاتا ہے .

۱۹۴۷ مضبوطی اشیا ، ۱ : ۶۵

۲. چٹخنے والی ، پھٹنے والی .

ٹوکریاں ہمیشہ کسی مرطوب کمرے میں بنی جائیں کیونکہ خشک بید پھوٹک ہوتی ہے .

۱۹۴۷ حرفتی کام ، ۱۲۸

۳. روا ، ریزہ ، ٹکڑا .

اگر ایسے لوہے کو استعمال کر بھی لیا جائے . . . تو ایسے لوہے سے تیار شدہ فولاد پھوٹک اور نا قابل عمل ہوتا ہے .

۱۹۷۲ فولاد سازی ، ۱۷۸

۴. ریزگاری (علمی اردو لغت) .

[پھوٹنا (رک) سے]

— اَنڈا (— فت ا ، سک ن) امذ .

چٹخے ہوئے یا کسی قدر ٹوٹے ہوئے انڈے .

پھوٹک انڈوں سے مرغی خانے کے مالکوں کو . . . ہر سال کوئی چھ کروڑ انڈوں کا نقصان ہوتا ہے .

۱۹۷۶ کاروان سائنس ، ۵ ، ۱ : ۱۲۴

[پھوٹک + انڈا (رک)]

— پن (— ف پ) اسذ .

ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہو جانے یا چٹخنے کی کیفیت یا خاصیت . فولاد کو اونچے درجے تک گرم کرنے اور پانی میں بجھانے سے سختی پیدا ہو جاتی ہے مگر اس عمل سے اس میں پھوٹک پن . . . بھی پیدا ہوتا ہے ،

۱۹۷۳ فولاد سازی ، ۴

[پھوٹک + پن ، لاحقۂ کیفیت]

— دھات اسث .

ٹوٹنے یا ریزہ ریزہ ہو جانے والی دھات .

پھوٹک دھاتیں وہ ہیں جو نقطۂ مغلوبیت کے قریب ٹوٹ جائیں .

۱۹۴۱ فلزیات ، ۳۸

[پھوٹک + دھات (رک)]

پھُوٹَک (۲) (و مع ، ف ث) اسذ .

۱. وہ کاغذ جس کی دبازت یکساں نہ ہو یعنی گھولوے کے ریشوں کی خرابی کی وجہ سے کہیں زیادہ کہیں کم ہو اور روشنی کے رخ (کر کے) دیکھنے سے جھائیاں پڑی معلوم ہوں (اپ و ، ۴ : ۱۸۷) .

۲. وہ کاغذ جو موڑنے سے ٹوٹ جائے (اپ و ، ۴ : ۱۸۷) .

[پھوٹنا (رک) سے]

پھوٹکی (و مع ، سک ث) اسث .

رک : پھوٹک (۱) .

پھوٹکی چٹانیں ہلکے دباؤ سے فوراً تڑق جاتی ہیں جیسا کہ دھات کاری کے علاقوں میں بالعموم ہوا ہے .

۱۹۷۶ نافع معدنی مطروحات ، ۲۵۶

[پھوٹنا (رک) سے]

پھُوٹَلا (و مع ، فت ث) صف .

چٹخا ہوا ، خراب ، ناکارہ ، کھوٹا سکہ (پلیٹس) .

[س : स्फुट + ल + क: کہ]

پھُوٹَن (و مع ، فت ث) اسث .

۱. نا اتفاقی ، اختلاف ، غلط فہمی ، اعضا شکنی (نوراللغات) .

۲. ٹکڑا جو ٹوٹ کر الگ ہو گیا ہو (شبد ساگر) .

[پھوٹنا (رک) سے]

پھُوٹنا (و مع ، سک ث) ف م .

۱. (کسی سخت یا کراری چیز کا) ٹوٹنا ، ٹکڑے ٹکڑے ہونا ، شکستہ ہونا .

گھٹ گھٹ پیو جیو آپ ہی تن من ہی بھ بھیک
جیسیں پھوٹی آرسی کھنڈ کھنڈ مکھ ایک

۱۵۶۵ جواہر اسرارالله (ق) ، ۳۰

ہر یک دل یو ہے شک ہوا یوں عیاں
کہ کشتی پر پھوٹیگی اتا جا کو واں

۱۶۴۵ قصۂ بے نظیر ، ۶۹

مرا رنگ اڑ گیا جس وقت سنگ محتسب آگے
بغل سے گر پڑا مینا و ساغر چور ہو پھوٹا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۵۸

آثار میں آثار ایک دروازہ وہ بھی اصلی معنوں میں پھوٹا ہوا باقی تھا .

۱۹۴۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۶۴

۲. (غلاف یا جلد والی چیز کا) پھٹنا ، شق ہونا .

انو کا پیٹ پھوٹ گیا .

۱۴۲۱ بندہ نواز (شکار نامہ ، شہباز ، سکھر ، فروری ، ۶۴)

سنی سو گیا سب سینا پھوٹ کر
فکر سوں کلیجہ پڑیا توٹ کر

۱۶۷۵ مینا ستونتی ، ۱۴

کتل سے کہیں جبیں جو پھوٹی
اک خون کی آبشار چھوٹی

۱۷۸۳ لطلی مجنوں ، ہوس ، ۴۶

۳. (کلی وغیرہ کا) نکلنا ، کھلنا ، شگفتہ ہونا .

پھوٹیں نئی کوپلیں شجر میں
اک جوش بھرا ہوا ہے سر میں

۱۹۱۱ کلیات اسمٰعیل ، ۶

۴. (دیوار میں) سوراخ کیا جانا ، کومل ہونا .

لاکھ بندوق رات کو چھوٹے
کوٹھی پر ساہوکار کی پھوٹے

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۳۸۰

۵. بگڑنا ، خراب ہونا ، (آنکھ کے لیے) ہوائی جاتی رہنا .

اشک جوشاں کے نہ طوفان سے چھوٹے وہ آنکھ
جو نہ حیران رخ یار ہو پھوٹے وہ آنکھ

۱۸۰۹ جرات ، ک ، ۱۲۲

۶. (ابھر کر یا سطح چھید کر) نکلنا ، باہر آنا ، ابل آنا .

چشموں کے پھوٹنے کی وجہ یہ ہے کہ زمین کے جوف میں منفذ کثرت سے ہیں .

۱۸۷۳ مطلع العجائب ، ۱۹۵

کسے معلوم تھا پھوٹیں گے صحرا میں بھی فوارے
خدا کی شان نکلے پتھروں میں نور کے دھارے
تار پیراہن ، ۲۰۷ ۱۹۵۸

۷۔ (رنگ یا روشنی کا) ظاہر ہونا ، نمایاں ہونا ، نمودار ہونا ، جھلکنا ، پھیلنا ۔
سرگ کا طوطی ہریا مشک ختائی چڑیا
رات کا عنبر سریا صبح کی پھوٹی کرن
لطیفی (دکنی ادب کی تاریخ ، ۱۹) ۱۵۱۸

سرخی کے پھوٹنے سے پوشاک لالہ گوں ہے
قرباں کروں گلوں کو کیا رنگ ہے بھبھوکا
سخن بے مثال ، ۴ ۱۸۷۸

نکلا ہے نغمہ بن کر بلبل کے تو سخن سے
پھوٹا ہے رنگ ہو کر تو گل کے پیرہن سے
شعاع مہر ، ۱۶۵ ۱۹۳۶

۸۔ (جسم پر دانے) نمودار ہونا ، بھلنا ، پھنسیاں نکلنا ؛ جذام ہوجانا ۔
ایک فقیر تھا . . . اس کا سارا بدن پھوٹا ہوا تھا ۔
متی کی انجیل ، ۱۹۷ ۱۸۱۹

۹۔ (تخم کا) نمو پانا ، اگنا ، (شاخ کا) نمودار ہونا ۔
بیج کے پھوٹنے کے بعد روئیدگی کی خبر رکھے ۔
الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۶۱ ۱۹۰۶

۱۰۔ الگ ہوجانا ، نکلنا ، الگ یا علیحدہ ہونا ۔
بحراعظم سے یہ شاخ پھوٹتی ہے اور جزیرے اس میں معمور اور آباد ہیں ۔
مطلع العجائب ، ۱۸۴ ۱۸۷۳

۱۱۔ (تحقیر سے) بولنا ، کہنا (اکثر منھ کے ساتھ) ۔
اتنی جفائیں مجھ پہ گیاں تو بھی شوخ کے
منھ سے کبھو نہ پھوٹا کہ اہل وفا ہے یہ
سوز ، د ، ۲۷۷ ۱۷۹۸

اچھا کس بات پر بگڑے ہو زباں سے تو کہو
کونسا جرم ہوا منھ سے تو اپنے پھوٹو
واسوخت عاشق (شعلۂ جوالہ ، ۲ : ۶۶۸) ۱۸۶۸

ارے تم سب پر کیا بلا نازل ہوگئی پھوٹو تو سہی ۔
وہی ، ۱۸ ۱۹۵۹

۱۲۔ (شاخ کی طرح) الگ ہوکر کسی سمت میں جانا ۔
وہاں دو سڑکیں پھوٹتی ہیں ۔
مبادی الحکمتہ ، ۴۰ ۱۸۷۱

۱۳۔ جدا ہونا ، کٹ جانا ، ساتھ چھوڑنا ۔
ناک بھوں تان تان بھاؤ بتاؤ کوئی پھوٹ کر رہ نہ جاو ۔
رانی کیتکی ، ۵۰ ۱۸۰۳

۱۴۔ (پانی وغیرہ کا) جوش زن ہونا ، اُبال آنا ۔
چائے کا پانی آگ پر پھوٹنے کے لئے رکھ دیا ۔
گھر کی کہانی ، ۱ : ۵۶ ؟

۱۵۔ زخمی ہونا ، پھٹنا (سر وغیرہ کا) ۔
منات او سدم پڑا ہے سرنگوں ہو
ہوا ہے ہبل کا سر پھوٹ کر دو
مثنوی مصباح المجالس ، ۲۱۰ ۱۸۵۷

۱۶۔ آبلے وغیرہ میں سوراخ ہو جانا ، زخم یا پھوڑا پھٹ کر آلائش نکلنا (زخم یا آبلے وغیرہ کے ساتھ) ۔
ہر ہر قدم پہ پھوٹتے جاتے ہیں آبلے
نقش قدم میں طور ہے چشم پُر آب کا
دیوان ناسخ ، ۱ : ۱۱ ۱۸۱۶

زخم بہتے ہیں پھوٹ کر عاشق نا مراد کے
تیرے غم فراق سے سینہ و دل میں ہیں شبک
دیوان سخن ، ۱۱ ۱۸۸۶

۱۷۔ (بو) نکلنا ، پھیلنا ۔
مرے بدن کے پسینے سے مے کی بو پھوٹی
حرم میں لاکھ میں بن بن کے پارسا بیٹھا
شوق قدوائی ، د ، ۵۰ ۱۹۲۵

۱۸۔ راز کا افشا ہونا ، بھید کھلنا ، مشتہر ہونا ، پھیل جانا (بات وغیرہ کے ساتھ) ۔
سمجھتے تھے سبھی بنت العنب کو باکرہ یارو
سنو یہ بات بد مستی میں اک دن ہم سے پھوٹی ہے
ناجی (مخزن نکات ، ۲۰) ۱۷۵۳

رخصت اے صبر ، آس ٹوٹ گئی
کھل گیا راز بات پھوٹ گئی
عزیز لکھنوی ، انجم کدہ ، ۵۲ ۱۹۲۲

۱۹۔ کاغذ پر سیاہی کا تہ توڑ کر نمایاں ہونا ۔
اس کاغذ پر حرف پھوٹتے ہیں ۔
نوراللغات ۱۹۲۶

۲۰۔ نابالغی کا زمانہ گزر جانے سے آواز کا صاف ہو جانا (نوراللغات) ۔

[س : سپھوٹ + انی بن स्फुट + अनीय]

پھُوٹی (۱) (و مع) صف ۔

پھوٹنا (رک) سے (تراکیب میں مستعمل) ۔

ــ آنکھ ۸۷ (ــ مغ) صف ۔

وہ آنکھ جس میں کوئی خلل آ گیا ہو ، زخمی آنکھ ، آنکھ کے نابینا ہونے کی کیفیت ، (حقارتاً) آنکھ ۔
خواب میں دیکھنے دو یوسف گم گشتہ کی شکل
پھوٹی آنکھوں سے ملاقات نظر ہونے دو
کلیات منیر ، ۳ : ۳۴۳ ۱۸۷۲

[پھوٹی + آنکھ (رک)]

ــ آنکھ (ــ آنکھوں) کا تارا صف ؛ اسذ .

۱. نہایت عزیز ، پیارا ، لاڈلا بچہ .

جو ہو باپ کی پھوٹی آنکھوں کا تارا
اسے بھائی اندھے کنویں میں ڈھکیلیں

۱۹۵۱ آرزو (مہذب اللغات)

۲. بیٹا (یا بیٹی) جو کئی بیٹوں میں سے زندہ بچا ہو (نوراللغات ؛ مخزن المحاورات) .

ــ آنکھ کا (ایک) دیدہ صف ؛ اسذ .

رک : پھوٹی آنکھ کا تارا .

داماد کیا تھا پھوٹی آنکھ کا دیدہ یا ندیدے کا ملیدہ تھا .

۱۹۱۰ لڑکیوں کی انشا ، ۲۰

ــ آنکھوں سے سوجھتا ہے ؟ فقرہ .

کچھ دکھائی دیتا ہے ؟ کچھ سمجھ میں آتا ہے ؟ کچھ معلوم ہوتا ہے ؟

نہ سمجھتا ہے کچھ نہ بوجھتا ہے
پھوٹی آنکھوں سے کچھ بھی سوجھتا ہے

۱۸۷۱ شوق لکھنوی ، بہار عشق (نوراللغات)

ــ آنکھوں نہ بھانا محاورہ .

سخت ناپسند ہونا ، ذرا بھی بھلا معلوم نہ ہونا .

سوا بیلا چمڑا چربی کی بتی مجھ کو تو پھوٹی آنکھوں بھی نہ بھایا .

۱۸۷۷ طلسم گوہر بار ، ۲۱

میرے لڑکے تو اسے پھوٹی آنکھوں نہیں بھاتے .

۱۹۳۶ پریم چند ، خاک پروانہ ، ۱۸۲

ــ آنکھوں نہ دیکھ سکنا محاورہ .

سخت ناپسند کرنا ، نفرت کرنا .

روپ سندری کو یہ پھوٹی آنکھوں بھی نہ دیکھ سکتی تھی .

۱۹۲۰ انتخاب لاجواب ، ۶ اگست ، ۶

ــ پھاٹی صف .

ٹوٹی پھوٹی ، شکستہ .

پھوٹی پھاٹی سی چار دیواری اور میدان تھی گڑھی ساری

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰۰۱

ــ (پھوٹی) تقدیر (ــ (و مج) فت ت ، سک ق ، ی مع) امث .

بد نصیبی ، تقدیر کی خرابی .

کوئی لیتا ہی نہ تھا ٹوٹا ہوا دل ہے نظیر
لائے روئے کو ہمیں پھوٹی ہوئی تقدیر کو

۱۹۳۲ ہے نظیر ، کلام ہے نظیر ، ۱۴۳

[پھوٹی + تقدیر (رک)]

ــ سہی (سہیں) انجھی (آندھی) نہ سہیں کہاوت .

آنکھ پھوٹ جائے مگر انجن نہ لگانا ، اس کنجوس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو نقصان سے بچنے کے لئے خرچ نہ کرے (نجم الامثال ؛ جامع اللغات) .

ــ قسمت (ــ کس ق ، سک س ، فت م) امث .

رک : پھوٹی تقدیر .

پھوٹی قسمت اوندھی عقل کی خورشید بہو نے جب دیکھا
کہ یہ آخری وار بھی خالی گیا آلٹے لینے کے دینے پڑے .

۱۹۰۰ خورشید بہو ، ۸۱

[پھوٹی + قسمت (رک)]

ــ کوڑی (ــ و لین) امث .

حقیر ترین رقم .

جیدھر کو ہاتھ ڈالا پائی نہ پھوٹی کوڑی
کی عاشقی تو سر پر ہے اک سڑی سی ٹوپی

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۲۱

ایک پھوٹی کوڑی بھی خرچ نہ ہو گی .

۱۹۰۵ مکاتیب مہدی ، ۲۵۵

[پھوٹی + کوڑی (رک)]

ــ کوڑی نہ ہونا محاورہ .

مفلس ہونا .

میری جھولی میں پھوٹی کوڑی نہیں ، اس کے زیر نگیں دنیا کی آدھی سلطنتیں ہیں .

۱۹۵۶ چنگیز ، ۷۳

ــ نظروں نہ بھانا محاورہ .

رک : پھوٹے دیدوں نہ بھانا .

چھپکا رسی کنجڑیوں کا سا یہ لشکاؤں میں نوج
پھوٹی نظروں چاند خاں بھاتا نہیں جھوسر مجھے ؟

راحت (نوراللغات)

ــ ہانڈی آواز سے ہی پہچانی جاتی ہے کہاوت .

نقص آسانی سے معلوم ہو جاتا ہے (جامع اللغات) .

پُھوٹی (۲) (و مع) صف مث ؛ مذ : پھوٹا .

رک : پھوٹ معنی نمبر ۴ (پلیٹس) .

... پُھوٹی (و مع) صف .

پھوٹنا (رک) سے «ٹوٹی» کے ساتھ بطور تابع مستعمل ؛ نامکمل ، غلط ـاط .

اب تو بہت سے آزری گردنیں بڑھا بڑھا ٹوٹی پھوٹی انگریزی بولنے لگے .

۱۹۷۹ گلگشت ، ۸۲

پُھوٹے (و مع) صف .

پھوٹنا (رک) سے ترکیبات میں مستعمل .

ـ دیدوں نہ بھانا محاورہ .

رک : پھوٹی آنکھ نہ بھانا .

صاحب نچلے بیٹھو ، مجھ کو یہ دھما چوکڑی میں سچ کہوں پھوٹے دیدوں نہیں بھاتی .

۱۸۸۸ طلسم ہوشربا ، ۳ : ۲۲۲

مجھے تو ان کی کوئی ادا پھوٹے دیدوں نہیں بھاتی .

۱۹۳۰ بیگموں کا دربار ، ۲۳

ـ منہ (سے) م ف .

بے دلی کے ساتھ .

حسن خدمت پر اضافہ یا صلہ تو درکنار
ذکر کیا نکلے جو پھوٹے منہ سے اس کے آفریں

۱۸۹۳ دیوان حالی ، ۲۶

اتنے جوگی بھی نہ ہوئی کہ پھوٹے منہ سے شکریہ ہی ادا کرتی .

۱۹۲۹ ناٹک کتھا ، ۲۶

ـ نصیب (— فت ن ، ی مع) اسذ .

رک : پھوٹی تقدیر .

برسے جو مینہ تو باہر اک بوند پھر نہ جاوے
پھوٹے نصیب دیکھو چھپر ملا تو ایسا

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۲۲

[پھوٹے + نصیب (رک)]

ـ نہ ٹوٹے جھوجھورے کرنے سے کیا فائدہ کہاوت .

زیادہ نقصان کی شکایت کے وقت بولتے ہیں .

بس بات کو بڑھا کر پھوٹے نہ ٹوٹے جھو جھورے کرنے سے کیا فائدہ .

۱۹۳۳ گھر گرہستی ، ۱۶۳

پُھوڑ (ضم پھ ، فت و) امث ؛ صف ؛ ~ پھوڑ .

بے سلیقہ ، بے تمیز ، بے ہنر .

خدا نہ کرے جو کسی کی بیٹی سسرال میں جا کر پھوڑ کہلائے .

۱۸۷۴ مجالس النسا ، ۱ : ۷۸

بی بیاں خواہ پھوڑ ہوں بدسلیقہ ہوں بد زبان ہوں لیکن بادہ خوار نہیں .

۱۹۰۶ حکمت عملی ، ۲۱۶

[ہ : پھوڑ फूहड़]

ـ پَن/پنا (— فت پ) اسذ .

بد سلیقگی ، بے ہنری ، بےوقوفی .

ہم مشرقی عورتیں . . . اس فن کو ذلیل جان کر ترک کر رہی ہیں اور پھوڑ پنے کے تحقیر آمیز خطاب کی مستحق ہو رہی ہیں .

۱۹۳۲ مشرقی مغربی کہانے ، ۴۹

[پھوڑ + پن/پنا ، لاحقۂ کیفیت]

پھوڑا (واین) اسذ

رک : پھاوڑا (پلیٹس) .

[ہ : पौड़ा پھوڑا]

پھوڑا (و مج) اسذ .

۱. (جلدی خرابی یا فساد خون کے باعث) جسم پر کا ابھارا جو پک کر اور پھوٹ کر زخم کی شکل اختیار کرے، دمبل، بڑی پھنسی .

اگرچہ اوسے زخم تھوڑا ہوا
و لیکن وو تھوڑا سو پھوڑا ہوا

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۱۳۴

دکھ درد ٹیس جلنا رہ رہ کے پھر لپکنا
پھوڑا ہے دل نہیں ہے تجھ کو سنائیں کیا کیا

۱۷۹۸ میر سوز ، د ، ۷

سوزش دل اور تپک سے اس کے ہوتا ہے یقیں
پکے پھوٹے منہ کرے ایک دن یہ پھوڑا چاہے

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۲۲۶

بالوں میں جوئیں پڑ گئیں یا سر میں پھوڑے پھنسیاں ہیں .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۱۹۱

۲. کسی درخت کا ابھرا ہوا بیرونی حصہ جو کسی بیماری کے سبب سے ہو .

جب درخت کے بیرونی حصہ کی جانب بیماری ظاہر ہوتی ہے تو متاثر حصہ کو پھوڑا کہتے ہیں .

۱۹۰۷ مصرف جنگلات ، ۹۳

[س : स्फोटक سپھوٹکہ]

— بہنا ف مر .

پھوڑے سے مواد جاری ہونا (نوراللغات) .

— بیٹھ جانا محاورہ .

پھوڑے کا مندمل ہو جانا (نوراللغات) .

— پکنا محاورہ .

دنبل کا زرد اور سفید ہو کر نرم ہو جانا ، پھوڑے کا پیپ سے بھر جانا .

دل میں وہ پھوڑا نہیں اپنے کہ پک کر پھوٹ جائے
تو اگر جراح کہتا ہے کہے جا پک گیا

۱۸۴۹ کلیات ظفر ، ۲ : ۲۴

کیفیت اس وقت دونوں کی یہ تھی کہ پھوڑا پکا پکایا تھا ، نشتر دیا اور پھوٹا .

۱۹۱۹ جواہر قدامت ، ۹۱

— پھنسی (— ضم پھ ، سک ن) امث .

جلدی بیماری جس میں چھوٹے بڑے زخم پیدا ہو جاتے ہیں .

روپہلا پھوڑے پھنسی میں مبتلا ہے ، خدا اس کو صحت دے .

۱۸۶۵ خطوط غالب ، ۹۹

کھائیں مٹھائیاں ، آپ منہ سڑے گا ، پھوڑے پھنسیاں نکلیں گی .

۱۹۳۵ دودھ کی قیمت ، ۶۷

[پھوڑا + پھنسی (رک)]

— پھوٹنا محاورہ .

۱. رک : پھوڑا بہنا ، پھوڑے کا پک کر پھٹ جانا اور پیپ جاری ہونا .

میرے پاؤں میں پھوڑے نکل آئے اور پکے اور پھوٹے .

۱۹۰۷ محسن الملک ، مکاتیب ، ۴۰

۲. (مجازاً) بری بات ظاہر ہو جانا .

یہ پھوڑا جو پھوٹا تو اچھا نہ ہوگا
سمجھ بوجھ کر دل دکھانا ہمارا

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۵۸

— ٹپکنا محاورہ .

پھوڑے میں ٹیس ہونا ، زخم میں ٹیس اٹھنا .

پھوڑا ٹپک رہا ہے جگر کا کہیں اسے
اے یاد نشتر مژۂ آبدار چھیڑ

۱۸۷۲ مظہر عشق ، ۷۷

کلیجے میں ٹیس اٹھتی ہے سانس لیتے
ٹپکتا ہوا جیسے ہو کوئی پھوڑا

۱۹۳۸ سریلی بانسری ، ۱۲

— چھیڑنا محاورہ .

پھوڑے میں نشتر دینا ؛ کوئی تکلیف دہ واقعہ بیان کرنا .

انہوں نے اس کے دکھتے ہوئے پھوڑے اس طرح چھیڑے کہ لوگ بلبلا اٹھے .

۱۹۳۵ چند ہم عصر ، ۲۰۲

— رسنا محاورہ .

پھوڑے سے تھوڑا تھوڑا مواد نکلنا .

وہ اشکبار ہوں پھوڑا جو دل کا رستا ہے
پپوٹا بنتا ہے چشم پر آب کا پھوڑا

۱۸۵۴ غنچۂ آرزو ، ۳۰

— لپکنا محاورہ .

پھوڑے میں جلن ہونا ، رک : پھوڑا ٹپکنا .

کلیجہ رشک سے پکتا ہے دل جلتا ہے حسرت سے
ادھر پھوڑا لپکتا ہے ادھر شعلہ لپکتا ہے

۱۸۷۳ عاشق لکھنوی ، د ، ۲۶۴

— نکلنا محاورہ .

پھوڑا پیدا ہونا .

ایک روایت ہے کہ جب ظلم وستم حد سے گزریگا تو انکے منہ میں پھوڑا نکلے گا ، اس سے ہلاک ہونگے .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۶۸۸

پھوڑ ڈالنا ف مر .

رک : پھوڑنا : افشا کرنا ، ظاہر کرنا ، راز کہہ دینا .

پھوڑ ڈالے گا توئی پچتیاوینگا .

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت)

پھوڑ لینا ف مر .

رک : پھوڑنا ؛ کسی کو اس کے ساتھیوں سے الگ کر کے اپنے ساتھ ملانا ، اپنا ہمنوا بنانا .

ایک آدھ کوں رعایت کر کے پھوڑلے اور کسو طرح منصوبہ سے ان میں آپس میں بگاڑ ہو جائے تو سب سے بہتر ہے .

۱۷۳۶؟ قصۂ مہر افروز و دلبر ، ۲۵۶

اس ماما کو بھی میں نے پھوڑ لیا ہے تھوڑی دیر میں اس کو بھی باواتا ہوں .

۱۸۹۰ سیر کہسار ، ۲ : ۳۷۳

جب انھیں پتہ چلا کہ داروغہ جی نے کئی آدمیوں کو پھوڑ لیا ہے تو در پردہ سلسلہ جنبانی کرنے لگے .

۱۹۱۶ بازار حسن ، ۸

پھوڑنا (و مج ، سک ڑ) ف م .

۱. پھوٹنا (رک) کا تعدیہ .

۲. (i) (کسی سخت یا کراری چیز کو) توڑنا ، شکستہ کرنا ، ٹکڑے کرنا .

کہ نیں ہے جیو کسی کا توڑنا خوب
کہ نیں ہے شیشۂ دل پھوڑنا خوب

۱۶۶۵ پھول بن ، ۲۱

سیمرغ کے انڈے اسے ملتے ہیں سو انھوں کوں پھوڑ پھوڑ کر کھاتا ہے .

۱۷۳۶؟ قصۂ مہر افروز و دلبر ، ۷۳

دونا مغرور کر دیا ان کو
پھوڑ دوں آئنہ سکندر کا

۱۸۹۷ خانۂ خمار ، ۲۰

یہ فرہاد جو عمر بھر پتھر پھوڑتا رہا ہے پھوڑتا رہے گا .

۱۹۳۶ آگ ، ۱۳۳

(ii) (جلد والی چیز کا) پھاڑنا ، (ضرب یا ٹکر سے) زخمی کرنا .

پیٹن لاگا داڑی توڑ لوہو نہایا سر منہ پھوڑ

۱۵۰۳ نوسرہار (اردو ادب ، ۶ ، ۲ : ۶۵)

آدمی نے عقل چھوڑیا دیوانہ ہوا اپنا سر اپے پھوڑیا .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۶

آپ میں دیوانہ پھوڑے ڈالتا ہوں اپنا سر
دست نازک سے نہ مجھ پر اے صنم پتھر اٹھا

۱۸۱۶ دیوان ناسخ ، ۱ : ۲۲

اچانک جو سر بے جگہ جھک رہا تھا
اسے آرزو ان کی چوکھٹ سے پھوڑا

۱۹۳۸ سریلی بانسری ، ۱۳

(iii) سوراخ کرنا ، چھیدنا .

سو کے تیراں بار ہیں یا نین تیر انداز کے
جا دل کوں پونچے ہیں مرے سب پھوڑ سینے کا سپر

۱۵۶۴ حسن شوقی ، د ، ۱۵۶

(iv) بگاڑنا ، خراب کرنا .

ساغر مے سے غرض کیا محتسب
پھوڑنے کو میری قسمت ہے بہت

۱۸۹۵ دیوان راسخ دہلوی ، ۷۸

(v) (آنکھ کے ساتھ) اندھا کرنا ، بینائی ضائع کرنا .

آنکھ پھوڑوں گا جو آنسو نظر آیا مجھ کو
کھل کے رونا نہ کہیں اے دل پنہاں میرے

۱۸۶۱ کلیات اختر ، ۸۵۴

(vi) (راز) ظاہر کرنا ، افشا کرنا ، مشتہر کرنا .

جی من میں بات رکھیا تھا چھپا کہ غواصی
سو تج پرت کے خیالاں وو بات پھوڑے سب

۱۶۷۸؟ غواصی ، ک ، ۱۱۵

[س : سپھٹ स्फट]

پھوڑنی (و مج ، سک ڑ) امث .

توڑنے کا ایک آلہ (جامع اللغات) .

[س : سپھوٹنی स्फोटनी]

پھوڑوانا (و مج نیز غم ، سک ڑ) ف م .

پھوڑنا (رک) کا تعدیہ .

نہ دیکھ لیتے انہیں اک نظر جو پیار سے ہم
تو اپنی آنکھیں نہ پھوڑوانے انتظار سے ہم

۱۸۹۶ دیوان شرف ، ۱۵۱

پھوڑی (و مج) امث .

ایک مرض کا نام (ماخوذ : نوادر الالفاظ) .

[پھوڑا (رک) کی تصغیر]

پھوڑے کا منہ (و مج ، ضم م ، مغ) امذ .

پھوڑے میں وہ جگہ جہاں سے وہ پھوٹتا ہے .

تیری فرقت میں گویا منہ بنا رکھا ہے پھوڑے نے
خفا ہے میرے پہلو میں دل ناشاد کیا باعث

۱۸۹۵ دیوان راسخ دہلوی ، ۸۲

ایسا پھوڑا ہن ران یا کوکھ میں منہ کرنے کا رجحان رکھتا ہے .

۱۹۲۴ احشائیات ، ۲۲۳

پھوس (۱) (و مج) ؛ ~ پھونس .

(الف) امذ .

۱. سوکھی ہوئی لمبی گھاس جو اکثر چھپر چھانے میں کام آتی ہے .

تو شعلۂ آتش ہے میں ہوں جوں خس و خاشاک
بس آگ تعجب نہیں گر بھوس جلادے
۱۷۸۵ حسرت جعفر علی ، ک ، ۵۵۲

اول اس نے گھاس بھوس کے مکان بنائے پھر خیمہ و خرگاہ ایجاد کیے .
۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۱۶۷

دروغہ جی کے بھوس کے بنگلے میں لیٹا .
۱۹۳۶ پریم چند ، مضامین ، ۲۹

۲. ہلکا تمباکو ، تمباکو جو کڑوا نہ ہو (فرہنگ آصفیہ) .

۳. (مجازاً) کوئی چیز جو کمزور یا پرانی ہو ؛ فضول چیز (جامع اللغات) .

(ب) صف .

۱. (بڈھا (یا بوڑھا) کا تابع) بہت بوڑھا ، ضعیف (بالعموم سا/سی کے ساتھ) .

چادر و برقع میں خوش قامت بسا ہووے چھپی
کھول کر منہ کو جو دیکھے تو ہے بڑھیا بھوس سی
۱۸۰۱ باغ اردو ، ۲۳۹

گاؤں کا رئیس بالکل بڈھا بھوس ہوگیا ہے .
۱۹۰۷ شعر العجم ، ۲ : ۳۸

۲. (مجازاً) جلد جل جانے والا (نوراللغات) .

[س : وش بِھُوس]

ـــ کا بُولا (ـــ و مع) صف .

کمزور اور بےوقوف (جامع اللغات) .

ـــ کا تاپنا محاورہ .

تھوڑی دیر آرام کرنا ؛ بے بنیاد کام کرنا ؛ کمینے سے فائدے کی امید رکھنا (نوراللغات ؛ پلیٹس) .

ـــ میں چنگاری ڈالنا محاورہ .

رک : بھس میں چنگاری ڈالنا (نوراللغات ؛ پلیٹس) .

ـــ ہونا محاورہ .

بہت بوڑھا ہونا .

اس وقت وہ بڈھا تھا اور اب تو اور بھی بھوس ہوگیا ہے .
۱۸۸۸ سوانح عمری امیر علی ٹھگ ، ۵۹۲

بھُوس (۲) (و مع) امذ .

رک : بوس (پلیٹس) .

[ہ : بھوس]

بھُوسرا/بھُوسڑا (و مع ، سک س) امذ ؛ ـــ بھونچڑا ، بھونسڑا .

۱. (i) ریشم ، لکڑی ، کاغذ یا کپڑے کا ریشہ ، ریشہ جو دھاگے کے بٹ کھل جانے کی وجہ سے سرے پر نکل آتا ہے .

جنوں میں اب تو دھجی سا بدن ہے
اگر ہے بھی تو کوئی بھوسڑا ہے
۱۸۷۸ سخن بے مثال ، ۱۳۱

کٹائی صفائی سے ہو ورنہ بھوسڑے نکلے ہوئے بد زیب معلوم ہوں گے .
۱۹۳۸ کتاب العلم ، ۱۳۱

(ii) پھل کے اوپر کا باریک بال (جامع اللغات) .

۲. (تحقیر سے) اولاد ، بچہ .

خیر سے ہیں کون سے سینکڑوں بچے ، لے دے کر ایک بھوسڑا اللہ نے دیا ہے .
۱۹۳۹ ریزۂ مینا ، ۵۱۳

۳. کوڑا کرکٹ ؛ چیتھڑا پوتڑا ؛ حقیر لباس ، لنگوٹی (پلیٹس) .

[फ़ालतू/फ़ालतो : بھوسرا/بھوسڑا]

ـــ دینا محاورہ .

قلم لکڑی کاغذ یا کپڑے وغیرہ کا ریشہ نکل آنا .

شوستری قلم . . . صفحے کے صفحے کھینچ ڈالے کیا مجال جو نوک چوڑی ہو یا گھسے یا بھوسڑا دے .
۱۹۳۲ 'اودھ پنچ' لکھنؤ ، ۱۷ ، ۳ : ۶

بھُوسکا (و مج ، سک س) امذ .

چھالا ، پھنسی ؛ سوجن ، ابھار ؛ کوئی پھولی یا ابھری ہوئی چیز (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[ہ : بھوسکا]

بھُوسلانا (و مع نیز غم ، سک س) ف م (قدیم) .

رک : بھسلانا .

بہر حال بھوسلا چلالے اونے سجایا اوسے ایک جنگل منے
۱۶۳۵ مینا ستونتی (ق) ، ۳۶

بھُوسی (و مع) امث .

بھوسا ، سبوس ، کوڑا کرکٹ ؛ جھوٹی بات ، بے بنیاد قول (نوراللغات ؛ شبد ساگر) .

[رک : بھوسی]

... بھُوسی (و مع) امث .

آہستہ بولنے سرگوشیاں کرنے چپکے چپکے کان میں باتیں کرنے کی حالت ، کانا ، کان (رک) کے ساتھ بطور جزو دوم مستعمل .

منافق مسلمانوں کے ڈر سے کھل کر تو کچھ نہ کہتے مگر کانا پھوسی یا اشاروں سے کام لیتے .

۱۷۹۰ ترجمۂ قرآن مجید ، شاہ عبدالقادر ، ۵۲۵

قاعدہ یہ ہے کہ بادشاہ کے دربار میں کانا پھوسی نہ کرے .

۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۲۵۲

اگر کانا پھوسی کے طور پر آہستہ آہستہ بولے تو بھی سنائی دیتی ہے .

۱۹۲۰ مسماع الصدر ، ۲۵

[رک : پُھس (حکایت الصوت) سے]

پُھوک (۱) (و مع) امذ .

ایک قسم کا پشمینہ (آئین اکبری ، ۱ : ۱۸۱) .

[؟]

پُھوک (۲) (و مع) امث .

رک : پھونک .

حنیف شاہ کوں حضرت گلے لائے کر
لگے پھوک پڑنے زخم کے اوپر

۱۶۸۱ جنگ نامہ سیوک (عکسی) ، ۱۸۳

ارے پپیہا باورے آدھی رین مت کوک
دھیرے دھیرے سلگتی تو کیوں دینی پھوک

۱۸۷۲ محامد خاتم النبیین ، ۱۹۲

ہلکا پتا پھوک سے کوسوں دور جائے .

۱۹۲۸ پس پردہ ، ۲۳

پھوک (۱) (و مج) امث .

۱. **کسی چیز کا ست رس یا گودا نکال لینے کے بعد جو خشک مادہ رہ جاتا ہے ، فضلہ ، سفل .**

جیسے کوئی . . . ایکھ میں سے رس کو چوس کر پھوک کو پھینک دیتا ہے .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۴ : ۱۳۷

چبائے ہوئے دانوں کا پھوک دوسری تشتری میں پڑا تھا .

۱۹۳۴ نقش و نگاش ، ۱۵۰

۲. (i) **میٹھا ہد ذائقہ یا بے گھی کا کھانا** (نوراللغات) .

(ii) **ایسا سن رسیدہ جو بہت کم زور اور ناتواں ہو .**

یونیورسٹی ہال سے نکلے تو نڈھال . . . گویا کسی نے پکڑ کر مست کھینچ لیا نرے پھوک رہ گئے .

۱۹۲۴ دیوان بشیر ، دیباچہ ، ۶

۳. (مجازاً) **بے مصرف اور فاضل شے .**

مولوی مستجاب کی تقریظ لب لباب اور نفس کتاب پھوک .

۱۸۹۱ ایامیٰ ، ۶۸

جو پھر کر آیا نکما پھوک کسی کام کا نہ رہا .

۱۹۰۳ مکاشفات آزاد ، ۵

[س : अपस्कर : اپسکرہ]

پھوک (۲) (و مج) .

(الف) صف .

۱. **رس یا اثر نکلا ہوا ، نچڑا ہوا .**

جوش کا پانی پھینکنے سے مقوی تاثیر نکل کر پانی میں چلی جاتی ہے اور کھانے کے لیے پھوک . . . رہ جاتا ہے .

۱۹۰۶ نعمت خانہ ، ۲۹

۲. **خالی ، کھوکھلا ، تھوتھا ؛ بے وزن ، ہلکا ، نرم ، ملائم ؛ سادہ ، صوفیانہ** (جامع اللغات) .

(ب) امث .

کھوکھلا پن ، خلا ، جوف ؛ تیر کی چٹکی ، سوفار (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[ہ : پھوک फोक]

پھوک (۳) (و مج) صف .

(دلالی) چار .

پھوک آنہ (= چار آنے) .

۱۸۴۵ مجمع الفنون (ترجمہ) ، ۲۳۳

[مقامی]

— اوبن (و مج ، کس ب) امذ .

(دلالی) چار روپے (مجمع الفنون (ترجمہ) ، ۲۳۳) .

[مقامی]

پھوکا (و مج) صف مذ ، ؛ مث : پھوکی .

ہولا ، اندر سے خالی (مجوف) ؛ نرم ، ملائم ، ہلکا ، سبک .

اس کے مکوں میں نہ کوئی آسودگی تھی اور نہ جسمانی راحت ، پھوکے پھوکے بچوں والے ہاتھ .

۱۹۶۸ 'فنون' اپریل ، ۴۰

[ہ : پھوکا फोका]

پھوکٹ (و مج ، فت ک) صف .

۱. **مفت ، بغیر قیمت یا عوض کے (بیشتر کا ، کی اور میں کے ساتھ) .**

ہے سب کوں لالچ شکر ادھر کا چکھن و لیکن پھوکٹ نہ مل سی

۱۶۶۹ دیوان شاہ سلطان ثانی ، ۹۷

۲. **مفلس ، فلاح .**

ایسا کون بھی مرشد باج ٹھاری میری نہ بات
میں سو کوں بیچارن مج پھوکٹ آوے بات

۱۴۴۰ شمس العشاق ، ۳۲

۳. **بیکار ، ناکارہ (شے یا فرد) ؛ نکما ، نالائق** (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[ہ : پھوکٹ फोकट]

ــ کا م ف .

بے قیمت ، مفت کا .

اتنا وقت بھوکٹ کا تو نہیں تھا .

۱۹۲۷ 'اودھ پنچ' لکھنؤ ، ۱۲ ، ۲۶ : ۹

ــ میں م ف .

مفت میں ، بلا معاوضہ .

دل کا سودا ہوا تھا ہوسے ہر تم نے لی میری جان بھوکٹ میں

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۵۶

غرضکہ موٹر بھوکٹ میں رکھ چھوڑی ہے .

۱۹۵۳ ہیر نا بالغ ، ۷

بھوکَر (و مج ، فت ک) امذ .

عقلمند ، ہوشیار ، نوجوان (پلیٹس) .

[ہ : भूकर بھوکر]

بھوکَر مُول (و مج ، فت ک ، سک ر ، و مع) ؛ ~ بھکر مول .

رک : **بشکر مول** (ماخوذ : خزائن الادویہ ، ۳ : ۱۰۵) .

بھوکَڑ (و مج ، فت ک) امذ .

رک : **بھوک** (پلیٹس) .

[س : अपस्कर اپسکرہ]

بھوکَس (و مج ، فت ک) امذ .

رک : **بھوک** .

ہکے آڑووں کو مل کر پانی لے کر رات کو رہنے دیں تا کہ اس کا بھوکس تلے بیٹھ جائے .

۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، ۱ : ۳۶۳

[ہ : भूकस بھوکس]

بھوکَل (و مج ، فت ک) صف .

۱. **کھوکھلا ، خالی .**

اس کے بات میں ایک موٹی لکڑی تھی ، اسے بھوکل کیا ہور اس میں چھپا ڈالیا .

۱۷۶۵ دکھنی انوار سہیلی ، ۳۹۶

اس گانٹھی کے اطراف ایک بھوکل بند پٹی ہے جس میں چکناٹ . . . نامی روغن بھرا ہے .

۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۱۰

۲. **کھُکّل ، مفلس (نوراللغات) .**

[ہ : भूकल بھوکل]

ــ گَٹّا (ــ فت گ ، شد ٹ) امذ .

ربر کی کھوکھلی نلی .

انڈین ربڑ کا بھوکل گٹا لے کر رحم کی نالی کے اندر رکھنا .

۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۲۰۳

[بھوکل + گٹا (رک)]

بھوکَلا (۱) (و مج ، سک ک) صف مذ ؛ مث : بھوکلی .

نرم ، پولا ، اندر سے خالی ، کُھکّل .

اس لیے کہ وہ زمین بھوکلی اور متخلخل ہو جاتی ہے .

۱۸۶۵ رسالہ علم فلاحت ، ۳۳

[ہ : भोकला بھوکلا]

بھوکَلا (۲) (و مج ، سک ک) امذ .

(دلالی) چودہ .

بھوکلا آنے (= چودہ آنے) .

۱۸۴۵ مجمع الفنون (ترجمہ) ، ۲۳۳

[مقامی]

ــ آنے اَکّلا (ــ فت ا ، سک ک) امذ .

(دلالی) **ایک روپیہ چودہ آنے** (مجمع الفنون (ترجمہ) ، ۲۳۳) .

[مقامی]

بھوکَلا (۳) (و مج ، سک ک) امذ .

کسی پھل وغیرہ کے اوپر کا چھلکا (شبد ساگر) .

[س : वल्कल ولکل]

بھوکَن (و مع ، فت ک) امث (قدیم) .

رک : **بھونک** .

سرافیل کی ایک بھوکن منے
اوٹھینگے اس خواب کے سب جنے

۱۶۴۵ قصہ بے نظیر ، ۶۳

ــ ہارا صف (قدیم) .

بھونکنے والا .

اہر لیایا سینے تے دم کرہ نانے
بھوکن ہارے کا دم کیا بند نانے

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۱۲۰

اسے کوئی بھوکن ہارا ہوا تو بھی تھوڑا گسپت اوس کے اوپر ڈالنا .

۱۷۶۴ چہ سر یار ، ۶۵

[بھوکن + ہارا ، لاحقۂ صفت]

پھوکنا (۱) (و مج ، سک ک) ف م .

۱. رک : پھونکنا .

سو اس مکھ تے جان لگ جو پھوکے جلے
کچا ہور سکا اس تے مل کر جلے

۱۶۴۵ قصہ بے نظیر ، ۷۳

بچنے سے اس لب جاں بخش میں اعجاز تھا
ہر اڑانے کو اگر پھوکا کبوتر بن گیا

۱۸۷۲ عاشق ، فیض نشان ، ۷

اس کو جب تک پھوکو گے نہیں وہ آگ اس کوئلے میں مشتعل نہوگی .

۱۹۰۵ سائنس و کلام ، ۷۳

۲. (ہندو) ارتھی میں آگ لگانا .

مردہ اب یہاں نہیں پھوکا جاتا .

۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۶ : ۱۰

۳. آیت قرآنی یا کوئی دعا ، منتر وغیرہ پڑھکر دم کرنا ، زبان میں تاثیر ہونا .

سو یاقوت و الماس ہور پاچ کے
کرے پوک سو پھوک جیوں کاچ کے

۱۵۶۴ حسن شوقی ، د ، ۱۱۲

بزاں ہاتھ ہر اپنے شہ پھوک کر
پھرایا مرے پیٹ اور پیٹھ پر

۱۷۷۱ ہشت بہشت ، ۵ : ۶۹

۴. اندر ہی اندر جلانا ، گرمی کا احساس کرنا .

پھوکے دیتی ہے مجھے گرمی مے اے ساقی
اشک آنکھوں میں ہے آتش پنہاں کیا کیا

۱۸۷۸ آغا ، د ، ۱۸

پھوکنا (۲) (و مج ، سک ک) امذ (قدیم) .

رک : پھُکنا .

پھوکنے کی گردن میں تخریش ہوتی اور ساتھ اس کے چلنے کی ناطاقتی کی بیماری .

۱۸۴۸؟ اصول فن قبالت ، ۵۳

پھوکنی (و مج ، سک ک) امث .

رک : پھُکنی .

بھٹی کی پھوکنیاں پھوکیا ہوں دل سوں
اسی تے ہیں تیرے نیناں پر افسوں

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۱۸۹

پھوکنے کے نہ پھانکنے کے ، ٹانگ اٹھا کے تاپنے کے نکموت .

خود غرض کی نسبت بولتے ہیں (نجم الامثال ، ۱۳۰) .

پھوکہ (و مج) امذ ؛ ~ پھوکہ .

رک : پھوک .

سالک عارف عاشق لوک
وصال ہن یہ سارے پھوکہ

۱۵۸۲ رموز الواصلین ، ۱۰

وہ یہ فرمایا کرتے تھے کہ میرا سالن پھوکہ ہے اور شعار خوف اور پوشاک اون .

۱۸۶۴ مذاق العارفین ، ۳ : ۲۳۹

پھوکی (و مج) امث .

نرم زمین جس میں ہل آسانی سے چل سکے (جامع اللغات) .

[پھوک (رک) + ی ، لاحقۂ صفت]

پھوگ (۱) (و مج) امذ .

رک : پھوک .

میووں کی آبداری اور شادابی کا یہ عالم ہے کہ منہ میں ڈالو تو شربت ہوئے جاتے ہیں ۔ پھوگ کا نام نہیں .

۱۸۸۷ سخندان فارس ، ۲ : ۱۹۹

پھولوں میں سے جب بیج نکال لیا جائے تو باقی کھوکھر نما پھوگ میں بھی کافی خوراک کے لئے بہت عمدہ اجزا ہوتے ہیں .

۱۹۷۴ زراعت نامہ ، جون ، ۱۷۳

پھوگ (۲) (و مج) امذ .

ایک درخت جس کی لکڑی استعمال ہوتی ہے .

نچلی سطح کے میدانوں میں پھوگ . . . کے درخت کثرت سے ملتے ہیں .

۱۹۶۹ پاکستان کا حیوانی جغرافیہ ، ۶۴

[مقامی]

پھُوگانا (و مج) ف م .

پھُلانا ، سُجانا .

ایسی دوایاں انتڑیوں کو اشکالتے اور پھوگاتے ہیں .

۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۱۹۵

[؟]

پھوگٹ (و مج ، فت گ) صف (قدیم) .

رک : پھوکٹ .

چلتی کا تو نیم نوھی ای توشا پھوگٹ کھایا
اس دھات عمر خرچ کیا سب آخر پھر پچتایا

۱۵۹۱ جانم ، وصیت الہادی (ق) ، ۳۲/۳

پھُوگنا (و مج ، سک گ) ف ل (قدیم) .

پھولنا ، کھلنا ، شگفتہ ہونا ، (مجازاً) نہایت خوش ہونا .

پھو گیا پور آیا رگے رگ پراں
بڈھا ڈھونگ تھا سو ہوا پھر جواں

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۱۷۶

[؟]

پھُول (۱) (و مع) .

(الف) اسم .

۱.(i) پودے کا تناسلی عضو جس میں ایک یا ایک سے زیادہ پتیاں ہوتی ہیں ، پودے کا رنگین (سبز کے علاوہ) حصہ جو بعد میں تخم یا پھل کی شکل اختیار کرلیتا ہے ، گل ، کسم . گل ، پھول .

۱۴۳۳ بحر الفضائل ، بلخی (مقالات شبرانی ، ۱ : ۱۱۹)

سب پھولاں کی باس میں سہکار مجھ پھول کا نہیں
لذت اس جھلکار کا جیبا ہے مجھ من میں عجب

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۲۹۴

پھول اے بلبل نہ پھولوں پر دو روزہ ہے بہار
ایک جھونکے میں ہوا سب رنگ و بو جائے گا

۱۸۷۲ مرآۃ الغیب ، ۹۷

پجاری جب مندر میں اپنی مورتیوں پر پھول چڑھاتا ہے تو وہ پھول اس کی انکسار عبودیت کا مظہر ہوتے ہیں .

۱۹۲۲ نقش فرنگ ، ۱۸

۲. پھل پھوٹے جو کھڑے پر کاڑھے جاتے یا بنائے جاتے ہیں .

اپنی قبائے اطلسی چاک ہی کیوں گلوں نے کی
پھول نظر پڑا کوئی یار کے جامہ وار کا

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۸

۳. چنگاری ، شرارہ ، پھنگا .

رنگیں نہ ہو جو خون دل داغدار سے
تلوار سے تری نہ جھڑے پھول سان پر

۱۸۰۱ جوشش ، د ، ۵۷

آتش بازی کے پھول تو آپ نے ضرور سنے ہونگے .

۱۹۱۱ محاکمۂ مرکز اردو ، ۲۳

۴. چراغ کی جلتی ہوئی بتی پر پڑے ہوئے گول دہکتے دانے جو اُبھرے ہوئے معلوم ہوتے ہیں ، گل (رک) .

جھونکا ادھر نہ آئے نسیم بہار کا
نازک بہت ہے پھول چراغ مزار کا

۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۲۸

اے داغ روشنی ہے خدا داد طبع میں
بجھتے نہیں ہیں میرے چراغ سخن کے پھول

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۳۲

۵. (مسلمان) مردے کی تیسرے دن کی فاتحہ جس میں پھول اٹھائے جاتے ہیں ، سوم ، تیجا (ان معنوں میں فعل جمع میں آتا ہے) .

الم سے اس کے سب آل نبی ملول ہوئے
علی کے تیجے کے ساتھ اس ولی کے پھول ہوئے

۱۸۳۱ مراثی دلگیر ، ۶۵

غمی میں حاضری ، پھول ، دسواں بیسواں وغیرہ سب اس کے ہاں ہوتا ہے .

۱۹۴۳ احیاء ملت ، ۵۴

۶. (ہندو) مردے کی جلی ہوئی ہڈیاں (راکھ) جو گنگا یا کسی اور دریا میں بہانے کے واسطے لے جائی جاتی ہے .

ہندوؤں میں پھول مردے کی جلی ہوئی ہڈیوں کو کہتے ہیں جو تیسرے روز مرگھٹ سے چن کر گنگا جی لے جانے کے واسطے جمع کرتے ہیں .

۱۹۰۵ رسوم دہلی (سید احمد) ، ۱

یارب نہ دفن کر کے احباب بھول جائیں
لے کر ہمارے خوش خوش گنگا کو پھول جائیں

۱۹۱۰ خمکدۂ سرور ، ۴۳

۷. دو آتشہ شراب .

آئی بہار تشنہ مے ہوں پلادے پھول
اے مے فروش پڑ گئے کانٹے زبان میں

۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۱۱۴

ساقی یہی تو پھول پلانے کا وقت ہے
مے خوار باغ باغ ہیں آمد گھٹا کی ہے

۱۹۱۵ جان سخن ، ۱۱۹

۸. پیتل وغیرہ کی گھنڈی جو زیبائش کے لئے چھڑی یا کواڑ کے جوڑ وغیرہ پر جڑی جائے ، گلدار کیل .

(پیتل) عموماً قفلوں ، دروازوں ، دستیوں ، قبضوں ، پیچوں ، پھولوں اور گردانکوں . . . کے کام آتی ہے .

۱۹۴۸ اشیائے تعمیر ، ۱۳۹

۹. کوڑھ کے سفید یا لال داغ جو پھلوری بھی کہلاتے ہیں.

برص یا کوڑھ کے دھبے . . . کو بھی پھول کہتے ہیں .

۱۹۱۱ محاکمۂ مرکز اردو ، ۲۴

۱۰. کسی چیز کا ست ، جیسے اجوائن کا پھول (شبد ساگر) .

۱۱. (عو) اول دفعہ کا خون حیض ، رج ، حیض (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

۱۲. سوکھے ہوئے ساگ پھنگ یا تمباکو وغیرہ کے پتے .

مجال ہے کبھی چھالیہ میں زردے کا ایک پھول تو پڑ جائے .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۴۴

سوکھی مٹھی کے دو پھول ڈال دینے سے مچھلی کی بو اڑ جاتی ہے .

۱۹۱۱ محاکمۂ مرکز اردو ، ۲۴

۱۳۔ (i) کسی پتلی چیز کو جما کر سکھائے ہوئے ذرّے ۔
سیاہی پھیکی ہے دو پھول اور ڈال دو ۔
۱۹۱۱ محاکمۂ مرکز اردو ، ۲۴

(ii) (پھول کی شکل کی) پانوں کی کترنیں ۔
کہو بلبل سے کہ منقار کی لائے مقراض
پھول پانوں کے لیے ہیں وہ کترنے والے
۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۲۱۴

۱۴۔ جست تانبے اور پیتل کی ملی جلی دھات ، (بھرت ، سونا چاندی) کانسی ، عوج ، گھڑیالی دھات ، کچدھات ۔
نجیب آباد میں پھول کے برتن . . . اچھے بنتے ہیں ۔
۱۸۸۳ جغرافیۂ گیتی ، ۲ : ۳۶
کانسی دھات کو بھی پھول کہتے ہیں ۔
۱۹۱۱ محاکمۂ مرکز اردو ، ۲۴

۱۵۔ (i) (مجازاً) نشتر کی نوک ۔
جوش سودا ہے خزاں میں فصد میری لی اگر
جھڑ گیا ہے پھول دم میں نشتر فصاد سے
۱۸۸۰ قلق (نوراللغات)

(ii) وہ ہلکی سی دردراہٹ جو سان رکھنے کے بعد استرے وغیرہ کی دھار پر پیدا ہو جاتی ہے (ماخوذ : مہذب اللغات) ۔

۱۶۔ پیتل کا نشان جو ڈھال پر ہوتا ہے ۔
کوئے قاتل میں ہے چن کی سیر
ڈھال کا پھول تیغ کا پھل ہے
۱۸۶۶ فیض ، د ، ۳۸۵
خوں کی شفق ہے تیرہ دروں کو بہار باغ
لاتا ہے تیغ تیز کا پھل پھول ڈھال کا
۱۹۰۰ دیوان حبیب ، ۳

۱۷۔ (مجازاً) بچہ دانی ، رحم (شبد ساگر) ۔

۱۸۔ گھٹنے کی گول ہڈی ، چپنی (ماخوذ : شبد ساگر) ۔

۱۹۔ متھانی (وہ ظرف جس میں دھی دودھ وغیرہ بلوتے ہیں) کے آگے کا حصہ جو پھول کی شکل کا ہوتا ہے جس سے انڈیلنے میں آسانی رہتی ہے (شبد ساگر) ۔

۲۰۔ رک : پھُلّی (آنکھ کی) ۔
زبان حال سے یوں کوستی رہی سوسن
کہ تیری آنکھوں میں دایم ہو پھول کا مسکن
۱۹۰۸ مخزن ، ۱۵ ، ۲ : ۶۷

۲۱۔ (پھول کی شکل کا) گھنا (جو کان میں پہنا جاتا یا ماتھے پر لگایا جاتا ہے) ٹوپس ، ٹیکہ ۔
پھول اس نے اپنے کان کا شب غیر کو دیا
ہاتھوں سے اس کے کھائیں گے ہم کل علی الصباح
۱۸۱۳ پروانہ ، ک ، ۱۹۲

۲۲۔ (مجازاً) بچہ (لڑکا یا لڑکی) ۔
وہ میں ہوں جس نے آپ کے پھول کو خاک میں ملایا ۔
۱۹۲۹ وداع خاتون ، ۱۵

۲۳۔ پھول کی شکل کا نقش یا نشان ۔
جہاں دیوان غزلیات ختم ہوتا ہے ، پھول بنا ہوا ہے ۔
۱۹۶۶ مقدمہ کلیات ذوق ، ۳۴

۲۵۔ تاش کے چار رنگوں میں سے ایک رنگ ، چڑی (مہذب اللغات) ۔

۲۶۔ ایسا گھوڑا جس کے پٹھوں یا دوسرے اعضا پر سفید داغ ہوں ، پھولا (ماخوذ : رسالہ سالوتر ، ۲ : ۳۰) ۔

۲۷۔ (طب) تصعید (Sublimation) وہ عمل ہے جس کے ذریعہ ایک ٹھوس کو پہلے آنچ کے ذریعہ بخار بنایا جاتا ہے اور پھر اس بخار کو ایک دوسرے برتن کی سطح پر ایک جماؤ کے طور پر منکشف کیا جاتا ہے خواہ یہ ایک تودہ کی شکل میں ہو ، جب کہ اس کو مصعد . . . کہا جاتا ہے . . . خواہ باریک سفوف نما حالت میں ہو ، جس کو پھول (Flowers) کہتے ہیں جیسے آنولہ سار گندھک (Flowers of sulphur) (علم الادویہ ، ۱ : ۱۸) ۔

۲۸۔ پھول کی شکل کے سونے چاندی کے ورق جو بادشاہوں اور دولھاؤں پر نچھاور کرتے ہیں (ماخوذ : نوادرالالفاظ ، ۱۲۶) ۔

۲۹۔ لوہے کا چھلا جو دھرے یا کسی سوراخ میں لگا ہوتا ہے ؛ سوراخ دار نٹ ۔
فولادی خراد شکنجہ . . . ایک فولادی پش یعنی پھول میں گھومتا ہے ۔
۱۹۴۸ انجینیری کارخانے کے چالیس عملی سبق ، ۷۸

۳۰۔ کاغذ یا کپڑے کا گل ؛ فیتوں کا گچھا ، فیتہ جو ٹوپی یا کوٹ کے بٹن میں لگایا جائے ؛ کپڑا جو گوشت یا زخم میں پڑ جائے ؛ نمک شورے وغیرہ کا سفوف جو دیوار پر جم جاتا ہے ، نونی ؛ سوجن (جامع اللغات) ۔

۳۱۔ (چوروں کی اصطلاح) کوئی پوشیدہ اور سنسان جگہ جسے چوری کے مشورے کے لیے جمع ہونے کو منتخب کر کے وہاں کوئی علامت بطور نشانی بنادی ہو ۔ عام طور سے کوئی پھول بنا دیا جاتا ہے اور یہی علامت وجہ تسمیہ ہے (ا پ و ، ۸ : ۱۷۹) ۔

(ب) صف ۔
ہلکا ، سبک ۔
نظروں میں تولتے ہیں اسی وجہ سے انھیں
ہوتے ہیں عضو عضو بت نازک بدن کے پھول
۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۳۱

[س : پھُولن फूलन]

— اپنے ہی باغ میں خوب کھلتا ہے کہاوت .

شگفتگی اور مسرت دلی اپنے ہی ہم جنسوں سے خوب ہوتی ہے (نجم الامثال) .

— اتارنا محاورہ .

پھول اترنا (رک) کا تعدیہ (جامع اللغات) .

— اترنا محاورہ .

پودے سے پھولوں کا چنا جانا ؛ شاخ سے پھولوں کا ٹوٹنا یا جھڑنا .

جذب لحد کہاں گل باغ جناں کہاں
کس کس جگہ چڑھے ہیں کہاں سے اتر کے پھول

۱۸۶۷ رشک (نور اللغات)

— اٹھانا محاورہ .

فاتحہ سوم میں شرکت کرنا (سوم کے روز لوگ ایک ایک پھول پر سورہ فاتحہ پڑھ کر ایک کشتی میں رکھتے جاتے ہیں پھر یہ پھول مردے کی قبر پر چڑھائے جاتے ہیں) .

پاس ادب سے پھول اٹھاتا نہیں کوئی
ناحق شریک تیجے میں وہ گلبدن ہوا

۱۸۷۳ کلیات منیر ، ۳ : ۲۰۳

بعد مرگ اس نے اٹھائے میرے پھول
مجلس ماتم میں شرکت ہو گئی

۱۹۱۰ خوبی سخن ، ۸۲

— اٹھنا محاورہ .

سوم کی فاتحہ کا ختم ہونا ؛ فاتحۂ سوم ہونا .

دیا جب پھول تو نے ہجر میں پھول اٹھ گئے میرے
مرا تل ہو گیا سنتے ہی قلقل کی صدا ساقی

۱۸۷۳ کلیات قدر ، ۲۸۰

— اٹھوانا محاورہ .

پھول اٹھانا (رک) کا تعدیہ .

نہ پڑھیں فاتحہ نے پھول مرے اٹھوائیں
ہاں مگر آخری دیدار تو دکھلا جائیں

۱۸۶۴ واسوخت رعنا (شعلۂ جوالہ ، ۲ : ۲۵۷)

— آملہ (— ـمک م ، فت ل) امذ .

ایک قسم کی گھاس (جامع اللغات) .

[پھول + آملہ (رک)]

— آنا محاورہ .

۱. درختوں میں پھول لگنا (نور اللغات) .
۲. حیض آنا ، عورت کا بالغ ہونا (نور اللغات) .

— آئے ہیں تو پھل بھی آئے گا کہاوت .

(پھل آنا = بچہ جننا ، اولاد والی ہونا) عورتیں آپس میں دوسری سے اولاد عورت کی تسلی کے لیے کہتی ہیں (نجم الامثال ؛ نور اللغات) .

— بار امذ .

پھول اور پھل .

سو یوں کچھ وہاں پھول بار آئے تھے
سبز پوش ڈالیاں پہ جھلکائے تھے

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۱۴

[پھول + بار (رک)]

— باڑ امذ (قدیم) .

پھلواری ، گلشن .

تج زلف ات کھبالے دستے ہیں خط پہ یوں جیوں
پھول باڑ میں کنڈل کھا ماری زہر پڑیا ہے

۱۶۷۹ دیوان سلطان شاہ ثانی ، ۹۴ الف

[پھول + باڑ (رک)]

— باڑا امذ .

رک : پھول باڑ .

جو یک دیس نکل میں سحر گاہ کر
چلیا پھول باڑے کدن خیال دھر

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۱۴

[پھول + باڑا (رک)]

— باڑی امث .

رک : پھول باڑ .

کیتک دیس نا پاے یک قطرہ آب
ہو یاں ہیں جتی پھول باڑیاں خراب

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۲۹

[پھول + باڑی (رک)]

— باغ امذ .

رک : پھول باڑ .

انکھاں تیریاں نرگس ہیں روشن چراغ
کھلیا ہے ترے تن کا ہو پھول باغ

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۴۲

[پھول + باغ (رک)]

— باغ ہی میں خوب کھلتا ہے کہاوت .

رک : پھول اپنے ہی باغ الخ (جامع اللغات) .

— بالیاں (— کس نیز سک ل) امث .

ایک زیور کا نام ، جو کان میں پہنتے ہیں (مقالات ، شیرانی ، ۲ : ۲۱) .

[پھول + بالیاں ، بالی (رک)]

— بجھنا محاورہ .

شرارہ بجھنا .

اے داغ روشنی ہے خدا داد طبع میں
بجھتے نہیں ہیں میرے چراغ سخن کے پھول

۱۹۰۵ داغ (نوراللغات)

— برسانا محاورہ .

۱. (اظہار عقیدت کے طور پر) پھولوں کی بارش کرنا ، پھول نچھاور کرنا ؛ بہت زیادہ تعظیم و تکریم بجا لانا .

عرق انفعال پیشانی سے ٹپک ٹپک کر سر پر سہرا باندھتا ہے اور خوں چکاں آنسو پھول برساتے ہیں .

۱۹۲۰ روح ادب ، ۱۵۴

۲. رنگینی و شگفتگی بخشنا ، پر بہار بنانا .

معلوم ہوتا ہے کہ شگفتہ مزاج . . . شخص ہوگا . . . شوخی اور ظرافت اس کے کلام پر پھول برساتی ہونگی .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۲۷۷

تصور کی نیرنگیاں کیا کہوں
جدھر دیکھئے پھول برسا گئیں

۱۹۴۶ اختر ستان ، ۶۸

۳. شیریں زبانی سے کلام کرنا ، دلاویز باتیں کرنا .

جو برسائیاں پھول تج لب تے رات
سو کیا ذوق تھا تج کنا سچ یو بات

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۱۲۹

جس کی باتیں ابراہیم ، اسمٰعیل اور اسحاق جیسے نبیوں کی زندگی کے پھول برسا رہی تھیں ، خواب کی کیفیت سن کر خاموش ہوا .

۱۹۳۶ قرآنی قصے ، ۵۸

— بسانا محاورہ .

۱. (ہمیشہ پھلیری) خوشبودار پھولوں میں کسی چیز کو خوشبودار بنانے کے لیے رکھنا (گندیوں کی اصطلاح میں تلوں کو خوشبودار پھولوں میں رکھنے کے لیے بولا جاتا ہے اس عمل سے تلوں کا تیل خوشبو دار ہو جاتا ہے جو سر کے بالوں میں لگانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے) (ماخوذ : ا پ و ، ۴ : ۱۰۹) .

۲. شراب پلا کر مست کر دینا .

تورے میخانے سے نکلیں تو مہکتے نکلیں
پھول سے جامۂ ہستی کو بسا دے ساقی

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۱۶

— بکھیرنا محاورہ .

کیف و لطافت پھیلانا .

حارثہ ، موسیقی کے پھول مجلس میں بکھیرتی تو مجمع معطر ہوتا .

۱۹۳۶ ستونتی ، ۱

— بن (— فت ب) امذ .

رک : پھول باڑ .

توں پھل پھور ہے ٹھانو تج پھول بن
توں سرو اور جاگا ہے تیرا چمن

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۴۴

تجھ رخ کا رنگ دیکھ خجل ہے چمن میں گل
جلتا ہے سوز رشک سوں ہر پھول بن میں گل

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۳۱۳

پھر لگی ہر دل میں اک تازہ لگن
لہلہایا حسرتوں کا پھول بن

۱۹۵۸ تار ابراہن ، ۱۶۹

[پھول + بن (رک)]

— بنیا (— فت ب ، سک ن) امث .

عمدہ قسم کا چاول ، چاول کی ایک قسم .

لایا جب داؤد خانی بانس پھول
پھول پھیرے پھول بنیا پھول پھول

۱۸۳۷ مثنوی بہاریہ ، ۱۶

[پھول + بنیا (؟)]

— بوٹے (— و مع) امذ .

۱. پھول اور پودے .

کہتے ہیں چمن کے پھول بوٹے
ہے رنگ کہ توبہ آج ٹوٹے

۱۸۸۷ ترانۂ شوق ، ۴

۲. کپڑے کے نقش و نگار .

پھوٹ نکلا رنگ جسم یار کا پھول بوٹے بن گئے پوشاک کے

۱۸۵۴ غنچۂ آرزو ، ۱۵۸

[پھول + بوٹے ، بوٹا (رک)]

— بینا (— ی مع) امذ.

ایک قسم کا ناک میں پہننے کا زیور.

جواہر سیس، پھول کرن، پھول بینا، موتی مالا، دو لڑا کنٹھا.

۱۷۹۲ عجائب القصص، شاہ عالم، ۴۲۵

[پھول + بینا (رک)]

— بھانگ (— مغ) امث؛ ~ بھنگ.

ہمالیہ میں ہونے والی ایک قسم کی بھانگ کا نر پیڑ جس کی ٹہنیوں سے ریشے نکالے جاتے ہیں (شبد ساگر).

[پھول + بھانگ (رک)]

— بھیجنا محاورہ.

بہ طور تحفۂ محبت پھول بھیجنا (پھول کی ایک خاص زبان ہے جس کے (مطابق) ہر پھول کے لیے اشارہ مقرر ہوتا ہے عاشق یا معشوق دوسرے کو خط لکھنے کے بجائے پھول بھیج دیتا ہے اور وہ مطلب سمجھ جاتا ہے) (جامع اللغات).

— پات امذ.

پھول اور پتّے.

تم میں ہر ایک چیز جدا، ہر چمن جدا
دونوں کے پھول پات جدا ہیں چمن جدا

۱۹۴۵ سنبل و سلاسل، ۷۷

[پھول + پات (رک)]

— پان امذ؛ صف.

رک: پان پھول.

بہر طواف قیس جو آئی تھیں حوریاں
سو جابجا گئی ہیں وہ اب پھول پان چھوڑ

۱۸۱۸ انشا، ک، ۶۲

تمہاری بزم میں بھولے سے میں چلا آیا
کرو نہ میرے لیے پھول پان کی تکلیف

۱۹۰۵ داغ، یادگار داغ، ۲۹

[پھول + پان (رک)]

— پان چڑھانا محاورہ.

چڑھاوا چڑھانا.

جس دم چڑھائیں دائی کے سر پھول پان لوگ
اس وقت میرے ہاتھ پہ اپنا آکال ڈال

۱۸۱۸ انشا، ک، ۲۰۰

نظر پڑے وہ کہیں نوجوان دریا پر
خضر چڑھائیں گے ہم پھول پان دریا پر

۱۸۳۸ نصیر، چمنستان سخن، ۷۴

— پان دینا محاورہ.

خاطر مدارات کرنا، کھلانا پلانا.

عدو کی بزم ہے کچھ ان کی انجمن تو نہیں
وہ اپنے ہاتھوں سے کیوں پھول پان دیتے ہیں

۱۸۹۲ مہتاب داغ، ۱۴۲

— پان سے نازک ہونا محاورہ.

بہت نازک ہونا، نازک بدن ہونا (جامع اللغات).

— پان کی طرح الٹ پلٹ کرنا محاورہ.

بیمار کی ہر وقت کی خبر لینا، اچھی طرح تیمار داری کرنا، خوب دیکھ بھال اور نگہداشت کرنا.

تین چار گھنٹے کے سفر میں تھکان کیسی اور وہ بھی کب کہ چاہنے والے ساتھ ہوں ہاتھوں ہاتھ لکھنؤ پہنچے پھول پان کی طرح الٹ پلٹ کی گئی.

۱۹۲۶ (نوراللغات).

— پان کی گدّھی امث.

بچوں کا ایک قسم کا کھیل (نوراللغات).

— پان ہونا محاورہ.

۱. بہت نازک بدن ہونا، دھان پان ہونا.

بچے تو پہلے ہی پھول پان ہوتے ہیں ... پہلی گرمی دھوپ کا تڑاقا اللہ اپنا فضل رکھے.

۱۹۱۰ لڑکیوں کی انشا، ۹

۲. رک: پان پھول ہونا.

جو دو تم ہاتھ سے تو میرے لیے
زہر بھی پھول پان ہے گویا

۱۹۰۵ احسن الکلام، ۵۳

— پتی (— فت پ، شد ت) امث.

نقش و نگار، بیل بوٹے (جو کاغذ یا کپڑے وغیرہ پر بناتے ہیں) (ماخوذ: نوراللغات).

[پھول + پتی (رک)]

— پتّے (— فت پ، شد ت) امذ، ج.

رک: پھول پتّی.

چھری یا چاقو کی نوک سے پھول پتے تراش لیں.

۱۹۴۴ ناشتہ، ۳۲

[پھول + پتے، پتا (رک)]

— پتیاں (— فت پ ، شد ت بکس) اسث .

(نباتیات) پھول کے نچلے حصّے سے پہلے سبز پتّوں کا ایک گھیرا ہوتا ہے جو انفرادی حیثیت سے پھول پتیاں کہلاتی ہیں اور مجموعی حیثیت سے کمامہ (ماخوذ: پودے اور ان کی زندگی، ۳۴) .

[پھول + پتیاں ، پتی (رک)]

— پتیاں لگانا محاورہ .

حاشیہ آرائی کرنا ، کسی بات میں اضافہ کرنا .

اس میں یہ پھول پتیاں لگائی گئیں کہ حلال حرام جائز ناجائز مکروہ اور مباح وغیرہ کی مکمل فہرستیں بنائی گئیں اور ان میں خوب ہندی کی چندی نکالی گئی .

۱۹۲۹ بہار عیش ، ۲۷

— پرینگ (— فت پ ، کس ر ، فت ی ، غنہ ، ضم گ) امذ .

ویدک کی کتابوں میں لکھا ہے کہ یہ درخت کوکن اور مدنا پور اور دکھن کی طرف سیلون تک ہوتا ہے ، اس کے پھل کا قطر پون انچ کا ہوتا ہے اس کے پانچ پانچ کبھی سات سات اور کبھی تین تین ہی بیتے لگتے ہیں طبیعت سرد و خشک (خزائن الادویہ ، ۳ : ۱۰۶) .

[پھول + پرینگ (مقامی)]

— پڑنا محاورہ .

۱. شرارہ گرنا ، آگ لگنا .

آشیانہ میں درد بلبل کے آتش گل سے آج پھول پڑا

۱۷۸۵ درد ، د ، ۳۷

صبا زیادہ نہ بھڑکائے آتش گلزار
پڑے گا پھول عنا دل کے آشیانے میں

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۱۵۹

۲. آنکھ میں پھلی ہونا .

درد کی شدت سے آنکھ میں پھول پڑ جاتا ہے .

۱۸۴۵ مجمع الفنون (ترجمہ) ، ۲۷

۳. (جسم پر) برص کے دھبے نمایاں ہونا ، سفید سفید دھبے پڑنا ، داغ پڑنا (ماخوذ : نوراللغات) .

۴. پانی کا کھولنے کے قریب ہونا ، جوش آنے سے پہلے سنسناہٹ کے ساتھ چھوٹی چھوٹی بندکیاں نمودار ہونا .

ابھی پانی میں پھول بھی نہیں پڑے تھے کہ عرش ملسیانی نے کہا ،، چائے ڈالو بھائی ،، .

۱۹۷۳ جہانِ دانش ، ۳۵۱

— پڑے کلمۂ بدعا .

(ہو) آگ لگے ، تباہ و برباد ہو .

چننے نہ دیا ایک مجھے لاکھ جھڑے پھول
اللہ کرے خانۂ گلچیں میں پڑے پھول

۱۸۷۸ بحر (نوراللغات)

پھول پڑے ایسی زندگی پر کہ . . . بات بھی نہ پوچھے اور میں اس کے دم کی دیوانی بنی رہوں .

۱۹۱۲ دوشیزہ لڑکی ، ۵۹

— پڑھانا محاورہ .

پھول پر (محبت نفرت وغیرہ کے) عمل کا دم کرانا ؛ سوم کی فاتحہ پڑھانا .

پھول بھی دو نہ چڑھائے مری تربت پہ کبھی
ایسے سوکھن نے دیے پھول پڑھا میرے بعد

۱۹۲۱ دیوان ریختی ، ۳۵

— پلانا محاورہ .

شراب پلانا .

پلا دے پھول تا ہو بیکلی دور
نہیں بندھتا ہے زخم دل کا انگور

۱۸۶۱ الف لیلہ نو منظوم ، شایان ، ۲ : ۵۱۱

اٹھا ساغر پلا دے پھول ساقی
کہ پھر ابر بہار آئے نہ آئے

۱۹۳۶ طیور آوارہ ، ۱۳۹

— پنکھ (— فت پ ، غنہ) امذ .

پنکھڑیاں بحیثیت مجموعی (ماخوذ : پودے اور ان کی زندگی ، ۳۴) .

[پھول + پنکھ (رک)]

— پینا محاورہ .

شراب پینا ، بادہ نوشی کرنا .

پھول پیتا ہے باغ میں وہ گل
بلبلوں کا جگر کباب ہے آج

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۷۹

آئی ہے کیا ہماری طبیعت میں تازگی
پیتے ہیں ہم جو ہاتھ سے اس گلبدن کے پھول

۱۹۰۳ سفینۂ نوح ، ۷۳

— پھانٹے (— مغ) امذ، ج (قدیم).

بھول اور شاخیں.

خوشی کے کھلے بھول پھانٹے تمام
کئے شکر جیباں ہو کانٹے تمام

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال، ۱۶۵

[بھول + پھانٹا (رک)]

— پھانک (— مغ) امذ.

پنکھڑی (قدیم اردو کی لغت).

[بھول + پھانک (رک)]

— پھرنگ (— فت پھ، ر، غنہ) امذ.

رک: بھول پرینگ (خزائن الادویہ، ۳: ۱۰۶).

[مقامی]

— پھلی (— فت پھ) امث.

ایک قسم کی گھاس (جامع اللغات).

[بھول + پھلی (رک)]

— پھنکار (— ضم پھ، غنہ) امذ.

سانپ کی ایک قسم، اس کے بدن پر چوبے جیسے بال ہوتے ہیں جو کانٹے کی طرح چبھتے ہیں اور ان میں بہت زہر ہوتا ہے یہ سانپ دو گز لمبا ہوتا ہے جسے کاٹتا ہے اس کی آنکھ طولاً شق ہو کر ہاؤ گھنٹے میں جان نکل جاتی ہے، گری بردار (ماخوذ: تریاق مسموم، ۳۹).

[بھول + پھنکار (رک)]

— پھول کر کے چنگیر پھرتی ہے کہاوت.

تھوڑا تھوڑا بہت ہو جاتا ہے (نور اللغات).

— پھولنا محاورہ.

۱. کلی کا شگفتہ ہونا.

پھول جب پھولا ہوا تب بھید اس کا آشکار
تھا نہاں غنچہ کے دل میں تجھ دہن کا خار خار

۱۷۱۸ دیوان آبرو، ۲۰

۲. رک: بھول کھلنا.

سہرے کا پھول پھولے، ہم لوگوں کا بھی دل خوش ہو.

۱۹۱۵ سجاد حسین، کایا پلٹ، ۷۳

— پھیکر (— ی مج، فت ک) امذ.

ایک قسم کا سانپ کہ غصے کی حالت میں جب پھن پھیلا تا ہے تو چوٹے سفید پھول اس کے جسم پر پڑ جاتے ہیں (مجمع الفنون (ترجمہ)، ۲۶۳).

[بھول + پھیکر، پھکر (رک) کا بگاڑ؟]

— تپاس (— کس ت) امذ.

سانپ کی ایک قسم یہ کالا تین ہاتھ کا لمبا ہے اور سفید گل کمر پر رکھتا ہے (ماخوذ: تریاق مسموم، ۲۰).

[بھول + تپاس (رک)]

— توڑنا (— و مج، سک ڑ) ف م.

رک: بھول چننا (جامع اللغات).

بعض پھول کیاری ہی میں اچھے لگتے ہیں اس لئے مالی اکثر بچوں کے پھول توڑنے پر لڑتا ہے.

۱۹۷۰ رسالہ کیاری، ۵

— ٹھہرانا/ٹھہرانا محاورہ.

رک: بھول مرجھانا، شگفتگی جاتی رہنا.

بیچوں شمع جھلملا گئی اور پھول ٹھہرا گئے رات ختم ہوئی.

۱۹۳۲ بیلہ میں میلہ، ۴۰

— ٹھہنی ہی میں اچھا لگتا ہے/ٹھیک رہتا ہے کہاوت.

ہر چیز اپنی اصلی جگہ میں ہی ٹھیک معلوم ہوتی ہے (جامع اللغات).

— جست (— فت ج، سک س) امذ.

جست کو جلا کر بنائی ہوئی کھیل.

چاکسو مدبر ۶ ماشہ . . . پھول جست ۲ ماشہ . . . سب کو خوب کھرل کر کے مرہم بنائیں.

۱۹۳۶ ترجمہ شرح اسباب، ۲: ۷۵

[بھول + جست (رک)]

— جھاڑو (— و مع) امذ.

وہ جھاڑو جو پانی کے کنارے اُگنے والی گھاس کے ان تنکوں سے جن کے سروں پر پھول ہوتے ہیں بنائی جاتی ہے.

ایک عدد پھول جھاڑو اور ایک سیر پیاز لے کر فوراً آجاؤ.

۱۹۶۶ روزنامہ جنگ، کراچی، ۲۰ جون، ۳

[بھول + جھاڑو (رک)]

— جھاڑی امث (قدیم) .

پھلواڑی .

بلند آسماں نے تیری سہاڑی
دنیا تیرے انگن کی پھول جھاڑی

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۱۹۶

[پھول + جھاڑی (رک)]

— جھَری/جھَڑی (— فت جھ) امث .

رک : پھلجھڑی .

چھوٹی ہر طرف پھولجھری دیپکیں
اوجالا ہوا سب سراندیب میں

۱۷۵۶ قصہ کاسروپ و کلا کام ، ۶۳

پھول جھڑی یا گلچھڑی ، یہ گلکاری میں نہایت خوش نما اور دل پسند چیز ہے .

۱۹۰۳ آتشبازی ، ۲۹

— جھڑنا محاورہ .

۱. (موسم خزاں میں) پھولوں کا گرنا (پائیس) .

۲. منھ سے دل پسنداور میٹھے بول نکلنا .

سجن بول تیرے پھول جھڑتے ہیں جیو کے
عجب کیا جو اس باس سوں مج بھلاوے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۲۹

کس سے طرز نالہ سیکھی عندلیب
پھول جھڑتے ہیں تری منقار سے

۱۸۳۰ شہیدی ، د ، ۸۴

یہ موت اس کی ہے جس کے منہ سے پھول جھڑتے تھے .

۱۹۲۹ وداع خاتون ، ۱۹

۳. (طنزاً) عمدہ اور اچھی باتیں کہنا (بری باتوں کے لیے) .

نکلے چمن سے دیتے ہوئے گالیاں مجھے
جھڑتے ہیں پھول دیکھیے ان کے دہاں سے کیا

۱۸۸۹ دیوان عنایت و سفلی ، ۱۸

— جھڑے تو پھل لگے کہاوت .

پھل پھول کے درمیان سے پیدا ہوتا ہے جس وقت پھل بڑھنا شروع ہوتا ہے پھول گر جاتا ہے ، ایک شخص کا نقصان ہو تو دوسرے کا فائدہ ہوتا ہے (جامع اللغات) .

— چڑھانا محاورہ .

(کسی کی قبر پر) پھول رکھنا .

تم جو دو پھول چڑھاو تو خوشی کے مارے
قبر کھل جائے یہ پھولے تن لاغر اپنا

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۴۷

اتنا بھی نہ عاشق کو نظروں سے گرا ظالم
دو پھول چڑھانے سے تیوری نہ چڑھا ظالم

۱۹۲۵ ریاض امجد ، ۳۱

— چڑھنا محاورہ .

پھول چڑھانا (رک) کا لازم .

جئی تو پھول جھڑے ، مری تو پھول چڑھے .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۲۰۰

— چکّر (— فت چ ، شد ک بفت) امذ .

(گھڑی سازی) گھڑی کا وہ پہیا نما پرزہ (چکر) جس کے ساتھ بال کمانی وابستہ ہوتی ہے (ماخوذ : ا پ و ، ۱ : ۱۶۳) .

[پھول + چکر (رک)]

— چکھانا محاورہ (قدیم) .

شراب پلانا .

ایک چھندایا پور متوان کر کر لتکی اہری کھاوے
باج پلائیں کئے متوالے تس پر پھر پھر پھول چکھاوے

۱۵۶۵ جواہر اسرار اللہ ، ۳۹

— چلنا محاورہ .

شراب نوشی ہونا ، دور مے کشی ہونا ، شراب پلائی جانا .

ضرور چاہیے گلشن میں شغل بادہ کشی
ملے نہ چین اگر ساقیا تو پھول چلے

۱۸۴۳ دیوان رند ، ۲ : ۲۸۲

— چننا ف مر ؛ محاورہ .

۱. پھول توڑنا ، پھول بیننا ؛ کامیاب ہونا .

چمن مہانے آکر چنیاں پھول گن
سو کانٹے کیرا زخم ٹک کھائے ان

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۹۹

سدا نوبت عیش سنتے تھے ہم
سدا پھول مقصد کے چنتے تھے ہم

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۷

یہ آرزو نہیں رکھتے چمن میں پھول چنیں
ہوس ہے تنکے چنیں کوئے کلعزار میں ہم

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۱۲۲

سر اپنا میری آہ پہ دھنتے ہوتے
دو پھول مرے باغ سے چنتے ہوتے

۱۹۵۵ رباعیات امجد ، ۳ : ۲۳

۲۰ (ہندو) دریا میں بہانے کے لیے تیجے کے دن مردے کی ہڈیاں مرگھٹ سے اُٹھانا .

چنے پھول جا کر کے تعظیم سے
وہ دریا میں ڈال آیا تکریم سے

۱۷۹۳ جنگ نامہ دو جوڑا ، ۷

تو اپنے میکے جا کر مرنا پھر میں وہیں تیرے پھول چننے اور تیری موت پر افسوس کرنے کے لیے آؤں گا .

۱۹۳۲ گرہن ، ۸۷

— دار صف .

جس پر پھل ہوتے ہیں ہوں .

سر پر نیلی پھول دار اطلس کی خمار .

۱۹۲۶ شرر ، فردوس بریں ، ۷

[پھول + دار (رک)]

— داری اسث .

(نباتیات) پودے کا وہ حصہ جس پر پھول لگیں .

پھول داری پر ہر سال ایک تا تین پھول لگتے ہیں .

۱۹۶۶ چارے ، ۵۶۵

[پھول + داری (رک)]

— دان/دانی اسذ ؛ اسث .

ظرف جس میں پھول سجائے جاتے ہیں ، گل دان .

گلابی پھول دان موم کا بنا ہوا اور وہ بھی گلابی .

۱۸۹۳ ہی کہاں ، ۹

اگر پھول چھوٹے ہوں تو انھیں ایک جگہ جمع کر کے پھول دانیاں بنائی جاتی ہیں .

۱۹۳۱ پودے اور ان کی زندگی ، ۳۶

[پھول + دان/دانی ، لاحقۂ ظرف]

— دھرنا محاورہ .

رک : پھول چڑھانا .

کس روز آئے فاتحہ پڑھنے وہ قبر پر
کس دن مرے مزار پہ دو پھول دھر گئے

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۱۳۱

— ڈالنا محاورہ .

۱۰ آگ کا پتنگا ڈالنا (جامع اللغات) .

۲۰ کپڑے وغیرہ پر پھول پتی بنانا .

پھول ڈالے ہیں ہزاروں رنگ کے کیا گلبدن
بلبلیں مرتی ہیں تیری آستیں کی چال پر

۱۸۵۸ امانت ، د ، ۵۰

۳۰ (قبر پر) پھول چڑھانا .

صدمہ نہ پہنچے کوئی میرے جسم زار پر
آہستہ پھول ڈالنا میرے مزار پر

۱۸۶۱ دیوان اختر ، ۳۸۷

— ڈنڈی (— ف ڈ ، سک ن) اسث .

پودے کا وہ شاخ نما لمبا حصہ جس میں پھول لگتا ہے .

پھول میں لمبی چھڑی یا موٹی ڈنڈی ہوتی ہے جس کو پھول ڈنڈی (Pedicel) کہتے ہیں .

۱۹۶۲ مبادی نباتیات ، ۱۱۱

[پھول + ڈنڈی (رک)]

— ڈول (— و مج) اسذ .

ایک کھیل (جامع اللغات) ، ہندوؤں کا ایک تہوار جو چیت کے مہینے کی شکل ایکا دشی (چاند کی گیارہویں تاریخ) کو منایا جاتا ہے . اس دن کرشن کے لیے پھولوں کا ڈولا اور جھولا سجایا جاتا ہے . یہ تہوار میورا اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں منایا جاتا ہے (ماخوذ : شبد ساگر) .

[پھول + ڈول ، ڈولا (رک)]

— ڈھونک (— و مج ، مغ) اسث .

ایک قسم کی مچھلی جو ہند و پاک میں سب جگہ دستیاب ہے (شبد ساگر) .

[مقامی]

— زیرہ (— ی مع ، ف ر) اسذ .

پھول کے درمیانی حصے میں زیرے جیسے دانے .

اُن کے بالوں پر . . . پھول زیرہ وغیرہ بڑی آسانی سے چمٹ جاتا ہے .

۱۹۶۴ حشرات الارض اور دہیل ، ۶۸

[پھول + زیرہ (رک)]

— سا صف مذ ؛ مث : پھول سی .

۱۰ جس میں کچھ بھی وزن نہ ہو ، بہت ہلکا ، ہلکا پھلکا ، ہلکا پھول سا .

پھول سے بادلوں نے ایک جھبکے میں منہ دھلایا .

۱۹۴۵ پر پرواز ، ۲۷

۲۰ خوبصورت ؛ نازک .

شوق سے ان پھول سے بچوں پہ دوڑانی نظر
پر نظر آیا نہ اُن میں اپنا آرام جگر

۱۹۲۶ مطلع انوار ، ۱۸۷

ــ سَری (ــ فت س) امث .

رک : پھولسری .

مدن بان کا پھول فالج ہوا چوا پھولسری کا چہ رائج ہوا

۱۶۶۵ علی نامہ ، ۲۳۹

ــ سنپیل (ــ فت س ، مغ ، ی مج) صف .

(بیل یا گائے) جس کا ایک سینگ داہنی طرف دوسرا بائیں طرف کو گیا ہو (شبد ساگر) .

[० : پھول سنپیل फूल सँपेल]

ــ سُنگھنی (ــ ضم س ، غنہ ، سک گھ) امذ .

رک : پھُل کا تحتی : پھل سنگھی (شبد ساگر) .

ــ سُنگھی (ــ ضم س ، غنہ) امث .

رک : پھول سنگھنی (شبد ساگر) .

ــ سُونگ (ــ سُونگھ) کے جینا/رَہنا محاورہ .

(طنزاً ، عو) بہت کم کھانا ، صرف پھول کی خوشبو پر رہنا ، ذرا سا کھا کر زندگی بسر کرنا (مخزن المحاورات ، ۲۸۱ ؛ نرہنگ آصفیہ ؛ پلیٹس) .

ــ سُوئی (ــ و مع) امث .

پھول کی شکل کا کاپ جو ساڑی ، بالوں اور انگریزی طرز کی زنانہ ٹوپی میں لگایا جاتا ہے .

آنچل کو الٹے کھوسے پر مہین مہین چنٹ دے کر اور پھول سوئی اٹکا کے سر پر سے لے جا کر پیچھے نیچے تک لٹکتا چھوڑ دیا تھا .

۱۹۲۸ پس پردہ ، ۲۲

[پھول + سوئی (رک)]

ــ فاتِحہ (ــ کس ت ، فت ح) امث ؛ امذ .

(مردے کا) تیجہ ، سوم .

پھول فاتحہ کے بعد رحیمن نے ساری برادری کو اکٹھا کیا .

۱۹۳۴ عزیز ، انجام عیش ، ۴۲

[پھول + فاتحہ (رک)]

ــ کا بَرتَن (ــ فت ب ، سک ر ، فت ت) امذ .

کانسی کا ظرف .

تین مزدور پھول کے برتن کو لکڑی سے بجاتے جاتے ہیں .

۱۸۸۰ قصۂ آزاد ، ۲ : ۲۸

ــ کاری امث .

رک : پھل کاری ، گل کاری .

الماری کے اندر بھی قسم قسم کے نمونے ہیں ، زیادہ تر پنجابی پھول کاری سے بھری ہوئی ہے .

۱۹۰۶ خاتون ، علیگڈھ ، جنوری ، ۳۹

ــ کاڑھنا محاورہ .

کپڑے وغیرہ میں سوئی دھاگے سے پھول بنانا ، کشیدہ بنانا (نوراللغات) .

ــ کان میں رَکھنا محاورہ .

کان پر پھول سجانا ، کان کی لو کے سوراخ میں پھول اٹکانا .

رکھا جو پھول کان میں اس نے گلاب کا
مریخ سے قران ہوا آفتاب کا

۱۸۲۴ مصحفی (نوراللغات ، ۲ : ۱۶۳)

ــ کا ہنسنا محاورہ .

پھول کھلنا ، گل کا شگفتہ ہونا (جامع اللغات) .

ــ کترنا محاورہ .

۱. انوکھی حرکت کرنا ، انوکھا کام کرنا ، گل کترنا (رک) .

خانخانان وغیرہ کے باب میں جو انھوں نے پھول کترے ہیں آخر میں ان کے ترجمے سے ناظرین کا دل شگفتہ کروں گا .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۶۲۶

۲. (i) چراغ کا گل کترنا (نوراللغات) .

(ii) گل کترنا ، مقراض سے گل تراشنا .

خجالت کش ہیں جن سے تختۂ گل اے گل خوبی
عجب خیاط نے تیری قبا میں پھول کترے ہیں

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۱۸۵

ــ کَٹارہ (ــ فت ک ، ر) امذ .

کٹار کی ایک قسم جس کے دستہ پر پھول کی شکل بنی ہوتی ہے .

اسپ خاصہ و شمشیر مرصع و کھپرہ مرصع مع پھول کٹارہ بدو مرحمت نمود دم .

۱۷۳۷ توزک جہانگیری ، ۱۲۶

پھول کٹارہ و شمشیر مرصع .

? بادشاہ نامہ ، عبدالحمید ، ۱۶۱

[پھول + کٹارہ (رک)]

ــ کرنا محاورہ .

۱. سوم کی فاتحہ دینا یا دلانا .

پروانوں کی ہو فاتحہ خوانی سر محفل
مرجائیں عنادل تو کرو پھول چمن میں

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۱۵۷

جہاں دم نکلا ہے وہاں رات کو لالٹین جلادی ، پھول کر دیجیے .

۱۹۳۵ فریب ہستی ، ۷

۲. (طب) بعض چیزوں کو آگ پر رکھ کر کوئلہ بنانا .

پھول کی ہوئی پھٹکری . . . جسم کی ساخت سے پانی جذب کرتی ہے .

۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، ۳ : ۱۰۱

ــ کڑھنا محاورہ .

پھول کاڑھنا (رک) کا لازم .

اس غیرت بہار کے تار نگاہ سے
کب پھول اپنے دامن دل پر کڑھے نہیں

۱۸۵۴ غنچۂ آرزو ، ۹۸

ــ کملانا/کمھلانا محاورہ .

پھول کا مرجھانا ، گل کا پژمردہ ہونا (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

ــ کی بیرن دھوپ اور گھی کا بیری کوپ کہاوت .

دھوپ سے پھول مرجھا جاتے ہیں اور کپے میں ڈالنے سے گھی خراب ہوجاتا ہے (جامع اللغات) .

ــ کی پتی (ــ فت پ ، شدت) امث .

پھول کی پنکھوڑی ، برگ گل ، (مجازاً) نرم و نازک شے .

پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر
مرد ناداں پر کلام نرم و نازک بے اثر

۱۹۳۵ بال جبریل ، ۳

ــ کی ٹٹی (ــ فت ٹ ، شد ٹ) امث .

پھولوں سے بنی ہوئی ٹٹی .

مر کے اپنا داغ تازہ ہوگیا
پھول کی ٹٹی جنازہ ہوگیا

۱۸۴۶ دیوان مہر ، ۳۵۴

ــ کی جا(جگہ) پنکھوڑی مقولہ .

بہت سے کی بجائے تھوڑا سا ، بہت نہیں تو تھوڑا ہی سہی

پھول کی جا پنکھوڑی اے رشک گل
داغ دل پر ہے عنایت آپ کی

۱۸۷۸ بحر (نوراللغات)

پھول کی جگہ پنکھوڑی ، زیادہ خرچ کی جگہ تھوڑا خرچ کرنا .

۱۹۲۱ نجم الامثال ، ۱۳۰

ــ کی چھڑی امث .

رک : پھولوں کی چھڑی .

گل سے چوتھی کھیلتی ہیں بلبلیں
پھول کی چھڑیوں کی جا تنکے لیے

۱۸۹۷ دیوان مائل ، ۲۳۱

ــ کی چھڑی نہ چھوانا/لگانا/مارنا محاورہ .

کبھی نہ مارنا ، کبھی کچھ سزا نہ دینا ، (مجازاً) ناز و نعم سے پالنا .

ابا نے کبھی پھول کی چھڑی نہیں چھوائی ، اماں ذرا ذرا سی بات پر مار بیٹھتی تھیں .

۱۸۹۹؟ امراؤ جان ادا ، ۳۰

جس جسم کو میں نے پھول کی چھڑی نہ لگائی تھی . . . اس کو ہزاروں من مٹی کے نیچے دبا دیا .

۱۹۲۹ وداع خاتون ، ۱۶

ــ کی چھڑی نہ کھانا محاورہ .

ذرا بھی سزا یا تکلیف نہ اٹھانا ، ناز و نعم میں پرورش پانا .

ہم کو کہو جس نے کبھی پھولوں کی چھڑی نہیں کھائی تھی .

۱۸۹۲ خدائی فوجدار ، ۱ : ۹۳

پھول کی ہمنے چھڑی کھائی نہ تھی آج تلک
کوڑے مو باف کے صاحب نے ہمیں مارے ہیں

۱۹۱۸ سحر ، بیاض سحر ، ۲۲۳

ــ کی ڈال نیچے کو جھکے کہاوت .

شریف آدمی غرور نہیں کرتا (جامع اللغات) .

ــ کی کرسی امث .

پھول کا بنا ہوا ایک قسم کا گلدستہ ، پھولوں کی چادر .

سرکار کی طرف سے لوبان ہمیشہ جلایا گیا اور پھول کی کرسی باروں مہینے چڑھانے کا حکم دیا گیا .

۱۸۴۸ تاریخ ممالک چین ، ۲ : ۱۳۰

اف : بنانا ، چڑھانا .

— کے دن (— کس د) امذ : ج .

(عو) حیض کا زمانہ .

ہر مہینے میں کڑھاتے تھے مجھے پھول کے دن
بارے اب کی تو مرے ٹل گئے معمول کے دن

۱۸۳۵ رنگین (نوراللغات)

— کیل (— ی مع) امث .

بندوق کے گھوڑے کو کسا ہوا رکھنے والا پیچ دار کیلا یا پھلی دار پیچ ، پھلی (ا پ و ، ۸ : ۸۳) .

[پھول + کیل (رک)]

— کھلانا محاورہ .

شگوفہ چھوڑنا ، نئی بات نکالنا .

سر پر اڑاتی خاک گئی باغ سے خزاں
اب تو کھلاتی ہے نئے کیا کیا بہار پھول

۱۹۰۷ دفتر خیال ، ۷۸

— کھلنا محاورہ .

۱. شادی ہونا ، بیاہ ہونا ، کتخدائی ہونا ، رک : سہرے کے پھول کھلنا .

برات آئی کسی کی ہے جنازہ کوئی جاتا ہے
کسی کے پھول ہوتے ہیں کسی کے پھول کھلتے ہیں

۱۸۷۸ سخن بیمثال ، ۷۰

دیکھئے ان صاحبزادیوں کا کیا برا دہاڑا ہوگا ، کہیں پھول بھی تو نہیں کھلتے .

۱۹۲۳ اختری بیگم ، ۱۳

۲. گل کا شگفتہ ہونا ؛ دلی مراد پوری ہونا .

کب کھلے گا مدعا کا پھول دل گلزار میں
ناز جیتے سوں مرے دل کوں ڈگاتی دور تھے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۱۲

کون ویرانے میں دیکھے گا بہار
پھول جنگل میں کھلے کن کے لیے

۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۹۷

— کھنڈنا محاورہ .

(ہندو عو) شادی بیاہ ہونا ؛ شادی یا بیاہ کا پھیلنا .

پھول جس دن کھنڈن ہار ہوں گے اسی دن کھنڈیں گے .

۱۸۸۶ مخزن المحاورات ، ۲۸۱

— گرنا محاورہ .

رک : پھول جھڑنا .

کس کے لب گل رنگ کی مداح زباں ہے
جو پھول گرے منہ سے مرے وقت سخن سرخ

۱۸۷۰ چمنستان جوش ، ۴۷

— گریباں میں بھرنا محاورہ .

رواج تھا کہ عورتیں انگیا میں پھول رکھ لیتی تھیں تاکہ ہنگام خواب بھی خوشبو آتی رہے .

بھرے رہتے ہیں تازہ پھول ہی جس کے گریباں میں
وہ کیا جانے کہ ہیں ٹکڑے جگر کے میرے داماں میں

۱۸۱۰ میر (فرہنگ اثر)

— گوبی/گوبھی (— و مج) امث .

گوبھی جس میں بڑا پھول آتا ہے ، بند گوبھی اور گانٹھ گوبھی سے الگ ایک قسم .

پھول گوبی کو جب دیکھیں کہ پھولی اس وقت اس کے پھولوں کو پتوں سے چھپا دیویں .

۱۸۳۵ دولت ہند ، ۵۷

ترکاریوں میں یہ سب سے زیادہ ہوتی ہیں . . . پھول گوبھی ، کاہو ، پالک اور گانٹھ گوبھی .

۱۹۳۱ ہماری غذا ، ۴۰

[پھول + گوبھی (رک)]

— گوندھنا محاورہ .

پھولوں سے گجرا وغیرہ بنانا ، پھولوں کو دھاگے میں پرو کر استعمال کے قابل بنانا .

ولے شاہ کی طبیعت میں کوئی قبول
پڑیا نئیں جو گوندھے تھے سب تازہ پھول

۱۶۹۷ ہاشمی ، مثنوی عشقیہ ، ۸

— لانا محاورہ .

پھول نمودار ہونا ، درخت یا پودے کا پھول نکالنا .

پھول لاتے ہیں برابر سب گلستاں ہر برس
پر ہمارے داغ حسرت ہیں دو چنداں ہر برس

۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۷۰

— لگنا محاورہ .

(درخت یا پودے پر) پھول کا ظاہر ہونا ، پھول پیدا ہونا (جامع اللغات ؛ نوراللغات) .

ـــ لے کر جانا محاورہ .

(ہندو) مردے کی سوختہ ہڈیاں گنگا میں ڈالنے کے لیے لے کر جانا (جامع اللغات) .

ـــ مارنا محاورہ .

کسی پر پھول پھینکنا ، گلفشانی کرنا (جامع اللغات) .

ـــ مال امث (قدیم) .

پھولوں کا ہار .

عنبر اور خوشبو کدم پھول مال پھرانے لگے جان صاحب جمال

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۱۲۸

[پھول + مال ، مالا (رک)]

ـــ مالا امث .

پھولوں کا ہار .

ستارے گونہ پہنے پھول مالا

۱۶۴۵ جنت سنگار ، ملک خوشنود ، ۴

گلے میں ڈالی نہ باہوں کی پھول مالا بھی
نہ دل میں لوح جبیں سے کیا اجالا بھی

۱۹۵۹ گل نغمہ ، فراق ، ۲۳۹

[پھول + مالا (رک)]

ـــ مٹر (— فت م ، ٹ) امث .

موسم سرما کا ایک نہایت خوشنما پھینی پھینی خوشبو والا پودا اس پودے کے بیج زہریلے ہوتے ہیں اگر ان کو مسلسل استعمال کیا جائے تو ہڈیاں ٹیڑھی ہو جاتی ہیں (ماخوذ : زراعت نامہ ، یکم ، مئی ۴۷ء ، ۱۳) .

[پھول + مٹر (رک)]

ـــ مر جانا محاورہ .

پھول کا مرجھا جانا ، پھول کا سوکھ جانا (نورالغات ؛ جامع اللغات) .

ـــ مرجھا جانا/مرجھانا محاورہ .

پھول کمھلانا ، گل کا پژمردہ ہونا یا سوکھ جانا ؛ کوئی خیال کم ہونا ، جذبات میں کمی آ جانا .

ہے وہی داغ محبت کی بہار اس چمن کا پھول مرجھاتا نہیں

۱۹۵۹ ذکر حبیبہ ، ۵۲

ـــ مکھانہ (— فت م ، ن) امذ .

اگرچہ اس کا اطلاق بعض ملکوں میں مکھانے پر ہوتا ہے لیکن ایک اور چیز کو بھی جس کے درخت میٹھے پانی کے تالابوں میں ہوتے ہیں پتے گول اور نوکیلے کانٹے دار پانی پر تیرتے ہیں پھول نیلے اور گہرے نیلے اور چمکیلے لال رنگ کے پھل گول کانٹے دار نارنگ کے برابر اور پکنے کے بعد کئی جگہ سے پھول جاتے ہیں اس کے بیج مٹر کے برابر کالے رنگ کے ہوتے ہیں ان کو چنے یا کھیلوں کی طرح گرم ریت میں بھون لیتے ہیں ان کو مارواڑی پھول مکھانے کہتے ہیں (ماخوذ : خزائن الادویہ ، ۳ : ۱۰۷) .

[پھول + مکھانہ (رک)]

ـــ منڈنی (— فت م ، مغ ، سک ڈ) امث .

(ہندو) پھولوں کا تیو ہار ، کھیل ، تفریح جس میں سب کچھ پھولوں سے بنایا جاتا ہے (شبہ ساگر) .

[फूल + मंडनी : ہ : پھول + منڈنی]

ـــ منہ سے جھڑنا محاورہ .

شیریں کلام ہونا ، نہایت شائستہ گفتگو ہونا .

ہستی ہے مہندی چمن میں دیکھو اس گل کی چال
پھول منہ سے جھڑتے ہیں سنیو ذرا تقریر کو

۱۸۲۶ دیوان گویا ، ۶۵

ـــ مہیسر چڑھنا محاورہ .

پسند خاطر ہونا ، مقبول ہونا .

کب شعر ہم نے یار کے آگے پڑھے نہیں
کس دن ہمارے پھول مہیسر چڑھے نہیں

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۱۴۳

ـــ نکالنا محاورہ .

گل بوٹے بنانا ؛ اچنبے کا کام کرنا .

دہن زخم شہیداں نے جو ترخنہ کئے
شاخ شمشیر سے کیا پھول نکالے تم نے

۱۸۴۴ نسیم لکھنوی ، ۵ ، ۳۴

ـــ نہ پان دیبی ہاں ہاں کہاوت .

نری باتوں سے کام نہیں چلتا ، کچھ خرچ بھی کرنا چاہیے (جامع اللغات) .

— نہ پان کہنے کو ہاں کہاوت .

نری باتوں سے کام نہیں چلتا خرچ بھی کرنا چاہیے (محاورات ہند ، ۴۸) .

— نہ سہی ، رانجھی سہی کہاوت .

بہت نقصان گوارا نہ کیا خیر تھوڑا سا گوارا کر لیا (جامع اللغات).

— نہ کھلنے پانا محاورہ .

شادی نہ ہونا (جامع اللغات) .

— نہیں (تو) پنکھڑی (ہی) سہی/پھول نہیں پنکھڑی بہت نہیں تھوڑی کہاوت .

بہت نہ ملے تو تھوڑا ہی کافی ہے یا اعلیٰ نہ ہو تو ادنیٰ پر اکتفا کیا جا سکتا ہے .

گر رخ کا بوسہ دیتے نہیں لب کا دیجیے
ہے وہ مثل کہ پھول نہیں پنکھڑی سہی

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۳۰

میاں . . . پان نہیں بتہ ، پھول نہیں پنکھڑی بہت نہیں تھوڑی . فوج کسی سمھا گن کا ستوانسا خالی جائے .

۱۹۱۷ طوفان حیات ، ۷

— نیر (— ی مع) امذ ؛ ~ پھل نیر .

پھول کا عرق (قدیم اردو کی لغت) .

[پھول + نیر (رک)]

— وارا امذ .

چیولی نام سے مشہور ایک پیڑ (شبد ساگر) .

[پھول + وارا (رک)]

— والا امذ .

مالی (شبد ساگر) .

[پھول + والا (رک)]

— والوں کا میلہ امذ .

رک : پھول والوں کی سیر .

بلبلو خوشیاں کرو آئی ہے گھر بیٹھے مراد
پھول والوں کا ہے میلہ کوچۂ صیاد میں

۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۱۴۰

— والوں کی سیر امث .

برسات کے موسم میں حوض شمسی واقع قصبہ مہرولی دہلی میں ایک میلہ ہوتا ہے جس میں پھول والوں کی طرف سے خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ کے مزار پر پنکھے چڑھائے جاتے ہیں اور جشن ہوتا ہے ، سیر گل فروشاں ، پھول والوں کا میلہ .

پھول والوں کی سیر یہ میلہ ایجاد کردہ حضرت عرش آرام گاہ ابو نصر معین الدین اکبر شاہ ثانی کا ہے .

۱۸۷۳ نتائج المعانی ، ۹۹

اب ہر سال اسی موقع پر پھول والوں کی سیر کا جشن ہوتا ہے .

۱۹۷۵ ہندوستانی تہذیب کا مسلمانوں پر اثر ، ۱۸۲

— ورنج (— کس و ، فت ر ، سک ن) امذ .

ایک قسم کا دھان جس کا چاول اچھا ہوتا ہے (شبد ساگر) .

[० : پھول + ورنج फूल + विरज]

— وہی جو مہیسر/مہیشر چڑھے کہاوت .

کسی چیز کی معراج یہ کہ وہ پسند خاطر خاص و عام ہو ؛ چیز وہی اچھی جو کام آئے ، چیز وہی اچھی جسے اچھے لوگ پسند کریں .

پھول وہی جو مہیسر چڑھے ایک مثل ہے یعنی پھول کی معراج یہی ہے کہ دیوتا پر چڑھایا جائے . جو دیوتا پر چڑھایا نہ گیا وہ پھول کس کام کا .

۱۹۳۳ ترانۂ یگانہ ، ۹۰

۸۷۰

— ہنسنا محاورہ .

رک : پھول کا ہنسنا ، پھول کھلنا .

روتی ہے شبنم گلستاں میں تو ہنس پڑتے ہیں پھول
پانی پانی جو کرے دل کو وہ آنسو اور ہے

۱۹۰۰ امیر (نوراللغات ، ۲ : ۱۶۴)

— ہونا محاورہ .

۱. سوم کی فاتحہ ہونا .

باغ میں ہم مر گئے محروم وصل گلبدن
ہیں ہمارے پھول آج اور بلبلوں کے حق میں عید

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۲۴۷

تو سوم کے روز بھی ظالم نہ آیا حیف ہے
ہو گئے کہتے ہیں تیرے عاشق مفلس کے پھول

۱۸۲۴ مصحفی ، د (انتخاب رام پور) ، ۱۱۹

ہر ایک بات یہاں ہے ثبات ہوتی ہے
کسی کے پھول کسی کی برات ہوتی ہے
۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۱۲۷

۰۲ بہت ہلکا ہونا .
اک ذرا کھسکا نہ پلہ تول میں تدبیر کا
پھول تھا سنگ ترازو کیا مری تدبیر کا
۱۹۲۷ شاد عظیم آبادی ، میخانۂ الہام ، ۱۴

— ہے فقرہ .
ابھی بچہ ہے (محاورات ہند ، سبحان بخش ، ۴۸).

پھول (۲) (و مع) امذ .
پھولنا (رک) کا عمل ، شادابی ، امنگ ، جوش ، ولولہ ؛ خوشی ، آنند .
پھول شیام کے آور لگے پھول شیام اور آئے
۱۶۲۶ رحیم (شبد ساگر)

— اٹھنا محاورہ .
خوش ہو جانا ، بہت خوش ہونا .
سن کے تعریف پھول اٹھا ابلیس
بولا اچھا تو پھر سنو موسیٰ
؟ قصیدہ عطا (ترجمہ) ، ۳۹

— بیٹھنا محاورہ .
۰۱ اینٹھ جانا ، ناراض ہو جانا ، روٹھ جانا (مخزن المحاورات) .
۰۲ خوش ہونا ، پھولے انگ نہ سمانا (مخزن المحاورات ؛ پلیٹس).

— پھلا کر کپا ہو جانا محاورہ .
بہت پھول جانا ، بہت موٹا ہو جانا ، (مجازاً) بہت مغرور ہو جانا .
یہ تمام باتیں مل ملا کر حضرت کو ایک ایسا شخص بنا دیتی ہیں جو پھول پھلا کر کپا ہو جاتا ہے .
۱۸۹۹ حیات جاوید ، ۲ : ۴۲۲

— پھول کر/کے م ف .
اترا اترا کر ، ناز سے ، بہت خوش ہو کر .
یہ پھول پھول کے کہتا تھا گل نزاکت سے
چمن میں ہو کے مخاطب یہ بلبل شیدا
۱۸۷۹ دیوان عیش دہلوی ، ۵

— پھول کر بیٹھنا محاورہ .
خوش ہو کر بیٹھنا ، نہایت خوش ہونا .
بلبل کو کچھ تو چاہیے اندیشۂ قفس
کیا شاخ گل پر بیٹھی ہے پھول پھول کر
۱۸۶۳ دیوان اسیر اکبر آبادی ، ۱۴۲

— جانا محاورہ .
۰۱(i) بہت خوش ہونا ، مسرور ہونا .
جنی دیکھ محبوب کوں پھول جائے
سو دیدہ اہے نین نینوں کھلائے
؟۱۵۴۳ بھوگ بل (ق)، ۱۳
باد صبا جو صبح دم باغ میں ناز سے چلی
نخل نہال ہو گئے پھول گئی کلی کلی
۱۸۵۸ امانت ، د ، ۲۹۴
(ii) سوجنا ، متورم ہونا .
اگر چیچک کا حملہ شدید ہوتا ہے تو آنکھیں بھی پھول جاتی ہیں .
؟ مرغی خانہ ، ۲۷
۰۲ اترانا ، اکڑنا ، نازاں ہونا .
بھلا ان کی باتوں پہ میں پھول جاؤں
نمک جس کا کھاؤں اسے بھول جاؤں
۱۷۹۴ جنگ نامہ دو جوڑا ، ۱۵
باد صبا جو صبح دم باغ میں ناز سے چلی
نخل نہال ہو گئے پھول گئی کلی کلی
۱۸۵۳ اندر سبھا ، ۱۴۵
۰۳ خفا ہونا ، (کسی سے) نا خوش ہونا .
بس پھول گئیں ، میرا ان سے جو تعلق ہے وہ صرف تمہاری وجہ سے ہے .
۱۸۹۷ حیات صالحہ ، ۷۸
۰۴ موٹا ہونا ، فربہ ہونا .
خار کہتے ہیں اٹھا کر انگلیاں گل کی طرف
پھول جاتے ہیں وہ کیسا جن کو پھلتی ہے ہوا
۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۶۱
۰۵ پھول آجانا (نور اللغات) .
۰۶ جانور کا گھل گھل کر دبلا ہو جانا .
جانوروں کو یہ بیماریاں ہوتی ہیں تشخیص کر کے علاج کرے اول پھول جانا لوہ کا . . . جانور گھل جاتا ہے اور دبلا ہو کر مر جاتا ہے .
۱۸۸۳ صیدگاہ شوکتی ، ۲۴۶

— چلنا محاورہ .
پھول جانا ، خوش ہو جانا ، اترا جانا .
یہ کیا سمائی طبیعت میں قبلہ و کعبہ
ذرا سی مدح میں ایسے جناب پھول چلے
۱۸۴۳ دیوان رند ، ۲ : ۲۸۲

— کر/کے کپا ہونا محاورہ .

۱. بہت موٹا ہو جانا ، فربہ ہو جانا ؛ بے حد خوش ہونا.
میاں اوج ہیں کہ پھول کر کپا ہوئے جاتے ہیں .
آخری شمع ، ۵۲ ۱۹۲۸

۲. بہت پھول جانا .
اس کا چہرہ چقندر کی طرح سرخ اور تربوز کی طرح پھول کے کپا ہو گیا تھا .
دختر فرعون ، ۲ : ۱۳۰ ؟

— نہ سمانا محاورہ .

رک : پھولا نہیں سمانا .
جی جان سے خوش ہو اور تو . . . اب پھول نہ سما اور چیخیں مار .
متی کی انجیل ، ۴۷۹ ۱۸۱۹

پھولا (۱) (و مع) امذ .

۱. پرندوں کا مرض ، جس میں جانور پھول جاتا اور منھ میں کانٹا نکل آنے کی وجہ سے مر جاتا ہے .
یارب اوس گل کی محبت میں دم اپنا نکلے
جان پھولے سے جو بچ جائے تو کانٹا نکلے
ریاض البحر ، ۲۲۰ ۱۸۳۶

۲. سفید نشان جو گھوڑے کے چار جانے کے تنگ کے باہر ایک پٹھے یا دونوں پٹھوں یا پانو یا ران پر ہوتا ہے یہ نشان منحوس سمجھا جاتا ہے ؛ وہ گھوڑا جس کے یہ داغ ہو .
جس اسپ . . . داغ سفید ہوں ، پھولا کہلاتا ہے .
رسالہ سالوتر ، ۲ : ۴۰ ۱۸۷۲

۳. کڑھاو جس میں گنے کا رس پکایا جاتا ہے (ماخوذ : شبد ساگر) .
[پھولنا (رک) سے]

— لگنا محاورہ .

عارضہ یا بیماری لاحق ہونا .
یا اللہ خانم کو تو پھولا لگ گیا ، چین ہی نہیں لینے دیتی .
داودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۲۰ ، ۱۱ : ۹ ۱۹۲۵

پھولا (۲) (و مع) صف .
پھولنا (رک) سے تراکیب میں مستعمل .

— بنسی (— فت ب ، سک ن) امذ .
مشعل سانپ کی ایک قسم .
پھولا بنسی ، ساتویں قسم مشعل کی ہے یہ بھی کفچہ دار تانبے کے رنگ کا ہے .
تریاق مسموم ، ۲۱ ۱۸۷۳
[پھولا + بنسی (رک)]

— بیٹھنا محاورہ .

ناراض ہونا ، خفا ہونا ، بگڑنا .
بدھیاں پھولوں کی لائے تھے نہ پہنیں اس نے
پھولے بیٹھے ہوئے ہیں پھولوں کے گہنے والے
صنم خانۂ عشق ، ۲۳۳ ۱۸۸۸

— پھالا صف .
موٹا تازہ ، ہٹا کٹا .
یہ کیا غضب کیا کہ کسی پھولے پھالے جاہل اقربہ خواہ مخواہ مرد آدمی کے دام تزویر میں پھنس گیا .
فغان بے خبر ، ۲۳۴ ۱۸۹۱
[پھولا + پھالا (تابع)]

— پھرنا محاورہ .

رک : پھولتا پھرنا ، ناز کرنا ، گھمنڈ کرنا ، اترانا .
تم کس انار کلی پر پھولی پھر رہی ہو میں اب بھی جو چاہوں ظل الٰہی سے کرا سکتی ہوں .
انار کلی ، ۲۱ ۱۹۲۲

— پھلا (— فت پھ) صف .
رک : پھلا پھولا .
کہوں کیا تجھ سے میں اے باغباں کیا ہوں مگر اتنا
جسے پھولا پھلا کاٹا ہے تو نے وہ شجر ہوں میں
شاد عظیم آبادی ، بادۂ عرفان ، ۱۰۴ ۱۹۲۷
بے گناہ گرفتار ہوئے اور قتل کئے گئے جائدادیں ضبط ہوئیں اور یہ پھولا پھلا باغ اجڑ گیا .
تذکرۂ کاملان رام پور ، ۱۳۱ ۱۹۲۹
[پھولا + پھلا ، پھلنا (رک) سے]

— پھلا رہے دعائیہ فقرہ .
سر سبز و شاداب رہے ؛ خوش و خرم رہے ؛ با اولاد رہے (نوراللغات) .

— پھولا پھرنا محاورہ .
رک : پھولا پھرنا ، پھولتا پھرنا (نوراللغات ؛ مخزن المحاورات ، ۲۷۹) .

— کھڑا ہونا محاورہ .

ناراض ہونا ، غصے میں بھرا ہونا .

لب جاناں پہ مسی کی دھڑی ہے
تو سوسن کس لیے پھولی کھڑی ہے

۱۹۰۰ امیر (نوراللغات)

— لگنا محاورہ .

۱. (مجازاً) اینٹھ جانا ، (نا خوشی سے) منہ پھلانا ، نا خوش ہونا ؛ خاموشی اختیار کر لینا ، چپ سادھ لینا .

میم صاحب کو کڑک مرغی کی طرح ادھر پھولا لگا اور صاحب بہادر ادھر بھنا کر تھیا سوفی کا تازہ رسالہ دیکھنے لگے .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، کایا پلٹ ، ۲۶

لیکن چڑیوں کا دل خوش نہیں جس کو دیکھیے پھولا لگا ہوا ہے .

۱۹۲۴ دلاوہ پنچ ، لکھنؤ ، ۹ ، ۱۸ : ۳

— نہیں سمانا محاورہ .

(خوشی سے) بے قابو ہونا ، بہت خوش ہونا .

خوشی کے مارے پھولا نہیں سماتا ، چہرے سے بشاشت ٹپک رہی ہے .

۱۹۰۶ حکمت عملی ، ۸۵

— ہونا محاورہ .

ناراض ہونا .

دو دن سے منہ بنائے ہے غنچہ دہن عبث
پھولا ہوا ہے مجھ سے وہ رشک چمن عبث

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۲۹

میں نے تمہارا کیا بگاڑا ہے جو خواہ مخواہ کو پھولے ہوئے ہو .

۱۹۲۶ شرر ، طاہرہ ، ۴۴

پھولا (۳) (و مع) امذ .

مالی ، باغبان (ا پ و ، ۸ : ۱۷۹) .

[رک : پھول + ا ، لاحقۂ صفت]

پھولا (و مج) امذ .

۱. آنکھ کا ایک مرض جس میں پتلی پر سفید دھبا پڑ جاتا ہے ، پھلا ، پھلی ، آنکھ کا ٹینٹ .

بھی دار واہے پانچویں نازنین جو پھولا ہوئے سب دفع عین

۱۶۱۴ بھوگ بل (ق) ، ۱۷۷

جب کروں سیر باغ گلرو بن پھول پھولا ہو آنکھ میں کھٹکے

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۳۱۳

ان کو تنقیص دین کی سوجھی تھے تعصب کی آنکھ کے پھولے

۱۹۱۱ کلیات اسمعیل ، ۲۳۴

۲. روئی کا گالا (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

۳. (پنجاب) کاجل (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

۴. پھپولا ، آبلہ (پلیٹس) .

۵. دھاگے کی انٹی ، سوت کی پھچک (جامع اللغات) .

[پھولنا (رک) سے]

پھولارا (و مع) امذ (قدیم) .

۱. پھولوں کا ہار بنانے والا .

گندانے پھول باراں میں خطائی ہور اسلیمی
پھولارے سب خطا کے ہیں نہاں ہم عید و ہم نوروز

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۳ : ۲۶

۲. پھول بیچنے والا .

دیا سو تجے یوں کنا کون ہے پھولارا یہاں آشنا کون ہے

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۳۹

[پھول + ارا ، لاحقۂ صفت]

پھولام (و مع) صف ؛ امذ .

ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں طرح طرح کے پھول بنے ہوتے ہیں ، پھولدار .

مالن پہن کے آئی ہے تو دیکھ نو بہار
سستا گزی کے مول سے پھولام ہو گیا

۱۸۷۹ جان صاحب ، د ، ۱ : ۱۱۱

[پھول (رک) سے]

— اطلس (— فت ا ، سک ط ، فت ل) امث .

رک : پھولام ؛ پھولدار اطلس .

جعفری کا لباس پھولام اطلس کا پاجامہ کریپ کا دوپٹہ بھاری کرتی ، جامہ وار کا شلوکہ بیلدار .

۱۹۲۴ اختری بیگم ، ۵۷

[پھولام + اطلس (رک)]

پھولاؤ (و مع ، سک و) امذ .

رک : پھلاو ، پھلاوٹ (پلیٹس) .

[फूलाव : ۰ پھلاو]

پھولاہی (و مع) امث ؛ ~ پھلاہی .

رک : پھلاہی .

مخصوص درخت ہیں پھول ، پھولاہی ، سفید ببول . . . اور پیلو

۱۹۰۶ تربیت جنگلات ، ۱۷

پھولنا (و مع ، سک ل) صف .
پھولنا (رک) سے تراکیب میں مستعمل .

— پھرنا محاورہ .

۱. **خوش خوش پھرنا ، بے فکری سے اینٹھے پڑے پھرنا ، اینڈنا ، اترانا** (نوراللغات ؛ فرہنگ آصفیہ) .

۲. **ناراض و خفا ہونا ، اینٹھا پھرنا .**

ہر باغ میں پھولتی پھری وہ ہر شاخ پہ جھولتی پھری وہ
۱۸۳۸ گلزار نسیم ، ۱۰

— پھلتا رہنا محاورہ .

سر سبز و شاداب رہنا ؛ خوش و خرم رہنا ؛ با اولاد رہنا .

خدا جانے گد یہ کس خوش نگہ سے تاک رکھتا ہے
ہمیشہ پھولتا پھلتا رہا انگور آنکھوں کا
۱۷۷۲ فغان ، د (انتخاب) ، ۸۳

پھولجھڑی (و مع ، سک ل ، فت جھ) اسث .
رک : پھلجڑی (پلیٹس) .

پھولسری (و مع ، سک ل ، فت س) اسث (قدیم) .
پھول کی ایک قسم جس پر سفید دھبے ہوتے ہیں .

گل پھولسری تی ہوا ہو سو باس
چو یکاو ڈباہو رہیا تھا آکاس
۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۲۰۱

[پھول (رک) سے]

پھولکوبی (و مع ، سک ل ، و مج) اسث .
رک : **پھول کے تحتی ، پھول گوبی** ؛ پھول گوبھی (پلیٹس) .

پھولکی (و مع ، سک ل) صف .
پولی ، پھوکی .
زمین کھری اور پھولکی کھودی جاتی ہے .
۱۸۳۵ دولت ہند ، ۲۰

[پھولا (رک) سے]

پھولن (و مع ، فت ل) امذ (قدیم) .
پھول (رک) کی جمع .
جس پھولن سونگھن جاؤں تس پاس تمہارا پاؤں
۱۵۶۵ جواہر اسرار اللہ ، ۱۱۱

پھولن کے ہار ڈال کے سوتن کی مال پر
زیور کا کر سنگار و سنوار آرسی کے تئیں
۱۷۷۱ میر محمد صابر (سندھ میں اردو شاعری ، ۲۰)

سندھن ری ڈلواتی کیوں نہیں
گل پھولن کے ہار ہم نے کھڑا کیا
۱۹۶۴ نور مشرق ، ۸۱

پھولنا (و مع ، سک ل) ف م .

۱. **(درخت کا) پھول لانا ، پھولوں کا شاخ پر نمودار ہونا .**

مت داغ اسے بوجھ گہے سیر کر اس کی
پھولا ہے میرے دل میں یہ گلزار محبت
۱۷۹۸ میر سوز ، د ، ۹۳

ایک درخت ہے ، ہر سال دوبار پھولتا ہے .
۱۸۵۶ مولود شریف ، ۳

کیا پھولے وہ ڈال جس کو آس ہی راس نہ آئے
خیر کاہے کی سناؤں میرا من پھونک دیا
۱۹۵۱ تار ہیراہن ۱۳۳

۲. (i) **(کلی کا) کھلنا ، شگفتہ ہونا ، بہار پر آنا .**

خوب پھولی تھی باغ میں نرگس
گل صد برگ و جعفری ہے یاد
۱۷۱۵ دیوان فائز ، ۱۷۷

بکثرت کہیں پھولی کچنار ہے
بیاباں مانند گلزار ہے
۱۸۹۳ صدق البیان ، ۵۶

(ii) **(دیوار کا) شکستہ ہونا ، گرنے کے قریب ہونا (اکثر نمی یا پانی کے اثر سے پھول جانے کے باعث) .**

بڑی دیوار جس پر کڑیاں ہیں ، پھولی کھڑی ہے .
۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۲۰۳

۳. **(سمائی یا گنجائش سے زیادہ) بھرا جانا ، ابھار پیدا ہونا ، (حد سے) بڑھنا ، ابھرنا .**

انو کا پیٹ پھولیا .
۱۴۲۱ بندہ‌نواز ، شکارنامہ (شہباز ، سکھر ، فروری ، ۱۹۶۲)

شراب پیتے پیتے پیٹ پھول جاتا ہے نشہ نہیں ہوتا .
۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۶ : ۱۹۶

ان کے درمیان فاصلہ بھی دیا جائے تاکہ پھولنے پر وہ مل نہ جائیں .
۱۹۴۷ جراحیات زہراوی ، ۲۰

۴. **(آس پاس کی سطح سے) اٹھا ہوا ہونا .**

ادھر پھولتا اور پچکتا اُدھر رخ اِس سمت کرتا کھسکتا اُدھر
۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۲۹۷

۵۔ سوجنا ، متورم ہونا ۔
پھولے ہوئے فرس کا مجرب علاج ۔
۱۸۷۲ رسالہ سالوتر ، ۳ : ۳۴
جب چیچک نکلنے والی ہوتی ہے تو . . . آواز میں بھی تغیر واقع ہوتا ہے . . . پھوٹے پھول جاتے ہیں ۔
۱۹۱۸ تندرستی ، ۸۷
۶۔ موٹا ہونا ، فربہ ہونا ۔
کھو ظالم سے مال مفت کھا کھا کر جو پھولا ہے
کہ ہوگا جسم فربہ ایک دن کندہ جہنم کا
۱۸۷۰ دیوان اسیر ، ۳ : ۵۵
۷۔ (پر کے ساتھ) اترانا ، گھمنڈ کرنا ، اکڑنا ، غرور کرنا ۔
دنیا غول ہے توں دنیا سوں نہ پھول
کریگی تجے بھوت آخر ملول
۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۱۱
نہ پھول اب اس قدر بلبل گلوں کی آشنائی پر
کہ سب اہل چمن ہنستے ہیں تیری احمقائی پر
۱۷۳۳ دیوان زادہ حاتم ، ۳۳
ہر عاقل کو لازم ہے کہ . . . دولت نا پائدار پر نہ پھولے ۔
۱۸۰۵ آرائش محفل ، افسوس ، ۳۵۹
بیٹی نسیمہ تم میری باتوں پر پھول نہ جانا ۔
۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۳۵
۸۔ خوش ہونا ، آپے میں نہ سمانا ۔
وہ پری رو حور کے بدلے جو جنت میں ملے
اس قدر پھولوں کہ مجھ تنہا سے بھر جائے بہشت
۱۸۶۱ کلیات اختر ، ۳۰۳
حسن کی دید سے خوش کون نہیں ہوتا
گل جو پھولا تو اسے دیکھ کے پھولی بلبل
۱۹۳۶ شعاع سحر ، ۲۱۵
۹۔ روٹھنا ، ناراض ہونا ۔
اتنا کہہ کے حرمز غصے سے اور غم سے پھول کر کے نرالا اور اکیلا اپنے باغ میں جاکے . . . بیٹھا ۔
۱۸۰۰ قصہ گل و برمز ، ورق ۱۹
۱۰۔ (پانی یا مٹی میں بھیگ کر) افزائش ہونا ، اصلی حالت سے بڑھ جانا ۔
چنے کو پانی میں بھگو کر لکڑی کے برادے میں رکھ دیا جائے تو چنا پھول جاتا ہے ۔
۱۹۶۲ مبادی نباتیات ، ۱۹
۱۱۔ سرسبز ہونا ، تازگی پانا ۔
جو نسیم بہار سے پھولا وہی پھر صرصر خزاں سے گرا
۱۸۵۸ کلیات تراب ، ۱۳
۱۲۔ پکتے ہوئے روٹی وغیرہ کے ایک پتلے پرت کا الگ ہو جانا ۔
اس کی روٹی بہت پھولتی ہے ۔
۱۹۳۰ جامع الفنون ، ۲۰
۱۳۔ خمیر یا کسی اور آمیزش (سوڈے وغیرہ) سے پھول جانا ، ہلکا ہو جانا ۔
اگر دور سے معلوم ہو کہ پھول گیا ہے سمجھیے کیک تیار ہے ورنہ سینک ڈال کر دیکھیے ۔
۱۹۴۰ شاہی دستر خوان ، ۳۵
[س : سپھٹ (ت) (ति) स्फट]

— پھلنا محاورہ ۔
۱۔ ترقی کرنا ، نشو و نما پانا ، کامیاب ہونا ؛ دولت مند ہونا ؛ صاحب اولاد ہونا ، با مراد ہونا ۔
نظر اور غمزا . . . دونوں پھولے پھلے ۔
۱۶۳۵ سب رس ، ۱۶۶
اٹھ جائے جاہ خلق سے یہ پیر ناتواں
پھولو پھلو جیو کہ ابھی تم ہو نوجواں
۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۲ : ۱۷۶
مناسب یہ ہے کہ اسے آزادی کے ساتھ بڑھنے اور پھولنے پھلنے دیا جائے ۔
۱۹۳۶ خطبات عبدالحق ، ۳۲
۲۔ بکثرت پھنسیاں یا دانے نکلنا ، زخموں کی بیماری میں مبتلا ہونا ، (مجازاً) آتشک میں مبتلا ہونا ۔
بی آبادی . . . نہیں معلوم کس کی برکت سے خوب پھولیں پھلیں . . . میں نے آٹھا کے اسپتال میں پھنکوا دیا ۔
۱۸۹۹ امراؤ جان ادا ، ۲۹۳
۳۔ درخت کا سرسبز ہونا ، بارآور ہونا ، پھوٹنا ، اُگنا ۔
بیج ادھر پڑا ادھر پھولنا پھلنا شروع ہوا ۔
۱۸۹۹ رویائے صادقہ ، ۱۰۷
بار لایا نہ کبھی نخل محبت اے چرخ
کیا نہیں ہے یہ شجر پھولنے پھلنے کے لیے
۱۹۰۰ دیوان حبیب ، ۲۷۸

پھولنہ (و مع ، سک ل ، فت ن) صف (قدیم) ۔
سرسبز و شاداب ، پھولنے والی ۔
پھولنہ باری کملائی سہولتی چمپا جٹی جائی
۱۵۰۳ نوسر ہار (اردو ادب ، ۶ ، ۲ : ۷۸)
[پھول + نہ ، نا ، لاحقۂ صفت]

پھولوری (و مع ، و لین) امث (قدیم) .

رک : پھلوری .

پھولے ہوئے یوں ہر یک تناں تھے
بلبل کی طرح پھولوریاں تھے

۱۸۳۱ من موہن ، آزاد ، ورق ۲۶

پھولوں (و مع ، و مج) امذ .

پھول (رک) کی جمع تراکیب میں مستعمل .

ہر تختے میں باد بہاری مستانہ وار لڑکھڑاتی پھولوں کے پھولنے سے اتراتی .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۶۵

ــ بسا ہونا محاورہ .

کسی چیز سے پھولوں کی خوشبو یا مہک آنا ، کسی چیز میں پھول کی خوشبو یا مہک سما جانا یا رچ جانا .

آیا ہے صبح نیند سے اٹھ رسمسا ہوا
جامہ گلے میں رات کا پھولوں بسا ہوا

۱۷۳۳ آبرو (نکات الشعرا ، ۹)

ــ سے بسانا/بسنا محاورہ .

۱. رک : پھول بسانا .

گل بن گئے ہیں داغ غم شاہ ہدا
پھولوں سے بسی رہتی ہے تربت میری

؟ مودب (مہذب اللغات)

۲. (مجازاً) آباد کرنا .

جنگل میں بھی چھاؤنی چھانے کی جگہ ہے
واللہ یہ پھولوں سے بسانے کی جگہ ہے

۱۸۷۳ انیس (مہذب اللغات)

ــ سے لدنا محاورہ .

درخت میں بہت زیادہ پھول لگنا ؛ بہت زیادہ پھول پہننا .

چمن کی سمر کو مے ہی کے چلے
بہار آئی لدی پھولوں سے ہر شاخ

۱۸۳۶ آتش (مہذب اللغات)

پھولوں سے لدی ہوئی دلہن کیا جانے
ان تازہ گلوں پہ رات بستے کی ہے دیر

۱۹۵۷ یاس و یگانہ ، گنجینہ ، ۱۱۷

ــ کا بستر (ــ کس ب ، سک س ، فت ت) امذ .

رک : پھولوں کی سیج ، (مجازاً) آرام کی جگہ .

مجھے آغوش مادر میں بھڑکتی آگ کے شعلے
نہیں ہے فرش انگاروں کا کم پھولوں کے بستر سے

۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۸۱

ــ کا تختہ (ــ فت ت ، سک خ ، فت ت) امذ .

پھولوں کی کیاری ، پھولوں کی روش .

بالکنی کا حصہ کھلا ہوتا ہے وہاں بھی گملے اور پھولوں کے تختے مہیا کیے جا سکتے ہیں .

۱۹۷۰ گھریلو انسائکلو پیڈیا ، ۵۶۸

ــ کا دستہ (ــ فت د ، سک س ، فت ت) امذ .

گل دستہ .

جنوں کی صحبت بیہودہ کی ہے یہ تاثیر
کہ دستہ پھولوں کا نظروں میں میری خار ہوا

۱۸۶۱ دیوان اختر ، ۱۳۷

ــ کا دن (ــ کس د) امذ .

تیجے کا دن .

پھولوں کے دن ڈاکٹر صاحب دلی پہنچے .

۱۹۲۱ فغان اشرف ، ۶۳

ــ کا زیور (ــ ی مج ، فت و) امذ .

سہرے کے علاوہ پھولوں کا بنا ہوا زیور جو ہاتھ گلے وغیرہ میں پہنا جاتا ہے .

ضد میں ان ماہ جبینوں سے کوئی ور نہوا
کپڑے پھاڑے جو کہیں پھولوں کا زیور نہوا

۱۸۷۳ کلیات قدر ، ۱۱۶

ــ کا سہرا/سہرہ (ــ کس س ، سک ہ/فت ر) امذ .

دولہا کے لیے پھولوں کی لڑیوں سے بنا ہوا سر پر باندھنے کا ایک زیور .

متوسط درجہ والوں میں پھولوں کا سہرا . . . کمر میں پٹکا . . . دیا جاتا تھا .

۱۹۰۵ رسوم دہلی ، سید احمد ، ۷۷

ــ کا طرّہ (ــ ضم ط ، شد ر بنت) امذ .

رک : پھولوں کے گجرے .

شہزادوں میں موتیوں کا طرہ . . . پھولوں کا طرہ . . . دیا جاتا تھا .

۱۹۰۵ رسوم دہلی ، سید احمد ، ۷۷

ـــ کا کَنْٹھا (ـــ فت ک ، سک ن) امذ .

پھولوں کا وہ چھوٹا ہار جو صرف گلے کی گولائی تک یا گردن سے چسپاں رہتا ہے .

دوکاندار صاحب خوب بسے عطر میں بسے پھولوں کا کنٹھا گلے میں ڈالے . . . کوٹھے سے اترے .

۱۹۲۸ مضامین فرحت ، ۱ : ۱۲

ـــ کا کھیت (ـــ ی مج) امذ .

وہ جگہ جہاں بکثرت پھول پیدا ہوں ، پھولوں کی کیاری .

پہنا ہی تھا گہ بس گیا خوشبو سے پیرہن
پھولوں کا کھیت ہے تیرے نازک بدن میں کیا

۱۸۹۶ تجلیات عشق ، ۶۲

ـــ کا گَہْنا (ـــ فت گ ، سک ہ) امذ .

۱. پھولوں کا زیور جو شادی میں دولہا دلہن کو پہنایا جاتا ہے اس میں بدھی طرہ کنگن ہار وغیرہ یہ چیزیں ہوتی ہیں .

یار کو دیکھیں گے پہنا کے شب مہ میں اسے
مل گیا کوئی اگر پھولوں کا گہنا بہتر

۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۷۷

جب دلہن آکر بیٹھ جاتی ہے تو دلہن کی سگی نندیں . . . سب سے پہلے پھولوں کا گہنا ، اس کے بعد چڑھاوے یعنی زیور کی رقمیں پہناتی ہیں .

۱۹۰۵ رسوم دہلی ، سید احمد ، ۵۵

۲. وہ نازک چیز جو دیر پا نہ ہو اور تھوڑی دیر کے استعمال کے واسطے خریدی جائے ؛ کاجو بھوجو (مخزن المحاورات، ۲۸۱ ؛ فرہنگ آصفیہ) .

۳. (ہندو) چیچک ، سیتلا ، ماتا (فرہنگ آصفیہ ؛ مخزن المحاورات ، ۲۸۱) .

ـــ کا ہار امذ .

پھولوں کی مالا جو گلے میں پہنتے ہیں ، گلوں کی حمایل ، کنٹھا .

سیر بہار آخری پھر کہیں یاد آ نہ جائے
پٹکیں گے سر قفس پہ ہم پھولوں کے ہار دیکھ کر

۱۹۵۷ یاس و یگانہ ، گنجینہ ، ۳۶

ـــ کی بَدْھی (ـــ فت ب ، شد دھ) امث .

بَدْھی (رک) جو پھولوں سے بنائی گئی ہو .

کیا عجب پھولوں کی بدھی گر کمر پر بوجھ ہے
ناز سے ایک ایک گل بھی اس کے سر پر بوجھ ہے

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۳۴۹

اب دولہا کو شاہانہ پوشاک پہنائی جاتی ہے . . . دستار پر گوشوارہ . . . پھولوں ہی کی بدھی .

۱۹۰۵ رسوم دہلی ، سید احمد ، ۷۷

ـــ کی ٹَٹّی (ـــ فت ٹ ، شد ٹ) امث .

رک : پھول کی ٹٹی .

سیاہیوں . . . رنگ برنگ کے پھولوں کی ٹٹیاں ، سو سو ٹٹیوں کے بیچ میں ایک ایک نقار خانہ جو بانس بتی اور ابرک کا بنا ہوا ہوتا .

۱۹۰۵ رسوم دہلی ، سید احمد ، ۶۸

ـــ کی ٹوکَری (ـــ و مج ، سک ک) امث .

تملوں وغیرہ سے بنا ہوا وہ ظرف جس میں پھول رکھے جاتے ہیں ، سبد گل .

حباب غنچۂ گل ہوں تو شاخ گل موجیں
بھنور نگاہ میں پھولوں کی ٹوکری ہو جائے

۱۸۵۸ سحر (نواب علی) ، بیاض سحر ، ۳۰۲

ـــ کی چادَر (ـــ فت د) امث .

وہ چادر گل جو بزرگوں کے مزار پر (خواہ منت کی خواہ اعتقاداً یا احتراماً) چڑھاتے ہیں .

گہ پھولوں کی چادر بنا باغباں
لے آتا تھا تربت پہ ہر روز عیاں

۱۷۹۴ جنگ نامہ دوجوڑا ، ۶

نعل کفش گلبدن کے ہوں نشان بالائے قبر
تربت عاشق کو ان پھولوں کی چادر چاہیے

۱۸۵۸ سحر (نواب علی) ، بیاض سحر ، ۳۱۶

انھوں نے . . . مزار کے لیے پھولوں کی دہری چادریں بھجوائیں .

۱۹۴۷ مورے بھی صنم خانے ، ۳۷۱

ـــ کی چھَڑی (ـــ فت چھ) امث .

۱. وہ پتلی شاخ یا کھپچّی جس پر پھول بندھے یا گندھے ہوں.

پھولوں کی چھڑی جس کے ہاتھوں سے نہ اٹھتی تھی
اب نام خدا اس نے تلوار سنبھالی ہے

۱۸۲۴ مصحفی (گل کدہ ، ، جعفری ، ۲۷۸)

دروازے کے قریب نوخیز لڑکیاں پھولوں کی چھڑیاں لیے سمدھنوں کے انتظار میں کھڑی تھیں .

۱۹۶۴ نور مشرق ، ۳۲

۲۔ مجازاً کسی چیز پر پھول جیسے نشان بن کر پھولوں کی چھڑی جیسا بن جانا ، (طنزاً) محبوب کی صلواتیں ۔

ہیں پھول جیسے ہیں جو مرے خون کے قطرے
تلوار ترے ہاتھ میں پھولوں کی چھڑی ہے

۱۸۲۴ مصحفی ، د (انتخاب رامپور) ، ۲۷۴

ہم کو یہ تری برہمی مرحمت آلود
کیوں کر نہ گوارا ہو کہ پھولوں کی چھڑی ہے

۱۹۴۳ کلیات حسرت ، ۳۱۶

ـــ کی ڈالی اسث .

درخت کی وہ ڈالی جس میں پھول لدے ہوئے ہوں ۔

یوں لخت جگر چشم سے ٹپکیں باہم
ہر شاخ مژہ پھولوں کی ڈالی ہو جائے

۱۸۷۴ انیس (مہذب اللغات)

جب باغ جہاں کے مالی نے کی دیکھا بھالی پھولوں کی
ایک پھول اس میں سے چھانٹ لیا تھیں جتنی ڈالی پھولوں کی

۱۹۲۰ میلاد اکبر ، ۳۰

ـــ کی سیج (ـــ ی سج) اسث .

۱۔ وہ بچھونا جس پر بکثرت پھول بچھے ہوں ، پھولوں سے بنی ہوئی سیج ، گدگدا یا ملایم بچھونا ، کومل بستر ، بستر گل۔

میں نے چھوڑی ہے سیج پھولوں کی
میں ہی بھولی ہوں پینگ جھولوں کی

۱۸۰۲ طوطی نامہ ، حسرت ، ۳۱

پھولوں کی سیج سے آتی ہے تری بو مجھ کو
تکیے پہلو کے ہیں اب حور کے زانو مجھ کو

۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۱۷۶

وہ جسد ناپائیدار جو پھولوں کی سیج پر بھی چین نہ پاتا تھا ہزاروں من مٹی کے نیچے دبا پڑا ہے ۔

۱۹۳۶ راشدالخیری ، نالۂ زار ، ۳۳

۲۔ آرام و عیش کی جگہ ۔

امیر کی ذمہ داری بہت ہوتی ہے یہ امارت پھولوں کی سیج نہیں کانٹوں کا تاج ہے ۔

۱۹۶۰ گل کدہ ، جعفری ، ۵۲۹

ـــ کی لپٹ (ـــ ف ل ، پ) اسث .

پھولوں کی تیز خوشبوجو دور تک محسوس کی جا سکے ۔

بیگم نے اپنے پھولوں کی لپٹ سے مجلس کو مست کیا اور ... رات ختم ہوئی ۔

۱۹۳۲ بیلہ میں میلہ ، ۴۰

ـــ کی مار اسث .

پھولوں سے مارنے کا عمل ، (مجازاً) بہت ہلکی یا پیار کی مار ۔

جو موت آوے تو جا کوے یار میں مرئیے
جو سنگسار تو پھولوں کی مار میں مرئیے

۱۸۱۸ اظفری ، د ، ۶۲

ـــ کی ماری گر پڑی ، لٹھوں کی ماری اٹھ بیٹھی کہاوت .

جب کوئی بڑی تکلیف اٹھائے اور واویلا مچائے تو یہ مثل کہا کرتے ہیں (نجم الامثال ، ۱۳۰ ؛ گنجینۂ اقوال و امثال ، ۱۳۳) .

ـــ کے ٹوکرے اُترنا محاورہ .

کثرت سے پھولوں کی پیداوار ہونا ، (مجازاً) شگفتہ بیانی کرنا ۔

حضرت پنج کے شاہانہ مزاج کو یہ ضد بہت ناگوار گذری ... کہ ہر ہفتہ پھولوں کے ٹوکرے اترنے لگے ۔

۱۹۰۵ معرکۂ چکبست و شرر ، ۳۴۷

ـــ کے کانٹے میں تُلنا محاورہ .

رک : پھولوں میں تلنا ۔

تل رہا ہے پھولوں کے کانٹے میں جو بن دیکھنا
تول کر وہ کچھ نہ کچھ دل کے برابر لے چلا

۱۸۹۵ دیوان راسخ دہلوی ، ۴۷

ـــ کے گجرے (ـــ ف گ ، سک ج) امذ ، ج .

رک : پھولوں کے ہار جو ذرا بڑے پھولوں کے بنائے جاتے ہیں ۔

اہل قلعہ میں بازوؤں پر بھجبند ، ہاتھوں میں پھولوں کے گجرے ... ہاتھ میں پیش قبض دیا جاتا تھا ۔

۱۹۰۵ رسوم دہلی ، سید احمد ، ۷۷

ـــ کے ہار امذ .

پھولوں کو گوندھ کر بنائی ہوئی لڑی کا حلقہ ۔

پھولوں کے ہار سمدھنوں کے گلے میں پیشوائی کے وقت ڈالے جاتے ہیں ۔

۱۹۰۵ رسوم دہلی ، سید احمد ، ۵۴

ـــ میں بسانا محاورہ .

رک : پھولوں سے بسانا ۔

پھولوں میں خاک پاک کفن کو بسائے گی
صرصر سے نکہت گل فردوس آئے گی

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۱ : ۴۱

— میں پلنا محاورہ .

ناز و نعم میں پرورش پانا .

لڑکی بھی پھولوں میں پل رہی تھی .

۱۹۷۱ فہمینہ ، ۲۸

— میں تلنا محاورہ .

۱. ہلکا ہونا ، سبک ہونا .

سوکھ کر کانٹا نہ کیوں ہو جاؤں باغ دہر میں
تلتے ہیں پھولوں میں جو ان کی محبت دل میں ہے

۱۸۹۵ خزینۂ خیال ، ۲۲۷

۲. نازک اندام ہونا .

کرتی ہے گراں قدر حسینوں کو نزاکت
تلتے ہیں جو پھولوں میں وہ تلتے ہیں نظر میں

۱۹۳۶ شعاع سحر ، ۷۰

۳. ہر وقت اپنے ہم وزن پھولوں میں پڑا رہنا ، عیش و عشرت میں دن گزارنا ، رنگ رلیاں منانا ، دن عید اور رات شب برات ہونا (مخزن المحاورات ، ۲۸۱) .

— میں تلوانا محاورہ .

پھولوں میں تلنا (رک) کا تعدیہ .

پھولوں میں تجھ کو میں تلواؤں گا سن اے گل تر
بدھیوں سے تو لچک جائے گا شانا تیرا

۱۸۶۱ دیوان اختر ، ۱۷۷

— میں تولنا محاورہ .

پھولوں میں تلنا (رک) کا تعدیہ .

قفس ہاتھوں سے اس کا کھولتی تھی
اسے پھولوں میں ہر دم تولتی تھی

۱۷۹۶ پد ماوت منظوم ، ۱۴

— میں جانا محاورہ .

تیجے میں جانا ، سوئم کی فاتحہ میں شرکت کرنا .

پھولوں میں اپنے کشتہ کے ظالم گیا نہ تو
دو چار پھول اس کے کبھی گور پر تو بھیج

۱۸۵۴ کلیات ظفر ، ۳ : ۲۹

— میں ڈوبنا محاورہ .

رک : پھولوں سے لدنا .

پھولوں میں ڈوبی عطر میں بسی بیگم سسرال میں داخل ہوئی .

۱۹۲۹ وداع خاتون ، ۶

— نہ (نہیں) سمانا محاورہ .

رک : پھولا نہ سمانا .

وو پھول مرا آج کدھر پھول پڑا ہے
دل پھول کہ پھولوں نہ سماوے تو بجا ہے

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۵۰۴

مریض غم کا دگر گوں جو حال پاتے ہیں
خوشی سے غیر تو پھولوں نہیں سماتے ہیں

۱۸۹۱ اشک ، معیار نظم ، ۱۳۰

بالیاں پھولوں سے بھر کر جو پہن لیں تو نے
تازگی بڑھ گئی پھولوں نہ سمایا جوبن

۱۹۰۶ تیر و نشتر ، ۴۲

— ہلکا ہونا محاورہ .

پھولوں سے بھی کم وزن ہونا ، بہت ہلکا ہونا ؛ نازک ہونا .

بار نظارۂ مردم سے جھکا جاتا ہے
پھولوں ہلکا ہے مگر ہے کئی من کا سہرا

۱۸۹۵ دیوان راسخ دہلوی ، ۳۲۰

پھولی (۱) (و مع) اسف .

پھولا (۳) (رک) کی تصغیر .

پھولی ، درد ، دھند ، سرخی چشم ، جملہ بیماریوں کو دفع کرتا ہے .

۱۸۹۰ رسالہ حسن ، ۳ ، ۸ : (ضمیمہ)

متوالی غزالی بجلیاں گرانے والی آنکھوں کی جگہ چھوٹے بڑے دیدے ہوتے اور ان میں بھی پھولی .

۱۹۵۲ رفیق تنہائی ، ۳۰

پھولی (۲) (و مع) اسف ؛ اسذ ؛ ~ پھلی .

۱. ناک میں پہننے کا ایک زیور .

زیورات عورتوں کے . . . پھولی .

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۲۵۱

پھولی کلی کی مانند ہوتا ہے اور اس کو ناک میں پہنتے ہیں .

۱۹۳۸ آئین اکبری ، ۲ : ۲۸۳

۲. چمڑے یا ربر کی گول پھرکی (انگلش اینڈ ہندوستانی ٹیکنیکل ٹرمز ، ۹) .

[پھول (رک) سے]

پھولی (۳) (و مع) صف .

پھولا (رک) کی تانیث .

چو طرف خون سے کھلا گلزار پھولی یہ کربلا سی کیسی بہار

۱۷۹۵ ریاض الجناں (یورپ میں دکھنی مخطوطات ، ۴۵۴)

[پھولنا (رک) سے]

— پھالی اسف .

پھولا پھالا (رک) کی تانیث .

مجھے وہ بہت سی موٹی موٹی پھولی پھالی بیگمات یاد آگئیں جو کبھی کبھی اپنے بچوں کی خبر لینے اسکول میں داخل ہوتی ہیں .

۱۹۷۱ انگلیاں فگار اپنی ، ۷۵

— پھولی کھانا محاورہ .

بے فکری اور آرام کے ساتھ گزارنا ، بے بھاؤ کی کھانا .

بہت پھولی پھولی کھائی ہیں اب معلوم ہو جائے گا .

۱۹۲۱ یاسمین شام ، ۱۰۲

— پھولی گونے کو ٹھسک نکل گئی رونے کو کہاوت .

بیاہ اور گونے کی بڑی خوشی تھی باقی عمر پڑی روئے گی ، بیاہ کے بعد مصیبتوں کا زمانہ شروع ہوتا ہے (جامع اللغات) .

پھولے (و مع) امذ .

پھولا (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت تراکیب میں مستعمل .

کیوں بھائی یہ گھر میں آکے پھولے
شادی سے ہمارا رنج بھولے

۱۸۸۱ نیرنگ خیال ، ۱۱۴

ہر دم یہاں پیش نظر داغ و دل و زخم جگر
پھولے ہوئے ہیں دو چمن ایک اس طرف ایک اس طرف

۱۹۱۰ خوبئی سخن ، ۱۳

— پھالے صف .

پھولا پھالا (رک) کی مغیرہ حالت یا جمع ، (مجازاً) سست ، ناکارہ ، بے عمل ؛ ناراض ، خفا .

پڑے ہیں گے اٹل وہ پھولے پھالے گھر میں ارنے سے
وہ غیرت رکھتے ہوویں تو سریں اس نام دھرنے سے

? (اردو نامہ ، کراچی ، ۶ : ۱۰۰) ?

— پھلے (— فت پھ) .

(الف) دعائیہ کلمہ .

سرسبز و شاداب ہو ، خوش و خرم اور با اولاد ہو (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

(ب) صف .

سرسبز و شاداب ، خوش حال ، بامراد .

ہر ہر نفس کے ساتھ ہوائی و پھلجھری
یہ نخل آہ زور ہیں پھولے پھلے کھڑے

۱۸۱۸ اظفری ، د ، ۲۹

جیسا کہ بار بار کہا گیا ہے . . . اور مادیت کے ماحول میں پھولے پھلے ہیں . . . تعبیر نا ممکن ہے .

۱۹۳۲ سیرۃالنبی ، ۴ : ۸۱۹

[پھولے + پھلے ، پھلنا (رک) سے]

— پھولے (— و مع) صف .

پھولا پھولا (رک) کی مغیرہ حالت .

کالی کالی صورت پھولے پھولے گال نشے میں عجیب حال .

۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۶ : ۳۸

— پھولے پھرت ہیں آج ہمارو بیاہ ، تلسی گئے بجائے کے دیو کاٹھ میں پاہ کہاوت .

گو شادی کی بہت خوشی ہوتی ہے ، انسان مصیبتوں میں پھنس جاتا ہے (جامع اللغات) .

— پھولے پھرنا محاورہ .

رک : پھولا پھرنا .

وہ پھولے پھولے پھرتے ہیں صحن چمن کے بیچ
یاں ہم گھرے ہیں دشت میں خار محن کے بیچ

۱۸۹۳ دفتر حسن ، ۴۲

— مانے نہیں لگنا محاورہ (قدیم) .

رک : پھولے نہ سمانا .

رعیتاں یے خوشخبری سن کر پھولے مانے نہیں لگے .

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت ، ۱۲۶)

— نہ (نہیں) سمانا محاورہ .

رک : پھولا نہ سمانا .

اگر وہ گل اندام ملے تو پھولے نہ سماؤں باغ باغ ہوجاؤں .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۱۶

جس وقت ہے ذکر اس کا آتا نادان پھولے نہیں سماتا

۱۹۲۷ تنظیم الحیات ، ۵۵

پھولیل (و مع ، ی مج) امذ (قدیم) .

رک : پھلیل .

اِس کے قبیلہ کی پھولوں میں میل
کیا تیل کوں تل کی یعنی پھولیل
۱۶۸۷ یوسف زلیخا (ق) ، ہاشمی ، ۷۹
یہاں کا عطر اور پھولیل اور کٹا مشہور ہے .
۱۸۸۳ جغرافیۂ گیتی ، ۲ : ۳۱

پھُوں (و مع) اسث .

سانس کی آواز ، سانپ کی پھنکار ؛ کتے کا سونگھنا ؛ گھوڑے کا خراٹا (ماخوذ : جامع اللغات) .

[حکایت الصوت]

— پھاں اسث .

۱. شیخی ، اکڑ .

آپ ان کی شاعرانہ اور فنکارانہ پھوں پھاں پر نہ جائیں .

؟ نئی نظم اور پرانا آدمی ، ۹۹

۲. غصہ ، ناخوشی .

دیکھنے پر ذری سی یہ پھوں پھاں
تھوک دو غصہ جانی جانے دو
۱۸۱۸ اظفری ، د ، ۳۸

[پھوں + پھاں ، حکایت الصوت]

— پھُوں (— و مع) اسث .

۱. پھونک ، پھونک مارنے کا فعل .

عقل مند لڑکیاں برسات کے آنے سے پہلے ایندھن بھروا لیتی ہیں تاکہ گیلی لکڑی اور سیلے اپلوں کی پھوں پھوں سے بچیں .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۱۶۶

۲. پھنکار یا پھونٹوں سے تھوک اُڑانے کی آواز .

دوسری جانب سے پھوں پھوں کی آواز آئی .

۱۹۶۷ اردو ڈائجسٹ ، لاہور ، اکتوبر ، ۱۳۷

[حکایت الصوت]

— پھُوں کرنا محاورہ .

۱. پھونک مار کر آگ جلانا .

بھیگے چوڑا اپلے ، سیلی لکڑیاں بیٹھے پھوں پھوں کرتے رہو .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۹۰

۲. غصے ہونا ، سانپ کی طرح پھنکار مارنا .

خدا خیر کرے آج پھوں پھوں کرتا گھر میں گھسا ہے .

۱۸۸۶ مخزن المحاورات ، ۲۸۲

یہ مناسب نہیں کہ مغلوں سے جنگ کا معاملہ نامردوں کی طرح شور اور پھوں پھوں کر کے ختم کر دیا جائے .

۱۹۶۹ تاریخ فیروز شاہی ، ۳۸۳

— ہور زُوں (— و لین ، و مع) صف .

زوں فاں کرنے والا ، گھمنڈی .

ہور بڑے پھوں ہور زوں کو اپنے پھاندے میں پھنسا لیتی .

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت ، ۱۲۷)

[پھوں + ہور (رک) + زوں ، حکایت الصوت]

پھونا (و مج) ف م .

کھولنا (گرہ یا کوئی بندھی ہوئی چیز) (پلیٹس) .

[مقامی]

پھونپھی (و مج ، مغ) اسث .

نلی ؛ نے ؛ کوئی چیز جس میں چھید ہو اور اس میں پھونکا جا سکے (جامع اللغات) .

[پھوں (رک) سے]

پھُونٹ (و مع ، مغ) اسث .

رک : پھوٹ (۴) .

کالے پہاڑ کی سوندھی اور میٹھیاں (پھونٹیں) .

۱۹۱۵ ؟ مرقع زبان و بیان دہلی ، ۴۵

پھونٹی (و مع ، مغ) اسث .

رک : پھوٹ ، خربوزہ (جامع اللغات) .

پھُونچا (و مع ، مغ) امذ (قدیم) .

رک : پھونچا .

رستم کا پھونچا پکڑوں تو چھوڑا نہ سکے .

۱۷۰۳ جنگ نامہ پوستی (اردو نامہ ، کراچی ، ۴۹ : ۱۷)

پھُونچڑا (و مع ، مغ ، سک چ) امذ .

رک : پھوسڑا (نوراللغات) .

پھُوند (ضم پھ ، و سعد ، مغ) امذ ؛ ~ پھوندنا .

رک : پھُندنا (قدیم اردو کی لغت) .

پھُوند پھُوند رونا محاورہ (قدیم) .

زار زار رونا .

غمخوار ہوں تج وصل بن روتا ہوں پھوند پھوند رات دن
تس پر لگاوے توں اگن بے حد ستم بے حد ستم
۱۶۷۹ دیوان شاہ سلطان ثانی ، ۶۸ (الف)

پھوندنا (و معد ، مغ) امذ .

رک : پھندنا .

دھڑی دانت چھانی کی لا بھر کہ ہونٹ
تو بھا پھوندنا چوٹی کوں کر کھانٹ کھانٹ

۱۶۸۷ یوسف زلیخا (ق) ، ہاشمی ، ۳۰۳

ہاتھ میں پتلی سی پھندنا پڑی چوڑی لیے .

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۵۸

پھوندی (و لین ، مغ) امث .

رک : پھندی .

تجھ کو کب پہنچے زنگی پڑ پھوندی
پیلا سور ہے تری لونڈی

۱۸۳۴ صحفی ، ک ، ۶۰۳

پھونڈی (و مع ، مغ) صف .

بھوٹی (کوڑی) .

معشوق توں جب نیاز ہوں میری نین پھاندے پڑے
تب سوں اے حج پھونڈی نین تج کوں سو جیوں جالا ہوا

۱۶۷۹ دیوان شاہ سلطان ثانی ، ۶۸ (الف)

پھونس (و مع ، مغ) امذ .

۱. رک : پھوس .

حقیقت میں کچھ نہیں فقط پھونس کا پولا تھا .

۱۸۸۰ نیرنگ خیال ، ۱ : ۳۱

ڈھیر میں پھونس کے سوا کچھ نہیں رہ جاتا .

۱۹۲۳ سیرۃ النبی ، ۳ : ۲۶۴

۲. بوڑھا ، بہت زیادہ بوڑھا .

ایک نوکر وہ بھی بڈھا پھونس .

۱۸۹۵ حیات صالحہ ، ۵۰

— پھانس (— مغ) امث .

گھاس پھوس ، خس و خاشاک (قدیم اردو کی لغت) .

[پھونس + پھانس (تابع)]

— کا تاپنا ہے کہاوت .

بے بنیاد کام ہے ، چند روزہ خوشی ہے ، بے فائدہ امید کرنا (مخزن المحاورات ، ۲۸۲) .

پھونسڑا (و مع ، مغ ، سک س) امذ .

۱. رک : پھوسڑا .

کچھ اور تازہ ادرک لیں جس میں پھونسڑے نہ ہوں .

۱۹۴۷ شاہی دسترخوان ، ۱۸۱

۲. اولاد ، بچہ .

سچ پوچھیے تو خاندان ہی ختم ہوا ایک یہ پھونسڑا ابھی کس نے دیکھا کیا ہو کیا نہ ہو ، مرے جئے رہے نہ رہے .

۱۹۰۷ مخزن ، اپریل ، ۳۸

پھونسڑے (و مع ، مغ ، سک س) امذ .

پھونسڑا (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت .

رانڈ دکھیاری کے یہ دونوں پھونسڑے ہیں اور میری زندگی ان ہی دونوں سے ہے .

۱۹۱۹ جوہر قدامت ، ۷۴

گھرداری وہ کرے سینا پرونا اس کو آئے . . . وہ ایک پھونسڑے کو بھی نہ پال سکے گی .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۵ : ۱۹۶

— اڑنا محاورہ .

تمس یا ریشے نکل آنا .

آخر ڈانڈوں کے بھی پھونسڑے اڑ گئے مانند مسواک کے ہو گئیں .

۱۹۰۳ آفتاب شجاعت ، ۴ : ۳۸۶

پھونک (و مع ، مغ) .

(الف) امث .

۱. منھ سے بزور نکالی ہوئی ہوا ، سانس ؛ پھونکنے کی کیفیت .

وہ اپنی پھونک سے خدا کے نور کو بجھانا چاہتے ہیں .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۸۲۷

۲. دعا ، دم ، منتر .

ہمزات کی تفسیر شیاطین کی پھونک اور دم سے بھی کی گئی ہے .

۱۸۶۶ تہذیب الایمان ، ۱۱۴

انکار کی پھونک دین و مذہب کی تمام بندشوں کو توڑ تاڑ کر برابر کردے .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۲۰

۳. حقّے کا کش .

لاکھ لاکھ کہا کہ تو آرہا ہے دو پھونک پیتے جاؤ .

۱۹۲۶ نوراللغات ، ۲ : ۱۶۶

(ب) صف .

(عو) ہلکا ، ورق سا ہلکا ؛ ہلکا زیور ؛ کاجو بھوجو چیز (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

[ہ : پھونک]

— بھَرنا محاورہ .

(کسی چیز میں) ہوا بھرنا ؛ ابھارنا ، اکسانا .

کیا پھونک بھر کے تڑی تاپڑی
اوڑیا ہاتھ کھٹ کالے جل کا پڑی

۱۵۶۴ حسن شوق ، د ، ۷۶

— پڑنا محاورہ .

جان آنا ، طاقت پیدا ہونا .

اس کے سمجھنے اور عقیدے سے اس میں . . . پھونک پڑتی ہے .

۱۸۶۴ مذاق العارفین ، ۳ : ۳۰۲

— پھانک (— مغ) امث .

پھونک (رک) کا تابع ، پھونکنا (رک) کی کیفیت ، پھونک مار کر جلانے کا عمل ؛ رک : جھاڑ پھونک .

بعضوں کی روغن دار چیز کے برابر شعلے کی طرف احتیاج ہوتی ہے اور بعضوں کی سوکھی لکڑی کی مانند پھونک پھانک کی طرف .

۱۸۰۵ جامع الاخلاق ، ۱۴۹

[پھونک + پھانک (رک)]

— پھُونک کَر/کے م ف .

آہستہ آہستہ ، بہت ہلکے ، ٹھہر ٹھہر کر ، ڈرتے ڈرتے ، احتیاط سے .

آتے ہیں اس روش سے تری جلوہ گاہ میں
ہم پاؤں پھونک پھونک کے رکھتے ہیں راہ میں

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۵۶

— پھُونک کَر پانو/قَدم اُٹھانا/دھَرنا/رکھنا محاورہ .

احتیاط برتنا ، ڈرتے ڈرتے کام کرنا .

کتنا ہی پھونک پھونک کر پانو رکھئے مگر وہ بدون گرفت کیے نہیں رہتے .

۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۱۶۸

یہاں کا سلسلہ ختم ہونے پر تمہیں بہت پھونک پھونک کر قدم اٹھانا ہوگا .

۱۹۳۷ حرف آشنا ، ۴۵۶

— پھُونکنا محاورہ .

پھونک مارنا .

جب صور میں ایک پھونک پھونکی جائے گی .

۱۹۳۲ سیرۃ النبی ، ۴ : ۶۸۵

— چھوڑنا محاورہ .

منہ سے ہوا نکالنا ، پھونک مارنا (زور سے) .

لڑکی کو گود میں لیا . . . اس کے کانوں میں پھونکیں چھوڑی تھیں .

۱۹۵۵ آبلہ دل کا ، ۱۵۵

— دینا محاورہ .

رک : پھونکنا (جامع اللغات) .

شعلے بھڑکاتے ہیں یہ کہتا ہوں کچھ کان میں کچھ
پھونک دیتے ہیں خبر دار خبر کے بدلے

۱۸۶۱ کلیات اختر ، ۸۲۱

کسی کی برائی سن لیں تو سارے میں پھونک دیں .

۱۹۳۴ سرگزشت عروس ، ۱۴۲

۲. (موسیقی) پھونک سے بجنے والے ساز کے سر سے زائد از ضرورت ہوا نکلنا (ا پ و ، ۴ : ۱۵۰) .

— ڈالنا محاورہ .

۱. (دعا وغیرہ پڑھ کر) کسی پر دم کرنا .

زیب آغوش جب ہوئی یہ قمر
پھونک ڈالی دعائیں پڑھ پڑھ کر

۱۸۸۵ مثنوی عالم ، ۱۰

۲. جلا دینا ، آگ لگا دینا .

نہ پوچھو مجھ سے لذت خانماں برباد رہنے کی
نشیمن سینکڑوں میں نے بنا کر پھونک ڈالے ہیں

۱۹۲۴ بانگ درا ، ۱۰۴

— سا آدمی (— سک د) امذ .

رک : پھونک مارو تو اڑ جائیں، نہایت ضعیف اور لاغر آدمی (محاورات ہند ، ۴۹) .

[پھونک + سا ، حرف تشبیہ + آدمی (رک)]

— سَرکنا محاورہ .

(رک) پھونک نکل جانا معنی نمبر ۲ .

میری بھلے ہی پھونک سرک رہی تھی مگر ان کی وجہ سے کچھ بولا نہیں چپکا سو گیا .

۱۹۳۹ شمع ، ۵۷۹

— سُوراخ (— و مع) امذ .

وہ سوراخ جس سے ہوا خارج یا داخل ہو ؛ ہوا یا دھنواں جانے کا راستہ .

ایسے فولاد کی انگٹ کا بیرونی حصہ جسے حلقہ یا کناری (رم Rim) کہتے ہیں تقریباً خالص لوہا ہوتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ پھونک سوراخ (Blow Holes) کا حلقہ بن جاتا ہے جو پیدا شدہ گیس سے بنتے ہیں .

فولاد سازی ، ۱۷ ۱۹۷۳

[پھونک + سوراخ (رک)]

ـــ کر قدم رکھنا محاورہ .

رک : پھونک پھونک کر پانو / قدم رکھنا .

رکھتی تھی پھونک کر قدم اپنا ہوائے سرد
یہ خوف تھا کہ دامن گل پر پڑے نہ گرد

انیس ، مراثی ، ۲ : ۸۶ ۱۸۷۴

ـــ لگانا محاورہ .

رک : پھونک مارنا .

مٹی میں بند کر کے کوزے میں رکھیں اور پھونک لگائیں .

مجمع الفنون (ترجمہ) ، ۱۹۳ ۱۸۴۵

ـــ مارنا محاورہ .

منہ سے زور کے ساتھ ہوا نکالنا .

گویا کوئی شخص بڑی نلکی میں پھونک مار رہا ہے .

رسالہ مسماع الصدر ، ۲۷ ۱۹۲۰

۲. دعا یا جادو منتر وغیرہ دم کرنا .

جس پر پھونک ماری وہ جل گیا ، سارے آدمی اس کے خوف سے تلے اوپر گرنے لگے .

احوال الانبیا ، ۱ : ۴۸۹ ۱۸۴۵

ـــ مارو تو اڑجائیں فقرہ .

بہت دبلے پتلے آدمی کی نسبت بولتے ہیں .

آپ کا قد کوئی پونے پانچ فٹ کا تھا ، ایسے سوکھے تھے کہ پھونک مارو تو اڑ جائیں .

فرحت ، مضامین ، ۴ : ۷ ۱۹۴۷

ـــ مثال اٹھا چو پالا کہاوت .

تیار ہو ، جلدی کر (ڈولی اٹھانے والوں سے یہ مثل لی گئی ہے) (جامع اللغات) .

ـــ نکل جانا/نکلنا ف ل ؛ محاورہ .

۱. بھری ہوئی ہوا نکل جانا .

بسوں کو اونٹ گاڑیوں میں تبدیل کر دیا جائے جن میں پہیے موجود ہیں اور ان کی پھونک نہیں نکلی .

جنگ، کراچی، ۳۰ ، ۲۱۶ : ۳ ۱۹۶۶

۲. مر جانا ، دم نکل جانا .

ہم ہی جیسا ایک آدمی سب کچھ تھا یا ایک پھونک نکل گئی تو کچھ نہ تھا .

روپائے صادقہ ، ۱۰۱ ۱۸۹۹

۳. ڈر جانا ، سہم جانا .

کمشنر صاحب نے لکھ دیا کہ جو چاہو کرو ہم نہیں جانتے ، اب ڈپٹی صاحب کی پھونک نکل گئی کہ کہیں کمشنر صاحب نے غصے میں تو نہیں لکھا .

سو دیشی ریل ، ۱۵۵ ۱۹۳۶

۴. سانس پھول جانا یا چڑھ جانا (پلیٹس) .

پھونک (۱) (و مج ، مغ) امذ .

رک : پھوک .

اٹنا بدن کا عنایت ہوا
مجھے پھونک پھر پان کا بھجوا ذرا

حزن اختر ، ۱۲۲ ۱۸۵۹

[० : پھونک फोंक]

پھونک (۲) (و مج ، مغ) امث .

تیر کا سوفار (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

[رک : پھوکا]

پھونک (۳) (و مج ، مغ) صف .

مجوف ، بیچ سے خالی (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

[رک : پھوک (۱) (= خالی)]

پھونک (۴) (و مج ، مغ) امث .

کھونپ .

منہ دھلا دیں گے ، کرتی اوڑھنی کی پھونک سی دیں گے .

اتالیق بی بی ، ۳۸ ۱۹۱۶

اف : بھرنا ، سینا .

[مقامی]

پھونکا (و مج ، مغ) امذ .

پھونکنا (رک) سے تراکیب میں مستعمل .

ـــ پڑے کلمۂ بد دعا .

آگ لگے ، برباد ہو ، ستیاناس جائے .

آپ ہر بات کہتی ہیں کہ آگ لگے تمہارے دوسرے نکاح کو پھونکا پڑے اس نکاح میں .

داودہ پنچ، لکھنؤ ، ۱۲ ، ۳۳ : ۱۰ ۱۹۲۷

— پھانکی (— مغ) امث .

دعا وغیرہ پڑھ کر دم کرنے کا عمل .

چھوچھکا منترجنتر پھونکا پھانکی .

۱۹۱۵ مرقع زبان و بیان دہلی ، ۲۱

[پھونکا + پھانکی (تابع)]

— دینا محاورہ

جلا دینا ، آگ لگا دینا ، برباد کر دینا ، بگاڑ دینا .

میں ابھی اس گھر کو پھونکا دے کر سر بہ صحرا جاتی ہوں .

۱۸۸۸ انتخاب طلسم ہوشربا ، ۳ : ۳۶۹

— ہُوا (ضم ہ) صف .

پڑھا ہوا ، دعا یا منتر پڑھکر دم کیا ہوا پانی یا کوئی اور چیز .

کہیں سے پھونکا ہوا پانی آتا ہے کوئی پڑھا ہوا گڑ لاتا ہے .

۱۸۹۰ فسانۂ دلفریب ، ۳۰

پھُونکنا (و مع ، مغ ، سک ک) ف م .

۱. زور کے ساتھ منھ سے ہوا خارج کرنا .

میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے بازوؤں پر سونے کے دو بازو بند ہیں ان کی طرف دیکھ کر میں نے پھونکا اور وہ میری پھونک سے اڑ گئے .

۱۹۲۰؟ جویائے حق ، ۳ : ۸۳

۲. جلانا ، بھسم کرنا .

جو تم ہر کچھ ہوے تو اس کا ایک رونگٹا پھونک دیجیو .

۱۸۰۳ رانی کیتکی ، ۳۸

۳. (i) آگ بھڑکانا ، دھونکنا .

پھونکی ہے آگ جسم میں جس شعلہ خو نے آہ
وہ پوچھتا نہیں کبھی بیمار کا مزاج

۱۸۸۹ دیوان عنایت و سفلی ، ۲۹

(ii) دم پر لانا ، سلگانا .

بھاری توا ہے سلگتے سلگتے سلگے گا لائیے پھونک دوں .

۱۹۰۰ شریف زادہ ، ۲

۴. حقے کا پانی منھ کی ہوا کے زور سے نکالنا (جامع اللغات).

۵. کشتہ کرنا .

اکسیر کی ہوس ہے مہوس اگر تجھے
سیماب نفس پھونک کے سینے میں خاک کر

۱۸۹۷ خانۂ خمار ، ۴۵

۶. بہکانا ، اغوا کرنا (جامع اللغات) .

۷. (مجازاً) ستانا ، دل دکھانا (جامع اللغات) .

۸. (دعا یا منتر وغیرہ پڑھ کر) دم کرنا .

سو شہ آیۃ الکرسی پڑ پھونک کر
کیے دور اسے موں آہر تھونک کر

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۵۷

دعا پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں میں پھونکتے .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۹۰

۹. (کان کے ساتھ) کہنا ، لگائی بجھائی کرنا .

کیا کان میں نصرت نے سخن پھونک دیا تھا
ہر کافر ناری کا بدن پھونک دیا تھا

۱۸۷۵ مونس ، مراثی ، ۳ : ۱۲۹

تہذیب جدید نے اس قوم کے کان میں . . . یہ بھی پھونک دیا ہے کہ انسانی تعلقات صرف زندگی کے ساتھ ہیں .

۱۹۱۹ شب زندگی ، ۱ : ۵

۱۰. تشہیر کرنا ، شہرت دینا .

کسی کی برائی سن لیں تو سارے میں پھونک دیں .

۱۹۳۴ سر گزشت عروس ، ۱۴۲

۱۱. (صور ناقوس یا کسی ساز وغیرہ کو) سانس کے زور سے بجانا .

پھونکینگے پہلا صور جوں سب جیؤ جہان عالم مرے
بے شک سو دسرے صور میں ہر یک اٹھے سٹ دے قبر

۱۶۳۵ تحفۃ الموسنین ، ۱۲

اردلی کے جو گرانڈیل ہیں ہوں گے سب جمع
کرنا پھونکے گا جس وقت کہ سنکھ درسن

۱۸۱۸ انشا ، کلام ، ۳۲۳

تھوڑی دیر بعد سنکھ پھونکا جاتا ہے .

۱۹۶۶ « الشجاع ، مارچ ، کراچی ، ۶۰

۱۲. بے دریغ خرچ کرنا ، اڑانا (دولت وغیرہ کے ساتھ).

لقد دیں عشق میں باقی ہے نہ نقد دنیا
ہم نے جو دوات کونین میں پایا پھونکا

۱۸۴۶ دیوان مہر ، ۱۷

ڈراما کھیلنے کا شوق پیدا ہوا ، اس پر ہزاروں روپے پھونک دیئے .

۱۹۳۵ دودھ کی قیمت ، ۸۹

۱۳. داخل کرنا ، (جذبے اثر وغیرہ کا) ابھارنا .

برس گزر گئے آنیس ، بات ہے کل کی
کہ اس نے شہر میں پھونکی تھی روح بیداری

۱۹۱۹ رعب ، ک ، ۳۴۰

۱۴. (ہندو) مردے کا جلانا .

دل جلانے شعلہ رخ سے ہیں گیسو آگ میں
زندہ کو جوں مردہ کیوں پھونکے ہیں ہندو آگ میں

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۱۷۹

کھانے کے آدھ گھنٹے بعد وہ سو جائے گا اور ایک گھنٹہ میں اپنی جگہ پہونچ جائے گا شام سے پہلے پھونک دیں گے .

۱۹۱۳ چھلاوہ ، ۶۳

۱۵. برباد کرنا، ضائع کرنا۔
ہزاروں روپیہ کا گہنا تو تمہیں نے پھونک دیا۔
۱۸۷۸ نوابی دربار، ۲۷

۱۶. آواز نکالنا (نوراللغات)۔

[س: پھت + کٹ + انیں फूत् + कट् + अनीय]

پھُونکنی (و مع، مغ، سک ک) اسث۔

رک: پھُکنی۔
ذرا وہ بیٹھے کہ اسی جی موصل ہاتھ میں لیے اٹھی، اور بڑے بھائی پھونکنی لیتے ہیں، تو چھوٹا کہتا ہے: سٹ میرے چار آنے۔
۱۸۹۰ آرام کے ڈرامے، ۳: ۲۱۰

پھُونکی چھُری (و مع، مغ، ضم چھ) اسث۔

(کسی کو نقصان پہنچانے کے لیے) وہ چھری جس پر دعا یا منتر پڑھ کر پھونکا گیا ہو تاکہ حریف یا دشمن کا خون ہو جائے۔
کیوں بسملوں کو بھا گئی، لاکھوں گلے کٹوا گئی
یا رب کہاں سے آ گئی پھونکی چھری قاتل کے پاس
۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق، ۹۶

[پھونکی، پھونکنا (رک) سے + چھری (رک)]

پھُونکے کے نہ پھانکے کے، ٹانگ اٹھا کے تاپے کے کہاوت۔
کام نہیں کرتا مگر آرام چاہتا ہے، خود غرض سست شخص کے متعلق کہتے ہیں (جامع اللغات)۔

پھُونگ (ضم پھ، فت و، غنہ) اسث۔

رک: پھنگ۔
وہاں جنگل میں تھا نخل تناور
جو چڑیا جا کے بیٹھی اک پھونگ پر
۱۸۶۱ الف لیلہ نو منظوم، شایان، ۲: ۵۲۵
بندریا درخت کو چھوڑ پھونگ پر تھی۔
۱۹۴۳ رفیق حسین، گوری ہو گوری، ۹۷

پھُونگنگ (و مع، فت ن، غنہ) اسث۔

رک: پھنگ (پلیٹس)۔

پھُونوار (و مع، مغ) اسث۔

رک: پھوار (پلیٹس)۔

پھُونہار (و مع، مغ) اسث۔

رک: پھوار۔
مبادا میرے گل رو کا گل رخسار مرجھاوے
پھونہار اے اظفری دے آنسوؤں کی میں بکھوتا ہوں
۱۸۱۸ اظفری، د، ۵۷

پھُونہی (و مع، مغ) اسث۔

رک: پھوار۔
بدلی گھمنڈ رہی تھی، پھونہیاں پڑ رہی تھیں۔
۱۸۰۲ باغ و بہار، ۵۴

[ہ: پھونہی फूही]

پھُونئی (و مع، مغ) اسث۔

رک: پھوار، پھوئی (پلیٹس)۔

[ہ: پھونئی फूई]

پھُونیارا (و مع، مغ) امذ۔

رک: پھوارا (= فوارہ) (جامع اللغات؛ پلیٹس)۔

[ہ: پھونیارا फूयारा]

پھوہا (و مج) امذ۔

۱. روئی کا چھوٹا سا گالا جسے عطر وغیرہ میں تر کر لیا جائے؛ پھاہا، پھویا (رک)۔
آگ اور روئی اکٹھی کرنی نہیں مناسب
رکھتے ہو داغ دل پر میرے عبث یہ پھوہا
۱۷۱۸ دیوان آبرو، ۷

۲. روئی کا فتیلہ جو دودھ میں تر کر کے شیر خوار بچے کے منہ میں رکھتے ہیں تاکہ وہ چوسے۔
دودھ منگوایا کیٹے بازار سے پھوہوں سے دینا کیا انفار سے
۱۸۱۰ میر، ک، ۱۰۷۶

[ہ: پھوہا؛ फोहा फूहा]

پھُوہار (و مع نیز غم و) اسث۔

رک: پھوار۔
زشاشہ . . . پھوہار۔
۱۵۱۹ مؤید الفضلا (سہ ماہی اردو، ۴۳، ۴: ۲۷)

اس پانی کی پھوہار سے کھیتی سرسبز نہیں ہوتی .

۱۸۸۴ سفرنامۂ پنجاب (سید احمد خاں) ، ۱۵

چار آنسوؤں کے گرتے ہی دل صاف ہو گیا
باکی پھوہار ہوگئی بھاری غبار پر

۱۹۱۹ لذت درد ، ۴۰

[ف: फुहार پھوہار]

پھُوہَر (و مع ، فت ہ) صف .

رک : پھوہڑ (پلیٹس) .

پھُوہَڑ (و مع ، فت ہ) صف .

۱. بےوقوف ، احمق ، بے سلیقہ .

ہٹی تم لوگ بھی بڑے پھوہڑ ہو . . . وہ اس لونڈے کے ساتھ بھاگ گئی اور آپ لوگ میرے سامنے اس کا تذکرہ کرتے ہیں .

۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۱ : ۲۱۳

یہ بھی ہے اس مثل کی ایک مثال
کھاؤ ہنس ہنس کے پھوہڑوں کا مال

۱۹۳۴ دیوانجی ، ۳ : ۳۵۷

۲. نا شائستہ ، بے تمیز غیر مہذب .

کتنا پھوہڑ مذاق ہے .

۱۹۵۴ شاید کہ بہار آئی ، ۱۱۴

۳. گندی ، میلی ؛ بے ہروا ، جاہل ، گنوار .

اگر صفائی نہ ہوئی تو پھوہڑ سمجھی جائے گی .

۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۶۶

رام دلاری . . . سر کے بال کھولے پھوہڑ سی ادھر ادھر کھیلا کرتی تھی .

۱۹۳۵ دودھ کی قیمت ، ۱۳۹

۴. ناکارہ .

خدا جانے لوگوں کا قلم آج کل کیوں پھوہڑ ہو گیا ہے .

۱۹۲۴ ' اودھ پنچ ' لکھنؤ ، ۹ ، ۱۹ : ۱۰

اسم کیفیت : پھوہڑ پن/پنا .

بے ہنری ، بد سلیقگی ، بد تمیزی .

چپ چپاتے سب کاروائی ہوا کرتی ہے مگر ہاں پھوہڑ پنے کے ساتھ نہیں .

۱۹۰۳ سر شار ، بچھڑی دلہن ، ۴۶

دیسی ریاستوں میں حماقت اور پھوہڑ پن کی گرم بازاری ہے .

۱۹۳۶ ' اودھ پنچ ' لکھنؤ ، ۱۱ ، ۱۴ : ۴

[ف: फुहड़ پھوہڑ]

— جُورُوا ساگ میں شوربا کہاوت .

بےوقوف ہر کام بےوقوفی ہی کا کرتا ہے (گنجینۂ اقوال و امثال) .

— چالے تو گھر ہالے کہاوت .

پھوہڑ گھر سے نکلے تو لوگ گھبراتے ہیں کیوں کہ وہ ہر جگہ بےوقوفی کی بات کرتی ہے (جامع اللغات) .

— چلے تو گھر ہلے کہاوت .

رک : پھوہڑ چالے تو گھر ہالے .

— درزی لمبا ڈورا کہاوت .

پھوہڑ انسان ہمیشہ کام خراب کرتا ہے .

ہمیں اندیشہ ہے کہ اس عبث حرکت پر کوئی ہمارے دوست لارڈ ارون کو یہ طعنہ دے کر نہ چڑھائے کہ جہاں تم تجارت پیشہ قوم کے فرد ہوکے بیکار وقت ضائع کرتے ہو '' پھوہڑ درزی لمبا ڈورا '' .

۱۹۳۱ ' اودھ پنچ ' لکھنؤ ، ۱۶ ، ۶ : ۶

— سینے بیٹھے تب سوئی توڑے کہاوت .

بے ہنر عورت ہر کام میں نقصان کرتی ہے (جامع اللغات) .

— کا مال ہنس ہنس کھاؤ/کھائے کہاوت .

بےوقوف کا مال خوشامدی ہنس ہنس کر کھاتے ہیں .

لے میرا بھائی آؤ یار دعوتیں اڑاؤ اور پھوہڑ کا مال ہنس ہنس کھاؤ .

۱۹۳۵ ' اودھ پنچ ' لکھنؤ ، ۲۰ ، ۴۰ : ۱۰

— کرے سنگار مانگ اینٹوں سے پھوڑے کہاوت .

بےوقوف عورت کے پاس بوقت ضرورت کوئی چیز نہیں نکلتی اس لیے اسے غیر موزوں چیزوں استعمال کرنی پڑتی ہیں (جامع اللغات) .

— کی جھاڑو سُگھڑ کا لیپا دونوں چُھپتے نہیں کہاوت .

بد سلیقہ اور خوش سلیقہ کا کام خود بول اٹھتا ہے (گنجینۂ اقوال و امثال) .

— کی کھیر (— ی مع) است .

(مجازاً) کوئی کام جو بد سلیقگی سے کیا گیا ہو .

اس قسم کی مہمل دستار بندیوں سے جو پھوہڑ کی کھیر سے بڑھ کر ہیں کیا حاصل ہے .

۱۸۹۲ مکاتیب شبلی ، ۱ : ۲۷

ـــ کے گھر اُگی جنبیری گوبر مانڈ اُسی پر گیری کہاوت .

بد سلیقہ عورت کی نا واقفی ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں (جامع اللغات) .

ـــ کے گھر کھڑکی لگی سب کتوں کو چنتا پڑی ، بانڈا کتا بانچے سوں ، لگی تو ہے پر دیگا کون کہاوت .

بد سلیقہ عورت کے گھر میں دروازہ لگا تو کتوں کو فکر پڑی مگر ایک بے دم کتے نے کہا کہ دروازہ لگا تو ہے اسے بند کون کرے گا ، مطلب یہ ہے کہ بد سلیقہ عورت بڑی بے احتیاطی سے کام کرتی ہے اور اپنا نقصان کرتی ہے (جامع اللغات) .

بھوہڑا (و مع ، سک ہ) امذ ؛ صف.

رک : بھوہڑ جس کی یہ تذکیر ہے (جامع اللغات) .

بھوہڑی (و مع ، فت ہ) امث .

رک : بھوہڑ معنی ۲ ، ۳ .

بھوہی (و مع) امث ؛ ~ بھوہی .

۱. رک : بھوار (پلیٹس) .

۲. بھپھوندی (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

۳. گھی کا بھول جو تاؤ دیتے وقت اوپر آ جاتا ہے (جامع اللغات) .

۴. وہ آلہ جس سے عطر چھڑکتے ہیں (جامع اللغات) .

[ہ : بھوہی]

بھوئی (۱) (و مع) امث ، ~ بھوئی .

۱. رک : بھوار .

زشاشہ . . . بھوئی .

۱۴۱۹ ادات الفضلا (سہ ماہی ' اردو ' ۴۲ ، ۳ : ۲۷)

شہ پر ٹھنڈا بارا کرے ہلکا ادب سوں خوش پنکھا
بھل نہر شبنم کا رین چھڑکے سبک بھوئی سار کا

۱۶۶۵ علی نامہ ، ۷۳

بھوئی یعنی پانی کی بھوبار .

۱۹۲۶ شرر ، مشرقی تمدن کا آخری نمونہ ، ۲۵۵

۲. بھپھوندی (پلیٹس) .

۳. گھی کا بھول جو تاؤ دیتے وقت اوپر آ جاتا ہے (نوراللغات) .

۴. عطر پاش ، وہ آلہ جس میں عطر بھرکر چھڑکا جاتا ہے (نوراللغات) .

۵. (رک) بھوبا ، بھوٹیا ، روئی کا گالا ، ہونی .

دلیل کے چرخے کی مال ٹوٹی مال ہی ٹوٹ گئی تو تیل (روغن قاز) چاہے لگاؤ یا نہ لگاؤ نہ چرچوں ہو گی نہ تاگا کتے گا نہ بل چڑھے گا نہ تار نکلے گا نہ سانٹھ کی ضرورت ہو گی نہ بھوئی کام دے گی .

۱۹۳۱ داودھ پنچ ، لکھنو ، ۱۶ ، ۳ : ۶

[ہ : بھوئی]

ـــ **بھوئی** (ـــ و مج) امث ؛ ج .

قطرہ قطرہ ، بوند بوند ، ترشح ، پھوار ، ہلکی بارش .

گر جیا مرگ خوشیاں سوں سنگارو آؤ سکیاں
پڑتا ہے میگھ بھوئی بھوئی چولی بھگاؤ سکیاں

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲۰۱

[بھوئی (۱) (رک) کی تکرار]

ـــ **بھوئی تالاب بھر جاتا ہے** کہاوت .

تھوڑا تھوڑا بہت ہو جاتا ہے .

اے ابر جائیو مت کم روئے ہر ہمارے
یہ چشم بھوئی بھوئی تالاب بھر رہے گی

۱۸۱۰ میر (مہذب اللغات)

ـــ **دینا** محاورہ .

رک : بھوئی کرنا .

بازوں کی سالش ، بھوئی دینے ، چرنچ کاٹنے بنانے اور کوفت کے مٹانے میں کیا کیا اہتمام نہیں ہوتے .

۱۹۵۴ اپنی موج میں ، ۲۸

ـــ **کرنا** محاورہ .

پانی کی پھوار سے مرغ کے پروں کو صاف کرنا یا مرغ اور تیتر بٹیر کو نہلانا .

اول صبح سے روزہ باندھ کر سات بجے تک ٹہلاوے اور پھر غذا کھلاوے اور بھوئی کرکے سوتی اور قلقل میں بند کرے .

۱۸۸۳ صید گاہ شوکتی ، ۱۸۸

بھوئی (۲) (و مع) امث .

(نباتیات) ایک بہت ننھا پودا جس کی نشو و نما خورد بین کے ذریعے دیکھی جاتی ہے ، بھپھوندی کی ایک قسم جو نباتات کی بیماری میں شمار کی جاتی ہے ، انگریزی : Blight .

فنگس ، بھوئی کی طرح کے خورد بینی پودے ہوتے ہیں جو خود پودوں کی ایک بیماری شمار کیے جاتے ہیں .

۱۹۶۸ کیمیاوی سامان حرب ، ۲۱۹

[رک : بھوئی (۱)]

پھوئیا (و مج ، کس ہ) امذ .

رک : پھاہا .

ہزاروں دل بہ شکل گل ہیں پیدا لالہ زاروں سے
روئی کے پھوئیے دست و گریباں ہیں شراروں سے

۱۹۳۶ لبیب ، آتش خنداں ، ۴۰

پھُوئیاں پھوئیاں (و مع ، کس ء) امث ، ج .

رک : پھوئی ، پھوئی پھوئی (رک) کی جمع .

بوندا باندی کے بعد اماں جان
پھوئیاں پھوئیاں پھوار پڑنے لگی

۱۸۷۱ عبیر ہندی ، ۶۷

پھوئیاں پھوئیاں رہ گئیں تو آگے بڑھے .

۱۹۱۰ لڑکیوں کی انشا ، ۶۷

ــ تالاب بھَر جاتا ہے کہاوت .

رک : پھوئی پھوئی تالاب بھر جاتا ہے .

پھوئیاں پھوئیاں تالاب بھرتا ہے .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۹۰

پھُوئیں (و مع ، ی مع) امث .

رک : پھوہی ، پھوئی (پلیٹس) .

[ہ : پھوئیں फुईं]

ــ پھُوئیں تالاب بھَرتا ہے کہاوت .

رک : پھوئی پھوئی تالاب بھرتا ہے .

بختیارک نے کہا کہ پھوئیں پھوئیں تالاب بھرتا ہے .

۱۸۹۰ طلسم ہوشربا ، ۴ : ۱۰۵۸

پھُوئیوں پھُوئیوں تال (تالاب ، جھیل) بھَرنا محاورہ .

تھوڑا تھوڑا بہت ہونا ، قطرہ قطرہ سمندر ہونا .

جونہی پھوئیوں پھوئیوں بھرے جھیل تال
یونہی کوڑی کوڑی ہوا جمع مال

۱۹۱۱ کلیات اسمٰعیل ، ۴۳

پھو یا (و مج) امذ .

رک : پھوہا .

عطر کا پھویا ناک میں رکھا اور طبیعت کو دوسری طرف مصروف کیا .

۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۱۴

روئی کا ایک خشک پھویا لیکر پھوٹوں اور ان کے ارد گرد کی جلد کو اچھی طرح صاف کردیں .

۱۹۷۰ گھریلو انسائیکلو پیڈیا ، ۲۰۶

پھو یارا (و مج) امذ .

رک : فوارہ .

نیا رنگ کا وہاں پھویارا جھڑے
فرشتیاں کون کپڑے دھوں نا پڑے

۱۶۸۷ یوسف زلیخا (ق) ، ہاشمی ، ۲۲۴

پھُوہار (ضم پھ) امث .

رک : پھوار .

گھٹاؤں کی آمد ہے بارش کا تار
کبھی ہے تفاطر کبھی ہے پھہار

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۳۱۰

کالی کالی وہ گھٹائیں وہ پپیہوں کی پکار دھیمی دھیمی وہ پھہار
اب کے ساون بھی ہمارا یونہیں رونے میں کٹا کیا کہیں چپ کے سوا

۱۹۲۷ شاد ، میخانۂ الہام ، ۱۰

پھَیّا (فت پھ ، شد ی) امذ .

رک : پھہّا .

چھکڑا ہوئے ہیں سوج کے راہ وفا میں پانو
پھیّے لگائیے انھیں رفتار کے لیے

۱۷۴۶ آتش ، ک ، ۲۰۵

پھُیّاں پھُیّاں (ضم پھ ، شد ی) امث ؛ ج .

رک : پھوئیاں پھوئیاں .

کبھی میٹھی میٹھی پھوار پڑتی تھی کبھی پھیّاں پھیّاں مینہ برسنے لگتا تھا .

۱۸۷۵ الشاے ہادی النسا ، ۸۵

لطف جھولے کا غرض برسات میں آتا ہے خوب
پھیّاں پھیّاں پڑ رہی ہے آج کل ہر سو پھوار

۱۹۲۰ لخت جگر ، ۲ : ۳۹۷

پھیپسا (ی مج ، سک پ) امذ .

رک : پھیپھڑا .

سات ساواں . . . سوم پھیپسا .

۱۴۲۱ گیسو دراز ، شکار نامہ (شہباز ، سکھر ، فروری ، ۱۹۶۲)

کبھی حیض کے عوض ناک یا پھیپسے یا معدے یا کسی کھلے گھاؤ سے لہو نکلتا ہے .

۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۳۲

[ہ : پھیپسا फेफसा]

پھیپھنا (ی مج ، سک پ) امذ .

بلغم یا رینٹ کا پھولا ہوا بڑا ٹکڑا .

ایک لمبا سانس باہر نکالا جس سے بہت بڑا پھیپھنا ... آگلدان کے کنارے پر پڑا .

۱۹۲۴ خلیل خاں فاختہ ، ۱ : ۹

[० : फेफना پھیپھنا]

پھیپھرا (ی مج ، سک پھ) امذ .

رک : پھیپھڑا (پلمنس) .

پھیپھڑا (ی مج ، سک پھ) امذ .

سینہ کے اندر تھیلی کی طرح کا عضو جس کی مدد سے سانس لیا جاتا ہے ، شُش .

سل اور دق پھیپھڑے سے تعلق رکھتے ہیں اور پھیپھڑے کی زندگی سانس پر منحصر ہے .

۱۹۱۶ سی پارۂ دل ، ۱ : ۹۷

ــ تلنا محاورہ .

(مجازاً) کسی کے لیے انتہائی محبت اور شفقت کا اظہار کرنا .

ابھی اس کی صورت نہیں دیکھی اور اس کے عوض پھیپھڑا تلنے لگے .

۱۸۸۸ انتخاب طلسم ہوشربا ، ۳ : ۲۱۷

گھڑی بھر میں سوت بن گئے اور لگے پھیپھڑا تلنے .

۱۹۲۴ داودہ پنچ، لکھنؤ ، ۹ ، ۲۳ : ۹

ــ جلانا محاورہ .

(کسی کی) خیر خواہی کرنا ، سگھڑ بھلائی کرنا ، کسی اور کی خاطر تکلیف اُٹھانا .

کوئی جھپٹ میں آ کر گر پڑی ۔ دیکھو انا ددا کیسی پھیپھڑا جلاتی بلبلاتی دوڑیں .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۸۸

پھیپھڑی (ی مج ، سک پھ) امث .

۱. حالت نزع میں منہ تک آنے والی وہ سانس جو پھیپھڑے کی آواز ساتھ لاتی ہے ، (مجازاً) آخری چند سانس ؛ پھیپھڑا ، ہونٹوں کی خشکی ، پپڑی جو گرمی کی وجہ سے لبوں پر بندھ جاتی ہے.

منہ میں پھیپھڑی بندھ گئی آنکھیں پتھرا گئیں .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۹۱

بچارے کی پھیپھڑی پھول گئی .

۱۹۲۵ داودہ پنچ، لکھنؤ ، ۱۰ ، ۱۱ : ۹

۲. چلنے پھرنے موقوف ہونے یا چلنے کے قابل نہ رہنے کی حالت (پلمیشن) .

۳. مویشی کے جگر اور پھیپھڑوں کے مرضوں میں سے ایک مرض جس میں پھیپھڑے اور جگر کے اندر کیڑا پیدا ہو جاتا ہے .

پھیپھڑی :- یہ بھی ایک چھوت کی بیماری ہے اس کا اثر زیادہ تر پھیپھڑے اور جھلی پر ہوتا ہے .

۱۹۱۶ علم زراعت ، ۱۰۴

[० : फेफड़ी پھیپھڑی]

پھیٹ (ی مج) امث .

(گنوار) کمر کا پٹکا ، کمر بند ، وہ کپڑا جو کمر سے بندھا ہوا ہو ، رک : پھینٹ (پلمیٹس ؛ فرہنگ آصفیہ) .

[० : फेंट پھیٹ]

پھیٹا (ی مج) امذ ؛ ~ پھینٹا .

۱. دس بارہ گرہ کپڑے کا ٹکڑا جو خادم سر سے لپیٹ لیتے ہیں ، چھوٹی پگڑی ، دستار ، رک : پھیٹ .

وہ باندھا جب گلابی سر پہ پھیٹا
چمن سے بلبلاں آ کے جھپیٹا

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۶

ایک گنوار سا آدمی سر میں پھیٹا بندھا ہوا .

۱۹۰۰ شریف زادہ ، ۱۸

۲. کمر بند ، پٹکا ، پیٹی (پلمیٹس ؛ جامع اللغات) .

[० : फेंटा پھیٹا]

پھیٹنا (ی مج ، سک ٹ) ف م .

رک : پھینٹنا .

تاش کی گڈی نکالی اور تاش کو پھیٹنے لگا .

۱۹۵۷ خدا کی بستی ، ۲۷

پھیٹی (۱) (ی مج) امث .

کتا ہوا سوت جو چرخے پر چڑھا ہوا ہو ، اٹیرن پر لپٹا ہوا سوت ، پنڈیا .

لے آکر سوت ہاتھوں میں لپیٹی
بنائیں اوس کی وہاں کئی ایک پھیٹی

۱۷۹۷ یوسف زلیخا ہندی ، ۳۳

سوت کات کر جو چرخے پر چڑھاتے ہیں اس کو ہندی میں پنڈیا اور پھیٹی کہتے ہیں .

۱۸۳۵ مطلع العلوم (ترجمہ) ، ۱۹۳

درخت میں پھیٹی الجھا کے لگے فرض تنکیا کرنے .

۱۹۲۵ داودہ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۰ ، ۲۸ : ۱۰

[० : फेंटना پھیٹنا]

بھیٹی (۲) (ی مج) اسث .

بھیٹی ہوئی چوز .

قتلوں کو چاول یا جسن کی بھیٹی میں لپیٹ کر تل لیا جاتا ہے.

۱۹۶۲ پیڑ ، ۶۹

[० : भेटी بھیٹی]

بھید (ی مج) امذ (قدیم) .

رک : بھید .

سرو بھید چوسٹھ جو پستک کی چھند
گتاں سات دکھلا جو کوچت کی بندھ

۱۶۰۳ ابراہیم نامہ ، ۵۸

[؟]

بھیر (۱) (ی مج) امذ .

۱. راہ کی کجی ، چکر ، گھماؤ ، موڑ .

کوچے میں غزل کے بھیر کب ہے
سیدھی راہوں میں کیا کجی ہے

۱۸۶۱ کلیات اختر ، ۵۸۷

یہاں سے راستہ بھیر کھاتا ہوا سب سے بلند مقام پر پہنچتا ہے .

۱۹۰۳ چراغ دہلی ، ۴۴۳

۲. دوری ، فاصلہ ، بعد ، فرق .

شکوۂ بعد مسافت اتنا سالک کیا ضرور
نا بلد ہے راہ سے تو ، بھیر منزل میں نہیں

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۱۰۶

دوسرے راستے سے دو سو میل کا بھیر پڑتا تھا .

۱۹۱۹ روز نامچہ حسن نظامی ، ۳۳۸

۳. پیچ ، جال ، فریب ، پھندا .

انوکی عقل کا دیکھو بھیر ، چار باتاں سوں لھوا مارتا اچھے گا
جو مرد وو بی انو کا زیر .

۱۶۳۵ سب رس ، ۲۴۸

کیا شیخ کیا برہمن ہیں بھیر میں دوئی کے
گمراہ ہو گئے ہیں بھولے ہیں راہ دونوں

۱۸۰۱ جوشش ، د ، ۱۲۹

۴. تہ یا پرت کا بل ، کسی چیز کا گھماؤ ، لپیٹ .

اندر تھوڑا قیمہ رکھ کر مثل سموسے کے دو بھیر لپیٹیں .

۱۹۳۲ مشرقی و مغربی کھانے ، ۸۶

۵. وسعت ، پھیلاؤ ، پورا پورا حال .

ممکن نہیں ہے بھیر ملے تیری راہ کا
پایا ہے اس کو کس نے یہ دریا کا بھیر ہے

۱۷۸۶ میر حسن ، د ، ۱۱۹

آنچل اس دامن کا ہاتھ آتا نہیں میر دریا کا سا اس کا بھیر ہے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۸۸۸

۶. بل ، فرق ، تفاوت ، اختلاف .

شیخ کعبہ ہو کے پہنچا ہم کنشت دل میں ہو
درد منزل ایک تھی ٹک راہ ہی کا بھیر تھا

۱۷۸۳ درد ، د ، ۲۲

اے رب تو نے دی مجکو کچھ حکومت اور سکھایا مجکو کچھ بھید باتوں کا .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۴۴۳

عاشق و معشوق و عشق اب دیکھنے کا بھیر ہے
تین صورتیں نظر آتی ہیں اک تصویر میں

۱۹۱۹ کیفی ، کیف سخن ، ۶۲

۷. دور ، حلقہ ، احاطہ ، پیٹا ، گھیر .

رہتاس قلعہ ہے ایک بلند پہاڑ دشوار گزار پر چودہ کوس کے بھیر میں .

۱۸۰۵ آرائش محفل ، افسوس ، ۱۲۹

کمر کا بھیر ضرورت سے زیادہ تھا .

۱۹۲۸ مضامین فرحت ، ۱ : ۱۳

۸. دوران ، چکر ، گردش .

اے جگ پتی جو لگ ہے یو گردش فلک کے بھیر کا
تو لگ اچھو عالم میں جس تج شاہ کی شمشیر کا

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۱۸۰

ہوئے کھانوں سے جب دونوں شکم سیر
دنوں کا کھو گیا اک آن میں بھیر

۱۸۶۱ الف لیلہ نو منظوم ، ۳ : ۷۹۵

بھیر ہے کیا مرے مقدر کا نہیں ملتا پتہ ترے گھر کا

۱۹۰۵ دیوان انجم ، ۳

۹. (i) (مجازاً) فکر ، خیال ، اُدھیڑ بُن ؛ جوڑ توڑ .

دن دونے رات چوگنے کے بھیر میں ان کا مال اور ان کی دولت جاتی ہے .

۱۸۷۳ مجموعہ لیکچرز و اسپیچز ، ۱۱۳

ایک مسجد کے نہ جانے کس بھیر میں متولی ہو گئے تھے .

۱۹۴۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۸

۱۰. الجھن ، چکر ، الٹ پلٹ .

بتایا رامے نے پانسو کا جب بھیر
لیا فوج الم نے دل کو پھر گھیر

۱۸۸۱ مثنوی نل دمن ، ۴۰

مہینہ بھر تک قرض کا بھیر رہا .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۸۹

۱۱۔ آمد و رفت ، آنا جانا ؛ گھراؤ ۔

جہاں لگ ہے ایسے مرہٹیاں کا پھیر
پڑے ہیں اجڑ گھر ہو سحلاں کھنڈیر

۱۷۰۸؟ داستان فتح جنگ ، ۱۴۹

۱۲۔ (بھوت پریت آسیب یا جادو کا) دخل ؛ اثر ۔

کہتے تھے لوگ کہ آسیب کا کچھ پھیر ہوا
ایک دم میں دل مضطر زیر و زبر ہوا

۱۸۶۸ واسوخت جذب (شعلۂ جوالہ ، ۱ : ۳۳۰)

پہیے کی رہ رہ کے ہی ہی کی ٹیر
نرالا اثر ہے انوکھا ہے پھیر

۱۹۲۴ دیوان بشیر ، ۱۶۲

۱۳۔ واپسی ، واپس کرنے یا لوٹانے کا عمل (پلیٹس) ۔

۱۴۔ ضمن ، سلسلہ ۔

ان اعتراضات کے پھیر میں داغ پر . . . ذاتی حملے کیے گئے ہیں ۔

۱۹۰۵ مضامین چک بست ، ۹۸

۱۵۔ گچھا ، لچھا ؛ خم ؛ محیط ؛ کمی ، خامی ؛ نقصان ، زیاں ؛ بد نصیبی (پلیٹس) ۔

۱۶۔ مشکل ، بکھیڑا ؛ تشویش ، گھبراہٹ ؛ انقلاب ، تغیر ، تبدل ؛ فکر ، سوچ ؛ ٹیڑھا پن ، کجی ؛ اندازہ ، تخمینہ ؛ باتوں میں معنی کا فرق ، ابہام ، ذومعنی (جامع اللغات) ۔

[फेर पेर : ०]

— باندھنا ۸۷ محاورہ ۔

تار یا دور باندھ دینا ، سلسلہ ڈال دینا ، گھان ڈال دینا ، لگا تار کیے جانا (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات ؛ مخزن المحاورات ، ۲۵۳) ۔

— بَدَل (— فت ب ، د) امذ ۔

لین دین ، مبادلہ ، ایک چیز دے کر دوسری چیز لینے کا عمل ۔

پھیر بدل کرتے ہو آپس میں تو گناہ نہیں تم پر کہ لکھو اس کو ۔

۱۷۹۰ ترجمۂ قرآن مجید ، شاہ عبدالقادر ، ۴۴

تلخ کامی کو لبوں کا ہے عمل
کچھ عجب طرح کا ہے پھیر بدل

۱۸۶۸ واسوخت صفیر (شعلۂ جوالہ ، ۲ : ۶۳۶)

جس طرح مال و دولت پھیر بدل سے بڑھتا ہے اسی طرح خیالات کی بھی سفر کی دلچسپیوں سے ترقی ہوتی ہے ۔

۱۹۱۳ سیر پنجاب (تمہید) ، ۲

۲۔ الٹ پلٹ ، ازسرنو انتخاب ۔

عزل و نصب اس کو شب و روز ہے منظور آتش
لطف کیا چرخ کو ہے پھیر بدل میں ہوتا

۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۸

۳۔ رد و بدل ، تبدیلی ۔

مرکبات . . . جوں کے توں یا خفیف پھیر بدل کے ساتھ اپنی علمی فرہنگ میں داخل کرتے ۔

۱۹۳۴ منثورات ، ۲۹۸

[پھیر + بدل (رک)]

— بندھنا ۸۷ محاورہ ۔

سلسلہ چلنا ، لگاتار کسی کام کا ہونا ۔

ایک رخ سے کھودتا ہوں دوسرے دن دوسرے جانب سے تیسرے دن اور طرف سے ۔ اس طرح یہ پھیر بندھا رہتا ہے ۔

۱۹۱۴ غدر دہلی کے افسانے ، ۱ : ۵۷

— بھیجنا ۸ محاورہ ۔

رک : پھیر دینا معنی نمبر ۳ ۔

چاک کر خط کو مرے پھیر جو بھیجا تو نے
تیرے کوچے میں مگر رخنۂ دیوار نہ تھا

۱۷۹۵ قائم ، د ، ۱۶

— پانا محاورہ ۔

بات کی تہ کو پہنچنا ، بھید پانا ۔

گرداب وار یار ترے صدقے جائیے
دریا کا پھیر پائیے تیرا نہ پائیے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۵۲۵

— پڑنا ۸ محاورہ ۔

۱۔ چکر پڑنا ، مشکل پڑنا ، مسافت کا طویل ہونا ، فرق پڑنا ۔

پہنچا مجاز سے جو حقیقت کی کنہ کو
یہ جان لے کہ راستے میں پھیر پڑ گیا

۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۱۵

پڑ گیا پھیر کنہ معرفت کی راہ میں
دوڑتے سب ہیں رسائی ایک کی ہوتی نہیں

۱۹۳۳ صوت تغزل ، ۱۴۳

۲۔ تسلسل ہونا ، لگاتار ہونا ۔

اگر لوٹ کر لے چھٹے گھر کو گھیر
تو بیماریوں کا پڑے اوس پہ پھیر

۱۹۰۲ سیرالافلاک ، ۵۶

۳۔ تفاوت ہونا ، فرق آنا ۔

کھلتا نہیں کیا جانیں کیا پھیر پڑا
پروان چڑھا کوئی کوئی گھورے یہ سڑا

۱۹۵۷ یگانہ ، گنجینہ ، ۱۳۹

— پھار امذ ؛ است .

۱. چکر ، ایچ پیچ ، گھماؤ پھراؤ .

پانی کو شہروں کے گلی کوچوں میں بڑے پھیر پھار اور پیچ پاچ دے کر زمین کے نیچے نیچے لاتے ہیں .

۱۹۰۰ غریبی طبیعیات کی ابجد ، ۳۸

۲. الٹ پلٹ ، ہیرا پھیری .

اگر مختلف طریق سے اور الفاظ میں اور پھیر پھار کے روز مرہ سوال ان سے کئے جائیں تو ان کو یہ دقت کبھی نہ ہو .

۱۸۸۶ دستورالعمل مدرسین ، ۲۲

۳. تبدیلی ، تغیر .

بارش زیادہ یا گرمی زیادہ اس پھیر پھار سے موسموں کا تفاوت معلوم ہوتا ہے .

۱۸۵۴ مراۃالاقالیم ، ۲۴

دلچسپ بنانے کے لیے . . . پھیر پھار (بہت کچھ تغیر و تبدل) کی ضرورت ہوئی .

۱۹۰۵ وکرم اروسی ، ۶۷

[پھیر + پھار (تابع)]

— پھار کَر/کے م ف .

چکر ڈال کر ، گھما پھرا کر ؛ دھوکے بازی سے ، فریب کرکے .

لاتا ہے پھیر پھار کے تکل جو اپنی وان
کہتا ہے کوئی ان سے خبردار ہو میاں

۱۸۳۰ نظیر (اردو نامہ ، کراچی ، ۶ : ۹۸)

ایک مولوی صاحب نے تو بیباکی کی حد ہی کردی کہ ہزار روپیہ لے کر پھیر پھار کے ایسی صورت نکالی کہ ساس سے نکاح جائز کردیا .

۱۹۵۵ تجدید معاشیات ، ۱۷۷

— دینا محاورہ .

۱. ایک طرف سے دوسری طرف موڑ دینا ، رخ بدل دینا .

جو تیرے ایک تمانچہ مارے دوسرا (گال) بھی اس کی طرف پھیر دے .

۱۸۱۹ انجیل مقدس ، ۵۸

۲. واپس کر دینا ، لوٹا دینا .

نعمت خاں نے کسی کام کے واسطے بادشاہ کو عرضی دی شاہ نے مطالعہ کر کے پھیر دی .

۱۸۰۲ نقلیات ، ۴۸

نئی چھالیہ . . . آدھی سے زیادہ گلی نکلتی ہے یہ تو پھیر دو .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۸۸

— ڈالنا محاورہ .

۱. دور باندھنا ، (کسی کام کو) لگا تار کرنا (مخزن المحاورات ، ۲۸۴) .

۲. راہ میں دوری یادشواری پیدا کرنا .

بہت ڈالے موڑ اور بہت اس نے پھیر
تعاقب میں جو تھے ہوئے وہ نہ زیر

۱۹۲۶ جگ بیتی ، ۳۶

— کَر/کے م ف .

۱. از سر نو ، دوبارہ .

اگلی غزل کہی تھی سو دل بھول ہی گئے
دو چار قافیے یہ نکالے ہیں پھیر کر

۱۷۹۶ دل عظیم آبادی ، د ، ۴۸

کیا ہے نام سے مشہور اپنے لکھا ہے پھیر کر دیباچہ اس کا

۱۸۰۵ کلیات صاحب ، ۱۰۹

— کَرنا محاورہ .

دھوکا دینا ، فریب کرنا .

واقعی بولنے سے اپنے لڑا بیٹھی جو آنکھ
کیوں خودی سے نہ کرے پھیر وہ رم یا معبود

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۴۷

— کھانا محاورہ .

طول طویل راستہ طے کرنا ، گھوم کر جانا ، چکر کھانا .

فوج بھی ہزار دو دو ہزار ہو کر پھیر کھا کر مقام وعدہ گاہ پر آئی .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۹۲۱

گزر کے آپ سے ہم آپ تک پہنچ تو گئے
مگر خبر بھی ہے کچھ پھیر کھائے ہیں کیا کیا

۱۹۵۷ یگانہ ، گنجینہ ، ۱۸

— لانا ف م .

واپس لے آنا ، لوٹا لانا .

مالک اپنے اپنے جانوروں کو . . . اپنے اپنے مکانوں میں پھیر لاتے ہیں .

۱۸۴۶ تاریخ کشمیر (ماہنامہ کتاب ، لاہور ، اپریل ۱۹۷۶ء ، ۷)

تمہاری للکار پسر قسطنطین کو راہ بد سے پھیر لائے گی .

۱۹۴۳ تائیس ، ۳۵۷

— لینا محاورہ .

۱. بچے کا ولادت کے وقت پیٹ میں پلٹا کھانا .

ذرا چولیں آکا سو اسے ہی دیا دیکھتی کیا ہو
لیا ہے پھیر بچے نے بڑی مشکل سے نکلے گا
۱۸۷۹ بیگم (تذکرۂ ریختی ، ۱۹)

۲. موڑ لینا ، واپس کرلینا ، لوٹا لینا .
جبھی آپنے لکھ کوں سب پھیر لیں
اہل بیت حضرت کے پل پر چڑھیں
۱۷۶۹ آخر گشت ، رمضان ، ۱۱۹

دیکھئے اب گل بازی ہو یہ دل یا گیا ہو
پھیر لینا مجھے رکھنا انھیں منظور نہیں
۱۸۹۵ خزینۂ خیال ، ۱۴۶

اک دوسرے کو دل یہ سر دست سونپ دیں
ایسا ہی ہے تو پھیر لیں کل قصہ طے کریں
۱۹۵۸ تار پیراہن ، ۲۳۶

— میں م ف .

۱. مدت میں ، اندر اندر .
مرنا مجھے اور آپ کو دونوں کو ہے اور کچھ دیر میں بھی نہیں دس پانچ سال کے پھیر میں .
۱۹۲۹ وداع خاتون ، ۱۹

۲. فکر میں ، خیال میں ، چکر میں .
عبدالرحیم بیگ ان دونوں کے پھیر میں غائب ہوئے .
۱۹۳۱ رسوا ، خونی شہزادہ ، ۸۳

— میں آنا محاورہ .

۱. نقصان اُٹھانا ، خسارہ ہونا ، گردش میں آنا ، مصیبت میں آجانا .
کلکٹر صاحب کے بگاڑ میں بھی وہ کئی ہزار کے پھیر میں آ گیا .
۱۸۸۸ ابن الوقت ، ۲۳۵

۲. دھوکے میں آنا .
نفسانی لذت نہ ستائے
کوئی نہ اس کے پھیر میں آئے
۱۹۵۴ دھم پد ، ۱۹

— میں پڑ جانا/پڑنا محاورہ .

رک : پھیر میں آنا .
ان کا بیان ہے کہ کسی حسین عورت کے پھیر میں پڑے ہوئے ہیں .
۱۸۸۴ مفتوح فاتح ، ۲۰۴

چھوٹا اگر میں گردش تسبیح سے تو کیا
اب پڑ گیا ہوں آپ کی باتوں کے پھیر میں
۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۱۵۲

— میں رہنا محاورہ .

چکر میں پھنسنا ، چکر کاٹتے رہنا .
آشنا موج کے مانند کنارے پہونچے
مثل گرداب ہمیں پھیر میں دریا کے رہے
۱۸۷۰ دیوان اسیر ، ۳ : ۳۰۱

— میں ہونا محاورہ .

پھیلاؤ یا دور میں ہونا .
نگاہ اٹھا کر دیکھا کہ لشکر طلسم کشا تو منزلوں کے پھیر میں ہے .
۱۹۰۰ طلسم خیال سکندری ، ۳۲۶

پھیر (۲) (ی مج) امذ .

رک : پھر .
جو ہر ایک دن دل سے شوق آں
چلیا پھیر بازار کوں وو جواں
۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۱۴۵

کیا پھیر گرد کے سامنے جانوں
کیا اس کوں یو سوکھ پھیر دکلانوں
۱۷۰۱ من لگن ، ۱۲۳

ملنا جو ہو تو مل لے جاتے ہیں ہم عدم کو
کاہے کو پھیر ہوگا آنا ادھر ہمارا
۱۸۰۱ جوشش ، د ، ۲۹

— پھیر (— ی مج) امذ ؛ م ف (قدیم) .

بار بار ، پھر پھر (رک) .
کریں تین کرت اگر پھیر پھیر
تو بولے ہیں اس کوں عمل ہی کثیر
۱۶۸۸ ہدایات ہندی (ق) ، ضعیفی ، ۱۳۳

پھیرا (ی مج) امذ .

۱.(i) گشت ، دورہ ، (آمد و رفت کا) چکر .
نسجیں جانیں دھور سو میرا
اس جگ آے تس پڑیا پھیرا
۱۵۶۵ جواہر اسرار اللہ ، ۶۴

ڈاکٹر کی فیس جو اس کے ہر پھیرے میں بیمار کو دینی پڑتی ہے .
۱۸۷۹ مقالات حالی ، ۱ : ۱۰۶

ہزاروں ہی طریقوں سے ہم انگریزوں کو گھیرے ہیں
طواف ان کے گھروں کا ہے انھیں سڑکوں کے پھیرے ہیں
۱۹۲۱ اکبر ، گاندھی نامہ ، ۴۰

(ii) فقیروں کی پھیری (بھیک مانگنے کے لیے)، (مجازاً) نہایت مختصر مدت کا قیام .

کبھی تھی اس طرف جھانکی کبھی تھا اس طرف پھیرا
جو کوئی پوچھتا تھا کیوں میاں کیا حال ہے تیرا

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۶۲

(iii) گزر ، لوٹ کر آنے کا عمل .

فرشتیاں کا نہ تھا پھیرا تداں تھا کور سو تیرا
ترے احکام محشر لگ جگت کے سر چڑھایا ہے

۱۶۷۲ شاہی ، ک ، ۲۴

اے میری جوانی میں ہوں شیدا تیرا
پھر ہو کہیں ایک بار پھیرا تیرا

۱۸۸۹ صفیر ، میلاد معصومین ، ۲

۲. حلقہ ، دائرہ ، احاطہ ، گھیرا (جامع اللغات) .

۳. لپیٹ ، بل .

خاص مقام کسر پر تین چار پھیرے دیتے جائیں .

۱۹۳۷ جراحیات زہراوی ، ۲۱۱

۴.(i) طواف کے لیے لگایا ہوا چکر .

ان دونوں کے درمیان طواف کے پھیرے کرنے میں کچھ گناہ نہیں .

۱۸۹۵ ترجمۂ قرآن مجید ، نذیر احمد ، ۳۶

(ii) (ہندو) شادی کے موقع پر ایک دوسرے کا پلو باندھ کر آگ کے گرد چکر لگانے کا عمل .

جب کروڑی مل پھیروں کے واسطے آیا تو اول اسے شطرنجی پر بٹھایا .

۱۸۶۸ رسوم ہند ، ۱۵۱

۵. آسیب کا اثر (جامع اللغات) .

۶. (بچوں کا) تیسرے پہر کا ناشتہ (جامع اللغات ؛ نوراللغات) .

۷. (شکار) شکار کی غرض سے جانوروں کو گھیر گھار کر لانا ، ہانکا .

ملا ہے آنکھ کا ہوسہ پھرے جو گرد اُن کے
ہرن شکار کیا آج ہم نے پھیرے سے

۱۸۷۲ عاشق (نوراللغات)

۸. چونا ناپنے کا پیمانہ ، لکڑی کا چوکھٹا جس سے چونا وغیرہ ناپتے ہیں (جامع اللغات) .

[پھیر (رک) سے]

— پھاری امث .

رک : پھیرا پھیری .

کل میں روپیہ تم کو بھیج دوں گی اپنے ساتھ مٹھائی لے جانا پھیرا پھاری کی تو سمجھ سے برا کوئی نہ ہوگا .

۱۹۲۶ نوراللغات

— پھیر (— ی مج) امذ .

آمد و رفت ، آنا جانا ، واپسی ، گشت .

سفلی ارواح کوں ہے سیر علوی کوں نہیں پھیرا پھیر

۱۶۴۰؟ کشف الوجود ، ۱۲

[پھیرا + پھیر (رک)]

— پھیری (— ی مج) امث .

۱. رک : پھیرنا ، لوٹانا ؛ پھرا پھیری ، ادل بدل ، پھیر پھار (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

۲. آمد و رفت ، آر جار ، چکر ، گردش ، گشت .

عجب اندھیرے اجالے کی پھیرا پھیری ہے
گھڑی میں چاندنی ہے اور گھڑی اندھیری ہے

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ (نصف اول) : ۲۵۱

[پھیرا + پھیری (رک)]

— دینا محاورہ .

۱. شکار کو گھیر کر لانا ، شکار کے ساتھ ساتھ جال کے قریب آنا (جامع اللغات ؛ نوراللغات) .

۲. رک : پھیرا کرنا .

مگر دیکھو پھیرا مرے پر بھی دیا .

۱۹۲۸ اس پردہ ، ۲۱

— ڈال دینا محاورہ .

سلسلہ باندھ دینا ، پھیر باندھنا (جامع اللغات) .

— کَر جانا محاورہ .

رک : پھیرا کرنا ، چکر لگا جانا .

تری دید کو تک اوپرا سوپرا
ہیں کر جاتے اک جوگیوں کا سا پھیرا

۱۸۱۸ اظفری ، د ، ۳۲

— کَرنا محاورہ .

۱. (کسی طرف) جانا ، گزرنا .

جیوں دریا آتش کیرا وہاں کون کر سکے پھیرا

۱۷۶۴؟ چہ سر بار ، ۴ (الف)

موت کے صدقے کہ یہ کہتے تھے وہ
آج نہ اس نے کوئی پھیرا کیا

۱۸۶۵ نسیم دہلوی ، د ، ۹۶

میں اکثر پھیرا کرتی ہوں روز ادھر سے گزرتی ہوں .

۱۹۰۱ راقم ، عقد ثریا ، ۷۷

۲. (بار بار) آنا جانا ، چکر لگانا .

چہار روز ایک دو دفعہ پھیرا کرتا تھا .

۱۸۹۲ خدائی فوجدار ، ۱ : ۳

اپنی بیوی کے مرنے کے بعد اکثر مرادآباد پھیرا کرتے رہتے تھے .

شمع ، ۱۳۰ ۱۹۳۹

۳. آنا ، حاضر ہونا ، گشت لگانا .

پھرے جو آنکھ تو پھیرا بھی پھر کرے نہ فقیر
تمہارے لطف کا بندہ غلام رہتا ہے

عاشق ، فیض نشان ، ۲۰۷ ۱۸۷۲

۴. جھونٹا یا پینگ لینا ، جھولے میں جھوک لیتے ہوئے ادھر سے اُدھر اور اُدھر سے ادھر آنا جانا .

گاتی ہے گیت کوئی جھولے پہ کر کے پھیرا
مارو جی آج کیجے یاں رین کا بسیرا

نظیر ، ک ، ۲ (نصف اول) : ۱۴۷ ۱۸۳۰

— کھانا محاورہ .

رک : پھیرا لگانا ، چکّر کاٹنا .

لکھ لکھ گانوں کے پھیرے کھائے
تل میں کٹی ٹھار جا کر آئیں

داول ، کشف الانوار ، ۵ ۱۶۴۰؟

— لگانا محاورہ .

رک : پھیرا کرنا .

دلی کے پھیرے لگائے جاتے تھے .

میرا افسانہ ، ۱۷ ۱۹۶۹

— لگنا محاورہ .

پھیرا لگانا (رک) کا لازم (جامع اللغات) .

— مارنا محاورہ .

رک : پھیرا لگانا (جامع اللغات) .

— ہونا محاورہ .

پھیرا کرنا (رک) کا لازم .

دوسرے برس تو تمہارا پھیرا ہوتا ہے ، اس میں بھی چار روز یہاں آٹھ روز وہاں .

حیات صالحہ ، ۴۸ ۱۸۹۵

سال سال بھر کے قصے . . . ملتوی رکھے جاتے ہیں ، جب تک تعطیل میں مولانا کا پھیرا نہ ہو جائے .

مضامین رشید ، ۳۱۷ ۱۹۳۰

پھیرانا (ی مج) ف م .

پھیرنا (رک) کا لازم ، گشت کرانا ، گھمانا .

مجھے کچھ غم نہیں گر مار مجھ کو
مرے سر کے تئیں نیزہ پہ پھیرا

گل بکاؤلی ، ۱۷۱ ۱۷۳۲

پھیرن (ی مج ، فت ر) امذ .

لہنگا ، سایہ ، بڑے گھیرے اور گھوم کا ٹانگوں میں پہننے کا ایک لباس .

تاریکی میں کسی عورت کا نیلا فاختی پھیرن تاریک سایہ کی طرح کواڑ سے باہر نکلا .

آگ ، ۳۱ ۱۹۴۶

[پھیر (رک) سے]

پھیرنا (۱) (ی مج ، سک ر) .

(الف) ف م .

۱. (کسی لفظ یا عبارت کو) دہرانا ، بار بار پڑھنا ، ورد کرنا .

پوتی تھی سو کھوٹی بھئی پنڈت بھیا نہ کوے
ایکھی اچھر نیم کا پھیرے سو پنڈت ہوے

سب رس ، ۱ ۱۶۳۵

۲. (تسبیح وغیرہ کے دانوں کو) گھمانا یا پھانتا ، جپنا ، سمرنا

تسبیح لے کر پھیرتا نہ بیٹھے .

فوائدالصبیان ، ۳ ۱۸۵۶

خدا نام کی سمرن پھیر ، صفاتی جھگڑوں کو لات مار . . . ذات میں سماجا .

سی پارۂ دل ، ۱ : ۱۲۳ ۱۹۱۵

۳. (گھوڑا) نکالنا ، چلانا ، آگے پیچھے موڑنا .

حُر گھوڑا پھیر میدان میں آیا .

گل بکاؤلی ، ۱۴۴ ۱۷۳۲

چابک سوار قسم قسم کے گھوڑوں کو پھیر رہے ہیں .

آرائش محفل ، افسوس ، ۲۸ ۱۸۰۵

مجھے گھوڑے کو گھڑ دوڑ کے میدان میں پھیرنے کا موقع مل گیا .

عمر رفتہ ، ۱۳۴ ۱۹۵۸

۴. موڑنا ، گھمانا .

اس جانب یا اس جانب پھیرنے سے بیلن اور سلندر کی راہ کو . . . کھولو .

بحر حکمت ، ۱۸ ۱۸۶۷

اس نے موٹر پھیرنے کے لیے آڑی کی ، پیچھے کی ، آگے کی اور پھر جدھر سے آیا تھا ادھر ہی چلا گیا .

رنگ روتے ہیں ، ۱۶۱ ۱۹۷۳

۵. واپس کرنا ، لوٹانا .

نہیں اب جو دیتے بوسہ تو سلام کیوں لیا تھا
مجھے آپ پھیر دیجیے وہ مرا سلام الٹا

انشا ، ک ، ۱۴ ۱۸۱۸

لڑکی تو سسرال سدھاری اب یہ سہاگ پڑا کس کام کا جاؤ پھیر آؤ .

۱۹۳۲ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۷ ، ۲۲ : ۱۰

۶. تبدیل کرنا ، بدلنا .

غزل لکھ اور جہان دار پھیر قافیہ یہ
کہ تیرے فکر کی تعریف ہے جہاں کرتا

۱۷۸۸ جہان دار ، د ، ۸۲

بیٹھے ہوئے ہم دم تو بہت ہیں مجھے گھیرے
پر ایسا نہیں کوئی جو تقدیر کو پھیرے

۱۸۴۹ کلیات ظفر ، ۲ : ۱۹۸

۷. (i) برگشتہ کرنا ، بیزار کرنا ، متنفر کرنا .

جیوں کوئی شمع کا گل پھرتا گئے ہیں ، کاڑتے ہی ہور جوڑتے ہی ، یوں دل کوں ہی پھیرے ہیں .

۱۶۲۸ شرح تمہیدات ہمدانی (ق) ، ۱۲۳

گھٹا نہ کچھ مری سردی ودیں سے
تجھے ان بے حیاؤں نے جو پھیرا

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۱۷۰

(ii) مائل کرنا ، متوجہ کرنا ، رجھانا .

من کو جو ہمرے پھیرا دکھا کے جاوہ
لگا دھیان تجھ سنگ . . . من کو

۱۸۸۵ کریم الدین مراد کے ڈرامے ، ۷ : ۳۳

۸. رخ بدلنا یا موڑنا .

کھڑی ہے کوئی سنھ کو پھیر اکڑے
کوئی ہے سوچ میں ٹھنے کو پکڑے

۱۷۷۸ مثنویات حسن ، ۱ : ۲۰۷

رخ اپنا جو آگے چل کے پھیرا
دیکھا اک شان دار ڈیرا

۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۱۶۴

۹. چھری یا تلوار (حلق وغیرہ پر) چلانا ؛ رگڑنا .

تلوار کے ہیں ڈھنگ نزاکت میں تمہاری
پھیرا کرو پھرتے نہیں تیغ نظر آج

۱۸۹۵ دیوان راسخ دہلوی ، ۸۳

جب دیکھو کہ قریب المرگ ہے تو کلمہ پڑھ کر چھری پھیر دینا .

۱۹۲۵ حکایات لطیفہ ، ۱ : ۱۱۲

۱۰. (قلعی رنگ وغیرہ) ہوتنا ، پھیلادینا ؛ ملمع کرنا ، پانی چڑھانا .

نہ چھوڑی حضرت یوسف نے یاں بھی خانہ آرائی
سفیدی دیدۂ یعقوب کی پھرتی ہے زنداں پر

۱۸۶۹ غالب ، د ، ۱۶۷

گھی لگا کر پان چپکایا ، کاسٹک کی پھریری پھیری .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۲۱۰

۱۱. دوبارہ لکھنا ، لکھنا ، (کسی تحریر کو اجاگر کرنے یا کاٹنے کے لیے) دوبارہ قلم چلانا .

اگر صد بار لیکھے اور پونچھے تو یو بھی قدیم قلم پھیریا تھا .

۱۵۸۲ کلمۃ الحقایق ، ۷۳

طلیحہ . . . بنی اسد اور بنی طے کے مسلمان ہونے کا حال سن کر مسلمان ہوگیا اور اپنی وحیوں پر خط نسخ پھیر کے حضرت رسول آخرالزماں کی وحیوں پر ایمان لایا .

۱۹۲۰ جویائے حق ، ۳ : ۱۷۵

۱۲. الٹے کو سیدھا سیدھے کو الٹا کرنا ، سمت تبدیل کرنا ، الٹنا پلٹنا .

آپ کی صحت کچھ توجہ کی محتاج ہے کوئی آپ کو پان کی طرح پھیرنے والا چاہیے آپ کی یہ افسردہ دلی دور ہو سکتی ہے .

۱۹۳۵ دودھ کی قیمت ، ۱۳۷

۱۳. (زبان) بدلنا ، مکرنا .

کیا ہی پچھتائے ہیں آزار محبت لے کر
ہم اسے پھیرتے سودا جو یہ لے گر پھرتا

۱۹۳۶ شعاع مہر ، ۶

۱۴. کسی کے الفاظ کو غلط طور سے بیان کرنا (جامع اللغات)

۱۵. مس کرنا ، چھونا ، ہاتھ لگانا (فرہنگ آصفیہ) .

۱۶. اگھا دینا ، سیر کرنا (فرہنگ آصفیہ) .

۱۷. ایک طرف سے دوسری طرف متوجہ کرنا ، ایک راستے سے دوسرے راستے پر ڈالنا .

ایک قوت ہے جو ہمیں سیدھے رستے پر پھیرتی ہے .

۱۸۷۶ مضامین تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۲۱۰

(ب) ف ل (قدیم) .

۱. گھومنا پھرنا (رک) .

سو وو دیس ساکن ہووان تھیر کر
تماشا دیکھیا شہر کا پھیر کر

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۶۹

۲. مزید معانی کے لیے ، رک : پھرنا جو اس کا لازم ہے .

[फेरना : پھیرنا : ۵]

پھیرنا (۲) (ی مج ، سک ر) امذ .

(پنی سازی) ورق کوٹنے کی سل کھری کی تومبلی ، پونچنا (ا پ و ، ۳ : ۴۲) .

[رک : پھیر + نا ، لاحقۂ آلہ و ظرف]

پھیرو (ی مج ، و مع) امذ .

گودڑ (پلیتس) .

[फेरु : پھیرو : س]

پھیروں (ی مج ، و مج) امذ ، ج .

پھیرا نمبر ۴ (ii) (رک) کی جمع .

پنڈت نے پھیروں کے لیے موزوں وقت کا انتخاب کیا .

؟ حکایات پنجاب ، ۱ : ۱۶۲

ـــ کی گُناہگار ہے کہاوت .

جو (عورت) کم عمری میں بیوہ ہو گئی ہو اس کے لیے کہتے ہیں (جامع اللغات) .

ـــ میں پڑنا محاورہ .

(ہندو) غریبامڑو بیاہ یا نکاح ہو جانا ، بھانْوریں پڑنا ، ہاتھ پیلے ہو جانا (مخزن المحاورات ، ۲۸۳) .

پھیری (ی مج) امث .

۱. (فقیروں کا) گشت ، رک : پھیرا .

سون مکھ میں دنگی سوں پھیری لگی
فلک میں حالت سوں گھیری لگی

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۴۰

سو کاہے کو اپنی تو جوگی کی سی پھیری ہے
برسوں میں کبھو ایدھر ہم آن نکلتے ہیں

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۲۱۸

جو گدا قوم کے پھیری پہ نکل آئیں گے
اس کی دیوار کے سایہ میں جگہ پائیں گے

۱۹۲۶ چکبست ، صبح وطن ، ۱۲۴

۲. خوردہ فروش کا گشت .

یہ لوگ کسی قسم کی تجارت کو عار نہیں سمجھتے پھیری پہ پھریں .

۱۸۹۵ لکچروں کا مجموعہ ، ۲ : ۵۴

صبح سے شام تک شہر کی بازاروں میں پھیری لگایا کرتا .

۱۹۴۳ جنت نگاہ ، ۲۸

اف : پھرنا ، کرنا ، لگانا .

۳. آمد ، گذر .

پھیری تھے نیں پھیرا منجے تڑخے بہت زہرا منجے
کر ماف یو پھرا منجے جم راج کر اے راج توں

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۷۷

۴. طواف .

جونکہ بایزید کی سات پھیری پھرنے سوں لوگاں کا حج مجرا ہوتا تھا .

۱۷۶۵ چھ سر بار ، ورق ۲۱ ب

۵. گشت ، چکر ، پھیرا .

انو کی چوپھیر سات پھیری پھرو تو بھی مجرا ہے .

۱۷۶۵ چھ سر بار (ق) ، ۲۲

۶. ہندو چیت سدی چودس کو اپنے شہر کے گرد گشت لگانے کو پھیری کہتے ہیں نیز ہر سمواری اماوس کو ایک سو آٹھ پھل وغیرہ کے ہن کرنے کو بھی پھیری بولتے ہیں (نرہنگ آصفیہ)

[پھیرا (رک) سے]

ـــ پھرنا محاورہ .

گشت لگانا ، گھوم پھر کر مال بیچنا یا خریدنا .

پھیری پھر کر ایک لڑکا استعمال شدہ بوتلیں اور پرانے اخبار خریدتا پھر رہا ہے .

۱۹۵۶ میرے زمانے کی دلی ، ۱ : ۸۵

ـــ دار امذ .

آوارہ گرد (جامع اللغات) .

[پھیری + دار (رک)]

ـــ کا مال امذ .

تجارت کا سامان ؛ بدلے میں ملنے والا اسباب .

آدمیوں کی برآمد میں کوئی پھیری کا مال تو ملتا نہیں .

۱۹۴۶ معاشیات قومی ، ۳۳۸

ـــ کا میلا (ـــ ی مج) امذ .

وہ میلہ جس میں پھیری لگانے والے سوداگر مال بیچنے کے لیے لاتے ہیں ؛ وہ میلہ جو باری باری لگتا ہے .

پھیری کا میلا یہاں تین دن تک رہتا ہے .

؟ اختر و حسینہ ، ۱ : ۶

ـــ کرنا محاورہ .

رک : پھیری پھرنا .

جس کوچے میں چاہا وہیں کرنے لگے پھیری
بیٹھے کہیں اٹھے کہیں جلدی کہیں دیری

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۱۵۹

پانچ چھ روپے کا سرمایہ پھیری کرنے والے حلوائی کے لیے کافی ہے .

۱۹۳۴ حلوائی کی تعلیم ، ۸

ـــ لگانا محاورہ .

۱. گشت لگانا ، دورہ کرنا .

پھر مولوی محمد صاحب ... اور دوسرے حضرات نے مجھے لیکر پھیری بھی لگائی .

۱۹۴۴ سوانح عمری و سفر نامہ (حیدر) ، ۲۰۱

۲. گدائی کے واسطے نکلنا ؛ کمائی کو جانا .

صبح سے شام تک شہر بازاروں میں پھیری لگایا کرتا .

۱۹۴۳ جنت نگاہ ، ۲۸

— مُنہ پَر لوئی تو کیا کَرے گا کوئی کہاوت .

بے شرم کسی سے نہیں ڈرتا .

جو چاہو سو کرو پھیری منہ پر لوئی تو کیا کرے گا کوئی .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۳ : ۳۵۶

— والا صف .

جو گھر گھر آواز لگا کر سودا بیچتا پھرے .

صدہا خوانچے والے اور پھیری والے بساطی ہر ایک قماش کی چیزیں لیے غل کرتے پھرتے ہیں .

۱۸۸۰ ماسٹر رام چندر ، ۱۹۵

ہم نہ ہوئے ٹٹ پونجیے پھیری والے ہوئے .

۱۹۳۴ منشورات ، ۱۷۳

۲. خوانچے والا ، بکس والا ، بساطی ، خوردہ فروش ، پیکار .

یہ بات تعجب کی معلوم ہوتی ہے . . . اتنے بڑے معرکہ میں نان بائیوں قصائیوں ، پھیری والوں کو دست اندازی کی اجازت دے .

۱۹۳۵ عبرت نامۂ اندلس ، ۲۹۹

۳. وہ فقیر جو کئی روز تک پھوری لگائے (فرہنگ آصفیہ) .

پھیری (۲) (ی مج) امث .

پھرا پھیری .

اب ساہ بڑے کہلاتے ہیں وہ چھوڑی پھیری مکاری

وہ خوانچے سر سے پھینک دیئے اور بنے مہاجن سرکاری

۱۹۲۰ لخت جگر ، ۲ : ۳۴۹

[پھیر (رک) سے]

پھیری (۳) (ی مج) امث .

(کھٹ بُنا) ادوان کے پھیروں کو بل دینے والا ڈنڈا ، رسی یا اسی قسم کی چیز کو تاننے کے لیے اس کے پھیر میں البیٹ ڈالنے کے لیے لکڑی کا ڈنڈا وغیرہ ، تکول ، ڈھیرا ، رک : اینٹھا (اپ و ، ۱ : ۱۸۰) .

[پھیر (رک) سے]

پھیرے (ی مج) امذ ؛ ج .

۱. پھیرا (رک) کی جمع یا مذکورہ حالت تراکیب میں مستعمل .

۲. شادی کے موقع پر دولہا دلہن کے منڈھے کے نیچے ہوم کے گرد چکر لگانے کی رسم ، بھانوریں ، عقد ، نکاح .

ہندوؤں کے ہاں عام طور پر پھیرے کی رسم رات کے آخری پہر میں ادا ہوتی تھی .

۱۹۷۵ ہندوستانی تہذیب کا مسلمانوں پر اثر ، ۱۴۷

اف : پھرنا ، پھر جانا ، سپڑنا ، ڈالنا ، ہونا .

— پڑ جانا محاورہ .

(ہندو) غریبا مٹو بیاہ یا نکاح ہو جانا ، بھانوریں پڑنا ، ہاتھ پیلے ہو جانا (مخزن المحاورات ، ۲۸۳) .

— پڑنا محاورہ .

(ہندو) شادی بیاہ ہونا ، شادی کی رسم ہونا .

آدھی رات کو پھیرے پڑے .

۱۹۳۹ ریزۂ مینا ، ۴۹۶

— پھر جانا محاورہ .

رک : پھیرے پڑنا .

پھیرے پھر گئے .

۱۸۸۶ محاورات ہند ، ۵۱

— پھرنا محاورہ .

رک : پھیرے پھر جانا ؛ پھیرے کرنا ، چکر کاٹنا ، طواف کرنا .

مرا جیو تم اوپر قربان کروں گی

میں کعبہ جان کر پھیرے پھروں گی

۱۷۸۱ قصۂ لیلیٰ مجنوں (اردو کی قدیم منظوم داستانیں ۱ : ۹۹)

— پھروانا محاورہ .

(ہندو) شادی کی رسم ادا کرانا .

قاضی نکاح باندھتا تھا اور بہمن پھیرے پھرواتا تھا .

۱۸۸۳ مجموعۂ لیکچرز و اسپیچز ، ۲۷۹

— ڈالنا محاورہ .

(ہندو) غریبا مٹو بیاہ یا نکاح کر دینا ، ہاتھ پیلے کر دینا (مخزن المحاورات ، ۲۸۳) .

— کرنا محاورہ .

پھیرا کرنا (رک) کی جمع ، گشت کرنا .

کرتا ہے خیال سو سو پھیرے دل میں

گھر میں نے کیا نہ یار تیرے دل میں

۱۸۰۱ دیوان جوشش ، ۲۲۸

— کھانا محاورہ (قدیم)

پھیرے کرنا ، چکر کاٹنا ، گشت لگانا .

جب تے ڈھونڈا سو پھیرے میں کھایا تو جیو ماندا نہ ہوے

جو تو بھی آتی ہے مجھے گھر کوں ترے آنے ہوس

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۹۲

سو گند ترا جو باج تیرے
کھایا نہ کس آس پاس پھیرے
۱۷۰۰ من لگن ، ۱۷

— گھمانا محاورہ .

کسی چکر دار چیز کو بل دینا .
دو تین پھیرے گھما کر سوراخ بند کر لیں .
۱۹۳۰ جامع الفنون ، ۲ : ۷۹

— لینا محاورہ .

طواف کرنا ، چکر لگانا ، (کسی چیز کے) گرد گھومنا .
کس اپنے گیسوؤں سے ان کی مشکیں
یہ پھر لینے لگیں گے تیرے پھیرے
۱۹۳۷ چمنستان ، ۱۱۱

— والا امذ .

وہ محافظ جو قیدیوں کی نگرانی کے لیے گشت کرتے ہیں ، اور بعض ان میں سے قیدی بھی ہوتے ہیں .
نمازی قیدیوں کو اگر پھیرے والوں کی طرح جانکیا ملا کرے تو یہ شکایت بہ آسانی رفع ہو سکتی ہے .
۱۹۰۸ قید فرنگ ، ۱۴۳

— ہونا محاورہ .

رک : پھیرے پڑنا .
پہلے تین ہزار روپے نقد یہاں رکھ دو جب پھیرے ہونے دوں گا .
۱۹۱۷؟ بیوی کی تعلیم ، ۸۶

پھیریاں لینا محاورہ .

بھرانا ، گھمانا ، چلانا ، رقص میں گردش کرنا .
مگر ایک ناچ . . . آنکھوں میں آنکھیں ڈال کے . . . آنکھوں کی بتلیاں گھما کر پھیریاں لیتے ہوئے .
۱۹۴۹ پاکستان کے لوک ناچ ، ۶۲

پھیس (ی مج) امذ .

بھن ، جھاگ .
یہ شیرہ خود بخود جوش کھا کر پھیس لایا .
۱۸۲۴ سیر عشرت ، ۱۰۸
آنسو اور خونی پھیس بہہ رہا تھا .
۱۹۴۳ طربیۂ خداوندی ، ۳۲۳
[० : फेस پھیس]

پھیک (ی مع) امث .

چابک کا اگلا چمڑے کا حصہ .
کبھی ٹٹو کی پھیک سے تواضع کرتا کبھی لگام کے پھرے سے .
۱۹۵۸؟ میلہ گھومنی ، ۲۳۲
[س : پرت شکش अतिकर्ष]

پھیک دینا ف مر .

رک : پھینکنا ، پھینک دینا ، پھینکنا .
پگڑی پھیک دیتا ہے ، سر میں خاک ڈالتا ہے .
۱۷۳۶؟ قصہ مہر افروز و دلبر ، ۹۰

پھیکا (ی مع) صف مذ ؛ مث : پھیکی .

۱. (i) بے نمک ، جس میں نمک مرچ مقررہ مقدار سے کم ہو .
لقمہ حلق سے نیچے اترا اور میٹھا کھٹا اور کڑوا اور پھیکا اور سلونا سب ایک .
۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۳ : ۲۰۰

(ii) کم میٹھا ، جس میں مٹھاس کم ہو .
میٹھائی دیکھ کے انجیر کی پھیکا ہو سدا
لاجونتی موم کے پردے میں چھپا جا کے عسل
۱۶۷۲ شاہی ، ک ، ۸۶
درخت . . . میں پھل لگتے ہیں ایک میٹھا اور دوسرا پھیکا .
۱۸۸۴ مجموعۂ لیکچرز و اسپیچز ، ۳۰۰

(iii) بد مزہ ، میٹھا ، بے لذت (فرہنگ آصفیہ) .

۲. بد رنگ ، ماند ، دھندلا ، ہلکا رنگ (شوخ کے مقابل) .
مکھ نور تھے چندا سورج جھمکیں سدا
تج کیس بادل تھے فلک پھیکا دسے
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۹۲
شب ماہ کو دیکھ کر وہ بولا
ہے اس کا بھی عکس کتنا پھیکا
۱۸۲۴ مصحفی ، د (انتخاب رام پور) ، ۱۹
گلوں کو دیکھ کر کہتا ہے وہ شوخ
ہمارا رنگ بھی پھیکا نہیں ہے
۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۳۹۰

۳. خفیف ، کمتر ، حقیر (کیفیت وغیرہ میں) .
ٹینی کے سر پہ آج ٹیکا ہے
اس کے آگے کنیل پھیکا ہے
۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰۱۹

۴۔ (مجازاً) سست، ہوچ، لچر۔
روں روں میں نام ہو کا بھر کر رہا ہے میرے
اس یاد کے بغیر از پھیکا ہے کاج مجھ کوں
۱۶۹۷ ہاشمی، د، ۱۷۳
اس سے زیادہ کوئی پھیکا اور بے نمک مضمون خاص کر فارسی لٹریچر میں نہیں پایا جاتا۔
۱۸۸۶ حیات سعدی، ۷۵
مضمون پھیکا اور سپاٹ ہو کر رہ گیا ہے۔
۱۹۴۷ ادبی تبصرے، ۱
۵۔ جس میں امنگ گرمی اور جوش نہ ہو۔
اہل کمال کی بے قدری نے ان کے دل کو پھیکا کر دیا تھا۔
۱۹۵۳ مقدمہ دیوان صفی، ۳۸
۶۔ روکھا، کج خلق، وہ شخص جو زندہ دل نہ ہو (فرہنگ آصفیہ؛ نوراللغات)۔
۷۔ اداس، بے رونق۔
سہاگ سنگار پیا بن پھیکا۔
۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ
[س: पक्व]

— پڑنا محاورہ۔
۱۔ شرمندہ ہونا، نادم ہونا۔
جواب ترکی بہ ترکی سن کر وہ پھیکا پڑ گیا
۱۹۲۶ نوراللغات
۲۔ رنگ مدھم ہو جانا، ماند ہو جانا؛ شوخی جاتی رہنا۔
کل صبح دیکھتے ہی رشک چمن کو میرے
کیا پڑ گئی تھی پھیکی تیری بہار گلشن
۱۸۰۱؟ دیوان جوشش، ۱۲۶
پڑ گیا پھیکا فروغ حسن لاثانی ترا
ملگجا سا ہو گیا ملبوس نورانی ترا
۱۹۲۹ مطلع انوار، ۶۳

— پن (— فت پ) اسذ۔
پھیکا ہونے کی کیفیت۔
ایک کے اختلاط میں پھیکا پن اور سرد سہری تھی۔
۱۹۵۲ جوش (سلطان حیدر)، ہوائی، ۷۲
[پھیکا + پن (رک)]

— پنڈا ہونا محاورہ۔
رک: پنڈا پھیکا ہونا۔
کھانے کی نکر نہ پانی کا ہوش کسی نے پوچھا، کم دیا پنڈا پھیکا ہے۔
۱۹۱۵ سجاد حسین، حاجی بغلول، ۱۳۳

— پھاکا اسذ۔
رک: پھیکا، بد مزا سا، بے کیف۔
اس کا کردار نرا پھیکا پھاکا اور بے نمک ہے۔
۱۹۵۸ روشن مینار، ۳۵
[پھیکا + پھاکا (تابع)]

— پھیکا (— ی مع) صف مذ؛ مث: پھیکی پھیکی۔
پھیکا (رک) کی تکرار۔
وو شمع پھیکی پھیکی مرے ساتھ رونے والی
وہی میں وہی میرا دل وہی مشورے خیالی
۱۹۲۱ لخت جگر، ۲: ۵۴۲

— رنگ (— فت ر، غنہ) اسذ۔
ہلکا رنگ جو شوخ نہ ہو؛ جس میں ملاوٹ نہ ہو۔
یہ ایک پھیکے رنگ کے خاکے کو حقیقی دنیا کے شوخ رنگ کا قائم مقام بنانا چاہتا ہے۔
۱۹۳۷ فلسفہ نتائجیت، ۳۷
عارض کو تیرے پہنچے کب اس کی دہدھائٹ
ہزارے ہزار ہو تو ہے گل کا رنگ پھیکا
۱۸۹۷ سوز، د، ۱۹
[پھیکا + رنگ (رک)]

— رہنا محاورہ۔
(کسی سے) پیچھے رہ جانا، مقابلہ نہ کر سکنا، کم تر رہ جانا، پر کشش یا شوخ نہ ہونا۔
جو نمک ہے ہند کے معشوق سبزہ رنگ میں
وہ فرنگن میں کہاں پھیکا رہا لندن کا رنگ
۱۸۷۰ الماس درخشاں، ۱۱۵

— سیٹھا (— ی مع) صف۔
بد مزہ، بے مزہ۔
اگر دس پانچ ملے بھی تو پھیکے سیٹھے جن میں وہ لطف نہیں جو لطیفوں کی جان ہے۔
۱۹۲۵ لطائف عجیبہ، ۱: ۶
[پھیکا + سیٹھا (رک)]

— شلجم/شلغم (— فت ش، سک ل، فت ج/فت ش، سک ل، فت غ) اسذ۔
(مجازاً) شلجم کا سا رنگ جو چہرے کے حسن کو کم کر دے اس لیے کہ بہت زیادہ سفیدی صحت مندی کی علامت نہیں خون کی سرخی اور گرمی سے چہرہ خوبصورت ہوتا ہے، غیر ملیح، حسن بے نمک۔

پھیکے شلجم سی صورت پر اتنا اترانا اچھا نہیں .

۱۸۹۷ انتخاب طلسم ہوش ربا ، ۲ : ۱۷۱

کیا ترے چہرہ گلگوں کو کہوں صورت ماہ
پھیکے شلغم کی طرح نام نہیں لالی کا

۱۸۹۹ شاد (نوراللغات)

[پھیکا + شلجم/شلغم (رک)]

— غمزا (— فت غ ، سک م) امذ .

رک : پھیکا نخرہ .

دھینگا مشتی کے سوا اور بھی کچھ آتا ہے
پھیکا غمزا مجھے واللہ نہیں بھاتا ہے

۱۸۶۸ شعلۂ جوالہ ، ۲ : ۵۳۸

[پھیکا + غمزا ، غمزہ (رک)]

— کر دینا محاورہ .

بے رنگ کر دینا ، بے لطف کر دینا .

رنگ عارض غیر کے بوسوں نے پھیکا کر دیا
دیدۂ بیدار ان کے ہم سے شرماتے ہیں آج

۱۸۶۵ نسیم دہلوی ، د ، ۱۳۱

دل فریبیاں مادر گیتی کے ... معاملات کو پھیکا کر دیتی ہیں.

۱۹۲۷ عظمت ، مضامین ، ۲ : ۱۱۸

— نخرہ (— فت ن ، سک خ) امذ .

بے کیف ناز ، پھونڈا اور بے مزہ انداز ، بے رونق انداز جس میں پھیکا پن ہو ، پھونڈا ناز .

نہیں جی نہیں کا نہ نخرہ بگھارو
کہ بھاتا نہیں ہم کو نخرہ یہ پھیکا

۱۸۱۸ اظفری ، د ، ۳۶

— ہونا محاورہ .

بے مزہ ہونا ، بے رنگ ہونا ؛ کم ہونا .

کچھ جو قاتل کا تبسم نمک افشاں ہوتا
کیا ہی پھیکا مرے زخموں سے نمک داں ہوتا

۱۸۸۴ آفتاب داغ ، ۱۶

یورپین عورتوں کی طرح پھیکا اور محض سفید نہیں ہوتا بلکہ ہندوستانی مذاق کے موافق ان کی صورتیں ہوتی ہیں .

۱۹۲۱ اولاد کی شادی ، ۳۵

پھیکاس (ی مع) اسث ؛ مذ .

پھکاس ، پھیکاپن ، پھیکا ہونے کی کیفیت .

ختم طعام پر داد چاہی تو جواب ملا جتنے چانول تھے اسی قدر پھیکاس تھا .

۱۹۴۳ حیات شبلی ، ۷۳۱

[پھیکا (رک) سے]

پھیکنا (ی مج ، سک ک) ف م .

رک : پھینکنا .

ارشاد کیا کہ قرعے پھیکو اتنا مجھے دیکھ کر بتادو

۱۸۷۱ دریائے تعشق ، ۸

پھیکی (ی مع) صف ، مث .

۱. مدھم ، ہلکی ، پھیکا (رک) کی تانیث .

چند شعر پھیکی سیاہی سے تحریر ہیں مگر وہ پڑھے نہیں جاتے .

۱۸۶۴ تحقیقات چشتی ، ۷۰۰

ہے جام خالی تو پھیکی ہے چاندنی کیسی
یہ سیل نور ، ستم ہے شراب ہو نہ سکا

۱۹۴۶ طیور آوارہ ، ۱۷

— آنکھ (— مع) امث .

بے لطف آنکھ جس میں شوخی نہ ہو .

آنکھ شیریں کی اس انداز میں پھیکی دیکھی
چشم لیلیٰ میں کہاں پاریہ چتون یہ نظر

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۹۷

[پھیکی + آنکھ (رک)]

— بات امث .

بے لطف بات ، سادہ بات جس میں شوخی نہ ہو .

پھیکی جو بات ہو وہ زباں کو نہیں پسند
عالم ہے ان کے شور تکلم سے بہرہ مند

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۲ : ۱۴۸

[پھیکی + بات (رک)]

— پڑجانا/پڑنا محاورہ .

۱. پھیکا پڑنا (رک) کی تانیث .

ایک حس آہستہ آہستہ پھیکی پڑ جاتی ہے .

۱۹۶۳ تجزیۂ نفس ، ۲۰۰

۲. عالم نزع میں ہونا ؛ ٹمٹمانا یا جھلملانا .

میاں عباس لو ، سامنے دیکھو شمع پھیکی پڑی .

۱۹۲۹ وداع خاتون ، ۲۴

— پیاز (— کس پ) اسف.

رک: پھیکا شلجم.

دیکھا کیسا نمک ہے چہرے پر میں کیا کہوں اس کے
سامنے گوری پھیکی پیاز.

۱۹۶۹ افسانہ گردیا، ۲۸

[پھیکی + پیاز (رک)]

— پھیکی باتیں کرنا محاورہ.

بے مزہ گفتگو کرنا.

شیریں دہنو نہیں ہے زیبا تم باتیں کرو نہ پھیکی پھیکی

۱۸۳۳ دیوان رند، ۱: ۲۰۱

— شلجم (— فت ش، سک ل، فت ج) اسث.

پھیکا شلجم (رک) کی تانیث.

رنگت تو اجلی ہے مگر پھیکی شلجم ارجمند بھابی نے کہا.

۱۹۶۷ جلا وطن، ۱۲۲

— گرمیوں کے چونچلے امذ.

بڑھاپے کے غمزے (جامع اللغات؛ نوراللغات).

— لگنا محاورہ.

کم تر نظر آنا، ہلکی لگنا.

سپیدی قند کی پھیکی لگی جب تمہارے رنگ کی دیکھی گرائی

۱۷۱۸ دیوان آبرو، ۶۸

— مسکراہٹ (— ضم م، سک س، ضم ک، فت ہ) اسث.

بناوٹی ہنسی (جو دل سے نہ ہو)، کھسیانی ہنسی.

انیلا نے پھیکی مسکراہٹ سے کہا، نہیں شیریں تمہارا شکریہ.

۱۹۵۳ شاید کہ بہار آئی، ۱۶۳

[پھیکی + مسکراہٹ (رک)]

— ہنسی (— فت ہ، مغ) اسث.

رک: پھیکی مسکراہٹ.

بے نمک غمزے کیے تیغ نگاہ یار نے
زخموں کو پھیکی ہنسی ہنسنا وتیرہ ہوگیا

۱۸۸۱ منیر (نوراللغات)

— ہونا محاورہ.

ماند ہو جانا، بے رنگ ہونا، بے لطف ہونا، کم تر ہونا، ہلکی ہونا.

ہر گز طرف نہ ہوسکی رخسار یار کے
پھیکی ہے اس کے سامنے گلزار کی طرف

۱۸۱۰ میر، ک، ۷۸۶

محکوم قوموں کی ترقی ہمیشہ ایک خاص جگہ پر جا کر پھیکی ہو جاتی ہے.

۱۸۸۰ مقالات حالی، ۱: ۱۴۶

پھیکے (ی مع) صف.

پھیکا (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت تراکیب میں مستعمل.

— پھُکس (— ضم پھ، شد ک بفت) صف.

بالکل پھیکے.

سلطان اپنے پھیکے پھکس خربوزوں کی ڈھیری برابر کرتا ہوا لقمہ دیتا.

۱۹۶۹ وہ جسے چاہا گیا، ۱۶۰

[پھیکے + پھکس (رک)]

— پھیکے (— ی مع) صف.

پھیکے (رک) کی تکرار.

پھیکے پھیکے نقوش ہیں جو سوچ اور استدلال میں کام آتے ہیں.

۱۹۶۳ تجزیۂ نفس، ۱۶۶

— چوچلے (— و مج، سک چ) امذ؛ ج.

رک: پھیکے نخرے.

تیوری چڑھا کر بولی کہ ہماری قوم کی یہ چال نہیں، یہ پھیکے چوچلے مجھے نہیں بھاتے.

۱۸۰۱ آرائش محفل، حیدری، ۱۶۹

[پھیکے + چوچلے (رک)]

— غمزے (— فت غ، سک م) امذ؛ ج.

رک: پھیکا غمزہ.

اپنے برہان شاہ کو چھیڑو پھیکے غمزے ذرا ادھر نہ کرو

۱۸۸۵ مثنوی عالم، ۱۲۸

— نخرے (— فت ن، سک خ) امذ؛ ج.

رک: پھیکا نخرہ.

کیسے کیسے پھیکے نخرے کئے جس کی تحریر سے کاغذ کو شرم آتی ہے.

۱۸۹۰ بوستان خیال، ۶: ۳۴۹

پھیل (ی لین) .
پھیلنا (رک) سے تراکیب میں مستعمل (جامع اللغات) .

— پڑنا محاورہ .
بے تکلف ہونا ؛ دھرنا دینا ، طمع کرنا ، زیادہ مانگنا ، حد سے بڑھنا .
بھلا مجھ سے تم سے کہاں کی جان پہچان ہے جو اتنا جلد پھیل پڑیں ، میرے پیچھے بھڑٹ ہو گئیں .
طلسم ہوش ربا ، ۳ : ۲۵۹ ۱۸۸۸

دیکھ کے حضرت غنی پھیل پڑے فقیر بھی
چھائی ہے اب تو چھاؤنی حشر ہی آنہ جائے کیوں
حدایق بخشش ، ۱ : ۲۵ ۱۹۰۵

— پھال کر م ف .
پھیل کر/کے .
ویسے تو پھیل پھال کر ڈھیر معلوم ہوتی تھیں مگر پہلوانوں کی طرح سینہ تان کر چلتی تھیں .
دو ہاتھ ، ۱۸۶ ۱۹۶۶

— پھیل کر/کے م ف .
۱. اطمینان کے ساتھ ، آرام سے ، با فراغت .
تمھیں ہے شکوہ دل تنگ کا مرے ہے جا
کہ پھیل پھیل کے رہنا جو ہو تو گھر بھی ہے
مضمون ہائے دلکش ، ۶۷ ۱۸۸۸
۲. حد سے بڑھ کر ، آپے سے باہر ہوکر ، بے فکری سے .
جہلا میدان کو خالی پا کر اور بھی پھیل پھیل کر جو کچھ منہ میں آجاتا ہے بک جاتے ہیں .
شاد عظیم آبادی ، فکر بلیغ ، ۵۵ ۱۹۲۷

— پھیل کر/کے سونا محاورہ .
رک : پھیل کر سونا .
اے شوخ پھیل پھیل کے تو سو تمام رات
ہم بھی پڑے رہیں گے کنارے پلنگ پر
غنچۂ آرزو ، ۵۶ ۱۸۵۳

— جانا محاورہ .
۱. (i) چاروں طرف سے گھیرا بنا لینا .
جب یہ خبر پاتے ہیں کہ ہاتھی چلے آتے ہیں تو ان کے گرد پھیل جاتے ہیں .
اردو کی پہلی کتاب ، آزاد ، ۲ : ۳۱ ۱۸۹۳
(ii) وسعت پانا ؛ عام ہو جانا .
اب تعلیم بھی اتنی پھیل گئی ہے کہ لڑکیوں کے اخبار کی حالت اس سے بہتر ہونی چاہئے .
انشائے بشیر ، ۲۱۶ ۱۹۲۴

۲. (جذبات) بھڑک اٹھنا .
لوگوں پر بڑا اثر ہوا اور جوش کی ایک لہر پھیل گئی .
چند ہم عصر ، ۱۲۵ ۱۹۳۵
۳. (i) شہرت ہونا ، عام ہوجانا ، رائج ہوجانا .
زندگی میں اس کا دیوان مشہور نہ ہوا بعد مرنے کے ایران توران روم شام ہر جگہ پھیل گیا .
آزاد ، نگارستان فارس ، ۱۸۲ ۱۹۱۰
(ii) منتشر ہونا ، مشہور ہونا .
اس رسالے کے شائع ہونے کے بعد یورپ کے تمام ممالک میں بارود پھیل گئی .
افسر جنگ ، تفنگ با فرنگ ، ۱۳۶ ۱۹۳۲
۴. بڑھ جانا ، چوڑا ہو جانا .
گابے پتلی پھیل جاتی ہے .
ترجمہ شرح اسباب ، ۲۳ ۱۹۳۶
۵. بکھر جانا ؛ آبادی بڑھانا .
پھیل جاؤ زمین پر اور خدا کا رزق تلاش کرو .
مقالات حالی ، ۱ : ۹۷ ۱۸۷۹

— کر/کے م ف .
رک : پھیل پھیل کر/کے .
اس طرح پھیل کے سوتے تھے شب وصل میں کب
تھوڑے تھوڑے ہوتے جاتے تھے حیا سے پہلے
دیوان رند ، ۱ : ۱۶۰ ۱۸۳۲

— کر بیٹھنا محاورہ .
فراغت سے بیٹھنا ، کھل کر بیٹھنا (فرہنگ آصفیہ ؛ نورالغات).

— کر سونا محاورہ .
نہایت آرام اور بے فکری سے سونا ، خوب ہاتھ پانو کشادہ کر کے آرام کرنا ، فراغت سے سونا .
خوب تنہا ہیں پھیل کر سوتے
ہم تو برسوں خبر نہیں ہوتے
شوق (فرہنگ آصفیہ) ۱۸۷۱

پھیلا (ی لین) .
پھیلانا (رک) سے تراکیب میں مستعمل (جامع اللغات) .

— پڑنا محاورہ .
(کسی دلی خواہش سے) بیتاب و بیقرار ہونا ، گرا پڑنا ، بچھا جانا .
کہتے ہیں قتل پر مجھے طیار دیکھ کر
کیا پھیلا پڑتا ہے مری تلوار دیکھ کر
کلیات قدر ، ۱۹۹ ۱۸۹۱

— پھیلا (— ی لین) صف .

پھیلا ہوا ، منتشر .

گرم ہوا کے اجزا پھیلے پھیلے ہوتے ہیں .

۱۸۷۵ جغرافیۂ طبیعی ، ۱ : ۲۷

— جانا محاورہ .

رک : پھیلا پڑنا .

یہ حال ہے کہ خوش قطع مرد کو دیکھ کر پھیلی جاتی ہیں .

۱۸۶۶ جادۂ تسخیر ، ۱۴۲

— دینا ف مر .

رک : پھیلانا .

ایک پتھر ان کے اوپر رکھ دیتی ہیں جو توے کا کام دیتا ہے اس پر گیلا آٹا پھیلا دیتی ہیں .

۱۹۱۶ کھوارۂ تمدن ، ۱۱۰

— کر/کے بیان کرنا محاورہ .

تفصیل سے بتانا ، کھول کر بیان کرنا .

بعض ایسے ہیں جن کا مطلب دو یا دو سے زیادہ اشعار میں پھیلا کر بیان کیا ہے .

۱۹۵۰ چہار بین ، ۲۸

پھیلانا (ی لین) ف م .

۱. پھیلنا (رک) کا تعدیہ .

اور اپنا ہاتھ نہ تو اتنا سکیڑو کہ (گویا) گردن میں بندھا ہے اور نہ بالکل اسکو پھیلا ہی دو .

۱۸۹۵ ترجمۂ قران ، نذیر احمد ، ۳۹۶

تعلیم کو رونق دی تہذیب و شائستگی پھیلائی .

۱۹۳۵ چند ہم عصر ، ۳۳

۲. (بو یا خوشبو) ہوا میں سرایت کرنا .

حیوانات . . . جب دم نکل جاتا ہے تو مردہ جسم کی سڑاند بساند . . . ہوا میں پھیلاتے ہیں .

۱۸۷۵ جغرافیۂ طبیعی ، ۱ : ۲۱

۳. شہرت دینا ، اشاعت کرنا ، مشہور کرنا .

اگر اس کے بہادری کے کارناموں کو کوئی پھیلائے تو ایک شاہ نامہ تیار ہو جائے .

۱۸۸۴ قصص ہند ، ۲ : ۹۶

مجھ کو لوگ اب کچھ کرنے نہیں دیتے ، خود کچھ کرتے نہیں دور دور تک یہ پھیلا دیا ہے کہ میں الگ ہو گیا ہوں .

۱۹۱۰ مکاتیب شبلی ، ۱ : ۱۸۸

۴. کشادہ کرنا ، کھولنا ، وسعت قلبی دکھانا .

اپنے بازو ذلت کے ساتھ ان کے سامنے پھیلا دو .

؟ شاہ رفیع الدین ، ترجمہ قرآن (نیا ایڈیشن) ، ۳۵۵

۵. بیل کر (روٹی چپاتی پوری) بڑا کرنا .

اسکو بہت نہیں پھیلاتے ، روغنی روٹی ذرا گدری اچھی ہوتی ہے .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۳۷

۶. طول طویل ہونا .

حسرت گیسو کی پہلے مختصر تھی داستاں
اے شب غم تو نے پھیلایا درازی کا رواج

۱۸۹۲ وحید الہ آبادی ، انتخاب وحید ، ۴۶

۷. کسی بری یا اچھی بات کی تشہیر کرنا .

لئے پھرتے ہو الو ہاتھ میں شاہین کے دھوکے میں
جناب شیخ پھیلاؤ گے بستی میں نحوست کیا

۱۸۸۴ دیوان عنایت و سفلی ، ۲۴

۸. اندر سے پھولنا یا پھلانا .

دُم کو ایسا پھیلاتا ہے ، گویا خوب صورت سا گول پنکھا بنایا ہے .

۱۸۶۹ اردو کی پہلی کتاب ، آزاد ، ۲ : ۸

۹. (i) بڑھا کر مقررہ حد سے چوڑا کرنا .

کوئی شخص سجدہ میں اپنے ہاتھوں کو کتے کی طرح نہ پھیلائے .

۱۹۵۶ مشکوٰۃ شریف (ترجمہ) ۱ : ۱۹۶

(ii) کھینچنا .

ہمیں جال حتی الامکان خوب پھیلا کر بچھانا چاہیے .

۱۹۳۰ معاشیات ہند (ترجمہ) ، ۱ : ۶۰۳

۱۰. تقسیم کرنا .

کسان اپنی محنت کو . . . زیادہ مساوی طریق پر پھیلائے رکھنے . . . کے قابل ہو سکتا ہے .

۱۹۳۰ معاشیات ہند (ترجمہ) ، ۱ : ۳۰۶

۱۱. بڑا کرنا ، بڑھانا .

بنا سجدہ گہ کرو یہاں نقش قدم تیرا
زمیں کعبے کے نیچے جب ید قدرت نے پھیلائی

۱۹۱۶ نظم طبا طبائی ، ۶

۱۲. منتشر کرنا ؛ فوج کا میدان میں پھیلانا یا صف بندی کرنا ، ہرا جمانا ؛ چوڑا کرنا یا ہونا ؛ توسیع کرنا ، طویل کرنا کھینچے لمبے جانا ، بکھیرنا ، ملک سے باہر معلوم ہونا ، نشر کرنا ، منتشر ہونا یعنی گیس یا رقیق مادہ کا نفوذ کرنا ، پھیلانا ، کسی عدد کے ذریعہ رقم متعین کرنا ، اندازہ لگانا ؛ اعلان کرنا ؛ حصہ رسدی دینا ، بانٹنا ، حق دینا ؛ گننا ، شمار کرنا ، حساب کرنا ؛ تخمینہ کرنا ؛ آنکنا ؛ جمانا ، لگانا ؛ وش اندازہ کرنا (پلوٹس) .

پھیلاو (ی لین) امذ .

۱. **پھیلنے یا پھیلانے کی کیفیت و حالت .**

سانس روک کر جسم کے پھیلاو کو سکیڑنے کی کوشش کر کے جلدی سے مڑ جائے .

۱۹۳۷ دنیائے تبسم ، ۳۴

۲. **درازی ، طوالت ، عرض و طول ؛ پھاری پھر کم ہن .**

جب ان حدود سے بڑھے تو اس کے پھیلاو کی کچھ نہایت نہیں .

۱۸۶۶ مذاق العارفین ، ۴ : ۳۰

اس کا پھیلاو دیکھ کر پہلوانوں کا رنگ فق ہوا .

۱۸۹۹ رویاے صادقہ ، ۸۰

۳.(i) **کشادگی ، وسعت ، فراخی (طول و عرض میں) .**

بہشت کی طرف لپکو جس کا پھیلاو اتنا ہے جیسے آسمان و زمین . . . کا پھیلاو .

۱۸۹۵ ترجمۂ قرآن مجید ، نذیر احمد ، ۸۱۳

کہتے ہیں کرّہ بادی کا ہے پھیلاو بہت
دیکھنے کا ہمیں کس طرح نہ ہو چاؤ بہت

۱۹۱۰ کلام سہر ، ۲۶۲

(ii) **وسعت پذیری .**

فیصلہ کرتے وقت . . . ادارے کا پھیلاؤ . . . سامنے رکھنا چاہئے .

۱۸۷۱ تعلقات عامہ ، ۹۴

۴. **نشر و اشاعت .**

تمدن کے پھیلاو کے لیے ہلکے پھلکے ادب سے بڑھ کر کوئی ذریعہ نہیں ہے .

۱۹۳۳ میرے بہترین افسانے ، ۹

۵.(i) **نفاذ .**

قوانین جو اس ملک میں جاری ہیں ان کے بسط اور پھیلاو اور عمل کے واسطے قواعد مقرر نہیں ہیں .

۱۸۵۸ اسباب بغاوت ہند ، ۴۱

(ii) **شرح ، بسط .**

تحریر میں پھیلاو اور بات کو بڑھانا اور مزے لے کر کہنا .

۱۹۱۰ آزاد (محمد حسین) ، مکتوبات ، ۴۸

(iii) **ہمہ گیری ، جامعیت .**

اردو لٹریچر کی وسعت اور پھیلاو کے لیے اس میں نئے نئے لفظوں اور اصطلاحوں کے داخل کرنے کی ضرورت ہے .

۱۹۱۰ مضامین سلیم ، ۳ : ۷

۶. (ٹھگی) **شگون ، فال .**

آخر پھیلاو یا شگون نے بائیں جانب سے آواز دی .

۱۸۸۸ سوانح عمری امیر علی ٹھگ ، ۳۶

[پھیلانا (رک) سے]

پھیلاوا (ی لین) امذ .

رک : پھیلاو .

بہت پاکیزہ ، پھیلاوا کتنا اچھا ہے ، مضامین کیسے بلند ہیں .

۱۹۴۴ تمہید نادرات ، ۲ : ۴۷

[پھیلانا (رک) سے]

— پھیلانا محاورہ .

غلط فہمی پیدا کرنا ، بے جا شہرت دینا ، تشہیر کرنا .

اتنی بات کو بڑھا کر بہت سے پھیلاوے پھیلائے .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۸۷

پھیلاوٹ (ی لین ، ف و) امث .

رک : پھیلاو .

وسعت طبع جو وسعت کا سنائے فرمان
ہو ہر اک قطرے میں دریا سے سوا پھیلاوٹ

۱۸۷۲ مراۃ الغیب ، ۱۳

دل کا خلا ، پھیلاوٹ یعنی آرام کی حالت میں ہوتا ہے . . . نیلگوں خون کو اپنے اندر سمولیتا ہے .

۱۹۶۹ جنگ، کراچی ، ۲۳ اکتوبر ، ۳

[پھیلانا (رک) سے]

پھیلائے رکھنا/رہنا محاورہ .

کام انجام دینے کے لئے تقسیم کار کرنا .

کسان اپنی محنت کو پورے سال پر . . . پھیلائے رکھنے اور اپنی معاشی حیثیت و حالت درست رکھنے کے قابل ہوسکتا ہے .

۱۹۴۰ معاشیات ہند ، ۱ : ۳۰۶

پھیلنا (ی لین ، سک ل) ف ل .

۱.(i) **کشادہ ہونا ، حدود وسیع ہونا ، (طول یا عرض یا دونوں میں) بڑھنا ، چاروں طرف بڑھنا .**

جوت پھیلنے کی ایسی آن ہوگئی گویا بجلی تھی کہ چمک گئی اور عاشق کے دل پر پڑی .

۱۷۴۶ ؟ قصۂ مہر افروز و دلبر ، ۴۵

نجد ایک صوبہ ہے جو مدینہ کے شمال مشرق کی طرف شام کی سرحد سے یمن تک پھیلا ہوا ہے .

۱۹۱۲ مقدمہ تحقیق الجہاد ، ۵۲

(ii) **وسعت پانا .**

مسلمان جاڑوں میں سکڑتے اور گرمیوں میں پھیلتے ہیں .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۱۱۵

۲. (i) (کسی چیز کو) **ڈھانپنا ، احاطہ کرنا ، گھیرنا (ہر کے ساتھ) ، چھا جانا .**

پریشاں تیرے عارض پر ہے یوں زلف عرق افشاں
کہ بدلی چاند پر ہو جس طرح برسات میں پھیلی

۱۸۵۴ ؟ کلیات ظفر ، ۳ : ۱۶۹

(ii) زیادہ جگہ گھیرنا ۔

پھیلی وہ تو یہ سمٹ کے بیٹھا آگے جو بڑھی تو ہٹ کے بیٹھا

۱۸۸۷ ترانۂ شوق ، ۳۲

میرا یہ حال کہ شرم سے گڑا جاؤں اور اس کی یہ کیفیت کہ چولائی کی طرح پھیلے ۔

۱۹۵۹ شمع خرابات ، ۱۹

۳۔ (i) بکھرنا ، منتشر ہونا ، پراگندہ ہونا ۔

کھانے میں کھانا پھیلے نہیں اور ہاتھ اور کپڑا بھرے نہیں ۔

۱۷۳۶ ؟ قصۂ مہر افروز و دلبر ، ۳۰۶

آسمانی سوار چاروں طرف پھیل گئے ۔

۱۹۰۵ یادگار دہلی ، ۱۲

(ii) (کسی چیز کا گیلا ہونے کی وجہ سے) بہہ کر اپنی جگہ سے ہٹ جانا ۔

پھیلا کاجل اوداس جسم نڈھال
کچھ کچھ افشاں جھڑی پریشاں بال

۱۹۲۰ عروج لکھنوی ، شاہد نابہ ، ۷۳

۴۔ فربہ ہونا ، موٹا ہونا (نوراللغات ، جامع اللغات) ۔

۵۔ (i) عام ہونا ، اشاعت پانا ، رائج ہونا ۔

بڑے بڑے شہروں میں اخبار کا چھپنا اور پھیلنا شروع ہو گیا تھا ۔

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۴۸۶

(ii) (کسی بیماری یا عارضے کا) عام ہو جانا ۔

اس زمانے میں چیچک کی وبا کا پھیلنا غیر اسلامی روایت سے ثابت ہے ۔

۱۹۱۵ ارض القرآن ، ۱ : ۳۲۱

۶۔ (کسی چیز کا) بکثرت ہونا ، زیادہ ہونا ، بڑھنا ۔

اب کام اتنے پھیل گئے تھے کہ ان کے لیے بہت فرصت درکار تھی ۔

۱۹۳۵ چند ہم عصر ، ۲۷۵

۷۔ حد سے بڑھنا ، بے تکلف ہونا ۔

مجھ سے پہلی پہلی ملاقات پر یہ بیوی ایسی پھیلی کہ کیا کہوں ۔

۱۹۶۹ افسانہ کہہ دیا ، ۱۳۱

۸۔ (i) (کسی بات پر) اصرار کرنا ، اڑ جانا ، بگڑنا ۔

بزرگوں کا نام سن کر پھیل گئے ، لڑنے لڑنے قدموں پر گرے ۔

۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۶ : ۶۷۵

(ii) ضد کرنا ، ہٹ کرنا ۔

چڑیل زیادہ پھیلے گی تو اتنی جوتیاں ماروں گی کہ عمر بھر یاد کرے گی ۔

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۷۲

۹۔ حصۂ رسدی بانٹ میں آنا ، تخمینہ ہونا ، حساب میں آنا ۔

کم سے کم چار آنے فی آدمی لگا لو تو بھی پورے پچاس روپے پھیلے ۔

۱۹۵۳ پیر نابالغ ، ۳۰

۱۰۔ لگا لگنا ، سلسلہ چھڑنا ، آغاز ہونا ۔

آگہی کا روپیہ بہت جلد لے آؤ شادی کا کام پھیل چکا ۔

۱۸۷۵ تحریر النسا ، ۱۳۹

۱۱۔ داخل ہو جانا ، در آنا ۔

ایک ہی شکوہ میں ساماں وصل کا برہم ہوا
کیا ہنسی میں رنج پھیلا کس خوشی میں غم ہوا

۱۸۸۳ آفتاب داغ ، ۳۲

۱۲۔ پود بڑھنا ، کثیرالاولاد ہونا (فرہنگ آصفیہ) ۔

۱۳۔ فرش ہونا ؛ دراز ہونا ، لمبا ہونا ؛ سایہ دار ہونا (نوراللغات ؛ جامع اللغات) ۔

۱۴۔ طمع کرنا ، حد سے بڑھنا ، زیادہ مانگنا ۔

ہاں ادب اے قدر یہ گستاخیاں
دیکھ کر فیاض پھیلے کس قدر

۱۸۸۳ قدر بلگرامی (نوراللغات)

۱۵۔ مشتہر ہونا ، رائج ہونا ؛ دور دور تک پہنچنا یا جانا ۔

گیا شہرۂ حسن ہر ملک میں زمانے میں پھیلا ہے سانبھر نمک

۱۸۹۲ شعور (نوراللغات)

۱۶۔ بڑھنا ۔

لڑائی میری اس کی کیا کہوں کس بات میں پھیلی
یہ آفت سب عدو کی آمد سوغات میں پھیلی

۱۸۶۲ ظفر ، ک ، ۳ : ۱۶۹

۱۷۔ پسرنا ؛ پچھنا (فرہنگ آصفیہ) ۔

۱۸۔ اترانا ، گھمنڈ کرنا ۔

بیخود کہیں خلل تو نہیں ہے دماغ میں
آپ اور پھیلے عذر جفا اس نے جب کیا

۱۹۰۵ گفتار بیخود ، ۲۷

۱۹۔ (درخت کا) پھد پھدانا ؛ پھرنا ؛ مچلنا (فرہنگ آصفیہ) ۔

[सं : स्फुट]

پھیلواں (ی لین ، سک ل) صف ۔

پھیلا ہوا ، کشادہ ۔

سیاہی مائل ہتے . . . تنے پھیلواں ۔

۱۹۰۳ باغبان (رسالہ) ، ۱ ، ۳ : ۱۵

[پھیلنا (رک) سے]

پھیلوانا (ی لن ، سک ل) ف م .

پھیلانا (رک) کا تعدیہ .

مقدس مقاموں میں بدامنی پھیلوا تجھ پر خدا کا قہر ٹوٹے ، اللہ کا غضب نازل ہو .

۱۹۲۸ اس پردہ ، ۹۲

پھین (ی مج) امذ .

۱. (i) کف ، جھاگ (پانی دودھ وغیرہ کا) .

ثعلب کو باریک پیس کر اس عرق میں ملا کر آگ پر پتیلی چڑھا دیں جتنا پھین آئے الگ نکال دیں .

۱۹۳۴ ناشتہ ، ۹

(ii) سمندر یا دریا کا جھاگ .

زبدۃ البحر . . . پھین .

۱۳۳۳ زفان گویا (سہ ماہی ، اردو ، جولائی ، ۱۹۶۱ ، ۱۲۳)

خدا نے آدم کو مٹی سے پیدا کیا ، مٹی کو پھین سے ، پھین کو سمندر سے .

۱۹۳۲ الف لیلہ و لیلہ ، ۳ : ۵۵۱

۲. رطوبت جو زخم سے نکلے ، پیپ .

انہوں نے خود اپنے ہاتھ سے تیر کھینچ نکالا اور بہت پھین اور لہو زخم سے نکلا .

۱۹۱۰ سپاہی سے صوبہ دار ، ۳۷

۳. رطوبت جو منہ سے نکلے ، لعاب دہن ، تھوک .

اس وقت حضرت کی آنکھوں سے پانی جاری ہوا اور منہ سے بھی پھین نکلنے لگا .

۱۹۰۱ ارسغان سلطانی ، ۷۷

۴. رطوبت جو ناک سے نکلے ، رینٹ ، سنک (فرہنگ آصفیہ) .

[• : फेन पहन]

ــ اڑنا محاورہ.

(منہ سے) جھاگ گرنا ، تھوک کے چھینٹے باہر نکل کر پھیلنا .

تاہم باتیں کرتے وقت اس کے منہ سے پھین اڑتا تھا چہرہ سرخ ہو رہا تھا .

۱۹۰۱ سیتا ، ۲ ، ۳ : ۸۹

ــ بہنا محاورہ .

رال ٹپکنا ، منہ سے جھاگ نکلنا ، منہ سے رطوبت یا تھوک خارج ہونا .

منہ میں سے پھین بہتا اور آس پاس مکھیوں کے جھنڈ کے جھنڈ اڑتے تھے .

۱۸۳۴ تسلیم نامہ ، ۱ : ۵۰

ــ دار صف .

جھاگ والا ، جھاگ دار .

باریک شاخوں میں بھی اسی قسم کا پھین دار لعاب ہوتا ہے .

۱۸۹۲ میڈیکل جیورس پروڈنس ، ۱۴۵

[پھین + دار (رک)]

ــ سا امذ .

(مجازاً) ملائم ، نرم و نازک .

چھپر کھٹ بچھا تھا تس پر پھین سے بچھونے پھولوں سے سنوارے گل تکیئے .

۱۸۰۳ پریم ساگر ، ۱۴۵

[پھین + سا ، حرف تشبیہ]

پھینا (ی مج) امذ .

رک : پھین .

اس سے ترنگ اور پھینا اور بدبدے ہوتے ہیں .

۱۸۹۰ جوگ بششٹھ ۱ ، ۱۸۵

منہ سے بڑی مقدار میں پھینا نکلنے لگا .

۱۹۲۱؟ انور ، ۶۱۳

[• : फेना पहना]

پھیناانا (ی مج) ف م .

جھاگ اٹھانا ، کف اٹھانا (جامع اللغات) .

[پھین (رک) سے]

پھینٹ (۱) (ی مج ، مغ) امذ ؛ امث .

رک : پھینٹا .

کنویں کے پنگھٹ پر کھڑے ہو کر لگے پکڑی پھینٹ ملانے ملانے لٹکانے لٹکانے اسے کاڑھنے .

۱۸۰۳ پریم ساگر ، ۱۷۱

۲. (معماری) دو اینٹوں کے درمیان کا فاصلہ یا خلا ، درز ، جھری .

اینٹ کے ہر ایک پہلو میں یعنی پھینٹ میں مصالحہ لگانا ضروری ہے .

۱۹۱۳ انجینرنگ بک ، ۲۷

ــ باندھنا محاورہ .

(مجازاً) کمر کسنا ، تیار ہونا ، ارادہ کرنا (جامع اللغات) .

ــ دینا ف م .

رک : پھینٹنا معنی نمبر ۳ .

طباعت اول میں جو ترتیب تھی وہ طباعت دوم میں تحریر و تصویر میں حتی‌الدور مطابقت نبھانے کے چکر میں پھینٹ دی گئی ہے .

۱۹۷۱ بیاض صادقین ، ۵

پھینٹ (۲) (ی مج ، مغ) امث

لکڑی کی عرض میں چرائی کو آرا کشوں کی اصطلاح میں پھینٹ کہتے ہیں یہ لفظ عموماً تنے کے ٹکڑے کاٹنے کے موقع پر بولتے ہیں (ا پ و ، ۱ : ۲۰) .

[ہ : پھینٹ]

پھینٹا (ی مج ، مغ) امذ .

رک : پھیٹا (= پگڑی) ؛ معمولی رومال جو ملازم سر پر باندھ لیتے ہیں .

زرد پھینٹا سج کے تم نے خوب جھلکائی بسنت
سر چڑھا کیوں کر نہ لیں جب اس طرح آئی بسنت

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۱۵

ایک حبشی جوان خوبصورت ایک پھینٹا طرحدار سجے ہوئے باہر نکل آیا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۲۹

لوگوں کی ٹکڑیاں لنگیاں اور پھینٹے باندھے ہمہ وقت تیار رہا کریں .

۱۹۶۶ روز نامہ ، جنگ ، کراچی ، ۲۳ جون ، ۹

پھینٹنا (ی مج ، مغ ، سک ٹ) ف م .

۱. (کسی رقیق چیز کو) بار بار ہلانا ، ملانا ، گھیٹنا ، یکجان کرنا .

دودھ میں انڈے کو پھینٹ کر تھوڑی دیر میں دینا چاہیے .

۱۹۲۴ پرندوں کی تجارت ، ۶۱

۲. (رقیق چیز میں) ہاتھ یا کوئی چیز مار کر جھاگ پیدا کرنا (جامع اللغات) .

۳. (تاش وغیرہ کے پتوں کو تقسیم کرنے کے لیے) الٹنا پلٹنا ، اوپر نیچے کرنا .

دھن سب کا اینٹھ لینے کو دارو پلا پلا
تاشوں کو پھینٹ پھینٹ کے گردن گھما گھما

۱۹۳۷ سرود و خروش ۳۳۷

[رک : پھینٹ]

پھینٹہ (ی مج ، مغ ، فت ٹ) امذ ؛ ~ پھینٹھ .

رک : پھینٹا .

بسنتی ایک تھی ، گلنار پھینٹہ ، شال عباسی
نہ چاہے کون موزوں طبع اس مضمون رنگیں کو

۱۷۱۸ دیوان زادہ حاتم ، ۱۴۸

اگن کا پنجرا لیے چھوڑ کسب رنگریزی
سجیں ہیں سر کے اپر پھینٹھ باندھ کگریزی

۱۷۸۲ حاتم (دونایاب زمانہ بیاضیں ، ۲ : ۳۰)

پھینٹی (ی مج ، مغ) امث .

۱. (عو) سوت (یا ریشم) کی لچھی ، اٹیرن پر لپٹا ہوا سوت .

ایک بوڑھیا ایک سوت کی پھینٹی لے کر ان کی خریداری کو آئی .

۱۸۹۱ فغان بے خبر ، ۱۸

۲. چھوٹی پگڑی ، رومال یا کپڑا جو سر پر لپیٹ لیا جائے (جامع اللغات) .

[ہ : پھینٹی]

پھینچا (ی مج ، مغ) امذ .

سامان کی گٹھڑی .

وہ پھینچا خود نہیں اٹھاتا تھا بلکہ ایک گدھے کا بوجھ مجھ پر ہی لاد کر دکان تک آتا .

۱۹۷۳ جہانِ دانش ، ۸۶

[رک : پھچا]

ـــ مارنا محاورہ .

سامان کی گٹھڑی لادنا .

ایسا باربردار قلی درکار تھا جو حرف شناس بھی ہو اور کم از کم من سوا من اناج کا پھینچا مارے تمام دن . . . خاک پھانکتا ہوا شام کو اس کو مکان پر لا پٹکے .

۱۹۷۳ جہانِ دانش ، ۸۵

پھینچ ڈالنا (ی مج ، مغ ، سک چ ، ل) ف م .

رک : پھینچنا (جامع اللغات) .

پھینچنا (ی مج ، مغ ، سک چ) ف م .

۱. میلے کپڑے کو بغیر صابن کے اس طرح دھونا کہ اچھی طرح صاف نہ ہو ، کھنگالنا .

وہ اپنی دھوتی پھینچتا ہے ۔
۱۹۲۶ نوراللغات

۲۔ نچوڑنا ، ہاتھوں سے ملنا (جامع اللغات) ۔

[ہ : پھینچنا फींचना]

پھینک (ی مج ، مغ) اسف ۔

۱۔ **کشتے کی ورزش ، کشتے کا کھیل** (دریائے لطافت ، ۹۱) ۔

۲۔ **گل بازی** ۔

رفتہ رفتہ پھولوں اور لالوں کی پھینک کی لڑائی شروع ہوئی اور تھوڑی دیر میں پریاں پھولوں سے زخم کھا کھا کر گرنے لگیں۔
۱۹۳۰ سجاد حیدر ، خیالستان ، ۱۶

۳۔ (ہندو) بکھیر (فرہنگ آصفیہ) ۔

۴۔ **دباؤ ، زور** ۔

انھوں نے اس کا کوئی حل نہیں سوچا بالائی حصے کے وزن سے جو پھینک یا افقی دباؤ پیدا ہوتا ہے اسے کس طرح تعدیل کیا جائے ۔
۱۹۵۱ تاریخ تمدن ہند ، ۳۰۸

[پھینکنا (رک) سے]

ــ آنا محاورہ ۔

رک : **پھینک دینا** ۔

مگر کیا کروں شوق کے جوش کو
کہاں جاکے پھینک آؤں آغوش کو
۱۹۱۰ قاسم و زہرہ ، ۵۰

ــ پھانک (ــ مغ) م ف ۔

پھینک کر ۔

جب بڑھ کے ہوا نظر سے اوجھل
ہلکا ہوا پھینک پھانک بوجھل
۱۸۳۸ گلزار نسیم ، ۲۶

بوجھ کو اپنے پھینک پھانک سوے عدم ہوئی رواں
پہلے ہی روح تنگ تھی جسم کا بار دیکھ کر
۱۹۲۷ شاد ، میخانۂ الہام ، ۱۵۱

[پھینک + پھانک (تابع)]

ــ جانا محاورہ ۔

ڈال دینا ، بکھیر دینا ، بے دلی کے ساتھ ڈال دینا ۔

تربت میں مری روح کو کب ہوگی تازگی
دو پھول پھینک جاؤ گے لا کر کہیں سے کیا
۱۸۹۶ دیوان شرف ، ۸۶

ــ دینا محاورہ ۔

۱۔ **بکھیر دینا ؛ اچھال دینا ، گرا دینا ، ڈال دینا ، زمین پر گرا دینا** ۔

آیا ہوں پھرتے پھرتے غنیمت مجھے سمجھ
کیا جانے پھر کدھر مجھے تقدیر پھینک دے
۱۸۲۴ مصحفی ، د (انتخاب رام پور) ، ۲۹۹

۲۔ **ضایع کر دینا ، تلف کر دینا** (جامع اللغات) ۔

ــ (کے) مارنا محاورہ ۔

کوئی چیز اس طرح پھینکنا کہ دوسرے کو چوٹ لگے ۔

پاس آنے نہ دیا آہ شرر افشاں نے
دور سے پھینک کے جلاد نے خنجر مارا
۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۵۶

ظلمات نے رانی کے دانے پھینک مارے ملکہ بہار نے اسم سحر پڑھ کر کالے ماش پھینکے اس کے سحر کو دفع کیا ۔
۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۶ : ۵۳

پھینکا (ی مع ، مغ) صف ۔

رک : **پھکا** (پلیٹس ؛ جامع اللغات) ۔

[ہ : پھینکا फींका]

پھینکا (ی مج ، سک ن) اسث ۔

ایک پودا جس کے پھل اور جڑ سے ایسا مادہ حاصل ہوتا ہے جو صابن کا کام کرتا ہے ، ریٹھا ، ڈوڈن ، انگ : Soap berry (پلیٹس ؛ جامع اللغات) ۔

[س : پھینکا फेनका]

پھینکا جانا ف مر ۔

پھینکنا (رک) کا لازم ۔

مصر کے مضبوط اور محفوظ مقبرے سے نکال کر ہندوستان پھینکا گیا ۔
۱۹۱۵ سجاد حسین ، پیاری دنیا ، ۳

پھینکاؤ (ی مع ، مغ ، و مع) صف ۔

پھینکنے کے قابل ، بے کار (جامع اللغات ؛ پلیٹس) ۔

[پھینکنا (رک) سے]

پھینکنا (ی مج ، مغ ، سک ک) ف م ۔

۱۔(i) **ڈالنا ، گرانا** ۔

خرسے اور روٹیاں بچوں کے ہاتھوں سے چھین زمین میں پھینکی ۔
۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۲۴۰

بن پڑھے خط نہ خطا وار کا تو چیر کے پھینک
دیکھ کر پھینک اور اک طور سے تدبیر کے پھینک
۱۸۵۳ کلیات ظفر ، ۳ : ۵۸

(ii) (قرعہ یا پانسا) ڈالنا .

پھینکے تختی پہ جو یہ پانسے
کہنے لگے سب یہ شہ جہاں سے
۱۸۷۱ دریاے تعشق ، اختر ، ۸

میر صاحب نے پہلے ایک قرعہ پھینکا اور ایک کاغذ پر لکھا .
۱۹۱۰ انقلاب لکھنؤ ، ۱ : ۳۰

۲. ہٹکنا ، دے مارنا .

لحد میں کن سے دل بہلاؤں اے شاد
اجل نے کس جگہ پھینکا ہے لا کر
۱۹۲۷ شاد ، میخانۂ الہام ، ۱۵۵

۳.(i) (گھوڑا) تیز دوڑانا .

یوں پھرے نرمی سے اس پر جس طرح باد سحر
گر اسے پھینکے ڈپٹ کر منہ سے اتنا کہہ کے ہاں
۱۸۱۳ نورتن ، ۵

دائی کو دمچی سے باندھ گھوڑا پھینکا پیچھے پھر کر بھی نہ دیکھا .
۱۸۳۵ نغمۂ عندلیب ، ۱۵۸

(ii) (ٹپا) کھیلنا ؛ (تیر) چلانا (نورالغات : جامع اللغات) .

۴. (روپیہ دولت وغیرہ) ضایع کرنا ، برباد کرنا .

پہلے کا زمانہ ہوتا تو جمعدار صاحب پندرہ روپے پاتے ہی نہ جانے کیا کیا کر ڈالتے مگر اب وہ روپیہ پھینک نہ سکتے تھے .
۱۹۵۸ خون جگر ہونے تک ، ۲۳۰

۵. بکھیرنا .

ہنس ہنس کے دل مانگا گیسو سنبھالے
بڑے رنگ پھینکے بڑے جال ڈالے
۱۹۶۸ قمر جلالوی ، رشک قمر ، ۸۹

۶. اُچھالنا (نورالغات) .

۷. (دل کے ساتھ) عاشق ہونا ؛ (روپیہ وغیرہ) نچھاور کرنا ؛ (گیند وغیرہ کا) اچھالنا (جامع اللغات) .

[س : ہرکشیہ (ت) (ति) प्रक्षेप]

پھینکوانا (ی مع ، مغ ، سک ک) ف م .

رک : پھنکوانا (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

پھینکیت (ی مع ، مغ ، ی مج) امذ .

رک : پھکیت (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

پھینگڑا (ی مع ، مغ ، سک گ) امذ .

رک : پنگا (ا پ و ، ۷ : ۱۲۰) .

پھینل (ی مج ، کس ن) صف .

جھاگ والا ، کف دار ، پھینی (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[پھین (رک) سے]

پھینی (ی مج) اسث .

۱. مٹھائی کی قسم سے سوت کے لچھے (یا سوہوں) کی طرح کا پکوان جسے دودھ میں بھگو کر کھاتے ہیں .

ملنا ترا نہیں تھا تو کل کی بھیج دی عاشق کے تیں
پھینیاں سموسے کر پوریاں تکٹی کر غلاف
۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۱۰۸

برف پھینی . . . قرینے قرینے سے چنی گئیں .
۱۸۸۵ بزم آخر ، ۱۳

ملکہ دوراں نے پچاس خوان اندرسے کی گولیوں اور پھینیوں کے آراستہ کیے .
۱۹۳۳ فراق ، مضامین ، ۱۵۶

۲. جھاگ دار ، کف دار ، پھینل (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[۵ : پھینی फेनी]

پھیوں پھیوں (ضم پھ ، شد ی ، و مج) امث ؛ ج .

ہوند ہوند ، قطرہ قطرہ ، (مراد) آہستہ آہستہ .

کبھی تو چھاجوں پانی پڑ جاتا تھا کبھی پھیوں پھیوں برس جاتا تھا .
۱۹۲۶ نورالغات

پھیوں پھیوں تالاب بھر جاتا ہے کہاوت .

تھوڑا تھوڑا کر کے بہت ہو جاتا ہے ، ہوسہ پیسہ جمع کر کے آدمی مال دار بن جاتا ہے .

ہفتہ بھر میں شاید دونی چونی کی نوبت آئے اور ختم سال پر جب صندوقچی کھول کر دیکھو گے تو اچھی خاصی رقم نکل آئیگی اسی کو کہتے ہیں پھیوں پھیوں تالاب بھر جاتا ہے .
۱۹۲۱ شمع ہدایت ، ۵۰

پھیہا (۱) (ی مع) امذ .

رک ، پھایا (نورالغات ؛ جامع اللغات) .

پھیہا (۲) (ی مع) امذ .

مرغی کا مرض کہ پیٹ کے نیچے ورم ہو جانے کی وجہ سے انڈے نہیں دیتی (نورالغات ؛ جامع اللغات) .

[مقامی یاف : پھپہ (رک) سے]

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ت

ت

ت (لفظاً : تا ، تے) امث ؛ حرف .

عربی حروف تہجی ابتث کا تیسرا ، اردو فارسی کا چوتھا دیو ناگری کا سولھواں اور ابجد کا ہائیسواں حرف ہے تاے قرشت اور تاے مثناۃ فوقانیہ کے نام سے موسوم ہے مستقل مصمتہ (حرف صحیح) اسنانی (دندانی) ہے نوک زبان اور دندان کی مدد سے ادا کیا جاتا ہے .

حساب ابجد یا جمل میں اس کے چار سو (۴۰۰) عدد مقرر ہیں اگر یہ حرف «ہ» کی صورت میں لکھا جائے تو اس کے صرف پانچ (۵) عدد لیے جائیں گے .

یہ حرف شمسی ہے اور «ال» لگنے پر مشدد ہو جاتا ہے «ال» بحالت ترکیب غیر ملفوظ رہتا ہے .

یہ حرف عربی الفاظ میں حسب ذیل صورتوں میں «ت» کی شکل میں لکھا جاتا ہے :

۱. جمع مؤنث سالم میں ، جیسے : صالحات ، مسلمات .

۲. جب اصلی ہو ، جیسے : وقت ، التفات ، موت .

۳. اسماء کے آخر میں جب تاے تانیث تاے مصدری تاے مبالغہ اور تاے نقل (معنی و صفی سے بدل کر اسم کر دیتی ہے) تو ہاے ہوز سے بدل جاتی ہے جیسے : فاجرہ ، تکملہ وغیرہ ، اور عربی کے مرکب الفاظ میں قاعدۂ عربی کی تقلید کی جاتی ہے ، جیسے : مع العائلہ ، آصف الدولہ .

عربی کے الفاظ «صلوٰۃ» ، زکوٰۃ جمع کے شبہے سے بچنے کے لیے عربی رسم‌الخط کے موافق لکھے جاتے ہیں تاکہ صلوٰۃ اور صلوات میں فرق ہو سکے .

ت (۱)

حرف «ت» ، ہر جب عربی تنوین آتی ہے تو گول (ۃ) لکھی جاتی ہے جیسے : استعارۃً ، کنایۃً ، مگر مزہورالآخر میں تاً بھی لکھتے ہیں .

کیا میں استفادتاً کچھ عرض کر سکتا ہوں ؟

۱۹۵۲ نگارستان مانی ، ۲۱

اردو کلمے کے آخر میں بطور علامت اسم کیفیت مستعمل ، جیسے : بڑھت ، رنگت وغیرہ .

ت اسمیت : بادشاہت وغیرہ .

۱۹۲۱ وضع اصطلاحات ، ۷۷

اردو میں «ت» کا املا زبان فارسی کے مطابق رہتا ہے یعنی تاے ملفوظی لمبی اور تاے مکتوبی جس کا تلفظ ہاے ہوز کی صورت میں ہوتا ہے گول «ہ» ، یا ہاے مختفی کی شکل میں لکھی جاتی ہے ، جیسے : علامت ، شاعرہ ، قاہرہ ، علامہ ، مشکلہ .

(ریاضی کی ترقیمات میں) یونانی بڑے حرف T(Tau) کا بدل (ماخوذ : ترقیمات ریاضی و سائنس ، ۲) .

ت (فت ت) امث .

پرانے قسم ، قسم کی تاکید مزید کے لیے ، تا للہ = خدا کی قسم (پلیٹس) .

[ع]

ت (۱) (کس ت) صف .

مرکبات کے شروع میں آکر تین کے معنی دیتی ہے ، مثلاً : تگنا ، تپھلا وغیرہ میں .

ت ـ مخفف تین ، تبارہ ، تباسی (تین روز کا باسی) ، تپانی ، ترابا ۔

۱۹۲۱ وضع اصطلاحات ، ۷۷

[س : तरे]

تِ (۲) (کس ت) اشارۂ بعید ۔

رک : تا (۳) (پلیٹس) ۔

[ہ : त]

تا (۱)

ماں باپ یا دوسرے گھر والے جب کسی بچے کو کھڑکی موکھے پردے اوٹ یا دروازے سے منھ نکال کر دیکھتے ہیں ، تو اس کو ہنسانے کی خاطر لمبی اور ہشاش آواز میں ، تا ، زبان پر لاتے ہیں جس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ دیکھو ہم تمھیں جھانک کر دیکھ رہے ہیں ، اپاہاہا ، آگے چل کر بچہ بھی یہ آواز سیکھ لیتا اور ماں باپ وغیرہ کو جھانک کر ، تا ، کہنے لگتا ہے ؛ ہنسی دل لگی کے طور پر بے تکلف اور ہنسوڑ دوست بھی احباب کی خلوت گاہوں میں اچانک داخل ہو کر ، تا ، کہتے ہیں جس کا مفہوم یہ ہوتا ہے کہ ہم سے بچ کر کہاں جاؤ گے ہم نے تم کو آخر کار ڈھونڈ ہی نکالا یا جو کام تم چوری چھپے کر رہے تھے ہم نے اسے دیکھ لیا اب کیا کر سکتے ہو ۔

بھری سانس ٹھنڈی یہ کس شخص نے
کہ برق اس سے کرنے کو تا رُک گئی

۱۸۱۸ انشا ، کلام ، ۲۳۶

سسرال میں . . . میدان صاف تھا ، ساس سسرے تو درکنار کوئی جھوٹوں آ کر بھی تا کرنے والا نہ تھا ۔

۱۹۱۷ طوفان حیات ، ۲

[حکایت الصوت]

تا (۲) امث ۔

(رقص) ناچ کا بول جو تال میں دوسرے بولوں کے ساتھ ادا کیا جاتا ہے (ماخوذ : شبد ساگر) ۔

[ہ : ता]

تا (۳) امث ۔

اُس (ہندی بالخصوص برج کے گیتوں وغیرہ میں مستعمل مگر یہ تنہا استعمال نہیں ہوتا ، کو ، سے ، وغیرہ کے ساتھ بولا جاتا ہے) تا کو = اس کو (ماخوذ : پلیٹس ؛ شبد ساگر) ۔

[ہ : ता]

تا (۴) صف ؛ م ف ۔

۱۔ تک (رک) کے معنی میں ۔

سر تا پاؤ نہ اٹھی آگ کہاں کیا جیوں لاگ

۱۵۰۳ نوسر ہار (اردو ادب ، ۶ ، ۳ : ۶۱)

یک پیر سبز ہوش ، کلاہ زر تا بنا گوش . . . اس چشمے پر کھڑا ڈلتا ہے ۔

۱۶۳۵ سب رس ، ۲۷۳

نالہ تا آسمان جاتا ہے شور سے جیسے بان جاتا ہے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۳۱۲

۲۔ جب تک ، جس وقت تک ۔

حسن سے اپنے نہ سیری ہو بتوں کو ہرگز
تا وہ آئینے میں سو بار نظارا نہ کریں

۱۸۲۴ مصحفی ، د (انتخاب رام پور) ، ۱۶۰

۳۔ تا کہ ، اس لیے کہ ۔

یہ کتاب ہے کہ ہم نے اتاری برکت کی سچ بتانی اپنی اگلی کو اور تا تو ڈراوے اصل بستی کو ۔

۱۷۹۰ ترجمۂ قرآن ، شاہ عبدالقادر ، ۱۳۸

تا پھر نہ انتظار میں نیند آئے عمر بھر
آنے کا عہد کر گئے آئے جو خواب میں

۱۸۶۹ غالب ، د ، ۱۸۸

۴۔ مدت یا وقت ظاہر کرنے کے لیے ، تک ، بھر ۔

کہتے ہیں بالضرورت تا چہل سال
بڑیاں کوں ہے سمجھ پیلاڑ کا حال

۱۶۶۵ پھول بن ، ۳۴

تا عمر وصف یار کے لکھا پڑھا کیے
چلنے لگی زبان اگر ہاتھ تھک گیا

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۳۲

۵۔ یک کے ساتھ بطور لاحقۂ عددی بمعنی بے مثل ۔

ہم کو کسی طرح پہ دو عملہ نہ بھائے گا
یکتا جو کوئی ہوگا وہ کاہے کو آئے گا

۱۸۵۸ سحر (نوراللغات)

[ف]

ـــ اَبَد (ـــ ف ا ، ب) م ف ۔

ابد تک ، ہمیشہ ۔

الٰہی سلامت رہیں تا ابد
نہ ہووے قیامت تلک چشم بد

۱۸۷۳ قلق ، مظہر عشق ، ۱۰

[تا + ابد (رک)]

ــ اَبَدُالدَّہر (ــ فت ا ، ب ، ضم د ، غم ا ل ، شد د بفت مج ، سک ہ) م ف .

رک : تا ابد .

حضور تا ابدالدہر روز جشن کریں
بسر ہوں عیش و طرب میں لیالی و ایام

۱۹۵۵ بے خود ، د ، ۱۲۳

[تا + ابد الدہر (رک)]

ــ اِلَی الْآن (ــ کس ا ، فت ل ، غم ی ، ا ، سک ل ، مد ا) م ف ؛ ظرف زمان .

اس وقت تک ، (تا ، عوام نے بڑھا لیا ہے) (ماخوذ : نوراللغات) .

[تا + الی الآن (رک)]

ــ اِمکان (ــ کس ا ، سک م) م ف .

مقدور بھر ، جتنا ممکن ہو .

وہ بلائے بزم دشمن میں تو چپ رہتے نہ ہم
اوپری دل سے ہی تا امکان ہنستے بولتے

۱۹۰۵ داغ ، یادگار داغ ، ۱۷

[تا + امکان (رک)]

ــ اِیں دَم (ــ ی مع ، مغ ، فت د) م ف .

رک : تا حال (عموماً ، از آدم ، کے ساتھ مستعمل) .

ان الفاظ میں جس قدر لوگ از آدم تا این دم دنیا میں پیدا ہوئے .

۱۸۹۵ علم اللسان ، ۳۴

سنا گیا ہے کہ . . . ان کے استقلال میں فرق نہ آیا اور از آدم تا ایں دم موجود ہیں .

۱۹۳۰ مضامین رشید ، ۱۵۲

[تا + ایں (رک) + دم (رک)]

ــ اِینکہ (ــ ی مع ، مغ ، کس ک) م ف .

یہاں تک کہ ، اس حد تک کہ .

اس سے ہم کوئی مقابلہ نہیں کرسکتے تا اینکہ اس کے سپہ سالار کے بھی ہم نبرد نہیں ہوسکتے .

۱۸۸۲ طلسم ہوش ربا ، ۱ : ۱۶۳

[تا + ایں (رک) + کہ (رک)]

ــ آنکہ (ــ مغ ، کس ک) م ف ؛ ~ تا آں کہ .

یہاں تک کہ ، اس درجہ .

تا آں کہ رفتہ رفتہ اس بات سے لوگوں کو شرم آنے لگی .

۱۸۰۵ دیباچۂ گلزار عشق (؛ صحیفہ ، لاہور ، ۶۲ : ۱۱۲)

یک بیک ایک معمولی آدمی سے بھی ذلیل تر ہو گیا ، تا آنکہ اس صدمے سے جانبر نہ ہو سکا .

۱۹۱۵ فلسفۂ اجتماع ، ۱۳۱

[تا + آں (رک) + کہ (رک)]

ــ بَحَیات/بہ حَیات (ــ فت ب ، ح) م ف .

رک : تاحین حیات ، عمر بھر ، ہمیشہ (مہذب اللغات) .

[تا + ب ، بہ (رک) + حیات (رک)]

ــ بَکَے/بہ کے (ــ فت ب) م ف .

رک : تا بہ کجا .

گر مکرر عرض کرتے ہیں تو کہتے ہیں وہ شوخ
ہم سے لیتے ہو میاں تکرار وحجت تابکے

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۵۳

نفس کی آمد و شد تا بہ کے شمار کریں
وہ کوئی کام تو لیں ہم امید واروں سے

۱۹۲۷ شاد ، میخانۂ الہام ، ۳۵۸

ــ (بہ) زِیست (ــ فت ب ، ی مع ، سک س) م ف .

تا بہ حیات ، جنم بھر ، عمر بھر (نوراللغات ؛ جامع اللغات ؛ فرہنگ آصفیہ) .

[تا + (بہ) (رک) + زیست (رک)]

ــ (بہ) قِیامت (ــ فت ب) کس ق ، فت م) م ف .

(لفظاً) قیامت تک ، (مجازاً) طویل مدت تک .

اذیت ایک دم اور تا قیامت خواب شیریں ہے
ہمارا سر تری سی طرح کاش اے کوہکن پھٹتا

۱۷۹۵ قائم ، د ، ۲۶

آئے نہ باز تابہ قیامت وفا سے ہم
کیجے ستم کہیں گے نہ ہرگز خدا سے ہم

۱۸۷۹ سالک (قربان علی) ، ک ، ۸۶

[تا + (بہ) (رک) + قیامت (رک)]

ــ (بہ) کُجا (ــ (فت ب) ضم ک) م ف .

کہاں تک ، کب تک .

آج پہلو میں سے میرے دل رنجور گیا
تا کجا ضبط نفس کیجے کہ مقدور گیا

۱۷۹۵ قائم ، د ، ۱۵

اب کہوں خوبی میں اس کی تا کجا
بندہ رہی تھی دور میں اس کی ہوا
۱۸۳۰ نظیر، ک، ۱۷

کرتے ہیں ہم سحر روز جزا کی امید
دیکھیں طولِ شب غم تا بہ کجا ہوتا ہے
۱۹۰۳ زکی، د، ۱۵۹

[تا + (بہ) (رک) + کجا (رک)]

ـــ بمقدور/بہ مقدور (ـــ فت ب، م، سک ق، و مع) م ف.

حتی الامکان، امکان بھر، بساط بھر، جہاں تک قابو یا طاقت ہو.

تابہ مقدور اس کی کی میں نے دوا
ہر کسی ڈھب سے نہیں پائی شفا
۱۷۷۴ مثنویات حسن، ۱: ۷۸

فرمانے لگا کہ ملکہ کے نزدیک جاتا ہوں تیری سفارش تابہ مقدور کروں گا.
۱۸۰۲ باغ و بہار، ۲۰۸

تابمقدور التزام کیا گیا ہے ہر قسم کی تحریروں کے مرقعے پیش نظر ہو جائیں.
۱۹۲۹ تاریخ نثر اردو، ۱: ۳۶

[تا + ب، بہ (رک) مقدور (رک)]

ـــ تریاق از عراق آوردہ شود، مار گزیدہ مردہ شود

(فارسی کہاوت اردو میں مستعمل).

ایسا موقعہ جب زیادہ انتظار کرنے سے مقصد فوت ہو جانے کا اندیشہ ہو اس وقت یہ فارسی کہاوت استعمال ہوتی ہے، یعنی جب تک تریاق عراق سے آئے گا سانپ کا کاٹا ہوا چل بسے گا.

یہ تو وہی کہاوت ہوگی . . . تا تریاق از عراق آوردہ شود، مار گزیدہ مردہ شود . . . دو چار مسلم لیڈر پیدا ہو جائیں تو پھر خدا ہی حافظ ہے.
۱۹۲۴ اودھ پنچ، لکھنؤ، ۹، ۱۴۱: ۴

ـــ تو بمن میرسی من بخدا میرسم فارسی کہاوت اردو میں مستعمل.

جب تک تو میرے پاس پہنچے میں خدا کے پاس پہنچ جاؤں گا یعنی مر جاؤں گا زیادہ انتظار کی حالت میں بولتے ہیں (نوراللغات؛ جامع اللغات).

ـــ چند (ـــ فت چ، سک ن) م ف.

رک: تا کے.

تا چند سخن سازی نیرنگ خرابات
یاں قصد خرابی ہے نہ آہنگ خرابات
۱۷۹۵ قائم، د (ق)، ۴۳

دیکھئے کستے ہیں کب تک وہ ہمیں
امتحاں ہوتا ہے تا چند اپنا
۱۸۴۶ آتش، ک، ۲: ۲۱۲

[تا + چند (رک)]

ـــ حال م ف.

اب تک، اس وقت تک، آج تک، یہاں تک، تاچنیں (نوراللغات؛ فرہنگ آصفیہ).

[تا + حال (رک)]

ـــ حشر (ـــ فت ح، سک ش) م ف.

رک: تا قیامت.

تا حشر اہل قبر نے منہ سے نہ بات کی
اتنا مزہ ملا تھا سوال و جواب میں
۱۸۹۵ خزینۂ خیال، ۱۳۷

[تا + حشر (رک)]

ـــ حینِ حیات (ـــ ی مع، کس مج ن، فت ح) م ف.

زندگی بھر، جیتے جی.

دس روپیہ ماہوار کی پنشن مقرر کی جو تا حین حیات ملتی رہی.
۱۹۳۵ بیگمات شاہان اودھ، ۱۱۱

[تا + حین حیات (رک)]

ـــ دمِ حیات (ـــ فت د، کس مج م، فت ح) م ف.

زندگی بھر، عمر بھر.

ان کی پینشن تا دم حیات چھ سو روپیہ ماہواری سرکار انگریز سے جاری رہی.
۱۸۹۶ سوانح حیات سلاطین اودھ، ۱: ۶

[تا + دم + کس اضا + حیات (رک)]

ـــ دمِ زیست (ـــ فت د، کس مج م، ی مع، سک س) م ف.

زندگی کی آخری سانس تک، (مجازاً) عمر بھر، جیتے جی.

اسی نامدار نے میرے باپ پر ایسا احسان کیا ہے کہ تا دم زیست شکر گذار رہونگا.
۱۸۵۸ حدائق انظار، ۹۷

[تا + دم (رک) + کس اضا + زیست (رک)]

ــ دمِ مرگ (ــ فت د، کس مج م، فت م، سک ر) م ف.

مرتے دم تک.

گیا نہ یاں سے وہ سودائے زلف تا دم مرگ
مقیم دل میں ہوا گر دماغ سے نکلا

۱۷۹۵ قائم، د (ق)، ۲۱

[تا + دم (رک) + کس اضا + مرگ (رک)]

ــ دمِ واپسیں (ــ فت د، کس مج م، سک پ، ی مع) م ف.

رک: تا دم مرگ.

تا دم واپسیں لڑنے کا عزم کر کے ذوطوی کے مقام پر خیمہ زن ہوئے.

۱۹۱۲ تحقیق الجہاد (مقدمہ)، ۱۵

[تا + دم + کس اضا + واپسیں (رک)]

ــ دُور (ــ و مع) م ف.

دور تک.

تا دور پیدلوں کی کھڑی ہوگئی قطار
باندھے ہوئے تھے حد نظر تک پرے سوار

۱۹۲۶ شاد، مراثی، ۲: ۱۹

[تا + دور (رک)]

ــ دیر (ــ ی مج) م ف.

رک: تا مدت، کافی وقت تک، بہت دیر تک.

دس برس کے بچھڑے کو فلک نے ملایا باہم بغل گیر ہوئے تا دیر شہریار نے پیار کیا.

۱۸۶۲ شبستان سرور، ۷

جہانگیر تا دیر عش عش کرتا رہا.

۱۹۶۷ عشق جہانگیر، ۳۵۲

[تا + دیر (رک)]

ــ زمانیکہ (ــ فت ز، ی مج، کس ک) م ف.

رک: تا وقتیکہ.

تا زمانیکہ میں اہلیت نہ پیدا کروں اس مبحث کو زبان پر نہ لاؤں گا.

۱۹۱۵ سجاد حسین، احمق الذین، ۵۸

ــ زیست (ــ ی مع، سک س) م ف.

رک: تا دم زیست (نوراللغات؛ جامع اللغات).

[تا + زیست (رک)]

ــ سالِ دیگر مے کے خورد زندہ کے ماند فارسی کہاوت اردو میں مستعمل.

اگلے سال تک کون شراب پئے کون جئے، اگلے سال تک کون جئے کون مرے کیا ہو (جامع اللغات).

ــ سالِ دیگرے کہ خورد زندہ کہ ماند فارسی کہاوت اردو میں مستعمل.

آئندہ سال تک دیکھئے کون زندہ رہے (نوراللغات).

ــ شود مرد فربہے لاغر، لاغرے مردہ باشد از سختی فارسی کہاوت اردو میں مستعمل.

جب تک سختی یا مصیبت سے موٹا آدمی لاغر ہو لاغر مر جاتا ہے، جس کام میں امیر کو معمولی نقصان ہو غریب کا ستیاناس ہو جاتا ہے (جامع اللغات).

ــ صدف قانع نشد پر درنشد فارسی کہاوت اردو میں مستعمل.

جب تک سیپی قناعت نہیں کرتی، موتی سے نہیں بھرتی قناعت کی تعریف میں کہتے ہیں (نوراللغات؛ جامع اللغات).

ــ قیامِ قیامت (ــ فت ق، کس مج م، فت ق، م) م ف.

ہمیشہ ہمیشہ، مدام.

خدا تا قیام قیامت اس کا بول بالا رکھے.

۱۸۹۹ رویائے صادقہ، ۱۶۲

مسلمانوں کو تا قیام قیامت برابر اسی کو اپنا نصب العین برقرار رکھنا چاہئے.

۱۹۱۵ فلسفۂ اجتماع، ۲۱۵

[تا + قیام (رک) + کس اضا + قیامت (رک)]

ــ کُجا (ــ ضم ک) م ف.

رک: تا بہ کجا.

آج پہلو میں سے میرے دل رنجور گیا
تا کجا ضبط نفس کیجے کہ مقدور گیا

۱۷۹۵ قائم، د (ق)، ۱۵

آخر نسیم نامہ و پیغام تا کجا
بہتر یہ ہے کہ آپ چلو تم بجائے خط

۱۸۶۴ نسیم دہلوی، د، ۱۶۳

اب وقت ہے کہ ناؤ پانی میں ڈال دوں
بیکار تا کجا لب ساحل کھڑا رہوں

۱۹۲۹ مطلع انوار، ۱۷۳

[تا + کجا (رک)]

ــ کہ. (ــ کس ک) م ف.

۱. جب تک کہ، اس زمانے تک کہ.

رواج عشق کا جب تک رہے زمانے میں
جہاں میں گرم رہے تا کہ حسن کا بازار

۱۸۷۲ مظہر عشق ، قاق ، ۵

۲۰ اس غرض سے کہ ، اس لیے کہ .

لزک میرے گرم سوں تا کہ آوے ہے حجاب ہو کر
تماشے میں ترے جیوں آرسی ہیں صیقلی انکھیاں

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۳۲

نماز تا کہ جماعت سے ہو مساجد میں
زبان و دل کو رہے تا کہ ورد نام خدا

۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۲۱

[تا + کہ (رک)]

ــ کہ اَحمق باقی اَست اَندر جہاں ، مَردِ عاقل کے شَود مُحتاجِ ناں فارسی کہاوت اردو میں مستعمل .

جب تک جہان میں احمق زندہ ہیں عقلمند کب روٹی کا محتاج ہوتا ہے (جامع اللغات) .

ــ لَب گور (— فت ل ، کس مج ب ، و مج) م ف .

مرتے وقت تک ، آخر دم تک .

بس رضائے حقیقی جیتے اچکر مرنا ہے ، اے طالب ہو سلوک حقیقی ہے جو محققاں تا لب گور ہوسلوک کہتے ہیں .

۱۷۷۲ انتباہ الطالبین ، ۶۷

[تا + لب (رک) + کس اضا + گور (رک)]

ــ مَرد سَخن نَگفتہ باشَد ، عَیب و ہُنرش نہُفتہ باشَد فارسی مقولہ اردو میں مستعمل .

(شیخ سعدی) جب تک آدمی زبان سے کچھ نہ کہے اس کے عیب و ہنر چھپے رہتے ہیں (نور اللغات ؛ جامع اللغات) .

ــ مقدور (— فت م ، سک ق ، و مج) م ف .

رک : تا بہ مقدور .

نہیں کہتا میں دل خوباں سے مطلق ترک کر صحبت
پر اس فرقے سے کم ملنا تو تا مقدور بہتر تھا

۱۷۹۵ قائم ، د (ق) ، ۱۶

تا مقدور کسو طرح ہم سے کمی نہ ہوگی اور درگزر نہ کروں گا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۲۲۵

[تا + مقدور (رک)]

ــ نَباشَد چیزکے مَردُم نَہ گویَند چیزہا فارسی کہاوت اردو میں مستعمل .

جب تک کچھ نہ کچھ اصلیت نہیں ہوتی خواہ مخواہ لوگ بہت کچھ بڑھا کر نہیں کہتے (نور اللغات) .

ــ وَقتیکہ (— فت و ، سک ق ، ی مج ، کس ک) م ف .

جب تک کہ ، اس وقت تک کہ .

تا وقتیکہ وہ صنعت الفاظ کو کام میں نہ لائیں انہیں معمولی باتوں میں کوئی گرشمہ نہیں دکھا سکتے .

۱۸۹۳ مقدمہ شعر و شاعری ، ۱۷۲

ادعا و تحکم کی قوت بھی نامکمل رہتی ہے تا وقتیکہ اسے ایک دوسری طاقت سے تقویت نہ پہونچائی جائے .

۱۹۱۵ فلسفۂ اجتماع ، ۱۷۵

[تا + وقتیکہ (رک)]

ــ ہَم (— فت ہ) م ف .

پھر بھی ، اس کے باوجود .

تا ہم میں اس آزادی کے عمل میں لانے کو نافرمانی ہی سمجھتا ہوں .

۱۸۹۹ رویائے صادقہ ، ۷۰

ہمارے اوپر دہشت طاری ہوئی تا ہم ہم بازاروں میں داخل ہوے .

۱۹۳۰ الف لیلہ و لیلہ ، ۱ : ۱۶۲

[تا + ہم (رک)]

ــ ہنوز (— فت ہ ، و مج) م ف .

ابھی تک ، اب تک .

رو سے نقاب کس کے اٹھا یہ گہ تا ہنوز
حیرت سے پشت آئینہ دیوار ساتھ ہے

۱۷۹۵ قائم ، د (ق) ، ۱۳۹

[تا + ہنوز (رک)]

تاب (۱) اسٹ ؛ اسذ .

۱۰ طاقت ، مجال ، قدرت .

سو نیزے کے خاص آفتاب آے گا
دیکھت تاب لوگوں کا سب جاے گا

۱۶۴۵ قصہ بے نظیر ، ۶۳

اگرچہ بار ہے میرے سلام ہونے کا
کہاں ہے تاب مجھے ہم کلام ہونے کا

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۵۴

کہ جس کو نہ ہو تاب لانے کی تاب
شتابی سے مرنا ہے اس کا صواب

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۹۷۲

مجھ میں کھڑے ہونے کی تاب نہ تھی .
۱۹۲۳ سیرۃالنبی ، ۳ : ۱۵۱
اف : پانا ، جانا ، ہونا .

۲. چمک ، روشنی ، نور ، فروغ ، آب .
اتھا دروازہ او ز پولاد تاب صیقل تے چمکتا تھا جوں آفتاب
۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۷۱۹
گر بہار و گر بھتر ترا تاب
سب تاب ترے توں سب کوں مہتاب
۱۷۰۰ من لگن ، ۳
تاب انجم کی دکھاتی ہے فلک بن کے زمیں
خشک ہوتی نہیں گر گر عرق یار کی بوند
۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۸۷

۳. حرارت ، گرمی آگ .
سورج کے تاب سیتی جیوں پگلتا برف آپس میں
او رخ دیکھت نظر انکھیاں کے انکھیاں میں گلی ہے آ
۱۹۵۲ مشتاق (سہ ماہی ، اردو ، کراچی ، اکتوبر ۱۹۵۰ء ، ۳۷)
تپش دیکھ جب مکھ پہ چھڑ کے گلاب
ادک ہوئی چو نے نمن تن میں تاب
۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۸۲
اے تاب برق تھوڑی سی تکلیف اور بھی
کچھ رہ گئے ہیں خار و خس آشیاں ہنوز
۱۸۶۹ شیفتہ ، د ، ۲۶

۴. پیچ ، بل ، الجھن .
نبی نانو لے گر کسی تھے نہ ڈر
توں رسڑی نمن دے دندیاں کوں سو تاب
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۱۲
بجا ہے ترے حسن کی تاب سوں
تری زلف کھانی ہے گر پیچ و تاب
۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۵۶
اف : کھانا ، دینا .

۵. صبر و تحمل ، برداشت .
نہ دیکھی کسی رات سوں خواب کا
جو ٹکڑے کلیجا ہوا تاب کا
۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۱۶۴
دیدار دے شتابی جلنے کی تاب نیں ہے
اس ہجر کی اگن سیں دوزخ کی آگ اولا
۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۰۳۶
روے آتشناک کے نظارے کی آئی نہ تاب
اشک سے گو سالہا آنکھوں کو میں نے تر کیا
۱۸۱۶ دیوان ناسخ ، ۱ : ۲۹
وقت نازک آ جانے سے نثار کو تاب نہ رہی ، ایک ہی سانس میں کہہ گئے .
۱۹۳۲ ریاض ، نثر ریاض ، ۳۹

اف : اٹھانا ، آنا ، رکھنا ، رہنا ، لانا .

۶.(i) (مرکبات میں بطور جزو دوم) بمعنی روشن کرنے والا ، جیسے : جہاں تاب ، ماہتاب .
. . . تاب ، تافتن سے (چمکنا ، پھرنا) عالم تاب ، جہاں تاب .
۱۹۲۱ وضع اصطلاحات ، ۷۷

(ii) مروڑا ہوا ، بل دیا ہوا ، جیسے : زلف پرتاب (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

(iii) گرمی پہنچایا ہوا ، جیسے : آب آہن تاب (وہ پانی جس میں تپتا ہوا لوہا بجھایا گیا ہو) (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

۷. (نفسیات) بعض نفسیات دانوں کا خیال ہے کہ رنگوں میں شدت کی صفت بھی ہوتی ہے جسے وہ تاب کہتے ہیں (نفسیات کی بنیادیں ، ۲۸۵) .

[ف]

ــ آلُود (ــ و مع) امذ .
گرمی کھایا ہوا .
ہنس ہنسا شیریں زبانوں سوں دیو منج گالیاں جھنک
میری آساں کم نکر توں مہر تاب آلود اب
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۳۴
[تاب + آلود (رک)]

ــ باقی نَہ رَہنا محاورہ .
ضبط نہ ہو سکنا (جامع اللغات) .

ــ پانا محاورہ .
رک : **تاب لانا ، فرصت یا مہلت ملنا .**
قہر و غضب کا کچھ لکھیں ان کے بیان ہم
خامہ جو ایک حرف بھی لکھنے کی پائے تاب
۱۸۷۹ سالک ، ک ، ۳۴۱

ــ جانا محاورہ .
رک : **تاب نہ رہنا ، طاقت اور مجال باقی نہ رہنا .**
ترک مہر دیکھ لے گر ان کی تیغ کو
کیوں کر بجا حواس رہیں اور نہ جائے تاب
۱۸۷۹ سالک ، ک ، ۳۴۱

ــ خانَہ (ــ ت ن) امذ .
۱. حمام ، تنور گھر ، گرم کمرہ (جامع اللغات ؛ فرہنگ عامرہ) .
۲. وہ گرم کمرہ جس کی دیواریں شیشے کی اور دروازے بلور کے ہوں (نوراللغات) .
[تاب + خانہ (رک)]

ـــ دادہ (ـــ فت د) صف .

مروڑا ہوا ، بل دیا ہوا .

شاید کہ دست غیر رہا رات شانہ کش
اس زلف تاب دادہ میں کچھ آج خم نہ تھا

۱۸۵۱ مومن ، ک ، ۳۰

[تاب + ف : دادہ ، دادن (= دینا) سے]

ـــ دار صف .

۱. **روشن ، چمکتا ہوا ، تاباں ، براق .**

رین میں زمین یوں دسی تاب دار
دسیں جل ہو دیپک ہزاراں ہزار

۱۶۷۹ قصہ تمیم انصاری (اردو شہ پارے ، ۲۱۵)

اتنی بتی کی طاقت کا نور مصنوعی طور پر کتنا تاب دار ہوگا .

۱۹۶۹ نفسیات کی بنیادیں ، ۲۸۹

۲. **پیچ دار ، خم دار .**

ترے ہاتھوں میں یہ کہیں نہ گڑے
رسن تاب دار کا جھولا

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۵

گیسوے تاب دار کو اور بھی تاب دار کر
ہوش و خرد شکار کر قلب و نظر شکار کر

۱۹۳۵ بال جبریل ، ۸

[تاب + دار ، لاحقۂ صفت (رک)]

ـــ داری اسف .

چمک ، تابانی .

پھر نظر بڑھ کے ترکی جھنڈے کے ہلال پر پہونچی ، جس کی تاب داری سے آنکھیں جھپکی جاتی ہیں .

۱۹۲۳ مضامین شرر ، ۱ : ۱۶۳

[تاب + دار (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ـــ دان اسذ .

روشن دان ، روزن دیوار ، موکھا .

زمانے نے اندکار چھٹ جا سگل
فلک تاب داں ہو رہیا نت نول

۱۶۰۹ گلشن عشق ، ۲۴

نہ کر تو دل کا روزن چارہ گر بند
اندھیرے گھر کا میرے تاب داں ہے

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۲۹۰

یوں سارا تاب دان دور سے دیکھنے والوں کو ایسا معلوم ہوگا کہ مسلم وہ چراغ ہی چراغ ان کیا ہے .

۱۹۵۶ مناظر احسن ، عبقات (ترجمہ) ، ۲۳۰

[تاب + دان ، لاحقۂ ظرف (رک)]

ـــ دان تراش (ـــ فت ت) صف .

روشن‌دان کی جالی تراشنے والا .

تاب دان تراش کو فی گز سو دام دیے جاتے ہیں .

۱۹۳۸ آئین اکبری ، ۱ ، ۱ : ۳۲۸

[تاب + دان (رک) + تراش (رک)]

ـــ درجہ نما (ـــ فت د ، سک ر ، فت ج ، ضم ن) اسذ .

مقیاس الحرارت ، تھرما میٹر .

انگریزی میں تھرمومیٹر اور اس رسالے میں تاب درجہ نما کہلاتا ہے .

۱۷۹۹ بحر حکمت ، ۷

[تاب + درجہ (رک) + نما (رک)]

ـــ دینا محاورہ .

۱. **روشن کرنا ، منور کرنا ، چمک دینا .**

سو بھوراے راجے کوں یوں جاب دی
اپس مکھ کے آفتاب کوں تاب دی

۱۶۳۸ چندر بدن و مہیار ، ۱۱۴

ٹوٹے تھے جو ستارے فارس کے آسمان سے
پھر تاب دے کے جس نے چمکائے کہکشاں سے

۱۹۰۵ بانگ درا ، ۸۷

۲. **تیز کرنا** (جامع اللغات) .

۳. **مروڑنا ، مروڑا دینا ، بل دینا .**

سمن بر نے اپ زلف کوں تاب دی
دنیا کی سماہی کوں مہتاب دی

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۳۶۹

میری وہ کمان لاؤ جس کا رستم پر تاب دینا گراں ہے .

۱۸۹۰ بوستان خیال ، ۶ : ۴۴۴

ـــ فرسا (ـــ فت ف ، سک ر) صف .

ہمت توڑنے والا .

کہ محرک ہے التفات نہاں
تاب فرسا ہے جذب روحانی

۱۸۵۱ مومن ، مجموعۂ قصائد ، ۸۵

[تاب + فرسا (رک)]

ـــ کار صف ؛ اسذ .

اونچے ایٹمی وزن رکھنے والے بعض عناصر ایسے جو مستقل طور پر تمام وقت مختلف نوعیت کی طاقتور شعاعیں خارج کرتے رہتے ہیں اس کے نتیجے میں ان ایٹموں کی توڑ پھوڑ ہوتی رہتی ہے اور وہ ایک قسم کے ایٹم سے بتدریج دیگر قسم کے ایٹموں میں تبدیل ہوتے رہتے ہیں ، ایسے عناصر کو تاب کار (Radio-active elements) عناصر کہتے ہیں .

تاب کاری کا عمل ہرآن متواتر جاری رہتا ہے اور یہ تاب کار عنصر کی اپنی ذاتی خاصیت کا نتیجہ ہے ، اس پر کسی خارجی عامل کا کوئی اثر نہیں ہوتا .

۱۹۷۰ جدید طبیعیات ، ۵۱۹

[تاب + کار ، لاحقۂ صفت]

ـــ کاری امث .

تاب کار عناصر (Radio-active element) سے شعاعوں خارج ہونے کا عمل .

تاب کاری ایک ایسا عمل ہے جسے واپس لوٹایا نہیں جا سکتا .

۱۹۷۰ جدید طبیعیات ، ۵۱۹

[تاب + کار (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ـــ کاہ صف .

طاقت گھٹانے والا ، ہمت توڑنے والا .

تھا بہت شوق وصل تو نے تو کمی اے حسن تاب کاہ نہ کی

۱۸۵۱ مومن ، د ، ۲۵۳

[تاب + ف : کاہ ، کا ہیدن (= گھٹانا) سے]

ـــ کھا جانا / کھانا محاورہ .

بل کھانا ، خم کھانا ، مروڑ کھانا .

نہ کر شوخی مبادا تاب کھا جائے کمر تیری

ٹک اس قد کی نزاکت پر نظر اے سرو کمر کیجو

۱۷۵۵ یقین ، د ، ۳۹

ـــ ناک صف

۱. روشن ، چمک دار (نوراللغات) .

۲. پیچیدہ (نوراللغات) .

[تاب + ناک ، لاحقۂ صفت]

ـــ و تَب (— و مج ، فت ت) امث .

الجھن ، بے تابی .

تجھ بن رہی ہے دل پہ ہر روز تاب و تب

ہر بہ غضب ہے جو نہیں آتا ہے خواب شب

۱۸۰۲ حسرت لکھنوی ، ک ، ۳۶۸

ہشیار کہ دل سے تاب و تب جاتی ہے

آغوش سے لیلائے طرب جاتی ہے

۱۹۳۳ سیف و سبو ، ۲۵۹

[تاب + و ، عطف + تب (رک)]

ـــ و تَوان (— و مج ، فت ت) امذ .

۱. مجال ، قدرت ، طاقت .

مگر غبار ہوئے پر ہوا اڑا لے جائے

وگرنہ تاب و تواں بال و پر میں خاک نہیں

۱۸۶۹ غالب ، د ، ۱۸۴

۲. ظرف ، حوصلہ (نوراللغات) .

۳. صبر ، قرار ، برداشت .

نہیں تو چھوڑتا آہ و فغاں بل بے تیری ہمت

اگرچہ دل میں غم نے کچھ نہیں تاب وتواں چھوڑا

۱۸۶۲ ظفر (نوراللغات)

لیا جان و دل و تاب وتواں کو

الم اور غم نے لوٹا کارواں کو

۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۹

[تاب + و ، عطف + تواں (رک)]

ـــ و تَوانائی (— و مج ، فت ت) امث .

رک : تاب و تواں .

دل کو اک رنج سا ہے یہ نہیں معلوم مجھے

لے گیا کون مری تاب و توانائی کو

۱۸۲۴ مصحفی ، د (انتخاب رام پور) ، ۱۸۴

[تاب + و ، عطف + توانائی (رک)]

ـــ و توش (— و مج) امذ (قدیم) .

طاقت ، توانائی .

کہیا تو اہر ہے جی از رائے و ہوش

دیا ہے مرے تن کوں توں تاب و توش

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۳۱۹

[تاب + و ، عطف + توش (= سینہ ، بدن)]

ـــ و طاقت (— فت ق) امث .

ظرف و حوصلہ ، صبر و قرار .

فلک کو کب ہے یہ دست قدرت، زمیں کو کب ہے تاب و طاقت

وہی اٹھائیں گے بار الفت جو ناز تیرے اٹھا چکے ہیں

؟ (فرہنگ آصفیہ)

تیرے جلوے سے نہ رہ جائے کلیجا تھام کر

حشر تک انسان کی یہ تاب و طاقت ہو چکی

۱۹۰۵ داغ (سہذب اللغات)

[تاب + و ، عطف + طاقت (رک)]

تاب (۲) امذ .

رک : تابہ ، توا .

[ف]

ـــ گلی کس اضا (— کس گ) امذ .

چلم کا توا ، جومٹی سے بنایا جاتا ہے .

چلم میں تاب گلی خوشبو دار تمباکو کا لگا ہوا .

۱۸۸۳ گوچک باختر ، ۶۷

[تاب + گلی (رک)]

تابا امذ .

حق ، ادھیکار (شبد ساگر) .

[० : تابا **तावा**]

تابان صف .

۱. چمک دار ، روشن ، درخشاں ، نورانی (اکثر تراکیب میں بطور جزو دوم مستعمل) .

اندھارے شہر پر خورشید تاباں ٹک منور کر
اجالاں آہ کے دانے ہیں منج سینے منے در کر

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۱۱۷

ہوا ہے مجھ پہ شمع بزم یک رنگی سوں یو روشن
کہ ہر ذرے اپر تاباں ہے دائم آفتاب اس کا

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۲۰

صد شکر کہ آج شام سے آیا وہ ماہوش
تاباں ہمارا کوکبِ اقبال ہوگیا

۱۸۷۰ دیوان اسیر ، ۳ : ۲۷

۲. خم دار ، بل کھائے ہوئے (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

[ف]

تابانی امث .

روشنی ، چمک ، تابندگی ، درخشانی .

صفت جیو کی فلک کی عقل لے خورشید روشن کا
نظر تی جس کی پاتا ہے بچن کا ذرہ تابانی

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۳۲

یہ جلوے چاند سورج کے یہ تابانی ستاروں کی
یہ نزہت لالہ زاروں کی یہ رفعت کوہساروں کی

۱۹۳۶ اخترستان ، ۱۵۲

[ف]

تاب تلی (— کس ت ، شد ل) امث .

رک : **تاپ تلی** (جامع اللغات) .

تابدان (کس ب) امذ .

تاپ (رک) کا تختی (پلیٹس) .

تابڑا (سک ب) امذ .

کبوتر کی ایک قسم .

ہر قسم کے کبوتروں کے ڈھیروں پنجرے بھرے رہتے تھے
. . . تابڑے . . . شیرازی گولے .

۱۹۶۲ ساقی ، جولائی ، ۴۲

تابڑ توڑ (فت ب ، و مج) م ف .

بے دریغ ، لگا تار ، مسلسل ، اوپر تلے ، برابر .

خود اسی کے گھر میں تابڑ توڑ ایک چھوڑ تین تین موتیں ہوگئیں .

۱۸۷۶ توبۃ النصوح ، ۱۳

[० : تابڑ توڑ **तावड़तोड़** یا مقامی]

تابستان (کس ب ، سک ن) امذ .

موسم گرما .

آفتاب موسم تابستان میں غایت ارتفاع پر افق لندن سے طلوع ہوتا دکھلائی دیتا ہے .

۱۸۴۰ ستہ شمسیہ ، ۲ : ۷۳

ہر سال برف و باراں اور تابستان کا آفتاب ان کی وردیوں کو جھلسا دیتا .

۱۹۳۱ ہماری زمین ، ۲۵

[رک : تاب + ف : ستان ، لاحقۂ ظرف]

تابستانی (کس ب ، سک س) امث .

موسم گرما کی طرح خوشگوار ، موسم گرما کی مانند (جامع اللغات ؛ فرہنگ عامرہ) .

[رک : تابستان + ی ، لاحقۂ نسبت]

تابش (کس ب) امث .

۱. چمک ، روشنی ، نور .

شفق سا ڈالتے کی نیں کھونکھٹ دھن لال والے کا
سورج پر پاڑ یک تابش ترے موں کے اجالے کا

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۳۰

وہ جلوہ گر ہیں ، پھر بھی ہے گلہ ہمیں حجاب کا
کہ تابش جمال کام دیتی ہے نقاب کا

۱۹۲۵ نقوش مانی ، ۱۱۰

۲. گرمی ، حرارت ، تپش .

جب ستم کے آفتاب کی تابش سے اور ظلم کی آگ کی گرمی سے گھبراتا ہے .

۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۴۶

۳. دھوپ کی چمک ، تمازت ، روشنی (فرہنگ آصفیہ) .

[ف]

تابع (کس ب) صف .

۱. فرمان بردار ، مطیع ، ماتحت ، پابند ، زیر اثر .

نہ تابع ہو غفلت کی مستی میں توں
کیا سو خوشی حق پرستی میں توں
۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۲۶

دل جو تابع نہ ہو اپنے قائم
ہم اسے چھاتی پہ جم جانتے ہیں
۱۷۹۵ قائم ، د (ق) ، ۱۱۵

جن اور پری ان کے تابع تھے .
۱۸۹۸ مضامین سرسید ، ۲۲

ہمارے تمام افعال اور حرکات ہمارے ارادے کے تابع ہیں .
۱۹۳۲ سیرۃالنبی ، ۴ : ۴۰۵

۲. رک : تابعی .

مہاجر ہوں کہ تابع ہوں کہ انصار
وہ میری طرح ان سب کا ہے مختار
۱۸۵۵ ریاض المسلمین ، ۶۴

اف : بنانا ، کرنا ، رہنا ، ہونا .

[ع : (ت ب ع)]

ـــ فرمان کس اضا (ـــ فت ف ، سک ر) صف .

حکم کا تابع ، فرمان بردار .

اٹھ کھڑے ہوں گے اسی دم گر ہوئی واں سے طلب
تابع فرمان ہیں ہم کو عذر ہے جانے میں کچھ
۱۸۹۳ معیار نظم ، ۱۷۳

مجھ سے سن ہے ایک ادنیٰ تابع فرمان مرا
دل وہ دل جس پر نوازش کر کے تجھ کو ناز ہے
۱۹۱۶ نقوش مانی ، ۳۴

[تابع + فرمان (رک)]

ـــ فعل کس اضا (ـــ کس ف ، سک ع) امذ .

رک : متعلق فعل .

بموجب : ف ، ع ، تابع فعل ، موافق ، مطابق .
۱۹۲۹ فرہنگ عثمانیہ ، ۲۸۱

[تابع + فعل (رک)]

ـــ مرضی مالک (ـــ فت م ، سک ر ، کس اضای ، کس ل) امذ .

وہ کاشتکار جو مالک کی مرضی کا تابع ہو، خود کسی بات کا مجاز نہ ہو (اردو قانونی ڈکشنری ، جامع اللغات) .

[تابع + مرضی (رک) + مالک (رک)]

ـــ معقول کس اضا (ـــ فت م ، سک ع ، و مع) امذ .

جس بات کا عقل و منطق سے استخراج کیا جائے .

ماثل منقول نہیں مثل سراج
دل میں جو کوئی تابع معقول ہے
۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۵۰۲

[تابع + معقول (رک)]

ـــ مہمل کس اضا (ـــ ضم م ، سک ہ ، فت م) امذ .

وہ بے معنی لفظ جو کسی بامعنی لفظ کے بعد بولا جاتا ہے بامعنی لفظ کے حرف اول کو عموماً واو وغیرہ سے بدل دیتے ہیں باقی حروف وہی ہوتے ہیں جو اصل لفظ میں پائے جاتے جیسے : چراغ وراغ ، پانی وانی ، کتاب وتاب وغیرہ .

ماچین متقدمین کی کتابوں میں بطور تابع مہمل کے چین کے نام کے ساتھ لکھا جاتا تھا .
۱۸۹۷ بادشاہ نامہ ، ۸ : ۴۹۶

یہ زبان کے چٹخارے اور چوچلے ہیں اور ان میں ایک جھلک تابع مہمل کی بھی نظر آتی ہے .
۱۹۶۱ اردو زبان اور اسالیب ، ۲۵۵

[تابع + مہمل (رک)]

تابعدار (کس ب ، سک ع) صف .

مطیع ، پابند ، فرمان بردار ، ملازم .

جہاں پناہ کا فرمانا سر آنکھوں پر ، بندہ سب طرح تابعدار ہے .
۱۸۲۴ میر عشرت ، ۱۰

میں ہر طرح آپ کی تابعدار اور فرمان بردار ہوں .
۱۹۲۱ فغان اشرف ، ۹۰

[رک : تابع + ف : دار ، لاحقۂ صفت]

تابعداری (کس ب ، سک ع) اسث .

اطاعت ، فرمان برداری ، پابندی .

لاجواب ہوکر کہنے لگی کہ اچھا مجھے تمہاری تابعداری سے کام ہے .
۱۸۶۴ نصیحت کا کرن پھول ، ۱۷

مجھ سے ایسی تابعداری نہ ہو سکے گی ، جس گھر میں زندگی بھر حکومت کی ، اس میں بڑھاپے میں لونڈی بن کے رہوں .
۱۹۱۴ حسن کا ڈاکو ، ۱ : ۹۴

[رک : تابع دار + ی ، لاحقۂ کیفیت]

تابعی (کس ب) صف .

(حدیث) وہ شخص جس نے بحالت ایمان صحابی رسول اللہ ﷺ سے استفادہ کیا ہو اور ایمان کی حالت میں مر گیا ہو .

تابعی اس کو کہتے ہیں جس نے صحابی کو دیکھا ہے .
۱۸۶۷ نور الہدایہ (ترجمہ) ، ۱ : ۵
ان میں جندب بن کعب ازدی بھی تھے جو بڑے مشہور تابعی ہیں .
۱۹۰۳ مقالات شبلی ، ۱ : ۱۹۵

[ع]

تابعیت (کس ب ، ع ، شدی بفت) اسث .

۱. تابع داری ، اطاعت ، پیروی .
جیوں اور مروں پھر جب میں اٹھوں
نہیں تابعیت نبی سیں ہٹوں
۱۷۶۹ آخر گشت ، ۱۰۲

۲. تابعی (رک) کا درجہ یا مرتبہ .
چونکہ اس سے تابعیت کا رتبہ حاصل ہوتا ہے اس لئے پھر مسئلہ مذہبی پیرایہ میں آ گیا .
۱۸۹۰ سیرۃالنعمان ، ۲۱
صحابیت ہوئی پھر تابعیت
بس آگے قادری منزل ہے یا غوث
۱۹۰۵ حدایق بخشش ، ۲ : ۷

[ع]

تابعین (کس ب ، ی مع) صف .

۱. تابعی (رک) کی جمع .
بولے حفاظ حدیث اے اہل دیں
ہیں یہ تفسیر اور پر اکثر تابعین
۱۷۹۲ تحفۂ الاحباب (ق) ، ۳۲
اسلاف زہری کے وہ صحابہ ہیں یا بڑے بڑے تابعین .
۱۸۶۷ نورالہدایہ (ترجمہ) ، ۱ : ۵۳
ارباب سیر نے بعض صحابہ ، تابعین اور تبع تابعین سے کچھ روایتیں کی ہیں .
۱۹۲۳ سیرۃالنبی ، ۳ : ۳۵۹

۲. تابع (رک) کی جمع ، پیروی کرنے والا ، اتباع کرنے والا .
ایسی صورت میں ہمارے تابعین کو چاہئے کہ جہاں تک ممکن ہو صاحب موصوف کو مدد دیویں .
۱۸۶۹ عہد نامہ جات ، ۷ : ۱۹
ہینڈ ماسٹر مع اپنے تابعین کے منتظر حکم تھا .
۱۹۳۵ پرپرواز ، ۲۹

[ع]

تابندگی (کس ب ، سک ن ، فت د) اسث .

چمک ، روشنی ، تابانی .
گوہر نور کے دو آویزے ایسے اس کے گوش مبارک میں پڑے ہیں کہ جن کی تابندگی سے تمام بہشت چمک رہی ہے .
۱۸۱۲ گل مغفرت ، ۱۶
تمام برق کی تابندگی کا چرچا ہے
کبھی یہ لوگ ذرا ذکر آشیاں تو کریں
۱۹۲۳ نقوش مانی ، ۱۰۵

[ف]

تابندہ (کس ب ، سک ن ، فت د) صف .

روشن ، درخشاں ، چمک دار .
شام کے لوگوں نے یوں تجھ کو مکدر کر دیا
اے مہ تابندۂ برج امامت السلام
۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۳۳۲
منظر ہستی پہ تابندہ یہ ہے کس کا جمال
خیرہ بھنائے دو عالم کی نظر پاتا ہوں میں
۱۹۳۳ فکر و نشاط ، ۲۶

[ف]

تابوت (و مع) اسذ .

۱. وہ صندوق جس میں انسان کی لاش رکھی جاتی ہے .
لگے ہے راتب اس کے اس طرح ہاتھ
جو بھاڑے دیں کسی تابوت کے ساتھ
۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۳۷۶
بہت سے آدمیوں نے مل کر قفل کو کھولا اور تابوت اور صندوق کو اندر لے چلے .
۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۸۸
ایک سونے کے تابوت میں رکھ کے اسے آغوش لحد کے سپرد کیا .
۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۳ : ۱۸۸

۲. ایک قسم کا تعزیہ .
اور تابوت جب ہم کو نظر آئے شعور
تازہ و تر پھر محرم میں مصائب ہو گئے
۱۸۹۲ شعور (نوراللغات)
علم ، تابوت اور دلدل بھی نکالا گیا .
۱۹۴۴ سوانح عمری و سفر نامہ ، ۲۳۲

۳. لکڑی کا وہ فرمہ جس پر جوتے چڑھا کر بناتے ہیں نیز لوہے کا وہ سانچا جو جوتوں کی شکل نہ بگڑنے دینے یا ڈھیلا کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں .
ایک چھوٹے اور تنگ بوٹ کو تابوت پر چڑھا کر کچھ کھول دینا اور ڈھیلا کرنا تو ممکن ہوتا ہے .
۱۹۶۴ آپ بیتی ، ظفر حسین ، ۱ : ۸۹

۴. صندوق ؛ ایک قسم کا ٹیکس جو مسلمانوں کو مرہٹوں کے دور میں تابوت نکالنے کی وجہ سے دینا پڑتا تھا (نوراللغات) .

[ع]

ـــ اُٹھانا محاورہ .

۱. جنازہ لے جانا .

چالیس روز کا آزوقہ اور تابوت اس اہل خانہ بادل یگانہ کا اٹھایا .

۱۸۰۲ نو طرز مرصع ، ۲۹۳

خدا نے لادیٰ کی اولاد کو اس لیے مخصوص کرایا کہ خدا کے عہد کا تابوت اٹھائے .

۱۹۱۱ سیرۃ النبی ، ۱ : ۱۲۸

۲. تعزیہ نکالنا (جامع اللغات) .

ـــ اُٹھنا محاورہ .

جنازہ نکلنا .

ہمراہ ہے جو حسرت وارماں کی بھیڑ بھاڑ
تابوت اٹھا اسیر غریب الدیار کا

۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۱۸

ـــ بننا محاورہ .

جنازہ تیار ہونا .

ایک پل میں بنے دولہا وہ پوت
ایک پل میں بنے اس کا تابوت

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۱۴۹

ـــ پر لدنے کے دن ہیں کہاوت .

بہ سبب پیرانہ سالی قریب مرگ ہے .

بڈھوں تک کو بڑھ بھس لگا ہے ، سو برس کا سن تابوت پر لدنے کے دن مگر جوانی ہی کا دم بھرتے ہیں .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۵

ـــ خانہ (— فت ن) اسذ .

وہ کمرہ یا جگہ جہاں جنازہ رکھا جائے .

تابوت خانے کے چاروں گوشوں پر ایک ایک مسلح جوان کھڑا تھا .

۱۹۰۷ نپولین اعظم ، ۵ : ۴۴۳

[تابوت + خانہ (رک)]

ـــ سکینہ کس صف (— فت س ، ی مع ، فت ن) اسذ .

وہ متبرک صندوق جس میں انبیا کے تبرکات رکھے جانا تسلیم کیے جاتے ہیں .

یوں ہوا حکم تب بار دگر
تھا جو تابوت سکینہ پیشتر

۱۷۷۴ مثنویات میر حسن ، ۱ : ۱۳۳

ایک روایت سے تابوت سکینہ اور ایک روایت سے صندوق منگوایا .

۱۸۵۱ عجائب القصص ، ۲ : ۶۱

دربار میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اس کرسی کی حیثیت مسلمانوں میں ایسی ہے جیسے اسرائیلیوں کے تابوت سکینہ کی .

۱۹۷۲ فرقے اور مسالک ، ۱۳۱

[تابوت + سکینہ (رک)]

ـــ کرنا محاورہ .

جنازہ یا تابوت بنانا .

جو مرا داغ عشق میں اس کوں
تختۂ لالہ سوں کرو تابوت

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۶۹

ـــ گاڑی امث .

(English Urdu Dictionary Christian Terminology) . (مسیحی) جنازہ لے جانے والی گاڑی

[تابوت + گاڑی (رک)]

ـــ گر (— فت گ) صف .

جنازہ تیار کرنے والا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[تابوت + گر ، لاحقۂ صفت]

ـــ نکالنا محاورہ .

۱. جنازہ اٹھانا ، جنازہ لے کر گزرنا .

ایک قسم کا ٹیکس جو مسلمانوں کو مرہٹوں کے عہد میں تابوت نکالنے کی وجہ سے دینا پڑتا تھا .

۱۹۲۶ نور اللغات

۲. ایک قسم کا تعزیہ بنا کر جلوس کی شکل میں لے جانا.

اگر تمہارے باپ بھائی کا کوئی ایک تابوت بنا کر تمام شہر میں نکالے .

۱۸۲۷ ہدایت المومنین ، ۱۷

ـــ نکلنا محاورہ .

تابوت نکالنا (رک) کا لازم .

ہم موئے یاں تو وہاں حکم ہوا درباں کو
آج تابوت کسی کا نہ ادھر سے نکلے

۱۸۷۰ الماس درخشاں ، ۲۱۳

تابُوتی (و مع) صف .

تابوت (رک) سے منسوب ، تابوت میں ، تابوت نما .

مر گئے آہ درون قفس تابوتی
آئی بلبل کو جو یاد اگلے برس کی پرواز
۱۸۴۰ نصیر، چمنستان سخن ، ۷۷

مسجد کی چھتیں تابوتی ہیں .
۱۹۱۱ روزنامہ سفر (حسن نظامی) ، ۱۴۴

[تابوت (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

تابَہ (۱) (ف ت ب) امذ .

۱. وہ (آہنی) ظرف جس پر روٹی پکائی جاتی ہے اور جس کو حمام میں بھی لگاتے ہیں نیز اس میں مچولی وغیرہ تلتے ہیں، توا .

ہو گیا مہر فلک پر ناگاہ صاف تابۂ تفسیدہ نگاہ
۱۸۷۳ گلزار خلیل ، شہید ، ۵۷

صاف اک حلقہ ماتم زدگان ہالہ ہے
قرص مہ تابۂ آہن کی طرح کالا ہے
۱۹۳۱ محب ، مراثی ، ۷۵

۲. پکی اینٹ ؛ روشن دان (فرہنگ آنند راج) .

[ف]

تابَہ (۲) (ف ت ب) صف .

خشک ، پختہ (فرہنگ آنند راج) .

[ف]

تابی صف ؛ امث .

۱. گرمی ، تاپ .

سندر تج سکھ چندا کہتے ولے چندر نہیں ہرگز
یتا آبی ، یتا تابی ، یتا روشن ، یتا نرمل
۱۶۷۹ سلطان شاہ ثانی ، د ، ۶۶ ب

۲. (زراعت) آبی کے بالمقابل ، وہ زمین جس میں جھیلوں تالابوں نہروں وغیرہ سے آبپاشی نہ ہوتی ہو .

رقبہ جو فصل اول درجے کا اور بعض دوم و سوم درجے کا قابل فصل آبی و تابی اور ربیع و خریف ہے .
۱۸۹۰ رحمن، ستمبر ، ۶۱

زرعی املاک میں مزید کمی کی جائے کیونکہ پانسو ایکڑ آبی یا ایک ہزار ایکڑ تابی کا پیمانہ کسی شرعی اصل پر مبنی نہیں .
۱۹۶۶ ماہنامہ نصرت ، ۱۲ : ۶۵

۳. تراکیب میں بطور جزو دوم بمعنی : روشنی ، چمک ، شان و شوکت وغیرہ ، رک : بے تابی ، زر تابی ، مہتابی وغیرہ .

[رک : تاب + ی ، لاحقۂ صفت و کیفیت]

تابید (ی مع) امث .

ابدیت ، قیام ، (مجازاً) پائیداری .

وہ حکم معرفت یا موبد نہ ہو ، تابید خواہ نصباً ہو .
۱۹۶۳ کمالین ، ۲ : ۱۸

[ع : (ا ب د)]

تابیدہ (ی مع ، ف ت د) صف .

بل کھایا ہوا ، بٹا ہوا ، چمکا ہوا (نوراللغات ؛ فرہنگ عامرہ) .

[تابیدہ ، ف : تابیدن (= گرم ہونا ، چمکنا) سے]

تابیر (ی مع) امث .

(باغبانی) کھجوروں میں ایک درخت نر ہوتا ہے ایک مادہ ، نر کے پھول (بارآور ہونے کی غرض سے) مادہ پر چڑھانے کو تابیر کہتے ہیں ، گابھا دینے کا عمل (کلیات نثر حالی ، ۱ : ۱۰) .

قصۂ تابیر نخل میں اسی طرف اشارہ ہے .
۱۸۸۰ تہذیب اخلاق ، ۱ : ۱۶

[ع : (ا ب ر)]

تابین (۱) (ی مع) امذ .

۱. پچاس آدمیوں کا رسالہ یا رسالہ کا ایک سپاہی جو صاحب عہدہ نہ ہو ؛ ہیرو ؛ سپاہی.

خان اعظم تو چپکا ہو رہا اور راجہ رام داس کچھواہہ مع اپنے تابینوں کے خزانے کی حفاظت کو گیا .
۱۸۹۷ کار نامہ جہانگیری ، ۱۱

[ع]

— باشی (— ی مع) امذ .

فوج کا بڑا عہدہ دار یا افسر اعلیٰ .

اگر آدمی یا گھوڑا زبوں ہوتا تو تابین باشی عتاب پادشاہی میں معاتب ہوتا کہ پھر غفلت نہ کرے .
۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۷ : ۶۵

[تابین + باشی (رک = افسر)]

تابین (۲) (ی مع) امث .

۱. ہیروی ، کسی کے پیچھے بھاگنا ، کسی کے درپے ہونا ، پیروی کرنا (فرہنگ آنند راج ؛ فرہنگ نظام) .

۲. مرثیہ کہنا ، منہ پر عیب بتانا (فرہنگ عامرہ) .

[ع]

تابیہ (ی مع) امث .

آگاہی ، یاد دلانے اور تہمت لگانے کا عمل (ماخوذ : فرہنگ آنند راج) .

— بٹھانا محاورہ .

رعب قائم کرنا ، آگاہ کرنا ، یاد کرانا ، تہمت لگانا .

انہوں نے یونہی دھوپ میں بال سفید کیے ہیں ذرا لڑکوں پہ تاپیہ نہیں بٹھایا جاتا .

۱۹۲۸ پس پردہ ، ۶۴

تاپ امث ؛ امذ .

حرارت ، بخار ؛ گرمی ، تپش .

دندیاں پر جو توں کھڑک چکہ کھینچ دھاے
چھٹے جل کوں ٹھنڈ آگ کوں تاپ آئے

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۱۲

جو دشمن اس کا نام یاد کرے اس کو تاپ چڑھ آوے .

۱۸۹۰ جوگ بششٹھ ، ۱ : ۲۱۸

مہینہ بھر سے تاپ آرہا ہے .

۱۹۲۲ گوشۂ عافیت ، ۱ : ۹۵

[س : تاپ ताप]

— **تلّی** (کس ت ، شد ل) امث .

تلی کا ورم جو بخار کی وجہ سے ہو جاتا ہے .

تیرے رنگ تبسم میں ہتوں کو دانت کلی ہے
تیرے عارض کے تل سیں گل رخوں کو تاپ تلی ہے

۱۷۶۴ عاجز (چمنستان شعرا ، ۴۶۴)

اس مرض کے متواتر حملوں سے تلی بہت بڑھ جاتی ہے جس کو تاپ تلی کہتے ہیں .

۱۹۶۰ مبادی صحیات ، ۱۹۲

[تاپ + تلی (رک)]

— **کا مُوت جانا/مُوتنا** محاورہ .

بخار کے سبب پاخانوں میں آبلہ پڑجانا ، جو بخار اترنے کی علامت سمجھا جاتا ہے (نوادرالالفاظ ، ۱۴۲) .

تاپا امذ .

تختہ بند کشتی جو مچھلی کے شکاری یا ماہی گیر استعمال کرتے ہیں .

تاپا : Fishing raft (انگلش اینڈ ہندوستانی ٹیکنیکل ٹرمز ، ۱۰۱).

[؟]

تاپاک امذ .

رک : تپک ، گرمجوشی ، فرط محبت .

جو بند قبا یار کے تاپاک سے باندھے
دھجی تو وہ میرے بھی دل چاک سے باندھے

۱۸۲۴ مصحفی ، ک ، ۱ : ۳۱۰

[ف]

تاپال امذ .

سرگین گاؤ (گائے کا گوبر) (فرہنگ آنند راج) .

[ف]

تاپڑی (فت پ) امذ .

جوگی ، عبادت گذار .

کبھیں ہو تاپڑی تاپیں کبھیں جوگی جٹا دھاری
کبھیں ہو کاپڑی بیٹھیں کبھیں تپسی برہم چاری

۱۵۶۴ حسن شوق ، د ، ۱۷۶

بجنتر تاپڑاں جب ناچنے آئے
عجائب دل ربائی کے گتاں لائے

۱۷۱۳ نیہ درپن (اردو شہ پارے ، ۲۸۷) .

[مقامی]

تاپس (فت پ) امذ ؛ صف .

ریاضت ؛ تارک‌الدنیا ، ریاضت کرنے والا (پلیٹس) .

[س : تاپس तापस]

تاپسی (فت پ) امث .

تارک‌الدنیا عورت .

ایک تاپسی رشی چیون مہاراج کے مٹھ سے ایک لڑکے کو ہمراہ لے کر آئی ہے .

۱۹۰۵ وکرم اروسی ، ۸۰

[رک : تاپس + ی ، لاحقۂ تانیث]

تاپک (فت پ) صف امذ .

حدت ، گرمی، بخار ، شعلہ زنی ، گرم ، دہکتا ہوا (پلیٹس).

[ہ : تاپک तापक]

تاپنا (سک پ) ف ل .

آگ سے سینکنا ، گرمی پہنچانا (دھوپ سے یا آگ سے) .

ایک سلگتا ہوا انگارا تمہارے پاس لے آؤں تاکہ تم تاپو.

۱۸۹۵ ترجمۂ قرآن مجید ، نذیر احمد ، ۶۰۳

یہ کھلونا نہیں مرے معصوم
آگ اس کو سمجھ کے دور سے تاپ

۱۹۳۶ نقش و نگار ، ۹۰

[س : تاپیت तापयति]

تاپیہ (سک پ ، فت ی) امذ .

ایک دھات جو Sulphuret of Iron سے حاصل ہوتی ہے (پلیٹس) .

[س : تاپیہ तापय]

تات (۱) امث .

۱. شمال و مشرقی ایران میں دہقانوں کے مختلف لسانی گروہ کا نام (ماخوذ : اردو دائرہ معارف اسلامیہ ، ۳ : ۶۳۲) .

۲۔ بحیرۂ خضر کے گرد و نواح میں بولی جانے والی ایک بولی۔
تالی اور تات روس کے علاقوں میں بولی جاتی ہیں۔
۱۹۴۲ آریائی زبانیں، ۸۰
[مقامی]

تات (۲) امذ۔
۱۔ باپ، پتا، پدر (فرہنگ آصفیہ؛ پلیٹس)۔
۲۔ معزز، قابل احترام، لائق عزت، عزیز، بزرگ، محترم۔
بڑے بھائی سے کہا کہ ہے تات جو سب کا دکھ دور کرنے والا . . . اس کو ہم کیسے پاویں۔
۱۸۹۰ جوگ بششٹھ، ۱ : ۱۹۳
۳۔ پیار کا خطاب عموماً چھوٹوں کے لیے (پلیٹس)۔
[س : तात]

تاتا (۱)
گفتگو کرنے میں گرفتہ ہونا یعنی رک جانا زبان کا جس کو عربی میں لکنت اور ہندی میں ہکلانا کہتے ہیں۔
جب تم چھوٹے بچے تھے صرف تاتا، تاتا گوں گوں کے موافق کیا کرتے تھے۔
۱۸۶۳ انشائے اردو، ۹
[حکایت الصوت]

تاتا (۲) صف مذ؛ مث : تاتی۔
گرم، گرما گرم، رک : تتّا۔
سب کو بوجھن کیری تاتا بھتی کوچی آپ سنکھاتا
۱۵۶۵ جواہرالاسرار (ق)، ۱۴
جس کو راکھے آپ خداؤ تس ناں لاگے تاتی باؤ
۱۶۵۴ گنج شریف، ۲۳۵

تاتا تھئی / تا تھئی (فت تھ) امث : ~ تاتا تھیّا۔
وہ کلمہ جو رقاص تال پر آنے کے واسطے زبان اور ہتھیلی (تالی) سے ادا کرتے ہیں یہ مختلف روپ میں بھی ادا کیا جاتا ہے (ماخوذ : فرہنگ آصفیہ؛ نوراللغات)۔
ناچ تھا سب خوشی سمیا تھی جس طرف دیکھو تاتا تھیّا تھی
۱۷۸۵ حسرت، طوطی نامہ، ۶۸
مقتل بھر میں صدہا بسمل تا تھئی تا تھئی ناچیں گے
ناچ کھلاڑی دھنّک دھنّا قاتل کو فرمانے دو
۱۸۹۹ دیوان جی، ۱ : ۷۹
آخری تکار جس پر رہس ختم ہوتا ہے . . . تا تھیا تا تھیا تھیا تھی اور یہ خالی سے شروع کیا جائے۔
۱۹۵۷ لکھنؤ کا شاہی اسٹیج، ۹۰
[حکایت الصوت]

تاتاں صف (قدیم)۔
رک : تتّا، گرم۔
چوکی سرا تختہ دانی گرم آب ہے تاتاں پانی
۱۵۵۲ مثل خالق باری، ۵

تات پرج / پریہ (فت پ، سک ر / فت پ، سک ر، کس ی) امذ۔
مضمون، مطلب، منشا، مقصد، حوالہ، غرض، طرز، مفہوم، مضمون، نفس مضمون، غایت، فحوائے کلام، جواب طلبی، تصور، ادراک، سمجھ بوجھ، ضرورت، موقعہ، محل، نتیجہ، ماحصل (پلیٹس)۔
[س : تاتپرج / تاتپریہ तात्पर्य/तात्पर्य]

تاتری (سک ت) امذ۔
ایک قسم کا پیڑ (شبد ساگر)۔
[مقامی]

تاتورہ (و مع، فت ر) امذ۔
۱۔ دھتورہ (رک) (خزائن الادویہ، ۴ : ۱۳۷)۔
۲۔ وہ رسی جو جانوروں کے پیر باندھنے کے کام آتی ہے (فرہنگ نظام)۔
[ف]

تاتی تاتی پوریاں (و مع، سک ر) امذ۔
رک : تاتا نمبر ۲، گرم گرم پوریاں؛ بچوں کا ایک کھیل (چند بچے ایک جگہ بیٹھ جاتے ہیں اور ایک بچہ زمین پر ہاتھ رکھتا ہے باقی بچے اوپر تلے اپنے اپنے ہاتھ رکھتے جاتے ہیں وہ تاتی تاتی پوریاں گھیا چھوریاں ہم کھائیں ہمارا بالا کھائے دھر کان مڑوڑیاں (ماخوذ : مہذب اللغات)۔
[مقامی]

تا تھیا مچنا محاورہ۔
شور، ہڑبونگ، دھوم، شور و غل ہونا۔
کوئی اتنا جا کر کہہ دے کہ میاں آزاد اشتہاری مجرم ہیں بس پھر دیکھئے کیا تا تھیا مچتی ہے۔
۱۸۸۰ فسانۂ آزاد، ۱ : ۳۳۷

تاٹ امذ (قدیم)۔
رک : ٹاٹ۔
کہیں حفصہ وہ مادر موسناں
کہ یک فرش تھا تاٹ کا شاہ کیاں
۱۷۷۱ بہشت بہشت، ۸۴

تَاثُّر (ف ت ، ا ، ش ث بضم) امذ .

اثر ، اثر پزیری کی کیفیت .

یہ اضطراب جلال الہیٰ کا تاثر اور نبوت کے بارگراں کی عظمت کا تخیل تھا .

۱۹۱۱ سیرۃ النبی ، ۱ : ۱۸۹

[ع]

تاثِیر (ی مع) اسث ، امذ .

اثر ، خاصیت ، عمل .

تجھ دشٹ کی تاثیر تھے مردے سو سر تھے جی اٹھے
کانٹے سوکیاں پر دھر نظر تا ہوے گلستاں عید کا

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۳ : ۵

پر کہوں کیا رقم شوق کی اپنے تاثیر
ہر سر حرف یہ وہ گھنے لگا گیا کیا کچھ

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۳۴۳

ہے ہوا میں شراب کی تاثیر
بادہ نوشی ہے باد پیمائی

۱۸۶۹ غالب ، د ، ۲۵۱

جن چیزوں کی تاثیر ٹھنڈی ہوتی ہے ان کا فعل تو ظاہر ہے .

۱۹۳۶ ترجمہ شرح اسباب ، ۲ : ۳۵۱

[ع]

ــ کَرنا ف مر .

اثر کرنا ، خاصیت ظاہر کرنا .

دل میں جب عشق نے تاثیر کیا
فرد باطل خط تدبیر کیا

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۴۱

علاوہ لوح کے اور کوئی تحفہ طلسمی اسد کو ممکن نہ ہوا کہ جس سے ہمارے قلب کو قوت ہوتی سحر ہر کس و ناکس کا ان پر تاثیر کرے گا .

۱۸۹۲ طلسم ہوش ربا ، ۶ : ۲۵

تاج امذ .

۱.(i) شاہی ٹوپی ، مکٹ ، کلاہ ، اکلیل ، دیہیم .

جنے ثابت قدم ہے عشق میدانے
دھرے گا پیم اس کے سیس پر تاج

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۷۵

رکھا جائے یاقوت کا سر پر تاج
نہ پونچھے ہے سارے جہاں کا خراج

۱۷۶۹ آخر گشت ، ۲۹

فقیر اس کی گلی کا ہوں میں عجب کیا ہے
جو تاج شاہ ہو کاسہ میری گدائی کا

۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۲

شہرستانی کے بعد علم الکلام کا تاج امام فخر الدین رازی کے سر پر رکھا گیا .

۱۹۰۲ علم الکلام ، ۱ : ۶۸

(ii) (مجازاً) حکومت ، سلطنت ، بادشاہ .

پچاس اراکین ، دام الحیات از جانب تاج سولہ ، بلحاظ اپنے عہدوں اور مرتبوں کے جو رئیس یا اعلیٰ درجے کے جمع ہیں .

۱۸۸۸ حسن ، ستمبر ، ۶۶

اکثر قبائل جو تاج ساسانی کے طرف دار تھے انھیں درفش کاویانی کے نیچے جمع ہونے کا حکم دیا گیا تھا .

۱۹۰۰ ایام عرب ، ۲ : ۲۳۹

۲. مرغ وغیرہ پرندوں کی کلغی ، پرندوں کی چوٹی ، پروں کا طرہ .

مرغ اذان کہنے والا یہ ہے کہ تاج سر پر رکھے ہوے دیوار پر کھڑا ہے .

۱۸۱۹ اخوان الصفا ، ۶۴

جس مرغ کا تاج بڑا اور سیدھا اور کنگرہ دار اور لولکیاں زیادہ نیچے لٹکی ہوں اس کو بھنگم کہتے ہیں .

۱۸۸۳ صید گاہ شوکتی ، ۱۹۲

۳. درخت کی شاخ یا بالائی حصہ .

دسیں ناریل کے پھل یوں ، زمرد مرتباناں جوں
ہور اس کے تاج کوں کہتا ہے پیالہ کر دکھن سارا

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۳ : ۱۵

شاخ یا تاج کو قطع کر دینے کا دستور بہ نسبت ہندوستان کے یورپ میں عام ہے .

۱۹۰۷ مصرف جنگلات ، ۲۰۰

۴. ایک بلند ٹوپی ؛ گنجفے کی پہلی بازی ؛ مکان کا چھجا ؛ دیوار یا مکان کی گمٹی دار برجی ؛ گنجفے کا ایک رنگ (فرہنگ آصفیہ ؛ پلیٹس) .

۵. (ہندسہ) وہ سطح جو دو دائروں کے محیط میں داخل ہو (فرہنگ نظام) .

۶. (طب) دانت کا وہ حصہ جو نظر آئے بہ مقابلہ جڑ کے جسے ریشہ کہتے ہیں (فرہنگ نظام) .

[ف]

ــ الجوزا ضم ج (ــ غم ا ، سک ل ، و لین) امذ .

(نجوم) نو ستارے جو قسمت ہو کر آسمن (جوزا) پر ہیں تاج الجوزا کہلاتے ہیں اور ذوائب الجوزا بھی ان کا نام ہے (عجائب المخلوقات اردو ، ۶۲) .

[تاج + ع : ال (رک) + جوزا (رک)]

ــ المحو ضم ج (ــ غم ا ، سک ل ، فت م ، سک ح) امذ .

(تصوف) وہ تاج ہے کہ اس سے عبد متوج اپنے غیر سے مفتخر ہوتا ہے اس کو تاج الافتخار بھی کہتے ہیں اور یہ آں حضرت کی تبعیت سے حاصل ہوتا ہے (مصباح التعرف ، ۶۹) .

[تاج + ع : ال + محو (رک)]

ــ الملوک ضم ج (ــ غم ا ، سک ل ، ضم م ، و مع) امذ

بچھناگ کا پھول .

ایرانی باغبانوں نے اس غنچہ کو تاج سلطانی کے مشابہ دیکھ کر اس کا نام تاج الملوک رکھ دیا .

۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، ۲ : ۳۲

[تاج + ع : ال + ملوک (رک)]

ــ بَخش (ــ فت ب ، سک خ) صف .

بڑا بادشاہ جو دوسروں کو تاج شاہی بخشتا ہو ، بادشاہوں کا بادشاہ ، شہنشاہ (پلیٹس) .

[تاج + بخش (رک)]

ــ بَخشی (ــ فت ب ، سک خ) اسث .

بادشاہی دینا ، سلطنت عطا کرنے کا عمل .

ہم یوں ملک سر کریں گے اور تاج بخشی کرتے ہوئے آگے بڑھیں گے .

۱۸۹۲ خدائی فوج دار ، ۱ : ۴۱

اگرچہ اپنا تاج سنبھالنے کی اس میں طاقت نہیں مگر بادشاہ بنانا اور تاج بخشی کرنا اس کا بہت آسان کام ہے .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۱ ، ۳ : ۵۲

اف : کرنا .

[تاج + بخشی (رک)]

ــ پوشی (ــ و مج) اسث .

سر پر تاج رکھنا ، تاج پہننا ، باقاعدہ تاج پہن کر بادشاہ بننا ، بادشاہ ہونے کی رسم ادا ہونا .

انگلینڈ میں اس کے بادشاہ کی تاج پوشی بخیر و خوبی ہوچکی ہے .

۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۳۵۴

[تاج + پوشی (رک)]

ــ خُروس کس اضا (ــ ضم خ ، و مع) امذ .

۱. مرغے کے سر کی کلغی ، سرخ گوشت کا وہ ٹکڑا جو مرغے کے سر پر ہوتا ہے ، اسے کوس بھی کہتے ہیں .

ذال بمعنی تاج خروس .

۱۸۷۳ عقل و شعور ، نظام ، ۸۱

۲. ایک سرخ پھول جس کو کلغہ بھی کہتے ہیں ، اس کے پتے مرغ کے کیس کی طرح موٹے اور سرخ رنگ کے ہوتے ہیں . اس کا ایک نام گل بستان افروز بھی ہے ، مرغ کیس ، لاط : Amaranthus or Celosia cristata .

زبان لال کہاں اور مدیح تاج خروس
گرا ہے خاک پہ کیا لعل افسر کاؤس

۱۸۵۱ مومن ، ک ، ۱۸۵

[تاج + خروس (رک)]

ــ خواہ (ــ غم و) صف .

رک : تاج بخش (نورالغات) .

[تاج + خواہ (رک)]

ــ دار امذ .

۱. بادشاہ ، صاحب تاج ، با اختیار حکمراں .

دیکھا وہ خاک و خوں میں کٹا سر جو تاج دار
کہنے لگا ہر ایک کہ اے شہ یہ کیا ہوا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۲۴۲

۲. تاج والا ، تاج سے متعلق یا تاج جیسی ، تاج نما ، جیسے: تاج دار دیوار ، تاج دار دروازہ ، تاج دار محراب وغیرہ .

تاج دار ٹوپیاں ، مغل بچے اور شریف زادے پہنتے تھے .

۱۹۴۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۱۰۷

[تاج + دار ، لاحقۂ صفت]

ــ دارِ دیں (ــ کس اضا ر ، ی مع)امذ .

(لفظاً) دین کا بادشاہ ، مراد: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم.

لکھوں اوس تاج دار دیں کا کیا حال
وزیر حق و شاہ انبیا ہے

۱۸۷۳ دیوان فدا ، ۳۴۷

[تاج + دار (رک) + دین (رک)]

ــ داری اسث .

تاج دار کا منصب یا کام ، بادشاہت ، حکومت .

خورشید اوج حشمت و تاج داری ورنق افزائے اکلیل ریاست و کامگاری . . . راجہ شیو دان سنگھ بہادر دام اقبالہم .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۴ : ۲۳۵

[تاج + داری (رک)]

ـــ ڈھلا مُرغ (ـــ فت ڈ ھ ، ضم م ، سک ر) امذ .

(مرغ بازی) وہ مرغ جس کا تاج سیدھا کھڑا رہنے کے بجائے ایک طرف کو ڈھلا ہوا یعنی کج رہے ، کج کلغا مرغ (ا پ و ، ۸ : ۱۱) .

[تاج + ڈھلا ، ڈھلنا (رک) سے + مرغ (رک)]

ـــ ریزی (ـــ ی سج) امث .

مکو (رک) کا نام ہے (خزائن الادویہ ، ۷ : ۲۰۱) .

[تاج + ریزی (رک)]

ـــ سُرخ (ـــ ضم س ، سک ر) امذ .

تاج خروس (رک) .

چنپا سر و ا دونا او بالا سو گند
لگیں خوش نظر تاج سرخاں کے چھند

۱۶۵۷ کاشن عشق ، ۲۰۱

[تاج + سرخ (رک)]

ـــ سِکَندری کس اضا (ـــ کس س ، فت ک ، سغ ، فت د) امذ .

(مجازاً) ساری دنیا کی حکمرانی کا تاج ، دنیا کی بادشاہت .

تاج سکندری ہے ترانقش پا مجھے
ہر گز نہیں ہے تخت سلیماں کی آرزو

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۳۹۴

[تاج + سکندری (رک)]

ـــ شَمع کس اضا (ـــ فت ش ، سک م) امذ .

شمع کا شعلہ (نوراللغات) .

[تاج + شمع (رک)]

ـــ گاہ/گَہ (ـــ/فت گ) امث (قدیم) ؛ ~ تا جگہ .

سلطنت ، بادشاہت .

شکستہ دیکھیا میں سپہ کوں تیری
دیکھیا نیں قرار تاجگہ کوں تیری

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۴۹۵

ـــ گَر (ـــ فت گ) صف ؛ امذ .

بادشاہ بنانے والا ؛ شہنشاہ .

رکھیا ترک ہو لاد اوسر اُپر
توں بولے گا دستا تھا او تاج گر

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۴۶۸

[تاج + گر ، لاحقۂ صفت]

ـــ گُزاری (ـــ ضم گ) امث ~ تاجگزاری .

تاج پوشی .

امور سلطنت ہاتھ میں لینے کے باوجود تاج گزاری کی رسم ادا نہ ہونے دی .

۱۹۷۱ ماہ نو ، کراچی ، اکتوبر ، ۲۹

[تاج + گزاری (رک)]

ـــ گُل کس اضا (ـــ ضم گ) امذ .

پھول کا بالائی حصہ ، پھول کی کلغی .

جو ہے تاج گل اس کا ، ہیں اس کے اندر
فقط چار اوراق گل چھوٹے چھوٹے

۱۹۱۶ سائنس و فلسفہ ، ۶

[تاج + گل (رک)]

ـــ مُبارک (ـــ ضم م ، فت ر) امذ .

کرشن اور گوپیوں کے حلقے کا ناچ ، رہس کے ناچ کے پہلے طرز کی چودھویں صورت جو واجد علی شاہی رہس میں اس نام سے موسوم تھی .

رہس کے دو طرز تھے ایک کی سترہ صورتیں تھیں اور دوسرے کی پندرہ . . . . پہلے طرز کی صورتیں . . . . تاج مبارک ، خالی جوڑا ، پلٹا ، کنج کلیاں .

۱۹۵۷ لکھنؤ کا شاہی اسٹیج ، ۸۸

[تاج + مبارک (رک)]

ـــ وَر (ـــ فت و) صف ؛ امذ ؛ ~ تاجور .

تاج دار ، تاج والا ، بادشاہ ، صاحب اختیار حکمراں .

کیا بولیں گے شاہان زریں کمر
جو بے تاج اچھے گا سرتاج ور

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۴۲۷

اے حب جاہ والو جو آج تاج ور ہے
کل اس کو دیکھیو تم نے تاج ہے نے سر ہے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۳۱۳

یہ فرض اولیں ہے ہر بشر کا
ہو بندہ ، نیک سیرت تاج ور کا

۱۹۱۹ کلام محروم ، ۲ : ۷۰

[تاج + ور ، لاحقۂ صفت]

ـــ وَری (ـــ فت و) امث .

تاج ور کا کام یا منصب ، بادشاہت .

وہ ایک اسلامی ملک کے بادشاہ ہیں . . . ان کی تاج وری ارض مقدس حجاز سے تعلق رکھتی ہے .

۱۹۶۰ گل کدہ ، ۳۸۹

[تاج + ور (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ـــ بُدْ بُد کس اضا (— ضم ، سک د ، ضم ہ) امذ .

نول کنٹھ یا گُٹھ بڑھئی کے سر کی کلغی (ماخوذ : جامع اللغات) .

[تاج + بُدْ بُد (رک)]

تاج بی بی کا رَوضہ/مَزار (ولین ، فت ض/فت م) امذ .

رک : تاج محل .

میں نے روضہ تاج بی بی کا دیکھا تھا .

۱۸۴۷ عجائبات فرنگ ، ۲۱

واقعی پایا تجھے دنیا میں آپ اپنی مثال
تو ہے یکتائے زماں اے تاج بی بی کے مزار

۱۹۰۶ مخزن ، جون ، ۵۷

[علم]

تاجِر (کس ج) صف ؛ امذ .

سوداگر ، تجارت پیشہ ، کاروباری شخص .

مرا باپ تاجر اتھا محتشم
نہ دیکھیا اچھے کوئی دنیا میں کم

۱۶۰۹ قطب مشتری (ضمیمہ) ، ۳

نافے بسائیں قیمت مشک ختن بڑھے
پائیں ترا جو تاجر ملک ختن لباس

۱۸۷۲ مرآۃ الغیب ، ۱۴۳

بعضوں نے مختلف سوالات کیے ، ان میں اکثر شام کے تاجر تھے .

۱۹۲۳ سیرۃالنبی ، ۳ : ۳۷۶

[ع]

تاجِرانہ (کس ج ، فت ن) صف .

تاجروں سے منسوب ، تجارتی .

کم و بیش کا خیال نہ کیجئے تاجرانہ قیمت پہ تصویریں
مجھی کو دیدیجئے .

۱۹۰۸ آفتاب شجاعت ، ۵ ، ۱ : ۳۸۰

[رک : تاجر + ف : انہ ، لاحقۂ نسبت]

تاجِری (کس ج) امث .

تاجر کا کام ، تجارت .

طرح طرح کے قماش اور متاع کے بیع و شراء کے دستور اور قواعد کے جاننے کو فن تاجری کہتے ہیں .

۱۸۴۵ مجمع الفنون (ترجمہ) ، ۱۳۸

[رک : تاجر + ی ، لاحقۂ نسبت]

تاج مَحَل (فت م ، ح) امذ .

شاہجہاں کی چہیتی بیگم ممتاز محل کے مقبرے کا نام جو سنگ مر مر سے بنایا گیا ہے آگرے میں واقع ہے اور دنیا کے سات عجائبات میں شمار ہوتا ہے بعد میں شاہجہاں بھی یہیں دفن ہوا .

شاہجہاں نے تاج محل کا مقبرہ بنوایا .

۱۹۲۲ مرگ نامہ ، ۶

[علم]

تاجنا (سک ج) محاورہ .

(ٹھگی) کسی چیز کو کھانا (مصطلحات ٹھگی ، ۶۴ ؛ ا پ و ، ۸ : ۱۷۹) .

[مقامی]

تاجنیا (فت ج ، سک ن) امث .

گھوڑوں کی ایک اچھی نسل کا نام .

کاٹھیاواڑی گھوڑوں کی یہ گیارہ قومیں عمدہ تر مشہور ہیں .... تاجنیا .

۱۸۷۳ عقل و شعور ، ۳۵۴

[مقامی]

تاجو (و مج) امث ؛ صف .

۱. بھائی سے بدسلوکی کرنے والی عورت (ایک برادر کش گنوار عورت کا نام اس کا قصہ اسطرح ہے کہ تاجو نامی عورت کا بھائی پردیس سے دولت کما کر لوٹ رہا تھا راستے میں وہ اپنی بہن کے گھر ملنے کے لیے رک گیا اس عورت نے بھائی کی دولت کے لالچ میں اسے مار ڈالنے کا منصوبہ بنا کے اس کام کے لیے اپنے خاوند کو آمادہ کرنے کی کوشش کی وہ راضی نہوا تو اس عورت نے اپنے دیور سے ساز باز کر کے بھائی کو قتل کرا دیا) ، بے رحم عورت (ماخوذ : فرہنگ آصفیہ) .

بھائی تمہاری بہن تاجو بہن سے کم نہیں اس نے سب کا حق مار لیا اور اب تک کچھ نہ کچھ ستائے جاتی ہے .

۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ

اللہ محفوظ رکھے ایسی تاجو بہنوں سے .

۱۹۴۷ ہم اور تم ، ۲۴

۲. کٹّر ، ظالم ، ؛ بے درد .

زیادہ لاڈ میں نہ آئیو ، تاجو کہیں کی .

۱۹۲۸ پس پردہ ، ۱۵۲

[علم]

تاجُوا (سک ج) امذ . (قدیم)

ترازو .

جواہر حبیب کے چلنے سوں رولیا ہنر کے تاجوے میں لیا کر تو لیا

۱۶۸۴ عشق نامہ (ق) ، مومن ، ۵۶

[مقامی]

تاجور (سک ج ، فت و) اسذ .

رک : تاج ور (تاج کا تحتی) (پلیٹس) .

تاجیل (ی مع) امث .

مہلت ، مدت مقررہ ، فرصت ، مدت معین کرنے کا عمل .

زمانہ جاہلیت میں ایلاء کو طلاق معجل سمجھا جاتا تھا ، اسلام نے اس کی تاجیل بیان کردی .

کمالین ، ۳ : ۵۷ ۱۹۶۴

[ع]

تاخ امذ .

۱. **نقاب .**

ہر یک ٹھار کر موشگافی اتال
چلیا ہوں سو گوند تاخ یو پھول مال

گلشن عشق ، ۴۴ ۱۶۵۷

۲. **ہزم سوختنی ، ایک (آزاد) درخت جس کی لکڑی پائیدار ہوتی ہے ، تاغ (پلیٹس ؛ فرہنگ آنند راج) .**

۳. **تاریکی ، اندھیرا** (پلیٹس) .

[ف]

تاخت (سک خ) امث .

۱. **حملہ ، دھاوا ، یلّہ .**

نذر محمد خاں نے ارادہ کیا ہے کہ حوالی کابل اور غزنین پر تاخت کرے .

تاریخ ہندوستان ، ۶ : ۱۹۱ ۱۸۹۷

سپاہ فزوں از حد شمار لے کر چڑھ آیا ہے اور جماعت کثیر کے ساتھ تاخت لایا ہے .

الف لیلہ ، سرشار ، ۱۱۲ ۱۹۰۱

ہے زیر دستیوں پہ زبردستیوں کی تاخت
موران نیم جاں کی ہے چہل دماں سے جنگ

بہارستان ، ۲۰۲ ۱۹۳۱

۲. **لوٹ ، غارت** (نوراللغات) .

اف : کرنا ، لانا ، ہونا .

[ف]

— اَور (و) تاراج (— ولین (و مج)) امث .

لوٹ مار ، تباہی و بربادی .

اکثر تعلقات اور دیہات پرگنات کے تاخت اور تاراج کر لئے .

حکایت سخن سنج ، ۱۳۱ ۱۸۴۵

آصف خاں نے . . . مواضع و قریات کو تاخت و تاراج کرنا آغاز کیا .

تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۱۰۳ ۱۸۹۷

وہ از سر نو منظم ہو کر مصر کی سلطنت کو تاخت و تاراج کرنا چاہتے ہیں .

آخری چٹان ، ۵۳ ۱۹۴۷

[تاخت + اور (و) ، عطف + تاراج (رک)]

تاخر (فت ت ، ا ، شد خ بضم) امذ .

بعد میں ، پچھے ، موخر .

ان صاحبوں کی پشتوں کے بعضے ناموں میں تقدم اور تاخر کا شبہ ہو گیا ہے .

خیابان آفرینش ، ۸ ۱۸۸۷

علت و معلول میں زمانے کا تقدم و تاخر ضروری ہے .

الکلام ، ۲ : ۳۱ ۱۹۰۶

[ع]

تاخیر (ی مع) امث .

دیر ، ڈھیل ، تعویق ، وقفہ .

اتال اس کے ملنے کی تدبیر کر
توں بیگ ہو نکو کام تاخیر کر

قطب مشتری ، ۳۹ ۱۶۰۹

قید سے زیست کی مر کر بھی نہ چھوٹیں یارب
بے اجل مرنے میں ہم کچھ بھی جو تاخیر کریں

قائم ، ک ، ۱ : ۱۵۳ ۱۷۹۵

ہوئی تاخیر تو کچھ باعث تاخیر بھی تھا
آپ آتے تھے مگر کوئی عناں گیر بھی تھا

غالب ، د ، ۱۵۸ ۱۸۶۹

اف : کرنا ، ہونا .

[ع]

— پیدا ہونا محاورہ .

تاخیر واقع ہونا ، دیر ہونا .

جذبۂ دل میں مرے سستی نہیں تو کس لیے
ان کے آنے میں یہاں تاخیر پھر پیدا ہوئی

داغ (مہذب اللغات) ۱۹۰۵

تادب (فت ت ، ا ، شد د بضم) امذ .

ادب آموزی ، ادب سیکھنا ، با ادب ہونا .

اگر ذرا بھی قدم بڑھایا تو کارخانہ قدرت کے پہرے والے ڈپٹ کے کہتے ہیں ''تادب'' .

شرر ، مضامین ، ۱ ، ۳ : ۱۰۹ ۱۹۲۶

ان کاتب اعمال کی کیا تاب جو لکھیں بدی
ہے یاد خاسے کو ابھی حکم تادب یا قلم

بے نظیر ، کلام بے نظیر ، ۱۰۰ ۱۹۳۲

[ع]

تادیب (ی مع) امث .

۱. تنبیه ، چشم نمائی ، گوشمالی .

اپنے کام میں ہشیار رہے دشمن ہاتھ لگے تو جلدی اسے تنبیه و تادیب دے .

۱۸۲۴ سیر عشرت ، ۶۹

جلوس میں خان دوران خاں کے ساتھ ساہو جی بھونسلا کی تادیب پر مامور ہوے .

۱۹۱۰ امرائے ہنود ، ۶۴

۲. علم و ادب سکھانا ، ادب سیکھنا ، اخلاقی تربیت .

(والدہ کی) تعلیم و تادیب سرسید جیسے جوہر قابل کے لیے اکسیر کا حکم رکھتی ہے .

۱۸۹۹ حیات جاوید ، ۲ : ۳

اف : دینا ، کرنا .

[ع]

ـــ خانه (ـــ فت ن) امذ .

وہ ادارہ جس میں آوارہ اور بد اخلاق لڑکوں کو پابند کر کے اخلاق کی درستی مقصود ہوتی ہے ، چلڈرنس ریمانڈ ہوم یا ریفارمیٹری اسکول .

ایسا شخص جیل خانہ فوجداری میں قید کیے جانے کے عوض . . . تادیب خانہ میں قید کیا جاے .

۱۸۹۸ مجموعه ضابطهٔ فوجداری ، ۱۴۹

[تادیب + خانه (رک)]

ـــ گاه امث .

رک : تادیب خانه .

علی پور میں مجرمان خورد سال کے واسطے تادیب گاہ بنادی گئی ہے .

۱۸۹۲ اصول سراغ رسانی ، ۲۲۹

[تادیب + گاه (رک)]

تادیباً (ی مع ، تن ب بفت) م ف .

تادیب کے لیے ، تنبیه کے طور پر .

ابو سفیان نے اوس بن خالد سے قرآن پڑھوانا چاہا تو اوس نے انکار کیا اس پر ابو سفیان نے تادیباً اس کو تازیانے مارے وہ اتفاق سے مر گیا .

۱۸۹۵ لیکچروں کا مجموعه ، ۲ : ۲۰۵

[ع]

تادیت (کس د ، فت ی) امث .

جذب ہونے یا اثر پذیر ہونے کی کیفیت .

ان اجسام میں روشنی کی قبولیت اور تادیت بھی مختلف ہوتی ہے .

۱۹۶۹ مقالات ابن الهیثم ، ۹۰

[ع]

تادیه (کس د ، فت ی) امذ .

ابلاغ ، پہنچانا ، ادا کرنا .

ان امور کے بعد تادیه معنی کی بحث باقی رہتی ہے مثلاً ایک حدیث تمام محدثین اور مجتہدین کے اصول کے موافق متصل بھی ہے .

۱۸۹۰ سیرة النعمان ، ۱۸۸

قدیم طریقه میں تادیه بصورت جنس کے سوا کوئی اور طریقه تسلیم نہیں کیا گیا تھا .

۱۹۴۵ ذرایع محاصل سلطنت مغلیه ہند ، ۱۲

[ع]

تاذن (فت ت ، ا ، شد ذ بضم) امذ .

آگاہی ، اذن (فرہنگ عاصره) .

[ع]

تاذی (فت ت ، ا ، شد ذ) امث .

آزردگی ، رنجش ، رنجیدگی ، دکھ .

ایسے افعال عمداً یا سہواً کیے جائیں جن سے ہندوستانیوں کو تاذی مذہبی پہنچے .

۱۸۹۰ معلم السیاست ، ۳۷۲

ان کا تعلق عالم مادہ سے ہے اور ,, دوزخ و جنت ،، نام ہے بالکل روحانی تاذی و تنعم کا .

۱۹۲۳ نگار ، اکتوبر ، ۳۰۸

[ع]

تاذین (ی مع) امث .

اجازت ، اذن .

حسن نے زعم کیا کہ مامور اس تاذین کے حضرت صلی اللہ علیه وسلم ہیں .

۱۸۴۵ اصول الانبیا ، ۱ : ۲۴۴

[ع]

تار امذ .

۱. تاگا ، ڈورا ، سوت ، دھاگا .

وے ہی چالاکیاں ہاتھوں کی ہیں جو اول تھیں
اب گریباں میں مرے رہ گئے ہیں تار کئی

۱۸۱۰ مہر ، ک ، ۲۸۰

سو جگہ جس میں رفو ہوں وہ ہے اچھا دامن
ہوں نہ دو تار بھی جس میں وہ گریباں اچھا

۱۹۲۳ دیوان جگر ، ۴۰

۲. (i) لوہے ، پیتل ، تانبے ، جست وغیرہ معدنی اشیا کا لمبا پتلا اور گول ڈورا جو باجوں کے پردے یا ساز بنانے میں کام آتا ہے .

مقامات کے بن میں فن کی نوے
چلی تار تنبور کی کا لوے

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۲۷

اس نار کوں کر نہار سنگار . اس تار کوں چھیڑ تان کوں بہار

۱۷۰۰ من لگن ، ۳۹

تمبور اور سارنگی اور چنگ اور تمام باجے اور تار کی چیزیں اون کا سننا اور برتنا سب حرام ہے .

۱۸۶۶ تہذیب الایمان ، ۲۵۹

(ii) لوہے جست تانبے وغیرہ کے وہ تار جن پر برقی رو دوڑتی ہے .

تار کا سلسلہ ایران کے اندر سے ہندوستان لے جانا مقصود ہے .

۱۹۶۸ اردو دائرہ معارف اسلامیہ ، ۲ : ۶۵۳

(iii) لوہے کا وہ تار جس سے صابن کے بڑے بڑے ٹکڑوں کو کاٹا جاتا ہے ایسے تاروں کے سروں پر دو گھنڈیاں سی لگی ہوتی ہیں .

چار آئینہ میں تیر کے باہر نکل آئے
صابون سے دو تار برابر نکل آئے

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۱ : ۱۶۱

۳. (i) مکڑی کے جالے کے تار کی طرح کمزور (اکثر عنکبوت کے ساتھ) .

اک فلسفہ ہے تیغ کا اور اک سکوت کا
باقی جو ہے وہ تار ہے بس عنکبوت کا

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۳۴۷

(ii) مکڑی کا جالا .

جیسے اپنے جال کے ایک ہی تار پر مکڑی دوڑا کرتی ہے .

۱۹۲۳ نگار ، فروری ، ۱۴۲

۴. تعلق رشتہ ، واسطہ .

نہ ہو جا حرکت بیجا خبردار نپٹ نازک ہے تار آشنائی

۱۷۱۸ دیوان آبرو (ق) ، ۴۵

دل میں غم رکھتے ہیں پر آنسوؤں کے تار نہیں
اپنے قانون محبت میں کوئی تار نہیں

۱۹۲۵ ریاض اسجد ، ۱۳۴

۵. سلسلہ ، تانتا ، تسلسل .

سات ہزار برس سے یہی تار چلا آتا ہے یعنی بے شمار آدمی اب تک دنیا میں مر چکے ہیں .

۱۸۶۸ مراۃ العروس ، ۲۸۷

گوندھی گئی ہے تار سخن میں خبر بھی ہے
کن مہوشوں کی زلف پریشاں ترے لئے

۱۹۳۳ سیف و سبو ، ۳

۶. قبضہ ، قدرت ، سلسلۂ حیات ، نفس ، دم ، سانس ؛ ذریعۂ حرکت .

سانس کے دم سے زمانے کی اچھل کود ہے سب
پتلیوں کے یہ تماشے ہیں اسی تار کے ساتھ

۱۹۳۲ سنگ و خشت ، ۲۵۲

۷. (i) شکر کے قوام کے کھنچاؤ کی وہ کیفیت جو اس کو پکا کر پیدا کی جاتی ہے ؛ تار قوام .

میٹھے ٹکڑوں کے لئے صرف ایک تار کا قوام کافی سمجھا جاتا ہے .

۱۹۰۶ نعمت خانہ ، ۱۲۵

(ii) کسی مائع یا قدرتی عرق کی وہ چمک جو تار کی طرح کھنچ جاتی ہے .

ہڑ کے دودھ میں بڑا لیس ہوتا ہے ذرا سا انگلی میں لگا کر تار تو اٹھاؤ دیکھو کہاں تک نکلتا چلا جاتا ہے .

۱۸۶۹ اردو کی دوسری کتاب ، آزاد ، ۴۸

۸. (i) خطوط اور دوسرے ضروری کاغذات پرونے کا تار (نور اللغات) .

(ii) بال (نور اللغات) .

۹. (محکمہ وغیرہ) تار برقی ، ٹیلیگراف .

ڈاک اور تار کے دونوں محکمے اب ملا دئے گئے ہیں .

۱۹۲۴ انشائے بشیر ، ۲۲

۱۰. برقی تار کے ذریعے آنے والی خبر ، ٹیلیگرام ، برقی پیغام .

تار پر بھیجتے ہو روز خبر بے خبر علم برق سے ہو مگر

۱۸۸۷ ساقی نامہ شقشقیہ ، ۱۸

پاس ایک تار کا لال کاغذ پڑا تھا سمجھا کہ اس میں کچھ لکھا ہے جلدی سے اٹھا کر تار پڑھنا چاہا .

۱۹۲۸ پس پردہ ، ۷۶

۱۱. (i) تاریکی ، اندھیرا ، ظلمت .

دو رنگی یہ چادر ہے لیل و نہار
گہے نور دکھلاوے گاہے یہ تار

۱۸۴۴ مثنوی اپورب کشن کنور ، ۵۸

وہ زندگی کے روشن و تار کو ایک دوسرے کے قریب لانے کی کوشش کرتا ہے .

۱۹۷۶ حافظ اور اقبال ، ۳۳

(ii) تنگ (فرہنگ عامرہ) .

۱۲. زیور کا کوئی چھوٹا حصہ ، چھلا ، انگوٹھی ؛ زیور میں استعمال ہونے والا باریک تار وغیرہ .

وہ توڑے ہاتھ میں تاروں کے، باریک
کہ بن دیکھے جہاں ہو جس کے، تاریک

۱۷۷۸ مثنویات حسن ، ۱ : ۲۰۵

یہاں تک کہ ایک چاندی کا تار اور تانبے کا کٹورا تک باقی نہ رہا .

۱۹۰۰ شریف زادہ ، ۳۶

سونے کا تار نہ چاندی کا چھلا .

۱۹۱۷ شام زندگی ، ۸۴

۱۳ . بادلہ یا گوٹے کناری کا تار .

لے کے شفق کی اوڑھنی سیلا کرن کے تار کا
لپایا ہے بن پشواز کوں سورج ترا ہوکر بجاز

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۸۴

۱۴ . کپڑے کی دھجی ، لیر .

اس نے عجب عجب فیل مچائے گھنٹوں تک پٹخنیاں کھایا کی کپڑوں کا ایک تار باقی نہ رکھا .

۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۱۰۸

۱۵ . سالن کے اوپر کی چکنائی .

کسی نے کہا ذرا سا تار دو ، کوئی بولا چودھری ایک بوٹی بے ریشہ .

۱۹۲۳ اہل محلہ اور نا اہل پڑوسی ، ۳۱

۱۶ . (مجازاً) سلسلہ (رک : تار بارش وغیرہ) ، آبشار کی وہ رو جو چمک دار تار سی نظر آتی ہے .

وہ پانی کا جھرنا وہ چاندی کے تار
وہ شیشے کی چادر وہ صاف آبشار

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۳۱۴

۱۷ . (i) تانا بانا (نوراللغات) .

(ii) رفیق چیز کی دھار (فرہنگ عامرہ) .

۱۸ . (i) وہ تار جو کٹھ پتلیوں کے تماشے میں کام میں لاتے ہیں .

بچوں کو کٹھ پتلی کی طرح تار پر نچا رہا ہے .

۱۹۲۵ معاشرت ، ظفر علی خاں ، ۲۵

(ii) اختیار عمل و حرکت وغیرہ .

ہمارا تار خدا جانے کس کے ہاتھ میں ہے
تماشا گر ہے نہاں اور ہم ہویدا ہیں

۱۸۹۶ تجلیات عشق ، ۲۲۳

۱۹ . بجلی کا تار .

تار کیا آتش کا پرکالہ ہے ظاہر میں سرد مگر زگال اوس کی قربت سے گل لالہ ہے .

۱۸۴۵ مرقع پیشہ وراں ، ۷

ناظم یہ تار بجلی کے نکلے ہیں واہ خوب
باتیں کریں گے یار ہو کتنا ہی ہم سے دور

۱۸۶۲ دیوان ناظم ، ۸۰

۲۰ . (پیمائش) مساحت میں ہر سطح کو ناپنے کے بعد ان کا سولہواں حصہ .

گرہ کے سولہویں جز کو بھر کہتے ہیں اور اس کے سولہویں جز کو تار کہتے ہیں .

۱۸۵۶ فوائد الصبیان ، ۴۳

۲۱ . وہ دھاگا جس سے کپڑا بنا جائے .

دیوانگی سے دوش پہ زنار بھی نہیں
یعنی ہماری جیب میں ایک تار بھی نہیں

۱۸۶۹ غالب ، د ، ۱۲۰

(ب) صف ، اسم .

تاریک ، جو روشن نہ ہو .

میں کہا رحم پتنگوں پہ کر اے جان سراج
تب کہا شمع شب تار ہوں ، کن کا، ان کا

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۳۹

اک سا تمرا نور ہے دشت میں سبزہ زار میں
قصر گہر نگار میں ، حجلۂ تنگ و تار میں

۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۴۵

[۰ : ف]

ــ اُٹھانا محاورہ

رک : تار بمعنی نمبر ۷ (ii) .

ــ اَشک کس اضا (ــ فت ا ، سک ش) امذ .

مسلسل آنسو بہنے کا عمل ، آنسوؤں کا سلسلہ .

جلد ان پہ تار اشک سے یوں حال دل کھلا
دم میں خبر پہنچتی ہے جس طرح تار پر

۱۸۷۲ مظہر عشق ، ۷۵

[تار + اشک (رک)]

ــ آفس (ــ کس ف) امذ .

تار گھر ، ٹیلی گراف آفس .

تار آفسوں پر قبضہ کر لیا اور تاروں کو کاٹ دیا .

۱۹۱۲ فغان ایران ، ۳۶

[تار + آفس (رک)]

ــ بابُو (ــ و مع) امذ .

ڈاک خانے یا ریلوے کا وہ کلرک یا ملازم جو برقی پیغام کی ترسیل و وصول کا کام مقررہ برقی آلے کی مدد سے انجام دیتا ہے .

حقیقت آشنا تار بابو ان لوگوں کے شک و شبہ کی کچھ پروا نہیں کرتے .

۱۹۱۲ سی پارۂ دل ، ۱ : ۵۲

[تار + بابو (رک)]

ــ باجا (اَور) راگ بوجھا کہاوت .

رک : تانْت باجی راگ بوجھا .

مزا وہی ہے کہ آدھی بات کہی آدھی منہ میں ہے اور سننے والا پھڑک اٹھا ، تار باجا اور راگ بوجھا .

۱۸۸۰ آب حیات ، ۵۴

اول کلام آخر کلام کا اس طرح پتہ دیتے جسے کہتے ہیں تار باجا راگ بوجھا .

۱۹۱۶ نظم طباطبائی ، ۵

ــ باران کس اضا/امذ .

مینھ کے پانی کا سلسلہ جس سے ابر سے زمین تک ایک لکیر سی بن جاتی ہے ، مینھ کی دھار .

تار باران مسلسل ہے ملائک کا ورود
ہے تسبیح خداوند جہاں عز و جل

۱۸۷۶ کلیات نعت ، محسن ، ۱۱۱

[تار + باران (رک)]

ــ بارش کس اضا (ــ کس ر) امذ .

رک : تارِ باراں .

گرد افلاس کو بھی ابر کرم دھوتا ہے
تار بارش میں ہے موتی کی لڑی کا عالم

۱۹۰۵ داغ (نوراللغات)

[تار + بارش (رک)]

ــ باندھنا/باندھ دینا ۸۷ محاورہ .

۱. کوئی کام ہے در پے کرنا ؛ ہم ہم باتیں کئے جانا ؛ سلسلہ قائم کر دینا یا از خود قائم ہو جانا .

جس طرح مسلسل ٹیلیگراف کی خبروں کے تار باندھ دیں اسی طرح مختلف ضروری حالات تحریر کریں .

۱۸۸۹ رسالہ محسن ، جون ، ۴۶

ترجمے کا مسودہ غالباً آج پہنچ جائے گا اب تو تم نے تار باندھ دیا ہے امید ہے اس سال میں ترجمہ مکمل ہو جائے گا .

۱۹۴۵ مکتوبات عبدالحق ، ۲۶۹

۲. کوئی کام لگاتار کیے جانا .

یہ صفیں آگے پیچھے برابر باڑھوں کا تار باندھتی ہوئی بڑھیں .

۱۸۹۰ حسن انجلینا ، ۱۶۲

ــ بتار ہونا محاورہ .

۱. (عو) برا حال ہونا ، پتلا حال ہونا ، حال غیر ہوجانا (مخزن المحاورات ، ۳۰۰ ؛ نوراللغات) .

۲. (عو) معاملہ بگڑجانا ، بنا بنایا کام خراب ہوجانا (مخزن المحاورات ، ۳۰۰ ؛ نوراللغات) .

ــ برقی ۸ (ــ فت ب ، سک ر) امذ .

۱. خاص صوتی علامات سے خبر پہنچانے کا برقی آلہ ، وہ جو برقی تار قوت سے ایک جگہ کی خبر کو دوسری جگہ پہنچا دے ، ٹیلیگراف .

اور اس کے ہاتھ ہے جو تار برقی حکم رہی کا
خبر مشرق سے تا مغرب وہ دیتا سب کو ساری ہے

۱۸۸۸ دیوان شور ، ۲۱۷

جنرل اسمبلی میں جو کچھ کہا جاتا ہے تار برقی کے ذریعے دنیا کے کونے کونے میں پہنچ جاتا ہے .

۱۹۵۲ امن کے منصوبے ، ۲۲

۲. پیام یا خبر جو تار کے ذریعے پہنچے ، ٹیلی گرام .

اگر رستے میں سے اپنے پہنچنے کا ٹھیک وقت بذریعہ تار برقی بتلادوگے تو میں آدمی اور سواری اسٹیشن پر بھیج دوں گا .

۱۸۷۹ مکاتیب سرسید ، ۱۴۵

زید نے اپنے ایجاب کو بذریعہ تار برقی کے مسترد کیا .

۱۹۰۲ ایکٹ معاہدۂ ہند ۱۸۷۲ ء ، ۵

۳. وہ ادارہ جو پیام کی ترسیل و وصول تار کے ذریعے کرتا ہے ، محکمۂ تار .

پنجاب میں تار برقی یا ریل نہ ہو تو لوگ . . . بے زبان اور دست و پا شکستہ پڑے ہوئے ہیں .

۱۸۸۴ مکمل مجموعۂ لیکچرز و اسپیچز ، ۲۵۴

ان کی رعایا کو بھی فائدہ ضرور پہونچا بطور مثال ریلوے کل بنانا اور تار برقی کا جاری کرنا .

۱۹۱۷ گوکھلے کی تقریریں ، ۱۳۹

[تار + برق (رک)]

ــ بند چاشنی ۸ (ــ فت ب ، سک ن ، ش) امث .

کپاس یا قند کا گاڑھا پکایا ہوا قوام جس کی بوند میں باریک تار بنے اور جو ٹھنڈا ہو کر جم جائے (ا پ و ، ۳ : ۲۰۹) .

[تار + بند (رک) + چاشنی (رک)]

ــ بندھنا ۸۷ محاورہ .

۱. تار باندھنا (رک) کا لازم .

ہے خیال اس کی ہی نظروں کا دم آخر بھی
بندھ رہا ہے مری نظروں میں وہی تار ہنوز

۱۷۸۴ درد ، د ، ۴۱

طبلوں کے ٹھکے طبل پہ سازوں کے بجے تار
راگوں کے کہیں غل کہیں ناچوں کے بندھے تار

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۵۴

جب انعام و اکرام کا تار بندھ گیا تو ان بھلے مانسوں کو بھی جوش آ گیا .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۳ : ۲

۲۔ گڑ کھانڈ قند وغیرہ کا پک کر گاڑھا شیرہ بن جانا (کہ چکنے پر دو انگلیوں کے درمیان دو تین یا چار تار بندھ جاتے ہیں)۔

تپ محرق سے تصور میں لب شیریں کے
پختہ شربت کی طرح اشک میں بھی تار بندھے

۱۸۹۲ شعور (نوراللغات)

جب گاڑھا پڑجائے اور تار بندھنے لگے تو اتار کر رکھ چھوڑیں۔

۱۹۵۱ یونانی دوا سازی، ۶۹

— بَنّا محاورہ۔

رک: تار بندھنا۔

جب وہ گاڑھا ہوجائے تو اسے چمچے میں لے کر پتیلی میں ٹپکا کر دیکھو اگر پتلا سا تار بن کر گرے تو جانو کہ ایک تار کا قوام بن گیا۔

۱۹۰۶ نعمت خانہ، ۱۲۵

— بولا راگ بوجھا محاورہ۔

رک: تار باجا اور راگ بوجھا۔

کر کے وہ ذکر جور ڈھائیں گے
تار بولا کہ ہم نے بوجھا راگ

۱۹۳۲ اعجاز نوح، ۹۳

— بے تار ہونا محاورہ۔

رک: تار بِتاو ہونا (ماخوذ: نوراللغات)۔

— بھرنا محاورہ۔

چاندی سونے کے تار سے کپڑے یا کسی اور لباس کو آراستہ کرنا۔

تار اک غیرت مہتاب کی ٹوپی میں بھروں
دے جو اپنے مجھے سورج کی کرن دو ٹکڑے

۱۸۵۸ امانت، د، ۱۰۰

— بھروانا محاورہ۔

تار بھرنا (رک) کا تعدیہ۔

تین گز کریب لکھو، پھولدار، گل شفتالو۔ اب اوڑھنی رہی (نند سے) تار بھروا دوں؟۔

۱۸۹۵ حیات صالحہ، ۳۸

— تار

(الف) صف۔

ٹکڑے ٹکڑے، دھجی دھجی، ارزے ارزے، نہایت بوسیدہ، جھر جھرا۔

قیامت پر ایوان میں تھی آشکار گریبان و مقنع کئے تار تار

۱۷۹۴ جنگ نامہ دو جوڑا، ۴

تار تار اپنا گریباں کروں مثل سحر
آج پھر ہاتھ میں وہ گیسوے شب رنگ نہیں

۱۸۳۱ دیوان ناسخ، ۲: ۸۶

شوق جنوں ہے آمد فصل بہار ہے
داماں صبر دل شدگاں تار تار ہے

۱۹۰۰ کلیات حسرت موہانی، ۳۰۰

اف: الگ الگ کرنا، ہونا۔

(ب) امذ۔

۱۔ دھاگا دھاگا، لیر لیر، دھجی دھجی، ٹکڑا ٹکڑا۔

ڈھانکا ہجوم صد نگہ یاس نے مجھے
یوں تار تار ہو کے میسر کفن ہوا

۱۸۹۵ دیوان راسخ دہلوی، ۵۸

۲۔ (عو) زیور کا کوئی حصہ، ایک ایک چھلّا، زیور۔

تار تار بک گیا اب کوئی زیور باقی نہیں ہے۔

۱۹۲۶ نوراللغات

[تار + تار (رک)]

— تِرنگا/تِلنگا (— کس ت، فت ر، غنہ/فت ل) صف۔

جھرجھرا، تار تار الگ، وہ کپڑا جس کی بناوٹ دور دور ہو۔

ہو نوچا کھسوٹی نہ فرشتوں سے وہاں پر، صافی کو یہ ہے ڈر
پھٹ پھٹ کے کفن تیرا نہ ہو تار تلنگا، ہے ہے مری منگا

۱۸۹۹ دیوان جی، ۲: ۱۹۱

مسالہ تار ترنگا بھی ہوتا تو چار ٹکے کھڑے ہو جاتے۔

۱۹۲۸ ہس ہردہ، ۱۳۳

[تار + ترنگا/تلنگا (رک)]

— تَسبیح کس اضا (— فت ت، سک س، ی مع) امذ۔

تسبیح کا ڈورا۔

شمع ساں کفر کی روشن ہو حقیقت جیسے
تار تسبیح ہو رشتۂ زنار اپنا

۱۷۸۰ عشق، د، ۲۸

[تار + تسبیح (رک)]

— تِل (— کس ت) امذ۔

رک: تار معنی نمبر ۱۲۔

اگر کوئی طوائف اپنا کلیجہ نکال کر رکھ دے اور تار تل سب ہم پر قربان کرنے کا منشا ظاہر کرے تب بھی اسے جھوٹا ہی سمجھیں۔

۱۹۳۴ عزمی، انجام عیش، ۷۵

[تار + تل (غالباً) طلا (رک)]

— تلا (— کس ت ، شد ل) امذ .

ہرانی زری (نوراللغات) .

[تار + تلا (= طلا) (رک)]

— تنکا (— کس ت ، سک ن) امذ .

ہر قسم کا کم قیمت اور قیمتی زیور ، ہر چھوٹی بڑی چیز ، مال متاع .

اس کے جہیز کا جو تار تنکا ہے وہ آج ہی مزدوروں پر خورشید دولہا کو ساتھ کر کے میرے پاس بھجوا دو .

رسوا ، خورشید بہو ، ۳۰ ۱۹۳۱

[تار + تنکا (رک)]

— توڑ (— و سج) امذ .

ایک قسم کا سوئی کا کام جو کپڑے پر کیا جاتا ہے ، کار چوبی کام .

دکھاوے کوئی گوکھرو موڑ موڑ
کہیں سوت ہوئے کہیں تار توڑ

سحرالبیان ، ۴۱ ۱۷۸۳

[تار + توڑ ، توڑنا (رک) سے]

— توڑنا ف مر .

سلسلہ منقطع کرنا ، بات کا تانتا موقوف کرنا .

انشا یہ روٹھ راٹھ ہے اک تاؤ بھاؤ کی
اس توڑ جوڑ کا نہ کبھی تار توڑیے

انشا ، ک ، ۱۶۸ ۱۸۱۸

— ٹوٹنا محاورہ ؛ ف مر .

۱. سلسلہ منقطع ہونا ، تسلسل موقوف ہونا ، چلتے کام میں ہرج واقع ہونا ، رخنہ پڑنا (بیشتر نفی کے ساتھ) .

دلبر سوزن پلک میں رشتۂ جاں بند ہے
ٹوٹتا نہیں آنکھ کے ڈوروں سے تار انتظار

کلیات سراج ، ۲۵۹ ۱۷۳۹

بارہ بج جاتے مریضوں کا تار نہ ٹوٹتا .

حیات صالحہ ، ۲۶ ۱۸۹۵

۲. سانس بند ہوجانا (نوراللغات) .

۳. (سوت وغیرہ کا) تار شکستہ ہونا ، کٹ جانا (نوراللغات) .

— چڑھانا محاورہ .

ستار یا طنبورے وغیرہ کے تار کھینچنا لگانا یا کسنا .

کبھی لڑنے کا تار ہے اور گاہ تار طنبورے پر چڑھاتے ہو

اظفری ، د ، ۴۴ ۱۸۱۸

— چھوڑنا محاورہ .

شیرہ پک جانا ، قوام بن جانا .

شیرہ تار چھوڑنے لگے تو اس میں بھنی ہوئی گوند کی گولیاں ڈال دو .

نعمت خانہ ، ۱۶۶ ۱۹۰۶

— خانہ (— فت ن) امذ .

تار گھر .

زیادہ تر ان کا تعلق تار خانوں سے ہے اسی لیے صرف ۵۴۴ محرر اس میں ہیں .

رسالہ ، حسن ، دسمبر ، ۳۸ ۱۸۸۸

[تار + خانہ (رک)]

— خبر (— فت خ ، ب) اسث .

تار برقی کے ذریعے دی جانے والی اطلاع ، ٹیلی گرام کی اطلاع .

فوراً تمام دنیا میں تار خبریں دوڑ گئیں .

ادیب ، ستمبر ، ۹۹ ۱۹۱۰

[تار + خبر (رک)]

— دان امذ .

رک : ہی لک (ا پ و ، ۴ : ۱۵۰) .

[تار + دان ، لاحقۂ ظرف]

— دبکائی (— فت د ، سک ب) اسث .

تار دبکنا (رک) کی اجرت (ماخوذ : ا پ و ، ۲ : ۱۹۰) .

— دبکنا محاورہ .

روپہلے اور سنہرے تاروں کو ہتوڑے کی ضرب لگا کر گوٹا بنانے کے لئے چوڑا کرنا ، بادلا بنانا .

تار دبکنے یا بادلا بنانے کی اجرت .

اصطلاحات پیشہ وراں ، ۲ : ۱۹۰ ۱۹۴۰

— دوڑنا محاورہ .

تار برقی کی ترسیل ہونا ، تار کے ذریعے خبر پہنچنا .

اس عرصے میں ہر طرف تار دوڑ رہے ہیں .

نقش فرنگ ، ۱۱ ۱۹۲۲

— دیکھنا محاورہ .

چاشنی (قوام) پک جانے کا حال دریافت کرنا (نوراللغات) .

ــ دینا محاورہ .

تار برقی کے ذریعے خبر پہنچانا ، ٹیلیگرام کرنا .

تم کو ضرور جمنا جی تار دیں گی .

۱۸۶۸ رسوم ہند ، آشوب دہلوی ، ۸۷

خواجہ صاحب کو تار دیا تھا اب بھی کسی وقت دورہ ہو جاتا ہے .

۱۹۲۱ اکبر ، مکاتیب ، ۲ : ۹۲

ــ رسانی (ــ فت ر) امث .

تار برقی کی ترسیل ، تار پہنچانے کا عمل .

اس نے تار رسانی اور رمز نویسی کا ایک نظام بھی وضع کیا .

۱۹۵۷ مقدمہ تاریخ و سائنس (ترجمہ) ۲۴۰

[تار + رسانی (رک)]

ــ سے تار جُدا ہونا محاورہ .

لباس کا تار تار الگ ہو جانا ، نہایت بوسیدہ ہونا ، کپڑے کا پھٹ کر پرزے پرزے ہونا .

ہے وہ دلچسپ تن یار کہ اتری نہ قبا
تار سے جب تلک اس کا نہ ہوا تار جدا

۱۸۵۳ دفتر فصاحت ، ۳۶

ــ شُعاعی کس اضا (ــ ضم ش) امذ .

کرنوں کے تار ، (مجازاً) آفتاب کی شعاع .

چاہتی ہے مرغ عیش اہل دنیا ہو شکار
خاک پر تار شعاعی کا بچھا کر دام صبح

۱۸۷۰ دیوان اسیر ، ۳ : ۱۲۱

[تار + شعاعی (رک)]

ــ شَمع کس اضا (ــ فت ش ، سک م) امذ .

وہ دھاگا جو شمع میں اول تا آخر ہوتا ہے اور جلتا رہتا ہے .

نور جاں فانوس جسمی میں جدا کب ہے سراج
شعلہ تار شمع میں کہتا ہے من حبل الورید

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۲۴۸

[تار + شمع (رک)]

ــ عُنصری (ــ ضم ع ، سک ن ، فت ص) امذ .

عناصر کا سلسلہ .

گرم تدبیر گر ذری ہو جائے تپ غم تار عنصری ہو جائے

۱۸۵۱ مومن ، ک ، ۲۴۰

[تار + عنصری (رک)]

ــ عَنکبُوت کس اضا (ــ فت ع ، سک ن ، فت ک ، و مع) امذ .

مکڑی کا جالا ، مکڑی کے جال کا تار ، (مجازاً) کمزور ریشہ .

بندوبست ایسا ہے عالم میں کہ تار عنکبوت
کرگدن کے واسطے رکھتا ہے حکم ریسماں

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۲۴۰

چھوٹے چھوٹے اختلافات کی تو میں تار عنکبوت کے برابر بھی حقیقت نہیں سمجھتا .

۱۸۹۵ لیکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۳۶۶

اگر آپ مجھ پر بھروسہ کریں گے تو آپ پر ظاہر ہو جائے گا کہ میرا عہد تار عنکبوت کی طرح بودا نہ تھا .

۱۹۳۱ رسوا ، خونی راز ، ۴۰

[تار + عنکبوت (رک)]

ــ کَش (ــ فت ک) صف ؛ امذ .

۱. وہ شخص جو سونے چاندی کے تار جنتری (تارکشی کا آلہ) میں کوچ کر انھیں باریک اور لمبا کرنے کا پیشہ کرتا ہو .

زردار اٹھ گئے تو بٹیے سرک گئے
چلنے سے کام تارکشوں کے بھی تھک گئے

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ : ۹۰

کوئی تارکش ہے کوئی بٹیا اور کوئی زردوز .

۱۹۴۰ یہ دلی ہے ، ۱۹

۲. چابی ، سارنگی یا ستار کے تاروں کی کھونٹیاں جن پر سروں کے تاروں کے سرے لپٹے رہتے اور حسب ضرورت تنگ اور ڈھیلے کیے جاتے ہیں (ا پ و ، ۴ : ۱۵۰) .

[تار + کش (رک)]

ــ کَشی (ــ فت ک) امث .

۱. جنتری وغیرہ کے ذریعے تار کھینچنے کا کام یا پیشہ ، زر بافی (ا پ و ، ۲ : ۱۸۵) .

۲. کڑھائی ، کشیدہ کاری .

جس طرح تارکشی کے پھول بنائے جاتے ہیں .

۱۹۳۵ اونی کام سلائیوں سے ، ۷۶

۳. ریشم جس سے کڑھائی کی جاتی ہے نیز ٹسر جو عموماً چھ تارہ ہوتا ہے یا اس سے بنا ہوا کپڑا .

ایک تو مور چھل جڑاؤ دستے کا لیے جھلتا ہے اور دوسرا رومال تارکشی کا ہاتھ میں لیکر منہ اور پاؤں اسکا پوچھ رہا ہے .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۲۲

پھولوں کی نسیں و پنکھڑیاں حسب پسند رنگ کے ریشم یا ٹسر سے یا تارکشی نامی دھاگے سے بہت خوبصورت کاڑھ لیجئے .

۱۹۴۶ کڑھت کی قسمیں ، ۴۶

[تار + کشی (رک)]

ـــ کَفَن کس اضا (ـــ فت ک ، ف) امذ .

کفن کا ٹکڑا .

یہاں سوز دل کیا ہو کہ تار شمع کی صورت
ہس مردن بھی جلتا ہے ہر اک تار کفن اپنا

۱۸۴۶ دیوان سہر ، ۴۲

[تار + کفن (رک)]

ـــ کی خَبَر (ـــ فت خ ، ب) است .

تار برقی کے ذریعے دی جانے والی اطلاع ، ٹیلی گرام سے موصولہ یا مرسلہ خبر .

ہوئے سفید دینے لگے مژدہ قبر کا
یہ تار کی خبر ہے یہ آیا ہے گھر سے خط

۱۸۹۵ دیوان راسخ دہلوی ، ۱۲۶

ـــ کے بَل مَکڑی ناچے کہاوت .

کمزور چیز کا سہارا لینے کے موقع پر بولتے ہیں .

اپنے ہی پھندوں میں رہے جکڑی
تار کے بل پر ناچے مکڑی

۱۸۳۵ رنگین ، مثنوی داستان رنگین ، ۱۷۵

ـــ کھچنا/کھینچنا محاورہ .

۱. کسی دھات کو پگھلا کر یا تپا کر پتلا بنانا ، جنتری کے ذریعے تار بنانا .

ہمت مردانگی غم کے شکنجوں میں خموش
جنتری میں تار جب کھچتا تھا بے آواز تھا

۱۸۹۵ خرینۂ خیال ، ۷۲

۲. آلات موسیقی کے تاروں کو کسنا ؛ موسیقی کا آغاز ہونا .

تم ہوئے صرف غنا تار مزا میر کھنچے
کیا عجب جان ہماری دم تحریر کھنچے

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۰۲

ـــ کھڑکانا محاورہ .

ٹیلی گرام کرنا ، تار دینا .

سیاست دانوں نے فوراً اپنے اپنے نوکر . . . ٹکٹ گھروں کو دوڑائے اور تاریں کھڑکا دیں .

۱۹۷۰ جنگ ، کراچی ، ۲۱ جنوری ، ۳

ـــ کھینچنا محاورہ .

تار کشی کا عمل یا کام کرنا .

اور پتر سونے کے گڑھے اور ان سے تار کھینچے .

۱۸۲۲ موسیٰ کی توریت مقدس ، ۳۷۲

وہ انھیں پگھلا سکتے تھے ان کے تار کھینچ سکتے تھے .

۱۹۴۴ آدمی اور مشین ، ۵۷

ـــ گَٹّی (ـــ کس ک ، شد ٹ) است .

دھاگہ بنانے کی صنعت ، تارکشی .

عمارت کو حاجی عبدالغفار نے تار گٹی کے کارخانے کے لیے تعمیر کرایا تھا .

۱۹۵۶ میرے زمانے کی دلی ، ۱ : ۱۴۲

[تار + گٹی (رک)]

ـــ گریباں کس اضا (ـــ کس ک ، ی مج) امذ .

گریبان کی دھجی .

یہ نوبت اب تو پہنچی ہے جنوں میں ضعف کے ہاتھوں
بڑی مشکل سے تار اک ہاتھ آتا ہے گریباں کا

۱۹۰۴ احسن الکلام ، ۵۲

[تار + گریباں (رک)]

ـــ گھاٹ لینا محاورہ .

اندازہ قائم کرنا ، جانچنا ، جائزہ لینا ، موقع محل وغیرہ معلوم کرنا .

اس نے فرانسیسی فوج کی بیرونی مورچہ بندیوں کو بڑی احتیاط سے جانچا اور اچھی طرح غنیم کی لشکر آرائی کا تار گھاٹ لیا .

۱۹۰۷ نپولین اعظم ، ۱ : ۶۸

ـــ گھر (ـــ فت گھ) امذ .

تار برقی کا وہ محکمہ جہاں تار برقی سے تار دیے اور وصول کیے جاتے ہیں ، ٹیلیگراف آفس ، تار دینے کا دفتر .

مرزا صاحب نے ایک لائق انگریزی خواں سے تار کا مضمون لکھوایا اور اسی دم تار گھر بھیجا .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۴ : ۱۰۹

بنے ہیں تار گھر اور ڈاک خانے
لگے ہیں ریلوے کے تانے بانے

۱۹۱۵ کلام محروم ، ۱ : ۱۳۱

[تار + گھر (رک)]

ـــ لَگا رہنا محاورہ .

کچھ (کپڑا یا دھجی وغیرہ) باقی رہنا .

ٹانکنے چاک گریباں کو تو ہر بار لگا
ہاتھ کٹواؤں جو ناصح رہے اب تار لگا

۱۸۵۱ مومن ، ک ، ۱۵

ـــ لَگانا . محاورہ .

سلسلہ قائم کر دینا ، تار باندھنا ، کوئی کام برابر کیے جانا .

اے ابر بہاری تجھے رحمت میں کہوں جب
جو وصل کی شب تار لگا دیوے تو جھڑکا
۱۸۲۱ کلیات صنعت ، ۱۲

یہ نہیں کیا کہ اگر کوئی افسر تھوڑے دنوں کے لیے رخصت لے جس میں کچھ زیادہ عرصہ نہ لگے تو ایسی حالت میں تبدیلیوں کا تار لگایا جاے .
۱۹۰۷ کرزن نامہ ، ۵۹

ــ لگا نہ رکھنا محاورہ .

تسمہ لگا نہ چھوڑنا ؛ کسر باقی نہ رکھنا ، (مجازاً) کوئی تعلق باقی نہ رکھنا .

بڑھ کے گہ ایسی ہی لگا پیاری
نہ رہے جو لگا کمر کا تار
۱۷۹۸ سوز ، د (ق) ، ۱۱۸

ــ لگنا محاورہ .

سلسلہ بندھنا ، کسی کام کا پیہم و مسلسل ہوے جانا .

ایک دن رات جو برف کا تار لگا تو در و دیوار زمین و آسمان تمام سفید .
۱۸۷۲ سخندان فارس ، ۲ : ۱۸۸

چھوٹے خاصے ، بڑے خاصے کے خوان سر پر لئے چلی آتی ہیں ، خوانوں کا تار لگ رہا ہے .
۱۸۸۵ بزم آخر ، ۱۲

ــ مار امث .

پریشان ، تتر بتر ، درہم برہم ، مار دھاڑ .

خلق میں تار مار نا کرنا عقل کا کاروبار نا کرنا
۱۷۶۸ قربی ، ک ، ۶

[تار + مار (تابع)]

ــ مخبر (— ضم م ، سک خ ، کس ب) امذ .

تار برقی ، لولی گراف کا محکمہ .

یہاں محکمہ بندوبست چندے مقرر رہا ، بعد ازاں صاحبان تار مخبر یعنی ٹیلی گراف والوں کا قبضہ رہا .
۱۸۶۴ تحقیقات چشتی ، ۸۹۷

[تار + مخبر (رک)]

ــ مسطر کس اضا (— کس م ، سک س ، فت ط) امث .

وہ دھاگا جو مسطر میں لگاتے ہیں .

لکھا ہوں شکوۂ زلف دراز سرو ذقاں
کتاب سینہ اوپر کھینچ تار مسطر آہ
۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۴۰۴

[تار + مسطر (رک)]

ــ ملانا محاورہ .

(موسیقی) جن آلات موسیقی میں تار استعمال ہوتے ہیں ان کے تاروں کو ہم آہنگ کرنا .

کوئی طنبورے کا ملاوے تار
ڈھمڈمی ساتھ کوئی بجاوے ستار
۱۸۰۲ حسرت ، طوطی نامہ ، ۶۲

ان کے ہاتھ میں سارنگیاں اور دوسرے باجے تھے اور وہ بیٹھ کر تار ملانے لگیں .
۱۹۳۱ الف لیلہ و لیلہ ، ۲ : ۳۱۱

ــ نظارہ کس اضا (— فت ن ، شد ظ ، فت ر) امذ .

رک : تار نگاہ .

نگہ کی جو ان کی طرف ایک بار
بنا تار نظارہ پھولوں کا ہار
۱۸۷۳ مثنوی جلوۂ اختر ، بے خود ، ۹۰

ــ نظر کس اضا (— فت ن ، ظ) امذ .

نگاہ کا بار بار آنے جانے کا سلسلہ ، لگا تار دیکھنے کا عمل .

حال نہ پوچھو عشق کمر میں گھل گئے بالکل ہوگئے لاغر
سب کی نظر سے اب تو ہیں غائب بن گئے گویا تار نظر ہم
۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۱۲۰

جس ذرے کو دیکھوں وہ بنے وادیٔ ایمن
تار نظر و برق تجلی کو ملادے
۱۹۳۰ نقوش مانی ، ۱۵۶

[تار + نظر (رک)]

ــ نفس کس اضا (— فت ن ، ف) امذ .

سانس کی آمد و رفت کا سلسلہ ، سانس .

ہوا ہے تار نفس رشتۂ پر پرو از
ہمیں تو زندگی قید فرنگ ہے صیاد
۱۷۹۵ قائم ، د (ق) ، ۵۳

غلام اس کے اگر جو بندۂ اخبار غیبی ہوں
خبر تار نفس کی ڈاک پر بھجوائے روحانی
۱۸۴۷ کلیات منیر ، ۱ : ۱۴

آپ نے میری خبر نہ لی اچھا نہ لو لیکن میں تو جب تک میرے تار نفس باقی ہیں آپ کو الفت کی لپیٹیں لپیٹتا رہوں گا .
۱۹۲۱ گاڑھے خاں کا دکھڑا ، ۹

[تار + نفس (رک)]

ــ نکالنا محاورہ .

۱. کشیدہ کاری کے لیے کپڑے میں سے تاگے نکالنا (نوراللغات) .

۲۔ کھوج نکالنا ، سراغ لگانا ، پتا لگانا ۔
ناتوانوں کے کلو گیر قضا ہو سب جھوٹ
ہم نے جب تار نکالا تو گریباں نکلا
۱۹۰۵ داغ ، زبان داغ ، ۲۷۵

۳۔ سویاں تیار کرتے وقت انھیں بڑھا بڑھا کر لمبا اور باریک بنانا ، سویاں بٹنا (فرہنگ آصفیہ ؛ جامع اللغات ؛ نوراللغات) ۔

— نکلنا محاورہ ۔

تار نکالنا معنی نمبر ۲ (رک) کا لازم ۔
اس بات کا تار نکلا یعنی اصل ماہیت دریافت کی ۔
۱۸۸۵ زبان داغ ، ۲۷۵

— نگاہ/نگہ کس اضا (— کس ن/فت مج گ) امذ ۔

رک : تار نظر ۔
پیری میں نوجوان ہوئی امید دید قطع
تار نگاہ ٹوٹ چلا خام ہوگیا
۱۸۵۳ دفتر فصاحت ، ۵۳

واں خود آرائی کو تھا موتی پرونے کا خیال
یاں ہجوم اشک سے تار نگہ نایاب تھا
۱۸۶۹ غالب ، د ، ۱۴۵
[تار + نگاہ]

— نہ ٹوٹنا محاورہ ۔

تسلسل موقوف نہ ہونا ، تار بندھا رہنا ، سلسلہ جاری رہنا ۔
اس کے بعد مسلسل وحی نازل ہونا شروع ہوگئی اور اس کا تار اس وقت تک نہ ٹوٹا جب تک حیات طیبہ کا ظاہری سلسلہ منقطع نہ ہوگیا ۔
۱۹۳۲ سیرۃالنبی ، ۳ : ۳۰۵

— والا صف ۔

ٹیلیگراف آفس یا محکمۂ تار برقی کا برقی پیغام (تار) پہنچانے والا چپراسی ۔
تار والے نے دروازے پر دستک دی ۔
۱۹۲۰ مس عنبرین ، ۴۷

— وپود/پود (— و مج ، و مع) امذ ۔

۱۔ (سوت وغیرہ کے) وہ تار یا دھاگے جو کپڑا بننے کے لیے طولاً و عرضاً قائم کیے جاتے ہیں ، تانا بانا ۔
رقیباں اپنے تار و پود میانے بلجے غم سیتی
خدایا ان کے بستر کوں نہ کر ہرگز کدھیں گسترد
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۹۲

کیا رگ گل سے ہے میرے رخت تن کا تار و پود
جب بہار آئی گریباں پارا پارا ہو گیا
۱۸۷۶ بیاض سحر ، نواب علی خان ، ۸

ہے میری جرأت سے مشت خاک میں ذوق نمو
میرے فتنے جامۂ عقل و خرد کا تار و پو
۱۹۳۵ بال جبریل ، ۱۹۳

۲۔ (مجازاً) نظم و نسق کے اصول و ذرائع ۔
جس سلطنت کے کل تار و پود غیر ملک اور غیر مذہب کے لوگوں کے ہاتھ میں ہوں اس ملک کا خدا ہی حافظ و ناصر ہو سکتا ہے ۔
۱۸۹۳ بست سالہ عہد حکومت ، ۲۶۵

اف : بکھرنا ، بکھیرنا ، بُننا ۔
[تار + و عطف + ف : پو/پود (رک)]

— ہونا محاورہ ۔

۱۔ ٹکڑے ہونا ، پھٹ جانا ۔
گریبان غبار تیرہ و تار ہوا مقراض صرصر سے جو سوتار
۱۸۶۲ طلسم شایان ، ۹۵

۲۔ تاریک ہونا ، اندھیرا ہونا ۔
جانب صحرا سے ایک تند و تیز آندھی نمودار ہوئی اور ساری خدائی اس گرد و غبار سے مثل شب دیجور سیاہ و تار ہوگئی ۔
۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۳۱

تارا امذ ۔

۱۔ ستارہ ، نجم ، کوکب ۔
یا جوں ہوا میں تارا یا تھال ڈھلے جوں پارا
۱۵۸۲ جانم ، کلمۃ الحقائق ، ۴۴

جن اس جو چتر کوں ہے چتارا کشتی کوں کلام کے ہے تارا
۱۷۰۰ من لگن ، ۳۹

جب فجر کا تارا نکلتا اور موذن اذان دیتا محلی اسی راہ سے اس جوان کو اس کے گھر پہنچا دیتا ۔
۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۵۱

چاند سورج تارے ایسی چیزیں نہیں کہ انسان کسی زمانے میں ان سے غافل رہا ہو ۔
۱۹۵۱ سیر افلاک ، ۱۶۷

۲۔ آنکھ کی پتلی ، مردمک چشم (عموماً آنکھ کا مضاف ہو کر مستعمل ہے) ، ہمارا ۔
نگہ مہر سے دیکھو جو ذرا تم مجکو
آنکھ کا تارا سمجھنے لگیں مردم مجکو
۱۸۷۲ مظہر عشق ، ۱۳۵

۳۔ وہ تارے جو دماغی صدمے یا کمزوری کے سبب یا بیماری میں فتور کی وجہ سے آنکھ کے آگے نظر آتے ہیں ، (یہ لفظ اکثر بصورت جمع رائج ہے) ، ترمرا ۔

ابتدائی علامات یہ ہیں آنکھ کی روشنی کم ہوتی ہے اور تارے نظر آنے لگتے ہیں .

۱۹۶۲ عطاء اللہ ، کتاب العین ، ۵۴

۴. (فن کبوتر بازی) (مجازاً) کبوتر .

کبوتر باز وہ تھے کہ دو سو تاروں کی ٹکڑی سدھائی تھی .

۱۹۵۴ اپنی موج میں ، ۳۸

۵. نچھتر جس سے منجم و ماہر نجوم سعد و نحس کا حساب اور زائچۂ انسانی مرتب کرتے ہیں ، ستارا ، (مجازاً) قسمت ، تقدیر .

تیسرے تاروں سے پانی مانگنا یعنی یوں سمجھنا کہ فلانا نچھتر جب فلانی جگہ آوے گا تب ہی پانی برسے گا .

۱۸۳۰ تقویۃ الایمان ، ۲۴۷

وہ رو کر بولی نہیں بھگوان میرا تارا بہت ہی خراب ہے مجھے . . . کرو .

۱۹۳۶ پریم چند ، پریم چند کے افسانے ، ۳۰

۶. (بطور صفت) نہایت بلند یا نیچا ، نہایت فاصلے پر (فرہنگ آصفیہ) .

[س : تارا तारा]

— اُترنا محاورہ .

تارے کا آسمان سے زمین پر آنا نوز مجازاً .

حصہ میں ستارا نہیں یہ اور کسی کے
تارا یہ وہ ہے گھر میں جو اترا ہے علی کے

۱۸۷۳ انیس ، مراثی ، ۲ : ۳۶۵

— برس (— ف ب ، ر) امذ .

ثوابت و بروج سے متعلق سال ، فلکی سال (پلیٹس) .

[تارا + برس (رک)]

— پاتھ امذ .

(نجوم) ستاروں کی چال کا راستہ ، فلک پر تاروں کی گردش (پلیٹس) .

[تارا + پاتھ (رک)]

— پلاؤ (— ضم پ ، و مج) امذ .

وہ پلاؤ جو پسندے قیمہ انڈے اور دوسرے مصالحوں کے ساتھ متعارف طور پر پکایا جاتا ہے اس میں چاولوں کے ساتھ قیمے کی بنی ہوئی چھوٹی چھوٹی گولیوں کی تہ جمائی جاتی ہے .

مگر پہلے ذرا تیز آنچ پر رکھ کر مندی آنچ پر دم دیں ، ایک گھنٹے کے بعد پلاؤ کو دیکھیں تارا پلاؤ تیار ہے .

۱۹۴۷ شاہی دستر خوان ، ۱۳۲

[تارا + پلاؤ (رک)]

— ٹوٹنا محاورہ .

۱. رات کی تاریک فضا میں کسی روشن لکیر کا پیدا ہونا ، شہاب ثاقب کا فضا میں نمودار ہونا .

الجھ کے زلف سے یوں ٹوٹے موتی کے بالے
کہ تارے رات کو اس طرح ہوں گے کم ٹوٹے

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۳۱۷

۲. کسی چھوٹی چیز کا شکستہ ہونا .

دل کا چھالا پھوٹا ہوتا کاش یہ تارا ٹوٹا ہوتا

۱۹۱۵ کلکدہ ، عزیز ، ۴۲

— جھلملانا محاورہ .

ستارے کا کبھی زیادہ کبھی کم کم چمکنا (برسات کے موسم میں ستاروں میں جو حرکت قبض و بسط کی نظر آتی ہے اس کو تارے جھلملانا کہتے ہیں) (عموماً جمع کے طور پر) .

مرے رونے سے اب کی اس قدر برسات چمکی ہے
کہ تارے جھلملا جاتے ہیں جب جگنو چمکتے ہیں

۱۸۷۸ بحر (نوراللغات)

— چمکنا محاورہ .

عروج ہونا ، طالع بلند ہونا ، ترقی ہونا .

وہ جبیں جس سے کہ اقبال کا تارا چمکے
وہ بھویں جس سے کھلے عقدہ مالا بنحل

۱۸۸۴ قدر (نوراللغات)

جگنو کا ہوا میں یہ اشارا ظلمت کا چمک رہا ہے تارا

۱۹۰۵ محسن ، کلیات نعت ، ۱۲۷

— دکھانا محاورہ .

۱. مسلمان عورتوں میں رسم ہے کہ زچہ کو چھٹی کے دن نہلا دھلا کر دلہن بناتے ہیں اور گود بھر کر چھلنی میں روشنی دکھاتے ہیں ، اس موقع پر قرآن مجید اس کے سر پر رکھا جاتا ہے (نوراللغات) .

۲. کبوتر بازوں کی رسم ہے کہ وہ رات بھر اڑنے والے بلند پرواز کبوتر کو تاروں میں اڑنے سے مانوس کرنے کے لئے اس کے منہ پر چھلنی رکھ کر تارے یا چراغ دکھاتے ہیں (نوراللغات) .

۳. بد حواس کر دینا ، پریشان کرنا .

خال اب نہ تہ زلف سیہ فام دکھاؤ
تارا مجھے مت ایک سر شام دکھاؤ

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۱۹۳

— دن (— کس د) امذ .

رک : تارا کال ، تارا برس (پلیٹس) .

[تارا + دن (رک)]

— ڈوبنا محاورہ .

۱. ستارہ غروب ہونا .

دل خیال رخ دلبر میں ہمارا ڈوبا
صبح ہوتے ہوئے کل شب کو یہ تارا ڈوبا

جلال (نوراللغات) ۱۹۰۹

۲. (نجوم) زہرہ کا غروب ہونا اس زمانے میں ہندو کوئی مبارک کام نہیں کرتے (نوراللغات) .

— سی آنکھیں امث .

چمکدار روشن صاف شفاف آنکھیں ، حسین آنکھیں .

ہمیں صاف ان کے نظارے ہوئے ہیں
وہ تارا سی آنکھوں کے تارے ہوئے ہیں

دیوان مہر ، ۱۳۸ ۱۸۴۶

— سی آنکھیں ہو جانا محاورہ .

آنکھوں کا آشوب دور ہو جانا ، آنکھوں کا مول کچیل سے صاف ہو جانا .

سب نے کہا دو دن گھرا نکالے تیسرے دن تارا سی آنکھیں ہو جائیں گی .

صبح زندگی ، ۶۰ ۱۹۰۸

— کال امذ .

فلکی وقت یا زمانہ ، زمان فلکی (پلیٹس) .

[تارا + کال (رک)]

— گرنا محاورہ .

مقدر خراب ہونا .

یا تو میری جبیں کا تارا گرا ہوا ہے
رفعت کو چھوڑ کر جو پستی میں جا بسا ہے

بانگ درا ، ۱۸۹ ۱۹۲۴

— گرہ (— کس گ ، ر) امث .

سورج اور چاند کے علاوہ پانچ دوسرے ذہلی ستاروں کا گروہ (پلیٹس) .

[تارا + گرہ (رک)]

— گن (— فت گ) امذ ؛ ~ تارا اگن .

میزبان ستارے ، ستاروں کا گروہ (پلیٹس) .

آکاش میں تارا گن بمب پر چڑھے پھرتے ہیں . . . اسی پرکار پھر بھوت اور تارا اگن پیدا کیے .

ترجمہ جوگ بشسٹھ ، ۱ : ۳۳۷ ۱۸۹۰

[تارا + گن ، اگن (رک)]

— مچھلی (— فت م ، سک چھ) امث .

یہ حیوان حیوانات کے اس گروہ سے تعلق رکھتا ہے جن میں ریڑھ کی ہڈی نہیں ہوتی ، چونکہ اس کی شکل تارے کی مانند ہوتی ہے اس لئے اسے تارا مچھلی کہا جاتا ہے (حیوانیات ، ۹) Echinoderm نوع Asteroidea ، عموماً پانچ یا اس سے زیادہ چمکدار بازو والی مچھلی .

تارا مچھلی بھی اس میں شامل ہے
ہوتی ہے پانچ ہاتھ جو لمبی

سائنس و فلسفہ ، ۴۶ ۱۹۱۶

جن میں ریڑھ کی ہڈی موجود نہیں ہوتی ایسے حیوانوں کو سائنس کی زبان میں غیر فقریئے یا بے ریڑھ کے حیوانات کہتے ہیں مثلاً اسفنج ، فالودہ مچھلی ، تارا مچھلی .

حیوانیات ، ۸ ۱۹۳۰

[تارا + مچھلی (رک)]

— مکھی (— فت م ، شد کھ) امث .

مرقشیثا ، حجرالمنور و مرقشیثا ، فلزات کی کان سے نکلتا ہے (کلید عطاری ، ۵۵) .

[تارا + مکھی (رک)]

— منڈل (— فت م ، سک ن ، فت ڈ) امذ .

۱. ستاروں کا حلقہ ، کنڈل .

تارا منڈل سمیت چندر ماں تھکت ہو کرنوں سے امرت برساتا تھا .

ہریم ساگر ، ۵۶ ۱۸۰۳

ہر منطقے کے اپنے چند مخصوص سیارے اور تارا منڈل تھے .

ماضی کے مزار ، ۵۹۳ ۱۹۶۹

۲. آتش بازی کی ایک قسم ، اڑان گولا ، ہفت رنگ ، چھتہ ہوائی .

گولا پھٹتے وقت کھل کر سرخ سبز پھولوں کی شکل فضا میں بکھر جاتی ہے اس منظر کی وجہ (سے) اس قسم کے گولے کو . . . تارا منڈل کہا جاتا ہے .

اصطلاحات پیشہ وران ، ۸ : ۷۲ ۱۹۴۴

[تارا + منڈل (رک)]

— میرا (— ی مع) امذ .

سرسوں رائی اور توریا کی قسم کا پودا جس کے بیجوں کا تیل نکالا جاتا ہے جو کھانے میں استعمال ہوتا ہے اور اس کی کھلی چارے کے لیے استعمال کی جاتی ہے .

بنولے کے علاوہ توریے ، سرسوں اور تارا میرا کی کھلی بھی عام طور پر دی جاتی ہے .

چارے ، ۳۲ ۱۹۶۶

[تارا + میرا (رک)]

— وَلی (— فت و ، بشد ل) امث .

۱. ستاروں کا سنڈل .
اگر چار کم ہوں تو تارا ولی کہتے ہیں .
۱۹۳۹ آئین اکبری ، ۲ : ۲۲۱

۲. (موسیقی) نغمے کی ایک لے .
اگر ایک تال کم ہو تو آندلی اور . . . اگر چار کم ہوں تو تارا ولی کہتے ہیں .
۱۹۷۵ ہندوستانی تہذیب کا مسلمانوں پر اثر ، ۳۶۶

[تارا + ولی (رک)]

— ہوجانا/ہونا محاورہ .

۱. ستارے کی مانند ہوجانا یا تارے کی طرح چھوٹا دکھائی دینا ، آسمان سے لگ جانا .
اس کے کوچے تک پہونچنے کا جو یارا ہو گیا
ہو الہوس نخوت سے یہ اوچھلا کہ تارا ہو گیا
۱۸۹۹ دیوان ظہیر دہلوی ، ۱ : ۵۶

۲. اتنی ترقی کر لینا کہ تارے کی مانند عسیر الحصول ہونا ، شہرت کی بلندی پر پہنچ جانا (پلیٹس) .

۳.(i) کسی چیز کا اتنا نیچا یا پست ہو جانا کہ وہ چھوٹی دکھائی دینے لگے ؛ نہایت نایاب ہو جانا .
یوں تن خاکی میں دل روشن ہمارا ہو گیا
جس طرح پانی کنویں کی تہ میں تارا ہو گیا
۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۵۵

(ii) کسی چیز کا اتنا بلند یا اونچا ہو جانا کہ وہ چھوٹی نظر آنے لگے ؛ کسی چیز کا غائب ہو جانا .
مرتبہ کم حرص رفعت سے ہمارا ہو گیا
آفتاب ایسا ہوا اونچا کہ تارا ہو گیا
۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۲

تارا تاری امث .

باہم تار برقی کے ذریعے پیغام کی ترسیل و وصولی .
معلوم ہوا ہے کہ جو نا گوار تارا تاری غلط فہمیوں سے ہوئی اس کا آپ کو بہت رنج ہے .
۱۸۸۸ مکاتیب محسن الملک ، ۱ : ۲۳

[تار (رک) + ا ، اتصال و تسلسل + تار (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

تاراج امذ .

۱. لوٹ مار ، غارت ، دست برد ، برباد .
زمیں تھے اجت لگ ہے تاراج اس
اجت تھے جھمکتا ہے بے تاج اس
۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۶۱۷

جو عمل دل کے مراقب باج ہے
نقد اس برباد پور تاراج ہے
۱۷۵۴ ریاض غوثیہ ، ۱۳۱

دیکھیو ضد تب رہا صیاد نے مجکو کیا
باغ سب تاراج جب باد خزاں سے ہو گیا
۱۸۲۴ مصحفی ، د (انتخاب رام پور) ، ۲۸

وہ شخص جس کی زندگی غریبوں کے قبرستانوں کی طرح تاراج ہے اس مفلس فقیر آدمی کو تو شہنشاہ بناتا ہے .
۱۹۰۷ سفید خون ، ۵۳

۲. (تصوف) سالک کا اختیار کل اعمال اور احوال ظاہری اور باطنی میں سلب ہو جانے کو کہتے ہیں (مصباح التعرف ، ۶۹) .
اف : کرنا ، ہونا .

[ف]

— گاہ امث .

لوٹ کی جگہ ، غارت گری کی جگہ (نور اللغات) .
[تاراج + گاہ (رک)]

— گر صف .

غارت گر ، برباد کرنے والا (نور اللغات) .
[تاراج + گر ، لاحقۂ صفت]

تاراجی امث .

بربادی ، لوٹ مار .
گیا ہے جب سے تو اے رشک نو بہار ارم
چمن میں دل کے ہے تارا جی خزاں الم
۱۷۹۴ بیدار ، ۵ ، ۱۲۱

روے نورانی دکھا کر خلق کو غارت کیا
وقت تاراجی بجھا دیتے ہیں سب رہزن چراغ
۱۸۵۳ دیوان برق ، ۲۰۶

حرم والوں کی تاراجی ارم والوں کی بربادی
یہ سب ہوتا رہے دنیا میں اور اہل حیا دیکھیں
۱۹۳۰ بے خود موہانی ، ک ، ۱۳۶

[رک : تاراج + ی ، لاحقۂ کیفیت]

تا رارارا امث .

گانے کی الاپ ، گانا شروع کرنے سے پہلے دھن موزوں کرنے کے لیے گلے سے آواز نکالی جاتی ہے .
مثا : (گاتی ہے) تارا رارا ، تارا رارا .
۱۹۷۶ تین بہنیں ، ۱۱۰

[حکایۃ الصوت]

تار پتری (ف پ ، سک ت) اسث (قدیم) .

سونے کے تاروں سے بنا ہوا کپڑا .

کبھی شال سر پر نزاکت کی لے
پچھوڑی کبھی تار پتری کی ہے

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۲

[تار + پتری (رک)]

تار پیڈو (ی مج ، و مج) امذ .

آبدوز کشتی سے خود چلنے والا حربہ جس کا ہدف عموماً بحری جہازوں کو بنایا جاتا ہے ، بحری جنگوں میں اس کو جہاز ڈبونے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے .

حضرت کیا وہ موصل کہ جن سے مصنوعی جھٹکا ملتا ہے
تار پیڈو سے بھی جھٹکا لیویں گے .

۱۸۳۳ ستہ شمسیہ ، ۶ : ۹۹

جہاز بڑا تھا تاہم تار پیڈو کی زد سے اسے دھکا ضرور پہنچا .

۱۹۴۰ آبدوز کشتیاں و سپرنگ ، ۱۲

[انگ : Torpedo]

تار پین (ی مع) امذ .

ایک خاص قسم کی تیز بو والا پتلا روغن جو ایک قسم کے صنوبر کے درخت سے رال کے ساتھ ملا ہوا نکلتا ہے اور عمل تقطیر (فلٹر) کے ذریعے رال سے علیحدہ کر لیا جاتا ہے بد تیل جلد پر ملا جائے تو اسے سرخ کر دیتا ہے اور خراش پیدا کرتا ہے لیکن اس کے بعد سکون دیتا ہے اور جلد کو من کر دیتا ہے دافع عفونت ہے سونے کے امراض میں بطور مالش کثرت سے استعمال ہوتا ہے (کتاب الادویہ ، ۲ : ۱۱۰ ، ۱۱۱) .

[انگ : Turpentine]

تار پیہ (ی مع) امذ (قدیم) .

ریشمی کپڑا .

قدیم زمانے میں ریشمی کپڑے کو لوگ تاریہ اور اونی کپڑے کو شمول کہتے تھے .

۱۹۷۲ ہمارا سماج ، ۱۸۲

[؟]

تارخ (ف ر) امذ ؛ ← تارک .

مرکا اوپری حصہ ، چندیا ، تالو .

جو یک بند پیوے کوئی تو سینے کوں لگے
اٹھے آگ تلویاں تے تارخ تلگ

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۹۵

نرم تارخ اور پرجیبی اور تانسلز زیادہ سرخ ہوتے .

۱۸۶۰ نسخۂ عمل طب ، ۸۳

[٥]

ـــ کو جیب نشیں لگانا محاورہ .

مسلسل گفتگو کرنا ، باتونی ہونا (ڈکشنری ہندوستانی اینڈ انگلش ، شیکسپیر) .

تارک (ف ر) امذ .

۱. مانگ ، سر کا درمیانی حصہ (نوراللغات) .

۲. آپنی ٹوپی ، خود ، مغفر (نوراللغات) .

۳. سر کا اوپر کا حصہ ، تالو ، (عموماً) سر ، کاسۂ سر .

مہاراج سلطان عبداللہ نانوں
ثریا کے تارک پہ اوس کا ہے پاؤں

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۶

مت رکھیو گرد تارک عشاق پر قدم
پامال ہو نہ جائے سر افراز دیکھنا

۱۸۵۱ مومن ، د ، ۳۳

بغداد جو تارک اسلام کا تاج تھا اس طرح برباد ہوا کہ آج تک نہ سنبھل سکا .

۱۹۰۶ سوانح مولانا روم ، ۳۳

۴. پہاڑ کی چوٹی (نوراللغات) .

۵. آنکھ کی پتلی (قدیم اردو کی لغت) .

[ف]

تارک (کس ر) صف .

ترک کرنے والا ، چھوڑنے والا ، دستکش ، محترز ، تیاگی .

سودا سے کہا کیوں تو ہوا عشق سے تارک
ہوں میں سبب ترک کے مشتاق بیاں کا

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۳

لہذا اس ترغیب سے وہ نیک عمل کریں اور فعل بد کے تارک ہوں .

۱۸۷۳ عقل و شعور ، ۶۶

اگر یہ سچ ہے تو پھر فصل گل نہیں آئی
شراب خوار کوئی تارک شراب ہوا

۱۹۳۴ اعجاز نوح ، ۴۳

[ع]

ـــ الدنیا (ـــ ضم ک ، غم ا ، شد د بضم ، سک ن) صف .

وہ شخص جس نے دنیا کو چھوڑ دیا ہو ، گوشہ نشیں ، ان ہاسی ، پرہیز گار .

آٹھ سو بت پرست ایسے تھے جو تارک الدنیا ہو چکے تھے .

۱۸۹۷ دعوت اسلام ، عنایت اللہ ، ۳۰۶

اُلّو کی زندگی بود و باش ایک با خدا تارک الدنیا درویش کی سی ہے .

۱۹۱۲ سی پارۂ دل ، ۶۱

[تارک + ال (۱) (رک) + دنیا (رک)]

ـــ الصّلواۃ (ـــ ضم ک ، غم ا، ل، شد ص بفت، ا بشکل و) صف .

وہ شخص جس نے نماز چھوڑ رکھی ہو ، بے نماز .

معلوم ہوا تارک الصلوۃ سے بدتر کوئی مخلوق دنیا میں نہیں .

۱۸۸۸ تفسیر ابر کرم ، ۹۲

[تارک + ال (ا) (رک) + صلواۃ (رک)]

ـــ المرکَز (ـــ ضم ک ، غم ا ، سک ل ، فت م ، سک ر ، فت ک) امذ ؛ صف .

جو جسم کسی دائرے پر گردش کرتا ہے تو گردش کے زور سے اس میں یہ طاقت پیدا ہو جاتی ہے کہ وہ دائرے سے باہر نکل جائے اس طاقت کا نام تارک المرکز ہے (عقل و شعور ، ۲۳۰) .

[تارک + ال (ا) (رک) + مرکز (رک)]

ـــ الوضع (ـــ ضم ک ، غم ا ، سک ل ، فت و ، سک ض) صف .

وہ شخص جو اپنا لباس چھوڑ دے ، اپنی معاشرت یا چلن چھوڑنے والا .

تارک الوضعوں میں دو چار نے پایا ہے عروج
خیر اتنے شہدا تھے تو یہ غازی بھی سہی

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۲ : ۶۴

[تارک + ال (ا) (رک) + وضع (رک)]

ـــ الوطَن (ـــ ضم ک ، غم ا ، سک ل ، فت و ، ط) صف .

جو مستقل طور پر مکان شہر یا ملک چھوڑ دے .

تارک الدنیا اور تارک الوطن ہونا خالہ جی کا گھر نہیں .

۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۱۲

ـــ مُوالات کس اضا (ـــ ضم م) امذ ؛ صف .

وہ شخص جو حکومت سے تعاون نہ کرے ، ترک موالات پر عامل (یہ تحریک انڈین کانگریس نے انگریزی حکومت سے اپنے مطالبات منوانے کے لیے چلائی تھی) .

قیامت یہ کی ہے اسے اس کے کلام سے بہت بڑا مجب وطن قوم پرست اور تارک موالات ثابت کیا ہے .

۱۹۳۷ ادبی تبصرے ، ۴۸

[تارک + موالات (رک)]

ـــ نَماز کس اضا (ـــ فت ن) صف .

رک : تارک الصلواۃ .

تارک نماز کافر سمجھ .

۱۶۳۵ تحفۃ المومنین ، ۲۷

[تارک + نماز (رک)]

تارکول (و مج) امذ ؛ ~ کول تار .

ایک سیاہ سیال اور لیس دار مادہ جو لکڑی اور پتھر کے کوئلے جیسی چیزوں سے نکالا جاتا ہے اور گھن اور زنگ سے بچاؤ کے لیے لکڑی اور لوہے پر لگایا جاتا ہے اور سڑکوں کی تعمیر میں سڑکوں پر بچھایا جاتا اور چھتوں پر بھی ڈالا جاتا ہے تاکہ چھت پانی سے محفوظ ہو جائے ، ڈامر .

موئے کا پیٹ تو دیکھو جیسے پھٹا ہوا ڈھول
اور صورت تو دیکھو جیسے بھرا ہوا تارکول

۱۸۶۸ دل فروش ، ۱۰

مزا کڑوا اور رنگ تارکول کی طرح سیاہ ہے .

۱۹۲۳ سیرۃ النبی ، ۳ : ۹۰

[انگ : کول تار Coal-tar]

تارَن (۱) (فت ر) اسث .

کھوریل یا چھپر کا بانس وغیرہ کا تیار کیا ہوا ڈھانچ ، جس پر پھونس یا کویلو جمائے جاتے ہیں ، ٹھاٹ ، ٹھاٹر (ا پ و ، ۱ : ۱۳) .

[مقامی]

تارَن (۲) (فت ر) اسث .

ایک قوم جس کے مورث اعلیٰ سید طاہر آب شناس سلطان محمود غزنوی کے لشکر میں تھے .

قوم تارن کے بطن سے جو اولاد ہوئی ان کا نام مشوانی ہو گیا .

۱۹۲۹ تذکرہ کاسلان رام پور ، ۳۷۴

[علم]

تارَن (۳) (فت ر) صف ؛ امذ ؛ اسث .

۱. **آزاد کرانے والا ، نجات دلانے والا ، بچانے والا .**

کون ہر ہرن مرشد ہر ہرن نوشہ مرشد تارن ترن

۱۶۵۴ گنج شریف ، ۹۱

۲. **کشتی یا تختہ جس پر پانی میں جان بچائی جائے یا سفر کیا جائے ، بانس کا ڈھانچہ یا چوکٹھا جو مکان کی چھت بنانے میں کام آئے ؛ پار اترنا ، اترائی ، آزادی ، نجات (پلیٹس) .**

[س : तारक تارن]

ـــ ہار امذ .

نجات دینے والا .

سگری عمر میں نے پاپ کمائے ، لکھوں کروڑ ہزار
ایسے ادھم کو ٹھور کہاں ہے ، تم بن تارن ہار

۱۸۶۸ رسوم ہند ، ۱۲۱

[تارن + ہار (رک)]

تارنا (سک ر) ف م .

پار اتارنا ، نجات دلانا ، آزاد کرانا .

اس سبھا ایسی ایک بات سے سمجھی جا سکتی ہے کہ وہ اپنے بزرگوں کے تارنے کے لیے گنگا کو پرتھوی پر لایا .

۱۹۲۰ یوگ واشسٹ ، ۲۷۲

[س : تاریہ (ت) (ति) तारय]

تارو (و مج) امذ ؛ ~ تھارو .

رک : تھرا ، تمھارا .

تارو کیڑولے جا تو تارے گھوڑے
یہاں تھی تمھیں کاج تارو سرے

۱۹۶۷ اردو کی قدیم منظوم داستانیں ، ۱ : ۱۶۵

تاروا (و مع) امث .

چھوٹی کشتی (قدیم اردو کی لغت) .

[مقامی]

تاروڈ (سک ر ، فت و) امذ .

(ہندو) بزرگوں کا سلسلہ .

جنوبی مابار میں مردوں اور عورتوں دونوں کے لیے یہ حد کا حلقۂ تاروڈ ہے تاروڈ کے مفہوم میں وہ تمام ارکان داخل ہیں جن کا سلسلۂ نسب (صرف بہ ذریعۂ عورت) ایک عورت مورث سے جا ملتا ہو .

۱۹۳۱ قانون و ازدواج ہنود ، ۱ : ۱۵۹

[مقامی]

تاروں (و مج) امذ ؛ ج .

تارا (رک) کی جمع ، تراکیب میں مستعمل .

رات تھی تاروں بھری خاموش تھی سب کائنات
میں بھی تھا بیٹھا ہوا تاروں کی ٹھنڈی چھاؤں میں

۱۹۳۱ چمنستان ، ظفر علی خاں ، ۱۸۴

ـــ بھری (— فت بھ) صف .

(وہ کپڑا یا اوڑھنی) جس میں ستارے ٹنکے ہوں .

ایک نوکر فوراً گہرے سرخ رنگ کی تاروں بھری اوڑھنی لے کر حاضر ہوا .

۱۹۲۸ آخری شمع ، ۴۹

[تاروں + بھری ، بھرنا (رک) سے]

ـــ بھری رات (— فت بھ) امث .

بے گرد و غبار والی رات ، ایسی رات جس میں مطلع صاف ہو اور ستارے خوب کھلے ہوئے ہوں .

چنے افشاں جو غیر اس کے کسی رات
الٰہی پھٹ پڑے تاروں بھری رات

۱۸۷۶ سخن بے مثال ، ۳۲

تاروں بھری رات میں کسی وسیع میدان میں جا کے کھڑے ہو جاؤ تو عجیب سین نظر آئے .

۱۹۲۳ مضامین شرر ، ۱ : ۱۰۸

ـــ کا ٹوٹنا محاورہ .

رک : تارا ٹوٹنا ، (مجازاً) رونا ، آنسو بہنا (مشہور ہے کہ جب آسمان پر تارے زیادہ ٹوٹتے ہیں تو کسی آنے والی مصیبت کی نشانی ہے) .

عرق فشانی سے اس زلف کی ہراساں ہوں
بھلا نہیں ہے بہت ٹوٹنا بھی تاروں کا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۲۱

ـــ کی چھانو (— مع) امث .

ستاروں کی روشنی ، علی الصبح جبکہ ابھی شفق نمودار نہ ہوئی ہو .

آج وہ چھاؤں میں تاروں کی سدھارے گھر کو
لگ گئی آگ دھندلکے میں ہمارے گھر کو

۱۸۸۸ صنم خانۂ عشق ، ۱۷۰

تاروں کی چھانوں اٹھتی تھی نور سحر کے ساتھ
ہنستی ہنساتی خندۂ گلہائے تر کے ساتھ

۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۱۷۸

ـــ کی چھانو (چھاں) میں م ف .

پچھلی رات کو ، صبح کا ذب کے وقت ، صبح صادق سے پہلے نور کے تڑکے ، بہت سویرے .

شب و صلت جو وہ زلفوں پہ افشاں چن کے آتے ہیں
سحر دم منہ اندھیرے ، چھاؤں میں تاروں کی جاتے ہیں

۱۸۷۶ سخن بے مثال ، ۶۶

اس بانکپن اور تراش خراش کے ساتھ بہت سی گھروں کی بیٹھنے والیاں زیارت کرنے کے لئے تاروں کی چھاں میں نکل کھڑی ہوتی ہیں .

۱۹۲۶ مضامین شرر ، ۳ : ۹

ـــ کی گِرہ (— کس گ ، فت ر) امث .

(نجوم) چند ستاروں کا ایک جگہ جمع ہو جانا ، رک : تارہ گرہ .

ٹکڑے ہیرے کے بندھے ہوں تو کھلا دے مجھکو
تیری تاروں کی گرہ میں شب یلدا کیا ہے

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۳۲

ــ کی محفل (ــ فت م ، سک ح ، کس ف) امث .

نورانی محفل ؛ عالی مرتبہ فنکار لوگوں کا اجتماع .

بزم عالی چرخ انجم کے مقابل چاہیے
ماہ کامل ہو تمھیں تاروں کی محفل چاہیے

۱۸۴۶ رشک (نوراللغات)

تارہ (فت ر) امذ .

رک : تارا .

وہ شیشہ ہے جیسے ایک تارہ چمکتا ہوا .

۱۹۶۷ اردو دائرۂ معارف اسلامیہ ، ۳ : ۱۵۱

تاری (۱) امث ؛ صف .

تاریکی ، سیاہی ، تاریک ، سیاہ .

اوسکھ سم چندانوں سے جھلکار چھپ میں
اوٹیناں کے انگے چھپے رج تاری

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱۳۳

آج تو ہے وہ مہر ذرہ نواز جس سے روشن ہوئی شب تاری

۱۸۹۵ دیوان راسخ دہلوی ، ۳۱۸

[تار (رک) سے]

تاری (۲) امث (قدیم) .

رک : طاری .

طپش تو ہی آگے ہے ماتم زدہ مصیبت اور نئی تاری نہ کرنا

۱۸۰۲ بہار دانش ، طپش ، ۳۶

مقناطیس اور فلزات کی قلموں کے لمس کرنے سے ایک عجیب قسم کی کیفیت تاری ہوئی .

۱۸۸۸ رسالہ معجزات انسانی ، ۴۴

اف : کرنا ، ہونا .

تاری (۳) امث .

تاڑ کا درخت ، رک : تاڑی .

سہے سب سہیلیاں میں بالی عجب
سروقد ناری او تاری دیسے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۲۳۲

سایر کنجیات آبکاری اور تاری وغیرہ مسکرات حضور سے مشخص کر کے پٹہ دینا ہوا .

۱۸۴۹ کتاب الآغاز ، ۱۷۵

تاری (۴) امث .

آتش بازی کی ایک قسم .

کیا ہوائی باد میں لہرا گئی
تاری سانپوں کے سے من پھیلا گئی

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰۶۲

[تارا (رک) کی تصغیر]

تاری (۵) امث ؛ ضمیر (قدیم) ؛ ــ تمھاری .

تیری ، تمھاری .

گدھڑے چڑاوے تونے موکشے
تاری سوچھ توڑے منہ ماں تھوکشے

۱۸۵۲ اردو کی قدیم منظوم داستانیں ، ۱ : ۱۶۶

تاری (۶) امذ ؛ صف .

محافظ ، نجات دہندہ ؛ تالی ، تالی بجانے کا عمل ؛ کنجی (قدیم اردو کی لغت) .

[مقامی]

تارے امذ .

تارا (رک) کی جمع یا مفہوم حالت تراکیب میں مستعمل .

تھیں چاند باقی ولی تارے
تو سلطان سردار ہیں سارے

۱۵۶۳؟ پرت نامہ (اردو ادب ، جون ۱۹۵۷ع ، ۹۷)

ــ اُتارنا محاورہ .

۱. **تارے توڑ لانا ؛ نا ممکن کام کرنا .**

وہ بولی جو تو کہے زباں سے
تارے تو اتاروں آسماں سے

۱۸۳۸ گلزار نسیم ، ۸

۲. **روشن کرنا ، منور کرنا .**

عیاں فرما کے نور علمک ما لم تکن تعلم
کلام پاک کے تارے اتارے قلب انور میں

۱۹۰۵ محسن ، ک ، ۲۰۸

ــ آنکھوں کے فقرہ .

(مجازاً) نہایت عزیز .

رہنما ہیں جہاز رانوں کے
تارے آنکھوں کی ہیں کسانوں کے

۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۴۰

ــ باندھنا محاورہ .

(عو) ایک قسم کا ٹوٹکا ہے پانی کی جھڑی موقوف ہونے کے لیے کرتے ہیں ، (مجازاً) کسی سلسلے کو روکنا .

رن میں جھڑی لگائی تھی تیغ بلند نے
باندھے تھے مینھ کے کھلنے کو تارے سمند نے

۱۸۷۵ دبیر (نوراللغات)

ــ تار بچر کر بولنا محاورہ (قدیم) .

تفصیل کے ساتھ کہنا .

اپنے دل کی کل بپتہ تارے تار بچر کر بولنا .

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکھنی اردو کی لغت ، ۱۳۱)

— توڑنا محاورہ .

۱. ایسا کام کرنا جو ہر ایک نہ کرسکتا ہو ، حیرت انگیز کام کرنا .

آسمان سحر سے بادشاہ نے تارے توڑے .

۱۸۹۰ طلسم ہوشربا ، ۴ : ۱۳۱

اگر ممکن ہو تو لوگ تمہارے لیے سرگ کے تارے توڑ لائیں.

۱۹۳۵ دودھ کی قیمت ، ۱۶۹

۲. نہایت چالاکی اور عیاری کرنا (نورالغات) .

— جڑنا محاورہ .

کسی سطح پر تاروں کو جمادینا ، ستارے جڑنا ، آراستہ کرنا .

ماہ نو ہر صانع عالم نے تارے جڑ دیئے
جلوہ گر جوہر نہیں ہیں یار کی شمشیر پر

؟ اسیر (مہذب اللغات)

— جھڑنا محاورہ .

ستارے گرنا ، تارے ٹوٹنا .

قطرے پانی کے جھڑے گیسو سے اس کے بعد غسل
کیا تماشا ہے شب تاریک میں تارے جھڑے

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۳۳۱

— جھلملانا محاورہ .

ستاروں کا کبھی نکلنا اور کبھی چھپ جانا .

یہ دیکھا میں نے آہا بعد بارش
لگے تارے بھی سارے جھلملانے

۱۸۷۱ عبیر ہندی ، ۶۸

— چٹکنا / چھٹکنا محاورہ .

۱. تارے کھلنا ، مطلع صاف ہو کر ابر کا جاتا رہنا اور ستاروں کا نکل آنا .

ہوا سے زلف یکسو ہو تو خال رخ دمکتے ہیں
کبھی بدلی گھر آتی ہے کبھی تارے چھٹکتے ہیں

۱۸۴۰ نصیر ، چمنستان سخن ، ۱۴۴

سطح گردوں کی طرح خاک پہ تارے چٹکے
میری آنکھوں سے جو آنسوں شب دیجور چلے

۱۸۵۴ دیوان اسیر ، ۳۴۱

۲. رات شروع ہونا (نورالغات) .

— دکھانا محاورہ .

رک : تارا دکھانا .

بعض جگہ چھٹی کے دن تارے دکھائے جاتے ہیں

۱۹۰۱ بہشتی زیور ، ۶ : ۱۱

— دکھائی دے جانا / دکھائی دینا محاورہ .

کسی مشکل مصیبت دماغی صدمے یا ناتوانی کے باعث آنکھوں کے سامنے تر مرے نظر آنے لگنا ، سخت مشکل آپڑنا .

حسن ٹھوکر کھا چکا تھا اور ایسی کہ پہلے ہی حملے میں تارے دکھائی دے گئے .

۱۹۱۹ جوہر قدامت ، ۱۳۱

— دیکھنا محاورہ .

زچہ کا تارے دکھانا (رک) کے طریقے پر عمل کرنا .

جچا کو اور بھی بنا چنا گھونگھٹ کاڑھ سہرا باندھ چومک روشن کر تارے دیکھنے کو نکالا .

۱۸۰۲ نثر بے نظیر ، ۱۶

شہزادے کو گود میں لے کر گھونگھٹ نکالے سرخ پوشاک شہانی چوڑیاں پہنے تارے دیکھنے کو باہر آئی .

۱۹۱۴ فسانۂ دل فریب ، ۳۱

— کھلنا محاورہ .

آسمان پر ستارے نظر آنا ، ستاروں کا چمکنا .

دیکھو چاندنی چھٹکی ہوئی ہے ، تارے کھلے ہوئے ہیں .

۱۹۳۶ گرداب حیات ، ۴۴

— گن گن کر/کے رات کاٹنا/گزارنا محاورہ .

رک : تارے گننا ؛ رات بھر نہ سونا .

رات گزاری ہم نے ظفر پھر ساری تارے گن گن کر
خال رخ پر نور جو ہم کو ماہ جبیں کے یاد آئے

۱۸۵۶ کلیات ظفر ، ۴ : ۲۳۴

راتیں کاٹی ہیں اسی شوق میں تارے گن گن
دیکھیں کیا تیر دکھائیں یہ بزرگان مسن

۱۹۱۴ شبلی ، ک ، ۲۵

— گن گن کے سحر/صبح کرنا محاورہ .

رک : تارے گن گن کر/کے رات کاٹنا .

گن گن کے تارے کرتے ہیں ہم صبح اس طرح
دبتے ہیں رات ہجر میں اس مہ لقا کے کاٹ
۱۸۵۴؟ کلیات ظفر ، ۳ : ۲۷

رو رو کے دن بسر کرتی
رات کو تارے گن گن سحر کرتی
۱۸۵۹ سروش سخن ، ۱۰۳

— گننا محاورہ .

نہایت بے قراری میں رات کاٹنا ، رات بھر جاگتے رہنا ؛ (عاشق کا) انتظار تنہائی یا فرقت میں رات بسر کرنا .

دن گزرتا ہے دم شماری میں
شب کو رہتے ہیں گنتے تارے ہم
۱۸۱۰ میر ، ک ، ۵۹۳

آ گئی کس کے جمال عرق آلود کی یاد
رات بھر ہجر میں گنتے رہے تارے عاشق
۱۹۲۳ کلیات حسرت موہانی ، ۲۳۰

— گنوانا محاورہ .

تارے گننا (رک) کا تعدیہ ؛ مشکل مصیبت یا تکلیف میں مبتلا کرنا .

تجھ سے اے رشک قمر تھی نہ یہ امید ہمیں
رات بھر ہجر میں گنواتے ہیں تارے ہم سے
۱۸۸۳ انس ، د (ق) ، ۱۰۳

— لگ جانا محاورہ .

آنکھوں کے آگے تر مرے آ جانا .

تحیر میں اسے کیوں لگ گئے ہر اک طرف تارے
مگر عاشق نہیں کہتے اس سرو قد کو آج تاڑا ہے
۱۷۱۸ دیوان آبرو (ق) ، ۷۷

— نظر آنا محاورہ .

حیران ہونا ، خوف زدہ ہو جانا ، پریشان ہونا .

جب اس کے مقابل مرے داغ جگر آئے
خورشید قیامت کو بھی تارے نظر آئے
۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۲۶۸

ہے دور شب ہجر مجھے غم میں ابھی سے
خورشید کی آغوش میں تارے نظر آئے
۱۹۱۱ تسلیم ، دفتر خیال ، ۱۷۳

— نکلنا ف مر .

ستارے نمودار ہونا ، تارے چمکنا .

بام پر بیٹھو جو افشاں چن کے پیارے رات کو
یوں چمک کر چرخ پر نکلیں نہ تارے رات کو
۱۸۴۶ دیوان سہر ، ۱۷۲

تاری امث .

۱. **ایک قسم کی چڑیا** (شبد ساگر) .
۲. **سمادھی ، دھیان** (شبد ساگر) .
[ہ : تاری ताड़ी]

تاریج (ی مع) امذ .

تاریج تختۂ حساب کو کہتے ہیں کہ جس میں اکثر کئی شیٹوں کے رقوم ہر ہر شے کے ماتحت یک کے نیچے یک واسطے جمع کرنے کے لکھتے ہیں (اصول السیاق ، ۹) ؛ بہی کھاتہ درست کرنا ، حساب کتاب کا گوشوارہ بنانا (فرہنگ آنند راج) .

[ع]

تاریخ (ی مع) امث .

۱. **کسی چیز یا واقعے کے ظہور کا وقت .**
اس بہمنی ہندو کا کس دھر کروں شکایت
نہیں لیکھے ہیں مورخ تاریخ اس حکایت
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۶۹

اس بادشاہ کے حالات اور واقعات کو ٹکڑے ٹکڑے سن و تاریخ کی قید کے سبب سے (بیان) نہیں کیا ہے .
۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۱

۲. **کسی امر عظیم کے وقت کا تعین ، زمانے کا عرصہ .**
تاریخ دہم جمعہ کے دن عصر کے وقت آہ
چھپ جائے گا آنکھوں سے اس چاند میں یہ ماہ
۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۲ : ۹

۳. **شمسی یا قمری مہینے کا ہر دن یا رات .**
لڑکوں کے نام ان کے نئے درجوں میں آیندہ کی یکم تاریخ کو رجسٹر حاضری پر لکھ دیوے .
۱۸۸۹ ؟ مدرسین دستورالعمل ، ۴

۴(i) **وہ علم جس میں گزشتہ واقعات اور سیر سے بحث کی جاتی ہے .**
اب تو سب مٹ گئے مٹنے کے نشان بھی اپنے
خاص اک وقت میں تھا علم ہمارا تاریخ
۱۹۰۵ گفتار بیخود ، ۳۰۰

(ii) **بادشاہوں نامور آدمیوں قوموں اور فرقوں کے حالات واقعات اور حادثات کا تحریری تذکرہ .**
حکیم احسن اللہ خان مرحوم مختلف تاریخوں سے مضامین التقاط کر کے مرزا کے حوالے کیا کریں .
۱۸۹۷ یادگار غالب ، ۳۹

کھولتی حال ہے دنیا میں خدا والوں کا
رمز درویشوں کا کرتی ہے یہ افشا تاریخ
۱۹۰۵ گفتار بیخود ، ۳۰۰

۵۔ حروف ابجد کے اعداد کے لحاظ سے کوئی بات یا واقعہ کسی حرف یا نظم یا نثر کے کسی جملے میں اس طرح بیان کرنا کہ اس کے مکتوبی حروف کے عدد جمع کرنے سے اس واقعے کا سنہ نکل آئے ، اس قسم کے حرف یا جملے یا شعر کو مادۂ تاریخ کہتے ہیں ، حساب جُمَل ۔

فن تاریخ اور سیاق و سباحت وغیرہ سے ان کو مطلق لگاؤ نہ تھا ۔
۱۸۹۷ یادگار غالب ، ۵۹

سنگ در جن کا رہا سجدہ گہ اہل سخن
نہ ہوئی سنگ لحد کے لیے ممکن تاریخ
۱۹۰۳ دیوان انجم ، ۵۴

۶۔ (قانون) کسی مہینے کا وہ دن جو عدالت مقدمے کی پیشی کے واسطے مقرر کرے ۔

یہ تو کوئی بتاتا نہیں کہ تاریخ روبکاری کیا ہے ۔
۱۸۵۹ خطوط غالب ، ۳۸۸

[ع]

ــ اِرجاع کس اضا (ــ کس ا ، سک ر) اسٹ ۔

(قانون) مقدمہ دائر ہونے ، پہلی درخواست گذرنے ، بنائے دعوی پیش کرنے یا نالش کرنے کی تاریخ (اردو قانونی ڈکشنری ، ۱۳۸) ۔

[تاریخ + ارجاع (رک)]

ــ پیشی کس اضا (ــ کس سچ) اسٹ ۔

(قانون) وہ تاریخ جو عدالت میں حاضری کے لیے مقرر ہو ۔

پہلی پیشی پر تاریخ پیشی چار ماہ بعد ڈالی گئی ۔
۱۹۳۷ داودہ پنج ، لکھنؤ ، ۱۲ ، ۶ : ۳

[تاریخ + پیشی (رک)]

ــ ٹھہرانا/ٹھیرانا محاورہ ۔

شادی بیاہ وغیرہ کے لیے تاریخ مقرر کرنا ۔

دولھا کی ماں بہن اور قریبی رشتہ کی عورتیں مٹھائی ... چپ چپاتے کوئی اچھا دن دیکھ کر لے جاتی ہیں اور تاریخ ٹھہرا کر واپس چلی آتی ہیں ۔
۱۹۰۵ رسوم دہلی ، سید احمد ، ۵۹

ــ ٹھہرنا محاورہ ۔

تاریخ ٹھہرانا (رک) کا لازم ۔

تاریخ عقد بھی آٹھ دن کے اندر ٹھہر گئی ۔
۱۹۵۶ بیگمات اودھ ، ۱۳

ــ داں صف ۔

۱۔ فن تاریخ کا عالم ۔

اس کی اشاعت نے دکنی کے اس مشہور اور فرشتہ میں مذکور قصے کی طرف بہت سے تاریخ دانوں کے نہ صرف کان کھڑے کئے بلکہ کان کھول دیئے تھے ۔
۱۹۳۹ افسانۂ دکنی ، ۱۳۲

۲۔ وہ شخص جو حساب جمل سے تاریخی مادے نکالنے کا فن جانتا ہو ، فن تاریخ گوئی کا ماہر ، تاریخ گو ۔

بھاگتی چلتی ہے رم پیدا ہوئی ہے اس کے ساتھ
ریل سے رم ہم عدد ہے جوڑلیں تاریخ داں
۱۸۷۳ کلیات قدر ، ۶۳

[تاریخ + ف : داں ، دانستن (= جاننا) سے]

ــ دانی اسٹ ۔

تاریخ داں (رک) کا کام ، تاریخ یعنی علم تاریخ سے واقفیت ۔

کسی کو شوق ہو تو ... انگریزی و تاریخ دانی و شناوری اور شاعری اور پھکیتی بھی سیکھ لے ۔
۱۸۷۲ لذت الافہام ، ۳۸

[تاریخ + داں (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ــ شَمسی کس اضا (ــ فت ش ، سک م) اسٹ ۔

وہ تاریخ جس کا تعلق شمسی مہینے سے ہے ، عیسوی سن کا سال مہینہ دن ۔

محاسبات دفتر سے تاریخ شمسی خارج ہو ۔
۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۴ : ۳۳۲

[تاریخ + شمسی (رک)]

ــ صوری کس اضا (ــ و لین) اسٹ ۔

اس مادۂ تاریخ کو کہتے ہیں کہ جس میں فقط الفاظ مظہر تاریخ ہوں ، اعداد و حرف سے کچھ بحث نہیں (کلین تاریخ ، ۱۲) ۔

[تاریخ + صوری (رک)]

ــ طَبیعی کس اضا (ــ فت ط ، ی مع) اسٹ ۔

انسان کی قدرتی یا فطری تاریخ ۔

یہ وہ علم ہے جو انسان کی تاریخ طبیعی (نیچرل ہسٹری) سے بحث کرتا ہے .

۱۹۰۹ تاریخ تمدن ، ۲۲

[تاریخ + طبیعی (رک)]

— قمری کس اضا (— فت ق ، سک م) امث .

ہجری سن کی تاریخ ، چاند سے تعلق رکھنے والی تاریخیں ، قمری کلنڈر کے مطابق تاریخ شمار کرنے کا رواج .

محمود خلجی نے حکم دیا کہ محاسبات دفتر سے تاریخ شمسی خارج ہو اور تاریخ قمری مقرر ہو .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، م : ۳۳۲

[تاریخ + قمری (رک)]

— کہنا محاورہ .

نظم یا نثر میں بحساب جمل کسی واقعہ کا سنہ ظاہر کرنا .

مرحوم کے انتقال پر بہت سی تاریخیں لوگوں نے کہیں .

۱۹۳۵ چند ہمعصر ، ۵۶

— لکھنا محاورہ .

۱. رک : تاریخ کہنا .

میں نے اس کی صورت بھی نہیں دیکھی . . . یا ولادت کی تاریخ سنی یا اب رحلت کی تاریخ لکھنی پڑی .

۱۸۶۹ غالب ، خطوط ، ۵۴

لکھی بیخود نے یہ تاریخ اس کی
ہے گلزار سخن دیوان راسخ

۱۹۰۵ گفتار بیخود ، ۳۰۰

۲. تاریخ کے واقعات کو قلمبند کرنا .

نغز گو ایسا کہاں ایسا مورخ ہے کہاں
خوب ہی لکھی ہے یکتا نے یہ زیبا تاریخ

۱۹۰۵ گفتار بیخود ، ۳۰۰

— معنوی کس اضا (— فت م ، سک ع ، فت ن) امث .

مادۂ تاریخ جس کے اعداد سے بحساب جمل اس واقعہ کا سنہ برآمد ہو ، تاریخ صوری کی ضد .

تاریخ معنوی کی تین قسمیں ہیں، کامل الاعداد ، زائد الاعداد ، ناقص الاعداد .

۱۸۹۶ گلبن تاریخ ، ۱۳

[تاریخ + معنوی (رک)]

— مقرر ہونا محاورہ .

شادی وغیرہ کی تاریخ طے ہونا .

سنہ میٹھا کرنے کی تاریخ مقرر ہوئی .

۱۹۱۱ قصۂ مہر افروز ، ۳۹

— نامہ (— فت م) امذ .

وہ کارڈ جس پر اجرائے کتب کی تاریخ درج ہوتی ہے .

ایک کارڈ کی جگہ حسب ذیل نمونہ کا تاریخ نامہ بھر کر رکھ دیا جائے .

۱۹۶۱ انتظام کتب خانہ ، ۳۸

[تاریخ + نامہ (رک)]

تاریخانہ (ی مع ، فت ن) امذ .

رک : تاریخی .

بڑی بڑی تصویریں نامی آدمیوں کی زربی چوکھٹوں میں لگی ہوئی تھیں ، تاریخانہ واقعات کو یاد دلاتی تھیں .

۱۸۶۹ مسافران لندن ، ۱۷۸

میں آپکو اس تاریخانہ زمانے کی یاد دلاتا ہوں .

۱۹۱۳ حالی ، حیات جاوید ، ۲ : ۳۳۵

[رک : تاریخ + انہ ، لاحقۂ نسبت]

تاریخی (ی مع) صف .

۱. تاریخ سے منسوب ، تاریخ میں اہمیت رکھنے والا ، اہم قرین یا تاریخ میں قابل ذکر .

یہ ایک واقعہ تاریخی ہے اس لئے شامل کر دیا ہے .

۱۹۲۹ تذکرہ کاملان رام پور ، ۴۹۶

۲. وہ نام یا عدد جس سے تاریخ نکلتی ہو .

آپکی غزل کا مقطع تاریخی ہوا کرتا ہے .

۱۸۷۵ ارسطان گوکل پرشاد (سہ ماہی ، اردو ، ۵۱ ، ۱ : ۴۵)

اخلاق محسنی ، حسین واعظ کاشفی کی تالیف ہے کتاب کا نام تاریخی ہے .

۱۹۶۸ اردو دائرہ معارف اسلامیہ ، ۳ : ۶۸۷

[رک : تاریخ + ی ، لاحقۂ نسبت]

— آدمی (— سک د) امذ .

وہ شخص جو کسی اہم انفرادی کارنامے کی وجہ سے تاریخ میں درج کرنے کے قابل ہو .

تم اس کام کے انجام دینے سے ایک نامی تاریخی آدمی بن سکتے ہو .

۱۸۸۷ خیالات آزاد ، ۱۱۸

[تاریخی + آدمی (رک)]

— تعبیر کس اضا (— فت ت ، سک ع ، ی مع) امث .

قانونی نکتہ تشریح یا وضاحت کہ قانون نافذ ہونے کے قبل کیا قانون تھا اور کس نقص کو رفع کرنے کے لیے جدید قانون وضع کیا گیا ان سب حالات پر غور کرنے کے بعد قانون کی جو تعبیر کی جائے وہ تاریخی تعبیر ہے (علم اصول قانون ، ۵۴) .

[تاریخی + تعبیر (رک)]

— تناظُر (— فت ت ، ضم ظ) امذ .

وہ پس منظر یا پیش منظر جس کا تعلق تاریخ سے براہ راست ہو .

اس پر ان شاعروں کے علمی اور تاریخی تناظر میں داخل ہونے کا الزام تو شاید نہ لگ سکے .

۱۹۷۶ ہجر کی رات کا ستارا ، ۱۰۸

[تاریخی + تناظر (رک)]

— جبریت (— فت ج ، سک ب ، کس ر ، شد ی بفت) امث .

وہ محرکات جو کسی ملک کی تاریخی حیثیت کے سبب اس ملک کے رہنے والوں پر اثر انداز ہوں .

اور زبان کے بولنے والوں کی قوت ارادی اور باہمی مفاہمت کے پس پشت ، تاریخی جبریت . . . وغیرہ کار فرما رہے ہیں .

۱۹۶۳ زبان کا مطالعہ ، ۲۱۹

[تاریخی + جبریت (رک)]

— عوامل (— فت ع ، کس م) امذ .

تاریخ سے متعلق وہ تبدیلیاں جو انسان پر اثر انداز ہوں .

جو انسان احساس برتری و شعور کمتری کے تصادم کا شکار اور تاریخی عوامل کے رد عمل کا اسیر ہو .

۱۹۶۳ غالب کون ہے ، ۱۰

[تاریخی + عوامل (رک)]

— غلطی (— فت غ ، ل) امث .

ایسی غلطی جو تاریخ کا حصہ بن جائے اور ملک و قوم پر اس کے شدید اثرات مرتب ہوں .

زبانوں کی پیدائش کیلئے کوئی خاص تاریخ مقرر کرنا تو ایک تاریخی غلطی ہے کیونکہ نئی زبانیں غیر محسوس طریقے سے پیدا ہوا کرتی ہیں .

۱۹۷۱ تین ہندوستانی زبانیں ، ۱۷۸

[تاریخی + غلطی (رک)]

— نام امذ .

ان تاریخ گوئی پر مبنی نام جس کے حروف کے اعداد (بحساب جمل) جمع کرنے سے سنہ پیدائش یا تصنیف وغیرہ نکلتا ہو .

تاریخی نام خیابان آفرینش رکھا .

۱۸۸۷ خیابان آفرینش ، ۱

اس کتاب کا تاریخی نام ''خطوط منشی امیر احمد'' ہے .

۱۹۱۰ مکاتیب امیر مینائی (دیباچہ) ، ۱۰

[تاریخی + نام (رک)]

— نوٹ (— و مج) امذ .

وہ عبارت وغیرہ جس میں تاریخی صراحت کی گئی ہو .

تاریخی نوٹ — بعدی مساواتوں کو سب سے پہلے فرانسیسی سائنس دان فوریئر نے ۱۸۱۲ میں رواج دیا .

۱۹۶۵ مادے کے خواص ، ۱۲

[تاریخی + نوٹ (رک)]

تاریخیہ (ی مع ، کس خ ، فت ی) امذ .

رک : تاریخی .

دوسری روش میں قصیدۂ تاریخیہ ، شمولۂ التزام عجیب و غریب و دیگر قطعات .

۱۸۹۵ چمن تاریخ ، ۳

[رک : تاریخ + یہ ، لاحقۂ نسبت]

تاریڈ (ی مع) امث .

کسی غیر زبان کے لفظ کو ''اردو'' بنانا ، اردوانا (تعریب و تفریس وغیرہ کے قیاس پر اسی لفظ اردو سے بنا لیا گیا ہے) .

تاریڈ کے موقعوں پر تصرف کا مستحسن استعمال . . . وغیرہ وغیرہ وہ امور ہیں جو . . . سلیقۂ تنظیم کی داد دیتے ہیں .

۱۹۳۳ منشورات کیفی ، ۶

[اردو سے بقاعدۂ عربی بروزن تفعیل]

تاریدہ (ی مع ، فت د) صف .

الجھا ہوا، گچھے دار ، الجھن میں ڈالنے والا ، پیچیدہ .

کونسی یادوں میں گم ہے شب تاریدہ سو ؟

۱۹۶۹ لا = انسان ، ۱۶۸

[ف]

تاریڈہ (ی مع) امث .

مچھلی کی ایک قسم کا نام جس کو چھونے سے کرنٹ کا جھٹکا لگتا ہے .

تین قسم کی مچھلیاں ہیں کہ ون میں بھی جھٹکا ہے ایک کا نام تاریڈ . . . کہتے ہیں .

۱۸۵۶ فوایدالصبیان ، ۱۲۹

[؟]

تاریک (ی مع) صف .

سیاہ ، کالا ، اندھیرا ، اندھیری .

تجھ بن مجھ تاریک جہاں ٹوٹ پڑیا ہے مجھ آسماں
۱۵۰۳ نوسرہار (اردو ادب ، ۶ ، ۲ ، ۶۵)

یو گیان گرو یو گیان ہے سیک یو گیان ہے تیج بلکہ تاریک
۱۷۰۰ من لگن ، ۵۱

ہوش اڑتے ہیں سیاہی سے شب فرقت کی
گور تاریک سے ہے تیرہ و تار آج کی رات
۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۴۵

حیف ہے لیکن اگر لوگوں کا کہنا ٹھیک ہو
حیف ہے گر آدمی کی عقل ہوں تاریک ہو
۱۹۲۶ روح رواں ، ۱۰

[ف]

ـــ اختری (ـــ فت ا ، سک خ ، فت ت) اسث .

بد قسمتی ، سیاہ بختی ، بد بختی .

سحر گم ہوگئی آخر شب غم کی درازی میں
ستارہ میری تاریک اختری کا کس قدر چمکا
۱۹۱۹ رعب ، ک ، ۵۹

[تاریک + اختر (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

ـــ ادوار (ـــ فت ا ، سک د) امذ ؛ واحد : تاریک دور .

رک : تاریک زمانہ .

یہ نظریہ بھی سلطنت روما کے انحطاط کے بعد کافی عرصے تک جاری رہا اس لیے بھی کہ اس کے بعد یورپ میں تاریک ادوار کی ابتدا ہوئی .
۱۹۶۷ بنیادی خرد حیاتیات ، ۱۷

[تاریک + ادوار (رک)]

ـــ براعظم (ـــ فت ب ، شد ر بکس صف ، فت ا ، سک ع ، فت ظ) امذ .

براعظم افریقہ کا پرانا نام .

افریقہ تاریک براعظم تھا سینکڑوں چھوٹی چھوٹی بادشاہتوں میں بٹا ہوا تھا .
۱۹۷۵ تلاش کے سفر ، ۳۹

[تاریک + براعظم (رک)]

ـــ چشم (ـــ فت چ ، سک ش) صف .

جس کو رات کو دکھائی نہ دے ، رتوندھ کا مریض (ماخوذ : نوراللغات) .

[تاریک + چشم (رک)]

ـــ دل (ـــ کس د) صف .

سیاہ دل ، بد باطن ، جو دوسروں کو نقصان پہنچانے کے درپے رہے ، (مجازاً) گمراہ .

کافر تاریک دل تو یہ استغفراللہ بہوت مشکل .
۱۶۳۵ سب رس ، ۱۱

[تاریک + دل (رک)

ـــ زمانہ (ـــ فت ز ، ن) صف .

جہالت کا عرصہ ، بے علمی کا دور ، بے خبری کا وقت .

جس قدر تاریک زمانہ کہیے زیبا ہے .
۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۳ : ۳۶

[تاریک + زمانہ (رک)]

ـــ کرنا محاورہ ؛ ف م .

اندھیرا کرنا ؛ بے نور کر دینا ، دھندلا کر دینا ، اندھا کر دینا .

گر یہ رونا ہے تو پھر آنکھیں نہیں
کر نہ دے تاریک آنکھوں کو کہیں
۱۷۷۳ مثنویات حسن ، ۱ ، ۸۱

ـــ کیمرا (ـــ ی لین ، سک م) امذ .

آلۂ عکاسی ، بکس کیمرہ ، کمرہ جو اندر سے مکمل سیاہ ہوتا ہے .

ہورٹا نے تاریک کیمرا ایجاد کیا .
۱۹۱۸ تحفۂ سائنس ، ۳۲۵

[تاریک + کیمرہ (رک)]

ـــ نقطہ (ـــ ضم ن ، سک ق ، فت ط) امذ .

وہ سیاہ تل جو آنکھوں کے مرکز میں ہوتا ہے .

کیا پردۂ شبکیہ پر اس کا عکس نہیں پڑ رہا ، ضرور پڑ رہا ہے مگر تاریک نقطہ پر ، اس لئے وہ آپ کو دکھائی نہیں دے رہا .
۱۹۶۱ نفسیات اور ہماری زندگی ، ۱۴۱

[تاریک + نقطہ (رک)]

ـــ ہونا محاورہ .

اندھیرے میں ہونا ، کچھ نظر نہ آنا (جامع اللغات) .

جو معمول خوب روشن اور جس پر اثر شرکت خیال بخوبی نمایاں ہو کل تاریک ہو .
۱۸۷۷ رسالہ تاثیرالانظار ، ۱۲۸

رہے اشعار زیادہ حصہ ان کا بھی تاریک ہے
۱۹۳۶ ریاض خیر آبادی ، نثر ، ۸۵

تاریکی (ی مع) اسث .

۱. سیاہی ، تیرگی ، اندھیرا .

جہاں شراب و ہاں عشرت آتی ، دل کی تاریکی جاتی .

۱۶۳۵ سب رس ، ۲۹

کیوں کر رہے عزیزاں تاریکیٔ شب غم
وہ رشک ماہ انور جب بے حجاب ہو وے

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۲۰۷

اس تاریکی کے سبب سے راہوں سے بھٹک کر دروں میں چلے گئے .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۵۴۳

جس طرح ہم تاریکی میں آنکھوں کو دیکھنے کی تکلیف نہیں دیتے .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۲۰

۲. (مجازاً) گمراہی ، جہالت ، بے خبری .

شمع رو کہنا اسے سودا ہے تاریکی عقل
شمع کا عکس اس کے عارض پر کلف ہے ماہ کا

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۵۵

دنیا اس عالمگیر تاریکی میں پڑی ہوئی تھی کہ دفعۃً اسلام نے آکر ان تمام خیالات اور معتقدات کا پردہ چاک کر دیا .

۱۹۰۶ الکلام ، ۲ : ۱۳۶

[رک : تاریک + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ـــ ایمان کس اضا (ـــ ی مع) اسذ .

عقیدہ کی کمزوری ، مسائل سے نا واقفیت .

س ـــ تاریکی ایمان کیا ہے . ج ـــ جھوٹھ بولنا .

۱۸۵۵ تعلیم الصبیان ، ۱۹

[تاریکی + ایمان (رک)]

ـــ آجانا/آنا محاورہ .

اندھیرا ہو جانا ؛ گھبرا جانا (جامع اللغات) .

ـــ چھانا محاورہ .

رک : تاریکی آجانا .

جب عالم انسانیت پر . . . تاریکی چھا جاتی ہے تو اس کے مطلع سے ہدایت و رہنمائی کا نور طلوع کرتا ہے .

۱۹۲۳ سیرۃ النبی ، ۳ : ۱۱۶

ـــ دور ہونا محاورہ .

اجالا ہونا ، روشنی ہونا (جامع اللغات) .

ـــ میں ہونا محاورہ .

نا واقف ہونا ، بے خبر ہونا ، غفلت میں رہنا ، معلوم نہ ہونا .

باقی قوموں کے حالات کہ انہوں نے کس طرح اسلام قبول کیا بالکل تاریکی میں ہیں .

۱۸۹۷ دعوت اسلام ، ۲۷۰

میں نے جو کچھ سنا ہے اس سے تو معلوم ہوتا ہے کہ موت کے اصل سبب کے بارے میں وہ ابھی تک تاریکی میں ہیں .

۱۹۳۱ رسوا ، خونی راز ، ۶۱

تارینہ (ی مع ، فت ن) اسذ .

(نباتیات) پھولوں کی ایک ابتدائی شکل نیز پھول کی ایک قسم ، لاط : Capitulum ؛ انگ : Flower Head .

گل تارینہ مضمحل حالت میں مٹی کے قریب ہوتا ہے .

۱۹۲۷ تدریس مطالعۂ قدرت ، ۱۰۳

تارینہ پھولداری اس میں پھول بے ڈنڈی ہوتے ہیں اور تخفیف شدہ مادری محور پر مجتمع رہتے ہیں .

۱۹۶۲ مبادی نباتیات ، ۱۰۰

[؟]

تاڑ (۱) اسذ .

تاڑ کی جنس سے تعلق رکھنے والے مختلف النوع درخت جن کی مشہور اقسام درج ذیل ہیں :

۱. جنس تاڑ کی مشہور اقسام میں سے ایک قسم، یہ درخت کم و بیش بیس گز بلند ہوتا ہے اسکا تنا نہایت مضبوط ہتے کھجور سے مشابہ تنے پر شاخیں نہیں ہوتیں نچلا حصہ سفید ہوتا ہے خوبصورتی کے لیے لگائے جاتے ہیں، لاط : Palma or Palmyra tree OR Fanpalm .

پڑے یک ہو یک ارن میں کئی ٹھاٹ ٹھاٹ
توں بولے سٹے تاڑ کے جھاڑ کاٹ

۱۶۴۵ قصۂ بے نظیر ، ۴۳

اس سمت سہمان تے صفت معشوق کا اونچا
گھوڑا جتا دوڑا ہے تو نا جھاڑ جڑ سے تاڑ کا

۱۷۱۷ بحری ، ک ، ۱۲۳

تاڑ کا درخت زیادہ تر جنوبی خطوں میں پایا جاتا ہے .

۱۹۱۳ تمدن ہند ، ۵۰

۲. جنس تاڑ کا وہ نخل جو عام تاڑ کے درختوں کی برابر یا ان سے چھوٹا ہوتا ہے اس کے پھل کو کھجور کہا جاتا ہے جو سرخ زرد اور سیاہ رنگ کی ہوتی ہیں جزائر کینری سے لیکر جنوبی افریقہ اور ایشیا کے جنوبی ساحل تک پایا جاتا ہے غذائی اہمیت کے علاوہ اس سے چٹائیاں ٹوکریاں وغیرہ بنتی ہیں نیز اس سے نکلنے والے رس کو تاڑی کہتے ہیں ، لاط : Date Palm .

کسی جا کھڑی نیشکری ہے باڑ
بلند اسقدر ہے کہ جیسے ہو تاڑ

۱۸۹۳ صدق البیان ، ۳۳

دکھاتے ہیں چوٹی وہ زریں کھجور
گیا بھاگ کر سایہ تاڑوں کا دور

۱۹۳۲ بے نظیر ، کلام بے نظیر ، ۳۰۷

۳. تاڑ کی وہ قسم جس کے پتے لکھنے کے لیے استعمال ہوتے تھے بیشتر پہاڑوں پر پایا جاتا ہے، لاط : Corypha taliera (پلیٹس) .

۴. (i) تاڑ کی وہ قسم جس سے ناریل برآمد ہوتا ہے اسکے پتوں سے پنکھے اور دوسرا سامان بنتا ہے، لاط : Borassus Fabellfer .

چھوٹے چھوٹے لڑکے پنکھا بھی کھینچتے ہیں پنکھا تاڑ کے پتوں کا ہوتا ہے .

۱۹۳۲ مشرقی مغربی کھانے ، ۷۰

(ii) چھوٹی ذات کا ناریل ، تاڑ گولہ .

تاڑ کے کچے پھل کو کاٹ کر اس کا مغز نکال لیتے ہیں جو نہایت شاداب و شیریں اور فالودے کی مانند منجمد ہوتا ہے .

۱۹۲۹ کتاب الادویہ ، ۲ : ۱۱۲

(iii) چھالیہ کا درخت ، رک : تاڑ کا پھل .

[س : تال ताल]

— آسن (— فت س) امذ .

تاڑ آسن یہ ہے کہ دیوار کے ساتھ پیٹھ لگا کر اس طرح سیدھے کھڑے ہوجائیں کہ سر کا کھلا حصہ پیٹھ چونڑ پانو کی ایڑیاں دیوار سے چھوتی رہیں . . . پھر اپنے ایک ہاتھ کو آہستہ آہستہ اوپر لے جائیں اور بالکل سیدھا کرکے اوپر کو زور سے کھینچوں (آسن پرکاش ، ۷۷) .

کئی لوگ پدم آسن اور تاڑ آسن ملا کر کرتے ہیں .

۱۹۳۱ آسن پرکاش ، ۳۹

[تاڑ + آسن (رک)]

— بن (— فت ب) امذ .

تاڑ کے درختوں کا جھنڈ ، وہ جگہ جہاں تاڑ کے درخت بکثرت لگے ہوئے ہوں .

جٹاں سر کے تھے جھاڑ کی جڑ نمن
نکھاں بات کے جیوں کہ تھے تاڑ بن

۱۶۸۲ رضوانی شاہ و روح افزا ، ۹۲

[تاڑ + بن (رک)]

— پتر (— فت پ ، سک ت) امذ .

تاڑ کا پتا جو اڑے پنجے کی شکل کا ہوتا ہے (قدیم زمانے میں اس سے کاغذ کا کام لیا جاتا تھا اور عموماً اس پر ناخن گھر وغیرہ کی مدد سے لکھائی کی جاتی تھی) .

یہ نئی ہود کے طالب علم نہ فرش پر حروف گھسیٹ لینے کو کافی قابلیت جانتے تھے اور نہ سیاہی اور نرسل سے تاڑ پتر پر لکھ لینے کو انتہائی تعلیم سمجھتے تھے .

۱۹۳۱ انگریزی عہد میں ہندوستان کے تمدن کی تاریخ ، ۱۵۱

[تاڑ + پتر (رک)]

— پھل (— فت پھ) امذ .

تاڑ کا پھل جو ناریل کے برابر سخت اور سیاہ ہوتا ہے ، اس کا مغز کھایا جاتا ہے (کچا پھل کاٹ کر مغز نکالا جاتا ہے جو شاداب شیریں اور فالودے کی طرح منجمد ہوتا ہے)، اس کے استعمال سے بدن کو غذائیت پہنچتی ہے) ، ترکل ، تاڑ گولا .

زمین ہر چلوں تاڑ پھل توڑ کھائیں
چریں پاڑ تو پاڑ پگ تل دبائیں

۱۷۰۸ داستان فتح جنگ (ق) ، ۱۳۳

اس کے ثمر کو بعض تو کہتے ہیں تاڑ پھل
بے مغزوں کا جو فرقہ ہے کہتا ہے ناریل

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰۳۱

تاڑ کے کچے پھل کو کاٹ کر اس کا مغز نکال لیتے ہیں .

۱۹۲۹ کتاب الادویہ ، ۲ : ۱۱۲

— روئی (— و مع) امث .

ریشم کے کویے کی ایک قسم کا نام .

تاڑ روئی ایک کم تر وصف کی قسم ہے اوس کو ماہ دسمبر میں جمع کرتے ہیں .

۱۸۴۵ مزید الاموال ، ۱۰۸

[تاڑ + روئی (رک)]

— سا قد (— فت ق) صف .

بہت لانبا قد ، ناموزوں قد .

نسبت ہے کچھ بھی سرو کو قامت سے آپ کی
اک تاڑ سا قد اس نے بڑھایا تو کیا ہوا

؟ فیاض (عروس الاذکار ، ۱۲۵)

— کا پھل (— فت پھ) امذ .

تاڑ کی جنس سے ایک درخت (لاط : Arece Catechu) کا پھل ، چھالیہ .

اسی قسم کا ایک تکلف پان ہے جسے اور کئی چیزوں کے ساتھ چبایا جاتا ہے اس کا بڑا لازمہ چھالیہ کو سمجھنا چاہئے جو ایک قسم کے خوبصورت تاڑ کا پھل ہے ۔

۱۹۳۴ جغرافیۂ عالم ، ۱ : ۱۶۸

— کا تاڑ صف .

(مجازاً) بہت لمبے قد والا ، تاڑ کے سے قد کا ۔

وہ . . . لمبے تڑنگے تاڑ کے تاڑ تھے کسرت کا شوق تھا اور بھنگ گھوٹنے کی لت ۔

۱۹۶۳ دلی کی شام ، ۲۷۱

[تاڑ (رک) کی تکرار]

— کا جھاڑ امذ ؛ صف .

(لفظاً) تاڑ کا پیڑ ، (مجازاً) بہت لمبا قد ، ناموزوں قد ۔

باقیس دلی پتلی ، تاڑ کا جھاڑ ۔

۱۹۷۳ پھر نظر میں پھول مہکے ، ۱۴۲

[تاڑ + جھاڑ (رک)]

تاڑ (۲) است .

۱۔ دھیان ، تصور ، خیال ، نظر ۔

جو شخص اپنے ہے تاڑ میں سو چھپا ہے دل ہی کی آڑ میں
نہ وہ بستی میں نہ اجاڑ میں ، نہ جھاڑ میں نہ پہاڑ میں

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۰۳

۲۔ فراست ، قیاس آرائی ، بھانپنے کی کیفیت ، نظر بازی ۔

ہم سے کیا اڑ سکے کوئی پیارے
لاکھ تاڑوں میں اپنی تاڑ ہے ایک

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۹۹

اپنی نظر بازی اور تاڑ سے منیجر کو بال بال بچایا اور مجرم آپ کی شکل دیکھتے ہی فرار ہوگیا ۔

۱۹۰۸ عیاروں کا عیار ، ۱۱

۳۔ ہراہر (قدیم اردو کی لغت) ۔

[تاڑنا (رک) سے]

— باز صف .

۱۔ زود فہم ، سمجھدار ۔

جو تاڑ باز تھے سو پکارے یہ جا بجا
یا رویہ جائے غیر ہے ٹک دیکھیو ذرا

۱۹۳۰ نظیر ، ک ، ۱۴۰

۲۔ عورتوں کو تاکنے والا (جامع اللغات) ۔

[تاڑ + باز (رک)]

— بازی است .

۱۔ فہم و فراست ، تیز فہمی ۔

ناظرین کو یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ اصول تاڑ بازی سے کیوں کر مجرم گرفتار ہوسکتے ہیں ۔

۱۹۰۸ عیاروں کا عیار ، ۱۱

۲۔ عورتوں کو تاکنا (جامع اللغات) ۔

[تاڑ + بازی (رک)]

— تاڑ م ف .

نظر جما کر ۔

سیر کو اس جا نہیں تھی باڑ آڑ
تاڑ کرتے تماشا تاڑ تاڑ

۱۸۳۹ مثنوی خزانیہ ، ۴

— جانا محاورہ .

بھانپ جانا ، جان لینا ، دوسرے کی مدد کے بغیر صحیح قیاس قائم کرنا ۔

تاج الملوک اس کی باتوں کو تاڑ گیا کہ کسی کی بھیجی ہوئی ہے ۔

۱۸۰۳ گل بکاولی ، ۷۱

تم کو خاک بھی خبر نہیں اور میں ایک ہی نگاہ میں تاڑ گئی ۔

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۱۳۰

— لینا محاورہ .

سمجھ جانا ، بھانپ لینا ، کوئی بات بغیر بتائے ہوئے معلوم کر لینا ۔

کسی سے کر کے محبت چھپائیے کیونکر
کہ تاڑ لیتے ہیں سب لوگ بے بتائے ہوئے

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۷۸

خیر خواہان سلطنت نے سیہ بخت خسرو کے ارادے کو تاڑ لیا ۔

۱۹۵۸ ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی ایک جھلک ، ۱۹۴

تاڑا امذ (قدیم) ۔

غمزہ ، نخرہ ؛ غرور ، گھمنڈ ۔

دیکھتا ہوں تو ہے تاڑا بادشاہاں کا اسے
بہوت عاجزگی کیا تس بادشہ کے پگ پہ پڑ

۱۷۱۷ بحری ، ک ، ۱۵۶

[مقامی]

تاڑا تاڑ م ف .

رک : تڑاتڑ ۔

مسعود تو غالب کے گویا حافظ تھے فوراً انہوں نے تاڑا تاڑ غالب کے اتنے ہی اشعار سنا ڈالے ۔

۱۹۵۷ اردو رسم الخط اور طباعت ، ۴

[حکایت الصوت]

تاڑ سے م ف .

تڑ سے ، جلدی سے ، فوراً .

سب سے پہلے جلسے میں آتے ہی تاڑ سے یہ مصرع رسید کیا .

۱۹۳۳ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۹ ، ۲ : ۳

[حکایت الصوت]

تاڑک (ف ت ڑ) صف .

تنبیہ کرنے والا ، سزا دینے والا ، درست کرنے والا (جامع اللغات) .

[ताड़क : تاڑک]

تاڑلی (سک ڑ) امث ~ تالی ، ٹالی .

مچھلی کی ایک قسم کا نام .

ٹوما یا تاڑلی کو تنور میں پکایا جاتا ہے ، ٹوما ساحل مکران پر بہت زیادہ ملتی ہے اور نہایت سستی مچھلی ہے .

۱۹۷۵ ، سمکیات ، ۴۵

[؟]

تاڑنا (۱) (سک ڑ) ف م .

۱. تاک جھانک کرنا ، دیکھنا ، سمجھنا ، بات کی تہ کو پہنچ جانا .

ہر گھڑی چھپ چھپ کے مت تاڑ اس کوں اے دل مان جا
شوخ ہے ہندوستان زا دیکھ لے تو جان جا

۱۷۳۳ ، آبرو ، د (ق) ، ۱۰

منظور ہو نہ پاس ہمارا تو حیف ہے
آئے ہیں آج دور سے ہم تجھ کو تاڑ کر

۱۸۱۰ ، میر ، ک ، ۱۸۲

سنتے ہی تاڑ گئی کہ یہ صاحب زادی نے گل کھلایا ہے .

۱۹۰۸ ، صبح زندگی ، ۷۸

۲. تولنا ، اندازہ کرنا ، آنکنا .

سیر بھر گھی ہے تاڑنے سے کیا فائدہ .

۱۹۲۶ ، نوراللغات

۳. کسی علامت کے بغیر پہچاننا ، بھانپنا .

ملا صاحب جیسے نظر باز نے بہت تاڑا تو یہ کہا کہ تفصیل پر مائل تھے .

۱۸۸۳ ، دربار اکبری ، ۲۳۸

یدن مانو میں تمہارے اس قسم کے اظہار سے کچھ تاڑتا ضرور ہوں مگر غور کرنے پر اس کو اپنے دماغ سے نکال . . . .

۱۹۵۲ ، سلطان حیدر جوش ، ہوائی ، ۶۹

۴. ایک پتھر کو دوسرے پتھر سے ہم وزن کرنا (نوراللغات) .

[س : ترکیہ (تِ) (ति) तर्कय]

تاڑنا (۲) (سک ڑ)

(الف) ف م .

مارنا ، دشنام طرازی کرنا ، ضرب لگانا ، سزا دینا ، سلامت کرنا ، برا بھلا کہنا ، تادیب کرنا ، گوشمالی کرنا ، سرزنش کرنا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

(ب) امذ .

سزا ، گوشمالی ، سرزنش ، دشنام طرازی ، گالی گلوچ ، ضرب ، مار پیٹ ، تادیب ، سیاست ، عقوبت ، عذاب (پلیٹس) .

[ه : تاڑنا ताड़ना]

تاڑنگ (ف ت ڑ ، غنہ) امذ ؛ ~ تاڑنک .

کانوں میں پہننے کا ایک زیور (پلیٹس) .

[س : تاڈنک ताड़ंक]

تاڑنی (سک ڑ) امث .

کوڑا (پلیٹس) .

[س : تاڈنی ताड़नी]

تاڑنے والا صف .

تاڑ باز ، پرکھیا . تاڑیا ، تاڑو .

تیر نگہ کو راہ ادھر دیکھ بھال دو
لکڑی سے پہلے تاڑنے والوں کو ٹال دو

۱۸۳۰ ، نظیر ، ک ، ۱ : ۵۰

[تاڑنا (۱) (رک) سے]

تاڑو (و مع) صف .

بہت تاڑنے والا ، تاڑ باز ، پرکھیا ، جانچو (فرہنگ آصفیہ) .

[تاڑنا (۱) (رک) سے]

تاڑی (۱) امث .

ایک سفیدی مائل رس جو تاڑ کے درخت سے ٹپکتا ہے ، اس کی بو مکروہ سی اور مزہ شیریں ترشی مائل ہوتا ہے ، نشہ آور ہونے کی وجہ سے عموماً شوقیہ استعمال کیا جاتا ہے اگر طلوع آفتاب سے قبل استعمال کرلیا جائے تو مقوی و مفرح ہوتا ہے ، میندھی .

کبھیں بازار ہم جا کر پیوں سیندھی کبھیں تاڑی
کبھیں ہم صحبت جاناں پیش ماڑی اپر ماڑی

۱۵۶۴ ، حسن شوقی ، د ، ۱۷۶

بڑی عقل میں نہنی ملے تو یوں ہے خانجی ، جوں شراب میں تاڑی جوں دودھ میں کانجی .

۱۶۳۵ ، سب رس ، ۷۷

قدغن ہوئی جو مے کی تو بڑھ جائیں گے فساد
تاڑی پر اب کے سال کھینچیں گے کٹار روز
عاشق ، فیض نشان ، ۸۸ ۱۸۷۲

تازہ تاڑی (نیرا) میں نشہ نہیں ہوتا ہے ، اس کا سرکہ بھی بنایا جاتا ہے .
کتاب الادویہ ، ۲ : ۱۲ ۱۹۲۹

[س : تالی ताली]

ـــ باز صف .

تاڑی پینے والا ، تاڑی پینے کا عادی .
قریب قریب سارا صوبہ بہار اور حیدرآباد تاڑی باز ہے .
خیالات آزاد ، ۸۹ ۱۸۸۷

[تاڑی + باز ، لاحقۂ صفت]

ـــ خانہ (ـــ فت ن) اسم .

تاڑی پینے یا بیچنے کی جگہ .
نورالدین نے تاڑی خانے میں کہ بازار کی طرف تھا وزیر سوی کو ایسی مار دی کہ کئی جگہ سے اس کے خون نکل آیا .
الف لیلہ ، عبدالکریم ، ۲ : ۲۵۶ ۱۸۴۳

تاڑی خانوں میں ہلڑ مچ رہا تھا دوکانوں پر خرید و فروخت ہو رہی تھی .
آگ کا دریا ، ۵۸ ۱۹۵۶

[تاڑی + خانہ (رک)]

ـــ کھجوری (ـــ فت کھ ، و مع) اسث .

کھجور کی تاڑی ، کھجور کے درخت سے حاصل کی گئی تاڑی .
جو تے ملی ہو مدستی دارو سندھی ماڑی پنڈا
تاڑی کھجوری ناریلی چھوڑیا ہوں تو تے بھنگ افیم
ہاشمی ، د ، ۱۲۶ ۱۶۹۷

[تاڑی + کھجور (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

ـــ ناریلی (ـــ سک ر ، فت ی) اسث .

ناریل کے درخت سے نکالی ہوئی تاڑی .
جو تے ملی تو مدستی دارو سندھی ماڑی پنڈا
تاڑی کھجوری ناریلی چھوڑیا ہوں تو تے بھنگ افیم
ہاشمی ، د ، ۱۲۶ ۱۶۹۷

[تاڑی + ناریل (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

تاڑی (۲) اسث .

کٹاری کا قبضہ یا موٹھ .
اس ترک کو یہ نشے سے نفرت ہے ساقیا
نے ڈھال میں ہے پھرل نہ تاڑی کٹار میں
دیوان اسیر ، ۲ : ۲۷۲ ۱۸۵۴

[س : تالی ताली]

ـــ ٹھونکنا محاورہ .

کشتی میں مقابلے کے وقت خم ٹھونکنا (پلیٹس) .

تاڑی (۳) صف .

تاڑنے والی ، تاڑ جھانک کرنے والی .
ہمارا کنوار پنا کون سی تاڑی کا جنم جلا ہے کہ ایک کھوڑی نکوڑی چین سے نہیں کٹنی .
ہمرے کی کتنی ، ۱ ۱۸۹۹

[تاڑی ، تاڑنا (رک) سے]

تاڑیا (ـــ سک ڑ) صف .

رک : تاڑو (فرہنگ آصفیہ) .
[تاڑ + یا ، لاحقۂ صفت]

تاز صف .

۱. دوڑ ، بھاگ ، حملہ .
جواں دلاور پینا سارا ساز ہوا سارا او تیزی رفتار تاز
خاور نامہ ، ۳۳۹ ۱۶۴۹

۲. مرکبات میں جزو دوم (بطور لاحقہ) مستعمل ، جیسے : ترکتاز (چڑھائی ، لشکر کشی) ، بادیہ تاز وغیرہ .
یہ نہیں کہ راہ نما نہیں وہ کہیں ہے اور ہوں میں کہیں
ہے اثر جنوں فراق کا مرے پائے بادیہ تاز میں
نوائے دل ، ۱۴۶ ۱۹۴۷

[ف]

ـــ و تگ (ـــ و مج ، فت ت) اسث ؛ ـــ تگ و تاز .

۱. دوڑ دھوپ ، کوشش .
سو وہ شیر مارا گیا مثل سگ
وہ ہاتھی پکڑ لائے بے تاز و تگ
میر (مہذب اللغات) ۱۸۱۰

۲. جفا کشی ، محنت (نوراللغات) .
[تاز + و ، عطف + تگ (رک)]

تازا صف .

رک : تازہ .
کھایا ہے سب پھلاں میں آج سر تھے ایک پھل تازا
طرہ اس پھول کا گند کر رکھیں اب زیب افسر کوں
قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۵ ۱۶۱۱

تازگی (فت ز) اسف .

۱. **شادابی ، سرسبزی ، طراوت .**

اس دھات سوں ہو دھر تری کاں تازگی دھرتی کہو
ہونم تپائے منج نین بادل کے جل بھر پور تھے

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۱۶۲

ملا دے اس میں لعاب دہن کچھ اے ساقی
کہ تازگی بھی ذرا سی مے کہن میں رہے

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۲۸۲

آخر ہے خود ہو کر بولا خدا کی قسم اس میں کچھ اور ہی شیرینی اور تازگی ہے .

۱۹۲۳ سیرۃ النبی ، ۲ : ۴۷۳

۲. **جدّت ، نیا پن .**

نبی صدقے کہیا ہے قطب مبعث کا غزل رنگیں
کہ اس کی تازگی ہور روشنی تھے ہے جہاں روشن

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۴۹

کیوں کریں غیر کے مضموں کو فغاں ہم روشن
تازگی ہووے سخن میں یہ کمال اپنا ہے

۱۷۷۲ فغان ، د ، ۱۳۳

مدت کے بعد ربط سخن پھر بڑھا نسیم
مضموں کی تازگی سے ذرا دل بہل گیا

۱۸۶۳ نسیم دہلوی ، د ، ۱۰۴

لفظ کی تازگی کلام میں نگینے جڑ دیتی ہے .

۱۹۱۶ نظم طبا طبائی ، مقدمہ ، ی

۳. **(چہرے کی) رونق .**

ترے فیض سخن سے روے گل پر تازگی آئی
تری گلگشت سے رتبہ ملا صحن گلستاں کو

۱۸۶۷ رشک (نوراللغات)

اف : ہونا ، آنا ، دینا .

[ف]

تازہ (فت ز) صف .

۱. **پژمردہ کی ضد ، سرسبز ، ہرا بھرا .**

منج جیو کے پھُل بن کوں کر اپ شوق سوں تازہ
منج نین کے درپن کوں اپس مکھ تھے صفا بخش

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۴

دو چاند برج آبی سیتی کر رہے طلوع
دو سیب تازے جھوم رہے ہیں درخت پر

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۱۲۲

جوانی کے گلشن کا وہ تازہ گل
کرے جس کی خاک قسم تازہ گل

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۹۶۳

۲.(i) **جدید ، حال کا .**

چنانچہ یہ غزل تازہ جس کو لکھتا ہوں
ہوئی ہے ورد زباں مجھ دل حزیں کے سدا

۱۷۷۲ فغان ، د (انتخاب) ، ۶۹

کچھ کوہکن ہی سے نہیں تازہ ہوا یہ کام
اس تیرے عاشقی میں موئے سر کو پھوڑ پھوڑ

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۸۹

مدت میں وہ پھر تازہ ملاقات کا عالم
خاموش اداؤں میں وہ جذبات کا عالم

۱۹۶۰ جگر ، آتش گل ، ۱۹۱

(ii) **تر کیا ہوا ، پانی تبدیل کیا ہوا (حقہ)** (جامع اللغات) .

۳. **(پھل پھول) ڈال کا ٹوٹا ، پیڑ کا اُترا** (نوراللغات) .

۴. **فربہ ، موٹا تازہ ، توانا ، تنومند .**

حسن سے تازہ و شاداب ہے نخل قد یار
ورزشوں سے نہیں ہوتا بدن ایسا تازہ

۱۸۶۷ رشک (نوراللغات)

یہ بچہ کیا چھوٹا سا پیارا لاڈلا حسین و تازہ و توانا ہے .

۱۹۰۳ سوانح عمری سلیمہ وکٹوریہ ، ۶۶۸

۵. **غیر مستعمل** (نوراللغات) .

۶. **جو از سر نو اُبھرے یا پھر سے نمایاں ہو .**

خدا کا خیال تازہ ہوتا ہے .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۴۵

۷. **باسی کی ضد ، حال کا بھرا ہوا (پانی) ، نیا نکالا ہوا .**

گریٹ لیک تازہ پانی کی جھیلوں کا ایک سلسلہ ہے جو کنیڈا اور امریکا میں پھیلا ہوا ہے .

۱۹۶۰ دھاتوں کی کہانی ، ۹۰

۸. **(مجازاً) نووارد ، نیا نیا ، نو رسیدہ .**

واقف نہیں میں تازہ مسافر ہوں اور افسوس
ہر ایک راہ عشق کا فرسنگ نیا ہے

۱۷۸۲ دیوان محبت (ق) ، ۱۷۰

اب تو پوڑکے ہے قفس میں بلبل تازہ اسیر
کوئی دن کو دیکھنا اس کو یہیں پل جائے گی

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۲۶۶

۹. **خوش (دل کے ساتھ)** (نوراللغات) .

[ف]

— بتازہ (— فت ب ، ز) صف .

۱. **نیا ، جدید ، بالکل نیا جو پہلے سے موجود نہ ہو .**

اس اطمینان کی زندگی بسر نہ کرسکنے کا تازہ بتازہ ثبوت ملاحظہ ہو .

۱۹۵۵ تجدید معاشیات ، ۳۷۹

۲. **گرما گرم ، نو بہ نو ؛ ڈال سے اترا ہوا ؛ نیا سوجھا ہوا** (جامع اللغات) .

[تازہ + ب ، حرف ربط + تازہ]

— بتازہ نوبنو (— فت ب ، ز ، و لین ، فت ب ، و لین) صف .

بالکل نیا ، تازہ بتازہ (رک) .

جو تم کانفرنس نئے ڈھچر کی بنیاد بھی بالکل تازہ بتازہ نو بنو نہیں .

اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۲۰ ، ۳۳ : ۶ ۱۹۳۵

[تازہ بتازہ (رک) + نوبنو (رک)]

— بدن (— فت ب ، د) امذ .

موٹا بدن ، فربہ جسم (جامع اللغات) .

[تازہ + بدن (رک)]

— بنانا محاورہ .

رک : تازہ کرنا .

انھیں حروف کے سر گم تازہ بنا سکتے ہیں .

فوائد الصبیان ، ۱۶۹ ۱۸۵۶

— بہار (— فت ب) امث .

تازگی ، شگفتگی ، جوبن (جامع اللغات) .

[تازہ + بہار (رک)]

— پانی امذ .

۱. نمکین پانی کی ضد ، وہ میٹھا یعنی شفاف پانی جو پینے کے قابل بنایا جائے .

بارہ ٹن یومیہ کے حساب سے سمندری پانی کو تازہ پانی کی شکل دے گا .

کارگر ، بمبئی ، ۳۰ ۱۹۶۶

۲. رک : تازہ معنی نمبر ۹ .

[تازہ + پانی (رک)]

— تازہ (— فت ز) صف .

بالکل نیا ، حال کا ، جدید .

نین دنیا لے علم جھیلے کے نمنے جھولتے
تازہ تازہ رونقاں ظاہر کیا فن عید کا .

قلی قطب شاہ ، ک ، ۹ ۱۶۱۱

نوجوان سید نے جو کالج کے کمروں سے تازہ تازہ نکلا تھا ، اپنے علمی ذوق کی بنا پر اس سر رشتے کو پسند کیا جو تمام سرکاری سر رشتوں میں کم حیثیت سمجھا جاتا ہے .

چند ہمعصر ، ۳۱۷ ۱۹۳۵

[تازہ + تازہ]

— تر (— فت ت) صف .

بالکل تازہ ، پہلے سے زیادہ سرسبز .

سدا دھر کے تیرے کرم کی نظر
عبادت کا مجھ باغ دھر تازہ تر

گلشن عشق ، ۹ ۱۶۵۷

[تازہ + ف : تر ، لاحقۂ صفت تفضیل بعض]

— خبر (— فت خ ، ب) امث .

نئی خبر ، ایسی خبر جو سنی ہوئی نہ ہو .

کئی دن سے کہاں تھے آپ واعظ
کوئی تازہ خبر کہئے وہاں کی

گفتار بیخود ، ۲۱۵ ۱۹۰۵

[تازہ + خبر (رک)]

— خیال (— فت خ) صف ؛ امذ .

وہ جسے نئی سوجھے ؛ نیا خیال ، جدت ؛ موجد (جامع اللغات).

[تازہ + خیال (رک)]

— خیالی (— فت خ) امث .

نیا خیال پیدا ہونے یا آنے کی حالت و کیفیت ، نئی سوچ یا اپج .

طلسم کشا کے صفات میں تازہ خیالی و خود غرضی کا وصف بھی ہونا لازم ہے .

بوستان خیال ، ۶ : ۲۳۲ ۱۸۹۰

[تازہ + خیالی (رک)]

— خیساندے (— ی مع ، مغ) امذ .

تازہ خیساندے (Fresh Infutions) یہ نباتاتی جوہروں کے آبی محلولات ہیں (علم الادویہ ، ۱ : ۵۳) .

[تازہ + خیساندہ (رک)]

— دل (— کس د) صف ؛ امذ .

خوش دل ، شادماں .

کہ اے خندہ رو تازہ دل گل بدن
مکدر ہوا کی کلی کے نمن

گلشن عشق ، ۸۴ ۱۶۵۷

[تازہ + دل (رک)]

— دم (— فت د) صف .

۱. جو تھکا ہوا نہ ہو ، چست ، چاق و چوبند ، شگفتہ .

جو ہوئیں تازہ دم سرتی مردہ دلاں
امر ہوئیں ادک حظ سوں سب عاقلاں

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۰

راہ ہستی میں ہے رخسار صنم سے زندگی
تازہ دم کرتا مسافر کو ہے تکیہ راہ کا

۱۸۴۶ آتش ، ک ، ۱ : ۱۶

اس نے اپنی اور بھرت پور کی تازہ دم فوج کے ساتھ لشکر شاہی پر حملہ کر دیا .

۱۹۳۷ فرحت ، مضامین ، ۳ : ۱۰۷

[تازہ + دم (رک)]

— دَم ہونا محاورہ .

تکان اتر جانا ، جان آ جانا ، ہوشیار ہو جانا .

ہمیشہ تازہ دم ہو کر لوٹتا ہوں .

۱۹۳۲ روح تہذیب ، ۱۲

— دِماغ (— کس د) صف .

جس کا دماغ تھکا ہوا نہ ہو ، نو عمر لوگ ، وہ طالبعلم جس نے حال ہی میں تعلیم مکمل کی ہو (جامع اللغات) .

[تازہ + دماغ (رک)]

— دِماغی (— کس د) امث .

دانائی ، خوشحالی (نوراللغات) .

[تازہ + دماغ (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

— رَکھنا محاورہ .

ہوسیدگی سے بچانا ، شگفتہ رکھنا .

آہ وہ یار کہاں ہیں جو ہمیشہ قائم
تازہ رکھتے تھے مرے عیش کے اسباب کے تئیں

۱۷۹۵ قائم ، د (ق) ، ۹۳

— رُو (— و مع) صف .

شگفتہ رو ، خوش (جامع اللغات) .

[تازہ + رُو (رک)]

— رُوئی (— و مع) امث .

۱. چہرے کی شگفتگی حسن و دل آویزی .

ہے بہار رنگ و بوے تازہ روئی خصم جاں
سالم آفات حوادث سے گل پژ مردہ ہے

۱۸۹۳ بیدار ، د ، ۱۱۱

تازہ روئی دیکھ کر حسن صباحت خیز کی
شبنمستان خجالت ہے رخ گلزار صبح

۱۹۵۱ صفی ، د ، ۵۰

۲. بشاشت ، خندہ پیشانی .

جس کی نظر حق پر ہے . . . محنت کشیدوں کی بات خوش دلی اور تازہ روئی سے سنتا ہے .

۱۸۱۸ بستان حکمت ، ۳۷۱

[تازہ + رو (رک) + ئی ، لاحقۂ کیفیت]

— رَیحان (— ی این) امذ .

(لفظاً) نئی اُگی ہوئی گھاس ، (مجازاً) آغاز جوانی میں چہرہ پر بالوں کی نمود ، آغاز سبزہ .

آ گیا سو اوس کے رخ پر تازہ ریحاں
دسیا ریحان دیکھ ریحاں کوں حیراں

۱۶۶۵ بھول بن ، ۵۶

[تازہ + ریحان (رک)]

— شَگُوفَہ (— فت ش ، و مع ، فت ف) امذ .

۱. نئی کلی ، سبز کلی ، نئے پتے (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

۲. نئی بات ، انوکھی بات (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

[تازہ + شگوفہ (رک)]

— شَگُوفَہ پھُولنا محاورہ .

نئی بات ہونا ، انوکھی بات ہونا .

منہ بھلائے ہے وہ غصے میں خدا خیر کرے
کچھ نہ کچھ باغ میں پھولے گا شگوفہ تازہ

۱۸۹۲ شعور (نوراللغات)

— شَگُوفَہ چھوڑنا محاورہ .

انوکھی بات کہنا (نوراللغات) .

— شَگُوفَہ کِھلانا محاورہ .

شرارت ایجاد کرنا ، پھلجھڑی چھوڑنا ، نئی شرارت کرنا .

روز تم بیٹھے کھلاتے ہو شگوفے تازے
یہ تو بتلاؤ تمہیں اور کوئی کام بھی ہے

۱۹۰۵ دیوان انجم ، ۱۷۳

— شَگُوفَہ کِھلنا محاورہ .

رک : تازہ شگوفہ پھولنا (نوراللغات) .

پیش کردہ فرخ انجم

— فقرہ (— کس ف ، سک ق ، فت ر) امذ .

نئی چال ، دھوکا ، فریب .

وعدۂ وصل پہ چٹکی نہیں اچھی ہر دم
ہو جو گردن زدنی دو اسے فقرہ تازہ

۱۸۹۲ شعور (نوراللغات)

[تازہ + فقرہ (رک)]

— کار صف .

۱. نیا نیا کام کرنے والا ، انوکھی بات کرنے والا ، وہ جو نت نئے مشاغل ایجاد کرتا رہتا ہے .

عشق ہے تازہ کار تازہ خیال ہر جگہ اس کی اک نئی ہے چال

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۹۲۳

تقاضا کر رہا ہے اب یہ حسن تازہ کار ان کا
کہ جس نے دل دیا تھا جان بھی ہم پر فدا کر دے

۱۹۵۰ حسرت ، ک ، ۴۳

۲. نو سیکھیا ، ناتجربہ کار ، نو آموز .

سلطنت کے ہر شعبے سے متعلق بہت سے اہم قواعد ہیں جن کے وجوہ کو ایک تازہ کار یا نو سکھ آدمی نہیں جانتا ہے .

۱۸۹۰ معلم السیاست ، ۱۰۱

[تازہ + کار (رک)]

— کاری است .

تازہ کار (رک) کا کام ، جدت ، نیا پن .

اردو کے لکھنے والوں میں یہ ہما ہمی یہ سرگرمی اور یہ تازہ کاری ایک جہان تازہ کی تخلیق کر رہی ہے .

۱۹۶۸ مثبت قدریں ، ۱۰۷

[تازہ + کار (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

— کرنا محاورہ .

۱. اُبھارنا ، اجالنا ، ازسر نو نمایاں کرنا .

ازل کا جو نقاش غازہ لیا ہوس نقش روحاں کا تازہ کیا

۱۶۶۵ علی نامہ ، ۱۲

۲. نئے سرے سے شروع کرنا .

ایام ولادت بہت نزدیک تھے اس لیے بیگم کو اس کوٹ میں چھوڑا اور آپ آگے پرانی لڑائی کو تازہ کیا .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۲

(مولوی نوازش علی) سے کچھ پڑھائی کو تازہ کیا .

۱۹۰۱ حیات جاوید ، ۵۳

۳. جگانا ، ازسر نو زندہ کرنا .

تم کون سا سحر تازہ کرنے کو یہاں آئے ہو .

۱۸۷۷ طلسم گوہر بار ، منیر ، ۲۳۲

۴. یاد دلانا .

یہ فکر اس قسم کی ہے کہ آدمی کے دل پر موت کو تازہ کرتی ہے .

۱۸۶۵ مذاق العارفین ، ۴ : ۵۹۲

۵. تر کرنا ، (حقے کا) پانی بدلنا اور نیچے کو اندر باہر سے دھونا .

بھنڈے خانے والوں نے بھنڈا تازہ کر کار چوبی زیر انداز بچھا چاندی کے تاش میں لگا دیا .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۱۰

۶. تازگی بخشنا ، سرسبز کرنا ، لہلہانا .

زمانے کوں کرتی بدل خوش دماغ
کیا راگ رنگ کا تمہیں تازہ باغ

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۲۷

۷. تکان اتارنا ، آرام دینا (نوراللغات) .

— گُل پھولنا/کھلنا محاورہ .

رک : تازہ شگوفہ پھولنا .

ذوق گل اور کوئی تازہ کھلا چاہتا ہے
کہ ہوا باغ جہاں کی ہے دگرگوں چلتی

۱۸۵۳ ذوق ، د ، ۱۹۹

مے وہ مے ہو کہ دو جہاں بھولے
باغ عالم میں تازہ گل پھولے

۱۸۸۵ مثنوی عالم ، ۳۳

لطف جراحت اور بھی خستہ و زار کو ملے
چاندنی رات میں کوئی سیر ہو تازہ گل کھلے

۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۴۶

— مشق (— فت م ، سک ش) صف .

نو مشق ، نو سیکھیا ، نو آموز .

بچپن ہے اسپ ناز و ادا تازہ مشق ہیں
اے چرخ ابھی زمین پہ گھوڑے چڑھے نہیں

۱۸۶۷ رشک (نوراللغات)

[تازہ + مشق (رک)]

— وارد (— کس ر) صف .

نو وارد ، حال کا آیا ہوا ، اجنبی ، پردیسی .

اے تازہ واردان بساط ہوائے دل
زنہار اگر تمہیں ہوس نا و نوش ہے

۱۸۶۹ غالب ، د ، ۲۳۰

بادی النظر میں ان تازہ وارد بزرگ کا رنگ سب سے بڑھا چڑھا معلوم ہوتا ہے .

۱۹۲۶ شرر ، مضامین ، ۱ ، ۳ : ۱۴۲

[تازہ + وارد (رک)]

ــ ولایت (ــ کس و ، فت ی) صف .

۱. کسی دوسرے ملک سے نیا نیا آیا ہوا ، غریب شہر ، پردیسی .

ایک آغائے تازہ ولایت آیا اور اپنی چنیں و چناں کے ساتھ شیرۂ شیراز کے دو دو گھونٹ سب کو پلا گیا .

۱۸۸۰ آب حیات ، ۲۷۳

تازہ ولایت نوکار انگریز نے ملازموں کی تعلیم کے لیے ملک کی ایک ایسی زبان کا انتخاب کیا جو اپنی عام مقبولیت اور وسعت کی وجہ سے سب سے زیادہ کارآمد تھی .

۱۹۳۹ خطبات عبدالحق ، ۹۰

۲. وہ شخص جو دوسروں کی زبان نہ سمجھے .

کیوں جانتا نہ رسم و زبانِ دیارِ عشق
کچھ اب سے دور ، تازہ ولایت تو میں نہیں

۱۹۳۶ شعاع مہر ، ۳۰۶

۳. نا سمجھ ، نا واقف ، اناڑی ، نو گرفتار (مخزن المحاورات ، ۳۰۱) .

[تازہ + ولایت (رک)]

ــ ہونا محاورہ .

۱. ہرا ہونا ، سرسبز ہونا ، تازہ دم ہونا .

ہُوا تازہ جیوں باغ میں فرح سوں
کیا گل فشانی نری طرح سوں

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۶

۲. زخم ہرا ہونا .

پھر مرے داغ کہن اے داغ تازہ ہو گئے
دل میں آئی صورت باد بہاری آرزو

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۱۷۱

۳. جان آنا ، دم آنا .

تجھے دیکھ تازہ ہوا منج ہران
دھنی ہے تو گھر کا نہیں مہمان

۱۶۸۲ رضوان شاہ و روح افزا ، ۱۲۹

۴. نیا نیا یا حال ہی کا ہونا .

تجھ مکھ پہ جو اس خط کا اندازہ ہوا تازہ
اب حسن کے دیوان کا شیرازہ ہوا تازہ

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۷۸

۵. نئے سرے سے ابھرنا ، پھر سے نمایاں ہونا .

دنیا دار تے اس پر آوازہ ہوئی
کرم کی رسم اس تے بھی تازہ ہوئی

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۱۲۴

ہمارا ایمان بھی تازہ ہو گیا .

؟۱۹۲۰ جوبائے حق ، ۳ : ۲۲

تازی (۱)

(الف) صف .

۱. عرب کا ، عربی نژاد .

سنا چونکہ حیدر یو دل کیتاشاد
ماریا نعرہ اوشاہ تازی نژاد

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۱۲۴

فارسیوں پر تازیوں کی چڑھائی کی واردات اس میں اضافہ کر کے اس نسخے کو مکمل کر دیا .

۱۹۳۴ خیال ، داستان عجم ، ۱۶

۲. (قواعد) وہ حروف جو عجمی نہ ہوں اور عربی زبان سے مختص ہوں .

جو حروف فارسی میں نہیں آتے ان کو تازی اور جو عربی میں نہیں آتے ان کو عجمی کہا کرتے ہیں .

۱۸۷۳ عقل و شعور ، ۴۳

(ب) اسم .

(عرب کا) گھوڑا ؛ شکاری کتا .

بہر حال اس عشق پھاندے میں میل
چلیا اپنے مندھیر تازی کوں ٹھیل

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۱۶

ہوش کے ہاتھ میں عنان نہ رہی
جب سوں دیکھا سوار تازی کا

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۲۸

اس کا مالک جوان مرد سپاہی تازی گھوڑے پر چڑھا ہوا . . . ایک ہرن لٹکائے آ پہنچا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۲۱۱

تازی نسل کا شکاری کتا معلوم ہوتا تھا .

۱۹۳۶ ہریم چند ، زاد راہ ، ۱۷۱

(ج) اسف .

۱. عربی زبان .

شمایل محمد کا اے مہربان
ہے تازی میں اور فارسی میں بیان

۱۷۷۱ بہشت بہشت ، ۵ : ۶۲

نظم و نثر تازی و دری آپ کا بہت ہے .

۱۸۳۶ تذکرۂ اہل دہلی ، ۸۶

[ف]

ــ پر بس نہ چلا ترکی کے کان اینٹھے کہاوت .

زبردست سے مجبور ہو کر کسی عاجز کو ستانے کے موقع پر رائج ہے (محاورات ہند ، ۶۶ ؛ نجم الامثال ، ۱۳۳) .

ــ خانہ (ــ فت ن) اسف .

عربی نسل کے شکاری کتوں کا طویلہ ، کتوں کا طویلہ ، وہ مکان جہاں کتے رکھے جائیں (ماخوذ : نور اللغات ؛ جامع اللغات) .

[تازی + خانہ (رک)]

— زبان (— فت ز) صف (قدیم).

جو عربی بولتا ہو، عربی بولنے والا، رک: تازی نژاد.

اتھا ایک حاکم جو تازی زبان
عرب کے شہان میں تھے یک میزبان

۱۶۴۹ خاور نامہ، ۱۹۳

[تازی + زبان (رک)]

— کتا (— ضم ک، شد ت) امذ.

پتلی کمر کا شکاری کتا، حجازی کتا.

کتوں میں شکاری کتے ہمارے تازی کتوں کے نام سے مشہور ہیں.

۱۹۵۴ حیوانات قرآنی، ۵۵

[تازی + کتا (رک)]

— مارا ترکی کانپا کہاوت.

ایک کی سزا سے دوسرے کو عبرت ہوتی ہے (نوراللغات).

— مار کھائے ترکی آش کھائے/تراش ہائے کہاوت.

لیاقت والوں کی تباہی اور نالائقوں کی اقبال مندی پر یہ مثل بولتے ہیں، طبایع میں اختلاف ہوتا ہے کوئی مار پیٹ سے ٹھیک ہوتا ہے کوئی صرف سمجھانے بجھانے سے اصلاح قبول کر لیتا ہے (نجم الامثال، ۱۳۳؛ محاورات ہند، ۶۶).

— نژاد (— فت ن) صف؛ ~ تازی نژاد.

تازی (رک) نسل کا.

یہ بھی بکر و فر تمام مرکب تازی نژاد پر سوار ہوکر راہی ہوا.

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا، ۱: ۸۷۸

[تازی + نژاد (رک)]

تازی (۲) امث.

تازہ (رک) کی تانیث.

جو کر بات مجھ اس پریشاں سنگات
دلاسے سوں بخشیا تو تازی حیات

۱۶۴۵ قصۂ بے نظیر، ۷۵

رو برو خیمے کے وہ صحرائے سرسبز ہے کہ جس کے دیکھنے سے روح تازی ہوتی تھی.

۱۸۸۲ طلسم ہوش ربا، ۱: ۱۵۷

تیسرے پہر کو میں کپڑے بدل کر تازی ہوا کھانے کے لئے . . . باغ عامہ کا نظارہ کرتی ہوں.

۱۹۳۰ سجاد حیدر یلدرم، خیالستان، ۸۵

— بات امث.

نئی بات، نئی چیز، انوکھی بات.

تازی کوئی ہو بات تو لطف کلام ہے
بس اے قلم ٹھہر تری ترکی تمام ہے

۱۸۷۳ انیس، مراثی، ۱: ۳۷۶

[تازی + بات (رک)]

— بچن (— فت ب، چ) امذ (قدیم).

رک: تازہ بات.

رہتا تازی بچن کا گرم آوازا.

۱۶۴۵ جنت سنگار، ۳۴

[تازی + بچن (رک)]

— تر پیں فقرہ.

دہلی میں کچھ رہاں بیچنے والوں کی صدا (جامع اللغات).

تازے امذ.

تازا (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت.

خدا کالے نانوں پیرت پھل کھلائیں
تو تازے اہر تازے بھی بار لیائیں

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ، ک، ۲: ۲۰۳

— رہنا محاورہ.

خوش رہنا.

لو فقیروں کی دعا ہر طرح آباد رہو
خوش رہو موجیں کرو تازے رہو شاد رہو

۱۸۱۸ انشا، ک، ۱۱۵

تازیانہ (سک ز، فت ن) امذ.

۱. چابک، ہنٹر، قمچی، کوڑا؛ تنبیہ.

سبق یاد نہ کرنے یا شرارت کرنے پر بجائے سزائے تازیانہ کے سزائے جرمانہ دی جاتی.

۱۹۳۷ فرحت، مضامین، ۳: ۱۹۳

۲. وہ بید جس سے ملزموں کو سزا دی جائے.

کچھ سہم کے نہیب سے تھرائے مثل بید
لچکے جو مدعی یہ ترا تازیانہ آج

۱۸۷۸ گلزار داغ، ۳۱۲

[ف]

— توڑنا محاورہ .

مارتے مارتے کوڑا توڑ ڈالنا ، نہایت سختی سے سزائے تازیانہ دینا .

اللہ رے سزا گنہ عشق زلف کی
مردے پہ اس کے توڑنا ہے تازیانہ فرض

۱۸۵۳ غنچۂ آرزو ، ۷۰

— کھانا محاورہ .

کوڑے کی مار کھانا ، کوڑوں کی سزا ملنا (نوراللغات).

— ہونا محاورہ .

۱. کوڑا لگنا ، چابک پڑنا .

ابھی چراغ میں بتی پڑی نہ تھی اے بحر
شب وصال کے مشکی کو تازیانہ ہوا

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۶۷

۲. تنبیہ ہونا ، ٹھوکا جانا .

بہار عشق پہ طرہ ہوئی ہوائے بہار
سمند ہوش پہ کس رو میں تازیانہ ہوا

۱۸۵۳ غنچۂ آرزو ، ۳۹

تازیب (ی مع) امث .

کسی کو چھوٹا قرار دینا ، ذلیل کرنا .

اس نے کلیوں پر سخت ظلم کئے ، کسی کو قید کیا کسی کی تازیب کی .

۱۹۲۵ عبرت نامۂ انداس ، ۲۵۱

[ع]

تازیک (ی مع) امذ .

عرب آدمی یا گھوڑا جو دوسرے ملک میں پرورش پائے ؛ عرب نسل کا دوغلا گھوڑا ، تاجیک (جامع اللغات) .

[ف]

تاس (۱)

(الف) امذ .

۱. تشت ، تسلا ، نیز وہ علاقہ جو کسی دریا کے قریب ہو ، رک : تاس دریا .

ہاتھوں میں تاس چاندی کے تھے سفید
رکھتے تھے ماہ ہاتھ میں خورشید

۱۷۸۵ حسرت (جعفر علی) ، طربطی نامہ ، ۱۰۴

۲.(i) گھنٹہ ، ساعت .

یک تل سو ایک دن ہو ر یک تاس یک مہینا
یک دن بیار ہے تو آفت کا سال ہوئے گا

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۱۰

(ii) وہ کٹورا جو جل گھڑی کی ناند میں پڑتا تھا (شبد ساگر) .

۳. ورق ، سونے کا ورق (جامع اللغات ؛ قدیم اردو کی لغت) .

۴. زربفت ، کمخواب ؛ جھلمل ، بنی .

لٹی ہوت بنگڑیاں تھے تو وو پشواز موٹی اوڑھنی
پنج سیر سونا بھنی ہوئی وو ہی بادلا اور تاس تھا

۱۶۹۷ ہاشمی ، د ، ۳

ارباب نشاط طرح طرح کے جوڑے رنگین . . . جس کی سنجافیں تاس و بادلے کی . . . ہیں .

۱۷۹۲ عجائب القصص ، شاہ ، ۴۱۷

۵. مقرر لمبائی (قدیم اردو کی لغت) .

[ف ؛ ف]

— دریا کس اضا (— فت د ، سک ر) امذ .

دریا کی گزرگاہ .

کہیں دور تاس دریا میں کوئی بگولہ چکراتا ہوا جارہا ہے .

۱۹۱۸ بہادر شاہ کا مولا بخش ہاتھی ، ۱۲

[تاس + دریا (رک)]

تاس (۲) امذ .

(ٹھگی) نیل کنٹھ کے شگون کا نام جو بائیں جانب اچھا سمجھا جاتا ہے .

تاس نیل کنٹھ کے دیکھنے کے شگون کو کہتے ہیں ، اگر اڑتا ہوا داہنے سے بائیں جائے تو اچھا شگون ہے .

۱۸۳۶ مصطلحات ٹھگی ، ۶۵

[مقامی]

تاسا امذ ؛ ~ تاسہ .

رک : تاشہ .

کہاں ہے وہ کنتور تاسا کہاں دہل کس طرف ہے تماشا کہاں

۱۸۵۹ حزن اختر ، ۱۰۴

تاسع (کس س) صف .

نواں ، نو میں سے ایک ، (ہندسوں میں) ۹ .

سب علوم دیں میں ہوئے ہم قریں
قرن تاسع میں کیا تجدید دیں

۱۷۷۱ بہشت بہشت ، باقرآگاہ ، ۶ : ۹۷

فصل تاسع حضور اقدس کے اوصاف از قرآن پاک .

۱۹۷۳ قصیدۃ البردہ ، ۲۳۳

[ع : (ت س ع)]

تأسف (فت ت ، ا ، شد س بضم) امذ .

افسوس ، پچھتاوا ، حسرت ، کڑھن .

شاید تم میری خاطر سے کہہ رہے ہو اور تم کو پیچھے تاسف ہو .

۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۲۴۰

ممکن ہے کہ اسے غلط اطلاع ملی ہو یا اس کو کسی نے دھوکا دیا ہو اور اب اس کو اپنی تحریر پر تاسف ہو .

۱۹۰۷ نپولین اعظم ، ۲ : ۱۰۹

[ع : (ا س ف)]

— کرنا ف م .

افسوس کرنا ، کڑھنا .

آج آپ مرے حال پہ کرتے ہیں تاسف
اشفاق و عنایات و کرم ، مہر و تلطف

۱۷۹۵ قائم ، د (ق) ، ۷۵

ہم غراب ابر سوار کو اس طور سے قتل کریں گے کہ اس کے حال پر ماہیان دریا اور مرغان ہوا تاسف کریں گے .

۱۸۹۶ لعل نامہ ، ۱ : ۷۳۵

— کھانا محاورہ .

افسوس کرنا ، غم کھانا ، کڑھنا .

تاسف حال نور الدین پہ کھایا
زباں پر بے تکلف اس کی آیا

۱۸۶۱ الف لیلہ نومنظوم ، شایان ، ۲ : ۵۹۷

عارف کسی چیز پر تاسف کھاتا ہے سوائے خدا تعالیٰ کے .

۱۹۲۴ تذکرۃ الاولیاء ، میرزا جان ، ۵۱۸

تاسفاً (فت ت ، ا ، شد س بضم ، تن ف بفت) م ف .

نہایت رنج کے ساتھ ، بہت افسوس کے ساتھ (پلیٹس) .

[ع]

تاسک (فت س) امذ .

طبق ، تھالی .

تاسک طبق جو کہے تھا ہی
تواتان سر پوش ساہی (کذا)

۱۵۵۳ مثل خالق باری ، ۳

[ف]

تاسلا (سک س) امث .

وہ رسی جسے بھالوؤں کو نچانے کے وقت قلندر ان کے گلے میں ڈالے رہتے ہیں (شبد ساگر) .

[مقامی]

تاسن (فت س) امث .

ایک باریک ریشمی کپڑا ، رک : تاس (۱) .

سسرال سے دولہن کا محافہ جس کے ساتھ سینکڑوں سہیلیاں زربفت اور کمخواب کے لہنگے پھڑکاتی تاسن بادلے داری کی اوڑھنیوں سے اپنی چھب تختی دکھاتی چلی آتی ہیں .

۱۹۳۰ انتخاب لاجواب ، ۲۴ ستمبر ، ۱۶

تاسنا (۱) (سک س) ف م .

تاڑی کشید کرنا ، تاڑ وغیرہ کے درخت پر اس کا رس حاصل کرنے کے لیے چیرا لگانا .

ان درختوں میں سے احتیاطی کے ساتھ ٹانکی لگائی جاتی ہے (جس سے سیندھی کا تاسنا مراد ہے) .

۱۹۰۷ فلاحت النخل ، ۶۹

[مقامی]

تاسنا (۲) (سک س) ف م .

تنبیہہ کرنا ؛ رک : دوشنا .

میں تاستی ہی رہتی ہوں پر تو ایسا بے شرم ہے کہ ذرا بھی تجھے بات نہیں لگتی .

۱۸۷۱ گلشن غیرت ، ۹

تاسنا (۳) (سک س) ف م .

پیاس کے سبب گلا سوکھ جانے سے تاؤ کھا جانا ، پیاس کی شدت محسوس کرنا (شبد ساگر) .

[ہ : तासना]

تاس ناس صف ؛ امذ .

رک : تہس نہس (نورالغات) .

— ناس کا گھر (— فت گھ) امذ (قدیم) .

(مجازاً) دنیا .

بڑی اسنگ اور دھند والا اوہے کہ تاس ناس کے گھر ہونا آلٹ جانا .

۱۷۶۵ دکھنی انوار سہیلی ، ۱۷۰

— ناس کرنا محاورہ (قدیم) .

ستیا ناس کرنا ، تہس نہس کرنا .

سب پنچھیوں کو آجاڑ کو تاس ناس کرتا تھا .

۱۷۶۵ انوار سہیلی (دکھنی اردو کی لغت ، ۱۳۱)

تاسہ (۱) (فت س) امذ .

ہچکی ، سانس کی آواز ، خرخراہٹ (فرہنگ عامرہ) .

[ف]

تاسہ (۲) (فت س) امذ .

رک : تاشہ .

آتی تھی صدا صاف کڑکتے تھے جو تاسے
صدقے ترے اے تین شب و روز کے پیاسے

نفیس (منہذب اللغات) ؟

تاسی امث .

(کاشت کاری) تین مرتبہ جوتا ہوا کھیت (ایک بار جوتا ہوا اک سری کا دو بار جوتا ہوا جیل چار دفعہ ہل چلایا ہوا چوآنس اور پانچ بار کا بھرا ہوا بیج بس کہلاتا ہے) (اپ و ، ۶ : ۵۱) .

[مقامی]

تاسی (فت ت ، ا ، شد س) امث .

پیروی ، اقتدا ، اتباع .

آپ کو تاسی اور پیروی اپنے ہادیان دین کی کرنی چاہیے .

۱۸۸۹ تہر المصائب ، ۳ : ۲۲۵

انھیں کی تاسی میں میرے ہاں کی مستورات اور بچے بہت کچھ سدھر گئے تھے .

۱۹۵۸ میلہ گھومنی ، ۳۹

[ع]

تاسیس (ی مع) امث .

۱. بنیاد رکھنا ، جڑ قائم رکھنا ، مضبوط کرنا .

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تاسیس فرمائیں راہیں ہدایت و ایثار کی .

۱۸۵۱ (ترجمہ) عجائب القصص ، ۵۸۳

حکیم محمد اجمل خاں کے ہاتھوں جامعہ ملیہ کی تاسیس کا اعلان علی گڑھ کی جامع مسجد میں ہوا .

۱۹۵۶ آشفتہ بیانی میری ، ۳۷

۲. (عروض) وہ ساکن الف جس کے اور حرف روی کے درمیان ایک متحرک حرف واسطہ ہو جیسے خاور اور باور کا الف .

الحاصل قافیے کا اطلاق نو حروف پر ہوتا ہے ، ردف ، قید ، تاسیس ، دخیل ، روی ، وصل ، مزید ، خروج ، نائرہ .

۱۸۸۱ بحر الفصاحت ، ۲۸۳

۳. (معانی) ایک ایسا لفظ لانا جو پہلے لفظ سے زیادہ معنی رکھتا ہو (جیسے : علیم و حکیم ، علوم ، کے معنی ہیں جاننے والا اور دوسرے لفظ ، حکیم ، کے معنی ہیں جاننے والا اور کرنے والا) (ماخوذ : جامع اللغات) .

[ع]

تاسیسیہ (ی مع ، سک س ، فت ی) امث .

تاسیس سے منسوب .

تعلقات خارجہ حجاز کے فیصلے کے لیے ایک ہیئت تاسیسیہ مقرر ہوگئی .

۱۹۲۶ مسئلہ حجاز ، ۲۰۸

[ع]

تاش (۱) امذ .

۱. ایک قسم کا زری کا کپڑا جس کا تانا ریشم کا اور بانا بادلے کا ہوتا ہے ، زربفت ، بادلہ ، تمامی .

موٹا کپڑا ہے تاش سے بہتر در بدر کی تلاش سے بہتر

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۳۸۷

نظارچی بھی تاش اور بادلے کی کرتیاں پہن . . . اپنا کرتب دکھانے لگے .

۱۸۰۲ نثر بے نظیر ، ۱۲

اوپر کرگری تاش کا تخت پوش پڑا ہوا ہے .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۳۱

۲.(i) ایک کھیل جو ۵۲ پتوں سے کھیلا جاتا ہے (جو کھیل ان پتوں سے کھیلے جاتے ہیں ان کے نام نوعیت کے اعتبار سے مختلف ہیں عموماً کوٹ پیس اور برج وغیرہ نام کے کھیل زیادہ رائج ہیں) .

لیڈیوں سے مل کے دیکھو ان کے انداز و طریق
ہال میں ناچو کلب میں جا کے کھیلو ان سے تاش

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۲۹۴

(ii) وہ پتے جن سے تاش کھیلتے ہیں یا تاش کا پتا ؛ تاش کی گڈی .

یہ ماہر گڈ مڈ کیے ہوئے تاشوں کی گڈی میں سے ۵۲ تاشوں کی ترتیب کا تذکرہ بیس منٹ تک دیکھنے کے بعد کر سکتا تھا .

۱۹۶۹ نفسیات کی بنیادیں ، ۱۹۱

۳. تشت ، چلمچی .

بلغم کے لوتھڑے تھوہ کر کر چلمچی یا تاش میں تھوک دینے اور بتاسے کی طرح اس کے پانی پر تیرتے پھرنے کی پرواہ ہے .

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۸۲

بھنڈے خانے والیوں نے بھنڈا تازہ کر ، کار چوبی زیر انداز بچھا ، چاندی کے تاش میں لگا دیا .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۱۰

۴. کپڑے کاغذ یا دلتی کی چکنی جس پر سونے کا تاگا لپٹا رہتا ہے ؛ کھیلنے کے لئے موٹے کاغذ کا چوکھونٹا ٹکڑا جس پر رنگوں کی بوٹیاں یا تصویریں بنی رہتی ہیں کھیلنے کا پتا (شبد ساگر) .

۵. رک : تاس (پالیسی) .

[٥ : تاش]

— بادلا (— ـک د) امذ .

رک : تاش معنی نمبر ۱ .

ہر روز ایک عورت کو اپنے گھر بلواوے اور تاش بادلا پہناوے .

۱۸۰۳ اخلاق ہندی ، ۴۵

اپنی ضروریات سے فارغ ہو کر میں نے کپڑے بدل لئے کون سے تاش بادلے کے ہیں ، جو مجھے آن کے خراب ہونے کا ڈر ہوتا .

۱۹۵۲ افشاں ، ۲۸۴

[تاش + بادلا (رک)]

— بازی امث .

تاش کھیلنا ، تاش کا کھیل جو تاش کے پتوں سے کھیلا جاتا ہے (ماخوذ : ا پ و ، ۸ : ۱۵۲) .

[تاش + بازی (رک)]

— پر مونج کا بخیہ کہاوت .

ایسے جوڑ بات ، ایسے تک کام ؛ ناجنس کی صحبت زیبا نہیں ہوتی (نجم الامثال ، ۱۳۳ ؛ محاورات ہند ، ۶۶) .

— پوش (— و مج) صف .

تاش کا کپڑا پہنے ہوئے ، تاش سے ڈھکے ہوئے .

کسی سمت پودے وہاں تاش پوش
جو پریاں بھی دیکھیں تو اڑ جائیں ہوش

۱۸۹۰ طلسم ہوشربا ، ۴ : ۷۲۵

[تاش + پوش (رک)]

— تمامی (— فت ت) امذ .

رک : تاش معنی نمبر ۱ .

قرینے سے سڑک پر دوکانیں لگائی تھیں ، فرش تاش تمامی کا بچھایا تھا .

۱۸۸۴ طلسم فصاحت ، ۵۱

[تاش + تمامی (رک)]

— کا پتا (— فت پ ، شد ت) امذ .

تاش کی گڈی کا ایک کارڈ جس سے تاش کھیلتے ہیں ، تاش .

کیا نکتہ ہم کو تاش کا پتہ بتا گیا
عورت کے بعد جس کی جگہ ہے غلام ہے

۱۹۴۲ سنگ و خشت ، ۲۱۴

— کباب (— فت ک) امذ .

توے پر تلے ہوئے کباب .

قورمہ بھی ان کی پلیٹ میں نکالو اور یہ تاش کباب تو یونہی رہ گئے .

۱۹۷۳ ساہم ، ۳۴۷

[تاش + کباب (رک)]

تاش (۲) صف ؛ امذ .

۱. دوست ؛ خداوند ؛ شریک (فرہنگ عامرہ) .

۲. ایک ہی آقا کے دو یا زیادہ ملازموں کے باہمی تعلق کے اظہار کا کلمہ ، ہم کا مترادف (بیشتر ترکیب میں مستعمل) .

میں سحر خواجہ تاش کاشی ہوں
بند فیض قدم سے آمل ہے

۱۸۵۸ سحر (نواب علی) ، قصائد ، ۳۲۵

[ف]

تاشوں کی کڑک (و مج ، فت ک ، ڑ) امث .

تاشہ (رک) کی تیز آواز .

باجوں میں شام و روم کے تاشوں کی وہ کڑک
قرنا کا غل ، دہل کی گرج ، طبل کی گنگ

۱۹۰۰ فارغ سیتا پوری (اردو نامہ ، جون ، ۱۹۷۶ : ۸۹)

تاشہ (۱) (فت ش) امذ .

تغاری یا تشلہ کی شکل کا کھال منڈھا ہوا چھوٹا باجا جو گلے میں ڈال کر دو پتلی لکڑیوں سے بجایا جاتا ہے اس کی آواز ڈھول سے زیادہ تیز مگر کم گونجدار ہوتی ہے .

اتنے میں تاشوں اور شہنائی اور روشن چوکی اور انگریزی باجوں کی آواز کانوں میں آئی .

۱۸۹۲ خدائی فوجدار ، ۲ : ۶۲

یہ جماعت دیکھیے یہ ڈھول تاشا دیکھیے
دوڑنا یاروں کا ایسا ہے تماشا دیکھیے

۱۹۲۱ اکبر ، گاندھی نامہ ، ۴۶

[ف]

— بجنا ف مر .

تاشے پر ضرب پڑنے سے آواز نکلنا .

بجیں گے حلقہ ماتم میں ڈھول اور تاشے
حسینی باجا کوئی ماتمی بجائے گا

۱۸۹۴ کلام دلدار علی مذاق ، ۱۸۵

— کڑکنا محاورہ .

بہت زور سے تاشہ بجنا ، تاشے سے زور کی آواز نکلنا .

سپاہ عشرت پہ فوج غم نے جو مل کے مرکب ہجوم اٹھائے
ادھر تو نالے کا تاشہ کڑکا ادھر فغاں نے علم اٹھائے

۱۷۹۱ بقا (تذکرۃ الشعرا ، ۷)

ـــ نواز (ـــ فت ن) امذ .

تاشہ بجانے والا .

سات آدمی ہوتے ہیں ۔ دو آدمی تاشہ نواز اور ایک نفر دہل نواز اور ایک نفر جھانجھ نواز اور دو نفر نشان بردار .

۱۸۳۵ مجمع الفنون (ترجمہ) ، ۲۲۸

[تاشہ + نواز (رک)]

تاشہ (۲) (فت ش) امذ .

(زر بافی) سونے ، چاندی یا کندلے کا چپٹا کیا ہوا تار ، بادلا ، تاش (ا پ و ، ۲ : ۱۸۹) .

[رک : تاس]

تاشی صف .

رک : تاش (۱) معنی نمبر ۱ سے منسوب .

اس رشک سے تو بجلی چمکے نہ بادلوں میں
سنجاف ہے تمامی دامن ترے ہیں تاشی

۱۷۹۲ محب دہلوی ، د ، ۳۹۹

[رک : تاش (۱) + ی ، لاحقۂ نسبت]

تاصیل (ی مع) امث .

اصلیت بتانے کا عمل .

کتنے نقاد محدث علم حدیث کے بڑے ماہر لیکن . . . قواعد اصلیہ پران کی تاصیل سے عاجز .

۱۸۹۶ رسالہ تحفۃ السعادت ، ۱۰

[ع]

تاغ امذ .

ایک بڑا درخت ، تاخ کا درخت ، چنار ؛ انار ؛ تمر ہندی ؛ جھنڈے کا ڈنڈا ؛ بہاڑ (فرہنگ عامرہ ؛ جامع اللغات) .

[ف]

تاغلا لَپَٹ امث .

رک : تاگلا لپٹ (ا پ و ، ۲ : ۲۳) .

تاغیر (ی مع) امذ (قدیم) .

رک : تغئیر ، تبدیل .

جسے رب نے جتا قدر دیا ہے سو وتا ہے
تقدیر و قضا جو ہے سو تاغیر نہ ہوے

۱۶۷۲ علی عادل شاہ ثانی ، د ، ۹۷

تافتان (سک ف) امث .

تنور میں پکی ہوئی موٹے کناروں کی گول اور بہت ملایم خمیری روٹی ، جس میں میدے کے ساتھ خمیر اور تھوڑا روغن بھی ملا دیا جاتا ہے .

بد ہضمی میں ثقیل روٹی مثل تافتان یا شیر مال یا گاؤزبان کھانے سے بیضہ ہو جاتا ہے .

۱۸۷۲ عطر مجموعہ ، ۱ : ۱۸۰

فنجان قرینے سے ایک کشتی میں چنے گئے ، قند اور دودھ منگایا گیا تافتانیں جلدی سے بازار سے آ گئیں .

۱۹۰۵ حور عین ، ۲ : ۱۱۲

[ف]

تافتانی (سک ف) صف .

تافتان (رک) سے منسوب ؛ تافتان کی طرح نرم و گداز .

مدتوں اہلیہ کے تانتانی گل اور چہرے کے نمک پر بسر اوقات ہوئی .

۱۹۳۲ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۷ ، ۷ : ۱۰

[رک : تافتان + ی ، لاحقۂ نسبت]

تافتہ (سک ف ، فت ت) امذ ؛ ~ تافتا .

۱. ایک قسم کا ریشمی کپڑا .

گلالی تافتا بند بین چولی لعل رنگ تس میں
جوبن بالا چھپا کے منج ہر ایک ہیرے کی کوٹی ہے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲۵۰

وہ تافتہ و سندس و استبرق جنت
تھا بافتہ رشتۂ نور ید قدرت

۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۲ : ۹

دیواروں پر سہ رنگ تافتہ کی گل کاری کی بہار آ رہی تھی .

۱۹۰۷ نپولین اعظم ، ۱ : ۳۳۵

۲. گھوڑوں اور کبوتروں میں ایک خاص قسم کا رنگ (فرہنگ آصفیہ) .

[ف]

تافیف (ی مع) امث .

اف کہنا ، افسوس کرنا ، اف کرنا .

تافیف ۔ اف کرنا .

۱۸۵۶ محاسن العمل الافضل مع التتمات ، ۲۹

[ع]

تاق صف ؛ امذ ؛ امث .

۱. مختلف رنگ کی آنکھوں کا گھوڑا یا جانور جس کی دونوں آنکھیں یک رنگ نہ ہوں اور جس کو منحوس خیال کیا جاتا ہے (اوراللغات ؛ پلیٹس) .

۲. ٹوپی کی ایک قسم (نوراللغات ؛ پلیٹس) .

[غالباً ت > ف : داغی]

تاک (۱) اسث .

۱. انگور کی بیل .

چمی میں مکھ کے تیرے مثل تاک ہے سرکش
اپس کے مکھ پہ نہ کر زلف کوں اتا گستاخ

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۸۳

کس کی مست آنکھیں یہ دیکھی ہیں کہ جو جاری ہے
رگ مژگاں سے مری خون رگ تاک ہنوز

۱۸۲۳ مصحفی ، د (انتخاب رامپور) ، ۹۹

بلبل کی ، شاخ گل کی نمو پر نگاہ ہو
میری نظر ہے تاک ہی کے داربست پر

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۱۳۲

۲. ٹٹی (بانس یا لکڑی کی) .

آم کے درخت انگور کی مانند تاکوں پر پھیل کر پھولتے پھلتے ہیں .

۱۸۰۵ آرایش محفل ، افسوس ، ۱۵۷

[ف]

تاک (۲) اسث .

۱. ٹکٹکی ، نگاہ ، جمی ہوئی نظر ، رک : تاکنا .

متصل نہر کے انگور کی تاک تھی ، ہر شجر کی اس پر تاک تھی .

۱۸۸۲ طلسم ہوش ربا ، ۱ : ۶۰

۲. گھات ، کمین .

آنکھ اس کی کیا پڑی میرے دل برباد پر
تاک ہے غارت گروں کی خانۂ آباد پر

۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۶۴

نامۂ یار کا مشکل ہے پہنچنا مجھ تک
تاک میں غیر بھی ہیں حضرت سنسر کے سوا

۱۹۳۲ سنگ و خشت ، ۷

۳. انتظار .

پر وقت کی تاک میں برابر
ہمت تیری گن رہی تھی گھڑیاں

۱۹۱۳ کلیات نظم حالی ، ۵۴

۴. تلاش .

فرقت گل میں بچے گی کس طرح سے جان زار
باغ میں صیاد کو بلبل کی ناحق تاک ہے

۱۸۶۱ کلیات اختر ، ۸۰۲

۵. شست ، نشانہ .

بہت اپنی تاک بلند تھی ، کوئی بیس گز کی کمند تھی
پر اچھال پھاند وہ بند تھی ترے چوکیداروں کی جاگ سے

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۶۵

۶. دیکھ بھال ، توجہ ، اہتمام .

ساق کے ساتھ راحت و آرام بھی گیا
اب کون مے پلائے گا رندوں کو تاک سے

۱۹۲۷ شاد ، میخانہ الہام ، ۲۹۷

[س : ترکیہ (ت) तर्क्य (सं)]

— باز اسذ .

تاک جھانک کرنے والا .

میں کیا بیان کروں مستی بہار کا رنگ
غرض صغار سی ہیں مست تا کباز ابکے

۱۸۷۹ دیوان عیش ، عیش (حکیم آغا جان) ، ۴۸

[تاک + باز ، لاحقۂ صفت (رک)]

— باندھنا محاورہ .

۱. ٹکٹکی باندھنا ، برابر دیکھے جانا (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

۲. شست باندھنا ، نشانہ باندھنا (نوراللغات) .

۳. ٹٹی باندھنا .

کیوں میں دل پر آبلہ پر تاک نہ باندھوں
ہے اس پہ مجھے خوشۂ انگور کی سوجھی

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۵۶

— بندی (— فت ب ، سک ن) اسث .

ٹٹی یا ٹھاٹھر باندھنا .

فلک کی تاک بندی ہے یہ گل خیزی زمیں کی ہے
بہار گلشن ایجاد کو اک روز جانا ہے

۱۸۱۶ دیوان ناسخ ، ۱ : ۹۱

[تاک + بندی (رک)]

— پر آنا محاورہ .

کسی امید یا توقع پر آنا (جامع اللغات) .

— پر ملنا محاورہ .

ضرورت کے وقت کسی چیز کا ملنا (جامع اللغات) .

— بیچ (— ی مج) اسذ .

کشتی کا ایک داؤ .

طاقت آزمائی کے بعد دانوں بیچ ہوئے اور اک دستی ، دو دستی . . . تاک بیچ . . . قفلی ہوتے ہوتے شہزادے نے رخشاں کی کمر بند زنجیر میں ہاتھ ڈال ایک ہی قوت میں سر سے بلند کیا .

۱۹۴۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۵۸

[تاک + بیچ (رک)]

ـــ تاک کر م ف .

چھانٹ چھانٹ کر ، چن چن کر یا نشانہ باندھ کر .

اسد نے تاک تاک کر افسروں کو قتل کیا .

۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۷۵۸

جب کافر تیر چلاتے اور تاک تاک کر ہمارے باپ پر نشانے پھینکتے تو اس کے بچے ستر ستر تیر ڈھال بن کر اپنے جسم پر کھاتے تھے .

۱۹۲۱ سچ پارۂ دل ، ۲۶

ـــ جھانک (— مغ) اسث .

۱. نظر بازی ، گھورا گھوری .

کرتی ہے زیر برقع فانوس تاک جھانک
پروانے سے ہے شمع مقرر لگی ہوئی

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۱۸۹

بڑھتے بڑھتے دکھ نہ بن جائے کہیں یہ تاک جھانک
آرزو اتنا سمجھ رکھو یہ ہے چسکا برا

۱۹۳۸ سریلی بالسری ، ۱۰

۲. نگرانی ، دیکھا بھالی .

بھلا ایسی تاک جھانک میں کس کی شامت آئی ہے کہ رشوت کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی دیکھ لے .

۱۸۹۹ روپاے صادقہ ، ۲۹

[تاک + جھانک ، جھانکنا (رک) سے]

ـــ جھانک کرنا محاورہ .

لک چھپ کے دیکھنا ، دیکھا بھالی کرنا ، نظر بازی کرنا .

دروازوں اور سوراخوں اور کھڑکیوں کی راہ سے تاک جھانک کرنے لگا نوبت بایں جا رسید کہ میرے دل میں بھی عشق پیدا ہو گیا .

۱۸۹۲ خدائی فوجدار ، ۱ : ۲۷۵

ترسی ہوئی ہیں پتلیاں چین نہ لیں گی پا کے یہ
خوب کریں گی تاک جھانک آنکھ کی نظر بچا کے یہ

۱۹۲۵ شوق قدوائی ، عالم خیالی ، ۳۱

ـــ جھانک لگانا محاورہ .

رک : تاک جھانک کرنا .

لگائے تاک جھانک اس درجہ ہر بد مست شیشے میں
نہ ہو پیر مغاں سے دختر رز کی نگہبانی

۱۸۹۱ کلیات قدر ، ۵۹

ـــ رکھنا محاورہ .

۱. گھات میں لگے رہنا .

تیرے صدقے میں جو چھوٹوں تو ٹھکانا ہو جائے
تاک رکھتے ہیں ہر اک ہفتے کو صیاد مجھے

۱۸۶۱ کلیات اختر ، ۸۸۲

۲. پہچان رکھنا ، پہلے سے دیکھ رکھنا ، جان لینا ، تاڑ رکھنا .

خدا جانے کہ یہ کس خوش نگہ سے تاک رکھتا ہے
ہمیشہ پھولتا پھلتا رہا انگور آنکھوں کا

۱۷۷۲ نغاں ، د ، ۸۳

میسر جو نہ ہو صہبا پئیں گے خون دل اپنا
یہ ہم نے تاک رکھی ہے مئے انگور سینے میں

۱۸۹۴ دیوان زکی ، ۱۱۷

۳. اہتمام دیکھ بھال یا خیال رکھنا .

حنظل آپ ان کا پہرہ دیتی یا لڑائی کا بندوبست کرتیں شاہش کہو عورت ذات کو جو سب طرف کی تاک رکھتی ہے .

۱۸۸۲ طلسم ہوش ربا ، ۱ : ۶۶۷

ـــ کر م ف .

سیدھ باندھ کر ، صحت باندھ کر ، نشانہ لگا کر .

تاک کر سنگ حوادث کس کو مارے گا فلک
شیشۂ دل تو مرے پہلو میں چکنا چور ہے

۱۸۰۱ جوشش ، د ، ۱۶۶

دشمن کے جماؤ کو دیکھ کر اور خوب تاک کر اس جگہ بم کے گولے پھینکتے ہیں .

۱۹۱۳ توپ خانہ ، ۲۵

ـــ لگانا محاورہ .

۱. گھات میں رہنا ، جستجو میں رہنا .

لگائی کس بت مے نوش نے ہے تاک اس پر
سبو بہ دوش ہے ساقی جو آبلہ دل کا

۱۸۳۰ نصیر ، چمنستان سخن ، ۱۵

کل رات کو چار دزد چالاک
کیا جانے لگائے کب سے تھے تاک

۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۱۶۵

۲. انتظار میں رہنا .
میں تو اس پر تاک لگائے بیٹھا ہوں اور ایک ایک دن گن رہا ہوں .
۱۹۳۲ مکتوبات عبدالحق ، ۲۳۳

۳. (کسی چیز پر) داؤ لگانا ، دانت رکھنا (فرہنگ آصفیہ ؛ مخزن المحاورات ، ۳۰۱) .

— لگنا محاورہ .
تاک لگانا (رک) کا لازم .
تھوڑی نظر گزر کی ملے ہم کو ساقیا
ہے اپنی تاک جانب ساغر لگی ہوئی
۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۲۱۲
یہاں پڑے تھے مگر تاک ادھر ہی لگی تھی .
۱۹۱۰ آزاد ، نیرنگ خیال ، ۵۲

— لینا محاورہ .
(عو) چیزوں کا وقت پر پہنچانا ، اشیائے ضروری وقت پر مہیا کرنا ، نگرانی کرنا ، دیکھ بھال کرنا .
کھانے پینے حقے افیون کی تاک ہوا حسینی لیتی تھیں .
۱۸۹۹ امراؤ جان ادا ، ۵۱

— میں بیٹھنا محاورہ .
انتظار اور تلاش کی حالت میں ہونا ، موقع دیکھنا ، گھات میں لگنا .
تیرے سیدھے رستے پر بنی آدم کی تاک میں بیٹھوں تو سہی .
۱۸۹۵ ترجمہ قرآن مجید ، نذیر ، ۲۳۱
بیٹھی ہے اجل تاک میں معلوم نہیں
آتش بھی ہے خاشاک میں معلوم نہیں
۱۹۳۷ رباعیات امجد ، ۲ : ۱۰۳

— میں رکھنا محاورہ .
(کسی کو) نظر میں رکھنا (نوراللغات) .

— میں رہنا محاورہ .
۱. گھات میں رہنا ، تلاش میں رہنا .
شیطان ہر وقت انسان کی تاک میں رہتا ہے .
۱۸۶۶ تہذیب الایمان (ترجمہ) ، ۱۱۱
۲. موقع تکنا .
دشمن جو موقع کی تاک میں رہتے ہیں اگر تمہاری بھلائی کو برائی کر دکھائیں اور بادشاہ یقین لے آئیں تو کسی کی مجال ہے جو عرض حال کرسکے .
۱۹۳۰ اردو گلستان ، ۴۷

۳. انتظار میں رہنا ، وقت کا انتظار کرنا .
بڑے بیٹے کو یہ بات بہت بری لگی اور تاک میں رہا کہ باپ کی آنکھ بچے تو روپیہ چراؤں .
۱۹۱۳ انتخاب توحید ، ۶۳

— میں لگانا محاورہ .
تاک میں لگنا (رک) کا تعدیہ .
لڑکے تاک میں لگا رکھے تھے .
۱۹۳۹ افسانہ بدھنی ، ۱۰۷

— میں لگنا محاورہ .
تلاش میں رہنا ، گھات میں ہونا یا بیٹھنا .
کر دیا آخر ہدف تیر نگاہ یار کا
ایک مدت سے لگی تھی موت میری تاک میں
۱۸۵۳ غنچۂ آرزو ، ۸۷

— میں ہونا محاورہ .
۱. گھات میں رہنا .
تاک میں دل کی ہے نشیلی آنکھ
اور کہتے ہیں ہوشیار کسے
۱۸۹۲ مہتاب داغ ، ۱۶۸
۲. موقع تکنا ، تاک میں رہنا .
وہ جوہر قابل تھے ، مگر موقع کی تاک میں تھے .
۱۹۳۵ چند ہمعصر ، ۱۱۷

تاکا جھانکی (مغ) امث .
رک : تانک جھانک .
وہی گھر گھر کی تاکا جھانکی وہی در خرچی وہی بازاروں کے چکر .
؟ نظام ادب ، ۳۵ : ۱۳

تاکتے رہ جانا/رہنا محاورہ .
دیکھتے رہ جانا ، محروم رہ جانا ؛ گھات میں لگنا ؛ دیکھا بھالی کرنا .
جب سے یہ پھیلنے شروع ہوتے ہیں میں تاکتا رہتا ہوں .
۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۱۰۶
تم تاکتے ہی رہ جاؤگے اور کوئی دوسرا آدمی آکو دے گا .
۱۹۳۳ روحانی شادی ، ۱۴

تاک دھنا دھن (فت دھ ، کس نیز فت دھ) امث .
رقاص تال کے ساتھ یہ الفاظ کہتے جاتے ہیں .
طنبورہ تال و سم انہیں پورے سکھاتا ہے
قوال ان کو تاک دھنا دھن نچاتا ہے
۱۹۳۱ . اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۶ ، ۲۸ : ۵

[حکایت الصوت]

تاکڑی (سک ک) امث .

(فن تعمیر) تاج دار دروازے کے تاج کے باکھے میں بنا ہوا چھوٹا سا طاق یا اس کا نشان دونوں پاکھوں میں ایک ایک ہوتا ہے (ا پ و ، ۱ : ۱۱۳) .

[مقامی]

تاکسد (سک ک ، کس س) امذ .

آکسیڈ کے مانند نیز زنگ آلود ہونے کا عمل ، ترشاؤ .

خلیات شکر کو ایندھن کے طور پر استعمال کرسکتے ہیں اور اس کے تاکسد (آکسا ئیڈیشن) کے نتیجے میں کاربن ڈائی آکسائیڈ اور پانی جیسی پیدائشیں رونما ہوتی ہیں .

۱۹۶۳ ماہیت الامراض ، ۱ : ۶۳

[انگ : Oxid سے]

تاکسی (سک ک) امث .

رک : ٹیکسی .

ایرپورٹ سے باہر نکلے تو ٹیکسی ڈرائیور یا ڈرائیور تاکسی سے واسطہ پڑا .

۱۹۷۵ بسلامت روی ، ۲۹۵

تاکل (فت ت ، ا ، شد ک بفت) امذ .

۱. کسی چیز (دھات وغیرہ) کے گل جانے کا عمل ، ریزہ ریزہ ہوجانے کا عمل .

لوہا برق کا منفی عنصر قرار پاسکے اور تاکل سے محفوظ رہے .

۱۹۴۸ اشیائے تعمیر ، ۱۳۰

۲. جسم انسانی کی بوسیدگی کا عمل .

پھوٹوں میں تاکل (گل جانا) اور پلکوں کا گرجانا وغیرہ جیسے عوارضات پیدا ہوتے ہیں .

۱۹۳۶ ترجمہ شرح اسباب ، ۲ : ۱۱۶

[ع : (= تاکل ، دانت یا لکڑی کا کھوکھلا ہو کر گرجانا)]

تاکل اسنان کس اضا (— کس ا ، سک س) امذ .

دانتوں کی جڑوں میں گلنے یا ریزہ ریزہ ہونے کا فطرتی عمل جو کسی بیماری یا غذائی ابتری کی وجہ سے ہوتا ہے .

تاکل اسنان کی نوعیت دراصل سالمائی تاکل کی ہوتی ہے .

۱۹۶۳ ماہیت الامراض ، ۱ : ۸۶۵

[تاکل + اسنان (رک)]

تاکل (فت ت ا ، ضم ل بشد) صف .

مزہ تبدیل ہوجانے کا عمل ، اکلا جانے کی کیفیت .

نشاستے کے دانوں کا تاکل دیکھو جو خمیر کی وجہ سے پیدا ہوگیا ہے .

۱۹۳۸ عملی نباتیات ، ۱۲

[ع]

تاکنا (سک ک) ف م .

۱. گھورنا ، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا ، غور سے دیکھنا .

وہ اسی کی طرف تاک رہا تھا ، مبارک نے پوچھا کہ تم کو کیا ہوگیا ہے .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۲۲۸

ہوا مستی میں جو اپنا گزر گلشن میں اے ساقی
تیرے ہی دیکھنے والے نے پہلے تاک کو تاکا

۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۹۶

۲. خیال کرنا ، غور کرنا .

ڈھالے ہوئے بتوں کو کہتے ہیں کہ تم ہمارے الٰہ ہو ، سنو اے بھرو اور تاکو اے اندھو تاکہ تم دیکھو اندھا کون ہے .

۱۹۲۳ سیرۃ النبی ، ۳ : ۷۲۹

۳. چھپ کر دیکھنا ، جھانکنا .

کبھی خورشید تاکے گا کبھی مہتاب جھانکے گا
کھلا رہنا نہیں اچھا ترے کمروں کے روزن کا

۱۸۷۲ مرآۃ الغیب ، ۵۶

۴. تاڑنا ، پہچاننا .

دم مستی نہالان چمن کو بہت تاکا تو نخل تاک پایا

۱۸۶۴ نسیم دہلوی ، د ، ۹۳

۵. نشانہ باندھنا ، شست لگانا .

پھینکے ہے منجنیق چرخ تاک کے سنگ تفرقہ
بیٹھ کے ایک دم کہیں ہو وہیں جو ہم کلام دو

۱۸۳۸ بستان حکمت ، ۳۲

۶. پسند کرنا ، چھانٹنا ، منتخب کرنا .

سہانی سی امریاں تاک کے میں ان میں گیا .

۱۸۰۳ رانی کیتکی ، ۱۶

۷. کسی چیز کی خواہش کرنا ، للچائی ہوئی نظروں سے دیکھنا .

ہمیں دیدار سے محروم رکھ کر ہے نظر دل پر
پرایا مال تاکو اور دولت اپنی رہنے دو

۱۸۹۲ مہتاب داغ ، ۱۴۷

دکھیاریاں مصیبت ماریاں بھوکی پیاسی تیرے در پر آکر پڑیں اور تو ان کا زیور تاکے .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۲۱۲

۸. تلاش کرنا .

بے وفا یار کے کوچے میں نہ جاؤ اب رند
اور گھر تاکو کوئی اور محلا دیکھو

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۱۱۸

۹. رک : تکنا .

شردھا کھڑی تاکتی رہ گئی .

۱۹۲۲ گوشۂ عافیت ، ۱ : ۲۰۷

[س : ترکیہ (ت) तर्कय (ति)]

— جھانکنا محاورہ .

رک : تاک جھانک کرنا .

لہو روتی ہے اب پہلے اسے تاکا اوسے جھانکا
ڈبویا دل کو ظالم نے برا ہو چشم گریاں کا

۱۹۰۰ دیوان حبیب ، ۴

تاکو لے جھانکو کہاوت .

گرہ پر ، جیب کترے ، چوٹئے لیتے ہی چل دیتے ہیں (محاورات ہند ، ۶۱) .

تاکہ (فت ک) امذ .

پودوں کی ایک بیماری کا نام .

کاشتکاروں کا خیال ہے کہ مارگیسر کے مہینے میں گاجر کی فصل کو تاکہ اور ناؤ کا روگ ہوتا ہے .

۱۹۰۱ ترکاری کی کاشت ، ۸۸

[مقامی]

تاکہ (کس ک) حرف شرط .

اس لیے کہ ؛ رک : و تا ، کا تحتی .

ترک میرے کرم سوں تاکہ آوے بے حجاب ہو کر
تماشے میں ترے جیوں آرسی میں صیقلی انکھیاں

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۳۲

نماز تاکہ جماعت سے ہو مساجد میں
زبان و دل کو رہے تاکہ ورد نام خدا

۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۲۱

تاکہ کمال لکھنوی فرماتے ہیں یہ کاف کے ساتھ غیر فصیح ہے اور اسی طرح جبکہ ، جو کہ ، غرضیکہ ، کاش کہ . . . .

۱۹۱۹ معیار فصاحت ، ۵۱

تاکی امث .

کھڑکی .

مجھے سرد ہوا کی بڑی ضرورت تھی مگر آپ تاکی کھول کر بھی ہوا دے سکتے تھے .

۱۸۹۸ دربار پیرس کے اسرار ، ۱ : ۲۰

[؟]

تاکید (ی مع) امث ؛ ارذ .

۱. ضد ، اصرار ، ہٹ .

نئی تاکید ہے ضبط محبت کی وہ کہتے ہیں
جگر ہو تو فغاں کیوں ہو دہن ہو تو زباں کیوں ہو

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۱۸۱

ہم یہ تاکید یہ ہوتی ہے کہ قاتل نہ کہو
اپنی چتون کی خبر ہی نہیں قاتل تجکو

۱۹۱۵ جان سخن ، ۱۰۷

۲. تقاضا ، کوشش ؛ بار بار کہنے یا زور دینے کا عمل .

سوچا جواب کیا مرے حاضر جواب نے
تاکید ہے کہ روز جزا کوئی کچھ کہے

۱۸۸۷ گلزار داغ ، ۲۴۰

شریعت کا پابند ہے اور نماز کی بابت بڑی تاکید کرتا ہے .

۱۹۵۸ ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی ایک جھلک ، ۲۰۹

۳. شدید ممانعت .

کیا تمام تاکید شراب پر پہنچ آیا ہے .

۱۶۳۵ سب رس ، ۳۰

نامہ بر سے ہے یہ نفرت کہ ہے ان کی تاکید
کوئی طائر سر دیوار نہ آنے پائے

۱۸۷۰ دیوان اسیر ، ۳ : ۴۵۳

اف : کرنا ، فرمانا ، ہونا .

[ع]

— اکید کس صف (— فت ا ، ی مع) امث .

سخت حکم ، سخت تاکید .

خدمتگاروں اور نوکروں کو تاکید اکید تھی کہ خبردار شراب ہی کے ہمارے سامنے نہ آنا .

۱۸۹۴ بشو ، سرشار ، ۳۷

عیاران لشکر پر تاکید اکید رہے کہ ہر چہار طرف کی خبر رکھیں .

۱۹۰۴ آفتاب شجاعت ، ۴ : ۲۵۲

[تاکید + اکید (رک)]

— بلیغ کس صف (— فت ب ، ی مع) امث .

پوری تاکید ، سخت تاکید .

بعد ازاں تمام سرداروں کو پس پردہ بلا کر حفاظت و رفاقت میں شاہزادہ کی تاکید بلیغ کی .

۱۸۵۸ حدائق انظار ، ۳۶

[تاکید + بلیغ (رک)]

— دار امذ .

ذمہ دار افسر یا افسر مجاز .

ملازمین مامورہ مساجد و معابد . . . وغیرہ اور سر رشتہ ٹپہ کے تاکید داروں کو کوئی تعلق نہ ہوگا .

۱۹۰۱ ارکان اربعہ ، ۷

[تاکید + دار (رک)]

ــ شدید کس صف (ــ فت ش ، ی مع) ایث .

سخت تاکید (جامع اللغات) .

[تاکید + شدید (رک)]

تاکیداً (ی مع ، تن د بفت) م ف .

تاکید اور اصرار کے طور پر ، باصرار .

بزرگوں نے تاکیداً و تشدیداً فرمایا ہے کہ فرس کو بے خطا مارنا . . . اچھا نہیں ہے .

۱۸۷۲ رسالۂ سالوتر ، ۲ : ۷

[ع]

تاکیدی (ی مع) صف .

وہ ہدایت یا حکم جس کی تعمیل کے لئے بہت زور دیا گیا ہو ، سخت اصرار کا ، ضروری .

تاکیدی احکام مرحلہ داروں کو روانہ کئے .

۱۸۷۷ طلسم گوہر بار ، ۵۶

کرو کے یہ تاکیدی الفاظ تھے نہ عورت کا سایہ کٹی پر پڑے

۱۹۳۶ جگ بیتی ، کیفی ، ۶

[رک : تاکید + ی ، لاحقۂ نسبت]

تاگ امذ .

رک : تاگا (پلیٹس) .

موش چوہا گربہ بیلی مار ناگ
سوزن و رشتہ بندس سوگی و ناگ

۱۳۲۳ خسرو ، خالق باری ، ۶۸

ــ توڑ (ــ و مج) امذ .

لیس ، بیل ، جھالر ، باڈر (پلیٹس) .

[تاگ + توڑ ، توڑنا (رک) سے]

تاگا امذ ؛ ــ تاگہ .

دھاگا ، ڈورا ، سوت ، تار .

سب ہنر بغیر تعلیم ماں باپ اور استاد کے جانتے ہیں . سوئی تاگے کے محتاج نہیں ہوتے .

۱۸۱۰ اخوان الصفا ، ۱۳۰

[س : تنتر + کہ : तन्त्र + क]

ــ باندھنا محاورہ .

(کسی چیز سے) تاگے میں گرہ ڈال کر منسلک کر دینا ، (مجازاً) منت یا مراد حاصل کرنے کے لئے کسی بزرگ یا اولیا کے مزار کی جالی وغیرہ میں تاگا باندھ دینا .

بعضے ادنا لوگ . . . قبر کے آس پاس تاگا باندھتے ہیں .

۱۸۵۸ یادگار چشتی ، ۷۴

ــ بٹنا ف ر .

کچے دھاگے میں بل دینا تاکہ وہ مظبوط ہوجائے ؛ کئی تاگوں کو ملا کر بل دینا ، ڈوری بنانا .

بہشتن کی شکل بن کر . . . گرستنوں کی طرح گٹھری مٹھری کھولی تاگا ہٹ کر سینے لگے کسی میں پیوند لگایا کسی پاجامہ کو ادھیڑا کلیاں نکال ڈالیں .

۱۸۹۲ طلسم ہوشربا ، ۶ : ۵۸۰

ــ پرونا/پُرونا محاورہ .

سوئی کے چھید میں سے تاگا نکالنا .

اب تاگا پرونے کے لئے سوئی کے ہر پیکٹ کے ساتھ ایک چھوٹا سا پرزہ ملتا ہے .

۱۹۳۰ فائن ٹیلر ماسٹر ، ۲۰

ــ ڈالنا محاورہ .

۱. سینے کے لئے سوئی میں دھاگا پرونا (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

۲. لحاف یا توشک میں روئی کے پھٹنے کو روکنے کے لئے دور دور فاصلے سے شلنگے بھرنا ، ڈورے ڈالنا (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

ــ نُما (ــ ضم ن) صف .

تاگا سا ، تاگے کی طرح پتلا .

تاگا نما یہ کیڑے چھوٹے ، پتلے اور تاگے کی مانند ہوتے ہیں اور آنت کے نچلے حصے میں رہتے اور اس میں خراش پیدا کرتے ہیں .

۱۹۳۰ حیوانیات ، ۱۲۸

[تاگا + نما (رک)]

تاگا (۲) امذ .

ایک قسم کا ٹیکس جو نفر شماری کے بعد لگایا جاتا ہے (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[०: تاگا]

. . . تاگا امذ ؛ تابع .

رک : آگا تاگا ، جس میں یہ بطور جزو ثانی مستعمل ہے ؛

ــ لینا محاورہ .

غور اور توجہ سے دیکھنا ، جہان بین کرنا ، نشیب و فراز سمجھ کر کام کرنا ؛ حساب کتاب لینا ؛ سوال جواب کرنا

رک : آگا تاگا لینا (ماخوذ : پلیٹس) .

Library
Anjuman Taraqqi Urdu (Hind)

تاگڑا (سنسکرت ، ک) امذ .

مانپ کی ایک قسم .

تاگڑا ، دس گز لنبا ہوتا ہے اور سر زرد برنگ زمین کرگٹ کے سر کی صورت کا .

۱۸۷۳ تریاق مسموم ، ۳۳

[مقامی]

تاگڑی (سنسکرت ک) امث .

۱. **(تاگون وغیرہ) کا بٹا ہوا ڈورا جو ہندو یا کنوار یا ان کے بچے لنگوٹی اٹکانے کے لئے ناف سے نیچے باندھتے ہیں .**

ایک فقیر جو بھبوت رمائے مونجھ کی تاگڑی باندھے ، سر پر جٹا چھوڑے کھڑا تھا .

۱۸۷۸ رسوم ہند ، ۴۷

ایک میلی لنگوٹی وہ بھی پرانی اور چھوٹی بال کی تاگڑی میں اوڑی ، اسباب دنیا ہے یہ جھونپڑی میں اللہ کا نام .

۱۹۲۸ باتوں کی باتیں ، ۱۰

۲. **ایک زنجیر کی قسم کا زیور جسے ہندو امیر اور ان کی عورتیں زیب کمر کرتی ہیں .**

بڑے بڑے میٹھ موٹے موٹے ہار گلے میں ڈالے سونے کی تاگڑیاں باندھے رتھوں میں سوار .

۱۸۴۴ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۱۸۴

[رک : تاگ + ڑی ، لاحقۂ تصغیر]

تاگلا لپیٹ (سنسکرت ، فت ل ، ی مج) امث .

(زر بافی) تیکھی لپیٹ ، تھاڑی پر ریشم کے تار کی لپیٹ کو ایک دوسرے پر اوپر تلے ترچھا لپیٹنا (اپ و ، ۲ : ۲۳) .

[مقامی]

تاگنا (سنسکرت) فت م .

رک : **تاگا ڈالنا ، گوتھنا ، کچی سلائی کرنا** (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

[تاگا (رک) سے]

تاگہ (فت گ) امذ .

رک : **تاگا .**

ایک تاگہ میں باندھ کر اس کو پھراوے .

۱۸۷۷؟ عجائب المخلوقات اردو ، ۲۱۷

تاگی صف .

تاگا (رک) سے منسوب .

سب کے سب جوگی بنے ہوئے میلی تاگی موتیوں کی لڑیوں کی گلوں میں ڈالے .

۱۸۰۳ رانی کیتکی ، ۵۱

تاگے امذ .

تاگا (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت .

تاگے سے ڈنٹھل کے سرے کو باندھتے جائیں .

۱۹۳۷ سلک الدرر ، ۱۶۱

— ڈالنا محاورہ .

تاگا ڈالنا (رک) کی جمع (مخزن المحاورات ، ۳۰۲ ؛ نوراللغات) .

— میں پرونا/پورنا محاورہ .

۲. **(مجازاً) باریک بینی یا غور و فکر سے کام کرنا .**

کب تک موتیاں چن کر لایا ہوں ہور راز کے معنی کے تاگے میں پورایا ہوں .

۱۶۷۹ درالاسرار ، ۳

بات کے تاگے میں موتی راز کے توں ہرو اب فیض کا آواز دے

۱۷۵۴ ریاض غوثیہ ، ۹۳

تال (۱) امذ .

تالاب ، جھیل ، ساگر .

فوارہ ، حوض نادر سہاوے روپ میں یوں
گویا جوں تال کے اوپر کھلیا ہے جل میں کنول

۱۶۷۲ کلیات عادل شاہ ثانی ، ۷۰

اس منزل کے قریب درہ کے درمیان پانی کی رو جاری تھی ، اس کے آگے تال تھا .

۱۸۹۴ تاریخ ہندوستان ، ۶ : ۵۰

برفاب کا تھا اک تال یہاں یا چاندی کا تھا تھال یہاں
الماس جڑا تھا زمرد میں یہ تال نہ تھا کہساروں میں

۱۹۳۷ نغمۂ فردوس ، ۲ ، ۱ : ۲۱

[س : तालल تالّ]

— اُجّھل کر اُجھلیں کیار جب بَرکھا ہو پُورم پار کہاوت .

جب بارش خوب زور سے ہو تو تالاب بھر کر کھیتیاں بھی بھر جاتی ہیں ، جب خدا کی مہربانی ہو تو لہر بہر ہوجاتی ہے (جامع اللغات) .

— تلیاں بھرنا محاورہ .

بہت زیادہ بارش ہونا کہ چھوٹے بڑے تالاب بھر ہو جائیں .

مطربا اشک سے ہم تال تلیاں بھر دیں
گائے تو چھیڑ تنبورے کو جو سر تال سے خوب

۱۷۹۲ محب ، د (ق) ، ۹۳

بھرتا ہے ابر تال تلیاں برس برس
ساقی ہوا میں جام کی خاطر ترس ترس

۱۸۰۲ حسرت (جعفر علی) ، ک ، ۱۷۹

Sahitya Akademi Library (Hindi) Rabindra Bhawan Delhi

— تو بھوپال تال باقی سب تلیاں ہیں کہاوت .

کسی چیز کی بہت تعریف کرنا ہو تو کہتے ہیں (جامع اللغات) .

— سوکھ ٹپر بھیو ہنسا کہیں نہ جائے

مرے پرانی پیت کو چن چن کنکر کھائے کہاوت .

وطن بہت پیارا ہوتا ہے چاہے آدمی کو کھانے کو نہ ملے اسے چھوڑ کر جانا نہیں چاہتا (جامع اللغات) .

— سے تلیا گہری سانپ سے سنپولا جہری کہاوت .

تالاب سے جھیل گہری ہوتی ہے اور چھوٹا سانپ بڑے سانپ سے زیادہ زہریلا ہوتا ہے ، جب چھوٹے بڑوں سے زیادہ چالاک ہوں تو کہتے ہیں (جامع اللغات) .

— گھڑی (— ت گھ) امث .

ان گھڑی ، پانی کے گھٹنے بڑھنے کے اوزان پر مبنی پرانے زمانے میں بنائی گئی ایک گھڑی ، انگ : Metronome .

رکنی گھڑیاں ، برقی اشارے ، تال گھڑی اور سوج نگار گیلیلو کے وقت میں ایجاد نہیں ہوئے تھے .

سائنس سب کے لئے ، ۳۷۹ ۱۹۵۷

[تال + گھڑی (رک)]

— میں چمکے تال مچھریا ، رن چمکے تلوار

تنبوا چمکے میان پگڑیا ، سیج پہ بندیا ہمار (ہار) کہاوت .

ہر چیز اپنے مقام پر اچھی معلوم ہوتی ہے (جامع اللغات) .

— نہ تلیا بودو سنگھاڑے بھیا کہاوت .

شیخی مارنے والے کی نسبت کہتے ہیں (جامع اللغات) .

تال (۲) امذ ؛ امث .

۱. ہتھیلی ؛ تالی ، وہ آواز جو دونوں ہتھیلیوں کے ایک دوسرے پر مارنے سے ادا ہوتی ہے (پلیٹس ؛ شبد ساگر ؛ نوراللغات)

۲. عینک کا شیشہ .

کمانیاں کنپٹیوں میں اڑا کر عینک کو اونچا کر لیتے ہیں تا کہ تالیں پیشانی پر رہیں .

لکھروں کا مجموعہ ، ۲ : ۳۷ ۱۸۹۵

دونوں آنکھوں کا امتحان علیحدہ علیحدہ کر کے دونوں تال مناسب قوت کے دئے جاتے ہیں .

عصائے پیری ، ۳۶ ۱۹۲۳

۳. پہلوانوں کا خم ٹھونکنے کا عمل ، اکھاڑے میں رانوں یا بانہوں پر زور سے ہاتھ مار کر پیدا کی ہوئی آواز ، کشتی لڑنے کے لیے للکارنے کا عمل .

وہ سوچتا تھا اکھاڑے میں لوگ تال ٹھونک رہے ہوں گے.

بازار حسن ، ۱۴۳ ۱۹۱۶

۴. ناچنے اور گانے میں اس کے وقت اور عمل کا پیمانہ یا دورانیہ جسے بیچ بیچ میں ہاتھ پر ہاتھ مار کر مقرر کرتے جاتے ہیں ، گانے بجانے کا وزن (گویوں میں ساڑھے بارہ تالیں مشہور ہیں) .

سر، تان ، تال، بول عناصر ہوتے ہیں چار
اوری رچا ہے راگ کی سنگت کا اک جہان

دیوان آبرو ، ۳۳ ۱۷۱۸

الفاظ کو وزن سے گانے کا نام تال ہے .

علم و عمل ، ۱ : ۳۰۸ ۱۸۳۱

فن موسیقی کا جاننے والا ، تال سم لے کے منضبط اصول پر مغرور رہتا ہے .

رباعیات امجد ، ۲ : ۲ ۱۹۴۷

۵. (i) تال نام کا باجا ، منجیرا ؛ جھانجھ ؛ منجیرے کی جوڑی ؛ پیتل کی چھوٹی چھوٹی کٹوریاں جو ڈھولک یا طبلے کے ساتھ ہاتھ یا لکڑی کی چھڑی سے بجائی جاتی ہیں .

دگر ساز ہر نجیں نام آں تال ہر انگشت ہری روبان قتال

دول رانی خضر خان ، ۱۵۷ ۱۳۱۵

دل کوں شادی ہے کیوں نہ باجے آج
ہر طرف جگ میں تال اور مندل

ولی ، ک ، ۳۰۸ ۱۷۰۷

تال کھلے ہوئے منھ کے پیالوں کی ایک جوڑ فولاد کی بناتے ہیں .

آئین اکبری ، ۲ : ۲۲۳ ۱۹۳۹

دوسری عورتیں پورا لباس پہنے ہیں یا نیم عریاں حالت میں لکڑی کی چھڑی (ڈانڈ) لئے سب تال (منجیرا) بجاتی ہوئی دکھائی گئی ہیں .

ہمارا قدیم سماج ، ۱۹۵ ۱۹۷۲

(ii) پیتل یا کسی دھات کی وہ پلیٹ جس پر چوٹ لگنے سے آواز پیدا ہو ، گھنٹی ، گھنٹہ .

تال بلی تب بادشاہ نے کوٹھے پر چڑھ کر دیکھا .

سیر عشرت ، ۱۵ ۱۸۲۳

۶. ہاتھوں کے کان پھٹنے سے پیدا ہونے والی آواز (شبد ساگر) .

۷. لمبائی کا ایک ناپ ، بتا ؛ تالا ؛ تلوار کی موٹھ ؛ اونچائی کا حاصل ؛ ایک ناچ (شبد ساگر) .

[س : تال] [تاल

— اُڑنا محاورہ .

تال (سر) کا ساز کے ساتھ مطابق نہ ہونا (جامع اللغات) .

— اُوٹھانا/اُٹھانا محاورہ .

(موسیقی) دھن چھیڑنا .

لگے مردنگ سے تالیں اوٹھانے
نئے ڈھب سے بجائے شادیانے

۱۸۸۱ مثنوی لال دھن ، ۳۹

— باجنا محاورہ .

رک : تال بجانا .

دل تال باجتا ہے ہوتی ہے جب سواری
لشکر میں راگ شبکوں اونٹوں کا ہے اڑانا

۱۷۱۸ دیوان آبرو (الف) ، ۱۰۰

— بجا کے مانگے بھیک اُس کا جوگ رہا کے ٹھیک کہاوت .

ان منگتوں پر طنز ہے جو گھنٹے بجا کر بھیک مانگتے ہیں (جامع اللغات) .

— بجانا محاورہ .

دھن چھیڑنا ، راگ یا نغمہ چھیڑنا .

چمن میں کیونکہ نہو عندلیب نغمہ سرا
بجاتا تال ہے برگ گلاب دو دو ہاتھ

۱۸۴۵ کلیات ظفر ، ۱ : ۲۲۰

رات کٹی ، اجلے سورج نے گھونگھٹ کے پٹ کھولے
ناچتے گاتے ، تال بجاتے آئے بون جھکولے

۱۹۶۵ چاندی کی پتیاں ، ۸۸

— بم (— فت ب) اسف .

ایک کھیل کا نام جس میں کھلاڑی حلقہ باندھ کر کھڑے ہوتے اور ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر دائرہ بنا لیتے ہیں پھر باہم ایک دوسرے کو کھینچتے ہوئے زور سے گھومتے ہیں اس حلقے کے مرکز پر ایک کھلاڑی کھڑا کیا جاتا ہے ، اگر وہ حلقہ توڑ کر نکل جائے تو تمام کھلاڑی چکر کھاتے ہوئے اس کو پکڑنے کو دوڑتے ہیں اور چکرا کر گرتے جاتے ہیں ، چکر دھنی ، چکر بھوری ، جھائیں مائیں (ا پ و ، ۸ : ۹۶) .

[تال + بم (رک)]

— بے تال صف .

بے سُرا .

منھ لگائی ڈومنی گائے تال بے تال .

مشہور کہاوت ؟

[تال + بے (رک) + تال]

— بے تال ہونا محاورہ .

گانے میں سر سے بے سر ہونا ، کسی کام کے بے موقع بے محل ہونے کی جگہ بھی مستعمل ہے (نوراللغات) .

— پر جانا محاورہ .

(رقص) ناچنے والے کا تال کے مطابق ناچنا .

پشواز کا چکر ، دامن کی ٹھوکر ، کمر کی توڑی ، گردن کی ڈوری ، تال پر جانا ، سم پر آنا قیامت برپا کر رہا تھا .

۱۸۹۷ انتخاب فتنہ ، ۶۰

— پرداز (— فت پ ، سک ر) صف .

تال بجانے والا .

دو تھیں طنبورچی اور تال پرداز
بجا کر گاتیاں تھیں وہ خوش آواز

۱۷۵۹ راگ مالا ، ۴۱

[تال + پرداز (رک)]

— پرستار (— فت پ ، ر ، سک س) اسف .

تال کو بڑھانے یا گھٹانے کا عمل (ماخوذ : نغمات الہند ، ۹۰) .

[تال + پرستار (رک)]

— ٹُٹنا/ٹُوٹنا محاورہ .

کسی بات وغیرہ کا انتہا کو پہنچنا ، اختتام ہونا ، خاتمہ ہونا ، انحصار ہونا ، رک : تان ٹوٹنا .

جدھر چلتا ، ادھر اول پاؤں اٹھتا ، آخر لہو بیچ پر تال ٹٹتا .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۴۰

— ٹھونکنا محاورہ .

خم ٹھونکنا ، لڑنے کے لیے آمادہ ہونا .

گیا کا کہنا تھا کہ گلی زمین سے لگ کر اچھلی ہے ، اس پر دونوں میں تال ٹھونکنے کی نوبت آئی .

۱۹۳۶ پریم چند ، واردات ، ۱۱۸

— جھومرہ (— و مع ، سک م ، فت ر) اسف .

(موسیقی) تال کی ایک قسم اور اس کی باج جو جھومر ناچ میں بجائی جاتی ہے .

وقت کی راگنی ہندی سرگم اور ہندی تال جھومرہ اور آڑہ چوتالہ . . . سن کر فرغانہ والی ڈومنیاں دنگ ہو گئیں .
۱۹۳۰ چار چاند ، ۱۲۵

[تال + جُھومر (رک) + ہ ، لاحقۂ نسبت]

— چاچَر (— فت چ) امذ .

(موسیقی) تال کی قسموں میں سے ایک قسم .

دھن کھماچ ، تال چاچر- طرز : ، نجومی ذرا پترا کھول پیارے .
۱۸۵۷ حباب کے ڈرامے (سلیمانی تلوار) ، ۳۴۰

[تال + چاچر (رک)]

— دینا محاورہ .

۱. اصول نغمہ کو ضبط اور وزن پر لانے کے لیے تالی بجانا، تالی کی مدد سے گانے یا بجانے میں دُھن اور اصول قائم رہنے کے لیے سہارا دینا .

خانہ گور سے مردے نکل آتے ہیں وہیں
تال جس وقت وہ قوال بسر دیتا ہے
۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۱۶۰

گائیں ناچیں لڑکھڑائیں گنگنائیں تال دیں
دلبران شوخ و شیریں مہ و شان چست و چاق
۱۹۳۶ نقش و نگار ، ۶۹

۲. رک : تال ٹھونکنا ، خم ٹھوکنا (نوراللغات) .

— سے بے تال ہونا محاورہ .

بے موقع تان لینا ، اصول نغمہ کے مقام سے اکھڑ جانا ، سر سے بے سر ہوجانا (مخزن المحاورات ، ۳۰۲)

— مارنا محاورہ .

۱. (مرغ بازی) مرغ کا حریف کے مقابلے میں آتے وقت یا مستی کی حالت میں بازؤں کو پھلا کر لٹکانا (ا پ و ، ۸ : ۱۱۲).

۲. پرندوں کا اپنے بازو یا پروں کو پھڑ پھڑانا .

وہ نور کا تڑکا ، نسیم سحر کا چلنا ، شمعوں کا جھلملانا ، غنچوں کا مسکرانا . . . طائروں کا اپنے اپنے کاشانوں اور آشیانوں سے تلاش آب و دانہ میں تال مار کر اڑنا .
۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۶

— میل (— ی مج) امذ .

۱. میل جول ، راہ و رسم .

مدت کا تال میل تھا برسوں کا ساتھ تھا
جیسی وہ ذوالفقار تھی ویسا ہی ہاتھ تھا
۱۸۷۳ انیس ، مراثی ، ۱ : ۳۷۶

۲. مناسبت ، ربط و ضبط ، اصول و ضابطہ .

اس کا تال میل درست کرنے اور بھرتی کے الفاظ سے بچنے کے لیے مطلع کہنے میں شاعر کو کتنا خون جگر خشک کرنا پڑتا ہے .
۱۹۵۳ دیوان صفی جونپوری ، ۳۰

۳. حسب موقع ، قرینے سے (فرہنگ آصفیہ) .

۴. (کبوتر بازی) بازی کے کبوتروں کا اڑان میں صمدی کبوتروں میں مل جانا (ا پ و ، ۸ : ۱۲۸) .

[تال + میل (رک)]

— میل کھانا محاورہ .

تال کا سر کے ساتھ مل جانا ؛ باہم اتفاق ہونا ؛ اتحاد ہونا ، میل جول ہونا ؛ مناسب ہونا ، موزوں ہونا (جامع اللغات ؛ فرہنگ آصفیہ) .

تال (۳) امذ .

وقت ، سمے (شبد ساگر) .

[س : تال ताल]

— تَرازُو (— فت ت ، و مع) امذ .

وقت ناپنے کا آلہ .

ایک وقت ہیما تال ترازو کی بھی ضرورت پڑتی ہے .
۱۹۳۱ تجربی فعالیات ، ۲۴۵

[تال + ترازو (رک)]

تال (۴) امذ .

رک : تاڑ ، لاط : Pallmyrr febrt (پلیٹس) .

[س : تال ताल]

— پتر (— فت پ ، سک ت) امذ .

۱. تاڑ کے درخت کا پتا .

کاغذ کی ایجاد سے پہلے بھوج پتر تال پتر پر لکھا جاتا تھا .
۱۹۴۶ کاغذ بنانا ، ۲

۲. کھجور یا تاڑ کے پتے کی شکل کا کمان دار زیور جو عورتیں کانوں میں پہنتی ہیں یہ کان کی لو میں بندے کی طرح پرو کر پہنا جاتا ہے (پلیٹس) .

[تال + پتر (رک)]

— پڑنی (— فت پ ، سک ڑ) امث .

ایک قسم کی سونف کا عرق یا اس سے کشید کردہ خوشبو لاط : Anethun graveolens (پلیٹس) .

[تال + پڑنی (رک)]

— جنتر (— فت ج ، سک ن ، فت ت) اسذ .

تال کے ہتے کی شکل کا آلۂ جراحی (ا پ و ، ۷ : ۱۲۱) .

[تال + جنتر (رک)]

— جنگھ (— فت ج ، غنہ) صف .

تاڑ جیسی ٹانگوں والا (جامع اللغات) .

[تال + جنگھ (رک)]

— ورنتا (— فت و ، ر ، سک ن) اسذ .

کھجور کے پتوں کا پنکھا ، پنکھا (پلیٹس) .

[تال + ورنتا (رک)]

تال (۵) اسذ .

رک : پاتال ، پتال .

— جنتر (— فت ج ، سک ن ، فت ت) اسذ .

طبی طریقہ پر دوا اور کشتہ جات تیار کرنے کی ایک ترکیب ، رک : پاتال جنتر .

تال جنتر — کڑاہی میں ریت بھر کر ریت کے اوپر دوا والا برتن ننگا رکھکر کڑاہی کے تلے آگ جلادو .

۱۹۰۶ اکسیر الاکسیر ، ۸۰

تال (۶) اسذ .

ترکیب ، دانو (شبد ساگر) .

[० : تार]

تال (۷) اسذ .

تعلیقہ (رک) کی تخفیف ، رک : تال بند .

— بند (— فت ب ، سک ن) اسذ .

وہ لیکھا جس میں آمدنی کی ہر ایک مد دکھائی گئی ہو (شبد ساگر) .

[تال + بند (رک)]

— بند پنا (— فت ب ، سک ن ، فت پ ، شد ن) اسذ .

(تجارت) بہی کھاتے کا اسم واری پنا یا صفحہ جو ایک ہی شخص کے حساب یا ایک ہی قسم کی جنس کے جمع و خرچ کے اندراجات کے لیے مخصوص ہو (ا پ و ، ۷ : ۴۰) .

[تال + بند (رک) + پنا (رک)]

تالا (۱) اسذ .

کنجی سے کھلنے کا آلہ جو دروازے یا صندوق وغیرہ پر حفاظت کے لیے لگایا جاتا ہے ، قفل .

تالا بند کر کر تالی خواجہ کے حوالے کی .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۲۵

کلید اثر ہے جنون محبت
کھلے عقل سے یہ وہ تالا نہیں ہے

۱۹۳۲ بے نظیر ، کلام بے نظیر ، ۲۲۴

[س : तालक: تالکہ]

— بھڑجانا/بھڑنا محاورہ .

قفل لگ جانا ، دروازہ بند ہو جانا ، کوئی مالک مکان یا وارث نہ رہنا ، (ایک قسم کی بد دعا) گھر اُجڑ جانا (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

— بھیڑنا محاورہ .

تالا بھڑنا (رک) کا تعدیہ (فرہنگ آصفیہ) .

— پڑ جانا/پڑنا محاورہ .

قفل لگنا ، (مجازاً) زبان بند ہونا ، بولنے پر پابندی ہونا .

اے برہمن کسی سے یہ کیوں بولتے نہیں
تالا پڑا ہوا ہے بتوں کے دہن میں کیا

۱۸۹۶؟ تجلیات عشق ، اکبر ، ۶۰

کیوں ، کیا زبانوں پر بھی تالے پڑ گئے .

؟ گھر کی کہانی ، ۲ : ۲۳

— توڑنا محاورہ .

قفل توڑنا ، کسی کی چیز چرانے کے لئے گھر یا صندوق وغیرہ کا قفل توڑنے کا جرم کرنا (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

— جڑنا محاورہ .

قفل لگانا ، تالا دینا .

اس دروازے پر بھی سپاہیوں کا پہرا رہتا اور رات کو اس میں تالا جڑ دیا جاتا .

۱۹۳۱؟ پیاری زمین (ترجمہ) ، ۳۵۵

— جوڑنا محاورہ .

قفل لگانا (فرہنگ آصفیہ) .

— چڑھانا محاورہ .

قفل لگوانا (خصوصاً دوسرے کے مکان پر) ؛ دوسرے کے مکان پر قبضہ کر لینا (جامع اللغات ؛ نوراللغات) .

— چڑھنا محاورہ .

تالا چڑھانا (رک) کا لازم (جامع اللغات) .

— چڑھوانا محاورہ .

تالا چڑھانا (رک) کا تعدیہ (جامع اللغات ؛ نوراللغات) .

— دینا محاورہ .

(دروازہ یا صندوق وغیرہ) تالے سے بند کرنا ، قفل لگانا .

ایک کوٹھے میں موند کر تالے پر تالے دے . . . او پاس کر سو رہا .

۱۸۰۳ بریم ساگر ، ۱۳

— کنجی (— ضم ک ، سک ن) امذ .

۱. قفل اور کنجی ، تالا چابی ، کواڑ اور صندوق وغیرہ بند کرنے کا طریقہ (شبد ساگر ؛ نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

۲. بچوں کے ایک کھیل کا نام (شبد ساگر ؛ نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

[تالا + کنجی (رک)]

— لگ جانا/لگنا محاورہ .

(کسی کام میں) رکاوٹ پڑ جانا ؛ پابندی ہونا ، بند ہو جانا .

جب شہر کے اندر بازار میں نیا مسافر داخل ہوتا ہے تو اس قدر شور و غوغا برپا رہتا ہے ، کہ کانوں میں تالا لگ جاتا ہے .

۱۸۴۸ تاریخ ممالک چین ، ۶۶

درِ عیش میں غم کے تالے لگے ہیں
یہاں سب کو رونا پڑا ہے ہنسی کا

۱۹۱۱ نذر خدا ، ۱۱

تالا (۲) امذ .

رک : تالی (۲) (شبد ساگر) .

تالا (۳) امذ .

چھاتی کا چوڑان (شبد ساگر) .

[مقامی]

تالاب امذ .

قدرتی طور پر بنی ہوئی پانی کی بڑی ذخیرہ گاہ یا باقاعدہ بنوایا ہوا حوض ، پوکھر ، جوہڑ .

گر آرزو ہے تجکوں تالاب کا تماشا
کشتی میں چشم کی آ دیکھ آب کا تماشا

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۳۹

وے دن گئے کہ اشک سے چھڑکاو سا کیا
اب رونے لگ گئے ہیں تو تالاب سا ہوا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۳۶۲

میں نے نینی تال کا نام سنا تو آنکھوں میں آنسو بھر لایا ، کیسا کھاری تالاب تھا .

۱۹۲۱ چٹکیاں اور گدگدیاں ، ۱۷

[ف]

تالابی صف .

تالاب (رک) سے منسوب .

بن گھر . . . تیار کرنے میں ان تمام اصولوں کو مد نظر رکھا جائے جو کامیاب تالابی حیات کے لیے لازمی ہوں .

۱۹۲۷ تدریس مطالعہ قدرت ، ۵۵

[تالاب (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

تالابیلی (ی مج) امث .

رک : تلابیلی ، بےچینی ، تڑپن ، درد (شبد ساگر) .

تالابیلیا (ی مج ، کس نیز سک ل) امذ ؛ صف .

تڑپنے والا ، تکلیف میں مبتلا (شبد ساگر) .

[تالا بیلی (رک) + ا ، لاحقۂ صفت]

تالاش امث .

رک : تلاش .

اب تو جا ڈول و رسن تالاش کر
لا کے رسّی ڈول سے پانی کو بھر

۱۷۷۳ مثنویات حسن ، ۱ : ۸۶

کسی شخص کو اولاد بنی امیہ میں سے تالاش کروں .

۱۸۴۷ تاریخ ابوالفدا (ترجمہ) ، ۲ : ۱۷

عدم وجدان دلیل . . . تھوڑی سی تالاش کے بعد سمجھ لیا کہ موجود نہیں ہے .

۱۹۳۱ مرزا ہادی رسوا ، المغالطات ، ۲۱

تالاں (۱) امذ .

لوٹ ، تاراج ، غارت ، لوٹ مار ، تباہ و برباد .

سرا پردہ پور خیمے تالاں کرو
یہاں تھے تمیں قصد والاں کرو

۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۸۰۸

[ف]

تالاں (۲) امذ .

رک : تال (۲) کی جمع تراکیب میں مستعمل .

— پکڑنا محاورہ .

رک : تال دینا .

جو تالاں مشتری پکڑے سبد سات
اتند سوں زہرہ ہر تالاں سنائی

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۵۹

— پھٹاک (— فت پھ) امث .

تالی کی پھٹک .

نس کیس میانے کھوڑے دستے ہیں بھریں کے جیوں
تالاں پھٹاک ناداں آنند گگن گجائے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۹۳

تالاں (۳) امث ؛ ج (قدیم) .

تالاب (رک) کی جمع (قدیم اردو کی لغت) .

[رک : تال (۱)]

تالاؤ (و مج) امذ ؛ ~ تلاؤ .

رک : تالاب (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

تالسپتری/تالشپتری (کس ل ، سک س ، فت پ ، سک ت/سک ش) امث .

ایک پودا جس کی نو خیز کلیاں اور ہتے کڑوے رہوند چینی کا سا ذائقہ ہوتا ہے اور یہ ہتے ہیضہ کا علاج ہیں دستوں کی شکایت بخار پیٹ کا درد نوز تپ دق میں بھی اس کو دیا جاتا ہے ، لاط : Flacourtian cotaphracta (ماخوذ : پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : تالیش + پترکا तलीश + पत्रिका]

تالف (فت ت ، ا ، شد ل بضم) امذ .

دوستی ، الفت ، مائل کرنے کے لئے کوئی چیز دینا .

طرفین میں تعشق اور تالف مرتبہ اعلیٰ کو پہنچا .

۱۸۹۱ بوستان خیال ، ۸ : ۳۸۳

[ع : (ا ل ف)]

تالک (۱) (فت ل) امذ .

۱. ابرک .

طاق : چیزیست از نبات که بہندوی ابھرک و تالک گویند .

۱۳۲۴ زفان گویا (سہ ماہی اردو جولائی ۱۹۶۷ ، ۱۲۸)

۲. (صرّاف) سکّے کا گلانا (ماخوذ : ا پ و ، ۷ : ۱۷) .

۳. ہڑتال ؛ تالا ؛ گوبی چندن ؛ تاڑ کا پیڑ یا پھل ؛ ابرہ (شبد ساگر) .

[س : तालक تالک]

تالک (۲) (فت ل) امذ .

زنجیر ، بلی ، کھٹکا ، آگل ، چٹخنی (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : तालक تالک]

تالک (۳) (فت ل) امذ .

رک : تلک (شبد ساگر) .

[ہ : तालक تالک]

تالِک (کس ل) امث .

رک : تالی (پلیٹس) .

[س : तालिक تالک]

تالُک (ضم ل) امذ .

رک : تعلق (شبد ساگر) .

تال کُوٹا (سک ل ، و مع) امذ .

جھانجھ بجا کر بھجن وغیرہ گانے والا (شبد ساگر) .

[رک : تال (۲) + کوٹا ، کوٹنا (رک) سے]

تال گوبی/گوبھی (سک ل ، و مج) امث .

گوبی کی ایک قسم ، کرم کلّہ ، بند گوبی .

تال گوبی کو اگر آدمیوں کی خورش میں لایا چاہیں تو جس وقت تال بندھنے پر آوے پتوں کو ایک جا کر کے باندھ دیویں .

۱۸۴۵ دولت ہند ، ۵۷

[مقامی]

تاللہ (فت ت ، غم ا ، ل ، شد ل ہفت مد) امذ .

کلمۂ قسم تاکیدی ، خدا کی قسم .

واللہ و باللہ و تاللہ کو نہیں اس کے سوا
قول تمجید میں الحمد کا معنا للہ

۱۸۰۹ شاہ کمال ، د ، ۳۸۷

واللہ باللہ تاللہ . . . کیا خوب ارشاد فرمایا ہے .

۱۹۲۹ 'اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۴ ، ۴ : ۹

[ع : ت ، حرف تاکید برائے قسم + اللہ (رک)]

تالُم (فت ت ، ا ، شد ل بضم) امذ .

افسوس کرنا ، رنج کرنا ، غمگین ہونا .

نہیں مجھ میں تاب تالم رہی
مژہ سے لہو اور جاری نہ کر

۱۸۰۲ بہار دانش ، طپش ، ۴۶

طبعی کافت اور نفسانی تالم اس میں ضرور ہے .

۱۹۴۵ حکیم الامت ، ۳۳

[ع : (ا ل م)]

تالؔ مکھانا (سک ل ، ف م) اسذ .

ایک نبات کے تخم جو پانی کے کنارے اگتی ہے پھل ایک خول میں ملفوف ہوتا ہے بھوننے کے بعد اندر سے سفید رنگ کے نکل آتے ہیں ان کا مزہ لعابی اور پھیکا ہوتا ہے .

سو ساحر عزیز و اقربا اس کے تخت کے گرد و پیش تال مکھانا بادام چھوہارے وغیرہ لٹاتے ہوے .

۱۸۹۰ طلسم ہوشربا ، ۴ : ۱۰۳۴

تال مکھانا زیادہ تر جریان ، احتلام اور رقت منی کے زائل کرنے کے لیے کھلایا جاتا ہے .

۱۹۲۹ کتاب الادویہ ، ۲ : ۱۱۳

[رک : تال (۱) + مکھانا (رک)]

تالمُود (سک ل ، و مع) اسذ .

یہودیوں کی وہ کتاب جس میں ان کے شرعی احکام و آداب درج ہیں ، یہ کتاب ان تعلیمات کا مجموعہ ہے جو علمائے یہود نے توریت سے مستنبط کر کے اس کی شرح میں مرتب کی ہیں ، اس کتاب کے دو حصے ہیں جو ، تلمود اور شلیم ، و ، تلمود بابل ، کے نام سے موسوم ہیں .

جیوش انسائیکلوپیڈیا (جلد ۱۱ : ۶۰۹) میں تالمود کے حوالوں سے ذکر ہے کہ شریعت یہود میں سور کا پالنا رکھنا سب حرام ہے .

۱۹۵۴ حیوانات قرآنی ، ۶۹

[علم]

تالمُودی (سک ل ، و مع) صف .

تالمود (رک) سے منسوب .

توریت کی تالمودی اور یہودی روایات اور وہ قصے جو عرب و شام کے یہودیوں اور عیسائیوں میں مشہور تھے قرآن میں تھوڑی بہت تبدیلی کے ساتھ موجود ہیں .

۱۹۳۵ خطبات گارسان دتاسی ، ۳۵۲

[رک : تالمود + ی ، لاحقۂ نسبت]

تالؔ مُولی (سک ل ، و مع) اسث .

ایک ہودا ، لاط : Curcuhgieor chiodes (پلیٹس) .

[رک : تال (۱) + مولی (رک)]

تالُو (و مع) اسذ .

۱. منہ کے اندر کی چھت ، کام دہن ، بوش فکی اور حنکی ہڈیوں کے اقی زائدوں سے مستحکم حصہ .

تالو کا پانی بھیجا پیتا ہے .

۱۴۲۱ بندہ نواز (شکارنامہ ، شہباز ، فروری ، ۱۲)

کرے دم پیٹ اور لوٹے جو گھوڑا
تو گڑ اس کے لگا تالو میں تھوڑا

۱۷۹۵ فرسنامۂ رنگین ، ۱۲

کب دیا لقمۂ بے خار فلک نے مجھ کو
سر سے جاتے ہیں گزر توڑ کے تالو کانٹے

۱۸۲۴ مصحفی ، د (انتخاب رام پور) ، ۳۰۵

منہ کھلا رہ جانے سے اس کا تالو خشک ہو گیا تھا .

۱۹۶۲ معصومہ ، ۲۲۱

۲. سر کے اوپر کی سطح ، چندیا ، یا فوخ .

لڑکوں کے سر کے درمیان ایک مقام نرم ہوتا ہے اور وہ جنبش کرتا ہے ، زبان عربی میں یافوخ اور ہندی میں تالو کہتے ہیں .

۱۸۴۵ ترجمہ مطلع العلوم ، ۱۹۴

۳. گھوڑے کا ایک عیب ؛ گھوڑے یا مویشی کے تالو کی بیماری جس میں تالو سوج جاتا ہے اور اس میں زخم پڑ جاتا ہے ، تالوا (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

۴. بچوں کے سر کا وہ حصہ جو نرم ہوتا ہے اور بعد میں سخت ہو جاتا ہے .

. . . سر کی چاندی پر ایک تین کونی جائے خالی ہے جسکو پیچھے وار تالو کہتے ہیں .

۱۸۴۸ اصول فن قبالت ، ۱۶

۵. ایک قسم کی مچھلی ، تمبو مچھلی (جامع اللغات) .

[س : तालक तालक]

ـــ اُٹھانا محاورہ .

بچہ پیدا ہونے کے بعد دائی کا اس کے کام دہن کو انگلیوں سے دبا کر درست اور ہوا موقع کرنا (ماخوذ : فرہنگ آصفیہ) .

ـــ آنا محاورہ .

تالو میں ورم ہو جانا (نوراللغات) .

ـــ بگڑنا محاورہ .

آواز کا تالو سے اچھی طرح نہ نکلنا .

اس مقام پر آواز لہرا گئی دیکھیے ساز سے الگ تال دی سم جاتا رہا حلق اور تالو بگڑ گیا .

۱۸۸۲ طلسم ہوشربا ، ۱ : ۲۳۸

— بنانا محاورہ .

تالو کی جگہ پر چاند کے بالوں کی بان کی شکل جیسی منڈائی کرنا (اسے لوگ اکثر گرمی کے موسم میں بنوالیتے ہیں) (ا پ و ، ۴ : ۹۶) .

— بھنانا محاورہ .

سر چکرانا ، دماغ پریشان ہو جانا .

بھر آتے ہی اک جست میں گردن کے برابر
وہ دھول لگائی ہے کہ بھنا گیا تالو

۱۹۰۵ جنگ روس و جاپان ، ۳۶

— پھاڑ امذ .

ہاتھیوں کی ایک بیماری جس میں ہاتھی کے تالو میں زخم ہو جاتا ہے (شبد ساگر) .

[تالو + پھاڑ ، پھاڑنا (رک) سے]

— چٹکنا محاورہ .

سر میں بہت گرمی محسوس ہونا ؛ ہماس سے منھ سوکھنا .

گرمی تھی یہ تربت میں کہ تالو تھا چٹکتا
سر خاک یہ تھا گوشہ مرقد میں پٹکتا

۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۶ : ۸۹

— سہلانا محاورہ .

سر پر ہاتھ پھیرنا ، چندیا سہلانا .

سر کھجلانا اور تالو سہلانا تو کچھ مشکل کام نہیں ہے .

۱۹۰۳ انتخاب فتنہ ، ۹۷

— سے جیب نہ لگنا محاورہ .

رک : تالو سے زبان نہ لگنا (مخزن المحاورات ، ۳۰۲) .

— سے زبان کھینچنا محاورہ .

(پہلے زمانے میں بطور سزا کے بادشاہ تالو سے زبان کھینچوا دیتے تھے) سخت سزا دینا .

کرے گر کوئی ذکر جا کر ہمارا
وہ تالو سے اوس کی زبان کھینچتے ہیں

۱۹۰۰ دیوان حبیب ، ۱۲۴

— سے زبان لگانا محاورہ .

چپ ہو رہنا .

تالو سے لگا لیتے ہیں ہم اپنی زبان کو
سنتے ہیں اگر دور سے اعجاز کی آواز

۱۸۳۸ ناسخ (نوراللغات)

ذرا تالو سے زبان لگا کر میری بات بھی سن لو .

۱۹۶۳ قاضی جی ، ۳ : ۲۲۶

— سے زبان لگنا محاورہ .

چپ رہنا ، خاموش ہونا .

کھڑی ہو کر ٹہلے تو ذرا تالو سے زبان لگ جائے ، جہاں بیٹھی اور پھر وہی چیخم دھاڑ .

۱۹۰۸ صبح زندگی ، ۶۲

— سے زبان نہ لگنا محاورہ .

۱. چپ نہ رہنا ، بکے جانا ، خاموش نہ رہنا ، ٹر ٹر کیے جانا .

ہے بعد مرگ بھی وہی آہ و فغاں ہنوز
لگتی نہیں ہے تالو سے میری زبان ہنوز

۱۷۸۴ درد ، د ، ۳۲

تالو سے زبان رات کو مطلق نہیں لگتی
عالم ہے سیہ خانہ مری نوحہ گری سے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۵۰۷

اسکے تالو سے زبان نہ لگتی تھی .

۱۹۳۴ سرگزشت عروس ، ۳۲

۲. کسی تکلیف سے مسلسل بھچن رہنا .

تکلیف اتنی زیادہ تھی کہ تالو سے زبان نہ لگی .

۱۸۹۵ حیات صالحہ ، ۲۷

— سے ناف لگنا محاورہ .

کھانے سے پیٹ بہت پھول جانا ، پیٹ بھرا ہونا .

ہے شیخ اس پہ بھی نہ شکم سیر حرص سے
گو لگ رہی ہے تالو سے اس پشت خم کی ناف

۱۸۱۳ پروانہ ، ک ، ۲۵۱

— کی درز بندی (— فت د، سک ر، ز، فت ب، سک ن) امث .

(طب) ایک بیماری جس میں بچے اکثر تالو میں باریک خلا کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں جو بعد کو آپریشن کے ذریعہ اکثر ٹھیک کیا جاتا ہے .

تالو کی پیدائشی درز کے متعلق پہلے تذکرہ ہو چکا ہے کہ وہ نمو کے نقص کے باعث واقع ہوتی ہے تالو کی درز بندی کے عمل کے بعد . . . . عمل اور حال میں تصدیق پیدا کر دینے کا رجحان رکھتے ہیں .

۱۹۳۴ احشائیات ، ۶۱

— کھولنا محاورہ .

رک : تالو بنانا (ا پ و ، ۴ : ۹۶) .

— گر پڑنا/گرنا محاورہ .

رک : تالو لٹکنا .

کنٹھ اس کی پیاسوں سوکھی اور تالو گر پڑا ہے
بن دودھ جاں بلب اب یہ طفل ہو رہا ہے

۱۷۳۲ گربل کتھا ، ۱۸۸

— لپکنا محاورہ .

دودھ پیتے بچے کی چندیا کا جلدی جلدی چلنا .

یہ ننھے ننھے دونوں ہاتھ ہل کھاتے ہیں تکیوں پر
مسوڑے ہو گئے ہیں نیلگوں تالو لپکتا ہے

۱۸۷۳ انیس (مہذب اللغات)

— لٹکنا محاورہ .

تالو کی بیماری کے سبب سے تالو کا متورم ہو کر کچھ نیچے آ جانا ، تالو لٹک آنا (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

— میں دانت جمنا/نکلنا محاورہ .

برے دن آنا ، مفلسی آنا ؛ نہایت دکھ اور تکلیف ہونا (ماخوذ : شبد ساگر) .

— میں کانٹے پڑنا محاورہ .

پیاس کی شدت ہونا ، حلق میں کانٹے پڑنا .

پھول کا جام پلا او ساقی کانٹے تالو میں پڑے جاتے ہیں

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد (مہذب اللغات)

تالُو (۲) (و مع) امذ (قدیم) .

قمقمہ ، روشنی (قدیم اردو کی لغت) .

[مقامی]

تالُوا (۱) (سک ل) امذ .

بچے کو پہنانے کا پہلا جوڑا (کرتا ٹوپی) جو رواجاً ننہیال کی طرف سے دیا جاتا ہے (ا پ و ، ۷ : ۶۱) .

اسی روز رشتہ داروں اور دوستوں کے ہاں سے تالوا آنا شروع ہوا .

۱۸۶۸ رسوم ہند ، ۱۰۵

[مقامی]

تالُوا (۲) (سک ل) امذ ؛ ~ تالوہ .

رک : تالو (۱) معنی نمبر ۲ .

ان جانوروں کو یہ بیماریاں ہوتی ہیں تشخیص کر کے علاج کرے اول پھل جانا . . . چوتھے سڑ جانا تالوہ کا .

۱۸۸۳ صید گاہ شوکتی ، ۲۴۶

— بھید (— ی مج) امذ .

ایک زہریلی قسم کا پھوڑا جو تالو پر بڑے دل کی سماہی مائل رنگ کی پھنسی کی شکل میں پیدا ہوتا ہے اور بہت جلد بڑھ کر اس کا اثر گردن تک آ جاتا ہے اس حالت میں یہ لا علاج ہو جاتا ہے (ا پ و ، ۷ : ۱۲۱) .

[تالوا + بھید (رک)]

تالُوئی (و مع) صف .

تالو (۱) (رک) سے منسوب .

آریائی زبانیں بنیادی طور پر . . . حلقی و تالوئی غنائیہ اور مدھم ہائیہ آوازوں سے یکسر مبرا ہیں .

۱۹۷۲ اردو زبان کی قدیم تاریخ ، ۱۹۶

[رک : تالو + ئی ، لاحقۂ نسبت]

تالَہ (فت ل) امذ .

رک : تالا .

اسی طرح تمام دوسرے دست کار تالہ بنانے والے کیبنٹ بنانے والے . . . غلطیوں کی اصلاح کرتے چلے آ رہے تھے .

۱۹۴۴ آدمی اور مشین ، ۱۳۳

— بندی (— فت ب ، سک ن) امث .

احتجاج کے طور پر کام بند کر دینا ، ہڑتال ، کسی صنعتی ادارے کو تالا لگا کر کام بند کر دینے کا عمل .

ان کے آپس کے تعلقات اچھے ہوتے ہیں اور بڑی صنعتوں کی نسبت کم ہڑتالیں اور کم تالہ بندی ہوتی ہے .

۱۹۵۹ گھریلو صنعتیں ، ۶۲

[تالہ + بندی (رک)]

— پڑنا محاورہ .

رک : تالا پڑنا .

کلابہ اور باندرہ کے جنرل اسٹور میں تالہ پڑ گیا .

۱۹۶۲ معصومہ ، ۱۱۹

تالَہ (فت ت ، ا ، شد ل بضم) امذ .

۱. خدا دانی . علم الٰہیات ، حق پرستی .

تالہ اور نجوم اور فقہ اور انشاد کون سا علم اور کون سا فن ہوگا جو اس گروہ میں نہ ہوگا .

۱۸۶۹ غالب ، خطوط ، ۶۰۳

تیسرا طبقہ حکیم الٰہی تالہ (خدادانی) اور بحث دونوں میں توغل کرتے ہیں .

۱۹۲۵ حکمۃ الاشراق ، ۱۱

۲. پرستش ، عبادت ، مذہبی فرائض کے لئے وقف ہو جانے کی حالت .

اکثر اوقات غلبۂ حالات میں (جو عبارت ہے شدت مشاہدہ کی حالت سے اور استیلاءِ تالہ سے) جو معانی دل پر منکشف ہوتے تھے وہ رباعیوں کی صورت میں منظوم ہو جاتے تھے .

۱۹۲۳ مقالات شروانی ، ۳۴۲

[ع : (ال ه)]

تالی (۱) اسم .

ہتھیلی ؛ کف پیٹنے کی آواز ، دونوں ہاتھوں کے باہم ٹکرانے کی آواز .

ولی حیران ہے یاراں عجب اپنے تماشے پر
ادھر یتیم کی گالی ہے ادھر لڑکوں کی تالی ہے

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۲۴۷

دیکھنا ناز چمن بلبل جو بیٹھا شاخ پر
غنچہ گل اس طرح چٹکا کہ تالی ہو گیا

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۲۹

یہ لوگ ہارپ . . . گھنگرو بجانے اور تال کا کام تالی سے لیتے .

؟ ہندوستانی موسیقی ، ۲۳

[س : तालिका]

ــ ایک ہاتھ سے نہیں بجتی کہاوت .

محبت یا لڑائی جھگڑا ایک طرف سے نہیں ہوتا بلکہ دونوں طرف سے ہوتا ہے .

عشق دونوں طرف سوں ہوتا ہے
کیوں بجے ایک ہاتھ سوں تالی

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۵۲۲

محبت یا لڑائی ایک طرف سے نہیں ہوتی ، بے شک تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی ، دونوں قصور وار ہیں .

۱۸۹۲ لکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۲۰۱

جبھی تو عقل مندوں نے کہا ہے
نہیں اک ہاتھ سے بجتی ہے تالی

۱۹۴۰ منظوم کہاوتیں ، احسن مارہروی ، ۶۴

ــ باجنا محاورہ .

۱. شہرت ہونا .

وہ کون سوا مرے ہے خالی
باجے دو جہاں میں میری تالی

۱۸۳۱ من موہن ، ۱۲۴ الف

ــ بجانا محاورہ .

۱. استقبال کے لیے ایک ہاتھ پر دوسرا ہاتھ مار کر آواز نکالنا ؛ خوش آمدید کہنا ، خوش ہونا .

کہ مج تیغ کی ٹکہ جو تالی بجاوں
مغولاں کوں یک بار چوٹ نچاؤں

۱۶۶۵ علی نامہ ، ۶۳

شجر بجاتے ہیں جو دست برگ سے تالی
صدائے بوم ہے بلبل کی کیا فغاں فریاد

۱۸۷۲ مظہر عشق ، ۶۵

نوجوان نے خوشی سے تالی بجا کر جواب دیا .

۱۹۴۱ پیاری زمین ، ۳۴۱

۲. کسی کو بلانے کے لیے ہاتھ پر ہاتھ مار کر اشارہ کرنا .

راجا نے تالی بجا کر جادو سفیر کو بلایا .

؟ حکایات پنجاب ، ۱ : ۳۴۷

اس نے تالی بجائی اور کومل باورچی خانے سے بھاگی ہوئی آئی .

۱۹۴۱ پیاری زمین ، ۲۷۱

۳. (i) ہاتھ جھاڑ کر اٹھ جانا .

ایک نے دامن ایک کا باندھا
جو اٹھے تو اٹھی یہ تالی بجا

۱۷۸۵ حسرت ، طوطی نامہ ، ۶۳

(ii) ہنسی اڑانا ، مذاق کرنا ، تضحیک کرنا ، چڑانا .

غضب یہ ہوا کہ لڑکوں نے تالی بجادی اور سمیعاً جلتی بھلستی اپنی گاڑی میں آ کوٹھی روانہ ہوئی .

۱۹۱۷ نانی عشو ، ۳۷

ــ بجنا محاورہ .

تھوڑی پٹنا ؛ تالی بجانا (رک) کا لازم ؛ دیوالہ نکل جانا .

ہو وہ شرمندہ اپنے گھر کو چلی
اور پیچھے سے تالی بجنے لگی

۱۸۱۰ مثنوی ہشت گلزار ، ۴۵

ــ پٹخارنا محاورہ .

رک : تالی بجانا .

مسجد کے قریب غل شور نہ کریں سیٹی نہ بجائیں تالیاں نہ پٹخاریں .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۲۲۳

ــ پٹنا محاورہ .

۱. شہرت ہونا .

تم چھپاتے ہو عبث عشق عدو
اب تو اس کی سب میں تالی پٹ گئی

۱۹۳۶ شعاع سحر ، ۲۱۹

۲. تالی پیٹنا (رک) کا لازم .

ہماری زبان میں وہ سب تالی پٹے ہوئے لونڈے ، گھیرے بن جایا کرتے تھے .

۱۹۷۰ یادوں کی برات ، ۱۹۹

۳. رسوائی ہونا ، بدنامی ہونا (نوراللغات) .

— پیٹنا محاورہ .

۱. رک : تالی بجانا معنی نمبر ۱ ؛ ہنسی اڑانا ، تضحیک کرنا .

جب شونرائن سنگھ ٹھاکر کا نام آیا تو وہ سب لوگ حیرت سے بھونچکے رہ گئے اور اسی حیرت میں وہ تالی پیٹنا بھی بھول گئے .

۱۹۵۳ کالا سورج ، ۲۳۱

۲. شاباش دینا ، تحسین کرنا ، داد دینا (نوراللغات ؛ مخزن المحاورات ، ۳۰۳) .

۳. ہیجڑوں یا زنخوں کا پیشہ لینا ، زنخہ بننا (فرہنگ آصفیہ) .

— دو دستی بجتی ہے مقولہ .

رک : تالی دو کر باجے .

وہ ملیں ہم سے تو ملیں ہم بھی
تالی بجتی ظفر دو دستی ہے

۱۸۵۴ کلیات ظفر ، ۳ : ۱۱۸

— دو کر باجے مقولہ .

رک : تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے (ماخوذ : خزینۃ الامثال ، ۶۰) .

— دونوں ہاتھ (ہاتھوں) سے بجا کرتی ہے (بجتی ہے) کہاوت .

محبت یا عداوت دونوں ہی طرف سے ہوتی ہے .

تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے ، اب بھی اگر ابا جان مرے حال سے تعرض نہ کریں تو میں کسی طرح کی نافرمانی یا گستاخی کرنا نہیں چاہتا .

۱۸۷۷ توبۃ النصوح ، ۱۵۲

مثل مشہور ہے کہ تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے ، مرد بھی عشق و محبت کا کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھتے .

۱۹۲۷ شاد ، فکر بلیغ ، ۹۷

— دینا محاورہ .

۱. رک : تالی بجانا ؛ ذلیل کرنا ، مضحکہ اڑانا .

کسی کو دیکھ کوئی دے ہے تالی
کسی کے رنگ پر آتی ہے لالی

۱۷۷۸ مثنویات حسن ، ۱ : ۳۰۷

شیخ جی کیا ناچتے ہو بزم حال و قال میں
تالیاں قوال دینگے تم جو بے تالے ہوئے

۱۸۹۷ شعور (نوراللغات)

۲. تالی بے ساز پر ضرب لگانا .

تالی دے تھپڑی مار اور لڑ بھڑ
تھاپ مردنگ پر لگاتے ہو

۱۸۱۸ اظفری ، د ، ۴۵

— مارنا محاورہ .

رک : تالی بجانا .

لڑی گوہر ادھر سے مار تالی
مرصع تخت کو جا کر سنبھالی

۱۷۶۴ عاجز ، لال و گوہر (اردو کی قدیم منظوم داستانیں ، ۱ : ۴۳)

— والا امث .

(عو) الو ، عورتیں الو کو منحوس سمجھ کر اس کا نام نہیں لیتیں اور تالی والا اس وجہ سے کہتی ہیں کہ جس وقت الو بولتا ہے تو عورتیں تالی بجانا شروع کر دیتی ہیں تاکہ وہ دفع ہوجائے. (محاورات نسواں ، ۶۱) .

[تالی + والا ، لاحقۂ صفت]

تالی (۲) امث .

تالہ کھولنے کا آلہ ، کنجی ، چابی ، مفتاح .

تالا بند کر تالی خواجہ صاحب کے حوالے کی .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۲۵

صالحہ اٹھی بھوپی سے تالیوں کا گچھا لیا کوٹھری کھولی .

۱۸۹۵ حیات صالحہ ، ۸۶

[س : تالی ताली]

— بن کیسا تالا جورو بن کیسا سالہ کہاوت .

غیر موزوں بات اچھی نہیں ہوتی (جامع اللغات) .

تالی (۳) امذ .

تلاوت کرنے والا ، قرآن مجید پڑھنے والا .

توسل اختیار کر کتاب خدا سے اور ان لوگوں سے کہ جو تالی قرآن ہیں .

۱۸۸۷ نہرالمصائب ، ۳ ، ۵ : ۵۵۳

کیونکہ مقصود تلاوت کا غرض اہلی کے لیے کافی ہوتا ہے تالی کوئی بھی ہو .

۱۹۶۳ کمالین ، ۳ : ۱۹

[ع]

تالی (۴) صف .

۱. بعد میں آنے والا ، بعد کا ، تابع ، موخر .

ذکر و طلب و فکر و تمنا ہیں سب او ہام
موجود نہ معدوم متقدم ہے نہ تالی

۱۹۱۱ کلیات اسماعیل ، ۲۳۷

۲. (منطق) قضیہ شرطیہ کا جزو ثانی ، مجہول .

شرطیہ میں بجائے موضوع اور محمول کے مقدم و تالی ہوتے ہیں .

۱۸۷۱ مبادی الحکمۃ ، ۴۵

جس کے ساتھ حرف جزا تو ، یا دیں ، لگایا جائے اس کو تالی کہتے ہیں .

۱۹۲۵ حکمۃ الاشراق ، ۳۷

[ع]

ــ نسبت (ــ کس ن ، سک س ، فت ب) امث .

(حساب) نسبت نکالنے میں اول عدد سے جس کا مقابلہ کیا جائے اس کو پہلی رقم یا مقدم نسبت اور دوسرے عدد کے ساتھ مقابلہ کیا جائے تو دوسری رقم یا تالی نسبت کہتے ہیں (ماخوذ : علم حساب ، ۲۵۰) .

[تالی + نسبت (رک)]

تالی (۵) امث .

جنس تاڑ (پام) کی ایک قسم جو دو ہزار فٹ کی بلندی پر پائی جاتی ہے بارش کے بعد پھل پھول دیتا ہے ، لاط : Corypha taliera ؛ لاط : Flacourtia ceteppracte کی ایک ذیلی قسم ہے اس کے پتے لکھائی کے کام آتے تھے ، رک : تاڑ (پلیٹس ؛ فلورا ان پاکستان) .

[س : تالی ताली]

تالی (۶) امث .

منجیرا ، جھانجھ ، تاڑی ، تاڑ کا رس ؛ تال مولی ، موسلی ؛ جنگلی آملہ ؛ ارہر ؛ ایک پھل ؛ ایک قسم کا چھوٹا تاڑ (جو بنگال اور برما میں ہوتا ہے) بجربٹو ، بٹو ؛ محراب کے بیچوں بیچ کا پتھر یا اینٹ (شبد ساگر) .

[س : تالی ताली]

تالی (۷) امث .

چھوٹا تال ، تلیا ، گڑھی (شبد ساگر) .

[رک : تال (۱) + ی ، لاحقۂ تصغیر]

تالے اسذ ؛ ج .

تالا (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت تراکیب میں مستعمل .

ــ پڑنا محاورہ .

بند ہو جانا ، مقفل ہو جانا .

کیا زبانوں پر تالے پڑ گئے .

؟ گھر کی کہانی ، ۲ : ۲۳

سخن ایک طرز خاموشی ہے گویا
پڑے ہیں منہ پہ تالے خوبصورت

۱۹۵۸ تار ہیراہن ، ۳۶

ــ توڑنا ف مر ؛ محاورہ .

تالا توڑنا (رک) بطور جمع .

تالے توڑے گا وہ صنم شاید
آجکل اس کو ہے انہار سے ربط

۱۸۸۹ دیوان عنایت و سفلی ، ۴۳

ــ لگنا محاورہ .

تالا لگنا (رک) بطور جمع ، (مجازاً) سمجھ نہ ہونا ، کم فہم ہونا .

یہ لوگ قرآن کے مطالب کو نہیں سوچتے یا ان کے دلوں پر تالے لگے ہوئے ہیں .

۱۸۹۵ ترجمہ قرآن مجید ، نذیر احمد ، ۸۱۴

تالیاں (سک ل) امث ؛ ج .

تالی (رک) کی جمع تراکیب میں مستعمل .

ــ بجا لے بنوں بیاہ ہوگا کہاوت .

چھوٹی لڑکیوں کو کہتے ہیں جب وہ تالیاں بجاتی ہیں (جامع اللغات) .

ــ بجانا محاورہ .

خوشی منانا ؛ (ہاتھ پر ہاتھ مار کر) مذاق اڑانا ؛ اظہار مسرت یا تائید کرنا .

غنچوں کا وہ چٹکے مسکرانا
پتوں کا وہ تالیاں بجانا

۱۸۸۷ ترانۂ شوق ، ۱۰۳

۲. ذلیل کرنا ، رسوا کرنا ، ہنسی اڑانا ، چڑانا .

سب آدمی ان کے پیچھے تالیاں بجاتے ہوئے چلے .

۱۸۱۰ اخوان الصفا ، ۴۰

ان کے پیچھے عورتیں تالیاں بجاتی ہیں .

۱۹۲۹ انگوٹھی کا راز ، ۱۴

ــ پٹخارنا محاورہ .

۱. (بطور عادت) بات کے آغاز درمیان یا اختتام پر ہاتھ پر ہاتھ مارنا .

بغیر تالیاں پٹخارے یہ کوئی بات نہ کرتے تھے .

۱۹۶۴ روز نامہ دانجام، ۶ اپریل ، ۳

۲. رک : تالیاں بجانا معنی نمبر ۱ .

خبر ملتے ہی بچڑے اور بھانڈ زور زور سے تالیاں پٹخارتے . . . آ گئے .

۱۹۶۳ دلی کی شام ، ۱۵۴

ــ پٹنا محاورہ .

تالیاں پیٹنا (رک) کا لازم .

قہقہے ادھر سے بلند ہوئے تالیاں ادھر سے پٹیں .

۱۹۵۴ اکبر نامہ ، عبدالماجد ، ۲۵

ــ پیٹنا محاورہ .

تالی پیٹنا (رک) بطور جمع .

بگانے اور یگانے سب اس کے منہ پر تھوکیں گے لڑکے اس کے پیچھے تالیاں پیٹیں گے .

۱۸۸۵ محصنات ، ۱۰۱

ــ دینا محاورہ .

۱. رک : تالی دینا .

کوئی ملتی ہے عبیر اور کوئی ملتی ہے گلال
اور کوئی پیچھے کسی کے دے رہی ہے تالیاں

۱۸۱۴ نورتن ، ۶

۲. ہنسی اڑانا .

جب صبا کا پاؤں پھسلا باغ میں
تالیاں دینے لگے برگ و شجر

۱۸۷۳ کلیات قدر ، ۴۴

۳. مضحکہ اُڑانا ، چڑانا .

لڑکے کیچڑ بھرے ہوئے کپڑے . . . دیکھ کر تالیاں دیتے پیچھے میرے دوڑنے آئے .

۱۸۴۷ عجائبات فرنگ ، ۶۵

ــ مارنا محاورہ (قدیم) .

رک : تالیاں بجانا .

انو بڑائی کر خوشیاں سوں مارتے تالیاں لوگاں پس غیبت کھڑے کھڑے دیتے گالیاں .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۵۴

بالاؤ کا غصہ بلعام پر بھڑکا اور اس نے اپنی تالیاں ماریں .

۱۸۲۲ موسیٰ کی توریت مقدس ، ۶۲۵

تالی ٹالی منگ آنہ (فت ٹ ، شد ل، ضم م ، غنہ ، فت ن) امذ .

(دلالی) آنہ آنے (اصطلاحات پیشہ وران ، منیر ، ۵۲) .

[مقامی]

تالیس پتر / پترا (ی مع ، فت پ ، سک ت) امذ .

رک : تالشپتری .

تالیس پتر کو زیادہ تر تقویت و تفریح قلب کے لیے . . . استعمال کرتے ہیں .

۱۹۲۹ کتاب الادویہ ، ۲ : ۱۱۳

تالیف (ی مع) امث .

۱. ایک چیز کا دوسری چیز سے ربط ، چند چیزوں کا اختلاط ، میل ، پیوندکاری .

ان دونوں میں تالیف و ترکیب سے کوئی تیسری صورت پیدا ہو جاتی ہے .

۱۹۳۲ رسالہ نبض ، ۹

۲. ترتیب دینے کا کام ، مختلف مضامین (نظم و نثر) چن کر ترتیب دینے کا عمل ، جمع کرنے کا کام .

تالیف کتاب کو استنباط انتخاب اخبار ضروری ہے .

۱۸۰۹ مرآت گیتی نما ، ۵۳

۳. تالیف کردہ شدہ ، مولفہ ، مصنفہ (کتاب وغیرہ) .

اس تالیف میں جو محنت و مشقت انہوں نے اٹھائی وہ بھی کچھ کم حیرت انگیز نہیں .

۱۹۳۵ چند ہم عصر ، ۲۳۶

۴. الفت و محبت ، دوستی ، دل جوئی .

بہت سب کی تالیف چہتا اتھا
نہ نفرت کی کوئی بات کرتا اتھا

۱۷۷۱ ہشت بہشت ، ۷۲

رعایا کو باعزت رکھنا اور ان کی تالیف کرنی یعنی ان کے دلوں کو ہاتھ میں رکھنا بہت بڑا سبب ہے پائداری گورنمنٹ کا .

۱۸۵۸ اسباب بغاوت ہند ، ۴۹

اگر اس تالیف کا ظہور بخوشی خاطر ہو تو محبت ہے اور اگر جبر و اکراہ سے ہو تو عدالت ہے .

۱۹۰۹ فلسفۂ ازدواج ، ۵

[ع]

ــ قلب/قلوب کس اضا (ــ فت ق ، سک ل/ضم ق ، و مع) امث .

دلوں کو مائل کرنے اور اپنانے کا عمل ، دل موہ لینے کا کام .

غرض آپ کی تالیف قلوب تھی .

۱۸۵۱ (ترجمہ) عجائب القصص ، ۱۱۴

آپ نے انصار کو سمجھایا کہ مکہ کے لوگ جدیدالاسلام ہیں میں نے ان کو جو کچھ دیا حق کی بنا پر نہیں بلکہ تالیف قلب کے لیے دیا ۔

۱۹۱۱ سیرۃالنبی ، ۱ : ۳۸۰

[تالیف + قلب/قلوب (رک)]

— کرنا محاورہ ۔

۱۔ ملانا ، ربط و اختلاط پیدا کرنا ، میل جول پیدا کرنا ، پیوند کاری کرنا ۔

اس کے علاوہ خرد نامے چربیوں اور پروٹینوں کی تالیف بھی کرتے ہیں ۔

۱۹۶۷ بنیادی خرد حیاتیات ، ۱۱

۲۔ (i) نئی ترتیب دینا ، ازسرنو مرتب کرنا ۔

اگر کوئی شخص کوئی خلاصہ قوانین کا یا اور کوئی کتاب رفاہ خلایق اور انتظام کے لیے مناسب ہو تالیف کر کے گزرانتا ہے ۔

۱۸۴۸ توصیف زراعات ، ۱۲

(ii) لکھنا ، تصنوف کرنا ، بنانا ۔

اس زمانے میں مجھے ٹھمریاں تالیف کرنے کی مشق بہم پہونچی ۔

۱۹۱۴ محل خانہ شاہی ، ۲۲

۳۔ دل جوئی کرنا ، دل ہاتھوں میں لینا ۔

کر نیکیوں سے دلوں کی تالیف اتنی ہی زیادہ ہوگی تعریف

۱۹۲۸ تنظیم الحیات ، ۱۴۹

تالیفاً (ی مع ، تن ف ہفت) م ف ۔

تالیف کے لیے ، تالیف سے ، میل یا پیوند کاری سے ۔

درون افرازیوں کی کیمیاوی ترکیب اتنی اچھی طرح معلوم ہوگئی ہے کہ ان کو تجربہ خانوں میں تالیفاً پیدا کرتے ہیں ۔

۱۹۳۰ مکالمات سائنس ، ۱۶۳

[ع]

تالیفی (ی مع) صف ۔

تالیف (رک) سے منسوب ۔

کولین کے علاوہ مصنوعی اور تالیفی دواؤں پر عرصے سے کام ہو رہا ہے ۔

۱۹۴۷ جدید معلومات سائنس ، ۲۵۹

الفاظ ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوتے ہیں ؟ یہ زبانیں تالیفی یا اتصالی کہلاتی ہیں ۔

۱۹۵۶ اردو زبان کا ارتقا ، ۱۱

[رک : تالیف + ی ، لاحقۂ نسبت]

— اینمل (— ی مج ، کس ن ، م) امذ ۔

ایسا روغن جو پوری طرح گرات میں لیے لیے ۔

لوہے کی چادر پر تالیفی اینمل چڑھا کر بھی سلیٹیں بنائی جاتی ہیں ۔

۱۹۶۸ کاروان سائنس ، ۵ ، ۱ : ۱۲۱

[تالیفی + انگ : Enamel]

— کیمیا (— ی مع ، کس م) است ۔

مرکب کیمیا جو کیمیائی اجزا کے ملاپ سے ترتیب دی جاتی ہے ۔

مختلف سرایتوں کی تسہیب کے بارے میں چونکہ ہمارے علم میں اضافہ اور تالیفی کیمیا میں ترقی ہوگئی ہے لہذا نئی نئی دوائیں روزانہ رائج ہو رہی ہیں ۔

۱۹۴۸ علم الادویہ ، ۱ : ۳

[تالیفی + کیمیا (رک)]

— موسیقی (— و لین ، ی مع) است ۔

وہ موسیقی جو مصنوعی طور پر پیدا کی گئی ہو ، سروں کے زیر و بم سے موسیقی کی نئی اقسام ایجاد کرنے کی ترکیب ۔

اس طرح اونچے نیچے سپتکوں کے سروں کے خلا ملا سے تالیفی موسیقی کا اثر پیدا ہوا ۔

۱۹۶۱ ہماری موسیقی ، ۳۴

[تالیفی + موسیقی (رک)]

تالیقہ (ی مع ، فت ق) امذ ۔

رک : تعاوقہ ۔

جلد اس گمراہ کے مال کا تالیقہ کر کر اس ترک کے حوالے کر ۔

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۷۲

اور پھر فرقی تالیقے کا کام شروع ہوا ۔

۱۹۶۵ چار ناولٹ ، ۱۶۵

تالیک (ی مع) امذ ۔

رک : تالی (۶) ؛ منجیرا (جامع اللغات ؛ پلیٹس) ۔

تالیکا (ی مع) امذ ۔

(صوتیات) کسی مصمتی اصول کے تحت بدل جانے والا صوتیہ (Flap) ۔

نفسی غیر ہاکاری کوزی اسٹاپ تجصوتیے (d) کے دو ہم صورت (d) اسٹاپ اور (r) تالیکا ہیں ۔

۱۹۵۷ اردو ادب ، جون ، ۳۵

[؟]

تالیل (ی مع) امذ .

غدود کی قسم کا دانہ جو جسم کے مختلف حصوں میں کھال کے اوپر پیدا ہوجاتا ہے یا پیدائشی ہوتا ہے لونگ کے دانے سے لے کر لہسن کے جوے تک بڑا ہوتا ہے بعض مبارک سمجھے جاتے ہیں ، مسہ (ا پ و ، ۷ : ۱۲۱) .

[مقامی]

تالے لاما امذ .

بدھوں کے ایک فرقہ کا بڑا قاضی .

ان کے قاضی کو لاما کہتے ہیں اور قاضی القضاۃ کو تالے لاما کہتے ہیں .

۱۸۷۰ خلاصہ علم جغرافیہ ، ۲۱

[مقامی]

تام (۱) صف .

۱. پورا ، کامل ، تمام ، کل .

اللہ تئیں سبحان ہے احمد سو آن سلطان ہے
اسلام کا تو نام ہے پایا نبوت نام کا

۱۶۹۷ احمد ، بیاض قدیم ، ۲۸

اے تو مجموعۂ فراست تام
دل تیرا مطلب ہزار کتاب

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۳۴۵

از بسکہ علم کیمیا میں دخل تام رکھتی ہے زائچہ کھینچا اور اسد و افراسیاب کے طالع کا حال دریافت کیا .

۱۸۸۲ طلسم ہوش ربا ، ۱ : ۷۳

گو قلت عمل ہے ایمان بے خلل ہے
ناقص ہوں میں مگر ہے مقصود تام میرا

۱۹۳۲ بے نظیر ، کلام بے نظیر ، ۲

۲. (منطق) حد (تعریف) کی ایک قسم .

قول شارح کے لیے ضرور ہے کہ وہ حد تام یا حد ناقص یا رسم تام یا رسم ناقص ان چار قسموں میں سے ایک قسم کا ہو .

۱۸۷۱ مبادی الحکمۃ ، ۳۹

۳. (عروض) تام وہ بیت جس کے ہر مصرعے کے ارکان اتنے ہی اور ویسے ہی مستعمل ہوں جتنے اور جیسے دائرے میں واقع ہوں (قواعد العروض ، ۴۱) .

[ع]

ـــ الخلقت (— ضم م ، غم ا ، سک ل ، کس خ ، سک ل ، فت ق) صف .

اپنی ساخت میں پورا ، مکمل .

لڑکا پیدا ہوتا تو وہ لوگ اس کو ملاحظہ کرکے دیکھتے کہ وہ تام الخلقت اور تندرست ہے تو اس کو حکم دیتے کہ وہ اس کی پرورش کرے .

۱۸۹۵ اسلام کی دنیوی برکتیں ، ۳

امام مالک فرماتے ہیں کہ اگر بال اگ آئے ہوں اور تام الخلقت ہو تو حلال ہے ورنہ نہیں .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۳ : ۲۶۱

[تام + ال (۱) (رک) + خلقت (رک)]

ـــ الضبط (— ضم م ، غم ا ، سک ل ، فت ض ، سک ب) صف .

رک : تام (۱) معنی نمبر (۲) سے موصوف ، مکمل طور پر ضبط کرنے والا .

صحیح وہ حدیث ہے جس کا ناقل عادل تام الضبط ہو جو نہ تو معطل اور نہ شاذ ہو .

۱۹۵۶ مشکوٰۃ شریف (ترجمہ ، مقدمہ) ، ۱ : ۱۰

[تام + رک : ا ل (۱) + ضبط (رک)]

ـــ توافق (— فت ت ، ضم ف) امذ .

مکمل طور پر ہم آہنگ ہونے کی کیفیت ، تکمیل کا مرحلہ ، معمولی فرق کو بھی دور کرکے تکمیل کرنے کا عمل .

اور تام توافق (Fine adjustment) جو ایک چھوٹے پہیے کا نام ہے نکتہ ماسکہ (Focus) پر اس کے گھمانے سے حاصل کیا جاسکتا ہے .

۱۹۶۷ بنیادی خرد حیاتیات ، ۳۷

[تام + توافق (رک)]

ـــ ہونا محاورہ .

پورا ہونا ، مکمل ہونا .

اس لڑائی کا اہتمام فدوی کے نام ہو تاکہ امتحان تام ہو .

۱۸۶۲ شبستان سرور ، ۳ : ۷۶

تام (۲) امذ .

تانبا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : تامرن ताम्र]

ـــ بٹ (— فت ب) امذ .

تانبے وغیرہ کے برتن گھڑنے والا کاریگر ، کسیرا (ا پ و ، ۳ : ۳۱) .

[تام + بٹ (رک)]

ـــ چینی (— ی مع) امث .

چینی چڑھا ہوا تانبا (پلیٹس) .

[تام + چینی (رک)]

ـــ لوٹ/لیٹ (ـــ و مج/ی مج) اسذ.

تانبے کا لوٹا، لوٹے کی قسم کا برتن، تانبیا، تدبیا (ا ص پ، ۳ : ۳۱).

[تام + لوٹ/لیٹ، لوٹا (رک) سے]

تام (۳) اسذ.

شام، تاریکی؛ گھبراہٹ، بے چینی (جامع اللغات؛ شبدساگر).

[س : تامس tāmasa]

تاما اسذ.

رک : تانبا (پلیٹس).

تاما (فت ت، ا، شد م، تن ہفت) م ف.

پورے طور پر، پوری طرح؛ رک : تام (۱) کے مطابق.

اس کتاب کے جمع کرنے سے جو غرض تھی اب اس اڈیشن سے حاصل ہوتی ہے، تاماً مکملاً.

۱۹۱۲ دیباچہ طبع ثانی، موعظہ حسنہ، ۱

[ع]

تامب/تامبا (سک م) ا.

رک : تانبا (پلیٹس).

ـــ پتر (ـــ فت پ، سک ت) اسذ.

تانبے کا ورق، تانبے کی تختی.

کتبوں کے ہمارے پاس تین نمونے موجود ہیں جن میں سے دو تامب پتر ہیں.

۱۹۲۸ از منہ وسطیٰ، یوسف علی، ۳۳

[تامب/تامبا + پتر (رک)]

تامبڑا (سک م، فت ب) اسذ.

رک : تانبڑا (پلیٹس).

[ہ : تامبڑا tāmbaḍā]

تامبول (سک م، و مع) اسذ.

رک : تنبول؛ پان؛ چھالیہ، سپاری (پلیٹس؛ جامع اللغات).

ـــ راگ اسذ.

ایک قسم کی مسور کی دال، لاط : Ervum Inns (پلیٹس).

[تامبول + راگ (رک)]

ـــ ولی (ـــ فت و، شد ل) اسث.

پان کی بیل جو نوکدار پتوں سے لہری ہوئی ہو (پلیٹس).

[تامبول + ولی (رک)]

تامبولی (سک م، و مج).

(الف) اسذ.

رک : تنبولی؛ پان بیچ کرنے والا خدمتگار (پلیٹس؛ جامع اللغات).

(ب) اسث.

رک : تامبول (پلیٹس؛ جامع اللغات).

[ہ : تامبولی tāmbūlī]

تام جان اسذ؛ ~ تامجان.

رک : تام جھام.

ہر ایک نے کپڑے بدلے عطر لگایا کوئی ہاتھی پر سوار ہوا کسی نے گھوڑا کسوایا کسی نے کہا میرا تامجان نکال لا.

۱۸۵۹ سروش سخن، ۱۳۶

دوسرے . . . اپنے ہواداروں، تام جانوں، پالکیوں اور ہوچوں پر سوار ہو کر جا چکے تھے.

۱۹۵۹ آگ کا دریا، ۴۵۱

تام جھام اسذ.

پالکی کی قسم کی ایک سواری جو اوپر سے کھلی یعنی بغیر چھت کی ہوتی ہے اس لیے ہوادار بھی کہلاتی ہے (ا پ و، ۵ : ۱۵۲).

آپ کے ہاں پالکی، نالکی، رتھ، تام جھام، سواری شکاری کے گھوڑے وغیرہ سب ٹھاٹھ موجود تھا.

۱۹۱۴ مرقع زبان و بیان دہلی، ۶۶

[ہ : تام جھام tāmjhām]

تامچی (سک م) صف (تذلیم).

سرخ رنگ کی اشرفی جس میں تانبے کا میل ہو (فرہنگ آصفیہ).

[رک : تام (۲) + چی، لاحقۂ نسبت]

تام چینی (ی مع) اسث.

ایک طرح کا زجاجی (چینی) مرکب جو متعدد معدنی آکسائڈوں سے دھات کے برتنوں پر چڑھایا جاتا ہے، شورہ، سہاگہ، سوڈا، بورک ایسڈ، ہڈول اور مختلف معدنی دھاتوں کو نہایت باریک پیس کر بڑی بڑی بھٹیوں میں خوب پکاتے ہیں پھر جس برتن پر تام چینی چڑھانا ہو اسے صاف کر کے اس میں ڈال دیتے ہیں، بعد میں برتن کو خشک کر لیتے ہیں، یہ عمل دو تین مرتبہ دہرایا جاتا ہے، اکثر اچھی تام چینی کے لیے چار دفعہ یہی عمل کیا جاتا ہے (اردو انسائکلو پیڈیا، ۱۳۳۳)؛ رک : تام کا تختی تام چینی.

الومینیم کے گلاس ، تام چینی کی رکابی . . . یہ چیزیں بھی اگر ممکن ہو تو بھیج دو .
۱۹۱۲ مکتوبات حالی ، ۲ : ۴۴۹
[رک : تام (۲) + چینی (رک)]

تامدان (سک م) امذ .
رک : تام جھام .
نالکیاں ، پالکیاں ، پچکلے ، فینس ، بوچے اصطبل میں دس گیارہ گھوڑے ، اغل بغل فینس اور تامدان پالکیاں .
۱۸۸۷ جام سرشار ، ۲۱۰

تامرس (فت م ، ر) امذ .
تانبا ؛ سونا ؛ سرخ رنگ کا کنول ، گل نیلوفر (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .
[س : تامرس तामरस]

تامرسا (فت م ، ر) امث ؛ امذ .
سونا ؛ تانبا ؛ ایک وزن یا بحر (جامع اللغات) .
[رک : تامرس]

تامرسی (فت م ، ر) امث .
کنول کے پھولوں بھرا تالاب (پلیٹس) .
[س : تامرسی तामरसी]

تامری (سک م) امذ .
تانبے یا کسی دھات کا وہ پیالا جس میں سوراخ کرتے اور اسے دوسرے پانی بھرے ہوئے برتن پر رکھتے ہیں جو آہستہ آہستہ بھر جاتا ہے اور وقت بتاتا ہے ، آبی گھنٹہ (پلیٹس) .
[س : تامری तामरी]

تامڑا (سک م) ؛ ~ تانبڑا .
(الف) امذ .
۱ . ایک قسم کا جواہر ، ادنیٰ قسم کا گہرا سیاہی مائل تانبے کے رنگ کا یاقوت جس میں چمک اور آب بہت کم ہو ؛ رک : تانبڑا .
سیلون . . . میں یاقوت نیلم پکھراج اور تامڑا قدیم پتھروں میں پیدا ہوتے ہیں .
۱۹۱۳ تمدن ہند ، ۵۴

۲ . تانبڑ یا تامبڑا ، ڈاک پتر ، آرائشی پھول بوٹے بنانے کا پیتل یا تانبے کا ورق جس کی سطح کو حسب ضرورت روغنی رنگ سے رنگ کر چمک دار بنا لیا جاتا ہے ، جگ جگا (ا پ و ، ۱ : ۱۶۱) .
(ب) صف .
۱ . تانبے کے رنگ کا ، تانبڑا (رک) .
ان کا رنگ کیسا ہے ، گورے یا کالے یا تامڑے .
۱۸۷۱ مبادی الحکمتہ ، ۲۹
۲ . (مجازاً) گنجی کھوپڑی ، صاف چندیا .
محفل میں ایک صاحب کے تامڑا تھا ، انہوں نے برہنہ سر کے الفاظ سنے .
۱۹۶۰ رادھا اور رنگ محل ، ۶۹
[ہ : تامڑا तामड़ा]

~ نکل آنا محاورہ .
۱ . تانبے کے رنگ کا ہوجانا ، بد رنگ ہوجانا (جامع اللغات) .
۲ . بال اڑ کر کھوپڑی صاف ہوجانا ، گنجا ہوجانا .
ایسا پٹوگے کہ تامڑا نکل آئے گا .
۱۸۸۶ مخزن المحاورات ، ۳۹۳

تامڑ کنڈ (فت م ، سک ر ، ضم ک ، سک ن) امذ .
کٹورے کی شکل کا تانبے کا کونڈا (ا پ و ، ۳ : ۳۱) .
[تامڑ + کنڈ (رک)]

تامڑہ (سک م ، فت ڑ) امذ .
رک : تامڑا .
جو جوہری ہیں سو پہچانتے ہیں دونوں کو
کہ تامڑہ بھی وہی سرخ ہے وہی یاقوت
۱۸۶۴ دیوان حافظ ہندی ، ۱۹
یہی پتھر . . . ان میں بسا اوقات تامڑہ بھی شامل رہتا ہے .
۱۹۳۱ خلاصۂ طبقات الارض ہند ، ۱۰

تامس (فت م) .
(الف) امذ .
۱ . غصہ ، غضب ، خشم ، احمق ، بدذات ، شرارتی یا کینہ ور شخص ، بدمعاش وغیرہ (جامع اللغات) .
راجس تامس رود کے روپ راجے ہوویں ات بھی بھوپ
۱۶۵۴ گنج شریف ، ۲۵۵
اس ہرکار ساتوک ، راجس ، تامس گنون کے بھید استھت ہیں .
۱۸۹۰ (ترجمہ) جوگ بششٹھ ، ۱ : ۲۰۳

اِنکار بھی تین قسم کے ہیں ، ساتوک ، راجس اور تامس .

۱۹۷۵ ہندوستان تہذیب کا مسلمانوں پر اثر ، ۳۱۸

۲. سیاہی، تاریکی، غفلت، غلطی، نقص، عیب (جامع اللغات).

(ب) صف .

تاریک ، سیاہ ، سیاہی کے متعلق (جیسے غفلت ، بدچلنی بدکاری وغیرہ) ؛ بیوقوف ، جاہل ، سست ، کاہل ؛ تند مزاج ،مغلوب الغضب ؛ (جامع اللغات) .

[س : تامس तामस]

تامسرہ (کس م ، سک س ، فت ر) امذ .

نصف تاریک قمری مہینہ (پندرھویں تاریخ سے تیس تک)؛ غصہ ، خفگی، ناراضگی ؛ نرک کا ایک حصہ (ہلیش ؛ جامع اللغات) .

[س : تامسرا तामिस्र]

تامسی (۱) (سک م) صف .

تانبے کے رنگ کا .

شمالی امریکہ میں تامسی رنگ کے اصلی باشندے زمانۂ قدیم سے آباد ہیں .

۱۹۳۸ کتاب العلم ، ۴۳

[رک : تام (۱) + سی ، حرف تشبیہ]

تامسی (۲) (سک م) صف .

۱. تامس (رک) سے منسوب .

رام جی اس ساتوک اور راجس سے الگ جو تامسی جیو ہیں .

۱۸۹۰ (ترجمہ) جوگ بششٹھ ، ۱ : ۳۴۱

۲. اندھیرے کا ، جہالت یا لاشعلمی کا ، جاہلانہ .

نندا تعریف وغیرہ تامسی برتیاں ہیں .

۱۹۲۸ بھگوت گیتا اردو ، ۹۷

[س : تامسکا तामसिका]

تامل (فت ت ، ا ، شد م بضم) .

(الف) امذ .

۱. غور و فکر ، سوچ بچار ، اندیشہ .

رہا میں اس سے گرفتہ اک عمر تک لیکن
کیا جو خوب تامل تو کچھ نہ تھا باعث

۱۷۹۵ قائم ، د (ق) ، ۴۵.

انگریز . . . نئے قوانین کے جاری کرنے میں نہایت تامل کرتے تھے اور اسی سبب سے ان کی سلطنت بہت دنوں تک رہی .

۱۸۷۳ مکمل مجموعہ لیکچرز و اسپیچز ، ۹۸

ادنیٰ تامل سے معلوم ہوسکتا ہے کہ یہ قول بالکل دھوکا ہے اور سچائی سے کچھ علاقہ نہیں رکھتا .

۱۹۲۹ تاریخ نثر اردو ، ۱ : ۲۲۹

۲. توقف ، عرصہ ، وقفہ .

تب او شام برہم ہو یوں کہہ لیا
بھلا جو نہ کہا میں تامل کیا

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۱۴۵

رانوں میں علمدار نے گھوڑے کو جو مسکا
اڑنے میں تامل نہ ہوا ایک نفس کا

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۲ : ۲۱۷

طبی اور علمی فوائد کے حاصل کرنے میں کوئی تامل نہیں کیا .

۱۹۵۳ حکمائے اسلام ، ۱ ، ۵۳

۳. صبر و تحمل ، برداشت .

اس مثال سے صاف ظاہر ہے کہ وہ کیسا علم دوست تھا اور ایسے ناواجب موقع پر بھی کیسا تامل کیا کرتا تھا .

۱۸۵۶ سوانح عمری امیر تیمور و حمیدہ بانو بیگم ، ۱۰

نہ لے بے صبریوں سے کام ابھی اے دل تامل کر
بہت گھٹ جائے دم سینے میں تب فریاد کر لینا

۱۹۲۷ شاد ، بادۂ عرفاں ، ۶۷

۴. تردد ، تکلف ، پس و پیش ، رکاوٹ .

یک نگہ ، ایک چشمک ، ایک سخن
اس میں بھی تم کو ہے تامل سا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۳۷۳

کتابیں جو انہیں بے حد عزیز تھیں ان کے دینے میں بھی تامل نہ تھا .

۱۹۳۵ چند ہم عصر ، ۷۹

۵. عذر ، حیلہ ، بہانہ .

مقرر ہے یہ عارفانہ تجاہل
مگر مجکو تعمیل میں کیا تامل

۱۹۰۹ مظہر المعرفت ، ۳۲

۶. سوچ سمجھ ، سوجھ بوجھ .

اگر وہ مصنف کے طرز کلام اور تقریر کے رویہ کو غور اور تامل سے اور ساری کتاب کو انصاف کی رو سے دیکھتا . . . تو اعتراض نہ کرتا .

۱۸۳۰ تقویۃ الایمان ، ۳۲۶

۷. احتیاط .

اس صید مضطرب کو تامل سے ذبح کر
دامان و آستیں نہ لہو میں لتھیڑ تو

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۵۳

[ع]

تاملات . (فت ت ، ا ، شد م بضم) امذ ؛ ج .

افکار و خیالات ، سوچ بچار ، نتائج غور و فکر .

مرسن ہی وہ شخص تھا جس نے بعد ازاں ڈیکارت کے تاملات کو بہت سے مفکرین کے سامنے پیش کیا۔
۱۹۳۱ تاریخ فلسفۂ جدید (ترجمہ)، ۲۹۴
[رک : تامل + ا ت ، لاحقۂ جمع]

تاملکی (سک م ، فت ل) امث۔
رک : تالی (۵)، ایک درخت کا نام، لاط : Flocourtia cotaphracta (پلیٹس)۔
[س : तामलकी]

تاملوٹ (سک م ، و مج) امذ۔
پانی پینے کا ٹین، جست الموئیم پلاسٹک شیشے وغیرہ کا گلاس نما برتن، ڈونگا، آبخورہ، مگا۔
وہ ٹین کے ایک تاملوٹ میں پانی لایا۔
۱۸۸۹ سیر کہسار، ۱ : ۳۲۰
[غالباً انگ : Tumbler (= چھوٹے پیندے کا گلاس) سے]

تاملی (فت ت ، ا ، شد م بضم) صف۔
۱۔ **تامل (رک) سے منسوب، غور و فکر سے متعلق۔**
سب سے بہتر طریقہ تاملی مشاہدہ ہے جس پر ہم کو ہمیشہ اعتماد کرنا ہوگا۔
۱۹۳۷ اصول نفسیات، ۱ : ۲۱۴
۲۔ **مفکر؛ وہ شخص جو اس کا قائل ہو کہ نفسیات کی بنا مشاہدۂ نفس پر ہے (Introspectionist)۔**
مینڈکوں کی بصارت کے مطالعہ میں غیر محتاط تاملین دھوکا کھا جاتے ہیں۔
۱۹۶۰ سائنس سب کے لیے، ۲ : ۸۸۸
[رک : تامل + ی ، لاحقۂ نسبت]

ـــ فلسفہ (ـــ فت ف ، سک ل ، فت س ، ف) امذ۔
اس نفسیات کا فلسفہ جس کی بنیاد مشاہدۂ نفس پر ہو (Introspectionist's Philosphy)۔
تاملی فلسفہ نے حواس خمسہ کے بارے میں جو کچھ بتلایا وہ اس پر کوئی روشنی نہیں ڈال سکتا کہ انھیں یہ کیسے حاصل ہوا۔
۱۹۶۰ سائنس سب کے لیے، ۲ : ۹۳۵
[تاملی + فلسفہ (رک)]

ـــ نفسیات (ـــ فت ن ، سک ف ، کس س) امث۔
(نفسیات) وہ نفسیات جس میں اپنے ذہن کا مطالعہ کر کے یہ خبر دیتے ہیں کہ اس کے اندر کیا ہے۔
جن حالتوں میں تاملی نفسیات کی عام خصوصیات کی اصل اور ان کی باہمی متابعت سے بحث ہوتی ہے۔
۱۹۳۷ اصول نفسیات، ۲۲۵
[تاملی + نفسیات (رک)]

تاملیٹ (سک م ، ی مج) امذ۔
رک : تاملوٹ۔
ماشاءاللہ اتنی آمدنی اور غضب خدا کا مٹی کی بدھنی ٹین کا تاملیٹ۔
۱۹۰۸ صبح زندگی، ۱۲۰

تامنا (سک م) ف م۔
(کاشت کاری) ہل چلانے سے قبل کھوت کی گھاس اور جڑیں نکالنا (ا پ و، ۶ : ۴۲)۔
[مقامی]

تامول (و مج) امذ۔
رک : تنبول (فرہنگ عامرہ)۔

تامہ (فت ت ، ا ، شد م بفت) صف مث۔
مکمل، پوری۔
غیر جنس کے قبلہ کرنے میں یہ نکتہ ہے کہ صورت جنسیہ میں افضلیت تامہ حاصل نہیں ہوتی۔
۱۸۴۵ احوال الانبیا، ۱ : ۱۲۲
تعالی اللہ یہ رحمت عامہ لک الحمد یہ قدرت تامہ
۱۹۳۲ بے نظیر، کلام بے نظیر، ۲۹۴
[ع]

تام ہان (سک م) امذ ؛ ~ تمہان۔
رک : تَمْلا (ا پ و، ۳ : ۳۱)۔
[مقامی]

تامیت (کس م ، فت ی) امث۔
پورا ہونا ؛ علم الاعداد کی ایک صفت۔
مجذوریت، اصمیت، تامیت وغیرہ صفات سے موصوف ہونا۔
۱۹۴۲ اسفار اربعہ، ۱ : ۳۳۷
[ع]

تامیسر (ی مج ، فت س) امذ ؛ ~ تامیسور۔
رک : تامیسور۔
اگر کمی خون کے باعث سوے ہضم ہو تو قرص تامیسر معجون نانخواہ میں رکھ کر پہلے کھلائیں اوپر سے عرق بادیان پلائیں۔
۱۹۳۶ ترجمہ شرح اسباب، ۲ : ۳۲۷

تامیسری (ی مج ، سک س) امذ .

سرخ سر کا گنجا ؛ تانبا ملا ہوا سونا یا چاندی ؛ تانبے کے رنگ کا (فرہنگ آصفیہ ؛ بلیٹس) .

[رک : تامیسر + ی ، لاحقۂ نسبت]

تامیسور/تامیشور (ی مج ، سک س ، فت و/سک ش) امذ .

تانبے کا کشتہ ، بھسم ہوئی دھات .

[س : ताम्रशिखर: تامر شورہ]

تامین (ی مع) امث .

۱. آمین کہنا .

یہ کتاب بعد تصنیف شرح مشکوٰۃ کے جو مسائل ضروری حنفیوں کے مثل عدم رفع یدین و تامین بالسر رہ گئے تھے لکھی ہے .

۱۹۰۵ مراۃالحقایق ، ۴۱

۲. (معاشیات) ملکی صنعت کو غیر ملکی صنعتوں کے مقابلے سے محفوظ کرنے کے لیے حکومت غیر ملکی مال پر محصول یا پابندی لگاتی ہے تا کہ ملکی صنعت ترقی کرے اس طریق عمل کو حفاظت تجارت یا تامین (Protection) کہتے ہیں .

تامین ملکی بازار قایم کرتی ہے ، کام تخلیق کرتی ، روزگار فراہم کرتی اور اجرت بڑھا دیتی ہے .

۱۹۳۷ اصول معاشیات ، ۱ : ۶۸۴

[ع]

تامینی (ی مع) صف .

تامین معنی نمبر ۲ (رک) سے منسوب .

بعض اوقات حکومت درآمد برآمد پر تامینی محصول لگا کر . . . صنعتوں کی براہ راست مدد کرتی ہے .

۱۹۳۷ اصول و طریق محصول ، ۱۸

[رک : تامین + ی ، لاحقۂ نسبت]

ـــ طَریق (— فت ط ، ی مع) امذ .

تامین معنی نمبر ۲ (رک) کا طریقہ .

تامینی طریق کے اجرا کے دوسرے معتدل حامی یہ کہتے تھے کہ . . . محصول معتدل اور عارضی ہونے چاہئیں .

۱۹۳۷ اصول معاشیات ، ۱ : ۷۰۶

[تامینی + طریق (رک)]

ـــ مَحصُول (— فت م ، سک ح ، و مع) امذ .

محصول یا ٹیکس ، تامین معنی نمبر ۲ (رک) سے تعلق رکھنے والا محصول .

اس اتحاد کی شرح محاصل عملاً وہی . . . شرح ہے یعنی معتدل تامینی محصول .

۱۹۴۶ معاشیات قومی ، ۱۴۶

[تامینی + محصول (رک)]

تان امذ (قدیم) .

تھان (رک) کی تخفیف ، اسی جگہ .

جو جس جاگا سوں آے ہیں تاں بھسم ، ہور عدم ہوں گے .

۱۶۹۷ پنج گنج ، ۶۰

تان (۱) امث ؛ امذ (شاذ) .

۱.(i) سروں کے اس کھنچاؤ یا مجموعے کو کہتے ہیں جس سے راگ میں تدریجی بڑھت ہوتی ہے .

راگ رنگ تاناں ترانے ناچ ہور ہر بند گیت
تار ہور مندل دو تارے چنگ ہور دینی رباب

۱۶۴۸ غواصی ، ک ، ۴۰

آوے فلک سوں زہرہ اتر کر وو مہ جبیں
یک تان گاوے رام کلی یا بھپاس میں

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۵۶

اس غیرت ناہید کی ہر تان ہے دیپک
شعلہ سا لپک جاے ہے آواز تو دیکھو

۱۸۵۱ مومن ، ک ، ۱۷۰

تانوں کو اپنے ڈھب سے کھٹا اور بڑھا سکے
اس کی ہسند کے ہیں جو گانے وہ گا سکے

۱۹۳۷ سنبل و سلاسل ، ۷۱

(ii) ساز کے سروں کی آواز کا مسلسل انار چڑھاؤ جو تیزی کے ساتھ ہو .

کھرج کا وقار اور سروں کی لکیر
وہ تانیں کہ جن سے پڑیں دل پہ تیر

۱۸۵۹ حزن اختر ، ۱۰۵

بین اور ساتوں تانوں کے نغمے حسیناؤں کی شیریں آواز کے ساتھ ہوا میں گونج رہے ہیں .

۱۹۲۶ شرر ، در گیش لندنی ، ۱۹۶

۲. طولانی تار ، تانا (رک) .

تان تارہاے طولانی کو کہتے ہیں ، کہ جولاہے کپڑا بننے کے واسطے اول اس کو بناتے ہیں .

۱۸۴۵ (ترجمہ) مطلع العلوم ، ۱۹۴

۳۔ لوہے کی سلاخ ، چھتری کی تیلی وغیرہ ، موٹے تار ۔
جہاز کے تماسی کل پرزے کیا بادبان ، کیا مستول ، تانیں اور رسے اور تمام چیزیں اس نے اسی باریک بینی کی نظر سے جانچی ہیں ۔
۱۹۰۷ نپولین اعظم ، ۵ : ۲۲۴

۴۔ آگ پر لاکھ کی چوڑیاں گرم کرنے کی آنکڑے دار سلاخ (ا پ و ، ۴ : ۸۳) ۔

۵۔ پلنگ ہوادار گاڑی موٹر کار یا ہودہ وغیرہ کا وہ لوہا جو استقلال اور استحکام کے واسطے سلاخ کے طور پر لگا دیتے ہیں ، ٹائی راڈ وغیرہ (فرہنگ آصفیہ ؛ نورالغات ؛ پلیٹس) ۔

۶۔ پلنگ کی پٹی اور سیروے کے جوڑ پر جس کے درمیان پایہ ہوتا ہے چڑائی کو گنہا (زاویۂ قائم) میں رکھنے کے لیے جڑی ہوئی لکڑی یا لوہے کی بنی ہوئی آڑ ، چگا ، ضامن (ا پ و ، ۱ : ۱۸۳) ۔

۷۔ عینک کی کمانی کے بغلی تار جو عینک کو آنکھوں پر ٹکائے رکھتے ہیں ، کاڑی (ا پ و ، ۷ : ۱۰۸) ۔

۸۔ پھیلاؤ ، کھچاؤ ، تناؤ ، ایک ہی طرح کے سر ، تنا ہوا تاگا ؛ پھالے (جزر) کی لہر ؛ ترنگ ، کھینچ کر تان نکالنے کی کیفیت ؛ وسعت ، سلسلہ ۔ (پلیٹس ؛ شبد ساگر) ۔

۹۔ کسی ہتھیار کو اوپر اٹھانے کی حالت و کیفیت ، وار ۔
کئی تانوں میں تاری نے اب زیر کا نیزہ ہوائی کیا ۔
۱۸۷۹ بوستان خیال ، ۶ : ۱۲۰
آپس میں نیزہ بازی ہونے لگی ، اکیسویں تان میں شہزادے نے نیزہ احکام کا نکالا ۔
۱۹۰۲ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۲ : ۴۹۰

[س : تان तान]

— اُچانا محاورہ (قدیم) ۔
تان اڑانا ۔
طرب بخش مطرب مٹھے تان اچائیں
۱۶۵۷ گلشن عشق (دکھنی اردو کی لغت ، ۱۳۲)

— اُڑا لینا محاورہ ۔
کسی کے گانے کا ڈھنگ سیکھ لینا (فرہنگ آصفیہ) ۔

— اُڑانا محاورہ ۔
گانا ، الاپنا ، گانے میں سروں کو دلکش انداز سے ادا کرنا ۔
جب وہ گاتی لچھے دار تان اڑاتی ۔
۱۸۶۲ شبستان سرور ، ۲۱۳

یہ وقت رقص و رنگ ہے اے لیلیٰ حیات
ہاں تان اڑا کہ ساز ملائے ہوئے ہیں ہم
۱۹۵۳ سموم و صبا ، ۲۹

— باندھنا محاورہ ۔
تان بندھنا (رک) کا تعدیہ ؛ رک : تان بھرنا یا تاننا (جامع اللغات) ۔

— بجانا محاورہ ۔
رک : تان اڑانا ۔
ملنا بجا نہیں ہے مخالف سوں ایک آن
اس تان کوں بجاوے رہابی رباب میں
۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۵۵

— بندھان سے (— سک ن) م ف ۔
نظم و ضبط کے ساتھ ، اصول و قواعد کی پابندی سے ، نئی تان ایجاد کرنے کے ساتھ ۔
نئے نئے انداز سے بڑھیں گھٹیں اسی راگ میں تان بندھان سے ہولیں پھلیں ۔
۱۸۶۱ فسانۂ عبرت ، ۸۵

— بندھنا محاورہ ۔
(موسیقی) دھن وضع ہونا ، نئی تان بننا یا ایجاد ہونا ۔
جو تانیں استائی اور سنچاری اور بھوگ وغیرہ کے طور پر بندھتی ہیں ، ان کی بھی مثالیں ذیل میں درج ہوتی ہیں ۔
۱۸۷۵ سرمایۂ عشرت ، ۲۵

— بولنا محاورہ ۔
تان لینا ، گانا ۔
بول کے ایک تان صاحب رائے لے گیا کاڑھ جان صاحب رائے
۱۷۱۸ دیوان آبرو (ق) ، ۷۰

— بھرنا محاورہ ۔
(موسیقی) ساتوں سروں کو تان میں ادا کر کے سم پر آنا ، گانے میں بعض سروں کو خوبصورت اور دلکش انداز میں زبان سے بار بار ادا کرنا ۔
ایک بین کا باجا بجے اور دوسرا تانوں کا بھر
۱۸۳۷ مجموعہ ہشت قصہ ، ۳۱

— ہڑنا محاورہ ۔
۱۔ گانے کی (دلکش) آواز نکلنا ۔
آج مطرب بسر گلے میں ترے اور ہی ڈھب کی تان ہڑتی ہے
۱۷۸۶ میر حسن ، د ، ۱۳۶

۲. گانے میں وزن اور سر قائم رکھنے کے واسطے قاعدے سے تالی بجنا .

ساز بج رہے ہیں تانیں اڑ رہی ہیں .

طلسم ہوشربا ، ۶ : ۳۵ ۱۸۹۲

— پلٹا (— ت پ ، سک ل) امذ .

(موسیقی) مختلف طریقے سے تان لینے کا انداز ، اونچے اور نیچے سروں کے الٹنے پلٹنے کا عمل .

پھر راگ کو اس کی صورت میں گانا اور تان پلٹا وغیرہ پیدا کرنا آسان ہو جاتا ہے .

غنچۂ راگ ، ۷۹ ۱۸۶۲

خیال کا نظام زیادہ شوخ ، بانکا تیکھا اور لچکدار ہے اس کے تان پلٹے ، مرکیاں اور گٹکری عجب بہار دکھاتے ہیں .

ہماری موسیقی ، ۷۶ ۱۹۶۱

[تان + پلٹا ، پلٹنا (رک) سے]

— پلٹا مارنا محاورہ .

تان پلٹا (رک) الاپنا .

تور کا گلا پایا تھا اگر تان پلٹا مارتے تھے تو ایک ہزار قدم پر آواز پہنچتی تھی .

قدیم ہنر و ہنرمندان اودھ ، ۸۰ ۱۹۳۶

— پھرنا محاورہ .

تان کا مختلف انداز سے (گلے میں) کروٹیں لینا .

ہچکیاں لے ہے اس طرح بط سے
جس طرح گٹکری میں تان پھرے

انشا ، ک ، ۱۲۶ ۱۸۱۸

— تان کر/کے م ف .

زور زور سے ، کھینچ کھینچ کر ، خوب جما جما کر ، جمتوں ، تاک تاک کر .

ڈھالو نے . . . جوتا اٹھا تان تان کر مارنا شروع کیا .

اہل محلہ اور نا اہل پڑوسی ، ۱۸ ۱۹۲۳

— توبڑا (— سک ب)امذ .

انگڑ کھنگڑ ، اختر بختر ، کاٹ کباڑ ، ساز و سامان .

باندھیں اپنا تان توبڑا چلتے پھرتے نظر آئیں .

آغا شاعر ، ارمان ، ۷۷ ۱۹۳۰

[تان + توبڑا (رک)]

— توڑنا محاورہ .

۱. (موسیقی) گانے کے بول یا لے کو سم پر لا کر چھوڑنا .

جہاں تان توڑی ستم ہو گیا
وہ سم حق میں شورے کے سم ہو گیا

سحر (امان علی) ، ریاض سحر ، ۱۹۳ ۱۸۵۷

۲. ختم کرنا ، اصل بات یا غرض بیان کرنا ، کسی انجام یا مطلب کو پہنچانا .

وہ کچھ کہیں پر اپنی ہی بس گائے جائیے
اور تان ادھر کو کوئی طرح دار توڑیے

انشا ، ک ، ۱۶۸ ۱۸۱۸

اس ضمن میں رسم خط کا مسئلہ بھی آ جاتا ہے۔ آج کل اس پر بڑی پر زور بحثیں ہو رہی ہیں . . . لیکن یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ اس کی تان اردو رسم خط ہی پر کیوں توڑی جاتی ہے .

خطبات عبدالحق ، ۵۶ ۱۹۳۶

— تول (— و مج) امذ .

آواز کے اتار چڑھاؤ کی موزونیت ، تان کی دلکشی .

جواہر کے ٹکڑے تھے ٹپوں کے بول
کہ ہیرا لئے بیٹھے تھے تان تول

سحر (امان علی) ، ریاض سحر ، ۱۹۳ ۱۸۵۷

[تان + تول (رک)]

— ٹوٹنا محاورہ .

تان توڑنا (رک) کا لازم .

منہ جس کے لگی اس سے پھر کاہے کو چھوٹی ہے
یہ تان ٹکورے کی اس بات پہ ٹوٹی ہے

نظیر ، ک ، ۲ : ۱۷۶ ۱۸۳۰

شبلی ، چراغ علی ، نذیر احمد وغیرہم خواہ کچھ ہی لکھتے لیکن تان مذہب پر ہی ٹوٹتی تھی .

چند ہم عصر ، ۱۲۰ ۱۹۳۵

— جوڑنا محاورہ .

رک : تان اڑانا (جامع اللغات) .

— چکھنا محاورہ .

(پتنگ بازی) پتنگ اڑانے والے سے اڑتی ہوئی پتنگ کی ڈور ذرا سی دیر کے لیے لے کر پتنگ اڑانے کا لطف اٹھانا ، (مجازاً) پتنگ کی ڈور پکڑ کر پتنگ بازی سے واقف ہونا .

کبھی کبھار پتنگ اڑانے والا انھیں بھی چند لمحوں کے لیے ڈور تھامنے کا موقع دیتا ہے . . . اسے تان چکھنا کہتے ہیں .

زرگزشت ، ۳۲۹ ۱۹۷۶

ـــ دینا محاورہ .

۱. اڑھا دینا ، سایہ کرنا ، (چادر کمبل وغیرہ) سایے کے لیے اوپر لٹکانا یا کھینچنا .

جہاں اترتے ہیں رستے میں آپ کے زائر
ردائے امن ملک سر پہ تان دیتے ہیں

۱۸۷۲ محامد خاتم النبیین ، ۸۰

۲. (پتنگ بازی) پتنگ اُڑانا یا اُڑا کر کھڑی کر دینا .

گڈیاں اور ڈور لے کر . . . سب سے پہلے پہنچے اور گڈی تان دی .

۱۹۲۳ اہل محلہ اور نا اہل پڑوس ، ۳۹

۳. جڑ دینا ، لگائی بجھائی کرنا .

وہ جانتے تھے کہ اگر لارے کی مرضی کے موافق اس کی مدد نہ کی جاوے گی تو وہ مجھ سے شکایت تان دے گا .

۱۹۰۷ نپولین اعظم ، ۲ : ۱۱۰

ـــ سُنانا محاورہ .

تان الاپنا .

ساون میں تان جب کہ پپیہا سنائے گا
میکے سے ڈولی لے کے یہ پیرن ہی آئے گا

۱۹۴۷ سنبل و سلاسل ، ۴۰

ـــ کَر/کے اُڑانا محاورہ .

کھل کر تان اڑانا ، لمبی آواز میں تان لینا .

مزے میں آکے گانے لگیں تانیں تان کے اڑانے لگیں .

۱۸۶۲ شبستان سرور ، ۴۴

ـــ کَر/کے سونا محاورہ .

آرام سے سونا ، بے خبر سونا ، بے فکر ہو جانا .

جی میں خوش تھا کہ بڑا پیچیدہ اور جھگڑے کا مقدمہ طے ہوا اب مقام ہر مزے میں تان کر سوؤں گا .

۱۸۹۱ ایامیٰ ، ۳۳

چھوت اچھوت کا بیج یہ بوئے ہیں
دشمن ان کے تان کے سوئے ہیں

۱۹۲۴ راودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۹ ، ۱۰ : ۳

ـــ کی جان امث .

آواز کی دلکشی یا سریلا پن .

مجھکو معلوم ہوئی ہے غرض اس تان کی جان
دلکو لیکر کے لیا چاہتے ہو میری جان

۱۷۸۰ سودا (شعلہ جوالہ ، ۲ : ۴۹۸)

گوش بے جان میں دم کیا دم کو
تان کی جان ہے تری آواز

؟ نگہت (فرہنگ آصفیہ)

ـــ کی لینا محاورہ .

(موسوقی) الاپنا ، گانا (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

ـــ گانا محاورہ .

تان سنانا ، تان لگانا ، نغمہ یا راگ الاپنا .

مطرب نغمہ ساز محفل عشق
تان گاتا نہیں ہزار افسوس

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۱۰

ـــ گُونجنا محاورہ .

رک : تان پھرنا .

ہوا میں گونج رہی ہے جو مرغ صبح کی تان
تو ایک وجد ہے طاری تمام عالم پر

۱۹۱۳ سیر پنجاب ، ۶۸

ـــ لَڑانا محاورہ .

تان اڑانے میں مقابلہ کرنا .

وہ کوئل غضب کی بجاتی ہوئی
سبھوں سے تانیں لڑاتی ہوئی

۱۹۳۲ بے نظیر ، کلام بے نظیر ، ۳۵۳

ـــ لَگانا محاورہ .

رک : تان اُڑانا .

تان جو اونچے سروں میں لگائی تو نواب اور بھی مست بادۂ جنوں ہو گئے .

۱۸۸۷ جام سرشار ، ۱۴۲

درمیان سے غلط تان لگائی ، برج موہن کا ہاتھ رک گیا .

۱۹۵۴ شاید کہ بہار آئی ، ۱۴۲

ـــ لینا محاورہ .

۱. (چادر ، کمبل وغیرہ) اوڑھ لینا ، رک : تاننا .

شام گیسو میں ترا روے درخشاں دیکھ کر
تان لیتا ہے شب یلدا کی چادر آفتاب

۱۹۳۲ بے نظیر ، کلام بے نظیر ، ۴۳

۲. کھینچ لینا ، سیدھا کر لینا (ہاتھ پانو ، نیزہ ، بندوق وغیرہ) .

شانہ بلانے اترا ہے وہ شوخ سنگ دل
تربت میں ہاتھ پاؤں ذرا تان لیجئے
۱۸۵۸ امانت ، د ، ۸۶

۳. رک : تان اڑانا معنی نمبر ۲ .
عطائی بھی ہر اک لیتا تھا وہ تان
کہ جس سے ہو علی سینا ہو حیران
۱۷۷۸ گلزار ارم ، ۱۶۰

خوش گلو جب کہ تان لیتے تھے
دل تو کیا چیز جان لیتے تھے
۱۸۷۱ شوق ، فریب عشق ، ۵

جب وہ لیتی تھی کوئی نور کی تان
ڈھاڑی کہتے تھے اسے علی کی امان
۱۹۱۷ گلستان باختر ، ۳ : ۵۷۹

— میں تکّل اُڑانا محاورہ .

بہت اونچی تان لینا .
اوج پر آیا ہے اس مرتبہ گانا ان کا
تکلیں اب وہ اڑانے لگے ہیں تانوں میں
۱۸۶۷ رشک (نوراللغات)

— نہ توڑنا محاورہ .

سلسلہ ختم نہ کرنا ، بات یا کام وغیرہ نہ چھوڑنا یا ترک نہ کرنا .
آج کا دن تو ایک دوسرے کی سرگذشت کہنے اور حقہ پینے میں صرف ہوا ، عورتوں نے گانے اور دفوں کے بجانے کا تان نہ توڑا .
۱۸۹۱ قصہ حاجی بابا اصفہانی ، ۱۳

— و بانہ (— و مج ، ن ن) امذ .

رک : تانابانا .
پشمین پلاس پنبہ فروشی دکانہ ای
موئینہ بافتہ بستم تان و بانہ ای
۱۷۳۷ عطا ٹھٹوی ، د ، ۳۳۵
[تان + و ، عطف + بانہ ، بانا (رک)]

— و سُر (— و مج ، ضم س) امذ .

سر اور تان ، لے ، دھن .
اس تان و سر سے یہ غزل گائی کہ لحن داؤدی شعلہ آوازوں کی سی سپند وار سوخت ہوئی .
۱۸۵۱ بہار دانش ، ولایت علی ، ۱۲۵
[تان + و ، عطف + سر (رک)]

تان (۲) امذ .

رک : طعن (جامع اللغات) .
[ع : طعن (رک) سے]

— آڑانا محاورہ .

وقت برباد کرنا ؛ ہنسی مذاق میں فقرے بازی کرنا ، لڑائی جھگڑے کی ابتدا کے لیے کوئی فقرہ کہہ دینا ؛ اعتراض کرنا ، ٹھٹھا مارنا (پلیٹس) .

— بازی است .

طعنہ دینے کا عمل .
یہ کیا ہے تان بازی اے فلانے
یہ کیا ہے شور مرزا جیو دیوانے
۱۷۳۷ طالب و موہنی ، ۵۰
[تان + بازی (رک)]

— تُروز (— ضم ت ، و مع) امذ .

طعنہ مہنہ ، اشارہ کنایہ بطریق تضحیک ، طعن تشنیع (اردو قانونی ڈکشنری ؛ جامع اللغات ؛ نوراللغات) .
اف : دینا .
[تان + تروز ، ع : تَعَرُّض (رک) سے]

— تُروز پھینکنا محاورہ .

اشارہ کنایہ کرنا (جامع اللغات) .

— توڑنا محاورہ .

(عو) طعنے دینا ، طعن کرنا ، آوازہ پھینکنا (مخزن المحاورات ، ۳۰۳ ؛ نوراللغات) .

— دینا محاورہ .

طعنہ دینا ، طعن کرنا ؛ اشتعال دینا (جامع اللغات) .

— لانا محاورہ .

طعنہ دینا ، مقابل ہونا .
تو بی بی سے پھر تان لانے لگی تو پھر ذات اپنی بتانے لگی
۱۷۸۱ مجموعۂ ہندی ، ۷۶

— لینا محاورہ .

طعنہ دینا ، طعن کرنا .
اس نے غمزے سے تان لے کے کہا
آپ چل نکلیں مجھ سے اب اچھا
۱۸۸۵ مثنوی عالم ، ۹۳

ــ مارنا محاورہ .

رک : تان لینا ، طعنہ دینا (نور اللغات ؛ جامع اللغات) .

تان (۳) اسث .

جنس ساگونیہ کی ایک قسم ، ایک طرح کا پیڑ ، درخت کی ایک قسم ، لاط : Verbena nodiflora (پلیٹس ؛ شبد ساگر) .

[० : तान تان]

تانا (۱) اسذ .

سوت کے وہ تاگے جو کپڑا بُننے میں طولاً ترتیب دیے جاتے ہیں (تننا کے ساتھ) .

ہم ہی پا مرضی مبارک سب جنے
یوں سخن کے سوت سوں تانا تنے

۱۷۵۴ ریاض غوثیہ ، ۱۲۱

ایک لڑکا جولاہے کا تانے کی پان کر رہا ہے .

۱۸۸۴ تذکرۂ غوثیہ ، ۱۷۷

اس نے نہایت نفیس پوشاک پہنی جس کا تانا سونے کا تھا .

۱۹۳۴ الف لیلہ و لیلہ ، ۵ : ۳۱۱

[س : तन् + कन् + क]

ــ بانا اسذ .

۱. (i) تار و پود ، وہ دھاگے جنھیں بنائی کے وقت طول و عرض میں ڈالتے ہیں ، کپڑے وغیرہ کی بنائی میں لمبائی اور چوڑائی میں ڈالے جانے والے دھاگے ؛ تانا بانا .

کرم پیلہ . . . اپنے منہ سے تار تننا شروع کرتا ہے اور اپنے تاروں کے تانے بانے میں خود بھی پوشیدہ ہو جاتا ہے .

۱۸۹۴ اردو کی تیسری کتاب ، اسمٰعیل میرٹھی ، ۱۲۰

تمام شاخیں آسمان تک اس طرح لپٹی ہوئی تھیں جس طرح کپڑے میں تانا بانا ہوتا ہے .

۱۹۰۷ شعرالعجم ، ۱ : ۱۸۴

(ii) (مجازاً) مزاج کا انداز ، ساخت .

یہ استاد کے ذہن کی بناوٹ کا تانا بانا ہے .

۱۹۳۶ تعلیمی خطبات ، ۱۶۰

۲. دری یا قالین بننے کا کرگھا (شبد ساگر) .

۳. (مجازاً) خواہ مخواہ کا چکر ، آوارہ گردی ، آنا جانا (فرہنگ آصفیہ) .

[تانا + بانا (رک)]

ــ بانا اُدھیڑنا محاورہ .

پرانی باتیں دہرانا ، اصل کے پیچھے پڑنا ، کسی چیز کی ابتدا معلوم کرنا ، پہلے کے واقعات لے کر بیٹھنا ، سب حال کہہ دینا ، سارا بھید ظاہر کر دینا .

کوئی خصم کا رونا روئی ، بے وفا کہتی رہی ، کسی نے وفا کا ذکر چھیڑا تانا بانا ادھیڑا .

۱۹۰۱ راقم ، عقد ثریا ، ۱۲

ــ بانا بُننا محاورہ .

کوئی چیز ترتیب دینا ، بنیاد ڈالنا .

علم ہی سے وہ اپنی زندگی کا تانا بانا بنتا تھا .

۱۹۶۰ گلکدہ ، جعفری ، ۲۳۴

ــ بانا ٹوٹنا محاورہ .

نظم و نسق بگڑنا ، انتظام میں خلل آنا ، شیرازہ بکھر جانا .

جب خود ہی عادت چھوٹتی ہے اور علم بڑھتا ہے تقلید کا تانا بانا ٹوٹتا ہے .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۶۷۷

ــ بانا سُوت پُرانا محاورہ .

بے فائدہ محنت کرنا (جامع اللغات) .

ــ بانا کرتے پھرنا محاورہ .

ہار ہار آنا جانا ، خواہ مخواہ چکر لگانا ، آوارہ پھرنا ، کسی کی تلاش میں سرگرداں ہونا .

اب گاڑھے خاں ادھر ادھر تانا بانا کرتے پھرتے ہیں کہ شاید کچھ تار نکلے .

۱۹۲۱ گاڑھے خاں کا دکھڑا ، ۳

ــ بانا کرنا محاورہ .

رک : تانا بانا کرتے پھرنا .

تجھے آتا ہی کیا ہے اس کے سوا . . . کھجرے مجرے توڑنا اور تانا بانا کرنا .

۱۹۵۴ اپنی موج میں ، ۱۰۷

ــ بتھاری (ــ فت ب) اسث .

تانا تننے اور اس پر برش کرنے کا عمل ، (مجازاً) پریشانی ؛ ابتری .

مہر کے دعوے میں تانا بتھاری وکیلوں کی بانڈی گرم .

۱۹۲۶ نوراللغات

[تانا + بتھاری (بتھارنا = پھیلانا ، بکھیرنا) سے]

ــ بتھاری کرنا محاورہ .

۱. پریشانی اٹھانا ؛ دوڑ دھوپ کرنا .

جمشید نے برسوں خاک چھانی ، تانا بتھاری کی
۱۸۹۱ طلسم ہوشربا ، ۵ : ۷۵۸ .

۲. غور و فکر کرنا ، تشویش فراز سوچنا .
کسی خیال کی ادھیڑ بن میں تانا بتھاری کرنے لگا .
۱۹۲۵ خاتون اودھ ، ۱۵۸

۳. تجزیہ کرنا ، کھوج نکالنا ، جانچنا ، آزمانا .
اس زمانے کے اطباء ، پیشاب ، خون ، بلغم کی تانا بتھاری کر کے کوہ کندن و کاہ برآوردن کی مثل نہ پوری کرتے تھے .
۱۹۳۶ ، اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۲۱ ، ۴ : ۳

— بُرنا ف م .
(پارچہ بافی) تانے کے تاروں کو بھنّی اور کلّے کے خانوں میں مارنا ، تانا ہرونا یا بھرنا (ماخوذ : ا پ و ، ۲ : ۶۱) .

— پیٹا (— ی مج) امذ .
رک : تانا بانا ؛ آر جار ، آنا جانا ؛ (مجازاً) بے ترتیبی ، انتشار ، بد نظمی .
چپ چاپ فصل کے موقعہ پر اپنے گھروں کو بھاگ جانا اور پھر ایک دو ماہ کے بعد واپس شہر میں آجانا ہندوستانی مزدوروں کی معمولی بات ہے ، یہ تانا پیٹا کارخانوں کے لئے کتنا نقصاندہ ہے وہ کارخانہ کے منیجر ہی جانتے ہیں .
۱۹۲۳ ہندوستان کی پولیٹیکل اکانومی ، ۲۲
[تانا + پیٹا (رک)]

— تاننا ف م .
(پارچہ بافی) سوت کو بننے کے لمبے لمبائی کے رخ خاص طریقے پر پھیلانا (جامع اللغات) .

— تننا محاورہ .
۱. کپڑا بننے کی غرض سے دھاگوں کو لمبائی میں تاننا اور مانڈھ کر صاف کرنا ، بنائی کی غرض سے دھاگوں یا تاروں کو لمبائی میں پھیلانا .
ایک میدان میں جولاہیاں تانا تنا کرتی تھیں .
۱۹۳۸ ملفوظات اقبال ، ۱۸۵

۲. ایک ایک تار بکھر کر پھیل جانا .
تانا سا تنا ہے میکدے میں
پگڑی اچھلی ہے شیخ جی کی
۱۹۳۲ ریاض رضوان ، ۳۲۹

— نتنا محاورہ .
رک : تانا بُرنا (ا پ و ، ۲ : ۶۱) .

تانا (۲) ف م .

۱. سونے چاندی کو آگ پر رکھکر اس کے خالص یا غیر خالص ہونے کو پرکھنا ، تپا کر دیکھنا .
سونا اگر آگ میں نہ تایا جائے ... گلے کا ہار نہ ہو .
۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۵۱۹
خداوند کا کلام پاک ہے اس چاندی کی مانند جو بھٹی میں مٹی پر تانی گئی ہو .
۱۹۵۱ کتاب مقدس ، ۵۳۴

۲. آزمانا ، جانچنا .
جھوٹوں اس نے تپا ان کو تاپا
سچوں کھوٹوں نے داغ کھایا
۱۸۳۸ گلزار نسیم ، ۳۵

۳. گرم کرنا ، پگھلانا ، (گھی وغیرہ کو کہ اس میں کسی شے کی آمیزش ہو تو دور ہو جائے) .
مکھن کو تا کر گھی بنا لیجے جب ٹھنڈا ہو کر جم جائے تو آٹے میں ملائیے .
۱۹۱۶ خانہ داری ، ۵۱

۴. (مجازاً) زک پہنچانا ، امتحان لینا .
فلک جفا پسند اس گرمی کی گزند میں بھپارہ دے کے تاتا تھا .
۱۸۶۱ فسانۂ عبرت ، ۹۲
[س : تاپیہ (ت) (ति) तापय]

تانا (۳) ف م .
گیلی مٹی ، آٹے وغیرہ سے برتن کا منھ بند کرنا ، موندنا (شبد ساگر) .
[مقامی ؟]

تانا (۴) امذ .
تال اور الاپ میں گایا جانے والا ایک کلمہ .
انہوں نے عجمی انداز پر چند مخصوص الفاظ بھی ایجاد کئے ہیں مثلاً یلا ، یللی ، تدم ، تانا ، تادانی وغیرہ جس کو تال اور الاپ کے ساتھ گایا جاتا ہے .
۱۹۶۰ حیات امیر خسرو ، ۱۷۶

۲. تال ، ناچ گانا ، تار (قدیم اردو کی لغت) .

۳. گانا ، دھن .
نبیؐ صدقے قطبا ریجھانے کے تائیں
بجاتا ہے تانا وو تاری عجائب
۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲۲۵
[حکایت الصوت]

— ری ری امث .

(موسیقی) گانے میں تال اور الاپ کی ایک گت کا کلمہ ، گانے کا انداز ، موسیقی کی مبادیات میں استعمال ہونے والا کلمہ .

تانا ری ری سیکھی اور ایک نامور مغنیہ ہو گئی .

۱۹۷۲ بوئے گل نالۂ دل ، دود چراغ محفل ، ۵۳۱

اف : کرنا ، ہونا .

تانا (۵) امذ (قدیم) .

چھوٹا سا بچہ ، شیر خوار بچہ .

نہ سمج سی بڈی کینجن کوں
گریو تانا جو گاے گا تانا

۱۷۱۷ بھری ، ک ، ۱۳۳

[مقامی]

— بچی (— فت ب ، شد چ) امث (قدیم) .

شیر خوار بچی .

تانے بچیاں کے پیاس سوں سینے جگر سوکھے
کیسا غدر کیا ہے ہزاراں ہزار حیف

۱۷۸۵ اکبر ، بیاض مرائی ، ۱۴

[تانا + بچی (رک)]

تانا شاہ صف .

والیٔ گولکنڈہ ابوالحسن کا لقب جو بہت ہی نازک مزاج تھا ؛ (مجازاً) بہت نازک طبع ، بڑا نازک مزاج .

تانا شا (ہ) کیا یار پر نازک دماغی ختم ہے
عطر صندل کا جو سونگھا درد سر ہونے لگا

۱۸۷۲ مظہر عشق ، ۳۴

دادا کا حلیہ انسان کا تھا ، ہاں مزاج میں تانا شاہ سے دو گز آگے .

۱۹۳۵ علامہ راشد الخیری ، ۲۱۷

[علم]

— دیوانہ جس کی چٹھی نہ ہروانہ کہاوت .

اس کی نسبت کہتے ہیں جو فضول جھگڑوں میں پڑا رہے (جامع اللغات) .

تانا شاہی امث ؛ صف .

نازک ، نازک دماغ ، نازک دماغی ؛ تانا شاہ (رک) سے منسوب .

جہاں ایک سے ایک تانا شاہی مزاج کا آدمی ہوتا ہے .

۱۹۴۳ دلی کی چند عجیب ہستیاں ، ۸۷

[رک : تانا شاہ + ی ، لاحقۂ نسبت]

تانان امث ؛ ج (قدیم) .

رک : تانا ، تار ؛ تال ، تان .

عشق ساز کے تار مطرب بجاؤ
کہ قانون تانان میں لینا شراب

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۳۱

تانان بانان امذ (قدیم) .

رک : تانا بانا .

تری بجا کر تانان بانان
کہیں سو کھیلے گیند چوگانان

۱۶۷۱ جواہر اسرارالله ، ۲۱

تانبؔ (مغ) امذ ؛ ~ تام .

رک : تانبؔا (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[رک : تام (۲)]

— پتر (— فت پ ، سک ت) امذ .

تانبے کا ورق ، تانبے کی تختی .

ایودھیا کے چند پنڈتوں سے معلوم ہوا تھا کہ بہرائچ کے کسی مٹھ میں ڈیڑھ پونے دو ہزار سال پرانے سنسکرت کے کچھ تانب پتر موجود ہیں .

۱۹۵۹ آگ کا دریا ، ۱۴۴

[تانبؔ + پتر (رک)]

— چون (— و مع) امذ .

تانبے کا برادہ ، برادۂ مس ، مثل لوہ چون (فرہنگ آصفیہ ؛ جامع اللغات) .

[تانبؔ + چون (رک)]

— چینی (— ی مع) امث .

رک : تام چینی .

تانب چینی کے چار بڑے بڑے جگ اور کوئی تیس چائے کی پیالیاں مع تشتریوں کے رکھی ہوئی تھیں .

۱۹۵۵ آبلہ دل کا ، ۳۹

[تانبؔ + چینی (رک)]

تانبؔا (۱) (مغ) امذ .

ایک سرخی مائل دھات جو کانوں میں پائی جاتی ہے جسے تار کی شکل میں کوٹا جا سکتا ہے ، اسے خالص کے علاوہ پیتل اور کانسی وغیرہ مختلف بھرتوں میں استعمال کیا جاتا ہے ، سونے میں بھی صلابت پیدا کرنے کے لیے کام میں لاتے ہیں .

دھڑک دھک ادک آگ کی ہر صبح و شام
لگے سرخ تانبے تن بھوبن تمام
۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۰۹

دے ڈال جو حق دیا ہے ڈانبا
سمجھا ہے سنا اہس کوں تانبا
۱۷۰۰ من لگن ، ۴۶

مجھے افسوس آتا ہے کہ اپنی عمر عزیز کو تانبے اور بھرت کے بنانے میں صرف کروں .
۱۸۰۳ گنج خوبی ، ۳۹

پانچ جسمانی حواسوں کے علاوہ پانچ اور روحانی حواس بھی ہیں وہ تانبا ہیں یہ سونا ہیں .
۱۹۲۳ سیرۃ النبی ، ۳ : ۲۱

[س : تامرکن तामरक]

— بنسی (— فت ب ، مغ) اسث .

سانپ کی ایک قسم .

تانبا بنسی کی چھٹی قسم کفچہ دار ، تانبے کے رنگ کا ڈھائی ہاتھ لنبا ہوتا ہے .
۱۸۷۳ تریاق مسموم ، ۲۰

[تانبا + بنسی (رک)]

— دے جانا محاورہ .

حقیقت کھل جانا ، (لفظاً) قلعی اتر جانا .

مثنوی سے جو مضامین ضروری حک و اصلاح کے ساتھ اخذ کر کے راسا میں چسپاں کیے گئے صحیح تاریخ کی کسوٹی پر کسنے میں راسا کا یہ حصہ تانبا دے جاتا ہے .
۱۹۳۹ افسانہ پدمنی ، ۱۳۰

— دیکھے چیتنا مکھ دیکھے بیوہار کہاوت .

انسان رویہ ہوسا دیکھے سے ہوشیار ہو جاتا ہے اور خریدار کا منھ دیکھ کر بیو پار کرتا ہے یعنی انسان کا سچا اعتبار ابل معاملہ کے آگے رویہ رکھ دینے سے ہوتا ہے .

چوں بحضور لامع النور رسید صداشرفی زر گزرانید حضرت ازسر تقصیر او گذشتے بخدمت سرافراز نمودند فرمود ، تانبا دیکھے چیتنا مکھ دیکھے بیوہار .
۱۷۱۳ جعفر زٹلی ، ک (ق) ، ۳۱

— سا صف .

گلابی ، کم سرخ ، سرخی مائل ، تانبے کے رنگ کا (فرہنگ آصفیہ ؛ جامع اللغات) .

[تانبا + سا ، حرف تشبیہ]

— سا آسمان ہو جانا محاورہ .

آسمان پر بادلوں کا نہ ہونا ، آسمان کا سرخی مائل نظر آنا (بوجہ گرد و غبار یا گرمی) ، مینھ کی ایک بوند نہ پڑنا ، اور کال کے آثار دکھائی دے جانا (جامع اللغات ؛ مخزن المحاورات ، ۳۰۳) .

— کار امذ .

ٹھٹھیرا ، کسیرا ، تانبٹ (جامع اللغات) .

[تانبا + کار (رک)]

— گربھ (— فت گ ، سک ر) امذ .

تانبے کا زنگار ، کسیس (جامع اللغات) .

[تانبا + گربھ (رک)]

— نکل آنا محاورہ .

رک : تامڑا نکل آنا (جامع اللغات) .

— نکلنا محاورہ .

قلعی خراب ہو جانا .

تانبا نکلے ہوئے برتن دیکھنے میں بھی نہایت بد نما معلوم ہوتے ہیں .
۱۹۰۶ نعمت خانہ ، ۱

تانبا (۲) امذ .

۱ . وہ گوشت کا ٹکہ جو (باز اور شاہین وغیرہ) شکاری پرندوں کو کھلاتے ہیں ، خوراک .

لوڑی . . . بڑی آس سوں جھاڑی جھڑپ میں تانبا ٹٹولتی تھی .
۱۷۶۵ دکھنی انوار سہیلی ، ۱۵۷

۲ . روکھا یعنی بے چربی کا گوشت (فرہنگ آصفیہ) .

[طعمہ (رک) سے]

تانبٹ (مغ ، فت ب) امذ .

تانبے کے برتن گھڑنے والا کاریگر (ا پ و ، ۳ : ۳۰) .

[تانبا (رک) سے]

تانبڑا (مغ) امذ ؛ صف .

رک : تامڑا ؛ تانبے کے رنگ کا کبوتر .

بھورے مگسی تانبڑے ببرے بھی خوش احوال
نہر بسترے اور کاسنی لوٹن بھی سبک بال
۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۲ ، ۱ : ۸۶

اپنے تانبڑے پر ہاتھ پھیر کر کریمن کے آگے سر جھکا کر کہا لو دیکھو بال سب نزلے نے سفید کر دئے ۔

۱۹۲۳ خلیل خاں فاختہ ، ۱ : ۱۰

[س : تامر + ر + کہ : तामर + र + क]

— کرنڈی (— فت ک ، ر ، سک ن) امذ ۔

کرنڈی سانپ کی ایک قسم کا نام جس کا رنگ سرخی مائل ہوتا ہے ۔

تانبڑا کرنڈی : چوتھی قسم ہے ، گربہ چشم اور بدن خار دار ، سرخ رنگ کا ہے ۔

۱۸۷۳ تریاق مسموم ، ۲۷

[تانبڑا + کرنڈی (رک)]

تانبول (مغ ، و مج) امذ ۔

رک : تنبول (فرہنگ عامرہ) ۔

تانبہ (مغ ، فت ب) امذ ۔

رک : تانبا ۔

دڑ مسیں : حصار مسیں ، ہندوی تانبہ گویند ۔

۱۴۳۳ بحرالفضائل (مقالات شیرانی ، ۱ : ۱۲۳)

— چینی (— ی مع) اسث ۔

رک : تام چینی ۔

صابن اور صاف تولیہ اور تانبہ چینی کی ایک سلفچی مالک قہوہ خانے لے آئے ۔

۱۹۳۶ بیان الحج ، ۱۰۹

[تانبہ + چینی (رک)]

تانبے (مغ) امذ ؛ ج ۔

تانبا (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت ۔

— تاثیر (— ی مع) صف ۔

(عو) بہت کم یا کم سے کم ، گنی ہوئی نپا شورہا ، ضرورت بھر کی کم سے کم چیز ۔

ایک وقت کی غذا رہ گئی وہ بھی قدر قلیل تانبے تاثیر نام چار کو کچھ کھالینی ہوں کہ جی ہے تو جہان ہے ۔

۱۹۲۶ نوراللغات

[تانبے + تاثیر (رک)]

— کا تار امذ ۔

معمولی زیور ، معمولی مال و اسباب ۔

کیا چور سے خجل ہوں سب گھر کو میرے ڈھونڈا
تانبے کا بھی نہ معروف اک تار گھر سے نکلا

۱۸۲۶ معروف (نوراللغات)

— کا تار (چھلا) نہیں کہاوت ۔

(عو) نہایت مفلس ہے ، اس عورت کی نسبت بولتے ہیں جس کے پاس زیور بالکل نہ ہو (نوراللغات) ۔

— کا چراغ (— کس چ) امذ ۔

(مجازاً) وہ پیسہ جو اللہ تعالی کی راہ میں دیا جائے ۔

حشر تک روشن رہے تیرا چراغ
دے اگر سائل کو تانبے کا چراغ

۱۸۲۶ معروف (نوراللغات)

— کا روپیہ (— و مع ، سک پ ، فت ی) امذ ۔

قلبی روپیہ ، قلبی سکہ (جامع اللغات) ۔

— کا کشتہ (— ضم ک ، سک ش ، فت ت) امذ ۔

(طب) تانبے کو مقرر طریقے سے پھونک کر بنایا ہوا کشتہ، جلا ہوا تانبا ، (اس کو تانبے کی راکھ بھی کہتے ہیں) (ماخوذ: خزائن الادویہ ، ۳ : ۱۵۵) ۔

— کا کیمیائی رو پیما (— ی مع ، سک م ، و لین ، ی این) امذ ۔

(طبیعیات) وہ آلہ جس سے تانبے کا برقی کیمیائی معادل یعنی یہ دریافت کیا جائے کہ ایک کولومب برق کے بہنے سے کتنا تانبا آزاد ہوتا ہے ۔

برق رو کی طاقت دریافت کی جاتی ہے ، جس آلے کے ذریعے یہ تجربے عمل میں آتے ہیں تانبے کا کیمیائی رو پیما کہلاتا ہے ۔

۱۹۲۲ طبیعیات علمی ، ۲ : ۲۲۹

— کا میل (— ی مج) امذ ۔

جب کان میں سے تانبا حاصل کرتے ہیں اور پگھلا کر صاف و خالص کرتے ہیں تو جو میل نکلتا ہے اسے تانبے کا میل کہتے ہیں (خزائن الادویہ ، ۳ : ۱۵۴) ۔

— کی طرح تپنا محاورہ ۔

جس طرح تانبا دھوپ میں خوب گرم ہوجاتا ہے اسی طرح دھوپ یا گرمی سے گرم ہو جانا ، ہری طرح گرم ہونا ، شدید تپش کے وجہ سے جلنا بھلسنا ۔

. . . درخت اور اس کے پتے ، پودے اور ان کے پھول ، قبریں او ان کے کٹہرے ، غرض ہر چیز تانبے کی طرح تپ رہی تھی .

۱۹۱۱ حور اور انسان ، ۱۵

— کے چھلکے (— کس چھ ، سک ل) امذ ؛ ج .

وہ پتر جو تانبے کو گرم کر کے پیٹنے کے بعد اترتے ہیں (ترجمہ شرح اسباب ، ۲ : ۱۰۷) .

تانبیل (مغ ، ی مچ) امث (قدیم) .

کچھوا .

ایک تانبیل کسی پچھو سوں بڑا سلوک رکھتی تھی سداں او دونوں اپے میں اپے سکاوت جتاتے پور دوستی گناتے .

۱۷۶۵ دکھنی انوار سہیلی ، ۱۰۴

[مقامی]

تان پورا (سک ن ، و مع) امذ ؛ ~ تان پورہ .

اس کا ایرانی نام طنبورہ ہے . یہ ستارہ کی شکل کا ساز ہے مضراب اور گز وغیرہ کے بجاے صرف سیدھے ہاتھ کی دو انگلیوں سے چھیڑا جاتا ہے اس کا تونبا ستار سے بڑا ہوتا ہے ڈانڈ سوا گز کی ہوتی ہے طبلی کی جڑ میں ایک کنگھی ہوتی ہے اس میں چار تاروں کے سرے بندھے ہوتے ہیں طبلی کے بیچ میں کھرج پر چڈھے سے پہلے ہر تار میں ایک مٹکا (لٹو) ہوتا ہے جس سے تار کو سر میں ملایا جاتا ہے تار کھرج پر سے ہو کر ایک کنگھی میں سے نکلتے ہیں اور ڈانڈا پر سے ہو کر پھر ایک اور کنگھی میں سے نکلتے ہیں اور سرے کھونٹیوں پر لپٹ جاتے ہیں دو کھوٹیاں سامنے کے رخ اور دو سپتک کے دونوں پہلوؤں میں ہوتی ہیں تین تار فولاد کے اور ایک ان سے ذرا موٹا پیتل کا ہوتا ہے ان ہی چار تاروں میں گلوکار سارے سر پا لیتا ہے .

سادھو کا اک تارا ترقی کر کے تین تار کا تان پورہ بنا .

۱۹۶۱ ہماری موسیقی ، ۵۷

کالی کاوٹی بھینسوں کی کسی ریوڑ کے سامنے وہ تان پورا لے کر بیٹھ جاتیں .

۱۹۶۶ ، جنگ ، کراچی ، ۳۰ ، ۱۸۹ : ۳

[رک : تان + ہ : پورا (رک)]

تانت (مغ) امث .

۱. بھیڑ بکری کی انتڑیاں جنھیں بٹ کر دھاگا سا بنا لیتے ہیں ، آنت کی ڈور (اب نائلون سے بھی تانت کا کام لیتے ہیں) .

ترے ساز کی سچ میں غواص کی
رگاں تانت تن جیوں طنبورا ہوا

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۱۰۵

اس کے بھی کپڑے اتار لئے اور فوطوں کو تانت سے باندھ کر ستون میں باندھ دیا .

۱۸۹۰ طلسم ہوش ربا ، ۴ : ۴۷۳

عینک آنکھوں پہ منھ میں مصنوعی دانت
نوچر نے سکھا کے کر دیا جسم کو تانت

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۱ : ۳۷۰

۲. سارنگی وغیرہ کا تار .

سارنگی میں تانت ہوتی ہے اور کوئی سارنگی بغیر تانت کے نہیں پائی جاتی .

۱۹۰۷ مضامین سلیم ، ۳ : ۱۵۲

تانت میں سے انسانی آواز ضرور نکلتی ہے مگر تار میں سے یہ آواز پیدا کرتے صرف چچا صاحب مرحوم کو دیکھا .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۴ : ۲۱۲

۳. جلاہے کا راچھ ، آلۂ بارچہ بافی (ماخوذ : نوراللغات) .

[س : तन्तः]

— باجی (— بجنے میں) راگ بوجھا/پایا کہاوت .

باتوں سے دل کا حال معلوم ہو جاتا ہے ، قرینے سے مطلب پہچان لیا جاتا ہے .

نبض عاشق میں تان کا ہے جیو
تانت بجنے میں راگ بوجھا ہوں

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۵۰

گھر کی پنکی باسی ساگ ، ہم تمھاری بنیاد سے واقف ہیں ، تانت باجی اور راگ بوجھا .

۱۸۸۹ سیر کہسار ، ۱ : ۴۴

ایسی ہوشیاری آ جاے کہ تانت باجی راگ پایا ، پونٹ پلے اور بات کی تہہ کو پہنچ گئے .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۲ : ۱۰۱

تانتا (مغ) امذ .

قطار ، سلسلہ .

آج رتھوں کا تانتا جا رہا ہے .

۱۸۷۵ انشاے ہادی النسا ، ۷۲

جدھر دیکھو عورتیں ہی عورتیں ، ایک تانتا لگا ہوا ہے .

۱۹۰۳ سرشار ، بچھڑی ہوئی دلہن ، ۳۲

اف : باندھنا ، لگنا .

۲. چرچا (جامع القواعد ، حصہ صرف : ڈاکٹر ابواللیث صدیقی ، ۴۰) .

[س : تنतर + कः : तन्त + कः]

— بندھنا محاورہ .

تار بندھ جانا ، سلسلہ بندھنا .

سامان ہے قتل خسرو عالم پناہ کا
تانتا بندھا ہے شام سے یاں تک سپاہ کا

۱۸۷۵ سودا ، مراثی ، ۱ : ۳۷

اس قسم کی باتوں کا تانتا یہاں تک بندھا کہ بی اماں کو کچھ بن نہ آئی .

۱۹۳۷ فرحت ، مضامین ، ۵ : ۹۰

— پنواڑا (— فت پ ، مغ) امذ .

طولانی بات ، طویل داستان ، شیطان کی آنت .

یہ تانتا پنواڑا ہوتا رہے گا بات نہ ہوئی شیطان کی آنت ہوئی .

؟ اودھ پنچ (نوراللغات)

ہوا تانتا پنواڑا اب تمام ہو .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، طرح دار لونڈی ، ۱۴۳

[تانتا + پنواڑا (رک)]

تانتر (سک ن ، فت ت) .

(الف) امذ .

۱. گانا جو تار والے ساز سے نکالا جائے (جامع اللغات) .

۲. رک : تنتر .

اصلی تانتر میں بعض جانور تارک الدنیا حالت میں دکھلائے گئے ہیں .

۱۹۲۳ نگار ، ۳ ، ۳ : ۱۷۳

(ب) صف .

تاروں والا ، وہ جس میں تار لگے ہوئے ہوں ؛ وہ جس کا انحصار کسی عام قاعدے پر ہو ؛ وہ جو تنتر (رک) شاستر کے متعلق ہو (جامع اللغات) .

[س : तान्त्र تانتر]

تانترک (سک ن ، فت ت ، کس ر) امذ ؛ صف .

تنتر شاستر کا جاننے والا ، (محبت ہلاکت دشمنی جدائی وغیرہ کے متعلق) جادو ٹونا کرنے والا .

ان فرقوں نے تانترک افعال میں سے اور ہندو مذہب میں ادنیٰ درجے کے مروجہ توہمات کو اپنا لیا .

۱۹۷۵ ہندوستانی تہذیب کا مسلمانوں پر اثر ، ۳۵۳

[س : तान्त्रिक تانترک]

— ودیا (— کس و ، شد د بکس) امذ .

تنتر شاستر کا علم .

ابھی چند سال قبل آپ یہاں کے تانترک ودیا کی بات بھی نہیں پوچھتے تھے .

۱۹۱۶ بازار حسن ، ۲۴۳

[تانترک + ودیا (رک)]

تانتڑی (مغ ، سک ت) امث ؛ صف .

چھوٹی تانت ، تانت (رک) کی تصغیر ؛ (عو) دبلا ، پتلا ، منحنی ، لاغر .

بچہ چار ہی دن کی بیماری میں سوکھ کر تانتڑی ہو گیا .

۱۹۲۶ نوراللغات

[رک : تانت + ڑی ، لاحقۂ تصغیر]

تانتو (مغ ، و مع) صف .

تانت والا ، تاروں والا ، جس میں تار لگے ہوں ، تانتر .

برہمن مست تانتو ساز کے تار چھیڑ کر شام وبد کے گیت گا رہے ہیں .

۱۹۵۹ آگ کا دریا ، ۶۲

[رک : تانت + و ، لاحقۂ صفت]

تانتوا (مغ ، سک ت) امذ .

۱. نو مولود بچے کی زبان کے نیچے لگی ہوئی ایک باریک جھلی جس کو دائی نکال دیتی ہے تا کہ زبان حرکت کرنے لگے .

کہتے ہیں وہ جو گلابی رنگ کی چیز ہے وہ صرف ایک لمبا تانتوا ہے .

۱۸۸۰ تہذیب الاخلاق ، ۱۸۹

۲. آنت اترنے کی بیماری ، فتق (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

۳. (قصاب) اگلے یا پچھلی کے سرے کا نکیلا سرا جو نہایت باریک سفید ریشوں کا مجموعہ ہوتا ہے اور ہڈی کے سرے سے جڑا رہتا ہے ، اس کے تناؤ سے ہڈی کے جوڑ میں حرکت ہوتی ہے (ا ب و ، ۳ : ۸۳) .

[تانت (رک) سے]

— ٹوٹنا محاورہ .

بات وہ گوئی یا بکواس کرنے کی عادت ہونا ، بیکار باتیں کیے جانا .

وہ لڑکی سنے گی تو سمجھے گی کن لفنگوں میں آ گئی ، تمہاری تو زبان کا تانتوا ہی ٹوٹ گیا ہے .

۱۹۶۱ ہالہ ، ۵۲

تانتی (۱) (مع) امث .

۱. نسل ، اولاد ، خاندان .

ہمارے شعرا کی نئی تانتی کے مقابلے میں امریکہ کے مشہور موجدوں کو جھینپنا پڑے گا .

۱۹۰۷ مخزن ، اکتوبر ، ۶۴

۲۔ سلسلہ ، قطار ، تانتا (رک) کی تانیث (فرہنگ آصفیہ ؛ جامع اللغات ؛ پلیٹس) ۔

[ہ : تانتی तांती]

تانتی (۲) (مغ) امذ ۔

جولاہا ، نور باف ، پارچہ باف (فرہنگ آصفیہ ؛ جامع اللغات ؛ شبد ساگر) ۔

[ہ : تانتی तांती]

تانتی (۳) (مغ) است ۔

رک : تانت (شبد ساگر) ۔

[ہ : تانتی तांती]

تانتیا (مغ ، کس لمز سک ت) صف ۔

نہایت دبلا ، لاغر ، وہ جو لانبا اور دبلا ہو ۔

کلید میخانہ عمرو کے سپرد کرو یہ دبلا پتلا تانتیا کہاں جا سکتا ہے ۔

۱۸۹۲ طلسم ہوش ربا ، ۷ : ۲۹۶

غضب دیکھو کہ ایک شخص دبلا پتلا تانتیا زرغہ نخلستان میں بیٹھا ہے ۔

۱۹۰۱ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۲ : ۱۴۴

۲۔ سانپ کی ایک قسم ۔

تانتیا ، اگن پھس اور نہ جانے کیا کیا نام بتاتے تھے ۔

۱۹۶۶ دانجام ، کراچی ، ۲۲ مئی ، ۴

[تانت (رک) سے]

تانتا (مغ) امذ ۔ (قدیم)

طعن تشنیع ، طعنہ ، ٹھٹھا ، مذاق ۔

اس کے دل میں ٹوٹیا عشق کا کانٹا انوں کرتے لوگاں میں ہنس ہنس کر تانٹا ۔

۱۶۳۵ سب رس ، ۲۲۷

اف : کرنا ۔

[مقامی]

تانٹھ (مغ ، سک ٹھ) صف ۔

مضبوط ، طاقتور ، سخت ۔

پکڑ رہیا جیو موں گالٹھ ایسا پاپی مردک ، تانٹھ

۱۵۰۳ نوسر ہار ، ۲۷ (الف)

[مقامی]

تان جان (سک ن) امذ ۔

رک : تام جان ۔

دیتے سب کو چالدی کے وہ تان جان
ہوئی جن سے دونی سواری کی شان

۱۸۵۷ سحر ، ریاض سحر ، ۱۹۰

پھر رات گزرنے کے بعد میں والدہ صاحبہ سے رخصت ہو کر تان جان پر سوار ہوا ۔

۱۹۱۳ محل خانہ شاہی ، ۱۲۲

تانڈ رُکھ (مغ ، سک د ، ضم ر) امذ (قدیم)

بڑ کا درخت (قدیم اردو کی لغت) ۔

[مقامی]

تانڈلہ (مغ ، سک د ، فت ل) امذ ۔

ایک پودا جو عام طور پر چارے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

غریب لوگ تو زیادہ تر . . . . . تانڈلہ اور اٹ سٹ وغیرہ جڑی ، بوٹیاں . . . . . اپنے جانوروں کو کھلاتے ہیں ۔

۱۹۶۶ چارے ، ۵۴

[مقامی]

تانڈو (مغ) امذ ؛ ~ تانڈو ۔

مردوں کا اچھل کود کا ناچ نیز تانڈو ، رک : تانڈ دیو (ماخوذ : تحفۂ موسیقی ، ۵ : ۳) ۔

~ دیو (— کس د ، و مج) امذ ۔

یہ ایک طرح کا نرت ہے اس میں چستی و چالاکی ہوتی ہے جیسی کہ مہا دیوجی نے عالم شوق و مستی میں نرت کیا تھا ، رک : تانڈ ۔

جو نرت تندی و پھرتی سے ہو اور تیزی کے ساتھ کیا جاوے اسے تانڈ دیو کہتے ہیں ۔

۱۹۳۶ تحفۂ موسیقی ، ۵ : ۳

[تانڈ + دیو (رک)]

تانڈا (مغ) امذ ۔

مویشیوں کی قطار ؛ سوداگروں کا گروہ ؛ بنجاروں کا اسباب ، سوداگری کا مال ، مال و اسباب ، گھر کا سامان ، تانڈا ۔

رسد پہنچاؤ شاہ حسن کو جلدی سین جاں ہو رے
لے تانڈا اشک کا اے دل تو اب سودائی بن جاوے

۱۷۴۷ دیوان قاسم ، ۱۷۶

[ہ : تانڈا तांडा]

تانڈو ۸۸۷ (مغ ، سک ڈ ، و) امذ .

مردوں کا ناچ ، وہ ناچ جس میں بہت اچھل کود ہو ، مردانہ رقص ، رک : تانڈ ؛ تانڈ دیو .

ایک نوجوان خیمے کے پیچھے سے نکلا ، منڈپ میں آکر اس نے گھنگرو باندھے اور اپنی سفید چادر ایک طرف پھینک کر انند تانڈو ناچنا سامنے آ گیا .

۱۹۵۹ آگ کا دریا ، ۹۰۱

[س : تانڈو ताण्डव]

ـــ نرتیہ (ـــ کس ن ، سک ر ، سک نیز فت ت ، فت ی) امذ .

رک : تانڈو ، اچھل کود اور شور و غل والا ناچ .

محفل رقص جہاں ان کی بپا ہوتی ہے
تانڈو نرتیہ سے پر شور فضا ہوتی ہے

۱۹۳۵ کمار سمبھو ، ۱۱۲

[تانڈو + نرتیہ (رک)]

تانڈی (مغ) امث .

(ٹھگی ، دکنی) اشرافی (ماخوذ : ا پ و ، ۸ : ۱۷۹) .

[مقامی]

تان رس خاں (فت ر) امذ .

(مجازاً) داروغۂ ارباب نشاط (جامع اللغات ؛ نورالغات) .

[رک : تان (۱) + رس (رک) + خان (رک)]

تانس (مغ) امث .

ڈانٹ ، ڈپٹ ، دھمکی ، تنبیہ .

شہزادی کا روز کی تانس میں خون خشک ہو گیا .

۱۸۸۸ طلسم ہوش ربا ، ۳ : ۳۵۷

جگن پراس قدر تنبیہ تانس تھی کہ وہ بغیر والد کو اطلاع ہوئے کوئی کام نہ کر سکتا تھا .

۱۹۳۳ عزمی ، انجام عیش ، ۲۶

اف : کرنا ، ہونا .

[تانسنا (رک) سے]

ـــ ۔ـــ

تانس (فت ت ، ا ، شدن بضم) امذ .

بے تکلفی ، انسیت ، الفت ، مانوس ہونے کی حالت .

توحش و تانس عصبیات اور بعض بشر کے بعض بشر پر تعلقات کے اصناف کو بیان کرتی ہے .

۱۸۸۰ تاریخ ہندوستان ، ۱ : ۲۵

جب مولوی سید تفضل حسین کی تبدیلی مرادآباد سے کانپور ہو گئی تو براہ شفقت باطنی و تانس قلبی آپ کو کانپور میں طلب کر لیا .

۱۹۱۵ شجرات طیبات ، ۹۰

[ع : (ا ن س)]

تانسنا ۸۸۷ (مغ ، سک س) ف م .

۱. چشم نمائی کرنا ، دھمکانا ، ڈانٹنا .

گو مجھے تانسے گی باجی تیرے کارن اے ہوا
میں نہیں کرنے کی تجھکو شور مت ٹسوے بہا

۱۸۳۵ رنگین ، د ، ۲۵

چاہ میں جس کو تھانس کے رکھا
اس کو پھر تانس تانس کے رکھا

۱۹۳۸ سریلی بانسری ، ۱۷

۲. بھوکا مارنا ، خوراک سے کم کھانے کو دینا .

اس کی ساس تانس کر روٹی دیتی ہے .

۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ

۳. رنج پہنچانا ، تکلیف دینا .

فقط کچھ عشق کے غم سے میں کڑھ کڑھ نہیں سوکھا
بہت تو ناصحوں نے طعنے دے دے کر مجھے تانسا

۱۸۸۵ حسرت (جعفر علی) ، ک ، ۱۱۳

[س : تراسیا (تِ) (تِ)]

تانؔ سین (سک ن ، ی مج) امذ .

اکبر کے ایک مشہور درباری گویے کا نام اور خطاب ، (مجازاً) ہر ماہر گانے والے کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں .

ایسا سماں بندھا ، اگر تان سین اس گھڑی ہوتا تو اپنی تان بھول جاتا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۳۲

اکبر اور تان سین آتے ہیں
خاموش کھڑے ہو جاتے ہیں

۱۹۲۹ مطلع انوار ، ۹۰

[تان (۱) (رک) سے علم]

تانک (مغ) امذ (قدیم) .

ذرا سا ، تھوڑا ، رک : تَنَک .

نہ کہ بھیا ہرگز یوں اتم کوں پانی تانک نہ دیوں

۱۵۰۳ نوسرہار ، ۵۲ الف

تانؔ کا جان (سک ن) امذ (قدیم) .

رک : تان کی جان ، تان (رک) کا تحتی .

بات کہتے ہو پھر اوڑاتے ہو
تان کا جان ہم نے بوجھ لیے

۱۷۸۰ گل عجائب ، ۶۵

تانکاری (سک ن) امث .

پروان چڑھنے کا عمل ، ترقی ، (مجازاً) عیش و آرام کی حالت .

شاخیں مری سجدہ ریز ہاری جاگیر ارم تھی تانکاری

۱۹۰۶ مخزن ، دسمبر ، ۵۸

[رک : تان (۱) + کاری (رک)]

تانک جھانک (مغ) امث .

رک : تاک جھانک .

قید خانہ میں پڑ گئی سوکن
اب تلک تانک جھانک باقی ہے

۱۸۷۱ عبیر ہندی ، ۶۷

تانگ (مغ) امث .

مانگ (رک) کا تابع ؛ دُھن ، خواہش ، طلب .

حاصل ہوے گو درم نہیں رہتی وانگ
دو دن کی حکومت پہ ہے یہ مار اور تانگ

۱۷۸۵ حسرت (جعفر علی) ، ک ،

(بے جھجک) اس نے لگا دی چلتی گاڑی سے چھلانگ
(کس قدر جابر ہے آزادی کی تانگ)

۱۹۷۳ پرواز عقاب ، ۹۷

سے ہونا محاورہ .

طلب ہونا ، خواہش ہونا ، دُھن ہونا .

اک تانگ ہے سو دل کو لگی رہتی ہے
اِنَّ لِی مَعَکَ مُحَبَّ لا تُبلیٰ

۱۹۷۲ لحنِ صریر ، ۷۳

تانگا (۱) (مغ) امذ ؛ ~ تانگہ .

دو پہیے کی چھوٹی گاڑی .

دریافت کریں کہ ۳۱ کو تانگا مل سکتا ہے یا نہیں .

۱۸۹۶ مکتوبات حالی ، ۲ : ۲۲۳

ٹھیر تانگا تو منگا دوں تجھے استبداد
بستر باندھ کے چلنے کو جو تیار ہے تو

۱۹۳۲ سنگ و خشت ، ۲۴۵

[س : تمنگ + کہ : ङ्क + ग:]

تانگا (۲) (مغ) امذ .

مانگا (رک) کا تابع .

غریب بھلا مانگے میں سے تانگا کیونکر دے سکتے ہیں .

۱۹۱۷ علم المعیشت ، ۴۳۹

تانگر (مغ ، فت گ) امذ (قدیم) .

ہل (قدیم اردو کی لغت) .

[مقامی]

تانگنا (مغ ، سک گ) ف م .

رک : تاکنا .

وہ خط کو کانپتے ہوئے ہاتھوں میں لئے ہوئے آسمان کی طرف تانگنے لگے .

۱۹۳۶ ہریم چند ، واردات ، ۱۳۳

[٥]

تانگہ (مغ ، فت گ) امذ .

رک : تانگا .

تیسرے کالکا سے تانگہ پر نہ آئیے گا .

۱۸۷۹ خطوط سر سید ، ۱۶۸

تانگہ خانقاہ امدادیہ کے دروازہ پر رُکا اور کرایہ مولانا حسین احمد صاحب نے دیا .

۱۹۴۵ حکیم الامت ، ۱۳

تانگھنا (۱) (مغ ، سک گھ) ف م .

رک : تاکنا ، انتظار کرنا ، آس لگانا .

ایسے بن اور کسے جو تانگھے جا کی حد کوں کوؤ نہ لانگھے

۱۹۷۵ گنج شریف ، ۷۷

[٥]

تانگھنا (۲) (مغ ، سک گھ) ف م .

پھلانگنا ، پار کرنا ، اُلانگنا .

تھانے والوں کو ہم اپنی دہلیز ہرگز نہ تانگھنے دیں گے .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۳ : ۲۲۹

[٥]

تاننا (سک ن) ف م .

۱.(i) سر سے پانو تک خود کو کسی کپڑے یا چادر وغیرہ سے ڈھانک لینا .

کیا شال کا دوشالہ اک پشم جانتا ہے
درویش اپنی کملی جس وقت تانتا ہے

۱۷۹۸ دیوان بیان ، ۵۳

مار ڈالا جستجوے یار نے
گود میں سوتے ہیں چادر تان کر

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۹۰

تھکے ماندے دن بھر کے تھے ہو رہے
. دوپٹے لئے تان اور سو رہے

۱۹۱۰ آزاد ، نظم آزاد ، ۱۴۲

(ii) لمبے چوڑے کپڑے کو سر پر تان دینا یا قنات کے طور پر کھینچ کر لگانا ؛ پھیلانا ؛ بڑھانا (نوراللغات) .

۲. کسنا ، جکڑنا ، جھول دور کرنا (نوراللغات) .

۳. (عوام) قید کر دینا ؛ معاد کرنا .

دو برس کو تان دیا .

۱۸۹۸ فرہنگ آصفیہ

۴. (عوام) مقدمہ دائر کرنا (نوراللغات) .

۵. کسی آلۂ حرب کو ضرب لگانے کے لیے کسی کی طرف بلند کرنا ، کسی چیز کو وار کرنے کے لیے اٹھانا .

یوں نگہ دوڑے نہ برچھی تان کر
اپنا بیگانہ ذرا پہچان کر

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۸۹

کمبخت نے ڈنڈا تان تان کر مجھے ادھ موا کر ڈالا .

۱۹۰۹ خوب صورت بلا ، ۱۰۱

۶. (چادر ، پردہ وغیرہ) پکڑے رہنا ، پھیلائے رہنا .

اسے رقاصہ کا وہ گھونگھٹ نہ سمجھئے ، جس کے کسی حصے کو نازک ہاتھ کی دو حنائی انگلیاں . . . رخسار پر تانے رکھتی ہیں .

۱۹۳۶ ریاض خیر آبادی ، نثر ، ۷۵

۷. فضا پر جال بنانا (جیسے مکڑی کا جال تاننا) .

اس قدر مکر و دغا کا ہے زمانے میں رواج
جال مکڑی نے بھی تانا ہے فریب و زور کا

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۹

مکڑی پھر نئے سرے سے اس کے تاننے میں لگ جاتی ہے .

۱۹۵۴ حیوانات قرآنی ، ۱۲۱

۸. اُکسا دینا ، اشتعال دلانا .

اس نے ہزار تانا مگر نواب صاحب کے حواس درست نہ تھے .

۱۹۱۴ اسرار دربار حرام پور ، ۲ : ۵۳

۹. لٹکانا .

حضرت عائشہ نے ایک پردہ رنگین اور نقش دار تانا تھا .

۱۸۷۳ ترجمہ مطلع العجائب ، ۹۱

[س : تانیا (تِ) (ति)]

تانُو (و مع) صف .

مکّار ؛ وار کرنے والا ، مارنے والا .

دو رخسارے ہے خوں والے غرانے تانو اگھٹالے
ہے بلکاں تیرا بنالے سو ناندے دل آہر میرے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۹۰

[تاننا (رک) سے]

تانُور (۱) (مغ ، فت و) امذ .

رک : تانبا (پلیٹس) .

[० : तांबर तानूर]

تانُور (۲) (مغ ، فت و) امذ .

سستی ، چکر ، غش ، غنودگی ، رک : تیورانا (تیورانا) .

تانور — یہ کہ کھانے والے پر نیند اور سستی غلبہ کرے .

۱۹۰۶ اکسیرالاکسیر ، ۲۴

[س : تمیرن तिमिर]

ـــ آنا ف م .

رک : تیورانا ، غش آنا ، مُرچھا آنا .

اجی ان جوانوں سے لاکھ اچھا ہوں جنھیں راہ چلتے تانور آتے ہیں ، نئی جوانی مانجھا ڈھیلا .

۱۹۵۴ محل سرا ، ۱۱۸

تانوں (مغ ، سک و) امذ (قدیم) .

رک : تان ، نیزے کا وار ؛ دانُو .

زمین پر ماریا ایک نیزے کا تانوں
گیا زمین پر کیتا اپناچ ٹھانوں

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۶۲

تانوں کے لچھّے (و مج ، فت ل ، شد چھ) امذ ؛ ج .

گانے کا تسلسل ، مسلسل الاپ ، الاپ کے چھلّے ، گٹکری ، مطرب کی آوازوں کے توپڑے .

کرنے لگتا ہوں میں حسرت سے مسلسل نالے
لچھّے یاد آتے ہیں مجکو جو تری تانوں کے

۱۸۳۱ دیوان ناسخ ، ۲ : ۱۶۳

تانہ (فت ن) امذ .

رک : تانا .

تار . . . اہل ہند آں را تانہ خوانند .

۱۹۱۹ ادات الفضلا (سہ ماہی اردو ، اکتوبر ، ۱۹۶۷ء ، ۱۹)

تانہ ، تار .

۱۷۵۱ نوادرالالفاظ ، ۱۴۳

تانی است .

۱. (i) تانا تننے کا آلہ جو بنگال میں ہٹی اور کوٹا کہلاتا ہے (اپ و ، ۲ : ۶۱) .

(ii) تانا (رک) کی تانیث یا تصغیر .

بڑے درختوں کے نیچے ایک آدمی کھڑا ہے وہاں بھی ایک تانی پھیلی ہے .

۱۸۶۹ اردو کی پہلی کتاب (آزاد) ، ۲ : ۵۶

۲. نخ جس سے گوٹا کناری ٹانکتے ہیں (لغت کبیر) .

تانی (ف ت ، ا ، شد ن) امث .

آہستگی ، تاخیر ، تساہل .

تامل اور تانی کو عادت کر لے .

۱۸۳۸ بستان حکمت ، ۲۸

[ع]

تانیث (ی مع) امث .

مؤنث ہونا ، مؤنث بنانا ، تذکیر کی ضد .

کرتے ہیں ریختہ کو مجھ سے یہ ترک تقریر
تو نے تانیث کو اشعار میں باندھا تذکیر

۱۸۸۶ کلیات اردو ، ترکی ، ۳۲

میر مہدی کمال اور آغا مظہر میں یہ بحث چھڑی ، ایک صاحب آبدست کی تذکیر کے دعوے دار ہوے دوسرے صاحب تانیث کے .

۱۹۳۲ ریاض ، نثر ریاض ، ۱۵۲

[ع : (ا ن ث)]

ــ غیر حقیقی کس صف (ــ ی لین ، سک ر ، فت ح ، ی مع) امث .

رک : تانیث معنوی .

نفخ کا صیغۂ مذکر جائز ہے اس لیے کہ نفخ کی تانیث غیر حقیقی ہے .

۱۹۶۷ صدق جدید ، لکھنؤ ، ۲۷ اکتوبر ، ۴

[تانیث + غیر (رک) + حقیقی (رک)]

ــ معنوی کس صف (ــ فت م ، سک ع ، فت ن) امث .

(قواعد) وہ اسم جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو مگر اہل زبان اس کو مؤنث بولتے ہوں (نوراللغات) .

[تانیث + معنوی (رک)]

تانیس (ی مع) امث .

۱. محبت کرنا ، عادت ڈالنا (فرہنگ عامرہ) .

۲. (تصوف) تجلی فعلی کو کہتے ہیں کہ جو مبتدی کے واسطے باعث تزکیۂ نفس و تصفیۂ روح کی ہوتی ہے اور مبتدی اس سے انس لیتا ہے (مصباح التعرف ، ۶۹) .

[ع : (ا ن س)]

تانے گھاٹ کہ بانے گھاٹ کہاوت .

یہ فقرہ ایسے موقع پر بولتے ہیں جب یہ ظاہر کرنا ہو کہ کسی طرح کی کمی نہیں ہے (گنجینۂ اقوال و امثال ، ۷۷) .

تانیں (ی مج) امث ؛ ج .

تان (رک) کی جمع .

بارہا تم سے گانا سننے کو جی چاہا لیکن رک گیا کہ تمہاری کٹکڑی اور تانیں بے قاعدہ تھیں .

۱۹۳۱ مقدمات عبدالحق ، ۲ : ۱۰۳

اف : اڑانا ، پھینکنا ، لگانا .

ــ مارنا محاورہ .

رک : تان لگانا ، تان مارنا .

دیکھنے میں ذرا سا لڑکا ہے لیکن ایسی تانیں مارتا ہے کہ بڑے بڑے گویے خوش ہوجاتے ہیں .

۱۹۶۲ مہذب اللغات

ــ نکلنا ف مر .

(موسیقی) تانوں کا گلے یا ساز سے ادا ہونا (مہذب اللغات) .

تاؤ (۱) (سک و) امذ .

رک : تاؤ (۱) مع تحتی (پلیٹس) .

[ه : تاو ताव]

تاؤ (۲) (سک و) امذ .

رک : تاوا (۱) معنی نمبر ۳ (ا پ و ، ۲ : ۲۳) .

تاوا (۱) امذ .

۱. بازی کے کبوتروں کی لمبی پرواز جس میں وہ ایک چکر لگا کر لوٹ آئیں ، نیز مجازاً .

گھوم کر تم نے جو دیکھا روح نکلی جسم سے
ایک نے تاوا لگایا ایک نے پرواز کی

۱۸۹۹ دیوان جی ، ۱ : ۹۰

جب بادشاہ کو کبوتروں کی سیر دیکھنا منظور ہوتی تھی کبوتر باز پھڑیاں اور تاوے دے کر دو چار ہوائیں بادشاہ کے سامنے دے دیتے تھے .

۱۹۱۴ مرقع زبان و بیان دہلی ، ۵۵

۲. پھیرا ، چکر ، طواف .

مرزا مسعود کے مکان کے آس پاس تاوے لگا رہے تھے .

۱۹۱۴ غیب دان دلھن ، ۶۷

اف : دینا ، لگانا ، کھلانا ، کاٹنا ، دکھانا .

۳. چکر ، گھماؤ ، ریشم کی بٹائی میں لٹو کا چکر ، تاو (اپ و ، ۲ : ۲۳) .

اف : آنا ، دینا ، کھانا .

۴. رفو کے تاروں کا پھیر یا رفو کرنے کا عمل ، تاؤ (اپ و ، ۲ : ۱۶۱) .

اف : آنا .

[تاؤ (۱) (رک) سے]

تاوا (۲) امذ .

(آبکاری) بھٹی (بھبکے) میں شراب کی تیاری کا عمل (اپ و ، ۷ : ۹۱) .

اف : آنا .

[تاو (رک) سے]

تاوا (۳) امذ .

۱. رک : تابہ ؛ توا .

تاوے آپنی کو آگ سے گرم کر کے سرخ کیا .

۱۸۷۳ فسانۂ معقول ، ۴۷

۲. وہ کچا کھپڑا یا تھوا جس کے کنارے ابھی موڑے نہ گئے ہوں ، لوہے کا ٹکڑا (شبد ساگر) .

تاوان امذ .

۱. ڈنڈ ، جرمانہ ، بدلا ، قصاص ، کفارہ .

اڑاوے خاک اگر بارا جو نا جاں
دلاوے بھیں کوں بارے کن تے تاوان

۱۶۶۵ پھول بن ، ۱۷

ہوا ہے دل دہی کا تم پو تاوان
نہیں آسان دل لینا کسی کا

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۵۱

اس جیسے جانور کا تاوان اس سے لیا جاتا ہے .

۱۸۶۶ تہذیب الایمان ، ۴۰۳

ہم چلے تھے کہ کریں دل شکنی کا دعویٰ
آن کو دیکھا تو رہا کچھ بھی نہ تاوان کا ہوش

۱۹۱۶ کلیات حسرت ، ۷۰

۲. وہ رقم جو مفتوح یا شکست خوردہ سلطنت فاتح کو بطور ہرجانہ یا خرچہ دیا کرتی ہے .

اگر روم کبھی کسی زمانے میں ایسا خوش حال ہو جائے کہ دیگر تمام قرضوں سے سبک دوش ہو جاوے تو اس وقت نقد تاوان جنگ کا مطالبہ کرنا ناجائز نہ ہو گا .

۱۸۹۳ بست سالہ عہد حکومت ، ۵۳

اف : بھرنا ، بھگتنا ، دینا ، ڈالنا ، لینا .

[ف]

تاوانی صف .

تاوان (رک) سے منسوب (فرہنگ عامرہ) .

[تاوان + ی ، لاحقۂ نسبت]

تاوانی رہنما تار (ف ت ر ، سک ہ ، ضم ن) امذ .

(طبیعیات) وہ برقی تار جو باریک تاروں کے لچھے کی نلی کے باہر کے تاروں سے جوڑا جائے .

پلاطینیم کے لچھے کے ساتھ رہنما تاروں کے قلابوں کو ق ت ق ت سے تعبیر کیا جائے گا اور تاوانی رہنما تاروں کے قلابوں کو ق پ ق پ سے .

۱۹۲۲ طبیعیات عملی ، ۲ : ۲۰۷

[تاوانی ، (غالباً) تابانی (رک) + رہنما (رک) + تار (رک)]

تاوڑا (سک و) امذ .

درجہ سوم کا گہرا سیاہی مائل تانبے کے رنگ کا یا قوت جس میں چمک اور آب داری بہت کم ہو ، رک : تامڑا (اپ و ، ۴ : ۵۳) .

[رک : تانبڑا]

تاوڑی (۱) (سک و) امث .

(جرائم پیشہ) روئی ، ٹاپ (اپ و ، ۸ : ۱۷۹) .

[مقامی]

تاوڑی (۲) (سک و) صف .

جوشیلا ، پرجوش ، طوفانی .

سو ہے بحر ذخار کے تاوڑی
اوڑے باد صر صر سے جیوں داوری

۱۵۶۴ حسن شوقی ، د ، ۸۶

[رک : تاؤ (۱) + ڑی ، لاحقۂ صفت]

تاوَل (ف ت و) امث ؛ صف (قدیم) .

(عوام) جلدی ، شتابی ، اضطراب .

لھوابات میں لے ہو باول وہیں
گھر اس کے چلیا ہوا تاول وہیں
۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۶۹

[رک : آتاول]

تاؤلا (سک و) صف .

رک : تاؤلا (پلیٹس) .

[رک : آتاولا]

تاؤلی (سک و) اسث .

(عوام) جلد بازی ، تیزی ، عجلت ، جلدی .

جمعہ کے دن اس مزار پر لوگ دعا کرنے آتے ہیں اور ان کا عقیدہ ہے کہ شمس تاولے تاولی (جلدی) مراد دیتے ہیں .
۱۹۲۲ سیر دہلی کی معلومات ، ۲۷

اتنی تاولی نہیں چلے گی ۔ جلدی کام شیطان کا .
۱۹۶۲ معصومہ ، ۲۲

[رک : اُتاولی]

تاؤنا (سک و) ف م .

رک : تانا ؛ تاؤنا (پلیٹس) .

[س : तापय (ति) (तॅ)]

تاوے امذ .

تاوا (۱) (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت .

پایا نہ میرے غیرت یلقیس کا مکاں
تاوے کر آیا جا کے کبوتر کہاں کہاں
۱۸۶۶ دیوان بزبر ، ۸۰

ڈپٹی کمشنر کی کوٹھی کے تاوے کاٹتا ہے .
۱۹۴۵ خان صاحب ، ظریف دہلوی ، ۲۲

اف : بھرنا ، کاٹنا ، کرنا ، لگانا .

تاویل (ی مع) اسث .

۱. شرح ، تفسیر ، پوشیدہ معنوں کی توضیح .

ناموس بولیا کہ اس تازے آب حیات کا قصہ ایک تاویل دھرتا ہے .
۱۶۳۵ سب رس ، ۴۷

کلام ربانی میں ظاہری معنوں کے سوا بہت سی تاویلیں ہیں .
۱۸۱۰ اخوان الصفا ، ۱۴

عسیٰ ان تکرہوا شیئاً کی تاویل
سجھاتے یوں ہیں قرآن کے اشارات
۱۹۳۱ بہارستان ، ۶۳۲

۲. کسی بات کو اصل کے خلاف دوسری طرح بیان کرنا ، زیر بحث عبارت کا مطلب دوسرے انداز سے نکالنا ، من مانے معنی قائم کرنا ، معنی پہنانا .

یہ آیتیں ایسی صاف ہیں کہ ان میں کوئی تاویل . . . ہو ہی نہیں سکتی .
۱۸۷۰ آیات بینات ، ۱ : ۱۵

اس ستمگر کو ستمگر نہیں کہتے بنتا
سعی تاویل خیالات چلی جاتی ہے
۱۹۵۰ کلیات حسرت ، ۳۴

۳. خواب کی تعبیر ، خواب کا مطلب جو قیاس کی بنا پر نکالا جائے .

دوسری وہ رویا ہیں جو بعینہ واقعہ اور حقیقت ہیں اور اسی لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بیان کرتے وقت ان کی تاویل و تشریح نہیں کی .
۱۹۳۳ سیرۃ النبی ، ۳ : ۳۳۷

۴. (i) حیلہ ، بچاؤ کی راہ .

میکشی چاہئیے اس دور میں تاویل کے ساتھ
بیچئیے بادۂ انگور نمک دانوں میں
۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۱۵۶

اس کی تاویل یعنی ایک قسم کا یہ بہانہ کیا جاتا ہے کہ ہم فلاں بزرگ کے مزار پر فاتحہ پڑھنے گئے تھے اور جاتے ہیں .
۱۹۳۴ قرآنی قصے ، ۱۴

(ii) عذر بے جا ، بچاؤ کی دلیل (فرہنگ آصفیہ) .

اف : کرنا ، ہونا .

[ع]

تاہ اسث .

رک : تہ .

بچھاتی تھی میں اس کو دو تاہ کر
وہ سالار سوتا اتھا اس اہر
۱۷۷۱ ہشت بہشت ، باقر آگاہ ، ۸۴

تاہاں امذ .

رک : تہاں (شبد ساگر ؛ پلیٹس) .

[ہ : ताहाँ تاہاں]

تاہرا (سک ہ) امذ ؛ اسث : تاہری .

تمہارا ، تمہارا ؛ تیری ، تمہاری (شبد ساگر) .

[ہ : ताहरा تاہرا]

تاہرو (سک ہ ، ولین) امذ .

تس کا ، اس کا (شبد ساگر) .

[ہ : ताहरो تاہرو]

تاہروں (سک ہ ، و مع) امذ .

رک : تاہرا (شبد ساگر) .

[ہ : تاہروں ताहरू]

تاہری (کس نیز سک ہ) امث .

ایک قسم کا طعام ہے کہ چاول اور بڑیوں سے بناتے ہیں ، آجکل چاول اور آلو سے بھی پکاتے ہیں (ماخوذ : خزائن الادویہ ، ۳ : ۱۵۶ ؛ پلیٹس) .

[ہ : تاہری ताहिरी]

تاہل (فت ت ، ا ، شد ہ بہ ضم) امذ .

ازدواج ، شادی شدہ یا صاحب عیال واطفال ہونے کی حالت. یہاں تاہل اور سناکجت نہ کریں .

۱۸۷۷ طلسم گوہربار ، ۱۹۹

عیش پرستی کا یہ عالم تھا کہ لوگ ایک عرصے سے تاہل کے بجاے تجرد کی زندگی بسر کرتے تھے .

۱۹۳۲ سیرۃ النبی ، ۴ : ۲۲۲

[ع : (اہل)]

تاہم (فت ہ) م ف .

پھر بھی ، اس پر بھی ، باوجود یکہ .

جو میرے ہزار زبان ہو تاہم اس کی تعریف نہ کر سکوں .

۱۸۰۳ اخلاق ہندی ، ۳۰

سوہ لے دل کو باتیں ایسی لیکن ظالم تاہم پیارا

۱۹۴۲ نوبہاراں ، اثر لکھنوی ، ۴۷

[رک : تا + ہم (رک)]

تاہو (و مع) ضمیر .

اُسے بھی ، اس کو بھی (شبد ساگر) .

[ہ : تاہو ताहू]

تاہی ضمیر .

اُسکو (شبد ساگر) .

[ہ : تاہی ताही]

تائب (کس ء) امذ ؛ ~ تایب .

توبہ کرنے والا ، گناہ سے باز آنے والا ، برائی سے دستکش .

عقل شکست کھا کر تائب ہوا ، خدا جانے کدھر غایب ہوا .

۱۶۳۵ سب رس ، ۲۵۹

سخن میں بخش مجکو راے صاحب
کہ ہوں گفتار بد سے خوب تائب

۱۷۶۴ عاجز ، قصہ لعل و گوہر ، ۳

دل ہوا تایب بتان سنگ دل کی چاہ سے
اٹھ گیا بارے صنم کا دخل بیت اللہ سے

۱۸۵۸ سحر (نواب علی) ، بیاض سحر ، ۴۱۶

ملا صاحب کچھ عرصے سے اردو میں شعر کہنے سے تائب ہو گئے .

۱۹۵۰ چھان بین ، ۲۵۹

[ع]

تائبہ (کس ء ، فت ب) امث .

تائب (رک) کی تانیث (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[ع]

تائرا (کس ء) امذ .

رک : تائیرا (جامع اللغات) .

تائل (کس ء) امذ .

(ٹھگی) قافلے سے بچھڑا ہوا مسافر یا جس کے ساتھی ٹھگوں کے ہاتھ سے مارے گئے ہوں اور وہ بچ کر نکل گیا ہو (اپ و ، ۸ : ۱۷۹).

[مقاسی]

تاؤ (و مع) امذ .

۱. (ہندو) باپ کا بڑا بھائی ، تایا (فرہنگ آصفیہ ؛ اپ و ، ۷ : ۷۶) .

۲. زیرک ، ہوشیار ؛ بزرگ (پلیٹس) .

[س : تاؤ ताव]

تاؤ (۱) (و مج) امذ ؛ ~ تاو .

۱. (i) آنچ ، تیز آگ ، شدید گرم کرنے یا ہونے کی حالت .

پتھرے پر رکھ کر کوئلوں پر پکائے . تاؤ خوب ہونا چاہیے .

۱۹۳۰ جامع الفنون ، ۲ : ۸۴

(ii) بھٹی کی آگ کی تیزی جو دھات کو گلا دے (اپ و ، ۳ : ۲۲) .

۲. اینٹھ ، تاب ، خم ، بل ، مروڑ (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

۳. (i) تختۂ کاغذ .

دیا یک بڑا تاؤ کاغذ حریر
کہ دیکھ رشک کھایا فلک کا دبیر

۱۶۸۲ رضوان شاہ و روح افزا ، ۱۱۱

گھسیٹ ڈالیے جو مہر وار تاؤ ملے
کہ ہاتھ پاؤں ہیں ان کے بھی گورے گورے سے

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۷۴

(ii) (کاغذ سازی) بڑی ناپ کے کاغذ کا ایک تختہ جو کاغذیوں کے شمار میں کم از کم ۱۸ انچ × ۲۲ انچ کا دگنا ہو (ا پ و ، ۳ : ۱۸۷) .

۴. غیظ و غضب ، غصّہ .

بھولے ہیں مگر او اِس سر کی کھاو
کہ بد مغز ہو چپکے پکڑے ہیں تاو

علی نامہ ، ۲۶۹ ۱۶۶۵

۵. قوت ، توانائی ، جوش ؛ پیچ (قدیم اردو کی لغت) .

۶. تیزی ، شدت .

سو بے سد ہو طوفان کے باؤ سوں
پڑیا یک جزیرے میں جا تاؤ سوں

سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۱۱۳ ۱۶۲۵

۷. تاب (رک) .

خیالاں کے سو پھانسیاں سوں دیکھیا ہوں رسل میں نیہہ کا
سعادت کا سو خال اس مکھ اوپر دیہے سو تاواں سوں

قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۱۸۸ ۱۶۱۱

[س : تاپ : ताप]

— اُترنا محاورہ .

آگ کی تیزی کا اپنی حد کو پہنچ کر دھیما ہونے لگنا (ا پ و ، ۳ : ۲۲) .

— آنا محاورہ .

۱. آگ کی تیزی کا اپنی انتہائی حد کو پہنچ جانا (ا پ و ، ۳ : ۲۲) .

۲. کسی دھات کا گرم کرنے سے سرخ ہو جانا ؛ دھات کا حرارت سے چرخ کھا جانا ، پگھل جانا ، چاشنی کا پکنے پر آ جانا (مخزن المحاورات ، ۳۰۴ ؛ فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

۳. غصّہ آنا ، جھونجل آنا .

اس کو کڑی بات سنتے ہی تاو آ جاتا ہے .

فرہنگ آصفیہ ۱۸۸۸

۴. جوش کھانا .

خون میں تاو آ گیا .

نوراللغات ۱۹۲۶

— باز صف .

جھلّے مزاج کا ، بات بات پر غصّہ کرنے والا .

میں تاو باز آدمی سے بات کرتے گھبراتا ہوں .

مہذب اللغات ۱۹۶۲

[تاؤ + باز (رک)]

— بند (— ف ب ، سک ن) امذ .

۱. (مُہوّسی) وہ دوا جس کے اثر سے چاندی یا سونے کا کھوٹ چرخ دینے یا تپانے پر بھی ظاہر نہ ہو (فرہنگ آصفیہ) .

۲. (کبوتر بازی) تاؤ بند وہ کبوتر کہلاتے ہیں جن کے بچے نہ تو گمتے ہیں نہ اُڑان میں کسی سے ہٹتے رہتے ہیں (اندھیر نگری ، ۱۰) .

[تاؤ + بند (رک)]

— بھاؤ (— و مج) صف .

۱. بہت کم ، ذرا سا ، کسی قدر .

دولہا دلہن سے تاو بھاو بڑا ہے .

اصطلاحات پیشہ وراں ، ۷ : ۷۶ ۱۹۴۳

۲. بہت چھوٹا (پلیٹس) .

[تاؤ + بھاؤ (رک)]

— بھاؤ دیکھنا محاورہ .

اونچ نیچ دیکھنا ، نرم گرم دیکھنا ؛ رک : بھاو تاو .

کیا ہیر فلک تاؤ دکھانا ہے مجھے
ان آنکھوں نے تاؤ بھاؤ دیکھے ہیں بہت

ترانۂ یگانہ ، ۱۰۳ ۱۹۳۳

— پر تاؤ آنا محاورہ .

لگاتار غصہ آنا .

پورا اٹھوارا ہو گیا مگر مجھے تاو پر تاو چلے آتے ہیں اور دل تلملا رہا ہے .

نوراللغات ۱۹۲۶

— پر ہونا محاورہ .

جوش میں ہونا .

ہم آج کل ہیں نامہ نویسی کے تاو پر
دن بھر کبوتروں کو بھگاتے ہیں باو پر

ریاض البحر ، ۹۶ ۱۸۳۶

— پیچ (— ی مج) امذ .

ہیچ و تاب ، غم و غصہ .

من ہی من بچھتائے تاو پیچ کھائے بلرام جی بھائی کا مکھ دیکھ ہل موسل ٹیک بیٹھ (گذا) رہے .

پریم ساگر ، ۲۱۷ ۱۸۰۳

اس نالائق حرکت پر رہ رہ کر تاؤ پیچ آتا تھا .

نوراللغات ۱۹۲۶

اف : آنا ، دینا کھانا .

[تاؤ + پیچ (رک)]

ـــ توش (ـــ و مج) امذ .

طاقت و توانائی ، رک : تن و توش .

نہ تھا تن میں اس کے کچھ تاؤ توش
نہ تھا صبر دل میں نہ اوسے تھے ہوش

خاور نامہ ، ۳۱۵ ۱۶۴۹

[تاؤ + توش (رک)]

ـــ چڑھنا محاورہ (قدیم) .

غصہ آنا ؛ جوش آنا .

یکایک اٹھا باؤ طوفان کا
دریا کوں چڑیا تاؤ طوفان کا

سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۵۵ ۱۶۲۵

ـــ دار امذ .

تاؤ (۱) معنی نمبر ۲ (رک) والا ، بل والا ، خمیدہ .

یعنی تاؤ دار یعنی لچھی .

اصول فن قبالت ، ۵۵ ۱۸۴۸

[تاؤ + دار (رک)]

ـــ دینا ف م ؛ محاورہ .

۱. **گرمانا ، تپانا ، تانا** (مخزن المحاورات ، ۳۱۴ ؛ نوراللغات) .

۲. **بگھلانا ، آنچ دینا ، چرخ دینا** (فرہنگ آصفیہ ؛ مخزن المحاورات ، ۳۲) .

۳ (i) **کشتی میں حریف کے ہاتھ یا ٹانگ کو بے کار کرنے کے لیے قوت سے مروڑ دینا** (ا پ و ، ۸ : ۲۳) .

(ii) **بل دینا ، مروڑنا جیسے مونچھوں کو تاؤ دینا** (مخزن المحاورات ، ۳۴) .

۴. **بھڑکانا ، تیز کرنا .**

نشانی ہے جیوں مہینوں لمبانے کی باو
دیوں یوں مہراٹے لڑائی کوں تاو

علی نامہ ، ۲۸۴ ۱۶۶۵

ـــ سا صف .

تاؤ کی مانند ، تاؤ کے رنگ کا سا .

لباس اب سیوں کافروں کا جو کیا
جلن اون کا تانبا ہووے تاو سا

آخر گشت ، ۱۳۵ ۱۷۶۹

[تاؤ + سا ، حرف تشبیہ]

ـــ کھانا محاورہ .

۱. **تیز آنچ سے لال ہو جانا ، جوش کھا جانا ، چرخ کھا جانا** (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

۲. **چاشنی یا قوام کا جل جانا ، تیز حرارت سے چاشنی یا قوام کا تیز ہو جانا** (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

۳. **غصہ کھانا ، غصہ کرنا .**

مجھ سے اس بات کوں سن تاؤ بہت سا کھایا

فرہنگ آصفیہ ۱۸۸۸

۴. **بل کھانا ، پیچ دار ہونا .**

ذرا سی بات میں اک دم کے بیچ لیویں اکھاڑ
ہر ایک مونچھ پہ تیری جو تاؤ کھائی ہے

نظیر (فرہنگ آصفیہ) ۱۸۳۰

وہ جل گئی دوڑی تاؤ کھا کر
یہ ہنس پڑی بھاگی منہ چھپا کر

شوق قدوائی (نوراللغات) ۱۹۲۵

ـــ گھاؤ (ـــ و مج) امذ .

غصہ ، تیزی ؛ دانو گھات ؛ چالاکی ؛ تیزی طراری .

کئے جھگڑے میں او بہوت تاؤ گھاؤ
ہوئے تنگ ہو دیکھ ماہی و گاؤ

خاور نامہ (ق) ، ۱۱۹ ۱۶۴۹

اف : کرنا .

[تاؤ + گھاؤ (رک)]

ـــ لگنا محاورہ .

خوب گرم ہونا ، تیز آنچ لگنا ، زیادہ جل جانا ، داغ دار ہو جانا .

جگر میں سوز وہ ہے جو کرے گداز آہن
مجھے یہ ڈر ہے کہ دل کو کہیں نہ تاو لگے

جرأت ، د (عکسی) ، ۳۶۲ ۱۸۰۹

ـــ میٹھا ہونا محاورہ .

(مجازاً) تیز گرم تیل یا گھی کا قدرے کم گرم رہ جانا ؛ سست ہونا ، جوش نہ رہنا (فرہنگ اثر ؛ دریائے لطافت ، ۸۳) .

ـــ میں آنا محاورہ .

غصہ کرنا ، غصہ ہونا .

ابھی سیکھیں وہ ظرافت اولہیں کیا آتا ہے
تاؤ میں آئے تو کس کس پہ نہ مہرا آئے

ریاض البحر ، ۲۶۱ ۱۸۳۶

انہوں نے بھی تاؤ میں آکر سالی سے کہدیا کہ انہیں دوسروں کے معاملات میں دخل دینے کی مطلق ضرورت نہیں .

ہمیں چراغ ہمیں پروانے ، ۳۰ ۱۹۵۸

— نرم کرنا محاورہ .

غصے میں کمی کرنا ، نرمی برتنا .

ذرا میں نے تاؤ نرم کرنا چاہا تو جوش کھاتی ہانڈی کی طرح ابل کے منہ پر آجاتی ہے .

۱۹۰۸ سلور کنگ ، ۳۹

تاؤ (۲) (و مج) است .

بھیڑ ، لوگوں کا مجمع (ا پ و ، ۸ : ۱۷۹) .

[مقامی]

— چکانا محاورہ .

گروہ یا جماعت کی تعداد ظاہر کرنا (ا پ و ، ۸ : ۱۷۹).

تاؤ (۳) (و مج) امذ .

رک : تاوا (۱) معنی نمبر ۴ (ا پ و ، ۲ : ۱۶۱) .

تاؤ ازم (و مج ، کس ا ، سک ز) امذ .

مذہب تاؤ ، چینی حکیم لاوتزے کا مذہب یا شریعت جس کا تقریباً ۵۰۰ ق م میں آغاز ہوا .

یونگ کے اس تصور کا مقابلہ چینی مذہب تاؤ ازم کے تصور «شخص» سے کرتا ہے جو اس کے نزدیک ایک طرح کا «مکان لامکاں» یا ایک اندرونی دنیا ہے .

۱۹۶۸ مغربی شعریات ، ۱۶۵

[انگ : Taoism]

تاؤلا (و مج) صف ؛ امذ .

جلد باز ؛ مضطرب ؛ رک : تاؤلا سو باؤلا (فرہنگ آصفیہ) .

[رک : آتاولا]

— دھنا مونجھ کی تانت کہاوت .

آدمی جلدی کا کچھ کا کچھ نکما کام کرنے لگتا ہے (محاورات ہند ، ۶۵) .

— سو باؤلا کہاوت .

جلدی کا کام خراب ہوتا ہے (محاورات ہند ، ۵۹) .

تاؤنی (و مج) است .

(کندلاکشی) جنتر میں کھینچنے کے قابل ایک خاص موٹان (موٹائی) کا کندلے کا تار .

چھڑ جب کافی پتلی اور لچکدار ہوجاتی ہے تو اس وقت اس کو جنتر میں کھینچتے ہیں اس درجے کے تار کو تاؤنی یعنی مڑنے اور بل کھانے والا تار کہتے ہیں .

۱۹۳۰ اصطلاحات پیشہ وراں ، ۲ : ۱۷۶

[رک : تاؤ (۱) + نی ، لاحقۂ کیفیت]

تائہ (کس ء ، فت ہ) امذ .

دماغ سے نکلنے والے اعصاب میں سے ایک عصبہ جو نرخرے بھیپھڑے اور دل میں پہنچتا ہے اور معدے کو بھی متاثر کرتا ہے ، عشریہ ؛ حنجرہ ، انگ : Vagus کا ترجمہ .

شریان سباتی (کراٹڈ آرٹری) اور تائہ (ویگس) اور مشارکی . . . کا مشترک تنہ منکشف ہو جائے .

۱۹۴۱ تجربی فعلیات ، ۲۲۸

[ع]

تائی (۱) است .

۱. تاپ ، حرارت ، ہلکا بخار (شبد ساگر) .

۲. جاڑے سے چڑھنے والا بخار (ماخوذ : شبد ساگر) .

۳. ایک قسم کی چھچھلی کڑھائی جس میں مال پڑے اور جلیبی وغیرہ بناتے ہیں ، رک : تئی (ماخوذ : شبد ساگر) .

[ہ : تائی ताई]

تائی (۲) است .

تایا (رک) کی تانیث ؛ باپ کے بڑے بھائی کی بیوی ، نیز مجازاً .

ہمارے والد ماجد سید احمد علی صاحب اپنی تائی صاحبہ کی خدمت میں ریاض و محنت سے اوقات بسر کرتے رہے .

۱۸۸۴ تذکرۂ غوثیہ ، ۱۱

اس وقت یہ دلیری کیوں نہ دکھائی اب یہاں آکر تیس مار خاں کی تائی بنتی ہے .

۱۹۱۵ آریہ سنگیت راماین ، ۲ : ۲۸۱

[ہ : تائی ताई]

تائی (۳) ضمیر .

رک : تاہی ، وہ ہی ، وہی (شبد ساگر) .

[س : تاوت तावत]

تائے (۱) حرف ؛ است .

رک : حرف ت ، تا .

جس لفظ کو طائے حطی سے لائے گا تائے قرشت سے بھی ضرور لکھے گا .

۱۸۶۴ خطوط غالب ، ۲۰۳

[رک : ت (حرف) + ئے ، ے ، بجائے کس اضافی و وصفی]

ــ تانیث (ــ ی مع) امث .

(قواعد) وہ ت جو الفاظ کے آخر میں مونث بنانے کے لیے آئے .

تائے تانیث اسمی و مصدری وغیرہ کے پانچ اعداد لینا چاہیے .

گلبن تاریخ ، ۷ ۱۸۹۶

[تائے + تانیث (رک)]

ــ ثقیلہ (ــ ف ث ، ی مع ، ف ل) امث .

ث ، ٹے .

حضرت ظہوری کے ممد و ح کا ایک طنبورہ تھا بہت بڑا ہاتھی پر چلتا تھا اور نام اس کا موٹے خاں تھا ، بہ واؤ مجہول و تائے ثقیلہ ہندی .

تیغ تیز (افادات غالب ، ۳۶) ۱۸۶۷

[تائے + ثقیلہ (رک)]

ــ دراز (ــ ف د) امث .

(قواعد) تائے قرشت ، وہ 'ت' جو کشیدہ لکھی جائے ('ۃ' گول تے یا تائے مدورہ کے مقابل) .

عربی میں تائے دراز اور تائے مدور میں فرق کیا جاتا ہے .

اردو املا ، ۱۱۱ ۱۹۷۳

[تائے + دراز (رک)]

ــ فوقانی (ــ ولین) امث .

رک : تائے دراز ، 'ت' کا نام بلحاظ نقاط بالائی .

تا ، خمیر اس کے معنی ہیں اور تائے مثناۃ اور تائے فوقانی اور تائے قرشت بھی کہتے ہیں .

(ترجمہ) مطلع العلوم ، ۲۲۰ ۱۸۴۵

[تائے + فوقانی (رک)]

ــ قرشت (ــ ف ق ، کس ر ، ف ش) امث .

(قواعد) ت ، وہ 'ت' ، جو ترتیب ابجد میں قرشت کے مجموعے میں شامل ہے اور جس کے ۴۰۰ عدد شمار ہوتے ہیں کشیدہ 'ت' ، (ۃ کے مقابل) .

جو ہائے ہوز کہ تائے قرشت کے بدلے میں ہو وہ اصلی نہیں اس کا تلفظ و سقوط دونوں جائز .

عطر مجموعہ ، ۱ : ۸۵ ۱۸۷۲

[تائے + قرشت (رک)]

ــ مثناۃ (ــ ضم م ، ف ث ، شدن) امث .

رک : تائے دراز ، نام بلحاظ نقاط بالائی .

تا ، خمیر اسکے معنی ہیں اور تائے مثناۃ اور تائے فوقانی اور تائے قرشت بھی کہتے ہیں .

(ترجمہ) مطلع العلوم ، ۲۲۰ ۱۸۴۵

[تائے + مثناۃ (رک)]

ــ مثناۃ فوقانی (ــ ضم م ، ف ث ، شدن ، سکہ ۃ ، ولین) امث .

'ت' جس کے اوپر دو نقطے ہوتے ہیں .

تائے مثناۃ فوقانی جو اواخر کلمات میں ہم شکل ہائے مدورہ لکھی جاتی ہے مثل صلواۃ . . . وغیرہ کے .

گلبن تاریخ ، ۷ ۱۸۹۶

[تائے + مثناۃ (رک) + فوقانی (رک)]

ــ مدور (ــ ضم م ، ف د ، شد و بکس) امث .

گول 'ۃ' ، عربی میں بعض الفاظ کے آخر میں ت بشکل 'ہ' لکھی جاتی ہے جس پر دو نقطے لگا دیے جاتے ہیں .

عربی میں تائے دراز اور تائے مدور میں فرق کیا جاتا ہے .

اردو املا ، ۱۱۱ ۱۹۷۳

[تائے + مدور (رک)]

ــ مدورہ (ضم م ، ف د ، شد و بکس ، ف ر) امث .

رک : تائے مدور .

مولف حقیر عرض کرتا ہے کہ عربی زبان میں بقول محیط المحیط و منتہی الارب (نشوۃ) بمعنی مستی ہے ، فارسیوں نے واو کو حذف کیا اور تائے مدورہ کو بقاعدۂ فارسی بشکل ہا لکھا اور نشہ پر اس قدر اور تصرف کیا کہ . . . مشدد بھی کر لیا .

معیار فصاحت ، ۱۵۱ ۱۹۱۹

[تائے + مدورہ (رک)]

ــ موقوفہ (ــ ولین ، و مع ، ف ف) امث .

رک : تائے مدورہ جو لفظ کے آخر میں نقطے نہ ہونے کی وجہ سے ہائے مختفی کی طرح ادا کی جاتی ہے .

ازاں جملہ ہے اگرچہ شعرا تائے . . . موقوفہ اور ہائے مخفی کو جو آخر الفاظ عربی و فارسی میں واقع ہو الف کے قافیے میں صرف کرتے ہیں .

تلخیص معانی ، ۶۳ ۱۸۶۳

اور نشہ بفتح اول و سکون ثانی و ہمزۂ مفتوح و تائے موقوفہ صحیح ہے .

معیار فصاحت ، ۱۵۰ ۱۹۱۹

[تائے + موقوفہ (رک)]

— ہِندی (— کس ہ ، سک ن) اسث .

رک : تائے ثقیلہ (جامع اللغات) .

[تائے + ہندی (رک)]

تائے (۲) امذ .

ته ، کپڑا ، کاغذ کا تخته ، طاق (جفت کی ضد) (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

[ف]

— تَشرِیف (— فت ت ، سک ش ، ی مع) امذ .

خلعت ، پوری خلعت (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

[تائے + تشریف (رک)]

تائید (ی مع) .

(الف) اسث .

۱. **مدد ، فیضان ، امداد .**

یقیں تائید حق سے شعر کے میداں کا رستم ہے
مقابل آج اس کے کون آ سکتا ہے گیا قدرت

۱۷۵۵ یقین ، د ، ۱۰

یہ ذہن و ذکا اس کا تائید ادھر کی ہے
نک ہونٹ ہلے تو وہ ته بات کی پا جاوے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۸۳۸

کیوں نہ حصے میں ترے فتح کا میدان رہے
کہ مدد کرتی ہے تائید الٰہی تیری

۱۹۲۸ سرتاج سخن ، جلیل ، ۵۸

۲. **استحکام ، استواری ، تقویت .**

کاڈلور آئل کی بیک بھی دب گئی اور اس کے اثر کو بھی تائید پہنچی .

۱۸۹۹ رویائے صادقه ، ۱۸۳

وجوہ ذیل سے اس شبہ کی تائید ہوتی ہے .

۱۹۰۳ مقالات شبلی ، ۱ : ۳

۳. **حمایت ، طرف داری ، توثیق .**

یہ چھیڑ دیکھنا کہ دم شکوۂ فراق
تائید ہو رہی ہے ہمارے کلام کی

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۲۵۸

انھوں نے پورے انہماک کے ساتھ اس منصوبے کو عمل میں لانے کی تائید کی .

۱۹۳۵ چند ہمعصر ، ۱۶۸

۴. (قانون) **استحکام دعوے کی دستاویز** (اردو قانونی ڈکشنری ، ۱۵۰ ؛ فرہنگ آصفیہ) .

(ب) امذ .

۱. **وہ محرر جو کسی عملے کے ساتھ کام کرے ، اسسٹنٹ ، نج کا مدد گار** (فرہنگ آصفیہ) .

۲. (یورپ) **امیدوار ملازمت** (فرہنگ آصفیہ) .

[ع]

— اعتصامی کس اضا (— کس ا ، سک ع ، کس ت) اسث .

خود کو گناہ سے بچانے کی سعی و کوشش ، وہ دلائل جو گناہ سے بچانے کے لیے پیش کئے جائیں .

القاء سبوحی اور روح نفسی میں نفث روحی سے ساتھ تائید اعتصامی کے خاص کرے .

۱۸۸۷ (ترجمہ) فصوص الحکم ، ۲

[تائید + اعتصامی (رک)]

— ایزدی کس اضا (— ی مج ، فت ز) اسث .

اللہ کی مدد .

تائید ایزدی مری حاجت کے ساتھ ہے
مشکل میں دستگیر یداللہ کا ہاتھ ہے

۱۸۷۰ الماس درخشان ، ۲۰۲

اللہ کی عنایت اور تائید ایزدی سے آج کا دن بھی بخیر و خوبی گذرا .

۱۹۰۱ الف لیله ، سرشار ، ۳۵

[تائید + ایزدی (رک)]

— رَبانی (— فت ر ، شد ب) اسث .

اللہ کی مدد (جامع اللغات) .

[تائید + ربانی (رک)]

— غَیبی (— ی لین) اسث .

غیب سے ملنے والی مدد ، اللہ کی مدد .

اگر تائید غیبی شریک ہے تو اس ملعونہ کو بھی جہنم واصل کریں گے .

۱۸۹۶ لعل نامہ ، ۱ : ۹۱

خواہ یہ احساس اس کے اس عقیدے سے ماخوذ ہو کہ تائید غیبی و نصرت الٰہی اس کے ساتھ ہے .

۱۹۱۵ فلسفۂ اجتماع ، ۲۰۱

[تائید + غیبی (رک)]

— کَرنا (— فت ک ، سک ر) ف م .

حمایت کرنا ، مدد کرنا ، ساتھ دینا ، بچ کرنا .

سب کمیٹی نے بھی اس رائے کی تائید کی .

۱۹۳۸ حالات سرسید ، ۴۹

ـــ کلام کس اضا (ـــ فت ک) امث .

بات کی پچ ، سخنوری ، سخن پروری (فرہنگ آصفیہ ؛ جامع اللغات) .

[تائید + کلام (رک)]

ـــ مزید کس اضا (ـــ فت م ، ی مع) امث .

زیادہ مدد ، زیادہ تصدیق پہلی تائید کی توثیق و تصدیق کے لیے دوسری تائید (ماخوذ : نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

[تائید + مزید (رک)]

ـــ یزدانی کس اضا (ـــ فت ی ، سک ز) امث .

اللہ کی مدد (جامع اللغات) .

[تائید + یزدانی (رک)]

تائیداً (ی مع ، تن د بفت) م ف .

حمایت و طرفداری کے لیے ، بطور تصدیق و استحکام معاملہ ، تائید کے طور پر .

اگرچہ ان سورتوں میں بھی اکثر طبیب کی شہادت کی ضرورت . . . تائیداً پڑتی ہے .

۱۸۹۴ مقدمہ میڈیکل جیورس پروڈنس (ترجمہ) ، ۲۲

ان لوگوں کے اقوال میں نے جا بجا تائیداً نقل کئے ہیں .

۱۹۱۵ (دیباچہ) فلسفۂ اجتماع ، ج

[ع]

تائیدی (ی مع) صف .

حمایت و طرفداری یا تصدیق کرنے والا ؛ تائید (رک) سے منسوب .

حضرت علی کے تائیدی فقرات سن کر حضور اکرم کے چچا ابوطالب سے دوسرے چچا ابو لہب نے کہا اپنے بیٹے کی اطاعت قبول کرلو .

۱۹۴۳ سیدہ کی بیٹی ، ۲۶

[تائید (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

ـــ شہادت (ـــ فت ش ، د) امث .

وہ دستاویز یا شہادت جو مقدمہ یا شہادت دینے والے کے مطلب کی تائید کرے ، مدد و معاون و مددگار گواہی (اردو قانونی ڈکشنری ، ۱۵۰ ؛ جامع اللغات) .

[تائیدی + شہادت (رک)]

ـــ کٹائی (ـــ فت ک) امث .

تخم ریزی کے لیے اصلی تبدیلی کی کٹائی کے بعد پرانے پودوں کو نکال لینا .

جونہی ذریعہ تخم نو پیدائش ہوجائے تائیدی کٹائی کرنی ہوگی .

۱۹۰۶ تربیت جنگلات ، ۱۵۴

[تائیدی + کٹائی ، کٹنا (رک) سے]

تائیرا (ی مج) امذ ؛ صف .

تائے کا (بیٹا) ، تائے کا ، تائے زاد (بھائی) (پلیٹس) .

[स : तात + इल + क: کہ]

ـــ بھائی امذ .

تائے کا لڑکا ، تائے زاد بھائی (پلیٹس) .

[تائیرا + بھائی (رک)]

تائیری (ی مج) امث ؛ صف .

تائیرا (رک) کی تانیث (ماخوذ : پلیٹس) .

[ه : تائیری तायरी]

ـــ بہن (ـــ فت ب ، ہ) امث .

تائے کی بیٹی ، تائے زاد بہن (پلیٹس) .

[تائیری + بہن (رک)]

تائیس (ی مع) امث .

رک : تایس (فرہنگ آصفیہ) .

تائیسر (ی مع ، فت س) امذ .

رک : تائیسرا (فرہنگ آصفیہ) .

تائیسرا (ی مع ، سک س) امذ .

رک : تایسرا (فرہنگ آصفیہ) .

تائیں (ی مع) حرف جار (قدیم) .

رک : تئیں .

اتال آئے علی شہر کا کھول گنج
ترے تائیں کھینچتا ہوں بسیار رنج

۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۷۸۹

لکھا جاتا ہے کہ تم اپنے تائیں پیشکار مستقل جان کے امورات مرجوعہ سرکار کو بدیانت اور امانت تمام سرانجام کرتے رہو .

۱۸۴۹ کتاب الآغاز ، ۲۰۰

تائیں تائیں پھس/فش مقولہ .

رک : ٹائیں ٹائیں فش (خزینۃ الامثال ، ۶۰) .

تائیں تائیں فش ، پہلے زور شور بعد کچھ نہیں ، غل شور یا بات چیت زیادہ اور نتیجہ کچھ نہیں .

۱۹۳۳ واودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۸ ، ۸ : ۵

تایا امذ .

باپ کا بڑا بھائی ، رک : تاؤ .

نہ سسرا نہ کئی ساس ، تایا ، چچا
قبیلا ، نہ کئی گوت گھر کا بچا

۱۶۳۵ مینا ستونتی (قدیم اردو ، ۱ : ۱۶۱)

تمھاری بھبی . . . اور اس کے بچے اور تمھارے تایا اور تائی اور بی‌بی . . . سب بخیریت ہیں .

۱۸۹۸ مکتوبات حالی ، ۱۷۴

جن غریبوں کو امیروں کا نہ ہوتا تھا سلام
اب انھیں تایا ، چچا ، ماموں برادر کردیا

۱۹۳۷ نغمۂ فردوس ، ۲ : ۳۰۳

[س : تات + کہ : तात + क]

ــ زاد امذ .

تایا کی اولاد ، تایا کا لڑکا یا لڑکی .

میرے تایا زاد بھائی میاں شاہ نواز صاحب بیرسٹر اقبال کے خاص دوستوں میں سے تھے .

۱۹۳۸ ملفوظات اقبال ، ۴۵

[تایا + زاد (رک)]

تایا جانا ف م .

۱. تانا (رک) کا لازم ؛ گرم کیا جانا ، پگھلایا جانا (مخزن المحاورات ، ۳۰۴) .

۲. جلایا جانا .

وہ بھی آگ ہی میں تایا جاتا ہے .

۱۸۱۹ انجیل مقدس ، ۵۸۰

۳. آزمایش کیا جانا ، آزمایا جانا .

آگ میں غم کی ہو کے گدازاں جسم ہوا سب پانی سا
یعنی بن ان شعلہ رخوں کے خوب ہی ہم بھی تائے گئے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۳۴۹

تایب (کس ی) امذ .

رک : تائب .

یوں تو تایب ہیں مے سے ہم بھی شیخ
گر پلا دے کوئی تو باک نہیں

۱۷۹۵ قایم ، د (ق) ، ۱۰۹

یہ سن کر ہوا وہی ساعت میں تایب
صمد سے بس ہوئے مشتاق غالب

۱۸۵۷ مثنوی مصباح المجالس ، ۱۴۲

جو ہم تایب ہوں افعال بد سے تو گویا ہمیں پارسا کر گئی تو

۱۹۰۷ « مخزن ، مئی ، ۶۹

تایِرا (کس ی) امذ .

رک : تائیرا (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

تایِری (کس ی) امث .

رک : تائیری (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

تایَس (فت ی) امث .

(ہندو) خسر کے بڑے بھائی کی بیوی ، زوجہ کی تائی یا شوہر کی تائی (پلیٹس ؛ فرہنگ آصفیہ) .

[تایَسرا (رک) کی تانیث]

تایَسرا (فت ی ، سک س) امذ .

(ہندو) خسر کا بڑا بھائی ، زوجہ کا تایا یا شوہر کا تایا (ماخوذ : پلیٹس ؛ فرہنگ آصفیہ) .

[س : تات + شوشُرکہ : तात + श्वशुरक]

تَب (۱) (فت ت) امث .

۱. **حرارت ، گرمی ، بخار .**

اسی طرح مدت گئی جب اسے
چڑھی گرمئی عشق کی تب اسے

۱۸۷۴ سحر البیان ، ۱۰۸

کچھ اجل ہی سے علاج تب فرقت ہو گا
کارگر یاں نہ عرق ہو گا نہ شربت ہو گا

۱۹۳۲ سنگ و خشت ، ۶۳

۲. **طاقت ، چمک ، سوزش** (فرہنگ عامرہ) .

[ف]

ــ اُترنا محاورہ .

بخار اُترنا ، بخار ختم ہو جانا .

بازو جو تھکے زمیں پہ اتری
تب تھی گویا کہ چڑھ کے اتری

۱۸۸۷ ترانۂ شوق ، ۱۲۹

ــ آنا محاورہ .

رک : **بخار چڑھنا ؛ گھبرانا ، ڈرنا ، دہشت کھانا .**

دن جو گزرا تو یہ دھڑکا ہے کہ شب آتی ہے
عشق کے نام سے اب تو مجھے تب آتی ہے

۱۸۶۸ واسوخت ذکی (شعلۂ جوالہ ، ۱ : ۳۹۲)

ــ چڑھنا محاورہ .

بخار ہو جانا ، تپ آنا .

طبیب عشق یہ کہتا ہے ہجر کی تب کو
کہ چڑھ تو آتا ہے اس کو اتر نہیں آتا

۱۹۲۵ شوق قدوائی ، د ، ۵۲

ــ دروں کس صف (— ضم د ، و مع) اسث .

اندرونی گرمی ، قلبی حرارت .

تب دروں سے مگر آب ہو گیا زہرہ
بجائے خون جگر اشک نکلے اکثر سبز

۱۸۹۲ شعور (نوراللغات)

[تب + کس صف + دروں (رک)]

ــ کَرنا محاورہ (متروک) .

بخار ہو جانا ، تپ آنا .

گئی چھاؤں اس تیغ کی سر سے جب کی
جلے دھوپ میں یاں تلک ہم کہ تب کی

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۲۷۳

ــ کُہنہ کس صف (— ضم ک ، سک ہ ، فت ن) اسث .

ہرانا بخار ، تپ دق (نوراللغات) .

[تب + کس صف + کُہنہ (رک)]

ــ و تاب (— و مج) اسث .

۱. **حسن و خوبی ، آب و تاب ، چمک دمک .**

افق حسن پر بصد تب و تاب
ہو رہی ہے طلوع صبح شباب

۱۹۳۳ سیف و سبو ، ۱۶۰

۲. **سوز و تپش ، تڑپ .**

تڑپھوں سے اس نگاہ کی دل کو پڑا ہے کام
ٹھہرے نہ برق جس کی تب و تاب کے حضور

۱۷۹۵ قائم ، ک ، ۱ : ۸۲

نظر درد و غم و سوز و تب و تاب
تو اے نادان قناعت کر خبر پر

۱۹۳۸ ارمغان حجاز ، ۲۳۲

۳. **جلنے کی کیفیت .**

کچھ شغل تب و تاب میں یونہی تو نہیں شمع
عاشق ہو نہ اس کے رخ رنگیں پہ کہیں شمع

۱۹۱۷ کلیات حسرت موہانی ، ۱۰۶

۴. **شان و شوکت ، سر خروئی ، سر گرمی ، سر گرم عمل رہنے کی حالت .**

مرے خاک و خوں سے تو نے یہ جہاں کیا ہے پیدا
صلۂ شہید کیا ہے تب و تاب جاودانہ

۱۹۳۵ بال جبرئیل ، ۱۵

[تب + و ، عطف + تاب (رک)]

تَب (۲) (فت ت) ظرف زماں .

۱. **اُس کے بعد ، اُس وقت ، اُس حالت میں ، تد .**

سنیا یو خبر شاہ جیوں سر بسر
غصے میں ہو تو تب وہ جیوں شیر نر

۱۵۶۴ حسن شوقی ، د ، ۱۰۰

تھا تب تو موجود تمکین میں جب آدم اتھا ماءوالطین میں

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۱۱

اب کے موسم نے کچھ ہوا بدلی
تب ہے رنگ رخ بہار سفید

۱۷۱۴ دیوان زادہ حاتم (ق) ، ۷۵

وصل کی شب بھی رہی وصل کی حسرت دل کو
تب وہ بیدار ہوئے نیند سے جب رات نہ تھی

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۱۶۶

جو پردہ سا تھا وہ ہٹ گیا اور تب اس تصنیف میں مستغرق ہو گئے .

۱۹۱۷ گرشن بیتی ، ۱۷۰

۲. **(جزائے شرط) تو ، جب کا جواب یا جزا .**

بیٹھا شیر جب آؤ جالے منجھار
کھڑا فرس تب آؤ دنداں پسار

۱۵۶۴ دیوان حسن شوقی ، د ، ۷۶

ہو مورت دیکھوں سپنے میں
جب جاگوں تب رہوں تپنے میں

۱۶۷۲ شاہی ، ک ، ۱۵۹

حق نے تجھ لب کوں دیا معجزۂ عیسیٰ جب
تب مری جان مجھے یہ دل بیمار دیا

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۳

دور فلک ستمگر جب حسب مدعا تھا
آہوں میں بھی اثر تھا نالہ بھی تب رسا تھا

۱۸۸۴ ارمغانی ، ۱۶

کلمہ جب کی جزا میں تب آتا ہے .

۱۹۷۳ جامع القواعد (حصہ نحو) ، ۱۷۶

[س : تاوت तावत]

— بھی م ف .

اس پر بھی ، پھر بھی ، اس کے با وصف .

باوجو دے کہ رو برو میرے بیٹھا تھا ، تب بھی اس کا چہرہ ملین اور جی اداس تھا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۵۳

[تب + بھی (رک)]

— تَک (— فت ت) م ف .

اُس وقت تک ، جب تک .

خدا رکھے اسے تب تک سلامت اور قائم
کہ جب تک رہے سر سبز دہر کا گلزار

۱۷۷۵ نو طرز مرصع ، تحسین ، ۶۴

وہ علم کو عمل کی غرض سے نہ پڑھیں اور اس سے عملی فائدے نہ اٹھائیں تب تک ممکن نہیں کہ ان کی حالت درست ہو .

۱۸۹۳ مقالات حالی ، ۱ : ۱۷۲

[تب + تک (رک)]

— تو (— و مج) جزا (قدیم) .

اسی لئے ، اسی بنا پر ، پھر تو .

اس آرسی سے دور کرو زنگ کینہ کا
تب تو دلوں میں آ کے صفائی ہو جاوے گی

۱۸۳۷؟ خفیہ بیگم (پنجاب میں اردو ، ۲۶۵)

ساقیا تو نہ مرے شکر کا مطلب سمجھا
تب تو پیمانۂ خالی کو لبالب سمجھا

۱۹۲۷ شاد ، میخانۂ الہام ، ۹۲

[تب + تو ، حرف شرط و جزا (رک)]

— تِہیں (— ی مج) م ف (قدیم) .

رک : تب سے .

آچھیں دونوں یوں کل لاگ تب تہیں بوجھے جیو کی آگ

۱۵۰۳ ملا وجہی ، سب رس (اردو ادب ، ۶ ، ۲ : ۶۶)

[تب + تہیں (= سے) (رک)]

— جانیں (— ی مج) کلمۂ صلہ .

اس وقت سمجھیں ، قائل ہو جائیں ؛ بات جب ہے کہ .

تب جانیں ہم کہ ہے گل و بلبل میں اتحاد
چٹکے اگر کلی تو صدا ہو ہزار کی

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۱۹۰

[تب + جانیں ، جاننا (رک) سے]

— سے م ف .

اُس وقت سے ، اُس کے بعد .

جب سے لگ چلنا کیا غیروں سے اس نے اختیار
ہم بھی جبراً صبر کرکے ہو رہے تب سے الگ

۱۷۹۲ دیوان محب دہلوی ، ۲۵۰

اندر کے غضب سے ہو کے پتھر
ہے تب سے وہ ایک مٹھ کے اندر

۱۸۳۸ گلزار نسیم ، ۳۹

— کا لِیپا گیا سَرائے اَب کا لِیپا دیکھو آئے کہاوت .

یعنی پہلے کی کیفیت تو پرانی ہو چکی ہے حال کی حالت دیکھنے کے قابل ہے (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

— لَگ (— فت ل) م ف (قدیم) .

رک : تب تک .

فاطمہ نے صبر کیا تب لگ کہ رات آئی اور خلق آرام پائی .

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۷۲

[تب + لگ (رک)]

— لَگ جُھوٹ نہ بولیئے جَب لَگ پار بَسائے کہاوت .

جہاں تک ہو سکے جھوٹ نہیں بولنا چاہیے (جامع اللغات) .

— ہی م ف ؛ ~ تبھی .

۱. جب ہی، اسی وقت ، فوراً.

کس طرح سے کہہ بیٹھوں چل مرے گھر کو
کہتے ہیں تب ہی بات جو کہنے کا محل ہو

۱۸۲۴ دیوان گویا ، ۶۴

۲. اسی سبب سے ، اسی باعث سے ، اس وجہ سے (فرہنگ آصفیہ) .

[تب + ہی (رک)]

تَبایع (فت ت ، کس ب) امذ .

یمن کے حاکم جو اس لقب سے موسوم تھے .

تبایع یمن اگرچہ صاحب طبل و کوس ہیں لیکن سلیمانی نقار خانے میں ان کی آواز توتی سے زیادہ نہیں .

۱۹۲۶ غلبۂ روم ، ۹

[ع : علم]

تَبادُر (فت ت ، ضم د) امذ .

باہم دوڑنا ، سبقت کرنا ؛ جلدی کرنا ، کسی بات کا فوراً خیال میں آنا .

بعض علما نے جو اس حدیث کے یہ معنی یوں بیان کئے ہیں کہ قرات کرو یہاں تک کہ روشن گرو فجر کو خلاف آثار صحابہ اور تابعین کے ہے اور . . . خلاف ہے تبادر کے .

۱۸۶۷ نور الہدایہ ، ۱ : ۷۷

[ع]

— ہونا (— و مج) ف ل .

خیال آنا ، فوراً خیال آنا .

یہ کہنا کہ جنس ایک بڑی قسم ہے جس میں چھوٹی قسم یا نوع داخل ہے کچھ اچھا بیان نہیں ہے کیوں کہ لفظ قسم (درجے) سے اجتماع کی طرف ذہن کا تبادر ہوتا ہے .

۱۹۲۳ مفتاح المنطق ، ۲ : ۱۰۱

تَبادُل (فت ت ، ضم د) امذ .

۱. باہم تبادلہ ، ایک کو دوسرے سے بدلنے کا عمل ، بدلاؤ .

جو تبادل آرا اس وقت ہو رہا ہے اس سے امید پڑتی ہے کہ صلح و صفائی کے ساتھ یہ معاملہ نپٹ جائے گا .

۱۸۹۳ بست سالہ عہد حکومت ، ۳۷۷

اس طرح کا مدرسہ تبادل خیالات کا . . . . . مرکز بن جاتا ہے .

۱۹۳۵ اصول تعلیم ، ۱۱۴

۲. (نفسیات) ایک دوسرے سے جوابی میل رکھنے کا عمل ، انگ : Receprocity .

کانٹ کا مقولہ تبادل ہمارے لیے قطعی ہے .

۱۹۳۱ نفسیاتی اصول ، ۵۹

[ع]

— سزا کس اضا (— فت س) امذ .

(قانون) سزا کا بدلاؤ ، ایک سزا کی دوسری سزا سے تبدیلی .

تبادل سزا . . . جیسے پھانسی کی سزا کو عبور دریائے شور کی سزا سے . . . بدلنا .

؟ اردو قانونی ڈکشنری ، ۱۵۱

[تبادل + سزا (رک)]

تَبادُلوں کا نَظَریہ (فت ت ، سک د ، و مج ، فت ن ، ظ ، سک ر ، فت ی) امذ .

(طبیعیات) وہ ضابطہ یا کلیہ جس سے کسی جسم کی حرارت خارج کرنے یا جذب کرنے کی حالت و کیفیت پر روشنی پڑتی ہو .

تمام اجسام (جو مطلق صفر سے اوپر کے ٹمپریچر پر ہوں جیسا کہ وہ فی الحقیقت ہوتے ہیں) ہر ٹمپریچر پر خواہ وہ نیچا ہو برابر حرارتی شعاعیں خارج کرتے رہتے ہیں اور ساتھ ساتھ گرد و نواح کے اجسام سے آنے والی حرارتی شعاعوں کو جذب بھی کیے جاتے ہیں یہ پرووسٹ کا تبادلوں کا نظریہ کہلاتا ہے .

۱۹۶۶ حرارت ، ۹۱۵

تَبادُلہ (فت ت ، کس نیز سک د ، فت ل) امذ .

۱. ایک شے کی دوسری سے تبدیلی ، کچھ دے کر کچھ لینے کا عمل ، مبادلہ ، عوض ، معاوضہ ، بدل .

کتاب کے تبادلے میں دس روپے ملے .

۱۹۴۶ نوراللغات

۲. کسی سرکاری ملازم کا ایک جگہ یا ایک شہر سے دوسری جگہ یا دوسرے شہر میں متعین کیا جانا ، تبدیلی .

بعد ازاں کہ ان کا تبادلہ سہارنپور ہوگیا .

۱۹۳۵ چند ہم عصر ، ۲۷

اف : کرنا ، ہونا .

[ع]

— نسل کس اضا (— فت ن ، سک س) امذ .

ایک نسل کی دوسری نسل میں تبدیلی یا منتقلی .

ان پودوں میں واضح تبادلۂ نسل پایا جاتا ہے یعنی جنسی پودے اور غیر جنسی مستقل طور پر ایک دوسرے کو پیدا کرتے رہتے ہیں .

۱۹۷۰ ہرائیو فائیٹا ، ۶

[تبادلہ + نسل (رک)]

تَبار (فت ت) امذ .

۱. خاندان ، کنبہ ، قوم ، اولاد .

پوچھیا اس کا اس نے جو خویش و تبار
بولی میں ہوں یاں دختر کامگار

۱۶۴۹ خاور نامہ (ق) ، ۵۸۴

سب خویش و تبار قوم کوں چھوڑ
مولا سے رہے تھے اپنا دل جوڑ

۱۷۹۲ ہشت بہشت ، باقر آگاہ ، ۱۷۳

۲. مرکب توصیفی میں بطور جزو دوم بمعنی خاندان ، گھرانا .

اک نگاہ رحم ہوجاوے شہ عالی تبار
دور کردو درد اس کا بھی کہ تم دلدل سوار

۱۷۸۲ دیوان محبت (ق) ، ۱۸۹

مخدوم ہے ملائکۂ آسماں کا وہ
خادم ہے جو ائمۂ عالی تبار کا

۱۸۷۴ نشید خسروانی ، نواب ، ۳

[ف]

تبّار (فت ت ، شد ب) امذ .

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک تلوار کا نام .

توشہ خانۂ مبارک میں حسب ذیل سامان تھا ، نو عدد تلواریں تھیں جن کے یہ نام ہیں ، ماثور ، عضب ، ذوالفقار ، قلعی ، تبار . . . .

۱۹۱۴ سیرۃالنبی ، ۲ : ۱۸۹

[ع : تبار (= بلاکی)]

تبارا (کس ت) ؛ ~ تبارہ .

(الف) صف .

تیسری دفعہ ، تیسری مرتبہ ، سہ بارہ (پلیٹس ؛ نوراللغات) .

(ب) امذ .

تین دروں والا ہال یا کمرہ ، سہ درہ (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[تِ (رک) + بار (رک) + ا ، لاحقۂ نسبت]

تبارک (فت ت ، ر) .

(الف) صف .

بڑا ، بزرگ ، عالی .

تلگ تخت شہ کوں مبارک ہوا
اپنگ سایۂ حق تبارک ہوا

۱۷۵۷ گلشن عشق ، ۳۱

ہم خیر کثیر کے ہیں طالب اے رب تبارک و تعالیٰ

۱۹۶۲ کاک موج ، ۳۷

(ب) امث .

۱. قرآن شریف کی ایک سورت جس سے انتیسواں پارہ شروع ہوتا ہے .

کم سے کم (۳۱) مرتبہ سورۂ تبارک پڑھوا کر مردے کی ارواح کو ثواب پہنچاتے ہیں .

۱۹۰۵ رسوم دہلی ، سید احمد ، ۱۲۱

۲. مسلمانوں کی ایک مذہبی رسم جو ماہ رجب میں مردے کی مغفرت کے لیے ادا کی جاتی ہے ، اس رسم میں سورۂ تبارک‌الذی اکتالیس بار پڑھ کر اکثر میٹھی روغنی روٹی تقسیم کی جاتی ہے جس پر سونف کلونجی وغیرہ لگی ہوتی ہے یا کوئی اور شیرینی بانٹی جاتی ہے .

چوتھے جمعے کو مردے کی تبارک ہوتی ہے .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۶۰

[ع]

ــ اللہ (ــ فت ک ، غم ا ، شد ل بمد) کلمۂ توصیف .

(لفظاً) **بڑائی اللہ کے لیے ہے ، مدح میں تعجب کے موقع پر یہ فقرہ رائج ہے ، سبحان‌اللہ ، ماشاءاللہ ، کیا کہنا .**

زہے وہ تاج سر لا فتیٰ کی تیغ دوسر
تبارک اللہ اجل بولی پاؤں پر گر کر

۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۳ : ۷۳

[ع]

ــ کی روٹی (ــ و مج) امث .

تبارک معنی نمبر ۲ (رک) کی روٹی جو تقسیم کی جاتی ہے نیز مجازاً .

ہوا محمودہ ہوگم یہ سامنے والی چپک رو لڑکی تبارک کی روٹی کا سا منہ لیے ہوے کون ہے .

۱۸۷۲ بنات‌النعش ، ۲۱

اکثر اس مہینے میں تبارک کی روٹیاں پکتی ہیں . . . یہ باتیں خلاف شرع ہیں .

۱۹۱۶ معلّمہ ، ۱۶۰

تبارہ (کس ت ، فت ر) صف .

رک : تبارا (پلیٹس) .

[س : तिवार + क: तवार + کہ]

تبارید (فت ت ، ی مع) امث .

(طب) تبرید (رک) کی جمع .

یہ ہوگزری ہیں تدبیرات قے اور منضج و مسہل
تبارید و حجامت ، فصد و ارسال علق ساتوں

۱۸۶۴ دیوان حافظ ہندی ، ۶۷

[ع]

تباسی (کس ت) صف .

تین دن کی رکھی ہوئی کوئی چیز ، تین روز کا باسی (کھانا وغیرہ) .

شیر ، شکار مار لینے کے بعد اگر جانور بڑا ہے تو باسی اور تباسی تک کھا جاتا ہے .

۱۹۴۴ رفیق حسین ، گوری ہو گوری ، ۵۲

[س : तर + वास + ان + کہ: त्रि + वास + इन + क:]

ــ عید (ــ ی مع) امث .

عید کا تیسرا دن .

باسی اور تباسی عید تک مسلمانوں کے ہاں دھوم دھام رہتی ہے .

۱۹۳۰ چار چالد ، ۱۱۴

[تباسی + عید (رک)]

تَباشِیر (فت ت ، ی مع) امث ؛ ~ طباشیر .

۱. رک : بنس لوچن .

مے پی کہ میاں دفع حرارت کے خلل کو
پیالے میں تباشیر ملا دے شب مہتاب

۱۷۹۲ دیوان محب (ق) ، ۹۶

اے شب فرقت بنفشہ کیوں پلاتی ہے مجھے
سوز دل کو ہے تباشیر سحر کی احتیاج

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۸۰

طلیعۂ سحر و ماہ ہے محاق و کلف
ہے آب تباشیر رخ بیاض کرم

۱۹۶۶ منحمنا ، ۱۳

۲. (مجازاً) سپیدۂ صبح ، آغاز صبح کی روشنی .

لوح پیشانی تختۂ سیمیں یا مطلع نور ہے یا تباشیر صبح یا شمع طور ہے .

۱۸۲۳ فسانۂ عجائب ، ۳۸

ایک ہے نفع و ضرر ، اب زرگل ہو کہ شرر
مشکناب شب یلدا کہ تباشیر سحر

۱۹۶۳ ورق ناخواندہ ، ۳۵

[ف ؛ س : تواکشیر तवक्षीर]

تِباع (کس ت) امذ (قدیم) .

پیروی ، اتباع .

کہا یہ بعض نے اسلام خوب مذہب ہے
جسے تباع میں توحید کے ہے یوں اصرار

۱۹۲۷ شاد عظیم آبادی ، سروش ہستی ، ۱۱۰

[ع]

تَباعُد (فت ت ، ضم ع) امذ .

دور ، دوری ، جدائی ، علیحدگی ، ایک دوسرے سے دور رہنے کی حالت و کیفیت .

اوس نے بھی بنا بر تباعد ہر دو مملکت اور تباین ہر دو ملت اس کی امداد میں اہمال کیا .

۱۸۵۱ عجائب القصص ، ۲ : ۲۵

مصالح کے لحاظ سے جہاں تک تنافر و تباعد ہو وہاں تک فائدہ متصور ہے .

۱۹۰۵ سائنس و کلام ، ۵

[ع]

تَباغُض (فت ت ، ضم غ) امذ .

آپس میں بغض رکھنا .

حالانکہ سب مجتمع و متفق تھے اوپر عبادت اصنام اور التزام ازلام متمکن اوپر عادت جاہلیت ہیچ عصبیت اور حمیت اور تعادی و تباغض اور فسق و فساد .

۱۸۵۱ عجائب القصص ، ۲ : ۲۸۳

یقین ہے کہ تجارتی و استعماری رقابت روز بروز ان میں تناقص و تباغض بڑھاتی رہے گی .

۱۹۱۸ مسئلۂ شرقیہ ، ۱۵۱

[ع]

تَباک (فت ت) امذ .

بخار ، حرارت .

تھا یہ حسینؑ جس کا محمدؐ تھا ناز کش
نا چار آفتاب سے اب اس کو ہے تباک

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۳۰۱

[ف]

تَباکُو (فت ت ، و مع) امذ ؛ ~ تماکو .

تمباکو (رک) کی ایک صورت .

تمباکو کے علاوہ اردو میں تماکو اور تباکو بھی رائج ہیں .

۱۹۵۵ اردو میں دخیل پوربی الفاظ ، ۳۲۰

تَباکھیر (فت ت ، ی مع) امث ؛ ~ تباشیر .

ایک دوا ہے جو بنسلوچن کی طرح ہوتی ہے ، رنگ سفید مثل نشاستے کے مگر بنسلوچن کی طرح براق نہیں ہوتی ، اس کے ٹکڑے نرم جلد ٹوٹنے والے اور منہ میں رکھنے سے جلد ہی گھل جاتے ہیں ، کسی قدر طباشیر کا مزا اس میں ہوتا ہے ، اسے تواکھیر اور توا چھری بھی کہتے ہیں (خزائن الادویہ ، ۳ : ۲۰۲) .

[رک : تباشیر]

تَبال گَڑ (فت ت ، ک ، ڑ) امذ .

طبی بوٹی چریٹا کا دوسرا نام .

کالا دھتورہ سے یا مرہٹی یعنی بابو نہ سے تبال گڑ یعنی چریٹا سے . . . رگڑے .

۱۹۰۶ اکسیرالاکسیر ، ۱۰

[؟]

تَبانچہ (طبانچہ) مارے منہ لال رکھتے ہیں کہاوت .

بغاوت سے سرخروئی ظاہر کرتے ہیں ؛ بہت سختی کرتے ہیں (ماخوذ : خزینۃ الامثال ، ۶۰) .

تَباہ (فت ت) صف .

۱. **خراب ، برباد ، ویران ، اجاڑ .**

کھڑے در پہ چشم براہ ہیں خلش جگر سے تباہ ہیں
ہدف خدنگ نگاہ ہیں کوئی تیر اور لگائیے

۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۲۰۲

باقی جس قدر تھے تباہ و تاراج ہو گئے .

۱۹۳۴ قرانی قصے ، خیری ، ۱۰۴

۲. **شکستہ ، خستہ حال .**

ہے ہے مجلس منے کن لاف صبوری مارے
اسے غافل نہ کہو تم وو اہے سب میں تباہ

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۲۳

اُٹھے نہ غیر کے پہلو سے آپ کیا جانیں
کسی غریب خراب و تباہ کی گردش

۱۸۷۸ گلزار داغ ، ۱۰۸

۳. **غرقاب ، غرق شدہ ، ڈوبا ہوا .**

نکالا چاہتا ہے بحر سے کشتی تباہوں کی
خدا کی شان ہم بھی آرزوے نا خدا نکلے

۱۸۹۵ زکی ، د ، ۱۴۵

۴. **ضائع ، رائیگاں .**

دانتوں سے پکڑی مشک کہ محنت نہ ہو تباہ
مشکیزے پر بھی تیر لگا وا مصیبتاہ

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۱ : ۲۰۹

۵. **فاسد ، نا درست .**

کیونکہ تو کرتا تھا پہلے سجدہ آہ
ہو گئی تیری نماز اس سے تباہ

۱۸۱۴ حکایات رنگین ، ۲۹

[ف]

ــ حال صف .

خراب حال ، خستہ حال ، پریشان حال ، مصائب میں زندگی بسر کرنے والا (پلیٹس ؛ مہذب اللغات) .

[تباہ + حال (رک)]

ــ سرِشتی (— کس س ، ر ، سک ش) اسث .

بد ذاتی ، کمینگی ، بربادی اور برے کاموں کی طرف مائل ہونے کی فطرت ، طبیعت کا پاجی پن .

انھوں نے راجہ کے کان بھرنے شروع کئے کہ چچ نے اپنی بد گوہری اور تباہ سرشتی سے رانی سے یہ ہمدرد دوستی پیدا کیا ہے .

۱۸۸۰ تاریخ ہندوستان ، ۱ : ۱۶۵

[تباہ + سرشت (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ــ کاری اسث .

رک : تباہی ، بربادی .

ملک . . . کے لیے خاص تدبیریں اختیار کرے ، تاکہ جنگل خلاف احتیاط تباہ کاری سے محفوظ رہیں .

۱۹۴۰ معاشیات ہند (ترجمہ) ، ۱ : ۲۳

[تباہ + کاری (رک)]

ــ کرنا محاورہ .

(کبوتر بازی) بہا دینا ، غائب کر دینا ، گم کر دینا .

ہوا نے چار کبوتر تباہ کر دئے .

۱۹۲۶ نور اللغات

ــ کُن (— ضم ک) صف .

تہس نہس کرنے والا ، بربادی پھیلانے والا ، مصیبت لانے والا .

میواڑ کے باربدوں کو اپنی منظوم داستانوں کے لئے اس محاصرے کے تباہ کن نتائج میں بہت عمدہ مصالحہ شاعری اور طبع آزمائی کا مل گیا ہے .

۱۹۲۹ افسانۂ پدمنی ، ۱۱۵

[تباہ + ف : کُن ، کردن (= کرنا) سے]

ــ ہونا محاورہ .

(پتنگ بازی) کنکوّے کا اکھڑنا (نور اللغات) .

تَباہی (فت ت) اسث .

۱. (i) **خرابی ، بربادی .**

بچیں ہر ایک آفت سے الٰہی
نہ دیکھیں دین و دنیا میں تباہی

۱۸۷۲ محامد خاتم النبیین ، ۸

ہوا میں اینٹتی ہوئی فضا میں جھومتی ہوئی
تحمل و شکیب کی تباہیاں لئے ہوئے

۱۹۳۳ سیف و سبو ، ۸۷

(ii) **اختتام ، نیست و نابود .**

اسلام کا وجود حقیقۃً ان مظالم کی تباہی اور حقوق اللہ کی تصریح تھی .

۱۹۱۲ شہید مغرب ، ۷۲

(iii) **ڈوبنے یا ڈبونے کا عمل ؛ ٹوٹ پھوٹ یا تتر بتر ہونے کی حالت .**

اک مدعی کی کشتی راحت نصیب ساحل
اور اک مرا سفینہ پروردۂ تباہی

۱۹۱۹ رعب ، ک ، ۳۳۸

۲. آفت ، مصیبت ، بلا .

جھینگروں پر عجب تباہی ہے مر گئے ہر بھی رو سیاہی ہے

۱۷۷۵ مثنویات حسن ، ۱ : ۱۶۷

دل کو سینے سے پریشانی دل لے نکلی
آ گئی حسرتوں پہ ہائے تباہی کیسی

۱۸۸۸ مضمون ہائے دلکش ، ۶۵

انہوں نے دعا کی اور تباہی دور ہو کر کھیتی باڑی سرسبز ہو گئی .

۱۹۳۴ قرآنی قصے ، خیری ، ۲۱

۳. شکستہ حالی ، مفلسی .

اب بند میں کب تک یہ فقیری یہ تباہی
اس در کی گدائی ہے مرے واسطے شاہی

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۲ : ۱۲۶

نواب صفدر جنگ کی وفات کے بعد اس نئی بستی پر چند روز کے لئے تباہی برس گئی .

۱۹۲۶ شرر ، مشرقی تمدن کا آخری نمونہ ، ۶۱

اف : آنا ، برسنا ، پڑنا ، چھانا ، مچانا .

[ف]

ـــ زدہ (ـــ فت ز ، د) صف .

بدنصیب ، فلاکت زدہ ، مفلوک الحال ، آفت رسیدہ .

میرے ہی تباہی زدہ قاصد نہ کہیں ہوں
رہتے ہیں مہ و مہر جو دن رات سفر میں

۱۸۷۷ درۃ الانتخاب ، ۸۹

ہم بیچارے مصیبت کے مارے تباہی زدہ . . . از وطن دور غریب مسافران مہجور ہیں .

۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۱۴

[تباہی + زدہ (رک)]

ـــ کا مارا صف .

رک : تباہی زدہ (مخزن المحاورات ، ۳۰۵) .

ـــ کرنا محاورہ (قدیم) .

تباہ کرنا ، نیست و نابود کرنا .

تمن مار کر میں تباہی کروں
تمن طعمۂ مرغ و ماہی کروں

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۳۹۸

ـــ کھانا محاورہ .

آفت میں مبتلا ہونا ، مصیبت میں پڑنا ، برباد ہونا .

ایسی ایسی تباہی کھا کر ویسے شہر سے . . . جلا وطن ہوا .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۳

تَبائُن (فت ت ، ضم ی) اسذ .

۱. اختلاف ، فرق ، ضد .

بنا بر تباعد بر دو مملکت اور تباین بر دو ملت اس کی امداد میں اہمال کیا .

۱۸۵۱ عجائب القصص ، ۲ : ۲۵

انہوں نے باوجود مذہبی و معاشرتی تباین کے رشتہ داری کے تعلقات کا پورا لحاظ رکھا .

۱۹۳۸ تذکرۂ وقار ، ۱۱۶

۲. (ریاضی) اعداد کی چار نسبتوں (تماثل ، تداخل ، توافق ، تباین) میں سے ایک نسبت کا نام ، وہ یہ ہے کہ چھوٹا عدد بڑے کا جزو اور اس میں داخل نہ ہو ، جیسے پانچ اور سات کہ ان میں کوئی کسی کا جزو نہیں (ماخوذ : اردو قانونی ڈکشنری) .

یہ قاعدہ ظاہر ہوا کہ وارث ترکے سے اپنا اپنا حصہ بغیر کسی کسر کے نہیں پا سکتے اور ان کی تعداد اور سہام میں تباین کی نسبت ہے .

۱۸۹۲ اصول نظائر شرع محمدی ، ۲۲

۳. تباین اس کو کہتے ہیں کہ دو کلیوں کے مصداق دونوں کے افراد علیحدہ علیحدہ ہوں (مبادی الحکمۃ ، ۲۳) .

[ع]

ـــ جُزئی کس صف (ـــ ضم ج ، سک ز) اسذ .

تباین کی وہ صورت جس میں کلیۃً افتراق تو نہ ہو مگر افتراق کو غلبہ ہو جیسا کہ عموم و خصوص وجہ میں ہوا کرتا ہے اسی کا نام تباین جزئی رکھ لیا ہے (مبادی الحکمۃ ، ۲۹) .

[تباین + جزئی (رک)]

ـــ کُلّی کس صف (ـــ ضم ک ، شد ل) اسذ .

۱. (منطق) تباین کی وہ صورت جس میں کلیۃً افتراق پایا جاتا ہو (مبادی الحکمۃ ، ۲۹) .

۲. کامل تفاوت ، اختلاف کلی .

حوادث نے اس حلقے میں رہنے پر مجبور کیا ہے جس کو ہم سے مذاق و خیال میں تباین کُلّی ہے .

۱۹۱۸ خطوط اکبر ، ۱۱۸

[تباین + کُلّی (رک)]

تَبَت/تَبّت (فت ت ، ب/فت ت ، شد ب بفت) اسذ .

ساز بجانے کا کمانچہ ، ساز چھیڑنے کا آلہ .

مضراب کو تت اور کمانچہ کو تبت کہتے ہیں .

۱۹۶۰ حیات امیر خسرو ، ۲۰۲

[؟]

تبتل (ف ت ، ب ، شد ت بضم) امذ .

۱. **تجرد اختیار کرنے کا عمل ، مجرد زندگی گزارنے کی حالت .**

نہ اس نے رہبانیت اور تبتل کو جائز رکھا ہے اور نہ . . . پہاڑوں میں بیٹھ کر عبادت کرنا مباح قرار دیا ہے .

۱۹۰۳ المدینہ و الاسلام ، ۸۶

۲. **اللہ کے سوا سب سے منقطع ہو کر ہمہ تن خدا کی عبادت میں لگے رہنے کی حالت .**

تبتل کے اصل معنی کٹ جانے کے ہیں اور اس کے اصطلاحی معنی ہیں خدا کے سوا ہر چیز سے کٹ کر صرف خدا کا ہو جانا .

۱۹۳۵ سیرۃ النبی ، ۵ : ۱۶۴

[ع]

ـــ المرید (— ضم ل ، غم ا ، سک ل ، ضم م ، ی مع) امذ.

(تصوف) اس سے مراد تجرید یعنی خالی ہونا حظوظ نفسانیہ سے ہے (مصباح التعرف ، ۶۹) .

[تبتل + رک : ال (۱) + مرید (رک)]

ـــ واصل (— کس ص) امذ .

(تصوف) اس سے مراد ماسوائے حق سے منقطع ہو جانا ہے (مصباح التعرف ، ۶۹) .

[تبتل + واصل (رک)]

تبتی (کس ت ، شد ب بفت) امذ .

مروارید کی ایک قسم ؛ نیز ایک قسم کا زردی مائل الماس (مطلع العجائب ، ۲۸۶) .

[تبت (علم) + ی ، لاحقۂ نسبت]

تبت یدا (ف ت ، شد ب بفت ، سک ت ، فت ی) فقرہ .

(قرآن مجید کے سورۂ لہب کے ابتدائی کلمات) ٹوٹ گئے دونوں ہاتھ (بطور تلمیح مستعمل ، مراد : سورۂ لہب) .

تجھ ید کوں جب سیں ید لگا تب سیں ید بیضا ہوا
تبت یدا کا ورد اب دن رات جب کرتا ہوں میں

۱۷۰۷ ولی ، ک (ضمیمۂ اول) ، ۱۵

یقیں ہے قطع ہوں دو چار کے ہاتھ
سبق اس شوخ کا تبت یدا ہے

۱۸۵۴ گلستان سخن ، ۵۰۲

[ع]

تبتیل (ف ت ، سک ب ، ی مع) امث .

رک : تبتل ، تجرید ، مجرد ہونے کی کیفیت .

از برائے خدا رسول جلیل مجھ پہ طاری ہو حالت تبتیل

۱۸۹۶ مجموعہ نظم بے نظیر ، ۲۴

[ع]

تبجیل (ف ت ، سک ب ، ی مع) امث .

تعظیم و تکریم بجا لانا ، عزت کرنا .

بیان میں ذکر حضرت صلی اللہ علیہ و سلم کے کتب سابقہ میں اور تعظیم و تبجیل ان کی .

۱۸۵۱ عجائب القصص (ترجمہ) ، ۱۸۶

[ع]

تبحر (ف ت ، ب ، شد ح بضم] امذ .

دریا جیسا ہونے کی صفت ، (مجازاً) بڑا عالم ہونا ، کسی ہنر میں کامل ہونا ، علامہ ہونا ؛ گہرائی ، وسعت ، بے پایانی .

تبحر اس بزرگ کا اس کی تحریر سے ہویدا ہے .

۱۸۰۵ آرائش محفل ، افسوس ، ۱۲۱

میرے دوست کو بہت حیرت ہوئی اور وہ ڈاکٹر صاحب کے تبحر علمی کے قائل ہو گئے .

۱۹۳۵ چند ہم عصر ، ۲۹۲

[ع]

تبخال/تبخالہ (ف ت ، سک ب/ف ل) امذ .

وہ چھالا جو بخار کی گرمی سے ہونٹوں پر یا اس کے آس پاس نکل آتا ہے .

انگارے لال اور موتی تھے تبخال
ہوے نیلم بدن پر داغ فی الحال

۱۷۵۹ راگ مالا ، ۲۱

بے بادہ تف دل سے اگر نالہ کروں میں
بھر لب کو گرو ساغر تبخالہ کروں میں

۱۸۲۴ مصحفی ، د (انتخاب رامپور) ، ۱۳۱

یہاں تو سانس بھی لینے کے پڑ گئے لالے
نفس کے ساتھ ہی پڑتے ہیں لب پہ تب خالے

۱۹۳۶ شعاع مہر ، ۱۷۲

[رک : تب + خال/خالہ (رک)]

تبختر (ف ت ، ب ، سک خ ، ضم ت) امذ .

۱. **اترابٹ ، ناز و انداز اور فخر کی چال ، غرور ، تکبر .**

تو بھی تو ایک دن چل گلشن میں ساتھ میرے
کرتی ہے کیا تبختر بلبل گلِ چمن پر

۱۸۱۰ مہر ، ک ، ۵۸۰

ادعاے محبت کا نتیجہ ناز ، تبختر اور کبھی گستاخی . . . نافرمانی بھی ہے .

۱۹۳۲ سیرۃ النبی ، ۴ : ۵۲۵

اف : کرنا ، ہونا .

[ع]

— پیشہ (— ی مج ، فت ش) صف .

تبختر کرنے والا ، مغرور ؛ انرانے یا ناز و انداز کرنے والا .

کیا حقیقت ہے تمہاری اے تبختر پیشگاں
خاک میں جب مل گیا کاسہ سر فغفور کا

۱۸۷۹ دیوان عیش دہلوی ، ۵۸

[تبختر + پیشہ (رک)]

تبخرہ (فت ت ، سک ب ، کس خ ، فت ر) اسذ .

تبخیر ہونا ، کھانا کھانے کے بعد یا معدہ خالی ہونے کی وجہ سے بخارات اٹھنا .

جب انسان کا معدہ ہضم اور فتور سے خالی ہو ، اور دل و دماغ تبخرۂ معدی کی مصیبت سے پاک ہو .

۱۹۳۵ سیرۃ النبی ، ۵ : ۳۱۵

[ع]

تبخیر (فت ت ، سک ب ، ی مع) اسث .

۱. گرمی کی شدت سے مایع کا بخارات میں تبدیل ہونا یا بھاپ بننا .

تبخیر سے پانی بخارات بن کر ہوا میں پھیلتا ہے اور تکاثف سے بخارات پانی بن کر پھر اسی پانی میں آ ملتے ہیں .

۱۸۷۵ جغرافیۂ طبیعی ، ۱ : ۳۵

مایع حالت سے گیسی حالت میں تبدیلی کو تبخیر . . . کہتے ہیں .

۱۹۶۶ حرارت ، ۲۴۲

۲. وہ بخارات جو کھانا کھانے کے بعد یا خلوئے معدہ میں دماغ تک پہنچتے ہیں ، ایک بیماری .

آگ بھڑکاتی ہے داغوں کی حرارت قلب میں
جسم کو میرے جلائے دیتی ہے تبخیر دل

۱۸۷۵ دیوان یاس ، ۹۷

۳. حرارت خفیف ، ہلکا بخار .

تین بجے سے پھر بخار کی تبخیر بڑھی .

۱۹۱۹ روز نامچہ ، حسن نظامی ، ۲۳۳

[ع]

تبدع (فت ت ، ب ، شد د بضم) اسذ .

بدعتی ہونا ، بدعتوں کا مشرب اختیار کرنا .

تبدع و توہب کا وہ زبردست دیو جو سویا کبھی بھی نہ تھا درمیان میں ذرا اونگھنے لگا تھا .

۱۹۲۵ محمد علی ، ۱ : ۲۲۸

[ع]

تبدل (فت ت ، ب ، شد د بضم) اسذ .

تبدیلی ، بدل جانے کی کیفیت .

رضواں کو تمنائے تبدل ہے بصد جاں
منظور ید کب کرتا ہے دربان مدینہ

۱۸۷۳ دیوان فدا ، ۲۸۶

تورات اور انجیل ہمیشہ تغیر و تبدل کے مختلف قالب بدلتی رہیں .

۱۹۰۴ مقالات شبلی ، ۱ : ۶۶

[ع]

— رائے کس اضا اسذ .

خیال بدلنا ، رائے تبدیل ہونے کا عمل .

پاس خاطر . . . سے لکھا ہے کچھ انصاف سے نہیں اور بھی وجہ تبدل رائے کی ہے کہ مسٹر گرانٹ صاحب پہلے تجویز توڑیں .

۱۸۵۶ نامۂ واجد علی شاہ (ق) ، ۸۴

[تبدل + رائے (رک)]

تبدلی (فت ت ، ب ، شد د بضم) صف .

تبدل (رک) سے منسوب (عموماً موصوف کے ساتھ مستعمل) .

ان میں ہوائی نسیج یا ہوا رساں بافت کا بکثرت نمو ہوتا ہے ، جو کائی تبدلی بافت سے تیار ہوتی ہے .

۱۹۴۲ مبادی نباتیات ، ۲ : ۷۰۴

[تبدل (رک) + ی ، لاحقۂ صفت]

— بافت (— سک ف) اسث .

(نباتیات) پودے کی جڑ میں پانی لے جانے والی نالی اور غذا کی نالیوں کے درمیان ایک قسم کے پتلے دیوار والے خلیوں کا مجموعہ .

تبدلی بافت پودے کا بہت اہم حصہ ہوتا ہے اس لیے پودے کی نشو نما کا انحصار اسی پر ہے .

۱۹۴۷ جدید معلومات سائنس ، ۲۹۰

[تبدلی + بافت (رک)]

— پرت (— فت پ ، ر) اسذ .

درخت کے تنے اور چھال کے درمیان جھلی نما غلاف جو چھال کی شکل اختیار کر لیتا اور اس کی جگہ دوسرا غلاف پیدا ہو جاتا ہے یہ نمو میں مددگار ثابت ہوتا ہے .

تبدلی پرت کے پاس سے گودے کی جانب باریک افقی ریشہ دار بافت کی رگیں . . . ہوتی ہیں .

۱۹۴۸ اشواء تعمیر ، ۹۷

[تبدلی + پرت (رک)]

تبدید (فت ت ، سک ب ، ی مع) امث .

انتشار ، بکھرنا ، بکھراؤ .

تخلخل تبدید اجزا سے ہوتا ہے .

۱۹۲۵ حکمۃ الاشراق ، ۱۸۱

[ع]

تبدیع (فت ت ، سک ب ، ی مع) امث .

بدعت کا الزام لگانا ، بدعتی (مذہب میں نئی بات نکالنے والا) قرار دینا .

بموجب تکفیر فلاسفہ ہیں اور سترہ اصول سے ان کی تبدیع ہوتی ہے .

۱۸۹۵ تہذیب الاخلاق ، ۱ : ۱۰۸

اسلام میں مختلف فرقے تاویل ہی کی وجہ سے پیدا ہوئے اور ایک نے دوسرے کی تکفیر و تبدیع کی .

۱۹۵۶ حکمائے اسلام ، ۲ : ۲۰۷

[ع]

تبدیل (فت ت ، سک ب ، ی مع) امث .

۱. ایک جگہ (ملازمت کے مقام) سے دوسری جگہ بدلے جانے کا عمل ، تبادلہ .

گورنمنٹ . . . بآسانی ایک کی جگہ . . . دوسرے کو تبدیل کر دیتی ہے .

۱۸۸۹ مکمل مجموعہ لکچرز و اسپیچز ، ۳۱۷

گورنمنٹ نے نواب صاحب کی خواہش پر وہاں تبدیل کر دیا ہے .

۱۹۱۶ خطوط اکبر ، ۳۶

۲. بدل جانے کی کیفیت ، تغیر واقع ہونے کا عمل .

ہوا پھر شام سوں جیوں صبح تبدیل
سگل پنکھاں لیتے تسبیح و تہلیل

۱۶۶۵ پھول بن ، ۱۹

تقدیر کا لکھا بھی تبدیل ہوگیا ہے
گیا سر نوشت میری مفتود ہے قلم سے

۱۷۷۲ فغان ، د (انتخاب) ، ۱۳۲

ان کے بعد کچھ کچھ اس زبان میں تغیر و تبدیل ہوئی .

۱۸۳۶ تذکرۂ اہل دہلی ، ۶

پروٹین مادوں اور شکروں کو . . . سادہ اجزا میں تبدیل کر دیتے ہیں .

۱۹۶۷ بنیادی خرد حیاتیات ، ۱۱

[ع]

ـــ آب و ہوا کس اضا (ـــ و مج ، فت ہ) امذ .

صحت کے فائدے کے لیے کسی دوسری جگہ جانا (فرہنگ آصفیہ ؛ جامع اللغات) .

[تبدیل + آب (رک) + و ، عطف + ہوا (رک)]

ـــ پذیر (ـــ فت نیز کس پ ، ی مع) صف .

جس کو بدلا جا سکے یا تبدیل کیا جاسکے ، تغیر پذیر ، لچک دار .

تبدیل پذیر (Convertible) پالیسی معذور ترین ہو سکتی ہے .

۱۹۶۴ بیمۂ حیات ، ۲۲۰

[تبدیل + پذیر (رک)]

ـــ ہو آنا ف مر .

بدلنا ، تبدیل ہونا .

تبدیل ہو آیا جو خیال شہ عالی
دوزخ کو بھرا اور ہرے کر دیے خالی

۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۳ : ۳۳

ـــ صورت کس اضا (ـــ و مع ، فت ر) امث .

بھیس بدلنا ، دھوکا دینے کے واسطے صورت بدلنا (جامع اللغات) .

اف : کرنا ، ہونا .

[تبدیل + صورت (رک)]

ـــ کا مسطرہ (ـــ کس م ، سک س ، فت ط ، ر) امذ .

ہیرا میٹر میں پارے کی بلندی اس نلی میں ایک ارتفاع معین کہلاتی ہے اور وہ تفاوت جو درمیان نہایت زیادہ اور نہایت کم ارتفاع کے ہے وہ تبدیل کا مسطرہ کہلاتا ہے (ستہ شمسیہ ، ۴ : ۱۱۸) .

ـــ کرنا محاورہ .

۱. بدلنا ، پلٹنا ، پھرانا ، برگشتہ کرنا .

میری قسمت نے اس عورت کو بھی تبدیل کردیا کبھی اس کا ایک لفظ مصری کی ڈلی تھا .

۱۹۲۳ قوم پرست ، ۲۸

۲. بھیس بدلنا ، کپڑے یا دوسرا لباس پہننا (پایٹس ؛ جامع اللغات) .

ـــ ماہیت کس اضا (— کس ہ ، شد ی بفت) امث .

ماہیت بدل جانا .

کیوں نہ ہو تبدیل ماہیت کا مجکو اعتراف
میرے بخت بد سے ہے تاثیر سم تریاک میں

۱۸۹۵ دیوان زکی ، ۱۱۴

[تبدیل + ماہیت (رک)]

ـــ مذہب کس اضا (— فت م ، سک ذ ، فت ہ) امذ .

اپنے مذہب کی بجائے کوئی دوسرا مذہب اختیار کرنا (جامع اللغات) .

[تبدیل + مذہب (رک)]

ـــ مکان کس اضا (— فت م) امث .

نقل مکان ، گھر بدلنا (پلیٹس ؛ نوراللغات) .

[تبدیل + مکان (رک)]

ـــ ناجایز کس صف (— کس ی) امث .

(قانون) دستاویز وغیرہ میں جعل سے کچھ بدل دینا ، جعل سازی (اردو قانونی ڈکشنری) .

[تبدیل + ناجائز (رک)]

ـــ ہیئت کس اضا (— ی لین ، فت ء) امث .

۱. ہیئت بدل جانے یا ایک حالت سے دوسری حالت میں آنے کا عمل .

واقعی عجیب کایا پلٹ ہے . . . ان تغیرات کو تبدیل ہیئت اور قلب ماہیت کہتے ہیں .

۱۹۱۰ مبادی سائنس ، ۹۱

۲. (قانون) بھیس بدلنا ، دھوکا دینے کے لیے صورت بدلنا (اردو قانونی ڈکشنری) .

[تبدیل + ہیئت (رک)]

تبدیلی (فت ت ، سک ب ، ی مع) امث .

۱. ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلا جانا ، بدلی ، تبادلہ .

سر سید کی تبدیلی بنارس کو ہو گئی .

۱۹۳۸ حالات سر سید ، ۲۸

۲. تغیر ، تبدل ، ترمیم .

سمجھتے تھے کہ سکہ ، خطبہ ، بحالی ، برطرفی ، تبدیلی عطیہ ، ضبطی وغیرہ میں کسی کے حکم کے تابع ہوں .

۱۸۸۳ دربار اکبری ، ۴۵۰

اس طریقے کی ترمیم یا تبدیلی کا اثر سب سے پہلے اس رواج پر پڑے گا .

۱۹۳۶ راشدالخیری ، نالۂ زار ، ۴۳

ـــ دل کس اضا (— کس د) امث .

۱. روح ، نفس یا باطن کی تبدیلی (English Urdu Dictionary of Christian Terminology) ، ۱۲۷ .

۲. (طب و جراحت) آپریشن کے ذریعے دل کی تبدیلی منتقلی قلب (جامع اللغات) .

[تبدیلی + دل (رک)]

ـــ شکل کس اضا (— فت ش ، سک ک) امث .

رک : **تبدیل ہیئت .**

اس قسم کی تبدیلی شکل کو اصلی زوایت کا نام دیا گیا ہے اور اس کو سمیوں کی بالیدگی سے تشبیہ دی گئی ہے .

۱۹۵۷ بنیادی خرد حیاتیات ، ۳۹۱

[تبدیلی + شکل (رک)]

ـــ عقیدہ کس اضا (— فت ع ، ی مع ، فت د) امث .

دین بدلنا ، تبدیلی مذہب (English Urdu Dictonary of Christian Terminology) ، ۱۲۷ .

[تبدیلی + عقیدہ (رک)]

ـــ قلب کس اضا (— فت ق ، سک ل) امذ .

رک : **تبدیلی دل معنی نمبر ۲ .**

تبدیلی قلب کے جتنے بھی آپریشن اب تک ہوئے ہیں انتہائی پیچیدہ اور زر کثیر . . . مطالبہ کرتے ہیں .

۱۹۸۰ روزنامہ ، جنگ ، جون ، ۳

[تبدیلی + قلب (رک)]

تبذّر (فت ت ، ب ، شد ذ بضم) امذ .

۱. فضول خرچی کرنا ، دولت تباہ کرنا .

انھوں نے عدالت حقہ کا راستہ چھوڑ کر اسراف و تبذر کا راستہ اختیار کیا .

۱۹۵۸ آزاد (ابوالکلام) (انتخاب الہلال ، ۱۹۶)

۲. (طب) جراثیم پھیلنے کے ایک طریقے کا نام جس میں ایک جرثومہ دو ٹکڑوں میں منقسم ہو جاتا ہے اور پھر دونوں ٹکڑے مستقل جرثومہ بن جاتے ہیں ، ٹکڑے ٹکڑے ہو کر پھیلنے کا عمل ، ذرات بن جانے کی کیفیت .

جراثیم کی نسل دو طریقوں سے بڑھتی اور پھولتی پھلتی ہے ان میں سے ایک طریقہ تو طریق تبذر کہلاتا ہے اور دوسرا طریق تناسل .

۱۹۳۳ حمیات اجامیہ ، ۸

[ع]

تبذیر (فت ت ، سک ب ، ی مع) امث .

۱. دولت تباہ کرنا ، مال کو فضول خرچ کرنا ، بے ضرورت روپیہ اڑانا .

پیغمبر صاحب کا مقصود کفن میں اسراف و تبذیر کرنے کی ممانعت ہے .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۳ : ۲۷۹

۲. پراگندگی کرنا ؛ زمین سے گھاس کا اکنا (لغات کشوری).

[ع]

تبذیری (فت ت ، سک ب ، ی مع) صف .

تبذیر (رک) سے متعلق ، (وہ کام وغیرہ) جس میں فضول خرچی اور اسراف ہو .

شاید ہی کوئی بندۂ خدا ہوتا ہوگا جو ان اسرافی و تبذیری مذاکرات پر . . . کچھ تفہیم و تنبیہ کر دیتا ہو .

۱۹۶۲ تجدید معاشیات ، ۳۵۹

[رک : تبذیر + ی ، لاحقۂ صفت]

تبر (فت ت ، ب) امذ .

۱. ایک آلہ جس میں کلہاڑی کی طرح لمبا دستہ لگا ہوتا ہے ، درخت وغیرہ کاٹنے کے کام آتا ہے .

رنگین نہ کر تو دل کا محل نقش عیش سوں
غم کے تبر سوں مار کہ مسمار ہووے گا

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۹۵

ہم وہ درخت ہیں کہ جسے دم بدم اجل
آرہ ادھر دکھاتی ہے اودھر تبر قضا

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۱ : ۱۵

کہیں گرز و تبر کے ایسے وزنی حربوں کے ہاتھ صاف کیے جا رہے ہیں .

۱۹۰۵ شوقین ملکہ ، ۶

۲. بغدے سے مشابہ ایک ہتھیار جو قدیم دستہ دار جنگی آلات میں شمار ہوتا ہے .

لاگی تبر کی ضرب سو تفراغ اجل کے بات کی
جم کی سکھی نے کم نہ تھا دھکا گرز کی مار کا

۱۶۶۵ علی نامہ ، ۶۵ .

خنجر ، تبر ، بان ، . . . یہ سب میرے زیور ہیں .

۱۸۹۲ خدائی فوج دار ، ۱ : ۱۳

راستے میں مرد کے ڈالے گئے تیغ و تبر
اور عورت کی طرف پھینکے گئے گلبرگ تر

۱۹۳۳ فکر و نشاط ، ۱۰۸

[ف]

— دار صف .

تبر رکھنے والا ، کلہاڑی سے کام کرنے والا (مزدور) .

تبر دار بڑے بڑے درختوں کو کلہاڑے سے کاٹ کر گُدّے اس کے تراشتے ہیں .

۱۸۴۵ ترجمۂ مجمع الفنون ، ۲۵۸

تبر داروں کو حکم دے رہا ہے کہ جنگل کاٹو .

۱۹۰۱ طلسم نوخیز جمشیدی ، ۲ : ۹۸۸

[تبر + دار (رک)]

— زاغنول کس صف (— سک غ ، و مع) امذ .

دو رخے کلہاڑے کی وضع کا جنگی ہتھیار جس کا ایک رخ چپٹا دھار دار اور دوسرا کوے کی چونچ کی شکل کا انی دار ہوتا ہے ، زنگالا (ا پ و ، ۸ : ۳۶)

[تبر + زاغ (رک) + ول (= مانند) (رک)]

— زن (— فت ز) امذ .

لکڑہارا (فرہنگ عامرہ) .

[تبر + ف : زن ، زدن (= مارنا) سے]

— زنی (— فت ز) امث .

(کسی چیز کو) کاٹنے کا عمل ، توڑ پھوڑ ، کٹاؤ ، کلہاڑی چلانے کا عمل .

باد و باراں کے عوامل طبعی کناروں پر مصروف تبر زنی تھے .

۱۹۲۴ جغرافیۂ عالم ، ۲ : ۱۳

[تبر + زن (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

— زین (— ی مع) امذ .

تبر کی ایک قسم جسے زین کے کنارے لٹکاتے ہیں .

یک وار تجھ فراق کی تلوار کا ہے سخت
صد خشت گرز و تیر و تبر زین کے بار سے

۱۸۰۹ فن و کمال ، ۳۶۵

جھنجلا کے لیا ہاتھ میں تب اس نے تبر زین
فرمایا کہ آ متصل او کافر بے دین

۱۹۲۷ شاد عظیم آبادی ، مراثی ، ۲ : ۹۰

[تبر + زین (رک)]

— گُن (— ضم گ) صف .

تبر کی طرح مڑا ہوا یا جھکا ہوا ، گھوڑے وغیرہ کی گڑھے دار پشت (ہلیٹس) .

[تبر + گُن (رک)]

ــ لینا محاورہ .

ہتھیار سنبھالنا ؛ تبر کی ضرب سہنا ، کلہاڑی وغیرہ کی چوٹ یا زخم کھانا .

مجھے اوس نخل پُر از میوہ پہ آتا ہے رحم
پیاس کے مارے جو بے آب تبر لیتا ہے

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۷۱

تبرّا (فت ت ، ب ، شد ر) امذ ؛ ~ تبرّی .

۱. کسی گناہ سے برأت چاہنا ؛ بیزاری ، نفرت ، تنفر ، انکار اور اس کا برملا اظہار نیز اس کا عقیدہ .

صوبے کا حاکم اعلےٰ ندوہ کو اچھا نہیں سمجھتا انھوں نے معاً انکار و تبرا شروع کردیا .

۱۸۸۹ صبح امید ، شبلی ، ۱۱۸

جب تک بندہ اپنے ہر حصۂ نصیب سے تبرّی و بیزاری نہ کر لے اس وقت تک مرد سے خدمت و عبادت با اخلاص کی اہلیت ہی نہیں ہوتی .

۱۹۷۳ کشف المحجوب (ترجمہ) ، ۴۳۴

۲. لعن طعن کرنے کا عمل .

مظلومی حسین پہ ہر شیعہ روتا تھا
اک سمت غاصبوں پہ تبرا بھی ہوتا تھا

۱۸۷۵ دبیر ، دفتر ماتم ، ۸ : ۲۰۸

دو ہی صورتیں ہیں یا تو عورت شوہر کی خاطر صبر کرے اور خاموشی سے تبرے کو سنتی رہے اور یا وہ خاوند سے کہے کہ مرے سامنے تبرا نہ کہنا چاہئے .

۱۹۲۱ اولاد کی شادی ، ۳۸

اف : بھیجنا ، پڑھنا ، کرنا ، کہنا ، ہونا .

[ع]

ــ بازی اسث .

تبرا کرنا ، اظہار بیزاری ، لعن طعن کرنے کا عمل .

اتنا کہہ کے اس نے پھر تبرے بازیاں شروع کردیں .

۱۸۹۶ فلورا فلورنڈا ، ۴۰۵

اف : کرنا ، ہونا .

[تبرّا + بازی (رک)]

تبرّائی (فت ت ، ب ، شد ر) امذ .

برا کہنے والا ، تبرّا کرنے والا ، تبرّا کرنے میں غلو کرنے والا ، (تولائی کی ضد) .

لکھنؤ میں . . . اکبر علی مخلص کا تمام گھرانا . . . سب شیعہ مذہب تھے اور اس کو بھی تمام عالم شیعۂ تبرائی سمجھتا تھا .

۱۸۳۳ اخبار رنگین ، ۳۰

تبرائی شیعوں کی ضد میں گروہ خوارج کھڑا ہوا .

۱۹۰۶ الحقوق والفرائض ، ۲ : ۳۵

[رک : تبرّا + ئی ، لاحقۂ صفت]

تبرج (فت ت ، ب ، شد ر بضم) امذ .

(عورت کا) زیبائش وغیرہ (مردوں پر) ظاہر کرنا .

بحر آزادی میں یہ کیسا تموج ہو گیا
قاصرات الطرف کو شوق تبرج ہو گیا

۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۲ ، ۳ : ۱۰۹

[ع]

تبر خون (فت ت ، ب ، و مع) امذ ؛ ~ طبرخون .

عناب ، سنجلی نیز زبر خون ، شجر عناب ، عنابہ ؛ لاط ، Jupibe ؛ سرخ صندل کی لکڑی ، مجیٹھ ؛ ایک قسم کی ہرا زیلی درخت کی لکڑی ، بید ، بان ، صنصاف ، لاط: Tanagon (ماخوذ : لغات کشوری) .

[ف]

تبرز (فت ت ، ب ، شد ر بضم) امذ .

رفع حاجت کے لئے باہر نکلنا ، براز رفع کرنا .

چنانچہ اسی بنا پر ان کے ہاں صدہا استعارے ایسے لفظوں کی جگہ مستعمل ہونے لگے جیسے . . . بول و براز کے لئے قضائے حاجت ، تغوط ، تبرز وغیرہ .

۱۸۷۹ مقالات حالی ، ۱ : ۱۲۹

[ع]

تبرزد (فت ت ، ب ، سک ر ، فت ز) اسث .

شکر ، نبات ، مصری .

زبان فارسی میں تبرزد مصری کو کہتے ہیں .

۱۹۰۷ فلاحت النخل ، ۳۶

[ف]

تبرزین (فت ت ، ب ، سک ر ، ی مع) امذ .

ایک قسم کا تبر ہوتا ہے کہ سوار گھوڑے کی زین میں رکھتے ہیں (لغات کشوری) (کذا) ؛ چوڑے سرے والا ہتھیار جسے لڑائی میں استعمال کرتے ہیں (فرہنگ آنند راج) .

[ف]

تبرع (ف ت ، ب ، شد ر بضم) امذ .

اپنے طور پر وہ کام کرنا جو واجب نہ ہو ، (ثواب کے لیے) بخشنا ، مفت دینا ، عطا کرنا ، (مجازاً) نفل ، عبادت .

قرض باعتبار ابتدا کے محض تبرع ہے .

۱۸۶۷ نورالہدایہ ، ۳ : ۳۰

اب میں تبرع کے درجے میں حکمت بتلاتا ہوں .

۱۹۰۵ حکیم الامت ، ۶۵

[ع]

تبرعاً (ف ت ، ب ، شد ر بضم ، تن ع بفت) م ف .

تبرع (رک) کے طور پر ، ثواب کے لیے .

اگر انبیا علیہم السلام نے انعامات اور ہبات الٰہی پر شکر کیا تو اوس شکر کا اللہ نے اون سے مطالبہ نہ کیا تھا بلکہ وہ اون کی طرف سے محض تبرعاً تھا .

۱۸۸۷ (ترجمہ) فصوص الحکم ، ۱۴۸

وصیت نہیں کرگیا ہے تو ورثہ (ورثاء) تبرعاً اس کے ساتھ سلوک کرسکتے ہیں .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۱۷۶

تبرک (ف ت ، سک ب ، ف ر) امذ .

ایک درخت کہ ہر زمین عرب میں پیدا ہوتا ہے ، پھول اور پتے اسکے گلاب کے پھول اور پتوں کی طرح ہوتے ہیں گلاب کے پھول کی طرح زیرہ اس کے پھول میں بھی نکلتا ہے ، تہتی ، تہتیا : ایک قسم کی سبزو ترشرو نمدگی ہے جس میں پتیاں ہوتی ہیں اس کو پکا کر روٹی سے کھاتے ہیں ، بعض کہتے ہیں کہ اس چوکے کا نام ہے جس میں تین تین پتیاں ہوتی ہیں جنس خولان ، جنس رسوت لاط : Rhamnus and Rhamnaceae ، رسوتیہ ، خولانیہ ، عنابیہ (ماخوذ : خزائن الادویہ ، ۳ : ۱۵۶) .

[؟]

— چھال امث .

رک : تبرک ، لاط : Rhamni Purshian Cortex (Sacred Bark) (علم الادویہ ، ۱ : ۱۰۷) .

[تبرک + چھال (رک)]

تبرک (ف ت ، ب ، شد ر بضم) امذ .

۱. وہ چیز جس میں برکت ہونے کا اعتقاد ہو ، خیر و برکت کی چیز .

او ہار اپنے انکھیاں اپر رکھ لیا
تبرک اسے جان بوسہ دیا

۱۶۸۲ رضوان شاہ و روح افزا ، ۱۲۴

ورنہ اب تک تو مری خاک بھی ہو جاتی ہوا
لے گئی ہوتی تبرک کی طرح باد صبا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۳۰۶

سجادہ نشین دربار نے تسبیح اور تبرک پیش کیا

۱۹۰۷ مخزن ، فروری ، ۲۴

۲. تحفہ ، بزرگوں کا عطیہ .

غلام کی سب آرزو پوری ہوئی ہر تبرک کی تمنا ہے .

۱۸۶۱ فسانۂ عبرت ، ۶۰

۳. کسی بزرگ یا پیشوائے دین کی فاتحہ کی چیز، پرشاد .

یہ شربت فاتحہ خوانی کا ہے اور تبرک ہے ، اس سے نقصان نہ ہوگا .

۱۸۹۶ فلورا فلورنڈا ، ۱۵۹

درگاہ شاہ بو علی قلندر واقع پانی پت کے خدام نے تبرک پیش کیا .

۱۹۳۰ بہادر شاہ کا روز نامچہ ، ۱۸

۴. (مجازاً) ایسی نایاب و مبارک چیز جو عنقریب فنا ہو جانے والی ہو .

ہم تبرک ہیں ، بس اب کرلے زیارت مجنوں
سر پہ پھرتا ہے لئے ، آبلۂ پا ہم کو

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۱۵۲

جیسے عربی و فارسی رفتہ رفتہ تبرک ہوگئی اسی طرح اردو کو بھی انگریزی کی عملداری نے اسی رستے پر ڈال دیا تھا جو عدم کو جاتا ہے .

۱۹۷۲ نکتۂ راز ، ۳۰

[ع]

— و تیمن (— و مج ، فت ت ، ی ، شد م بضم) امذ .

برکت لینا ، برکت حاصل کرنا .

انہیں دنوں میں تبرک و تیمن کے لیے حسن ابدال میں اس کا سرمونڈن ہوا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۹

[تبرک + و ، عطف + تیمن (رک)]

— ہونا ،محاورہ .

۱. ناپید ہو جانا .

ہو گیا دل مرا تبرک جب درد نے قطعۂ پیام کیا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۶۰

۲. دور ہو جانا ، ختم ہو جانا .

خزاں کی باؤ سے حضرت میں گلشن کے تطاول تھا
تبرک ہو گئے یک دست خار آشیاں میرے

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۵۰۵

تبرکاً (فت ت ، ب ، شد ر بضم ، تن ک بفت) م ف .

برکت کے ساتھ ، برکت کے طور پر ، مقدس آثار کے طور پر ، تبرک کے طور پر .

اس کے پڑھنے کی کتابیں مدتوں تک اس کی اولاد نے تبرکاً اپنے پاس رکھیں .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۷۷۲

دو تین فقرے بطور نمونہ تبرکاً عرض کرتا ہوں .

۱۹۳۷ فرحت ، مضامین ، ۳ : ۲۰۲

[ع]

ـــ و تیمناً (ـــ و مج ، فت ت ، ی ، شد م بضم ، تن ن بفت) م ف.

مبارک اور متبرک جان کر ، یمن و برکت کے لحاظ سے .

صحاح کے اول و آخر کے چند صفحے تبرکاً و تیمناً شاگرد کو سرسری طور پر پڑھا دیئے .

۱۸۷۹ مقالات حالی ، ۱ : ۷۷

[تبرکاً + و ، عطف + تیمناً (رک)]

تبرکات (فت ت ، ب ، شد ر بضم) اسذ ؛ ج .

تبرک (رک) کی جمع ، بزرگان دین کی چیزیں جو برکت کے طور پر رکھی جائیں ، بزرگوں کے آثار فضیلت و عزت ؛ افراد ، کثرت ، بہتات ، (مجازاً) باقی رہ جانے والی چیزیں .

مستحب ہے کہ مدینے سے چھوارے اور خاک شفا اور پانی ان کنوؤں کا جن سے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی پیا ہے اور تبرکات مثل اس کے لیتا آوے .

۱۸۰۶ نورالہدایہ ، ۱ : ۲۴۴

کہا جاتا ہے کہ یہاں ایک ارمنی خانقاہ تھی جس میں حضرت مسیح[ع] کے حواری متی کے مقدس تبرکات تھے .

۱۹۶۸ اردو دائرۂ معارف اسلامیہ ، ۳ : ۷۰۵

تبرکوں/تبرگوں (فت ت ، ب ، سک ر ، و مع) اسذ .

وہ گھوڑا جس کا پچھایا کلہاڑی جیسا تکھونٹا یعنی دم کے پاس نکیلا اور پٹھوں کی طرف چوڑا ہو (اس شکل کا گھوڑا عیبی سمجھا جاتا ہے) .

کہے تو تجھ کو بھی اس کو بتا دوں
کہا کرتے ہیں سب جس کو تبرگوں

۱۷۹۵ فرس نامۂ رنگین ، ۷

ہے تبرگوں وہی فرس اے شک
جس کا پٹھ ہو سرنگوں دم تک

۱۸۴۱ زینت الخیل ، ۴۹

جس کا پٹھ ڈھلا اور پچھاڑی کھونٹی ... ہو وہی تبرکوں بولا جاتا ہے .

۱۸۷۲ رسالہ سالوتر ، ۲ : ۳۲

[رک : تبر + کوں/گوں (رک)]

تبرہ (فت ت ، ب ، شد ر ہفت) اسذ .

رک : تبرّا .

اے ذوق نہ کر نور میں آمیزش ظلمت
کیا کام تبرّہ کا محبت میں علی کی

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۴۲

جب ایک واعظ منبر پر وعظ کہتا تو اور مولویوں اور واعظین پر تبرہ بھیجتا .

۱۹۰۶ مخزن ، ستمبر ، ۲۲

تبری (فت ت ، ب ، شد ر) اسذ .

رک : تبرّا .

تواللہ سبحانہ ، کی طرف اپنے گناہوں سے تبری کر پاک صاف ہو جا .

۱۸۸۸ تشنیف الاسماع ، ۱۷۰

یہ غیبوبت شرکا اسباب و علائق منقطع ہونے اور تبری کے بعد ہو گی .

۱۹۶۴ کمالین ، ۷ : ۵۴

تبرید (فت ت ، سک ب ، ی مع) اسث .

۱. وہ ٹھنڈائی (سرد شربت یا دوا) جو موسم گرما کی حدت دور کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں نیز مسہل کے اول تین دن پیتے ہیں اور مسہل ہو جانے کے بعد اس کی حرارت رفع کرنے اور دل کو قوت پہنچانے کے لیے مریض کو استعمال کراتے ہیں .

عدل یہ عصر میں اس کے ہے کہ ہر ایک طبیب
شعلۂ تپ کو بھی تبرید لکھے خار خسک

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۲۷۲

تبرید چاہئے کبھی چھوٹے نہ مصحفی
جاتی نہیں ہے تپ تجھے آزار گرم ہے

۱۸۲۴ مصحفی ، د (انتخاب رامپور) ، ۲۱۴

اس قدر سرد مزاج اور پھر اس پر تبرید
خوف یہ ہے کہ پہنچ جائے نہ فالج کا اثر

۱۹۱۴ شبلی ، ک ، ۷۶

۲. ٹھنڈک ، سرد کرنے یا ہونے کا عمل .

صاحب مقدور لوگ ایسے موقعوں پر پنکھے اور ٹٹیاں اور اسباب تبرید . . . لگاتے ہیں .

۱۸۹۱ مبادی علم حفظ صحت ، ۵۴

تبرید کے دوران میں دھاتیں علیحدہ ہو جاتی ہیں .
۱۹۸۱ فلزیات ، ۵۷۲

۳. (مجازاً) خوش کرنے یا فرحت پہنچانے کا عمل .
بلاوے توجہ کی تبرید اسے چکھاوے سدا شربت دید اسے
۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۷۵

اف : پلانا ، کرنا ، پینا .

— کرنا محاورہ .

ٹھنڈک پہنچانا .
مخمور چشموں کی تبرید کرنے کوں شبنم
ہے سرداب شوروں کی مانند
۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۲۴۳

— گر (— ف گ) صف ؛ اسذ .

ٹھنڈا کرنے والا ، ٹھنڈک پہنچانے والا (Refrigerant) .
یہ 'فریون' ہی ہے جس کی بدولت انھیں تبرید گر سے ٹھنڈا پانی اور مشروبات حاصل ہوتے ہیں اور چیزیں سڑنے سے محفوظ رہتی ہیں .
۱۹۶۸ 'کاروان سائنس ، کراچی ، ۵ ، ۱ : ۱۰۵
[تبرید + گر ، لاحقۂ صفت (رک)]

— گری (— ف گ) اسث .

(سائنس) تبرید گر (رک) کا اسم کیفیت یا عمل Refrigeration .
جدید تبرید گری (Refrigeration) میں فریون (Freon) کے کردار سے عام لوگ واقف نہ سہی لیکن وہ اس سے فیضیاب ضرور ہو رہے ہیں .
۱۹۶۸ 'کاروان سائنس ، کراچی ، ۵ ، ۱ : ۱۰۵
[تبرید + گر (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

— نوشی (— و مج) اسث .

تبرید (رک) ہونے کا عمل ، ٹھنڈائی ہونا .
گرمی میں ہوا کشمیر کی نہایت معتدل ، وہاں احتیاج تبرید نوشی اور پنکھا ہلانے کی نہیں ہوتی .
۱۸۴۶ تاریخ کشمیر (کتاب لاہور ، اپریل ، ۱۹۷۶ ، ۴)
[تبرید + نوشی (رک)]

تبریدی (ف ت ، سک ب ، ی مع) صف .

تبرید (رک) سے منسوب .
لینن گراڈ کے تبریدی صنعت کے تکنیکی ادارے میں غذا کو محفوظ کرنے کا ایک نیا طریقہ دریافت کیا گیا ہے .
۱۹۷۳ 'جدید سائنس ، کراچی ، دسمبر ، ۸۸
[تبرید + ی ، لاحقۂ نسبت]

— سکڑاؤ (— ضم س ، سک ک ، و) اسذ .

ٹھنڈا پاکر سکڑنا ، ٹھنڈک کی وجہ سے کسی دھات وغیرہ کا سکڑنا .
رسادی ڈھلواں لوہے میں بوقت انجماد کاربن علیحدہ ہوتا ہے اور یہ کاربن تبریدی سکڑاؤ کا توازن کرلیتا ہے .
۱۹۸۱ فلزیات ، ۱۸
[تبریدی + سکڑاؤ (رک)]

— عمل (— ف ع ، م) اسذ .

(سائنس) (رک) تبرید گری .
اس میں کافی مقدار میں وہ گیسیں بھی شامل تھیں جو بعد میں تبریدی عمل کے دوران خارج ہوگئیں .
۱۹۶۱ 'کاروان سائنس ، کراچی ، ۵ ، ۱ : ۴۲
[تبریدی + عمل (رک)]

تبریز (ف ت ، سک ب ، ی مج) اسذ .

۱. صفاہان نامی راگ کی راگنیوں کا پہلا شعبہ جس کی پانچ راگنیاں ہیں .
مقام دوسرا اصفہان اول شعبہ تبریز پانچ نغموں سے مرکب ہے .
۱۸۴۵ ترجمہ مطلع العلوم ، ۳۴۳

۲. ایران کے ایک شہر کا نام .
جو تبریز کے شہر میں آئیا جواہر اسواک جو دکھلائیا
۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۱۰۰
اگر دیکھیے ہیں گوہان شام و تبریز
کہ دیکھا کوئی ایسا ملک زرخیز
۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۳۲۵

[ف]

تبریزی (ف ت ، ب ، ی مج) صف .

۱. تبریز (رک) سے منسوب ؛ ایک ہندوستانی شیرینی .
خورجہ کی چینی کے برتن ، اچار شلجم اور تبریزی (جو ایک قسم کی مٹھائی ہے) یہ چیزیں مشہور تھیں .
۱۹۵۸ عمر رفتہ ، ۲۱

۲. قیمتی اور باریک کپڑے کی ایک قسم جو تبریز میں تیار ہوتا تھا .
سلطان علاؤالدین نے حکم دیا کہ باریک کپڑے مثلاً نسیج ، تبریزی ، زربفت . . . سرائے عدل میں نہیں خریدے .
۱۹۶۹ تاریخ فیروز شاہی ، ۴۵۷
[تبریز (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

تبریق (فت ت ، سک ب ، ی مع) امث .

رک : برقانا .

برقیوں کی ٹکر سے ہوا کے ذرات میں خود منفی برقیے الگ ہونے شروع ہوجاتے ہیں جو اوراق کی عمدہ تبریق میں مانع ہوتے ہیں .

۱۹۱۸ تحفۂ سائنس ، ۲۰۷

[برق (رک) سے]

تبریک (۱) (فت ت ، سک ب ، ی مع) امث .

تہنیت ، مبارکباد یا شاباش کہنا .

تبریک کے تار اور کارڈ کا شکر گزار ہوں .

۱۹۱۴ رقعات اکبر ، ۸۷

[ع]

تبریک (۲) (فت ت ، سک ب ، ی مع) امذ .

ایک درخت کا پھل ہے؛ غلہ مسور کے مشابہ، تماتر، سباق، (رک) تبرک نمبر (۱) (کامل عطاری ، ۵۵) .

تبریہ (فت ت ، سک ب ، کس ر ، فت ی) امذ .

۱. بری کرنے بے گناہ قرار دینے یا تہمت دور کرنے کا عمل .

اصل غرض تبریہ باری اور توحید الٰہی کے کئی بار خلاف ظہور میں آیا .

۱۸۶۱ تہذیب الاخلاق ، ۳ : ۸۶

گو ان کے حدود کے اندر بھی اپنے نفس کے تبریہ کا دعویٰ کرنا انسان کے لیے دشوار ہے .

۱۹۵۲ محمد علی (دیباچہ) ، ۱ : ۲

۲. ایک فرقے کا نام .

ان میں ایک شاخ تبریہ کے نام سے مشہور ہے جس نے دین اور فقہ کے معاملات میں مغیرہ کو امام و پیشوا تسلیم کیا .

۱۹۷۳ فرقے اور مسالک ، ۱۴۷

[ع]

تبڑ (فت ت ، شد ب بفت) امذ ؛ ~ تبر .

خاندان ، کنبہ .

میں کسی طرح اس قابل ہو جاؤں کہ ان کے سارے تبڑ کا خاطر خواہ خرچ اٹھاؤں .

۱۹۵۹ شمع خرابات ، ۱۶۳

[० : ताबड़]

تبڑی (ضم ت ، سک ب) امث .

رک : تمڑی (جامع اللغات) .

تبسط (فت ت ، ب ، شد س بضم) امذ .

پھیلاوا ، فراخی ، تفرّج ؛ کشادی ، فراغت .

اختیار کیا آنحضرت نے فقر کو باوجود امکان حصول توسع اور تبسط کے .

۱۸۵۱ عجائب القصص (ترجمہ) ، ۵۱۶

[ع]

تبسم (فت ت ، ب ، شد س بضم) امذ .

۱. مسکرانا ، زیر لب ہنسنا ، ایسی ہنسی جس میں آواز نہ ہو ، مسکراہٹ .

ہو سن کر تبسم سوں بولے رسول
سو اس بات کوں سن کہ لیتا قبول

۱۶۹۹ نور نامہ ، شاہ عنایت ، ۵

سجن تجھ چشم و لب کے شوق میں میں آج مرتا ہوں
نظر بھر دیکھ لے میری طرف اور ٹک تبسم کر

۱۷۱۸ دیوان آبرو ، ۲۰

ان نے دیکھ کر تبسم کیا اور زمانہ سازی سے صفت کی .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۱۷

تبسم کے سوا کبھی لب مبارک خندہ و قہقہہ سے آشنا نہیں ہوئے .

۱۹۱۴ سیرۃ النبی ، ۲ : ۳۳۸

۲. (مجازاً) غنچے کی شگفتگی (جامع اللغات) .

اف : آنا ، کرنا ، ہونا .

[ع]

ـــ آمیز (ـــ ی مج) صف .

مسکراہٹ ملا ، خوشی کا .

تبسم آمیز لہجہ میں جناب زاہد کو مخاطب کر کے فرمایا کیوں سید صاحب : دیدار می نمائی و پرہیز می کنی .

۱۹۰۰ امیر مینائی ، مکاتیب ، ۱۴

[تبسم + آمیز (رک)]

ـــ برق کس اضا (ـــ فت ب ، سک ر) امذ .

بجلی کی چمک (نور اللغات) .

[تبسم + برق (رک)]

ـــ ریزی (ـــ ی مج) امث .

مسکراہٹ بکھیرنے کا عمل .

وہ شاہد صبح کی تبسم ریزی تاریکی و نور کی وہ رنگ آمیزی

۱۹۶۲ عروس فطرت ، ۱۴۴

[تبسم + ریزی (رک)]

ـــ زیرِ لب کس صف (ـــ ی مج ، کس اضا ر ، فت ل) امذ .

ہلکی مسکراہٹ ، زیر لب مسکرانے کا عمل .

حکیم صاحب کو نہ لوگوں کے تبسم زیر لب کا احساس ہوا .

۱۹۳۸ ملفوظات اقبال ، ۱۹۳

[تبسم + زیر (رک) + لب (رک)]

ـــ فروش (ـــ فت ف ، و مج) صف .

خوش ، مسرور .

ہر دم شرار و برق سے کیا ارض کیا سما
ہر ایک تیرے منہ پہ تبسم فروش تھا

۱۷۹۵ قایم ، د ، ۲

[تبسم + فروش (رک)]

ـــ فزا (ـــ کس نیز فت ف) صف .

مسکراہٹ بڑھانے والا ، مسکراہٹ والا .

آنکھوں میں ہے لحاظ تبسم فزا ہیں لب
شکر خدا کہ آج تو کچھ راہ پر ہیں آپ

۱۸۶۴ نسیم دہلوی ، د ، ۱۱۹

[تبسم + فزا (رک)]

ـــ کرنا ف مر ؛ محاورہ .

بہسنا ، مسکرانا ؛ مذاق اڑانا ، کسی بات پر ہنسنا .

سو فرمان جب آن حاجب دیا تسے شاہ سن تب تبسم کیا

۱۵۶۴ حسن شوقی ، د ، ۸۷

کہا میں نے کتنا ہے گل کا ثبات
کلی نے یہ سن کر تبسم کیا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۰۵

ـــ مینا کس اضا (ـــ ی مع) امذ .

(مجازاً) صراحی سے شراب نکلنے کی آواز (نور اللغات) .

[تبسم + مینا (رک)]

تَبِش (فت ت ، کس ب) امث (قدیم) .

تپش ، گرمی ، حرارت ؛ روشنی .

تبش دیکھ جب مکھ پہ چھڑکے گلاب
ادک ہوئی چوئے نہن تن میں تاب

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۸۲

[ف]

تَبشیر (فت ت ، سک ب ، ی مع) امث .

بشارت دینا ، خوش خبری دینا .

واقع ہوئیں اخبار و تبشیر بوجود شریف حضرت کتب سابقہ میں اور نسب شریف میں .

۱۸۵۱ (ترجمہ) عجائب القصص ، ۲۱۶

اس کے جواب میں ان کو نبوت کی اصل حقیقت، انذار، تبشیر اور ہدایت کی طرف متوجہ کیا گیا .

۱۹۲۳ سیرۃالنبی ، ۳ : ۲۲۹

[ع]

تَبشیری (فت ت ، سک ب ، ی مع) صف .

تبشیر (رک) سے منسوب .

آئرستان . . . ان گو نا گوں تبشیری سر گرمیوں کا گہوارہ بن گیا جو شمالی اور وسطی یورپ کے اضلاع میں تقریباً ہر کہیں پھیلی ہوئی تھیں .

۱۹۰۹ مقدمہ تاریخ و سائنس ، ۱ ، ۲ : ۸۰۸

[تبشیر + ی ، لاحقۂ]

تَبصر (فت ت ، ب ، شد ص بضم) امذ .

۱. بصیرت ، غور ، دیکھنا ، غور کرنا ، غور سے دیکھنا .

اہل کمال کے حالات کو نگاہ تبصر سے دیکھنا خود اپنے آپ میں آثار کمال پیدا کرتا ہے .

۱۹۱۵ مقالات شروانی ، ۱۶۸

۲. غور و خوض ، فکر ، سوچ .

وہ مطلق اشیا میں تبصر کرتی ہے ، جیسے کہ باری تعالی ، ملائکہ ، جوہر عرض اور ان کے حدود .

۱۹۰۰ علوم طبیعیہ شرقی کی ابجد ، ۷

[ع]

تَبصرہ (فت ت ، سک ب ، کس ص ، فت ر) امذ .

۱. (لفظاً) کسی کو کوئی چیز دکھانا ، (مجازاً) کسی بات کے متعلق اظہار رائے ، بصیرت کا اظہار .

تبصرہ کے معنی عیب و صواب دکھا دینے کے ہماری زبان میں ہو سکتے ہیں .

۱۸۸۱ تہذیب الاخلاق ، ۱ : ۱۶۸

۲. کسی کتاب یا رسالے وغیرہ کو پڑھ کر اس کی خوبی یا خامی کے بارے میں رائے دینا .

عنوان جو آپ نے تحریر فرمایا ہے ٹھیک ہے ، تبصرہ کے متعلق میں بھی یہی مشورہ دوں گا کہ میرا مجموعہ شایع ہو لے تو لکھیے .

۱۹۱۹ اقبال نامہ ، ۱ : ۱۰۷

۳. کسی امر یا واقعہ کے بیان میں خوبی اور خامیوں کا ذکر .

کریکٹ کے کسی کھیل پر تبصرہ ہو رہا تھا .
شاید کے بہار آئی ، ۲۹ ۱۹۵۴

اف : دینا ، کرنا ، لکھنا ، ہونا .

[ع]

تبصیر (فت ت ، سک ب ، ی مع) امذ .

تعریف و توضیح ، کسی چیز سے واقف کرنا ، بصورت دینا .

نگاہ کرنا غافلوں کو اور تبصیر اور بینا کرنا جاہلوں کو .
ترجمہ عجائب القصص ، ۴۶۳ ۱۸۵۱

[ع]

تبطن (فت ت ، ب ، شد ط بضم) امذ .

اخفا ، پوشیدگی ، باطن میں ہونا .

حق کو تنزیہ میں تبطن ہے ایک تشبیہ سے تعین ہے
شاہ کمال ، د ، ۱۹۶ ۱۸۰۹

[ع]

تبع (فت ت ، سک ب) امذ ؛ صف .

پیروی کرنے والا ، پیرو ؛ پیروی ، اتباع .

بعد اس کے تابعین اور اتباع تبع پر کہ نادید شوق لقائے
آں حضرت صلی اللہ علیہ و سلم میں جان عزیز دیتے ہیں .
احوال الانبیا ، ۱ : ۱۳ ۱۸۴۵

ایسے لوگوں کی طلاق کی منظوری دینے کی مجاز ہیں جو مذہب عیسوی کے تبع اور ہندوستان میں رہتے ہیں .
شخصی قانون بین الاقوام ، ۳۸ ۱۹۳۰

[ع]

ـــ تابعی/تابعین (ـــ کس ب/ی مع) صف .

وہ مسلمان جس نے (بحالت اسلام) تابعی کو دیکھا ہو .

تبع تابعی اسکو کہتے ہیں جس نے تابعی کو دیکھا ہووے .
نور الہدایہ ، ۱ : ۵ ۱۸۶۷

ارباب سیر نے بعض صحابہ تابعین اور تبع تابعین سے کچھ روایتیں کی ہیں .
سیرۃ النبی ، ۳ : ۳۵۹ ۱۹۳۳

صحابی ، تابعی ، تبع تابعی اور قیامت تک جو بھی اسلام لائے . . . اس معیار پر اترتا ہے .
مسلمان کون ہے ، ۱۸ ۱۹۷۲

[تبع + تابعی/تابعین (رک)]

تبعّ (ضم ت ، شد ب بفت) امذ .

یمن کے قدیم بادشاہوں کا لقب .

شامول ان چار سو عالموں کا سردار تھا جو تبع حمیری بادشاہ کے مصاحب تھے .
خیابان آفرینش ، ۵۹ ۱۸۷۷

تبع . . . یمن کے بادشاہوں کا متواتر لقب رہا ہے . . . ان بادشاہوں کو تابعۂ یمن کہا جاتا ہے .
معارف القرآن ، ۷ : ۷۷۰ ۱۹۷۶

[ع]

تبعاً (فت ت ، سک ب ، تن ع بفت) م ف .

پیرو ہوکر ، بطور اتباع ، ضمناً .

اس قسم کی سیاست میں مصالح عامہ تبعاً آتے ہیں .
مقدمہ ابن خلدون ، ۲ : ۲۲۶ ۱۹۰۳

[ع]

تبعّض (فت ت ، ب ، شد ع بضم) امذ .

حصوں میں تقسیم ہونا ، ٹکڑے ٹکڑے ہونا .

رکھ دل کو تجزی و تبعض سے فراغ
اس نور سے یوں سمجھ تو عالم کا باغ
مکاشفات الاسرار ، ۴۹ ۱۸۳۹

[ع]

تبعہ (فت ت ، ب ، ع) امذ ، ج .

تابع (رک) کی جمع .

تبعہ و لحقہ نے اس کے بھی ایک بعد دوسرے کے انتقال کر کشاکش مکرو بات دنیاوی سے مخلصی پائی .
حملات حیدری ، ۲۳۷ ۱۸۴۹

[ع]

تبعہ (فت ت ، کس ب ، فت ع) امذ .

برا کام ، انجام بد ، نتیجۂ بد ، عذاب (فرہنگ عامرہ ؛ لغات کشوری) .

[ع]

تبعی (فت ت ، سک ب) صف .

ضمنی .

جذبات تبعی کے مفہوم میں وہ جذبات داخل ہیں جو تحلیل ہو کر جذبات اساسی پر ٹھہرتے ہیں .
فلسفۂ جذبات ، ۱۱۹ ۱۹۱۵

[ع]

تبعیت (فت ت ، سک ب ، کس ع ، شد ی بفت) اسث .

۱. اتباع ، پیروی ، تقلید ، حکم ماننا ، پیروی کرنا .

تبعیت سے جو فارسی کی کچھ میں نے ہندی شعر کہے
سارے ترک بچے ظالم اب پڑھتے ہیں ایران کے بیچ

۱۸۱۰ مہر ، ک ، ۷۶۳

اگر قواعد عربی و فارسی سے بے خبری ہو گی تو پھر کن اصول کی تبعیت اردو میں کی جائے گی .

۱۹۱۰ مکاتیب اکبر ، ۵۱

۲. ضمن .

امام شافعی رح کے نزدیک ایک تیمم سے دو نمازیں پڑھنا جائز نہیں اور اسی طرح نفل بھی مگر جو فرض کی تبعیت میں ہو .

۱۸۶۷ نورالہدایہ ، ۱ : ۶۴

۳. رعیت ہونا ، مستقل سکونت اختیار کرنا .

یہاں کے لوگ چونکہ ابھی تک پالیٹکس امور سے واقف نہیں اس لئے عموماً عرب و عجم اپنی سلطنت کی تبعیت یعنی رعایا بن کو چھوڑ کر کوشش کرتے ہیں کہ روپیہ دے کر دولت انگلستان کی رعایا بن جاویں .

۱۹۱۱ روز نامچۂ سیاحت ، ۱ : ۱۲۳

[ع]

تبعید (فت ت ، سک ب ، ی مع) اسث .

علیحدگی کا عمل ، جدائی .

اس ہڈی کے سر کا متعدبہ حصہ بغل میں اوپر کی طرف کو انگلیاں لے جا کر محسوس کیا جا سکتا ہے اور اس سے پہلے بازو کی زور سے تبعید کر لی جاتی ہے .

۱۹۳۰ جراحی اطلاقی تشریح ، ۲۶۱

[ع]

تبعیدی (فت ت ، سک ب ، ی مع) صف .

تبعید (رک) سے منسوب .

تو مگر عاشق حبس و کُنج و تبعیدی
دائماً کسوت ماتم میں غمیں جاویداں

۱۹۶۱ دکان شیشہ گر ، ۲۲

[ع]

تبعیض (فت ت ، سک ب ، ی مع) اسث .

حصّوں میں تقسیم کرنا ، حصّے بنانا ، جوڑ جوڑ الگ کرنا .

کیونکہ احدیت تبعیض اور تجزی کو قبول نہیں کرتی ہے .

۱۸۸۷ ترجمہ فصوص الحکم ، ۵۰

حرف مِن اکثر تبعیض یعنی جزئیت بتلانے کے لئے آتا ہے .

۱۹۷۶ معارف القرآن ، ۸ : ۵۶۳

[ع]

تبعیضی (فت ت ، سک ب ، ی مع) صف .

تبعیض (رک) سے منسوب .

تبعیضی و تجزیہ کے قابل
بھی حرقت و غرق کے مقابل

۱۸۷۴ جامع المظاہر ، ۱۳

[ع]

تبعیضیہ (فت ت ، سک ب ، ی مع ، کس ض ، فت ی) صف .

تبعیض (رک) سے منسوب ، تبعیضی .

ان کے نزدیک من تبعیضیہ نہیں بلکہ بیانیہ ہے .

۱۹۶۴ کمالین ، ۱ : ۱۹

[ع]

تبغ (فت ت ، ب) امذ .

سوکھا تمباکو .

اب شہر صور میں کچھ قدرے تبغ اور روئی اور پتھر کے کوئیلوں کی تجارت ہوتی ہے .

۱۸۷۰ رسالہ علم جغرافیہ ، ۳ : ۷۸

[ع ؟]

تبغ الصحرائی (— ضم غ ، غم ال ، شد ص بفت ، سک ح) اسث .

(نشہ آور) بُوٹی جس کے پھول نیلے لال یا ارغوانی ہوتے ہیں ، جنس تبغ سے متعلق ایک ذیلی قسم (Lobelia inflata) .

جب یہ پوٹاسیم نائٹریٹ ، تبغ الصحرائی (Lobelia) سیاہ چائے اور روغن بادیان رومی کے ساتھ مخروج ہو تو مشہور و معروف دوائے ہمروڈ ، دوائے بلس اور دوائے کوہ سبز سے مشابہ ہوتا ہے .

۱۶۴۸ علم الادویہ ، ۱ : ۴۸۳

[تبغ + رک : ال (۱) + صحرائی (رک)]

تبغیض (فت ت ، سک ب ، ی مع) اسث .

دشمن ہونے یا بغض رکھنے کا عمل ، دشمنی ڈال دینے کا کام (فرہنگ عامرہ ؛ نوراللغات) .

[ع]

تبغیہ (فت ت ، سک ب ، کس غ ، فت ی) امذ .

(جنس تبغ) (رک) سے منسوب ، لاط : Deadly night-shede مہلک عنب الثعلب ، بلادر .

تبغیہ (اثر ویہ شیا) یا خاندان حشیشۃ الحمار ؛ اس خاندان میں حشیشۃ الحمار (ڈیڈلی نائٹ شیڈ) بھنگ ، تمباکو اور جوز ماتل یعنی دھتورے کے پودے داخل ہیں .

۱۹۱۰ مبادی سائنس ، ۱۷۵

[ع ؟]

تَبَق (فت ت ، ب) امذ .

رک : طبق .

تبق دیدار درمیانے دھرے بو پھول ہر جنسی
حُسَن سر پوش کر اپنا سجن کوں دیکھلائی میں

حسن شوقی ، د ، ۱۶۱ ۱۵۶۴

تَبَکچی (فت ت ، ب ، سک ک) امذ .

شاہی خزانے کا ایک ملازم ، محکمۂ مالیات شاہی کا ایک کارندہ .

بقیہ دس صفحوں میں عملۂ زر کی مختلف تصویریں بنائی گئی تھیں مثلاً سنار ، گدازگر ، مطلس ساز ، وزّان ، تیکچی ، مہرکن ، تبکچی ، من ، خریدار ، فروشندہ ، قرض گیر .

ہندوستانی تہذیب کا مسلمانوں پر اثر ، ۲۱۰ ۱۹۷۵

[رک : تیکچی]

تَبکیت (فت ت ، سک ب ، ی مع) امث .

۱. بحث میں غلبہ حاصل کرنا ، اس طرح قائل کرنا کہ پھر بات کرنے کی جرات نہ ہو ، منھ بند کر دینا .

اور پھر تبکیت کے لیے پوچھا کہ بھلا پھر اولاد کو تم نے پیدا کیا یا ہم نے .

ابن الوقت ، ۲۶۸ ۱۸۸۸

قرآن کریم نے . . . صریح اسلوب میں اس واقعے کی ایسی تردید و تبکیت کی کہ کسی کو جواب میں لب ہلانے کی ہمت و جرأت ہی نہ ہو سکی .

سید محفوظ علی ، طنزیات و مقالات ، ۴۴ ۱۹۴۳

۲. (منطق) ہر وہ قیاس جس سے کسی وضع خاص کی نقیض کا نتیجہ نکلے (حکمۃ الاشراق ، ۸۴) .

[ع]

تَبکیہ (فت ت ، سک ب ، کس ک ، فت ی) امذ .

قائل کرنے کا عمل .

لفظ کے شروع میں استعمال ہونے والا الف مختلف معانی کے لیے آتا ہے . . . تبکیہ اور زجر و توبیخ کے لیے .

اردو دائرہ معارف اسلامیہ ، ۳ : ۱۲۳ ۱۹۶۷

[ع]

تَبل (فت ت ، سک ب) امذ (قدیم) .

رک : طبل .

باجینگے تبل نشاں اس رہی کے فرماں

شہادت الحقیقت ، ۲۰۸ ۱۵۶۵

تَبلا (فت ت ، سک ب) امذ (قدیم) .

رک : طبلہ .

مردنگ ، بین ، جل ترنگ . . . تبلے ، گٹ تال اور سیکڑوں اس ڈھب کے انوکھے باجے بجتے آئیں .

رانی کیتکی ، ۴۹ ۱۸۰۳

تَبلَہ (فت ت ، ب ، شد ل بضم) امذ .

بلور کے مشابہ ہونا .

تبلر اور انتقاض : معدنیات کا بیان شروع کرنے سے قبل ان اصطلاحات کی تشریح لازم ہے .

طبقات الارض ، ۴۷ ۱۹۱۶

[ع]

تَبلَق (فت ت ، سک ب ، فت ل) امث .

رک : طبلق (پلیٹس) .

تَبلور (فت ت ، ب ، شد ل ، و مع) امذ .

رک : تَبلُر .

یہ سب کرشمے ایک پوشیدہ قوت کے ہیں جس کو قوت تبلور کہتے ہیں .

رموز فطرت ، ۱۹۳ ۱۹۱۵

تَبلی (فت ت ، سک ب) امث ؛ ~ طبلی .

۱. تار کشی کے چرخ کا چندوا ، لفظ طباق سے تبلی بن گیا ہے (ا پ و ، ۲ : ۱۸۶) .

۲. توسدان ، توشہ دان ؛ وہ چھوٹا سا بکس جس میں کارتوس وغیرہ رکھتے ہیں ؛ پردہ ، وہ تختہ جو ستار یا طنبورے کے تونبے پر لگایا جاتا ہے (فرہنگ آصفیہ) .

[رک : طبلی]

تِبلی (کس ت ، فت ب) صف مث .

وہ (ڈور وغیرہ) جو تین دھاگوں سے بٹ کر بنائی جائے .

ڈور ایک بلی ، دو بلی ، تبلی ، چوبلی کنکوؤں تکلوں کے زور کے موافق مانجھا سونت کے بڑے بڑے پنڈے گولے خوبصورت بناتے .

مرقع زبان و بیان دہلی ، ۵۸ ۱۹۱۴

[رک : تِ + بل (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

تَبلیغ (فت ت ، سک ب ، ی مع) امث .

۱. پیام پہنچانا .

ان دو پیام کی تبلیغ کے بعد پھر روے سخن آپ کی طرف ہے .
۱۸۶۰ خطوط غالب ، ۵۱۰

آس نے مبادیات لسانیات کی بھی اچھی توضیح و تبلیغ کی ہے .
۱۹۶۴ زبان کا مطالعہ ، ۱۰۵

۲. مذہب کی تلقین کرنا ، شریعت کے احکام پہنچوانا .

آپ کی نبوت جس میں تبلیغ شرط نہیں رسالت سے مقدم ہے .
۱۸۸۷ خیابان آفرینش ، ۲۲

آپ نے توحید الٰہی کی ایسی تبلیغ فرمائی کہ آج دنیا کا شاید ہی کوئی ایسا حصہ ہو جہاں مسلمان موجود نہ ہوں .
۱۹۳۴ قرآنی قصے ، ۴۵

۳. ابلاغ ، تشہیر .

کتابیں علم کی تبلیغ کے ذرایع میں سے ایک ہی ذریعہ ہیں .
۱۹۱۲ افتتاحی ایڈریس (سید حسن بلگرامی) ، ۳۱

اف : کرنا ، ہونا .

[ع]

— رسالت کس اضا (— کس ر ، فت ل) امث .

۱. رسول ہونے کا پیغام امت کو دینا ، پیغمبری کا اعلان کرنا .

جب قاسم علی خاں نے تبلیغ رسالت کی وزیر علی خاں نے اسی وقت ان کے سامنے ہاون دستے سے کچلوا ڈالا .
۱۸۹۶ سوانحات سلاطین اودھ ، ۱ : ۱۴۴

۲. احکام شریعت و پیام خداوندی بندوں تک پہنچوانا .

حضورؐ سے مروی علوم کی دو قسمیں بیان کی ہیں ایک وہ جو تبلیغ رسالت سے متعلق ہیں اور دوسرے وہ جو تبلیغ سے متعلق نہیں .
۱۹۷۳ اصول فقہ اور شاہ ولی اللہ ، ۱۹۳

[تبلیغ + رسالت (رک)]

— فی النہایت (— کس ف ، غم ی ، ا ل ، شد ن بکس ، فت ی) امث .

(تصوف) سالک کو مقام انتہائی تک پہنچا دینا (مصباح التعرف ، ۶۹) .

[تبلیغ + فی (رک) + رک : ا ل (ا) + نہایت (رک)]

تبلیغی (فت ت ، سک ب ، ی مع) صف .

تبلیغ (رک) سے منسوب .

حضور اکرمؐ کے تبلیغی الفاظ . . . سن کر حضور اکرمؐ کے چچا ابو طالب سے دوسرے چچا ابو لہب نے کہا اپنے بھتیجے اور بیٹے کی اطاعت قبول کر لو .
۱۹۴۳ سیدہ کی بیٹی ، ۲۶

[رک : تبلیغ + ی ، لاحقۂ نسبت]

تبن (کس ت ، سک ب) امث .

گھاس ، بھوس ، بھس ، بھوسہ (فرہنگ عامرہ ؛ لغات کشوری) .

[ع]

تبنچہ (فت ت ، ب ، سک ن ، فت چ) امث .

رک : تہنچہ (جامع اللغات) .

تبنی (کس ت ، سک ب) صف .

گھاس کے رنگ کا ، تبن کی طرف منسوب .

اگر سپیدی اس کی . . . زردی مائل ہو اس کو تبنی کہتے ہیں .
۱۸۴۵ مجمع الفنون (ترجمہ) ، ۴۳

لون قارورہ جو تبنی ہو تو رکھیے خوب یاد
کھریا دلوائیے بیمار کو ہر بامداد
۱۹۱۹ کلیات رعب ، ۲

[تبن + ی ، لاحقۂ صفت]

تبنی (فت ت ، ب ، شد ن) امث .

بیٹا بنانے متبنّیٰ کرنے یا گود لینے کا عمل .

بعضے کہتے ہیں اس عقد سے تبنی کا عقد مراد ہے اپنے متبنّیٰ یعنی لے پالک کو میراث دیتے تھے .
۱۸۶۰ فیض الکریم ، ۵۱۸

[ع]

تبنیت (فت ت ، سک ب ، کس ن ، فت ی) امث .

رک : تبنی .

راجہ مرتے وقت اپنے جانشین کو انتخاب کرتا ہے یا اپنی بیوہ کو تبنیت کا حق دے جاتا ہے .
۱۹۱۴ تمدن ہند ، ۳۰۱

[تبنی (رک) سے]

تبو (فت ت ، و مع) امذ .

ایک مقام جہاں بیان ہوتا ہے کہ ایک چکی حضرت یونسؑ کی لگائی ہوئی ہے ان کا نام لینے سے چلتی ہے (جامع اللغات) .

[ف]

تبوراک (فت ت ، و مع) امذ .

وہ چھوٹا نقارہ جو کسان لوگ کھیتوں میں پرندوں کو اڑانے کے لئے لگا رکھتے ہیں ، بانس کا کھٹکہ ، چھنی ، خوان ، کنجہ آبنی (لغات کشوری) .

[ف]

تبوری (ف ت ، و مع) اسث ~ تبوڑی .

۱. **رسولی ، ورم .**
تبوری یا زاید گوشت کے سبب یہ مرض پیدا ہوا ہے .
۱۹۳۶ ترجمہ شرح اسباب ، ۲ : ۴۳

۲. **رسولی نما نباتاتی ابھار .**
اس بیماری سے بعض پہاڑی پودوں پر چھوٹے چھوٹے ابھار بن جاتے ہیں جنھیں تبوری (Tumour) کہا جاتا ہے .
۱۹۷۰ فنجائی اور مشابہ پودے ، ۵۷
[(غالباً) س : बात + वटी वटी]

تبوک (ف ت ، و مع) اسذ .

۱. **ایک مقام کا نام جو عرب میں دمشق اور مدینے کے درمیان واقع ہے ، تاریخ اسلام میں جنگ تبوک کی وجہ سے مشہور ہے .**
مدینے سے چودہ منزل کی مسافت پر تبوک کے مقام پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلامی لشکر کے ساتھ بیس دن تک قیام فرمایا .
۱۹۶۲ محسن اعظم اور محسنین ، ۹۰

۲. **دف جو ہاتھ سے بجایا جاتا ہے** (لغات کشوری) .
[ع]

تبول (ف ت ، ب ، شد و بضم) اسذ .

ہشاب کرنا .
کثیرالوقوع تبول کو روکنے میں استعمال ہوتے ہیں .
۱۹۴۸ علم‌الادویہ ، ۱ : ۱۶۰
[ع]

تبویب (ف ت ، سک ب ، ی مع) اسث .

ابواب یا الگ الگ عنوانوں میں تقسیم کرنا .
لیکن یہ منہاج بہ تبویب و تفصیل . . . نہ تھا .
۱۸۵۱ ترجمہ عجائب القصص ، ۲۵۲
پھر کیونکر باور ہو سکتا ہے کہ جو شخص تبویب حالات کا یہ اہتمام کرے وہ دیدہ و دانستہ سلطان کے عہد کے واقعات یوں ہی لکھتا جائے .
۱۹۲۶ اورنٹیل کالج میگزین ، نومبر ، ۱۵
[ع]

تبیض (ف ت ، سک ب ، ی مع) اسث .

بیضہ یا انڈا بننے کی کیفیت ، انڈے دینے کا عمل .
خوراک میں مینگنیز کی قلت سے مادہ جانوروں میں بلوغ (Puberty) دیر سے ہوتا ہے اور تبویض (Ovulation) میں بے قاعدگی آجاتی ہے .
۱۹۶۹ تغذیہ و غذایات حیوانات ، ۱۰۷
[ع]

تبہ (ف ت ، ب) صف .

تباہ (رک) کی تخفیف .
یہ قدرت کا فتویٰ ہے کہ کوئی قوم تبہ نہیں ہوسکتی جب تک کہ اس کی مجموعی حیثیت خراب نہ ہو جاوے .
۱۹۱۱ باقیات بجنوری ، ۱۶۴

— حالی اسث .

ابتری ، بربادی .
قصیدہ کے شروع میں . . . مسلمانوں کی تبہ حالی کی تصویر اور اس کے بعد علی گڑھ کی تعلیمی تحریک کی تشریح ہے .
۱۹۴۳ حیات شبلی ، ۱۸۴
[تبہ + حالی (رک)]

— رائی اسث .

تباہی پھیلانے کا عمل ، فتنہ و فساد .
دارا شکوہ کی تبہ رائی سے ملک میں فتنہ انگیزی ہورہی ہے .
۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۸ : ۹
[تبہ + رائی (رک)]

— کار صف .

برباد کرنے والا ، بدکار .
خون ریزو تبہ کار سے جرمانہ لینے میں درگزر نہ کرے .
۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۴۴۷
[تبہ + کار (رک)]

— کاری اسث .

تبہ کار (رک) کا اسم کیفیت .
اسی سبب سے اولاد میں فساد اور تبہ کاری ہوتی ہے .
۱۸۳۹ رفاہ المسلمین ، ۵۷
[تبہ + کار (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

تبیض (ف ت ، سک ب ، ی مع) اسث .

کسی لکھی ہوئی چیز کو صاف لکھنا ، سنبھال کر لکھنا ، مسودہ بنانے کے بعد مبیضہ تیار کرنا ، تسوید کی ضد .
جلد طلسم گوہر بار محض ایک پاس داری خاطر سے پھر کہہ کر ایک کاتب کو تبیض کے لئے دے دی ہے .
۱۸۷۸ منیر (تاریخ نثر اردو ، ۱ : ۵۴۳)
اردو میں ترجمہ شرح آداب المریدین کی کتابت اور تبیض ہورہی ہے .
۱۹۳۶ سوانح خواجہ بندہ نواز ، ۱۷
[ع]

تبئین (فت ت ، سک ب ، ی مع) اسث .

رک : تبیین .

ابواب سابقہ میں تبئین و تفصیل بیان کی گئی ہے .

۱۸۵۱ ترجمہ عجائب القصص ، ۲ : ۳۴۳

مناسب ہے فکر مضامین نعت
کہ تزئین ایماں ہے تبئین نعت

۱۹۰۰ امیر مینائی ، ذکر حبیب ، ۱۶

[ع]

تبی (فت ت) م ف (قدیم) .

رک : تبھی .

اچھے گرچہ عنقا جگت تی عدم
رہے ناؤں جگ میں تبی جوں علم

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۹۰

تبیان (کس ت ، سک ب) اسذ .

بہت زیادہ وضاحت ، بیان ، تشریح کرنے کا کام ، کسی ذکر پر مشتمل وضاحت یا کلام .

اس داستان افسوں تبیان کو اس طرح نوک ریز قلم اعجاز رقم کرتے ہیں .

۱۸۸۶ بوستان خیال ، ۸ : ۳۱

[ع]

تبیر/تبیرہ (فت ت ، ی مع/فت ر) اسذ .

ڈھول ، نقارہ .

تبیر اور تبیرہ ، فقیر اور فقیرہ کے ہم وزن ہے طبل اور کوس کو کہتے ہیں .

۱۸۴۵ مطلع العلوم (ترجمہ) ، ۱۹۴

[ع]

تبیض (فت ت ، ب ، شد ی ، بضم) اسذ .

بیضۂ تولید کے نکلنے کا عمل ؛ بیضۂ تولید .

تبیض — رحم میں چھوٹے چھوٹے انڈے جو ہزارہا ہوتے ہیں ان کا نکلنا ہوتا ہے .

۱۹۲۳ عصائے پیری ، ۱۴۷

[ع]

تبیع (فت ت ، ی مع) اسذ .

گائے کا بچہ جو ایک برس کی عمر رکھتا ہو ، بچھڑا .

ہر بیس عدد پر ایک تبیع دیویں اور ہر چالیس عدد پر ایک مسن دیویں .

۱۸۴۵ مطلع العلوم (ترجمہ) ، ۲۷۴

[ع]

تبیعہ (فت ت ، ی ، فت ع) اسذ .

رک : تبیع .

جب تیس گائے ہوں یا بھینس تو ایک تبیعہ یعنی ایک سال کا دیوے .

۱۸۶۷ نور الہدایہ ، ۱ : ۱۷۸

[ع]

تبیلا (فت ت ، ی مج) اسذ .

رک : طویلا ، طویلہ .

گھوڑے کے تبیلے میں نماز کرنا مکروہ ہے .

۱۶۹۹ فرائض اسلام (دکنی اردو کی لغت ، ۱۳۲)

تبیین (فت ت ، ب ، شد ی بضم) اسذ .

اظہار ، توضیح .

حق کو تنزیہہ میں تبطن ہے
لیک تشبیہ سے تبین ہے

۱۸۰۹ شاہ کمال ، د ، ۱۹۶

[ع]

تبیہ (فت ت ، سک ب ، فت ی) اسذ .

مضمون نگاری یا انشا کی ایک قسم جس میں طلب فعل کا فقدان ہو .

التماس اگر طلب فعل پر دلالت نہیں کرتا تو اس کو تبیہ کہتے ہیں اور اسی میں انشا کی بقیہ قسمیں داخل ہیں .

۱۹۲۳ المنطق ، ۸

[ع]

تبیین (فت ت ، سک ب ، ی مع) اسث .

رک : تبیان .

برکات باطنی اور حدت قوائے روحانی سے جب تفصیل مسائل دینی تبیین دقائق یقینی پر مستعد ہوتے .

۱۸۴۶ تذکرۂ اہل دہلی ، ۵۳

رسول خدا کے فرائض منصبی میں یہ بات بھی شامل ہے کہ وہ قرآن کی وضاحت اور تبیین فرمائیں .

۱۹۷۳ بنیادی حقیقتیں ، ۹۸

[ع]

تبھورنا (فت ت ، و مج ، سک ن) ف م .

الٹ پلٹ کرنا ، کھکوڑنا .

بڑی چیز کے لیے بھی سارا صندوق تلپٹ کرنا اور تبھو ننا پڑتا ہے .

؟ گھر گرہستی ، ۲۴

[مقامی]

تَبھی (فت ت) م ف .

رک : تب ہی .

ترا دھاک جس دل میں جاگا کیا
جو امرت پلائے تبھی نیں جیا

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۲۴

ہے جان کروں تمھیں تبھی آرام سے رہوں
بولے کہ کر ہو جس میں ہے تیری رضائے ، ہائے

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۱۲۸

کوئی رہتا ہے جی ہے جی ترے کوچے کے آنے سے
تبھی آسودہ ہو کا میر سا جب جی کو کھووے کا

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۵۹

لذتیتی اصول کو تبھی صحیح ثابت کیا جاسکتا ہے جب کہ لذت خیر و حید ہو .

۱۹۶۳ اصول اخلاقیات (ترجمہ) ، ۱۰۹

— تئیں (— فت ت ، ی مع) م ف .

تب تک ، ایک مقررہ وقت تک .

جب تک ہے دل کے شیشے میں رنگ امتیاز کا
ہے اے بری تبھی تئیں آئینہ ناز کا

۱۷۸۳ درد ، د ، ۱۳۴

[تبھی + تئیں (رک)]

تَپ (۱) (فت ت) اسث .

بخار ، جاڑا بخار ، لرزہ .

کیتا بات تسلی منے بہوت اون
جو ہی بی کے تپ سیں بہوت تھی طپن

۱۶۹۳ وفات نامہ بی بی فاطمہ (ق) ، ۱۰

بادشاہ کو مارے وحشت کے تپ چڑھی .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۲۳۱

انگریزی ڈاکٹر تپ اور ہیضہ اور سل اور طاعون کی نسبت یہ رائے رکھتے ہیں .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۱۱۶

اف : آنا ، اترنا ، چڑھا ہونا (تپ کی بہت سی قسموں میں سے چند مشہور قسمیں درج کی جارہی ہیں) .

[ف]

— اُچھلی (— ضم ا ، سک چھ) اسث .

رک : تپ خالا (جامع اللغات) .

[تپ + اچھلی ، اچھلنا (رک) سے]

— آنا محاورہ .

خائف ہونا ، ڈرنا .

لڑائی کے نام سے اسے تپ آتی ہے .

۱۸۰۲ گنج خوبی ، ۱۳۵

— بَلغمی/بلغمیہ کس صف (— فت ب ، سک ل ، فت غ/کس م ، شد ی بفت) اسث .

وہ بخار جس میں مادہ بلغمی کا تعفن داخل عروق ہوتا ہے اور ہر وقت ہلکا ہلکا بخار رہتا ہے (جامع اللغات) .

[تپ + بلغمی/بلغمیہ ، بلغم (رک) سے]

— بیہوشی کس اضا (— ی مج ، و مج) اسث .

وہ بخار جس کے دورے کے وقت مریض کو بیہوشی لا حق ہوجائے (جامع اللغات) .

[تپ + بیہوشی (رک)]

— تلی کس اضا (— کس ت ، شد ل) اسث .

رک : تاپ تلی (جامع اللغات) .

[تپ + تلی (رک)]

— ٹوٹنا محاورہ .

بخار کا زور گھٹنا .

راحت کے ساتھ دو تین پہر جو نیند آئی تپ کے ٹوٹنے کا سامان ہوگیا .

۱۹۲۶ نوراللغات

— جانا محاورہ .

بے چینی دور ہونا ، حدت زائل ہونا ، تپش دور ہونا ، بیماری ختم ہونا ، اضطراب مٹنا .

عیسیٰ کو یقیں ہے کہ نہ جاوے گی تپ عشق
وہ درد کا میرے کبھو درماں نہ کرے گا

۱۶۹۸ سوز ، د ، ۲۲

— چڑھنا محاورہ .

۱. لرزاں و ترساں ہونا ، ڈر سے کانپنا ، ڈرنا .

سر فروشوں میں ہوں شیوہ مرا جاں بازی ہے
تپ چڑھے دیکھے اگر شیر نیستاں مجکو

۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۱۱۲

سودائے مغربی سے ہیں سب کے حواس گم
ایسی یہ تپ چڑھی ہے کہ چہرے اُتر گئے
۱۹۲۱ اکبر ، ک ، ۲ : ۳۰۶

۰۲ غصہ آنا ، برہم ہونا ، غیظ و غضب آنا .
بس بس نہ ذکر غیر مرے آگے کیجئے
نام رقیب سن کے چڑھ آتی ہے تپ مجھے
۱۸۳۲ دیوان رند ، ۱ : ۲۱۴

ــ حار/حارّہ کس صف (ــ/شد ر بفت) امث .

گرمی کا بخار .
بہواہ تجھکر سل کی تپ اور تپ حارہ اور ربع اور دق سے اور تلازار سے اور باد سموم سے اور آفت سے ماریگا .
۱۸۲۲ موسیٰ کی توریت مقدس ، ۷۹۵
گودا بھی ہڈیوں کا جلا کر کیا ہے خاک
چرکیں سے یہ سلوک تپ حار نے کیا
۱۸۳۲ چرکین ، ۵ ، ۸

[تپ + حار ، حارّہ (رک)]

ــ خالا/خالہ (ــ فت ل) امذ .

(لفظاً) وہ چھالا جو بخار کی گرمی سے ہونٹوں پر پڑ جاتا ہے.
ہے ہماری تپ فرقت کی حرارت ایسی
کہ فلک پر یہ ستارے نہیں تپ خالے ہیں
۱۸۴۶ دیوان مہر ، ۲۱۴

[تپ + خال ، خالہ (رک)]

ــ دق کس صف (ــ کس د) امث .

دق کے مرض کا بخار ، (ٹی بی) جو اعضائے رئیسہ میں حرارت سرایت کر جانے کے سبب بدن کی رطوبت کو سکھا دیتا ہے .
بخار ، درد سر ، ہیضہ . . . تپ دق . . . غرض اقسام اقسام کی بیماریاں ان کو عارض ہوتی ہیں .
۱۸۱۰ اخوان الصفا ، ۱۱۴
تپ دق اور گرم بخاروں کو اور پرانی گرم کھانسی کو اور نزلہ کو نہایت فائدہ دیتا ہے .
۱۹۳۰ جامع الفنون ، ۱۲۷

[تپ + دق (رک)]

ــ رُبع کس اضا (ــ ضم ر ، فت ب) امث .

چوتھیا بخار ، ایک بیماری جس میں ہر چوتھے دن زور کا بخار آجاتا ہے .
اس کے پیروں کی دھونی لینا تپ ربع کو جو چوتھے روز آتی ہے بہت مفید ہے .
۱۸۷۷ عجائب المخلوقات ، ۲۰۴
تپ ربع کے لیے نوبت سے آدھ گھنٹہ پہلے آب گرم کے ساتھ تین گولیاں کھلائیں .
؟ کلید عطاری ، ۱۷۸

[تپ + ربع (رک)]

ــ سوداوی کس صف (ــ و لین) امذ .

سوداوی مادے کے اثر سے آنے والا بخار (ماخوذ: جامع اللغات) .

[تپ + سوداوی (رک)]

ــ عفنی کس صف (ــ کس ع ، سک ف) امث .

عفونت کے سبب بخار ہونے کی کیفیت ، سوداوی بخار کی ایک قسم .
گرمی و خشکی کو دفع کرتا ہے ، ثقیل ہے ریاح اور بلغم پیدا کرتا ہے زیادہ کھانا اس کا تپ عفنی پیدا کرتا ہے .
۱۹۲۶ خزائن الادویہ ، ۱ : ۳۶۱

[تپ + عفنی (رک)]

ــ غب کس اضا (ــ کس غ) امث .

باری کا بخار ، اس بخار کی دو قسمیں ہوتی ہیں غب دائرہ جس میں تیسرے روز بخار آتا ہے اور تپ لازمہ جو ہر وقت چڑھا رہتا ہے مگر تیسرے روز زور ہوتا ہے یہ ملیریا بخار کی ایک قسم ہے ، باری کی تپ (جامع اللغات ؛ نوراللغات) .

[تپ + غب (رک)]

ــ قرمزی کس صف (ــ کس ق ، سک ر ، کس م) امذ .

ایک متعدی مرض ہے اسکی امتیازی خصوصیات بخار ، حلق کی سوزش ، جلد پر ایک چمکدار سرخ ثوران اور بعض پیچیدگیوں کا میلان ہے ان پیچیدگیوں میں سب سے زیادہ اہم حادالتہاب گردہ اور التہاب اذن وسطی ہیں ، لاط: Scarlet fever (عمل طب ، ۱۲۳) .
اگر کوئی طبیب کسی اسکول میں تپ قرمزی کی اصابت پائے تو وہ . . . اطلاع دے .
۱۹۳۷ طب قانونی ، ۵۷۵

[تپ + قرمزی (رک)]

ــ کا مُوت جانا محاورہ .

ہونٹوں پر تبخالے نمایاں ہونا ، بخار کے جانے کی علامت ظاہر ہونا (مخزن المحاورات ، ۳۳) .

ـــ کاہی کس صف امذ .

وہ بخار جو کوڑا کرکٹ خاک دھول پیٹ میں پہنچنے کی وجہ سے ہو اس میں سانس کی گھٹن اور کھانسی بھی ہوتی ہے .
دمہ ، تپ کاہی (hay fever) حکاک (Prurigo) اگزیما اور عرقی عصبانی تہوج میں بھی اسکا استعمال کیا جا چکا ہے .
۱۹۴۸ علم الادویہ ، ۱ : ۶۵۱
[تپ + کاہی (رک)]

ـــ کُہنہ کس صف (— ضم ک ، سک ہ) امذ .

پرانا بخار ، تپ دق ؛ (مجازاً) بہت بڑی مصیبت ، جان لیوا روگ .
یہ کم بخت میرے حق میں تپ کہنہ ہے .
۱۸۹۵ جہانگیر ، ۷۱
[تپ + کہنہ (رک)]

ـــ لَرزہ کس صف (— فت ل ، سک ر ، فت ز) امث .

وہ بخار جو کپکپی کے ساتھ چڑھے ، جاڑا بخار ، ملیریا .
کہیا شاہ کوں بھی اتال کیا ہوا
جو تپ لرزہ یوں اسکوں عاجز کیا
۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۳۶۷
جب تپ لرزہ چڑھتا ہے . . . تو بے اختیار یہ دل چاہتا ہے . . . بھلا چنگا کر دے .
۱۸۹۴ تعلیم الاخلاق ، ۴۲
[تپ + لرزہ (رک)]

ـــ مُحرِق/مُحرِقہ کس صف (— ضم م ، سک ح ، کس ر/فت ق) امث .

۱. وہ بخار جس میں شدت حرارت کی وجہ سے بدن ہری طرح پھنکنے لگے ؛ انگ : Typhoid ٹائی فائڈ ، میعادی بخار .
یوں اکبر مہر و تپ سینے میں نہائے
جیسے تپ محرق میں چواں کو عرق آئے
۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۳ : ۱۲
تپوں میں یہ گرمی کو دور کرتا . . . تپ محرقہ (Typhoid) . . . کو مفید ہے .
۱۹۴۸ علم الادویہ ، ۱ : ۸۲

۲. رک : تپ دق .
محمد علی شاہ ۵ ربیع الثانی سنہ و تاریخ مذکورہ مدت ۵ سال ، ۱ یوم عارضہ تپ محرق مدفون امام باڑہ حسین آباد .
۱۸۹۶ سوانحات سلاطین اودھ ، ۱ : ۱۴

چار پانچ ماہ کے بعد ہی تپ محرقہ میں مبتلا ہوئے بحالت علالت رام پور آئے .
۱۹۲۹ تذکرہ کاملان رام پور ، ۳۳۱
[تپ + محرق/محرقہ (رک)]

ـــ مزمِن کس صف (— ضم م ، سک ز ، کس م) امث .

پرانا بخار .
کس حوصلے سے آئے تھے پر لکھ گئے مسیح
زہر اجل مری تپ مزمن کے واسطے
۱۸۷۵ نشید خسر وانی ، ۲۰۸
[تپ + مزمن (رک)]

ـــ مَعوی/مَعویہ کس صف (— فت م ، سک ع/کس و ، فت ی) امذ .

آنتوں میں خرابی سے بخار آجانے کی کیفیت .
چنانچہ پھوڑے تپ معوی کی پیچیدگی ہیں .
۱۹۴۸ عمل طب (ترجمہ) ، ۱ : ۳
تپ معویہ ، مدقق بخاروں اور بعض دوسرے امراض کے جراثیم بھی ہوا کے اندر موجود پائے گئے ہیں .
۱۹۶۰ مبادی صحیات ، ۵۹
[تپ + معوی / معویہ (رک)]

ـــ مَوسمی کس صف (— و لین ، فت س) امذ .

برسات اور اس کے بعد مچھروں کے کاٹنے سے پیدا ہونے والا بخار ، ملیریا .
یہ بخار زیادہ تر ایک خاص موسم (موسم برسات اگست و ستمبر یا ساون و بھادوں) میں پیدا ہوا کرتا ہے لہذا اس کو تپ موسمی بھی کہتے ہیں .
۱۹۳۳ حمیات اجلسیہ ، ۴
[تپ + موسمی (رک)]

ـــ نَوبَت کس اضا (— و لین ، فت ب) امذ .

باری کا بخار ، وہ بخار جو مقررہ وقفے کے بعد چڑھتا ہو .
خراب پانی کے استعمال سے جو امراض ہوتے ہیں ان میں امراض ذیل مقدم ہیں ، شکایت امعا ، ہیضہ . . . تپ نوبت ، تاب تلی .
۱۸۹۱ مبادی علم حفظ صحت ، ۵۸
[تپ + نوبت (رک)]

تَپ (۲) (فت ت) امذ .

(ہندو) تپسیا ، جپ کا نقیض ، روحی یا قلبی عبادت ، دھونی رما کر دھیان کرنے کا عمل ، وہ عبادت جس میں ریاضت بھی شامل ہو .

سچ برابر تپ نہیں جھوٹ برابر پاپ

۱۸۵۹ مراۃ الصدق ، ۶۷

[س : تپس]

— بَن (— ف ت ب) امذ .

وہ جنگل جو تپ جپ یعنی عبادت کے لئے مخصوص ہو .

کسی نے بتایا نہیں ، تاہم یہ مقام تپ بن کا ڈانڈا معلوم ہوتا ہے .

۱۹۳۸ شکنتلا (ترجمہ) ، اختر حسین ، ۴۱

[تپ + بن (رک)]

— توڑ (— و مج) صف .

زہد شکن ، عبادت و ریاضت سے ڈگمگا دینے والا .

پھر ان پریوں کا حسن کیسا تپ توڑ ہے .

۱۹۳۸ شکنتلا (ترجمہ) ، اختر حسین ، ۱۷۴

[تپ + توڑ ، توڑنا (رک) سے]

— جَپ (— ف ج) امذ .

عبادت ، ریاضت .

شملہ میں ایک نوجوان انگریز ہندو بن گیا اور جوگی ہوکر پہاڑ کے ایک مندر میں تپ جپ کرنے لگا .

۱۹۴۳ مقالات گارساں دتاسی ، ۲ : ۲۹۹

[تپ + جپ (رک)]

— دھارنا محاورہ .

جوگی اور سنیاسی ہونا ، عبادت و ریاضت کے لمبے چلّہ کشی وغیرہ کرنا .

اے ہمالہ کی بلند چوٹیو . . . ہزاروں تپیشروں نے تمہاری آغوش الفت میں تپ دھارے .

۱۹۲۴ محمد کی سرکار ، ۳

— لوک (— و مج) امذ .

(ہندو) آسمان پر جنت کا چھٹا درجہ یا طبقہ .

جن لوک اور تپ لوک جو بہشت کے پانچویں اور چھٹے طبقے ہیں ذات واحد کے نور سے منور ہیں اور ان کے شمال اور جنوبی نصف حصے مہا پرش کی بائیں اور دائیں آنکھیں ہیں .

۱۹۷۵ ہندوستانی تہذیب کا مسلمانوں پر اثر ، ۳۳۱

[تپ + لوک (رک)]

تپ (۲) (ف ت) امذ .

تپنا (رک) کا حاصل مصدر ؛ تراکیب میں (آزمائش ، پرکھ ، جانچ وغیرہ کے معنی میں) مستعمل .

— تپ ہونا محاورہ .

بہت زیادہ پریشان ہونا ؛ جھلسنا ، بھلسنا ، تپکنا .

تپ تپ ہوا ہوں تب سیں تیرے وصال کارن
جپ جپ کہا ہوں جپنا ہر دم کیتا ہوں اب اب

۱۵۶۴ حسن شوقی ، د ، ۱۵۲

نیند اچٹ گئی اور الف ہو کر بنھانے لگی اور دماغ تپ تپ ہونے لگا .

۱۹۷۰ یادوں کی برات ، ۳۰۰

— تپا کر (— ف ت ، ک) م ف .

کھوٹے کھرے کی جانچ پڑتال کے بعد ، ہر طرح کی خوب دیکھ بھال کے بعد ، رک : تپ کر .

اس پولیسی کا ۹-۱۸۹۶ء میں امتحان خوب تپ تپا کر ہو گیا.

۱۹۰۳ آئین قیصری ، ۱۶۲

— کر م ف .

رک : تپ تپا کر ؛ مسلسل مشق یا پریشانی کے ساتھ ، بڑی کوشش و ریاضت کے بعد .

اس محنت کا بار صرف ایسے جیالے سورما اٹھا سکتے ہیں جو وقت کی بھٹی میں تپ کر نکلے ہوں .

۱۹۷۵ قافلہ شہیدوں کا ، ۱ : ۴۹

تپاری (کس ت) است .

انگور فرنگی ، کروندا ، ٹھاری (ٹپاری صرف بنگال میں کہتے ہیں شمالی ہند میں اس کو مکو کہتے ہیں) لاط : Physalis peruviana (پلیٹس) .

[ہ : ٹپاری तिपारी]

تپاس (۱) (ف ت) است .

ریاضت ، کم کھانے اور کم سونے کی تکلیف برداشت کرنے کا عمل ؛ دھوپ ، سورج کی کرنیں ؛ محنت تکلیف ؛ جوگ (نورالغات ؛ پلیٹس) .

[س : تپاس तपास]

تپاس (۲) (ف ت) است .

چھان بین ، جانچ ؛ غور و فکر ، سوچ بچار .

قاضی بولا قسمت بغایت ہے راس
موافق ہے دل میں تو اپنے تپاس

۱۸۲۶ قصہ قاضی و چور ، ۱۱۶

[متاس]

تپاک (ف ت) امذ .

۱. **آو بھگت ، گرم جوشی ، خاطر مدارات ؛ خلوص .**
بارے القصہ حسن نے اس تپاک سوں اپنا کچھ کہی .
۱۶۳۵ سب رس ، ۲۴۲

نہ وہ تپاک نہ جوشش نہ اتحاد نہ ربط
غضب کیا اسے کیا کیا سکھا دیا ناصح
۱۷۷۲ فغان ، د ، ۹۷

بڑے تپاک اور گرم جوشی سے باہم گفتگو ہونے لگی .
۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۲۴۳

بزار کیجے بناوٹ مگر نہیں بنتی
گیا تپاک دلوں میں جہاں ملال آیا
۱۹۰۰ دیوان حبیب ، ۱۰

۲. **ربط و ضبط ، رسم و راہ ، اختلاط ، میل جول .**
تپاک ایسا بڑھا پھر اس صنم سے
بہت محظوظ و راضی تھے وہ ہم سے
۱۸۶۱ الف لیلہ نومنظوم ، شایان ، ۲ : ۳۹۰

۳. **برتاؤ ، سلوک .**
اخلاق صرف منہہ پر میٹھی میٹھی باتیں بنانے اور اوپری تپاک جتانے کا نام ہے .
۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۳۹۱

جھجک تو دور ہوئی ڈریہ ہے مگر اے دوست
لگا دے آگ نہ تیرا رکا رکا سا تپاک
۱۹۴۶ مشعل ، ۲۰۱

۴. **نرمی ، مہربانی ، حسن اخلاق .**
اس قدر تپاک و الطاف بادشاہ سے خلاف عادت تھے .
۱۸۰۱ باغ اردو ، ۱۵۳

۵. **اختلاجی کیفیت ، رک : تپک (پاپٹس) .**
اف : کرنا ، ہونا .

۶. **(طنزاً) بے پروائی ، ظاہر داری .**
میں ہوں اور افسردگی کی آرزو غالب کہ دل
دیکھ کر طرز تپاک اہل دنیا جل گیا
۱۸۶۹ غالب ، د ، ۶

۷. **بے چینی ، بے قراری ، اضطراب** (نوراللغات) .

۸. **نسبت ، مناسبت ، علاقہ .**
گو کہ باہم دگر اعضا میں تناسب نہیں خاک
ہے مگر چہرے کو بالوں کی سیاہی سے تپاک
۱۹۳۱ محب ، مراثی ، ۵۱

۹. **التفات .**
جس نے کیا تپاک اسی نے کیا ہلاک
جو آشنا ہوا وہی نا آشنا ہوا
۱۹۰۵ داغ (نوراللغات)

۱۰. **عشق ، اخلاص ، محبت .**
ترے جلانے کو اے سنگدل صنم ہم نے
اک اور صاعقۂ طور سے تپاک کیا
۱۸۳۸ ناسخ (نوراللغات)

[ف]

ــ سے پیش آنا/ملنا ف مر .

گرم جوشی سے ملنا ، آؤ بھگت کرنا (جامع اللغات) .

ــ ظاہر کرنا ف مر .

محبت یا دوستی کا اظہار کرنا (جامع اللغات) .

ــ قلب کس اضا (ــ ف ت ق ، سک ل) امذ .

خون کا دباؤ ، دل کی دھڑکن ، اختلاج .
نواب بہادر صاحب اس دفعہ تپاک قلب میں سخت علیل ہوگئے کہ امید حیات نہ تھی .
۱۸۹۶ مکتوبات شاد ، ۲۰

[تپاک + قلب (رک)]

ــ کرنا محاورہ .

۱. **اختلاط جتانا ، التفات یا تعلقات ظاہر کرنا .**
کرتی تھی ذوالفقار عجب روح سے تپاک
دم میں ہوا بتاتی تھی سینہ کو کر کے چاک
۱۸۸۹ صفیر ، میلاد معصومین ، ۵۸

۲. **تواضع کرنا ، میل جول بڑھانا .**
ہم غم زدوں سے اتنا نہ قاتل تپاک کر
تلوار کھینچ کر کہیں جلدی ہلاک کر
۱۸۹۷ خانۂ خمار ، ۴۵

تپاں (ف ت) صف ؛ م ف .

۱. **تڑپنے والا ، بے قرار ، بے چین .**
ترے یو مکھ کی جھلک ہور زلف کی موج
تپاں ہے سرج تو بے تاب ہے سپند جدا
۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۲

بلاؤ یا نبی اللہ اس کو فدا شوق مدینہ میں تپاں ہے
۱۸۷۳ دیوان فدا ، ۳۵۰

رخ جانب سپاہ نظر جانب جناں
لشکر کی سرکشی سے ہے جنگ دل تپاں
۱۹۵۱ آرزو لکھنوی ، خمسہ متحیرہ ، ۲ : ۱۳

۲. تڑپتا ہوا .

خاک و خوں میں ہے تپاں عاشق غم ناک ہنوز
تشنہ ہے تیغ جفائے بت بے باک ہنوز

۱۷۹۴ بیدار ، د ، ۳۹

مری مٹھی میں ہے روح مہ و سال
تپاں ہے ماضی و مستقبل و حال

۱۹۳۶ نقش و نگار ، ۵۷

۳. جلتا ہوا ، سخت گرم .

زمیں سخت ، نا مہرباں آسماں ہے
سموم و زاں ہے تو ریگ تپاں ہے

۱۹۳۷ نغمۂ فردوس ، ۲ : ۶۸

[ف]

تپانا (۱) (فت ت) ف م .

۱. گرم کرنا ، جلانا ، (مجازاً) تکلیف پہنچانا .

جو خوش ہو کیتی خیال جائے بدل
نکل صبح آیا تپانے بدل

۱۶۳۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۱۲۳

مجھے دیکھ کر گھر میں جاتا رہے
رہ کی اگن میں تپاتا رہے

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۶۳

لوہار لوہے کو تپا کر کاٹتا ہے .

۱۸۹۰ جوگ بششٹھ ، ۲ : ۳۰۰

گرمی نے زمین کو تپایا بھانے لگا ہر کسی کو سایہ

۱۹۱۱ کلیات اسمٰعیل ، ۶

۲. (i) تاو دینا ، سونے چاندی وغیرہ کو آگ پر رکھ کر کھوٹا کھرا دیکھنا .

مثال طلا دل کو آتش میں غم کی
تپاتے ہو کستے ہو زر گر تمھیں ہو

۱۷۸۰ گل عجائب ، ۱۵۰

سوز دل سے ہے وہی حال مرے چہرے کا
رنگ زر جیسے تپانے میں بدلتی ہے آگ

۱۸۷۰ دیوان واسطی ، ۱۰۹

تو نے رکھے ہیں عشق کے درجے تو سمجھتا ہے حسن کے رتبے
پہلے تاتا ہے پھر تپاتا ہے کار ساز قدیم کیا کہنا

۱۹۱۱ نذر خدا ، ۳۳.

(ii) کسی دھات کو گرمی پہنچا کر پگھلانا تاکہ حسب منشا سامان بنا سکیں .

زیور یا (دوسرے) سامان (تیار کرنے) کے لئے لوگ آگ میں تپاتے (اور گلاتے) ہیں .

۱۹۷۰ تاثرات ، ۲۸۸

۳. جلانا ، تکلیف اٹھانا ، رنج سہنا .

خود کو تپایا پگھلایا کیا اس کو پانے خود کو گنوایا

۱۹۳۴ دو نیم ، ۱۴۴

۴. جانچنے یا خالص بنانے کے لیے کسی چیز کو آگ میں سرخ کرنا .

یوں نجات سمجھ کر جو عشق ساقی ہے
درود پڑھ کے تپاؤں بنے ثواب شراب

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۷۲

۵. جانچنا ، پرکھنا ، آزمانا: کسی چیز یا دھات (سونا وغیرہ) کو حسب قاعدہ سرخ کر کے خالص یا ملاوٹ دار ہونے کی جانچ کرنا .

ہو سکہ رائج میں بھی شاید کچھ کھوٹ
پر اس کو کسی نے یاں تپایا ہی نہیں

۱۸۹۲ دیوان حالی ، ۱۳۹

۶. ستانا ، دل جلانا ، کڑھانا ، تڑپانا .

سکی موتیاں کی جالی میں دسے کوچ تیری یوں سنجکوں
کیتیاں کے من تپانے تیں کیا تیرا جوبن برقع

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۱۵۷

جلایا ایسے و یسوں کو جبھی تو ناک میں دم ہے
ہم ایسے خاکساروں کو تپاؤ تم دھواں کیوں ہو

۱۹۵۷ یاس و یگانہ ، گنجینہ ، ۵۸

۷. ترسانا ، مایوس و بے قرار کرنا .

لگی شد کوں تل تل تپا نے سکی
کہ نیں دیتی ٹک بات لانے سکی

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۱۰۷

۸. رنگ بدلنا یا بدلانا .

دھوپ ہریا کے کندنی رنگ کو تپا کر گلابی بنا رہی تھی .

۱۹۵۲ ہمارا گاؤں ، ۷۵

۹. کانپنا ، تھر تھرانا .

وہ کیا گائے ابھی بیماری سے اٹھا ہے ضعف سے آواز تپاتی ہے .

۱۹۵۷ لغت کبیر

۱۰. غصہ ہونا .

ڈاکٹر اسپیدکر کچھ دیر تپائے مگر پھر سیدھے ہو گئے .

۱۹۳۵ 'اودھ پنچ' لکھنؤ ، ۲۰ ، ۴۲ : ۴

[س : تپ + آپھ तप + आपथ]

تپانا (۲) (فت ت) ف ل .

کسی دیوتا کو چڑھانے کے لیے تھوڑی سی شراب گرا دینا ؛ نیز وہ شراب جو کسی دیوتا کو چڑھائی جائے ، (مزاحاً) شراب کا جرعہ یا گھونٹ (پلیٹس) .

[س : ترپھ तर्पथ]

تپانا (کس ت) ف ل .

(بھگتوں کی اصطلاح) مراد دیبی (دیوی) کی پوجا کرنا (ا پ و ، ۵ : ۱۷۹) .

[مقامی]

تُپانا (ضم ت) ف م .

توپنا (رک) کا متعدی ؛ دفن کرانا ، دفنوانا ، چھپوانا (نوراللغات ؛ پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[ه : تُپانا तपाना]

تپانچہ (فت ت ، مغ ، فت چ) امذ ؛ ~ تپانچا .

تھپڑ ، طمانچہ (رک) .

یک دست ہو گیا دہن غنچہ پاش پاش
کیا قہر ہے تپانچۂ باد صبا کی چوٹ

۱۸۶۱ دیوان ناظم ، ۶۲

کس سے کی تھی ہمسری کیوں نیل رخ پر پڑ گیا
مہرباں کہتے تپانچا کس نے مارا چاند کو

۱۸۷۸ آغا ، د ، ۹۶

[ف]

تپا نرمانا (فت ت ، ن ، سک ر) ف مر .

(انجینیری) کسی دھات کے حرارت سے فساد زدہ ذرات کو معمولی اور اصلی حالت پر لانا .

فولاد کے تپا نرمانے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے اس کو دموی سرخ کیا جاتا ہے .

۱۹۴۸ انجینیری کارخانے کے عملی چالیس سبق ، ۵

[رک : تپ + ا ، لاحقۂ اتصال + نرمانا (رک)]

تپاو (فت ت) امذ .

تپانا (رک) کا اسم کیفیت .

میری جتنی تدبیر ہے ، بنی بنائی اکسیر ہے . . . تاؤ میں سچی تپاو میں سچی .

۱۹۰۱ راقم ، عقد ثریا ، ۳۷

تپاوس (فت ت ، و) امذ .

رک : تپسیا (شبد ساگر) .

[ه : تپاوس तपावस]

تپاون (فت ت ، و) امث .

۱. تپسیا کرنے کا عمل .

یعقوب نے وہاں پتھر کا ایک ستون کھڑا کیا اور اس پر تپاون کیا .

۱۹۵۱ کتاب مقدس ، ۳۷

تپاون تپاؤ جلاؤ بخور مگر ساھو کا نن سیکون

۱۹۶۹ مزمور میر مغنی ، ۲۲۳

۲. قربانی ، نذر ، بھینٹ .

بن کے چوتھے حصے کی مقدار میں تپاون کے لئے میے بھی دینا .

۱۹۵۱ کتاب مقدس ، ۸۲

[ه : تپاون तपावन]

تپاونا (فت ت ، سک و) ف م (قدیم) ؛ ~ تپاؤنا .

رک : تپانا (۲) .

دل بد نکر او یار آدم لکھ کا قطب شاہ
یاری کہ تپاوے نہ سہاون جونا اچھے

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۵۵

[ه : تپاونا तपावना]

تپاونت (فت ت ، و ، مغ) صف .

تپسوی ، عبادت و ریاضت کرنے والا (شبد ساگر) .

[ه : تپاونت तपावंत]

تپاہ پسچی (کس ت ، فت پ ، سک س) امذ .

سرداری ، حکمرانی .

قاسم خان نے اسے کچھ تصرف نہیں کرنے دیا اور اسکے دل سے تپاہ پسچی کا نقش مٹا دیا .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۵ : ۴۲۵

[مقامی]

تپائی (کس ت) امث .

۱. تین پایوں کی چوکی ، تین پایوں والی .

یاقوت کی تپائی پر پارۂ الماس فزون از حد قیاس .

۱۸۶۲ شبستان سرور ، ۷۲

تخت کے پائین دو تین تپائیاں نظر آتی ہیں .

۱۹۴۶ جھانسی کی رانی ، ۱۲

۲. تین ستونوں یا کھمبوں والی تعمیر ؛ عمارتی ڈھانچی جو مثلث نما ہو .

لیکن ہم سہ پایوں یا تپائیوں کے زور سے بحث کریں گے .

۱۹۳۱ تعمیروں کا نظریہ ، ۴۵۵

[س : ترے + پاد + اکا इका + त्रि + पाद]

تپت (فت ت ، پ) امث (قدیم) .

گرمی ، تپش ، جلن ، سوزش .

اک دشت میں تھا گزر سڑک کا
گیا ذکر اس کی تپت بھڑک کا

۱۹۳۶ جگ بیتی ، ۳۹

[س : تپت तप्त]

تپتا (فت ت ، سک پ) صف .

تتا ، گرم ، جلتا ہوا ، بہت گرم (پلیٹس) .

[س : تپت + کہ: तप्त + क:]

تپتی (کس ت ، فت پ ، شد ت) امث .

۱. ایک چھوٹی اور نازک بوٹی جو مرطوب مقامات خصوصاً باغوں میں پیدا ہوتی ہے اور اس میں جڑے ہوئے تین پتے ہوتے ہیں ، مزا کھٹا ہوتا ہے .

دیکھو تپتی ، نونیے ، میتھی کا ساگ ہے .

۱۸۸۵ بزم آخر ، ۶۵

تین روز عرق تپتی میں تر کرے .

۱۹۰۶ اکسیر الاکسیر ، ۴۵

۲. لکڑی کی ایک قسم .

بہت سی لکڑیوں میں کم و بیش ناگوار بو ہوتی ہے جیسے تپتی ، دارلو ، دھامن علی الخصوص جبکہ وہ تازہ قطع کی گئی ہوں .

۱۹۰۷ مصرف جنگلات ، ۸۵

[رک : تِ (= تین) + پتی (رک)]

تپتیا (کس ت ، فت پ ، سک ت) صف ؛ امذ ؛ ~ تپتیہ .

۱. تین پتوں والا ، سہ رکنی ، تین تین ٹکڑوں میں کٹا ہوا .

گرداگرد کی بیل میں گلاب ، اونٹ کٹارا تپتیا اور کنول بنے ہوئے ہیں .

۱۹۱۲ تاریخ دربار تاجپوشی ، ۳۸۰

۲. تاش کے پتوں کا ایک کھیل جو تین آدمیوں کے درمیان کھیلا جاتا ہے .

اکی دگی کیا بزک کیا نقش کیا بنک گیا
کورٹ پیس دگن تپتیا لیس اٹکر کھیلتے

۱۹۲۴ ثقہ ظریف (قلمی) ، ۲۰

۳. تین پتوں والا پودا جس میں پھلیاں لگتی ہیں ، کئی قسم کے اور پودے جن کی پتیاں تکونی ہوتی ہیں ، انگ : Trefoil ، طرفول .

یورپ میں کسان طرفیل یعنی تپتیہ کھیتوں میں کیوں بوتے ہیں .

۱۹۱۵ رموز فطرت ، ۸۹

[رک : تِ (= تین) + پتی (رک) + ا ، لاحقۂ صفت]

— بُوٹی (— و مع) امث .

چھوٹی سی بیل ہے پھول پیلا چنے کی دال سا پتا دو پھانک دار ایسی تمس ذائقہ کھٹا کھادر میں پانی کے پاس ہوتی ہے (ماخوذ : جڑی بوٹی ، ۲۶) .

[تپتیا + بوٹی (رک)]

— گھاس امث .

رک : تپتیا معنی نمبر ۳ .

غذائیں جن میں حیاتین ب بہت افراط سے نہیں پایا جاتا لیکن کافی مقدار میں ہوتا ہے گیہوں کا آٹا ، جو ، مکئی ، جوار ، باجرا . . . تپتیا گھاس ، کلاوہ باراں . . .

۱۹۴۱ ہماری غذا ، ۶۸

[تپتیا + گھاس (رک)]

تپتیہ (کس ت ، فت پ ، سک ت ، فت ی) امذ .

رک : تپتیا مع امثال .

تپچاق (فت ت ، سک پ) امذ .

گھوڑے کی ایک اعلیٰ قسم جس میں قوت برداشت بہت ہوتی ہے .

اسپ تپچاق با زین طلائی کمیدان کے واسطے ارسال فرمایا .

۱۸۴۸ حملات حیدری ، ۲۱۸

[غالباً : ت]

تپچانا (فت ت ، سک پ) ف م .

کپڑے سے کپڑے کی نوک ملا کر سینا .

میں اپنا کرتا تپچاتی ہوں .

۱۹۲۶ نور اللغات

[٥]

تپخالا / تپخالہ (فت ت ، سک پ / فت ل) امذ .

رک : تپ کے تحتی .

سوز تپ غم سے تا سحر گاہ
تپخالۂ لب تھا شعلۂ آہ

۱۸۹۳ دل و جان ، ۳۸

تپخلا (فت ت ، سک پ ، فت خ) امذ .

رک تپ (۱) کے تحتی ، آبلہ .

بعضے اوقات تپخلے چہرے پر ابھر کر آتے ہیں .

۱۸۶۰ نسخہ عمل طب ، ۴

تپرہاؤ (فت ت ، سک پ ، کس ر ، و مع) امذ .

ٹیلوں کے درمیان وہ تقسیم شدہ قطعات زمین جو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاشت کئے جاتے ہیں اس کے پاس غیر مزروعہ (بنجر) زمین کے حصے ہوتے ہیں (پلیٹس) ؛ کھیت جن کے درمیان مینڈیں بنی ہوں ، بنجر زمین کے درمیان کاشت شدہ ٹکڑے (جامع اللغات) .

[ہ : تپرہاؤ तपरिहाउ]

تپری (فت ت ، سک پ) امث .

مٹی کا تودہ ، پہاڑیوں کا ٹیلہ ؛ حد بندی ، پشتہ ، مینڈ (پلیٹس) .

[ہ : تپری तपरी]

تپڑ (فت ت ، شد پ بفت) امذ .

۱. ٹاٹ کی گدی جس پر ہمسے بیٹھتے ہیں ، گدی .

اس نے چند کوڑیاں اپنے تپڑ کے نیچے سے نکال کر دیں .

۱۹۳۷ قصص الامثال ، ۲۷۱

۲. مشک کا زیر انداز ، مشک کے تلے بچھانے کا چمڑے کا چوڑا ٹکڑا ، ہرتلا ، چرسا (ا پ و ، ۱ : ۱۹۸) .

[ہ]

ـــ اُلٹ دینا محاورہ .

دیوالیہ ہو جانا ، دیوالیہ بنا دینا .

ہنیوں کا الٹ دیا ہے تپڑ
روکڑ ہے نہ جنس ہے نہ مایا

۱۹۱۱ کلیات اسمٰعیل میرٹھی ، ۲۲۹

ـــ اُلٹنا محاورہ .

دیوالیہ ہو جانا ، دیوالہ نکالنا .

اس کا راس المال سب غائب غلہ ہو جاتا ہے اور اسے تپڑ الٹنا پڑتا ہے .

۱۹۰۴ مقدمہ ابن خلدون (ترجمہ) ، ۲ : ۱۹۴

تپڑا (فت ت ، سک پ) امذ .

تین مہینے کی بیل کے پان جن میں کچا اور پرپالا بن باقی ہو کھانے میں بدمزہ اور جلد گل جانے والا ہوتا ہے اس کو کچا نواڑی بھی کہتے ہیں (ا پ و ، ۴ : ۱۱۵) .

[مقاسی]

تپڑی (فت ت ، سک پ) امث .

تپڑ (رک) کی تصغیر ، معمولی گدی ، بان کی چٹائی .

عام تپدیوں کی طرح مجھے بھی ایک تپڑی (بان کی چٹائی) مل گئی .

۱۹۷۴ ہمدرد ، کراچی ، ۱۱ فروری

[رک : تپڑ + ی ، لاحقۂ تصغیر]

تپس (۱) (فت ت ، پ) صف .

رک : تپسی ، تپسوی .

اس بے بدل رتن کے بدل غواصی اچھوں
تپس ہو گھالتا ہوں تپس آہ کیا کروں

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۱۴۷

[ہ : تپس तपस]

تپس (۲) (فت ت ، پ) امث .

رک : تپ ، تپسیا ، عبادت ، ریاضت ، پرستش .

انپڑ سکے نہ وو اپنی مراد کوں ہر گز
جن ایک چت سوں غواصی تپس نہیں کرتا

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۱۰۶

یہ اپنا او پاس کرنا اور تپس کرنا گویا آتش بھوک میں تپنا ہے .

۱۸۸۶ ظریف کے ڈرامے ، ۴ : ۱۳۶

[س : تپس तपस]

ـــ گھالنا محاورہ (قدیم) .

مصیبت اٹھانا .

پرت والے تری بالی انکھڑ والی ہوں میں آلی
تپس گھالے اپس جاتی ہوں دیکھ حالی مرا حالا

۱۶۷۲ عبداللہ قطب شاہ ، د ، ۵۰

تپسا (فت ت ، سک پ) امث .

رک : تپس (۲) .

وہاں کے راہب اپنے تپسا کے چرخ کل کی طرح ہمیشہ پھراتے ہیں .

۱۹۰۷ گلزن نادر ، ۹۷

تپسنی (فت ت ، پ ، سک س) صف مث .

رک : تپسوی (شبد ساگر) .

[ہ : تپسنی तपसनी]

تپسونی (فت ت ، سک پ ، کس س ، سک و) اسث .

تپسوی (رک) کی تانیث .

اس نے . . . کہا تپسونی کو ہم جیسے غرض کے بندے کیا سمجھ سکتے ہیں .

۱۹۳۶ پریم چند ، زاد راہ ، ۲۱۱

[س : तपस्विनी]

تپسوی (فت ت ، پ ، سک س) امذ .

رک : تپسی .

کوئی تپسوی یا علم الٰہی کا عالم کہتا ہے .

۱۸۸۶ لال چندر کا ، ۱۰۰

تپسوی لوگوں کا بھیس بھرنے سے اور جسم پر بال رکھنے سے قرب الٰہی حاصل نہیں ہوتا .

۱۹۱۹؟ بابا نانک کا مذہب ، ۸۲

[س : तपस्वी]

تپسی (فت ت ، پ ، شد س نیز بلا شد) صف ، مذ .

ریاضت کرنے والا ، عابد ، زاہد .

کبھیں ہو تاپڑی تاپیں کبھیں جوگی جٹا دھاری
کبھیں ہو کاپڑی بیٹھیں کبھیں تپسی ہر ہم چاری

۱۵۶۴ حسن شوقی ، د ، ۳۰۳

سفیدی نیں ہو دیدیاں میں مگر تن کوں بھبوتی لا
بلک اپنی جٹاں کریا اہیں تپسی سنامی ہو

۱۶۷۹ دیوان شاہ سلطان ثانی ، ۸۳ (الف)

رہ کھڑا ایک پاوں پر بگلا ہے تپسی وہ بحر جوبن کا

۱۷۱۴ دیوان فائز دہلوی ، ۳۱۴

بہت سے رکھی و تپسی جنگل میں سکونت رکھتے ہیں .

۱۸۵۸ وقایع رامچندر ، ۲۱

سنیاسی اور تپسی کے موافق گزران کرتے ہیں .

۱۹۰۷ منہاج السالکین ، ۱۷

[० : तपस्वी]

ـــ مچھلی (ـــ فت م ، سک چ) اسث .

مچھلی کی ایک قسم کی بہت سی ذیلی اقسام جو جگہ جگہ مختلف ناموں سے مشہور ہیں، لاط: Polynemus Paradiseus (Dictionary Hindustani & English Shakespear).

[تپسی + مچھلی (رک)]

تپسیا (فت ت ، پ ، سک س) اسث .

روحانی یا قلبی عبادت ، ریاضت ، دھونی رما کر دھیان کرنا ، پوجا یا پرستش .

ہر اک نار سورج سے سوبھا دھرے
کھڑی ہو سورج کی تپسیا کرے

۱۷۱۴ دیوان فائز ، ۲۲۲

اور براٹ کی تپسیا کے سبب سے منو جی پیدا ہوئے .

۱۸۶۸ رسوم ہند ، ۸

ہے تیاگ کسی کا یا تپسیا جس نے مندر کا چولا بدلا

۱۹۶۱ عروس فطرت ، ۳۴

[س : तपस्या]

تپش (فت ت ، پ) اسث .

رک : تپشیا ، تپس .

نہ دنیا کی چیزاں ہوتا خیال اسے
کیا تھا تپش سب سوں پروال سے

۱۶۸۲ رضوان شاہ و روح افزا ، ۹۲

اس قسم کی ریاضت کا یہ اثر ہوتا کہ تپش کرنے والا دیوتا کے درجے کو پہنچ جاتا .

۱۹۱۳ تمدن ہند ، ۳۳۰

تپش (فت ت ، کس پ) اسث .

۰۱ گرمی ، (بخار کی) حرارت ، سوزش ، (دھوپ کی) تمازت .

منج تن تپش جانے تہیں منج ٹھار جیو لانے تہیں
منج دل مندھر میانے تہیں کیتا ہے منزل رہے پیا

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۸۳

پاس خموشی شور تپش میں بھی ہے وہی
سمجھی نہیں کسی نے ادائے فغان شمع

۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۱۱۸

بخارات پانی سے اٹھے جو سورج کی تپش سے گرم ہو کر یہ صورت اختیار کر لیتے ہیں .

۱۹۳۲ سیرۃالنبی ، ۳ : ۵۶

۰۲ اضطراب ، تڑپن ، سوز و گداز ، حرکت مذبوحی ، بسمل کی تڑپ .

اسے فرمایا کہ ... سوزش ، تپش . . . شیدائی ، استغنائی ... ہو وزیر بڑے بڑے ... انوکا دل ہاتھ لے .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۷۷

دل یہ کہتا ہے ہمارے دم سے ہیں آثار عشق
درد ہم سے ملے تپش ہم سے ہے سودا ہم سے

۱۸۹۲ مہتاب داغ ، ۲۴۴

ہے غایت تپش قلب شوق جاں بازی
نہایت خاش مدعا ہے پاس وفا

۱۹۱۸ نقوش، ماں ، ۵۰

۳۔ **درجۂ حرارت ؛ ٹمپریچر .**
ٹمپریچر یا تپش کسی شے کے گرم یا سرد ہونے کی حالت کا نام ہے .

۱۹۶۶ حرارت ، ۱

[ف]

ــ اَندوز (ــ فت ا ، سک ن ، و مج) صف .
حرارت حاصل کرنے والا .
وہ تجلی حقیقت جو ضلالت سوز تھی
گرمی قلب محمد سے تپش اندوز تھی

۱۹۱۳ شکریۂ یورپ ، ۶

[تپش + اندوز (رک)]

ــ آلُودہ (ــ و مع ، فت د) صف .
تڑپنے والا ، مضطرب ، بے چین ؛ گرم تاثیر .
ذبح کرتا تھا وہ قاتل ، مجھ تپش آلودہ نے
خون میں سب دامن کے پاٹ اس کے اچھل کر بھر دئے

۱۸۳۰ نظیر ، ک ، ۱ : ۵۷

[تپش + آلودہ (رک)]

ــ بِسمِلانہ کس اضا (ــ کس ب ، سک س ، کس م ، فت ن) صف .
زخمی کی تڑپ ، زخمی کی طرح تڑپنا ، مذبوحانہ اضطراب .
حرکات مذبوحی اور تپش بسملانہ سے اب تک اس قدر ہوا ہے کہ اس احاطے کی چار دیواری خام بن گئی ہے .

۱۸۹۶ مکاتیب امیر مینائی ، ۳۰۹

[تپش + بسمل (رک) + انہ ، لاحقۂ صفت]

ــ پیما (ــ ی لین) امذ ؛ صف .
حرارت جانچنے کا آلہ ، درجۂ حرارت معلوم کرنے کا آلہ ، تھرمامیٹر .
تپش کو بھی جو . . . تپش پیما سے ظاہر ہو ملحوظ رکھنا چاہیے .

۱۸۹۱ علم ہیئت ، ۵۸
اس نے حرارت کو ناپنے کے لیے ایک تپش پیما ایجاد کیا .

۱۹۶۸ فتوحات سائنس ، ۳۰

[تپش + پیما (رک)]

ــ پَیمائی (ــ ی لین) امث .
تپش پیما (رک) کا اسم کیفیت .
کسی دیے ہوئے جسم کا ٹمپریچر صحیح صحیح ناپنا سائنس کی زبان میں تپش پیمائی یا تھرمامیٹری کہلاتا ہے .

۱۹۶۶ حرارت ، ۳

[تپش + پیما (رک) + ئی ، لاحقۂ کیفیت]

ــ ڈھال امذ .
وہ جھکا ہوا حصہ جس سے گرمی کی روک کی جاسکے .
تپش ڈھالوں کے زیادہ ڈھلواں ہوجانے سے . . . مشکلات پیش آتی ہیں .

۱۹۴۸ حرارتی انجنوں کا نظریہ ، ۵۸۴

[تپش + ڈھال (رک)]

ــ رُخی (ــ ضم ر) صف .
آگ گرمی یا سورج کی طرف رخ کرنے والا .
سردیوں میں یہ عجیب و غریب مخلوق ایجاباً تپش رخی بن جاتی ہے .

۱۹۳۲ اساس نفسیات ، ۷۶

[تپش + رخ (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

ــ زور (ــ و مج) امذ .
حرارت کی زیادتی ، حرارت کا دباؤ .
حرارت کی یکساں تبدیلی سے دونوں چیزوں میں مختلف تپش زور پیدا نہیں ہوتے .

۱۹۴۸ رسالہ ورکی (چنائی) ، ۱۷۴

[تپش + زور (رک)]

ــ ناکارگی (ــ سک ر) امث .
(سائنس) کسی شے کی حرارت کا وہ حصہ جو مستقل رہتا ہے ، صرف میں نہ آنے والی حرارت ، محفوظ تپش .
کسی پیمانہ پر اس کا نقشہ رتبہ کیے ہوئے کام کو تعبیر کرتا ہے اور اس کے ساتھ تپش ناکارگی کا نقشہ بھی دیا گیا ہے .

۱۹۴۸ حرارتی انجنوں کا نظریہ ، ۲۷

[تپش + نا (نفی) + کار (رک) + گی ، لاحقۂ کیفیت]

تَپشا (فت ت ، پ ، شد ش) امث .
رک : تپسیا .
درخت میں لٹک کر نفس امارہ کو تپشا کی آگ میں جلاتا ہے .

۱۸۰۵ آرائش محفل ، افسوس ، ۴۸

[संपश्चा : تپشا]

تپشن (فت ت ، پ ، شد ش بفت) امث .

تپشی (رک) کی تانیث .

یہ اس قلمے میں رہتی ہے اور ساری کی تپشن کہلاتی ہے .

۱۸۸۸ طلسم ہوش ربا ، ۳ : ۷۹۷

تپشوی (فت ت ، پ ، شد ش بفت) صف .

رک : تپسوی .

اس کی بھی سدھ نہیں کہ بچھ جیسا تپشوی تیرے در پر کھڑا صدا دے رہا ہے .

۱۹۳۸ شکنتلا ، اختر حسین رائے پوری ، ۹۵

تپشی (فت ت ، پ ، شد ش) صف .

رک : تپسی .

اپنے وقت میں وہ بڑا جوگی تپشی دھرمی تھا .

۱۸۰۵ آرائش محفل ، افسوس ، ۲۰۱

[ه : तपश्शी]

تپِشی (فت ت ، کس پ) صف .

تپش (رک) سے منسوب ، حرارتی ، (سائنس) جوہری یا ایٹمی کے بالمقابل .

حالانکہ مرکزائی بجلی گھر کی تعمیر میں ابتدائی مروجہ تپشی بجلی گھروں کے مقابلے میں دو گنے (روپے خرچ) ہوتے ہیں .

۱۹۶۵ کاروان سائنس، کراچی ، ۲ ، ۳ : ۱۰۹

— کُرہ (— ضم ک ، شد ر بفت) امذ .

رک : آگ کا کرہ ، کرۂ نار ، فضا کے بعد کا وہ خلائی حصہ جو گرم تسلیم کیا جاتا ہے ، انگ : Thermosphere .

تحقیقاتی کمیٹی نے دو راکٹ کامیابی کے ساتھ فضا میں پہنچائے ان میں سے ایک راکٹ تھا جس کا کام تپشی کرہ کا درجہ حرارت معلوم کرنا تھا .

۱۹۶۸ کاروان سائنس، کراچی ، ۵ ، ۱ : ۱۱۸

[تپشی + کرہ (رک)]

تپشیا (فت ت ، پ ، شد ش بکس) امث .

رک : تپسیا .

ہر گبر ڈھاک کے پتوں کی چھتری کے تلے دھونی رمائے تپشیا کر رہا ہے .

۱۸۶۶ جادۂ تسخیر ، ۱۷۹

ایک ہندو سادھو مدت سے رہتے تھے اور دن رات تپشیا میں مصروف رہتے تھے .

۱۹۳۰ مس عنبرین ، ۱۰۶

تپک (فت ت ، پ) امث .

کسی پھوڑے پھنسی یا زخم وغیرہ میں رہ رہ کر جلن اور تڑپ کی کیفیت ، ٹیس ، (مجازاً) اضطراب .

حیوان جنس ہو کر کیا عشق ہے تپک میں
انسان گر کہاتا تو اس تے کم مباش

۱۶۷۹ دیوان شاہ سلطان ثانی ، ۴۴ (الف)

آیا نہ چین جی کو نہ دل سے تپک گئی
میں چپ رہوں کہاں تئیں چھاتی تو پک گئی

۱۷۸۴ درد ، د ، ۱۰۰

پکے پھوڑے کی طرح دل میں تپک
ٹیس زخم جگر میں گاہ چمک

۱۸۵۷ بحر الفت ، ۳۲

محبت میں سارا تپک کا مزا ہے
ضرورت نہیں زخم دل کو دوا کی

۱۹۱۱ نذر خدا ، ۳۲۳

[ه : तपक]

تُپک (ضم ت ، فت پ) امث .

توپ (رک) کی تصغیر : چھوٹی توپ .

بھری تپک اور ڈھال کٹاری میں کیا کہوں اللہ کی ماری

۱۸۵۱ مثنوی مورک سمجھاونی (دہلی اخبار، مارچ، ۲۳)

تپکچی (فت ت ، پ ، سک ک) امذ .

ایک افسر جو مالگزاری کے کام پر لگایا جاتا تھا (جامع اللغات) .

[ت]

تُپکچی (ضم ت ، فت پ ، سک ک) امث .

رک : تُپک .

یہ ٹھیری کہ گردوں اور دیگ اور تپکچیاں بیچ میں رہیں .

۱۸۹۷ تاریخ ہندوستان ، ۳ : ۱۴۸

[ت]

تپکن (فت ت ، سک پ ، فت ک) امث .

رک : تپک .

خاص طور پر زہردست قسم کے دردوں میں جو حاد اور تپکن والے ہوں کی (=داغنا) کرنے میں تاخیر نہ کرنا چاہیے .

۱۹۴۷ جراحیات زہراوی ، ۴

[تپکنا (رک) سے]

تپکنا (فت ت ، پ ، سک ک) ف ل .

زخم میں ٹیس ہونا ، لپک ہونا ؛ چبھنا ، دکھنا .

تپک رہے ہیں ، یہ پھوڑے کی طرح سینے میں
دل و جگر بھی سزاوار نیشتر کے ہیں

۱۸۳۶ ریاض البحر ، ۱۳۲

یہ الفاظ پھوڑے کی طرح اسی وقت سے اس کے دل میں تپک رہے تھے .

۱۹۳۲ میدان عمل ، ۳۲۶

[س : تپ + کر ← तप + क]

تپکیا (ضم ت ، فت پ ، سک ک) امث .

رک : تپک .

ٹوم چھلا سگ گوا ہو تام تام
اور تپکیا بھی چھنے ہو مور رام

۱۸۳۵ رنگین ، مجموعۂ رنگین (ق) ، ۶

[رک : تپک + یا ، لاحقۂ تصغیر]

تپلی (کس ت ، فت پ ، شد ل) امث .

(موسیقی) تین تال یا سروں والی موسیقی کی ایک قسم .

کسی نے گت اور پرن سنائے کسی نے تپلّی اور چوپلّی کا حساب پیش کیا .

۱۹۶۲ ساقی ، کراچی ، جولائی ، ۵۷

[رک : تِ (= تین) + پلّی (= پل) (رک) سے]

تپن (فت ت ، پ) امث .

تمازت ، تپش ، گرمی .

میگھ کے آگے ہوئے سورج کی تپن مٹ جاتی ہے .

۱۸۹۰ جوگ بششٹھ (ترجمہ) ، ۲ : ۲۴

[تپنا (رک) سے]

تپنا (فت ت ، سک پ) ف ل .

۱. گرم ہونا ، جلنا ، بھبکنا ، تتا ہونا .

آیا یک دھنواں ہور طوفان سخت
جو تپتے تھے طوفان تے واں درخت

۱۶۴۹ خاور نامہ ، ۳۹۳

ہوئی جیوں جلوہ گر تجھ یاد سوں مجھ دل میں بے تابی
تیں شعلہ تن گرمی سوں غم کے تلملی انکھیاں

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۳۲

گرمی کی شدت دوپہر کا وقت ، آفتاب کی تمازت ، باد سموم کا چلنا پہاڑوں کا تپنا .

۱۸۹۰ فسانۂ دل فریب ، ۳۸

یوں گرمی حسن سے ہے تپتی بوٹے بوٹے کی پتی پتی

۱۹۶۱ عروس فطرت ، اثر ، ۲۷

۲. (کسی داخلی اذیت وغیرہ سے) تکلیف اٹھانا ، تڑپنا ، رنج اٹھانا ؛ غصہ کرنا ؛ چڑنا .

جنم سب اسی دھن کو جپتا ہوں میں
اسی دھن کی خاطر سو تپتا ہوں میں

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۳۸

امیدوار مایوسی کا منہ دیکھ کے اور تپیں گے اس کے بعد لڑائی دنگا فساد قتل غارت کی نوبت آجائے گی .

۱۹۳۱ داودہ پنج ، لکھنؤ ، ۱۶ ، ۳ : ۶

[س : تپ ← तप]

تپنا (ضم ت ، سک پ) ف ل .

رک : تھپنا .

چلنے جو لگے تو دلربانے کھدوائے گڑے تپے خزانے

۱۸۸۱ مثنوی نیرنگ خیال ، ۱۵۹

تپنّا (کس ت ، فت پ ، شد ن) امذ .

تین پنے یا تاؤ والا (پتنگ وغیرہ) .

اڑاتی تھیں یہ پولّے ادھنے مگر تاؤ والے ترنگے تپنے

۱۹۶۷ اندھیر نگری ، ۳۴

[رک : تِ (= تین) + پنا (رک)]

تپنچہ (فت ت ، پ ، سک ن ، فت چ) امذ ؛ ~ تمنچہ .

بندوق کی قسم کا ایک چھوٹا آتشیں ہتھیار جو جیب میں رکھا جاسکتا ہے (قدیم زمانے کے بنے ہوئے تپنچے نال میں گولی بارود بھر کر چلائے جاتے تھے ، اس کے بعد کارتوسی بندوق کی طرح تپنچے بھی کارتوسی ایجاد ہوگئے جن میں کئی کارتوس بھر کر ان سے بیک وقت متعدد فیر کیے جاسکتے ہیں) ، پستول ، پسٹل ریوالور .

کیا اس کو غیرت نے بے اختیار
مرا وہ تپنچے کو سینے میں مار

۱۷۹۳ جنگ نامہ دو جوڑا ، ۳۴

تپنچے رغل گرز خنجر خدنگ عنایت کیے فوج کو بھر جنگ

۱۸۹۳ صدق البیان ، ۱۲۵

وہ گھر میں بنے بیٹھے ہیں اے شوق شکاری
ہر وقت تپنچے کا وہاں فیر ہے اب تو

۱۹۲۵ شوق قدوائی ، د ، ۱۱۵

[ف]

— اُٹھانا محاورہ .

تپنچہ دکھانا ، وار کرنے کے لیے آمادہ ہونا ، فائر کرنا ، حملہ آور ہونا .

بوسہ میں لوں گا ابروے خمدار کا ضرور
تلوار اٹھائیے کہ تپنچہ اٹھائیے

۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۲۰۳

— اُڑانا محاورہ .

تپنچے سے فیر کرنا ، پستول داغنا .

اپنی بندوقیں ترابنیں اور تپنچے ہوا میں اڑانے لگیں .

۱۹۰۲ چراغ دہلی ، ۱۲۵

— باندھنا محاورہ .

تپنچہ کمر پر لگانا ، جنگ یا قتل کی تیاری کرنا .

آج کس عاشق جاں‌باز کی شامت آئی
کس پہ باندھا ہے یہ چھوٹا سا تپنچہ کمر سے

۱۸۷۸ آغا ، د ، ۱۲۳

— بھرنا محاورہ .

تپنچے میں گولی بارود بھرنا (نوراللغات) .

— جھونکنا محاورہ .

رک : تپنچہ چلانا ، تپنچے سے وار کرنا .

شہزادی نے تپنچہ قبور سے کھینچ لڑکے پر جھونک دیا .

۱۸۲۳ فسانۂ عجائب ، ۱۰۷

— چڑھنا محاورہ .

تپنچے کے گھوڑے کو کھینچکر فیر کرنے کے لیے تیار رکھنا .

کس روز کوئے یار میں قصے بڑھے نہیں
تیغیں کھنچی نہیں کہ تپنچے چڑھے نہیں

۱۸۵۴ ریاض مصنف ، ۲۹۷

— چلانا محاورہ .

تپنچہ سر کرنا یا چھوڑنا (نوراللغات) .

— چلنا محاورہ .

۱. صدمہ پہنچنا ، تپنچے کا وار ہونا .

ہماری مرگ ہے تیری ادا پہ او قاتل
تپنچے چلتے ہیں ہم پر نہ انگلیاں چٹکا

۱۸۳۶ ریاض‌البحر ، ۷

۲. تپنچہ چلانا (رک) کا لازم (نوراللغات) .

— چھوٹنا محاورہ .

رک : تپنچہ چلنا یا اس کے چلنے کی آواز ہونا ؛ تکلیف ہونا .

اعضاے بدن یہ ٹوٹتے ہیں
گویا کہ تپنچے چھوٹتے ہیں

۱۸۷۰ دیوان امیر ، ۳ : ۲۳۵

— چھوڑنا محاورہ .

تپنچہ سر کرنا ، تپنچہ خالی کرنا ، وار کرنا (نوراللغات) .

— خالی کرنا محاورہ .

وار کرنا ، تپنچہ چھوڑنا .

گر صیدگاہ عشق میں شوق شکار ہے
خالی کیا تپنچہ تو بندوق بھرنہ لے

۱۸۹۲ شعور (نوراللغات)

— کا پایا/پایہ (— فت ی) امذ .

تپنچے کا گھوڑا یا لِبلبی .

کیا عداوت ہے اگر سامنے آیا میں کبھی
کھنچ گیا اس کے تپنچے کا برابر پایا

۱۸۵۴ ریاض مصنف ، ۹

— مارنا محاورہ .

رک : تپنچہ چلانا ، تپنچے سے فیر کرنا .

اس نے اپنا داہنا ہاتھ بڑھا کر تپنچہ ماردیا .

۱۸۹۹ ہیرے کی کنی ، ۶۲

تپوانا (فت ت ، سک پ) ف م .

گرم کروانا ، تپانے کا کام کسی دوسرے سے کرانا ، (مجازاً) غیر ضروری محنت لینا یا تکلیف دینا (شبد ساگر) .

[تپنا (رک) سے]

تپوبن (فت ت ، و مج ، فت ب) امذ .

تپسیا یا ریاضت و عبادت کرنے کا جنگل .

جنگلوں میں سنیاسیوں کے آشرم اور پشچاتاپ کے لیے تپوبن تھے .

۱۹۲۸ ازمنۂ وسطی ، ۳۱

[تپو ، رک : تپ + بن (رک)]

تپوتیا پتھر (فت ت ، و مج ، سک ت ، فت پ ، شد تھ بفت) امذ .

(ملمع سازی) ایک قسم کا پتھر جس سے جلا دی جاتی ہے .

دبنے سے سونا اپنی جگہ مضبوط بیٹھ جائے تو غوری اور تپوتیا پتھروں سے اس پر مہرہ کریں .

۱۸۴۵ (ترجمہ) مجمع الفنون ، ۲۴۰

[؟]

تپُونی (کس ت ، و مع) امث .

(ٹھگ) دیبی کی پوجا (ا پ و ، ۸ : ۱۸۰) .

[تپ (رک) سے]

تپّہ (فت ت ، شد پ بفت) امذ .

رک : ٹپا (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

تپّہ (کس ت ، شد پ بفت) امذ .

گھاس ، پوربی گھاس کی ایک قسم ، دوب ، انگ: Turf.

عام طور پر خوش نما تپہ ۲ سے ۳ انچ تک دبیز تراشا جاتا ہے ہندوستان میں تپہ شاذ ہی دستیاب ہوتا ہے اس لیے سطح پر بالعموم وہ گھاس اور جھاڑیاں ہونی چاہیں جو ان مٹیوں پر نشوونما پاسکیں .

۱۹۴۴ مٹی کا کام ، ۱۱۱

[مقامی]

تپسی (فت ت) امذ .

رک : تپسوی (پلیٹس) .

[س : تپ + ان + इन तप]

تپیا (کس ت ، فت لین پ) امذ .

تین پائے کا ، تپائی (رک) (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[ه : तिपाया تپیا]

تپیدن (فت ت ، ی مع ، فت د) ف ل ؛ امث .

۱. **تڑپنا ، پھڑکنا ، تڑپ ، پھڑک ، بےقراری .**

تماشائے تپیدن کی ہوس قاتل کو ہے باقی
موئے جلدی سے ہم ناحق ، ہوئے ہم جاں بحق ناحق

۱۸۹۵ دیوان راسخ دہلوی ، ۱۳۴

اقبال کو اشتقاق کی ان صورتوں سے بڑی دلچسپی ہے جن کا تعلق رسیدن ، گسستن ، تپیدن ، . . . زدن وغیرہ سے ہے .

۱۹۷۴ مسائل اقبال ، ۳۱۳

۲. **گرم ہونا ، تتّا ہونا** (جامع اللغات) .

۳. **دھڑکنا ، لرزنا ، کانپنا** (جامع اللغات) .

[ف]

تپیدہ (فت ت ، ی مع ، فت د) صف .

تپتا ہوا ، گرم .

وہ نگاہیں جن کا نشیمن صرف ایک تپیدۂ محبت قلب ہی ہو سکتا ہے .

۱۹۲۳ ، نگار ، لکھنؤ ، جنوری ، ۱۴

[تپیدن (رک) سے]

تپیشر (فت ت ، ی مع ، ضم ش) صف ، مذ .

رک : تپشی .

ہزاروں تپیشروں نے تمہاری آغوش الفت میں تپ دھارے .

۱۹۲۴ محمد کی سرکار ، ۳

تپیشری (فت ت ، مع ، ضم ش) صف .

تپیشر (رک) سے منسوب .

تپیشری آسن لگائے بھگوان کے دھیان میں مگن رہتے تھے .

؟ فرشتۂ وفا ، ۱

تپیکچی (فت ت ، ی مج ، سک ک) امذ .

رک : تپکچی .

سیر چشم تپیکچی ان کے ہمراہ کام کرنے کے لیے مقرر کئے گئے اور ایک ایک خزانچی ہر محکمے کو عطا ہوا .

۱۹۳۸ آئین اکبری ، ۱ : ۱۹

[ت]

تپھانا (ضم ت) ف م .

رک : تھپانا .

ارے میاں ! یہ طبلہ سارنگی کا کیا کروگے ؟ . . . کیا کروں گا ؟ بیچوں گا یا ماروائی کے پاس تپھاؤں گا .

؟ ظریف کے ڈرامے ، ۴ : ۲۷۰

تت (۱) (فت ت) امذ .

۱. **جوہر ، روح ، ست .**

ہستی او جو ہے تت اس خدا کا
تس جان حقیقت اس خدا کا

۱۷۰۰ من لگن ، ۴۸

جان جائے ہاتھ سے جائے نہ
ہے یہی اک بات ہر مذہب کا تت

۱۹۲۴ بانگ درا ، ۳۳۳

۲۔ اصلی ، کھرا ، سچا ۔
سکھوں سے دشمنی کوئی اسلام کو نہیں
اسلامیوں کے بھائی ہیں جو خالصہ ہیں تت
۱۹۳۱ بہارستان ، ۴۳۷

۳۔ زر اصل ، راس المال ، مُول (فرہنگ آصفیہ) ۔
۴۔ ہرہما یا خدا کا ایک نام (شبد ساگر) ۔
[س : تتّ तत्त]

ـــ خالصہ (ـــ کس ل ، فت ص) امذ ۔
سکھوں کا ایک فرقہ (جامع اللغات) ۔
[تت + خالصہ (رک)]

ـــ گیان (ـــ کس گ ، ی مخ) امذ ۔
ادراک حقیقت ، اعلیٰ دانش ، صحیح ادراک و دانش ۔
تت گیان سے منتہائی گیان (دانش تباہ) نا پید ہوتا ہے اور بھی اچھیا کے نابود کرنے کا اصلی ذریعہ ہے ۔
۱۹۳۹ آئین اکبری ، ۲ : ۱۱۷
[تت + گیان (رک)]

ـــ مندرا (ـــ ضم م ، سک ن ، د) امذ ۔
حلقۂ اطاعت وارادت ، چیلے پن کا چھلّا ، (مجازاً) خلوص نیت کی حالت و کیفیت ۔
لالہ صاحب کی نسبت سکھوں میں مشہور ہے کہ آپ نے سکھوں کو سزا دینے میں انتہائی سخاوت سے کام لیا ہے لہذا تحقیق و تفتیش کا تت مندرا تو ابھی سے گھل گیا ۔
۱۹۲۴ واودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۹ ، ۹ : ۶
[تت + مُندرا (رک)]

تَت (۲) (فت ت) م ف ۔
۱۔ وہ ، اس کا (اشارہ و ضمیر ، مرکبات میں مستعمل) (پلیٹس) ۔
۲۔ اسی وقت ، فوراً ، ترت ۔
جو کوئی بیکنٹھ شہ سوں رکھیا کہنہ کپڑ دل میں
خدا نے اس کے منہ پر تت سیہ ٹیکا لگایا ہے
؟ رمزی (بیاض مراثی ، ۴۶)
[س : تت तत्]

ـــ پر (ـــ فت پ) صف ؛ امذ ۔
۱۔ کسی چیز کو اعلیٰ مقصد یا عزم بنانے والا ، پورے طور پر فدا یا محو ، بہت متوجہ ، نہایت مشغول ، بہت خدمت یا ٹہل کرنے والا ۔
سدھ یوگی لوگ پرانا یام میں تت پر رہے ہیں ۔
۱۹۲۸ بھگوت گیتا اردو ، ۱۲۸

۲۔ ماہر ، کامل (جامع اللغات) ۔
[تت + پر (رک)]

ـــ کال م ف ۔
حال ، وقت موجودہ ، ابھی ۔
اس سنسار کا تو اس تت کال کے پیدا ہوئے بچہ کو ذرا بھی اچنبھو نہیں ہوتا پھر وہ کیوں ہنستا ہے روتا ہے اور ڈرتا ہے
۱۹۲۹ بھگوت گیتا اردو ، ۲۹
[تت + کال (رک)]

تَت (۳) (فت ت) امذ ۔
والد ، باپ ، رک : تات ، تاؤ (پلیٹس) ۔
[س : تت तत]

تَت (۴) (فت ت) صف ۔
پھیلا ہوا ، وسیع ، ڈھکا ہوا ، چھپا ہوا ، جھکا ہوا ، مسلسل ، لگا تار (شبد ساگر) ۔
[س : تت तत]

تَت (۵) (فت ت) امذ ۔
(رقص) بے معنی بول جو رقاص تال پر بولتے ہیں اس کا آخری لفظ ، پورے بول یہ ہیں : تا ۔ تہی ۔ تہی ۔ تت ، تہی ، تہی ، تت ۔
تت تال کے بیچ میں مٹھی کھلنا شروع ہوتی ہے اور دہنے پاؤں کی ایڑی سے ٹھوکر دے کر نکالتے ہیں ۔
۱۹۳۶ تحفۂ موسیقی ، ۵ : ۱۰
[حکایت الصوت]

تَت (۶) (فت ت) امذ ۔
وہ باجا جس میں بجانے کے لیے تار لگے ہوں ، سارنگی ستار ، اک تارا ، بھیلا ۔
تت یعنی تار کا باجا جیسے سارنگی ، ستار وغیرہ ۔
۱۹۴۰ آغا شاعر ، خمارستان ، ۱۲۲
تت ان باجوں کو کہتے ہیں جو تار سے بجائے جاتے ہیں ۔
۱۹۷۵ ہندوستانی تہذیب کا مسلمانوں پر اثر ، ۳۶۷
[ہ : تت तत]

تَت (۷) (فت ت) صف ۔
تپا ہوا ، گرم (شبد ساگر) ۔
[س : تپت तप्त]

تِت (کس ت) م ف .

وہاں ، ادھر ، اس طرف (پلیٹس) .

[س : تتر तत्र]

تَتّا (فت ت ، شد ت) صف .

۱. گرم ، جلتا ہوا ، بھبکتا ہوا .

سرد سیلا گرم تتا چیرہ سخت
نرم کنولا نیش دنکھ اورنگ تخت

خالق باری ، ۷۰ ۱۶۲۱

خوب کہی ! اری چمیلی ہر بھی کوئی تتا پانی چھڑکتا ہے .

شکنتلا ، اختر حسین ، ۹۷ ۱۹۳۸

۲. تند مزاج ، غضبناک .

جوں حافظ طبعیت کا تتا ، ہرکتا .

سب رس ، ۴۸ ۱۶۳۵

تھا تو تتا ولے دیکھا تھا
کچھ زمانے کا اس نے سرد و گرم

سودا ، ک ، ۱ : ۴۰۱ ۱۷۸۰

اکثر جو دلیر تھے جلے تن جاہل تتے سمجھ کے دشمن

مثنوی نورنگ خیال ، ۱۵۴ ۱۸۸۱

۳. سرگرم ، پرجوش .

یوں سوچ سمجھ اس نے ہاتھی کو آنکس مار تتا کیا .

بریم ساگر ، ۷۳ ۱۸۰۳

اف : کرنا ، ہونا .

۴. جری ، بہادر ، شجاع (فرہنگ آصفیہ ؛ پلیٹس ؛ شبد ساگر) .

[س : تپت + کہ : तप्त + क:]

ــ تاؤ ہونا محاورہ .

زور پر ہونا ، پوری طرح مستعد ہونا ، معاملہ تازہ ہونا .

اب جو چاہے دین و ایمان مانگ لے حسرت سے تو
پھر کہاں یہ بات کل ، اس دم تو تتا تاو ہے

حسرت (جعفر علی) ، ک ، ۲۵۳ ۱۷۸۵

یہاں تو دل سے لگی تتے تاؤ کا معاملہ تھا ، تلاش جاری رہی .

داودہ پنج ، لکھنؤ ، ۲۱ ، ۲۱ : ۵ ۱۹۲۶

ــ تاؤلا (ــ و مج) صف .

جلد باز ، تیز مزاج (مخزن المحاورات ، ۳۰۵) .

[تتا + تاؤلا (رک)]

ــ توا (ــ فت ت) صف .

گرم توا ، (مجازاً) جوشیلا ، سرگرم ، غصیل ، لڑاکو (فرہنگ آصفیہ ؛ مخزن المحاورات ، ۳۰۵) .

[تتا + توا (رک)]

ــ کور (نوالہ) نہ نگلنے کا نہ اگلنے کا کہاوت .

(ہندو) اس موقع پر کہتے ہیں جب کچھ بن نہ آئے (جامع اللغات) .

ــ ہونا محاورہ .

ناخوش ہونا ، برہم ہونا ، لال پیلا ہونا (مخزن المحاورات ، ۳۰۵) .

تَتابُع (فت ت ، ضم ب) امذ .

لگاتار ، مسلسل ، یکے بعد دیگرے .

سنوات سابقہ میں بھی آتی تھی و لیکن کثرت اور تتابع اور توالی سنہ تاسع میں واقع ہوئی .

(ترجمہ) عجائب القصص ، ۵۵۹ ۱۸۵۱

تتابع حروف عطف ، یکے بعد دیگرے دو یا دو سے زیادہ حروف عطف کا آنا جیسے : سب نے مل کر سنتوں اور نیازوں اور چلوں اور عملوں اور دعاؤں کی بھرمار کردی .

بنیادی اسالیب بیان ، ۷۰ ۱۹۴۷

[ع]

تَتّا تھوئی (فت ت ، شد ت ، و مج) امث .

(رقص) ناچنے میں وہ آواز جو طبلے کی تھاپ کے ساتھ ادا کی جاتی ہے ، ناچ کا بول (ماخوذ : شبد ساگر) .

[حکایت الصوت]

تَتار (۱) (فت ت) امذ .

۱. تاتار (رک) کی تخفیف .

جس کو خیال نرگس عنبر سرشت ہے
اس کوں ملا ہے نافۂ مشک تتار مفت

کلیات سراج ، ۴۹ ۱۷۳۹

ہماری وادی ہر پھول سے ڈرے ایسا
قدم نہ آہوؤں کے پھر تتار سے نکلے

خزینۂ خیال ، ۲۰۳ ۱۸۹۵

وہ ہے کہسار کے مانند درشت و دشوار
ہم ہیں خوشبو سے مہکتا ہوا میدان تتار

برگ خزاں ، ۲۰۱ ۱۹۷۳

۲. (مجازاً) سیاہی ، تاریکی ، کالا ہونے کی حالت و کیفیت (بطور استعارہ و تشبیہ) .

رخ حضور سے زلفوں پہ دل ہوا مائل
حلب کو چھوڑا ہے شہر تتار دیکھیں گے

کلیات اختر ، ۸۳۳ ۱۸۶۱

ہوتے ہی خط نمود کھٹا حسن یار کا
غلبہ حباب پہ ہوگیا شاہ تتار کا

۱۹۳۲ کلیات شاہی ، ۶۷

[علم]

تَتار (۲) (فت ت) امث .

گرم پانی سے دھارنے تریرے دینے یا دھونے کا عمل (پلیٹس) .

[س : تپت + کاری तप्त + कारी]

تتار خانی (کس ت) صف ، امذ .

(موسیقی) حضرت امیر خسرو کی قائم کردہ طبلے کی سترہ تالوں میں چھٹی تال (چار تال اکتالہ) بجانے میں سم پر آنا ، دو دو تالوں کا شمار .

موجودہ زمانے میں اس ٹھیکے کو ستار خانی یا تتار خانی بھی کہتے ہیں .

۱۹۶۰ حیات امیر خسرو ، ۱۹۳

[تتار + خان (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

تَتارنا (فت ت ، سک ر) ف ل .

گرم پانی سے دھونا ، تریرا دیکر دھونا ، دھار دے کر دھونا (پلیٹس ؛ شبد ساگر) .

[تتار (۲) (رک) سے]

تَتاری (۱) (فت ت) صف .

تاتاری (رک) کی تخفیف .

وون تری رنگ بھریاں سو انکھیاں پر
وارتا لاک ہون تتاری کون

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۱۳۴

عراقی ولا ہوری و تتاری . . . آؤ بہادرو .

۱۷۰۳ جنگ نامہ ہوستی (اردو نامہ ، کراچی ، ۴۹ : ۱۴)

تَتاری (۲) (فت ت) امث ؛ ~ تتاڑی .

سورج کی گرمی ، گرم ہوا ، لو ؛ رک : تتار (۲) (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

تتّال (کس ت ، شد ت) صف ؛ امذ .

دغا باز ، دھوکے باز ، چال باز ، مکار ، فریبی ؛ تیز ، طرار .

ہور لوگاں بھی ان کے برائی سوں بچے رہیں گے خدا نہ کرے او لوگ تتال ہو نکلیں .

۱۷۶۵ دکھنی انوار سہیلی ، ۱۷

[س : تتک + آل तितक + आल]

تتالا (کس ت) امذ ؛ ~ تتالہ .

(موسیقی) وہ راگ جو تین پلٹ سے مرکب ہو ، تین تالوں والا (راگ) ؛ طبلے کی سات مخصوص تالوں میں سے پانچویں تال ، ادھا ، تریٹ ، تروٹ .

کہیں سور اور فاختہ کو دکھا برم ہو تتالہ ہوائی مزا

۱۸۵۹ حزن اختر ، ۱۰۶

ابتدا میں خاص تال سات ہیں جن میں پانچواں تریٹ تال یعنی ادھا یا تتالہ یا تروٹ .

۱۹۳۶ تحفۂ موسیقی ، ۳ : ۲

حضرت امیر خسرو نے بحررمل المثمن المحذوف کا وزن تتالا تال فارسی میں موزوں کیا ہے یہ تتالا چار ضرب کا ہے یعنی تین بھری اور ایک خالی .

۱۹۶۰ حیات امیر خسرو ، ۱۸۸

[رک : تِ (= تین) + تال (رک) + ا ، لاحقۂ صفت]

تتّالی (کس ت ، شد ت) امث .

۱. چالاکی ، فریب ، دھوکا ، مکاری .

دنیا کے تتالی ہور زمانے کے پنچالی سوں ذرہ کچوانا نا اور دل کو براس میں نا ڈالنا .

۱۷۶۵ دکھنی انوار سہیلی ، ۱۷

۲. تہوزی ، طراری (پلیٹس) .

[تتال (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

تتان (فت ت) امث .

رک : تتّا ، تت .

شراب صاف میں دھو کپڑے ہور غسل کیا
رقیب کے مکھ اوپر توڑتا ہوں تال تتان

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۰۹

تتانا (فت ت) ف ل .

گرم کرنا ، سینکنا (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

تتائی (فت ت) امث .

گرم ہونے کی کیفیت ، گرمی (شبد ساگر) .

[تتا (رک) سے]

تتبع (فت ت ، ت ، شد ب بضم) امذ .

۱. تقلید ، نقل ، پیروی ، ریس ، اتباع .

خواہش و تتبع طبع دوستی پر تحریص کرتی تھی .

۱۸۳۸ بستان حکمت ، ۳۳۶

خواجو کرمانی وہ شخص ہے جس کے تتبع کا خود حافظ کو اعتراف ہے .

اقبال نامہ ، ۱ : ۳۲
۱۹۱۶

۲. تلاش ، جستجو ، چھان بین ؛ سلسلہ قائم کرنے کا عمل .

قرآن میں دنیا کے متعلق آیتوں کا تتبع کرو تو مدح اور ذم دونوں طرح کی آیتیں ملیں گی بلکہ مدح کی زیادہ .

الحقوق و الفرائض ، ۳ : ۱۱۷
۱۹۰۶

[ع]

تتر (فت ت ، ت) اسذ .

تاتار (رک) کی تخفیف .

سلطان ارغون نے سعداللہ یہودی کو . . . تمام بلاد تتر کا حاکم کر دیا .

تاریخ ابوالفدا (ترجمہ) ، ۶۴۴
۱۸۴۷

تبریز میں ترک و تتر کی عورتوں کو جوہریوں کی دکانوں پر . . . بے پردہ خرید و فروخت کرتے دیکھا ہے .

عفت المسلمات ، ۲۹
۱۹۱۸

تترات (فت ت ، سک ت) اسث .

ناز و ادا ، اٹکھیلیاں وغیرہ .

گات سے السات جھنجھات اب بین سے تترات سہائے رین جگے ، رس ریت بگے ، چھتیاں سوں لگے پیہ کون کو بھائے

نادرات شاہی ، ۲۷۱
۱۷۹۷

[رک : تتری (۲) سے]

تترات (کس ت ، سک ت) امذ .

ایک قسم کا ہودا جس کی جڑ دوا کے کام میں آتی ہے (شبد ساگر) .

(مقامی)

تترانا (ضم ت ، سک ت) ف ل .

رک : تتلانا (پلیٹس ؛ شبد ساگر) .

تتر بتر (کس ت ، شد ت بفت ، کس ب ، شد ت بفت) صف ؛ م ف .

منتشر ، پراگندہ ، متفرق ، بکھرا ہوا ، تار بتار ، جدا جدا .

جب سردار مارے گئے لشکر تتر بتر ہو گیا .

باغ و بہار ، ۱۲۴
۱۸۰۲

ہم بچھڑ گئے ، ہماری صفیں بھی تتر بتر ہو گئیں .

آزاد (ابوالکلام) ، رسول عربی ، ۲۱۹
۱۹۵۸

[س : تتر + تتر तत्र + तत्र]

ـــ ہو گئے سگر ڈوم کے کام نمر گئے ججمان جب گانٹھ گرہ کے دام کہاوت .

(ڈوم) جب دام ختم ہوجائیں تو سب کام خراب ہوجاتے ہیں (جامع اللغات) .

تترک (فت ت ، سک ت ، فت ر) اسذ .

ترش بچوں والا ایک پیڑ جو یورپ عرب اور فارس سے لے کر یورپ میں افغانستان تک ہوتا ہے جو ادویات میں مستعمل ہے اس کی پتیوں سے چمڑے کا رنگ اچھا آتا ہے ہندوستان میں یہ پتیاں چمڑا رنگنے کے لیے مسلی سے منگائی جاتی ہیں (ماخوذ : شبد ساگر) .

[مقامی]

تترو کھی (کس ت ، سک ت ، و مج) اسث .

ایک قسم کی چھوٹی چڑیا (شبد ساگر) .

[تیتر (رک) سے]

تتری (۱) (فت ت ، سک ت) صف .

تاتاری (رک) کی تخفیف تراکیب میں مستعمل (شاہی کے معنی میں) .

وہ ایک کلاہ تتری سر پر جمائے وہ سامنے کھڑے غٹر غٹر سن رہے ہیں .

فسانۂ آزاد ، ۱ : ۲۵۲
۱۸۸۰

[رک : تتر + ی ، لاحقۂ نسبت]

تتری (۲) (فت ت ، سک ت) صف سث .

ناز و نخرہ کرنے والی ، اٹکھیلی .

اے تتری تو بڑی شتابو نکلی ، اپنا منھ تو نے کالا کیا اور خاندان کو رسوا کیا .

باغ و بہار ، ۱۳۰
۱۸۰۲

[ه : تتری ततरी]

تتری (کس ت ، سک ت) اسث ؛ ~ تیتری .

رک : تتلی .

کہا ہے جب سیتی اے سرو قد تو سیر گلشن کو
تبھی سیکھی ہے تتری نے گلا اپنا قلم کرنا

شاکر ناجی ، د ، ۱۰
۱۷۴۱

تتڑ تتڑ جھیم جھیم (فت ت ، شد ت بفت ، فت جھ ، شد ی بفت) اسث .

ڈھول تاشے اور جھانج بجنے کی ملی جلی آواز (مہذب اللغات) .

[حکایت الصوت]

تتڑی (فت ت ، سک ت) اسث .

۱. تیز مزاج ، وہ عورت جس میں تھوڑا بہت ہو .
(فرہنگ آصفیہ)

۲. نہایت بخیل ، خرچ کرنے سے جانے والی .
تتڑی نے دیا ، جنم جلی نے کھایا .
۱۸۸۸ فرہنگ آصفیہ
[(رک) تتری]

ـــ نے دیا جنم جلی نے کھایا ، نہ جیب جلی نہ سواد آیا
کہاوت .
یہ مثل بخیل کی نسبت کہی جاتی ہے جو خرچ کرنے سے کترائے یا بہت تھوڑا کھانا دیا جائے تو بھی کہتے ہیں (ماخوذ : جامع اللغات ؛ خزینۃ الامثال ، ۶۰) .

تت سم (فت ت ، س) امذ .
(لسانیات) ہندی میں جو الفاظ سنسکرت سے جوں کے توں لے لیے ہیں انہیں اصطلاحاً تت سم الفاظ کہا جاتا ہے .
ہندی کو دوسری ہندوستانی زبانوں پر اس لحاظ سے فوقیت حاصل ہے کہ اس میں خالص سنسکرت الفاظ (تت سم) کے بجائے ان سے اخذ کئے ہوئے الفاظ (تدبھو) لئے گئے ہیں .
۱۹۴۸ ہندوستانی لسانیات کا خاکہ (مقدمہ) ، ۱۸
[س : तत्सम تت سم]

تت سما (فت ، ت س) امذ .
رک : تت سم .
بعض ہندی لفظ جو تت سما یعنی خالص سنسکرت کے ہیں .
۱۹۱۴ اردو قواعد ، عبدالحق ، ۶۸

تتق (ضم ت ، ت) امذ .
پردہ ، چادر ، سرا پردہ ؛ حجلۂ عروس .
خورشید تاباں نے تتق افق سے سر نکالا .
۱۸۳۸ بستان حکمت ، ۴۹۲
ایک گرد کا تتق اس قدر بلند ہوا کہ سکندر رستم خو اس میں پوشیدہ ہو گیا .
۱۹۰۲ آفتاب شجاعت ، ۱ ، ۵ : ۹۴
[ع]

ـــ نیلی کس صف (ـــ ی مع) امذ .
نیلا پردہ ، (مجازاً) آسمان ؛ ابر سیاہ (جامع اللغات ؛ فرہنگ آنند راج) .
[تتق + نیلی (رک)]

تتقول (فت ت ، سک ت ، فت ق ، شد و بضم) امذ .
ایلخانی اور جلائری دور میں کاروانوں سے حفاظت کا محصول وصول کرنے والے کا عہدہ ، راہ دار .
راستوں کا محافظ اس سے الگ ہوتا تھا اور تتقول Thatkavul (فارسی : راہدار) کہلاتا تھا . . . ایک اعلیٰ فوجی کماندار کے ماتحت ہوتا تھا .
۱۹۶۸ اردو دائرۂ معارف اسلامیہ ، ۳ : ۱۵۱
[ت]

تتک (ضم ت ، فت ت) امذ ؛ ـــ تو تک .
جہاز کا تختہ (نوراللغات ؛ جامع اللغات) .
[ت / ف]

تتکار (فت ت ، سک ت) امذ .
اسٹیج کے لیے ہدایت کاری ، ہدایات ، حکم ، ہدایت .
جب سکھیاں یہ چیز کا چکیں تب نائک تتکار یعنی حکم دینا شروع کرے .
۱۹۵۷ لکھنؤ کا شاہی اسٹیج ، ۸۹
[رک . تت + کار (رک)]

تتکال (فت ت ، سک ت) امذ .
رک : تت کے تحتی (پلیٹس) .

تتلا (ضم ت ، سک ت) صف مذ ؛ مث : تتلی .
تتلا کر باتیں کرنے والا ، (رک) توتلا (ماخوذ : نوراللغات ؛ جامع اللغات) .

ـــ تتلا کر/کے (ـــ ضم ت ، سک ت ، فت ک) ف .
تتلاہٹ سے ، توتلے پن سے ، توتلے کی طرح .
تتلا تتلا کے عرصۂ دراز میں الفاظ کلمۂ طیبہ ادا کئے .
۱۸۹۱ طلسم ہوش ربا ، ۵ : ۸۴۳
یہ لوگ اہل پنجاب کے ساتھ تتلا تتلا کر ایک بولی بولتے تھے .
۱۹۶۱ تین ہندوستانی زبانیں ، ۱۵۲

ـــ تتلا کر باتیں کرنا ف م .
رک : تتلانا (جامع اللغات) .

تتلانا (ضم ت ، سک ت) ف ل .
بات کرتے وقت حروف کا صحیح مخارج سے ادا نہ کرنا ، جیسے : ٹ کی جگہ ت اور ڈ کی جگہ د اور ک کی جگہ ت کی آواز نکالنا جس طرح ابتدا میں بچے بولتے ہیں .

جوشش گریہ سے یہ ہکلا کے
کرتی تھی آدھی بات تتلا کے

بحر الفت ، ۵۰
۱۸۵۷

بھئی ہم سے پہیلیاں نہ بجھوائیے ، ایسے ہر مرد سے تتلا کر بولنے کی عادت پڑ چکی تھی .

معصومہ ، ۲۳۸
۱۹۶۲

[तुतलाना : تتلانا]

تُتلاہٹ (ضم ت ، سک ت ، فت ہ) اسف .

تتلانا (رک) کا اسم کیفیت ، توتلا پن .

ایک بچہ جس کی عمر چار سال سفید قمیض نیلی شلوار زبان میں تتلاہٹ . . . گھر سے غائب ہے .

روزنامہ (مشرق) ، ۹ ستمبر ، ۳
۱۹۸۰

تُتلائی (ضم ت ، سک ت) اسث .

تتلانا (رک) کا اسم کیفیت (جامع اللغات) .

تِتلی (کس ت ، سک ت) اسث .

۱. ہر دار کیڑا جس کے پروں پر طرح طرح کے رنگوں کے نقش و نگار ہوتے ہیں جسے تتری اور پتری بھی کہتے ہیں .

وہ تتلیوں سے کھیلنا جو بیٹھیں آ کے پھول پر
وہ بھاگنا جو بھنورے آئیں بھن بھنا کے پھول پر

شوق قدوائی ، عالم خیال ، ۲۷
۱۹۲۵

۲. (مجازاً) خوبصورت حورت ؛ ہرجائی ؛ اچھے لباس والی عورت .

روپا کو اس نے محض تتلی سمجھ رکھا تھا جس کا کام پھولوں پر بیٹھنا اور پھر اڑ جانا تھا .

دودھ کی قیمت ، ۵۳
۱۹۳۵

۳. ایک دوا کا نام جو بخار کے لیے استعمال ہوتی ہے کڑوی سدا بہار جھاڑی ، تخم دار پتے رکھتی ہے اور اکثر بیماریوں میں استعمال ہوتی ہے (جامع اللغات ؛ پامس) (غالباً : Ruta graveolens) .

۴. ایک قسم کی گھاس (نور اللغات) .

[س : تِتّریکا तित्तिरीका]

تُتلی (ضم ت ، سک ت) صف مث .

تتلا (رک) کی تانیث .

تتلی زبان و نرم آواز سے تجھ سے باتیں کرتی اور کھیلتی تھی .

حسن ، ۳ ، ۸ : ۶۶
۱۸۹۰

قلم کا تو سنسر نے سر کاٹ ڈالا
زبان کاٹ کر آپ کر دیں گے تتلی

بہارستان ، ۷۵۱
۱۹۳۱

تتلیا (کس ت ، سک ت ، کس ل) صف ؛ امذ .

(مرغ بازی) ایسا مرغ جس کی گردن اور پشت کے پر سنہرے اور باقی جسم کے پر سیاہی مائل سرخ رنگ کے ہوں ، تمولیا (ا پ و ، ۸ : ۱۱۲) .

[تتلی (رک) + ا ، لاحقۂ صفت]

تتما (کس ت ، فت ت ، شد م) امذ .

رک : تتمبا .

یہ خود انسان کے اپنی ہوس کے تتمے ہیں .

مراۃ العروس ، ۲۹
۱۸۶۸

تتمبا (کس ت ، فت ت ، سک م) امذ ؛ تتما ، تتنبا .

(عو) بکھیڑا ، جھگڑا ، روک ، ممانعت ، رکاوٹ .

جب تک نہ ہوؤ اور اس پر محنت نہ کرو نہیں آ گتا ، پھر اس کے ساتھ ہزار تتمبے ہیں .

شمع ہدایت ، ۳۹
۱۹۲۱

[तितम्बा : تتمبا]

تتمہ (فت ت ، کس ت ، شد م ہفت) امذ .

۱. بقیہ ، بچا ہوا ، آخری حصہ .

مہر آخر ہر خط میں تتمے کا نشاں ہے
ختم رسل احمدؐ ہیں یہ خاتم سے عیاں ہے

دبیر ، دفتر ماتم ، ۱ : ۸
۱۸۷۵

یہ تقریر ایک لازمی ضمیمہ و تتمہ تقریر مورخہ ۲ ستمبر ۱۹۰۱ء کا ہے جو ہم نے ادھر لکھی ہے .

کرزن نامہ ، ۲۲۲
۱۹۰۷

۲. اصل (کتاب یا رسالے وغیرہ) سے تعلق رکھنے والا مضمون ، کتاب یا حواشی وغیرہ سے متعلق وہ حصہ جو بطور تکملہ شامل کیا جائے .

یہ تتمات اس رسالے سے ملحق کیے جاویں اور جو چاہے اس کو ایک رسالہ جداگانہ قرار دے .

محاسن العمل الافضل مع تتمات ، ۱۵
۱۸۵۶

ایک اور نظم ہے جو اسی نظم کا تتمہ ہے .

مقالات شبلی ، ۱ : ۱۳۴
۱۹۰۳

[ع]

تتمیم (فت ت ، سک ت ، ی مع) اسث .

پورا کرنا ، تمام کرنا ، کمال کو پہنچانا .

مشیت الٰہی یہ ہے کہ تم کو تکمیل اس علم کی اور تتمیم ان مراتب کی سفر میں حاصل ہو .

۱۸۴۶ تذکرۂ اہل دہلی ، ۳۶

جو تفسیر ان سے چھوٹ گئی تھی اس کی تتمیم ہے ، جس کی شدید ضرورت ہے .

۱۹۶۴ کمالین ، ۱ : ۷

[ع]

تتنا (کس ت ، سک ت) صف (قدیم) ؛ ~ تتناں .

اس قدر ، اتنا ، اسی قدر .

بادشاہ کوں لازم ہے جو کچھ کہ جتناں ملک مال ان کا بڑھتا جائے تتناں زیادہ ہی چاہتے جائے ، قناعت نہ کریں .

۱۷۴۶؟ قصہ مہر افروز و دلبر ، ۲۷۲

چاروں اور کے جتنے راجہ تھے کیا سورج بنسی ، کیا چندر بنسی ، تتنے سب بستنا ہور میں آئے .

۱۸۰۳ ہریم ساگر ، ۱۹۴

[س : تاوت + اکہ तावत् + इकह]

تتنبا (کس ت ، فت ت ، م بشکل ن) امذ ؛ ~ تتما .

رک : تتمبا .

آپ نے سیدھا داؤ ڈالا ہے یہ تتنبا نیا نکالا ہے

۱۸۶۱ کلیات اختر ، ۸۶۷

اب پندرہ برس بچے ان میں دنیا بھر کے جھگڑے تتنبے ہیں ، یک سرو ہزار سودا .

۱۹۱۱ نشاط عمر ، ۲۶۶

تتو (فت ت ، سک ت نیز شد بفت ، فت و) امذ .

حقیقت ، سچائی ، علت کائنات ، عناصر اربعہ .

تب اُس میں اس کا عکس پڑے گا اور آتما کی جھلک نمودار ہو گی اور اس کے نمودار ہونے سے تتو کی سمجھ آئے گی .

۱۹۲۰ یوگ واشسٹ ، ۵۳

[س : تتو तत्त्व]

— گیان (— کس گ) امذ .

الہامی ، عرفان (ہندی اردو لغت) .

[تتو + گیان (رک)]

— گیانی (— کس گ) صف ، امذ .

اصل حقیقت کو جاننے والا یعنی خدا شناس (ہندی اردو لغت) .

[تتو + گیانی (رک)]

تتو تھمبو (فت ت ، شد ت ، و مج ، فت تھ ، سک م ، و مج) امث .

۱. روک تھام ، بیچ بچاؤ .

وہ موقوف کئے ہی دیتی تھیں مگر ہم نے تتو تھمبو کرکے سمجھادیا .

۱۸۹۰ سیر کہسار ، ۲ : ۵۲

مضبوط اور مستحکم دلائل کی گیس دماغ سے نکلی اور تتو تھمبو ہوئی .

۱۹۲۴ اودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۹ ، ۲۴ : ۶

۲. دم دلاسا ، بہلاوا پھسلاوا .

تتو تھمبو کرکے سلادیا .

۱۸۹۳ ہی کہاں ، ۳۷

بادشاہ کو کانوں کان خبر نہ ہونے دی تتو تھمبو لیپا پوتی کرتے رہے .

۱۹۲۸ ہمس ہردہ ، ۱۴۴

اف : کردینا ، کرنا ، ہونا .

[تتو ، رک : تت (= روکنا) سے + تھمبو ، تھامنا (رک) سے]

تتو تھمو (فت ت ، شد ت ، و مج ، فت تھ ، شد م ، و مج) امث

رک : تتو تھمبو .

ہر چند ہرنس آف ویلز نے زار روس کی تعریف کی تقریب میں موقع پا کر بہت کچھ تتو تھمو کردی ہے .

۱۸۹۴ لکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۵۸۸

ابھی ایک امر ہوچکا تھا زخم بھرے نہیں خیر وہ تو جس طرح بنا تتو تھمبو ہوگیا ، بلا ٹلی .

۱۹۱۵ سجاد حسین ، طرحدار لونڈی ، ۷۶

تتوہ (فت ت ، سک ت ، فت و) امذ .

ہدایش عالم کی اصلیت ، حقیقت ، خلاصہ ، عناصر خمسہ ؛ خداوند تعالیٰ ؛ اصول اول ، بنیادی حقیقت ، حقیقت روح ؛ ذہن ، ذکاوت (پلیٹس ؛ ہندی اردو لغت)

[س : تتوہ तत्त्व]

تتہ (فت ت ، شد ت بفت) (قدیم) .

ہوا ، باد ، رک : تتا ، تت .

لگے ناچاک تیوں را کھے ہے اپنے کان پر طرا
سپند کے پاتراں کوں تتہ تھے سیتی بچائی

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۲۷۵

تتھرا (فت ت ، ت ، سک ہ) امذ : امث : تتھری .

رک : تتھڑا (پلیٹس) .

تتھڑا (ف ت ، ت ، سک ۰) امذ؛ ~ تتھرا ؛ تتھری ؛ تتھڑا .

پانی گرم کرنے کا برتن ، تتھڑا ، مٹی لوہے یا تانبے وغیرہ کا گھڑا یا گھڑیا .

یہ آواز بلند کہنے لگے کہ جلد تتھڑا چولھے چڑھا میں نہاؤں گا .

۱۸۲۳ حیدری ، مختصر کہانیاں ، ۱۵۵

کٹورہ ، طباق ، لگن ، نہانے کا تتھڑا .

۱۹۱۱ قصہ مہر افروز ، ۵۱

مٹی میں سنے ہوئے ہاتھ گرم پانی کے تتیڑے میں جھٹ گھنگول دئے .

۱۹۳۰ آغا شاعر ، ارمان ، ۸

[س : تپت + کار + کہ : तप्त + कार् + क:]

تتھی (ضم ت ، فت ت) امث .

رک : تتنی .

آبخورے اور تتھیاں اور پیالے بھرے شراب کے .

۱۸۳۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۳۲

تتنی (ضم ت ، فت ت) امث .

۱. ٹونٹی دار لٹیا ، چھوٹا لوٹا (نوراللغات) .

۲. مٹی کا ٹونٹی دار چھوٹا برتن (پلیٹس) .

[س : تروٹ + اکا : टोंटि + इका]

تتی (فت ت ، شد ت) امث .

تتا (رک) کی تانیث .

تتی ہو غصے کی اگن سات پھیر
کہی آکے راؤں کوں اس دھات پھیر

۱۶۲۹ طوطی نامہ ، غواصی ، ۲۲۳

— ہر تین بال وہ بھی ناچیں تین تال محاورہ .

بے مایگی میں اترانا (جامع اللغات ؛ نجم الامثال ، ۱۳۴) .

— کھچڑی گھی نہ پیا اب کا سیالا یوں ہی گیا کہاوت .

غربت کی حالت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں (جامع اللغات ؛ خزینۃ الامثال ، ۶۰) .

تتے (فت ت ، شد ت) امذ .

تتا (رک) کی جمع یا مغیرہ حالت تراکیب میں مستعمل .

مرے بول بہت تتے ، ولے دانایاں کے دل میں رہتے .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۲۸

کسی نے آگ کھائی اے مری جاں
کوئی بھر نہایا تتے تیل میں یاں

۱۸۷۴ تیرہ ماسہ ، طالب شاہ ، ۱۸

— پڑنا محاورہ .

رسوائی ہونا ، بدنامی ہونا .

گھر میں چھپے بیٹھے ہیں باہر قرض خواہوں کی چڑھائی ہے
تتے پڑے آبرو پر پانی پھر گیا .

۱۹۲۶ نوراللغات

— توے پر قسم کھانا محاورہ .

سخت قسم کھانا (جامع اللغات) .

— توے کی بوند ہونا محاورہ .

بڑے خرچ میں تھوڑی آمدنی کسی شمار میں نہیں ہوتی (نجم الامثال ، ۱۳۴ ؛ نوراللغات) .

— سیلے کرنا محاورہ .

خدمت کرنا ، اچھا برتاو کرنا ، اچھے سلوک سے رجھانا .

(بھٹیاری) تو بات یہ ہے کہ میاں آپ کی سلامتی میں مسافر کے یوں تتے سیلے کیا کرتے ہیں .

۱۹۵۴ اپنی موج میں ، ۱۰۵

— ہونا محاورہ .

چراغ پا ہونا ، ناراض ہونا ، بگڑنا .

سیلے تھے مرجا جی تم ہم سے کرج لینے میں
تتے ہوے جاتے ہو کاہے کو اب دینے میں

۱۷۸۰ سودا ، ک ، ۱ : ۳۴۳

تتیا (فت ت ، ت ، شد ی) .

(الف) امذ .

خصوصیات میں شہد کی مکھی سے مشابہ بھڑ کی ایک قسم جو زرد رنگ کی ہوتی ہے ، ڈنک مارنے والی مکھی ، زنبور ، ڈانٹیا ، گیز .

بھیا کو رات سے بہت تکلیف ہے ، ان کے ہاتھ کی انگلی میں تتیے نے کاٹ کھایا تھا ، سارا ہاتھ سوج گیا ہے .

۱۹۲۴ روز نامچہ حسن نظامی ، ۱۱۶

(ب) صف .

۱. (مجازاً) تیز ، چالاک ، پھرتیلا ؛ ذہین ، ذکی (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات ؛ شبد ساگر) .

۲. (مجازاً) بد زبان عورت (دریائے لطافت ، ۷۸) .

[तत्तीया तتیا : ه]

— جیسی کمر (— ی این ، فت ک ، م) امث .

بہت پتلی اور باریک کمر ، نازک کمر .

اکہرا بدن ، صندلی رنگ ، . . . تیکھے نقوش ، تتیے جیسی کمر .

۱۹۷۶ زرگزشت ، ۸۴

— کا ناچ نچانا محاورہ .

(مجازاً) مٹانا ، تنگ کرنا (جامع اللغات) .

— مرچ (— کس م ، سک ر) امث ؛ صف .

۱. مرچ کی ایک قسم جو عام مرچ سے چھوٹی اور نہایت تیز ہوتی ہے ، جوا مرچ .

خوجی ہینگ میں سو گئے تو ایک شخص نے دو تتیا مرچیں ان کی ناک میں ڈال دیں .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۲ : ۲۱

۲. ذہین ، تیز ، چالاک ؛ چالاکی ، تیزی ، ذہانت .

ترکی بہ ترکی جواب دیتی ہے . . . نمک کے ساتھ تتیا مرچ بھی ملی ہے .

۱۹۳۱ انور ، ۲۵۲

[تتیا + مرچ (رک)]

— ناچ امذ .

وہ ناچ جو اضطراب کی حالت میں ناچا جائے (بھڑ یا تتیے کا کاٹا ہے چیونٹی سے اچھلتا کودتا ہے) .

گویے کھٹراگ میں شم کے پھنسے ہوئے ، راسگر بھاگ بھاگ کر تتیا ناچ ناچتے .

۱۸۸۸ طلسم ہوشربا ، ۳ : ۳۷۳

[تتیا + ناچ (رک)]

تتھ (فت ت) صف .

حقیقت میں ایسا ، اصل ، سچا ، کھرا ، صحیح ، مکمل (پلیٹس) .

[س : تتھیہ तथ्य]

تتھ (کس ت) امث .

۱. ماہ قمری کی ایک تاریخ یا دن .

ان تتھوں میں سانپ کا کاٹا آدمی جیتا نہیں .

۱۸۰۴ بیتال پچیسی ، ۱۳

مہینے میں تیس تتھ ہوتے ہیں . . . پہلی تتھ کا نام ہروا ہے .

۱۹۳۸ آئین اکبری ، ۱ ، ۱ : ۵۵۰

۲. (مہینے کی) تاریخ ، دن ، یوم .

لونڈ کے مہینوں اور تتھوں میں بھی شادی نکاح لا مبارک ہے .

۱۸۸۰ کشاف النجوم ، ۷۱

میں نے پوچھا کونسی تتھ اس مہینے کی ہے آج
کہتے ہیں ایکا دشمی برسوں تھی کل ہردوش تھا

۱۸۹۹ دیوان جی ، ۱ : ۲۵

[س : تتھ तिथि]

تتھ (ضم ت) امذ .

سرمہ ، کحل ، چشم شویہ ، نیلا توتیا (نیلا تھوتھا) (گندھک کے تیزاب سے مرکب) ایک قسم کا سفوف جو امراض چشم میں مفید ہوتا ہے ، لاط : Blue vitriol Amomum zanthorrhiza .

طوطیہ خود سنسکرت کے تتھ جست (زنک) سے ماخوذ ہے جسے عام طور پر نیلا تھوتھا کہتے ہیں .

۱۹۷۲ ہمارا قدیم سماج ، ۵۹

[س : تتھ तत्थ]

— انجن (— فت ا ، سک ن ، فت ج) امذ .

تتھ سے مرکب ایک قسم کے سرمے کی شکل میں سفوف جو انجن کے نام سے مشہور ہے آنکھوں کے امراض بالخصوص جالے کا تیر بہدف علاج ہے (پلیٹس) .

[تتھ + انجن (رک)]

تتھا (۱) (فت ت) امث .

۱. طاقت ، ہوتا ، بل (نوراللغات ؛ پلیٹس) .

۲. قابلیت ، لیاقت (پلیٹس ؛ فرہنگ آصفیہ) .

[तथा : تتھا]

تتھا (۲) (فت ت) صف ؛ م ف .

۱. ویسا ، ویساہی ، اسی طرح کا ، ایسا ہی .

جتھا راجا تتھا پرجا .

؟ مشہور کہاوت (فرہنگ آصفیہ)

۲. اور ، و (عطف) .

جیو تتھا برہم میں بھید نہیں ہے .

۱۹۲۸ بھگوت گیتا اردو ، ۸

[س : تتھا तथा]

تٹ (فت ت) امذ .

۱. نہر یا دریا کا کنارہ ، ساحل ، گھاٹ .

نہانے دھونے وہی ٹھیک ٹھاک سب باتیں
وہ گوکل اور وہ متھرا مگر وہ جمناتٹ
انشا ، ک ، ۲۶۱
۱۸۱۸

ٹیلے کے اس پار ندی کے تٹ پر سانج بھئے ، دو بریمی ملنے جائیں .
چاندنی کی پتیاں ، ۱۸
۱۹۶۵

۲. کھیت ، ڈھلوان سطح ، ڈھال ، ڈھلان ؛ اتار ، جھکاؤ ؛ افق ، اکاس (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[س : تٹ तट]

ــ اِستھا (ــ کس ا ، سک س) صف ؛ امذ .

دریا کے کنارے یا ڈھلوان پر واقع ؛ بے پروا آدمی ، ایسا شخص جو نہ دوست ہو نہ دشمن (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[تٹ + استھا (رک)]

تُٹ (ضم ت) امذ (قدیم) .

ٹوٹ (قدیم اردو کی لغت) .

[توٹنا ، ٹوٹنا (رک) سے]

تُٹا/تٹّا (ضم ت / شد ٹ) صف (قدیم) .

ٹوٹا ، ٹوٹا ہوا (قدیم اردو کی لغت) .

[توٹنا ، ٹوٹنا (رک) سے]

تُٹاپا (ضم ت) امذ (قدیم) .

کمزوری ، بے کسی ، ذلت ، خواری ، نقصان .

اوسے کچیچ نیں ملیا ہر آن تٹاپا آتا تھا ، ہر لحظہ قوت ہور سکت بندے بندسوں نکل جاتا تھا .
دکھنی انوار سہیلی ، ۵۲
۱۷۶۵

[توٹنا ، ٹوٹنا (رک) سے]

ــ لینا محاورہ (قدیم) .

تعلق توڑنا (دکنی اردو کی لغت) .

تُٹالا (ضم ت) امذ (قدیم) .

ڈنٹھل .

جس قد کے پاس یوں اچھی ہے قدر نیشکر
جنوں نیشکر سمور تٹالا سو او ترا
بحری ، ک ، ۱۲۵
۱۷۱۷

[مقامی]

تُٹکا (ضم ت ، سک ٹ) امذ (قدیم) .

ٹوٹنا ، جدائی ، علیحدگی ، چھٹکارا ، رہائی .

جس کوں لگے تیرا پرت مشکل ہے بھی چھٹکا اسے
جیو تھے تٹیا تو ہی تٹیا تج تھے نہیں تٹکا اسے
غواصی ، ک ، ۲۰۲
۱۶۴۸

[توٹنا ، ٹوٹنا (رک) سے]

تٹّنا (ضم ت ، سک ٹ) ف ل (قدیم) .

رک : ٹوٹنا ، ٹوٹ کر گر پڑنا ، بیزار و لا تعلق ہو جانا .

دیکھیا میں تماشا عجب آج ایک
تٹیا عورتاں تے مرا دل او دیک
طوطی نامہ ، غواصی ، ۲۲۷
۱۶۳۹

تٹنی (فت ت ، سک ٹ) امث (قدیم) .

ندی ، نہر (قدیم اردو کی لغت) .

[رک : تٹ + نی ، لاحقۂ صفت تانیث]

تٹّو (فت ت ، سک نیز شد ٹ ، وسع) امذ (قدیم) .

رک : ٹٹو .

کہ دیکھنیچہ تک بیجا پور جھانک
پیادے پھریں لیکہ تٹواں کوں ہانک
علی نامہ ، ۲۵۲
۱۶۶۵

تٹھنا (ضم ت ، سک ٹھ) ف ل (قدیم) .

ٹوٹنا (قدیم اردو کی لغت) .

تَثاقُل (فت ت ، ضم ق) امذ .

بوجھل پن ، ثقالت ، بھاری پن .

اسی تثاقل کا یہ اثر ہے کہ اس زمین پر ہیں جتنی چیزیں اثر پذیر اس سے ہو کے آخر وہ وزن رکھتی ہیں اپنا اپنا
سائنس و فلسفہ ، ۱۰۳
۱۹۱۶

[ع]

تَثبت (فت ت ، ث ، شد ب بضم) امث .

ثبت کرنا ، جمانا ، تثبیت .

جب خنشوار کو معلوم ہوا کہ فیروز نے اوس کی لڑائی کا قصد کیا ہے تو اوس نے اپنے نفس کو تثبت و استقلال پر مستعد کیا.
تشنیف الاسماع ، ۴۸
۱۸۸۸

[ع]

تَثبیت (فت ت ، سک ث ، ی مع) امث .

۱. مقرر کرنا ، لگانا ، ثبت کرنا .

طریقے دونوں اپنی اپنی جگہ کار آمد ہیں مگر ترجیح کسر اور تثبیت یہ دونوں چیزیں بلا عملیہ طریقوں سے بھی اچھی طرح حاصل ہوسکتی ہیں .

۱۹۳۱ جیبریات ، ۲۱

۲. (کیمیا) کسی گھس کو ٹھوس چیز کے ساتھ ملانے (ترکیب دینے) کا عمل .

جسیمات مانونہ کی تثبیت و تلوین کے لیے ایک شریحہ پر ایک فیصدی طاقت کے آزمک ایسڈ کا ایک قطرہ رکھ دو .

۱۹۳۱ نسیجات ، ۱ : ۳۴

[ع]

تثلیث (فت ت ، سک ث ، ی مع) اسف .

۱. (تین بنانا ، تین کر لینا) ، تین کا مجموعہ ، تکثّم .

یکتا سمجھ نہ اسے بت تثلیث رو نما ہے
اک سایہ دوسرا تُو ہمزاد تیسرا ہے

۱۸۷۸ سخن ہے مثال ، ۱۱۸

یہ تینوں آدمی ایک عجیب تثلیث بناتے ہیں .

۱۹۱۴ راج دلاری ، ۲۴

۲. عیسائیوں کے عقیدے کے مطابق خدا کو تین جاننا یعنی باپ (اللہ تعالیٰ) بیٹا (حضرت عیسیٰ) اور روح القدس، (اقانیم ثلاثہ) کو خدا ماننے کا عقیدہ .

عیسائی جو تثلیث کو مانتے ہیں وہ بھی وحدت فی الذات کے قائل ہیں .

۱۸۷۶ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۱۳۲

موجودہ عیسائیت کو جس کی بنیاد تثلیث کفارہ اور تکذیب خاتم النبیین پر ہے غلط ٹھہراتی ہے .

۱۹۰۱ حیات جاوید ، ۱۱۲

۳. (نجوم) دو ستاروں کے درمیان ۱۲۰ درجے یا دائرے کے تیسرے حصے کا فاصلہ ، ستاروں کا تہائی دائرے کا بعد .

جب فی مابین دو ستاروں کے تفاوت ۱۲۰ درجہ کا ہو تو اس کو تثلیث . . . کہتے ہیں .

۱۸۸۰ کشاف النجوم ، ۸

[ع]

— پرست (— فت پ ، ر ، سک س) اسف .

تثلیث (رک) کا عقیدہ رکھنے والا ، عیسائی .

اس لئے کہ مسلمانوں کے مقامات مقدسہ پر اب غالب اثر موحدین کا نہیں بلکہ تثلیث پرستوں کا ہوگا .

۱۹۲۰ مضامین شرر ، ۱ ، ۳ : ۱۶۵

[تثلیث + پرست (رک)]

— پرستی (— فت پ ، ر ، سک س) اسث .

عقیدۂ تثلیث پر قائم ہونے یا رہنے کی حالت ؛ اقانیم ثلاثہ کی عبادت .

بیت المقدس ہمیں عیسائیوں سے زیادہ عزیز ہے ہم گوارا نہیں کر سکتے کہ یہاں تثلیث پرستی ہو .

۱۹۴۴ فتح بیت المقدس ، ۳۹

[تثلیث + پرست (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

— زاویہ کس اضا (— سک و ، فت ی) اسذ .

زاویے کے تین ضلعوں پر مشتمل ہونے کا عمل جو محال ہے یعنی زاویہ ہمیشہ دو ضلعوں سے بنے گا تین سے نہیں بن سکتا .

نشہ میں ہے سبب نہیں یہ سکوت
دیں گے تثلیث زاویہ کا ثبوت

۱۸۸۷ ساقی نامہ شقشقیہ ، ۹

[تثلیث + زاویہ (رک)]

— فی التوحید (— کس ف، غم ی، ال، شد ت ، ولین ، ی مع) اسث .

ایک میں تین خدا ہونے کا عقیدہ جو عیسائیوں کا عقیدہ ہے .

ایک مسئلہ توحید فی التثلیث اور تثلیث فی التوحید کا ہے ، یہ ایک نہایت عجیب طور کا مسئلہ ہے .

۱۸۷۰ خطبات احمدیہ ، ۲۹۱

[تثلیث + فی (رک) + رک : ال (۱) + توحید (رک)]

تثنیہ (فت ت ، سک ث ، کس ن ، فت ی) اسذ .

۱. دوگنا یا دونا کرنا ؛ عربی زبان کا وہ لفظ جس سے دو کی تعداد ظاہر ہوتی ہے ، جیسے : طرفین ، فریقین وغیرہ .

بعضوں نے بہ شوخی طبع فارسی لفظوں کو بھی تثنیہ کر دیا ہے مثلاً زلفین .

۱۸۷۹ جامع القواعد ، ۹

۲. (قواعد) کسی فعل کی گردان میں دو کو ظاہر کرنے والا صیغہ .

قدیم یونانی کا لہجہ بھی سنسکرت کی طرح ارتفاعی یا موسیقانہ تھا اور سنسکرت ہی کی طرح یونانی میں تثنیہ کا بھی وجود تھا .

۱۹۵۶ زبان اور علم زبان ، ۱۹۲

[ع]

تثویب (فت ت ، سک ث ، ی مع) اسث .

(اسلام) صبح کی اذان اور اقامت کے درمیان دو دفعہ ، حی علی الصلوۃ ، حی علی الفلاح ، کہنا .

مگر یہ تثویب فجر کی نماز کے ساتھ خاص تھی .

؟ . اسلامی انسائیکلوپیڈیا ، ۱۶۵

[ع]

تَج (۱) (ف ت) .

تجنا (رک) سے تراکیب میں جزو اول کے طور پر مستعمل .

ـــ بیٹھنا ف م ؛ محاورہ .

دست بردار ہو جانا ، چھوڑ دینا .

راجہ کا بیٹا درد عشق سے ایسا بیکل تھا کہ لکھنا پڑھنا کھانا پینا راج کاج سب کچھ تج بیٹھا .

بیتال پچیسی ، ۸ ۱۸۰۳

تمہیں بیٹی ، تج بیٹھی آپے کو میں
بدا تھا کہ روؤں بڑھاپے کو میں

قاسم و زہرہ ، شوق قدوائی ، ۲۵ ۱۹۱۰

ـــ دینا ف م ؛ محاورہ .

۱. چھوڑ دینا ، کنارہ کش ہو جانا ، ہاتھ اُٹھا لینا .

تج ہی دی عابدوں کی پرہیزی
ان کی صحبت کے عہد کو توڑا

باغ اردو ، ۱۱۱ ۱۸۰۱

سب ملنے جلنے والوں کو تج دوں اور ہر طرح سے اپنے پاؤں کاٹ دوں .

غیب داں دلہن ، ۱۲۱ ۱۹۱۱

۲. قربان کر دینا .

وہ تو غالباً اس بچے پر اپنی ساری زندگی تج دے گی .

جوش (سلطان حیدر) ، ہوائی ، ۱۲۷ ۱۹۵۲

ـــ ڈالنا ف م ؛ محاورہ .

گھلا دینا ، دہلا کر دینا .

ذیا بطیس نے تج ڈالا اور ڈاکٹروں نے کام کرنے کو قطعی موت بتایا .

خطوط محمد علی ، ۱۶۶ ۱۹۱۲

تَج (۲) (ف ت) امث .

جنس دار چینی سے مشابہ ایک درخت ، لاط : Laurus Cossia کی خوشبودار چھال اسکا پیڑ مجھولے قد کا سدا بہار مشرقی بنگال اور جنوبی بنگال میں کثرت سے ہوتا ہے ادویات میں مستعمل ہے ، دار چینی ؛ دار چینی کا درخت .

تج . . . عرق لیموے کاغذی میں بھگو کر خشک کریں .

رسالہ سالوتر ، ۲ : ۱۳۳ ۱۸۷۲

تج کو مصالحہ میں شامل کیا جاتا ہے جس سے خوشبو کا فائدہ حاصل ہوتا ہے .

کتاب الادویہ ، ۱۱۴ ۱۹۲۹

[ه : तेज ؛ س : तेजपत्र]

تُج (ضم ت) امذ ؛ ~ تجھ .

۱. تو کی حالت اضافی ، تیرا کے معنی میں (= تجھ) .

نبی کی غلامی تھے ہے تاج تج سر
شہاں تاج پر تاج تیرا سو پایا

محمد قلی قطب شاہ ، ک ، ۱ : ۱۵۱ ۱۶۱۱

۲. تو کی حالت مفعولی ، تجھ (تجکو ، تجے وغیرہ) .

تجے چھوڑ میں چڑنا کس گھاٹ ، جو کچھ تجے بات سو مجے بات .

سب رس ، ۱۴۹ ۱۶۳۵

دیکھا وہاں بھی تجکو جو پہنے ہوئے حریر
زاہد آتارلوں گا میں حلّہ بہشت کا

مظہر عشق ، ، ۱۶ ۱۸۷۲

۳. رک : تُنج ؛ تجھ (شبد ساگر) .

[ه : तेज]

تَجاذُب (ف ت ، ضم ذ) امذ .

باہمی کشش ، ایک دوسرے کو اپنی طرف کھینچنے کا عمل ، جذب کرلینے کا کام .

وہ ایک قوت ہے جس کے سبب اجسام بعیدہ باہم دیگر تجاذب رکھتے ہیں .

ستۂ شمسیہ ، ۱ : ۳۰ ۱۸۳۷

مختلف مدارج میں مقناطیسیت وزن تجاذب کیمیاوی . . . بن کر رونما ہوتی ہے .

شو پنہار ، ۵۱ ۱۹۳۰

[ع]

ـــ اجسام کس اضا (ـــ ف ا ، ـــ ک ج) امذ .

(سائنس) جسموں کا ایک دوسرے کو اپنی اپنی طرف کھینچنے کا عمل .

مسئلہ تجاذب اجسام پر اس کتاب سے ایک اقتباس نقل کیا ہے .

مقالات اختر ، ۱۸۷ ۱۹۱۰

[تجاذب + اجسام (رک)]

ـــ کُلیّہ (ـــ ضم ک ، شد ل بکس ، فت ی نیز شد ی بفت) امذ .

(سائنس) رک : قانون ثقل .

نیوٹن کے عالمی تجاذب کا کلیہ اس کی ایک مثال ہے .

سائنس سب کے لیے ، ۲ : ۱۹۹ ۱۹۶۰

ـــ مادی کس اضا (— شد د) امذ .

رک : تجاذب اجسام .

تجاذب مادی کے عالمگیر قانون کے مطابق زمین سورج کے مرکز کی طرف کھنچی جاتی ہے .

۱۹۱۸ تحفۂ سائنس ، ۵۱

[تجاذب + مادی (رک)]

تجاذُبی (فت ت ، ضم ذ) صف .

تجاذب (رک) سے منسوب .

جن کا انحصار طبقات الارض کی تجاذبی (Gravitational) برقی اور مقناطیسی خصوصیات پر ہے .

۱۹۶۷ آواز ، ۶۹۰

[رک : تجاذب + ی ، لاحقۂ نسبت]

ـــ مَیدان (— ی لین) امذ .

(سائنس) کشش ثقل میں مادے کے دو ٹکڑوں کے مرکزوں کا درمیانی فاصلہ .

کسی جسم کے تجاذبی میدان کے اندر ایک خاص نقطے پر اس جسم سے پیدا شدہ تجاذبی پوٹانشل کے برابر ہوتا ہے .

۱۹۶۵ مادے کے خواص ، ۳۲۹

[تجاذبی + میدان (رک)]

ـــ مَیدان کی قُوّت (— ی لین ، ضم ق ، شد و بفت) امث .

(سائنس) نیوٹن کے کامے (کشش ثقل) میں اکائی کمیت کا جسم ایک اکائی کمیت کے جسم پر جو قوت ڈالتا ہے . . . اسے تجاذبی میدان کی قوت کہتے ہیں (سائنس سب کے لیے ، ۲ : ۱۹۹) .

تِجار (کس ت) امذ .

تیسرے دن آنے والا بخار (شبد ساگر) .

[س : त्रि + ज्वर]

تُجّار (ضم نیز فت ت ، شد ج) امذ .

۱. تاجر (رک) کی جمع .

جو تجار کا خواب سنگ میل ہوے
تب اس مال سوں چور کا کھیل ہوے

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۷۷

کہ اس بیتر کتے ایسے ہیں تجار
کہ قاروں کوں نہیں ان کے نزک بار

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۳۲۵

عرب اور غیر عرب قوموں میں عموماً تجار کے ہاں ان کے ایجنٹ اور نائب ان پڑھ ہوتے ہیں .

۱۹۰۴ مقالات شبلی ، ۱ : ۱۴۱

۲. بطور واحد ، تاجر .

جہاں لگ بندراں ہیں بے بدل باتاں کے موتیاں کے
اٹل تجار میں ہوں ہور وو سارے بندراں میرے

۱۶۷۸ غواصی ، ک ، ۱۶۲

اسلاک نے عرض کیا کہ میں ایشیا کی بہت سی . . . سلطنتوں میں سے ہو کے بطور ایک تجار کے گذرا .

۱۸۳۹ تواریخ راسلس ، ۶۷

اگر ہو یہ تجار یا ٹھیکے دار تو ہو فائدہ ان دنوں بے شمار

۱۹۰۲ سیر افلاک ، ۲ : ۸۴

[ع]

تَجارِب (فت ت ، کس ر) امذ ؛ ج .

تجربہ (رک) کی جمع .

میری زندگی کے حالات اور تجارب کی نوعیت دیگر یورپینوں سے جداگانہ ہے .

۱۹۰۰ بست سالہ عہد حکومت ، ۲۳۲

تِجارَت (کس ت ، فت ر) امث ؛ ~ تجارة .

فائدہ کی امید پر بیوپار، سوداگری، اشیا کی خرید و فروخت کا کام، چیزوں کے لین دین کا دھندا یا کاروبار .

دوجا کئیں شہر میں اتھا بخت و ر
تجارت میں فاضل وو صاحب ہنر

۱۶۳۸ چندر بدن و مہیار ، ۸۶

قصد بنگالہ مناسب ہے نہیں صاحب کو
گرچہ معلوم تجارت کے سب آئین ہوئے

۱۸۱۸ انشا ، ک ، ۱۶۳

ابو طالب تجارت کا کاروبار کرتے تھے .

۱۹۱۱ سیرۃالنبی ، ۱ : ۱۶۶

[ع]

ـــ پیشہ (— ی مج ، فت ش) صف .

وہ شخص جس کا ذریعہ معاش بیوپار ہو، تاجر، بازرگان، کاروباری آدمی .

شہر کے تجارت پیشہ لوگوں نے حاضر دربار ہو کے عرض کیا کہ فلاں فلاں لوگ اس بغاوت کے بانی تھے

۱۸۹۶ فلورا فلورنڈا ، ۲۳

تیسرے کمرے میں ہندوستان کے پیشہ ور صنعت پیشہ اور تجارت پیشہ دکھائے ہیں .

۱۹۴۶ شیرانی ، مقالات ، ۸

[تجارت + پیشہ (رک)]

ـ تھکنا محاورہ .

کاروبار کا مندا ہونا ، بیوپار میں نقصان ہونا .

ادھر تو سرمایہ نہ ہونے کی وجہ سے ان کی تجارۃ تھک گئی اور ادھر عیال بڑھ گئی .

امہات الامہ ، ۵۸ ۱۹۰۷

ـ چمکنا محاورہ .

بیوپار میں فائدہ ہونا ، کاروبار میں ترقی ہونا .

چڑھی ہے سر میں اب ہوئے امارت
بہت ساق کی چمکی ہے تجارت

الف لیلہ نو منظوم ، شایان ، ۲ : ۵۳۳ ۱۸۶۱

ـ خارجہ کس صف (ـــ کس ر ، فت ج) امث .

بیرونی تجارت ، برآمد .

ہندوستان کی تجارت خارجہ کا ۶/۷ حصہ . . . کراچی تک محدود ہے .

معاشیات ہند (ترجمہ) ، ۱ : ۱۳ ۱۹۳۰

[تجارت + خارجہ (رک)]

ـ داخلہ کس صف (ـــ کس خ ، فت ل) امث .

ملک کی اندورونی تجارت .

تجارت داخلہ و خارجہ میں بہت خاصی توسیع ہوئی .

معاشیات ہند (ترجمہ) ، ۱ : ۱۹۲ ۱۹۳۰

[تجارت + داخلہ (رک)]

ـ گاہ امث .

تجارت کی منڈی .

اب یہ شہر ان شہروں کی تجارت گاہ ہے .

رسالہ علم جغرافیہ ، ۳ : ۷۹ ۱۸۷۰

سوداگر تھے جو لاجوردی کپڑے اور کمخواب اور نفیس پوشاکوں سے بھرے ہوئے صندوق ڈوری سے کسے ہوئے تیری تجارتگاہ میں بیچنے کو لاتے تھے .

کتاب مقدس ، ۸۰۶ ۱۹۵۱

[تجارت + گاہ (رک)]

ـ گاہ عالی (ـــ کس صف ہ) امث .

تجارتی مرکز ، بڑی منڈی (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

[تجارت + گاہ (رک) + عالی (رک)]

ـ مامون کس صف (ـــ و مع) امث .

(تجارت) تامین (رک) کے تحت کی جانے والی تجارت ، تامینی تجارت .

تجارت خارجہ کی بھی دو مشہور عالم قسمیں ہیں آزاد تجارت اور تجارت مامون .

علم المعیشت ، ۱ ، ۵۰ ۱۹۱۷

[تجارت + مامون (رک)]

تجارتانہ (کس ت ، سک نیز فت ر ، فت ن) صف .

تجارت سے متعلق .

مسلمانوں نے اپنے عہد حکومت میں تجارتانہ مواقع خوب ڈھونڈے .

رسالہ دلگداز ، اکتوبر ، ۸ ۱۸۸۹

[رک : تجارت + انہ ، لاحقۂ نسبت]

تجارتی (کس ت ، فت ر) صف .

تجارت (رک) سے منسوب ، کاروبار سے متعلق ، سوداگری کا مال .

حکومت کا پارلیمانی شکل میں قایم ہونا جس پر زمیندار ، امرا مسلط ہیں اور قومی صنعتی اور تجارتی میلان رکھتے ہیں .

معاشیات ہند (ترجمہ) ۱ : ۱۹۰ ۱۹۳۰

[رک : تجارت + ی ، لاحقۂ نسبت]

ـ اجارہ (ـــ کس ا ، فت ر) امث .

کاروبار کرنے کا وہ حق جو کسی خاص ادارے یا کمپنی کو حکومت سے حاصل ہو ، حق تجارت ، تجارت کرنے کا ٹھیکہ .

تجارتی اجارے کے حقوق ابتدا میں ۲۰ سال کے لیے تھے .

تاریخ دستور ہند ، ۳ ۱۹۴۴

[تجارتی + اجارہ (رک)]

ـ اُصول (ـــ ضم ا ، و مع) امث .

رک : تجارتی حکمت عملی .

مغربی یورپ کے . . . تجارتی اصول کی امتیازی خصوصیت تجارتی اجارہ کا نظریہ تھا .

معاشیات ہند ، ۱ : ۱۹۰ ۱۹۳۰

[تجارتی + اُصول (رک)]

ـ انقلاب (ـــ کس ا ، سک ن ، فت ق) امث .

کاروبار میں بڑی تبدیلی واقع ہونا ، تجارت میں اچانک غیر متوقع تبدیلی آ جانا ، بیشتر بین الاقوامی منڈی کا اُتار چڑھاؤ .

سولھویں اور سترہویں صدی میں جو تجارتی انقلاب رونما ہوا وہ صنعتی انقلاب کا لازمی پیش خیمہ تھا .

۱۹۸۰ معاشیات ہند ، ۱ : ۱۹۰

[تجارتی + انقلاب (رک)]

ـــ بیڑہ (ـــ ی مج ، فت ڑ) اسذ .

تجارت کے بحری جہاز جن کے ذریعے بیرونی ممالک سے تجارت کی جائے .

زر مبادلہ . . . پاکستان کو برداشت کرنا پڑتا ہے اس لیے قومی تجارتی بیڑے کا قیام اور ترقی ضروری ہو گئی ہے .

۱۹۶۵ کارگر ، ۳ ، ۷ ، ۸ : ۶

[تجارتی + بیڑہ (رک)]

ـــ حکمت عملی (ـــ کس ح ، سک ک ، فت م ، کس صف ت ، فت ع ، م) اسث .

(تجارت) دوسرے ممالک سے تجارت کرنے کے اصول و قواعد ، تجارتی پالیسی .

کوئی بھی تجارتی حکمت عملی ہو اتنی دانشمندانہ تو نہیں ہو سکتی کہ ہمیشہ کے لیے متحدہ اقوام کے مقابلہ میں ایک تنہا شہر کی فضیلت کو قائم رکھ سکے .

۱۹۴۶ معاشیات قومی ، ۴۲

[تجارتی + حکمت (رک) + عملی (رک)]

ـــ رینچ (ـــ ی مج ، غنہ) اسذ .

وہ باڑا جہاں مویشیوں کی افزائش نسل اور دیکھ بھال بغرض تجارت کی جائے (بالخصوص امریکہ اور کناڈا میں) .

باغات کے نظام اور کاشتکاروں کی کھیتی باڑی کے درمیان جو نمایاں فرق ہے اس کو واضح کیا گیا ہے تجارتی رینچوں (باڑوں) کا مقابلہ خانہ بدوشوں کی گلہ بانی سے کیا گیا ہے

۱۹۵۴ خطے اور ان کے مسائل (دیباچہ) ، ۶

[تجارتی + اسپانوی : Rancho]

ـــ سیاست (ـــ کس س ، فت س) اسث .

تجارتی حکمت عملی کی سمجھ بوجھ .

مفلس ، کمزور اور غیر متمدن ملک زیادہ تر اپنی دانشمندانہ تجارتی سیاست کی وجہ سے دولتمند اور طاقتور سلطنتیں بن گئے ہیں .

۱۹۴۶ معاشیات قومی ، ۱

[تجارتی + سیاست (رک)]

ـــ عدالت (ـــ فت ع ، ل) اسث .

تجارت کے مقدمات کا فیصلہ کرنے والی عدالت .

کچھ تجارتی عدالتیں بھی ہیں .

۱۹۶۷ اردو دائرہ معارف اسلامیہ ، ۳ : ۱۰۳

[تجارتی + عدالت (رک)]

ـــ کاغذ (ـــ فت غ) اسذ .

(تجارت) تمسکات ، وہ کاغذ جس میں تجارت کے شرائط اور مشترکہ معاہدے وغیرہ درج ہوں .

تجارتی کاغذ کو ایک علیحدہ ضمانت کی حیثیت سے بطور امانت رکھنا قدیم نظام سے مشابہت رکھتا ہے .

۱۹۳۷ اصول معاشیات ، ۱ : ۵۱۵

[تجارتی + کاغذ (رک)]

ـــ مارک/مارکہ (ـــ سک ر/فت ک) اسذ .

کسی تجارت یا صنعت وغیرہ کے لیے مقرر کیا ہوا نشان ، ٹریڈ مارک .

ایجادیں ، تصانیف کے حقوق ، تجارتی مارکے وغیرہ کے مسائل .

۱۹۳۷ ہندوستان کا نیا دستور حکومت ، ۱۰۳

[تجارتی + مارک/مارکہ (رک)]

ـــ مال اسذ .

سوداگری کا اسباب (فرہنگ آصفیہ ؛ نوراللغات) .

[تجارتی + مال (رک)]

ـــ مراعات (ـــ فت م) اسث ؛ ج .

وہ رعایتیں جو حکومت بیرون ملک تجارت کے لیے دیتی ہے مثلاً ٹیکس میں چھوٹ وغیرہ .

انگلستان نے تجارتی مراعات ایسٹ انڈیا کمپنی کے لیے کیوں محدود کر دیں .

۱۹۴۴ تاریخ دستور ہند ، ۴

[تجارتی + مراعات (رک)]

ـــ ہوائیں (ـــ فت ہ ، ی مج) اسث ؛ ج .

(جغرافیہ) شمالی نصف کرہ میں یہ ہوا شمال مشرق سے آتی ہوئی معلوم ہوتی ہے اور جنوبی نصف کرہ میں جنوب مشرق سے ان ہواؤں کو ٹریڈ ونڈز یا تجارتی ہوائیں کہتے ہیں پہلے زمانے میں جہاز ران ان ہواؤں کی مدد سے سمندر میں راستہ تلاش یا طے کرتے تھے .

تجارتی ہوائیں اور سمندر کی بعض مختلف رویں اسی طرح سے گرد باد جو جنوبی نصف کرہ میں . . . گھومتے ہیں .

۱۸۹۴ علم ہیئت ، ۳۲

تجارتی جہاز ان ہواؤں کی مدد سے سمندر میں اپنا سفر طے کرتے تھے اس لیے ان ہواؤں کو تجارتی ہوائیں کہتے ہیں .

۱۹۶۶ حرارت ، ۸۷۶

[تجارتی + ہوا (رک)]

تجاری (کس ت) اسث .

ایک بخار کا نام جو تیسرے دن سردی لگ کر آتا ہے ، باری کی تپ ، تجرا .

جو دہشت سے لرزہ وہاں عام تھا
تجاری کا آزار بدنام تھا

جنگ نامہ دو جوڑا ، ۸۰ ۱۷۹۳

بخار کا زور کسی دن کم اور کسی دن زیادہ ہوتا ہے اور کمی کی حالت میں تجاری یا چوتھیا میں تبدیل ہو جاتا ہے .

کلیات علم طب ، ۲ : ۳۴۱ ۱۸۸۲

تعویذ کا بازو پر باندھنا تھا کہ بخار کافور ہو گیا اور تین مہینے کی تجاری دفعتاً غائب ہو گئی .

مکتوبات نیاز ، ۶۲ ۱۹۲۳

[ت (= تین) + جاری (= جوڑی) (رک)]

تَجاسُر (فت ت ، ضم س) امذ .

کسی کام کی طرف اقدام کرنا ، کوئی کام اختیار کرنا ، فخر کرنا ، جسارت ، دلیری ، جرات (جامع اللغات) .

اف : کرنا ، ہونا .

[ع]

تَجانُس (فت ت ، ضم ن) امذ .

ہم جنسی کی کیفیت ، ایک ہی جنس میں شریک دو چیزیں ، جنسیت باہمی .

تجانس کے یہ معنی ہیں کہ دو چیزیں ایک جنس کی ہوں مثلاً آدمی اور گھوڑا جو جنس میں شریک ہیں یعنی وہ بھی حیوان ہے اور یہ بھی .

بحرالفصاحت ، ۶۶۸ ۱۸۸۱

[ع]

تَجاوُز (فت ت ، ضم و) امذ .

۱. آگے بڑھنے یا مقررہ حد سے گزرنے کی حالت و کیفیت .

تھا جگر میں جب تلک قطرہ ہی تھا خوں کا سرشک
اب جو آنکھوں سے تجاوز کر چلا طوفاں ہوا

میر ، ک ، ۳۷۶ ۱۸۱۰

حیوانات کا ایک ایک فرد اپنے نوعی افعال و اخلاق سے ایک سرمو تجاوز نہیں کر سکتا .

سیرۃ النبی ، ۲ : ۲۸۶ ۱۹۱۴

۲. فرق ، تفاوت ، مبالغہ .

تجاوز نہیں ذرہ اس بات میں
کہ سب کا ستر ہے ترے ہات میں

طوطی نامہ ، غواصی ، ۲ ۱۶۳۹

اف : کرنا ، ہونا .

۳. (مجازاً) انحراف ، عدول حکمی ، خلاف ورزی .

جو اس سے تجاوز کریگا سزا حد شرعی کی پاویگا .

غزوات حیدری ، ۶۶۱ ۱۸۵۵

یہ عمال . . . فرمان پر عمل کرتے تھے اور اس سے سرمو تجاوز جائز نہیں رکھتے تھے .

سیرۃ النبی ، ۲ : ۷۳ ۱۹۱۴

۴. (شارع عام یا سرکاری زمین پر) ناجائز تصرف یا قبضہ .

فٹ پاتھوں پر تجاوزات کا وسیع اور از حد اذیت ناک سلسلہ ختم کر دیا جائے .

نوائے وقت ، ۴ نومبر ، ۲ ۱۹۷۶

[ع]

اختیارِ سماعت کس اضا (— کس ا ، سک خ ، کس ت ، کس اضا ر ، فت س ، ع) امذ .

(قانون) مقدمہ سننے کی منظوری اور قبولیت کے اختیار سے گزر جانا (اردو قانونی ڈکشنری ، ۱۵۳) .

[تجاوز + اختیار + سماعت (رک)]

تَجاوُزات (فت ت ، ضم و) امذ ؛ ج .

تجاوز (رک) کی جمع ، اپنی زمین یا جگہ سے آگے بڑھائی ہوئی جگہ ، فٹ پاتھ یا سڑک کے کنارے زمین پر ناجائز قبضہ (بطور واحد و جمع مستعمل) .

پندرہ دن کے اندر صوبہ کو تجاوزات سے پاک کر دیا جائے گا .

مساوات ، کراچی ، ۲۹ جنوری ، ۵ ۱۹۷۵

تَجاویز (فت ت ، ی مع) اسث .

تجویز (رک) کی جمع .

ان صاحب کے کلام اور تجویز سے کچھ حسن تجاویز کو تسل کی ثابت نہ ہوئیں .

ماسٹر رام چندر ، ۱۱۷ ۱۸۸۰

تَجاویف (فت ت ، ی مع) امذ ، ج .

تجویف (رک) کی جمع ، سوراخ ، کھوکھلاہٹ .

عروق سے باہر اعضاء کے رخنے اور خلائیں جن کو . . . تجاویف بین الاعضاء کہا جاتا ہے .

افادہ کبیر مجمل ، ۳۶ ۱۹۱۶

تَجاہُل (فت ت ، ضم ہ) امذ .

انجان پن ، بے خبری یا عدم واقفیت ، خود کو انجان ظاہر کرنے کی کیفیت ، بے پروائی .

ان نے پہچان کر ہمیں مارا
منہ نہ کرنا ادھر تجاہل تھا

۱۸۱۰ مہر ، ک ، ۱۱۰

اختر کی آنکھوں میں پرانے مرقعے پھر گئے لیکن تجاہل کو آڑ بنایا .

۱۹۱۲ یاسمین ، ۸۳

[ع]

ــ شِعار (ــ کس ش) امذ .

رک : تجاہل کیش .

کہنا وہ ہائے میرے تجاہل شعار کا
کیا رعب جو سنا ہے تمہارا ہی نام ہے

۱۹۱۹ رعب ، ک ، ۱۴۰

[تجاہل + شعار (رک)]

ــ عارِفانہ کس صف (ــ کس ر ، فت ن) امذ .

جان بوجھ کر انجان بننا ، جاننے بوجھنے کے باوجود یہ ظاہر کرنا کہ ہم کچھ جانتے ہی نہیں ؛ (علم بدیع) کسی معلوم شدہ بات کو نامعلوم کی جگہ دینے کا عمل یا کسی کو جانتے ہوئے ان جان بننے کی حالت .

واہ استاد اس تجاہل عارفانہ کے صدقے ، اجی ہم وہ ہیں جس کے ساتھ تم . . . پیا کرتے تھے .

۱۸۸۰ فسانۂ آزاد ، ۱ : ۲۳۹

ان کی چالاکیوں سے واقف ہوتے ہوئے بھی تجاہل عارفانہ سے کام لیتے .

۱۹۵۶ حکمائے اسلام ، ۲ : ۳۳۸

[تجاہل + عارفانہ (رک)]

ــ کیش (ــ ی مج) صف .

تجاہل کرنے کا عادی ، جس کو تجاہل کی عادت ہو .

اس تجاہل کیش کو سمجھائے کون
کون سنتا ہے زبان پر لائے کون

۱۸۵۱ مومن ، ک ، ۲۶۱

[تجاہل + کیش (رک)]

ــ مطلوب کس صف (ــ فت م ، سک ط ، و مع) امذ .

(منطق) ثابت کرنا کسی مقدمے کا جو کہ عین مطلوب نہ ہو (المغالطات ، ۲۸) .

[تجاہل + مطلوب (رک)]

تَجائی (فت ت) امث .

(معماری) چوکھٹ کی روکار کے چاروں طرف دروازے کی چنائی کا بقدر دو تین انچ بطور حاشیہ باہر کو دکھائی دیتا ہوا حصہ ، کوہری (ا پ و ، ۱ : ۱۴۶) .

[مقامی]

تَجبُّر (فت ت ، ج ، شد ب بضم) امذ .

تمرد ، نافرمانی ، سرکشی ، تکبر ؛ ظلم و تعدی .

جھوٹی عزت مستبد کے تکبر و تجبر کی جہنم کا ایک بھڑکتا ہوا شعلہ ہے .

۱۹۲۷ استبداد ، ۲۳

[ع]

تَجدُّد (فت ت ، ج ، شد د ، بضم) امذ .

نیا پن ، نیا ہونا ، نئی بات ، جدت پسندی .

پورٹ سعید سے سفر کی حالت میں جو تجدد ہوا وہ یہ تھا کہ . . . کوئی مسلمان نہ تھا .

۱۸۹۲ سفر نامہ روم و مصر و شام ، ۲۰

انسان کی فطرت کچھ ایسی بنی ہے کہ وہ ہمرنگی کے باوجود تفنن اور تجدد کا طالب ہے .

۱۹۳۵ سیرۃ النبی ، ۵ : ۱۸۶

[ع]

ــ اَمثال کس اضا (ــ فت ا ، سک م) امذ .

(تصوف) تعینات کی صورتوں کا جدید ہوتے رہنا ، انسان پر ہر آن فنا و بقا کی کیفیات طاری ہوتے رہنا اور باوجود ان تغیرات کے اصل حقیقت وجود باقی رہنا .

ہے وہ چتون تجدد امثال دیکھ لو آن آن میں کچھ ہے

۱۸۲۶ معروف ، د ، ۱۳۱

تجدد امثال ہر آن تبدیلی کو ثابت کر رہا ہے .

۱۹۴۷ رباعیات امجد (دیباچہ) ، ۲ : ۱

[تجدد + امثال (رک)]

تَجدید (فت ت ، سک ج ، ی مع) امث .

نیا کرنے کا عمل ، نئے سرے سے کوئی کام کرنے کی حالت .

تجدید کر وضو کون علی آگے دھر قدم
مرغابیاں جو گھروں تھیں دامن میں ہو کے ضم

۱۷۳۲ گربل کتھا ، ۸۵

انگریزی گورنمنٹ اپنے سابقہ معاہدوں کو از سر نو قائم و تجدید کرنے سے انکار نہ کرے گی .

۱۸۹۳ بست سالہ عہد حکومت ، ۵۴

حضرت عمر بن عبد العزیز نے جہاں مساجد کی تجدید کی تھی تو اہل مدینہ سے اس کی تحقیق کرلی تھی .

۱۹۱۴ سیرۃ النبی ، ۲ : ۹۴

اف : کرنا ، ہونا .

[ع]

ـ بنائے دعویٰ کس اضا (— کس ب ، فت د ، سک ع ، ا بشکل ی) امث .

(قانون) بنائے دعویٰ کو نئے سرے سے کرنا (اردو قانونی ڈکشنری ، ۱۵۳ ؛ جامع اللغات) .

[تجدید + بنا + دعویٰ (رک)]

ـ بیعت کس اضا (— ی اون ، فت ع) امث .

(تصوف) سابقہ بیعت کو تازہ کرنے یا دوبارہ از سر نو بیعت کرنے کا عمل ؛ پہلے جس مرشد طریقت کے ہاتھ پر بیعت کی تھی ان کے انتقال ہو جانے یا کسی اور وجہ سے اسی سلسلے کے دوسرے مرشد سے بیعت کرنا ، دوبارہ مرید ہونا .

شاہ احمد سعید کو... بلایا اور ان کے ہاتھ پر تجدید بیعت کی .

۱۹۰۱ حیات جاوید ، ۳۳

[تجدید + بیعت (رک)]

ـ معکوس کس صف (— فت م ، سک ع ، و مع) امث .

(نفسیات) الٹی تبدیلی .

اسٹار بک نے اس قسم کے انقلابات کے لیے تجدید معکوس یا الٹی تبدیلی کی اصطلاح وضع کی ہے .

۱۹۵۸ نفسیات واردات روحانی ، ۲۵۷

[تجدید + معکوس (رک)]

تجدیدی (فت ت ، سک ج ، ی مع) صف .

تجدید (رک) سے منسوب .

اشعاعی توانائی کا مخزن اور منبع اغلباً ان کے جواہر کے برقیوں اور مشینوں کی تجدیدی ترتیب اور تصادم میں پنہاں ہے .

۱۹۲۹ جدید سائنس ، ۳۴

[تجدید + ی ، لاحقۂ نسبت]

ـ اقساط (— فت ا ، سک ق) امث .

(بیمہ) از سر نو قایم کی ہوئی قسطیں ، قسطوں کی دوبارہ تعیین کے بعد ادا کرنے کی صورت .

تجدیدی اقساط کو انگریزی میں (Renewal Premium) کا نام دیا جاتا ہے .

۱۹۶۴ بیمۂ حیات ، ۱۹۵

[تجدیدی + اقساط (رک)]

ـ نصاب (— کس ن) امذ .

وہ نیا نصاب تعلیم جس سے اساتذہ کو روشناس کرایا جائے .

تجدیدی نصاب Refresher Course .

۱۹۵۶ انگریزی اردو فوجی فرہنگ ، ۱۷۲

[تجدیدی + نصاب (رک)]

تجدیدیت (فت ت ، سک ج ، ی مع ، سک نیز کس د ، فت ی نیز شد ی ہفت) امث .

تجدیدی (رک) سے اسم کیفیت ، نیا پن .

ہندو تجدیدیت پرستوں کا نقطۂ نظر کچھ کم علیحدگی پسندانہ نہیں رہا .

۱۹۵۳ ثقافت پاکستان ، ۱۱

[رک : تجدید + یت ، لاحقۂ کیفیت]

تجدیف (فت ت ، سک ج ، ی مع) امث .

خدا کی وحدت سے انکار ، کفر نعمت .

یعقوب ہوہمے . . . اس تجدیف سے خائف نہ تھا ، اس کے مذہبی اور فلسفیانہ تخلیات کئی مقامات پر برونو کے خیالات سے مشابہ ہیں .

۱۹۳۱ تاریخ فلسفۂ جدید ، ۱ : ۱۴۵

[ع]

تجدیفی (فت ت ، سک ج ، ی مع) صف .

تجدیف (رک) سے منسوب .

یہ تجدیفی نظریہ خدا کی وحدت کا منافی ہے .

۱۹۳۱ تاریخ فلسفۂ جدید ، ۱۴۵

[رک : تجدیف + ی ، لاحقۂ صفت]

تجربات (فت ت ، سک ج ، کس ر) امذ ؛ ج .

تجربہ (رک) کی جمع .

ہئیت شاعری میں اس نے نئے تجربات کیے .

۱۹۶۸ اردو دائرۂ معارف اسلامیہ ، ۳ : ۶۹۹

تجرباتی (فت ت ، سک ج ، کس ر) صف .

تجربات (رک) سے منسوب .

تجرباتی اور نظریاتی طبیعیات میں وسیع معلومات بالخصوص بصریات میں بے مثال قیمتی آلات کا وضع کرنا .

۱۹۴۷ جراحیات زہراوی ، ۱

تجربت (فت ت ، سک ج ، کس ر ، فت ب) امث .

رک : تجربہ .

ایسی کتاب کا سر انجام کرنا (جس کی بنا محض حکمت اور تجربت پر ہونی چاہیے) شیخ کے مقابلے میں ایک نوجوان ناتجربہ کار کی طاقت سے باہر تھا .

۱۸۸۶ حیات سعدی ، ۹۴

ادراک وہ جس سے ہے یہ مالوف
ہے دانش و تجربت پہ موقوف

۱۹۲۷ تنظیم الحیات ، ۴۱

[ع]

تجربہ (فت ت ، سک ج ، کس ر ، فت ب) امذ .

۱. آزمائش ، امتحان ، جانچ .

ولے بات میانے میاں تجربے پر آ پڑی ہے .

۱۶۳۵ سب رس ، ۱۱۳

اے ولی تجربہ سے پایا ہوں شعلۂ آہ شوق بے غش ہے

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۲۳۶

میں نے بنی اسرائیل کا معاملہ دیکھا ہے مجھے خوب تجربہ ہو چکا ہے .

۱۸۸۷ خیابان آفرینش ، ۴۳

۲. (سائنس) عمل ، عملی جانچ پڑتال ، ماہیت کی جانچ .

یہ فقط تجربہ سے دریافت ہوسکتا ہے کہ جو اوصاف چین کے چائے میں ہوتے ہیں وہ اور اضلاع میں بھی پائے جاویں گے یا نہیں .

۱۸۴۵ مزید الاسوال ، ۱۳۰

تجربہ ہی ایک ایسا جوہر ہے جس کی طرف تعلیم کے تمام شعبوں میں بہت کم توجہ دی گئی ہے .

۱۹۶۳ ماہیت الامراض ، ۲ : ۹

[ع]

ــ اٹھانا محاورہ .

کسی کام کو کر کے سیکھنا .

الغرض انہیں باتوں سے تجربہ اٹھا کے اس نے مستعدی اور تندہی سے کام لیا .

۱۹۱۶ مسیح اور مسیحیت ، ۲۲۸

ــ خانہ (ــ فت ن) امذ .

وہ جگہ جہاں تجربہ کیا جائے ، لیبارٹری ، معمل ، دارلتجربہ .

سوزاکی کروے ایک تپش برداشت دروں سم (Endotoxin) رکھتے ہیں جو عموماً تجربہ خانے کے جانوروں کی ہلاکت اور انسانوں میں بیماری کی علامت کے اظہار کا ذمہ دار ہے .

۱۹۶۹ امراضی خرد حیاتیات ، ۱۶۷

[تجربہ + خانہ (رک)]

ــ ساز امذ .

تجربہ کرنے والا .

وہ گویا پیدائشی تجربہ ساز تھا .

۱۹۰۵ طبیعیات کی داستان ، ۹۸

[تجربہ + ساز (رک)]

ــ سکھلانا ف م .

(رک) تجربہ معنی نمبر ۲ ، عملی طریقہ سے درست یا نادرست ثابت کر کے دکھلانا .

اور ممکن ہو تو وہاں آلات سے اس کو تجربہ بھی سکھلایا جائے .

۱۹۴۳ حیات شبلی ، ۴۳۲

ــ کار صف .

آزمودہ کار ، واقف کار ، جہاں دیدہ (جو بہت سے تجربوں کی منزل سے گزر کر دانا ہوگیا ہو) .

دو آدمی تجربہ کار اس کے ساتھ کر کے دکھن بھیجنے کا قصہ ہے .

۱۸۷۳ مجالس النسا ، ۱ : ۱۲۳

بڈھے خرانٹ بوجھ بوجھکڑ ، جہاندیدہ تجربہ کار انگریز . . . برسوں ایک قانون پر غور کرتے ہیں .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۲ : ۱۵

[تجربہ + کار (رک)]

ــ کاری امث .

تجربہ کار (رک) کا اسم کیفیت (جامع اللغات ؛ اردو قانونی ڈکشنری) .

[تجربہ + کار (رک) + ی ، لاحقۂ کیفیت]

ــ گاہ امث .

رک : تجربہ خانہ .

ہماری تجربہ گاہوں میں بہت سے آلات اپنے انگریزی ناموں کے ذریعے اتنے متعارف ہو چکے ہیں کہ نہ صرف طلبہ بلکہ کم تعلیم یافتہ لیبارٹری اسسٹنٹ بھی ان کے لیے یہی نام استعمال کرتے ہیں .

۱۹۶۵ مادے کے خواص ، دیباچہ ، (ب)

[تجربہ + گاہ (رک)]

تجربی (فت ت ، سک ج ، کس ر) صف .

تجربہ (رک) سے منسوب (وہ امور جن کا تجربے سے تعلق ہو) .

لیکن طبعیات اور عنصریات در حقیقت سائنس یعنی تجربی علوم میں داخل ہیں .

شعر العجم ، ۵ : ۲۰۵ ۱۹۱۴ء

[رک : تجربہ + ی ، لاحقۂ نسبت]

— ایغو (— ی مع ، و مج) امذ .

(نفسیات) نفسیات میں تجربے کے دوران خلا یا بے یقینی کی کیفیت یا بہاؤ کا عمل .

تجربی ایغو کی انتہائی پیچیدگی کا اندازہ کرنے کے لیے ان بیانات و اقوال کو یاد کرنا بہتر ہوگا .

نفسیاتی اصول ، ۴۹۲ ۱۹۳۱

[تجربی + انگ : Ego]

— دور (— و لین) امذ .

(نفسیات) رک : تجربہ معنی نمبر ۲ ، عملی جانچ کا وہ مقررہ وقت جو تجربہ گاہ میں صرف ہو .

ایک رو تجربی دور کے اندر منحرف ہوکر داخل ہوگی .

تجربی نفسیات ، ۲۴ ۱۹۳۱

[تجربی + دور (رک)]

تجربیات (فت ت ، سک ج ، کس ر ، ی مع ، شد ی) امث .

وہ علوم جن کی بنیاد تجربے پر ہو ، جیسے سائنس وغیرہ ، وہ امور یا اشیا وغیرہ جو بار بار کے تجربوں کی کسوٹی پر پورے اترنے کے بعد مسلمات علمی کا مرتبہ حاصل کریں ، عملی سائنس .

بیکن نے اس طریقے کو بالکل ہیچ قرار دیا اور علمی عمارت کی بنیاد مشاہدات اور تجربیات کی سطح پر قائم کی .

شبلی ، مقالات ، ۵ : ۶۴ ۱۹۱۴

[تجربہ (رک) سے]

تجربیت (فت ت ، سک ج ، کس ر ، کس ب ، شد ی بفت) امث .

تجربی (رک) کا اسم کیفیت .

جدید منطق کے حامی عام کا ذریعہ صرف تجربیت کو قرار دیتے ہیں .

تاریخ اور کائنات ، ۳۱۰ ۱۹۷۴

[ع]

— پسند (— فت پ ، س ، سک ن) امذ .

(فلسفہ) تجربیت پسند سے مراد وہ شخص ہے جو مجرد و ابدی اصول کا عاشق ہے (فلسفہ نتائجیت ، ۵) .

[تجربیت + پسند (رک)]

تجرد (فت ت ، ج ، شد ر بضم) امذ .

۱. تنہائی ، مجرد پن ، علیحدگی .

اتفاقات سے ہو جاتی ملاقات تو خیر
دل تجرد پہ رکھا جب ، نہ کوئی یار نہ غیر

میر (شعلۂ جوالہ ، ۲ : ۷۳۹) ۱۸۱۰

۲. پن بوباتا پن ، اکیلا پن .

اس زن صالحہ کی موت کے غم سے سلطنت کو چھوڑ کر صحرائے تجرد کا راہی ہوا .

آرایش محفل ، افسوس ، ۳۲۱ ۱۸۰۵

اس کے بعد انہوں نے کوئی شادی نہیں کی اور یہ دس برس تجرد میں بسر کئے .

حیات شبلی ، ۷۲۶ ۱۹۴۳

۳. یکتائی .

سراپا وہ ترکیب ترکیب جاں
تجرد ہے بے سایہ گی سے عیاں

حکایت سخن سنج ، ۲ ۱۸۴۵

عالم لا مکاں یا اقلیم تجرد کی سیر کرنا بھی بھول گیا .

نظم طبا طبائی ، ۲ ۱۹۱۶

۴. (فلسفہ) اللہ کے مجرد محض ہونے کا ادراک .

انسان اول اول جس کا پابند رہتا ہے . . . . پھر اس قدر ترقی کرتا ہے کہ اس چیز کی صورت متخیلہ میں قایم ہو جاتی ہے یہ مادہ سے تجرد کا پہلا درجہ ہے .

علم الکلام ، ۱ : ۱۲۶ ۱۹۰۲

[ع]

تجرع (فت ت ، ج ، شد ر بضم) امذ .

ٹھہر ٹھہر کر ، آہستہ آہستہ یا گھونٹ گھونٹ پینے کا عمل ؛ جرعہ کشی ، بادہ نوشی .

یہ کہکر پھر تمجیل گھر کو پھرا
تجرع کا ساماں مہیا کیا

بہار دانش ، طپش ، ۵۹ ۱۸۰۲

[ع]

تجریب (فت ت ، سک ج ، ی مع) امث .

رک : تجربہ .

عاقل تجریب کو تقریب پر مقدم کرتا ہے .

تشنیف الاسماع ، ۳۰ ۱۸۸۸

تجریبی (فت ت ، سک ج ، ی مع) صف .

تجربہ (رک) سے منسوب ، تجربات کی روشنی میں .

تجریبی علم العلاج سے مراد محض تجربہ سے مرض کا علاج کرنا ہے . . . تجریبی علاج میں . . . کوئی توجیہ نہیں پیش کی جا سکتی .

۱۹۴۸ علم الادویہ ، ۱ : ۲

[رک : تجربہ + ی ، لاحقۂ نسبت]

تجریح (فت ت ، سک ج ، ی مع) اسث .

کرید کرید کر معلوم کرنے کا کام ، (کسی) شہادت کو باطل کرنے کا عمل ، تنقید ، نکتہ چینی .

اگر معلوم ہو کہ اس کا ہونا محال ہے . . . . تو کچھ فائدہ نہیں کہ ہم راویوں کی تعدیل و تجریح کریں .

۱۸۸۰ تاریخ ہندوستان ، ۱ : ۲۷

[ع]

تجرید (فت ت ، سک ج ، ی مع) اسث .

۱. تنہائی ، علیحدگی ، بے تعلقی ، آزادی .

حسن تھا پردۂ تجرید میں سب سوں آزاد
طالب عشق ہوا صورت انسان میں آ

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۲۶

تجرید اور ترک تعلق شاعر کا اصل موضوع ہے .

۹۳۶ شیرانی ، مقالات ، ۲۱۷

۲. (علم بیان) ایک صنعت جس میں صرف ایک معنی سے غرض رکھتے ہیں (جامع اللغات) .

۳. (تصوف) اپنی خودی اور ماسوا اللہ سے دور ہونے اور حق کی خودی میں ملجانے کو کہتے ہیں (مصباح التعرف) .

۴. خیالی ، تصوری .

غزل کے عمل کو ہم آسانی سے تجرید و تقسیم کا عمل کہہ سکتے ہیں .

۱۹۶۸ مثبت قدریں ، ۲۷۳

۵. آزاد ، ساتھی نہ بنانے یا شادی نہ کرنے کی حالت .

میں نے بہت مجرد لوگوں سے ملاقات کی جو اسی سبب سے بغیر شادی کے اپنی زندگی کو عالم تجرید میں بسر کرتے ہیں .

۱۸۳۹ تواریخ راسلس ، ۱۳۸

[ع]

تجریدی (فت ت ، سک ج ، ی مع) صف .

ذہنی و خیالی ، اشارات پر مبنی ، عملی کی ضد .

چنانچہ اس قرارداد کی رو سے نہایت دشوار تجریدی مضمونوں میں بھی ہندوستانی زبان میں امتحان لینے کی اجازت دی گئی ہے .

۱۹۴۳ مقالات گارساں دتاسی ، ۱ : ۱۹۲

[رک : تجرید + ی ، لاحقۂ نسبت]

— **آرٹ** (— سک ر) امذ .

(مصوری) جدید فن مصوری جس میں واضح خطوط و نقوش کی جگہ مبہم خطوط و نقوش ہوں .

یہ تصاویر تمام تجریدی آرٹ میں تھیں .

۱۹۶۶ ماہ نو ، کراچی ، نومبر ،

[تجریدی + آرٹ (رک)]

— **عمل** (— فت ، ع ، م) امذ .

کسی چیز کو مجرد بنانے یا ثابت کرنے کا کام .

ماہیت کے متعلق یہ تجریدی عمل خود ایک قسم کا وجود ہوتا ہے .

۱۹۴۰ اسفار اربعہ ، ۱۳۱۵

[تجریدی + عمل (رک)]

— **مصوری** (— ضم م ، فت ص ، شد و بکس) اسث .

رک : تجریدی آرٹ ، مصوری کی ایک قسم ، جدید مصوری .

ملک میں اس وقت زیادہ تر تجریدی مصوری کا رجحان ہے .

۱۹۶۶ ماہ نو ، کراچی ، نومبر ،

[تجریدی + مصوری (رک)]

تجریع (فت ت ، سک ج ، ی مع) اسث .

ایک قسم کا تیل جو جانوروں کی مالش اور ناک میں قطرہ قطرہ کرکے ٹپکانے کے کام آتا ہے ؛ رک : تجرع .

روغن مالی و روغن چکانی کو تطلیہ اور تجریع کہتے ہیں .

۱۹۳۸ آئین اکبری ، ۱ ، ۱ : ۲۷۶

[ع]

تجزی (فت ت ، ج ، شد ز) اسث .

۱. فرد فرد ہونے ٹکڑے ٹکڑے کرنے یا بٹ جانے کا عمل ، جزو جزو ہو جانے کی حالت .

احدیت تبعیض اور تجزی کو قبول نہیں کرتی ہے .

۱۸۸۷ (ترجمہ) فصوص الحکم ، ۵۰

عالم ہر شے کی تجزی کرتا ہے اور ہر شے کی اصلیت کو پہنچنا چاہتا ہے .

۱۹۱۳ تمدن ہند ، ۳۹۷

۲۔ افتراق ، انتشار ، عدم اتحاد ۔
ہمیں جس چیز نے کھویا وہ تفریق و تجزی تھی
یہ وہ شے ہے کہ جو بربادی مسلم کے درپے ہے
شبلی ، ک ، ۸۷
۱۹۱۳

۳۔ کسی مرکب کے ہر جزو کو الگ الگ کرنے کا عمل ۔
اہل یورپ نے اشیائے عالم کی تجزی کر کے یہ طے کیا یہ شمار میں چونسٹھ ہیں ۔
تاریخ تمدن ، ۱۸۹
۱۹۰۹

[ع]

تجزیہ (فت ت ، سک ج ، کس ز ، فت ی) امذ ۔

کسی چیز کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا اور تقسیم کرنا ، کسی مرکب کے اجزا کو الگ الگ کرنا جن سے اس کی ترکیب ہوئی ہے ۔
تجزیہ کیمیاوی کے متعلق طبیبوں کے سرٹیفکٹ نہیں لئے جاویں گے ۔
میڈیکل جورس پروڈنس ، ۱۵۱
۱۸۹۲

حُسن کے نقطۂ نظر سے جب ہم صناعت انسانی کا تجزیہ کرتے ہیں تو اس کے تین اجزا ہم کو ملتے ہیں ایک صورت ، دوسرے رنگ ، تیسرے وضع ۔
گہوارۂ تمدن ، ۱۳۳
۱۹۱۶

[ع]

ـــ کرنا محاورہ ۔

اصل حقیقت کو جاننا ، آثار کردار علائم و قرائن کے ذریعے ماہیت و اصلیت کا معلوم کرنا ۔
یوی ان کا نفسیاتی تجزیہ کر کے پھر اپنے افلاطونی مہربانوں کے سینے پر سر رکھ کر روتی ہیں ۔
معصومہ ، ۹۶
۱۹۶۲

ـــ نفسی (ـــ فت ن ، سک ف) امذ ۔

نفسیات کے اصولوں کی روشنی میں کسی شخص کے اعمال مزاج عادات و اطوار کو ہر کھنے کا عمل ۔
مناسب موقع دیکھ کر پوچھا : تجزیہ نفسی (Phycho-analysis) کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے ۔
ملفوظات اقبال ، ۱۴۵
۱۹۳۸

[تجزیہ + نفسی (رک)]

تجسد (فت ت ، ج ، شد س بضم) امذ ۔

جسم اختیار کرنے کا عمل ، پیدائش ، جسد بننے کی حالت ۔
مقصد یہ تھا کہ جملہ حوادث کی ترتیب اس سے بڑے حادثے یعنی تجسد مسیح کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جائے ۔
مقدمہ تاریخ سائنس ، ۱ ، ۱ : ۴۹۳
۱۹۵۹

[ع]

تجسس (فت ت ، ج ، شد س بضم) امذ ۔

جستجو ، کھوج ، تحقیق ، تلاش ، کرید ۔
بادشہ نکلا تھا آس کا ہو فقیر
اس تجسس میں یہ پھرتا تھا وزیر
مثنویات حسن ، ۱ : ۹۸
۱۷۷۳

کوئی ہے دل کھنچے جاتے ہیں اودھر
فضولی ہے تجسس یہ کہ کیا ہے
میر ، ک ، ۵۳۰
۱۸۱۰

چوتھا نسخہ بنارس سے بڑی تلاش اور تجسس سے بہم پہنچا کر اپنی کتاب صحیح کی ۔
حیات جاوید ، ۱۰۷
۱۹۰۱

[ع]

ـــ کُناں (ـــ ضم ک) صف ؛ م ف ۔

تلاش کرتا ہوا ۔
عیار صدا سن کر حاضر ہوئے ہر ایک سے واسطے تلاش کرنے رعدو برق محشر کے تاکید کی سب تجسس کناں چلے ۔
طلسم ہوشربا ، ۱ : ۳۶۰
۱۸۸۲

[تجسس + کناں ، ف : کردن (= کرنا) سے]

تجسم (فت ت ، ج ، شد س بہ ضم) امذ ۔

جسم والا ہونے کی کیفیت و حالت ، جسم کی صورت میں ، جسمانیت ۔
وہ پاک ہے نیاز تجسم ہے ہے بری
محتاج فوق و تحت نہ وہ عرض و طول کا
مہتاب داغ ، ۱
۱۸۹۲

کیونکہ اس فعل سے ایک طرح کا تجسم متر شح ہوتا ۔
مقدمہ اخلاقیات (ترجمہ) ، ۱۵۳
۱۹۳۷

[ع]

تجسمی (فت ت ، ج ، شد س بضم) صف ۔

تجسم (رک) سے منسوب ۔
خدا کے تصور کو تجسمی صورت نہیں دی جاسکتی ۔
مقدر انسانی ، ۳۸۳
۱۹۵۹

[رک : تجسم + ی ، لاحقۂ نسبت]

تجسیم (فت ت ، سک ج ، ی مع) اسث ۔

صاحب جسم یا مجسم ہونے کی حالت و کیفیت ، کسی مجرد شے کو جسمانی شکل و صورت دینا ؛ خدا کے مجسم ہونے کا عقیدہ (جو مسلمانوں کے نزدیک صحیح نہیں) ۔

بعد ازاں اس کو پکڑ کر بہ سبب خلاف عقیدہ کے . . . قید کیا کیونکہ وہ تجسیم کا قائل (تھا) . . . جیسا کہ ابن حنبل کی طرف یہ عقیدہ منسوب ہے .

۱۸۴۷ تاریخ ابوالفدا (ترجمہ) ، ۲ : ۵۰۷

اس سے خدا کی تجسیم کا احتمال پیدا ہوتا ہے .

۱۹۰۶ الحقوق و الفرائض ، ۱ : ۱۵۱

[ع]

تجسیمی (فت ت ، سک ج ، ی مع) صف .

تجسیم (رک) سے منسوب .

پھر بھی تجسیمی تصورات کی قید سے اپنے آپ کو آزاد نہ کر سکے .

۱۹۱۰ معرکۂ مذہب و سائنس ، ۱۱۸

[رک : تجسیم + ی ، لاحقۂ نسبت]

تجسیمیت (فت ت ، سک ج ، ی مع ، کس م ، فت ی) اسث .

خدا کے مجسم ہونے کا عقیدہ ، تجسیم (رک) کی کیفیت و حالت .

ان کے مذہبی تصورات میں تجسیمیت پائی جاتی ہے .

۱۹۵۹ وادئ سندھ کی تہذیب ، ۱۶۲

[ع]

تجسیمیہ (فت ت ، سک ج ، ی مع ، کس م ، فت ی) صف .

رک : تجسیمیت .

ان ذلیل تجسیمیہ عقائد سے جو عوام میں پھیلے ہوئے تھے نسطور کو انکار کیا .

۱۹۱۰ معرکۂ مذہب و سائنس ، ۹۵

[ع]

تجشم (فت ت ، ج ، شد ش بضم) امذ .

رنج و مشقت .

تکلف و تجشم قوانین فصاحت میں معیوب ہے .

۱۹۳۱ دودھ پنچ ، لکھنؤ ، ۱۶ ، ۲۳ : ۱۰

[ع]

تجصوتیہ (فت ت ، سک ج ، و لین ، کس ت ، فت ی) امذ .

صوتیے کی وہ آخری شکل جو تجزیے کے بعد حاصل ہو .

تجصوتیہ کسی زبان میں ممیز اور وقیع صوتوں کا سب سے چھوٹا یونٹ یا مجموعہ ہے .

۱۹۵۷ اردو ادب ، جون ، ۲۶

[تج ، تجزیہ (رک) کی تخفیف + صوتیہ (رک)]

تجصیص (فت ت ، سک ج ، ی مع) اسث .

۱. گچ کرنا ، عمارت کو چونے سے پختہ کرنا (فرہنگ آنند راج) .

۲. (فقہ) پکی قبر بنانا .

اور فتاوی در مختار میں تجصیص یعنی پکی قبر کی روایت آئی ہے .

۱۸۵۲ تقوی ، سخاوت علی ، ۳۴

[ع]

تجفیف (فت ت ، سک ج ، ی مع) اسث .

خشک کرنا ، سکھانا .

بعض اوقات تجفیف کی زیادتی کے لیے اس امر کی ضرورت پیش آتی ہے کہ پانی کے استعمال سے پہلے پسینہ بکثرت بہایا جائے .

۱۹۱۶ افادۂ کبیر منجمل ، ۲۶۲

[ع]

تجگری (فت ت ، سک ج ، فت گ) اسث .

سکلی گروں (صیقل گروں) کی دو انگل چوڑی اور تقریباً ڈیڑھ بالشت لمبی لوہے کی پٹری جس پر تیل گرا کر رندا تیز کرتے ہیں (شبد ساگر) .

[ف : تیز گری]

تجلا (فت ت ، ج ، شد ل) امذ .

رک : تجلی .

تجلا اوپر سکھ برستا ہے خوش
لیاں انکھیاں نازوں ہنستا ہے خوش

۱۶۲۵ سیف الملوک و بدیع الجمال ، ۱۲۵

جس نے اس صاعقۂ طور کا جلوا دیکھا
اس کو موسیٰ کی طرح محو تجلا دیکھا

۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۶۹

[ع]

تجلب (فت ت ، ج ، شد ل بضم) امذ .

کھینچنے یا اتارنے کا عمل .

یہ کھرنڈو اور چھلکے دار تجلبات کو دور کرنے کے لئے مفید ہے .

۱۹۵۸ علم الادویہ ، ۱ : ۸۶

[ع]

تَجلجُل (فت ت ، ج ، سک ل ، ضم ج) امذ .

موثر ہونا ؛ بیکلی ، اضطراب ، بیقراری ؛ زمین میں غرق ہونا دھنس جانا (جامع اللغات) .

[ع]

تَجلد (فت ت ، ج ، شد ل بضم) امذ .

(لفظاً) پھرتی ، عجلت ، (مجازاً) مقابلۂ دشمن میں زیادہ جلدی اور چالاکی .

کہ ہر دم اوس سے تھا ذوق تولد
وہ یعنی جانب صحبت تجلد

۱۸۶۶ تیغ فقیر بر گردن شریر ، ۲۷۹

[ع]

تَجلّی (فت ت ، ج ، شد ل) امث .

روشنی ، نور ، اجالا ، چمک ، شان و شوکت ، جلال ، عظمت ، ظہور ، جلوہ ، جھلک .

مرے دل کوں روشن کر اپ نور تے
تجلی دے اگلا چندر سور تے

۱۶۰۹ قطب مشتری ، ۵

مرے دل کی تجلی کیوں رہے پوشیدہ مجلس میں
ضعیفی سوں ہوا ہے بردۂ فانوس تن میرا

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۱۳

ممکن نہیں وہ برق نگہ غیر پر پڑے
جز طور اور پر ہو تجلی محال ہے

۱۸۶۹ شیفتہ ، ک ، ۱۵۰

اب تک میں سر جھکائے حیرت زدہ کھڑا ہوں
اب تک وہی تجلی آنکھوں پہ چھا رہی ہے

۱۹۳۱ صبح بہار ، اختر شیرانی ، ۱۹

[ع]

ـــ اسما کس اضا (ـــ فت ا ، سک س) صف .

اسماء الٰہی کا جلال و نور ، خدا کے صفاتی ناموں کی تاثیری روشنی .

پہلے درجے میں ، جس کا نام تجلی اسما ہے ، انسان کامل کو اس اسم کی درخشانی عطا کر دیتی ہے جس کے ذریعے خدا اپنے آپ کو ظاہر کرتا ہے .

۱۹۶۸ اردو دائرہ معارف اسلامیہ ، ۳ : ۴۰۳

[تجلی + اسما ، اسم (رک) کی جمع]

ـــ ذات کس اضا امث .

انسان کے باطن کا نور ؛ خدا کی ذات کا جلوہ .

آخری درجہ تجلی ذات کا ہے ، جس سے انسان کامل میں الوہیت کے انداز پیدا ہو جاتے ہیں .

۱۹۶۸ اردو دائرہ معارف اسلامیہ ، ۳ : ۴۰۳

[تجلی + ذات (رک)]

ـــ زادہ (ـــ فت د) صف .

عالی خاندان ، جو شان و شوکت میں پیدا ہوا ہو (جامع اللغات) .

[تجلی + زادہ (رک)]

ـــ زار امذ .

(لفظاً) وہ مقام جو جلال و نور سے آراستہ ہو ، وہ جگہ جہاں نور ہی نور ہو ، (مجازاً) روضۂ آنحضرت صلعم کی روشنی .

غش آجائے جو موسیٰ اس تجلی زار کو دیکھیں
چراغ طور ہے رخشاں کلس روضے کے گنبد کا

۱۸۷۲ مجامد خاتم النبیین ، ۹

[تجلی + زار (رک)]

ـــ شُہودی کس اضا (ـــ فت ش ، و مع) امث .

نور حق ، وہ نور جس سے عرفان ذات حق حاصل ہو .

جب اس کو یہ استعداد حاصل ہو جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے تجلی شہودی سے عالم شہادت میں تجلی فرماتا ہے .

۱۸۸۷ ترجمہ فصوص الحکم ، ۹۱

[تجلی + شہود (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

ـــ طُور کس اضا (ـــ و مع) امث .

خدا کی ذات کا وہ نور جو حضرت موسیٰ[ع] کو کوہ طور پر نظر آیا ، جلوۂ رب .

تاہم بقدر استعداد تجلی طور کا ہلکا سا پرتو ذرات پر کبھی کبھی پڑ ہی جاتا ہے .

۱۹۲۳ سیرۃ النبی ، ۳ : ۱۳۸

[تجلی + طور (رک)]

ـــ غَیبُ الہُوِیّہ کس اضا (ـــ ی لین ، فت ب ، غم ا ، سک ل ، و مع ، فت ی ، ت) امث .

وہ تجلی جو ادراک مدرک میں نہ آوے (مصباح التعرف ، ۷۱) .

[تجلی + غیب (رک) + ال (ا) (رک) + ہویّہ (رک)]

ـــ کو تکرار نہیں کہاوت .

جو بات عیاں ہو اس میں کوئی جھگڑا نہیں (جامع اللغات) .

ــ گاہ امث .

(لفظاً) وہ جگہ جہاں شان و شوکت یا روشنی زیادہ ہو، جلوہ گاہ، (مجازاً) وہ مقام جہاں موسیٰ[۴] کو خدا کا جلوہ نظر آیا .

کب ہوں موسیٰ کی طرح خواہاں تجلی گاہ کا
میرا سینہ طور ہے دل ہے مکاں اللہ کا

۱۸۴۶ دیوان مہر ، ۳

[تجلی + گاہ (رک)]

تَجلِیل (فت ت ، سک ج ، ی مع) امث .

جلال و عظمت بیان کرنے کی صفت ، بزرگی کا اظہار ، بڑائی کی پیش کش ، بڑائی جتانے کا عمل .

مصنف کا قلم ارض یونان کی تجلیل اور مغربیت کی ایک الگ تھلگ دنیا کی تخلیق کے لیے وقف ہے .

۱۹۵۹ مقدمہ تاریخ سائنس ، ۸۰۱

[ع]

تَجلِیَہ (فت ت ، سک ج ، کس ل ، فت ی) امذ .

۱. (لفظاً) ملمع یا خول چڑھانے یا مجلا کرنے روشن و آشکار کرنے کا عمل، (مجازاً) جلوہ دیکھنے کی کیفیت، صفائی باطن.

یہاں باطن میں دیکھنے کو بہوت خطرے ہور وسواس ہور تشویش ہے مرید کو یہاں دو کام ہیں تخلیہ ہور تجلیہ سو پیر کا نور ہے .

۱۶۲۸ (ترجمہ) شرح تمہیدات ہمدانی ، ۵۵

۲. روح کو پاک و صاف کرنا ان کدورات سے جو بسبب مجاورت قالب عنصری کی روح کو عارض ہوتے ہیں (مصباح التعرف ، ۷۰) .

[ع]

تَجمُّد (فت ت ، ج ، شد م بضم) امذ .

استحکام ، مضبوطی ، پوستگی ، پختگی ، جماؤ ، جم جانے کی حالت .

جب تک تجمد (Consolidation) واقع نہ ہو کوئی بد شکلی نہ پیدا ہونے پائے .

۱۹۴۱ جمہوریات ، ۱۹

[ع]

تَجمُّع (فت ت ، ج ، شد م بضم) امذ .

۱. یک جا ہو جانے کی کیفیت ، مجتمع ہونے کا عمل ، اکھٹا ہونے کی حالت .

انتشاری تبدیلیوں کو تفرق اور تمثیلی تبدیلیوں کو تجمع کہتے ہیں .

۱۹۶۲ ابتدائی حیوانیات ، ۸

۲. جمع ، جوڑ ، میزان .

تجمع (Summation) کو سارے ذروں پر سے لیا جاتا ہے .

۱۹۷۰ اضافیت کا نظریہ ، ۱۴۳

[ع]

تَجمُّل (فت ت ، ج ، شد م بضم) امذ .

۱. جمال کی آرایش ، زیب و زینت ، حُسن .

نہیں ہے اور خوباں میں جہاں کے
ترے ناز و تجمل کا تماشا

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۱۵۰

۲. شان و شوکت ، ٹھاٹھ .

چلیا جیوں نکل ان شہر بہار ہو
ترنگ چڑ تجمل سوں اس ٹھار ہو

۱۶۳۸ چندر بدن و مہیار ، ۹۲

عطر دان ، باندان ، چوگھرے ، چنگیریں بہتایت سے تیار رکھیں اور روشنی بھی جا بجا بڑے تجمل سے کریں .

۱۸۰۲ نثر بے نظیر ، ۱۳۸

جڑاؤ پھولدان دیکھنے سے مغایہ تجمل کا اثر دل پر ہوئے بغیر نہیں رہتا .

۱۹۲۲ انار کلی ، ۲۸

۳. عظمت ، وقار ، جلال ؛ تزک ، حشم و خدم ؛ مال و متاع ، ساز و سامان ، لوازمہ (پلیٹس ؛ جامع اللغات) .

[ع]

ــ شاہانہ کس صف (ــ فت ن) صف .

بادشاہی ٹھاٹھ ، شاہانہ شان و شوکت (جامع اللغات) .

[تجمل + شاہانہ (رک)]

تَجمِید (فت ت ، سک ج ، ی مع) امث .

جم جانے کی کیفیت ، پستگی ، جماوٹ ، انجماد .

مقام حرق معادن کا اور اس کا التہاب و تسقیہ و مقام تبرید و تجمید و تساوی .

۱۸۸۰ رسالہ تہذیب الاخلاق ، ۲ : ۲۸۵

سحق تکلیس تصفیہ تصعید غسل تقطیر تسقیہ تجمید

۱۸۸۷ ساقی نامہ شقشقیہ ، ۳۶

[ع]

تَجمِیر (فت ت ، سک ج ، ی مع) امث .

دھونی دینا ، دھونی دیا جانا .

بتوں سے جائے کیونکر سرگرانی ہوش کی
جب تلک اس عود سے تجمیر برکافر نہ ہو

۱۸۷۰ تیغ فقیر بر گردن شریر ، ۱۱۰

[ع]

تجمیع (فت ت ، سک ج ، ی مع) است .

۱. جمع ہونے کی کیفیت .

اسم حالیہ کی تذکیر و تانیث و توحید و تجمیع اصولاً اس کے حال کے مطابق ہونی چاہیے .

افعال مرکبہ ، ۲۷ ۱۹۶۱

۲. (قانون) شرکت اجتماعیہ جو ایسے افراد پر مشتمل ہو جو باہم مشارکت رکھتے ہوں ، انگ : Aggregate کا ترجمہ (English & Hindustani Technicle Terms) .

۳. (سیاسیات) نظریۂ اجتماعیت کے حامیوں کو منظم کرنے کا عمل ، انگ : Collectivization کا ترجمہ (اصطلاحات سیاسیات) .

[ع]

تجنا (فت ت ، سک ج) ف م (قدیم) .

چھوڑنا ، ترک کرنا .

ریاستی کام تج کر لشکر اپنا سج کر لشکر کے دل سوں دل ساندنا .

سب رس ، ۱۴۵ ۱۶۳۵

اس کو گر پوچھے تو وہ تھا بادشاہ
میری خاطر تج دیا تاج و کلاہ

رموزالعارفین ، ۲۰ ۱۷۷۴

آپے کو تجے ہوے ہو کیوں تم
کچھ ہی تو نہیں کہ ہوش ہیں گم

ترانۂ شوق ، ۸۴ ۱۸۸۷

فرد اس طرح کار آمد بنے کہ انفرادیت کو بھی اسے تجنا نہ پڑے اور اپنے انفرادی تربیتی امکانات سے بھی محروم نہ کیا جائے .

تعلیمی خطبات ، ذاکر حسین ، ۱۹۵ ۱۹۴۶

[س : तज्जनीय نیچ نین]

تجنا (ضم ت ، سک ج) ف ل .

گھلنا ، دبلا ہونا (جامع اللغات) .

[ہ]

تجنب (فت ت ، ج ، شد ن بضم) اسذ .

بچنا ، پرہیز کرنا ، دور رہنا ، کنارہ کشی ، نظر اندازی .

اقتنائے فضایل اور تجنب رزایل سے حاصل ہوتا ہے .

(ترجمہ) عجائب القصص ، ۲ : ۱۱۱ ۱۸۵۱

حسینوں کے ناز و تجنب کی باتیں
کنیزوں کے اوصاف کا تذکرہ ہے

فار قلیط ، ۲۶۵ ۱۹۶۴

[ع]

تجنّہ (فت ت ، شد ج بفت ، فت ن) صف ، اسذ .

ہوشیار آدمی ، ماہر شخص ، تجربہ کار ، ماہر ، مشاق ، ہوشیار (جامع اللغات) .

[س : तज्ञ تجنہ]

تجنیس (۱) (فت ت ، سک ج ، ی مع) است .

۱. ایک جنس ہونے ، ہم جنس ہونے کی کیفیت .

تجنیس کا سوال کیا اس سے ایک روز
کہنے لگا اس اسپ کو کہتے ہیں جرہو یوز

میر ، ک ، ۱۰۳۰ ۱۸۱۰

۲. (صنایع لفظی) دو لفظوں کا تلفظ میں مشابہ اور معنی میں مختلف ہونا .

سجے جن یہ ترصیع کا اوربن
سلج جن کوں تجنیس کا خوش لکھن

گلشن عشق ، ۴۲ ۱۶۵۷

تجنیس و ترصیع اور دیگر صنایع لفظی کے برتنے پر کافی قدرت رکھتا تھا .

حیات سعدی ، ۸۴ ۱۸۸۶

مگر عرب میں آکر یہ جنس مجانست ، تجنیس ، مختلف بابوں میں مستعمل ہو گیا ہے .

عرب و ہند کے تعلقات ، ۱۴۳ ۱۹۲۹

۳. (علم ریاضی) عدد صحیح کو کسر کی جنس میں لے آنا .

اسے اصطلاح حساب میں تجنیس کہتے ہیں .

علم الفرائض ، ۶۱ ۱۸۴۵

بعد تجنیس کے تقسیم کیا تو خارج قسمت ۳۱ تولے .

یونانی دوا سازی ، ۴۵ ۱۹۵۱

[ع]

ـــ تام کس صف است .

دو لفظوں کا انواع و اعداد و ترتیب حروف اور حرکات و سکنات میں یکساں مگر معنی میں مختلف ہونا (اس کی جملہ اقسام بھی اسی نام سے موسوم ہوتی ہیں) .

معنی عیاں ہیں ہستی ناپائیدار کے
تجنیس تام ہے جو حیات و حباب میں

دیوان فدا ، ۲۴۱ ۱۸۷۳

یاد رکھو یہ تینوں بھی تجنیس تام کی قسمیں ہیں .

بحرالفصاحت ، ۹۰۰ ۱۸۸۱

[تجنیس + تام (رک)]

ـــ خطی کس صف (— فت خ ، شد ط) است .

تجنیس کی وہ قسم جس میں بظاہر الفاظ ایک شکل کے ہوں مگر ان کے اعراب اور نقطے مختلف ہوں ، جیسے حمار اور چمار .

تجنیس خطی کے سبب سے ایک ہی نام کو بعضوں نے کچھ پڑھا اور بعضوں نے کچھ .

۱۸۷۰ خطبات احمدیہ ، ۴۵۱

جنسی اور جنیشی کی تجنیس خطی اس غلطی کی ذمہ دار ہے .

۱۹۴۵ (دیباچہ) سفر نامہ مخلص ، ۱۰۸

[تجنیس + خطی (رک)]

ـــ زائد کس صف (— کس ع) اسٹ .

دو متجانس الفاظ جو کلام میں واقع ہوں ان میں سے ایک لفظ میں حرف زائد ہوں .

تجنیس زائد۔ ایک لفظ میں دوسرے کے مقابلے میں ایک لفظ (حرف) زائد ہو ، شکوہ : کوہ .

۱۹۶۹ سائنس اور فلسفہ کی تحقیق ، ۳۶۴

[تجنیس + زاید (رک)]

ـــ صوتی کس صف (— و لین) اسٹ .

ایسے مختلف الفاظ جن میں کوئی صوت مشترک ہو .

تجنیس صوتی مختلف الفاظ کی ابتدا میں بار بار ایک ہی آواز کا آنا .

؟ بنیادی اسالیب بیان ، ۶۸

[تجنیس + صوتی (رک)]

ـــ عارضی کس صف (— کس ر) اسٹ .

دو لفظوں کی باعتبار حروف یکسانیت مگر باعتبار معنی اختلاف .

تجنیس عارضی سے یہاں مراد ہے اشتراک صورت اور اختلاف معنی .

۱۹۳۱ اخلاق نو ماجس ، ۱۳

[تجنیس + عارضی (رک)]

ـــ قلب کس صف (— ق ، سک ل) اسٹ .

تجنیس کی ایک قسم جس میں متجانس الفاظ کے حروف الثنے سے معنی بھی بدل جائیں ، جیسے : باد ، داب .

علاوہ صفت مذکورہ کے ضرب و عروض میں تجنیس قلب ہے .

؟ تجلیات ، ۱ : ۲۵۱

[تجنیس + قلب (رک)]

ـــ محرف کس صف (— ضم م ، فت ح ، شد ر بفت) اسٹ .

متجانس الفاظ کا باعتبار حروف ہر نوع یکساں ہونا مگر حرکات و سکنات میں مختلف ، جیسے : ہر ، ہِر ؛ شیر ، شِیر ؛ بندہ ، بَندہ وغیرہ .

بَل اور بُل میں تجنیس محرف ہے .

۱۸۷۲ عطر مجموعہ ، ۱ : ۳۰

[تجنیس + محرف (رک)]

ـــ مرکب کس صف (— ضم م ، فت ر ، شد ک بفت) اسٹ .

دو متجانس لفظوں میں سے ایک لفظ کا اپنی اصل وضع پر اور دوسرے لفظ کا مرکب ہونا .

ایک مثنوی لکھی ہے کہ اس کی ہر بیت کے قافیہ میں تجنیس مرکب کی رعایت ہے .

۱۸۴۵ ترجمہ مطلع العلوم ، ۲۴۰

[تجنیس + مرکب (رک)]

ـــ مستوفی کس صف (— ضم م ، سک س ، و لین) اسٹ .

متجانس لفظوں میں سے ہر ایک کی نوع کا جداگانہ ہونا یعنی ایک کا اسم اور دوسرے کا فعل یا حرف وغیرہ ہونا (ماخوذ : عطر مجموعہ ، ۱ : ۳۰ ؛ بحرالفصاحت ، ۸۹۴) .

[تجنیس + مستوفی (رک)]

ـــ مطرف کس اضا (— ضم م ، فت ط ، شد ر بفت) اسٹ .

۱. متجانس الفاظ میں حروف کا کم یا زیادہ ہونا .

بو ریا اور ہوئے ریا میں تجنیس مطرف ہے .

۱۸۷۲ عطر مجموعہ ، ۱ : ۲۹

تجنیس کی دیگر تین اقسام ہیں تجنیس . . . تجنیس مطرف .

۱۹۶۹ سائنس اور فلسفہ کی باتیں ، ۳۶۴

۲. متجانس الفاظ میں سے کسی لفظ کے آخری حرف کا مختلف ہونا ، جیسے : آلات ، آناق وغیرہ (ماخوذ: مطلع العلوم، ۲۴۱).

[تجنیس + مطرف (رک)]

ـــ مکرر کس صف (— ضم م ، فت ک ، شد ر بفت) اسٹ .

تجنیس مکرر یہ ہے کہ آخر ابیات میں دو لفظ ایک جنس کے برابر آویں (ترجمہ مطلع العلوم ، ۲۴۱) .

[تجنیس + مکرر (رک)]

ـــ مماثل کس اضا (— ضم م ، کس ث) اسٹ .

تجنیس تام (رک) کی ایک قسم جس میں متجانس الفاظ ایک ہی نوع کے ہوں مگر معنی مختلف رکھتے ہوں (ماخوذ : بحرالفصاحت ، ۸۹۵ ؛ عطر مجموعہ ، ۱ : ۳۰) .

[تجنیس + مماثل (رک)]

ـ ناقص کس صف (— کس ق) اسث .

۱. رک : تجنیس محرف .
تجنیس ناقص یہ ہے کہ دو لفظ یا زیادہ ان سے کلام میں آویں اور وہ دونوں لفظ حرفوں میں متفق ہوں اور حرکات سکنات میں مختلف ہوں .
ترجمہ مطلع العلوم ، ۲۳۰ ۱۸۳۵

۲. رک : تجنیس مطرف .
تجنیس ناقص وہ دو الفاظ ہم شکل جن میں بسبب کمی و زیادتی کسی حرف کے باہم فرق ہو .
عطر مجموعہ ، ۱ : ۳۱ ۱۸۷۲
[تجنیس + ناقص (رک)]

تجنیساً (فت ت ، سک ج ، ی مع ، تن س بفت) م ف .

تجنیس کے طور پر .
اس میں لفظ گور تجنیساً واقع ہے .
بحر الفصاحت ، ۳۳۵ ۱۸۸۱
[ع]

تجنیسی (فت ت ، سک ج ، ی مع) صف .

تجنیس (رک) سے منسوب .
امیر الانشائے سرکار شاہی نے سکۂ جلوس گزرانا . . .(جس میں) شعرا کے نزدیک دو لفظ تجنیسی ہیں .
سوانحات سلاطین اودھ ، ۱ : ۳۵۱ ۱۸۹۶
[رک : تجنیس + ی ، لاحقۂ نسبت]

تجوری (کس ت ، و مج) اسث .

وہ مضبوط صندوقچہ یا آہنی الماری جس میں سکے ، سونا چاندی جواہر اور قیمتی دستاویزات وغیرہ رکھے جاتے ہیں .
یہ لے جعلی وصیت نامہ ہے ، اسے تجوری میں رکھ کر اصلی وصیت نامہ میرے باپ کی تجوری سے چرالا .
خواب ہستی ، ۲۹ ۱۹۱۰

دولت سے بھری تجوریوں کے مالک
کس حد کے ہیں نادار یہ کس کو سمجھاؤں
سنبل و سلاسل ، ۲۵۰ ۱۹۳۷
[انگ : Treasury سے (شبد ساگر)]

تجوز (فت ت ، ج ، شد و بضم) اسذ .

چشم پوشی ، رعایت ، بآسانی حاصل کرلینا ؛ بات کہنا .
اس کی طرف ہمارا ذہن منتقل ہوتا اور ہماری توجہ ، ادراک ، فکر ، تاثر ، تجوز . . . منعطف ہوتا ہے .
اساس الاخلاق ، ۲۳۷ ۱۹۰۸
[ع]

تجوزاً (فت ت ، ج ، شد و بضم ، تن ز بفت) م ف .

تجوز (رک) کے طور پر ، بطور چشم پوشی ، رعایتاً .
ہندوستان کے مسلمانوں کو تجوزاً مسلمان کہا جاسکتا ہے .
لکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۳۱۹ ۱۸۹۳
[ع]

تجوع (فت ت ، ج ، شد و بضم) اسذ .

۱. بھوک کی کیفیت .
تجوع کا سبب یا تو غذا سے کلی طور پر محروم ہونا یا غذا کی ناکافی مقدار اور ناقص رسد ہوتا ہے .
طب قانونی ، ۳۳۱ ۱۹۳۷

۲. (مجازاً) کمی کی کیفیت ، کسی جز کی قلت .
کیلسیم کے تجوع سے جو تغیرات پیدا ہوتے ہیں وہ ان تغیرات سے مشابہ ہوتے ہیں جو بچوں میں کساحت میں مشاہدہ میں آتے ہیں .
علم الادویہ ، ۱ : ۱۹۹ ۱۹۳۸
[ع]

تجوہر (فت ت ، ج ، شد و بضم ، فت ہ) اسذ .

درجۂ کمال ، مقام معرفت جہاں انسان اشیا ماحول اور واقعات کی اصل کو جان لیتا ہے یا جاننے کے نزدیک ہو جاتا ہے .
عبادات و ریاضات کے ذریعے آدمی ایک وقت مقام تجوہر میں آ جاتا ہے .
المعارف ، اکتوبر ، ۲۰ ۱۹۶۹
[ع]

ـ ماہیت کس اضا (— کس ہ ، شد ی بفت) اسذ .

مادہ کی اصل ، اصلیت ، حقیقت .
ماہیت کی بھی جو اپنی ذاتی حیثیت محسوس ہوتی ہے جسے تجوہر ماہیت کہتے ہیں اسی پر اس تقدم کی بنیاد قائم ہے .
اسفار اربعہ ، ۱ ، ۲ : ۱۳۰ ۱۹۳۰
[تجوہر + ماہیت (رک)]

تجوید (فت ت ، سک ج ، ی مع) اسث .

قرآن مجید کی تلاوت میں حروف کو ان کے صحیح مخرج سے خوبی کے ساتھ ادا کرنا ، علم قرأت .
جو شخص قرأت اور تجوید کے اصول اور قاعدوں سے آگاہ ہے نماز میں اقتدا اس کی اس شخص کے ساتھ درست نہیں ہے کہ اس علم کے اصول . . . سے بے خبر ہے .
(ترجمہ) مجمع الفنون ، ۱۱ ۱۸۷۱
یہ بیشک حسن اتفاق تھا کہ وہ فن تجوید سے واقف تھے .
مقالات شروانی ، ۱۷۹ ۱۹۱۵
[ع]

تجویز (فت ت ، سک ج ، ی مع) امث .

۱. رائے ، تدبیر ؛ رائے دینا ، تدبیر کرنا .

جب میں نے فیصلہ کر لیا کہ نکاح کروں گا تو کہوں میں اپنی تجویز سے نہ کروں .

۱۸۹۹ رویائے صادقہ ، ۵۱

یہ بھی تجویز کی کہ ہمیشہ پہلے چند ورق کے بروف چھپوا کر ملک کے مختلف صوبوں میں بھیجے جایا کریں .

۱۹۳۵ چند ہم عصر ، ۶

۲. تصفیہ ، معاملہ ، بات .

تیرے باپ نے تو بیاہ کی تجویز تجھ پر موقوف رکھی ہے .

۱۸۰۳ مذہب عشق ، ۷۱

رومیوں کی طرف جس فوج کا بھیجنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تجویز کیا تھا اس کی سرداری . . . تفویض فرمائی تھی .

۱۹۱۴ سیرۃ النبی ، ۲ : ۱۷۶

۳. راہ نکالنا ، کوئی صورت پیدا کرنا .

کئی طرح کی بات تجویز کر
کیا اس کے ہمراہ عزم سفر

۱۷۳۹ کلیات سراج ، ۲۴

نئی باتوں سے جو سرکار کی طرف سے ان کی بہتری کے واسطے تجویز اور شائع ہوتی ہیں وحشت پیدا ہوتی ہے .

۱۸۸۶ دستور العمل مدرسین ، ۲

راجہ کی جان اور پدمنی کی آبرو بچانے کی یہ تجویز نکالی .

۱۹۳۹ افسانۂ پدمنی ، ۱۱۱

۴. قرارداد ، رزولیوشن .

تہنیت و تعزیت کی رسمی تجویزوں کے بعد مولانا نے یہ تجویز پیش کی .

۱۹۴۳ حیات شبلی ، ۵۰۱

۵.(i) (قانون) فیصلہ ، وہ کارروائی جو تجویز قرارداد جرم کے بعد عمل میں آئے ، حاکم کی رائے ، غور و فکر سے کوئی امر رائے یا فیصلہ مقرر یا قایم کرنا .

شاہ بندر کو مع اس عورت کے جلد حضور میں داخل کریں تو میں تقصیر اس کی تجویز کر کے سزا دوں .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۷۳

تجویز سے وہ بیان حاکم عدالت کا مراد ہے جس میں کسی ڈگری یا حکم کی وجوہ ہوں .

۱۹۰۸ مجموعۂ ضابطۂ دیوانی ، ۵

(ii) فیصل کرنا ، طے کرنا ، (مقدمہ کی) سماعت کرنا .

میری خوشی تو یہ تھی کہ وہ مقدمہ آپ تجویز کرتے .

۱۸۶۷ غالب کی نادر تحریریں ، ۱۴۱

۶. (طب) طبیب کا اپنی رائے کے مطابق بیماری کے علاج کے لیے دوائیں مقرر کرنے اور استعمال کا طریقہ متعین کرنے کا عمل .

تشخیص بھی غلط تری تجویز بھی طبیب
نادان کیا دوا ہے تری کیا مرا مرض

۱۹۱۲ نغمۂ جگر دوز ، ۴۹

۷. سمجھنا .

ہم نے آپ کو اپنے سے بہتر تجویز کر کے مقدمے کی پیروی . . . کے واسطے تکلیف دی تھی .

۱۸۶۶ انشائے بہار بے خزاں ، ۴۱

اف : کرنا ، ہونا ، ٹھہرنا ، نکالنا .

۸. دریافت ، تحقیق ، تفتیش .

کہ اس حال میں شاہزادہ نظر
دیکھا خوب تجویز سوں اوس اوپر

۱۷۴۶ قصہ فغفور چین ، ۲۲

آفتاب بنسبت زمین کے دس لاکھ چاند سے بھی زیادہ بڑا ہے اور اسی واسطے اس بات کو تجویز کرنا کہ وہ گرد زمین کے پھرتا ہے نامناسب ہے .

۱۸۳۳ مفتاح الافلاک ، ۳۲

۹. فصل کی پختگی پر اس کے تخمینۂ قیمت سے معاملہ ٹھہرانا یا مقرر کرنا .

تفصیل اقسام یعنی اول اور دوم اور سوئم اور پیداوار اوسکا تجویز اور تخمینہ اور مقدار اراضی . . . ارسال کرو .

۱۸۴۹ کتاب الآغاز ، ۳۵۲

[ع]

ـــ امرِ قانونی کس اضا (— فت ا ، سک م ، کس صف ر ، کس ن و مع) امث .

قانونی امر کی تجویز (اردو قانونی ڈکشنری) .

[تجویز + امر (رک) + قانونی (رک)]

ـــ امرِ واقع کس اضا (— فت ا ، سک م ، کس صف ر ، کس ق) امث .

امرِ واقع کی تشریح ، واقعی امر کی تجویز (اردو قانونی ڈکشنری) .

[تجویز + امر (رک) + واقع (رک)]

ـــ آخر کس صف (— کس خ) امث .

آخر فیصلہ ، عدالت کا آخری حکم ، قطعی فیصلہ (اردو قانونی ڈکشنری) .

[تجویز + آخر (رک)]

ـــ برأت کس اضا (— فت ب ، ء) امث .

خلاصی کی تجویز ، خلاصی جرم کی تجویز ، بری کرنے کی تجویز (اردو قانونی ڈکشنری) .

[تجویز + برأت (رک)]

ـ بند (— فت ب ، سک ن) امث .

وہ کاغذ جس پر تجویز لکھی گئی ہو .

اسنادی اصطلاح میں ایک خاص کاغذ کا نام ہے جو سوال بند پیش ہونے کے بعد تجویز بند دفتر کی جانب سے پیش کیا جاتا ہے .

فرہنگ عثمانیہ ، ۲۸۴ ۱۹۲۹

[تجویز + بند (رک)]

ـ ثانی کس صف امث .

(قانون) دوبارہ تجویز کرنا ، نظر ثانی ، فیصلہ کی پڑتال (اردو قانونی ڈکشنری) .

[تجویز + ثانی (رک)]

ـ حاکمانہ کس صف (— کس ک ، فت ن) امث .

عدالت کے حاکم کا فیصلہ .

از روئے تجویز حاکمانہ کسی محال کی جزو جداگانہ قرار نہ دی گئی ہو .

ایکٹ نمبر ۱۹ ، ۲۳ ۱۸۹۳

[تجویز + حاکمانہ (رک)]

ـ حتمی کس صف (— فت ح ، سک ت) امث .

مستقل فیصلہ ، تجویز اخیر ، یقینی فیصلہ ، آخری فیصلہ ، مکمل فیصلہ (اردو قانونی ڈکشنری) .

[تجویز + حتمی (رک)]

ـ خرچہ کس اضا (— فت خ ، سک ر ، فت چ) امث .

خرچہ کی تجویز (اردو قانونی ڈکشنری) .

[تجویز + خرچہ (رک)]

ـ روئدادی کس صف (— و مع ، کس د) امث .

ایک مقدمے کا اس کے واقعات کی رو سے فیصلہ ، تجویز کیفیتی جو مثل سے معلوم ہو (اردو قانونی ڈکشنری) .

[تجویز + روئدادی ، روئداد (رک) سے]

ـ رہائی کس اضا (— کس ر) امث .

آزادی یا مخلصی یا بریت کی تجویز (اردو قانونی ڈکشنری) .

[تجویز + رہائی (رک)]

ـ سرسری کس صف (— فت س ، سک ر ، فت س) امث .

عام طور پر ، تجویز مجمل ، جو فیصلہ صرف پٹواری کی شہادت پر ہو جائے (اردو قانونی ڈکشنری) .

[تجویز + سرسری (رک)]

ـ ضمنی کس صف (— کس ض ، سک م) امث .

عارضی فیصلہ ، اتفاقی فیصلہ ، درمیانی تجویز (اردو قانونی ڈکشنری) .

[تجویز + ضمنی (رک)]

ـ طلب (— فت ط ، ل) صف .

جس کا فیصلہ ہونا ہو ، جس کا مقدمہ فیصل ہونا ہو (جامع اللغات) .

[تجویز + طلب (رک)]

ـ قائم ہونا محاورہ .

قانون بننا .

کاروائی عدالت جس کے سلسلہ میں ایسی تجویز وغیرہ قائم ہوئی تھیں جو عدالت میں عام طور پر رائج ہیں .

ایکٹ نمبر ۱۰ ، ۳۱۵ ۱۸۸۲

ـ کے قابل (— کس ب) امذ .

فیصلے کے لائق ، قابل تجویز (اردو قانونی ڈکشنری) .

ـ کھڑے رہنا محاورہ .

تدبیر بننا .

اگر ڈھیل کرتے تو . . . کچھ تجویز نہیں کھڑے رہینگی .

انوار سہیلی (دکنی اردو کی لغت) ۱۷۶۵

ـ مخالفانہ کس صف (— ضم م ، کس ل ، فت ن) امث .

ناموافق تجویز ، مخالفوں جیسی تجویز (اردو قانونی ڈکشنری) .

[تجویز + مخالفانہ (رک)]

ـ نویس (— فت ن ، ی مع) امذ .

وہ شخص جو عدالتی فیصلوں کی تحریر اور نقل پر مامور ہو .

ایسی آسامیاں جیسے تجویز نویس ، محرر ، نقل نویس وغیرہ وغیرہ .

حیات شبلی ، ۵۴۹ ۱۹۴۳

[تجویز + نویس (رک)]

ـ یک طرفہ کس صف (— فت ی ، سک ک ، فت ط ، سک ر ، فت ف) اسث .

وہ فیصلہ یا ڈگری جو یک طرفہ ہو ، جو فیصلہ صرف مدعی یا مدعا علیہ کے اصالتہً یا وکالتاً حاضر ہونے سے ہو جائے (اردو قانون ڈکشنری) .

[تجویز + یک (رک) + طرفہ (رک)]

تجویزنا (فت ت ، سک ج ، ی مع ، سک ز) ف م .

تجویز کرنا ، سوچنا ، غور کرنا .

دو جہازوں میں سلسلہ پیام رسانی قائم کرنے کے لیے ایک روحانی طریقہ تجویزا .

۱۹۱۱ برقابی ، ۸

[تجویز (رک) سے]

تجویزی (فت ت ، سک ج ، ی مع) صف .

ثابت کیا ہوا ، طے کیا ہوا . تعین کیا ہوا (جامع اللغات) .

[تجویز + ی ، لاحقۂ نسبت]

تجویف (فت ت ، سک ج ، ی مع) اسث .

۱. سوراخ ، جوف ، (عضو وغیرہ کے اندر کا) خلا یا خالی حصہ .

مادہ اس کا دموی ہے کہ بعد انہضام اس کے تجویف قلب میں ایک بخار لطیف . . . حامل قوائے دماغیہ کا ہوتا ہے .

۱۸۵۱ عجائب القصص (ترجمہ) ، ۲ : ۳۷۰

دوسرا حاسہ باطن خیال ہے اس کا مقام تجویف کے آخر میں ہے .

۱۹۲۵ حکمۃ الاشراق ، ۳۸۳

۲. سوراخ کرنے کا عمل .

ہے خرق سما کی عقل منکر ممکن نہیں آسمان میں تجویف

۱۸۸۶ دیوان سخن ، ۲۶۸

[ع]

ـ شمی کس صف (— کس ش ، شد م) صف .

(طب) گڑھا یا خالی جگہ جو ناک کی بناوٹ میں موجود ہوتی ہے .

کوہۂ انف سے اوپر ایک ہلکا سا نشیب یعنی تجویف شمی ہے جو پیچھے کی طرف ناک کے کہنہ کی جانبی دیوار کے شمی ضلع تک جاتی ہے .

۱۹۲۱ ہریکشکل اناٹمی ، ۳ : ۳۰۳

[تجویف + شمی (رک)]

تُجّہ (ضم ت) (قدیم) .

رک : تجھ .

کیسے کیسے مر مر کے مجہ تجہ دیسے کہتے ہے

۱۵۰۳ نوسر ہار (اردو ادب ، ۶ ، ۲ : ۵۰)

ـ بن (— کس ب) اسث .

تیرے بغیر ، رک : تجھ بن .

تجہ بن مجہ تاریک جہاں ٹوٹ پڑیا ہے مجہ آسمان

۱۵۰۳ نوسر ہار (اردو ادب ، ۶ ، ۲ : ۶۵)

[تجہ + بن (رک)]

تجہر/تجہری/تجہریا (کس ت ، سک ج ، فت ہ) اسذ .

تیسرا پہر (شبد ساگر) .

[ہ]

تجہیم (فت ت ، ج ، شد ہ بضم) اسذ .

جہم بن صفوان ترمذی کی طرف منسوب فرقۂ جہمیہ کا مسلک اس فرقے کے لوگ عقیدۂ جبر کے شدت سے قائل ہیں .

اس نے تجہیم کو خوب مٹایا حدیث کو خوب پھیلایا .

۱۸۸۳ مطالع الدہور ، ۳۳

[ع]

تجہیز (فت ت ، سک ج ، ی مع) اسث .

۱. آراستگی ، تیاری .

بارے صاحب مال بھی ہوتا کہ تجہیز لشکر اور تہیۂ اسباب جنگ کر سکتا .

۱۸۴۵ احوال الانبیا ، ۱ : ۵۸۳

یہ سن کر حکم حضرت نے دیا تجہیز لشکر کا
تامل اب نہ تھا اچھا تحمل اب نہ تھا بہتر

۱۹۱۶ نظم طبا طبائی ، ۴۹

۲. مردے کے دفن کے سامان کی فراہمی .

کچھ نہیں چاہیے تجہیز کا اسباب مجھے
عشق نے کشتہ کیا صورت سیماب مجھے

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۲۱۸

۳. سامان ، ضرورت کی چیزیں .

اس کا یقینی طور پر اہتمام کر لینا چاہیے کہ جس تجہیز کے ساتھ تم کام کر رہے ہو وہ دوران تجربہ میں شروع سے آخر تک محلول رنگر میں تر رکھی جائے .

۱۹۳۱ تجربی فعلیات ، ۴

۴۔ (مجازاً) تقویت ، ہمت ۔

اور برہان کو اسی قبیل کے دیگر بیانات سے تجہیز دے کر شناخت کرے ۔

آئین اکبری ، ۲ : ۳۴۳
۱۹۳۹

[ع]

ـــ جیوش کس اضا (— ضم ج ، و مع) اسٹ ۔

آراستگی و فراہمی سامان لشکر ۔

ان کو وہ سب کام کرنے پڑے جو ایک جلیل القدر شہنشاہ کو کرنے پڑتے ہیں فصل خصومات ، حفظ امن . . . تجہیز جیوش وغیرہ وغیرہ ۔

الحقوق و الفرائض ، ۲ : ۱۵
۱۹۰۶

[تجہیز + جیوش (رک)]

ـــ و تدفین (— و مج ، فت ت ، سک د ، ی مع) اسٹ ۔

رک : تجہیز و تکفین ۔

دن نکل آیا تو تجہیز و تدفین شروع ہوئی فارغ ہوئے تو رونا پیٹنا رہا ۔

طوفان حیات ، ۳۳
۱۹۱۷

[تجہیز + و ، عطف + تدفین (رک)]

ـــ و تکفین (— و مج ، فت ت ، سک ک ، ی مع) اسٹ ۔

مردے کے کفن وغیرہ کی تیاری (جس میں غسل دینا کفنانا اور دفنانا شامل ہے) ، کسی کی موت کے بعد قبر میں دفنانے تک کے امور اور ان کی بجاآوری ۔

میرے سامنے جاں بحق ہوگئی تجہیز و تکفین کی ۔

تذکرۂ خوشیہ ، ۲۸
۱۸۸۳

مریضوں کی عیادت اور ان کی تجہیز و تکفین میں شریک ہونا . . . ایک مذہبی فرض تھا ۔

سیرۃالنبی ، ۲ : ۶۱
۱۹۱۴

[تجہیز + و ، عطف + تکفین (رک)]

تجہیزات (فت ت ، سک ج ، ی مع) اسٹ ؛ ج ۔

ساز و سامان ، نمونہ ، تجہیز (رک) کی جمع ۔

اس قسم کی اشیاء کو جو تیار کر کے خورد بینی امتحان کے لیے شریطہ پر رکھی جاتی ہیں ، تجہیزات ، کہتے ہیں ۔

نسیجیات ، ۱ : ۲۵
۱۹۳۱

تجہیل (فت ت ، سک ج ، ی مع) اسٹ ۔

نادانی ، ناواقفیت ، کسی کے بارے میں یہ کہنا کہ وہ جاہل ہے ، جاہل قرار دینے کا عمل ۔

اور ان واسطے آگاہی کے اور قبل کے تجہیل ہے ۔

نورالہدایہ ، ۱ : ۹۰
۱۸۰۶

میں نے کہا صاحب تکفیر یا تجہیل کاتب کی کریں میرا کیا قصور ۔

عصر جدید ، نومبر ، ۷۱
۱۹۰۳

[ع]

ـــ ترتیب موت کس اضا (— فت ت ، سک ر ، ی مع ، و لین) اسٹ ۔

کئی آدمیوں کے اکٹھا مر جانے کی صورت میں یہ نہ معلوم ہونا کہ پہلے کون مرا (جامع اللغات) ۔

[تجہیل + ترتیب (رک) + موت (رک)]

تجسے (فت ت) اسٹ ۔

کڑھائی کا تاگا لپیٹنے کی سلائی ، جالی بر کڑھت کا کام جو کچے تاگے سے کیا جاتا ہے وہ تاگا سوئی میں کھلا نہیں رہتا بلکہ سلائی پر لپٹا رہتا ہے اور حسب ضرورت ٹانکے کے ساتھ کھلتا رہتا ہے (ا پ و ، ۲ : ۱۷۲) ۔

[؟]

تجسے (کس ت) صف (قدیم) ۔

تیسرے ، سوئم (قدیم اردو کی لغت) ۔

[رک : تجا ، تجا]

تُجسے (ضم ت) (قدیم) ۔

۱۔ تیرے ، تجھ سے ۔

تجے کر ایچ شرزہ ہونا سکے متیاہست ہیت تی سو نہ سکے

گلشن عشق ، ۲۴
۱۶۵۷

۲۔ تیرے لیے ، تیری خاطر ۔

نقل مال کا یاد ہے یک منجے
سنے گی اگر توں کہوں گی تجے

مینا ستونتی (قدیم اردو ، ۱ : ۱۴۹)
۱۶۳۵

[رک : تجھے]

تجیا (کس ت ، سک ج) صف ۔

وہ شخص جسکی تیسری شادی ہو (شبد ساگر) ۔

[तिजिया : تجیا]

تجیر/تجیرہ (فت ت ، ی مع/فت ر) اسٹ ۔

ہر چیز کی گاد ، بھوک ، ثقل ؛ انگوروں کے پانی کی گاد اور بھوک (ماخوذ : خزائن الادویہ ، ۳ : ۲۳۴) ۔

[ع]

تجیں (کس ت ، ی مج) صف .

تمسرا (قدیم اردو کی لغت) .

[رک : تیجا]

تُجھ (ضم ت) ضمیر مخاطب .

تو ، تمرا .

آرے ! یہ عرفان تجھ میں انھوں تینوں وجوداں کوں سمجنہارا سو یو عارف الوجود چوتھا تن .

۱۵۸۲ کلمتہ الحقائق ، ۳۸

وہ نبی جس کے وصف میں لولاک
یعنی تجھ لئے بنائے سب افلاک

۱۷۳۲ کربل کتھا ، ۱

ہوا یہ محوِ حسن پاک ہے محبوب یزدانی
کہ تجھ پر مٹ گیا روز ازل سایہ ترے قد کا

۱۸۷۲ محامد خاتم النبین ، ۳۳

معراج العاشقین میں دگا، بڑھا کر فعل مستقبل بنایا گیا ہے تجھ ، مجھ کی جگہ میرا ، تیرا معیاری ضمیریں استعمال ہوئی ہیں .

۱۹۶۶ اردو لسانیات ، ۳۳

[तुझ : تجھ]

— باج امذ (قدیم) .

تیرے سوا (قدیم اردو کی لغت) .

[تجھ + باج (رک)]

— بَدَل (— فت ب ، د) امذ .

تیرے بغیر ، تیرے لیے (قدیم اردو کی لغت) .

[تجھ + بدل (رک)]

— بِن (— کس ب) امذ .

تیرے سوا ، تیرے علاوہ ، تیرے بغیر .

جب کہ تجھ بن نہیں کوئی موجود
پھر یہ ہنگامہ اے خدا کیا ہے

۱۸۶۹ غالب ، د ، ۲۳۸

[تجھ + بن (رک)]

— پاس امذ (قدیم) .

تجھ سے ، تیرے پاس .

خراب ہیں وہ عمارات کیا کہوں تجھ پاس
کہ جن کے دیکھے سے جاتی رہی تھی بھوک پیاس

۱۷۸۰ سودا (معیار فصاحت ، ۵۲)

[تجھ + پاس (رک)]

— پڑے جو حادثہ دل میں مت گھبرا

کہاوت .

جب سائیں کی ہو دیا کام تُرت بن جا

اگر مصیبت پڑے تو گھبرانا نہیں چاہیے خدا کی مہربانی ہو تو سب کام درست ہوجائیں گے (جامع اللغات) .

— سار کا امذ (قدیم) .

تیرے جیسا ، تیری طرح کا .

میاں کے ذہن سے گیا ہوں نکل
نہیں جگ میں تجھ سار کا ہے عقل

۱۷۸۱ مجموعہ ہندی ، ۱۱۹

— سا کافر مُجھ سا مسلمان کہاوت .

طنزاً تیرا جیسا ہے دین میرا جیسا دیندار .

کعبہ و دیر میں ڈھونڈے جو کوئی لے کے چراغ
تجھ سا کافر نہ ملے اور نہ مسلماں مجھ سا

۱۸۲۴ مصحفی (گل کدہ ، ۲۶۶)

— سے پھرے تو وہ خُدا سے پھرے کہاوت .

قسم یا عہد کے موقع پر بولتے ہیں یعنی تیرے خلاف کروں تو گویا اپنے خدا کے خلاف کروں .

کیا عہد ہمنے یہ اب دلربا سے
جو تجھ سے پھرے تو پھرے وہ خدا سے

؟ قاسم (مخزن المحاورات ، ۳۰۵)

— سے تو پَیخانے میں بھی لوٹا نہ رکھواؤں کہاوت .

رک : تجھ سے تو جا ضرور میں بھی پانی نہ رکھواؤں (مخزن المحاورات ، ۳۰۵) .

— سے تو جا ضرور میں بھی پانی نہ رکھواؤں کہاوت .

(عو) (طنزاً) حالت تنفر یا اکراہ میں کسی بد صورت کی نسبت یہ فقرہ زبان پر آتا ہے (فرہنگ آصفیہ) .

— سے خُدا ہی سمجھے کہاوت .

بے بسی کا اظہار ، خدا ہی تجھ کو سزا دے گا .

عرض ایماں سے ضد اس غارت گر دیں کو بڑھی
تجھ سے اے مومن خدا سمجھے یہ تو نے کیا کیا

۱۸۵۱ مومن ، ک ، ۱۹

Digitized by Tarjuman Urdu (Delhi)

ــ طَرَف تے م ف (قدیم) .

تیری نسبت سے (قدیم اردو کی لغت) .

ــ کو اَور نہ مُجھ کو ٹھوڑ کہاوت .

تجھے دوسرا نہیں ملتا ، مجھے دوسری جگہ نہیں ملتی مجبوراً یکجا ہونے کے موقع پر بولتے ہیں .

وہ جانتی ہے - تجھ کو اور نہ مجھ کو ٹھوڑ - بیوی کو ماما ملتی نہیں مجھ کو نکال سکتی نہیں جو کروں گی - وہ بھگتیں گی.

لڑکیوں کی انشاء ، ۴۵ ۱۹۱۰

ــ کو پَرائی کیا پڑی اَپنی نبیڑ تُو کہاوت .

جب یہ کہنا ہو کہ اپنے کام سے کام رکھو ، دوسرے کے معاملات سے کیا مطلب ، اس وقت یہ کہاوت بولتے ہیں .

رند خراب حال کو زاہد نہ چھیڑ تو
تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو

ذوق ، د ، ۱۵۲ ۱۸۵۴

بات کاٹ کر ، مارو گولی انھیں ، ع : تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو .

جنگ روس و جاپان ، ۸۷ ۱۹۰۵

ــ مجھ (— ضم م ، سک جھ) اسذ .

ہر کس و نا کس ، ماو شما ، ارے ابے .

بیچاریاں تجھ مجھ سے پڑھنے لکھنے کو کہا کرتی تھیں .

انشاء ہادی النساء ، ۱ ۱۸۷۴

تجھ مجھ کی جفا سے کب تلک ننگ اٹھائیں
نیرنگی عالم سے کہاں تک دکھ پائیں

مے خانۂ خیام ، ۲۴۰ ۱۹۲۷

[تجھ + مجھ (رک)]

تجھا (کس ت) صف .

رک : تیسرا ، تیجا .

تجھے بار گنی گھر میں دیکھی پسر
لگانی گلے کوں اوسے سر بسر

محی الدین نامہ (ق) ، ۹ ۱۶۸۷

[رک : ت (= تین) + جھا ، لاحقۂ نسبت]

تُجھی (ضم ت) ضمیر مخاطب .

تجھ ہی ، تجھے ہی .

تجھی کو جو یاں جلوہ فرمانہ دیکھا
برابر ہے دنیا کو دیکھا نہ دیکھا

درد ، د ، ۲۹ ۱۷۸۳

تجھی نے مدد کی تھی جب ہم نے یورپ کو فتح کیا تھا .

مضامین شرر ، ۱ : ۱۱ ۱۹۲۳

[تجھ + ہی (رک)]

تُجھے (ضم ت) ضمیر مخاطب .

تجھ کو ، تیرا .

میں یوسف ثانی تجھے سہواً کیا معذور رکھ
اس ماہ نورانی کنے وو ماہ کنعانی گدھر

حسن شوقی (قدیم اردو ، ۱ : ۵۱۸) ۱۵۶۳

تجھے کوہ قاف کی پریاں میں ایک ہمزاد ہے

سب رس (دکنی اردو کی لغت) ۱۶۳۵

ان کے قابو میں نہیں آوے گی تو وہ تجھے کوئی نہیں چھوڑنے کے .

قصہ مہر افروز و دلبر ، ۱۴۲ ۱۷۴۶

یہ مسائل تصوف یہ ترا بیان غالب
تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا

غالب ، د ، ۱۶۰ ۱۸۶۹

[رک : تجھ]

ــ اور کی کیا پڑی اَپنی سنبھال کہاوت .

دوسروں کی فکر اپنے سے فارغ ہو کر کرنی چاہیے ، اپنی گذر ہوتی نہیں اور کا ہوجھ کیا اٹھاؤگے (محاورات ہند) .

ــ پرائی کیا پڑی تو اپنی نبیڑ کہاوت .

رک : تجھ کو پرائی کیا پڑی الخ .

اس نے جواب دیا تجھے پرائی کیا پڑی تو اپنی نبیڑ .

اخلاق ہندی ، ۱۷۵ ۱۸۰۳

ــ کیا م ف .

تجھ کو کیا غرض .

غیر مجلس سے جو میں اس کو اٹھاتا ہوں تو وہ
یہی کہتا ہے کہ جا بھی تجھے کیا بیٹھا ہوں

مصحفی ، د (انتخاب رامپور) ، ۱۷۱ ۱۸۲۴

ــ گَہری گور میں تو پُوں کہاوت .

(ہو) کوسنا ، تو مر جائے (جامع اللغات) .

ــ مُجھے کَرنا محاورہ .

اس کا اُس کا یا ابے ارے کا نام لینا (محاورات ہند) .

تُچ (ضم ت) صف (قدیم) .

(مجازاً) ہیچ ، رک : تچھ .

سنے کے باغ میں تیرے بہشتی میوے چنتا ہوں
کہ تازے میوے کے انگے سوکے سو میوے ہے سب تچ

۱۶۱۱ قلی قطب شاہ ، ک ، ۲ : ۷۳

تَچانا (فت ت) ف م .

گرم کرنا ، جلانا ، جھلسانا ، تپانا ، بھوننا ، بھلسنا ؛ تچنا (رک) کا تعدیہ (جامع اللغات ؛ پلیٹس) .

تَچنا (فت ت ، سک چ) ف ل .

۱. تپنا ، گرم ہو جانا .

آسمان پر جو اب تک صاف گرمی سے تچتا ہوا تھا بخارات کے سرے دیکھنے سے سپاہی شادماں ہوے .

۱۹۰۷ نپولین اعظم ، ۲ : ۶۰۲

۲. کھولنا (قدیم اردو کی لغت) .

[ہ : تچنا तचना ؛ تچ = س : تپت तप्त]

تُچھ (ضم ت) صف .

حقیر ، ذلیل ، بے قیمت ، (مجازاً) خالی ، کھوکھلا .

اپنے من کی اس تچھ در بلتا کو تیاگ کریدھ کے لیے کھڑے ہو جاؤ .

۱۹۲۸ بھگوت گیتا اردو ، ۲۳

[س : تچھ तुच्छ]

تَچھک (فت ت ، چھ) امذ ~ نکشک .

پا تال کے آٹھ ناگوں میں سے ایک جس نے پریکشت کو کاٹا تھا اس سانپ کی لمبائی درمیانہ ، رنگ سرخ ہوتا ہے .

دعا کی کہ جس نے میرے باپ کے گلے میں سانپ ڈالا ہے سات دن کے بعد اس کو تچھک سانپ کاٹے اور وہ مر جاوے .

۱۸۰۵ آرایش محفل ، افسوس ، ۲۸۰

[س : تچھک तक्षक]

تُچھنیہ (ضم ت ، سک چھ ، کس ن ، شد ی بعد ت) صف .

ناچیز ، نا قابل ، حقیر ، ذلیل (جامع اللغات) .

[س : تچھنیہ तुच्छनीय]

تَحارُج (فت ت ، ضم ر) امذ .

وارثوں میں ایک یا زیادہ کا مال متروکہ میں سے کچھ لے کر تمام مال سے دستبردار ہو جانا (جامع اللغات) .

[ع]

تَحاریکی (فت ت ، ی مع) صف .

مختلف تحریکوں سے متعلق .

مجھے مشاعروں سے . . . . خلافت کانگریس کے تحاریکی جلسوں . . . . سے فرصت کہاں تھی .

۱۹۶۸ یاد شاہد ، ۳۶۹

[تحاریک ، تحریک (رک) کی جمع + ی ، لاحقۂ نسبت]

تَحاسُد (فت ت ، ضم س) امذ .

آپس میں رنجش رکھنے کی حالت ، ایک دوسرے سے جلنے کی کیفیت ، جلاپا ، باہمی دشمنی ، آپس کی عداوت .

جب تحاسد و تنافس ہوگا تو تدبیر میں ہوی و ہوس داخل ہوگی .

۱۸۸۸ تشحیذ الاذہان ، ۳۸

[ع]

تَحاشا (فت ت) صف .

اجتناب ، تنفر ، ڈر ، خوف (عموماً ہے کے ساتھ مستعمل) .

یو نہیں وہ مصر کا پاشا ہوا پانی کا بتاشا
یو نہیں بے خوف و تحاشا ہوا ناگوں کا تماشا

۱۸۸۴ قدر ، ک ، ۷۳

[ع]

تَحاشی (فت ت) امث .

بے تعلقی ، استثنا ، بیزاری ، حاشا للہ .

حضور نے تحاشی (پناہ مانگنا) کی اور فرمایا کہ کبھی ایسا داعیہ ہمارے ضمیر میں اور کبھی ایسا کلمہ ہماری زبان پر نہیں گزرا .

۱۸۶۹ غالب ، خطوط ، ۶۳۳

اگر کبھی اس کا ذکر کسی موقع پر آیا تو آپ اس سے تحاشی فرماتے تھے .

۱۹۰۰ شریف زادہ ، ۱۱۹

[ع]

تَحاکُم (فت ت ، ضم ک) صف ؛ امذ .

حکم چلانے کا عمل یا باہم حاکم کے پاس پیشی .

طاغوت کے پاس فیصلہ لے جانے کا ارادہ بھی برا ہے تو خود تحاکم کس قدر برا ہوگا .

۱۹۶۴ کمالین (پارہ ۵) ، ۴۷

[ع]

تحالُف (ف ت ، ض ل) امذ .

آپس میں حلف اٹھانے کا عمل ، (مجازاً) مشورہ .

ایسے تحالُف و اتحاد کی مخالفت میں کیونکر کر سکتا ہوں .

۱۹۲۳ ، نگار ، مارچ ، ۱۶۴

[ع]

تحاوُر (ف ت ، ض و) امذ .

باہم گفتگو کرنا ، محاورہ ، روز مرہ .

تحاور اور روز مرہ کی بول چال سے نہ تو عوام اور سوقیوں کی بول چال مراد ہے اور نہ علما و فضلا کی .

۱۸۹۳ مقدمہ شعر و شاعری ، ۶۵

یہ جملہ . . . رواں ہو ورنہ تحاور کام میں نہیں آ سکتا .

۱۹۰۷ شعر العجم ، ۲ : ۲۱۳

[ع]

تحاویل (ف ت ، ی مع) امث .

(نجوم) تحویل (رک) کی جمع .

ان قرانات اور تحاویل سے جو آثار اور احکام پیدا ہوئے ہیں .

؟ ہندوستانی موسیقی ، ۴۷

تحائف (ف ت ، کس ء) امذ ، ج ؛ ← تحایف .

تحفہ (رک) کی جمع .

اکثر . . . اشیا و تحائف بھی انواع و اقسام کے .

۱۸۰۵ آرائش محفل ، افسوس ، ۱۴۳

فوراً حکم دیا کہ تحائف . . . لے کر جاؤ .

۱۹۰۱ الف لیلہ ، سرشار ، ۲

تحبب (ف ت ، ح ، شد ب بضم) امذ .

محبت کا اظہار ، دوستی .

اسی واسطے عورتوں کی محبت محمد صلی اللہ علیہ و سلم کے لیے تحبب الٰہی سے تھی .

۱۸۸۱ فصوص الحکم ، ۲۳۲

[ع]

تحبیق (ف ت ، سک ح ، ی مع) امث .

تحبیق وتد کے شروع حرف کی تعریف ہے جو کہ ساکن ہو کر اپنے ما قبل متحرک سے مل گیا ہے (ماخوذ : قواعد العروض ، ۴۹) .

[ع]

تحت (ف ت ، سک ح) امذ .

۱. نیچے ، نچلا ، فوق کی ضد .

جگا جوت اچنبک اوجالا دسیا جتا عالم تحت بالا دسیا

۱۶۵۷ گلشن عشق ، ۲۰۳

محبت ہی ہے تحت سے تابہ فوق

زمیں آسماں سب ہیں لبریز شوق

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۹۱۲

۲. قبضہ ، اختیار ، قابو ، تصرف .

کیوں نہ ہو ان کو خرمنوں پر راج

تحت میں ان کے ہے تمام اناج

۱۷۷۵ مثنویات حسن ، ۱ : ۱۶۵

تقریباً سارا ہندوستان ایک ہی حکومت کے تحت آ گیا .

۱۹۳۷ فرحت ، مضامین ، ۳ : ۱۷

۳. دائرے میں ، ذیل میں ، زیر اثر .

اس کو ۶ کے تحت لکھ دے .

۱۸۵۶ مجموعہ فوائد الصبیان ، ۱۴

اسی تحت میں حکیم غلام محمد خان کے ذکر سے معلوم ہوگا .

۱۹۳۶ قدیم ہنر و ہنر مندان اودھ ، ۹۷

مثلاً تکان کے تحت ہم کسی دوست کا چہرہ واضح اور صاف طور پر تو دیکھ سکتے ہیں .

۱۹۶۳ تجزیۂ نفس ، ۱۸۴

[ع]

ـــ ادراک کس اضا (ـــ کس ا ، سک د) امذ .

عقل کے تحت ، سمجھ میں آجانے والی ، قابل فہم .

(۱) وہ چیزیں جو فوق الادراک ہیں اور انسان کے دائرہ علم میں نہیں آسکتیں (۲) وہ چیزیں جو تحت ادراک ہیں .

۱۹۰۷ شعر العجم ، ۱ : ۲۴۹

[تحت + ادراک (رک)]

ـــ الاحمر (ـــ ضم ت ، غم ا ، سک ل ، فت ا ، سک ح ، فت م) امذ.

(نفسیات) سرخ رنگ کی امواج نور سے زیادہ طویل شعاعیں، تحت الاحمر شعاعیں کہلاتی ہیں (نفسیات اور ہماری زندگی، ۱۴۶).

[تحت + رک : ال (۱) + احمر (رک)]

ـــ الارض (ـــ ضم ت ، غم ا ، سک ل ، فت ا ، سک ر) امث ؛ ← تحت ارضی .

۱. زیر زمین ، زمین دوز .

تحت الارض پر انسان موجود نہیں ہو سکتے .

۱۹۶۸ تجزیۂ نفس ، ۳۰۶

۲. (مجازاً) خفیہ ، پوشیدہ ، (سازش وغیرہ) جو اندر ہی اندر کی گئی ہو ، انگ: Subterraneous/ Subterranean (English and Hindustani Technical Terms).

[تحت + رک : ال (۱) + ارض (رک)]

تحت الافق (— ضم ت ، غم ا ، سک ل ، ضم ا ، ف) اسٹ .

افق سے نیچے .

تاروں کا فوق الافق یا تحت الافق آنا جانا یہ سب انسان کے کسی اثر سے موثر نہیں ہوتے ہیں .

۱۹۰۵ سائنس و کلام ، ۱۶۰

[تحت + رک : ال (۱) + افق (رک)]

تحت البحر کشتی (— ضم ت ، غم ا ، سک ل ، فت ب ، سک ح ، ر ، فت نیز کس ک ، سک ش) اسذ .

آبدوز ، زمین کے نیچے چلنے والی کشتی ، بن ڈبی (انگ : Sub-Marine) .

اس سال کے آغاز میں جرمن کی تحت البحر کشتیوں نے بہت کچھ ادھم مچا رکھا تھا .

۱۹۱۵ مضامین شرر ، ۱ ، ۳ : ۱۲۴

[تحت + رک : ال (۱) + بحر (رک) + کشتی (رک)]

تحت الثرا/الثریٰ (— ضم ت ، غم ال ، شد ث بفت/ا بشکل ی) اسٹ .

زمین کا سب سے نیچے کا طبقہ ، پاتال .

کسی کا آسماں پر گھر ہوا میں
کسی کا جھونپڑا تحت الثریٰ میں

۱۷۷۸ گلزار ارم ، میر حسن ، ۱۴۳

بعض جہاز . . . تحت الثریٰ کی خبر لیتے .

۱۸۴۸ تاریخ ممالک چین ، ۲ : ۲۱۶

یہ اپنی موٹر کو آسمان پر چڑھانا چاہتے ہیں اور وہ اس کو تحت الثریٰ میں پہنچانا چاہتے ہیں .

۱۹۴۷ فرحت ، مضامین ، ۷ : ۴۳

[تحت + رک : ال (۱) + ثرا (رک)]

تحت الجوی (— ضم ت ، غم ا ، سک ل ، فت ج ، شد و) اسذ .

(ارضیات) خلا اور فضا کے نیچے .

تحت البحری براکین کا ڈھال یعنی میلان تحت الجوی براکین کے ڈھال سے زیادہ نہیں ہوتا .

۱۹۱۶ طبقات الارض ، ۱۶

[تحت + رک : ال (۱) + جو (رک) + ی ، لاحقۂ نسبت]

تحت الحنک (— ضم ت ، غم ا ، سک ل ، فت ح ، ن) اسٹ .

(لفظاً) ٹھوڑی کے نیچے ، (مجازاً) دستار کی بندش کی ایک وضع جس میں اس کا ایک پیچ ٹھوڑی کے نیچے سے نکالتے ہیں .

اک سمت زرہ پوش سواروں کے رسالے
تحت الحنکیں باندھے لیے ہاتھوں میں بھالے

۱۸۷۴ انیس ، مراثی ، ۳ : ۲۰۴

تحت الحنک سے نکلی ہوئی داڑھی ٹھیک اسی طرح ہل رہی ہے جیسے شکر خورے کی دم ہوٹ کرنے کے بعد .

۱۹۲۵ داودہ پنچ، لکھنؤ ، ۱۰ ، ۳۱ : ۵

[تحت + رک : ال (۱) + حنک (رک)]

تحت السماء (— ضم ت ، غم ال ، شد س بفت) اسذ .

آسمان کے نیچے ، زیر آسمان .

حضرت تو . . . تحت السماء رہنا پسند فرماتے ہیں .

۱۸۹۷ لکچروں کا مجموعہ ، ۲ : ۱۳۴

[تحت + رک : ال (۱) + سماء (رک)]

تحت الشعاع (— ضم ت ، غم ال ، شد ش بضم) اسذ .

(نجوم) ہر قمری ماہ کے آخری دو یا تین دن جن میں چاند آفتاب سے قریب ہونے کی وجہ سے بہت باریک ہو کر سورج کی شعاع کے نیچے آجاتا ہے اور نظر سے معدوم ہو جاتا ہے یہ ایام منحوس سمجھے جاتے ہیں .

غروب ہو گیا جب کہ خور کا شجاع
اور مہ آ گیا زیر تحت الشعاع

۱۷۹۴ جنگ نامہ دو جوڑا ، ۸۸

جب ماہ تحت الشعاع سے نکلتا ہے اس غار میں ایک برف کی لاٹ نمودار ہوتی ہے .

۱۸۰۵ آرائش محفل ، افسوس ، ۲۲۳

اگر آج ہوتا تو البتہ ان ہزارہا سیاحت مدار ہستیوں کے مقابلے میں تحت الشعاع واقع ہوتا .

۱۹۴۴ ایرانی افسانے ، ۱۴۳

[تحت + رک : ال (۱) + شعاع (رک)]

تحت الشعور (— ضم ت ، غم ال ، شد ش بضم ، و مع) اسذ .

نفس کا وہ طبقہ جو توجہ اور مشاہدۂ باطن کی سرحد سے باہر ہے جس میں نفسی عمل واقع ہوتا ہے مگر اس کا ہورا شعور نہیں ہوتا .

شعور کے ساتھ ساتھ تحت الشعور بھی تو اپنا کام کرتا رہتا ہے .

۱۹۴۵ حکیم الامت ، ۱۱

[تحت + رک : ال (۱) + شعور (رک)]

تحت القہوہ (— ضم ت ، غم ا ، سک ل ، فت ق ، سک ہ ، فت و) اسذ .

قہوہ یا چائے کے ساتھ کھانے کی چیز .

اپنے منہ سے شراب مانگی جام بھرا پیا دوسرا بھی تحت القہوہ (تحت القہوہ) کیا .

۱۸۹۰ بوستان خیال ، ۶ : ۲۴۶

[تحت + رک : ال (۱) + قہوہ (رک)]

ـــ اللّفظ (— ضم ت ، ضم ال ، شد ل ، فت ، سک ف) امذ ؛ ~ تحت لفظ .

۱. زیر لفظ ، ہر لفظ کے مطابق ، حرف بحرف ، لفظی .
لغات ریختہ میں قرآن کا لفظ بلفظ فارسی میں ترجمہ کرے اور تحت اللفظ معنی پر ایک حرف زیادہ نہ کرے .
تاریخ ہندوستان ، ۶ : ۹۳
۱۸۹۷

۲. مرثیہ یا اشعار اس طرح پڑھنا کہ شعر کا ہر جزو یا لفظ الگ الگ سمجھ میں آئے .
پہلے مرثیے سوز میں پڑھے جاتے تھے پھر تحت لفظ بھی پڑھنے لگے .
آب حیات ، ۳۸۰
۱۸۸۰
ایک وہ جس میں مرثیے تحت اللفظ پڑھے جاتے ہیں .
مذاکرات نیاز ، ۱۰۶
۱۹۲۳

۳. تنہا ، جریدہ ، نقد دم .
نوشاہ بنے سسرال سے بعد مجلس تحت اللفظ تشریف لائے .
نوراللغات
۱۹۲۶
[تحت + رک : ال (۱) + لفظ (رک)]

ـــ اِمکان کس اضا (— کس ا ، سک م) امذ .

امکان میں ہونا ، ممکن ہونے کی صورت .
ارسطو نے کتاب المعادن میں بیان کیا ہے کہ کیمیا تحت امکان میں داخل ہے .
رسالہ تہذیب الاخلاق ، ۲۸۰
۱۸۸۰
[تحت + امکان (رک)]

ـــ پائینہ کس اضا (— ی مع ، فت ن) امذ .

زیریں حصے میں ، نیچے .
تحت پائینہ (Subcoxa) یہ ٹانگ کی جڑ میں پایا جاتا ہے .
بنیادی حشریات ، ۳۸
۱۹۶۷
[تحت + پائینہ (رک)]

ـــ پرہ کس اضا (— فت پ ، شد ر ، ہفت) امذ .

زیر پہلو ، پہلو کے نیچے ، کنارے کے تلے .
اسی طرح ہر پارچہ کے اور ہر ایک چھوٹی تختی تحت پرہ (Subalare) ہوتی ہے .
بنیادی حشریات ، ۳۶
۱۹۶۷
[تحت + پرہ (رک)]

ـــ پسلیہ (— فت پ ، سک س ، کس ل ، فت ی) امث .

(طب) پسلیوں کے نیچے یا پسلیوں کے درمیان .
تحت پسلیہ یہ ورید دو شاخوں میں پھٹ جاتی ہے یہ فنجانی (Concave) ورید ہے .
بنیادی حشریات ، ۴۴
۱۹۶۷
[تحت + پسلیہ ، پسلی (رک) سے]

ـــ زمین کس اضا (— فت ز ، ی مع) امذ .

رک : تحت الارض .
حضرت زینب صغریٰ کا مزار . . . تحت زمین . . . ہے .
سیدہ کی بیٹی ، ۲۱۷
۱۹۴۳
[تحت + زمین (رک)]

ـــ قانونی کس اضا (— و مع) صف .

منشائے قانون کے مطابق ، قانونی کاروائی کے زیر اثر .
اس زمانے میں عورت کی جو حالت تھی وہ صرف ان تحت قانونی تصریحات سے معلوم ہو سکتی ہے جو عورتوں پر نافذ کیے گئے تھے .
فطرت نسوانی ، ۳۶
۱۹۲۴
[تحت + قانونی (رک)]

ـــ قلم کرنا محاورہ .

لکھنے میں مہارت حاصل کرنا ، لکھائی میں ماہر ہونا .
جہاں تلک کہ خط خوش نویسی کے تھے تحت قلم کیے .
عجائب القصص ، شاہ ، ۵۷
۱۷۹۲
[تحت + قلم (رک)]

ـــ کیلا (— ی مع) امذ .

رینگنے والے بعض کیڑے مکوڑوں کی ٹانگوں .
چلتی ٹانگوں کے آخری دو ٹکڑے کیلا . . . یا تحت کیلا (Sub-chela) بناتے ہیں .
تشریح ، ۱۸
۱۹۶۹
[تحت + لاط : Chela]

ـــ لفظی کس اضا (— فت ل ، سک ف) صف .

رک : تحت اللفظ جس کی طرف یہ منسوب ہے .
انگریزی کا تحت لفظی ترجمہ ہونے کی وجہ سے . . . سمجھنے میں بہت دقت درپیش آتی تھی .
بست سالہ عہد حکومت ، ۸
۱۸۹۳
[تحت + لفظی (رک)]

ـــ مبالیت کس اضا (— فت م ، کس ل ، فت ی) امث .

پیشاب کی نالی کے نیچے کا حصہ جہاں سے یہ نالی گزرتی ہے .

مبال کا نمونہ مکمل ہونے سے ایک سیزاب رہ جاتا ہے جسے تحت مبالیت کہتے ہیں .

۱۹۳۹ مبادی جنینیات ، ۱۶۲

[تحت + مبالیت ، بول (رک) سے]

— مداری کس اضا (— فت م ، ی لین) صف .

(ارضیات) مدار کے نچلے حصے سے متعلق ، مداروں کے ذیل میں آنیوالا .

بیشتر اجناس بحری ہیں جو مداری اور تحت مداری سمندروں میں بکثرت ملتی ہیں .

۱۹۶۸ الجی ، ۱۰۳

[تحت + مدار (رک) + ین ، لاحقۂ تثنیہ + ی ، لاحقۂ نسبت]

— میں م ف .

(رک) تحت ، ذیل میں ، ماتحت .

وہ کسی خالص اصول کے تحت میں بالارادہ نہیں صادر ہوتے .

۱۹۱۵ فلسفۂ اجتماع ، ۱۰۲

۲. نگرانی میں ، زیر انتظام ، زیر تصرف .

سوداگروں نے ایک کوٹھری میرے تحت میں کردی .

۱۸۰۲ باغ و بہار ، ۱۶۴

ایک دوکان جو ایک میم صاحبہ کے تحت میں تھی .

۱۹۲۴ انشائے بشیر ، ۱۶۶

اف : کرنا ، ہونا ، لانا ، رکھنا .

[تحت + میں (حرف جار) (رک)]

— و تصرف میں لانا محاورہ .

(قانون) قبضے میں لانا ، کام میں لانا ، تصرف کرنا (نور اللغات) .

تحتانی (فت ت ، سک ح) صف .

۱. وہ نقطہ دار حروف جن کے نقطے ان کے نیچے ہوتے ہیں ، جیسے : ب ، پ وغیرہ .

نقطے اوپر ہوں تو فوقانی اور نیچے ہوں تو تحتانی کہتے ہیں .

۱۸۷۳ عقل و شعور ، ۴۳

۲. نیچے کا ، نچلا .

ما بعد صفر کے عدد سے ایک کم کرکے باقی اس ہر لکھ کے عدد تحتانی اس کا اس باقی سے کم کریں .

۱۸۳۵ علم الفرائض ، ۷۸

ایک بہت بڑا نندی (بیل) پتھر میں تراشا ہوا ہے جو . . . پہاڑ کے تحتانی حصے پر ہے .

۱۹۱۹ واقعات دارالحکومت دہلی ، ۱ : ۱۰۰

۳. ذیلی (رک) .

بھر اور ضمنی اور تحتانی قسمیں بہت سی ہیں .

۱۹۵۳ حیوانات قرآنی ، ۵۸

۴. (تعلیمات) ابتدای ، پرائمری جماعتیں (مڈل کلاس تک) .

ماسٹر نور محمد ، تحتانی جماعتوں کے مدرس تھے .

۱۹۳۳ مرحوم دہلی کالج ، ۵۵

۵. (نباتیات) ڈنٹھل کا وہ سرا جس میں پھول لگتا ہے ، لا: Hypogens .

جب سلائیاں ظرف سے نکلتی ہیں یا پھول والے ڈنٹھل کے سرے سے جو بچدان کے نیچے ہوتا ہے بلند ہوتی ہیں تو انھیں تحتانی (پای ہوجای نس) کہتے ہیں .

۱۹۱۰ مبادیٔ سائنس ، ۱۵۰

[رک : تحت + انی ، لاحقۂ نسبت]

تحتی شعور (فت ت ، سک ح ، ضم ش ، و مع) امذ .

رک : تحت الشعور .

جب معمول سو رہا ہے تو اس کے تحتی شعور سے کام لیا جاتا ہے .

۱۹۴۴ آدمی اور مشین ، ۱۶۷

[رک : تحت + ی ، لاحقۂ نسبت + شعور (رک)]

تحتیہ (فت ت ، سک ح ، کس ت ، فت ی) امث .

ماتحت ، ذیلی ، نچلی .

عدلیۂ تحتیہ شہری انتظامیہ پر نگراں ہوگی .

۱۹۷۴ آسان اسلامی آئین ، ۹۲

[تحت (رک) سے]

تحجر (فت ت ، ح ، شد ج بضم) امذ .

۱. سختی ، پتھر کی طرح سخت ہو جانا ، جماؤ .

ایسی آگ بن جاتا ہے جس میں تحجر کی کیفیت پیدا ہوگئی ہے .

۱۹۵۶ مناظر احسن ، عبقات ، ۱۷۹

۲. (مجازاً) انسانی ذہن کا جمود ، سخت رویہ .

ابھی جوانوں کا دل بجھانے والے بوڑھوں کو جس خوش اسلوبی کے ساتھ ان کی تنگ نظری اور ذہنی تحجر سے انھوں نے آگاہ کیا اس کو آپ سن چکے ہیں .

۱۹۷۳ غالب اور شاعر ، ۱۷

[ع]

— مفاصل کس اضا (— فت م ، کس ص) امذ .

(طب) پتھر کی طرح ہڈیوں اور جوڑوں کی سختی ، ہڈیوں اور جوڑوں کا جمود ، جوڑوں کے جماؤ کی بیماری .

کسی عضو کا اپنے مقام میں سکون کرنا حالانکہ وہاں حرکت ضروری ہو جیسا کہ جوڑوں کے سخت ہو جانے (تحجر مفاصل) میں ہوتا ہے۔

افادہ کبیر مجمل، ۱۳۸ ۱۹۱۶

[تحجر + مفاصل (رک)]

تحدب (ف ت، ح، شد د بضم) امذ۔

۱۔ کبڑا پن، کوزپشتی ابھار، قبہ دار گنبدی ابھار (اوپر یا نیچے کا)۔

یہ ظاہر ہے کہ مثبت خماؤ کے معیار سے اوپر وار تحدب پیدا ہوگا اور منفی خماؤ کے معیار سے نیچے وار تحدب۔

مضبوطی اشیاء، ۱: ۱۹۶ ۱۹۴۷

۲۔ (مجازاً) دباؤ، جھکاؤ۔

برخلاف دوپہر کے اس وقت آفتاب کی شعاعیں سیدھی پڑتی ہیں اور ہوا کا تحدب بھی کم ہوتا ہے۔

و نگار، ۳: ۲۳۶ ۱۹۲۳

[ع]

تحدی (ف ت، ح، شد د) امث۔

۱۔ مقابلہ، غالب آنے کی جدو جہد، حریف کو مقابلے کی دعوت، لڑائی۔

پھر اس دعوے پر لائے وہ حجت
تحدی کے بطور خرق عادت

بہشت بہشت، ۱۰۲ ۱۷۷۱

معجزہ میں تحدی شرط نہیں۔

عجائب القصص (ترجمہ)، ۲: ۲۸۳ ۱۸۵۱

اس تحدی سے جو خدا کی طرف سے کی گئی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان دوبالا ہو گئی۔

دنیا کا آخری پیغمبر، ۲۴ ۱۹۲۷

۲۔ اصرار، تاکید، توثیق۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو ربانی نشانیاں . . . عنایت ہوئیں یہی ایک معجزہ ہے جس کی اللہ تعالیٰ نے تحدی کی ہے۔

سیرۃ النبی، ۳: ۴۶۱ ۱۹۲۳

[ع]

تحدیث (ف ت، ح، ی مع) امث۔

ذکر، بیان، روایت، بیان حدیث۔

لاتا تھا ایک مرد اپنے خواب کو آ کے آپ کے اور تحدیث کرتا حضرت پر۔

عجائب القصص (ترجمہ)، ۲: ۴۱۲ ۱۸۵۱

نبوت کے کمالات کا اور مجددیت یا تحدیث وغیرہ کا انھوں نے دعویٰ کیا ہے۔

مناظر احسن، عبقات، ۴۰۶ ۱۹۵۶

[ع]

تحدید (ف ت، ح، ی مع) امث۔

حد بندی، حدوں کا تعین، حدوں کا بیان۔

ابو حنیفہ کی علمی تاریخ میں جو چیز سب سے زیادہ قابل قدر اور تعجب انگیز ہے وہ ان قواعد کی تحدید اور انضباط ہے۔

سیرۃ النعمان، ۲۱۵ ۱۸۹۰

ہر شخص . . . ان کے رقبے کی تحدید کر سکتا تھا۔

سیرۃ النبی، ۲: ۸۲ ۱۹۱۴

[ع]

تحدیق (ف ت، ح، ی مع) امث۔

تیز نظری، تیز دیکھنے کی کیفیت۔

ہم کو قبضہ ہونا چاہیے روک لینے ہر شعاع کے اس طرح سے کہ با وصف تحدیق (تیز دیکھنے) کے کچھ ہم نہ دیکھیں۔

حکمۃ الاشراق، ۲۳۳ ۱۹۲۵

[ع]

تحذیر (ف ت، ح، ی مع) امث۔

خطرے سے آگاہی، تنبیہ، دھمکی، (مجازاً) ہوشمندی، پردہ، خوف دلانا، ڈرانا۔

شریر و ناپاک کو بہشت میں جگہ نہیں اس لیے یہاں روانہ کیا کہ باہم تمیز ہو جائے یا واسطے تحذیر و ترہیب بنی آدم کے۔

احوال الانبیا، ۱: ۹۵ ۱۸۴۵

آب ہیرے کی زمرد کی ہے رنگت اس کی
اس سے سب ڈرتے ہیں عادت میں اس کی تحذیر

گفتار بیخود، ۳۳۳ ۱۹۰۵

[ع]

تحذیری (ف ت، ح، ی مع) صف۔

تحذیر (رک) سے منسوب۔

آج بھی یہ تحذیری فقرے استعمال کیے جاتے ہیں۔

نظرت نسوانی، ۱۸۲ ۱۹۲۴

[ع]

تحرز (ف ت، ح، شد ر بضم) امذ۔

اجتناب، پرہیز، احتیاط۔

نہ تو لوگوں کے منہ بند کیے جاسکتے ہیں کہ اعتراض نہ کریں اور نہ اعتراضات کے سننے سے تحرز ممکن ہے .

۱۸۹۰ لکچروں کا مجموعہ ، ۱ : ۲۱۰

علما نے قوم فاتح کے ساتھ مجالسہ و مکالمہ ، مواکلہ ، و مشاربہ و وضع و قطع کا اتحاد ، ان سب امور میں تحرز کا حکم دے دیا .

۱۹۰۵ سائنس و کلام ، ۵

[ع]

تحرق (فت ت ، ح ، شد ر بضم) امذ .

جلانے یا گرم کرنے کا عمل ، جلن ، سوزش .

توجہ میں وہ صرف اس وقت آتے ہیں جب ان اعصاب میں تحرق یا آلہ جس کے ضرر سے بہت شدید تہیج ہوتا ہے .

۱۹۲۷ نفسیات عضوی ، ۶۹

[ع]

تحرک (فت ت ، ح ، شد ر بضم) امذ .

حرکت ، جنبش ، ہلنے کا عمل ، متحرک ہونے کی کیفیت ، حرکت میں لانے کا عمل .

قدم اگر یہ رکھے کوہ پر دم گرسی
نظر سے دیکھ لے اعصیٰ تحرک رگ سنگ

۱۸۷۷ کلیات قلق ، ۳۱۸

بغیر کسی تحرک کے ہم میں ایک نفسیاتی حرکت پیدا ہوتی ہے .

۱۹۰۸ اساس الاخلاق ، ۵۷۸

[ع]

تحرک الاسنان (— ضم ک ، غم ا ، سک ل ، فت ا ، سک س) امذ .

دانتوں کے ہلنے کی کیفیت (ماخوذ : مطلع العلوم ، ۳۰۶) .

[تحرک + رک : ال (۱) + اسنان (رک)]

تحری (فت ت ، ح ، شد ر) امث .

۱. حقیقت کی جستجو ، صحیح رائے کی تلاش .

عبداللہ بن مسعود اداء میں تحری اور روایت میں تشدد کرتے تھے .

۱۸۹۰ سیرۃ النعمان ، ۱۵۵

۲. عمدہ اور بہتر چیز کا انتخاب ؛ دیر ، ٹھہراؤ ، توقف ، رکنے کا عمل .

امام ابی حنیفہ کہتے ہیں کہ تحری کرے اور جس طرف کہ ظن غالب ہو بنا اس پر رکھے .

۱۸۷۳ مطلع العجائب ، ۱۰۳

انہوں نے تحری کرکے مختلف سمتوں کو رخ کرکے نماز پڑھ لی .

۱۹۲۳ کمالین ، ۲ : ۲۹

۳. قبلے کی طرف رخ کرنا (نوراللغات) .

[ع]

تحریت (فت ت ، سک ح ، ی مع) امث .

تادیب ، سرزنش ، سرکوبی ؛ نیکی و بہتری کی تعلیم .

میں نے ارادہ کیا کہ واسطے تنبیہہ اور تحریت راجہ امراوگر . . . کے جاؤں .

۱۸۹۵ نجیب التواریخ (ق) ، ۱۶۶

[ع]

تحریر (فت ت ، سک ح ، ی مع) امث .

۱. لکھنا ، لکھائی .

کروں کیا وصف اس سنگت کی تحریر
کروں کیا ان کی میں خوبی کی تقریر

۱۷۱۵ دیوان فائز ، ۲۰۲

خوں نا بہائے چشم کی تقریر کیا کروں
زردی رنگ چہرے کی تحریر کیا کروں

۱۸۱۰ میر ، ک ، ۱۳۷۴

اف : کرنا .

۲. (قانون) دستاویز ، وثیقہ ، نوشتہ .

پکڑے جاتے ہیں فرشتوں کے لکھے پر ناحق
آدمی کوئی ہمارا دم تحریر بھی تھا

۱۸۶۹ غالب ، د ، ۱۵۹

میرے ہاتھ میں یہ تیری اپنی تحریر ہے .

۱۹۳۶ گرداب حیات ، ۷۵

۳. مضمون ، عبارت ، اندازِ نگارش .

خون جس سے ٹپکتا ہے وہ تقریر ہے کس کی
سمجھیں جسے تحریر وہ تحریر ہے کس کی

۱۸۷۵ مونس ، مراثی ، ۲ : ۱۲۱

موثر تحریروں میں وہ کسی زندہ قوم سے کم نہیں .

۱۹۱۲ شہید مغرب ، ۶۳

۴. خط ، رقعہ ، خط و کتابت .

میری تحریر ندامت کا نہ دیجئے کچھ جواب
دیکھ لیجئے اور تغافل آشنا ہو جائیے

۱۹۱۲ کلیات حسرت ، ۳۴

۵. ہلکی تحریر ، ہلکا نقش ، ریکھا ، ہلکی لکیر .

زلفیں اگر لپیٹ کے تحریر چھوڑ دیں
دو سطروں میں یہ دفتر سودا تمام ہو

کلیات سنیر ، ۳۴۹
۱۸۷۳

ایک تحریر جو اس بیابان پر بہار اور ریگستان کے درمیان واقع ہے بھی سرحد ہے .

آفتاب شجاعت ، ۱ ، ۵ : ۲۱۹
۱۹۰۲

۶. گوئٹے اطلس دارائی وغیرہ کی مغزی جو کھڑوں میں سنجاف کے نیچے لگاتے ہیں (جامع اللغات ؛ نوراللغات) .

۷. رک : تحریر اقلیدس .

دقیق فلسفیانہ مسائل مثلاً . . . تعدیل و تحریر کمیت و کیفیت وغیرہ پر بحث ہوتی تھی .

حکمائے اسلام ، ۱ : ۷۰
۱۹۵۳

۸. اجرت نوشت ، لکھائی کا معاوضہ (نوراللغات ؛ پلیٹس) .

۹. وہ نوشتہ جسے سند کی حیثیت حاصل ہو .

کتابی ہے تحریر اس کی تمام
تکلف نہیں اس میں کچھ والسلام

مثنویات حسن ، ۱ : ۲۶۱
۱۷۸۴

ان احباب نے کوئی تحریر اسناد کی مرحمت نہیں کی .

مکاتیب امیر مینائی (دیباچہ) ، ۷
۱۹۱۰

۱۰. گٹکری ، گانے کی لہر یا آواز ، آواز کی موج جو گانے وقت نکلے ، راگ کی آواز کا سلسلہ .

زمزمے اور تحریر گٹکری پر شوری زور شور سے ہاتھ ملتا تھا .

فسانۂ عجائب ، ۵۶
۱۸۲۴

۱۱. (i) سرمے کی لکیر جو آنکھوں کے اندر کھینچتے ہیں ، رک : تحریر سرمہ (نوراللغات) .

(ii) کسی بھی تصویر یا نقش مصوری کی کوئی لکیر ، پنسل کا نشان (پلیٹس) .

۱۲. (بٹیر بازی) بٹیر کی گردن کی باریک دھاری .

جھالر . . . ہم رنگ تحریر کنٹھ ہو .

رسالہ بٹیر بازی ، ۳
۱۸۹۱

۱۳. آئینے کی قلعی کے نقص کی علامات جو اس کی جلا میں دھاریوں کی مانند دکھائی دیں (ا پ و ، ۳ : ۸۹) .

۱۴. لونڈی یا غلام کی آزادی و رہائی .

زمانہ قدیم میں غلاموں کی آزادی بذریعہ نوشت ہوتی تھی اور تحریر آزاد کرنے کو کہتے تھے حر اور احرار اس ماخذ سے ہیں .

سرگزشت الفاظ ، ۱۶۳
۱۹۲۳

۱۵. لڑکے کی مسجد کی خدمت پر مامور ی (جامع اللغات ؛ نوراللغات) .

۱۶. زیبائش کے لیے سنہری لکیر جو کسی تصویر یا فریم کے اوپر لگائی جائے (پلیٹس) ؛ رک : تحریر طلا .

۱۷. (قانون) ایک قسم کی نقدی جو دو قسم کی ہوتی ہے یعنی تحریر یک آنی جس کا تقرر فی روپیہ ایک آنے کے حساب سے ہوتا ہے اور دوسری تحریر باوانی یعنی فی روپیہ تین پائی .

تحریر کا بار سرکاری خزانے پر نہیں ہے .

بیج ناتھ رائے ، احکام متعلق عطیات ، ۲۰
۱۹۴۶

۱۸. آنکھوں میں سرخ ڈورے جو روتے وقت کالی گھورے سرخ ہو جاتے ہیں .

ہے ہلکی ہلکی خون کی جو تحریر خوشنما
ہر اشک ایک دانہ ہے گویا انار کا

صابر ، ریاض صابر ، ۳۹
۱۸۸۱

۱۹. (اصطلاح علم مناظرہ) دعوے یا دلیل کی صورت بدلنا یا دوسری دلیل پیش کرنا .

اس عبارت کو اس طرح تحریر کریں کہ صرف نفسی طریق عمل ابتدائی امر میں مفروض یا معطیہ (دیئے ہوئے) ہیں .

مفتاح الفلسفہ ، ۲۷۳
۱۹۲۹

۲۰. (مجازاً) تقدیر کا لکھا ، تحریر کلک قدرت ، غائبانہ تحریر .

جو کہ لکھا خوب لکھا کاتب تقدیر نے
اس نوشتے میں کہیں تحریر کی حالت نہیں

دیوان رند ، ۱۰۱
۱۸۳۲

[ع]

ـــ اُقلیدس کس اضا (ـــ غم ا ، سک ق ، ی لین ، کس د) امث .

اقلیدس ، علم اشکال ، علم ہندسہ کی ایک کتاب .

جانتا ہوں صورت محبوب کو شکل عروس
نام ہے تحریر اقلیدس مری تحریر کا

مطالب غرا ، ۱ : ۱۸
۱۸۶۶

تحریر اقلیدس کے چند مقالے ، ہئیات میں شرح چغمنی تک اور ایک آدھ رسالہ متوسطات کا پڑھا .

حالات سر سید ، ۵
۱۹۳۸

[تحریر + اقلیدس (رک)]

ـــ بینَ السُّطُور کس صف (ـــ ی لین ، فت ن ، غم ا ل ، شد س بضم ، و مع) .

سطروں کے درمیان کی تحریر ، (مجازاً) وہ مطلب جو عبارت میں مخفی ہو ، ظاہراً معنی کچھ اور مطلب کچھ اور ہو (جامع اللغات) .

[تحریر + بین (رک) + رک : ال (ا) + سطور (رک)]

ـــ پاؤ آنی کس صف (— سک و ، فت ا ، شد ن) امث .

رک : تحریر معنی نمبر ۱۷ ، وہ عطائے نقدی جو پاو آنہ یعنی تین پائی فی روپیہ کے حساب سے ہو (ماخوذ : احکام متعلق عطیات ، ۲۰) .

[تحریر + پاو (رک) + انی ، (رک)]

ـــ سرمہ کس اضا (— ضم س ، سک ر ، فت م) امث .

آنکھوں میں سرمہ کی لکیر نیز وہ لکیر جو خوبصورتی کے لیے چشم کو بیرونہ سے باہر کھینچ دی جاتی ہے ؛ رک : معنی نمبر ۱۱ (i) .

تحریر سرمہ ہے تری آنکھوں میں وقت خواب
اے غیرت چمن در و زنجیر باغ حسن

۱۸۵۴ ذوق ، د ، ۱۳۶

[تحریر + سرمہ (رک)]

ـــ طلا کس اضا (— کس ط) امث .

کتاب کے حاشیے یا لکھائی کے گرد سنہری لکیر جو خوبصورتی میں اضافے کے لیے لگائی جاتی ہے ؛ رک : معنی نمبر ۱۶ .

اے ولی بوشعر ہے لبریز معنی سر بسر
ہے بجا اطراف اس کے گر ہے تحریر طلا

۱۷۰۷ ولی ، ک ، ۳۸

[تحریر + طلا (رک)]

ـــ ظہری (— فت ظ ، سک ہ) امث .

کسی کاغذ کی پشت پر لکھی ہوئی عبارت .

تم اس کاغذ کو بہ تحریر ظہری . . . اس عدالت میں واپس کر دو .

۱۸۷۳ اخبار مفید عام ، یکم جون ، ۷

[تحریر + ظہری (رک)]

ـــ گلو (— ضم گ ، و مع) امث .

(لفظاً) گردن سے ملحق، گلے کی ہڈی ہوئی شکن ، (مجازاً) . وہ بات جو یاد رکھنے کے قابل ہو .

ہوئی سحرالبیانی تیری تحریر گلو بیشک
یہ سب باتیں ہیں لیکن ہے دہن میں گفتگو بیشک

۱۸۷۲ محامد خاتم النبیین ، ۱۷۵

[تحریر + گلو (رک)]

ـــ مسی کس اضا (— کس م ، شد س) امث .

دانتوں پر لگائی گئی مسی کی لکیر ، مسی کی دھڑی .

موتیا کے تختے میں دکھادے طرفہ بہار نافرماں
کیا تحریر مسی ہے تیری مالک گوہر دنداں میں

۱۸۴۰ شاہ نصیر ، چمنستان سخن ، ۱۵۵

[تحریر + مسی (رک)]

ـــ مفروضات کس اضا (— فت م ، سک ف ، و مع) امث .

رک : معنی نمبر ۱۹ ، مفروضات کی نظم و ترتیب .

تبصرۂ مذکورہ سے ذہن دوسرے ابتدائی عمل کی طرف مبادرت کرتا ہے یعنی تحریر مفروضات .

۱۹۲۳ مفتاح المنطق ، ۲ : ۱۱۸

[تحریر + مفروضات (رک)]

ـــ مقابل کس اضا (— ضم م ، کس ب) امث .

پرت ثانی ، دستاویز انتقال ، تملیک نامہ ، رہن نامہ ، پٹہ ، سرخط ، جس کی تعمیل نو پسندگان دستاویز مذکور سے نہ ہوئی ہو بلکہ کسی اور فریق متعلقہ نوشت مذکور سے ہو (ماخوذ : اردو قانونی ڈکشنری) .

[تحریر + مقابل (رک)]

ـــ نقش پا کس اضا (— فت ن ، سک ق ، کس اضا ش) امث .

پیر کا نشان .

مری نمود و بود ہے تصویر نقش پا
نقش فنا ہوں صورت تحریر نقش پا

۱۸۹۹ دیوان ظہیر ، ۱ : ۵۸

[تحریر + نقش (رک) + پا (رک)]

ـــ یک آنی کس صف (— فت ی، سک ک، فت ا، شد ن) امث.

رک : تحریر معنی نمبر ۱۷ ، وہ عطائے نقدی جو ایک آنہ فی روپیہ کے حساب سے ہو (ماخوذ : احکام متعلق عطیات ، ۲۰) .

[تحریر + یک (رک) + انی (رک)]

تحریراً (فت ت ، سک ح ، ی مع ، تن ر ہفت) م ف .

لکھائی میں ، لکھ کر (پلیٹس) .

[تحریر (رک) سے]

A DICTIONARY OF URDU

(ON HISTORICAL PRINCIPLES)

VOLUME - IV

(PAR — TEHREERUN)

URDU DEVELOPMENT BOARD

KARACHI